فضائلِ اعمال

(جلد اوّل)

حضرت اقدس مولانا محمد زکریا صاحب کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ
شیخ الحدیث مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور

جس میں آٹھ نہایت اہم کتابوں کو جمع کیا گیا ہے۔

۱ حکایاتِ صحابہؓ
۲ فضائلِ نماز
۳ فضائلِ تبلیغ
۴ فضائلِ ذکر
۵ فضائلِ قرآن مجید
۶ فضائلِ رمضان
۷ مسلمانوں کی موجودہ پستی کا واحد علاج
۸ فضائلِ درود شریف

ناشر
اسلامک بک سروس

فضائل اعمال (حصہ اول)

(Fazail-e-Amal—Vol.1)

ISBN 81-7231-174-5

پہلا ایڈیشن : 1996

ایڈیشن : 2006

باہتمام : عبدالنعیم

ناشر :

اسلامک بک سروس

2872-74، کوچہ چیلان، دریا گنج، نئی دہلی۔110 002 (انڈیا)

فون : 23253514, 23286551, 23244556

فیکس : 011-23277913, 23247899

E-mail: islamic@eth.net
ibsdelhi@del2.vsnl.net.in

Website:islamic-india.com

مطبوعہ: میکاف پرنٹرس، بلبلی کھانہ ترکمان گیٹ دہلی ۱۱۰۰۰۶ (انڈیا)

مقدمہ

فضائل اعمال

از حضرتِ اقدس شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب قدس سرہٗ

کسے خبر تھی کہ چودھویں صدی میں قصبہ کاندھلہ ضلع مظفر نگر کے صدیقی شیوخ کی چند عظیم الشان ہستیوں میں سے حق تعالیٰ شانہٗ اپنے حبیب حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلّم کے لائے ہوئے دین کے احیاء کا کام اس طرح لیں گے کہ عرب و عجم سیراب ہوگا، جس کا آغاز تو مفتی الٰہی بخش کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ ہی سے ہوگیا تھا۔ مگر جوں جوں وقت گزرتا گیا آفتابِ ہدایت کی شعاعیں بلند ہی ہوتی گئیں یہاں تک کہ حضرت مولانا محمد الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور آپ کے برادرِ محترم مولانا محمد یحییٰ صاحبؒ اور ان کے صاحبزادے حضرت مولانا محمد زکریا صاحبؒ شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ کو حق تعالیٰ شانہٗ نے مشائخ عظام کی صف میں لاکر کھڑا کردیا اور ایک عظیم الشان دین کی خدمت کے لیے قبول فرمالیا۔

حضرت مولانا محمد الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو قدرت نے ایک عظیم اہم کام کے لیے منتخب فرمایا جسے تبلیغ ودعوت کی تحریک سے یاد کیا جاتا ہے۔ اس کی ابتدا اس طرح ہوئی کہ آپ اُمّت کی اصلاح کے لیے نہایت مضطرب اور بے چین تھے ہر وقت یہی فکر دامن گیر تھی، ساری ساری رات روتے اور کراہتے گزر جاتی تھی، بقول مولانا ابوالحسن علی ندوی [1]

بعض اوقات ماہیٔ بے آب کی طرح تڑپتے، آہیں بھرتے اور فرماتے، میرے اللہ! میں کیا کروں کچھ ہوتا نہیں، کبھی کبھی دین کے اس درد اور اس فکر میں بستر پر کروٹیں بدلتے اور بے چینی بڑھتی تو اٹھ اٹھ کر ٹہلنے لگتے۔ ایک رات والدہٗ مولانا محمد یوسف صاحب نے پوچھا کہ آخر کیا بات ہے کہ نیند نہیں آتی۔ فرمایا کیا بتلاؤں اگر تم کو وہ بات معلوم ہوجائے تو جاگنے والا ایک نہ رہے دو ہوجائیں، بعض اوقات دیکھنے والوں کو ترس آتا اور تسکین دیتے، بعض مرتبہ اس جوش کے ساتھ گفتگو کرتے کہ معلوم ہوتا سینہ میں تنور گرم ہے، حمیت اسلامی اور جذبات کا

[1] حضرت مولانا محمد الیاس اور ان کی دینی دعوت

ایک طوفان برپا ہے زبان ساتھ نہیں دیتی اور الفاظ مساعدت نہیں کرتے، بعض مرتبہ پورا درد دل کہنے کے بعد غالب کے مشہور شعر کو بڑی لطیف ترمیم کے ساتھ پڑھتے،

بک رہا ہوں جنوں میں کیا کیا
کچھ تو سمجھے خدا کرے کوئی [1]

یہاں تک کہ آپ شوال ۱۳۴۴ھ میں دوسرے حج کے لیے اپنے شیخ حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری رحمتہ اللہ علیہ کے ہمراہ روانہ ہو گئے مولانا کی دینی دعوت میں ہے اور "مدینہ طیبہ کا زمانہ جب ختم ہوا اور رفقاء چلنے کے لیے تیار ہوئے، تو انھوں نے مولانا کو عجیب بے چینی و اضطراب میں پایا، آپ کسی طرح مدینہ منورہ سے جدا ہونے کے لیے راضی نہ تھے، کچھ دن توقف کے بعد رفقاء نے مولانا خلیل احمد صاحب سے بھی ذکر کیا آپ نے مولانا کی حالت دیکھ کر فرمایا کہ تم ان سے چلنے کے لیے اصرار نہ کرو، ان پر ایک حالت طاری ہے یا تو تم انتظار کرو کہ یہ از خود تمہارے ساتھ چلے جائیں یا تم خود چلے جاؤ یہ بعد میں آجائیں گے، چنانچہ رفقاء ٹھہر گئے۔"

مولانا فرماتے تھے کہ مدینہ طیبہ کے اس قیام کے دوران میں مجھے اس کام (تبلیغ) کے لیے امر ہوا اور ارشاد ہوا کہ ہم تم سے کام لیں گے۔ کچھ دن میرے اس بے چینی میں گزرے کہ میں ناتواں کیا کر سکوں گا؟ کسی عارف سے ذکر کیا تو انھوں نے فرمایا کہ پریشانی کی کیا بات ہے؟ یہ تو نہیں کہا گیا کہ تم کام کرو گے، یہ کہا گیا ہے کہ ہم تم سے کام لیں گے، بس کام لینے والے کام لے لیں گے۔"

اس سے بڑی تسکین ہوئی اور آپ نے مدینہ منورہ سے مراجعت فرمائی۔ پانچ مہینے حرمین میں قیام رہا اور ۱۳ ربیع الثانی ۱۳۴۵ھ کو کاندھلہ واپسی ہوئی [2] دراصل مولانا کے دل میں اس سفر حج میں اللہ تعالیٰ نے یہ بات ڈالی کہ ساری دنیا غفلت، جہالت اور دین سے بے طلبی کے ایک حصار میں گھری ہوئی ہے جس کی وجہ سے دین پر چلنا تقریباً ناممکن ہو گیا ہے، جب تک لوگوں کو ان کے اس ماحول اور مشاغل سے نکالا نہ جائے گا اور اہل اللہ اور بزرگان دین کی مجالس میں پھرایا نہ جائے گا اور اس نقل و حرکت میں دین کے بنیادی عقائد اور فرائض، اور دین کی عمومی تعلیم کا عادی

---

[1] حضرت مولانا محمد الیاسؒ اور ان کی دینی دعوت [2] حضرت مولانا محمد الیاسؒ اور ان کی دینی دعوت۔

[3] حضرت مولانا محمد الیاسؒ اور ان کی دینی دعوت

نہ بنایا جائے گا، دین کی طلب پیدا نہیں ہوسکتی اس لیے مولانا نے لوگوں کو اپنے مشاغل سے نکلنے گھروں کو چھوڑنے، اپنے اخراجاتِ سفر خود برداشت کرنے اور اس کی راہ کی جہد و مشقت برداشت کرنے اور دین کے سیکھنے اور سکھانے اور جماعتیں بنا بنا کر قرنِ اول کی طرح ملکوں ملکوں پھرنے کی دعوت دینی شروع کردی، میوات سے اپنے پاس بستی حضرت نظام الدینؒ دہلی میں آنا اور یہاں سے میوات اور یو۔پی کو جماعتیں بنا کر روانہ کرنا شروع کیا چنانچہ پہلی جماعت اپنے وطن کاندھلہ کو روانہ فرمائی،

مولانا جس کام کو شروع فرماتے تھے اپنی تمام قوتوں کو اس پر صرف فرمادیتے تھے دینی دعوت میں حضرت مولانا علی میاں صاحب فرماتے ہیں:

"مولانا کی زندگی کا اصلی جوہر جس نے ان کو خدمتِ دین کے اُس بلند مقام تک پہونچایا تھا ان کی بلند ہمتی ہے، خدمتِ دین اور اصلاحِ مسلمین کی کسی ابتدائی منزل پر مولانا کی بے قرار طبیعت نے قرار نہ پایا جب تک اس کو اصلی منزل نہ مل گئی اس نے کہیں دم نہ لیا اور کہیں آرام نہیں کیا۔"

جماعتوں کی نقل و حرکت میں ایسی کتابوں کی ضرورت پیش آئی جس میں ملت کے تمام طبقات مل جُل کر صحیح دینی زندگی کی ایک ساخت پر ذہن بنا سکیں اور آپس میں کسی اختلاف یا افتراق کا شائبہ تک نہ آسکے حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے فضائلِ اعمال کی کتابیں لکھوائی گئیں، چنانچہ حکایاتِ صحابہ حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ کے ارشاد پر فضائلِ قرآن مجید حضرت حافظ محمد لٰیسین صاحب نگینوی رحمۃ اللہ علیہ کے ارشاد پر، فضائلِ نماز، فضائلِ ذکر، فضائلِ تبلیغ، فضائلِ رمضان حضرت مولانا محمد الیاس رحمۃ اللہ علیہ کے ارشاد پر اور فضائلِ صدقات و فضائلِ حج وغیرہ حضرت مولانا محمد یوسف صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی درخواست پر لکھی گئیں اور مسلمانوں کی موجودہ پستی کا واحد علاج مولانا احتشام الحسن صاحب خلیفہ حضرت مولانا محمد الیاس رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے شیخ و مرشد کی تعمیل حکم میں تصنیف فرمائی۔

یہ سب کتابیں جماعتوں کی تعلیم میں بے حد مفید ثابت ہوئیں، عرب و عجم میں ان کے فوائد و برکات نمایاں طور پر ظاہر ہوئے۔ اور عربی، انگریزی، اور مختلف زبانوں میں ان کے ترجمے شائع ہوئے

حضرت مولانا محمد الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ اپنے ایک گرامی نامہ میں حضرت شیخؒ کے نام لکھتے ہیں۔ "میرے عزیز! اس میں شک نہیں کہ آپ کی ہر طرح کی ہمت اور ہر طرح کی شرکت

اس (تبلیغ) کے فروغ کا سبب ہے، اللہ جل شانہ نے یہ جیسی تبلیغ کی نہایت فائدہ بخش اور اصول اسلام کو حاوی، نہایت سہل اور نہایت عظیم صورت، اس ناچیز کو عطا فرمائی ہے، یہ ناچیز اس نعمتِ عظیمہ جلیلہ کی قدردانی اور شکر گزاری اور تواضع میں اپنے نفس کو بہت ہی کمزور پاکر اس نعمت کے کفرانِ نعمت سے بہت خائف ہے، نیز تمہاری اس ہمت کا اظہار بھی سمجھتا ہوں کہ بندہ ناچیز کو اس تبلیغ کے (چھ نمبر اور دیگر ضروری اجزاء کو) اصول قرار دینے میں آپ کی صحبت کو بہت زیادہ دخل ہے حق تعالیٰ شانہٗ مجھے اس کے شکر کی توفیق بخشیں، اللہ کو منظور ہوا اور جیسے کہ آثار ہیں یہ تبلیغ فروغ پکڑے گی۔ انشاء اللہ تمہاری تصانیف اور فیوض ہندوستان ہی میں نہیں بلکہ عرب و عجم کو سیراب کریں گی۔ اللہ تعالیٰ تمہیں جزائے خیر دیں، میری اس میں دعاء سے ضرور ہی مدد کیجیو اور میں بھی دعا کرتا ہوں"۔ [1]

یہ فضائل کی کتابیں جماعتوں کی نقل و حرکت میں اجتماعی تعلیم و تدریس کے لیے نہایت ضروری قرار دی گئیں اور صرف انھیں کتابوں کی تعلیم مفید سمجھی گئی،

ان کے علاوہ دوسری مستند علماء کی تصانیف کو انفرادی مطالعہ کے لیے نافع سمجھا گیا، مسائل کی تعلیم کو بھی ضروری سمجھا گیا مگر انفرادی مطالعہ میں،

فضائل کا درجہ مسائل سے قبل

حضرت مولانا محمد الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ اپنے ایک ملفوظات میں فرماتے ہیں:

" فضائل کا درجہ مسائل سے پہلے ہے، فضائل سے اعمال کے اجر پر یقین پیدا ہوتا ہے جو ایمان کا مقام ہے اور اس سے آدمی عمل کے لیے آمادہ ہوتا ہے، مسائل معلوم کرنے کا احساس تو تب ہی ہوگا جب وہ عمل پر تیار ہوگا اس لیے ہمارے نزدیک فضائل کی اہمیت زیادہ ہے"۔ [2]

کتبِ فضائل کے ماخذ

ذیل میں کتبِ فضائل کے ماخذ کی تفصیل لکھی جاتی ہے جس سے اندازہ ہوگا کہ حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے کتنی اہم کتب سے اور کتنی محنت اور توجہ سے کتبِ احادیث سے فضائل اعمال کو ترتیب دیا ہے، واضح ہو کہ وہ کتابیں اس میں شامل نہیں ہیں جن کا کسی حدیث پر کلام کرتے ہوئے حوالہ دیا ہے [3]

---

[1] حضرت مولانا محمد الیاس رحمۃ اللہ علیہ اور انکی دینی دعوت [2] ملفوظات حضرت مولانا محمد الیاسؒ [3] کتب فضائل پر اشکالات اور اس کے جوابات از مولانا محمد شاہد سہارنپوری۔

کتب فضائل کے ماخذ

تصنیف	مصنف
۱۔ بخاری شریف	ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بن ابراہیمؒ۔ م ۲۵۶ھ
۲۔ فتح الباری	ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانیؒ م ۸۵۲ھ
۳۔ اسد الغابہ	علامہ ابن اثیر جزریؒ۔ متوفی ۶۳۰ھ
۴۔ درمنثور	علامہ جلال الدین سیوطیؒ۔ م ۹۱۱ھ
۵۔ خصائص کبریٰ	علامہ سیوطیؒ۔ متوفی ۹۱۱ھ
۶۔ تاریخ خمیس	شیخ حسین محمد ابن الحسنؒ۔ م ۹۶۶ھ
۷۔ بیان القرآن	حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانویؒ م ۱۳۶۲ھ
۸۔ جمع الفوائد	محمد بن محمد بن سلیمان ۱۰۹۴ھ
۹۔ تاریخ الخلفاء	علامہ جلال الدین عبدالرحمٰن سیوطی۔ م ۹۱۱ھ
۱۰۔ اشہر مشاہیر اسلام	رفیق بک العظم۔
۱۱۔ مشکوٰۃ شریف	ابوعبداللہ ولی الدین محمد بن عبداللہ العمری۔ م ۷۳۷ھ
۱۲۔ احیاء العلوم	حجۃ الاسلام امام غزالی۔ م ۵۰۵ھ
۱۳۔ مسلم شریف	ابوالحسین مسلم بن الحجاج القشیری م ۲۶۱ھ
۱۴۔ قیام اللیل	ابونصر محمد بن احمد بن علی مروزی۔ م ۲۸۴ھ
۱۵۔ ترمذی شریف	ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورۃ الترمذی۔ م ۲۷۹ھ
۱۶۔ شمائل ترمذی	
۱۷۔ تذکرۃ الحفاظ	شمس الدین ابوعبداللہ محمد بن احمد بن عثمان ذہبی۔ م ۷۴۸ھ
۱۸۔ بذل المجہود	حضرت اقدس مولانا خلیل احمد صاحب مہاجر مدنی۔ م ۱۳۴۶ھ
۱۹۔ شفا	قاضی ابوالفضل عیاض موسیٰ الیحصبی۔ م ۵۴۴ھ
۲۰۔ ابوداؤد شریف	ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی۔ م ۲۷۵ھ
۲۱۔ مؤطا امام مالکؒ	ابوعبداللہ مالک بن انس بن مالک۔ م ۱۷۹ھ
۲۲۔ کتاب الاموال	امام ابوعبید القاسم بن سلام۔
۲۳۔ اقامۃ الحجۃ	حضرت مولانا عبدالحی صاحب لکھنوی

تصنیف	مصنف
۲۴۔ بیہقی	ابوبکر احمد بن الحسین بن علی البیہقی۔ م ۴۵۸ھ
۲۵۔ درایہ	حافظ ابن حجر علیہ الرحمۃ
۲۶۔ اصابہ	حافظ ابن حجر العسقلانی الشافعی۔ م ۸۵۲ھ
۲۷۔ قرۃ العیون	شیخ ابو اللیث سمرقندی۔ م ۶۰۶ھ
۲۸۔ تفسیر عزیزی	حضرت شاہ عبد العزیز صاحب دہلوی۔ م ۱۲۳۹ھ
۲۹۔ طبقات	محمد بن سعد کاتب الواقدی۔ م ۹۰۲ھ
۳۰۔ کتاب الامامۃ والسیاسۃ	عبداللہ بن مسلم ابن قتیبہ م ۲۷ھ
۳۱۔ تلقیح فہوم اہل الاثر	جمال الدین عبدالرحمٰن بن الجوزی۔ ۵۹۷ھ
۳۲۔ مسند احمد	ابو عبداللہ احمد بن محمد بن حنبلؒ۔ م ۲۴۱ھ
۳۳۔ مقدمہ اوجز المسالک	حضرت اقدس مولانا محمد زکریا صاحبؒ
۳۴۔ ابن ماجۃ	ابو عبداللہ محمد بن یزید القزوینی۔ م ۲۷۳ھ
۳۵۔ سنن دارمی	ابو محمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن تمیمی دارمی۔ م ۲۵۵ھ
۳۶۔ استیعاب	حافظ ابن عبد البر مالکی۔ م ۴۶۳ھ
۳۷۔ طبرانی	ابو القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب۔ م ۳۶۰ھ
۳۸۔ نسائی	ابو عبدالرحمٰن احمد بن شعیب بن علی۔ م ۳۰۳ھ
۳۹۔ الترغیب والترہیب	ابو محمد عبد العظیم بن عبد القوی المنذری۔ م ۶۵۶ھ
۴۰۔ ابن حبان	ابو حاتم محمد بن حبان بن احمد بن حبان۔ م ۳۵۴ھ
۴۱۔ مستدرک حاکم	ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ بن محمد۔ م ۴۰۵ھ
۴۲۔ الزواجر	امام ابن حجر المکی الہیثمی۔ م ۹۷۳ھ
۴۳۔ مسند بزار	ابوبکر احمد بن عمرو بن عبد الخالق البزار۔ م ۲۹۲ھ
۴۴۔ مصنف ابن ابی شیبہ	ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ۔ م ۲۳۵ھ
۴۵۔ مسند ابو یعلیٰ	احمد بن علی بن المثنیٰ الموصلی۔ م ۳۰۷ھ
۴۶۔ سنن دارقطنی	ابو الحسن علی بن عمر بن احمد م ۳۸۵ھ
۴۷۔ شرح السنۃ	حسین بن مسعود الفراء البغوی الشافعی۔ م ۵۱۶ھ

تصنیف	مصنّف
۴۸۔ حلیۃ الاولیاء	حافظ ابونعیم احمد عبداللہ اصبہانی۔ م ۴۳۰ھ
۴۹۔ رحمۃ المھداۃ	علامہ ابوالخیر نورالحسن خاں الحسینی
۵۰۔ کنز العمال	علامہ علی متقی برہانپوری۔ م ۹۷۵ھ
۵۱۔ مسند ابن خزیمہ	ابوبکر محمد بن اسحٰق ابن خزیمہ۔ م ۳۱۱ھ
۵۲۔ مسند الفردوس	ابومنصور الدیلمی
۵۳۔ مسند ابوعوانۃ	یعقوب بن اسحٰق بن ابراہیم نیشاپوری
۵۴۔ زاد السعید فی ذکر النبی الحبیب	حضرت اقدس تھانویؒ۔ م ۱۳۶۲ھ
۵۵۔ القول البدیع فی الصلوٰۃ علی الحبیب الشفیع۔ علامہ شمس الدین محمد بن ابی بکر السخاوی شافعی م ۹۰۲ھ	
۵۶۔ روض الفائق	شیخ شعیب الحریفیش
۵۷۔ نزہۃ البساتین	ابومحمد عبداللہ بن اسعد یمنی یافعی
۵۸۔ حرز ثمین فی مبشرات النبی الامین ـــ مسند ہند حضرت شاہ ولی اللہ صاحب م ۱۱۷۶ھ	
۵۹۔ یوسف زلیخا	مولانا عبدالرحمٰن جامی
۶۰۔ قصائد قاسمی	قاسم العلوم حضرت مولانا محمد قاسم صاحبؒ نانوتوی
۶۱۔ احکام القرآن	حجۃ الاسلام ابوبکر احمد بن علی رازی الجصاص۔ م ۳۷۰ھ
۶۲۔ عینی شرح بخاری	بدرالدین ابومحمد محمود بن احمد عینی۔ م ۸۵۵ھ
۶۳۔ مرقات شرح مشکوٰۃ	علامہ نورالدین علی بن سلطان محمد ہروی۔ م ۱۰۱۴ھ
۶۴۔ مظاہر حق	نواب قطب الدین خاں بہادر۔ م ۱۲۸۹ھ
۶۵۔ فتاویٰ عالمگیری	از علمائے ہندوستان در عہد حضرت عالمگیرؒ
۶۶۔ عون المعبود فی شرح سنن ابی داؤد، شیخ ابوعبدالرحمٰن شرف الحق المعروف بہ محمود اشرف عظیم آبادی م ۱۳۲۹ھ	
۶۷۔ تنبیہ الغافلین	شیخ ابواللیث سمرقندی۔ م ۶۰۶ھ
۶۸۔ جمل	شیخ سلیمان الجمل
۶۹۔ حصن حصین	شیخ شمس الدین محمد بن محمد الجزری الشافعی۔ م ۸۳۳ھ
۷۰۔ مجمع الزوائد	حافظ نورالدین الہیثمیؒ م ۸۰۷ھ
۷۱۔ کوکب الدری	حضرت شیخؒ

تصنیف	مصنّف
۷۲۔ حجۃ اللہ البالغہ	مسند ہند شاہ ولی اللہ صاحب۔ م ۱۱۷۶ھ
۷۳۔ مقاصدِ حسنہ	شمس الدین محمد بن عبدالرحمٰن سخاوی۔ م ۹۰۲ھ
۷۴۔ جامع الصغیر	ابوالفضل عبدالرحمٰن جلال الدین السیوطی۔ م ۹۱۱ھ
۷۵۔ تفسیر کبیر	عمادالدین ابوالفداء اسماعیل بن عمر بن کثیر۔ م ۷۷۴ھ
۷۶۔ تفسیر خازن	علاء الدین علی بن محمد بن ابراہیم۔ م ۷۴۱ھ
۷۷۔ اتحاف السادۃ المتقین	سید محمد ابن محمد الحسینی الزبیدی۔ م ۱۲۰۵ھ
۷۸۔ مستدرک حاکم	ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ المعروف بالحاکم نیشاپوری۔ م ۴۰۵ھ
۷۹۔ ارواحِ ثلاثہ	ترتیب مولانا ظہورالحسن صاحب کسولوی مظاہری
۸۰۔ تہذیب التہذیب	شیخ الاسلام احمد بن علی ابن حجر عسقلانی۔ م ۸۵۲ھ
۸۱۔ مسامرات	شیخ اکبر ابن عربی
۸۲۔ روض الریاحین	شیخ عبداللہ اسعد یمنی یافعی
۸۳۔ مثیر العزم	جمال الدین عبدالرحمٰن بن الجوزی۔ م ۵۹۷ھ
۸۴۔ الکامل	عزیزالدین علی بن محمد المعروف باابن اثیر جزری۔ م ۶۳۸ھ

جامع احقر انیس احمد بلند شہری ۔

۱۹ر دسمبر ۱۹۸۴ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فہرست مضامین

فضائل صدقات حصہ اوّل

فہرست مضامین فضائل صدقات حصہ دوم

لَقَدْ كَانَ فِي قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّأُولِي الْأَلْبَابِ ۵

(بیشک ان کے قصے میں (بڑی) عبرت ہے سمجھداروں کیلئے)

حکایاتِ صحابہ رضؓ

رضوان اللہ علیہم اجمعین

یعنی

سچی کہانیاں

جس میں حضرت مولانا الحافظ الحاج الشاہ عبدالقادر صاحب مدظلہ، کے ارشاد سے

فخر الاماثل زبدۃ الافاضل حضرت مولانا الحاج الحافظ المحدث محمد زکریا صاحب مدظلہ

شیخ الحدیث مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور نے

صحابیؓ مردوں، صحابیؓ عورتوں، صحابیؓ بچوں کے زہد و تقویٰ، فقر و عبادت

علمی مشاغل، ایثار و ہمدردی، بے مثل جرأت و بہادری حیرت انگیز جانبازی

وغیرہ کے ایمان افروز حالات بیان کئے ہیں

اسلامک بک سروس

۲۲۴۱ کوچہ چیلان دریا گنج نئی دہلی ۱۱۰۰۰۲ (انڈیا)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

فہرست مضامین

ع

تمہید

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؁

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ وَنُسَلِّمُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَاَتْبَاعِہِ الْحُمَاۃِ لِلدِّیْنِ الْقَوِیْمِ

امابعد اللہ کے ایک برگزیدہ بندے اور میرے مربی ومحسن کا ارشاد ۱۳۵۳ھ میں ہوا کہ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے چند قصے بالخصوص کم سن صحابہؓ اور عورتوں کی دینداری کی کچھ حالت اردو میں لکھی جائے تاکہ جو لوگ قصوں کے شوقین ہیں وہ واہی تباہی جھوٹی حکایات کے بجائے اگر ان کو دیکھیں تو ان کے لئے دینی ترقی کا سبب ہو اور گھر کی عورتیں اگر راتوں میں بچوں کو جھوٹی کہانیوں کے بجائے ان کو سنائیں تو بچوں کے دل میں صحابہؓ کی محبت اور عظمت کے ساتھ دینی امور کی طرف رغبت پیدا ہو۔ میرے لئے اس ارشاد کی تعمیل بہت ہی ضروری تھی کہ احسانات میں ڈوبے ہوئے ہونے کے علاوہ اللہ والوں کی خوشنودی دو جہان میں فلاح کا سبب ہوتی ہے۔ مگر اس کے باوجود اپنی کم مائگی سے یہ امید نہ ہوئی کہ میں اس خدمت کو ان کی مرضی کے موافق ادا کرسکتا ہوں۔ اس لئے چار برس تک باربار اس ارشاد کو سنتا رہا اور اپنی نااہلیت سے شرمندہ ہوتا رہا، کہ صفر ۱۳۵۷ھ میں ایک مرض کی وجہ سے چند روز کے لئے دماغی کام سے روک دیا گیا۔ تو مجھے خیال ہوا کہ ان خالی ایام کو اس بابرکت مشغلہ میں گذار دوں کہ اگر یہ اوراق پسند خاطر نہ ہوئے تب بھی میرے یہ خالی اوقات تو بہترین اور بابرکت مشغلہ میں گذر ہی جائیں گے۔

اس میں شک نہیں کہ اللہ والوں کے قصے اُن کے حالات یقیناً اس قابل ہیں کہ ان کی تحقیق اور تفتیش کی جائے اور ان سے سبق حاصل کیا جائے۔ بالخصوص صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی جماعت جس کو اللہ جل شانہٗ نے اپنے لاڈلے نبی اور پیارے رسول کی مصاحبت کے لئے چُنا اس کی مستحق ہے کہ اس کا اتباع کیا جائے۔ اس کے علاوہ اللہ والوں کے ذکر سے اللہ کی رحمت نازل ہوتی ہے۔ صوفیا کے سردار حضرت جنید بغدادیؒ کا ارشاد ہے کہ حکایتیں اللہ کے لشکروں میں سے ایک لشکر ہے جس سے مریدین کے دلوں کو تقویت حاصل ہوتی ہے۔ کسی نے دریافت کیا کہ اس کی کوئی دلیل بھی ہے۔ فرمایا ہاں اللہ جل شانہٗ کا ارشاد ہے وَکُلًّا نَّقُصُّ عَلَیْکَ مِنْ اَنْبَآءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِہٖ فُؤَادَکَ وَجَآءَکَ فِیْ ھٰذِہِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَۃٌ وَّذِکْرٰی لِلْمُؤْمِنِیْنَ ؁ (ترجمہ) اور پیغمبروں کے قصوں میں سے ہم یہ سارے قصے آپ سے بیان کرتے ہیں جن کے ذریعہ سے ہم آپ کے دل کو تقویت دیتے ہیں (ایک فائدہ تو یہ ہوا) اور ان قصوں میں آپ کے پاس ایسا مضمون پہنچا ہے جو خود بھی راست اور واقعی ہے اور مسلمانوں کے لئے نصیحت ہے (اور اچھے کام کرنے کی (

یاد دہانی ہے۔" (بیان القرآن) ایک ضروری بات یہ بھی دل میں جما لینے کی ہے، کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیثیں ہوں یا بزرگوں کے حالات اسی طرح مسائل کی کتابیں ہو یا معتبر لوگوں کے وعظ وارشادات، یہ ایسی چیزیں نہیں ہوتیں کہ ایک مرتبہ دیکھ لینے کے بعد ہمیشہ کو ختم کر دیا جائے بلکہ اپنی حالت اور استعداد کے موافق بار بار دیکھتے رہنا چاہیئے۔ ابو سلیمان دارانی ایک بزرگ ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ میں ایک واعظ کی مجلس میں حاضر ہوا۔ ان کے وعظ نے میرے دل پر اثر کیا مگر جب وعظ ختم ہوا تو وہ اثر بھی ختم ہو گیا۔ میں دوبارہ ان کی مجلس میں حاضر ہوا تو اس وعظ کا اثر فارغ ہونے کے بعد گھر کے راستہ میں بھی رہا۔ تیسری مرتبہ پھر حاضر ہوا۔ تو اس کا اثر گھر میں پہنچنے پر بھی رہا۔ میں نے گھر جا کر اللہ کی نافرمانی کے جو اسباب تھے سب توڑ دیئے اور اللہ کا راستہ اختیار کر لیا۔ اسی طرح دینی کتابوں کا بھی حال ہے کہ محض سرسری طور پر ایک مرتبہ ان کے پڑھ لینے سے اثر کم ہوتا ہے اس لئے کبھی کبھی پڑھتے رہنا چاہیے۔ پڑھنے والوں کی سہولت اور مضامین کے دل نشین ہونے کے خیال سے میں نے اس رسالہ کو بارہ[۱۲] بابوں اور ایک خاتمہ پر تقسیم کیا ہے:

پہلا باب[۱] دین کی خاطر سختیوں کو برداشت کرنا اور تکالیف ومشقت کا جھیلنا۔
دوسرا باب[۲] اللہ جل جلالہٗ کا خوف اور ڈر جو صحابہ کرامؓ کی خاص عادت تھی۔
تیسرا باب[۳] صحابہ کرامؓ کی زاہدانہ اور فقیرانہ زندگی کا نمونہ۔
چوتھا باب[۴] صحابہؓ کے تقویٰ اور پرہیزگاری کی حالت۔
پانچواں باب[۵] نماز کا شوق اور اس کا اہتمام۔
چھٹا باب[۶] ہمدردی اور اپنے اوپر دوسروں کو ترجیح دینا اور اللہ کے راستہ میں خرچ کرنا۔
ساتواں باب[۷] بہادری و دلیری اور ہمت وشجاعت اور موت کا شوق۔
آٹھواں باب[۸] علمی مشاغل اور علمی انہماک کا نمونہ
نواں باب[۹] حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات کی تعمیل
دسواں باب[۱۰] عورتوں کا دینی جذبہ اور بہادری اور حضورؐ کی بیبیوں اور اولاد کا بیان۔
گیارھواں باب[۱۱] بچوں کا دینی وَلولہ اور بچپن میں دین کا اہتمام۔
بارھواں باب[۱۲] حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ محبت کا نمونہ
خاتمہ صحابہؓ کے حقوق اور اُن کے مختصر فضائل۔

پہلا باب

دین کی خاطر سختیوں کو برداشت کرنا اور تکالیف و مشقت کا جھیلنا

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے دین کے پھیلانے میں جس قدر تکلیفیں اور مشقتیں برداشت کی ہیں ان کا برداشت کرنا تو درکنار اُس کا ارادہ کرنا بھی ہم جیسے نالائقوں سے دشوار ہے۔ تاریخ کی کتابیں ان واقعات سے بھری ہوئی ہیں۔ مگر ان پر عمل کرنا تو علیحدہ رہا۔ ہم اُن کے معلوم کرنے کی بھی تکلیف نہیں کرتے۔ اس باب میں چند قصّوں کو نمونہ کے طور پر ذکر کرنا ہے۔ ان میں سب سے پہلے خود حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک قصہ سے ابتدا کرتا ہوں کہ حضورؐ کا ذکر برکت کا ذریعہ ہے۔

۱۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طائف کے سفر کا قصّہ

نبوّت مل جانے کے بعد نو برس تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکّہ مکرمہ میں تبلیغ فرماتے رہے اور قوم کی ہدایت اور اصلاح کی کوشش فرماتے رہے لیکن تھوڑی سی جماعت کے سوا جو مسلمان ہوگئی تھی اور تھوڑے سے ایسے لوگوں کے علاوہ جو باوجود مسلمان نہ ہونے کے آپ کی مدد کرتے تھے۔ اکثر کفار مکّہ آپ کو اور آپ کے صحابہؓ کو ہر طرح کی تکلیفیں پہنچاتے تھے۔ مذاق اڑاتے تھے اور جو ہو سکتا تھا اُس سے درگذر نہ کرتے تھے۔ حضورؐ کے چچا ابو طالب بھی ان ہی نیک دل لوگوں میں تھے جو باوجود مسلمان نہ ہونے کے حضورؐ کی ہر قسم کی مدد فرماتے تھے۔ دسویں سال میں جب ابو طالب کا بھی انتقال ہوگیا تو کافروں کو اور بھی ہر طرح کھلے مہار اسلام سے روکنے اور مسلمانوں کو تکلیف پہنچانے کا موقع ملا۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اس خیال سے طائف تشریف لے گئے کہ وہاں قبیلہ ثقیف کی بڑی جماعت ہے اگر وہ قبیلہ مسلمان ہو جائے تو مسلمانوں کو ان تکلیفوں سے نجات ملے اور دین کے پھیلنے کی بنیاد پڑ جائے۔ وہاں پہنچ کر قبیلہ کے تین سرداروں سے جو بڑے درجے کے سمجھے جاتے تھے گفتگو فرمائی اور اللہ کے دین کی طرف بلایا اور اللہ کے رسول کی یعنی اپنی مدد کی طرف متوجہ کیا۔ مگر ان لوگوں نے بجائے اس کے کہ دین کی بات کو قبول کرتے یا کم سے کم عرب کی مشہور مہمان نوازی کے لحاظ سے ایک نووارد مہمان کی خاطر مدارات کرتے صاف جواب دے دیا اور نہایت بے رُخی اور بد اخلاقی سے پیش آئے۔ اُن لوگوں نے یہ بھی گوارا نہ کیا کہ آپ یہاں قیام فرمالیں۔ جن لوگوں کو سردار سمجھ کر بات کی تھی کہ وہ شریف ہوں گے اور مہذب گفتگو کریں گے اُن میں سے ایک شخص بولا کہ اوہو آپ ہی کو اللہ نے نبی بنا کر بھیجا ہے۔ دوسرا بولا کہ اللہ کو تمہارے سوا کوئی اور ملتا ہی نہیں تھا جس کو رسول بنا کر بھیجتے۔ تیسرے نے کہا کہ میں تجھ سے بات کرنا نہیں چاہتا اس لئے کہ اگر

تُو واقعی نبی ہے جیسا کہ دعویٰ ہے تو تیری بات سے انکار کر دینا مصیبت سے خالی نہیں۔ اور اگر جھوٹ ہے تو میں ایسے شخص سے بات کرنا نہیں چاہتا۔ اس کے بعد ان لوگوں سے نا اُمید ہو کر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اور لوگوں سے بات کرنے کا ارادہ فرمایا کہ آپ تو ہمت اور استقلال کے پہاڑ تھے۔ مگر کسی نے بھی قبول نہ کیا۔ بلکہ بجائے قبول کرنے کے حضورؐ سے کہا کہ ہمارے شہر سے فوراً نکل جاؤ اور جہاں تمہاری چاہت کی جگہ ہو وہاں چلے جاؤ۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب اُن سے بالکل مایوس ہو کر واپس ہونے لگے تو اُن لوگوں نے شہر کے لڑکوں کو پیچھے لگا دیا کہ آپؐ کا مذاق اُڑائیں، تالیاں پیٹیں، پتھر ماریں۔ حتیٰ کہ آپؐ کے جوتے خون کے جاری ہونے سے رنگین ہو گئے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اسی حالت میں واپس ہوئے۔ جب راستہ میں ایک جگہ ان شریروں سے اطمینان ہوا تو حضورؐ نے یہ دُعا مانگی۔

اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ اَشْكُوْ ضُعْفَ قُوَّتِيْ وَقِلَّةَ حِيْلَتِيْ وَهَوَانِيْ عَلَى النَّاسِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَنْتَ رَبُّ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ وَاَنْتَ رَبِّيْ اِلٰى مَنْ تَكِلُنِيْ اِلٰى بَعِيْدٍ يَّتَجَهَّمُنِيْ اَمْ اِلٰى عَدُوٍّ مَلَّكْتَهٗ اَمْرِيْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ بِكَ عَلَيَّ غَضَبٌ فَلَا اُبَالِيْ وَلٰكِنْ عَافِيَتُكَ هِيَ اَوْسَعُ لِيْ اَعُوْذُ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِيْ اَشْرَقَتْ لَهُ الظُّلُمَاتُ وَصَلُحَ عَلَيْهِ اَمْرُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ مِنْ اَنْ تُنْزِلَ بِيْ غَضَبَكَ اَوْ يَحِلَّ عَلَيَّ سَخَطُكَ لَكَ الْعُتْبٰى حَتّٰى تَرْضٰى وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ كذا فی سیرۃ ابن ہشام قلت واختلفت الروایات فی الفاظ الدعاء کما فی قرۃ العیون

اے اللہ تجھی سے شکایت کرتا ہوں میں اپنی کمزوری اور بیکسی کی اور لوگوں میں ذلت و رسوائی کی۔ اے ارحم الراحمین تو ہی ضعفا کا رب ہے اور تو ہی میرا پروردگار ہے۔ تو مجھے کس کے حوالہ کرتا ہے، کسی اجنبی بیگانہ کے جو مجھے دیکھ کر ترش رُو ہوتا ہے اور منہ چڑھاتا ہے یا کہ کسی دشمن کے جس کو تو نے مجھ پر قابو دے دیا۔ اے اللہ اگر تو مجھ سے ناراض نہیں ہے تو مجھے کسی کی بھی پرواہ نہیں ہے۔ تیری حفاظت مجھے کافی ہے۔ میں تیرے چہرہ کے اُس نور کے طفیل جس سے تمام اندھیریاں روشن ہو گئیں اور جس سے دُنیا اور آخرت کے سارے کام درست ہو جاتے ہیں اس بات سے پناہ مانگتا ہوں کہ مجھ پر تیرا غصہ ہو یا تو مجھ سے ناراض ہو تیری ناراضگی کا اس وقت تک دور کرنا ضروری ہے۔ جب تک تو راضی نہ ہو نہ تیرے سوا کوئی طاقت ہے نہ قوت۔

مالک الملک کی شانِ قہاری کو اس پر جوش آنا ہی تھا کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آ کر سلام کیا اور عرض کیا کہ اللہ نے آپ کی قوم کی وہ گفتگو جو آپ سے ہوئی سنی اور ان کے جوابات سنے۔ اور ایک فرشتہ کو جس کے متعلق پہاڑوں کی خدمت ہے آپ کے پاس بھیجا ہے کہ آپ جو چاہیں اس کو حکم دیں۔ اس کے بعد اس فرشتہ نے سلام کیا اور عرض کیا کہ جو ارشاد ہو میں اس کی تعمیل کروں، اگر ارشاد ہو تو دونوں جانب

(۱)

کے پہاڑوں کو ملا دوں جس سے یہ سب درمیان میں کچل جائیں اور جو سزا آپ تجویز فرمائیں حضورؐ کی رحیم وکریم ذات نے جواب دیا کہ میں اللہ سے امید رکھتا ہوں کہ اگر یہ مسلمان نہیں ہوئے تو ان کی اولاد میں سے ایسے لوگ پیدا ہوں جو اللہ کی پرستش کریں اور اس کی عبادت کریں۔

ف یہ ہیں اخلاق اس کریم ذات کے جس کے ہم لوگ نام لیوا ہیں کہ ہم ذرا سی تکلیف سے کسی کی معمولی سی گالی دیدینے سے ایسے بھڑک جاتے ہیں کہ پھر عمر بھر اس کا بدلہ نہیں اترتا ظلم پر ظلم اس پر کرتے رہتے ہیں اور دعویٰ کرتے ہیں اپنے محمدی ہونے کا، نبی کے پیرو بننے کا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اتنی سخت تکلیف اور مشقت اٹھانے کے باوجود نہ بد دعا فرماتے ہیں نہ کوئی بدلہ لیتے ہیں۔

۲۔ قصہ حضرت انسؓ بن نضرؓ کی شہادت کا

حضرت انس بن نضر ایک صحابی تھے جو بدر کی لڑائی میں شریک نہیں ہوسکے تھے ان کو اس چیز کا صدمہ تھا اس پر اپنے نفس کو ملامت کرتے تھے کہ اسلام کی پہلی عظیم الشان لڑائی اور تو اس میں شریک نہ ہوسکا۔ ان کی تمنا تھی کہ کوئی دوسری لڑائی ہو تو حوصلے پورے کروں اتفاق سے اُحد کی لڑائی پیش آگئی جس میں یہ بڑی بہادری اور دلیری سے شریک ہوئے۔ اُحد کی لڑائی میں اوّل اوّل تو مسلمانوں کو فتح ہوئی مگر آخر میں ایک غلطی کی وجہ سے مسلمانوں کو شکست ہوئی۔ وہ غلطی یہ تھی کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے کچھ آدمیوں کو ایک خاص جگہ مقرر فرمایا تھا کہ تم لوگ جب تک میں نہ کہوں اس جگہ سے نہ ہٹنا کہ وہاں سے دشمن کے حملہ کرنے کا اندیشہ تھا۔ جب مسلمانوں کو شروع میں فتح ہوئی تو کافروں کو بھاگتا ہوا دیکھ کر یہ لوگ بھی اپنی جگہ سے یہ سمجھ کر ہٹ گئے کہ اب جنگ ختم ہوگئی اس لئے بھاگتے ہوئے کافروں کا پیچھا کیا جائے اور غنیمت کا مال حاصل کیا جائے۔ اس جماعت کے سردار نے منع بھی کیا کہ حضور کی ممانعت تھی تم یہاں سے نہ ہٹو۔ مگر ان لوگوں نے یہ سمجھ کر کہ حضور کا ارشاد صرف لڑائی کے واسطے تھا۔ وہاں سے ہٹ کر میدان میں پہنچ گئے۔ بھاگتے ہوئے کافروں نے اُس جگہ کو خالی دیکھ کر اُس طرف سے آکر حملہ کر دیا مسلمان بے فکر تھے اس اچانک بے خبری کے حملہ سے مغلوب ہو گئے اور دونوں طرف سے کافروں کے بیچ میں آگئے جس کی وجہ سے اِدھر اُدھر پریشان بھاگ رہے تھے حضرت انسؓ نے دیکھا کہ سامنے سے ایک دوسرے صحابی حضرت سعدؓ بن معاذ آرہے ہیں۔ ان سے کہا کہ اے سعد کہاں جا رہے ہو۔ خدا کی قسم جنت کی خوشبو اُحد کے پہاڑ سے آرہی ہے۔ یہ کہہ کر تلوار تو ہاتھ میں تھی ہی کافروں کے ہجوم میں گھس گئے اور جتنے شہید نہیں ہوگئے واپس نہیں ہوئے۔ شہادت کے بعد ان کے بدن کو دیکھا گیا تو چھلنی ہوگیا تھا۔ اسّی سے زیادہ زخم تیر اور تلوار کے بدن پر تھے۔ اُن کی بہن نے انگلیوں کے پوروں

سے ان کو پہچانا۔ ف۔ جو لوگ اخلاص اور سچی طلب کے ساتھ اللہ کے کام میں لگ جاتے ہیں ان کو دُنیا ہی میں جنت کا مزہ آنے لگتا ہے۔ یہ حضرت انسؓ کی زندگی ہی میں جنت کی خوشبو سونگھ رہے تھے۔ اگر اخلاص آدمی میں ہو جاوے تو دُنیا میں بھی جنت کا مزہ آنے لگتا ہے۔ میں نے ایک معتبر شخص سے جو حضرت اقدس مولانا شاہ عبدالرحیمؒ صاحب رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ کے مخلص خادم ہیں۔ حضرت کا مقولہ سُنا ہے کہ "جنت کا مزہ آرہا ہے"۔ فضائل رمضان میں اس قصّہ کو لکھ چکا ہوں۔

۳۔ صلح حدیبیہ اور ابو جندلؓ اور ابو بصیرؓ کا قصّہ

سنہ ۶ھ میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم عمرہ کے ارادہ سے تشریف لے جارہے تھے۔ کفار مکّہ کو اس کی خبر ہوئی اور وہ اس خبر کو اپنی ذلّت سمجھے اس لئے مزاحمت کی اور حدیبیہ میں آپ کو رُکنا پڑا۔ جاں نثار صحابہؓ ساتھ تھے جو حضورؐ پہ جان قربان کرنا فخر سمجھتے تھے۔ لڑنے کو تیار ہو گئے۔ مگر حضورؐ نے مکّہ والوں کی خاطر سے لڑنے کا ارادہ نہیں فرمایا اور صلح کی کوشش کی اور باوجود صحابہؓ کی لڑائی پر مستعدی اور بہادری کے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کفار کی اس قدر رعایت فرمائی کہ اُن کی ہر شرط کو قبول فرمالیا۔ صحابہؓ کو اس طرح دب کر صلح کرنا بہت ہی ناگوار تھا۔ مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے سامنے کیا ہو سکتا تھا کہ جاں نثار تھے اور فرماں بردار۔ اس لئے حضرت عمرؓ جیسے بہادروں کو بھی دبنا پڑا۔ صلح میں جو شرطیں طے ہوئیں اُن شرطوں میں ایک شرط یہ بھی تھی کہ کافروں میں سے جو شخص اسلام لائے اور ہجرت کرے مسلمان اس کو مکّہ واپس کر دیں اور مسلمانوں میں سے خدانخواستہ اگر کوئی شخص مرتد ہو کر چلا آئے تو وہ واپس نہ کیا جائے۔ یہ صلحنامہ ابھی تک پورا لکھا بھی نہیں گیا تھا کہ حضرت ابو جندلؓ ایک صحابی تھے جو اسلام لانے کی وجہ سے طرح طرح کی تکلیفیں برداشت کر رہے تھے اور زنجیروں میں بندھے ہوئے تھے اسی حالت میں گرتے پڑتے مسلمانوں کے لشکر میں اس امید پر پہنچے کہ ان لوگوں کی حمایت میں جا کر اس مصیبت سے چھٹکارا پاؤں گا۔ ان کے باپ سہیل نے جو اس صلحنامے میں کفار کی طرف سے وکیل تھے اور اس وقت تک مسلمان نہیں ہوئے تھے فتح مکّہ میں مسلمان ہوئے انھوں نے اپنے صاحبزادے کے طمانچے مارے اور واپس لے جانے پر اصرار کیا۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ ابھی صلحنامہ مرتب بھی نہیں ہوا اس لیے پابندی کس بات کی مگر انھوں نے اصرار کیا۔ پھر حضورؐ نے فرمایا کہ ایک آدمی مجھے مانگا ہی دے دو مگر وہ لوگ ضد پر تھے نہ مانا۔ ابو جندلؓ نے مسلمانوں کو پکار کر فریاد بھی کی کہ میں مسلمان ہو کر آیا اور کتنی مصیبتیں اُٹھا چکا اب واپس

لہ رسالہ فضائل رمضان

کیا جا رہا ہوں اُس وقت مسلمانوں کے دلوں پر جو گذر رہی ہوگی اللہ ہی کو معلوم ہے مگر حضورؐ کے ارشاد سے واپس ہوئے حضورؐ نے تسلّی فرمائی اور صبر کرنے کا حکم دیا۔ اور فرمایا کہ عنقریب حق تعالیٰ شانہٗ تمہارے لئے راستہ نکالیں گے صلحنامے کے مکمل ہو جانے کے بعد ایک دوسرے صحابی ابو بصیرؓ بھی مسلمان ہو کر مدینہ منوّرہ پہنچے کفار نے اُن کو واپس بلانے کے لئے دو آدمی بھیجے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے حسبِ وعدہ واپس فرما دیا۔ ابو بصیرؓ نے عرض بھی کیا کہ یا رسول اللہ میں مسلمان ہو کر آیا۔ آپ مجھے کفار کے پنجہ میں پھر بھیجتے ہیں آپؐ نے ان سے بھی صبر کرنے کو ارشاد فرمایا اور فرمایا کہ انشاء اللہ عنقریب تمہارے واسطے راستہ کھلے گا۔ یہ صحابی ان دونوں کافروں کے ساتھ واپس ہوئے۔ راستہ میں ان میں سے ایک سے کہنے لگے کہ یار تیری یہ تلوار تو بڑی نفیس معلوم ہوتی ہے۔ شیخی باز آدمی ذرا سی بات میں پھول ہی جاتا ہے وہ نیام سے نکال کر کہنے لگے کہ ہاں میں نے بہت سے لوگوں پر اس کا تجربہ کیا۔ یہ کہہ کر تلوار ان کے حوالہ کر دی۔ انھوں نے اسی پر اس کا تجربہ کیا۔ دوسرا ساتھی یہ دیکھ کر کہ ایک کو تو نمٹا دیا اب میرا نمبر ہے۔ بھاگا ہوا مدینہ آیا اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ میرا ساتھی مر چکا ہے اب میرا نمبر ہے۔ اس کے بعد ابو بصیرؓ پہنچے اور عرض کیا یا رسول اللہؐ آپ اپنا وعدہ پورا فرما چکے کہ مجھے واپس کر دیا اور مجھ سے کوئی عہد ان لوگوں کا نہیں ہے جس کی ذمہ داری ہو، وہ مجھے میرے دین سے ہٹاتے ہیں۔ اس لئے میں نے یہ کیا۔ حضورؐ نے فرمایا کہ لڑائی بھڑکانے والا ہے۔ کاش کوئی اس کا معین مددگار ہوتا۔ وہ اس کلام سے سمجھ گئے کہ اب بھی اگر کوئی میری طلب میں آئے گا تو میں واپس کر دیا جاؤں گا۔ اس لئے وہاں سے چل کر سمندر کے کنارے ایک جگہ آ پڑے۔ مکہ والوں کو اس قصّہ کا حال معلوم ہوا تو ابو جندلؓ بھی جن کا قصّہ پہلے گذرا۔ چھپ کر وہیں پہنچ گئے۔ اسی طرح جو شخص مسلمان ہوتا وہ اُن کے ساتھ جا ملتا۔ چند روز میں یہ ایک مختصر سی جماعت ہو گئی۔ جنگل میں جہاں نہ کھانے کا کوئی انتظام، نہ وہاں باغات اور نہ آبادیاں، اس لئے ان لوگوں پر جو گذری ہوگی وہ تو اللہ ہی کو معلوم ہے۔ مگر جن ظالموں کے ظلم سے پریشان ہو کر یہ لوگ بھاگے تھے اُن کا ناطقہ بند کر دیا۔ جو قافلہ ادھر کو جاتا اس سے مقابلہ کرتے اور لڑتے۔ حتیٰ کہ کفار مکہ نے پریشان ہو کر حضورؐ کی خدمت میں عاجزی اور منت کر کے اللہ کا اور رشتہ داری کا واسطہ دے کر آدمی بھیجا کہ اس بے سری جماعت کو اپنے پاس بلالیں کہ یہ معاہدہ میں داخل ہو جائیں اور ہمارے لئے آنے جانے کا راستہ کھلے۔ لکھا ہے کہ حضورؐ کا اجازت نامہ جب ان حضرات کے پاس پہنچا ہے تو ابو بصیرؓ مرض الموت میں گرفتار تھے حضورؐ کا والا نامہ ہاتھ میں تھا کہ اسی حالت میں انتقال فرمایا (رضی اللہ عنہ وارضاہ)[1] ف آدمی اگر اپنے دین پر پکا ہو بشرطیکہ دین بھی سچا ہو تو بڑی سے بڑی طاقت اس کو نہیں ہٹا سکتی اور مسلمان کی مدد کا تو اللہ کا وعدہ ہے بشرطیکہ

[1] بخاری و فتح

وہ مسلمان ہو۔

۴۔ حضرت بلال حبشی رضؓ کا اسلام اور مصائب

حضرت بلالؓ حبشی مشہور صحابی ہیں جو مسجد نبویؐ کے ہمیشہ مؤذن رہے۔ شروع میں ایک کافر کے غلام تھے اسلام لے آئے جس کی وجہ سے طرح طرح کی تکلیفیں دیے جاتے تھے۔ امیّہ بن خلف جو مسلمانوں کا سخت دشمن تھا۔ ان کو سخت گرمی میں دوپہر کے وقت تپتی ہوئی ریت پر سیدھا لٹا کر ان کے سینہ پر پتھر کی بڑی چٹان رکھ دیتا تھا تاکہ وہ حرکت نہ کر سکیں۔ اور کہتا تھا کہ یا اس حال میں مر جائیں اور زندگی چاہیں تو اسلام سے ہٹ جائیں مگر وہ اس حالت میں بھی اَحَد اَحَد کہتے تھے یعنی معبود ایک ہی ہے۔ رات کو زنجیروں میں باندھ کر کوڑے لگائے جاتے اور اگلے دن ان زخموں کو گرم زمین پر ڈال کر اور زیادہ زخمی کیا جاتا تاکہ بے قرار ہو کر اسلام سے پھر جاویں یا تڑپ تڑپ کر مر جائیں۔ عذاب دینے والے اُکتا جاتے کبھی ابوجہل کا نمبر آتا۔ کبھی امیّہ بن خلف کا۔ کبھی اوروں کا اور ہر شخص اس کی کوشش کرتا کہ تکلیف دینے میں زور ختم کر دے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اس حالت میں دیکھا تو خرید کر آزاد فرمایا۔ ف چونکہ عرب کے بُت پرست اپنے بتوں کو بھی معبود کہتے تھے اس لئے اُن کے مقابلہ میں اسلام کی تعلیم توحید کی تھی جس کی وجہ سے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی زبان پر ایک ہی ایک کا ورد تھا۔ یہ تعلق اور عشق کی بات ہے ہم جھوٹی محبتوں میں دیکھتے ہیں کہ جس سے محبت ہو جاتی ہے اس کا نام لینے میں لطف آتا ہے بے فائدہ اُس کو رٹا جاتا ہے تو اللہ کی محبت کا کیا کہنا جو دین اور دُنیا میں دونوں جگہ کام آنے والی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت بلالؓ کو ہر طرح سے ستایا جاتا تھا۔ سخت سے سخت تکلیفیں پہنچائی جاتی تھیں۔ مکہ کے لڑکوں کے حوالے کر دیا جاتا کہ وہ اُن کو گلی کوچوں میں چکر دیتے پھریں اور یہ تھے کہ "ایک ہی ایک ہے" کی رٹ لگاتے تھے، اسی کا یہ صلہ ملا کہ پھر حضورؐ کے دربار میں مؤذن بنے اور سفر و حضر میں ہمیشہ اذان کی خدمت ان کے سپرد ہوتی حضورؐ کے وصال کے بعد مدینہ طیبہ میں رہنا اور حضورؐ کی خالی جگہ کو دیکھنا مشکل ہو گیا اس لئے ارادہ کیا کہ اپنی زندگی کے جو دن ہیں جہاد میں گذار دوں اس لئے جہاد میں شرکت کی نیت سے چل دیئے ایک عرصہ تک مدینہ منورہ لوٹ کر نہیں آئے۔ ایک مرتبہ حضورؐ کی خواب میں زیارت کی۔ حضورؐ نے فرمایا بلال یہ کیا ظلم ہے ہمارے پاس کبھی نہیں آتے تو آنکھ کھلنے پر مدینہ طیبہ حاضر ہوئے۔ حضرت حسنؓ حسینؓ نے اذان کی فرمائش کی۔ لاڈلوں کی درخواست ایسی نہیں تھی کہ انکار کی گنجائش ہوتی۔ اذان کہنا شروع کی اور مدینہ میں حضورؐ کے زمانہ کی اذان کانوں میں پڑ کر کہرام مچ گیا۔ عورتیں روتی ہوئی گھر سے نکل پڑیں۔ چند روز قیام کے بعد واپس ہوئے۔ اور سنہ ۲۰ھ کے قریب دمشق میں وصال ہوا۔ (اسد الغابہ)

۵۔ حضرت ابوذر غفاری کا اسلام

حضرت ابوذر غفاری رضؓ مشہور صحابی ہیں جو بعد میں بڑے زاہدوں اور بڑے علماء میں سے ہوئے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ارشاد ہے کہ ابوذرؓ ایسے علم کو حاصل کئے ہوئے ہیں جس سے لوگ عاجز ہیں۔ مگر انھوں نے اس کو محفوظ کر رکھا ہے۔ جب ان کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی پہلے پہل خبر پہنچی تو انھوں نے اپنے بھائی کو حالات کی تحقیق کے واسطے مکہ بھیجا۔ کہ جو شخص یہ دعویٰ کرتا ہے کہ میرے پاس وحی آتی ہے اور آسمان کی خبریں آتی ہیں اس کے حالات معلوم کریں اور اس کے کلام کو غور سے سنیں۔ وہ مکہ مکرمہ آئے اور حالات معلوم کرنے کے بعد اپنے بھائی سے جا کر کہا کہ میں نے ان کو اچھی عادتوں اور عمدہ اخلاق کا حکم کرتے دیکھا اور ایک ایسا کلام سُنا جو نہ شعر ہے نہ کاہنوں کا کلام ہے۔ ابوذرؓ کو اس مجمل بات سے تشفی نہ ہوئی۔ تو خود سامانِ سفر کیا اور مکہ پہنچے اور سیدھے مسجد حرام میں گئے۔ حضورؐ کو پہچانتے نہیں تھے اور کسی سے پوچھنا مصلحت کے خلاف سمجھا، شام تک اسی حال میں رہے۔ شام کو حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ نے دیکھا کہ ایک پردیسی مُسافر ہے مسافروں کی، غریبوں کی، پردیسیوں کی خبر گیری، ان کی ضرورتوں کو پورا کرنا اِن حضرات کی گھٹی میں پڑا ہوا تھا۔ اس لئے اُن کو اپنے گھر لے آئے۔ میزبانی فرمائی لیکن اس کے پوچھنے کی کچھ ضرورت نہ سمجھی کہ کون ہو کیوں آئے۔ مسافر نے بھی کچھ ظاہر نہ کیا۔ صبح کو پھر مسجد میں آ گئے۔ اور دن بھر اسی حال میں گذرا کہ خود پتہ نہ چلا اور دریافت کسی سے کیا نہیں۔ غالباً اس کی وجہ یہ ہو گی کہ حضورؐ کے ساتھ دشمنی کے قصّے بہت مشہور تھے۔ آپ کو اور آپ کے ملنے والوں کو ہر طرح کی تکلیفیں دی جاتی تھیں۔ ان کو خیال ہوا ہو کہ صحیح حال معلوم نہیں ہو گا اور بدگمانی کی وجہ سے مفت کی تکلیف علیحدہ رہی۔ دوسرے دن شام کو بھی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خیال ہوا کہ پردیسی مسافر ہے بظاہر جس غرض کے لئے آیا ہے وہ پوری نہیں ہوئی اس لئے پھر اپنے گھر لے گئے اور رات کو کھلایا سلایا مگر پوچھنے کی اس رات کو بھی نوبت نہ آئی۔ تیسری رات کو پھر یہی صورت ہوئی۔ تو حضرت علیؓ نے دریافت فرمایا کہ تم کس کام سے آئے ہو، کیا غرض ہے۔ تو حضرت ابوذرؓ نے اول ان کو قسم اور عہد و پیمان دیئے اس بات کے کہ وہ صحیح بتائیں۔ اس کے بعد اپنی غرض بتلائی۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ نے فرمایا کہ وہ بیشک اللہ کے رسولؐ ہیں اور صبح کو جب میں جاؤں تو میرے ساتھ چلنا میں وہاں تک پہنچا دوں گا لیکن مخالفت کا زور ہے اس لئے راستہ میں اگر مجھے کوئی شخص ایسا ملا جس سے میرے ساتھ چلنے کی وجہ سے تم پر کوئی اندیشہ ہو تو میں پیشاب کرنے لگوں گا یا اپنا جوتہ درست کرنے لگوں گا تم سیدھے چلے جانا میرے ساتھ ٹھہرنا نہیں جس کی وجہ سے تمہارا میرا ساتھ ہونا معلوم نہ ہو۔ چنانچہ صبح کو حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کے پیچھے حضورؐ کی خدمت میں پہنچے وہاں جا کر بات چیت ہوئی۔ اسی وقت مسلمان ہو گئے حضور اقدسؐ نے

اُن کی تکلیف کے خیال سے فرمایا کہ اپنے اسلام کو ابھی ظاہر نہ کرنا۔ چپکے سے اپنی قوم میں چلے جاؤ۔ جب ہمارا غلبہ ہوجائے اس وقت چلے آنا۔ انھوں نے عرض کیا یا رسول اللہ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ اس کلمۂ توحید کو اُن بے ایمانوں کے بیچ میں چلّا کے پڑھوں گا چنانچہ اسی وقت مسجد حرام میں تشریف لے گئے اور بلند آواز سے اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدً رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ پڑھا پھر کیا تھا چاروں طرف سے لوگ اٹھے اور اس قدر مارا کہ زخمی کر دیا مرنے کے قریب ہو گئے۔ حضورؐ کے چچا حضرت عباسؓ جو اس وقت مسلمان بھی نہیں ہوئے تھے اُن کے اوپر بچانے کے لئے لیٹ گئے۔ اور لوگوں سے کہا کہ کیا ظلم کرتے ہو۔ یہ شخص قبیلۂ غفار کا ہے اور یہ قبیلہ ملک شام کے راستہ میں پڑتا ہے۔ تمہاری تجارت وغیرہ سب ملک شام کے ساتھ ہے۔ اگر یہ مر گیا تو شام کو جانا آنا بند ہوجائے گا۔ اس پر اُن لوگوں کو بھی خیال ہوا کہ ملک شام سے ساری ضرورتیں پوری ہوتی ہیں وہاں کا راستہ بند ہوجانا مصیبت ہے اس لئے ان کو چھوڑ دیا۔ دوسرے دن پھر اسی طرح انھوں نے جا کر باآواز بلند کلمہ پڑھا اور لوگ اس کلمہ کے سننے کی تاب نہ لا سکتے تھے۔ اس لئے ان پر ٹوٹ پڑے۔ دوسرے دن بھی حضرت عباسؓ نے اسی طرح ان کو سمجھا کر ہٹایا کہ تمہاری تجارت کا راستہ بند ہوجائے گا۔ ف حضورؐ کے اس ارشاد کے باوجود کہ اپنے اسلام کو چھپاؤ اُن کا یہ فعل حق کے اظہار کا ولولہ اور غلبہ تھا کہ جب یہ دین حق ہے تو کسی کے باپ کا کیا اجارہ ہے جس سے ڈر کر چھپایا جائے۔ اور حضورؐ کا منع فرمانا شفقت کی وجہ سے تھا کہ تکالیف کا تحمل نہ ہو، ورنہ حضورؐ کے حکم کے خلاف صحابہؓ کی یہ مجال ہی نہ تھی۔ چنانچہ اس کا کچھ نمونہ مستقل باب میں آرہا ہے۔ چونکہ حضور اقدسؐ خود ہی دین کے پھیلانے میں ہر قسم کی تکلیفیں برداشت فرما رہے تھے اس لئے حضرت ابوذرؓ نے سہولت پر عمل کے بجائے حضورؐ کے اتباع کو ترجیح دی۔ یہی ایک چیز تھی کہ جس کی وجہ سے ہر قسم کی ترقی دینی اور دنیوی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے قدم چوم رہی تھی اور ہر میدان اُن کے قبضہ میں تھا کہ جو شخص بھی ایک مرتبہ کلمۂ شہادت پڑھ کر اسلام کے جھنڈے کے نیچے آجاتا تھا بڑی سے بڑی قوی قوت بھی اس کو روک نہ سکتی تھی اور نہ بڑے سے بڑا ظلم اس کو دین کی اشاعت سے ہٹا سکتا تھا۔

۶۔ حضرت خبابؓ بن الارت کی تکلیفیں

حضرت خبابؓ بن الارت بھی ان مبارک ہستیوں میں ہیں جنھوں نے امتحان کے لئے اپنے آپ کو پیش کیا تھا اور اللہ کے راستہ میں سخت سے سخت تکلیفیں برداشت کیں۔ شروع ہی میں پانچ چھ آدمیوں کے بعد مسلمان ہو گئے تھے۔ اس لئے بہت زمانہ تک تکلیفیں اٹھائیں۔ لوہے کی زرہ پہنا کر ان کو دھوپ میں ڈال دیا جاتا جس سے گرمی اور تپش کی وجہ سے پسینوں پر پسینے بہتے رہتے تھے۔ اکثر اوقات بالکل سیدھا

گرم ریت پر لٹایا جاتا جس کی وجہ سے کمر کا گوشت تک گل کر گر گیا تھا۔ یہ ایک عورت کے غلام تھے اس کو خبر پہنچی کہ یہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے ملتے ہیں تو اس کی سزا میں لوہے کو گرم کر کے اُن کے سر کو اس سے داغ دیتی تھی۔ حضرت عمرؓ نے ایک مرتبہ عرصہ کے بعد اپنے زمانۂ خلافت میں حضرت خبابؓ سے اُن تکالیف کی تفصیل پوچھی جو ان کو پہنچائی گئیں۔ انھوں نے عرض کیا کہ میری کمر دیکھیں۔ حضرت عمرؓ نے کمر دیکھ کر فرمایا۔ کہ ایسی کمر تو کسی کی دیکھی ہی نہیں۔ انھوں نے عرض کیا کہ مجھے آگ کے انگاروں پر ڈال کر گھسیٹا گیا۔ میری کمر کی چربی اور خون سے وہ آگ بجھی۔ ان حالات کے باوجود جب اسلام کو ترقی ہوئی اور فتوحات کا دروازہ کھلا تو اس پر رویا کرتے تھے کہ خدانخواستہ ہماری تکلیف کا بدلہ کہیں دنیا میں تو نہیں مل گیا۔

حضرت خبابؓ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے خلاف عادت بہت ہی لمبی نماز پڑھی۔ صحابہؓ نے اس کے متعلق عرض کیا تو آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ یہ رغبت وڈر کی نماز تھی، میں نے اللہ تعالیٰ سے تین دُعائیں کی تھیں دو اُن میں سے قبول ہوئیں اور ایک کو انکار فرما دیا۔ میں نے یہ دُعا کی کہ میری ساری امت قحط سے ہلاک نہ ہو جائے یہ قبول ہو گئی۔ دوسری یہ دُعا کی کہ اُن پر کوئی ایسا دشمن مسلط نہ ہو جو ان کو بالکل مٹا دے یہ بھی قبول ہو گئی۔ تیسری یہ دُعا کی کہ ان میں آپس میں لڑائی جھگڑے نہ ہوں یہ بات منظور نہ ہوئی۔ حضرت خبابؓ کا انتقال سینتیس سال کی عمر میں ہوا اور کوفہ میں سب سے پہلے صحابی یہی دفن ہوئے۔ ان کے انتقال کے بعد حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا گذر ان کی قبر پر ہوا۔ تو ارشاد فرمایا۔ اللہ خبابؓ پر رحم فرمائیں۔ اپنی رغبت سے مسلمان ہوا اور خوشی سے ہجرت کی اور جہاد میں زندگی گذار دی اور مصیبتیں برداشت کیں۔ مبارک ہے وہ شخص جو قیامت کو یاد رکھے اور حساب کتاب کی تیاری کرے اور گذارہ کے قابل مال پر قناعت کرے اور اپنے مولیٰ کو راضی کر لے[1] ف حقیقت میں مولیٰ کو راضی کر لینا انہی لوگوں کا حصہ تھا کہ ان کی زندگی کا ہر کام مولیٰ ہی کی رضا کے واسطے تھا۔

۷۔ حضرت عمارؓ اور ان کے والدین کا ذکر

حضرت عمارؓ اور ان کے ماں باپ کو بھی سخت سے سخت تکلیفیں پہنچائی گئیں۔ مکہ کی سخت گرم اور ریتلی زمین میں ان کو عذاب دیا جاتا اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا اس طرف گذر ہوتا تو صبر کی تلقین فرماتے اور جنت کی بشارت فرماتے۔ آخر ان کے والد حضرت یاسرؓ اسی حالت تکلیف میں وفات پا گئے۔ کہ ظالموں نے مرنے تک چین نہ لینے دیا اور اُن کی والدہ حضرت سمیہؓ کی شرمگاہ میں ابوجہل ملعون نے ایک برچھا مارا جس سے وہ شہید ہو گئیں مگر اسلام سے نہ ہٹیں حالانکہ بوڑھی تھیں

---

[1] اسد الغابۃ

ضعیف تھیں مگر اس بدنصیب نے کسی چیز کا بھی خیال نہیں کیا۔ اسلام میں سب سے پہلی شہادت ان کی ہے اور اسلام میں سب سے پہلی مسجد حضرت عمارؓ کی بنائی ہوئی ہے۔ جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت فرما کر مدینہ تشریف لے گئے تو حضرت عمارؓ نے کہا کہ حضورؐ کے لئے ایک مکان بنانا چاہیے جس میں تشریف رکھا کریں دوپہر کو آرام فرمالیا کریں اور نماز بھی سایہ میں پڑھ سکیں۔ تو قبا میں حضرت عمارؓ نے اول پتھر جمع کئے اور پھر مسجد بنائی لڑائی میں نہایت جوش سے شریک ہوتے تھے۔ ایک مرتبہ مزے میں آکر کہنے لگے کہ اب جاکر دوستوں سے ملیں گے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور اُن کی جماعت سے ملیں گے، اتنے میں پیاس لگی اور پانی کسی سے مانگا اُس نے دودھ سامنے کیا اس کو پیا اور پی کر کہنے لگے کہ میں نے حضورؐ سے سُنا کہ تو دُنیا میں سب سے آخری چیز دودھ پیئے گا اس کے بعد شہید ہو گئے۔ اس وقت چورانوے ۹۴ برس کی عمر تھی۔ بعض نے ایک آدھ سال کم بتلائی ہے۔[1]

۸۔ حضرت صہیبؓ کا اسلام

حضرت صہیبؓ بھی حضرت عمارؓ ہی کے ساتھ مسلمان ہوئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ارقم صحابیؓ کے مکان پر تشریف فرما تھے کہ یہ دونوں حضرات علیحدہ علیحدہ حاضر خدمت ہوئے اور مکان کے دروازہ پر دونوں اتفاقیہ اکٹھے ہو گئے۔ ہر ایک نے دوسرے کی غرض معلوم کی تو ایک ہی غرض یعنی اسلام لانا اور حضورؐ کے فیض سے مستفید ہونا دونوں کا مقصود تھا۔ اسلام لائے اور اسلام لانے کے بعد جو اُس زمانہ میں اس قلیل اور کمزور جماعت کو پیش آنا تھا وہ پیش آیا۔ ہر طرح ستائے گئے، تکلیفیں پہنچائی گئیں آخر تنگ آکر ہجرت کا ارادہ فرمایا تو کافروں کو یہ چیز بھی گوارا نہ تھی کہ یہ لوگ کسی دوسری ہی جگہ جاکر آرام سے زندگی بسر کریں۔ اس لئے جس کسی کی ہجرت کا حال معلوم ہوتا تھا اس کو پکڑنے کی کوشش کرتے تھے کہ تکالیف سے نجات نہ پا سکے۔ چنانچہ ان کا بھی پیچھا کیا گیا۔ اور ایک جماعت ان کو پکڑنے کے لئے گئی انھوں نے اپنا ترکش سنبھالا جس میں تیر تھے اور ان لوگوں سے کہا کہ دیکھو تمہیں معلوم ہے کہ میں تم سب سے زیادہ تیر انداز ہوں جب تک ایک بھی تیر میرے پاس باقی رہے گا۔ تم لوگ مجھ تک نہیں آسکو گے اور جب ایک بھی تیر نہ رہے گا تو میں اپنی تلوار سے مقابلہ کروں گا۔ یہاں تک کہ تلوار بھی میرے ہاتھ میں نہ رہے اس کے بعد جو تم سے ہو سکے کرنا۔ اس لئے اگر تم چاہو تو اپنی جان کے بدلہ میں اپنے مال کا پتہ بتلا سکتا ہوں جو مکہ میں ہے اور دو باندیاں بھی ہیں وہ سب تم لے لو۔ اس پر وہ لوگ راضی ہو گئے اور اپنا مال دے کر جان چھڑائی اسی بارہ میں آیت پاک وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ

---

[1] اسد الغابۃ

نَفْسَهُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ نازل ہوئی[1] (ترجمہ) بعض لوگ ایسے ہیں جو اللہ کی رضا کے واسطے اپنی جان کو خرید لیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ بندوں پر مہربان ہیں۔ حضور اس وقت قبا میں تشریف فرما تھے۔ صورت دیکھ کر ارشاد فرمایا کہ نفع کی تجارت کی۔ صہیبؓ کہتے ہیں کہ حضورؐ اس وقت کھجور نوش فرما رہے تھے اور میری آنکھ دُکھ رہی تھی، میں بھی ساتھ کھانے لگا۔ حضورؐ نے فرمایا آنکھ تو دُکھ رہی ہے اور کھجوریں کھاتے ہو۔ میں نے عرض کیا کہ حضورؐ اُس آنکھ کی طرف سے کھاتا ہوں جو تندرست ہے۔ حضورؐ یہ جواب سُن کر ہنس پڑے۔ حضرت صہیبؓ بڑے ہی خرچ کرنے والے تھے حتیٰ کہ حضرت عمرؓ نے اُن سے فرمایا کہ تم فضول خرچی کرتے ہو، انھوں نے عرض کیا کہ ناحق کہیں خرچ نہیں کرتا۔ حضرت عمرؓ کا جب وصال ہونے لگا تو ان ہی کو جنازہ کی نماز پڑھانے کی وصیت فرمائی تھی[2]

۹۔ حضرت عمرؓ کا قصّہ

حضرت عمرؓ جن کے پاک نام پر آج مسلمانوں کو فخر ہے اور جن کے جوشِ ایمانی سے آج تیرہ سو برس بعد تک کافروں کے دل میں خوف ہے۔ اسلام لانے سے قبل مسلمانوں کے مقابلہ اور تکلیف پہنچانے میں بھی ممتاز تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قتل کے درپے رہتے تھے۔ ایک روز کفار نے مشورہ کیمٹی قائم کی کہ کوئی ہے جو محمدؐ کو قتل کردے۔ عمرؓ نے کہا کہ میں کروں گا۔ لوگوں نے کہا کہ بیشک تمہیں کر سکتے ہو۔ عمرؓ تلوار لٹکائے ہوئے اٹھے اور چل دیئے۔ اسی فکر میں جا رہے تھے کہ ایک صاحب قبیلہ زہرہ کے جن کا نام حضرت سعد بن ابی وقاصؓ ہے اور بعضوں نے اور صاحب لکھے ہیں ملے۔ انھوں نے پوچھا کہ عمر کہاں جا رہے ہو۔ کہنے لگے کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے قتل کے فکر میں ہوں (نعوذ باللہ) سعدؓ نے کہا کہ بنو ہاشم اور بنو زہرہ اور بنو عبد مناف سے کیسے مطمئن ہو گئے وہ تم کو بدلہ میں قتل کر دیں گے۔ اس جواب میں بگڑ گئے اور کہنے لگے کہ معلوم ہوتا ہے تو بھی بے دین (یعنی مسلمان) ہو گیا۔ لا پہلے تجھی کو نمٹا دوں۔ یہ کہہ کر تلوار سونت لی، اور حضرت سعدؓ نے بھی یہ کہہ کر کہ ہاں میں مسلمان ہوں۔ تلوار سنبھالی۔ دونوں طرف سے تلوار چلنے کو تھی کہ حضرت سعدؓ نے کہا کہ پہلے اپنے گھر کی تو خبر لے، تیری بہن اور بہنوئی دونوں مسلمان ہو چکے ہیں، یہ سننا تھا کہ غصہ سے بھر گئے اور سیدھے بہن کے گھر گئے۔ وہاں حضرت خبابؓ جن کا ذکر نمبر ۶ پر گذرا، کواڑ بند کئے ہوئے ان دونوں میاں بیوی کو قرآن شریف پڑھا رہے تھے۔ حضرت عمرؓ نے کواڑ کھلوائے۔ ان کی آواز سے حضرت خبابؓ تو جلدی سے اندر چھپ گئے اور صحیفہ بھی جلدی میں باہر ہی رہ گیا جس پر آیات قرآنی لکھی ہوئی تھیں۔ ہمشیرہ نے کواڑ کھولے

---

[1] درمنثور [2] اسد الغابۃ

حضرت عمرؓ کے ہاتھ میں کوئی چیز تھی جس کو بہن کے سر پر مارا جس سے سر سے خون بہنے لگا اور کہا کہ اپنی جان کی دشمن تو بھی بددین ہو گئی۔ اس کے بعد گھر میں آئے اور پوچھا کہ کیا کر رہے تھے اور یہ آواز کس کی تھی۔ بہنوئی نے کہا کہ بات چیت کر رہے تھے۔ کہنے لگے۔ "کیا تم نے اپنے دین کو چھوڑ کر دوسرا دین اختیار کر لیا"۔ بہنوئی نے کہا کہ اگر دوسرا دین حق ہو تب' یہ سننا تھا کہ ان کی ڈاڑھی پکڑ کر کھینچی اور بے تحاشا ٹوٹ پڑے اور زمین پر گرا کر خوب مارا۔ بہن نے چھڑانے کی کوشش کی تو ان کے منہ پر ایک طمانچہ اس زور سے مارا کہ خون نکل آیا۔ وہ بھی آخر عمرؓ ہی کی بہن تھیں۔ کہنے لگیں کہ عمرؓ ہم کو اس وجہ سے مارا جاتا ہے کہ ہم مسلمان ہو گئے بیشک ہم مسلمان ہو گئے ہیں جو تجھ سے ہو سکے کر لے۔ اس کے بعد حضرت عمرؓ کی نگاہ اس صحیفہ پر پڑی جو جلدی میں باہر رہ گیا تھا اور غصہ کا جوش بھی اس مار پیٹ سے کم ہو گیا تھا۔ اور بہن کے اس طرح خون میں بھر جانے سے شرم بھی آ رہی تھی۔ کہنے لگے کہ اچھا مجھے دکھلاؤ یہ کیا ہے بہن نے کہا تو ناپاک ہے اور اس کو ناپاک ہاتھ نہیں لگا سکتے۔ ہر چند اصرار کیا مگر وہ بے وضو اور غسل کے دینے کو تیار نہ ہوئیں۔ حضرت عمرؓ نے غسل کیا اور اس کو لے کر پڑھا اس میں سورۂ طٰہٰ لکھی ہوئی تھی اس کو پڑھنا شروع کیا اور اِنَّنِیْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِیْ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِکْرِیْ تک پڑھا تھا کہ حالت ہی بدل گئی۔ کہنے لگے کہ اچھا مجھے بھی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے چلو۔ یہ الفاظ سن کر حضرت خبابؓ اندر سے نکلے اور کہا کہ اے عمرؓ تمہیں خوشخبری دیتا ہوں کہ کل شب پنجشنبہ میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا مانگی تھی کہ یا اللہ عمرؓ اور ابوجہل میں جو تجھے زیادہ پسند ہو اس سے اسلام کو قوت عطا فرما یہ دونوں قوت میں مشہور تھے معلوم ہوتا ہے کہ حضور کی دعا تمہارے حق میں قبول ہو گئی۔ اس کے بعد حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور جمعہ کی صبح کو مسلمان ہوئے۔[1] ان کا مسلمان ہونا تھا کہ کفار کے حوصلے پست ہونا شروع ہو گئے۔ مگر پھر بھی یہ نہایت مختصر جماعت تھی اور سارا مکہ بلکہ سارا عرب اس لئے اور بھی جوش پیدا ہوا اور جلسے کر کے مشورہ کر کے ان حضرات کو ناپید کرنے کی کوشش ہوتی تھی اور طرح طرح کی تدبیریں کی جاتی تھیں۔ تاہم اتنا ضرور ہوا کہ مسلمان مکہ کی مسجد میں نماز پڑھنے لگے۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ عمرؓ کا اسلام لانا مسلمانوں کی فتح تھی اور ان کی ہجرت مسلمانوں کی مدد تھی اور ان کی خلافت رحمت تھی۔[2]

۱۰۔ مسلمانوں کی حبشہ کی ہجرت اور شعب بن ابی طالب میں قید ہونا

مسلمانوں کو اور ان کے سردار فخر دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کفار سے تکلیف پہنچتی ہی رہیں اور آئے دن ان میں بجائے کمی کے اضافہ ہی ہوتا رہا تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہؓ

---

[1] خصائص [2] اسد الغابہ

کو اس کی اجازت فرمادی کہ وہ یہاں سے کسی دوسری جگہ چلے جائیں تو بہت سے حضرات نے حبشہ کی ہجرت فرمائی۔ حبشہ کے بادشاہ اگرچہ نصرانی تھے اور اس وقت تک مسلمان نہ ہوئے تھے مگر ان کے رحم دل اور منصف مزاج ہونے کی شہرت تھی۔ چنانچہ نبوت کے پانچویں برس رجب کے مہینہ میں پہلی جماعت کے گیارہ یا بارہ مرد اور چار یا پانچ عورتوں نے حبشہ کی طرف ہجرت کی۔ مکہ والوں نے ان کا پیچھا بھی کیا کہ یہ نہ جاسکیں مگر یہ لوگ ہاتھ نہ آئے۔ وہاں پہنچ کر اُن کو یہ خبر ملی کہ مکہ والے سب مسلمان ہوگئے اور اسلام کا غلبہ ہوگیا۔ اس خبر سے یہ حضرات بہت خوش ہوئے اور اپنے وطن واپس آگئے لیکن مکہ مکرمہ کے قریب پہنچ کر معلوم ہوا کہ یہ خبر غلط تھی اور مکہ والے اسی طرح بلکہ اس سے بھی زیادہ دشمنی اور تکلیفیں پہنچانے میں مصروف ہیں تو بڑی دقت ہوئی۔ ان میں سے بعض حضرات وہیں سے واپس ہوگئے اور بعض کسی کی پناہ لے کر مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے۔ یہ حبشہ کی پہلی ہجرت کہلاتی ہے۔ اس کے بعد ایک بڑی جماعت نے جو تراسی۸۳ مرد اور اٹھارہ عورتیں بتلائی جاتی ہیں متفرق طور پر ہجرت کی اور یہ حبشہ کی دوسری ہجرت کہلاتی ہے بعض صحابہ رضؓ نے دونوں ہجرتیں کیں اور بعض نے ایک۔ کفار نے جب یہ دیکھا کہ یہ لوگ حبشہ میں چین کی زندگی بسر کرنے لگے تو ان کو اور بھی غصہ آیا اور بہت سے تحفے تحائف لے کر نجاشی شاہ حبشہ کے پاس ایک وفد بھیجا جو بادشاہ کے لئے بھی بہت سے تحفے لے کر گیا اور اس کے خواص اور پادریوں کے لئے بھی بہت سے ہدیئے لے کر گیا۔ جاکر اوّل پادریوں اور حکام سے ملا اور ہدئے دے کر اُن سے بادشاہ کے یہاں اپنی سفارش کا وعدہ لیا اور پھر بادشاہ کی خدمت میں یہ وفد حاضر ہوا۔ اوّل بادشاہ کو سجدہ کیا اور پھر تحفے پیش کرکے اپنی درخواست پیش کی اور رشوت خور حکام نے تائید کی۔ انھوں نے کہا کہ اے بادشاہ ہماری قوم کے چند بے وقوف لڑکے اپنے قدیمی دین کو چھوڑ کر ایک نئے دین میں داخل ہوگئے جس کو نہ ہم جانتے ہیں نہ آپ جانتے ہیں اور آپ کے ملک میں آکر رہنے لگے۔ ہم کو ہم کو شرفائے مکہ نے اور اُن لوگوں کے باپ چچا اور رشتہ داروں نے بھیجا ہے کہ ان کو واپس لائیں۔ آپ ان کو ہمارے سپرد کردیں۔ بادشاہ نے کہا جن لوگوں نے میری پناہ پکڑی ہے بغیر تحقیق ان کو حوالہ نہیں کرسکتا۔ اوّل اُن سے بلاکر تحقیق کرلوں اگر صحیح ہوا تو حوالہ کردوں گا چنانچہ مسلمانوں کو بلایا گیا۔ مسلمان اوّل بہت پریشان ہوئے کیا کریں مگر اللہ کے فضل نے مدد کی اور ہمت سے یہ طے کیا کہ چلنا چاہیئے اور صاف صاف بات کہنا چاہیئے۔ بادشاہ کے یہاں پہنچ کر سلام کیا کسی نے اعتراض کیا کہ تم نے بادشاہ کو آدابِ شاہی کے موافق سجدہ نہیں کیا۔ ان لوگوں نے کہا کہ ہم کو ہمارے نبی نے اللہ کے سوا کسی کو سجدہ کرنے کی اجازت نہیں دی۔ اس کے بعد بادشاہ نے اُن سے حالات دریافت کئے۔ حضرت جعفرؓ آگے بڑھے اور فرمایا کہ ہم لوگ جہالت میں پڑے ہوئے تھے، نہ اللہ کو

جانتے تھے نہ اُس کے رسولوں سے واقف تھے، پتھروں کو پوجتے تھے، مردار کھاتے تھے، بُرے کام کرتے تھے۔ رشتہ ناتوں کو توڑتے تھے ہم میں کا قوی ضعیف کو ہلاک کر دیتا تھا۔ ہم اسی حال میں تھے کہ اللہ نے اپنا ایک رسول بھیجا جس کے نسب کو، اس کی سچائی کو، اس کی امانتداری کو، پرہیزگاری کو ہم خوب جانتے ہیں۔ اس نے ہم کو ایک اللہ وحدہٗ لاشریک لہٗ کی عبادت کی طرف بلایا اور پتھروں اور بتوں کو پوجنے سے منع فرمایا۔ اس نے ہم کو اچھے کام کرنے کا حکم دیا۔ بُرے کاموں سے منع کیا۔ اُس نے ہم کو سچ بولنے کا حکم دیا۔ امانت داری کا حکم دیا، صلۂ رحمی کا حکم کیا۔ پڑوسی کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے کا حکم دیا۔ نماز، روزہ، صدقہ وخیرات کا حکم دیا اور اچھے اخلاق تعلیم کئے، زنا بدکاری، جھوٹ بولنا، یتیم کا مال کھانا، کسی پر تہمت لگانا اور اس قسم کے بُرے اعمال سے منع فرمایا۔ ہم کو قرآن پاک کی تعلیم دی ہم اس پر ایمان لائے اور اس کے فرمان کی تعمیل کی جس پر ہماری قوم ہماری دشمن ہوگئی اور ہم کو ہر طرح ستایا۔ ہم لوگ مجبور ہو کر تمہاری پناہ میں اپنے نبی کے ارشاد سے آئے ہیں۔ بادشاہ نے کہا۔ جو قرآن تمہارے نبیؐ لے کر آئے ہیں وہ کچھ مجھے سُناؤ۔ حضرت جعفرؓ نے سورۂ مریم کی اول آیتیں پڑھیں جس کو سن کر بادشاہ بھی رو دیا اور اس کے پادری بھی جو کثرت سے موجود تھے سب کے سب اس قدر روئے کہ ڈاڑھیاں تر ہوگئیں۔ اس کے بعد بادشاہ نے کہا کہ خدا کی قسم یہ کلام اور جو کلام حضرت موسیٰؑ لے کر آئے تھے ایک ہی نور سے نکلے ہیں اور ان لوگوں سے صاف انکار کر دیا کہ میں اُن کو تمہارے حوالہ نہیں کر سکتا۔ وہ لوگ بڑے پریشان ہوئے کہ بڑی ذلت اٹھانا پڑی، آپس میں صلاح کر کے ایک شخص نے کہا کہ کل کو میں ایسی تدبیر کروں گا کہ بادشاہ ان کی جڑ ہی کاٹ دے۔ ساتھیوں نے کہا بھی کہ ایسا نہیں چاہیئے۔ یہ لوگ اگرچہ مسلمان ہوگئے مگر پھر بھی رشتہ دار ہیں مگر اس نے نہ مانا۔ دوسرے دن پھر بادشاہ کے پاس گئے اور جا کر کہا کہ یہ لوگ حضرت عیسیٰؑ کی شان میں گستاخی کرتے ہیں، اُن کو اللہ کا بیٹا نہیں مانتے۔ بادشاہ نے پھر مسلمانوں کو بلایا صحابہؓ فرماتے ہیں کہ دوسرے دن کے بلانے سے ہمیں اور بھی زیادہ پریشانی ہوئی۔ بہرحال گئے۔ بادشاہ نے پوچھا کہ تم حضرت عیسیٰؑ کے بارہ میں کیا کہتے ہو، انھوں نے کہا وہی کہتے ہیں جو ہمارے نبی پر اُن کی شان میں نازل ہوا کہ وہ اللہ کے بندے ہیں اس کے رسول ہیں اُس کی روح ہیں اور اُس کے کلمہ ہیں جس کو خدا نے کنواری اور پاک مریمؑ کی طرف ڈالا۔ نجاشی نے کہا کہ حضرت عیسیٰؑ بھی اس کے سوا کچھ نہیں فرماتے۔ پادری لوگ آپس میں کچھ چخ چخ کرنے لگے۔ نجاشی نے کہا کہ تم جو چاہو کہو۔ اس کے بعد نجاشی نے ان کے تحفے واپس کر دئے اور مسلمانوں سے کہا کہ تم امن سے رہو جو تمہیں ستائے اس کو تاوان دینا پڑے گا اور اس کا اعلان بھی کرا دیا کہ جو شخص ان کو ستائے گا اس کو تاوان دینا ہوگا۔ اس کی وجہ سے وہاں کے مسلمانوں کا اکرام

لہ خمیس

اور بھی زیادہ ہونے لگا اور اس وفد کو ذلت سے واپس آنا پڑا۔ تو پھر کفار مکہ کا جتنا بھی غصہ جوش کرتا ظاہر ہے۔ اس کے ساتھ ہی حضرت عمرؓ کے اسلام لانے نے ان کو بھی جلا رکھا تھا اور ہر وقت اس فکر میں رہتے تھے کہ لوگوں کا اُن سے ملنا جلنا بند ہو جائے اور اسلام کا چراغ کسی طرح بجھے۔ اس لئے سرداران مکہ کی ایک بڑی جماعت نے آپس میں مشورہ کیا کہ اب کھلم کھلا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کر دیا جائے لیکن قتل کر دینا بھی آسان کام نہ تھا۔ اس لئے کہ بنو ہاشم بھی بڑے جتھے اور اونچے طبقہ کے لوگ شمار ہوتے تھے وہ اگرچہ مسلمان نہیں ہوئے تھے لیکن جو مسلمان نہیں تھے وہ بھی حضورؐ کے قتل ہو جانے پر آمادہ نہیں تھے۔ اس لئے ان سب کفار نے مل کر ایک معاہدہ کیا کہ سارے بنو ہاشم اور بنو عبدالمطلب کا بائیکاٹ کیا جاوے۔ نہ ان کو کوئی شخص اپنے پاس بیٹھنے دے نہ ان سے کوئی خرید و فروخت کرے نہ بات چیت کرے نہ اُن کے گھر جائے نہ اُن کو اپنے گھر میں آنے دے۔ اور اس وقت تک صلح نہ کی جائے جب تک کہ وہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کے لئے حوالہ نہ کر دیں۔ یہ معاہدہ زبانی گفتگو ہی پر ختم نہیں ہوا بلکہ یکم محرم سنہ ۷ نبوی کو ایک معاہدہ تحریری لکھ کر بیت اللہ میں لٹکایا گیا۔ تاکہ ہر شخص اس کا احترام کرے اور اس کو پورا کرنے کی کوشش کرے اور اس معاہدہ کی وجہ سے تین برس تک یہ سب حضرات دو پہاڑوں کے درمیان ایک گھاٹی میں نظر بند رہے نہ کوئی ان سے مل سکتا تھا نہ یہ کسی سے مل سکتے تھے۔ نہ مکہ کے کسی آدمی سے کوئی چیز خرید سکتے تھے۔ نہ باہر کے آنے والے کسی تاجر سے مل سکتے تھے اگر کوئی شخص باہر نکلتا تو پیٹا جاتا اور کسی سے ضرورت کا اظہار کرتا تو صاف جواب پاتا۔ معمولی سا سامان غلّہ وغیرہ جو اُن لوگوں کے پاس تھا وہ کہاں تک کام دیتا۔ آخر فاقوں پر فاقے گذرنے لگے اور عورتیں اور بچے بھوک سے بیتاب ہو کر روتے اور چلاتے اور ان کے اعزہ کو اپنی بھوک اور تکالیف سے زیادہ ان بچوں کی تکالیف ستاتیں۔ آخر تین برس کے بعد اللہ کے فضل سے وہ صحیفہ دیمک کی نذر ہوا اور ان حضرات کی یہ مصیبت دور ہوئی۔ تین برس کا زمانہ ایسے سخت بائیکاٹ اور نظر بندی میں گزرا اور ایسی حالت میں ان حضرات پر کیا کیا مشقتیں گذری ہوں گی وہ ظاہر ہے۔ لیکن اس کے باوجود صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین نہایت ثابت قدمی کے ساتھ اپنے دین پر جمے رہے بلکہ اس کی اشاعت فرماتے رہے۔ ف یہ تکالیف اور مشقتیں ان لوگوں نے اٹھائی ہیں جن کے آج ہم نام لیوا کہلاتے ہیں اور اپنے کو ان کا متبع بتلاتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ ہم لوگ ترقی کے باب میں صحابۂ کرامؓ جیسی ترقیوں کے خواب دیکھتے ہیں۔ لیکن کسی وقت ذرا غور کر کے یہ بھی سوچنا چاہیے کہ ان حضرات نے قربانیاں کتنی فرمائیں اور ہم نے دین کی خاطر اسلام کی خاطر مذہب کی خاطر کیا کیا۔ کامیابی ہمیشہ کوشش اور سعی کے مناسب ہوتی ہے۔ ہم لوگ چاہتے ہیں کہ عیش و آرام

بد دینی اور دنیا طلبی میں کافروں کے دوش بدوش چلیں اور اسلامی ترقی ہمارے ساتھ ہو۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے ؎

ترسم نرسی بکعبہ اے اعرابی کیں رہ کہ تو میروی بترکستان است

(ترجمہ) مجھے خوف ہے او بدوی کہ تو کعبہ کو نہیں پہنچ سکتا اس لئے کہ یہ راستہ کعبہ کی دوسری جانب ترکستان کی طرف جاتا ہے۔

دوسرا باب اللہ جل جلالہٗ وعم نوالہٗ کا خوف اور ڈر

دین کے ساتھ اُس جانفشانی کے باوجود جس کے قصّے ابھی گذرے اور دین کے لئے اپنی جان مال آبرو سب کچھ فنا کرنے کے بعد جس کا نمونہ ابھی آپ دیکھ چکے ہیں اللہ جل شانہٗ کا خوف اور ڈر جس قدر ان حضرات میں پایا جاتا تھا اللہ کرے کہ اس کا کچھ شمّہ ہم سے سیہ کاروں کو بھی نصیب ہو جائے۔ مثال کے طور پر اس کے بھی چند قصّے لکھے جاتے ہیں۔

۱۔ آندھی کے وقت حضور کا طریقہ

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ جب ابر، آندھی وغیرہ ہوتی تھی تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ انور پر اس کا ظاہر ہوتا تھا اور چہرہ کا رنگ فق ہو جاتا تھا اور خوف کی وجہ سے کبھی اندر تشریف لاتے اور یہ دُعا پڑھتے رہتے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَخَيْرَ مَاۤ اُرْسِلَتْ بِهٖ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا وَشَرِّ مَاۤ اُرْسِلَتْ بِهٖ (ترجمہ) "یا اللہ اس ہوا کی بھلائی چاہتا ہوں اور جو اس ہوا میں ہو، بارش وغیرہ اس کی بھلائی چاہتا ہوں۔ اور جس غرض سے یہ بھیجی گئی اس کی بھلائی چاہتا ہوں، یا اللہ میں اس ہوا کی بُرائی سے پناہ مانگتا ہوں اور جو چیز اس میں ہے اور جس غرض سے یہ بھیجی گئی۔ اس کی بُرائی سے پناہ مانگتا ہوں۔" اور جب بارش شروع ہو جاتی تو چہرہ پر انبساط شروع ہوتا۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہؐ سب لوگ جب ابر دیکھتے ہیں تو خوش ہوتے ہیں کہ بارش کے آثار معلوم ہوئے۔ مگر آپؐ پر ایک گرانی محسوس ہوتی ہے حضورؐ نے ارشاد فرمایا، عائشہؓ! مجھے اس کا کیا اطمینان ہے کہ اس میں عذاب نہ ہو۔ قوم عاد کو ہوا کے ساتھ ہی عذاب دیا گیا اور وہ ابر کو دیکھ کر خوش ہوئے تھے کہ اس ابر میں ہمارے لئے پانی برسایا جائے گا حالانکہ اس میں عذاب تھا[1] اللہ جل شانہٗ کا ارشاد ہے فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِيَتِهِمْ الآیۃ (ترجمہ) اُن لوگوں نے

---

[1] درمنثور

(یعنی قوم عاد نے) جب اس بادل کو اپنی وادیوں کے مقابل آتے دیکھا تو کہنے لگے یہ بادل تو ہم پر بارش برسانے والا ہے (ارشاد خداوندی ہوا کہ) نہیں برسنے والا نہیں بلکہ یہ وہی (عذاب ہے) جس کی تم جلدی مچاتے تھے (اور نبیؑ سے کہتے تھے کہ اگر تو سچا ہے تو ہم پر عذاب لا) ایک آندھی ہے جس میں دردناک عذاب ہے جو ہر چیز کو اپنے رب کے حکم سے ہلاک کر دے گی۔ چنانچہ وہ لوگ اس آندھی کی وجہ سے ایسے تباہ ہو گئے کہ بجز ان مکانات کے کچھ نہ دکھلائی دیتا تھا اور ہم مجرموں کو اسی طرح سزا دیا کرتے ہیں۔[1]

ف یہ اللہ کے خوف کا حال اسی پاک ذات کا ہے جس کا سیدالاولین والآخرین ہونا خود اسی کے ارشاد سے سب کو معلوم ہے۔ خود کلام پاک میں یہ ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ ایسا نہ کریں گے کہ اُن میں آپ کے ہوتے ہوئے اُن کو عذاب دیں۔ اس وعدۂ خداوندی کے باوجود پھر حضور اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم کے خوفِ الٰہی کا یہ حال تھا کہ اَبر اور آندھی کو دیکھ کر پہلی قوموں کے عذاب یاد آجاتے تھے اسی کے ساتھ ایک نگاہ اپنے حال پر بھی کرنا ہے کہ ہم لوگ ہر وقت گناہوں میں مبتلا رہتے ہیں اور زلزلوں اور دوسری قسم کے عذابوں کو دیکھ کر بجائے اس سے متاثر ہونے کے توبہ استغفار نماز وغیرہ میں مشغول ہونے کے دوسری قسم قسم کی لغو تحقیقات میں پڑ جاتے ہیں۔

۲ - اندھیرے میں حضرت انسؓ کا فعل

نضرؒ بن عبد اللہ کہتے ہیں کہ حضرت انسؓ کی زندگی میں ایک مرتبہ دن میں اندھیرا چھا گیا میں حضرت انسؓ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ حضورؐ کے زمانے میں بھی اس قسم کی چیزیں پیش آتی تھیں انھوں نے فرمایا کہ خدا کی پناہ حضورؐ کے زمانے میں تو ذرا بھی ہوا تیز ہو جاتی تھی تو ہم لوگ قیامت کے آجانے کے خوف سے مسجدوں میں دوڑ جاتے تھے۔ ایک دوسرے صحابی ابو الدرداءؓ فرماتے ہیں کہ حضورؐ کا معمول تھا کہ جب آندھی چلتی تو حضورؐ گھبرائے ہوئے مسجد میں تشریف لے جاتے تھے[2] آج کسی بڑے سے بڑے حادثہ مصیبت بلا میں بھی مسجد کسی کو یاد آتی ہے۔ عوام کو چھوڑ کر خواص میں بھی اس کا اہتمام کچھ پایا جاتا ہے۔ آپ خود ہی اس کا جواب اپنے دل میں سوچیں۔

۳- سورج گرہن میں حضورؐ کا عمل

حضور اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم کے زمانہ میں سورج گرہن ہو گیا۔ صحابہؓ کو فکر ہوئی کہ اس موقع پر حضورؐ کیا عمل فرمائیں گے کیا کریں گے اس کی تحقیق کی جائے۔ جو حضرات اپنے اپنے کام میں مشغول تھے چھوڑ کر دوڑے ہوئے آئے۔ نوعمر لڑکے جو تیر اندازی کی مشق کر رہے تھے ان کو چھوڑ کر لپکے

---

[1] بیان القرآن وغیرہ [2] جمع الفوائد۔

ہوئے آئے تاکہ یہ دیکھیں کہ حضورؐ اس وقت کیا کریں گے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعت کسوف کی نماز پڑھی جو اتنی لانبی تھی کہ لوگ غش کھا کر گرنے لگے۔ نماز میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روتے تھے اور فرماتے تھے اے رب کیا آپ نے مجھ سے اس کا وعدہ نہیں فرما رکھا کہ آپ ان لوگوں کو میرے موجود ہوتے ہوئے عذاب نہ فرمائیں گے اور ایسی حالت میں بھی عذاب نہ فرمائیں گے کہ وہ لوگ استغفار کرتے رہیں۔ (سورۂ انفال میں اللہ جل شانہٗ نے اس کا وعدہ فرما رکھا ہے (وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ) پھر حضورؐ نے لوگوں کو نصیحت فرمائی کہ جب کبھی ایسا موقع ہو اور آفتاب یا چاند گرہن ہو جائے تو گھبرا کر نماز کی طرف متوجہ ہو جایا کرو۔ میں جو آخرت کے حالات دیکھتا ہوں اگر تم کو معلوم ہو جائیں تو ہنسنا کم کر دو اور رونے کی کثرت کر دو۔ جب کبھی ایسی حالت پیش آئے نماز پڑھو، دعا مانگو، صدقہ کرو۔

۴۔ حضورؐ کا تمام رات روتے رہنا

نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک مرتبہ تمام رات روتے رہے اور صبح تک نماز میں یہ آیت تلاوت فرماتے رہے اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ؕ اے اللہ اگر آپ ان کو سزا دیں جب بھی آپ مختار ہیں کہ یہ آپ کے بندے ہیں اور آپ ان کے مالک اور مالک کو حق ہے کہ بندوں کو جرائم پر سزا دے اور اگر آپ ان کو معاف فرما دیں تو بھی آپ مختار ہیں کہ آپ زبردست قدرت والے ہیں تو معافی پر بھی قدرت ہے اور حکمت والے ہیں تو معافی بھی حکمت کے موافق ہو گی[1]۔

امام اعظم رضی اللہ عنہ کے متعلق بھی نقل کیا گیا ہے کہ وہ ایک شب تمام رات وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ پڑھتے رہے اور روتے رہے۔ مطلب آیت شریفہ کا یہ ہے کہ قیامت کے دن مجرموں کو حکم ہو گا کہ دُنیا میں تو سب ملے جلے رہے مگر آج مجرم لوگ سب الگ ہو جائیں اور غیر مجرم علیحدہ۔ اس حکم کو سُن کر جتنا بھی رو دیا جاوے تھوڑا ہے کہ نہ معلوم اپنا شمار مجرموں میں ہو گا یا فرماں برداروں میں۔

۵۔ حضرت ابوبکرؓ پر اللہ کا ڈر

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ جو باجماع اہل سنت انبیاء کے علاوہ تمام دُنیا کے آدمیوں سے افضل ہیں اور ان کا جنتی ہونا یقینی ہے کہ خود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو جنتی ہونے کی بشارت دی بلکہ جنتیوں کی ایک جماعت کا سردار بتایا۔ اور جنت کے سب دروازوں سے اُن کی پکار اور بلاوے

---

[1] بیان القرآن

کی خوشخبری دی اور یہ بھی فرمایا کہ میری امّت میں سب سے پہلے ابوبکرؓ جنّت میں داخل ہوں گے اس سب کے باوجود فرمایا کرتے کہ کاش میں کوئی درخت ہوتا جو کاٹ دیا جاتا۔ کبھی فرماتے کاش میں کوئی گھاس ہوتا کہ جانور اس کو کھالیتے۔ کبھی فرماتے کاش میں کسی مومن کے بدن کا بال ہوتا۔ ایک مرتبہ ایک باغ میں تشریف لے گئے اور ایک جانور کو بیٹھا ہوا دیکھ کر ٹھنڈا سانس بھرا اور فرمایا تو کس قدر لطف میں ہے کہ کھاتا ہے پیتا ہے، درختوں کے سائے میں پھرتا ہے اور آخرۃ میں تجھ پر کوئی حساب کتاب نہیں کاش ابوبکرؓ بھی تجھ جیسا ہوتا۔[1] ربیعہؓ اسلمی کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ کسی بات پر مجھ میں اور حضرت ابوبکرؓ میں کچھ بات بڑھ گئی اور انھوں نے مجھے کوئی سخت لفظ کہہ دیا جو مجھے ناگوار گذرا۔ فوراً ان کو خیال ہوا۔ مجھ سے فرمایا تو بھی مجھے کہہ دے تاکہ بدلہ ہو جائے۔ میں نے کہنے سے انکار کیا تو انھوں نے فرمایا کہ یا تو کہہ لو ورنہ میں حضورؐ سے جاکر عرض کروں گا۔ میں نے اس پر بھی جوابی لفظ کہنے سے انکار کیا۔ وہ تو اُٹھ کر چلے گئے۔ بنو اسلم کے کچھ لوگ آئے اور کہنے لگے کہ یہ بھی اچھی بات ہے کہ خود ہی زیادتی کی اور خود ہی الٹی حضورؐ سے شکایت کریں۔ میں نے کہا تم جانتے بھی ہو یہ کون ہیں۔ یہ ابوبکر صدیقؓ ہیں اگر یہ خفا ہو گئے تو اللہ کا لاڈلا رسولؐ مجھ سے خفا ہو جائے گا اور اس کی خفگی سے اللہ تعالیٰ جل شانہٗ ناراض ہو جائیں گے تو ربیعہؓ کی ہلاکت میں کیا تردد ہے۔ اس کے بعد میں حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا اور قصّہ عرض کیا۔ حضورؐ نے فرمایا کہ ٹھیک ہے۔ تجھے جواب میں اور بدلہ میں کہنا نہیں چاہیے۔ البتہ اس کے بدلہ میں یوں کہہ اے ابوبکرؓ اللہ تمہیں معاف فرمادیں ف یہ ہے کہ اللہ کا خوف کہ ایک معمولی سے کلمہ میں حضرت ابوبکر صدیقؓ کو بدلہ کا اس قدر فکر اور اہتمام ہوا کہ اوّل خود درخواست کی اور پھر حضورؐ کے واسطہ سے اس کا ارادہ فرمایا کہ ربیعہ بدلہ لے لیں۔ آج ہم سینکڑوں باتیں ایک دوسرے کو کہہ دیتے ہیں اس کا خیال بھی نہیں ہوتا کہ اس کا آخرت میں بدلہ بھی لیا جائے گا یا حساب کتاب بھی ہوگا۔

۶۔ حضرت عمرؓ کی حالت

حضرت عمرؓ بسا اوقات ایک تنکا ہاتھ میں لیتے اور فرماتے، کاش میں یہ تنکا ہوتا۔ کبھی فرماتے، کاش مجھے میری ماں نے جنا ہی نہ ہوتا۔ ایک مرتبہ کسی کام میں مشغول تھے۔ ایک شخص آیا اور کہنے لگا کہ فلاں شخص نے مجھ پر ظلم کیا ہے۔ آپ چل کر مجھے بدلہ دلوا دیجئے۔ آپؓ نے اس کے ایک دُرّہ مار دیا کہ جب میں اس کام کے لئے بیٹھا ہوں اس وقت تو آتے نہیں جب میں دوسرے کاموں میں مشغول ہو جاتا ہوں تو آکر کہتے ہیں کہ بدلہ دلوا۔ وہ شخص چلا گیا۔ آپؓ نے آدمی بھیج کر اس کو بُلوایا اور دُرّہ اس کو دے کر فرمایا کہ بدلہ

[1] تاریخ الخلفاء

لے لو۔ اس نے عرض کیا کہ میں نے اللہ کے واسطے معاف کیا۔ گھر تشریف لائے دو رکعت نماز پڑھی۔ اس کے بعد اپنے آپ کو خطاب کر کے فرمایا، اے عمرؓ تو کمینہ تھا اللہ نے تجھ کو اونچا کیا تو گمراہ تھا، اللہ نے تجھ کو ہدایت کی تو ذلیل تھا اللہ نے تجھے عزت دی، پھر لوگوں کا بادشاہ بنایا، اب ایک شخص آ کر کہتا ہے کہ مجھے ظلم کا بدلہ دلوادے تو تُو اس کو مارتا ہے۔ کل کو قیامت کے اپنے رب کو کیا جواب دے گا۔ بڑی دیر اسی طرح اپنے آپ کو ملامت کرتے رہے۔[1] آپؓ کے غلام حضرت اسلمؓ کہتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ حضرت عمرؓ کے ساتھ حرہؓ[2] کی طرف جا رہا تھا۔ ایک جگہ آگ جلتی ہوئی جنگل میں نظر آئی۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ شاید یہ کوئی قافلہ ہے جو رات ہو جانے کی وجہ سے شہر میں نہیں گیا، باہر ہی ٹھہر گیا۔ چلو اس کی خبر لیں۔ رات کو حفاظت کا انتظام کریں۔ وہاں پہنچے تو دیکھا ایک عورت ہے جس کے ساتھ چند بچے ہیں جو رو رہے ہیں اور چلا رہے ہیں۔ اور ایک دیگچی چولھے پر رکھی ہے جس میں پانی بھرا ہوا ہے اور اس کے نیچے آگ جل رہی ہے۔ انھوں نے سلام کیا اور قریب آنے کی اجازت لے کر اس کے پاس گئے اور پوچھا کہ یہ بچے کیوں رو رہے ہیں۔ عورت نے کہا کہ بھوک سے لاچار ہو کر رو رہے ہیں۔ دریافت فرمایا کہ اس دیگچی میں کیا ہے۔ عورت نے کہا کہ پانی بھر کر بہلانے کے واسطے آگ پر رکھ دی ہے کہ ذرا ان کو تسلی ہو جائے اور سو جائیں۔ امیر المومنین عمرؓ کا اور میرا اللہ ہی کے یہاں فیصلہ ہو گا کہ میری اس تنگی کی خبر نہیں لیتے۔ حضرت عمرؓ رونے لگے اور فرمایا کہ اللہ تجھ پر رحم کرے بھلا عمرؓ کو تیرے حال کی کیا خبر ہے۔ کہنے لگی کہ وہ ہمارے امیر بنے ہیں اور ہمارے حال کی خبر بھی نہیں رکھتے۔ اسلمؓ کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ مجھے ساتھ لے کر واپس ہوئے اور ایک بوری میں بیت المال میں سے کچھ آٹا اور کھجوریں اور چربی اور کچھ کپڑے اور کچھ درہم لئے۔ غرض اس بوری کو خوب بھر لیا اور فرمایا کہ یہ میری کمر پر رکھ دے۔ میں نے عرض کیا کہ میں لے چلوں، آپ نے فرمایا کہ نہیں میری کمر پر رکھ دے۔ دو تین مرتبہ جب میں نے اصرار کیا تو فرمایا کیا قیامت میں بھی میرے بوجھ کو تو ہی اٹھائے گا اس کو میں ہی اٹھاؤں گا اس لئے کہ قیامت میں مجھ ہی سے اس کا سوال ہو گا۔ میں نے مجبور ہو کر بوری کو آپ کی کمر پر رکھ دیا۔ آپ نہایت تیزی کے ساتھ اس کے پاس تشریف لے گئے میں بھی ساتھ تھا۔ وہاں پہنچ کر اس دیگچی میں آٹا اور کچھ چربی اور کھجوریں ڈالیں اور اس کو چلانا شروع کیا اور چولھے میں خود ہی پھونک مارنا شروع کیا۔ اسلمؓ کہتے ہیں کہ آپ کی گنجان داڑھی سے دھواں نکلتا ہوا میں دیکھتا رہا حتیٰ کہ حریرہ سا تیار ہو گیا۔ اس کے بعد آپؓ نے اپنے دست مبارک سے نکال کر ان کو کھلایا۔ وہ سیر ہو کر خوب ہنسی کھیل میں مشغول ہو گئے اور جو بچا تھا وہ دوسرے وقت کے واسطے ان کے حوالے کر دیا۔ وہ عورت بہت خوش ہوئی اور کہنے لگی اللہ تعالیٰ تمہیں

---

[1] اسد الغابہ [2] مدینہ کے قریب ایک جگہ کا نام ہے۔

تمہیں جزائے خیر دے۔ تم تھے اس کے مستحق کہ بجائے حضرت عمرؓ کے تم ہی خلیفہ بنائے جاتے۔ حضرت عمرؓ نے اس کو تسلی دی اور فرمایا کہ جب تم خلیفہ کے پاس جاؤگی تو مجھ کو بھی وہیں پاؤگی۔ حضرت عمرؓ اس کے قریب ہی ذرا ہٹ کر زمین پر بیٹھ گئے اور تھوڑی دیر بیٹھنے کے بعد چلے آئے اور فرمایا کہ میں اس لئے بیٹھا تھا کہ میں نے ان کو روتے ہوئے دیکھا تھا۔ میرا دل چاہا کہ تھوڑی دیر ان کو ہنستے ہوئے بھی دیکھوں[1]۔ صبح کی نماز میں اکثر سورۂ کہف طٰہٰ وغیرہ بڑی سورتیں پڑھتے اور روتے کہ کئی کئی صفوں تک آواز جاتی۔ ایک مرتبہ صبح کی نماز میں سورۂ یوسف پڑھ رہے تھے اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ پر پہنچے تو روتے روتے آواز نہ نکلی۔ تہجد کی نماز میں بعض مرتبہ روتے روتے گر جاتے اور بیمار ہو جاتے۔ ف یہ ہے اللہ کا خوف اس شخص کا جس کے نام سے بڑے بڑے نامور بادشاہ ڈرتے تھے کانپتے تھے۔ آج بھی ساڑھے تیرہ سو برس کے زمانہ تک اس کا دبدبہ مانا ہوا ہے آج کوئی بادشاہ نہیں حاکم نہیں کوئی معمولی سا امیر بھی اپنی رعایا کے ساتھ ایسا برتاؤ کرتا ہے؟

۷۔ حضرت ابن عباس رضؓ کی نصیحت

وہبؒ بن منبہ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عباسؓ کی ظاہری بینائی جانے کے بعد میں ان کو لئے جا رہا تھا وہ مسجد حرام میں تشریف لے گئے۔ وہاں پہنچ کر ایک مجمع سے کچھ جھگڑے کی آواز آ رہی تھی۔ فرمایا مجھے اس مجمع کی طرف لے چلو۔ میں اس طرف لے گیا ـــــ وہاں پہنچ کر آپؓ نے سلام کیا۔ ان لوگوں نے بیٹھنے کی درخواست کی تو آپ نے انکار فرما دیا اور فرمایا کہ تمہیں معلوم نہیں کہ اللہ کے خاص بندوں کی جماعت وہ لوگ ہیں جن کو اس کے خوف نے چپ کر رکھا ہے۔ حالانکہ وہ نہ عاجز ہیں نہ گونگے بلکہ فصیح لوگ ہیں۔ بولنے والے ہیں سمجھ دار ہیں مگر اللہ تعالیٰ کی بڑائی کے ذکر نے ان کی عقلوں کو اڑا رکھا ہے ان کے دل اس کی وجہ سے ٹوٹے رہتے ہیں اور زبانیں چپ رہتی ہیں اور جب اس حالت پر ان کو پختگی میسر ہو جاتی ہے تو اس کی وجہ سے نیک کاموں میں وہ جلدی کرتے ہیں تم لوگ ان سے کہاں ہٹ گئے۔ وہبؒ کہتے ہیں کہ اس کے بعد میں نے دو آدمیوں کو بھی ایک جگہ جمع نہیں دیکھا۔ ف حضرت ابن عباسؓ اللہ کے خوف سے اس قدر روتے تھے کہ چہرہ پر آنسوؤں کے ہر وقت بہنے سے دو نالیاں سی بن گئی تھیں۔ اوپر کے قصہ میں حضرت ابن عباسؓ نے نیک کاموں پر اہتمام کا ایک سہل نسخہ بتلایا کہ اللہ کی عظمت اور اس کی بڑائی کا سوچ کیا جائے کہ اس کے بعد ہر قسم کا نیک عمل سہل ہے اور پھر وہ یقیناً اخلاص سے بھرا ہوا ہوگا۔ رات دن کے چوبیس گھنٹوں میں اگر تھوڑا سا وقت بھی ہم لوگ اس سوچنے کی خاطر نکال لیں تو کیا مشکل ہے؟

(۸) تبوک کے سفر میں قوم ثمود کی بستی پر گذر

غزوۂ[2] تبوک مشہور غزوہ ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری غزوہ ہے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم

---

[1] اشہر مشاہیر منتخب کنز الاعمال [2] غزوہ اس لڑائی کو کہتے ہیں جس میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم خود شریک ہوئے ہوں۔

کو اطلاع ملی کہ روم کا بادشاہ مدینہ منورہ پر حملہ کرنے کا ارادہ کر رہا ہے اور بہت بڑا لشکر لے کر شام کے راستے سے مدینہ کو آرہا ہے۔ اس خبر پر ۵ رجب سنہ ۹ ھ پنجشنبہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے مقابلہ کے لئے مدینہ طیبہ سے روانہ ہو گئے۔ چونکہ زمانہ سخت گرمی کا تھا اور مقابلہ بھی سخت تھا اس لئے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے صاف اعلان فرمادیا تھا کہ روم کے بادشاہ سے مقابلہ کے لئے چلنا ہے تیاری کر لی جائے۔ اور حضورؐ نے خود اس کے لئے چندہ فرمانا شروع کیا۔ یہی لڑائی ہے جس میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ گھر کا سارا سامان لے آئے اور جب اُن سے پوچھا کہ گھر والوں کے لئے کیا چھوڑا تو فرمایا کہ اُن کے لئے اللہ اور اُس کے رسولؐ کو چھوڑ آیا۔ اور حضرت عمرؓ گھر کے پورے سامان میں سے آدھا لے آئے جس کا قصہؓ باب ۶ میں آتا ہے اور حضرت عثمان غنیؓ نے ایک تہائی لشکر کا پورا سامان مہیا فرمایا اور اسی طرح ہر شخص اپنی حیثیت سے زیادہ ہی لایا۔ اس کے باوجود چونکہ عام طور سے تنگی تھی اس لئے دس دس آدمی ایک اونٹ پر تھے کہ نوبت بنوبت اس پر سوار ہوتے تھے۔ اسی وجہ سے اس لڑائی کا نام جیش العسرۃ (تنگی کا لشکر) بھی تھا۔ یہ لڑائی نہایت ہی سخت تھی کہ سفر بھی دُور کا تھا اور موسم بھی اس قدر سخت کہ گرمی کی انتہا نہیں تھی اور اس کے ساتھ ہی مدینہ طیبہ میں کھجور کے پکنے کا زمانہ زور پر تھا کہ سارے باغ بالکل پکے ہوئے کھڑے تھے اور کھجور پر ہی مدینہ طیّبہ والوں کی زندگی کا زیادہ دارومدار تھا کہ سال بھر کی روزی جمع کرنے کا گویا یہی زمانہ تھا۔ ان حالات میں یہ وقت مسلمانوں کے لئے نہایت سخت امتحان کا تھا کہ ادھر اللہ کا خوف، حضورؐ کا ارشاد جس کی وجہ سے بغیر جائے نہ بنتی تھی اور دوسری جانب یہ ساری دقتیں کہ ہر وقت مستقل روک تھی۔ بالخصوص سال بھر کی محنت اور بچے پکائے درختوں کا یوں بے یار و مددگار چھوڑ جانا جتنا مشکل تھا وہ ظاہر ہے مگر اس کے باوجود اللہ کا خوف ان حضرات پر غالب تھا اس لئے بجز منافقین اور معذورین جن میں عورتیں اور بچے بھی داخل تھے وہ لوگ بھی جو بضرورت مدینہ طیبہ میں چھوڑے گئے یا کسی قسم کی سواری نہ مل سکنے کی وجہ سے روتے ہوئے رہ گئے تھے جن کے بارے میں تَوَلَّوْا وَّ اَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ نازل ہوئی اور سب ہی حضرات ہم رکاب تھے۔ البتہ تین حضرات بلا عذر کے شریک نہیں تھے جن کا قصہ آئندہ آرہا ہے۔ راستہ میں قوم ثمود کی بستی پر گذر ہوا تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے دامن سے اپنے چہرۂ انور کو ڈھانک لیا اور اونٹنی کو تیز کر دیا اور صحابہؓ کو بھی حکم فرمایا کہ یہاں سے تیز چلو اور ظالموں کی بستیوں میں سے روتے ہوئے گذرو اور اس سے ڈرتے ہوئے گذرو کہ تم پر بھی خدا نخواستہ وہ عذاب کہیں نازل نہ ہو جائے جو اُن پر نازل ہوا تھا۔[1] اللہ کا پیارا نبیؐ اور لاڈلا رسولؐ عذاب والی جگہ سے ڈرتا ہوا

---

[1] اسلام خمیس

خوف کرتا ہوا گذرتا ہے اور اپنے جاں نثار دوستوں کو جو اس سخت مجبوری کے وقت میں بھی جاں نثاری کا ثبوت دیتے ہیں روتے ہوئے جانے کا حکم فرماتا ہے کہ خدانخواستہ وہ عذاب ان پر نہ نازل ہو جائے۔ ہم لوگ کسی بستی میں زلزلہ آجائے تو اس کو سیرگاہ بناتے ہیں۔ کھنڈروں کی تفریح کو جاتے ہیں اور رونا تو درکنار رونے کا خیال بھی دل میں نہیں لاتے۔

۹۔ تبوک میں حضرت کعبؓ کی غیر حاضری اور توبہ

اسی تبوک کی لڑائی میں معذورین کے علاوہ اسّی سے زیادہ تو منافق انصار میں سے تھے اور اتنے ہی تقریباً بدوی لوگوں میں سے۔ ان کے علاوہ ایک بڑی جماعت باہر کے لوگوں میں سے ایسی تھی جو شریک نہیں ہوئے بلکہ یہ لوگ دوسروں کو بھی لَا تَنْفِرُوْا فِی الْحَرِّ کہہ کر روکتے تھے (گرمی میں نہ نکلو) حق تعالیٰ شانہ' فرماتے ہیں کہ جہنم کی آگ کی گرمی بہت سخت ہے۔ ان کے علاوہ تین سچے پکے مسلمان بھی ایسے تھے جو بلا کسی قوی عذر کے اس لڑائی میں شریک نہیں ہو سکے۔ ایک کعبؓ بن مالک، دوسرے ہلال بن امیہ تیسرے مرارۃ بنؓ ربیع۔ یہ تینوں حضرات کسی نفاق یا عذر سے نہیں بچھڑے بلکہ خوشحالی ہی سبب رہ جانے کا بن گئی۔ کعبؓ اپنی سرگذشت جو اس موقع پر پیش آئی مفصّل سناتے ہیں جو آئندہ آرہی ہے:۔

مرارۃؓ بن ربیع کا باغ خوب پھل رہا تھا ان کا خیال ہوا کہ اگر میں چلا گیا تو یہ سب ضائع ہو جائے گا۔ ہمیشہ میں لڑائیوں میں شریک ہوتا ہی رہا ہوں اگر اس مرتبہ رہ گیا تو کیا مضائقہ ہے اس لئے ٹھہر گئے۔ مگر جب متنبہ ہوا تو چونکہ باغ ہی اس کا سبب ہوا تھا اس لئے سب کو اللہ کے راستہ میں صدقہ کر دیا۔

ہلالؓ کے اہل واعزہ جو کہیں گئے ہوئے تھے اتفاق سے اس موقع پر سب جمع ہو گئے ان کو بھی یہی خیال ہوا کہ ہمیشہ شرکت کرتا ہی رہتا ہوں اگر اس موقع پر نہ جاؤں تو کیا حرج ہے اس لئے ٹھہر گئے مگر متنبہ ہونے پر سب سے تعلقات منقطع کر لینے کا ارادہ کیا کہ یہ تعلقات ہی اس لڑائی میں شرکت نہ کر سکنے کا سبب ہوئے۔

حضرت کعبؓ کا قصّہ احادیث میں کثرت سے آتا ہے وہ اپنی سرگزشت بڑی تفصیل سے سنایا کرتے تھے وہ فرماتے ہیں کہ میں تبوک سے پہلے کسی لڑائی میں اتنا قوی و مالدار نہیں تھا جتنا کہ تبوک کے وقت تھا اس وقت میرے پاس خود اپنی ذاتی دو اونٹنیاں تھیں اس سے پہلے کبھی بھی دو اونٹنیاں میرے پاس ہونے کی نوبت نہیں آئی۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمیشہ عادتِ شریفہ یہ تھی کہ جس طرف لڑائی کا ارادہ ہوتا تھا اس کا اظہار نہیں ہوتا تھا بلکہ دوسری جانبوں کے احوال دریافت فرماتے تھے۔ مگر اس لڑائی میں چونکہ گرمی بھی شدید تھی اور سفر بھی دُور کا تھا۔ ان کے علاوہ دشمنوں کی بھی بہت بڑی جماعت تھی، اس لئے صاف اعلان فرمادیا تھا تاکہ لوگ تیاری کر لیں۔ چنانچہ مسلمانوں کی اتنی بڑی جماعت حضورؐ کے ساتھ ہو گئی کہ

کہ رجسٹر میں ان کا نام بھی لکھنا دشوار تھا اور مجمع کی کثرت کی وجہ سے کوئی شخص اگر چھپنا چاہتا کہ میں نہ جاؤں نہ پتہ چلے تو دشوار نہ تھا۔ اس کے ساتھ ہی پھل پک رہے تھے۔ میں بھی سامان سفر کی تیاری کا صبح ہی سے ارادہ کرتا مگر شام ہو جاتی اور کسی قسم کی تیاری کی نوبت نہ آتی۔ لیکن میں اپنے دل میں خیال کرتا کہ مجھے وسعت حاصل ہے جب ارادہ پختہ کروں گا فوراً ہو جائے گا۔ حتیٰ کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم روانہ بھی ہو گئے اور مسلمان آپؐ کے ساتھ ساتھ مگر میرا سامانِ سفر تیار نہ ہوا۔ پھر بھی یہی خیال رہا کہ ایک دو روز میں تیار کر کے جا ملوں گا۔ اسی طرح آج کل پر ٹلتا رہا۔ حتیٰ کہ حضورؐ کے وہاں پہنچنے کا زمانہ تقریباً آ گیا۔ اس وقت میں نے کوشش بھی کی مگر سامان نہ ہو سکا۔ اب جب میں مدینہ طیبہ میں اِدھر اُدھر دیکھتا ہوں تو صرف وہی لوگ ملتے ہیں جن کے اوپر نفاق کا بدنما داغ لگا ہوا تھا یا وہ معذور تھے اور حضورؐ نے بھی تبوک پہنچ کر دریافت فرمایا کہ کعب نظر نہیں پڑتے کیا بات ہوئی۔ ایک صاحب نے کہا یا رسول اللہؐ اس کو اپنے مال و جمال کی اکڑ نے روکا۔ حضرت معاذؓ نے فرمایا کہ غلط کہا ہم جہاں تک سمجھتے ہیں وہ بھلا آدمی ہے مگر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے بالکل سکوت فرمایا اور کچھ نہیں بولے۔ حتیٰ کہ چند روز میں میں نے واپسی کی خبر سنی تو مجھے رنج و غم سوار ہوا اور بڑا فکرمند ہوا۔ دل میں جھوٹے جھوٹے عذر آتے تھے کہ اس وقت کسی فرضی عذر سے حضورؐ کے غصہ سے جان بچا لوں پھر کسی وقت معافی کی درخواست کر لوں گا اور اس بارے میں اپنے گھرانے کے ہر سمجھ دار سے مشورہ کرتا رہا۔ مگر جب مجھے معلوم ہو گیا کہ حضورؐ تشریف لے ہی آئے تو میرے دل نے فیصلہ کیا کہ بغیر سچ کے کوئی چیز نجات نہ دے گی اور میں نے سچ سچ عرض کرنے کی ٹھان ہی لی۔ حضورؐ کی عادت شریفہ یہ تھی کہ جب سفر سے واپس تشریف لاتے تو اوّل مسجد میں تشریف لے جاتے اور دو رکعت تحیۃ المسجد پڑھتے اور وہاں تھوڑی دیر تشریف رکھتے کہ لوگوں سے ملاقات فرمائیں۔ چنانچہ حسب معمول حضورؐ تشریف فرما رہے اور منافق لوگ آکر جھوٹے جھوٹے عذر کرتے اور قسمیں کھاتے رہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ظاہر حال کو قبول فرماتے رہے اور باطن کو اللہ کے سپرد فرماتے رہے کہ اتنے میں مَیں بھی حاضر ہوا اور سلام کیا۔ حضورؐ نے ناراضگی کے انداز میں تبسم فرمایا اور اعراض فرمایا۔ میں نے عرض کیا یا نبیؐ اللہ آپ نے اعراض فرما لیا۔ میں خدا کی قسم نہ تو منافق ہوں نہ مجھے ایمان میں کچھ تردّد ہے۔ ارشاد فرمایا کہ یہاں آ، میں قریب ہو کر بیٹھ گیا۔ حضورؐ نے فرمایا کہ تجھے کس چیز نے روکا، کیا تو نے اونٹنیاں نہیں خرید رکھی تھیں۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہؐ اگر میں کسی دنیا دار کے پاس اس وقت ہوتا تو مجھے یقین ہے کہ میں اس کے غصے سے معقول عذر کے ساتھ خلاصی پا لیتا کہ مجھے بات کرنے کا سلیقہ اللہ تعالیٰ نے عطا فرمایا ہے لیکن آپ کے متعلق مجھے معلوم ہوا ہے کہ اگر آج جھوٹ سے راضی کر لوں تو قریب ہے کہ اللہ جل جلالہ، مجھ سے ناراض ہوں گے اور اگر آپ سے صاف صاف عرض کر دوں تو آپ کو غصہ آئے گا

لیکن قریب ہے کہ اللہ کی پاک ذات آپؐ کے عتاب کو زائل فرمادے گی اس لئے سچ ہی عرض کرتا ہوں کہ واللہ مجھے کوئی عذر نہیں تھا اور جیسا فارغ اور وسعت والا میں اس زمانہ میں تھا کسی زمانہ میں بھی اس سے پہلے نہیں ہوا۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ اس نے سچ کہا۔ پھر فرمایا کہ اچھا اُٹھ جاؤ تمہارا فیصلہ حق تعالیٰ شانہ' فرمائیں گے، میں وہاں سے اٹھا تو میری قوم کے بہت سے لوگوں نے مجھے ملامت کی کہ تو نے اس سے پہلے کوئی گناہ نہیں کیا تھا۔ اگر تو کوئی عذر کر کے حضورؐ سے استغفار کی درخواست کرتا تو حضورؐ کا استغفار تیرے لئے کافی تھا۔ میں نے اُن سے پوچھا کہ کوئی اور بھی ایسا شخص ہے جس کے ساتھ یہ معاملہ ہوا ہو۔ لوگوں نے بتایا کہ دو شخصوں کے ساتھ اور بھی یہی معاملہ ہوا کہ انھوں نے بھی یہی گفتگو کی جو تو نے کی اور یہی جواب ان کو ملا جو تجھ کو۔ ایک ہلالؓ بن امیہ' دوسرے مرارہؓ بن ربیع۔ میں نے دیکھا کہ دو صالح شخص جو دونوں بدری[1] ہیں وہ بھی میرے شریک حال ہیں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم تینوں سے بولنے کی ممانعت بھی فرمادی کہ کوئی شخص ہم سے کلام نہ کرے۔ یہ قاعدہ کی بات ہے کہ غصہ اسی پر آتا ہے جس سے تعلق ہوتا ہے اور تنبیہ اسی کو کی جاتی ہے جس میں اس کی اہلیت بھی ہو جس میں اصلاح و صلاح کی قابلیت ہی نہ ہو اس کو تنبیہ ہی کون کرتا ہے۔ کعبؓ کہتے ہیں کہ حضورؐ کی ممانعت پر لوگوں نے ہم سے بولنا چھوڑ دیا اور ہم سے اجتناب کرنے لگے اور گویا دُنیا ہی بدل گئی۔ حتیٰ کہ زمین باوجود اپنی وسعت کے مجھے تنگ معلوم ہونے لگی۔ سارے لوگ اجنبی معلوم ہونے لگے۔ درو دیوار اوپرے بن گئے۔ مجھے سب سے زیادہ اس کا فکر تھا کہ میں اس حال میں مرگیا تو حضورؐ جنازے کی نماز بھی نہ پڑھیں گے اور خدانخواستہ حضورؐ کا وصال ہوگیا تو میں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ایسا ہی رہوں گا نہ مجھ سے کوئی کلام کرے گا۔ نہ میری نماز پڑھے گا کہ حضورؐ کے ارشاد کے خلاف کون کرسکتا ہے۔ غرض ہم لوگوں نے پچاس دن اسی حال میں گزارے۔ میرے دونوں ساتھی تو شروع ہی سے گھروں میں چھپ کر بیٹھ گئے تھے میں سب میں قوی تھا چلتا پھرتا بازار میں جاتا۔ نماز میں شریک ہوتا۔ مگر مجھ سے کوئی بات چیت نہ کرتا حضورؐ کی مجلس میں حاضر ہو کر سلام کرتا اور بہت غور سے خیال کرتا کہ حضورؐ کے لب مبارک جواب کے لیے ہلے یا نہیں۔ نماز کے بعد حضورؐ کے قریب ہی کھڑے ہو کر نماز پوری کرتا اور آنکھ چرا کر دیکھتا کہ حضورؐ مجھے دیکھتے بھی ہیں یا نہیں، جب میں نماز میں مشغول ہوتا تو حضورؐ مجھے دیکھتے اور جب میں اُدھر متوجہ ہوتا تو حضورؐ منہ پھیر لیتے اور میری جانب سے اعراض فرمالیتے۔

غرض یہی حالات گذرتے رہے اور مسلمانوں کا بات چیت بند کرنا مجھ پر بہت ہی بھاری ہوگیا تو میں

---

[1] بدری وہ لوگ کہلاتے ہیں جو بدر کی لڑائی میں شریک ہوئے۔ ان کی بزرگی بڑائی مسلّم ہے۔ احادیث میں بھی ان کی فضیلت آئی ہے کتنی ہی احادیثوں میں ان کی مغفرت اور اللہ تعالیٰ کی ان سے خوش ہونے کی بشارتیں آئی ہیں ۱۲

ابو قتادہؓ کی دیوار پر چڑھا وہ میرے رشتہ کے چچازاد بھائی تھے اور مجھ سے تعلقات بھی بہت ہی زیادہ تھے۔ میں نے اوپر چڑھ کر سلام کیا۔ انھوں نے سلام کا جواب نہ دیا۔ میں نے اُن کو قسم دے کر پوچھا کہ کیا تمہیں معلوم نہیں کہ مجھے اللہ اور اس کے رسولؐ سے محبت ہے۔ انھوں نے اس کا بھی جواب نہ دیا۔ میں نے دوبارہ قسم دی اور دریافت کیا وہ پھر بھی چپ ہی رہے۔ میں نے تیسری مرتبہ پھر قسم دے کر پوچھا۔ انھوں نے کہا اللہ جانے اور اس کا رسولؐ۔ یہ کلمہ سُن کر میری آنکھوں سے آنسو نکل پڑے اور وہاں سے لوٹ آیا۔ اسی دوران میں ایک مرتبہ مدینہ کے بازار میں جارہا تھا کہ ایک قبطی کو جو نصرانی تھا اور شام سے مدینہ منورہ اپنا غلہ فروخت کرنے آیا تھا یہ کہتے ہوئے سنا کہ کوئی کعبؓ بن مالک کا پتہ بتا دو۔ لوگوں نے اس کو میری طرف اشارہ کر کے بتایا وہ میرے پاس آیا اور غسان کے کافر بادشاہ کا خط مجھے لاکر دیا اس میں لکھا ہوا تھا۔ ہمیں معلوم ہوا کہ تمہارے آقا نے تم پر ظلم کر رکھا ہے تمہیں اللہ ذلت کی جگہ نہ رکھے اور نہ ضائع کرے۔ تم ہمارے پاس آجاؤ ہم تمہاری مدد کریں گے (دُنیا کا قاعدہ ہوتا ہے کہ کسی بڑے کی طرف سے اگر چھوٹوں کو تنبیہ ہوتی ہے تو ان کو بہکانے والے اور زیادہ کھونے کی کوشش کیا کرتے ہیں اور خیر خواہ بن کر اس قسم کے الفاظ سے اشتعال دلایا ہی کرتے ہیں) کعبؓ کہتے ہیں کہ میں نے یہ خط پڑھ کر انا للہ پڑھی کہ میری حالت یہاں تک پہنچ گئی کہ کافر بھی مجھ میں طمع کرنے لگے۔ اور مجھے اسلام تک سے ہٹانے کی تدبیریں ہونے لگیں یہ ایک اور مصیبت آئی اور اس خط کو لے جاکر میں نے ایک تنور میں پھینک دیا اور حضورؐ سے جاکر عرض کیا کہ یا رسول اللہؐ آپ کے اعراض کی وجہ سے میری یہ حالت ہوگئی کہ کافر مجھ میں طمع کرنے لگے۔ اسی حالت میں چالیس روز ہم پر گذرے تھے کہ حضورؐ کا قاصد میرے پاس حضورؐ کا یہ ارشاد والا لے کر آیا کہ اپنی بیوی کو بھی چھوڑ دو۔ میں نے دریافت کیا کہ کیا منشاء ہے اس کو طلاق دے دوں کہا نہیں بلکہ علیحدگی اختیار کرلو[1] اور میرے دونوں ساتھیوں کے پاس بھی ان ہی قاصد کی معرفت یہی حکم پہنچا۔ میں نے اپنی بیوی سے کہہ دیا کہ تو اپنے میکہ میں چلی جا۔ جب تک اللہ تعالیٰ شانہٗ اس امر کا فیصلہ فرمائیں وہیں رہنا۔ ہلال بنؓ امیہ کی بیوی حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا کہ ہلال بالکل بوڑھے شخص ہیں۔ کوئی خبر گیری کرنے والا نہ ہوگا تو ہلاک ہوجائیں گے۔ اگر آپؐ اجازت دیں اور آپ کو گرانی نہ ہو تو میں کچھ کام کاج ان کا کر دیا کروں۔ حضورؐ نے فرمایا مضائقہ نہیں لیکن صحبت نہ کریں۔ انھوں نے عرض کیا یا رسول اللہؐ اس چیز کی طرف تو ان کو میلان بھی نہیں جس روز سے یہ واقعہ پیش آیا آج تک اُن کا وقت روتے ہی گذر رہا ہے۔ کعبؓ[1] کہتے ہیں۔ مجھ سے بھی کہا گیا کہ ہلال کی طرح تو

---

[1] ممکن ہے بیوی نے کہا ہو کہ بیویوں سے علیحدگی کا حکم اب تک نہیں ہوا تھا یا کسی بچے یا منافق نے کہا ہو کہ صحابہ تو بولتے ہی نہ تھے۔ ۱۲

بھی اگر بیوی کی خدمت کی اجازت لے لے تو شاید مل جائے۔ میں نے کہا وہ بوڑھے ہیں۔ میں جوان ہوں نہ معلوم مجھے کیا جواب ملے اس لئے میں جرأت نہیں کرتا۔ غرض اس حال میں دس روز اور گزرے کہ ہم سے بات چیت میل جول چھٹے ہوئے پورے پچاس دن ہو گئے۔ پچاسویں دن کی صبح کی نماز اپنے گھر کی چھت پر پڑھ کر میں نہایت غمگین بیٹھا ہوا تھا۔ زمین مجھ پر بالکل تنگ تھی اور زندگی دوبھر ہو رہی تھی کہ سلع پہاڑ کی چوٹی پر سے ایک زور سے چلانے والے نے آواز دی کہ کعبؓ خوش خبری ہو تم کو۔ میں اتنا ہی سُن کر سجدے میں گر گیا اور خوشی کے مارے رونے لگا اور سمجھا کہ تنگی دور ہو گئی۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کی نماز کے بعد ہماری معافی کا اعلان فرمایا۔ جس پر ایک شخص نے تو پہاڑ پر چڑھ کر زور سے آواز دی کہ وہ سب سے پہلے پہنچ گئی۔ اس کے بعد ایک صاحب گھوڑے پر سوار ہو کر بھاگے ہوئے آئے، میں جو کپڑے پہن رہا تھا وہ نکال کر بشارت دینے والے کی نذر کر دیئے۔ خدا کی قسم ان دو کپڑوں کے سوا اور کوئی کپڑا[1] اس وقت میری مِلک میں نہ تھا۔ اس کے بعد میں نے دو کپڑے مانگے ہوئے پہنے اور حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اسی طرح میرے دونوں ساتھیوں کے پاس بھی خوش خبری لے کر لوگ گئے۔ میں جب مسجد نبویؐ میں حاضر ہوا تو وہ لوگ جو خدمتِ اقدس میں حاضر تھے، مجھے مبارکباد دینے کے لئے دوڑے اور سب سے پہلے ابو طلحہؓ نے بڑھ کر مبارکباد دی اور مصافحہ کیا جو ہمیشہ ہی یاد رہے گا۔ میں نے حضورؐ کی بارگاہ میں جا کر سلام کیا تو چہرۂ انور کھِل رہا تھا اور انوارِ خوشی کے چہرے سے ظاہر ہو رہے تھے۔ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرۂ مبارک خوشی کے وقت میں چاند کی طرح سے چمکنے لگتا تھا۔ میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہؐ میری توبہ کی تکمیل یہ ہے کہ میری جائیداد جو ہے وہ سب اللہ کے راستے میں صدقہ ہے (کہ یہ ثروت ہی اس مصیبت کا سبب بنی تھی) حضورؐ نے فرمایا کہ اس میں تنگی ہو گی، کچھ حصہ اپنے پاس بھی رہنے دو۔ میں نے عرض کیا کہ بہتر ہے خیبر کا حصہ رہنے دیا جائے۔ مجھے سچ ہی نے نجات دی اس لئے میں نے عہد کر لیا کہ ہمیشہ ہی سچ بولوں گا۔[2] ف یہ ہے صحابہؓ کرام کی اطاعت اور دینداری کا اور اللہ کے خوف کا نمونہ کہ ہمیشہ جنگ میں یہ حضرات شریک رہے۔ ایک مرتبہ کی غیر حاضری پر کیا کیا عتاب ہوا اور اس کو کس فرماں برداری سے برداشت کیا کہ پچاس دن رو کر گذار دئے اور مال جس کی وجہ سے یہ واقعہ پیش آیا تھا وہ بھی صدقہ کر دیا اور کافروں نے طمع دلائی تو بجائے مشتعل ہونے کے اور زیادہ پشیمان ہوئے اور اس کو بھی اللہ کا عتاب اور حضورؐ کے اعراض کی وجہ سے سمجھا کہ میرے دین کا ضعف اس درجہ

---

[1] اگرچہ کپڑے کے سوا اور مال موجود تھا مگر اس وقت کی عام زندگی یہی تھی کہ فضول چیزیں زیادہ نہ ہوتی تھیں اس لئے کپڑے دو ہی تھے ۱۲ [2] درمنثور فتح الباری

تک پہنچ گیا کہ کافروں کو اس کی طمع ہونے لگی کہ وہ مجھے بے دین بنادیں۔ ہم لوگ بھی مسلمان ہیں اللہ اور اس کے پاک رسول ﷺ کے ارشادات بھی سامنے ہیں۔ بڑے سے بڑا حکم نماز ہی کا لے لو کہ ایمان کے بعد اس کے برابر کوئی چیز بھی نہیں۔ کتنے ہیں جو اس حکم کی تعمیل کرتے ہیں اور جو کرتے ہیں وہ بھی کیسی کرتے ہیں۔ اس کے بعد زکوٰۃ اور حج کا تو پوچھنا ہی کیا کہ اس میں تو مال بھی خرچ ہوتا ہے۔

۱۰۔ صحابہؓ کے ہنسنے پر حضورؐ کی تنبیہ اور قبر کی یاد

نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک مرتبہ نماز کے لئے تشریف لائے تو ایک جماعت کو دیکھا کہ وہ کھِل کھِلا کر ہنس رہی تھی اور ہنسی کی وجہ سے دانت کھل رہے تھے۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ اگر موت کو کثرت سے یاد کیا کرو تو جو حالت میں دیکھ رہا ہوں وہ پیدا نہ ہو۔ لہٰذا موت کو کثرت سے یاد کرو۔ قبر پر کوئی دن ایسا نہیں گزرتا جس میں وہ یہ آواز نہ دیتی ہو کہ میں بیگانگی کا گھر ہوں۔ تنہائی کا گھر ہوں۔ مٹی کا گھر ہوں کیڑوں کا گھر ہوں۔ جب کوئی مومن قبر میں رکھا جاتا ہے تو وہ کہتی ہے کہ تیرا آنا مبارک ہے۔ بہت اچھا کیا تو آگیا جتنے آدمی زمین پر چلتے تھے تو اُن سب میں مجھے زیادہ پسند تھا۔ آج جب تو میرے پاس آیا ہے تو میرے بہترین سلوک کو دیکھے گا۔ اس کے بعد وہ قبر جہاں تک مُردے کی نظر پہنچ سکے وہاں تک وسیع ہو جاتی ہے اور ایک دروازہ اس میں جنت کا کھل جاتا ہے جس سے وہاں کی ہوا اور خوشبوئیں اس کو آتی رہتی ہیں۔ اور جب کوئی بدکردار قبر میں رکھا جاتا ہے تو وہ کہتی ہے کہ تیرا آنا نامبارک ہے بُرا کیا جو تو آیا۔ زمین پر جتنے آدمی چلتے تھے اُن سب میں تجھ ہی سے مجھے زیادہ نفرت تھی۔ آج جب تو میرے حوالہ ہے تو میرے برتاؤ کو بھی دیکھ لے گا۔ اس کے بعد وہ اس طرح سے اس کو دباتی ہے کہ پسلیاں آپس میں ایک دوسرے میں گھس جاتی ہیں اور ستّر اژدہے اس پر ایسے مسلط ہو جاتے ہیں کہ اگر ایک بھی زمین پر پھونکار مارے تو اس کے اثر سے زمین پر گھاس تک باقی نہ رہے۔ وہ اس کو قیامت تک ڈستے رہتے ہیں۔ اس کے بعد حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ قبر یا جنت کا ایک باغ ہے یا جہنم کا ایک گڑھا ہے[1]۔

ف اللہ کا خوف بڑی ضروری اور اہم چیز ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اکثر کسی گہری سوچ میں رہتے تھے اور موت کا یاد کرنا اس کے لئے مفید ہے۔ اسی لئے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نسخہ ارشاد فرمایا، کبھی کبھی موت کو یاد کرتے رہنا بہت ہی ضروری اور مفید ہے۔

۱۱۔ حضرت حنظلہؓ کو نفاق کا ڈر

حضرت حنظلہؓ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ ہم لوگ حضورؐ کی مجلس میں تھے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے

---

[1] مشکوٰۃ

وعظ فرمایا جس سے قلوب نرم ہوگئے اور آنکھوں سے آنسو بہنے لگے اور اپنی حقیقت ہمیں ظاہر ہوگئی۔ حضورؐ کی مجلس سے اُٹھ کر میں گھر آیا۔ بیوی بچے پاس آگئے اور کچھ دُنیا کا ذکر تذکرہ شروع ہوگیا اور بچوں کے ساتھ ہنسنا بولنا بیوی کے ساتھ مذاق شروع ہوگیا اور وہ حالت جاتی رہی جو حضورؐ کی مجلس میں تھی۔ دفعتہً خیال آیا کہ میں پہلے سے کس حال میں تھا اب کیا ہوگیا۔ میں نے اپنے دل میں کہا کہ تُو تو منافق ہوگیا کہ ظاہر میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے تو وہ حال تھا اور اب گھر میں آکر یہ حالت ہوگئی۔ میں اس پر افسوس اور رنج کرتا ہوا اور یہ کہتا ہوا گھر سے نکلا کہ حنظلہ تو منافق ہوگیا۔ سامنے سے حضرت ابوبکر صدیق تشریف لارہے تھے، میں نے ان سے عرض کیا کہ حنظلہ تو منافق ہوگیا۔ وہ یہ سُن کر فرمانے لگے کہ سبحان اللہ کیا کہہ رہے ہو، ہرگز نہیں۔ میں نے صورت بیان کی کہ ہم لوگ جب حضورؐ کی خدمت میں ہوتے ہیں اور حضورؐ دوزخ اور جنّت کا ذکر فرماتے ہیں تو ہم لوگ ایسے ہوجاتے ہیں گویا وہ دونوں ہمارے سامنے ہیں، اور جب حضورؐ کے پاس سے آجاتے ہیں تو بیوی بچوں اور جائداد وغیرہ کے دھندوں میں پھنس کر اس کو بھول جاتے ہیں۔ حضرت ابوبکر صدیق رض نے فرمایا کہ یہ بات تو ہم کو بھی پیش آتی ہے اس لئے دونوں حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور جاکر حنظلہ رض نے عرض کیا کہ یارسول اللہ میں تو منافق ہوگیا۔ حضورؐ نے فرمایا۔ کیا بات ہوئی۔ حنظلہ رض نے عرض کیا کہ جب ہم لوگ آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں اور آپؐ جنت و دوزخ کا ذکر فرماتے ہیں تب تو ہم ایسے ہوجاتے ہیں کہ گویا وہ ہمارے سامنے ہیں۔ لیکن جب خدمت اقدس سے چلے جاتے ہیں تو جاکر بیوی، بچوں اور گھر باہر کے دھندوں میں لگ کر بھول جاتے ہیں۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ اُس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے اگر تمہارا ہر وقت وہی حال رہے جیسا میرے سامنے ہوتا ہے تو فرشتے تمہارے بستروں پر اور راستوں میں مصافحہ کرنے لگیں۔ لیکن حنظلہ بات یہ ہے کہ گاہے گاہے۔ ؂ ف یعنی آدمی کے ساتھ انسانی ضرورتیں بھی لگی ہوئی ہیں جن کو پورا کرنا بھی ضروری ہے۔ کھانا پینا، بیوی بچے اور ان کی خبر خبر لینا یہ بھی ضروری چیزیں ہیں۔ اس لئے اس قسم کے حالات کبھی کبھی حاصل ہوتے ہیں نہ ہر وقت یہ حاصل ہوتے ہیں اور نہ اس کی امید رکھنا چاہیئے۔ یہ فرشتوں کی شان ہے کہ ان کو کوئی دوسرا دھندہ ہی نہیں۔ نہ بیوی بچے نہ فکرِ معاش اور نہ دنیوی قصے اور انسان کے ساتھ چونکہ بشری ضروریات لگی ہوئی ہیں اس لئے وہ ہر وقت ایک سی حالت پر نہیں رہ سکتا لیکن غور کی بات یہ ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو اپنے دین کی کتنی فکر تھی کہ ذرا سی بات سے کہ حضورؐ کے سامنے جو حالت ہماری ہوتی ہے وہ بعد میں نہیں رہتی اس سے اپنے منافق ہونے کا ان کو فکر ہوگیا۔ عشق است وہزار بدگمانی، عشق جس سے ہوتا ہے اس کے متعلق ہزار طرح کی بدگمانی اور فکر ہوجاتا ہے۔ بیٹے سے محبت ہو اور وہ کہیں سفر میں چلا جائے پھر دیکھئے ہر وقت خیریت

؂ (احیاء، مسلم)

کی خبر کا فکر رہتا ہے اور جو یہ بھی معلوم ہو جائے کہ وہاں طاعون ہے یا فساد ہو گیا پھر خدا جانے کتنے خطوط اور تار پہنچیں گے۔[1]

تکمیل۔ اللہ کے خوف کے متفرق احوال

قرآن شریف کی آیات اور حضورؐ کی احادیث اور بزرگوں کے واقعات میں اللہ جل شانہٗ سے ڈرنے کے متعلق جتنا کچھ ذکر کیا گیا ہے۔ اس کا احاطہ تو دشوار ہے لیکن مختصر طور پر اتنا سمجھ لینا چاہیئے کہ دین کے ہر کمال کا زینہ اللہ کا خوف ہے۔ حضورؐ کا ارشاد ہے کہ حکمت کی جڑ اللہ کا خوف ہے۔ حضرت ابن عمرؓ بہت رویا کرتے تھے حتیٰ کہ روتے روتے آنکھیں بھی بیکار ہو گئی تھیں۔ کسی شخص نے ایک مرتبہ دیکھ لیا تو فرمانے لگے کہ میرے رونے پر تعجب کرتے ہو اللہ کے خوف سے سورج روتا ہے۔ ایک مرتبہ ایسا ہی قصہ آیا تو فرمایا کہ اللہ کے خوف سے چاند روتا ہے۔ ایک نوجوان صحابیؓ پر حضورؐ کا گزر ہوا وہ پڑھ رہے تھے جب فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ پر پہنچے تو بدن کے بال کھڑے ہو گئے۔ روتے روتے دم گھٹنے لگا اور کہہ رہے تھے ہاں جس دن آسمان پھٹ جاویں گے (یعنی قیامت کے دن) میرا کیا حال ہوگا۔ ہائے میری بربادی۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ تمہارے اس رونے کی وجہ سے فرشتے بھی رونے لگے۔ ایک انصاری نے تہجد پڑھا اور بیٹھ کر بہت روئے کہتے تھے اللہ ہی سے فریاد کرتا ہوں جہنم کی آگ کی حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ تم نے آج فرشتوں کو رلا دیا۔ عبداللہ بن رواحہ ایک صحابی ہیں رو رہے تھے۔ بیوی بھی ان کی اس حالت کو دیکھ کر رونے لگیں پوچھا کہ تم کیوں روتی ہو، کہنے لگیں کہ جس وجہ سے تم روتے ہو۔ عبداللہ بن رواحہ نے کہا کہ میں اس وجہ سے رو رہا ہوں کہ جہنم پر تو گذرنا ہے ہی۔ نہ معلوم نجات ہو سکے گی یا وہیں رہ جاؤں گا۔[2] زرارہؓ بن اوفی ایک مسجد میں نماز پڑھا رہے تھے فَاِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُوْرِ الآیۃ پر جب پہنچے تو فوراً گر گئے اور انتقال ہو گیا۔ لوگ اٹھا کر گھر تک لائے۔ حضرت خلیدؒ ایک مرتبہ نماز پڑھ رہے تھے كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ پر پہونچے تو اس کو بار بار پڑھنے لگے تھوڑی دیر میں گھر کے ایک کونے سے آواز آئی کہ کتنی مرتبہ اس کو پڑھو گے تمہارے اس بار بار کے پڑھنے سے چار جن مر چکے ہیں۔ ایک اور صاحب کا قصہ لکھا ہے کہ پڑھتے پڑھتے جب وَرُدُّوْا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰهُمُ الْحَقِّ پر پہنچے تو ایک چیخ ماری اور تڑپ تڑپ کر مر گئے، اور بھی اس قسم کے واقعات کثرت سے گذرے ہیں۔ حضرت فضیلؒ مشہور بزرگ ہیں کہتے ہیں کہ اللہ کا خوف ہر خیر کی طرف رہبری کرتا ہے۔ حضرت شبلیؒ کے نام سے سب ہی واقف ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ جب بھی میں اللہ سے ڈرا ہوں اس کی وجہ سے مجھ پر حکمت اور عبرت کا ایسا دروازہ کھلا ہے جو اس سے پہلے نہیں کھلا۔ حدیث میں آیا ہے اللہ جل شانہٗ فرماتے ہیں کہ میں اپنے بندے پر دو خوف جمع نہیں کرتا اور دو بے فکریاں نہیں دیتا۔ اگر دنیا میں مجھ سے بے فکر رہے

[1] قیام اللیل

تو قیامت میں ڈراتا ہوں اور دنیا میں ڈرتا رہے تو آخرت میں بے فکری عطا کرتا ہوں۔ حضورؐ کا ارشاد ہے کہ جو اللہ سے ڈرتا ہے اس سے ہر چیز ڈرتی اور جو غیر اللہ سے ڈرتا ہے اس کو ہر چیز ڈراتی ہے۔ یحییٰ بن معاذؒ کہتے ہیں کہ آدمی اگر بیچارہ جہنم سے اتنا ڈرنے لگے جتنا تنگدستی سے ڈرتا ہے تو سیدھا جنت میں جائے۔ ابوسلیمان درانیؒ کہتے ہیں کہ جس دل سے اللہ کا خوف جاتا رہتا ہے وہ برباد ہو جاتا ہے۔ حضورؐ کا ارشاد ہے کہ جس آنکھ سے اللہ کے خوف کی وجہ سے ذرا سا آنسو خواہ مکھی کے سر کے برابر ہی کیوں نہ ہو نکل کر چہرہ پر گرتا ہے اللہ تعالیٰ اس چہرہ کو آگ پر حرام فرما دیتا ہے۔ حضورؐ کا ایک اور ارشاد ہے کہ جب مسلمان کا دل اللہ کے خوف سے کانپتا ہے تو اس کے گناہ ایسے جھڑ جاتے ہیں جیسے درختوں سے پتے جھڑ جاتے ہیں۔ میرے نبیؐ کا ایک اور ارشاد ہے کہ جو شخص اللہ کے خوف سے روئے اس کا آگ میں جانا ایسا ہی مشکل ہے جیسا دودھ کا تھنوں میں واپس جانا۔ حضرت عقبہ بن عامر ایک صحابی ہیں انھوں نے حضورؐ سے پوچھا کہ نجات کا راستہ کیا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ اپنی زبان کو روکے رکھو، گھر میں بیٹھے رہو اور اپنی خطاؤں پر روتے رہو۔ حضرت عائشہؓ نے ایک مرتبہ دریافت کیا کہ آپ کی امت میں کوئی ایسا بھی ہے جو بے حساب کتاب جنت میں داخل ہو۔ حضورؐ نے فرمایا ہاں جو اپنے گناہوں کو یاد کر کے روتا رہے۔ میرے آقاؐ کا ایک اور ارشاد ہے کہ اللہ کے نزدیک دو قطروں سے زیادہ کوئی قطرہ پسند نہیں۔ ایک آنسو کا قطرہ جو اللہ کے خوف سے نکلا ہو، دوسرا خون کا قطرہ جو اللہ کے راستے میں گرا ہو۔ ایک جگہ ارشاد ہے کہ قیامت کے دن سات آدمی ایسے ہوں گے جن کو اللہ جل شانہٗ اپنا سایہ عطا فرماویں گے۔ ایک وہ شخص جو تنہائی میں اللہ کو یاد کرے اور اس کی وجہ سے اس کی آنکھ سے آنسو بہنے لگیں۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کا ارشاد ہے جو رو سکتا ہو وہ روئے اور جس کو رونا نہ آئے وہ رونے کی صورت ہی بنالے۔ محمدؒ بن منکدر جب روتے تھے تو آنسوؤں کو اپنے منہ اور داڑھی سے پونچھتے تھے اور کہتے تھے کہ مجھے یہ روایت پہنچی ہے کہ جہنم کی آگ اس جگہ کو نہیں چھوتی جہاں آنسو پہنچے ہوں۔ ثابت بنانیؒ کی آنکھیں دکھنے لگیں۔ طبیب نے کہا کہ ایک بات کا وعدہ کر لو آنکھ اچھی ہو جائے گی کہ رویا نہ کرو۔ کہنے لگے آنکھ میں کوئی خوبی ہی نہیں اگر وہ روئے نہیں۔ یزیدؒ بن میسرہ کہتے ہیں کہ رونا سات وجہ سے ہوتا ہے۔ خوشی[1] سے، جنون[2] سے، درد[3] سے، گھبراہٹ[4] سے، دکھلاوے[5] سے، نشہ[6] سے اور اللہ کے خوف[7] سے۔ یہی ہے وہ رونا کہ اس کا ایک آنسو بھی آگ کے سمندروں کو بجھا دیتا ہے۔ کعبؓ احبار کہتے ہیں۔ اُس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ اگر میں اللہ کے خوف سے روؤں اور آنسو میرے رخسار پر بہنے لگیں یہ مجھے اس سے زیادہ پسند ہے کہ پہاڑ کے برابر سونا صدقہ کروں۔ ان کے علاوہ اور بھی ہزاروں ارشادات ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ کی یاد میں اور اپنے گناہوں کی فکر میں رونا کیمیا ہے اور بہت ہی ضروری اور مفید۔ اور اپنے گناہوں پر نظر کر لے یہی حالت

ہونا چاہیئے لیکن اس کے ساتھ ہی یہ بھی ضروری ہے کہ اللہ کے فضل اور اس کی رحمت کی امید میں بھی کمی نہ ہو، یقیناً اللہ کی رحمت ہر شے کو وسیع ہے۔ حضرت عمرؓ کا ارشاد ہے کہ اگر قیامت میں یہ اعلان ہو کہ ایک شخص کے سوا سب کو جہنم میں داخل کر دو تو مجھے اللہ کی رحمت سے امید ہے کہ وہ شخص میں ہی ہوں۔ اور اگر یہ اعلان ہو کہ ایک شخص کے سوا سب کو جنّت میں داخل کر دو تو مجھے اپنے اعمال سے یہ خوف ہے کہ وہ شخص میں ہی نہ ہوں۔ اس لئے دونوں چیزوں کو علیحدہ علیحدہ سمجھنا اور رکھنا چاہیئے۔ بالخصوص موت کے وقت میں امید کا معاملہ زیادہ ہونا چاہیئے۔ حضورؐ کا ارشاد ہے کہ تم میں سے کوئی شخص نہ مرے مگر اللہ تعالیٰ کے ساتھ حسنِ ظن رکھتا ہوا۔ امام احمد بن حنبلؒ کا جب انتقال ہونے لگا تو انھوں نے اپنے بیٹے کو بلایا اور فرمایا کہ ایسی احادیث مجھے سناؤ جن سے اللہ تعالیٰ کے ساتھ امید بڑھتی ہو۔

تیسرا باب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے زہد اور فقر کے بیان میں

اس بارے میں خود نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنا معمول اور اس کے واقعات جو اس امر پر دلالت کرتے ہیں کہ یہ چیز حضورؐ کی خود اختیار فرمائی ہوئی اور پسند کی ہوئی تھی۔ اتنی کثرت سے حدیث کی کتابوں میں پائے جاتے ہیں کہ ان کا مثال کے طور پر جمع کرنا مشکل ہے۔ حضورؐ کا ارشاد ہے کہ فقر مومن کا تحفہ ہے۔

(۱) حضورؐ کا پہاڑوں کو سونا بنا دینے سے انکار

حضورؐ کا ارشاد ہے کہ میرے رب نے مجھ پر یہ پیش کیا کہ میرے لئے مکّے کے پہاڑوں کو سونے کا بنا دیا جائے۔ میں نے عرض کیا اے اللہ مجھے تو یہ پسند ہے کہ ایک دن پیٹ بھر کر کھاؤں تو دوسرے دن بھوکا رہوں تاکہ جب بھوکا ہوں تو تیری طرف زاری کروں اور تجھے یاد کروں اور جب پیٹ بھروں تو تیرا شکر کروں، تیری تعریف کروں[1] ف یہ اس ذاتِ مقدس کا حال ہے جس کے ہم نام لیوا ہیں اور اس کی امت میں ہونے پر فخر ہے جس کی ہر بات ہمارے لئے قابلِ اتباع ہے۔

(۲) حضرت عمرؓ کے وسعت طلب کرنے پر تنبیہ اور حضورؐ کے گذر کی حالت

بیویوں کی بعض زیادتیوں پر ایک مرتبہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم کھائی تھی کہ ایک مہینہ تک ان کے پاس نہ جاؤں گا تاکہ ان کو تنبیہ ہو اور علیحدہ اوپر ایک حجرہ میں قیام فرمایا تھا۔ لوگوں میں یہ شہرت ہوگئی کہ حضورؐ نے سب کو طلاق دے دی۔ حضرت عمرؓ اس وقت اپنے گھر تھے جب یہ خبر سنی تو دوڑے ہوئے تشریف لائے مسجد میں دیکھا کہ لوگ متفرق طور پر بیٹھے ہوئے حضورؐ کے رنج اور غصہ کی وجہ سے رو رہے ہیں بیبیاں بھی سب اپنے اپنے گھروں میں رو رہی ہیں۔ اپنی بیٹی حضرت حفصہؓ کے پاس تشریف لے گئے وہ بھی مکان میں رو رہی

[1] ترمذی

تھیں۔ فرمایا کہ اب کیوں رو رہی ہو کیا میں ہمیشہ اس سے ڈرایا نہیں کرتا تھا کہ حضورؐ کی ناراضگی کی کوئی بات نہ کیا کر۔ اس کے بعد مسجد میں تشریف لائے۔ وہاں ایک جماعت منبر کے پاس بیٹھی رو رہی تھی تھوڑی دیر وہاں بیٹھے رہے مگر شدت رنج سے بیٹھا نہ گیا تو حضورؐ جس جگہ تشریف فرما تھے اس کے قریب تشریف لے گئے اور حضرت رباحؓ ایک غلام کے ذریعہ سے جو دوباری کے زینہ پر پاؤں لٹکائے بیٹھے تھے اندر حاضری کی اجازت چاہی۔ انھوں نے حاضر خدمت ہو کر حضرت عمرؓ کے لیے اجازت مانگی مگر حضورؐ نے سکوت فرمایا کوئی جواب نہ دیا۔ حضرت رباحؓ نے آکر یہی جواب حضرت عمرؓ کو دے دیا کہ میں نے عرض کر دیا تھا مگر کوئی جواب نہیں ملا۔ حضرت عمرؓ مایوس ہو کر منبر کے پاس آبیٹھے مگر بیٹھا نہ گیا۔ تو پھر تھوڑی دیر میں حاضر ہو کر حضرت رباحؓ کے ذریعہ سے اجازت چاہی۔ اسی طرح تین مرتبہ پیش آیا کہ بیتابی سے غلام کے ذریعہ اجازت حاضری کی مانگتے۔ اُدھر سے جواب میں سکوت اور خاموشی ہی ہوتی۔ تیسری مرتبہ جب لوٹنے لگے تو حضرت رباحؓ نے آواز دی اور کہا کہ تمہیں حاضری کی اجازت ہو گئی۔ حضرت عمرؓ حاضر خدمت ہوئے تو دیکھا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ایک بوریئے پر لیٹے ہوئے ہیں جس پر کوئی چیز بچھی ہوئی نہیں ہے اس وجہ سے جسم اطہر پر بوریئے کے نشانات بھی ابھر آئے ہیں۔ خوبصورت بدن پر نشانات صاف نظر آیا ہی کرتے ہیں اور سرہانے ایک چمڑے کا تکیہ ہے جس میں کھجور کی چھال بھری ہوئی ہے۔ میں نے سلام کیا اور سب سے اول تو یہ پوچھا کیا آپؐ نے بیویوں کو طلاق دے دی۔ آپؐ نے فرمایا نہیں۔ اس کے بعد میں نے دل بستگی کے طور پر حضورؐ سے عرض کیا یا رسول اللہ ہم قریشی لوگ عورتوں پر غالب رہتے تھے مگر جب مدینہ آئے تو دیکھا کہ انصار کی عورتیں مردوں پر غالب ہیں۔ ان کو دیکھ کر قریش کی عورتیں بھی اس سے متاثر ہو گئیں اس کے بعد میں نے ایک آدھ بات اور کی جس سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ انور پر تبسم کے آثار ظاہر ہوئے۔ میں نے دیکھا کہ گھر کا کل سامان یہ تھا۔ تین چمڑے بغیر دباغت دیئے ہوئے اور ایک مٹھی جو ایک کونے میں پڑے ہوئے تھے۔ میں نے اِدھر اُدھر نظر دوڑا کر دیکھا تو اس کے سوا کچھ نہ ملا۔ میں دیکھ کر رو دیا۔ حضورؐ نے فرمایا کہ کیوں رو رہے ہو۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہؐ کیوں نہ روؤں کہ یہ بوریئے کے نشانات آپؐ کے بدن مبارک پر پڑ رہے ہیں اور گھر کی کل کائنات یہ ہے جو میرے سامنے ہے پھر میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہؐ دعا کیجئے کہ آپ کی امت پر بھی وسعت ہو۔ یہ روم و فارس بے دین ہونے کے باوجود کہ اللہ کی عبادت نہیں کرتے۔ ان پر تو یہ وسعت، یہ قیصر و کسریٰ تو باغوں اور نہروں کے درمیان ہوں اور آپؐ اللہ کے رسولؐ اور اس کے خاص بندہ ہو کر یہ حالت۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تکیہ لگائے ہوئے لیٹے تھے حضرت عمرؓ کی یہ بات سُن کر بیٹھ گئے۔ اور فرمایا کہ عمرؓ کیا اب تک اس بات کے اندر شک میں پڑے ہوئے

ہو، سنو، آخرت کی وسعت دُنیا کی وسعت سے بہتر ہے۔ ان کفار کی طیبات اور اچھی چیزیں دنیا میں مل گئیں اور ہمارے لئے آخرت میں ہیں۔ حضرت عمرؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ میرے لئے استغفار فرمائیں کہ واقعی میں نے غلطی کی۔[1] ف یہ دین و دُنیا کے بادشاہ اور اللہ کے لاڈلے رسولؐ کا طرزِ عمل ہے کہ بوریئے پر کوئی چیز بچھی ہوئی بھی نہیں۔ نشانات بدن پر پڑے ہوئے ہیں۔ گھر کے ساز و سامان کا حال بھی معلوم ہو گیا اس پر ایک شخص نے دعا کی درخواست کی تو تنبیہ فرمائی۔ حضرت عائشہؓ سے کسی نے پوچھا تھا کہ آپؓ کے گھر میں حضورؐ کا بستر کیسا تھا۔ فرمایا کہ ایک چمڑہ کا تھا جس میں کھجور کی چھال بھری ہوئی تھی۔ حضرت حفصہؓ سے بھی کسی نے پوچھا کہ آپؓ کے گھر میں حضورؐ کا بستر کیسا تھا، فرمایا کہ ایک ٹاٹ تھا جس کو دوہرا کر کے حضور کے نیچے بچھا دیتی تھی۔ ایک روز مجھے خیال ہوا کہ اگر اس کو چوہرا کر کے بچھادوں تو زیادہ نرم ہو جائے۔ چنانچہ ہم نے بچھایا۔ حضورؐ نے صبح کو فرمایا کہ رات کو کیا بچھا دیا تھا۔ ہم نے عرض کر دیا کہ وہی ٹاٹ تھا اس کو چوہرا کر دیا تھا۔ فرمایا۔ اس کو ویسا ہی کر دو جیسا پہلے تھا۔ اس کی نرمی رات کو اٹھنے میں مانع بنتی ہے[2] اب ہم لوگ اپنے نرم نرم اور روئیں دار گدوں پر بھی نگاہ ڈالیں کہ اللہ نے کس قدر وسعت فرما رکھی ہے اور پھر بھی بجائے شکر کے ہر وقت تنگی کی شکایت ہی زبان پر رہتی ہے۔

۳۔ حضرت ابوہریرہؓ کی بھوک میں حالت

حضرت ابوہریرہؓ ایک مرتبہ کتان کے کپڑے میں ناک صاف کر کے فرمانے لگے کیا کہنے ابوہریرہؓ کے آج کتان کے کپڑے میں ناک صاف کرتا ہے حالانکہ مجھے وہ زمانہ بھی یاد ہے جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے منبر اور حجرہ کے درمیان بے ہوش پڑا ہوا ہوتا تھا اور لوگ مجنون سمجھ کر پاؤں سے گردن دباتے تھے۔ حالانکہ جنون نہیں تھا بلکہ بھوک تھی ف یعنی بھوک کی وجہ سے کئی کئی روز کا فاقہ ہو جاتا تھا بیہوشی ہو جاتی تھی اور لوگ سمجھتے تھے کہ جنون ہو گیا۔ کہتے ہیں کہ اس زمانہ میں مجنون کا علاج گردن کو پاؤں سے دبانے سے کیا جاتا تھا۔ حضرت ابوہریرہؓ بڑے صابر اور قانع لوگوں میں تھے۔ کئی کئی وقت فاقہ میں گزر جاتے تھے۔ حضورؐ کے بعد اللہ نے فتوحات فرمائیں تو ان پر تونگری آئی۔ اس کے ساتھ ہی بڑے عابد تھے ان کے پاس ایک تھیلی تھی جس میں کھجور کی گٹھلیاں بھری رہتی اس پر تسبیح پڑھا کرتے جب وہ ساری تھیلی خالی ہو جاتی تو باندی اس کو پھر بھر کر پاس رکھ دیتی۔ ان کا یہ بھی معمول تھا کہ خود اور بیوی اور خادم تین آدمی رات کے تین حصے کر لیتے اور نمبر دار ایک شخص تینوں میں سے عبادت میں مشغول رہتا۔[3] میں نے اپنے والد صاحبؒ سے سنا کہ میرے دادا صاحبؒ کا بھی تقریباً یہی معمول تھا کہ رات کو ایک بجے تک والد صاحبؒ مطالعہ میں مشغول رہتے۔ ایک بجے دادا صاحبؒ تہجد کے لئے اُٹھتے تو تقاضا فرما کر والد صاحبؒ کو سلا دیتے۔ اور خود تہجد

---

[1] فتح [2] شمائل [3] تذکرۃ الحفاظ

مشغول ہو جاتے اور صبح سے تقریباً پون گھنٹہ قبل میرے تائے صاحبؒ کو تہجد کے لئے جگا دیتے اور خود اتباعِ سنّت میں آرام فرماتے اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ اِتِّبَاعَہٗ

۴۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کا بیت المال سے وظیفہ

حضرت ابوبکر صدیقؓ کے یہاں کپڑے کی تجارت ہوتی تھی اور اسی سے گذر اوقات تھا جب خلیفہ بنائے گئے تو حسبِ معمول صبح کو چند چادریں ہاتھ پر ڈال کر بازار میں فروخت کے لئے تشریف لے چلے۔ راستہ میں حضرت عمرؓ ملے، پوچھا کہاں چلے، فرمایا بازار جا رہا ہوں۔ حضرت عمرؓ نے عرض کیا کہ اگر تم تجارت میں مشغول رہو گے تو خلافت کے کام کا کیا ہوگا۔ فرمایا پھر اہل و عیال کو کہاں سے کھلاؤں۔ عرض کیا کہ ابو عبیدہؓ جن کو حضورؐ نے امین ہونے کا لقب دیا ہے اُن کے پاس چلیں وہ آپ کے لیے بیت المال سے کچھ مقرر کر دیں گے۔ دونوں حضرات ان کے پاس تشریف لے گئے تو انھوں نے ایک مہاجری کو جو اوسطاً ملتا تھا نہ کم نہ زیادہ وہ مقرر فرما دیا۔ ایک مرتبہ بیوی نے درخواست کی کہ کوئی میٹھی چیز کھانے کو دل چاہتا ہے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا کہ میرے پاس تو دام نہیں کہ خریدوں۔ اہلیہ نے عرض کیا کہ ہم اپنے روز کے کھانے میں سے تھوڑا تھوڑا بچا لیا کریں کچھ دنوں میں اتنی مقدار ہو جائے گی۔ آپ نے اجازت فرمادی۔ اہلیہ نے کئی روز میں کچھ تھوڑے سے پیسے جمع کئے۔ آپ نے فرمایا کہ تجربے سے یہ معلوم ہوا کہ اتنی مقدار ہمیں بیت المال سے زیادہ ملتی ہے۔ اس لئے جو اہلیہ نے جمع کیا تھا وہ بھی بیت المال میں جمع فرما دیا، اور آئندہ کے لئے اتنی مقدار جتنا انھوں نے روزانہ جمع کیا تھا اپنی تنخواہ میں سے کم کر دیا۔ ف اتنے بڑے خلیفہ اور بادشاہ پہلے سے اپنی تجارت بھی کرتے تھے اور وہ ضروریات کو کافی بھی تھی جیسا کہ اس اعلان سے معلوم ہوتا ہے جو بخاری میں حضرت عائشہؓ سے مروی ہے کہ جب حضرت ابوبکرؓ خلیفہ بنائے گئے تو آپؐ نے فرمایا کہ میری قوم کو یہ بات معلوم ہے کہ میرا پیشۂ تجارت میرے اہل و عیال کے خرچ کو ناکافی نہیں تھا لیکن اب خلافت کی وجہ سے مسلمانوں کے کاروبار میں مشغولی ہے اس لئے بیت المال سے میرے اہل و عیال کا کھانا مقرر ہوگا۔ اس کے باوجود حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وصال ہونے لگا تو حضرت عائشہؓ کو وصیت فرمائی کہ میری ضرورتوں میں جو چیزیں بیت المال کی ہیں وہ میرے بعد آنے والے خلیفہ کے حوالہ کر دی جائیں۔ حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ آپ کے پاس کوئی دینار یا درہم نہیں تھا، ایک اونٹنی دودھ کی۔ ایک پیالہ، ایک خادم تھا۔ بعض روایات میں ایک اوڑھنا ایک بچھونا بھی آیا ہے یہ اشیاء حضرت عمرؓ کے پاس جب نیابت میں پہنچیں تو آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ابوبکرؓ پر رحم فرمائیں کہ اپنے بعد والے کو مشقت میں ڈال گئے۔[1]

---

[1] فتح

۵۔ حضرت عمر فاروق رضؓ کا بیت المال سے وظیفہ

حضرت عمرؓ بھی تجارت کیا کرتے تھے۔ جب خلیفہ بنائے گئے تو بیت المال سے وظیفہ مقرر ہوا۔ مدینہ طیبہ میں لوگوں کو جمع فرما کر ارشاد فرمایا کہ میں تجارت کیا کرتا تھا۔ اب تم لوگوں نے اس میں مشغول کر دیا اس لئے اب گذارہ کی کیا صورت ہو۔ لوگوں نے مختلف مقداریں تجویز کیں۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ چپ بیٹھے تھے۔ حضرت عمرؓ نے دریافت فرمایا کہ تمہاری کیا رائے ہے۔ آپ نے فرمایا کہ توسط کے ساتھ جو تمہیں اور تمہارے گھر والوں کو کافی ہو جائے۔ حضرت عمرؓ نے اس رائے کو پسند فرمایا اور قبول کر لیا، اور متوسط مقدار تجویز ہو گئی اس کے بعد ایک مرتبہ ایک مجلس میں جس میں خود حضرت علیؓ بھی تھے اور حضرت عثمانؓ حضرت زبیرؓ حضرت طلحہؓ شریک تھے یہ ذکر آیا کہ حضرت عمرؓ کے وظیفہ میں اضافہ کرنا چاہیے کہ گذر میں تنگی ہوتی ہے۔ مگر ان سے عرض کرنے کی ہمت نہ ہوئی۔ اس لئے ان کی صاحبزادی حضرت حفصہؓ جو حضورؐ کی بیوی ہونے کی وجہ سے ام المؤمنین بھی تھیں ان کی خدمت میں یہ حضرات تشریف لے گئے اور ان کے ذریعہ سے حضرت عمرؓ کی اجازت اور رائے معلوم کرنے کی کوشش کی اور ساتھ ہی یہ بھی کہہ دیا کہ ہم لوگوں کے نام معلوم نہ ہوں۔ حضرت حفصہؓ نے جب حضرت عمرؓ سے اس کا تذکرہ کیا تو چہرہ پر غصہ کے آثار ظاہر ہوئے۔ حضرت عمرؓ نے نام دریافت کئے۔ حضرت حفصہؓ نے عرض کیا کہ پہلے آپ کی رائے معلوم ہو جائے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ مجھے ان کے نام معلوم ہو جاتے تو ان کے چہرے بدل دیتا یعنی ایسی سخت سزائیں دیتا کہ منہ پر نشان پڑ جاتے۔ تو ہی بتا کہ حضورؐ کا عمدہ لباس تیرے گھر میں کیا تھا۔ انھوں نے عرض کیا کہ دو کپڑے گیروی رنگ کے جن کو حضورؐ جمعہ کے دن یا کسی وفد کی وجہ سے پہنتے تھے۔ پھر فرمایا کہ کون سا کھانا تیرے یہاں عمدہ سے عمدہ کھایا۔ عرض کیا کہ ہمارا کھانا جو کی روٹی تھی۔ ہم نے گرم گرم روٹی کے ڈبہ کی تلچھٹ الٹ کر اس کو ایک مرتبہ چپڑ دیا تو حضورؐ خود بھی اس کو مزے لے کر نوش فرما رہے تھے اور دوسروں کو بھی کھلاتے تھے۔ فرمایا کون سا بستر عمدہ ہوتا تھا جو تیرے یہاں بچھاتے تھے۔ عرض کیا ایک موٹا سا کپڑا تھا گرمی میں اس کو چوہرا کر کے بچھا لیتے تھے اور سردی میں آدھے کو بچھا لیتے اور آدھے کو اوڑھ لیتے۔ فرمایا کہ حفصہؓ ان لوگوں تک یہ بات پہنچا دے کہ حضورؐ نے اپنے طرزِ عمل سے ایک اندازہ مقرر فرما دیا اور امید (آخرت) پر کفایت فرمائی۔ میں بھی حضورؐ کا اتباع کروں گا۔ میری مثال اور میرے دو ساتھی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابو بکر صدیقؓ کی مثال ان تین شخصوں کی سی ہے جو ایک راستہ پر چلے۔ پہلا شخص ایک توشہ لے کر چلا اور مقصد کو پہنچ گیا۔ دوسرے نے بھی پہلے کا اتباع کیا اور اسی کے طریقہ پر چلا وہ بھی پہلے کے پاس پہنچ گیا۔ پھر تیسرے شخص نے چلنا شروع کیا۔ اگر وہ ان دونوں کے طریقہ پر چلے گا تو ان کے ساتھ مل جائے گا اور اگر ان کے طریقہ کے خلاف

چلے گا تو کبھی بھی ان کے ساتھ نہیں مل سکے گا[1]۔ ف یہ اس شخص کا حال ہے جس سے دنیا کے بادشاہ ڈرتے تھے کانپتے تھے کہ کس زاہدانہ زندگی کے ساتھ عمر گذار دی۔ ایک مرتبہ آپ رض خطبہ پڑھ رہے تھے اور آپ کی لنگی میں بارہ پیوند تھے جن میں سے ایک چمڑہ کا بھی تھا۔ ایک مرتبہ جمعہ کی نماز کے لئے تشریف لانے میں دیر ہوئی تو تشریف لاکر معذرت فرمائی کہ مجھے اپنے کپڑے دھونے میں دیر ہوئی اور ان کپڑوں کے علاوہ اور تھے نہیں[2]۔ ایک مرتبہ حضرت عمر رض کھانا نوش فرما رہے تھے کہ غلام نے آکر عرض کیا کہ عتبہ بن ابی فرقد حاضر ہوئے ہیں۔ آپ نے اندر آنے کی اجازت فرمائی اور کھانے کی تواضع فرمائی۔ وہ شریک ہوگئے تو ایسا موٹا کھانا تھا کہ نگلا نہ گیا۔ انھوں نے عرض کیا کہ چھنے ہوئے آٹے کا کھانا بھی ہوسکتا تھا۔ آپ رض نے فرمایا کیا سب مسلمان میدہ کھا سکتے ہیں۔ عرض کیا کہ سب تو نہیں کھا سکتے فرمایا کہ افسوس تم یہ چاہتے ہو کہ میں اپنی ساری لذتیں دنیا ہی میں ختم کردوں[3]۔ اس قسم کے سینکڑوں ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں واقعات ان حضرات کرام کے ہیں۔ ان کا اتباع نہ اب ہوسکتا ہے نہ ہر شخص کو کرنا چاہیئے کہ قویٰ ضعیف ہیں جس کی وجہ سے تحمل بھی ان کا اس زمانہ میں دشوار ہے اسی وجہ سے اس زمانہ میں مشائخ تصوف ایسے مجاہدوں کی اجازت نہیں دیتے جس سے ضعف پیدا ہو کہ قوتیں پہلے ہی سے ضعیف ہیں ان حضرات کو اللہ جل شانہٗ نے قوتیں بھی عطا فرمائی تھیں۔ البتہ یہ ضروری ہے کہ اتباع کی خواہش اور تمنا ضرور رکھنا چاہیے کہ اس کی وجہ سے آرام طلبی میں کچھ کمی واقع ہو اور نگاہ کچھ تو نیچی رہے اور اس زمانہ کے مناسب اعتدال پیدا ہوجائے کہ ہم لوگ ہر وقت لذات دنیا میں بڑھتے جاتے ہیں اور ہر شخص اپنے سے زیادہ مال و دولت والے کی طرف نگاہ رکھتا ہے اور اس حسرت میں مرا جاتا ہے کہ فلاں شخص مجھ سے زیادہ دست میں ہے۔

۷۔ حضرت بلال رض کا حضور ﷺ کے لئے ایک مشرک سے قرض

حضرت بلال رض سے ایک صاحب نے پوچھا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے اخراجات کی کیا صورت ہوتی تھی۔ حضرت بلال رض نے فرمایا کہ حضور ﷺ کے پاس کچھ جمع تو رہتا ہی نہ تھا یہ خدمت میرے سپرد تھی جس کی صورت یہ تھی کہ کوئی مسلمان بھوکا آتا تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم مجھے ارشاد فرما دیتے۔ میں کہیں سے قرض لے کر اس کو کھانا کھلا دیتا۔ کوئی ننگا آتا تو مجھے ارشاد فرما دیتے میں کسی سے قرض لے کر اس کو کپڑا بنا دیتا یہ صورت ہوتی رہتی تھی۔ ایک مرتبہ ایک مشرک مجھے ملا۔ اس نے مجھ سے کہا کہ مجھے وسعت اور ثروت حاصل ہے تو کسی سے قرض نہ لیا کر۔ جب ضرورت ہوا کرے مجھ ہی سے قرض لیا کر۔ میں نے کہا اس سے بہتر کیا ہوگا اس سے قرض لینا شروع کردیا۔ جب ارشاد عالی ہوتا اس سے قرض لے آیا کرتا۔ اور ارشاد والا کی تعمیل کر دیتا۔ ایک مرتبہ میں وضو کر کے اذان کہنے کے لئے کھڑا ہی تھا کہ وہی مشرک ایک جماعت کے ساتھ

[1] اشہر [2] اظہر [3] اسد الغابہ

آیا اور کہنے لگا او حبشی، میں اُدھر متوجہ ہوا تو ایک دم بے تحاشا گالیاں دینے لگا اور بُرا بھلا جو منہ میں آیا کہا اور کہنے لگا کہ مہینہ ختم ہونے میں کتنے دن باقی ہیں۔ میں نے کہا قریب ختم کے ہے۔ کہنے لگا کہ چار دن باقی ہیں۔ میں نے کہا قریب ختم کے ہے۔ کہنے لگا کہ چار دن باقی ہیں اگر مہینہ کے ختم تک میرا سب قرضہ ادا نہ کیا تو تجھے اپنے قرضہ میں غلام بناؤں گا اور اسی طرح بکریاں چراتا پھرے گا جیسا پہلے تھا۔ یہ کہہ کر چلا گیا۔ مجھ پر دن بھر جو گذرنا چاہیے تھا۔ وہی گذرا۔ تمام دن رنج وصدمہ سوار رہا اور عشاء کی نماز کے بعد حضورؐ کی خدمت میں تنہائی میں حاضر ہوا اور سارا قصہ سنایا اور عرض کیا یا رسول اللہ نہ آپ کے پاس اس وقت ادا کرنے کو فوری انتظام ہے اور نہ کھڑے کھڑے میں کوئی انتظام کر سکتا ہوں وہ ذلیل کرے گا۔ اس لئے اگر اجازت ہو تو اتنے قرض اترنے کا انتظام ہو میں کہیں روپوش ہو جاؤں۔ جب آپؐ کے پاس کہیں سے کچھ آجائے گا میں حاضر ہو جاؤں گا۔ یہ عرض کر کے میں گھر آیا تلوار لی ڈھال اٹھائی جوتہ اٹھایا۔ یہی سامان سفر تھا اور صبح ہونے کا انتظار کرتا رہا کہ صبح کے قریب کہیں چلا جاؤں گا۔ صبح قریب ہی تھی کہ ایک صاحب دوڑے ہوئے آئے کہ حضورؐ کی خدمت میں جلدی چلو، میں حاضر خدمت ہوا تو دیکھا کہ چار اونٹنیاں جن پر سامان لدا ہوا تھا بیٹھی ہیں۔ حضورؐ نے فرمایا۔ خوشی کی بات سناؤں کہ اللہ تعالیٰ نے تیرے قرضہ کی بیباقی کا انتظام فرما دیا یہ اونٹنیاں بھی تیرے حوالے اور ان سب کا سامان بھی فدک کے رئیس نے یہ نذرانہ مجھے بھیجا ہے۔ میں نے اللہ کا شکر ادا کیا اور خوشی خوشی ان کو لے کر گیا اور سارا قرضہ ادا کر کے واپس آیا۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اتنے مسجد میں انتظام فرماتے رہے۔ میں نے واپس آکر عرض کیا کہ اللہ کا شکر ہے حق تعالیٰ نے سارے قرضہ سے آپؐ کو سبکدوش کر دیا اور اب کوئی بھی چیز قرضہ کی باقی نہیں رہی۔ حضورؐ نے دریافت فرمایا کہ سامان میں سے کچھ باقی ہے۔ میں نے عرض کیا کہ جی ہاں کچھ باقی ہے۔ حضورؐ نے فرمایا کہ اسے بھی تقسیم ہی کر دے تاکہ مجھے راحت ہو جائے۔ میں گھر میں بھی اس وقت تک نہیں جانے کا جب تک یہ تقسیم نہ ہو جائے۔ تمام دن گذر جانے کے بعد عشاء کی نماز سے فراغت پر حضورؐ نے دریافت فرمایا کہ بچا ہوا مال تقسیم ہو گیا یا نہیں۔ میں نے عرض کیا کہ کچھ موجود ہے ضرورت مند آئے نہیں۔ تو حضورؐ نے مسجد ہی میں آرام فرمایا۔ دوسرے دن عشاء کے بعد پھر حضورؐ نے فرمایا کہو جی کچھ ہے میں نے عرض کیا کہ اللہ جل شانہ نے آپ کو راحت عطا فرمائی کہ وہ سب نمٹ گیا۔ حضورؐ نے اللہ جل جلالہ کی حمد وثنا فرمائی۔ حضورؐ کو یہ ڈر ہوا کہ خدا نخواستہ موت آجائے اور کچھ حصہ مال کا آپؐ کی ملک میں رہے۔ اس کے بعد گھروں میں تشریف لے گئے اور بیویوں سے ملے[۱]۔ ف اللہ والوں کی یہ بھی خواہش رہتی ہے کہ ان کی ملک میں مال ومتاع کچھ نہ رہے۔ پھر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا تو کیا پوچھنا جو سارے نبیوں کے سردار سارے اولیا کے سرتاج۔ حضورؐ کو اس کی خواہش کیوں نہ ہوتی کہ میں

[۱] بذل

دُنیا سے بالکل فارغ ہو جاؤں۔ میں نے معتبر ذرائع سے سُنا ہے کہ حضرت اقدس مولانا شاہ عبدالرحیم صاحب رائپوری نوراللہ مرقدہٗ کا معمول یہ تھا کہ جب نذرانوں کی رقم کچھ جمع ہو جاتی تو اہتمام سے منگوا کر سب تقسیم فرما دیتے اور وصال سے قبل تو اپنے پہننے کے کپڑے وغیرہ بھی اپنے خادم خاص حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب[1] مدظلہٗ کو دے دیئے تھے اور فرمایا تھا کہ بس اب تم سے مستعار لے کر پہن لیا کروں گا اور اپنے والد صاحب[2] رحمۃ اللہ علیہ کو میں نے بارہا دیکھا کہ مغرب کے بعد جو کوئی روپیہ پاس ہوتا وہ کسی قرضخواہ کو دیدیتے کہ کئی ہزار کے مقروض تھے اور یہ فرمایا کرتے کہ یہ جھگڑے کی چیز میں رات کو اپنے پاس نہیں رکھتا۔ اس نوع کے بہت سے حالات اکابر کے ہیں مگر یہ ضروری نہیں کہ ہر شیخ کا ایک ہی رنگ ہو۔ مشائخ کے الوان مختلف ہوتے ہیں اور چمن کے پھولوں میں ہر پھول کی صورت سیرت ممتاز ہوتی ہے۔

۷۔ حضرت ابوہریرہؓ کا بھوک میں مسئلہ دریافت کرنا

حضرت ابوہریرہ فرماتے ہیں کہ تم لوگ اس وقت ہماری حالتیں دیکھتے کہ ہم میں سے بعضوں کو کئی کئی وقت تک اتنا کھانا نہیں ملتا تھا جس سے کمر سیدھی ہو سکے۔ میں بھوک کی وجہ سے جگر کو زمین سے چپٹا دیتا اور کبھی پیٹ کے بل پڑا رہتا اور کبھی پیٹ پر پتھر باندھ لیتا۔ ایک مرتبہ میں راستہ میں بیٹھ گیا جہاں کو ان حضرات کا راستہ تھا۔ اوّل حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ گزرے میں نے اُن سے کوئی بات پوچھنا شروع کر دی خیال تھا کہ یہ بات کرتے ہوئے گھر تک لیتے جائیں گے اور پھر عادت شریفہ کے موافق جو موجود ہوگا اس میں تواضع ہی فرمائیں گے۔ مگر انھوں نے ایسا نہ کیا (غالباً ذہن منتقل نہیں ہوا یا اپنے گھر کا حال معلوم ہوگا کہ وہاں کچھ بھی نہیں) اس کے بعد حضرت عمرؓ تشریف لائے۔ ان کے ساتھ بھی یہی صورت پیش آئی۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور مجھے دیکھ کر مسکرائے اور میری حالت اور غرض سمجھ گئے اور ارشاد فرمایا ابوہریرہؓ میرے ساتھ آؤ میں ساتھ ہو لیا۔ حضورؐ گھر تشریف لے گئے میں ساتھ اندر حاضری کی اجازت لے کر حاضر ہوا۔ گھر میں ایک پیالہ دودھ کا رکھا ہوا تھا جو خدمت اقدس میں پیش کیا گیا۔ دریافت فرمایا کہ کہاں سے آیا ہے۔ عرض کیا فلاں جگہ سے حضورؐ کے لئے ہدیہ آیا ہے۔ حضور نے ارشاد فرمایا۔ ابوہریرہ جاؤ، اہل صفہ کو بلا لاؤ، اہل صفہ اسلام کے مہمان شمار ہوتے تھے۔ یہ وہ لوگ تھے جن کے نہ گھر تھا نہ در نہ ٹھکانا۔ نہ کھانے کا کوئی مستقل انتظام، ان حضرات کی مقدار کم و بیش ہوتی رہتی تھی مگر اس قصہ کے وقت ستر تھی۔ حضورؐ کا معمول یہ بھی تھا کہ ان میں سے دو دو چار چار کو کسی کھاتے پیتے صحابی کا کبھی کبھی مہمان بھی بنا دیتے اور خود اپنا معمول یہ تھا کہ کہیں سے صدقہ آتا تو ان لوگوں کے پاس بھیج دیتے اور خود اس میں شرکت نہ فرماتے اور کہیں سے ہدیہ آتا تو ان کے ساتھ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم خود بھی اس میں شرکت فرماتے۔ حضورؐ

[1] بذل [2] یعنی حضرت مولانا محمد یحییٰ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

نے بلانے کا حکم دیا۔ مجھے گراں تو ہوا کہ اس دودھ کی مقدار ہی کیا ہے جس پر سب کو بلالاؤں۔ سب کا کیا بھلا ہوگا۔ ایک آدمی کو بھی مشکل سے کافی ہوگا اور پھر بلانے کے بعد مجھ ہی کو پلانے کا حکم ہوگا اس لئے نمبر بھی اخیر میں آئے گا جس میں بچے گا بھی نہیں۔ لیکن حضورؐ کی اطاعت کے بغیر چارہ ہی کیا تھا۔ میں گیا اور سب کو بُلالایا۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ ان کو پلا۔ میں ایک ایک شخص کے پیالہ حوالہ کرتا اور وہ خوب سیر ہو کر پیتا اور پیالہ مجھے واپس دیتا اسی طرح سب کو پلایا اور سب سیر ہو گئے۔ تو حضورؐ نے پیالہ دست مبارک میں لے کر مجھے دیکھا اور تبسم فرمایا پھر فرمایا کہ بس اب تو میں اور تو ہی باقی ہیں۔ میں نے عرض کیا کہ بیشک۔ فرمایا کہ لے پی۔ میں نے پیا۔ ارشاد فرمایا اور پی۔ میں نے اور پیا۔ بالآخر میں نے عرض کیا یارسول اللہؐ اب میں نہیں پی سکتا۔ اس کے بعد حضورؐ نے سب کا بچا ہوا نوش فرمایا۔

۸۔ حضورؐ کا صحابہ رضؓ سے دو شخصوں کے بارے میں سوال

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کچھ لوگ حاضر تھے کہ ایک شخص سامنے سے گذرا حضورؐ نے دریافت فرمایا کہ تم لوگوں کی اس شخص کے بارے میں کیا رائے ہے۔ عرض کیا کہ یارسول اللہ شریف لوگوں میں ہے واللہ اس قابل ہے کہ اگر کہیں نکاح کا پیام دیدے تو قبول کیا جائے کسی کی سفارش کردے تو مانی جائے، حضورؐ سُن کر خاموش ہو گئے۔ اس کے بعد ایک اور صاحب سامنے سے گذرے حضورؐ نے ان کے متعلق بھی سوال کیا لوگوں نے کہا۔ یارسول اللہ ایک مسلمان فقیر ہے کہیں منگنی کرے تو بیاہا نہ جائے۔ کہیں سفارش کرے تو قبول نہ ہو، بات کرے تو کوئی متوجہ نہ ہو۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اس پہلے جیسوں سے اگر ساری دنیا بھر جائے تو ان سب سے یہ شخص بہتر ہے۔ ف مطلب یہ ہے کہ محض دنیاوی شرافت اللہ کے یہاں کچھ بھی وقعت نہیں رکھتی۔ ایک مسلمان فقیر جس کی دُنیا میں کوئی بھی وقعت نہ ہو اس کی بات کہیں بھی نہ سنی جاتی ہو اللہ کے نزدیک سینکڑوں اُن شرفاء سے بہتر ہے جن کی بات دنیا میں بڑی وقعت سے دیکھی جاتی ہو اور ہر شخص ان کی بات سننے اور ماننے کو تیار ہو لیکن اللہ کے یہاں اس کی کوئی وقعت نہ ہو۔ دُنیا کا قیام ہی اللہ والوں کی برکت سے ہے۔ یہ تو حدیث میں خود موجود ہے کہ جس دن دنیا میں اللہ کا نام لینے والا نہ رہے گا قیامت آجائے گی اور دُنیا کا وجود ہی ختم ہو جائے گا۔ اللہ کے پاک نام ہی کی یہ برکت ہے کہ یہ دُنیا کا سارا انتظام قائم ہے۔

۹۔ حضورؐ سے محبت کرنے والے پر فقر کی دوڑ

ایک صحابی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ یارسول اللہؐ مجھے آپؐ سے محبت ہے۔ حضورؐ نے فرمایا دیکھ کیا کہتا ہے۔ انھوں نے پھر یہی عرض کیا کہ مجھے آپؐ سے محبت ہے حضورؐ

نے پھر یہی ارشاد فرمایا۔ جب تین مرتبہ یہ سوال و جواب ہوا تو حضورؐ نے فرمایا کہ اچھا اگر تم اپنی بات میں سچے ہو تو فقر کے اوڑھنے بچھانے کے لئے تیار ہو جاؤ۔ اس لئے کہ مجھ سے محبت رکھنے والوں کی طرف فقر ایسے زور سے دوڑتا ہے جیسا کہ پانی کی رَونچان کی طرف دوڑتی ہے۔ ف یہی وجہ ہے کہ حضرات صحابہ کرام رض تو اکثر فقر و فاقہ میں رہے ہی۔ اکابر صوفیا، اکابر فقہاء بھی تونگری میں زیادہ نہیں رہے۔

۱۰۔ سریۃ العنبر میں فقر کی حالت

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رجب ۸ھ میں سمندر کے کنارے ایک لشکر تین سو آدمیوں کا جن پر حضرت ابو عبیدہ رض امیر بنائے گئے تھے، بھیجا۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک تھیلی میں کھجوروں کا توشہ بھی ان کو دیا۔ پندرہ روز ان حضرات کا وہاں قیام رہا اور توشہ ختم ہو گیا۔ حضرت قیس رض نے جو اس قافلہ میں تھے مدینہ منورہ میں قیمت ادا کرنے کے وعدہ پر قافلہ والوں سے اونٹ خرید کر ذبح کرنا شروع کئے اور تین اونٹ روزانہ ذبح کرتے۔ مگر تیسرے دن امیر قافلہ نے اس خیال سے کہ سواریاں ختم ہو گئیں تو واپسی بھی مشکل ہو جائے گی ذبح کی ممانعت کی اور سب لوگوں کے پاس اپنی اپنی جو کھجوریں موجود تھیں جمع کر کے ایک تھیلی میں رکھ لیں، اور ایک ایک کھجور روزانہ تقسیم فرما دیا کرتے جس کو چوس کر یہ حضرات پانی پی لیتے اور رات تک کے لئے یہی کھانا تھا، کہنے کو مختصر سی بات ہے مگر لڑائی کے موقع پر جب کہ قوت اور طاقت کی بھی ضرورت ہو، ایک کھجور پر دن بھر گذار دینا دل و جگر کی بات ہے۔ چنانچہ حضرت جابر رض نے جب یہ قصہ لوگوں کو حضورؐ کے بعد سنایا تو ایک شاگرد نے عرض کیا کہ حضرت ایک کھجور کیا کام دیتی ہوگی۔ آپ نے فرمایا۔ اس کی قدر جب معلوم ہوئی جب وہ بھی نہ رہی کہ اب بجز فاقہ کے کچھ نہ تھا۔ درخت کے خشک پتے جھاڑتے اور پانی میں بھگو کر کھا لیتے۔ مجبوری سب کچھ کرا دیتی ہے اور ہر تنگی کے بعد اللہ جل شانہٗ کے یہاں سے سہولت ہوتی ہے حق تعالیٰ نے ان تکالیف اور مشقتوں کے بعد سمندر میں سے ایک مچھلی ان لوگوں کو پہنچائی جس کو عنبر کہتے ہیں اتنی بڑی تھی کہ اٹھارہ روز تک یہ حضرات اس میں سے کھاتے رہے اور مدینہ منورہ پہنچنے تک اس کا گوشت توشوں میں ساتھ تھا۔ حضورؐ کے سامنے جب سفر کا مفصّل قصہ سنایا گیا تو حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ یہ اللہ کا ایک رزق تھا جو تمہاری طرف بھیجا گیا۔ ف۔ مشقّت اور تکالیف اس دنیا میں ضروری ہیں اور اللہ والوں کو خاص طور پر پیش آتی ہیں۔ اسی وجہ سے حضورؐ کا ارشاد ہے کہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسّلام کو سب سے زیادہ مشقّت میں رکھا جاتا ہے۔ پھر جو سب سے افضل ہوں۔ پھر ان کے بعد جو بقیہ میں افضل ہوں۔ آدمی کی آزمائش اس کی دینی حیثیت کے موافق ہوتی ہے اور ہر مشقّت کے بعد اللہ کی طرف سے اس کے لطف و فضل سے سہولت بھی ہوتی ہے۔ یہ بھی غور کیا کریں کہ ہمارے بڑوں پر کیا گذر چکا اور یہ سب دین ہی کی خاطر

تھا۔ اس دین کے پھیلانے میں جس کو آج ہم اپنے ہاتھوں سے کھو رہے ہیں ان حضرات نے فاقے کئے، پتے چبائے۔ اپنے خون بہائے اور اس کو پھیلایا جس کو ہم آج باقی بھی نہیں رکھ سکتے۔

چوتھا باب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے تقویٰ کے بیان میں

حضرات صحابۂ کرامؓ کی ہر عادت، ہر خصلت اس قابل ہے کہ اس کو چنا جائے اور اس کا اتباع کیا جائے اور کیوں نہ ہو کہ اللہ جل شانہٗ نے اپنے لاڈلے اور محبوب رسولؐ کی مصاحبت کے لئے اس جماعت کو چنا اور چھانٹا حضورؐ کا ارشاد ہے کہ میں بنی آدم کے بہترین قرن اور زمانہ میں بھیجا گیا[1] اس لئے ہر اعتبار سے یہ زمانہ خیر کا تھا اور زمانہ کے بہترین آدمی حضورؐ کی صحبت میں رکھے گئے۔

۱۔ حضورؐ کی ایک جنازہ سے واپسی اور ایک عورت کی دعوت

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ایک جنازہ سے واپس تشریف لا رہے تھے کہ ایک عورت کا پیام کھانے کی درخواست لے کر پہنچا۔ حضورؐ خدام سمیت تشریف لے گئے اور کھانا سامنے رکھا گیا تو لوگوں نے دیکھا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم لقمہ چبا رہے ہیں نگلا نہیں جاتا۔ حضورؐ نے فرمایا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس بکری کا گوشت مالک کی بغیر اجازت لے لیا گیا۔ اس عورت نے عرض کیا یا رسول اللہ میں نے ریوڑ میں بکری خریدنے آدمی بھیجا تھا وہاں ملی نہیں۔ پڑوسی نے بکری خریدی تھی۔ میں نے اس کے پاس قیمت سے لینے کو بھیجا وہ تو ملے نہیں۔ ان کی بیوی نے بکری بھیجدی۔ حضورؐ نے فرمایا کہ قیدیوں کو کھلادو[2] ف حضورؐ کی علو شان کے مقابلہ میں ایک مشتبہ چیز کا گلے میں اٹک جانا کوئی ایسی اہم بات نہیں کہ حضورؐ کے ادنیٰ غلاموں کو بھی اس قسم کے واقعات پیش آجاتے ہیں۔

۲۔ حضورؐ کا صدقہ کی کھجور کے خوف سے تمام رات جاگنا

ایک مرتبہ نبئ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تمام رات جاگتے رہے اور کروٹیں بدلتے رہے۔ ازواج مطہرات میں سے کسی نے عرض کیا یا رسول اللہؐ آج نیند نہیں آتی۔ ارشاد فرمایا کہ ایک کھجور پڑی ہوئی تھی۔ میں نے اٹھا کر کھالی تھی کہ ضائع نہ ہو، اب مجھے یہ فکر ہے کہیں وہ صدقہ کی نہ ہو ف اقرب یہی ہے کہ وہ حضورؐ کی اپنی ہی ہو گی مگر چونکہ صدقہ کا مال بھی حضورؐ کے یہاں آتا تھا۔ اس شبہ کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو رات بھر نیند نہ آئی کہ خدانخواستہ وہ صدقہ کی ہو اور اس صورت میں صدقہ کا مال کھایا گیا ہو۔ یہ تو آقا کا حال ہے کہ محض شبہ پر رات بھر کروٹیں بدلیں اور نیند نہیں آئی۔ اب غلاموں کا حال دیکھو کہ رشوت،

[1] شفا [2] ابوداؤد

سود، چوری، ڈاکہ ہر قسم کا ناجائز مال کس سرخروئی سے کھاتے ہیں اور ناز سے اپنے کو غلامانِ محمدؐ شمار کرتے ہیں۔

۳۔ حضرت ابوبکر صدیق رضؓ کا ایک کاہن کے کھانے سے قے کرنا

حضرت ابوبکر صدیقؓ کا ایک غلام تھا جو غلہ[1] کے طور پر اپنی آمدنی میں سے حضرت ابوبکر صدیقؓ کی خدمت میں پیش کیا کرتا تھا۔ ایک مرتبہ وہ کچھ کھانا لایا اور حضرت نے اس میں سے ایک لقمہ نوش فرمالیا۔ غلام نے عرض کیا کہ آپ روزانہ دریافت فرمایا کرتے تھے کہ کس ذریعہ سے کمایا، آج دریافت نہیں فرمایا۔ آپؓ نے فرمایا کہ بھوک کی شدت کی وجہ سے دریافت کرنے کی نوبت نہیں آئی۔ اب بتاؤ۔ عرض کیا کہ میں زمانۂ جاہلیت میں ایک قوم پر گذر رہا تھا اور اُن پر منتر پڑھا۔ انھوں نے مجھ سے وعدہ کر رکھا تھا۔ آج میرا گذر ادھر کو ہوا تو ان کے شادی ہو رہی تھی انھوں نے یہ مجھے دیا تھا۔ حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا کہ تو مجھے ہلاک ہی کر دیتا۔ اس کے بعد حلق میں ہاتھ ڈال کر قے کرنے کی کوشش کی مگر ایک لقمہ وہ بھی بھوک کی شدت کی حالت میں کھایا گیا نہ نکلا۔ کسی نے عرض کیا کہ پانی سے قے ہو سکتی ہے۔ ایک بہت بڑا پیالہ پانی کا منگوایا اور پانی پی کر قے فرماتے رہے یہاں تک کہ وہ لقمہ نکالا۔ کسی نے عرض کیا کہ اللہ آپؓ پر رحم فرمائیں۔ یہ ساری مشقت اس ایک لقمہ کی وجہ سے برداشت فرمائی۔ آپؓ نے ارشاد فرمایا کہ اگر میری جان کے ساتھ بھی یہ لقمہ نکلتا تو میں اس کو نکالتا۔ میں نے حضورؐ سے سنا ہے کہ جو بدن مالِ حرام سے پرورش پائے آگ اس کے لئے بہتر ہے۔ مجھے یہ ڈر ہوا کہ میرے بدن کا کوئی حصہ اس لقمہ سے پرورش نہ پائے[2]۔ ف حضرت ابوبکر صدیقؓ کو اس قسم کے واقعات متعدد بار پیش آئے کہ احتیاط مزاج میں زیادہ تھی۔ تھوڑا سا بھی شبہ ہو جاتا تھا تو قے فرماتے۔ بخاری شریف میں ایک اور قصہ اسی قسم کا ہے کسی غلام نے زمانۂ جاہلیت میں کوئی کہانت یعنی غیب کی بات نجومیوں کے طور پر کسی کو بتلائی تھی وہ اتفاق سے صحیح ہو گئی۔ ان لوگوں نے اس غلام کو کچھ دیا جس کو انھوں نے اپنی مقررہ رقم میں حضرت ابوبکر صدیق کو لا کر دیدیا۔ حضرتؓ نے نوش فرمایا اور پھر جو کچھ پیٹ میں تھا سب قے کیا۔ ان واقعات میں غلاموں کا مال ضروری نہیں کہ ناجائز ہی ہو دونوں احتمال ہیں۔ مگر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی کمال احتیاط نے اس مشتبہ مال کو بھی گوارا نہ کیا۔

۴۔ حضرت عمر رضؓ کی صدقہ کے دودھ سے قے

حضرت عمرؓ نے ایک مرتبہ دودھ نوش فرمایا کہ اس کا مزہ کچھ عجیب سا نیا سا معلوم ہوا جن صاحب نے پلایا تھا ان سے دریافت فرمایا کہ یہ دودھ کیسا ہے کہاں سے آیا ہے۔ انھوں نے عرض کیا کہ فلاں جنگل میں صدقہ کے اونٹ چر رہے تھے کہ میں وہاں گیا تو اُن لوگوں نے دودھ نکالا جس میں سے مجھے بھی دیا حضرت عمرؓ نے منہ میں ہاتھ

---

[1] غلام پر کوئی تعداد معین کر دی جائے کہ اتنا روزانہ یا ماہوار ہمیں دیدیا کرو باقی جو کماؤ وہ تمہارا یہ غلہ کہلاتا ہے یہ جائز ہے۔ اور اس طرح صحابہؓ کے زمانہ میں بھی غلاموں سے مقرر کر لیا جاتا تھا۔ [2] منتخب کنز العمال

ڈالا اور سارے کا سارا قے فرمادیا۔ ف ان حضرات کو اس کا ہمیشہ فکر رہتا تھا کہ مشتبہ مال بھی بدن کا جزو نہ بنے جائے کہ بالکل حرام جیسا کہ ہمارے اس زمانہ میں رائج ہو گیا۔

۵۔ حضرت ابوبکر صدیق رض کا احتیاطاً باغ وقف کرنا

ابن سیرینؒ کہتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ کی جب وفات کا وقت قریب آیا تو آپؓ نے حضرت عائشہ رض سے فرمایا کہ میرا دل نہیں چاہتا تھا کہ بیت المال سے کچھ لوں مگر عمر رض نے نہ مانا کہ دقت ہو گی اور تمہاری تجارت کی مشغولی سے مسلمانوں کا حرج ہو گا۔ اس مجبوری سے مجھے لینا پڑا اس لئے اب میرا فلاں باغ اس کے عوض میں دیدیا جائے۔ جب حضرت ابوبکر رض کا وصال ہو گیا تو حضرت عائشہ رض نے حضرت عمر رض کے پاس آدمی بھیجا اور والد کی وصیت کے موافق وہ باغ دیدیا۔ حضرت عمر رض نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ شانہٗ تمہارے باپ پر رحم فرمائیں۔ انہوں نے یہ چاہا کہ کسی کو لب کشائی کا موقع ہی نہ دیں (کتاب الاموال) ف غور کرنے کی بات ہے کہ اوّل تو وہ مقدار ہی کیا تھی جو حضرت ابوبکر صدیقؓ نے لی۔ اس کے بعد لینا بھی اہل الرائے کے اصرار سے تھا اور مسلمانوں کے نفع کی وجہ سے اس میں بھی جتنی ممکن سے ممکن احتیاط ہو سکتی تھی اس کا اندازہ قصہ ۴ باب۳ سے معلوم ہو گیا کہ بیوی نے تنگی اٹھا کر پیٹ کاٹ کر کچھ دام میٹھے کے لئے جمع کئے تو ان کو بیت المال میں جمع فرمادیا اور اتنی مقدار مستقل کم کر دی اس کے بعد یہ آخری فعل ہے کہ جو کچھ لیا اس کا بھی معاوضہ داخل کر دیا۔

۶۔ حضرت علی بن معبدؒ کا کرایہ کے مکان سے تحریر کو خشک کرنا

علی بن معبدؒ ایک محدث ہیں۔ فرماتے ہیں میں ایک کرایہ کے مکان میں رہتا تھا۔ ایک مرتبہ میں نے کچھ لکھا اور اس کو خشک کرنے کے لئے مٹی کی ضرورت ہوئی۔ کچّی دیوار تھی۔ مجھے خیال آیا کہ اس پر سے ذرا سی کھرچ کے تحریر پر ڈال لوں۔ پھر خیال آیا کہ مکان کرایہ کا ہے (جو رہنے کے واسطے کرایہ پر لیا گیا نہ مٹی لینے کے واسطے) مگر ساتھ ہی خیال آیا کہ اتنی ذرا سی مٹی میں کیا مضائقہ ہے معمولی چیز ہے۔ میں نے مٹی لے لی اور رات کو خواب میں دیکھا کہ ایک صاحب کھڑے ہیں جو یہ فرمارہے ہیں کہ کل قیامت کو معلوم ہو گا یہ کہنا کہ معمولی مٹی کیا چیز ہے۔ ف 'کل معلوم ہو گا' بظاہر مطلب یہ ہے کہ تقویٰ کے درجات بہت زیادہ ہیں۔ کمال درجہ یہ یقیناً تھا کہ اس سے بھی احتراز کیا جاتا اگرچہ عرفاً معمولی چیز شمار ہونے سے جواز کی حد میں تھا۔ (احیاء)

۷۔ حضرت علی رض کا ایک قبر پر گذر

کمیلؒ ایک شخص ہیں کہتے ہیں کہ میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے ساتھ ایک مرتبہ جا رہا تھا۔ وہ جنگل میں پہنچے پھر ایک مقبرہ کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا اے مقبرہ والو! اے بوسیدگی والو! اے وحشت اور تنہائی والو! کیا خبر ہے کیا حال ہے۔ پھر ارشاد فرمایا کہ ہماری خبر تو یہ ہے کہ تمہارے بعد اموال تقسیم ہو گئے۔ اولادیں یتیم

ہوگئیں۔ بیویوں نے دوسرے خاوند کر لئے۔ یہ تو ہماری خبر ہے کچھ اپنی تو کہو۔ اس کے بعد میری طرف متوجہ ہو کر فرمایا۔ کمیل! اگر ان لوگوں کو بولنے کی اجازت ہوتی اور یہ بول سکتے تو یہ لوگ جواب میں یہ کہتے کہ بہترین توشہ تقویٰ ہے۔ یہ فرمایا اور پھر رونے لگے اور فرمایا اے کمیل قبر عمل کا صندوق ہے اور موت کے وقت بات معلوم ہو جاتی ہے۔[1] ف۔ یعنی آدمی جو کچھ اچھا یا بُرا کام کرتا ہے وہ اس کی قبر میں محفوظ رہتا ہے جیسا کہ صندوق میں متعدد احادیث میں یہ مضمون وارد ہوا ہے کہ نیک اعمال اچھے آدمی کی صورت میں ہوتے ہیں جو میّت کے جی بہلانے اور اُنس پیدا کرنے کے لئے رہتا ہے اور اس کی دل داری کرتا ہے اور بُرے اعمال بُری صورت میں بدبودار بن کر آتے ہیں جو اور بھی اذیت کا سبب ہوتا ہے۔ ایک حدیث میں وارد ہے کہ آدمی کے ساتھ تین چیزیں قبر تک جاتی ہیں اس کا مال جیسا کہ عرب میں دستور تھا اس کے رشتہ دار اور اس کے اعمال۔ دو چیزیں مال اور رشتہ دار دفن کر کے واپس آجاتے ہیں۔ عمل اس کے ساتھ رہ جاتا ہے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ صحابہؓ سے ارشاد فرمایا کہ تمہیں معلوم ہے کہ تمہاری مثال اور تمہارے اہل و عیال اور مال و اعمال کی مثال کیا ہے صحابہؓ کے دریافت فرمانے پر حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ اس کی مثال ایسی ہے جیسے ایک شخص کے تین بھائی ہوں اور وہ مرنے لگے اس وقت ایک بھائی کو وہ بلائے اور پوچھے کہ بھائی مجھے میرا حال معلوم ہے کہ مجھ پر کیا گذر رہی ہے، اس وقت تو میری مدد کیا کرے گا۔ وہ جواب دیتا ہے کہ تیری تیمارداری کروں گا علاج کروں گا۔ ہر قسم کی خدمت کروں گا اور جب تُو مر جائے گا تو نہلاؤں گا، کفن پہناؤں گا اور کاندھے پر اٹھا کر لے جاؤں گا اور دفن کے بعد تیرا ذکر خیر کروں گا۔ حضورؐ نے فرمایا یہ بھائی تو اہل و عیال ہیں۔ پھر وہ دوسرے بھائی سے بھی سوال کرتا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ میرا تیرا واسطہ زندگی کا ہے۔ جب تُو مر جائے گا تو میں دوسری جگہ چلا جاؤں گا۔ یہ بھائی مال ہے۔ پھر وہ تیسرے بھائی کو پوچھتا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ میں قبر میں تیرا ساتھی ہوں، وحشت کی جگہ تیرا دل بہلانے والا ہوں۔ جب تیرا حساب کتاب ہونے لگے تو نیکیوں کے پلڑے میں بیٹھ کر اس کو جھکاؤں گا یہ بھائی عمل ہے۔ حضورؐ نے فرمایا۔ اب بتلاؤ کون سا بھائی کارآمد ہوا صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہؐ یہی بھائی کارآمد ہے، پہلے تو دونوں بے فائدہ ہی رہے۔[2]

۸۔ حضورؐ کا ارشاد، جس کا کھانا حرام ہو لینا حرام

نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کا ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ شانہٗ خود پاک ہیں اور پاک ہی مال قبول فرماتے ہیں۔ مسلمانوں کو اُسی چیز کا حکم دیا جس کا اپنے رسولوں کو حکم فرمایا۔ چنانچہ کلام پاک میں ارشاد ہے: يَآ اَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ اے رسولو پاک چیزوں کو کھاؤ اور نیک عمل کرو میں تمہارے اعمال سے باخبر ہوں۔ دوسری جگہ ارشاد ہے يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ

[1] منتخب [2] کنز [3] ایضاً

طَیِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاکُمْ لے ایمان والو ہمارے دیئے ہوئے پاک رزق میں سے کھاؤ۔ اس کے بعد حضور نے ایک شخص کا ذکر فرمایا کہ لمبے لمبے سفر کرتا (اور مسافر کی دعا قبول ہوتی ہے) اور اس کے ساتھ ہی بکھرے ہوئے بالوں والا، غبار آلود کپڑوں والا (یعنی پریشان حال) دونوں ہاتھ آسمان کی طرف پھیلا کر کہتا ہے اے اللہ اے اللہ لیکن کھانا بھی اس کا حرام ہے پینا بھی حرام ہے لباس بھی حرام ہے۔ ہمیشہ ہی حرام کھایا تو اس کی دعا کہاں قبول ہوسکتی ہے[1] ف لوگوں کو ہمیشہ سوچ رہتا ہے کہ مسلمانوں کی دعائیں قبول نہیں ہوتیں۔ لیکن حالات کا اندازہ اس حدیث شریف سے کیا جاسکتا ہے۔ اگرچہ اللہ جل شانہٗ اپنے فضل سے کبھی کافر کی بھی دعا قبول فرما لیتے ہیں چہ جائیکہ فاسق کی۔ لیکن متقی کی دعا اصل چیز ہے۔ اسی لئے متقیوں سے دعا کی تمنا کی جاتی ہے۔ جو لوگ چاہتے ہیں کہ ہماری دعائیں قبول ہوں ان کو بہت ضروری ہے کہ حرام مال سے احتراز کریں اور ایسا کون ہے جو یہ چاہتا ہے کہ میری دعا مقبول نہ ہو۔

۹۔ حضرت عمرؓ کا اپنی بیوی کو مُشک تولنے سے انکار

حضرت عمرؓ کی خدمت میں ایک مرتبہ بحرین مُشک آیا، ارشاد فرمایا کہ کوئی اس کو تول کر مسلمانوں میں تقسیم کر دیتا۔ آپؓ کی اہلیہ حضرت عاتکہؓ نے عرض کیا، میں تول دوں گی، آپؓ نے سُن کر سکوت فرمایا۔ تھوڑی دیر میں پھر یہی ارشاد فرمایا کہ کوئی اس کو تول دیتا تاکہ میں تقسیم کر دیتا۔ آپ کی اہلیہ نے پھر یہی عرض کیا، آپؓ نے سکوت فرمایا۔ تیسری دفعہ میں ارشاد فرمایا کہ مجھے یہ پسند نہیں کہ تو اُس کو اپنے ہاتھ سے ترازو کے پلڑے میں رکھے اور پھر ان ہاتھوں کو اپنے بدن پر پھیر لے اور اتنی مقدار کی زیادتی مجھے حاصل ہو۔ ف یہ کمال احتیاط تھی اور اپنے آپ کو محل تہمت سے بچانا ورنہ جو بھی تولے گا اُس کے ہاتھ کو تو لگے ہی گا۔ اس لئے اس کے جواز میں کوئی تردد نہ تھا۔ لیکن پھر بھی حضرت عمرؓ نے اپنی بیوی کے لئے اس کو گوارا نہ فرمایا۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ جن کو عمر ثانی بھی کہا جاتا ہے۔ ان کے زمانہ میں ایک مرتبہ مُشک تولا جا رہا تھا تو انھوں نے اپنی ناک بند فرمالی اور ارشاد فرمایا کہ مُشک کا نفع تو خوشبو ہی سونگھنا ہے[2] ف یہ ہے احتیاط ان صحابہؓ اور تابعینؒ کی اور ہمارے بڑوں کی، پیشواؤں کی۔

۱۰۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کا حجاج کے حاکم کو حاکم نہ بنانا

حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے ایک شخص کو کسی جگہ کا حاکم بنایا۔ کسی شخص نے عرض کیا کہ یہ صاحب حجاج بن یوسف کے زمانہ میں اس کی طرف سے بھی حاکم رہ چکے ہیں عمر بن عبدالعزیزؒ نے اُن حاکم کو معزول کر دیا۔ انھوں نے عرض کیا کہ میں نے تو حجاج بن یوسف کے یہاں تھوڑے ہی زمانہ کام کیا عمر بن عبدالعزیزؒ نے فرمایا کہ بُرا ہونے کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ تو اُس کے ساتھ ایک دن یا اس سے بھی کم رہا[3] ف

[1] جمع الفوائد [2] احیاء [3] ایضاً

مطلب یہ ہے کہ پاس رہنے کا اثر ضرور پڑتا ہے۔ جو شخص متقیوں کے پاس رہتا ہے اس کے اوپر غیر معمولی اور غیر محسوس طریقہ سے تقویٰ کا اثر پڑتا ہے اور جو فاسقوں کے پاس رہتا ہے اس کے اوپر فسق کا اثر ہوتا ہے اسی وجہ سے بُری صحبت سے روکا جاتا ہے۔ آدمی تو درکنار جانوروں تک کے اثرات پاس رہنے سے آتے ہیں۔ حضورؐ کا ارشاد ہے کہ فخر اور بڑائی اونٹ اور گھوڑے والوں میں ہوتی ہے۔ اور مسکنت بکری والوں میں[1] حضورؐ کا ارشاد ہے کہ صالح آدمی کے پاس بیٹھنے والوں کی مثال اس شخص کی سی ہے جو مُشک والے کے پاس بیٹھتا ہے کہ اگر مُشک نہ بھی ملے تب بھی اس کی خوشبو سے دماغ کو فرحت ہوگی اور بُرے ساتھی کی مثال آگ کی بھٹی والے کی سی ہے کہ اگر چنگاری نہ بھی پڑے تو دھواں تو کہیں گیا ہی نہیں[2]

پانچواں باب نماز کا شغف اور شوق اور اس میں خشوع وخضوع

نماز ساری عبادتوں میں سب سے زیادہ اہم چیز ہے۔ قیامت میں ایمان کے بعد سب سے پہلے نماز ہی کا سوال ہوتا ہے۔ حضورؐ کا ارشاد ہے کہ کفر اور اسلام کے درمیان میں نماز ہی آڑ ہے۔ اس کے علاوہ اور بہت سے ارشادات اس بارہ میں وارد ہیں جو میرے ایک دوسرے رسالہ میں مذکور ہیں۔[3]

۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد نوافل والے کے حق میں

حق تعالیٰ شانہٗ ارشاد فرماتے ہیں جو شخص میرے کسی ولی سے دشمنی کرتا ہے۔ میری طرف سے اس کو لڑائی کا اعلان ہے اور کوئی شخص میرا قرب اُس چیز کی بہ نسبت زیادہ حاصل نہیں کر سکتا جو میں نے اس پر فرض کی ہے۔ یعنی سب سے زیادہ قرب اور نزدیکی مجھ سے فرائض کے ادا کرنے سے حاصل ہوتی ہے اور نوافل کی وجہ سے بندہ مجھ سے قریب ہوتا رہتا ہے یہاں تک کہ میں اس کو اپنا محبوب بنا لیتا ہوں تو پھر میں اُس کا کان بن جاتا ہوں جس سے سُنے، اور اس کی آنکھ بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھے اور اُس کا ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے وہ کسی چیز کو پکڑے اور اس کا پاؤں بن جاتا ہوں جس سے وہ چلے۔ اگر وہ مجھ سے کچھ مانگتا ہے تو میں اُس کو عطا کرتا ہوں اور کسی چیز سے پناہ چاہتا ہے تو پناہ دیتا ہوں[4] ف آنکھ، کان بن جانے کا مطلب یہ ہے کہ اُس کا دیکھنا، سننا، چلنا پھرنا سب میری خوشی کے تابع بن جاتا ہے اور کوئی بات بھی میری خلافِ مرضی نہیں ہوتی۔ کس قدر خوش نصیب ہیں وہ لوگ جن کو فرائض کے بعد نوافل بہ کثرت کی توفیق ہو اور یہ دولت نصیب ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ شانہٗ اپنے فضل سے مجھے اور میرے دوستوں کو بھی نصیب فرمائیں۔

۲۔ حضورؐ کا تمام رات نماز پڑھنا

ایک شخص نے حضرت عائشہ رضؓ سے دریافت کیا کہ حضورؐ کی کوئی عجیب بات جو آپ رضؓ نے دیکھی ہو وہ

---

[1] بخاری [2] جمع [3] رسالہ فضائل نماز عکسی ہے ہر کتب خانہ سے مل سکتا ہے [4] جمع الفوائد

سُنا دیں۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ حضورؐ کی کون سی بات عجیب نہ تھی۔ ہر بات عجیب ہی تھی۔ ایک دن رات کو تشریف لائے اور میرے پاس لیٹ گئے۔ پھر فرمانے لگے، لے چھوڑ میں تو اپنے رب کی عبادت کروں، یہ فرما کر نماز کے لئے کھڑے ہو گئے اور رونا شروع کیا۔ یہاں تک کہ آنسو سینہ مبارک تک بہنے لگے پھر رکوع فرمایا اس میں بھی اسی طرح روتے رہے پھر سجدہ کیا اس میں بھی اسی طرح روتے رہے، پھر سجدہ سے اٹھے اس میں بھی اسی طرح روتے رہے۔ یہاں تک کہ حضرت بلالؓ نے آکر صبح کی نماز کے لئے آواز دی۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آپ اتنے روئے حالانکہ آپؐ معصوم ہیں اگلے پچھلے سب گناہوں کی (اگر بالفرض ہوں بھی) تو مغفرت کا وعدہ اللہ تعالیٰ نے فرما رکھا ہے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ پھر میں شکر گذار نہ بنوں۔ اس کے بعد ارشاد فرمایا کہ میں ایسا کیوں نہ کرتا حالانکہ آج مجھ پر یہ آیتیں نازل ہوئیں اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ آل عمران کا اخیر رکوع۔ ف ۱ یہ متعدد روایات میں آیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کو اس قدر لمبی نماز پڑھا کرتے تھے کہ کھڑے کھڑے پاؤں پر ورم آگیا تھا۔ لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آپ اتنی مشقت اٹھاتے ہیں حالانکہ آپؐ بخشے بخشائے ہیں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ میں شکر گذار بندہ نہ بنوں۔ ف ۲

۳۔ حضورؐ کا چار رکعت میں چھ پارے پڑھنا

حضرت عوفؓ کہتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمرکاب تھا حضورؐ نے مسواک فرمائی، وضو فرمایا اور نماز کی نیت باندھ لی۔ میں بھی حضورؐ کے ساتھ نماز میں شریک ہو گیا۔ حضورؐ نے سورۂ بقرہ ایک رکعت میں پڑھی اور جو آیت رحمت کی آتی حضورؐ اس جگہ دیر تک رحمت کی دعا مانگتے رہتے اور جو آیت عذاب کی آتی اس جگہ دیر تک عذاب سے پناہ مانگتے رہتے۔ سورۃ کے ختم پر رکوع کیا اور اتنا ہی لمبا رکوع کیا جتنی دیر میں سورۂ بقرہ پڑھی جاتی، اور رکوع میں سُبْحَانَ ذِی الْجَبَرُوْتِ وَالْمَلَكُوْتِ وَالْعَظَمَةِ پڑھتے جاتے تھے۔ پھر اتنا ہی لمبا سجدہ کیا۔ پھر دوسری رکعت میں اسی طرح سورۂ آل عمران پڑھی اور اسی طرح ایک ایک رکعت میں ایک ایک سورۃ پڑھتے رہے۔ اس طرح چار رکعتوں میں سوا چھ سپارے ہوتے ہیں۔ یہ کتنی لمبی نماز ہوئی ہوگی جس میں ہر آیتِ رحمت اور آیتِ عذاب پر دیر تک دعا کا مانگنا اور پھر اتنا ہی لمبا رکوع اور سجدہ تھا حضرت حذیفہؓ بھی اپنا ایک قصہ حضورؐ کے ساتھ نماز پڑھنے کا اسی طرح سے نقل کرتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ چار رکعتوں میں چار سورتیں سورۂ بقرہ سے لے کر سورۂ مائدہ کے ختم تک پڑھیں ف ان چار سورتوں کے سوا چھ سیپارے ہوتے ہیں جو حضورؐ نے چار رکعتوں میں پڑھے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادتِ شریفہ تجوید و ترتیل کے ساتھ پڑھنے کی تھی جیسا کہ اکثر احادیث میں ہے۔ اس کے ساتھ ہی ہر آیتِ رحمت اور آیتِ عذاب پر ٹھیرنا اور دعا مانگنا پھر اتنا ہی لمبا رکوع سجدہ۔ اس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ اس طرح چار رکعات

ف ۱ اتحاف السادۃ ۔ ف ۲ بخاری

میں کس قدر وقت خرچ ہوا ہوگا۔ بعض مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک رکعت میں سورۂ بقرہ آل عمران مائدہ تین سورتیں پڑھیں جو تقریباً پانچ پارے ہوتے ہیں۔ یہ جب ہی ہو سکتا ہے جب نماز میں چین اور آنکھوں کی ٹھنڈک نصیب ہو جائے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پاک ارشاد ہے کہ میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ اِتِّبَاعَہٗ

۴۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ و حضرت ابن زبیرؓ و حضرت علیؓ وغیرہ کی نمازوں کے حالات

مجاہدؒ حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عبداللہ بن زبیرؓ کا حال نقل کرتے ہیں کہ جب وہ نماز میں کھڑے ہوتے تھے تو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ایک لکڑی گڑی ہوئی ہے۔ لہ یعنی بالکل حرکت نہیں ہوتی تھی علماء نے لکھا ہے کہ حضرت ابن زبیرؓ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے نماز سیکھی، اور انہوں نے حضورؐ سے یعنی جس طرح حضورؐ نماز پڑھتے تھے اسی طرح ابوبکر صدیقؓ پڑھتے تھے اور اسی طرح عبداللہ بن زبیرؓ۔ ثابتؒ کہتے ہیں کہ عبداللہ بن زبیرؓ کی نماز ایسی ہوتی تھی کہ گویا لکڑی ایک جگہ گاڑ دی۔ ایک شخص کہتے ہیں کہ ابن زبیرؓ جب سجدہ کرتے تو اس قدر لمبا اور بے حرکت ہوتا تھا کہ چڑیاں آکر کمر پر بیٹھ جاتیں۔ بعض مرتبہ اتنا لمبا رکوع کرتے کہ تمام رات صبح تک رکوع ہی میں رہتے۔ بعض اوقات سجدہ اتنا ہی لمبا ہوتا کہ پوری رات گذر جاتی جب حضرت ابن زبیرؓ سے لڑائی ہو رہی تھی تو ایک گولہ مسجد کی دیوار پر لگا جس سے دیوار کا ایک ٹکڑا اڑا اور حضرت ابن زبیرؓ کے حلق اور داڑھی کے درمیان کو گذرا مگر نہ انہوں نے کوئی انتشار ہوا نہ رکوع سجدہ مختصر کیا۔ ایک مرتبہ نماز پڑھ رہے تھے بیٹا جس کا نام ہاشم تھا پاس سو رہا تھا۔ چھت میں سے ایک سانپ گرا اور بچہ پر لپٹ گیا۔ وہ چلایا۔ گھر والے سب دوڑے ہوئے آئے۔ شور مچ گیا۔ اُس سانپ کو مارا۔ ابن زبیرؓ اسی اطمینان سے نماز پڑھتے رہے۔ سلام پھیر کر فرمانے لگے۔ کچھ شور کی سی آواز آئی تھی کیا تھا۔ بیوی نے کہا اللہ تم پر رحم کرے بچہ کی تو جان بھی گئی تھی تمہیں پتہ ہی نہ چلا۔ فرمانے لگے تیرا ناس ہو، اگر نماز میں دوسری طرف توجہ کرتا تو نماز کہاں باقی رہتی، (ہدایہ وغیرہ) حضرت عمرؓ کے اخیر زمانہ میں جب اُن کے خنجر مارا گیا جس کی وجہ سے اُن کا انتقال ہوا تو ہر وقت خون بہتا تھا اور اکثر غفلت بھی ہو جاتی تھی لیکن اس حالت میں بھی جب نماز کے لئے متنبہ کئے جاتے تو اسی حالت میں نماز ادا فرماتے اور ارشاد فرماتے کہ اسلام میں اُس کا کوئی حصہ نہیں جو نماز چھوڑ دے۔ حضرت عثمانؓ تمام رات جاگتے اور ایک رکعت میں پورا قرآن شریف ختم کر لیتے۔ ۲ھ حضرت علیؓ کی عادت شریفہ یہ تھی کہ جب نماز کا وقت آجاتا تو بدن میں کپکپی آجاتی اور چہرہ زرد ہو جاتا۔ کسی نے پوچھا کہ یہ کیا بات ہے فرمایا کہ اُس امانت کا وقت ہے جس کو اللہ جل شانہ نے آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں پر اُتارا تو وہ اس کے تحمل سے عاجز ہو گئے اور میں نے اس کا تحمل کیا ہے خلف بن ایوبؒ سے کسی نے پوچھا کہ تمہیں نماز میں مکھیاں دق نہیں

لہ تاریخ الخلفاء ۲ھ منتخب کنز

کرتیں۔ فرمایا کہ فاسق لوگ حکومت کے کوڑے کھاتے ہیں اور حرکت نہیں کرتے اور اس پر فخر کرتے ہیں۔ اور اپنے صبر و تحمل پر اکڑتے ہیں کہ اتنے کوڑے مارے میں ہلا تک نہیں۔ میں اپنے رب کے سامنے کھڑا ہوں اور ایک مکھی کی وجہ سے حرکت کر جاؤں۔ مسلم بن یسار جب نماز کے لئے کھڑے ہوتے تو اپنے گھر والوں سے کہتے کہ تم باتیں کرتے رہو مجھے تمہاری بات کا پتہ ہی نہیں چلے گا۔ ایک مرتبہ بصرہ کی جامع مسجد میں نماز پڑھ رہے تھے کہ مسجد کا ایک حصہ گرا۔ لوگ اس کی وجہ سے دوڑے وہاں جمع ہوئے۔ شور و شغب ہوا مگر اُن کو پتہ ہی نہ چلا۔ حاتم اصمؒ سے کسی نے ان کی نماز کی کیفیت پوچھی تو کہنے لگے کہ جب نماز کا وقت آتا ہے تو وضو کے بعد اس جگہ پہنچ کر جہاں نماز پڑھوں تھوڑی دیر بیٹھتا ہوں کہ بدن کے تمام حصے میں سکون پیدا ہو جاتے۔ پھر نماز کے لئے کھڑا ہوتا ہوں اس طرح کہ بیت اللہ کو اپنی نگاہ کے سامنے سمجھتا ہوں اور پل صراط کو پاؤں کے نیچے جنت کو دائیں طرف اور جہنم کو بائیں طرف۔ اور موت کے فرشتے کو اپنے پیچھے کھڑا ہوا خیال کرتا ہوں اور سمجھتا ہوں کہ یہ آخری نماز ہے اس کے بعد پورے خشوع خضوع سے نماز پڑھتا ہوں اور اس کے بعد امید اور ڈر کے درمیان رہتا ہوں کہ نہ معلوم قبول ہوئی یا نہیں۔ [1]

۵۔ ایک مہاجر اور ایک انصاری کی چوکیداری اور انصاری کا نماز میں تیر کھانا

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک غزوہ سے واپس تشریف لا رہے تھے شب کو ایک جگہ قیام فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ آج شب کو حفاظت اور چوکیداری کون کرے گا۔ ایک مہاجری اور ایک انصاری حضرت عمار بن یاسرؓ اور حضرت عباد بن بشرؓ نے عرض کیا کہ ہم دونوں کریں گے۔ حضورؐ نے ایک پہاڑی جہاں سے دشمن کے آنے کا راستہ ہو سکتا تھا بتادی کہ اس پر دونوں قیام کرو۔ دونوں حضرات وہاں تشریف لے گئے۔ وہاں جاکر انصاری نے مہاجری سے کہا کہ رات کو دو حصوں پر منقسم کر کے ایک حصہ میں آپ سو رہیں میں جاگتا رہوں۔ دوسرے حصہ میں آپ جاگیں میں سوتا رہوں کہ دونوں کے تمام رات جاگنے میں یہ بھی احتمال ہے کہ کسی وقت نیند کا غلبہ ہو جائے اور دونوں کی آنکھ لگ جائے۔ اگر کوئی خطرہ جاگنے والے کو محسوس ہو تو اپنے ساتھی کو جگالے۔ رات پہلا آدھا حصہ انصاری کے جاگنے کا قرار پایا اور مہاجری سو گئے۔ انصاری نے نماز کی نیت باندھ لی۔ دشمن کی جانب سے ایک شخص آیا اور دور سے کھڑے ہوئے شخص کو دیکھ کر تیر مارا اور جب کوئی حرکت نہ ہوئی تو دوسرا اور پھر اسی طرح تیسرا تیر مارا اور ہر تیر اُن کے بدن میں گھستا رہا اور یہ ہاتھ سے اُس کو بدن سے نکال کر پھینکتے رہے اس کے بعد اطمینان سے رکوع کیا، سجدہ کیا۔ نماز پوری کرکے

---

[1] احیاء

اپنے ساتھی کو جگایا۔ وہ تو ایک کی جگہ دو کو دیکھ کر بھاگ گیا کہ نہ معلوم کتنے ہوں۔ مگر ساتھی نے جب اٹھ کر دیکھا تو انصاری کے بدن سے تین جگہ سے خون ہی خون بہہ رہا تھا۔ مہاجر نے فرمایا۔ سُبحان اللہ تم نے مجھے شروع ہی میں نہ جگا لیا۔ انصاری نے فرمایا کہ میں نے ایک (سورۂ کہف) شروع کر رکھی تھی میرا دل نہ چاہا کہ اس کو ختم کرنے سے پہلے رکوع کر دوں۔ اب بھی مجھے اس کا اندیشہ ہوا کہ ایسا نہ ہو میں بار بار تیر لگنے سے مر جاؤں اور حضورؐ نے جو حفاظت کی خدمت سپرد کر رکھی ہے وہ فوت ہو جائے۔ اگر مجھے یہ اندیشہ نہ ہوتا تو میں مر جاتا مگر سورہ ختم کرنے سے پہلے رکوع نہ کرتا[1] ف یہ تھی اُن حضرات کی نماز اور اس کا شوق کہ تیر پر تیر کھائے جائیں اور خون ہی خون ہو جائے مگر نماز کے لطف میں فرق نہ پڑے۔ ایک ہماری نماز ہے کہ اگر مچھر بھی کاٹ لے تو نماز کا خیال جاتا رہے بھِڑ کا تو پوچھنا ہی کیا۔ یہاں ایک فقہی مسئلہ بھی اختلافی ہے کہ خون نکلنے سے ہمارے امام یعنی امام اعظمؒ کے نزدیک وضو ٹوٹ جاتا ہے امام شافعیؒ کے نزدیک نہیں ٹوٹتا۔ ممکن ہے ان صحابی کا مذہب بھی یہی ہو۔ یا اس وقت تک اس مسئلہ کی تحقیق نہ ہوئی ہو کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس مجلس میں تشریف فرما نہ تھے یا اس وقت تک نہ حکم ہوا ہی نہ ہو۔

۶۔ حضرت ابو طلحہؓ کا نماز میں خیال آجانے سے باغ وقف کرنا

حضرت ابو طلحہؓ ایک مرتبہ اپنے باغ میں نماز پڑھ رہے تھے ایک پرندہ اُڑا اور چونکہ باغ گنجان تھا اس لئے اس کو جلدی سے باہر جانے کا راستہ نہ ملا۔ کبھی اِس طرف کبھی اُس طرف اُڑتا رہا اور نکلنے کا راستہ ڈھونڈتا رہا ان کی نگاہ اس پر پڑی اور اس منظر کی وجہ سے ادھر خیال لگ گیا اور نگاہ اس پرندہ کے ساتھ پھرتی رہی دفعتہً نماز کا خیال آیا تو سہو ہو گیا کہ کون سی رکعت ہے نہایت قلق ہوا کہ اس باغ کی وجہ سے یہ مصیبت پیش آئی کہ نماز میں بھول ہوئی فوراً حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور پورا قصہ عرض کر کے درخواست کی کہ اس باغ کی وجہ سے یہ مصیبت پیش آئی اس لئے میں اس کو اللہ کے راستہ میں دیتا ہوں۔ آپؐ جہاں دل چاہے اس کو صرف فرما دیجئے۔ اسی طرح ایک اور قصہ حضرت عثمانؓ کے زمانۂ خلافت میں پیش آیا کہ ایک انصاری اپنے باغ میں نماز پڑھ رہے تھے کھجوریں پکنے کا زمانہ شباب پر تھا اور خوشے کھجوروں کے بوجھ اور کثرت سے جھکے پڑے تھے نگاہ خوشوں پر پڑی اور کھجوروں سے بھرے ہونے کی وجہ سے بہت ہی اچھے معلوم ہوئے۔ خیال ادھر لگ گیا جس کی وجہ سے یہ بھی یاد نہ رہا کہ کے رکعتیں ہوئیں۔ اس کے رنج اور صدمہ کا ایسا غلبہ ہوا کہ اس کی وجہ سے یہ ٹھان لی کہ اس باغ ہی کو اب نہیں رکھنا جس کی وجہ سے یہ مصیبت پیش آئی۔ چنانچہ حضرت عثمانؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آکر عرض کیا کہ یہ اللہ کے راستہ میں خرچ کرنا چاہتا ہوں اس کو جو چاہے کیجئے انھوں نے اس باغ کو پچاس ہزار میں فروخت کر کے اس کی قیمت دینی

[1] بیہقی، ابوداؤد [2] موطا امام مالک

کاموں میں خرچ فرما دی لہ ف یہ ایمان کی غیرت ہے کہ نماز جیسی اہم چیز میں خیال آجانے سے پچاس ہزار درہم کا باغ ایک دم صدقہ کر دیا۔ ہمارے حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے قول جمیل میں صوفیہ کی نسبت کی قسمیں تحریر فرماتے ہوئے اس کے متعلق تحریر فرمایا ہے کہ یہ نسبت ہے اللہ کی طاعت کو ماسوی پر مقدم رکھنا اور اس پر غیرت کرنا کہ ان حضرات کو اس پر غیرت آئی کہ اللہ کی اطاعت میں کسی دوسری چیز کی طرف توجہ کیوں ہوئی؟

۷۔ حضرت ابن عباسؓ کا نماز کی وجہ سے آنکھ نہ بنوانا

حضرت عبد اللہ ابن عباسؓ کی آنکھ میں جب پانی اتر آیا تو آنکھ بنانے والے حاضر خدمت ہوئے اور عرض کیا کہ اجازت ہو تو ہم آنکھ بنا دیں لیکن پانچ دن تک آپؓ کو احتیاط کرنا پڑے گی کہ سجدہ بجائے زمین کے کسی اونچی لکڑی پر کرنا ہوگا۔ انھوں نے فرمایا یہ ہرگز نہیں ہو سکتا واللہ ایک رکعت بھی اس طرح پڑھنا مجھے منظور نہیں، حضورﷺ کا ارشاد مجھے معلوم ہے کہ جو شخص ایک نماز بھی جان کر چھوڑ دے وہ حق تعالیٰ شانہٗ سے ایسی طرح ملے گا کہ حق سبحانہٗ و تقدس اس پر ناراض ہوں گے لہ ف اگرچہ شرعاً نماز اس طرح سے مجبوری کی حالت میں پڑھنا جائز ہے اور یہ صورت نماز چھوڑنے کی وعید میں داخل نہیں ہوتی مگر حضراتِ صحابہؓ کو نماز کے ساتھ جو شغف تھا اور نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد پر عمل کی اس قدر اہمیت تھی اسکی وجہ سے حضرت ابن عباسؓ نے آنکھ بنوانے کو بھی پسند نہ کیا کہ ان حضرات کے نزدیک ایک نماز پر ساری دنیا قربان تھی۔ آج ہم بے حیائی سے جو چاہے ان مر مٹنے والوں کی شان میں منہ سے نکال دیں جب کل اُن کا سامنا ہوگا اور یہ فدائی میدانِ حشر کی سیر کے لُطف اُڑا رہے ہوں گے جب حقیقت معلوم ہوگی کہ یہ کیا تھے اور ہم نے اُن کے ساتھ کیا برتاؤ کیا

۸۔ صحابہؓ کا نماز کے وقت فوراً دُکانیں بند کرنا

حضرت عبد اللہ بن عمرؓ ایک مرتبہ بازار میں تشریف رکھتے تھے کہ جماعت کا وقت ہو گیا دیکھا کہ فوراً سب کے سب اپنی اپنی دُکانیں بند کر کے مسجد میں داخل ہو گئے۔ ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ انہی لوگوں کی شان میں یہ آیت نازل ہوئی رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ (سورہ نور پارہ ۱۸) ترجمہ پوری آیت شریفہ کا یہ ہے کہ ان مسجدوں میں ایسے لوگ صبح اور شام اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں جن کو اللہ کی یاد سے اور بالخصوص نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے سے نہ خریدنا غفلت میں ڈالتا ہے نہ بیچنا۔ وہ ایسے دن کی پکڑ سے ڈرتے ہیں جس میں بہت سے دل اور بہت سی آنکھیں اُلٹ جائیں گی ۲ہ حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ وہ لوگ تجارت وغیرہ اپنے اپنے کاروبار میں مشغول ہوتے تھے لیکن جب اذان کی آواز

۱ہ موطا امام مالک ۲ہ درمنثور ۳ہ ماخوذ از بیان القرآن

سُنتے تو سب کچھ چھوڑ کر فوراً مسجد میں چلے جاتے۔ ایک جگہ کہتے ہیں کہ خدا کی قسم یہ لوگ تاجر تھے مگر ان کی تجارت اُن کو اللہ کے ذکر سے نہیں روکتی تھی حضرت عبداللہ بن مسعودؓ ایک مرتبہ بازار میں تشریف رکھتے تھے کہ اذان ہوگئی انھوں نے دیکھا کہ لوگ اپنے اپنے سامان کو چھوڑ کر نماز کی طرف چل دیئے ابن مسعودؓ نے فرمایا یہی لوگ ہیں جن کو اللہ جل شانہٗ نے لَا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ سے یاد فرمایا۔ ایک حدیث میں حضورؐ کا ارشاد ہے کہ قیامت کے دن جب حق تعالیٰ شانہٗ تمام دنیا کو ایک جگہ جمع فرمائیں گے تو ارشاد ہوگا۔ کہاں ہیں وہ لوگ جو خوشی اور رنج دونوں حالتوں میں اللہ کی حمد کرنے والے تھے۔ تو ایک مختصر جماعت اٹھے گی اور بغیر حساب کتاب کے جنت میں داخل ہو جائے گی۔ پھر ارشاد ہوگا کہاں ہیں وہ لوگ جو راتوں میں اپنی خواب گاہ سے دُور رہتے اور اپنے رب کو خوف اور رغبت کے ساتھ یاد کرتے تھے تو ایک دوسری مختصر جماعت اٹھے گی اور وہ بھی جنت میں بغیر حساب کے داخل ہو جائے گی پھر ارشاد ہوگا کہاں ہیں وہ لوگ جن کو تجارت یا بیچنا اللہ کے ذکر سے نہیں روکتا تھا تو ایک تیسری جماعت مختصر سی کھڑی ہوگی اور جنت میں بغیر حساب داخل ہوگی۔ اس کے بعد بقیہ لوگوں کا حساب شروع ہو جائے گا۔ [۱]

۹۔ حضرت خبیبؓ کا قتل کے وقت نماز پڑھنا اور زیدؓ و عاصمؓ کا قتل

اُحد کی لڑائی میں جو کفار مارے گئے تھے اُن کے عزیزوں میں انتقام کا جوش زور پر تھا۔ سلافہ نے جس کے دو بیٹے اس لڑائی میں مارے گئے تھے مَنّت مانی تھی کہ اگر عاصم کا جنھوں نے اس کے بیٹوں کو قتل کیا تھا، سر ہاتھ آجائے تو اس کی کھوپڑی میں شراب پیوں گی۔ اس لئے اس نے اعلان کیا تھا کہ جو عاصم کا سر لائے گا اس کو سو اونٹ انعام دوں گی۔ سفیان بن خالد کو اس لالچ نے آمادہ کیا کہ وہ اُن کا سر لانے کی کوشش کرے چنانچہ اس نے عضل وقارہ کے چند آدمیوں کو مدینہ منورہ بھیجا۔ ان لوگوں نے اپنے کو مسلمان ظاہر کیا اور حضور اقدسؐ سے تعلیم و تبلیغ کے لئے اپنے ساتھ چند حضرات کو بھیجنے کی درخواست کی اور حضرت عاصمؓ کے بھی ساتھ بھیجنے کی درخواست کی کہ ان کا وعظ پسندیدہ بتلایا چنانچہ حضورؐ نے دس آدمیوں کو اور بعض روایات میں چھ آدمیوں کو ان کے ساتھ کر دیا جن میں حضرت عاصمؓ بھی تھے۔ راستہ میں جا کر ان لے جانے والوں نے بدعہدی کی اور دشمنوں کو مقابلہ کے لئے بلا یا جو دو سو آدمی تھے اور اُن میں سے سَو آدمی بہت مشہور تیر انداز تھے۔ اور بعض روایات میں ہے کہ حضورؐ نے ان حضرات کو مکہ والوں کی خبر لانے کے لئے بھیجا تھا۔ راستہ میں بنو لحیان کے دو سو آدمیوں سے مقابلہ ہوا۔ یہ مختصر جماعت دس آدمیوں کی یا چھ آدمیوں کی یہ حالت دیکھ کر ایک پہاڑی پر جس کا نام فدفد تھا چڑھ گئی۔ کفار نے کہا کہ ہم تمہارے خون سے اپنی زمین رنگنا نہیں چاہتے۔ صرف اہل مکہ سے تمہارے بدلہ میں کچھ مال لینا چاہتے ہیں۔ تم ہمارے ساتھ آجاؤ

[۱] در منثور

ہم تم کو قتل نہ کریں گے مگر انہوں نے کہا کہ ہم کافر کے عہد میں آنا نہیں چاہتے اور ترکش سے تیر نکال کر مقابلہ کیا۔ جب تیر ختم ہوگئے تو نیزوں سے مقابلہ کیا حضرت عاصمؓ نے ساتھیوں سے جوش میں کہا کہ تم سے دھوکہ کیا گیا مگر گھبرانے کی بات نہیں۔ شہادت کو غنیمت سمجھو، تمہارا محبوب تمہارے ساتھ ہے اور جنت کی حوریں تمہاری منتظر ہیں۔ یہ کہہ کر جوش سے مقابلہ کیا اور جب نیزہ بھی ٹوٹ گیا تو تلوار سے مقابلہ کیا۔ مقابلوں کا مجمع کثیر تھا آخر شہید ہوگئے اور دعا کی کہ یا اللہ اپنے رسولؐ کو ہمارے قصہ کی خبر کر دے چنانچہ یہ دعا قبول ہوئی اور اسی وقت اس واقعہ کا علم حضورؐ کو ہوگیا اور چونکہ عاصمؓ یہ بھی سن چکے تھے کہ سلافہ نے میرے سر کی کھوپڑی میں شراب پینے کی منّت مانی ہے اس لئے مرتے وقت دعا کی کہ یا اللہ میرا سر تیرے راستہ میں کاٹا جارہا ہے تو ہی اس کا محافظ ہے وہ دعا بھی قبول ہوئی اور شہادت کے بعد جب کافروں نے سر کاٹنے کا ارادہ کیا تو اللہ تعالیٰ نے شہد کی مکھیوں کا اور بعض روایتوں میں بھڑوں کا ایک غول بھیج دیا جنھوں نے ان کے بدن کو چاروں طرف سے گھیر لیا۔ کافروں کو خیال تھا کہ رات کے وقت جب یہ اُڑ جائیں گی تو سر کاٹ لیں گے مگر رات کو ایک بارش کی رَو آئی اور ان کی نعش کو بہا کر لے گئی۔ اسی طرح سات آدمی یا تین آدمی شہید ہوگئے غرض تین باقی رہ گئے حضرت خبیبؓ اور زیدؓ بن دثنہ اور عبداللہ بن طارقؓ۔ ان تینوں حضرات سے پھر انہوں نے عہد پیمان کیا کہ تم نیچے آجاؤ ہم تم سے بدعہدی نہ کریں گے۔ یہ تینوں حضرات نیچے اتر آئے اور نیچے اترنے پر کفار نے ان کی کمانوں کی تانت اتار کر ان کی مشکیں باندھیں حضرت عبداللہ بن طارقؓ نے فرمایا کہ یہ پہلی بدعہدی ہے میں تمہارے ساتھ ہرگز نہ جاؤں گا۔ ان شہید ہونے والوں کا اقتدا ہی مجھے پسند ہے۔ انھوں نے زبردستی ان کو کھینچنا چاہا مگر یہ نہ ٹلے، تو ان لوگوں نے ان کو بھی شہید کر دیا۔ صرف دو حضرات ان کے ساتھ رہے جن کو لے جاکر ان لوگوں نے مکّہ والوں کے ہاتھ فروخت کر دیا۔ ایک حضرت زیدؓ بن دثنہ جن کو صفوان بن امیہ نے پچاس اونٹ کے بدلہ میں خریدا تاکہ اپنے باپ امیہ کے بدلہ میں قتل کرے۔ دوسرے حضرت خبیبؓ جن کو حجیر بن ابی اہاب نے سو اونٹ کے بدلہ میں خریدا تاکہ اپنے باپ کے بدلہ میں ان کو قتل کرے۔ بخاری شریف کی روایت ہے کہ حارث بن عامر کی اولاد نے خریدا کہ انہوں نے بدر میں حارث کو قتل کیا تھا۔ صفوان نے تو اپنے قیدی حضرت زیدؓ کو فوراً ہی حرم سے باہر اپنے غلام کے ہاتھ بھیج دیا کہ قتل کر دیئے جاویں۔ اس کا تماشا دیکھنے کے واسطے اور بھی بہت سے لوگ جمع ہوئے جن میں ابوسفیان بھی تھا۔ اُس نے حضرت زیدؓ سے شہادت کے وقت پوچھا کہ اے زید تجھ کو خدا کی قسم سچ کہنا کیا تجھ کو یہ پسند ہے کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی گردن تیرے بدلہ میں ماری جائے اور تجھ کو چھوڑ دیا جائے کہ اپنے اہل و عیال میں خوش و خرم رہے۔ حضرت زیدؓ نے فرمایا کہ خدا کی قسم مجھے یہ بھی گوارا نہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم جہاں ہیں وہیں اُن کے ایک کانٹا بھی چبھے اور ہم اپنے گھر آرام سے رہیں۔ یہ جواب سُن کو قریش حیران رہ گئے۔

ابوسفیان نے کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھیوں کو جتنی اُن سے محبت دیکھی اس کی نظیر کہیں نہیں دیکھی۔ اس کے بعد حضرت زید رضی اللہ عنہ شہید کر دیئے گئے۔ حضرت خبیب رضی اللہ عنہ ایک عرصہ تک قید میں رہے۔ حجیر کی باندی جو بعد میں مسلمان ہو گئیں کہتی ہیں کہ جب خبیب رضی اللہ عنہ ہم لوگوں کی قید میں تھے تو ہم نے دیکھا کہ خبیب رضی اللہ عنہ ایک دن انگور کا بہت بڑا خوشہ آدمی کے سر کے برابر ہاتھ میں لئے ہوئے انگور کھا رہے تھے اور مکہ میں اس وقت انگور بالکل نہیں تھا۔ وہی کہتی ہیں کہ جب ان کے قتل کا وقت قریب آیا تو انہوں نے صفائی کے لئے اُسترہ مانگا وہ دیدیا گیا۔ اتفاق سے ایک کمسن بچہ اس وقت خبیب رضی اللہ عنہ کے پاس چلا گیا۔ ان لوگوں نے دیکھا کہ اُسترہ اُن کے ہاتھ میں ہے اور بچہ اُن کے پاس یہ دیکھ کر گھبرا گئے۔ خبیب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ میں بچہ کو قتل کر دوں گا ایسا نہیں کر سکتا۔ اس کے بعد ان کو حرم سے باہر لایا گیا اور سُولی پر لٹکانے کے وقت آخری خواہش کے طور پر پوچھا گیا کہ کوئی تمنا ہو تو بتاؤ انہوں نے فرمایا کہ مجھے اتنی مہلت دی جائے کہ دو رکعت نماز پڑھ لوں کہ دنیا سے جانے کا وقت ہے اور اللہ جل شانہٗ کی ملاقات قریب ہے۔ چنانچہ مہلت دی گئی۔ انھوں نے دو رکعتیں نہایت اطمینان سے پڑھیں اور پھر فرمایا کہ اگر مجھے یہ خیال نہ ہوتا کہ تم لوگ یہ سمجھو گے کہ میں موت کے ڈر کی وجہ سے دیر کر رہا ہوں تو دو رکعت اور پڑھتا۔ اس کے بعد سُولی پر لٹکا دیئے گئے تو انہوں نے دعا کی یا اللہ کوئی ایسا شخص نہیں ہے جو تیرے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم تک میرا آخری سلام پہنچا دے۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بذریعہ وحی اسی وقت سلام پہنچایا گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وعلیکم السلام یا خبیب۔ اور ساتھیوں کو اطلاع فرمائی کہ خبیب رضی اللہ عنہ کو قریش نے قتل کر دیا۔ حضرت خبیب رضی اللہ عنہ کو جب سولی پر چڑھایا گیا تو چالیس کافروں نے نیزے لے کر چاروں طرف سے ان پر حملہ کیا اور بدن کو چھلنی کر دیا۔ اس وقت کسی نے قسم دے کر یہ بھی پوچھا کہ تم یہ پسند کرتے ہو کہ تمہاری جگہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کر دیں اور تم کو چھوڑ دیں۔ انھوں نے فرمایا واللہ العظیم مجھے یہ بھی پسند نہیں کہ میری جان کے فدیہ میں ایک کانٹا بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چبھے۔ ف ویسے تو ان قصوں کا ہر ہر لفظ عبرت ہے لیکن اس قصہ میں دو چیزیں خاص طور سے قابل قدر قابل عبرت ہیں۔ ان حضرات کی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ محبت و عشق کہ اپنی جان جائے اور اس کے بدلہ میں اتنا لفظ کہنا بھی گوارا نہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی قسم کی تکلیف معمولی سی بھی پہنچ جائے۔ اس لئے کہ حضرت خبیب رضی اللہ عنہ سے صرف زبان سے ہی کہلانا چاہتے تھے اور صرف زبان سے کہنا ہی تھا اور نہ بدلہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو تکلیف پہنچانے پر تو ان کفار کو بھی قدرت نہ تھی بلکہ وہ لوگ خود ہی ہر وقت تکلیف پہنچانے کی کوشش میں رہتے تھے جس میں بدلا بے بدلا سب برابر تھا۔ دوسری چیز نماز کی عظمت اور اس کا شغف کہ ایسے آخری وقت میں عام طور سے بیوی بچوں کو آدمی یاد کرتا ہے۔ صورت دیکھنا چاہتا ہے پیام و سلام کہتا

ل فتح اسلام

ہے مگر ان حضرات کو پیام وسلام دینا ہے تو حضورؐ کو اور آخری تمنا ہے تو دو رکعت نماز کی۔

۱۰۔ حضورؐ کی جنت میں معیت کے لئے نماز کی مدد

حضرت ربیعہؓ کہتے ہیں کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں رات گذارتا تھا اور تہجد کے وقت وضو کا پانی اور دوسری ضروریات مثلاً مسواک مصلّی وغیرہ رکھتا تھا۔ ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے میری خدمات سے خوش ہو کر فرمایا۔ مانگ کیا مانگتا ہے۔ انھوں نے عرض کیا یا رسول اللہؐ جنت میں آپؐ کی رفاقت۔ آپؐ نے فرمایا اور کچھ کہ بس یہی چیز مطلوب ہے، آپؐ نے فرمایا اچھا میری مدد کیجیو سجدوں کی کثرت سے [1] ف اس میں تنبیہ ہے اس امر پر کہ صرف دعا پر بھروسہ کر کے نہ بیٹھنا چاہیئے بلکہ کچھ طلب اور عمل کی بھی ضرورت ہے اور اعمال میں سب سے اہم نماز ہے کہ جتنی اس کی کثرت ہوگی اتنے ہی سجدے زیادہ ہوں گے۔ جو لوگ اس سہارے پر بیٹھے رہتے ہیں کہ فلاں پیر فلاں بزرگ سے دعا کرائیں گے سخت غلطی ہے۔ اللہ جل شانہٗ نے اس دنیا کو اسباب کے ساتھ چلایا ہے۔ اگرچہ بے اسباب ہر چیز پر قدرت ہے اور قدرت کے اظہار کے واسطے کبھی ایسا کر بھی دیتے ہیں۔ لیکن عام عادت یہی ہے کہ دنیا کے کاروبار اسباب سے لگا رکھے ہیں۔ حیرت ہے کہ ہم لوگ دنیا کے کاموں میں تو تقدیر پر اور صرف دعا پر بھروسہ کر کے کبھی نہیں بیٹھتے بلکہ پچاس طرح کی کوشش کرتے ہیں مگر دین کے کاموں میں تقدیر اور دعا بیچ میں آجاتی ہے۔ اس میں شک نہیں کہ اللہ والوں کی دعا نہایت اہم ہے مگر حضورؐ نے بھی یہ ارشاد فرمایا کہ سجدوں کی کثرت سے میری دعا کی مدد کرنا۔

چھٹا باب — ایثار و ہمدردی اور اللہ کی راہ میں خرچ کرنا

ایثار کہتے ہیں اپنی ضرورت کے وقت دوسرے کو ترجیح دینا۔ اوّل تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ہر ادا، ہر عادت ایسی ہی ہے جس کی برابری تو درکنار اس کا کچھ بھی کسی خوش قسمت کو نصیب ہو جائے تو عین سعادت ہے لیکن بعض عادتیں ان میں سے ایسی ممتاز ہیں کہ انھیں کا حصہ تھیں۔ ان کے منجملہ ایثار ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ نے کلام اللہ شریف میں اس کی تعریف فرمائی اور یُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓی اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ میں اس صفت کو ذکر فرمایا کہ وہ لوگ اپنے اوپر دوسروں کو ترجیح دیتے ہیں گو اُن پر فاقہ ہی ہو۔

۱۔ صحابیؓ کا مہمان کی خاطر چراغ بجھا دینا

ایک صحابیؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور بھوک اور پریشانی کی حالت کی اطلاع دی۔ حضورؐ نے اپنے گھروں میں آدمی بھیجا کہیں کچھ نہ ملا تو حضورؐ نے صحابہؓ سے فرمایا کہ کوئی شخص ہے جو ان کی ایک رات کی مہمانی قبول کرے۔ ایک انصاری صحابیؓ نے عرض کیا یا رسول اللہؐ میں مہمانی کردوں گا ان کو گھر

---

[1] ابوداؤد

لے گئے اور بیوی سے فرمایا کہ یہ حضورؐ کے مہمان ہیں جو اکرام کر سکے اس میں کسر نہ کرنا اور کوئی چیز چھپا کر نہ رکھنا بیوی نے کہا خدا کی قسم بچوں کے قابل کچھ تھوڑا سا رکھا ہے اور کچھ بھی گھر میں نہیں۔ صحابیؓ نے فرمایا کہ بچوں کو بہلا کر سلا دیجیو اور جب وہ سو جائیں تو کھانا لے کر مہمان کے ساتھ بیٹھ جائیں گے اور تو چراغ کے درست کرنے کے بہانے سے اٹھ کر اس کو بجھا دینا۔ چنانچہ بیوی نے ایسا ہی کیا اور دونوں میاں بیوی بچوں نے فاقہ سے رات گذاری جس پر یہ آیت یُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓی اَنْفُسِهِمْ نازل ہوئی ترجمہ: اور ترجیح دیتے ہیں اپنی جانوں پر اگرچہ اُن پر فاقہ ہی ہو۔ ف۔ اس قسم کے متعدد واقعات ہیں جو صحابہؓ کے یہاں پیش آئے چنانچہ ایک دوسرا واقعہ اسی قسم کا لکھا ہے۔

۲۔ روزہ دار کے لئے چراغ بجھا دینا

ایک صحابیؓ روزہ پر روزہ رکھتے تھے۔ افطار کے لئے کوئی چیز کھانے کی میسر نہ آتی تھی۔ ایک انصاری صحابی حضرت ثابتؓ نے تاڑ لیا۔ بیوی سے کہا کہ میں رات کو ایک مہمان کو لاؤں گا جب کھانا شروع کریں تو تم چراغ کو درست کرنے کے حیلہ سے بجھا دینا اور جتنے مہمان کا پیٹ نہ بھر جائے خود نہ کھانا۔ چنانچہ انھوں نے ایسا ہی کیا ساتھ میں سب شریک رہے جیسے کھا رہے ہوں۔ صبح کو حضرت ثابت جب حضورؐ کی مجلس میں حاضر ہوئے تو حضورؐ نے فرمایا کہ رات کا تمہارا اپنے مہمان کے ساتھ کا برتاؤ حق تعالیٰ شانہٗ کو بہت ہی پسند آیا[1]

۳۔ ایک صحابیؓ کا زکوٰۃ میں اونٹ دینا

حضرت اُبی ابن کعبؓ فرماتے ہیں کہ مجھے ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے زکوٰۃ کا مال وصول کرنے کے لئے بھیجا میں ایک صاحب کے پاس گیا اور اُن سے اُن کے مال کی تفصیل معلوم کی تو اُن پر ایک اونٹ کا بچہ ایک سالہ واجب تھا میں نے اُن سے اس کا مطالبہ کیا۔ وہ فرمانے لگے کہ ایک سال کا بچہ نہ دودھ کے کام کا نہ سواری کے کام کا۔ انھوں نے ایک نفیس عمدہ جوان اونٹنی سامنے کی کہ یہ لے جاؤ۔ میں نے کہا کہ میں تو اس کو لے نہیں سکتا کہ مجھے عمدہ مال لینے کا حکم نہیں۔ البتہ اگر تم یہی دینا چاہتے ہو تو حضور اقدسؐ سفر میں ہیں اور آج کا پڑاؤ فلاں جگہ تمہارے قریب ہی ہے حضورؐ کی خدمت میں جا کر پیش کر دو۔ اگر منظور فرمالیا تو مجھے انکار نہیں ورنہ میں معذور ہوں۔ وہ اس اونٹنی کو لے کر میرے ساتھ ہو لئے اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ یا رسول اللہ میرے پاس آپؐ کے قاصد زکوٰۃ کا مال لینے آئے تھے اور خدا کی قسم مجھے آج تک یہ سعادت نصیب نہیں ہوئی کہ رسول اللہؐ یا ان کے قاصد نے میرے مال میں کبھی تصرف فرمایا ہو اس لئے میں نے اپنا سارا مال سامنے کر دیا۔ انھوں نے فرمایا کہ اس میں ایک سالہ اونٹ کا بچہ زکوٰۃ کا واجب ہے۔ حضورؐ ایک سال کے بچے سے نہ دودھ کا ہی نفع ہے نہ سواری کا۔ اس لئے میں نے ایک عمدہ جوان

[1] در منثور

اونٹنی پیش کی تھی جس کو انھوں نے قبول نہیں فرمایا اس لئے میں خود لے کر حاضر ہوا ہوں۔ حضورؐ نے فرمایا کہ تم پر واجب تو وہی ہے جو انھوں نے بتلائی۔ مگر تم اپنی طرف سے اس سے زیادہ اور عمدہ مال دو تو قبول ہے اللہ تمہیں اس کا اجر مرحمت فرمائیں۔ انھوں نے عرض کیا کہ یہ حاضر ہے۔ حضورؐ نے قبول فرمالیا اور برکت کی دُعا فرمائی۔ ف یہ زکوٰۃ کے مال کا منظر ہے آج بھی اسلام کے بہت سے دعویدار ہیں اور حضورؐ کی محبت کا دم بھرتے ہیں لیکن زکوٰۃ کے ادا کرنے میں زیادتی کا تو کیا ذکر ہے۔ پوری مقدار بھی ادا کرنا موت ہے۔ جو اونچے طبقے والے زیادہ مال والے کہلاتے ہیں ان کے یہاں تو اکثر و بیشتر اس کا ذکر ہی نہیں لیکن جو متوسط حیثیت کے لوگ ہیں اور اپنے کو دین دار بھی سمجھتے ہیں وہ بھی اس کی کوشش کرتے ہیں کہ جو خرچ اپنے عزیز رشتہ داروں میں یا کسی دوسری جگہ مجبوری سے پیش آجائے اس میں زکوٰۃ ہی کی نیت کرلیں۔

۴۔ حضرات شیخین کا صدقہ میں مقابلہ

حضرت عمرؓ فرماتے ہیں ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ کرنے کا حکم فرمایا۔ اتفاقاً اس زمانہ میں میرے پاس کچھ مال موجود تھا۔ میں نے کہا آج میرے پاس اتفاق سے مال موجود ہے اگر میں ابوبکرؓ سے کبھی بھی بڑھ سکتا ہوں تو آج بڑھ جاؤں گا۔ یہ سوچ کر خوشی خوشی میں گھر گیا اور جو کچھ بھی گھر میں رکھا تھا اس میں سے آدھا لے آیا۔ حضورؐ نے فرمایا کہ گھر والوں کے لئے کیا چھوڑا۔ میں نے عرض کیا کہ چھوڑ آیا۔ حضورؐ نے فرمایا آخر کیا چھوڑا۔ میں نے عرض کیا آدھا چھوڑ آیا اور حضرت ابوبکر صدیقؓ جو کچھ رکھا تھا سب لے آئے۔ حضورؐ نے فرمایا ابوبکر گھر والوں کے لئے کیا چھوڑا۔ انھوں نے فرمایا ان کے لئے اللہ اور اس کے رسولؐ کو چھوڑ آیا یعنی اللہ اور اس کے رسول پاکؐ کے نام کی برکت اور ان کی رضا اور خوشنودی کو چھوڑ آیا حضرت عمرؓ کہتے ہیں۔ میں نے کہا حضرت ابوبکرؓ سے کبھی نہیں بڑھ سکتا۔ ف خوبیوں اور نیکیوں میں اس کی کوشش کرنا کہ دوسرے سے بڑھ جاؤں یہ مستحسن اور مندوب ہے قرآن پاک میں بھی اس کی ترغیب آئی ہے۔ یہ قصہ غزوہ تبوک کا ہے۔ اس وقت میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چندہ کی خاص طور سے ترغیب فرمائی تھی اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے اپنے اپنے حوصلہ کے موافق بلکہ ہمت و وسعت سے زیادہ اعانتیں فرمائیں جن کا ذکر باب[۲] کے قصہ ۹ میں بھی مختصر طور پر گذرا ہے۔ جزاھم اللہ عنا وعن سائر المسلمین (احسن الجزاء)

۵۔ صحابہؓ کا دوسروں کی وجہ سے پیاسے مرنا

حضرت ابوجہم بن حذیفہؓ کہتے ہیں کہ یرموک کی لڑائی میں میں اپنے چچازاد بھائی کی تلاش میں نکلا کہ وہ لڑائی میں شریک تھے اور ایک مشکیزہ پانی کا میں نے اپنے ساتھ لیا کہ ممکن ہے وہ پیاسے ہوں تو پانی پلاؤں۔ اتفاق سے وہ ایک جگہ اس حالت میں پڑے ہوئے ملے کہ دم توڑ رہے تھے اور جان کنی شروع تھی۔ میں نے پوچھا پانی کا

گھونٹ دوں انھوں نے اشارے سے ہاں کی اتنے میں دوسرے صاحب نے جو قریب ہی پڑے تھے اور وہ بھی مرنے کے قریب تھے آہ کی۔ میرے چچازاد بھائی نے آواز سنی تو مجھے ان کے پاس جانے کا اشارہ کیا میں ان کے پاس پانی لے کر گیا وہ ہشام بن ابی العاص تھے اُن کے پاس پہنچا ہی تھا کہ اُن کے قریب ایک تیسرے صاحب اسی حال میں پڑے دم توڑ رہے تھے۔ انھوں نے آہ کی۔ ہشامؓ نے مجھے ان کے پاس جانے کا اشارہ کردیا۔ میں اُن کے پاس پانی لے کر پہنچا تو ان کا دم نکل چکا تھا۔ ہشامؓ کے پاس واپس آیا تو وہ بھی جاں بحق ہو چکے تھے ان کے پاس سے اپنے بھائی کے پاس لوٹا تو اتنے میں وہ بھی ختم ہو چکے تھے اناللہ وانا الیہ راجعون[1]۔ ف اس نوع کے متعدد واقعات کتب حدیث میں ذکر کئے گئے۔ کیا انتہا ہے اس ایثار کی کہ اپنا بھائی آخری دم توڑ رہا ہو اور پیاسا ہو ایسی حالت میں کسی دوسرے کی طرف توجہ کرنا بھی مشکل ہو جاتا ہے چہ جائیکہ اس کو پیاسا چھوڑ کر دوسرے کو پانی پلانے چلا جائے۔ اور ان مرنے والوں کی روحوں کو اللہ جل شانہ اپنے لطف وفضل سے نوازیں کہ مرنے کے وقت بھی جب ہوش وحواس سب ہی جواب دیتے ہیں یہ لوگ ہمدردی میں جان دیتے ہیں۔

(۶) حضرت حمزہؓ کا کفن

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حضرت حمزہؓ غزوۂ احد میں شہید ہو گئے اور بیدرد کافروں نے آپؓ کے کان ناک وغیرہ اعضا کاٹ دئے اور سینہ چیر کر دل نکالا اور طرح طرح کے ظلم کئے۔ لڑائی کے ختم پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور دوسرے صحابہؓ شہیدوں کی نعشیں تلاش فرما کر ان کی تجہیز وتکفین کا انتظام فرما رہے تھے کہ حضرت حمزہؓ کو اس حالت میں دیکھا نہایت صدمہ ہوا اور ایک چادر سے ان کو ڈھانک دیا۔ اتنے میں حضرت حمزہؓ کی حقیقی بہن حضرت صفیہؓ تشریف لائیں کہ اپنے بھائی کی حالت کو دیکھیں حضورؐ نے اس خیال سے کہ آخر عورت ہیں ایسے ظلموں کے دیکھنے کا تحمل مشکل ہو گا۔ ان کے صاحبزادہ حضرت زبیرؓ سے ارشاد فرمایا کہ اپنی والدہ کو دیکھنے سے منع کرو، انھوں نے والدہ سے عرض کیا کہ حضورؐ نے دیکھنے کو منع فرما دیا انھوں نے کہا کہ میں نے یہ سنا ہے کہ میرے بھائی کے ناک کان وغیرہ کاٹ دئے گئے اللہ کے راستے میں یہ کون سی بڑی بات ہے۔ ہم اس پر راضی ہیں میں اللہ سے ثواب کی امید رکھتی ہوں اور انشاء اللہ صبر کروں گی۔ حضرت زبیرؓ نے حضورؐ سے جا کر اس کلام کو ذکر کیا تو حضورؐ نے اس جواب کو سن کر دیکھنے کی اجازت عطا فرما دی۔ آکر دیکھا اناللہ پڑھی اور ان کے لئے استغفار اور دعا کی۔ ایک روایت میں ہے کہ غزوۂ احد میں جہاں نعشیں رکھی ہوئی تھیں ایک عورت تیزی سے آرہی تھی حضورؐ نے فرمایا دیکھو، عورت کو روکو، حضرت زبیرؓ کہتے ہیں، میں نے پہچان لیا کہ میری والدہ ہیں۔ میں جلدی سے روکنے کے لئے بڑھا مگر وہ قوی تھیں ایک گھونسا میرے مارا اور کہا پرے ہٹ میں نے کہا کہ حضورؐ نے منع فرمایا ہے تو فوراً کھڑی ہو گئیں۔ اس کے بعد دو کپڑے نکالے اور فرمایا کہ میں اپنے بھائی

[1] درایہ

کے کفن کے لئے لائی تھی کہ میں ان کے انتقال کی خبر سن چکی تھی۔ ان کپڑوں میں ان کو کفنا دینا۔ ہم لوگ وہ کپڑے لے کر حضرت حمزہؓ کو کفنانے لگے کہ برابر میں ایک انصاری شہید پڑے ہوئے تھے جن کا نام حضرت سہیلؓ تھا۔ ان کا بھی کفار نے ایسا ہی حال کر رکھا تھا جیسا کہ حضرت حمزہؓ کا تھا۔ ہمیں اس بات سے شرم آئی کہ حضرت حمزہؓ کو دو کپڑوں میں کفن دیا جائے اور انصاری کے پاس ایک بھی نہ ہو۔ اس لئے ہم نے دونوں کے لئے ایک ایک کپڑا تجویز کر دیا مگر ایک کپڑا ان میں بڑا تھا دوسرا چھوٹا تو ہم نے قرعہ ڈالا کہ قرعہ میں جو کپڑا جن کے حصہ میں آجائے گا وہ ان کے کفن میں لگایا جائے۔ قرعہ میں بڑا کپڑا حضرت سہیلؓ کے حصہ میں آیا اور چھوٹا حضرت حمزہؓ کے حصہ میں آیا جو اُن کے قد سے بھی کم تھا کہ اگر سر کو ڈھانکا جاتا تو پاؤں کھل جاتے اور پاؤں کی طرف کیا جاتا تو سر کھل جاتا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ سر کو کپڑے سے ڈھانک دو اور پاؤں پر پتے وغیرہ ڈال دو۔ [1] ابن سعدؒ کی روایت میں ہے کہ حضرت صفیہؓ جب دو کپڑے لے کر حضرت حمزہؓ کی نعش پر پہنچیں تو ان کے قریب ہی ایک انصاری اسی حال میں پڑے ہوئے تھے تو ایک ایک کپڑے میں دونوں کو کفن دیا گیا۔ حضرت حمزہؓ کا کپڑا بڑا تھا۔ یہ روایت مختصر ہے اور خمیس کی روایت مفصل ہے ف یہ دو جہان کے بادشاہ کے چچا کا کفن ہے وہ بھی اس طرح کہ ایک عورت اپنے بھائی کے لئے دو کپڑے دیتی ہیں اس میں یہ گوارا نہیں کہ دوسرا انصاری بے کفن رہے ایک ایک کپڑا بانٹ دیا جاتا ہے اور پھر چھوٹا کپڑا اس شخص کے حصہ میں آتا ہے جو کئی وجہ سے ترجیح کا استحقاق بھی رکھتا ہے غریب پروری اور مساوات کے دعوے دار اگر اپنے دعووں میں سچے ہیں تو ان پاک ہستیوں کا اتباع کریں جو کہہ کر نہیں بلکہ کر کے دکھلا گئے۔ ہم لوگوں کو اپنے لئے ان کا پیرو کہنا بھی شرم کی بات ہے۔

(۷) بکرے کی سری کا چکر کاٹ کر واپس آنا

حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ ایک صحابیؓ کو کسی شخص نے بکری کی سری ہدیہ کے طور پر دی۔ انہوں نے خیال فرمایا کہ میرے فلاں ساتھی زیادہ ضرورت مند ہیں، کنبہ والے ہیں وہ اور ان کے گھر والے زیادہ محتاج ہیں اس لئے ان کے پاس بھیجدی، ان کو ایک تیسرے صاحب کے متعلق یہی خیال پیدا ہوا اور ان کے پاس بھیجدی۔ غرض اسی طرح سات گھروں میں پھر کر وہ سری سب سے پہلے صحابیؓ کے گھر لوٹ آئی۔ ف اس قصہ سے ان حضرات کا عام طور سے محتاج اور ضرورت مند ہونا بھی معلوم ہوتا ہے اور یہ بھی کہ ہر شخص کو دوسرے کی ضرورت اپنے سے مقدم معلوم ہوتی تھی۔

(۸) حضرت عمرؓ کا اپنی بیوی کو زچگی میں لے جانا

امیر المومنین حضرت عمرؓ اپنے خلافت کے زمانہ میں بسا اوقات رات کو چوکیدارہ کے طور پر شہر کی حفاظت بھی فرمایا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ اسی حالت میں ایک میدان میں گذر ہوا۔ دیکھا کہ ایک خیمہ بالوں کا بنا ہوا لگا ہوا

[1] خمیس [2] در منثور

ہے جو پہلے وہاں نہیں دیکھا تھا۔ اس کے قریب پہنچے تو دیکھا کہ ایک صاحب وہاں بیٹھے ہیں اور خیمہ سے کچھ کراہنے کی آواز آرہی ہے۔ سلام کرکے ان صاحب کے پاس بیٹھ گئے اور دریافت کیا کہ تم کون ہو۔ انہوں نے کہا ایک مسافر ہوں، جنگل کا رہنے والا ہوں۔ امیر المؤمنین کے سامنے کچھ اپنی ضرورت پیش کرکے مدد چاہنے کے واسطے آیا ہوں۔ دریافت فرمایا کہ یہ خیمہ میں سے آواز کیسی آرہی ہے۔ ان صاحب نے کہا میاں جاؤ اپنا کام کرو۔ آپ نے اصرار فرمایا کہ نہیں بتا دو کچھ تکلیف کی آواز ہے۔ ان صاحب نے کہا کہ عورت کی ولادت کا وقت قریب ہے، درد زہ ہو رہا ہے۔ آپ نے دریافت فرمایا کہ کوئی دوسری عورت بھی پاس ہے۔ انہوں نے کہا کوئی نہیں، آپ وہاں سے اٹھے اور مکان تشریف لے گئے اور اپنی بیوی حضرت ام کلثوم رضہ سے فرمایا کہ ایک بڑے ثواب کی چیز مقدر سے تمہارے لئے آئی ہے۔ انہوں نے پوچھا کیا ہے۔ آپ نے فرمایا ایک گاؤں کی رہنے والی بیچاری تنہا ہے۔ اس کو درد زہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے ارشاد فرمایا کہ ہاں ہاں تمہاری صلاح ہو تو میں تیار ہوں۔ اور کیوں نہ تیار ہوتیں کہ یہ بھی آخر حضرت سیدہ فاطمہ رضہ کی ہی صاحبزادی تھیں۔ حضرت عمر رضہ نے فرمایا کہ ولادت کے واسطے جن چیزوں کی ضرورت پڑتی ہو تیل گودڑ وغیرہ لے لو اور ایک ہانڈی اور کچھ گھی اور دانے وغیرہ بھی ساتھ لے لو۔ وہ لے کر چلیں۔ حضرت عمر رضہ خود پیچھے پیچھے ہو لئے۔ وہاں پہنچ کر حضرت ام کلثوم رضہ تو خیمہ میں چلی گئیں اور آپ نے آگ جلا کر اس ہانڈی میں دانے ابالے گھی ڈالا اتنے میں ولادت سے فراغت ہو گئی۔ اندر سے حضرت ام کلثوم رضہ نے آواز دے کر عرض کیا امیر المؤمنین رضہ اپنے دوست کو لڑکا پیدا ہونے کی بشارت دیجئے۔ امیر المؤمنین کا لفظ جب ان صاحب کے کان میں پڑا تو وہ بڑے گھبرائے۔ آپ نے فرمایا گھبرانے کی بات نہیں۔ وہ ہانڈی خیمہ کے پاس رکھدی کہ اس عورت کو بھی کچھ کھلا دیں۔ حضرت ام کلثوم رضہ نے اس کو کھلایا۔ اس کے بعد ہانڈی باہر دیدی۔ حضرت عمر رضہ نے اس بدو سے کہا کہ لو تم بھی کھاؤ۔ رات بھر تمہاری جاگنے میں گذر گئی۔ اس کے بعد اہلیہ کو ساتھ لے کر گھر تشریف لے آئے اور ان صاحب سے فرما دیا کہ کل آنا تمہارے لئے انتظام کر دیا جائے گا[1]۔ ف ہمارے زمانے کا کوئی بادشاہ یا رئیس نہیں کوئی معمولی حیثیت کا مالدار بھی ایسا ہے جو غریب کی ضرورت میں مسافر کی مدد کے واسطے اس طرح بیوی کو رات کو جنگل میں لے جائے اور خود اپنے آپ چولھا دھونک کر پکائے۔ مال دار کو چھوڑیئے کوئی دیندار بھی ایسا کرتا ہے سوچنا چاہیئے کہ جن کے نام لیوا ہیں اور ان جیسی برکات کی ہر بات میں امید رکھتے ہیں کوئی کام بھی ہم ان جیسا کر لیتے ہیں۔

(۹) ابوطلحہ رضہ کا باغ وقف کرنا

حضرت انس رضہ فرماتے ہیں کہ ابوطلحہ رضہ انصاری مدینہ منورہ میں سب سے زیادہ اور سب سے بڑے باغ والے تھے ان کا ایک باغ تھا جس کا نام بیرحاء تھا۔ وہ ان کو بہت ہی زیادہ محبوب تھا مسجد نبوی کے قریب

تھا۔ پانی بھی اس میں نہایت شیریں اور افراط سے تھا۔ حضورؐ بھی اکثر اس باغ میں تشریف لے جاتے اور اس کا پانی نوش فرماتے۔ جب قرآن شریف کی آیت لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ۔ ترجمہ (تم نیکی کے کامل درجہ کو نہیں پہنچ سکتے جب تک ایسی چیزوں سے خرچ نہ کرو گے جو تم کو پسند ہیں) نازل ہوئی تو ابو طلحہؓ حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ مجھے اپنا باغ بیر حاء سب سے زیادہ عزیز ہے اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ محبوب مال اللہ کے راستے میں خرچ کرو اس لئے وہ اللہ کے راستہ میں دیتا ہوں آپؐ جیسا مناسب سمجھیں اس کے موافق اس کو خرچ فرمادیں۔ حضورؐ نے بہت زیادہ مسرت کا اظہار فرمایا۔ اور فرمایا کہ بہت ہی عمدہ مال ہے۔ میں یہ مناسب سمجھتا ہوں کہ اس کو اپنے اہل قرابت میں تقسیم کردو۔ ابو طلحہؓ نے اس کو اپنے رشتہ داروں میں تقسیم فرمادیا[1] ف ہم بھی اپنا کوئی محبوب ترین مال جائداد کوئی آدھ وعظ سن کر قرآن پاک کی کوئی آیت پڑھ کر یا سن کر اس طرح بیدھڑک خیرات کر دیتے ہیں۔ اگر وقف وغیرہ کرنے کا خیال بھی آتا ہے تو زندگی سے مایوس ہوجانے کے بعد یا وارثوں سے خفا ہو کر ان کو محروم کرنے کی نیت سے اور برس کے برس اس سوچ میں لگا دیتے ہیں کہ کوئی صورت ایسی پیدا ہوجائے کہ میری زندگی میں تو میرے ہی کام آئے بعد میں جو ہو وہ ہوتا رہے۔ ہاں نام و نمود کی کوئی چیز ہو، بیاہ شادی کی تقریب ہو تو سودی قرض سے بھی انکار نہیں۔

۱۰۔ حضرت ابوذرؓ کا اپنے خادم کو تنبیہ فرمانا

حضرت ابوذر غفاریؓ مشہور صحابی ہیں جن کے اسلام لانے کا قصہ باب[1] کے ۵ پر گذر چکا۔ یہ بڑے زاہد لوگوں میں تھے۔ نہ مال اپنے پاس جمع رکھتے تھے نہ چاہتے تھے کہ کوئی دوسرا جمع رکھے۔ مال دار لوگوں سے ہمیشہ لڑائی رہتی تھی۔ اس لئے حضرت عثمانؓ کے حکم سے رَبذہ میں رہنے لگے تھے جو جنگل میں ایک معمولی سی آبادی تھی حضرت ابوذرؓ کے پاس چند اونٹ تھے اور ایک ناتواں ضعیف سا چرواہا جو ان کی خبرگیری کرتا تھا اسی پر گذر تھا۔ ایک شخص قبیلہ بنو سلیم کے خدمت میں حاضر ہوئے اور یہ تمنا ظاہر کی کہ میں آپ کی خدمت میں رہنا چاہتا ہوں تاکہ آپ کے فیوض سے استفادہ کروں۔ میں آپ کے چرواہے کی مدد کرتا رہوں گا اور آپ کی برکات سے فائدہ بھی حاصل کروں گا۔ حضرت ابوذرؓ نے ارشاد فرمایا کہ میرا دوست وہ ہے جو میری اطاعت کرے اگر تم بھی میری اطاعت کے لئے تیار ہو شوق سے رہو۔ کہنا نہ مانو تو تمہاری ضرورت نہیں۔ سلیمی صاحب نے عرض کیا۔ کس چیز میں آپ اپنی اطاعت چاہتے ہیں۔ فرمایا کہ جب میں اپنے مال میں سے کسی چیز کے خرچ کا حکم کروں تو عمدہ سے عمدہ مال خرچ کیا جائے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے قبول کیا اور رہنے لگا۔ اتفاق سے ایک دن ان سے کسی نے ذکر کیا کہ پانی پر کچھ لوگ رہتے ہیں جو ضرورت مند ہیں کھانے کے محتاج ہیں۔ مجھ سے فرمایا ایک اونٹ لے آؤ۔ میں گیا۔ میں نے دیکھا کہ ایک بہت ہی عمدہ اونٹ ہے جو نہایت قیمتی نہایت کار آمد اور سواری

[1] در منثور

ہیں مطیع۔ میں نے حسبِ وعدہ اس کو لے جانے کا ارادہ کیا۔ مگر مجھے خیال ہوا کہ غرباء کو کھلانا ہی تو ہے اور یہ اونٹ بہت زیادہ کار آمد ہے۔ حضرت کی اور متعلقین کی ضرورت کا ہے اس کو چھوڑ کر اس سے ذرا کم درجہ کی عمدہ اونٹنی کہ اس اونٹ کے علاوہ اور باقی سب سے بہتر تھی لے کر حاضر خدمت ہوا۔ فرمایا کہ تم نے خیانت کی۔ میں سمجھ گیا اور واپس آکر وہی اونٹ لے گیا۔ پاس بیٹھنے والوں سے ارشاد فرمایا کہ دو آدمی ایسے ہیں جو اللہ کے واسطے ایک کام کریں دو آدمی اُٹھے۔ انھوں نے اپنے کو پیش کیا۔ فرمایا کہ اس کو ذبح کرو اور ذبح کے بعد گوشت کاٹ کر جتنے گھر پانی پر آباد ہیں ان کو شمار کرکے ابوذرؓ کا یعنی اپنا گھر بھی ایک عدد ان میں شمار کرلو اور سب کو برابر تقسیم کردو۔ میرے گھر بھی اتنا ہی جائے جتنا ان میں سے ہر گھر میں جائے۔ انھوں نے تعمیلِ ارشاد کی اور تقسیم کردیا۔ اس کے بعد مجھے بلایا اور فرمایا کہ تو نے میری وصیت عمدہ مال خرچ کرنے کی جان بوجھ کر چھوڑی یا بھول گیا تھا۔ اگر بھول گیا تھا تو معذور ہے۔ میں نے عرض کیا کہ بھولا تو نہیں تھا میں نے اوّل اسی اونٹ کو لیا تھا مگر مجھے خیال ہوا کہ یہ بہت کار آمد ہے۔ آپ کو اکثر اس کی ضرورت رہتی ہے محض اس وجہ سے چھوڑ دیا تھا۔ فرمایا کہ محض میری ضرورت سے چھوڑا تھا۔ عرض کیا محض آپ کی ضرورت سے چھوڑا تھا۔ فرمایا کہ اپنی ضرورت کا دن بتاؤں۔ میری ضرورت کا دن وہ ہے جس دن میں قبر کے گڈھے میں اکیلا ڈال دیا جاؤں گا۔ وہ دن میری ضرورت اور احتیاج کا ہے۔ مال کے اندر تین حصہ دار ہیں۔ ایک تقدیر جو مال کے لے جانے میں کسی چیز کا انتظار نہیں کرتی اچھا بُرا ہر قسم کا لے جاتی ہے دوسرا وارث جو اس کے انتظار میں ہے تو مرے تو وہ لے لے اور تیسرا حصہ دار تو خود ہے۔ اگر ہو سکتا ہو اور تیری طاقت میں ہو تو تینوں حصہ داروں میں سب سے زیادہ عاجز نہ بن۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ اس لئے جو مال مجھے سب سے زیادہ پسند ہے اس کو میں اپنے لئے آگے چلتا کردوں تاکہ وہ میرے لئے جمع رہے[1]۔ ف تین حصہ داروں میں سب سے زیادہ عاجز نہ بن کا مطلب یہ ہے کہ جو ہو سکے اپنے لئے آخرۃ کا ذخیرہ جمع کرلے ایسا نہ ہو کہ مقدر غالب آجائے اور وہ مال تجھ سے ضائع ہو جائے یا تو مر جائے اور وہ دوسروں کے قبضہ میں آجائے کہ بعد میں کوئی کسی کو نہیں پوچھتا۔ آل اولاد بیوی بچے سب تھوڑے بہت دنوں رو کر چپ ہو جائیں گے۔ ایسا بہت کم ہوتا ہے کہ مرنے والے کے لئے بھی کچھ صدقہ خیرات کردیں۔ اور اس کو یاد رکھیں۔ ایک حدیث میں حضورؐ کا ارشاد وارد ہے آدمی کہتا ہے کہ میرا مال میرا مال۔ حالانکہ اس کا مال صرف وہ ہے جو کھا لیا اور ختم کردیا یا پہن لیا اور پرانا کردیا یا اللہ کے راستہ میں خرچ کردیا اور اپنے لئے خزانہ میں جمع کردیا۔ اس کے سوا جو کچھ ہے وہ دوسروں کا مال ہے لوگوں کے لئے جمع کر رہا ہے۔ ایک حدیث میں آیا ہے حضورؐ نے دریافت فرمایا تم میں سے ایسا کون شخص ہے جس کو اپنے وارث کا مال اپنے سے اچھا لگے صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہؐ

[1] درمنثور

ایسا کون ہوگا جس کو دوسرے کا مال اپنے سے زیادہ محبوب ہو حضورؐ نے فرمایا کہ اپنا مال صرف وہی ہے جو آگے بھیجدیا جائے اور جو چھوڑ دیا جائے وہ وارث کا مال ہے۔[1]

۱۱۔ حضرت جعفرؓ کا قصہ

حضرت جعفر طیارؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے چچازاد بھائی اور حضرت علیؓ کے حقیقی بھائی ہیں۔ اول تو یہ سارا ہی گھرانہ اور خاندان بلکہ آل اولاد سخاوت، کرم شجاعت بہادری میں ممتاز ہے اور ہیں لیکن حضرت جعفرؓ مساکین کے ساتھ خاص تعلق رکھتے تھے اور زیادہ اٹھنا بیٹھنا غرباء ہی کے ساتھ ہوتا۔ کفار کی تکالیف سے تنگ ہوکر اول حبشہ کی ہجرت کی اور کفار نے وہاں بھی پیچھا کیا تو نجاشی کے یہاں اپنی صفائی پیش کرنا پڑی جس کا قصہ پہلے باب کے عہ۱ پر گذرا۔ وہاں سے واپسی پر مدینہ طیبہ کی ہجرت کی اور غزوۂ موتہ میں شہید ہوئے جس کا قصہ اگلے باب کے ختم پر آرہا ہے۔ ان کے انتقال کی خبر پر حضورؐ ان کے گھر تعزیت کے طور پر تشریف لے گئے اور ان کے صاحبزادوں عبد اللہ اور عون اور محمد کو بلایا وہ سب کم عمر تھے ان کے سر پر ہاتھ پھیرا اور برکت کی دعا فرمائی۔ ساری ہی اولاد میں باپ کا رنگ تھا۔ مگر عبداللہ میں سخاوت کا مضمون بہت زیادہ تھا۔ اسی وجہ سے ان کا لقب قطب السخا، سخاوت کا قطب تھا۔ سات برس کی عمر میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت ہوئی۔ انہی عبداللہؓ بن جعفرؓ سے کسی شخص نے حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کے یہاں سفارش کرائی۔ ان کی سفارش پر اس کا کام ہوگیا تو اس نے نذرانہ کے طور پر چالیس ہزار درہم بھیجے انھوں نے واپس کردیئے کہ ہم لوگ اپنی نیکی کو فروخت نہیں کیا کرتے۔ ایک مرتبہ کہیں سے دو ہزار درہم نذرانہ میں آئے اسی مجلس میں تقسیم فرمادیئے۔ ایک تاجر بہت سی شکر لے کر آیا مگر بازار میں فروخت نہ ہوئی۔ اس کو فکر و رنج ہوا۔ عبداللہ بن جعفرؓ نے اپنے کارندوں سے کہا کہ ساری شکر اس سے خرید لو اور لوگوں میں مفت لٹادو۔ رات کو قبیلہ میں جو مہمان آجاتا تھا وہ ان کے یہاں سے کھانا پینا ہر قسم کی ضروریات پوری کرتا۔[2] حضرت زبیرؓ ایک لڑائی میں شریک تھے۔ ایک دن اپنے بیٹے عبداللہ کو وصیت فرمائی کہ میرا خیال یہ ہے کہ آج میں شہید ہوجاؤں گا۔ تم میرا قرضہ ادا کر دینا اور فلاں فلاں کام کرنا۔ یہ وصیتیں کر کے اسی دن شہید ہوگئے۔ صاحب زادہ نے جب قرضہ کو جوڑا تو بائیس لاکھ درہم تھے اور یہ قرضہ بھی اس طرح ہوا تھا کہ امانت دار بہت مشہور تھے۔ لوگ اپنی اپنی امانتیں بہت کثرت سے رکھتے۔ یہ فرما دیتے کہ رکھنے کی جگہ تو میرے پاس نہیں یہ رقم قرض ہے۔ جب تمہیں ضرورت ہو لے لینا۔ یہ کہہ کر اس کو صدقہ کر دیتے اور یہ بھی وصیت کی کہ جب کوئی مشکل پیش آئے تو میرے مولیٰ سے کہہ دینا۔ عبداللہؓ کہتے ہیں کہ میں مولیٰ کو نہ سمجھا میں نے پوچھا کہ آپ کے مولیٰ کون؟ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ۔ چنانچہ حضرت عبداللہؓ نے تمام قرضہ ادا کیا۔

[1] مشکوٰۃ [2] اصابہ

کہتے ہیں کہ جب کوئی وقت پیش آتی میں کہتا کہ اے زبیر کے مولیٰ فلاں کام نہیں ہوتا وہ فوراً ہو جاتا۔ یہ عبداللہ بن زبیرؓ کہتے ہیں کہ میں نے ایک مرتبہ ان عبداللہ بن جعفرؓ سے کہا کہ میرے والد کے قرضہ کی فہرست میں تمہارے ذمہ دس لاکھ درم لکھے ہیں۔ کہنے لگے کہ جب چاہو لے لو۔ اس کے بعد معلوم ہوا کہ مجھ سے غلطی ہوئی۔ میں دوبارہ گیا۔ میں نے کہا کہ وہ تمہارے ان کے ذمہ ہیں۔ کہنے لگے کہ میں نے معاف کر دیئے میں نے کہا کہ میں معاف نہیں کراتا کہنے لگے کہ جب تمہیں سہولت ہو دیدینا۔ میں نے کہا اس کے بدلہ میں زمین لے لو۔ غنیمت کے مال میں زمین بہت سی آئی ہوئی تھی۔ عبداللہ بن جعفرؓ نے کہا اچھا۔ میں نے ایک زمین ان کو دیدی جو معمولی حیثیت کی تھی۔ پانی وغیرہ اس میں نہیں تھا۔ انھوں نے فوراً قبول کر لی اور غلام سے کہا کہ اس زمین میں مصلیٰ بچھا دے۔ اس نے مصلیٰ بچھا دیا۔ دو رکعت نماز وہاں پڑھی اور بہت دیر تک سجدہ میں پڑے رہے۔ نماز سے فارغ ہو کر غلام سے کہا کہ اس جگہ کو کھودو۔ اس نے کھودنا شروع کیا۔ ایک پانی کا چشمہ وہاں سے ابلنے لگا[1] ف ان حضرات صحابہ کرامؓ کے یہاں یہ اور اس قسم کی چیزیں جو اس باب میں لکھی گئیں کوئی بڑی بات نہ تھی۔ ان حضرات کی عام عادتیں ایسی ہی تھیں۔

ساتواں باب : بہادری، دلیری اور موت کا شوق

جس کا لازمی نتیجہ بہادری ہے کہ جب آدمی مرنے ہی کے سر ہو جائے تو پھر سب کچھ کر سکتا ہے ساری بزدلی سوچ فکر زندگی ہی کے واسطے ہے اور جب مرنے کا اشتیاق پیدا ہو جائے تو نہ مال کی محبت رہے نہ دشمن کا خوف۔ کاش مجھے بھی ان سچوں کے طفیل یہ دولت نصیب ہو جاتی۔

۱۔ ابن جحشؓ اور ابن سعدؓ کی دعا

حضرت عبداللہ بن جحشؓ نے غزوہ احد میں حضرت سعدؓ بن ابی وقاص سے کہا کہ اے سعد آؤ مل کر دعا کریں۔ ہر شخص اپنی ضرورت کے موافق دعا کرے دوسرا آمین کہے کہ یہ قبول ہونے کے زیادہ قریب ہے۔ دونوں حضرات نے ایک کونے میں جا کر دعا فرمائی۔ اول حضرت سعدؓ نے دعا کی یا اللہ جب کل کو لڑائی ہو تو میرے مقابلہ میں ایک بڑے بہادر کو مقرر فرما جو سخت حملہ والا ہو وہ مجھ پر سخت حملہ کرے اور میں اس پر زوردار حملہ کروں۔ پھر مجھے اس پر فتح نصیب فرما کہ میں اس کو تیرے راستے میں قتل کروں اور اس کی غنیمت حاصل کروں۔ حضرت عبداللہؓ نے آمین کہی اس کے بعد حضرت عبداللہؓ نے دعا کی اے اللہ کل کو میدان میں ایک بہادر سے مقابلہ کرا جو سخت حملہ والا ہو۔ میں اس پر شدت سے حملہ کروں وہ بھی مجھ پر زور سے حملہ کرے اور پھر وہ مجھے قتل کر دے پھر میرے ناک کان کاٹ لے۔ پھر قیامت

[1] اسد الغابہ

میں جب تیرے حضور میں پیش ہو تو تو کہے کہ عبداللہ تیرے ناک کان کیوں کاٹے گئے۔ میں عرض کروں یا اللہ تیرے اور تیرے رسولؐ کے راستے میں کاٹے گئے، پھر تو کہے کہ سچ ہے میرے ہی راستے میں کاٹے گئے۔ حضرت سعدؓ نے آمین کہی۔ دوسرے دن لڑائی ہوئی اور دونوں حضرات کی دعائیں اسی طرح قبول ہوئیں جس طرح مانگی تھی[۱]۔ سعدؓ کہتے ہیں کہ عبداللہ بن جحشؓ کی دعا میری دعا سے بہتر تھی۔ میں نے شام کو دیکھا کہ ان کے ناک کان ایک تاگے میں پروئے ہوئے ہیں۔ اُحد کی لڑائی میں اُن کی تلوار بھی ٹوٹ گئی تھی۔ حضورؐ نے ان کو ایک ٹہنی عطا فرمائی جو اُن کے ہاتھ میں جاکر تلوار بن گئی اور عرصہ تک بعد میں رہی اور دوسو دینار کو فروخت ہوئی[۲]۔ دینار سونے کے ایک سکہ کا نام ہے۔ ف اس قصہ میں جہاں ایک جانب کمال بہادری ہے کہ بہادر دشمن سے مقابلہ کی تمنا ہے وہاں دوسری جانب کمال عشق بھی کہ محبوب کے راستے میں بدن کے ٹکڑے ٹکڑے ہونے کی تمنا کرے اور آخر میں جب وہ پوچھیں کہ یہ سب کیوں ہوا تو میں عرض کردوں کہ تمہارے لئے ؎

مرے لاشے کے ٹکڑے دفن کرنا سو مزاروں میں رہے گا کوئی تو تیغ ستم کے یادگاروں میں

۲۔ اُحد کی لڑائی میں حضرت علیؓ کی بہادری

غزوۂ احد میں مسلمانوں کو کچھ شکست ہوئی تھی جس کی بڑی وجہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک ارشاد پر عمل نہ کرنا تھی۔ جس کا ذکر باب ۱ قصہ ۲ میں گذر چکا۔ اس وقت مسلمان چاروں طرف سے کفار کے بیچ میں آگئے جس کی وجہ سے بہت سے لوگ شہید بھی ہوئے اور کچھ بھاگے بھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی کفار کے ایک جتھے کے بیچ میں آگئے اور کفار نے یہ مشہور کر دیا تھا کہ حضورؐ شہید ہوگئے۔ صحابہؓ اس خبر سے بہت پریشان حال تھے اور اسی وجہ سے بہت بھاگے بھی اور اِدھر اُدھر متفرق ہوگئے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ فرماتے ہیں کہ جب کفار نے مسلمانوں کو گھیر لیا اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم میری نظر سے اوجھل ہوگئے تو میں نے حضورؐ کو اول زندوں میں تلاش کیا نہ پایا۔ پھر شہداء میں جاکر تلاش کیا وہاں بھی نہ پایا تو میں نے اپنے دل میں کہا ایسا تو ہو نہیں سکتا کہ حضورؐ لڑائی سے بھاگ جائیں۔ بظاہر حق تعالیٰ شانہٗ ہمارے اعمال کی وجہ سے ہم پر ناراض ہوئے اس لئے اپنے پاک رسولؐ کو آسمان پر اٹھالیا اس لئے اب اس سے بہتر کوئی صورت نہیں کہ میں بھی تلوار لے کر کافروں کے جتھے میں گھس جاؤں یہاں تک کہ مارا جاؤں۔ میں نے تلوار لے کر حملہ کیا یہاں تک کہ کفار بیچ میں سے ہٹتے گئے اور میری نگاہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر پڑ گئی تو بیحد مسرت ہوئی اور میں نے سمجھا کہ اللہ جل شانہٗ نے ملائکہ کے ذریعہ سے اپنے محبوبؐ کی حفاظت کی۔ میں حضورؐ کے پاس جاکر کھڑا ہوا کہ ایک جماعت کی جماعت کفار کی حضورؐ پر حملہ کے لئے آئی حضورؐ نے

[۱] خمیس [۲] اصابہ

نے فرمایا کہ علیؓ ان کو روکو۔ میں نے تنہا نے اس جماعت کا مقابلہ کیا اور اُن کے مُنہ پھیر دیئے اور بعضوں کو قتل کر دیا۔ اس کے بعد پھر ایک اور جماعت حضورؐ پر حملہ کی نیت سے بڑھی۔ آپؐ نے پھر حضرت علیؓ کی طرف اشارہ فرمایا۔ انھوں نے پھر تنہا اس جماعت کا مقابلہ کیا۔ اس کے بعد حضرت جبرئیلؑ نے آکر حضرت علیؓ کی اس جوانمردی اور مدد کی تعریف کی تو حضورؐ نے فرمایا اِنَّهٗ مِنِّیْ وَاَنَا مِنْهُ بیشک علی مجھ سے ہیں اور میں علی سے ہوں۔ یعنی کمال اتحاد کی طرف اشارہ فرمایا تو حضرت جبرئیلؑ نے عرض کیا وَاَنَا مِنْکُمَا میں تم دونوں سے ہوں[1] ایک تنہا آدمی کا جماعت سے بھڑ جانا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مقدس ذات کو نہ پاکر مرجانے کی نیت سے کفار کے جمگھٹے میں گھس جانا۔ جہاں ایک طرف حضورؐ کے ساتھ سچی محبت اور عشق کا پتہ دیتا ہے وہاں دوسری جانب کمال بہادری اور دلیری جرأۃ کا بھی نقشہ ہے۔

۳۔ حضرت حنظلہؓ کی شہادت

غزوۂ اُحد میں حضرت حنظلہؓ اوّل سے شریک نہیں تھے۔ کہتے ہیں کہ ان کی نئی شادی ہوئی تھی بیوی سے ہمبستر ہوئے تھے۔ اس کے بعد غسل کی تیاری کر رہے تھے اور غسل کرنے کے لئے بیٹھ بھی گئے سر کو دھو رہے تھے کہ ایک دم مسلمانوں کی شکست کی آواز کان میں پڑی جس کی تاب نہ لاسکے۔ اسی حالت میں تلوار ہاتھ میں لی اور لڑائی کے میدان کی طرف بڑھے چلے گئے اور کفار پر حملہ کیا اور برابر بڑھتے چلے گئے کہ اسی حالت میں شہید ہوگئے چونکہ شہید کو اگر جنبی نہ ہو تو بغیر غسل دیئے دفن کیا جاتا ہے اس لئے ان کو بھی اسی طرح کر دیا۔ مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ ملائکہ ان کو غسل دے رہے ہیں۔ حضورؐ نے صحابہؓ سے ملائکہ کے غسل دینے کا تذکرہ فرمایا۔ ابو سعید ساعدیؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضورؐ کا یہ ارشاد سُن کر حنظلہ کو جاکر دیکھا تو اُن کے سر سے غسل کا پانی ٹپک رہا تھا۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے واپسی پر تحقیق فرمایا تو ان کے بغیر نہائے جانے کا قصہ معلوم ہوا[2] یہ بھی کمال بہادری ہے۔ بہادر آدمی کو اپنے ارادہ میں تاخیر کرنا دشوار ہوتا ہے اس لئے اتنا انتظار بھی نہیں کیا کہ غسل پورا کر لیتے۔

۴۔ حضرت عمرو بن جموحؓ کی تمنائے شہادت

حضرت عمرو بن جموحؓ پاؤں سے لنگڑے تھے ان کے چار بیٹے تھے جو اکثر حضورؐ کی خدمت میں بھی حاضر ہوتے اور لڑائیوں میں شرکت بھی کرتے تھے۔ غزوۂ احد میں عمرو بن جموحؓ کو بھی شوق پیدا ہوا کہ میں بھی جاؤں۔ لوگوں نے کہا کہ تم معذور ہو لنگڑے پن کی وجہ سے چلنا دشوار ہے۔ انھوں نے فرمایا کیسی بُری بات ہے کہ میرے بیٹے تو جنّت میں جائیں اور میں رہ جاؤں۔ بیوی نے بھی ابھارنے کے لئے طعنہ کے طور پر کہا کہ میں تو دیکھ رہی ہوں کہ وہ لڑائی سے بھاگ کر لوٹ آیا۔ عمروؓ نے یہ سن کر

[1] قرۃ العیون [2] ایضاً

ہتھیار لئے اور قبلہ کی طرف منہ کر کے دُعا کی اَللّٰھُمَّ لَا تَرُدَّنِیْ اِلٰی اَھْلِیْ (اے اللہ مجھے اپنے اہل کی طرف نہ لوٹا ئیو) اس کے بعد حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اپنی قوم کے منع کرنے کا اور اپنی خواہش کا اظہار کیا اور کہا کہ میں امید کرتا ہوں کہ اپنے لنگڑے پیر سے جنت میں چلوں پھروں۔ حضورؐ نے فرمایا کہ اللہ نے تم کو معذور کیا ہے تو نہ جانے میں کیا حرج ہے۔ انھوں نے پھر خواہش کی تو آپ نے اجازت دیدی۔ ابو طلحہؓ کہتے ہیں کہ میں نے عمروؓ کو لڑائی میں دیکھا کہ اکڑتے ہوئے جاتے تھے اور کہتے تھے کہ خدا کی قسم میں جنت کا مشتاق ہوں۔ اُن کا ایک بیٹا بھی اُن کے پیچھے دوڑا ہوا جاتا تھا۔ دونوں لڑتے رہے حتیٰ کہ دونوں شہید ہوئے ان کی بیوی اپنے خاوند اور بیٹے کی نعش کو اونٹ پر لاد کر دفن کے لئے مدینہ لانے لگیں تو وہ اونٹ بیٹھ گیا بڑی دقت سے اس کو مار کر اٹھایا اور مدینہ لانے کی کوشش کی مگر وہ احد ہی کی طرف منہ کرتا تھا۔ اُن کی بیوی نے حضورؐ سے ذکر کیا۔ آپ نے فرمایا کہ اونٹ کو یہی حکم ہے۔ کیا عمرو چلتے ہوئے کچھ کہہ گئے تھے۔ انھوں نے عرض کیا قبلہ کی طرف مُنہ کر کے یہ دُعا کی تھی اَللّٰھُمَّ لَا تَرُدَّنِیْ اِلٰی اَھْلِیْ آپ نے فرمایا اسی وجہ سے یہ اونٹ اس طرف نہیں جاتا۔[۱]

ف اسی کا نام ہے جنت کا شوق اور یہی ہے وہ سچا عشق اللہ کا اور اس کے رسولؐ کا جس کی وجہ سے صحابہؓ کہاں سے کہاں پہنچ گئے کہ ان کے جذبے مرنے کے بعد بھی ویسے ہی رہتے۔ بہتیری کوشش کی کہ اونٹ چلے مگر وہ یا تو بیٹھ جاتا یا اُحد کی طرف چلتا تھا۔

۵۔ حضرت مصعب بن عمیرؓ کی شہادت

حضرت مصعب بن عمیرؓ اسلام لانے سے پہلے بڑے ناز کے پلے ہوئے اور مالدار لڑکوں میں تھے ان کے باپ اِن کے لئے دو دو سو درم کا جوڑا خرید کر پہناتے تھے۔ نو عمر تھے بہت زیادہ ناز و نعمت میں پرورش پاتے تھے۔ اسلام کے شروع ہی زمانے میں گھر والوں سے چھپ کر مسلمان ہو گئے اور اسی حالت میں رہتے۔ کسی نے ان کے گھر والوں کو بھی خبر کر دی۔ انھوں نے ان کو باندھ کر قید کر دیا کچھ روز اسی حالت میں گزرے اور جب موقع ملا تو چھپ کر بھاگ گئے اور جو لوگ حبشہ کی طرف ہجرت کر رہے تھے ان کے ساتھ ہجرت کر کے چلے گئے وہاں سے واپس آکر مدینہ منورہ کی ہجرت فرمائی اور زہد و فقر کی زندگی بسر کرنے لگے۔ اور ایسی تنگی کی حالت تھی کہ ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلّم تشریف فرما تھے۔ حضرت مصعبؓ سامنے سے گذرے۔ ان کے پاس صرف ایک چادر تھی جو کئی جگہ سے پھٹی ہوئی تھی اور ایک جگہ بجائے کپڑے کے چمڑے کا پیوند لگا ہوا تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلّم ان کی اس حالت

---

[۱] قرۃ

اور اس پہلی حالت کا تذکرہ فرماتے ہوئے آنکھوں میں آنسو بھر لائے۔ غزوۂ احد میں مہاجرین کا جھنڈا ان کے ہاتھ میں تھا۔ جب مسلمان نہایت پریشانی کی حالت میں منتشر ہو رہے تھے تو یہ جمے ہوئے کھڑے تھے ایک کافر ان کے قریب آیا اور تلوار سے ہاتھ کاٹ دیا کہ جھنڈا گر جاوے اور مسلمانوں کو گویا کھلی شکست ہو جائے۔ انھوں نے فوراً دوسرے ہاتھ میں لے لیا۔ اس نے دوسرے ہاتھ کو بھی کاٹ ڈالا۔ انھوں نے دونوں بازوؤں کو جوڑ کر سینہ سے جھنڈے کو چمٹا لیا کہ گرے نہیں۔ اس نے ان کے تیر مارا جس سے شہید ہو گئے مگر زندگی میں جھنڈے کو گرنے نہ دیا۔ اس کے بعد جھنڈا گرا جس کو فوراً دوسرے شخص نے اٹھا لیا۔ جب ان کو دفن کرنے کی نوبت آئی تو صرف ایک چادر ان کے پاس تھی جو پورے بدن پر نہیں آتی تھی۔ اگر سر کی طرف سے ڈھانکا جاتا تو پاؤں کھل جاتے اور پاؤں کی طرف کی جاتی تو سر کھل جاتا۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ چادر کو سر کی جانب کر دیا جائے اور پاؤں پر اذخر کے پتے ڈال دیئے جائیں۔ [1] یہ آخری زندگی ہے اس نازک اور نازوں میں پلے ہوئے کی جو دو سو درم کا جوڑا پہنتا تھا کہ آج اس کو کفن کی ایک چادر بھی پوری نہیں ملتی اور اس پر ہمت یہ کہ زندگی میں جھنڈا نہ گرنے دیا۔ دونوں ہاتھ کٹ گئے مگر پھر بھی اس کو نہ چھوڑا۔ بڑے نازوں کے پلے ہوئے تھے مگر ایمان ان لوگوں کے دلوں میں کچھ ایسی طرح سے جمتا تھا کہ پھر وہ اپنے سوا کسی چیز کا بھی نہ چھوڑتا تھا۔ روپیہ پیسہ راحت آرام ہر قسم کی چیز سے ہٹا کر اپنے میں لگا لیتا تھا۔

۶۔ یرموک کی لڑائی میں حضرت سعدؓ کا خط

عراق کی لڑائی کے وقت حضرت عمرؓ کا ارادہ خود لڑائی میں شرکت فرمانے کا تھا۔ عوام اور خواص دونوں قسم کے مجمعوں سے کئی روز تک اس میں مشورہ ہوتا رہا کہ حضرت عمرؓ کا خود شریک ہونا زیادہ مناسب ہے یا مدینہ رہ کر لشکروں کے روانہ کرتے رہنے کا انتظام زیادہ مناسب ہے عوام کی رائے تھی کہ خود شرکت مناسب ہے اور خواص کی رائے تھی کہ دوسری صورت زیادہ بہتر ہے۔ مشوروں کی گفتگو میں حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کا بھی تذکرہ آ گیا۔ ان کو سب نے پسند کر لیا کہ ان کو اگر بھیجا جاوے تو بہت مناسب ہے پھر حضرت عمرؓ کے جانے کی ضرورت نہیں۔ حضرت سعدؓ بڑے بہادر اور عرب کے شیروں میں شمار ہوتے تھے۔ غرض یہ تجویز ہو گئی اور ان کو بھیج دیا گیا۔ جب قادسیہ پر حملہ کے لئے پہنچے تو شاہ کسریٰ نے ان کے مقابلہ کے لئے رستم کو جو مشہور پہلوان تھا تجویز کیا۔ رستم نے ہر چند کوشش کی اور بادشاہ سے بار بار اس کی درخواست کی کہ مجھے اپنے پاس رہنے دیں۔ خوف کا غلبہ تھا مگر اظہار اس کا کرتا تھا کہ میں یہاں سے لشکروں کے بھیجنے میں اور صلاح مشورہ میں مدد دوں گا۔ مگر بادشاہ نے

[1] تره، اصابہ

جس کا نام یزدجرد تھا، قبول نہ کیا اور اس کو مجبوراً جنگ میں شریک ہونا پڑا[1] حضرت سعدؓ جب روانہ ہونے لگے تو حضرت عمرؓ نے ان کو وصیت فرمائی جس کے الفاظ کا مختصر ترجمہ یہ ہے۔ ”سعد تمہیں یہ بات دھوکہ میں نہ ڈالے کہ تم حضورؐ کے ماموں کہلاتے ہو اور حضورؐ کے صحابیؓ ہو، اللہ تعالیٰ برائی کو برائی سے نہیں دھوتے بلکہ برائی کو بھلائی سے دھوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے اور بندوں کے درمیان کوئی رشتہ نہیں ہے اس کے یہاں صرف اس کی بندگی مقبول ہے۔ اللہ کے یہاں شریف رذیل سب برابر ہیں سب ہی اس کے بندے ہیں اور وہ سب کا رب ہے اس کے انعامات بندگی سے حاصل ہوتے ہیں ہر امر میں اس چیز کو دیکھنا جو حضورؐ کا طریقہ تھا وہی عمل کی چیز ہے۔ میری اس نصیحت کو یاد رکھنا۔ تم ایک بہت بڑے کام کے لئے بھیجے جارہے ہو، اس سے چھٹکارا صرف حق کے اتباع سے ہوسکتا ہے۔ اپنے آپ کو اور اپنے ساتھیوں کو خوبی کا عادی بنانا، اللہ کے خوف کو اختیار کرنا اور اللہ کا خوف دو باتوں میں جمع ہوتا ہے۔ اس کی اطاعت میں اور گناہ سے پرہیز کرنے میں۔ اور اللہ کی اطاعت جس کو بھی نصیب ہوئی دنیا سے بغض اور آخرت کی محبت سے نصیب ہوئی“[2] اس کے بعد حضرت سعدؓ نہایت بشاشت سے لشکر لے کر روانہ ہوئے جس کا اندازہ اس خط سے ہوتا ہے جو انھوں نے رستم کو لکھا ہے جس میں وہ لکھتے ہیں فَاِنَّ مَعِیَ قَوْمًا یُحِبُّوْنَ الْمَوْتَ کَمَا یُحِبُّوْنَ الْاَعَاجِمُ الْخَمْرَ بیشک میرے ساتھ ایسی جماعت ہے جو موت کو ایسا ہی محبوب رکھتی ہے جیسا کہ تم لوگ شراب پینے کو محبوب رکھتے ہو[3] ف شراب کے دلدادوں سے پوچھو کہ اس میں کیا مزہ ہے۔ جو لوگ موت کو ایسا محبوب رکھتے ہوں کامیابی کیوں نہ ان کے قدم چومے۔

۷۔ حضرت وہبؓ بن قابوسؓ کی احد میں شہادت

حضرت وہبؓ بن قابوسؓ ایک صحابی ہیں جو کسی وقت میں مسلمان ہوئے تھے اور اپنے گھر کسی گاؤں میں رہتے تھے۔ بکریاں چراتے تھے۔ اپنے بھتیجے کے ساتھ ایک رسی میں بکریاں باندھے ہوئے مدینہ منورہ پہنچے پوچھا کہ حضورؐ کہاں تشریف لے گئے۔ معلوم ہوا کہ احد کی لڑائی پر گئے ہوئے ہیں بکریوں کو وہیں چھوڑ کر حضورؐ کے پاس پہنچ گئے۔ اتنے میں ایک جماعت کفار کی حملہ کرتی ہوئی آئی۔ حضورؐ نے فرمایا جو ان کو منتشر کردے وہ جنت میں میرا ساتھی ہے۔ حضرت وہبؓ نے زور سے تلوار چلانی شروع کی اور سب کو ہٹادیا۔ دوسری مرتبہ پھر یہی صورت پیش آئی۔ تیسری مرتبہ پھر ایسا ہی ہوا۔ حضورؐ نے ان کو جنت کی خوشخبری دی۔ اس کا سننا تھا کہ تلوار لے کر کفار کے جمگھٹے میں گھس گئے اور شہید ہوئے۔ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کہتے ہیں کہ میں نے وہب جیسی دلیری اور بہادری کسی کی بھی کسی لڑائی میں

---

[1] اشہر [2] ایضاً [3] تفسیر عزیزی اول

نے نہ اس کی پرواہ کی کہ قاصد کو مارنا کسی قوم کے نزدیک بھی جائز نہیں۔ اور نہ اس کا لحاظ کیا کہ میرا چچا ان حضرات کو اپنی پناہ میں لایا ہے۔ ان کو شہید کرنے کے بعد اس نے اپنی قوم کو جمع کیا اور اس پر آمادہ کیا کہ ان مسلمانوں میں سے ایک کو بھی زندہ نہ چھوڑو۔ لیکن ان لوگوں نے ابو براء کی پناہ کی وجہ سے تردد کیا۔ تو اس نے آس پاس کے اور لوگوں کو جمع کیا اور بہت بڑی جماعت کے ساتھ ان ستر صحابہؓ کا مقابلہ کیا یہ حضرات آخر کہاں تک مقابلہ کرتے اور چاروں طرف سے کفار میں گھرے ہوئے تھے۔ بجز ایک کعبؓ بن زید کے جن میں کچھ زندگی کی رمق باقی تھی اور کفار ان کو مردہ سمجھ کر چھوڑ گئے تھے۔ باقی سب شہید ہو گئے۔ حضرت منذرؓ اور عمرؓ جو اونٹ چرانے گئے ہوئے تھے انھوں نے آسمان کی طرف دیکھا تو مردار خور جانور اُڑ رہے تھے۔ دونوں حضرات یہ کہہ کر لوٹے کہ ضرور کوئی حادثہ پیش آیا۔ یہاں آکر دیکھا تو اپنے ساتھیوں کو شہید پایا اور سواروں کی خون کی بھری ہوئی تلواریں لئے ہوئے ان کے گرد چکر لگاتے دیکھا۔ یہ حالت دیکھ کر دونوں حضرات ٹھٹکے اور باہم مشورہ کیا کہ کیا کرنا چاہیے۔ عمرؓ بن امیہ نے کہا کہ چلو واپس چل کر حضورؐ کو اطلاع دیں مگر حضرت منذرؓ نے جواب دیا کہ خبر تو ہو ہی جاوے گی۔ میرا دل نہیں مانتا کہ شہادت کو چھوڑوں اور اس جگہ سے چلا جاؤں جہاں ہمارے دوست پڑے سو رہے ہیں۔ آگے بڑھو اور ساتھیوں سے جا ملو۔ چنانچہ دونوں آگے بڑھے اور میدان میں کود گئے۔ حضرت منذرؓ شہید ہوئے اور حضرت عمرؓ بن امیہ گرفتار ہوئے مگر چونکہ عامر کی ماں کے ذمہ کسی منت کے سلسلہ میں ایک غلام کا آزاد کرنا تھا۔ اس لئے عامر نے ان کو اس منت میں آزاد کیا[1] ان حضرات میں حضرت ابوبکر صدیقؓ کے غلام حضرت عامرؓ بن فہیرہ بھی تھے۔ ان کے قاتل جبار بن سلمی کہتے ہیں کہ میں نے جب ان کے برچھا مارا اور وہ شہید ہوئے تو انھوں نے کہا فُزْتُ وَ اللّٰہِ خدا کی قسم میں کامیاب ہوا۔ اس کے بعد میں نے دیکھا کہ ان کی نعش آسمان کو اڑی چلی گئی۔ میں بہت متحیر ہوا اور میں نے بعد میں لوگوں سے پوچھا کہ میں نے خود برچھا مارا وہ مرے لیکن پھر بھی وہ کہتے ہیں ہیں کامیاب ہو گیا تو وہ کامیابی کیا تھی۔ لوگوں نے بتایا کہ وہ کامیابی جنت کی تھی۔ اس پر میں مسلمان ہو گیا[2] ف یہ ہی وہ لوگ ہیں جن پر اسلام کو بجا طور پر فخر ہے بیشک موت اُن کے لئے شراب سے زیادہ محبوب تھی اور کیوں نہ ہوتی جب دُنیا میں کام ہی ایسے کئے تھے جن پر اللہ کے یہاں کی سرخروئی یقینی تھی اسی لئے جو مرتا تھا وہ کامیاب ہوتا تھا۔

۹۔ حضرت عمیرؓ کا قول کہ کھجوریں کھانا طویل زندگی ہے

غزوۂ بدر میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک خیمہ میں تشریف فرما تھے۔ آپؐ نے صحابہؓ سے ارشاد فرمایا کہ اٹھو اور بڑھو ایسی جنت کی طرف جس کی چوڑائی آسمان و زمین سے کہیں زیادہ ہے اور متقیوں کے واسطے

[1] سلام [2] خمیس

بنائی گئی ہے۔ حضرت عمیر بن الحمامؓ ایک صحابی ہیں وہ بھی سُن رہے تھے کہنے لگے واہ واہ۔ حضورؐ نے فرمایا۔ واہ واہ کس بات پر کہا۔ عرض کیا یا رسول اللہؐ مجھے یہ تمنا ہے کہ میں بھی ان میں سے ہوتا۔ آپؐ نے فرمایا تم بھی ان میں سے ہو۔ اس کے بعد جھولی میں سے چند کھجوریں نکال کر کھانے لگے۔ اس کے بعد کہنے لگے کہ ان کھجوروں کے ختم ہونے کا انتظار جو ہاتھ میں ہیں بڑی لمبی زندگی ہے کہاں تک انتظار کروں گا یہ کہہ کر ان کو پھینک دیا اور تلوار لے کر مجمع میں گھُس گئے اور شہید ہونے تک لڑتے رہے[1] ف حقیقت میں یہی لوگ جنت کے قدر دان ہیں اور اس پر یقین رکھنے والے ہم لوگوں کو بھی اگر یقین نصیب ہو جائے تو ساری باتیں سہل ہو جائیں۔

۱۰۔ حضرت عمرؓ کی ہجرت

حضرت عمرؓ کا تو ذکر ہی کیا ہے بچہ بچہ ان کی بہادری سے واقف اور شجاعت کا معترف ہے۔ اسلام کے شروع میں جب مسلمان سب ہی ضعف کی حالت میں تھے۔ حضورؐ نے خود اسلام کی قوت کے واسطے عمرؓ کے مسلمان ہونے کی دُعا کی اور قبول ہوئی حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ کعبہ کے قریب اس وقت تک نماز نہیں پڑھ سکتے تھے۔ جب تک کہ عمرؓ مسلمان نہیں ہوئے۔ حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ اوّل اوّل ہر شخص نے ہجرت چھپ کر کی۔ مگر جب عمرؓ نے ہجرت کا ارادہ کیا تو تلوار گلے میں ڈالی کمان ہاتھ میں لی اور بہت سے تیر ساتھ لئے اوّل مسجد میں گئے۔ طواف اطمینان سے کیا۔ پھر اطمینان سے نماز پڑھی۔ اس کے بعد کفار کے مجمعوں میں گئے اور فرمایا کہ جس کا یہ دل چاہے کہ اس کی ماں اس کو روئے اس کی بیوی رانڈ ہو اس کے بچے یتیم ہوں وہ مکّہ سے باہر آکر میرا مقابلہ کرے۔ یہ الگ الگ جماعتوں کو سنا کر تشریف لے گئے۔ کسی ایک شخص کی بھی ہمت نہ پڑی کہ پیچھا کرتا[2]

۱۱۔ غزوۂ موتہ کا قصّہ

حضور اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم نے مختلف بادشاہوں کے پاس تبلیغی دعوت نامے ارسال فرمائے تھے۔ ان میں ایک خط حضرت حارث بن عمیرؓ ازدی کے ہاتھ بُصریٰ کے بادشاہ کے پاس بھی بھیجا تھا جب یہ موتہ پہنچے تو شرجیل غسانی نے جو قیصر کے حکام میں سے ایک شخص تھا ان کو قتل کر دیا۔ قاصدوں کا قتل کسی کے نزدیک بھی پسندیدہ نہیں۔ حضورؐ کو یہ بات بہت گراں ہوئی اور آپ نے تین ہزار کا ایک لشکر تجویز فرما کر حضرت زید بن حارثہ کو ان پر امیر مقرر فرمایا کہ اگر یہ شہید ہو جائیں تو جعفر بن ابی طالبؓ امیر بنائے جائیں وہ بھی شہید ہو جائیں۔ تو عبد اللہ بنؓ رواحہ امیر ہوں وہ بھی شہید ہو جائیں تو پھر مسلمان جس کو دل چاہے امیر بنالیں۔ ایک یہودی اس گفتگو کو سُن رہا تھا اس نے

[1] طبقات ابن سعد [2] اسد الغابہ

کہا یہ تینوں تو ضرور شہید ہوں گے۔ پہلے انبیاء کی اس قسم کے کلام کا یہی مطلب ہوتا ہے۔ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سفید جھنڈا بنا کر حضرت زیدؓ کے حوالے فرمایا اور خود مع ایک جماعت کے ان حضرات کو رخصت فرمانے تشریف لے گئے۔ شہر کے باہر جب پہنچانے والے واپس آنے لگے تو ان مجاہدین کے لئے دعا کی کہ حق تعالیٰ شانہٗ تم کو سلامتی کے ساتھ کامیابی کے ساتھ واپس لائے اور ہر قسم کی برائی سے محفوظ رکھے۔ حضرت عبداللہ بن رواحہؓ نے اس کے جواب میں تین شعر پڑھے جن کا مطلب یہ تھا کہ میں تو اپنے رب سے گناہوں کی مغفرت چاہتا ہوں اور یہ چاہتا ہوں کہ ایک ایسی تلوار ہو جس سے میرے خون کے فوارے چھوٹنے لگیں یا ایسا برچھا ہو جو آنتوں اور کلیجہ کو چیرتا ہوا نکل جائے اور جب لوگ میری قبر پر گذریں تو یہ کہیں کہ اللہ تجھ غازی کو رشید اور کامیاب کرے واقعی تُو تو رشید اور کامیاب تھا۔ اس کے بعد یہ حضرات روانہ ہو گئے۔ شرجیل کو بھی ان کی روانگی کا علم ہوا۔ وہ ایک لاکھ فوج کے ساتھ مقابلہ کے لئے تیار ہوا۔ یہ حضرات کچھ آگے چلے تو معلوم ہوا کہ خود ہرقل روم کا بادشاہ بھی ایک لاکھ فوج ساتھ لئے ہوئے مقابلہ کے لئے آرہا ہے۔ ان حضرات کو اس خبر سے تردد ہوا کہ اتنی بڑی جمعیت کا مقابلہ کیا جاوے یا حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع دی جاوے۔ حضرت عبداللہ بن رواحہؓ نے للکار کر فرمایا اے لوگو! تم کس بات سے گھبرا رہے ہو، تم کس چیز کے ارادہ سے نکلے ہو تمہارا مقصود شہید ہو جانا ہے۔ ہم لوگ کبھی بھی قوت اور آدمیوں کی کثرت کے زور پر نہیں لڑے۔ ہم صرف اس دین کی وجہ سے لڑے ہیں جس کی وجہ سے اللہ نے ہمیں اکرام نصیب فرمایا ہے آگے بڑھو۔ دو کامیابیوں میں سے ایک تو ضروری ہے یا شہادت یا غلبہ، یہ سن کر مسلمانوں نے ہمت کی اور آگے بڑھ گئے۔ حتیٰ کہ موتہ پر پہنچ کر لڑائی شروع ہو گئی۔ حضرت زیدؓ نے جھنڈا ہاتھ میں لیا اور میدان میں پہنچے۔ گھمسان کی لڑائی شروع ہو گئی۔ شرجیل کا بھائی بھی مارا گیا اور اس کے ساتھی بھاگ گئے۔ خود شرجیل بھی بھاگ کر ایک قلعہ میں چھپ گیا اور ہرقل کے پاس مدد کے لئے آدمی بھیجا۔ اس نے تقریباً دو لاکھ فوج بھیجی اور لڑائی زور سے ہوتی رہی۔ حضرت زیدؓ شہید ہوئے تو حضرت جعفرؓ نے جھنڈا لیا اور اپنے گھوڑے کے خود ہی پاؤں کاٹ دیئے۔ تاکہ واپسی کا خیال بھی دل میں نہ آئے اور چند اشعار پڑھے جن کا ترجمہ یہ ہے اے لوگو کیا ہی اچھی ہے جنت اور کیا ہی اچھا ہے اس کا قریب ہونا۔ کتنی بہترین چیز ہے اور کتنا ٹھنڈا ہے اس کا پانی۔ اور ملک روم کے لوگوں پر عذاب کا وقت آگیا۔ مجھ پر بھی لازم ہے کہ ان کو ماروں، یہ اشعار پڑھے اور اپنے گھوڑے کے پاؤں خود ہی کاٹ چکے تھے کہ واپسی کا خیال بھی دل میں نہ آوے اور تلوار لے کر کافروں کے مجمع میں گھس گئے۔ امیر ہونے کی وجہ

سے جھنڈا بھی انہی کے پاس تھا۔ اوّل جھنڈا دائیں ہاتھ میں لیا۔ کافروں نے دایاں ہاتھ کاٹ دیا کہ جھنڈا گر جائے۔ انھوں نے فوراً بائیں ہاتھ میں لیا۔ انھوں نے وہ بھی کاٹا۔ تو انہوں نے دونوں بازوؤں سے اس کو تھاما اور منہ سے مضبوط پکڑ لیا۔ ایک شخص نے پیچھے سے ان کے دو ٹکڑے کر دیئے جس سے یہ گر پڑے۔ اس وقت ان کی عمر تینتیس سال کی تھی۔ حضرت عبداللہ بن عمر رض کہتے ہیں کہ ہم نے بعد میں نعشوں میں سے حضرت جعفر رض کو جب اٹھایا تو ان کے بدن کے اگلے حصے میں نوّے زخم تھے۔ جب یہ شہید ہوگئے تو لوگوں نے عبداللہ بن رواحہ رض کو آواز دی۔ وہ لشکر کے ایک کونہ میں گوشت کا ٹکڑا کھا رہے تھے کہ تین دن سے کچھ چکھنے کو بھی نہ ملا تھا۔ وہ آواز سنتے ہی گوشت کے ٹکڑے کو پھینک کر اپنے آپ کو ملامت کرتے ہوئے کہ جعفر رض تو شہید ہو جائیں اور تو دنیا میں مشغول رہے۔ آگے بڑھے اور جھنڈا لے کر قتال شروع کر دیا۔ انگلی میں زخم آیا۔ وہ لٹک گئی تو انھوں نے پاؤں سے اس کٹی ہوئی انگلی کو دبا کر ہاتھ کھینچا وہ الگ ہوگئی اس کو پھینک دیا اور آگے بڑھے۔ اس گھمسان اور پریشانی کی حالت میں تھوڑا سا تردد بھی پیش آیا کہ نہ ہمت نہ مقابلہ کی طاقت۔ لیکن اس تردد کو تھوڑی ہی دیر گذری تھی کہ اپنے دل کو مخاطب بنا کر کہا۔ او دل کس چیز کا اب اشتیاق باقی ہے جس کی وجہ سے تردد ہے کیا بیوی کا ہے تو اس کو تین طلاق۔ یا غلاموں کا ہے تو وہ سب آزاد۔ یا باغ کا ہے تو وہ اللہ کے راستے میں صدقہ۔ اس کے بعد چند شعر پڑھے جن کا ترجمہ یہ ہے۔ قسم ہے او دل تجھے، اُترنا ہوگا خوشی سے اُتر یا ناگواری سے اُتر۔ تجھے اطمینان کی زندگی گذارتے ہوئے ایک زمانہ گذر چکا۔ سوچ تو آخر تو ایک قطرۂ منی ہے۔ دیکھ کافر لوگ مسلمانوں پر کھنچے ہوئے آرہے ہیں تجھے کیا ہوا کہ جنت کو پسند نہیں کرتا۔ اگر تو قتل نہ ہوا تو ویسے بھی آخر مرے ہی گا۔ اس کے بعد گھوڑے سے اترے۔ ان کے چچا زاد بھائی گوشت کا ایک ٹکڑا لائے کہ ذرا سا کھا لو کمر سیدھی کر لو۔ کئی دن سے کچھ نہیں کھایا۔ انھوں نے لے لیا۔ اتنے میں ایک جانب سے حملے کی آواز آئی۔ اس کو پھینک دیا اور تلوار لے کر جماعت میں گھس گئے اور شہید ہونے تک تلوار چلاتے رہے۔[1] ف صحابہ رض کی پوری زندگی کا یہی نمونہ ہے۔ ان کا ہر حصہ دنیا کی بے ثباتی اور آخرت کے شوق کا سبق دیتا ہے۔ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کا تو پوچھنا ہی کیا۔ تابعین پر بھی یہی رنگ چڑھا ہوا تھا۔ ایک قصہ پر اس باب کو ختم کرتا ہوں جو دوسرے رنگ کا ہے۔ دشمن سے مقابلہ کے نمونے تو آپ دیکھ ہی چکے ہیں۔ اب حکومت کے سامنے کا منظر بھی دیکھ لیجئے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے اَفْضَلُ الْجِهَادِ

---

[1] خمیس۔

كَلِمَةُ حَقٍّ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ بہترین جہاد ظالم بادشاہ کے سامنے حق بات کہنا ہے۔ حجاج[1] کا ظلم و ستم دنیا میں مشہور ہے گو اس زمانہ کے بادشاہ باوجود ظلم و ستم کے دین کی اشاعت کا کام بھی کرتے رہتے تھے لیکن پھر بھی دین دار اور عادل بادشاہوں کے لحاظ سے وہ بدترین شمار ہوتے تھے اور اس وجہ سے لوگ ان سے بیزار تھے۔ سعیدؒ بن جبیر نے بھی ابن الاشعث کے ساتھ مل کر حجاج کا مقابلہ کیا۔ حجاج عبدالملک بن مروان کی طرف سے حاکم تھا۔ سعیدؒ بن جبیرؓ مشہور تابعی ہیں اور بڑے علماء میں سے ہیں۔ حکومت اور بالخصوص حجاج کو ان سے بغض و عداوت تھی اور چونکہ مقابلہ کیا تھا اس لئے عداوت کا ہونا بھی ضروری تھا۔ مقابلہ میں حجاج ان کو گرفتار نہ کرسکا۔ یہ شکست کے بعد چھپ کر مکّہ مکرمہ چلے گئے۔ حکومت نے اپنے ایک خاص آدمی کو مکہ کا حاکم بنایا اور پہلے حاکم کو اپنے پاس بلالیا۔ اس نئے حاکم نے جا کر خطبہ پڑھا جس کے اخیر میں عبدالملک بن مروان بادشاہ کا حکم بھی سنایا کہ جو شخص سعیدؒ بن جبیر کو ٹھکانا دے اس کی خیر نہیں۔ اس کے بعد اس حاکم نے خود اپنی طرف سے بھی قسم کھائی کہ جس کے گھر میں وہ ملے گا اس کو قتل کیا جائے گا۔ اور اس کے گھر کو نیز اس کے پڑوسیوں کے گھر کو ڈھاؤں گا غرض بڑی دقت سے مکّہ کے حاکم نے ان کو گرفتار کرکے حجاج کے پاس بھیجدیا۔ اس کو غصہ نکالنے اور ان کو قتل کرنے کا موقع مل گیا سامنے بلایا اور پوچھا:۔ حجاج: تیرا کیا نام ہے۔ سعیدؓ: میرا نام سعید ہے۔ حجاج: کس کا بیٹا ہے۔ سعید: جبیر کا بیٹا ہوں (سعید کا ترجمہ نیک بخت ہے اور جبیر کے معنی اصلاح کی ہوئی چیز۔ اگرچہ ناموں میں معنی اکثر مقصود نہیں ہوتے۔ لیکن حجاج کو ان کے نام کا اچھے معنی والا ہونا پسند نہیں آیا۔ اس لیے کہا۔ نہیں تو شقی بن کسیر ہے۔ شقی کہتے ہیں۔ بدبخت کو اور کسیر ٹوٹی ہوئی چیز۔ سعید: میری والدہ میرا نام تجھ سے بہتر جانتی تھیں۔ حجاج: تو بھی بدبخت تیری ماں بھی بدبخت۔ سعید: غیب کا جاننے والا تیرے علاوہ اور شخص ہے (یعنی علام الغیوب) حجاج: دیکھ میں اب تجھے موت کے گھاٹ اتارتا ہوں۔ سعید: تو میری ماں نے میرا نام درست رکھا۔ حجاج: اب میں تجھ کو زندگی کے بدلہ کیسا جہنم رسید کرتا ہوں۔ سعید: اگر میں جانتا کہ یہ تیرے اختیار میں ہے تو تجھ کو معبود بنالیتا۔ حجاج: حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت تیرا کیا عقیدہ ہے۔ سعید: وہ رحمت کے نبی تھے اور اللہ کے رسول تھے جو بہترین نصیحت کے ساتھ تمام دنیا کی طرف بھیجے گئے۔ حجاج: خلفاء کی نسبت تیرا کیا خیال ہے۔ سعید:

---

[1] حضرت سعید بن جبیر اور حجاج کی گفتگو۔

میں ان کا محافظ نہیں ہوں۔ ہر شخص اپنے کیے کا ذمہ دار ہے۔ حجاج: میں ان کو برا کہتا ہوں یا اچھا۔ سعید: جس چیز کا مجھے علم نہیں میں اس میں کیا کہہ سکتا ہوں، مجھے اپنا ہی حال معلوم ہے۔ حجاج: ان میں سے سب سے زیادہ پسندیدہ تیرے نزدیک کون ہے۔ سعید: جو سب سے زیادہ میرے مالک کو راضی کرنے والا تھا: بعض کتب میں بجائے اس کے یہ جواب ہے کہ ان کے حالات بعض کو بعض پر ترجیح دیتے ہیں۔ حجاج: سب سے زیادہ راضی رکھنے والا کون تھا۔ سعید: اس کو وہی جانتا ہے جو دل کے بھیدوں اور چھپے ہوئے رازوں سے واقف ہے۔ حجاج: حضرت علی رضی اللہ عنہ جنت میں ہیں یا دوزخ میں۔ سعید: اگر میں جنت اور جہنم میں جاؤں اور وہاں والوں کو دیکھ لوں تو بتلا سکتا ہوں۔ حجاج: میں قیامت میں کیسا آدمی ہوں گا۔ سعید: میں اس سے کم ہوں کہ غیب پر مطلع کیا جاؤں۔ حجاج: تو مجھ سے سچ بولنے کا ارادہ نہیں کرتا۔ سعید: میں نے جھوٹ بھی نہیں کہا۔ حجاج: تو کبھی ہنستا کیوں نہیں۔ سعید: کوئی بات ہنسنے کی دیکھتا نہیں اور وہ شخص کیا ہنسے جو مٹی سے بنا ہو اور قیامت میں جس کو جانا ہو اور دنیا کے فتنوں میں دن رات رہتا ہو۔ حجاج: میں تو ہنستا ہوں۔ سعید: اللہ نے ایسے ہی مختلف طریقوں میں ہم کو بنایا ہے۔ حجاج: میں تجھے قتل کرنے والا ہوں۔ سعید: میری موت کا سبب پیدا کرنے والا اپنے کام سے فارغ ہو چکا۔ حجاج: میں اللہ کے نزدیک تجھ سے زیادہ محبوب ہوں۔ سعید: اللہ پر کوئی بھی جرأت نہیں کر سکتا۔ جب تک کہ اپنا مرتبہ معلوم نہ کر لے اور غیب کی اللہ ہی کو خبر ہے۔ حجاج: میں کیوں نہیں جرأت کر سکتا حالانکہ میں جماعت کے بادشاہ کے ساتھ ہوں اور تو باغیوں کی جماعت کے ساتھ ہے۔ سعید: میں جماعت سے علیحدہ نہیں ہوں اور فتنہ کو خود ہی پسند نہیں کرتا اور جو تقدیر میں ہے اس کو کوئی ٹال نہیں سکتا۔ حجاج: ہم جو کچھ امیر المومنین کے لیے جمع کرتے ہیں اس کو تو کیسا سمجھتا ہے۔ سعید: میں نہیں جانتا کہ کیا جمع کیا۔ حجاج نے سونا چاندی کپڑے وغیرہ منگا کر ان کے سامنے رکھ دیئے۔ سعید: یہ اچھی چیزیں ہیں اگر اپنی شرط کے موافق ہوں۔ حجاج: شرط کیا ہے۔ سعید: یہ کہ تو ان سے ایسی چیزیں خریدے جو بڑے گھبراہٹ کے دن یعنی قیامت کے دن امن پیدا کرنے والی ہوں، ورنہ ہر دودھ پلانے والی دودھ پینے کو بھول جائے گی اور حمل گر جائیں گے اور آدمی کو اچھی چیز کے سوا کچھ بھی کام نہ دے گی۔ حجاج: ہم نے جو جمع کیا یہ اچھی چیز نہیں۔ سعید: تو نے جمع کیا تو ہی اس کی اچھائی کو سمجھ سکتا ہے۔ حجاج: کیا تو اس میں سے کوئی چیز اپنے لیے پسند کرتا ہے۔ سعید: میں صرف اس چیز کو پسند کرتا ہوں جس کو اللہ پسند کرے۔ حجاج: تیرے لیے ہلاکت ہو۔ سعید: ہلاکت اس شخص کے لیے ہے جو جنت سے

ہٹا کر جہنم میں داخل کر دیا جائے۔ حجاج: (دق ہو کر) بتلا کہ میں تجھے کس طریقے سے قتل کروں۔ سعید: جس طرح سے قتل ہونا اپنے لیے پسند ہو۔ حجاج: کیا تجھے معاف کر دوں۔ سعید: معافی اللہ کے یہاں کی معافی ہے۔ تیرا معاف کرنا کوئی چیز بھی نہیں۔ حجاج نے جلاد کو حکم دیا کہ اس کو قتل کر دو۔ سعید باہر لائے گئے اور ہنسے۔ حجاج کو اس کی اطلاع دی گئی۔ پھر بلایا اور پوچھا۔ حجاج: تو کیوں ہنسا۔ سعید: تیری اللہ پر جرأت اور اللہ تعالیٰ کے تجھ پر حلم سے۔ حجاج: میں اس کو قتل کرتا ہوں جس نے مسلمانوں کی جماعت میں تفریق کی۔ پھر جلاد سے خطاب کر کے میرے سامنے اس کی گردن اڑاؤ۔ سعید: میں دو رکعت نماز پڑھ لوں۔ نماز پڑھی پھر قبلہ رُخ ہو کر وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ پڑھا یعنی میں نے اپنا منہ اُس پاک ذات کی طرف کیا جس نے آسمان زمین بنائے اور میں سب طرف سے ہٹ کر ادھر متوجہ ہوا اور نہیں ہوں مشرکین سے۔ حجاج: اس کا منہ قبلہ سے پھیر دو اور نصاریٰ کے قبلہ کی طرف کر دو کہ انھوں نے بھی اپنے دین میں تفریق پیدا کی اور اختلاف پیدا کیا۔ چنانچہ فوراً پھیر دیا گیا۔ سعید: فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ الْكَافِيْ بِالسَّرَائِرِ۔ جدھر تم منہ پھیرو اُدھر بھی خدا ہے جو بھیدوں کا جاننے والا ہے۔ حجاج: اوندھا ڈال دو (یعنی زمین کی طرف منہ کر دو) ہم تو ظاہر پر عمل کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ سعید: مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى۔ ہم نے زمین ہی سے تم کو پیدا کیا اور اسی میں تم کو لوٹائیں گے اور اسی سے پھر دوبارہ اٹھائیں گے۔ حجاج: اس کو قتل کر دو۔ سعید: میں تجھے اس بات کا گواہ بناتا ہوں۔ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ تو اُس کو محفوظ رکھنا۔ جب میں تجھ سے قیامت کے دن ملوں گا۔ تو لے لوں گا اس کے بعد وہ شہید کر دیئے گئے اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔ ان کے انتقال کے بعد بدن سے خون بہت زیادہ نکلا جس سے حجاج کو بھی حیرت ہوئی۔ اپنے طبیب سے اس کی وجہ پوچھی۔ اس نے کہا کہ ان کا دل نہایت مطمئن تھا اور قتل کا ذرا بھی خوف ان کے دل میں نہیں تھا اس لیے خون اپنی اصلی مقدار پر قائم رہا بخلاف اور لوگوں کے کہ خوف سے اُن کا خون پہلے ہی خشک ہو جاتا ہے۔ ف اس قصہ کے سوال جواب میں کتب میں کمی زیادتی بھی ہے اور بھی بعض بعض سوال جواب نقل کیے گئے۔ ہمیں تو نمونہ ہی دکھانا تھا۔ اس لیے اسی پر اکتفا کیا گیا۔ تابعین کے اس قسم کے قصے بہت زیادہ ہیں۔ حضرت امام اعظمؒ امام مالکؒ امام احمد بن حنبلؒ وغیرہ حضرات اسی حق گوئی کی وجہ سے ہمیشہ مشقتیں برداشت فرماتے رہے۔ لیکن حق کو ہاتھ سے نہیں چھوڑا۔

ف علمائے سلف کتاب الامامۃ والسیاسۃ

آٹھواں باب علمی ولولہ اور اس کے انہماک

چونکہ اصل دین کلمۂ توحید ہے اور وہی سب کمالات کی بنیاد ہے۔ جب تک وہ نہ ہو کوئی کارِ خیر بھی مقبول نہیں اس لیے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی ہمت بالخصوص ابتدائی زمانہ میں زیادہ تر کلمۂ توحید کے پھیلانے اور کفار سے جہاد کرنے میں مشغول تھی اور وہ علمی انہماک کے لیے فارغ و یکسو نہ تھے۔ لیکن اس کے باوجود ان مشاغل کے ساتھ ان کا انہماک اور شوق و شغف جس کا ثمرہ آج چودہ سو برس تک علوم قرآن وحدیث کا بقا ہے۔ ایک کھلی ہوئی چیز ہے۔ ابتدائے اسلام کے بعد جب کچھ فراغت ان حضرات کو میسّر ہو سکی اور جماعت میں بھی کچھ اضافہ ہوا تو آیاتِ کلام اللہ وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَافَّةً فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَائِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوْا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ؏ نازل ہوئی: جس کا ترجمہ یہ ہے کہ مسلمانوں کو یہ نہ چاہیئے کہ سب کے سب نکل کھڑے ہوں سو ایسا کیوں نہ کیا جاوے کہ اُن کی ہر ہر بڑی جماعت میں سے ایک چھوٹی جماعت جایا کرے تاکہ باقیماندہ لوگ دین کی سمجھ بوجھ حاصل کرتے رہیں اور تاکہ وہ قوم کو جب اُن کے پاس واپس آویں ڈراویں تاکہ وہ احتیاط رکھیں۔ؔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا اور اِلَّا تَنْفِرُوْا يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ؏ سے جو عموم معلوم ہوتا ہے اس کو مَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَافَّةً نے منسوخ کر دیا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کو حق تعالیٰ شانہٗ نے جامعیت عطا فرمائی تھی اور اس وقت کے لیے یہ چیز نہایت ہی ضروری تھی۔ کہ وہی ایک مختصر سی جماعت دین کے سارے کام سنبھالنے والی تھی۔ مگر تابعین کے زمانہ میں جب اسلام پھیل گیا اور مسلمانوں کی بڑی جماعت اور جمعیت ہو گئی۔ نیز صحابہ کرام جیسی جامعیت بھی باقی نہ رہی تو ہر ہر شعبۂ دین کے لیے پوری توجہ سے کام کرنے والے اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمائے۔ محدثین کی مستقل جماعت بننا شروع ہوئی جن کا کام احادیث کا ضبط اور ان کا پھیلانا تھا۔ فقہا کی علیحدہ جماعت ہوئی صوفیا، قرا، مجاہدین غرض دین کے ہر ہر شعبہ کو مستقل سنبھالنے والے پیدا ہوئے۔ اس وقت کے لیے یہی چیز مناسب اور ضروری تھی۔ اگر یہ صورت نہ ہوتی تو ہر شعبہ میں کمال اور ترقی دشوار تھی۔ اس لیے کہ ہر شخص تمام چیزوں میں انتہائی کمال پیدا کرلے۔ یہ بہت دشوار ہے۔ یہ صفت حق تعالیٰ شانہٗ نے انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام بالخصوص سید الانبیاء علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام ہی کو عطا فرمائی تھی۔ اس لیے اس باب میں صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے علاوہ اور دیگر حضرات کے واقعات بھی ذکر کیے

ؔ بیان القرآن

جائیں گے۔

۱۔ فتوے کا کام کرنے والی جماعت کی فہرست

اگرچہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جہاد اور اعلاء کلمۃ اللہ کی مشغولی کے باوجود سب ہی علمی مشغلہ میں ہر وقت منہمک تھے۔ اور ہر شخص جو کچھ حاصل کر لیتا تھا اس کو پھیلانا پہنچانا یہی اس کا مشغلہ تھا۔ لیکن ایک جماعت فتوے کے ساتھ مخصوص تھی جو حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں بھی فتوے کا کام کرتی تھی۔ وہ حضرات ذیل ہیں۔ حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ، حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ، ابی بن کعبؓ، حضرت عبداللہ بن مسعودؓ، معاذ بن جبلؓ، عمار بن یاسرؓ، حذیفہؓ، سلمانؓ فارسی، زید بن ثابتؓ، ابوموسیٰؓ، ابوالدرداؓ رضی اللہ عنہم اجمعین۔ [1] ف یہ ان حضرات کے کمالِ علم کی بات ہے کہ حضورؐ کی موجودگی میں یہ لوگ اہلِ فتویٰ شمار کیے جاتے تھے

۲۔ حضرت ابوبکر صدیق کا مجموعہ کو جلا دینا

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ میرے باپ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے پانسو احادیث کا ایک ذخیرہ جمع کیا تھا۔ ایک رات میں نے دیکھا کہ وہ نہایت بے چین ہیں، کروٹیں بدل رہے ہیں۔ مجھے یہ حالت دیکھ کر بے چینی ہوئی۔ دریافت کیا کہ کوئی تکلیف ہے یا کوئی فکر کی بات سننے میں آئی ہے۔ غرض تمام رات اسی بے چینی میں گزری اور صبح کو فرمایا کہ وہ احادیث جو میں نے تیرے پاس رکھی ہیں جا اٹھا لا۔ میں لے کر آئی۔ آپؓ نے ان کو جلا دیا۔ میں نے پوچھا کہ کیوں جلا دیا۔ ارشاد فرمایا کہ مجھے اندیشہ ہوا کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ میں مر جاؤں اور یہ میرے پاس ہوں ان میں دوسروں کی سنی ہوئی روایتیں بھی ہیں کہ میں نے معتبر سمجھا ہو اور وہ واقع میں معتبر نہ ہوں اور اس کی روایت میں کوئی گڑبڑ ہو جس کا وبال مجھ پر ہو۔[2] ف حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا یہ تو علمی کمال اور شغف تھا کہ انھوں نے پانسو احادیث کا ایک رسالہ جمع کیا اور اس کے بعد اس کو جلا دینا یہ کمال احتیاط تھا۔ اکابر صحابہ رضی اللہ عنہم کا حدیث کے بارے میں احتیاط کا یہی حال تھا۔ اسی وجہ سے اکثر صحابہ رضی اللہ عنہم سے روایتیں بہت کم نقل کی جاتی ہیں۔ ہم لوگوں کو اس واقعہ سے سبق لینے کی ضرورت ہے جو ممبروں پر بیٹھ کر بے دھڑک احادیث نقل کر دیتے ہیں۔ حالانکہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہر وقت کے حاضر باش سفر حضر کے ساتھی ہجرت کے رفیق۔ صحابہؓ کہتے ہیں کہ ہم میں بڑے عالم حضرت ابوبکرؓ تھے۔ حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ حضورؐ کے وصال کے بعد جب بیعت کا قصہ پیش آیا اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے تقریر فرمائی تو کوئی آیت اور حدیث ایسی نہیں چھوڑی جس میں انصار کی فضیلت آئی ہو اور حضرت ابوبکرؓ نے اپنی تقریر میں نہ فرما دی ہو۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ قرآن پاک پر کتنا عبور تھا اور احادیث کس قدر یاد

[1] تلقیح [2] تذکرۃ الحفاظ

تھیں مگر پھر بھی بہت کم روایتیں حدیث کی آپ سے منقول ہیں۔ یہی راز ہے کہ حضرت امام اعظم رضی اللہ عنہ سے بھی حدیث کی روایتیں بہت کم نقل کی گئی ہیں۔

۳- تبلیغ حضرت مصعب بن عمیر رضؓ

مصعب بن عمیر رضؓ جن کا ایک قصہ ساتویں باب کے نمبر ۵ پر بھی گذر چکا ہے ان کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ کی اس جماعت کے ساتھ جو سب سے پہلے منیٰ کی گھاٹی میں مسلمان ہوئی تھی تعلیم اور دین کے سکھانے کے لیے بھیجا تھا۔ یہ مدینہ طیبہ میں ہر وقت تعلیم اور تبلیغ میں مشغول رہتے۔ لوگوں کو قرآن شریف پڑھاتے اور دین کی باتیں سکھلاتے تھے۔ اسعد بن زرارہ رضؓ کے پاس ان کا قیام تھا اور مقرئ (پڑھانے والا۔ مدرس) کے نام سے مشہور ہو گئے تھے۔ سعد بن معاذ رضؓ اور اسید رضؓ بن حضیر یہ دونوں سرداروں میں تھے۔ ان کو یہ بات ناگوار ہوئی۔ سعدؓ نے اسید سے کہا کہ تم اسعد کے پاس جاؤ اور ان سے کہو کہ ہم نے یہ سنا ہے کہ تم کسی پردیسی کو اپنے ساتھ لے آئے ہو جو ہمارے ضعیف لوگوں کو بے وقوف بناتا ہے بہکاتا ہے۔ وہ اسعد کے پاس گئے اور ان سے سختی سے یہ گفتگو کی۔ اسعدؓ نے کہا کہ تم ان کی بات سن لو، اگر تمہیں پسند آئے قبول کر لو، اگر سننے کے بعد ناپسند ہو تو روکنے کا مضائقہ نہیں۔ اسید نے کہا کہ یہ انصاف کی بات ہے۔ سننے لگے۔ حضرت مصعبؓ نے اسلام کی خوبیاں سنائیں اور کلام اللہ شریف کی آیتیں تلاوت کیں۔ حضرت اسیدؓ نے کہا کیا ہی اچھی باتیں ہیں اور کیا ہی بہتر کلام ہے۔ جب تم اپنے دین میں کسی کو داخل کرتے ہو تو کس طرح داخل کرتے ہو۔ ان لوگوں نے کہا کہ تم نہاؤ پاک کپڑے پہنو اور کلمہ شہادت پڑھو۔ حضرت اسیدؓ نے اسی وقت سب کام کیے اور مسلمان ہو گئے۔ اس کے بعد یہ سعد کے پاس گئے اور ان کو بھی اپنے ہمراہ لائے۔ ان سے بھی یہی گفتگو ہوئی۔ سعد بن معاذ بھی مسلمان ہو گئے اور مسلمان ہوتے ہی اپنی قوم بنو الاشہل کے پاس گئے ان سے جا کر کہا کہ میں تم لوگوں کی نگاہ میں کیسا آدمی ہوں۔ انھوں نے کہا ہم میں سب سے افضل اور بہتر ہو۔ اس پر سعد نے کہا کہ مجھے تمہارے مردوں اور عورتوں سے کلام حرام ہے جب تک تم مسلمان نہ ہو جاؤ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان نہ لاؤ۔ ان کے اس کہنے سے قبیلۂ اشہل کے سب مرد عورت مسلمان ہو گئے اور حضرت مصعبؓ ان کو تعلیم دینے میں مشغول ہو گئے۔[1] ف صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کا یہ عام دستور تھا کہ جو شخص بھی مسلمان ہو جاتا وہ مستقل ایک مبلغ ہوتا اور جو بات اسلام کی اس کو آتی تھی اس کا پھیلانا اور دوسروں تک پہنچانا اس کی زندگی کا ایک مستقل کام تھا جس میں نہ کھیتی مانع تھی نہ تجارت نہ پیشہ نہ ملازمت۔

[1] تلقیح

۴۔ حضرت اُبی بن کعبؓ کی تعلیم

حضرت اُبی بن کعب مشہور صحابہؓ اور مشہور قاریوں میں ہیں۔ اسلام لانے سے پہلے سے لکھنا پڑھنا جانتے تھے۔ عرب میں لکھنے کا عام دستور نہیں تھا۔ اسلام کے بعد سے اس کا چرچا ہوا۔ لیکن یہ پہلے سے واقف تھے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر رہ کر وحی بھی لکھا کرتے تھے۔ قرآن شریف کے بڑے ماہر تھے اور ان لوگوں میں تھے جنھوں نے حضورؐ کی زندگی ہی میں تمام قرآن شریف حفظ کر لیا تھا۔ حضورؐ کا ارشاد ہے کہ میری امت کے بڑے قاری ابی ابن کعبؓ ہیں تہجد میں آٹھ راتوں میں قرآن پاک کے ختم کرنے کا اہتمام تھا۔ ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ جل شانہ، نے مجھے ارشاد فرمایا ہے کہ تمہیں قرآن شریف سناؤں۔ عرض کیا یا رسول اللہؐ اللہ تعالیٰ نے میرا نام لے کر کہا۔ حضورؐ نے فرمایا ہاں تمہارا نام لے کر کہا۔ یہ سن کر فرطِ خوشی سے رونے لگے ع ذکر میرا مجھ سے بہتر ہے کہ اس محفل میں ہے۔

جندب بن عبد اللہؓ کہتے ہیں کہ میں مدینہ طیبہ علم حاصل کرنے کے لیے حاضر ہوا تو مسجد نبوی میں حدیث پڑھانے والے متعدد حضرات تھے اور شاگردوں کے حلقے متفرق طور پر علیحدہ علیحدہ ہر استاد کے پاس موجود تھے۔ میں ان حلقوں پر گذرتا ہوا ایک حلقہ پر پہنچا جس میں ایک صاحب مسافرانہ ہیئت کے ساتھ صرف دو کپڑے بدن پر ڈالے ہوئے بیٹھے حدیث پڑھا رہے تھے۔ میں نے لوگوں سے دریافت کیا کہ یہ کون بزرگ ہیں۔ بتایا کہ مسلمانوں کے سردار اُبی بن کعب ہیں۔ میں ان کے حلقۂ درس میں بیٹھ گیا۔ جب حدیث سے فارغ ہوئے تو گھر جانے لگے۔ میں بھی پیچھے ہولیا۔ وہاں جا کر دیکھا ایک پرانا سا گھر خستہ حالت نہایت معمولی سامان زاہدانہ زندگی۔[۱] حضرت اُبیؓ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے (میرا امتحان لیا) ارشاد فرمایا کہ قرآن شریف میں سب سے بڑی آیت (برکت اور فضل کے اعتبار سے) کونسی ہے۔ میں نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کے رسولؐ ہی بہتر جانتے ہیں۔ حضورؐ نے دوبارہ سوال فرمایا۔ مجھے ادب مانع ہوا۔ میں نے پھر وہی جواب دیا۔ تیسری مرتبہ پھر ارشاد فرمایا۔ میں نے عرض کیا آیۃ الکرسی۔ حضورؐ خوش ہوئے اور فرمایا۔ اللہ تجھے تیرا علم مبارک کرے۔ ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھا رہے تھے ایک آیت چھوٹ گئی۔ حضرت ابیؓ نے نماز میں لقمہ دیا۔ حضورؐ نے نماز کے بعد ارشاد فرمایا کہ کس نے بتایا۔ حضرت ابیؓ نے عرض کیا میں نے بتایا تھا۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا میرا بھی یہ گمان تھا کہ تم نے ہی بتایا ہوگا۔[۲] ف یہ حضرت ابیؓ باوجود اس علمی شغف اور قرآن پاک کی مخصوص خدمات کے حضورؐ کے ساتھ ہر غزوہ میں شریک ہوئے ہیں۔ حضورؐ کا کوئی جہاد ایسا

---

[۱] طبقات [۲] مسند احمد

نہیں جس میں ان کی شرکت نہ ہوئی ہو۔

۵۔ حضرت حذیفہ رض کا اہتمامِ فتن

حضرت حذیفہ رض مشہور صحابہ میں ہیں۔ صاحب السر الجہید کی ان کا لقب ہے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے منافقین اور فتنوں کا علم ان کو بتایا تھا۔ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے قیامت تک جتنے فتنے آنے والے ہیں سب کو نمبروار بتایا تھا۔ کوئی ایسا فتنہ جس میں تین سو آدمیوں کے بقدر لوگ شریک ہوں حضور نے نہیں چھوڑا بلکہ اس فتنہ کا حال اور اس کے مقتدا کا حال مع اس کے نام کے نیز اس کی ماں کا نام اس کے باپ کا نام اس کے قبیلہ کا نام صاف صاف بتا دیا تھا۔ حضرت حذیفہ رض فرماتے ہیں کہ لوگ حضور سے خیر کی باتیں دریافت کیا کرتے تھے اور میں برائی کی باتیں دریافت کیا کرتا تھا تاکہ اس سے بچ جائے۔ ایک مرتبہ میں نے دریافت کیا یارسول اللہ خیر و خوبی جس پر آج کل آپ کی برکت سے ہم لوگ ہیں اس کے بعد بھی کوئی برائی آنے والی ہے۔ حضور نے فرمایا۔ ہاں برائی آنے والی ہے۔ میں نے عرض کیا کہ اس برائی کے بعد پھر بھلائی لوٹ کر آئے گی یا نہیں۔ حضور نے فرمایا کہ حذیفہ اللہ کا کلام پڑھ اور اس کے معانی پر غور کر اس کے احکام کی اتباع کر (مجھے فکر سوار تھا) میں نے عرض کیا یارسول اللہ اس برائی کے بعد بھلائی ہوگی۔ حضور نے فرمایا۔ ہاں پھر بھلائی ہوگی لیکن دل ایسے نہیں ہوں گے جیسے پہلے تھے۔ میں نے عرض کیا یارسول اللہ اس بھلائی کے بعد پھر برائی ہوگی۔ حضور نے فرمایا۔ ہاں ایسے لوگ پیدا ہو جائیں گے جو آدمیوں کو گمراہ کریں گے اور جہنم کی طرف لے جائیں گے۔ میں نے عرض کیا کہ اگر میں اس زمانہ کو پاؤں تو کیا کروں۔ حضور نے فرمایا اگر مسلمانوں کی کوئی متحدہ جماعت ہو اور ان کا کوئی بادشاہ ہو تو اس کے ساتھ ہو جانا ورنہ ان سب فرقوں کو چھوڑ کر ایک کونہ میں علیحدہ بیٹھ جانا یا کسی درخت کی جڑ میں جا کر بیٹھ جانا اور مرنے تک وہیں بیٹھے رہنا۔ چونکہ ان کو منافقوں کا حال حضور نے سب کا بتلا دیا تھا اس لیے حضرت عمر رض ان سے دریافت فرمایا کرتے تھے کہ میرے حکام میں کوئی منافق تو نہیں ایک مرتبہ انھوں نے عرض کیا کہ ایک منافق ہے مگر میں نام نہیں بتاؤں گا۔ حضرت عمر رض نے ان کو معزول کر دیا۔ غالباً اپنی فراست سے پہچان لیا ہوگا۔ جب کوئی شخص مرجاتا تو حضرت عمر رض تحقیق فرماتے کہ حذیفہ رض ان کے جنازہ میں شریک ہیں یا نہیں۔ اگر حذیفہ شریک ہوتے تو حضرت عمر رض بھی نماز پڑھتے ورنہ وہ بھی نہ پڑھتے۔ حضرت حذیفہ کا جب انتقال ہونے لگا تو نہایت گھبراہٹ اور بے چینی میں رو رہے تھے۔ لوگوں نے دریافت کیا۔ فرمایا کہ دنیا کے چھوٹنے پر نہیں رو رہا ہوں بلکہ موت تو مجھے محبوب

ہے البتہ اس پر رو رہا ہوں کہ مجھے اس کی خبر نہیں کہ میں اللہ کی ناراضی پر جا رہا ہوں یا خوشنودی پر۔ اس کے بعد کہا کہ یہ میری دنیا کی آخری گھڑی ہے۔ یا اللہ تجھے معلوم ہے کہ مجھے تجھ سے محبت ہے اس لیے اپنی ملاقات میں برکت عطا فرما۔ [1]

۶۔ حضرت ابوہریرہؓ کا احادیث کو حفظ کرنا

حضرت ابوہریرہؓ نہایت مشہور اور جلیل القدر صحابی ہیں اور اتنی کثرت سے ان سے حدیثیں نقل ہیں کہ کسی دوسرے صحابی سے اتنی زیادہ نقل کی ہوئی موجود نہیں۔ اس پر لوگوں کو تعجب ہوتا تھا کہ ۷ھ میں یہ مسلمان ہو کر تشریف لائے اور ۱۱ھ میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا۔ اتنی قلیل مدت میں جو تقریباً چار برس ہوتی ہے اتنی زیادہ حدیثیں کیسے یاد ہوئیں۔ خود حضرت ابوہریرہؓ اس کی وجہ بتاتے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ لوگ کہتے ہیں کہ ابوہریرہؓ بہت روایتیں نقل کرتے ہیں۔ میرے مہاجر بھائی تجارت پیشہ تھے بازار میں آنا جانا پڑتا تھا اور میرے انصاری بھائی کھیتی کا کام کرتے تھے اس کی مشغولی ان کو درپیش رہتی تھی اور ابوہریرہؓ اصحاب صفہ کے مساکین میں سے ایک مسکین تھا جو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں جو کچھ کھانے کو مل جاتا تھا۔ اس پر قناعت کیے پڑا رہتا تھا۔ ایسے اوقات میں موجود ہوتا تھا۔ جس میں وہ نہیں ہوتے تھے اور ایسی چیزیں یاد کر لیتا تھا جن کو وہ یاد نہیں کر سکتے تھے۔ ایک مرتبہ میں نے حضور سے حافظہ کی شکایت کی۔ حضورؐ نے فرمایا۔ چادر بچھا۔ میں نے چادر بچھائی۔ حضورؐ نے دونوں ہاتھوں سے اس میں کچھ اشارہ فرمایا۔ اس کے بعد فرمایا اس چادر کو ملالے۔ میں نے اپنے سینہ سے ملا لیا۔ اس کے بعد سے کوئی چیز نہیں بھولا۔ [2] اصحاب صفہ وہ لوگ کہلاتے ہیں جو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی گویا خانقاہ کے رہنے والے تھے۔ ان حضرات کے اخراجات کا کوئی خاص نظم نہیں تھا۔ گویا حضورؐ کے مہمان تھے جو کہیں سے کچھ ہدیہ یا صدقہ کے طور پر آتا اس پر ان کا زیادہ تر گذر ہوتا حضرت ابوہریرہ ان ہی لوگوں میں تھے۔ بسا اوقات کئی کئی وقت کے فاقے بھی ان پر گذر جاتے تھے۔ بعض اوقات بھوک کی وجہ سے جنون کی سی حالت ہو جاتی جیسا کہ تیسرے باب کے قصہ ۳ و ۷ میں گذرا۔ لیکن اس کے باوجود احادیث کا کثرت سے یاد کرنا ان کا مشغلہ تھا۔ جس کی بدولت آج سب سے زیادہ احادیث انہی کی بتائی جاتی ہیں۔ ابن جوزیؒ نے تلقیح میں لکھا ہے کہ پانچ ہزار تین سو چوہتر (۵۳۷۴) حدیثیں ان سے مروی ہیں۔ ایک مرتبہ حضرت ابوہریرہؓ نے جنازہ کے متعلق ایک حدیث بیان کی کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے جو شخص جنازہ کی نماز پڑھ کر واپس آجائے اس کو ایک

[1] ابوداؤد داسد الغابہ۔ [2] بخاری

قیراط ثواب ملتا ہے اور جو دفن تک شریک رہے اس کو دو قیراط ثواب ملتا ہے اور قیراط کی مقدار اُحد کے پہاڑ سے بھی زیادہ ہے۔ حضرت عبد اللہ بن عمرؓ کو اس حدیث میں کچھ تردد ہوا۔ انھوں نے فرمایا ابو ہریرہؓ سوچ کر کہو۔ ان کو غصہ آگیا۔ سیدھے حضرت عائشہؓ کے پاس گئے اور جا کر عرض کیا کہ میں آپ کو قسم دے کر پوچھتا ہوں۔ یہ قیراط والی حدیث آپؓ نے حضور سے سُنی۔ انھوں نے فرمایا ہاں سُنی ہے۔ ابو ہریرہ فرمانے لگے کہ مجھے حضورؐ کے زمانہ میں نہ تو باغ میں کوئی درخت لگانا تھا نہ بازار میں مال بیچنا تھا میں تو حضورؐ کے دربار میں پڑا رہتا تھا اور صرف یہ کام تھا کہ کوئی بات یاد کرنے کو مل جائے یا کچھ کھانے کو مل جائے حضرت عبد اللہ بن عمرؓ نے فرمایا بیشک تم ہم لوگوں سے زیادہ حاضر باش تھے اور احادیث کو زیادہ جاننے والے[1] اس کے ساتھ ہی ابو ہریرہ کہتے ہیں کہ میں بارہ ہزار مرتبہ روزانہ استغفار پڑھتا ہوں اور ایک تاگہ ان کے پاس تھا۔ جس میں ایک ہزار گرہ لگی ہوئی تھی۔ رات کو اس وقت تک نہیں سوتے تھے جب تک اس کو سبحان اللہ کے ساتھ پورا نہ کر لیتے تھے[2]

۷۔ قتل مسیلمہ و قرآن کا جمع کرنا

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد مسیلمہ کذاب کا جس نے حضورؐ کے سامنے ہی نبوت کا دعویٰ کر دیا تھا اثر بڑھنے لگا۔ اور چونکہ عرب میں ارتداد بھی زور شور سے شروع ہو گیا تھا اس سے اس کو اور بھی تقویت پہنچی۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ نے اس سے لڑائی کی۔ حق تعالیٰ شانہٗ نے اسلام کو قوت عطا فرمائی اور مسیلمہ قتل ہوا لیکن اس لڑائی میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی بھی ایک بڑی جماعت شہید ہو گئی۔ بالخصوص قرآن پاک کے حافظوں کی ایک بڑی جماعت شہید ہوئی حضرت عمرؓ امیر المومنین حضرت ابو بکر صدیقؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ اس لڑائی میں قاری بہت شہید ہو گئے۔ اگر اسی طرح ایک دو لڑائی میں اور شہید ہو گئے تو قرآن پاک کا بہت سا حصہ ضائع ہو جانے کا اندیشہ ہے اس لیے اس کو ایک جگہ لکھوا کر محفوظ کر لیا جائے۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ نے فرمایا ایسے کام کی کیسے جرأت کرتے ہو جس کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کیا۔ حضرت عمرؓ اس پر اصرار فرماتے رہے اور ضرورت کا اظہار کرتے رہے بالآخر حضرت ابو بکر صدیقؓ کی رائے بھی موافق ہو گئی تو حضرت زید بن ثابتؓ کو جن کا قصہ باب ۱۱ قصہ ۱۸ پر آرہا ہے۔ بلایا۔ زیدؓ کہتے ہیں کہ میں حضرت ابو بکر صدیقؓ کی خدمت میں حاضر ہوا تو حضرت عمرؓ بھی تشریف رکھتے تھے حضرت ابو بکرؓ نے اوّل اپنی اور حضرت عمرؓ کی ساری گفتگو نقل فرمائی۔ اس کے بعد ارشاد فرمایا کہ تم جوان ہو اور دانشمند تم پر کسی قسم کی بدگمانی بھی نہیں اور ان سب باتوں کے علاوہ یہ کہ خود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں بھی تم وحی کے لکھنے پر

[1] مسند احمد [2] تذکرہ

مامور رہ چکے ہو۔ اس لیے اس کام کو تم کرو۔ لوگوں کے پاس سے قرآن پاک جمع کرو اور اس کو ایک جگہ نقل کر دو۔ زیدؓ کہتے ہیں کہ خدا کی قسم اگر مجھے یہ حکم فرماتے کہ فلاں پہاڑ کو توڑ کر اِدھر سے اُدھر منتقل کر دو تو یہ حکم بھی میرے لیے قرآن پاک جمع کرنے کے حکم سے سہل تھا۔ میں نے عرض کیا کہ آپ حضرات ایسا کام کس طرح کر رہے ہیں جس کو حضورؐ نے نہیں کیا۔ وہ حضرات مجھے سمجھاتے رہے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ حضرت ابو بکر صدیقؓ نے زیدؓ سے کہا کہ اگر تم عمرؓ کی موافقت کرو تو میں اس کا حکم دوں اور نہیں تو پھر میں بھی ارادہ نہ کروں۔ زید بن ثابتؓ کہتے ہیں کہ طویل گفتگو کے بعد حق تعالیٰ شانہ نے میرا بھی اسی جانب شرح صدر فرمادیا کہ قرآن پاک کو یک جا جمع کیا جائے چنانچہ میں نے تعمیل ارشاد میں لوگوں کے پاس جو قرآن شریف متفرق طور پر لکھا ہوا تھا اور جو ان حضرات صحابۂ کرام کے سینوں میں بھی محفوظ تھا۔ سب کو تلاش کر کے جمع کیا۔ لہ ف اس قصہ میں اوّل تو ان حضرات کے اتباع کا اہتمام معلوم ہوتا ہے کہ پہاڑ کا منتقل کرنا اُن کے لیے اس سے سہل تھا کہ کوئی ایسا کام کیا جائے جس کو حضورؐ نے نہیں کیا۔ اس کے بعد کلام پاک کا جمع کرنا جو دین کی اصل ہے۔ اللہ نے ان حضرات کے اعمالنامہ میں رکھا تھا۔ پھر حضرت زیدؓ نے اتنا اہتمام اس کے جمع فرمانے میں کیا کہ کوئی آیت بغیر لکھی ہوئی نہیں لیتے تھے جو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کی لکھی ہوئی تھیں ان ہی سے جمع کرتے تھے اور حفاظ کے سینوں سے اس کا مقابلہ کرتے تھے اور چونکہ تمام قرآن شریف متفرق جگہوں میں لکھا ہوا تھا۔ اس لیے اس کی تلاش میں گو محنت ضرور کرنا پڑی مگر سب مل گیا۔ اُبی بن کعبؓ جن کو خود حضورؐ نے قرآن پاک کا سب سے زیادہ ماہر بتایا ان کی اعانت کرتے تھے۔ اس محنت سے کلام اللہ شریف کو ان حضرات نے سب سے پہلے جمع فرمایا۔

۸۔ حضرت ابن مسعودؓ کی احتیاط روایت حدیث میں

حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ بڑے مشہور صحابہ میں ہیں اور ان صحابہؓ میں شمار ہے جو فتوے کے مالک تھے۔ ابتدائے اسلام ہی میں مسلمان ہو گئے تھے اور حبشہ کی ہجرت بھی کی تھی۔ تمام غزوات میں حضورؐ کے ساتھ شریک رہے ہیں اور مخصوص خادم ہونے کی وجہ سے صاحب النعل، صاحب الوسادۃ، صاحب المطہرۃ، جوتے والے، تکیہ والے، وضو کے پانی والے۔ یہ القاب بھی ان کے ہیں۔ اس لیے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ خدمتیں اکثر ان کے سپرد رہتی تھیں۔ حضور کا ان کے بارے میں یہ بھی ارشاد ہے کہ اگر میں کسی کو بغیر مشورہ امیر بناؤں تو عبد اللہ بن مسعودؓ کو بناؤں۔ حضورؐ کا یہ بھی ارشاد تھا کہ تمہیں ہر وقت حاضری کی اجازت ہے۔ حضورؐ کا یہ بھی ارشاد ہے کہ جس شخص کو قرآن شریف بالکل ایسی طرح پڑھنا ہو جس طریقہ سے اُترا ہے تو عبد اللہ بن مسعود کے

طریقہ کے موافق پڑھے۔ حضورؐ کا یہ بھی ارشاد ہے کہ ابن مسعودؓ جو حدیث تم سے بیان کریں۔ اس کو سچ سمجھو۔ ابو موسیٰ اشعریؓ کہتے ہیں کہ ہم لوگ جب یمن سے آئے تو ایک زمانہ تک ابن مسعودؓ کو اہلبیت میں سے سمجھتے رہے اس لیے کہ اتنی کثرت سے ان کی اور ان کی والدہ کی آمد و رفت حضورؐ کے گھر میں تھی جیسی گھر کے آدمیوں کی ہوتی ہے۔[1] لیکن ان سب باتوں کے باوجود ابو عمرو شیبانیؒ کہتے ہیں کہ میں ایک سال تک ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس رہا۔ میں نے کبھی ان کو حضورؐ کی طرف منسوب کر کے بات کرتے نہیں سُنا لیکن کبھی اگر حضورؐ کی طرف کوئی بات منسوب کر دیتے تھے تو بدن پر کپکپی آجاتی تھی۔ عمرو بن میمونؒ کہتے ہیں کہ میں ہر جمعرات کو ایک سال تک ابن مسعودؓ کے پاس آتا رہا۔ میں نے کبھی حضورؐ کی طرف نسبت کر کے بات کرتے نہیں سُنا۔ ایک مرتبہ حدیث بیان فرماتے ہوئے زبان پر یہ جاری ہو گیا کہ حضورؐ نے یہ ارشاد فرمایا تو بدن کانپ گیا آنکھوں میں آنسو بھر آئے پیشانی پر پسینہ آگیا رگیں پھول گئیں اور فرمایا انشاء اللہ یہی فرمایا تھا یا اس کے قریب قریب تھا یا اس سے کچھ زیادہ یا اس سے کچھ کم۔[2] ف یہ تھی ان حضرات صحابہ کرام کی احتیاط حدیث شریف کے بارہ میں اس لیے کہ حضور کا ارشاد ہے کہ جو میری طرف سے جھوٹ نقل کرے اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنائے اس خوف کی وجہ سے یہ حضرات باوجودیکہ مسائل حضورؐ کے ارشادات اور حالات ہی سے بتاتے تھے مگر یہ نہیں کہتے تھے کہ حضورؐ کا یہ ارشاد ہے کہ خدانخواستہ جھوٹ نکل جائے۔ اس کے بالمقابل ہم اپنی حالتیں دیکھتے ہیں کہ بے دھڑک، بے تحقیق حدیث نقل کر دیتے ہیں ذرا بھی نہیں جھجکتے۔ حالانکہ حضورؐ کی طرف منسوب کر کے بات کا نقل کرنا بڑی سخت ذمہ داری ہے۔ فقہ حنفی انہی عبد اللہ بن مسعودؓ سے زیادہ تر لیا گیا ہے۔

۹۔ حضرت ابو الدرداءؓ کے پاس حدیث کے لیے جانا

کثیر بنؒ قیس کہتے ہیں کہ میں حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ کے پاس دمشق کی مسجد میں بیٹھا ہوا تھا۔ ایک شخص ان کی خدمت میں آئے اور کہا کہ میں مدینہ منورہ سے۔ صرف ایک حدیث کی وجہ سے آیا ہوں۔ میں نے سُنا ہے کہ وہ آپ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے۔ ابو الدرداءؓ نے پوچھا کوئی اور تجارتی کام نہیں تھا۔ انھوں نے کہا نہیں۔ ابو الدرداءؓ نے پھر پوچھا کہ کوئی دوسری غرض تو نہ تھی کہا نہیں۔ صرف حدیث ہی معلوم کرنے کے لیے آیا ہوں۔ ابو الدرداءؓ نے فرمایا کہ میں نے حضورؐ سے سنا ہے کہ جو شخص کوئی راستہ علم حاصل کرنے کے لیے چلتا ہے حق تعالیٰ شانہٗ اس کے لیے جنت کا راستہ سہل فرما دیتے ہیں اور فرشتے اپنے پر طالب علم کی خوشنودی کے واسطے بچھا دیتے ہیں اور طالب علم کے لیے آسمان زمین کے رہنے والے استغفار کرتے ہیں حتیٰ کہ مچھلیاں جو پانی میں رہتی ہیں وہ بھی استغفار

[1] بخاری [2] مقدمہ مساوی جز مسند احمد

کرتی ہیں اور عالم کی فضیلت عابد پر ایسی ہے جیسا کہ چاند کی فضیلت تمام ستاروں پر ہے اور علماء انبیاء کے وارث ہیں۔ انبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کسی کو دینار و درہم کا وارث نہیں بناتے بلکہ علم کا وارث بناتے ہیں۔ جو شخص علم کو حاصل کرتا ہے وہ ایک بڑی دولت کو حاصل کرتا ہے۔[1] ف حضرت ابو الدرداءؓ فقہائے صحابہؓ میں ہیں۔ حکیم الامت کہلاتے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ حضور کی نبوت کے وقت میں تجارت کیا کرتا تھا۔ میں نے مسلمان ہونے کے بعد چاہا کہ تجارت اور عبادت دونوں کو جمع کروں مگر دونوں اکٹھی نہ رہ سکیں تو مجھے تجارت چھوڑنا پڑی۔ اب میرا دل یہ بھی گوارا نہیں کرتا کہ بالکل دروازہ ہی پر دکان ہو جس کی وجہ سے ایک بھی نماز فوت نہ ہو اور روزانہ چالیس دینار کا نفع ہو اور میں ان سب کو صدقہ کردوں۔ کسی نے پوچھا کہ ایسی تجارت سے کیوں خفا ہوئے کہ نماز بھی نہ جائے اور اتنا نفع روزانہ کا اللہ کے راستہ میں خرچ ہو۔ پھر بھی پسند نہیں کرتے۔ فرمایا حساب تو دینا ہی پڑے گا۔ ابو الدرداء یہ بھی فرماتے ہیں کہ مجھے موت سے محبت ہے۔ اپنی مولیٰ سے ملاقات کے شوق میں اور فقر سے محبت ہے تواضع کے واسطے اور بیماری سے محبت ہے گناہ دھلنے کے واسطے۔[2] اوپر کے قصہ میں ایک حدیث کی خاطر اتنا طویل سفر کیا ہے۔ ان حضرات کے یہاں حدیث حاصل کرنے کے لیے سفر کرنا کچھ اہم نہیں تھا۔ ایک ایک حدیث سننے اور معلوم کرنے کے لیے دور دور کا سفر طے کرلینا ان حضرات کو بہت سہل تھا۔ شعبیؒ ایک مشہور محدث ہیں۔ کوفہ کے رہنے والے ہیں۔ اپنے کسی شاگرد کو ایک مرتبہ حدیث سنائی اور فرمایا کہ لے گھر بیٹھے مفت مل گئی ورنہ اس سے کم کے لیے بھی مدینہ منورہ کا سفر کرنا پڑتا تھا کہ ابتداء میں حدیث کا مخزن مدینہ طیبہ ہی تھا۔ علمی تشغف رکھنے والے حضرات نے بڑے بڑے طویل سفر علم کی خاطر اختیار فرمائے ہیں۔ سعید بن المسیبؒ جو ایک مشہور تابعی ہیں کہتے ہیں کہ میں ایک ایک حدیث کی خاطر راتوں اور دنوں پیدل چلا ہوں۔ امام الائمہ امام بخاریؒ شوال ۱۹۴ھ میں پیدا ہوئے ۲۰۵ھ میں یعنی گیارہ سال کی عمر میں حدیث پڑھنا شروع کی تھی۔ عبداللہ بن مبارکؒ کی سب تصانیف بچپن ہی میں حفظ کرلی تھیں۔ اپنے شہر میں جتنی احادیث مل سکیں ان کو حاصل کرلینے کے بعد ۲۱۶ھ میں سفر شروع کیا۔ والد کا انتقال ہو چکا تھا۔ اس وجہ سے یتیم تھے۔ والدہ سفر میں ساتھ تھیں۔ اس کے بعد بلخ، بغداد، مکہ مکرمہ، بصرہ، کوفہ، شام، عسقلان، حمص، دمشق ان شہروں میں گئے اور ہر جگہ جو ذخیرہ حدیث کا مل سکا حاصل فرمایا اور ایسی نوعمری میں استاد حدیث بن گئے تھے کہ منہ پر داڑھی کا ایک بال بھی نہیں نکلا تھا۔ کہتے ہیں کہ میری اٹھارہ برس کی عمر تھی۔ جب میں نے صحابہؓ اور تابعین کے فیصلے تصنیف کیے۔ حاشدؒ اور ان کے ایک ساتھی کہتے

[1] ابن ماجہ [2] تذکرہ

ہیں کہ امام بخاری ہم لوگوں کے اُستاد کے پاس جایا کرتے تھے۔ ہم لوگ لکھتے اور بخاری ویسے ہی واپس آجاتے۔ ہم نے کئی روز گزر جانے پر ان سے کہا کہ تم وقت ضائع کرتے ہو، وہ چپ ہو گئے۔ جب کئی مرتبہ کہا تو کہنے لگے کہ تم نے دق ہی کر دیا۔ لاؤ تم نے کیا لکھا۔ ہم نے اپنا مجموعہ احادیث نکالا جو پندرہ ہزار حدیثوں سے زیادہ مقدار میں تھا۔ انھوں نے اس سب کو حفظ سنادیا ہم دنگ رہ گئے۔

۱۰۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا انصاری کے پاس جانا

حضرت عبداللہ بن عباس کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد میں نے ایک انصاری سے کہا کہ حضور کا تو وصال ہو گیا ابھی تک صحابہ کرام کی بڑی جماعت موجود ہے۔ آؤ اُن سے پوچھ پوچھ کر مسائل یاد کریں۔ ان انصاری نے کہا۔ کیا ان صحابہ کرام کی جماعت کے ہوتے ہوئے بھی لوگ تم سے مسئلہ پوچھنے آئیں گے۔ صحابہ کی بہت بڑی جماعت موجود ہے۔ غرض ان صاحب نے تو ہمت کی نہیں۔ میں مسائل کے پیچھے پڑ گیا اور جن صاحب کے متعلق بھی مجھے علم ہوتا کہ فلاں حدیث انھوں نے حضور سے سُنی ہے اُن کے پاس جاتا اور تحقیق کرتا۔ مجھے مسائل کا بہت بڑا ذخیرہ انصار سے ملا۔ بعض لوگوں کے پاس جاتا اور معلوم ہوتا کہ وہ سو رہے ہیں تو اپنی چادر وہیں چوکھٹ پر رکھ کر انتظار میں بیٹھ جاتا۔ گو ہوا سے منہ پر اور بدن پر مٹی بھی پڑتی رہتی مگر میں وہیں بیٹھا رہتا جب وہ اُٹھتے تو جس بات کو معلوم کرنا تھا وہ دریافت کرتا۔ وہ حضرات کہتے بھی کہ تم نے حضور کے چچا زاد ہو کر کیوں تکلیف کی مجھے بُلا لیتے مگر میں کہتا کہ میں علم حاصل کرنے والا ہوں اس لیے میں ہی حاضر ہونے کا زیادہ مستحق تھا۔ بعض حضرات پوچھتے کہ تم کب سے بیٹھے ہو۔ میں کہتا بہت دیر سے۔ وہ کہتے کہ تم نے بُرا کیا۔ مجھے اطلاع کر دیتے۔ میں کہتا۔ میرا دل نہ چاہا کہ تم میری وجہ سے اپنی ضروریات سے فارغ ہونے سے پہلے آؤ۔ حتیٰ کہ ایک وقت میں یہ نوبت بھی آئی کہ لوگ علم حاصل کرنے کے واسطے میرے پاس جمع ہونے لگے۔ تب اُن انصاری صاحب کو بھی قلق ہوا۔ کہنے لگے کہ یہ لڑکا ہم سے زیادہ ہوشیار تھا۔ ف یہی چیز تھی جس نے حضرت عبداللہ بن عباس کو اپنے وقت میں حبر الامۃ اور بحر العلم کا لقب دلوایا۔ جب ان کا وصال ہوا تو طائف میں تھے۔ حضرت علی کے صاحبزادہ محمد نے جنازہ کی نماز پڑھائی اور فرمایا کہ اس امت کا امام ربانی آج رخصت ہوا۔ حضرت عبداللہ بن عمر کہتے ہیں کہ ابن عباس آیتوں کے شانِ نزول جاننے میں سب سے ممتاز ہیں۔ حضرت عمر ان کو علماء کی ممتاز صف میں جگہ دیتے تھے۔ یہ سب اسی جانفشانی کا ثمرہ تھا ورنہ اگر یہ صاحبزادگی کے زعم میں رہتے تو یہ مراتب کیسے حاصل ہوتے۔ خود آقائے نامدار نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

له دارمی ۔ مختلف علمی کارنامے

کا ارشاد ہے کہ جن سے علم حاصل کرو ان کے ساتھ تواضع سے پیش آؤ۔ بخاریؒ میں مجاہدؒ سے نقل کیا ہے کہ جو شخص پڑھنے میں حیا کرے یا تکبر کرے وہ علم حاصل نہیں کر سکتا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ارشاد ہے کہ جس شخص نے مجھ کو ایک حرف بھی پڑھا دیا میں اس کا غلام ہوں خواہ وہ مجھے آزاد کر دے یا بیچ دے۔ یحییٰ بن کثیرؒ کہتے ہیں کہ علم تن پروری کے ساتھ حاصل نہیں ہوتا۔ امام شافعیؒ کا ارشاد ہے کہ جو شخص علم کو بے دلی اور استغنا کے ساتھ حاصل کرے وہ کامیاب نہیں ہو سکتا۔ ہاں جو شخص خاکساری اور تنگ دستی کے ساتھ حاصل کرنا چاہے وہ کامیاب ہو سکتا ہے۔ مغیرہؒ کہتے ہیں کہ ہم لوگ اپنے استاد ابراہیمؒ سے ایسے ڈرتے تھے جیسا کہ بادشاہ سے ڈرا کرتے ہیں۔ یحییٰ بن معینؒ بہت بڑے محدث ہیں امام بخاریؒ ان کے متعلق کہتے ہیں کہ محدثین کا جتنا احترام وہ کرتے تھے اتنا کسی دوسرے کو کرتے میں نے نہیں دیکھا۔ امام ابو یوسفؒ کہتے ہیں کہ میں نے بزرگوں سے سنا ہے کہ جو استاد کی قدر نہیں کرتا وہ کامیاب نہیں ہوتا۔ اس قصہ میں جہاں حضرت عبداللہ بن عباسؓ کے اساتذہ کے ساتھ تواضع اور انکساری معلوم ہوتی ہے اس کے ساتھ ہی علم کا شغف اور اہتمام بھی معلوم ہوتا ہے کہ جس شخص کے پاس کسی حدیث کا ہونا معلوم ہوتا فوراً جاتے اس کو حاصل فرماتے خواہ اس میں کتنی ہی مشقت محنت اور تکلیف اٹھانا پڑتی اور حق یہ ہے کہ بے محنت اور مشقت کے علم تو درکنار معمولی سی چیز بھی حاصل نہیں ہوتی اور یہ ضرب المثل ہے مَنْ طَلَبَ الْعُلٰی سَهِرَ اللَّيَالِيْ جو شخص بلند مرتبوں کا طالب ہو گا راتوں کو جاگے گا۔ حارث بن یزیدؒ ابن شبرمہؒ قعقاعؒ مغیرہؒ چاروں حضرات عشاء کی نماز کے بعد علمی بحث شروع کرتے۔ صبح کی اذان تک ایک بھی جدا نہ ہوتا۔ لیثؒ بن سعد کہتے ہیں کہ امام زہریؒ عشاء کے بعد باوضو بیٹھ کر حدیث کا سلسلہ شروع فرماتے تو صبح کر دیتے۔[1] دراوردیؒ کہتے ہیں کہ امام ابو حنیفہؒ اور امام مالکؒ کو میں نے دیکھا کہ مسجد نبوی میں عشاء کے بعد سے ایک مسئلہ میں بحث شروع فرماتے اور وہ بھی اس طرح کہ نہ کوئی طعن تشنیع ہوتی نہ تغلیط اور اسی حالت میں صبح ہو جاتی اور اسی جگہ صبح کی نماز پڑھتے۔[2] ابن فرات بغدادیؒ ایک محدث ہیں۔ جب انتقال ہوا تو اٹھارہ صندوق کتابوں کے چھوڑے جن میں سے اکثر خود اپنے قلم کی لکھی ہوئی تھیں اور کمال یہ ہے کہ محدثین کے نزدیک صحت نقل اور عمدگی ضبط کے اعتبار سے ان کا لکھا ہوا حجت بھی ہے۔ ابن جوزیؒ مشہور محدث ہیں۔ تین سال کی عمر میں باپ نے مفارقت کی یتیمی کی حالت میں پرورش پائی۔ لیکن محنت کی حالت یہ تھی کہ جمعہ کی نماز کے علاوہ گھر سے دور نہیں جاتے تھے۔ ایک مرتبہ منبر پر کہا کہ میں نے اپنی ان انگلیوں سے دو ہزار جلدیں لکھی ہیں۔ ڈھائی سو سے زیادہ خود ان کی اپنی تصنیفات میں

[1] دارمی [2] مقدمہ

کہتے ہیں کہ کوئی وقت ضائع نہیں جاتا تھا۔ چار جز روزانہ لکھنے کا معمول تھا۔ درس کا یہ عالم تھا کہ مجلس میں بعض مرتبہ ایک لاکھ سے زیادہ شاگردوں کا اندازہ کیا گیا۔ امراء وزراء سلاطین تک مجلسِ درس میں حاضر ہوتے تھے۔ ابن جوزیؒ خود کہتے ہیں کہ ایک لاکھ آدمی مجھ سے بیعت ہوئے اور بیس ہزار میرے ہاتھ پر مسلمان ہوئے ہیں۔ اس سب کے باوجود شیعوں کا زور تھا۔ اس وجہ سے تکلیفیں بھی اٹھانا پڑیں۔ احادیث لکھنے کے وقت میں قلموں کا تراشہ جمع کرتے رہتے تھے۔ مرتے وقت وصیت کی تھی کہ میرے نہلانے کا پانی اسی سے گرم کیا جائے۔ کہتے ہیں کہ صرف غسل میت کے پانی گرم کرنے کے لیے کافی نہ تھا بلکہ گرم کرنے کے بعد بچ بھی گیا تھا۔ یحییٰ بن معینؒ حدیث کے مشہور استاذ ہیں۔ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے ہاتھوں سے دس لاکھ حدیثیں لکھی ہیں۔ ابن جریرؒ طبری مشہور مورخ ہیں۔ صحابہؓ اور تابعینؒ کے احوال کے ماہر چالیس سال تک ہمیشہ چالیس ورق روزانہ لکھنے کا معمول تھا۔ ان کے انتقال پر شاگردوں نے روزانہ کی لکھائی کا حساب لگایا تو بلوغ کے بعد سے مرنے تک چودہ ورق روزانہ کا اوسط نکلا۔ ان کی تاریخ مشہور ہے عام طور سے ملتی ہے۔ جب اس کی تصنیف کا ارادہ ظاہر کیا تو لوگوں سے پوچھا کہ تمام عالم کی تاریخ سے تو تم لوگ بہت خوش ہوگے۔ لوگوں نے پوچھا کہ اندازاً کتنی بڑی ہوگی۔ کہنے لگے کہ تقریباً تیس ہزار ورق پر آئے گی لوگوں نے کہا اس کے پورا کرنے سے پہلے عمریں فنا ہو جائیں گی۔ کہنے لگے اناللہ ہمتیں پست ہوگئیں۔ اس کے بعد مختصر کیا اور تقریباً تین ہزار ورق پر لکھی۔ اسی طرح ان کی تفسیر کا بھی قصہ ہوا وہ بھی مشہور ہے اور عام طور سے ملتی ہے۔ دارقطنیؒ حدیث کے مشہور مصنف ہیں۔ حدیث حاصل کرنے کے لیے بغداد، بصرہ، کوفہ، واسط مصر اور شام کا سفر کیا۔ ایک مرتبہ استاذ کی مجلس میں بیٹھے تھے۔ استاذ پڑھ رہے تھے اور یہ کوئی کتاب نقل کر رہے تھے۔ ایک ساتھی نے اعتراض کیا کہ تم دوسری طرف متوجہ ہو، کہنے لگے کہ میری اور تمہاری توجہ میں فرق ہے۔ بتاؤ استاذ نے اب تک کتنی حدیثیں سنائیں۔ وہ سوچنے لگے۔ دارقطنیؒ نے کہا کہ شیخ نے اٹھارہ حدیثیں سنائی ہیں۔ پہلی یہ تھی۔ دوسری یہ تھی۔ اسی طرح ترتیب وار سب کی سب مع سند کے سنا دیں حافظ اثرمؒ ایک محدث ہیں۔ احادیث کے یاد کرنے میں بڑے مشتاق تھے۔ ایک مرتبہ حج کو تشریف لے گئے۔ وہاں خراسان کے دو بڑے استاذ حدیث آئے ہوئے تھے اور حرم شریف میں دونوں علیحدہ علیحدہ درس دے رہے تھے۔ ہر ایک کے پاس پڑھنے والوں کا ایک بڑا مجمع موجود تھا یہ دونوں کے درمیان بیٹھ گئے اور دونوں کی حدیثیں ایک ہی وقت میں لکھ ڈالیں۔

لہ تذکرہ

عبداللہ بن مبارکؒ مشہور محدث ہیں۔ حدیث حاصل کرنے میں ان کی محنتیں مشہور ہیں۔ خود کہتے ہیں کہ میں نے چار ہزار استاذوں سے حدیث حاصل کی ہے۔ علی بن الحسنؒ کہتے ہیں کہ ایک رات سخت سردی تھی۔ میں اور ابن مبارکؒ مسجد سے عشاء کے بعد نکلے۔ دروازہ پر ایک حدیث میں گفتگو شروع ہوگئی۔ میں بھی کچھ کہتا رہا وہ بھی فرماتے رہے۔ وہیں کھڑے کھڑے صبح کی اذان ہوگئی حمیدیؒ ایک مشہور محدث ہیں جنہوں نے بخاریؒ اور مسلمؒ کی احادیث کو ایک جگہ جمع بھی کیا ہے رات بھر لکھتے تھے اور گرمی کے موسم میں جب گرمی بہت ستاتی تو ایک لگن میں پانی بھر لیتے اور اس میں بیٹھ کر لکھتے سب سے الگ رہتے تھے۔ شاعر بھی ہیں ان کے شعر ہیں ؎

لِقَاءُ النَّاسِ لَیْسَ یُفِیْدُ شَیْئًا   سِوَی الْہَذَیَانِ مِنْ قِیْلٍ وَّ قَالٍ

فَاَقْلِلْ مِنْ لِقَاءِ النَّاسِ اِلَّا   لِاَخْذِ الْعِلْمِ اَوْ اِصْلَاحِ حَالٍ

ترجمہ: لوگوں کی ملاقات کچھ فائدہ نہیں دیتی بجز قیل و قال کی بکواس کے اس لیے لوگوں کی ملاقات کم کر بجز اس کے کہ علم حاصل کرنے کے واسطے استاذ سے یا اصلاح نفس کے واسطے کسی شیخ سے ملاقات ہو۔ امام طبرانیؒ مشہور محدث ہیں۔ بہت سی تصانیف فرمائی ہیں۔ کسی نے ان کی کثرت تصانیف کو دیکھ کر پوچھا کہ کس طرح لکھیں کہنے لگے کہ تیس برس بوریئے پر گذار دیئے۔ یعنی رات دن بوریئے پر پڑے رہتے تھے۔ ابو العباسؒ شیرازی کہتے ہیں کہ میں نے طبرانیؒ سے تین لاکھ حدیثیں لکھی ہیں۔ امام ابو حنیفہؒ بڑی شدت کے ساتھ ناسخ اور منسوخ احادیث کی تحقیق فرماتے تھے کوفہ جو اس زمانہ میں علم کا گھر کہلاتا تھا اس میں جتنے محدثین تھے سب کی احادیث کو جمع فرمایا تھا اور جب کوئی باہر سے محدث آتے تو شاگردوں کو حکم فرماتے کہ ان کے پاس کوئی ایسی حدیث ہو جو اپنے پاس نہ ہو تو اس کی تحقیق کرو۔ ایک علمی مجلس امام صاحبؒ کے یہاں تھی، جس میں محدث فقیہ اہل لغت کا مجمع تھا۔ جب کوئی مسئلہ درپیش ہوتا تو اس مجلس میں اس پر بحث ہوتی۔ اور بعض مرتبہ ایک ایک مہینہ بحث رہتی، اس کے بعد جب کوئی بات طے ہوتی تو وہ مذہب قرار دی جاتی۔ اور لکھ لی جاتی۔ امام ترمذیؒ کے نام سے کون ناواقف ہوگا۔ احادیث کا کثرت سے یاد کرنا اور یاد رکھنا ان کی خصوصی شان تھی اور قوت حافظہ میں ضرب المثل تھے۔ بعض محدثین نے ان کا امتحان لیا اور چالیس حدیثیں ایسی سنائیں جو غیر معروف تھیں۔ امام ترمذیؒ نے فوراً سنا دیں۔ خود امام ترمذی کہتے ہیں کہ میں نے مکہ مکرمہ کے راستے میں ایک شیخ کی احادیث کے دو جزو نقل کئے تھے۔ اتفاق سے خود ان شیخ سے ملاقات ہوگئی میں نے درخواست کی کہ وہ دونوں جزو

احادیث کے استاذ سے بھی سن لوں انھوں نے قبول کر لیا۔ میں سمجھ رہا تھا کہ وہ جزو میرے پاس ہیں مگر استاد کی خدمت میں گیا تو بجائے ان کے دو سادے جزو ہاتھ میں تھے۔ استاذ نے سنانا شروع کیا اتفاقاً اُن کی نظر پڑی تو میرے ہاتھ میں سادے جزو تھے۔ ناراض ہوکر فرمایا تمہیں شرم نہیں آتی۔ میں نے قصہ بیان کیا اور عرض کیا کہ آپ جو سناتے ہیں وہ مجھے یاد ہو جاتا ہے۔ استاد کو یقین نہ آیا۔ فرمایا اچھا سناؤ۔ میں نے سب حدیثیں سنادیں فرمایا کہ یہ تم کو پہلے سے یاد ہوں گی۔ میں نے عرض کیا کہ اور نئی حدیثیں سنا دیجئے۔ انھوں نے چالیس حدیثیں اور سنادیں میں نے ان کو بھی فوراً سنا دیا۔ اور ایک بھی غلطی نہیں کی۔ محدثینؒ نے جو جو محنتیں احادیث کے یاد کرنے میں اُن کو پھیلانے میں کی ہیں اُن کا اتباع تو درکنار ان کا شمار بھی مشکل ہے۔ قرطمہؒ ایک محدث ہیں زیادہ مشہور بھی نہیں ہیں۔ ان کے شاگرد داؤدؒ کہتے ہیں کہ لوگ ابوحاتمؒ وغیرہ کے حافظہ کا ذکر کرتے ہیں۔ میں نے قرطمہؒ سے زیادہ حافظ نہیں دیکھا۔ ایک مرتبہ میں ان کے پاس گیا۔ کہنے لگے کہ ان کتب میں سے جونسی دل چاہے اُٹھالو، میں سنادوں گا۔ میں نے کتاب الاشربہ اُٹھائی وہ ہر باب کے اخیر سے اول کی طرف پڑھتے گئے اور پوری کتاب سُنادی۔ ابوزرعہؒ کہتے ہیں کہ امام احمد بن حنبلؒ کو دس لاکھ حدیثیں یاد تھیں۔ اسحٰق بن راہویہؒ کہتے ہیں کہ ایک لاکھ حدیثیں میں نے جمع کی ہیں اور تیس ہزار مجھے ازبر یاد ہیں۔ خفاف کہتے ہیں کہ اسحٰقؒ نے گیارہ ہزار حدیثیں اپنی یاد سے ہمیں لکھوائیں اور پھر اُن کو نمبروار سُنایا۔ نہ کوئی حرف کم ہوا نہ زیادہ۔ ابوسعد اصبہانیؒ بغدادی سولہ سال کی عمر میں ابونصرؒ کی احادیث سننے کے لیے بغداد پہنچے۔ راستے میں اُن کے انتقال کی خبر سُنی بے ساختہ رو پڑے چیخیں نکل گئیں۔ کہ اُن کی سند کہاں ملے گی۔ اتنا رنج کہ رونے میں چیخیں نکل جائیں جب ہو سکتا ہے جب کسی چیز کا عاشق ہو جائے۔ ان کو مسلم شریف پوری حفظ یاد تھی اور حفظ ہی طلبہ کو لکھوایا کرتے تھے۔ گیارہ حج کیے۔ جب کھانا کھانے بیٹھتے تو آنکھوں میں آنسو بھر آتے۔ ابوعمر ضریرؒ پیدائشی نابینا تھے مگر حفاظ حدیث میں شمار ہے۔ علم فقہ، تاریخ، فرائض، حساب میں کامل مہارت رکھتے تھے۔ ابوالحسینؒ اصفہانی کو بخاری شریف اور مسلم شریف دونوں یاد تھیں۔ بالخصوص بخاری شریف کا تو یہ حال ہے کہ جو کوئی سند پڑھتا اس کا متن یعنی حدیث پڑھ دیتے اور جو متن پڑھتا اس کی سند پڑھ دیتے تھے۔ شیخ تقی الدینؒ بعلبکی نے چار مہینے میں مسلم شریف تمام حفظ کرلی تھی اور جمع بین الصحیحین کے بھی حافظ تھے۔ صاحب کرامات بزرگ تھے۔ قرآن کے بھی حافظ تھے۔ کہتے ہیں کہ سورۂ انعام ساری ایک دن میں

حفظ کرلی تھی۔ ابن السنیؒ امام نسائیؒ کے مشہور شاگرد ہیں۔ حدیث لکھنے میں اخیر تک مشغول رہے ان کے صاحبزادے کہتے ہیں کہ میرے والدؒ نے لکھتے لکھتے دوات میں قلم رکھا اور دونوں ہاتھ دعا کے واسطے اٹھائے اور اسی حال میں انتقال ہوگیا۔ علامہ ساجیؒ نے بچپن میں فقہ حاصل کیا۔ اس کے بعد علم حدیث کا شغل رہا۔ ہررات میں دس برس قیام کیا۔ جس میں چھ مرتبہ ترمذی شریف اپنے ہاتھ سے لکھی۔ ابن مندۃؒ سے غرائب شعبہ پڑھ رہے تھے کہ اسی حال میں ابن مندۃؒ کا عشا کی نماز کے بعد انتقال ہوگیا۔ پڑھنے والے سے پڑھانے والے کا ولولہ علمی ہے کہ اخیر وقت تک پڑھاتے رہے۔ ابوعمر وخفافؒ کو ایک لاکھ حدیثیں ازبر تھیں۔ امام بخاریؒ کے استاذ عاصم بن علی جب بغداد پہنچے تو شاگردوں کا اس قدر ہجوم تھا کہ اکثر ایک لاکھ سے زائد ہوجاتے تھے۔ ایک مرتبہ اندازہ لگایا گیا تو ایک لاکھ بیس ہزار ہوئے۔ اسی وجہ سے بعض الفاظ کو کئی کئی مرتبہ کہنا پڑتا ان کے ایک شاگرد کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ حدثنا اللیث کو چودہ مرتبہ کہنا پڑا۔ ظاہر بات ہے کہ سوا لاکھ آدمیوں کو آواز پہنچانے کے واسطے بعض لفظوں کو کئی کئی مرتبہ کہنا ہی پڑے گا۔ ابومسلم بصری جب بغداد پہنچے تو ایک بڑے میدان میں حدیث کا درس شروع ہوا سات آدمی کھڑے ہوکر لکھواتے تھے۔ جس طرح عید کی تکبیریں کہی جاتی ہیں۔ سبق کے بعد دواتیں شمار کی گئیں تو چالیس ہزار سے زیادہ تھیں اور جو لوگ صرف سننے والے تھے وہ ان سے علیحدہ۔ فریابیؒ کی مجلس میں اسی طرح لکھوانے والے تین سو سولہ تھے اس سے مجمع کا اندازہ اپنے آپ ہوجاتا ہے اس محنت اور مشقت سے یہ پاک علم آج تک زندہ ہے امام بخاری فرماتے ہیں کہ میں نے چھ لاکھ حدیثوں میں سے انتخاب کرکے بخاری شریف لکھی ہے جس میں سات ہزار دو سو پچھتر حدیثیں ہیں اور ہر حدیث لکھتے وقت دو رکعت نفل نماز پڑھ کر حدیث لکھی ہے۔ جب یہ بغداد پہنچے تو وہاں کے محدثین نے ان کا امتحان لیا۔ اس طرح کہ دس آدمی متعین ہوئے۔ ان میں سے ہر شخص نے دس دس حدیثیں چھانٹیں جن کو بدل بدل کر ان سے پوچھا۔ یہ ہر سوال کے جواب میں مجھے معلوم نہیں کہتے رہے جب دس کے دس پوچھ چکے تو انھوں نے سب سے پہلے پوچھنے والے کو مخاطب کیا فرمایا کہ تم نے سب سے پہلی حدیث یہ پوچھی تھی۔ تم نے اس طرح بیان کی یہ غلط ہے اور صحیح اس طرح ہے۔ دوسری حدیث یہ پوچھی تھی وہ اس طرح تم نے بیان کی یہ غلط ہے اور صحیح اس طرح ہے۔ غرض اسی طرح سو کی سو حدیثیں ترتیب وار بیان فرمادیں کہ ہر حدیث کو اول اس طرح پڑھتے جس طرح امتحان لینے والے نے پڑھا تھا۔ پھر کہتے کہ یہ غلط ہے اور صحیح اس طرح ہے امام مسلمؒ نے چودہ برس کی عمر میں حدیث پڑھنا شروع کی تھی۔ اسی میں اخیر تک مشغول رہے

خود کہتے ہیں کہ میں نے تین لاکھ احادیث میں سے چھانٹ کر مسلم شریف تصنیف کی ہے جس میں بارہ ہزار حدیثیں ہیں۔ امام ابوداؤدؒ کہتے ہیں کہ میں نے پانچ لاکھ احادیث سنی ہیں جن میں سے انتخاب کرکے سُنن ابوداؤد شریف تصنیف کی ہے جس میں چار ہزار آٹھ سو حدیثیں ہیں۔ یوسف مزی مشہور محدث ہیں۔ اسماء رجال کے امام ہیں۔ اوّل اپنے شہر میں فقہ اور حدیث حاصل کیا۔ اس کے بعد مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ، حلب، حمات، بعلبک وغیرہ کا سفر کیا۔ بہت سی کتابیں اپنے قلم سے لکھیں۔ تہذیب الکمال دو سو جلدوں میں تصنیف کی اور کتاب الاطراف اسّی جلدوں سے زیادہ میں۔ ان کی عادت شریفہ تھی کہ اکثر چُپ رہتے۔ بات کسی سے بہت ہی کم کرتے تھے۔ اکثر اوقات کتاب کے دیکھنے میں مشغول رہتے۔ حاسدوں کی عداوت کا شکار بھی بنے مگر انتقام نہیں لیا۔ ان حضرات کے حالات کا احاطہ دشوار ہے۔ بڑی بڑی کتابیں ان کے حالات اور جانفشانیوں کا احاطہ نہیں کرسکیں۔ یہاں کے نمونہ کے طور پر چند حضرات کے دو چار واقعات کا ذکر اس لیے کیا تاکہ یہ معلوم ہو کہ وہ علم حدیث جو آج ساڑھے تیرہ سو برس تک نہایت آب و تاب سے باقی ہے وہ کس محنت اور جانفشانی سے باقی رکھا گیا ہے اور جو لوگ علم حاصل کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں اپنے آپ کو طالب علم کہتے ہیں وہ کتنی محنت اور مشقت اس کے لیے گوارا کرتے ہیں اگر ہم لوگ یہ چاہیں کہ ہم اپنی عیش و عشرت راحت و آرام سیر و تفریح اور دنیا کے دوسرے مشاغل میں لگے رہیں اور حضورؐ کے پاک کلام کا یہ شیوع اسی طرح باقی رہے تو این خیال است و محال است و جنوں کے سوا اور کیا ہوسکتا ہے۔

نواں باب حضورؐ کی فرماں برداری اور امتثال حکم

اور یہ دیکھنا کہ حضورؐ کا منشاء مبارک کیا ہے۔ ویسے تو صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کا ہر فعل فرماں برداری تھا اور گذشتہ قصوں سے بھی یہ بات خوب روشن ہے لیکن خاص طور سے چند قصے اس باب میں اس لیے ذکر کیے جاتے ہیں کہ ہم لوگ اپنی حالتوں کا اس باب سے خاص طور پر مقابلہ کرکے دیکھیں کہ ہم اللہ کی اور اس کے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام کی فرماں برداری کہاں تک کرتے ہیں۔ جس پر ہم لوگ ہر وقت اس کے بھی منتظر رہتے ہیں کہ وہ برکات ترقیات اور ثمرات جو صحابہ کرام کو حاصل ہوتے تھے ہمیں بھی حاصل ہوں۔ اگر واقعی ہم لوگ اس چیز کے متمنی ہیں تو ہمیں بھی وہ کرنا چاہیے جو وہ حضرات کرکے دکھلا گئے ہیں۔

(۱) حضرت عبداللہ بن عمروؓ کا چادر کو جلا دینا

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ سفر میں ہم لوگ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ میں حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میرے اوپر ایک چادر تھی جو کسم کے رنگ میں ہلکی سی رنگی ہوئی تھی۔ حضورؐ نے دیکھ کر فرمایا یہ کیا اوڑھ رکھا ہے۔ مجھے اس سوال سے حضورؐ کی ناگواری کے آثار معلوم ہوئے۔ گھر والوں کے پاس واپس ہوا تو انھوں نے چولھا جلا رکھا تھا میں نے وہ چادر اس میں ڈال دی دوسرے روز جب حاضری ہوئی تو حضورؐ نے فرمایا وہ چادر کیا ہوئی۔ میں نے قصہ سُنا دیا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا۔ عورتوں میں سے کسی کو کیوں نہ پہنا دی عورتوں کے پہننے میں تو مضائقہ نہ تھا۔ف اگرچہ چادر کے جلا دینے کی ضرورت نہ تھی مگر جس کے دل میں کسی کی ناگواری اور ناراضی کی چوٹ لگی ہوئی ہو، وہ اتنی سوچ کا متحمل ہی نہیں ہوتا کہ اس کی کوئی اور صورت بھی ہو سکتی ہے۔ ہاں مجھ جیسا نالائق ہوتا تو نہ معلوم کتنے احتمالات پیدا کر لیتا کہ یہ ناگواری کس درجہ کی ہے اور دریافت تو کر لوں اور کوئی صورت اجازت کی بھی ہو سکتی ہے یا نہیں اور حضورؐ نے پوچھا ہی تو ہے منع تو نہیں کیا وغیرہ وغیرہ۔

۲۔ انصاری کا مکان کو ڈھا دینا

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ایک مرتبہ دولت کدہ سے باہر تشریف لے جا رہے تھے۔ راستہ میں ایک قبّہ (گنبد دار حجرہ) دیکھا جو اونچا بنا ہوا تھا۔ ساتھیوں سے دریافت فرمایا کہ یہ کیا ہے انھوں نے عرض کیا کہ فلاں انصاری نے قبّہ بنایا ہے۔ حضورؐ سُن کر خاموش ہو رہے۔ کسی دوسرے وقت وہ انصاری حاضر خدمت ہوئے اور سلام کیا۔ حضورؐ نے اعراض فرمایا سلام کا جواب بھی نہ دیا۔ انھوں نے اس خیال سے کہ شاید خیال نہ ہوا ہو، دوبارہ سلام کیا۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر بھی اعراض فرمایا اور جواب نہ دیا۔ وہ اس کے کیسے متحمل ہو سکتے تھے۔ صحابہؓ سے جو وہاں موجود تھے دریافت کیا پوچھا۔ تحقیق کیا کہ میں آج حضورؐ کی نظروں کو پھرا ہوا پاتا ہوں خیر تو ہے۔ انھوں نے کہا کہ حضورؐ باہر تشریف لے گئے تھے۔ راستہ میں تمہارا قبہ دیکھا تھا اور دریافت فرمایا تھا کہ یہ کس کا ہے۔ یہ سن کر وہ انصاری فوراً گئے اور اس کو توڑ کر ایسا زمین کی برابر کر دیا کہ نام و نشان بھی نہ رہا۔ اور پھر آکر عرض بھی نہیں کیا۔ اتفاقاً حضورؐ ہی کا اس جگہ کسی دوسرے موقع پر گذر ہوا تو دیکھا کہ وہ قبّہ وہاں نہیں ہے۔ دریافت فرمایا۔ صحابہؓ نے عرض کیا کہ انصاری نے آنحضرتؐ کے اعراض کا کئی روز ہوئے ذکر کیا تھا۔ ہم نے کہہ دیا تھا کہ تمہارا قبّہ دیکھا ہے۔ انھوں نے آکر اس کو بالکل توڑ دیا۔ حضور نے ارشاد فرمایا کہ ہر تعمیر آدمی پر وبال ہے۔ مگر وہ تعمیر جو سخت ضرورت اور مجبوری کی ہو[۲]

[۱] ابوداؤد [۲] ابوداؤد

ف یہ کمال عشق کی باتیں ہیں ان حضرات کو اس کا تحمل ہی نہیں تھا کہ چہرۂ انور کو رنجیدہ دیکھیں یا کوئی شخص اپنے سے حضورؐ کی گرانی کو محسوس کرے۔ ان صحابی نے قبّہ کو گرایا اور پھر یہ بھی نہیں کہ گرانے کے بعد جتانے کے طور پر آکر کہتے کہ آپ کی خوشی کے واسطے گرادیا بلکہ جب حضورؐ کا خود ہی اتفاق سے اُدھر کو تشریف لے جانا ہوا تو ملاحظہ فرمایا۔ حضورؐ کو تعمیر میں روپے کا ضائع کرنا خاص طور سے ناگوار تھا۔ بہت سی احادیث میں اس کا ذکر آیا ہے۔ خود ازواج مطہرات کے مکانات کھجور کی ٹہنیوں کے ٹٹے تھے جن پر ٹاٹ کے پردے پڑے رہتے تھے تاکہ اجنبی نگاہ اندر نہ جاسکے۔ ایک مرتبہ حضورؐ کہیں سفر میں تشریف لے گئے۔ حضرت اُمِّ سلمہؓ کو کچھ ثروت حاصل تھی۔ انہوں نے اپنے مکان پر بجائے ٹٹوں کے کچی اینٹیں لگالیں واپسی پر جب حضورؐ نے ملاحظہ فرمایا تو دریافت کیا کہ یہ کیا کیا۔ انھوں نے عرض کیا کہ اس میں بے پردگی کا احتمال رہتا ہے۔ حضورؐ نے فرمایا کہ بدترین چیز جس میں آدمی کا روپیہ خرچ ہو تعمیر ہے۔ عبداللہ بن عمرو کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں اور میری والدہ اپنے مکان کی ایک دیوار کو جو خراب ہوگئی تھی درست کررہے تھے۔ حضورؐ نے ملاحظہ فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ موت اس دیوار کے گرنے سے زیادہ قریب ہے۔[1]

(۳) صحابہؓ کا سرخ چادروں کو اُتارنا

حضرت رافعؓ کہتے ہیں کہ ہم لوگ ایک مرتبہ سفر میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمرکاب تھے اور ہمارے اونٹوں پر چادریں پڑی ہوئی تھیں جن میں سُرخ ڈورے تھے۔ حضور نے ارشاد فرمایا میں دیکھتا ہوں کہ یہ سرخی تم پر غالب ہوتی جاتی ہے۔ حضور کا یہ ارشاد فرمانا تھا کہ ہم لوگ ایک دم ایسے گھبرا کے اٹھے کہ ہمارے بھاگنے سے اونٹ بھی اِدھر اُدھر بھاگنے لگے اور ہم نے فوراً سب چادریں اونٹوں سے اتارلیں۔[2] ف صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی زندگی میں اس قسم کے واقعات کوئی اہمیت نہیں رکھتے۔ ہاں ہماری زندگی کے اعتبار سے ان پر تعجب ہوتا ہے۔ ان حضرات کی عام زندگی ایسی ہی تھی۔ عروہ بن مسعود جب صلح حدیبیہ میں جس کا قصہ باب کے ۱۰ پر گذرا کفار کی طرف سے قاصد کی حیثیت سے آئے تھے تو مسلمانوں کی حالت کا بڑی غور سے مطالعہ کیا تھا اور مکہ واپس جاکر کفار سے کہا تھا کہ میں بڑے بڑے بادشاہوں کے یہاں قاصد بن کر گیا ہوں۔ فارس و روم اور حبشہ کے بادشاہوں سے ملا ہوں۔ میں نے کسی بادشاہ کے یہاں یہ بات نہیں دیکھی کہ اس کے درباری اس کی اس قدر تعظیم کرتے ہوں جتنی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی جماعت ان کی تعظیم کرتی ہے۔ کبھی ان کا بلغم زمین پر نہیں گرنے دیتی۔ وہ کسی نہ کسی کے ہاتھ پر پڑتا

[1] ابوداؤد [2] ابوداؤد

ہے اور وہ اس کو منہ اور بدن پر مل لیتا ہے۔ جب وہ کوئی حکم کرتے ہیں تو ہر شخص دوڑتا ہے کہ تعمیل کرے۔ جب وہ وضو کرتے ہیں تو وضو کا پانی بدن پر ملنے اور لینے کے واسطے ایسے دوڑتے ہیں گویا آپس میں جنگ وجدل ہو جاوے گا۔ اور جب وہ بات کرتے ہیں تو سب چپ ہو جاتے ہیں۔ کوئی شخص ان کی طرف عظمت کی وجہ سے نگاہ اٹھا کر نہیں دیکھ سکتا۔

۴۔ حضرت وائلؓ کا ذباب کے لفظ سے بال کٹوا دینا

وائل بن حجرؓ کہتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ حاضر خدمت ہوا۔ میرے سر کے بال بہت بڑھے ہوئے تھے۔ میں سامنے آیا تو حضورؐ نے ارشاد فرمایا ذباب ذباب میں یہ سمجھا کہ میرے بالوں کو ارشاد فرمایا۔ میں واپس گیا اور ان کو کٹوا دیا۔ جب دوسرے دن خدمت میں حاضری ہوئی تو ارشاد فرمایا کہ میں نے تمہیں نہیں کہا تھا لیکن یہ اچھا کیا۔ ف ذباب کے معنی منحوس کے بھی ہیں اور بری چیز کے بھی۔ یہ اشاروں پر مرمٹنے کی بات ہے کہ منشا سمجھنے کے بعد خواہ وہ غلط ہی سمجھا گیا ہو اس کی تعمیل میں دیر نہ ہوتی تھی۔ یہاں حضورؐ نے ارشاد ہی فرما دیا کہ تم کو نہیں کہا تھا۔ مگر یہ چونکہ اپنے متعلق سمجھے اس لیے کیا مجال تھی کہ دیر ہوتی۔ ابتدائے اسلام میں نماز میں بولنا جائز تھا پھر منسوخ ہو گیا۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ حاضر خدمت ہوئے۔ حضور نماز پڑھ رہے تھے۔ انھوں نے حسب معمول سلام کیا چونکہ نماز میں بولنا منسوخ ہو چکا تھا۔ حضورؐ نے جواب نہ دیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ حضورؐ کے جواب نہ دینے سے نئی اور پرانی باتیں یاد آ کر مختلف خیالات نے مجھے آگھیرا۔ کبھی سوچتا فلاں بات سے ناراضی ہوئی۔ کبھی خیال کرتا کہ فلاں بات پیش آئی۔ آخر حضورؐ نے جب سلام پھیرا اور ارشاد فرمایا کہ نماز میں کلام کرنا منسوخ ہو گیا ہے۔ اس لیے میں نے سلام کا جواب نہیں دیا تھا۔ تب جان میں جان آئی۔

۵۔ حضرت سہیلؓ بن حنظلیہ کی عادت اور خریمؓ کا بال کٹوا دینا

دمشق میں سہیلؓ بن حنظلیہؓ نامی ایک صحابی رہا کرتے تھے جو نہایت یکسو تھے۔ بہت کم کسی سے ملتے جلتے تھے اور کہیں آتے جاتے نہ تھے۔ دن بھر نماز میں مشغول رہتے یا تسبیح اور وظائف میں مسجد میں آتے جاتے راستہ میں حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ پر جو مشہور صحابی ہیں گذر ہوتا ابو الدرداءؓ فرماتے کہ کوئی کلمہ خیر سناتے جاؤ تمہیں کوئی نقصان نہیں ہمیں نفع ہو جائے گا۔ تو وہ کوئی واقعہ حضورؐ کے زمانہ کا یا کوئی حدیث سنا دیتے۔ ایک مرتبہ اسی طرح جا رہے تھے ابو الدرداءؓ نے معمول کے موافق درخواست کی کہ کوئی کلمہ خیر سناتے جائیں۔ کہنے لگے کہ ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ خریم اسدی اچھا آدمی ہے۔ اگر دو باتیں نہ ہوں ایک سر کے بال بہت بڑھے رہتے ہیں۔

دوسرے لُنگی ٹخنوں سے نیچے باندھتا ہے۔ ان کو حضورؐ کا یہ ارشاد پہنچا فوراً چاقو لے کر بال کانوں کے نیچے سے کاٹ دیئے اور لنگی آدھی پنڈلی تک باندھنا شروع کردی ۔ ف بعض روایات میں آیا ہے کہ خود حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے ان دونوں باتوں کو ارشاد فرمایا اور انھوں نے قسم کھا کر کہا کہ اب سے نہ ہوں گی۔ مگر دونوں روایتوں میں کچھ اشکال نہیں۔ یہ ہو سکتا ہے کہ خود ان سے بھی ارشاد فرمایا ہو اور غیبت میں بھی ارشاد فرمایا ہو جو سننے والے نے اُن سے جاکر عرض کر دیا۔

۶۔ حضرت ابن عمرؓ کا اپنے بیٹے سے نہ بولنا

حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے ایک مرتبہ ارشاد فرمایا تھا کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا کہ عورتوں کو مسجد میں جانے کی اجازت دے دیا کرو۔ ابن عمرؓ کے ایک صاحبزادہ نے عرض کیا کہ ہم تو اجازت نہیں دے سکتے کیوں کہ وہ اس کو آئندہ چل کر بہانہ بنالیں گی آزادی اور فساد دآوارگی کا۔ حضرت ابن عمرؓ بہت ناراض ہوئے بُرا بھلا کہا اور فرمایا کہ میں تو حضورؐ کا ارشاد سُناؤں اور تو کہے کہ اجازت نہیں دلے سکتے۔ اس کے بعد سے ہمیشہ کے لیے ان صاحبزادہ سے بولنا چھوڑ دیا۔ ۔ ف صاحبزادہ کا یہ کہنا کہ فساد کا حیلہ بنالیں گی۔ اپنے زمانہ کی حالت کو دیکھ کر تھا اسی وجہ سے خود حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ اگر حضورؐ اس زمانہ کی عورتوں کا حال دیکھتے تو ضرور عورتوں کو مسجد میں جانے سے منع فرما دیتے۔ حالانکہ حضرت عائشہؓ کا زمانہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ زیادہ بعد کا نہیں۔ لیکن اس کے باوجود حضرت ابن عمرؓ کو اس کا تحمل نہیں ہو سکا کہ حضورؐ کے ارشاد کو سن کر اس میں کوئی تردد یا تامل کیا جائے اور صرف اس بات پر کہ حضورؐ کے ارشاد پر انھوں نے انکار کیا عمر بھر نہیں بولے اور حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بھی اس میں دقتیں اُٹھانا پڑیں کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پاک ارشاد کی اہمیت کی وجہ سے جو اُن کی جان تھی مسجد سے روکنا بھی مشکل تھا۔ اور زمانہ کے فساد کی وجہ سے جس کا اندیشہ اسی وقت سے شروع ہو گیا تھا اجازت بھی مشکل تھی۔ چنانچہ حضرت عاتکہؓ جن کے کئی نکاح ہوئے جن میں سے حضرت عمرؓ سے بھی ہوا وہ مسجد میں تشریف لے جاتی تھیں اور حضرت عمرؓ کو گراں ہوتا تھا۔ کسی نے اُن سے کہا کہ عمرؓ کو گراں ہوتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اگر ان کو گراں ہے تو منع کر دیں۔ حضرت عمرؓ کے وصال کے بعد حضرت زبیرؓ سے نکاح ہوا۔ اُن کو بھی یہ چیز گراں تھی مگر روکنے کی ہمت نہ ہوئی۔ تو ایک مرتبہ عشاء کی نماز کے لیے یہ جہاں کو جاتی تھیں راستہ میں بیٹھ گئے

۱؎ ابوداؤد ۲؎ مسلم ابوداؤد

اور جب یہ پاس کو گذریں تو ان کو چھیڑا۔ خاوند تھے اس لیے ان کو تو جائز تھا ہی مگر ان کو خبر نہ ہوئی۔ اندھیر تھا کہ یہ کون ہیں۔ اس کے بعد سے انہوں نے جانا چھوڑ دیا۔ دوسرے وقت حضرت زبیرؓ نے پوچھا کہ مسجد میں کیوں جانا چھوڑ دیا۔ کہنے لگیں کہ اب زمانہ نہیں رہا۔

۷۔ حضرت ابن عمرؓ سے سوال کہ نماز قصر قرآن میں نہیں

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے ایک شخص نے پوچھا کہ قرآن شریف میں مقیم کی نماز کا بھی ذکر ہے اور خوف کی نماز کا بھی، مسافر کی نماز کا ذکر نہیں۔ انھوں نے فرمایا کہ برادرزادہ اللہ جل شانہٗ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو نبی بنا کر بھیجا۔ ہم لوگ انجان تھے کچھ نہیں جانتے تھے۔ پس جو ہم نے اُن کو کرتے دیکھا ہے وہ کریں گے [۱]۔ ف مقصود یہ ہے کہ ہر مسئلہ کا صراحۃً قرآن شریف میں ہونا ضروری نہیں۔ عمل کے واسطے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہو جانا کافی ہے۔ خود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ مجھے قرآن شریف عطا ہوا اور اس کی برابر اور احکام دیئے گئے۔ عنقریب وہ زمانہ آنے والا ہے کہ پیٹ بھرے لوگ اپنے گدّوں پر بیٹھ کر کہیں گے کہ بس قرآن شریف کو مضبوط پکڑلو جو اس میں احکام ہیں ان پر عمل کرو [۲]۔ ف پیٹ بھرے سے مراد یہ ہے کہ اس قسم کے فاسد خیال دولت کے نشہ سے ہی پیدا ہوتے ہیں۔

۸۔ حضرت ابن مغفلؓ کا خذف کی وجہ سے کلام چھوڑ دینا

عبداللہ بن مغفلؓ کا ایک نو عمر بھتیجہ خذف سے کھیل رہا تھا۔ انھوں نے دیکھا اور فرمایا کہ برادرزادہ ایسا نہ کرو۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ اس سے فائدہ کچھ نہیں نہ شکار ہو سکتا ہے نہ دشمن کو نقصان پہنچایا جا سکتا ہے اور اتفاقاً کسی کے لگ جائے تو آنکھ پھوٹ جائے۔ دانت ٹوٹ جائے۔ بھتیجہ کم عمر تھا۔ اس لئے جب چچا کو غافل دیکھا تو پھر کھیلنے لگا۔ انھوں نے دیکھ لیا۔ فرمایا کہ میں تجھے حضورؐ کا ارشاد سناتا ہوں تو پھر اسی کو کرتا ہے۔ خدا کی قسم تجھ سے کبھی بات نہیں کروں گا۔ ایک دوسرے قصہ میں اس کے بعد ہے خدا کی قسم نہ تیرے جنازہ میں شریک ہوں گا نہ تیری عیادت کروں گا [۳]۔ ف خذف اس کو کہتے ہیں کہ انگوٹھے پر چھوٹی سی کنکری رکھ کر اس کو انگلی سے پھینک دیا جائے۔ بچّوں میں عام طور سے اس طرح کھیلنے کا مرض ہوتا ہے وہ ایسا تو ہوتا نہیں کہ اس سے شکار ہو سکے۔ ہاں آنکھ میں کسی کے اتفاقاً لگ جائے تو اس کو زخمی کر ہی دے۔ حضرت عبداللہ بن مغفلؓ کو اس کا تحمل نہ ہو سکا کہ حضورؐ کا ارشاد سنانے کے بعد بھی وہ بچّہ اس کام کو کرے۔ ہم لوگ صبح سے شام تک حضورؐ کے کتنے ارشادات سنتے ہیں اور ان کا کتنا اہتمام

[۱] شفا [۲] ابوداؤد [۳] ابن ماجہ دارمی

کرتے ہیں۔ ہر شخص خود ہی اپنے متعلق فیصلہ کر سکتا ہے۔

۹۔ حضرت حکیم بن حزام رض کا سوال سے عہد

حکیم بن حزام رض ایک صحابی ہیں حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے کچھ طلب کیا۔ حضور ﷺ نے عطا فرمایا۔ پھر کسی موقع پر کچھ مانگا۔ حضور ﷺ نے پھر مرحمت فرمادیا۔ تیسری دفعہ پھر سوال کیا۔ حضور ﷺ نے عطا فرمایا اور یہ ارشاد فرمایا کہ حکیم یہ مال سبز باغ ہے۔ ظاہر میں بڑی میٹھی چیز ہے مگر اس کا دستور یہ ہے کہ اگر یہ دل کے استغناء سے ملے تو اس میں برکت ہوتی ہے اور اگر طمع اور لالچ سے حاصل ہو تو اس میں برکت نہیں ہوتی ایسا ہو جاتا ہے (جیسے جوع البقر کی بیماری ہو) کہ ہر وقت کھائے جائے اور پیٹ نہ بھرے۔ حکیم رض نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آپ کے بعد اب کسی کو نہیں ستاؤں گا۔ اس کے بعد حضرت ابو بکر رض نے اپنے زمانۂ خلافت میں حکیم رض کو بیت المال سے کچھ عطا فرمانے کا ارادہ کیا۔ انھوں نے انکار کر دیا۔ اس کے بعد حضرت عمر رض نے اپنے زمانۂ خلافت میں بار بار اصرار کیا مگر انہوں نے انکار ہی فرمادیا۔ ف۔ یہی وجہ ہے کہ آج کل ہم لوگوں کے مالوں میں برکت نہیں ہوتی کہ لالچ اور طمع میں گھرے رہتے ہیں۔

۱۰۔ حضرت حذیفہ رض کا جاسوسی کے لیے جانا

حضرت حذیفہ رض فرماتے ہیں کہ غزوۂ خندق میں ہماری ایک طرف تو مکہ کے کفار اور ان کے ساتھ دوسرے کافروں کے بہت سے گروہ تھے جو ہم پر چڑھائی کر کے آئے تھے اور حملہ کے لیے تیار تھے اور دوسری طرف خود مدینہ منورہ میں بنو قریظہ کے یہود ہماری دشمنی پر تلے ہوئے تھے جن سے ہر وقت اندیشہ تھا کہ کہیں مدینہ منورہ کو خالی دیکھ کر وہ ہمارے اہل و عیال کو بالکل نہ ختم کر دیں۔ ہم لوگ مدینہ منورہ سے باہر لڑائی کے سلسلہ میں پڑے ہوئے تھے۔ منافقوں کی جماعت گھر کے خالی اور تنہا ہونے کا بہانہ کر کے اجازت لے کر اپنے گھروں کو واپس جا رہی تھی اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ہر اجازت مانگنے والے کو اجازت مرحمت فرما دیتے تھے۔ اسی دوران میں ایک رات آندھی اس قدر شدت سے آئی کہ نہ اس سے پہلے کبھی اتنی آئی نہ اس کے بعد اندھیرا اس قدر زیادہ کہ آدمی کو پاس والا آدمی تو کیا اپنا ہاتھ بھی نظر نہیں آتا تھا اور ہوا اتنی سخت کہ اس کا شور بجلی کی طرح گرج رہا تھا۔ منافقین اپنے گھروں کو لوٹ رہے تھے۔ ہم تین سو کا مجمع اسی جگہ تھا۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ایک ایک کا حال دریافت فرما رہے تھے اور اس اندھیری میں ہر طرف تحقیقات فرما رہے تھے۔ اتنے میں میرے پاس کو حضور ﷺ کا گذر ہوا۔ میرے پاس نہ تو دشمن سے

بچاؤ کے واسطے کوئی ہتھیار نہ سردی سے بچاؤ کے لیے کوئی کپڑا صرف ایک چھوٹی سی چادر تھی. جو اوڑھنے میں گھٹنوں تک آتی تھی اور وہ بھی میری نہیں بیوی کی تھی۔ میں اس کو اوڑھے ہوئے گھٹنوں کے بل زمین سے چمٹا ہوا بیٹھا تھا۔ حضور نے دریافت فرمایا کون ہے۔ میں نے عرض کیا حذیفہ، مگر مجھ سے سردی کے مارے اٹھا بھی نہ گیا اور شرم کے مارے زمین سے چمٹ گیا۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ اٹھ کھڑا ہو اور دشمنوں کے جتھے میں جا کر ان کی خبر لا کہ کیا ہو رہا ہے۔ میں اس وقت گھبراہٹ خوف اور سردی کی وجہ سے سب سے زیادہ خستہ حال تھا۔ مگر تعمیل ارشاد میں اٹھ کر فوراً چل دیا۔

جب میں جانے لگا تو حضور نے دعا دی اَللّٰھُمَّ احْفَظْہُ مِنْ بَیْنِ یَدَیْہِ وَمِنْ خَلْفِہٖ وَعَنْ یَمِیْنِہٖ وَعَنْ شِمَالِہٖ وَمِنْ فَوْقِہٖ وَمِنْ تَحْتِہٖ یا اللہ آپ اس کی حفاظت فرمائیں سامنے سے اور پیچھے سے دائیں سے اور بائیں سے اوپر سے اور نیچے سے۔ حذیفہ رض کہتے ہیں کہ حضورؐ کا یہ ارشاد فرمانا تھا گویا مجھ سے خوف اور سردی بالکل ہی جاتی رہی اور ہر ہر قدم پر یہ معلوم ہوتا تھا گویا گرمی میں چل رہا ہوں۔ حضورؐ نے چلتے وقت یہ بھی ارشاد فرمایا تھا کہ کوئی حرکت نہ کرکے آئیو۔ چپ چاپ دیکھ کر آجاؤ کہ کیا ہو رہا ہے۔ میں وہاں پہنچا تو دیکھا کہ آگ جل رہی ہے اور لوگ سینک رہے ہیں۔ ایک شخص آگ پر ہاتھ سینکتا ہے اور کوکھ پر پھیرتا ہے اور ہر طرف سے واپس چل دو واپس چل دو کی آوازیں آرہی ہیں۔ ہر شخص اپنے قبیلے والوں کو آواز دے کر کہتا ہے کہ واپس چلو اور ہوا کی تیزی کی وجہ سے چاروں طرف سے پتھر اُن کے خیموں پر برس رہے تھے۔ خیموں کی رسیاں ٹوٹتی جاتی تھیں اور گھوڑے وغیرہ جانور ہلاک ہو رہے تھے۔ ابوسفیان جو ساری جماعتوں کا اس وقت گویا سردار بن رہا تھا آگ پر سینک رہا تھا۔ میرے دل میں آیا کہ موقع اچھا ہے اس کو نمٹاتا چلوں۔ ترکش میں سے تیر نکال کر کمان میں بھی رکھ لیا مگر پھر حضورؐ کا ارشاد یاد آیا کہ کوئی حرکت نہ کیجیو دیکھ کر چلے آنا۔ اس لیے میں نے تیر کو ترکش میں رکھ دیا۔ ان کو شبہ ہو گیا کہنے لگے۔ تم میں کوئی جاسوس ہے۔ ہر شخص اپنے برابر والے کا ہاتھ پکڑ لے۔ میں نے جلدی سے ایک آدمی کا ہاتھ پکڑ کر پوچھا تو کون؟ وہ کہنے لگا سبحان اللہ تو مجھے نہیں جانتا میں فلاں ہوں۔ میں وہاں سے واپس آیا جب آدھے راستہ پر تھا تو تقریباً بیس سوار عمامہ باندھے ہوئے مجھے ملے۔ انھوں نے کہا اپنے آقا سے کہہ دینا کہ اللہ نے دشمنوں کا انتظام کر دیا بے فکر رہیں۔ میں واپس پہنچا تو حضورؐ ایک چھوٹی سی چادر اوڑھے نماز پڑھ رہے تھے۔ یہ ہمیشہ کی عادت شریفہ تھی کہ جب کوئی گھبراہٹ کی بات پیش آتی تو حضورؐ نماز کی طرف متوجہ ہو جایا کرتے تھے۔ نماز سے فراغت پر میں نے وہاں کا جو منظر دیکھا

تھا عرض کر دیا۔ جاسوس کا قصہ سن کر دندان مبارک چمکنے لگے۔ حضورؐ نے مجھے اپنے پاؤں مبارک کے قریب لیا اور اپنی چادر کا ذرا سا حصہ مجھ پر ڈال دیا۔ میں نے اپنے سینے کو حضورؐ کے تلووں سے چمٹا لیا۔ سلف ان ہی حضرات کا یہ حصہ تھا اور ان ہی کو زیبا تھا کہ اس قدر سختیوں اور دقتوں کی حالت میں بھی تعمیل ارشاد تن من جان مال سب سے زیادہ عزیز تھی۔ اللہ جل شانہٗ بلا استحقاق اور بلا اہلیت مجھ ناپاک کو بھی ان کے اتباع کا کوئی حصہ نصیب فرمادیں تو زہے قسمت۔

دسواں باب عورتوں کا دینی جذبہ

حقیقت یہ ہے کہ اگر عورتوں میں دین کا شوق اور نیک اعمال کا جذبہ پیدا ہو جائے تو اولاد پر اس کا اثر ضروری ہے۔ اس کے برخلاف ہمارے زمانہ میں اولاد کو شروع ہی سے ایسے ماحول میں رکھا جاتا ہے جس میں اس پر دین کے خلاف اثر پڑے یا کم از کم یہ کہ دین کی طرف سے بے توجہی پیدا ہو جائے۔ جب ایسے ماحول میں ابتدائی زندگی گزرے گی تو اس سے جو نتائج پیدا ہوں گے وہ ظاہر ہیں

۱۔ تسبیحات حضرت فاطمہؓ

حضرت علیؓ نے اپنے ایک شاگرد سے فرمایا کہ میں تمہیں اپنا اور فاطمہؓ کا جو حضور کی سب سے زیادہ لاڈلی بیٹی تھیں قصہ سناؤں۔ شاگرد نے کہا ضرور۔ فرمایا کہ وہ اپنے ہاتھ سے چکی پیستی تھیں جس کی وجہ سے ہاتھ میں نشان پڑ گئے تھے اور خود پانی کی مشک بھر کر لاتی تھیں جس کی وجہ سے سینہ پر مشک کی رسّی کے نشان پڑ گئے تھے اور گھر کی جھاڑو وغیرہ بھی خود ہی دیتی تھیں جس کی وجہ سے تمام کپڑے میلے کچیلے رہتے تھے۔ ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کچھ غلام باندیاں آئیں میں نے فاطمہؓ سے کہا کہ تم بھی جا کر حضورؐ سے ایک خدمت گار مانگ لو تاکہ تم کو کچھ مدد مل جاوے۔ وہ حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوئیں وہاں مجمع تھا اور شرم مزاج میں بہت زیادہ تھی۔ اس لیے شرم کی وجہ سے سب کے سامنے باپ سے بھی مانگتے ہوئے شرم آئی۔ واپس آگئیں۔ دوسرے دن حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم خود تشریف لائے ارشاد فرمایا کہ فاطمہ کل تم کس کام کے لیے گئی تھیں وہ شرم کی وجہ سے چپ ہو گئیں۔ میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہؐ ان کی یہ حالت ہے کہ چکّی کی وجہ سے ہاتھوں میں گٹے پڑ گئے اور مشک کی وجہ سے سینہ پر رسّی کے نشان ہو گئے۔ ہر وقت کے کاروبار کی وجہ سے کپڑے میلے رہتے ہیں۔ میں نے ان سے کل کہا تھا کہ آپؐ کے پاس خادم آئے ہوئے ہیں ایک یہ بھی مانگ لیں اس لیے گئی تھیں۔ بعض روایات میں آیا ہے کہ حضرت فاطمہؓ نے

عرض کیا کہ یا رسول اللہ میرے اور علیؓ کے پاس ایک ہی بستر ہے اور وہ بھی مینڈھے کی ایک کھال ہے رات کو اس کو بچھا کر سو جاتے ہیں۔ صبح کو اسی پر گھاس دانہ ڈال کر اونٹ کو کھلاتے ہیں۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ بیٹی صبر کر حضرت موسیٰؑ اور ان کی بیوی کے پاس دس برس تک ایک ہی بچھونا (بستر) تھا۔ وہ بھی حضرت موسیٰ کا چوغہ تھا۔ رات کو اسی کو بچھا کر سو جاتے تھے۔ تو تقویٰ حاصل کر اور اللہ سے ڈر اور اپنے پروردگار کا فریضہ ادا کرتی رہ اور گھر کے کاروبار کو انجام دیتی رہ اور جب سونے کے واسطے لیٹا کرے تو سبحان اللہ ۳۳ مرتبہ الحمدللہ ۳۳ مرتبہ اور اللہ اکبر ۳۴ مرتبہ پڑھ لیا کر۔ یہ خادم سے زیادہ اچھی چیز ہے۔ حضرت فاطمہؓ نے عرض کیا میں اللہ سے اور اس کے رسولؐ سے راضی ہوں [1]

ف یعنی جو اللہ کی اور اس کے رسولؐ کی رضا میرے بارہ میں ہو مجھے بخوشی منظور ہے۔ یہ تھی زندگی دو جہان کے بادشاہ کی بیٹی کی۔ آج ہم لوگوں میں سے کسی کے پاس دو پیسہ ہو جائیں تو اس کے گھر والے گھر کا کام کاج درکنار اپنا کام بھی نہ کر سکیں۔ پاخانہ میں لوٹا بھی ماما ہی رکھ کر آئے۔ اس واقعہ میں جو اوپر ذکر کیا گیا صرف سونے کے وقت کا ذکر ہے۔ دوسری حدیثوں میں ہر نماز کے بعد ۳۳ مرتبہ یہ تینوں کلمے اور ایک مرتبہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ بھی آیا ہے۔

۲۔ حضرت عائشہؓ کا صدقہ

حضرت عائشہؓ کی خدمت میں دو گونین درہموں کی بھر کر پیش کی گئیں۔ جن میں ایک لاکھ سے زیادہ درم تھے۔ حضرت عائشہؓ نے طباق منگایا اور ان کو بھر بھر کر تقسیم فرمانا شروع کر دیا۔ اور شام تک سب ختم کر دیئے۔ ایک درہم بھی باقی نہ چھوڑا۔ خود روزہ دار تھیں۔ افطار کے وقت باندی سے کہا کہ افطار کے لیے کچھ لے آ۔ وہ ایک روٹی اور زیتون کا تیل لائیں اور عرض کرنے لگیں کیا اچھا ہوتا کہ ایک درہم کا گوشت ہی منگا لیتیں۔ آج ہم روزہ گوشت سے افطار کر لیتے۔ فرمانے لگیں۔ اب طعن دینے سے کیا ہوا اس وقت یاد دلاتی تو میں منگا لیتی [2] ف حضرت عائشہؓ کی خدمت میں اس نوع کے نذرانہ امیر معاویہؓ حضرت عبداللہ بن زبیرؓ وغیرہ حضرات کی طرف سے پیش کیے جاتے تھے۔ کیونکہ وہ زمانہ فتوحات کی کثرت کا تھا۔ مکانوں میں غلہ کی طرح سے اشرفیوں کے انبار پڑے رہتے تھے اور اس کے باوجود اپنی زندگی نہایت سادہ اور نہایت معمولی گذاری جاتی تھی حتیٰ کہ افطار کے واسطے بھی ماما کے یاد دلانے کی ضرورت تھی: پچیس ہزار روپے کے قریب تقسیم کر دیا اور یہ بھی خیال نہ آیا کہ میرا روزہ ہے اور گوشت بھی منگانا ہے۔ آج کل اس قسم کے واقعات

[1] ابوداؤد [2] تذکرہ

اتنے دور ہو گئے ہیں کہ خود واقعہ کے سچا ہونے میں تردد ہونے لگا۔ لیکن اس زمانہ کی عام زندگی جن لوگوں کی نظر میں ہے۔ اُن کے نزدیک یہ اور اس قسم کے سینکڑوں واقعات کچھ بھی تعجب کی چیز نہیں۔ خود حضرت عائشہؓ کے بہت سے واقعات اس کے قریب قریب ہیں۔ ایک دفعہ روزہ دار تھیں اور گھر میں ایک روٹی کے سوا کچھ نہ تھا۔ ایک فقیر نے آکر سوال کیا۔ خادمہ سے فرمایا کہ وہ روٹی اس کو دے دو۔ اس نے عرض کیا کہ افطار کے لیے گھر میں کچھ بھی نہیں۔ فرمایا کیا مضائقہ ہے۔ وہ روٹی اس کو دے دو۔ اس نے دے دی۔ [1] ایک مرتبہ ایک سانپ مار دیا۔ خواب میں دیکھا کوئی کہتا ہے کہ تم نے ایک مسلمان کو قتل کر دیا۔ فرمایا اگر وہ مسلمان ہوتا تو حضورؐ کی بیویوں کے یہاں نہ آتا۔ اس نے کہا مگر پردے کی حالت میں آیا تھا۔ اس پر گھبرا کر آنکھ کھل گئی اور بارہ ہزار درہم جو ایک آدمی کا خون بہا ہوتے ہیں صدقہ کیے۔ عروہؓ کہتے ہیں کہ میں نے ایک دفعہ دیکھا کہ ستّر ہزار درہم صدقہ کیے اور اپنے کرتہ میں پیوند لگ رہا تھا۔ [2]

۳۔ حضرت ابن زبیرؓ کا حضرت عائشہ کو صدقہ سے روکنا

حضرت عبد اللہ بن زبیرؓ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بھانجے تھے اور وہ ان سے بہت محبت فرماتی تھیں۔ انھوں نے ہی گویا بھانجے کو پالا تھا۔ حضرت عائشہؓ کی اس فیاضی سے پریشان ہو کر کہ خود تکلیفیں اُٹھائیں اور جو آئے وہ فوراً خرچ کر دیں۔ ایک دفعہ کہہ دیا کہ خالہ کا ہاتھ کسی طرح روکنا چاہیے حضرت عائشہؓ کو بھی یہ فقرہ پہنچ گیا۔ اس پر ناراض ہو گئیں کہ میرا ہاتھ روکنا چاہتا ہے اور ان سے نہ بولنے کی نذر کے طور پر قسم کھالی۔ حضرت عبد اللہ ابن زبیرؓ کو خالہ کی ناراضی کا بہت صدمہ ہوا۔ بہت سے لوگوں سے سفارش کرائی۔ مگر انھوں نے اپنی قسم کا عذر فرما دیا۔ آخر جب عبد اللہ بن زبیرؓ بہت ہی پریشان ہوئے تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی ننھیال کے دو حضرات کو سفارشی بنا کر ساتھ لے گئے وہ دونوں حضرات اجازت لے کر اندر گئے۔ یہ بھی چھپ کر ساتھ ہو لیے جب وہ دونوں پردہ کے پیچھے بیٹھے اور حضرت عائشہؓ پردہ کے اندر بیٹھ کر بات چیت فرمانے لگیں تو یہ جلدی سے پردہ میں چلے گئے اور جا کر خالہؓ سے لپٹ گئے اور بہت روئے اور خوشامد کی۔ وہ دونوں حضرات بھی سفارش کرتے رہے اور مسلمان سے بولنا چھوڑنے کے متعلق حضورؐ کے ارشادات یاد دلاتے رہے اور احادیث میں جو ممانعت اس کی آئی ہے وہ سناتے رہے جس کی وجہ سے حضرت عائشہؓ ان احادیث میں جو ممانعت اور مسلمان سے بولنا چھوڑنے پر جو عتاب وارد ہوا اس کی تاب نہ لا سکیں اور رونے لگیں۔ آخر معاف فرما دیا اور بولنے لگیں۔ لیکن اپنی اس قسم کے کفارہ

[1] موطا [2] طبقات

میں بار بار غلام آزاد کرتی تھیں حتیٰ کہ چالیس غلام آزاد کیے اور جب بھی اس قسم کے توڑنے کا خیال آجاتا اتنا روتیں کہ دوپٹہ تک آنسوؤں سے بھیگ جاتا۔ ۱ ہم لوگ صبح سے شام تک کتنی قسمیں ایک سانس میں کھالیتے ہیں اور پھر اُس کی کتنی پرواہ کرتے ہیں۔ اس کا جواب اپنے ہی سوچنے کا ہے۔ دوسرا شخص کون ہر وقت پاس رہتا ہے جو بتاوے۔ لیکن جن لوگوں کے یہاں اللہ کے نام کی وقعت ہے اور اللہ سے عہد کرلینے کے بعد پورا کرنا ضروری ہے۔ اُن سے پوچھو کہ عہد کے پورا نہ ہونے سے دل پر کیا گزرتی ہے اسی وجہ سے حضرت عائشہؓ کو جب یہ واقعہ یاد آتا تھا تو بہت زیادہ روتی تھیں

۴۔ حضرت عائشہؓ کی حالت اللہ کے خوف سے

حضرت عائشہؓ سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو جتنی محبت تھی وہ کسی سے مخفی نہیں۔ حتیٰ کہ جب حضورؐ سے کسی نے پوچھا کہ آپؐ کو سب سے زیادہ محبت کس سے ہے تو آپؐ نے فرمایا عائشہؓ سے اس کے ساتھ ہی مسائل سے اتنی زیادہ واقف تھیں کہ بڑے بڑے صحابہؓ مسائل کی تحقیق کے لیے آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام ان کو سلام کرتے تھے۔ جنّت میں بھی حضرت عائشہؓ کو حضورؐ کی بیوی ہونے کی بشارت دی گئی ہے۔ منافقوں نے آپ پر تہمت لگائی تو قرآن شریف میں آپ کی براءۃ نازل ہوئی۔ خود حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ دس خصوصیات مجھ میں ایسی ہیں کہ دوسری بیوی ان میں شریک نہیں۔ ابن سعدؒ نے ان کو مفصل نقل کیا ہے۔ صدقہ کی کیفیت پہلے قصوں سے معلوم ہو ہی چکی۔ لیکن ان سب باتوں کے باوجود اللہ کے خوف کا یہ حال تھا۔ فرمایا کرتیں کہ کاش میں درخت ہی ہوجاتی کہ تسبیح کرتی رہتی اور کوئی آخرت کا مطالبہ مجھ سے نہ ہوتا۔ کاش میں پتھر ہوتی، کاش میں مٹی کا ڈلا ہوتی۔ کاش میں پیدا ہی نہ ہوتی کاش میں درخت کا پتہ ہوتی۔ کاش میں کوئی گھاس ہوتی۔ ۲ اللہ کے خوف کا یہ منظر دوسرے باب کے پانچویں چھٹے قصّہ میں بھی گذر چکا ہے۔ ان حضرات کی یہ عام حالت تھی اللہ سے ڈرنا انھیں کا حصّہ تھا۔

۵۔ حضرت ام سلمہؓ کے خاوند کی دُعا اور ہجرت

ام المومنین حضرت ام سلمہؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے حضرت ابوسلمہؓ صحابیؓ کے نکاح میں تھیں دونوں میں بہت ہی زیادہ محبت اور تعلق تھا۔ جس کا اندازہ اس قصہ سے ہوتا ہے کہ ایک مرتبہ ام سلمہؓ نے ابوسلمہؓ سے کہا کہ میں نے یہ سنا ہے کہ اگر مرد اور عورت

---

۱ بخاری ۲ ابن سعد

دونوں جنتی ہوں اور عورت[1] مرد کے بعد کسی سے نکاح نہ کرے تو وہ عورت جنت میں اسی مرد کو ملے گی اسی طرح اگر مرد دوسری عورت سے نکاح نہ کرے تو وہی عورت اس کو ملے گی اس لیے لاؤ ہم اور تم دونوں عہد کرلیں کہ ہم میں سے جو پہلے مرجائے دوسرا نکاح نہ کرے۔ ابو سلمہؓ نے کہا کہ تم میرا کہنا مان لوگی۔ ام سلمہؓ نے کہا کہ میں تو اسی واسطے مشورہ کررہی ہوں کہ تمہارا کہنا مانوں۔ ابو سلمہؓ نے کہا کہ میرے بعد تم نکاح کرلینا۔ پھر دعا کی کہ یا اللہ میرے بعد ام سلمہؓ کو مجھ سے بہتر خاوند عطا فرما۔ جو نہ اس کو رنج پہنچائے نہ تکلیف دے۔ ابتدائے اسلام میں دونوں میاں بیوی نے حبشہ کی ہجرت ساتھ ہی کی اس کے بعد وہاں سے واپسی پر مدینہ طیبہ کی ہجرت کی جس کا مفصل قصہ خود ام سلمہؓ بیان کرتی ہیں کہ جب ابو سلمہؓ نے ہجرت کا ارادہ کیا تو اپنے اونٹ پر سامان لادا اور مجھے اور میرے بیٹے سلمہؓ کو سوار کرایا اور خود اونٹ کی نکیل ہاتھ میں لے کر چلے میرے میکے کے لوگوں بنو مغیرہ نے دیکھ لیا۔ انھوں نے ابو سلمہؓ سے کہا کہ تم اپنی ذات کے بارے میں تو آزاد ہوسکتے ہو مگر ہم اپنی لڑکی کو تمہارے ساتھ کیوں جانے دیں کہ یہ شہر در شہر پھرے۔ یہ کہہ کر اونٹ کی نکیل ابو سلمہؓ کے ہاتھ سے چھین لی اور مجھے زبردستی واپس لے آئے۔ میری سسرال کے لوگ بنو عبد الاسد کو جو ابو سلمہؓ کے رشتہ دار تھے جب اس قصہ کی خبر ملی تو وہ میرے میکہ والوں بنو مغیرہ سے جھگڑنے لگے کہ تمہیں اپنی لڑکی کا تو اختیار ہے مگر ہم اپنے لڑکے سلمہؓ کو تمہارے پاس کیوں چھوڑدیں جب کہ تم نے اپنی لڑکی کو اس کے پاس نہیں چھوڑا اور یہ کہہ کر میرے لڑکے سلمہ کو بھی مجھ سے چھین لیا۔ اب میں اور میرا لڑکا اور میرا شوہر تینوں جدا جدا ہوگئے خاوند تو مدینہ چلے گئے۔ میں اپنے میکہ میں رہ گئی اور بیٹا اپنی ددھیال میں پہنچ گیا۔ میں روز میدان میں نکل جاتی اور شام تک رویا کرتی۔ اسی طرح پورا ایک سال مجھے روتے گذر گیا نہ میں خاوند کے پاس جاسکی نہ بچہ مجھے مل سکا۔ ایک دن میرے ایک چچا زاد بھائی نے میرے حال پر ترس کھاکر اپنے لوگوں سے کہا کہ تمہیں اس مسکینہ پر ترس نہیں آتا کہ اس کو بچے اور خاوند سے تم نے جدا کر رکھا ہے۔ اس کو کیوں نہیں چھوڑ دیتے۔ غرض میرے چچا زاد بھائی نے کہہ سن کر اس بات پر ان سب کو راضی کرلیا۔ انھوں نے مجھے اجازت دے دی کہ تو اپنے خاوند کے پاس جانا چاہتی ہے تو چلی جا۔ یہ دیکھ کر بنو عبد الاسد نے بھی لڑکا دے دیا میں نے ایک اونٹ تیار کیا

---

[1] اگر عورت دوسرے خاوند سے نکاح کرے تو اس میں دو حدیثیں وارد ہوئی ہیں۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ وہ دوسرے کو ملے گی اور دوسری حدیث میں آیا ہے کہ اس کو اختیار دے دیا جائے گا کہ جس خاوند کے پاس رہنا چاہے اس کو اختیار کرلے یہ دوسری حدیث زیادہ مشہور ہے اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ جن عورتوں کو دونوں خاوند برابر ہوں ان کے حق میں پہلی حدیث ہو۔ اس بارہ میں بھی روایات مختلف ہیں کہ ہر شخص کو کتنی بیبیاں ملیں گی۔

اور بچہ گود میں لے کر تنہا اونٹ پر سوار ہو کر مدینہ کو چل دی تین چار میل چلی تھی کہ تنعیم میں عثمان بن طلحہ مجھے ملے۔ مجھ سے پوچھا کہ اکیلی کہاں جا رہی ہو۔ میں نے کہا کہ اپنے خاوند کے پاس مدینہ جا رہی ہوں۔ انھوں نے کہا کوئی تمہارے ساتھ نہیں۔ میں نے کہا کہ اللہ کی ذات کے سوا کوئی نہیں ہے۔ انھوں نے میرے اونٹ کی نکیل پکڑی اور آگے آگے چل دیئے خدا پاک کی قسم مجھے عثمان سے زیادہ شریف آدمی کوئی نہیں ملا جب اترنے کا وقت ہوتا تو وہ میرے اونٹ کو بٹھا کر خود علیحدہ درخت کی آڑ میں ہو جاتے۔ میں اتر جاتی اور جب سوار ہونے کا وقت ہوتا اونٹ کو سامان وغیرہ لاد کر میرے قریب بٹھا دیتے میں اس پر سوار ہو جاتی اور وہ آکر اس کی نکیل پکڑ کر آگے آگے چلنے لگتے۔ اسی طرح ہم مدینہ منورہ پہنچے جب قبا میں پہنچے تو انھوں نے کہا کہ تمہارا خاوند یہیں ہے۔ اس وقت تک ابوسلمہؓ قبا ہی میں مقیم تھے۔ عثمان مجھے وہاں پہنچا کر خود مکہ مکرمہ واپس ہو گئے۔ پھر کہا کہ خدا کی قسم عثمان بن طلحہ سے زیادہ کریم اور شریف آدمی میں نے نہیں دیکھا اور اس سال میں جتنی مشقت اور تکلیف میں نے برداشت کی شاید ہی کسی نے کی ہو [1] ف اللہ پر بھروسہ کی بات تھی کہ تنہا ہجرت کے ارادہ سے چل دیں۔ اللہ جل شانہٗ نے اپنے فضل سے ان کی مدد کا سامان مہیا کر دیا جو اللہ پر بھروسہ کر لیتا ہے اللہ جل شانہٗ اس کی مدد فرماتا ہے۔ بندوں کے دل اسی کے قبضہ میں ہیں۔ ہجرت کا سفر اگر کوئی محرم نہ ہو تو تنہا بھی جائز ہے۔ بشرطیکہ ہجرت فرض ہو۔ اس لیے ان کے تنہا سفر پر شرعی اشکال نہیں۔

۴۔ حضرت ام زیادؓ کی چند عورتوں کے ساتھ خیبر میں شرکت

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں مردوں کو تو جہاد کی شرکت کا شوق تھا ہی جس کے واقعات کثرت سے نقل کیے جاتے ہیں۔ عورتیں بھی اس چیز میں مردوں سے پیچھے نہیں تھیں۔ ہمیشہ مشتاق رہتی تھیں اور جہاں موقع مل جاتا پہنچ جاتیں۔ ام زیادؓ کہتی ہیں کہ خیبر کی لڑائی میں ہم چھ عورتیں جہاد میں شرکت کے لیے چل دیں۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع ملی تو ہم کو بلایا۔ حضورؐ کے چہرۂ انور پر غصہ کے آثار تھے۔ ارشاد فرمایا کہ تم کس کی اجازت سے آئیں اور کس کے ساتھ آئیں۔ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہؐ ہم کو اون بننا آتا ہے اور جہاد میں اس کی ضرورت پڑتی ہے۔ زخموں کی دوائیں بھی ہمارے پاس ہیں اور کچھ نہیں تو مجاہدین کو تیر ہی پکڑانے میں مدد دیں گے اور جو بیمار ہوگا اس کی دوا دارو کی مدد ہو سکے گی۔ ستو وغیرہ گھولنے اور پلانے میں کام دے دیں گے۔ حضورؐ نے ٹھہرنے کی اجازت دے دی [2]

[1] اسد الغابہ [2] ابوداؤد

ف حق تعالیٰ شانہ نے اس وقت عورتوں میں بھی کچھ ایسا ولولہ اور جرأت پیدا فرمائی تھی جو آج کل مردوں میں بھی نہیں ہے۔ دیکھئے یہ سب اپنے شوق سے خود ہی پہنچ گئیں اور کتنے کام اپنے کرنے کے تجویز کر لیے۔ حنین کی لڑائی میں ام سلیم باوجودیکہ حاملہ تھیں۔ عبداللہ بن ابی طلحہ پیٹ میں تھے شریک ہوئیں اور ایک خنجر ساتھ لیے رہتی تھیں۔ حضورؐ نے فرمایا کہ یہ کس لیے ہے۔ عرض کیا کہ اگر کوئی کافر میرے پاس آئے گا تو اس کے پیٹ میں بھونک دوں گی۔ اس سے پہلے احد وغیرہ کی لڑائی میں بھی شریک ہوئیں تھیں۔ زخمیوں کی دوا دارو اور بیماروں کی خدمت کرتی تھیں حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہؓ اور ام سلیمؓ کو دیکھا کہ نہایت مستعدی سے مشک بھر کر لاتی تھیں۔ اور زخمیوں کو پانی پلاتی تھیں اور جب خالی ہوجاتی تو پھر بھر لاتیں۔

۷۔ حضرت ام حرامؓ کی غزوۃ البحر میں شرکت کی تمنّا

حضرت ام حرامؓ حضرت انسؓ کی خالہ تھیں۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کثرت سے ان کے گھر تشریف لے جاتے اور کبھی دوپہر وغیرہ کو وہیں آرام بھی فرماتے تھے۔ ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ان کے گھر آرام فرما رہے تھے کہ مسکراتے ہوئے اُٹھے۔ ام حرامؓ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں کس بات پر آپؐ مسکرا رہے تھے۔ آپؐ نے فرمایا کہ میری اُمّت کے کچھ لوگ مجھے دکھلائے گئے جو سمندر پر لڑائی کے ارادہ سے اس طرح سوار ہوئے جیسے تختوں پر بادشاہ بیٹھے ہوں۔ ام حرامؓ نے عرض کیا یارسول اللہؐ دعا فرمادیجئے کہ حق تعالیٰ شانہ مجھے بھی ان میں شامل فرمادیں۔ حضورؐ نے فرمایا تم بھی ان میں شامل ہوگی۔ اس کے بعد پھر حضورؐ نے آرام فرمایا اور پھر مسکراتے ہوئے اُٹھے۔ ام حرامؓ نے پھر مسکرانے کا سبب پوچھا۔ آپ نے پھر اسی طرح ارشاد فرمایا ام حرامؓ نے پھر وہی درخواست کی یارسول اللہؐ آپ دُعا فرمادیں کہ میں بھی ان میں ہوں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ تم پہلی جماعت میں ہوگی۔ چنانچہ حضرت عثمانؓ کے زمانۂ خلافت میں امیر معاویہؓ نے جو شام کے حاکم تھے جزائر قبرص پر حملہ کی اجازت چاہی۔ حضرت عثمانؓ نے اجازت دے دی۔ امیر معاویہؓ نے ایک لشکر کے ساتھ حملہ فرمادیا جس میں ام حرامؓ بھی اپنے خاوند حضرت عبادہ کے ساتھ لشکر میں شریک ہوئیں اور واپسی پر ایک خچر پر سوار ہو رہی تھیں کہ وہ بدکا اور یہ اس پر سے گر گئیں جس سے گردن ٹوٹ گئی اور انتقال فرما گئیں اور وہیں دفن کی گئیں۔[1] ف یہ ولولہ تھا جہاد میں شرکت کا کہ ہر لڑائی میں شرکت کی دعا کراتی تھیں مگر چونکہ ان دونوں لڑائیوں میں سے پہلی لڑائی میں انتقال فرمانا متعین تھا اس لیے دوسری لڑائی میں شرکت نہ ہوسکی اور اسی وجہ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم

[1] بخاری

نے اس میں شرکت کی دعا بھی نہ فرمائی تھی۔

۸۔ حضرت اُمِ سلیم کی لڑکے کے مرنے پر خاوند سے ہم بستری

ام سلیمؓ حضرت انسؓ کی والدہ تھیں جو اپنے پہلے خاوند یعنی حضرت انسؓ کے والد کی وفات کے بعد بیوہ ہو گئی تھیں اور حضرت انسؓ کی پرورش کے خیال سے کچھ دنوں تک نکاح نہیں کیا تھا۔ اس کے بعد حضرت ابوطلحہؓ سے نکاح کیا جن سے ایک صاحبزادہ ابوعمیرؓ پیدا ہوئے جن سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم جب ان کے گھر تشریف لے جاتے تو ہنسی بھی فرمایا کرتے تھے۔ اتفاق سے ابوعمیرؓ کا انتقال ہو گیا۔ ام سلیمؓ نے ان کو نہلایا دھلایا۔ کفن پہنایا اور ایک چارپائی پر لٹا دیا۔ ابوطلحہؓ کا روزہ تھا۔ ام سلیمؓ نے ان کے لیے کھانا وغیرہ تیار کیا اور خود اپنے آپ کو آراستہ کیا۔ خوشبو وغیرہ لگائی۔ رات کو خاوند آئے۔ کھانا وغیرہ بھی کھایا۔ بچہ کا حال پوچھا تو انھوں نے کہہ دیا کہ اب تو سکون ہے معلوم ہوتا ہے بالکل اچھا ہو گیا وہ بے فکر ہو گئے رات کو خاوند نے صحبت بھی کی۔ صبح کو جب وہ اٹھے تو کہنے لگیں کہ ایک بات دریافت کرنا تھی اگر کوئی شخص کسی کو مانگی چیز دیدے پھر وہ اسے واپس لینے لگے تو واپس کر دینا چاہیے یا اسے روک لے واپس نہ کرے۔ وہ کہنے لگے کہ ضرور واپس کر دینا چاہیے روکنے کا کیا حق ہے۔ مانگی چیز کا تو واپس کرنا ہی ضروری ہے۔ یہ سن کر ام سلیمؓ نے کہا کہ تمہارا لڑکا جو اللہ کی امانت تھا وہ اللہ نے لے لیا۔ ابوطلحہؓ کو اس پر رنج ہوا اور کہنے لگے کہ تم نے مجھ کو خبر بھی نہ کی۔ صبح کو حضورؐ کی خدمت میں ابوطلحہؓ نے اس سارے قصہ کو عرض کیا۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا دی اور فرمایا کہ شاید اللہ جل شانہٗ اس رات میں برکت عطا فرمادیں۔ ایک انصاری کہتے ہیں کہ میں نے حضور کی دعا کی برکت دیکھی کہ اس رات کے حمل سے عبداللہ بن ابی طلحہؓ پیدا ہوئے جن کے نو بچے پیدا ہوئے۔ سب نے قرآن شریف پڑھا۔ لہ ف بڑے صبر اور ہمت کی بات ہے کہ اپنا بچہ مر جائے اور ایسی طرح اس کو برداشت کرے کہ خاوند کو بھی محسوس نہ ہونے دے چونکہ خاوند کا روزہ تھا اس لیے خیال ہوا کہ خبر ہونے پر کھانا بھی مشکل ہو گا۔

۹۔ حضرت ام حبیبہؓ کا اپنے باپ کو بستر پر نہ بٹھانا

ام المؤمنین حضرت ام حبیبہؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے عبداللہ بن جحش کے نکاح میں تھیں۔ دونوں خاوند بیوی ساتھ ہی مسلمان ہوئے اور حبشہ کی ہجرت بھی اکٹھے ہی کی وہاں جا کر خاوند مرتد ہو گیا اور اسی حالتِ ارتداد میں انتقال کیا۔ حضرت ام حبیبہؓ نے یہ بیوگی کا زمانہ حبشہ ہی میں گذارا۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے وہیں نکاح کا پیام بھیجا اور

حبشہ کے بادشاہ کی معرفت نکاح ہوا جیسا کہ باب کے ختم پر بیبیوں کے بیان میں آئے گا۔ نکاح کے بعد مدینہ طیبہ تشریف لائیں۔ صلح کے زمانہ میں اُن کے باپ ابوسفیان مدینہ طیبہ آئے کہ حضورؐ سے صلح کی مضبوطی کے لیے گفتگو کرنا تھی۔ بیٹی سے ملنے گئے وہاں بستر بچھا ہوا تھا اس پر بیٹھنے لگے تو حضرت ام حبیبہؓ نے وہ بستر اُلٹ دیا۔ باپ کو تعجب ہوا کہ بجائے بستر بچھانے کے اُس بچھے ہوئے کو بھی اُلٹ دیا۔ پوچھا کہ یہ بسترہ میرے قابل نہیں تھا۔ اس لیے لپیٹ دیا یا میں بسترہ کے قابل نہیں تھا۔ حضرت ام حبیبہؓ نے فرمایا کہ یہ اللہ کے پاک اور پیارے رسول کا بستر ہے اور تم بوجہ مشرک ہونے کے ناپاک ہو۔ اُس پر کیسے بٹھا سکتی ہوں۔ باپ کو اس بات سے بہت رنج ہوا اور کہا کہ تم مجھ سے جدا ہونے کے بعد بُری عادتوں میں مبتلا ہوگئیں۔ مگر ام حبیبہؓ کے دل میں حضورؐ کی جو عظمت تھی اس کے لحاظ سے وہ کب اس کو گوارا کرسکتی تھیں کہ کوئی ناپاک مشرک باپ ہو یا غیر ہو حضورؐ کے بستر پر بیٹھ سکے۔ ایک مرتبہ حضور سے چاشت کی بارہ رکعتوں کی فضیلت سنی تو ہمیشہ اُن کو پابندی سے نبھادیا۔ اُن کے والد بھی جن کا قصہ ابھی گذرا ہے بعد میں مسلمان ہوگئے تھے جب اُن کا انتقال ہوا تو تیسرے دن خوشبو منگائی اور اس کو استعمال کیا اور فرمایا کہ مجھے نہ خوشبو کی ضرورت نہ رغبت مگر میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ عورت کو جائز نہیں کہ خاوند کے علاوہ کسی پر تین دن سے زیادہ سوگ کرے۔ ہاں خاوند کے لیے چار مہینہ دس دن ہیں۔ اس لیے خوشبو استعمال کرتی ہوں کہ سوگ نہ سمجھا جائے۔ جب خود اپنے انتقال کا وقت ہوا تو حضرت عائشہؓ کو بلایا اُن سے کہا کہ میرا تمہارا معاملہ سوکن کا تھا اور سوکنوں میں آپس میں کسی نہ کسی بات پر تھوڑی بہت رنجش ہو ہی جاتی ہے۔ اللہ مجھے بھی معاف فرمادیں اور تمہیں بھی۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا اللہ تمہیں سب معاف کرے اور درگذر فرمائیں۔ یہ سن کر کہنے لگیں کہ تم نے مجھے اس وقت بہت ہی خوشی پہنچائی اللہ تمہیں بھی خوش وخرم رکھے اُس کے بعد اسی طرح ام سلمہؓ کے پاس بھی آدمی بھیجا۔[1] ف سوکنوں کے جو تعلقات آپس میں ہوتے ہیں وہ ایک دوسرے کی صورت بھی دیکھنا نہیں چاہا کرتیں مگر ان کو یہ اہتمام تھا کہ دنیا کا جو معاملہ ہو وہ یہیں نمٹ جائے۔ آخرت کا بوجھ سر پر نہ رہے اور حضورؐ کی عظمت اور محبت کا اندازہ تو اس بسترہ کے معاملہ سے ہو ہی گیا۔

۱۰۔ حضرت زینبؓ کا افک کے معاملہ میں صفائی پیش کرنا

اُم المومنین حضرت زینبؓ بنتِ جحشؓ رشتہ میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپی زاد

[1] طبقات

بہن تھیں۔ شروع ہی زمانہ میں مسلمان ہوگئی تھیں۔ ابتدا میں آپ کا نکاح حضرت زیدؓ سے ہوا جو حضورؐ کے آزاد کئے ہوئے غلام تھے اور حضورؐ کے متبنّٰی بھی تھے جس کو لے پالک کہتے ہیں۔ اسی وجہ سے زیدؓ بن محمد کہلاتے تھے مگر حضرت زیدؓ سے حضرت زینبؓ کا نباہ نہ ہو سکا تو انھوں نے طلاق دے دی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خیال سے کہ زمانۂ جاہلیت کی ایک رسم ٹوٹے وہ یہ کہ متبنّٰی بالکل ہی بیٹے جیسا ہوتا ہے اور اس کی بیوی سے نکاح بھی نہ کرنا چاہیئے۔ اس لیے اپنے نکاح کا پیام بھیجا۔ حضرت زینبؓ نے جواب دیا کہ میں اپنے رب سے مشورہ کروں یہ کہہ کر وضو کیا اور نماز کی نیت باندھی۔ کہ اللہ سے مشورہ بغیر میں کچھ جواب نہیں دیتی جس کی برکت یہ ہوئی کہ اللہ جل شانہٗ نے خود حضورؐ کا نکاح حضرت زینبؓ سے کیا اور قرآن پاک کی آیت فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِيْٓ اَزْوَاجِ اَدْعِيَآئِهِمْ اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا۔ (پس جب زیدؓ نے اپنی حاجت کو اس سے پورا کر لیا تو ہم نے اس کو تمہارے نکاح میں دے دیا تاکہ نہ رہے مومنین پر تنگی اپنے لے پالکوں کی بیبیوں کے بارے میں۔ جبکہ وہ اپنی حاجت اُن سے پوری کر چکیں اور اللہ کا حکم ہو کر ہی رہا۔ جب حضرت زینبؓ کو اس آیت کے نازل ہونے پر نکاح کی خوشخبری دی گئی تو جس نے بشارت دی تھی اس کو وہ زیور نکال کر دے دیا جو وہ اس وقت پہن رہی تھیں اور خود سجدہ میں گر گئیں اور دو مہینے کے روزوں کی منت مانی۔ حضرت زینبؓ کو اس بات پر بجا طور پر فخر تھا کہ سب بیبیوں کا نکاح اُن کے عزیز رشتہ داروں نے کیا مگر حضرت زینبؓ کا نکاح آسمان پر ہوا اور قرآن پاک میں نازل ہوا۔ اسی وجہ سے حضرت عائشہؓ سے مقابلہ کی نوبت بھی آجاتی تھی کہ ان کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی سب سے زیادہ محبوبہ ہونے پر ناز تھا اور ان کو آسمان کے نکاح پر ناز تھا۔ لیکن اس کے باوجود حضرت عائشہؓ پر تہمت کے قصہ میں جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے منجملہ اوروں کے ان سے بھی دریافت کیا تو انھوں نے عرض کیا کہ میں عائشہؓ میں بھلائی کے سوا کچھ نہیں جانتی۔ یہ تھی سچی دینداری ورنہ یہ وقت سوکن کے الزام لگانے کا تھا اور خاوند کی نگاہ سے گرانے کا۔ بالخصوص اس سوکن کے جو لاڈلی بھی تھی مگر اس کے باوجود زور سے صفائی کی اور تعریف کی۔ حضرت زینب بڑی بزرگ تھیں۔ روزے بھی کثرت سے رکھتی تھیں اور نوافل بھی کثرت سے پڑھتی تھیں۔ اپنے ہاتھ سے محنت بھی کرتی تھیں اور جو حاصل ہوتا تھا اس کو صدقہ کر دیتی تھیں۔ حضورؐ کے وصال کے وقت ازواج مطہرات نے پوچھا کہ ہم میں سے سب سے پہلے آپ سے کون سی بیوی ملے گی۔ آپ نے فرمایا جس کا ہاتھ لمبا ہو۔ وہ لکڑی لے کر

ہاتھ ناپنے لگیں۔ لیکن بعد میں معلوم ہوا کہ ہاتھ کے لمبا ہونے سے بہت زیادہ خرچ کرنا مُراد تھا چنانچہ سب سے پہلے حضرت زینبؓ ہی کا وصال ہوا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب ازواجِ مطہرات کی تنخواہ مقرر فرمائی اور ان کے پاس ان کے حصّے کا مال بارہ ہزار درہم بھیجے تو یہ سمجھیں کہ یہ سب کا ہے فرمانے لگیں کہ تقسیم کے لیے تو اور بیبیاں زیادہ مناسب تھیں۔ قاصد نے کہا کہ یہ سب آپ ہی کا حصہ ہے اور تمام سال کے لیے ہے تو تعجب سے کہنے لگیں سبحان اللہ اور منہ پر کپڑا ڈال لیا کہ اس مال کو دیکھیں بھی نہیں۔ اس کے بعد فرمایا کہ حجرہ کے کونہ میں ڈال دیا جائے اور اس پر ایک کپڑا ڈلوا دیا۔ پھر برزہؓ سے فرمایا (جو اس قصہ کو نقل کر رہے ہیں) کہ اس میں سے ایک مٹھی بھر کر فلاں کو دے آؤ اور ایک مٹھی فلاں کو، غرض رشتہ داروں اور غریبوں کو ایک ایک مٹھی تقسیم فرما دیا۔ اس میں جب ذرا سا رہ گیا تو برزہؓ نے بھی خواہش ظاہر کی۔ فرمایا کہ جو کپڑے کے نیچے رہ گیا وہ تم لے جاؤ۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے جو رہ گیا تھا وہ لے لیا اور لے کر گنا تو چوراسی درہم تھے۔ اس کے بعد دونوں ہاتھ اُٹھا کر دعا کی کہ یا اللہ آئندہ سال یہ مال مجھے نہ ملے کہ اس کے آنے میں بھی فتنہ ہے۔ چنانچہ دوسرے سال کی تنخواہ آنے سے پہلے ہی ان کا وصال ہو گیا۔ حضرت عمرؓ کو خبر ہوئی کہ وہ بارہ ہزار تو ختم کر دیئے گئے۔ تو انھوں نے ایک ہزار اور بھیجے کہ اپنی ضرورتوں میں خرچ کریں۔ انھوں نے وہ بھی اسی وقت میں تقسیم کر دیئے باوجود کثرت فتوحات کے انتقال کے وقت نہ کوئی درہم چھوڑا نہ مال صرف وہ گھر ترکہ تھا جس میں رہتی تھیں۔ صدقہ کی کثرت کی وجہ سے ماوی المساکین (مساکین کا ٹھکانا) ان کا لقب تھا [1]۔ ایک عورت کہتی ہیں کہ میں حضرت زینبؓ کے یہاں تھی، اور ہم گیرو سے کپڑے رنگنے میں مشغول تھے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے۔ ہم کو رنگتے ہوئے دیکھ کر واپس تشریف لے گئے۔ حضرت زینبؓ کو خیال پیدا ہوا کہ حضورؐ کو یہ چیز ناگوار ہوئی سب کپڑوں کو جو رنگے تھے فوراً دھو ڈالا۔ دوسرے موقع پر حضورؐ تشریف لائے۔ جب دیکھا کہ وہ رنگ کا منظر نہیں ہے تو اندر تشریف لائے [2]۔ ف عورتوں کو بالخصوص مال سے جو محبت ہوتی ہے وہ بھی مخفی نہیں اور رنگ وغیرہ سے جو انس ہوتا ہے وہ بھی محتاجِ بیان نہیں لیکن وہ بھی آخر عورتیں تھیں جو مال کا رکھنا جانتی ہی نہ تھیں اور حضورؐ کا معمولی سا اشارہ پا کر سارا رنگ دھو ڈالا۔

۱۱۔ حضرت خنساءؓ کی اپنے چار بیٹوں سمیت جنگ میں شرکت

حضرت خنساءؓ مشہور شاعرہ ہیں۔ اپنی قوم کے چند آدمیوں کے ساتھ مدینہ آ کر مسلمان ہوئیں

[1] طبقات [2] ابوداؤد۔

ابن اثیرؒ کہتے ہیں کہ اہل علم کا اس پر اتفاق ہے کہ کسی عورت نے ان سے بہتر شعر نہیں کہا۔ نہ ان سے پہلے نہ ان کے بعد۔ حضرت عمرؓ کے زمانۂ خلافت میں ۱۶ھ میں قادسیہ کی لڑائی ہوئی جس میں خنساء اپنے چاروں بیٹوں سمیت شریک ہوئیں۔ لڑکوں کو ایک دن پہلے بہت نصیحت کی اور لڑائی کی شرکت پر بہت ابھارا کہنے لگیں کہ میرے بیٹو تم اپنی خوشی سے مسلمان ہوئے ہو اور اپنی ہی خوشی سے تم نے ہجرت کی اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں کہ جس طرح تم ایک ماں کے پیٹ سے پیدا ہوئے۔ اسی طرح ایک باپ کی اولاد ہو۔ میں نے نہ تمہارے باپ سے خیانت کی نہ تمہارے ماموں کو رسوا کیا نہ میں نے تمہاری شرافت میں کوئی دھبہ لگایا۔ نہ تمہارے نسب کو میں نے خراب کیا۔ تمہیں معلوم ہے کہ اللہ جل شانہ نے مسلمانوں کے لیے کافروں سے لڑائی میں کیا کیا ثواب رکھا ہے تمہیں یہ بات بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ آخرت کی باقی رہنے والی زندگی دنیا کی فنا ہو جانے والی زندگی سے کہیں بہتر ہے۔ اللہ جل شانہ کا ارشاد پاک ہے یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ (اے ایمان والو تکالیف پر صبر کرو اور کفار کے مقابلہ میں) صبر کرو اور مقابلہ کے لیے تیار رہو تاکہ تم پورے کامیاب ہو [۱] لہٰذا کل صبح کو جب تم صحیح و سالم اٹھو تو بہت ہوشیاری سے لڑائی میں شریک ہو اور اللہ تعالیٰ سے دشمنوں کے مقابلے میں مدد مانگتے ہوئے بڑھو اور جب تم دیکھو کہ لڑائی زور پر آگئی اور اس کے شعلے بھڑکنے لگے تو اس کی گرما گرم آگ میں گھس جانا اور کافروں کے سردار کا مقابلہ کرنا۔ انشاء اللہ جنت میں اکرام کے ساتھ کامیاب ہو کر رہو گے۔ چنانچہ جب صبح کو لڑائی زوروں پر ہوئی تو چاروں لڑکوں میں سے ایک ایک نمبروار آگے بڑھتا تھا اور اپنی ماں کی نصیحت کو اشعار میں پڑھ کر امنگ پیدا کرتا تھا اور جب شہید ہو جاتا تھا تو اسی طرح دوسرا بڑھتا تھا اور شہید ہونے تک لڑتا رہتا تھا بالآخر چاروں شہید ہوئے اور جب ماں کو چاروں کے مرنے کی خبر ہوئی تو انھوں نے کہا کہ اللہ کا شکر ہے کہ جس نے ان کی قیادت سے مجھے شرف بخشا۔ مجھے اللہ کی ذات سے امید ہے کہ اس کی رحمت کے سایہ میں ان چاروں کے ساتھ میں بھی رہوں گی [۲] ف ایسی بھی اللہ کی بندی مائیں ہوتی ہیں جو چاروں جوان بیٹوں کو لڑائی کی تیزی اور زور میں گھس جانے کی ترغیب دیں اور جب چاروں شہید ہو جائیں اور ایک ہی وقت میں سب کام آجائیں تو اللہ کا شکر ادا کریں۔

۱۲۔ حضرت صفیہؓ کا یہودی کو تنہا مارنا

حضرت صفیہؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپی اور حضرت حمزہؓ کی حقیقی بہن

[۱] بیان القرآن [۲] اسد الغابہ

تھیں احد کی لڑائی میں شریک ہوئیں اور جب مسلمانوں کو کچھ شکست ہوئی اور بھاگنے لگے تو برچھا اُن کے منہ پر مار مار کر واپس کرتی تھیں۔ غزوۂ خندق میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے سب مستورات کو ایک قلعہ میں بند فرما دیا تھا اور حضرت حسان بن ثابتؓ کو بطور محافظ کے چھوڑ دیا تھا۔ یہود کے لیے یہ موقع بہت غنیمت تھا کہ وہ تو اندرونی دشمن تھے ہی یہود کی ایک جماعت نے عورتوں پر حملہ کا ارادہ کیا اور ایک یہودی حالات معلوم کرنے کے لیے قلعہ پر پہنچا۔ حضرت صفیہؓ نے کہیں سے دیکھ لیا۔ حضرت حسان سے کہا کہ یہ یہودی موقع دیکھنے آیا ہے۔ تم قلعہ سے باہر نکلو اور اس کو مار دو۔ وہ ضعیف تھے۔ ضعف کی وجہ سے ان کی ہمت نہ ہوئی تو حضرت صفیہؓ نے ایک خیمہ کا کھونٹا اپنے ہاتھ میں لیا اور خود نکل کر اس کا سر کچل دیا۔ پھر قلعہ میں واپس آکر حضرت حسانؓ سے کہا کہ چونکہ وہ یہودی مرد تھا نامحرم ہونے کی وجہ سے میں نے اس کا سامان اور کپڑے نہیں اُتارے۔ تم اس کے سب کپڑے اُتار لاؤ اور اس کا سر بھی کاٹ لاؤ۔ حضرت حسان ضعیف تھے جس کی وجہ سے اس کی بھی ہمت نہ فرما سکے تو دوبارہ تشریف لے گئیں اور اس کا سر کاٹ لیا اور دیوار پر کو یہود کے مجمع میں پھینک دیا۔ وہ دیکھ کر کہنے لگے کہ ہم تو پہلے ہی سے سمجھتے تھے کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) عورتوں کو بالکل تنہا نہیں چھوڑ سکتے ہیں۔ ضرور ان کے محافظ مرد اندر موجود ہیں [۱] ف ۲۰ھ میں حضرت صفیہؓ کا وصال ہوا۔ اس وقت ان کی عمر تہتر ۷۳ سال کی تھی۔ اس لحاظ سے خندق کی لڑائی میں جو ۵ھ میں ہوئی ان کی عمر اٹھاون ۵۸ سال کی ہوئی۔ آج کل اس عمر کی عورتوں کو گھر کا کام بھی دوبھر ہو جاتا ہے چہ جائیکہ ایک مرد کا اس طرح قتل کر دینا اور ایسی حالت میں کہ یہ تنہا عورتیں اور دوسری جانب یہود کا مجمع۔

۱۳۔ حضرت اسماءؓ کا عورتوں کے اجر کے بارے میں سوال

اسماءؓ بنت یزید انصاری صحابیہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا یا رسول اللہ میرے ماں باپ آپ پر قربان میں مسلمان عورتوں کی طرف سے بطور قاصد کے حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوئی ہوں۔ بیشک آپؐ کو اللہ جل شانہٗ نے مرد اور عورت دونوں کی طرف نبی بنا کر بھیجا۔ اس لیے ہم عورتوں کی جماعت آپؐ پر ایمان لائی اور اللہ پر ایمان لائی لیکن ہم عورتوں کی جماعت مکانوں میں گھری رہتی ہے پردوں میں بند رہتی ہے۔ مردوں کے گھروں میں گڑی رہتی ہے اور مردوں کی خواہشیں ہم سے پوری کی جاتی ہیں۔ ہم ان کی اولاد کو پیٹ میں اُٹھائے رہتی ہیں اور ان سب باتوں کے باوجود مرد بہت سے ثواب کے کاموں میں ہم سے بڑھے رہتے ہیں: جمعہ میں

[۱] اسد الغابہ

شریک ہوتے ہیں، جماعت کی نمازوں میں شریک ہوتے ہیں بیماروں کی عیادت کرتے ہیں۔ جنازوں میں شرکت کرتے ہیں۔ حج پر حج کرتے رہتے ہیں اور اس سب سے بڑھ کر جہاد کرتے رہتے ہیں اور جب وہ حج کے لیے یا عمرہ کے لیے یا جہاد کے لیے جاتے ہیں تو ہم عورتیں ان کے مالوں کی حفاظت کرتی ہیں۔ اُن کے لیے کپڑا بنتی ہیں۔ ان کی اولاد کو پالتی ہیں۔ کیا ہم ثواب میں ان کے شریک نہیں۔ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم یہ سن کر صحابہؓ کی طرف متوجہ ہوئے اور ارشاد فرمایا کہ تم نے دین کے بارہ میں اس عورت سے بہتر سوال کرنے والی کوئی سُنی۔ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم کو خیال بھی نہ تھا کہ عورت بھی ایسا سوال کر سکتی ہے۔ اس کے بعد حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اسماءؓ کی طرف متوجہ ہوئے اور ارشاد فرمایا کہ غور سے سُن اور سمجھ اور جن عورتوں نے تجھ کو بھیجا ہے ان کو بتادے کہ عورت کا اپنے خاوند کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا اور اس کی خوشنودی کو ڈھونڈنا اور اس پر عمل کرنا ان سب چیزوں کے ثواب کے برابر ہے۔ اسماءؓ یہ جواب سُن کر نہایت خوش ہوتی ہوئی واپس ہوگئیں۔ ف عورتوں کا اپنے خاوندوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا اور ان کی اطاعت و فرماں برداری کرنا بہت ہی قیمتی چیز ہے مگر عورتیں اس سے بہت ہی غافل ہیں۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے ایک مرتبہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں عرض کیا کہ عجمی لوگ اپنے بادشاہوں اور سرداروں کو سجدہ کرتے ہیں۔ آپؐ اس کے زیادہ مستحق ہیں کہ ہم آپؐ کو سجدہ کیا کریں۔ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ اگر میں اللہ کے سوا کسی اور کو سجدہ کا حکم کرتا تو عورتوں کو حکم کرتا کہ اپنے خاوندوں کو سجدہ کریں۔ پھر حضورؐ نے فرمایا کہ اُس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ عورت اپنے رب کا حق اس وقت تک ادا نہیں کر سکتی جب تک کہ خاوند کا حق ادا نہ کرے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ ایک اونٹ آیا اور حضورؐ کو سجدہ کیا۔ صحابہ نے عرض کیا کہ جب یہ جانور آپؐ کو سجدہ کرتا ہے تو ہم زیادہ مستحق ہیں کہ آپؐ کو سجدہ کریں۔ حضورؐ نے منع فرمایا اور یہی ارشاد فرمایا کہ اگر میں کسی کو حکم کرتا کہ کسی کو اللہ کے سوا سجدہ کرے تو عورت کو حکم کرتا کہ اپنے خاوند کو سجدہ کرے ایک حدیث میں آیا ہے کہ جو عورت ایسی حالت میں مرے کہ خاوند اس سے راضی ہو وہ جنت میں جائے گی ایک حدیث میں آیا ہے کہ اگر عورت خاوند سے ناراض ہو کر علیحدہ رات گزارے تو فرشتے اس پر لعنت کرتے رہتے ہیں ایک حدیث میں آیا ہے کہ دو آدمیوں کی نماز قبولیت کے لیے آسمان کی طرف اتنی بھی نہیں جاتی کہ سر سے اوپر ہی ہو جائے۔ ایک وہ غلام جو اپنے آقا سے بھاگا ہو۔ اور ایک وہ عورت کہ جو خاوند کی نافرمانی کرتی ہو۔

لہ اسد الغابہ ۲ جمع الفوائد

۱۵۶

۱۴۔ حضرت ام عمارہؓ کا اسلام اور جنگ میں شرکت

حضرت ام عمارہ انصاریہؓ ان عورتوں میں ہیں جو اسلام کے شروع زمانہ میں مسلمان ہوئیں اور بیعۃ العقبہ میں شریک ہوئیں۔ عقبہ کے معنی گھاٹی کے ہیں۔ حضورؐ اوّل چھپ کر مسلمان کرتے تھے کیونکہ مشرک و کافر لوگ نومسلموں کو سخت تکلیف پہنچاتے تھے۔ مدینہ کے کچھ لوگ حج کے زمانہ میں آتے تھے اور منیٰ کے پہاڑ میں ایک گھاٹی میں چھپ کر مسلمان ہوتے تھے۔ تیسری مرتبہ جو لوگ مدینہ سے آئے ہیں اُن میں یہ بھی تھیں۔ ہجرت کے بعد جب لڑائیوں کا سلسلہ شروع ہوا تو یہ اکثر لڑائیوں میں شریک ہوئیں۔ بالخصوص اُحد، حدیبیہ، خیبر، عمرۃ القضا، حنین اور یمامہ کی لڑائی میں اُحد کی لڑائی کا قصّہ خود ہی سُناتی ہیں کہ میں مشکیزہ پانی کا بھر کر اُحد کو چل دی کہ دیکھوں مسلمانوں پر کیا گذری اور کوئی پیاسا زخمی ملا تو پانی پلادوں گی۔ اس وقت ان کی عمر بینتالیس ۴۳ برس کی تھی۔ ان کے خاوند اور دو بیٹے بھی لڑائی میں شریک تھے۔ مسلمانوں کو فتح اور غلبہ ہو رہا تھا۔ مگر تھوڑی دیر میں جب کافروں کو غلبہ ظاہر ہونے لگا میں حضورؐ کے قریب پہنچ گئی اور جو کافر ادھر کا رُخ کرتا تھا اس کو ہٹاتی تھی۔ ابتدا میں ان کے پاس ڈھال بھی نہ تھی بعد میں مِلی جس پر کافروں کا حملہ روکتی تھیں۔ کمر پر ایک کپڑا باندھ رکھا تھا جس کے اندر مختلف چیتھڑے بھرے ہوئے تھے۔ جب کوئی زخمی ہوجاتا تو ایک چیتھڑا نکال کر جلا کر اس زخم میں بھر دیتیں۔ خود بھی کئی جگہ سے زخمی ہوئیں۔ بارہ تیرہ جگہ زخم آئے جن میں ایک بہت سخت تھا۔ ام سعیدؓ کہتی ہیں کہ میں نے ان کے مونڈھے پر ایک بہت گہرا زخم دیکھا میں نے پوچھا کہ یہ کس طرح پڑا تھا۔ کہنے لگیں کہ احد کی لڑائی میں جب لوگ اِدھر اُدھر پریشان پھر رہے تھے تو ابن قمیہ یہ کہتا ہوا بڑھا کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کہاں ہیں مجھے کوئی بتادو کدھر ہیں۔ اگر آج وہ بچ گئے تو میری نجات نہیں۔ مصعب بن عمیرؓ اور چند آدمی اُس کے سامنے آگئے جن میں میں بھی تھی۔ اُس نے میرے مونڈھے پر وار کیا۔ میں نے بھی اس پر کئی وار کیے۔ مگر اس پر دوہری زرہ تھی۔ اس لیے زرہ سے حملہ رک جاتا تھا۔ یہ زخم ایسا سخت تھا کہ سال بھر تک علاج کیا مگر اچھا نہ ہوا۔ اسی دوران میں حضورؐ نے حمراء الاسد کی لڑائی کا اعلان فرمادیا۔ ام عمارہؓ بھی کمر باندھ تیار ہوگئیں مگر چونکہ پہلا زخم بالکل ہرا تھا اس لیے شریک نہ ہوسکیں۔ حضورؐ جب حمراء الاسد سے واپس ہوئے تو سب سے پہلے ام عمارہؓ کی خیریت معلوم کی اور جب معلوم ہوا کہ افاقہ ہے تو بہت خوش ہوئے۔ اس زخم کے علاوہ احد کی لڑائی میں اور بھی بہت سے زخم آئے تھے۔ ام عمارہؓ کہتی ہیں کہ اصل میں وہ لوگ گھوڑے سوار تھے اور ہم پیدل تھے اگر وہ بھی ہماری طرح سے پیدل ہوتے جب بات تھی

اس وقت اصل مقابلہ کا پتہ چلتا۔ جب گھوڑے پر کوئی آتا۔ اور مجھے مارتا تو اس کے حملوں کو میں ڈھال پر روکتی رہتی اور جب وہ مجھ سے منہ موڑ کر دوسری طرف چلتا تو میں اس کے گھوڑے کی ٹانگ پر حملہ کرتی اور وہ کٹ جاتی جس سے وہ بھی گرتا اور سوار بھی گرتا اور جب وہ گرتا تو حضورؐ میرے لڑکے کو آواز دے کر میری مدد کے لیے بھیجتے ہیں اور وہ دونوں مل کر اس کو نمٹا دیتے۔ ان کے بیٹے عبداللہ بن زیدؓ کہتے ہیں کہ میرے بائیں بازو میں زخم آیا اور خون تھمتا نہ تھا حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ اس پر پٹی باندھ لو میری والدہ آئیں۔ اپنی کمر میں سے کچھ کپڑا نکالا پٹی باندھی اور باندھ کر کہنے لگیں کہ جا کافروں سے مقابلہ کر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اس منظر کو دیکھ رہے تھے۔ فرمانے لگے ام عمارہؓ اتنی ہمت کون رکھتا ہوگا جتنی تو رکھتی ہے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دوران میں ان کو اور ان کے گھرانے کو کئی بار دعائیں دیں اور تعریف بھی فرمائی، ام عمارہؓ کہتی ہیں کہ اسی وقت ایک کافر سامنے آیا تو حضورؐ نے مجھ سے فرمایا کہ یہی ہے جس نے تیرے بیٹے کو زخمی کیا ہے۔ میں بڑھی اور اس کی پنڈلی پر وار کیا جس سے وہ زخمی ہوا اور ایک دم بیٹھ گیا۔ حضورؐ مسکرائے اور فرمایا کہ بیٹے کا بدلہ لے لیا۔ اس کے بعد ہم لوگ آگے بڑھے اور اس کو نمٹا دیا۔ حضورؐ نے جب ہم لوگوں کو دعائیں دیں تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ دعا فرمایئے کہ حق تعالیٰ شانہٗ جنت میں آپ کی رفاقت نصیب فرمائیں جب حضورؐ نے اس کی دعا فرما دی تو کہنے لگیں کہ اب مجھے کچھ پرواہ نہیں کہ دنیا میں مجھ پر کیا مصیبت گذری۔ احد کے علاوہ اور بھی کئی لڑائیوں میں ان کی شرکت اور کارنامے ظاہر ہوئے ہیں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد جب ارتداد کا زور شور ہوا اور یمامہ میں زبردست لڑائی ہوئی اس میں بھی ام عمارہ شریک تھیں۔ ان کا ایک ہاتھ بھی اس میں کٹ گیا تھا اور اس کے علاوہ گیارہ زخم بدن پر آئے تھے انہیں زخموں کی حالت میں مدینہ طیبہ پہنچیں ؎۱ ف ایک عورت کے یہ کارنامے ہیں جن کی عمر احد کی لڑائی میں تینتالیس ۴۳ برس کی تھی۔ جیسا کہ پہلے گزرا اور یمامہ کی لڑائی میں تقریباً باون برس کی۔ اس عمر میں ایسے معرکوں کی اس طرح شرکت کرامت ہی کہی جا سکتی ہے۔

۱۵۔ حضرت ام حکیمؓ کا اسلام اور جنگ میں شرکت

ام حکیمؓ بنت حارث جو عکرمہؓ بن ابی جہل کی بیوی تھیں اور کفار کی طرف سے احد کی لڑائی میں بھی شریک ہوئی تھیں۔ جب مکہ مکرمہ فتح ہو گیا تو مسلمان ہو گئیں۔ خاوند سے بہت زیادہ محبت تھی مگر وہ اپنے باپ کے اثر کی وجہ سے مسلمان نہیں ہوئے۔ اور جب مکہ فتح ہو گیا تو یمن بھاگ گئے تھے۔ انھوں نے حضورؐ سے اپنے خاوند کے لیے امن چاہا اور خود یمن پہنچیں۔ خاوند کو بڑی مشکل سے

؎۱ طبقات

واپس آنے پر راضی کیا اور کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تلوار سے اُن کے دامن ہی میں پناہ مل سکتی ہے تم میرے ساتھ چلو وہ مدینہ طیبہ واپس آ کر مسلمان ہوئے اور دونوں میاں بیوی خوش وخرم رہے۔ پھر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانۂ خلافت میں جب روم کی لڑائی ہوئی تو اس میں عکرمہؓ بھی شریک ہوئے اور یہ بھی ساتھ تھیں۔ حضرت عکرمہؓ اس میں شہید ہو گئے تو خالد بن سعیدؓ نے ان سے نکاح کر لیا اور اسی سفر میں مرج الصفر ایک جگہ کا نام ہے وہاں رخصتی کا ارادہ کیا۔ بیوی نے کہا کہ ابھی دشمنوں کا جمگھٹا ہے اس کو نمٹنے دیجئے۔ خاوند نے کہا مجھے اس معرکہ میں اپنے شہید ہونے کا یقین ہے وہ بھی چپ ہو گئیں اور وہیں ایک منزل پر خیمہ میں رخصتی ہوئی۔ صبح کو ولیمہ کا انتظام ہو ہی رہا تھا کہ رومیوں کی فوج چڑھ آئی اور گھمسان کی لڑائی ہوئی جس میں خالد بن سعیدؓ شہید ہوئے۔ ام حکیمؓ نے اس خیمہ کو اکھاڑا جس میں رات گذاری تھی اور اپنا سب سامان باندھ اور خیمہ کا کھونٹا لے کر خود بھی مقابلہ کیا اور سات آدمیوں کو تن تنہا نے قتل کیا۔[1] ف ہمارے زمانہ کی کوئی عورت تو درکنار مرد بھی ایسے وقت میں نکاح کو تیار نہ ہوتا۔ اور اگر نکاح ہو بھی جاتا تو اس اچانک شہادت پر روتے روتے نہ معلوم کتنے دن سوگ میں گذرتے۔ اس اللہ کی بندی نے خود بھی جہاد شروع کر دیا اور عورت ہو کر سات آدمیوں کو قتل کیا

۱۶۔ حضرت سُمیہ ام عمارؓ کی شہادت

سمیہ بنت خیاط حضرت عمارؓ کی والدہ تھیں جن کا قصہ پہلے باب کے ساتویں نمبر پر گذر چکا ہے۔ یہ بھی اپنے لڑکے حضرت عمارؓ اور اپنے خاوند حضرت یاسرؓ کی طرح اسلام کی خاطر قسم قسم کی تکلیفیں اور مشقتیں برداشت کرتی تھیں مگر اسلام کی سچی محبت جو دل میں گھر کر چکی تھی اس میں ذرا بھی فرق نہ آتا تھا ان کو سخت گرمی کے وقت دھوپ میں کنکریوں پر ڈالا جاتا تھا اور لوہے کی زرہ پہنا کر دھوپ میں کھڑا کیا جاتا تھا تاکہ دھوپ سے لوہا تپنے لگے اور اس کی گرمی سے تکلیف میں زیادتی ہو۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ادھر کو گذر ہوتا تو صبر کی تلقین فرماتے اور جنت کا وعدہ فرماتے۔ ایک مرتبہ حضرت سمیہؓ کھڑی تھیں کہ ابوجہل کا ادھر کو گذر ہوا بُرا بھلا کہا اور غصہ میں برچھا شرمگاہ پر مارا جس کے زخم سے انتقال فرما گئیں۔ اسلام کی خاطر سب سے پہلی شہادت انہیں کی ہوئی[2] ف عورتوں کا اس قدر صبر ہمت اور استقلال قابل رشک ہے لیکن بات یہ ہے کہ جب آدمی کے دل میں کوئی چیز گھر کر جاتی ہے تو اس کو ہر بات سہل ہو جاتی ہے۔ اب بھی عشق کے بیسیوں قصے اس قسم کے سننے میں آتے ہیں کہ جان دے دی مگر یہی جان دینا اگر اللہ کے راستہ میں ہو، دین کی خاطر ہو تو دوسری زندگی میں جو مرنے کے ساتھ ہی شروع ہو جاتی ہے سرخروئی کا سبب ہے اور اگر کسی دنیاوی غرض سے ہو تو دنیا بھی گئی

[1] اسد الغابہ [2] اسد الغابہ

تھی ہی آخرت بھی برباد ہوئی۔

۱۷۔ حضرت اسماءؓ بنت ابوبکرؓ کی زندگی اور تنگی

حضرت اسماء بنت ابی بکرؓ حضرت ابوبکرؓ کی بیٹی اور عبداللہ بن زبیرؓ کی والدہ اور حضرت عائشہؓ کی سوتیلی بہن مشہور صحابیات میں ہیں۔ شروع ہی میں مسلمان ہو گئی تھیں۔ کہتے ہیں کہ سترہ آدمیوں کے بعد یہ مسلمان ہوئی تھیں۔ ہجرت سے ستائیس سال پہلے پیدا ہوئیں اور جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکرؓ ہجرت کے بعد مدینہ طیبہ پہنچ گئے تو حضرت زیدؓ وغیرہ کو بھیجا کہ ان دونوں حضرات کے اہل و عیال کو لے آئیں۔ اُن کے ساتھ ہی حضرت اسماءؓ بھی چلی آئیں۔ جب قبا میں پہنچیں تو حضرت عبداللہ بن زبیرؓ پیدا ہوئے۔ اور ہجرت کے بعد سب سے پہلی پیدائش ان کی ہوئی اس زمانہ کی عام غربت تنگدستی فقر و فاقہ مشہور و معروف ہے اور اس کے ساتھ اس زمانہ کی ہمت جفاکشی، بہادری، جرأت ضرب المثل ہیں۔ بخاری میں حضرت اسماءؓ کا طرز زندگی خود ان کی زبان سے نقل کیا ہے۔ فرماتی ہیں کہ جب میرا نکاح زبیرؓ سے ہوا تو ان کے پاس نہ مال تھا نہ جائیداد نہ کوئی خادم کام کرنے والا نہ کوئی اور چیز، ایک اونٹ پانی لادکر لانے والا اور ایک گھوڑا میں ہی اونٹ کے لیے گھاس وغیرہ لاتی تھی اور کھجور کی گٹھلیاں کوٹ کر دانہ کے طور پر کھلاتی تھی۔ خود میں پانی بھر کر لاتی اور پانی کا ڈول پھٹ جاتا تو اس کو آپ ہی سیتی تھی اور خود ہی گھوڑے کی ساری خدمت گھاس دانہ وغیرہ کرتی تھی اور گھر کا سارا کاروبار بھی انجام دیتی تھی مگر ان سب کاموں میں گھوڑے کی خبرگیری اور خدمت میرے لیے زیادہ مشقت کی چیز تھی۔ روٹی البتہ مجھے اچھی طرح پکانا نہیں آتی تھی تو میں آٹا گوندھ کر اپنے پڑوس کی انصار عورتوں کے یہاں لے جاتی وہ بڑی سچی مخلص عورتیں تھیں۔ میری روٹی بھی پکا دیتی تھیں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ پہنچنے پر زبیرؓ کو ایک زمین جاگیر کے طور پر دے دی جو دو میل کے قریب تھی۔ میں وہاں سے اپنے سر پر کھجور کی گٹھلیاں لادکر لایا کرتی تھی۔ میں ایک مرتبہ اسی طرح آ رہی تھی اور گٹھری میرے سر پر تھی راستہ میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم مل گئے اونٹ پر تشریف لا رہے تھے اور انصار کی ایک جماعت ساتھ تھی۔ حضورؐ نے مجھے دیکھ کر اونٹ ٹھیرایا اور بیٹھنے کا اشارہ کیا تاکہ میں اس پر سوار ہو جاؤں۔ مجھے مردوں کے ساتھ جاتے ہوئے شرم آئی اور یہ بھی خیال آیا کہ زبیرؓ کو غیرت بہت ہی زیادہ ہے۔ ان کو بھی یہ ناگوار ہوگا۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم میرے انداز سے سمجھ گئے کہ مجھے اس پر بیٹھتے ہوئے شرم آتی ہے۔ حضورؐ تشریف لے گئے میں گھر آئی اور زبیرؓ کو

قصہ سنایا کہ اس طرح حضورؐ ملے اور یہ ارشاد فرمایا۔ مجھے شرم آئی اور تمہاری غیرت کا بھی خیال آیا۔ زبیرؓ نے کہا کہ خدا کی قسم تمہارا گٹھلیاں سر پر رکھ کر لانا میرے لیے اس سے بہت زیادہ گراں ہے (مگر مجبوری یہ تھی کہ یہ حضرات خود تو زیادہ تر جہاد میں اور دین کے دوسرے امور میں مشغول رہتے تھے۔ اس لیے گھر کے کاروبار عام طور پر عورتوں ہی کو کرنا پڑتے تھے) اس کے بعد میرے باپ حضرت ابوبکرؓ نے ایک خادم جو حضورؐ نے ان کو دیا تھا میرے پاس بھیجدیا جس کی وجہ سے گھوڑے کی خدمت سے مجھے خلاصی ملی گویا بڑی قید سے میں آزاد ہو گئی۔ [1] ف عرب کا دستور پہلے بھی اور اب بھی ہے کہ کھجور کی گٹھلیاں کوٹ کر یا چکی میں دل کر پھر پانی میں بھگو کر جانوروں کو دانہ کے طور پر کھلاتے ہیں۔

۱۸۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کا ہجرت کے وقت مال لے جانا اور حضرت اسماءؓ کا اپنے دادا کو اطمینان دلانا

جب حضرت ابوبکرؓ ہجرت فرما کر تشریف لے جا رہے تھے تو اس خیال سے کہ نہ معلوم راستہ میں کیا ضرورت درپیش ہو کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم بھی ساتھ تھے اس لیے جو کچھ مال اس وقت موجود تھا جس کی مقدار پانچ چھ ہزار درہم تھی وہ سب ساتھ لے گئے تھے۔ ان حضرات کے تشریف لے جانے کے بعد حضرت ابوبکرؓ کے والد ابو قحافہ جو نابینا ہو گئے تھے اس وقت تک مسلمان نہیں ہوئے تھے۔ پوتیوں کے پاس تسلی کے لیے آئے۔ آکر افسوس سے کہنے لگے کہ میرا خیال ہے کہ ابوبکرؓ نے اپنے جانے کا صدمہ بھی تم کو پہنچایا اور مال بھی شاید سب لے گیا کہ یہ دوسری مشقت تم پر ڈالی اسماءؓ کہتی ہیں میں نے کہا نہیں دادا ابا وہ تو بہت کچھ چھوڑ گئے ہیں۔ یہ کہہ کر میں نے چھوٹی چھوٹی پتھریاں جمع کر کے گھر کے اس طاق میں بھر دیں جس میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے درہم پڑے رہتے تھے اور ان پر ایک کپڑا ڈال کر دادے کا ہاتھ اس کپڑے پر رکھ دیا۔ جس سے انہوں نے ہاتھ سے یہ اندازہ کیا کہ یہ درہم بھرے ہوئے ہیں۔ کہنے لگے خیر یہ اس نے اچھا کیا تمہارے گذارہ کی صورت اس میں ہو جائے گی۔ اسماءؓ کہتی ہیں کہ خدا کی قسم کچھ بھی نہیں چھوڑا تھا مگر میں نے دادے کی تسلی کے لیے یہ صورت اختیار کی کہ ان کو اس کا صدمہ نہ ہو۔ [2] ف یہ دل گردے کی بات ہے ورنہ دادے سے زیادہ ان لڑکیوں کو صدمہ ہونا چاہیئے تھا اور جتنی بھی شکایت اس وقت دادا کے سامنے کرتیں درست تھا کہ اس وقت کا ظاہری سہارا ان پر ہی تھا۔ ان کے متوجہ کرنے کی بظاہر بہت ضرورت تھی کہ ایک تو باپ کی جدائی دوسرے گذارہ کی کوئی صورت ظاہراً نہیں۔ پھر مکّہ والے عام طور سے دشمن اور بے تعلق مگر اللہ جل شانہٗ نے ایک ایک ادا ان سب حضرات کو مرد ہوں یا عورت ایسی عطا فرمائی تھی کہ رشک آنے کے سوا اور کچھ بھی نہیں۔ حضرت ابوبکر

[1] بخاری فتح [2] مسند احمد

صدیق رضی اللہ عنہ اول میں نہایت مال دار اور بہت بڑے تاجر تھے لیکن اسلام کی اور اللہ کی راہ میں یہاں تک خرچ فرمایا کہ غزوۂ تبوک میں جو کچھ گھر میں تھا سب ہی کچھ لا دیا جیسا کہ چھٹے باب کے چوتھے قصے میں مفصل گذرا ہے اسی وجہ سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ مجھے کسی کے مال نے اتنا نفع نہیں پہنچایا جتنا ابوبکرؓ کے مال نے، میں ہر شخص کے احسانات کا بدلہ دے چکا ہوں مگر ابوبکرؓ کے احسانات کا بدلہ اللہ ہی دیں گے۔

۱۹۔ حضرت اسماءؓ کی سخاوت

حضرت اسماءؓ بڑی سخی تھیں۔ اول جو کچھ خرچ کرتی تھیں اندازہ سے ناپ تول کر خرچ کرتی تھیں۔ مگر جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ باندھ باندھ کر نہ رکھا کرو اور حساب نہ لگایا کرو جتنا بھی قدرت میں ہو خرچ کیا کرو۔ تو پھر خوب خرچ کرنے لگیں۔ اپنی بیٹیوں اور گھر کی عورتوں کو نصیحت کیا کرتی تھیں کہ اللہ کے راستہ میں خرچ کرنے اور صدقہ کرنے میں ضرورت سے زیادہ ہونے اور بچنے کا انتظار نہ کیا کرو کہ اگر ضرورت سے زیادتی کا انتظار کرتی رہو گی تو ہونے کا ہی نہیں (کہ ضرورت خود بڑھتی رہتی ہے) اور اگر صدقہ کرتی رہو گی تو صدقہ میں خرچ کر دینے سے نقصان میں نہ رہو گی۔[1] ف ان حضرات کے پاس جتنی تنگی اور ناداری تھی اتنی ہی صدقہ و خیرات اور اللہ کے راستہ میں خرچ کرنے کی گنجائش اور وسعت تھی۔ آج کل مسلمانوں میں افلاس و تنگی کی عام شکایت ہے مگر شاید ہی کوئی ایسی جماعت نکلے جو پیٹ پر پتھر باندھ کر گذر کرتی ہو یا ان پر کئی کئی دن کا مسلسل فاقہ ہو جاتا ہو۔

۲۰۔ حضورؐ کی بیٹی حضرت زینبؓ کی ہجرت اور انتقال

دو جہان کے سردار حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی سب سے بڑی صاحبزادی حضرت زینبؓ نبوت سے دس برس پہلے جب کہ حضورؐ کی عمر شریف تیس برس کی تھی پیدا ہوئیں اور خالہ زاد بھائی ابوالعاص بن ربیع سے نکاح ہوا۔ ہجرت کے وقت حضورؐ کے ساتھ نہ جا سکیں۔ ان کے خاوند بدر کی لڑائی میں کفار کے ساتھ شریک ہوئے اور قید ہوئے۔ اہل مکہ نے جب اپنے قیدیوں کی رہائی کے لیے فدیے ارسال کیے تو حضرت زینبؓ نے بھی اپنے خاوند کی رہائی کے لیے مال بھیجا۔ جس میں وہ ہار بھی تھا جو حضرت خدیجہؓ نے جہیز میں دیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو دیکھا تو حضرت خدیجہؓ کی یاد تازہ ہو گئی۔ آبدیدہ ہوئے اور صحابہؓ کے مشورہ سے یہ قرار پایا کہ ابوالعاص کو بلا فدیہ کے اس شرط پر چھوڑ دیا جائے کہ وہ واپس جا کر حضرت زینبؓ کو مدینہ طیبہ بھیج دیں۔ حضورؐ نے دو آدمی حضرت زینبؓ کو لینے کے لیے ساتھ کر دیئے کہ وہ مکہ سے باہر ٹھہر

[1] طبقات

(ہم میں ایک ایسے نبی ہیں جو آئندہ کی باتوں کو جانتے ہیں) حضورؐ نے اس کے پڑھنے کو منع فرما دیا کیونکہ آئندہ کے حالات اللہ ہی کو معلوم ہیں۔ رُبَیِّع کے والد حضرت معوذؓ ابو جہل کے قتل کرنے والوں میں ہیں۔ ایک عورت جس کا نام اسمار تھا عطر بیچا کرتی تھی۔ وہ ایک مرتبہ چند عورتوں کے ساتھ حضرت رُبَیِّعؓ کے گھر بھی گئی اور ان سے نام حال پتہ وغیرہ جیسے کہ عورتوں کی عادت ہوتی ہے دریافت کیا انھوں نے بتا دیا۔ ان کے والد کا نام سُن کر وہ کہنے لگی کہ تو اپنے سردار کے قاتل کی بیٹی ہے ابو جہل چونکہ عرب کا سردار شمار کیا جاتا تھا۔ اس لیے اپنے سردار کا قاتل کہا۔ یہ سُن کر رُبَیِّع کو غصہ آ گیا۔ کہنے لگیں کہ میں اپنے غلام کے قاتل کی بیٹی ہوں۔ رُبَیِّع کو غیرت آئی کہ ابو جہل کو اپنے باپ کا سردار سُنے۔ اس لیے انھوں نے اپنے غلام کے لفظ سے ذکر کیا۔ اسمار کو ابو جہل کے متعلق غلام کا لفظ سُن کر غصہ آیا اور کہنے لگی کہ مجھ پر حرام ہے کہ تیرے ہاتھ عطر فروخت کر دوں۔ رُبَیِّع نے کہا کہ مجھ پر بھی حرام ہے کہ تجھ سے عطر خریدوں میں نے تیرے عطر کے سوا کسی عطر میں گندگی اور بدبو نہیں دیکھی۔ ف رُبَیِّع کہتی ہیں کہ میں نے بدبو کا لفظ اس کے جلانے کو کہا تھا۔ یہ حمیت اور دینی غیرت تھی کہ دین کے اس سخت دشمن کے متعلق وہ سرداری کا لفظ نہ سُن سکیں۔ آج کل دین کے بڑے سے بڑے دشمن پر بھی اس سے اونچے اونچے لفظ بولے جاتے ہیں اور کوئی شخص اگر منع کرے تو وہ تنگ نظر بتا دیا جاتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ منافق کو سردار مت کہو اگر وہ تمہارا سردار ہو گیا تو تم نے اپنے رب کو ناراض کیا[2]

معلومات، حضورؐ کی بیبیاں اور اولاد

اپنے آقا اور دو جہان کے سردار حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی بیبیوں اور اولاد کا حال معلوم کرنے کا اشتیاق ہوا کرتا ہے اور ہر مسلمان کو ہونا چاہیئے بھی۔ اس لیے مختصر حال ان کا لکھا جاتا ہے کہ تفصیلی حالات کے لیے تو بڑی ضخیم کتاب چاہیئے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا نکاح جن پر محدثین اور مورخین کا اتفاق ہے گیارہ عورتوں سے ہوا۔ اس سے زیادہ میں اختلاف ہے اور اس پر بھی اتفاق ہے کہ ان سب میں پہلا نکاح حضرت خدیجہؓ سے ہوا جو بیوہ تھیں حضورؐ کی عمر شریف اس وقت پچیس برس کی تھی اور حضرت خدیجہؓ کی عمر چالیس برس کی تھی حضورؐ کی اولاد بھی، بجز حضرت ابراہیمؓ کے سب انہیں سے ہوئی جن کا بیان بعد میں آئے گا۔

حضرت خدیجہؓ کے نکاح کی سب سے اوّل تجویز ورقہ بن نوفل سے ہوئی تھی مگر نکاح کی نوبت

[1] اسد الغابہ [2] ابو داؤد

جائیں اور اُن کے پاس تک ابوالعاص پہنچوا دیں۔ چنانچہ حضرت زینبؓ اپنے دیور کنانہ کے ساتھ اونٹ پر سوار ہو کر روانہ ہوئیں۔ کفار کو جب اُس کی خبر ہوئی تو آگ بگولہ ہو گئے اور ایک جماعت مزاحمت کے لیے پہنچ گئی جن میں ہبار بن اسود جو حضرت خدیجہؓ کے چچازاد بھائی کا لڑکا تھا اور اس لحاظ سے حضرت زینبؓ کا بھائی ہوا وہ اور اس کے ساتھ ایک اور شخص بھی تھا۔ ان دونوں میں سے کسی نے اور اکثروں نے ہبار ہی کو لکھا ہے۔ حضرت زینبؓ کے نیزہ مارا جس سے وہ زخمی ہو کر اونٹ سے گریں چونکہ حاملہ تھیں اس وجہ سے پیٹ سے بچہ بھی ضائع ہوا۔ کنانہ نے تیروں سے مقابلہ کیا۔ ابوسفیان نے اُن سے کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی اور اس طرح علی الاعلان چلی جائے یہ تو گوارا نہیں۔ اس وقت واپس چلو۔ پھر چپکے بھیجدینا کنانہ نے اس کو قبول کر لیا۔ اور واپس لے آئے۔ دو ایک روز بعد پھر روانہ کیا۔ حضرت زینبؓ کا یہ زخم کئی سال تک رہا اور کئی سال اس میں بیمار رہ کر ۸ھ میں انتقال فرمایا۔ رضی اللہ عنہا وارضاہا۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ وہ میری سب سے اچھی بیٹی تھی جو میری محبت میں ستائی گئی۔ دفن کے وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خود قبر میں اُترے اور دفن فرمایا۔ اترتے وقت بہت رنجیدہ تھے۔ جب باہر تشریف لائے۔ تو چہرہ کھلا ہوا تھا۔ صحابہؓ نے دریافت کیا تو ارشاد فرمایا کہ مجھے زینبؓ کے ضعف کا خیال تھا۔ میں نے دعا کی کہ قبر کی تنگی اور اس کی سختی اس سے ہٹا دی جائے۔ اللہ تعالیٰ نے قبول فرمالیا۔[1] ف حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی تو صاحبزادی اور دین کی خاطر اتنی مشقت اُٹھائی کہ جان بھی اُسی میں دی۔ پھر بھی قبر کی تنگی کے لیے حضورؐ کی دعا کی ضرورت پیش آئی تو ہم جیسوں کا کیا پوچھنا۔ اس لیے آدمی کو اکثر اوقات قبر کے لیے دعا کرنا چاہیئے۔ خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تعلیم کی وجہ سے اکثر اوقات عذاب قبر سے پناہ مانگتے تھے اَللّٰهُمَّ احْفَظْنَا مِنْهُ بِمَنِّكَ وَكَرَمِكَ وَفَضْلِكَ

۱۲۔ حضرت رُبیّعؓ بنت معوذ کی غیرت دینی

رُبیّع بنتؓ معوذ ایک انصاری صحابیہؓ ہیں۔ اکثر لڑائیوں میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شریک ہوئی ہیں۔ زخمیوں کی دوا دارو فرمایا کرتی تھیں اور مقتولین اور شہداء کی نعشیں اٹھا کر لایا کرتی تھیں۔ حضورؐ کی ہجرت سے پہلے مسلمان ہو گئی تھیں۔ ہجرت کے بعد شادی ہوئی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم شادی کے دن ان کے گھر تشریف لے گئے تھے۔ وہاں چند لڑکیاں خوشی میں شعر پڑھ رہی تھیں۔ جن میں انصار کے اسلامی کارنامے اور ان کے بڑوں کا ذکر تھا جو بدر کی لڑائی میں شہید ہوئے تھے۔ ان میں سے ایک نے یہ مصرع بھی پڑھا وَفِينَا نَبِيٌّ يَعْلَمُ مَا فِي غَدٍ

[1] خمیس، اسد الغابہ

نہیں آئی۔ اس کے بعد دو شخصوں سے نکاح ہوا۔ اہل تاریخ کا اس میں اختلاف ہے کہ ان دونوں میں پہلے کس سے نکاح ہوا۔ اکثر کی رائے یہ ہے کہ پہلے عتیق بن عائذ سے ہوا جن سے ایک لڑکی پیدا ہوئی جن کا نام ہند تھا اور وہ بڑی ہو کر مسلمان ہوئیں اور صاحب اولاد بھی۔ اور بعضوں نے لکھا ہے کہ عتیق سے ایک لڑکا بھی ہوا جس کا نام عبداللہ یا عبد مناف تھا۔ عتیق کے بعد پھر حضرت خدیجہؓ کا نکاح ابو ہالہ سے ہوا جن سے ہند اور ہالہ دو اولاد ہوئیں۔ اکثروں نے کہا ہے کہ دونوں لڑکے تھے اور بعضوں نے لکھا ہے کہ ہند لڑکا ہے اور ہالہ لڑکی۔ ہند حضرت علیؓ کے زمانۂ خلافت تک زندہ رہے۔ ابو ہالہ کے انتقال کے بعد حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے نکاح ہوا۔ جس وقت کہ حضرت خدیجہؓ کی عمر چالیس برس کی تھی نکاح کے بعد پچیس برس حضورؐ کے نکاح میں رہیں اور رمضان سنہ نبوی میں پینسٹھ برس کی عمر میں انتقال فرمایا۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو ان سے بیحد محبت تھی اور ان کی زندگی میں کوئی دوسرا نکاح نہیں کیا۔ ان کا لقب اسلام سے پہلے ہی سے طاہرہ تھا۔ اسی وجہ سے ان کی اولاد جو دوسرے خاوندوں سے ہے وہ بھی بنو طاہرؓ کہلاتی ہے۔ ان کے فضائل حدیث کی کتابوں میں کثرت سے ہیں۔ ان کے انتقال پر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے خود قبر مبارک میں اتر کر ان کو دفن فرمایا تھا۔ نماز جنازہ اس وقت تک شروع نہیں ہوئی تھی۔ ان کے بعد اسی سال شوال میں حضرت عائشہؓ اور حضرت سودہؓ سے نکاح ہوا۔ اس میں بھی اختلاف ہے کہ ان دونوں میں کس کا نکاح پہلے ہوا۔ بعض مورخین نے حضرت عائشہؓ سے نکاح پہلے ہونا لکھا ہے اور بعضوں کی رائے یہ ہے کہ حضرت سودہؓ سے پہلے ہوا۔ بعد میں حضرت عائشہؓ سے۔ حضرت سودہؓ بھی بیوہ تھیں۔ ان کے والد کا نام زمعہ بن قیس ہے۔ پہلے سے اپنے چچازاد بھائی سکران بن عمرو کے نکاح میں تھیں۔ دونوں مسلمان ہوئے اور ہجرت فرما کر حبشہ تشریف لے گئے اور حبشہ میں سکران کا انتقال ہو گیا۔ بعض مورخین نے لکھا ہے کہ مکہ واپس آ کر انتقال فرمایا۔ ان کے انتقال کے بعد سنہ نبوی میں حضرت خدیجہؓ کے انتقال کے کچھ دنوں بعد ان سے نکاح ہوا اور رخصتی حضرت عائشہؓ کی رخصتی سے سب کے نزدیک پہلے ہی ہوئی۔ حضورؐ کی عادت شریفہ تو کثرت سے نماز میں مشغول رہنا تھی ہی، ایک مرتبہ حضور سے انہوں نے عرض کیا کہ رات آپؐ نے اتنا لمبا رکوع کیا کہ مجھے اپنی ناک سے نکسیر نکلنے کا ڈر ہو گیا (یہ بھی حضورؐ کے پیچھے نماز پڑھ رہی تھیں۔ چونکہ بدن کی بھاری تھیں اس وجہ سے اور بھی مشقت ہوئی ہو گی) ایک مرتبہ حضورؐ نے ان کو طلاق دینے کا

ارادہ فرمادیا۔ انھوں نے عرض کیا یا رسول اللہ مجھے خاوندکی خواہش نہیں مگر یہ تمنا ہے کہ جنت میں حضورؐ کی بیویوں میں داخل رہوں۔ اس لیے مجھے آپ طلاق نہ دیں۔ میں اپنی باری عائشہؓ کو دیتی ہوں اس کو حضورؐ نے قبول فرمالیا اوراس وجہ سے ان کی باری کا دن حضرت عائشہؓ کے حصہ میں آتا تھا۔ ۵۴ھ یا ۵۵ھ میں اور بعض نے لکھا ہے کہ حضرت عمرؓ کے اخیر زمانہ خلافت میں وفات پائی۔ ان کے علاوہ ایک سودہ اور بھی ہیں جو قریش ہی کی ہیں۔ حضورؐ نے ان سے نکاح کا ارادہ فرمایا۔ انھوں نے عرض کیا کہ مجھے ساری دنیا میں سب سے زیادہ محبوب آپ ہیں مگر میرے پانچ چھ بچے ہیں۔ مجھے یہ بات گراں ہے کہ وہ آپ کے سرہانے روئیں چلائیں۔ حضورؐ نے ان کی اس بات کو پسند فرمایا، تعریف کی اور نکاح کا ارادہ ملتوی فرمادیا۔ حضرت عائشہؓ سے بھی نکاح مکہ مکرمہ میں ہجرت سے پہلے شوال ۱۰ نبوی میں ہوا جس وقت کہ ان کی عمر چھ سال کی تھی حضورؐ کی بیویوں میں یہی صرف ایک ایسی ہیں جن سے کنوارے پن میں نکاح ہوا اور باقی سب سے نکاح بیوگی کی حالت میں ہوا۔ نبوت سے چار سال بعد یہ پیدا ہوئیں۔ اور ہجرت کے بعد جب کہ ان کی عمر کو نواں برس تھا رخصتی ہوئی اور اٹھارہ سال کی عمر میں حضورؐ کا وصال ہوا اور چھیاسٹھ ۶۶ سال کی عمر ۱۷ رمضان ۵۷ھ کو منگل کی شب میں ان کا وصال ہوا خود ہی وصیت فرمائی تھی کہ مجھے عام قبرستان میں جہاں اور بیبیاں دفن کی گئی ہیں دفن کیا جائے۔ حضورؐ کے قریب حجرہ شریفہ میں نہ دفن کیا جائے چنانچہ بقیع میں دفن کی گئیں۔ عرب میں یہ مشہور تھا کہ شوال کے مہینہ میں نکاح نامبارک ہوتا ہے حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ میرا نکاح بھی شوال میں ہوا۔ رخصتی بھی شوال میں ہوئی۔ حضور کی بیویوں میں کون سی مجھ سے زیادہ نصیبہ ور اور حضورؐ کی محبوبہ تھی۔ حضرت خدیجہؓ کے انتقال کے بعد خولہؓ حکیم کی بیٹی حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا یا رسول اللہ آپؐ نکاح نہیں کرتے۔ حضورؐ نے فرمایا۔ کس سے عرض کیا کنواری بھی ہے، بیوہ بھی ہے جو منظور ہو۔ حضورؐ نے دریافت فرمایا تو عرض کیا کہ کنواری تو آپؐ کے سب سے زیادہ دوست ابوبکرؓ کی لڑکی عائشہؓ ہے اور بیوہ سودہؓ بنت زمعہ۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ اچھا تذکرہ کر کے دیکھ لو۔ وہ وہاں سے حضرت ابوبکرؓ کے گھر آئیں اور حضرت عائشہؓ کی والدہ ام رومانؓ سے عرض کیا کہ میں ایک بڑی خیر و برکت لے کر آئی ہوں۔ دریافت کرنے پر کہا کہ حضورؐ نے مجھے عائشہؓ سے منگنی کے لیے بھیجا ہے۔ ام رومانؓ نے کہا وہ تو ان کی بھتیجی ہے۔ اس سے کیسے نکاح ہو سکتا ہے۔ اچھا ابوبکرؓ کو آنے دو۔ حضرت

ابو بکرؓ اس وقت گھر پر موجود نہ تھے۔ ان کے تشریف لانے پر ان سے بھی یہی ذکر کیا۔ انھوں نے بھی یہی جواب دیا کہ وہ تو حضورؐ کی بھتیجی ہے۔ حضورؐ سے کیسے نکاح ہو سکتا ہے۔ خولہؓ نے جا کر حضورؐ سے عرض کیا۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ وہ میرے اسلامی بھائی ہیں۔ اُن کی لڑکی سے میرا نکاح جائز ہے۔ خولہ واپس ہوئیں اور حضرت ابو بکرؓ کو جواب سنایا۔ وہاں کیا دیر تھی۔ کہا بلا لاؤ۔ حضور تشریف لے گئے اور نکاح ہو گیا۔ ہجرت کے بعد چند مہینے گذر جانے پر حضرت ابو بکر صدیقؓ نے دریافت کیا کہ آپؐ اپنی بیوی عائشہ کو کیوں نہیں بلا لیتے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے سامان مہیا نہ ہونے کا عذر فرمایا۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ نے نذرانہ پیش کیا جس سے تیاری ہوئی اور شوال ۱ھ یا ۲ھ میں چاشت کے وقت حضرت ابو بکر صدیقؓ ہی کے دولت کدہ پر بنا یعنی رخصتی ہوئی۔ یہ تین نکاح حضورؐ کے ہجرت سے پہلے ہوئے اس کے بعد جتنے نکاح ہوئے وہ ہجرت کے بعد ہوئے۔ حضرت عائشہؓ کے بعد حضرت عمرؓ کی صاحبزادی حضرت حفصہؓ سے نکاح ہوا حضرت حفصہؓ نبوت سے پانچ برس قبل مکہ میں پیدا ہوئیں۔ پہلا نکاح مکہ ہی میں خنیسؓ بن حذافہ سے ہوا۔ یہ بھی پرانے مسلمان ہیں جنہوں نے اول حبشہ کی ہجرت کی پھر مدینہ طیبہ کی ہجرت کی۔ بدر میں بھی شریک ہوئے اور اسی لڑائی میں یا احد کی لڑائی میں ان کے ایسا زخم آیا جس سے اچھے نہ ہوئے اور ۲ھ یا ۳ھ میں انتقال فرمایا۔ حضرت حفصہؓ بھی اپنے خاوند کے ساتھ ہجرت فرما کر مدینہ طیبہ ہی آ گئی تھیں۔ جب بیوہ ہو گئیں تو حضرت عمرؓ نے اول حضرت ابو بکر صدیقؓ سے درخواست کی کہ میں حفصہؓ کا نکاح تم سے کرنا چاہتا ہوں۔ انھوں نے سکوت فرمایا۔ اس کے بعد حضرت عثمانؓ کی اہلیہ حضورؐ کی صاحبزادی حضرت رقیہؓ کا جب انتقال ہوا تو حضرت عثمانؓ سے ذکر فرمایا۔ انھوں نے فرمایا کہ میرا تو اس وقت نکاح کا ارادہ نہیں۔ حضورؐ سے حضرت عمرؓ نے اس کی شکایت کی تو حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ میں حفصہؓ کے لیے عثمانؓ سے بہتر خاوند اور عثمانؓ کے لیے حفصہؓ سے بہتر بیوی بتاتا ہوں۔ اس کے بعد حضرت حفصہؓ سے ۲ھ یا ۳ھ میں خود نکاح کیا اور حضرت عثمانؓ کا نکاح اپنی صاحبزادی حضرت ام کلثومؓ سے کر دیا۔ ان کے پہلے خاوند کے انتقال میں مورخین کا اختلاف ہے کہ بدر کے زخم سے شہید ہوئے یا اُحد کے۔ بدر ۲ھ میں ہے اور احد ۳ھ میں اسی وجہ سے ان کے نکاح میں بھی اختلاف ہے۔ اس کے بعد حضرت ابو بکر صدیقؓ نے حضرت عمرؓ سے فرمایا کہ جب تم نے حفصہؓ کے نکاح کا ذکر کیا تھا اور میں نے سکوت کیا تھا تمہیں اس وقت ناگواری ہوئی ہو گی

مگر چونکہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ان سے نکاح کا تذکرہ فرما چکے تھے۔ اس لیے نہ تو میں قبول کر سکتا تھا اور نہ حضورؐ کے راز کو ظاہر کر سکتا تھا۔ اس لیے سکوت کیا تھا۔ اگر حضورؐ ارادہ ملتوی فرما دیتے تو میں ضرور کر لیتا۔ حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ مجھے ابو بکرؓ کے سکوت کا حضرت عثمانؓ کے انکار سے بھی زیادہ رنج تھا۔ حضرت حفصہؓ بڑی عابدہ زاہدہ تھیں۔ رات کو اکثر جاگتی تھیں اور دن میں کثرت سے روزہ رکھا کرتی تھیں۔ کسی وجہ سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو ایک طلاق بھی دی تھی جس کی وجہ سے حضرت عمرؓ کو بہت رنج ہوا اور ہونا بھی چاہیے تھا۔ حضرت جبرئیلؑ تشریف لائے اور عرض کیا اللہ جل شانہ، کا ارشاد ہے کہ حفصہؓ سے رجوع کر لو۔ یہ بڑی شب بیدار اور کثرت سے روزہ رکھنے والی ہیں اور عمرؓ کی خاطر بھی منظور ہے۔ اس لیے حضورؐ نے رجوع فرما لیا جمادی الاولیٰ ۴۵ھ میں جب کہ ان کی عمر تقریباً ترسیٹھ برس کی تھی مدینہ طیبہ میں انتقال فرمایا۔ بعض نے ان کا انتقال ۴۱ھ میں اور عمر ساٹھ برس کی لکھی ہے۔ ان کے بعد حضورؐ کا نکاح حضرت زینبؓ سے ہوا۔ حضرت زینبؓ خزیمہ کی بیٹی جن کے پہلے نکاح میں اختلاف ہے۔ بعض نے لکھا ہے کہ پہلے عبداللہؓ بن جحش سے نکاح ہوا تھا۔ جب وہ غزوۂ احد میں شہید ہوئے جن کا قصہ بابؐ کی پہلی حدیث میں گذرا تو حضورؐ نے نکاح کیا اور بعض نے لکھا کہ اُن کا پہلا نکاح طفیل بن حارث سے ہوا تھا ان کے طلاق دینے کے بعد ان کے بھائی عبیدۃ بن الحارث سے ہوا جو بدر میں شہید ہوئے۔ اس کے بعد حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے ہجرت کے اکتیس مہینے بعد رمضان ۳ھ میں ہوا۔ آٹھ مہینے حضورؐ کے نکاح میں رہیں اور ربیع الآخر ۴ھ میں انتقال فرمایا۔ حضورؐ کی بیویوں میں حضرت خدیجہؓ اور حضرت زینبؓ دو ہی بیبیاں ایسی ہیں جن کا وصال حضورؐ کے سامنے ہوا۔ باقی نو حضورؐ کے وصال کے وقت زندہ تھیں۔ جن کا بعد میں انتقال ہوا۔ حضرت زینبؓ بڑی سخی تھیں۔ اسی وجہ سے ان کا نام اسلام سے پہلے بھی ام المساکین (مسکینوں کی ماں) تھا۔ ان کے بعد حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا نکاح حضرت ام سلمہؓ سے ہوا۔ حضرت ام سلمہؓ ابوامیہ کی بیٹی تھیں جن کا پہلا نکاح اپنے چچا زاد بھائی ابو سلمہؓ سے ہوا تھا جن کا نام عبداللہؓ بن عبدالاسد تھا۔ دونوں میاں بیوی ابتدائی مسلمانوں میں ہیں۔ کفار کے ہاتھ سے تنگ آ کر اول دونوں نے حبشہ کی ہجرت کی۔ وہاں جا کر ایک لڑکا پیدا ہوا۔ جن کا سلمہؓ نام تھا۔ حبشہ سے واپسی کے بعد مدینہ طیبہ کی ہجرت کی جس کا قصہ اسی باب کے ۵ پر مفصل گذر چکا ہے۔ مدینہ منورہ پہنچ کر ایک لڑکا عمرؓ اور دو لڑکیاں درہ اور زینب پیدا ہوئیں۔ ابو سلمہؓ دس آدمیوں کے بعد مسلمان

ہوئے تھے۔ بدر اور اُحد کی لڑائی میں بھی شریک ہوئے تھے۔ اُحد کی لڑائی میں ایک زخم آگیا تھا جس کی وجہ سے بہت تکلیف اٹھائی۔ اس کے بعد صفر ۴ھ میں ایک سریہ میں تشریف لے گئے تو واپسی پر وہ زخم پھر ہرا ہو گیا اور اسی میں آٹھ جمادی الاخریٰ ۴ھ میں انتقال کیا۔ حضرت ام سلمہ رض اس وقت حاملہ تھیں اور زینب رض پیٹ میں تھیں۔ جب وہ پیدا ہوئیں تو عدت پوری ہوئی حضرت ابو بکر صدیق رض نے نکاح کی خواہش فرمائی تو انھوں نے عذر کردیا۔ اس کے بعد حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارادہ فرمایا۔ انھوں نے عرض کیا کہ میرے بچے بھی ہیں اور میرے مزاج میں غیرت کا مضمون بہت ہے اور میرا کوئی ولی یہاں ہے نہیں۔ حضور ؐ نے ارشاد فرمایا کہ بچوں کا اللہ محافظ ہے اور یہ غیرت بھی انشاء اللہ جاتی رہے گی اور کوئی ولی اس کو ناپسند نہیں کرے گا۔ تو انھوں نے اپنے بیٹے سلمہ رض سے کہا کہ حضور ؐ سے میرا نکاح کر دو۔ اخیر شوال ۴ھ میں حضور ؐ سے نکاح ہوا۔ بعض نے ۳ھ اور بعض نے ۲ھ میں لکھا ہے۔ ام سلمہ رض کہتی ہیں کہ میں نے حضور ؐ سے سنا تھا کہ جس شخص کو کوئی مصیبت پہنچے اور وہ یہ دعا کرے اَللّٰهُمَّ اٰجُرْنِيْ فِيْ مُصِيْبَتِيْ وَاخْلُفْنِيْ خَيْرًا مِّنْهَا اے اللہ مجھے اس مصیبت میں اجر عطا فرما اور اس کا نعم البدل نصیب فرما تو اس کو اللہ جل شانہ بہترین بدل عطا فرماتے ہیں۔ ابو سلمہ رض کے مرنے پر میں یہ دعا تو پڑھ لیتی، مگر یہ سوچتی تھی کہ ابو سلمہ رض سے بہتر کون ہو سکتا ہے۔ اللہ نے حضور سے نکاح کرا دیا۔ حضرت عائشہ رض فرماتی ہیں کہ ان کے حسن کی بہت شہرت تھی۔ جب نکاح ہو گیا۔ تو میں نے چھپ کر حیلہ سے جا کر دیکھا تو جیسا سنا تھا اس سے زیادہ پایا۔ میں نے حفصہ رض سے اس کا ذکر کیا۔ انھوں نے کہا نہیں ایسی حسین نہیں ہیں جتنی شہرت ہے۔ اُمہات المومنین میں سب سے اخیر میں حضرت اُم سلمہ رض کا انتقال ۵۹ھ یا ۶۲ھ میں ہوا۔ اس وقت چوراسی ۸۴ سال کی عمر تھی۔ اس لحاظ سے نبوت سے تقریباً نو ۹ برس پہلے پیدا ہوئیں۔ حضرت زینب رض بنت خزیمہ کے انتقال کے بعد ان سے نکاح ہوا اور حضرت زینب رض کے مکان میں مقیم ہوئیں۔ انھوں نے وہاں دیکھا کہ ایک مٹکے میں جو رکھے ہیں اور ایک چکی اور ہانڈی بھی۔ انھوں نے جو خود پیسے اور چکنائی ڈال کر ملیدہ تیار کیا اور پہلے ہی دن حضور ؐ کو وہ ملیدہ کھلایا جو نکاح کے دن اپنے ہی ہاتھ سے پکایا تھا۔ ان کے بعد حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا نکاح زینب رض بنت جحش سے ہوا۔ یہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپی زاد بہن ہیں۔ ان کا پہلا نکاح حضور ؐ نے اپنے متبنیٰ حضرت زید بن حارثہ رض سے کیا تھا۔ ان کے طلاق دینے کے بعد اللہ جل شانہ نے خود ان کا نکاح حضور ؐ سے کر دیا جس کا

قصہ سورۂ احزاب میں بھی ہے اس وقت ان کی عمر پنتیس ۳۵ سال کی تھی۔ مشہور قول کے موافق ذیقعدہ ۵ھ میں نکاح ہوا۔ بعض نے ۳ھ لکھا ہے مگر صحیح ۵ھ ہے اور اس حساب سے نبوت سے گویا سترہ سال قبل ان کی پیدائش ہوئی۔ ان کو اس پر فخر تھا کہ سب عورتوں کا نکاح ان کے اولیا نے کیا اور ان کا نکاح اللہ جل شانہ نے کیا۔ حضرت زیدؓ نے جب ان کو طلاق دی اور عدت پوری ہوگئی تو حضورؐ نے ان کے پاس پیام بھیجا۔ انھوں نے جواب میں عرض کیا کہ میں اس وقت تک کچھ نہیں کہہ سکتی جب تک اپنے اللہ سے مشورہ نہ کرلوں اور یہ کہہ کر وضو کیا اور نماز کی نیت باندھ لی اور یہ دُعا کی کہ یا اللہ تیرے رسولؐ مجھ سے نکاح کرنا چاہتے ہیں اگر میں ان کے قابل ہوں تو میرا نکاح ان سے فرمادے۔ ادھر حضور پر قرآن شریف کی آیت فَلَمَّا قَضٰی زَیْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا نازل ہوئی تو حضورؐ نے خوشخبری بھیجی۔ حضرت زینب خوشی کی وجہ سے سجدہ میں گر گئیں۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے نکاح کا ولیمہ بڑی شان سے کیا۔ بکری ذبح کی اور گوشت روٹی کی دعوت فرمائی۔ ایک ایک جماعت کو بلایا جاتا تھا اور جب وہ فارغ ہوجاتی تھی تو دوسری جماعت اسی طرح بلائی جاتی حتیٰ کہ سب ہی لوگوں نے پیٹ بھر کر کھایا۔ حضرت زینبؓ بڑی سخی تھیں اور بڑی محنتی، اپنے ہاتھ سے محنت کرتیں اور جو حاصل ہوتا وہ صدقہ کردیتیں۔ ان ہی کے بارہ میں حضورؐ نے ارشاد فرمایا تھا کہ مجھ سے سب سے پہلے مرنے کے بعد وہ ملے گی جس کا ہاتھ لانبا ہوگا۔ بیبیاں ظاہری لمبائی سمجھیں۔ اس لیے لکڑی لے کر سب کے ہاتھ ناپنے شروع کردیئے۔ دیکھنے میں حضرت سودہؓ کا ہاتھ سب سے لانبا ملا۔ مگر جب حضرت زینبؓ کا انتقال سب سے پہلے ہوا جب سمجھیں کہ ہاتھ کی لمبائی سے مراد صدقہ کی کثرت تھی۔ روزے بھی بہت زیادہ رکھتی تھیں۔ ۲۰ھ میں انتقال فرمایا۔ حضرت عمرؓ نے نماز جنازہ پڑھائی۔ پچاس برس کی عمر تھی۔ ان کا قصہ اسی باب کے نمبر ۱۰ پر بھی گذرا ہے۔ ان کے بعد آپ کا نکاح حضرت جویریہؓ بنت الحارث بن ابی ضرار سے ہوا۔ یہ غزوۂ مریسیع میں قید ہو کر آئی تھیں اور غنیمت میں حضرت ثابتؓ بن قیسؓ کے حصہ میں آئیں۔ قید ہونے سے پہلے مسافع بن صفوان کے نکاح میں تھیں۔ حضرت ثابتؓ نے ان کو نو اوقیہ سونے پر مکاتب کردیا۔ مکاتب اس غلام یا باندی کو کہتے ہیں جس سے یہ مقرر کرلیا جاوے کہ اتنے دام تم اگر دے دو تو تم آزاد۔ ایک اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے اور ایک درہم تقریباً ساڑھے تین آنے کا۔ اس حساب سے نو اوقیہ کی قیمت (۷۸ معہ ۱۲) ہوئی اور چار آنے کا اگر درہم ہو تو (۹۰ للعہ) ہوئی۔ یہ حضورؐ کی خدمت میں آئیں اور عرض کیا کہ یا رسول اللہؐ میں اپنی قوم کے سردار حارث کی بیٹی جویریہ

ہوں جو مصیبت مجھ پر نازل ہوئی آپ کو معلوم ہے اب اتنی مقدار پر میں مکاتب ہوئی ہوں۔ اور یہ مقدار میری طاقت سے باہر ہے۔ آپؐ کی امید پر آئی ہوں۔ حضورؐ نے فرمایا کہ میں تجھے اس سے بہتر راستہ بتاؤں کہ تجھے مال ادا کر کے آزاد کرادوں اور تجھ سے نکاح کرلوں ان کے لیے اس سے بہتر کیا تھا۔ بخوشی منظور کرلیا اور ۵ھ میں مشہور قول کے موافق اور بعضوں نے ۶ھ میں اس قصہ کو بتایا ہے۔ نکاح ہوگیا۔ صحابہؓ نے جب سُنا کہ بنو المصطلق حضورؐ کی سسرال بن گئی تو انھوں نے بھی اس رشتہ کے اعزاز میں اپنے اپنے غلام آزاد کردیئے۔ کہتے ہیں کہ ایک حضرت جویریہؓ کی وجہ سے سو گھرانے آزاد ہوئے جن میں تقریباً سات سو آدمی تھے۔ اس قسم کی مصلحتیں حضورؐ کے ان سب نکاحوں میں تھیں۔ حضرت جویریہؓ نہایت حسین تھیں۔ چہرے پر ملاحت تھی۔ کہتے ہیں کہ جو نگاہ پڑجاتی تھی اٹھتی نہ تھی۔ حضرت جویریہؓ نے اس لڑائی سے تین دن پہلے ایک خواب دیکھا تھا کہ یثرب سے ایک چاند چلا اور میری گود میں آگیا۔ کہتی ہیں کہ جب میں قید ہوئی تو مجھے اپنے خواب کی تعبیر کی امید ہوئی۔ اس وقت ان کی عمر بیس سال کی تھی اور ربیع الاول ۵۰ھ میں صحیح قول کے موافق پینسٹھ برس کی عمر میں مدینہ طیبہ میں انتقال ہوا اور بعض نے ان کا انتقال ۵۶ھ میں ستر برس کی عمر میں لکھا ہے۔ امّ المومنین حضرت ام حبیبہؓ ابوسفیان کی صاحبزادی ان کے نام میں اختلاف ہے۔ اکثروں نے رملہ اور بعضوں نے ہند بتایا ہے۔ ان کا پہلا نکاح عبیداللہ بن جحش سے مکہ مکرمہ میں ہوا تھا۔ دونوں میاں بیوی مسلمان ہوگئے تھے۔ کفار کی تکالیف کے بدولت وطن چھوڑنا پڑا اور حبشہ کی ہجرت دونوں نے کی وہاں جاکر خاوند نصرانی ہوگیا۔ یہ اسلام پر باقی رہیں۔ انھوں نے اسی رات میں اپنے خاوند کو خواب میں نہایت بُری شکل میں دیکھا۔ صبح کو معلوم ہوا کہ وہ نصرانی ہوگیا ہے۔ اس تنہائی میں اس حالت میں ان پر کیا گذری ہوگی۔ اللہ ہی کو معلوم ہے۔ لیکن حق تعالیٰ شانہٗ نے اس کا نعم البدل یہ عطا فرمایا کہ حضورؐ کے نکاح میں آگئیں۔ حضورؐ نے حبشہ کے بادشاہ نجاشی کے پاس پیام بھیجا کہ ان کا نکاح مجھ سے کردو۔ چنانچہ نجاشی نے ایک عورت ابرہہ کو ان کے پاس اس کی خبر کے لیے بھیجا۔ انھوں نے خوشی میں اپنے دونوں کنگن جو پہن رہی تھیں اس کو عطا کردیئے اور پاؤں کے چھلے کڑے وغیرہ متعدد چیزیں دیں۔ نجاشی نے نکاح کیا اور اپنے پاس سے چار سو دینار مہر کے ادا کیے اور بہت کچھ سامان دیا۔ جو لوگ مجلس نکاح میں موجود تھے ان کو بھی دینار دیئے اور کھانا کھلایا۔ اس میں اختلاف ہے کہ یہ نکاح ۷ھ میں ہوا۔ جیسا کہ

اکثر کا قول ہے یا ۶ھ میں جیسا کہ بعض نے کہا ہے صاحب تاریخ خمیس نے لکھا ہے کہ ان کا نکاح ۶ھ میں ہوا اور رخصتی ۷ھ میں۔ جب یہ مدینہ طیبہ پہنچیں نجاشی نے بہت سی خوشبو اور سامان جہیز وغیرہ دے کر ان کو نکاح کے بعد حضورؐ کی خدمت میں بھیجدیا۔ بعض کتب و تواریخ اور احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے باپ نے نکاح کیا۔ مگر یہ صحیح نہیں۔ اس لیے کہ ان کے باپ اس وقت تک مسلمان نہیں ہوئے تھے وہ اس قصہ کے بعد مسلمان ہوئے ہیں۔ ان کا ایک قصہ اسی باب کے ۹ پر گذر چکا ہے۔ ان کے انتقال میں بہت اختلاف ہے۔ اکثر نے ۴۴ھ بتایا ہے۔ اور اس کے علاوہ ۴۲ھ اور ۵۵ھ اور ۵۰ھ وغیرہ اقوال بھی ہیں۔ ام المومنین حضرت صفیہؓ حُیَی کی بیٹی حضرت موسیٰ علیہم السلام کے بھائی حضرت ہارون علیہ السلام کی اولاد میں۔ اوّل سلام بن مشکم کے نکاح میں تھیں اس کے بعد کنانہ بن ابی حقیق کے نکاح میں آئیں۔ اس سے نکاح اُس زمانہ میں ہوا تھا کہ خیبر کی لڑائی شروع ہو گئی تھی اور ان کا خاوند قتل ہو گیا تھا۔ خیبر کی لڑائی کے بعد وحیہؓ کلبی ایک صحابی تھے۔ انھوں نے حضورؐ سے ایک باندی مانگی۔ حضورؐ نے ان کو مرحمت فرمادیا۔ چونکہ مدینہ میں بھی دو قبیلے قریظہ اور نضیر آباد تھے اور یہ سردار کی بیٹی تھیں اس لیے لوگوں نے عرض کیا کہ یہ بات بہت سے لوگوں کو ناگوار ہوگی۔ صفیہؓ کو اگر حضورؐ اپنے نکاح میں لے لیں تو بہت سے لوگوں کی دل داری ہے۔ اس لیے حضورؐ نے وحیہ کو خاطر خواہ عوض دے کر ان کو لے لیا اور ان کو آزاد فرما کر نکاح کر لیا اور خیبر سے واپسی میں ایک منزل پر ان کی رخصتی ہوئی۔ صبح کو حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ جس کے پاس جو چیز کھانے کی ہو وہ لے آئے۔ صحابہؓ کے پاس متفرق چیزیں کھجور، پنیر، گھی وغیرہ جو تھا وہ لے آئے۔ ایک چمڑے کا دسترخوان بچھادیا اور اس پر وہ سب ڈال دیا گیا اور سب نے شریک ہو کر کھالیا۔ یہی ولیمہ تھا۔ بعض روایات میں آیا ہے کہ حضورؐ نے ان کو اختیار دے دیا تھا کہ اگر تم اپنی قوم اور اپنے ملک میں رہنا چاہو تو آزاد ہو چلی جاؤ اور میرے پاس میرے نکاح میں رہنا چاہو تو رہو۔ انھوں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ میں شرک کی حالت میں حضورؐ کی تمنا کرتی تھی اب مسلمان ہو کر کیسے جا سکتی ہوں۔ اس سے مراد غالباً ان کا وہ خواب ہے جو انھوں نے مسلمان ہونے سے پہلے دیکھا تھا کہ ایک چاند کا ٹکڑا میری گود میں ہے اس خواب کو انھوں نے اپنے خاوند کنانہ سے کہا اس نے ایک طمانچہ اس زور سے منہ پر مارا کہ آنکھ پر اس کا نشان پڑ گیا اور یہ کہا کہ تو بثرب کے بادشاہ کے نکاح کی تمنا کرتی ہے۔ ایک مرتبہ خواب دیکھا کہ آفتاب ان کے سینہ پر ہے خاوند سے

اس کو بھی ذکر کیا اس نے اس پر بھی یہی کہا کہ تو یہ چاہتی ہے کہ یثرب کے بادشاہ کے نکاح میں جائے ایک مرتبہ انھوں نے چاند کو گود میں دیکھا تو اپنے باپ سے ذکر کیا اس نے بھی ایک طمانچہ مارا۔ اور یہ کہا کہ تیری نگاہ یثرب کے بادشاہ پر جاتی ہے۔ ممکن ہے کہ چاند کا وہی ایک خواب خاوند اور باپ دونوں سے کہا ہو یا چاند دو مرتبہ دیکھا ہو۔ رمضان ۵۰ھ ہجری میں صحیح قول کے موافق انتقال ہوا۔ اور تقریباً ساٹھ برس کی عمر پائی۔ خود کہتی ہیں کہ میں جب حضورؐ کے نکاح میں آئی تو میری عمر سترہ سال کی نہیں ہوئی تھی۔ امّ المؤمنین حضرت میمونہؓ حارث بن حزن کی بیٹی ان کا اصل نام برّہ تھا۔ حضورؐ نے بدل کر میمونہؓ رکھا۔ پہلے سے ابورھم بن عبدالعزیٰ کے نکاح میں تھیں۔ اکثر مورخین کا یہی قول ہے اور بھی بہت سے اقوال ان کے پہلے خاوند کے نام میں ہیں۔ بعض نے لکھا ہے کہ حضورؐ سے پہلے بھی دو نکاح ہوئے تھے۔ بیوہ ہو جانے کے بعد ذیقعدہ ۷ھ میں جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم عمرہ کے لیے مکہ مکرمہ تشریف لے جارہے تھے۔ موضع سرف میں نکاح ہوا۔ حضورؐ نے ارادہ فرمایا کہ عمرہ سے فراغت کے بعد مکہ میں رخصتی ہو جائے مگر مکہ والوں نے قیام کی اجازت نہ دی۔ اس لیے واپسی میں سرف ہی میں رخصتی ہوئی اور سرف ہی میں خاص اُسی جگہ جہاں رخصتی کا خیمہ تھا ۵۱ھ میں صحیح قول کے موافق انتقال ہوا اور بعض نے ۶۱ھ میں لکھا ہے۔ اس وقت ان کی عمر اکیاسی برس کی تھی اور اسی جگہ قبر بنی یہ بھی عبرت کا مقام ہے اور تاریخ کا عجیبہ ہے کہ ایک سفر میں وہاں نکاح ہوا اور دوسرے سفر میں وہاں رخصتی ہوئی اور عرصہ کے بعد اسی جگہ قبر بنی۔ حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ میمونہؓ ہم سب میں زیادہ متقی اور صلہ رحمی کرنے والی تھیں۔ یزید بن اصمؓ کہتے ہیں کہ ان کا مشغلہ ہر وقت نماز تھا یا گھر کا کام۔ اگر دونوں سے فراغت ہوتی تو مسواک کرتی رہتی تھیں۔ جن عورتوں کے نکاح پر محدثین و مورخین کا اتفاق ہے۔ ان میں حضرت میمونہؓ کا نکاح سب سے آخری نکاح ہے۔ ان کی درمیانی ترتیب میں البتہ اختلاف ہے۔ جس کی وجہ ان نکاحوں کی تاریخ کا اختلاف ہے جیسا کہ مختصر طور پر معلوم ہوا ان گیارہ بیویوں میں سے دو کا وصال حضورؐ کے سامنے ہو چکا تھا۔ حضرت خدیجہؓ کا اور حضرت زینبؓ بنتِ حزیمہ کا۔ باقی نو بیبیاں حضورؐ کے وصال کے وقت موجود تھیں۔ ان کے علاوہ اور بھی بعض نکاح بعض محدثین اور مورخین نے لکھے ہیں جن کے ہونے میں اختلاف ہے۔ اسی لیے انہیں بیبیوں کا ذکر لکھا ہے جن پر اتفاق ہے۔

معلومات: حضورؐ کی اولاد

مورخین اور محدثین کا اس پر اتفاق ہے کہ آپ کے چار لڑکیاں ہوئیں اور اکثر کی تحقیق یہ ہے کہ ان میں سب سے بڑی حضرت زینبؓ ہیں۔ پھر حضرت رقیہؓ پھر حضرت ام کلثومؓ پھر حضرت سیدہ فاطمہؓ۔ لڑکوں میں البتہ بہت اختلاف ہے۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ یہ سب حضرات بچپن ہی میں انتقال فرما گئے تھے اور عرب میں اس زمانہ میں تاریخ کا اہتمام کچھ ایسا نہ تھا۔ صحابہ جیسے جاں نثار بھی اس وقت تک کثرت سے نہیں ہوئے تھے جو ہر بات پوری محفوظ رہتی اکثر کی تحقیق یہ ہے کہ تین لڑکے حضرت قاسمؓ حضرت عبداللہؓ حضرت ابراہیم ہوئے۔ بعضوں نے کہا کہ چوتھے صاحبزادے حضرت طیبؓ اور پانچویں حضرت طاہرؓ تھے اس طرح پانچ ہوئے بعض کہتے ہیں کہ طیبؓ اور طاہرؓ دونوں ایک ہی صاحبزادہ کے نام ہیں۔ اس طرح چار ہوئے اور بعض نے کہا کہ حضرت عبداللہؓ ہی کا نام طیبؓ اور طاہرؓ تھا۔ اس طرح تین ہی لڑکے ہوئے اور بعضوں نے دو لڑکے اور بھی بنائے۔ مطیبؓ اور مطہرؓ اور لکھا ہے کہ طیبؓ اور مطیبؓ ایک ساتھ پیدا ہوئے اور طاہرؓ اور مطہرؓ ایک ساتھ پیدا ہوئے۔ اس طرح سات لڑکے ہوئے۔ لیکن اکثر کی تحقیق تین لڑکوں کی ہے اور حضورؐ کی ساری اولاد حضرت ابراہیمؓ کے سوا حضرت خدیجہؓ ہی سے پیدا ہوئی۔ لڑکوں میں حضرت قاسمؓ سب سے پہلے پیدا ہوئے لیکن اس میں اختلاف ہے کہ حضرت زینبؓ ان سے بڑی تھیں یا چھوٹی حضرت قاسم نے بچپن ہی میں انتقال فرمایا دو سال کی عمر اکثر نے لکھی ہے اور بعضوں نے اس سے کم یا زیادہ لکھی ہے۔ دوسرے صاحبزادے حضرت عبداللہؓ جو نبوت کے بعد پیدا ہوئے اور اسی وجہ سے ان کا نام طیبؓ اور طاہرؓ بھی پڑا۔ اور بچپن ہی میں انتقال ہوا۔ اُن کے انتقال پر اور بعض نے لکھا ہے کہ حضرت قاسمؓ کے انتقال پر کفار بہت خوش ہوئے کہ آپؐ کی نسل منقطع ہو گئی جس پر سورۂ انا اعطینا نازل ہوئی اور کفار کے اس کہنے کا کہ جب نسل ختم ہو گئی تو کچھ دنوں میں نام مبارک بھی مٹ جائے گا۔ یہ جواب ملا کہ آج ساڑھے تیرہ سو برس بعد تک بھی حضورؐ کے نام کے فدائی کروڑوں موجود ہیں تیسرے صاحبزادے حضرت ابراہیمؓ تھے جو ہجرت کے بعد مدینہ طیبہ میں بالاتفاق ذی الحجہ ۸ھ میں پیدا ہوئے یہ حضورؐ کی باندی حضرت ماریہؓ کے پیٹ سے پیدا ہوئے اور حضور کی سب سے آخری اولاد ہیں۔ حضورؐ نے ساتویں دن ان کا عقیقہ کیا اور دو مینڈھے ذبح کیے اور بالوں کے برابر چاندی صدقہ فرمائی اور بالوں کو دفن کرایا۔ ابو ہند بیاضیؓ نے سر کے بال اتارے حضورؐ

نے ارشاد فرمایا کہ میں نے اپنے باپ حضرت ابراہیمؑ کے نام پر نام رکھا ہے اور سولہ مہینے کی عمر میں ان صاحبزادہ نے بھی ۱۰ ربیع الاول سنہ ھ میں انتقال فرمایا۔ بعضوں نے اٹھارہ مہینے کی عمر بتلائی ہے۔ حضور کا ارشاد ہے کہ ابراہیمؓ کے جنت میں دودھ پلانے والی تجویز ہوگئی۔ صاحبزادیوں میں سب سے بڑی حضرت زینبؓ ہیں اور جن مورخین نے اس کے خلاف لکھا ہے غلط لکھا ہے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح سے پانچ برس بعد جب کہ آپ کی عمر شریف تیس برس کی تھی پیدا ہوئیں اور اپنے والدین کے آغوش میں جوان ہوئیں مسلمان ہوئیں اور اپنے خالہ زاد بھائی ابو العاص بن ربیع سے نکاح ہوا۔ غزوۂ بدر کے بعد ہجرت کی جس میں مشرکین کی ناپاک حرکتوں سے زخمی ہوئیں جس کا قصہ اسی باب کے ۱۲ پر گذر چکا ہے اور اسی بیماری کا سلسلہ اخیر تک چلتا رہا۔ یہاں تک کہ ۸ھ کے شروع میں انتقال فرمایا۔ ان کے خاوند بھی ۶ھ یا ۷ھ میں مسلمان ہو کر مدینہ منورہ پہنچ گئے تھے اور انہی کے نکاح میں رہیں۔ ان سے دو بچے ہوئے ایک لڑکا ایک لڑکی۔ لڑکے کا نام حضرت علیؓ تھا۔ جنھوں نے اپنی والدہ کے انتقال کے بعد بلوغ کے قریب حضورؐ کی زندگی ہی میں انتقال فرمایا۔ فتح مکہ میں حضورؐ کے کے ساتھ اونٹنی پر جو سوار تھے وہ یہی حضرت علیؓ تھے۔ لڑکی کا نام حضرت امامہؓ تھا جن کے متعلق حدیث کی کتابوں میں کثرت سے قصہ آتا ہے کہ جب حضورؐ نماز میں سجدہ کرتے تو یہ کمر پر سوار ہو جاتیں۔ یہ حضورؐ کے بعد تک زندہ رہیں۔ حضرت سیدہ فاطمہؓ کے وصال کے بعد جو ان کی خالہ تھیں۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے ان سے نکاح کیا اور ان کے وصال کے بعد مغیرہؓ بن نوفل سے نکاح ہوا۔ حضرت علیؓ کے کوئی اولاد ان سے نہیں ہوئی۔ البتہ مغیرہؓ سے بعضوں نے ایک لڑکا یحییٰ لکھا ہے اور بعضوں نے انکار کیا ہے۔ کہتے ہیں کہ حضرت فاطمہؓ نے خود وصیت فرمائی تھی کہ میرے بعد حضرت علیؓ کا نکاح بھانجی سے کر دیا جائے۔ ان کا انتقال ۵۰ھ میں ہوا۔ حضورؐ کی دوسری صاحبزادی حضرت رقیہؓ تھیں جو اپنی بہن حضرت زینبؓ سے تین برس بعد پیدا ہوئیں جب کہ حضور کی عمر شریف تینتیس برس کی تھی اور بعضوں نے حضرت رقیہؓ کو حضرت زینبؓ سے بڑا بتایا ہے۔ لیکن صحیح یہی ہے کہ یہ حضرت زینب سے چھوٹی تھیں۔ حضورؐ کے چچا ابو لہب کے بیٹے عتبہ سے نکاح ہوا تھا۔ جب سورہ تبت نازل ہوئی تو ابو لہب نے ان سے اور ان کے دوسرے بھائی عتیبہ سے جس کے نکاح میں حضور کی تیسری صاحبزادی حضرت ام کلثومؓ تھیں۔ یہ کہا کہ میری ملاقات تم دونوں سے حرام ہے۔ اگر تم محمد صلی اللہ

علیہ وسلم) کی بیٹیوں کو طلاق نہ دے دو۔ اس پر دونوں نے طلاق دے دی۔ یہ دونوں نکاح بچپن میں ہوئے تھے۔ رخصتی کی نوبت نہیں آئی تھی۔ اُس کے بعد فتح مکہ پر حضرت رقیہؓ کے خاوند عتبہ مسلمان ہو گئے تھے مگر بیوی کو پہلے ہی طلاق دے چکے تھے اور حضرت رقیہؓ کا نکاح حضرت عثمانؓ سے عرصہ ہوا ہو چکا تھا۔ حضرت عثمانؓ اور حضرت رقیہؓ نے دونوں مرتبہ حبشہ کی ہجرت کی تھی، جس کا بیان پہلے باب کے نمبر۱ پر گذر چکا۔ اس کے بعد جب حضورؐ نے یہ ارشاد فرمایا کہ مجھے بھی ہجرت کا حکم ہونے والا ہے اور مدینہ منورہ میری ہجرت کی جگہ ہوگی تو صحابہؓ نے مدینہ طیبہ کی ہجرت شروع کر دی اُسی سلسلہ میں حضورؐ سے پہلے ہی یہ دونوں حضرات بھی مدینہ طیبہ پہنچ گئے تھے۔ حضورؐ کی ہجرت کے بعد جب حضورؐ بدر کی لڑائی میں تشریف لے جانے لگے تو حضرت رقیہؓ بیمار تھیں اسی لیے حضورؐ حضرت عثمانؓ کو ان کی تیمارداری کے واسطے مدینہ چھوڑ گئے۔ بدر کی فتح کی خوشخبری مدینہ طیبہ میں اس وقت پہنچی جب یہ حضرات حضرت رقیہؓ کو دفن کر کے آرہے تھے۔ اسی وجہ سے حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ان کے دفن میں شرکت نہ فرما سکے۔ حضرت رقیہؓ کے پہلے خاوند کے یہاں رخصتی بھی نہیں ہوئی تو اولاد کا کیا ذکر کرنا۔ البتہ حضرت عثمانؓ سے ایک صاحبزادہ جن کا نام عبداللہ تھا، حبشہ میں پیدا ہوئے تھے جو اپنی والدہ کے انتقال کے بعد تک زندہ رہے اور چھ سال کی عمر میں ۴ھ میں انتقال فرمایا اور بعض نے لکھا ہے کہ اپنی والدہ سے ایک سال پہلے انتقال کیا۔ ان کے علاوہ کوئی اور اولاد حضرت رقیہؓ سے نہیں ہوئی۔ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی تیسری صاحبزادی حضرت ام کلثومؓ تھیں۔ اس میں اختلاف ہے کہ ان میں اور حضرت فاطمہؓ میں سے کون سی بڑی تھیں۔ اکثر کی رائے یہ ہے کہ ام کلثومؓ بڑی تھیں۔ اول عتیبہ بن ابی لہب سے نکاح ہوا مگر رخصتی نہیں ہوئی تھی کہ سورۂ تبت کے نازل ہونے پر طلاق کی نوبت آئی جیسا کہ حضرت رقیہؓ کے بیان میں گذرا لیکن اُن کے خاوند تو بعد میں مسلمان ہو گئے تھے جیسا کہ گذر چکا اور ان کے خاوند عتیبہ نے طلاق دی اور حضورؐ کی خدمتِ اقدس میں آکر نہایت گستاخی بے ادبی اور نامناسب الفاظ بھی زبان سے نکالے۔ حضورؐ نے بددعا دی کہ یا اللہ اپنے کتوں میں سے ایک کتا اس پر مسلط فرما۔ ابو طالب اس وقت موجود تھے۔ باوجود مسلمان نہ ہونے کے سہم گئے اور کہا کہ اس کی بددعا سے تجھے خلاصی نہیں۔ چنانچہ عتیبہ ایک مرتبہ شام کے سفر میں جا رہا تھا۔ اس کا باپ ابولہب باوجود ساری عداوت اور دشمنی کے کہنے لگا کہ مجھے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی بددعا کا فکر ہے قافلہ کے سب لوگ ہماری خبر رکھیں۔ ایک منزل پر پہنچے وہاں شیر زیادہ تھے۔ رات کو تمام قافلہ

کا سامان ایک جگہ جمع کیا اور اس کا ٹیلہ سا بنا کر اس پر عتیبہ کو سلایا اور قافلہ کے تمام آدمی چاروں طرف سوئے۔ رات کو ایک شیر آیا اور سب کے منہ سونگھے۔ اس کے بعد ایک زقند لگائی اور اس ٹیلے پر پہنچ کر عتیبہ کا سر بدن سے جدا کر دیا۔ اس نے ایک آواز دی مگر ساتھ ہی کام تمام ہو چکا تھا۔ بعض مورخین نے لکھا ہے کہ یہ مسلمان ہو گیا تھا اور یہ قصہ پہلے بھائی کے ساتھ پیش آیا بہرحال حضرت رقیہ رض اور حضرت ام کلثوم رض کے پہلے شوہروں میں سے ایک مسلمان ہوئے۔ دوسرے کے ساتھ یہ عبرت کا واقعہ پیش آیا۔ اسی واسطے اللہ والوں کی دشمنی سے ڈرایا جاتا ہے خود اللہ جل شانہٗ کا ارشاد ہے مَنْ عَادٰی لِیْ وَلِیًّا فَقَدْ اٰذَنْتُہٗ بِالْحَرْبِ (جو میرے کسی ولی کو ستائے اس کو میری طرف سے لڑائی کا اعلان ہے۔ حضرت رقیہ رض کے انتقال کے بعد ربیع الاول ۳ھ میں حضرت ام کلثوم رض کا نکاح بھی حضرت عثمان رض سے ہوا۔ حضورؐ کا ارشاد ہے کہ میں نے ام کلثوم رض کا نکاح آسمانی وحی کے حکم سے عثمان رض سے کیا۔ بعض روایات میں حضرت رقیہ رض اور حضرت ام کلثوم دونوں کے متعلق یہی ارشاد فرمایا۔ پہلے خاوند کے یہاں تو رخصتی بھی نہیں ہوئی تھی۔ اولاد کوئی حضرت عثمان رض سے بھی نہیں ہوئی اور شعبان ۹ھ میں انتقال فرمایا۔ حضورؐ نے ان کے انتقال کے بعد ارشاد فرمایا کہ اگر میرے سو لڑکیاں ہوتیں اور انتقال کرتیں تو اسی طرح ایک دوسری کے بعد سب کا نکاح عثمان رض سے کرتا۔ حضورؐ کی چوتھی صاحبزادی جنتی عورتوں کی سردار حضرت فاطمہ رض جو عمر میں اکثر مورخین کے نزدیک سب سے چھوٹی ہیں نبوت کے ایک سال بعد جب کہ حضورؐ کی عمر شریف اکتالیس برس کی تھی پیدا ہوئیں اور بعض نے نبوت سے پانچ سال پہلے پینتیس ۳۵ سال کی عمر میں لکھا ہے۔ کہتے ہیں کہ ان کا نام فاطمہ رض الہام یا وحی سے رکھا گیا فطم کے معنی روکنے کے ہیں یعنی یہ جہنم کی آگ سے محفوظ ہیں۔ ۲ھ محرم یا صفر یا رجب یا رمضان میں حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ سے نکاح ہوا اور نکاح سے سات ماہ اور پندرہ دن بعد رخصتی ہوئی یہ نکاح بھی اللہ جل شانہٗ کے حکم سے ہوا۔ کہتے ہیں کہ نکاح کے وقت آپ کی عمر پندرہ سال پانچ ماہ کی تھی۔ اس سے بھی اکتالیسویں سال میں پیدائش یعنی پہلے قول کی تائید ہوتی ہے اور حضرت علی کی عمر اکیس سال پانچ ماہ یا چوبیس سال ڈیڑھ ماہ کی تھی۔ حضورؐ کو اپنی تمام صاحبزادیوں میں ان سے زیادہ محبت تھی۔ جب حضورؐ سفر کو تشریف لے جاتے تو سب سے اخیر میں ان سے رخصت ہوتے اور جب سفر سے واپس آتے تو سب سے پہلے ان کے پاس تشریف لے جاتے حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ نے ابوجہل کی لڑکی سے دوسرے نکاح کا ارادہ فرمایا تو ان کو رنج ہوا حضورؐ

سے شکایت کی حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ فاطمہؓ میرے بدن کا ٹکڑا ہے جس نے اس کو رنج پہنچایا اس نے مجھے رنج پہنچایا اس لیے حضرت علیؓ نے ان کی زندگی میں کوئی نکاح نہیں کیا۔ آپ کے وصال کے بعد آپ کی بھانجی امامہؓ سے نکاح کیا جس کا ذکر حضرت زینبؓ کے بیان میں گذرا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے چھ مہینے بعد حضرت فاطمہؓ بیمار ہوئیں اور ایک روز خادمہ سے فرمایا کہ میں غسل کروں گی۔ پانی رکھ دو۔ غسل فرمایا۔ نئے کپڑے پہنے۔ پھر فرمایا کہ میرا بستر گھر کے بیچ کر دو اس پر تشریف لے گئیں اور قبلہ رُخ لیٹ کر داہنا ہاتھ رخسار کے نیچے رکھا اور فرمایا کہ بس اب میں مرتی ہوں۔ یہ فرما کر وصال فرمایا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد کا سلسلہ انھیں سے چلا اور انشاء اللہ قیامت تک چلتا رہے گا۔ ان کی چھ اولاد تین لڑکے تین لڑکیاں ہوئیں۔ سب سے اوّل حضرت حسنؓ نکاح سے دوسرے سال میں پیدا ہوئے۔ پھر حضرت حسینؓ تیسرے سال میں یعنی ۴ھ میں پھر حضرت محسنؓ ۵ برس کی تشدید کے ساتھ ہے پیدا ہوئے جن کا انتقال بچپن ہی میں ہو گیا۔ صاحبزادیوں میں سے حضرت رقیہؓ کا انتقال بچپن ہی میں ہو گیا تھا۔ اسی وجہ سے بعض مورخین نے ان کو لکھا بھی نہیں۔ دوسری صاحبزادی حضرت ام کلثومؓ کا پہلا نکاح حضرت عمر امیر المومنینؓ سے ہوا جن سے ایک صاحبزادے زیدؓ اور ایک صاحبزادی رقیہؓ پیدا ہوئیں۔ حضرت عمرؓ کے وصال کے بعد ام کلثومؓ کا نکاح عون بن جعفرؓ سے ہوا۔ ان سے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔ ان کے انتقال کے بعد ان کے بھائی محمد بن جعفرؓ سے ہوا۔ اُن سے ایک لڑکی پیدا ہوئی جو بچپن ہی میں انتقال کر گئی۔ ان کے انتقال کے بعد ان کے تیسرے بھائی عبداللہ بن جعفرؓ سے ہوا۔ ان سے بھی کوئی اولاد نہیں ہوئی اور انہیں کے نکاح میں حضرت ام کلثومؓ کا انتقال ہوا اور اسی دن ان کے صاحبزادے زیدؓ کا بھی انتقال ہوا دونوں جنازے ساتھ ہی اٹھے اور کوئی سلسلہ اولاد کا ان سے نہیں چلا۔ یہ تینوں بھائی وہی عبداللہؓ اور عونؓ اور محمدؓ ہیں جن کا قصہ چھٹے باب کے ۱۱ پر گذرا ہے۔ یہ حضرت علیؓ کے بھتیجے اور جعفر طیار کے صاحبزادے ہیں۔ حضرت فاطمہؓ کی تیسری صاحبزادی حضرت زینبؓ تھیں جن کا نکاح عبداللہ بن جعفرؓ سے ہوا اور دو صاحبزادے عبداللہؓ اور عونؓ پیدا ہوئے اور ان کے ہی نکاح میں انتقال فرمایا۔ ان کے انتقال کے بعد عبداللہ بن جعفرؓ کا نکاح اُن کی ہمشیرہ حضرت ام کلثومؓ سے ہوا تھا۔ یہ اولاد حضرت فاطمہؓ سے ہے ورنہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی دوسری بیویوں سے جو بعد میں ہوئیں اور بھی اولاد ہے۔ مورخین نے حضرت علیؓ کی تمام

اولاد بتیس لکھی ہے جن میں سولہ لڑکے سولہ لڑکیاں اور حضرت امام حسنؓ کے پندرہ لڑکے آٹھ لڑکیاں اور حضرت امام حسینؓ کے چھ لڑکے تین لڑکیاں رضی اللہ تعالیٰ عنہم وارضاھم اجمعین وجعلنا بھم متبعین واللہ اعلم وعلمہ اتم ملخص من الخمیس والزرقانی علی المواھب والتلقیح والاصابہ واسد الغابۃ

گیارھواں باب بچّوں کا دینی جذبہ

کم سن اور نوعمر بچوں میں جو دین کا جذبہ تھا وہ حقیقت میں بڑوں کی پرورش کا ثمرہ تھا۔ اگر ماں باپ اور دوسرے اولیا اولاد کو شفقت میں کھو دینے اور ضائع کر دینے کے بجائے شروع ہی سے ان کی دینی حالت کی خبر گیری اور اس پر تنبیہ رکھیں تو دین کے امور بچوں کے دلوں میں جگہ پکڑیں اور بڑی عمر میں جا کر وہ چیزیں ان کے لیے بمنزلہ عادت کے ہو جائیں۔ لیکن ہم لوگ اس کے برخلاف بچے کی ہر بری بات پر بچہ سمجھ کر چشم پوشی کرتے ہیں بلکہ زیادہ محبت کا جوش ہوتا ہے تو اس پر خوش ہوتے ہیں اور دین میں جتنی کوتاہی دیکھتے ہیں اپنے دل کو یہ کہہ کر تسلی دیتے ہیں کہ بڑے ہو کر سب درست ہو جاوے گا حالانکہ بڑے ہو کر وہی عادات پکی ہیں جن کا شروع میں بیج بویا جا چکا ہے۔ آپ چاہتے ہیں کہ بیج چنے کا ڈالا جائے اور اس سے گیہوں پیدا ہو۔ یہ مشکل ہے اگر آپ چاہتے ہیں کہ بچے میں اچھی عادتیں پیدا ہوں تو دین کا اہتمام ہو۔ دین پر عمل کرنے والا ہو تو بچپن ہی سے اس کے دین کے اہتمام کا عادی بنائیں صحابہؓ کرام رضی اللہ عنہم بچپن سے ہی اپنی اولاد کی نگہداشت فرماتے تھے اور دینی امور کا اہتمام کراتے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانۂ خلافت میں ایک شخص پکڑ کر لایا گیا جس نے رمضان میں شراب پی رکھی تھی اور روزہ سے نہیں تھا۔ حضرت عمرؓ نے ارشاد فرمایا کہ تیرا ناس ہو ہمارے تو بچے بھی روزہ دار ہیں[1] ف یعنی تو اتنا بڑا ہو کر بھی روزہ نہیں رکھتا اس کے بعد اس کے اسّی کوڑے شراب کی سزا میں مارے اور مدینہ منورہ سے نکل جانے کا حکم فرما کر ملک شام کو چلتا کر دیا۔

۱۔ بچّوں کو روزہ رکھوانا

رُبیعؓ بنت معوذ جن کا قصہ پہلے باب کے اخیر میں گذرا ہے کہتی ہیں کہ حضورؐ نے ایک مرتبہ اعلان کرایا کہ آج عاشورہ کا دن ہے سب کے سب روزہ رکھیں۔ ہم لوگ اس کے بعد سے ہمیشہ

[1] بخاری

روزہ رکھتے رہے اور اپنے بچوں کو بھی روزہ رکھواتے تھے۔ جب وہ بھوک کی وجہ سے رونے لگتے تو روئی کے گالوں کے کھلونے بنا کر ان کو بہلایا کرتے تھے اور افطار کے وقت تک اسی طرح ان کو کھیل میں لگائے رکھتے تھے۔ لہ ف بعض احادیث میں یہ بھی آیا ہے کہ مائیں دودھ پیتے بچوں کو دودھ نہیں پلاتی تھیں۔ اگرچہ اس وقت قویٰ نہایت قوی تھے اور اب بہت ضعیف وہ لوگ اور وہ بچے اس کے متحمل تھے۔ لیکن دیکھنا یہ ہے کہ جتنے کا اب تحمل ہے وہی کہاں کیا جاتا ہے۔ تحمل کا دیکھنا تو نہایت ضروری ہے مگر اب جس کا تحمل ہو اس میں کوتاہی یقیناً نامناسب ہے۔

۲۔ حضرت عائشہؓ کی احادیث اور آیت کا نزول

حضرت عائشہؓ چھ سال کی عمر میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح میں آئیں مکہ مکرمہ میں نکاح ہوا اور نویں سال کی عمر میں مدینہ طیبہ میں رخصتی ہوئی۔ اٹھارہ سال کی عمر میں حضورؐ کا وصال ہوا۔ اٹھارہ سال کی عمر ہی کیا ہوتی ہے جس میں اس قدر دینی مسائل اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات اور افعال ان سے نقل کیے جاتے ہیں کہ حد نہیں مسروقؒ کہتے ہیں کہ بڑے بڑے صحابہؓ کو میں نے دیکھا کہ حضرت عائشہؓ سے مسائل دریافت کرتے تھے عطاءؒ کہتے ہیں کہ مردوں سے زیادہ مسائل سے واقف اور عالم تھیں۔ ابوموسیٰؓ کہتے ہیں کہ جو مشکل، ہمیں درپیش آتی تھی حضرت عائشہؓ کے پاس اس کے متعلق تحقیق ملتی تھی ٹ دو ہزار دو سو دس حدیثیں کتب حدیث میں ان کی ملتی ہیں سہ خود فرماتی ہیں کہ میں مکہ مکرمہ میں بچپن میں کھیل رہی تھی اس وقت حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر سورۂ قمر کی آیت بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ أَدْهَىٰ وَأَمَرُّ نازل ہوئی سہ مکہ مکرمہ میں آٹھ برس کی عمر تک حضرت عائشہؓ رہی ہیں۔ اس کم عمری میں اس آیت کے نازل ہونے کی خبر ہونا اور پھر اس کا یاد بھی رکھنا دین کے ساتھ خاص ہی لگاؤ سے ہو سکتا ہے۔ ورنہ آٹھ برس کی عمر ہی کیا ہوتی ہے

۳۔ حضرت عمیرؓ کا جہاد کی شرکت کا شوق

حضرت عمیرؓ آبی اللحم کے غلام اور کم عمر بچے تھے۔ جہاد میں شرکت کا شوق اس وقت ہر بڑے چھوٹے کی جان تھا۔ خیبر کی لڑائی میں شرکت کی خواہش کی۔ ان کے سرداروں نے بھی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں سفارش کی کہ اجازت فرما دی جاوے۔ چنانچہ حضورؐ نے اجازت فرما دی اور ایک تلوار مرحمت فرمائی جو گلے میں لٹکالی۔ مگر تلوار بڑی تھی اور قد چھوٹا تھا اس لیے

لہ بخاری سہ اصابہ سہ تلقیح سہ بخاری

وہ زمین پر گھسٹتی جاتی تھی۔ اسی حال میں خیبر کی لڑائی میں شرکت کی۔ چونکہ بچے بھی تھے اور غلام بھی اس لیے غنیمت کا پورا حصہ تو ملا نہیں البتہ بطورِ عطا کے کچھ سامان حصہ میں آیا۔[1] ف آن جیسے حضرات کو یہ بھی معلوم تھا کہ غنیمت میں ہمارا پورا حصہ بھی نہیں اس کے باوجود پھر یہ شوق کہ دوسرے حضرات سے سفارشیں کرائی جاتی تھیں۔ اس کی وجہ دینی جذبہ اور اللہ تعالیٰ اور اس کے سچے رسولؐ کے وعدوں پر اطمینان کے سوا اور کیا ہو سکتی ہے۔

۴۔ حضرت عمیرؓ کا بدر کی لڑائی میں چھپنا

حضرت عمیرؓ بن ابی وقاص ایک نو عمر صحابی ہیں۔ شروع ہی میں مسلمان ہو گئے تھے۔ سعد بن ابی وقاصؓ مشہور صحابی کے بھائی ہیں۔ سعدؓ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے بھائی عمیرؓ کو بدر کی لڑائی کے وقت دیکھا کہ لشکر کی روانگی کی تیاری ہو رہی تھی اور وہ اِدھر اُدھر چھپتے پھر رہے تھے کہ کوئی دیکھے نہیں۔ مجھے یہ بات دیکھ کر تعجب ہوا۔ میں نے اُن سے پوچھا کہ کیا ہوا چھپتے کیوں پھر رہے ہو کہنے لگے مجھے یہ ڈر ہے کہ کہیں حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم مجھے نہ دیکھ لیں اور بچہ سمجھ کر جانے کی ممانعت کر دیں کہ پھر نہ جا سکوں گا اور مجھے تمنّا ہے کہ لڑائی میں ضرور شریک ہوں کیا بعید ہے اللہ تعالیٰ مجھے بھی کسی طرح شہادت نصیب فرمائیں۔ آخر جب لشکر پیش ہوا تو جو خطرہ تھا وہ پیش آیا اور حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کے کم عمر ہونے کی وجہ سے انکار فرما دیا اور جو خطرہ تھا وہ سامنے آ گیا۔ مگر شوق کا غلبہ تھا تحمل نہ کر سکے اور رونے لگے۔ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو شوق کا اور رونے کا حال معلوم ہوا تو اجازت عطا فرما دی۔ لڑائی میں شریک ہوئے اور دوسری تمنّا بھی پوری ہوئی کہ اسی لڑائی میں شہید ہوئے۔ ان کے بھائی سعدؓ کہتے ہیں کہ ان کے چھوٹے ہونے اور تلوار کے بڑے ہونے کی وجہ سے میں اس کے تسموں میں گرہیں لگاتا تھا تاکہ اونچی ہو جائے۔

۵۔ دو انصاری بچوں کا ابوجہل کو قتل کرنا

حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ مشہور اور بڑے صحابہؓ میں ہیں۔ فرماتے ہیں کہ میں بدر کی لڑائی میں میدان میں لڑنے والوں کی صف میں کھڑا تھا۔ میں نے دیکھا کہ میرے دائیں اور بائیں جانب انصار کے دو کم عمر لڑکے ہیں۔ مجھے خیال ہوا کہ میں اگر قوی اور مضبوط لوگوں کے درمیان ہوتا تو اچھا تھا کہ ضرورت کے وقت ایک دوسرے کی مدد کرتے۔ میرے دونوں جانب بچے ہیں یہ کیا مدد کر سکیں گے۔ اتنے میں ان دونوں لڑکوں میں سے ایک نے میرا ہاتھ پکڑ کر کہا چچا جان تم ابوجہل کو بھی پہچانتے ہو۔ میں نے کہا ہاں پہچانتا ہوں۔ تمہاری کیا غرض ہے۔ اس نے

[1] ابوداؤد، اصابہ

کہا مجھے یہ معلوم ہوا کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گالیاں بکتا ہے۔ اُس پاک ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے اگر میں اس کو دیکھ لوں تو اس وقت تک اُس سے جدا نہ ہوں گا کہ وہ مرجائے یا میں مرجاؤں۔ مجھے اس کے اس سوال اور جواب پر تعجب ہوا۔ اتنے میں دوسرے نے یہی سوال کیا اور جو پہلے نے کہا تھا وہی اس نے بھی کہا۔ اتفاقاً میدان میں ابوجہل دوڑتا ہوا مجھے نظر پڑ گیا۔ میں نے ان دونوں سے کہا کہ تمہارا مطلوب جس کے بارہ میں تم مجھ سے سوال کر رہے تھے وہ جا رہا ہے۔ دونوں یہ سن کر تلوار ہاتھ میں لیے ہوئے ایک دم بھاگے چلے گئے اور جا کر اُس پر تلوار چلانی شروع کر دی یہاں تک کہ اس کو گرا دیا[1] ف یہ دونوں صاحبزادے معاذ بن عمرو بن جموح اور معاذ بن عفرا ہیں۔ معاذ بن عمرو کہتے ہیں کہ میں لوگوں سے سنتا تھا کہ ابوجہل کو کوئی نہیں مار سکتا وہ بڑی حفاظت میں رہتا ہے۔ مجھے اسی وقت سے خیال تھا کہ میں اس کو ماروں گا۔ یہ دونوں صاحبزادے پیدل تھے اور ابوجہل گھوڑے پر سوار تھا۔ صفوں کو درست کر رہا تھا جس وقت عبدالرحمٰن بن عوف نے دیکھا اور یہ دونوں دوڑے تو گھوڑے سوار پر براہِ راست حملہ مشکل تھا۔ اس لیے ایک نے گھوڑے پر حملہ کیا اور دوسرے نے ابوجہل کی ٹانگ پر حملہ کیا۔ جس سے گھوڑا بھی گرا اور ابوجہل بھی گرا اور اٹھ نہ سکا۔ یہ دونوں حضرات اس کو ایسا کر کے چھوڑ آئے تھے کہ اٹھ نہ سکے وہیں پڑا تڑپتا رہے۔ مگر معوذ بن عفرا ان کے بھائی نے اور ذرا ٹھنڈا کر دیا کہ مبادا اٹھ کر چلا جائے۔ لیکن بالکل انھوں نے بھی نہ نمٹایا۔ اس کے بعد عبداللہ بن مسعود نے بالکل ہی سر جدا کر دیا۔ معاذ بن عمرو کہتے ہیں کہ جس وقت میں نے اس کی ٹانگ پر حملہ کیا تو اُس کا لڑکا عکرمہ ساتھ تھا۔ اس نے میرے مونڈھے پر حملہ کیا۔ جس سے میرا ہاتھ کٹ گیا اور صرف کھال میں لٹکا ہوا رہ گیا[2] میں نے اس لٹکے ہوئے ہاتھ کو کمر کے پیچھے ڈال لیا اور دن بھر دوسرے ہاتھ سے لڑتا رہا۔ لیکن جب اس کے لٹکے رہنے سے دقت ہوئی تو میں نے اس کو پاؤں کے نیچے دبا کر زور سے کھینچا۔ وہ کھال بھی ٹوٹ گئی جس سے وہ اٹک رہا تھا اور میں نے اس کو پھینک دیا[3]

۹۔ حضرت رافع رض اور حضرت جندب رض کا مقابلہ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت شریفہ یہ تھی کہ جب لڑائی کے لیے تشریف لے جاتے تو مدینہ منورہ سے باہر جانے کے بعد لشکر کا معائنہ فرماتے ان کے احوال کو، ان کی ضرورتوں کو دیکھتے اور لشکر کی اصلاح فرماتے۔ کم عمر بچوں کو واپس فرما دیتے۔ یہ حضرات شوق میں نکل پڑتے

[1] بخاری [2] اسد الغابہ [3] خمیس

چنانچہ اُحد کی لڑائی کے لیے جب تشریف لے جانا ہوا تو ایک موقع پر جاکر لشکر کا معائنہ فرمایا اور نوعمروں کو لڑکپن کی وجہ سے واپس فرمادیا جن میں حضراتِ ذیل بھی تھے۔ عبداللہ بن عمرؓ زیدؓ بن ثابت، اسامہ بن زیدؓ، زید بن ارقمؓ براء بن عازبؓ عمرو بن حزمؓ اسید بن ظہیرؓ، عرابتہ بن اوسؓ ابوسعید خدریؓ، سمرۃ بن جندبؓ، رافع بن خدیجؓ کہ ان کی عمریں تقریباً تیرہ چودہ برس کی تھیں۔ جب ان کو واپسی کا حکم ہوا تو حضرت خدیجؓ نے سفارش کی اور عرض کیا کہ یارسول اللہ میرا لڑکا رافع تیر چلانا بہت اچھا جانتا ہے اور خود رافع بھی اجازت کے اشتیاق میں اُبھر اُبھر کر کھڑے ہوتے تھے کہ قد لانبا معلوم ہو۔ حضورؐ نے اجازت عطا فرمادی تو سمرۃ بن جندبؓ نے اپنے سوتیلے باپ مرّۃ بن سنان سے کہا کہ حضورؐ نے رافع کو تو اجازت مرحمت فرمادی اور مجھے اجازت نہیں عطا فرمائی۔ حالانکہ میں رافعؓ سے قوی ہوں اگر میرا اور اس کا مقابلہ ہو تو میں اس کو پچھاڑ لوں گا۔ حضورؐ نے دونوں کا مقابلہ کرایا تو سمرۃؓ نے رافع کو واقعی پچھاڑ دیا۔ اس لیے حضورؐ نے سمرۃؓ کو بھی اجازت عطا فرمادی۔ اس کے بعد اور بچوں نے بھی کوشش کی اور بعضوں کو اور بھی اجازت مل گئی۔ اسی سلسلے میں رات ہوگئی حضورؐ نے تمام لشکر کی حفاظت کا انتظام فرمایا اور پچاس آدمیوں کو پورے لشکر کی حفاظت کے واسطے متعین فرمایا۔ اس کے بعد ارشاد فرمایا کہ ہماری حفاظت کون کرے گا۔ ایک صاحب اٹھے۔ حضورؐ نے فرمایا تمہارا کیا نام ہے۔ انھوں نے کہا ذکوانؓ۔ حضورؐ نے فرمایا اچھا بیٹھ جاؤ۔ پھر فرمایا ہماری حفاظت کون کریگا ایک صاحب اُٹھے۔ حضورؐ نے نام دریافت کیا۔ عرض کیا ابوسبع۔ (سبع کا باپ) حضورؐ نے فرمایا۔ بیٹھ جاؤ۔ تیسری مرتبہ پھر ارشاد ہوا کہ ہماری حفاظت کون کرے گا۔ پھر ایک صاحب کھڑے ہوئے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے نام دریافت کیا۔ انھوں نے عرض کیا ابنؓ عبدالقیس (عبد قیس کا بیٹا) حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ اچھا بیٹھ جاؤ۔ اس کے تھوڑی دیر بعد ارشاد ہوا کہ تینوں آدمی آجاؤ تو ایک صاحب حاضر ہوئے۔ حضورؐ نے فرمایا کہ تمہارے دونوں ساتھی کہاں گئے۔ انھوں نے عرض کیا یارسول اللہ تینوں دفعہ میں ہی اٹھا تھا۔ حضورؐ نے دعا دی اور حفاظت کا حکم فرمایا۔ رات بھر یہ حضورؐ کے خیمہ کی حفاظت فرماتے رہے [1] فـ یہ شوق اور ولولے تھے ان حضرات کے کہ بچہ ہو یا بڑا ہر شخص کچھ ایسا مست تھا کہ جان دینا مستقل مقصود تھا۔ اسی وجہ سے کامیابی ان کے قدم چومتی تھی۔ رافع بنؓ خدیج نے بدر کی لڑائی میں بھی اپنے آپ کو پیش کیا تھا مگر اس وقت اجازت نہ مل سکی تھی۔ پھر اُحد میں پیش کیا جس کا قصہ

---

[1] خمیس

ابھی گذرا اس کے بعد سے ہر لڑائی میں شریک ہوتے رہے۔ اُحد کی لڑائی میں سینے میں ایک تیر لگا جب اس کو کھینچا گیا تو سارا نکل آیا مگر بھال کا حصہ اندر بدن میں رہ گیا جس نے زخم کی صورت اختیار کی اور اخیر زمانہ میں بڑھاپہ کے قریب یہی زخم ہرا ہو کر موت کا سبب بنا۔[1]

۷۔ حضرت زیدؓ کا قرآن کی وجہ سے تقدم

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی عمر ہجرت کے وقت گیارہ سال کی تھی اور چھ سال کی عمر میں یتیم ہو گئے تھے۔ بدر کی لڑائی میں اپنے آپ کو پیش کیا۔ اجازت نہ ملی۔ پھر اُحد کی لڑائی میں نکلے مگر واپس کر دیئے گئے جیسا کہ ابھی معلوم ہوا۔ بعضوں نے کہا ہے کہ چونکہ سمرہؓ اور رافع دونوں کو اجازت ہو چکی تھی جیسا کہ اس سے پہلے قصہ میں گذرا اس لیے ان کو بھی اجازت ہو گئی تھی۔ اس کے بعد سے ہر لڑائی میں شریک ہوتے رہے۔ تبوک کی لڑائی میں بنو مالک کا جھنڈا حضرت عمارہؓ کے ہاتھ میں تھا۔ حضورؐ نے عمارہؓ سے لے کر حضرت زیدؓ کو دے دیا۔ عمارہؓ کو فکر ہوا کہ شاید مجھ سے کوئی غلطی صادر ہوئی یا کوئی وجہ ناراضی پیش آئی۔ دریافت کیا یا رسول اللہؐ میری کوئی شکایت حضورؐ تک پہنچی ہے۔ ارشاد فرمایا یہ بات نہیں بلکہ زیدؓ قرآن شریف تم سے زیادہ پڑھا ہوا ہے قرآن نے اس کو جھنڈا اٹھانے میں مقدم کر دیا۔[2] ف حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا عام معمول تھا کہ فضائل میں دین کے اعتبار سے ترجیح فرماتے تھے۔ یہاں اگرچہ لڑائی کا موقع تھا اور قرآن شریف کے زیادہ پڑھے ہوئے ہونے کو اس میں کوئی دخل نہیں تھا۔ اس کے باوجود حضورؐ نے قرآن پاک کی زیادتی کی وجہ سے جھنڈے کے اٹھانے میں ان کو مقدم فرمایا۔ اکثر چیزوں میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اس کا لحاظ فرماتے تھے۔ حتیٰ کہ اگر کئی آدمیوں کو کسی ضرورت سے ایک قبر میں دفن فرمانے کی نوبت آتی تو جس کا قرآن شریف زیادہ پڑھا ہوا ہوتا تھا اس کو مقدم فرماتے جیسا کہ غزوۂ اُحد میں کیا۔

۸۔ حضرت ابو سعید خدریؓ کے باپ کا انتقال

حضرت ابو سعید خدریؓ فرماتے ہیں کہ میں اُحد کی لڑائی میں پیش کیا گیا۔ تیرہ سال کی میری عمر تھی۔ حضورؐ نے قبول نہیں فرمایا میرے والد نے سفارش بھی کی کہ اس کے قوی اچھے ہیں۔ ہڈیاں بھی موٹی ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نگاہ میری طرف اوپر کو اٹھاتے تھے۔ پھر نیچے کر لیتے تھے بالآخر کم عمر ہونے کی وجہ سے اجازت نہیں دی۔ میرے والد اس لڑائی میں شریک ہوئے اور شہید ہو گئے مگر کوئی مال وغیرہ کچھ نہ تھا۔ میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم

[1] اسد الغابہ [2] اسد الغابہ

کی خدمت میں سوال کرنے کی غرض سے حاضر ہوا۔ حضورؐ نے مجھے دیکھ کر ارشاد فرمایا کہ جو صبر مانگتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو صبر عطا فرماتے ہیں اور جو پاک بازی اللہ سے مانگتا ہے حق تعالیٰ شانہٗ اس کو پاکباز بنا دیتے ہیں اور جو غنا چاہتا ہے اس کو غنا عطا فرماتے ہیں۔ میں نے یہ مضمون حضورؐ سے سنا پھر کچھ نہ مانگا چپکے ہی واپس آ گیا۔ اس کے بعد حق تعالیٰ شانہٗ نے ان کو وہ رتبہ عطا فرمایا کہ نوعمر صحابہؓ میں اس بڑے درجہ کا عالم دوسرا مشکل سے ملے گا۔[1]

ف: بچپن کی عمر اور باپ کے صدمہ کے علاوہ ضرورت کا وقت لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک عام نصیحت کو سن کر چپ چاپ چلے آنا اور اپنی پریشانی کا اظہار تک نہ کرنا۔ کیا آج کل کوئی بڑی عمر والا بھی کر سکتا ہے۔ سچ یہ ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ نے اپنے رسول کی مصاحبت کے لیے ایسے ہی لوگ چُنے تھے جو اس کے اہل تھے۔ اسی لیے حضورؐ کا ارشاد ہے جو خاتمہ میں آتا ہے کہ اللہ سارے آدمیوں میں سے میرے صحابہؓ کو چنا ہے

۹ حضرت سلمہؓ بن اکوع کی غابہ پر دوڑ

غابہ مدینہ طیبہ سے چار پانچ میل پر ایک آبادی تھی۔ وہاں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ اونٹ چرا کرتے تھے۔ کافروں کے ایک مجمع کے ساتھ عبدالرحمٰن فزاری نے ان کو لوٹ لیا۔ جو صاحب چراتے تھے ان کو قتل کر دیا اور اونٹوں کو لے کر چل دیئے۔ یہ لٹیرے لوگ گھوڑوں پر سوار تھے اور ہتھیار لگائے ہوئے تھے۔ اتفاقاً حضرت سلمہؓ بن اکوع صبح کے وقت پیدل، تیر کمان لیے ہوئے غابہ کی طرف چلے جا رہے تھے کہ اچانک ان لٹیروں پر نگاہ پڑی بچے تھے دوڑتے بہت تھے۔ کہتے ہیں کہ ان کی دوڑ ضرب المثل اور مشہور تھی۔ یہ اپنی دوڑ میں گھوڑے کو پکڑ لیتے تھے اور گھوڑا ان کو نہیں پکڑ سکتا تھا۔ اس کے ساتھ ہی تیر اندازی میں بھی مشہور تھے۔ حضرت سلمہؓ بن اکوع نے مدینہ منورہ کی طرف منہ کر کے ایک پہاڑی پر چڑھ کر لوٹ کا اعلان کیا اور خود تیر کمان ساتھ تھی ہی ان لٹیروں کے پیچھے دوڑ لیے حتیٰ کہ ان کے پاس تک پہنچ گئے اور تیر مارنے شروع کیے اور اس پھرتی سے دم دم تیر برسائے کہ وہ لوگ بڑا مجمع سمجھے اور چونکہ خود تنہا تھے اور پیدل بھی تھے۔ اس لیے جب کوئی گھوڑا لوٹا کر پیچھا کرتا تو کسی درخت کی آڑ میں چھپ جاتے اور آڑ میں سے اس کے گھوڑے کے تیر مارتے جس سے وہ زخمی ہوتا اور وہ اس خیال سے واپس جاتا کہ گھوڑا اگر گیا تو میں پکڑا جاؤں گا۔ حضرت سلمہؓ فرماتے ہیں غرض وہ بھاگتے رہے اور میں پیچھا کرتا رہا حتیٰ کہ جتنے اونٹ انھوں نے حضورؐ کے لوٹے تھے وہ میرے پیچھے ہو گئے اور اس کے علاوہ تیس ۳۰ برچھے اور تیس چادریں وہ اپنی چھوڑ گئے۔ اتنے میں عیینہ بن حصن کی ایک جماعت مدد کے

[1] اصابہ، استیعاب

طور پر ان کے پاس پہنچ گئی، اور اُن لٹیروں کو قوت حاصل ہو گئی۔ یہ بھی ان کو معلوم ہو گیا کہ میں اکیلا ہوں۔ انھوں نے کئی آدمیوں نے مل کر میرا پیچھا کیا۔ میں ایک پہاڑ پر چڑھ گیا وہ بھی چڑھ گئے جب میرے قریب ہو گئے تو میں نے زور سے کہا کہ ذرا ٹھیرو پہلے میری ایک بات سنو۔ تم مجھے جانتے بھی ہو کہ میں کون ہوں۔ انھوںؓ نے کہا کہ بتا کون ہے۔ میں نے کہا کہ میں ابن الاکوع ہوں اُس ذات پاک کی قسم جس نے محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم کو عزت دی۔ تم میں سے اگر کوئی مجھے پکڑنا چاہے تو نہیں پکڑ سکتا اور تم میں سے جس کو میں پکڑنا چاہوں وہ مجھ سے ہرگز نہیں چھوٹ سکتا۔ ان کے متعلق چونکہ عام طور سے یہ شہرت تھی کہ بہت زیادہ دوڑتے ہیں۔ حتیٰ کہ عربی گھوڑا بھی ان کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ اس لیے یہ دعویٰ کچھ عجیب نہیں تھا۔ سلمہؓ کہتے ہیں کہ میں اسی طرح ان سے بات چیت کرتا رہا اور میرا مقصود یہ تھا کہ ان لوگوں کے پاس تو مدد پہونچ گئی ہے مسلمانوں کی طرف سے میری مدد بھی آجائے کہ میں بھی مدینہ میں اعلان کر کے آیا تھا۔ غرض ان سے اسی طرح میں بات کرتا رہا اور درختوں کے درمیان سے مدینہ منورہ کی طرف غور سے دیکھتا تھا کہ مجھے ایک جماعت گھوڑے سواروں کی دوڑ کر آتی ہوئی نظر آئی۔ ان میں سے سب سے آگے اخرم اسدیؓ تھے۔ انھوں نے آتے ہی عبد الرحمٰن فزاری پر حملہ کیا اور عبد الرحمٰن بھی ان پر متوجہ ہوا۔ انھوں نے عبد الرحمٰن کے گھوڑے پر حملہ کیا اور پاؤں کاٹ دیئے جس سے وہ گھوڑا گرا اور عبد الرحمٰن نے گرتے ہوئے ان پر حملہ کر دیا جس سے وہ شہید ہو گئے اور عبد الرحمٰن فوراً ان کے گھوڑے پر سوار ہو گیا۔ ان کے پیچھے ابو قتادہؓ تھے فوراً انھوں نے حملہ شروع کر دیا۔ عبد الرحمٰن نے ابو قتادہؓ کے گھوڑے کے پاؤں پر حملہ کیا جس سے وہ گرے اور گرتے ہوئے انھوں نے عبد الرحمٰن پر حملہ کیا جس سے وہ قتل ہو گیا اور ابو قتادہؓ فوراً اس گھوڑے پر جو اخرم اسدی کا تھا اور اب اس پر عبد الرحمٰن سوار ہو رہا تھا سوار ہو گئے [1] ف بعض تواریخ میں لکھا ہے کہ حضرت سلمہؓ نے اخرمؓ اسدی کو حملہ سے روکا بھی تھا کہ ذرا ٹھیر جاؤ اپنا مجمع اور آنے دو مگر انھوں نے فرمایا کہ مجھے شہید ہونے دو۔ کہتے ہیں کہ مسلمانوں میں صرف یہی شہید ہوئے اور کفار کے بہت سے آدمی اس لڑائی میں مارے گئے۔ اس کے بعد بڑا مجمع مسلمانوں کا پہنچ گیا اور وہ لوگ بھاگ گئے تو حضرت سلمہؓ نے حضور اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم سے درخواست کی کہ میرے ساتھ سو آدمی کر دیں میں ان کا پیچھا کروں مگر حضورؐ نے فرمایا کہ وہ اپنی جماعتوں میں پہنچ گئے۔ اکثر تواریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت سلمہؓ کی عمر اس وقت بارہ یا تیرہ برس کی تھی۔ بارہ تیرہ برس کا لڑکا گھوڑے سواروں کی ایک بڑی جماعت کو

---

[1] ابوداؤد

اس طرح بھگادے کہ ہوش و حواس گم ہو جائیں جو لوٹا تھا وہ بھی چھوڑ دیں اور اپنا بھی سامان چھوڑ جائیں یہ اسی اخلاص کی برکت تھی جو اللہ جل شانہٗ اس جماعت کو نصیب فرمایا تھا۔

۱۰۔ بدر کا مقابلہ اور حضرت براء رضی اللہ عنہ کا شوق

بدر کی لڑائی سب سے افضل اور سب سے زیادہ مہتم بالشان لڑائی ہے اس لیے کہ اس میں مقابلہ نہایت سخت تھا مسلمانوں کی جماعت نہایت قلیل کل تین سو تیرہ آدمی تھے جن کے پاس صرف تین گھوڑے، چھ یا ۹ زرہیں اور آٹھ تلواریں تھیں اور ستر اونٹ تھے۔ ایک اونٹ پر کئی کئی آدمی باری باری سوار ہوتے تھے اور کفار کی جماعت ایک ہزار کے قریب تھی جن میں سو گھوڑے اور سات سو اونٹ اور لڑائی کا کافی سامان تھا۔ اسی وجہ سے وہ لوگ نہایت اطمینان کے ساتھ باجوں اور گانے والی عورتوں کے ساتھ میدان میں آئے۔ ادھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نہایت متفکر کہ مسلمان نہایت کمزوری کی حالت میں تھے۔ جب حضور ﷺ نے دونوں جماعتوں کا اندازہ فرمایا تو دعا مانگی یا اللہ یہ مسلمان ننگے پاؤں ہیں۔ تو ہی ان کو سواری دینے والا ہے۔ یہ ننگے بدن ہیں تو ہی ان کو کپڑا پہنانے والا ہے۔ یہ بھوکے ہیں تو ہی ان کا پیٹ بھرنے والا ہے۔ یہ فقیر ہیں تو ان کو غنی کرنے والا ہے۔ چنانچہ یہ دعا قبول ہوئی۔ ان سب باتوں کے باوجود حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ دونوں حضرات لڑائی میں شرکت کے شوق میں گھر سے چل دیئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بچہ ہونے کی وجہ سے راستہ میں سے لوٹا دیا[1] یہ دونوں حضرات اُحد کی لڑائی میں سے بھی واپس کئے گئے تھے جیسا کہ پہلے قصہ میں گذر چکا ہے۔ اُحد کی لڑائی بدر کی لڑائی سے ایک سال بعد ہوئی۔ جب اس میں بھی یہ بچوں میں شمار کئے گئے تو بدر میں بطریق اولیٰ بچے تھے۔ مگر ان حضرات کا شوق تھا کہ بچپن ہی سے یہ ولولہ اور شوق دل میں جوش مارتا تھا اور ہر لڑائی میں شریک ہونے اور اجازت ملنے کی کوشش کرتے تھے۔

۱۱۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بن عبداللہ بن اُبی کا اپنے باپ سے معاملہ

۵ھ میں بنو المصطلق کی مشہور جنگ ہوئی۔ اس میں ایک مہاجری اور ایک انصاری کی باہم لڑائی ہو گئی۔ معمولی بات تھی مگر بڑھ گئی۔ ہر ایک نے اپنی اپنی قوم سے دوسرے کے خلاف مدد چاہی اور دونوں طرف جماعتیں پیدا ہو گئیں اور قریب تھا کہ آپس میں لڑائی کا معرکہ گرم ہو جائے کہ درمیان میں بعض لوگوں نے پڑ کر صلح کرا دی۔ عبداللہ بن ابی منافقوں کا

[1] خمیس

سردار اور نہایت مشہور منافق اور مسلمانوں کا سخت مخالف تھا مگر چونکہ اسلام ظاہر کرتا تھا اس لیے اس کے ساتھ خلاف کا برتاؤ نہ کیا جاتا تھا اور یہی اس وقت منافقوں کے ساتھ عام برتاؤ تھا اس کو جب اس قصے کی خبر ہوئی تو اس نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخانہ لفظ کہے اور اپنے دوستوں سے خطاب کر کے کہا کہ یہ سب کچھ تمہارا اپنا ہی کیا ہوا ہے۔ تم نے ان لوگوں کو اپنے شہروں میں ٹھکانا دیا۔ اپنے مالوں کو ان کے درمیان آدھوں آدھ بانٹ لیا۔ اگر تم ان لوگوں کی مدد کرنا چھوڑ دو تو اب بھی سب چلے جاویں اور یہ بھی کہا کہ خدا کی قسم ہم لوگ اگر مدینہ پہنچ گئے تو ہم عزت والے مل کر ان ذلیلوں کو وہاں سے نکال دیں گے۔ حضرت زید بن ارقمؓ نو عمر بچے تھے۔ وہاں موجود تھے۔ یہ سن کر تاب نہ لا سکے۔ کہنے لگے کہ خدا کی قسم تو ذلیل ہے تو اپنی قوم میں بھی ترچھی نگاہوں سے دیکھا جاتا ہے تیرا کوئی حمایتی نہیں ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم عزت والے ہیں۔ رحمٰن کی طرف سے بھی عزت دیئے گئے ہیں اور اپنی قوم میں بھی عزت والے ہیں عبداللہ بن اُبی نے کہا کہ اچھا چپکا رہ، میں تو ویسے ہی مذاق میں کہہ رہا تھا۔ مگر حضرت زیدؓ نے جا کر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کر دیا۔ حضرت عمرؓ نے درخواست بھی کی کہ اس کافر کی گردن اُڑا دی جائے مگر حضورؐ نے اجازت مرحمت نہ فرمائی۔ عبداللہ بن ابی کو جب اس کی خبر ہوئی کہ حضورؐ تک یہ قصہ پہنچ گیا ہے تو حاضر خدمت ہو کر جھوٹی قسمیں کھانے لگا کہ میں نے کوئی لفظ ایسا نہیں کہا۔ زیدؓ نے جھوٹ نقل کر دیا۔ انصار کے بھی کچھ لوگ حاضر خدمت تھے انھوں نے بھی سفارش کی یا رسول اللہؐ عبداللہ قوم کا سردار ہے بڑا آدمی شمار ہوتا ہے ایک بچہ کی بات اس کے مقابلہ میں قابل قبول نہیں۔ ممکن ہے کہ سننے میں کچھ غلطی ہوئی ہو، یا سمجھنے میں۔ حضورؐ نے اس کا عذر قبول فرما لیا۔ حضرت زیدؓ کو جب اس کی خبر ہوئی کہ اس نے جھوٹی قسموں سے اپنے کو سچا ثابت کر دیا اور زیدؓ کو جھٹلا دیا تو شرم کی وجہ سے باہر نکلنا چھوڑ دیا حضورؐ کی مجلس میں بھی ندامت کی وجہ سے حاضر نہ ہو سکے۔ بالآخر سورۂ منافقون نازل ہوئی جس سے حضرت زیدؓ کی سچائی اور عبداللہ بن ابی کی جھوٹی قسموں کا حال ظاہر ہوا۔ حضرت زیدؓ کی وقعت موافق مخالف سب کی نظروں میں بڑھ گئی اور عبداللہ بن ابی کا قصہ بھی سب پر ظاہر ہو گیا۔ جب مدینہ منورہ قریب آیا تو عبداللہ بن ابی کے بیٹے جن کا نام بھی عبداللہؓ تھا۔ اور بڑے پکے مسلمانوں میں تھے۔ مدینہ منورہ سے باہر تلوار کھینچ کر کھڑے ہو گئے اور باپ سے کہنے لگے کہ اس وقت تک مدینہ میں داخل نہیں ہونے دونگا جب تک اس کا اقرار نہ کرے

کہ تو ذلیل ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم عزیز ہیں۔ اس کو بڑا تعجب ہوا کہ یہ صاحبزادہ ہمیشہ سے باپ کے ساتھ بہت احترام اور نیکی کا برتاؤ کرنے والے تھے مگر حضورؐ کے مقابلہ میں تحمل نہ کر سکے۔ آخر اس نے مجبور ہو کر اس کا اقرار کیا کہ واللہ میں ذلیل ہوں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم عزیز ہیں۔ اس کے بعد مدینہ داخل ہو سکا۔[1]

۱۲۔ حضرت جابرؓ کی حمراء الاسد میں شرکت

اُحد کی لڑائی سے فراغت پر مسلمان مدینہ طیبہ پہنچے۔ سفر اور لڑائی کی تکان خوب تھی۔ مگر مدینہ منورہ پہنچتے ہی یہ اطلاع ملی کہ ابوسفیان نے لڑائی سے واپسی پر حمراء الاسد (ایک جگہ کا نام ہے) پہنچ کر ساتھیوں سے مشورہ کیا اور یہ رائے قائم کی کہ اُحد کی لڑائی میں مسلمانوں کو شکست ہوئی ہے ایسے موقع کو غنیمت سمجھنا چاہیے تھا کہ نہ معلوم پھر ایسا وقت آ سکے یا نہ آ سکے۔ اس لیے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو نعوذ باللہ قتل کر کے لوٹنا چاہیے تھا اس ارادہ سے اس نے واپسی کا مشورہ کیا۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اعلان کر دیا کہ جو لوگ اُحد میں ساتھ تھے وہی صرف ساتھ ہوں اور دوبارہ حملہ کے لیے چلنا چاہیے۔ اگرچہ مسلمان اس وقت تھکے ہوئے تھے مگر اس کے باوجود سب کے سب تیار ہو گئے۔ چونکہ حضورؐ نے اعلان فرما دیا تھا کہ صرف وہی لوگ ساتھ چلیں جو اُحد میں ساتھ تھے۔ اس لیے حضرت جابرؓ نے درخواست کی کہ یا رسول اللہ میری تمنا اُحد میں بھی شرکت کی تھی مگر والد نے یہ کہہ کر اجازت نہ دی کہ میری سات بہنیں ہیں۔ کوئی مرد اور ہے نہیں انہوں نے فرمایا تھا کہ ہم دونوں میں سے ایک کا رہنا ضروری ہے اور وہ خود جانے کا ارادہ فرما چکے تھے اس لیے مجھے اجازت نہ دی تھی اُحد کی لڑائی میں ان کی شہادت ہو گئی۔ اب حضورؐ مجھے اجازت مرحمت فرما دیں کہ میں بھی ہمرکاب چلوں۔ حضورؐ نے اجازت عطا فرما دی۔ ان کے علاوہ کوئی اور ایسا شخص نہیں گیا جو اُحد میں شریک نہ ہو۔[2]

ف: حضرت جابرؓ کا اس شوق و تمنا سے اجازت اجازت مانگنا کس قدر قابل رشک ہے کہ والد کا ابھی انتقال ہوا ہے۔ قرضہ بھی باپ کے ذمہ بہت سا ہے وہ بھی یہود کا۔ جو سختی کا برتاؤ کیا کرتے تھے اور ان کے ساتھ خاص طور سے سختی کا معاملہ کر رہے تھے اس سبب کے علاوہ بہنوں کے گذارہ کا فکر کہ سات بہنیں بھی باپ نے چھوڑی ہیں جن کی وجہ سے ان کو اُحد کی لڑائی میں شرکت کی باپ نے اجازت بھی نہ دی تھی لیکن جہاد کا شوق ان سب پر غالب ہے۔

---

[1] خمیس [2] خمیس

۱۳۔ حضرت ابن زبیرؓ کی بہادری روم کی لڑائی میں

حضرت عثمانؓ کے زمانۂ خلافت میں ۲۶ھ میں مصر کے پہلے حاکم حضرت عمرو بن عاصؓ کی بجائے جب عبداللہ بنؓ ابی سرحؓ حاکم بنائے گئے تو وہ روم کی لڑائی کے واسطے بیس ہزار کے مجمع کے ساتھ نکلے۔ رومیوں کا لشکر دو لاکھ کے قریب تھا۔ بڑے گھمسان کی لڑائی ہوئی۔ رومیوں کے امیر جرجیر نے اعلان کیا کہ جو شخص عبداللہ بنؓ ابی سرح کو قتل کر دے گا اس سے اپنی بیٹی کا نکاح کروں گا اور ایک لاکھ دینار انعام بھی دوں گا۔ اس اعلان سے بعض مسلمانوں کو فکر ہوا حضرت عبداللہ بن زبیرؓ کو معلوم ہوا انھوں نے کہا یہ فکر کی بات نہیں ہماری طرف سے بھی اعلان کیا جائے کہ جو جرجیر کو قتل کرے گا اس کی بیٹی سے اس کا نکاح کیا جائے گا اور ایک لاکھ دینار انعام اور مزید یہ کہ اسی کو ان شہروں کا امیر بھی بنا دیا جائے گا۔ الغرض دیر تک مقابلہ ہوتا رہا۔ حضرت عبداللہ بن زبیرؓ نے دیکھا کہ جرجیر سارے لشکر کے پیچھے ہے اور لشکر اس سے آگے بڑھا ہوا ہے۔ دو باندیاں مور کے پروں سے اس پر سایہ کیے ہوئے ہیں۔ انھوں نے غفلت کی حالت میں لشکر سے ہٹ کر اس پر تنہا جا کر حملہ کیا۔ وہ یہ سمجھتا رہا کہ یہ تنہا اس طرح بڑھے آرہے ہیں۔ کوئی پیغام صلح لے کر آئے ہیں۔ مگر انہوں نے سیدھے پہنچ کر اس پر حملہ کر دیا اور تلوار سے سر کاٹ کر برچھے پر اٹھا کر لے آئے اور سب دیکھتے کے دیکھتے رہ گئے۔ ف حضرت عبداللہ بن زبیرؓ نو عمر ہی تھے۔ ہجرت کے بعد سب سے پہلی پیدائش مہاجرین میں ان کی ہی ہے۔ مسلمانوں کو ان کی پیدائش سے بہت خوشی ہوئی تھی اس لیے کہ ایک سال تک کسی مہاجری کے کوئی لڑکا نہیں ہوا تھا تو یہود نے یہ کہہ دیا تھا کہ ہم نے ان مہاجرین پر جادو کر رکھا ہے ان کے لڑکا نہیں ہو سکتا۔ حضورؐ کا معمول بچوں کا بیعت فرمانے کا نہیں تھا۔ لیکن حضرت ابن زبیرؓ کو سات برس کی عمر میں بیعت فرما لیا تھا۔ اس لڑائی کے وقت ان کی عمر چوبیس پچیس سال کی تھی۔ اس عمر میں دو لاکھ کے مجمع کو پھلانگ کر اس طرح سے بادشاہ کا سر کاٹ لانا معمولی چیز نہیں

۱۴۔ حضرت عمروؓ بن سلمہ کا کفر کی حالت میں قرآن پاک یاد کرنا

عمرو بن سلمہؓ کہتے ہیں کہ ہم لوگ مدینہ طیبہ کے راستے میں ایک جگہ رہا کرتے تھے وہاں سے آنے جانے والے ہمارے پاس سے گذرتے تھے جو لوگ مدینہ منورہ سے واپس آتے ہم ان سے حالات پوچھا کرتے کہ لوگوں کا کیا حال چال ہے۔ جو صاحب نبوت کا دعویٰ کرتے ہیں ان کی کیا خبر ہے۔ وہ لوگ حالات بیان کرتے کہ وہ کہتے ہیں مجھ پر وحی آتی ہے۔ یہ آیتیں نازل

ہوئیں۔ میں کم عمر بچہ تھا۔ وہ جو بیان کرتے ہیں اس کو یاد کر لیا کرتا۔ اسی طرح مسلمان ہونے سے پہلے ہی مجھے بہت سا قرآن شریف یاد ہو گیا تھا۔ عرب کے سب لوگ مسلمان ہونے کے لیے مکہ والوں کا انتظار کر رہے تھے۔ جب مکہ مکرمہ فتح ہو گیا تو ہر جماعت اسلام میں داخل ہونے کے لیے حاضر خدمت ہوئی۔ میرے باپ بھی اپنی قوم کے چند آدمیوں کے ساتھ ساری قوم کی طرف سے قاصد بن کر حاضر خدمت ہوئے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو شریعت کے احکام بتائے اور نماز سکھائی۔ جماعت کا طریقہ بتایا اور ارشاد فرمایا کہ جس کو تم میں سب سے زیادہ قرآن یاد ہو وہ امامت کے لیے افضل ہے۔ میں چونکہ آنے والوں سے آیتیں سن کر ہمیشہ یاد کر لیا کرتا تھا اس لیے سب سے زیادہ حافظ قرآن میں ہی تھا۔ سب نے تلاش کیا تو مجھ سے زیادہ حافظ قرآن کوئی بھی قوم میں نہ نکلا تو مجھ ہی کو انھوں نے امام بنایا۔ میری عمر اس وقت چھ سات برس کی تھی جب کوئی مجمع ہوتا یا جنازہ کی نماز کی نوبت آتی تو مجھ ہی امام بنایا جاتا۔ [1] ف یہ دین کی طرف طبعی میلان اور رجحان کا اثر تھا کہ اس عمر میں بغیر مسلمان ہوئے قرآن شریف کا حصہ بہت سا یاد کر لیا رہا بچہ کی امامت کا قصہ یہ مسئلہ کی بحث ہے جن کے نزدیک جائز ہے ان کے نزدیک تو اشکال نہیں اور جن کے نزدیک جائز نہیں وہ فرماتے ہیں کہ حضورؐ نے ان ہی لوگوں کو ارشاد فرمایا تھا کہ تم میں جس کو قرآن زیادہ یاد ہو۔ بچے اس سے مراد نہیں تھے۔

۱۵۔ حضرت ابن عباسؓ کا اپنے غلام کے پاؤں میں بیڑی ڈالنا

حضرت عبداللہ بن عباسؓ کے غلام حضرت عکرمہؓ مشہور علماء میں ہیں۔ کہتے ہیں کہ میرے آقا حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے قرآن اور حدیث اور شریعت کے احکام پڑھانے کے لیے میرے پاؤں میں بیڑی ڈال دی تھی کہ کہیں آؤں جاؤں نہیں۔ وہ مجھے قرآن شریف پڑھاتے اور حدیث شریف پڑھاتے [2] ف حقیقت میں پڑھنا اسی صورت سے ہو سکتا ہے۔ جو لوگ پڑھنے کے زمانے میں سیر و سفر اور بازار کی تفریح کے شوق میں رہتے ہیں وہ بے کار اپنی عمر ضائع کرتے ہیں اسی چیز کا اثر تھا کہ پھر عکرمہؓ غلام حضرت عکرمہؓ بن گئے کہ بحر الامۃ اور حبر الامۃ کے القاب سے یاد کیے جانے لگے۔ قتادہؓ کہتے ہیں کہ تمام تابعین میں زیادہ عالم چار ہیں جن میں سے ایک عکرمہؓ ہیں۔

۱۶۔ حضرت ابن عباسؓ کا بچپن میں حفظ قرآن

خود حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں کہ مجھ سے تفسیر پوچھو میں نے بچپن میں قرآن شریف

---

[1] بخاری ابوداؤد [2] بخاری ابن سعد

حفظ کیا ہے۔ دوسری حدیث میں ہے کہ میں نے دس برس کی عمر میں اخیر کی منزل پڑھ لی تھی [۱]
ف اس زمانہ کا پڑھنا ایسا نہیں تھا جیسا کہ اس زمانہ میں ہم لوگ غیر زبان والوں کا بلکہ جو کچھ پڑھتے تھے وہ مع تفسیر کے پڑھتے تھے۔ اسی واسطے حضرت ابن عباسؓ تفسیر کے بہت بڑے امام ہیں کہ بچپن کا یاد کیا ہوا بہت محفوظ ہوتا ہے۔ چنانچہ تفسیر کی حدیثیں جتنی حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے نقل ہیں بہت کم دوسرے حضرات سے اتنی نقل ہوں گی۔ عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں کہ قرآن کے بہترین مفسر ابن عباسؓ ہیں۔ ابو عبدالرحمٰنؒ کہتے ہیں کہ جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ہم کو قرآن شریف پڑھاتے تھے وہ کہتے تھے کہ صحابہؓ حضورؐ سے دس آیتیں قرآن کی سیکھتے تھے۔ اس کے بعد دوسری دس آیتیں اس وقت تک نہیں سیکھتے تھے جب تک پہلی دس آیتوں کے موافق علم اور عمل نہیں ہو جاتا تھا [۲] تیرہ سال کی عمر تھی جس وقت کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا اس عمر میں جو درجہ تفسیر وحدیث میں حاصل کیا وہ کھلی کرامت اور قابل رشک ہے کہ امام تفسیر ہیں اور بڑے بڑے صحابہؓ تفسیر ان سے دریافت کرتے ہیں اگرچہ یہ حضورؐ ہی کی دعا کا ثمرہ تھا کہ ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم استنجے تشریف لے گئے۔ باہر تشریف لائے تو لوٹا بھرا ہوا رکھا تھا۔ آپؐ نے دریافت فرمایا یہ کس نے رکھا ہے۔ عرض کیا گیا کہ ابن عباسؓ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ خدمت پسند آئی اور دعا فرمائی کہ اللہ تعالیٰ دین کا فہم اور کتاب اللہ کی سمجھ عطا فرمائیں۔ اس کے بعد ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نوافل پڑھ رہے تھے یہ بھی نیت باندھ کر پیچھے کھڑے ہو گئے۔ حضورؐ نے ہاتھ سے کھینچ کر برابر کھڑا کر لیا کہ ایک مقتدی اگر ہو تو اس کو برابر کھڑا ہونا چاہیئے۔ اس کے بعد حضورؐ تو نماز میں مشغول ہو گئے۔ یہ ذرا سا پیچھے کو ہٹ گئے۔ حضورؐ نے نماز کے بعد دریافت کیا۔ عرض کیا کہ آپؐ اللہ کے رسولؐ ہیں۔ آپؐ کے برابر کس طرح کھڑا ہو سکتا ہوں۔ حضورؐ نے علم و فہم کے زیادہ ہونے کی دعا دی [۳]

۱۷۔ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ کا حفظِ حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ اُن عابد اور زاہد صحابہؓ میں تھے کہ روزانہ ایک کلام مجید ختم کرتے اور رات بھر عبادت میں مشغول رہتے تھے اور دن کو ہمیشہ روزہ دار رہتے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کثیر محنت پر تنبیہ بھی فرمائی اور ارشاد فرمایا کہ ایسی صورت میں بدن ضعیف ہو جائے گا۔ آنکھیں رات بھر جاگنے سے پتھرا جائیں گی۔ بدن کا بھی حق ہے اہل و عیال کا بھی حق ہے آنے جانے والوں کا بھی حق ہے۔ کہتے ہیں میرا معمول تھا کہ روزانہ ایک

---

[۱] بخاری فتح [۲] منتخب کنز [۳] اصابہ

ختم کرتا تھا۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ ایک مہینے میں ایک قرآن پڑھا کرو۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہؐ مجھے اپنی قوت اور جوانی سے منتفع ہونے کی اجازت فرما دیجئے۔ حضورؐ نے فرمایا اچھا بیس روز میں ایک ختم کر لیا کرو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ بہت کم ہے۔ مجھے اپنی جوانی اور قوت سے متمتع ہونے کی اجازت دیجئے۔ غرض اسی طرح عرض کرتا رہا۔ اخیر میں تین دن میں ایک ختم کی اجازت ہوئی۔ ان کا معمول تھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کو تحریر کیا کرتے تھے تاکہ یاد رہیں چنانچہ ان کے پاس ایک مجموعہ حضورؐ کی احادیث کا لکھا ہوا تھا جس کا نام انھوں نے صادقہ رکھا تھا۔ وہ کہتے ہیں کہ میں حضورؐ سے جو سنتا اس کو لکھ لیا کرتا تاکہ یاد رہے۔ مجھے لوگوں نے منع کیا کہ حضورؐ بہر حال آدمی ہیں۔ کبھی غصہ اور ناراضی میں کسی کو کچھ فرماتے ہیں۔ کبھی خوشی اور مزاح میں کچھ ارشاد ہوتا ہے۔ ہر بات نہ لکھا کرو میں نے چھوڑ دیا۔ ایک مرتبہ حضور سے میں نے اس کا ذکر کیا۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ لکھا کرو۔ اس پاک ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے۔ اس منہ سے غصہ میں یا خوشی میں حق کے سوا کوئی بات نہیں نکلتی[1]۔ ف حضرت عبداللہ بن عمروؓ باوجود اس قدر زاہد عابد ہونے کے کثرتِ عبادت میں ممتاز شمار کیے جاتے ہیں۔ پھر بھی ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ صحابہؓ میں مجھ سے زیادہ روایت کرنے والا کوئی نہیں بجز عبداللہ بن عمروؓ کے کہ وہ لکھتے تھے میں لکھتا نہیں تھا۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی روایات ابوہریرہؓ سے بھی بہت زیادہ ہیں۔ اگرچہ ہمارے زمانے میں ابوہریرہؓ کی روایات ان سے کہیں زیادہ ملتی ہیں جس کی بہت سی وجوہ ہیں۔ لیکن اس زمانے میں اتنی عبادت پر بھی کثرت سے ان کی احادیث موجود تھیں۔

۱۸۔ حضرت زید بن ثابتؓ کا حفظ قرآن

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ ان جلیل القدر صحابہؓ میں ہیں جو اپنے زمانہ میں بڑے عالم اور بڑے مفتی شمار ہوتے تھے۔ بالخصوص فرائض کے ماہر تھے۔ کہا جاتا ہے کہ مدینہ منورہ میں فتویٰ قضاء فرائض قرأت میں ان کا شمار چوٹی کے لوگوں میں تھا۔ جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت فرما کر مدینہ منورہ تشریف لائے تو اس وقت کم عمر بچے تھے۔ گیارہ برس کی عمر تھی اسی وجہ سے باوجود خواہش کے ابتدائی لڑائیوں یعنی بدر وغیرہ میں شرکت کی اجازت نہیں ہوئی۔ ہجرت سے پانچ برس پہلے چھ سال کی عمر میں یتیم بھی ہو گئے تھے۔ حضورؐ جب ہجرت کے بعد مدینہ منورہ پہنچے تو جیسے اور لوگ حاضر خدمت ہو رہے تھے اور حصول برکت کے واسطے بچوں کو بھی ساتھ لا رہے تھے۔ زیدؓ بھی خدمت میں حاضر کیے گئے۔ زیدؓ کہتے ہیں کہ

[1] مسند احمد۔ ابن سعد

میں حضورؐ کی خدمت میں جب پیش کیا گیا تو عرض کیا گیا کہ یہ قبیلہ نجار کا ایک لڑکا ہے۔ آپؐ کی تشریف آوری سے قبل ہی اس نے سترہ سورتیں قرآن پاک کی حفظ کر لیں۔ حضورؐ نے امتحان کے طور پر مجھے پڑھنے کو ارشاد فرمایا میں نے سورۂ قٓ حضور کو سنائی۔ حضورؐ کو میرا پڑھنا پسند آیا۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو جو خطوط یہود کے پاس بھیجنا ہوتے تھے وہ یہود ہی لکھتے تھے۔ ایک مرتبہ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ یہود کی جو خط وکتابت ہوتی ہے اس پر مجھ کو اطمینان نہیں کہ گڑبڑ نہ کر دیتے ہوں۔ تو یہود کی زبان سیکھ لے۔ زیدؓ کہتے ہیں کہ میں پندرہ دن میں ان کی زبان عبرانی میں کامل ہو گیا تھا۔ اس کے بعد سے جو تحریر ان کو جاتی وہ میں ہی لکھتا اور تحریر یہود کے پاس سے آتی وہ میں ہی پڑھتا۔ ایک دوسری حدیث میں آیا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مجھے بعض لوگوں کو سریانی زبان میں خطوط لکھنا پڑتے ہیں۔ اس لیے مجھ کو سریانی زبان سیکھنے کے لیے ارشاد فرمایا۔ میں نے سترہ دن میں سریانی زبان سیکھ لی تھی۔[۱]

۱۹۔ حضرت امام حسنؓ کا بچپن میں علمی مشغلہ

سید السادات حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی پیدائش جمہور کے قول کے موافق رمضان ۳ھ میں ہے۔ اس اعتبار سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے وقت ان کی عمر سات برس اور کچھ مہینوں کی ہوئی۔ سات برس کی عمر ہی کیا ہوتی ہے جس میں کوئی علمی کمال حاصل کیا جا سکتا ہو لیکن اس کے باوجود حدیث کی کئی روایتیں ان سے نقل کی جاتی ہیں۔ ابو الحوراءؒ ایک شخص ہیں انھوں نے حضرت حسنؓ سے پوچھا کہ تمہیں حضورؐ کی کوئی بات یاد ہے۔ انھوں نے فرمایا ہاں میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جا رہا تھا۔ راستہ میں صدقہ کی کھجوروں کا ایک ڈھیر لگ رہا تھا۔ میں نے اس میں سے ایک کھجور اٹھا کر منہ میں رکھ لی۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے کخ کخ (ہاہا) فرمایا اور میرے منہ سے نکال دی اور یہ ارشاد فرمایا کہ ہم صدقہ کا مال نہیں کھاتے اور میں نے پانچوں نمازیں حضورؐ سے سیکھی ہیں[۲] حضرت حسنؓ فرماتے ہیں کہ مجھے وتر میں پڑھنے کے لیے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا بتائی تھی اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ فِیْمَنْ ھَدَیْتَ وَعَافِنِیْ فِیْمَنْ عَافَیْتَ وَتَوَلَّنِیْ فِیْمَنْ تَوَلَّیْتَ وَبَارِکْ لِیْ فِیْمَا اَعْطَیْتَ وَقِنِیْ شَرَّ مَا قَضَیْتَ فَاِنَّکَ تَقْضِیْ وَلَا یُقْضٰی عَلَیْکَ اِنَّہٗ لَا یَذِلُّ مَنْ وَّالَیْتَ تَبَارَکْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ۔ ترجمہ: اے اللہ تو مجھے ہدایت فرما منجملہ اُن کے جن کو تو نے ہدایت فرمائی اور مجھے عافیت عطا فرما ان لوگوں کے ذیل میں جن کو تو نے عافیت بخشی اور تو میرے کاموں کا متولی بن جا جہاں اور بہت سے لوگوں کا متولی ہے اور جو کچھ تو نے مجھے عطا فرمایا

---

[۱] فتح اصابہ [۲] مسند احمد

اس میں برکت عطا فرما اور جو کچھ تو نے مقدر فرمایا ہے اس کی برائی سے مجھے بچا کہ تو جو چاہے طے فرما سکتا ہے۔ تیرے خلاف کوئی شخص کچھ بھی فیصلہ نہیں کر سکتا اور جس کا تو والی ہے وہ کبھی ذلیل نہیں ہو سکتا۔ تیری ذات بابرکت ہے اور سب سے بلند ہے۔ امام حسنؓ فرماتے ہیں کہ میں نے حضورؐ سے سنا کہ جو شخص صبح کی نماز کے بعد سے طلوع آفتاب تک اسی جگہ بیٹھا رہے وہ جہنم کی آگ سے نجات پائے گا۔ حضرت حسنؓ نے کئی حج پیدل کیے اور ارشاد فرماتے تھے کہ مجھے اس سے شرم آتی ہے کہ مرنے کے بعد اللہ سے ملوں اور اس کے گھر پاؤں چل کر نہ گیا ہوں۔ نہایت حلیم مزاج تھے اور پرہیزگار۔ مسند احمد میں متعدد روایات ان سے نقل کی گئی ہیں۔ اور صاحب تلقیح نے ان صحابہؓ میں ان کو ذکر کیا ہے جن سے تیرہ حدیثیں روایت کی جاتی ہیں سات برس کی عمر ہی کیا ہوتی ہے اس وقت کی اتنی احادیث کا یاد رکھنا اور نقل کرنا حافظہ کا کمال ہے اور شوق کی انتہا افسوس ہے کہ ہم لوگ اپنے بچوں کو سات برس تک دین کی معمولی سی باتیں بھی نہیں بتاتے۔

۲۔ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا علمی مشغلہ

سید السادات حضرت حسینؓ اپنے بھائی حضرت حسنؓ سے بھی ایک سال چھوٹے تھے اس لیے ان کی عمر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے وقت اور بھی کم تھی۔ یعنی چھ برس اور چند مہینے کی تھی۔ چھ برس کا بچہ کیا دین کی باتوں کو محفوظ کر سکتا ہے۔ لیکن امام حسینؓ کی روایتیں حدیث کی کتابوں میں نقل کی جاتی ہیں اور محدثین نے اس جماعت میں ان کا شمار کیا ہے جن سے آٹھ حدیثیں منقول ہیں۔ امام حسینؓ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ کوئی مسلمان مرد ہو یا عورت اس کو کوئی مصیبت پہنچی ہو تو پھر وہ عرصہ کے بعد یاد آئے اور یاد آنے پر پھر وہ انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھے تو اس کو اس وقت بھی اتنا ہی ثواب پہنچے گا جتنا کہ مصیبت کے وقت پہنچا تھا۔ یہ بھی حضورؐ کا ارشاد ہے کہ میری امت جب دریا پر سوار ہو اور سوار ہوتے وقت بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ پڑھے تو یہ ڈوبنے سے امن کا ذریعہ ہے۔ حضرت حسینؓ نے پچیس حج پیدل کیے ہیں۔ نماز اور روزہ کی بھی بہت کثرت فرماتے تھے اور صدقہ اور دین کے ہر کام میں کثرت کا اہتمام تھا۔ ربیعہؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت حسینؓ سے پوچھا کہ حضورؐ کی کوئی بات آپ کو یاد ہے۔ انھوں نے فرمایا ہاں میں ایک کھڑکی پر چڑھا جس میں کھجوریں رکھی تھیں اس میں سے ایک کھجور میں نے منہ میں رکھ لی۔ حضورؐ نے فرمایا کہ اس کو پھینک دو ہم کو صدقہ جائز نہیں حضرت حسینؓ سے حضورؐ کا

یہ ارشاد بھی منقول ہے کہ آدمی کے اسلام کی خوبی یہ ہے کہ بے کار کاموں میں مشغول نہ ہو۔[1] ان کے علاوہ اور بھی متعدد روایات آپؓ سے منقول ہیں۔ ف اس قسم کے واقعات صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے بکثرت ہیں کہ بچپن کے واقعات حضورؐ سے نقل کیے اور یاد رکھے۔ محمود بن الربیعؓ ایک صحابی ہیں جن کی عمر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت پانچ برس کی تھی وہ کہتے ہیں کہ میں عمر بھر اس بات کو نہیں بھولوں گا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے گھر تشریف لائے ہمارے یہاں ایک کنواں تھا۔ اس کے پانی سے ایک کلی میرے منہ پر کی۔[2]

ہم لوگ بچوں کو واہی تباہی فضول باتوں میں لگاتے ہیں۔ جھوٹے جھوٹے قصے ان کو سنا کر لغویات میں دماغ کو پریشان کرتے ہیں اگر اللہ والوں کے قصے تلاش کر کے ان کو سنائے جائیں اور بجائے جن بھوت سے ڈرانے کے اللہ سے اور اس کے عذاب سے ڈرائیں اور اللہ کی ناراضی کی اہمیت اور ہیبت دل میں پیدا کریں تو دنیا میں بھی ان کے کارآمد ہو اور آخرت میں تو مفید ہے ہی۔ بچپن کا زمانہ حافظ کی قوت کا زمانہ ہوتا ہے۔ اس وقت کا یاد کیا ہو کبھی بھی نہیں بھولتا۔ ایسے وقت میں اگر قرآن پاک حفظ کرا دیا جائے تو نہ کوئی دقت ہو نہ وقت خرچ ہو۔ میں نے اپنے والد صاحب نور اللہ مرقدہٗ سے بھی بارہا سنا اور اپنے گھر کی بوڑھیوں سے بھی سنا ہے کہ میرے والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا جب دودھ چھڑایا گیا ہے تو پاؤ پارہ حفظ ہو چکا تھا اور ساتویں برس کی عمر میں قرآن شریف پورا حفظ ہو چکا تھا اور وہ اپنے والد یعنی میرے دادا صاحب سے نحنی فارسی کا بھی معتد بہ حصہ بوستاں سکندر نامہ وغیرہ پڑھ چکے تھے فرمایا کرتے تھے کہ میرے والد صاحب نے قرآن شریف ختم ہونے کے بعد یہ ارشاد فرما دیا تھا کہ ایک قرآن شریف روزانہ پڑھ لیا کرو۔ باقی تمام دن چھٹی ہیں گرمی کے موسم میں صبح کی نماز کے بعد مکان کی چھت پر بیٹھا کرتا تھا اور چھ سات گھنٹہ میں قرآن شریف پورا کر کے دوپہر کو روٹی کھاتا تھا اور شام کو اپنی خوشی سے فارسی پڑھا کرتا تھا۔ چھ ماہ تک مسلسل یہی معمول رہا۔ چھ ماہ تک روزانہ ایک کلام مجید پڑھنا اور پھر اس کے ساتھ ہی دوسرے اسباق بھی پڑھتے رہنا اور بھی سات برس کی عمر میں کوئی معمولی بات نہیں۔ اسی کا یہ ثمرہ تھا کہ قرآن شریف میں متشابہ لگنا یا بھولنا جانتے ہی نہ تھے۔ چونکہ ظاہری معاش کتابوں کی تجارت پر تھی اور کتب خانہ کا اکثر کام اپنے ہاتھ سے کیا کرتے تھے۔ اس لیے ایسا کبھی بھی نہیں ہوتا تھا کہ ہاتھ سے کام کرتے وقت زبان سے تلاوت نہ فرماتے رہتے ہوں اور کبھی کبھی اسی کے ساتھ ہم لوگوں کو جو مدرسہ سے الگ پڑھتے تھے اسباق بھی پڑھا دیا کرتے تھے اس طرح تین کام میں ایک وقت میں کر لیا کرتے تھے۔ مگر ان کا طریقۂ تعلیم ہم لوگوں کے

---
[1] اسد الغابہ [2] استیعاب، اصابہ

ساتھ وہ نہیں تھا جو مدرسہ کے اسباق کا تھا اور عام مدارس کا مروّجہ طریقہ ہے کہ سارا بوجھ استاد ہی کے ذمہ رہے بلکہ مخصوص طلبہ کے ساتھ یہ طریقہ تھا کہ شاگرد عبارت پڑھتے ترجمہ کرے مطلب بیان کرے اگر وہ مطلب صحیح ہوتا تو آگے چلو فرما دیتے اور غلط ہوتا تو اگر غلطی قابل تنبیہ ہوتی تو تنبیہ فرماتے اور قابل بتانے کی ہوتی تو بتا دیتے۔ یہ پرانے زمانے کا قصہ نہیں ہے اسی صدی کا واقعہ ہے لہٰذا یہ بھی نہیں کہا جا سکتا کہ صحابہؓ جیسے قویٰ اور ہمتیں اب کہاں سے لائی جائیں۔

بارہواں باب

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلّم کے ساتھ محبت کے واقعات میں

اگرچہ جتنے قصے اب تک نقل کیے گئے ہیں وہ سب ہی محبت کے کرشمے تھے کہ محبت ہی ان حضرات کی والہانہ زندگی کا سبب تھی جس کی وجہ سے نہ جان کی پرواہ تھی نہ زندگی کی تمنا نہ مال کا خیال تھا نہ تکلیف کا خوف نہ موت سے ڈر۔ اس کے علاوہ محبت حکایت کی چیز بھی نہیں وہ ایک کیفیت ہے جو الفاظ و عبارات سے بالاتر ہے۔ محبت ہی ایک ایسی چیز ہے جو دل میں بس جانے کے بعد محبوب کو ہر چیز پر غالب کر دیتی ہے نہ اس کے سامنے ننگ و ناموس کوئی چیز ہے نہ عزت و شرافت کوئی شے، حق تعالیٰ شانہٗ اپنے لطف سے اور اپنے محبوب کے وسیلہ سے اپنی اور اپنے پاک رسولؐ کی محبت عطا فرمائیں تو عبادت میں لذت ہے اور دین کی ہر تکلیف میں راحت۔

۱۔ حضرت ابوبکرؓ کا اعلانِ اسلام اور تکلیف

ابتدائے اسلام میں جو شخص مسلمان ہوتا تھا وہ اپنے اسلام کو حتی الوسع مخفی رکھتا تھا۔ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلّم کی طرف سے بھی اس وجہ سے کہ ان کو کفار سے اذیت نہ پہنچے اخفاء کی تلقین ہوتی تھی۔ جب مسلمانوں کی مقدار انتالیس تک پہنچی تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اظہار کی درخواست کی کہ کھلم کھلا علی الاعلان تبلیغ کی جائے۔ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلّم نے اول انکار فرمایا مگر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے اصرار پر قبول فرمالیا اور ان سب حضرات کو ساتھ لے کر مسجدِ کعبہ میں تشریف لے گئے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے تبلیغی خطبہ شروع کیا۔ یہ سب سے پہلا خطبہ ہے جو اسلام میں پڑھا گیا اور حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلّم کے چچا سید الشہداء حضرت حمزہؓ اسی دن اسلام لائے ہیں اور اس کے تین دن بعد حضرت عمرؓ مشرف باسلام ہوئے ہیں۔ خطبہ کا شروع ہونا تھا کہ چاروں طرف سے کفار

ومشرکین مسلمانوں پر ٹوٹ پڑے حضرت ابوبکر صدیقؓ کو بھی باوجودیکہ مکہ مکرمہ میں ان کی عام طور سے عظمت و شرافت مسلّم تھی اس قدر مارا کہ تمام چہرۂ مبارک خون میں بھر گیا۔ ناک کان سب لہولہان ہوگئے تھے۔ پہچانے نہ جاتے تھے۔ جوتوں سے لاتوں سے مارا۔ پاؤں میں روندا اور جو نہ کرنا تھا سب ہی کچھ کیا۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ بے ہوش ہوگئے۔ بنو تیم یعنی حضرت ابوبکر صدیقؓ کے قبیلے کے لوگوں کو خبر ہوئی وہ وہاں سے اٹھا کر لائے۔ کسی کو بھی اس میں تردد نہ تھا کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ اس وحشیانہ حملہ سے زندہ بچ سکیں گے۔ بنو تیم مسجد میں آئے۔ اور اعلان کیا کہ حضرت ابوبکرؓ کی اگر اس حادثہ میں وفات ہوگئی تو ہم لوگ اُن کے بدلہ میں عتبہ بن ربیعہ کو قتل کریں گے۔ عتبہ نے حضرت صدیق اکبرؓ کے مارنے میں بہت زیادہ بدبختی کا اظہار کیا تھا۔ شام تک حضرت ابوبکرؓ کو بے ہوشی رہی۔ باوجود آوازیں دینے کے بولنے یا بات کرنے کی نوبت نہ آئی تھی۔ شام کو آوازیں دینے پر وہ بولے تو سب سے پہلا لفظ یہ تھا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا کیا حال ہے۔ لوگوں نے اس پر بہت ملامت کی کہ ان ہی کے ساتھ کی بدولت یہ مصیبت آئی اور دن بھر موت کے منہ میں رہنے پر بات کی تو وہ بھی حضورؐ ہی کا جذبہ اور ان ہی کی لے۔ لوگ پاس سے اُٹھ کر چلے گئے کہ بددلی بھی تھی اور یہ بھی کہ آخر کچھ جان باقی ہے کہ بولنے کی نوبت آئی اور آپ کی والدہ اُم خیرؓ سے کہہ گئے کہ ان کے کھانے پینے کے لیے کسی چیز کا انتظام کردیں۔ وہ کچھ تیار کر کے لائیں اور کھانے پر اصرار کیا مگر حضرت ابوبکرؓ کی وہی ایک صدا تھی کہ حضور کا کیا حال ہے۔ حضور پر کیا گذری۔ ان کی والدہ نے فرمایا مجھے تو خبر نہیں کیا حال ہے۔ آپؓ نے فرمایا کہ اُم جمیلؓ (حضرت عمرؓ کی بہن) کے پاس جاکر دریافت کرلو کہ کیا حال ہے۔ وہ بے چاری بیٹے کی اس مظلومانہ حالت کی بیتابانہ درخواست کو پورا کرنے کے واسطے اُم جمیلؓ کے پاس گئیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا حال دریافت کیا۔ وہ بھی عام دستور کے موافق اس وقت تک اپنے اسلام کو چھپائے ہوئے تھیں۔ فرمانے لگیں میں کیا جانوں کون محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور کون ابوبکرؓ تیرے بیٹے کی حالت سُن کر رنج ہوا اگر تو کہے تو میں چل کر اس کی حالت دیکھوں۔ اُم خیرؓ نے قبول کرلیا۔ ان کے ساتھ گئیں اور حضرت ابوبکرؓ کی حالت دیکھ کر تحمل نہ کرسکیں۔ بے تحاشا رونا شروع کردیا کہ بدکرداروں نے کیا حال کردیا۔ اللہ تعالیٰ ان کو اپنے کیے کی سزا دے۔ حضرت ابوبکرؓ نے پھر پوچھا کہ حضورؐ کا کیا حال ہے اُم جمیلؓ نے حضرت ابوبکرؓ کی والدہ کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ وہ سُن رہی ہیں آپؓ نے

فرمایا کہ اُن سے خوف نہ کرو تو اُمّ جمیل رضہ نے خیریت سُنائی اور عرض کیا کہ بالکل صحیح سالم ہیں۔ آپ نے پوچھا کہ اس وقت کہاں ہیں۔ انہوں نے عرض کیا کہ ارقم رضہ کے گھر تشریف رکھتے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ مجھ کو خدا کی قسم ہے کہ اس وقت تک کوئی چیز نہ کھاؤں گا نہ پیوں گا جب تک حضورؐ کی زیارت نہ کرلوں۔ ان کی والدہ کو تو بے قراری تھی کہ وہ کچھ کھالیں اور انہوں نے قسم کھالی کہ جب تک زیارت نہ کرلوں کچھ نہ کھاؤں گا۔ اس لیے والدہ نے اس کا انتظار کیا کہ لوگوں کی آمدورفت بند ہوجائے۔ مبادا کوئی دیکھ لے اور کچھ اذیت پہنچائے۔ جب رات کا بہت سا حصّہ گذر گیا تو حضرت ابوبکر رضہ کو لے کر حضورؐ کی خدمت میں ارقم رضہ کے گھر پہنچیں۔ حضرت ابوبکر رضہ حضورؐ سے لپٹ گئے۔ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلّم بھی لپٹ کر روئے اور مسلمان بھی سب رونے لگے کہ حضرت ابوبکر رضہ کی حالت دیکھی نہ جاتی تھی۔ اس کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضہ نے درخواست کی کہ یہ میری والدہ ہیں آپ ان کے لیے ہدایت کی دعا بھی فرمادیں اور ان کو اسلام کی تبلیغ بھی فرمائیں۔ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلّم نے اول دعا فرمائی۔ اس کے بعد ان کو اسلام کی ترغیب دی۔ وہ بھی اسی وقت مسلمان ہوگئیں۔ ف عیش وعشرت نشاط و فرحت کے وقت محبّت کے دعوے کرنے والے سینکڑوں ہوتے ہیں۔ محبّت وعشق وہی ہے جو مصیبت اور تکلیف کے وقت بھی باقی رہے۔

۲۔ حضرت عمر رضہ کا حضورؐ کے وصال پر رنج

حضرت عمر رضہ باوجود اپنی اس ضرب المثل قوت، شجاعت، دلیری اور بہادری کے جو آج ساڑھے تیرہ سو برس کے بعد بھی شہرۂ آفاق ہے اور باوجود یہ کہ اسلام کا ظہور حضرت عمر رضہ کے اسلام لانے ہی سے ہوا کہ اسلام لانے کے بعد اسلام کا اخفا گوارا نہ ہوا۔ حضورؐ کے ساتھ محبّت کا ایک ادنیٰ سا کرشمہ یہ ہے کہ اپنی اس بہادری کے باوجود حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلّم کے وصال کی حالت کا تحمل نہ فرما سکے۔ سخت حیرانی اور پریشانی کی حالت میں تلوار ہاتھ میں لے کر کھڑے ہوگئے کہ جو شخص یہ کہے گا کہ حضورؐ کا وصال ہوگیا ہے تو اس کی گردن اڑادوں گا۔ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلّم تو اپنے رب کے پاس تشریف لے گئے ہیں۔ جیسا کہ حضرت موسیٰ علیٰ نبینا علیہ الصلوٰۃ والسلام طور پر تشریف لے گئے تھے۔ عنقریب حضورؐ واپس تشریف لائیں گے اور ان لوگوں کے ہاتھ پاؤں کاٹ دیں گے جو حضورؐ کے انتقال کی جھوٹی خبر اُڑا رہے ہیں۔ حضرت عثمان رضہ بالکل گُم سُم تھے کہ دوسرے دن تک بالکل آواز نہیں نکلی چلتے پھرتے

لہ تمیں

تھے مگر بولا نہیں جاتا تھا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ چپ چاپ بیٹھے رہ گئے کہ حرکت بھی بدن کو نہ ہوتی تھی صرف ایک حضرت ابو بکرؓ کا دم تھا کہ اس وقت کے پہاڑ جیسے وقت کو برداشت کیا اور اپنی اس محبت کے باوجود جو پہلے قصے میں گذری اس وقت نہایت سکون سے تشریف لاکر اوّل حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلّم کی پیشانی مبارک کو بوسہ دیا اور باہر تشریف لاکر حضرت عمرؓ کو ارشاد فرمایا کہ بیٹھ جاؤ۔ اس کے بعد خطبہ پڑھا جس کا حاصل یہ تھا کہ جو شخص محمد صلی اللہ علیہ وسلّم کی پرستش کرتا ہو وہ جان لے کہ حضورؐ کا وصال ہو چکا لیکن جو شخص اللہ کی پرستش کرتا ہو وہ سمجھ لے کہ اللہ تعالیٰ شانہٗ زندہ ہیں اور ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ اس کے بعد کلام پاک کی آیت وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اخیر تک تلاوت فرمائی ترجمہ: محمد (صلعم) نرے رسول ہی تو ہیں (خدا تو نہیں جس پر موت وغیرہ نہ آسکے) سو اگر آپ کا انتقال ہو جاوے یا آپ شہید بھی ہو جاویں تو کیا تم لوگ الٹے پھر جاؤ گے اور جو شخص الٹا پھر جائے گا تو خدا تعالیٰ کا تو کوئی نقصان نہیں کرے گا (اپنا ہی کچھ کھودے گا) اور خدا تعالیٰ شانہٗ جلد ہی جزا دے گا حق شناس لوگوں کو۔ [1] ف چونکہ اللہ جل شانہٗ کو حضرت ابو بکر صدیقؓ سے خلافت کا اہم کام لینا تھا اس لیے ان کی شایانِ شان اس وقت یہی حالت تھی اسی وجہ سے اس وقت جس قدر استقلال اور تحمل حضرت صدیقؓ اکبر میں تھا کسی میں بھی نہ تھا اور اس کے ساتھ ہی جس قدر مسائل دفن و میراث وغیرہ کے اس وقت کے مناسب حضرت صدیقؓ اکبر کو معلوم تھے مجموعی طور پر کسی کو بھی معلوم نہ تھے۔ چنانچہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلّم کے دفن میں اختلاف ہوا کہ مکہ مکرمہ میں دفن کیا جائے یا مدینہ منورہ میں یا بیت المقدس میں تو حضرت ابو بکر صدیقؓ نے فرمایا کہ میں نے حضورؐ سے سنا ہے کہ نبی کی قبر اسی جگہ ہوتی ہے جہاں اس کی وفات ہو۔ لہٰذا جس جگہ وفات ہوئی ہے اسی جگہ قبر کھودی جائے۔ آپ نے فرمایا میں نے حضورؐ سے سنا ہے کہ ہم لوگوں (یعنی انبیاء) کا کوئی وارث نہیں ہوتا۔ جو کچھ ہم چھوڑتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے۔ آپ نے فرمایا۔ میں نے حضورؐ سے سنا ہے جو شخص مسلمانوں کی حکومت کا متولی بنے اور وہ لاپرواہی سے کوتاہی کرتے ہوئے کسی دوسرے کو امیر بنائے اس پر لعنت ہے۔ نیز حضورؐ کا ارشاد کہ قریش اس امر یعنی سلطنت کے متولی ہیں۔ وغیرہ وغیرہ

۳۔ ایک عورت کا حضورؐ کی خبر کے لیے بے قرار ہونا

اُحد کی لڑائی میں مسلمانوں کو اذیت بھی بہت پہنچی اور شہید بھی بہت سے ہوئے۔ مدینہ طیبہ میں

[1] خمیس [2] بیان القرآن

یہ وحشت اثر خبر پہنچی تو عورتیں پریشان ہو کر تحقیق حال کے لئے گھر سے نکل پڑیں ایک انصاری عورت نے مجمع کو دیکھا تو بیتابانہ پوچھا کہ حضورؐ کیسے ہیں؟ اس مجمع میں کسی نے کہا کہ تمہارے والد کا انتقال ہو گیا انھوں نے اناللہ پڑھی اور بے قراری سے حضورؐ کی خیریت دریافت کی اتنے میں کسی نے خاوند کے انتقال کی خبر سنائی اور کسی نے بیٹے کی اور کسی نے بھائی کی کہ یہ سب ہی شہید ہو گئے تھے۔ مگر انہوں نے پوچھا کہ حضورؐ کیسے ہیں۔ لوگوں نے جواب دیا کہ حضورؐ بخیریت ہیں تشریف لا رہے ہیں۔ اس سے اطمینان نہ ہوا کہنے لگیں کہ مجھے بتا دو کہاں ہیں۔ لوگوں نے اشارہ کر کے بتایا کہ اس مجمع میں ہیں۔ یہ دوڑی ہوئی گئیں اور اپنی آنکھوں کو حضورؐ کی زیارت سے ٹھنڈا کر کے عرض کیا یا رسول اللہؐ آپ کی زیارت ہو جانے کے بعد ہر مصیبت ہلکی اور معمولی ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ حضورؐ کا کپڑا پکڑ کر عرض کیا کہ یا رسول اللہؐ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ جب آپؐ زندہ و سلامت ہیں تو مجھے کسی کی ہلاکت کی پرواہ نہیں۔ ف اس قسم کے متعدد قصے اس موقع پر پیش آئے ہیں۔ اسی وجہ سے مورخین میں ناموں میں اختلاف بھی ہوا ہے۔ لیکن صحیح یہ ہے کہ اس نوع کا واقعہ کئی عورتوں کو پیش آیا ہے۔

۴۔ حدیبیہ میں حضرت ابوبکر صدیق رضؓ اور مغیرہؓ کا فعل اور عام صحابہؓ کا طرز عمل

حدیبیہ کی مشہور لڑائی ذیقعدہ ۶ھ میں ہوئی جب کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم صحابہؓ کی ایک بڑی جماعت کے ساتھ عمرہ کے ارادہ سے تشریف لا رہے تھے۔ کفار مکہ کو جب اس کی خبر پہنچی تو انھوں نے آپس میں مشورہ کیا اور یہ طے کیا کہ مسلمانوں کو مکہ آنے سے روکا جائے اس کے لئے بہت بڑے پیمانہ پر تیاری کی اور مکہ کے علاوہ باہر کے لوگوں کو بھی اپنے ساتھ شرکت کی دعوت دی اور بڑے مجمع کے ساتھ مقابلہ کی تیاری کی ذوالحلیفہ سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صاحب کو حالات کی خبر لانے کے لیے بھیجا جو مکہ سے حالات کی تحقیق کر کے غسفان پر حضورؐ سے ملے۔ انھوں نے عرض کیا کہ مکہ والوں نے مقابلہ کی بہت بڑے پیمانہ پر تیاری کر رکھی ہے اور باہر سے بھی بہت سے لوگوں کو اپنی مدد کے لیے بلا رکھا ہے۔ حضورؐ نے صحابہؓ سے مشورہ فرمایا کہ اس وقت کیا کرنا چاہیئے۔ ایک صورت یہ ہے کہ جو لوگ باہر سے مدد کو گئے ہیں۔ ان کے گھروں پر حملہ کیا جائے۔ جب وہ خبر سنیں گے تو مکہ سے واپس آجائیں گے دوسری صورت یہ ہے کہ سیدھے چلے چلیں۔ حضرت ابوبکر صدیق رضؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہؐ اس وقت آپؐ بیت اللہ کے ارادہ سے تشریف لائے ہیں۔ لڑائی کا ارادہ تو تھا ہی نہیں اس لئے آگے

لہ خمیس

بڑھے چلیں اگر وہ ہمیں روکیں گے تو مقابلہ کریں گے ورنہ نہیں۔ حضورؐ نے اس کو قبول فرمایا اور آگے بڑھے۔ حدیبیہ میں پہنچ کر بُدَیل بن ورقا خزاعی ایک جماعت کو ساتھ لے کر آئے اور حضورؐ سے اس کا ذکر کیا کہ کفار آپؐ کو ہرگز مکہ میں داخل نہ ہونے دیں گے وہ تو لڑائی پر تلے ہوئے ہیں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ ہم لوگ لڑنے کے واسطے نہیں آئے ہمارا مقصد صرف عمرہ کرنا ہے اور قریش کو روزمرہ کی لڑائی نے بہت نقصان پہنچا رکھا ہے۔ بالکل ہلاک کر دیا ہے اگر وہ راضی ہوں تو میں ان سے مصالحت کرنے کو تیار ہوں کہ میرے اور ان کے درمیان اس پر معاہدہ ہو جائے کہ مجھ سے تعرض نہ کریں۔ میں ان سے تعرض نہ کروں۔ مجھے اوروں سے نمٹنے دیں اور وہ کسی چیز پر بھی راضی نہ ہوں تو اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ میں اس وقت تک ان سے لڑوں گا جب تک کہ اسلام غالب ہو جائے یا میری گردن جدا ہو جائے۔ بُدَیل نے عرض کیا کہ اچھا میں آپؐ کا پیام ان تک پہنچائے دیتا ہوں وہ لوٹے اور جاکر پیام پہنچایا مگر کفار راضی نہ ہوئے اسی طرح طرفین سے آمد و رفت کا سلسلہ رہا جن میں ایک مرتبہ عروہ بن مسعود ثقفی کفار کی جانب سے آئے کہ وہ اس وقت تک مسلمان نہیں ہوئے تھے۔ بعد میں مسلمان ہوئے۔ حضورؐ نے ان سے بھی وہی گفتگو فرمائی جو بُدَیل سے کی تھی۔ عُروہ نے عرض کیا اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اگر تم یہ چاہتے ہو کہ عرب کا بالکل خاتمہ کر دو تو یہ ممکن نہیں تم نے کبھی نہ سنا ہوگا کہ تم سے پہلے کوئی شخص ایسا گذرا ہو جس نے عرب کو بالکل فنا کر دیا ہو اور اگر دوسری صورت ہوئی کہ وہ تم پر غالب ہو گئے تو یاد رکھو کہ میں تمہارے ساتھ اَشراف کی جماعت نہیں دیکھتا۔ یہ اطراف کے کم ظرف لوگ تمہارے ساتھ ہیں مصیبت پڑنے پر سب بھاگ جائیں گے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ پاس کھڑے ہوئے تھے یہ جملہ سن کر غصہ میں بھر گئے اور ارشاد فرمایا کہ تو اپنے معبود لات کی پیشاب گاہ کو چاٹ۔ کیا ہم حضورؐ سے بھاگ جائیں گے اور آپؐ کو اکیلا چھوڑ دیں گے۔ عُروہ نے پوچھا کہ یہ کون ہیں۔ حضورؐ نے فرمایا کہ ابوبکرؓ ہیں انھوں نے حضرت ابوبکرؓ سے مخاطب ہو کر کہا کہ تمہارا ایک قدیمی احسان مجھ پر ہے جس کا میں بدلہ نہیں دے سکا اگر یہ نہ ہوتا تو اس گالی کا جواب دیتا یہ کہہ کر عُروہ پھر حضورؐ سے بات میں مشغول ہو گئے اور عرب کے عام دستور کے موافق بات کرتے ہوئے حضورؐ کی داڑھی مبارک کی طرف ہاتھ لے جاتے کہ خوشامد کے موقع پر داڑھی میں ہاتھ لگا کر بات کی جاتی ہے۔ صحابہؓ کو یہ بات کب گوارہ ہو سکتی تھی۔ عُروہ کے بھتیجے حضرت مغیرہ بن شعبہؓ سر پر

خود اوڑھے ہوئے اور ہتھیار لگائے ہوئے پاس کھڑے تھے انھوں نے تلوار کا قبضہ عروہ کے ہاتھ پر مارا کہ ہاتھ پرے کو رکھو۔ عروہ نے پوچھا یہ کون ہے۔ آپ نے فرمایا کہ مغیرہ۔ عروہ نے کہا او غدار تیری غداری کو میں اب تک بھگت رہا ہوں اور تیرہ یہ پرتادُ (حضرت مغیرہؓ بن شعبہ نے اسلام سے قبل چند کافروں کا قتل کر دیا تھا جس کی دیت عروہ نے ادا کی تھی اس کی طرف اشارہ تھا) غرض عروہ طویل گفتگو حضورؐ سے کرتے رہے اور نظریں بچا کر صحابہ رضؓ کرام رضی اللہ عنہم کے حالات کا اندازہ بھی کرتے جاتے تھے۔ چنانچہ واپس جا کر کفار سے کہا کہ اے قریش میں بڑے بڑے بادشاہوں کے یہاں گیا ہوں۔ قیصر و کسریٰ اور نجاشی کے درباروں کو بھی دیکھا ہے اور ان کے آداب بھی دیکھے ہیں۔ خدا کی قسم میں نے کسی بادشاہ کو نہیں دیکھا کہ اس کی جماعت اس کی ایسی تعظیم کرتی ہو جیسی محمد (صلّی اللہ علیہ وسلّم) کی جماعت اُن کی تعظیم کرتی ہے اگر وہ تھوکتے ہیں تو جس کے ہاتھ پڑ جائے وہ اس کو بدن اور منہ پر مل لیتا ہے جو بات محمدؐ کے منہ سے نکلتی ہے اس کے پورا کرنے کو سب کے سب ٹوٹ پڑتے ہیں۔ ان کی وضو کا پانی آپس میں لڑ لڑ کر تقسیم کرتے ہیں۔ زمین پر نہیں گرنے دیتے۔ اگر کسی کو قطرہ نہ ملے تو وہ دوسرے کے تر ہاتھ کو ہاتھ سے مل کر اپنے منہ پر مل لیتا ہے۔ ان کے سامنے بولتے ہیں تو بہت نیچی آواز سے۔ ان کے سامنے زور سے نہیں بولتے۔ ان کی طرف نگاہ اٹھا کر ادب کی وجہ نہیں دیکھتے۔ اگر ان کے سر یا داڑھی کا کوئی بال گرتا ہے تو اس کو تبرکاً اٹھا لیتے ہیں اور اس کی تعظیم اور احترام کرتے ہیں۔ غرض میں نے کسی جماعت کو اپنے آقا کے ساتھ اتنی محبت کرتے نہیں دیکھا جتنی محمد (صلّی اللہ علیہ وسلّم) کی جماعت ان کے ساتھ کرتی ہے اسی دوران حضورِ اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم نے حضرت عثمانؓ کو اپنی طرف سے قاصد بنا کر سردارانِ مکّہ کے پاس بھیجا۔ حضرت عثمان رضؓ کی باوجود مسلمان ہو جانے کے مکہ میں بہت عزت تھی اور ان کے متعلق زیادہ اندیشہ نہ تھا۔ اس لیے ان کو تجویز فرمایا تھا۔ وہ تشریف لے گئے تو صحابہؓ کو رشک ہوا کہ عثمانؓ تو مزے سے کعبہ کا طواف کر رہے ہوں گے۔ حضورؐ نے فرمایا مجھے امید نہیں کہ وہ میرے بغیر طواف کریں۔ چنانچہ حضرت عثمانؓ مکّہ میں داخل ہوئے تو ابان بن سعید نے ان کو اپنی پناہ میں لے لیا اور ان سے کہا کہ جہاں دل چاہے چلو پھرو۔ تم کو کوئی روک نہیں سکتا۔ حضرت عثمانؓ ابوسفیان وغیرہ مکّہ کے سرداروں سے ملتے رہے اور حضورؐ کا پیام پہنچاتے رہے۔ جب واپس ہونے لگے تو کفار نے خود درخواست کی کہ تم مکّہ میں آئے ہو تم طواف کرتے

لہ لوہے کی ٹوپی

جاؤ۔ انھوں نے جواب دے دیا کہ یہ مجھ سے نہیں ہو سکتا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تو روکے گئے ہوں اور میں طواف کر لوں۔ قریش کو اس جواب پر غصہ آیا جس کی وجہ سے انھوں نے حضرت عثمان رضؓ کو روک لیا۔ مسلمانوں کو یہ خبر پہنچی کہ ان کو شہید کر دیا۔ اس پر حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ رضؓ سے اخیر دم تک لڑنے پر بیعت لی۔ جب کفار کو اس کی خبر پہنچی تو گھبرا گئے اور حضرت عثمان رضؓ کو فوراً چھوڑ دیا۔[1] ف اس قصہ میں حضرت ابو بکر صدیق رضؓ کا ارشاد۔ حضرت مغیرہ رضؓ کا مارنا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا عام برتاؤ جس کو عُروہ نے بہت غور سے دیکھا۔ حضرت عثمان رضؓ کا طواف سے انکار۔ ہر واقعہ ایسا ہے کہ حضور رضؐ کے ساتھ بے انتہا عشق و محبت کی خبر دیتا ہے۔ یہ بیعت جس کا اس قصہ میں ذکر ہے بیعۃ الشجرہ کہلاتی ہے قرآن پاک میں بھی اس کا ذکر ہے اور اللہ تعالیٰ نے سورۂ فتح کی آیت لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ الآیۃ میں اس کا ذکر فرمایا ہے۔ پوری آیت مع ترجمہ کے عنقریب خاتمہ میں آ رہی ہے۔

۵۔ حضرت ابن زبیر رضؓ کا خون پینا

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ سینگیاں لگوائیں اور خون نکلا وہ حضرت عبداللہ بن زبیر رضؓ کو دیا کہ اس کو کہیں دبا دیں وہ گئے اور آ کر عرض کیا کہ دبا دیا۔ حضور صؐ نے دریافت فرمایا کہاں۔ عرض کیا میں نے پی لیا۔ حضور صؐ نے فرمایا کہ جس کے بدن میں میرا خون جائے گا اس کو جہنم کی آگ نہیں چھو سکتی۔ مگر تیرے لئے بھی لوگوں سے ہلاکت ہے اور لوگوں کو تجھ سے[1]

ف حضور صؐ کے فضلات پاخانہ پیشاب وغیرہ سب پاک ہیں۔ اس لیے اس میں کوئی اشکال نہیں۔ حضور صؐ کے اس ارشاد کا مطلب کہ ہلاکت ہے علماء نے لکھا ہے کہ سلطنت اور امارت کی طرف اشارہ ہے کہ امارت ہوگی اور لوگ اس میں مزاحم ہوں گے۔ چنانچہ عبداللہ بن زبیر رضؓ جب پیدا ہوئے تھے اس وقت بھی حضور نے اس طرف اشارہ فرمایا تھا کہ ایک مینڈھا ہے بھیڑیوں کے درمیان ایسے بھیڑیئے جو کپڑے پہنے ہوئے ہوں گے۔ چنانچہ یزید اور عبدالملک دونوں کے ساتھ حضرت ابن زبیر رضؓ کی مشہور لڑائی ہوئی اور آخر شہید ہوئے۔

۶۔ حضرت مالک بن سنان رضؓ کا خون پینا

اُحد کی لڑائی میں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ انور یا سر مبارک میں خود کے دو حلقے گھس گئے تھے تو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ دوڑے ہوئے آگے بڑھے اور دوسری جانب سے حضرت ابو عبیدہ رضؓ دوڑے اور آگے بڑھ کر خود کے حلقے دانت سے کھینچنے شروع کئے

کئے ایک حلقہ نکالا جس سے ایک دانت حضرت ابوعبیدہ رضؓ کا ٹوٹ گیا اس کی پرواہ نہ کی۔ دوسرا حلقہ کھینچا۔ جس سے دوسرا دانت بھی ٹوٹا۔ لیکن حلقہ وہ بھی کھینچ ہی لیا۔ ان حلقوں کے نکلنے سے حضورؐ کے پاک جسم سے خون نکلنے لگا تو حضرت ابوسعید خدری رضؓ کے والد ماجد مالک رضؓ بن سنان نے اپنے لبوں سے اس خون کو چوس لیا اور نگل لیا۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ جس کے خون میں میرا خون ملا ہے اس کو جہنم کی آگ نہیں چھو سکتی لہ

۷۔ حضرت زید بن حارثہ رضؓ کا اپنے باپ کو انکار

حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ زمانۂ جاہلیت میں اپنی والدہ کے ساتھ ننھیال جارہے تھے بنوقیس نے قافلہ کو لوٹا جس میں زید رضؓ بھی تھے ان کو مکہ کے بازار میں لاکر بیچا۔ حکیم بن حزام نے اپنی پھوپی حضرت خدیجہ رضؓ کے لیے ان کو خرید لیا۔ جب حضورؐ کا نکاح حضرت خدیجہ رضؓ سے ہوا تو انھوں نے زید رضؓ کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ہدیہ کے طور پر پیش کر دیا۔ زید رضؓ کے والد کو ان کے فراق کا بہت صدمہ تھا اور ہونا ہی چاہیئے تھا کہ اولاد کی محبت فطری چیز ہے وہ زید کے فراق میں روتے اور اشعار پڑھتے پھرا کرتے تھے۔ اکثر جو اشعار پڑھتے تھے اُن کا مختصر ترجمہ یہ ہے کہ میں زید رضؓ کی یاد میں روتا ہوں اور یہ بھی نہیں جانتا کہ وہ زندہ ہے تاکہ اس کی امید کی جائے یا موت نے اس کو نمٹا دیا۔ خدا کی قسم مجھے یہ بھی معلوم نہیں کہ تجھے اے زید رضؓ نرم زمین نے ہلاک کیا یا کسی پہاڑ نے ہلاک کیا۔ کاش مجھے یہ معلوم ہو جاتا کہ تُو عمر بھر میں کبھی بھی واپس آئے گا یا نہیں۔ ساری دنیا میں میری انتہائی غرض تیری واپسی ہے۔ جب آفتاب طلوع ہوتا ہے جب بھی مجھے زید ہی یاد آتا ہے اور جب بارش ہونے کو ہوتی ہے جب بھی اُسی کی یاد مجھے ستاتی ہے اور جب ہوائیں چلتی ہیں تو وہ بھی اس کی یاد کو بھڑکاتی ہیں۔ ہائے میرا غم اور میرا فکر کس قدر طویل ہو گیا۔ میں اس کی تلاش اور کوشش میں ساری دنیا میں اونٹ کی تیز رفتاری کو کام میں لاؤں گا اور دنیا کا چکر لگانے سے نہیں اکتاؤں گا۔ اونٹ چلنے سے اکتا جائیں تو اُکتا جائیں۔ لیکن میں کبھی بھی نہیں اُکتاؤں گا۔ اپنی ساری زندگی اسی میں گذار دوں گا۔ ہاں میری موت ہی آگئی تو خیر کہ موت ہر چیز کو فنا کر دینے والی ہے۔ آدمی خواہ کتنی ہی امیدیں لگا دیں میں اپنے بعد فلاں فلاں رشتہ داروں اور آل اولاد کو وصیت کر جاؤں گا کہ وہ بھی اسی طرح زید رضؓ کو ڈھونڈتے رہیں۔ غرض یہ اشعار وہ پڑھتے تھے اور روتے ہوئے ڈھونڈتے پھرا کرتے تھے۔ اتفاق سے ان کی قوم کے چند لوگوں کا حج کو جانا ہوا اور انھوں نے زید رضؓ کو پہچانا۔ باپ کا حال

لہ قرۃ العیون

سُنایا۔ شعر سنائے ان کی یاد و فراق کی داستان سنائی۔ حضرت زیدؓ نے ان کے ہاتھ تین شعر کہہ کر بھیجے جن کا مطلب یہ تھا کہ میں یہاں مکہ میں ہوں۔ خیریت سے ہوں۔ تم غم اور صدمہ نہ کرو۔ میں بڑے کریم لوگوں کی غلامی میں ہوں۔ ان لوگوں نے جاکر زیدؓ کی خیر و خبر ان کے باپ کو سنائی اور وہ اشعار سنائے جو زیدؓ نے کہہ کر بھیجے تھے اور پتہ بتایا۔ زیدؓ کے باپ اور چچا فدیہ کی رقم لے کر ان کو غلامی سے چھڑانے کی نیت سے مکہ مکرمہ پہنچے۔ تحقیق کی پتہ چلایا۔ حضورؐ کی خدمت میں پہنچے۔ اور عرض کیا اے ہاشم کی اولاد اور اپنی قوم کے سردار تم لوگ حرم کے رہنے والے ہو اور اللہ کے گھر کے پڑوسی۔ تم خود قیدیوں کو رہا کراتے ہو۔ بھوکوں کو کھانا دیتے ہو۔ ہم اپنے بیٹے کی طلب میں تمھارے پاس پہنچے ہیں۔ ہم پر احسان کرو اور کرم فرماؤ اور فدیہ قبول کر لو اور اس کو رہا کر دو بلکہ جو فدیہ ہو اس سے زیادہ لے لو۔ حضورؐ نے فرمایا کیا بات ہے عرض کیا زیدؓ کی طلب میں ہم لوگ آئے ہیں۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا بس اتنی سی بات ہے۔ عرض کیا کہ حضورؐ بس یہی غرض ہے۔ آپ نے ارشاد فرمایا اس کو بلا لو اور اس سے پوچھ لو اگر وہ تمھارے ساتھ جانا چاہے تو بغیر فدیہ ہی کے وہ تمہاری نذر ہے اور اگر نہ جانا چاہے تو میں ایسے شخص پر جبر نہیں کر سکتا جو خود نہ جانے چاہے۔ انھوں نے عرض کیا کہ آپؐ نے استحقاق سے بھی زیادہ احسان فرمایا۔ یہ بات خوشی سے منظور ہے۔ حضرت زیدؓ بلائے گئے۔ آپ نے فرمایا کہ ان کو پہچانتے ہو۔ عرض کیا جی ہاں پہچانتا ہوں۔ یہ میرے باپ ہیں اور یہ میرے چچا حضورؐ نے فرمایا میرا حال بھی تمھیں معلوم ہے اب تمھیں اختیار ہے کہ میرے پاس رہنا چاہو تو میرے پاس رہو، ان کے ساتھ جانا چاہو تو اجازت ہے۔ حضرت زیدؓ نے عرض کیا کہ حضورؐ میں آپؐ کے مقابلہ میں بھلا کس کو پسند کر سکتا ہوں۔ آپ میرے لیے باپ کی جگہ بھی ہیں اور چچا کی جگہ بھی۔ ان دونوں باپ چچا نے کہا کہ زیدؓ غلامی کو آزادی پر ترجیح دیتے ہو اور باپ چچا اور سب گھر والوں کے مقابلہ میں غلام رہنے کو پسند کرتے ہیں زید نے کہا کہ ہاں میں نے ان میں (حضورؐ کی طرف اشارہ کر کے) ایسی بات دیکھی ہے جس کے مقابلہ میں کسی چیز کو بھی پسند نہیں کر سکتا۔ حضورؐ نے جب یہ جواب سُنا تو ان کو گود میں لے لیا اور فرمایا کہ میں نے اس کو اپنا بیٹا بنا لیا۔ زیدؓ کے باپ اور چچا بھی یہ منظر دیکھ کر نہایت خوش ہوئے اور خوشی سے ان کو چھوڑ کر چلے گئے [1]۔ حضرت زیدؓ اس وقت بچے تھے۔ بچپن کی حالت میں سارے گھر کو عزیز و اقارب کو غلامی پر قربان کر دینا جس محبت کا پتہ دیتا ہے وہ ظاہر ہے۔

[1] خمیس

۸۔ حضرت انس بن نضر رضؓ کا عمل اُحد کی لڑائی میں

اُحد کی لڑائی میں مسلمانوں کو جب شکست ہو رہی تھی تو کسی نے یہ خبر اڑادی کہ حضورؐ بھی شہید ہو گئے اس وحشتناک خبر سے جو اثر صحابہؓ پر ہونا چاہیئے تھا وہ ظاہر ہے اسی وجہ سے اور بھی زیادہ گھٹنے ٹوٹ گئے۔ حضرت انس بن نضر رضؓ چلے جارہے تھے کہ مہاجرین اور انصار کی ایک جماعت میں حضرت عمرؓ اور حضرت طلحہؓ نظر پڑے کہ سب حضرات پریشان حال تھے۔ حضرت انسؓ نے پوچھا یہ کیا ہو رہا ہے کہ مسلمان پریشان سے نظر آرہے ہیں۔ ان حضرات نے کہا کہ حضورؐ شہید ہو گئے۔ حضرت انس رضؓ نے کہا کہ پھر حضورؐ کے بعد تمہیں زندہ رہ کر کیا کرو گے۔ تلوار ہاتھ میں لو اور چل کر مر جاؤ۔ چنانچہ حضرت انس رضؓ نے خود تلوار ہاتھ میں لی اور کفار کے جمگھٹے میں گھس گئے اور اس وقت تک لڑتے رہے کہ شہید ہوئے۔[۱] ف ان کا مطلب یہ تھا کہ جس ذات کے دیدار کے لیے جینا تھا جب وہی نہیں رہی تو پھر گویا جی کر ہی کیا کرنا ہے۔ چنانچہ اسی میں اپنی جان نثار کر دی۔

۹۔ سعدؓ بن ربیع کا پیام اُحد میں

اسی احد کی لڑائی میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا کہ سعد بن ربیع رضؓ کا حال معلوم نہیں ہوا کہ کیا گذری۔ ایک صحابیؓ کو تلاش کے لیے بھیجا وہ شہداء کی جماعت میں تلاش کر رہے تھے آوازیں بھی دے رہے تھے کہ شاید وہ زندہ ہوں پھر پکار کر کہا کہ مجھے حضورؐ نے بھیجا ہے کہ سعد بن ربیع رضؓ کی خبر لاؤں تو ایک جگہ سے بہت ضعیف سی آواز آئی یہ اُس طرف بڑھے جا کر دیکھا کہ سات مقتولین کے درمیان پڑے ہیں اور ایک آدھ سانس باقی ہے جب یہ قریب پہنچے تو حضرت سعد رضؓ نے کہا کہ حضورؐ کو میرا سلام عرض کر دینا اور کہدینا کہ اللہ تعالیٰ میری جانب سے آپ کو اس سے افضل اور بہتر بدلہ عطا فرمائیں جو کسی نبی کو اس کے امتی کی طرف سے بہتر سے بہتر عطا کیا ہو اور مسلمانوں کو میرا یہ پیام پہنچا دینا کہ اگر کافر حضورؐ تک پہنچ گئے اور تم میں سے کوئی ایک آنکھ بھی چمکتی ہوئی رہے۔ یعنی وہ زندہ رہا تو اللہ تعالیٰ کے یہاں کوئی عذر بھی تمہارا نہ چلے گا اور یہ کہہ کر جان بحق ہو گئے۔[۲] ف فَجَزَاهُ اللّٰهُ عَنَّا أَفْضَلَ مَاجَزٰی صَحَابِيًّا عَنْ أُمَّتِ نَبِيِّهٖ درحقیقت ان جاں نثاروں نے (اللہ تعالیٰ اپنے لطف سے ان کی قبروں کو نور سے بھر دے) اپنی جاں نثاری کا پورا ثبوت دے دیا کہ زخموں زخم لگے ہوئے ہیں۔ دم توڑ رہے ہیں مگر کیا مجال ہے کہ کوئی شکوہ کوئی گھبراہٹ کوئی پریشانی

[۱] خمیس　[۲] خمیس

لاحق ہو جائے۔ ولولہ ہے تو حضورؐ کی حفاظت کا۔ حضورؐ پر جاں نثاری کا، حضورؐ پر قربانی کا کاش
مجھ سے نا اہل کو بھی کوئی حصہ اس محبت کا نصیب ہو جاتا۔

۱۰۔ حضورؐ کی قبر کو دیکھ کر ایک عورت کی موت

حضرت عائشہ صدیقہ رضؓ کی خدمت میں ایک عورت حاضر ہوئیں اور آکر عرض کیا کہ مجھے
حضور اقدس صلی اللہ وسلم کی قبر مبارک کی زیارت کرا دو۔ حضرت عائشہ رضؓ نے حجرہ شریفہ کھولا۔
انھوں نے زیارت کی اور زیارت کر کے روتی رہیں اور روتے روتے انتقال فرما گئیں۔ رضی
اللہ عنہا وارضاہا۔ [1] ف کیا اس عشق کی نظیر بھی کہیں ملے گی کہ قبر کی زیارت کی تاب نہ لا سکیں
اور وہیں جان دے دی۔

۱۱۔ صحابہ رضؓ کی محبت کے متفرق قصے

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے کسی نے پوچھا کہ آپ کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے
کتنی محبت تھی۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ خدائے پاک کی قسم حضورؐ ہم لوگوں کے نزدیک اپنے
مالوں سے اور اپنی اولادوں سے اور اپنی ماؤں سے اور سخت پیاس کی حالت میں ٹھنڈے
پانی سے زیادہ محبوب تھے۔ [2] ف سچ فرمایا درحقیقت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی یہی حالت
تھی اور کیوں نہ ہوتی جبکہ وہ حضرات کامل الایمان تھے اور اللہ جل شانہٗ کا ارشاد ہے۔ قُلْ
اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ ِۨاقْتَرَفْتُمُوْهَا
وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ
وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ
الْفٰسِقِيْنَ ۝ (ترجمہ) آپ ان سے کہدیجئے کہ اگر تمھارے باپ اور تمھارے بیٹے اور تمھارے
بھائی اور تمھاری بیبیاں اور تمھارا کنبہ اور وہ مال جو تم نے کمائے ہیں اور وہ تجارت جس
میں نکاسی نہ ہونے کا تم کو اندیشہ ہو اور وہ گھر جن کو تم پسند کرتے ہو (اگر یہ سب چیزیں) تم
کو اللہ سے اور اس کے رسولؐ سے اور اس کی راہ میں جہاد کرنے سے زیادہ پیاری ہوں تو
تم منتظر رہو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اپنا حکم بھیجدیں اور اللہ تعالیٰ بے حکمی کرنے والوں کو
ان کے مقصود تک نہیں پہنچاتا۔ [3] اس آیت شریفہ میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ کی
محبت کے ان سب چیزوں سے کم ہونے پر وعید ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں
کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں

[1] شفا [2] شفا [3] بیان القرآن

ہو سکتا جب تک اس کو میری محبت اپنے باپ اور اولاد اور تمام لوگوں سے زیادہ نہ ہو جائے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی یہی مضمون نقل کیا گیا ہے۔ علماء کا ارشاد ہے کہ ان احادیث میں محبت سے محبت اختیاری مراد ہے۔ غیر اختیاری یعنی طبعی اضطراری مراد نہیں اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اگر محبت طبعی مراد ہو تو پھر ایمان سے مراد کمال درجہ کا ایمان ہو جیسا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا تھا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ تین چیزیں ایسی ہیں کہ جس شخص میں وہ پائی جائیں اور ایمان کی حلاوت اور ایمان کا مزہ نصیب ہو جائے ایک یہ کہ اللہ اور اس کے رسولؐ کی محبت ان کے ماسوا سب سے زیادہ ہوئے۔ دوسرے یہ کہ جس کسی سے محبت کرے اللہ ہی کے واسطے کرے۔ تیسرے یہ کہ کفر کی طرف لوٹنا اس کو ایسا ہی گراں اور مشکل ہو جیسا کہ آگ میں گرنا۔ حضرت عمرؓ نے ایک مرتبہ عرض کیا کہ یا رسول اللہؐ مجھے اپنی جان کے علاوہ اور سب چیزوں سے آپؐ زیادہ محبوب ہیں۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ کوئی شخص مؤمن اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک اس کو میری محبت اپنی جان سے بھی زیادہ نہ ہو۔ حضرت عمرؓ نے عرض کیا یا رسول اللہؐ اب آپؐ مجھے اپنی جان سے بھی زیادہ محبوب ہیں۔ تو حضورؐ نے ارشاد فرمایا الآن یا عمرؓ (اس وقت اے عمرؓ)۔ علماء نے اس ارشاد کے دو مطلب بتائے ہیں۔ ایک یہ کہ اس وقت تمہارا ایمان کامل ہوا ہے۔ دوسرے یہ کہ تنبیہ ہے کہ اس وقت یہ بات پیدا ہوئی کہ میں تمہیں اپنے نفس سے زیادہ محبوب ہوں۔ حالانکہ یہ بات اول ہی سے ہونا چاہیئے تھی۔ سہیل تستریؒ کہتے ہیں کہ جو شخص ہر حال میں حضورؐ کو اپنا والی نہ جانے اور اپنے نفس کو اپنی ملک میں سمجھے وہ سنت کا مزہ نہیں چکھ سکتا۔ ایک صحابیؓ نے آکر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ قیامت کب آئے گی۔ حضورؐ نے فرمایا کہ قیامت کے لیے کیا تیار کر رکھا ہے جس کی وجہ سے انتظار ہے۔ انھوں نے عرض کیا یا رسول اللہ میں نے بہت سی نمازیں اور روزے اور صدقے تو تیار کر نہیں رکھے ہیں۔ البتہ اللہ اور اس کے رسولؐ کی محبت میرے دل میں ہے۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ قیامت میں تم اسی کے ساتھ ہو گے جس سے محبت رکھتے ہو۔ حضورؐ کا یہ ارشاد کہ آدمی کا حشر اسی کے ساتھ ہو گا جس سے اس کو محبت ہے۔ کئی صحابہؓ نے نقل کیا ہے۔ جن میں عبداللہ بن مسعودؓ، ابوموسیٰ اشعریؓ، صفوانؓ، ابوذرؓ وغیرہ حضرات ہیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو جس قدر خوشی اس ارشاد مبارک سے ہوئی ہے کسی چیز سے بھی اتنی خوشی نہیں ہوئی اور ظاہر بات ہے ہونا بھی چاہیئے

تھی کہ حضورؐ کی محبت تو اُن کے رگ وپے میں تھی۔ پھر ان کو کیوں نہ خوشی ہوتی۔ حضرت فاطمہؓ کا مکان شروع میں حضورؐ سے ذرا دور تھا ایک مرتبہ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ میرا دل چاہتا تھا تمہارا مکان تو قریب ہی ہوجاتا۔ حضرت فاطمہؓ نے عرض کیا کہ حارثہؓ کا مکان آپؐ کے قریب ہے اُن سے فرمادیں کہ میرے مکان سے بدل لیں حضورؐ نے فرمایا کہ اُن سے پہلے بھی تبادلہ ہوچکا ہے۔ اب تو شرم آتی ہے۔ حارثہؓ کو اس کی اطلاع ہوئی فوراً حاضر ہوکر عرض کیا یا رسول اللہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ آپؐ فاطمہؓ کا مکان اپنے قریب چاہتے ہیں یہ میرے مکانات موجود ہیں۔ ان سے زیادہ کوئی بھی قریب نہیں۔ جو پسند ہو بدل لیں۔ یارسول اللہؐ میں اور میرا مال تو اللہ اور اس کے رسولؐ ہی کا ہے یارسول اللہؐ خدا کی قسم جو مال آپؐ لے لیں وہ مجھے زیادہ پسند ہے اس مال سے جو میرے پاس رہے۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا سچ کہتے ہو۔ اور برکت کی دُعا دی اور مکان بدل لیا؎ ایک صحابیؓ حضورِ اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم کی خدمت میں حاضر ہوئے کہ آپؐ کی محبت مجھے میری جان و مال اور اہل وعیال سے زیادہ ہے میں اپنے گھر میں ہوتا ہوں اور آپؐ کا خیال آجاتا ہے تو صبر نہیں آتا۔ یہاں تک کہ حاضر ہوں اور آکر زیارت نہ کرلوں۔ مجھے یہ فکر ہے کہ موت تو آپؐ کو بھی اور مجھے ضرور آنی ہی ہے۔ اس کے بعد آپؐ تو انبیاء کے درجہ پر چلے جائیں گے تو مجھے یہ خوف رہتا ہے کہ پھر میں آپؐ کو نہیں دیکھ سکوں گا۔ حضورؐ نے اس کے جواب میں سکوت فرمایا کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام تشریف لائے اور یہ آیت سُنائی وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا ۝ (ترجمہ) جو شخص اللہ اور اس کے رسولؐ کا کہنا مان لے گا تو ایسے اشخاص بھی جنت میں ان حضرات کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ نے انعام فرمایا یعنی انبیاء اور صدیقین اور شہداء اور صلحا اور یہ حضرات بہت اچھے رفیق ہیں اور اُن کے ساتھ رفاقت محض اللہ کا فضل ہے اور اللہ تعالیٰ خوب جاننے والے ہیں ہر ایک کے عمل کو) اس قسم کے واقعات بہت سے صحابہؓ کو پیش آئے اور آنا ضروری تھے۔ عشق است و ہزار بدگمانی۔ حضورؐ نے جواب میں یہی آیت سنائی۔ چنانچہ ایک صحابی حاضر ہوئے اور عرض کیا یارسول اللہؐ مجھے آپؐ سے ایسی محبت ہے کہ جب خیال آجاتا ہے اگر اس وقت آکر زیارت نہ کرلوں تو مجھے غالب گمان ہے کہ میری جان نکل جائے

؎ طبقات۔

مگر مجھے یہ خیال ہے کہ اگر میں جنت میں داخل ہو گیا تب بھی آپؐ سے تو نیچے درجہ میں ہوں گا۔ مجھے تو جنت میں بھی آپؐ کی زیارت بغیر بڑی مشقت ہو گی۔ آپؐ نے یہی آیت سنائی۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ ایک انصاری رضؓ حاضر خدمت ہوئے اور نہایت غمگین تھے۔ حضورؐ نے فرمایا غمگین کیوں ہو۔ عرض کیا یا رسول اللہؐ ایک سوچ میں ہوں۔ آپؐ نے دریافت فرمایا کیا سوچ ہے عرض کیا یا رسول اللہؐ ہم صبح و شام حاضر خدمت ہوتے ہیں۔ آپؐ کی زیارت سے محظوظ ہوتے ہیں۔ آپؐ کی خدمت میں بیٹھتے ہیں۔ کل کو آپؐ تو انبیا کے درجے پر پہنچ جائیں گے۔ ہماری وہاں تک رسائی نہیں ہو گی۔ حضورؐ نے سکوت فرمایا اور جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضورؐ ان انصاری کو بھی بلایا اور ان کو اس کی بشارت دی۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ بہت سے صحابہؓ نے یہ اشکال کیا۔ حضورؐ نے یہ آیت ان کو سنائی۔ ایک حدیث میں ہے۔ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہؐ یہ تو ظاہر ہے کہ نبیؐ کو امتی پر فضیلت ہے اور جنت میں اس کے درجہ اونچے ہوں گے تو پھر اکٹھا ہونے کی کیا صورت ہو گی۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ اوپر کے درجہ والے نیچے کے درجہ والوں کے پاس آئیں گے ان کے پاس بیٹھیں گے بات چیت کریں گے۔[1] حضورؐ کا ارشاد ہے کہ مجھ سے بہت محبت کرنے والے بعض ایسے لوگ ہوں گے جو میرے بعد پیدا ہوں گے اور ان کی یہ تمنا ہو گی کہ کاش اپنے اہل و عیال اور مال کے بدلے میں وہ مجھے دیکھ لیتے خالد رضؓ کی بیٹی عبدہ کہتی ہیں کہ میرے والد جب بھی سونے لیٹتے تو اتنے آنکھ نہ لگتی اور جاگتے رہتے۔ حضورؐ کی یاد اور شوق و اشتیاق میں لگے رہتے اور مہاجرین و انصار صحابہ رضؓ کا نام لے کر یاد کرتے رہتے اور یہ کہتے کہ یہی میرے اصول و فروغ ہیں (یعنی بڑے اور چھوٹے) اور ان کی طرف میرا دل کھنچا جا رہا ہے یا اللہ مجھے جلد ہی موت دے دے کہ ان لوگوں سے جا کر ملوں اور یہی کہتے کہتے سو جاتے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضؓ نے ایک مرتبہ عرض کیا کہ یا رسول اللہ مجھے اپنے باپ کے مسلمان ہونے کی بہ نسبت آپ کے چچا ابو طالب کے مسلمان ہو جانے کی زیادہ تمنا ہے اس لیے کہ اس سے آپؐ کو زیادہ خوشی ہو گی۔ حضرت عمر رضؓ نے ایک مرتبہ حضورؐ کے چچا حضرت عباس رضؓ سے عرض کیا کہ آپ کے اسلام لانے کی مجھے زیادہ خوشی ہے اپنے باپ کے مسلمان ہونے سے اس لیے کہ آپ کا اسلام حضورؐ کو زیادہ محبوب ہے۔ حضرت عمر رضؓ ایک مرتبہ رات کو حفاظتی گشت فرما رہے تھے کہ ایک گھر میں سے چراغ کی روشنی محسوس ہوئی اور ایک بڑھیا کی آواز کان میں پڑی جو اون کو دھنتی ہوئی اشعار پڑھ رہی تھیں۔ جن کا ترجمہ یہ ہے کہ محمد صلی اللہ

[1] درمنثور

علیہ وسلّم پر نیکوں کا درود پہنچے اور پاک صاف لوگوں کی طرف سے جو برگزیدہ ہوں ان کا درود پہنچے۔ بیشک یا رسول اللہ آپ راتوں کو عبادت کرنے والے تھے اور اخیر راتوں کو رونے والے تھے۔ کاش مجھے یہ معلوم ہو جاتا کہ میں اور میرا محبوب کبھی اکٹھا ہو سکتے ہیں یا نہیں اس لیے کہ موت مختلف حالتوں میں آتی ہے نہ معلوم میری موت کس حالت میں آئے اور حضورؐ سے مرنے کے بعد ملنا ہو سکے یا نہ ہو سکے۔ حضرت عمرؓ بھی ان اشعار کو سن کر رونے بیٹھ گئے۔ حضرت بلالؓ کا قصہ مشہور ہے ہی کہ جب ان کے انتقال کا وقت ہوا تو اُن کی بیوی جدائی پر رنجیدہ ہو کر کہنے لگیں کہ ہائے افسوس وہ کہنے لگے سبحان اللہ کیا مزے کی بات ہے کہ کل کو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کریں گے اور اُن کے صحابہؓ سے ملیں گے۔ حضرت زیدؓ کا قصہ باب ۵ کے قصہ نمبر ۹ میں گذر چکا ہے کہ جب ان کو سولی دی جانے لگی تو ابوسفیان نے پوچھا کیا تجھے یہ گوارا ہے کہ ہم تجھے چھوڑ دیں اور تیرے بجائے خدانخواستہ حضورؐ کے ساتھ یہ معاملہ کریں۔ تو زیدؓ نے کہا خدا کی قسم مجھے یہ بھی گوارا نہیں کہ حضورؐ اپنے دولت کدہ پر تشریف فرما ہوں اور وہاں اُن کے کانٹا چبھ جائے اور میں اپنے گھر آرام سے رہ سکوں۔ ابوسفیان کہنے لگا کہ میں نے کبھی کسی کو کسی کے ساتھ اتنی محبت کرتے نہیں دیکھا جتنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جماعت کو ان سے ہے۔ تنبیہ علماء نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ محبت کی مختلف علامات لکھی ہیں۔ قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص کسی چیز کو محبوب رکھتا ہے اس کو ماسوی پر ترجیح دیتا ہے۔ یہی معنی محبت کے ہیں ورنہ محبت نہیں محض دعوئ محبت ہے۔ پس حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ محبت کی علامت میں سب سے مہتم بالشان یہ ہے کہ آپؐ کا اقتدا کرے۔ آپؐ کے طریقہ کو اختیار کرے اور آپؐ کے اقوال وافعال کی پیروی کرے۔ آپؐ کے احکامات کی بجا آوری کرے اور آپؐ نے جن چیزوں سے روک دیا ہے اُن سے پرہیز کرے خوشی میں رنج میں تنگی میں وسعت میں ہر حال میں آپ کے طریقے پر چلے۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے۔ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ ترجمہ:- آپؐ ان لوگوں سے کہہ دیجئے کہ اگر تم خدا تعالیٰ سے محبت رکھتے ہو تو تم میرا اتباع کرو۔ خدا تعالیٰ تم سے محبت کرنے لگیں گے اور تمہارے گناہوں کو معاف کر دیں گے۔ اللہ تعالیٰ بڑے معاف کرنے والے ہیں۔ بڑے رحم فرمانے والے ہیں۔

خاتمہ :- صحابۂ کرام رضی کے ساتھ برتاؤ اور اُن کے اجمالی فضائل

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے یہ چند قصے نمونہ کے طور پر لکھے گئے ہیں ورنہ ان کے حالات بڑی ضخیم کتابوں میں بھی پورے نہیں ہو سکتے۔ اُردو میں بھی متعدد کتابیں اور رسالے اس مضمون کے ملتے ہیں۔ کئی مہینے ہوئے یہ رسالہ شروع کیا تھا۔ پھر مدرسہ کے مشاغل اور وقتی عوارض کی وجہ سے ناد لیق میں پڑ گیا۔ اس وقت ان اوراق پر خاتمہ کرتا ہوں کہ جتنے لکھے جا چکے ہیں۔ وہ قابل انتفاع ہو جائیں۔ اخیر میں ایک ضروری امر پر تنبیہ بھی اشد ضروری ہے وہ یہ کہ اس آزادی کے زمانہ میں جہاں ہم مسلمانوں میں دین کے اور بہت سے امور میں کوتاہی اور آزادی کا رنگ ہے وہاں حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی حق شناسی اور ان کے ادب و احترام میں بھی حد سے زیادہ کوتاہی ہے بلکہ اس سے بڑھ کر بعض دین سے بے پروا لوگ تو ان کی شان میں گستاخی تک کرنے لگتے ہیں۔ حالانکہ صحابہ کرام رضی دین کی بنیاد ہیں۔ دین کے اول پھیلانے والے ہیں ان کے حقوق سے ہم لوگ مرتے دم تک بھی عہدہ برآ نہیں ہو سکتے حق تعالیٰ شانہٗ اپنے فضل سے ان پاک نفوس پر لاکھوں رحمتیں نازل فرمائیں کہ انھوں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلّم سے دین حاصل کیا اور ہم لوگوں تک پہنچایا۔ اس لیے اس خاتمہ میں قاضی عیاض رح کی شفا کی ایک فصل کا مختصر ترجمہ جو اس کے مناسب ہے درج کرتا ہوں اور اسی پر اس رسالہ کو ختم کرتا ہوں۔ وہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم ہی کے اعزاز و اکرام میں داخل ہے۔ حضورؐ کے صحابہ رضی کا اعزاز و اکرام کرنا اور ان کے حق کو پہچاننا اور ان کا اتباع کرنا اور اُن کی تعریف کرنا اور ان کے لیے استغفار اور دعائے مغفرت کرنا اور ان کے آپس کے اختلافات میں لب کشائی نہ کرنا اور مورخین اور شیعہ اور بدعتی اور جاہل راویوں کی ان خبروں سے اعراض کرنا جو ان حضرات کی شان میں نقص پیدا کرنے والی ہوں اور اس نوع کی کوئی روایت اگر سننے میں آئے تو اس کی کوئی اچھی تاویل کرلے اور کوئی اچھا محمل تجویز کرلے کہ وہ اس کے مستحق ہیں اور ان حضرات کو برائی سے یاد نہ کرے بلکہ اُن کی خوبیاں اور ان کے فضائل بیان کیا کرے اور عیب کی باتوں سے سکوت کرے جیسا کہ حضورؐ کا ارشاد ہے کہ جب میرے صحابہ رضی کا ذکر (یعنی بُرا ذکر) ہو تو سکوت کیا کرو۔ صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین کے فضائل قرآن شریف اور احادیث میں بکثرت وارد ہیں۔ حق تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد ہے مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ ط وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا

سِيمَاهُمْ فِي وُجُوهِهِم مِّنْ أَثَرِ السُّجُودِ ذَٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَمَثَلُهُمْ فِي الْإِنجِيلِ كَزَرْعٍ أَخْرَجَ شَطْأَهُ فَآزَرَهُ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوَىٰ عَلَىٰ سُوقِهِ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنْهُم مَّغْفِرَةً وَأَجْرًا عَظِيمًا ۝ ترجمہ۔ محمدؐ اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ آپؐ کے ساتھ ہیں وہ کافروں کے مقابلہ میں سخت ہیں اور آپس میں مہربان اور اے مخاطب تو ان کو دیکھے گا کہ کبھی رکوع کرنے والے ہیں کبھی سجدہ کرنے والے ہیں اور اللہ کے فضل اور رضامندی کی جستجو میں لگے ہوئے ہیں۔ اُن کی عبدیت کے آثار بوجہ تاثیر اُن کے سجدہ کے اُن کے چہروں پر نمایاں ہیں۔ یہ اُن کے اوصاف توریت میں ہیں اور انجیل میں اُن کی یہ مثال ذکر کی ہے کہ جیسے کھیتی کہ اُس نے اول اپنی سوئی نکالی۔ پھر اُس نے اپنی سوئی کو قوی کیا (یعنی وہ کھیتی موٹی ہوئی) پھر وہ کھیتی اور موٹی ہوئی پھر اپنے تنہ پر سیدھی کھڑی ہوئی کہ کسانوں کو بھلی معلوم ہونے لگی (اسی طرح صحابہؓ میں اول ضعف تھا۔ پھر روزانہ قوت بڑھتی گئی اور اللہ تعالیٰ نے صحابہؓ کو اس لیے یہ نشوونما دیا) تاکہ ان سے کافروں کو حسد میں جلادے اور آخرت میں اللہ تعالےٰ نے ان صاحبوں سے جو کہ ایمان لائے اور نیک کام کر رہے ہیں مغفرت اور اجر عظیم کا وعدہ کر رکھا ہے۔“ یہ ترجمہ اس صورت میں ہے کہ تورات پر آیت ہو اور آیت کے فرق سے ترجمہ میں بھی فرق ہوجائے گا۔ جو تفاسیر سے معلومات ہو سکتا ہے۔ اسی صورۃ میں دوسری جگہ ارشاد ہے۔ لَقَدْ رَضِيَ اللَّهُ عَنِ الْمُؤْمِنِينَ إِذْ يُبَايِعُونَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِي قُلُوبِهِمْ فَأَنزَلَ السَّكِينَةَ عَلَيْهِمْ وَأَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيبًا ۝ وَمَغَانِمَ كَثِيرَةً يَأْخُذُونَهَا وَكَانَ اللَّهُ عَزِيزًا حَكِيمًا ۝ ترجمہ:۔ تحقیق اللہ تعالیٰ ان مسلمانوں سے (جو کہ آپؐ کے ہم سفر ہیں) خوش ہوا جبکہ یہ لوگ آپ سے درخت کے نیچے بیعت کر رہے تھے اور اُن کے دلوں میں جو کچھ (اخلاص اور عزم) تھا اللہ تعالیٰ کو وہ بھی معلوم تھا اور اللہ تعالیٰ نے اُن کے دل میں اطمینان پیدا کر دیا تھا اور ان کو ایک لگتے ہاتھ فتح بھی دے دی (مراد اس سے فتح خیبر ہے جو اس کے قریب ہی ہوئی) اور بہت سی غنیمتیں بھی دیں اور اللہ تعالیٰ بڑا زبردست حکمت والا ہے، یہ ہی وہ بیعت ہے جس کو بیعت الشجرہ کہا جاتا ہے۔ اخیر باب کے قصہ ۱۸ میں اس کا ذکر گذر چکا ہے۔ صحابہؓ کے بارے میں ایک جگہ ارشاد خداوندی ہے رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللَّهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُم مَّن قَضَىٰ نَحْبَهُ وَمِنْهُم مَّن يَنتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوا تَبْدِيلًا ۝ ترجمہ:۔ ان مومنین میں ایسے لوگ ہیں کہ انھوں نے جس بات کا اللہ سے عہد کیا تھا اس میں سچے اُترے پھر اُن میں سے بعض تو ایسے

ہیں جو اپنی نذر پوری کر چکے (یعنی شہید ہو چکے) اور بعض ان میں اُس کے مشتاق (منتظر) ہیں (ابھی شہید نہیں ہوئے) اور اپنے ارادہ میں کوئی تغیر و تبدل نہیں کیا۔ ایک جگہ ارشادِ خداوندی ہے وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ اور جو مہاجرین و انصار (ایمان لانے میں سب اُمت سے) مقدم ہیں اور جتنے لوگ اخلاص کے ساتھ ان کے پیرو ہیں اللہ تعالیٰ ان سب سے راضی ہوا اور وہ سب اللہ سے راضی ہوئے اور اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے ایسے باغ تیار کر رکھے ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی جن میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے اور وہ یہ بڑی کامیابی ہے ان آیات میں اللہ جل شانہٗ نے صحابہ رض کی تعریف اور ان سے خوشنودی کا اظہار فرمایا ہے۔ اسی طرح احادیث میں بھی بہت کثرت سے فضائل وارد ہوئے ہیں۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ میرے بعد ابوبکر رض و عمر رض کا اقتدار کیا کرو۔ ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ میرے صحابہ ستاروں کی طرح ہیں جس کا اتباع کیا کرو گے ہدایت پاؤ گے۔ محدثین کو اس حدیث میں کلام ہے اور اسی وجہ سے قاضی عیاض رح پر اُس کے ذکر کرنے میں اعتراض ہے مگر ملا علی قاریؒ نے لکھا ہے کہ ممکن ہے کہ تعدّدِ طرق کی وجہ سے اُن کے نزدیک قابلِ اعتبار ہو یا فضائل میں ہونے کی وجہ سے ذکر کیا ہو (کیونکہ فضائل میں معمولی ضعف کی روایتیں ذکر کر دی جاتی ہیں) حضرت انس رض کہتے ہیں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ میرے صحابہ رض کی مثال کھانے میں نمک کی سی ہے کہ کھانا بغیر نمک کے اچھا نہیں ہو سکتا۔ حضور ﷺ کا یہ بھی ارشاد ہے کہ اللہ سے میرے صحابہ رض کے بارے میں ڈرو، اُن کو ملامت کا نشانہ نہ بناؤ جو شخص اُن سے محبت رکھتا ہے میری محبت کی وجہ سے اُن سے محبت رکھتا ہے اور جو اُن سے بغض رکھتا ہے وہ میرے بغض کی وجہ سے بغض رکھتا ہے۔ جو شخص ان کو اذیت دے اُس نے مجھ کو اذیت دی اور جس نے مجھ کو اذیت دی اُس نے اللہ کو اذیت دی اور جو شخص اللہ کو اذیت دیتا ہے قریب ہے کہ پکڑ میں آجائے۔ حضور ﷺ کا یہ بھی ارشاد ہے کہ میرے صحابہ رض کو گالیاں نہ دیا کرو۔ اگر تم میں سے کوئی شخص اُحد کے پہاڑ کی برابر سونا خرچ کرے تو وہ ثواب کے اعتبار سے صحابہ رض کے ایک مُد یا آدھے مُد کی برابر بھی نہیں ہو سکتا۔ اور حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص صحابہ رض کو گالیاں دے اُس پر اللہ کی لعنت اور فرشتوں کی لعنت اور تمام آدمیوں کی لعنت نہ اُس کا فرض مقبول ہے نہ نفل۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انبیاء ؑ کے علاوہ تمام مخلوق میں سے میرے صحابہ رض کو چھانٹا ہے اور ان میں سے چار کو ممتاز کیا ہے۔ ابوبکر رض، عمر رض، عثمان رض، علی رض ان کو میرے سب صحابہ رض سے افضل قرار دیا۔ ایوب سختیانی رح کہتے ہیں کہ جس شخص نے

ابوبکر رضؓ سے محبت کی اس نے دین کو سیدھا کیا اور جس نے عمرؓ سے محبت کی اُس نے دین کے واضح راستے کو پالیا اور جس نے عثمانؓ سے محبت کی وہ اللہ کے نور کے ساتھ منور ہوا جس نے علیؓ سے محبت کی اُس نے دین کی مضبوط رسّی کو پکڑ لیا۔ جو صحابہؓ کی تعریف کرتا ہے وہ نفاق سے بَری ہے اور جو صحابہؓ کی بے ادبی کرتا ہے وہ بدعتی، منافق، سنّت کا مخالف ہے مجھے اندیشہ ہے کہ اس کا کوئی عمل قبول نہ ہو۔ یہاں تک کہ اُن سب کو محبوب رکھے اور ان کی طرف سے دل صاف ہو۔ ایک حدیث میں حضورؐ کا ارشاد ہے کہ اے لوگو میں ابوبکرؓ سے خوش ہوں تم لوگ ان کا مرتبہ پہچانو۔ میں عمرؓ سے علیؓ سے عثمانؓ سے طلحہؓ سے زبیرؓ سے سعدؓ سے سعیدؓ سے عبدالرحمٰنؓ بن عوف سے ابوعبیدہؓ سے خوش ہوں۔ تم لوگ اُن کا مرتبہ پہچانو لوگو اللہ جل شانہٗ نے بدر کی لڑائی میں شریک ہونے والوں کی اور حدیبیہ کی لڑائی میں شریک ہونے والوں کی مغفرت فرمادی۔ تم میرے صحابہؓ کے بارے میں میری رعایت کیا کرو اور اُن لوگوں کے بارے میں جن کی بیٹیاں میرے نکاح میں ہیں یا میری بیٹیاں اُن کے نکاح میں ہیں ایسا نہ ہو کہ یہ لوگ قیامت میں تم سے کسی قسم کے ظلم کا مطالبہ کریں کہ وہ معاف نہیں کیا جائے گا۔ ایک جگہ ارشاد ہے کہ میرے صحابہؓ اور میرے دامادوں میں میری رعایت کیا کرو۔ جو شخص اُن کے بارے میں میری رعایت کرے گا اللہ تعالیٰ شانہٗ دنیا اور آخرت میں اُس کی حفاظت فرمائیں گے اور جو اُن کے بارے میں میری رعایت نہ کرے گا اللہ تعالیٰ اُس سے بَری ہیں اور جس سے اللہ تعالیٰ بَری ہیں کیا بعید ہے کہ کسی گرفت میں آجائے۔ حضورؐ سے یہ بھی نقل کیا گیا ہے کہ جو شخص صحابہؓ کے بارے میں میری رعایت کرے گا میں قیامت کے دن اُس کا محافظ ہوں گا۔ ایک جگہ ارشاد ہے کہ جو میرے صحابہؓ کے بارے میں میری رعایت رکھے گا وہ میرے پاس حوضِ کوثر پر پہنچ سکے گا اور جو ان کے بارے میں میری رعایت نہ کرے گا وہ میرے پاس حوض تک نہیں پہنچ سکے گا اور مجھے صرف دور ہی سے دیکھے گا۔ سہلؒ بن عبداللہ کہتے ہیں کہ جو شخص حضورؐ کے صحابہؓ کی تعظیم نہ کرے وہ حضورؐ ہی پر ایمان نہیں لایا۔ اللہ جل شانہٗ اپنے لطف وفضل سے اپنی گرفت سے اور اپنے محبوب کے عتاب سے مجھ کو اور میرے دوستوں کو میرے محسنوں کو اور ملنے والوں کو میرے مشائخ کو تلامذہ کو اور سب مومنین کو محفوظ رکھے اور ان حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی محبت سے ہمارے دلوں کو بھر دے آمین برحمتک یاارحم الراحمین وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام الاتمان الاکملان علی سید المرسلین وعلی آلہ واصحابہ الطیبین الطاہرین وعلی اتباعہ واتباعہم حملۃ الدین المتین۔ تمت۔

زکریا عفی عنہ کاندھلوی

مقیم مدرسہ مظاہر علوم سہارنپوری

۱۲ شوال ۱۳۵۷ھ دوشنبہ

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خَاشِعُوْنَ ۝

ترجمہ: بیشک فلاح اور کامیابی کو پہنچ گئے وہ لوگ جو اپنی نماز کو خشوع سے پڑھنے والے ہیں

فضائلِ نماز

جس میں

حضرت مولانا الحافظ الحاج محمد الیاس صاحب نور اللہ مرقدہٗ

کے ارشاد سے

حضرت مولانا الحافظ الحاج المحدث محمد زکریا صاحب دام فیضہم

شیخ الحدیث مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور نے

وہ حدیثیں جمع فرمائی ہیں جن میں نماز پڑھنے کی فضیلت، نماز چھوڑنے کا عذاب، جماعت کے ثواب اور اس کے ترک کی سزائیں آئی ہیں ہر مضمون کے مناسب بزرگوں کے ذوق شوق کے واقعات بھی درج فرمائے ہیں۔

ناشر

اسلامک بک سروس

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

فہرست مضامین فضائل نماز

خطبہ وتمہید

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نَحْمَدُہٗ وَنَشْکُرُہٗ وَنُصَلِّیْ وَنُسَلِّمُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَاَتْبَاعِہِ الْحُمَاۃِ لِلدِّیْنِ الْقَوِیْمِ وَبَعْدُ فَھٰذِہٖ اَرْبَعُوْنَۃٌ فِیْ فَضَائِلِ الصَّلٰوۃِ جَمَعْتُھَا اِمْتِثَالًا لِاَمْرِ عَمِّیْ وَصِنْوِ اَبِیْ رَقَّاہُ اللّٰہُ اِلَی الْمَرَاتِبِ الْعُلْیَا وَوَفَّقَنِیْ وَاِیَّاہُ لِمَا یُحِبُّ وَیَرْضٰی۔ اَمَّا بَعْدُ اس زمانہ میں دین کی طرف سے جتنی بے توجہی اور بے التفاتی کی جارہی ہے وہ محتاج بیان نہیں حتی کہ اہم ترین عبادت نماز جو بالاتفاق سب کے نزدیک ایمان کے بعد تمام فرائض پر مقدم ہے اور قیامت میں سب سے اول اسی کا مطالبہ ہوگا اس سے بھی نہایت غفلت اور لاپروائی ہے۔ اس سے بڑھ کر یہ کہ دین کی طرف متوجہ کرنے والی کوئی آواز کانوں تک نہیں پہونچتی تبلیغ کی کوئی صورت بارآور نہیں ہوتی۔ تجربے سے یہ بات خیال میں آئی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاک ارشادات لوگوں تک پہنچانے کی سعی کی جائے۔ اگرچہ اس میں جو مزاحمتیں حائل ہیں وہ بھی مجھ سے بے بضاعت کے لیے کافی ہیں۔ تاہم امید یہ ہے کہ جو لوگ خالی الذہن ہیں اور دین کا مقابلہ نہیں کرتے ہیں یہ پاک الفاظ انشاء اللہ تعالیٰ ان پر ضرور اثر کریں گے اور کلام و صاحب کلام کی برکت سے نفع کی توقع ہے نیز دوسرے دوستوں کو اس میں کامیابی کی امیدیں زیادہ ہیں جن کی وجہ سے مخلصین کا اصرار بھی ہے۔ اس لئے اس رسالہ میں صرف نماز کے متعلق چند احادیث کا ترجمہ پیش کرتا ہوں چونکہ نفس تبلیغ کے متعلق بندۂ ناچیز کا ایک مضمون رسالہ فضائل تبلیغ کے نام سے شائع ہوچکا ہے اس وجہ سے اس کو سلسلہ تبلیغ کا نمبر ۲ قرار دیکر فضائل نماز کے ساتھ موسوم کرتا ہوں۔ وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْہِ اُنِیْبُ۔

نماز کے بارے میں تین قسم کے حضرات عام طور سے پائے جاتے ہیں۔ ایک جماعت وہ ہے جو سرے سے نماز ہی کی پرواہ نہیں کرتی، دوسرا گروہ وہ ہے جو نماز تو پڑھتا ہے مگر جماعت کا اہتمام نہیں کرتا، تیسرے وہ لوگ ہیں جو نماز بھی پڑھتے ہیں اور جماعت کا بھی اہتمام کرتے ہیں مگر لاپروائی اور بری طرح سے پڑھتے ہیں اس لئے اس رسالہ میں تینوں مضامین کی مناسبت سے تین باب ذکر کیے گئے ہیں اور ہر باب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاک ارشادات اور ان کا ترجمہ پیش کر دیا ہے مگر ترجمہ میں وضاحت اور سہولت کا لحاظ کیا ہے لفظی ترجمہ کی زیادہ رعایت نہیں کی نیز چونکہ نماز کی تبلیغ کرنے والے اکثر اہل علم بھی ہوتے ہیں اس لیے حدیث کا حوالہ اور اس کے متعلق جو مضامین اہل علم سے تعلق رکھتے تھے وہ عربی میں لکھ دیئے گئے ہیں کہ عوام کو ان سے کچھ فائدہ نہیں ہے اور تبلیغ کرنے والے حضرات کو بسا اوقات ضرورت پڑجاتی ہے اور ترجمہ و فوائد وغیرہ اردو میں لکھ دیئے گئے ہیں۔

باب اوّل نماز کی اہمیت کے بیان میں

اس باب میں دو فصلیں ہیں۔ فصل اوّل میں نماز کی فضیلت کا بیان ہے اور دوسری فصل میں نماز کے چھوڑنے پر جو وعید اور عتاب حدیث میں آیا ہے اس کا بیان ہے۔

فصل اوّل نماز کی فضیلت کے بیان میں

(۱) عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بُنِیَ الْاِسْلَامُ عَلٰی خَمْسٍ شَہَادَۃِ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ وَاِقَامِ الصَّلٰوۃِ وَاِیْتَاءِ الزَّکٰوۃِ وَالْحَجِّ وَصَوْمِ رَمَضَانَ (متفق علیہ) وقال المنذری فی الترغیب رواہ البخاری ومسلم وغیرھما عن غیر واحد من الصحابۃ۔

حضرت عبداللہ بن عُمر رضی اللہ تعالی عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ اسلام کی بنیاد پانچ ستونوں پر ہے سب سے اوّل لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی گواہی دینا یعنی اس بات کا اقرار کرنا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں اس کے بعد نماز کا قائم کرنا، زکوٰۃ ادا کرنا حج کرنا، رمضان المبارک کے روزے رکھنا۔

ف:۔ یہ پانچوں چیزیں ایمان کے بڑے اُصول اور اہم ارکان ہیں، نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وسلم نے اس پاک حدیث میں بطور مثال کے اسلام کو ایک خیمہ کے ساتھ تشبیہ دی ہے جو پانچ ستونوں پر قائم ہوتا ہے پس کلمہ شہادت خیمہ کی درمیانی لکڑی کی طرح ہے اور بقیہ چاروں ارکان بمنزلہ اُن چار ستونوں کے ہیں جو چاروں کونوں پر ہوں، اگر درمیانی لکڑی نہ ہو تو خیمہ کھڑا ہو ہی نہیں سکتا، اور اگر یہ لکڑی موجود ہو چاروں طرف کے کونوں میں کوئی سی لکڑی نہ ہو تو خیمہ قائم تو ہو جائے گا لیکن جونسے کونے کی لکڑی نہیں ہوگی وہ جانب ناقص اور گری ہوئی ہوگی۔ اس پاک ارشاد کے بعد اب ہم لوگوں کو اپنی حالت پر خود ہی غور کر لینا چاہیے کہ اسلام کے اس خیمہ کو ہم نے کس درجہ تک قائم رکھا ہے اور اسلام کا کون سا رکن ایسا ہے جس کو ہم نے پورے طور پر سنبھال رکھا ہے۔ اسلام کے یہ پانچوں ارکان نہایت اہم ہیں، حتّٰی کہ اسلام کی بنیاد انھیں کو قرار دیا گیا ہے۔ اور ایک مسلمان کے لیے بحیثیت مسلمان ہونے کے ان سب کا اہتمام نہایت ضروری ہے مگر ایمان کے بعد سب سے اہم چیز نماز ہے۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں کہ میں

نے حضور سے دریافت کیا کہ اللہ تعالیٰ شانہٗ کے یہاں سب سے زیادہ محبوب عمل کونسا ہے۔ ارشاد فرمایا کہ نماز۔ میں نے عرض کیا کہ اس کے بعد کیا ہے۔ ارشاد فرمایا کہ والدین کے ساتھ حسنِ سلوک۔ میں نے عرض کیا اس کے بعد کونسا ہے۔ ارشاد فرمایا، جہاد۔ ملّا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ اس حدیث میں علماء کے اس قول کی دلیل ہے کہ ایمان کے بعد سب سے مقدم نماز ہے اس کی تائید اس حدیث صحیح سے بھی ہوتی ہے جس میں ارشاد ہے الصلوٰۃ خیر موضوع یعنی بہترین عمل جو اللہ تعالیٰ نے بندوں کے لیے مقرر فرمایا وہ نماز ہے۔ اھ۔ اور احادیث میں کثرت سے یہ مضمون صاف اور صحیح حدیثوں میں نقل کیا گیا کہ تمہارے اعمال میں سب سے بہتر عمل نماز ہے چنانچہ جامع صغیر میں حضرت ثوبانؓ، ابن عمرؓ وسلمہ ابوامامہ عبادۃ رضی اللہ عنہم پانچ صحابہؓ سے یہ حدیث نقل کی گئی ہے اور حضرت ابن مسعودؓ و انسؓ سے اپنے وقت پر نماز پڑھنا افضل ترین عمل نقل کیا گیا ہے[1] حضرت ابن عمرؓ اور اُمّ فروہؓ سے اول وقت نماز پڑھنا نقل کیا گیا ہے۔ مقصد سب کا قریب ہی قریب ہے۔

(۲) عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَرَجَ فِی الشِّتَاءِ وَالْوَرَقُ یَتَھَافَتُ فَاَخَذَ بِغُصْنَیْنِ مِنْ شَجَرَۃٍ قَالَ فَجَعَلَ ذٰلِکَ الْوَرَقُ یَتَھَافَتُ فَقَالَ یَا اَبَا ذَرٍّ قُلْتُ لَبَّیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ اِنَّ الْعَبْدَ الْمُسْلِمَ لَیُصَلِّی الصَّلٰوۃَ یُرِیْدُ بِھَا وَجْہَ اللّٰہِ فَتَھَافَتُ عَنْہُ ذُنُوْبُہٗ کَمَا تَھَافَتُ ھٰذَا الْوَرَقُ عَنْ ھٰذِہِ الشَّجَرَۃِ
(رواہ احمد باسناد حسن کذا فی الترغیب)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سردی کے موسم میں باہر تشریف لائے اور پتّے درختوں پر سے گر رہے تھے۔ آپؐ نے ایک درخت کی ٹہنی ہاتھ میں لی اس کے پتّے اور بھی گرنے لگے۔ آپؐ نے فرمایا اے ابوذر مسلمان بندہ جب اخلاص سے اللہ کے لیے نماز پڑھتا ہے تو اس سے اس کے گناہ ایسے ہی گرتے ہیں جیسے یہ پتّے درخت سے گر رہے ہیں۔

ف: سردی کے موسم میں درختوں کے پتّے ایسی کثرت سے گرتے ہیں کہ بعضے درختوں پر ایک بھی پتّہ نہیں رہتا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا پاک ارشاد ہے کہ اِخلاص سے نماز پڑھنے کا اثر بھی یہی ہے کہ سارے گناہ معاف ہوجاتے ہیں ایک بھی نہیں رہتا۔ مگر ایک بات قابلِ لحاظ ہے۔ علماء کی تحقیق آیاتِ قرآنیہ اور احادیث نبویہ کی وجہ سے یہ ہے کہ نماز وغیرہ عبادات سے صرف گناہ صغیرہ معاف ہوتے ہیں، کبیرہ گناہ بغیر توبہ کے معاف نہیں ہوتا، اس لیے نماز کے ساتھ توبہ اور استغفار کا اہتمام بھی کرنا چاہیے اس سے غافل نہ ہونا چاہیے۔ البتہ حق تعالیٰ شانہٗ اپنے فضل سے کسی کے کبیرہ گناہ بھی معاف فرمادیں تو دوسری بات ہے۔ (رواہ احمد ورجالہ محتج بھم فی الصحیح الا علی بن زید کذا فی الترغیب)

[1] جامع الصغیر

(۳) عَنْ اَبِیْ عُثْمَانَ قَالَ کُنْتُ مَعَ سَلْمَانَ تَحْتَ شَجَرَۃٍ فَاَخَذَ غُصْنًا مِّنْھَا یَابِسًا فَھَزَّہٗ حَتّٰی تَحَاتَّ وَرَقُہٗ ثُمَّ قَالَ یَا اَبَا عُثْمَانَ اَلَا تَسْاَلُنِیْ لِمَ اَفْعَلُ ھٰذَا قُلْتُ لِمَ تَفْعَلُہٗ قَالَ ھٰکَذَا فَعَلَ بِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَنَا مَعَہٗ تَحْتَ الشَّجَرَۃِ وَاَخَذَ مِنْھَا غُصْنًا یَابِسًا فَھَزَّہٗ حَتّٰی تَحَاتَّ وَرَقُہٗ فَقَالَ یَا سَلْمَانُ اَلَا تَسْاَلُنِیْ لِمَ اَفْعَلُ ھٰذَا قُلْتُ وَلِمَ تَفْعَلُہٗ قَالَ اِنَّ الْمُسْلِمَ اِذَا تَوَضَّاَ فَاَحْسَنَ الْوُضُوْءَ ثُمَّ صَلَّی الصَّلَوٰتِ الْخَمْسَ تَحَاتَّتْ خَطَایَاہُ کَمَا تَحَاتَّ ھٰذَا الْوَرَقُ وَقَالَ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ طَرَفَیِ النَّھَارِ وَزُلَفًا مِّنَ اللَّیْلِ اِنَّ الْحَسَنَاتِ یُذْھِبْنَ السَّیِّاٰتِ ذٰلِکَ ذِکْرٰی لِلذّٰکِرِیْنَ (رواہ احمد والنسائی والطبرانی)

ابو عثمانؒ کہتے ہیں کہ میں حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایک درخت کے نیچے تھا، انھوں نے اس درخت کی ایک خشک ٹہنی پکڑ کر اس کو حرکت دی جس سے اس کے پتے گر گئے پھر مجھ سے کہنے لگے کہ ابو عثمان تم نے مجھ سے یہ نہ پوچھا کہ میں نے یہ کیوں کیا میں نے کہا بتا دیجئے کیوں کیا انھوں نے کہا کہ میں ایک دفعہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک درخت کے نیچے تھا آپ نے بھی درخت کی ایک خشک ٹہنی پکڑ کر اسی طرح کیا تھا جس سے اس ٹہنی کے پتے جھڑ گئے تھے پھر حضورؐ نے ارشاد فرمایا تھا کہ سلمان پوچھتے نہیں کہ میں نے اس طرح کیوں کیا۔ میں نے عرض کیا کہ بتا دیجئے کیوں کیا آپ نے ارشاد فرمایا تھا کہ جب مسلمان اچھی طرح سے وضو کرتا ہے پھر پانچوں نمازیں پڑھتا ہے تو اس کی خطائیں اس سے ایسی ہی گر جاتی ہیں جیسے یہ پتے گرتے ہیں پھر آپ نے قرآن کی آیۃ اقم الصلوٰۃ طرفی النہار تلاوت فرمائی جس کا ترجمہ یہ ہے کہ قائم کرنا نماز کو دن کے دونوں سروں میں اور رات کے کچھ حصوں میں، بیشک نیکیاں دور کر دیتی ہیں گناہوں کو، یہ نصیحت ہے نصیحت ماننے والوں کے لیے۔

ف: حضرت سلمان نے جو عمل کر کے دکھایا، یہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے تعشق کی ادنیٰ مثال ہے جب کسی شخص کو کسی سے عشق ہوتا ہے اس کی ہر ادا بھاتی ہے اور اسی طرح ہر کام کے کرنے کو جی چاہا کرتا ہے جس طرح محبوب کو کرتے دیکھتا ہے۔ جو لوگ محبت کا ذائقہ چکھ چکے ہیں وہ اس کی حقیقت سے اچھی طرح واقف ہیں۔ اسی طرح صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد نقل کرنے میں اکثر ان افعال کی بھی نقل کرتے تھے جو اس ارشاد کے وقت حضورؐ نے کیے تھے۔ نماز کا اہتمام اور اس کی وجہ سے گناہوں کا معاف ہونا جس کثرت سے روایات میں ذکر کیا گیا ہے اس کا احاطہ دشوار ہے۔ پہلے بھی متعدد روایات میں یہ مضمون گزر چکا ہے علماء نے اس کو صغیرہ گناہوں کے ساتھ مخصوص کیا ہے جیسا پہلے معلوم ہو چکا۔ مگر احادیث میں صغیرہ کبیرہ کی کچھ قید نہیں ہے مطلق گناہوں کا ذکر ہے۔ میرے

والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے تعلیم کے وقت اس کی دو وجہیں ارشاد فرمائی تھیں، ایک یہ کہ مسلمان کی شان سے یہ بعید ہے کہ اُس کے ذِمّہ کوئی کبیرہ ہو۔ اوّلاً تو اس سے گناہ کبیرہ کا صادر ہونا ہی مشکل ہے اور اگر ہو بھی گیا تو بغیر توبہ کے اس کو چین آنا مشکل ہے۔ مسلمان کی مسلمانی شان کا مقتضیٰ یہ ہے کہ جب اس سے کبیرہ صادر ہو جائے تو اتنے رُو پیٹ کر اس کو دھو نہ لے اس کو چین نہ آئے۔ البتہ صغیرہ گناہ ایسے ہیں کہ ان کی طرف بسا اوقات التفات نہیں ہوتا ہے اور ذمہ پر رہ جاتے ہیں جو نماز وغیرہ سے معاف ہو جاتے ہیں۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ جو شخص اخلاص سے نماز پڑھے گا اور آداب و مستحبات کی رعایت رکھے گا وہ خود ہی نہ معلوم کتنی مرتبہ توبہ استغفار کرے گا اور نماز میں التحیات کی آخیر دُعا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ الخ میں تو توبہ و استغفار خود ہی موجود ہے۔ ان روایات میں وضو کو بھی اچھی طرح سے کرنے کا حکم ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ اس کے آداب اور مستحبات کی تحقیق کر کے ان کا اہتمام کرے مثلاً ایک سنت اس کی مسواک ہی ہے جس کی طرف عام طور پر بے توجہی ہے، حالانکہ حدیث میں وارد ہے کہ جو نماز مسواک کر کے پڑھی جائے وہ اس نماز سے جو بلا مسواک پڑھی جائے ستّر درجہ[1] افضل ہے ایک حدیث میں وارد ہے کہ مسواک کا اہتمام کیا کرو اس میں دس فائدے ہیں۔ مُنہ کو صاف کرتی ہے اللہ کی رضا کا سبب ہے، شیطان کو غصہ دلاتی ہے، مسواک کرنے والے کو اللہ تعالیٰ محبوب رکھتے ہیں اور فرشتے محبوب رکھتے ہیں۔ مسوڑھوں کو قوت دیتی ہے۔ بلغم کو قطع کرتی ہے۔ منہ میں خوشبو پیدا کرتی ہے، صفرا کو دور کرتی ہے، نگاہ کو تیز کرتی ہے، منہ کی بدبو کو زائل کرتی ہے اور اس سب کے علاوہ یہ ہے کہ سنت ہے (منبہات ابن حجر) علماء نے لکھا ہے کہ مسواک کے اہتمام میں ستّر فائدے ہیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ مرتے وقت کلمہ شہادت پڑھنا نصیب ہوتا ہے اور اس کے بالمقابل افیون کھانے میں ستّر مضرتیں ہیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ مرتے وقت کلمہ یاد نہیں آتا۔ اچھی طرح وضو کرنے کے فضائل احادیث میں بڑی کثرت سے آئے ہیں۔ وضو کے اعضاء قیامت میں روشن اور چمکدار ہوں گے اور اس سے حضورؐ فوراً اپنے اُمتی کو پہچان جائیں گے۔

(۲) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَرَاَیْتُمْ لَوْاَنَّ نَهْرًا بِبَابِ اَحَدِكُمْ یَغْتَسِلُ فِیْهِ كُلَّ یَوْمٍ خَمْسَ مَرَّاتٍ هَلْ یَبْقٰی مِنْ دَرَنِهٖ شَیْئٌ قَالُوْا لَا یَبْقٰی مِنْ دَرَنِهٖ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے ایک مرتبہ ارشاد فرمایا بتاؤ اگر کسی شخص کے دروازہ پر ایک نہر جاری ہو جس میں وہ پانچ مرتبہ روزانہ غسل کرتا ہو کیا اس کے

---

[1] دیکھو رسالہ فضائل مسواک۔

شَیْءٌ قَالَ فَکَذٰلِکَ مَثَلُ الصَّلَوٰتِ الْخَمْسِ یَمْحُوا اللّٰہُ بِہِنَّ الْخَطَایَا رواہ البخاری ومسلم والترمذی والنسائی ورواہ ابن ماجۃ من حدیث عثمان کذا فی الترغیب۔

بدن پر کچھ میل باقی رہے گا۔ صحابہؓ نے عرض کیا کہ کچھ بھی باقی نہیں رہے گا حضورؐ نے فرمایا کہ یہی حال پانچوں نمازوں کا ہے کہ اللہ جل شانہٗ ان کی وجہ سے گناہوں کو زائل کر دیتے ہیں حضرت

۲۔ عَنْ جَابِرٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الصَّلَوٰتِ الْخَمْسِ کَمَثَلِ نَہْرٍ جَارٍ غَمْرٍ عَلٰی بَابِ اَحَدِکُمْ یَغْتَسِلُ مِنْہُ کُلَّ یَوْمٍ خَمْسَ مَرَّاتٍ رواہ مسلم کذا فی الترغیب۔

جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ پانچوں نمازوں کی مثال ایسی ہے کہ کسی کے دروازے پر ایک نہر ہو جس کا پانی جاری ہو اور بہت گہرا ہو اس میں روزانہ پانچ دفعہ غسل کرے۔

ف:۔ جاری پانی گندگی وغیرہ سے پاک ہوتا ہے اور پانی جتنا بھی گہرا ہوگا اتنا ہی صاف شفاف ہوگا اسی لیے اس حدیث میں اس کا جاری ہونا اور گہرا ہونا فرمایا گیا ہے اور جتنے صاف پانی سے آدمی غسل کرے گا اتنی ہی صفائی بدن پر آئے گی۔ اسی طرح نمازوں کی وجہ سے اگر آداب کی رعایت رکھتے ہوئے پڑھی جائیں تو گناہوں سے صفائی حاصل ہوتی ہے۔ جس قسم کا مضمون اور دو حدیثوں میں ارشاد ہوا ہے اس قسم کا مضمون کئی حدیثوں میں مختلف صحابہؓ سے مختلف الفاظ میں نقل کیا گیا ہے ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل کیا گیا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا پانچوں نمازیں درمیانی اوقات کے لیے کفارہ ہیں یعنی ایک نماز سے دوسری نماز تک جو صغیرہ گناہ ہوتے ہیں وہ نماز کی برکت سے معاف ہو جاتے ہیں۔ اس کے بعد حضورؐ نے ارشاد فرمایا مثلاً ایک شخص کا کوئی کارخانہ ہے جس میں وہ کچھ کاروبار کرتا ہے جس کی وجہ سے اس کے بدن پر کچھ گرد و غبار میل کچیل لگ جاتا ہے اور اس کے کارخانے اور مکان کے درمیان میں پانچ نہریں پڑتی ہیں جب وہ کارخانہ سے گھر جاتا ہے تو ہر نہر پر غسل کرتا ہے، اسی طرح سے پانچوں نمازوں کا حال ہے کہ جب کبھی درمیانی اوقات میں کچھ خطا لغزش وغیرہ ہو جاتی تو نمازوں میں دعا استغفار کرنے سے اللہ جل شانہٗ بالکل اس کو معاف فرما دیتے ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مقصود اس قسم کی مثالوں سے اس امر کا سمجھا دینا ہے کہ اللہ جل شانہٗ نے نماز کو گناہوں کی معافی میں بہت قوی تاثیر عطا فرمائی ہے اور چونکہ مثال سے بات ذرا اچھی طرح سمجھ میں آجاتی ہے اس لیے مختلف مثالوں سے حضورؐ نے اس مضمون کو واضح فرمایا ہے۔ اللہ جل شانہٗ کی اس رحمت اور وسعت مغفرت

اور لطف و انعام اور کرم سے ہم لوگ فائدہ نہ اُٹھائیں تو کسی کا کیا نقصان ہے اپنا ہی کچھ کھوتے ہیں ہم لوگ گناہ کرتے ہیں نافرمانیاں کرتے ہیں، حکم عدولیاں کرتے ہیں، تعمیل ارشاد میں کوتاہیاں کرتے ہیں، اس کا مقتضیٰ یہ تھا کہ قادر عادل بادشاہ کے یہاں ضرور سزا ہوتی اور اپنے کئے کو بھگتتے، مگر اللہ کے کرم کے قربان کہ جس نے اپنی نافرمانیاں اور حکم عدولیاں کرنے کی تلافی کا طریقہ بھی بتا دیا اگر ہم اس سے نفع حاصل نہ کریں تو ہماری حماقت ہے۔ حق تعالیٰ شانہٗ کی رحمت اور لطف تو عطا کے واسطے بہانے ڈھونڈتے ہیں۔ ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ جو شخص سوتے ہوئے یہ ارادہ کرے کہ تہجد پڑھوں گا اور پھر آنکھ نہ کھلے تو اس کا ثواب اس کو ملے گا اور سونا مفت میں رہا۔ کیا ٹھکانہ ہے اللہ کی دین اور عطا کا اور جو کریم اس طرح عطائیں کرتا ہو اس سے نہ لینا کتنی سخت محرومی اور کتنا زبردست نقصان ہے۔

(۵) عَنْ حُذَيْفَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا حَزَبَهٗ أَمْرٌ فَزِعَ إِلَى الصَّلٰوةِ (اخرجه احمد وابو داؤد وابن جرير كذا في الدر المنثور)

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی سخت امر پیش آتا تھا تو نماز کی طرف فوراً متوجہ ہوتے تھے۔

ف: نماز اللہ کی بڑی رحمت ہے اس لیے ہر پریشانی کے وقت میں ادھر متوجہ ہو جانا گویا اللہ کی رحمت کی طرف متوجہ ہو جانا ہے اور جب رحمت الٰہی مساعد و مددگار ہو تو پھر کیا مجال ہے کسی پریشانی کی کہ باقی رہے بہت سی روایتوں میں مختلف طور سے یہ مضمون وارد ہوا ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین جو ہر قدم پر حضور کا اتباع فرمانے والے ہیں ان کے حالات میں بھی یہ چیز نقل کی گئی ہے۔ حضرت ابو درداؓ فرماتے ہیں کہ جب آندھی چلتی تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم فوراً مسجد میں تشریف لے جاتے تھے اور جب تک آندھی بند نہ ہو جاتی مسجد سے نہ نکلتے۔ اسی طرح جب سورج یا چاند گرہن ہو جاتا تو حضورؐ فوراً نماز کی طرف متوجہ ہو جاتے۔ حضرت صہیبؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ پہلے انبیاءؑ کا بھی یہی معمول تھا کہ ہر پریشانی کے وقت نماز کی طرف متوجہ ہو جاتے تھے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ سفر میں تھے راستہ میں اطلاع ملی کہ بیٹے کا انتقال ہو گیا۔ اونٹ سے اترے دو رکعت نماز پڑھی پھر اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ پڑھا اور پھر فرمایا کہ ہم نے وہ کیا جس کا اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا ہے اور قرآن پاک کی آیت وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ تلاوت کی۔ ایک اور قصہ اسی قسم کا نقل کیا گیا ہے کہ حضرت ابن عباسؓ تشریف لیے جا رہے تھے راستہ میں ان کے بھائی قثم کے انتقال کی خبر ملی راستہ سے ایک طرف کو ہو کر اونٹ سے اترے دو رکعت نماز پڑھی اور التحیات میں بہت دیر تک دعائیں پڑھتے رہے۔ اس کے بعد اُٹھے اور اونٹ پر سوار ہوئے اور قرآن پاک کی آیت وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ

لہ ترغیب

تلاوت فرمائی۔ (ترجمہ) اور مدد حاصل کرو صبر کے ساتھ اور نماز کے ساتھ، اور بیشک وہ نماز دشوار ضرور ہے مگر جن کے دلوں میں خشوع ہے اُن پر کچھ دشوار نہیں۔ خشوع کا بیان تیسرے باب میں مفصل آتا ہے۔ انہیں کا ایک اور قصہ ہے کہ ازواجِ مطہرات رضؓ میں سے کسی کے انتقال کی خبر ملی تو سجدہ میں گر گئے کسی نے دریافت کیا کہ یہ کیا بات تھی، آپ نے فرمایا کہ حضورؐ کا ہم کو یہی ارشاد ہے کہ جب کوئی حادثہ دیکھو تو سجدہ میں (یعنی نماز میں) مشغول ہو جاؤ اس سے بڑا حادثہ اور کیا ہوگا کہ ام المومنین رضؓ کا انتقال ہو گیا۔[1]

حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کے انتقال کا وہ وقت جب قریب آیا تو لوگ وہاں موجود تھے اُن سے فرمایا کہ میں ہر شخص کو اس سے روکتا ہوں کہ مجھے روئے اور میری روح نکل جائے تو ہر شخص وضو کرے اور اچھی طرح سے آداب کی رعایت رکھتے ہوئے وضو کرے پھر مسجد میں جائے اور نماز پڑھ کر میرے واسطے استغفار کرے اس لیے کہ اللہ جل شانہٗ نے وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ کا حکم فرمایا ہے اس کے بعد مجھے قبر کے گڑھے میں پہونچا دینا۔ حضرت ام کلثوم رضؓ کے خاوند حضرت عبدالرحمٰن رضؓ بیمار تھے اور ایک دفعہ ایسی سکتہ کی سی حالت ہو گئی کہ سب نے انتقال ہو جانا تجویز کر لیا۔ حضرت ام کلثوم رضؓ اٹھیں اور نماز کی نیت باندھ لی، نماز سے فارغ ہوئیں تو حضرت عبدالرحمٰن رضؓ کو بھی افاقہ ہوا لوگوں سے پوچھا کیا میری حالت موت کی سی ہو گئی تھی۔ لوگوں نے عرض کیا جی ہاں، فرمایا کہ دو فرشتے میرے پاس آئے اور مجھ سے کہا کہ چلو احکم الحاکمین کی بارگاہ میں تمہارا فیصلہ ہونا ہے وہ مجھے لے جانے لگے تو ایک تیسرے فرشتے آئے اور ان دونوں سے کہا کہ تم چلے جاؤ یہ ان لوگوں میں ہیں جن کی قسمت میں سعادت اسی وقت لکھ دی گئی تھی جب یہ ماں کے پیٹ میں تھے اور ابھی ان کی اولاد کو ان سے اور فوائد حاصل کرنے ہیں۔ اس کے بعد ایک مہینہ تک حضرت عبدالرحمٰن زندہ رہے پھر انتقال ہوا۔[2]

حضرت نضر رضؓ کہتے ہیں کہ دن میں ایک مرتبہ سخت اندھیرا ہو گیا، میں دوڑا ہوا حضرت انس رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا، میں نے دریافت کیا کہ حضورؐ کے زمانہ میں بھی کبھی ایسی نوبت آئی ہے انہوں نے فرمایا خدا کی پناہ، حضورؐ کے زمانہ میں تو ذرا بھی ہوا تیز چلتی تھی تو ہم سب مسجدوں کو دوڑ جاتے تھے کہ کہیں قیامت تو نہیں آ گئی۔[3] عبداللہ بن سلام رضؓ کہتے ہیں کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والوں پر کسی قسم کی تنگی پیش آتی تو ان کو نماز کا حکم فرمایا کرتے اور یہ آیت تلاوت فرماتے وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا لَا نَسْئَلُكَ رِزْقًا الآیۃ۔ اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم کرتے رہیے اور خود بھی اس کا اہتمام کیجیے ہم آپ سے روزی کموانا نہیں چاہتے روزی تو آپ کو ہم دیں گے۔ ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ جس شخص کو کوئی بھی ضرورت پیش آئے دینی ہو یا دنیوی اس کا تعلق

[1] ابوداؤد [2] درمنثور [3] ابوداؤد

مالک الملک سے ہو یا کسی آدمی سے اس کو چاہیئے کہ بہت اچھی طرح وضو کرے پھر دو رکعت نماز پڑھے پھر اللہ جل شانہ کی حمد و ثنا کرے اور پھر درود شریف پڑھے۔ اسکے بعد یہ دعا پڑھے تو انشاء اللہ اس کی حاجت ضرور پوری ہو گی دعا یہ ہے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

وَہب بن مُنَبِّہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ سے حاجتیں نماز کے ذریعہ طلب کی جاتی ہیں اور پہلے لوگوں کو جب کوئی حادثہ پیش آتا تھا وہ نماز ہی کی طرف متوجہ ہوتے تھے جس پر بھی کوئی حادثہ گذرتا وہ جلدی سے نماز کی طرف رجوع کرتا، کہتے ہیں کوفہ میں ایک قلی تھا جس پر لوگوں کو بہت اعتماد تھا امین ہونے کی وجہ سے تاجروں کا سامان روپیہ وغیرہ بھی لے جاتا، ایک مرتبہ وہ سفر میں جارہا تھا راستہ میں ایک شخص اس کو ملا، پوچھا کہاں کا ارادہ ہے، قلی نے کہا فلاں شہر کا وہ کہنے لگا کہ مجھے بھی جانا ہے میں پاؤں چل سکتا تو تیرے ساتھ ہی چلتا کیا یہ ممکن ہے کہ ایک دینار کرایہ پر مجھے خچر پر سوار کرلے۔ قلی نے اس کو منظور کرلیا وہ سوار ہوگیا۔ راستہ میں ایک دوراہہ ملا، سوار نے پوچھا کدھر کو چلنا چاہیئے۔ قلی نے شارع عام کا راستہ بتایا۔ سوار نے کہا یہ دوسرا راستہ قریب کا ہے اور جانور کے لیے بھی سہولت کا ہے کہ سبزہ اس پر خوب ہے۔ قلی نے کہا میں نے یہ راستہ دیکھا نہیں۔ سوار نے کہا کہ میں بارہا اس راستہ پر چلا ہوں قلی نے کہا اچھی بات ہے۔ اسی راستہ کو چلے۔ تھوڑی دور چل کر وہ راستہ ایک وحشتناک جنگل پر ختم ہوگیا جہاں بہت سے مُردے پڑے تھے۔ وہ شخص سواری سے اترا اور کمر سے خنجر نکال کر قلی کے قتل کرنے کا ارادہ کیا، قلی نے کہا کہ ایسا نہ کر یہ خچر اور سامان سب کچھ لے لے یہی تیرا مقصود ہے مجھے قتل نہ کر اس نے نہ مانا اور قسم کھا لی کہ پہلے تجھے ماروں گا پھر یہ سب کچھ لوں گا۔ اس نے بہت عاجزی کی مگر اس ظالم نے ایک بھی نہ مانی۔ قلی نے کہا اچھا مجھے دو رکعت آخری نماز پڑھنے دے، اس نے قبول کیا اور ہنس کر کہا جلدی سے پڑھ لے، ان مُردوں نے بھی یہی درخواست کی تھی مگر ان کی نماز نے کچھ بھی کام نہ دیا۔ اس قلی نے نماز شروع کی، الحمد شریف پڑھ کر سورت بھی یاد نہ آئی۔ اُدھر وہ ظالم کھڑا تقاضا کر رہا تھا کہ جلدی ختم کر بے اختیار اس کی زبان پر یہ آیت جاری ہوئی اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ الآیۃ: یہ پڑھ رہا تھا اور رو رہا تھا کہ ایک سوار نمودار ہوا جس کے سر پر چمکتا ہوا خود (لوہے کی ٹوپی) تھا اس نے نیزہ مار کر اس ظالم کو ہلاک کر دیا، جس جگہ وہ ظالم مر کر گرا آگ

کے شعلے اس جگہ سے اٹھنے لگے۔ یہ نمازی بے اختیار سجدہ میں گر گیا، اللہ کا شکر ادا کیا۔ نماز کے بعد اس سوار کی طرف دوڑا، اس سے پوچھا کہ خدا کے واسطے اتنا بتا دو کہ تم کون ہو کیسے آئے، اس نے کہا کہ میں اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ کا غلام ہوں اب تم مامون ہو جہاں چاہے جاؤ۔ یہ کہہ کر چلا گیا[1] درحقیقت نماز ایسی ہی بڑی دولت ہے کہ اللہ کی رضا کے علاوہ دنیا کے مصائب سے بھی اکثر نجات کا سبب ہوتی ہے اور سکونِ قلب تو حاصل ہوتا ہی ہے۔ ابن سیرینؒ کہتے ہیں کہ اگر مجھے جنت کے جانے میں اور دو رکعت نماز پڑھنے میں اختیار دیدیا جائے تو میں دو رکعت ہی کو اختیار کروں گا۔ اس لیے کہ جنت میں جانا میری اپنی خوشی کے واسطے ہے اور دو رکعت نماز میں میرے مالک کی رضا ہے۔ حضورؐ کا ارشاد ہے بڑا قابلِ رشک ہے وہ مسلمان جو ہلکا پھلکا ہو (یعنی اہل و عیال کا زیادہ بوجھ نہ ہو) نماز سے وافر حصہ اس کو ملا ہو، روزی صرف گذارے کے قابل ہو جس پر صبر کرکے عمر گذار دے اللہ کی عبادت اچھی طرح کرتا ہو۔ گمنامی میں پڑا ہو، جلدی سے مرجاوے، نہ میراث زیادہ ہو، نہ رونے والے زیادہ ہوں[2] ایک حدیث میں آیا ہے کہ اپنے گھر میں نماز کثرت سے پڑھا کرو گھر کی خیر میں اضافہ ہوگا[3]

(۶) عَنْ اَبِیْ مُسْلِمِ التَّغْلِبِیِّ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰی اَبِیْ اُمَامَةَ وَهُوَ فِی الْمَسْجِدِ فَقُلْتُ یَا اَبَا اُمَامَةَ اِنَّ رَجُلًا حَدَّثَنِیْ عَنْكَ اَنَّكَ سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ تَوَضَّأَ فَاَسْبَغَ الْوُضُوْءَ غَسَلَ یَدَیْهِ وَوَجْهَهٗ وَمَسَحَ عَلٰی رَاْسِهٖ وَاُذُنَیْهِ ثُمَّ قَامَ اِلٰی صَلٰوةٍ مَفْرُوْضَةٍ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ فِیْ ذٰلِكَ الْیَوْمِ مَا مَشَتْ اِلَیْهِ رِجْلَاهُ وَقَبَضَتْ عَلَیْهِ یَدَاهُ وَسَمِعَتْ اِلَیْهِ اُذُنَاهُ وَنَظَرَتْ اِلَیْهِ عَیْنَاهُ وَحَدَّثَ بِهٖ نَفْسَهٗ مِنْ سُوْءٍ فَقَالَ وَاللّٰهِ لَقَدْ سَمِعْتُهٗ مِنَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِرَارًا۔ رواه احمد والغالب علی سنده الحسن وتقدام له شواهد

ابو مسلمؒ کہتے ہیں کہ میں حضرت ابو امامہؓ کی خدمت میں حاضر ہوا وہ مسجد میں تشریف فرما تھے میں نے عرض کیا کہ مجھ سے ایک صاحب نے آپ کی طرف سے یہ حدیث نقل کی ہے کہ آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ ارشاد سنا ہے جو شخص اچھی طرح وضو کرے اور پھر فرض نماز پڑھے تو حق تعالیٰ جل شانہٗ اس دن وہ گناہ جو چلنے سے ہوئے ہوں اور وہ گناہ جن کو اس کے ہاتھوں نے کیا ہو اور وہ گناہ جو اس کے کانوں سے صادر ہوئے ہوں اور وہ گناہ جن کو اس نے آنکھوں سے کیا ہو اور وہ گناہ جو اس کے دل میں پیدا ہوئے ہوں سب کو معاف فرما دیتے ہیں۔ حضرت ابو امامہؓ نے فرمایا کہ میں نے یہ مضمون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

[1] نزہۃ المجالس [2] الجامع الصغیر [3] الجامع الصغیر

فی الوضوء کذا فی الترغیب قلت وقد روی معنی الحدیث عن ابی امامۃ بطرق فی مجمع الزوائد۔

سے کئی دفعہ سنا ہے۔

ف: یہ مضمون بھی کئی صحابہؓ سے نقل کیا گیا ہے چنانچہ حضرت عثمانؓ، حضرت ابوہریرہؓ، حضرت انسؓ، حضرت عبداللہ صنابحیؒ، حضرت عمروؓ بن عبسہ وغیرہ حضرات سے مختلف الفاظ کے ساتھ متعدد روایات میں ذکر کیا گیا ہے اور جو حضرات اہل کشف ہوتے ہیں ان کو گناہوں کا زائل ہوجانا محسوس بھی ہوجاتا ہے چنانچہ حضرت امام اعظم رضی اللہ عنہ کا قصہ مشہور ہے کہ وضو کا پانی گرتے ہوئے یہ محسوس فرمالیتے تھے کہ کونسا گناہ اس میں ڈھل رہا ہے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد بھی نقل کیا گیا ہے کہ کسی شخص کو اس بات سے مغرور نہیں ہونا چاہیئے اس کا مطلب یہ ہے کہ اس گھمنڈ پر کہ نماز سے گناہ معاف ہوجاتے ہیں گناہوں پر جرأت نہیں کرنا چاہیئے اس لیے کہ ہم لوگوں کی نماز اور عبادات جیسی ہوتی ہیں ان کو اگر حق تعالیٰ جل شانہٗ اپنے لطف اور کرم سے قبول فرمالیں تو ان کا لطف واحسان وانعام ہے ورنہ ہماری عبادتوں کی حقیقت ہمیں خوب معلوم ہے۔ اگرچہ نماز کا یہ اثر ضروری ہے کہ اس سے گناہ معاف ہوتے ہیں مگر ہماری نماز بھی اس قابل ہے اس کا علم اللہ ہی کو ہے اور دوسری بات یہ بھی ہے کہ اس وجہ سے گناہ کرنا کہ میرا مالک کریم ہے معاف کرنے والا ہے انتہائی بے غیرتی ہے اس کی مثال تو ایسی ہوئی کہ کوئی شخص یوں کہے کہ اپنے ان بیٹوں سے جو فلاں کام کریں درگذر کرتا ہوں تو وہ نالائق بیٹے اس وجہ سے کہ باپ نے درگذر کرنے کو کہہ دیا ہے جان جان کر اس کی نافرمانیاں کریں۔

(۷) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَؓ قَالَ کَانَ رَجُلَانِ مِنْ بَلِیٍّ حَیٌّ مِنْ قُضَاعَةَ اَسْلَمَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتُشْهِدَ اَحَدُهُمَا وَاُخِّرَ الْاٰخَرُ سَنَةً قَالَ طَلْحَةُ بْنُ عُبَیْدِ اللّٰهِ فَرَاَیْتُ الْمُؤَخَّرَ مِنْهُمَا اُدْخِلَ الْجَنَّةَ قَبْلَ الشَّهِیْدِ فَتَعَجَّبْتُ لِذٰلِكَ فَاَصْبَحْتُ فَذَکَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَوْ ذُکِرَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ اَلَیْسَ قَدْ صَامَ بَعْدَهٗ رَمَضَانَ وَصَلّٰی سِتَّةَ اٰلَافِ رَکْعَةٍ وَکَذَا وَکَذَا رَکْعَةً

حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ ایک قبیلہ کے دو صحابی ایک ساتھ مسلمان ہوئے ان میں سے ایک صاحب جہاد میں شہید ہوگئے اور دوسرے صاحب کا ایک سال بعد انتقال ہوا۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ وہ صاحب جن کا ایک سال بعد انتقال ہوا تھا ان شہید سے بھی پہلے جنت میں داخل ہوگئے تو مجھے بڑا تعجب ہوا کہ شہید کا درجہ تو بہت اونچا ہے وہ پہلے جنت میں داخل ہوتے میں نے حضورؐ سے خود عرض کیا، یا کسی اور نے عرض کیا تو حضور اقدس

صَلٰوۃِ سَنَۃٍ رواہ احمد باسناد حسن ورواہ ابن ماجۃ وابن حبان فی صحیحہ والبیھقی کلھم عن طلحۃ بنحوہ اطول منہ وزاد ابن ماجۃ وابن حبان فی اٰخرہ فلما بینھما اطول ما بین السماء والارض کذا فی الترغیب ولفظ احمد فی النسخۃ التی بایدینا اوکذا وکذا رکعۃ بلفظ او وفی الدر اخرجہ مالک واحمد والنسائی وابن خزیمۃ والحاکم وصححہ والبیھقی فی شعب الایمان عن عامر بن سعد قال سمعت سعدا وناسا من الصحابۃ یقولون کان رجلان اخوان فی عھد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وکان احدھما افضل من الاٰخر فتوفی الذی ھو افضلھما ثم عمر الاٰخر بعدہ اربعین لیلۃ الحدیث وقد اخرج ابو داؤد بمعنی حدیث الباب من حدیث عبید بن خالد بلفظ قتل احدھما ومات الاٰخر بعدہ بجمعۃ الحدیث۔

صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جن صاحب کا بعد میں انتقال ہوا ان کی نیکیاں نہیں دیکھتے کتنی زیادہ ہوگئیں ایک رمضان المبارک کے پورے روزے بھی ان کے زیادہ ہوئے اور چھ ہزار اور اتنی اتنی رکعتیں نماز کی ایک سال میں ان کی بڑھ گئیں۔

ف:۔ اگر ایک سال کے تمام مہینے انتیس دن کے لگائے جائیں اور صرف فرض اور وتر کی بیس رکعتیں شمار کی جائیں تب بھی چھ ہزار نو سو ساٹھ رکعتیں ہوتی ہیں اور جتنے مہینے تیس دن کے ہوں گے بیس بیس رکعتوں کا اضافہ ہوتا رہے گا۔ اور سنتیں اور نوافل بھی شمار کیے جائیں تو کیا ہی پوچھنا ابن ماجہ میں یہ قصہ اور بھی مفصّل آیا ہے اس میں حضرت طلحہؓ جو خواب دیکھنے والے ہیں وہ خود بیان کرتے ہیں کہ ایک قبیلہ کے دو آدمی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک ساتھ آئے اور اکٹھے ہی مسلمان ہوئے۔ ایک صاحب بہت زیادہ مستعد اور ہمت والے تھے وہ ایک لڑائی میں شہید ہوگئے اور دوسرے صاحب کا ایک سال بعد انتقال ہوا۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ میں جنّت کے دروازے پر کھڑا ہوں اور وہ دونوں صاحب بھی وہاں ہیں۔ اندر سے ایک شخص آئے اور ان صاحب کو جن کا ایک سال بعد انتقال ہوا تھا اندر جانے کی اجازت ہوگئی اور جو صاحب شہید ہوئے تھے وہ کھڑے رہ گئے۔ تھوڑی دیر بعد پھر اندر سے ایک شخص آئے اور ان شہید کو بھی اجازت ہوگئی اور مجھ سے یہ کہا کہ تمہارا ابھی وقت نہیں آیا تم واپس چلے جاؤ۔ میں نے صبح کو لوگوں سے اپنے خواب کا تذکرہ کیا۔ سب کو اس پر تعجب ہوا کہ ان شہید کو بعد میں کیوں اجازت ہوئی۔ ان کو تو پہلے ہونی چاہیئے تھی۔ آخر حضور سے لوگوں نے اس کا تذکرہ کیا تو حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ اس میں تعجب کی کیا بات ہے۔ لوگوں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ وہ شہید بھی ہوئے اور بہت زیادہ مستعد اور ہمت والے بھی تھے اور جنت میں یہ دوسرے صاحب پہلے داخل ہوگئے۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کیا انھوں نے

ایک سال عبادت زیادہ نہیں کی، عرض کیا بے شک کی۔ ارشاد فرمایا، کیا انہوں نے پورے ایک رمضان کے روزے ان سے زیادہ نہیں رکھے، عرض کیا گیا بے شک رکھے۔ ارشاد فرمایا کہ کیا انہوں نے اتنے اتنے سجدے ایک سال کی نمازوں کے زیادہ نہیں کئے۔ عرض کیا گیا بے شک کئے حضورؐ نے فرمایا پھر تو ان دونوں میں آسمان زمین کا فرق ہوگیا۔ اھ۔

اس نوع کے قصے کئی لوگوں کے ساتھ پیش آئے۔ ابو داؤد شریف میں دو صحابہؓ کا قصہ اسی قسم کا صرف آٹھ دن کے فرق سے ذکر کیا گیا ہے کہ دوسرے صاحب کا انتقال ایک ہفتہ بعد ہوا پھر بھی وہ جنت میں پہلے داخل ہوگئے۔ حقیقت میں ہم لوگوں کو اس کا اندازہ نہیں کہ نماز کتنی قیمتی چیز ہے۔ آخر کوئی تو بات ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں بتلائی ہے۔ حضورؐ کی آنکھ کی ٹھنڈک جو انتہائی محبت کی علامت ہے معمولی چیز نہیں۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ دو بھائی تھے ان میں سے ایک چالیس روز پہلے انتقال کر گئے، دوسرے بھائی کا چالیس روز بعد انتقال ہوا پہلے بھائی زیادہ بزرگ تھے، لوگوں نے ان کو بہت بڑھانا شروع کر دیا۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کیا دوسرے بھائی مسلمان نہ تھے۔ صحابہؓ نے عرض کیا کہ بے شک مسلمان تھے مگر معمولی درجہ میں تھے۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا تمہیں کیا معلوم کہ ان چالیس دن کی نمازوں نے ان کو کس درجہ تک پہونچا دیا ہے۔ نماز کی مثال ایک میٹھی اور گہری نہر کی سی ہے جو دروازہ پر جاری ہو آدمی پانچ دفعہ اس میں نہاتا ہو تو اس کے بدن پر کیا میل رہ سکتا ہے اس کے بعد پھر دوبارہ حضورؐ نے فرمایا تمہیں کیا معلوم کہ اس کی نمازوں نے جو بعد میں پڑھی گئیں اس کو کس درجہ تک پہونچا دیا۔[1]

(۸) عَنْ اِبْنِ مَسْعُوْدٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ يُبْعَثُ مُنَادٍ عِنْدَ حَضْرَةِ كُلِّ صَلٰوةٍ فَيَقُوْلُ يَا بَنِيْ اٰدَمَ قُوْمُوْا فَاطْفِئُوْا مَا اَوْقَدْتُمْ عَلٰى اَنْفُسِكُمْ فَيَقُوْمُوْنَ فَيَتَطَهَّرُوْنَ وَيُصَلُّوْنَ الظُّهْرَ فَيُغْفَرُ لَهُمْ مَا بَيْنَهُمَا فَاِذَا حَضَرَتِ الْعَصْرُ فَمِثْلُ ذٰلِكَ فَاِذَا حَضَرَتِ الْمَغْرِبُ فَمِثْلُ ذٰلِكَ فَاِذَا حَضَرَتِ الْعَتَمَةُ فَمِثْلُ ذٰلِكَ فَيَنَامُوْنَ فَمُدْلِجٌ فِيْ خَيْرٍ وَّمُدْلِجٌ فِيْ شَرٍّ

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جب نماز کا وقت آتا ہے تو ایک فرشتہ اعلان کرتا ہے کہ اے آدم کی اولاد اٹھو اور جہنم کی اس آگ کو جسے تم نے (گناہوں کی بدولت) اپنے اوپر جلانا شروع کر دیا ہے بجھاؤ۔ چنانچہ (دیندار لوگ) اٹھتے ہیں وضو کرتے ہیں ظہر کی نماز پڑھتے ہیں جس کی وجہ سے اُن کے گناہوں کی (صبح سے ظہر تک کی) مغفرت کر دی جاتی ہے اسی طرح پھر عصر کے وقت پھر

---

[1] (قال المنذری رواہ مالک واللفظ لہ واحمد باسناد حسن والنسائی وابن خزیمۃ فی صحیحہ)

رواہ الطبرانی فی الکبیر کذا فی الترغیب۔ مغرب کے وقت پھر عشار کے وقت (غرض ہر نماز کے وقت یہی صورت ہوتی ہے) عشار کے بعد لوگ سونے میں مشغول ہوجاتے ہیں، اس کے بعد اندھیری میں بعض لوگ برائیوں (زنا کاری بدکاری چوری وغیرہ) کی طرف چل دیتے ہیں اور بعض لوگ بھلائیوں (نماز وظیفہ ذکر وغیرہ) کی طرف چلنے لگتے ہیں۔

فائدہ:۔ حدیث کی کتابوں میں بہت کثرت سے یہ مضمون آیا ہے کہ اللہ جل شانہ اپنے لطف سے نماز کی بدولت گناہوں کو معاف فرماتے ہیں اور نماز میں چونکہ استغفار خود موجود ہے جیساکہ اوپر گذرا اس لئے صغیرہ اور کبیرہ ہر قسم کے گناہ اس میں داخل ہوجاتے ہیں بشرطیکہ دل سے گناہوں پر ندامت ہو خود حق تعالیٰ شانہ کا ارشاد ہے أَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ اللَّيْلِ إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ جیساکہ حدیث ۳ میں گذرا۔

حضرت سلمانؓ ایک بڑے مشہور صحابی ہیں وہ فرماتے ہیں کہ جب عشار کی نماز ہولیتی ہے تو تمام آدمی تین جماعتوں میں منقسم ہوجاتے ہیں۔ ایک وہ جماعت ہے جس کے لیے یہ رات نعمت ہے اور کمائی اور بھلائی ہے یہ وہ حضرات ہیں جو رات کی فرصت کو غنیمت سمجھتے ہیں اور جو لوگ اپنے اپنے راحت و آرام اور سونے میں مشغول ہوجاتے ہیں تو یہ لوگ نماز میں مشغول ہوجاتے ہیں ان کی رات ان کیلیے اجر و ثواب بن جاتی ہے، دوسری وہ جماعت ہے جس کے لیے رات وبال ہے عذاب ہے، یہ وہ جماعت ہے جو رات کی تنہائی اور فرصت کو غنیمت سمجھتی ہے اور گناہوں میں مشغول ہوجاتی ہے ان کی رات ان پر وبال بن جاتی ہے تیسری وہ جماعت ہے جو عشار کی نماز پڑھ کر سو جاتی ہے اس کے لیے نہ وبال ہے نہ کمائی نہ کچھ گیا نہ آیا[1]

(۹) عَنْ أَبِي قَتَادَةَ بْنِ رِبْعِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ تَعَالٰى إِنِّي افْتَرَضْتُ عَلٰى أُمَّتِكَ خَمْسَ صَلَوَاتٍ وَعَهِدْتُ عِنْدِي عَهْدًا أَنَّهُ مَنْ حَافَظَ عَلَيْهِنَّ لِوَقْتِهِنَّ أَدْخَلْتُهُ الْجَنَّةَ فِي عَهْدِي وَمَنْ لَّمْ يُحَافِظْ عَلَيْهِنَّ فَلَا عَهْدَ لَهٗ عِنْدِي كذا فی الدر المنثور روایۃ ابی داؤد و ابن ماجۃ وفیہ ایضا اخرج مالک و ابن ابی شیبۃ واحمد و ابو داؤد والنسائی

حضورؐ کا ارشاد ہے کہ حق تعالیٰ شانہ نے یہ فرمایا کہ میں نے تمہاری امت پر پانچ نمازیں فرض کی ہیں اور اس کا میں نے اپنے لیے عہد کرلیا ہے کہ جو شخص ان پانچوں نمازوں کو ان کے وقت پر ادا کرنے کا اہتمام کرے اس کو اپنی ذمہ داری پر جنت میں داخل کروں گا اور جو ان نمازوں کا اہتمام نہ کرے تو مجھ پر اس کی کوئی ذمہ داری نہیں۔

ف:۔ ایک دوسری حدیث میں یہ مضمون اور

---

[1] درمنثور

وابن ماجة وابن حبان والبیهقی عن عبادة بن الصامت فذکر معنی حدیث الباب مرفوعًا باطول منه۔

وضاحت سے آیا ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ نے پانچ نمازیں فرض فرمائی ہیں جو شخص ان میں لاپروائی سے کسی قسم کی کوتاہی نہ کرے اچھی طرح وضو کرے اور وقت پر ادا کرے خشوع خضوع سے پڑھے حق تعالیٰ شانہٗ کا عہد ہے کہ اس کو جنت میں ضرور داخل فرمائیں گے اور جو شخص ایسا نہ کرے اللہ تعالیٰ کا کوئی عہد اس سے نہیں، چاہے اس کی مغفرت فرمائیں چاہے عذاب دیں. کتنی بڑی فضیلت ہے نماز کی کہ اس کے اہتمام سے اللہ کے عہد میں اور ذمہ داری میں آدمی داخل ہو جاتا ہے ہم دیکھتے ہیں کہ معمولی سا حاکم یا دولت مند کسی شخص کو اطمینان دلادے یا کسی مطالبہ کا ذمہ دار ہو جائے یا کسی قسم کی ضمانت کرلے تو وہ کتنا مطمئن اور خوش ہوتا ہے اور اس حاکم کا کس قدر احسان مند اور گرویدہ بن جاتا ہے. یہاں ایک معمولی عبادت پر جس میں کچھ مشقت بھی نہیں ہے مالک الملک دو جہاں کا بادشاہ عہد کرتا ہے پھر بھی لوگ اس چیز سے غفلت اور لاپروائی کرتے ہیں اس میں کسی کا کیا نقصان ہے اپنی ہی کم نصیبی اور اپنا ہی ضرر ہے۔

(۱۰) عَنِ ابْنِ سَلْمَانَ اَنَّ رَجُلًا مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَدَّثَہٗ قَالَ لَمَّا فَتَحْنَا خَیْبَرَ اَخْرَجُوْا غَنَائِمَھُمْ مِنَ الْمَتَاعِ وَالسَّبْیِ فَجَعَلَ النَّاسُ یَتَبَایَعُوْنَ غَنَائِمَھُمْ فَجَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ لَقَدْ رَبِحْتُ رِبْحًا مَا رَبِحَ الْیَوْمَ مِثْلَہٗ اَحَدٌ مِّنْ اَھْلِ الْوَادِیْ قَالَ وَیْحَكَ وَمَا رَبِحْتَ قَالَ مَا زِلْتُ اَبِیْعُ وَاَبْتَاعُ حَتّٰی رَبِحْتُ ثَلٰثَمِائَةِ اُوْقِیَةٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَا اُنَبِّئُكَ بِخَیْرِ رَجُلٍ رَبِحَ قَالَ مَا ھُوَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ رَکْعَتَیْنِ بَعْدَ الصَّلٰوۃِ۔ اخرجہ ابو داؤد وسکت عنہ المنذری۔

ایک صحابیؓ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ لڑائی میں جب خیبر کو فتح کر چکے تو لوگوں نے اپنے مال غنیمت کو نکالا جس میں متفرق سامان تھا اور قیدی تھے اور خرید فروخت شروع ہوگئی (کہ ہر شخص اپنی ضروریات خریدنے لگا۔ دوسری زائد چیزیں فروخت کرنے لگا) اتنے میں ایک صحابیؓ حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ یارسول اللہ مجھے آج کی اس تجارت میں اس قدر نفع ہوا کہ ساری جماعت میں سے کسی کو بھی اتنا نفع نہیں مل سکا حضورؐ نے تعجب سے پوچھا کہ کتنا کمایا، انھوں نے عرض کیا کہ حضورؐ میں سامان خریدتا رہا اور بیچتا رہا جس میں تین سو اوقیہ چاندی نفع میں بچی۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا میں تمہیں بہترین نفع کی چیز بتاؤں۔ انہوں نے عرض کیا حضورؐ ضرور بتائیں، ارشاد فرمایا کہ فرض نماز کے بعد دو رکعت نفل۔

فائدہ: ایک اُوقیہ چالیس درم کا ہوتا ہے اور ایک درم تقریباً چار آنہ کا۔ تو اس حساب سے تین ہزار روپیہ ہوا جس کے مقابلہ میں دو جہان کے بادشاہ کا ارشاد ہے کہ یہ کیا نفع ہوا۔ حقیقی نفع وہ ہے جو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے رہنے والا اور کبھی نہ ختم ہونے والا ہے۔ اگر حقیقت میں ہم لوگوں کے ایمان ایسے ہی ہو جائیں اور دوؔ رکعت نماز کے مقابلہ میں تین ہزار روپے کی وقعت نہ رہے تو پھر واقعی زندگی کا لطف ہے اور حق یہ ہے کہ نماز ہے ہی ایسی دولت۔ اسی وجہ سے حضورِ اقدس سید البشر فخرِ رسل نے اپنی آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں بتلائی ہے اور وصال کے وقت آخری وصیت جو فرمائی ہے اس میں نماز کے اہتمام کا حکم فرمایا ہے (کنز العمال) متعدد حدیثوں میں اس کی وصیت مذکور ہے۔ منجملہ ان کے حضرت اُمِّ سلمہؓ کہتی ہیں کہ آخری وقت میں جب زبانِ مبارک سے پورے لفظ نہیں نکل رہے تھے اس وقت بھی حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز اور غلاموں کے حقوق کی تاکید فرمائی تھی۔ حضرت علیؓ سے بھی یہی نقل کیا گیا کہ آخری کلام حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا نماز کی تاکید اور غلاموں کے بارے میں اللہ سے ڈرنے کا حکم تھا (جامع صغیر) حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے نجد کی طرف ایک مرتبہ جہاد کے لیے لشکر بھیجا جو بہت ہی جلدی واپس لوٹ آیا اور ساتھ ہی بہت سارا مالِ غنیمت لے کر آیا۔ لوگوں کو بڑا تعجب ہوا کہ اتنی ذرا سی مدت میں ایسی بڑی کامیابی اور مال و دولت کے ساتھ واپس آگیا۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ میں تمہیں اس سے بھی کم وقت میں اس مال سے بہت زیادہ غنیمت اور دولت کمانے والی جماعت بتاؤں یہ وہ لوگ ہیں جو صبح کی نماز میں جماعت میں شریک ہوں اور آفتاب نکلنے تک اسی جگہ بیٹھے رہیں آفتاب نکلنے کے بعد (جب مکروہ وقت جو تقریباً بیسؔ منٹ رہتا ہے نکل جائے) تو دو رکعت (اشراق کی) نماز پڑھیں۔ یہ لوگ بہت تھوڑے سے وقت میں بہت زیادہ دولت کمانے والے ہیں حضرت شقیق بلخیؒ مشہور صوفی اور بزرگ فرماتے ہیں کہ ہم نے پانچ چیزیں تلاش کیں ان کو پانچ جگہ پایا۔ روزی کی برکت چاشت کی نماز میں ملی اور قبر کی روشنی تہجد کی نماز میں ملی منکر نکیر کے سوال کا جواب طلب کیا تو اس کو قرأت میں پایا اور پل صراط کا سہولت سے پار ہونا روزہ اور صدقہ میں پایا۔ اور عرش کا سایہ خلوت میں پایا (نزہۃ المجالس) حدیث کی کتابوں میں نماز کے بارے میں بہت ہی تاکید اور بہت سے فضائل وارد ہوئے ہیں اُن سب کا احاطہ کرنا مشکل ہے تبرکاً چند احادیث کا صرف ترجمہ لکھا جاتا ہے:۔

(۱) حضورؐ کا ارشاد ہے کہ اللہ جل شانہٗ نے میری امت پر سب چیزوں سے پہلے نماز فرض کی اور قیامت میں سب سے پہلے نماز ہی کا حساب ہوگا (۲) نماز کے بارے میں اللہ سے ڈرو، نماز کے بارے میں اللہ سے ڈرو، نماز کے بارے میں اللہ سے ڈرو (۳) آدمی کے اور شرک کے درمیان نماز ہی حائل ہے (۴) اسلام کی علامت نماز ہے جو شخص دل کو فارغ کر کے اور اوقات اور مستحبات کی رعایت رکھ کر نماز پڑھے وہ مومن ہے (۵) حق تعالیٰ شانہٗ نے

کوئی چیز ایمان اور نماز سے افضل فرض نہیں کی اگر اس سے افضل کسی اور چیز کو فرض کرتے تو فرشتوں کو اس کا حکم دیتے، فرشتے دن رات کوئی رکوع میں ہے کوئی سجدے میں (۶) نماز دین کا ستون ہے (۷) نماز شیطان کا منہ کالا کرتی ہے (۸) نماز مومن کا نور ہے (۹) نماز افضل جہاد ہے (۱۰) جب آدمی نماز میں داخل ہوتا ہے تو حق تعالیٰ شانہٗ اس کی طرف پوری توجہ فرماتے ہیں وہ جب نماز سے ہٹ جاتا تو وہ بھی توجہ ہٹا لیتے ہیں (۱۱) جب کوئی آفت آسمان سے اترتی ہے تو مسجد کے آباد کرنے والوں سے ہٹ جاتی ہے (۱۲) اگر آدمی کسی وجہ سے جہنم میں جاتا ہے تو اس کی آگ سجدے کی جگہ کو نہیں کھاتی (۱۳) اللہ نے سجدہ کی جگہ کو آگ پر حرام فرمادیا ہے (۱۴) سب سے زیادہ پسندیدہ عمل اللہ کے نزدیک وہ نماز ہے جو وقت پر پڑھی جائے (۱۵) اللہ جل شانہٗ کو آدمی کی ساری حالتوں میں سب سے زیادہ پسند ہے کہ اس کو سجدہ میں پڑا ہوا دیکھیں کہ پیشانی زمین سے رگڑ رہا ہے (۱۶) اللہ جل شانہٗ کے ساتھ آدمی کو سب سے زیادہ قرب سجدہ میں ہوتا ہے (۱۷) جنت کی کنجیاں نماز ہیں۔ (۱۸) جب آدمی نماز کے لیے کھڑا ہوتا ہے تو جنت کے دروازے کھل جاتے ہیں اور اللہ جلّ شانہٗ کے اور اس نمازی کے درمیان کے پردے ہٹ جاتے ہیں جب تک کہ کھانسی وغیرہ میں مشغول نہ ہو (۱۹) نمازی شہنشاہ کا دروازہ کھٹکھٹاتا ہے اور یہ قاعدہ ہے کہ جو دروازہ کھٹکھٹاتا ہی رہے تو کھلتا ہی ہے (۲۰) نماز کا مرتبہ دین میں ایسا ہے جیسا کہ سر کا درجہ ہے بدن میں (۲۱) نماز دل کا نور ہے جو اپنے دل کو نورانی بنانا چاہے (نماز کے ذریعہ سے) بنالے (۲۲) جو شخص اچھی طرح وضو کرے اس کے بعد خشوع و خضوع سے دو یا چار رکعت نماز فرض یا نفل پڑھ کر اللہ سے اپنے گناہوں کی معافی چاہے اللہ تعالیٰ شانہٗ معاف فرماتے ہیں (۲۳) زمین کے جس حصہ پر نماز کے ذریعہ سے اللہ کی یاد کی جاتی ہے وہ حصہ زمین کے دوسرے ٹکڑوں پر فخر کرتا ہے (۲۴) جو شخص دو رکعت نماز پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے کوئی دعا مانگتا ہے تو حق تعالیٰ شانہٗ وہ دعا قبول فرمالیتے ہیں خواہ فوراً ہو یا کسی مصلحت سے کچھ دیر کے بعد مگر قبول ضرور فرماتے ہیں (۲۵) جو شخص تنہائی میں دو رکعت نماز پڑھے جس کو اللہ اور اس کے فرشتوں کے سوا کوئی نہ دیکھے تو اس کو جہنم کی آگ سے بری ہونے کا پروانہ مل جاتا ہے (۲۶) جو شخص ایک فرض نماز ادا کرے اللہ جلّ شانہٗ کے یہاں ایک مقبول دعا اس کی ہو جاتی (۲۷) جو پانچوں نمازوں کا اہتمام کرتا رہے اُن کے رکوع و سجود اور وضو وغیرہ کو اہتمام کے ساتھ اچھی طرح سے پورا کرتا رہے جنت اس کے لیے واجب ہو جاتی ہے اور دوزخ اس پر حرام ہو جاتی ہے (۲۸) مسلمان جب تک پانچوں نمازوں کا اہتمام کرتا رہتا ہے شیطان اس سے ڈرتا رہتا ہے اور جب وہ نمازوں میں کوتاہی کرنے لگتا ہے تو شیطان کو اس پر جرأت ہو جاتی ہے اور اس کے بہکانے کی طمع کرنے لگتا ہے (۲۹) سب سے افضل عمل اوّل وقت نماز پڑھنا ہے (۳۰) نماز ہر متقی کی قربانی ہے۔ (۳۱) اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ نماز کو اوّل وقت پڑھنا ہے (۳۲) صبح کو جو شخص نماز کو جاتا ہے اس کے

اس کے ہاتھ میں ایمان کا جھنڈا ہوتا ہے اور جو بازار کو جاتا ہے اس کے ہاتھ میں شیطان کا جھنڈا ہوتا ہے (۳۳) ظہر کی نماز سے پہلے چار رکعتوں کا ثواب ایسا ہے جیسا کہ تہجد کی چار رکعتوں کا (۳۴) ظہر سے پہلے چار رکعتیں تہجد کی چار رکعتوں کے برابر شمار ہوتی ہیں (۳۵) جب آدمی نماز کو کھڑا ہوتا ہے تو رحمتِ الٰہیہ اس کی طرف متوجہ ہو جاتی ہے (۳۶) افضل ترین نماز آدھی رات کی ہے، مگر اس کے پڑھنے والے بہت ہی کم ہیں (۳۷) میرے پاس حضرت جبرئیلؑ آئے اور کہنے لگے اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) خواہ کتنا ہی آپ زندہ رہیں آخر ایک دن مرنا ہے اور جس سے چاہے محبت کریں آخر ایک دن اس سے جدا ہونا ہے اور آپ جس قسم کا بھی عمل کریں (بھلا یا برا) اس کا بدلہ ضرور ملے گا اس میں کوئی تردد نہیں کہ مومن کی شرافت تہجد کی نماز ہے اور مومن کی عزت لوگوں سے استغنا ہے (۳۸) اخیر رات کی دو رکعتیں تمام دنیا سے افضل ہیں۔ اگر مجھے مشقت کا اندیشہ نہ ہوتا تو اُمت پر فرض کر دیتا (۳۹) تہجد ضرور پڑھا کرو کہ تہجد صالحین کا طریقہ ہے اور اللہ کے قرب کا سبب ہے تہجد گناہوں سے روکتا ہے اور خطاؤں کی معافی کا ذریعہ ہے اس سے بدن کی تندرستی بھی ہوتی ہے (۴۰) حق تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد ہے کہ اے آدم کی اولاد تو دن کے شروع میں چار رکعتوں سے عاجز نہ بن میں تمام دن تیرے کاموں کی کفایت کروں گا۔

حدیث کی کتابوں میں بہت کثرت سے نماز کے فضائل اور ترغیبیں ذکر کی گئی ہیں۔ چالیس کے عدد کی رعایت سے اتنے پر کفایت کی گئی کہ اگر کوئی شخص ان کو حفظ یاد کرے تو چالیس حدیثیں یاد کرنے کی فضیلت حاصل کرلے گا۔ حق یہ ہے کہ نماز ایسی بڑی دولت ہے کہ اس کی قدر وہی کر سکتا ہے جس کو اللہ جل شانہٗ نے اس کا مزہ چکھا دیا ہو اسی دولت کی وجہ سے حضورؐ نے اپنی آنکھ کی ٹھنڈک اس میں فرمائی اور اسی لذت کی وجہ سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم رات کا اکثر حصہ نماز ہی میں گزار دیتے تھے یہی وجہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وصال کے وقت خاص طور پر نماز کی وصیت فرمائی اور اس کے اہتمام کی تاکید فرمائی متعدد احادیث میں ارشاد نبویؐ نقل کیا گیا اِتَّقُوا اللّٰہَ فِی الصَّلٰوۃِ نماز کے بارے میں اللہ سے ڈرتے رہو۔ حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ حضورؐ سے نقل کرتے ہیں کہ تمام اعمال میں مجھے نماز سب سے زیادہ محبوب ہے۔ ایک صحابیؓ کہتے ہیں کہ میں ایک رات مسجد نبوی پر گذرا، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے، مجھے بھی شوق ہوا حضورؐ کے پیچھے نیت باندھ لی۔ حضورؐ سورۂ بقرہ پڑھ رہے تھے، میں نے خیال کیا کہ سَو آیتوں پر رکوع کر دیں گے مگر جب وہ گذر گئیں اور رکوع نہ کیا تو میں نے سوچا کہ دو سَو پر رکوع کریں گے مگر وہاں بھی نہ کیا تو مجھے خیال ہوا کہ سورۃ کے ختم ہی پر کریں گے جب سورۃ ختم ہوئی تو حضورؐ نے کئی مرتبہ اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ پڑھا اور سورۂ آل عمران شروع کر دی میں سوچ میں پڑ گیا۔ آخر میں نے خیال کیا کہ آخر اس کے

ختم پر تو رکوع کریں ہی گے۔ حضورؐ نے اس کو ختم فرمایا اور تین مرتبہ اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ پڑھا اور سورہ مائدہ شروع کر دی اس کو ختم کرکے رکوع کیا اور رکوع میں سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ پڑھتے رہے اور اُس کے ساتھ کچھ اور بھی پڑھتے تھے جو سمجھ میں نہ آیا۔ اُس کے بعد اسی طرح سجدہ میں سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی بھی پڑھتے رہے اس کے ساتھ بھی کچھ پڑھتے تھے۔ اس کے بعد دوسری رکعت میں سورۂ انعام شروع کر دی میں حضورؐ کے ساتھ نماز پڑھنے کی ہمت نہ کرسکا اور مجبور ہو کر چلا آیا۔ پہلی رکعت میں تقریباً پانچ سی پارے ہوئے اور پھر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا پڑھنا جو نہایت اطمینان سے تجوید اور ترتیل کے ساتھ ایک ایک آیت جدا جدا کرکے پڑھتے تھے ایسی صورت میں کتنی لانبی رکعت ہوئی ہوگی۔ انھیں وجوہ سے آپ کے پاؤں پر نماز پڑھتے پڑھتے ورم آجاتا تھا۔ مگر جس چیز کی لذت دل میں آجاتی ہے اس میں مشقت اور تکلیف دشوار نہیں رہتی ابواسحٰق سبیعیؒ مشہور محدث ہیں سو برس کی عمر میں انتقال فرمایا اس پر افسوس کیا کرتے تھے کہ بڑھاپے اور ضعف کی وجہ سے نماز کا لطف جاتا رہا۔ دو رکعتوں میں دو سورتیں سورۂ بقرہ اور سورۂ آل عمران پڑھی جاتی ہیں زیادہ نہیں پڑھا جاتا۔ (تہذیب التہذیب) یہ دو سورتیں بھی پونے چار پاروں کی ہیں۔ محمد بن سماک فرماتے ہیں کہ کوفہ میں میرا ایک پڑوسی تھا اُن کے ایک لڑکا تھا جو دن کو ہمیشہ روزہ رکھتا اور رات بھر نماز میں اور شوقیہ اشعار میں رہتا تھا وہ سوکھ کر ایسا ہوگیا کہ صرف ہڈی اور چمڑہ رہ گیا، اس کے والد نے مجھ سے کہا تم اس کو ذرا سمجھاؤ، میں ایک مرتبہ اپنے دروازہ پر بیٹھا ہوا تھا وہ سامنے سے گزرا میں نے اس کو بلایا وہ آیا سلام کرکے بیٹھ گیا۔ میں نے کہنا شروع ہی کیا تھا کہ وہ کہنے لگا، چچا شاید آپ محنت کی کمی کا مشورہ دیں گے۔ چچا جان میں نے اس محلّے کے چند لڑکوں کے ساتھ یہ طے کیا تھا کہ دیکھیں کون شخص عبادت میں زیادہ کوشش کرے، انھوں نے کوشش اور محنت کی اور اللہ تعالیٰ کی طرف بلا لیے گئے جب وہ بلائے گئے تو بڑی خوشی اور سرور کے ساتھ گئے ان میں سے میرے سوا کوئی باقی نہیں رہا، میرا عمل دن میں دو بار ان پر ظاہر ہوتا ہوگا وہ کیا کہیں گے جب اس میں کوتاہی پائیں گے، چچا جان اُن جوانوں نے بڑے بڑے مجاہدے کیے ان کی محنتیں اور مجاہدے بیان کرنے لگا جن کو سن کر ہم لوگ متحیر رہ گئے۔ اس کے بعد وہ لڑکا اُٹھ کر چلا گیا تیسرے دن ہم نے سُنا کہ وہ بھی رخصت ہوگیا۔ رحمہ اللہ رحمۃً واسعۃً (نزہۃ) اب بھی اس گئے گزرے زمانے میں اللہ کے بندے ایسے دیکھے جاتے ہیں جو رات کا اکثر حصّہ نماز میں گزار دیتے ہیں اور دن میں دین کے دوسرے کاموں تبلیغ و تعلیم میں منہمک رہتے ہیں۔ حضرت مجدد الف ثانیؒ کے نام نامی سے کون شخص ہندوستان میں ناواقف ہوگا ان کے ایک خلیفہ مولانا عبدالواحدؒ لاہوری نے ایک دن ارشاد فرمایا کیا جنّت میں نماز نہ ہوگی۔ کسی نے عرض کیا کہ حضرت جنت میں نماز کیوں ہو وہ تو اعمال کے بدلہ کی جگہ ہے نہ کہ عمل کرنے کی اس پر ایک آہ کھینچی اور رونے لگے اور فرمایا کہ بغیر نماز کے جنت میں کیونکر گزرے گی۔ ایسے ہی لوگوں سے دنیا قائم ہے اور زندگی کو وصول کرنے والی حقیقت میں

یہی مبارک ہستیاں ہیں۔ اللہ جل شانہ اپنے لطف اور اپنے پر مرمٹنے والوں کے طفیل اس رُو سیاہ کو بھی نواز دے تو اس کے لطف عام سے کیا بعید ہے۔ ایک پُر لطف قصہ پر اس فصل کو ختم کرتا ہوں حافظ ابن حجرؒ نے منبہات میں لکھا ہے کہ ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مجھے دنیا میں تین چیزیں محبوب ہیں خوشبو، عورتیں اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے حضورؐ کے پاس چند صحابہ تشریف فرما تھے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے ارشاد فرمایا آپ نے سچ فرمایا اور مجھے تین چیزیں محبوب ہیں آپ کے چہرہ کو دیکھنا اپنے مال کو آپ پر خرچ کرنا اور یہ کہ میری بیٹی آپ کے نکاح میں ہے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا سچ ہے اور مجھے تین چیزیں محبوب ہیں اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ نَہْیٌ عَنِ الْمُنْکَرِ (اچھے کاموں کا حکم کرنا اور بری باتوں سے روکنا) اور پرانا کپڑا۔ حضرت عثمانؓ نے فرمایا آپ نے سچ کہا اور مجھے تین چیزیں محبوب ہیں، بھوکوں کو کھانا کھلانا، ننگوں کو کپڑا پہنانا۔ اور قرآن پاک کی تلاوت کرنا۔ حضرت علیؓ نے ارشاد فرمایا آپ نے سچ فرمایا اور مجھے تین چیزیں پسند ہیں، مہمان کی خدمت، گرمی کا روزہ اور دشمن پر تلوار۔ اتنے میں حضرت جبرئیل علیہ السلام تشریف لائے اور عرض کیا کہ مجھے حق تعالیٰ شانہ نے بھیجا ہے اور فرمایا کہ اگر میں (یعنی جبرئیل) دنیا والوں میں ہوتا تو بتاؤں مجھے کیا پسند ہوتا۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا بتاؤ۔ عرض کیا بھولے ہوؤں کو راستہ بتانا، غریب عبادت کرنے والوں سے محبت رکھنا اور عیال دار مفلسوں کی مدد کرنا اور اللہ جل جلالہ کو بندوں کی تین چیزیں پسند ہیں (اللہ کی راہ میں) طاقت کا خرچ کرنا (مال سے ہو یا جان سے) اور (گناہ پر) ندامت کے وقت رونا اور فاقہ پر صبر کرنا۔

حافظ ابن قیم زاد المعاد میں تحریر فرماتے ہیں کہ نماز روزی کو کھینچنے والی ہے صحت کی محافظ ہے، بیماریوں کو دفع کرنے والی ہے، دل کو تقویت پہونچاتی، چہرہ کو خوبصورت اور منور کرتی ہے، جان کو فرحت پہونچاتی ہے، اعضاء میں نشاط پیدا کرتی ہے، کاہلی کو دفع کرتی ہے، شرح صدر کا سبب ہے، روح کی غذا ہے، دل کو منور کرتی ہے، اللہ کے انعام کی محافظ ہے اور عذابِ الٰہی سے حفاظت کا سبب ہے شیطان کو دور کرتی ہے اور رحمٰن سے قرب پیدا کرتی ہے۔ غرض رُوح اور بدن کی صحت کی حفاظت میں اس کو خاص دخل ہے اور دونوں چیزوں میں اس کی عجیب تاثیر ہے۔ نیز دنیا اور آخرت کی مضرتوں کے دور کرنے میں اور دونوں جہان کے منافع پیدا کرنے میں اس کو بہت خصوصیت ہے۔

دوسری فصل نماز کے چھوڑنے پر جو وعید و عتاب حدیث میں آیا ہے اس کا بیان

حدیث کی کتابوں میں نماز نہ پڑھنے پر بہت سخت عذاب ذکر کئے گئے ہیں۔ نمونے کے طور پر چند حدیثیں ذکر کی جاتی ہیں۔ سچی خبر دینے والے کا ایک ارشاد بھی سمجھ دار کے لیے کافی تھا مگر حضور اقدس صلی اللہ

علیہ وسلم کی شفقت کے قربان کہ آپ نے کئی کئی طرح سے اور بار بار اس چیز کی طرف متوجہ فرمایا کہ ان کے نام لیوا اُن کی اُمت کہیں اس میں کوتاہی نہ کرنے لگے۔ پھر افسوس ہے ہمارے حال پر کہ ہم حضورؐ کے اس اہتمام کے باوجود نماز کا اہتمام نہیں کرتے اور بے غیرتی اور بے حیائی سے اپنے کو اُمتی اور متبع رسولؐ اور اسلام کا دھنی بھی سمجھتے ہیں۔

(۱) عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الرَّجُلِ وَبَيْنَ الْكُفْرِ تَرْكُ الصَّلٰوةِ رواه احمد ومسلم وقال بَيْنَ الرَّجُلِ وَبَيْنَ الشِّرْكِ وَالْكُفْرِ تَرْكُ الصَّلٰوةِ ابوداؤد والنسائی ولفظہ لیس بین العبد وبین الکفر الا ترک الصلوٰۃ والترمذی ولفظہ قال بین الکفر والایمان ترک الصلوٰۃ وابن ماجۃ ولفظہ قال بین العبد وبین الکفر ترک الصلوٰۃ کذا فی الترغیب للمنذری وقال السیوطی فی الدر لحدیث جابر اخرجہ ابن ابی شیبۃ واحمد ومسلم وابوداؤد والترمذی والنسائی وابن ماجۃ ثم قال واخرج ابن ابی شیبۃ واحمد وابوداؤد والترمذی وصححہ والنسائی وابن ماجۃ وابن حبان والحاکم وصححہ عَنْ بُرَيْدَةَ مَرْفُوْعًا الْعَهْدُ الَّذِيْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمُ الصَّلٰوةُ فَمَنْ تَرَكَهَا فَقَدْ كَفَرَ۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ نماز چھوڑنا آدمی کو کفر سے ملا دیتا ہے۔ ایک جگہ ارشاد ہے کہ بندہ کو اور کفر کو ملانے والی چیز صرف نماز چھوڑنا ہے ایک جگہ ارشاد ہے کہ ایمان اور کفر کے درمیان نماز چھوڑنے کا فرق ہے۔

فائدہ: اس قسم کا مضمون اور بھی کئی حدیثوں میں آیا ہے ایک حدیث میں آیا ہے کہ اَبر کے دن نماز جلدی پڑھا کرو کیونکہ نماز چھوڑنے سے آدمی کافر ہو جاتا ہے یعنی کہیں ایسا نہ ہو کہ ابر کی وجہ سے وقت کا پتہ نہ چلے اور نماز قضا ہو جائے اس کو بھی نماز کا چھوڑنا ارشاد فرمایا کتنی سخت بات ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے چھوڑنے والے پر کفر کا حکم لگاتے ہیں گو علماء نے اس حدیث کو انکار کے ساتھ مقید فرمایا ہے مگر حضورؐ کے ارشاد کی فکر اتنی سخت چیز ہے کہ جس کے دل میں ذرا بھی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی وقعت اور حضورؐ کے ارشاد کی اہمیت ہوگی اس کے لیے یہ ارشادات نہایت سخت ہیں اس کے علاوہ بڑے بڑے صحابہؓ جیسا کہ حضرت عمرؓ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ حضرت عبداللہ بن عباسؓ وغیرہ حضرات کا مذہب یہی ہے کہ بلا عذر جان کر نماز چھوڑنے والا کافر ہے۔ ائمہ میں سے حضرت امام احمد بن حنبل اسحٰق بن راہویہ، ابن مبارکؒ کا بھی یہی مذہب نقل کیا جاتا ہے۔ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنَا مِنْهُ[1]

(۲) عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِؓ قَالَ اَوْصَانِيْ خَلِيْلِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَبْعٍ

حضرت عبادہؓ کہتے ہیں کہ مجھے میرے محبوب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے سات نصیحتیں کیں جن میں

[1] ترغیب۔

خِصَالٍ فَقَالَ لَا تُشْرِكُوا بِاللّٰهِ شَيْئًا وَإِنْ قُطِّعْتُمْ أَوْ حُرِّقْتُمْ أَوْ صُلِّبْتُمْ وَلَا تَتْرُكُوا الصَّلٰوةَ مُتَعَمِّدِيْنَ فَمَنْ تَرَكَهَا مُتَعَمِّدًا فَقَدْ خَرَجَ مِنَ الْمِلَّةِ وَلَا تَرْكَبُوا الْمَعْصِيَةَ فَإِنَّهَا سَخَطُ اللّٰهِ وَلَا تَشْرَبُوا الْخَمْرَ فَإِنَّهَا رَأْسُ الْخَطَايَا كُلِّهَا الحديث رواه الطبرانی ومحمد بن نصر فی کتاب الصّلٰوۃ باسنادین لاباس بہما کذا فی الترغیب وھکذا ذکرہ السیوطی فی الدر المنثور وعزاہ الیہما وفی المشکوٰۃ بروایۃ ابن ماجۃ عن ابی الدرداء نحوہ۔

سے چار یہ ہیں اوّل یہ کہ اللہ کا شریک کسی کو نہ بناؤ چاہے تمہارے ٹکڑے ٹکڑے کر دئے جاویں یا تم جلا دئے جاؤ یا سولی چڑھا دئے جاؤ۔ دوسرے یہ کہ جان کر نماز نہ چھوڑو جو جان بوجھ کر نماز چھوڑ دے وہ مذہب سے نکل جاتا ہے تیسری یہ کہ اللہ کی نافرمانی نہ کرو کہ اس سے حق تعالیٰ ناراض ہو جاتے ہیں۔ چوتھی یہ کہ شراب نہ پیو کہ وہ ساری خطاؤں کی جڑ ہے۔

ف:۔ ایک دوسری حدیث میں حضرت ابوالدرداءؓ بھی اس قسم کا مضمون فرماتے ہیں کہ مجھے میرے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم نے وصیت فرمائی کہ اللہ کا شریک کسی کو نہ کرنا خواہ تیرے ٹکڑے ٹکڑے کر دئے جاویں یا آگ میں جلا دیا جائے۔ دوسری نماز جان کر چھوڑنا جو شخص جان بوجھ کر نماز چھوڑتا ہے اس سے اللہ تعالیٰ شانہ بری الذمہ ہیں۔ تیسری شراب نہ پینا کہ ہر برائی کی کنجی ہے۔

(۳) عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ أَوْصَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَشْرِ كَلِمَاتٍ قَالَ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ شَيْئًا وَإِنْ قُتِلْتَ وَحُرِّقْتَ وَلَا تَعُقَّنَّ وَالِدَيْكَ وَإِنْ أَمَرَاكَ أَنْ تَخْرُجَ مِنْ أَهْلِكَ وَلَا تَتْرُكَنَّ صَلٰوةً مَكْتُوْبَةً مُتَعَمِّدًا فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ ذِمَّةُ اللّٰهِ وَلَا تَشْرَبَنَّ خَمْرًا فَإِنَّهُ رَأْسُ كُلِّ فَاحِشَةٍ وَإِيَّاكَ وَالْمَعْصِيَةَ فَإِنَّ بِالْمَعْصِيَةِ حَلَّ سَخَطُ اللّٰهِ وَإِيَّاكَ وَالْفِرَارَ مِنَ الزَّحْفِ وَإِنْ هَلَكَ النَّاسُ وَإِنْ أَصَابَ النَّاسَ مَوْتٌ فَاثْبُتْ وَأَنْفِقْ عَلٰى أَهْلِكَ مِنْ طَوْلِكَ وَلَا تَرْفَعْ عَنْهُمْ عَصَاكَ أَدَبًا وَأَخِفْهُمْ فِي اللّٰهِ رواہ احمد والطبرانی فی الکبیر واسناد احمد صحیح

حضرت معاذؓ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے دس باتوں کی وصیت فرمائی (۱) یہ کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرنا گو تو قتل کر دیا جائے یا جلا دیا جائے (۲) والدین کی نافرمانی نہ کرنا گو وہ تجھے اس کا حکم کریں کہ بیوی کو چھوڑ دے یا سارا مال خرچ کر دے (۳) فرض نماز جان کر نہ چھوڑنا جو شخص فرض نماز جان کر چھوڑ دیتا ہے اللہ کا ذمہ اس سے بری ہے (۴) شراب نہ پینا کہ یہ ہر برائی اور فحش کی جڑ ہے (۵) اللہ کی نافرمانی نہ کرنا کہ اس سے اللہ تعالیٰ کا غضب اور قہر نازل ہوتا ہے (۶) لڑائی میں نہ بھاگنا چاہے سب ساتھی مر جائیں (۷) اگر کسی جگہ وبا پھیل جاوے (جیسے طاعون وغیرہ) تو وہاں سے نہ

وسلم من الانقطاع فان عبد الرحمٰن ابن جبیر لم یسمع من معاذ لذا فی الترغیب والیہما عزاہ السیوطی فی الدر ولم یذکر الانقطاع ثم قال واخرج الطبرانی عن امیمۃ مولاۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قالت کنت اصب علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وضوءہ فدخل رجل فقال اوصنی فقال لا تشرک باللہ شیئا وان قطعت او حرقت ولا تعقن والدیک وان امراک ان تخلی من اہلک ودنیاک فتخلہ ولا تشربن خمرا فانہ مفتاح کل شر ولا تترکن صلوۃ متعمدا فمن فعل ذالک فقد برأت منہ ذمۃ اللہ ورسولہ

بھاگنا (۸) اپنے گھر والوں پر خرچ کرنا (۹) تنبیہ کے واسطے ان پر سے لکڑی نہ ہٹانا (۱۰) اللہ تعالیٰ سے ان کو ڈراتے رہنا۔

ف: لکڑی نہ ہٹانے کا مطلب یہ ہے کہ وہ اس سے بے فکر نہ ہوں کہ باپ تنبیہ نہیں کرتا اور مارتا نہیں جو چاہے کرتے رہو بلکہ ان کو حدود شرعیہ کے تحت میں کبھی کبھی مارتے رہنا چاہیے کہ بغیر مار کے اکثر تنبیہ نہیں ہوتی. آج کل اولاد کو شروع میں تو محبت کے جوش میں تنبیہ نہیں کی جاتی۔ جب وہ بری عادتوں میں پختہ ہو جاتے ہیں تو پھر روتے پھرتے ہیں حالانکہ یہ اولاد کے ساتھ محبت نہیں سخت دشمنی ہے کہ اس کو بری باتوں سے روکا نہ جائے اور مار پیٹ کو محبت کے خلاف سمجھا جائے. کون سمجھدار اس کو گوارا کر سکتا ہے کہ اولاد کے پھوڑے پھنسی کو بڑھایا جائے اور اس وجہ سے کہ نشتر لگانے سے زخم اور تکلیف ہوگی عمل جراحی نہ کرایا جائے بلکہ لاکھ بچہ روئے منہ بنائے بھاگے بہر حال نشتر لگانا ہی پڑتا ہے۔ بہت سی حدیثوں میں حضور کا ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ بچہ کو سات برس کی عمر میں نماز کا حکم کرو اور دس برس کی عمر میں نماز نہ پڑھنے پر مارو[۱] حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ بچوں کی نماز کی نگرانی کیا کرو اور اچھی باتوں کی ان کو عادت ڈالو۔ حضرت لقمان حکیم کا ارشاد ہے کہ باپ کی مار اولاد کے لیے ایسی ہے جیسا کہ کھیتی کے لیے پانی[۲] حضورؐ کا ارشاد ہے کہ کوئی شخص اپنی اولاد کو تنبیہ کرے یہ ایک صاع صدقہ کرنے سے بہتر ہے[۳] ایک صاع تقریباً ساڑھے تین سیر غلہ کا ہوتا ہے۔ ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحمت کرے جو گھر والوں کو تنبیہ کے واسطے گھر میں کوڑا لٹکائے رکھے[۴] ایک حدیث میں ارشاد ہے کوئی باپ اولاد کو اس سے افضل عطیہ نہیں دے سکتا کہ اس کو اچھا طریقہ تعلیم کرے[۵]

(۴) عَنْ نَوْفَلِ بْنِ مُعَاوِيَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ فَاتَتْهُ صَلٰوةٌ فَكَاَنَّمَا وُتِرَ اَهْلَهٗ وَمَالَهٗ رواہ ابن حبان فی صحیحہ کذا فی الترغیب زاد السیوطی فی الدر والنسائی

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جس شخص کی ایک نماز بھی فوت ہو گئی وہ ایسا ہے کہ گویا اس کے گھر کے لوگ اور مال و دولت سب چھین لیا گیا ہو۔

[۱] در [۲] درمنثور [۳] جامع صغیر [۴] ایضاً [۵] ایضاً

ایضاقلت ورواہ احمد مسند لا۔ ف : نماز کا ضائع کرنا اکثر یا بال بچوں کی وجہ سے ہوتا ہے کہ ان کی خیر خبر میں مشغول رہے یا مال و دولت کمانے کے لالچ میں ضائع کی جاتی ہے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ نماز کا ضائع کرنا انجام کے اعتبار سے ایسا ہی ہے گویا بال بچے اور مال و دولت سب ہی چھین لیا گیا اور اکیلا کھڑا رہ گیا یعنی جتنا خسارہ اور نقصان اس حالت میں ہے اتنا ہی نماز کے چھوڑنے میں ہے یا جس قدر رنج و صدمہ اس حالت میں ہو اتنا ہی نماز کے چھوٹنے میں ہونا چاہئے۔ اگر کسی شخص سے کوئی معتبر آدمی یہ کہدے اور اُسے یقین آجائے کہ فلاں راستہ لُٹتا ہے اور جو رات کو اس راستہ سے جاتا ہے تو ڈاکو اس کو قتل کر دیتے ہیں اور مال چھین لیتے ہیں تو کون بہادر ہے کہ اس راستہ سے رات کو چلے۔ رات تو در کنار دن کو بھی مشکل سے اس راستہ کو چلے گا مگر اللہ کے سچے رسول کا یہ پاک ارشاد ایک دو نہیں کئی کئی حدیثوں میں وارد ہوا ہے اور ہم مسلمان حضورؐ کے سچے ہونے کا دعویٰ بھی جھوٹی زبانوں سے کرتے ہیں مگر اس پاک ارشاد کا ہم پر اثر کیا ہے ہر شخص کو معلوم ہے۔

(۵) عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ مَنْ جَمَعَ بَیْنَ صَلٰوتَیْنِ مِنْ غَیْرِ عُذْرٍ فَقَدْ اَتٰی بَابًا مِنْ اَبْوَابِ الْکَبَائِرِ رواہ الحاکم وقال حنش هوابن قیس ثقه وقال الحافظ بل واه بمرة لا نعلم احدا وثقه غیر حصین بن نمیر کذا فی الترغیب زاد السیوطی فی الدر للترمذی ایضا وذکر فی اللآلی له شواهد وکذا فی التعقبات وقال الحدیث اخرجه الترمذی وقال حنش ضعیف ضعفه احمد وغیره والعمل علی هذا عند اهل العلم فاشار بذلك الی ان الحدیث اعتضد بقول اهل العلم وقد صرح غیر واحد بان من دلیل صحة الحدیث قول اهل العلم به وان لم یکن له اسناد یعتمد علی مثله اھ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص دو نمازوں کو بلا کسی عذر کے ایک وقت میں پڑھے وہ کبیرہ گناہوں کے دروازوں میں سے ایک دروازہ پر پہونچ گیا۔

ف : حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ تین چیزیں میں تاخیر نہ کر ایک نماز جب اس کا وقت ہو جائے دوسری جنازہ جب تیار ہو جائے تیسری بے نکاحی عورت جب اس کے جوڑ کا خاوند مل جائے۔ (یعنی فوراً نکاح کر دینا) بہت سے لوگ جو اپنے کو دیندار بھی سمجھتے ہیں اور گویا نماز کے پابند بھی سمجھے جاتے ہیں وہ کئی کئی نمازیں معمولی بہانہ سے سفر کا ہو، دوکان کا ہو، ملازمت کا ہو گھر آکر اکٹھی ہی پڑھ لیتے ہیں یہ گناہ کبیرہ ہے کہ بلا کسی عذر بیماری

وغیرہ کے نماز کو اپنے وقت پر نہ پڑھا جاوے۔ گو بالکل نماز نہ پڑھنے کی برابر گناہ نہ ہو۔ لیکن بے وقت پڑھنے کا بھی سخت گناہ ہے اس سے خلاصی نہ ہوئی۔

(۶) عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ ذَكَرَ الصَّلٰوةَ يَوْمًا فَقَالَ مَنْ حَافَظَ عَلَيْهَا كَانَتْ لَهُ نُوْرًا وَّبُرْهَانًا وَّنَجَاةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَنْ لَّمْ يُحَافِظْ عَلَيْهَا لَمْ يَكُنْ لَّهُ نُوْرٌ وَّلَا بُرْهَانٌ وَّلَا نَجَاةٌ وَّكَانَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَعَ فِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَاُبَيِّ بْنِ خَلَفٍ اخرجه احمد وابن حبان والطبرانی کذا فی الدر المنثور للسیوطی وقال الھیثمی رواہ احمد والطبرانی فی الکبیر والاوسط ورجال احمد ثقات وقال ابن حجر فی الزواجر اخرجه احمد بسند جید کذا فیه قارون ایضا مع فرعون وغیرہ وکذا اوردہ فی منتخب الکنز بروایة ابن نصر والمشکوٰة ایضا بروایة احمد والدارمی والبیہقی فی الشعب وابن القیم فی کتب الصلوٰة۔

ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کا ذکر فرمایا اور یہ ارشاد فرمایا کہ جو شخص نماز کا اہتمام کرے تو نماز اس کے لیے قیامت کے دن نور ہوگی اور حساب پیش ہونے کے وقت حجت ہوگی اور نجات کا سبب ہوگی اور جو شخص نماز کا اہتمام نہ کرے اس کے لیے قیامت کے دن نہ نور ہوگا اور نہ اس کے پاس کوئی حجت ہوگی اور نہ نجات کا کوئی ذریعہ۔ اس کا حشر فرعون ہامان اور ابی بن خلف کے ساتھ ہوگا۔

فائدہ: فرعون کو تو ہر شخص جانتا ہے کہ کس درجہ کا کافر تھا حتیٰ کہ خدائی کا دعویٰ کیا تھا اور ہامان اس کے وزیر کا نام ہے اور اُبی بن خلف مکہ کے مشرکین میں سے بڑا سخت دشمن اسلام تھا ہجرت سے پہلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کرتا تھا کہ میں نے ایک گھوڑا پالا ہے اس کو بہت کچھ کھلاتا ہوں اس پر سوار ہوکر (نعوذ باللہ) تم کو قتل کروں گا۔ حضورؐ نے ایک مرتبہ اس سے فرمایا تھا کہ انشاء اللہ میں ہی تجھ کو قتل کروں گا۔ اُحد کی لڑائی میں وہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو تلاش کرتا پھرتا تھا اور کہتا تھا کہ اگر وہ آج بچ گئے تو میری خیر نہیں۔ چنانچہ حملہ کے ارادہ سے وہ حضورؐ کے قریب پہنچ گئے۔ صحابہؓ نے ارادہ بھی فرمایا کہ دور ہی سے اس کو نمٹا دیں۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ آنے دو جب وہ قریب ہوا تو حضورؐ نے ایک صحابی کے ہاتھ میں سے برچھا لے کر اس کے مارا جو اس کی گردن پر لگا اور ہلکا سا خراش اس کی گردن پر آ گیا مگر اس کی وجہ سے گھوڑے سے لڑھکتا ہوا گرا اور کئی مرتبہ گرا۔ اور بھاگتا ہوا اپنے لشکر میں پہونچ گیا اور چلاتا تھا کہ خدا کی قسم مجھے محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے قتل کر دیا کفار نے اس کو اطمینان دلایا کہ معمولی خراش ہے کوئی فکر کی بات نہیں۔ مگر وہ کہتا تھا کہ محمدؐ نے مکہ میں کہا

تھا کہ میں تجھ کو قتل کر دوں گا۔ خدا کی قسم اگر وہ مجھ پر تھوک بھی دیتے تو میں مر جاتا۔ لکھتے ہیں کہ اس کے چلانے کی آواز ایسی ہو گئی تھی جیسا کہ بیل کی ہوتی ہے۔ ابو سفیان نے جو اس لڑائی میں بڑے زوروں پر تھا اس کو شرم دلائی کہ اس ذرا سی خراش سے اتنا چلاتا ہے۔ اس نے کہا تجھے خبر بھی ہے کہ یہ کس نے ماری ہے یہ محمدؐ کی ماری ہے مجھے اس سے جس قدر تکلیف ہو رہی ہے لات اور عزیٰ (دو مشہور بتوں کے نام ہیں) کی قسم اگر یہ تکلیف سارے حجاز والوں کو تقسیم کر دی جائے تو سب ہلاک ہو جائیں۔ محمدؐ نے مجھ سے مکہ میں کہا تھا کہ میں تجھ کو قتل کر دوں گا۔ میں نے اسی وقت سمجھ لیا تھا کہ میں ان کے ہاتھ سے ضرور مارا جاؤں گا، میں ان سے چھوٹ نہیں سکتا اگر وہ اس کہنے کے بعد مجھ پر تھوک بھی دیتے تو میں اس سے بھی مر جاتا۔ چنانچہ مکہ مکرمہ پہنچنے سے ایک دن پہلے وہ راستہ ہی میں مر گیا[1] ہم مسلمانوں کے لیے نہایت غیرت اور عبرت کا مقام ہے کہ ایک کافر پکے کافر اور سخت دشمن کو تو حضورؐ کے ارشاد کے سچا ہونے کا اس قدر یقین ہو کہ اس کو اپنے مارے جانے میں ذرا بھی تردد یا شک نہ تھا لیکن ہم لوگ حضورؐ کو نبی ماننے کے باوجود حضورؐ کو سچا ماننے کے باوجود حضورؐ کے ارشادات کو یقینی کہنے کے باوجود حضورؐ کے ساتھ محبت کے دعوے کے باوجود حضورؐ کی امت میں ہونے پر فخر کے باوجود کتنے ارشادات پر عمل کرتے ہیں اور جن چیزوں میں حضورؐ نے عذاب بتائے ہیں ان سے کتنا ڈرتے ہیں کتنا کانپتے ہیں یہ ہر شخص کے اپنے ہی گریبان میں منہ ڈال کر دیکھنے کی بات ہے۔ کوئی دوسرا کسی کے متعلق کیا کہہ سکتا ہے۔ ابن حجرؒ نے کتاب الزواجر میں قارون کا بھی فرعون وغیرہ کے ساتھ ذکر کیا ہے اور لکھا ہے کہ ان کے ساتھ حشر ہونے کی یہ وجہ ہے کہ اکثر ان ہی وجوہ سے نماز میں سستی ہوتی ہے جو ان لوگوں میں پائی جاتی تھیں۔ پس اگر اس کی وجہ مال و دولت کی کثرت ہے تو قارون کے ساتھ حشر ہوگا اور حکومت و سلطنت ہے تو فرعون کے ساتھ۔ اور وزارت (یعنی ملازمت یا مصاحبت) ہے تو ہامان کے ساتھ اور تجارت ہے تو ابی بن خلف کے ساتھ اور جب ان لوگوں کے ساتھ اس کا حشر ہو گیا تو پھر جس قسم کے بھی عذاب احادیث میں وارد ہوئے خواہ وہ حدیثیں متکلم فیہ ہوں ان میں کوئی اشکال نہیں رہا کہ جہنم کے عذاب سخت سے سخت ہیں البتہ یہ ضرور ہے کہ اس کو اپنے ایمان کی وجہ سے ایک نہ ایک دن ان سے خلاصی ہو جائے گی اور وہ لوگ ہمیشہ کے لیے اس میں رہیں گے۔ لیکن خلاصی ہونے تک کا زمانہ کیا کچھ ہنسی کھیل ہے نہ معلوم کتنے ہزار برس ہوں گے۔

(۷) قَالَ بَعْضُهُمْ وَرَدَ فِي الْحَدِيْثِ اَنَّ مَنْ ‌ ‌ ‌ ایک حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص نماز کا اہتمام

---

[1] خمیس

حَافَظَ عَلَى الصَّلٰوةِ اَكْرَمَهُ اللهُ تَعَالٰى بِخَمْسِ خِصَالٍ يَرْفَعُ عَنْهُ ضِيْقَ الْعَيْشِ وَعَذَابَ الْقَبْرِ وَيُعْطِيْهِ اللهُ كِتَابَهُ بِيَمِيْنِهٖ وَيَمُرُّ عَلَى الصِّرَاطِ كَالْبَرْقِ وَيَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ وَمَنْ تَهَاوَنَ عَنِ الصَّلٰوةِ عَاقَبَهُ اللهُ بِخَمْسَ عَشَرَةَ عُقُوْبَةً خَمْسَةٌ فِى الدُّنْيَا وَثَلٰثَةٌ عِنْدَ الْمَوْتِ وَثَلٰثٌ فِيْ قَبْرِهٖ وَثَلٰثٌ عِنْدَ خُرُوْجِهٖ مِنَ الْقَبْرِ فَاَمَّا اللَّوَاتِيْ فِي الدُّنْيَا فَالْاُوْلٰى تُنْزَعُ الْبَرَكَةُ مِنْ عُمْرِهٖ وَالثَّانِيَةُ تُمْحٰى سِيْمَاءُ الصَّالِحِيْنَ مِنْ وَجْهِهٖ وَالثَّالِثَةُ كُلُّ عَمَلٍ يَعْمَلُهُ لَا يَاجُرُهُ اللهُ عَلَيْهِ وَالرَّابِعَةُ لَا يُرْفَعُ لَهٗ دُعَاءٌ اِلَى السَّمَاءِ وَالْخَامِسَةُ لَيْسَ لَهٗ حَظٌّ فِيْ دُعَاءِ الصَّالِحِيْنَ وَاَمَّا الَّتِيْ تُصِيْبُهٗ عِنْدَ الْمَوْتِ فَاِنَّهٗ يَمُوْتُ ذَلِيْلًا وَالثَّانِيَةُ يَمُوْتُ جُوْعًا وَالثَّالِثَةُ يَمُوْتُ عَطْشَانًا وَلَوْ سُقِيَ بِحَارُ الدُّنْيَا مَارُوِيَ مِنْ عَطْشِهٖ وَاَمَّا الَّتِيْ تُصِيْبُهٗ فِيْ قَبْرِهٖ فَالْاُوْلٰى يَضِيْقُ عَلَيْهِ الْقَبْرُ حَتّٰى تَخْتَلِفَ اَضْلَاعُهٗ وَالثَّانِيَةُ يُوْقَدُ عَلَيْهِ الْقَبْرُ نَارًا فَيَتَقَلَّبُ عَلَى الْجَمْرِ لَيْلًا وَّنَهَارًا وَالثَّالِثَةُ يُسَلَّطُ عَلَيْهِ فِيْ قَبْرِهٖ ثُعْبَانٌ اِسْمُهُ الشُّجَاعُ الْاَقْرَعُ عَيْنَاهُ مِنْ نَارٍ وَاَظْفَارُهٗ مِنْ حَدِيْدٍ طُوْلُ كُلِّ ظُفْرٍ مَسِيْرَةُ يَوْمٍ يُكَلِّمُ الْمَيِّتَ فَيَقُوْلُ اَنَا الشُّجَاعُ الْاَقْرَعُ وَصَوْتُهٗ مِثْلُ الرَّعْدِ الْقَاصِفِ يَقُوْلُ اَمَرَنِيْ رَبِّيْ اَنْ اَضْرِبَكَ عَلٰى تَضْيِيْعِ صَلٰوةِ الصُّبْحِ اِلٰى بَعْدِ

کرتا ہے حق تعالیٰ شانہ پانچ طرح سے اس کا اکرام و اعزاز فرماتے ہیں ایک یہ کہ اس پر سے رزق کی تنگی ہٹادی جاتی ہے۔ دوسرے یہ کہ اس سے عذاب قبر ہٹا دیا جاتا ہے۔ تیسرے یہ کہ قیامت کو اس کے اعمالنامے دائیں ہاتھ میں دیئے جائیں گے (جن کا حال سورۃ الحاقہ میں مفصل مذکور ہے کہ جن لوگوں کے نامۂ اعمال داہنے ہاتھ دیئے جائیں گے وہ نہایت خوش وخرم ہر شخص کو دکھاتے پھریں گے) اور چوتھے یہ کہ پل صراط پر سے بجلی کی طرح گذر جائیں گے۔ پانچویں یہ کہ حساب سے محفوظ رہیں گے اور جو شخص نماز میں سستی کرتا ہے اس کو پندرہ طریقہ سے عذاب ہوتا ہے۔ پانچ طرح دنیا میں، اور تین طرح سے موت کے وقت اور تین طرح قبر میں اور تین طرح قبر سے نکلنے کے بعد دنیا کے پانچ تو یہ ہیں اول یہ کہ اس کی زندگی میں برکت نہیں رہتی دوسرے یہ کہ صلحا کا نور اس کے چہرہ سے ہٹا دیا جاتا ہے تیسرے یہ کہ اس کے نیک کاموں کا اجر ہٹا دیا جاتا ہے۔ چوتھے اس کی دعائیں قبول نہیں ہوتیں پانچویں یہ کہ نیک بندوں کی دعاؤں میں اس کا استحقاق نہیں رہتا اور موت کے وقت کے تین عذاب یہ ہیں کہ اول ذلت سے مرتا ہے۔ دوسرے بھوکا مرتا ہے تیسرے پیاس کی شدت میں موت آتی ہے اگر سمندر بھی پی لے تو پیاس نہیں بجھتی۔ قبر کے تین عذاب یہ ہیں اول اس پر قبر اتنی تنگ

طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَاَضْرِبُكَ عَلٰى تَضْيِيْعِ صَلٰوةِ
الظُّهْرِ اِلَى الْعَصْرِ وَاَضْرِبُكَ عَلٰى تَضْيِيْعِ
صَلٰوةِ الْعَصْرِ اِلَى الْمَغْرِبِ وَاَضْرِبُكَ عَلٰى
تَضْيِيْعِ صَلٰوةِ الْمَغْرِبِ اِلَى الْعِشَاءِ وَ
اَضْرِبُكَ عَلٰى تَضْيِيْعِ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ اِلَى الْفَجْرِ
فَكُلَّمَا ضَرَبَهٗ ضَرْبَةً يَغُوْصُ فِي الْاَرْضِ
سَبْعِيْنَ ذِرَاعًا فَلَا يَزَالُ فِي الْقَبْرِ مُعَذَّبًا
اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَاَمَّا الَّتِيْ تُصِيْبُهٗ عِنْدَ
خُرُوْجِهٖ مِنَ الْقَبْرِ فِيْ مَوْقِفِ الْقِيٰمَةِ فَشِدَّةُ
الْحِسَابِ وَسَخَطُ الرَّبِّ وَدُخُوْلُ النَّارِ
وَفِيْ رِوَايَةٍ فَاِنَّهٗ يَاْتِيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَعَلٰى وَجْهِهٖ
ثَلٰثَةُ اَسْطُرٍ مَكْتُوْبَاتٍ اَلسَّطْرُ الْاَوَّلُ يَا مُضَيِّعَ
حَقِّ اللّٰهِ اَلسَّطْرُ الثَّانِيْ يَا مَخْصُوْصًا بِغَضَبِ اللّٰهِ
اَلثَّالِثُ كَمَا ضَيَّعْتَ فِي الدُّنْيَا حَقَّ اللّٰهِ فَاٰيِسْ
الْيَوْمَ اَنْتَ مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ وَمَا ذُكِرَ فِيْ هٰذَا
الْحَدِيْثِ مِنْ تَفْصِيْلِ الْعَدَدِ لَا يُطَابِقُ جُمْلَةَ
الْخَمْسَ عَشَرَةَ لِاَنَّ الْمُفَصَّلَ اربع عشرة فقط
فلعل الراوي نسي الخامس عشر كذا في
الزواجر لابن حجر المكي قلت وهو كذلك
فان ابا الليث السمرقندي ذكر الحديث في
قرة العيون فجعل ستة في الدنيا فقال
الخامسة تمقته الخلائق في الدار الدنيا
والسادس ليس له حظ في دعاء الصالحين
ثم ذكر الحديث بتمامه ولم يعزه الى احد
وفي تنبيه الغافلين للشيخ نصر بن

ہو جاتی ہے کہ پسلیاں ایک دوسری میں گھس
جاتی ہیں۔ دوسرے قبر میں آگ جلا دی جاتی ہے
تیسرے قبر میں ایک سانپ اس پر ایسی شکل کا
مسلّط ہوتا ہے جس کی آنکھیں آگ کی ہوتی ہیں
اور ناخن لوہے کے اتنے لانبے کہ ایک دن پورا
چل کر ان کے ختم تک پہونچا جائے۔ اس کی آواز
بجلی کی کڑک کی طرح ہوتی ہے وہ یہ کہتا ہے کہ
مجھے میرے رب نے تجھ پر مسلط کیا ہے کہ تجھے صبح کی
نماز ضائع کرنے کی وجہ سے آفتاب کے نکلنے تک
مارے جاؤں اور ظہر کی نماز ضائع کرنے کی وجہ سے
عصر تک مارے جاؤں، اور پھر عصر کی نماز ضائع
کرنے کی وجہ سے غروب تک اور مغرب کی نماز
کی وجہ سے عشاء تک اور عشاء کی نماز کی وجہ سے
صبح تک مارے جاؤں جب وہ ایک دفعہ اس کو
مارتا ہے تو اس کی وجہ سے وہ مُردہ ستر ہاتھ زمین
میں دھنس جاتا ہے۔ اسی طرح قیامت تک اس کو
عذاب ہوتا رہے گا اور قبر سے نکلنے کے بعد کے تین
عذاب یہ ہیں۔ ایک حساب سختی سے کیا جائے گا
دوسرے حق تعالیٰ شانہٗ کا اس پر غصہ ہوگا تیسرے
جہنم میں داخل کر دیا جائے گا۔ یہ کل میزان چودہ ہوئی
ممکن ہے کہ پندرھواں بھول سے رہ گیا ہو اور ایک
روایت میں یہ بھی ہے کہ اس کے چہرہ پر تین سطریں لکھی
ہوتی ہیں پہلی سطر او اللہ کے حق کو ضائع کرنے والے
دوسری سطر او اللہ کے غصہ کے ساتھ مخصوص تیسری
سطر جیسا کہ تو نے دنیا میں اللہ کے حق کو ضائع کیا

محمد بن ابراهيم السمرقندي يقال من داوم على الصلوة الخمس في الجماعة اعطاه الله خمس خصال ومن تهاون بها في الجماعة عاقبه الله باثني عشر خصلة ثلثة في الدنيا وثلثة عند الموت و ثلثة في القبر وثلثة يوم القيمة ثم ذكر نحوها ثم قال وروى عن ابي ذر عن النبي صلى الله عليه وسلم نحو هذا ذكر السيوطي في ذيل اللآلي بعد ما اخرج بمعناه من تخريج ابن النجار في تاريخ بغداد بسنده الى ابي هريرة قال في الميزان هذا حديث باطل ركبه محمد بن علي بن عباس على ابي بكر بن زياد النيسابوري قلت لكن ذكر الحافظ في المنبهات عن ابي هريرة مرفوعا الصلوة عماد الدين وفيها عشر خصال الحديث ذكرته في الهداية وذكر الغزالي في دقائق الاخبار بنحو هذا اتم منه وقال من حافظ عليها اكرمه الله بخمس عشرة الخ مفصلاً

آج تو اللہ کی رحمت سے مایوس ہے۔

فائدہ: یہ حدیث پوری اگرچہ عام کتب حدیث میں مجھے نہیں ملی۔ لیکن اس میں جتنی قسم کے ثواب اور عذاب ذکر کئے گئے ہیں ان کی اکثر تائید بہت سی روایات سے ہوتی ہے جن میں سے بعض پہلے گذر چکے اور بعض آگے آرہے ہیں۔ اور پہلی روایات میں بے نمازی کا اسلام سے نکل جانا بھی مذکور ہے تو پھر جس قدر عذاب ہو تھوڑا ہے۔ البتہ یہ ضرور ہے کہ یہ جو کچھ مذکور ہے اور آئندہ آرہا ہے وہ سب اس فعل کی سزا ہے اس کے مستحق سزا ہونے کے بعد اور اس دفعہ کی فرد جرم کے ساتھ ہی ارشاد خداوندی اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ کہ اللہ تعالیٰ شرک کی تو معافی نہیں فرمائیں گے۔ اس کے علاوہ جس کی دل چاہے معافی فرمادیں گے۔ اس آیت شریفہ اور اس جیسی آیات اور احادیث کی بنا پر اگر معاف فرمادیں تو زہے قسمت، احادیث میں آیا ہے کہ قیامت میں تین عدالتیں ہیں ایک کفر و اسلام کی، اس میں بالکل بخشش نہیں دوسری حقوق العباد کی، اس میں حق والے کا حق ضرور دلایا جائے گا چاہے اس سے لیا جائے جس کے ذمہ ہے یا اس کو معاف فرمانے کی مرضی ہو تو اپنے پاس سے دیا جائے گا تیسری عدالت اللہ تعالیٰ کے اپنے حقوق کی ہے اس میں بخشش کے دروازے کھول دیئے جائیں گے۔ اس بنا پر یہ سمجھنا ضروری ہے کہ اپنے افعال کی سزائیں تو یہی ہیں جو احادیث میں وارد ہوئیں لیکن مراحم خسروانہ اس سے بالاتر ہیں۔ ان کے علاوہ اور بھی بعض قسم کے عذاب اور ثواب احادیث میں آئے ہیں۔ بخاری شریف کی ایک حدیث میں ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول تھا کہ صبح کی نماز کے بعد صحابہؓ سے دریافت فرماتے کہ کسی نے کوئی خواب

دیکھا ہے۔ اگر کوئی دیکھتا تو بیان کر دیتا حضورؐ اس کی تعبیر ارشاد فرما دیتے۔ ایک مرتبہ حضورؐ نے حسب معمول دریافت فرمایا۔ اس کے بعد ارشاد فرمایا کہ میں نے ایک خواب دیکھا ہے کہ دو شخص آئے اور مجھے اپنے ساتھ لے گئے۔ اس کے بعد بہت لمبا خواب ذکر فرمایا جس میں جنت و دوزخ اور اس میں مختلف قسم کے عذاب لوگوں کو ہوتے ہوئے دیکھے۔ منجملہ ان کے ایک شخص کو دیکھا کہ اس کا سر پتھر سے کچلا جا رہا ہے اور اس زور سے پتھر مارا جاتا ہے کہ وہ پتھر لڑھکتا ہوا دور جا پڑتا ہے اتنے اس کو اٹھایا جاتا ہے وہ سر پھر ویسا ہی ہو جاتا ہے تو دوبارہ اس کو زور سے مارا جاتا ہے اسی طرح اس کے ساتھ برتاؤ کیا جا رہا ہے۔ حضورؐ نے اپنے دونوں ساتھیوں سے جب دریافت فرمایا کہ یہ کون شخص ہے تو انہوں نے بتایا کہ اس شخص نے قرآن شریف پڑھا اور اس کو چھوڑ دیا تھا اور فرض نماز چھوڑ کر سو جاتا تھا۔ ایک دوسری حدیث میں اسی قسم کا ایک اور قصہ ہے جس میں ہے کہ حضورؐ نے ایک جماعت کے ساتھ یہ برتاؤ دیکھا تو حضرت جبرئیل سے دریافت کیا انہوں نے فرمایا کہ یہ لوگ ہیں جو نماز میں سستی کرتے تھے[1] مجاہد کہتے ہیں کہ جو لوگ نماز کے اوقات معلوم کرنے کا اہتمام رکھتے ہیں ان میں ایسی برکت ہوتی ہے جیسی حضرت ابراہیم اور ان کی اولاد میں ہوئی[2] حضرت انسؓ حضورؐ سے نقل کرتے ہیں کہ جو شخص دنیا سے ایسے حال میں رخصت ہو کہ اخلاص کے ساتھ ایمان رکھتا ہو اس کی عبادت کرتا ہو نماز پڑھتا ہو زکوٰۃ ادا کرتا ہو تو وہ ایسی حالت میں دنیا سے رخصت ہوگا کہ حق تعالیٰ شانہٗ اس سے راضی ہوں گے[3] حضرت انسؓ حضورؐ سے حق تعالیٰ شانہٗ کا یہ ارشاد نقل کرتے ہیں کہ میں کسی جگہ عذاب بھیجنے کا ارادہ کرتا ہوں مگر وہاں ایسے لوگوں کو دیکھتا ہوں جو مسجدوں کو آباد کرتے ہیں اللہ کے واسطے آپس میں محبت رکھتے ہیں۔ اخیر راتوں میں استغفار کرتے ہیں تو عذاب کو موقوف کر دیتا ہوں[4] حضرت ابو درداءؓ نے حضرت سلمانؓ کو ایک خط لکھا جس میں یہ لکھا کہ مسجد میں اکثر اوقات گذارا کرو، میں نے حضورؐ سے سنا ہے کہ مسجد متقی کا گھر ہے اور اللہ جل شانہٗ نے اس بات کا عہد فرما لیا ہے کہ جو شخص مسجد میں اکثر رہتا ہے اس پر رحمت کروں گا، اس کو راحت دوں گا اور قیامت میں پل صراط کا راستہ آسان کروں گا اور اپنی رضا نصیب کروں گا۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ حضورؐ سے نقل کرتے ہیں کہ مسجدیں اللہ کے گھر ہیں اور گھر آنے والے کا اکرام ہوتا ہی ہے اس لیے اللہ پر ان کا اکرام ضروری ہے جو مسجدوں میں حاضر ہونے والے ہیں۔ ابو سعید خدریؓ حضورؐ سے نقل کرتے ہیں کہ جو شخص مسجد سے الفت رکھے حق تعالیٰ شانہٗ اس سے الفت رکھتے ہیں۔ حضرت ابو ہریرہؓ حضورؐ سے نقل کرتے ہیں کہ جب مردہ قبر میں رکھ دیا جاتا ہے تو جو لوگ قبر تک ساتھ گئے تھے وہ ابھی تک واپس بھی نہیں ہوتے کہ فرشتے اس کے امتحان کے لیے آتے ہیں۔ اس وقت اگر وہ مومن ہے تو نماز اس کے سر کے

---

[1] ترغیب [2] در منثور [3] ایضاً [4] ایضاً

قریب ہوتی ہے اور زکوٰۃ دائیں جانب اور روزہ بائیں جانب اور باقی جتنے بھلائی کے کام کئے تھے وہ پاؤں کی جانب ہو جاتے ہیں اور ہر طرف سے اس کا احاطہ کر لیتے ہیں کہ اس کے قریب تک کوئی نہیں پہونچ سکتا۔ فرشتے دور ہی کھڑے ہو کر سوال کرتے ہیں[1] ایک صحابی رضؓ ارشاد فرماتے ہیں کہ جب حضورؐ کے گھر والوں پر خرچ کی کچھ تنگی ہوتی تو آپ ان کو نماز کا حکم فرماتے اور یہ آیت تلاوت فرماتے وَأْمُرْ أَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا لَا نَسْئَلُكَ رِزْقًا نَحْنُ نَرْزُقُكَ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ۝ "اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم کیجئے اور خود بھی اس کا اہتمام کرتے رہئے ہم آپ سے روزی (کموانا) نہیں چاہتے روزی تو ہم دیں گے اور بہترین انجام پرہیزگاری ہی کا ہے" حضرت اسماءؓ کہتی ہیں میں نے حضورؐ سے سنا کہ قیامت کے دن سارے آدمی ایک جگہ جمع ہوں گے اور فرشتہ جو بھی آواز دے گا سب کو سنائی دے گی اس وقت اعلان ہوگا کہاں ہیں وہ لوگ جو راحت اور تکلیف میں ہر حال میں اللہ کی حمد کرتے تھے، یہ سن کر ایک جماعت اُٹھے گی اور بغیر حساب کتاب کے جنت میں داخل ہو جائے گی۔ پھر اعلان ہوگا کہاں ہیں وہ لوگ جو راتوں کو عبادت میں مشغول رہتے تھے اور ان کے پہلو بستروں سے دور رہتے تھے پھر ایک جماعت اُٹھے گی اور بغیر حساب کتاب کے جنت میں داخل ہو جائے گی۔ پھر اعلان ہوگا کہاں ہیں وہ لوگ جن کو تجارت اور خرید و فروخت اللہ کے ذکر سے غافل نہیں کرتی تھی۔ پھر ایک جماعت اٹھے گی اور بغیر حساب کتاب کے جنت میں داخل ہو جائے گی۔ ایک اور حدیث میں بھی یہی قصہ آیا ہے اس میں یہ بھی ہے کہ اعلان ہوگا آج محشر والے دیکھیں گے کہ کریم لوگ کون ہیں اور اعلان ہوگا کہاں ہیں وہ لوگ جن کو تجارتی مشاغل اللہ کے ذکر اور نماز سے نہیں روکتے تھے[2]۔ شیخ نصرؒ سمرقندی نے تنبیہ الغافلین میں بھی یہ حدیث لکھی ہے اس کے بعد لکھا ہے کہ جب یہ حضرات بغیر حساب کتاب چھوٹ چکیں گے تو جہنم سے ایک (عنق) لمبی گردن ظاہر ہوگی جو لوگوں کو پھاندتی ہوئی چلی آئے گی اس میں دو چمکدار آنکھیں ہوں گی اور نہایت فصیح زبان ہوگی، وہ کہے گی کہ میں ہر اس شخص پر مسلط ہوں جو متکبر بدمزاج ہو۔ اور مجمع میں سے ایسے لوگوں کو اس طرح چن لے گی جیسا کہ جانور دانہ چگتا ہے ان سب کو چن کر جہنم میں پھینک دے گی اس کے بعد پھر اسی طرح دوبارہ نکلے گی اور کہے گی کہ اب میں ہر اس شخص پر مسلط ہوں جس نے اللہ کو اور اس کے رسولؐ کو ایذا دی۔ ان لوگوں کو بھی جماعت سے چن کر لے جائے گی۔ اس کے بعد سہ بارہ پھر نکلے گی اور اس مرتبہ تصویر والوں کو چن کر لے جائے گی۔ اس کے بعد جب یہ تینوں قسم کے آدمی مجمع سے چھٹ جائیں گے تو حساب کتاب شروع ہوگا کہتے ہیں کہ پہلے زمانہ میں شیطان آدمیوں کو نظر آجاتا تھا ایک

[1] درمنثور [2] ایضاً

صاحب نے اس سے کہا کہ کوئی ترکیب ایسی بتا کہ میں بھی تجھ جیسا ہو جاؤں۔ شیطان نے کہا کہ ایسی فرمائش تو آج تک مجھ سے کسی نے بھی نہیں کی تجھے اس کی کیا ضرورت پیش آئی۔ انہوں نے کہا میرا دل چاہتا ہے۔ شیطان نے کہا اس کی ترکیب یہ ہے کہ نماز میں سستی کر اور قسم کھانے میں ذرا پرواہ نہ کر۔ جھوٹی سچی ہر طرح کی قسمیں کھایا کر۔ ان صاحب نے کہا کہ میں اللہ سے عہد کرتا ہوں کہ کبھی نماز نہ چھوڑوں گا اور کبھی قسم نہ کھاؤں گا۔ شیطان نے کہا کہ تیرے سوا مجھ سے چال کے ساتھ کسی نے کچھ نہیں لیا میں نے بھی عہد کر لیا کہ آدمی کو کبھی نصیحت نہیں کروں گا۔

حضرت اُبَیؓ فرماتے ہیں کہ حضورؐ نے ارشاد فرمایا اس اُمت کو رفعت و عزت اور دین کے فروغ کی بشارت دو لیکن دین کے کسی کام کو جو شخص دنیا کے واسطے کرے آخرت میں اس کا کوئی حصہ نہیں [۱] ایک حدیث میں آیا ہے حضورؐ اقدس ارشاد فرماتے ہیں کہ میں نے حق تعالیٰ شانہٗ کی بہترین صورت میں زیارت کی مجھ سے ارشاد ہوا کہ محمدؐ، مَلَاءِ اَعْلٰی والے یعنی فرشتے کس چیز میں جھگڑ رہے ہیں۔ میں نے عرض کیا مجھے تو علم نہیں، تو حق تعالیٰ شانہٗ نے اپنا دست مبارک میرے سینہ پر رکھ دیا جس کی ٹھنڈک سینہ کے اندر تک محسوس ہوئی اور اس کی برکت سے تمام عالم مجھ پر منکشف ہو گیا پھر مجھ سے ارشاد فرمایا اب بتاؤ فرشتے کس چیز میں جھگڑ رہے ہیں۔ میں نے عرض کیا کہ درجہ بلند کرنے والی چیزوں میں اور ان چیزوں میں جو گناہوں کو کفارہ ہو جاتی ہیں اور جماعت کی نماز کی طرف جو قدم اُٹھتے ہیں ان کے ثواب میں۔ اور سردی کے وقت وضو کو اچھی طرح سے کرنے کے فضائل میں اور ایک نماز کے بعد سے دوسری نماز تک انتظار میں بیٹھے رہنے کی فضیلت میں۔ جو شخص ان کا اہتمام کرے گا بہترین حالت میں زندگی گذارے گا اور بہترین حالت میں مرے گا۔ متعدد احادیث میں آیا ہے حق تعالیٰ شانہٗ ارشاد فرماتے ہیں اے ابن آدم تو دن کے شروع میں میرے لیے چار رکعت پڑھ لیا کر، میں تمام دن کے تیرے کام بنا دیا کروں گا۔

تنبیہ الغافلین میں ایک حدیث میں لکھی ہے کہ نماز اللہ کی رضا کا سبب ہے فرشتوں کی محبوب چیز ہے انبیاءؑ کی سنت ہے اس سے معرفت کا نور پیدا ہوتا ہے۔ دعا قبول ہوتی ہے۔ رزق میں برکت ہوتی ہے، یہ ایمان کی جڑ ہے، بدن کی راحت ہے۔ دشمن کے لیے ہتھیار ہے۔ نمازی کے لیے سفارشی ہے۔ قبر میں چراغ ہے اور اس کی وحشت میں دل بہلانے والی ہے۔ منکر نکیر کے سوال کا جواب ہے اور قیامت کی دھوپ میں سایہ ہے اور اندھیرے میں روشنی ہے۔ جہنم کی آگ کے لیے آڑ ہے۔ اعمال کی ترازو کا بوجھ ہے پل صراط پر جلدی سے گذارنے والی ہے۔ جنت کی کنجی ہے۔ حافظ ابن حجرؒ نے منبہات میں حضرت

[۱] ترغیب

عثمان غنی رضؓ سے نقل کیا ہے کہ جو شخص نماز کی محافظت کرے اوقات کی پابندی کے ساتھ اس کا اہتمام کرے حق تعالیٰ شانہٗ نو چیزوں کے ساتھ اس کا اکرام فرماتے ہیں اول یہ کہ اس کو خود محبوب رکھتے ہیں دوسرے تندرستی عطا فرماتے ہیں، تیسرے فرشتے اس کی حفاظت فرماتے ہیں، چوتھے اس کے گھر میں برکت عطا فرماتے ہیں، پانچویں اس کے چہرہ پر صُلحاء کے انوار ظاہر ہوتے ہیں چھٹے اس کا دل نرم فرماتے ہیں، ساتویں وہ پل صراط پر بجلی کی طرح سے گذر جائے گا، آٹھویں جہنم سے نجات فرما دیتے ہیں، نویں جنت میں ایسے لوگوں کا پڑوس نصیب ہوگا جن کے بارے میں لَاخَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَاهُمْ يَحْزَنُوْنَ الآیۃ وارد ہے۔ یعنی قیامت میں نہ ان کو کوئی خوف ہوگا۔ نہ وہ غمگین ہوں گے حضورؐ کا ارشاد ہے کہ نماز دین کا ستون ہے اور اس میں دس خوبیاں ہیں۔ چہرہ کی رونق ہے، دل کا نور ہے، بدن کی راحت اور تندرستی کا سبب ہے، قبر کا اُنس ہے، اللہ کی رحمت اترنے کا ذریعہ ہے، آسمان کی کنجی ہے، اعمالناموں کی ترازو کا وزن ہے (کہ اس سے نیک اعمال کا پلڑا بھاری ہوجاتا ہے) اللہ کی رضا کا سبب ہے۔ جنت کی قیمت ہے اور دوزخ کی آڑ ہے جس شخص نے اس کو قائم کیا اس نے دین کو قائم رکھا اور جس نے اس کو چھوڑا اپنے دین کو گرادیا[1] ایک حدیث میں وارد ہوا کہ گھر میں نماز پڑھنا نور ہے نماز سے اپنے گھروں کو منور کیا کرو[2] اور یہ تو مشہور حدیث ہے کہ میری اُمت قیامت دن وضو اور سجدہ کی وجہ سے روشن ہاتھ پاؤں والی روشن چہرہ والی ہوگی اسی علامت سے دوسری امتوں سے پہچانی جائے گی۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ جب آسمان سے کوئی بلا آفت نازل ہوتی ہے تو مسجد کے آباد کرنے والوں سے ہٹالی جاتی ہے[3] متعدد احادیث میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جہنم پر حرام کر دیا ہے کہ سجدہ کے نشان کو جلائے (یعنی اگر اپنے اعمال بد کی وجہ سے وہ جہنم میں داخل بھی ہوگا تو سجدہ کا نشان جس جگہ ہوگا اس پر آگ کا اثر نہ ہوسکے گا) ایک حدیث میں ہے کہ نماز شیطان کا منہ کالا کرتی ہے اور صدقہ اس کی کمر توڑ دیتا ہے[4] ایک جگہ ارشاد ہے کہ نماز شفا ہے[5] دوسری جگہ اس کے متعلق ایک قصہ نقل کیا کہ حضرت ابوہریرہؓ ایک مرتبہ پیٹ کے بل لیٹے ہوئے تھے۔ حضورؐ نے دریافت فرمایا کہ پیٹ میں درد ہے عرض کیا جی ہاں۔ فرمایا اُٹھ نماز پڑھ نماز میں شفا ہے[6] حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ جنت کو خواب میں دیکھا تو حضرت بلالؓ کے جوتوں کے گھسیٹنے کی آواز بھی سنائی دی۔ صبح کو حضورؐ نے پوچھا کہ تیرا وہ خصوصی عمل کیا ہے جس کی وجہ سے جنت میں بھی تو (دُنیا کی طرح سے) میرے ساتھ ساتھ چلتا رہا۔ عرض کیا کہ رات دن میں جس وقت بھی میری وضو ٹوٹ

---

[1] منبہات ابن حجرؒ [2] جامع الصغیر [3] جامع الصغیر [4] جامع الصغیر [5] ایضاً [6] ابن کثیر۔

جاتی ہے تو وضو کرتا ہوں اس کے بعد (تحیۃ الوضو کی) نماز جتنی مقدر ہو پڑھتا ہوں [۱] سفیری رح نے کہا ہے کہ صبح کی نماز چھوڑنے والے کو ملائکہ اُو فاجر سے پکارتے ہیں اور ظہر کی نماز چھوڑنے والے کو اُو خاسر (خسارہ والے سے) اور عصر کی نماز چھوڑنے والے کو عاصی سے اور مغرب کی نماز چھوڑنے والے کو کافر سے اور عشاء کی نماز چھوڑنے والے کو اُو مُضیّع (اللہ کا حق ضائع کرنے والے) سے پکارتے ہیں [۲] علامہ شعرانی فرماتے ہیں کہ یہ بات سمجھ لینا چاہیئے کہ مصیبت ہر اُس آبادی سے ہٹادی جاتی ہے کہ جہاں کے لوگ نمازی ہوں جیساکہ ہر اُس آبادی پر نازل ہوتی ہے جہاں کے لوگ نمازی نہ ہوں ایسی جگہوں میں زلزلوں کا آنا، بجلیوں کا گرنا، مکانوں کا دھنس جانا، کچھ بھی مُستبعد نہیں۔ اور کوئی یہ خیال نہ کرے کہ میں تو نمازی ہوں مجھے دوسروں سے کیا غرض۔ اس لیے کہ جب بلا نازل ہوتی ہے تو عام ہوا کرتی ہے (خود حدیث شریف میں مذکور ہے کسی نے سوال کیا کہ ہم لوگ ایسی صورت میں ہلاک ہو سکتے ہیں کہ ہم میں صلحا موجود ہوں حضور ؐ نے ارشاد فرمایا ہاں جب خباثت کا غلبہ ہو جائے) اس لئے کہ ان کے ذمہ یہ بھی ضروری ہے کہ اپنی وسعت کے موافق دوسروں کو بُری باتوں سے روکیں اور اچھی باتوں کا حکم کریں [۳]

(۸) رُوِیَ اَنَّهٗ عَلَیْهِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ قَالَ مَنْ تَرَكَ الصَّلٰوۃَ حَتّٰی مَضٰی وَقْتُهَا ثُمَّ قَضٰی عُذِّبَ فِی النَّارِ حُقْبًا وَالْحُقْبُ ثَمَانُوْنَ سَنَةً وَالسَّنَةُ ثَلٰثُمِائَةٍ وَّسِتُّوْنَ یَوْمًا كُلُّ یَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ اَلْفَ سَنَةٍ كذا فی مجالس الابرار قلت لم اجده فیما عندی من كتب الحدیث الا ان مجالس الابرار مدحه شیخ مشائخنا الشاه عبد العزیز الدهلوی ثم قال الراغب فی قوله تعالٰی لابثین فیها احقابا قیل جمع الحقب ای الدهر قیل والحقبة ثمانون عاما والصحیح ان الحقبة مدة من الزمان مبهمة واخرج ابن كثیر فی تفسیر قوله تعالٰی فَوَیْلٌ لِّلْمُصَلِّیْنَ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا گیا ہے کہ جو شخص نماز کو قضا کردے گو وہ بعد میں پڑھ بھی لے پھر بھی اپنے وقت پر نہ پڑھنے کی وجہ سے ایک حقب جہنم میں جلے گا اور حقب کی مقدار اسّی برس کی ہوتی ہے اور ایک برس تین سو ساٹھ دن کا اور قیامت کا ایک دن ایک ہزار برس کی برابر ہوگا (اس حساب سے ایک حقب کی مقدار دو کروڑ اٹھاسی لاکھ برس ہوئی (۲۸۸۰۰۰۰۰)

فائدہ: حقب کے معنی لغت میں بہت زیادہ زمانہ کے ہیں۔ اکثر حدیثوں میں اس کی مقدار یہی آئی ہے جو اوپر گذری یعنی اسّی سال۔ دُرِّ منثور میں متعدد روایات سے یہی مقدار منقول ہے حضرت علی رض نے ہلال ہجری رض سے دریافت فرمایا کہ

[۱] فتح [۲] غالیۃ المواعظ [۳] لواقح الانوار۔

الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلٰوتِهِمْ سَاهُوْنَ عن ابن عباس انّ فی جهنم لواديا لتستعيذ جهنم من ذالك الوادی فی كل يوم اربعمأئة مرة اعد ذٰلك الوادی للمرائين من امة محمد الحديث وذكر ابو الليث السمرقندی فی قرة العيون عن ابن عباس وهو مسكن من يؤخر الصلوٰة عن وقتها وعن سعد بن ابی وقاص مرفوعا الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلٰوتِهِمْ سَاهُوْنَ قال هم الذين يؤخرون الصلوٰة عن وقتها صحح الحاكم والبيهقی وقفه واخرج الحاكم عن عبد الله فی قوله تعالٰی فسوف يلقون غيا قال وادٍ فی جهنم بعيد القعر خبيث الطعم وقال صحيح الاسناد ۱۲

حُقب کی کیا مقدار ہے انہوں نے کہا کہ حُقب اسّی برس کا ہوتا ہے اور ہر برس بارہ مہینے کا اور ہر مہینہ تیس دن کا اور ہر دن ایک ہزار برس کا۔ حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ سے بھی صحیح روایت سے اسّی برس منقول ہیں حضرت ابو ہریرہؓ نے خود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے یہی نقل کیا ہے کہ ایک حقب اسّی سال کا ہوتا ہے اور ایک سال تین سو ساٹھ دن کا اور ایک دن تمہارے دنوں کے اعتبار سے (یعنی دنیا کے موافق) ایک ہزار دن کا یہی مضمون حضرت عبد اللہ بن عمرؓ نے بھی حضورؐ سے نقل فرمایا ہے۔ اس کے بعد حضرت عبد اللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں کہ اس بھروسہ پر نہیں رہنا چاہیئے کہ ایمان کی بدولت جہنم سے آخر نکل جائیں گے اتنے سال یعنی دو کروڑ اٹھاسی لاکھ برس جلنے کے بعد نکلنا ہوگا وہ بھی جب ہی کہ کوئی اور وجہ زیادہ پڑے رہنے کی نہ ہو۔ اس کے علاوہ اور بھی کچھ مقدار اس سے کم و زیادہ حدیث میں آئی ہے مگر اول تو اوپر والی مقدار کئی حدیثوں میں آئی ہے اس لیے یہ مقدم ہے دوسرے یہ بھی ممکن ہے کہ آدمیوں کی حالت کے اعتبار سے کم و بیش ہو۔

ابو اللیث سمرقندی نے قرۃ العیون میں حضورؐ کا ارشاد نقل کیا ہے جو شخص ایک فرض نماز بھی جان بوجھ کر چھوڑ دے اس کا نام جہنم کے دروازہ پر لکھ دیا جاتا ہے اور اس کو اس میں جانا ضروری ہے اور حضرت ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے کہ ایک مرتبہ حضورؐ نے ارشاد فرمایا یہ کہو کہ اے اللہ ہم میں کسی کو شقی محروم نہ کر پھر فرمایا جانتے ہو شقی محروم کون ہے؟ صحابہؓ کے استفسار پر ارشاد فرمایا کہ شقی محروم نماز کا چھوڑنے والا ہے اس کا کوئی حصہ اسلام میں نہیں۔ ایک حدیث میں ہے کہ دیدہ و دانستہ بلا عذر نماز چھوڑنے والے کی طرف حق تعالیٰ قیامت میں التفات ہی نہ فرمائیں گے اور عَذَابٌ اَلِيْمٌ (دکھ دینے والا عذاب) اس کو دیا جائے گا۔ ایک حدیث سے نقل کیا ہے کہ دس آدمیوں کو خاص طور سے عذاب ہوگا منجملہ ان کے نماز کا چھوڑنے والا بھی ہے کہ اس کے ہاتھ بندھے ہوئے ہوں گے اور فرشتے منہ اور

پشت پر ضرب لگا رہے ہوں گے۔ جنت کہے گی کہ میرا تیرا کوئی تعلق نہیں نہ میں تیرے لیے نہ تو میرے لیے۔ دوزخ کہے گی کہ آجا میرے پاس آجا تو میرے لیے ہے میں تیرے لیے۔ یہ بھی نقل کیا ہے کہ جہنم میں ایک وادی (جنگل) ہے جس کا نام ہے لم لم، اس میں سانپ ہیں جو اونٹ کی گردن کے برابر موٹے ہیں اور ان کی لمبائی ایک مہینہ کی مسافت کے برابر ہے اس میں نماز چھوڑنے والوں کو عذاب دیا جائے گا ایک دوسری حدیث میں ہے کہ ایک میدان ہے جس کا نام جُبّ الحُزن ہے وہ بچھوؤں کا گھر ہے اور ہر بچھو خچر کی برابر بڑا ہے وہ بھی نماز چھوڑنے والوں کو ڈسنے کے لیے ہیں۔ ہاں مولائے کریم معاف کر دے تو کون پوچھنے والا ہے مگر کوئی معافی چاہے بھی تو۔ ابن حجرؒ نے زواجر میں لکھا ہے کہ ایک عورت کا انتقال ہو گیا تھا اس کا بھائی دفن میں شریک تھا اتفاق سے دفن کرتے ہوئے ایک تھیلی قبر میں گر گئی۔ اس وقت خیال نہیں آیا بعد میں یاد آئی تو بہت رنج ہوا چپکے سے قبر کھول کر نکالنے کا ارادہ کیا۔ قبر کو کھولا تو وہ آگ کے شعلوں سے بھر رہی تھی۔ روتا ہوا ماں کے پاس آیا اور حال بیان کیا اور پوچھا کہ یہ کیا بات ہے۔ ماں نے بتایا کہ وہ نماز میں سستی کرتی تھی اور قضا کر دیتی تھی۔ اَعَاذَنَا اللّٰہُ مِنْہَا۔

(۹) عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رضؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَاسَہْمَ فِی الْاِسْلَامِ لِمَنْ لَاصَلٰوۃَ لَہٗ وَلَا صَلٰوۃَ لِمَنْ لَّا وُضُوْءَ لَہٗ اخرجہ البزار واخرج الحاکم عن عائشۃ مرفوعًا وصححہ ثلٰثٌ اَحْلِفُ عَلَیْھِنَّ لَا یَجْعَلُ اللّٰہُ مَنْ لَّہٗ سَہْمٌ فِی الاسلام کَمَنْ لَاسَہْمَ لَہٗ وَسَہَامُ الْاِسْلَامِ الصَّوْمُ وَالصَّلٰوۃُ وَالصَّدَقَۃُ الحدیث واخرج الطبرانی فی الاوسط عَنِ ابْنِ عُمَرَ مَرْفُوْعًا لَادِیْنَ لِمَنْ لَّاصَلٰوۃَ لَہٗ اِنَّمَا مَوْضَعُ الصَّلٰوۃِ مِنَ الدِّیْنِ کَمَوْضِعِ الرَّاْسِ مِنَ الْجَسَدِ کذا فی الدر المنثور۔

حضور اقدسؐ کا ارشاد ہے کہ اسلام میں کوئی بھی حصہ نہیں اس شخص کا جو نماز نہ پڑھتا ہو اور بے وضو کی نماز نہیں ہوتی۔ دوسری حدیث میں ہے کہ دین بغیر نماز کے نہیں ہے۔ نماز دین کے لیے ایسی ہے جیسا آدمی کے بدن کے لیے سر ہوتا ہے۔

ف: ۔ جو لوگ نماز نہ پڑھ کر اپنے کو مسلمان کہتے ہیں یا حمیت اسلامی کے لیے چوڑے دعوے کرتے ہیں وہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ان ارشادات پر ذرا غور کر لیں اور جن اسلاف کی کامیابیوں تک پہنچنے کے خواب دیکھتے ہیں ان کے حالات کی بھی تحقیق کریں کہ وہ دین کو کس مضبوطی سے پکڑے ہوئے تھے پھر دنیا ان کے قدم کیوں نہ چومتی۔ حضرت عبد اللہ بن عباسؓ کی آنکھ میں پانی اُتر آیا۔ لوگوں نے عرض کیا کہ اس کا علاج تو ہو سکتا ہے مگر چند روز آپ نماز نہ پڑھ سکیں گے انہوں نے

فرمایا یہ نہیں ہو سکتا۔ میں نے حضورؐ سے سنا ہے کہ جو شخص نماز نہ پڑھے وہ اللہ جل شانہٗ کے یہاں ایسی حالت میں حاضر ہو گا کہ حق تعالیٰ شانہٗ اس پر ناراض ہوں گے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ لوگوں نے کہا پانچ دن لکڑی پر سجدہ کرنا پڑے گا۔ انہوں نے فرمایا کہ ایک رکعت بھی اس طرح نہیں پڑھوں گا۔ عمر بھر بینائی کو صبر کر لینا ان حضرات کے یہاں اس سے سہل تھا کہ نماز چھوڑیں حالانکہ اس عذر کی وجہ سے نماز کا چھوڑنا جائز بھی تھا حضرت عمرؓ کے اخیر زمانہ میں جب برچھا مارا گیا تو ہر وقت خون جاری رہتا تھا اور اکثر اوقات غفلت رہتی تھی حتیٰ کہ اسی حالت میں وصال بھی ہو گیا۔ مگر بیماری کے ان دنوں میں جب نماز کا وقت ہوتا تو ان کو ہوشیار کیا جاتا اور نماز کی درخواست کی جاتی وہ اسی حالت میں نماز ادا کرتے اور یہ فرماتے کہ ہاں ہاں ضرور جو شخص نماز نہ پڑھے اسلام میں اس کا کوئی حصہ نہیں۔ ہمارے یہاں بیمار کی خیر خواہی راحت رسانی اس میں سمجھی جاتی ہے اس کو نماز کی تکلیف نہ دی جائے بعد میں فدیہ دے دیا جائے گا۔ ان حضرات کے یہاں خیر خواہی یہ تھی جو عبادت بھی چلتے چلاتے کر سکے دریغ نہ کیا جائے ببیں تفاوت رہ از کجاست تا بہ کجا۔

حضرت علیؓ نے ایک مرتبہ حضورؐ سے ایک خادم مانگا کہ کاروبار میں مدد کرے حضورؐ نے فرمایا یہ تین غلام ہیں جو پسند ہو لے لو۔ انہوں نے عرض کیا آپ ہی پسند فرما دیں۔ حضورؐ نے ایک شخص کے متعلق فرمایا کہ اس کو لے لو یہ نمازی ہے مگر اس کو مارنا نہیں نمازیوں کے مارنے کی ممانعت ہے۔ اس قسم کا واقعہ ایک اور صحابی ابوالہیثمؓ کے ساتھ بھی ہوا۔ انھوں نے بھی حضورؐ سے غلام مانگا تھا اس کے بالمقابل ہمارا ملازم نمازی بن جائے تو ہم اس کو طعن کرتے ہیں اور حماقت سے اس کی نمازیں اپنا حرج سمجھتے ہیں۔ حضرت سفیان ثوریؒ پر ایک مرتبہ غلبۂ حال ہوا تو سات روز تک گھر میں رہے نہ کھاتے تھے نہ پیتے تھے نہ سوتے تھے شیخ کو اس کی اطلاع کی گئی دریافت کیا کہ نماز کے اوقات تو محفوظ رہتے ہیں (یعنی نماز کے اوقات کا تو اہتمام رہتا ہے) لوگوں نے عرض کیا کہ نماز کے اوقات بیشک محفوظ ہیں فرمایا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَجْعَلْ لِلشَّیْطَانِ عَلَیْهِ سَبِیْلًا (تمام تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جس نے شیطان کو اس پر مسلط نہ ہونے دیا۔)[1]

باب دوم جماعت کے بیان میں

جیسا کہ شروع رسالہ میں لکھا جا چکا ہے بہت سے حضرات نماز پڑھتے ہیں لیکن جماعت کا اہتمام

[1] بہجۃ النفوس

نہیں کرتے حالانکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے جس طرح نماز کے بارہ میں بہت سخت تاکید آئی ہے اسی طرح جماعت کے بارہ میں بھی بہت سی تاکیدیں وارد ہوئی ہیں۔ اس باب میں بھی دو فصلیں ہیں۔ پہلی فصل جماعت کے فضائل میں۔ دوسری فصل جماعت کے چھوڑنے پر عتاب میں۔

فصل اوّل جماعت کے فضائل میں

(۱) عَنْ اِبْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ صَلٰوۃُ الْجَمَاعَۃِ اَفْضَلُ مِنْ صَلٰوۃِ الْفَذِّ بِسَبْعٍ وَّعِشْرِیْنَ دَرَجَۃً

رواہ مالک والبخاری ومسلم والترمذی والنسائی کذا فی الترغیب۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جماعت کی نماز اکیلے کی نماز سے ستائیس درجہ زیادہ ہوتی ہے۔

ف: جب آدمی نماز پڑھتا ہے تو ثواب ہی کی نیت سے پڑھتا ہے تو معمولی سی بات ہے کہ گھر میں نہ پڑھے مسجد میں جا کر جماعت سے پڑھ لے کہ نہ اس میں کچھ مشقت ہے نہ دقت اور اتنا بڑا ثواب حاصل ہوتا ہے کون شخص ایسا ہوگا جس کو ایک روپے کے ستائیس یا اٹھائیس روپے ملتے ہوں اور وہ ان کو چھوڑ دے مگر دین کی چیزوں میں اتنے بڑے نفع سے بھی بے توجہی کی جاتی ہے اس کی وجہ اس کے سوا کیا ہو سکتی ہے کہ ہم لوگوں کو دین کی پروا نہیں۔ اس کا نفع ہم لوگوں کی نگاہ میں نفع نہیں۔ دنیا کی تجارت جس میں ایک آنہ دو آنہ فی روپیہ نفع ملتا ہے اس کے پیچھے دن بھر خاک چھانتے ہیں۔ آخرت کی تجارت جس میں ستائیس گنا نفع ہے وہ ہمارے لیے مصیبت ہے جماعت کی نماز کے لیے جانے میں دوکان کا نقصان سمجھا جاتا ہے بکری کا بھی نقصان بتایا جاتا ہے دوکان کے بند کرنے کی بھی دقت کہی جاتی ہے لیکن جن لوگوں کے یہاں اللہ جل شانہٗ کی عظمت ہے اللہ کے وعدوں پر ان کو اطمینان ہے اس کے اجر و ثواب کی کوئی قیمت ہے ان کے یہاں یہ لچر عذر کچھ بھی وقعت نہیں رکھتے ایسے ہی لوگوں کی اللہ جل شانہٗ نے کلام پاک میں تعریف فرمائی ہے رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ الآیۃ تیسرے باب کے شروع میں پوری آیت مع ترجمہ موجود ہے اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کا جو معمول اذان کے بعد اپنی تجارت کے ساتھ تھا وہ حکایاتِ[عـہ] صحابہؓ کے پانچویں باب میں مختصر طور پر گذر چکا۔ سالمؒ حداد ایک بزرگ تھے تجارت کرتے تھے جب اذان کی آواز سنتے تو رنگ متغیر ہو جاتا اور زرد پڑ جاتا، بے قرار ہو جاتے، دوکان کھلی چھوڑ کر کھڑے ہو جاتے اور یہ اشعار پڑھتے۔

عـہ حکایات صحابہؓ۔

إِذَا مَا دَعَا دَاعِيْكُمْ قُمْتُ مُسْرِعًا ، مُجِيْبًا لِمَوْلَى جَلَّ لَيْسَ لَهُ مِثْلُ

جب تمہارا منادی (موذن) پکارنے کے واسطے کھڑا ہو جاتا ہے تو میں جلدی سے کھڑا ہو جاتا ہوں ایسے مالک کی پکار کو قبول کرتے ہوئے جس کی بڑی شان ہے اس کا کوئی مثل نہیں۔

أُجِيْبُ إِذَا نَادٰى بِسَمْعٍ وَّطَاعَةٍ ، وَبِيْ نَشْوَةٌ لَبَّيْكَ يَا مَنْ لَّهُ الْفَضْلُ

جب وہ منادی (موذن) پکارتا ہے تو میں بحالت نشاط اطاعت و فرمانبرداری کے ساتھ جواب میں کہتا ہوں کہ اے فضل و بزرگی والے لبیک یعنی حاضر ہوتا ہوں۔

وَيَصْفَرُّ لَوْنِيْ خِيْفَةً وَّمَهَابَةً ، وَيَرْجِعُ لِيْ عَنْ كُلِّ شُغْلٍ بِهٖ شُغْلُ

اور میرا رنگ خوف اور ہیبت سے زرد پڑ جاتا ہے اور اس پاک ذات کی مشغولی مجھے ہر کام سے بے خبر کر دیتی ہے۔

وَحَقِّكُمْ مَا لَذَّ لِيْ غَيْرُ ذِكْرِكُمْ ، وَذِكْرُ سِوَاكُمْ فِيْ فَمِيْ قَطُّ لَا يَحْلُوْ

تمہارے حق کی قسم تمہارے ذکر کے سوا مجھے کوئی چیز بھی لذیذ نہیں معلوم ہوتی اور تمہارے سوا کسی کے ذکر میں بھی مجھے مزہ نہیں آتا۔

مَتٰى يَجْمَعُ الْاَيَّامُ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ، وَيَفْرَحُ مُشْتَاقٌ إِذَا اجْتَمَعَ الشَّمْلُ

دیکھئے زمانہ مجھ کو اور تم کو کب جمع کرے گا اور مشتاق تو جب ہی خوش ہوتا ہے جب اجتماع نصیب ہوتا ہے۔

فَمَنْ شَاهَدَتْ عَيْنَاهُ نُوْرَ جَمَالِكُمْ ، يَمُوْتُ اِشْتِيَاقًا نَحْوَكُمْ قَطُّ لَا يَسْلُوْ

جس کی آنکھوں نے تمہارے جمال کا نور دیکھ لیا ہے تمہارے اشتیاق میں مر جائے گا کبھی بھی تسلی نہیں پا سکتا[1]

حدیث میں آیا ہے کہ (جو لوگ کثرت سے مسجد میں جمع رہتے ہوں وہ) مسجد کے کھونٹے ہیں فرشتے ان کے ہمنشین ہوتے ہیں اگر وہ بیمار ہو جائیں تو فرشتے ان کی عیادت کرتے ہیں اور وہ کسی کام کو جائیں تو فرشتے ان کی اعانت کرتے ہیں۔[2]

(۲) عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةُ الرَّجُلِ فِيْ جَمَاعَةٍ تُضَعَّفُ عَلٰى صَلٰوتِهٖ فِيْ بَيْتِهٖ وَفِيْ سُوْقِهٖ خَمْسًا وَّعِشْرِيْنَ ضِعْفًا وَذٰلِكَ

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ آدمی کی وہ نماز جو جماعت سے پڑھی گئی ہو اس نماز سے جو گھر میں پڑھ لی ہو یا بازار میں پڑھ لی ہو پچیس (۲۵) درجہ المضاعف ہوتی ہے اور بات

[1] نزہت [2] حاکم۔

اَنَّهٗ اِذَا تَوَضَّأَ فَاَحْسَنَ الْوُضُوْءَ ثُمَّ خَرَجَ اِلَى الْمَسْجِدِ لَا يُخْرِجُهٗ اِلَّا الصَّلٰوةُ لَمْ يَخْطُ خُطْوَةً اِلَّا رُفِعَتْ لَهٗ بِهَا دَرَجَةٌ وَحُطَّ عَنْهُ بِهَا خَطِيْئَةٌ فَاِذَا صَلّٰى لَمْ تَزَلِ الْمَلٰٓئِكَةُ تُصَلِّىْ عَلَيْهِ مَا دَامَ فِىْ مُصَلَّاهُ مَالَمْ يُحْدِثْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْهُ وَلَا يَزَالُ فِىْ صَلٰوةٍ مَا انْتَظَرَ الصَّلٰوةَ رواه البخاری واللفظ له ومسلم وابوداؤد والترمذی وابن ماجہ کذا فی الترغیب

یہ ہے کہ جب آدمی وضو کرتا ہے اور وضو کو کمال درجہ تک پہونچا دیتا ہے پھر مسجد کی طرف صرف نماز کے ارادہ سے چلتا ہے کوئی اور ارادہ اس کے ساتھ شامل نہیں ہوتا تو جو قدم بھی رکھتا ہے اس کی وجہ سے ایک نیکی بڑھ جاتی ہے اور ایک خطا معاف ہوجاتی ہے اور پھر جب نماز پڑھ کر اسی جگہ بیٹھا رہتا ہے تو جب تک وہ باوضو بیٹھا رہے گا فرشتے اس کے لیے مغفرت اور رحمت کی دعا کرتے رہتے ہیں اور جب تک آدمی نماز کے انتظار میں رہتا ہے وہ نماز کا ثواب پاتا رہتا ہے۔

فائدہ: پہلی حدیث میں ستائیس درجہ کی زیادتی بتلائی گئی تھی اور اس حدیث میں پچیس۲۵ درجہ کی۔ ان دونوں حدیثوں میں جو اختلاف ہوا ہے علماء نے اس کے بہت سے جوابات تحریر فرمائے ہیں جو شروح حدیث میں مذکور ہیں، منجملہ ان کے یہ ہے کہ یہ نمازیوں کے حال کے اختلاف کی وجہ سے ہے کہ بعضوں کو پچیس۲۵ درجہ کی زیادتی ہوتی ہے اور بعضوں کو اخلاص کی وجہ سے ستائیس کی ہوجاتی ہے بعض علماء نے نماز کے اختلاف پر محمول فرمایا ہے کہ سِرّی نمازوں میں پچیس۲۵ ہے اور جہری میں ستائیس ہے بعض نے ستائیس۲۷ عشاء اور صبح کے لیے بتایا ہے کہ ان دونوں نمازوں میں جانا مشکل معلوم ہوتا ہے اور پچیس۲۵ باقی نمازوں میں۔ بعض شراح نے لکھا ہے کہ اس امت پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے انعامات کی بارش بڑھتی ہی چلی گئی۔ جیسا کہ اور بھی بہت سی جگہ اس کا ظہور ہے اس لیے اول پچیس۲۵ درجہ تھا بعد میں ستائیس۲۷ ہوگیا۔ بعض شراح نے ایک عجیب بات لکھی ہے وہ کہتے ہیں کہ اس حدیث کا ثواب پہلی حدیث سے بہت زیادہ ہے۔ اس لیے کہ اس حدیث میں یہ ارشاد نہیں کہ وہ پچیس درجہ کی زیادتی ہے بلکہ یہ ارشاد ہے کہ پچیس۲۵ درجہ المضاعف ہوتی ہے جس کا ترجمہ دو چند اور دوگنا ہوتا ہے یعنی یہ کہ پچیس۲۵ مرتبہ تک دوگنا اجر ہوتا چلا جاتا ہے۔ اس صورت میں جماعت کی ایک نماز کا ثواب تین کروڑ پینتیس لاکھ چوّن ہزار چار سو بتیس (۳۳۵۵۴۴۳۲) درجہ ہوا۔ حق تعالیٰ شانہٗ کی رحمت سے یہ ثواب کچھ بعید نہیں اور جب نماز کے چھوڑنے کا گناہ ایک حقبہ ہے جو پہلے باب میں گذرا تو اس کے پڑھنے کا ثواب یہ ہونا قرین قیاس بھی ہے۔

اس کے بعد حضورؐ نے اس طرف اشارہ فرمایا کہ یہ تو خود ہی غور کر لینے کی چیز ہے کہ جماعت کی نماز

میں کس قدر اجر و ثواب اور کس کس طرح حسنات کا اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے کہ جو شخص گھر سے وضو کرکے محض نماز کی نیت سے مسجد میں جائے تو اس کے ہر ہر قدم پر ایک نیکی کا اضافہ اور ایک خطا کی معافی ہوتی چلی جاتی ہے بنو سلمہ مدینہ طیبہ میں ایک قبیلہ تھا اُن کے مکانات مسجد سے دور تھے، انہوں نے ارادہ کیا کہ مسجد کے قریب ہی کہیں منتقل ہو جائیں۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا، وہیں رہو تمہارے مسجد تک آنے کا ہر ہر قدم لکھا جاتا ہے۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص گھر سے وضو کرکے نماز کو جائے وہ ایسا ہے جیسا کہ گھر سے احرام باندھ کر حج کو جائے۔ اس کے بعد حضورؐ ایک اور فضیلت کی طرف اشارہ فرماتے ہیں کہ جب نماز پڑھ چکا تو اس کے بعد جب تک مصلّے پر رہے فرشتے مغفرت اور رحمت کی دعا کرتے رہتے ہیں۔ فرشتے اللہ کے مقبول اور معصوم بندے ہیں ان کی دعا کی برکات خود ظاہر ہیں۔ محمد بن سماعہؒ ایک بزرگ عالم ہیں جو امام ابو یوسفؒ امام محمدؒ کے شاگرد ہیں ایک سو تین۱۰۳ برس کی عمر میں انتقال ہوا، اس وقت دو سو۲۰۰ رکعات نفل روزانہ پڑھتے تھے۔ کہتے ہیں کہ مسلسل چالیس برس تک میری ایک مرتبہ کے علاوہ تکبیر اولیٰ فوت نہیں ہوئی۔ صرف ایک مرتبہ جس دن میری والدہ کا انتقال ہوا ہے اس کی مشغولی کی وجہ سے تکبیر اولیٰ فوت ہو گئی تھی۔ یہ بھی کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ میری جماعت کی نماز فوت ہو گئی تھی تو میں نے اس وجہ سے کہ جماعت کی نماز کا ثواب پچیس درجہ زیادہ ہے اس نماز کو پچیس۲۵ دفعہ پڑھا تاکہ وہ عدد پورا ہو جائے۔ تو خواب میں دیکھا کہ ایک شخص کہتا ہے کہ محمدؐ پچیس۲۵ دفعہ تو نماز پڑھ لی مگر ملائکہ کی آمین کا کیا ہوگا۔ ملائکہ کی آمین کا مطلب یہ ہے کہ بہت سی احادیث میں یہ اشارہ نبوی آیا ہے کہ جب امام سورۂ فاتحہ کے بعد آمین کہتا ہے تو ملائکہ بھی آمین کہتے ہیں جس شخص کی آمین ملائکہ کی آمین کے ساتھ ہو جاتی ہے اس کے پچھلے سب گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ تو خواب میں اس حدیث کی طرف اشارہ ہے۔ مولانا عبد الحیؒ صاحب فرماتے ہیں کہ اس قصّے میں اس طرف اشارہ ہے کہ جماعت کا ثواب مجموعی طور سے جو حاصل ہوتا ہے وہ اکیلے میں حاصل ہو ہی نہیں سکتا چاہے ایک ہزار مرتبہ اس نماز کو پڑھ لے۔ اور یہ ظاہر بات ہے کہ آمین کی موافقت ہی صرف نہیں بلکہ مجمع کی شرکت نماز سے فراغت کے بعد ملائکہ کی دعا جس کا اس حدیث میں ذکر ہے۔ ان کے علاوہ اور بہت سی خصوصیات ہیں جو جماعت ہی میں پائی جاتی ہیں ایک ضروری عمل یہ بھی قابل لحاظ ہے، علماء نے لکھا ہے کہ فرشتوں کی اس دعا کا مستحق جب ہی ہوگا جب نماز نماز بھی ہو۔ اور اگر ایسے ہی پڑھی کہ پرانے کپڑے کی طرح لپیٹ کر منہ پر مار دی گئی تو پھر فرشتوں کی دعا کا مستحق نہیں ہوتا۔[۱]

---

[۱] فوائد بہیہ [۲] بہجۃ

(۳) عَنْ اِبْنِ مَسْعُوْدٍؓ قَالَ مَنْ سَرَّهٗ اَنْ يَّلْقَى اللّٰهَ غَدًا مُسْلِمًا فَلْيُحَافِظْ عَلٰى هٰؤُلَاءِ الصَّلَوٰتِ حَيْثُ يُنَادٰى بِهِنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى شَرَعَ لِنَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُنَنَ الْهُدٰى وَاِنَّهُنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدٰى وَلَوْ اَنَّكُمْ صَلَّيْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ كَمَا يُصَلِّيْ هٰذَا الْمُتَخَلِّفُ فِيْ بَيْتِهٖ لَتَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ وَلَوْ تَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ لَضَلَلْتُمْ وَمَا مِنْ رَجُلٍ يَتَطَهَّرُ فَيُحْسِنُ الطُّهُوْرَ ثُمَّ يَعْمِدُ اِلٰى مَسْجِدٍ مِنْ هٰذِهِ الْمَسَاجِدِ اِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ بِكُلِّ خُطْوَةٍ يَخْطُوْهَا حَسَنَةً وَّيَرْفَعُهٗ بِهَا دَرَجَةً وَّيَحُطُّ عَنْهُ بِهَا سَيِّئَةً وَلَقَدْ رَاَيْتُنَا وَمَا يَتَخَلَّفُ عَنْهَا اِلَّا مُنَافِقٌ مَّعْلُوْمُ النِّفَاقِ وَلَقَدْ كَانَ الرَّجُلُ يُؤْتٰى بِهٖ يُهَادٰى بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ حَتّٰى يُقَامَ فِي الصَّفِّ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَقَدْ رَاَيْتُنَا وَمَا يَتَخَلَّفُ عَنِ الصَّلٰوةِ اِلَّا مُنَافِقٌ قَدْ عُلِمَ نِفَاقُهٗ اَوْ مَرِيْضٌ اِنْ كَانَ الرَّجُلُ لَيَمْشِيْ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ حَتّٰى يَاْتِيَ الصَّلٰوةَ وَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَّمَنَا سُنَنَ الْهُدٰى وَاِنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدٰى الصَّلٰوةَ فِي الْمَسْجِدِ الَّذِيْ يُؤَذَّنُ فِيْهِ رواه مسلم وابوداؤد والنسائی وابن ماجة كذا فی الترغيب والدر المنثور والسنة نوعان سنة الهدى وتاركها يستوجب اساءة كالجماعة والاذان والزوائد وتاركها لا يستوجب اساءة كسير النبي صلى الله عليه وسلم فی لباسه وقعوده

حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ چاہے کہ کل قیامت کے دن اللہ جل شانہٗ کی بارگاہ میں مسلمان بن کر حاضر ہو وہ ان نمازوں کو ایسی جگہ ادا کرنے کا اہتمام کرے جہاں اذان ہوتی ہے (یعنی مسجد میں) اس لیے کہ حق تعالیٰ شانہٗ نے تمہارے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لیے ایسی سنتیں جاری فرمائی ہیں جو سراسر ہدایت ہیں انہیں میں سے یہ جماعت کی نمازیں بھی ہیں۔ اگر تم لوگ اپنے گھروں میں نماز پڑھنے لگو گے جیسا کہ فلاں شخص پڑھتا ہے تو تم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کے چھوڑنے والے ہو گے اور یہ سمجھ لو کہ اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کو چھوڑ دو گے تو گمراہ ہو جاؤ گے اور جو شخص اچھی طرح وضو کرے اس کے بعد مسجد کی طرف جائے تو ہر ہر قدم پر ایک ایک نیکی لکھی جائے گی اور ایک ایک خطا معاف ہو گی اور ہم تو اپنا یہ حال دیکھتے تھے کہ جو شخص کھلم کھلا منافق ہو وہ تو جماعت سے رہ جاتا تھا ورنہ حضورؐ کے زمانہ میں عام منافقوں کی بھی جماعت چھوڑنے کی ہمت نہ ہوتی تھی یا کوئی سخت بیمار ورنہ جو شخص دو آدمیوں کے سہارے سے گھسٹتا ہوا جا سکتا تھا وہ بھی صف میں کھڑا کر دیا جاتا تھا۔

ف: صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے یہاں جماعت کا اس قدر اہتمام تھا کہ اگر بیمار بھی کسی طرح جماعت میں جا سکتا تھا تو وہ بھی جا کر شریک

كذا في نور الانوار والاضافة في سنة الهدى بيانية اى سنة هي هدى والحمل مبالغة كذا في قمر الاقمار۔

ہو جاتا تھا چاہے دو آدمیوں کو کھینچ کر لے جانے کی نوبت آتی، اور یہ اہتمام کیوں نہ ہوتا جب کہ ان کے اور ہمارے آقا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح کا اہتمام تھا چنانچہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے مرض الوفات میں یہی صورت پیش آئی کہ مرض کی شدت کی وجہ سے بار بار غشی ہوتی تھی اور کئی کئی دفعہ وضو کا پانی طلب فرماتے تھے، آخر ایک مرتبہ وضو فرمایا اور حضرت عباسؓ اور ایک دوسرے صحابی کے سہارے مسجد میں تشریف لے گئے کہ زمین پر پاؤں مبارک اچھی طرح جمتا بھی نہ تھا حضرت ابوبکرؓ نے تعمیل ارشاد میں نماز پڑھانا شروع کر دی تھی، حضورؐ جا کر نماز میں شریک ہوئے[1] حضرت ابو دردا‌ؓ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے سنا کہ اللہ کی عبادت اس طرح کر گویا وہ بالکل سامنے ہے اور تو اس کو دیکھ رہا ہے اور اپنے آپ کو مردوں کی فہرست میں شمار کیا کر (زندوں میں اپنے کو سمجھ ہی نہیں کہ پھر نہ کسی بات کی خوشی نہ کسی بات کا رنج) اور مظلوم کی بد دعا سے اپنے کو بچا اور جو تو اتنی بھی طاقت رکھتا ہو کہ زمین پر گھسٹ کر عشاء اور صبح کی جماعت میں شریک ہو سکے تو دریغ نہ کر. ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ منافقوں پر عشاء اور صبح کی نماز بہت بھاری ہے اگر ان کو یہ معلوم ہو جاتا کہ جماعت میں کتنا ثواب ہے تو زمین پر گھسٹ کر جاتے اور جماعت سے ان کو پڑھتے[2]

(۴) عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى لِلّٰهِ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا فِيْ جَمَاعَةٍ يُدْرِكُ التَّكْبِيْرَةَ الْاُوْلٰى كُتِبَ لَهٗ بَرَاءَتَانِ بَرَاءَةٌ مِّنَ النَّارِ وَبَرَاءَةٌ مِّنَ النِّفَاقِ رواه الترمذى وقال لا اعلم احدا رفعه الا ما روى مسلم بن قتيبة عن طعمة ابن عمرو وقال المملى ومسلم وبقية رواته ثقات كذا فى الترغيب قلت وله شواهد من حديث عمرؓ رفعه من صلى فى مسجد جماعة اربعين ليلة لا

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص چالیس دن اخلاص کے ساتھ ایسی طرح نماز پڑھے کہ تکبیر اولیٰ فوت نہ ہو تو اس کو دو پروانے ملتے ہیں ایک پروانہ جہنم سے چھٹکارے کا دوسرا نفاق سے بری ہونے کا۔

فائدہ: یعنی جو اس طرح چالیس دن اخلاص سے نماز پڑھے کہ شروع ہی سے امام کے ساتھ شریک ہو اور نماز شروع کرنے کی تکبیر جب امام کہے تو اسی وقت یہ بھی نماز میں شریک ہو جائے تو وہ شخص نہ جہنم میں داخل ہو گا نہ منافقوں میں داخل ہو گا منافق

[1] صحیحین [2] ترغیب۔

تفوته الركعة الاولىٰ من صلوٰة العشاء
كتب الله له بها عتقا من النار رواه ابن
ماجة واللفظ له والترمذى وقال نحو حديث
انس يعنى المتقدم ولم يذكر لفظه وقال
مرسل يعنى ان عمارة الراوى عن انس لم
يدرك انسا وعزاه فى منتخب الكنز الى
البيهقى فى الشعب وابن عساكر وابن النجار

وہ لوگ کہلاتے ہیں جو اپنے کو مسلمان ظاہر کریں
لیکن دل میں کفر رکھتے ہوں اور چالیس دن کی
خصوصیت بظاہر اس وجہ سے ہے کہ حالات کے
تغیر میں چالیس دن کو خاص دخل ہے چنانچہ
آدمی کی پیدائش کی ترتیب جس حدیث میں آئی
ہے اس میں بھی چالیس دن تک نطفہ رہنا پھر
گوشت کا ٹکڑا چالیس دن تک اسی طرح چالیس
چالیس دن میں اس کا تغیر ذکر فرمایا ہے اسی وجہ سے صوفیہ کے یہاں چلہ بھی خاص اہمیت رکھتا ہے
کتنے خوش قسمت ہیں وہ لوگ جن کی برسوں بھی تکبیر اولیٰ فوت نہیں ہوتی۔

(۵) عن ابى هريرة رضـ قال قال رسول الله
صلى الله عليه وسلم من توضأ فاحسن وضوءه
ثم راح فوجد الناس قد صلوا اعطاه الله
مثل اجر من صلاها وحضرها لا ينقص
ذلك من اجورهم شيءٌ عه رواه ابوداؤد
والنسائى والحاكم وقال صحيح على شرط مسلم
كذا فى الترغيب وفيه ايضا عن سعيد ابن
المسيب قال حضر رجلا من الانصار
الموت فقال انى محدثكم حديثا ما احدثكموه
الا احتسابا انى سمعت رسول الله صلى الله
عليه وسلم يقول اذا توضأ احدكم
فاحسن الوضوء الحديث وفيه فان اتى
المسجد فصلى فى جماعة غفر له فان اتى
المسجد وقد صلوا بعضا وبقى بعض صلى
ما ادرك واتم ما بقى كان كذلك فان اتى

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص اچھی
طرح وضو کرے پھر مسجد میں نماز کے لیے جائے
اور وہاں پہونچ کر معلوم ہو کہ جماعت ہو چکی
تو بھی اس کو جماعت کی نماز کا ثواب ہوگا اور اس
ثواب کی وجہ سے ان لوگوں کے ثواب میں کچھ
کمی نہیں ہوگی جنہوں نے جماعت سے نماز
پڑھی ہے۔

ف: یہ اللہ کا کس قدر انعام و احسان ہے کہ
محض کوشش اور سعی پر جماعت کا ثواب مل جائے
گو جماعت نہ مل سکے۔ اللہ کی اس دین پر بھی ہم
لوگ خود ہی نہ لیں تو کسی کا کیا نقصان ہے اور
اس سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ محض اس کھٹکہ سے
کہ جماعت ہو چکی ہوگی مسجد میں جانا ملتوی نہ کرنا
چاہیے اگر جا کر معلوم ہو کہ ہو چکی ہے تب بھی ثواب
تو مل ہی جائے گا۔ البتہ اگر پہلے سے یقیناً معلوم

عه كذا فى الاصل ولفظ ابى داؤد شيئا بالنصب وهو الظاهر

المسجد وقد صلوا فاتم الصلوٰۃ کان کذالک رواہ ابوداؤد۔

ہو جائے کہ جماعت ہو چکی ہے تو مضائقہ نہیں۔

(۶) عَنْ قُبَاثِ بْنِ اَشْیَمَ اللَّیْثِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلٰوۃُ الرَّجُلَیْنِ یُؤُمُّ اَحَدُھُمَا صَاحِبَہٗ اَزْکٰی عِنْدَ اللّٰہِ مِنْ صَلٰوۃِ اَرْبَعَۃٍ تَتْرٰی وَصَلٰوۃُ اَرْبَعَۃٍ اَزْکٰی عِنْدَ اللّٰہِ مِنْ صَلٰوۃِ ثَمَانِیَۃٍ تَتْرٰی وَصَلٰوۃُ ثَمَانِیَۃٍ یُؤُمُّھُمْ اَحَدُھُمْ اَزْکٰی عِنْدَ اللّٰہِ مِنْ صَلٰوۃِ مِائَۃٍ تَتْرٰی رواہ البزار والطبرانی باسناد لاباس بہ کذا فی الترغیب وفی مجمع الزوائد رواہ البزار والطبرانی فی الکبیر ورجال الطبرانی موثقون وعزاہ فی الجامع الصغیر الی الطبرانی والبیھقی ورقم لہ بالصحۃ وعن ابی بن کعب رفعہ بمعنی حدیث الباب وفیہ قصہ وفی اٰخرہ وکلما کثر فھو احب الی اللہ عز وجل رواہ احمد وابوداؤد والنسائی وابن خزیمۃ وابن حبان فی صحیحیھما والحاکم وقد جزم یحیی بن معین والذھلی بصحۃ ھذا الحدیث کذا فی الترغیب۔

(۶) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پاک ارشاد ہے کہ دو آدمیوں کی جماعت کی نماز کہ ایک امام ہو ایک مقتدی اللہ کے نزدیک چار آدمیوں کی علیحدہ علیحدہ نماز سے زیادہ پسندیدہ ہے اسی طرح چار آدمیوں کی جماعت کی نماز آٹھ آدمیوں کی متفرق نماز سے زیادہ محبوب ہے، اور آٹھ آدمیوں کی جماعت کی نماز سو آدمیوں کی متفرق نمازوں سے بڑھی ہوئی ہے۔ ایک دوسری حدیث میں ہے اسی طرح جتنی بڑی جماعت میں نماز پڑھی جائے گی وہ اللہ کو زیادہ محبوب ہے مختصر جماعت سے۔

فائدہ: جو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ دو چار آدمی مل کر گھر دکان وغیرہ پر جماعت کر لیں وہ کافی ہے اول تو اس میں مسجد کا ثواب شروع ہی سے نہیں ہوتا دوسرے کثرتِ جماعت کے ثواب سے بھی محرومی ہوتی ہے۔ مجمع جتنا زیادہ ہوگا اتنا ہی اللہ تعالیٰ کو زیادہ محبوب ہے اور جب اللہ کی خوشنودی کے واسطے ایک کام کرنا ہے تو پھر جس طریقہ میں اس کی خوشنودی زیادہ ہو اسی طریقہ سے کرنا چاہیئے ایک حدیث میں آیا ہے کہ حق تعالیٰ شانہ تین چیزوں کو دیکھ کر خوش ہوتے ہیں ایک جماعت کی صف کو، ایک اس شخص کو جو آدھی رات (تہجد) کی نماز پڑھ رہا ہو، تیسرے اس شخص کو جو کسی لشکر کے ساتھ رہا ہو[1]

(۷) عَنْ سَھْلِ بْنِ سَعْدِ السَّاعِدِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَشِّرِ الْمَشَّائِیْنَ فِی الظُّلَمِ اِلَی الْمَسَاجِدِ بِالنُّوْرِ التَّامِّ

حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو لوگ اندھیرے میں مسجدوں میں بکثرت جاتے رہتے ہیں ان کو قیامت کے دن کے

[1] جامع الصغیر

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ رواه ابن ماجة وابن خزيمة فى صحيحه والحاكم واللفظ له وقال صحيح على شرط الشيخين كذا فى الترغيب وفى المشكوٰة برواية الترمذى وابى داؤد عن بريدة ثم قال رواه ابن ماجة عن سهل بن سعد وانس اهـ قلت وله شاهد فى منتخب كنز العمال برواية الطبرانى عن ابى امامة بلفظ بشر المدلجين الى المساجد فى الظلم بمنابر من نور يوم القيٰمة يفزع الناس ولا يفزعون وذكر السيوطى فى الدر المنثور فى تفسير قوله تعالىٰ انما يعمر مساجد الله عدة روايات فى هذا المعنى

پورے پورے نور کی خوش خبری سنا دے۔

ف: یعنی آج دنیا میں اندھیری رات میں مسجد میں جانے کی قدر اس وقت معلوم ہوگی جب قیامت کا ہولناک منظر سامنے ہوگا اور ہر شخص مصیبت میں گرفتار ہوگا۔ آج کے اندھیروں کی مشقت کا بدلہ اور اس کی قدر اس وقت ہوگی جب ایک چمکتا ہوا نور اور آفتاب سے کہیں زیادہ روشنی ان کے ساتھ ساتھ ہوگی۔ ایک حدیث میں ہے کہ وہ قیامت کے دن نور کے ممبروں پر ہوں گے۔ ایک حدیث میں ہے کہ حق تعالیٰ شانہ، قیامت کے دن ارشاد فرمائیں گے کہ میرے پڑوسی کہاں ہیں۔ فرشتے عرض کریں گے کہ آپ کے پڑوسی کون ہیں؟ ارشاد ہوگا کہ مسجدوں کو آباد کرنے والے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو سب جگہوں سے زیادہ محبوب مسجدیں ہیں اور سب میں زیادہ ناپسند بازار ہیں۔ ایک حدیث میں ہے کہ مسجدیں جنت کے باغ ہیں [1] ایک صحیح حدیث میں وارد ہے حضرت ابو سعیدؓ حضورؐ سے نقل کرتے ہیں جس شخص کو دیکھو کہ مسجد کا عادی ہے تو اسکے ایماندار ہونے کی گواہی دو [2] اس کے بعد اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللّٰهِ یہ آیت تلاوت فرمائی یعنی مسجدوں کو وہی لوگ آباد کرتے ہیں جو اللہ پر اور قیامت پر ایمان رکھتے ہیں [3] ایک حدیث میں وارد ہے کہ مشقت کے وقت وضو کرنا اور مسجد کی طرف قدم اٹھانا اور نماز کے بعد دوسری نماز کے انتظار میں بیٹھے رہنا گناہوں کو دھو دیتا ہے [4] ایک حدیث میں وارد ہے کہ جو شخص جتنا مسجد سے دور ہوگا اتنا ہی زیادہ ثواب ہوگا [5] اس کی وجہ یہی ہے کہ ہر ہر قدم پر اجر و ثواب ہے اور جتنی دور مسجد ہوگی اتنے ہی قدم زیادہ ہوں گے اسی وجہ سے بعض صحابہؓ چھوٹے چھوٹے قدم رکھتے تھے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ تین چیزیں ایسی ہیں کہ اگر لوگوں کو ان کا ثواب معلوم ہو جائے تو لڑائیوں سے ان کو حاصل کیا جائے ایک اذان کہنا دوسری جماعت کی نمازوں کے لیے دوپہر کے وقت جانا تیسری پہلی صف میں نماز پڑھنا [6] ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ قیامت کے دن جب ہر شخص پریشان حال ہوگا اور آفتاب نہایت تیزی پر ہوگا سات آدمی ایسے ہوں گے جو اللہ کی رحمت کے سایہ میں ہوں گے ان میں ایک وہ

---

[1] جامع الصغیر [2] ایضاً [3] دُر [4] جامع الصغیر [5] ایضاً [6] ایضاً۔

شخص بھی ہوگا جس کا دل مسجد میں اٹکا رہے کہ جب کسی ضرورت سے باہر آئے پھر مسجد ہی میں واپس جانے کی خواہش ہو ایک حدیث میں وارد ہے جو شخص مسجد سے الفت رکھتا ہے اللہ جل شانہٗ اس سے الفت فرماتے ہیں [۱]

شریعتِ مطہرہ کے ہر حکم میں خیر و برکت اجر و ثواب تو بے پایاں ہے ہی اس کے ساتھ ہی بہت سی مصلحتیں بھی اِن احکام میں جو ملحوظ ہوتی ہیں ان کی حقیقت تک پہونچنا تو مشکل ہے کہ اللہ جل شانہٗ کے علوم اور اُن کے مصالح تک کس کی رسائی ہے مگر اپنی اپنی استعداد اور حوصلہ کے موافق جہاں تک اپنی سمجھ کام دیتی ہے ان کی مصالح بھی سمجھ میں آتی ہیں اور جتنی استعداد ہوتی ہے اتنی ہی خوبیاں ان احکام کی معلوم ہوتی رہتی ہیں۔ علماء نے جماعت کی مصالح بھی اپنی اپنی سمجھ کے موافق تحریر فرمائی ہیں۔ ہمارے حضرت شاہ ولی اللہ صاحب نور اللہ مرقدہٗ نے حجۃ اللہ البالغہ میں ایک تقریر اس کے متعلق ارشاد فرمائی ہے جس کا ترجمہ اور مطلب یہ ہے کہ:۔

رسم و رواج کے مہلکات سے بچنے کے لیے اس سے زیادہ نافع کوئی چیز نہیں کہ عبادات میں سے کسی عبادت کو ایسی عام رسم اور عام رواج بنا لیا جائے جو علی الاعلان ادا کی جائے اور ہر شخص کے سامنے خواہ سمجھ دار ہو یا ناسمجھ وہ ادا کی جا سکے۔ اس کے ادا کرنے میں شہری اور غیر شہری برابر ہوں مسابقت اور تفاخر اسی پر کیا جائے اور ایسی عام ہو جائے کہ ضروریاتِ زندگی میں اس طرح داخل ہو جائے کہ اس سے علیحدگی ناممکن اور دشوار بن جائے تاکہ وہ اللہ کی عبادت کے لیے مؤید ہو جائے اور وہ رسم و رواج جو موجبِ مضرت و نقصان تھا وہی حق کی طرف کھینچنے والا بن جائے، اور چونکہ عبادات میں کوئی عبادت بھی نماز سے زیادہ مہتم بالشان اور دلیل و حجت کے اعتبار سے بڑھی ہوئی نہیں اس لیے ضروری ہوا کہ آپس میں اس کے رواج کو خوب شائع کیا جائے اور اس کے لیے خاص طور سے اجتماع کیا جائے اور آپس میں اتفاق سے اس کو ادا کیا جائے۔ نیز ہر مذہب اور دین میں کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں جو مقتدا ہوتے ہیں کہ ان کا اتباع کیا جاتا ہے اور کچھ لوگ دوسرے درجہ میں ایسے ہوتے ہیں جو کسی معمولی سی ترغیب و تنبیہ کے محتاج ہوتے ہیں اور کچھ لوگ تیسرے درجہ میں بہت ناکارہ اور ضعیف الاعتقاد ایسے بھی ہوتے ہیں جن کو اگر مجمع میں عبادت کا تکلف نہ کیا جائے تو وہ سستی اور کاہلی کی وجہ سے عبادت بھی چھوڑ دیتے ہیں۔ اس وجہ سے مصلحت کا مقتضا یہی ہے کہ سب لوگ اجتماعی طور پر عبادت کو ادا کریں تاکہ جو لوگ عبادت کو چھوڑنے والے ہیں وہ عبادت کرنے والوں سے ممتاز ہو جائیں اور رغبت کرنے والوں اور بے رغبتی کرنے والوں میں کھلا تفاوت ہو جائے اور ناواقف لوگ علماء کے اتباع سے واقف بن جائیں اور جاہل لوگوں کو عبادت کا طریقہ معلوم ہو جائے اور اللہ کی عبادت ان لوگوں میں اس پگھلی ہوئی چاندی کی طرح سے ہو جائے جو کسی ماہر کے

[۱] جامع الصغیر۔

سامنے رکھی جائے جس سے جائز، ناجائز اور کھرے کھوٹے میں کھلا فرق ہو جائے جائز کی تقویت کی جائے اور ناجائز کو روکا جائے۔

اس کے علاوہ مسلمانوں کے ایسے اجتماع میں جس میں اللہ کی طرف رغبت کرنے والے اس کی رحمت کے طلب کرنے والے اس ڈرنے والے موجود ہوں اور سب کے سب اللہ ہی طرف ہمہ تن متوجہ ہوں برکتوں کے نازل ہونے اور رحمت کے متوجہ ہونے کی عجیب خاصیت رکھی ہے۔

نیز امتِ محمدیہ کے قیام کا مقصد ہی یہ ہے کہ اللہ کا بول بالا ہو اور دین اسلام کو تمام دینوں پر غلبہ ہو اور یہ ممکن نہیں جب تک یہ طریقہ رائج نہ ہو سب کے سب عوام خواص شہر کے رہنے والے اور گاؤں کے رہنے والے چھوٹے بڑے ایک جگہ جمع ہو کر اس چیز کو جو اسلام کا سب سے بڑا اشعار ہے اور سب سے بالاتر عبادت ہے ادا نہ کریں ان وجوہ سے شریعت جمعہ اور جماعت کے اہتمام کی طرف متوجہ ہوئی۔ ان کے اظہار و اعلان کی ترغیبیں اور چھوڑنے پر وعیدیں نازل ہوئیں اور چونکہ اظہار و اجتماع ایک صرف محلہ اور قبیلہ کا ہے اور ایک تمام شہر کا۔ اور محلہ کا اجتماع ہر وقت سہل ہے اور تمام شہر کا ہر وقت مشکل ہے کہ اس میں تنگی ہے اس لیے محلہ کا اجتماع ہر نماز کے وقت قرار دیا اور جماعت کی نماز اس کے لیے مشروع ہوئی اور تمام شہر کا اجتماع آٹھویں دن قرار دیا اور جمعہ کی نماز اس کے لیے تجویز ہوئی۔

دوسری فصل جماعت کے چھوڑنے پر عتاب کے بیان میں

حق تعالیٰ شانہٗ نے اپنے احکام کی پابندی پر جیسے کہ انعامات کا وعدہ فرمایا ہے ایسے ہی تعمیل نہ کرنے پر ناراضی اور عتاب بھی فرمایا ہے۔ یہ بھی اللہ کا فضل ہے کہ تعمیل میں بے گراں انعامات کا وعدہ ہے ورنہ بندگی کا مقتضا صرف عتاب ہی ہونا چاہیئے تھا کہ بندگی کا فرض ہے تعمیل ارشاد، پھر اس پر انعام کے کیا معنی اور نافرمانی کی صورت میں جتنا بھی عتاب و عذاب ہو وہ برمحل کہ آقا کی نافرمانی سے بڑھ کر اور کیا جرم ہو سکتا ہے۔ پس کسی خاص عتاب یا تنبیہ کے فرمانے کی ضرورت نہ تھی مگر پھر بھی اللہ جل شانہٗ اور اس کے پاک رسول ﷺ نے ہم پر شفقت فرمائی کہ طرح طرح سے متنبہ فرمایا، اس کے نقصانات بتائے، مختلف طور سے سمجھایا پھر بھی ہم نہ سمجھیں تو اپنا ہی نقصان ہے۔

(۱) عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَمِعَ النِّدَاءَ فَلَمْ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص اذان کی آواز سنے اور بلا کسی عذر کے

يَمْنَعُهُ مِنْ اِتِّبَاعِهٖ عُذْرٌ قَالُوْا وَمَا الْعُذْرُ قَالَ خَوْفٌ اَوْ مَرَضٌ لَمْ تُقْبَلْ مِنْهُ الصَّلٰوةُ الَّتِیْ صَلّٰی رواه ابوداؤد وابن حبان فی صحیحه وابن ماجه بنحوه کذا فی الترغیب وفی المشکوٰة رواه ابوداؤد والدار قطنی

نماز کو نہ جائے (وہیں پڑھ لے)، تو وہ نماز قبول نہیں ہوتی۔ صحابہؓ نے عرض کیا کہ عذر سے کیا مراد ہے، ارشاد ہوا کہ مرض ہو یا کوئی خوف ہو۔

فائدہ: قبول نہ ہونے کے یہ معنی ہیں کہ اس نماز پر جو ثواب اور انعام حق تعالیٰ شانہٗ کی طرف سے ہوتا وہ نہ ہوگا۔ گو فرض ذمہ سے اتر جائے گا اور یہی مراد ہے ان حدیثوں سے جن میں آیا ہے کہ اس کی نماز نہیں ہوتی۔ اس لیے کہ ایسا ہونا بھی کچھ ہونا ہوا جس پر انعام واکرام نہ ہوا۔ یہ ہمارے امام کے نزدیک ہے ورنہ صحابہؓ اور تابعین کی ایک جماعت کے نزدیک ان احادیث کی بنا پر بلا عذر جماعت کا چھوڑنا حرام ہے اور جماعت سے پڑھنا فرض ہے حتیٰ کہ بہت سے علماء کے نزدیک نماز ہوتی ہی نہیں حنفیہ کے نزدیک اگرچہ نماز ہوجاتی ہے مگر جماعت کے چھوڑنے کا مجرم تو ہو ہی گا۔ حضرت ابن عباسؓ سے ایک حدیث میں یہ بھی نقل کیا گیا کہ اس شخص نے اللہ کی نافرمانی کی اور رسولؐ کی نافرمانی کی حضرت ابن عباسؓ کا یہ بھی ارشاد ہے کہ جو شخص اذان کی آواز سنے اور جماعت سے نماز نہ پڑھے نہ اُس نے بھلائی کا ارادہ کیا نہ اس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کیا گیا۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو شخص اذان کی آواز سنے اور جماعت میں حاضر نہ ہو اس کے کان پگھلے ہوئے سیسے سے بھر دیئے جاویں۔ یہ بہتر ہے۔

(۲) عَنْ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ الْجَفَاءُ كُلُّ الْجَفَاءِ وَالْكُفْرُ وَالنِّفَاقُ مَنْ سَمِعَ مُنَادِیَ اللّٰهِ يُنَادِیْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَلَا يُجِيْبُهٗ رواه احمد والطبرانی من روایة زبان بن فائد کذا فی الترغیب وفی مجمع الزوائد رواه الطبرانی فی الکبیر وزبان ضعفه ابن معین ووثقه ابو حاتم اھ وعزاه فی الجامع الصغیر الی الطبرانی ورقم له بالضعف۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ سراسر ظلم ہے اور کفر ہے اور نفاق ہے (اس شخص کا فعل) جو اللہ کے منادی (یعنی موذن) کی آواز سنے اور نماز کو نہ جائے۔

ف: کتنی سخت وعید اور ڈانٹ ہے اس حدیث پاک میں کہ اس کی اس حرکت کو کافروں کا فعل اور منافقوں کی حرکت بتایا ہے کہ گویا مسلمان سے یہ بات ہو ہی نہیں سکتی۔ ایک دوسری حدیث میں ارشاد ہے کہ آدمی کی بدبختی اور بدنصیبی کے لیے یہ کافی ہے کہ مؤذن کی آواز سنے اور نماز کو نہ جائے۔ سلیمان بن ابی حثمہ جلیل القدر لوگوں میں

تھے۔ حضورؐ کے زمانہ میں پیدا ہوئے۔ مگر حضورؐ سے روایت سننے کی نوبت کم عمری کی وجہ سے نہیں آئی۔ حضرت عمرؓ نے ان کو بازار کا نگران بنا رکھا تھا۔ ایک دن اتفاق سے صبح کی نماز میں موجود نہ تھے حضرت عمرؓ اس طرف تشریف لے گئے تو ان کی والدہ سے پوچھا کہ سلیمان آج صبح کی نماز میں نہیں تھے۔ والدہ نے کہا کہ رات بھر نفلوں میں مشغول رہا نیند کے غلبہ سے آنکھ لگ گئی۔ آپ نے فرمایا میں صبح کی جماعت میں شریک ہوں یہ مجھے اس سے پسندیدہ ہے کہ رات بھر نفلیں پڑھوں۔

(۳) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ اٰمُرَ فِتْیَتِیْ فَیَجْمَعُوْا اِلَیَّ حُزَمًا مِّنْ حَطَبٍ ثُمَّ اٰتِیْ قَوْمًا یُصَلُّوْنَ فِیْ بُیُوْتِهِمْ لَیْسَتْ بِهِمْ عِلَّةٌ فَاُحَرِّقُهَا عَلَیْهِمْ رواہ مسلم وابو داؤد وابن ماجة والترمذی کذا فی الترغیب قال السیوطی فی الدر اخرج ابن ابی شیبة والبخاری ومسلم وابن ماجة عن ابی ھریرة رفعه اثقل الصلوٰة علی المنافقین صلوٰة العشاء وصلوٰة الفجر ولو یعلمون ما فیھما لاتوھما ولو حبوا ولقد ھممت ان امر بالصلوٰة فتقام الحدیث بنحوہ۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ میرا دل چاہتا ہے کہ چند جوانوں سے کہوں کہ بہت سا ایندھن اکٹھا کر کے لائیں پھر میں ان لوگوں کے پاس جاؤں جو بلا عذر کے گھروں میں نماز پڑھ لیتے ہیں اور جا کر اُن کے گھروں کو جلا دوں۔

ف:۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو باوجود اس شفقت اور رحمت کے جو اُمت کے حال پر تھی اور کسی شخص کی ادنیٰ سی تکلیف بھی گوارا نہ تھی ان لوگوں پر جو گھروں میں نماز پڑھ لیتے ہیں اس قدر غصہ ہے کہ ان کے گھروں میں آگ لگا دینے کو بھی آمادہ ہیں۔

(۴) عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَا مِنْ ثَلٰثَةٍ فِیْ قَرْیَةٍ وَّلَا بَدْوٍ لَا تُقَامُ فِیْهِمُ الصَّلٰوةُ اِلَّا اسْتَحْوَذَ عَلَیْهِمُ الشَّیْطٰنُ فَعَلَیْكُمْ بِالْجَمَاعَةِ فَاِنَّمَا یَاْكُلُ الذِّئْبُ مِنَ الْغَنَمِ الْقَاصِیَةَ رواہ احمد وابو داؤد والنسائی وابن خزیمة وابن حبان فی صحیحهما والحاکم وزاد رزین فی جامعه وَاِنَّ ذِئْبَ الْاِنْسَانِ الشَّیْطٰنُ اِذَا خَلَا بِهٖ اَكَلَهٗ

(۴) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جس گاؤں یا جنگل میں تین آدمی ہوں اور وہاں باجماعت نماز نہ ہوتی ہو تو ان پر شیطان مسلط ہو جاتا ہے اس لیے جماعت کو ضروری سمجھو، بھیڑیا اکیلی بکری کو کھا جاتا ہے اور آدمیوں کا بھیڑیا شیطان ہے۔

ف:۔ اس سے معلوم ہوا کہ جو لوگ کھیتی باڑی میں مشغول رہتے ہیں اگر تین آدمی ہوں تو اُن کو جماعت سے نماز پڑھنا چاہیے بلکہ دو کو بھی جماعت سے پڑھنا اولیٰ ہے۔ کسان عام طور سے اول تو نماز

فی الترغیب ورقم لہ فی الجامع الصغیر بالصحۃ وصححہ الحاکم واقرہ علیہ الذہبی۔

پڑھتے ہی نہیں کہ ان کے لیے کھیتی کی مشغولی اپنے نزدیک کافی عذر ہے اور جو بہت دیندار سمجھے جاتے ہیں وہ بھی اکیلے ہی پڑھ لیتے ہیں۔ حالانکہ اگر چند کھیت والے بھی ایک جگہ جمع ہو کر پڑھیں تو کتنی بڑی جماعت ہو جائے اور کتنا بڑا ثواب حاصل کریں۔ چار پیسے کے واسطے گرمی سردی دھوپ بارش سب سے بے نیاز ہو کر دن بھر مشغول رہتے ہیں لیکن اتنا بڑا ثواب ضائع کرتے ہیں اور اس کی کچھ بھی پرواہ نہیں کرتے۔ حالانکہ یہ لوگ اگر جنگل میں جماعت سے نماز پڑھیں تو اور بھی زیادہ ثواب کا سبب ہوتا ہے۔ حتیٰ کہ ایک حدیث میں آیا ہے کہ پچاس نمازوں کا ثواب ہو جاتا ہے ایک حدیث میں آیا ہے کہ جب کوئی بکریاں چرانے والا کسی پہاڑ کی جڑ میں (یا جنگل میں) اذان کہتا ہے اور نماز پڑھنے لگتا ہے تو حق تعالیٰ شانہٗ اس سے بےحد خوش ہوتے ہیں اور تعجب و تفاخر سے فرشتوں سے فرماتے ہیں، دیکھو جی میرا بندہ اذان کہہ کر نماز پڑھنے لگا یہ سب میرے ڈر کی وجہ سے کر رہا ہے میں نے اس کی مغفرت کر دی اور جنت کا داخلہ کر دیا۔[1]

(۵) عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍ اِنَّهٗ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ يَصُوْمُ النَّهَارَ وَيَقُوْمُ اللَّيْلَ وَلَا يَشْهَدُ الْجَمَاعَةَ وَلَا الْجُمُعَةَ فَقَالَ هٰذَا فِي النَّارِ رواہ الترمذی موقوفا کذا فی الترغیب وفی تنبیہ الغافلین روی عن مجاهد ان رجلاجاء الی ابن عباس فقال یا ابن عباس ماتقول فی رجل فذکرہ بلفظہ زاد فی آخرہ فاختلف الیہ شہرا یسالہ عن ذٰلک وھو یقول ھو فی النار۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضؓ سے کسی نے پوچھا کہ ایک شخص دن بھر روزہ رکھتا ہے اور رات بھر نفلیں پڑھتا ہے مگر جمعہ اور جماعت میں شریک نہیں ہوتا (اس کے متعلق کیا حکم ہے) آپ نے فرمایا کہ یہ شخص جہنمی ہے۔

ف:۔ گو ایک خاص زمانہ تک سزا بھگتنے کے بعد جہنم سے نکل آئے کہ بہر حال مسلمان ہے مگر نہ معلوم کتنے عرصہ تک پڑا رہنا پڑے گا۔ جاہل صوفیوں میں وظیفوں اور نفلوں کا تو زور ہوتا ہے مگر جماعت کی پرواہ نہیں ہوتی۔ اس کو وہ بزرگی سمجھتے ہیں۔ حالانکہ کمال بزرگی اللہ کے محبوب کا اتباع ہے۔ ایک حدیث میں وارد ہے کہ تین شخصوں پر حق تعالیٰ شانہٗ لعنت بھیجتے ہیں، ایک اس شخص پر جس سے نمازی (کسی معقول وجہ سے) ناراض ہوں اور وہ امامت کرے۔ دوسرے اس عورت پر جس کا خاوند اس سے ناراض ہو تیسرے اس شخص پر جو اذان کی آواز سنے اور جماعت میں شریک نہ ہو۔

(۶) اَخْرَجَ ابْنُ مَرْدَوَيْهِ عَنْ كَعْبِ الْحِبْرِ

حضرت کعب احبار رضؓ فرماتے ہیں کہ قسم ہے اس

[1] مشکوٰۃ

قَالَ وَالَّذِیْ اَنْزَلَ التَّوْرٰاةَ عَلٰی مُوْسٰے وَالْاِنْجِیْلَ عَلٰی عِیْسٰے وَالزَّبُوْرَ عَلٰی دَاؤٗدَ وَالْفُرْقَانَ عَلٰی مُحَمَّدٍ اُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْاٰیَاتُ فِی الصَّلٰوةِ الْمَکْتُوْبَاتِ حَیْثُ یُنَادٰی بِهِنَّ یَوْمَ یُکْشَفُ عَنْ سَاقٍ اِلٰی قَوْلِهٖ وَهُمْ سَالِمُوْنَ اَلصَّلَوٰتُ الْخَمْسُ اِذَا نُوْدِیَ بِهَا وَاَخْرَجَ الْبَیْهَقِیُّ فِی الشعب عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ قَالَ الصَّلٰوتُ فِی الْجَمَاعَاتِ واخرج البیهقی عن ابن عباس قال الرجل یسمع الاذان فلا یجیب الصلوٰة کذا فی الدر المنثور قلت وتمام الاٰیه یَوْمَ یُکْشَفُ عَنْ سَاقٍ وَّیُدْعَوْنَ اِلَی السُّجُوْدِ فَلَا یَسْتَطِیْعُوْنَ خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ وَقَدْ کَانُوْا یُدْعَوْنَ اِلَی السُّجُوْدِ وَهُمْ سٰلِمُوْنَ ٥

پاک ذات کی جس نے تورات حضرت موسیٰؑ پر اور انجیل حضرت عیسیٰؑ پر اور زبور حضرت داؤد پر (علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام) نازل فرمائی اور قرآن شریف سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل فرمایا کہ یہ آیتیں فرض نمازوں کو جماعت سے ایسی جگہ پڑھنے کے بارہ میں جہاں اذان ہوتی ہو نازل ہوئی ہیں (ترجمہ آیات) جس دن حق تعالیٰ شانہٗ ساق کی تجلی فرمائیں گے (جو ایک خاص قسم کی تجلی ہوگی) اور لوگ اس دن سجدہ کے لئے بلائے جاویں گے۔ تو یہ لوگ سجدہ نہیں کر سکیں گے ان کی آنکھیں شرم کے مارے جھکی ہوئی ہوں گی اور ان پر ذلت چھائی ہوئی ہوگی اس لیے کہ یہ لوگ دنیا میں سجدہ کی طرف بلائے جاتے تھے اور صحیح سالم تندرست تھے (پھر بھی سجدہ نہیں کرتے تھے)۔

فائدہ:۔ ساق کی تجلی ایک خاص قسم کی تجلی ہے جو میدانِ حشر میں ہوگی اس تجلی کو دیکھ کر سارے مسلمان سجدہ میں گر جائیں گے۔ مگر بعض لوگ ایسے ہوں گے جن کی کمر تختہ ہو جائے گی اور سجدہ پر قدرت نہ ہوگی یہ کون لوگ ہوں گے اس کے بارے میں تفسیریں مختلف وارد ہوئی ہیں ایک تفسیر یہ ہے جو کعب احبارؓ سے منقول ہے اور اسی کے موافق حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ وغیرہ سے بھی منقول ہے کہ یہ وہ لوگ ہوں گے جو دنیا میں جماعت کی نماز کے واسطے بلائے جاتے تھے اور جماعت کی نماز نہیں پڑھتے تھے۔ دوسری تفسیر بخاری شریف میں حضرت ابو سعید خدریؓ سے منقول ہے کہ میں نے حضورؐ سے سنا کہ یہ لوگ وہ ہوں گے جو دنیا میں ریا اور دکھلاوے کے واسطے نماز پڑھتے تھے۔ تیسری تفسیر یہ ہے کہ یہ کافر لوگ ہیں جو دنیا میں سرے سے نماز ہی نہیں پڑھتے تھے چوتھی تفسیر یہ ہے کہ اس سے مراد منافق ہیں۔ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ وَعِلْمُهٗ اَتَمُّ۔

بہر حال اس تفسیر کے موافق جس کو حضرت کعبؓ احبار قسم کھا کر ارشاد فرما رہے ہیں اور حضرت ابن عباسؓ جیسے جلیل القدر صحابی امام تفسیر سے اس کی تائید ہوتی ہے کتنا سخت معاملہ ہے کہ میدان

حشر میں ذلت نکبت ہو۔ اور جہاں سارے مسلمان سجدہ میں مشغول ہوں اس سے سجدہ ادا نہ ہو سکے ان کے علاوہ اور بھی بہت سی وعیدیں جماعت کے چھوڑنے پر آئی ہیں مسلمان کے لیے تو ایک بھی وعید کی ضرورت نہیں کہ اللہ اور اس کے رسولؐ کا حکم و ارشاد ہی سب کچھ ہے اور جس کو اس کی قدر نہیں اس کے لیے ہزار طرح کی وعیدیں بھی بیکار ہیں۔ جب سزا کا وقت آئے گا تو پشیمانی ہوگی جو بیکار ہوگی۔

تیسرا باب خشوع، خضوع کے بیان میں

بہت سے لوگ ایسے ہیں جو نماز پڑھتے ہیں اور ان میں سے بہت سے ایسے بھی ہیں جو جماعت کا بھی اہتمام فرماتے ہیں لیکن اس کے باوجود ایسی بُری طرح پڑھتے ہیں کہ وہ نماز بجائے اس کے ثواب و اجر کا سبب ہو، ناقص ہونے کی وجہ سے منہ پر ماردی جاتی ہے گو نہ پڑھنے سے یہ بھی بہتر ہے کیونکہ نہ پڑھنے کی صورت میں جو عذاب ہے وہ بہت زیادہ سخت ہے اور اس صورت میں یہ ہوا کہ وہ قابل قبول نہ ہوئی اور منہ پر پھینک کر ماردی گئی اس پر کوئی ثواب نہیں ہوا۔ لیکن نہ پڑھنے میں جس درجہ کی نافرمانی اور رعونت ہوئی وہ تو اس صورت میں نہ ہوگی البتہ یہ مناسب ہے کہ جب آدمی وقت خرچ کرے، کاروبار چھوڑے، مشقت اٹھائے تو اس کی کوشش کرنا چاہیئے کہ جتنی زیادہ سے زیادہ وزنی اور قیمتی پڑھ سکے اس میں کوتاہی نہ کرے۔ حق تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد ہے گو وہ قربانی کے بارے میں ہے مگر احکام تو سارے ایک ہی فرماتے ہیں لَنْ یَّنَالَ اللّٰہَ لُحُوْمُھَا وَلَا دِمَآءُھَا وَلٰکِنْ یَّنَالُہُ التَّقْوٰی مِنْکُمْ نہ تو حق تعالیٰ شانہٗ کے پاس اُن کا گوشت پہونچتا ہے نہ اُن کا خون بلکہ اس کے پاس تو تمہارا تقویٰ اور اخلاص پہونچتا ہے پس جس درجہ کا اخلاص ہوگا اسی درجہ کی مقبولیت ہوگی حضرت معاذؓ ارشاد فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے جب مجھے یمن کو بھیجا تو میں نے آخری وصیت کی درخواست کی۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ دین کے ہر کام میں اخلاص کا اہتمام کرنا کہ اخلاص سے تھوڑا عمل بھی بہت کچھ ہے۔ حضرت ثوبانؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضورؐ کو یہ فرماتے سنا۔ اخلاص والوں کے لیے خوشحالی ہو کہ وہ ہدایت کے چراغ ہیں ان کی وجہ سے سخت سخت فتنے دور ہو جاتے ہیں۔ ایک حدیث میں حضورؐ کا ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ ضعیف لوگوں کی برکت سے اس اُمت کی مدد فرماتے ہیں نیز ان کی دُعا سے ان کی نماز سے ان کے اخلاص سے [1] نماز کے بارے میں

[1] ترغیب۔

اللہ جل شانہٗ کا ارشاد ہے فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلٰوتِهِمْ سَاهُوْنَ الَّذِيْنَ هُمْ يُرَآءُوْنَ ۙ بڑی خرابی ہے ان لوگوں کے لیے جو اپنی نماز سے بے خبر ہیں۔ جو ایسے ہیں کہ دکھلاوا کرتے ہیں۔ بے خبر ہونے کی بھی مختلف تفسیریں کی گئی ہیں۔ ایک یہ کہ وقت کی خبر نہ ہو قضا کر دے۔ دوسرے یہ کہ متوجہ نہ ہو ادھر ادھر مشغول ہو۔ تیسرے یہ کہ یہی خبر نہ ہو کتنی رکعتیں ہوئیں۔ دوسری جگہ منافقین کے بارے میں ارشاد خداوندی ہے وَ اِذَا قَامُوْا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى يُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا ۙ اور جب نماز کو کھڑے ہوتے ہیں تو بہت کاہلی سے کھڑے ہوتے ہیں صرف لوگوں کو دکھلاتے ہیں (کہ ہم بھی نمازی ہیں) اور اللہ تعالیٰ کا ذکر نہیں کرتے مگر بہت تھوڑا سا۔ ایک جگہ چند انبیاء علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام کا ذکر فرما کر ارشاد ہے فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ۙ پس ان نبیوں کے بعد بعضے ایسے ناخلف پیدا ہوئے جنہوں نے نماز کو برباد کیا اور خواہشاتِ نفسانیہ کے پیچھے پڑ گئے سو عنقریب آخرت میں خرابی دیکھیں گے۔ غیّ کا ترجمہ لغت میں گمراہی ہے۔ جس سے مراد آخرت کی خرابی اور ہلاکت ہے اور بہت سے مفسرین نے لکھا ہے کہ غیّ جہنم کا ایک طبقہ ہے جس میں لہو پیپ وغیرہ جمع ہوگا اس میں یہ لوگ ڈال دیے جائیں گے۔ ایک جگہ ارشاد ہے وَمَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ نَفَقٰتُهُمْ اِلَّآ اَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ وَلَا يَاْتُوْنَ الصَّلٰوةَ اِلَّا وَهُمْ كُسَالٰى وَلَا يُنْفِقُوْنَ اِلَّا وَهُمْ كٰرِهُوْنَ (ترجمہ) اور ان کی خیر خیرات مقبول ہونے سے اور کوئی چیز بجز اس کے مانع نہیں ہے کہ انہوں نے اللہ کے ساتھ اور اس کے رسولؐ کے ساتھ کفر کیا اور نماز نہیں پڑھتے مگر کاہلی سے اور نیک کام میں خرچ نہیں کرتے مگر گرانی سے۔" اس کے بالمقابل اچھی طرح سے نماز پڑھنے والوں کے بارے میں ارشاد ہے۔ قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۙ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خَاشِعُوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۙ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۚ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۚ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۙ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ؕ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۙ (ترجمہ) بے شک کامیابی اور فلاح کو پہنچ گئے وہ مومن جو اپنی نماز میں خشوع کرنے والے ہیں اور وہ لوگ جو لغویات سے اعراض کرنے والے ہیں اور جو زکوٰۃ ادا کرنے والے ہیں[ع] (یا اپنے اخلاق کو درست کرنے والے ہیں) اور جو اپنی شرمگاہوں

ع زکوٰۃ کی تفسیر میں اختلاف ہے کہ اس جگہ مشہور معنی زکوٰۃ کے مراد ہیں یا زکوٰۃ بدنی یعنی اپنی اصلاح اور نفس کا تزکیہ۔

کی حفاظت کرنے والے ہیں بجز اپنی بیبیوں اور باندیوں کے کہ ان میں کوئی حرج نہیں البتہ جو ان کے علاوہ اور جگہ شہوت پوری کرنا چاہیں وہ لوگ حد سے گزرنے والے ہیں اور جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد و پیمان کی رعایت کرنے والے ہیں اور جو اپنی نمازوں کا اہتمام کرنے والے ہیں یہی لوگ جنت کے وارث ہیں جو فردوس کے وارث بنیں گے اور ہمیشہ ہمیشہ کو اس میں رہیں گے"۔ حدیث میں آیا ہے کہ فردوس جنت کا اعلیٰ اور افضل ترین حصہ ہے وہاں سے جنت کی نہریں جاری ہوتی ہیں اس پر عرش الٰہی ہوگا۔ جب تم جنت کی دعا کیا کرو تو جنت الفردوس مانگا کرو۔ دوسری جگہ نماز کے بارے میں ارشاد الٰہی ہے۔ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ (ترجمہ) "بے شک نماز دشوار ہے مگر جن کے دلوں میں خشوع ہے ان پر کچھ بھی دشوار نہیں یہ وہ لوگ ہیں جو اس کا خیال رکھتے ہیں کہ بلاشبہ وہ اپنے رب سے قیامت میں ملنے والے ہیں اور مرنے کے بعد اسی کی طرف لوٹ جانے والے ہیں"۔ ایسے ہی لوگوں کی تعریف میں ایک جگہ ارشاد خداوندی ہے۔ فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ يُسَبِّحُ لَهٗ فِيْهَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ رِجَالٌ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ يَخَافُوْنَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ پ ۱۸ ع ۱۰۔ ایسے گھروں میں جن کے متعلق اللہ جل شانہ نے حکم فرما دیا ہے کہ ان کا ادب کیا جائے ان کو بلند کیا جائے ان میں صبح شام اللہ کی تسبیح کرتے ہیں ایسے لوگ جن کو اللہ کی یاد سے اور نماز کے قائم کرنے سے اور زکوٰۃ کے دینے سے نہ تو تجارت غافل کرتی ہے نہ خرید و فروخت غفلت میں ڈالتی ہے وہ لوگ ایسے دن کی سختی سے ڈرتے ہیں جس دن دل اور آنکھیں الٹ پلٹ ہو جائیں گی (یعنی قیامت کا دن) اور وہ لوگ یہ سب کچھ اس لیے کرتے ہیں کہ اللہ جل شانہ ان کے نیک اعمال کا بدلہ ان کو عطا فرمادیں۔ اور بدلہ سے بھی بہت زیادہ انعامات اپنے فضل سے عطا فرمادیں اور اللہ جل شانہ تو جس کو چاہتے ہیں بے شمار عطا فرما دیتے ہیں ؎

تو وہ داتا ہے کہ دینے کے لیے در تری رحمت کے ہر دم کھلے

حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں کہ نماز قائم کرنے سے یہ مراد ہے کہ اس کے رکوع سجدہ کو اچھی طرح ادا کرے ہمہ تن متوجہ رہے اور خشوع کے ساتھ پڑھے۔ قتادہؓ سے بھی یہی نقل کیا

گیا کہ نماز کا قائم کرنا اس کے اوقات کی حفاظت رکھنا اور وضو کا اور رکوع سجدے کا اچھی طرح ادا کرنا ہے یعنی جہاں جہاں قرآن شریف میں اِقَامُ الصَّلٰوۃِ اور یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ آیا ہے یہی مراد ہے[1] یہی لوگ ہیں جن کی تعریف دوسری جگہ ان الفاظ سے ارشاد فرمائی گئی وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِیْنَ یَمْشُوْنَ عَلَی الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا وَّالَّذِیْنَ یَبِیْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِیَامًا اور رحمٰن کے خاص بندے وہ ہیں جو چلتے ہیں زمین پر عاجزی سے (اکڑ کر نہیں چلتے) اور جب ان سے جاہل لوگ (جہالت کی) بات کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ سلام (یعنی سلامتی کی بات کرتے ہیں جو رفع شر کی ہو یا بس دُور ہی سے سلام) اور یہ وہ لوگ ہیں جو رات بھر گذار دیتے ہیں اپنے رب کے لیے سجدے کرنے میں اور نماز میں کھڑے رہنے میں آگے ان کے اور چند اوصاف ذکر فرمانے کے بعد ارشاد ہے۔ اُولٰٓئِكَ یُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَیُلَقَّوْنَ فِیْهَا تَحِیَّةً وَّسَلٰمًا خٰلِدِیْنَ فِیْهَا حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا یہی لوگ ہیں جن کو جنت کے بالاخانے بدلہ میں دیئے جائیں گے اس لیے کہ انہوں نے صبر کیا (یا دین پر ثابت قدم رہے) اور جنت میں فرشتوں کی طرف سے دُعا و سلام سے استقبال کیا جاوے گا اور اس جنت میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔ کیا ہی اچھا ٹھکانا اور رہنے کی جگہ ہے۔ دوسری جگہ ارشاد ہے وَالْمَلٰٓئِكَةُ یَدْخُلُوْنَ عَلَیْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ سَلٰمٌ عَلَیْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ پ ۱۳ ع ۸۔ "اور فرشتے ہر دروازہ سے داخل ہوں گے اور کہیں گے کہ تم پر سلام (اور سلامتی) ہو اس وجہ سے کہ تم نے صبر کیا (یا دین پر مضبوط اور ثابت قدم رہے) پس کیا ہی اچھا انجام کار ٹھکانا ہے۔" انہیں لوگوں کی تعریف دوسری جگہ ان الفاظ سے فرمائی گئی ہے تَتَجَافٰی جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ یَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ یُنْفِقُوْنَ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِیَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْیُنٍ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۝ وہ لوگ ایسے ہیں کہ رات کو اُن کے پہلو ان کے خوابگاہوں اور بستروں سے علیحدہ رہتے ہیں اور) اپنے رب کو عذاب کے ڈر سے اور ثواب کی امید میں پکارتے رہتے ہیں اور ہماری عطا کی ہوئی چیزوں سے خرچ کرتے ہیں سو کوئی بھی نہیں جانتا کہ ایسے لوگوں کے لیے کیا کچھ آنکھوں کی ٹھنڈک کا سامان پردۂ غیب میں موجود ہے جو بدلہ ہے ان کے نیک اعمال کا انھیں لوگوں کی شان میں ہے اِنَّ الْمُتَّقِیْنَ فِیْ جَنّٰتٍ وَّعُیُوْنٍ اٰخِذِیْنَ مَآ اٰتٰهُمْ رَبُّهُمْ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِیْنَ كَانُوْا قَلِیْلًا مِّنَ الَّیْلِ مَا یَهْجَعُوْنَ وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ یَسْتَغْفِرُوْنَ ۝ پ ۲۶ ع ۱۷۔ بے شک متقی لوگ جنتوں اور پانی

[1] در

کے چشموں کے درمیان میں ہوں گے اور انکو ان کے رب اور مالک نے جو کچھ ثواب عطا فرمایا اس کو خوشی خوشی لے رہے ہوں گے اور کیوں نہ ہو کہ لوگ اس سے پہلے (دنیا میں) اچھے کام کرنے والے تھے وہ لوگ رات کو بہت کم سوتے تھے اور اخیر شب میں استغفار کرنے والے تھے" ایک جگہ ارشاد خداوندی ہے اَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ اٰنَاۗءَ الَّيْلِ سَاجِدًا وَّقَاۗىِٕمًا يَّحْذَرُ الْاٰخِرَةَ وَيَرْجُوْا رَحْمَةَ رَبِّهٖ ۭ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۭ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ پ ۲۳ ع ۱۴ (کیا برابر ہو سکتا ہے بیدین) اور وہ شخص جو عبادت کرنے والا ہو رات کے اوقات میں کبھی سجدہ کرنے والا ہو اور کبھی نیت باندھ کر کھڑا ہونے والا ہو آخرت سے ڈرتا ہو اور اپنے رب کی رحمت کا امیدوار ہو (اچھا آپ ان سے یہ پوچھیں) کہیں عالم اور جاہل برابر ہو سکتا ہے (اور یہ ظاہر ہے کہ عالم اپنے رب کی عبادت کرے ہی گا اور جو ایسے کریم مولی کی عبادت نہ کرے وہ جاہل بلکہ اَجْہل ہے ہی) نصیحت وہی لوگ مانتے ہیں جو اہل عقل ہیں۔" ایک جگہ ارشاد ہے اِنَّ الْاِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوْعًا اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوْعًا وَّاِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ مَنُوْعًا اِلَّا الْمُصَلِّيْنَ الَّذِيْنَ هُمْ عَلٰي صَلَاتِهِمْ دَاۗىِٕمُوْنَ ۝ لا اس میں شک نہیں کہ انسان غیر مستقل مزاج پیدا ہوا ہے کہ جب کوئی تکلیف اس کو پہونچتی ہے تو بہت زیادہ گھبرا جاتا ہے اور جب کوئی بھلائی پہونچتی ہے تو بخل کرنے لگتا ہے کہ دوسرے کو یہ بھلائی نہ پہونچے مگر (ہاں) وہ نمازی جو اپنی نماز کے ہمیشہ پابند رہتے ہیں اور سکون و وقار سے پڑھنے والے ہیں۔" آگے ان کی اور چند صفتیں ذکر فرمانے کے بعد ارشاد ہے کہ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰي صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ اُولٰۗىِٕكَ فِيْ جَنّٰتٍ مُّكْرَمُوْنَ پ ۲۹ ع ۶ اور وہ لوگ جو اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں یہی لوگ ہیں جن کا جنتوں میں اکرام کیا جائے گا۔ ان کے علاوہ اور بھی بہت سی آیات ہیں جن میں نماز کا حکم اور نمازیوں کے فضائل ان کے اعزاز و اکرام ذکر فرمائے گئے ہیں۔ اور حقیقت میں نماز ایسی ہی دولت ہے۔ اسی وجہ سے دو جہاں کے سردار فخر رسل حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے اسی وجہ سے حضرت ابراہیم خلیل اللہ دعا فرماتے ہیں رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ڰ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَاۗءِ اے رب مجھ کو نماز کا خاص اہتمام کرنے والا بنا دے اور میری اولاد میں سے بھی ایسے لوگ پیدا فرما جو اہتمام کرنے والے ہوں۔ اے ہمارے رب میری یہ دعا قبول فرما لے۔" اللہ کا ایک پیارا نبی جس کو خلیل ہونے کا بھی فخر ہے وہ نماز کی پابندی اور اہتمام کو اللہ ہی سے مانگتا ہے خود حق سبحانہ و تقدس اپنے محبوب سید المرسلین کو حکم فرماتے ہیں وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ۭ لَا نَسْــَٔــلُكَ

ہم آپ سے رزق نہیں چاہتے رزق تو ہم دیں گے وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰی پ ۱۶ ع ۱۶ اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم کرتے رہیئے اور خود بھی اس کا اہتمام کیجئے۔ ہم آپ سے روزی (کموانا) نہیں چاہتے روزی تو آپ کو ہم دیں گے اور بہترین انجام تو پرہیزگاری کا ہے۔" حدیث میں آیا ہے کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کچھ تنگی وغیرہ پیش آتی تو گھر والوں کو نماز کا حکم فرماتے اور یہ آیت تلاوت فرماتے۔ اور یہی انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کا بھی معمول نقل کیا گیا جب بھی ان حضرات کو کوئی دقت پیش آتی تو نماز میں مشغول ہو جاتے مگر ہم لوگ اس اہم چیز سے ایسے غافل اور بے نیاز ہیں کہ اسلام اور مسلمانی کے لمبے لمبے دعوؤں کے باوجود بھی اِدھر متوجہ نہیں ہوتے۔ بلکہ اگر کوئی بلانے والا کہنے والا کھڑا ہوتا ہے تو اس پر فقرے کستے ہیں۔ اس کی مخالفت کرتے ہیں۔ مگر کسی کا کیا نقصان ہے اپنا ہی کچھ کھوتے ہیں اور جو لوگ نماز پڑھتے بھی ہیں اُن میں سے بھی اکثر ایسی پڑھتے ہیں جس کو نماز کے ساتھ مذاق سے اگر تعبیر کیا جائے تو بیجا نہیں کہ اکثر ارکان بھی پورے طور سے ادا نہیں کرتے خشوع خضوع کا تو کیا ذکر ہے حالانکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا نمونہ سامنے ہے وہ ہر کام خود کر کے دکھلا گئے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے کارنامے بھی سامنے ہیں ان کا اتباع کرنا چاہیئے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے چند قصے نمونہ کے طور پر اپنے رسالہ حکایات[۱] صحابہ میں لکھ چکا ہوں۔ یہاں اُن کے اعادہ کی ضرورت نہیں۔ البتہ اس رسالہ میں چند حکایات صوفیاء کی نقل کرنے کے بعد چند ارشادات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نقل کرتا ہوں:

شیخ عبد الواحدؒ مشہور صوفیا میں ہیں فرماتے ہیں کہ ایک روز نیند کا اتنا غلبہ ہوا کہ رات کو اَوراد و وظائف بھی چھوٹ گئے خواب میں دیکھا کہ ایک نہایت حسین خوبصورت لڑکی سبز ریشمی لباس پہنے ہوئے ہے۔ جس کے پاؤں کی جوتیاں تک تسبیح میں مشغول ہیں۔ کہتی ہے کہ میری طلب میں کوشش کر میں تیری طلب میں ہوں۔ اس کے بعد اس نے چند شوقیہ شعر پڑھے۔ یہ خواب سے اُٹھے اور قسم کھالی کہ رات کو نہیں سوؤں گا۔ کہتے ہیں کہ چالیس برس تک صبح کی نماز عشاء کی وضو سے پڑھی[۲]

شیخ مظہر سعدیؒ ایک بزرگ ہیں جو اللہ جل شانہٗ کے عشق و شوق میں ساٹھ برس تک روتے رہے۔ ایک شب خواب میں دیکھا گویا ایک نہر ہے جس میں خالص مشک بھرا ہوا ہے۔ اس کے کناروں پر موتیوں کے درخت سونے کی شاخوں والے لہلہا رہے ہیں۔ وہاں چند نوعمر لڑکیاں پکار پکار کر اللہ کی تسبیح میں مشغول ہیں انہوں نے پوچھا تم کون ہو تو انہوں نے دو شعر پڑھے

---

[۱] حکایات صحابہ عکسی [۲] نزہتہ۔

جن کا مطلب یہ تھا کہ ہم کو لوگوں کے معبود اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پروردگار نے ان لوگوں کے واسطے پیدا فرمایا ہے جو رات کو اپنے پروردگار کے سامنے اپنے قدموں پر کھڑے رہتے ہیں اور اپنے اللہ سے مناجات کرتے رہتے ہیں۔

ابو بکر ضریرؒ کہتے ہیں کہ میرے پاس ایک نوجوان غلام رہتا تھا دن بھر روزہ رکھتا تھا اور رات بھر تہجد پڑھتا تھا۔ ایک دن وہ میرے پاس آیا اور بیان کیا کہ میں اتفاق سے آج رات سو گیا تھا خواب میں دیکھا کہ محراب کی دیوار پھٹی اس میں سے چند لڑکیاں نہایت ہی حسین اور خوبصورت ظاہر ہوئیں مگر ایک ان میں نہایت بدصورت بھی ہے۔ میں نے اُن سے پوچھا تم کون ہو اور یہ بدصورت کون ہے۔ وہ کہنے لگیں کہ ہم تیری گذشتہ راتیں ہیں اور یہ تیری آج کی رات ہے[۱]

ایک بزرگؒ کہتے ہیں کہ مجھے ایک رات ایسی گہری نیند آئی کہ آنکھ نہ کھلی۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک ایسی نہایت حسین لڑکی ہے کہ اس جیسی میں نے عمر بھر نہیں دیکھی اس میں سے ایسی تیز خوشبو مہک رہی تھی کہ میں نے ویسی خوشبو بھی کبھی نہیں سونگھی۔ اس نے مجھے ایک کاغذ کا پرچہ دیا جس میں تین شعر لکھے ہوئے تھے ان کا مطلب یہ تھا کہ تو نیند کی لذت میں مشغول ہو کر جنت کے بالاخانوں سے غافل ہو گیا جہاں ہمیشہ تجھے رہنا ہے اور موت بھی وہاں نہ آئے گی اپنی نیند سے اُٹھ، سونے سے تہجد میں قرآن پڑھنا بہت بہتر ہے کہتے ہیں اس کے بعد سے جب مجھے نیند آتی ہے اور یہ اشعار یاد آتے ہیں تو نیند بالکل اُڑ جاتی ہے۔

حضرت عطاؒ فرماتے ہیں کہ میں ایک بازار میں گیا وہاں ایک باندی فروخت ہو رہی تھی جو دیوانی بتائی جاتی تھی میں نے سات دینار میں خرید لی اور اپنے گھر لے آیا۔ جب رات کا کچھ حصہ گذرا تو میں نے دیکھا کہ وہ اُٹھی وضو کیا نماز شروع کر دی اور نماز میں اس کی یہ حالت تھی کہ روتے روتے اس کا دم نکلا جاتا تھا نماز کے بعد اس نے مناجات شروع کی اور یہ کہنے لگی اے میرے معبود آپ کو مجھ سے محبت رکھنے کی قسم مجھ پر رحم فرما میں نے اس سے کہا کہ اس طرح نہ کہو یوں کہو کہ مجھے تجھ سے محبت رکھنے کی قسم۔ یہ سُن کر اس کو غصہ آگیا اور کہنے لگی قسم ہے اُس ذات کی اگر اس کو مجھ سے محبت نہ ہوتی تو تجھے میٹھی نیند نہ سُلاتا اور مجھے یوں نہ کھڑا رکھتا۔ پھر اوندھے منہ گر گئی اور چند شعر پڑھے جن کا مطلب یہ ہے کہ بے چینی بڑھتی جارہی ہے اور دل جلا جارہا ہے اور صبر جاتا رہا اور آنسو بہہ رہے ہیں اس شخص کو کس طرح قرار آسکتا ہے جس کو عشق و شوق اور اضطراب سے چین ہی نہیں۔ اے اللہ اگر کوئی خوشی کی چیز ہو تو اس کو عطا فرما کر مجھ پر احسان فرما اس کے بعد بلند

---

[۱] نزہتہ

آواز سے یہ دعا کی کہ یا [illegible] پوشیدہ تھا اب مخلوق کو خبر ہو چلی اب مجھے اٹھا لیجیے۔ یہ کہہ کر زور سے ایک چیخ ماری اور مر گئی۔

اسی قسم کا ایک واقعہ حضرت سری رحؒ کے ساتھ بھی پیش آیا کہتے ہیں کہ میں نے اپنی خدمت کے لیے ایک باندی خریدی۔ ایک مدت تک وہ میری خدمت کرتی رہی اور اپنی حالت کا مجھ سے اِخفا کرتی۔ اس کی نماز کی ایک جگہ متعین تھی۔ جب کام سے فارغ ہو جاتی وہاں جاکر نماز میں مشغول ہو جاتی۔ ایک رات میں نے دیکھا کہ وہ کبھی نماز پڑھتی ہے اور کبھی مناجات میں مشغول ہو جاتی ہے اور کہتی ہے کہ آپ اس محبت کے وسیلہ سے جو مجھ سے ہے فلاں فلاں کام کر دیں۔ میں نے آواز سے کہا کہ اے عورت یوں کہہ کہ میری محبت کے وسیلہ سے جو مجھے آپ سے ہے کہنے لگی میرے آقا اگر اس کو مجھ سے محبت نہ ہوتی تو تمہیں نماز سے بٹھلا کر مجھے کھڑا نہ کرتا۔ سری کہتے ہیں جب صبح ہوئی تو میں نے اس کو بلا کر کہا کہ تو میری خدمت کے قابل نہیں اللہ ہی کی عبادت کے لائق ہے۔ اس کو کچھ سامان دیکر آزاد کر دیا [1]

حضرت سری سقطیؒ ایک عورت کا حال فرماتے ہیں کہ جب وہ تہجد کی نماز کو کھڑی ہوتی تو کہتی اے اللہ ابلیس بھی تیرا ایک بندہ ہے اس کی پیشانی بھی تیرے قبضہ میں ہے وہ مجھے دیکھتا ہے اور میں اسے نہیں دیکھ سکتی تو اسے دیکھتا ہے اور اس کے سارے کاموں پر قادر ہے اور وہ تیرے کسی کام پر بھی قدرت نہیں رکھتا اے اللہ اگر وہ میری برائی چاہے تو تُو اس کو دفع کر اور وہ میرے ساتھ مکر کرے تو تُو اس کے مکر کا انتقام لے میں اس کے شر سے تیری پناہ مانگتی ہوں اور تیری مدد سے اس کو دھکیلتی ہوں۔ اس کے بعد وہ روتی رہتی تھی۔ حتیٰ کہ روتے روتے اس کی ایک آنکھ جاتی رہی۔ لوگوں نے اس سے کہا خدا سے ڈر کہیں دوسری آنکھ بھی نہ جاتی رہے، اس نے کہا اگر یہ آنکھ جنت کی آنکھ ہے تو اللہ جل شانہٗ اس سے بہتر عطا فرمائیں گے اور اگر دوزخ کی آنکھ ہے اس کا دور ہی ہونا اچھا۔

شیخ ابو عبداللہ جلاءؒ فرماتے ہیں کہ ایک دن میری والدہ نے میرے والد سے مچھلی کی فرمائش کی۔ والد صاحب بازار تشریف لے گئے میں بھی ساتھ تھا، مچھلی خریدی۔ گھر تک لانے کے واسطے مزدور کی تلاش تھی کہ ایک نو عمر لڑکا جو پاس ہی کھڑا تھا کہنے لگا چچا جان اسے اٹھانے کے واسطے مزدور چاہیئے۔ کہا، ہاں اس لڑکے نے اپنے سر پر اٹھالی اور ہمارے ساتھ چل دیا راستہ میں اس نے اذان کی آواز سن لی کہنے لگا اللہ کے منادی نے بلایا ہے مجھے وضو بھی کرنا ہے۔ نماز

[1] نزہۃ۔

لے جا سکوں گا۔ آپ کا دل چاہے انتظار کر لیجئے ورنہ اپنی مچھلی لے لیجئے۔ یہ کہہ کر مچھلی رکھ کر چلا گیا۔ میرے والد صاحب کو خیال آیا کہ یہ مزدور لڑکا تو ایسا کرے ہمیں بطریق اولیٰ اللہ پر بھروسہ کرنا چاہیئے۔ یہ سوچ کر وہ بھی مچھلی رکھ کر مسجد میں چلے گئے۔ نماز سے فارغ ہو کر ہم سب آئے تو مچھلی اسی طرح رکھی ہوئی تھی۔ اس لڑکے نے اُٹھا کر ہمارے گھر پہونچا دی۔ گھر جا کر والد نے یہ عجیب قصّہ والدہ کو سنایا۔ انہوں نے فرمایا کہ اس کو روک لو وہ بھی مچھلی کھا کر جائے۔ اس سے کہا گیا اس نے جواب دیا کہ میرا تو روزہ ہے۔ والد نے اصرار کیا کہ شام کے وقت یہیں آ کر افطار کرے۔ لڑکے نے کہا کہ میں ایک دفعہ جا کر دوبارہ نہیں آتا۔ یہ ممکن ہے کہ میں پاس ہی مسجد میں ہوں شام کو آپ کی دعوت کھا کر چلا جاؤں گا۔ یہ کہہ کر وہ قریب ہی مسجد میں چلا گیا۔ شام کو بعد مغرب آیا کھانا کھایا اور کھانے سے فراغت پر اس کو تخلیہ کی جگہ بتا دی۔ ہمارے قریب ہی ایک اپاہج عورت رہا کرتی تھی۔ ہم نے دیکھا کہ وہ بالکل اچھی تندرست آ رہی ہے۔ ہم نے اس سے پوچھا کہ تو کس طرح اچھی ہو گئی۔ کہا میں نے اس مہمان کے طفیل سے دُعا کی تھی کہ یا اللہ اس کی برکت سے مجھے اچھا کر دے میں فوراً اچھی ہو گئی۔ اس کے بعد جب ہم اس کے تخلیہ کی جگہ اس کو دیکھنے گئے تو دیکھا دروازے بند ہیں اور اس مزدور کا کہیں پتہ نہیں۔

ایک بزرگ کا قصّہ لکھا ہے کہ ان کے پاؤں میں پھوڑا نکل آیا طبیبوں نے کہا اگر ان کا پاؤں نہ کاٹا گیا تو ہلاکت کا اندیشہ ہے ان کی والدہ نے کہا ابھی ٹھہر جاؤ۔ جب یہ نماز کی نیت باندھ لیں تو کاٹ لینا چنانچہ ایسا ہی کیا گیا ان کو خبر بھی نہ ہوئی۔

ابو عامر کہتے ہیں کہ میں نے ایک باندی دیکھی جو بہت کم داموں پر فروخت ہو رہی تھی جو نہایت دُبلی پتلی تھی اس کا پیٹ کمر سے لگ رہا تھا۔ بال بکھرے ہوئے تھے۔ میں نے اس پر رحم کھا کر اس کو خرید لیا۔ اس سے کہا کہ ہمارے ساتھ بازار چل۔ رمضان المبارک کے واسطے کچھ ضروری سامان خرید لیں کہنے لگی اللہ کا شکر ہے جس نے میرے واسطے سارے مہینے یکساں کر دیئے۔ وہ ہمیشہ دن کو روزہ رکھتی۔ رات بھر نماز پڑھتی۔ جب عید قریب آئی تو میں نے اس سے کہا کل صبح بازار چلیں گے تو بھی ساتھ چلنا عید کے واسطے کچھ ضروری سامان خرید لائیں گے کہنے لگی میرے آقا تم دنیا میں بہت ہی مشغول ہو۔ پھر اندر گئی اور نماز میں مشغول ہو گئی اور اطمینان سے ایک ایک آیت مزے لے کر پڑھتی رہی۔ حتیٰ کہ اس آیت پر پہونچی وَيُسْقٰى مِنْ مَّآءٍ صَدِيْدٍ الآیۃ (س ابراہیم ع ۳) اس آیت کو بار بار پڑھتی رہی اور ایک چیخ مار کر اس دنیا سے رخصت ہو گئی۔

ایک سید صاحبؒ کا قصہ لکھا ہے کہ بارہ دن تک ایک ہی وضو سے ساری نمازیں پڑھیں، اور پندرہ برس مسلسل لیٹنے کی نوبت نہیں آئی۔ کئی کئی دن ایسے گذر جاتے کہ کوئی چیز چکھنے کی نوبت نہ آتی تھی۔

اہلِ مجاہدہ لوگوں میں اس قسم کے واقعات بہت کثرت سے ملتے ہیں۔ ان حضرات کی حرص تو بہت ہی مشکل ہے کہ اللہ جل شانہٗ نے ان کو پیدا ہی اس لیے فرمایا تھا لیکن جو حضرات اکابر کہ دوسرے دینی اور دنیوی مشاغل میں مشغول تھے ان کی حرص بھی ہم جیسوں کو دشوار ہے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ سے سب ہی واقف ہیں خلفاء راشدین کے بعد انہیں کا شمار ہے۔ ان کی بیوی فرماتی ہیں کہ عمر بن عبدالعزیزؒ سے زیادہ وضو اور نماز میں مشغول ہونے والے تو اور بھی ہوں گے مگر ان سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والا میں نے نہیں دیکھا۔ عشاء کی نماز کے بعد مصلے پر بیٹھ جاتے اور دعا کے واسطے ہاتھ اٹھاتے اور روتے رہتے حتیٰ کہ اسی میں نیند کا غلبہ ہوتا تو آنکھ لگ جاتی۔ پھر جب کھل جاتی تو اسی طرح روتے رہتے اور دعا میں مشغول رہتے کہتے ہیں کہ خلافت کے بعد سے جنابت کے غسل کی نوبت نہیں آئی۔ ان کی بیوی عبدالملک بادشاہ کی بیٹی تھیں۔ باپ نے بہت سے زیورات جواہر دیئے تھے اور ایک ایسا ہیرا دیا تھا جس کی نظیر نہیں تھی۔ آپ نے بیوی سے فرمایا کہ دونوں باتوں میں سے ایک اختیار کر۔ یا تو وہ زیور سارا اللہ واسطے دے کہ میں اس کو بیت المال میں داخل کر دوں، یا مجھ سے جدائی اختیار کرے مجھے یہ چیز ناگوار ہے کہ میں اور وہ مال ایک گھر میں جمع رہیں۔ بیوی نے عرض کیا کہ وہ مال کیا چیز ہے میں اس سے کئی چند زیادہ پر بھی آپ کو نہیں چھوڑ سکتی۔ یہ کہہ کر سب بیت المال میں داخل کر دیا۔ آپ کے انتقال کے بعد جب عبدالملک کا بیٹا یزید بادشاہ بنا تو اس نے بہن سے دریافت کیا، اگر تم چاہو تو تمھارا زیور تم کو واپس دے دیا جائے۔ فرمانے لگیں کہ جب میں اُن کی زندگی میں اس سے خوش نہ ہوئی تو ان کے مرنے کے بعد اس سے کیا خوش ہوں گی۔ مرض الموت میں آپ نے لوگوں سے پوچھا کہ اس مرض کے متعلق کیا خیال کیا جاتا ہے۔ کسی نے عرض کیا کہ لوگ جادو سمجھ رہے ہیں آپ نے فرمایا یہ نہیں۔ پھر ایک غلام کو بلایا اس سے پوچھا کہ مجھے زہر دینے پر کس چیز نے تجھ کو آمادہ کیا۔ اس نے کہا سو دینار دیئے گئے اور آزادی کا وعدہ کیا گیا۔ آپ نے فرمایا وہ دینار لے آ۔ اس نے حاضر کئے۔ آپ نے ان کو بیت المال میں داخل فرمادیا اور اس غلام سے فرمایا تو کسی ایسی جگہ چلا جا جہاں تجھے کوئی نہ دیکھے۔ انتقال کے وقت مسلمہؒ ان کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ آپ نے اولاد کے ساتھ ایسا کیا جو کسی نے بھی نہیں کیا ہوگا۔ آپ کے تیرہ بیٹے ہیں اور ان

کے لیے نہ کوئی روپیہ آپ نے چھوڑا، نہ پیسہ۔ آپ نے فرمایا، ذرا مجھے بٹھا دو بیٹھ کر فرمایا کہ میں نے ان کا کوئی حق نہیں دبایا اور جو دوسروں کا حق تھا وہ ان کو دیا نہیں پس اگر وہ صالح ہیں تو اللہ جل شانہ تو ان کا کفیل ہے قرآن پاک میں ارشاد ہے وَهُوَ يَتَوَلَّى الصَّالِحِينَ (وہی متولی ہے صلحا کا) اور اگر وہ گنہگار ہیں تو ان کی مجھے بھی کچھ پرواہ نہیں۔

حضرت امام احمد بن حنبل ؒ جو فقہ کے مشہور امام ہیں دن بھر مسائل میں مشغول رہنے کے باوجود رات دن میں تین سو رکعات نفل پڑھتے تھے۔ حضرت سعیدؒ بن جبیر ایک رکعت میں پورا قرآن شریف پڑھ لیتے تھے۔ حضرت محمدؒ بن منکدر حفاظِ حدیث میں ہیں۔ ایک رات تہجد میں اتنی کثرت سے روئے کہ حد نہ رہی کسی نے دریافت کیا تو فرمایا تلاوت میں یہ آیت آگئی تھی وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُونُوا يَحْتَسِبُونَ اخیر تک (س زمر ع ۵) اوپر کی آیت میں اس کا ذکر ہے کہ اگر ظلم کرنے والوں کے پاس دنیا کی ساری چیزیں ہوں اور اتنی ہی ان کے ساتھ اور بھی ہوں تو وہ قیامت کے دن سخت عذاب سے چھوٹنے کے لیے فدیہ کے طور پر دینے لگیں اس کے بعد ارشاد ہے وَبَدَا لَهُمْ الآیہ۔ اور اللہ کی طرف سے ان کے لیے (عذاب کا) وہ معاملہ پیش آئے گا جس کا ان کو گمان بھی نہ تھا اور اس وقت ان کو اپنی تمام بداعمالیاں ظاہر ہو جائیں گی۔ حضرت محمدؒ ابن منکدر وفات کے وقت بھی بہت گھبرا رہے تھے اور فرماتے تھے کہ اسی آیت سے ڈر رہا ہوں۔

حضرت ثابت بنانیؒ حفاظ حدیث میں ہیں اس قدر کثرت سے اللہ کے سامنے روتے تھے کہ حد نہیں۔ کسی نے عرض کیا کہ آنکھیں جاتی رہیں گی۔ فرمایا کہ ان آنکھوں سے اگر روئیں نہیں تو فائدہ ہی کیا ہے اس کی دعا کیا کرتے تھے کہ یا اللہ اگر کسی کو قبر میں نماز پڑھنے کی اجازت ہو سکتی ہو تو مجھے بھی ہو جائے۔ ابو سنانؒ کہتے ہیں خدا کی قسم میں ان لوگوں میں تھا جنہوں نے ثابت کو دفن کیا۔ دفن کرتے ہوئے لحد کی ایک اینٹ گر گئی تو میں نے دیکھا کہ وہ کھڑے نماز پڑھ رہے ہیں میں نے اپنے ساتھی سے کہا دیکھو یہ کیا ہو رہا ہے اس نے مجھے کہا چپ ہو جاؤ۔ جب دفن کر چکے تو ان کے گھر جا کر ان کی بیٹی سے دریافت کیا کہ ثابت کا عمل کیا تھا۔ اس نے کہا کیوں پوچھتے ہو۔ ہم نے قصہ بیان کیا اس نے کہا کہ پچاس برس شب بیداری کی اور صبح کو ہمیشہ یہ دعا کیا کرتے تھے کہ یا اللہ اگر تو کسی کو یہ دولت عطا کرے کہ وہ قبر میں نماز پڑھے تو مجھے بھی عطا فرمایا[1]

حضرت امام ابو یوسفؒ باوجود علمی مشاغل کے جو سب کو معلوم ہیں اور ان کے علاوہ قاضی القضاۃ ہونے کی وجہ سے قضا کے مشاغل علیحدہ تھے لیکن پھر بھی دو سو رکعات نوافل روزانہ پڑھتے تھے۔

[1] اقامۃ الحجۃ

حضرت محمد بن نصرؒ مشہور محدث ہیں اس انہماک سے نماز پڑھتے تھے جس کی نظیر مشکل ہے ایک مرتبہ پیشانی پر ایک بھڑ نے نماز میں کاٹا جس کی وجہ سے خون بھی نکل آیا مگر نہ حرکت ہوئی نہ خشوع خضوع میں کوئی فرق آیا۔ کہتے ہیں کہ نماز میں لکڑی کی طرح سے بے حرکت کھڑے رہتے تھے۔ حضرت بقی بن مخلد روزانہ تہجد اور وتر کی تیرہ رکعت میں ایک قرآن شریف پڑھا کرتے تھے۔ حضرت ہناد ایک محدث ہیں ان کے شاگرد کہتے ہیں کہ وہ بہت ہی زیادہ روتے تھے ایک مرتبہ صبح کو ہمیں سبق پڑھاتے رہے اس کے بعد وضو وغیرہ سے فارغ ہو کر زوال تک نفلیں پڑھتے رہے دوپہر کو گھر تشریف لے گئے اور تھوڑی دیر میں آکر ظہر کی نماز پڑھائی اور عصر تک نفلوں میں مشغول رہے پھر عصر کی نماز پڑھائی اور قرآن پاک کی تلاوت مغرب تک فرماتے رہے۔ مغرب کے بعد میں واپس چلا آیا۔ میں نے ان کے ایک پڑوسی سے تعجب سے کہا کہ یہ شخص کس قدر عبادت کرنے والے ہیں۔ اس نے کہا کہ ستر برس سے ان کا یہی عمل ہے اور اگر تم ان کی رات کی عبادت دیکھو گے اور بھی تعجب کرو گے۔

مسروق ایک محدث ہیں ان کی بیوی کہتی ہیں کہ وہ نمازیں اتنی لمبی لمبی پڑھا کرتے تھے کہ ان کی پنڈلیوں پر ہمیشہ اس کی وجہ سے ورم رہتا تھا اور میں ان کے پیچھے بیٹھی ہوئی ان کے حال پر ترس کھا کر رویا کرتی تھی۔ سعید بن المسیبؒ کے متعلق لکھا ہے کہ پچاس برس تک عشاء اور صبح ایک ہی وضو سے پڑھی اور ابو المعتمرؒ کے متعلق لکھا ہے کہ چالیس برس تک ایسا ہی کیا۔ امام غزالیؒ نے ابو طالب مکیؒ سے نقل کیا کہ چالیس تابعیوں سے تواتر کے طریق سے یہ بات ثابت ہے کہ وہ عشاء کی وضو سے صبح کی نماز پڑھتے تھے ان میں سے بعض کا چالیس برس تک یہی عمل رہا[1]۔ حضرت امام اعظم رضی اللہ عنہ کے متعلق تو بہت کثرت سے یہ چیز نقل کی گئی کہ تیس یا چالیس یا پچاس برس عشاء اور صبح ایک وضو سے پڑھی اور یہ اختلاف نقل کرنے والوں کے اختلاف کی وجہ سے ہے کہ جس شخص کو جتنے سال کا علم ہوا اتنا ہی نقل کیا۔ لکھا ہے کہ آپ کا معمول صرف دوپہر کو تھوڑی دیر سونے کا تھا اور یہ ارشاد فرمایا کرتے تھے کہ دوپہر کے سونے کا حدیث میں حکم ہے۔ حضرت امام شافعی صاحبؒ کا معمول تھا کہ رمضان میں ساٹھ قرآن شریف نمازمیں پڑھتے تھے۔ ایک شخص کہتے ہیں کہ میں کئی روز تک امام شافعیؒ کے یہاں رہا صرف رات کو تھوڑی دیر سوتے تھے۔ حضرت احمد بن حنبلؒ تین سو رکعتیں روزانہ پڑھتے تھے اور جب بادشاہِ وقت نے آپ کے کوڑے لگوائے اور اس کی وجہ سے ضعف بہت ہوگیا تو ڈیڑھ سو سورہ گئی تھیں اور تقریباً اسی برس کی عمر تھی۔ ابو عتاب سلمیؒ چالیس برس تک رات بھر روتے تھے اور دن کو ہمیشہ روزہ رکھتے۔ ان کے علاوہ ہزاروں

[1] اتحاف۔

لاکھوں واقعات توفیق والوں کے کتب تواریخ میں مذکور ہیں جن کا احاطہ بھی دشوار ہے۔ نمونہ اور مثال کے لیے یہی واقعات کافی ہیں۔ حق تعالیٰ شانہٗ مجھے بھی اور ناظرین کو بھی ان حضرات کے اتباع کا کچھ حصہ اپنے لطف وفضل سے نصیب فرمائیں۔ آمین۔

(۱) عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ الرَّجُلَ لَيَنْصَرِفُ وَمَا كُتِبَ لَهٗ اِلَّا عُشْرُ صَلٰوتِهٖ تُسْعُهَا ثُمُنُهَا سُبْعُهَا سُدُسُهَا خُمُسُهَا رُبُعُهَا ثُلُثُهَا نِصْفُهَا رواه ابوداؤد قال المنذری فی الترغیب رواه ابوداؤد والنسائی وابن حبان فی صحیحه بنحوه اھ وعزاه فی الجامع الصغیر الی احمد وابی داؤد وابن حبان ورقم له بالصحیح وفی المنتخب عزاه الی احمد ایضا وفی الدر المنثور اخرج احمد عن ابی الیسر مرفوعا منکم من یصلی الصلوٰة کاملة ومنکم من یصلی النصف والثلث والربع حتے بلغ العشر قال المنذری فی الترغیب رواه النسائی باسناد حسن واسم ابی الیسر کعب بن عمرو السلمی شهد بدرا اھ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ آدمی نماز سے فارغ ہوتا ہے اور اس کے لیے ثواب کا دسواں حصہ لکھا جاتا ہے اسی طرح بعض کے لیے نواں حصہ بعض کے لیے آٹھواں، ساتواں، چھٹا، پانچواں، چوتھائی، تہائی، آدھا حصہ لکھا جاتا ہے۔ ف: یعنی جس درجہ کا خشوع اور اخلاص نماز میں ہوتا ہے اتنی ہی مقدار اجر وثواب کی ملتی ہے حتیٰ کہ بعض کو پورے اجر کا دسواں حصہ ملتا ہے اگر اس کے موافق خشوع خضوع ہو اور بعض کو آدھا مل جاتا ہے اور اسی طرح دسویں سے کم اور آدھے سے زیادہ بھی مل جاتا ہے حتیٰ کہ بعض کو پورا پورا اجر مل جاتا ہے اور بعض کو بالکل بھی نہیں ملتا کہ وہ اس قابل ہی نہیں ہوتی۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ فرض نماز کے لیے اللہ کے یہاں ایک خاص وزن ہے جتنی اس میں کمی رہ جاتی ہے اس کا حساب کیا جاتا ہے۔ احادیث میں آیا ہے کہ لوگوں میں سب سے پہلے خشوع اٹھایا جائے گا کہ پوری جماعت میں ایک شخص بھی خشوع سے پڑھنے والا نہ ملے گا۔[1]

(۲) رُوِیَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلَّى الصَّلٰوةَ لِوَقْتِهَا وَاَسْبَغَ لَهَا وُضُوْءَهَا وَاَتَمَّ لَهَا قِيَامَهَا وَخُشُوْعَهَا وَرُكُوْعَهَا وَسُجُوْدَهَا خَرَجَتْ وَهِيَ بَيْضَاءُ مُسْفِرَةٌ تَقُوْلُ حَفِظَكَ اللّٰهُ كَمَا حَفِظْتَنِيْ وَمَنْ صَلَّاهَا لِغَيْرِ وَقْتِهَا وَلَمْ يُسْبِغْ لَهَا وُضُوْءَهَا وَلَمْ يُتِمَّ لَهَا

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص نمازوں کو اپنے وقت پر پڑھے وضو بھی اچھی طرح کرے خشوع وخضوع سے بھی پڑھے کھڑا بھی پورے وقار سے ہو۔ پھر اسی طرح رکوع سجدہ بھی اچھی طرح سے اطمینان سے کرے۔ غرض ہر چیز کو اچھی طرح ادا کرے تو وہ نماز نہایت روشن

[1] جامع الصغیر

خُشُوْعَهَا وَلَا رُكُوْعَهَا وَلَا سُجُوْدَهَا خَرَجَتْ وَهِيَ سَوْدَاءُ مُظْلِمَةٌ تَقُوْلُ ضَيَّعَكَ اللّٰهُ كَمَا ضَيَّعْتَنِيْ حَتّٰى إِذَا كَانَتْ حَيْثُ شَاءَ اللّٰهُ لُفَّتْ كَمَا يُلَفُّ الثَّوْبُ الْخَلَقُ ثُمَّ ضُرِبَ بِهَا وَجْهُهٗ رواه الطبرانی فی الاوسط کذا فی الترغیب والدر المنثور وعزاہ فی المنتخب الی البیھقی فی الشعب وفیہ ایضًا بروایۃ عبادۃؓ بمعناہ وزادفی الاولی بعد قولہ کما حفظتنی ثم اصعد بھا الی السماء ولھا ضوء ونور ففتحت لہ ابواب السماء حتے ینتھی بھا الی اللہ فتشفع لصاحبھا وقال فی الثانیۃ وغلقت دونھا ابواب السماء وعزاہ فی الدر الی البزاز والطبرانی وفی الجامع الصغیر حدیث عبادۃ الی الطیالسی وقال صحیح۔

بن کر جاتی ہے اور نمازی کو دعا دیتی ہے کہ اللہ تعالیٰ شانہ تیری بھی ایسی ہی حفاظت کرے جیسی تو نے میری حفاظت کی۔ اور جو شخص نماز کو بری طرح پڑھے وقت کو بھی ٹال دے وضو بھی اچھی طرح نہ کرے رکوع سجدہ بھی اچھی طرح نہ کرے تو وہ نماز بری صورت سے سیاہ رنگ میں بد دعا دیتی ہوئی جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ تجھے بھی ایسا ہی برباد کرے جیسا تو نے مجھے ضائع کیا اس کے بعد وہ نماز پرانے کپڑے کی طرح سے لپیٹ کر نمازی کے منہ پر ماردی جاتی ہے۔

ف: خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو نماز کو اچھی طرح پڑھیں کہ اللہ کی اہم ترین عبادت ان کے لیے دعا کرتی ہے۔ لیکن عام طور سے جیسی نماز پڑھی جاتی ہے کہ رکوع کیا تو وہیں سے سجدے میں چلے گئے۔ سجدے سے اٹھے تو سر اٹھانے بھی نہ پائے تھے کہ فوراً کوے کی سی ٹھونگ دوسری دفعہ ماردی۔ ایسی نماز کا جو حشر ہے وہ اس حدیث شریف میں ذکر فرمایا ہی دیا اور پھر جب وہ بربادی کی بد دعا کرے تو اپنی بربادی کا گلہ کیوں کیا جائے، یہی وجہ ہے کہ آج کل مسلمان گرتے جارہے ہیں اور ہر طرف تباہی ہی تباہی کی صدائیں گونج رہی ہیں۔ ایک دوسری حدیث میں بھی یہی مضمون وارد ہوا ہے اس میں یہ بھی اضافہ ہے کہ جو نماز خشوع خضوع سے پڑھی جاتی ہے آسمان کے دروازے اس کے لیے کھل جاتے ہیں وہ نہایت نورانی ہوتی ہے اور نمازی کے لیے حق تعالیٰ شانہ کی بارگاہ میں سفارشی بنتی ہے۔ حضورؐ کا ارشاد ہے کہ جس نماز میں رکوع اچھی طرح نہ کیا جائے کہ کمر پوری جھک جائے اس کی مثال اس عورت کی سی ہے جو حاملہ ہو اور جب بچہ ہونے کا وقت قریب آجائے تو اسقاط کردے [1] ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ بہت سے روزے دار ایسے ہیں جن کو روزے سے بجز بھوکا اور پیاسا رہنے کے کوئی حاصل نہیں اور بہت سے شب بیدار ایسے ہیں جن کو جاگنے کے علاوہ کوئی چیز نہیں ملتی۔

[1] ترغیب۔

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا کہ جو قیامت کے دن پانچوں نمازیں ایسی لے کر حاضر ہو کہ ان کے اوقات کی بھی حفاظت کرتا رہا ہو اور وُضو کا بھی اہتمام کرتا رہا ہو اور ان نمازوں کو خشوع خضوع سے پڑھتا رہا ہو تو حق تعالیٰ شانہ، نے عہد فرما لیا ہے کہ اس کو عذاب نہیں کیا جائے گا اور جو ایسی نمازیں نہ لے کر حاضر ہو اس کے لیے کوئی وعدہ نہیں ہے چاہے اپنی رحمت سے معاف فرمادیں۔ چاہے عذاب دیں۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم صحابہؓ کے پاس تشریف لائے اور ارشاد فرمایا تمہیں معلوم بھی ہے اللہ جل شانہ، نے کیا فرمایا صحابہؓ نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کے رسولؐ ہی جانتے ہیں۔ حضورؐ نے اہتمام کی وجہ سے تین مرتبہ یہی دریافت فرمایا اور صحابہؓ کرام یہی جواب دیتے رہے۔ اس کے بعد ارشاد ہوا کہ حق تعالیٰ شانہ، اپنی عزت اور اپنی بڑائی کی قسم کھا کر فرماتے ہیں کہ جو شخص ان نمازوں کو اوقات کی پابندی کے ساتھ پڑھتا رہے گا میں اس کو جنّت میں داخل کروں گا اور جو پابندی نہ کرے گا تو میرا دل چاہے گا رحمت سے بخشدوں گا ورنہ عذاب دوں گا۔

(۳) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رض سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ اَوَّلَ مَا یُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ مِنْ عَمَلِهٖ صَلٰوتُهٗ فَاِنْ صَلُحَتْ فَقَدْ اَفْلَحَ وَاَنْجَحَ وَاِنْ فَسَدَتْ خَابَ وَخَسِرَ وَاِنِ انْتَقَصَ مِنْ فَرِیْضَةٍ قَالَ الرَّبُّ اُنْظُرُوْا هَلْ لِعَبْدِیْ مِنْ تَطَوُّعٍ فَیُکَمَّلُ بِهَا مَا انْتَقَصَ مِنَ الْفَرِیْضَةِ ثُمَّ یَکُوْنُ سَائِرُ عَمَلِهٖ عَلٰی ذٰلِكَ رواہ الترمذی وحسنه النسائی وابن ماجة والحاکم وصححه کذا فی الدر وفی المنتخب بروایة الحاکم فی الکنی عن ابن عمر اول ما افترض الله علٰی اُمتی الصلٰوة الخمس واول ما یرفع من اعمالهم الصّلٰوة الخمس الحدیث بطوله بمعنی حدیث الباب وفیه ذکر الصیام

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ قیامت میں آدمی کے اعمال میں سب سے پہلے فرض نماز کا حساب کیا جائے گا۔ اگر نماز اچھی نکل آئی تو وہ شخص کامیاب ہوگا اور بامُراد اور اگر نماز بیکار ثابت ہوئی تو وہ نامُراد، خسارہ میں ہوگا اور اگر کچھ نماز میں کمی پائی گئی تو ارشادِ خداوندی ہوگا کہ دیکھو اس بندہ کے پاس کچھ نفلیں بھی ہیں جن سے فرضوں کو پورا کر دیا جائے۔ اگر نکل آئیں تو ان سے فرضوں کی تکمیل کر دی جائے گی اس کے بعد پھر اسی طرح باقی اعمال روزہ زکوٰۃ وغیرہ کا حساب ہوگا۔

فائدہ: اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ آدمی کو نفلوں کا ذخیرہ بھی اپنے پاس کافی رکھنا چاہئیے کہ اگر فرضوں میں کچھ کوتاہی نکلے تو میزان

والزکوٰة نحو الصلوٰة وفی الدر اخرج
ابو یعلی عن انس رفعه اول ما افترض
الله علی الناس من دینهم الصلوٰة واخر
ما یبقی الصلوٰة واول ما یحاسب به الصلوٰة
یقول الله انظروا فی صلوٰة عبدی فان کانت
تامة کتبت تامة وان کانت ناقصة قال
انظروا هل له من تطوع الحدیث فیه
ذکر الزکوٰة والصدقة وفیه ایضا
اخرج ابن ماجة والحاکم عن تمیم الداری
مرفوعا اول ما یحاسب به العبد یوم
القیمة صلوٰته الحدیث وفی اخره ثم الزکوٰة
مثل ذلک ثم توخذ الاعمال حسب ذلک
وعزاه السیوطی فی الجامع الی احمد وابی
داؤد والحاکم وابن ماجة ورقم له بالصحیح

پوری ہو جائے بہت سے لوگ کہہ دیا کرتے ہیں اجی ہم
سے فرض ہی پورے ہو جائیں تو بہت غنیمت ہے
نفلیں پڑھنا تو بڑے آدمیوں کا کام ہے اس
میں شک نہیں کہ فرض ہی اگر پورے پورے ہو جائیں
تو بہت کافی ہیں لیکن ان کا بالکل پورا پورا ادا
ہو جانا کون سا سہل کام ہے ہر ہر چیز بالکل پوری
ادا ہو جائے اور جب تھوڑی بہت کوتاہی ہوتی
ہی ہے تو اس کے پورا کرنے کے لیے نفلوں بغیر
چارہ کار نہیں۔ ایک دوسری حدیث میں یہ مضمون
زیادہ وضاحت سے آیا ہے ارشاد ہے کہ اللہ
تعالیٰ نے عبادات میں سب سے پہلے نماز کو فرض فرمایا
ہے اور سب سے پہلے اعمال میں سے نماز ہی پیش کی جاتی ہے اور سب سے
پہلے قیامت میں نماز ہی کا حساب ہوگا اگر فرض نمازوں میں کچھ
کمی رہ گئی تو نفلوں سے اس کو پورا کیا جائیگا۔ اور پھر اس کے
بعد اسی طرح روزوں کا حساب کیا جائے گا اور فرض روزوں میں جو کمی ہوگی وہ نفل روزوں سے پوری
کر دی جائے گی اور پھر زکوٰۃ کا حساب اسی طریقہ سے ہوگا۔ ان سب چیزوں میں نوافل کو ملا کر بھی اگر نیکیوں کا
پلہ بھاری ہو گیا تو وہ شخص خوشی خوشی جنت میں داخل ہو جائے گا ورنہ جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔ خود نبی
اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول یہی تھا کہ جو شخص مسلمان ہوتا سب سے اول اس کو نماز سکھائی
جاتی۔

(۴) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُرْطٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ
اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَّلُ مَا يُحَاسَبُ
بِهِ الْعَبْدُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ الصَّلٰوةُ فَاِنْ صَلُحَتْ
صَلُحَ سَائِرُ عَمَلِهٖ وَاِنْ فَسَدَتْ فَسَدَ سَائِرُ
عَمَلِهٖ رواه الطبرانی فی الاوسط ولا باس
باسناده انشاء الله کذا فی الترغیب وفی

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ قیامت
میں سب سے پہلے نماز کا حساب کیا جائے گا
اگر وہ اچھی اور پوری نکل آئی تو باقی اعمال بھی
پورے اتریں گے اور اگر وہ خراب ہو گئی تو باقی
اعمال بھی خراب نکلیں گے۔ حضرت عمرؓ نے اپنی خلافت
کے زمانہ میں ایک اعلان سب جگہ کے حکام کے پاس

المنتخب بروایۃ الطبرانی فی الاوسط وایضا عن انس بلفظہ وفی الترغیب عن ابی ہریرۃ رفعہ الصلوۃ ثلثۃ اثلاث الطہور ثلث والرکوع ثلث والسجود ثلث فمن اداھا بحقہا قبلت منہ وقبل منہ سائر عملہ ومن ردت علیہ صلوتہ رد علیہ سائر عملہ رواہ البزار وقال لا نعلمہ مرفوعا الا من حدیث المغیرۃ بن مسلم قال الحافظ واسنادہ حسن اھ واخرج مالک فی الموطا ان عمر بن الخطاب کتب الی عمالہ ان اھم امورکم عندی الصلوۃ من حفظہا وحافظ علیہا حفظ دینہ ومن ضیعہا فہو لما سواھا اضیع کذا فی الدر۔

بھیجا تھا کہ سب سے زیادہ مہتم بالشان چیز میرے نزدیک نماز ہے جو شخص اس کی حفاظت اور اس کا اہتمام کرے گا وہ دین کے اور اجزاء کا بھی اہتمام کر سکتا ہے اور جو اس کو ضائع کر دے گا وہ دین کے اور اجزاء کو زیادہ برباد کر دے گا۔

ف: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس پاک ارشاد اور حضرت عمرؓ کے اس کے اعلان کا منشا بظاہر یہ ہے جو دوسری حدیث میں آیا ہے کہ شیطان مسلمان سے اس وقت تک ڈرتا رہتا ہے جب تک وہ نماز کا پابند اور اس کو اچھی طرح ادا کرتا رہتا ہے کیونکہ خوف کی وجہ سے اس کو زیادہ جرأت نہیں ہوتی لیکن جب وہ نماز کو ضائع کر دیتا ہے تو اس کی جرأت بہت بڑھ جاتی ہے اور اس آدمی کے گمراہ کرنے کی اُمنگ پیدا ہو جاتی ہے اور پھر بہت سے مہلکات اور بڑے بڑے گناہوں میں اس کو مبتلا کر دیتا ہے [1] اور یہی مطلب ہے حق سبحانہ وتقدس کے ارشاد اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْکَرِ کا جس کا بیان قریب ہی آ رہا ہے۔

(۵) عَنْ عَبْدِ اللہِ بْنِ اَبِیْ قَتَادَۃَ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَسْوَأُ النَّاسِ سَرِقَۃً اَلَّذِیْ یَسْرِقُ صَلٰوتَہٗ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللہِ وَکَیْفَ یَسْرِقُ صَلٰوتَہٗ قَالَ لَا یُتِمُّ رُکُوْعَھَا وَلَا سُجُوْدَھَا رواہ الدارمی وفی الترغیب رواہ احمد والطبرانی وابن خزیمۃ فی صحیحہ وقال صحیح الاسناد اھ وفی المقاصد الحسنۃ حدیث ان اسوء الناس سرقۃ رواہ احمد والدارمی

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ بدترین چوری کرنے والا شخص وہ ہے جو نماز میں سے بھی چوری کرے۔ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ نماز میں سے کس طرح چوری کرے گا ارشاد فرمایا کہ اس کا رکوع اور سجدہ اچھی طرح سے نہ کرے۔

ف: یہ مضمون کئی حدیثوں میں وارد ہوا ہے اوّل تو چوری خود ہی کس قدر ذلت کی چیز ہے اور چور کو کیسی حقارت سے دیکھا جاتا ہے پھر چوری میں بھی اس حرکت کو بدترین چوری ارشاد فرمایا ہے

[1] منتخب کنز

فی مسندیہما من حدیث الولید بن مسلم
عن الاوزاعی عن یحیٰی بن ابی کثیر
عن عبد اللہ بن ابی قتادۃ عن ابیہ
مرفوعا وفی لفظ بحذف ان وصححہ
ابن خزیمۃ والحاکم وقال انہ علی شرطہما
ولم یخرجاہ لروایۃ کاتب الاوزاعی لہ عنہ
عن یحیٰی عن ابی سلمۃ عن ابی ھریرۃ ورواہ
احمد ایضا والطیالسی فی مسندیہما من
حدیث علی بن زید عن سعید بن المسیب
عن ابی سعید الخدری بہ مرفوعا و
روایۃ ابی ھریرۃ عند ابن منیع وفی الباب
عن عبد اللہ ابن مغفل وعن النعمان بن
مرۃ عند مالک مرسلا فی آخرین اہ وقال
المنذری فی الترغیب لحدیث ابن مغفل
رواہ الطبرانی فی معاجمہ الثلثۃ
باسناد جید وقال لحدیث ابی ھریرۃ
رواہ الطبرانی فی الاوسط وابن
حبان فی صحیحہ والحاکم وقال
صحیح الاسناد قلت وحدیث ابی
قتادۃ وابی سعید ذکرہما السیوطی
فی الجامع الصغیر ورقم بالصحیح

کہ رکوع سجدہ کو اچھی طرح نہ کرے۔ حضرت
ابو درداءؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور اقدس
صلی اللہ علیہ وسلم نے آسمان کی طرف نگاہ اٹھائی
اور یہ ارشاد فرمایا کہ اس وقت علم دنیا سے اُٹھ
جانے کا وقت (منکشف ہوا) ہے حضرت زیادؓ
صحابیؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ علم ہم سے کس
طرح اٹھ جائے گا ہم لوگ قرآن شریف پڑھتے
ہیں اور اپنی اولاد کو پڑھاتے ہیں (اور وہ اسی
طرح اور اپنی اولاد کو پڑھائیں گے اور سلسلہ چلتا
رہے گا) حضورؐ نے فرمایا میں تو تجھے بڑا سمجھدار
خیال کرتا تھا۔ یہ یہود و نصاریٰ بھی تو توراۃ انجیل
پڑھتے پڑھاتے ہیں پھر کیا کارآمد ہوا۔ ابو درداءؓ کے
شاگرد کہتے ہیں کہ میں نے دوسرے صحابی حضرت
عبادہؓ سے جا کر یہ قصہ سنایا۔ انہوں نے فرمایا کہ
ابو درداءؓ سچ کہتے ہیں اور میں بتاؤں کہ سب سے
پہلے کیا چیز دنیا سے اُٹھے گی۔ سب سے پہلے نماز
کا خشوع اُٹھ جائے گا تو دیکھے گا کہ بھری مسجد میں
ایک شخص بھی خشوع سے نماز پڑھنے والا نہ ہوگا
حضرت حذیفہؓ جو حضور کے رازدار کہلاتے ہیں وہ
بھی فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے نماز کا خشوع اُٹھایا
جائیگا[1] ایک حدیث میں آیا ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ
اس نماز کی طرف توجہ ہی نہیں فرماتے جس میں رکوع سجدہ اچھی طرح نہ کیا جائے۔ ایک حدیث میں
ارشاد نبویؐ ہے کہ آدمی ساٹھ برس تک نماز پڑھتا ہے مگر ایک نماز بھی قبول نہیں ہوتی کہ کبھی رکوع
اچھی طرح کرتا ہے تو سجدہ پورا نہیں کرتا ہے تو رکوع پورا نہیں کرتا۔ حضرت مجدد الف ثانی نور اللہ مرقدہٗ نے
اپنے مکاتیب (خطوط) میں نماز کے اہتمام پر بہت زور دیا ہے اور بہت سے گرامی ناموں میں مختلف

[1] در۔

مضامین پر بحث فرمائی ہے۔ ایک گرامی نامہ میں تحریر فرماتے ہیں کہ سجدہ میں ہاتھوں کی انگلیوں کو ملانے کا اور رکوع میں انگلیوں کو علیحدہ علیحدہ کرنے کا اہتمام بھی ضروری ہے شریعت نے انگلیوں کو ملانے کا کھولنے کا حکم بے فائدہ نہیں فرمایا ہے یعنی ایسے معمولی آداب کی رعایت بھی ضروری ہے اسی سلسلہ میں تحریر فرماتے ہیں کہ نماز میں کھڑے ہونے کی حالت میں سجدہ کی جگہ نگاہ کا جمائے رکھنا اور رکوع کی حالت میں پاؤں پر نگاہ رکھنا اور سجدہ میں جاکر ناک پر رکھنا اور بیٹھنے کی حالت میں ہاتھوں پر نگاہ رکھنا نماز میں خشوع کو پیدا کرتا ہے اور اس سے نماز میں دلجمعی نصیب ہوتی ہے جب ایسے معمولی آداب بھی اتنے اہم فائدے رکھتے ہیں تو بڑے آداب اور سنتوں کی رعایت تم سمجھ لو کہ کس قدر فائدہ بخشے گی۔

(۶) عَنْ اُمِّ رُوْمَانَ وَالِدَةِ عَائِشَةَ قَالَتْ رَآنِیْ اَبُوْبَکْرِ الصِّدِّیْقُ اَتَمَیَّلُ فِیْ صَلٰوتِیْ فَزَجَرَنِیْ زَجْرَۃً کِدْتُّ اَنْصَرِفُ مِنْ صَلٰوتِیْ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِذَا قَامَ اَحَدُکُمْ فِی الصَّلٰوۃِ فَلْیَسْکُنْ اَطْرَافُہٗ لَا یَتَمَیَّلُ تَمَیُّلَ الْیَھُوْدِ فَاِنَّ سُکُوْنَ الْاَطْرَافِ فِی الصَّلٰوۃِ مِنْ تَمَامِ الصَّلٰوۃِ اخرجہ الحکیم الترمذی من طریق القاسم بن محمد عن اسماء بنت ابی بکر عن ام رومان کذا فی الدر وعزاہ السیوطی فی الجامع الصغیر الی ابی نعیم فی الحلیۃ وابن عدی فی الکامل ورقم لہ بالضعف وذکر ایضاً بروایۃ ابن عساکر عن ابی بکرؓ من تمام الصلوۃ سکون الاطراف

حضرت عائشہ رضؓ کی والدہ اُمِّ رومان فرماتی ہیں کہ میں ایک مرتبہ نماز پڑھ رہی تھی نماز میں اِدھر اُدھر جھکنے لگی۔ حضرت ابوبکر صدیق رضؓ نے دیکھ لیا تو مجھے اس زور سے ڈانٹا کہ میں (ڈر کی وجہ سے) نماز توڑنے کی قریب ہوگئی۔ پھر ارشاد فرمایا کہ میں نے حضورؐ سے سنا ہے کہ جب کوئی شخص نماز کو کھڑا ہو تو اپنے تمام بدن کو بالکل سکون سے رکھے، یہود کی طرح ہلے نہیں۔ بدن کے تمام اعضاً کا نماز میں بالکل سکون سے رہنا نماز کے پورا ہونیکا جزو ہے۔ ف:۔ نماز میں بالکل سکون سے رہنے کی تاکید بہت سی حدیثوں میں آئی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت شریفہ اکثر آسمان کی طرف دیکھنے کی تھی کہ وحی کے فرشتے کا انتظار رہتا تھا اور جب کسی چیز کا انتظار ہوتا ہے تو اس طرف نگاہ بھی لگ جاتی ہے اسی وجہ سے کبھی نماز میں بھی نگاہ اوپر اٹھ جاتی تھی۔ جب قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ ھُمْ فِیْ صَلٰوتِھِمْ خَاشِعُوْنَ نازل ہوئی تو پھر نگاہ نیچے رہتی تھی۔ صحابہ رضؓ کے متعلق بھی حدیث میں آیا ہے کہ اوّل اوّل اِدھر اُدھر توجہ فرمالیا کرتے تھے مگر اس آیت شریفہ کے نازل ہونے کے بعد سے کسی طرف توجہ نہیں کرتے تھے حضرت عبداللہ بن عمر رضؓ اسی آیت شریفہ کے ذیل میں فرماتے ہیں کہ صحابہ رضؓ کرام جب نماز کو کھڑے ہوتے

تھے تو کسی طرف توجہ نہیں کرتے تھے ہمہ تن نماز کی طرف متوجہ رہتے تھے اپنی نگاہوں کو سجدہ کی جگہ رکھتے تھے اور یہ سمجھتے تھے کہ حق تعالیٰ شانہٗ ان کی طرف متوجہ ہیں حضرت علیؓ سے کسی نے دریافت کیا کہ خشوع کیا چیز ہے فرمایا کہ خشوع دل میں ہوتا ہے (یعنی دل سے نماز میں متوجہ رہنا) اور یہ بھی اس میں داخل ہے کہ کسی طرف توجہ نہ کرے۔ حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ خشوع کرنے والے وہ ہیں جو اللہ سے ڈرنے والے ہیں اور نماز میں سکون سے رہنے والے ہیں حضرت ابوبکرؓ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ ارشاد فرمایا کہ نفاق کے خشوع سے اللہ ہی سے پناہ مانگو۔ صحابہؓ نے عرض کیا کہ حضورؐ نفاق کا خشوع کیا چیز ہے۔ ارشاد فرمایا کہ ظاہر میں تو سکون ہو اور دل میں نفاق ہو۔ حضرت ابو درداءؓ بھی اس قسم کا ایک واقعہ نقل فرماتے ہیں جس میں حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا کہ نفاق کا خشوع یہ ہے کہ ظاہر بدن تو خشوع والا معلوم ہو اور دل میں خشوع نہ ہو۔ حضرت قَتَادہؒ کہتے ہیں کہ دل کا خُشُوع اللہ کا خوف ہے اور نگاہ کو نیچی رکھنا۔ حضورؐ نے ایک مرتبہ ایک شخص کو دیکھا کہ نماز میں داڑھی پر ہاتھ پھیر رہا ہے ارشاد فرمایا کہ اگر اس کے دل میں خشوع ہوتا تو بدن کے سارے اعضا میں سکون ہوتا۔ حضرت عائشہؓ نے حضورؐ سے ایک مرتبہ دریافت کیا کہ نماز میں اِدھر اُدھر دیکھنا کیسا ہے۔ ارشاد فرمایا کہ یہ شیطان کا نماز میں سے اُچک لینا ہے۔ ایک مرتبہ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ جو لوگ نماز میں اوپر دیکھتے ہیں وہ اپنی اس حرکت سے باز آجائیں ورنہ نگاہیں اوپر کی اوپر ہی رہ جائیں گی [1] بہت سے صحابہؓ اور تابعین سے نقل کیا گیا ہے کہ خشوع سکون کا نام ہے یعنی نماز نہایت سکون سے پڑھی جائے۔ متعدد احادیث میں حضورؐ کا ارشاد ہے کہ نماز ایسی طرح پڑھا کرو گویا یہ آخری نماز ہے۔ ایسی طرح پڑھا کرو جیسا وہ شخص پڑھتا ہے جس کو یہ گمان ہو کہ اس وقت کے بعد مجھے دوسری نماز کی نوبت ہی نہ آئے گی۔ [2]

(۷) عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍؓ قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ فَقَالَ مَنْ لَّمْ تَنْهَهُ صَلٰوتُهٗ عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ فَلَا صَلٰوةَ لَهٗ اخرجه ابن ابی حاتم وابن مردویہ كذا فی الدر المنثور۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی نے حق تعالیٰ شانہٗ کے ارشاد اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى الخ (بے شک نماز روکتی ہے بے حیائی سے اور ناشائستہ حرکتوں سے) کے متعلق دریافت کیا تو حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص کی نماز ایسی نہ ہو اور اس کو بے حیائی اور ناشائستہ حرکتوں سے نہ روکے وہ نماز ہی نہیں۔ **فائدہ:** بے شک نماز ایسی ہی بڑی دولت ہے اور اس کو اپنی اصلی

[1] در منثور رکذا جامع الصغیر

حالت پر پڑھنے کا ثمرہ یہی ہے کہ وہ ایسی نامناسب باتوں سے روک دے۔ اگر یہ بات پیدا نہیں ہوئی تو نماز کے کمال میں کمی ہے، بہت سی حدیثوں میں یہ مضمون وارد ہوا ہے حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ نماز میں گناہوں سے روک ہے اور گناہوں سے ہٹانا ہے۔ حضرت ابو العالیہؒ فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ شانہٗ کے ارشاد اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی کا مطلب یہ ہے کہ نماز میں تین چیزیں ہوتی ہیں اِخلاص، اللہ کا خوف اور اللہ کا ذکر، جس نماز میں یہ چیزیں نہیں وہ نماز ہی نہیں۔ اخلاص نیک کاموں کا حکم کرتا ہے اور اللہ کا خوف بُری باتوں سے روکتا ہے اور اللہ کا ذکر قرآن پاک ہے جو مستقل طور پر اچھی باتوں کا حکم کرتا ہے اور بری باتوں سے روکتا ہے۔ حضرت ابن عباس حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ جو نماز بری باتوں اور نامناسب حرکتوں سے نہ روکے وہ نماز بجائے اللہ کے قرب کے اللہ سے دوری پیدا کرتی ہے۔ حضرت حسنؓ بھی حضورؐ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے یہی نقل کرتے ہیں کہ جس شخص کی نماز اس کو بُری باتوں سے نہ روکے وہ نماز ہی نہیں، اس نماز کی وجہ سے اللہ سے دوری پیدا ہوتی ہے۔ حضرت ابن عمرؓ نے بھی حضورؐ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے یہی مضمون نقل فرمایا ہے۔ حضرت ابن مسعودؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ جو نماز کی اطاعت نہ کرے اس کی نماز ہی کیا اور نماز کی اطاعت یہ ہے کہ بے حیائی اور بُری باتوں سے رُکے۔ حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ فلاں شخص رات کو نماز پڑھتا رہتا ہے اور صبح ہوتے چوری کرتا ہے حضورؐ نے فرمایا کہ اس کی نماز اس کو اس فعل سے عنقریب ہی روک دے گی [۱] اس سے معلوم ہوا کہ اگر کوئی شخص بری باتوں میں مشغول ہو تو اس کو اہتمام سے نماز میں مشغول ہونا چاہیے۔ بری باتیں اس سے خود ہی چھوٹ جائیں گی۔ ہر ہر بُری بات کے چھڑانے کا اہتمام دشوار بھی ہے اور دیر طلب بھی اور اہتمام سے نماز میں مشغول ہو جانا آسان بھی ہے اور دیر طلب بھی نہیں۔ اس کی برکت سے بُری باتیں اس سے اپنے آپ ہی چھوٹتی چلی جاویں گی۔ حق تعالیٰ شانہٗ مجھے بھی اچھی طرح نماز پڑھنے کی توفیق عطا فرمائیں۔

(۸) عَنْ جَابِرٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ الصَّلٰوۃِ طُوْلُ الْقُنُوْتِ اخرجہ ابن ابی شیبۃ ومسلم والترمذی وابن ماجۃ کذا فی الدر المنثور وفیہ ایضاً عن مُجاھِدٍ فِیْ قَوْلِہٖ تَعَالٰی وَقُوْمُوْا لِلّٰہِ قٰنِتِیْنَ قَالَ مِنَ

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ افضل نماز وہ ہے جس میں لمبی لمبی رکعتیں ہوں مجاہد کہتے ہیں کہ حق تعالیٰ شانہٗ کے ارشاد وَقُوْمُوْا لِلّٰہِ قٰنِتِیْنَ (اور نماز میں کھڑے رہو اللہ کے سامنے مؤدب) اس آیت میں رکوع بھی داخل

[۱] در منثور۔

الْقُنُوتِ الرُّكُوعَ وَالْخُشُوعَ وَطُولَ الرُّكُوعِ يَعْنِي طُولَ الْقِيَامِ وَغَضَّ الْبَصَرِ وَخَفْضَ الْجَنَاحِ وَالرَّهْبَةَ لِلّٰهِ وَكَانَ الْفُقَهَاءُ مِنْ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ اَحَدُهُمْ فِي الصَّلٰوةِ يَهَابُ الرَّحْمٰنَ سُبْحَانَهُ وَتَعَالٰى اَنْ يَلْتَفِتَ اَوْ يَقْلِبَ الْحَصٰى اَوْ يَشُدَّ بَصَرَهُ اَوْ يَعْبَثَ بِشَيْءٍ اَوْ يُحَدِّثَ نَفْسَهُ بِشَيْءٍ مِنْ اَمْرِ الدُّنْيَا اِلَّا نَاسِيًا حَتّٰى يَنْصَرِفَ اخرجه سعيد بن منصور وعبد بن حميد وابن جرير وابن المنذر وابن حاتم والاصبهانی فی الترغيب والبيهقی فی شعب الايمان اھ وھذا اٰخرما اردت ايراده فی ھذه العجالة رعاية لعدد الاربعين والله ولی التوفيق وقد وقع الفراغ منه ليلة التروية من سنة سبع وخمسين بعد الالف و ثلثمائة والحمد لله اولا واٰخراً۔

ہے اور خشوع بھی اور لمبی رکعت ہونا بھی اور آنکھوں کو پست کرنا، بازؤں کو جھکانا (یعنی اکڑ کے کھڑا نہ ہونا) اور اللہ سے ڈرنا بھی (شامل ہے کہ لفظ قنوت میں جس کا اس آیت میں حکم دیا گیا یہ سب چیزیں داخل ہیں) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ میں سے جب کوئی شخص نماز کو کھڑا ہوتا تھا تو اللہ تعالیٰ سے ڈرتا تھا اس بات سے کہ ادھر اُدھر دیکھے یا (سجدہ میں جاتے ہوئے) کنکریوں کو الٹ پلٹ کرے (عرب میں صفوں کی جگہ کنکریاں بچھائی جاتی ہیں) یا کسی لغو چیز میں مشغول ہو یا دل میں کسی دنیاوی چیز کا خیال لائے۔ ہاں بھول کے خیال آگیا ہو تو دوسری بات ہے۔

ف: قُوْمُوْا لِلّٰهِ قَانِتِيْنَ کی تفسیر میں مختلف ارشادات وارد ہوئے ہیں۔ ایک یہ بھی ہے کہ قَانِتِيْنَ کے معنی چُپ چاپ کے ہیں ابتدا ر زمانہ میں نماز میں بات کرنا، سلام کا جواب دینا وغیرہ وغیرہ امور جائز تھے، مگر جب یہ آیت شریف نازل ہوئی تو نماز میں بات کرنا ناجائز ہو گیا۔ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضورؐ نے اس بات کا عادی بنا رکھا تھا کہ جب میں حاضر ہوں تو گو حضورؐ نماز میں مشغول ہوں میں سلام کرتا حضورؐ جواب دیتے۔ ایک مرتبہ میں حاضر ہوا، حضورؐ نماز میں مشغول تھے۔ میں نے حسب عادت سلام کیا، حضورؐ نے جواب نہیں دیا۔ مجھے سخت فکر ہوا کہ شاید میرے بارے میں اللہ جلّ شانہٗ کے یہاں سے کوئی عتاب نازل ہوا ہو نئے اور پرانے خیالات نے مجھے گھیر لیا، پرانی پرانی باتیں سوچتا تھا کہ شاید فلاں بات پر حضورؐ ناراض ہو گئے ہوں، شاید فلانی بات ہو گئی ہو۔ جب حضورؐ نے سلام پھیر لیا تو ارشاد فرمایا کہ حق تعالیٰ شانہٗ اپنے احکام میں جو چاہتے ہیں تبدیل فرماتے ہیں حق تعالیٰ شانہٗ نے نماز میں بولنے کی ممانعت فرما دی۔ اور یہ آیت تلاوت فرمائی اور پھر ارشاد فرمایا کہ نماز میں اللہ کے ذکر اس کی تسبیح، اس کی حمد و ثنا کے سوا بات کرنا جائز نہیں۔

معاویہؓ بن حکم سلمیؓ کہتے ہیں کہ جب میں مدینہ طیبہ مسلمان ہونے کے لیے حاضر ہوا تو مجھے بہت سی چیزیں سکھائی گئیں۔ منجملہ ان کے یہ بھی تھا کہ جب کوئی چھینکے اور اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہے تو اس کے جواب میں یَرْحَمُکَ اللّٰہُ کہنا چاہیئے۔ چونکہ نئی تعلیم تھی اس وقت تک یہ بھی معلوم نہ تھا کہ نماز میں نہ کہنا چاہیئے۔ ایک صاحب کو نماز میں چھینک آئی میں نے جواب میں یَرْحَمُکَ اللّٰہُ کہا۔ آس پاس کے لوگوں نے مجھے تنبیہ کے طور پر گھورا مجھے اس وقت تک یہ بھی معلوم نہ تھا کہ نماز میں بولنا جائز نہیں اس لیے میں نے کہا کہ ہائے افسوس تمہیں کیا ہوا کہ مجھے کڑوی کڑوی نگاہوں سے گھورتے ہو۔ مجھے اشارہ سے ان لوگوں نے چپ کر دیا۔ میری سمجھ میں تو آیا نہیں مگر میں چپ ہو گیا۔ جب نماز ختم ہو چکی تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے (میرے ماں باپ آپ پر قربان) نہ مجھے مارا، نہ ڈانٹا، نہ برا بھلا کہا بلکہ یہ ارشاد فرمایا کہ نماز میں بات کرنا جائز نہیں۔ نماز تسبیح و تکبیر اور قراءۃ قرآن ہی کا موقع ہے خدا کی قسم حضورؐ جیسا شفیق استاد نہ میں نے پہلے دیکھا نہ بعد میں۔

دوسری تفسیر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ قَانِتِیْنَ کے معنی خَاشِعِیْنَ کے ہیں یعنی خشوع سے نماز پڑھنے والے اسی کے موافق مجاہدؒ یہ نقل کرتے ہیں جو اوپر ذکر کیا گیا کہ یہ سب چیزیں خشوع میں داخل ہیں یعنی لمبی لمبی رکعات کا ہونا اور خشوع خضوع سے پڑھنا نگاہ کو نیچی رکھنا اللہ تعالیٰ سے ڈرنا۔ حضرت عبد اللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں کہ ابتدا میں حضور اقدسؐ رات کو جب نماز کے لیے کھڑے ہوتے تو اپنے کو رسی سے باندھ لیا کرتے کہ نیند کے غلبہ سے گر نہ جائیں اس پر طٰهٰ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى نازل ہوئی اور یہ مضمون تو کئی حدیثوں میں آیا ہے کہ حضورؐ اتنی طویل رکعت کیا کرتے تھے کہ کھڑے کھڑے پاؤں پر ورم آجاتا تھا اگرچہ ہم لوگوں پر شفقت کی وجہ سے حضورؐ نے یہ ارشاد فرمادیا کہ جس قدر تحمل اور نباہ ہو سکے اتنی محنت کرنا چاہیئے۔ ایسا نہ ہو کہ تحمل سے زیادہ بار اٹھانے کی وجہ سے بالکل ہی جاتا رہے۔ چنانچہ ایک صحابی عورتؓ نے بھی اسی طرح رسی میں اپنے کو باندھنا شروع کیا تو حضورؐ نے منع فرمادیا۔ مگر اتنی بات ضرور ہے کہ تحمل کے بعد جتنی لمبی نماز ہوگی اتنی ہی بہتر اور افضل ہوگی۔ آخر حضورؐ کا اتنی لمبی نماز پڑھنا کہ پاؤں مبارک پر ورم آجاتا تھا کوئی بات رکھتا ہے۔ صحابۂ کرام عرض بھی کرتے کہ سورۂ فتح میں آپ کی مغفرت کا وعدہ اللہ تعالیٰ نے فرمالیا ہے تو حضورؐ ارشاد فرماتے کہ پھر میں شکر گذار بندہ کیوں نہ بنوں۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے تھے آپ کے سینۂ مبارک سے رونے کی آواز (سانس رکنے کی وجہ سے) ایسی مسلسل آتی تھی جیسا چکی کی آواز ہوتی ہے ایک دوسری

حدیث میں آیا ہے کہ ایسی آواز ہوتی تھی جیسا کہ ہنڈیا کے پکنے کی آواز ہوتی ہے[1]

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ بدر کی لڑائی میں میں نے حضورؐ کو دیکھا کہ ایک درخت کے نیچے کھڑے نماز پڑھ رہے تھے اور رو رہے تھے کہ اسی حالت میں صبح فرمادی۔ متعدد احادیث میں ارشاد ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ چند آدمیوں سے بیحد خوش ہوتے ہیں۔ منجملہ ان کے وہ شخص ہے جو سردی کی رات میں نرم بستر پر لحاف میں لپٹا ہوا لیٹا ہو، اور خوبصورت دل میں جگہ کرنے والی بیوی پاس لیٹی ہو اور پھر تہجد کے لیے اُٹھے اور نماز میں مشغول ہوجائے۔ حق تعالیٰ شانہٗ اس شخص سے بہت ہی خوش ہوتے ہیں تعجب فرماتے ہیں۔ باوجود عالم الغیب ہونے کے فرشتوں سے فخر کے طور پر دریافت فرماتے ہیں کہ اس بندہ کو کس بات نے مجبور کیا کہ اس طرح کھڑا ہوگیا۔ فرشتے عرض کرتے ہیں کہ آپ کے لطف وعطایا کی امید نے اور آپ کے عتاب کے خوف نے، ارشاد ہوتا ہے کہ اچھا جس چیز کی اس نے مجھ سے امید رکھی وہ میں نے عطا کی اور جس چیز کا اس کو خوف ہے اس سے امن بخشا۔ حضورؐ کا ارشاد ہے کہ کسی بندہ کو کوئی عطا اللہ کی طرف سے اس سے بہتر نہیں دی گئی کہ اس کو دو رکعت نماز کی توفیق عطا ہوجائے۔

قرآن وحدیث میں کثرت سے وارد ہوا ہے کہ فرشتے ہر وقت عبادت میں مشغول رہتے ہیں۔ احادیث میں آیا ہے کہ ایک جماعت ان کی ایسی ہے جو قیامت تک رکوع ہی میں رہے گی، اور ایک جماعت اسی طرح ہر وقت سجدہ میں مشغول رہتی ہے اور ایک جماعت اسی طرح کھڑی رہتی ہے۔ حق تعالیٰ شانہٗ نے مومن کے لیے یہ اکرام واعزاز فرمایا کہ ان سب چیزوں کا مجموعہ اس کو دو رکعت نماز میں عطا فرمادیا تاکہ فرشتوں کی ہر عبادت سے اس کو حصہ مل جائے اور نماز میں قرآن شریف کی تلاوت ان کی عبادتوں پر اضافہ ہے اور جب یہ فرشتوں کی عبادتوں کا مجموعہ ہے تو انہیں کی سی صفات سے اس میں لطف میسر ہوسکتا ہے۔ اسی لیے حضورؐ کا ارشاد ہے کہ نماز کے لیے اپنی کمر اور پیٹ کو ہلکا رکھا کرو[2] کمر کو ہلکا رکھنے کا یہ مطلب کہ بہت سے جھگڑے اپنے پیچھے نہ لگاؤ اور پیٹ کو ہلکا رکھنا ظاہر ہے کہ زیادہ سیر ہوکر نہ کھاؤ اس سے کاہلی سستی پیدا ہوتی ہے۔

صوفیہ کہتے ہیں کہ نماز میں بارہ ہزار چیزیں ہیں جن کو حق تعالیٰ شانہٗ نے بارہ ہزار چیزوں میں منضم فرمایا ہے۔ ان بارہ کی رعایت ضروری ہے تاکہ نماز مکمل ہوجائے اور اس کا پورا فائدہ حاصل ہو۔ یہ بارہ حسب ذیل ہیں۔ اوّل علم، حضورؐ کا ارشاد ہے کہ علم کے ساتھ تھوڑا سا عمل بھی

---

[1] ترغیب [2] جامع الصغیر۔

جہل کی حالت کے بہت سے عمل سے افضل ہے، دوسرے وضو، تیسرے لباس، چوتھے وقت پانچویں قبلہ کی طرف رُخ کرنا، چھٹے نیت، ساتویں تکبیر تحریمہ، آٹھویں نماز میں کھڑا ہونا، نویں قرآن شریف پڑھنا، دسویں رکوع، گیارھویں سجدہ، بارھویں التحیات میں بیٹھنا اوران سب کی تکمیل اخلاص کے ساتھ ہے۔ پھران بارہ کے تین تین جزو ہیں۔ اوّل علم کے تین جزو یہ ہیں کہ فرضوں اور سنتوں کو علیحدہ علیحدہ معلوم کرے۔ دوسرے یہ معلوم کرے کہ وضو اور نماز میں کتنی چیزیں ہیں کتنی سنت ہیں۔ تیسرے یہ معلوم کرے کہ شیطان کس کس مکر سے نماز میں رخنہ ڈالتا ہے اس کے بعد وضو کے بھی تین جزو ہیں۔ اول یہ کہ دل کو کینہ اور حسد سے پاک کرے جیساکہ ظاہری اعضاء کو پاک کر رہا ہے، دوسرے ظاہری اعضاء کو گناہوں سے پاک رکھے، تیسرے وضو کرنے میں نہ اسراف کرے نہ کوتاہی کرے۔ پھر لباس کے بھی تین جزو ہیں اول یہ کہ حلال کمائی سے ہو، دوسرے یہ کہ پاک ہو، تیسرے سنت کے موافق ہو کہ ٹخنے وغیرہ ڈھکے ہوئے نہ ہوں تکبّر اور بڑائی کے طور پر نہ پہنا ہو۔ پھر وقت میں بھی تین چیزوں کی رعایت ضروری ہے اوّل یہ کہ دھوپ ستاروں وغیرہ کی خبر گیری رکھے تاکہ اوقات صحیح معلوم ہوسکیں (اور ہمارے زمانہ میں اس کے قائم مقام گھڑی گھنٹے ہوگئے ہیں) دوسرے اذان کی خبر رکھے، تیسرے دل سے ہر وقت نماز کے وقت کا خیال رکھے، کبھی ایسا نہ ہو کہ وقت گذر جائے پتہ نہ چلے۔ پھر قبلہ کی طرف منہ کرنے میں بھی تین چیزوں کی رعایت رکھے۔ اوّل یہ کہ ظاہری بدن سے ادھر متوجہ ہو، دوسرے یہ کہ دل سے اللہ کی طرف توجہ رکھے کہ دل کا کعبہ وہی ہے۔ تیسرے مالک کے سامنے جس طرح ہمہ تن متوجہ ہونا چاہئے اس طرح متوجہ ہو۔ پھر نیت بھی تین چیزوں کی محتاج ہے اوّل یہ کہ کون سی نماز پڑھ رہا ہے، دوسرے یہ کہ اللہ کے سامنے کھڑا ہے اور وہ دیکھتا ہے، تیسرے یہ کہ وہ دل کی حالت کو بھی دیکھتا ہے پھر تکبیر تحریمہ کے وقت بھی تین چیزوں کی رعایت کرنا ہے۔ اوّل یہ کہ لفظ صحیح ہو دوسرے ہاتھوں کو کانوں تک اٹھائے (گویا اشارہ ہے کہ اللہ کے ماسوا سب چیزوں کو پیچھے پھینک دیا) تیسرے یہ کہ اللہ اکبر کہتے ہوئے اللہ کی بڑائی اور عظمت دل میں بھی موجود ہو پھر قیام یعنی کھڑے ہونے میں بھی تین چیزیں ہیں اول یہ کہ نگاہ سجدہ کی جگہ رہے، دوسرے دل سے اللہ کے سامنے کھڑے ہونے کا خیال کرے، تیسرے کسی دوسری طرف متوجہ نہ ہو۔ کہتے ہیں کہ جو شخص نماز میں ادھر اُدھر متوجہ ہو۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی شخص بڑی مشکل سے دربانوں کی منت سماجت کرکے بادشاہ کے حضور میں پہونچے اور جب رسائی ہو اور بادشاہ اس کی طرف

متوجہ ہو تو وہ اِدھر اُدھر دیکھنے لگے ایسی صورت میں بادشاہ اس کی طرف کیا توجہ کرے گا۔ پھر قرأت میں بھی تین چیزوں کی رعایت کرے اول صحیح ترتیل سے پڑھے، دوسرے اس کے معنی پر غور کرے، تیسرے جو پڑھے اس پر عمل کرے، پھر رکوع میں بھی تین چیزیں ہیں اول یہ کہ کمر کو رکوع میں بالکل سیدھا رکھے نہ نیچا کرے نہ اونچا (علماء نے لکھا ہے کہ سر اور کمر اور سُرین تینوں چیزیں برابر رہیں) دوسرے ہاتھوں کی انگلیاں کھول کر چوڑی کر کے گھٹنوں پر رکھے، تیسرے تسبیحات کو عظمت اور وقار سے پڑھے پھر سجدہ میں بھی تین چیزوں کی رعایت کرے، اول یہ کہ دونوں ہاتھ سجدہ میں کانوں کے برابر رہیں، دوسرے ہاتھوں کی کہنیاں کھڑی رہیں، تیسرے تسبیحات کو عظمت سے پڑھے، پھر بیٹھنے میں بھی تین چیزوں کی رعایت کرے اول یہ کہ دایاں پاؤں کھڑا کرے اور بائیں پر بیٹھے۔ دوسرے یہ کہ عظمت کے ساتھ معنیٰ کی رعایت کر کے تشہد پڑھے کہ اس میں حضورؐ پر سلام ہے۔ مومنین کے لیے دعا ہے پھر فرشتوں پر اور دائیں بائیں جانب جو لوگ ہیں ان پر سلام کی نیت کرے۔ پھر اخلاص کے بھی تین جزو ہیں اول یہ کہ اس نماز سے صرف اللہ کی خوشنودی مقصود ہو۔ دوسرے یہ سمجھے کہ اللہ ہی کی توفیق سے یہ نماز ادا ہوئی تیسرے اس پر ثواب کی اُمید رکھے۔

حقیقت میں نمازیں بڑی خیر اور بڑی برکت ہے اس کا ہر ذکر بہت سی خوبیوں کو اور اللہ کی بڑائیوں کو لیے ہوئے ہے ایک سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ ہی کو دیکھ لیجئے جو سب سے پہلی دعا ہے کہ کتنے فضائل پر حاوی ہے سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ یا اللہ تیری پاکی بیان کرتا ہوں، کہ تو ہر عیب سے پاک ہے۔ ہر بُرائی سے دور ہے وَبِحَمْدِكَ جتنی تعریف کی باتیں ہیں اور جتنے بھی قابل مدح امور ہیں وہ سب تیرے لیے ثابت ہیں اور تجھے زیبا وَتَبَارَكَ اسْمُكَ تیرا نام بابرکت ہے اور ایسا بابرکت ہے کہ جس چیز پر تیرا نام لیا جائے وہ بھی بابرکت ہو جاتی ہے وَتَعَالٰى جَدُّكَ تیری شان بہت بلند ہے تیری عظمت سب سے بالاتر ہے وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں نہ کوئی ذات پرستش کے لائق کبھی ہوئی نہ ہو۔ اسی طرح رکوع میں سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْم میرا عظمت اور بڑائی والا رب ہر عیب سے بالکل پاک ہے اس کی بڑائی کے سامنے اپنی عاجزی اور بیچارگی کا اظہار ہے کہ گردن کا بلند کرنا غرور اور تکبر کی علامت ہے اور اس کا جھکا دینا نیازمندی اور فرمانبرداری کا اقرار ہے تو رکوع میں گویا اس کا اقرار ہے کہ تیرے احکام کے سامنے اپنے کو جھکاتا ہوں اور تیری اطاعت اور بندگی کو اپنے سر پر رکھتا ہوں، میرا یہ گنہگار جسم تیرے سامنے حاضر ہے اور تیری بارگاہ میں جھکا ہوا ہے تو بیشک بڑائی والا ہے اور تیری بڑائی کے سامنے میں سرنگوں

ہوں اسی طرح سجدہ میں سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی میں بھی اللہ کی بیحد رفعت اور بلندی کا اقرار ہے اور اس بلندی کے ساتھ ہر برائی اور عیب سے پاکی کا اقرار ہے۔ اپنے اس سر کو اس کے سامنے ڈال دینا ہے جو سارے اعضاء میں اشرف شمار کیا جاتا ہے اور اس میں محبوب ترین چیزیں آنکھ، کان، ناک زبان ہیں، گویا اس کا اقرار ہے کہ میری یہ سب اشرف اور محبوب چیزیں تیرے حضور میں حاضر اور تیرے سامنے زمین پر پڑی ہوئی ہیں اس امید پر کہ تو مجھ پر فضل فرمائے اور رحم کرے اور اس عاجزی کا پہلا ظہور اس کے سامنے ہاتھ باندھ کر مؤدب کھڑے ہونے میں تھا اس پر ترقی اس کے سامنے سر جھکا دینے میں تھی اور اس پر بھی ترقی اس کے سامنے زمین پر ناک رگڑنے اور سر رکھ دینے میں ہے۔ اسی طرح پوری نماز کی حالت ہے اور حق یہ ہے کہ یہی اصلی ہیئت نماز کی ہے اور یہی ہے وہ نماز جو دین و دنیا کی فلاح و بہبود کا زینہ ہے۔ حق تعالیٰ شانہٗ اپنے لطف سے مجھے اور سب مسلمانوں کو اس پر عمل کی توفیق عطا فرمائے۔

اور جیسا کہ مجاہدؒ نے بیان کیا ہے فقہائے صحابہؓ کی یہی نماز تھی وہ جب نماز میں کھڑے ہوتے تھے، اللہ سے ڈرتے تھے۔ حضرت حسنؓ جب وضو فرماتے تو چہرہ کا رنگ متغیر ہو جاتا تھا کسی نے پوچھا یہ کیا بات ہے تو ارشاد فرمایا کہ ایک بڑے جبار بادشاہ کے حضور میں کھڑے ہونے کا وقت آگیا ہے پھر وضو کر کے جب مسجد میں تشریف لے جاتے تو مسجد کے دروازہ پر کھڑے ہو کر یہ فرماتے اِلٰهِیْ عَبْدُكَ بِبَابِكَ یَا مُحْسِنُ قَدْ اَتَاكَ الْمُسِیْءُ وَقَدْ اَمَرْتَ الْمُحْسِنَ مِنَّا اَنْ یَّتَجَاوَزَ عَنِ الْمُسِیْءِ فَاَنْتَ الْمُحْسِنُ وَاَنَا الْمُسِیْءُ فَتَجَاوَزْ عَنْ قَبِیْحِ مَا عِنْدِیْ بِجَمِیْلِ مَا عِنْدَكَ یَا كَرِیْمُ۔ ترجمہ: "یا اللہ تیرا بندہ تیرے دروازہ پر حاضر ہے، اے احسان کرنے والے، اور بھلائی کا برتاؤ کرنے والے، بداعمال تیرے پاس حاضر ہے تو نے ہم لوگوں کو یہ حکم فرمایا ہے کہ اچھے لوگ بروں سے درگذر کریں، تو اچھائی والا ہے اور بدکار ہوں، اے کریم میری برائیوں سے اُن خوبیوں کی بدولت جن کا تو مالک ہے درگذر فرما۔" اس کے بعد مسجد میں داخل ہوتے۔

حضرت زین العابدینؒ روزانہ ایک ہزار رکعت پڑھتے تھے۔ تہجد کبھی سفر یا حضر میں ناغہ نہیں ہوا جب وضو کرتے چہرہ زرد ہو جاتا تھا۔ اور جب نماز کو کھڑے ہوتے تو بدن پر لرزہ آجاتا۔ کسی نے دریافت کیا تو فرمایا کیا تمھیں خبر نہیں کہ کس کے سامنے کھڑا ہوتا ہوں۔ ایک مرتبہ نماز پڑھ رہے تھے کہ گھر میں آگ لگ گئی یہ نماز میں مشغول رہے، لوگوں نے عرض کیا تو فرمایا کہ دنیا کی آگ سے آخرت کی آگ نے غافل رکھا، آپ کا ارشاد ہے کہ مجھے تکبر کرنے والے پر تعجب ہے

کہ کل تک ناپاک نطفہ تھا اور کل کو مردار ہو جائے گا پھر تکبّر کرتا ہے۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ تعجب ہے کہ لوگ فنا ہونے والے گھر کے لیے تو فکر کرتے ہیں، ہمیشہ رہنے والے گھر کی فکر نہیں کرتے آپ کا معمول تھا کہ رات کو چھپ کر صدقہ کیا کرتے، لوگوں کو یہ بھی خبر نہ ہوتی کہ کس نے دیا۔ جب آپ کا انتقال ہوا تو سو گھر ایسے نکلے جن کا گذارہ آپ کی اعانت پر تھا۔[1]

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے متعلق نقل کیا گیا ہے کہ جب نماز کا وقت آتا تو چہرہ کا رنگ بدل جاتا، بدن پر کپکپی آجاتی۔ کسی نے پوچھا تو ارشاد فرمایا کہ اس امانت کے ادا کرنے کا وقت ہے جس کو آسمان و زمین نہ اٹھا سکے۔ پہاڑ اسکے اٹھانے سے عاجز ہو گئے۔ میں نہیں سمجھتا کہ اس کو پورا کر سکوں گا یا نہیں۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ جب اذان کی آواز سنتے تو اس قدر روتے کہ چادر تر ہو جاتی رگیں پھول جاتیں آنکھیں سُرخ ہو جاتیں۔ کسی نے عرض کیا کہ ہم تو اذان سنتے ہیں مگر کچھ بھی اثر نہیں ہوتا، آپ اس قدر گھبراتے ہیں۔ ارشاد فرمایا کہ اگر لوگوں کو یہ معلوم ہو جائے کہ مؤذن کیا کہتا ہے تو راحت و آرام سے محروم ہو جائیں اور نیند اُڑ جائے۔ اس کے بعد اذان کے ہر ہر جملہ کی تنبیہ کو مفصل ذکر فرمایا۔

ایک شخص نقل کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ذوالنّون مصریؒ کے پیچھے عصر کی نماز پڑھی جب انہوں نے اللہ اکبر کہا تو لفظ اللہ کے وقت اُن پر جلالِ الٰہی کا ایسا غلبہ تھا گویا ان کے بدن میں روح نہیں رہی بالکل مبہوت سے ہو گئے اور جب اکبر زبان سے کہا تو میرا دل ان کی اس تکبیر کی ہیبت سے ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا۔[2]

حضرت اُویسؒ قرنی مشہور بزرگ اور افضل ترین تابعی ہیں۔ بعض مرتبہ رکوع کرتے اور تمام رات اسی حالت میں گذار دیتے کبھی سجدہ میں یہی حالت ہوتی کہ تمام رات ایک ہی سجدہ میں گذار دیتے۔[3]

عصامؒ نے حضرت حاتم زاہد بلخیؒ سے پوچھا کہ آپ نماز کس طرح پڑھتے ہیں۔ فرمایا کہ جب نماز کا وقت آتا ہے اوّل نہایت اطمینان سے اچھی طرح وضو کرتا ہوں پھر اس جگہ پہونچتا ہوں جہاں نماز پڑھنا ہے اوّل نہایت اطمینان سے کھڑا ہوتا ہوں کہ گویا کعبہ میرے منہ کے سامنے ہے اور میرا پاؤں پُل صراط پر ہے، داہنی طرف جنت ہے بائیں طرف دوزخ ہے۔ موت کا فرشتہ

---

[1] نزہۃ البساتین [2] ایضاً [3] ایضاً

میرے سر پر ہے، اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ میری آخری نماز ہے، پھر کوئی اور نماز شاید میسر نہ ہو، اور میرے دل کی حالت کو اللہ ہی جانتا ہے اس کے بعد نہایت عاجزی کے ساتھ اللہ اکبر کہتا ہوں، پھر معنی کو سوچ کر قرآن پڑھتا ہوں، تواضع کے ساتھ رکوع کرتا ہوں، عاجزی کے ساتھ سجدہ کرتا ہوں اور اطمینان سے نماز پوری کرتا ہوں، اس طرح کہ اللہ کی رحمت سے اس کے قبول ہونے کی امید رکھتا ہوں اور اپنے اعمال سے مردود ہو جانے کا خوف کرتا ہوں۔ عصامؒ نے پوچھا کہ کتنی مدت سے آپ ایسی نماز پڑھتے ہیں؟ حاتمؒ نے کہا تیس برس سے عصام رونے لگے کہ مجھے ایک بھی نماز ایسی نصیب نہ ہوئی۔ کہتے ہیں کہ حاتمؒ کی ایک مرتبہ جماعت فوت ہوگئی جس کا بجد اثر تھا ایک دو ملنے والوں نے تعزیت کی۔ اس پر رونے لگے اور فرمایا کہ اگر میرا ایک بیٹا مر جاتا تو آدھا بلخ تعزیت کرتا۔ ایک روایت میں آیا ہے کہ دس ہزار آدمیوں سے زیادہ تعزیت کرتے جماعت کے فوت ہونے پر ایک دو آدمیوں نے تعزیت کی۔ یہ صرف اس وجہ سے کہ دین کی مصیبت لوگوں کی نگاہ میں دنیا کی مصیبت سے ہلکی ہے۔

حضرت سعید بن المسیبؒ کہتے ہیں کہ بیس برس کے عرصہ میں کبھی بھی ایسا نہیں ہوا کہ اذان ہوئی ہو اور مسجد میں پہلے سے موجود نہ ہوں۔ محمد بن واسعؒ کہتے ہیں کہ مجھے دنیا میں صرف تین چیزیں چاہئیں ایک ایسا دوست ہو جو میری لغزشوں پر متنبہ کرتا رہے۔ ایک بقدر زندگی روزی جس میں کوئی جھگڑا نہ ہو۔ ایک جماعت کی نماز ایسی کہ اس میں جو کوتاہی ہو جائے وہ تو معاف ہو اور ثواب جو ہو مجھے مل جائے۔ حضرت ابو عبیدۃ بن الجراحؓ نے ایک مرتبہ نماز پڑھائی، نماز کے بعد فرمانے لگے کہ شیطان نے اس وقت مجھ پر ایک حملہ کیا، میرے دل میں یہ خیال ڈالا کہ میں افضل ہوں (اس لیے کہ افضل کو امام بنایا جاتا تھا) آئندہ کبھی نماز نہیں پڑھاؤں گا۔ میمونؒ بن مہران ایک مرتبہ مسجد میں تشریف لے گئے تو جماعت ہو چکی تھی۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ پڑھا اور فرمایا کہ اس نماز کی فضیلت مجھے عراق کی سلطنت سے بھی زیادہ محبوب تھی۔

کہتے ہیں کہ ان حضرات کرام میں سے جس کی تکبیر اولیٰ فوت ہو جاتی تین دن تک اس کا رنج کرتے تھے اور جس کی جماعت جاتی رہتی سات دن تک اس کا افسوس کرتے تھے[1] بکرؒ بن عبداللہؒ کہتے ہیں کہ اگر تو اپنے مالک اپنے مولا سے بلا واسطہ بات کرنا چاہے تو جب چاہے کر سکتا ہے۔ کسی نے پوچھا کہ اس کی کیا صورت ہے۔ فرمایا کہ اچھی طرح وضو کر اور نماز کی نیت باندھ لے۔

---

[1] احیاء۔

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ حضورؐ ہم سے باتیں کرتے تھے اور ہم حضورؐ سے باتیں کرتے تھے لیکن جب نماز کا وقت آجاتا تو ایسے ہوجاتے گویا ہم کو پہچانتے ہی نہیں اور ہمہ تن اللہ کی طرف مشغول ہوجاتے تھے۔ سعید تنوخیؒ جب تک نماز پڑھتے رہتے مسلسل آنسوؤں کی لڑی رخساروں پر جاری رہتی۔ خلف بن ایوبؒ سے کسی نے پوچھا کہ یہ مکھیاں تم کو نماز میں دق نہیں کرتیں۔ کہنے لگے کہ میں اپنے کو کسی ایسی چیز کا عادی نہیں بناتا، جس سے نماز میں نقصان آئے، یہ بدکار لوگ حکومت کے کوڑوں کو برداشت کرتے رہتے ہیں محض اتنی سی بات کے لیے کہ لوگ کہیں گے کہ بڑا متحمل مزاج ہے اور پھر اس کو فخریہ بیان کرتے رہتے ہیں۔ میں اپنے مالک کے سامنے کھڑا ہوں اور ایک مکھی کی وجہ سے حرکت کرنے لگوں۔

بہجۃ النفوس میں لکھا ہے کہ ایک صحابیؓ رات کو نماز پڑھ رہے تھے، ایک چور آیا اور گھوڑا کھول کرلے گیا۔ لے جاتے ہوئے اس پر نظر بھی پڑگئی، مگر نماز نہ توڑی۔ بعد میں کسی نے کہا بھی کہ آپ نے پکڑ نہ لیا۔ فرمایا جس چیز میں مشغول تھا وہ اس سے بہت اونچی تھی۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا تو قصہ مشہور ہے کہ جب لڑائی میں ان کے تیر لگ جاتے تو وہ نماز ہی میں نکالے جاتے چنانچہ ایک مرتبہ ران میں ایک تیر گھُس گیا لوگوں نے نکالنے کی کوشش کی نہ نکل سکا آپس میں مشورہ کیا کہ جب یہ نماز میں مشغول ہوں اس وقت نکالا جائے آپ نے جب نفلیں شروع کیں اور سجدہ میں گئے تو ان لوگوں نے اس کو زور سے کھینچ لیا۔ جب نماز سے فارغ ہوئے تو آس پاس مجمع دیکھا، فرمایا کیا تم تیر نکالنے کے واسطے آئے ہو، لوگوں نے عرض کیا کہ وہ تو ہم نے نکال بھی لیا۔ آپ نے فرمایا مجھے خبر ہی نہیں ہوئی۔

مسلم بن یسار جب نماز پڑھتے تو گھر والوں سے کہہ دیتے کہ تم باتیں کرتے رہو مجھے تمھاری باتوں کا پتہ نہیں چلے گا۔ ربیعؒ کہتے ہیں کہ میں جب نماز میں کھڑا ہوتا ہوں مجھ پر اس کا فکر سوار ہوجاتا ہے کہ مجھ سے کیا کیا سوال وجواب ہوگا۔ عامر بن عبداللہ جب نماز پڑھتے تو گھر والوں کی باتوں کی تو کیا خبر ہوتی ڈھول کی آواز کا بھی پتہ نہ چلتا تھا۔ کسی نے اُن سے پوچھا کہ تمھیں نماز میں کسی چیز کی بھی خبر ہوتی ہے۔ فرمایا ہاں مجھے اس کی خبر ہوتی ہے کہ ایک دن اللہ کی بارگاہ میں کھڑا ہونا ہوگا اور دونوں گھروں جنت یا دوزخ میں سے ایک میں جانا ہوگا۔ انہوں نے عرض کیا، یہ نہیں پوچھتا ہماری باتوں میں سے بھی کسی کی خبر ہوتی ہے؟ فرمایا کہ مجھ میں نیزوں کی بھالیں گھس جائیں یہ زیادہ اچھا ہے اس سے کہ مجھے نماز میں تمہاری باتوں کا پتہ چلے ان کا یہ بھی

ارشاد ہے کہ آخرت کا منظر اس وقت میرے سامنے ہو جائے تو میرے یقین اور ایمان میں اضافہ نہ ہو۔ (کہ غیب پر ایمان اتنا ہی پختہ ہے جتنا مشاہدہ پر ہوتا ہے) ایک صاحب کا کوئی عضو خراب ہو گیا تھا جس کے لیے اس کے کاٹنے کی ضرورت تھی۔ لوگوں نے تجویز کیا کہ جب یہ نماز کی نیت باندھیں اس وقت کاٹنا چاہیئے۔ ان کو پتہ بھی نہ چلے گا۔ چنانچہ نماز پڑھتے ہوئے اس عضو کو کاٹ دیا گیا۔ ایک سے پوچھا گیا کہ تمہیں نماز میں دنیا کا بھی خیال آجاتا ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ نہ نماز میں آتا ہے نہ بغیر نماز کے۔ ایک اور صاحب کا قصہ لکھا ہے کہ اُن سے کسی نے دریافت کیا کہ تمہیں نماز میں کوئی چیز یاد آجاتی ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ نماز سے بھی زیادہ کوئی محبوب چیز ہے جو نماز میں یاد آئے۔

بہجۃ النفوس میں لکھا ہے کہ ایک بزرگ کی خدمت میں ایک شخص ملنے کے لیے آیا، وہ ظہر کی نماز میں مشغول تھے وہ انتظار میں بیٹھ گیا۔ جب نماز سے فارغ ہو چکے تو نفلوں میں مشغول ہو گئے اور عصر تک نفلیں پڑھتے رہے۔ یہ انتظار میں بیٹھا رہا۔ نفلوں سے فارغ ہوئے تو عصر کی نماز شروع کر دی اور اس سے فارغ ہو کر ذکر میں مشغول ہو گئے اور مغرب تک مشغول رہے۔ پھر مغرب کی نماز پڑھی اور نفلیں شروع کر دیں۔ عشاء تک اس میں مشغول رہے یہ بیچارہ انتظار میں بیٹھا رہا۔ عشاء کی نماز پڑھ کر پھر نفلوں کی نیت باندھ لی اور صبح تک اس میں مشغول رہے پھر صبح کی نماز پڑھی اور ذکر شروع کر دیا اور اوراد و وظائف پڑھتے رہے۔ اسی میں مصلے پر بیٹھے بیٹھے آنکھ جھپک گئی تو فوراً آنکھوں کو ملتے ہوئے اُٹھے، استغفار توبہ کرنے لگے اور یہ دُعا پڑھی۔ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ عَیْنٍ لَّا تَشْبَعُ مِنَ النَّوْمِ (اللہ ہی سے پناہ مانگتا ہوں ایسی آنکھ سے جو نیند سے بھرتی ہی نہیں)۔

ایک صاحب کا قصہ لکھا ہے کہ وہ رات کو سونے لیٹتے تو کوشش کرتے کہ آنکھ لگ جائے مگر جب نیند نہ آتی تو اُٹھ کر نماز میں مشغول ہو جاتے اور عرض کرتے یا اللہ تجھ کو معلوم ہے کہ جہنم کی آگ کے خوف نے میری نیند اُڑا دی اور یہ کہہ کر صبح تک نماز میں مشغول رہتے۔

ساری رات بے چینی اور اضطراب یا شوق و اشتیاق میں جاگ کر گذار دینے کے واقعات اس کثرت سے ہیں کہ اُن کا احاطہ ممکن نہیں۔ ہم لوگ اس لذت سے اتنے دور ہو گئے ہیں کہ ہم کو ان واقعات کی صحت میں بھی تردد ہونے لگا۔ لیکن اول تو جس کثرت اور تواتر سے یہ واقعات نقل کئے گئے ہیں اُن کی تردید میں ساری ہی تواریخ سے اعتماد اُٹھتا ہے کہ واقعہ

کی صحت کثرتِ نقل ہی سے ثابت ہوتی ہے۔ دوسرے ہم لوگ اپنی آنکھوں سے ایسے لوگوں کو آئے دن دیکھتے ہیں جو سینما اور تھیٹر میں ساری رات کھڑے کھڑے گذار دیتے ہیں کہ نہ کو تعجب ہوتا ہے نہ نیند ستاتی ہے۔ پھر کیا وجہ کہ ہم ایسے معاصی کی لذّتوں کا یقین کرنے کے باوجود ان طاعات کی لذتوں کا انکار کریں۔ حالانکہ طاعات میں اللہ تعالیٰ شانہٗ کی طرف سے قوت بھی عطا ہوتی ہے۔ ہمارے اس تردّد کی وجہ اس کے سوا اور کیا ہو سکتی ہے کہ ہم ان لذتوں سے ناآشنا ہیں اور نابالغ بلوغ کی لذتوں سے ناواقف ہوتا ہی ہے حق تعالیٰ شانہٗ اس لذت تک پہونچا دیں تو زہے نصیب"۔

آخری گذارش

صوفیہ نے لکھا ہے کہ نماز حقیقت میں اللہ جلّ شانہٗ کے ساتھ مناجات کرنا اور ہمکلام ہونا ہے جو غفلت کے ساتھ ہو ہی نہیں سکتا۔ نماز کے علاوہ اور عبادتیں غفلت سے بھی ہو سکتی ہیں مثلاً زکوٰۃ ہے کہ اس کی حقیقت مال کا خرچ کرنا ہے۔ یہ خود ہی نفس کو اتنا شاق ہے کہ اگر غفلت کے ساتھ ہو تب بھی نفس کو شاق گذرے گا۔ اسی طرح روزہ دن بھر کا بھوکا پیاسا رہنا، صحت کی لذت سے رُکنا کہ یہ سب چیزیں نفس کو مغلوب کرنے والی ہیں۔ غفلت سے بھی اگر متحقق ہوں تو نفس کی شدت و تیزی پر اثر پڑے گا۔ لیکن نماز کا معظم حصہ ذکر ہے، قراءت قرآن ہے۔ یہ چیزیں اگر غفلت کی حالت میں ہوں تو مناجات یا کلام نہیں ہیں ایسی ہی ہیں جیسے کہ بخار کی حالت میں ہذیان اور بکواس ہوتی ہے کہ جو چیز دل میں ہوتی ہے وہ زبان پر ایسے اوقات میں جاری ہو جاتی ہے نہ اس میں کوئی مشقت ہوتی ہے نہ کوئی نفع۔ اسی طرح چونکہ نماز کی عادت پڑ گئی ہے اس لیے اگر توجہ نہ ہو تو عادت کے موافق بلا سوچے سمجھے زبان سے الفاظ نکلتے رہیں گے۔ جیسا کہ سونے کی حالت میں اکثر باتیں زبان سے نکلتی ہیں کہ نہ سننے والا اس کو اپنے سے کلام سمجھتا ہے نہ اس کا کوئی فائدہ ہے اسی طرح حق تعالیٰ شانہٗ بھی ایسی نماز کی طرف التفات اور توجہ نہیں فرماتے جو بلا ارادہ کے ہو۔ اس لیے نہایت اہم ہے کہ نماز اپنی وسعت و ہمت کے موافق پوری توجہ سے پڑھی جائے لیکن یہ امر نہایت ضروری

ہے کہ اگر یہ حالات اور کیفیات جو پچھلوں کی معلوم ہوئی ہیں حاصل نہ بھی ہوں تب بھی نماز جس حال سے بھی ممکن ہو ضرور پڑھی جائے۔ یہ بھی شیطان کا ایک سخت ترین مکر ہوتا ہے وہ یہ سمجھائے کہ بری طرح پڑھنے سے تو نہ پڑھنا ہی اچھا ہے، یہ غلط ہے۔ نہ پڑھنے سے بُری طرح کا پڑھنا ہی بہتر ہے اس لیے کہ نہ پڑھنے کا جو عذاب ہے وہ نہایت ہی سخت ہے۔ حتیٰ کہ علماء کی ایک جماعت نے اس شخص کے کفر کا فتویٰ دیا ہے جو جان بوجھ کر نماز چھوڑ دے۔ جیسا کہ پہلے باب میں مفصّل گذر چکا ہے البتہ اس کی کوشش ضرور ہونا چاہیئے کہ نماز کا جو حق ہے اور اپنے اکابر اس کے مطابق پڑھ کر دکھا گئے ہیں۔ حق تعالیٰ شانہ' اپنے لطف سے اس کی توفیق عطا فرمائیں اور عمر بھر میں کم از کم ایک ہی نماز ایسی ہو جائے جو پیش کرنے کے قابل ہو۔ اخیر میں اس امر پر تنبیہ بھی ضروری ہے کہ حضرات محدثین رضی اللہ عنہم اجمعین کے نزدیک فضائل کی روایات میں توسّع ہے اور معمولی ضعف قابل تسامح ہے باقی صوفیہ کرام رحمہم اللہ کے واقعات تو تاریخی حیثیت رکھتے ہی ہیں اور ظاہر ہے کہ تاریخ کا درجہ حدیث کے درجہ سے کہیں کم ہے۔ وَمَا تَوْفِيقِي إِلَّا بِاللهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنْفُسَنَا وَإِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ۔ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا إِنْ نَّسِيْنَا أَوْ أَخْطَأْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا إِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا أَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ۔ وَصَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِ الْأَوَّلِيْنَ وَالْآخِرِيْنَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَأَتْبَاعِهِمْ وَحَمَلَةِ الدِّيْنِ الْمَتِيْنِ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

زکریا عفی عنہ کاندھلوی

شب دوشنبہ، محرم ۱۳۵۸ھ

قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم بلغوا عنی ولو آیۃ

فضائل تبلیغ

جس میں

تبلیغ کی اہمیت اور اس کے آداب نیز مبلغین اور عام لوگوں کے فرائض
بتلائے گئے ہیں۔

جس کو

بقیۃ السلف حجۃ الخلف حضرت اقدس الحافظ الحاج مولانا
محمد الیاس صاحب نور اللہ مرقدہٗ بانی سلسلۂ تبلیغ بستی حضرت نظام الدینؒ دہلی
کے تعمیل ارشاد میں
حضرت مولانا الحافظ الحاج مولوی محمد زکریا صاحب شیخ الحدیث
مدرسہ مظاہر علوم سہانپور نے تالیف فرمایا

ناشر:

اسلامک بک سروس

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فہرست مضامین

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ

تمہید

حمد وصلوٰة کے بعد، مجدّدِ دین اسلام کے ایک درخشندہ جوہر اور علماء و مشائخ عصر کے ایک آبدار گوہر کا ارشاد ہے کہ تبلیغ دین کی ضرورت کے متعلق مختصر طور پر چند آیات و احادیث لکھ کر پیش کروں چونکہ مجھ جیسے سیہ کار کے لئے ایسے ہی حضرات کی رضا و خوشنودی وسیلۂ نجات اور کفارۂ سیئات ہو سکتی ہے۔ اس لئے اس عجالۂ نافعہ کو خدمت میں پیش کرتے ہوئے ہر اسلامی مدرسہ، اسلامی انجمن، اسلامی اسکول اور ہر اسلامی طاقت بلکہ ہر مسلمان سے گذارش ہے کہ اس وقت دین کا انحطاط جس قدر روز افزوں ہے، دین کے اوپر جس طرح کفار کی طرف سے نہیں خود مسلمانوں کی طرف سے حملے ہو رہے ہیں فرائض و واجبات پر عمل عام مسلمانوں سے نہیں بلکہ خاص اور اخصّ الخواص مسلمانوں سے متروک ہوتا جا رہا ہے۔ نماز روزہ کے چھوڑ دینے کا کیا ذکر جبکہ لاکھوں آدمی کُھلے ہوئے شرک و کفر میں مبتلا ہیں۔ اور غضب یہ ہے کہ ان کو شرک و کفر نہیں سمجھتے۔ محرمات اور فسق و فجور کا شُیوع جس قدر صاف اور واضح طریق سے بڑھتا جا رہا ہے اور دین کے ساتھ لا پرواہی بلکہ استخفاف و استہزاء جتنا عام ہوتا جا رہا ہے وہ کسی فرد بشر سے مخفی نہیں۔ اسی وجہ سے خاص علماء، بلکہ عام علماء میں بھی لوگوں سے یکسوئی اور وحشت بڑھتی جا رہی ہے جس کا لازمی اثر یہ ہو رہا ہے کہ دین اور دینیات سے اجنبیت میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ عوام اپنے کو معذور کہتے ہیں کہ ان کو تبلانے والا کوئی نہیں۔ اور علماء اپنے کو معذور سمجھتے ہیں کہ اُن کی سُننے والا کوئی نہیں۔ لیکن خدائے قدوس کے یہاں نہ عوام کا یہ عذر کافی کہ کسی نے بتلایا نہ تھا اس لئے کہ دینی امور کا معلوم کرنا، تحقیق کرنا ہر شخص کا اپنا فرض ہے قانون سے ناواقفیت کا عذر کسی حکومت میں بھی معتبر نہیں۔ اَحکم الحاکمین کے یہاں یہ پوچ عذر کیسے چل سکتا ہے۔ یہ تو عذرِ گناہ بدتر از گناہ کا مصداق ہے۔ اسی طرح نہ علماء کے لئے یہ جواب موزوں کہ کوئی سننے والا نہیں۔ جن اسلاف کی نیابت کے آپ حضرات دعویدار ہیں انھوں نے کیا کچھ تبلیغ کی خاطر برداشت نہیں فرمایا، کیا پتھر نہیں کھائے، گالیاں نہیں کھائیں، مصیبتیں نہیں جھیلیں؟ لیکن ہر نوع کی تکالیف برداشت فرمانے کے بعد اپنی تبلیغی ذمہ داریوں کا احساس فرما کر لوگوں تک دین پہنچایا، ہر سخت سے سخت مزاحمت کے باوجود نہایت شفقت سے اسلام و احکام اسلام کی اشاعت کی۔

عام طور پر مسلمانوں نے تبلیغ کو علماء کے ساتھ مخصوص سمجھ رکھا ہے حالانکہ یہ صحیح نہیں ہے بلکہ ہر وہ شخص جس کے سامنے کوئی منکر ہو رہا ہو اور وہ اس کے روکنے پر قادر ہو یا اس کے روکنے کے اسباب پیدا کر سکتا ہو اس کے ذمہ واجب ہے کہ اس کو روکے۔ اور اگر بفرضِ محال مان بھی لیا جاوے کہ یہ علماء کا کام ہے تب بھی جبکہ وہ اپنی کوتاہی سے یا کسی مجبوری سے اس حق کو پورا نہیں کر رہے ہیں یا ان سے پورا نہیں ہو رہا ہے تو ضروری ہے کہ ہر شخص کے ذمہ یہ فریضہ عائد ہو۔ قرآن وحدیث میں جس قدر اہتمام سے تبلیغ اور اَمر بالمَعْرُوف والنَّہْیُ عَنِ الْمُنْکَر کو ارشاد فرمایا گیا ہے وہ ان آیات واحادیث سے ظاہر ہے جو آئندہ فصلوں میں آ رہی ہیں۔ ایسی حالت میں صرف علماء کے ذمہ رکھ کر یا ان کی کوتاہی بتا کر کوئی شخص بریُّ الذِّمّہ نہیں ہو سکتا۔ اس لئے میری عَلَی الْعُمُوم درخواست ہے کہ ہر مسلمان کو اس وقت تبلیغ میں کچھ نہ کچھ حصہ لینا چاہیے اور جس قدر وقت بھی دین کی تبلیغ اور حفاظت میں خرچ کر سکتا ہو کرنا چاہیے ؎

ہر وقت خوش کہ دست دہد مغتنم شمار　　کس را وقوف نیست کہ انجام کار چیست

یہ بھی معلوم کر لینا ضروری ہے کہ تبلیغ کے لئے یا اَمر بالمَعْرُوف اور نَہْیُ عَنِ الْمُنْکَر کے لئے پورا کامل و مکمل ہونا ضروری نہیں ہر وہ شخص جو کوئی مسئلہ جانتا ہو اس کو دوسروں تک پہنچائے۔ جب اس کے سامنے کوئی ناجائز امر کیا جا رہا ہو اور وہ اس کے روکنے پر قادر ہو تو اس کو روکنا اس پر واجب ہے۔ اس رسالہ میں مختصر طور پر سات فصلیں ذکر کی ہیں۔

فصل اوّل

میں تبرکاً اللہ پاک کی بابرکت کلام میں سے چند آیات کا ترجمہ جن میں تبلیغ واَمر بالمَعْرُوف کی تاکید و ترغیب فرمائی ہے پیش کرتا ہوں جس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ خود حق سبحانہٗ وتقدس کو اس کا کتنا اہتمام ہے کہ جس کے لئے بار بار مختلف عنوانوں سے اپنے پاک کلام میں اس کا اعادہ کیا ہے۔ تقریباً ساٹھ آیات تو میری کوتاہ نظر سے اس کی ترغیب اور توصیف میں گذر چکی ہیں۔ اگر کوئی دَقِیْقُ النَّظَر غور سے دیکھے تو معلوم کس قدر آیات معلوم ہوں۔ چونکہ ان سب آیات کا اس جگہ جمع کرنا طول کا سبب ہوگا۔ اس لئے چند آیات ہی پر اکتفا کرتا ہوں۔

(۱) قَالَ اللّٰهُ عَزَّ اِسْمُهٗ وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ

اور اس سے بہتر کس کی بات ہو سکتی ہے جو خدا کی طرف بلائے اور نیک عمل کرے اور کہے کہ میں فرمانبرداروں میں سے ہوں۔ (بیان القرآن)

مفسرین نے لکھا ہے کہ جو شخص بھی اللہ تعالیٰ کی طرف کسی کو بلائے وہ اس بشارت اور تعریف کا

مستحق ہے خواہ کسی طریق سے بلائے۔ مثلاً انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام معجزہ وغیرہ سے بلاتے ہیں اور علماء دلائل سے، مجاہدین تلوار سے، اور مؤذنین اذان سے۔ غرض جو بھی کسی شخص کو دعوت اِلَی الْخَیْر کرے وہ اس میں داخل ہے خواہ اعمالِ ظاہرہ کی طرف بلائے یا اعمالِ باطنہ کی طرف۔ جیسا کہ مشائخ صوفیہ معرفت اللہ کی طرف بلاتے ہیں (خازن) مفسرین نے یہ بھی لکھا قَالَ اِنَّنِیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ میں اس طرف اشارہ ہے کہ مسلمان ہونے کے ساتھ تفاخر بھی ہو۔ اس کو اپنے لئے باعثِ عزت بھی سمجھتا ہو۔ اس اسلامی امتیاز کو تفاخر کے ساتھ ذکر بھی کرے۔ بعض مفسرین نے یہ بھی ارشاد فرمایا ہے کہ مقصد یہ ہے کہ اس وعظ، نصیحت تبلیغ سے اپنے کو بہت بڑی ہستی نہ کہنے لگے بلکہ یہ کہے کہ عام مسلمین میں سے ایک مسلمان میں بھی ہوں۔

(۲) وَذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ — اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو سمجھاتے رہیئے کیونکہ سمجھانا ایمان والوں کو نفع دیگا۔

مفسرین نے لکھا ہے کہ اس سے قرآن پاک کی آیات سنا کر نصیحت فرمانا مقصود ہے کہ وہ نفع رساں ہے مومنین کے لئے تو ظاہر ہے کفار کے لئے بھی، اس لحاظ سے کہ وہ انشاء اللہ اس کے ذریعہ سے مومنین میں داخل ہو جائیں گے اور آیت کے مصداق میں شامل ہوں گے۔ ہمارے اس زمانے میں وعظ و نصیحت کا راستہ تقریباً بند ہو گیا ہے وعظ کا مقصد بالعموم شستگیٔ تقریر بن گیا ہے تاکہ سننے والے تعریف کر دیں حالانکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے، جو شخص تقریر و بلاغت اس لئے سیکھے تاکہ لوگوں کو اپنی طرف مائل کرے تو قیامت کے دن اس کی کوئی عبادت مقبول نہیں نہ فرض نہ نفل۔

(۳) وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا لَا نَسْئَلُكَ رِزْقًا نَحْنُ نَرْزُقُكَ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى — اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اپنے متعلقین کو بھی نماز کا حکم کرتے رہیئے اور خود بھی اس کے پابند رہیئے ہم آپ سے معاش نہیں چاہتے معاش تو آپ کو ہم دیں گے اور بہتر انجام تو پرہیزگاری ہی کا ہے۔

متعدد روایات میں یہ مضمون وارد ہوا ہے کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی کی تنگیٔ معاش کے رفع فرمانے کا فکر ہوتا تو اس کو نماز کی تاکید فرماتے اور آیتِ بالا کو تلاوت فرما کر گویا اس طرف اشارہ فرماتے کہ وسعتِ رزق کا وعدہ اہتمامِ نماز پر موقوف ہے۔ علماء نے لکھا ہے کہ اس آیتِ شریف میں نماز کے حکم کرنے کے ساتھ خود اس پر اہتمام کرنے کا حکم اس لئے ارشاد ہوا ہے کہ یہ اَنْفَع ہے کہ تبلیغ کے ساتھ ساتھ جس چیز کا دوسروں کو حکم کیا جاوے خود بھی اس پر اہتمام کیا جاوے کہ اس سے دوسروں پر اثر بھی زیادہ ہوتا ہے اور دوسروں کے اہتمام کا سبب بنتا ہے۔ اسی لئے ہدایت کے واسطے انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کو مبعوث فرمایا ہے کہ وہ نمونہ بن کر سامنے ہوں تو عمل کرنے والوں کو عمل کرنا سہل ہو اور یہ خدشہ نہ گذرے کہ فلاں حکم

مشکل ہے اس پر عمل کیسے ہو سکتا ہے۔ اس کے بعد رزق کے وعدہ کی مصلحت یہ ہے کہ نماز کا اپنے اوقات کے ساتھ بسا اوقات اسبابِ معیشت میں ظاہراً نقصان کا سبب معلوم ہوتا ہے بالخصوص تجارت ملازمت وغیرہ میں، اس لئے اس کو ساتھ کے ساتھ دفع فرمایا کہ یہ ہمارے ذمہ ہے۔ یہ سب دُنیاوی امور کے اعتبار سے ہے اس کے بعد بطور قاعدۂ کلیہ اور امرِ بدیہی کہ فرمایا کہ عاقبت تو ہے ہی متقیوں کے لئے اس میں کسی دوسرے کی شرکت ہی نہیں۔

(۴) يَا بُنَيَّ أَقِمِ الصَّلٰوةَ وَأْمُرْ بِالْمَعْرُوفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَا أَصَابَكَ إِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ۔

بیٹا نماز پڑھا کر، اور اچھے کاموں کی نصیحت کیا کر اور بُرے کاموں سے منع کیا کر اور تجھ پر جو مصیبت واقع ہو اس پر صبر کیا کر یہ ہمت کے کاموں میں سے ہے (بیان القرآن)

اس آیت شریفہ میں مہتم بالشان امور کو ذکر فرمایا ہے اور حقیقتہً یہ امور اہم ہیں، تمام کامیابیوں کا ذریعہ ہیں۔ مگر ہم لوگوں نے ان ہی چیزوں کو خاص طور سے پس پشت ڈال رکھا ہے۔ اَمر بالمعروف کا تو ذکر ہی کیا کہ وہ تو تقریباً سب ہی کے نزدیک متروک ہے۔ نماز جو تمام عبادات میں سب سے زیادہ اہم چیز ہے اور ایمان کے بعد سب سے مقدم اسی کا درجہ ہے اس کی طرف سے کس قدر غفلت برتی جاتی ہے۔ اُن لوگوں کو چھوڑ کر جو بے نمازی کہلاتے ہیں خود نمازی لوگ بھی اس کا کامل اہتمام نہیں فرماتے، بالخصوص جماعت جس کی طرف اقامتِ نماز سے اشارہ ہے صرف غرباء کے لئے رہ گئی۔ اُمراء اور باعزت لوگوں کے لئے مسجد میں جانا گویا عار بن گیا ہے۔

فَإِلَى اللّٰهِ الْمُشْتَكٰى ع انچہ عار تست اوفخر من است

(۵) وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ أُمَّةٌ يَّدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَأُولٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝

اور تم میں سے ایک جماعت ایسی ہونا ضروری ہے کہ خیر کی طرف بلائے اور نیک کاموں کے کرنے کو کہا کرے اور بُرے کاموں سے روکا کرے اور ایسے لوگ پورے کامیاب ہوں گے۔

حق سُبحانہٗ وتقدس نے اس آیت شریفہ میں ایک اہم مضمون کا حکم فرمایا ہے وہ یہ کہ اُمت میں سے ایک جماعت اس کام کے لئے مخصوص ہو کہ وہ اسلام کی طرف لوگوں کو تبلیغ کیا کرے یہ حکم مسلمانوں کے لئے تھا مگر افسوس کہ اس اصل کام کو ہم لوگوں نے بالکلیہ ترک کر دیا ہے اور دوسری قوموں نے نہایت اہتمام سے پکڑ لیا ہے۔ نصاریٰ کی مستقل جماعتیں دُنیا میں تبلیغ کے لئے مخصوص ہیں اور اسی طرح دوسری اقوام میں اس کے لئے مخصوص کارکن موجود ہیں۔ لیکن کیا مسلمانوں میں بھی کوئی جماعت ایسی ہے؟ اس کا جواب نفی میں نہیں تو اثبات میں بھی مشکل ہے۔ اگر کوئی جماعت یا فرد اس کے لئے اُٹھتا بھی ہے تو اس وجہ سے کہ بجائے اعانت کے اس پر اعتراضات کی اس قدر بھرمار ہوتی ہے کہ وہ آج نہیں تو کل تھک کر بیٹھ جاتا ہے۔ حالانکہ خیر خواہی کا مقتضا یہ تھا

کہ اس کی مدد کی جاتی، اور کوتاہیوں کی اصلاح کی جاتی۔ نہ یہ کہ خود کوئی کام نہ کیا جاوے اور کام کرنیوالوں کو اعتراضات کا نشانہ بنا کر ان کو کام کرنے سے گویا روک دیا جائے۔

(۶) كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ تم بہترین اُمت ہو کہ لوگوں کے (نفع رسانی) کے لئے نکالے گئے ہو۔ تم لوگ نیک کام کا حکم کرتے ہو اور بُرے کام سے منع کرتے ہو، اور اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہو (بیان القرآن وترجمہ عاشقی)

مسلمانوں کا اَشرفُ النّاس اور اُمت محمدیہ کا اَشرفُ الاُمَم ہونا متعدد احادیث میں تصریح سے وارد ہوا ہے، قرآن پاک کی آیات میں بھی کئی جگہ اس مضمون کو صراحۃً واشارۃً بیان فرمایا گیا ہے اس آیت شریفہ میں بھی خَیرِ اُمّۃٍ کا اطلاق فرمایا گیا ہے اور اس کے ساتھ ہی اس کی علت کی طرف بھی اشارہ فرمایا ہے کہ تم بہترین اُمت ہو اس لئے کہ اَمر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتے ہو۔

مُفسّرین نے لکھا ہے کہ اس آیت شریفہ میں اَمر بالمعروف اور نَہی عَنِ المُنکَر کو ایمان سے بھی پہلے ذکر فرمایا۔ حالانکہ ایمان سب چیزوں کی اصل ہے بغیر ایمان کے کوئی خیر بھی معتبر نہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ایمان میں تو اور امم سابقہ بھی شریک تھیں۔ یہ خاص خصوصیت جس کی وجہ سے تمام انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے متبعین سے امت محمدیہ کو تفوق ہے وہ یہی اَمرٌ بالمعروف اور نَہیٌ عَنِ المُنکَر ہے جو اس اُمت کا تمغۂ امتیاز ہے، اور چونکہ بغیر ایمان کے کوئی عملِ خیر معتبر نہیں اس لئے ساتھ ہی بطور قید کے اس کو بھی ذکر فرمادیا، ورنہ اصل مقصود اس آیتِ شریفہ میں اسی کا ذکر فرمانا ہے اور چونکہ وہی اس جگہ مقصود بالذکر ہے اس لئے اس کو مقدم فرمایا۔

اس اُمت کے لئے تمغۂ امتیاز ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اس کا مخصوص اہتمام کیا جائے ورنہ کہیں چلتے پھرتے تبلیغ کر دینا اس میں کافی نہیں اس لئے کہ یہ امر پہلی امتوں میں بھی پایا جاتا تھا جس کو فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ وغیرہ آیات میں ذکر فرمایا ہے، امتیاز مخصوص اہتمام کا ہے کہ اس کو مستقل کام سمجھ کر دین کے اور کاموں کی طرح سے اس میں مشغول ہوں۔

(۷) لَا خَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍ بَيْنَ النَّاسِ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ؕ پ۵ ع۱۷ عام لوگوں کی سرگوشیوں میں خیر (و برکت) نہیں ہوتی، مگر جو لوگ ایسے ہیں کہ صدقہ خیرات کی یا اور کسی نیک کام کی یا لوگوں میں باہم اصلاح کر دینے کی ترغیب دیتے ہیں (اور اس تعلیم وترغیب کے لئے خفیہ تدبیریں اور مشورے کرتے ہیں اُن کے مشوروں میں البتہ خیر و برکت ہے۔) اور جو شخص یہ کام (یعنی نیک اعمال کی ترغیب

محض) اللہ کی رضا کے واسطے کرے گا (نہ کہ لالچ یا شہرت کی غرض سے) اس کو ہم عنقریب اجرِ عظیم عطا فرمائینگے۔"

اِس آیت میں حق تعالیٰ شانہٗ نے امر بالمعروف کرنے والوں کے لئے بڑے اجر کا وعدہ فرمایا ہے، اور جس اجر کو حق جل جلالہٗ بڑا فرمادیں اس کی کیا انتہا ہو سکتی ہے۔ اس آیت شریفہ کی تفسیر میں نبیٔ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کا ارشاد مبارک نقل کیا گیا ہے کہ آدمی کا ہر کلام اس پر بار ہے مگر یہ کہ اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ اور نَہْیٌ عَنِ الْمُنْکَرِ، ہو یا اللہ کا ذکر ہو۔

دوسری احادیث میں نبیٔ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کا ارشاد ہے "کیا میں تم کو ایسی چیز نہ بتاؤں جو نفل نماز روزہ صدقہ سب سے افضل ہو" صحابہؓ نے عرض کیا ضرور ارشاد فرمایئے۔ حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ "لوگوں میں مصالحت کرانا۔ کیونکہ آپس کا بگاڑ نیکیوں کو اس طرح صاف کر دیتا ہے جیسا کہ اُسترہ بالوں کو اُڑا دیتا ہے۔" اور بھی بہت سی نصوص میں لوگوں کے درمیان مصالحت کرانے کی تاکید فرمائی گئی ہے، اس جگہ اس کا ذکر مقصود نہیں۔ اس جگہ اس بات کا بیان کرنا مقصود ہے کہ اَمر بالْمَعْرُوْف میں یہ بھی داخل ہے کہ لوگوں میں مصالحت کی صورت جس طریق سے بھی پیدا ہو سکے اس کا بھی ضرور اہتمام کیا جائے۔

فصلِ ثانی

میں اُن احادیث میں سے بعض کا ترجمہ ہے جو مضمون بالا کے متعلق وارد ہوئی ہیں۔ تمام احادیث کا نہ احاطہ مقصود ہے نہ ہو سکتا ہے نیز اگر کچھ زیادہ مقدار میں آیات و احادیث جمع بھی کی جائیں تو ڈر یہ ہے کہ دیکھے گا کون۔ آج کل ایسے امور کے لئے کسے فرصت اور کس کے پاس وقت ہے اس لئے صرف یہ امر دکھلانے کے لئے اور آپ حضرات تک پہنچا دینے کے لئے حضور اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم نے کس قدر اہمیت کے ساتھ اس کی تاکید فرمائی ہے اور نہ ہونے کی صورت میں کس قدر سخت وعید اور دھمکی فرمائی ہے چند احادیث ذکر کی جاتی ہیں:۔

(۱) عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیِّؓ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ رَّاٰی مِنْکُمْ مُّنْکَرًا فَلْیُغَیِّرْہُ بِیَدِہٖ فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِہٖ فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِہٖ وَ ذٰلِکَ اَضْعَفُ الْاِیْمَانِ رواہ مسلم و الترمذی

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص کسی ناجائز امر کو ہوتے ہوئے دیکھے اگر اس پر قدرت ہو کہ اس کو ہاتھ سے بند کر دے تو اس کو بند کر دے۔ اگر اتنی مقدرت نہ ہو تو زبان سے اس پر انکار کر دے، اگر اتنی بھی قدرت نہ ہو تو دل سے اس کو بُرا سمجھے اور یہ ایمان کا

و ابن ماجہ والنسائی کذا فی الترغیب بہت ہی کم درجہ ہے۔

ایک دوسری حدیث میں وارد ہے کہ اگر اس کو زبان سے بند کرنے کی طاقت ہو تو بند کر دے ورنہ دل سے اُس کو بُرا سمجھے کہ اس صورت میں بھی وہ بری الذمہ ہے۔

ایک اور حدیث میں وارد ہے کہ جو شخص دل سے بھی اس کو بُرا سمجھے تو وہ بھی مومن ہے مگر اس سے کم درجہ ایمان کا نہیں۔

اس مضمون کے متعلق کئی ارشادات نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے مختلف احادیث میں نقل کئے گئے ہیں۔ اب اس کے ساتھ اس ارشاد کی تعمیل پر بھی ایک نظر ڈالتے جائیں کہ کتنے آدمی ہم میں سے ایسے ہیں کہ کسی ناجائز کام کو ہوتے ہوئے دیکھ کر ہاتھ سے روک دیتے ہیں یا فقط زبان سے اُس کی بُرائی اور ناجائز ہونے کا اظہار کر دیتے ہیں۔ یا کم از کم اس ایمان کے ضعیف درجہ کے موافق دل ہی سے اس کو بُرا سمجھتے ہیں یا اس کام کو ہوتا ہوا دیکھنے سے دل تلملاتا ہے۔ تنہائی میں بیٹھ کر ذرا غور تو کیجئے کہ کیا ہونا چاہیئے تھا اور کیا ہو رہا ہے:۔

(۲) عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍؓ قَالَ مَثَلُ الْقَائِمِ فِىْ حُدُوْدِ اللّٰهِ وَالْوَاقِعِ فِيْهَا كَمَثَلِ قَوْمٍ اِسْتَهَمُوْا عَلٰى سَفِيْنَةٍ فَصَارَ بَعْضُهُمْ اَعْلَاهَا وَبَعْضُهُمْ اَسْفَلَهَا فَكَانَ الَّذِىْ فِىْ اَسْفَلِهَا اِذَا اسْتَقَوْا مِنَ الْمَاءِ مَرُّوْا عَلٰى مَنْ فَوْقَهُمْ فَقَالُوْا لَوْ اَنَّا خَرَقْنَا فِىْ نَصِيْبِنَا خَرْقًا وَلَمْ نُؤْذِ مَنْ فَوْقَنَا فَاِنْ تَرَكُوْهُمْ وَمَا اَرَادُوْا هَلَكُوْا جَمِيْعًا وَاِنْ اَخَذُوْا عَلٰى اَيْدِيْهِمْ نَجَوْا وَنَجَوْا جَمِيْعًا۔

(رواہ البخاری والترمذی)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اس شخص کی مثال جو اللہ کی حدود پر قائم ہے اور اس شخص کی جو اللہ کی حدود میں پڑنے والا ہے اس قوم کی سی ہے جو ایک جہاز میں بیٹھے ہوں اور قرعہ سے (مثلاً) جہاز کی منزلیں مقرر ہو گئی ہوں کہ بعض لوگ جہاز کے اوپر کے حصہ میں ہوں اور بعض لوگ نیچے (نطق) کے حصہ میں ہوں، جب نیچے والوں کو پانی کی ضرورت ہوتی ہے تو وہ جہاز کے اوپر کے حصہ پر آکر پانی لیتے ہیں اگر وہ یہ خیال کر کے کہ ہمارے بار بار اوپر پانی کے لئے جانے سے اوپر والوں کو تکلیف ہوتی ہے اس لئے ہم اپنے ہی حصہ میں یعنی جہاز کے نیچے کے حصہ میں ایک سُوراخ سمندر میں کھول لیں جس سے پانی یہاں ہی ملتا رہے اُوپر والوں کو ستانا نہ پڑے۔ ایسی صورت میں اگر اُوپر والے ان احمقوں کی اس تجویز کو نہ روکیں گے اور خیال کر لیں گے کہ وہ جانیں اُن کا کام ہمیں اُن سے کیا واسطہ۔ تو اس صورت میں وہ جہاز غرق ہو جائے گا اور دونوں فریق ہلاک ہو جائیں گے اور اگر

نہ ان کو روک دیں گے تو دونوں فریق ڈوبنے سے بچ جائیں گے۔

صحابہ کرامؓ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک مرتبہ دریافت کیا کہ ہم لوگ ایسی حالت میں تباہ و برباد ہو سکتے ہیں جب کہ ہم میں صلحاء اور متقی لوگ موجود ہوں؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہاں جب خباثت غالب ہو جائے۔

اس وقت مسلمانوں کی تباہی و بربادی کے ہر طرف گیت گائے جا رہے ہیں اور اس پر شور مچایا جا رہا ہے، نئے نئے طریقے ان کی اصلاح کے واسطے تجویز کئے جا رہے ہیں۔ مگر کسی روشن خیال (تعلیم جدید کے شیدائی) کی تو کیا کسی تاریک خیال (مولوی صاحب) کی بھی نظر اس طرف نہیں جاتی ہے کہ حقیقی طبیب اور شفیق مربی نے کیا مرض تشخیص فرمایا اور کیا علاج بتلایا ہے اور اس پر کس درجہ عمل کیا جا رہا ہے۔ کیا اس ظلم کی کچھ انتہا ہے کہ جو سبب مرض ہے جس سے مرض پیدا ہوا ہے وہی علاج تجویز کیا جا رہا ہے کہ (دین کی ترقی کے لئے دین و اسباب دین سے بے توجہی کی جا رہی ہے۔ اپنی ذاتی رایوں پر عمل کیا جا رہا ہے) تو یہ مریض کل کی جگہ آج ہلاک نہ ہوگا تو کیا ہوگا ؎

میرؔ کیا سادہ ہیں بیمار ہوئے جس کے سبب
اُسی عطار کے لڑکے سے دوا لیتے ہیں

(۳) عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَّلُ مَا دَخَلَ النَّقْصُ عَلٰى بَنِیْ اِسْرَائِيْلَ اَنَّهٗ كَانَ الرَّجُلُ يَلْقَى الرَّجُلَ فَيَقُوْلُ يَا هٰذَا اتَّقِ اللّٰهَ وَدَعْ مَا تَصْنَعُ بِهٖ فَاِنَّهٗ لَا يَحِلُّ لَكَ ثُمَّ يَلْقَاهُ مِنَ الْغَدِ وَهُوَ عَلٰى حَالِهٖ فَلَا يَمْنَعُهٗ ذٰلِكَ اَنْ يَّكُوْنَ اَكِيْلَهٗ وَشَرِيْبَهٗ وَقَعِيْدَهٗ فَلَمَّا فَعَلُوْا ذٰلِكَ ضَرَبَ اللّٰهُ قُلُوْبَ بَعْضِهِمْ بِبَعْضٍ ثُمَّ قَالَ لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْۢ بَنِیْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِلٰى قَوْلِهٖ فَاسِقُوْنَ ثُمَّ قَالَ كَلَّا وَاللّٰهِ لَتَأْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ وَلَتَأْخُذُنَّ عَلٰى يَدِ الظَّالِمِ وَلَتَأْطِرُنَّ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ بنی اسرائیل میں سب سے پہلا تنزل اس طرح شروع ہوا کہ ایک شخص کسی دوسرے سے ملتا اور کسی ناجائز بات کو کرتے ہوئے دیکھتا تو اس کو منع کرتا کہ دیکھ اللہ سے ڈر ایسا نہ کر لیکن اس کے نہ ماننے پر بھی وہ اپنے تعلقات کی وجہ سے کھانے پینے میں اور نشست و برخاست میں ویسا ہی برتاؤ کرتا جیسا کہ اس سے پہلے تھا۔ جب عام طور پر ایسا ہونے لگا تو اللہ تعالیٰ نے بعضوں کے قلوب کو بعضوں کے ساتھ خلط کر دیا (یعنی نافرمانوں کے قلوب جیسے تھے، ان کی نحوست سے فرمانبرداروں کے قلوب بھی ویسے ہی کر دیئے) پھر ان کی تائید میں کلام پاک کی آیتیں لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سے

عَلَی الْحَقِّ اَطْرًا (رواہ ابوداؤد والترمذی کذافی الترغیب) فَاسِقُوْنَ تک پڑھیں اس کے بعد حضورؐ نے بڑی تاکید سے یہ حکم فرمایا کہ اَمْر بِالْمَعْرُوْف اور نَہْی عَنِ الْمُنْکَر کرتے رہو، ظالم کو ظلم سے روکتے رہو اور اس کو حق کی بات کی طرف کھینچ کر لاتے رہو۔"

دوسری حدیث میں وارد ہے کہ حضورؐ تکیہ لگائے ہوئے بیٹھے تھے جوش میں اٹھ کر بیٹھ گئے اور قسم کھا کر فرمایا کہ تم نجات نہیں پاؤگے جب تک کہ اُن کو ظلم سے نہ روک دو۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ آپؐ نے قسم کھا کر فرمایا کہ تم اَمْر بِالْمَعْرُوْف اور نَہْی عَنِ الْمُنْکَر کرتے رہو اور ظالموں کو ظلم سے روکتے رہو اور حق بات کی طرف کھینچ کر لاتے رہو ورنہ تمہارے قلوب بھی اسی طرح خلط کر دئے جائیں گے جس طرح ان لوگوں کے کر دیئے گئے اور اسی طرح تم پر بھی لعنت ہوگی جس طرح ان پر یعنی بنی اسرائیل پر لعنت ہوئی۔ قرآن پاک کی آیات تائید میں اس لئے پڑھیں کہ ان آیات شریفہ میں ان لوگوں پر لعنت فرمائی ہے اور سببِ لعنت منجملہ اور اسباب کے یہ بھی ہے کہ وہ مُنکَرات سے ایک دوسرے کو نہیں روکتے تھے۔

آج کل یہ خوبی سمجھی جاتی ہے کہ آدمی صُلحِ کُل رہے جس جگہ جاوے ویسی ہی کہنے لگے۔ اسی کو کمال اور وسعتِ اخلاق سمجھا جاتا ہے۔ حالانکہ یہ عَلَی الْاِطْلَاق غلط ہے بلکہ جہاں اَمْر بِالْمَعْرُوْف وغیرہ قطعاً مفید نہ ہو ممکن ہے کہ صرف سکوت کی کچھ گنجائش نکل آوے (نہ کہ ہاں میں ہاں ملانے کی) لیکن جہاں مفید ہو سکتا ہے مثلاً اپنی اولاد، اپنے ماتحت، اپنے دست نگر لوگوں میں۔ وہاں کسی طرح بھی یہ سکوت کمالِ اخلاق نہیں بلکہ سکوت کرنے والا شرعًا وعُرفًا خود مجرم ہے۔

سفیان ثوریؒ کہتے ہیں کہ جو شخص اپنے پڑوسیوں کو محبوب ہو اپنے بھائیوں میں محمود ہو (اغلب یہ ہے کہ) وہ مداہن ہوگا۔

متعدد روایات میں یہ مضمون آیا ہے کہ جب کوئی گناہ مخفی طور سے کیا جاتا ہے اُس کی مُضَرَّت کرنے والے ہی کو ہوتی ہے لیکن جب کوئی گناہ کُھلّم کُھلّا کیا جاتا ہے اور لوگ اس کے روکنے پر قادر ہیں اور پھر نہیں روکتے تو اس کی مُضَرَّت اور نقصان بھی عام ہوتا ہے۔

اب ہر شخص اپنی ہی حالت پر غور کرلے کہ کتنے مَعَاصی اس کے علم میں ایسے کئے جاتے ہیں جن کو وہ روک سکتا ہے، اور پھر بے توجہی، لاپرواہی، بے التفاتی سے کام لیتا ہے اور اس سے بڑھ کر ظلم یہ ہے کہ کوئی اللہ کا بندہ اس کو روکنے کی کوشش کرتا ہے تو اس کی مخالفت کی جاتی ہے، اس کو کوتاہ نظر بتلایا جاتا ہے، اس کی اعانت کرنے کی بجائے اس کا مقابلہ کیا جاتا ہے فَسَیَعْلَمُ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْٓا اَیَّ

مُنْقَلَبٍ يَنْقَلِبُوْنَ o

(۴) عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ رَجُلٍ يَكُوْنُ فِيْ قَوْمٍ تَعْمَلُ فِيْهِمْ بِالْمَعَاصِيْ يَقْدِرُوْنَ عَلٰى اَنْ يُّغَيِّرُوْا عَلَيْهِ وَلَا يُغَيِّرُوْنَ اِلَّا اَصَابَهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابٍ قَبْلَ اَنْ يَّمُوْتُوْا (رواہ ابوداؤد وابن ماجۃ وابن حبان والاصبہانی وغیرھم کذا فی الترغیب)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اگر کسی جماعت اور قوم میں کوئی شخص کسی گناہ کا ارتکاب کرتا ہے اور وہ جماعت و قوم باوجود قدرت کے اس شخص کو اس گناہ سے نہیں روکتی تو اُن پر مرنے سے پہلے دُنیا ہی میں اللہ تعالیٰ کا عذاب مسلط ہو جاتا ہے۔

میرے مخلص بزرگو! اور ترقیٔ اسلام و مسلمین کے خواہشمند دوستو! یہ ہیں مسلمانوں کی تباہی کے اسباب اور روز افزوں بربادی کی وجوہ۔ ہر شخص اجنبیوں کو نہیں، برابر والوں کو نہیں، اپنے گھر کے لوگوں کو، اپنے چھوٹوں کو، اپنی اولاد کو، اپنے ماتحتوں کو ایک لمحہ اس نظر سے دیکھ لے کہ کتنے کھلے ہوئے معاصی میں وہ لوگ مبتلا ہیں۔ اور آپ حضرات اپنی ذاتی وجاہت اور اثر سے ان کو روکتے ہیں یا نہیں؟ روکنے کو چھوڑیئے روکنے کا ارادہ بھی کر لیتے ہیں یا نہیں؟ یا آپ کے دل میں کسی وقت اس کا خطرہ بھی گزر جاتا ہے کہ یہ لاڈلا بیٹا کیا کر رہا ہے۔ اگر وہ حکومت کا کوئی جرم کرتا ہے۔ جرم بھی نہیں سیاسی مجالس میں شرکت ہی کر لیتا ہے تو آپ کو فکر ہوتی ہے کہ کہیں ہم نہ ملوث ہو جائیں۔ اس کو تنبیہ کی جاتی ہے اور اپنی صفائی اور بَرّی کی تدبیریں اختیار کی جاتی ہیں۔ مگر کہیں اَحْكَمُ الْحَاكِمِيْنَ کے مجرم کے ساتھ بھی وہی برتاؤ کیا جاتا ہے جو معمولی حاکم عارضی کے مجرم کے ساتھ کیا جاتا ہے۔

آپ خوب جانتے ہیں کہ پیارا بیٹا شطرنج کا شوقین ہے۔ تاش سے دل بہلاتا ہے۔ نماز کئی کئی وقت کی اُڑا دیتا ہے مگر افسوس کہ آپ کے مُنھ سے کبھی حرفِ غلط کی طرح بھی یہ نہیں نکلتا کہ کیا کر رہے ہو۔ یہ مسلمانوں کے کام نہیں ہیں۔ حالانکہ اُس کے ساتھ کھانا پینا چھوڑ دینے کے بھی مامور تھے جیسا کہ پہلے گزر چکا ہے ؎ ببیں تفاوتِ رہ از کجاست تا بکجا۔ ایسے بہت سے لوگ ملیں گے جو اپنے لڑکے سے اس لئے ناخوش ہیں کہ وہ عہدی ہے۔ گھر پڑا رہتا ہے۔ ملازمت کی سعی نہیں کرتا ہے یا دوکان کا کام تندہی سے نہیں کرتا ہے لیکن ایسے لوگ بہت کم ملیں گے جو لڑکے سے اس لئے ناراض ہوں کہ وہ جماعت کی پرواہ نہیں کرتا یا نماز قضا کر دیتا ہے۔

بزرگو اور دوستو! اگر صرف آخرت ہی کا وبال ہوتا تب بھی یہ امور اس قابل تھے کہ ان سے کوسوں دُور بھاگا جاتا۔ لیکن قیامت تو یہ ہے کہ اِس دُنیا کی تباہی کو جس کو ہم عملاً آخرت سے مُقدّم سمجھتے ہیں اِنھیں امور کی وجہ سے ہے۔ غور تو کیجئے اِس اندھے پن کی کوئی حد بھی ہے۔ مَنْ كَانَ فِي هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى حقیقی بات یہ ہے کہ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ کا پرتو ہے۔

(۵) رُوِيَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَاتَزَالُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ تَنْفَعُ مَنْ قَالَهَا وَتَرُدُّ عَنْهُمُ الْعَذَابَ وَالنِّقْمَةَ مَالَمْ يَسْتَخِفُّوْا بِحَقِّهَا قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الْاِسْتِخْفَافُ بِحَقِّهَا قَالَ يُظْهَرُ الْعَمَلُ بِمَعَاصِي اللّٰهِ فَلَا يُنْكَرُ وَلَا يُغَيَّرُ (رواه الاصبهانی ترغیب)

حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم سے یہ بھی نقل کیا گیا ہے کہ کلمۂ توحید (لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ) کہنے والے کو ہمیشہ نفع دیتا ہے اور اس سے عذاب و بلا کو دفع کرتا ہے جب تک کہ اس کے حقوق سے بے پرواہی اور استخفاف نہ کیا جائے۔ صحابہؓ نے عرض کیا کہ اس کے حقوق سے بے پرواہی و استخفاف کئے جانے کا کیا مطلب ہے آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ کی نافرمانیاں کھُلی طور پر کیجائیں اور اُن کو بند کرنے کی کوئی کوشش نہ کی جائے ؛ اب آپ ہی ذرا انصاف سے فرمائیے کہ اس زمانے میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانیوں کی کوئی انتہا، کوئی حد ہے اور اس کے روکنے یا بند کرنے کی یا کم ازکم تقلیل کی کوئی سعی، کوئی کوشش ہے، ہرگز نہیں ایسے خطرناک ماحول میں مسلمانوں کا عالم میں موجود ہونا ہی اللہ تعالیٰ کا حقیقی انعام ہے۔ ورنہ ہم نے اپنی بربادی کے لئے کیا کچھ اسباب پیدا نہیں کر لئے ہیں۔

حضرت عائشہؓ نے نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم سے پوچھا کہ کیا کوئی اللہ کا عذاب اگر زمین والوں پر نازل ہو اور وہاں کچھ دین دار لوگ بھی ہوں تو اُن کو بھی نقصان پہنچتا ہے؟ حضورؐ نے فرمایا کہ دُنیا میں تو سب کو اثر پہنچتا ہے مگر آخرت میں وہ لوگ گنہگاروں سے علیحدہ ہوجائیں گے، اِس لئے وہ حضرات جو اپنی دِین داری پر مطمئن ہو کر دُنیا سے یکسُو ہو بیٹھے اِس سے بے فکر نہ رہیں کہ خدانخواستہ اگر منکرات کے اِس شیوع پر کوئی بلا نازل ہوگئی تو اُن کو بھی اس کا خمیازہ بھگتنا پڑے گا۔

(۶) عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَرَفْتُ فِي وَجْهِهٖ اَنْ قَدْ حَضَرَهٗ شَيْءٌ فَتَوَضَّاَ وَمَا كَلَّمَ اَحَدًا فَلَصِقْتُ بِالْحُجْرَةِ اَسْتَمِعُ

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم ایک مرتبہ دولتکدہ پر تشریف لائے تو میں نے چہرۂ انور پر ایک خاص اثر دیکھ کر محسوس کیا کہ کوئی

مَا یَقُوْلُ فَقَعَدَ عَلَی الْمِنْبَرِ فَحَمِدَ اللّٰہَ وَاَثْنٰی عَلَیْہِ وَقَالَ یَا اَیُّھَا النَّاسُ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی یَقُوْلُ لَکُمْ مُرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَھُوْا عَنِ الْمُنْکَرِ قَبْلَ اَنْ تَدْعُوْا فَلَا اُجِیْبُ لَکُمْ وَتَسْأَلُوْنِیْ فَلَا اُعْطِیْکُمْ وَتَسْتَنْصِرُوْنِیْ فَلَا اَنْصُرُکُمْ فَمَا زَادَ عَلَیْھِنَّ حَتّٰی نَزَلَ (رواہ ابن ماجہ وابن حبان فی صحیحہ کذا فی الترغیب)

اہم بات پیش آئی ہے۔ حضورؐ نے کسی سے کچھ بات چیت نہیں فرمائی اور وضو فرما کر مسجد میں تشریف لے گئے۔ میں حجرہ کی دیوار سے لگ کر سننے کھڑی ہوگئی کہ کیا ارشاد فرماتے ہیں۔ حضورؐ منبر پر تشریف فرما ہوئے اور حمد وثنا کے بعد ارشاد فرمایا۔ لوگو! اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ اَمر بالمعروف اور نَہی عن المنکر کرتے رہو، مبادا وہ وقت آجائے کہ تم دعا مانگو اور قبول نہ ہو۔ تم سوال کرو اور سوال پورا نہ کیا جائے تم اپنے دشمنوں کے خلاف مجھ سے مدد چاہو اور میں تمھاری مدد نہ کروں۔" یہ کلماتِ طیبات حضورؐ نے ارشاد فرمائے اور منبر سے نیچے تشریف لے آئے۔

اِس مضمون پر وہ حضرات خصوصیت سے توجہ فرمائیں جو دشمن کے مقابلہ کے لئے اُمورِ دینیہ میں تسامح اور مسالمت پر زور دیتے ہیں کہ مسلمانوں کی اعانت اور امدادِ دین کی پختگی ہی میں مضمر ہے حضرت ابوالدرداءؓ جو ایک جلیل القدر صحابی ہیں فرماتے ہیں کہ تم امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتے رہو ورنہ اللہ تعالیٰ تم پر ایسے ظالم بادشاہ کو مسلط کردے گا جو تمھارے بڑوں کی تعظیم نہ کرے، تمھارے چھوٹوں پر رحم نہ کرے، اُس وقت تمھارے برگزیدہ لوگ دعائیں کرینگے تو قبول نہ ہونگی، تم مدد چاہو گے تو مدد نہ ہوگی، مغفرت مانگو گے تو مغفرت نہ ملے گی۔ خود حق جل جلالہٗ کا ارشاد ہے یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰہَ یَنْصُرْکُمْ وَیُثَبِّتْ اَقْدَامَکُمْ۔ ترجمہ۔ اے ایمان والو! اگر تم اللہ کی مدد کروگے تو وہ تمھاری مدد کرے گا۔ اور دشمنوں کے مقابلہ میں تمھارے قدم جمادے گا۔ (بیان القرآن) دوسری جگہ ارشاد باری عزّ اسمہٗ ہے اِنْ یَّنْصُرْکُمُ اللّٰہُ فَلَا غَالِبَ لَکُمْ الآیۃ۔ ترجمہ۔ اگر اللہ تعالیٰ شانہٗ تمھاری مدد کریں تو کوئی شخص تم پر غالب نہیں آسکتا اور اگر وہ تمھاری مدد نہ کریں تو پھر کون شخص ہے جو تمھاری مدد کرسکتا ہے اور صرف اللہ تعالیٰ ہی پر ایمان والوں کو اعتماد رکھنا چاہیئے۔

دُرِّ منثور میں بروایتِ ترمذی وغیرہ حضرت حذیفہؓ سے نقل کیا ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم کھا کر یہ ارشاد فرمایا کہ تم لوگ اَمر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتے رہو۔ ورنہ اللہ جل جلالہٗ اپنا عذاب تم پر مسلط کردیں گے پھر تم دعا بھی مانگو گے تو قبول نہ ہوگی۔

یہاں پہنچ کر میرے بزرگ اوّل یہ سوچ لیں کہ ہم لوگ اللہ کی کس قدر نافرمانیاں کرتے

ہیں پھر معلوم ہو جائے گا کہ ہماری کوششیں بیکار کیوں جاتی ہیں۔ ہماری دُعائیں بے اثر کیوں رہتی ہیں۔ ہم اپنی ترقی کے بیج بو رہے ہیں یا تنزل کے۔

(۷) عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا عَظَّمَتْ اُمَّتِى الدُّنْيَا نُزِعَتْ مِنْهَا هَيْبَةُ الْاِسْلَامِ وَاِذَا تَرَكَتِ الْاَمْرَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْىَ عَنِ الْمُنْكَرِ حُرِمَتْ بَرَكَةَ الْوَحْىِ وَاِذَا تَسَابَّتْ اُمَّتِى سَقَطَتْ مِنْ عَيْنِ اللّٰهِ (كذا فى الدر عن الحكيم الترمذى)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جب میری اُمت دُنیا کو بڑی چیز سمجھنے لگے گی تو اسلام کی ہیبت و وقعت اُس کے قلوب سے نکل جائیگی اور جب امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو چھوڑ بیٹھے گی تو وحی کی برکات سے محروم ہو جائیگی اور جب آپس میں گالی گلوچ اختیار کرے گی تو اللہ جل شانہٗ کی نگاہ سے گر جائے گی۔

اے بہی خواہانِ قوم! ترقی اسلام اور ترقی مسلمین کیلئے ہر شخص کوشاں اور ساعی ہے۔ لیکن جو اسباب اس کے لئے اختیار کئے جارہے ہیں وہ تنزل کی طرف لے جانے والے ہیں۔ اگر درحقیقت تم اپنے رسول (روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم) کو سچا رسول سمجھتے ہو۔ ان کی تعلیم کو سچی تعلیم سمجھتے ہو تو پھر کیا وجہ ہے کہ جس چیز کو وہ سبب مرض بتا رہے ہیں۔ جن چیزوں کو وہ بیماری کی جڑ فرما رہے ہیں وہی چیزیں تمہارے نزدیک سببِ شفاء وصحت قرار دی جارہی ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "کہ کوئی شخص اس وقت تک مسلمان نہیں ہو سکتا جب تک کہ اس کی خواہش اُس دین کے تابع نہ ہو جائے جس کو میں لے کر آیا ہوں" لیکن تمہاری رائے ہے کہ مذہب کی آڑ کو بیچ سے ہٹا دیا جائے تاکہ ہم بھی دیگر اقوام کی طرح ترقی کر سکیں۔ اللہ جلّ جلالہٗ کا ارشاد ہے۔

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِىْ حَرْثِهٖ وَمَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ فِى الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ ○

جو شخص آخرت کی کھیتی کا طالب ہو ہم اُسکی کھیتی میں ترقی دینگے اور جو دُنیا کی کھیتی کا طالب ہو ہم اسکو کچھ دُنیا دیدینگے اور آخرت میں اُس کا کچھ حصّہ نہیں۔ (بیان القرآن)

حدیث میں آیا ہے کہ جو مسلمان آخرت کو اپنا نصب العین بنالیتا ہے اللہ جل شانہٗ اُس کے دل کو غنی فرما دیتے ہیں اور دُنیا ذلیل ہو کر اُس کے پاس آتی ہے۔ اور جو شخص دُنیا کو اپنا نصب العین قرار دیتا ہے پریشانیوں میں مبتلا ہوتا ہے اور دُنیا میں سے جتنا حصّہ مقدر ہو چکا ہے اس سے زیادہ ملتا ہی نہیں۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت پاک کو تلاوت فرما کر ارشاد فرمایا کہ اللہ جل شانہٗ کا ارشاد ہے کہ اے ابن آدم تو میری عبادت کے لئے فارغ ہو جا میں تیرے سینہ کو تفکرات

سے خالی کردوں گا اور تیرے فقر کو ہٹادوں گا ورنہ تیرے دل میں (سینکڑوں طرح کے) مشاغل بھر دوں گا اور تیرا فقر بند نہیں کروں گا۔" یہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کا ارشاد ہے اور تمہاری رائے ہے کہ مسلمان ترقی میں اس لئے پیچھے ہٹے ہوئے ہیں کہ جو راستہ ترقی کیلئے اختیار کیا جاتا ہے یہ مُلّا نے اُس میں رُکاوٹیں پیدا کر دیتے ہیں۔ آپ ہی ذرا انصاف کی نظر سے ملاحظہ فرمائیں کہ اگر یہ مُلّا نے ایسے ہی لالچی ہیں تو آپ حضرات کی ترقیات ان کے لئے تو مسرّت کا سبب ہونگی، کیونکہ جب ان کی روزی آپ کے زعم میں آپ کے ذریعہ سے ہے تو جس قدر وسعت اور فتوحات آپ پر ہوں گی، وہ ان کے لئے بھی سببِ وسعت اور فتوحات ہوں گی مگر یہ خود غرض پھر بھی آپ کی مخالفت کرتے ہیں تو کوئی تو مجبوری ان کو درپیش ہے جس کی وجہ سے یہ اپنے نفع کو بھی کھو رہے ہیں، اور آپ جیسے محسن و مربیوں سے بگاڑ کر گویا اپنی دُنیا خراب کر رہے ہیں۔ میرے دوستو! ذرا غور تو کرو، اگر یہ مُلّا نے کوئی ایسی بات کہیں جو قرآنِ پاک میں بھی صاف طور سے موجود ہو تو پھر تو ان کی ضد سے منہ پھیرنا نہ صرف عقل ہی سے دُور ہے بلکہ شانِ اسلام سے بھی دور ہے۔ یہ مُلّا نے خواہ کتنے ہی نااہل ہوں مگر جبکہ صریح ارشادِ باری عزّ اسمہٗ، اور ارشادِ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم آپ تک پہنچا رہے ہوں تو آپ پر ان ارشادات کی تعمیل فرض ہے اور حکم عدولی کی صورت میں جوابدہی لازمی ہے۔ کوئی بیوقوف سے بیوقوف بھی یہ نہیں کہہ سکتا کہ سرکاری قانون کی اِس لئے پرواہ نہیں کہ اعلان کرنیوالا بھنگی تھا۔

آپ حضرات یہ نہ فرمائیں کہ یہ مولوی جو دینی کاموں کے لئے مخصوص ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں ہمیشہ دُنیا سے سوال کرتے ہیں۔ اِس لئے کہ میرا جہاں تک خیال ہے حقیقی مولوی اپنی ذات کیلئے شاید ہی کبھی سوال کریں بلکہ جس قدر بھی وہ اللہ کی عبادت میں منہمک ہیں اسی قدر استغناء سے ہدیہ بھی قبول فرماتے ہیں۔ البتہ کسی دینی کام کے لئے سوال کرنے میں انشاء اللہ وہ اس سے زیادہ ماجور ہیں جتنا اپنے لئے سوال نہ کرنے میں۔

ایک عام اشکال یہ کیا جاتا ہے کہ دینِ محمدی علیہ الصلوٰۃ والسّلام میں رہبانیت کی تعلیم نہیں اس میں دین و دُنیا دونوں کو ساتھ رکھا گیا ہے۔ ارشادِ باری عزّ اسمہٗ ہے رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ اور اِس آیت شریفہ پر بہت زور دیا جاتا ہے۔ گویا تمام قرآنِ پاک میں عمل کے لئے یہی ایک آیت نازل ہوئی ہے۔ لیکن اوّل تو آیتِ شریفہ کی تفسیر رَاسِخِیْنَ فِی الْعِلْمِ سے معلوم کرنے کی ضرورت تھی اور اسی وجہ سے علماء کا ارشاد

ہے کہ صرف لفظی ترجمہ دیکھ کر اپنے کو عالمِ قرآن سمجھ لینا جہالت ہے۔ صحابہ کرامؓ اور علماء تابعینؒ سے جو آیتِ شریفہ کی تفسیریں منقول ہیں وہ حسبِ ذیل ہیں:۔

حضرت قتادہؓ سے مروی ہے کہ دُنیا کی بھلائی سے مُراد عافیت اور بقدرِ کفایت روزی ہے حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ سے منقول ہے کہ اس سے صالح بیوی مراد ہے۔ حضرت حسن بصریؒ سے مروی ہے کہ اس سے مراد علم اور عبادت ہے۔ سُدیؒ سے منقول ہے کہ پاک مال مراد ہے۔ حضرت ابنِ عمرؓ سے مروی ہے کہ نیک اولاد اور خلقت کی تعریف مراد ہے۔ جعفرؓ سے منقول ہے کہ صحت اور روزی کا کافی ہونا اور اللہ پاک کے کلام کا سمجھنا، دُشمنوں پر فتح اور صالحین کی صحبت مراد ہے دوسرے یہ کہ اگر ہر قسم کی دُنیا کی ترقی مُراد ہو جیسا کہ میرا بھی دل چاہتا ہے تب بھی اس میں اللہ تعالیٰ سے دعا کا ذکر ہے نہ کہ اس کی تحصیل میں اِنہماک اور مشغولی کا، اور اللہ تعالیٰ سے مانگنا خواہ ٹوٹے ہوئے جُوتے کی اصلاح ہی کیوں نہ ہو یہ خود دین ہے۔ تیسرے یہ کہ دُنیا کے حاصل کرنے کو، اس کے کمانے کو کون منع کرتا ہے۔ یقیناً حاصل کیجئے اور بہت شوق سے حاصل کیجئے۔ ہم لوگوں کی ہرگز یہ غرض نہیں ہے کہ خدانخواستہ آپ دُنیا جیسی مُغتنم و مقصود چیز کو چھوڑ دیں۔

مقصد یہ ہے کہ جتنی کوشش دُنیا کے لئے کریں اس سے زیادہ نہیں تو کم از کم اس کے برابر تو دین کے لئے کریں۔ اس لئے کہ خود آپ کے قول کے موافق دین اور دُنیا دونوں کی تعلیم دی گئی ہے۔ ورنہ میں پوچھتا ہوں کہ جس قرآنِ پاک میں یہ آیت ارشاد فرمائی ہے اسی کلام پاک کی وہ آیت بھی تو ہے جو اُوپر گزر چکی مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ پ اور اسی کلام پاک میں یہ بھی ہے مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ يَصْلٰهَا مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا ۝ وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ كَانَ سَعْيُهُمْ مَّشْكُوْرًا ۝ (پ ع ۲) اسی کلام پاک میں ہے ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ سورہ آلِ عمران رکوع ۲۔ اسی کلام پاک میں ہے مِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الدُّنْيَا وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الْاٰخِرَةَ پ آلِ عمران۔ اسی کلام پاک میں ہے قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى پ۵ اسی کلام پاک میں ہے وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ۝ سورہ انعام اسی کلام پاک میں ہے وَذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّلَهْوًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا سورہ انعام اسی کلام پاک میں ہے تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ پ اسی کلام پاک میں ہے اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ الْاٰخِرَةِ فَمَا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِيْلٌ پ اسی کلام پاک میں ہے مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ

لَهُمْ فِي الْآخِرَةِ إِلَّا النَّارُ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوا فِيهَا وَبَاطِلٌ مَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ پ۱۲ اسی کلام پاک میں ہے وَفَرِحُوا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ إِلَّا مَتَاعٌ پ۱۳ اسی کلام پاک میں ہے فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ذٰلِكَ بِأَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْآخِرَةِ پ۱۴

اِن کے علاوہ بہت سی آیات ہیں جن میں دُنیا و آخرت کا تقابل کیا گیا ہے۔ اسوقت نہ احصاء مقصود نہ ضرورت، نمونہ کے طور پر چند آیات اختصاراً لکھدی ہیں اور اختصار ہی کی وجہ سے ترجمہ کے بجائے پارہ کا حوالہ لکھدیا ہے۔ کسی مترجم قرآن شریف سے ترجمہ دیکھ لیجئے مقصود سب کا یہ ہے کہ آخرت کے مقابلہ میں جو لوگ دنیا کو ترجیح دیتے ہیں وہ نہایت خسران میں ہیں۔ اگر دونوں کو آپ نہیں سنبھال سکتے تو پھر صرف آخرت ہی قابل ترجیح ہے مجھے انکار نہیں کہ دُنیا کی زندگی میں آدمی ضروریات دنیویہ کا سخت محتاج ہے مگر اس وجہ سے کہ آدمی کو بَيْتُ الْخَلَا جانا لابد ہے اور اس کے بغیر چارہ نہیں، اسلئے دن بھر وہیں بیٹھا رہے اسکو کوئی بھی عقل سلیم گوارا نہ کریگی۔

حکمتِ الٰہی پر ایک نگاہِ عمیق ڈالیں تو آپ کو معلوم ہو جائیگا کہ شریعت مطہرہ میں ایک ایک چیز کا اِنْضِبَاطْ ہے اللہ جل جلالہٗ وعم نوالہٗ نے ایک ایک چیز کو واضح فرما دیا۔ نمازوں کے اوقات کی تقسیم نے صاف طور سے اس جانب اشارہ کر دیا کہ روز و شب کے چوبیس گھنٹوں میں نصف بندہ کا حق ہے چاہے وہ اس کو اپنی راحت میں خرچ کرے یا طلب معیشت میں، اور نصف اللہ تعالیٰ کا حق ہے، اور آپ کی تجویز کے موافق دین و دنیا کے ساتھ ساتھ رکھنے کا مقتضی بھی یہی ہونا چاہئے کہ روز و شب میں سے آدھا وقت دین کیلئے خرچ ہونا چاہئے اور آدھا دُنیا کیلئے۔ ورنہ اگر دُنیاوی مشاغل خواہ فکرِ معاش کے ہوں یا راحتِ بدن کے نصف سے بڑھ گئے تو یقیناً آپنے دُنیا کو راجح بنالیا پس آپکی تجویز کے موافق بھی مقتضائے عدل یہی ہے کہ شب و روز کے ۲۴ گھنٹوں میں سے ۱۲ گھنٹے دین کے لئے خرچ کئے جاویں تاکہ دونوں کا حق ادا ہو جائے اور اسوقت یقیناً یہ کہنا بجا ہوگا کہ دنیا و آخرت دونوں کی حسنات کی تحصیل کا حکم کیا گیا ہے اور اسلام نے رہبانیت نہیں سکھلائی۔ یہ مضمون اس جگہ مقصود نہ تھا بلکہ اشکال کے جواب میں تبعاً آگیا، اسلئے مختصر و مجمل طور پر اشارہ کر کے چھوڑ دیا، اس فصل میں مقصود احادیثِ تبلیغ کا ذکر کرنا تھا، ان میں سے سات احادیث پر اکتفا کرتا ہوں کہ ماننے والے کے لئے سات تو سات ایک بھی کافی ہے اور نہ ماننے والے کے لئے وَسَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُونَ ۝ کافی سے زائد ہے۔

اخیر میں ایک ضروری گذارش یہ بھی ہے کہ بعض احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ فتنہ کے زمانہ

میں جبکہ بخل کی اطاعت ہونے لگے اور خواہشاتِ نفسانیہ کا اتباع کیا جائے، دنیا کو دین پر ترجیح دی جائے، ہر شخص اپنی رائے کو پسند کرے، دوسرے کی نہ مانے، اسوقت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسروں کی اصلاح چھوڑ کر یکسوئی کا حکم فرمایا ہے۔ مگر مشائخ کے نزدیک ابھی وہ وقت نہیں آیا. اسلئے جو کچھ کرنا ہے کرلو، خدا نہ کرے کہ وہ وقت دیکھتی آنکھوں آن پہونچے کہ اسوقت کسی قسم کی اصلاح ممکن نہ ہوگی، نیز اُن عیوب سے جن کا ذکر اس حدیث شریف میں وارد ہوا ہے اہتمام سے بچنا ضروری ہے کہ یہ فتنوں کے دروازے ہیں، ان کے بعد سراسر فتنے ہی فتنے ہیں. نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک حدیث میں انکو ہلاک کردینے والی چیزوں میں شمار کیا ہے۔ اَللّٰھُمَّ احْفَظْنَا مِنَ الْفِتَنِ مَا ظَھَرَ مِنْھَا وَمَا بَطَنَ۔

فصلِ ثالث

میں ایک خاص مضمون پر تنبیہ مقصود ہے وہ یہ کہ جس طرح اس زمانہ میں نفس تبلیغ میں کوتاہی ہورہی ہے اور عام طور پر لوگ اس سے بہت زیادہ غافل ہورہے ہیں، اسی طرح بعض لوگوں میں ایک خاص مرض یہ ہے کہ جب وہ کسی دینی منصب تقریر، تحریر، تعلیم، تبلیغ، وعظ وغیرہ پر مامور ہوجاتے ہیں تو دوسروں کی فکر میں ایسے مبتلا ہوجاتے ہیں کہ اپنے سے غفلت ہوجاتی ہے۔ حالانکہ جس قدر دوسروں کی اصلاح کی ضرورت ہے اس سے بہت زیادہ اپنے نفس کی اصلاح کی احتیاج ہے۔ نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے متعدد مواقع میں بہت زیادہ اہتمام سے منع فرمایا ہے کہ لوگوں کو نصیحت کرتا پھرے اور خود مبتلائے معاصی رہے۔

آپؐ نے شبِ معراج میں ایک جماعت کو دیکھا جن کے ہونٹ آگ کی قینچیوں سے کترے جاتے تھے۔ آپؐ نے دریافت فرمایا کہ یہ کون لوگ ہیں۔ تو حضرت جبرئیلؑ نے عرض کیا کہ یہ لوگ آپ کی اُمت کے واعظ و مقرر ہیں کہ دوسروں کو نصیحت کرتے تھے خود اس پر عمل نہیں کرتے تھے (مشکوٰۃ شریف) ایک حدیث میں وارد ہے کہ اہلِ جنت کے چند لوگ بعض اہل جہنم سے جاکر پوچھیں گے کہ تم یہاں کیسے پہونچ گئے، ہم تو جنت میں تمہاری ہی بتائی ہوئی باتوں پر عمل کرنے کی بدولت پہنچے ہیں۔ وہ کہیں گے کہ ہم تم کو تو بتلاتے تھے مگر خود عمل نہیں کرتے تھے۔ ایک دوسری حدیث میں وارد ہے کہ بدکار قرّاء (علماء) کی طرف عذاب جہنم زیادہ سُرعت سے چلے گا، وہ اس پر تعجب کریں گے کہ بُت پرستوں سے

بھی پہلے ان کو عذاب دیا جاتا ہے۔ تو جواب ملے گا کہ جاننے کے باوجود کسی جُرم کا کرنا انجان ہو کر کرنے کی برابر نہیں ہو سکتا۔

مشائخ نے لکھا ہے کہ اُس شخص کا وعظ نافع نہیں ہوتا جو خود عامل نہیں ہوتا۔ یہی وجہ ہے کہ اس زمانے میں ہر روز جلسے، وعظ، تقریریں ہوتی رہتی ہیں مگر ساری بے اثر، مختلف انواع کی تحریرات و رسائل شائع ہوتے رہتے ہیں۔ مگر سب بے سود۔ خود اللہ جل جلالہٗ کا ارشاد ہے۔ اَتَامُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَ اَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتَابَ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝

ترجمہ: کیا تم حکم کرتے ہو لوگوں کو نیک کام کا اور بھولتے ہو اپنے آپ کو حالانکہ پڑھتے ہو کتاب کیا تم سمجھتے نہیں (ترجمہ عاشقی) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے مَا تَزَالُ قَدَمَا عَبْدٍ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حَتّٰى يُسْاَلَ عَنْ اَرْبَعٍ عَنْ عُمْرِهٖ فِيْمَ اَفْنَاهُ وَعَنْ شَبَابِهٖ فِيْمَ اَبْلَاهُ وَعَنْ مَالِهٖ مِنْ اَيْنَ اكْتَسَبَهٗ وَفِيْمَ اَنْفَقَهٗ وَعَنْ عِلْمِهٖ مَاذَا عَمِلَ فِيْهِ (ترغیب عن البیہقی وغیرہ)

ترجمہ: قیامت میں آدمی کے قدم اس وقت تک اپنی جگہ سے نہیں ہٹ سکتے جب تک کہ چار سوال نہ کرلئے جاویں۔ عمر کس مشغلہ میں ختم کی، جوانی کس کام میں خرچ کی، مال کس طرح کمایا تھا، اور کس مصرف میں خرچ کیا تھا، اپنے علم پر کیا عمل کیا تھا۔

حضرت ابو الدرداءؓ جو ایک بڑے صحابی ہیں فرماتے ہیں کہ مجھے سب سے زیادہ اس امر کا خوف ہے کہ قیامت کے دن تمام مجمعوں کے سامنے مجھے پکار کر یہ سوال نہ کیا جاوے کہ جتنا علم حاصل کیا تھا اس پر کیا عمل کیا۔ خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی صحابیؓ نے دریافت کیا کہ بدترین خلائق کون شخص ہے۔ آپؐ نے فرمایا کہ بُرائی کے سوالات نہیں کیا کرتے، بھلائی کی باتیں پوچھو، بدترین خلائق بدترین علماء ہیں۔

ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ علم دو طرح کا ہوتا ہے، ایک وہ جو صرف زبان پر ہو وہ اللہ تعالیٰ کا الزام ہے اور گویا اس عالِم پر حجت تام ہے۔ دوسرے وہ علم ہے جو دل پر اثر کرے وہ علمِ نافع ہے، حاصل یہ ہے کہ علمِ ظاہری کے ساتھ علم باطن بھی حاصل کرے تاکہ علم کے ساتھ قلب بھی متصف ہو جائے ورنہ اگر دل میں اس کا اثر نہ ہو تو وہ اللہ تعالیٰ کی حجت ہوگا، اور قیامت کے دن اُس پر مواخذہ ہوگا کہ اس علم پر کیا عمل کیا۔ اور بھی بہت سی روایات میں اس پر سخت سے سخت وعیدیں وارد ہوئی ہیں۔ اس لئے میری درخواست ہے کہ مبلغین حضرات اپنی اصلاحِ ظاہر و باطن کی پہلے فکر کریں۔ مبادا ان وعیدوں میں داخل ہو جائیں۔ اللہ جل جلالہٗ وعم نوالہٗ اپنی رحمتِ واسعہ کے

طفیل اس سیہ کار کو بھی اصلاحِ ظاہر و باطن کی توفیق عطا فرمادیں کہ اپنے سے زیادہ بد افعال کسی کو بھی نہیں پاتا۔ اِلَّآ اَنْ یَّتَغَمَّدَنِیَ اللّٰہُ بِرَحْمَتِہٖ وَاسِعَۃٍ۔

فصلِ رابع

میں بھی ایک خاص و نہایت اہم امر کی طرف حضرات مُبلّغین کی توجہ مبذول کرانا مقصود ہے جو نہایت ہی اہم ہے وہ یہ کہ تبلیغ میں بسا اوقات تھوڑی سی بے احتیاطی سے نفع کے ساتھ نقصان بھی شامل ہو جاتا ہے اس لئے بہت ضروری ہے کہ احتیاط کے ہر پہلو کا لحاظ رکھا جائے بہت سے لوگ تبلیغ کے جوش میں اس کی پرواہ نہیں کرتے کہ ایک مُسلمان کی پردہ دری ہو رہی ہے حالانکہ عِرضِ مُسلم ایک عظیم الشان و رفیع شے ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کا ارشاد ہے۔ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِ مَرْفُوْعًا مَنْ سَتَرَ عَلٰی مُسْلِمٍ سَتَرَہُ اللّٰہُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَاللّٰہُ فِیْ عَوْنِ الْعَبْدِ مَا کَانَ الْعَبْدُ فِیْ عَوْنِ اَخِیْہِ۔ (رواہ مسلم وابوداؤد وغیرہما ترغیب) ترجمہ: جو شخص کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرتا ہے اللہ جل شانہٗ دُنیا اور آخرت میں اس کی پردہ پوشی فرماتے ہیں اور اللہ تعالیٰ بندہ کی مدد فرماتے ہیں جب تک وہ اپنے بھائی کی مدد کرتا ہے۔

دوسری جگہ ارشاد ہے: عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مَرْفُوْعًا مَنْ سَتَرَ عَوْرَۃَ اَخِیْہِ سَتَرَ اللّٰہُ عَوْرَتَہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ وَمَنْ کَشَفَ عَوْرَۃَ اَخِیْہِ الْمُسْلِمِ کَشَفَ اللّٰہُ عَوْرَتَہٗ حَتّٰی یَفْضَحَہٗ بِھَا فِیْ بَیْتِہٖ (رواہ ابن ماجہ ترغیب) ترجمہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کا ارشاد ہے کہ جو شخص کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرتا ہے اللہ جل شانہٗ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی فرمائے گا، جو شخص کسی مسلمان کی پردہ دری کرتا ہے اللہ جل شانہٗ اس کی پردہ دری فرماتا ہے حتیٰ کہ گھر بیٹھے اس کو رسوا کر دیتا ہے۔

الغرض بہت سی روایات میں اس قسم کا مضمون وارد ہوا ہے اس لئے مبلّغین حضرات کو مُسلمان کی پردہ پوشی کا اہتمام بھی نہایت ضروری ہے اور اس سے زیادہ بڑھ کر اس کی آبرو کی حفاظت ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص ایسے وقت میں مسلمان کی مدد نہ کرے کہ اس کی آبروریزی ہو رہی ہو تو اللہ جل شانہٗ اس کی مدد سے ایسے وقت میں اعراض فرماتے ہیں جبکہ وہ مدد کا محتاج ہو۔ ایک دوسری حدیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کا ارشادِ مبارک ہے کہ بدترین سود مسلمان کی آبروریزی ہے۔

اسی طرح بہت سی روایات میں مُسلمان کی آبروریزی پر سخت سے سخت وعیدیں وارد ہوئی ہیں

کے ساتھ متصف فرمائیں۔ کیونکہ اخلاص کے ساتھ تھوڑا سا عمل بھی دینی اور دنیوی ثمرات کے اعتبار سے بہت بڑھا ہوا ہے اور بغیر اخلاص کے نہ دُنیا میں اس کا کوئی اثر نہ آخرت میں کوئی اَجر۔

نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَنْظُرُ اِلٰى صُوَرِكُمْ وَاَمْوَالِكُمْ وَلٰكِنْ يَّنْظُرُ اِلٰى قُلُوْبِكُمْ وَاَعْمَالِكُمْ (مشکوٰۃ عن مسلم) ترجمہ: حق تعالیٰ شانہٗ تمہاری صورتوں اور تمہارے مالوں کو نہیں دیکھتے بلکہ تمہارے دلوں کو اور اعمال کو دیکھتے ہیں۔

ایک اور حدیث میں وارد ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی نے پوچھا کہ ایمان کیا چیز ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اخلاص۔ ترغیب نے مختلف روایات میں یہ مضمون ذکر کیا ہے نیز ایک حدیث میں وارد ہے کہ حضرت معاذؓ کو جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یمن میں حاکم بنا کر بھیجا تو انھوں نے درخواست کی کہ مجھے کچھ وصیت فرما دیجئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دین میں اخلاص کا اہتمام رکھنا کہ اخلاص کے ساتھ تھوڑا سا عمل بھی کافی ہے۔ ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ اعمال میں سے صرف اسی عمل کو قبول فرماتے ہیں جو خالص اِنھیں کے لئے کیا گیا ہو۔ ایک اور حدیث میں ارشاد ہے قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَنَا اَغْنَى الشُّرَكَاءِ عَنِ الشِّرْكِ مَنْ عَمِلَ عَمَلًا اَشْرَكَ فِيْهِ مَعِيْ غَيْرِيْ تَرَكْتُهٗ وَشِرْكَهٗ وَفِيْ رِوَايَةٍ فَاَنَا مِنْهُ بَرِيْءٌ فَهُوَ لِلَّذِيْ عَمِلَهٗ (مشکوٰۃ عن مسلم)

ترجمہ:۔ حق سبحانہٗ وتقدس کا ارشاد ہے کہ میں سب شرکاء میں شرکت سے بہت زیادہ بے نیاز ہوں یعنی دنیا کے شرکاء شرکت کے محتاج اور شرکت پر راضی ہوتے ہیں اور میں خَلَّاقٌ عَلَى الْاِطْلَاقِ ہوں بے پرواہوں عبادت میں غیر کی شرکت سے بیزار ہوں جو شخص کوئی عمل ایسا کرے جس میں میرے ساتھ کسی دوسرے کو بھی شریک کرلے میں اس کو اس کے شریک کے حوالہ کر دیتا ہوں، دوسری روایت میں ہے کہ میں اس سے بَری ہو جاتا ہوں۔ ایک دوسری حدیث میں وارد ہے کہ قیامت کے دن میدان حشر میں ایک منادی بآوازِ بلند کہے گا کہ جس شخص نے کسی عمل میں دوسرے کو شریک کیا ہو وہ اس کا ثواب اور بدلہ اسی سے مانگے۔ اللہ تعالیٰ سب شرکاء میں شرکت سے بہت زیادہ بے نیاز ہے۔ ایک اور حدیث میں وارد ہے مَنْ صَلّٰى يُرَائِيْ فَقَدْ اَشْرَكَ وَمَنْ صَامَ يُرَائِيْ فَقَدْ اَشْرَكَ وَمَنْ تَصَدَّقَ يُرَائِيْ فَقَدْ اَشْرَكَ (مشکوٰۃ عن احمد) ترجمہ:۔ جو شخص ریاکاری سے نماز پڑھتا ہے وہ مُشرک ہو جاتا ہے اور جو شخص ریاکاری سے روزہ رکھتا ہے وہ مُشرک ہو جاتا ہے، جو شخص ریاکاری سے صدقہ دیتا ہے وہ مُشرک ہو جاتا ہے مُشرک ہو جانے کا مطلب یہ ہے کہ وہ دوسرے لوگوں کو جن کے دِکھلانے کے لئے یہ اعمال کئے ہیں اللہ تعالیٰ کا شریک بنا لیتا ہے۔ اس حالت میں یہ اعمال اللہ تعالیٰ کے لئے نہیں رہتے ہیں بلکہ اُن لوگوں کے لئے

بن جاتے ہیں جن کو دکھلانے کے لئے کئے جاتے ہیں۔

ایک اور حدیث میں ارشاد نبوی ہے اِنَّ اَوَّلَ النَّاسِ یُقْضٰی عَلَیْہِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ رَجُلٌ اُسْتُشْھِدَ فَاُتِیَ بِہٖ فَعَرَّفَہٗ نِعْمَتَہٗ فَعَرَفَھَا فَقَالَ فَمَا عَمِلْتَ فِیْھَا قَالَ قَاتَلْتُ فِیْکَ حَتّٰی اُسْتُشْھِدْتُّ قَالَ کَذَبْتَ وَلٰکِنَّکَ قَاتَلْتَ لِاَنْ یُّقَالَ جَرِیْءٌ فَقَدْ قِیْلَ ثُمَّ اُمِرَ بِہٖ فَسُحِبَ عَلٰی وَجْھِہٖ حَتّٰی اُلْقِیَ فِی النَّارِ وَرَجُلٌ تَعَلَّمَ الْعِلْمَ وَعَلَّمَہٗ وَقَرَأَ الْقُرْاٰنَ فَاُتِیَ بِہٖ فَعَرَّفَہٗ نِعَمَہٗ فَعَرَفَھَا قَالَ فَمَا عَمِلْتَ فِیْھَا قَالَ تَعَلَّمْتُ الْعِلْمَ وَعَلَّمْتُہٗ وَقَرَأْتُ فِیْکَ الْقُرْاٰنَ قَالَ کَذَبْتَ وَلٰکِنَّکَ تَعَلَّمْتَ الْعِلْمَ لِیُقَالَ اِنَّکَ عَالِمٌ وَّقَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ لِیُقَالَ ھُوَ قَارِیٌٔ فَقَدْ قِیْلَ ثُمَّ اُمِرَ بِہٖ فَسُحِبَ عَلٰی وَجْھِہٖ حَتّٰی اُلْقِیَ فِی النَّارِ وَرَجُلٌ وَّسَّعَ اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاَعْطَاہُ مِنْ اَصْنَافِ الْمَالِ کُلِّہٖ فَاُتِیَ بِہٖ فَعَرَّفَہٗ نِعَمَہٗ فَعَرَفَھَا قَالَ فَمَا عَمِلْتَ فِیْھَا قَالَ مَا تَرَکْتُ مِنْ سَبِیْلٍ تُحِبُّ اَنْ یُّنْفَقَ فِیْھَا اِلَّا اَنْفَقْتُ فِیْھَا لَکَ قَالَ کَذَبْتَ وَلٰکِنَّکَ فَعَلْتَ لِیُقَالَ ھُوَ جَوَادٌ فَقَدْ قِیْلَ ثُمَّ اُمِرَ بِہٖ فَسُحِبَ عَلٰی وَجْھِہٖ ثُمَّ اُلْقِیَ فِی النَّارِ (مشکوٰۃ عن مسلم)

ترجمہ: قیامت کے دن جن لوگوں کا اول وہلہ میں فیصلہ سُنایا جاوے گا ان میں سے ایک وہ شہید بھی ہوگا جس کو بُلا کر اوّلاً اللہ تعالیٰ اپنی اس نعمت کا اظہار فرمائیں گے جو اس پر کی گئی تھی وہ اس کو پہچانے گا اور اقرار کرے گا۔ اس کے بعد سوال کیا جاوے گا کہ اس نعمت سے کیا کام لیا۔ وہ کہے گا کہ تیری رضا کے لئے جہاد کیا حتیٰ کہ شہید ہوگیا۔ ارشاد ہوگا کہ جھوٹ ہے یہ اس لئے کیا تھا کہ لوگ بہادر کہیں گے سو کہا جاچکا اور جس غرض کے لئے جہاد کیا گیا تھا وہ حاصل ہوچکی۔ اس کے بعد اس کو حکم سُنا دیا جاوے گا اور وہ مُنہ کے بَل گھسیٹ کر جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔ دوسرے وہ عالم بھی ہوگا جس نے علم پڑھا اور پڑھایا اور قرآن پاک حاصل کیا، اُس کو بلا کر اُس پر جو انعامات دُنیا میں کئے گئے تھے اُن کا اظہار کیا جاویگا اور وہ اقرار کرے گا۔ اس کے بعد اس سے بھی پوچھا جائے گا کہ ان نعمتوں میں کیا کام کئے۔ وہ عرض کریگا کہ تیری رضا کے لئے علم پڑھا اور لوگوں کو پڑھایا قرآن پاک تیری رضا کے لئے حاصل کیا۔ جواب ملے گا جھوٹ بولتا ہے تو نے علم اس لئے پڑھا تھا کہ لوگ عالم کہیں اور قرآن اس لئے حاصل کیا تھا کہ لوگ قاری کہیں سو کہا جاچکا (اور جو غرض پڑھنے کی تھی وہ پوری ہوچکی) اس کے بعد اس کو بھی حکم سُنا دیا جاویگا اور وہ بھی مُنہ کے بل کھینچ کر جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔ تیسرے وہ مالدار بھی ہوگا جس کو اللہ نے وسعتِ رزق عطا فرمائی اور ہر قسم کا مال مرحمت فرمایا بُلایا جائے گا اور اس سے بھی نعمتوں کے اظہار اور اُن کے اقرار کے بعد پوچھا جائے گا کہ ان انعامات میں کیا کارگذاری کی ہے۔ وہ عرض کرے گا کہ کوئی مصرفِ خیر ایسا نہیں جس میں خرچ کرنا تیری رضا کا سبب ہو اور میں نے اس میں خرچ نہ کیا ہو۔ ارشاد ہوگا کہ جھوٹ ہے

یہ سب اس لئے کیا گیا کہ لوگ فیاض کہیں سو کہا جا چکا اس کو بھی حکم کے موافق کھینچ کر جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔

لہٰذا بہت ہی اہم اور ضروری ہے کہ مبلغین حضرات اپنی کارگذاری میں اللہ کی رضاء اس کے دین کی اشاعت، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کا اتباع مقصود رکھیں، شہرت، عزت تعریف کو ذرا بھی دل میں جگہ نہ دیں، اگر خیال بھی آجائے تو لاحول و استغفار سے اس کی اصلاح فرمالیں اللہ جل شانہٗ اپنے لطف اور اپنے محبوب کے صدقے اور محبوب کے پاک کلام کی برکت سے مجھ سیاہ کار کو بھی اخلاص کی توفیق عطا فرمائے اور ناظرین کو بھی۔ آمین

فصلِ سادس ۶

میں عامۂ مسلمین کو ایک خاص امر کی طرف متوجہ کرنا ہے وہ یہ کہ اس زمانہ میں علماء کی طرف سے بدگمانی بے توجہی نہیں بلکہ مقابلہ اور تحقیر کی صورتیں بالعموم اختیار کی جا رہی ہیں۔ یہ امر دین کے لحاظ سے نہایت ہی سخت خطرناک ہے۔ اس میں ذرا شک نہیں کہ دنیا کی ہر جماعت میں جس طرح اچھوں میں بُرے بھی ہوتے ہیں علماء کی جماعت میں بھی اسی طرح بلکہ اس سے بھی زیادہ جھوٹے سچوں میں شامل ہیں۔ اور علماء سوء، علماء رُشد میں مخلوط ہیں ـــــــ مگر پھر بھی دو امر بیحد لحاظ کے قابل ہیں اول یہ کہ جب تک کسی شخص کا علماء سوء میں سے ہونا محقق نہ ہو جائے اس پر ہرگز کوئی حکم نہ لگا دینا چاہیئے۔ وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا. ترجمہ:۔ اور جس بات کی تحقیق نہ ہو اس پر عملدرآمد نہ کیا کر۔ کان اور آنکھ اور دل ہر شخص سے ان سب کی پوچھ ہوگی (بیان القرآن) اور محض اس بدگمانی پر کہ کہنے والا شاید علماء سوء میں ہو اس کی بات کو بلا تحقیق رد کر دینا اور بھی زیادہ ظلم ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں اس قدر احتیاط فرمائی ہے کہ یہود تورات کے مضامین کو عربی میں نقل کر کے سُناتے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم لوگ نہ ان کی تصدیق کیا کرو نہ تکذیب بلکہ یہ کہہ دیا کرو کہ اللہ تعالیٰ نے جو کچھ نازل فرمایا ہے سب پر ایمان ہے۔ بلکہ یہ کافروں کی نقل کے متعلق بھی بلا تحقیق تصدیق و تکذیب سے روک دیا لیکن ہم لوگوں کی یہ حالت ہے کہ جب کوئی شخص کسی قسم کی بات ہماری رائے کے خلاف کہتا ہے تو اس کی بات کی وقعت گرانے کے لئے کہنے والی کی ذات پر حملے کئے جاتے ہیں، گو اُس کا اہلِ حق ہونا بھی محقق ہو۔

دوسرا ضروری امر یہ ہے کہ علماء حقانی، علماء رشد علماء خیر بھی بشریت سے خالی نہیں ہوتے معصوم ہونا انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی شان ہے اس لئے ان کی لغزشوں، ان کی کوتاہیوں، اُن کے قصوروں کی ذمہ داری انہیں پر عائد ہے اور اللہ تعالیٰ سے ان کا معاملہ ہے سزا دیں یا معاف فرمادیں بلکہ اغلب یہ ہے کہ ان کی لغزشیں انشاء اللہ تعالیٰ معاف ہی ہوجاویں گی۔ اس لئے کہ کریم آقا اپنے اس غلام سے جو ذاتی کاروبار چھوڑ کر آقا کے کام میں مشغول ہوجائے اور ہمہ تن اسی میں لگا رہے اکثر تسامح اور درگذر کیا کرتا، پھر اللہ جل وعلا کے برابر تو کوئی کریم ہو ہی نہیں سکتا۔ لیکن وہ بمقتضائے عدل گرفت بھی فرمائیں تو وہ ان کا اپنا معاملہ ہے۔ ان امور کی وجہ سے علماء سے لوگوں کو بدگمان کرنا، نفرت دِلانا، دُور رکھنے کی کوشش کرنا لوگوں کے لئے بددینی کا سبب ہوگا اور ایسا کرنے والوں کے لئے وبال عظیم ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ اِنَّ مِنْ اِجْلَالِ اللّٰہِ تَعَالٰی اِکْرَامُ ذِی شَیْبَۃِ الْمُسْلِمِ وَحَامِلِ الْقُرْاٰنِ غَیْرِ الْغَالِیْ فِیْہِ وَلَا الْجَافِیْ عَنْہُ وَ اِکْرَامُ ذِی السُّلْطَانِ الْمُقْسِطِ۔ ترغیب عن ابی داؤد)

ترجمہ: تینوں اصحاب ذیل کا اعزاز اللہ تعالیٰ کا اعزاز ہے، ایک بوڑھا مسلمان، دوسرا وہ محافظ قرآن جو افراط و تفریط سے خالی ہو تیسرا منصف حاکم۔ دوسری حدیث میں ارشاد ہے: لَیْسَ مِنْ اُمَّتِیْ مَنْ لَّمْ یُجِلَّ کَبِیْرَنَا وَیَرْحَمْ صَغِیْرَنَا وَیَعْرِفْ عَالِمَنَا (ترغیب عن احمد والحاکم وغیرہما) ترجمہ: وہ شخص جو ہمارے بڑوں کی تعظیم نہ کرے، ہمارے بچوں پر رحم نہ کرے، ہمارے علماء کی قدر نہ کرے وہ ہماری اُمت میں سے نہیں ہے۔ ایک اور حدیث میں وارد ہے: عَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلٰثٌ لَا یَسْتَخِفُّ بِھِمْ اِلَّا مُنَافِقٌ ذُوالشَّیْبَۃِ فِی الْاِسْلَامِ ذُوالْعِلْمِ وَ اِمَامٌ مُقْسِطٌ (ترغیب عن الطبرانی) ترجمہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ تین شخص ایسے ہیں کہ ان کو خفیف سمجھنے والا منافق ہی ہوسکتا ہے (نہ کہ مسلمان) (وہ تین شخص یہ ہیں) ایک بوڑھا مسلمان، دوسرا عالم، تیسرا مُنصِف حاکم۔

بعض روایات میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ مجھے اپنی امت پر سب چیزوں سے زیادہ تین چیزوں کا خوف ہے ایک یہ کہ ان پر دنیاوی فتوحات زیادہ ہونے لگیں جس کی وجہ سے ایک دوسرے سے حسد پیدا ہونے لگے۔ دوسرے یہ کہ قرآن شریف آپس میں اس قدر عام ہوجائے کہ ہر شخص اس کا مطلب سمجھنے کی کوشش کرے حالانکہ اس کے معانی اور مطالب بہت سے ایسے بھی ہیں جن کو اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں سمجھ سکتا، اور جو لوگ علم میں پختہ کار ہیں وہ بھی یوں کہتے ہیں ہم اس پر

یقین رکھتے ہیں سب ہمارے پروردگار کی طرف سے (بیان القرآن) یعنی علم میں پختہ کار لوگ بھی تصدیق کے سوا آگے بڑھنے کی جرأت نہیں کرتے تو پھر عوام کو چون وچرا کا کیا حق ہے۔ تیسرے یہ کہ علماء کی حق تلفی کی جائے اور ان کے ساتھ لاپروائی کا معاملہ کیا جائے۔ ترغیب میں اس حدیث کو بروایت طبرانی ذکر کیا ہے اور اس قسم کی روایات بکثرت حدیثوں کی کتابوں میں موجود ہیں۔

جس قسم کے الفاظ اس زمانہ میں علماء اور علوم دینیہ کے متعلق اکثر استعمال کئے جاتے ہیں فتاویٰ عالمگیری میں ان میں اکثر الفاظ کو الفاظ کفریہ میں شمار کیا ہے مگر لوگ اپنی ناواقفیت سے اس حکم سے غافل ہیں اس لئے نہایت ضروری ہے کہ اس قسم کے الفاظ بالعموم استعمال کرنے میں بہت زیادہ احتیاط کی جائے۔ بفرض اگر مان بھی لیا جاوے کہ علماء حقانی کا اس وقت وجود ہی نہیں رہا اور یہ سب جماعتیں جن پر علماء کا اطلاق کیا جاتا ہے علماء سُوء ہی ہیں تب بھی آپ حضرات کی صرف ان علماء کو علماء سُوء کہنے سے سبکدوشی نہیں ہوسکتی۔ بلکہ ایسی حالت میں تمام دُنیا پر یہ فرض عائد ہوجاتا ہے کہ علماء حقانی کی ایک جماعت پیدا کی جائے ان کو علم سکھایا جائے اس لئے کہ علماء کا وجود فرض کفایہ ہے اگر ایک جماعت اس کے لئے موجود ہے تو یہ فرض سب سے ساقط ہے ورنہ تمام دُنیا گنہگار ہے۔

ایک عام اشکال یہ کیا جاتا ہے کہ ان علماء کے اختلاف نے عوام کو تباہ و برباد کردیا ہے ممکن ہے کہ کسی درجہ میں صحیح ہو، مگر حقیقت یہ ہے کہ علماء کا یہ اختلاف آج کا نہیں سو پچاس برس کا نہیں خیر القرون بلکہ خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے ہے۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوہریرہؓ کو اپنے نعلین شریف بطور علامت کے دیکر اس اعلان کے لئے بھیجتے ہیں کہ جو شخص کلمہ کو ہو وہ جنت میں ضرور داخل ہوگا، راستہ میں حضرت عمرؓ ملتے ہیں اور معاملہ پوچھتے ہیں، حضرت ابوہریرہؓ اپنے آپ کو حضورؐ کا قاصد بتاتے ہیں لیکن پھر بھی حضرت عمرؓ اس زور سے اُن کے سینہ پر دونوں ہاتھ مارتے ہیں کہ وہ بیچارے سُرینوں کے بل زمین پر گر پڑتے ہیں مگر نہ کوئی حضرت عمرؓ کے خلاف پوسٹر شائع ہوتا ہے نہ کوئی جلسہ ہوکر احتجاجی ریزولیوشن پاس ہوتا ہے۔

حضرات صحابہ کرام میں ہزاروں مسئلے مختلف فیہا ہیں اور ائمہ اربعہؒ کے یہاں تو شاید فقہ کی کوئی جزئی ہو جو مختلف فیہ نہ ہو۔ چار رکعت نماز میں نیت باندھنے سے سلام پھیرنے تک تقریباً دوسو مسئلے ائمہ اربعہ کے یہاں ایسے مختلف فیہ ہیں جو مجھ کوتاہ نظر کی نگاہ سے بھی گذر چکے ہیں اور اس سے زائد نہ معلوم کتنے ہوں گے۔ مگر کبھی رفع یدین اور آمین بالجہر وغیرہ دو تین مسئلوں کے سوا کانوں میں نہ پڑے ہوں گے نہ اُن کے لئے اشتہارات و پوسٹر شائع ہوئے ہوں گے نہ جلسے اور مناظرے ہوتے دیکھے ہوں گے، راز یہ ہے کہ

عوام کے کان ان مسائل سے آشنا نہیں ہیں۔ علماء میں اختلاف رحمت ہے اور بدیہی امر ہے جب بھی کوئی عالم کسی شرعی دلیل سے کوئی فتویٰ دے گا دوسرے کے نزدیک اگر وہ حجت صحیح نہیں تو وہ شرعاً اختلاف کرنے پر مجبور ہے۔ اگر اختلاف نہ کرے تو مُداہن اور عاصی ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ لوگ کام نہ کرنے کے لئے اس لچر اور پوچ عذر کو حیلہ بناتے ہیں ورنہ ہمیشہ اطباء میں اختلاف ہوتا ہے، وکلاء کی رائے میں اختلاف ہوتا ہے، مگر کوئی شخص علاج کرانا نہیں چھوڑتا مقدمہ لڑانے سے نہیں رُکتا، پھر کیا مصیبت ہے کہ دینی امور میں اختلافِ علماء کو حیلہ بنایا جاتا ہے۔ یقیناً سچے عمل کرنے والے کے لئے ضروری ہے کہ جس عالم کو وہ اچھا سمجھتا ہے، متبع سنّت سمجھتا ہے اس کے قول پر عمل کرے اور دوسروں پر لغو حملوں اور طعن و تشنیع سے باز رہے۔ جس شخص کے ذہن کی رسائی دلائل کے سمجھنے اور ان میں ترجیح دینے تک نہیں ہے اس کا حق نہیں کہ ان میں دخل دے۔

نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم سے نقل کیا گیا ہے کہ علم کو ایسے لوگوں سے نقل کرنا جو اس کے اہل نہ ہوں اس کو ضائع کرنا ہے۔ مگر جہاں بد دینی کی یہ حد ہو کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلّم کے صریح ارشادات پر لب کشائی ہر شخص کا حق سمجھا جاتا ہوں وہاں بیچارے علماء کا کیا شمار ہے۔ جس قدر الزامات رکھے جائیں کم ہیں۔ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝

فصلِ سابعؒ

گویا چھٹی فصل کا تکملہ اور تتمّہ ہے۔ اس میں ناظرین کی خدمات عالیہ میں ایک اہم درخواست ہے وہ یہ کہ اکثر اللہ والوں کے ساتھ ارتباط ان کی خدمت میں کثرت سے حاضری دینی امور میں تقویت اور خیر و برکت کا سبب ہوتی ہے۔ نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کا ارشاد ہے: اَلَا اَدُلُّكَ عَلٰى مِلَاكِ هٰذَا الْاَمْرِ الَّذِیْ تُصِیْبُ بِهٖ خَیْرَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ عَلَیْكَ بِمَجَالِسِ اَھْلِ الذِّکْرِ الحدیث (مشکوٰۃ ۴۱۵)

ترجمہ: کیا تجھے دین کی نہایت تقویت دینے والی چیز نہ بتاؤں، جس سے تو دین و دُنیا دونوں کی فلاح کو پہونچے وہ اللہ تعالیٰ کے یاد کرنے والوں کی مجلس ہے، اور جب تو تنہا ہوا کرے تو اپنے کو اللہ تعالیٰ کی یاد سے رَطْبُ اللِّسَانِ رکھا کر۔

اس کی تحقیق بہت ضروری ہے کہ اہل اللہ کون لوگ ہیں؟ اہل اللہ کی پہچان اتباعِ سنّت ہے کہ حق سبحانہٗ تقدس نے اپنے محبوب نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کو اُمّت کی ہدایت کے لئے نمونہ بنا کر بھیجا ہے اور اپنے کلام میں ارشاد فرمایا ہے قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَیَغْفِرْ لَكُمْ

ذُنُوبَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ الرَّحِيْمٌ ۝ ترجمہ: آپ فرما دیجئے کہ اگر تم خدائے تعالیٰ سے محبت رکھتے ہو تو تم لوگ میرا اتباع کرو، خدا تعالیٰ تم سے محبت کرنے لگیں اور تمہارے سب گناہوں کو معاف کردیں گے اور اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہیں (بیان القرآن) لہٰذا جو شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا کامل متبع ہو وہ حقیقتہً اللہ والا ہے، اور جو شخص اتباعِ سُنّت سے جس قدر دور ہو وہ قربِ الٰہی سے بھی اسی قدر دور ہے مفسرین نے لکھا ہے کہ جو شخص اللہ تعالیٰ سے محبت کا دعویٰ کرے اور سنتِ رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی مخالفت کرے وہ جھوٹا ہے اس لئے کہ قاعدۂ محبت اور قانونِ عشق ہے کہ جس سے کسی کو محبت ہوتی ہے اس کے گھر سے، در و دیوار سے، صحن سے، باغ سے، حتیٰ کہ اُس کے کتّے سے، اس کے گدھے سے محبت ہوتی ہے ؎

أَمُرُّ عَلَى الدِّيَارِ دِيَارِ لَيْلٰى ... أُقَبِّلُ ذَا الْجِدَارَ وَذَا الْجِدَارَا

وَمَا حُبُّ الدِّيَارِ شَغَفْنَ قَلْبِيْ ... وَلٰكِنْ حُبُّ مَنْ سَكَنَ الدِّيَارَا

ترجمہ: کہتا ہے، کہ میں لیلیٰ کے شہر پر گذرتا ہوں تو اِس دیوار کو اور اُس دیوار کو پیار کرتا ہوں۔ کچھ شہروں کی محبت نے میرے دل کو فریفتہ نہیں کیا ہے بلکہ ان لوگوں کی محبت کی کار فرمائی ہے جو شہروں کے رہنے والے ہیں۔ دوسرا شاعر کہتا ہے ؎

تَعْصِي الْإِلٰهَ وَأَنْتَ تُظْهِرُ حُبَّهٗ ... وَهٰذَا الْعُمْرِيْ فِي الْفِعَالِ بَدِيْعٌ

لَوْ كَانَ حُبُّكَ صَادِقًا لَّاَطَعْتَهٗ ... إِنَّ الْمُحِبَّ لِمَنْ يُّحِبُّ مُطِيْعٌ

ترجمہ: تو اللہ کی محبت کا دعویٰ کرتا ہے اور اس کی نافرمانی کرتا ہے، اگر تو اپنے دعوےٰ میں سچا ہوتا تو کبھی نافرمانی نہ کرتا اس لئے کہ عاشق ہمیشہ معشوق کا تابعدار ہوتا ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ میری تمام اُمت جنت میں داخل ہوگی مگر جس نے انکار کر دیا صحابہؓ نے عرض کیا کہ جس نے انکار کر دیا سے کیا مُراد ہے۔ آپ نے فرمایا کہ جو شخص میری اطاعت کرے گا وہ جنّت میں داخل ہوگا اور جو نافرمانی کرے گا وہ انکار کرنے والا ہے۔" ایک جگہ ارشاد ہے کہ تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مسلمان نہیں ہوسکتا کہ اس کی خواہش اس دین کے تابع نہ ہو جائے جس کو میں لے کر آیا ہوں (مشکوٰۃ)

حیرت کی بات ہے کہ اسلام اور مسلمانوں کی بہبودی کے دعویدار اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت سے بے بہرہ ہوں کسی بات کو اُن مدعیوں کے سامنے یہ کہہ دینا کہ سُنّت کے خلاف ہے حضورؐ کے طریقہ کے خلاف ہے گویا برچھی مار دینا ہے ؎

خلافِ پیمبر کسے رہ گزید ... کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید

پیمبر علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کے طریقہ کے خلاف جو شخص بھی کوئی راستہ اختیار کرے گا کبھی بھی منزلِ مقصود تک نہیں پہونچ سکتا۔ بالجملہ اس تحقیق کے بعد کہ یہ شخص اللہ والوں میں سے ہے اس کے ساتھ ربط کا بڑھانا اس کی خدمت میں کثرت سے حاضر ہونا، اس کے علوم سے مُنتفع ہونا دین کی ترقی کا سبب ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا امر بھی ہے۔

ایک حدیث میں ارشادِ عالی ہے کہ جب تم جنت کے باغوں میں گذرا کرو تو کچھ حاصل بھی کرلیا کرو صحابہؓ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ جنت کے باغ کیا چیز ہیں۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ علمی مجالس۔

دوسری حدیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ لقمان نے اپنے بیٹے کو نصیحت کی تھی کہ علماء کی خدمت میں بیٹھنے کو ضروری سمجھو اور حکمائے اُمت کے ارشادات کو غور سے سُنا کرو کہ حق تعالیٰ شانہٗ حکمت کے نور سے مُردہ دلوں کو ایسا زندہ فرماتے ہیں کہ جیسے مُردہ زمین کو موسلا دھار بارش سے اور حکماء دین کے جاننے والے ہی ہیں نہ کہ دوسرے اشخاص۔

ایک اور حدیث میں وارد ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی نے دریافت کیا کہ بہترین ہمنشین ہم لوگوں کے واسطے کون شخص ہے۔ حضورؐ نے فرمایا کہ جس کے دیکھنے سے اللہ کی یاد پیدا ہو، جس کی بات علم میں ترقی ہو، جس کے عمل سے آخرت یاد آجائے۔ ترغیب میں ان روایات کو ذکر کیا ہے۔

ایک حدیث میں ہے کہ اللہ کے بہترین بندے وہ لوگ ہیں جن کو دیکھ کر خدا یاد آجائے۔ خود حق سبحانہٗ و تقدس کا ارشاد ہے یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَکُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ ۝

ترجمہ: اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ رہو (بیان القرآن) مفسرین نے لکھا ہے کہ سچوں سے مراد اس جگہ مشائخ صوفیہ ہیں۔ جب کوئی شخص ان کی چوکھٹ کے خدام میں داخل ہو جاتا ہے تو ان کی تربیت اور قوتِ ولایت کی بدولت بڑے بڑے مراتب تک ترقی کر جاتا ہے۔

شیخ اکبرؒ تحریر فرماتے ہیں کہ اگر تیرے کام دوسرے کی مرضی کے تابع نہیں ہونے تو تو کبھی بھی اپنے نفس کی خواہشات سے انتقال نہیں کر سکتا گو عمر بھر مجاہدے کرتا رہے۔ لہذا جب بھی تجھے کوئی ایسا شخص ملے جس کا احترام تیرے دل میں ہو اس کی خدمت گذاری کر اور اس کے سامنے مُردہ بن کر رہ، کہ وہ تجھ میں جس طرح چاہے تصرف کرے اور تیری اپنی کوئی بھی خواہش نہ رہے اس کے حکم کی تعمیل میں جلدی کر، اور جس چیز سے روکے اُس سے احتراز کر، اگر پیشہ کرنے کا حکم کرے پیشہ کر۔ مگر اس کے حکم سے نہ کہ اپنی رائے سے۔ بیٹھ جانے کا حکم کرے تو بیٹھ جا۔ لہذا ضروری ہے کہ شیخ کامل کی تلاش میں سعی کر، تاکہ تیری ذات کو اللہ سے ملادے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ کوئی قوم کسی مجلس میں بیٹھ کر اللہ کا ذکر کرتی ہو تو ملائکہ اس کو گھیر لیتے ہیں، رحمت ان کو ڈھانپ لیتی ہے اور حق سبحانہ وتقدس اپنی پاک مجلس میں ان لوگوں کا ذکر فرماتے ہیں۔ ایک دل ربودہ کے واسطے اس سے بڑھ کر کیا ہو سکتی ہے کہ محبوب کی مجلس میں اس کا ذکر ہو۔

ایک دوسری حدیث میں ارشاد ہے کہ اللہ کی یاد کرنے والی جماعت کے لوگوں کو جو اخلاص سے اللہ کو یاد کر رہے ہوں ایک پکارنے والا آواز دیتا ہے کہ اللہ نے تمہاری مغفرت کر دی، اور تمہاری برائیوں کو نیکیوں سے بدل دیا۔ دوسری جگہ ارشاد ہے کہ جس مجلس میں اللہ تعالیٰ کی یاد نہیں اس کے رسول پر درود نہیں، اس مجلس والوں کو قیامت کے دن حسرت ہوگی۔

حضرت داؤد علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعا ہے کہ یا اللہ اگر تو مجھے ذاکرین کی مجلس سے گزر کر غافلین کی مجلس میں جاتا ہوا دیکھے تو میرے پاؤں توڑ دے ؎

جب اسکی صوت وصورت سے ہے محرومی تو بہتر ہے
مرے کانوں کا کر (بہرے) ہونا، اور آنکھیں کور (اندھی) ہو جانی

حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ جن مجالس میں اللہ تعالیٰ کی یاد ہوتی ہے، وہ آسمان والوں کے نزدیک ایسی چمکتی ہیں جیسے کہ زمین والوں کے نزدیک ستارے۔

حضرت ابوہریرہؓ ایک مرتبہ بازار میں تشریف لے گئے، اور لوگوں کو مخاطب کرکے فرمایا کہ تم لوگ یہاں بیٹھے ہو اور مسجد میں رسول اللہؐ کی میراث تقسیم ہو رہی ہے۔ لوگ دوڑے ہوئے آئے، وہاں کچھ بھی تقسیم نہ ہو رہا تھا۔ واپس جا کر عرض کیا کہ وہاں تو کچھ بھی نہیں ابوہریرہؓ نے پوچھا کہ آخر کیا ہو رہا تھا، لوگوں نے کہا کہ چند لوگ اللہ کے ذکر میں مشغول تھے اور کچھ لوگ تلاوت میں، انھوں نے کہا کہ یہی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی میراث ہے۔

امام غزالیؒ نے اس نوع کی روایات بکثرت ذکر فرمائی ہیں۔ اس سے بڑھ کر یہ کہ خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے حکم ہے:

وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ۝

ترجمہ: اور آپ اپنے آپ کو ان لوگوں کے ساتھ مقید رکھا کیجئے جو صبح وشام اپنے رب کی عبادت محض اس کی رضا جوئی کے لئے کرتے ہیں اور دنیوی زندگانی کی رونق کے خیال سے آپ کی آنکھیں ان سے ہٹنے نہ پاویں، اور ایسے شخص کا کہنا نہ مانیں جس کے قلب کو ہم نے اپنی یاد سے غافل کر رکھا ہے اور وہ اپنی

نفسانی خواہش پر چلتا ہے اور اس کا حال حد سے بڑھ گیا ہے۔

متعدد روایات میں وارد ہے کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ جلّ جلالہٗ کا اس پر شکر ادا فرمایا کرتے تھے کہ میری اُمّت میں ایسے لوگ پیدا فرمائے جن کی مجلس میں اپنے آپ کو روکے رکھنے کا مامور ہوں۔ اور اسی آیت شریفہ میں دوسری جماعت کا بھی حکم ارشاد فرمایا گیا ہے کہ جن کے قلوب اللہ کی یاد سے غافل ہیں اپنی خواہشات کا اتباع کرتے ہیں، حدود سے بڑھ جاتے ہیں ان کے اتباع سے روک دیا گیا ہے۔

اب وہ حضرات جو ہر قول وفعل میں دین و دنیا کے کاموں میں کفّار و فسّاق کو مقتدا بناتے ہیں مشرکین و نصاریٰ کے ہر قول وفعل پر سو جان سے نثار ہیں، خود ہی غور فرمالیں کہ کس راستے جارہے ہیں ؎

ترسم نہ رسی بکعبہ اے اعرابی — کیں رہ کہ تو میروی بترکستان است

مرادِ ما نصیحت بود و کردیم
حوالت با خدا کردیم و رفتیم
وَ مَا عَلَى الرُّسُلِ اِلَّا الْبَلَاغُ

ممتثل امر:۔

محمد زکریا۔ کاندھلوی

مقیم مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور ۵، صفر ۱۳۵۰ھ مطابق ۲۱ جون ۱۹۳۱ء شب دوشنبہ

اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ

کیا ایمان والوں کے لیے اس کا وقت نہیں آیا کہ ان کے دل اللہ کے لیے جھک جائیں

برکاتِ ذکر

یعنی

فضائلِ ذکر

جس میں حضرت الحافظ الحاج مولانا **محمد الیاس صاحب** نور اللہ مرقدہ
کے ارشاد سے حضرت الحافظ الحاج مولانا محمد زکریا صاحب دام فیضہم
شیخ الحدیث مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور نے وہ آیات و احادیث جمع کی ہیں
جن میں ذکر کی برکات، کلمہ طیبہ کے فضائل اور سوم کلمہ یعنی تسبیحات فاطمہ کے
ثواب وارد ہوئے ہیں، خاتمہ میں صلوٰۃ التسبیح کا مفصل بیان ہے

ناشر:-

اسلامک بک سروس

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فہرست مضامین

تمت

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ ؕ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَتْبَاعِہٖ
حَمَلَۃِ الدِّیْنِ الْقَوِیْمِ

اللہ جل جلالہٗ عمّ نوالہ کے پاک نام میں جو برکت، لذت، حلاوت، سرور و طمانینت ہے وہ کسی ایسے شخص سے مخفی نہیں جو کچھ دن اس پاک نام کی رٹ لگا چکا ہو اور ایک زمانہ تک اس کو حرزِ جان بنا چکا ہو۔ یہ پاک نام دلوں کا سرور اور طمانینت کا باعث ہے خود حق تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد ہے۔ اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ (سورۂ رعد، رکوع ۴) ترجمہ:۔ خوب سمجھ لو کہ اللہ تعالیٰ کے ذکر (میں یہ خاصیت ہے کہ اُس سے) دلوں کو اطمینان ہوجاتا ہے۔ آج کل عام طور سے عالم میں پریشانی ہے۔ روزانہ ڈاک میں اکثر و بیشتر مختلف نوع سے پریشانیوں ہی کا تذکرہ اور تفکرات ہی کی داستان ہوتی ہے۔ اس رسالہ کا مقصد یہی ہے کہ جو لوگ پریشان حال ہیں خواہ انفرادی طور پر یا اجتماعی طریقہ پر اُن کو اپنے دَرد کی دوا معلوم ہوجائے اور اللہ کے ذکر کے فضائل کی عام اشاعت سے سعید و مبارک ہستیاں بہرہ مند ہوجائیں۔ کیا بعید ہے کہ اس رسالہ کے دیکھنے سے کسی کو اخلاص سے اس پاک نام لینے کی توفیق ہوجائے۔ اور یہ مجھ ناکارہ و بے عمل کے لیے بھی ایسے وقت میں کام آجائے جس وقت صرف عمل ہی کام آتا ہے۔ باقی اللہ تعالیٰ بلا عمل بھی اپنے فضل سے کسی کی دستگیری فرمالیں یہ دوسری بات ہے اس کے علاوہ اس وقت ایک خاص محرک یہ بھی پیش آیا کہ حق تعالیٰ شانہٗ عم نوالہٗ نے اپنے لطف و احسان سے میرے عم محترم حضرت مولانا الحافظ الحاج محمد الیاس صاحب کاندھلوی مقیم نظام الدین رحؒ دہلی کو تبلیغ میں ایک خاص ملکہ اور جذبہ عطا فرمایا ہے جس کی وہ سرگرمیاں جو ہند سے متجاوز ہو کر حجاز تک بھی پہنچ گئی ہیں کسی تعارف کی محتاج نہیں رہیں۔ اس کے ثمرات سے ہند و بیرونِ ہند عمومًا اور خطۂ میوات خصوصًا جس قدر مُتَمَتِّعْ اور منتفع ہوا اور ہو رہا ہے وہ واقفین سے مخفی نہیں۔ ان کے اصولِ تبلیغ سب کا نہایت پختہ مضبوط اور ٹھوس ہیں جن کے لیے عادۃً ثمرات و برکات لازم ہیں۔ ان کے اہم ترین اصول میں سے یہ بھی ہے کہ مبلغین ذکر کا اہتمام رکھیں اور بالخصوص تبلیغی اوقات میں ذکر الٰہی کی کثرت کی جائے اس ضابطہ کی برکات آنکھوں سے دیکھیں کانوں سے سنیں جس کی وجہ سے اس کی ضرورت خود بھی محسوس ہوئی اور آں مخدوم کا بھی ارشاد ہوا کہ فضائلِ ذکر کو

ان لوگوں تک پہونچا یا جائے تاکہ جو لوگ محض تعمیل ارشاد میں اب تک اس کا اہتمام کرتے ہیں وہ اس کے فضائل معلوم ہونے کے بعد خود اپنے شوق سے بھی اس کا اہتمام کریں کہ اللہ کا ذکر بڑی دولت ہے۔ اُس کے فضائل کا احاطہ نہ تو مجھ جیسے بے بضاعت کے امکان میں ہے اور نہ واقع میں ممکن ہے اس لیے مختصر طور پر اس رسالہ میں چند روایات کا ذکر کرتا ہوں اور اس کو تین بابوں پر منقسم کرتا ہوں۔ بابِ اول، مطلق ذکر کے فضائل میں۔ بابِ دوم، افضل الذکر کلمۂ طیبہ کے بیان میں۔ بابِ سوم، کلمۂ سوم یعنی تسبیحاتِ فاطمہؓ کے بیان میں۔

باب اوّل ـــــ فضائل ذکر

اللہ تعالیٰ شانہ کے پاک ذکر میں اگر کوئی آیت یا حدیثِ نبوی نہ بھی وارد ہوتی تب بھی اس منعم حقیقی کا ذکر ایسا تھا کہ بندہ کو کسی آن بھی اس سے غافل نہ ہونا چاہیے تھا کہ اس ذات پاک کے انعام و احسان ہر آن اتنے کثیر ہیں جن کی نہ کوئی انتہا ہے نہ مثال ایسے منعم کا ذکر اس کی یاد اس کا ذکر، اس کی احسان مندی فطری چیز ہے۔ ؎

خداوندِ عالم کے قربان میں ـــ کرم جس کے لاکھوں ہیں ہر آن میں

لیکن اس کے ساتھ جب قرآن و حدیث اور بزرگوں کے اقوال و احوال اس پاک ذکر کی ترغیب و تحریص سے بھرے ہوئے ہیں تو پھر کیا پوچھنا ہے اس پاک ذکر کی برکات کا، اور کیا ٹھکانا ہے اس کے انوار کا تاہم اوّل چند آیات۔ پھر چند احادیث اس مبارک ذکر کے متعلق پیش کرتا ہوں

فصل اوّل ـــــ آیاتِ ذکر میں

(۱) فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ ؏ (سورہ بقرہ رکوع ۱۸)

(۱) پس تم میری یاد کرو (میرا ذکر کرو) میں تمہیں یاد رکھوں گا اور میرا شکرادا کرتے ہو اور ناشکری نہ کرو

(۲) فَإِذَا أَفَضْتُمْ مِنْ عَرَفَاتٍ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ۖ وَاذْكُرُوهُ كَمَا هَدَاكُمْ وَإِنْ كُنْتُمْ مِنْ قَبْلِهِ لَمِنَ الضَّالِّينَ ٥ (سورۂ بقرہ ۔ رکوع ۲۵)

(۲) پھر جب تم (حج کے موقع میں) عرفات سے واپس آجاؤ تو مزدلفہ میں (ٹھیر کر) اللہ کو یاد کرو اور اس طرح یاد کرو جس طرح تم کو بتلا رکھا ہے در حقیقت تم اس سے پہلے محض ناواقف تھے۔

(۳) فَإِذَا قَضَيْتُمْ مَنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ

(۳) پھر جب تم حج کے اعمال پورے کر چکو تو اللہ کا

كَذِكْرِكُمْ اٰبَآءَكُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا ؕ فَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا وَمَالَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ۝ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّمَّا كَسَبُوْا ؕ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝ (سورہ بقرہ رکوع ۲۵)

ذکر کیا کرو جس طرح تم اپنے آباء (و اجداد) کا ذکر کیا کرتے ہو (کہ ان کی تعریفوں میں رطب اللسان ہوتے ہو) بلکہ اللہ کا ذکر اس سے بھی بڑھ کر ہونا چاہیے پھر (جو لوگ اللہ کو یاد بھی کر لیتے ہیں) ان میں سے بعض تو ایسے ہیں جو (اپنی دعاؤں میں) یوں کہتے ہیں اے پروردگار ہمیں تو دنیا ہی میں دیدے (سو ان کو تو جو ملنا ہوگا دنیا ہی میں مل جائیگا) اور انکے لیے آخرت میں کوئی حصہ نہیں۔ اور بعض آدمی یوں کہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو دنیا میں بھی بہتری عطا فرما اور آخرت میں بھی بہتری عطا کر اور ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچا سو یہی ہیں جن کو ان کے عمل کی وجہ سے (دونوں جہان میں) حصہ ملے گا اور اللہ جلدی ہی حساب لینے والے ہیں۔

ف: حدیث میں آیا ہے کہ تین شخصوں کی دعا رد نہیں کی جاتی (بلکہ ضرور قبول ہوتی ہے) ایک وہ جو کثرت سے اللہ کا ذکر کرتا ہو۔ دوسرے مظلوم۔ تیسرے وہ بادشاہ جو ظلم نہ کرتا ہو[1]

(۴) وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ (سورہ بقرہ۔ رکوع ۲۵)

(۴) اور (حج کے زمانہ میں منیٰ میں بھی ٹھیر کر) کئی روز تک اللہ کو یاد کیا کرو اس کا ذکر کیا کرو۔

(۵) وَاذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِيْرًا وَّسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ۝ (سورہ آل عمران رکوع ۴)

(۵) اور کثرت سے اپنے رب کو یاد کیا کیجیے اور صبح شام تسبیح کیا کیجیے۔

(۶) اَلَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ (سورہ آل عمران۔ رکوع ۲۰)

(۶) (پہلے سے عقلمندوں کا ذکر ہے) وہ ایسے لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ کو یاد کرتے ہیں کھڑے بھی اور بیٹھے بھی اور لیٹے ہوئے بھی اور آسمانوں اور زمین کے پیدا ہونے میں غور کرتے ہیں (اور غور کے بعد یہ کہتے ہیں) کہ اے ہمارے رب آپ نے یہ سب بیکار تو پیدا کیا نہیں ہم آپ کی تسبیح کرتے ہیں آپ ہم کو عذاب جہنم سے بچا لیجیے۔

---

[1] جامع الصغیر

(۷) فَاِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ ج (سورہ نساء ع ۱۵)

(۷) جب تم نماز (خوف جس کا پہلے سے ذکر ہے) پوری کر چکو تو اللہ کی یاد میں مشغول ہو جاؤ، کھڑے بھی بیٹھے بھی اور لیٹے بھی کسی حال میں بھی اس کی یاد اور اُس کے ذکر سے غافل نہ ہو۔

(۸) وَاِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى لا يُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا ؗ (سورہ نساء: رکوع ۲۱)

(۸) (منافقوں کی حالت کا بیان ہے) اور جب نماز کو کھڑے ہوتے ہیں تو بہت ہی کاہلی سے کھڑے ہوتے ہیں صرف لوگوں کو اپنا نمازی ہونا دکھلاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا ذکر بھی نہیں کرتے مگر یوں ہی تھوڑا سا۔

(۹) اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِى الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ ج فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ۝ (سورہ مائدہ۔ رکوع ۱۲)

(۹) شیطان تو یہی چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے کے ذریعہ سے تم میں آپس میں عداوت اور بغض پیدا کر دے اور تم کو اللہ کے ذکر اور نماز سے روک دے بتاؤ اب بھی (ان بری چیزوں سے) باز آجاؤ گے۔

(۱۰) وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِىِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ط (سورۃ انعام۔ رکوع ۶)

(۱۰) اور ان لوگوں کو اپنی مجلس سے علیحدہ نہ کیجیے جو صبح شام اپنے پروردگار کو پکارتے رہتے ہیں جس سے خاص اس کی رضا کا ارادہ کرتے ہیں۔

(۱۱) وَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ط (سورہ اعراف۔ رکوع ۳)

(۱۱) اور پکارا کرو اس کو (یعنی اللہ کو) خالص کرتے ہوئے اُس کے لیے دین کو۔

(۱۲) اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ط اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ج وَلَا تُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ط اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ (سورہ اعراف۔ ع ۷)

(۱۲) تم لوگ پکارتے رہو اپنے رب کو عاجزی کرتے ہوئے اور چپکے چپکے (بھی) بیشک حق تعالیٰ شانہٗ حد سے بڑھنے والوں کو ناپسند کرتے ہیں اور دنیا میں بعد اس کے کہ اس کی اصلاح کر دی گئی فساد نہ پھیلاؤ اور اللہ جل شانہٗ کو پکارا کرو خوف کے ساتھ (عذاب سے) اور طمع کے ساتھ (رحمت میں) بے شک اللہ کی رحمت اچھے کام کرنے والوں کے بہت قریب ہے۔

(۱۳) وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ

(۱۳) اللہ ہی کے واسطے ہیں اچھے اچھے نام پس

بِهَا (سورہ اعراف رکوع ۲۲) ان کی ساتھ اللہ کو پکارو

(۱۴) وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ○ (سورہ اعراف رکوع ۲۴)

(۱۴) اور اپنے رب کی یاد کیا کر اپنے دل میں اور ذرا دھیمی آواز سے بھی اس حالت میں کہ عاجزی بھی ہو اور اللہ کا خوف ہو (ہمیشہ) صبح کو بھی اور شام کو بھی اور غافلین میں سے نہ ہو۔

(۱۵) اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ (سورہ انفال رکوع ۱)

(۱۵) ایمان والے تو وہی لوگ ہیں کہ جب انکے سامنے اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو (اس کی بڑائی کے تصور سے) ان کے دل ڈر جاتے ہیں اور جب ان پر اللہ کی آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو ان کے ایمان کو بڑھا دیتی ہیں اور وہ اپنے اللہ پر توکل کرتے ہیں (آگے ان کی نماز وغیرہ کے ذکر کے بعد ارشاد ہے یہی لوگ سچے ایمان والے ہیں ان کے لیے بڑے بڑے درجے ہیں انکے رب کے پاس اور مغفرت ہے اور عزت کی روزی ہے)

(۱۶) وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ ○ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۭ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ○ (سورہ رعد ع ۴)

(۱۶) اور جو شخص اللہ کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔ اس کو ہدایت فرماتے ہیں وہ ایسے لوگ ہوتے ہیں جو اللہ پر ایمان لائے اور اللہ کے ذکر سے انکے دلوں کو اطمینان ہوتا ہے۔ خوب سمجھ لو کہ اللہ کے ذکر (میں ایسی خاصیت ہے کہ اس) سے دلوں کو اطمینان ہو جاتا ہے

(۱۷) قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ۭ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى ۚ (سورہ اسرا ع۔ رکوع ۱۲)

(۱۷) آپ فرما دیجیے کہ خواہ اللہ کہہ کر پکارو یا رحمٰن کہہ کر پکارو جس نام سے بھی پکاروگے (وہی بہتر ہے کیونکہ اس کے لیے بہت سے اچھے اچھے نام ہیں۔

(۱۸) وَاذْكُرْ رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ۔ (سورۂ کہف ع) وفی مسائل السلوک فیہ الذکر ظاھر۔

(۱۸) اور جب آپ بھول جاویں تو اپنے رب کا ذکر کر لیا کیجیے۔

(۱۹) وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ○ (سورہ کہف۔ رکوع ۴)

(۱۹) آپ اپنے کو اُن لوگوں کے ساتھ (بیٹھنے کا) پابند رکھا کیجیے جو صبح شام اپنے رب کو پکارتے رہتے ہیں محض اس کی رضا جوئی کے لیے اور محض دنیا کی رونق کے خیال سے آپ کی نظر (یعنی توجہ) ان سے ہٹنے نہ پاوے (رونق سے یہ مراد ہے کہ

رئیس مسلمان ہو جائیں تو اسلام کو فروغ ہو) اور ایسے شخص کا کہنا نہ مانیں جس کا دل ہم نے اپنی یاد سے غافل کر رکھا ہے اور وہ اپنی خواہشات کا تابع ہے اور اس کا حال حد سے بڑھ گیا ہے۔

(۲۰) وَعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ عَرْضًا ۝ الَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِيْ غِطَاۗءٍ عَنْ ذِكْرِيْ۔
(سورہ کہف۔ رکوع ۱۱)

(۲۰) اور ہم دوزخ کو اس روز (یعنی قیامت کے دن) کافروں کے سامنے پیش کر دیں گے جن کی آنکھوں پر ہماری یاد سے پردہ پڑا ہوا تھا۔

(۲۱) ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ۝ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَاۗءً خَفِيًّا ۝
(سورہ مریم۔ رکوع ۱)

(۲۱) یہ تذکرہ ہے آپ کے پروردگار کی مہربانی فرمانے کا اپنے بندے زکریا (علیہ السلام) پر جب کہ انہوں نے اپنے پروردگار کو چپکے سے پکارا۔

(۲۲) وَاَدْعُوْا رَبِّيْ عَسٰٓى اَلَّآ اَكُوْنَ بِدُعَاۗءِ رَبِّيْ شَقِيًّا ۝ (سورہ مریم۔ رکوع ۳)

(۲۲) اور پکارتا ہوں میں اپنے رب کو (قطعی) امید ہے کہ میں اپنے رب کو پکار کر محروم نہ رہوں گا۔

(۲۳) اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ ۝ اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ اَكَادُ اُخْفِيْهَا لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا تَسْعٰى ۝ (س طٰہٰ: ع ۱)

(۲۳) بیشک میں ہی اللہ ہوں میرا سوا کوئی معبود نہیں پس تم (اے موسیٰ) میری ہی عبادت کیا کرو اور میری ہی یاد کے لیے نماز پڑھا کرو بلاشبہ قیامت آنے والی ہے میں اس کو پوشیدہ رکھنا چاہتا ہوں تاکہ ہر شخص کو اس کے کیے کا بدلہ مل جائے۔

(۲۴) وَلَا تَنِيَا فِيْ ذِكْرِيْ ۝
(س طٰہٰ ع ۲)

(۲۴) (حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہما السلام کو ارشاد ہے) اور میری یاد میں سستی نہ کرنا۔

(۲۵) وَنُوْحًا اِذْ نَادٰى مِنْ قَبْلُ۔
(سورہ انبیاء۔ ع ۶)

(۲۵) اور نوح (علیہ السلام کا تذکرہ ان سے کیجیے) جب کہ پکارا انھوں نے اپنے رب کو (حضرت ابراہیم ؑ کے قصے سے) پہلے۔

(۲۶) وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝
(سورۂ انبیاء ۶۔ ع ۶)

(۲۶) اور ایوب (علیہ السلام کا ذکر کیجیے) جب کہ انہوں نے اپنے رب کو پکارا کہ مجھ کو بڑی تکلیف پہنچی اور آپ سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہیں

(۲۷) وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ

(۲۷) اور مچھلی والے (پیغمبر یعنی حضرت یونس

اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَیْهِ فَنَادٰی فِی الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ (سورہ انبیاء۔ رکوع ۶)

علیہ السّلام کا ذکر کیجیے) جب وہ (اپنی قوم سے) خفا ہو کر چلے گئے اور یہ سمجھے کہ ہم ان پر دارگیر نہ کریں گے پس انہوں نے اندھیروں میں پکارا کہ آپ کے سوا کوئی معبود نہیں آپ ہر عیب سے پاک ہیں۔ بیشک میں قصوروار ہوں۔

(۲۸) وَ زَكَرِیَّاۤ اِذْ نَادٰی رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ۝ (سورۃ انبیاء۔ ع)

(۲۸) اور زکریا (علیہ السّلام کا ذکر کیجیے) جب انہوں نے اپنے رب کو پکارا کہ اے میرے رب مجھے لاوارث نہ چھوڑ (اور یوں تو) سب وارثوں سے بہتر (اور حقیقی وارث) آپ ہی ہیں۔

(۲۹) اِنَّهُمْ كَانُوْا یُسٰرِعُوْنَ فِی الْخَیْرٰتِ وَ یَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّ رَهَبًا ؕ وَ كَانُوْا لَنَا خٰشِعِیْنَ ۝ (ایضًا)

(۲۹) بیشک یہ سب (انبیاء جن کا پہلے سے ذکر ہو رہا ہے) نیک کاموں میں دوڑتے تھے اور پکارتے تھے ہم کو (ثواب کی) رغبت اور (عذاب کے) خوف کرتے ہوئے اور تھے سب کے سب ہمارے لیے عاجزی کرنے والے۔

(۳۰) وَ بَشِّرِ الْمُخْبِتِیْنَ ۙ الَّذِیْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ (سورہ حج رکوع ۵)

(۳۰) اور آپ (جنت وغیرہ کی) خوشخبری سنا دیجیے ایسے خشوع کرنے والوں کو جن کا یہ حال ہے کہ جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل ڈر جاتے ہیں۔

(۳۱) اِنَّهٗ كَانَ فَرِیْقٌ مِّنْ عِبَادِیْ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَاۤ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَ ارْحَمْنَا وَ اَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ ۝ فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِیًّا حَتّٰۤی اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِیْ وَ كُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ۝ اِنِّیْ جَزَیْتُهُمُ الْیَوْمَ بِمَا صَبَرُوْۤا ۙ اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۝ (مومنون ۶)

(۳۱) (قیامت میں کفار سے گفتگو کے ذیل میں کہا جائے گا کیا تم کو یاد نہیں) میرے بندوں کا ایک گروہ تھا (جو بیچارے ہم سے) یوں کہا کرتے تھے اے ہمارے پروردگار ہم ایمان لے آئے سو ہم کو بخش دیجیے۔ اور ہم پر رحمت فرمائیے آپ سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔ پس تم نے ان کا مذاق اڑایا حتّٰی کہ اس مشغلہ نے تم کو ہماری یاد بھی بھلا دی اور تم اُن سے ہنسی کیا کرتے تھے میں نے آج اُن کو اُن کے صبر کا بدلہ دے دیا کہ وہی کامیاب ہوئے۔

(۳۲) رِجَالٌ ۙ لَّا تُلْهِیْهِمْ تِجَارَةٌ وَّ لَا بَیْعٌ

(۳۲) (کامل ایمان والوں کی تعریف کے

عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ الآیۃ۔ (سورہ نور رکوع ۵)

ذیل میں ہے) وہ ایسے لوگ ہیں کہ اُن کو اللہ کے ذکر سے نہ خرید غفلت میں ڈالتی ہے نہ فروخت

(۳۳) وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ (سورہ عنکبوت ع)

(۳۳) اور اللہ کا ذکر بہت بڑی چیز ہے۔

(۳۴) تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (سورہ سجدہ۔ رکوع ۲)

فی الدر عن الضحاک هُمْ قَوْمٌ لَا يَزَالُوْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ وروی نحوہ عن ابن عباس

(۳۴) ان کے پہلو خواب گاہوں سے علیحدہ رہتے ہیں اس طرح پر کہ عذاب کے ڈر سے اور رحمت کی امید سے وہ اپنے رب کو پکارتے ہیں اور ہماری دی ہوئی چیزوں سے خرچ کرتے ہیں پس کسی کو بھی خبر نہیں کہ ایسے لوگوں کی آنکھوں کی ٹھنڈک کا کیا کیا سامان خزانۂ غیب میں محفوظ ہے جو بدلہ ہے ان کے اعمال کا

(ف) ایک حدیث میں آیا ہے کہ بندہ اخیر شب میں اللہ کے یہاں بہت مقرب ہوتا ہے اگر تجھ سے ہوسکے تو اس وقت اللہ کا ذکر کیا کر[1]

(۳۵) لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا ۝ (سورہ احزاب۔ رکوع ۳)

(۳۵) بیشک تم لوگوں کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نمونہ موجود تھا یعنی ہر اُس شخص کے لیے جو اللہ سے اور آخرت سے ڈرتا ہو اور کثرت سے اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا ہو (کہ جب حضورؐ لڑائی میں شریک ہوئے اور جہاد کیا تو اس کے لیے کیا مانع ہوسکتا ہے)

(۳۶) وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ لا اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا (احزاب ع۵)

(۳۶) (پہلے سے مومنوں کی صفات کا بیان ہے اس کے بعد ارشاد ہے) اور بکثرت اللہ کا ذکر کرنے والے مرد اور اللہ کا ذکر کرنے والی عورتیں ان سب کے لیے اللہ تعالیٰ نے مغفرت اور اجر عظیم تیار کر رکھا ہے۔

(۳۷) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ۝ وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝ (سورہ احزاب ع۶)

(۳۷) اے ایمان والو تم اللہ تعالیٰ کا خوب کثرت سے ذکر کیا کرو اور صبح شام اس کی تسبیح کرتے رہو

(۳۸) وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ۝ (سورہ صٰفٰت۔ ع ۳)

(۳۸) اور پکارا تھا ہم کو نوح (علیہ السلام) نے پس ہم خوب فریاد سننے والے ہیں۔

(۳۹) فَوَيْلٌ لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ (سورہ زمر رکوع ۳)

(۳۹) پس ہلاکت ہے ان لوگوں کے لیے جن کے دل اللہ کے ذکر سے متاثر نہیں ہوتے یہ لوگ کھلی گمراہی

[1] جامع الصغیر

میں ہیں۔

(۴۰) اَللّٰہُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِیْثِ کِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِیَ ۖ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ثُمَّ تَلِیْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰی ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ یَهْدِیْ بِهٖ مَنْ یَّشَآءُ ۚ (سورۂ زمر۔ رکوع ۳)

(۴۰) اللہ جل جلالہ نے بڑا عمدہ کلام (یعنی قرآن) نازل فرمایا جو ایسی کتاب ہے کہ باہم ملتی جلتی ہے بار بار دہرائی گئی جس سے ان لوگوں کے بدن کانپ اٹھتے ہیں جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں پھر اُن کے بدن اور دل نرم ہو کر اللہ کے ذکر کی طرف متوجہ ہو جاتے ہیں یہ اللہ کی ہدایت ہے جس کو چاہتا ہے اُس کے ذریعہ سے ہدایت فرما دیتا ہے۔

(۴۱) فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝ (سورۂ مومن۔ رکوع ۲)

(۴۱) پس پکارو اللہ کو خالص کرتے ہوئے اُس کے لیے دین کو گو کافروں کو ناگوار ہو۔

(۴۲) هُوَ الْحَیُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ۔ (سورۂ مومن ع ۷)

(۴۲) وہی زندہ ہے اُس کے سوا کوئی لائق عبادت کے نہیں پس تم خالص اعتقاد کر کے اس کو پکارا کرو

(۴۳) وَمَنْ یَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَیِّضْ لَهٗ شَیْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِیْنٌ ۝ (سورۂ زخرف۔ رکوع ۴)

(۴۳) جو شخص رحمان کے ذکر سے (جان بوجھ کر) اندھا ہو جائے ہم اُس پر ایک شیطان مسلط کر دیتے ہیں پس وہ (ہر وقت) اسکے ساتھ رہتا ہے

(۴۴) مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِیْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا یَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ؗ سِیْمَاهُمْ فِیْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ۚ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِی التَّوْرٰىةِ ۚۖۛ وَمَثَلُهُمْ فِی الْاِنْجِیْلِ ۚ۫ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْـَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ یُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِیَغِیْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ۗ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِیْمًا ۠ (س فتح ع)

(۴۴) محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ آپ کے صحبت یافتہ ہیں وہ کافروں کے مقابلہ میں تیز ہیں اور آپس میں مہربان اور اے مخاطب تو اُن کو دیکھے گا کہ کبھی رکوع کر رہے ہیں اور کبھی سجدہ اور اللہ کے فضل اور رضامندی کی جستجو میں لگے ہوئے ہیں (اور خشوع خضوع کے) آثار بوجہ تاثیر سجدہ کے اُن کے چہروں پر نمایاں ہیں یہ اُن کے اوصاف توراۃ میں ہیں اور انجیل میں جیسا کھیتی کہ اس نے اول اپنی سوئی نکالی پھر اس کو قوی کیا پھر وہ کھیتی اور موٹی ہوئی پھر

اپنے تنہ پر سیدھی کھڑی ہوگئی کہ کسانوں کو بھلی معلوم ہونے لگی (اسی طرح صحابہ میں اوّل ضعف تھا پھر روزانہ قوت بڑھتی گئی اور اللہ نے یہ نشوونما اس لیے دیا کہ ان سے کافروں کو جلائے اللہ نے تو اُن لوگوں سے جو ایمان لائے اور نیک عمل کر رہے ہیں مغفرت اور اجرِ عظیم کا وعدہ کر رکھا ہے۔

(ف) آیت شریفہ میں گو ظاہر طور پر رکوع و سجود اور نماز کی فضیلت زیادہ تر مقصود ہے اور وہ تو ظاہر ہے لیکن کلمۂ طیبہ کے دوسرے جز محمد رسول اللہ کی فضیلت بھی اس سے ظاہر ہے۔

امام رازیؒ نے لکھا ہے کہ اوپر سے صلح حدیبیہ میں کفار کے انکار پر اور اس بات کے اصرار کرنے پر کہ محمد رسول اللہ نہ لکھو محمد بن عبداللہ لکھو۔ حق تعالیٰ شانہٗ فرماتے ہیں کہ اللہ خود گواہ ہیں اس بات پر کہ محمد اللہ کے رسول ہیں اور جب بھیجنے والا خود اقرار کرے کہ فلاں شخص میرا قاصد ہے تو لاکھ کوئی انکار کرے اس کے انکار سے کیا ہوتا ہے اسی گواہی کے اقرار کے لیے اللہ جل شانہٗ نے محمد رسول اللہ ارشاد فرمایا۔ اس کے بعد آیت شریفہ میں اور بھی کئی اہم مضامین ہیں، منجملہ ان کے یہ ہے کہ چہرہ کے آثار نمایاں ہونے کی فضیلت ہے اس کی تفسیر میں مختلف اقوال ہیں ایک یہ بھی ہے کہ شب بیداروں کے چہروں پر جو انوار و برکات ظاہر ہوتے ہیں وہ مراد ہیں۔ امام رازیؒ نے لکھا ہے کہ یہ محقق امر ہے کہ رات کو دو شخص جاگیں ایک لہو و لعب میں مشغول رہے دوسرا نماز قرآن اور علم کے سیکھنے میں مشغول رہے دوسرے دن دونوں کے چہرے کے نور میں کھلا ہوا فرق ہوگا۔ جو شخص لہو و لعب میں مشغول ہے وہ اُس جیسا ہو ہی نہیں سکتا جو ذکر و شکر میں رات بھر لگا رہے۔ تیسری اہم بات یہ ہے کہ حضرت امام مالکؒ اور ایک جماعت نے علماء کی اس آیت سے ان لوگوں کے کفر پر استدلال کیا ہے جو صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کو گالیاں دیتے ہیں، برا کہتے ہیں اُن سے بغض رکھتے ہیں [1]

(۴۵) اَلَمْ یَاْنِ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِکْرِ اللّٰهِ (سورہ حدید رکوع ۲)

(۴۵) کیا ایمان والوں کے لیے اس کا وقت نہیں آیا کہ اُن کے دل خدا کی یاد کے واسطے جھک جائیں۔

(۴۶) اِسْتَحْوَذَ عَلَیْهِمُ الشَّیْطٰنُ فَاَنْسٰهُمْ ذِکْرَ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِکَ حِزْبُ الشَّیْطٰنِ ؕ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ الشَّیْطٰنِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ○ (سورہ مجادلہ۔ رکوع ۳)

(۴۶) (پہلے سے منافقوں کا ذکر ہے) ان پر شیطان کا تسلط ہوگیا پس اس نے ان کو ذکر اللہ سے غافل کر دیا یہ لوگ شیطان کا گروہ ہیں خوب سمجھ لو یہ بات محقق ہے کہ شیطان کا گروہ خسارہ والا ہے۔

(۴۷) فَاِذَا قُضِیَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِی الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْکُرُوا اللّٰهَ

(۴۷) پھر جب (جمعہ کی) نماز پوری ہو چکے تو تم کو اجازت ہے کہ تم زمین پر چلو پھرو اور خدا کی روزی

[1] ابن کثیر

كَثِيرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝
(سورہ جمعہ۔ رکوع ۲)

تلاش کرو (یعنی دنیا کے کاموں میں مشغول ہونے کی اجازت ہے لیکن اُس میں بھی) اللہ تعالیٰ کا ذکر کثرت سے کرتے رہو تاکہ تم فلاح کو پہنچ جاؤ۔

(۴۸) يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُلْهِكُمْ أَمْوَالُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ عَن ذِكْرِ اللَّهِ ۚ وَمَن يَفْعَلْ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ۝
(سورۂ منٰفقون۔ رکوع ۲)

(۴۸) اے ایمان والو تم کو تمہارے مال اور اولاد اللہ کے ذکر سے اس کی یاد سے غافل نہ کرنے پائیں اور جو لوگ ایسا کریں گے وہی خسارہ والے ہیں (کیونکہ یہ چیزیں تو دنیا ہی میں ختم ہو جانے والی ہیں اور اللہ کی یاد آخرت میں کام دینے والی ہے۔)

(۴۹) وَمَن يُعْرِضْ عَن ذِكْرِ رَبِّهِ يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ۝ (سورہ جن۔ رکوع ۱)

(۴۹) اور جو شخص اپنے پروردگار کی یاد سے روگردانی اور اعراض کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کو سخت عذاب میں داخل کرے گا۔

(۵۰) وَأَنَّهُ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللَّهِ يَدْعُوهُ كَادُوا يَكُونُونَ عَلَيْهِ لِبَدًا ۝ قُلْ إِنَّمَا أَدْعُو رَبِّي وَلَا أُشْرِكُ بِهِ أَحَدًا ۝ (س جن ع ۱)

(۵۰) جب خدا کا خاص بندہ (یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم) خدا کو پکارنے کے لیے کھڑا ہوتا ہے تو یہ کافر لوگ اُس بندہ پر بھیڑ لگانے کو ہو جاتے ہیں۔ آپ کہہ دیجیے کہ میں تو صرف اپنے پروردگار ہی کو پکارتا ہوں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا۔

(۵۱) وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا ۝ (سورہ مزمل۔ رکوع ۱)

(۵۱) اور اپنے رب کا نام لیتے رہیں اور سب تعلقات منقطع کر کے اُسی کی طرف متوجہ رہیں (منقطع کرنے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ کے تعلق کے مقابلہ میں سب مغلوب ہوں۔)

(۵۲) وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَأَصِيلًا ۝ وَمِنَ اللَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهُ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيلًا ۝ إِنَّ هَٰؤُلَاءِ يُحِبُّونَ الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُونَ وَرَاءَهُمْ يَوْمًا ثَقِيلًا ۝ (سورۂ دہر رکوع ۲)

(۵۲) اور اپنے رب کا صبح اور شام نام لیتے رہا کیجیے اور کسی قدر رات کے حصہ میں بھی اُس کو سجدہ کیا کیجیے اور رات کے بڑے حصہ میں اسکی تسبیح کیا کیجیے (مراد اس سے تہجد کی نماز ہے) یہ لوگ (جو آپ کے مخالف ہیں) دنیا سے محبت رکھتے ہیں اور اپنے آگے (آنے والے) ایک بھاری دن کو چھوڑ بیٹھے ہیں۔

(۵۳) وَإِن يَكَادُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَيُزْلِقُونَكَ

(۵۳) یہ کافر لوگ جب ذکر (قرآن) سنتے ہیں

بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُولُونَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ۔ (سورہ قلم۔ رکوع ۲)

(تو شدّتِ عداوت سے) ایسے معلوم ہوتے ہیں کہ گویا آپ کو اپنی نگاہوں سے پھسلا کر گرا دیں گے اور کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) یہ تو مجنون ہیں۔

(ف) نگاہ سے پھسلا کر گرا دینا کنایہ ہے دشمنی کی زیادتی سے جیسا کہ ہمارے یہاں بولتے ہیں ایسا دیکھ رہا ہے کہ کھا جائے گا۔ حسن بصری ؒ کہتے ہیں کہ جس کو نظر لگ گئی ہو اُس پر اس آیت شریفہ کو پڑھ کر دم کرنا مفید ہے۔ (جمل)

(۵۴) قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۝ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ۝ (سورہ اعلیٰ۔ رکوع: ۱)

(۵۴) بے شک بامراد ہو گیا وہ شخص جو (بُرے اخلاق سے) پاک ہو گیا اور اپنے رب کا نام لیتا رہا اور نماز پڑھتا رہا۔

فصلِ ثانی — احادیثِ ذکر میں

جب کہ اس مضمون میں قرآن پاک کی آیات اس کثرت سے موجود ہیں تو احادیث کا کیا پوچھنا کیونکہ قرآن شریف کے کل تیس ۳۰ پارے ہیں اور حدیث شریف کی لاتعداد کتابیں ہیں اور ہر کتاب میں بیشمار حدیثیں ہیں ایک بخاری شریف ہی کے بڑے بڑے تیس پارے ہیں اور ابو داؤد شریف کے بتیس ۳۲ پارے ہیں۔ اور کوئی کتاب بھی ایسی نہیں کہ اس مبارک ذکر سے خالی ہو۔ اس لیے احادیث کا احاطہ تو کون کر سکتا ہے۔ نہ اور عمل کے واسطے ایک آیت اور ایک حدیث بھی کافی ہے۔ اور جس کو عمل ہی نہیں کرنا اس کے لیے دفتر کے دفتر بھی بیکار ہیں۔

(۱) عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِيْ بِيْ وَاَنَا مَعَهٗ اِذَا ذَكَرَنِيْ فَاِنْ ذَكَرَنِيْ فِيْ نَفْسِهٖ ذَكَرْتُهٗ فِيْ نَفْسِيْ وَاِنْ ذَكَرَنِيْ فِيْ مَلَاٍ ذَكَرْتُهٗ فِيْ مَلَاٍ خَيْرٍ مِّنْهُمْ وَاِنْ تَقَرَّبَ اِلَيَّ ذِرَاعًا تَقَرَّبْتُ اِلَيْهِ بَاعًا وَاِنْ اَتَانِيْ يَمْشِيْ اَتَيْتُهٗ هَرْوَلَةً۔ رواہ احمد والبخاری ومسلم والترمذی والنسائی وابن ماجۃ

(۱) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ ارشاد فرماتے ہیں کہ میں بندہ کے ساتھ ویسا ہی معاملہ کرتا ہوں جیسا کہ وہ میرے ساتھ گمان رکھتا ہے اور جب وہ مجھے یاد کرتا ہے تو میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں پس اگر وہ مجھے اپنے دل میں یاد کرتا ہے تو میں بھی اس کو اپنے دل میں یاد کرتا ہوں اور اگر وہ میرا مجمع میں ذکر کرتا ہے تو میں اُس مجمع سے بہتر یعنی فرشتوں کے مجمع میں (جو معصوم اور بے گناہ ہیں) تذکرہ کرتا ہوں۔

والبیهقی فی الشعب واخرج احمد والبیهقی فی الاسماء والصفات عن انس بمعناہ بلفظ یَا ابْنَ اٰدَمَ اِذَا ذَکَرْتَنِیْ فِیْ نَفْسِكَ الحدیث وفی الباب عن معاذ بن انس عند الطبرانی باسناد حسن وعن ابن عباس عند البزار باسناد صحیح والبیهقی وغیرھما وعن ابی ھریرۃ عند ابن ماجۃ وابن حبان وغیرھا بلفظ انا مع عبدی اذا ذکرنی وتحرکت بی شفتاہ کما فی الدر المنثور والترغیب للمنذری والمشکوٰۃ مُخْتَصَرًا وفیہ بروایۃ مسلم عن ابی ذر بمعناہ وفی الاتحاف علقہ البخاری عن ابی ھریرۃ بصیغۃ الجزم ورواہ ابن حبان من حدیث ابی الدرداء اھ

اور اگر بندہ میری طرف ایک بالشت متوجہ ہوتا ہے تو میں ایک ہاتھ اس کی طرف متوجہ ہوتا ہوں اور اگر وہ ایک ہاتھ بڑھتا ہے تو میں دو ہاتھ ادھر متوجہ ہوتا ہوں اور اگر وہ میری طرف چل کر آتا ہے تو میں اس کی طرف دوڑ کر چلتا ہوں۔

(ف) اس حدیث شریف میں کئی مضمون وارد ہیں۔ اوّل یہ کہ بندہ کے ساتھ اس کے گمان کے موافق معاملہ کرتا ہوں جس کا مطلب یہ ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ سے اس کے لطف وکرم کی امید رکھنا چاہیے اس کی رحمت سے ہرگز مایوس نہ ہونا چاہیے۔ یقیناً ہم لوگ گنہگار ہیں اور سراپا گناہ اور اپنی حرکتوں اور گناہوں کی سزا اور بدلہ کا یقین ہے لیکن اللہ کی رحمت سے مایوس بھی نہیں ہونا چاہیے۔ کیا بعید ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ محض اپنے لطف وکرم سے بالکل ہی معاف فرمادیں کہ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَكَ بِہٖ وَیَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ یَّشَآءُ کلام اللہ شریف میں وارد ہے۔

ترجمہ:- حق تعالیٰ شانہٗ شرک کے گناہ کو تو معاف نہیں فرمائیں گے اس کے علاوہ جس کو چاہیں گے سب کچھ معاف فرمائیں گے۔ لیکن ضروری نہیں کہ معاف فرما ہی دیں اسی وجہ سے علماء فرماتے ہیں ایمان امید وخوف کے درمیان ہے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ایک نوجوان صحابی رضؓ کے پاس تشریف لے گئے وہ نزع کی حالت میں تھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا کس حال میں ہو عرض کیا یا رسول اللہ اللہ کی رحمت کا امیدوار ہوں اور اپنے گناہوں سے ڈر رہا ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہ دونوں یعنی امید وخوف جس بندہ کے دل میں ایسی حالت میں ہوں تو اللہ جل شانہٗ جو امید ہے وہ عطا فرمادیتے ہیں اور جس کا خوف اُس سے امن عطا فرمادیتے ہیں[1]

ایک حدیث میں آیا ہے کہ مومن اپنے گناہ کو ایسا سمجھتا ہے کہ گویا ایک پہاڑ کے نیچے بیٹھا ہے اور وہ پہاڑ اس پر گرنے لگا اور فاجر شخص گناہ کو ایسا سمجھتا ہے گویا ایک مکھی بیٹھی تھی اڑا دی یعنی ذرا پروا نہیں

[1] جمع الفوائد

ہوتی مقصود یہ ہے کہ گناہ کا خوف اس کے مناسب ہونا چاہیے اور رحمت کی امید اس کے مناسب۔
حضرت معاذؓ طاعون میں شہید ہوئے انتقال کے قریب زمانہ میں بار بار غشی ہوتی تھی جب افاقہ ہوتا تو فرماتے یا اللہ تجھے معلوم ہے کہ مجھ کو تجھ سے محبت ہے تیری عزت کی قسم تجھے یہ بات معلوم ہے جب بالکل موت کا وقت قریب آگیا تو فرمایا کہ اے موت تیرا آنا مبارک ہے۔ کیا ہی مبارک مہمان آیا مگر فاقہ کی حالت میں یہ مہمان آیا ہے اس کے بعد فرمایا اے اللہ تجھے معلوم ہے کہ میں ہمیشہ تجھ سے ڈرتا رہا آج تیرا امیدوار ہوں یا اللہ مجھے زندگی کی محبت تھی مگر نہریں کھودنے اور باغ لگانے کے واسطے نہیں تھی۔ بلکہ گرمیوں کی شدت پیاس برداشت کرنے اور (دین کی خاطر) مشقتیں جھیلنے کے واسطے اور ذکر کے حلقوں میں علماء کے پاس جم کر بیٹھنے کے واسطے تھی [1] بعض علماء نے لکھا ہے کہ حدیث بالا میں گمان کے موافق معاملہ عام حالات کے اعتبار سے ہے خاص مغفرت کے متعلق نہیں دعا صحت وسعت امن وغیرہ سب چیزیں اس میں داخل ہیں مثلاً دعا کے ہی متعلق سمجھو، مطلب یہ ہے کہ اگر بندہ یہ یقین کرتا ہے کہ میری دعا قبول ہوتی ہے اور ضرور ہوگی تو اس کی دعا قبول ہوتی ہے اور اگر یہ گمان کرے کہ میری دعا قبول نہیں ہوتی تو ویسا ہی معاملہ کیا جاتا ہے۔ چنانچہ دوسری احادیث میں آیا ہے کہ بندہ کی دعا قبول ہوتی ہے جب تک یہ نہ کہنے لگے کہ میری تو دعا قبول نہیں ہوتی۔ اسی طرح صحت تونگری وغیرہ سب امور کا حال ہے۔ حدیث میں آیا ہے کہ جس شخص کو فاقہ کی نوبت آئے اگر اس کو لوگوں سے کہتا پھرے تو تونگری نصیب نہیں ہوتی۔ اللہ کی پاک بارگاہ میں عرض معروض کرے تو جلد یہ حالت دور ہو جائے لیکن یہ ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ شانہ کی ساتھ حسن ظن اور چیز ہے اور اللہ پر گھمنڈ دوسری چیز ہے کلام اللہ شریف میں مختلف عنوانات سے اس پر تنبیہ کی گئی ارشاد ہے۔ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ (اور نہ دھوکہ میں ڈالے تم کو دھوکہ باز) یعنی شیطان تم کو یہ نہ سمجھائے کہ گناہ کیے جاؤ اللہ غفور رحیم ہے۔ دوسری جگہ ارشاد ہے اَطَّلَعَ الْغَيْبَ اَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ۔ كَلَّا۔ (کیا وہ غیب پر مطلع ہوگیا یا اللہ تعالیٰ سے اس نے عہد کر لیا ہے ایسا ہرگز نہیں) دوسرا مضمون یہ ہے کہ جب بندہ مجھے یاد کرتا ہے تو میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں دوسری حدیث میں ہے کہ جب بندہ مجھے یاد کرتا ہے تو جب تک اس کے ہونٹ میری یاد میں حرکت کرتے رہتے ہیں میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں یعنی میری خاص توجہ اس پر رہتی ہے اور خصوصی رحمت کا نزول ہوتا رہتا ہے تیسرا مضمون یہ ہے کہ میں فرشتوں کے مجمع میں ذکر کرتا ہوں یعنی تفاخر کے طور پر اس کا ذکر فرمایا جاتا ہے۔ ایک تو اس وجہ سے کہ آدمی کی خلقت جس ترکیب سے ہوئی ہے اس کے موافق اس میں اطاعت اور معصیت دونوں کا مادہ رکھا ہے جیسا کہ حدیث نمبر ۸ کے ذیل میں آرہا ہے

[1] تہذیب اللغات

اس حالت میں طاعت کا کرنا یقیناً تفاخر کا سبب ہے۔ دوسرے اس وجہ سے کہ فرشتوں نے ابتداءِ خلقت کے وقت عرض کیا تھا۔ "آپ ایسی مخلوق کو پیدا فرماتے ہیں جو دنیا میں خونریزی اور فساد کرے گی، اور اسکی وجہ بھی وہی مادہ فریاد کا ان میں ہونا ہے بخلاف فرشتوں کے کہ ان میں یہ مادہ نہیں اسی لیے انہوں نے عرض کیا تھا کہ تیری تسبیح و تقدیس ہم کرتے ہی ہیں۔ تیسرے اس وجہ سے کہ انسان کی اطاعت اس کی عبادت فرشتوں کی عبادت سے اس وجہ سے بھی افضل ہے کہ انسان کی عبادت غیب کے ساتھ ہے اور فرشتوں کی عالم آخرت کے مشاہدہ کے ساتھ اسی کی طرف اللہ پاک کے اس کلام میں اشارہ ہے کہ اگر وہ جنت و دوزخ کو دیکھ لیتے تو کیا ہوتا۔ ان وجوہ سے حق تعالیٰ شانہٗ اپنے یاد کرنے والوں اور اپنی عبادت کرنے والوں کے کارنامے جتاتے ہیں۔ چوتھا مضمون حدیث میں یہ ہے کہ بندہ جس درجہ میں حق تعالیٰ شانہٗ کی طرف متوجہ ہوتا ہے اس سے زیادہ توجہ اور لطف اللہ جل شانہٗ کی طرف سے اس بندہ پر ہوتا ہے۔ یہی مطلب ہے قریب ہونے اور دوڑ کر چلنے کا کہ میرا لطف اور رہبری رحمت تیزی کے ساتھ اس کی طرف چلتی ہے۔ اب ہر شخص کو اپنا اختیار ہے کہ جس قدر رحمت و لطف الٰہی کو اپنی طرف متوجہ کرنا چاہتا ہے اتنی ہی اپنی توجہ اللہ تعالیٰ شانہٗ کی طرف بڑھائے۔ پانچویں بحث اس حدیث شریف میں یہ ہے کہ اس میں فرشتوں کی جماعت کو بہتر بتایا ہے ذکر کرنے والے شخص سے حالانکہ یہ مشہور امر ہے کہ انسان اشرف المخلوقات ہے اس کی ایک وجہ تو ترجمہ میں ظاہر کر دی گئی کہ ان کا بہتر ہونا ایک خاص حیثیت سے ہے کہ وہ معصوم ہیں اُن سے گناہ ہو ہی نہیں سکتا۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ یہ باعتبار اکثر افراد کے ہے کہ اکثر افراد فرشتوں کے اکثر آدمیوں بلکہ اکثر مومنوں سے افضل ہیں گو خاص مومن جیسے انبیاء علیہم السلام سارے ہی فرشتوں سے افضل ہیں اسکے علاوہ اور بھی وجوہ ہیں جن میں بحث طویل ہے۔

(۲) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ شَرَائِعَ الْاِسْلَامِ قَدْ كَثُرَتْ عَلَيَّ فَاَخْبِرْنِيْ بِشَيْءٍ اَتَشَبَّثُ بِهٖ قَالَ لَا يَزَالُ لِسَانُكَ رَطْبًا مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ. اخرجه ابن ابی شیبة واحمد والترمذی وحسنه وابن ماجة وابن حبان فی صحیحه والحاکم وصححه والبیهقی کذا فی الدر وفی المشکوٰة بروایة الترمذی وابن ماجة

(۲) ایک صحابیؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ احکام تو شریعت کے بہت سے ہیں ہی، مجھے ایک چیز کوئی ایسی بتا دیجیے جس کو میں اپنا دستور اور اپنا مشغلہ بنا لوں حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ کے ذکر سے تو، ہر وقت رطب اللسان رہے ایک اور حدیث میں ہے۔ حضرت معاذؓ فرماتے ہیں کہ جدائی کے وقت آخری گفتگو جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوئی وہ یہ تھی میں نے دریافت کیا کہ سب

وحکی عن الترمذی حسن غریب اھ قلت وصححہ الحاکم واقرہ علیہ الذھبی وفی الجامع الصغیر بروایۃ ابی نعیم فی الحلیۃ مختصراً بلفظ اَنْ تُفَارِقَ الدُّنْیَا وَلِسَانُكَ رَطْبٌ مِّنْ ذِکْرِ اللّٰہِ ورقم لہ بالضعف وبمعناہ عن مالك بن یخامر اَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ قَالَ لَھُمْ اِنَّ اٰخِرَ کَلَامٍ فَارَقْتُ عَلَیْہِ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ قُلْتُ اَیُّ الْاَعْمَالِ اَحَبُّ اِلَی اللّٰہِ قَالَ اَنْ تَمُوْتَ وَلِسَانُكَ رَطْبٌ مِّنْ ذِکْرِ اللّٰہِ اخرجہ ابن ابی الدنیا والبزار وابن حبان والطبرانی والبیھقی کذا فی الدر والحصن الحصین والترغیب للمنذری وذکرہ فی الجامع الصغیر مختصراً وعزاہ الی ابن حبان فی صحیحہ وابن السنی فی عمل الیوم واللیلۃ والطبرانی فی الکبیر والبیھقی فی الشعب وفی مجمع الزوائد رواہ الطبرانی باسانید۔

اعمال میں محبوب ترین عمل اللہ کے نزدیک کیا ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اس حال میں تیری موت آوے کہ اللہ کے ذکر میں رطب اللسان ہو۔

(ف) جدائی کے وقت کا مطلب یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ کو اہل یمن کی تبلیغ و تعلیم کے لیے یمن کا امیر بنا کر بھیجا تھا اس وقت رخصت کے وقت حضور نے کچھ وصیتیں بھی فرمائی تھیں اور انہوں نے بھی کچھ سوالات کیے تھے۔ شریعت کے احکام بہت سے ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ہر حکم کی بجا آوری تو ضروری ہے ہی لیکن ہر چیز میں کمال پیدا کرنا اور اس کو مستقل مشغلہ بنانا دشوار ہے اس لیے ان میں سے ایک چیز جو سب سے اہم ہو مجھے ایسی بتا دیجیے اس کو مضبوط پکڑ لوں اور ہر وقت ہر جگہ چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے کرتا رہوں۔ ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ چار چیزیں ایسی ہیں کہ جس شخص کو یہ مل جائے اس کو دین و دنیا کی بھلائی مل جائے ایک وہ زبان جو ذکر میں مشغول رہنے والی ہو۔ دوسرے وہ دل جو شکر میں مشغول رہتا ہو۔ تیسرے وہ بدن جو مشقت برداشت کرنے والا ہو چوتھے وہ بیوی جو اپنے نفس میں اور خاوند کے مال میں خیانت نہ کرے نفس میں خیانت یہ ہے کہ کسی قسم کی گندگی میں مبتلا ہو جائے۔ رطب اللسان کا مطلب اکثر علماء نے کثرت کا لکھا ہے اور یہ عام محاورہ ہے ہمارے عرف میں بھی جو شخص کسی کی تعریف یا تذکرہ کثرت سے کرتا ہے تو یہ بولا جاتا ہے کہ فلاں کی تعریف میں رطب اللسان ہے مگر بندہ ناچیز کے خیال میں ایک دوسرا مطلب بھی ہو سکتا ہے وہ یہ کہ جس سے عشق و محبت ہوتی ہے اس کے نام لینے سے منہ میں ایک لذت اور مزہ محسوس ہوا کرتا ہے جن کو باب عشق سے کچھ سابقہ پڑ چکا ہے وہ اس سے واقف ہیں اس بنا پر مطلب یہ ہے کہ اس لذت سے اللہ کا پاک نام لیا جائے کہ

مزہ آجائے۔ میں نے اپنے بعض بزرگوں کو بکثرت دیکھا ہے کہ ذکر بالجہر کرتے ہوئے ایسی طراوٹ آجاتی ہے کہ پاس بیٹھنے والا بھی اس کو محسوس کرتا ہے اور ایسا منہ میں پانی بھر جاتا ہے کہ ہر شخص اسکو محسوس کرتا ہے مگر یہ جب حاصل ہوتا ہے کہ جب دل میں چسک ہوا ور زبان کثرتِ ذکر کے ساتھ مانوس ہو چکی ہو ایک حدیث میں آیا ہے کہ اللہ سے محبت کی علامت اس کے ذکر سے محبت ہے اور اللہ سے بغض کی علامت اس کے ذکر سے بغض ہے۔

حضرت ابو درداءؓ فرماتے ہیں کہ جن لوگوں کی زبان اللہ کے ذکر سے تروتازہ رہتی ہے وہ جنت میں ہنستے ہوئے داخل ہوں گے۔

(۳) عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلَا اُنَبِّئُکُمْ بِخَیْرِ اَعْمَالِکُمْ وَاَزْکَاھَا عِنْدَ مَلِیْکِکُمْ وَاَرْفَعِھَا فِیْ دَرَجَاتِکُمْ وَخَیْرٍ لَّکُمْ مِّنْ اِنْفَاقِ الذَّھَبِ وَالْوَرِقِ وَخَیْرٍ لَّکُمْ مِّنْ اَنْ تَلْقَوْا عَدُوَّکُمْ فَتَضْرِبُوْا اَعْنَاقَھُمْ وَیَضْرِبُوْا اَعْنَاقَکُمْ قَالُوْا بَلٰی قَالَ ذِکْرُ اللّٰہِ اخرجہ احمد والترمذی وابن ماجۃ وابن ابی الدنیا والحاکم وصححہ والبیہقی کذا فی الدر والحصن الحصین قلت قال الحاکم صحیح الاسناد ولم یخرجاہ واقرہ علیہ الذہبی ورقم لہ فی الجامع الصغیر بالصحۃ واخرجہ احمد عن معاذ بن جبلؓ کذا فی الدر وفیہ ایضا بروایۃ احمد والترمذی والبیہقی عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیُّ الْعِبَادِ اَفْضَلُ دَرَجَۃً عِنْدَ اللّٰہِ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ قَالَ الذّٰکِرُوْنَ اللّٰہَ کَثِیْرًا قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَمِنَ الْغَازِیْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ

(۳) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ صحابہؓ سے ارشاد فرمایا کیا میں تم کو ایسی چیز نہ بتاؤں جو تمام اعمال میں بہترین چیز ہے اور تمہارے مالک کے نزدیک سب سے زیادہ پاکیزہ اور تمہارے درجوں کو بہت زیادہ بلند کرنے والی اور سونے چاندی کو (اللہ کے راستہ میں) خرچ کرنے سے بھی زیادہ بہتر اور (جہاد میں) تم دشمنوں کو قتل کرو وہ تم کو قتل کریں اس سے بھی بڑھی ہوئی۔ صحابہؓ نے عرض کیا ضرور بتا دیں آپ نے ارشاد فرمایا اللہ کا ذکر ہے

ف:۔ یہ عام حالت اور ہر وقت کے اعتبار سے ارشاد فرمایا ہے ورنہ وقتی ضرورت کے اعتبار سے صدقہ جہاد وغیرہ امور سب افضل ہو جاتے ہیں اسی وجہ سے بعض احادیث میں ان چیزوں کی افضلیت بھی بیان فرمائی گئی ہے کہ ان کی ضرورتیں وقتی ہیں اور اللہ پاک کا ذکر دائمی چیز ہے اور سب سے زیادہ اہم اور افضل ایک حدیث میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ ہر چیز کے لیے کوئی صاف کرنے والی اور میل کچیل دور کرنے والی

قَالَ وَلَوْ ضَرَبَ بِسَيْفِهٖ فِي الْكُفَّارِ وَالْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يَنْكَسِرَ وَيَخْتَضِبَ دَمًا لَكَانَ الذَّاكِرُوْنَ اللّٰهَ اَفْضَلُ مِنْهُ دَرَجَةً۔

چیز ہوتی ہے (مثلاً کپڑے اور بدن کے لیے صابون لوہے کے لیے آگ کی بھٹی وغیرہ وغیرہ) دلوں کی صفائی کرنے والی چیز اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے اور کوئی چیز اللہ کے عذاب سے بچانے والی اللہ کے ذکر سے بڑھ کر نہیں ہے اس حدیث میں چونکہ ذکر کو دل کی صفائی کا ذریعہ اور سبب بتایا ہے اس سے بھی اللہ کے ذکر کا سب سے افضل ہونا ثابت ہوتا ہے اس لیے کہ ہر عبادت اُسی وقت عبادت ہو سکتی ہے جب اخلاص سے ہو اور اس کا مدار دلوں کی صفائی پر ہے اسی وجہ سے بعض صوفیہ نے کہا ہے کہ اس حدیث میں ذکر سے مراد ذکر قلبی ہے نہ کہ زبانی ذکر اور ذکرِ قلبی یہ ہے کہ دل ہر وقت اللہ کے ساتھ وابستہ ہو جائے اور اس میں کیا شک ہے کہ یہ حالت ساری عبادتوں سے افضل ہے اس لیے کہ جب یہ حالت ہو جائے تو پھر کوئی عبادت چھوٹ ہی نہیں سکتی کہ سارے اعضاء ظاہرہ و باطنہ دل کے تابع ہیں جس چیز کے ساتھ دل وابستہ ہو جاتا ہے سارے ہی اعضاء اس کی ساتھ ہو جاتے ہیں عشاق کے حالات سے کون بے خبر ہے اور بھی بہت سی احادیث میں ذکر کا سب سے افضل ہونا وارد ہوا ہے حضرت سلمان رضؓ سے کسی نے پوچھا کہ سب سے بڑا عمل کیا ہے انہوں نے فرمایا کہ تم نے قرآن شریف نہیں پڑھا۔ قرآن پاک میں ہے وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ کوئی چیز اللہ کے ذکر سے افضل نہیں حضرت سلمان رضؓ نے جس آیت شریفہ کی طرف اشارہ فرمایا وہ اکیسویں[۲۱] پارہ کی پہلی آیت ہے۔ صاحب مجالس الابرار کہتے ہیں کہ اس حدیث میں اللہ کے ذکر کو صدقہ اور جہاد اور ساری عبادات سے افضل اس لیے فرمایا کہ اصل مقصود اللہ کا ذکر ہے اور ساری عبادتیں اُس کا ذریعہ اور آلہ ہیں اور ذکر بھی دو قسم کا ہوتا ہے ایک زبانی اور ایک قلبی جو زبانی سے بھی افضل ہے اور وہ مراقبہ اور دل کی سوچ ہے اور یہی مراد ہے اُس حدیث سے جس میں آیا ہے کہ ایک گھڑی کا سوچنا ستر برس کی عبادت سے افضل ہے۔ مسند احمد میں ہے حضرت سہل رضؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ اللہ کا ذکر اللہ کے راستہ میں خرچ کرنے سے سات لاکھ حصہ زیادہ ہو جاتا ہے۔ اس تقریر سے یہ معلوم ہو گیا کہ صدقہ اور جہاد وغیرہ جو وقتی چیزیں ہیں وقتی ضرورت کے اعتبار سے اُن کی فضیلت بہت زیادہ ہو جاتی ہے لہٰذا ان احادیث میں کوئی اشکال نہیں جن میں ان چیزوں کی بہت زیادہ فضیلت وارد ہوئی ہے چنانچہ ارشاد ہے کہ تھوڑی دیر کا اللہ کے راستہ میں کھڑا ہونا اپنے گھر پر ستر سال کی نماز سے افضل ہے حالانکہ نماز بالاتفاق افضل ترین عبادت ہے لیکن کفار کے ہجوم کے وقت جہاد اُس سے بہت زیادہ افضل ہو جاتا ہے۔

(۴) عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَیَذْکُرَنَّ اللّٰہَ اَقْوَامٌ فِی الدُّنْیَا عَلَی الْفُرُشِ الْمُمَهَّدَۃِ یُدْخِلُهُمُ اللّٰہُ فِی الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی اخرجه ابن حبان کذا فی الدر قلت ویؤیده الحدیث المتقدم قریبا بلفظ ارفعها فی درجٰتکم وَاَیْضًا قَوْلُهٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَبَقَ الْمُفَرِّدُوْنَ قَالُوْا وَمَا الْمُفَرِّدُوْنَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ الذَّاکِرُوْنَ اللّٰہَ کَثِیْرًا وَّالذَّاکِرَاتُ .... رواه مسلم کذا فی الحصن وفی روایة قَالَ الْمُسْتَهْتَرُوْنَ فِیْ ذِکْرِ اللّٰہِ یَضَعُ الذِّکْرُ عَنْهُمْ اَثْقَالَهُمْ فَیَاْتُوْنَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ خِفَافًا رواه الترمذی والحاکم مختصرًا وقال صحیح علی شرط الشیخین وفی الجامع رواه الطبرانی عن ابی الدرداء ایضا

(۴) حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ بہت سے لوگ ایسے ہیں کہ دنیا میں نرم نرم بستروں پر اللہ تعالیٰ شانہ کا ذکر کرتے ہیں جس کی وجہ سے حق تعالیٰ شانہٗ جنّت کے اعلیٰ درجوں میں اُن کو پہنچا دیتا ہے۔

(ف) یعنی دنیا میں مشقتیں جھیلنا صعوبتیں برداشت کرنا آخرت کے رفع درجات کا سبب ہے اور جتنی بھی دینی امور میں یہاں مشقت اٹھائی جائے گی اتنا ہی بلند مرتبوں کا استحقاق ہو گا لیکن اللہ پاک کے مبارک ذکر کی یہ برکت ہے کہ راحت و آرام سے نرم بستروں پر بیٹھ کر بھی کیا جائے تب بھی رفع درجات کا سبب ہوتا ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اگر تم ہر وقت ذکر میں مشغول رہو تو فرشتے تمہارے بستروں پر اور تمہارے راستوں میں تم سے مصافحہ کرنے لگیں۔ ایک حدیث میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد وارد ہوا ہے کہ مفرد لوگ بہت آگے بڑھ گئے صحابہؓ نے عرض کیا کہ مفرد کون ہیں؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو اللہ کے ذکر میں والہانہ طریقہ پر مشغول ہیں۔ اس حدیث کی بنا پر صوفیہ نے لکھا ہے کہ سلاطین اور امراء کو اللہ کے ذکر سے نہ روکنا چاہیے کہ وہ اس کی وجہ سے درجاتِ اعلیٰ حاصل کر سکتے ہیں۔ حضرت ابو درداءؓ فرماتے ہیں کہ تو اللہ کے ذکر کو اپنی مسرتوں اور خوشیوں کے اوقات میں کر وہ تجھ کو مشقتوں اور تکلیفوں کے وقت کام دے گا۔ حضرت سلمان فارسیؓ فرماتے ہیں کہ جب بندہ راحت کے خوشی کے ثروت کے اوقات میں اللہ کا ذکر کرتا ہے پھر اُس کو کوئی مشقت اور تکلیف پہنچے تو فرشتے کہتے ہیں کہ مانوس آواز ہے جو ضعیف بندہ کی ہے پھر اللہ کے یہاں اس کی سفارش کرتے ہیں اور جو شخص راحت کے اوقات میں اللہ کو یاد نہ کرے پھر کوئی تکلیف اُس کو پہنچے اور اُس وقت یاد کرے تو فرشتے کہتے ہیں کیسی غیر مانوس آواز ہے حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ جنت کے آٹھ دروازے ہیں ایک ان میں صرف ذاکرین کے لیے

ہے ایک حدیث میں ہے کہ جو شخص اللہ کا ذکر کثرت سے کرے وہ نفاق سے بَری ہے۔ دوسری حدیث میں ہے کہ اللہ جل شانہٗ اُس سے محبت فرماتے ہیں۔ ایک سفر سے واپسی ہو رہی تھی ایک جگہ پہنچ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آگے بڑھنے والے کہاں ہیں صحابہؓ نے عرض کیا کہ بعض تیز رو آگے چلے گئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ آگے بڑھنے والے کہاں ہیں جو اللہ کے ذکر میں والہانہ مشغول ہیں جو شخص یہ چاہے کہ جنت سے خوب سیراب ہو وہ اللہ کا ذکر کثرت سے کرے۔

(۵) عَنْ اَبِیْ مُوْسٰیؓ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الَّذِیْ یَذْکُرُ رَبَّہٗ وَالَّذِیْ لَا یَذْکُرُ رَبَّہٗ مَثَلُ الْحَیِّ وَالْمَیِّتِ

اخرجہ البخاری ومسلم والبیھقی کذا فی الدر والمشکوٰۃ۔

(۵) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص اللہ کا ذکر کرتا ہے اور جو نہیں کرتا ان دونوں کی مثال زندہ اور مُردے کی سی ہے کہ ذکر کرنے والا زندہ ہے اور ذکر نہ کرنے والا مُردہ ہے۔

ف: زندگی ہر شخص کو محبوب ہے اور مرنے سے ہر شخص ہی گھبراتا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو اللہ کا ذکر نہیں کرتا وہ زندہ بھی مُردے ہی کے حکم میں ہے اُس کی زندگی بھی بے کار ہے۔ ؎

زندگانی نتواں گفت حیاتیکہ مراست ۔۔۔ زندہ آنست کہ با دوست وصالے دارد

کہتے ہیں کہ وہ زندگی ہی نہیں ہے جو میری ہے۔ زندہ وہ ہے جس کو دوست کا وصال حاصل ہو۔

بعض علماء نے فرمایا ہے یہ دِل کی حالت کا بیان ہے کہ جو شخص اللہ کا ذکر کرتا ہے اس کا دل زندہ رہتا ہے اور جو ذکر نہیں کرتا اس کا دل مَر جاتا ہے۔ اور بعض علماء نے فرمایا ہے کہ تشبیہ نفع اور نقصان کے اعتبار سے ہے کہ اللہ کے ذکر کرنے والے شخص کو جو ستائے وہ ایسا ہے جیسا کسی زندہ کو ستائے کہ اس سے انتقام لیا جائے گا اور وہ اپنے کیے کو بھگتے گا اور غیر ذاکر کو ستانے والا ایسا ہے جیسا مُردہ کو ستانے والا کہ وہ خود انتقام نہیں لے سکتا۔ صوفیہ کہتے ہیں کہ اس سے ہمیشہ کی زندگی مراد ہے کہ اللہ کا ذکر کثرت سے اخلاص کے ساتھ کرنے والے مرتے ہی نہیں بلکہ وہ اس دنیا سے منتقل ہو جانے کے بعد بھی زندوں ہی کے حکم میں رہتے ہیں جیسا کہ قرآن پاک میں شہید کے متعلق وارد ہوا ہے۔ بَلْ اَحْیَآءٌ عِنْدَ رَبِّھِمْ اسی طرح ان کے لیے بھی ایک خاص قسم کی زندگی ہے۔

حکیم ترمذیؒ کہتے ہیں کہ اللہ کا ذکر دل کو تر کرتا ہے اور نرمی پیدا کرتا ہے اور جب دل اللہ کے ذکر سے خالی ہوتا ہے تو نفس کی گرمی اور شہوت کی آگ سے خشک ہو کر سخت ہو جاتا ہے اور سارے اعضاء سخت ہو جاتے ہیں۔ طاعت سے رُک جاتے ہیں اگر ان اعضاء کو کھینچو تو ٹوٹ جائیں گے جیسے کہ

خشک لکڑی کہ جھکانے سے نہیں جھکتی صرف کاٹ کر جلا دینے کے کام کی رہ جاتی ہے۔

(۶) عَنْ اَبِیْ مُوْسٰیؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَوْ اَنَّ رَجُلًا فِیْ حِجْرِہٖ دَرَاہِمُ یَقْسِمُھَا وَ اٰخَرُ یَذْکُرُ اللّٰہَ لَکَانَ الذَّاکِرُ لِلّٰہِ اَفْضَلُ۔ اخرجہ الطبرانی کذا فی الدر وفی مجمع الزوائد رواہ الطبرانی فی الاوسط ورجالہ وثقوا۔

(۶) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اگر ایک شخص کے پاس بہت سے روپے ہوں اور وہ ان کو تقسیم کر رہا ہو اور دوسرا شخص اللہ کے ذکر میں مشغول ہو تو ذکر کرنے والا افضل ہے۔

ف: یعنی اللہ کے راستہ میں خرچ کرنا کتنی ہی بڑی چیز کیوں نہ ہو لیکن اللہ کی یاد اس کے مقابلہ میں بھی افضل ہے پھر کس قدر خوش نصیب ہیں وہ مالدار اللہ کے راستہ میں خرچ کرنے والے جن کو اللہ کے ذکر کی بھی توفیق نصیب ہو جائے۔ ایک حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ شانہ، کی طرف سے بھی روزانہ بندوں پر صدقہ ہوتا رہتا ہے اور ہر شخص کو اس کی حیثیت کے موافق کچھ نہ کچھ عطا ہوتا رہتا ہے لیکن کوئی عطاء اس سے بڑھ کر نہیں کہ اس کو اللہ کے ذکر کی توفیق ہو جائے جو لوگ کاروبار میں مشغول رہتے ہیں تجارت، زراعت، ملازمت میں گھرے رہتے ہیں اگر تھوڑا بہت وقت اللہ کی یاد کے لیے اپنے اوقات میں سے نکال لیں تو کیسی مفت کی کمائی ہے دن رات کے چوبیس[۲۴] گھنٹوں میں سے دو چار گھنٹے اس کام کے لیے نکال لینا کون سی مشکل بات ہے آخر فضولیات لغویات میں بہت سا وقت خرچ ہوتا ہے اس کار آمد چیز کے واسطے وقت نکالنا کیا دشوار ہے ایک حدیث میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اللہ کے بہترین بندے وہ ہیں جو اللہ کے ذکر کے واسطے چاند سورج ستارے اور سایہ کی تحقیق رکھتے ہیں یعنی اوقات کی تحقیق کا اہتمام کرتے ہیں اگرچہ اس زمانہ میں گھڑی گھنٹوں کی کثرت نے اس سے بے نیاز کر دیا پھر بھی فی الجملہ واقفیت ان چیزوں کی مناسب ہے کہ گھڑی کے خراب اور غلط ہو جانے کی صورت میں اوقات ضائع نہ ہو جائیں ایک حدیث میں آیا ہے کہ زمین کے جس حصہ پر اللہ کا ذکر کیا جائے وہ حصہ نیچے ساتوں زمینوں تک دوسرے حصوں پر فخر کرتا ہے۔

(۷) عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَیْسَ یَتَحَسَّرُ اَھْلُ الْجَنَّۃِ اِلَّا عَلٰی سَاعَۃٍ مَرَّتْ بِھِمْ لَمْ یَذْکُرُوا اللّٰہَ تَعَالٰی فِیْھَا اخرجہ

(۷) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جنت میں جانے کے بعد اہل جنت کو دنیا کی کسی چیز کا بھی قلق و افسوس نہیں ہوگا بجز اس گھڑی کے جو دنیا میں اللہ کے ذکر بغیر گذر گئی ہو۔

الطبرانی والبیھقی کذا فی الدر وفی الجامع رواہ الطبرانی فی الکبیر والبیھقی فی الشعب ورقم بالحسن وفی مجمع الزوائد رواہ الطبرانی ورجالہ ثقات وفی شیخ الطبرانی خلاف واخرج ابن ابی الدنیا والبیھقی عن عائشۃ بمعناہ مرفوعاً کذا فی الدر وفی الترغیب بمعناہ عن ابی ھریرۃ مرفوعاً وقال رواہ احمد باسناد صحیح وابن حبان والحاکم وقال صحیح علی شرط البخاری۔

ف: جنّت میں جانے کے بعد جب یہ منظر سامنے ہوگا کہ ایک دفعہ اس پاک نام کو لینے کا اجر و ثواب کتنا زیادہ مقدار میں ہے کہ پہاڑوں کی برابر مل رہا ہے تو اُس وقت اس اپنی کمائی کے نقصان پر جس قدر بھی افسوس ہوگا ظاہر ہے۔ ایسے خوش نصیب بندے بھی ہیں جن کو دنیا ہی بغیر ذکر اللہ کے اچھی نہیں معلوم ہوتی۔ حافظ ابن حجرؒ نے منبہات میں لکھا ہے کہ یحییٰ بن معاذ رازیؒ اپنی مناجات میں کہا کرتے تھے۔ اِلٰھِیْ لَا یَطِیْبُ اللَّیْلُ اِلَّا بِمُنَاجَاتِكَ وَلَا یَطِیْبُ النَّهَارُ اِلَّا بِطَاعَتِكَ وَلَا تَطِیْبُ الدُّنْیَا اِلَّا بِذِکْرِكَ وَلَا تَطِیْبُ الْاٰخِرَۃُ اِلَّا بِعَفْوِكَ وَلَا تَطِیْبُ الْجَنَّۃُ اِلَّا بِرُؤْیَتِكَ۔ یا اللہ رات اچھی نہیں لگتی مگر تجھ سے راز و نیاز کے ساتھ اور دن اچھا معلوم نہیں ہوتا مگر تیری عبادت کے ساتھ اور دنیا اچھی نہیں معلوم ہوتی مگر تیرے ذکر کی ساتھ اور آخرت بھلی نہیں مگر تیری معافی کے ساتھ اور جنت میں لطف نہیں مگر تیرے دیدار کے ساتھ۔

حضرت سریؒ فرماتے ہیں کہ میں نے جرجانیؒ کو دیکھا کہ ستو پھانک رہے ہیں میں نے پوچھا کہ یہ خشک ہی پھانک رہے ہو کہنے لگے کہ میں نے روٹی چبانے اور پھانکنے کا جب حساب لگایا تو چبانے میں اتنا وقت زیادہ خرچ ہوتا ہے کہ اُس میں آدمی ستر مرتبہ سبحان اللہ کہہ سکتا ہے اس لیے میں نے چالیس برس سے روٹی کھانا چھوڑ دی ستو پھانک کر گذر کر لیتا ہوں۔

منصورؒ بن معتمر کے متعلق لکھا ہے کہ چالیس برس تک عشاء کے بعد کسی سے بات نہیں کی، ربیع بن خثیم کے متعلق لکھا ہے کہ بیس برس تک جو بات کرتے اُس کو ایک پرچہ پر لکھ لیتے اور رات کو اپنے دل سے حساب کرتے کہ کتنی بات اس میں ضروری تھی اور کتنی غیر ضروری۔

(۸) عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ وَاَبِیْ سَعِیْدٍؓ اَنَّھُمَا شَھِدَا عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ قَالَ لَا یَقْعُدُ قَوْمٌ یَّذْکُرُوْنَ اللّٰہَ اِلَّا حَفَّتْھُمُ الْمَلٰٓئِکَۃُ وَغَشِیَتْھُمُ الرَّحْمَۃُ

(۸) حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت ابو سعیدؓ دونوں حضرات اس کی گواہی دیتے ہیں کہ ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ارشاد فرماتے تھے کہ جو جماعت اللہ کے ذکر میں مشغول ہو فرشتے اُس جماعت کو

وَنَزَلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِيْنَةُ وَذَكَرَهُمُ اللّٰهُ فِيْمَنْ عِنْدَهٗ۔ اخرجه ابن ابی شيبة واحمد ومسلم والترمذی وابن ماجة والبيهقی كذا فی الدر والحصن والمشكوٰة
وفی حديث طويل لابی ذرؓ اُوْصِيْكَ بِتَقْوَى اللّٰهِ فَاِنَّهٗ رَأْسُ الْاَمْرِ كُلِّهٖ وَعَلَيْكَ بِتِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ وَذِكْرِ اللّٰهِ فَاِنَّهٗ ذِكْرٌ لَّكَ فِی السَّمَاءِ وَنُوْرٌ لَّكَ فِی الْاَرْضِ الحديث ذكره فی الجامع الصغير برواية الطبرانی وعبد بن حميد فی تفسيره ورقم له بالحسن۔

سب طرف سے گھیر لیتے ہیں اور رحمت اُن کو ڈھانک لیتی ہے اور سکینہ اُن پر نازل ہوتی ہے اور اللہ جلّ شانہٗ اُن کا تذکرہ اپنی مجلس میں (تفاخر کے طور پر) فرماتے ہیں حضرت ابو ذرؓ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ میں تجھے اللہ کے تقویٰ کی وصیت کرتا ہوں کہ تمام چیزوں کی جڑ ہے اور قرآن شریف کی تلاوت اور اللہ کے ذکر کا اہتمام کر کہ اس سے آسمانوں میں تیرا ذکر ہوگا۔ اور زمین میں نور کا سبب بنے گا۔ اکثر اوقات چپ رہا کر کہ بھلائی بغیر کوئی کلام نہ ہو۔ یہ بات شیطان کو دور کرتی ہے اور دین کے کاموں میں مددگار ہوتی ہے زیادہ ہنسی سے بھی بچتا رہ کہ اس سے دل مرجاتا ہے۔ اور چہرہ کا نور جاتا رہتا ہے۔ جہاد کرتے رہنا کہ میری اُمت کی فقیری یہی ہے مسکینوں سے محبت رکھنا انکے پاس اکثر بیٹھتے رہنا اور اپنے سے کم حیثیت لوگوں پر نگاہ رکھنا اور اپنے سے اونچے لوگوں پر نگاہ نہ کرنا کہ اس سے اللہ کی ان نعمتوں کی ناقدری پیدا ہوتی ہے جو اللہ نے تجھے عطا فرمائی ہیں قرابت والوں سے تعلقات جوڑنے کی فکر رکھنا وہ اگرچہ تجھ سے تعلقات توڑدیں حق بات کہنے میں تردد نہ کرنا گو کسی کو کڑوی لگے۔ اللہ کے معاملہ میں کسی کی ملامت کی پرواہ نہ کرنا تجھے اپنی عیب بینی دوسروں کے عیوب پر نظر نہ کرنے دے اور جس عیب میں خود مبتلا ہو اس میں دوسرے پر غصہ نہ کرنا اے ابو ذر حسنِ تدبیر سے بڑھ کر کوئی عقلمندی نہیں اور ناجائز امور سے بچنا بہترین پرہیزگاری ہے اور خوش خلقی کی برابر کوئی شرافت نہیں۔

ف: سکینہ کے معنے سکون و وقار کے ہیں یا کسی مخصوص رحمت کے جس کی تفسیر میں مختلف اقوال ہیں جن کو مختصر طور پر میں اپنے رسالہ چہل حدیث جدید در فضائل قرآن میں لکھ چکا ہوں امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ یہ کوئی ایسی مخصوص چیز ہے جو طمانینت رحمت وغیرہ سب کو شامل ہے اور ملائکہ کے ساتھ اترتی ہے

حق تعالیٰ شانہٗ کا ان چیزوں کو فرشتوں کے سامنے تفاخر کے طور پر فرمانا ایک تو اس وجہ سے ہے کہ فرشتوں نے حضرت آدم علیہ السّلام کی پیدائش کے وقت عرض کیا تھا کہ یہ لوگ دنیا میں فساد کریں گے جیسا کہ پہلی حدیث کے ذیل میں گذر چکا ہے۔ دوسرے اس وجہ سے ہے کہ فرشتوں کی جماعت اگرچہ سراپا عبادت سراپا بندگی واطاعت ہے لیکن ان میں معصیت کا مادہ بھی نہیں ہے

اور انسان میں چونکہ دونوں مادے موجود ہیں اور غفلت اور نافرمانی کے اسباب اس کو گھیرے ہوئے ہیں شہوتیں لذتیں اس کا جز ہیں اس لیے اس سے ان سب کے مقابلہ میں جو عبادت جو اطاعت ہو اور جو معصیت کا مقابلہ ہو وہ زیادہ قابل مدح اور قابل قدر ہے۔

حدیث میں آتا ہے کہ جب حق تعالیٰ شانہٗ نے جنت کو بنایا تو حضرت جبرئیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ارشاد ہوا کہ اسکو دیکھ کر آؤ انہوں نے آکر عرض کیا یا اللہ آپ کی عزت کی قسم جو شخص بھی اسکی خبر سن لے گا اسمیں جائے بغیر نہیں رہے گا یعنی لذتیں اور راحتیں، فرحتیں، نعمتیں جس قدر اس میں رکھی گئی ہیں ان کے سننے اور یقین آجانے کے بعد کون ہوگا جو اس میں جانے کی انتہائی کوشش نہ کرے گا اس کے بعد حق تعالیٰ شانہٗ نے اس کو مشقتوں سے ڈھانک دیا کہ نمازیں پڑھنا روزے رکھنا جہاد کرنا حج کرنا وغیرہ وغیرہ اس پر سوار کر دیئے گئے کہ ان کو بجا لاؤ تو جنت میں جاؤ اور پھر حضرت جبرئیل علیہ السلام کو ارشاد ہوا کہ اب دیکھو انہوں نے عرض کیا کہ اب تو یا اللہ مجھے یہ اندیشہ ہے کہ کوئی اس میں جا ہی نہ سکے گا اسی طرح جب جہنم کو بنایا تو حضرت جبرئیل علیہ السلام کو اسکے دیکھنے کا حکم ہوا وہاں کے عذاب وہاں کے مصائب گندگیاں اور تکلیفیں دیکھ کر انہوں نے عرض کیا کہ یا اللہ آپکی عزت کی قسم جو شخص اس کے حالات سن لے گا کبھی بھی اس کے پاس نہ جائے گا حق سبحانہ وتقدس نے دنیا کی لذتوں سے اس کو ڈھانک دیا کہ زنا کرنا، شراب پینا، ظلم کرنا احکام پر عمل نہ کرنا وغیرہ وغیرہ کا پردہ اس پر ڈال دیا گیا۔ پھر ارشاد ہوا کہ اب دیکھو انھوں نے عرض کیا کہ یا اللہ اب تو مجھے اندیشہ ہو گیا کہ شاید ہی کوئی اس سے بچے اسی وجہ سے جب کوئی بندہ اللہ کی اطاعت کرتا ہے، گناہ سے بچتا ہے تو اس ماحول کے اعتبار سے جس میں وہ ہے قابلِ قدر ہوتا ہے اسی وجہ سے حق تعالیٰ شانہٗ اظہار مسرت فرماتے ہیں۔ جن فرشتوں کا اس حدیث پاک میں اور اس قسم کی بہت سی حدیثوں میں ذکر آیا ہے وہ فرشتوں کی ایک خاص جماعت ہے جو اسی کام پر متعین ہے کہ جہاں اللہ کے ذکر کی مجالس ہوں، اللہ کا ذکر کیا جا رہا ہوں وہاں جمع ہوں اور اس کو سنیں چنانچہ ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ فرشتوں کی ایک جماعت متفرق طور پر پھرتی رہتی ہے اور جس جگہ اللہ کا ذکر سنتی ہے اپنے ساتھیوں کو آواز دیتی ہے کہ آجاؤ اس جگہ تمہارا مقصود اور غرض موجود ہے اور پھر ایک دوسرے پر جمع ہوتے رہتے ہیں حتیٰ کہ آسمان تک ان کا حلقہ پہنچ جاتا ہے جیسا کہ تیسرے باب کی دوسری فصل کے نمبر (۱۴) پر آرہا ہے۔

(۹) عَنْ مُعٰوِيَةَ رَضِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ عَلٰى حَلْقَةٍ مِّنْ اَصْحَابِهٖ فَقَالَ مَا اَجْلَسَكُمْ قَالُوْا اَجْلَسْنَا نَذْكُرُ اللّٰهَ وَنَحْمَدُهٗ

(۹) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ایک مرتبہ صحابہؓ کی ایک جماعت کے پاس تشریف لے گئے اور دریافت فرمایا کہ کس بات نے تم لوگوں کو یہاں بٹھایا ہے عرض

عَلٰی مَا هَدَانَا لِلْاِسْلَامِ وَمَنَّ بِهٖ عَلَیْنَا قَالَ اٰللّٰهُ مَا اَجْلَسَکُمْ اِلَّا ذٰلِکَ قَالُوْا اٰللّٰهُ مَا اَجْلَسَنَا اِلَّا ذٰلِکَ قَالَ اَمَا اِنِّیْ لَمْ اَسْتَحْلِفْکُمْ تُهْمَةً لَکُمْ وَلٰکِنْ اَتَانِیْ جِبْرِیْلُ فَاَخْبَرَنِیْ اَنَّ اللّٰهَ یُبَاهِیْ بِکُمُ الْمَلٰٓئِکَةَ اخرجه ابن ابی شیبة واحمد ومسلم والترمذی والنسائی کذا فی الدر والمشکوٰة۔

گیا کر اللہ جل شانہٗ کا ذکر کر رہے ہیں اور اس بات پر اسکی حمد و ثنا کر رہے ہیں کہ اُس نے ہم لوگوں کو اسلام کی دولت سے نوازا یہ اللہ کا بڑا ہی احسان ہم پر ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا خدا کی قسم صرف اسی وجہ سے بیٹھے ہو صحابہؓ نے عرض کیا خدا کی قسم صرف اسی وجہ سے بیٹھے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کسی بدگمانی کی وجہ سے میں نے تم لوگوں کو قسم نہیں دی بلکہ جبرئیل علیہ السلام میرے پاس ابھی آئے تھے اور یہ خبر سنا گئے کہ اللہ جل شانہٗ تم لوگوں کی وجہ سے ملائکہ پر فخر فرما رہے ہیں۔ (ف) یعنی میں نے جو قسم لے کر پوچھا اس سے مقصود اہتمام اور تاکید تھی کہ ممکن ہے کوئی اور خاص بات بھی اس کے علاوہ ہو اور وہ بات اللہ جل شانہٗ کے فخر کا سبب ہو اب معلوم ہوگیا کہ صرف یہ تذکرہ ہی سبب فخر ہے۔ کس قدر خوش قسمت تھے وہ لوگ جن کی عبادتیں مقبول تھیں اور ان کی حمد و ثنا پر حق تعالیٰ شانہٗ کے فخر کی خوشخبری اُنکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے دنیا ہی میں معلوم ہوجاتی تھی اور کیوں نہ ہوتا کہ ان حضرات کے کارنامے اسی کے مستحق تھے ان کے کارناموں کا مختصر تذکرہ میں اپنے رسالہ "حکایاتِ صحابہؓ[عہ]" میں نمونہ کے طور پر لکھ چکا ہوں۔

ملّا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ فخر کرنے کا مطلب یہ ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ فرشتوں سے فرماتے ہیں کہ دیکھو یہ لوگ باوجودیکہ نفس انکی ساتھ ہے شیطان ان پر مسلط ہے شہوتیں ان میں موجود ہیں دنیا کی ضرورتیں انکے پیچھے لگی ہوئی ہیں ان سب کے باوجود ان سب کے مقابلہ میں اللہ کے ذکر میں مشغول ہیں اور اتنی کثرت سے ہٹانے والی چیزوں کے باوجود میرے ذکر سے نہیں ہٹتے۔ تمہارا ذکر و تسبیح اس لحاظ سے کہ تمہارے لیے کوئی مانع بھی ان میں سے نہیں ہے ان کے مقابلہ میں کوئی چیز نہیں ہے۔

(۱۰) عَنْ اَنَسٍؓ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ قَوْمٍ اجْتَمَعُوْا یَذْکُرُوْنَ اللّٰهَ لَا یُرِیْدُوْنَ بِذٰلِکَ اِلَّا وَجْهَهٗ اِلَّا نَادَاهُمْ مُنَادٍ مِّنَ السَّمَاءِ اَنْ قُوْمُوْا مَغْفُوْرًا لَّکُمْ قَدْ بُدِّلَتْ سَیِّئَاتُکُمْ حَسَنَاتٍ اخرجه احمد والبزار وابویعلی والطبرانی واخرجه الطبرانی عن سهل بن

(۱۰) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو بھی لوگ اللہ کے ذکر کے لیے مجتمع ہوں اور انکا مقصود صرف اللہ ہی کی رضا ہو تو آسمان سے ایک فرشتہ ندا کرتا ہے کہ تم لوگ بخش دیے گئے اور تمہاری برائیاں نیکیوں سے بدل دی گئیں۔ دوسری حدیث میں ہے اس کے بالمقابل جو اجتماع ایسا ہو کہ اس میں اللہ پاک کا

[عہ] رسالہ حکایات صحابہؓ

الحنظلية ايضا واخرجه البيهقي عن عبد الله بن مغفل وزاد وما من قوم اجتمعوا في مجلس فتفرقوا ولم يذكروا الله الا كان ذلك عليهم حسرة يوم القيمة كذا في الدر وفي المنذري رواه الطبراني في الكبير والاوسط ورواته محتج بهم في الصحيح وفي الباب عن ابي هريرة عند احمد وابن حبان وغيرهما وصححه الحاكم على شرط مسلم في موضع وعلى شرط البخاري في موضع اخرى وعزا السيوطي في الجامع حديث سهل الى الطبراني والبيهقي في الشعب والضياء ورقم له بالحسن وفي الباب روايات ذكرها في مجمع الزوائد۔

کا کوئی ذکر ہوا ہی نہیں تو یہ اجتماع قیامت کے دن حسرت و افسوس کا سبب ہوگا۔ (ف) یعنی اس اجتماع کی بے برکتی اور اضاعت پر حسرت ہوگی اور کیا بعید ہے کہ وبال کا سبب کسی وجہ سے بن جائے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ جس مجلس میں اللہ کا ذکر نہ ہو حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ ہو اس مجلس والے ایسے ہیں جیسے مرے ہوئے گدھے پر سے اٹھے ہوں۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ مجلس کا کفارہ یہ ہے کہ اس کے اختتام پر یہ دعا پڑھ لے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ ایک دوسری حدیث میں آیا ہے کہ جو بھی مجلس ایسی ہو جس میں اللہ کا ذکر حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف نہ ہو وہ مجلس قیامت کے دن حسرت اور نقصان کا سبب ہوگی پھر حق تعالیٰ شانہٗ اپنے لطف سے چاہے مغفرت فرمادیں چاہے مطالبہ اور عذاب فرمادیں۔ ایک حدیث میں ہے کہ مجلسوں کا حق ادا کیا کرو اور وہ یہ ہے کہ اللہ کا ذکر اُن میں کثرت سے کرو راہگیروں کو (بوقت ضرورت) راستہ بتاؤ اور (ناجائز چیز سامنے آجائے تو) آنکھیں بند کرلو یا نیچی کرلو کہ اُس پر نگاہ نہ پڑے۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ چاہے کہ اس کا ثواب بہت بڑی ترازو میں تُلے (یعنی ثواب بہت زیادہ مقدار میں ہو کہ وہی بڑی ترازو میں تلے گا معمولی چیز تو بڑی ترازو کے پاسنگ میں آجائیگی) اس کو چاہیے کہ مجلس کے ختم پر یہ دعا پڑھا کرے۔ سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ [1] حدیث بالا میں برائیوں کے نیکیوں سے بدل دینے کی بشارت بھی ہے قرآن پاک میں بھی سورۂ فرقان کے ختم پر مومنین کی چند صفات ذکر فرمانے کے بعد ارشاد ہے۔ فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ وَّكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ (پس یہی لوگ ہیں جن کی برائیوں کو حق تعالیٰ نیکیوں سے بدل دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہیں۔

اس آیت شریفہ کے متعلق علمائے تفسیر کے چند اقوال ہیں۔ ایک یہ کہ سیئات معاف فرمادی جائیں گی اور حسنات باقی رہ جائیں گی گویا یہ بھی تبدیل ہے کہ سیئہ کوئی باقی نہیں رہی۔ دوسرے یہ کہ

[1] حصن و ہامشہ

ان لوگوں کو بجائے بُرے اعمال کرنے کے نیک اعمال کی توفیق حق تعالیٰ شانہٗ کے یہاں نصیب ہوگی جیسا کہ بولتے ہیں گرمی کے بجائے سردی ہوگئی۔ تیسرے یہ کہ اُن کی عادتوں کا تعلق بجائے بری چیزوں کے اچھی چیزوں کے ساتھ وابستہ ہو جاتا ہے۔ اس کی توضیح یہ ہے کہ آدمی کی عادتیں طبعی ہوتی ہیں جو بدلتی نہیں اسی وجہ سے ضرب المثل ہے "جبل گردد جبلت نہ گردد" اور یہ مثل بھی ایک حدیث سے ماخوذ ہے جس میں ارشاد ہے کہ اگر تم سنو کہ پہاڑ اپنی جگہ سے ٹل گیا اور دوسری جگہ چلا گیا تو اسکی تصدیق کرلو لیکن اگر سنو کہ طبیعت بدل گئی تو اس کی تصدیق نہ کرو گو یا حدیث کا مطلب یہ ہوا کہ عادات کا زائل ہونا پہاڑ کے زائل ہونے سے بھی زیادہ مشکل ہے۔ اس کے بعد پھر اشکال ہوتا ہے کہ صوفیہ اور مشائخ جو عادات کی اصلاح کرتے ہیں اُس کا کیا مطلب ہوگا۔ اس کا جواب یہ ہے کہ عادتیں نہیں بدلتیں بلکہ ان کا تعلق بدل جاتا ہے مثلاً ایک شخص کے مزاج میں غصہ ہے وہ مشائخ کی اصلاح اور مجاہدوں سے ایسا ہو جائے کہ غصہ بالکل نہ رہے یہ تو دشوار ہے ہاں اس غصہ کا تعلق پہلے سے جن چیزوں کے ساتھ تھا مثلاً بے جا ظلم، تکبر وغیرہ اب بجائے ان کے اللہ کی نافرمانیوں پر اُس کے احکام کی خلاف ورزی وغیرہ وغیرہ کی طرف منتقل ہو جاتا ہے۔ وہی حضرت عمرؓ جو ایک زمانہ میں مسلمانوں کی ایذا رسانی میں کوئی دقیقہ نہ چھوڑتے تھے ایمان کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فیضِ صحبت سے کفار و فساق پر اسی طرح ٹوٹتے تھے۔ اسی طرح اور اخلاق کا بھی حال ہے۔ اس توضیح کے بعد اب مطلب یہ ہوا کہ حق تعالیٰ شانہٗ ایسے لوگوں کے اخلاق کا تعلق بجائے معاصی کے حسنات سے فرما دیتے ہیں۔ چوتھے یہ کہ حق تعالیٰ شانہٗ ان کو اپنی برائیوں پر توبہ کی توفیق عطا فرماتے ہیں جس کی وجہ سے پرانے پرانے گناہ یاد آکر ندامت اور توبہ کا سبب ہوتا ہے اور ہر گناہ کے بدلے ایک توبہ جو عبادت ہے اور نیکی ہے ثبت ہو جاتی ہے۔ پانچویں یہ ہے کہ اگر مولائے کریم کو کسی کی کوئی ادا پسند ہو اور اُس کو اپنے فضل سے برائیوں کے برابر نیکیاں دے تو کسی کے باپ کا کیا اجارہ ہے وہ مالک ہے، بادشاہ ہے، قدرت والا ہے۔ اس کی رحمت کی وسعت کا کیا کہنا، اس کی مغفرت کا دروازہ کون بند کر سکتا ہے، اس کی عطا کو کون روک سکتا ہے جو دے رہا ہے وہ اپنی ہی ملک سے دیتا ہے اس کو اپنی قدرت کے مظاہر بھی دکھانا ہیں اپنی مغفرت کے کرشمے بھی اسی دن ظاہر کرنا ہیں۔ احادیث میں محشر کا نظارہ اور حساب کی جانچ مختلف طریقوں سے وارد ہوئی ہے جس کو بہجۃ النفوس نے مختصر طور پر ذکر کیا ہے اور لکھا ہے کہ حساب چند انواع پر منقسم ہوگا۔ ایک نوع یہ ہوگی کہ بعض بندوں سے نہایت مخفی رحمت کے پردہ میں محاسبہ ہوگا اور ان کے گناہ ان کو گنوائے جائیں گے اور کہا جائے گا کہ تو نے فلاں وقت یہ گناہ کیا فلاں وقت ایسا کیا اور اس کو اقرار

بغیر چارہ کار نہ ہوگا حتیٰ کہ وہ گناہوں کی کثرت سے یہ سمجھے گا کہ میں ہلاک ہوگیا تو ارشاد ہوگا کہ ہم نے دنیا میں بھی تجھ پر ستاری کی آج بھی ستاری کرتے ہیں اور معاف کرتے ہیں۔ چنانچہ جب یہ شخص اور اس جیسا جو ہوگا وہ حساب کے مقام سے واپس جائے گا تو لوگ دیکھ کر کہیں گے کہ یہ کیسا مبارک بندہ ہے کہ اس نے کوئی گناہ کیا ہی نہیں اس لیے کہ ان کو اسکے گناہوں کی خبر ہی نہ ہوئی۔ اسی طرح ایک نوع ایسی ہوگی کہ انکے لیے چھوٹے بڑے گناہ ہونگے اُسکے بعد ارشاد ہوگا کہ اچھا انکے چھوٹے گناہوں کو نیکیوں سے بدل دو تو وہ جلدی سے کہیں گے کہ ابھی اور بھی گناہ ایسے ہیں جو یہاں ذکر نہیں کیے گئے۔ اسی طرح اور انواع کا ذکر کیا ہے کہ کس کس طرح سے پیشی اور حساب ہوگا۔ حدیث میں ایک قصہ آتا ہے نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ میں اس شخص کو پہچانتا ہوں جو سب سے اخیر میں جہنم سے نکالا جائے گا اور سب سے اخیر میں جنت میں داخل کیا جائے گا۔ ایک شخص کو بلایا جائے گا اور فرشتوں سے کہا جائے گا کہ اسکے بڑے بڑے گناہ تو ابھی ذکر نہ کیے جائیں چھوٹے چھوٹے گناہ اس کے سامنے پیش کیے جائیں اُن پر باز پرس کی جائے چنانچہ یہ شروع ہو جائے گا اور ایک ایک گناہ وقت کے حوالے کے ساتھ اس کو جتایا جائے گا وہ انکار کیسے کر سکتا ہے اقرار کرتا جائے گا اتنے میں ارشاد ربی ہوگا کہ اس کو ہر گناہ کے بدلے ایک نیکی دی جائے تو وہ جلدی سے کہے گا کہ ابھی تو اور بھی بہت سے گناہ باقی ہیں ان کا تو ذکر ہی نہیں آیا۔ اس قصہ کو نقل فرماتے ہوئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی ہنسی آگئی۔

اس قصے میں اوّل تو جہنم میں سے سب سے اخیر میں نکلتا ہے یہی کیا کم سزا ہے دوسرے کیا معلوم کون خوش قسمت ایسا ہو سکتا ہے کہ جس کے گناہوں کی تبدیل ہو اسلیے اللہ کی پاک ذات سے امید کرتے ہوئے فضل کا مانگتے رہنا بندگی کی شان ہے لیکن اس پر مطمئن ہونا جرأت ہے البتہ سیئات کو حسنات سے بدلنے کا سبب اخلاص سے مجالس ذکر میں حاضری حدیث بالا سے معلوم ہوتی ہی ہے لیکن اخلاص بھی اللہ ہی کی عطا سے ہو سکتا ہے ایک ضروری بات یہ ہے کہ جہنم سے اخیر میں نکلنے والے کے بارہ میں مختلف روایات وارد ہوئی ہیں لیکن ان میں کوئی اشکال نہیں ایک معتدبہ جماعت اگر نکلے تو بھی ہر شخص اخیر میں نکلنے والا ہے۔ اور جو قریب اخیر کے نکلے وہ بھی اخیر ہی کہلاتا ہے نیز خاص خاص جماعت کا اخیر بھی مراد ہو سکتا ہے۔ اس حدیث میں اہم مسئلہ اخلاص کا ہے اور اخلاص کی قید اور بھی بہت سی احادیث میں اس رسالہ میں نظر سے گذرے گی حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے یہاں اخلاص ہی کی قدر ہے جس درجہ کا اخلاص ہوگا اُسی درجہ کی عمل کی قیمت ہوگی صوفیہ کے نزدیک اخلاص کی حقیقت یہ ہے کہ قال اور حال برابر ہوں۔ ایک حدیث میں آئندہ آرہا ہے کہ اخلاص یہ ہے کہ گناہوں سے روک دے بہجۃ النفوس میں لکھا ہے ایک بادشاہ کے لیے جو نہایت ہی جابر اور متشدد تھا ایک جبازمیں

بہت سی شراب لائی جا رہی تھی۔ ایک صاحب کا اس جہاز پر گذر ہوا اور جس قدر مٹکیاں شراب سے بھری ہوئی تھیں سب ہی توڑ دیں ایک چھوڑ دی۔ کسی شخص کی ہمت ان کو روکنے کی نہ پڑی لیکن اس پر حیرت تھی کہ اس بادشاہ کے تشدد کا مقابلہ بھی کوئی نہیں کرسکتا تھا پھر اس نے کس طرح جرأت کی۔ بادشاہ کو اطلاع دی گئی اس کو بھی تعجب ہوا اوّلاً اس بات پر کہ اس کے مال پر کس طرح ایک معمولی آدمی نے جرأت کی اور پھر اس پر کہ ایک مٹکی کیوں چھوڑ دی۔ ان صاحب کو بلایا گیا پوچھا کہ یہ کیوں کیا؟ انہوں نے جواب دیا کہ میرے دل میں اس کا تقاضا ہوا اسلیے ایسا کیا تمہارا جو دل چاہے سزا دیدو۔ اس نے پوچھا کہ یہ ایک کیوں چھوڑ دی انہوں نے کہا کہ مجھے اوّلاً اسلامی غیرت کا تقاضا تھا اس لیے میں نے توڑیں مگر جب ایک رہی تو میرے دل میں ایک خوشی سی پیدا ہوئی کہ میں نے ایک ناجائز کام کو مٹا دیا تو مجھے اس کے توڑنے میں یہ شبہ ہوا کہ یہ حظ نفس دل کی خوشی کی وجہ سے ہے اس لیے ایک کو چھوڑ دیا۔ بادشاہ نے کہا اس کو چھوڑ دو یہ مجبور تھا۔

احیاء العلوم میں لکھا ہے کہ بنی اسرائیل میں ایک عابد تھا جو ہر وقت عبادت میں مشغول رہتا تھا ایک جماعت اسکے پاس آئی اور کہا کہ یہاں ایک قوم ہے جو ایک درخت کو پوجتی ہے یہ سن کر اس کو غصہ آیا اور کلہاڑا کندھے پر رکھ کر اس کو کاٹنے کے لیے چل دیا راستہ میں شیطان ایک پیرمرد کی صورت میں ملا عابد سے پوچھا کہاں جا رہے ہو اس نے کہا فلاں درخت کاٹنے جا تا ہوں۔ شیطان نے کہا تمہیں اس درخت سے کیا واسطہ تم اپنی عبادت میں مشغول رہو تم نے اپنی عبادت کو ایک مہمل کام کے واسطے چھوڑ دیا عابد نے کہا یہ بھی عبادت ہے شیطان نے کہا کہ میں نہیں کاٹنے دوں گا۔ دونوں میں مقابلہ ہوا وہ عابد اس کے سینے پر چڑھ گیا شیطان نے اپنے کو عاجز دیکھ کر خوشامد کی اور کہا اچھا ایک بات سن لے۔ عابد نے اسکو چھوڑ دیا۔ شیطان نے کہا اللہ نے تجھ پر اس کو فرض تو کیا نہیں تیرا اس سے کوئی نقصان نہیں تو اس کی پرستش نہیں کرتا اللہ کے بہت سے نبی ہیں اگر وہ چاہتا تو کسی نبی کے ذریعہ سے اس کو کٹوا دیتا عابد نے کہا میں ضرور کاٹوں گا پھر مقابلہ ہوا وہ عابد پھر اس کے سینے پر چڑھ گیا شیطان نے کہا اچھا سن ایک فیصلہ والی بات تیرے نفع کی کہوں اس نے کہا کہہ شیطان نے کہا تو غریب ہے دنیا پر بوجھ بنا ہوا ہے تو اس کام سے باز آ میں تجھے روزانہ تین دینار (اشرفی) دیا کروں گا جو روزانہ تیرے سرہانے رکھے ہوئے ملا کرینگے تیری بھی ضرورتیں پوری ہو جائیں گی اپنے اعزہ پر بھی احسان کرسکے گا فقیروں کی مدد کرسکے گا اور بہت سے ثواب کے کام کرسکے گا اس میں ایک ہی ثواب ہوگا اور وہ بھی بیکار کہ لوگ پھر دوسرا لگالیں گے۔ عابد کی سمجھ میں آ گیا قبول کرلیا۔ دو دن تو وہ ملے تیسرے دن ندارد۔ عابد کو غصہ آیا اور کلہاڑی لے کر پھر چلا راستہ میں وہ بوڑھا ملا پوچھا کہاں جا رہا ہے۔ عابد نے بتایا کہ اُسی درخت کو کاٹنے جا رہا ہوں بوڑھے نے کہا کہ تو اس کو نہیں کاٹ سکتا دونوں میں جھگڑا ہوا وہ بوڑھا غالب آ گیا اور عابد کے سینہ پر

چڑھ گیا عابد کو بڑا تعجب ہوا اس سے پوچھا کہ یہ کیا بات ہے کہ تو اس مرتبہ غالب ہو گیا اُس بوڑھے نے کہا کہ پہلی مرتبہ تیرا غصہ خالص اللہ کے واسطے تھا اس لیے اللہ جل شانہ نے مجھے مغلوب کر دیا تھا اس مرتبہ اس میں دنیا روں کا دخل تھا اسلیے تو مغلوب ہوا۔ حق یہ ہے کہ جو کام خالص اللہ کے واسطے کیا جاتا ہے اس میں بڑی قوت ہوتی ہے

(۱۱) عَنْ مَعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا عَمِلَ اٰدَمِیٌّ عَمَلاً اَنْجٰی لَہٗ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ مِنْ ذِکْرِ اللّٰہِ اخرجہ احمد کذا فی الدر وعزاہ فی الجامع الصغیر الی احمد بلفظ انجی لہ من عذاب اللّٰہ ورقم لہ بالصحۃ وفی مجمع الزوائد رواہ احمد ورجالہ رجال الصحیح الا ان زیادا لم یدرک معاذا ثم ذکرہ بطریق اٰخر وقال رواہ الطبرانی ورجالہ رجال الصحیح قلت وفی المشکوٰۃ عنہ موقوفا بلفظ مَا عَمِلَ الْعَبْدُ عَمَلاً اَنْجٰی لَہٗ مِنْ عَذَابِ اللّٰہِ مِنْ ذِکْرِ اللّٰہِ وقال رواہ مالک والترمذی وابن ماجہ اھ قلت وھکذا رواہ الحاکم وقال صحیح الاسناد واقرہ علیہ الذھبی وفی المشکوٰۃ بروایۃ البیھقی فی الدعوات عن ابن عمر مرفوعا بمعناہ قال القاری رواہ ابن ابی شیبۃ وابن ابی الدنیا وذکرہ فی الجامع الصغیر بروایۃ البیھقی فی الشعب ورقم لہ بالضعف وزاد فی اولہ لِکُلِّ شَیْءٍ سِقَالَۃٌ وَسِقَالَۃُ الْقُلُوْبِ ذِکْرُ اللّٰہِ وفی مجمع الزوائد بروایۃ جابر مرفوعا نحوہ وقال رواہ الطبرانی فی الصغیر والاوسط ورجالھما رجال الصحیح اھ

(۱۱) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے اللہ کے ذکر سے بڑھ کر کسی آدمی کا کوئی عمل عذاب قبر سے زیادہ نجات دینے والا نہیں ہے۔ (ف) عذاب قبر کتنی سخت چیز ہے اس سے وہی لوگ واقف ہیں جن کے سامنے وہ احادیث ہیں جو عذاب قبر کے بارہ میں وارد ہوئی ہیں، حضرت عثمانؓ جب کسی قبر پر تشریف لے جاتے تو اس قدر رونے کہ ڈاڑھی مبارک تر ہو جاتی کسی نے پوچھا کہ آپ جنت کے دوزخ کے ذکر سے ایسا نہیں روتے جیسا کہ قبر کے سامنے آجانے سے روتے ہیں آپ نے ارشاد فرمایا کہ قبر آخرت کی منزلوں میں سے سب سے پہلی منزل ہے جو شخص اس سے نجات پالے بعد کی سب منزلیں اس پر سہل ہو جاتی ہیں اور جو اس سے نجات نہ پائے بعد کی منزلیں دشوار ہی ہوتی جاتی ہیں پھر آپ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا پاک ارشاد سنایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے تھے کہ میں نے کوئی منظر قبر سے زیادہ گھبراہٹ والا نہیں دیکھا حضرت عائشہؓ ارشاد فرماتی ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ہر نماز کے بعد عذاب قبر سے پناہ مانگتے تھے حضرت زیدؓ ارشاد فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا مجھے یہ اندیشہ ہے کہ تم ڈر اور خوف کی وجہ سے مردوں کا دفن کرنا چھوڑ دو گے ورنہ میں اس کی دعا کرتا کہ اللہ جل شانہ تمہیں بھی عذاب قبر سنا دے۔ آدمیوں اور

جنات کے سوا اور جاندار عذابِ قبر کو سنتے ہیں۔

ایک حدیث میں آیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم ایک مرتبہ سفر میں تشریف لے جا رہے تھے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی بدکنے لگی کسی نے پوچھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی کو کیا ہوا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ایک آدمی کو قبر کا عذاب ہو رہا ہے اُس کی آواز سے بدکنے لگی۔ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لے گئے تو چند آدمیوں کو دیکھا کہ کھل کھلا کر ہنس رہے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر موت کو اکثر یاد کیا کرو تو یہ بات نہ ہو کوئی دن قبر پر ایسا نہیں گذرتا جس میں وہ یہ اعلان نہیں کرتی کہ میں غربت کا گھر ہوں تنہائی کا گھر ہوں کیڑوں اور جانوروں کا گھر ہوں جب کوئی مومن (کامل ایمان والا) دفن ہوتا ہے تو قبر اس سے کہتی ہے تیرا آنا مبارک ہے تو نے بہت ہی اچھا کیا کہ آگیا جتنے لوگ میری پشت پر (یعنی زمین پر) چلتے تھے تو اُن سب میں مجھے بہت محبوب تھا آج تو میرے سپرد ہوا ہے تو میرا حسنِ سلوک بھی دیکھے گا اس کے بعد وہ اس قدر وسیع ہو جاتی ہے کہ منتہائے نظر تک کھل جاتی ہے اور جنت کا ایک دروازہ اُس میں کھل جاتا ہے جس سے وہاں کی ہوائیں خوشبوئیں وغیرہ پہنچتی رہتی ہیں اور جب کافر یا فاجر دفن کیا جاتا ہے تو قبر کہتی ہے کہ تیرا آنا منحوس اور نامبارک ہے کیا ضرورت تھی تیرے آنے کی جتنے آدمی میری پشت پر چلتے تھے سب میں زیادہ بغض مجھے تجھ سے تھا آج تو میرے حوالہ ہوا تو میرا معاملہ بھی دیکھے گا اس کے بعد اس کو اس قدر زور سے بھینچتی ہے کہ پسلیاں ایک دوسری میں گھس جاتی ہیں جس طرح ہاتھ میں ہاتھ ڈالنے سے انگلیاں ایک دوسری میں گھس جاتی ہیں۔ اُس کے بعد نوّے یا ننانوے اژدہے اس پر مسلط ہو جاتے ہیں جو اس کو نوچتے رہتے ہیں اور قیامت تک یہی ہوتا رہے گا حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اگر ایک اژدھا بھی اُن میں سے زمین پھنکار مار دے تو قیامت تک زمین میں گھاس نہ اُگے! اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قبر یا جنت کا ایک باغ ہے یا جہنّم کا ایک گڑھا ایک حدیث میں آیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا دو قبروں پر گذر ہوا ارشاد فرمایا کہ ان دونوں کو عذاب ہو رہا ہے ایک کو چغل خوری کے جرم میں دوسرے کو پیشاب کی احتیاط نہ کرنے میں (کہ بدن کو اس سے بچاتا نہ تھا ہمارے کتنے مہذب لوگ ہیں جو استنجے کو عیب سمجھتے ہیں اس کا نداق اڑاتے ہیں علماء نے پیشاب سے نہ بچنا گناہِ کبیرہ بتایا ہے! ابن حجر مکیؒ نے لکھا ہے کہ صحیح روایات میں آیا ہے کہ اکثر عذابِ قبر پیشاب کی وجہ سے ہوتا ہے

ایک حدیث میں آیا ہے کہ قبر میں سب سے پہلے مطالبہ پیشاب کا ہوتا ہے بالجملہ عذابِ قبر نہایت سخت چیز ہے اور جیسا کہ اُس کے ہونے میں بعض گناہوں کو خاص دخل ہے اسی طرح اُس سے بچنے میں بھی بعض عبادات کو خصوصی شرافت حاصل ہے چنانچہ متعدد احادیث میں وارد ہے کہ سورۂ تبارک الذی کا ہر رات کو پڑھتے رہنا عذابِ قبر سے نجات کا سبب ہے، اور عذابِ جہنّم سے بھی حفاظت کا سبب ہے اور اللہ کے ذکر کے بارے میں تو حدیث بالا ہے ہی۔

(۱۲) عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَیَبْعَثَنَّ اللّٰہُ اَقْوَامًا یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ فِیْ وُجُوْھِھِمُ النُّوْرُ عَلٰی مَنَابِرِ اللُّؤْلُؤِ یَغْبِطُھُمُ النَّاسُ لَیْسُوْا بِاَنْبِیَاءَ وَلَا شُھَدَاءَ فَقَالَ اَعْرَابِیٌّ حَلِّھِمْ لَنَا نَعْرِفْھُمْ قَالَ ھُمُ الْمُتَحَابُّوْنَ فِی اللّٰہِ مِنْ قَبَائِلَ شَتّٰی وَبِلَادٍ شَتّٰی یَجْتَمِعُوْنَ عَلٰی ذِکْرِ اللّٰہِ یَذْکُرُوْنَہٗ اخرجہ الطبرانی باسناد حسن کذا فی الدر وجمع الزوائد والترغیب للمنذری وذکر ایضًا لہ متابعۃ بروایۃ عمرو بن عبسۃ عند الطبرانی مرفوعًا قال المنذری واسنادہ مقارب لاباس بہ ورقم لحدیث عمرو بن عبسۃ فی الجامع الصغیر بالحسن وفی مجمع الزوائد رجالہ موثوقون وفی مجمع الزوائد بمعنی ھذا الحدیث مطولًا وفیہ حَلِّھِمْ لَنَا یَعْنِیْ صِفْھُمْ لَنَا شَکِّلْھُمْ لَنَا فَسُرَّ وَجْہُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِسُؤَالِ الْاَعْرَابِیِّ الحدیث۔ قال رواہ احمد والطبرانی بنحوہ ورجالہ وثقوا قلت وفی الباب عن ابی ھریرۃ عند البیھقی فی الشعب اِنَّ فِی الْجَنَّۃِ لَعُمُدًا مِنْ یَاقُوْتٍ عَلَیْھَا غُرَفٌ مِنْ زَبَرْجَدٍ لَھَا اَبْوَابٌ مُفَتَّحَۃٌ تُضِیْءُ کَمَا یُضِیْءُ الْکَوْکَبُ الدُّرِّیُّ یَسْکُنُھَا الْمُتَحَابُّوْنَ فِی اللّٰہِ تَعَالٰی وَالْمُتَجَالِسُوْنَ فِی اللّٰہِ تَعَالٰی وَالْمُتَلَاقُوْنَ فِی اللّٰہِ کذا فی الجامع الصغیر ورقم لہ بالضعف وذکر فی مجمع الزوائد لہ شواھد وکذا فی المشکوٰۃ

(۱۲) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ قیامت کے دن اللہ جل شانہٗ بعض قوموں کا حشر ایسی طرح فرمائیں گے کہ ان کے چہروں میں نور چمکتا ہوا ہوگا وہ موتیوں کے ممبروں پر ہوں گے لوگ ان پر رشک کرتے ہوں گے وہ انبیاء اور شہداء نہیں ہوں گے کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ ان کا حال بیان کر دیجیے کہ ہم ان کو پہچان لیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ لوگ ہوں گے جو اللہ کی محبت میں مختلف جگہوں سے خاندانوں سے آکر ایک جگہ جمع ہوگئے ہوں اور اللہ کے ذکر میں مشغول ہوں۔ دوسری حدیث میں ہے کہ جنت میں یاقوت کے ستون ہوں گے جن پر زبرجد (زمرد) کے بالاخانے ہوں گے ان میں چاروں طرف دروازے کھلے ہوئے ہوں گے وہ ایسے چمکتے ہونگے جیسے کہ نہایت روشن ستارہ چمکتا ہے اُن بالاخانوں میں وہ لوگ رہیں گے جو اللہ کے واسطے آپس میں محبت رکھتے ہوں اور وہ لوگ جو اللہ ہی کے واسطے ایک جگہ اکٹھے ہوں اور وہ لوگ جو اللہ ہی کے واسطے آپس میں ملتے جلتے ہوں

(ف) اس میں اطباء کا اختلاف ہے کہ زبرجد اور زمرد ایک ہی پتھر کے دو نام ہیں یا ایک پتھر کی دو قسمیں ہیں یا ایک ہی نوع کے دو پتھر ہیں۔ بہرحال یہ ایک پتھر ہوتا ہے جو نہایت ہی روشن چمکدار ہوتا ہے اس کے نگینے بنتے ہیں جو بازار میں چمکدار کاغذ کی طرح سے بکتے ہیں

آج خانقاہوں کے بیٹھنے والوں پر ہر طرح الزام ہے ہر طرف سے فقرے کسے جاتے ہیں۔ آج انہیں جتنا دل چاہے بُرا کہہ لیں۔ کل جب آنکھ کھلے گی اُس وقت حقیقت معلوم ہوگی کہ یہ بوریوں پہ بیٹھنے والے کیا کچھ

کما کرلے گئے جب وہ ان منبروں اور بالاخانوں پر ہوں گے اور یہ ہنسنے والے اور گالیاں دینے والے کیا کما کرگئے

سہ فَسَوْفَ تَرٰی اِذَا انْکَشَفَ الْغُبَارُ ✧ اَفَرَسٌ تَحْتَ رِجْلِکَ اَمْ حِمَارُ

(عنقریب جب غبار ہٹ جائے گا تو معلوم ہوگا کہ گھوڑے پر سوار تھے یا گدھے پر)

ان خانقاہوں کی اللہ کے یہاں کیا قدر ہے جن پر آج چاروں طرف سے گالیاں پڑتی ہیں یہ اُن احادیث سے معلوم ہوتا ہے جن میں ان کی فضیلتیں ذکر کی گئی ہیں ایک حدیث میں وارد ہے کہ جس گھر میں اللہ کا ذکر کیا جاتا ہو وہ آسمان والوں کے لیے ایسا چمکتا ہے جیسے زمین والوں کے لیے ستارے والوں کے لیے ایسا چمکتا ہے جیسے زمین والوں کے لیے ستارے چمکتے ہیں۔ ایک حدیث میں ہے کہ ذکر کی مجالس پر جو سکینہ (ایک خاص نعمت) نازل ہوتی ہے فرشتے انکو گھیر لیتے ہیں رحمتِ الٰہی انکو ڈھانک لیتی ہے اور اللہ جل جلالہٗ عرش پر ان کا ذکر فرماتے ہیں۔ ابورزین رضؓ ایک صحابی ہیں وہ کہتے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تجھے دین کی تقویت کی چیز بتاؤں جس سے تو دونوں جہان کی بھلائی کو پہنچے وہ اللہ کا ذکر کرنے والوں کی مجلسیں ہیں اُن کو مضبوط پکڑ اور جب تو تنہا ہوا کرے تو جتنی بھی قدرت ہو اللہ کا ذکر کرتا رہ۔ حضرت ابوہریرہ رضؓ فرماتے ہیں کہ آسمان والے اُن گھروں کو جن میں اللہ کا ذکر ہوتا ہے ایسا چمکدار دیکھتے ہیں جیسا کہ زمین والے ستاروں کو چمکدار دیکھتے ہیں یہ گھر جن میں اللہ کا ذکر ہوتا ہے ایسے روشن اور منور ہوتے ہیں کہ اپنے نور کی وجہ سے ستاروں کی طرح چمکتے ہیں اور جن کو اللہ جل شانہٗ نور کے دیکھنے کی آنکھیں عطا فرماتے ہیں وہ یہاں بھی ان کی چمک دیکھ لیتے ہیں بہت سے اللہ کے بندے ایسے ہیں جو بزرگوں کا نور ان کے گھروں کا نور اپنی آنکھوں سے چمکتا ہوا دیکھتے ہیں چنانچہ حضرت فضیلؒ بن عیاض جو مشہور بزرگ ہیں فرماتے ہیں کہ جن گھروں میں اللہ کا ذکر ہوتا ہے وہ آسمان والوں کے نزدیک ایسا چمکتے ہیں جیسا کہ چراغ شیخ عبدالعزیز دباغ ابھی قریب ہی زمانہ میں ایک بزرگ گذرے ہیں جو بالکل امی تھے مگر قرآن شریف کی آیت حدیث قدسی حدیث نبوی اور موضوع حدیث کو علیحدہ علیحدہ بتا دیتے تھے اور کہتے تھے کہ متکلم کی زبان سے جب لفظ نکلتے ہیں تو اُن الفاظ کے نور سے معلوم ہو جاتا ہے کہ کس کا کلام ہے کہ اللہ پاک کے کلام کا نور علیحدہ ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام کا نور دوسرا ہے اور دوسرے کلاموں میں دونوں نور نہیں ہوتے۔

تذکرۃ الخلیل یعنی سوانح حضرت اقدس مولانا خلیل احمد صاحب نور اللہ مرقدہٗ میں بروایت مولانا ظفر احمد صاحب لکھا ہے کہ حضرتؒ کے پانچویں حج میں جس وقت حضرتؒ مسجد الحرام میں طوافِ قدوم کے لیے تشریف لائے تو احقر مولانا محب الدین صاحبؒ (جو اعلیحضرت مولانا الحاج امداد اللہ صاحب مہاجر مکی نور اللہ مرقدہٗ کے خاص خلفا میں تھے اور صاحب کشف مشہور تھے) کے پاس بیٹھا تھا مولانا اس وقت درود شریف کی کتاب کھولے ہوئے اپنا وِرد پڑھ رہے تھے کہ دفعۃً میری طرف مخاطب ہو کر فرمانے لگے اس

وقت حرم میں کون آ گیا کہ دفعۃً سارا حرم انوار سے بھر گیا میں خاموش رہا کہ اتنے میں حضرتؒ طواف سے فارغ ہو کر مولانا کے پاس کو گذرے مولانا کھڑے ہو گئے اور ہنس کر فرمایا کہ میں بھی تو کہوں آج حرم میں کون آ گیا۔ مجالس ذکر کی فضیلت مختلف عنوانات سے بہت سی احادیث میں وارد ہوئی ہے ایک حدیث میں وارد ہے کہ افضل ترین رباط نماز ہے اور ذکر کی مجالس۔ رباط کہتے ہیں دار الاسلام کی حفاظت کرنے کو تاکہ کفار اس طرف سے حملہ نہ کریں۔

(۱۳) عَنْ اَنَسٍؓ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا مَرَرْتُمْ بِرِیَاضِ الْجَنَّۃِ فَارْتَعُوْا قَالَ وَمَا رِیَاضُ الْجَنَّۃِ قَالَ حِلَقُ الذِّکْرِ

اخرجہ احمد والترمذی وحسنہ وذکرہ فی المشکوٰۃ بروایۃ الترمذی وزاد فی الجامع الصغیر والبیہقی فی الشعب ورقم لہ بالصحۃ وفی الباب عن جابر عند ابن ابی الدنیا والبزار وابی یعلی والحاکم وصححہ والبیہقی فی الدعوات کذا فی الدر وفی الجامع الصغیر بروایۃ الطبرانی عن ابن عباس بلفظ مجالس العلم وبروایۃ الترمذی عن ابی ھریرۃ بلفظ المساجد محل حلق الذکر وزاد الرتع سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ۔

(۱۳) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب جنت کے باغوں پر گذرو تو خوب چرو۔ کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ جنت کے باغ کیا ہیں۔ ارشاد فرمایا کہ ذکر کے حلقے (ف) مقصود یہ ہے کہ کسی خوش قسمت کی ان مجالس اِن حلقوں تک رسائی ہو جائے تو اس کو بہت زیادہ غنیمت سمجھنا چاہیے کہ یہ دنیا ہی میں جنت کے باغ ہیں اور خوب چرو والے اس طرف اشارہ فرمایا کہ جیسے جانور جب کسی سبزہ زار یا کسی باغ میں چرنے لگتا ہے تو معمولی سے ہٹانے سے بھی نہیں ہٹتا بلکہ مالک کے ڈنڈے وغیرہ بھی کھاتا رہتا ہے لیکن ادھر سے منہ نہیں موڑتا اسی طرح ذکر کرنے والے کو بھی دنیاوی تفکرات اور موانع کی وجہ سے اِدھر سے منہ نہ موڑنا چاہیے اور جنت کے باغ اس لیے فرمائے کہ جیسا کہ جنت میں کسی قسم کی آفت نہیں ہوتی اسی طرح یہ مجالس بھی آفات سے محفوظ رہتی ہیں۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ اللہ کا ذکر دلوں کی شفا ہے یعنی دل میں جس قسم کے امراض پیدا ہوتے ہیں تکبر، حسد، کینہ وغیرہ سب ہی امراض کا علاج ہے۔ صاحب الفوائد فی الصلات والعوائد نے لکھا ہے کہ آدمی ذکر پر مداومت سے تمام آفتوں سے محفوظ رہتا ہے اور صحیح حدیث میں آیا ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ میں تمہیں ذکر اللہ کی کثرت کا حکم کرتا ہوں اور اس کی مثال ایسی ہے جیسے کسی شخص کے پیچھے کوئی دشمن لگ جائے اور وہ اُس سے بھاگ کر کسی قلعہ میں محفوظ ہو جائے اور ذکر کرنے والا اللہ جل شانہٗ کا ہم نشین ہوتا ہے اور اس سے بڑھ کر اور کیا فائدہ ہو گا کہ وہ مالک الملک کا ہم نشین ہو جاتے اس کے علاوہ اُس سے

شرح صدر ہو جاتا ہے دل منور ہو جاتا ہے۔ اس کے دل کی سختی دور ہو جاتی ہے۔ اس کے علاوہ اور بھی بہت سے ظاہری اور باطنی منافع ہوتے ہیں جن کو بعض علماء نے سو تک شمار کیا ہے۔ انتہی۔

حضرت ابو امامہؓ کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوئے اور عرض کیا میں نے خواب میں دیکھا کہ جب بھی آپ اندر جاتے ہیں یا باہر آتے ہیں یا کھڑے ہوتے ہیں یا بیٹھتے ہیں تو فرشتے آپ کے لیے دعا کرتے ہیں۔ ابو امامہؓ نے فرمایا اگر تمہارا دل چاہے تو تمہارے لیے بھی وہ دعا کر سکتے ہیں۔ پھر یہ آیت پڑھی:- یَاۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِیْرًا سے رَحِیْمًا تک گویا اس طرف اشارہ ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ کی رحمت اور ملائکہ کی دعا تمہارے ذکر پر متفرع ہے جتنا تم ذکر کرو گے اتنا ہی ادھر سے ذکر ہوگا

(۱۴) عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عَجَزَ مِنْكُمْ عَنِ اللَّیْلِ اَنْ یُّكَابِدَهٗ وَبَخِلَ بِالْمَالِ اَنْ یُّنْفِقَهٗ وَجَبُنَ عَنِ الْعَدُوِّ اَنْ یُّجَاهِدَهٗ فَلْیُكْثِرْ ذِكْرَ اللّٰهِ رواه الطبرانی والبیهقی والبزار واللفظ له وفی سنده ابو یحیی القتات وبقیة محتج بهم فی الصحیح كذا فی الترغیب قلت هو من رواة البخاری فی الادب المفرد والترمذی وابی داؤد وابن ماجة وثقه ابن معین وضعفه آخرون وفی التقریب لین الحدیث وفی مجمع الزوائد رواه البزار والطبرانی وفیه القتات قد وثق وضعفه الجمهور وبقیة رجال البزار رجال الصحیح۔

(۱۴) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو تم میں سے عاجز ہو راتوں کو محنت کرنے سے اور بخل کی وجہ سے مال بھی خرچ نہ کیا جاتا ہو۔ (یعنی نفلی صدقات) اور بزدلی کی وجہ سے جہاد میں بھی شرکت نہ کر سکتا ہو اس کو چاہیے کہ اللہ کا ذکر کثرت سے کیا کرے۔ (ف) یعنی ہر قسم کی کوتاہی جو عبادات نفلیہ میں ہوتی ہے اللہ کے ذکر کی کثرت اس کی تلافی کر سکتی ہے حضرت انسؓ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ اللہ کا ذکر ایمان کی علامت ہے اور نفاق سے برات ہے اور شیطان سے حفاظت ہے اور جہنم کی آگ سے بچاؤ ہے اور انہیں منافع کی وجہ سے اللہ کا ذکر بہت سی عبادتوں سے افضل قرار دیا گیا ہے بالخصوص شیطان کے تسلط سے بچنے میں اس کو خاص دخل ہے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ شیطان گھٹنے جمائے ہوئے آدمی کے دل پر مسلط رہتا جب وہ اللہ کا ذکر کرتا ہے تو یہ عاجز ذلیل ہو کر پیچھے ہٹ جاتا ہے آدمی غافل ہوتا ہے تو یہ وسوسے ڈالنا شروع کر دیتا ہے اسی لیے صوفیہ کرام ذکر کی کثرت کراتے ہیں تاکہ قلب میں اس کے وساوس کی گنجائش نہ رہے اور وہ اتنا قوی ہو جائے کہ اس کا مقابلہ کر سکے۔ یہی راز ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے فیض صحبت سے یہ قوتِ قلبیہ اعلیٰ درجہ پر حاصل تھی تو ان کو ضرورت

لگانے کی ضرورت بیش نہ آتی تھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے جتنا بعد ہوتا گیا اتنی ہی قلب کے لیے اس مقوی قلب خمیرہ کی ضرورت بڑھتی گئی اب قلوب اس درجہ ماؤف ہو چکے ہیں کہ بہت سے علاج سے بھی وہ درجہ قوت کا تو حاصل نہیں ہوتا لیکن جتنا بھی ہو جاتا ہے وہی بسا غنیمت ہے، کہ بانی مرض میں جس قدر بھی کمی ہو بہتر ہے۔ ایک بزرگ کا قصہ نقل کیا ہے کہ انہوں نے اللہ جل شانہٗ سے دعا کی کہ شیطان کے وسوسہ ڈالنے کی صورت ان پر منکشف ہو جائے کہ کس طرح ڈالتا ہے تو انہوں نے دیکھا کہ دل کے بائیں طرف مونڈھے کے پیچھے مچھر کی شکل سے بیٹھا ہے ایک لمبی سی سونڈ منہ پر ہے جس کو سوئی کی طرح دل کی طرف لے جاتا ہے اس کو ذاکر پاتا ہے تو جلدی اس سونڈ کو کھینچ لیتا ہے غافل پاتا ہے تو اس سونڈ کے ذریعے وساوس اور گناہوں کا زہر انجکشن کے طریقہ سے دل میں بھرتا ہے ۔ ایک حدیث میں بھی یہ مضمون آیا ہے کہ شیطان اپنی ناک کا اگلا حصہ آدمی کے دل پر رکھے ہوئے بیٹھا رہتا ہے جب وہ اللہ کا ذکر کرتا ہے تو ذلت سے پیچھے ہٹ جاتا ہے اور جب وہ غافل ہوتا ہے تو اس کے دل کو لقمہ بنا لیتا ہے۔

(۱۵) عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَكْثِرُوْا ذِكْرَ اللّٰهِ حَتّٰى يَقُوْلُوْا مَجْنُوْنٌ۔ رواہ احمد وابویعلی وابن حبان والحاکم فی صحیحہ وقال صحیح الاسناد وروی عن ابن عباس مرفوعًا بلفظ اُذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا يَقُوْلُ الْمُنَافِقُوْنَ اِنَّكُمْ مُرَاءُوْنَ رواہ الطبرانی ورواہ البیہقی عن ابی الجوزاء مرسلاً کذا فی الترغیب والمقاصد الحسنۃ للسخاوی وھکذا فی الدر المنثور للسیوطی الا انہ عزحدیث ابی الجوزاء الی عبد اللہ ابن احمد فی زوائد الزھد وعزاہ فی الجامع الصغیر الی سعید بن منصور فی سننہ والبیہقی فی الشعب ورقم لہ بالضعف وذکر فی الجامع الصغیر ایضًا بروایۃ الطبرانی عن ابن عباس مسندًا ورقم لہ بالضعف وعزا

(۱۵) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اللہ کا ذکر ایسی کثرت سے کیا کرو کہ لوگ مجنون کہنے لگیں دوسری حدیث میں ہے کہ ایسا ذکر کرو کہ منافق لوگ تمہیں ریا کار کہنے لگیں۔ (ف) اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ منافقوں یا بیوقوفوں کے ریاکار کہنے یا مجنون کہنے سے ایسی بڑی دولت چھوڑنا نہ چاہیے بلکہ اس کثرت اور اہتمام سے کرنا چاہیے کہ یہ لوگ تم کو پاگل سمجھ کر تمہارا پیچھا چھوڑ دیں اور مجنون جب ہی کہا جائے گا جب نہایت کثرت سے اور زور سے ذکر کیا جائے آہستہ میں یہ بات نہیں ہو سکتی ابن کثیرؒ نے حضرت عبد اللہ بن عباسؓ سے نقل کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ شانہٗ نے کوئی چیز بندوں پر ایسی فرض نہیں فرمائی جس کی کوئی حد مقرر نہ کر دی ہو اور پھر اس کے عذر کو قبول نہ فرما لیا ہو بجز اللہ کے ذکر کے کہ نہ اس کی کوئی حد مقرر

حدیث ابی سعید الی احمد وابی یعلی فی مسندہ وابن حبان والحاکم والبیہقی فی الشعب ورقم لہٗ بالحسن۔

فرمائی اور نہ عقل رہنے تک کسی کو معذور قرار دیا ہے چنانچہ ارشاد ہے۔ اُذْكُرُوا اللهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا (اللہ جل شانہٗ کا خوب کثرت سے ذکر کیا کرو)

رات میں دن میں جنگل میں دریا میں سفر میں حضر میں فقر میں تونگری بیماری میں صحت میں آہستہ اور پکار کر اور ہر حال میں۔ حافظ ابن حجرؒ نے منبہات میں لکھا ہے کہ حضرت عثمانؓ سے قرآن پاک کے ارشاد وَكَانَ تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا میں منقول ہے کہ وہ سونے کی ایک تختی تھی جس میں سات سطریں لکھی ہوئی تھیں جن کا ترجمہ یہ ہے (۱) مجھے تعجب ہے اُس شخص پر جو موت کو جانتا ہو پھر بھی ہنسے (۲) مجھے تعجب ہے اس شخص پر جو یہ جانتا ہے کہ دنیا آخر ایک دن ختم ہونے والی ہے۔ پھر بھی اُس میں رغبت کرے (۳) مجھے تعجب ہے اُس شخص پر جس کو آخرت میں حساب کا یقین ہو پھر بھی مال جمع کرے (۵) مجھے تعجب ہے اُس شخص پر جس کو جہنم کی آگ کا علم ہو پھر بھی گناہ کرے (۶) مجھے تعجب ہے اُس شخص پر جو اللہ کو جانتا ہو پھر کسی اور چیز کا ذکر کرے (۷) مجھے تعجب ہے اُس شخص پر جس کو جنت کی خبر ہو پھر دنیا میں کسی چیز سے راحت پائے۔ بعض نسخوں میں یہ بھی ہے کہ مجھے تعجب ہے اُس شخص پر جو شیطان کو دشمن سمجھے پھر بھی اس کی اطاعت کرے۔ حافظؒ نے حضرت جابرؓ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد بھی نقل کیا ہے کہ حضرت جبرئیلؑ مجھے اللہ کے ذکر کی اس قدر تاکید کرتے رہے کہ مجھے یہ گمان ہونے لگا بغیر ذکر کے کوئی چیز نفع نہ دے گی۔ ان سب روایات سے یہ معلوم ہوا کہ ذکر کی جتنی بھی کثرت ممکن ہو دریغ نہ کرے لوگوں کے مجنون یا ریاکار کہنے کی وجہ سے اس کو چھوڑ دینا اپنا ہی نقصان کرنا ہے صوفیہ نے لکھا ہے کہ یہ بھی شیطان کا ایک دھوکہ ہے کہ اول وہ ذکر سے اس خیال سے روکتا ہے کہ لوگ دیکھیں گے کوئی دیکھے گا تو کیا کہے گا۔ وغیرہ وغیرہ پھر شیطان کو روکنے کے لیے یہ ایک مستقل ذریعہ اور حیلہ مل جاتا ہے اس لیے یہ تو ضروری ہے کہ دکھلانے کی نیت سے کوئی عمل نہ کرے لیکن اگر کوئی دیکھے تو بلا سے دیکھے اس وجہ سے چھوڑنا بھی نہ چاہیے۔ حضرت عبد اللہ ذو البجادین ایک صحابیؓ ہیں جو لڑکپن میں یتیم ہو گئے تھے۔ چچا کے پاس رہتے تھے وہ بہت اچھی طرح رکھتا تھا گھر والوں سے چھپ کر مسلمان ہو گئے تھے۔ چچا کو خبر ہو گئی تو اس نے غصہ میں بالکل ننگا کر کے نکال دیا ماں بھی بیزار تھی لیکن پھر ماں تھی ایک موٹی سی چادر ننگا دیکھ کر دے دی جس کو انہوں نے دو ٹکڑے کر کے ایک سے ستر ڈھکا دوسرا اوپر ڈال لیا مدینہ طیبہ حاضر ہو گئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازہ پر پڑے رہا کرتے اور بہت کثرت سے بلند آواز کے ساتھ ذکر کرتے تھے حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ کیا یہ شخص ریاکار ہے کہ اس طرح ذکر کرتا ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں بلکہ یہ اوّاہین میں ہے۔ غزوہ تبوک میں انتقال ہوا صحابہؓ نے دیکھا کہ رات کو قبروں کے قریب چراغ جل رہا ہے قریب جا کر دیکھا

کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم قبر میں اترے ہوئے ہیں، حضرت ابوبکرؓ حضرت عمرؓ کو ارشاد فرمارہے ہیں کہ لاؤ اپنے بھائی کو مجھے پکڑا دو اور دونوں حضرات نے نعش کو پکڑا دیا دفن کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے اللہ میں اس سے راضی ہوں تو بھی اس سے راضی ہوجا حضرت ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ یہ سارا منظر دیکھ کر مجھے تمنا ہوئی کہ یہ نعش تو میری ہوتی۔ حضرت فضیلؒ جو اکابر صوفیہ میں ہیں وہ فرماتے ہیں کہ کسی عمل کو اس وجہ سے نہ کرنا کہ لوگ دیکھیں گے یہ بھی ریا میں داخل ہے اور اس وجہ سے کسی عمل کو کرنا تاکہ لوگ دیکھیں یہ شرک میں داخل ہے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ بعض آدمی ذکر کی کنجیاں ہیں کہ جب اُنکی صورت دیکھی جائے تو اللہ کا ذکر کیا جائے یعنی اُنکی صورت دیکھ کر ہی اللہ کا ذکر یاد آئے۔ ایک اور حدیث میں وارد ہے کہ اللہ کے ولی ہیں وہ لوگ جن کو دیکھ کر اللہ تعالیٰ یاد آتے ہوں ایک حدیث میں آیا ہے کہ تم میں بہترین وہ لوگ ہیں جن کو دیکھ کر اللہ کی یاد تازہ ہو۔ ایک حدیث میں ہے تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جس کے دیکھنے سے اللہ تعالیٰ یاد آتے ہوں اور اس کے کلام سے علم میں ترقی ہوتی ہو اور اسکے اعمال سے آخرت کی رغبت پیدا ہوتی ہو۔ اور یہ بات جب ہی حاصل ہوسکتی ہے جب کوئی شخص کثرت سے ذکر کا عادی ہو اور جس کو خود ہی توفیق نہ ہو اس کو دیکھ کر کیا کسی کو اللہ کی یاد آ سکتی ہے بعض لوگ پکار کر ذکر کرنے کو بدعت اور ناجائز بتاتے ہیں یہ خیال حدیث پر نظر کی کمی سے پیدا ہوگیا ہے مولانا عبد الحیؒ صاحبؒ نے ایک رسالہ سَبَاحَةُ الْفِكْر اسی مسئلہ میں تصنیف فرمایا ہے جس میں تقریبًا پچاس حدیثیں ایسی ذکر فرمائی ہیں جن سے جہر (پکار کر) ثابت ہوتا ہے البتہ یہ ضروری امر ہے کہ شرائط کے ساتھ اپنی حدود کے اندر ہے کہ کسی کی اذیت کا سبب نہ ہو۔

(۱۶) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ سَبْعَةٌ یُظِلُّهُمُ اللّٰهُ فِیْ ظِلِّهٖ یَوْمَ لَاظِلَّ اِلَّاظِلُّهٗ اَلْاِمَامُ الْعَادِلُ وَالشَّابُّ نَشَاَ فِیْ عِبَادَةِ اللّٰهِ وَرَجُلٌ قَلْبُهٗ مُعَلَّقٌ بِالْمَسَاجِدِ وَرَجُلَانِ تَحَابَّا فِی اللّٰهِ اجْتَمَعَا عَلٰی ذٰلِكَ وَتَفَرَّقَا عَلَیْهِ وَرَجُلٌ دَعَتْهُ امْرَاَةٌ ذَاتُ مَنْصَبٍ وَّجَمَالٍ فَقَالَ اِنِّیْ اَخَافُ اللّٰهَ وَرَجُلٌ تَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ فَاَخْفَاهَا حَتّٰی لَاتَعْلَمَ شِمَالُهٗ مَاتُنْفِقُ یَمِیْنُهٗ وَرَجُلٌ ذَكَرَ اللّٰهَ خَالِیًا

(۱۶) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ سات آدمی ہیں جن کو اللہ جل شانہٗ اپنے (رحمت کے) سایہ میں ایسے دن جگہ عطا فرمائے گا جس دن اُسکے سا کے سوا کوئی سایہ نہ ہوگا۔ ایک عادل بادشاہ دوسرے وہ جوان جو جوانی میں اللہ کی عبادت کرتا ہو تیسرے وہ شخص جس کا دل مسجد میں اٹک رہا ہو چوتھے وہ دو شخص جن میں اللہ ہی کے واسطے محبت ہو اسی پر ان کا اجتماع ہو اُسی پر جدائی۔ پانچویں وہ شخص جس کو کوئی حسین شریف عورت اپنی طرف متوجہ کرے اور وہ کہدے

تَفَاضَتْ عَيْنَاهُ۔ رواہ البخاری ومسلم وغیرھما کذا فی الترغیب والمشکوٰۃ وفی الجامع الصغیر بروایۃ مسلم عن ابی ھریرۃ وابی سعید معا و ذکر عدۃ طرقہ اخری۔

کہ مجھے اللہ کا ڈر مانع ہے چھٹے وہ شخص جو ایسے مخفی طریق سے صدقہ کرے کہ دوسرے ہاتھ کو بھی خبر نہ ہو۔ ساتویں وہ شخص جو اللہ کا ذکر تنہائی میں کرے اور آنسو بہنے لگیں۔ (ف) آنسو بہنے کا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ دیدہ و دانستہ اپنے معاصی اور گناہوں کو یاد کرکے رونے لگے اور دوسرا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ غلبۂ شوق میں بے اختیار آنکھوں سے آنسو نکلنے لگیں بروایت ثابتؒ بنانی ایک بزرگ کا مقولہ نقل کیا ہے وہ فرماتے ہیں مجھے معلوم ہو جاتا ہے کہ میری کونسی دعا قبول ہوئی لوگوں نے پوچھا کہ کس طرح معلوم ہو جاتا ہے فرمانے لگے کہ جس دعا میں بدن کے بال کھڑے ہو جاتے ہیں اور دل دھڑکنے لگتا ہے اور آنکھوں سے آنسو بہنے لگتے ہیں وہ دُعا قبول ہوتی ہے۔ ان سات آدمیوں میں جن کا ذکر حدیث پاک میں وارد ہوا ایک وہ شخص بھی ہے جو اللہ کا ذکر تنہائی میں کرے اور رونے لگے اس شخص میں دو خوبیاں جمع ہیں اور دونوں اعلیٰ درجہ کی ہیں۔ ایک اخلاص کہ تنہائی میں اللہ کی یاد میں مشغول ہوا دوسرا اللہ کا خوف یا شوق کہ دونوں میں رونا آتا ہے اور دونوں کمال ہیں ؎

ہمارا کام ہے راتوں کو رونا یادِ دلبر میں ہماری نیند ہے محوِ خیالِ یار ہو جانا

حدیث کے الفاظ ہیں۔ رَجُلٌ ذَكَرَ اللهَ خَالِيًا (ایک وہ آدمی جو اللہ کا ذکر کرے اس حال میں کہ خالی ہو) صوفیہ نے لکھا ہے کہ خالی ہونے کے دو مطالب ہیں۔ ایک یہ کہ آدمیوں سے خالی ہو جس کے معنی تنہائی کے ہیں یہ عام مطلب ہے۔ دوسرے یہ کہ دل اغیار سے خالی ہو وہ فرماتے ہیں کہ اصل خلوت یہی ہے اس لیے اکمل درجہ تو یہ ہے کہ دونوں خلوتیں حاصل ہوں لیکن اگر کوئی شخص مجمع میں ہو اور دل غیروں سے بالکل خالی ہو اور ایسے وقت اللہ کے ذکر سے کوئی شخص رونے لگے تو وہ اس میں داخل ہے کہ مجمع کا ہونا نہ ہونا اس کے حق میں برابر ہے جب اس کا دل مجمع تو در کنار غیر اللہ کے التفات سے خالی ہے تو اس کو مجمع کیا مضر ہو سکتا ہے۔ اللہ کی یاد میں یا اُس کے خوف سے رونا بڑی ہی دولت ہے۔ خوش نصیب ہے وہ شخص جس کو حق تعالیٰ شانہٗ میسّر فرمادیں۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص اللہ کے خوف سے روئے وہ اس وقت تک جہنم میں نہیں جا سکتا، جب تک کہ دودھ تھنوں میں واپس جائے (اور ظاہر ہے کہ یہ ناممکن ہے۔ پس ایسے ہی اس کا جہنم میں جانا بھی ناممکن ہے) ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص اللہ کے خوف سے روئے حتیٰ کہ اس کے آنسوؤں میں سے کچھ زمین میں ٹپک جائے تو اس کو قیامت کے دن عذاب نہیں ہوگا۔

ایک حدیث میں آیا ہے کہ دو آنکھوں پر جہنم کی آگ حرام ہے۔ ایک وہ آنکھ جو اللہ کے خوف سے روئی ہو اور دوسری وہ جو اسلام کی اور مسلمانوں کی کفار سے حفاظت کرنے میں جاگی ہو۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ جو آنکھ اللہ کے خوف سے روئی ہو اس پر جہنم کی آگ حرام ہے اور جو آنکھ اللہ کی راہ میں جاگی ہو اس پر بھی حرام ہے اور جو آنکھ ناجائز چیز (مثلاً نامحرم وغیرہ) پر پڑنے سے رُک گئی ہو اس پر بھی حرام ہے اور جو آنکھ اللہ کی راہ میں ضائع ہو گئی ہو اس پر بھی جہنم کی آگ حرام ہے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص تنہائی میں اللہ کا ذکر کرنے والا ہو وہ ایسا ہے جیسے اکیلا کفار کے مقابلہ میں چل دیا ہو۔

(۱۷) عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنَادِي مُنَادٍ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ أَيْنَ أُولُوا الْأَلْبَابِ قَالُوْا أَيَّ أُولِي الْأَلْبَابِ تُرِيْدُ قَالَ الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِي خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحَانَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ عُقِدَ لَهُمْ لِوَاءٌ فَاتَّبَعَ الْقَوْمُ لِوَاءَهُمْ وَقَالَ لَهُمْ أُدْخُلُوْهَا خَالِدِيْنَ أخرجه الاصبهانی فی الترغیب کذا فی الدر

(۱۷) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ قیامت کے دن ایک آواز دینے والا آواز دے گا کہ عقلمند لوگ کہاں ہیں؟ لوگ پوچھیں گے کہ عقلمندوں سے کون مراد ہیں جواب ملے گا وہ لوگ جو اللہ کا ذکر کرتے تھے کھڑے اور بیٹھے اور لیٹے ہوئے (یعنی ہر حال میں اللہ کا ذکر کرتے رہتے تھے) اور آسمانوں اور زمینوں کے پیدا ہونے میں غور کرتے تھے اور کہتے تھے کہ یا اللہ آپ نے یہ سب بے فائدہ تو پیدا کیا ہی ہی نہیں ہم آپ کی تسبیح کرتے ہیں آپ ہم کو جہنم کے عذاب سے بچا لیجیے اسکے بعد ان لوگوں کے لیے ایک جھنڈا بنایا جائے گا جس کے پیچھے یہ سب جائیں گے اور ان سے کہا جائے گا کہ ہمیشہ کے لیے جنت میں داخل ہو جاؤ۔ (ف) آسمانوں اور زمینوں کے پیدا ہونے میں غور کرتے ہیں یعنی اللہ کی قدرت کے مظاہر اور اس کی حکمتوں کے عجائب سوچتے ہیں جس سے اللہ جل جلالہٗ کی معرفت میں قوت پیدا ہوتی ہے ؎ الٰہی یہ عالم ہے گلزار تیرا: ابن ابی الدنیاؒ نے ایک مرسل روایت نقل کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک مرتبہ صحابہؓ کی ایک جماعت کے پاس تشریف لے گئے جو چپ چاپ بیٹھے تھے حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ کیا بات ہے کس سوچ میں بیٹھے ہو، عرض کیا مخلوقاتِ الٰہیہ کی سوچ میں ہیں حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ ہاں اللہ کی ذات میں غور نہ کیا کرو (کہ وہ وَرَاءُ الوراء ہے) اس کی مخلوقات میں غور کیا کرو۔ حضرت عائشہ رضؓ سے ایک شخص نے عرض کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی عجیب بات سنا دیجیے۔ فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کونسی بات ایسی تھی جو عجیب نہ تھی۔ ایک مرتبہ رات کو تشریف لائے میرے بستر پر میرے لحاف میں لیٹ گئے پھر ارشاد فرمایا چھوڑ میں تو اپنے رب کی عبادت کروں یہ فرما کر اٹھے وضو فرمایا اور

نماز کی نیت باندھ کر رونا شروع کر دیا یہاں تک کہ آنسو سینۂ مبارک پر بہتے رہے پھر اسی طرح رکوع میں روتے رہے پھر سجدہ میں اسی طرح روتے رہے ساری رات اسی طرح گذار دی حتیٰ کہ صبح کی نماز کے واسطے حضرت بلالؓ بلانے کے لیے آگئے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ تو بخشے بخشائے ہیں پھر آپ اتنا کیوں روتے ارشاد فرمایا کیا میں اللہ کا شکر گذار بندہ نہ بنوں پھر فرمایا میں کیوں نہ روتا حالانکہ آج یہ آیتیں نازل ہوئیں (یعنی آیات بالا اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ سے فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ تک) پھر فرمایا کہ ہلاکت ہے اس شخص کے لیے جو ان کو پڑھے اور غور وفکر نہ کرے۔ عامر بن عبد قیس کہتے ہیں کہ میں نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے سنا ہے ایک سے دو سے تین سے نہیں (بلکہ ان سے زیادہ سے سُنا ہے) کہ ایمان کی روشنی اور ایمان کا نور غور وفکر ہے حضرت ابو ہریرہؓ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ ایک آدمی چھت پر لیٹا ہوا آسمان اور ستاروں کو دیکھ رہا تھا پھر کہنے لگا خدا کی قسم مجھے یقین ہے کہ تمہارا پیدا کرنے والا بھی کوئی ضرور ہے اے اللہ تو میری مغفرت فرما دے نظرِ رحمت اس کی طرف متوجہ ہوئی اور اس کی مغفرت ہوگئی حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ ایک ساعت کا غور تمام رات کی عبادت سے افضل ہے۔ حضرت ابو درداءؓ اور حضرت انسؓ سے بھی یہی نقل کیا گیا ہے حضرت انسؓ سے یہ بھی نقل کیا گیا کہ ایک ساعت کا غور ان چیزوں میں اسّی سال کی عبادت سے افضل ہے۔ امّ درداءؓ سے کسی نے پوچھا کہ ابو درداءؓ کی افضل ترین عبادت کیا تھی فرمایا غور وفکر بروایت ابو ہریرہؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی یہ نقل کیا گیا ہے کہ ایک ساعت کا غور وفکر ساٹھ برس کی عبادت سے افضل ہے لیکن ان روایتوں کا یہ مطلب نہیں کہ پھر عبادت کی ضرورت نہیں رہتی ہر عبادت اپنی جگہ جو درجہ رکھتی ہے فرض ہو یا واجب سنت ہو یا مستحب اس کے چھوڑنے پر اُسی درجہ کی وعید عذاب یا ملامت ہوگی جس درجہ کی وہ عبادت ہوگی۔

امام غزالیؒ نے لکھا ہے کہ غور وفکر کو افضل عبادات اس لیے کہا گیا کہ اس میں معنی ذکر کے تو موجود ہوتے ہی ہیں۔ دو چیزوں کا اضافہ اور ہوتا ہے۔ ایک اللہ کی معرفت اس لیے کہ غور وفکر معرفت کی کنجی ہے دوسری اللہ کی محبت کہ فکر پر یہ مرتب ہوتی ہے۔ یہی غور وفکر ہے جس کو صوفیہ مراقبہ سے تعبیر فرماتے ہیں بہت سی روایات سے اس کی فضیلت ثابت ہوتی ہے، مسند ابو یعلیٰ میں بروایت حضرت عائشہؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کیا ہے کہ وہ ذکر خفی جس کو فرشتے بھی نہ سُن سکیں ستر درجہ دو چند ہوتا ہے۔ جب قیامت کے دن حق تعالیٰ شانہٗ تمام مخلوق کو حساب کے لیے جمع فرمائیں گے اور کراماً کاتبین اعمال نامے لے کر آئیں گے تو ارشاد ہوگا کہ فلاں بندہ کے اعمال دیکھو کچھ اور باقی ہیں وہ عرض کریں گے کہ ہم نے کوئی بھی ایسی چیز نہیں چھوڑی جو لکھی نہ ہو اور محفوظ نہ ہو تو ارشاد ہوگا کہ ہمارے پاس اس کی ایسی نیکی باقی ہے جو تمہارے علم میں نہیں وہ ذکرِ خفی ہے۔ بیہقی نے شعب میں حضرت عائشہؓ سے بھی یہ حدیث نقل کی ہے کہ جس ذکر کو فرشتے بھی نہ سن سکیں وہ اس

ذکر پر جس کو وہ سنیں ستر درجے بڑھا ہوا ہے۔ یہی مراد ہے اُس شعر سے جس میں کہا گیا ہے ؎

میانِ عاشق و معشوق رمزے است　　کراماً کاتبین را ہم خبر نیست

کہ عاشق و معشوق میں ایسی رمز بھی ہوتی ہے جس کی فرشتوں کو بھی خبر نہیں ہوتی کتنے خوش قسمت ہیں وہ لوگ جن کو ایک لحظہ بھی غفلت نہیں ہوتی کہ ان کی ظاہری عبادت تو اپنے اپنے اجر و ثواب حاصل کریں ہی گی یہ ہر وقت کا ذکر و فکر پوری زندگی کے اوقات میں ستر گنا مزید برآں۔ یہی چیز ہے جس نے شیطان کو دِق کر رکھا ہے حضرت جنید رضؒ سے نقل کیا گیا ہے کہ انہوں نے ایک مرتبہ خواب میں شیطان کو بالکل ننگا دیکھا انہوں نے فرمایا تجھے شرم نہیں آتی کہ آدمیوں کے سامنے ننگا ہوتا ہے وہ کہنے لگا کہ یہ کوئی آدمی ہیں آدمی وہ ہیں جو شونیزیہ کہ مسجد میں بیٹھے ہیں جنہوں نے میرے بدن کو دبلا کر دیا اور میرے جگر کے کباب کر دیئے۔ حضرت جنیدؒ فرماتے ہیں کہ میں شونیزیہ کی مسجد میں گیا۔ میں نے دیکھا کہ چند حضرات گھٹنوں پر سر رکھے ہوئے مراقبہ میں مشغول ہیں جب انھوں نے مجھے دیکھا تو کہنے لگے کہ خبیث کی باتوں سے کہیں دھوکہ میں نہ پڑجانا مسوحیؒ سے بھی اس کے قریب ہی نقل کیا گیا ہے۔ انہوں نے شیطان کو ننگا دیکھا انہوں نے کہا تجھے آدمیوں کے درمیان اس طرح چلتے شرم نہیں آتی۔ کہنے لگا خدا کی قسم یہ آدمی نہیں اگر یہ آدمی ہوتے تو میں ان کی ساتھ اس طرح نہ کھیلتا جس طرح لڑکے گیند سے کھیلتے ہیں آدمی وہ لوگ ہیں جنہوں نے میرے بدن کو بیمار کر دیا اور صوفیہ کی جماعت کی طرف اشارہ کیا۔ ابو سعید خرازؒ کہتے ہیں .... کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ شیطان نے مجھ پر حملہ کیا میں لکڑی سے مارنے لگا۔ اس نے ذرا بھی پروانہ کی غیب سے ایک آواز آئی کہ یہ اس سے نہیں ڈرتا۔ یہ دل کے نور سے ڈرتا ہے۔ حضرت سعد رضؓ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ بہترین ذکر ذکرِ خفی ہے اور بہترین رزق وہ ہے جو کفایت کا درجہ رکھتا ہو۔ حضرت عبادہؓ نے بھی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے یہی نقل کیا ہے کہ بہترین ذکر ذکر خفی ہے اور بہترین رزق وہ ہے جو کفایت کا درجہ رکھتا ہو (یعنی نہ کم ہو کہ گذر نہ ہوسکے نہ زیادہ ہو کہ تکبر اور فواحش میں مبتلا کرے) ابن حبان اور ابو یعلیٰؒ نے اس حدیث کو صحیح بتایا ہے ایک حدیث میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ اللہ کو ذکر خامل سے یاد کیا کرو کسی نے دریافت کیا کہ ذکر خامل کیا ہے؟ ارشاد فرمایا کہ مخفی ذکر۔ اِن سب روایات سے ذکر خفی کی افضلیت معلوم ہوتی ہے۔ اور ابھی قریب ہی وہ روایت گذر چکی جس میں مجنون کہنے کا ذکر گذرا ہے دونوں مستقل چیزیں ہیں جو حالات کے اعتبار سے مختلف ہیں اس کو شیخ تجویز کرتا ہے کہ کس شخص کے لیے کس وقت کیا مناسب ہے۔

(۱۸) عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَهْلِ ابْنِ حُنَيْفٍ قَالَ نَزَلَتْ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ	(۱۸) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم دولت کدہ میں تھے کہ آیت وَاصْبِرْ نَفْسَكَ نازل ہوئی جس کا ترجمہ یہ ہے

وَهُوَ فِی بَعْضِ اَبْیَاتِہٖ وَاصْبِرْ نَفْسَکَ مَعَ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ رَبَّھُمْ بِالْغَدٰوۃِ وَالْعَشِیِّ فَخَرَجَ یَلْتَمِسُھُمْ فَوَجَدَ قَوْمًا یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ فِیْھِمْ ثَائِرُ الرَّاْسِ وَجَافُ الْجِلْدِ وَذُو الثَّوْبِ الْوَاحِدِ فَلَمَّا رَاٰھُمْ جَلَسَ مَعَھُمْ وَقَالَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ جَعَلَ فِیْ اُمَّتِیْ مَنْ اَمَرَنِیْ اَنْ اَصْبِرَ نَفْسِیْ مَعَھُمْ اخرجہ ابن جریر والطبرانی وابن مردویہ کذا فی الدر۔

اپنے آپ کو اُن لوگوں کے پاس (بیٹھنے کا) پابند کیجیے جو صبح شام اپنے رب کو پکارتے ہیں۔ حضور اقدس ﷺ اس آیت کے نازل ہونے پر اُن لوگوں کی تلاش میں نکلے ایک جماعت کو دیکھا کہ اللہ کے ذکر میں مشغول ہے بعض لوگ اُن میں بکھرے ہوئے بالوں والے ہیں اور خشک کھالوں والے اور صرف ایک کپڑے والے ہیں (کہ ننگے بدن ایک لنگی صرف ان کے پاس ہے) جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو دیکھا تو ان کے پاس بیٹھ گئے اور ارشاد فرمایا کہ تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جس نے میری اُمت میں ایسے لوگ پیدا فرمائے کہ خود مجھے ان کے پاس بیٹھنے کا حکم ہے۔

(ف) ایک دوسری حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو تلاش فرمایا تو مسجد کے آخری حصہ میں بیٹھے ہوئے پایا کہ ذکر اللہ میں مشغول تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جس نے میری زندگی (ہی) میں ایسے لوگ پیدا فرمائے کہ مجھے اُن کے پاس بیٹھنے کا حکم ہے۔ پھر فرمایا تم ہی لوگوں کی ساتھ زندگی ہے اور تمہارے ہی ساتھ مرنا ہے یعنی مرنے جینے کے ساتھی اور رفیق تم ہی لوگ ہو۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ حضرت سلمان فارسیؓ وغیرہ حضرات صحابہ کرامؓ کی ایک جماعت ذکر اللہ میں مشغول تھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو یہ لوگ چپ ہو گئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم کیا کر رہے تھے عرض کیا ذکرِ الٰہی میں مشغول تھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے دیکھا کہ رحمتِ الٰہی تم لوگوں پر اتر رہی ہے تو میرا بھی دل چاہا کہ آکر تمہارے ساتھ شرکت کروں پھر ارشاد فرمایا کہ الحمد للہ اللہ جل شانہٗ نے میری امت میں ایسے لوگ پیدا کیے جن کے پاس بیٹھنے کا مجھے حکم ہوا۔ ابراہیم نخعیؒ کہتے ہیں کہ اَلَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ سے مراد ذاکرین کی جماعت ہے۔ ان ہی جیسے احکام سے صوفیہ نے استنباط کیا ہے کہ مشائخ کو بھی مریدین کے پاس بیٹھنا ضروری ہے اس میں علاوہ فائدہ پہنچانے کے اختلاط سے شیخ کے نفس کے لیے بھی مجاہدہ تامّہ ہے کہ غیر مہذب لوگوں کی بدعنوانیوں کے تحمل اور برداشت سے نفس میں انقیاد پیدا ہوگا اُس کی قوت میں انکسار پیدا ہوگا۔

اس کے علاوہ قلوب کے اجتماع کو اللہ جل جلالہٗ کی رحمت اور رافت کے متوجہ کرنے میں خاص دخل ہے اسی وجہ سے جماعت کی نماز مشروع ہوئی اور یہی بڑی وجہ ہے کہ عرفات کے میدان میں سب حجاج بیک حال ایک میدان میں اللہ کی طرف متوجہ کیے جاتے ہیں جیسا کہ ہمارے حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے حجۃ اللہ البالغہ

میں متعدد جگہ اس مضمون کو اہتمام سے ارشاد فرمایا ہے۔ یہ سب اس جماعت کے بارے میں ہے جو اللہ کا ذکر کرنے والی ہو کہ احادیث میں کثرت سے اس کی ترغیب آئی ہے اس کے بالمقابل اگر کوئی شخص غافلین کی جماعت میں پھنس جائے اور اُس وقت اللہ کے ذکر میں مشغول ہو تو اس کے بارے میں بھی احادیث میں کثرت سے فضائل آئے ہیں ایسے موقع پر آدمی کو اور بھی زیادہ اہتمام اور توجہ سے اللہ کی طرف مشغول رہنا چاہیے تاکہ ان کی نحوست سے محفوظ رہے۔ حدیث میں آیا ہے کہ غافلین کی جماعت میں اللہ کا ذکر کرنے والا ایسا ہے جیسے کہ جہاد میں بھاگنے والوں کی جماعت میں سے کوئی شخص جم کر مقابلہ کرے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ غافلین میں اللہ کا ذکر کرنے والا ایسا ہے جیسے بھاگنے والوں کی طرف سے کفار کا مقابلہ کرے نیز وہ ایسا ہے جیسے اندھیرے گھر میں چراغ۔ نیز وہ ایسا ہے جیسے پت جھڑ والے درختوں میں کوئی شاداب سرسبز درخت ہو ایسے شخص کو حق تعالیٰ شانہٗ اُس کا جنت کا گھر پہلے ہی دکھا دیں گے۔ اور ہر آدمی اور حیوان کی برابر اس کی مغفرت کی جاوے گی یہ جب ہے کہ ان مجالس میں اللہ کے ذکر میں مشغول ہو ورنہ ایسی مجالس کی شرکت کی ممانعت آئی ہے۔ حدیث میں ہے کہ عشیرۃ یعنی یارانہ کی مجالس سے اپنے آپ کو بچاؤ عزیزیؒ کہتے ہیں یعنی ایسی مجالس سے جن میں غیر اللہ کا ذکر کثرت سے ہوتا ہو لغویات اور لہو ولعب میں مشغول ہوتی ہو۔ ایک بزرگ کہتے ہیں میں ایک مرتبہ بازار جارہا تھا ایک حبشیہ باندی میرے ساتھ تھی میں نے بازار میں ایک جگہ اُس کو بٹھا دیا کہ میں واپسی میں اُس کو لے لوں گا وہ وہاں سے چلی آئی جب میں نے واپسی پر اس کو وہاں نہ دیکھا تو مجھے غصہ آیا میں گھر واپس آیا تو وہ باندی آئی اور کہنے لگی میرے آقا خفگی میں جلدی نہ کریں آپ مجھے ایسے لوگوں کے پاس چھوڑ گئے جو اللہ کے ذکر سے غافل تھے مجھے یہ ڈر ہوا کہ ان پر کوئی عذاب نازل نہ ہو وہ زمین میں دھنس نہ جائیں اور میں بھی اُن کے ساتھ عذاب میں دھنس نہ جاؤں۔

(۱۹) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَۃَ رَضِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْمَا يَذْكُرُ عَنْ رَبِّهٖ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اُذْكُرْنِیْ بَعْدَ الْعَصْرِ وَبَعْدَ الْفَجْرِ سَاعَةً اَكْفِكَ فِيْمَا بَيْنَهُمَا اخرجہ احمد کذا فی الدر۔

(۱۹) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم جل جلالہٗ کا پاک ارشاد نقل فرماتے ہیں کہ تو صبح کی نماز کے بعد اور عصر کی نماز کے بعد تھوڑی دیر مجھے یاد کر لیا کر میں درمیانی حصہ میں تیری کفایت کروں گا۔ (ایک حدیث میں آیا ہے کہ اللہ کا ذکر کیا کر وہ تیری مطلب براری میں معین ہوگا)

(ف) آخرت کے واسطے نہ سہی دنیا کے واسطے ہم لوگ کیسی کیسی کوشش کر ڈالتے ہیں کیا بگڑ جائے اگر تھوڑی سی دیر صبح اور عصر کے بعد اللہ کا ذکر بھی کر لیا کریں کہ احادیث میں کثرت سے ان دو وقتوں میں اللہ کے ذکر کے لیے فضائل وارد ہوئے اور رب اللہ جل جلالہٗ کفایت کا وعدہ فرماتے ہیں پھر کسی دوسری چیز کی کیا ضرورت باقی

ایک حدیث میں آیا ہے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ میں ایسی جماعت کے ساتھ بیٹھوں جو صبح کی نماز کے بعد آفتاب نکلنے تک اللہ کے ذکر میں مشغول ہو۔ مجھے زیادہ پسند ہے اس سے کہ چار عرب غلام آزاد کروں اسی طرح ایسی جماعت کے ساتھ بیٹھوں جو عصر کی نماز کے بعد سے غروب تک اللہ کے ذکر میں مشغول رہے یہ زیادہ پسند ہے چار غلام آزاد کرنے سے۔ ایک حدیث میں ہے کہ جو شخص صبح کی نماز جماعت سے پڑھے پھر آفتاب نکلنے تک اللہ کے ذکر میں مشغول رہے اور پھر دو رکعت نفل پڑھے اس کو ایسا ثواب ملے گا جیسا کہ حج اور عمرہ پر ملتا ہے اور حج اور عمرہ بھی وہ جو کامل ہو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ میں ایک جماعت کے ساتھ صبح کی نماز کے بعد سے آفتاب نکلنے تک ذکر میں مشغول رہوں یہ مجھے دنیا اور دنیا کی تمام چیزوں سے زیادہ محبوب ہے اسی طرح عصر کی نماز کے بعد سے غروب تک ایک جماعت کی ساتھ ذکر میں مشغول رہوں یہ مجھے دنیا اور دنیا کی تمام چیزوں سے زیادہ پسند ہے ان ہی وجوہ سے صبح کی نماز کے بعد اور عصر کی نماز کے بعد اوراد کا معمول ہے اور حضرات صوفیہ کے یہاں تو ان دونوں وقتوں کا خاص اہتمام ہے کہ صبح کی نماز کے بعد عموماً اشتغال میں اہتمام فرماتے ہیں اور عصر کے بعد اوراد کا اہتمام کرتے ہیں بالخصوص فجر کے بعد فقہاء بھی اہتمام فرماتے ہیں مدوّنہ میں امام مالکؒ سے نقل کیا گیا ہے کہ فجر کی نماز کے بعد طلوع آفتاب تک باتیں کرنا مکروہ ہیں اور حنفیہ میں سے صاحب درمختارؒ نے بھی اس وقت باتیں کرنا مکروہ لکھا ہے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص صبح کی نماز کے بعد اسی ہیئت سے بیٹھے ہوئے بولنے سے قبل یہ دعا دس مرتبہ پڑھے۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اپنی ذات اور صفات میں اکیلا ہے کوئی اُس کا شریک نہیں سارا ملک دنیا اور آخرت کا اسی کا ہے اور جتنی خوبیاں ہیں وہ اُسی پاک ذات کے لیے ہیں وہی زندہ کرتا ہے وہی مارتا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے) تو اس کے لیے دس نیکیاں لکھی جائیں دس برائیاں معاف فرمائی جائیں اور جنّت میں دس درجے بلند کیے جائیں اور تمام دن شیطان سے اور مکروہات سے محفوظ رہے۔ ایک حدیث میں آیا ہے جو صبح اور عصر کے بعد اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ (میں اُسی اللہ سے جو زندہ ہے ہمیشہ رہنے والا ہے اُس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اپنے گناہوں کی مغفرت مانگتا ہوں اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں توبہ کرتا ہوں) تین مرتبہ پڑھے اس کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ خواہ سمندر کی برابر ہوں۔

(۲۰) عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَؓ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الدُّنْيَا مَلْعُوْنَةٌ وَمَلْعُوْنٌ مَا فِيْهَا اِلَّا ذِكْرُ اللّٰهِ وَمَا وَالَاهُ وَعَالِمًا

(۲۰) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ دنیا ملعون ہے اور جو کچھ دنیا میں ہے سب ملعون (اللہ کی رحمت سے دور ہے) مگر اللہ کا ذکر اور وہ چیز جو اس کے

وَمُتَعَلِّمًا۔ رواہ الترمذی وابن ماجۃ والبیہقی وقال الترمذی حدیث حسن کذا فی الترغیب وذکرہ فی الجامع الصغیر بروایۃ ابن ماجۃ ورقم لہ بالحسن وذکرہ فی مجمع الزوائد بروایۃ الطبرانی فی الاوسط عن ابن مسعودؓ وکذا السیوطی فی الجامع الصغیر وذکرہ بروایۃ البزار عن ابن مسعود بلفظ اِلَّا اَمْرًا بِمَعْرُوْفٍ اَوْ نَهْيًا عَنْ مُّنْكَرٍ اَوْ ذِكْرَ اللّٰهِ ورقم لہ بالصحۃ

قریب ہو اور عالم اور طالب علم۔ (ف) اس کے قریب ہونے سے مراد ذکر کے قریب ہونا بھی ہو سکتا ہے اس صورت میں وہ چیزیں مراد ہوں گی جو اللہ کے ذکر میں معین و مددگار ہوں جن میں کھانا پینا بھی بقدر ضرورت داخل ہے اور زندگی کے اسباب ضروریہ بھی اس میں داخل ہیں اور اس صورت میں اللہ کا ذکر ہر چیز کو جو عبادت کی قبیل سے ہو شامل ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اُس کے قریب ہونے سے اللہ کا قرب مراد ہو تو اس صورت میں ساری عبادتیں اس میں داخل ہوں گی اور اللہ کے ذکر سے مخصوص ذکر مراد ہوگا اور دونوں صورتوں میں علم ان میں خود داخل ہو گیا تھا پہلی صورت میں اس وجہ سے کہ علم ہی اللہ کے ذکر کے قریب لے جاتا ہے کہ "بے علم نتواں خدارا شناخت" (بغیر علم کے اللہ کو پہچان نہیں سکتا) اور دوسری صورت میں اس وجہ سے کہ علم سے بڑھکر کون عبادت ہوگی لیکن اسکے باوجود پھر عالم اور طالب العلم کو علیحدہ اہتمام کی وجہ سے فرمایا کہ علم بہت ہی بڑی دولت ہے۔

ایک حدیث میں آیا ہے کہ علم کا صرف اللہ کے لیے سیکھنا اللہ کے خوف کے حکم میں ہے اور اس کی طلب (یعنی تلاش کے لیے کہیں جانا) عبادت ہے اور اس کا یاد کرنا تسبیح ہے اور اس کی تحقیقات میں بحث کرنا جہاد ہے اور اس کا پڑھنا صدقہ ہے اور اس کا اہل پر خرچ کرنا اللہ کے یہاں قربت ہے اس لیے کہ علم جائز ناجائز کے پہچاننے کے لیے علامت ہے اور جنت کے راستوں کا نشان ہے۔ وحشت میں جی بہلانے والا ہے اور سفر کا ساتھی ہے (کہ کتاب کا دیکھنا دونوں کام دیتا ہے اسی طرح) تنہائی میں ایک محدّث ہے خوشی اور رنج میں دلیل ہے دشمنوں پر ہتھیار ہے۔ دوستوں کے لیے حق تعالیٰ شانہٗ اس کی وجہ سے ایک جماعت (علماء) کو بلند مرتبہ کرتا ہے کہ وہ خیر کی طرف بلانے والے ہوتے ہیں اور ایسے امام ہوتے ہیں کہ ان کے نشانِ قدم پر چلا جائے اور ان کے افعال کا اتباع کیا جائے اُنکی رائے کی طرف رجوع کیا جائے فرشتے اُن سے دوستی کرنے کی رغبت کرتے ہیں۔ اپنے پروں کو (برکت حاصل کرنے کے لیے یا محبت کے طور پر) ان پر ملتے ہیں۔ اور ہر تر اور خشک چیز دنیا کی اُن کے لیے اللہ سے مغفرت کی دعا کرتی ہے حتیٰ کہ سمندر کی مچھلیاں اور جنگل کے درندے اور چوپائے اور زہریلے جانور (سانپ وغیرہ) تک بھی دعائے مغفرت کرتے رہتے ہیں۔ اور یہ سب اس لیے کہ علم دلوں کی روشنی ہے آنکھوں کا نور ہے علم کی وجہ سے بندہ اُمت کے بہترین افراد تک پہنچ جاتا ہے دنیا اور آخرت کے بلند مرتبوں کو حاصل کر لیتا ہے اُس کا مطالعہ روزوں کے برابر ہے اس کا یاد کرنا تہجد کے برابر ہے اُسی سے رشتے

جوڑے جاتے ہیں اور اسی سے حلال وحرام کی پہچان ہوتی ہے وہ عمل کا امام ہے اور عمل اُس کا تابع ہے سعید لوگوں کو اُس کا الہام کیا جاتا ہے اور بدبخت اس سے محروم رہتے ہیں۔ اس حدیث پر مجموعی طور سے بعض نے کلام کیا ہے لیکن جس قسم کے فضائل اس میں ذکر کیے گئے ہیں اُن کی تائید دوسری روایات سے بھی ہوتی ہے نیزان کے علاوہ اور بہت سے فضائل حدیث کی کتابوں میں بکثرت آئے ہیں اس وجہ سے عالم اور طالب علم کو خاص طور سے حدیث بالا میں ذکر فرمایا ہے۔ حافظ ابن قیمؒ ایک مشہور محدث ہیں انہوں نے ایک مبسوط رسالہ عربی میں "الوابل الصیب" کے نام سے ذکر کے فضائل میں تصنیف کیا ہے جس میں وہ فرماتے ہیں کہ ذکر میں سَو سے بھی زیادہ فائدے ہیں ان میں سے نمبروار اُناسی فائدے انہوں نے ذکر فرمائے ہیں۔ جن کو مختصراً اس جگہ ترتیب وار نقل کیا جاتا ہے۔ اور چونکہ بہت سے فوائد ان میں ایسے ہیں جو کئی کئی فائدوں کو شامل ہیں اس لحاظ سے یہ سَو سے زیادہ کو مشتمل ہیں۔

(۱) ذکر شیطان کو دفع کرتا ہے اور اس کی قوت کو توڑتا ہے (۲) اللہ جل جلالہ کی خوشنودی کا سبب ہے۔ (۳) دل سے فکر و غم کو دور کرتا ہے (۴) دل میں فرحت سرور اور انبساط پیدا کرتا ہے (۵) بدن کو اور دل کو قوت بخشتا ہے۔ (۶) چہرہ اور دل کو منور کرتا ہے (۷) رزق کو کھینچتا ہے (۸) ذکر کرنے والے کو ہیبت اور حلاوت کا لباس پہناتا ہے یعنی اُس کے دیکھنے سے رعب پڑتا ہے اور دیکھنے والوں کو حلاوت نصیب ہوتی ہے (۹) اللہ تعالیٰ شانہٗ کی محبت پیدا کرتا ہے اور محبت ہی اسلام کی روح اور دین کا مرکز ہے اور سعادت اور نجات کا مدار ہے جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اللہ کی محبت تک اس کی رسائی ہو اس کو چاہیے کہ اسکے ذکر کی کثرت کرے جیسا کہ پڑھنا اور تکرار کرنا علم کا دروازہ ہے اسی طرح اللہ کا ذکر اس کی محبت کا دروازہ ہے (۱۰) ذکر سے مراقبہ نصیب ہوتا ہے جو مرتبۂ احسان تک پہنچا دیتا ہے یہی مرتبہ ہے جس میں اللہ تعالیٰ کی عبادت ایسی نصیب ہوتی ہے گویا اللہ جل شانہٗ کو دیکھ رہا ہے (یہی مرتبہ صوفیہ کا منتہائے مقصد ہوتا ہے) (۱۱) اللہ کی طرف رجوع پیدا کرتا ہے جس سے رفتہ رفتہ یہ نوبت آجاتی ہے کہ ہر چیز میں حق تعالیٰ شانہٗ اس کی جائے پناہ اور ماویٰ وملجا بن جاتے ہیں اور ہر مصیبت میں اسی کی طرف توجہ ہو جاتی ہے۔

(۱۲) اللہ کا قرب پیدا کرتا ہے اور جتنا ذکر میں اضافہ ہوتا ہے اتنا ہی قرب میں اضافہ ہوتا ہے اور جتنی ذکر سے غفلت ہوتی ہے اتنی ہی دوری ہوتی ہے (۱۳) اللہ کی معرفت کا دروازہ کھولتا ہے۔ (۱۴) اللہ جل شانہٗ کی ہیبت اور اس کی بڑائی دل میں پیدا کرتا ہے اور اللہ کی ساتھ حضوری پیدا کرتا ہے (۱۵) اللہ جل شانہٗ کی بارگاہ میں ذکر کا سبب ہے چنانچہ کلام پاک میں ارشاد ہے فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ اور حدیث میں وارد ہے۔ مَنْ ذَكَرَنِي فِي نَفْسِهِ ذَكَرْتُهُ فِي نَفْسِي الحدیث چنانچہ آیات اور احادیث کے بیان میں

پہلے مفصل گذر چکا ہے اگر ذکر میں اس کے سوا اور کوئی بھی فضیلت نہ ہوتی تب بھی شرافت اور کرامت کے اعتبار سے یہی ایک فضیلت کافی تھی چہ جائیکہ اس میں اور بھی بہت سی فضیلتیں ہیں (۱۶) دل کو زندہ کرتا ہے۔ حافظ ابن تیمیہؒ کہتے ہیں کہ اللہ کا ذکر دل کے لیے ایسا ہے جیسا مچھلی کے لیے پانی۔ خود غور کر لو کہ بغیر پانی کے مچھلی کا کیا حال ہوتا ہے (۱۷) دل اور روح کی روزی ہے اگر ان دونوں کو اپنی روزی نہ ملے تو ایسا ہے جیسا بدن کو اس کی روزی (یعنی کھانا) نہ ملے۔ (۱۸) دل کو زنگ سے صاف کرتا ہے جیسا کہ حدیث میں بھی وارد ہوا ہے ہر چیز پر اُس کے مناسب زنگ اور میل کچیل ہوتا ہے دل کا میل اور زنگ خواہشات اور غفلت ہیں یہ اس کے لیے صفائی کا کام دیتا ہے (۱۹) لغزشوں اور خطاؤں کو دور کرتا ہے (۲۰) بندہ کو اللہ جل شانہٗ سے جو وحشت ہو جاتی ہے اُس کو دور کرتا ہے کہ غافل کے دل پر اللہ کی طرف سے ایک وحشت رہتی ہے جو ذکر ہی سے دور ہوتی ہے (۲۱) جو اذکار بندہ کرتا ہے وہ عرش کے چاروں طرف بندہ کا ذکر کرتے رہتے ہیں جیسا کہ حدیث میں وارد ہے (باب نمبر۳ فصل نمبر۲ حدیث نمبر۱۷-)
(۲۲) جو شخص راحت میں اللہ جل شانہٗ کا ذکر کرتا ہے اللہ جل جلالہٗ مصیبت کے وقت اس کو یاد کرتا ہے (۲۳) اللہ کے عذاب سے نجات کا ذریعہ ہے۔ (۲۴) سکینہ اور رحمت کے اترنے کا سبب ہے اور فرشتے ذکر کرنے والے کو گھیر لیتے ہیں (سکینہ کے معنی باب ہٰذا کی فصل نمبر (۲) حدیث نمبر (۸) میں گذر چکے ہیں۔)
(۲۵) اس کی برکت سے زبان غیبت، چغلخوری، جھوٹ، بدگوئی، لغوگوئی سے محفوظ رہتی ہے چنانچہ تجربہ اور مشاہدہ سے ثابت ہے کہ جس شخص کی زبان اللہ کے ذکر کی عادی ہو جاتی ہے وہ ان اشیاء سے عموماً محفوظ رہتا ہے اور جس کی زبان عادی نہیں ہوتی ہر نوع کی لغویات میں مبتلا رہتا ہے (۲۶) ذکر کی مجلسیں فرشتوں کی مجلسیں ہیں اور لغویات اور غفلت کی مجلسیں شیطان کی مجلسیں ہیں اب آدمی کو اختیار ہے جس قسم کی مجلسوں کو چاہے پسند کر لے اور ہر شخص اُسی کو پسند کرتا ہے جس سے مناسبت رکھتا ہے۔
(۲۷) ذکر کی وجہ سے ذکر کرنے والا بھی سعید (نیک بخت) ہوتا ہے اور اس کے پاس بیٹھنے والا بھی اور غفلت یا لغویات میں مبتلا ہونے والا خود بھی بدبخت ہوتا ہے اور اس کے پاس بیٹھنے والا بھی (۲۸) قیامت کے دن حسرت سے محفوظ رکھتا ہے اس لیے کہ حدیث میں آیا ہے کہ ہر وہ مجلس جس میں اللہ کا ذکر نہ ہو قیامت کے دن حسرت اور نقصان کا سبب ہے (۲۹) ذکر کے ساتھ اگر تنہائی کا رونا بھی نصیب ہو جائے تو قیامت کے دن کی تپش اور گرمی میں جبکہ ہر شخص میدانِ حشر میں بلبلا رہا ہوگا۔ یہ عرش کے سایہ میں ہوگا۔ (۳۰) ذکر میں مشغول رہنے والوں کو ان سب چیزوں سے زیادہ ملتا ہے۔ جو دعائیں مانگنے والوں کو ملتی ہیں۔ حدیث میں اللہ جل شانہٗ کا ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ جس شخص کو میرے ذکر نے دعا سے روک دیا اس کو میں دعائیں مانگنے

والوں سے افضل عطا کروں گا۔ (۳۱) باوجود سہل ترین عبادت ہونے کے تمام عبادتوں سے افضل ہے اس لیے کہ زبان کو حرکت دینا بدن کے اور تمام اعضاء کو حرکت دینے سے سہل ہے (۳۲) اللہ کا ذکر جنّت کے پودے ہیں (چنانچہ باب ۲ فصل ۲ حدیث ۷) میں مفصّل آرہا ہے (۳۳) جس قدر بخشش اور انعام کا وعدہ اس پر ہے اتنا کسی اور عمل پر نہیں ہے چنانچہ ایک حدیث میں وارد ہے کہ جو شخص لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْر سَو مرتبہ کسی دن پڑھے تو اس کے لیے دس غلام آزاد کرنے کا ثواب ہوتا ہے اور سَو نیکیاں اس کے لیے لکھی جاتی ہیں اور سو برائیاں اس سے معاف کر دی جاتی ہیں اور شام تک شیطان سے محفوظ رہتا ہے اور دوسرا کوئی شخص اس سے افضل نہیں ہوتا مگر وہ شخص کہ اس سے زیادہ عمل کرے اسی طرح اور بہت سی احادیث ہیں جن سے ذکر کا افضل اعمال ہونا معلوم ہوتا ہے (اور بہت سی ان میں سے اس رسالہ میں مذکور ہیں) (۳۴) دوامِ ذکر کی بدولت اپنے نفس کو بھولنے سے امن نصیب ہوتا ہے جو سبب ہے دارین کی شقاوت کا اس لیے کہ اللہ کی یاد کو بھلا دینا سبب ہوتا ہے خود اپنے نفس کے بھلا دینے کا اور اپنے تمام مصالح کے بھلا دینے کا۔ چنانچہ ارشاد خداوندی ہے وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰهُمْ اَنْفُسَهُمْ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝ (سورہ حشر رکوع ۳) (تم ان لوگوں کی طرح نہ ہو جنھوں نے اللہ سے بے پروائی کی پس اللہ نے اُن کو اپنی جانوں سے بے پروا کر دیا یعنی ان کی عقل ایسی ماری گئی کہ اپنے حقیقی نفع کو نہ سمجھا) اور جب آدمی اپنے نفس کو بھلا دیتا ہے تو اس کی مصالح سے غافل ہو جاتا ہے اور یہ سبب ہلاکت کا بن جاتا ہے جیسا کہ کسی شخص کی کھیتی ہو یا باغ ہو اور اُس کو بھول جائے اس کی خبرگیری نہ کرے تو لا محالہ وہ ضائع ہوگا۔ اور اس سے امن جب ہی مل سکتا ہے جب اللہ کے ذکر سے زبان کو ہر وقت تروتازہ رکھے اور ذکر اس کو ایسا محبوب ہو جائے جیسا کہ پیاس کی شدّت کے وقت پانی اور بھوک کے وقت کھانا اور سخت گرمی اور سخت سردی کے وقت مکان اور لباس بلکہ اللہ کا ذکر اس سے زیادہ کا مستحق ہے اس لیے کہ ان اشیاء کے نہ ہونے سے بدن کی ہلاکت ہے جو روح کی اور دل کی ہلاکت کے مقابلہ میں کچھ بھی نہیں ہے (۳۵) ذکر آدمی کی ترقی کرتا رہتا ہے بستر پر بھی اور بازار میں بھی صحت میں بھی اور بیماری میں بھی نعمتوں اور لذتوں کے ساتھ مشغولی میں بھی اور کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو ہر وقت ترقی کا سبب بنتی ہو حتیٰ کہ جس کا دل نور ذکر سے منوّر ہو جاتا ہے وہ سوتا ہوا بھی غافل شب بیداروں سے بڑھ جاتا ہے۔ (۳۶) ذکر کا نور دنیا میں بھی ساتھ رہتا ہے اور قبر میں بھی ساتھ رہتا ہے اور آخرت میں پلصراط پر آگے آگے چلتا ہے۔ حق تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد ہے۔ اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا

يَمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِي الظُّلُمٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا (سورہ انعام رکوع ۱۵) (ایسا شخص جو پہلے مردہ یعنی گمراہ تھا پھر ہم نے اُس کو زندہ یعنی مسلمان بنا دیا اور اس کو ایسا نور دے دیا کہ وہ اُس نور کو لیے ہوئے آدمیوں میں چلتا پھرتا ہے یعنی وہ نور ہر وقت اُس کی ساتھ رہتا ہے کیا ایسا شخص بدحالی میں اُس شخص کی طرح ہو سکتا ہے جو گمراہیوں کی تاریکیوں میں گھرا ہو کہ ان سے نکلنے ہی نہیں پاتا) پس اوّل شخص مومن ہے جو اللہ پر ایمان رکھتا ہے اور اس کی محبت اور اس کی معرفت اور اس کے ذکر سے منور ہے اور دوسرا شخص ان چیزوں سے خالی ہے حقیقت یہ ہے کہ یہ نور نہایت مہتم بالشان چیز ہے اور اسی میں پوری کامیابی ہے اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کی طلب اور دعا میں مبالغہ فرمایا کرتے تھے اور اپنے ہر ہر جزو میں نور کو طلب فرماتے تھے چنانچہ احادیث میں متعدد دعائیں ایسی ہیں جن میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی دعا فرمائی ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ آپ کے گوشت میں ہڈیوں میں پٹھوں میں بال میں کھال میں کان میں آنکھ میں اوپر نیچے دائیں بائیں آگے پیچھے نور ہی نور کر دے حتیٰ کہ یہ بھی دعا کی کہ خود مجھی کو سراپا نور بنا دے کہ آپ کی ذات ہی نور بن جاتے اسی نور کی بقدر اعمال میں نور ہوتا ہے حتیٰ کہ بعض لوگوں کے نیک عمل ایسی حالت میں آسمان پر جاتے ہیں کہ اُن پر آفتاب جیسا نور ہوتا ہے اور ایسا ہی نور اُن کے چہروں پر قیامت کے دن ہوگا (۳۷) ذکر تصوّف کا اصل اصول ہے اور تمام صوفیہ کے سب طریقوں میں رائج ہے جس شخص کے لیے ذکر کا دروازہ کھل گیا ہے اُس کے لیے اللہ جل شانہٗ تک پہنچنے کا دروازہ کھل گیا۔ اور جو اللہ جل شانہٗ تک پہنچ گیا وہ جو چاہتا ہے پاتا ہے کہ اللہ جل شانہٗ کے پاس کسی چیز کی بھی کمی نہیں ہے (۳۸) آدمی کے دل میں ایک گوشہ ہے جو اللہ کے ذکر کے علاوہ کسی چیز سے بھی پُر نہیں ہوتا اور جب ذکر دل پر مسلط ہو جاتا ہے تو وہ نہ صرف اس گوشہ کو پُر کرتا ہے بلکہ ذکر کرنے والے کو بغیر مال کے غنی کر دیتا ہے اور بغیر کنبہ اور جماعت کے لوگوں کے دلوں میں عزت والا بنا دیتا ہے اور بغیر سلطنت کے بادشاہ بنا دیتا ہے اور جو شخص ذکر سے غافل ہوتا ہے وہ باوجود مال و دولت کنبہ اور حکومت کے ذلیل ہوتا ہے (۳۹) ذکر پراگندہ کو مجتمع کرتا ہے اور مجتمع کو پراگندہ کرتا ہے دور کو قریب کرتا ہے اور قریب کو دور کرتا ہے پراگندہ کو مجتمع کرنے کا مطلب یہ ہے کہ آدمی کے دل پر جو متفرق ہُموم غُموم تفکرات پریشانیاں ہوتی ہیں ان کو دور کر کے جمعیت خاطر پیدا کرتا ہے اور مجتمع کو پراگندہ کرنے کا مطلب یہ ہے کہ آدمی پر جو تفکرات مجتمع ہیں ان کو متفرق کر دیتا ہے اور آدمی کی جو لغزشیں اور گناہ جمع ہو گئے ہیں ان کو پراگندہ کر دیتا ہے اور جو شیطان کے لشکر آدمی پر مسلط ہیں اُن کو پراگندہ کر دیتا ہے اور آخرت کو جو دور ہے قریب کر دیتا ہے اور دنیا کو جو قریب ہے دور کر دیتا ہے۔ (۴۰) ذکر آدمی کے

دل کو نیند سے جگاتا ہے غفلت سے چوکنا کرتا ہے اور دل جب تک سوتا رہتا ہے اپنے سارے ہی منافع کھوتا رہتا ہے (۴۱) ذکر ایک درخت ہے جس پر معارف کے پھل لگتے ہیں صوفیہ کی اصطلاح میں احوال اور مقامات کے پھل لگتے ہیں اور جتنی بھی ذکر کی کثرت ہوگی اتنی ہی اس درخت کی جڑ مضبوط ہوگی اور جتنی جڑ مضبوط ہوگی اتنے ہی زیادہ پھل اُس پر آئیں گے (۴۲) ذکر اس پاک ذات کے قریب کر دیتا ہے جس کا ذکر کر رہا ہے حتیٰ کہ اس کے ساتھ معیّت نصیب ہو جاتی ہے۔ چنانچہ قرآن پاک میں ہے اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا (اللہ جل شانہٗ متقیوں کی ساتھ ہے) اور حدیث میں وارد ہے اَنَا مَعَ عَبْدِیْ مَا ذَکَرَنِیْ (میں اپنے بندے کے ساتھ رہتا ہوں جب تک وہ میرا ذکر کرتا رہے) ایک حدیث میں ہے کہ میرا ذکر کرنے والے میرے آدمی ہیں، میں ان کو اپنی رحمت سے دُور نہیں کرتا اگر وہ اپنے گناہوں سے توبہ کرتے رہیں تو میں اُن کا حبیب ہوں اور اگر وہ توبہ نہ کریں تو میں اُن کا طبیب ہوں کہ اُن کو پریشانیوں میں مبتلا کرتا ہوں تاکہ اُن کو گناہوں سے پاک کروں۔ نیز ذکر کی وجہ سے جو اللہ جل شانہٗ کی معیت نصیب ہوتی ہے وہ ایسی معیت ہے جس کی برابر کوئی دوسری معیّت نہیں ہے نہ وہ زبان سے تعبیر ہو سکتی ہے نہ تحریر میں آسکتی ہے اس کی لذت وہی جان سکتا ہے جس کو یہ نصیب ہو جاتی ہے (اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ مِنْہُ شَیْئًا) (۴۳) ذکر غلاموں کے آزاد کرنے کے برابر ہے مالوں کے خرچ کرنے کے برابر ہے اللہ کے راستے میں جہاد کی برابر ہے (بہت سی روایات میں اس قسم کے مضامین گذر بھی چکے ہیں اور آیندہ بھی آنے والے ہیں) (۴۴) ذکر شکر کی جڑ ہے جو اللہ کا ذکر نہیں کرتا وہ شکر بھی ادا نہیں کرتا۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ حضرت موسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصّلوٰۃ والسّلام نے اللہ جل جلالہٗ سے عرض کیا آپ نے مجھ پر بہت احسانات کیے ہیں مجھے طریقہ بتا دیجیے کہ میں آپ کا بہت شکر ادا کروں۔ اللہ جل جلالہٗ نے ارشاد فرمایا کہ جتنا بھی تم میرا ذکر کروگے اتنا ہی شکر ادا ہوگا۔ دوسری حدیث میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی یہ درخواست ذکر کی گئی ہے کہ یا اللہ تیری شان کے مناسب شکر کس طرح ادا ہو اللہ جل جلالہ نے فرمایا کہ تمہاری زبان ہر وقت ذکر کے ساتھ تر و تازہ رہے (۴۵) اللہ کے نزدیک پرہیزگار لوگوں میں زیادہ معزز وہ لوگ ہیں جو ذکر میں ہر وقت مشغول رہتے ہوں اس لیے کہ تقویٰ کا منتہا جنّت ہے اور ذکر کا منتہا اللہ کی معیت ہے (۴۶) دل میں ایک خاص قسم کی قسوت (سختی) ہے جو ذکر کے علاوہ کسی چیز سے بھی نرم نہیں ہوتی (۴۷) ذکر دل کی بیماریوں کا علاج ہے (۴۸) ذکر اللہ کے ساتھ دوستی کی جڑ ہے اور ذکر سے غفلت اس کے ساتھ دشمنی کی جڑ ہے (۴۹) اللہ کے ذکر کی برابر کوئی چیز نعمتوں کی کھینچنے والی اور اللہ کے عذاب کو ہٹانے والی نہیں ہے (۵۰) ذکر کرنے والے پر اللہ کی صلوٰۃ (رحمت) اور فرشتوں کی صلوٰۃ (دعا) ہوتی ہے (۵۱) جو شخص یہ چاہے کہ دنیا میں رہتے ہوئے بھی جنّت کے

باعث میں رہے وہ ذکر کی مجالس میں بیٹھے کیونکہ یہ مجالس جنت کے باغ ہیں (۵۲) ذکر کی مجلسیں فرشتوں کی مجلسیں ہیں (احادیث مذکورہ میں یہ مضمون مفصّل گذر چکا ہے) (۵۳) اللہ جل شانہٗ ذکر کرنے والوں پر فرشتوں کے سامنے فخر کرتے ہیں (۵۴) ذکر پر مداومت کرنے والا جنت میں ہنستا ہوا داخل ہوتا ہے (۵۵) تمام اعمال اللہ کے ذکر ہی کے واسطے مقرر کیے گئے ہیں۔ (۵۶) تمام اعمال میں وہی عمل افضل ہے جس میں ذکر کثرت سے کیا جائے روزوں میں وہ روزہ افضل ہے جس میں ذکر کی کثرت ہو حج میں وہ حج افضل ہے جس میں ذکر کی کثرت ہو اسی طرح اور اعمال جہاد وغیرہ کا حکم ہے (۵۷) یہ نوافل اور دوسری نفل عبادات کے قائم مقام ہے چنانچہ حدیث میں آیا ہے کہ فقراء نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے شکایت کی کہ یہ مالدار لوگ بڑے بڑے درجے حاصل کرتے ہیں یہ روزے نماز میں ہمارے شریک ہیں اور اپنے مالوں کی وجہ سے حج عمرہ جہاد میں ہم سے سبقت لے جاتے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میں تمہیں ایسی چیز بتاؤں جس سے کوئی شخص تم تک نہ پہنچ سکے مگر وہ شخص جو یہ عمل کرے۔ اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر نماز کے بعد سُبْحَانَ اللّٰہِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ پڑھنے کو فرمایا (جیسا کہ باب نمبر۳ فصل نمبر۲ حدیث نمبر۲ میں آرہا ہے) کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حج عمرہ جہاد وغیرہ ہر عبادت کا بدل ذکر کو قرار دیا ہے (۵۸) ذکر دوسری عبادات کے لیے بڑا معین و مددگار ہے کہ اس کی کثرت سے ہر عبادت محبوب بن جاتی ہے اور عبادات میں لذت آنے لگتی ہے اور کسی عبادت میں بھی مشقت اور بار نہیں رہتا (۵۹) ذکر کی وجہ سے ہر مشقت آسان بن جاتی ہے اور ہر دشوار چیز سہل ہو جاتی ہے اور ہر قسم کے بوجھ میں خفت ہو جاتی ہے اور ہر مصیبت زائل ہو جاتی ہے (۶۰) ذکر کی وجہ سے دل سے خوف و ہراس دور ہو جاتا ہے ڈر کے مقام پر اطمینان پیدا کرنے اور خوف کے زائل کرنے میں اللہ کے ذکر کو خصوصی دخل ہے اور اس کی یہ خاص تاثیر ہے جتنی بھی ذکر کی کثرت ہوگی اتنا ہی اطمینان نصیب ہوگا اور خوف زائل ہوگا (۶۱) ذکر کی وجہ سے آدمی میں ایک خاص قوت پیدا ہوتی ہے جس کی وجہ سے ایسے کام اُس سے صادر ہونے لگتے ہیں جو دشوار نظر آتے ہیں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیٹی حضرت فاطمہ رض کو جب انہوں نے چکی کی مشقت اور کاروبار کی دشواری کی وجہ سے ایک خادم طلب کیا تھا تو سوتے وقت سُبْحَانَ اللّٰہِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ۳۳-۳۳ مرتبہ اور اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۳۴ مرتبہ پڑھنے کا حکم فرمایا تھا اور یہ ارشاد فرمایا تھا کہ یہ خادم سے بہتر ہے (۶۲) آخرت کے لیے کام کرنے والے سب دوڑ رہے ہیں اور اس دوڑ میں ذاکرین کی جماعت سب سے آگے ہے عمر مولیٰ غفرۃ رض سے نقل کیا گیا ہے کہ قیامت میں جب لوگوں کو اعمال کا ثواب ملے گا تو بہت سے لوگ اُس وقت حسرت کریں گے کہ ہم نے ذکر کا اہتمام کیوں نہ کیا کہ سب

زیادہ سہل عمل تھا ایک حدیث میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ مفرد لوگ آگے بڑھ گئے۔ صحابہؓ نے عرض کیا کہ مفرّد لوگ کون ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ذکر پر مرمٹنے والے کہ ذکر اُن کے بوجھوں کو ہلکا کر دیتا ہے (۶۳) ذکر کرنے والے کی اللہ تعالیٰ شانہٗ تصدیق کرتے ہیں اور اس کو سچا بتاتے ہیں اور جس شخص کو اللہ تعالیٰ خود سچّا بتا دیں اُس کا حشر جھوٹوں کی ساتھ نہیں ہو سکتا حدیث میں آیا ہے کہ جب بندہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ کہتا ہے تو حق تعالیٰ شانہٗ فرماتے ہیں میرے بندہ نے سچ کہا میرے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور میں سب سے بڑا ہوں (۶۴) ذکر سے جنت میں گھر تعمیر ہوتے ہیں جب بندہ ذکر سے رُک جاتا ہے تو فرشتے تعمیر سے رک جاتے ہیں جب ان سے کہا جاتا ہے کہ فلاں تعمیر تم نے کیوں روک دی تو وہ کہتے ہیں کہ اُس تعمیر کا خرچ ابھی تک آیا نہیں ہے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ سات مرتبہ پڑھے ایک گنبد اس کے لیے جنت میں تعمیر ہو جاتا ہے۔ (۶۵) ذکر جہنم کے لیے آڑ ہے اگر کسی بد عملی کی وجہ سے جہنم کا مستحق ہو جائے تو ذکر درمیان میں آڑ بن جاتا ہے اور جتنی ذکر کی کثرت ہوگی اُتنی ہی پختہ آڑ ہوگی (۶۶) ذکر کرنے والے کے لیے فرشتے استغفار کرتے ہیں حضرت عمرو بن العاص رضؓ سے ذکر کیا گیا ہے کہ جب بندہ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ کہتا ہے یا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ کہتا ہے تو فرشتے دُعا کرتے ہیں کہ اے اللہ اس کی مغفرت فرما۔ (۶۷) جس پہاڑ پر یا میدان میں اللہ کا ذکر کیا جائے وہ فخر کرتے ہیں۔ حدیث میں آیا ہے کہ ایک پہاڑ دوسرے پہاڑ کو آواز دے کر پوچھتا ہے کہ کوئی ذکر کرنے والا تجھ پر آج گذرا ہے اگر وہ کہتا ہے کہ گذرا ہے تو وہ خوش ہوتا ہے (۶۸) ذِکر کی کثرتِ نفاق سے بَری ہونے کا اطمینان (اور سَنَد) ہے کیونکہ اللہ جل شانہٗ نے منافقوں کی صفت یہ بیان کی ہے کہ لَا یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ اِلَّا قَلِیْلًا ۝ (نہیں ذکر کرتے اللہ کا مگر تھوڑا سا) کعبؓ احبار سے نقل کیا گیا ہے کہ جو کثرت سے اللہ کا ذکر کرے وہ نفاق سے بَری ہے (۶۹) تمام نیک اعمال کے مقابلہ میں ذکر کے لیے ایک خاص لذت ہے جو کسی عمل میں بھی نہیں پائی جاتی۔ اگر ذکر میں اس لذت کے سوا کوئی بھی فضیلت نہ ہوتی تو یہی چیز اُس کی فضیلت کے لیے کافی تھی مالک بن دینار کہتے ہیں کہ لذت پانے والے کسی چیز میں بھی ذکر کے برابر لذت نہیں پاتے (۷۰) ذکر کرنے والوں کے چہروں پر دنیا میں رونق اور آخرت میں نور ہوگا۔ (۷۱) جو شخص راستوں میں اور گھروں میں سفر میں اور حضر میں کثرت سے ذکر کرے قیامت میں اس کے گواہی دینے والے کثرت سے ہوں گے حق تعالیٰ شانہٗ قیامت کے دن کے بارے میں فرماتے ہیں۔ یَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا (اُس دن زمین اپنی خبریں بیان کرے گی) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جانتے ہو اس کی خبریں کیا ہیں۔ صحابہؓ نے لاعلمی ظاہر کی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس مرد و عورت نے

جو کام زمین پر کیا ہے وہ بتائے گی کہ فلاں دِن فلاں وقت مجھ پر یہ کام کیا ہے (نیک ہو یا بُرا) اسلیے مختلف جگہوں میں کثرت سے ذکر کرنے والوں کے گواہ بھی بکثرت ہوں گے (۲) زبان جتنی دیر ذکر میں مشغول رہے گی لغویات جھوٹ غیبت وغیرہ سے محفوظ رہے گی اس لیے کہ زبان چُپ تو رہتی ہی نہیں یا ذکراللہ میں مشغول ہوگی ورنہ لغویات میں۔ اسی طرح دِل کا حال ہے کہ اگر وہ اللہ کی محبت میں مشغول نہ ہوگا تو مخلوق کی محبت میں مبتلا ہوگا (۴۳) شیاطین آدمی کے کھلے دُشمن ہیں اور ہر طرح سے اُس کو وحشت میں ڈالتے رہتے ہیں اور ہر طرف سے اُس کو گھیرے رہتے ہیں جس شخص کا یہ حال ہو کہ اُس کے دشمن ہر وقت اس کا محاصرہ کیے رہتے ہوں اس کا جو حال ہوگا ظاہر ہے اور دشمن بھی ایسے کہ ہر ایک اُن میں سے یہ چاہے کہ جو تکلیف بھی پہنچا سکوں پہنچاؤں۔ ان لشکروں کو ہٹانے والی چیز ذکر کے سوا کوئی نہیں ہے۔ بہت سی احادیث میں بہت سی دعائیں آئی ہیں جن کے پڑھنے سے شیطان قریب بھی نہیں آتا اور سونے وقت پڑھنے سے رات بھر حفاظت رہتی ہے۔

حافظ ابن قیمؒ نے بھی ایسی دُعائیں متعدد ذکر کی ہیں ان کے علاوہ مصنف نے چھ نمبروں میں انواعِ ذکر کا تفاضل اور ذکر کی بعض کلّی فضیلتیں ذکر کی ہیں۔ اور اُس کے بعد پچھتر فصلیں خصوصی دُعاؤں میں جو خاص خاص اوقات میں وارد ہوئی ہیں ذکر کی ہیں۔ جن کو اختصار کی وجہ سے چھوڑ دیا گیا ہے کہ توفیق والے کے لیے جو ذکر کیا گیا ہے یہ بھی کافی سے زیادہ ہے اور جس کو توفیق نہیں ہے اُس کے لیے ہزارہا فضائل بھی بیکار ہیں۔ وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ۔

بابِ دوم ــــ کلمۂ طیبہ

کلمۂ طیبہ جس کو کلمۂ توحید بھی کہا جاتا ہے جس کثرت سے قرآن پاک اور حدیث شریف میں ذکر کیا گیا ہے شاید ہی اس کثرت سے کوئی دوسری چیز ذکر کی گئی ہو اور جبکہ اصل مقصود تمام شرائع اور تمام انبیاء کی بعثت سے توحید ہی ہے تو پھر جتنی کثرت سے اس کا بیان ہو وہ قرینِ قیاس ہے۔ کلام پاک میں مختلف عنوانات اور مختلف ناموں سے اس پاک کلمہ کو ذکر کیا گیا ہے چنانچہ کلمہ طیبہ قولِ ثابت کلمۂ تقویٰ، مقالید السّمٰوٰتِ وَالارضِ۔ (آسمانوں اور زمینوں کی کنجیاں) وغیرہ الفاظ سے ذکر کیا گیا ہے جیسا کہ آئندہ آیات میں آرہا ہے۔ امام غزالیؒ نے احیاء میں نقل کیا ہے کہ یہ کلمہ توحید ہے کلمہ اخلاص ہے کلمۂ تقویٰ ہے کلمہ طیبہ ہے عروۃ الوثقیٰ ہے دعوۃ الحق ہے ثمنُ الجنۃ ہے۔ اور چونکہ قرآن پاک میں مختلف عنوانات سے اس کو ذکر فرمایا گیا اس لیے اس باب کو تین فصلوں پر منقسم کیا گیا۔ پہلی فصل میں ان

آیات کا ذکر ہے جن میں کلمہ طیبہ مراد ہے اور کلمہ طیبہ کا لفظ نہیں ہے اس لیے ان آیات کی مختصر تفسیر حضرات صحابۂ کرام اور خود سید البشر علیہ افضل الصلوات والسلام سے نقل کی گئی۔ دوسری فصل میں ان آیات کا حوالہ ہے جن میں کلمہ طیبہ پورا یعنی لا الٰہ الا اللہ تمام کا تمام ذکر کیا گیا ہے یا کسی معمولی تغیر کے ساتھ جیسے لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اور چونکہ ان میں یہ کلمہ خود ہی موجود ہے یا اس کا ترجمہ دوسرے الفاظ سے ذکر کیا گیا ہے اس لیے ان آیات کے ترجمہ کی ضرورت نہیں سمجھی صرف حوالہ سورت اور رکوع پر اکتفا کیا گیا اور تیسری فصل میں ان احادیث کا ترجمہ اور مطلب ذکر کیا گیا جن میں اس پاک کلمہ کی ترغیب اور حکم فرمایا گیا وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ

فصل اوّل

اُن آیات میں جن میں لفظ کلمہ طیبہ کا نہیں ہے اور مراد کلمہ طیبہ ہے۔

(۱) اَلَمْ تَرَ کَیْفَ ضَرَبَ اللّٰہُ مَثَلًا کَلِمَۃً طَیِّبَۃً کَشَجَرَۃٍ طَیِّبَۃٍ اَصْلُھَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُھَا فِی السَّمَآءِ ﴿۲۴﴾ تُؤْتِیْٓ اُکُلَھَا کُلَّ حِیْنٍۢ بِاِذْنِ رَبِّھَا ؕ وَیَضْرِبُ اللّٰہُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّھُمْ یَتَذَکَّرُوْنَ ﴿۲۵﴾ وَمَثَلُ کَلِمَۃٍ خَبِیْثَۃٍ کَشَجَرَۃٍ خَبِیْثَۃِ نِ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَا لَھَا مِنْ قَرَارٍ ﴿۲۶﴾ (سورہ ابراہیم ع ۴)

(۱) کیا آپ کو معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے کیسی اچھی مثال بیان فرمائی ہے کلمہ طیبہ کی کہ وہ مشابہ ہے ایک عمدہ پاکیزہ درخت کے جس کی جڑ زمین کے اندر گڑی ہوئی ہو اور اس کی شاخیں اوپر آسمان کی طرف جا رہی ہوں اور وہ درخت اللہ کے حکم سے ہر فصل میں پھل دیتا ہو۔ (یعنی خوب پھلتا ہو) اور اللہ تعالیٰ مثالیں اس لیے بیان فرماتے ہیں تاکہ لوگ خوب سمجھ لیں اور خبیث کلمہ (یعنی کلمۂ کفر) کی مثال ہے جیسے ایک خراب درخت ہو کہ وہ زمین کے اوپر ہی اوپر سے اکھاڑ لیا جاوے اور اس کو زمین میں کچھ ثبات نہ ہو (ف) حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ کلمہ طیبہ سے کلمۂ شہادت اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مراد ہے جس کی جڑ مومن کے قول میں ہے اور اس کی شاخیں آسمان میں ہیں کہ اُس کی وجہ سے مومن کے اعمال آسمان تک جاتے ہیں اور کلمہ خبیثہ شرک ہے کہ اُس کی ساتھ کوئی عمل قبول نہیں ہوتا۔ ایک دوسری حدیث میں ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ ہر وقت پھل دینے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ کو دن رات ہر وقت یاد کرتا ہو۔ حضرت قتادہ تابعیؒ نقل کرتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ مالدار (صدقات کی بدولت) سارا ثواب اڑا لے گئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بھلا بتاتو سہی اگر کوئی شخص سامان کو اوپر نیچے رکھتا چلا جائے تو کیا آسمان پر چڑھ جائے گا میں تجھے ایسی چیز بتاؤں جس کی جڑ زمین میں ہو اور شاخیں آسمان پر۔ ہر نماز کے بعد لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَسُبْحَانَ اللّٰہِ

وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ دس دس مرتبہ پڑھا کر اس کی جڑ زمین میں ہے اور شاخیں آسمان پر۔

(۲) مَنْ کَانَ یُرِیْدُ الْعِزَّۃَ فَلِلّٰہِ الْعِزَّۃُ جَمِیْعًا اِلَیْہِ یَصْعَدُ الْکَلِمُ الطَّیِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ یَرْفَعُہٗ (سورہ فاطر۔ رکوع ۲)

(۲) جو شخص عزت حاصل کرنا چاہے (وہ اللہ ہی سے عزت حاصل کرے کیونکہ) ساری عزت اللہ ہی کے واسطے ہے اُسی تک اچھے کلمے پہنچتے ہیں اور نیک عمل ان کو پہنچاتا ہے۔ (ف) اچھے کلموں سے مراد بہت سے مفسرین کے نزدیک لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہے جیسا کہ عام مفسرین نے نقل کیا ہے اور دوسری تفسیر یہ ہے کہ اس سے مراد کلماتِ تسبیح ہیں جیسا کہ دوسرے باب میں آئے گا۔

(۳) وَتَمَّتْ کَلِمَۃُ رَبِّکَ صِدْقًا وَّعَدْلًا (سورہ انعام۔ رکوع ۱۴)

(۳) اور تیرے رب کا کلمہ سچائی اور انصاف (واعتدال) کے اعتبار سے پورا ہے۔ (ف) حضرت انسؓ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ رب کے کلمہ سے مراد لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہے اور اکثر مفسرین کے نزدیک اس سے کلام اللہ شریف مراد ہے۔

(۴) یُثَبِّتُ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَۃِ ج وَیُضِلُّ اللّٰہُ الظّٰلِمِیْنَ قف وَیَفْعَلُ اللّٰہُ مَا یَشَآءُ ۝ (سورہ ابراہیم۔ رکوع ۴)

(۴) اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو پکی بات (یعنی کلمہ طیبہ) سے دنیا اور آخرت دونوں میں مضبوط رکھتا ہے اور کافروں کو دونوں جہان میں بچلا دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ (اپنی حکمت سے) جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

(ف) حضرت براءؓ فرماتے ہیں کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب قبر میں سوال ہوتا ہے تو مسلمان لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کی گواہی دیتا ہے آیت شریفہ میں پکی بات سے یہی مراد ہے حضرت عائشہؓ سے بھی یہی نقل کیا گیا ہے کہ اس سے مراد قبر کا سوال جواب ہے حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ مسلمان جب مرتا ہے تو فرشتے اس وقت حاضر ہوتے ہیں اُس کو سلام کرتے ہیں جنت کی خوشخبری دیتے ہیں جب وہ مرجاتا ہے تو فرشتے اس کی ساتھ جاتے ہیں اسکی نمازِ جنازہ میں شریک ہوتے ہیں اور جب وہ دفن ہوجاتا ہے تو اس کو بٹھاتے ہیں اور اس سے سوال جواب ہوتے ہیں جن میں یہ بھی پوچھا جاتا ہے کہ تیری گواہی کیا ہے وہ کہتا ہے اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ یہی مراد ہے آیت شریفہ میں حضرت ابو قتادہؓ فرماتے ہیں کہ دنیا میں پکی بات سے مراد لا الٰہ الا اللہ ہے اور آخرت میں قبر کا سوال جواب مراد ہے۔ حضرت طاؤسؒ سے بھی یہی نقل کیا گیا ہے۔

(۵) لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ ط وَالَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا یَسْتَجِیْبُوْنَ لَهُمْ بِشَیْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّیْهِ اِلَى الْمَآءِ لِیَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ ط وَمَا دُعَآءُ الْكٰفِرِیْنَ اِلَّا فِیْ ضَلٰلٍ (سورہ رعد ع ۲)

(۵) سچا پکارنا اسی کے لیے خاص ہے اور خدا کے سوا جن کو یہ لوگ پکارتے ہیں وہ ان کی درخواست کو اس سے زیادہ منظور نہیں کرسکتے جتنا پانی اس شخص کی درخواست کو منظور کرتا ہے جو اپنے دونوں ہاتھ پانی کی طرف پھیلائے (اور اس پانی کو اپنی طرف بلائے) تاکہ وہ اس کے منہ تک آجائے اور وہ (پانی اڑکر) اس کے منہ تک آنے والا کسی طرح بھی نہیں اور کافروں کی درخواست محض بے اثر ہے۔

(ف) حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ دعوت الحق سے مراد توحید یعنی لا الٰہ اِلَّا اللہ ہے حضرت ابن عباسؓ سے بھی یہی منقول ہے کہ دعوۃ الحق سے شہادت لا الٰہ الا اللہ کی مراد ہے۔ اسی طرح انکے علاوہ دوسرے حضرات سے بھی یہی نقل کیا گیا ہے۔

(۶) قُلْ یٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍۭ بَیْنَنَا وَبَیْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَیْـًٔا وَّلَا یَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ط فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ (سورہ آل عمران۔ رکوع ۷)

(۶) (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ فرما دیجیے کہ اے اہل کتاب آؤ ایک ایسے کلمہ کی طرف جو ہمارے اور تمہارے درمیان (مسلّم ہونے میں) برابر ہے وہ یہ بجز اللہ تعالیٰ کے ہم کسی اور کی عبادت نہ کریں اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں اور ہم میں سے کوئی کسی دوسرے کو رب قرار نہ دے خدا تعالیٰ کو چھوڑ کر پھر اس کے بعد بھی وہ اعراض کریں تو تم لوگ کہہ دو کہ تم اس کے گواہ رہو کہ ہم لوگ تو مسلمان ہیں۔ (ف) آیت شریفہ کا مضمون خود ہی صاف ہے کہ کلمہ سے مراد توحید اور کلمۂ طیبہ ہے حضرت ابو العالیہؒ اور مجاہدؒ سے صراحت کے ساتھ منقول ہے کہ کلمہ سے مراد لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ ہے۔

(۷) كُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ط وَلَوْ اٰمَنَ اَهْلُ الْكِتٰبِ لَكَانَ خَیْرًا لَّهُمْ ط مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ وَاَكْثَرُهُمُ الْفٰسِقُوْنَ ؁ (سورہ آل عمران۔ رکوع ۱۲)

(۷) (اے امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم) تم لوگ (سب اہل مذاہب سے) بہترین جماعت ہو کہ وہ جماعت لوگوں کو نفع پہنچانے کے لیے ظاہر کی گئی ہے تم لوگ نیک کاموں کو بتلاتے ہو اور بری باتوں سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو اگر اہل کتاب بھی ایمان لے آتے تو ان کے لیے بہتر تھا ان میں سے بعض تو مسلمان ہیں (جو ایمان لے آئے) لیکن اکثر حصہ ان میں سے کافر ہے۔ (ف) حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ (اچھی بات کا حکم

کرتے ہو) کا مطلب یہ ہے کہ اس کا حکم کرتے ہو کہ وہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی گواہی دیں اور اللہ کے احکام کا اقرار کریں اور لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ساری اچھی چیزوں میں سے بہترین چیز ہے اور سب سے بڑھی ہوئی ۔

(۸) وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ طَرَفَیِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّیْلِ اِنَّ الْحَسَنٰتِ یُذْهِبْنَ السَّیِّاٰتِ ذٰلِكَ ذِكْرٰی لِلذّٰكِرِیْنَ (سورہ ہود، رکوع ۱۰)

(۸) اور (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ نماز کی پابندی رکھیے دِن کے دونوں سروں پر اور رات کے کچھ حصوں میں بے شک نیک کام مٹا دیتے ہیں (نامۂ اعمال سے) برے کاموں کو یہ بات ایک نصیحت ہے، نصیحت ماننے والوں کے لیے۔

(ف) اس آیت شریفہ کی تفسیر میں بہت سی احادیث وارد ہوئی ہیں جن میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت شریفہ کی توضیح فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا ہے کہ نیکیاں (اعمالنامہ سے) برائیوں کو مٹا دیتی ہیں حضرت ابوذرؓ ارشاد فرماتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ مجھے کچھ نصیحت فرما دیجیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اللہ سے ڈرتے رہو جب کوئی برائی صادر ہو جائے فوراً کوئی بھلائی اس کے بعد کرو تاکہ اس کی مکافات ہو جائے اور وہ زائل ہو جائے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بھی نیکیوں میں شمار ہے یعنی اس کا ورد اس کا پڑھنا بھی اس میں داخل ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہ تو نیکیوں میں افضل ترین چیز ہے حضرت انسؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ جو بندہ رات میں یا دن میں کسی وقت بھی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھتا ہے اسکے اعمالنامہ سے برائیاں دھل جاتی ہیں۔

(۹) اِنَّ اللّٰهَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِیْتَآیِٔ ذِی الْقُرْبٰی وَیَنْهٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْیِ یَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ؀ (سورہ نحل ع ۱۳)

(۹) بیشک اللہ تعالیٰ حکم فرماتے ہیں عدل کا اور احسان کا اور قرابت داروں کو دینے کا اور منع فرماتے ہیں فحش باتوں سے اور بری باتوں سے اور کسی پر ظلم کرنے سے حق تعالیٰ شانہٗ تم کو نصیحت فرماتے ہیں تاکہ تم نصیحت کو قبول کرو۔

(ف) عدل کے معنی تفاسیر میں مختلف آئے ہیں ایک تفسیر حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے بھی منقول ہے کہ عدل سے مراد لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا اقرار کرنا ہے اور احسان سے مراد فرائض کا ادا کرنا ہے۔

(۱۰) یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا ؀ یُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَیَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ

(۱۰) اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور راستی کی (پکی) بات کہو اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال اچھے کر دے گا اور گناہ معاف فرما دے گا اور جو شخص اللہ

فَاَذَ فَوْزًا عَظِيمًا ۝ (سورہ احزاب۔ رکوع۔۹) اور اسکے رسول کی اطاعت کرے گا وہ بڑی کامیابی کو پہنچے گا۔

(ف) حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور حضرت عکرمہؓ دونوں حضرات سے یہ نقل کیا گیا ہے کہ قُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا کے معنی یہ ہیں کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہا کرو ایک حدیث میں آیا ہے کہ سب سے زیادہ پختہ اعمال تین چیزیں ہیں ہر حال میں اللہ کا ذکر کرنا (غمی ہو یا خوشی تنگی ہو یا فراخی) دوسرے اپنے بارے میں انصاف کا معاملہ کرنا (یہ نہ ہو کہ دوسروں پر تو زور دکھلائے اور جب کوئی اپنا معاملہ ہو تو ادھر اُدھر کی کہنے لگے) تیسرے بھائی کے ساتھ مالی ہمدردی کرنا۔

(۱۱) فَبَشِّرْ عِبَادِ ۝ الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدٰهُمُ اللّٰهُ وَاُولٰٓئِكَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ (س۔ زمر۔ ع۲)

(۱۱) پس آپ میرے ایسے بندوں کو خوشخبری سنا دیجیے جو اس کلام پاک کو کان لگا کر سنتے ہیں پھر اس کی بہترین باتوں کا اتباع کرتے ہیں یہی ہیں جن کو اللہ نے ہدایت کی اور یہی ہیں جو اہل عقل ہیں (ف) حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ حضرت سعیدؓ بن زید حضرت ابوذر غفاریؓ اور حضرت سلمان فارسیؓ یہ تینوں حضرات جاہلیت کے زمانہ ہی میں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھا کرتے تھے اور یہی مراد ہے اس آیت شریفہ میں اَحْسَنُ الْقَوْلِ سے حضرت زیدؓ بن اسلم سے بھی اس کے قریب ہی منقول ہے کہ یہ آیتیں ان تین آدمیوں کے بارہ میں نازل ہوئی ہیں جو جاہلیت کے زمانہ میں بھی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھا کرتے تھے۔ زیدؓ بن عمرو بن نفیل اور ابوذر غفاریؓ اور سلمان فارسیؓ۔

(۱۲) وَالَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ۝ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الْمُحْسِنِيْنَ ۝ لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ عَمِلُوْا وَيَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ (س۔ زمر۔ ع۴)

(۱۲) اور جو لوگ (اللہ کی طرف سے یا اسکے رسول کی طرف سے) سچی بات لے کر آئے اور خود بھی اس کی تصدیق کی (اُس کو سچا جانا) تو یہ لوگ پرہیزگار ہیں یہ لوگ جو کچھ چاہیں گے ان کے لیے اُن کے پروردگار کے پاس سب کچھ ہے یہ بدلہ ہے نیک کام کرنے والوں کا تاکہ اللہ تعالیٰ اِن کے برے اعمال کو ان سے دور کر دے (اور معاف کر دے) اور نیک کاموں کا بدلہ (ثواب) دے (ف) جو لوگ اللہ کی طرف سے لانے والے ہیں وہ انبیاء علی نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام ہیں اور جو لوگ اُس کے رسول کی طرف لانے والے ہیں وہ علماء کرام ہیں شکر اللہ سعیہم حضرت ابن عباسؓ سے منقول ہے کہ سچی بات سے مراد لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہے بعض مفسرین نے نقل کیا ہے کہ اَلَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ (جو شخص سچی بات اللہ کی طرف سے لے کر آیا) سے مراد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور صَدَّقَ بِهٖ (وہ لوگ جنہوں نے اس کی تصدیق کی) سے مراد مومنین ہیں۔

(۱۳) اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰہُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَیْہِمُ الْمَلٰٓئِکَۃُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّۃِ الَّتِیْ کُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ o نَحْنُ اَوْلِیٰٓؤُکُمْ فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَۃِ ج وَلَکُمْ فِیْہَا مَا تَشْتَہِیْٓ اَنْفُسُکُمْ وَلَکُمْ فِیْہَا مَا تَدَّعُوْنَ نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِیْمٍ o (سورہ حٰم سجدہ ۔ رکوع ۔ ۴)

(۱۳) بے شک جن لوگوں نے کہا کہ ہمارا رب اللہ جل جلالہٗ ہے پھر مستقیم رہے (یعنی جمے رہے اس کو چھوڑا نہیں) ان پر فرشتے اتریں گے (موت کے وقت اور قیامت میں یہ کہتے ہوئے) کہ نہ اندیشہ کرو نہ رنج کرو اور خوشخبری لو اس جنت کی جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے۔ ہم تمہارے رفیق تھے دنیا کی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی رہیں گے اور آخرت میں تمہارے لیے جس چیز کو تمہارا دل چاہے وہ موجود ہے اور وہاں جو تم مانگو گے وہ ملے گا (اور یہ سب انعام و اکرام) بطور مہمانی کے ہے اللہ جل شانہٗ کی طرف سے (کہ تم اس کے مہمان ہوگے اور مہمان کا اکرام کیا جاتا ہے)۔

(ف) حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا کے معنے یہ ہیں کہ پھر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کے اقرار پر قائم رہے حضرت ابراہیمؒ اور حضرت مجاہدؒ سے بھی یہی نقل کیا گیا ہے کہ پھر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پر مرنے تک قائم رہے شرک وغیرہ میں مبتلا نہیں ہوئے۔

(۱۴) وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَی اللّٰہِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ o (سورہ حم سجدہ ۔ رکوع ۔ ۵)

(۱۴) بات کی عمدگی کے لحاظ سے کون شخص اس سے اچھا ہو سکتا ہے جو اللہ کی طرف بلائے اور نیک عمل کرے اور یہ کہے کہ میں مسلمانوں میں سے ہوں۔

(ف) حضرت حسنؓ کہتے ہیں کہ دَعَآ اِلَی اللّٰہِ سے مؤذن کا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہنا مراد ہے عاصم بن ہبیرہؒ کہتے ہیں کہ جب تو اذان سے فارغ ہو تو لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ کہا کر۔

(۱۵) ہَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ o فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ o (س رحمٰن رکوع ۳)

(۱۵) بھلا احسان کا بدلہ احسان کے سوا اور بھی کچھ ہو سکتا ہے سو لے (جن و انس) تم اپنے رب کی کون کونسی نعمتوں سے منکر ہو جاؤ گے۔ (ف) حضرت ابن عباسؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل فرماتے ہیں کہ آیت شریفہ کا مطلب یہ ہے کہ جس شخص پر میں نے دنیا میں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کہنے کا انعام کیا بھلا آخرت میں جنت کے سوا اور کیا بدلہ ہو سکتا ہے حضرت عکرمہؓ سے بھی یہی منقول ہے کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہنے کا بدلہ جنت کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے حضرت حسنؓ سے بھی یہی نقل کیا گیا ہے۔

(۱۶) فَاَنْزَلَ اللّٰہُ سَکِیْنَتَہٗ عَلٰی رَسُوْلِہٖ وَعَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَاَلْزَمَہُمْ کَلِمَۃَ التَّقْوٰی وَ

(۱۶) پس اللہ تعالیٰ نے اپنی سکینہ (سکون تحمل یا خاص رحمت) اپنے رسول پر نازل فرمائی اور مومنین پر

كَانُوْٓا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا ؕ (س فتح۔ رکوع ۳) اور ان کو تقویٰ کے کلمہ پر (تقویٰ کی بات پر) جمائے رکھا اور وہی اُس تقوے کے کلمہ کے مستحق تھے اور اہل تھے۔ (ف) تقویٰ کے کلمہ سے مراد اکثر روایات میں یہی وارد ہوا ہے کہ کلمہ طیبہ ہے کلمہ طیبہ ہے چنانچہ حضرت ابوہریرہ رضؓ وحضرت سلمہ رضؓ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے یہی نقل کیا ہے کہ اس سے مراد لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہے اور حضرت اُبَیّ ابن کعبؓ حضرت علیؓ حضرت عمرؓ حضرت ابن عباسؓ حضرت ابن عمرؓ وغیرہ بہت سے صحابہؓ سے یہی نقل کیا گیا ہے۔ عطاء خراسانیؒ سے پورا کلمہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ نقل کیا گیا ہے حضرت علیؓ سے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ بھی نقل کیا گیا ہے۔ ترمذیؒ نے حضرت براءؓ سے نقل کیا ہے کہ اس سے مراد لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہے۔

(۱۷) قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ؕ (سورۂ اعلیٰ رکوع ۱) | (۱۷) فلاح کو پہنچ گیا وہ شخص جس نے تزکیہ کر لیا (پاکی حاصل کی) (ف) حضرت جابرؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ تَزَکّٰی سے مراد یہ ہے کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کی گواہی دے اور بتوں کو خیر باد کہے۔ حضرت عکرمہؓ کہتے ہیں کہ تَزَکّٰی کے یہ معنی ہیں کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھے یہی حضرت ابن عباسؓ سے بھی نقل کیا گیا ہے۔

(۱۸) فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى ۙ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ۙ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ؕ (س۔ الیل۔ ع ۱) | (۱۸) پس جس شخص نے (اللہ کی راہ میں مال) دیا اور اللہ سے ڈرا اور اچھی بات کی تصدیق کی تو آسان کر دیں گے ہم اس کو آسانی کی چیز کے لیے (ف) آسانی کی چیز سے جنت مراد ہے کہ ہر قسم کی راحت اور سہولتیں وہاں میسر ہیں اور مطلب یہ ہے کہ ایسے اعمال کی توفیق اس کو دیں گے جس سے وہ اعمال سہولت سے ہونے لگیں گے جو جنت میں جلد پہنچا دینے والے ہوں اکثر مفسرین سے نقل کیا گیا ہے کہ یہ آیت حضرت ابوبکر صدیقؓ کی شان میں نازل ہوئی ہے۔ حضرت ابن عباسؓ سے منقول ہے کہ اچھی بات کی تصدیق سے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی تصدیق مراد ہے۔ ابوعبدالرحمٰن سلمیؓ سے بھی یہی نقل کیا گیا ہے کہ اچھی بات سے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مراد ہے۔ حضرت امام اعظمؒ نے بروایت ابوالزبیرؒ حضرت جابرؓ سے نقل کیا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے صَدَّقَ بِالْحُسْنٰى پڑھا اور ارشاد فرمایا کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی تصدیق کرے اور کَذَّبَ بِالْحُسْنٰى پڑھا اور ارشاد فرمایا کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی تکذیب کرے۔

(۱۹) مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ (سورہ انعام رکوع ۲۰) | (۱۹) جو شخص نیک کام کرے گا اس کو (کم سے کم) دس حصے ثواب کے ملیں گے اور جو برا کام کرے گا اُس کو اس کے برابر ہی بدلہ ملے گا اور ان لوگوں پر ظلم نہ ہوگا (کہ کوئی نیکی درج نہ کی جائے یا بدی کو بڑھا کر لکھ لیا جائے)۔

445

(ف) ایک حدیث میں آیا ہے کہ جب آیت شریفہ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ نازل ہوئی تو کسی شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ لا الٰہ الا اللہ بھی حسنہ (نیکی) میں داخل ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہ تو ساری نیکیوں میں افضل ہے۔ حضرت عبد اللہ بن عباس رض اور حضرت عبد اللہ بن مسعود رض فرماتے ہیں کہ حسنہ سے لا الٰہ الا اللہ مراد ہے۔ حضرت ابوہریرہ رض غالباً حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل فرماتے ہیں کہ حسنہ سے لا الٰہ الا اللہ مراد ہے حضرت ابوذر رض نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ لا الٰہ الا اللہ تو ساری نیکیوں میں افضل ہے جیسا کہ آیت نمبر ۸ کے ذیل میں گذر چکا ہے۔ حضرت ابوہریرہ رض فرماتے ہیں کہ دس گنا ثواب عوام کے لیے ہے مہاجرین کے لیے سات سو گنا تک ثواب ہو جاتا ہے۔

(۲۰) حٰمٓ ۝ تَنْزِيْلُ الْكِتَابِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝ (سورہ غافر۔ رکوع ۱)

(۲۰) یہ کتاب اتاری گئی ہے اللہ کی طرف سے جو زبردست ہے ہر چیز کا جاننے والا ہے گناہ کا بخشنے والا ہے اور توبہ کا قبول کرنے والا ہے سخت سزا دینے والا ہے قدرت (یا عطا) والا ہے اُس کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں اسی کے پاس لوٹ کر جانا ہے۔ (ف) حضرت عبد اللہ بن عمر رض سے اس آیت شریفہ کی تفسیر میں نقل کیا گیا ہے کہ گناہ کی مغفرت فرمانے والا ہے اُس شخص کے لیے جو لا الٰہ الا اللہ کہے توبہ قبول کرنے والا ہے اُس شخص کی جو لا الٰہ الا اللہ کہے سخت عذاب والا ہے اُس شخص کے لیے جو لا الٰہ الا اللہ نہ کہے ذِي الطَّوْلِ کے معنے غنا والا ہے۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رد ہے کفار قریش پر جو توحید کے قائل نہ تھے اور اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ کے معنے اُسی کی طرف لوٹنا ہے اُس شخص کا جو لا الٰہ الا اللہ کہے تاکہ اس کو جنت میں داخل کرے اور اُسی کی طرف لوٹنا ہے اُس شخص کا جو لا الٰہ الا اللہ نہ کہے تاکہ اُس کو جہنم میں داخل کرے۔

(۲۱) فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا ط (سورہ بقرہ۔ رکوع ۳۴)

(۲۱) پس جو شخص شیطان سے بداعتقاد ہو اور اللہ کے ساتھ خوش عقیدہ ہو تو اس نے بڑا مضبوط حلقہ پکڑ لیا جس کو کسی طرح شکستگی نہیں۔

(ف) حضرت ابن عباس رض فرماتے ہیں کہ عُرْوَةِ الْوُثْقٰى (مضبوط حلقہ) پکڑ لیا یعنی لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہا سفیان رح سے بھی یہی منقول ہے عُرْوَةِ الْوُثْقٰى سے کلمہ اخلاص مراد ہے۔ (تکمیل) قُلْتُ وَقَدْ وَرَدَ فِيْ تَفْسِيْرِ اٰيَاتٍ اُخَرَ عَدِيْدَةٍ اَيْضًا اَنَّ الْمُرَادَ بِبَعْضِ الْاَلْفَاظِ فِيْ هٰذِهِ الْاٰيَاتِ كَلِمَةُ التَّوْحِيْدِ عِنْدَ بَعْضِهِمْ فَقَدْ قَالَ الرَّاغِبُ فِيْ قَوْلِهٖ فِيْ قِصَّةِ زَكَرِيَّا مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ قِيْلَ كَلِمَةُ التَّوْحِيْدِ وَكَذَا قَالَ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ الْاٰيَةَ قِيْلَ هِيَ كَلِمَةُ التَّوْحِيْدِ وَاقْتَصَرْتُ عَلٰى مَا مَرَّ لِلْاِخْتِصَارِ۔

فصل دوم

میں ان آیات کا ذکر ہے جن میں کلمہ طیبہ ذکر کیا گیا ہے اکثر جگہ پورا کلمہ مذکور ہے اور کہیں مختصر اور کہیں دوسرے الفاظ میں یعنی کلمہ طیبہ کے معنی مذکور ہیں کہ کلمہ طیبہ (لا الٰہ الا اللہ) کے معنی ہیں کوئی معبود نہیں ہے اللہ پاک کے سوا یہی معنی مَا مِنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ کے ہیں۔ کہ کوئی معبود نہیں ہے اسکے سوا یہی معنی لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ کے ہیں اور یہی معنی قریب قریب ہیں لَا نَعْبُدُ اِلَّا اللّٰهَ کے نہیں عبادت کرتے ہم اللہ کے سوا کسی کی اور یہی معنی ہیں لَا نَعْبُدُ اِلَّا اِيَّاهُ کے کہ نہیں عبادت کرتے ہیں ہم اس کے سوا کسی کی اسی طرح اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ کے معنٰی ہیں اس کے سوا نہیں کہ معبود وہی ایک ہے اسی طرح اور آیات بھی ہیں۔ جن کا مفہوم کلمہ طیبہ ہی کے ہم معنٰی ہے ان آیات کی سورتوں اور رکوعوں کا حوالہ اسی لیے لکھا جاتا ہے کہ پوری آیت کا ترجمہ کوئی دیکھنا چاہے تو مترجم قرآن شریف کو سامنے رکھ کر حوالوں سے دیکھتا رہے۔ اور حق تو یہ ہے کہ سارا ہی کلام مجید کلمہ طیبہ کا مفہوم ہے کہ اصل مقصد تمام قرآن شریف کا اور تمام دین کا توحید ہی ہے۔ توحید ہی کی تعلیم کے لیے مختلف زمانوں میں مختلف انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام مبعوث ہوئے۔ توحید ہی سب مذاہب میں مشترک رہی ہے اور توحید کے اثبات کے لیے مختلف عنوانات اختیار فرمائے گئے ہیں اور یہی مفہوم کلمہ طیبہ کا ہے۔

(۱) وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ (سورہ بقرہ ۱۶۳) (۲) اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ (سورہ بقرہ ۲۵۵) (۳) اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ (سورہ آل عمران ۲) (۴) شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ (سورہ آل عمران ۱۸) (۵) لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (سورہ آل عمران ۱۸) (۶) وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (سورہ آل عمران ۶۲) (۷) تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ (سورہ آل عمران ۶۴) (۸) اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ (سورہ نساء ۸۷) (۹) وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اِلٰهٌ وَّاحِدٌ (سورہ مائدہ ۷۳) (۱۰) قُلْ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ (سورہ انعام ۱۸) (۱۱) مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِهٖ (سورہ انعام ۴۶) (۱۲) ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ (سورہ انعام ۱۰۲) (۱۳) لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ (سورہ انعام ۱۰۶) (۱۴) قَالَ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْكُمْ اِلٰهًا (سورہ اعراف ۱۴۰) (۱۵) لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ (سورہ اعراف ۱۵۸) (۱۶) وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ (سورہ توبہ ۳۱) (۱۷) حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ (سورہ توبہ ۱۲۹) (۱۸) ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ (سورہ یونس ۳) (۱۹) فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ (سورہ یونس ۳۲) (۲۰) قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِيْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا

اِسْرَآءِيْلُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ (سورہ یونس ۹۰) (۲۱) فَلَآ اَعْبُدُ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (سورہ یونس ۱۰۴) (۲۲) فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ (سورہ ہود رکوع ۲) (۲۳) اَنْ لَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ (سورہ ہود ۲۶) (۲۴-۲۵-۲۶) قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ (سورہ ہود ۵۰-۶۱-۸۴) (۲۷) ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ (سورہ یوسف ۳۹) (۲۸) اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ (سورہ یوسف ۴۰) (۲۹) قُلْ هُوَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ (سورہ رعد ۳۰) (۳۰) وَلِيَعْلَمُوْٓا اَنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ (سورہ ابراہیم ۵۲) (۳۱) اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاتَّقُوْنِ (سورہ نحل ۲) (۳۲) اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ (سورہ نحل ۲۲) (۳۳) اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ (سورہ نحل ۵۱) (۳۴) وَلَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ (سورہ بنی اسرائیل ۳۹) (۳۵) قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗٓ اٰلِهَةٌ كَمَا يَقُوْلُوْنَ (سورہ بنی اسرائیل ۴۲) (۳۶) فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَا۟ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلٰهًا (سورہ کہف ۱۴) (۳۷) هٰٓؤُلَآءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ؕ (سورہ کہف ۱۵) (۳۸) يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ (سورہ کہف ۱۱۰) (۳۹) وَاِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ (سورہ مریم ۳۶) (۴۰) اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ (سورہ طٰہٰ ۸) (۴۱) اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ (سورہ طٰہٰ ۱۴) (۴۲) اِنَّمَآ اِلٰهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ (سورہ طٰہٰ ۹۸) (۴۳) لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا (سورہ انبیاء ۲۲) (۴۴) اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ؕ (سورہ انبیاء ۲۴) (۴۵) اِلَّا نُوْحِيْٓ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا (سورہ انبیاء ۲۵) (۴۶) اَمْ لَهُمْ اٰلِهَةٌ تَمْنَعُهُمْ مِّنْ دُوْنِنَا (سورہ انبیاء ۴۳) (۴۷) اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكُمْ شَيْئًا وَّلَا يَضُرُّكُمْ (سورہ انبیاء ۶۶) (۴۸) لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ (سورہ انبیاء ۸۷) (۴۹) اِنَّمَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ (سورہ انبیاء ۱۰۸) (۵۰) فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَلَهٗٓ اَسْلِمُوْا (سورہ حج ۳۴) (۵۱ و ۵۲) اُعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ (سورہ مؤمن ۲۳) (۵۳) وَّمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ (سورہ مؤمنون ۹۱) (۵۴) فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ (سورہ مؤمنون ۱۱۶) (۵۵) وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ (سورہ مؤمنون ۱۱۷) (۵۶) ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ (پانچ مرتبہ سورہ نمل رکوع نمبر ۵ میں وارد ہے [۶۰-۶۱-۶۲-۶۳-۶۴]) (۵۷) وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْحَمْدُ (سورہ قصص ۷۰) (۵۸) مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ (سورہ قصص ۷۲) (۵۹) وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ (سورہ قصص ۸۸) (۶۰) وَّاِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ (سورہ عنکبوت ۴۶) (۶۱) لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ (سورہ فاطر ۳) (۶۲) اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ (سورہ صٰفّٰت ۴) (۶۳) اِنَّهُمْ كَانُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَسْتَكْبِرُوْنَ (سورہ صٰفّٰت ۳۵) (۶۴) اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا (سورہ صٓ ۵)

(۶۵) وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ (سورہ ص، ۶۵) (۶۶) هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ (سورہ زمر ۴) (۶۷) ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ (سورہ زمر ۶) (۶۸) لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ (سورہ مؤمن ۳) (۶۹) لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ (سورہ مؤمن ۶۲) (۷۰) هُوَ الْحَيُّ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ (سورہ مؤمن ۶۵) (۷۱) يُوْحٰى اِلَيَّ اَنَّمَا اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ (سورہ حم سجدہ ۶) (۷۲) اَلَّا تَعْبُدُوْا اِلَّا اللّٰهَ (سورہ حم سجدہ ۱۴) (۷۳) اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ (سورہ شوریٰ ۱۵) (۷۴) اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً يُّعْبَدُوْنَ (سورہ زخرف ۴۵) (۷۵) رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا (سورہ دخان ۷) (۷۶) لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ (سورہ دخان ۸) (۷۷) اَلَّا تَعْبُدُوْا اِلَّا اللّٰهَ (سورہ احقاف ۲۱) (۷۸) فَاعْلَمْ اَنَّهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ (سورہ محمد ۱۹) (۷۹) وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ (سورہ ذٰریٰت ۵۱) (۸۰) هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ (سورہ حشر ۲۲) (۸۱) اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (سورہ ممتحنہ ۴) (۸۲) اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ (سورہ تغابن ۱۳) (۸۳) رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ (سورہ مزمل ۹) (۸۴) لَا اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ وَلَا اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَا اَعْبُدُ (۲-۳) (۸۵) قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ (سورہ اخلاص ۱)

یہ پچاسی آیات ہیں جن میں کلمۂ طیبہ یا اس کا مضمون وارد ہوا ہے ان کے علاوہ اور بھی آیات بکثرت ہیں جن میں اس کے معنی اور مفہوم وارد ہوا ہے اور جیسا میں اس فصل کے شروع میں لکھ چکا ہوں توحید ہی اصل دین ہے۔ اس لیے جتنا اس میں اہتمام اور شغف ہوگا دین میں پختگی پیدا ہوگی اسی لیے اس مضمون کو مختلف عبارات میں مختلف طریقوں سے ذکر فرمایا ہے کہ دل کی گہرائیوں میں اتر جائے۔ اور اندرون دل میں پختہ ہو جائے۔ اور دل میں اللہ کے ماسوا کی کوئی جگہ باقی نہ رہے۔

فصل سوم

میں ان احادیث کا ذکر ہے جن میں کلمۂ طیبہ کی ترغیب و فضائل ذکر فرمائے گئے ہیں۔ اس مضمون میں جب آیات اتنی کثرت سے ذکر فرمائی ہیں تو احادیث کا کیا پوچھنا۔ سب کا احاطہ ناممکن ہے اس لیے چند احادیث بطور نمونہ کے ذکر کی جاتی ہیں۔

(۱) عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (۱) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ تمام

قَالَ اَفْضَلُ الذِّکْرِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَفْضَلُ الدُّعَآءِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کذا فی المشکوٰۃ بروایۃ الترمذی وابن ماجۃ وقال المنذری رواہ ابن ماجۃ والنسائی وابن حبان فی صحیحہ والحاکم کلھم من طریق طلحۃ بن خراش عنہ وقال الحاکم صحیح الاسناد قلت رواہ الحاکم بسندین وصححھا واقرہ علیھما الذھبی وکذا رقم لہ بالصحۃ السیوطی فی الجامع

اذکار میں افضل لا اِلٰہ اِلَّا اللہ ہے اور تمام دعاؤں میں افضل اَلْحَمْدُ لِلّٰہ ہے۔

(ف) لا اِلٰہ اِلَّا اللہ کا افضل الذکر ہونا تو ظاہر ہے اور بہت سی احادیث میں کثرت سے وارد ہوا ہے۔ نیز سارے دین کا مدار ہی کلمۂ توحید پر ہے تو پھر اس کے افضل ہونے میں کیا تردد ہے اور الحمد للہ کو افضل دعا اس لحاظ سے فرمایا ہے کہ کریم کی ثنا کا مطلب سوال ہی ہوتا ہے۔ عام مشاہدہ ہے کہ کسی رئیس امیر نواب کی تعریف میں قصیدہ خوانی کا مطلب اس سے سوال ہی ہوتا ہے۔ حضرت ابن عباس رضؓ فرماتے ہیں کہ جو شخص لا الٰہ الا اللہ پڑھے اس کے بعد اس کو الحمد للہ بھی کہنا چاہیے اس لیے قرآن پاک میں فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ کے بعد اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وارد ہے۔ ملا علی قاری رحؒ فرماتے ہیں اس میں ذرا بھی شک نہیں کہ تمام ذکروں میں افضل اور سب سے بڑھا ہوا ذکر کلمۂ طیبہ ہے کہ یہی دین کی وہ بنیاد ہے جس پر سارے دین کی تعمیر ہے اور یہ وہ پاک کلمہ ہے کہ دین کی چکی اسی کے گرد گھومتی ہے۔ اسی وجہ سے صوفیہ اور عارفین اسی کلمہ کا اہتمام فرماتے ہیں اور سارے اذکار پر اس کو ترجیح دیتے ہیں اور اسی کی جتنی ممکن ہو کثرت کراتے ہیں کہ تجربہ سے اس میں جس قدر فوائد اور منافع معلوم ہوئے ہیں کسی دوسرے میں نہیں چنانچہ سید علی بن میمون مغربی کا قصہ مشہور ہے کہ جب شیخ علوان حمویؒ جو ایک متبحر عالم اور مفتی اور مدرس تھے سید صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سید صاحب کی ان پر خصوصی توجہ ہوئی تو ان کو سارے مشاغل درس تدریس فتوی وغیرہ سے روک دیا اور سارا وقت ذکر میں مشغول کر دیا۔ عوام کا تو کام ہی اعتراض اور گالیاں دینا ہے، لوگوں نے بڑا شور مچایا کہ شیخ کے منافع سے دنیا کو محروم کر دیا اور شیخ کو ضائع کر دیا وغیرہ وغیرہ کچھ دنوں بعد سید صاحب کو معلوم ہوا کہ شیخ کسی وقت کلام اللہ کی تلاوت کرتے ہیں، سید صاحب نے اس کو بھی منع کر دیا تو پھر تو پوچھنا ہی کیا۔ سید صاحب پر زندیقی اور بد دینی کا الزام لگنے لگا۔ لیکن چند ہی روز بعد شیخ پر ذکر کا اثر ہو گیا اور دل رنگ گیا تو سید صاحبؒ نے فرمایا کہ اب تلاوت شروع کر دو۔ کلام پاک جو کھولا تو ہر ہر لفظ پر وہ وہ علوم و معارف کھلے کہ پوچھنا ہی کیا ہے۔ سید صاحبؒ نے فرمایا کہ میں نے خدانخواستہ تلاوت کو منع نہیں کیا تھا بلکہ اس چیز کو پیدا کرنا چاہتا تھا۔

چونکہ یہ پاک کلمہ دین کی اصل ہے ایمان کی جڑ ہے اس لیے جتنی بھی اس کی کثرت کی جائے گی اتنی ہی ایمان کی جڑ مضبوط ہوگی ایمان کا مدار اسی کلمہ پر ہے بلکہ دنیا کے وجود کا مدار اسی کلمہ پر ہے چنانچہ صحیح حدیث میں وارد ہے کہ قیامت اس وقت تک نہیں ہو سکتی جب تک لا الٰہ الا اللہ کہنے والا کوئی زمین پر ہو۔ دوسری حدیثوں میں آیا ہے کہ جب تک کوئی بھی اللہ اللہ کہنے والا روئے زمین پر ہو قیامت نہیں ہو گی۔

(۲) عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیِّ رض عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّہٗ قَالَ قَالَ مُوْسٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَارَبِّ عَلِّمْنِیْ شَیْئًا اَذْکُرُکَ بِہٖ وَاَدْعُوْکَ بِہٖ قَالَ قُلْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ قَالَ یَارَبِّ کُلُّ عِبَادِکَ یَقُوْلُ ھٰذَا قَالَ قُلْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ قَالَ اِنَّمَا اُرِیْدُ شَیْئًا تَخُصُّنِیْ بِہٖ قَالَ یَا مُوْسٰی لَوْ اَنَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعَ وَالْاَرَضِیْنَ السَّبْعَ فِیْ کِفَّۃٍ وَّلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ فِیْ کِفَّۃٍ مَالَتْ بِھِمْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رواہ النسائی وابن حبان والحاکم کلھم من طریق دراج عن ابی الھیثم عنہ وقال الحاکم صحیح الاسناد کذا فی الترغیب قلت قال الحاکم صحیح الاسناد ولم یخرجاہ واقرہ علیہ الذھبی واخرج فی المشکوٰۃ بروایۃ شرح السنۃ نحوہ زاد فی منتخب الکنز ابا یعلی والحکیم وابا نعیم فی الحلیۃ والبیھقی فی الاسماء وسعید بن منصور فی سننہ وفی مجمع الزوائد رواہ ابو یعلی ورجالہ وثقوا وفیھم ضعف

(۲) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ ایک مرتبہ حضرت موسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے اللہ جل جلالہٗ کی پاک بارگاہ میں عرض کیا کہ مجھے کوئی ورد تعلیم فرما دیجیے جس سے آپ کو یاد کیا کروں اور آپ کو پکارا کروں ارشاد خداوندی ہوا کہ لا الٰہ الا اللہ کہا کرو۔ انہوں نے عرض کیا اے پروردگار یہ تو ساری ہی دنیا کہتی ہے ارشاد ہوا کہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہا کرو عرض کیا میرے رب میں تو کوئی ایسی مخصوص چیز مانگتا ہوں جو مجھی کو عطا ہو ارشاد ہوا کہ اگر ساتوں آسمان اور ساتوں زمینیں ایک پلڑے میں رکھ دی جائیں اور دوسری طرف لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کو رکھ دیا جائے تو لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ والا پلڑا جھک جائے گا۔

(ف) اللہ جل جلالہٗ عم نوالہٗ کی عادت شریفہ یہی ہے کہ جو چیز جس قدر ضرورت کی ہوتی ہے اتنی ہی عام عطا کی جاتی ہے ضروریات دنیویہ ہی میں دیکھ لیا جائے کہ سانس، پانی، ہوا کیسی عام ضرورت کی چیزیں ہیں، اللہ جل شانہٗ نے ان کو کس قدر عام فرما رکھا ہے۔ البتہ یہ ضروری چیز ہے کہ اللہ کے یہاں وزن اخلاص کا ہے جس قدر اخلاص سے کوئی کام کیا جائے گا اتنی ہی وزنی ہوگا اور جس قدر اخلاص کی کمی اور بے دلی سے کیا جائے گا اتنا ہی ہلکا ہوگا۔ اخلاص پیدا کرنے کے لیے بھی جس قدر مفید اس کلمہ کی کثرت ہے اتنی کوئی دوسری چیز نہیں کہ اس کلمہ کا نام ہی جلاء القلوب (دلوں کی صفائی) ہے اسی وجہ سے حضرات صوفیہ اس کا ورد کثرت سے بتاتے ہیں۔ اور سیکڑوں نہیں بلکہ ہزاروں کی مقدار میں روزانہ کا معمول تجویز کرتے ہیں۔

مُلّا علی قاریؒ نے لکھا ہے کہ ایک مرید نے اپنے شیخ سے عرض کیا تھا کہ میں ذکر کرتا ہوں، مگر دل غافل رہتا ہے انہوں نے فرمایا کہ ذکر برابر کرتے رہو اور اس پر اللہ کا شکر کرتے رہو کہ اس نے ایک عضو یعنی زبان کو اپنی یاد کی توفیق عطا فرمائی اور اللہ سے دل کی توجہ کے لیے دعا کرتے رہو اس قسم کا واقعہ احیاء العلوم میں بھی ابو عثمان مغربیؒ کے متعلق نقل کیا گیا کہ ان سے کسی مرید نے شکایت کی تھی جس پر انہوں نے یہ جواب دیا تھا۔ درحقیقت بہترین نسخہ ہے۔ حق تعالیٰ شانہٗ کا کلام پاک میں ارشاد ہے کہ اگر تم شکر کرو گے تو میں اضافہ کروں گا۔ ایک حدیث میں وارد ہے کہ اللہ کا ذکر اس کی بڑی نعمت ہے اس کا شکر ادا کیا کرو کہ اللہ نے ذکر کی توفیق عطا فرمائی۔

(۳) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضؓ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ اَسْعَدُ النَّاسِ بِشَفَاعَتِكَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ ظَنَنْتُ یَا اَبَا هُرَیْرَةَ اَنْ لَّا یَسْئَلُنِیْ عَنْ هٰذَا الْحَدِیْثِ اَحَدٌ اَوَّلُ مِنْكَ لِمَا رَاَیْتُ مِنْ حِرْصِكَ عَلَی الْحَدِیْثِ اَسْعَدُ النَّاسِ بِشَفَاعَتِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ مَنْ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ خَالِصًا مِنْ قَلْبِهٖ اَوْ نَفْسِهٖ رواه البخاری وقد اخرجه الحاکم بمعناه وذکره صاحب بهجة النفوس فی الحدیث اربعا وثلثین بحثا۔

(۳) حضرت ابو ہریرہؓ نے ایک مرتبہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ آپ کی شفاعت کا سب سے زیادہ نفع اٹھانے والا قیامت کے دن کون شخص ہوگا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مجھے احادیث پر تمہاری حرص دیکھ کر یہی گمان تھا کہ اس بات کو تم سے پہلے کوئی دوسرا شخص نہ پوچھے گا (پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سوال کا جواب ارشاد فرمایا) کہ سب سے زیادہ سعادت مند اور نفع اٹھانے والا میری شفاعت کے ساتھ وہ شخص ہوگا جو دل کے خلوص کے ساتھ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہے

(ف) سعادت کہتے ہیں کہ آدمی کو خیر کی طرف پہنچانے کے لیے توفیقِ الٰہی کے شاملِ حال ہونے کو۔ اب اخلاص سے کلمہ طیبہ پڑھنے والے کا سب سے زیادہ مستحقِ شفاعت ہونے کے دو مطلب ہو سکتے ہیں ایک تو یہ کہ اس حدیث سے وہ شخص مراد ہے جو اخلاص سے مسلمان ہوا اور کوئی نیک عمل بجز کلمہ طیبہ پڑھنے کے اس کے پاس نہ ہو اس صورت میں ظاہر ہے کہ سب سے زیادہ سعادت اس کو شفاعت ہی سے حاصل ہو سکتی ہے کہ اپنے پاس تو کوئی عمل نہیں ہے۔ اس مطلب کے موافق یہ حدیث ان احادیث کے قریب قریب ہوگی جن میں ارشاد ہے کہ میری شفاعت میری امت کے کبیرہ گناہ والوں کے لیے ہے کہ وہ اپنے اعمال کی وجہ سے جہنم میں ڈالے جائیں گے لیکن کلمہ طیبہ کی برکت سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت ان کو نصیب ہوگی۔ دوسرا مطلب یہ ہے کہ اس کے مصداق وہ لوگ ہیں جو

اخلاص سے اس کلمہ کا ورد رکھیں اور نیک اعمال ہوں ان کے سب سے زیادہ سعادت مند ہونے کا مطلب یہ ہے کہ زیادہ نفع حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت سے ان کو پہنچے گا کہ ترقی درجات کا سبب بنے گی۔ علامہ عینیؒ نے لکھا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت قیامت کے دن چھ طریقہ سے ہوگی۔ اوّل میدانِ حشر کی قید سے خلاصی کی ہوگی۔ کہ حشر میں ساری مخلوق طرح طرح کے مصائب میں مبتلا پریشان حال یہ کہتی ہوئی ہوگی کہ ہم کو جہنم ہی میں ڈال دیا جائے مگر ان مصائب سے تو خلاصی ہو اس وقت جلیل القدر انبیاءؑ کی خدمت میں یکے بعد دیگرے حاضری ہوگی کہ آپؑ ہی اللہ کے یہاں سفارش فرمائیں مگر کسی کو جرأت نہ ہوگی کہ سفارش فرما سکیں بالآخر حضور صلی اللہ علیہ وسلم شفاعت فرمائیں گے یہ شفاعت تمام عالم تمام مخلوق جن وانس مسلم کافر سب کے حق میں ہوگی اور سب ہی اس سے منتفع ہوں گے۔ احادیثِ قیامت میں اس کا مفصل قصہ مذکور ہے۔ دوسری شفاعت بعض کفار کے حق میں تخفیف عذاب کی ہوگی جیسا ابوطالب کے بارہ میں صحیح حدیث میں وارد ہوا ہے۔ تیسری شفاعت بعض مومنوں کو جہنم سے نکالنے کے بارہ میں ہوگی جو اس میں داخل ہو چکے ہیں۔ چوتھی شفاعت بعض مومن جو اپنی بد اعمالیوں کی وجہ سے جہنم میں داخل ہونے کے مستحق ہو چکے ہیں۔ ان کی جہنم سے معافی اور جہنم میں نہ داخل ہونے کے بارے میں ہوگی پانچویں شفاعت بعض مومنین کے بغیر حساب کتاب جنت میں داخل ہونے میں ہوگی۔ اور چھٹی شفاعت مومنین کے درجات بلند ہونے میں ہوگی۔

(۴) عَنْ زَیْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصًا دَخَلَ الْجَنَّةَ قِیْلَ وَمَا اِخْلَاصُهَا قَالَ اَنْ تَحْجُزَهٗ عَنْ مَحَارِمِ اللّٰهِ رواہ الطبرانی فی الاوسط والکبیر۔

(۴) حضرت زید ابن ارقمؓ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں جو شخص اخلاص کے ساتھ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہے وہ جنت میں داخل ہوگا کسی نے پوچھا کہ کلمہ کے اخلاص (کی علامت) کیا ہے آپؐ نے فرمایا کہ حرام کاموں سے اس کو روک دے۔

(ف) اور یہ ظاہر ہے کہ جب حرام کاموں سے رک جائے گا اور لا الٰہ الا اللہ کا قائل ہوگا۔ تو اسکے سیدھا جنت میں جانے میں کیا تردد ہے۔ لیکن اگر حرام کاموں سے نہ بھی رکے تب بھی اس کلمہ پاک کی یہ برکت تو بلا تردد ہے کہ اپنی بد اعمالیوں کی سزا بھگتنے کے بعد کسی نہ کسی وقت جنت میں ضرور داخل ہوگا البتہ اگر خدانخواستہ بد اعمالیوں کی بدولت اسلام و ایمان ہی سے محروم ہو جائے تو دوسری بات ہے۔ حضرت فقیہ ابو اللیث سمرقندیؒ تنبیہ الغافلین میں لکھتے ہیں ہر شخص کے لیے ضروری ہے کہ کثرت

سے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ پڑھتا رہا کرے اور حق تعالیٰ شانہٗ سے ایمان کے باقی رہنے کی دعا بھی کرتا رہے اور اپنے کو گناہوں سے بچاتا رہے اس لیے کہ بہت سے لوگ ایسے ہیں کہ گناہوں کی نحوست سے آخر میں اُن کا ایمان سلب ہوجاتا ہے اور دنیا سے کفر کی حالت میں جاتے ہیں اس سے بڑھ کر اور کیا مصیبت ہوگی کہ ایک شخص کا نام ساری عمر مسلمانوں کی فہرست میں رہا ہو مگر قیامت میں وہ کافروں کی فہرست میں ہو یہ حقیقی حسرت اور کمال حسرت ہے۔ اس شخص پر افسوس نہیں ہوتا جو گرجا یا بت خانہ میں ہمیشہ رہا ہو اور وہ کافروں کی فہرست میں آخر میں شمار کیا جائے افسوس اُس پر ہے جو مسجد میں رہا ہو اور کافروں میں شمار ہوجائے۔ اور یہ بات گناہوں کی کثرت سے اور تنہائیوں میں حرام کاموں میں مبتلا ہونے سے پیدا ہوتی ہے بہت سے لوگ ایسے ہوتے ہیں جن کے پاس دوسروں کا مال ہوتا ہے اور وہ سمجھتے ہیں کہ یہ دوسروں کا ہے مگر دل کو سمجھاتے ہیں کہ میں کسی وقت اس کو واپس کردوں گا اور صاحب حق سے معاف کرالوں گا مگر اس کی نوبت نہیں آتی اور موت اُس سے قبل آجاتی ہے بہت سے لوگ ہیں کہ بیوی کو طلاق ہوجاتی ہے اور وہ اس کو سمجھتے ہیں مگر پھر بھی اُس سے ہم بستری کرتے ہیں اور اسی حالت میں موت آجاتی ہے کہ توبہ کی بھی توفیق نہیں ہوتی ہے ایسے ہی حالات میں آخر میں ایمان سلب ہوجاتا ہے اَللّٰھُمَّ احْفَظْنَا مِنْہُ۔ حدیث کی کتابوں میں ایک قصہ لکھا ہے کہ حضورؐ کے زمانہ میں ایک نوجوان کا انتقال ہونے لگا حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ اُس سے کلمہ نہیں پڑھا جاتا حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے اور اس سے دریافت فرمایا کیا بات ہے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ایک قفل سا دل پر لگا ہوا ہے تحقیق حالات سے معلوم ہوا کہ اس کی ماں اس سے ناراض ہے اور اس نے ماں کو ستایا ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ماں کو بلایا اور دریافت فرمایا کہ اگر کوئی شخص بہت سی آگ جلا کر اس تمہارے لڑکے کو اُس میں ڈالنے لگے تو تم سفارش کروگی انہوں نے عرض کیا ہاں حضور کروں گی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایسا ہے تو اس کا قصور معاف کردے انہوں نے سب معاف کردیا پھر اس سے کلمہ پڑھنے کو کہا گیا تو فوراً پڑھ لیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کا شکر ادا کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وجہ سے انہوں نے آگ سے نجات پائی۔ اس قسم کے سیکڑوں واقعات پیش آتے ہیں کہ ہم لوگ ایسے گناہوں میں مبتلا رہتے ہیں۔ جن کی نحوست دین اور دنیا دونوں میں نقصان پہنچاتی ہے صاحب احیاءؒ نے لکھا ہے کہ ایک مرتبہ حضورؐ نے خطبہ پڑھا جس میں ارشاد فرمایا کہ جو شخص لا الٰہ الا اللہ کو اس طرح سے کہے کہ خلط ملط نہ ہو تو اس کے لیے جنت واجب ہوجاتی ہے حضرت علیؓ نے عرض کیا کہ حضور اس کو واضح فرمادیں خلط ملط کا کیا مطلب ہے ارشاد فرمایا کہ دنیا کی محبت اور اس کی طلب میں لگ جانا بہت سے لوگ ایسے ہیں کہ انبیاءؑ

کی سی باتیں کرتے ہیں اور متکبر اور جابر لوگوں کے سے عمل کرتے ہیں اگر کوئی اس کلمہ کو اس طرح کہے کہ یہ کام نہ کرتا ہو تو جنت اُس کے لیے واجب ہے۔

(۵) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا قَالَ عَبْدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِلَّا فُتِحَتْ لَهٗ اَبْوَابُ السَّمَآءِ حَتّٰی یُفْضِیَ اِلَی الْعَرْشِ مَا اجْتُنِبَتِ الْکَبَآئِرُ۔ رواہ الترمذی وقال حدیث حسن غریب کذا فی الترغیب وھکذا فی المشکوٰۃ لکن لیس فیھا حسن بل غریب فقط قال القاری ورواہ النسائی وابن حبان وعزاہ السیوطی فی الجامع الی الترمذی ورقم لہ بالحسن وحکاہ السیوطی فی الدر من طریق ابن مردویہ عن ابی ھریرۃ ولیس فیہ ما اجتنبت الکبائر وفی الجامع الصغیر بروایۃ الطبرانی عن معقل ابن یسار لکل شیء مفتاح ومفتاح السمٰوٰت قول لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ورقم لہ بالضعف

(۵) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ کوئی بندہ ایسا نہیں کہ لا الٰہ الا اللہ کہے اور اس کے لیے آسمانوں کے دروازے نہ کھل جائیں یہاں تک کہ یہ کلمہ سیدھا عرش تک پہنچتا ہے بشرطیکہ کبیرہ گناہوں سے بچتا رہے۔

(ف) کتنی بڑی فضیلت ہے اور قبولیت کی انتہا ہے کہ یہ کلمہ براہ راست عرش معلّٰی تک پہنچتا ہے اور یہ ابھی معلوم ہو چکا ہے کہ اگر کبیرہ گناہوں کے ساتھ بھی کہا جائے تو نفع سے اس وقت بھی خالی نہیں۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ کبائر سے بچنے کی شرط قبول کی جلدی اور آسمان کے سب دروازے کھلنے کے اعتبار سے ہے ورنہ ثواب اور قبول سے کبائر کے ساتھ بھی خالی نہیں۔ بعض علماء نے اس حدیث کا یہ مطلب بیان فرمایا ہے کہ ایسے شخص کے واسطے مرنے کے بعد اُس کی روح کے اعزاز میں آسمان کے سب دروازے کھل جائیں گے۔ ایک حدیث میں آیا ہے دو کلمے ایسے ہیں کہ ان میں سے ایک کے لیے عرش سے نیچے کوئی منتہا نہیں۔ دوسرا آسمان اور زمین کو (اپنے نور یا اپنے اجر سے) بھر دے ایک لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دوسرا اَللّٰهُ اَکْبَرُ۔

(۶) عَنْ یَعْلَی بْنِ شَدَّادٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ شَدَّادُ ابْنُ اَوْسٍ وَعُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ حَاضِرٌ یُصَدِّقُ قَالَ کُنَّا عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ هَلْ فِیْکُمْ غَرِیْبٌ یَعْنِیْ اَهْلَ الْکِتَابِ قُلْنَا لَا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَمَرَ بِغَلْقِ الْاَبْوَابِ وَقَالَ ارْفَعُوْا اَیْدِیَکُمْ وَقُوْلُوْا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَرَفَعْنَا

(۶) حضرت شدادؓ فرماتے ہیں اور حضرت عبادہؓ اس واقعہ کی تصدیق کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ ہم لوگ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا کوئی اجنبی (غیر مسلم) تو مجمع میں نہیں ہم نے

+۸۴

اَیْدِیَنَا سَاعَۃً ثُمَّ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ بَعَثْتَنِیْ بِھٰذِہِ الْکَلِمَۃِ وَوَعَدْتَنِیْ عَلَیْھَا الْجَنَّۃَ وَاَنْتَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ثُمَّ قَالَ اَبْشِرُوْا فَاِنَّ اللّٰہَ قَدْ غَفَرَ لَکُمْ رواہ احمد باسناد حسن والطبرانی وغیرھما کذا فی الترغیب قلت واخرجہ الحاکم وقال اسمٰعیل بن عیاش احد ائمۃ اھل الشام وقد نسب الی سوء الحفظ وانا علی شرطی فی امثالہ وقال الذھبی راشد ضعفہ الدار قطنی وغیرہ ووثقہ وحیم اھ وفی مجمع الزوائد رواہ احمد والطبرانی والبزار ورجال موثقون اھ

عرض کیا کوئی نہیں ارشاد فرمایا کواڑ بند کردو اس کے بعد ارشاد فرمایا ہاتھ اٹھاؤ اور کہو لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہم نے تھوڑی دیر ہاتھ اٹھائے رکھے (اور کلمہ طیبہ پڑھا) پھر فرمایا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اے اللہ تو نے مجھے یہ کلمہ دے کر بھیجا ہے اور اس کلمہ پر جنت کا وعدہ کیا ہے اور تو وعدہ خلاف نہیں ہے اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے فرمایا کہ خوش ہو جاؤ اللہ نے تمہاری مغفرت فرمادی۔

(ف) غالباً اجنبی کو اسی لیے دریافت فرمایا تھا اور اسی لیے کواڑ بند کرائے تھے کہ ان لوگوں کے کلمۂ طیبہ پڑھنے پر تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو مغفرت کی بشارت کی امید ہوگی اوروں کے متعلق یہ امید ہو صوفیہ نے اس حدیث سے مشائخ کا اپنے مریدین کی جماعت کو ذکر تلقین کرنے پر استدلال کیا ہے۔ چنانچہ جامع الاصول میں لکھا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا صحابہؓ کو جماعۃً اور منفرداً ذکر تلقین کرنا ثابت ہے جماعت کو تلقین کرنے میں اس حدیث کو پیش کیا ہے اس صورت میں کواڑوں کا بند کرنا مستفیدین کی توجہ کے تام کرنے کی غرض سے ہوا اور اسی وجہ سے اجنبی کو دریافت فرمایا کہ غیر کا مجمع میں ہونا حضورؐ پر تشتت کا سبب اگرچہ نہ ہو لیکن مستفیدین کے تشتت کا احتمال تو تھا ہی ؎

چہ خوش است با تو بزمے بنہفتہ ساز کردن ❊ درِ خانہ بند کردن سرِ شیشہ باز کردن

(کیسی مزے کی چیز ہے تیری ساتھ خفیہ ساز کر لینا گھر کا دروازہ بند کر دینا اور بوتل کا منہ کھول دینا)

(۷) عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رضؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جَدِّدُوْا اِیْمَانَکُمْ قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَکَیْفَ نُجَدِّدُ اِیْمَانَنَا قَالَ اَکْثِرُوْا مِنْ قَوْلِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔ رواہ احمد والطبرانی واسناد احمد حسن کذا فی الترغیب قلت ورواہ الحاکم فی صحیحہ وقال صحیح الاسناد وقال الذھبی صدقۃ (الراوی) ضعفوہ قلت

(۷) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ اپنے ایمان کی تجدید کرتے رہا کرو یعنی تازہ کرتے رہا کرو صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ایمان کی تجدید کس طرح کریں؟ ارشاد فرمایا کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کو کثرت سے پڑھا کرو۔

(ف) ایک روایت میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد وارد ہوا ہے کہ ایمان پرانا ہو جاتا ہے

ھومن رواۃ ابی داؤد والترمذی و اخرج لہٗ البخاری فی الادب المفرد وقال فی التقریب صدوق لہ اوھام وذکرہ السیوطی فی الجامع الصغیر بروایۃ احمد والحاکم ورقم لہ بالصحۃ وفی مجمع الزوائد رواہ احمد واسنادہ جید وفی موضع اٰخر رواہ احمد والطبرانی ورجال احمد ثقات۔

جیسا کہ کپڑا پرانا ہو جاتا ہے اس لیے اللہ جل شانہٗ سے ایمان کی تجدید مانگتے رہا کرو۔ پرانے ہو جانے کا مطلب یہ ہے کہ معاصی سے قوتِ ایمانیہ اور نورِ ایمان جاتا رہتا ہے چنانچہ ایک حدیث میں آیا ہے کہ جب بندہ کوئی گناہ کرتا ہے تو ایک سیاہ نشان (دھبّہ) اُس کے دل میں ہو جاتا ہے اگر وہ سچّی توبہ کر لیتا ہے تو وہ نشان دھل جاتا ہے ورنہ جما رہتا ہے اور پھر جب دوسرا گناہ کرتا ہے تو دوسرا نشان ہو جاتا ہے اسی طرح سے آخر دل بالکل کالا ہو جاتا اور زنگ آلود ہو جاتا ہے جس کو حق تعالیٰ شانہٗ نے سورہ تطفیف میں ارشاد فرمایا ہے کَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰی قُلُوْبِھِمْ مَّا کَانُوْا یَکْسِبُوْنَ ہ اس کے بعد اس کے دل کی حالت ایسی ہو جاتی ہے کہ حق بات اس میں اثر اور سرایت ہی نہیں کرتی۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ چار چیزیں آدمی کے دل کو برباد کر دیتی ہیں۔ احمقوں سے مقابلہ، گناہوں کی کثرت، عورتوں کے ساتھ کثرتِ اختلاط اور مردہ لوگوں کے پاس کثرت سے بیٹھنا کسی نے پوچھا مردوں سے کیا مراد ہے فرمایا ہر وہ مالدار جس کے اندر مال نے اکڑ پیدا کر دی ہو۔

(۸) عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رضؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَکْثِرُوْا مِنْ شَھَادَۃِ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ قَبْلَ اَنْ یُّحَالَ بَیْنَکُمْ وَبَیْنَھَا۔ رواہ ابو یعلی باسناد جید قوی کذا فی الترغیب وعزاہ فی الجامع الی ابی یعلی وابن عدی فی الکامل ورقم لہ بالضعف وزاد لقنوھا موتاکم وفی مجمع الزوائد رواہ ابو یعلی ورجالہ رجال الصحیح غیر ضمام وھو ثقۃ۔

(۸) حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا اقرار کثرت سے کرتے رہا کرو قبل اس کے کہ ایسا وقت آئے کہ تم اُس کلمہ کو نہ کہہ سکو۔

(ف) یعنی موت حائل ہو جائے کہ اس کے بعد کسی عمل کا بھی وقت نہیں رہتا زندگی کا زمانہ بہت ہی تھوڑا سا ہے اور یہی عمل کرنے کا اور تخم بو لینے کا وقت ہے اور مرنے کے بعد کا زمانہ بہت ہی دراز ہے اور وہاں وہی مل سکتا ہے جو یہاں بو دیا گیا۔

(۹) عَنْ عُمَرَ رضؓ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنِّیْ لَاَعْلَمُ کَلِمَۃً لَّا یَقُوْلُھَا عَبْدٌ حَقًّا مِّنْ قَلْبِہٖ فَیَمُوْتُ عَلٰی

(۹) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ میں ایک ایسا کلمہ جانتا ہوں کہ کوئی بندہ ایسا نہیں ہے کہ دل سے حق سمجھ کر اس کو پڑھے اور اسی حال میں

ذٰلِكَ اِلَّا حُرِّمَ عَلَى النَّارِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رواه الحاکم وقال صحیح علی شرطهما ورویاه بنحوه کذا فی الترغیب۔

مرجائے مگر وہ جہنم پر حرام ہوجاتے وہ کلمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ہے۔ (ف) بہت سی روایات میں یہ مضمون وارد ہوا ہے ان سب سے اگر یہ مراد ہے کہ وہ مسلمان ہی اس وقت ہوا ہے تب تو کوئی اِشکال ہی نہیں کہ اسلام لانے کے بعد کفر کے گناہ بالاتفاق معاف ہیں اور اگر یہ مراد ہے کہ پہلے سے مسلمان تھا اور اخلاص کے ساتھ اس کلمہ کو کہہ کر مرا ہے تب بھی کیا بعید ہے کہ حق تعالیٰ شانہ اپنے لطف سے سارے ہی گناہ معاف فرما دیں حق تعالیٰ شانہ کا تو خود ہی ارشاد ہے کہ شرک کے علاوہ سارے ہی گناہ جس کے چاہیں گے معاف فرما دیں گے۔ ملّا علی قاریؒ نے بعض علماء سے یہ بھی نقل کیا ہے کہ یہ اور اس قسم کی احادیث اس وقت کے اعتبار سے ہیں جب تک دوسرے احکام نازل نہیں ہوئے تھے۔ بعض علماء نے فرمایا ہے کہ اس سے مراد اس کلمہ کو اُس کے حق کی ادائیگی کے ساتھ کہنا جیسا کہ پہلے حدیث نمبر (۴) میں گذر چکا ہے۔ حسن بصریؒ وغیرہ حضرات کی بھی یہی رائے ہے۔ امام بخاری کی تحقیق یہ ہے کہ ندامت کے ساتھ اس کلمہ کو کہا ہو کہ یہی حقیقت تو یہ کی ہے اور پھر اسی حال پر انتقال ہوا ہو۔ ملا علی قاریؒ کی تحقیق یہ ہے کہ اس سے ہمیشہ جہنم میں رہنے کی حرمت مراد ہے ان سب کے علاوہ ایک کھلی ہوئی بات اور بھی ہے وہ یہ کہ کسی چیز کا کوئی خاص اثر ہونا اس کے منافی نہیں کہ کسی عارض کی وجہ سے وہ اثر نہ کرسکے سقمونیا کا اثر اِسہال ہے لیکن اگر اس کے بعد کوئی سخت قابض چیز کھالی جائے تو یقیناً سقمونیا کا اثر نہ ہوگا لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ اس دوا کا اثر نہیں رہا بلکہ اس عارض کی وجہ سے اُس شخص پر اثر نہ ہوسکا۔

(۱۰) عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَفَاتِيْحُ الْجَنَّةِ شَهَادَةُ اَنْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رواه احمد کذا فی المشکوٰة والجامع الصغیر ورقم له بالضعف وفی مجمع الزوائد رواه احمد ورجاله وثقوا الا ان شهرًا لم يسمعه عن معاذ اه ورواه البزار کذا فی الترغیب وزاد السیوطی فی الدر ابن مردویه والبیهقی وذکره فی المقاصد الحسنة بروایة احمد بلفظ مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

(۱۰) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ لا الٰہ الا اللہ کا اقرار کرنا جنت کی کنجیاں ہیں۔

(ف) کنجیاں اس لحاظ سے فرمایا کہ ہر دروازہ کی اور ہر جنت کی کنجی یہ ہی کلمہ ہے اس لیے ساری کنجیاں یہی کلمہ ہوا یا اس لحاظ سے کہ یہ کلمہ بھی دو جزو لیے ہوئے ہے ایک لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کا اقرار دوسرے مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کا اقرار اس لیے دو ہوگئے کہ دونوں کے مجموعہ سے کھل سکتا ہے اور بھی ان روایات میں جہاں جہاں جنت کے دخول یا جہنم کے حرام

واختلف فی وجہ حمل الشہادۃ وھی مفرد علی المفاتیح وھی جمع علی اقوال اوجہہا عندی انہا لما کانت مفتاحًا لکل باب من ابوابہ صارت کالمفاتیح۔

ہونے کا ذکر ہے اُس سے مراد پورا ہی کلمہ ہے ایک حدیث میں وارد ہے کہ جنت کی قیمت لا الٰہ الا اللہ ہے۔

(۱۱) عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ عَبْدٍ قَالَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ فِیْ سَاعَۃٍ مِّنْ لَیْلٍ اَوْ نَھَارٍ اِلَّا طُمِسَتْ مَا فِی الصَّحِیْفَۃِ مِنَ السَّیِّئَاتِ حَتّٰی تَسْکُنَ اِلٰی مِثْلِھَا مِنَ الْحَسَنَاتِ رواہ ابو یعلی کذا فی الترغیب وفی مجمع الزوائد فیہ عثمان بن عبدالرحمن الزھری وھو متروک اھ۔

(۱۱) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو بھی بندہ کسی وقت بھی دن میں یا رات میں لا الٰہ الا اللہ کہتا ہے تو اعمالنامہ میں سے برائیاں مٹ جاتی ہیں اور ان کی جگہ نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔

(ف) برائیاں مٹ کر نیکیاں لکھی جانے کے متعلق باب اوّل فصل ثانی کے نمبر (۱۰) پر مفصل گزر چکا ہے اور اس قسم کی آیات و روایات کے چند معنی لکھے گئے ہیں ہر معنی کے اعتبار سے گناہوں کا اس حدیث میں اعمالنامہ سے مٹانا تو معلوم ہوتا ہی ہے البتہ اخلاص ہونا ضروری ہے اور کثرت سے اللہ کا پاک نام لینا اور کلمہ طیبہ کا کثرت سے پڑھنا خود بھی اخلاص پیدا کرنے والا ہے اسی لیے اس پاک کلمہ کا نام کلمۂ اخلاص ہے۔

(۱۲) عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَؓ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ لِلّٰہِ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی عَمُوْدًا مِّنْ نُّوْرٍ بَیْنَ یَدَیِ الْعَرْشِ فَاِذَا قَالَ الْعَبْدُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اھْتَزَّ ذٰلِکَ الْعَمُوْدُ فَیَقُوْلُ اللّٰہُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی اُسْکُنْ فَیَقُوْلُ کَیْفَ اَسْکُنُ وَلَمْ تُغْفَرْ لِقَائِلِھَا فَیَقُوْلُ اِنِّیْ قَدْ غَفَرْتُ لَہٗ فَیَسْکُنُ عِنْدَ ذٰلِکَ رواہ البزار وھو غریب کذا فی الترغیب وفی مجمع الزوائد فیہ عبد اللہ بن ابراہیم بن ابی عمرو وھو ضعیف جدا اھ قلت وبسط السیوطی فی اللآلی علی طرقہ وذکر لہ شواھد۔

(۱۲) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ عرش کے سامنے نور کا ایک ستون ہے جب کوئی شخص لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہتا ہے تو وہ ستون ہلنے لگتا ہے اللہ کا ارشاد ہوتا ہے کہ ٹھہر جا وہ عرض کرتا ہے کیسے ٹھیروں حالانکہ کلمہ طیبہ پڑھنے والے کی ابھی تک مغفرت نہیں ہوئی ارشاد ہوتا ہے کہ اچھا میں نے اسکی مغفرت کردی تو وہ ستون ٹھیر جاتا ہے۔

(ف) محدثین حضرات کو اس روایت میں کلام ہے لیکن علامہ سیوطیؒ نے لکھا ہے کہ یہ روایت کئی طریقوں سے مختلف الفاظ سے نقل کی گئی ہے بعض روایتوں میں اس کے ساتھ اللہ جل شانہ" کا یہ بھی ارشاد وارد ہے کہ میں نے کلمہ طیبہ اس شخص کی زبان پر اسی لیے جاری کرادیا تھا کہ اس کی مغفرت

کروں کس قدر لطف وکرم ہے اللہ کا کہ خود ہی توفیق عطا فرماتے ہیں اور پھر خود ہی اُس لطف کی تکمیل میں مغفرت فرماتے ہیں حضرت عطاؒ کا قصّہ مشہور ہے کہ وہ ایک مرتبہ بازار تشریف لے گئے وہاں ایک دیوانی باندی فروخت ہو رہی تھی انہوں نے خرید لی جب رات کا کچھ حصہ گذرا تو وہ دیوانی اٹھی اور وضو کر کے نماز شروع کر دی اور نماز میں اس کی یہ حالت تھی کہ آنسوؤں سے دم گھٹا جا رہا تھا اُس کے بعد اس نے کہا اے میرے معبود آپ کو مجھ سے محبت رکھنے کی قسم مجھ پر رحم فرما دیجیے۔ عطاؒ نے یہ سُن کر فرمایا کہ لونڈی یوں کہہ اے اللہ مجھے آپ سے محبت رکھنے کی قسم یہ سن کر اس کو غصہ آیا اور کہنے لگی اُس کے حق کی قسم اگر اس کو مجھ سے محبت نہ ہوتی تو تمہیں یوں میٹھی نیند نہ سُلاتا اور مجھے یوں کھڑا نہ کرتا۔ اس کے بعد اس نے یہ اشعار پڑھے ؎

اَلْكَرْبُ مُجْتَمِعٌ وَالْقَلْبُ مُحْتَرِقٌ — وَالصَّبْرُ مُفْتَرِقٌ وَّالدَّمْعُ مُسْتَبِقٌ

كَيْفَ الْقَرَارُ عَلٰى مَنْ لَّا قَرَارَ لَهٗ — مِمَّا جَنَاهُ الْهَوٰى وَالشَّوْقُ وَالْقَلَقُ

يَا رَبِّ اِنْ كَانَ شَيْءٌ فِيْهِ لِيْ فَرَجٌ — فَامْنُنْ عَلَيَّ بِهٖ مَا دَامَ بِيْ رَمَقٌ

ترجمہ:۔ بے چینی جمع ہو رہی ہے اور دل جل رہا ہے۔ اور صبر جدا ہو گیا اور آنسو بہہ رہے ہیں۔ اس کو کس طرح قرار آ سکتا ہے جس کو عشق و شوق اور بے چینی کے حملوں کی وجہ سے ذرا بھی سکون نہیں اے اللہ اگر کوئی چیز ایسی ہو سکتی ہے جس میں غم سے نجات ہو تو زندگی میں اُس کو عطا فرما کر مجھ پر احسان فرما۔ اس کے بعد اُس نے کہا اے اللہ میرا اور آپ کا معاملہ اب راز میں نہیں رہا مجھے اٹھا لیجیے یہ کہہ کر ایک چیخ ماری اور مر گئی۔ اس قسم کے اور بھی بہت سے واقعات ہیں اور کھلی ہوئی بات ہے کہ توفیق جب تک شامل حال نہ ہو کیا ہو سکتا ہے۔ وَمَا تَشَاءُوْنَ اِلَّا اَنْ يَّشَاءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ (اور تم بدون خدائے رب العالمین کے چاہے کچھ نہیں چاہ سکتے ہو)

(۱۳) عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ عَلٰى اَهْلِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْشَةٌ فِيْ قُبُوْرِهِمْ وَلَا مَنْشَرِهِمْ وَكَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى اَهْلِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَهُمْ يَنْفُضُوْنَ التُّرَابَ عَنْ رُءُوْسِهِمْ۔ وَيَقُوْلُوْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَيْسَ عَلٰى اَهْلِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْشَةٌ عِنْدَ الْمَوْتِ وَلَا عِنْدَ الْقَبْرِ

(۱۳) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ والوں پر نہ قبروں میں وحشت ہے نہ میدانِ حشر میں اس وقت گویا وہ منظر میرے سامنے ہے کہ جب وہ اپنے سروں سے مٹی جھاڑتے ہوئے (قبروں سے) اُٹھیں گے اور کہیں گے کہ تمام تعریف اُس اللہ کے لیے ہے جس نے ہم سے (ہمیشہ کے لیے) رنج و غم دور کر دیا دوسری حدیث میں ہے کہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ والوں پر نہ موت کے

رواه الطبرانی والبیہقی کلاھما من روایۃ یحیٰی بن عبد الحمید الحمانی وفی متنہ نکارۃ کذا فی الترغیب وذکرہ فی الجامع الصغیر بروایۃ الطبرانی عن ابن عمرؓ ورقم لہ بالضعف وفی اسنی المطالب رواہ الطبرانی وابو یعلی بسند ضعیف وفی مجمع الزوائد رواہ الطبرانی وفی روایۃ لیس علی اھل لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْشَةٌ عِنْدَ الْمَوْتِ وَلَا عِنْدَ الْقَبْرِ وفی الاولی یحیی الحمانی وفی الاخری مجاشع بن عمرو وکلاھما ضعیف اھ وقال السخاوی فی المقاصد الحسنۃ رواہ ابو یعلی والبیہقی فی الشعب والطبرانی بسند ضعیف عن ابن عمرؓ اھ قلت وماحکم علیہ المنذری بالنکارۃ مبناہ اَنَّہٗ حَمَلَ اَھْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَلَی الظَّاھِرِ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ وَمَعْلُوْمٌ اَنَّ بَعْضَ الْمُسْلِمِیْنَ یُعَذَّبُوْنَ فِی الْقَبْرِ وَالْحَشْرِ فَیَکُوْنُ الْحَدِیْثُ مُخَالِفًا لِلْمَعْرُوْفِ فَیَکُوْنُ مُنْکَرًا لٰکِنَّہٗ اِنْ اُرِیْدَ بِہِ الْمَخْصُوْصُ بِھٰذِہِ الصِّفَۃِ فَیَکُوْنُ مُوَافِقًا لِلنُّصُوْصِ الْکَثِیْرَۃِ مِنَ الْقُرْاٰنِ وَالْحَدِیْثِ فَالسَّابِقُوْنَ السَّابِقُوْنَ اُولٰٓئِکَ الْمُقَرَّبُوْنَ وَمِنْھُمْ سَابِقٌ بِالْخَیْرَاتِ بِاِذْنِ اللّٰهِ وَسَبْعُوْنَ اَلْفًا یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّۃَ بِغَیْرِ حِسَابٍ وَغَیْرُ ذٰلِکَ مِنَ الْاٰیَاتِ وَالرِّوَایَاتِ فَالْحَدِیْثُ مُوَافِقٌ لَھَا لَا مُخَالِفٌ فَیَکُوْنُ مَعْرُوْفًا لَا مُنْکَرًا وَذکر السیوطی فی الجامع الصغیر

وقت وحشت ہو گی نہ قبر کے وقت۔

(ف) حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت جبرئیل علیہ السلام حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تشریف لائے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نہایت غمگین تھے حضرت جبرئیل علیہ السلام نے عرض کیا کہ اللہ جل جلالہٗ نے آپ کو سلام فرمایا ہے اور ارشاد فرمایا کہ آپ کو رنجیدہ اور غمگین دیکھ رہا ہوں یہ کیا بات ہے (حالانکہ حق تعالیٰ شانہٗ دلوں کے بھید جاننے والے ہیں لیکن اکرام و اعزاز اور اظہار شرافت کے واسطے اس قسم کے سوال کرائے جاتے تھے) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جبرئیل مجھے اپنی اُمت کا فکر بہت بڑھ رہا ہے کہ قیامت میں ان کا کیا حال ہوگا۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے دریافت کیا کہ کفار کے بارے میں یا مسلمانوں کے بارہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مسلمانوں کے بارے میں فکر ہے حضرت جبرئیلؑ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ساتھ لیا اور ایک مقبرہ پر تشریف لے گئے جہاں قبیلہ بنو سلمہ کے لوگ دفن تھے حضرت جبرئیلؑ نے ایک قبر پر ایک پَر مارا اور ارشاد فرمایا کہ قُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ (اللہ کے حکم سے کھڑا ہو جا) اس قبر سے ایک شخص نہایت حسین خوبصورت چہرہ والا اٹھا وہ کہہ رہا تھا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ حضرت جبرئیلؑ نے ارشاد فرمایا کہ اپنی جگہ لوٹ جاؤ

بروایۃ ابن مردویہ والبیہقی فی البعث عَنْ عُمَرَ بِلَفْظِ سَابِقُنَا سَابِقٌ وَّمُقْتَصِدُنَا نَاجٍ وَظَالِمُنَا مَغْفُوْرٌ لَّہٗ وَرَقَمَ لَہٗ بِالْحَسَنِ قلت ویؤیدہ حدیث سَبَقَ الْمُفَرِّدُوْنَ الْمُسْتَہْتِرُوْنَ فِیْ ذِکْرِ اللّٰہِ یَضَعُ الذِّکْرُ عَنْہُمْ اَثْقَالَہُمْ فَیَاْتُوْنَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ خِفَافًا رواہ الترمذی والحاکم عن ابی ھریرۃ والطبرانی عن ابی الدرداء کذا فی الجامع ورقم لہ بالصحۃ وفی الاتحاف عن ابی الدرداء موقوفا اَلَّذِیْنَ لَا تَزَالُ اَلْسِنَتُہُمْ رَطْبَۃً مِّنْ ذِکْرِ اللّٰہِ یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّۃَ وَھُمْ یَضْحَکُوْنَ وفی الجامع الصغیر بروایۃ الحاکم ورقم لہ بالصحۃ اَلسَّابِقُ وَالْمُقْتَصِدُ یَدْخُلَانِ الْجَنَّۃَ بِغَیْرِ حِسَابٍ وَّالظَّالِمُ لِنَفْسِہٖ یُحَاسَبُ حِسَابًا یَّسِیْرًا ثُمَّ یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ۔

چلا گیا۔ پھر دوسری قبر پر دوسرا پَر مارا اور ارشاد فرمایا کہ اللہ کے حکم سے کھڑا ہو جا اس میں سے ایک شخص نہایت بدصورت کالا منہ کیری آنکھوں والا کھڑا ہوا وہ کہہ رہا تھا ہائے افسوس ہائے شرمندگی ہائے مصیبت پھر حضرت جبرئیلؑ نے فرمایا اپنی جگہ لوٹ جا اس کے بعد حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ جس حالت پر یہ لوگ مرتے ہیں اسی حالت پر اٹھیں گے۔ حدیث بالا میں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ والوں سے بظاہر وہ لوگ مراد ہیں جن کو اللہ پاک کلمہ کی ساتھ خصوصی لگاؤ خصوصی مناسبت خصوصی اشتغال ہو اس لیے کہ دودھ والا جوتوں والا موتی والا برف والا وہی شخص کہلاتا ہے جس کے یہاں ان چیزوں کی خصوصی بکری اور خصوصی ذخیرہ موجود ہو اس لیے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ والوں کی ساتھ اس معاملہ میں کوئی اشکال نہیں قرآن پاک میں سورۂ فاطر میں اس امت کے تین طبقے بیان فرمائے ہیں ایک طبقہ سابق بالخیرات کا بیان فرمایا جن کے متعلق حدیث میں آیا ہے کہ وہ بے حساب جنت میں داخل ہوں گے۔ ایک حدیث میں وارد ہے کہ جو شخص سو مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھا کرے اُس کو حق تعالیٰ شانہٗ قیامت کے دن ایسی حالت میں اُٹھائیں گے کہ چودھویں رات کے چاند کی طرح ان کا چہرہ روشن ہوگا حضرت ابو درداءؓ فرماتے ہیں کہ جن لوگوں کی زبانیں اللہ کے ذکر سے تروتازہ رہتی ہیں وہ جنت میں ہنستے ہوئے داخل ہوں گے۔

(۱۴) عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِؓ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ یَسْتَخْلِصُ رَجُلًا مِّنْ اُمَّتِیْ عَلٰی رُءُوْسِ الْخَلَائِقِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ فَیَنْشُرُ عَلَیْہِ تِسْعَۃً وَّتِسْعِیْنَ سِجِلًّا کُلُّ سِجِلٍّ مِّثْلُ مَدِّ الْبَصَرِ ثُمَّ یَقُوْلُ اَتُنْکِرُ مِنْ ھٰذَا شَیْئًا اَظَلَمَکَ کَتَبَتِیْ

(۱۴) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ قیامت کے دن میری امت میں سے ایک شخص کو منتخب فرما کر تمام دنیا کے سامنے بلائیں گے اور اس کے سامنے ننانوے دفتر اعمال کے کھولیں گے ہر دفتر اتنا بڑا ہوگا کہ منتہائے نظر تک (یعنی جہاں تک نگاہ جا سکے وہاں تک) پھیلا ہوا ہوگا

اَلْحَافِظُوْنَ فَيَقُوْلُ لَا يَا رَبِّ فَيَقُوْلُ أَفَلَكَ
عُذْرٌ فَيَقُوْلُ لَا يَا رَبِّ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى
بَلٰى إِنَّ لَكَ عِنْدَنَا حَسَنَةً فَإِنَّهُ لَا ظُلْمَ عَلَيْكَ
الْيَوْمَ فَتُخْرَجُ بِطَاقَةٌ فِيْهَا أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ
إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ
فَيَقُوْلُ أُحْضُرْ وَزْنَكَ فَيَقُوْلُ يَا رَبِّ مَا هٰذِهِ
الْبِطَاقَةُ مَعَ هٰذِهِ السِّجِلَّاتِ فَقَالَ فَإِنَّكَ
لَا تُظْلَمُ الْيَوْمَ فَتُوْضَعُ السِّجِلَّاتُ فِيْ كَفَّةٍ
وَالْبِطَاقَةُ فِيْ كَفَّةٍ فَطَاشَتِ السِّجِلَّاتُ
وَثَقُلَتِ الْبِطَاقَةُ فَلَا يَثْقُلُ مَعَ اللّٰهِ شَيْءٌ
رواه الترمذی وقال حسن غریب وابن ماجة
وابن حبان فی صحیحه والبیهقی والحاکم وقال
صحیح علی شرط مسلم کذا فی الترغیب قلت
کذا قال الحاکم فی کتاب الایمان واخرجه
ایضا فی کتاب الدعوات وقال صحیح الاسناد
واقره فی الموضعین الذهبی وفی المشکوة اخرجه
بروایة الترمذی وابن ماجة وزاد السیوطی
فی الدر فیمن عزاه الیهم احمد وابن مردویه
واللالکائی والبیهقی فی البعث وفیه اختلاف فی
بعض الالفاظ کقوله فی اول الحدیث يُصَاحُ بِرَجُلٍ
مِنْ أُمَّتِيْ عَلٰى رُؤُسِ الْخَلَائِقِ وفیه ایضا فَيَقُوْلُ أَفَلَكَ
عُذْرٌ أَوْ حَسَنَةٌ فَيُهَابُ الرَّجُلُ فَيَقُوْلُ لَا يَا رَبِّ
فَيَقُوْلُ بَلٰى إِنَّ لَكَ عِنْدَنَا حَسَنَةً الحدیث وعلم منه
ان الاستدراك فی الحدیث علی محله للحاجة
اذ الی ما دله القاری فی المرقاة وذکر السیوطی

اُس کے بعد اس سے سوال کیا جائے گا کہ ان اعمالناموں میں سے تو کسی چیز کا انکار کرتا ہے کیا میرے اُن فرشتوں نے جو اعمال لکھنے پر متعین تھے تجھ پر کچھ ظلم کیا ہے (کہ کوئی گناہ بغیر کیے ہوئے لکھ لیا ہو یا کرنے سے زیادہ لکھ لیا ہو) وہ عرض کرے گا نہیں (نہ انکار کی گنجائش ہے نہ فرشتوں نے ظلم کیا) پھر ارشاد ہوگا کہ تیرے پاس ان بداعمالیوں کا کوئی عذر ہے وہ عرض کرے گا کوئی عذر بھی نہیں ارشاد ہوگا اچھا تیری ایک نیکی ہمارے پاس ہے آج تجھ پر کوئی ظلم نہیں ہے پھر ایک کاغذ کا پرزہ نکالا جائے گا جس میں أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ لکھا ہوا ہوگا ارشاد ہوگا کہ جا اس کو تلوالے وہ عرض کرے گا کہ اتنے دفتروں کے مقابلہ میں یہ پرزہ کیا کام دے گا ارشاد ہوگا کہ آج تجھ پر ظلم نہیں ہوگا پھر اُن سب دفتروں کو ایک پلڑے میں رکھ دیا جاوے گا اور دوسری جانب وہ پرزہ ہوگا تو دفتروں والا پلڑا اڑنے لگے گا اُس پرزہ کے وزن کے مقابلہ میں۔ پس بات یہ ہے کہ اللہ کے نام سے کوئی چیز وزنی نہیں۔

(ف) یہ اخلاص ہی کی برکت ہے کہ ایک مرتبہ کلمۂ طیبہ اخلاص کے ساتھ کا پڑھا ہوا ان سب دفتروں پر غالب آگیا اسی لیے ضروری ہے کہ آدمی کسی مسلمان کو بھی حقیر نہ سمجھے اور اپنے کو اس سے افضل نہ سمجھے کیا معلوم کہ اس کا کونسا عمل اللہ کے یہاں مقبول ہوجائے جو اس کی نجات کے لیے کافی ہوجائے

ما یؤید الروایۃ من الروایات الاخر۔ اور اپنا حال معلوم نہیں کہ کوئی عمل قابلِ قبول ہوگا یا نہیں۔ حدیث شریف میں ایک قصہ آتا ہے کہ بنی اسرائیل میں دو آدمی تھے ایک عابد تھا دوسرا گنہگار۔ وہ عابد اس گنہگار کو ہمیشہ ٹوکا کرتا تھا وہ کہہ دیتا کہ مجھے میرے خدا پر چھوڑ۔ ایک دن اُس عابد نے غصہ میں آکر کہہ دیا کہ خدا کی قسم تیری مغفرت کبھی نہیں ہوگی۔ حق تعالیٰ شانہٗ نے عالمِ ارواح میں دونوں کو جمع فرمایا اور گنہگار کو اس لیے کہ وہ رحمت کا امیدوار تھا۔ معاف فرمایا اور عابد کو اس قسم کھانے کی پاداش میں عذاب کا حکم فرمادیا اور اس میں کیا شک ہے کہ یہ قسم نہایت سخت تھی خود حق تعالیٰ شانہٗ تو ارشاد فرمائیں اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَکَ بِہٖ وَیَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِکَ لِمَنْ یَّشَآءُ (حق تعالیٰ شانہٗ کفر و شرک کی مغفرت نہیں فرمادیں گے اس کے علاوہ ہر گناہ کی جس کے لیے چاہیں گے مغفرت فرمادیں گے) تو کسی کو کیا حق ہے یہ کہنے کا کہ فلاں کی مغفرت نہیں ہوسکتی لیکن اس کا مطلب یہ بھی نہیں ہے کہ معاصی پر گناہوں پر ناجائز باتوں پر گرفت نہ کی جائے ٹوکا نہ جائے قرآن و حدیث میں سیکڑوں جگہ اس کا حکم ہے نہ ٹوکنے پر وعیدہے احادیث میں بکثرت آیا ہے کہ جو لوگ کسی گناہ کو کرتے دیکھیں اور اس کے روکنے پر قادر ہوں اور نہ روکیں تو وہ خود اس کی سزا میں مبتلا ہوں گے عذاب میں شریک ہونگے اس مضمون کو میں اپنے رسالہ تبلیغ[عہ] میں مفصل لکھ چکا ہوں جس کا دل چاہے اس کو دیکھے۔ یہاں ایک ضروری چیز یہ بھی قابل لحاظ ہے کہ جہاں دینداروں کا گنہگاروں کو قطعی جہنمی سمجھ لینا مہلک ہے وہاں جہلا کا ہر شخص کو مقتدا اور بڑا بنا لینا خواہ کتنے ہی کفریات بکے ستم قاتل اور نہایت مہلک ہے۔ نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص کسی بدعتی کی تعظیم کرتا ہے وہ اسلام کے منہدم کرنے پر اعانت کرتا ہے۔ بہت سی احادیث میں آیا ہے کہ آخر زمانہ میں دجال مکار کذاب پیدا ہونگے جو ایسی احادیث تم کو سنادیں گے جو تم نے نہ سنی ہوں گی ایسا نہ ہو کہ وہ تم کو گمراہ کریں اور فتنہ میں ڈالدیں۔

(۱۵) عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَوْ جِیْئَ بِالسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِیْہِنَّ وَمَا بَیْنَہُنَّ وَمَا تَحْتَہُنَّ فَوُضِعْنَ فِیْ کِفَّۃِ الْمِیْزَانِ وَوُضِعَتْ شَہَادَۃُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ فِی الْکِفَّۃِ الْاُخْرٰی لَرَجَحَتْ بِہِنَّ۔ اخرجہ الطبرانی کذا فی الدر وھکذا فی مجمع الزوائد وزاد

(۱۵) حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اس پاک ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے اگر تمام آسمان و زمین اور جو لوگ اُن کے درمیان میں ہیں وہ سب اور جو چیزیں اُن کے درمیان میں ہیں وہ سب کچھ اور جو کچھ ان کے نیچے ہے وہ سب کا سب ایک پلڑے میں رکھ دیا جائے اور لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ کا اقرار دوسری جانب ہو تو

عہ یہ رسالہ نہایت ضروری ہے اس کا پورا نام فضائلِ تبلیغ ہے۔

فِی اَوَّلِہٖ لَقِّنُوْا مَوْتَاکُمْ شَھَادَۃَ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ فَمَنْ قَالَھَا عِنْدَ مَوْتِہٖ وَجَبَتْ لَہُ الْجَنَّۃُ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ فَمَنْ قَالَھَا فِیْ صِحَّتِہٖ قَالَ تِلْکَ اَوْجَبُ وَاَوْجَبُ ثُمَّ قَالَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ الحدیث قال رواہ الطبرانی ورجالہ ثقات الا ان ابن ابی طلحۃ لم یسمع من ابن عباس۔

وہی تول میں بڑھ جائے گا۔

(ف) اس قسم کا مضمون بہت سی مختلف روایتوں میں ذکر کیا گیا ہے اس میں شک نہیں کہ اللہ کے پاک نام کی برابر کوئی بھی چیز نہیں بدقسمتی اور محرومی ہے اُن لوگوں کی جو اس کو ہلکا سمجھتے ہیں البتہ اس میں وزن اخلاص سے پیدا ہوتا ہے جس قدر اخلاص ہوگا اتنا ہی وزنی یہ پاک نام ہوسکتا ہے اسی اخلاص کے پیدا کرنے کے واسطے مشائخ صوفیہ کی جوتیاں سیدھی کرنا پڑتی ہیں ایک حدیث میں اس ارشاد نبوی سے پہلے ایک اور مضمون مذکور ہے۔ وہ یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا کہ میّت کو لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ تلقین کیا کرو جو شخص مرتے وقت اس پاک کلمہ کو کہتا ہے اُس کے لیے جنّت واجب ہوجاتی ہے صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ اگر کوئی تندرستی ہی میں کہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر تو اور بھی زیادہ جنّت کو واجب کرنے والا ہے اُس کے بعد یہ قسمیہ مضمون ارشاد فرمایا جو اوپر ذکر کیا گیا

(۱۶) عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ جَاءَ النَّحَّامُ ابْنُ زَیْدٍ وَقَرْدُ بْنُ کَعْبٍ وَبَحْرِیُّ بْنُ عَمْرٍو فَقَالُوْا یَا مُحَمَّدُ مَا تَعْلَمُ مَعَ اللّٰہِ اِلٰھًا غَیْرَہٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بِذٰلِکَ بُعِثْتُ وَاِلٰی ذٰلِکَ اَدْعُوْا فَاَنْزَلَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ قَوْلِھِمْ قُلْ اَیُّ شَیْءٍ اَکْبَرُ شَھَادَۃً الاٰیۃ اخرجہ ابن اسحاق وابن المنذر وابن ابی حاتم وابو الشیخ کذا فی الدر المنثور۔

(۱۶) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک مرتبہ تین کافر حاضر ہوئے اور پوچھا کہ اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تم اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو نہیں جانتے (نہیں مانتے) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ (نہیں کوئی معبود اللہ کے سوا) اسی کلمہ کے ساتھ میں مبعوث ہوا ہوں اور اسی کی طرف لوگوں کو بلاتا ہوں اسی بارہ میں آیت قُلْ اَیُّ شَیْءٍ اَکْبَرُ شَھَادَۃً نازل ہوئی۔

(ف) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اسی کلمہ کے ساتھ میں مبعوث ہوا ہوں یعنی نبی بنا کر بھیجا گیا ہوں اور اسی کلمہ کی طرف لوگوں کو بلاتا ہوں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کا یہ مطلب نہیں کہ حضور صلی اللہ کی اس میں خصوصیت ہے بلکہ سارے ہی نبی اسی کلمہ کے ساتھ نبی بنا کر بھیجے گئے اور سب ہی انبیاء نے اسی کلمہ کی طرف دعوت دی ہے حضرت آدم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام سے لے کر خاتم الانبیاء فخر رسل صلی اللہ علیہ وسلم تک کوئی بھی نبی ایسا نہیں ہے جو اس مبارک کلمہ کی دعوت

نہ دیتا ہو کس قدر بابرکت اور مہتم بالشان کلمہ ہے کہ سارے انبیاء اور سارے سچے مذہب اسی پاک کلمہ کی طرف بلانے والے اور اس کے شائع کرنے والے رہے آخر کوئی تو بات ہے کہ اس سے کوئی بھی سچا مذہب خالی نہیں اسی کلمہ کی تصدیق میں قرآن پاک کی آیت قُلْ اَیُّ شَیْءٍ اَکْبَرُ شَهَادَةً (سورہ انعام ع ۲) نازل ہوئی جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق میں حق تعالیٰ شانہ کی گواہی کا ذکر ہے۔ ایک حدیث میں وارد ہے کہ جب بندہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہتا ہے تو حق تعالیٰ شانہ اسکی تصدیق فرماتے ہیں اور ارشاد فرماتے ہیں میرے بندہ نے سچ کہا ہے میرے سوا کوئی معبود نہیں۔

(۱۷) عَنْ لَیْثٍ قَالَ قَالَ عِیْسَی بْنُ مَرْیَمَ عَلَیْہِ السَّلَامُ اُمَّةُ مُحَمَّدٍ (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ) اَثْقَلُ النَّاسِ فِی الْمِیْزَانِ ذَلَّتْ اَلْسِنَتُھُمْ بِکَلِمَةٍ ثَقُلَتْ عَلٰی مَنْ کَانَ قَبْلَھُمْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اخرج الاصبہانی فی الترغیب کذا فی الدر۔

(۱۷) حضرت عیسٰی علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسّلام فرماتے ہیں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے اعمال (حشر کی ترازو میں اس لیے) سب سے زیادہ بھاری ہیں کہ انکی زبانیں ایک ایسے کلمہ کے ساتھ مانوس ہیں جو ان سے پہلی امتوں پر بھاری تھا وہ کلمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہے۔

(ف) یہ ایک کھلی ہوئی بات ہے کہ امت محمدیہ علیٰ صاحبہا الفُ الفُ صلوٰۃٍ وتحیّۃٍ کے درمیان کلمہ طیبہ کا جتنا زور اور کثرت ہے کسی امت میں بھی اتنی کثرت نہیں ہے۔ مشائخ سلوک کی لاکھوں نہیں کروڑوں کی مقدار ہے اور پھر ہر شیخ کے کم وبیش سینکڑوں مرید اور تقریباً سب ہی کے یہاں کلمہ طیبہ کا ورد ہزاروں کی مقدار میں روزانہ کے معمولات میں داخل ہے جامع الاصول میں لکھا ہے کہ لفظ اللہ کا ذکر ورد کے طور پر کم از کم پانچ ہزار کی مقدار ہے اور زیادہ کے لیے کوئی حد نہیں اور صوفیہ کے لیے کم از کم پچیس ہزار روزانہ اور لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی مقدار کے متعلق لکھا ہے کہ کم از کم پانچ ہزار روزانہ ہو۔ یہ مقداریں مشائخ سلوک کی تجویز کے موافق کم وبیش ہوتی رہتی ہیں یہاں مقصود حضرت عیسٰی علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی تائید میں مشائخ کا انداز بیان کرنا ہے کہ ایک ایک شخص کے لیے روزانہ کی مقداریں کم از کم یہ بتائی گئی ہیں۔

ہمارے حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے قول جمیل میں اپنے والدؒ سے نقل کیا ہے کہ میں ابتدائے سلوک میں ایک سانس میں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ دوسو مرتبہ کہا کرتا تھا۔

شیخ ابو یزید قرطبیؒ فرماتے ہیں میں نے یہ سنا کہ جو شخص ستر ہزار مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھے اس کو دوزخ کی آگ سے نجات ملے میں نے یہ خبر سن کر ایک نصاب یعنی ستر ہزار کی تعداد اپنی بیوی کے لیے بھی پڑھا اور کئی نصاب خود اپنے لیے پڑھ کر ذخیرہ آخرت بنایا ہمارے پاس ایک نوجوان

رہتا تھا جس کے متعلق یہ مشہور تھا کہ یہ صاحبِ کشف ہے جنّت دوزخ کا بھی اس کو کشف ہوتا ہے مجھے اس کی صحت میں کچھ تردد تھا ایک مرتبہ وہ نوجوان ہمارے ساتھ کھانے میں شریک تھا کہ دفعۃً اس نے ایک چیخ ماری اور سانس پھولنے لگا اور کہا کہ میری ماں دوزخ میں جل رہی ہے اُسکی حالت مجھے نظر آئی قرطبیؒ کہتے ہیں کہ میں اُس کی گھبراہٹ دیکھ رہا تھا۔ مجھے خیال آیا کہ ایک نصاب اسکی ماں کو بخش دوں جس سے اس کی سچائی کا مجھے تجربہ ہو جائے گا چنانچہ میں نے ایک نصاب ستر ہزار کا اُن نصابوں میں سے جو اپنے لیے پڑھے تھے اُس کی ماں کو بخشدیا میں نے اپنے دل میں چپکے ہی سے بخشا تھا اور میرے اس پڑھنے کی خبر بھی اللہ کے سوا کسی کو نہ تھی مگر وہ نوجوان فوراً کہنے لگا کہ چچا میری ماں دوزخ کے عذاب سے ہٹا دی گئی۔ قرطبیؒ کہتے ہیں کہ مجھے اس قصہ سے دو فائدے ہوئے ایک تو اس برکت کا جو ستّر ہزار کی مقدار پر میں نے سُنی تھی اُس کا تجربہ ہوا دوسرے اُس نوجوان کی سچائی کا یقین ہوگیا۔

یہ ایک واقعہ ہے اس قسم کے نہ معلوم کتنے واقعات اس وقت اس اُمت کے افراد میں پائے جاتے ہیں صوفیہ کی اِصطلاح میں ایک معمولی چیز پاس اَنفاس ہے یعنی اس کی مشق کہ کوئی سانس اللہ کے ذکر کے بغیر نہ اندر جائے نہ باہر آئے۔ اُمت محمدیہؐ کے کروڑوں افراد ایسے ہیں جن کو اس کی مشق حاصل ہے تو پھر کیا تردد ہے حضرت عیسٰی علٰی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسّلام کے اس ارشاد میں کہ ان کی زبانیں اس کلمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی ساتھ مانوس اور منقاد ہو گئیں۔

(۱۸) عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍؓ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَکْتُوْبٌ عَلٰی بَابِ الْجَنَّۃِ اِنَّنِیْ اَنَا اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنَا لَا اُعَذِّبُ مَنْ قَالَھَا

اَخْرَجہ ابوالشیخ کذا فی الدر۔

(۱۸) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جنّت کے دروازہ پر یہ لکھا ہوا ہے (اِنَّنِیْ اَنَا اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنَا لَا اُعَذِّبُ مَنْ قَالَھَا) میں ہی اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں جو شخص اس (کلمہ) کو کہتا رہے گا میں اس کو عذاب نہیں کروں گا۔ (ف) گناہوں پر عذاب کا ہونا دوسری احادیث میں بکثرت آیا ہے اس لیے اس سے اگر دائمی عذاب مراد ہو تو کوئی اشکال نہیں لیکن کوئی خوش قسمت ایسے اخلاص سے اس جملہ کا ورد رکھنے والا ہو کہ باوجود گناہوں کے اس کو بالکل عذاب نہ کیا جائے یہ بھی رحمتِ خداوندی سے بعید نہیں ہے جیسا حدیث نمبر ۱۴ میں گذرا اسکے علاوہ نمبر ۹ میں بھی کچھ تفصیل گذر چکی ہے۔

(۱۹) عَنْ عَلِیٍّؓ قَالَ حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ جِبْرَئِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ قَالَ

(۱۹) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم حضرت جبرئیل علیہ السّلام سے نقل کرتے ہیں کہ اللہ جل جلالہٗ کا

قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِنِّیْ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِیْ مَنْ جَآءَ نِیْ مِنْکُمْ بِشَهَادَةِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بِالْاِخْلَاصِ دَخَلَ فِیْ حِصْنِیْ وَمَنْ دَخَلَ حِصْنِیْ اَمِنَ عَذَابِیْ اخرجه ابونعیم فی الحلیة کذا فی الدر وابن عساکر کذا فی الجامع الصغیر وفیه ایضًا بروایة الشیرازی عن علی ورقم له بالصحة وفی الباب عن عتبان ابن مالك بلفظ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَرَّمَ عَلَی النَّارِ مَنْ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ یَبْتَغِیْ بِذٰلِكَ وَجْهَ اللّٰهِ رواه الشیخان وعن ابن عمر بلفظ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُعَذِّبُ مِنْ عِبَادِهٖ اِلَّا الْمَارِدَ الْمُتَمَرِّدَ الَّذِیْ یَتَمَرَّدُ عَلَی اللّٰهِ وَاَبٰی اَنْ یَّقُوْلَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رواه ابن ماجة۔

ارشاد ہے کہ میں ہی اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں لہٰذا میرے ہی عبادت کیا کرو جو شخص تم میں سے اخلاص کے ساتھ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کی گواہی دیتا ہوا آوے گا وہ میرے قلعہ میں داخل ہو جائے گا اور جو میرے قلعہ میں داخل ہو گا وہ میرے عذاب سے مامون ہو گا۔

(ف) اگر یہ بھی کبائر سے بچنے کی ساتھ مشروط ہو جیسا کہ حدیث نمبر ۵ میں گذر چکا تب تو کوئی اشکال ہی نہیں اور اگر کبائر کے باوجود یہ کلمہ کہے تو پھر قواعد کے موافق تو عذاب سے مراد دائمی عذاب ہے ہاں اللہ جل شانہ کی رحمت قواعد کی پابند نہیں قرآن پاک کا صاف ارشاد ہے کہ اللہ جل شانہ شرک کو معاف نہیں فرمائیں گے اس کے علاوہ جس کو چاہیں گے معاف کر دیں گے چنانچہ ایک حدیث میں ہے کہ حق تعالیٰ شانہ اسی شخص کو عذاب کرتے ہیں جو اللہ پر تمرد (سرکشی) کرے اور لا الہ الا اللہ کہنے سے انکار کرے ایک حدیث میں آیا ہے کہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ حق تعالیٰ شانہ کے غصہ کو دور کرتا رہتا ہے جب تک کہ دنیا کو دین پر ترجیح نہ دینے لگیں اور جب دنیا کو دین پر ترجیح دینے لگیں اور لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہتے رہیں تو حق تعالیٰ شانہ فرماتے ہیں کہ تم اپنے دعوے میں سچے نہیں ہو۔

(۲۰) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَفْضَلُ الذِّکْرِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَفْضَلُ الدُّعَاءِ الْاِسْتِغْفَارُ ثُمَّ قَرَاَ فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ الاٰیة اخرجه الطبرانی وابن مردویه والدیلمی کذا فی الدر وفی الجامع الصغیر بروایة الطبرانی مَا مِنَ الذِّکْرِ اَفْضَلُ

(۲۰) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ تمام ذکروں میں افضل لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ہے اور تمام دعاؤں میں افضل استغفار ہے پھر اسکی تائید میں سورہ محمد کی آیت فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ تلاوت فرمائی۔

(ف) اس فصل کی سب سے پہلی حدیث میں بھی یہ مضمون گذر چکا ہے کہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سب اذکار سے افضل ہے جس کی وجہ صوفیا نے یہ لکھی

مِنْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا مِنَ الدُّعَاءِ اَفْضَلُ مِنَ الْاِسْتِغْفَارِ رود قمہ لہ بالحسن۔

ہے کہ دل کے پاک ہونے میں اس ذکر کو خاص مناسبت ہے اس کی برکت سے دل ساری ہی گندگیوں سے پاک ہوجاتا ہے اور جب اس کے ساتھ استغفار بھی شامل ہوجائے تو پھر کیا ہی کہنا ایک حدیث میں وارد ہے کہ حضرت یونس علیہ السّلام کو جب مچھلی نے کھا لیا تھا تو اُس کے پیٹ میں اُن کی دعا یہ تھی لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ جو شخص بھی ان الفاظ سے دعا مانگے گا وہ ضرور قبول ہوگی اس فصل کی سب سے پہلی حدیث میں بھی یہ مضمون گذرا ہے کہ سب سے افضل اور بہترین ذکر لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ہے لیکن وہاں سب سے افضل دعا الحمد للہ ارشاد ہوا تھا اور یہاں استغفار وارد ہے اس قسم کا اختلاف حالات کے اعتبار سے بھی ہوتا ہے اور ایک متقی پرہیزگار ہے اُس کے لیے اس کے لیے الحمد للہ سب سے افضل ہے ایک گناہگار ہے وہ توبہ اور استغفار کا بہت محتاج ہے اس کے حق میں استغفار سب سے اہم ہے اس کے علاوہ افضلیت بھی مختلف وجوہ سے ہوتی ہے منافع کے حاصل کرنے کے واسطے اللہ کی حمد وثنا سب سے زیادہ نافع ہے اور مضرتیں اور تنگیاں دور کرنے کے لیے استغفار سب سے زیادہ مفید ہے انکے علاوہ اور بھی وجوہ اس قسم کے اختلاف کی ہوتی ہیں۔

(۲۱) عَنْ اَبِیْ بَكْرِ نِ الصِّدِّیْقِ رض عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَالْاِسْتِغْفَارِ فَاَكْثِرُوْا مِنْهُمَا فَاِنَّ اِبْلِيْسَ قَالَ اَهْلَكْتُ النَّاسَ بِالذُّنُوْبِ وَاَهْلَكُوْنِیْ بِلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَالْاِسْتِغْفَارِ فَلَمَّا رَاَيْتُ ذٰلِكَ اَهْلَكْتُهُمْ بِالْاَهْوَاءِ وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ اخرجہ ابو یعلی کذا فی الدر والجامع الصغیر ورقمہ لہ بالضعف۔

(۲۱) حضرت ابوبکر صدیق رض حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اور استغفار کو بہت کثرت سے پڑھا کرو شیطان کہتا ہے کہ میں نے لوگوں کو گناہوں سے ہلاک کیا اور انہوں نے مجھے لا الہ الا اللہ اور استغفار سے ہلاک کر دیا جب میں نے دیکھا کہ یہ تو کچھ بھی نہ ہوا تو میں نے ان کو ہوائے نفس (یعنی بدعات) سے ہلاک کیا اور وہ اپنے کو ہدایت پر سمجھتے رہے۔

(ف) لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اور استغفار سے ہلاک کرنے کا مطلب یہ ہے کہ شیطان کا منتہائے مقصد دل پر اپنا زہر چڑھانا ہے جس کا ذکر باب اول فصل دوم کے نمبر ۱۴ پر گذر چکا اور یہ زہر جب ہی چڑھتا ہے جب دل اللہ کے ذکر سے خالی ہو ورنہ شیطان کو ذلت کے ساتھ دل سے واپس ہونا پڑتا ہے اور اللہ کا ذکر دلوں کی صفائی کا ذریعہ ہے چنانچہ مشکوٰۃ میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم

سے نقل کیا ہے کہ ہر چیز کے لیے ایک صفائی ہوتی ہے دلوں کی صفائی اللہ کا ذکر ہے اسی طرح استغفار کے بارہ میں کثرت سے احادیث میں یہ وارد ہوا ہے کہ وہ دلوں کے میل اور زنگ کو دور کرنے والا ہے ابو علی دقاق کہتے ہیں کہ جب بندہ اخلاص سے لَآ اِلٰہَ کہتا ہے تو ایک دم دل صاف ہو جاتا ہے (جیسا آئینہ پر بھیگا ہوا کپڑا پھیرا جاوے) پھر وہ اِلَّا اللہُ کہتا ہے تو صاف دل پر اُس کا نور ظاہر ہوتا ہے۔ ایسی صورت میں ظاہر ہے کہ شیطان کی ساری ہی کوشش بے کار ہو گئی اور ساری محنت رائیگاں گئی ہوائے نفس سے ہلاک کرنے کا مطلب یہ ہے کہ ناحق کو حق سمجھنے لگے اور جو دل میں آجائے اسی کو دین اور مذہب بنالے۔ قرآن شریف میں کئی جگہ اس کی مذمت وارد ہوئی ہے ایک جگہ ارشاد ہے۔ اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ؕ فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ (س جاثیہ ع ۲) کیا آپ نے اُس شخص کی حالت بھی دیکھی جس نے اپنا خدا اپنی خواہش نفس کو بنا رکھا ہے اور خدا تعالیٰ نے اُس کو باوجود سمجھ بوجھ کے گمراہ کر دیا اور اُس کے کان اور دل پر مہر لگادی اور آنکھ پر پردہ ڈال دیا (کہ حق بات کو نہ سنتا ہے نہ دیکھتا ہے نہ دل میں اترتی ہے) پس اللہ کے (گمراہ کر دینے کے) بعد کون ہدایت کر سکتا ہے پھر بھی تم نہیں سمجھتے اور دوسری جگہ ارشاد ہے وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ (سورہ قصص رکوع ۵) (ایسے شخص سے زیادہ گمراہ کون ہوگا جو اپنی نفسانی خواہش پر چلتا ہو بغیر اس کے کہ کوئی دلیل اللہ کی طرف سے (اُس کے پاس) ہو اللہ تعالیٰ ایسے ظالموں کو ہدایت نہیں کرتا) اور بھی متعدد جگہ اس قسم کا مضمون وارد ہوا ہے۔ یہ شیطان کا بہت ہی سخت حملہ ہے کہ وہ غیر دین کو دین کے لباس میں سمجھا دے۔ اور آدمی اُس کو دین سمجھ کر کرتا رہے اور اُس پر ثواب کا امیدوار بنا رہے اور جب وہ اُس کو عبادت اور دین سمجھ کر کر رہا ہے تو اُس سے توبہ کیونکر کر سکتا ہے اگر کوئی شخص زنا کاری چوری وغیرہ گناہوں میں مبتلا ہو تو کسی نہ کسی وقت توبہ اور چھوڑ دینے کی اُمید ہے لیکن جب کسی ناجائز کام کو وہ عبادت سمجھتا ہے تو اس سے توبہ کیوں کرے اور کیوں اُس کو چھوڑے بلکہ دن بدن اُس میں ترقی کرے گا یہی مطلب ہے شیطان کے اس کہنے کا کہ میں نے گناہوں میں مبتلا کیا لیکن ذکر اذکار توبہ استغفار سے وہ مجھے دق کرتے رہے تو میں نے ایسے جال میں پھانس دیا کہ اُس سے نکل ہی نہیں سکتے اسلیے دین کے ہر کام میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرامؓ کے طریقہ کو اپنا رہبر بنانا بہت ہی ضروری امر ہے اور کسی ایسے طریقہ کو اختیار کرنا جو خلافِ سنت ہو نیکی برباد گناہ لازم ہے۔ امام غزالیؒ نے حسن بصریؒ سے بھی نقل کیا ہے وہ فرماتے ہیں۔ ہمیں یہ روایت پہنچی کہ شیطان کہتا ہے میں نے اُمتِ محمدیہ کے سامنے

گناہوں کو زیب وزینت کے ساتھ پیش کیا مگر ان کے استغفار نے میری کمر توڑ دی تو میں نے ایسے گناہ اُن کے پاس پیش کیے جن کو وہ گناہ ہی نہیں سمجھتے کہ ان سے استغفار کریں اور وہ اہوا یعنی بدعات ہیں کہ وہ اُن کو دین سمجھ کر کرتے ہیں۔ وہبؓ بن منبہ کہتے ہیں کہ اللہ سے ڈرو، تو شیطان کو مجمعوں میں لعنت کرتا ہے اور چپکے سے اُس کی اطاعت کرتا ہے اور اس سے دوستی کرتا ہے۔ بعض صوفیہ سے منقول ہے کہ کس قدر تعجب کی بات ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ جیسے محسن کے احسانات معلوم ہونے کے بعد اُن کے اقرار کے بعد اُس کی نافرمانی کی جائے اور شیطان کی دشمنی کے باوجود اُس کی عیاری اور سرکشی معلوم ہونے کے باوجود اس کی اطاعت کی جائے۔

(۲۲) عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَمُوْتُ عَبْدٌ يَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ يَرْجِعُ ذٰلِكَ اِلٰى قَلْبِ مُوْقِنٍ اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ وَفِىْ رِوَايَةٍ اِلَّا غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ اخرجہ احمد و النسائی والطبرانی والحاکم والترمذی فی نوادر الاصول وابن مردویہ والبیہقی فی الاسماء والصفات کذا فی الدر وابن ماجۃ وفی الباب عَنْ عِمْرَانَ بِلَفْظِ مَنْ عَلِمَ اَنَّ اللّٰهَ رَبُّهٗ وَاَنِّىْ نَبِيُّهٗ مُوْقِنًا مِّنْ قَلْبِهٖ حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ رواہ البزار ورقم لہ فی الجامع بالصحۃ وفیہ ایضا بروایۃ البزار عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصًا دَخَلَ الْجَنَّةَ ورقم لہ بالصحۃ۔

(۲۲) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص بھی اس حال میں مرے کہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کی سچے دل سے شہادت دیتا ہو، ضرور جنت میں داخل ہوگا دوسری حدیث میں ہے کہ ضرور اس کی اللہ تعالیٰ مغفرت فرما دیں گے۔

(ف) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے صحیح حدیث میں یہ بھی نقل کیا گیا کہ خوشخبری سنو اور دوسروں کو بھی بشارت سنادو کہ جو شخص سچے دل سے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کا اقرار کرے وہ جنت میں داخل ہوگا۔ اللہ جل جلالہٗ کے یہاں اخلاص کی قدر ہے اور اخلاص کی ساتھ تھوڑا سا عمل بھی بہت زیادہ اجر وثواب رکھتا ہے دنیا کے دکھاوے کے واسطے لوگوں کے خوش کرنے کے واسطے کوئی کام کیا جاوے وہ تو ان کی سرکار میں بیکار ہے بلکہ کرنے والے کے لیے وبال ہے لیکن اخلاص کے ساتھ تھوڑا سا عمل بھی بہت کچھ رنگ لاتا ہے اس لیے اخلاص سے جو شخص کلمہ شہادت پڑھے اُسکی ضرور مغفرت ہوگی وہ ضرور جنت میں داخل ہو کر رہے گا اس میں ذرا بھی تردد نہیں۔ یہ ممکن ہے کہ وہ اپنے گناہوں کی وجہ سے کچھ دنوں سزا بھگت کر داخل ہو لیکن ضروری نہیں، کسی مخلص کا اخلاص مالک الملک کو پسند ہو اس کی کوئی خدمت پسند آجائے تو وہ سارے ہی گناہوں کو معاف فرما سکتے ہیں ایسی کریم ذات پر ہم نہ

مرتیں کتنی سخت محرومی ہے۔ بہرحال ان احادیث میں کلمہ طیبہ کے پڑھنے والے کے لیے بہت کچھ وعدے ہیں جن میں دونوں احتمال ہیں قواعد کے موافق گناہوں کی سزا کے بعد معافی اور کرم لطف احسان اور مراحم خسروانہ میں بلاعذاب معافی۔

یحییٰ بن اکثم ایک محدث ہیں جب اُن کا انتقال ہوا تو ایک شخص نے اُن کو خواب میں دیکھا ان سے پوچھا کیا گذری۔ فرمانے لگے کہ میری پیشی ہوئی مجھ سے فرمایا او گنہگار بوڑھے تو نے فلاں کام کیا فلاں کیا میرے گناہ گنوائے گئے اور کہا گیا تو نے ایسے ایسے کام کیے میں نے عرض کیا یا اللہ مجھے آپکی طرف سے یہ حدیث نہیں پہنچی فرمایا اور کیا حدیث پہنچی عرض کیا مجھ سے عبدالرزاقؒ نے کہا اُن سے معمرؒ نے کہا اُن سے زہریؒ نے کہا اُن سے عروہؒ نے کہا اُن سے حضرت عائشہؓ نے کہا اُن سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اُن سے حضرت جبرئیلؑ نے عرض کیا اُن سے آپ نے فرمایا کہ جو شخص اِسلام میں بوڑھا ہو اور میں اس کو (اُس کے اعمال کی وجہ سے) عذاب دینے کا ارادہ بھی کروں لیکن اُس کے بڑھاپے سے شرما کر معاف کردیتا ہوں اور یہ آپ کو معلوم ہے کہ میں بوڑھا ہوں۔ ارشاد ہوا کہ عبدالرزاقؒ نے سچ کہا اور معمرؒ نے بھی سچ کہا۔ زہریؒ نے بھی سچ کہا عروہؓ نے بھی سچ کہا عائشہؓ نے بھی سچ نقل کیا اور نبیؐ نے بھی سچ کہا اور جبرئیلؑ نے بھی سچ کہا اور میں نے بھی سچ بات کہی یحییٰؒ کہتے ہیں کہ اس کے بعد مجھے جنّت میں داخلہ کا ارشاد فرما دیا۔

(۲۳) عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَیْسَ شَیْءٌ اِلَّا بَیْنَہٗ وَبَیْنَ اللّٰہِ حِجَابٌ اِلَّا قَوْلَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَدُعَاءَ الْوَالِدِ

اخرجہ ابن مردویہ کذا فی الدر وفی الجامع الصغیر بروایۃ النجار ورقم بالضعف وفی الجامع الصغیر بروایۃ الترمذی عن ابن عمرو ورقم لہ بالصحۃ اَلتَّسْبِیْحُ نِصْفُ الْمِیْزَانِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ تَمْلَأُہٗ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لَیْسَ لَھَا دُوْنَ اللّٰہِ حِجَابٌ حَتّٰی تَخْلُصَ اِلَیْہِ۔

(۲۳) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ ہر عمل کے لیے اللہ کے یہاں پہنچنے کے لیے درمیان میں حجاب ہوتا ہے مگر لا الٰہ الا اللہ اور باپ کی دعا بیٹے کے لیے ان دونوں کے لیے کوئی حجاب نہیں

(ف) پردہ نہ ہونے کا یہ مطلب ہے کہ ان چیزوں کے قبول ہونے میں ذرا سی بھی دیر نہیں لگتی اور اموں کے درمیان میں قبول تک اور بھی واسطے حائل ہوتے ہیں لیکن یہ چیزیں براہ راست بارگاہِ الٰہی تک فوراً پہنچتی ہیں۔

ایک کافر بادشاہ کا قصہ لکھا ہے کہ نہایت متشدد متعصب تھا اتفاق سے مسلمانوں کی ایک لڑائی میں گرفتار ہو گیا چونکہ مسلمانوں کو اُس سے تکلیفیں بہت پہنچی تھیں اس لیے انتقام کا جوش ان میں بھی بہت تھا اُس کو ایک دیگ میں ڈال کر آگ پر رکھ دیا اس نے اول اپنے بتوں کو پکارنا شروع

کیا اور مدد چاہی جب کچھ نہ بن پڑا تو وہیں مسلمان ہوا اور لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا ورد شروع کیا لگاتار پڑھ رہا تھا۔ اور ایسی حالت میں جس خلوص اور جوش سے پڑھا جا سکتا ہے ظاہر ہے فوراً اللہ تعالیٰ شانہ کی طرف سے مدد ہوئی اور اس زور سے بارش ہوئی کہ وہ ساری آگ بھی بجھ گئی اور دیگ ٹھنڈی ہوگئی۔ اس کے بعد زور سے آندھی چلی جس سے وہ دیگ اُڑی اور دور کسی شہر میں جہاں سب ہی کافر تھے جا کر گری یہ شخص لگاتار کلمہ طیبہ پڑھ رہا تھا لوگ اس کے گرد جمع ہوگئے اور اعجوبہ دیکھ کر متحیر تھے اس سے حال دریافت کیا اس نے اپنی سرگذشت سنائی جس سے وہ لوگ بھی مسلمان ہوگئے

(۲۴) عَنْ عِتْبَانَ بْنِ مَالِكٍ رضؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَنْ یُّوَافِیَ عَبْدٌ یَّوْمَ الْقِیٰمَۃِ یَقُوْلُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یَبْتَغِیْ بِذٰلِكَ وَجْہَ اللّٰہِ اِلَّا حَرَّمَ عَلَی النَّارِ اخرجہ احمد والبخاری ومسلم وابن ماجۃ والبیھقی فی الاسماء والصفات کذا فی الدر

(۲۴) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے نہیں آئے گا کوئی شخص قیامت کے دن کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کو اس طرح سے کہتا ہے کہ اللہ کی رضا کے سوا کوئی مقصود نہ ہو مگر جہنم اس پر حرام ہوگی۔

(ف) جو شخص اخلاص کے ساتھ کلمہ طیبہ کا ورد کرتا رہا ہو اس پر جہنم کی آگ کا حرام ہونا ظاہری قواعد کے موافق تو مقید ہے کبائر گناہ نہ ہونے کی ساتھ یا جہنم کے حرام ہونے سے اُس میں ہمیشہ کا رہنا حرام ہے۔ لیکن اللہ جل شانہ' اس پاک کلمہ کو اخلاص سے پڑھنے والے کو باوجود گناہوں کے بالکل ہی جہنم سے معاف فرما دیں تو کون روکنے والا ہے۔ احادیث میں ایسے بندوں کا بھی ذکر آتا ہے کہ قیامت کے دن حق تعالیٰ شانہ' بعض لوگوں کو فرمائیں گے تو نے فلاں گناہ کیا فلاں کیا اس طرح جب بہت سے گناہ گنوائے جا چکیں گے اور وہ سمجھے گا کہ میں ہلاک ہو گیا اور اقرار بغیر چارہ کار نہ ہوگا تو ارشاد ہوگا کہ ہم نے دنیا میں تیری ستاری کی آج بھی ستاری کرتے ہیں تجھے معاف کر دیا اس نوع کے بہت سے واقعات احادیث میں موجود ہیں اس لیے اُن ذاکرین کے لیے بھی اس قسم کا معاملہ ہو تو بعید نہیں ہے اللہ کے پاک نام میں بڑی برکت اور بہبودی ہے اس لیے جتنی بھی کثرت ہو سکے دریغ نہ کرنا چاہیے کیا ہی خوش نصیب ہیں وہ مبارک ہستیاں جنہوں نے اس پاک کلمہ کی برکات کو سمجھا اور اس کے ورد میں عمریں ختم کر دیں۔

(۲۵) عَنْ یَحْیٰی بْنِ طَلْحَۃَ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰہِ قَالَ رُئِیَ طَلْحَۃُ حَزِیْنًا فَقِیْلَ لَہٗ مَا لَكَ قَالَ اِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

(۲۵) حضرت طلحہؓ کو لوگوں نے دیکھا کہ نہایت غمگین بیٹھے ہیں کسی نے پوچھا کیا بات ہے فرمایا میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سنا تھا کہ مجھے

يَقُوْلُ اِنِّيْ لَاَعْلَمُ كَلِمَةً لَا يَقُوْلُهَا عَبْدٌ عِنْدَ مَوْتِهٖ اِلَّا نَفَّسَ اللّٰهُ عَنْهُ كُرْبَتَهٗ وَاَشْرَقَ لَوْنُهٗ وَرَاٰى مَا يَسُرُّهٗ وَمَا مَنَعَنِيْ اَنْ اَسْاَلَهٗ عَنْهَا اِلَّا الْقُدْرَةُ عَلَيْهِ حَتّٰى مَاتَ فَقَالَ عُمَرُ اِنِّيْ لَاَعْلَمُهَا قَالَ فَمَا هِيَ قَالَ لَا نَعْلَمُ كَلِمَةً هِيَ اَعْظَمُ مِنْ كَلِمَةٍ اَمَرَ بِهَا عَمَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ قَالَ فَهِيَ وَاللّٰهِ هِيَ - اخرجه البيهقي في الاسماء والصفات كذا في الدر قلت اخرجه الحاكم وقال صحيح على شرط الشيخين واقره عليه الذهبي واخرجه احمد واخرج ايضاً من مسند عمرؓ بمعناه بزيادة فيها واخرجه ابن ماجة عن يحيى بن طلحة عن امه وفي شرح الصدور للسيوطي واخرج ابو يعلى والحاكم بسند صحيح عن طلحة وعمر قال سمعنا رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم يقول اني اعلم كلمة الحديث

ایک ایسا کلمہ معلوم ہے کہ جو شخص مرتے وقت اُس کو کہے تو موت کی تکلیف اُس سے ہٹ جائے اور رنگ چمکنے لگے اور خوشی کا منظر دیکھے مگر مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اُس کلمہ کے پوچھنے کی قدرت نہ ہوئی (اُس کا رنج ہو رہا ہے) حضرت عمرؓ فرمایا مجھے معلوم ہے طلحہؓ (خوش ہو کر) کہنے لگے کیا ہے حضرت عمرؓ نے فرمایا ہمیں معلوم ہے کہ کوئی کلمہ اُس سے بڑھا ہوا نہیں ہے جس کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا (ابو طالب) پر پیش کیا تھا۔ اور وہ ہے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فرمایا واللہ یہی ہے واللہ یہی ہے۔

(ف) کلمۂ طیبہ کا سَراسَر نور و سرور ہونا بہت سی روایات سے معلوم اور مفہوم ہوتا ہے حافظ ابن حجرؒ نے منبہات میں حضرت ابوبکر صدیقؓ سے نقل کیا ہے کہ اندھیرے پانچ ہیں اور پانچ ہی ان کے لیے چراغ ہیں۔ دنیا کی محبت اندھیرا ہے جس کا چراغ تقویٰ ہے اور گناہ اندھیرا ہے جس کا چراغ توبہ ہے اور قبر اندھیرا ہے جس کا چراغ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ہے اور آخرت اندھیرا ہے جس کا چراغ نیک عمل ہے اور پُل صراط اندھیرا ہے جس کا چراغ یقین ہے۔ رابعہ عدویہؒ مشہور ولیہ ہیں رات بھر نماز میں مشغول رہتیں صبح صادق کے بعد تھوڑی دیر سو رہتیں اور جب صبح کا چاندنا اچھی طرح ہو جاتا تو گھبرا کر اُٹھتیں اور نفس کو ملامت کرتیں کہ کب تک سوتا رہے گا عنقریب قبر کا زمانہ آنے والا ہے جس میں صُور پھونکنے تک سونا ہی ہوگا۔ جب انتقال کا وقت قریب ہوا تو ایک خادمہ کو وصیت فرمائی کہ یہ اونی گدڑی جس کو وہ تہجد کے وقت پہنا کرتی تھیں اس میں مجھے کفن دیدینا اور کسی کو میرے مرنے کی خبر نہ کرنا چنانچہ حسبِ وصیت تجہیز تکفین کر دی گئی بعد میں اُس خادمہ نے خواب میں دیکھا کہ وہ نہایت عمدہ لباس پہنے ہوئے ہیں اُس نے دریافت کیا کہ وہ آپ کی گدڑی کیا ہوئی جس میں کفن دیا گیا تھا فرمایا کہ لپیٹ کر میرے اعمال کے ساتھ رکھ دی گئی انہوں نے درخواست کی کہ مجھے کوئی نصیحت

فرمائیں کہا کہ اللہ کا ذکر جتنا بھی کرسکو کرتی رہو کہ اس کی وجہ سے تم قبر میں قابلِ رشک بن جاؤ گی ۔

(۲۶) عَنْ عُثْمَانَ رضی اللہ عنہ قَالَ اِنَّ رِجَالًا مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حِیْنَ تُوُفِّیَ حَزِنُوْا عَلَیْہِ حَتّٰی کَادَ بَعْضُھُمْ یُوَسْوِسُ قَالَ عُثْمَانُ وَکُنْتُ مِنْھُمْ فَبَیْنَا اَنَا جَالِسٌ مَرَّ عَلَیَّ عُمَرُ وَسَلَّمَ فَلَمْ اَشْعُرْ بِہٖ فَاشْتَکٰی عُمَرُ اِلٰی اَبِیْ بَکْرٍ ثُمَّ اَقْبَلَا حَتّٰی سَلَّمَا عَلَیَّ جَمِیْعًا فَقَالَ اَبُوْبَکْرٍ مَا حَمَلَکَ عَلٰی اَنْ لَّا تَرُدَّ عَلٰی اَخِیْکَ عُمَرَ سَلَامَہٗ قُلْتُ مَا فَعَلْتُ فَقَالَ عُمَرُ بَلٰی وَاللّٰہِ لَقَدْ فَعَلْتَ قَالَ قُلْتُ وَاللّٰہِ مَا شَعَرْتُ اَنَّکَ مَرَرْتَ وَلَا سَلَّمْتَ قَالَ اَبُوْبَکْرٍ صَدَقَ عُثْمَانُ قَدْ شَغَلَکَ عَنْ ذٰلِکَ اَمْرٌ فَقُلْتُ اَجَلْ قَالَ مَا ھُوَ قُلْتُ تَوَفَّی اللّٰہُ تَعَالٰی نَبِیَّہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَبْلَ اَنْ نَسْاَلَہٗ عَنْ نَجَاۃِ ھٰذَا الْاَمْرِ قَالَ اَبُوْبَکْرٍ قَدْ سَاَلْتُہٗ عَنْ ذٰلِکَ فَقُمْتُ اِلَیْہِ وَقُلْتُ لَہٗ بِاَبِیْ اَنْتَ وَاُمِّیْ اَنْتَ اَحَقُّ بِھَا قَالَ اَبُوْبَکْرٍ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مَا نَجَاۃُ ھٰذَا الْاَمْرِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ قَبِلَ مِنِّیَ الْکَلِمَۃَ الَّتِیْ عَرَضْتُ عَلٰی عَمِّیْ فَرَدَّھَا فَھِیَ لَہٗ نَجَاۃٌ رواہ احمد کذا فی المشکوٰۃ وفی مجمع الزوائد رواہ احمد والطبرانی فی الاوسط باختصار وابو یعلی بتمامہ والبزار بنحوہ وفیہ رجل لم یسم لکن الزھری وثقہ وابھمہ اھ قلت وذکر فی مجمع الزوائد لہ متابعات بالفاظ متقاربۃ ۔

(۲۶) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم (روحی فداہٗ) کے وصال کے وقت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کو اس قدر سخت صدمہ تھا کہ بہت سے مختلف طور کے وساوس میں مبتلا ہو گئے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں بھی اُن ہی لوگوں میں تھا جو وساوس میں گھرے ہوئے تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ میرے پاس تشریف لائے مجھے سلام کیا مگر مجھے مطلق پتہ نہ چلا انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے شکایت کی (کہ عثمان رضی اللہ عنہ بھی بظاہر خفا ہیں کہ میں نے سلام کیا انہوں نے جواب بھی نہ دیا) اس کے بعد دونوں حضرات اکٹھے تشریف لائے اور سلام کیا اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دریافت فرمایا کہ تم نے اپنے بھائی عمر رضی اللہ عنہ کے سلام کا بھی جواب نہ دیا (کیا بات ہے) میں نے عرض کیا میں نے تو ایسا نہیں کیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا ایسا ہی ہوا میں نے عرض کیا مجھے تو آپ کے آنے کی بھی خبر نہیں ہوئی کہ کب آئے نہ سلام کا پتہ چلا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا سچ ہے ایسا ہی ہوا ہوگا، غالباً تم کسی سوچ میں بیٹھے ہو گے میں نے عرض کیا واقعی میں ایک گہری سوچ میں تھا، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دریافت فرمایا کیا تھا میں نے عرض کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا اور ہم نے یہ بھی نہ پوچھ لیا کہ اس کام کی نجات کس چیز میں ہے، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں پوچھ چکا ہوں۔ میں اُٹھا اور میں نے کہا تم پر میرے ماں باپ قربان واقعی تم ہی زیادہ

مستحق تھے اس کے دریافت کرنے کے (کہ دین کی ہر چیز میں آگے بڑھنے والے ہو) حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا میں نے حضورؐ نے دریافت کیا تھا کہ اس کام کی نجات کیا ہے آپ نے فرمایا کہ جو شخص اس کلمہ کو قبول کرے جس کو میں نے اپنے چچا (ابو طالب پر اُن کے انتقال کے وقت) پیش کیا تھا اور انہوں نے رد کر دیا تھا وہی کلمہ نجات ہے۔

(ف) وساوس میں مبتلا ہونے کا مطلب یہ ہے کہ صحابۂ کرامؓ اس وقت رنج و غم کی شدت میں ایسے پریشان ہو گئے تھے کہ حضرت عمرؓ جیسے جلیل القدر بہادر تلوار ہاتھ میں لے کر کھڑے ہو گئے تھے کہ جو شخص یہ کہے گا کہ حضورؐ کا وصال ہو گیا اُس کی گردن اڑا دوں گا حضورؐ تو اپنے رب سے ملنے تشریف لے گئے ہیں جیسا کہ حضرت موسیٰؑ طور پر تشریف لے گئے تھے بعض صحابہ کو یہ خیال بیٹھا ہو گیا تھا۔ کہ دین اب ختم ہو چکا، بعض اس سوچ میں تھے کہ اب دین کے فروغ کی کوئی صورت نہیں ہو سکتی بعض بالکل گم تھے کہ ان سے بولا ہی نہیں جاتا تھا ایک ابوبکر صدیقؓ کا دم تھا جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کمالِ عشق کمالِ محبت کے باوجود اُس وقت ثابت قدم اور رنجے ہوئے قدم سے کھڑے تھے انہوں نے للکار کر خطبہ پڑھا جس میں وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ والی آیت پڑھی جس کا ترجمہ ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نرے رسول ہی تو ہیں (خدا تو نہیں ہیں جسے موت ہی نہ سکے) پس کیا اگر وہ مرجائیں یا شہید ہو جائیں تو تم لوگ (دین سے) پھر جاؤ گے اور جو شخص (دین سے) پھر جائے گا وہ خدا کا تو کوئی نقصان نہیں کرے گا (اپنا ہی کچھ کھو دے گا) مختصر طور پر اس قصہ کو میں اپنے رسالہ حکایاتِ صحابہؓ میں[عه] لکھ چکا ہوں آگے جو ارشاد ہے کہ اس کام کی نجات کیا ہے اس کے دو مطلب ہیں ایک یہ کہ دین کے کام تو بہت سے ہیں ان سب کاموں میں مدار کس چیز پر ہے کہ جس کے بغیر چارۂ کار نہ ہو اس مطلب کے موافق جواب ظاہر ہے کہ دین کا سارا مدار کلمۂ شہادت پر ہے اور اسلام کی جڑ ہی کلمۂ طیبہ ہے دوسرا مطلب یہ ہے کہ اس کام یعنی دین میں دقتیں بھی پیش آتی ہیں وساوس بھی گھیرتے ہیں شیطان کی رخنہ اندازی بھی مستقل ایک مصیبت ہے دنیاوی ضروریات بھی اپنی طرف کھینچتی ہیں اس صورت میں مطلب ارشادِ نبویؐ کا یہ ہے کہ کلمۂ طیبہ کی کثرت اِن سب چیزوں کا علاج ہے کہ وہ اخلاص پیدا کرنے والا ہے، دلوں کا صاف کرنے والا ہے شیطان کی ہلاکت کا سبب ہے، جیسا کہ ان سب روایات میں اس کے اثرات بہت سے ذکر کیے گئے ہیں، ایک حدیث میں آیا ہے کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا کلمہ اپنے پڑھنے والے سے ننانوے قسم کی بلائیں دُور کرتا ہے، جن میں سب سے کم غم ہے، جو ہر وقت آدمی پر سوار رہتا ہے۔

[عه] حکایاتِ صحابہؓ اردو، ہندی، انگریزی۔

(۲۷) عَنْ عُثْمَانَ رضؓ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنِّیْ لَاَعْلَمُ كَلِمَةً لَا يَقُوْلُهَا عَبْدٌ حَقًّا مِنْ قَلْبِهٖ اِلَّا حُرِّمَ عَلَى النَّارِ فَقَالَ لَهٗ عُمَرُ رضؓ بْنُ الْخَطَّابِ اَنَا اُحَدِّثُكَ مَا هِيَ هِيَ كَلِمَةُ الْاِخْلَاصِ الَّتِیْ اَعَزَّ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى بِهَا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابَهٗ وَهِيَ كَلِمَةُ التَّقْوٰى الَّتِیْ اَلَاصَ عَلَيْهَا نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّهٗ اَبَا طَالِبٍ عِنْدَ الْمَوْتِ شَهَادَةَ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
رواہ احمد واخرجہ الحاکم بھذا اللفظ وقال صحیح علی شرطھما واقرہ علیہ الذھبی واخرجہ الحاکم بروایۃ عثمان رضؓ عَنْ عُمَرَ رضؓ مَرْفُوْعًا اِنِّیْ لَاَعْلَمُ كَلِمَةً لَا يَقُوْلُهَا عَبْدٌ حَقًّا مِّنْ قَلْبِهٖ فَيَمُوْتُ عَلٰى ذٰلِكَ اِلَّا حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وقال ھذا صحیح علی شرطھما ثم ذکر لہ شاھدین من حدیثھما۔

(۲۷) حضرت عثمانؓ فرماتے ہیں کہ میں نے حضورؐ سے سنا تھا کہ میں ایک کلمہ ایسا جانتا ہوں کہ جو شخص اسکو حق سمجھ کر اخلاص کے ساتھ دل سے (یقین کرتے ہوئے) اس کو پڑھے تو جہنم کی آگ اُس پر حرام ہے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ میں بتاؤں وہ کلمہ کیا ہے وہ وہی کلمہ ہے جس کے ساتھ اللہ نے اپنے رسول کو اور اُس کے صحابہؓ کو عزت دی وہ وہی تقوی کا کلمہ ہے جس کی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا ابو طالب سے اُن کے انتقال کے وقت خواہش کی تھی وہ شہادت ہے۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کی۔

(ف) حضورؐ کے چچا ابو طالب کا قصہ حدیث تفسیر اور تاریخ کی کتابوں میں مشہور معروف ہے کہ جب اُنکے انتقال کا وقت قریب ہوا تو چونکہ انکے احسانات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں پر کثرت سے تھے اس لیے نبی اکرمؐ انکے پاس تشریف لے گئے اور ارشاد فرمایا کہ اے میرے چچا لا اِلٰہَ اِلا اللہ کہہ دیجیے تاکہ مجھے قیامت کے دن آپ کی سفارش کا موقع مل سکے۔ اور میں اللہ کے یہاں آپ کے اسلام کی گواہی دے سکوں انہوں نے فرمایا کہ لوگ مجھے یہ طعنہ دیں گے کہ موت کے ڈر سے بھتیجے کا دین قبول کرلیا اگر یہ خیال نہ ہوتا تو میں اس وقت اس کلمہ کے کہنے سے تمہاری آنکھیں ٹھنڈی کر دیتا اس پر حضورؐ رنجیدہ واپس تشریف لائے اسی قصہ میں قرآن پاک کی آیت اِنَّكَ لَا تَهْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ (س قصص ع ۶) نازل ہوئی جس کا ترجمہ یہ ہے کہ آپ جس کو چاہیں ہدایت نہیں فرما سکتے بلکہ اللہ جس کو چاہے ہدایت کرتا ہے اس قصہ سے یہ بھی ظاہر ہو گیا کہ جو لوگ فسق و فجور میں مبتلا رہتے ہیں خدا اور اس کے رسولؐ سے بیگانہ رہتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ کسی عزیز قریب بزرگ کی دعا سے بیڑا پار ہو جائے گا غلطی میں مبتلا ہیں کام چلانے والا صرف اللہ ہی ہے اُسی کی طرف رجوع کرنا چاہیے۔ اُسی سے سچا تعلق قائم کرنا

ضروری ہے البتہ اللہ والوں کی صحبت اُن کی توجہ اُن کی دعا ان کی معین و مددگار بن سکتی ہے۔

(۲۸) عَنْ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَمَّا اَذْنَبَ اٰدَمُ الذَّنْبَ الَّذِیْ اَذْنَبَہٗ رَفَعَ رَاْسَہٗ اِلَی السَّمَاءِ فَقَالَ اَسْاَلُکَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ اِلَّا غَفَرْتَ لِیْ فَاَوْحَی اللّٰہُ اِلَیْہِ مَنْ مُحَمَّدٌ تَعَالٰی تَبَارَکَ اِسْمُکَ لَمَّا خَلَقْتَنِیْ رَفَعْتُ رَاْسِیْ اِلٰی عَرْشِکَ فَاِذَا فِیْہِ مَکْتُوْبٌ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ فَعَلِمْتُ اَنَّہٗ لَیْسَ اَحَدٌ اَعْظَمُ عِنْدَکَ قَدْرًا عَمَّنْ جَعَلْتَ اِسْمَہٗ مَعَ اِسْمِکَ فَاَوْحَی اللّٰہُ اِلَیْہِ یَا اٰدَمُ اِنَّہٗ اٰخِرُ النَّبِیِّیْنَ مِنْ ذُرِّیَّتِکَ وَلَوْلَا ھُوَ مَا خَلَقْتُکَ اخرجہ الطبرانی فی الصغیر والحاکم وابونعیم والبیھقی کلاھما فی الدلائل وابن عساکر فی الدر وفی مجمع الزوائد رواہ الطبرانی فی الاوسط والصغیر وفیہ من لم اعرفھم قلت ویؤید الاخر الحدیث المشھور لولاک لما خلقت الافلاک، قال القاری فی الموضوعات الکبیر موضوع لکن معناہ صحیح وفی التشرف معناہ ثابت ویؤید لاول ما ورد فی غیر روایۃ من انہ مکتوب علی العرش واوراق الجنۃ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کما بسط طرقہ السیوطی فی مناقب اللالی فی غیر موضع وبسط لہ شواھد ایضًا فی تفسیرہ فی سورۃ الم نشرح۔

(۲۸) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ حضرت آدم (علیٰ نبیّنا وعلیہ الصلوٰۃ والسّلام) سے جب وہ گناہ صادر ہو گیا (جس کی وجہ سے جنت سے دنیا میں بھیج دیئے گئے تو ہر وقت روتے تھے اور دُعاء و استغفار کرتے رہتے تھے ایک مرتبہ) آسمان کی طرف منہ کیا اور عرض کیا یا اللہ محمّد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے وسیلہ سے تجھ سے مغفرت چاہتا ہوں وحی نازل ہوئی کہ محمدؐ کون ہیں (جن کے واسطے سے تم نے استغفار کی) عرض کیا کہ جب آپ نے مجھے پیدا کیا تھا تو میں نے عرش پر لکھا ہوا دیکھا تھا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ تو میں سمجھ گیا تھا کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) سے اونچی ہستی کوئی نہیں ہے جن کا نام تم نے اپنے نام کے ساتھ رکھا وحی نازل ہوئی کہ وہ خاتم النبیین ہیں تمہاری اولاد میں سے ہیں لیکن وہ نہ ہوتے تو تم بھی پیدا نہ کیے جاتے۔

(ف) حضرت آدم علیٰ نبیّنا وعلیہ الصلوٰۃ والسّلام نے اُس وقت کیا کیا دعائیں کیں اور کس کس طرح سے گڑگڑائے، اس بارے میں بہت سی روایات وارد ہوئی ہیں اور ان میں کوئی تعارض بھی نہیں جس پر مالک کی ناراضگی، آقا کی خفگی ہوئی ہو وہی جانتا ہے ان بے حقیقت آقاؤں کی ناراضگی کی وجہ سے نوکروں اور خادموں پر کیا کچھ گذرتا ہے اور وہاں تو مالک الملک رزّاق عالم اور مختصر یہ کہ خدا کا عتاب تھا

اور گذر کس پر رہی تھی اس شخص پر جس کو فرشتوں سے سجدہ کرایا اپنا مقرب بنایا جو شخص جتنا مقرب ہوتا ہے اتنا ہی عتاب کا اُس پر اثر ہوتا ہے بشرطیکہ کمینہ نہ ہو اور وہ تو نبی تھے، حضرت ابن عباس رضی فرماتے ہیں کہ حضرت آدم علیہ السلام اُس قدر روتے ہیں کہ تمام دنیا کے آدمیوں کا رونا اگر جمع کیا جائے تو ان کے برابر نہیں ہوسکتا چالیس برس تک سر اوپر نہیں اٹھایا حضرت بریدہ رضی خود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ اگر حضرت آدم ع کے رونے کا تمام دنیا کے رونے سے مقابلہ کیا جاوے تو ان کا رونا بڑھ جائے گا۔ ایک حدیث میں ہے کہ اگر اُن کے آنسوؤں کو ان کی تمام اولاد کے آنسوؤں سے وزن کیا جاوے تو انکے آنسو بڑھ جائیں گے ایسی حالت میں کس کس طرح زاری فرمائی ہوگی ظاہر ہے ؎

یاں لب پہ لاکھ لاکھ سخن اضطراب میں ⁂ واں ایک خامشی مری سب کے جواب میں

اس لیے جو روایات میں ذکر کیا گیا اُن سب کے مجموعہ میں کوئی اِشکال نہیں منجملہ اُن کے یہ بھی ہے کہ حضور ص کا وسیلہ اختیار فرمایا دوسرا مضمون عرش پر لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ محمدٌ رَّسول اللہ لکھا ہوا ہونا یہ اور بھی بہت سی مختلف روایتوں میں آیا ہے۔

حضور ص ارشاد فرماتے ہیں، میں جنت میں داخل ہوا تو میں نے اُس کی دونوں جانبوں میں تین سطریں سونے کے پانی سے لکھی ہوئی دیکھیں پہلی سطر میں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ لکھا تھا دوسری سطر میں مَا قَدَّمْنَا وَجَدْنَا وَمَا اَکَلْنَا رَبِحْنَا وَمَا خَلَفْنَا خَسِرْنَا تھا (جو ہم نے آگے بھیج دیا یعنی صدقہ وغیرہ کر دیا وہ پالیا اور جو دنیا میں کھا یا وہ نفع میں رہا اور جو کچھ چھوڑ آئے وہ نقصان رہا) اور تیسری سطر میں تھا اُمَّۃٌ مُّذْنِبَۃٌ وَّرَبٌّ غَفُوْرٌ (اُمت گناہگار اور مالک بخشنے والا) ایک بزرگ کہتے ہیں میں ہندوستان کے ایک شہر میں پہنچا تو میں نے وہاں ایک درخت دیکھا جس کے پھل بادام کے مشابہ ہوتے ہیں اس کے دو چھلکے ہوتے ہیں جب ان کو توڑا جاتا ہے تو ان کے اندر سے ایک سبز پتہ لپٹا ہوا نکلتا ہے جب اس کو کھولا جاتا ہے تو سرخی سے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ محمد رسول اللہ لکھا ہوا ملتا ہے میں نے اس قصہ کو ابو یعقوب شکاری سے ذکر کیا انھوں نے کہا تعجب کی بات نہیں میں نے اِیلہ میں ایک مچھلی شکار کی تھی اُس کے ایک کان پر لا الٰہ الا اللہ اور دوسرے پر محمد رسول اللہ لکھا ہوا تھا۔

(۲۹) عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ بْنِ السَّكَنِ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اِسْمُ اللّٰهِ الْاَعْظَمُ فِيْ هَاتَيْنِ الْاٰيَتَيْنِ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ وَالٓمّٓ

(۲۹) حضرت اسماء رضی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتی ہیں کہ اللہ کا سب سے بڑا نام (جو اسم اعظم کے نام سے عام طور پر مشہور ہے) ان دونوں آیتوں میں ہے (بشرطیکہ اخلاص سے پڑھی

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ۔ اخرجہ ابن ابی شیبۃ واحمد والدارمی وابوداؤد والترمذی وصححہ وابن ماجۃ وابومسلم الکجی فی السنن وابن المنصریس وابن ابی حاتم والبیھقی فی الشعب کذا فی الدر۔

جائیں۔) وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ (س بقرہ ع ۱۹) اور الٓمّٓ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ (سورہ آل عمران ع ۱)

(ف) اسم اعظم کے متعلق روایات حدیث میں کثرت سے یہ وارد ہوا ہے کہ جو دُعا بھی اسکے بعد مانگی جاتی ہے وہ قبول ہوتی ہے۔

البتہ اسم اعظم کی تعیین میں روایات مختلف وارد ہوئی ہیں اور یہ عادۃُ اللہ ہے کہ بہت سی مہتم بالشان چیزیں اخفاء کی وجہ سے اختلاف پیدا فرما دیتے ہیں، چنانچہ شب قدر کی تعیین میں جمعہ کے دن میں دعا قبول ہونے کے خاص وقت میں اختلاف ہوا اس میں بہت سی مصالح ہیں جن کو میں اپنے رسالہ فضائل رمضان عہ میں لکھ چکا ہوں اسی طرح اسم اعظم کی تعیین میں بھی مختلف روایات وارد ہوئیں۔ منجملہ ان کے یہ روایات بھی ہے جو اوپر ذکر کی گئی۔ اور بھی روایات میں ان آیتوں کے متعلق ارشاد وارد ہوا ہے۔ حضرت انس رضؓ حضورؐ سے نقل کرتے ہیں کہ متمرد اور شریر شیاطین پر اِن دو آیتوں سے زیادہ سخت کوئی آیت نہیں وہ دو آیتیں وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ سے شروع ہیں ابراہیمؒ بن وَشمہ کہتے ہیں کہ مجنونانہ حالت نظر وغیرہ کے لیے ان آیات کا پڑھنا مفید ہے جو شخص ان آیات کے پڑھنے کا اہتمام رکھے اِس قسم کی چیزوں سے محفوظ رہے وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ پوری آیت (سورۃ بقرہ رکوع ۱۹) اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ آیۃ الکرسی اور سورہ بقرہ کی آخر آیت اور اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ سے مُحْسِنِیْنَ تک (س اعراف ع ۱۴) اور سورۂ حشر کی آخر آیتیں (هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ سے) ہمیں یہ بات پہنچی کہ سب آیات (جن کو گنوایا) عرش کے کونوں پر لکھی ہوئی ہیں اور ابراہیمؒ یہ بھی کہا کرتے تھے کہ بچوں کو اگر ڈر لگتا ہو، یا نظر کا اندیشہ ہو تو یہ آیات اُن کے لیے لکھ دیا کرو۔ علامہ شامیؒ نے حضرت امام اعظمؒ سے نقل کیا ہے اِسم اعظم لفظ اللہ ہے اور لکھا ہے کہ یہی قول علامہ طحاویؒ اور بہت سے علماء سے نقل کیا گیا ہے اور اکثر عارفین (اکابر صوفیہ) کی یہی تحقیق ہے اسی وجہ سے ان کے نزدیک ذکر بھی اسی پاک نام کا کثرت سے ہوتا ہے۔ سید الطائفہ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی نور اللہ مرقدہٗ سے بھی یہی نقل کیا گیا فرماتے ہیں کہ اسم اعظم اللہ ہے بشرطیکہ جب تو اس پاک نام کو لے تو تیرے دل میں اس کے سوا کچھ نہ ہو فرماتے ہیں کہ عوام کے لیے اس پاک نام کو اس طرح

عہ دیکھو فضائل رمضان

لینا چاہیے کہ جب یہ زبان پر جاری ہو تو عظمت اور خوف کے ساتھ ہو اور خواص کے لیے اس طرح ہو کہ اس پاک نام والے کی ذات وصفات کا بھی استحضار رہو اور اَخَصُّ الخواص کے لیے یہ ضروری ہے کہ اُس پاک ذات کے سوا دل میں کوئی چیز بھی نہ ہو، کہتے ہیں کہ قرآن پاک میں بھی یہ مبارک نام اتنی کثرت سے ذکر کیا گیا کہ حد نہیں جس کی مقدار دو ہزار تین سو ساٹھ بتاتے ہیں، شیخ اسمٰعیل فرغانی کہتے ہیں کہ مجھے ایک عرصے سے اسم اعظم سیکھنے کی تمنا تھی مجاہدے بہت کرتا تھا کئی کئی دن فاقے کرتا حتیٰ کہ فاقوں کی وجہ سے بے ہوش ہو کر گر جاتا ایک روز میں دمشق کی مسجد میں بیٹھا تھا کہ دو آدمی مسجد میں داخل ہوئے اور میرے قریب کھڑے ہو گئے مجھے اُن کو دیکھ کر خیال ہوا کہ یہ فرشتے معلوم ہوتے ہیں ان میں سے ایک نے دوسرے سے پوچھا کیا تو اسم اعظم سیکھنا چاہتا ہے اُس نے کہا ہاں بتا دیجیے، میں یہ گفتگو سن کر غور کرنے لگا اُس نے کہا کہ وہ لفظ اللہ ہے بشرطیکہ صدق لجا سے ہو، شیخ اسمٰعیل کہتے ہیں کہ صدق لجا کا مطلب یہ ہے کہ کہنے والے کی حالت اُس وقت ایسی ہو کہ جیسا کوئی شخص دریا میں غرق ہو رہا ہو اور کوئی بھی اُس کا بچانے والا نہ ہو تو ایسے وقت جس خلوص سے نام لیا جائے گا وہ حالت مراد ہے اسم اعظم معلوم ہونے کے لیے بڑی اہلیت اور بڑے ضبط وتحمل کی ضرورت ہے، ایک بزرگ کا قصہ لکھا ہے کہ اُن کو اسم اعظم آتا تھا ایک فقیر ان کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان سے تمنا واستدعا کی کہ مجھے بھی سکھا دیجیے ان بزرگ نے فرمایا کہ تم میں اہلیت نہیں ہے فقیر نے کہا کہ مجھ میں اس کی اہلیت ہے تو بزرگ نے فرمایا کہ اچھا فلاں جگہ جا کر بیٹھ جاؤ اور جو واقعہ وہاں پیش آوے اس کی مجھے خبر دو فقیر اُس جگہ گئے دیکھا کہ ایک بوڑھا شخص گدھے پر لکڑیاں لادے ہوئے آ رہا ہے سامنے سے ایک سپاہی آیا اس نے اس بوڑھے کو مار پیٹ کی اور لکڑیاں چھین لیں، فقیر کو اُس سپاہی پر بہت غصہ آیا واپس آ کر بزرگ سے سارا قصہ سنایا اور کہا کہ مجھے اگر اسم اعظم آ جاتا تو اُس سپاہی کے لیے بد دعا کرتا بزرگ نے کہا کہ اس لکڑی والے ہی سے میں نے اسم اعظم سیکھا ہے۔

(۳۰) عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اللّٰہُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی اَخْرِجُوْا مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَفِیْ قَلْبِہٖ مِثْقَالُ ذَرَّۃٍ مِّنَ الْاِیْمَانِ۔ اَخْرِجُوْا مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَوْ ذَکَرَنِیْ اَوْ خَافَنِیْ

(۳۰) حضورؐ کا ارشاد ہے کہ (قیامت کے دن) حق تعالیٰ شانہٗ ارشاد فرمائیں گے کہ جہنم سے ہر اُس شخص کو نکال لو جس نے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہا ہو اور اسکے دل میں ایک ذرہ برابر بھی ایمان ہو اور ہر اُس شخص کو نکال لو جس نے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہا ہو یا مجھے

فِیْ مَقَامٍ۔ اخرجہ الحاکم بروایۃ المؤمل عن المبارک بن فضالۃ وقال صحیح الاسناد واقرہ علیہ الذھبی وقال الحاکم قد تابع ابوداؤد مؤملا علی روایتہ واختصرہ۔

(کسی طرح بھی) یاد کیا ہو یا کسی موقعہ پر مجھ سے ڈرا ہو (ف) اس پاک کلمہ میں حق تعالیٰ شانہٗ نے کیا کیا برکات رکھی ہیں اس کا معمولی سا اندازا تنی ہی بات سے ہوجاتا ہے کہ سو برس کا بوڑھا جس کی تمام عمر کفر وشرک میں گذری ہو ایک مرتبہ اس پاک کلمہ کو ایمان کے ساتھ پڑھنے سے مسلمان ہوجاتا ہے اور عمر بھر کے سارے گناہ زائل ہوجاتے ہیں اور ایمان لانے کے بعد اگر گناہ بھی کیے ہوں تب بھی اس کلمہ کی برکت سے کسی نہ کسی وقت جہنم سے ضرور نکلے گا، حضرت حذیفہؓ جو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے راز دار ہیں فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے (ایک زمانہ ایسا آنے والا ہے) کہ اسلام ایسا دھندلا رہ جائے گا جیسے کپڑے کے نقش ونگار (پرانے ہوجانے سے) دھندلے ہوجاتے ہیں کہ نہ کوئی روزہ کو جانے گا نہ حج کو نہ زکوٰۃ کو آخر ایک رات ایسی ہوگی کہ قرآن پاک بھی اٹھالیا جائے گا کوئی آیت اس کی باقی نہ رہے گی بوڑھے مرد اور بوڑھی عورتیں یہ کہیں گی کہ ہم نے اپنے بڑوں کو کلمہ لا الٰہ الا اللہ پڑھتے سنا تھا ہم بھی اسی کو پڑھیں گے حضرت حذیفہؓ کے ایک شاگرد نے عرض کیا کہ جب زکوٰۃ، حج، روزہ کوئی رکن نہ ہوگا تو یہ کلمہ ہی کیا کام دے گا، حضرت حذیفہؓ نے سکوت فرمایا، انہوں نے پھر یہی عرض کیا تیسری مرتبہ میں حضرت حذیفہؓ نے فرمایا کہ (کسی نہ کسی وقت) جہنم سے نکالے گا، جہنم سے نکالے گا، جہنم سے نکالے گا، یعنی ارکان اسلام کے ادا نہ کرنے کا عذاب بھگتنے کے بعد کسی نہ کسی وقت اس کلمہ کی برکت سے نجات پائے گا یہی مطلب ہے حدیث بالا کا کہ اگر ایمان کا ذرا سا حصہ بھی ہے تب بھی جہنم سے کسی نہ کسی وقت نکالا جائے گا ایک حدیث میں ہے جو شخص لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ پڑھے وہ اس کو کسی نہ کسی دن ضرور کام دے گا۔ گو اس کو کچھ نہ کچھ سزا بھگتنا پڑے۔

(۳۱) عَنْ عَبْدِ اللہِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِعْرَابِیٌّ عَلَیْہِ جُبَّۃٌ مِنْ طِیَالِسَۃٍ مَکْفُوْفَۃٌ بِالدِّیْبَاجِ فَقَالَ اِنَّ صَاحِبَکُمْ ھٰذَا یُرِیْدُ یَرْفَعُ کُلَّ رَاعٍ وَابْنَ رَاعٍ وَیَضَعُ کُلَّ فَارِسٍ وَابْنَ فَارِسٍ فَقَامَ النَّبِیُّ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُغْضِبًا فَاَخَذَ

(۳۱) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص گاؤں کا رہنے والا آیا جو ریشمی جبہ پہن رہا تھا اور اس کے کناروں پر دیبا کی گوٹ تھی (صحابہؓ سے خطاب کرکے) کہنے لگا کہ تمہارے ساتھی (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) یہ چاہتے ہیں کہ ہر چرواہے (بکری چرانے والے) اور چرواہے زادے کو

بِمَجَامِعِ ثَوْبِهٖ فَاجْتَذَبَهٗ وَقَالَ اَلَا اَرٰی
عَلَيْكَ ثِيَابَ مَنْ لَّا يَعْقِلُ ثُمَّ رَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَلَسَ فَقَالَ اِنَّ نُوْحًا لَمَّا حَضَرَتْهُ
الْوَفَاةُ دَعَا ابْنَيْهِ فَقَالَ اِنِّيْ قَاصٌّ عَلَيْكُمَا الْوَصِيَّةَ
اٰمُرُكُمَا بِاثْنَتَيْنِ وَاَنْهَاكُمَا عَنِ اثْنَتَيْنِ اَنْهَاكُمَا عَنِ
الشِّرْكِ وَالْكِبْرِ وَاٰمُرُكُمَا بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَاِنَّ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا فِيْهِمَا لَوْ وُضِعَتْ فِيْ
كِفَّةِ الْمِيْزَانِ وَوُضِعَتْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فِي
الْكِفَّةِ الْاُخْرٰی كَانَتْ اَرْجَحَ مِنْهُمَا وَلَوْ اَنَّ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا فِيْهِمَا كَانَتْ حَلْقَةً
فَوُضِعَتْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَلَيْهَا لَقَصَمَتْهُمَا
وَاٰمُرُكُمَا بِسُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ فَاِنَّهُمَا صَلٰوةُ
كُلِّ شَيْءٍ وَبِهِمَا يُرْزَقُ كُلُّ شَيْءٍ اخرجه الحاكم
وقال صحيح الاسناد ولم يخرجه للصقعب ابن
زهير فانه ثقة قليل الحديث اھ واقره عليه
الذهبي وقال الصقعب ثقة ورواه ابن
عجلان عن زيد بن اسلم مرسلا اھ قلت ورواه
احمد في مسنده بزيادة فيه بطرق وفي بعض
طرقها فَاِنَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعَ وَالْاَرَضِيْنَ
السَّبْعَ كُنَّ حَلْقَةً مُبْهَمَةً قَصَمَتْهُنَّ لَا اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ وذكره المنذري في الترغيب عن ابن
عمرو مختصرا وفيه لو كانت حلقة لقصمتهن
حَتّٰى تَخْلُصَ اِلَى اللّٰهِ ثم قال رواه البزار ورواته
محتج بهم في الصحيح الا ابن اسحق وهو في
النسائي عن صالح بن سعيد رفعه الى سليمان

بڑھا دیں۔ اور شہسوار اور شہسواروں کی اولاد
کو گرادیں حضورؐ ناراضگی سے اٹھے اور اس کے
کپڑوں کو گریبان سے پکڑ کر ذرا کھینچا اور ارشاد
فرمایا کہ (تو ہی بتا) تو بے وقوفوں کے سے کپڑے
نہیں پہن رہا ہے پھر اپنی جگہ واپس آکر تشریف
فرما ہوئے اور ارشاد فرمایا کہ حضرت نوح علیٰ نبینا
وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کا جب انتقال ہونے لگا
تو اپنے دونوں صاحب زادوں کو بلایا اور ارشاد فرمایا
کہ میں تمہیں (آخری) وصیت کرتا ہوں جس میں
دو چیزوں سے روکتا ہوں اور دو چیزوں کا حکم
کرتا ہوں جن سے روکتا ہوں ایک شرک ہے۔
دوسرا تکبر اور جن چیزوں کا حکم کرتا ہوں ایک
لا الٰہ الا اللہ ہے، کہ تمام آسمان وزمین اور جو
کچھ ان میں ہے اگر سب ایک پلڑے میں رکھ دیا جائے
اور دوسرے میں (اخلاص سے کہا ہوا) لا الٰہ الا اللہ
رکھ دیا جائے تو وہی پلڑا جھک جائے گا، اور
اگر تمام آسمان وزمین اور جو کچھ ان میں ہے ایک
حلقہ بنا کر اس پاک کلمہ کو اس پر رکھ دیا جائے
تو وہ وزن سے ٹوٹ جائے اور دوسری چیز جس کا
حکم کرتا ہوں وہ سبحان اللہ وبحمدہ ہے کہ یہ دو
لفظ ہر مخلوق کی نماز ہیں اور انہیں کی برکت سے
ہر چیز کو رزق عطا فرمایا جاتا ہے۔

(ف) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا کپڑوں کے
متعلق ارشاد فرمانے کا مطلب یہ ہے کہ ظاہر سے
باطن پر استدلال کیا جاتا ہے، جس شخص کا ظاہر

بن یسار الی رجل من الانصار لم یسمہ ورواہ
الحاکم عن عبد اللہ وقال صحیح الاسناد
ثم ذکر لفظہ قلت وحدیث سلیمان بن
یسار یاتی فی بیان التسبیح وفی مجمع الزوائد
رواہ احمد ورواہ الطبرانی بنحوہ ورواہ البزار
من حدیث ابن عمرو رجال احمد ثقات
وقال فی روایۃ البزار محمد بن اسحٰق وھو
مدلس وھو ثقۃ۔

حال خراب ہے اس کے باطن کا حال بھی بظاہر
ویسا ہی ہے اس لیے ظاہر کو بہتر رکھنے کی سعی کی
جاتی ہے کہ باطن اس کے تابع ہوتا ہے اسی لیے صوفیہ
کرام ظاہری طہارت وضو وغیرہ کا اہتمام کراتے ہیں
تاکہ باطن کی طہارت حاصل ہو جائے جو لوگ یہ
کہہ دیتے ہیں جی باطن اچھا ہونا چاہیے ظاہر چاہے
کیسا ہی ہو صحیح نہیں باطن کا اچھا ہونا مستقل مقصود
ہے اور ظاہر کا بہتر ہونا مستقل، نبی اکرم صلی اللہ
علیہ وسلم کی دعاؤں میں ہے اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ سَرِیْرَتِیْ خَیْرًا مِّنْ عَلَانِیَتِیْ وَاجْعَلْ عَلَانِیَتِیْ صَالِحَۃً (اے
اللہ میرے باطن کو میرے ظاہر سے زیادہ بہتر بنا اور میرے ظاہر کو صالح اور نیک بنا دے) حضرت
عمرؓ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا تعلیم فرمائی۔

(۳۲) عَنْ اَنَسٍؓ اَنَّ اَبَا بَکْرٍؓ دَخَلَ عَلَی النَّبِیِّ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھُوَ کَئِیْبٌ فَقَالَ لَہُ النَّبِیُّ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَالِیْ اَرَاکَ کَئِیْبًا قَالَ یَا
رَسُوْلَ اللّٰہِ کُنْتُ عِنْدَ ابْنِ عَمٍّ لِّیَ الْبَارِحَۃَ
فُلَانٌ وَھُوَ یَکِیْدُ بِنَفْسِہٖ قَالَ فَھَلْ لَقَّنْتَہٗ
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ قَالَ قَدْ فَعَلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ
قَالَ فَقَالَھَا قَالَ نَعَمْ قَالَ وَجَبَتْ لَہُ الْجَنَّۃُ
قَالَ اَبُوْبَکْرٍ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ کَیْفَ ھِیَ لِلْاَحْیَاءِ
قَالَ ھِیَ اَھْدَمُ لِذُنُوْبِھِمْ ھِیَ اَھْدَمُ
لِذُنُوْبِھِمْ رواہ ابو یعلٰی والبزار وفیہ
زائدۃ بن ابی الرقاد وثقہ القواریری و
ضعفہ البخاری وغیرہ کذا فی مجمع الزوائد
واخرج بمعناہ عن ابن عباس ایضا قلت
وروی عن علیؓ مرفوعا قال اذا مرّ

(۳۲) حضرت ابوبکر صدیقؓ حضور اقدس
صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں رنجیدہ سے ہو کر
حاضر ہوئے حضورؐ نے دریافت فرمایا کہ میں تمہیں
رنجیدہ دیکھ رہا ہوں کیا بات ہے انہوں نے عرض کیا کہ
گذشتہ شب میرے چچازاد بھائی کا انتقال ہو گیا۔
میں نزع کی حالت میں اُن کے پاس بیٹھا تھا (اس
منظر سے طبیعت پر اثر ہے) حضورؐ نے فرمایا تم نے
اس کو لا الٰہ الا اللہ کی تلقین بھی کی تھی؟ عرض
کیا کی تھی ارشاد فرمایا کہ اُس نے یہ کلمہ پڑھ لیا تھا؟
عرض کیا کہ پڑھ لیا تھا۔ ارشاد فرمایا کہ جنت
اس کے لیے واجب ہو گئی حضرت ابوبکرؓ نے
عرض کیا یا رسول اللہ زندہ لوگ اس کلمہ کو پڑھیں
تو کیا ہو، حضورؐ نے دو مرتبہ یہ ارشاد فرمایا کہ یہ
کلمہ اُن کے گناہوں کو بہت ہی منہدم کر دینے والا ہے

بِالْمَقَابِرِ اَلسَّلَامُ عَلٰی اَهْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِنْ اَهْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کَیْفَ وَجَدْتُّمْ قَوْلَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِغْفِرْ لِمَنْ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاحْشُرْنَا فِیْ زُمْرَةِ مَنْ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ غُفِرَ لَهٗ ذُنُوْبُ خَمْسِیْنَ سَنَةً قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ لَّمْ تَکُنْ لَّهٗ ذُنُوْبُ خَمْسِیْنَ سَنَةً قَالَ لِوَالِدَیْهِ وَلِقَرَابَتِهٖ وَلِعَامَّةِ الْمُسْلِمِیْنَ رواه الدیلمی فی تاریخ همدان والرافعی وابن النجار کذا فی منتخب کنز العمال لکن روی نحوه السیوطی فی ذیل اللآلی وتکلم علی سنده وقال الاسناد کله ظلمات ورمی رجاله بالکذب وفی

بہت ہی منہدم کردینے والا ہے (یعنی بالکل ہی مٹا دینے والا ہے۔

(ف) مقابر میں اور میّت کے قریب کلمۂ طیبہ پڑھنے کے متعلق بھی کثرت سے احادیث میں ارشاد ہوا ہے، ایک حدیث میں ہے کہ جنازہ کے ساتھ کثرت سے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ پڑھا کرو، ایک حدیث میں آیا ہے کہ میری اُمت کا شعار (نشان) جب وہ پل صراط پر چلیں گے تو یا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ ہوگا دوسری حدیث میں ہے کہ جب وہ اپنی قبروں سے اُٹھیں گے تو اُن کا نشان لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَعَلَی اللّٰہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ہوگا۔ تیسری حدیث میں ہے کہ قیامت کے اندھیروں میں اُن کا نشان لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ

تنبیه الغافلین وروی عَنْ بَعْضِ الصَّحَابَةِ مَنْ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِنْ قَلْبِهٖ خَالِصًا وَمَدَّهَا بِالتَّعْظِیْمِ کَفَّرَ اللّٰهُ عَنْهُ اَرْبَعَةَ اٰلَافِ ذَنْبٍ مِّنَ الْکَبَائِرِ قِیْلَ اِنْ لَّمْ یَکُنْ لَّهٗ اَرْبَعَةُ اٰلَافِ ذَنْبٍ قَالَ یُغْفَرُ مِنْ ذُنُوْبِ اَهْلِهٖ وَجِیْرَانِهٖ اه قلت وروی بمعناه مرفوعًا لکنهم حکموا علیه بالوضع کما فی ذیل اللآلی نعم یؤیده الامر بدفن جوار الصالح وتاذیه بجوار السوء ذکره السیوطی فی اللآلی بطرق وورد السلام علی اهل القبور بالفاظ مختلفة فی کنز العمال وغیره۔

ہوگا۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کو کثرت سے پڑھنے کی برکتیں مرنے سے پہلے بھی بسا اوقات نزع کے وقت سے محسوس ہوجاتی ہیں، اور بعض اللہ کے بندوں کو اس سے بھی پہلے ظاہر ہوجاتی ہیں، ابوالعباسؒ کہتے ہیں کہ میں اپنے شہر اشبیلہ میں بیمار پڑا ہوا تھا میں نے دیکھا کہ بہت سے پرندے بڑے بڑے اور مختلف رنگ کے سفید سُرخ سبز ہیں جو ایک ہی دفعہ سب سب پر سمیٹ لیتے ہیں اور ایک ہی مرتبہ کھول دیتے ہیں اور بہت سے آدمی ہیں جن کے ہاتھ میں بڑے بڑے طباق ڈھکے ہوئے ہیں جن کے اندر کچھ رکھا ہوا ہے میں اس سب کو دیکھ کر یہ سمجھا کہ یہ موت کے تحفے ہیں میں جلدی جلدی کلمۂ طیبہ پڑھنے لگا ان میں سے ایک شخص نے مجھ سے کہا کہ تمہارا وقت ابھی نہیں آیا، بلکہ اور مومن کے لیے تحفہ ہے جس کا وقت آگیا ہے حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کا جب انتقال ہونے لگا تو فرمایا

مجھے بٹھا دو لوگوں نے بٹھا دیا پھر فرمایا۔ (یا اللہ) تو نے مجھے بہت سے کاموں کا حکم فرمایا، مجھ سے اس میں کوتاہی ہوئی تو نے مجھے بہت سی باتوں سے منع فرمایا مجھ سے اس میں نافرمانی ہوئی تین مرتبہ یہی کہتے رہے اس کے بعد فرمایا لیکن لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یہ فرما کر ایک جانب غور سے دیکھنے لگے، کسی نے پوچھا کیا دیکھتے ہو فرمایا کچھ سبز چیزیں ہیں کہ نہ وہ آدمی ہیں نہ جن اس کے بعد انتقال فرمایا زبیدہ کو کسی نے خواب میں دیکھا اس سے پوچھا کیا گذری اس نے کہا کہ ان چار کلموں کی بدولت میری مغفرت ہوگئی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اُفْنِیْ بِهَا عُمْرِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَدْخُلُ بِهَا قَبْرِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَخْلُوْ بِهَا وَحْدِیْ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَلْقٰی بِهَا رَبِّیْ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کے ساتھ اپنی عمر کو ختم کروں گی۔ اور لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہی کو قبر میں لے کر جاؤں گی۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہی کے ساتھ تنہائی کا وقت گذاروں گی اور لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہی کو لے کر اپنے رب کے پاس جاؤں گی۔

(۳۳) عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَوْصِنِیْ قَالَ اِذَا عَمِلْتَ سَیِّئَةً فَاَتْبِعْهَا حَسَنَةً تَمْحُهَا قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَمِنَ الْحَسَنَاتِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ قَالَ هِیَ اَفْضَلُ الْحَسَنَاتِ

رواہ احمد وفی مجمع الزوائد رواہ احمد ورجالہ ثقات الا ان شمر بن عطیۃ حدثہ عن اشیاخہ ولم یسم احداً منھم قال السیوطی فی الدر واخرجہ ایضاً ابن مردویہ والبیھقی فی الاسماء والصفات قلت واخرجہ الحاکم بلفظ یَا اَبَا ذَرٍّ اِتَّقِ اللّٰہَ حَیْثُ کُنْتَ وَاَتْبِعِ السَّیِّئَةَ الْحَسَنَةَ تَمْحُهَا وَخَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ وقال صحیح علی شرطھما واقرہ علیہ الذھبی وذکرہ السیوطی فی الجامع مختصراً ورقم لہ بالصحۃ۔

(۳۳) حضرت ابوذر غفاری رضؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ مجھے کوئی وصیت فرما دیجیے ارشاد ہوا کہ جب کوئی برائی سرزد ہو جائے تو کفارہ کے طور پر فوراً کوئی نیک کام کر لیا کرو (تاکہ برائی کی نحوست دُھل جائے) میں نے عرض کیا یا رسول اللہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھنا بھی نیکیوں میں داخل ہے، حضور ﷺ نے فرمایا کہ یہ تو ساری نیکیوں میں افضل ہے۔

(ف) برائی اگر گناہ صغیرہ ہے نیکی سے اس کا محو ہو جانا اور مٹ جانا ظاہر ہے اور اگر کبیرہ ہے تو قواعد کے موافق توبہ سے محو ہو سکتی ہے یا محض اللہ کے فضل سے جیسا پہلے بھی گذر چکا ہے، بہر صورت محو ہونے کا مطلب یہ ہے کہ پھر وہ گناہ اعمالنامہ میں رہتا ہے نہ کہیں اس کا ذکر ہوتا ہے چنانچہ ایک حدیث میں وارد ہے کہ جب بندہ توبہ کرتا ہے تو حق تعالیٰ شانہ وہ گناہ کراماً کاتبین کو بھلا دیتے ہیں اور اس گناہگار کے ہاتھ پاؤں کو بھی بھلا دیتے ہیں اور زمین کے اُس حصہ کو بھی جس پر وہ گناہ کیا گیا ہے حتیٰ کہ کوئی بھی اُس گناہ کی گواہی دینے والا نہیں

رہنا گواہی کا مطلب یہ ہے کہ قیامت میں آدمی کے ہاتھ پاؤں اور بدن کے دوسرے حصے نیک یا بد اعمال جو بھی کیے ہوں ان کی گواہیاں دیں گے جیسا کہ باب سوم فصل دوم حدیث ۱۸ کے تحت میں آرہا ہے۔ حدیث بالا کی تائید ان روایات سے بھی ہوتی ہے جن میں ارشاد فرمایا گیا ہے کہ گناہ سے توبہ کرنے والا ایسا ہے جیسا کہ گناہ کیا ہی نہیں) یہ مضمون کئی حدیثوں میں وارد ہوا ہے۔ توبہ اس کو کہتے ہیں کہ جو گناہ ہو چکا اس پر انتہائی ندامت اور شرم ہو اور آئندہ کے لیے پکا ارادہ ہو کہ پھر کبھی اس گناہ کو نہیں کرونگا ایک دوسری حدیث میں حضور کا ارشاد وارد ہوا ہے کہ اللہ کی عبادت کر اور کسی کو اس کا شریک نہ بنا اور ایسے اخلاص سے عمل کیا کر جیسا کہ وہ پاک ذات تیرے سامنے ہو اور اپنے آپ کو مردوں میں شمار کر اور اللہ کی یاد ہر پتھر اور ہر درخت کے قریب کر (تاکہ بہت سے گواہ قیامت کے دن ملیں اور جب کوئی برائی ہو جائے تو اس کے کفارہ میں کوئی نیکی کیا کر اگر برائی مخفی کی ہے تو نیکی بھی مخفی ہو اور برائی کو علی الاعلان کیا ہے تو اس کے کفارہ میں نیکی بھی علی الاعلان ہو۔

(۳۴) عَنْ تَمِيْمِ الدَّارِيِّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاحِدًا اَحَدًا صَمَدًا لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔ عَشْرَ مَرَّاتٍ كُتِبَتْ لَهٗ اَرْبَعُوْنَ اَلْفَ حَسَنَةٍ اخرجه احمد قلت اخرج الحاكم شواهده بالفاظ مختلفة

(۳۴) حضور کا ارشاد ہے کہ جو شخص لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاحِدًا اَحَدًا صَمَدًا لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ کو دس مرتبہ پڑھے گا چالیس ہزار نیکیاں اسکے لیے لکھی جائیں گی (ف) کلمہ طیبہ کی خاص خاص مقدار پر بھی حدیث کی کتابوں میں بڑی فضیلتیں ذکر فرمائی گئی ہیں

ایک حدیث میں آیا ہے جب تم فرض نماز پڑھا کرو تو ہر فرض کے بعد دس مرتبہ لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ الملک ولہ الحمد وہو علی کل شیٔ قدیر پڑھا کرو اس کا ثواب ایسا ہے کہ جیسے ایک غلام آزاد کیا۔

(۳۵) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰى قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ اَحَدًا صَمَدًا لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔ كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ اَلْفَيْ اَلْفِ حَسَنَةٍ رواه الطبرانی كذا فی الترغيب وفی مجمع الزوائد فيه فائد ابو الورقاء متروك۔

(۳۵) دوسری حدیث میں ارشاد ہے کہ جو شخص لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ اَحَدًا صَمَدًا لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔ پڑھے اس کے لیے بیس لاکھ نیکیاں لکھی جائیں گی۔ (ف) کس قدر اللہ جل شانہ کے یہاں سے انعام احسان کی بارش ہے کہ ایک معمولی سی چیز کے پڑھنے پر جس میں نہ مشقت نہ وقت خرچ ہو پھر بھی ہزار ہزار لاکھ لاکھ نیکیاں عطا ہوتی ہیں لیکن ہم لوگ

اس قدر غفلت اور دنیاوی اغراض کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں کہ ان الطاف کی بارشوں سے کچھ بھی وصول نہیں کرتے اللہ جل شانہٗ کے یہاں ہر نیکی کے لیے کم از کم دس گنا ثواب تو متعین ہی ہے بشرطیکہ اخلاص سے ہو اُس کے بعد اخلاص ہی کے اعتبار سے ثواب بڑھتا رہتا ہے حضورؐ کا ارشاد ہے کہ اسلام لانے سے جتنے گناہ حالتِ کفر میں کیے ہیں وہ معاف ہو جاتے ہیں اُس کے بعد پھر حساب ہے، ہر نیکی دس گنے سے لے کر سات سو تک اور جہاں تک اللہ چاہیں لکھی جاتی ہے اور برائی ایک ہی لکھی جاتی ہے، اور اگر جل شانہٗ اس کو معاف فرمادیں تو وہ بھی نہیں لکھی جاتی، دوسری حدیث میں ہے جب بندہ نیکی کا ارادہ کرتا ہے تو صرف ارادہ سے ایک نیکی لکھی جاتی ہے اور جب عمل کرتا ہے تو دس نیکیاں سات سو تک اور اس کے بعد جہاں تک اللہ تعالیٰ شانہٗ چاہے لکھی جاتی ہے اس قسم کی اور بھی احادیث بکثرت ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ جل شانہٗ کے یہاں دینے میں کمی نہیں کوئی لینے والا ہو یہی چیز اللہ والوں کی نگاہ میں ہوتی ہے جس کی وجہ سے دنیا کی بڑی سے بڑی دولت بھی اُن کو نہیں لبھا سکتی اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنْھُمْ۔

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اعمال چھ طریقے کے ہیں اور آدمی چار طریقے کے۔ دو عمل تو واجب کرنے والے ہیں اور دو برابر سرابر اور ایک دس گنا اور ایک سات سو گنا۔ دو عمل جو واجب کرنے والے ہیں ایک یہ کہ جو شخص اس حال میں مرے کہ شرک نہ کرتا ہو وہ ضرور جنت میں داخل ہوگا۔ دوسرے جو شخص شرک کی حالت میں مرے ضرور جہنم میں جائے گا، اور جو عمل برابر سرابر ہے وہ نیکی کا ارادہ ہے کہ دل اُس کے لیے پختہ ہو گیا ہو (مگر اس عمل کی نوبت نہ آئی ہو) اور دس گنا اجر ہے اگر عمل بھی کرلے اور اللہ کے راستہ میں (جہاد وغیرہ میں) خرچ کرنا سات سو درجہ کا اجر رکھتا ہے اور گناہ اگر کرے تو ایک کا بدلہ ایک ہی ہے اور چار قسم کے آدمی یہ ہیں کہ بعض لوگ ایسے ہیں کہ جن پر دنیا میں وسعت ہے، آخرت میں تنگی ہے بعض ایسے ہیں جن پر دنیا میں تنگی ہے آخرت میں وسعت بعض ایسے ہیں جن پر دونوں جگہ تنگی ہے (کہ دنیا میں فقر آخرت میں عذاب ہے) بعض ایسے ہیں کہ دونوں جہان میں وسعت ہے۔ ایک شخص حضرت ابو ہریرہؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا میں نے سنا ہے آپ یہ نقل کرتے ہیں کہ اللہ جل شانہٗ بعض نیکیوں کا بدلہ دس لاکھ گنا عطا فرماتے ہیں، حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا اس میں تعجب کی کیا بات ہے میں نے خدا کی قسم ایسا ہی سنا ہے، دوسری حدیث میں ہے کہ میں نے حضورؐ سے سنا ہے کہ بعض نیکیوں کا ثواب بیس لاکھ تک ملتا ہے اور جب حق تعالیٰ شانہٗ یُضٰعِفْھَا وَیُؤْتِ مِنْ لَّدُنْہُ اَجْرًا عَظِیْمًا ارشاد فرمائیں (اُس کے ثواب کو بڑھاتے ہیں اور اپنے پاس سے بہت سا اجر دیتے ہیں) جس چیز کو اللہ تعالیٰ اجرِ عظیم عطا فرمائیں اس کی مقدار کا اندازہ کون کرسکتا ہے۔

امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ ثواب کی اتنی بڑی مقداریں جب ہی ہوسکتی ہیں جب ان الفاظ کے معانی کا تصور اور لحاظ کرکے پڑھے کہ یہ اللہ تعالیٰ شانہٗ کی اہم صفات ہیں۔

(۳۶) عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْکُمْ مِنْ اَحَدٍ یَتَوَضَّأُ فَیُبْلِغُ اَوْ فَیُسْبِغُ الْوُضُوْءَ ثُمَّ یَقُوْلُ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ اِلَّا فُتِحَتْ لَہٗ اَبْوَابُ الْجَنَّۃِ الثَّمَانِیَۃِ یَدْخُلُ مِنْ اَیِّھَا شَاءَ رواہ مسلم وابو داؤد وابن ماجۃ وقالا فَیُحْسِنُ الْوُضُوْءَ زاد ابو داؤد ثُمَّ یَرْفَعُ طَرْفَہٗ اِلَی السَّمَاءِ ثُمَّ یَقُوْلُ فذکرہ ورواہ الترمذی کابی داؤد وَزَادَ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ الحدیث وتکلم فیہ کذا فی الترغیب زاد السیوطی فی الدر ابن ابی شیبۃ والدارمی۔

(۳۶) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص وضو کرے اور اچھی طرح کرے (یعنی سنتوں اور آداب کی پوری رعایت کرے) پھر یہ دعا پڑھے اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ اس کے لیے جنت کے آٹھوں دروازے کھل جاتے ہیں جس دروازے سے دل چاہے داخل ہو۔

(ف) جنت میں داخل ہونے کے لیے ایک دروازہ بھی کافی ہے پھر آٹھوں کا کھل جانا یہ غایت اعزاز اور اکرام کے طور پر ہے ایک حدیث میں وارد ہوا ہے کہ جو شخص اس حال میں مرے کہ اللہ کے ساتھ شرک نہ کرتا ہو اور ناحق کسی کا خون نہ کیا ہو وہ جنت کے جس دروازے سے چاہے داخل ہو۔

(۳۷) عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَیْسَ مِنْ عَبْدٍ یَقُوْلُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مِائَۃَ مَرَّۃٍ اِلَّا بَعَثَہُ اللّٰہُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ وَوَجْھُہٗ کَالْقَمَرِ لَیْلَۃَ الْبَدْرِ وَلَمْ یُرْفَعْ لِاَحَدٍ یَوْمَئِذٍ عَمَلٌ اَفْضَلُ مِنْ عَمَلِہٖ اِلَّا مَنْ قَالَ مِثْلَ قَوْلِہٖ اَوْ زَادَ رواہ الطبرانی وفیہ عبد الوھاب بن ضحاک متروک کذا فی مجمع الزوائد قلت ھو من رواۃ ابن ماجۃ ولا شک انھم ضعفوہ جدًا الا ان معناہ مؤید بروایات

(۳۷) حضورؐ کا ارشاد ہے جو شخص سو مرتبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھا کرے حق تعالیٰ شانہٗ قیامت کے دن اس کو ایسا روشن چہرہ والا اٹھائیں گے جیسے چودھویں رات کا چاند ہوتا ہے اور جس دن یہ تسبیح پڑھے اس دن اُس سے افضل عمل والا وہی شخص ہو سکتا ہے جو اس سے زیادہ پڑھے۔

(ف) متعدد روایات اور آیات سے یہ مضمون ثابت ہوتا ہے کہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ دل کے لیے بھی نور ہے اور چہرے کے لیے بھی نور ہے اور یہ تو مشاہدہ

منہا ما تقدم من روایات یحیی بن طلحۃ ولا شك انہ افضل الذکر ولہ شاھد من حدیث ام ھانی الاتی۔

بھی ہے کہ جن اکابر کا اس کلمہ کی کثرت معمول ہے ان کا چہرہ دنیا ہی میں نورانی ہوتا ہے۔

(۳۸) عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَفْتَحُوْا عَلٰی صِبْیَانِکُمْ اَوَّلَ کَلِمَۃٍ بِلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَلَقِّنُوْھُمْ عِنْدَ الْمَوْتِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ فَاِنَّہٗ مَنْ کَانَ اَوَّلُ کَلَامِہٖ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاٰخِرُ کَلَامِہٖ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ثُمَّ عَاشَ اَلْفَ سَنَۃٍ لَمْ یُسْئَلْ عَنْ ذَنْبٍ وَّاحِدٍ موضوع ابن محمویۃ وابوہ مجہولان وقد ضعف البخاری ابراھیم بن مہاجر حکاہ السیوطی عن ابن الجوزی ثم تعقبہ بقولہ الحدیث فی المستدرك واخرجہ البیہقی فی الشعب عن الحاکم وقال متن غریب لم نکتبہ الا بھذا الاسناد واوردہ الحافظ ابن حجر فی امالیہ ولم یقدح فیہ بشیٔ الا انہ قال ابراھیم فیہ لین وقد اخرج لہ مسلم فی المتابعات کذا فی اللآلی وذکرہ السیوطی فی شرح الصدور ولم یقدح فیہ بشیٔ قلت وقد ورد فی التلقین احادیث کثیرۃ ذکرھا الحافظ فی التلخیص وقال فی جملۃ من رواھا وعن عروۃ بن مسعود الثقفی رواہ العقیلی باسناد ضعیف ثم قال روی فی الباب احادیث صحاح عن غیر واحد من الصحابۃ ورواہ ابن ابی الدنیا فی کتاب المحتضرین من طریق عروۃ بن مسعود عن ابیہ عن حذیفۃ بلفظ لقنوا موتاکم لا الٰہ الا اللّٰہ فانھا تھدم

(۳۸) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ بچہ کو شروع میں جب وہ بولنا سیکھنے لگے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یاد کراؤ اور جب مرنے کا وقت آئے جب بھی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ تلقین کرو جس شخص کا اول کلمہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہو اور آخری کلمہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہو وہ ہزار برس بھی زندہ رہے تو (انشاء اللہ) کسی گناہ کا اس سے مطالبہ نہیں ہوگا (یا اس وجہ سے کہ گناہ صادر نہ ہوگا یا اگر صادر ہوا تو توبہ وغیرہ سے معاف ہو جائے گا یا اس وجہ سے کہ اللہ جل شانہٗ اپنے فضل سے معاف فرما دیں گے۔

(ف) تلقین اس کو کہتے ہیں کہ مرتے وقت آدمی کے پاس بیٹھ کر کلمہ پڑھا جائے تاکہ اس کو سن کر وہ بھی پڑھنے لگے اس پر اس وقت جبر یا تقاضا نہیں کرنا چاہیے کہ وہ شدت تکلیف میں ہوتا ہے اخیر وقت میں کلمہ تلقین کرنے کا حکم اور بھی بہت سی احادیث صحیحہ میں وارد ہوا ہے متعدد حدیثوں میں یہ بھی ارشاد نبوی وارد ہوا ہے کہ جس شخص کو مرتے وقت لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ نصیب ہو جائے اس سے گناہ ایسے گر جاتے ہیں جیسے سیلاب کی وجہ سے تعمیر بعض احادیث میں یہ بھی آیا ہے کہ جس شخص کو مرتے وقت یہ مبارک کلمہ نصیب ہو جاتا ہے تو پچھلی خطائیں معاف ہو جاتی ہیں۔ ایک

مَا قَبْلَهَا مِنَ الْخَطَايَا وروی نبیہ ایضاً عن عمر و
عثمان وابن مسعود وانس وغیرہم اھ وفی الجامع
الصغیر لقنوا موتاکم۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رواہ احمد
ومسلم والاربعۃ عن ابی سعید ومسلم وابن ماجۃ
عن ابی ھریرۃ والنسائی عن عائشۃ ورقم لہ
بالصحۃ وفی الحصن اِذَا اَفْصَحَ الْوَلَدُ فَلْيُعَلِّمْهُ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وفی الحرز رواہ ابن السنی عن
عمرو بن العاص اھ قلت ولفظہ فی عمل الیوم
واللیلۃ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ وَجَدْتُّ فِيْ كِتَابِ
جَدِّي الَّذِيْ حَدَّثَهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَفْصَحَ اَوْلَادُكُمْ فَعَلِّمُوْهُمْ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ثُمَّ لَا تُبَالُوْا مَتٰى مَاتُوْا وَاِذَا
اَثْغَرُوْا فَمُرُوْهُمْ بِالصَّلٰوةِ وفی الجامع الصغیر
بروایۃ احمد وابی داؤد والحاکم عن معاذٍ مَنْ
كَانَ اٰخِرُ كَلَامِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ
ورقم لہ بالصحۃ وفی مجمع الزوائد عن علیؓ
رَفَعَهٗ مَنْ كَانَ اٰخِرُ كَلَامِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَمْ
يَدْخُلِ النَّارَ وفی غیر روایۃ مرفوعۃ مَنْ لُقِّنَ
عِنْدَ الْمَوْتِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ۔

حدیث میں آیا ہے کہ منافق کو اس کلمہ کی توفیق نہیں
ہوتی ایک حدیث میں آیا ہے اپنے مُردوں کو
لا الٰہ الا اللہ کا توشہ دیا کرو۔ ایک حدیث میں
آیا ہے کہ جو شخص کسی بچہ کی پرورش کرے یہاں تک کہ
وہ لا الٰہ الا اللہ کہنے لگے اُس سے حساب معاف
ہے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص نماز کی
پابندی کرتا ہے مرنے کے وقت ایک فرشتہ
اُس کے پاس آتا ہے جو شیطان کو دور کر دیتا
ہے اور مرنے والے کو لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ
تلقین کرتا ہے ایک بات کثرت سے تجربہ میں آئی
ہے کہ اکثر و بیشتر کا فائدہ جب ہی ہوتا ہے کہ
زندگی میں بھی اس پاک کلمہ کی کثرت رکھتا ہو
ایک شخص کا قصہ لکھا ہے کہ وہ بھُس فروخت
کیا کرتا تھا۔ جب اُس کے مرنے کا وقت آیا تو
لوگ اُس کو کلمہ طیبہ کی تلقین کرتے تھے اور وہ
کہتا تھا کہ یہ گٹھا اتنے کا ہے اور یہ اتنے کا ہے اسی
طرح اور بھی متعدد واقعات نزہۃ البساتین میں بھی
لکھے ہیں اور مشاہدہ میں بھی آتے ہیں۔
بسا اوقات کسی گناہ کا کرنا بھی اس کا سبب
بن جاتا ہے کہ مرتے وقت کلمہ طیبہ نصیب نہیں ہوتا۔ علماء نے لکھا ہے کہ افیون کھانے میں ستر نقصان
ہیں جن میں سے ایک یہ کہ مرتے وقت کلمہ یاد نہیں آتا۔ اس کے بالمقابل مسواک میں ستر فائدے ہیں
جن میں سے ایک یہ ہے کہ مرتے وقت کلمہ طیبہ یاد آتا ہے۔ ایک شخص کا قصہ لکھا ہے کہ مرتے وقت اس کو
کلمہ شہادت تلقین کیا گیا وہ کہنے لگا کہ اللہ سے دُعا کرو میری زبان سے نکلتا نہیں لوگوں نے پوچھا کیا
بات ہے اُس نے کہا میں تولنے میں بے احتیاطی کرتا تھا۔ ایک دوسرے شخص کا قصہ ہے کہ جب اُس کو تلقین
کی گئی تو کہنے لگا کہ مجھ سے کہا نہیں جاتا۔ لوگوں نے پوچھا کیا بات ہے اُس نے کہا کہ ایک عورت مجھ سے

تو لیے خریدنے آئی تھی مجھے وہ اچھی لگی. میں اس کو دیکھتا رہا اور بھی بہت سے واقعات اس نوع کے ہیں جن میں سے بعض تذکرۂ قرطبیہ میں بھی لکھے ہیں۔ بندہ کا کام ہے کہ گناہوں سے توبہ کرتا رہے اور اللہ تعالیٰ شانہ سے توفیق کی دعا کرتا رہے۔

(۳۹) عَنْ اُمِّ هَانِیٍّ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَا یَسْبِقُهَا عَمَلٌ وَّلَا تَتْرُكُ ذَنْبًا۔ رواہ ابن ماجۃ کذا فی منتخب کنز العمال قلت واخرجہ الحاکم فی حدیث طویل وصححہ ولفظہ قَوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَا یَتْرُكُ ذَنْبًا وَّلَا یُشْبِهُهَا عَمَلٌ اھ وتعقبہ علیہ الذہبی بان زکریا ضعیف وسقط بین محمد وام ہانی ذکرہ فی الجامع بروایۃ ابن ماجۃ ورقم لہ بالضعف۔

(۳۹) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ لا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ سے نہ تو کوئی عمل بڑھ سکتا ہے اور نہ یہ کلمہ کسی گناہ کو چھوڑ سکتا ہے۔

(ف) کسی عمل کا اس سے نہ بڑھ سکنا تو ظاہر ہے کہ کوئی بھی عمل ایسا نہیں ہے جو بغیر کلمہ طیبہ پڑھے کارآمد ہو سکتا ہو نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ غرض ہر عمل ایمان کا محتاج ہے۔ اگر ایمان ہے تو وہ اعمال بھی مقبول ہو سکتے ہیں ورنہ نہیں اور کلمہ طیبہ جو خود ایمان لاتا ہی ہے وہ کسی عمل کا بھی محتاج نہیں اسی وجہ سے اگر کوئی شخص فقط ایمان رکھتا ہو اور ایمان کے علاوہ کوئی عمل صالح نہ ہو تو بھی وہ کسی نہ کسی وقت انشاء اللہ جنت میں ضرور جائے گا اور جو شخص ایمان نہ رکھتا ہو خواہ وہ کتنے ہی پسندیدہ اعمال کرے نجات کے لیے کافی نہیں۔ دوسرا جزو کسی گناہ کو نہ چھوڑنا ہے اگر اس اعتبار سے دیکھا جائے کہ جو شخص آخری وقت میں مسلمان ہوا اور کلمہ طیبہ پڑھنے کے بعد فوراً ہی مر جائے تو ظاہر ہے کہ اس ایمان لانے سے کفر کی حالت میں جتنے گناہ کیے تھے وہ سب بالاجماع جاتے رہے۔ اور اگر پہلے سے پڑھنا مراد ہو تو حدیث شریف کا مطلب یہ ہے کہ یہ کلمہ دلوں کی صفائی اور صیقل ہونے کا ذریعہ ہے جب اس پاک کلمہ کی کثرت ہوگی تو دل کی صفائی کی وجہ سے توبہ کیے بغیر چین ہی نہ پڑے گا۔ اور آخر کار گناہوں کی معافی کا ذریعہ بن جائے گا۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ جس شخص کو سونے کے وقت اور جاگنے کے وقت لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کا اہتمام ہو اس کو دنیا بھی آخرت پر مستعد کرے گی اور مصیبت سے اس کی حفاظت کرے گی۔

(۴۰) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْاِیْمَانُ بِضْعٌ وَّسَبْعُوْنَ شُعْبَةً فَاَفْضَلُهَا قَوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَدْنَاهَا اِمَاطَةُ الْاَذٰی عَنِ الطَّرِیْقِ وَالْحَیَاءُ شُعْبَةٌ

(۴۰) حضورؐ کا ارشاد ہے کہ ایمان کی ستر سے زیادہ شاخیں ہیں (بعض روایات میں ستتر آئی ہیں) ان میں سب سے افضل لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ کا پڑھنا ہے اور سب سے کم درجہ راستہ سے کسی تکلیف دہ چیز (اینٹ لکڑی

مِّنَ الْاِیْمَانِ رواہ الستۃ وغیرھم بالفاظ مختلفۃ واختلاف یسیر فی العدد وغیرہ وھذا آخر ما اردت ایرادہ فی ھذا الفصل رعایۃ لعدد الاربعین واللہ الموفق لما یحب ویرضی۔

کانٹے وغیرہ) کا ہٹا دینا ہے اور حَیا بھی (ایک خصوصی) شعبہ ہے ایمان کا۔

(ف) حیا کو خصوصی اہتمام کی وجہ سے ذکر فرمایا کہ یہ بہت سے گناہوں زنا، چوری، فحش گوئی، ننگا ہونا گالی گلوچ وغیرہ سے بچنے کا سبب ہے اسی طرح رسوائی کے خیال سے بہت سے نیک کام کرنا ضروری ہوجاتے ہیں۔ بلکہ دنیا اور آخرت کی شرم سارے ہی نیک کاموں پر اُبھارتی ہے۔ نماز زکوٰۃ حج وغیرہ تو ظاہر ہیں اسی طرح سے اور بھی تمام احکام بجالانے کا سبب ہے، اسی وجہ سے مثل مشہور ہے "تو بے حیا باش و ہر چہ خواہی کُن" تو بے غیرت ہوجا پھر جو چاہے کر اس معنی میں صحیح حدیث بھی وارد ہے اِذَا لَمْ تَسْتَحِیْ فَاصْنَعْ مَاشِئْتَ جب تو حیادار نہ رہے تو پھر جو چاہے کر کہ ساری فکر غیرت اور شرم ہی کی ہے اور اگر حیا ہے تو یہ خیال بھی ضروری ہے کہ نماز نہ پڑھوں گا تو آخرت میں کیا منہ دکھلاؤں گا اور شرم نہیں ہے تو پھر یہ خیال ہوتا ہے کہ کوئی کہہ کر کیا کرے گا۔

(تنبیہ) اس حدیث شریف میں ایمان کی ستّر سے زیادہ شاخیں ارشاد فرمائی ہیں اس بارے میں روایات مختلف وارد ہوئی ہیں اور متعدد روایات میں ستّر کا عدد آیا ہے اسی لیے ترجمہ میں اس طرف اشارہ بھی کر دیا تھا۔ ان ستّر کی تفصیل میں علماء نے بہت سی مستقل تصانیف فرمائی ہیں۔ امام ابو حاتم بن حبانؒ فرماتے ہیں کہ میں اس حدیث کا مطلب ایک مدت تک سوچتا رہا۔ جب عبادتوں کو گنتا تو وہ ستّر سے بہت زیادہ ہوجاتیں احادیث کو تلاش کرتا اور حدیث شریف میں جن چیزوں کو خاص طور سے ایمان کی شاخوں کے ذیل میں ذکر کیا ہے اُن کو شمار کرتا تو وہ اس عدد سے کم ہوجاتیں میں قرآن پاک کی طرف متوجہ ہوا اور قرآن شریف میں جن چیزوں کو ایمان کے ذیل میں ذکر کیا اُن کو شمار کیا تو وہ بھی اس عدد سے کم تھیں تو میں نے قرآن شریف اور حدیث شریف دونوں کو جمع کیا اور دونوں میں جن چیزوں کو ایمان کا جزو قرار دیا اُن کو شمار کرکے جو چیزیں دونوں میں مشترک تھیں ان کو ایک ایک عدد شمار کرکے میزان دیکھی تو دونوں کا مجموعہ مکررات کو نکال کر اس عدد کے موافق ہوگیا تو میں سمجھا کہ حدیث شریف کا مفہوم یہی ہے۔ قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں کہ ایک جماعت نے ان شاخوں کی تفصیل بیان کرنے کا اہتمام کیا ہے اور اجتہاد سے ان تفصیلات کے مُراد ہونے کا حکم لگایا ہے حالانکہ اس مقدار کی خصوصی تفصیل نہ معلوم ہونے سے ایمان میں کوئی نقص پیدا نہیں ہوتا جبکہ ایمان کے اصول و فروع سارے بالتفصیل معلوم و محقق ہیں۔ خطابیؒ فرماتے ہیں کہ اس تعداد کی تفصیل اللہ کے اور اُس کے

رسول کے علم میں ہے اور شریعتِ مطہرہ میں موجود ہے تو اس تعداد کے ساتھ تفصیل کا معلوم نہ ہونا کچھ مضر نہیں۔

امام نووی رحؒ فرماتے ہیں کہ نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان شاخوں میں سب سے اعلیٰ توحید یعنی کلمہ لا الٰہ الا اللہ کو قرار دیا ہے جس سے معلوم ہو گیا کہ ایمان میں سب سے اوپر اس کا درجہ ہے۔ اس سے اوپر کوئی چیز ایمان کی شاخ نہیں ہے جس سے یہ بات معلوم ہو گئی کہ اصل توحید ہے، جو ہر مکلف پر ضروری ہے اور سب سے نیچے دفع کرنا ہے اس چیز کا جو کسی مسلمان کو نقصان پہنچانے کا احتمال رکھتی ہو باقی سب شاخیں ان کے درمیان ہیں جن کی تفصیل معلوم ہونا ضروری نہیں اِجمالاً ان پر ایمان لانا کافی ہے جیسا کہ سب فرشتوں پر ایمان لانا ضروری ہے لیکن ان کی تفصیل اور ان کے نام ہم نہیں جانتے لیکن ایک جماعت محدثین نے ان سب شاخوں کی تفصیل میں مختلف تصانیف فرمائی ہیں، چنانچہ ابو عبداللہ رحؒ حلیمی نے ایک کتاب اسی مضمون میں تصنیف فرمائی ہے جس کا نام فوائد المنہاج رکھا ہے اور امام بیہقی نے ایک کتاب تصنیف کی ہے جس کا نام ہی شعب الایمان رکھا ہے اسی طرح شیخ عبدالجلیل رحؒ نے بھی ایک کتاب لکھی ہے اُس کا نام بھی شعب الایمان رکھا ہے اور اسحاق رحؒ بن قرطبی نے کتاب النصائح اسی مضمون میں تصنیف فرمائی ہے اور امام ابو حاتم رحؒ نے اپنی کتاب کا نام وصف الایمان وشعبہ رکھا ہے۔ شراح رحؒ بخاری نے اس باب میں مختلف تصانیف سے تلخیص کرتے ہوئے ان کو مختصر طور پر جمع فرمایا ہے۔ جس کا حاصل یہ ہے کہ دراصل ایمان کامل تین چیزوں کے مجموعہ کا نام ہے اوّل تصدیقِ قلبی یعنی دِل سے جملہ امور کا یقین کرنا۔ دوسرے زبان کا اقرار وعمل تیسرے بدن کے اعمال یعنی ایمان کی جملہ شاخیں تین حصّوں پر منقسم ہیں اول وہ جن کا تعلق نیت و اعتقاد اور عمل قلبی سے ہے دوسرے وہ جن کا تعلق زبان سے ہے تیسرے وہ جن کا تعلق باقی حصّہ بدن سے ہے ایمان کی جملہ چیزیں ان تین میں داخل ہیں۔ ان میں سے **پہلی قسم**:- جو تمام عقائد کو شامل ہے اس کا خلاصہ بیس ۳۰ چیزیں ہیں۔ (۱) اللہ پر ایمان لانا جس میں اُس کی ذات اُس کی صفات پر ایمان لانا داخل ہے اور اس کا یقین بھی کہ وہ پاک ذات ایک ہے اور اُس کا کوئی شریک نہیں اور نہ اُس کا کوئی مثل ہے۔ (۲) اللہ کے ماسوا سب چیزیں بعد کی پیدا وار ہیں۔ ہمیشہ سے وہی ایک ذات ہے (۳) فرشتوں پر ایمان لانا (۴) اللہ کی اتاری ہوئی کتابوں پر ایمان لانا (۵) اللہ کے رسولوں پر ایمان لانا (۶) تقدیر پر ایمان لانا کہ بھلی ہو یا بُری سب اللہ کی طرف سے ہے۔

(۷) قیامت کے حق ہونے پر ایمان لانا جس میں قبر کا سوال، جواب قبر کا عذاب مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونا حساب ہونا اعمال کا تلنا اور پلصراط پر گذرنا سب ہی داخل ہے (۸) جنّت کا یقین ہونا

اور یہ کہ مومن انشاء اللہ ہمیشہ اُس میں رہیں گے (۹) جہنم کا یقین ہونا اور یہ کہ اس میں سخت سے سخت عذاب ہیں اور وہ بھی ہمیشہ ہمیشہ رہے گی (۱۰) اللہ تعالیٰ شانہٗ سے محبت رکھنا۔ (۱۱) اللہ کے واسطے دوسروں سے محبت رکھنا اور اللہ ہی کے واسطے بغض رکھنا یعنی اللہ والوں سے محبت رکھنا اور اس کی نافرمانی کرنے والوں سے بغض رکھنا اور اسی میں داخل ہے صحابہ کرامؓ بالخصوص مہاجرین اور انصار کی محبت اور آلِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت (۱۲) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت رکھنا جس میں آپ کی تعظیم بھی آگئی اور حضورؐ پر درود شریف پڑھنا بھی اور آپ کی سنتوں کا اتباع کرنا بھی داخل ہے (۱۳) اخلاص جس میں ریا نہ کرنا اور نفاق سے بچنا بھی داخل ہے۔ (۱۴) توبہ یعنی دل سے گناہوں پر ندامت اور آئندہ نہ کرنے کا عہد (۱۵) اللہ کا خوف (۱۶) اللہ کی رحمت کا امیدوار رہنا (۱۷) اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہونا (۱۸) شکر گذاری (۱۹) وفا (۲۰) صبر (۲۱) تواضع جس میں بڑوں کی تعظیم بھی داخل ہے (۲۲) شفقت و رحمت جس میں بچوں پر شفقت کرنا بھی داخل ہے (۲۳) مقدر پر راضی رہنا (۲۴) توکل (۲۵) خود بینی اور خود ستائی کا چھوڑنا جس میں اصلاحِ نفس بھی داخل ہے (۲۶) کینہ اور خلش نہ رکھنا جس میں حسد بھی داخل ہے (۲۷) عینی میں یہ نمبر رہ گیا ہے میرے خیال میں اس جگہ حیا کرنا ہے جو کاتب کی غلطی سے رہ گیا ہے (۲۸) غصہ نہ کرنا (۲۹) فریب نہ دینا جس میں بدگمانی نہ کرنا اور کسی کے ساتھ مکر نہ کرنا بھی داخل ہے (۳۰) دنیا کی محبت دل سے نکال دینا جس میں مال کی اور جاہ کی محبت بھی داخل ہے۔ علامہؒ عینی فرماتے ہیں کہ امورِ بالا میں دل کے تمام اعمال داخل ہیں، اگر کوئی چیز بظاہر خارج معلوم ہو تو وہ غور سے ان نمبروں میں سے کسی نہ کسی نمبر میں داخل ہوگی۔ **دوسری قسم** زبان کا عمل تھا اس کے سات شعبے ہیں۔ (۱) کلمہ طیبہ کا پڑھنا (۲) قرآن پاک کی تلاوت کرنا (۳) علم سیکھنا (۴) علم دوسروں کو سکھانا (۵) دعا کرنا (۶) اللہ کا ذکر جس میں استغفار بھی داخل ہے۔ (۷) لغو باتوں سے بچنا۔ **تیسری قسم** باقی بدن کے اعمال ہیں یہ کل چالیس ہیں جو تین حصوں پر منقسم ہیں۔

پہلا حصہ:۔ اپنی ذاتوں سے تعلق رکھتا ہے یہ سولہ شاخیں ہیں۔ (۱) پاکی حاصل کرنا جس میں بدن کی پاکی کپڑے کی پاکی مکان کی پاکی سب ہی داخل ہے اور بدن کی پاکی میں وضو بھی داخل ہے اور حیض و نفاس اور جنابت کا غسل بھی (۲) نماز کی پابندی کرنا اس کو قائم کرنا[ع] جس میں فرض نفل

ع نماز کا قائم کرنا اس کے آداب و شرائط کی رعایت کرتے ہوئے ادا کرنے کا نام ہے جیسا کہ فضائل نماز کے تیسرے باب میں مذکور ہے۔ ۱۲ فضائل نماز

اعداد کو کم کیا جا سکتا ہے اور اس لحاظ سے ستر والی روایت یا سترؔ ہزار والی روایت کے تحت میں بھی یہ تفصیل آسکتی ہے اس تفصیل میں بندہ نے علامہ عینیؒ کے کلام کو جو بخاری شریف کی شرح میں ہے اصل قرار دیا ہے کہ انہوں نے نمبر وار ان چیزوں کو ذکر فرمایا ہے اور حافظ ابن حجرؒ کی فتح الباری اور علامہ قاریؒ کی مرقات سے توضیح و اضافہ کیا ہے۔ علماء نے لکھا ہے کہ ایمان کے سارے شعبے مجملاً یہ ہیں جو مذکور ہوئے آدمی کو چاہیے کہ ان میں غور و فکر کرے جو اوصاف اُس میں ان میں سے پائے جاتے ہوں اُن پر اللہ جل شانہ کا شکر ادا کرے کہ اسی کی توفیق و لطف سے ہر بھلائی حاصل ہو سکتی ہے اور جن اوصاف میں کمی ہو اُن کے حاصل کرنے کی سعی کرے اور اللہ تعالیٰ سے اُن کے حصول کی توفیق مانگتا رہے۔ وَمَا تَوْفِيقِي إِلَّا بِاللهِ۔

باب سوم — کلمۂ سوم کے فضائل میں

یعنی سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَاللهُ أَكْبَرُ اور بعض روایات میں ان کلمات کے ساتھ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ بھی وارد ہوا ہے احادیث میں ان کلمات کی بہت زیادہ فضیلت آئی ہے یہ کلمات تسبیحاتِ فاطمہ کے نام سے بھی مشہور ہیں اس لیے کہ یہ کلمات حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی سب سے زیادہ لاڈلی صاحبزادی حضرت سیدہ فاطمہؓ کو بھی تعلیم فرمائے ہیں جیسا کہ آگے آرہا ہے اس باب میں بھی چونکہ کلام پاک کی آیات اور احادیث بکثرت وارد ہوئی ہیں اسلیے دو فصلوں پر اس کو منقسم کر دیا پہلی فصل آیات قرآنیہ میں دوسری احادیث نبویہ میں

فصل اوّل

ان آیات کے بیان میں جن میں سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَاللهُ أَكْبَرُ کا مضمون ذکر فرمایا گیا ہے۔ یہ قاعدہ کی بات ہے کہ جو چیز جتنی مہتم بالشان ہوتی ہے۔ اتنے ہی اہتمام سے ذکر کی جاتی ہے اور مختلف طریقہ سے ذہن نشین کی جاتی ہے۔ چنانچہ ان کلمات کا مفہوم بھی قرآن پاک میں مختلف طریقوں سے ذکر فرمایا گیا ہے ان میں سب سے پہلا کلمہ سبحان اللہ ہے۔ سُبْحَانَ اللهِ کے معنی ہیں اللہ جل شانہٗ ہر عیب اور برائی سے پاک ہے میں اس کی پاکی کا پورا پورا اقرار کرتا ہوں اس مضمون کو حکم سے بھی ذکر فرمایا ہے کہ اللہ کی پاکی بیان کرو خبر سے بھی ارشاد فرمایا ہے کہ فرشتے اور دوسری مخلوقات اللہ کی پاکی کا اقرار و بیان کرتی رہتی ہیں وغیرہ وغیرہ اسی طرح دوسرے الفاظ کا بھی یہی حال ہے کہ مختلف عنوانات سے کلام اللہ شریف میں ان مضامین کا ذکر فرمایا ہے۔

ادا قضا سب داخل ہے (۳) صدقہ جس میں زکوٰۃ صدقۂ فطر وغیرہ بھی داخل ہے اور بخشش کرنا لوگوں کو کھانا کھلانا مہمان کا اکرام کرنا اور غلاموں کو آزاد کرنا بھی داخل ہے (۴) روزہ فرض ہو یا نفل (۵) حج کرنا فرض ہو یا نفل اور اسی میں عمرہ بھی داخل ہے اور طواف بھی (۶) اعتکاف کرنا جس میں لیلۃ القدر کو تلاش کرنا بھی داخل ہے (۷) دین کی حفاظت کے لیے گھر چھوڑنا جس میں ہجرت بھی داخل ہے (۸) نذر کا پورا کرنا (۹) قسموں کی نگہداشت رکھنا (۱۰) کفاروں کا ادا کرنا (۱۱) ستر کا نماز میں اور نماز کے علاوہ ڈھانکنا (۱۲) قربانی کرنا اور قربانی کے جانوروں کی خبرگیری اور ان کا اہتمام کرنا (۱۳) جنازہ کا اہتمام کرنا اُس کے جملہ امور کا انتظام کرنا (۱۴) قرض کا ادا کرنا۔ (۱۵) معاملات کا درست کرنا سود سے بچنا (۱۶) سچی بات کی گواہی دینا حق کو نہ چھپانا۔

دوسرا حصّہ:- کسی دوسرے کے ساتھ کے برتاؤ کا ہے اُس کی چھ شاخیں ہیں۔ (۱) نکاح کے ذریعہ سے حرام کاری سے بچنا (۲) اہل وعیال کے حقوق کی رعایت کرنا اور ان کا ادا کرنا اس میں نوکروں اور خادموں کے حقوق بھی داخل ہیں (۳) والدین کے ساتھ سلوک کرنا نرمی برتنا فرمانبرداری کرنا (۴) اولاد کی اچھی تربیت کرنا (۵) صلہ رحمی کرنا (۶) بروں کی فرمانبرداری اور اطاعت کرنا۔

تیسرا حصّہ؛ حقوق عامّہ کا ہے جو اٹھارہ شعبوں پر منقسم ہے (۱) عدل کے ساتھ حکومت کرنا (۲) حقانی جماعت کا ساتھ دینا (۳) حکام کی اطاعت کرنا (بشرطیکہ خلافِ شرع حکم نہ ہو (۴) آپس کے معاملات کی اصلاح کرنا جس میں مفسدوں کو سزا دینا باغیوں سے جہاد کرنا بھی داخل ہے (۵) نیک کاموں میں دوسروں کی مدد کرنا (۶) نیک کاموں کا حکم کرنا اور بری باتوں سے روکنا جس میں تبلیغ و وعظ بھی داخل ہے (۷) حدود کا قائم کرنا (۸) جہاد کرنا جس میں مورچوں کی حفاظت بھی داخل ہے (۹) امانت کا ادا کرنا جس میں خُمس جو غنیمت کے مالوں میں ہوتا ہے وہ بھی داخل ہے۔ (۱۰) قرض کا دینا اور ادا کرنا (۱۱) پڑوسیوں کا حق ادا کرنا۔ اُن کا اکرام کرنا (۱۲) معاملہ اچھا کرنا جس میں جائز طریقہ سے مال کا جمع کرنا بھی داخل ہے (۱۳) مال کا اپنے محل (موقع) پر خرچ کرنا اسراف اور بخل سے بچنا بھی اس میں داخل ہے (۱۴) سلام کرنا اور سلام کا جواب دینا (۱۵) چھینکنے والے کو یرحمک اللہ کہنا (۱۶) دُنیا کو اپنے نقصان سے اپنی تکلیف سے بچانا (۱۷) لہو ولعب سے بچنا (۱۸) راستہ سے تکلیف دہ چیز کا دور کرنا۔ یہ سَتتّر شاخیں ہوئیں ان میں بعض کو ایک دوسرے میں منضم بھی کیا جا سکتا ہے۔ جیسا کہ اچھے معاملہ میں مال کا جمع کرنا اور خرچ کرنا دونوں داخل ہو سکتے ہیں اسی طرح سے غور سے اور بھی

(۱) وَ نَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَ نُقَدِّسُ لَكَ (س بقرہ ع ۴)

(۱) (فرشتوں کا مقولہ انسان کی پیدائش کے وقت) اور ہم بحمد اللہ آپ کی تسبیح کرتے رہتے ہیں اور آپ کی پاکی کا دل سے اقرار کرتے رہتے ہیں۔

(۲) قَالُوْا سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝ (س بقرہ ع ۴)

(۲) (ملائکہ کا جب بمقابلہ انسان امتحان ہوا تو) کہا آپ تو ہر عیب سے پاک ہیں ہم کو تو اس کے سوا کچھ بھی علم نہیں جتنا آپ نے بتا دیا ہے بے شک آپ بڑے علم والے ہیں بڑی حکمت والے ہیں۔

(۳) وَاذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِيْرًا وَّ سَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَ الْاِبْكَارِ۔ (س آل عمران ع ۴)

(۳) اور اپنے رب کو بکثرت یاد کیجیو اور اُس کی تسبیح کیجیو دن ڈھلے بھی اور صبح کے وقت بھی۔

(۴) رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحَانَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ (س آل عمران ع ۲۰)

(۴) (سمجھ دار لوگ جو اللہ کے ذکر میں ہر وقت مشغول رہتے ہیں اور قدرت کے کارناموں میں غور و فکر کرتے رہتے ہیں) یہ کہتے ہیں اے ہمارے رب آپ نے یہ سب بے فائدہ پیدا نہیں کیا ہے (بلکہ بڑی حکمتیں اس میں ہیں) آپ کی ذات ہر عیب سے پاک ہے ہم آپ کی تسبیح کرتے ہیں آپ ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچا دیجیے۔

(۵) سُبْحَانَهٗ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ (س نساء ع ۲۳)

(۵) وہ ذات اس سے پاک ہے کہ اسکے اولاد ہو۔

(۶) قَالَ سُبْحَانَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ بِحَقٍّ ۝ (س مائدہ ع ۱۶)

(۶) قیامت میں جب حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا و علیہ السلام سے سوال ہوگا کہ اپنی امت کو تثلیث کی تعلیم کیا تم نے دی تھی تو) وہ کہیں گے (توبہ توبہ) میں تو آپ کو (شرک سے اور ہر عیب سے) پاک سمجھتا ہوں میں ایسی بات کیسے کہتا جس کے کہنے کا مجھ کو کوئی حق نہ تھا۔

(۷) سُبْحَانَهٗ وَ تَعَالٰى عَمَّا يَصِفُوْنَ (س انعام رکوع ۱۲)

(۷) اللہ جل جلالہٗ (ان سب باتوں سے) پاک ہے جن کو (یہ کافر لوگ) اللہ کی شان میں کہتے ہیں (کہ اس کے اولاد ہے یا شریک ہے وغیرہ وغیرہ)

(۸) فَلَمَّا اَفَاقَ قَالَ سُبْحَانَكَ تُبْتُ اِلَيْكَ وَ اَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ (س اعراف ع ۱۷)

(۸) (جب طور پر حق تعالیٰ شانہٗ کی ایک تجلی سے حضرت موسیٰ علیٰ نبینا و علیہ السلام بیہوش ہو کر گر گئے تھے) پھر جب افاقہ ہوا تو عرض کیا کہ بے شک آپ کی ذات (ان آنکھوں کے دیکھنے سے اور

ہر عیب سے) پاک ہے میں (دیدار کی درخواست سے) توبہ کرتا ہوں اور سب سے پہلے ایمان لانے والا ہوں۔

(۹) اِنَّ الَّذِیْنَ عِنْدَ رَبِّکَ لَا یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِہٖ وَ یُسَبِّحُوْنَہٗ وَلَہٗ یَسْجُدُوْنَ (س اعراف ع ۲۴)	(۹) بے شک جو اللہ کے مقرب ہیں (یعنی فرشتے) وہ اس کی عبادت سے تکبر نہیں کرتے اور اس کی تسبیح کرتے رہتے ہیں اور اسی کو سجدہ کرتے رہتے ہیں۔

(ف) صوفیا نے لکھا ہے کہ آیت میں تکبر کی نفی کو مقدم کرنے میں اس طرف اشارہ ہے کہ تکبر کا ازالہ عبادات پر اہتمام کا ذریعہ ہے اور تکبر سے عبادات میں کوتاہی واقع ہوتی ہے۔

(۱۰) سُبْحٰنَہٗ عَمَّا یُشْرِکُوْنَ۔ (س توبہ ع ۵)	(۱۰) اس کی ذات پاک ہے ان چیزوں سے جن کو وہ (کافر اس کا) شریک بناتے ہیں۔
(۱۱) دَعْوٰھُمْ فِیْھَا سُبْحٰنَکَ اللّٰھُمَّ وَتَحِیَّتُھُمْ فِیْھَا سَلٰمٌ ج وَاٰخِرُ دَعْوٰھُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ (سورہ یونس ع ۱)	(۱۱) ان جنتیوں کے) منہ سے یہ بات نکلے گی۔ سُبْحٰنَکَ اللّٰھُمَّ اور آپس کا ان کا سلام ہوگا اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ اور (جب دنیا کی دقتوں کو یاد

کریں گے اور خیال کریں گے کہ اب ہمیشہ کے لیے ان سے خلاصی ہوگئی تو آخر میں کہیں گے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

(۱۲) سُبْحٰنَہٗ وَتَعٰلٰی عَمَّا یُشْرِکُوْنَ۔ (س یونس ع ۲)	(۱۲) وہ ذات پاک اور برتر ہے ان چیزوں سے جن کو وہ کافر شریک بناتے ہیں۔
(۱۳) قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰہُ وَلَدًا سُبْحٰنَہٗ ھُوَ الْغَنِیُّ۔ (س یونس ع ۷)	(۱۳) وہ لوگ کہتے ہیں کہ اللہ جل شانہ کے اولاد ہے اللہ تعالیٰ اس سے پاک ہے وہ کسی کا محتاج نہیں۔
(۱۴) وَسُبْحٰنَ اللّٰہِ وَمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ (س یوسف ع ۱۲)	(۱۴) اور اللہ جل شانہ (ہر عیب سے) پاک ہے اور میں مشرکین میں سے نہیں ہوں۔
(۱۵) وَیُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِہٖ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ مِنْ خِیْفَتِہٖ۔ (س رعد ع ۲)	(۱۵) اور رعد (فرشتہ) اس کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتا ہے اور دوسرے فرشتے بھی اس کے

ڈر سے (تسبیح، تحمید کرتے ہیں۔ (ف) علما نے لکھا ہے کہ جو شخص بجلی کے کڑکنے کے وقت سُبْحَانَ الَّذِیْ یُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِہٖ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ مِنْ خِیْفَتِہٖ پڑھے گا اس کو بجلی کے نقصان سے حفاظت حاصل ہوگی ایک حدیث میں بھی آیا ہے کہ جب بجلی کی گرج سنا کرو تو اللہ کا ذکر کیا کرو بجلی ذکر کرنے والے تک نہیں جاسکتی دوسری حدیث میں وارد ہے کہ بجلی کی کڑک کے وقت تسبیح کیا کرو تکبیر نہ کہا کرو۔

(۱۶) وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ (سورہ حجر ع ۶)

(۱۶) اور ہم کو معلوم ہے کہ یہ لوگ (جو نامناسب کلمات آپ کی شان میں) کہتے ہیں ان سے آپ کو دل تنگی ہوتی ہے پس (اس کی پرواہ نہ کیجیے) آپ اپنے رب کی تسبیح و تحمید کرتے رہیں اور سجدہ کرنے والوں (یعنی نمازیوں) میں شامل رہیں اور اپنے رب کی عبادت کرتے رہیں یہاں تک آپ کی وفات کا وقت آوے۔

(۱۷) سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ (سورہ نحل ع ۱)

(۱۷) وہ ذات لوگوں کے شرک سے پاک اور بالا تر ہے۔

(۱۸) وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ۔ (س نحل رکوع ۷)

(۱۸) اور وہ اللہ کے لیے بیٹیاں تجویز کرتے ہیں وہ ذات اس سے پاک ہے اور تماشا یہ ہے کہ) اپنے لیے ایسی چیز تجویز کرتے ہیں جس کو خود پسند کرتے ہیں۔

(۱۹) سُبْحٰنَ الَّذِيْۤ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا (س۔ بنی اسرائیل ع ۱)

(۱۹) (ہر عیب سے) پاک ہے وہ ذات جو اپنے بندے (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کو رات کے وقت مسجد حرام (یعنی مسجد کعبہ) سے مسجد اقصیٰ تک لے گئی (معراج کا قصہ)

(۲۰) سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا (سورہ بنی اسرائیل ع۵)

(۲۱) تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ (س۔ بنی اسرائیل ع ۵)

(۲۲) وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ (س بنی اسرائیل ع۵)

(۲۰ تا ۲۲) یہ لوگ جو کچھ کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ شانہٗ اس سے پاک اور بہت زیادہ بلند مرتبہ ہیں تمام ساتوں آسمان اور زمین اور جتنے (آدمی فرشتے اور جن) ان کے درمیان میں ہیں سب کے سب اس کی تسبیح کرتے ہیں (اور یہی نہیں بلکہ) کوئی چیز بھی (جاندار ہو یا بے جان) ایسی نہیں جو اس کی تعریف کے ساتھ تسبیح نہ کرتی ہو لیکن تم لوگ ان کی تسبیح کو سمجھتے نہیں ہو۔

(۲۳) قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا۔ (س بنی اسرائیل ع ۱۰)

(۲۳) (آپ ان لغو مطالبوں کے جواب میں جو وہ کرتے ہیں) کہہ دیجیے کہ سبحان اللہ میں تو ایک آدمی ہوں رسول ہوں (خدا نہیں ہوں کہ جو چاہے کروں)

(۲۴) وَيَقُولُونَ سُبْحَانَ رَبِّنَا إِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُولًا (س بنی اسرائیل ع ۱۲)

(۲۴) (ان علما پر جب قرآن شریف پڑھا جاتا ہے تو وہ ٹھوڑیوں کے بل سجدہ میں گر جاتے ہیں) اور کہتے ہیں کہ ہمارا رب پاک ہے بے شک اُس کا وعدہ ضرور پورا ہونے والا ہے۔

(۲۵) فَخَرَجَ عَلَىٰ قَوْمِهِ مِنَ الْمِحْرَابِ فَأَوْحَىٰ إِلَيْهِمْ أَنْ سَبِّحُوا بُكْرَةً وَعَشِيًّا (س مریم ع ۱)

(۲۵) پس (حضرت زکریا علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام) حجرہ میں سے باہر تشریف لائے اور اپنی قوم کو اشارہ سے فرمایا کہ تم لوگ صبح اور شام خدا کی تسبیح کیا کرو۔

(۲۶) مَا كَانَ لِلَّهِ أَنْ يَتَّخِذَ مِنْ وَلَدٍ سُبْحَانَهُ (سورہ مریم ع ۲)

(۲۶) اللہ جل شانہٗ کی یہ شان (ہی) نہیں کہ وہ اولاد اختیار کرے وہ ان سب نقصوں سے پاک ہے

(۲۷) وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوبِهَا وَمِنْ آنَاءِ اللَّيْلِ فَسَبِّحْ وَأَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضَىٰ (س۔ طٰہٰ۔ ع ۸)

(۲۷) (محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ اُن لوگوں کی نامناسب باتوں پر صبر کیجیے) اور اپنے رب کی حمد (وثنا) کے ساتھ تسبیح کرتے رہا کیجیے آفتاب نکلنے سے پہلے اور غروب سے پہلے اور رات کے اوقات میں تسبیح کیا کیجیے اور دن کے اوّل وآخر میں تاکہ آپ (اُس ثواب اور بے انتہا بدلے پر جو اُن کے مقابلہ میں ملنے والا ہے بعید) خوش ہو جائیں۔

(۲۸) يُسَبِّحُونَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُونَ (س۔ انبیاء ع ۲)

(۲۸) (اللہ کے مقبول بندے اس کی عبادت سے تھکتے نہیں) شب وروز اللہ کی تسبیح کرتے رہتے ہیں کسی وقت بھی موقوف نہیں کرتے۔

(۲۹) فَسُبْحَانَ اللَّهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُونَ (س۔ انبیاء۔ ع ۲)

(۲۹) اللہ تعالیٰ جو کہ مالک ہے عرش کا ان سب امور سے پاک ہے جو یہ لوگ بیان کرتے ہیں (کہ نعوذ باللہ اس کے شریک ہیں یا اس کے اولاد ہے)

(۳۰) وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمَٰنُ وَلَدًا سُبْحَانَهُ (سورہ انبیاء۔ رکوع ۲)

(۳۰) یہ (کافر لوگ یہ کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) رحمٰن نے (یعنی اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو) اولاد بنایا ہے اُس کی ذات اس سے پاک ہے۔

(۳۱) وَسَخَّرْنَا مَعَ دَاوُودَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ (س۔ انبیاء ع ۶)

(۳۱) ہم نے پہاڑوں کو داؤد (علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام) کے تابع کر دیا تھا کہ اُنکی تسبیح کے ساتھ

وہ بھی تسبیح کیا کریں اور اسی طرح پرندوں کو تابع کر دیا تھا کہ وہ بھی (حضرت داؤد علیہ السلام کی تسبیح کے ساتھ تسبیح کیا کریں)

(۳۲) لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ (سورہ انبیاء رکوع ۶)

(۳۲) (حضرت یونس علیہ السلام نے تاریکیوں میں پکار کر) کہ آپ کے سوا کوئی معبود نہیں آپ سب عیوب سے پاک ہیں میں بے شک قصوروار ہوں۔

(۳۳) سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا یَصِفُوْنَ۔ (س مومنون ۔ ع ۵)

(۳۳) اللہ تعالیٰ ان سب اُمور سے پاک ہے جو یہ بیان کرتے ہیں۔

(۳۴) سُبْحَانَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِیْمٌ (سورہ نور ع ۲)

(۳۴) سبحان اللہ یہ (لوگ جو کچھ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی شان میں تہمت لگاتے ہیں) بہت بڑا بہتان ہے۔

(۳۵) یُسَبِّحُ لَهٗ فِیْهَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ رِجَالٌ لَّا تُلْهِیْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَیْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِیْتَآءِ الزَّكٰوةِ یَخَافُوْنَ یَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِیْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ (س نور ع ۵)

(۳۵) اُن (مسجدوں) میں ایسے لوگ صبح شام اللہ کی تسبیح کرتے ہیں جن کو اللہ کی یاد سے اور نماز پڑھنے سے اور زکوٰۃ دینے سے نہ خرید تا غفلت میں ڈالتا ہے نہ فروخت کرنا وہ ایسے دن (کے عذاب) سے ڈرتے ہیں جس میں بہت سے دل اور بہت سی آنکھیں الٹ جائیں گی۔ (یعنی قیامت کے دن سے)

(۳۶) اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ یُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالطَّیْرُ صٰٓفّٰتٍ ؕ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِیْحَهٗ ؕ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌۢ بِمَا یَفْعَلُوْنَ۔ (س نور ع ۶)

(۳۶) (اے مخاطب) کیا تجھے (دلائل اور مشاہدہ سے) یہ معلوم نہیں ہوا کہ اللہ جل شانہٗ کی تسبیح کرتے ہیں وہ سب جو آسمانوں اور زمین میں ہیں اور (خصوصاً) پرندے بھی جو پر پھیلائے ہوئے (اڑتے پھرتے) ہیں سب کو اپنی اپنی دعا (نماز) اور اپنی اپنی تسبیح (کا طریقہ) معلوم ہے اور اللہ جل شانہٗ کو سب کا حال اور جو کچھ لوگ کرتے ہیں وہ سب معلوم ہے۔

(۳۷) قَالُوْا سُبْحَانَكَ مَا كَانَ یَنْۢبَغِیْ لَنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ مِنْ اَوْلِیَآءَ وَلٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰی نَسُوا الذِّكْرَ وَكَانُوْا قَوْمًا

(۳۷) (قیامت کے روز جب اللہ تعالیٰ ان کافروں کو اور جن کو یہ پوجتے تھے سب کو جمع کرکے ان معبودوں سے پوچھے گا کیا تم نے ان کو

بُوْرًا　(سورہ فرقان ع ۲) گمراہ کیا تھا تو) وہ کہیں گے سبحان اللہ ہماری کیا طاقت تھی کہ آپ کے سوا اور کسی کو کارساز تجویز کرتے بلکہ یہ (احمق خود ہی بجائے شکر کے کفر میں مبتلا ہوگئے) کہ آپ نے ان کو اور ان کے بڑوں کو خوب ثروت عطا فرمائی یہاں تک کہ یہ لوگ (دولت کے نشہ میں شہوتوں میں مبتلا ہوئے اور) آپ کی یاد کو بھلا دیا اور خود ہی برباد ہوگئے۔

(۳۸) وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَسَبِّحْ بِحَمْدِهٖ ؕ وَكَفٰى بِهٖ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًا۔　(س فرقان ع ۵)

(۳۸) اور اُس ذات پاک پر توکل رکھیے جو زندہ ہے اور کبھی اس کو فنا نہیں اور اسی کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرتے رہیے (یعنی تسبیح و تحمید میں مشغول رہیے کسی کی مخالفت کی پرواہ نہ کیجیے) کیونکہ وہ پاک ذات اپنے بندوں کے گناہوں سے کافی خبردار ہے (قیامت میں ہر شخص کی مخالفت کا بدلہ دیا جائے گا۔)

(۳۹) وَسُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔　(س نمل ع ۱)

(۳۹) اللہ رب العالمین ہر قسم کی کدورت سے پاک ہے۔

(۴۰) سُبْحَانَ اللّٰهِ وَتَعَالٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ۔　(س قصص ع)

(۴۰) اللہ جل جلالہٗ ان سب چیزوں سے پاک ہے جن کو یہ مشرک بیان کرتے ہیں اور ان سے بالاتر ہے۔

(۴۱) فَسُبْحَانَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ۔　(س روم ع ۲)

(۴۱) پس تم اللہ کی تسبیح کیا کرو شام کے وقت (یعنی رات میں) اور صبح کے وقت اور اسی کی حمد (کی جاتی) ہے تمام آسمانوں میں اور زمین میں اور اُسی کی (تسبیح و تحمید کیا کرو) شام کے وقت بھی (یعنی عصر کے وقت بھی) اور ظہر کے وقت بھی۔

(۴۲) سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ۔　(س روم ع ۴)

(۴۲) اللہ جل شانہٗ کی ذات پاک اور بالاتر ہے ان چیزوں سے جن کو یہ لوگ اس کی طرف (منسوب کرکے) بیان کرتے ہیں۔

(۴۳) اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ۔　(س سجدہ ع ۲)

(۴۳) پس ہماری آیتوں پر تو وہ لوگ ایمان لاتے ہیں کہ جب اُن کو وہ آیتیں یاد دلائی جاتی ہیں تو وہ سجدے میں گر پڑتے ہیں اور اپنے رب کی تسبیح و تحمید کرنے لگتے ہیں اور وہ لوگ تکبر نہیں کرتے۔

(۴۴) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ۙ وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۔ (س۔ احزاب ع ۶)

(۴۴) اے ایمان والو اللہ تعالیٰ کا ذکر خوب کثرت سے کرو اور صبح شام اس کی تسبیح کرتے رہو۔

(۴۵) قَالُوْا سُبْحٰنَكَ اَنْتَ وَلِيُّنَا مِنْ دُوْنِهِمْ (س۔ سبا ع ۵)

(۴۵) (جب قیامت میں ساری مخلوق کو جمع کرکے حق تعالیٰ شانہٗ فرشتوں سے پوچھیں گے کیا یہ لوگ تمہاری پرستش کرتے تھے؟ تو وہ کہیں گے آپ (شرک وغیرہ عیوب سے) پاک ہیں۔ ہمارا تو محض آپ سے تعلق ہے نہ کہ ان سے۔

(۴۶) سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا (س۔ یٰس ع ۳)

(۴۶) وہ ذات پاک ہے جس نے تمام جوڑکی (یعنی یک دوسرے کے مقابل) چیزیں پیدا کیں۔

(۴۷) فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۔ (س یٰس ع ۵)

(۴۷) پس پاک ہے وہ ذات جس کے قبضہ میں ہر چیز کا پورا پورا اختیار ہے اور اسی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

(۴۸) فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ۙ لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ۔ (س۔ صافات ع ۵)

(۴۸) پس اگر (یونس علیہ السلام) تسبیح کرنے والوں میں نہ ہوتے تو قیامت تک اسی (مچھلی) کے پیٹ میں رہتے۔

(۴۹) سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۔ (س۔ صافات ع ۵)

(۴۹) اللہ کی ذات پاک ہے ان چیزوں سے جن کو یہ لوگ بیان کرتے ہیں۔

(۵۰) وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ (س صافات ع ۵)

(۵۰) (فرشتے کہتے ہیں کہ ہم سب ادب سے صف بستہ کھڑے رہتے ہیں) اور سب اس کی تسبیح کرتے رہتے ہیں۔

(۵۱) سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۚ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۚ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (س۔ صافات ع ۵)

(۵۱) آپ کا رب جو عزت (وعظمت) والا ہے پاک ہے ان چیزوں سے جن کو یہ بیان کرتے ہیں اور سلام ہو پیغمبروں پر اور تمام تعریف اللہ ہی کے واسطے ثابت ہے جو تمام عالم کا پروردگار ہے۔

(۵۲) اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ ۙ وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً ۭ كُلٌّ لَّهٗٓ اَوَّابٌ (س۔ ص۔ ع ۲)

(۵۲) ہم نے پہاڑوں کو حکم کر رکھا تھا کہ ان کی (حضرت داؤد علیہ السلام کی) ساتھ شریک ہو کر صبح شام تسبیح کیا کریں اسی طرح پرندوں کو بھی حکم کر رکھا تھا (جو کہ تسبیح کے وقت) ان کے پاس جمع ہو جاتے تھے اور سب (پہاڑ اور

پرندے مل کر حضرت داؤد علیہ السلام کی ساتھ) اللہ کی طرف رجوع کرنے والے (اور تسبیح و تحمید میں مشغول ہونے والے) ہوتے تھے۔

(۵۳) سُبْحٰنَهٗ هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ (س۔ زمر۔ ع ۱)

(۵۳) وہ عیوب سے پاک ہے ایسا اللہ ہے جو اکیلا ہے (کوئی اس کا شریک نہیں) زبردست ہے۔

(۵۴) سُبْحٰنَهٗ وَتَعَالٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ (س زمر ع ۷)

(۵۴) وہ ذات پاک اور برتر ہے اس چیز سے جس کو یہ لوگ شریک کرتے ہیں۔

(۵۵) وَتَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (س زمر ع ۸)

(۵۵) آپ (قیامت میں) فرشتوں کو دیکھیں گے کہ عرش کے چاروں طرف حلقہ باندھے کھڑے ہونگے اور اپنے رب کی تسبیح و تحمید میں مشغول ہوں گے اور (اس دن) تمام بندوں کا ٹھیک ٹھیک فیصلہ کردیا جائے گا اور (ہر طرف سے) کہا جائے گا الحمد للہ رب العالمین (تمام تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جو تمام عالم کا پروردگار ہے)۔

(۵۶) اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهٗ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ۔ (س مومن ع ۱)

(۵۶) جو فرشتے عرش کو اٹھائے ہوئے ہیں اور جو فرشتے اُس کے چاروں طرف ہیں وہ اپنے رب کی تسبیح کرتے رہتے ہیں اور حمد کرتے رہتے ہیں اور اس پر ایمان رکھتے ہیں اور ایمان والوں کے لیے استغفار کرتے ہیں (اور کہتے ہیں) کہ اے ہمارے پروردگار آپ کی رحمت اور علم ہر شئے کو شامل ہے پس ان لوگوں کو بخش دیجیے جنہوں نے توبہ کرلی ہے اور آپ کے راستہ پر چلتے ہیں اور ان کو جہنم کے عذاب سے بچائیے۔

(۵۷) وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ (س۔ مومن ع ۶)

(۵۷) صبح اور شام (ہمیشہ) اپنے رب کی تسبیح و تحمید کرتے رہیے۔

(۵۸) فَالَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ يُسَبِّحُوْنَ لَهٗ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ لَا يَسْئَمُوْنَ۔ (س حم سجدہ ع ۵)

(۵۸) جو آپ کے رب کے نزدیک ہیں (یعنی مُقرب ہیں مراد فرشتے ہیں) وہ رات دن اس کی تسبیح کرتے رہتے ہیں ذرا بھی نہیں اکتاتے۔

(۵۹) وَالْمَلٰئِكَةُ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ فِي الْاَرْضِ۔ (س شوریٰ ع ۱)

(۵۹) اور فرشتے اپنے رب کی تسبیح و تحمید کرتے رہتے ہیں اور ان لوگوں کے لیے جو زمین میں رہتے ہیں اُن کے لیے اِستغفار کرتے رہتے ہیں۔

(۶۰) وَتَقُوْلُوْا سُبْحَانَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ وَاِنَّا اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ۔ (س۔ زخرف ع ۱)

(۶۰) (اور تم سواریوں پر بیٹھ جانے کے بعد اپنے رب کی یاد کرو) اور کہو پاک ہے وہ ذات جس نے ان سواریوں کو ہمارے تابع کیا اور ہم تو ایسے نہ تھے کہ ان کو تابع کر سکتے اور بے شک ہم کو اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

(۶۱) سُبْحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ۔ (س زخرف ع ۷)

(۶۱) آسمانوں اور زمین کا پروردگار جو مالک ہے عرش کا بھی پاک ہے اُن چیزوں سے جن کو یہ بیان کرتے ہیں۔

(۶۲) وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا۔ (س۔ فتح ع ۱)

(۶۲) اور تسبیح کرتے رہو اس کی صبح کے وقت اور شام کے وقت۔

(۶۳) فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ وَمِنَ اللَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ۔ (س ق ع ۳)

(۶۳) پس ان لوگوں کی (نامناسب باتوں پر) جو کچھ وہ کہیں صبر کیجیے اور اپنے رب کی تسبیح و تحمید کرتے رہیے آفتاب نکلنے سے پہلے اور آفتاب کے غروب کے بعد اور رات میں بھی اس کی تسبیح و تحمید کیجیے اور (فرض) نمازوں کے بعد بھی تسبیح و تحمید کیجیے۔

(۶۴) سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ۔ (س۔ طور ع ۲)

(۶۴) اللہ کی ذات پاک ہے ان چیزوں سے جن کو وہ شریک کرتے ہیں۔

(۶۵) وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِيْنَ تَقُوْمُ وَمِنَ اللَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ۔ (س طور ع ۲)

(۶۵) اور اپنے رب کی تسبیح و تحمید کیا کیجیے۔ (مجلس سے یا سونے سے) اُٹھنے کے بعد (یعنی تہجد کے وقت) اور رات کے وقت بھی اس کی تسبیح کیا کیجیے اور ستاروں کے (غروب ہونے کے بعد) بھی)

(۶۶ و ۶۷) فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ۔ (سورہ واقعہ ع ۱ دو جگہ)

(۶۶ و ۶۷) پس اپنے اُس بڑی عظمت والے رب کے نام کی تسبیح کیجیے۔

(۶۸) سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

(۶۸) اللہ جل شانہٗ کی تسبیح کرتے ہیں وہ سب

وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ۔ (س۔ حدید ع ۱) | کچھ جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں ہیں اور وہ زبردست ہے اور حکمت والا ہے۔

(۶۹) سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (س۔ حشر ع ۱) | (۶۹) اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتی ہیں وہ سب چیزیں جو آسمانوں میں ہیں اور وہ سب چیزیں جو زمین میں ہیں وہ زبردست ہے اور حکمت والا ہے۔

(۷۰) سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ۔ (س حشر ع ۳) | (۷۰) اللہ تعالیٰ کی ذات پاک ہے اس چیز سے جس کو یہ شریک کرتے ہیں۔

(۷۱) يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ۔ (س حشر ع ۳) | (۷۱) اللہ تعالیٰ شانہٗ کی تسبیح کرتی رہتی ہیں وہ سب چیزیں جو آسمانوں اور زمین میں ہیں وہ زبردست ہے اور حکمت والا ہے۔

(۷۲) سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ۔ (س صف ع ۱) | (۷۲) اللہ جلّ شانہٗ کی تسبیح کرتی ہیں وہ سب چیزیں جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں ہیں وہ زبردست ہے اور حکمت والا۔

(۷۳) يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ۔ (س جمعہ ع ۱) | (۷۳) اللہ جلّ شانہٗ کی تسبیح کرتی ہیں وہ سب چیزیں جو آسمانوں میں ہیں اور جو چیزیں زمین میں ہیں وہ بادشاہ ہے (سب عیبوں سے) پاک ہے زبردست ہے حکمت والا ہے۔

(۷۴) يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (س تغابن ع ۱) | (۷۴) اللہ جلّ شانہٗ کی تسبیح کرتی ہیں وہ سب چیزیں جو آسمانوں میں ہیں اور جو کچھ زمین میں ہے اس کے لیے ساری سلطنت ہے اور وہی تعریف کے قابل ہے اور وہ ہر شے پر قادر ہے۔

(۷۵و۷۶) قَالَ اَوْسَطُهُمْ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ لَوْلَا تُسَبِّحُوْنَ قَالُوْا سُبْحَانَ رَبِّنَا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ۔ (س قلم ع ۱) | (۷۵و۷۶) ان میں سے جو افضل تھا وہ کہنے لگا کہ میں نے تم سے (پہلے ہی) کہا نہ تھا اللہ کی تسبیح کیوں نہیں کرتے وہ لوگ کہنے لگے سُبْحَانَ رَبِّنَا (ہمارا رب پاک ہے) بے شک ہم خطاوار ہیں۔

(۷۷) فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ صلے (س الحاقہ ع ۲) | (۷۷) پس اپنے عظمت والے پروردگار کے نام

445

کی تسبیح کرتے رہیے۔

(۷۸) وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَّ اَصِيْلًا وَمِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيْلًا (س۔ دہر ع ۲)	(۷۸) اپنے پروردگار کا صبح و شام نام لیا کیجیے اور رات کو بھی اُس کے لیے سجدہ کیجیے اور رات کے بڑے حصے میں اس کی تسبیح کیا کیجیے۔
(۷۹) سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى۔ (س۔ اعلیٰ ع ۱)	(۷۹) آپ اپنے عالی شان پروردگار کے نام کی تسبیح کیجیے۔
(۸۰) فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا۔ (س۔ نصر ع ۱)	(۸۰) پس آپ اپنے رب کی تسبیح و تحمید کرتے رہیے اور اُس سے مغفرت طلب کرتے رہیے۔ بیشک وہ بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے۔

(ف) یہ اسی آیات ہیں جن میں اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ وعَمَّ نَوَالُہٗ کی تسبیح کا حکم ہے اُس کی پاکی بیان کرنے اور اقرار کرنے کا حکم ہے یا اس کی ترغیب ہے جس مضمون کو اللہ مالکُ الملک نے اس اہتمام سے اپنے پاک کلام میں بار بار فرمایا ہو اُس کے مہتم بالشان ہونے میں کیا تردد ہو سکتا ہے ان میں سے بہت سی آیات میں تسبیح کی ساتھ دوسرے کلمۂ تحمید یعنی اللہ کی تعریف کرنا اس کی حمد بیان کرنا اور اسی میں الحمد للہ کہنا بھی ذکر کیا گیا ہے جیسا کہ اُوپر کی آیات سے معلوم ہو گیا ان کے علاوہ خاص طور پہ اللہ کی تعریف کا بیان جو مفہوم ہے الحمد للہ کا اور آیات میں بھی آیا ہے اور سب سے اہم یہ کہ اللہ جَلَّ شَانُہٗ کی پاک کلام کا شروع ہی الحمد للہ ربّ العٰلمین سے ہے اس سے بڑھ کر اس پاک کلمہ کی اور کیا فضیلت ہوگی کہ اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ نے قرآن پاک کا شروع اس سے فرمایا ہے۔

(۱) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔ (س فاتحہ ع ۱)	(۱) سب تعریفیں اللہ کو لائق ہیں جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔
(۲) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ۔ (س انعام ع ۱)	(۲) تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جس نے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا فرمایا اور اندھیروں کو اور نور کو بنایا پھر بھی کافر لوگ (دوسروں کو) اپنے رب کے برابر کرتے ہیں۔
(۳) فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔ (س انعام ع ۵)	(۳) پھر (ہماری گرفت سے) ظالم لوگوں کی جڑ کٹ گئی اور تمام تعریف اللہ ہی کے لیے ہے

اُس کا شکر ہے) جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔

(۴) وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ ھَدٰنَا لِھٰذَا وَمَا کُنَّا لِنَھْتَدِیَ لَوْلَآ اَنْ ھَدٰنَا اللّٰہُ۔ (س اعراف ع ۵)

(۴) اور (جنت میں پہنچنے کے بعد) وہ لوگ کہنے لگے تمام تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جس نے ہم کو اس مقام تک پہنچا دیا اور ہم کبھی بھی یہاں تک نہ پہونچتے اگر اللہ جل شانہ ہم کو نہ پہنچاتے۔

(۵) اَلَّذِیْنَ یَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِیَّ الْاُمِّیَّ الَّذِیْ یَجِدُوْنَہٗ مَکْتُوْبًا عِنْدَھُمْ فِی التَّوْرٰۃِ وَالْاِنْجِیْلِ۔ (س اعراف ع ۱۹)

(۵) جو لوگ ایسے رسول نبی اُمّی کا اتباع کرتے ہیں جن کو وہ لوگ اپنے پاس تورات اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں۔

(ف) توریت میں جو صفات حضورؐ کی نقل کی گئی ہیں اُن میں یہ بھی ذکر کیا گیا ہے کہ ان کی اُمّت بہت کثرت سے اللہ کی حمد کرنے والی ہے۔ چنانچہ دُرِّ منثور میں کئی روایات سے یہ مضمون نقل کیا گیا ہے۔

(۶) اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ السّٰٓئِحُوْنَ الرّٰکِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاھُوْنَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰہِ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ۔ (س توبہ ع ۱۴)

(۶) (ان مجاہدین کے اوصاف جن کے نفوس کو اللہ جل شانہٗ نے جنت کے بدلہ میں خرید لیا ہے یہ ہیں کہ) وہ گناہوں سے توبہ کرنے والے ہیں اللہ کی عبادت کرنے والے ہیں اللہ کی حمد کرنے والے ہیں روزہ رکھنے والے ہیں (یا اللہ کی رضا کے لیے سفر کرنے والے ہیں) رکوع اور سجدہ کرنے والے ہیں (یعنی نمازی ہیں) نیک باتوں کا حکم کرنے والے ہیں اور بُری باتوں سے روکنے والے ہیں (تبلیغ کرنے والے ہیں) اور اللہ کی حدود کی (یعنی احکام کی) حفاظت کرنے والے ہیں (ایسے) مؤمنوں کو آپ خوشخبری سنا دیجیے۔

(۷) وَاٰخِرُ دَعْوٰھُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ (س۔ یونس ع ۱)

(۷) اور آخری پکار اُن کی یہی ہے الحمد للہ ربّ العٰلمین (تمام تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔

(۸) اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ وَھَبَ لِیْ عَلَی الْکِبَرِ اِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ۔ (س ابراہیم ع ۶)

(۸) تمام تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جس نے بڑھاپے میں مجھ کو (دو بیٹے) اسمٰعیل و اسحٰق (علیٰ نبینا و علیہما الصلوٰۃ والسلام) عطا فرمائے۔

(۹) اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ بَلْ اَکْثَرُھُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ۔ (س نحل ع ۱۰)

(۹) تمام تعریف اللہ ہی کے لیے ہے (پھر بھی وہ

لوگ اس طرف متوجہ نہیں ہوتے) بلکہ اکثر ان میں سے ناسمجھ ہیں۔

(۱۰) يَوْمَ يَدْعُوكُمْ فَتَسْتَجِيبُونَ بِحَمْدِهٖ وَ تَظُنُّونَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا (س بنی اسرائیل ع ۵)

(۱۰) جس دن (صور پھنکے گا اور تم کو زندہ کرکے پکارا جائے گا تو تم مجبوراً اس کی حمد (وثنا) کرتے ہوئے حکم کی تعمیل کروگے اور (ان حالات کو دیکھ کر) گمان کروگے (کہ ہم دنیا میں اور قبر میں) بہت ہی کم مدت ٹھیرے تھے۔

(۱۱) وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا۔ (س بنی اسرائیل ع ۱۳)

(۱۱) اور آپ (علی الاعلان) کہہ دیجیے کہ تمام تعریف اسی اللہ کے لیے ہے جو نہ اولاد رکھتا ہے اور نہ اس کا کوئی سلطنت میں شریک ہے اور نہ کمزوری کی وجہ سے اس کا کوئی مددگار ہے اور اس کی خوب تکبیر (بڑائی بیان) کیا کیجیے۔

(۱۲) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا۔ (س کہف ع ۱)

(۱۲) تمام تعریف اس اللہ کے لیے ہے جس نے اپنے بندہ (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) پر کتاب نازل فرمائی اور اس کتاب میں کسی قسم کی ذرا سی بھی ٹیڑھ نہیں رکھی

(۱۳) فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ نَجّٰىنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ۔ (س مومنون ع ۲)

(۱۳) (حضرت نوح علیہ السلام کو خطاب ہے کہ جب تم کشتی میں بیٹھ جاؤ) تو کہنا کہ تمام تعریف اس اللہ کے لیے ہے جس نے ہمیں ظالموں سے نجات دی۔

(۱۴) وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ فَضَّلَنَا عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ (س۔ نمل ع ۲)

(۱۴) اور (حضرت سلیمانؑ اور حضرت داؤدؑ نے کہا تمام تعریف اس اللہ کے لیے ہے جس نے ہم کو اپنے بہت سے ایمان والے بندوں پر فضیلت دی۔

(۱۵) قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى۔ (س نمل ع ۵)

(۱۵) آپ (خطبہ کے طور پر) کہیے تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں اور اس کے ان بندوں پر سلام ہو جن کو اس نے منتخب فرمایا۔

(۱۶) وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ سَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ فَتَعْرِفُوْنَهَا۔ (س نمل ع ۷)

(۱۶) اور آپ کہہ دیجیے کہ سب تعریفیں اللہ ہی کے واسطے ہیں وہ عنقریب تم کو اپنی نشانیاں

دکھا دے گا پس تم اُن کو پہچان لوگے۔

(۱۷) لَهُ الْحَمْدُ فِي الْأُولٰى وَالْآخِرَةِ وَلَهُ الْحُكْمُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ۔ (س قصص ع ۷)	(۱۷) حمد و ثنا کے لائق دُنیا اور آخرت میں وہی ہے اور حکومت بھی اسی کے لیے ہے اور اسی کی طرف لوٹائے جاؤگے۔
(۱۸) قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ (س عنکبوت ع ۶)	(۱۸) آپ کہیے تمام تعریف اللہ ہی کے واسطے ہے (یہ لوگ مانتے نہیں) بلکہ اکثر ان میں سمجھتے بھی نہیں
(۱۹) وَمَنْ كَفَرَ فَإِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ۔ (س لقمٰن ع ۲)	(۱۹) اور جو شخص کفر کرے (ناشکری کرے) تو اللہ تعالیٰ تو بے نیاز ہے تمام خوبیوں والا ہے۔
(۲۰) قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ (س لقمٰن ع ۳)	(۲۰) آپ کہہ دیجیے تمام تعریف اللہ کے لیے ہے (یہ لوگ مانتے نہیں) بلکہ اکثر ان میں کے جاہل ہیں۔
(۲۱) إِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ۔ (س لقمٰن ع ۲)	(۲۱) بے شک اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے تمام خوبیوں والا ہے۔
(۲۲) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَهُ مَا فِي السَّمٰوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي الْآخِرَةِ۔ (س سبا ع ۱)	(۲۲) تمام تعریف اسی اللہ کے لیے ہے جس کی مِلک ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اُسی کی حمد و (ثنا) ہوگی آخرت میں (کسی دوسرے کی پوچھ نہیں)
(۲۳) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاطِرِ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ (س فاطر ع ۱)	(۲۳) تمام تعریف اللہ کے لیے ہے جو آسمانوں کا پیدا کرنے والا ہے اور زمین کا۔
(۲۴) يٰۤأَيُّهَا النَّاسُ أَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ إِلَى اللّٰهِ وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ (س فاطر ع ۳)	(۲۴) اے لوگو تم محتاج ہو اللہ کے اور وہ بے نیاز ہے اور تمام خوبیوں والا ہے۔
(۲۵) وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ إِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرُنِ الَّذِيْ أَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهٖ لَا يَمَسُّنَا فِيْهَا نَصَبٌ وَّلَا يَمَسُّنَا فِيْهَا لُغُوْبٌ۔ (س فاطر ع ۴)	(۲۵) (جب مسلمان جنّت میں داخل ہوں گے تو ریشمی لباس پہنائے جائیں گے) اور کہیں گے تمام تعریف اس اللہ کے لیے ہے جس نے ہم سے (ہمیشہ کے لیے) رنج دور کر دیا بے شک ہمارا رب بڑا بخشنے والا بڑا قدر کرنے والا ہے جس نے

ہم کو اپنے فضل سے ہمیشہ کے رہنے کے مقام میں پہنچا دیا نہ ہم کو کوئی کلفت پہنچے گی اور نہ ہم کو کوئی خستگی پہنچے گی۔

(۲۶) وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِينَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔ (س صافات ع ۵)

(۲۶) اور سلام ہو رسولوں پر اور تمام تعریف اللہ ہی کے واسطے ہے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔

(۲۷) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ (س۔ زمر۔ ع ۳)

(۲۷) تمام تعریف اللہ کے واسطے ہے (مگر یہ لوگ سمجھتے نہیں) بلکہ اکثر جاہل ہیں۔

(۲۸) وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَآءُ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعَامِلِيْنَ۔ (س۔ زمر ع ۸)

(۲۸) اور (جب مسلمان جنت میں داخل ہونگے تو) کہیں گے کہ تمام تعریف اُس اللہ کے واسطے ہے جس نے ہم سے اپنا وعدہ سچا کیا اور ہم کو اس زمین کا مالک بنا دیا کہ ہم جنت میں جہاں چاہے مقام کریں نیک عمل کرنے والوں کا کیا ہی اچھا بدلہ ہے۔

(۲۹) فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔ (س۔ جاثیہ ع ۴)

(۲۹) پس اللہ ہی کے لیے تمام تعریف ہے جو پروردگار ہے آسمانوں اور زمین کا اور تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔

(۳۰) وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (س بروج ع ۱)

(۳۰) (ایک کافر بادشاہ کے مسلمانوں کو ستانے اور تکلیفیں دینے کا اوپر سے ذکر ہے) اور ان کافروں نے ان مسلمانوں میں اور کوئی عیب نہیں پایا تھا بجز اس کے کہ وہ خدا پر ایمان لے آئے تھے جو زبردست ہے اور تعریف کا مستحق ہے اُسی کے لیے سلطنت ہے آسمانوں کی اور زمین کی۔

(ف) ان آیات میں اللہ کی حمد اور اس کی تعریف کی ترغیب اس کا حکم اس کی خبر ہے احادیث میں بھی کثرت سے اللہ کی تعریف کرنے والوں کے فضائل خاص طور پر ذکر کیے گئے ہیں۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ جنت کی طرف سب سے پہلے وہ لوگ بلائے جائیں گے جو ہر حال میں راحت ہو یا تکلیف اللہ کی تعریف کرنے والے ہوں۔ ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ اللہ جل شانہٗ کو اپنی تعریف بہت پسند ہے اور ہونا بھی چاہیے کہ درحقیقت تعریف کی مستحق صرف اللہ ہی کی پاک ذات ہے۔ غیر اللہ کی تعریف کیا جس کے قبضہ میں کچھ بھی نہیں حتیٰ کہ وہ خود بھی اپنے قبضہ میں نہیں ایک حدیث

میں آیا ہے کہ قیامت کے دن افضل بندے وہ ہوں گے جو کثرت سے اللہ کی حمد وثنا کرتے ہوں۔ ایک حدیث میں وارد ہے کہ حمد شکر کی اصل اور بنیاد ہے جس نے اللہ کی حمد نہیں کی اس نے اللہ کا شکر بھی ادا نہیں کیا۔ ایک حدیث میں آیا ہے کسی نعمت پر حمد کرنا اُس نعمت کے زائل ہو جانے سے حفاظت ہے۔ ایک حدیث میں ہے کہ اگر دنیا ساری کی ساری میری امت میں سے کسی کے ہاتھ میں ہو اور وہ الحمد للہ کہے تو یہ کہنا اُس سب سے افضل ہے ایک حدیث میں آیا ہے کہ جب حق تعالیٰ شانہٗ کوئی نعمت کسی بندہ کو عطا فرماتے ہیں اور وہ اُس نعمت پر حمد کرتا ہے تو وہ حمد بڑھ جاتی ہے خواہ نعمت کتنی ہی بڑی ہو۔ ایک صحابی رضؓ حضورؐ کے پاس بیٹھے تھے انہوں نے آہستہ سے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کَثِیْرًا طَیِّبًا مُّبَارَکًا فِیْہِ کہا حضورؐ نے دریافت فرمایا کہ یہ دعا کس نے پڑھی وہ صحابی رضؓ اس سے ڈرے کہ شاید کوئی نامناسب بات ہوگئی ہو حضورؐ نے فرمایا کہ کچھ مضائقہ نہیں ہے اُس نے بری بات نہیں کہی تب اُن صحابی رضؓ نے عرض کیا کہ یہ دعا میں نے پڑھی تھی۔ حضورؐ نے فرمایا کہ میں نے تیرہ[۱۳] فرشتوں کو دیکھا ہے کہ ہر ایک ان میں سے اس کی کوشش کرتا تھا کہ اس کلمہ کو سب سے پہلے وہ لے جائے اور یہ حدیث تو مشہور ہے کہ جو مُہتم بالشان کام بغیر اللہ کی تعریف کے شروع کیا جائے گا وہ بے برکت ہوگا اسی وجہ سے عام طور پر ہر کتاب اللہ کی تعریف کے ساتھ شروع کی جاتی ہے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ جب کسی کا بچہ مرجاتا ہے تو حق تعالیٰ شانہٗ فرشتوں سے فرماتے ہیں کہ میرے بندے کے بچہ کی روح نکال لی وہ عرض کرتے ہیں کہ نکال لی۔ پھر ارشاد ہوتا ہے کہ اُس کے دل کے ٹکڑے کو لے لیا۔ وہ عرض کرتے ہیں بے شک لے لیا۔ ارشاد ہوتا ہے کہ پھر میرے بندے نے اس پر کیا کہا۔ عرض کرتے ہیں تیری حمد کی اور اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن پڑھا۔ ارشاد ہوتا ہے کہ اچھا اس کے بدلے میں جنت میں ایک گھر اس کے لیے بنادو اور اس کا نام بیت الحمد (تعریف کا گھر) رکھو۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ اس سے بے حد راضی ہوتے ہیں۔ کہ بندہ کوئی لقمہ کھائے یا پانی کا گھونٹ پیئے اور اس پر الحمد للہ کہے۔

تیسرا کلمہ تہلیل تھا یعنی لا الٰہ الا اللہ کہنا جس کا مفصل بیان اس سے پہلے باب میں گذر چکا ہے چوتھا کلمہ تکبیر کہلاتا ہے، یعنی اللہ کی بڑائی بیان کرنا اس کی بلندی اور عظمت کا اقرار کرنا جس کا مصداق اللہ اکبر کہنا بھی ہے وہ ان آیات میں بھی گذر چکا ہے ان کے علاوہ صرف تکبیر کا یعنی اللہ کی عظمت اور بڑائی کا بیان بھی بہت سی آیات میں وارد ہوا ہے جن میں سے چند آیات ذکر کی جاتی ہیں۔

(۱) وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ (س بقرہ ع ۲۲)

(۱) اور تاکہ تم اللہ کی بڑائی بیان کرو اس بات پر کہ تم کو ہدایت فرمائی اور تاکہ تم شکر کرو اللہ کا

(۲) عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالُ (س رعد ع ۲)

(۲) وہ تمام پوشیدہ اور ظاہر چیزوں کا جاننے والا ہے (سب سے) بڑا ہے اور عالیشان رتبہ والا ہے

(۳) كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ (س حج ع ۵)

(۳) اسی طرح اللہ جل شانہ نے (قربانی کے جانوروں کو) تمہارے لیے مسخر کردیا تاکہ تم اللہ کی بڑائی بیان کرو۔ اس بات پر کہ اس نے تم کو ہدایت کی (اور قربانی کرنے کی توفیق دی) اور (محمدؐ) اخلاص والوں کو (اللہ کی رضا کی) خوشخبری سنا دیجیے۔

(۴ و ۵) وَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ (س حج ع ۸) (س لقمٰن ع ۳)

(۴ و ۵) اور بے شک اللہ جل شانہ ہی عالیشان اور بڑائی والا ہے۔

(۶) حَتّٰى اِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ قَالُوا الْحَقَّ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ (س سبا ع ۳)

(۶) (جب فرشتوں کو اللہ کی طرف سے کوئی حکم ہوتا ہے تو وہ خوف کے مارے گھبرا جاتے ہیں) یہاں تک کہ جب ان کے دلوں سے گھبراہٹ دُور ہوجاتی ہے تو ایک دوسرے سے پوچھتے ہیں کہ پروردگار کا کیا حکم ہے وہ کہتے ہیں (کہ فلانی) حق بات کا حکم ہوا واقعی وہ عالی شان اور بڑے مرتبہ والا ہے۔

(۷) فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيْرِ (س مومن ع ۲)

(۷) پس حکم اللہ ہی کے لیے ہے جو عالی شان ہے بڑے رتبے والا ہے۔

(۸) وَلَهُ الْكِبْرِيَاءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (س جاثیہ ع ۴)

(۸) اور اسی (پاک ذات) کے لیے بڑائی ہے آسمانوں میں اور زمین میں اور وہی زبردست حکمت والا ہے۔

(۹) هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ (س حشر ع ۳)

(۹) وہ ایسا معبود ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ بادشاہ ہے (سب عیبوں سے) پاک ہے (سب نقصانات سے) سالم ہے امن دینے والا ہے نگہبانی کرنے والا ہے (یعنی آفتوں سے بچانے والا ہے) زبردست ہے خرابی کا درست کرنے والا ہے بڑائی والا ہے۔ (ف) ان آیات میں اللہ جل شانہ کی بڑائی اور عظمت کی ترغیب

اور اس کا حکم فرمایا گیا ہے۔ احادیث میں بھی خصوصیت کے ساتھ اللہ کی بڑائی کا حکم اس کی ترغیب کثرت سے وارد ہوئی ہے ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ جب یہ دیکھو کہ کہیں آگ لگ گئی تو تکبیر (یعنی اللہ اکبر کثرت سے) پڑھا کرو یہ اُس کو بجھا دے گی دوسری حدیث میں ہے کہ تکبیر (یعنی اللہ اکبر کہنا) آگ کو بجھا دیتا ہے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ جب بندہ تکبیر کہتا ہے تو (اُس کا نور) زمین سے آسمان تک سب چیزوں کو ڈھانک لیتا ہے۔ ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ مجھے حضرت جبرئیلؑ نے تکبیر کا حکم کیا۔ ان آیات و احادیث کے علاوہ اللہ تعالیٰ کی عظمت و رفعت اس کی حمد و ثنا اور علو شان کو مختلف عنوانات سے کلام اللہ شریف میں بہت سے مختلف الفاظ سے ذکر فرمایا ہے۔ ان کے علاوہ بہت سی آیات ایسی ہیں جن میں ان تسبیحات کے الفاظ ذکر نہیں فرمائے لیکن مراد یہ تسبیحات ہیں۔ چنانچہ چند آیات حسب ذیل ہیں۔

(۱) فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ (س بقرہ ع ۴)

(۱) پس حاصل کر لیے حضرت آدم علیہ السلام نے اپنے رب سے چند کلمے (ان کے ذریعہ سے توبہ کی) پس اللہ تعالیٰ نے رحمت کی ساتھ ان پر توجہ فرمائی۔ بے شک وہی ہے بڑی توبہ قبول کرنے والا بڑا مہربان۔ (ف) ان کلمات کی تفسیر میں مختلف احادیث وارد ہوئی ہیں۔ منجملہ اُن کے یہ ہے کہ وہ کلمات یہ تھے۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ رَبِّ عَمِلْتُ سُوْٓءًا وَظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْلِيْ اِنَّكَ اَنْتَ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ رَبِّ عَمِلْتُ سُوْٓءًا وَظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَارْحَمْنِيْ اِنَّكَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ رَبِّ عَمِلْتُ سُوْٓءًا وَظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ۔ اس قسم کے مضمون کی اور بھی متعدد احادیث وارد ہوئی ہیں۔ جن کو علامہ سیوطیؒ نے درمنثور میں لکھا ہے۔ اور ان میں تسبیح و تحمید مذکور ہے۔

(۲) مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ (س انعام ع ۲۰)

(۲) جو شخص ایک نیکی لے کر آوے گا اُس کو دس گنا اجر ملے گا اور جو شخص برائی لے کر آوے گا اس کو اس کے برابر ہی سزا ملے گی اور ان پر ظلم نہ ہوگا۔

(ف) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ دو خصلتیں ایسی ہیں کہ جو مسلمان ان کا اہتمام کرے جنت میں داخل ہو اور وہ دونوں بہت معمولی چیز۔ بس ہیں مگر ان پر عمل کرنے والے بہت کم ہیں ایک یہ کہ سبحان اللہ الحمد للہ اللہ اکبر ہر نماز کے بعد دس دس مرتبہ پڑھ لیا کرے تو روزانہ ایک سو پچاس

مرتبہ (پانچوں نمازوں کے بعد کا مجموعہ) ہو جائے گا اور دس گنا ہو جانے کی وجہ سے پندرہ سو نیکیاں حساب میں شمار کی جائیں گی اور دوسری چیز یہ کہ سوتے وقت اللہ اکبر چونتیس ۳۴ مرتبہ الحمد للہ تینتیس ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ تینتیس ۳۳ مرتبہ پڑھ لیا کرے تو سو کلمے ہو گئے جن کا ثواب ایک ہزار نیکیاں ہو گئیں۔ اب ان کی اور دن بھر کی نمازوں کے بعد کی میزان کل دو ہزار پانچ سو نیکیاں ہو گئیں۔ بھلا اعمال تولنے کے وقت ڈھائی ہزار بُرائیاں روزانہ کی کس کی ہوں گی جو ان پر غالب آجائیں۔ بندۂ ناچیز کہتا ہے صحابۂ کرام میں اگرچہ ایسا کوئی نہ ہوگا جس کی ڈھائی ہزار برائیاں روزانہ ہوں گی مگر اس زمانہ میں ہم لوگوں کی بداعمالیاں روزانہ کی اس سے بھی بدرجہازائد ہیں لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (روحی فداہ) نے اپنی شفقت سے برائیوں پر نیکیوں کے غالب آجانے کا نسخہ ارشاد فرما دیا عمل کرنا نہ کرنا بیمار کا کام ہے ایک حدیث میں آیا ہے کہ صحابہؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ یہ کیا بات ہے کہ یہ دونوں چیزیں ایسی سہل اور ان کو کرنے والے بہت کم ہیں حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ سونے کا وقت ہوتا ہے تو شیطان ان کے پڑھنے سے پہلے ہی سُلا دیتا ہے اور نماز کا وقت ہوتا ہے تو وہ کوئی ایسی بات یاد دلاتا ہے کہ پڑھنے سے پہلے ہی اٹھ کر چلا جاوے۔ ایک حدیث میں حضورؐ نے ارشاد فرمایا کیا تم اس سے عاجز ہو کہ ہزار نیکیاں روزانہ کما لیا کرو کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ ہزار نیکیاں روزانہ کس طرح کمائیں ارشاد فرمایا کہ سبحان اللہ سو مرتبہ پڑھو ہزار نیکیاں ہو جائیں گی۔

(۳) اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِیْنَةُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَالْبٰقِیٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَیْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَیْرٌ اَمَلًا ○ (س۔ کہف ع ۶)

(۳) مال اور اولاد دنیاوی زندگی کی ایک رونق (فقط) ہے اور باقیات صالحات (وہ نیک اعمال جو ہمیشہ رہنے والے ہیں) وہ تمہارے رب کے نزدیک ثواب کے اعتبار سے بھی (بدرجہا) بہتر ہیں اور اُمید کے اعتبار سے بھی بہتر ہیں (کہ ان کی ساتھ امیدیں قائم کی جائیں۔ بخلاف مال و اولاد کے کہ ان سے امیدیں قائم کرنا بے کار ہے)

(۴) وَیَزِیْدُ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اهْتَدَوْا هُدًی ؕ وَالْبٰقِیٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَیْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَیْرٌ مَّرَدًّا۔ (س۔ مریم ع ۵)

(۴) اور اللہ تعالیٰ ہدایت والوں کی ہدایت بڑھاتا ہے اور باقیات صالحات تمہارے رب کی نزدیک ثواب کے اعتبار سے بھی بہتر ہیں اور انجام کے اعتبار سے بھی۔

(ف) اگرچہ باقیات صالحات (وہ نیک عمل جو ہمیشہ رہنے والے ہیں) میں سارے ہی ایسے اعمال داخل ہیں جن کا ثواب ہمیشہ ملتا رہتا ہے لیکن بہت سی احادیث میں یہ بھی آیا ہے کہ اس کا مصداق

یہی تسبیحیں ہیں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ باقیات صالحات کو کثرت سے پڑھا کرو کسی نے دریافت کیا کہ وہ کیا چیز۔ بس ہیں حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ تکبیر (اللہ اکبر کہنا) تہلیل (لا الٰہ الا اللہ کہنا) تسبیح (سبحان اللہ کہنا) تحمید۔ (الحمد للہ کہنا) اور لاحول ولا قوۃ الا باللہ دوسری حدیث میں آیا ہے حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ دیکھو خبردار ہو سُبْحَانَ اللّٰہِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اللّٰہُ اَکْبَر باقیات صالحات میں ہیں۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ دیکھو اپنی حفاظت کا انتظام کر لو کسی نے پوچھا یا رسول اللہ کسی دشمن کے حملہ سے جو درپیش ہے حضورؐ نے فرمایا نہیں بلکہ جہنم کی آگ سے حفاظت کا انتظام کرو اور وہ سبحان اللہ الحمد للہ لا الٰہ الا اللہ اللہ اکبر کا پڑھنا ہے کہ یہ قیامت کے دن آگے بڑھنے والے کلمے ہیں (کہ سفارش کریں یا آگے بڑھانے والے ہیں کہ پڑھنے والے کو جنت کی طرف بڑھاتے ہیں) اور پیچھے رہنے والے ہیں (کہ حفاظت کریں) احسان کرنے والے ہیں اور یہی باقیات صالحات ہیں اور بھی بہت سی روایات میں یہ مضمون وارد ہوا ہے جن کو علامہ سیوطیؒ نے دُرِّ منثور میں ذکر فرمایا ہے۔

(۵) اللہ ہی کے واسطے ہیں کنجیاں آسمانوں کی اور زمین کی۔	(۵) لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الآیۃ (س زمر ع ۶) (س شوریٰ ع ۲)

(ف) حضرت عثمانؓ سے نقل کیا گیا ہے کہ میں نے حضورؐ سے مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یعنی آسمانوں اور زمین کی کنجیوں کے بارے میں دریافت کیا تو حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ سُبْحَانَ اللّٰهِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ يُحْيِیْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَیٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ دوسری حدیث میں ہے کہ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ سُبْحَانَ اللّٰهِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اللّٰهُ اَكْبَرُ ہیں اور یہ عرش کے خزانہ سے نازل ہوئی اور بھی روایات میں یہ مضمون وارد ہوا ہے۔

(۶) اُسی کی طرف اچھے کلمے پہنچتے ہیں اور نیک عمل اُن کو پہنچاتا ہے۔	(۶) اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ (س فاطر ع ۲)

(ف) کلمہ طیبہ کے بیان میں بھی اس آیت کا ذکر گذر چکا ہے۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ جب تمہیں ہم کوئی حدیث سناتے ہیں تو قرآن شریف سے اس کی سند اور تائید بتا دیتے ہیں مسلمان جب سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ اور اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اللّٰهُ اَكْبَرُ تَبَارَكَ اللّٰهُ پڑھتا ہے تو فرشتہ اپنے پروں میں نہایت احتیاط سے ان کلموں کو آسمان پر لے جاتا ہے اور جس

آسمان پر گذرتا ہے اُس آسمان کے فرشتے اُس پڑھنے والے کے لیے مغفرت کی دعا کرتے ہیں اور اس کی تائید یہ آیت شریفہ اِلَیْہِ یَصْعَدُ الْکَلِمُ الطَّیِّبُ ہے۔ حضرت کعب احبار فرماتے ہیں کہ سُبْحَانَ اللہِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ اَللہُ اَکْبَرُ کے لیے عرش کے گرداگرد ایک بھنبھناہٹ ہے جس میں اپنے پڑھنے والوں کا تذکرہ کرتے رہتے ہیں۔ بعض روایات میں حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے حضور سے یہ مضمون نقل کیا ہے اور ایک دوسرے صحابی رضی اللہ عنہ حضرت نعمان رضی اللہ عنہ نے بھی اس قسم کا مضمون خود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ہی سے نقل کیا ہے۔

فصل دوم

اُن احادیث کے بیان میں جن میں ان کلمات کی فضیلت اور ترغیب ذکر فرمائی گئی ہے۔

(۱) عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَلِمَتَانِ خَفِیْفَتَانِ عَلَی اللِّسَانِ ثَقِیْلَتَانِ فِی الْمِیْزَانِ حَبِیْبَتَانِ اِلَی الرَّحْمٰنِ سُبْحَانَ اللہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللہِ الْعَظِیْمِ۔ رواہ البخاری ومسلم والترمذی والنسائی وابن ماجۃ کذا فی الترغیب

(۱) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ دو کلمے ایسے ہیں کہ زبان پر بہت ہلکے اور ترازو میں بہت وزنی اور اللہ کے نزدیک بہت محبوب ہیں۔ وہ سبحان اللہ وبحمدہ اور سبحان اللہ العظیم ہیں۔

(ف) زبان پر ہلکے کا مطلب یہ ہے کہ پڑھنے میں نہ وقت خرچ ہو کہ بہت مختصر ہیں نہ یاد کرنے میں کوئی دقت یا دیر لگے اور اس کے باوجود جب اعمال کے تولنے کا وقت آئے گا تو ترازو میں ان کلموں کی کثرت کی وجہ سے بہت زیادہ وزن ہو جائے گا۔ اور اگر کوئی فائدہ نہ ہوتا تو بھی اس سے بڑھ کر کیا چیز تھی کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ دو کلمے سب سے زیادہ محبوب ہیں امام بخاریؒ نے اپنی کتاب صحیح بخاری کو ان ہی دو کلموں پر ختم فرمایا اور یہی حدیث کتاب کے ختم پر ذکر فرمائی ہے۔ ایک حدیث میں ارشاد نبوی ہے کہ کوئی شخص تم میں سے اس بات کو نہ چھوڑے کہ ہزار نیکیاں روزانہ کر لیا کرے۔ سُبْحَانَ اللہِ وَبِحَمْدِہٖ سو مرتبہ پڑھ لیا کرے ہزار نیکیاں ہو جائیں گی۔ اتنے گناہ تو انشاء اللہ روزانہ کے ہوں گے بھی نہیں۔ اور اس تسبیح کے علاوہ جتنے نیک کام کیے ہوں گے ان کا ثواب علیحدہ نفع میں رہا۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص صبح و شام ایک ایک تسبیح سُبْحَانَ اللہِ وَبِحَمْدِہٖ کی پڑھے اس کے گناہ معاف ہو جائیں گے۔ خواہ سمندر کے جھاگوں سے بھی زیادہ ہوں ایک حدیث میں آیا ہے کہ سُبْحَانَ اللہِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ اَللہُ اَکْبَرُ سے گناہ ایسے جھڑتے ہیں جیسے

(سردی میں) درخت سے پتے جھڑتے ہیں۔

(۲) عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلَا اُخْبِرُکَ بِاَحَبِّ الْکَلَامِ اِلَی اللّٰہِ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَخْبِرْنِیْ بِاَحَبِّ الْکَلَامِ اِلَی اللّٰہِ فَقَالَ اِنَّ اَحَبَّ الْکَلَامِ اِلَی اللّٰہِ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ رواہ مسلم والنسائی والترمذی الا انہ قال سُبْحَانَ رَبِّیْ وَبِحَمْدِہٖ وقال حسن صحیح وعزاہ السیوطی فی الجامع الصغیر الی مسلم واحمد والترمذی ورقم لہ بالصحۃ وفی روایۃ لمسلم اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سُئِلَ اَیُّ الْکَلَامِ اَفْضَلُ قَالَ مَا اصْطَفَی اللّٰہُ لِمَلٰٓئِکَتِہٖ اَوْ لِعِبَادِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ کذا فی الترغیب قلت واخرج الاخیر الحاکم وصححہ علی شرط مسلم واقرہ علیہ الذھبی وذکرہ السیوطی فی الجامع بروایۃ احمد عن رجل مختصرا ورقم لہ بالصحۃ۔

(۲) حضرت ابوذرؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ میں تجھے بتاؤں اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ کلام کیا ہے میں نے عرض کیا ضرور بتادیں ارشاد فرمایا سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ دوسری حدیث میں ہے سُبْحَانَ رَبِّیْ وَبِحَمْدِہٖ ایک حدیث میں یہ بھی ہے کہ اللہ نے جس چیز کو اپنے فرشتوں کے لیے اختیار فرمایا وہی افضل ترین ہے اور وہ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ ہے۔

(ف) پہلی فصل میں کئی آیتوں میں یہ مضمون گذر چکا ہے کہ ملائکہ جو عرش کے قریب ہیں اور ان کے علاوہ سب اللہ جل شانہٗ کی تسبیح و تحمید میں مشغول رہتے ہیں ان کا مشغلہ یہی ہے کہ وہ اللہ کی پاکی بیان کرنے میں اور حمد کرنے میں مشغول رہیں اسی وجہ سے جب آدم علیہ السلام کو پیدا فرمانے کا وقت ہوا تو انہوں نے یہی بارگاہِ الٰہی میں ذکر کیا کہ نَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِکَ وَنُقَدِّسُ لَکَ۔ جیسا کہ اس سے پہلی فصل کی پہلی آیت میں گذر چکا ہے۔ ایک حدیث میں وارد ہے کہ آسمان (عظمت الٰہی کے بوجھ سے) بولتا ہے (چرچراتا ہے۔ جیسا کہ چارپائی وغیرہ وزن سے بولنے لگتی ہے) اور آسمان کے لیے حق ہے کہ وہ بولے (کہ ہیبت کا بوجھ سخت ہوتا ہے) قسم ہے اس پاک ذات کی جس کے قبضہ میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی جان ہے کہ آسمان میں ایک بالشت جگہ بھی ایسی نہیں جہاں کوئی فرشتہ سجدہ کی حالت میں اللہ کی تسبیح و تحمید میں مشغول نہ ہو۔

(۳) عَنْ اِسْحٰقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ اَبِیْ طَلْحَۃَ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ دَخَلَ الْجَنَّۃَ اَوْ وَجَبَتْ لَہُ الْجَنَّۃُ وَمَنْ

(۳) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہے اس کے لیے جنت واجب ہو جائے گی۔ اور جو شخص سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سو مرتبہ پڑھے گا اس کے لیے

قَالَ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ مِائَۃَ مَرَّۃٍ کَتَبَ اللّٰہُ لَہٗ مِائَۃَ اَلْفِ حَسَنَۃٍ وَّاَرْبَعًا وَّعِشْرِیْنَ اَلْفَ حَسَنَۃٍ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِذًا لَّا یَھْلِکُ مِنَّا اَحَدٌ قَالَ بَلٰی اِنَّ اَحَدَکُمْ لَیَجِیْءُ بِالْحَسَنَاتِ لَوْ وُضِعَتْ عَلٰی جَبَلٍ اَثْقَلَتْہُ ثُمَّ تَجِیْءُ النِّعَمُ فَتَذْھَبُ بِتِلْکَ ثُمَّ یَتَطَاوَلُ الرَّبُّ بَعْدَ ذٰلِکَ بِرَحْمَتِہٖ ۔ رواہ الحاکم وقال صحیح الاسناد کذا فی الترغیب قلت واقرہ علیہ الذھبی

ایک لاکھ چوبیس ہزار نیکیاں لکھی جائیں گی صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ایسی حالت میں تو کوئی بھی (قیامت میں) ہلاک نہیں ہوسکتا (کہ نیکیاں غالب ہی رہیں گی) حضورؐ نے فرمایا (بعض لوگ پھر بھی ہلاک ہوں گے اور کیوں نہ ہوں) بعض آدمی اتنی نیکیاں لے کر آئیں گے کہ اگر پہاڑ پر رکھ دی جائیں تو وہ دب جائے۔ لیکن اللہ کی نعمتوں کے مقابلہ میں وہ کالعدم ہوجائیں گی، البتہ اللہ جل شانہٗ پھر اپنی رحمت اور فضل سے دستگیری فرمائیں گے۔

(ف) اللہ کی نعمتوں کے مقابلہ میں دب جانے اور کالعدم ہوجانے کا مطلب یہ ہے کہ قیامت میں جہاں نیکیاں اور برائیاں تولی جائیں گی وہاں اس چیز کا بھی مطالبہ اور محاسبہ ہوگا کہ اللہ جل جلالہٗ نے جو نعمتیں عطا فرمائی تھیں ان کا کیا حق ادا کیا۔ اور کیا شکر ادا کیا۔ بندہ کے پاس ہر چیز اللہ ہی کی عطا کی ہوئی ہے۔ ہر چیز کا ایک حق ہے۔ اس حق کی ادائیگی کا مطالبہ ہوتا ہے۔ چنانچہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ یُصْبِحُ عَلٰی کُلِّ سُلَامٰی مِنْ اَحَدِکُمْ صَدَقَۃٌ الحدیث۔ فی المشکوٰۃ بروایۃ المسلم قلت ورواہ ابوداؤد ابن ماجۃ۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ ہر صبح کو ہر آدمی کے ہر جوڑ اور ہڈی پر ایک صدقہ واجب ہوتا ہے۔ دوسری حدیث میں ہے کہ آدمی میں تین سو ساٹھ جوڑ ہیں اس کے ذمہ ضروری ہے کہ ہر جوڑ کی طرف سے ایک صدقہ کرے یعنی اس بات کے شکر میں کہ حق تعالیٰ شانہٗ نے سونے کے بعد مر جانے کے مشابہ حالت تھی پھر از سرِ نو زندگی بخشی اور ہر عضو صحیح سالم رہا۔ صحابہؓ نے عرض کیا اتنے صدقہ روزانہ کرنے کی طاقت کون رکھتا ہے۔ حضورؐ نے فرمایا ہر تسبیح صدقہ ہے ہر تکبیر صدقہ ہے۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ایک مرتبہ کہنا صدقہ ہے۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہنا صدقہ ہے راستہ سے کسی تکلیف دینے والی چیز کا ہٹا دینا صدقہ ہے۔ غرض بہت سے صدقات شمار کرائے اس قسم کی اور بھی احادیث ہیں جن سے آدمی کی اپنی ذات میں جو اللہ کی نعمتیں ہیں ان کا بیان ہے۔ اس کے علاوہ کھانے پینے راحت و آرام کے متعلق جتنی اللہ کی نعمتیں ہر وقت میسر ہوتی ہیں وہ مزید برآں۔

قرآن پاک میں سورہ اَلْھٰکُمُ التَّکَاثُرُ میں بھی اس کا ذکر ہے کہ قیامت میں اللہ کی

نعمتوں سے بھی سوال ہوگا۔ حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ بدن کی صحت کانوں کی صحت آنکھوں کی صحت سے سوال ہوگا کہ اللہ نے یہ نعمتیں اپنے لطف سے عطا فرمائیں ان کو اللہ کے کس کام میں خرچ کیا۔ (یا چوپاؤں کی طرح صرف پیٹ پالنے میں خرچ کیا) چنانچہ دوسری جگہ سورہ بنی اسرائیل میں ارشاد ہے۔ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا (کان، آنکھ، دل ہر شخص سے ان سب کی قیامت کے دن پوچھ ہوگی کہ ان چیزوں کا استعمال کہاں کیا) حضورؐ کا ارشاد ہے کہ جن نعمتوں سے سوال ہوگا ان میں بے فکری جو اللہ کی بڑی دولت ہے اور صحت بدن بھی ہے۔ مجاہد کہتے ہیں کہ دنیا کی ہر لذت نعمتوں میں داخل ہے۔ جن سے سوال ہوگا۔ حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ اس میں عافیت بھی داخل ہے۔ ایک شخص نے حضرت علیؓ سے پوچھا کہ ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ (پھر اس دن نعمتوں سے بھی سوال کیے جاؤ گے) کا مطلب کیا ہے آپؓ نے ارشاد فرمایا کہ گیہوں کی روٹی اور ٹھنڈا پانی مراد ہے کہ اس سے بھی سوال ہوگا اور رہنے کے مکان سے بھی ایک حدیث میں آیا ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو بعض صحابہؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ کن نعمتوں کا سوال ہوگا۔ آدھی بھوک روٹی ملتی ہے وہ بھی جو کی (پیٹ بھر ائی روٹی بھی میسر نہیں) وحی نازل ہوئی کیا پاؤں میں جوتا نہیں پہنتے۔ کیا ٹھنڈا پانی نہیں پیتے یہ بھی تو اللہ کی نعمتیں ہیں۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ بعض صحابہؓ نے اس آیت شریفہ کے نازل ہونے پر عرض کیا یا رسول اللہ کن نعمتوں سے سوال ہوگا کھجور اور پانی صرف یہ دو چیزیں کھانے پینے کو ملتی ہیں اور ہماری تلواریں (جہاد کے لیے) ہر وقت کندھوں پر رہتی ہیں اور دشمن (کافر کوئی نہ کوئی) مقابل (جس کی وجہ سے وہ دو چیزیں بھی اطمینان اور بے فکری سے نصیب نہیں ہوتیں) حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ عنقریب نعمتیں میسر ہونے والی ہیں۔ ایک حدیث میں حضورؐ کا ارشاد ہے کہ قیامت میں جن نعمتوں سے سوال ہوگا ان میں سب سے اوّل یہ ہوگا کہ ہم نے تیرے بدن کو تندرستی عطا فرمائی (یعنی اس تندرستی کا کیا حق ادا کیا اور اس میں اللہ کی رضا کی کیا خدمت ادا کی اور ہم نے ٹھنڈے پانی سے تجھ کو سیراب کیا۔ (درحقیقت اللہ کی بڑی نعمت ہے جہاں ٹھنڈا پانی میسر نہیں ہوتا ان سے کوئی اس کی قدر پوچھے یہ اللہ کی اتنی بڑی نعمت ہے کہ حد نہیں مگر ہم لوگوں کو اس کے نعمت عظیمہ ہونے کی طرف التفات بھی نہیں ہوتا چہ جائیکہ اس کا شکر اور اس کی ادائیگی حق) ایک حدیث میں وارد ہے کہ جن نعمتوں سے سوال ہوگا یہ ہیں وہ روٹی کا ٹکڑا جس سے پیٹ بھرا جاتا ہے۔ وہ پانی جس سے پیاس بجھائی جاتی ہے وہ کپڑا جس سے بدن ڈھانکا جاتا ہے۔ ایک مرتبہ دوپہر کے وقت سخت دھوپ میں حضرت ابوبکر صدیقؓ پریشان

ہو کر گھر سے چلے مسجد میں پہنچے ہی تھے کہ حضرت عمرؓ بھی اسی حالت میں تشریف لے آئے۔ حضرت ابوبکرؓ کو بیٹھا ہوا دیکھ کر دریافت کیا کہ تم اس وقت یہاں کہاں۔ فرمایا کہ بھوک کی بے تابی نے پریشان کیا۔ حضرت عمرؓ نے عرض کیا واللہ اسی چیز نے مجھے بھی مجبور کیا کہ کہیں جاؤں یہ دونوں حضرات یہ گفتگو کر ہی رہے تھے کہ سردار دو عالم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے ان کو دیکھ کر دریافت فرمایا کہ تم اس وقت کہاں؟ عرض کیا یا رسول اللہ بھوک نے پریشان کیا جس سے مضطرب ہو کر نکل پڑے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اسی مجبوری سے میں بھی آیا ہوں تینوں حضرات اکٹھے ہو کر حضرت ابو ایوب انصاریؓ کے مکان پر پہنچے وہ تشریف نہیں رکھتے تھے بیوی نے بڑی مسرت و افتخار سے ان حضرات کو بٹھایا۔ حضورؐ نے دریافت فرمایا ابو ایوب کہاں گئے ہیں۔ عرض کیا ابھی حاضر ہوتے ہیں کسی ضرورت سے گئے ہوئے ہیں۔ اتنے میں ابو ایوبؓ بھی حاضر خدمت ہو گئے اور فرط خوشی میں کھجور کا ایک بڑا سا خوشہ توڑ کر لائے۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ سارا خوشہ کیوں توڑا۔ اس میں کچی اور ادھ کچری بھی ٹوٹ گئیں چھانٹ کر پکی ہوئی توڑ لیتے انہوں نے عرض کیا اس خیال سے توڑا کہ ہر قسم کی سامنے ہوں جو پسند ہو وہ نوش فرماویں (کہ بعض مرتبہ پکی ہوئی سے ادھ کچری زیادہ پسند ہوتی ہے) خوشہ سامنے رکھ کر جلدی سے گئے اور ایک بکری کا بچہ ذبح کیا اور جلدی جلدی کچھ تو ویسے ہی بھون لیا کچھ سالن تیار کر لیا۔ حضورؐ نے ایک روٹی میں تھوڑا سا گوشت رکھ کر ابو ایوبؓ کو دیا کہ یہ فاطمہؓ کو پہنچا دو اس کو بھی کئی دن سے کچھ نہیں مل سکا وہ فوراً پہنچا کر آئے ان حضرات نے بھی سیر ہو کر نوش فرمایا۔ اس کے بعد حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ دیکھو یہ اللہ کی نعمتیں ہیں۔ روٹی ہے گوشت ہے۔ ہر قسم کی کچی اور پکی کھجوریں ہیں۔ یہ فرما کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پاک آنکھوں سے آنسو بہنے لگے اور ارشاد فرمایا اُس پاک ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے یہی وہ نعمتیں ہیں جن سے قیامت میں سوال ہوگا (جن حالات کے تحت میں اس وقت یہ چیزیں میسر ہوئی تھیں ان کے لحاظ سے) صحابہؓ کو بڑی گرانی اور فکر پیدا ہو گیا (کہ ایسی مجبوری اور اضطرار کی حالت میں یہ میسر آئیں اور ان پر بھی سوال و حساب ہو) حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ کا شکر ادا کرنا تو ضروری ہے ہی۔ جب اس قسم کی چیزوں پر ہاتھ ڈالو تو اول بِسْمِ اللّٰهِ پڑھو اور جب کھا چکو تو کہو اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هُوَ اَشْبَعَنَا وَاَنْعَمَ عَلَیْنَا وَاَفْضَلَ (تمام تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جس نے ہم کو پیٹ بھر کر کھلایا اور ہم پر انعام فرمایا اور بہت زیادہ عطا کیا) اس دعاء کا پڑھنا شکر ادا کرنے میں کافی ہے۔ اس قسم کے

واقعات کئی مرتبہ پیش آئے جو متعدد احادیث میں مختلف عنوانات سے ذکر کیے گئے ہیں چنانچہ ایک مرتبہ ابوالہیثم رضؓ مالک ابن تیہان کے مکان پر تشریف لے جانے کی نوبت آئی، اسی قسم کا ایک واقعہ ایک اور صاحب کے ساتھ پیش آیا جن کو واقفی کہا جاتا تھا۔ حضرت عمرؓ کا گذر ایک شخص پر ہوا جو کوڑھی بھی تھا اور اندھا، بہرا، گونگا بھی تھا۔ آپ نے ساتھیوں سے دریافت فرمایا کہ تم لوگ اللہ کی کچھ نعمتیں اس شخص پر بھی دیکھتے ہو لوگوں نے عرض کیا اس کے پاس کونسی نعمت ہے آپ نے ارشاد فرمایا کیا پیشاب سہولت سے نہیں کرسکتا۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ قیامت میں تین دربار ہیں۔ ایک دربار میں نیکیوں کا حساب ہے دوسرے میں اللہ کی نعمتوں کا حساب ہے۔ تیسرے میں گناہوں کا مطالبہ ہے نیکیاں نعمتوں کے مقابلہ میں ہوجائیں گی اور برائیاں باقی رہ جائیں گی۔ جو اللہ کے فضل کے تحت میں ہوں گی۔ ان سب کا مطلب یہ ہے کہ اللہ جل شانہٗ کی جس قدر نعمتیں ہر آن اور ہر دم آدمی پر ہوتی ہیں ان کا شکر کرنا ان کا حق ادا کرنا بھی آدمی کے ذمہ ہے اس لیے جتنی مقدار بھی نیکیوں کی پیدا ہوسکے ان کو حاصل کرنے میں کمی نہ کرے اور کسی مقدار کو بھی زیادہ نہ سمجھے کہ وہاں پہنچ کر معلوم ہوگا کتنے کتنے گناہ ہم نے اپنی آنکھ، ناک، کان اور دوسرے بدن کے حصوں سے ایسے کیے ہیں جن کو ہم گناہ بھی نہ سمجھے۔ حضورؐ کا ارشاد ہے کہ تم میں سے کوئی بھی ایسا نہیں ہے جس کی قیامت میں اللہ کے یہاں پیشی نہ ہو کہ اس وقت نہ کوئی پردہ درمیان میں حائل ہوگا نہ ترجمان (وکیل وغیرہ) دائیں طرف دیکھے گا تو اپنے اعمال کا انبار ہوگا۔ بائیں طرف دیکھے گا تب بھی منظر ہوگا جس قسم کے بھی اچھے یا برے اعمال کیے ہیں وہ سب ساتھ ہوں گے جہنم کی آگ سامنے ہوگی۔ اس لیے جہاں تک ممکن ہو صدقہ سے جہنم کی آگ کو دفع کرو خواہ کھجور کا ٹکڑا ہی کیوں نہ ہو۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ قیامت میں سب سے اوّل یہ سوال ہوگا کہ ہم نے تجھے بدن کی صحت عطا کی اور ٹھنڈا پانی پینے کو دیا (یعنی ان چیزوں کا کیا حق ادا کیا) دوسری حدیث میں ہے کہ اس وقت تک آدمی حساب کے میدان سے نہ ہٹے گا جب تک پانچ چیزوں کا سوال نہ ہوجائے۔ عمر کس کام میں خرچ کی؟ جوانی (کی قوت) کس مشغلہ میں صرف کی؟ مال کس طریقہ سے کمایا اور کس طریقہ سے خرچ کیا (یعنی کمائی کے اور خرچ کے طریقے جائز تھے یا ناجائز) جو کچھ علم حاصل کیا (خواہ کسی درجہ کا ہو) اس میں کیا عمل کیا (یعنی جو مسائل معلوم تھے ان پر عمل کیا یا نہیں)

(۴) عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رضؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقِيْتُ اِبْرَاهِيْمَ لَيْلَةَ

(۴) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ شب معراج میں جب میری ملاقات حضرت ابراہیم

أُسْرِیَ بِیْ فَقَالَ یَا مُحَمَّدُ اِقْرَأْ اُمَّتَکَ مِنِّی السَّلَامَ وَاَخْبِرْھُمْ اَنَّ الْجَنَّۃَ طَیِّبَۃُ التُّرْبَۃِ عَذْبَۃُ الْمَاءِ وَاَنَّھَا قِیْعَانٌ وَاَنَّ غِرَاسَھَا سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ رواہ الترمذی والطبرانی فی الصغیر والاوسط وزاد لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ وقال الترمذی حسن غریب من ھذا الوجہ ورواہ الطبرانی ایضًا باسناد رواہ من حدیث سلمان الفارسی وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مَرْفُوْعًا مَنْ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ غُرِسَ لَہٗ بِکُلِّ وَاحِدَۃٍ مِّنْھُنَّ شَجَرَۃٌ فِی الْجَنَّۃِ رواہ الطبرانی واسنادہ حسن لا باس بہ فی المتابعات وَعَنْ جَابِرٍ مَرْفُوْعًا مَنْ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ غُرِسَتْ لَہٗ نَخْلَۃٌ فِی الْجَنَّۃِ رواہ الترمذی وحسنہ والنسائی الا انہ قال شجرۃ وابن حبان فی صحیحہ والحاکم فی الموضعین باسنادین قال فی احدھما علی شرط مسلم وفی الاخر علی شرط البخاری وذکرہ فی الجامع الصغیر بروایۃ الترمذی وابن حبان والحاکم ورقم لہ بالصحۃ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رضی اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَرَّبِہٖ وَھُوَیَغْرِسُ الحدیث رواہ ابن ماجۃ باسناد حسن والحاکم وقال صحیح الاسناد کذا فی الترغیب وعزاہ فی الجامع الی ابن ماجۃ والحاکم ورقم لہ بالصحۃ قلت وفی الباب من حدیث ابی ایوب مرفوعًا رواہ احمد باسناد حسن وابن ابی الدنیا وابن حبان فی صحیحہ

علیہ السّلام سے ہوئی تو انہوں نے فرمایا کہ اپنی امت کو میرا اسلام کہہ دینا اور یہ کہنا کہ جنت کی نہایت عمدہ پاکیزہ مٹی ہے اور بہترین پانی لیکن وہ بالکل چٹیل میدان ہے اور اس کے پودے (درخت) سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ہیں۔ (جتنے کسی کا دِل چاہے درخت لگالے) ایک حدیث میں اس کے بعد لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ بھی ہے۔ دوسری حدیث میں ہے کہ ان کلموں میں سے ہر کلمہ کے بدلے ایک درخت جنت میں لگایا جاتا ہے۔ ایک حدیث میں ہے کہ جو شخص سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ پڑھے گا۔ ایک درخت جنت میں لگایا جاوے گا۔ ایک حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے جارہے تھے حضرت ابو ہریرہ رض کو دیکھا کہ ایک پودا لگا رہے ہیں دریافت فرمایا کیا کر رہے ہو انھوں نے عرض کیا درخت لگا رہا ہوں۔ ارشاد فرمایا میں بتاؤں بہترین پودے جو لگائے جاویں سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ہر کلمہ سے ایک درخت جنت میں لگتا ہے۔

(ف) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ سے حضرت ابراہیم خلیل اللہ علی نبینا وعلیہ الصّلوٰۃ والسّلام نے سلام بھیجا ہے۔ اس لیے علماء نے لکھا ہے کہ جس شخص کے پاس یہ حدیث پہنچے اس کو چاہیے کہ حضرت خلیل اللہ کے سلام کے جواب میں وعلیہ السّلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ کہے۔ اس کے بعد

وورد ۱۲ ابن ابی الدنیا والطبرانی من حدیث ابن عمر ایضا مرفوعا مختصرا الا ان فی حدیثھما الی قولہ نقط کما فی الترغیب قلت وذکرہ السیوطی فی الدر حدیث ابن عباس مرفوعا بلفظ حدیث ابن مسعودؓ وقال اخرجہ ابن مردویہ وذکرہ ایضا حدیث ابن مسعود وقال اخرجہ الترمذی و حسنہ والطبرانی وابن مردویہ قلت وذکرہ فی الجامع الصغیر بروایۃ الطبرانی ورقم لہ بالصحۃ وذکر فی مجمع الزوائد عدۃ روایات فی معنی ھذا الحدیث۔

ارشاد ہے کہ جنت کی مٹی بہترین ہے اور پانی میٹھا اس کے دو مطلب ہیں اوّل یہ کہ صرف جگہ کی حالت کا بیان کرتا ہے کہ بہترین جگہ ہے جس کی مٹی کے متعلق احادیث میں آیا ہے کہ مُشک وزعفران کی ہے اور پانی نہایت لذیذ ایسی جگہ ہر شخص اپنا مسکن بنانا چاہتا ہے اور تفریح وراحت کے لیے باغ وغیرہ لگانے کے اسباب مہیا ہوں تو کون چھوڑ سکتا ہے دوسرا مطلب یہ ہے کہ جس جگہ زمین بہتر اور پانی بہتر ہو وہاں پیداوار بہت اچھی ہوتی ہے اس صورت میں مطلب یہ ہے کہ ایک مرتبہ سبحان اللہ کہہ دینے سے ایک درخت وہاں قائم ہو جاوے گا۔ اور پھر وہ جگہ اور پانی کی عمدگی کی وجہ سے خود ہی نشوونما پاتا رہے گا صرف ایک مرتبہ بیج ڈال دینا ہے باقی سب کچھ خود ہی ہو جائے گا اس حدیث میں جنت کو چٹیل میدان فرمایا ہے اور جن احادیث میں جنت کا حال بیان کیا گیا ہے ان میں جنت میں ہر قسم کے میوے باغ درختوں وغیرہ کا موجود ہونا بتایا گیا ہے بلکہ جنت کے معنی ہی باغ کے ہیں اس لیے بظاہر اِشکال واقع ہوتا ہے بعض علماء نے فرمایا ہے کہ اصل کے اعتبار سے وہ میدان ہے لیکن جس حالت پر وہ نیک عمل لوگوں کو دی جائے گی۔ ان کے اعمال کے موافق اس میں باغ اور درخت وغیرہ موجود ہوں گے۔ دوسری توجیہ بعض علماء نے یہ فرمائی ہے کہ جنت کے وہ باغ وغیرہ اُن اعمال کے موافق ملیں گے جب اِن اعمال کی وجہ سے اور ان کے برابر ملے تو گویا یہ اعمال ہی درختوں کا سبب ہوئے تیسری توجیہ یہ فرمائی گئی ہے کہ کم سے کم مقدار جو ہر شخص کے حصہ میں ہے وہ ساری دنیا سے کہیں زائد ہے اس میں بہت سے حصہ میں خود اپنے اصلی باغ موجود ہیں اور بہت سا حصہ خالی پڑا ہوا ہے جتنا کوئی ذکر تسبیح وغیرہ کرے گا اُتنے ہی درخت اور لگ جائیں گے۔ شیخ المشائخ حضرت مولانا گنگوہیؒ کا ارشاد جو کوکب دری[عہ] میں نقل کیا گیا ہے یہ ہے کہ اس کے سارے درخت خمیر کی طرح سے ایک جگہ مجتمع ہیں ہر شخص جس قدر اعمالِ خیر کرتا رہتا ہے اتنا ہی اُس کے حصہ کی زمین میں لگتے رہتے ہیں اور نشوونما پاتے رہتے ہیں۔

عہ یہ عربی میں ترمذی شریف کی شرح ہے۔

(۵) عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ هَالَهُ اللَّیْلُ اَنْ یُّکَابِدَهٗ اَوْ بَخِلَ بِالْمَالِ اَنْ یُّنْفِقَهٗ اَوْ جَبُنَ عَنِ الْعَدُوِّ اَنْ یُّقَاتِلَ فَلْیُکْثِرْ مِنْ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ فَاِنَّهَا اَحَبُّ اِلَی اللّٰهِ مِنْ جَبَلِ ذَهَبٍ یُّنْفِقُهٗ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ رواہ الفریابی والطبرانی واللفظ له وھو حدیث غریب ولاباس باسنادہ انشاء اللہ کذا فی الترغیب وفی مجمع الزوائد رواہ الطبرانی وفیہ سلیمان بن احمد الواسطی وثقہ عبدان وضعفہ الجمہور والغالب علی بقیۃ رجالہ التوثیق وفی الباب عن ابی ھریرۃ مرفوعا اخرجہ ابن مردویہ وابن عباس ایضا عند ابن مردویہ کذا فی الدر

(۵) حضورؐ کا ارشاد ہے کہ جو شخص رات کی مشقت جھیلنے سے ڈرتا ہو (کہ راتوں کو جاگنے اور عبادت میں مشغول رہنے سے قاصر ہو) یا بخل کی وجہ سے مال خرچ کرنا دشوار ہو یا بزدلی کی وجہ سے جہاد کی ہمت نہ پڑتی ہو اس کو چاہیے کہ سبحان اللہ وبحمدہٖ کثرت سے پڑھا کرے کہ اللہ کے نزدیک یہ کلام پہاڑ کی بقدر سونا خرچ کرنے سے بھی زیادہ محبوب ہے۔

(ف) کس قدر اللہ کا فضل ہے کہ ہر قسم کی مشقت سے بچنے والوں کے لیے بھی فضائل اور درجات کا دروازہ بند نہیں فرمایا۔ راتوں کو نہیں جاگا جاتا کنجوسی سے پیسہ خرچ نہیں ہوتا۔ بزدلی اور کم ہمتی سے جہاد جیسا مبارک عمل نہیں ہوتا اس کے بعد بھی اگر دین کی قدر ہے آخرت کا فکر ہے تو ان کے لیے بھی راستہ کھلا ہوا ہے پھر بھی کچھ نہ کما سکے تو کم نصیبی کے سوا اور کیا ہے۔ پہلے یہ مضمون ذرا تفصیل سے گذر چکا ہے

(۶) عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَحَبُّ الْکَلَامِ اِلَی اللّٰهِ اَرْبَعٌ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ لَا یَضُرُّكَ بِاَیِّهِنَّ بَدَأْتَ رواہ مسلم وابن ماجۃ والنسائی وزاد وھن من القرآن ورواہ النسائی ایضا وابن حبان فی صحیحہ من حدیث ابی ھریرۃ کذا فی الترغیب وعزا السیوطی حدیث سمرۃ الی احمد ایضا ورقم له بالصحۃ وحدیث ابی ھریرۃ الی مسند الفردوس للدیلمی ورقم له ایضا بالصحۃ

(۶) حضورؐ کا ارشاد ہے کہ اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب کلام چار کلمے ہیں سبحان اللہ الحمد للہ لا الٰہ الا اللہ اللہ اکبر ان میں سے جس کو چاہے پہلے پڑھے اور جس کو چاہے بعد میں (کوئی خاص ترتیب نہیں) ایک حدیث میں ہے کہ یہ کلمے قرآن پاک میں بھی موجود ہیں۔

(ف) یعنی قرآن پاک کے الفاظ میں بھی یہ کلمے کثرت سے وارد ہوئے ہیں اور قرآن پاک میں ان کا حکم ان کی ترغیب وارد ہوئی ہے۔ چنانچہ پہلی فصل میں مفصل بیان ہو چکا ہے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ عیدوں کو ان کلموں کے ساتھ مزین کیا کرو یعنی عید کی زینت یہ ہے کہ ان کلموں کا کثرت سے ورد کیا جاتے۔

(۷) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ اِنَّ الْفُقَرَاءَ الْمُهَاجِرِیْنَ
اَتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا
قَدْ ذَهَبَ اَهْلُ الدُّثُوْرِ بِالدَّرَجَاتِ الْعُلٰی
وَالنَّعِیْمِ الْمُقِیْمِ فَقَالَ وَمَا ذَاكَ قَالُوْا یُصَلُّوْنَ
كَمَا نُصَلِّیْ وَیَصُوْمُوْنَ كَمَا نَصُوْمُ وَیَتَصَدَّقُوْنَ
وَلَا نَتَصَدَّقُ وَیُعْتِقُوْنَ وَلَا نُعْتِقُ فَقَالَ رَسُوْلُ
اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَفَلَا اُعَلِّمُكُمْ شَیْئًا
تُدْرِكُوْنَ بِهٖ مَنْ سَبَقَكُمْ وَتَسْبِقُوْنَ بِهٖ مَنْ
بَعْدَكُمْ وَلَا یَكُوْنُ اَحَدٌ اَفْضَلَ مِنْكُمْ اِلَّا مَنْ
صَنَعَ مِثْلَ مَا صَنَعْتُمْ قَالُوْا بَلٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ
قَالَ تُسَبِّحُوْنَ وَتُكَبِّرُوْنَ وَتَحْمَدُوْنَ دُبُرَ
كُلِّ صَلٰوةٍ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِیْنَ مَرَّةً قَالَ اَبُوْ صَالِحٍ
فَرَجَعَ فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِیْنَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ
صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا سَمِعَ اِخْوَانُنَا
اَهْلُ الْاَمْوَالِ بِمَا فَعَلْنَا فَفَعَلُوْا مِثْلَهٗ فَقَالَ
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ فَضْلُ
اللّٰهِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَاءُ متفق علیہ ولیس قول
ابی صالح الی اٰخرہ الا عند مسلم وفی روایة
للبخاری تُسَبِّحُوْنَ فِیْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ عَشْرًا
وَّتَحْمَدُوْنَ عَشْرًا وَّتُكَبِّرُوْنَ عَشْرًا بَدَلَ
ثَلٰثًا وَّثَلٰثِیْنَ كذا فی المشكوٰة وعن ابی ذر رضی
بنحو هذا الحدیث وفیه اِنَّ بِكُلِّ تَسْبِیْحَةٍ
صَدَقَةً وَّبِكُلِّ تَحْمِیْدَةٍ صَدَقَةً وَّفِیْ
بُضْعِ اَحَدِكُمْ صَدَقَةً قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ
یَاْتِیْ اَحَدُنَا شَهْوَتَهٗ یَكُوْنُ لَهٗ فِیْهَا اَجْرٌ

(۷) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں
ایک مرتبہ فقراء مہاجرین جمع ہو کر حاضر ہوئے اور
عرض کیا۔ یا رسول اللہ یہ مالدار سارے بلند درجے
لے اڑے اور ہمیشہ کی رہنے والی نعمت انہیں کے
حصہ میں آگئی۔ حضور ؐ نے فرمایا کیوں۔ عرض کیا کہ
نماز روزہ میں تو یہ ہمارے شریک کہ ہم بھی کرتے
ہیں یہ بھی اور مالدار ہونے کی وجہ سے یہ لوگ صدقہ
کرتے ہیں غلام آزاد کرتے ہیں اور ہم ان چیزوں
سے عاجز ہیں حضور ؐ نے فرمایا کہ میں تمہیں ایسی چیز
بتاؤں کہ تم اس پر عمل کر کے اپنے سے پہلوں کو پکڑ لو
اور بعد والوں سے بھی آگے بڑھے رہو۔ اور کوئی
شخص تم سے اس وقت تک افضل نہ ہو جب تک
ان ہی اعمال کو نہ کرے صحابہ ؓ نے عرض کیا ضرور
بتا دیجیے۔ ارشاد فرمایا کہ ہر نماز کے سبحان اللہ
الحمد للہ اللہ اکبر ۳۳۔ ۳۳ مرتبہ پڑھ لیا کرو
(ان حضرات نے شروع کر دیا مگر اس زمانہ کے
مالدار بھی اسی نمونہ کے تھے انہوں نے بھی معلوم
ہونے پر شروع کر دیا) تو فقراء دوبارہ حاضر ہوئے
کہ یا رسول اللہ ہمارے مالدار بھائیوں نے بھی
سن لیا اور وہ بھی یہی کرنے لگے۔ حضور ؐ نے فرمایا
یہ اللہ کا فضل ہے جس کو چاہے عطا فرمائے اس کو
کون روک سکتا ہے۔ ایک دوسری حدیث میں
بھی اسی طرح یہ قصہ ذکر کیا گیا اس میں حضور ؐ کا
ارشاد ہے کہ تمہارے لیے بھی اللہ نے صدقہ کا قائم
مقام بنا رکھا ہے سبحان اللہ ایک مرتبہ کہنا صدقہ

الحدیث اخرجه احمد وفی الباب عن ابی الدرداء عند احمد۔

ہے الحمدللہ ایک مرتبہ کہنا صدقہ ہے بیوی سے صحبت کرنا صدقہ ہے۔ صحابہؓ نے تعجب سے عرض کیا یارسول اللہ بیوی سے ہم بستری میں اپنی شہوت پوری کرے اور یہ صدقہ ہوجائے حضورؐ نے فرمایا اگر حرام میں مبتلا ہوتو گناہ ہوگا یا نہیں صحابہؓ نے عرض کیا ضرور ہوگا ارشاد فرمایا اسی طرح حلال میں صدقہ اور اجر ہے۔

(ف) مطلب یہ ہے کہ اس نیت سے صحبت کرنا کہ حرام کاری سے بچے ثواب اور اجر کا سبب ہے اسی قصہ کی ایک دوسری حدیث میں اس اشکال کے جواب میں کہ بیوی سے ہمبستری اپنی شہوت کا پورا کرنا ہے حضورؐ کا یہ جواب نقل کیا گیا ہے تباؤ اگر بچہ پیدا ہوجائے پھر وہ جوان ہونے لگے اور تم اُس کی خوبیوں کی امید باندھنے لگو پھر وہ مرجائے۔ کیا تم ثواب کی امید رکھتے ہو عرض کیا گیا کہ بیشک امید ہے حضورؐ نے فرمایا کیوں تم نے اس کو پیدا کیا تم نے اس کو ہدایت کی تھی تم نے اس کو روزی دی تھی بلکہ اللہ ہی نے پیدا کیا ہے۔ اُسی نے ہدایت دی ہے وہی روزی عطا کرتا تھا اسی طرح صحبت سے تم نطفہ کو حلال جگہ رکھتے ہو پھر اللہ کے قبضہ میں ہے کہ چاہے اس کو زندہ کرے کہ اُس سے اولاد پیدا کردے یا مُردہ کرے کہ اولاد پیدا نہ ہو۔ اس حدیث کا مقتضیٰ یہ ہے کہ یہ اجر وثواب بچہ کے پیدا ہونے کا سبب ہونے کی وجہ سے ہے۔

(٨) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَبَّحَ اللّٰهَ فِیْ دُبُرِ کُلِّ صَلٰوةٍ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِیْنَ وَحَمِدَ اللّٰهَ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِیْنَ وَکَبَّرَ اللّٰهَ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِیْنَ فَتِلْكَ تِسْعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ وَقَالَ تَمَامُ الْمِائَةِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ غُفِرَتْ خَطَایَاهُ وَاِنْ کَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ۔ رواہ مسلم کذا فی المشکوٰة وکذا فی مسند احمد۔

(٨) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص ہر نماز کے بعد سبحان اللہ ٣٣ مرتبہ الحمدللہ ٣٣ مرتبہ اللہ اکبر ٣٣ مرتبہ اور ایک مرتبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ پڑھے اُس کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں خواہ اتنی کثرت سے ہوں جتنے سمندر کے جھاگ۔

(ف) خطایا کی مغفرت کے بارہ میں پہلے کئی حدیثوں کے تحت میں بحث گذر چکی ہے کہ ان خطایا سے مراد علماء کے نزدیک صغیرہ گناہ ہیں اس حدیث میں تین کلمے ٣٣-٣٣ مرتبہ اور لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ایک مرتبہ وارد ہوا ہے اس سے اگلی حدیث میں دو کلمے ٣٣-٣٣ مرتبہ اور اللہ اکبر ٣٤ مرتبہ آیا ہے

حضرت زیدؓ سے نقل کیا گیا ہے کہ ہم کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے سبحان اللہ الحمد للہ اللہ اکبر ہر ایک کو ۳۳ مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھنے کا حکم فرمایا تھا ایک انصاریؓ نے خواب میں دیکھا کوئی شخص کہتا ہے کہ ہر ایک کلمہ کو پچیس ۲۵ مرتبہ کر لو اور ان کے ساتھ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ ۲۵ مرتبہ کا اضافہ کر لو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا حضورؐ نے قبول فرما لیا اور اس کی اجازت فرمادی کہ ایسا ہی کر لیا جائے۔ ایک حدیث میں سبحان اللہ الحمدُ للہ اللہ اکبر ہر کلمہ کو ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ کا حکم ہے اور ایک حدیث میں ۱۰۔۱۰ مرتبہ وارد ہوا ہے۔ ایک حدیث میں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ ۱۰ مرتبہ باقی تینوں کلمے ہر ایک ۳۳ مرتبہ۔ ایک حدیث میں ہر نماز کے بعد چاروں کلمے ۱۰۰۔۱۰۰ مرتبہ وارد ہوئے ہیں جیسا کہ حصن حصین میں ان روایات کو ذکر کیا گیا ہے یہ اختلاف بظاہر حالات کے اختلاف کی وجہ سے ہے کہ آدمی فراغت اور مشاغل کے اعتبار سے مختلف ہیں جو لوگ دوسرے ضروری کاموں میں مشغول ہیں اُن کے لیے کم مقدار تجویز فرمائی اور جو لوگ فارغ ہیں اُن کے لیے زیادہ مقدار لیکن محققین کی رائے یہ ہے کہ جو عدد احادیث میں مذکور ہیں اُن کی رعایت ضروری ہے کہ جو چیز دوا کے طور پر استعمال کی جاتی ہے اُس میں مقدار کی رعایت بھی اہم ہے۔

(۹) عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُعَقِّبَاتٌ لَا يَخِيْبُ قَائِلُهُنَّ اَوْ فَاعِلُهُنَّ دُبُرَ كُلِّ صَلٰوةٍ مَكْتُوْبَةٍ ثَلٰثٌ وَّثَلٰثُوْنَ تَسْبِيْحَةً وَّثَلٰثٌ وَّثَلٰثُوْنَ تَحْمِيْدَةً وَّاَرْبَعٌ وَّثَلٰثُوْنَ تَكْبِيْرَةً رواہ مسلم کذا فی المشکوٰۃ وعزاہ السیوطی فی الجامع الی احمد ومسلم والترمذی والنسائی ورقم لہ بالضعف وفی الباب عن ابی الدرداء عند الطبرانی۔

(۹) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ چند پیچھے آنے والے (کلمات) ایسے ہیں جن کا کہنے والا نامراد نہیں ہوتا وہ یہ ہیں کہ ہر فرض نماز کے بعد ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ ۳۳ مرتبہ الحمد للہ ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر۔

(ف) ان کلمات کو پیچھے آنے والے یا تو اس وجہ سے فرمایا کہ یہ نمازوں کے بعد پڑھے جاتے ہیں یا اس وجہ سے کہ گناہوں کے بعد پڑھنے سے اُن کو دھوتے اور مٹا دینے والے ہیں یا اس وجہ سے کہ یہ کلمات ایک دوسرے کے بعد پڑھے جاتے ہیں۔ حضرت ابو درداءؓ فرماتے ہیں کہ ہمیں نمازوں کے بعد سبحان اللہ الحمد للہ ۳۳۔۳۳۔ اور اللہ اکبر ۳۴ مرتبہ پڑھنے کا حکم کیا گیا ہے۔

(۱۰) عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ اَمَا يَسْتَطِيْعُ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّعْمَلَ كُلَّ يَوْمٍ مِّثْلَ

(۱۰) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ ارشاد فرمایا کیا تم میں سے کوئی ایسا نہیں ہے کہ

196

اُحُدٍ عَمَلًا قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَمَنْ یَّسْتَطِیْعُ قَالَ کُلُّکُمْ یَسْتَطِیْعُ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مَاذَا قَالَ سُبْحَانَ اللّٰہِ اَعْظَمُ مِنْ اُحُدٍ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَعْظَمُ مِنْ اُحُدٍ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ اَعْظَمُ مِنْ اُحُدٍ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَعْظَمُ مِنْ اُحُدٍ للکبیر والبزار کذا فی جمع الفوائد والیھما الخ فی الحصن وفی مجمع الزوائد وقال رجالھما رجال الصحیح۔

روزانہ اُحد (جو مدینہ منورہ کے ایک پہاڑ کا نام ہے) کی برابر عمل کر لیا کرے۔ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ اس کی کون طاقت رکھتا ہے (کہ اتنے بڑے پہاڑ کی برابر عمل کرے) حضورؐ نے ارشاد فرمایا ہر شخص طاقت رکھتا ہے صحابہؓ نے عرض کیا اس کی کیا صورت ہے ارشاد فرمایا کہ سبحان اللہ کا ثواب احد سے زیادہ ہے لا الٰہ الا اللہ کا احد سے زیادہ ہے الحمد للہ کا احد سے زیادہ ہے، اللہ اکبر کا اُحد سے زیادہ ہے۔ (ف) یعنی ان کلموں میں سے ہر کلمہ ایسا ہے جس کا ثواب اُحد پہاڑ سے زیادہ ہے اور پہاڑ کیا نہ معلوم کتنے ایسے پہاڑوں سے زیادہ ہے۔ حدیث میں آیا ہے کہ سبحان اللہ، الحمد للہ سارے آسمانوں اور زمینوں کو ثواب سے بھر دیتے ہیں ایک حدیث میں آیا ہے کہ سبحان اللہ کا ثواب آدھی ترازو ہے۔ اور الحمد للہ اس کو پُر کر دیتی ہے اور اللہ اکبر آسمان زمین کے درمیان کو پُر کر دیتی ہے ایک حدیث میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ سبحان اللہ الحمد للہ لا الٰہ الا اللہ اللہ اکبر مجھے ہر اس چیز سے زیادہ محبوب ہے جس پر آفتاب نکلے۔ مُلّا علیؒ فرماتے ہیں کہ مراد یہ ہے کہ ساری ہی دنیا اللہ کے واسطے خرچ کر دوں تو اس سے بھی یہ زیادہ محبوب ہیں۔ کہتے ہیں کہ حضرت سلیمان علیہ السلام ہوائی تخت پر تشریف لے جا رہے تھے پرندے آپ پر سایہ کیے ہوئے تھے اور جن و انس وغیرہ لشکر دو قطار، ایک عابد پر گذر ہوا جس نے حضرت سلیمان علیہ السلام کے اس وسعت ملکی اور عموم سلطنت کی تعریف کی آپ نے ارشاد فرمایا کہ مومن کے اعمالنامہ میں ایک تسبیح سلیمان بن داؤدؑ کے سارے ملک سے اچھی ہے کہ یہ ملک فنا ہو جائے گا اور تسبیح باقی رہنے والی چیز ہے۔

(۱۱) عَنْ اَبِیْ سَلَامٍ مَوْلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ بَخٍ بَخٍ خَمْسٌ مَا اَثْقَلَھُنَّ فِی الْمِیْزَانِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَسُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الحدیث اخرجہ احمد فی مسندہ

(۱۱) ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ واہ واہ پانچ چیزیں (اعمال نامہ تلنے کی) ترازو میں کتنی زیادہ وزنی ہیں لا الٰہ الا اللہ اللہ اکبر سبحان اللہ الحمد للہ اور وہ بچہ جو مر جائے اور ماں باپ (اسی طرح ماں بھی) اس پر صبر کرے۔

ورجاله ثقات کما فی مجمع الزوائد والحاکم وقال صحیح الاسناد واقرہ علیه الذهبی وذکرہ فی الجامع الصغیر بروایة البزار عن ثوبان ورقم له النسائی وابن حبان والحاکم عن ابی سلمی وبروایة احمد عن ابی امامة ورقم له بالحسن وذکرہ فی مجمع الزوائد بروایة ثوبان وابی سلمی راعی رسول الله صلی الله علیه وسلم وسفینة ومولی لرسول الله صلی الله علیه وسلم لم یسم وصحح لبعض طرقها۔

(ف) یہ مضمون کئی صحابہؓ سے متعدد احادیث میں نقل کیا گیا ہے نخ نخ بڑے سرور اور فرحت کا کلمہ ہے جس چیز کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اس خوشی اور مسرت سے ارشاد فرمارہے ہوں عطا فرما رہے ہوں کیا محبت کا دعویٰ کرنے والوں کے ذمہ نہیں ہے کہ ان کلموں پر مرمٹیں کہ حضورؐ کی اس خوشی کی قدردانی اور اس کا استقبال یہی ہے۔

(۱۲) عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ یَسَارٍ عَنْ رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ نُوْحٌ لِاِبْنِهٖ اِنِّیْ مُوْصِیْكَ بِوَصِیَّةٍ وَقَاصِرُهَا لِکَیْ لَا تَنْسَاهَا اُوْصِیْكَ بِاثْنَیْنِ وَاَنْهَاكَ عَنِ اثْنَیْنِ اَمَّا الَّتِیْ اُوْصِیْكَ بِهِمَا فَیَسْتَبْشِرُ اللّٰهُ بِهِمَا وَصَالِحُ خَلْقِهٖ وَهُمَا یُکْثِرَانِ الْوُلُوْجَ عَلَی اللّٰهِ اُوْصِیْكَ بِلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَاِنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَوْ کَانَتَا حَلْقَةً قَصَمَتْهُمَا وَلَوْ کَانَتَا فِیْ کِفَّةٍ وَزَنَتْهُمَا وَاُوْصِیْكَ بِسُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ فَاِنَّهُمَا صَلٰوةُ الْخَلْقِ وَبِهِمَا یُرْزَقُ الْخَلْقُ وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰکِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِیْحَهُمْ اِنَّهٗ کَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا وَاَمَّا اللَّتَانِ اَنْهَاكَ عَنْهُمَا فَیَحْتَجِبُ اللّٰهُ مِنْهُمَا وَصَالِحُ خَلْقِهٖ اَنْهَاكَ عَنِ الشِّرْكِ وَالْکِبْرِ رواه النسائی واللفظ له والبزار والحاکم من حدیث عبد الله بن عمرو وقال

(۱۲) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام نے اپنے صاحبزادے سے فرمایا کہ میں تمہیں وصیت کرتا ہوں اور اس خیال سے کہ بھول نہ جاؤ نہایت مختصر کہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ دو کام کرنے کی وصیت کرتا ہوں اور دو کاموں سے روکتا ہوں جن دو کاموں کے کرنے کی وصیت کرتا ہوں وہ دونوں ایسے ہیں کہ اللہ جل جلالہ ان سے نہایت خوش ہوتے ہیں اور اللہ کی نیک مخلوق ان سے خوش ہوتی ہے ان دونوں کاموں کی اللہ کے یہاں رسائی (اور مقبولیت) بھی زیادہ ہے ان دو میں سے ایک لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ہے کہ اگر تمام آسمان ایک حلقہ ہو جائیں تو بھی یہ پاک کلمہ ان کو توڑ کر آسمان پر جائے بغیر نہ رہے اور اگر تمام آسمان و زمین کو ایک پلڑے میں رکھ دیا جائے اور دوسرے میں یہ پاک کلمہ ہو تب بھی وہی پلڑا جھک جائے گا اور دوسرا کام جو کرنا ہے

صحیح الاسناد کذا فی الترغیب قلت وقد تقدم فی بیان التھلیل حدیث عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ مرفوعا وتقدم فیہ ایضا ما فی الباب وتقدم فی الآیات قولہ عزاسمہ وان من شیٔ الا یسبح بحمدہ الآیۃ واخرج ابن جریر وابن ابی حاتم وابو الشیخ فی العظمۃ عن جابر مرفوعا الا اخبرکم بشیٔ امر بہ نوح ابنہ ان نوحا قال لابنہ یا بنی امرک ان تقول سبحان اللہ فانھا صلوۃ الخلق وتسبیح الخلق وبھا یرزق الخلق واخرج احمد وابن مردویہ عن ابن عمر مرفوعا ان نوحا لما حضرتہ الوفاۃ قال لابنیہ امرکما بسبحان اللہ وبحمدہ فانھا صلوۃ کل شیٔ وبھا یرزق کل شیٔ کذا فی الدر۔

وہ سبحان اللہ وبحمدہ کا پڑھنا ہے کہ یہ کلمہ ساری مخلوق کی عبادت ہے اور اسی کی برکت سے تمام مخلوق کو روزی دی جاتی ہے کوئی بھی چیز مخلوق میں ایسی نہیں جو اللہ کی تسبیح نہ کرتی ہو مگر تم لوگ ان کا کلام سمجھتے نہیں ہو اور جن دو چیزوں سے منع کرتا ہوں وہ شرک اور تکبر ہے کہ ان دونوں کی وجہ سے اللہ سے حجاب ہو جاتا ہے اور اللہ کی نیک مخلوق سے حجاب ہوجاتا ہے۔

(ف) لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہ کے بیان میں بھی اس حدیث کا مضمون گذر چکا ہے تسبیح کے متعلق جو ارشاد اس حدیث میں ہے قرآن پاک کی آیات میں بھی گذر چکا ہے وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِہٖ قرآن پاک کی آیت ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد بہت سی احادیث میں وارد ہوا ہے کہ شب معراج میں آسمانوں کی تسبیح حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے خود سُنی۔ ایک مرتبہ حضورؐ کا ایسی جماعت پر گذر ہوا جو اپنے گھوڑوں اور اونٹوں پر کھڑی ہوئی تھی حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ جانوروں کو منبر اور کرسیاں نہ بناؤ بہت سے جانور سواروں سے بہتر اور اُن سے زیادہ اللہ کا ذکر کرنے والے ہوتے ہیں۔ حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ کھیتی بھی تسبیح کرتی ہے اور کھیتی والے کو اس کا ثواب ملتا ہے۔ ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک پیالہ پیش کیا گیا جس میں ثرید تھا آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ یہ کھانا تسبیح کر رہا ہے کسی نے عرض کیا آپ اس کی تسبیح سمجھتے ہیں۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا ہاں سمجھتا ہوں۔ اُس کے بعد آپؐ نے ایک شخص سے فرمایا کہ اس کو فلاں شخص کے قریب کر دو وہ پیالہ ان کے قریب کیا گیا تو انہوں نے بھی تسبیح سنی اس کے بعد پھر ایک تیسرے صاحب کے قریب اسی طرح کیا گیا انہوں نے بھی سُنا کسی نے درخواست کی کہ مجمع کے سب ہی لوگوں کو سنوایا جائے حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ اگر کسی کو ان میں سے سُنائی نہ دے تو لوگ سمجھیں گے کہ یہ گنہگار ہے۔ اس چیز کا تعلق کشف سے ہے حضرات انبیاء

علیہم الصلوٰۃ والسلام کو تو یہ چیز بدرجۂ اتم حاصل تھی اور ہونا چاہیے تھی حضرات صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کو بھی بسا اوقات حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے فیض صحبت اور انوارِ قرب کی بدولت یہ چیز حاصل ہو جاتی تھی سیکڑوں واقعات اس کے شاہد ہیں۔ صوفیہ کو بھی اکثر یہ چیز مجاہدوں کی کثرت سے حاصل ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے وہ جمادات اور حیوانات کی تسبیح ان کا کلام اُن کی گفتگو سمجھ لیتے ہیں لیکن محققین مشائخ کے نزدیک چونکہ یہ چیز نہ دلیلِ کمال ہے نہ موجب قرب کہ جو بھی اس قسم کے مجاہدے کرتا ہے وہ حاصل کر لیتا ہے خواہ اس کو حق تعالیٰ شانہٗ کے یہاں قرب حاصل ہو یا نہ ہو اس لیے محققین اس کو غیر اہم سمجھتے ہیں بلکہ اس لحاظ سے مُضر سمجھتے ہیں کہ جب مُبتدی اس میں لگ جاتا ہے تو دنیا کی سیر کا ایک شوق پیدا ہو کر ترقی کے لیے مانع بن جاتا ہے۔ مجھے اپنے حضرت مولینا خلیل احمد صاحبؒ کے بعض خدام کے متعلق معلوم ہے کہ جب ان کو یہ صورتِ کشف پیدا ہونے لگی تو حضرت نے چند روز کے لیے اہتمام سے سب ذکر شغل چھڑا دیا تھا کہ مبادا یہ حالت ترقی پکڑ جائے۔ اس کے علاوہ یہ حضرات اس لیے بھی بچتے ہیں کہ اس صورت میں دوسروں کے گناہوں کا اظہار ہوتا ہے جو ان حضرات کے لیے تکدّر کا سبب ہوتا ہے علامہ شعرانیؒ نے میزان الکبریٰ میں لکھا ہے کہ حضرت امام اعظم رضی اللہ عنہ جب کسی شخص کو وضو کرتے ہوئے دیکھتے تو اس پانی میں جو گناہ دُھلتا ہوا نظر آتا اُس کو معلوم کر لیتے یہ بھی معلوم ہو جاتا کہ کبیرہ گناہ ہے یا صغیرہ مکروہ فعل ہے یا خلاف اولیٰ جیسا کہ حِسّی چیزیں نظر آیا کرتی ہیں اسی طرح یہ بھی معلوم ہو جاتا تھا۔ چنانچہ ایک مرتبہ کوفہ کی جامع مسجد کے وضو خانہ میں تشریف فرما تھے ایک جوان وضو کر رہا تھا اس کے وضو کا پانی گرتے ہوئے آپ نے دیکھا اس کو چپکے سے نصیحت فرمائی کہ بیٹا والدین کی نافرمانی سے توبہ کر لے اُس نے توبہ کی۔ ایک دوسرے شخص کو دیکھا تو اس کو نصیحت فرمائی کہ بھائی زنا نہ کیا کر بہت برا عیب ہے اس وقت اُس نے بھی زنا سے توبہ کی ایک اور شخص کو دیکھا کہ شراب خوری اور لہو و لعب کا پانی گر رہا ہے اُس کو بھی نصیحت فرمائی اُس نے بھی توبہ کی الغرض اس کے بعد امام صاحبؒ نے اللہ جلّ جلالہٗ سے دعا کی کہ اے اللہ اس چیز کو مجھ سے دور فرمادے کہ میں لوگوں کی برائیوں پر مطلع ہونا نہیں چاہتا حق تعالیٰ شانہٗ نے دعا قبول فرمائی اور یہ چیز زائل ہوگئی، کہتے ہیں کہ اسی زمانہ میں امام صاحبؒ نے مستعمل پانی کے ناپاک ہونے کا فتویٰ دیا تھا کیونکہ جب وہ پانی گندہ اور متعفّن نظر آتا تھا تو کیسے اس کو پاک فرماتے مگر جب یہ چیز زائل ہوگئی تو اس کو ناپاک فرمانا بھی چھوڑ دیا۔ ہمارے حضرت مولانا الشاہ عبدالرحیم صاحب رائے پوری نوراللہ مرقدہٗ کے خدام میں ایک صاحب تھے جو کئی کئی روز اس وجہ سے استنجے نہیں جا سکتے تھے کہ ہر جگہ انوار نظر آتے

تھے۔ اور بھی سیکڑوں ہزاروں واقعات اس قسم کے ہیں جن میں کسی قسم کے تردد کی گنجائش نہیں کہ جن لوگوں کو کشف سے کوئی حصہ ملتا ہے وہ اس حصہ کے بقدر احوال کو معلوم کر لیتے ہیں۔

(۱۳) عَنْ اُمِّ هَانِیٍٔ قَالَتْ مَرَّ بِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ کَبِرْتُ وَضَعُفْتُ اَوْ کَمَا قَالَتْ فَمُرْنِیْ بِعَمَلٍ اَعْمَلُهٗ وَاَنَا جَالِسَةٌ قَالَ سَبِّحِی اللّٰهَ مِائَةَ تَسْبِیْحَةٍ فَاِنَّهٗ تَعْدِلُ لَكِ مِائَةَ رَقَبَةٍ تُعْتِقِیْهَا مِنْ وُلْدِ اِسْمٰعِیْلَ وَاحْمِدِی اللّٰهَ مِائَةَ تَحْمِیْدَةٍ فَاِنَّهَا تَعْدِلُ لَكِ مِائَةَ فَرَسٍ مُسْرَجَةٍ مُلْجَمَةٍ تَحْمِلِیْنَ عَلَیْهَا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَکَبِّرِی اللّٰهَ مِائَةَ تَکْبِیْرَةٍ فَاِنَّهَا تَعْدِلُ لَكِ مِائَةَ بَدَنَةٍ مُقَلَّدَةٍ مُتَقَبَّلَةٍ وَهَلِّلِی اللّٰهَ مِائَةَ تَهْلِیْلَةٍ قَالَ اَبُوْخَلَفٍ اَحْسِبُهٗ قَالَ تَمْلَأُ مَا بَیْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ وَلَا یُرْفَعُ لِاَحَدٍ عَمَلٌ اَفْضَلُ مِمَّا یُرْفَعُ لَكِ اِلَّا اَنْ یَاْتِیَ بِمِثْلِ مَا اَتَیْتِ رواه احمد باسناد حسن واللفظ له والنسائی ولم یقل ولا یرفع الی اخره والبیهقی بتمامه وابن ابی الدنیا فجعل ثواب الرقاب فی التحمید والفرس فی التسبیح وابن ماجة بمعناه باختصار والطبرانی فی الکبیر بنحو احمد ولم یقل احسبه وفی الاوسط باسناد حسن بمعناه کذا فی الترغیب باختصار قلت رواه الحاکم بمعناه وصححه وعزاه فی الجامع الصغیر الی احمد والطبرانی والحاکم ورقم له بالصحة وذکره فی مجمع الزوائد

(۱۳) حضرت اُمّ ہانیؓ فرماتی ہیں کہ ایک مرتبہ حضورؐ تشریف لائے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ میں بوڑھی ہو گئی ہوں اور ضعیف ہوں کوئی عمل ایسا بتا دیجیے کہ بیٹھے بیٹھے کرتی رہا کروں حضورؐ نے فرمایا سُبْحَانَ اللّٰہ سو مرتبہ پڑھا کرو اس کا ثواب ایسا ہے گویا تم نے سَو غلام عرب آزاد کیے اور اَلْحَمْدُ لِلّٰہ سو مرتبہ پڑھا کرو اس کا ثواب ایسا ہے گویا تم نے سَو گھوڑے مع سامان لگام وغیرہ جہاد میں سواری کے لیے دیدیے۔ اور اللہ اکبر سو مرتبہ پڑھا کرو یہ ایسا ہے گویا تم نے سو اونٹ قربانی میں ذبح کیے اور وہ قبول ہو گئے اور لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ سَو مرتبہ پڑھا کرو اس کا ثواب تو تمام آسمان زمین کے درمیان کو بھر دیتا ہے اس سے بڑھ کر کسی کا کوئی عمل نہیں جو مقبول ہو حضرت ابورافع کی بیوی حضرت سلمیٰؓ نے بھی حضورؐ سے عرض کیا کہ مجھے کوئی وظیفہ مختصر سا بتا دیجیے زیادہ لمبا نہ ہو حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ اکبر دس مرتبہ پڑھا کرو اللہ جل شانہٗ اس کے جواب میں فرماتے ہیں کہ یہ میرے لیے ہے پھر سبحان اللہ دس مرتبہ کہا کرو اللہ تعالیٰ پھر یہی فرماتے ہیں کہ یہ میرے لیے ہے پھر اللّٰھم اغفرلی دس مرتبہ پڑھا کرو حق تعالیٰ شانہٗ فرماتے ہیں کہ ہاں میں نے مغفرت کر دی۔ دس مرتبہ تم اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ کہو (دس مرتبہ اللہ جل شانہٗ فرماتے ہیں کہ میں نے مغفرت کر دی۔)

بطرق وقال اسانیده حسنة وفی الترغیب ایضاعن ابی امامة مرفوعاً بنحو حدیثا الباب مختصراً وقال رواه الطبرانی ورواته رواة الصحیح خلا سلیم بن عثمان الفوزی یکشف حاله فانه لا یحضرنی الآن فیه جرح ولا عدالة وفی الباب عن سلمیٰ ام بنی ابی رافع قالت یارسول الله اخبرنی بکلمات ولاتکثر علیّ الحدیث مختصراً وفیه التکبیروا لتسبیح عشراً عشراً واللھما غفرلی عشراً اقال المنذری رواه الطبرانی ورواة محتج بهم فی الصحیح اھ قلت وبمعناه عَنْ عَمْرِو ابْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّہٖ مَرْفُوعًا بِلَفْظِ مَنْ سَبَّحَ اللّٰهَ مِائَةً بِالْغَدَاةِ وَمِائَةً بِالْعَشِیِّ کَانَ کَمَنْ حَجَّ مِائَةَ حَجَّةٍ الحدیث وجعل فیه التحمید کمن حمل علی مائه فرس والتهلیل کمن اعتق مائة رقبة من ولد اسمعیل ذکره فی المشکوٰة بروایة الترمذی وقال حسن غریب

(ف) ضعفا اور بوڑھوں کے لیے بالخصوص عورتوں کے لیے کس قدر سہل اور مختصر چیز حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے تجویز فرما دی ہے دیکھیے ایسی مختصر چیزوں پر جن میں نہ زیادہ مشقت ہے نہ زیادہ چلنا پھرنا ہے کتنے بڑے بڑے ثوابوں کا وعدہ ہے کتنی کم نصیبی ہوگی اگر ان کو وصول نہ کیا جائے حضرت اُمِّ سلیمؓ کہتی ہیں میں نے حضورؐ سے عرض کیا کوئی چیز مجھے تعلیم فرما دیجیے جس کے ذریعے سے نماز میں دعا کیا کروں حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ سُبحان اللہ الحمدللہ اللہ اکبر ۱۰۔۱۰ مرتبہ پڑھ لیا کرو اور جو چاہے اس کے بعد دعا کیا کرو۔ دوسری حدیث میں اس کے بعد یہ ارشاد ہے کہ جو چاہے دعا کیا کرو۔ حق تعالیٰ شانہٗ اس دعا پر فرماتے ہیں ہاں ہاں (میں نے قبول کی) کتنے سہل اور معمولی الفاظ ہیں جن کو نہ یاد کرنا پڑتا ہے۔ نہ ان میں کوئی محنت اٹھانی پڑتی ہے دن بھر ہم لوگ یکواس میں گذار دیتے ہیں تجارت کی ساتھ دکان پر بیٹھے بیٹھے یا کھیتی کی ساتھ زمین کے انتظامات میں مشغول رہتے ہوئے اگر زبان سے ان تسبیحوں کو پڑھتے رہیں تو دنیا کی کمائی کے ساتھ ہی آخرت کی کتنی بڑی دولت ہاتھ آجائے۔

(۱۴) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلّٰهِ مَلٰٓئِکَةً یَطُوْفُوْنَ فِی الطُّرُقِ یَلْتَمِسُوْنَ اَهْلَ الذِّکْرِ فَاِذَا وَجَدُوْا قَوْمًا یَذْکُرُوْنَ اللّٰهَ تَنَادَوْا هَلُمُّوْا اِلٰی حَاجَتِکُمْ فَیَحُفُّوْنَهَا بِاَجْنِحَتِهِمْ اِلَی السَّمَآءِ

(۱۴) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ فرشتوں کی ایک جماعت ہے جو راستوں وغیرہ میں گشت کرتی رہتی ہے اور جہاں کہیں ان کو اللہ کا ذکر کرنے والے ملتے ہیں تو وہ آپس میں ایک دوسرے کو بلا کر سب جمع ہو جاتے ہیں اور

فَإِذَا تَفَرَّقُوا عَرَجُوا وَصَعِدُوا إِلَى السَّمَاءِ
فَيَسْأَلُهُمْ رَبُّهُمْ وَهُوَ أَعْلَمُ مِنْ أَيْنَ جِئْتُمْ
فَيَقُولُونَ جِئْنَا مِنْ عِنْدِ عِبَادِكَ يُسَبِّحُونَكَ
وَيُكَبِّرُونَكَ وَيَحْمَدُونَكَ فَيَقُولُ هَلْ رَأَوْنِي
فَيَقُولُونَ لَا فَيَقُولُ كَيْفَ لَوْ رَأَوْنِي فَيَقُولُونَ
لَوْ رَأَوْكَ كَانُوا أَشَدَّ لَكَ عِبَادَةً وَأَشَدَّ
لَكَ تَمْجِيدًا وَأَكْثَرَ لَكَ تَسْبِيحًا فَيَقُولُ
فَمَا يَسْأَلُونَ فَيَقُولُونَ يَسْأَلُونَكَ الْجَنَّةَ
فَيَقُولُ وَهَلْ رَأَوْهَا فَيَقُولُونَ لَا فَيَقُولُ
فَكَيْفَ لَوْ رَأَوْهَا فَيَقُولُونَ لَوْ أَنَّهُمْ رَأَوْهَا
كَانُوا أَشَدَّ عَلَيْهَا حِرْصًا وَأَشَدَّ لَهَا طَلَبًا
وَأَعْظَمَ فِيهَا رَغْبَةً قَالَ فَمِمَّ يَتَعَوَّذُونَ
فَيَقُولُونَ يَتَعَوَّذُونَ مِنَ النَّارِ فَيَقُولُ وَهَلْ
رَأَوْهَا فَيَقُولُونَ لَا فَيَقُولُ فَكَيْفَ لَوْ رَأَوْهَا
فَيَقُولُونَ لَوْ أَنَّهُمْ رَأَوْهَا كَانُوا أَشَدَّ مِنْهَا
فِرَارًا وَأَشَدَّ لَهَا مَخَافَةً فَيَقُولُ أُشْهِدُكُمْ
أَنِّي قَدْ غَفَرْتُ لَهُمْ فَيَقُولُ مَلَكٌ مِنَ
الْمَلٰئِكَةِ فُلَانٌ لَيْسَ مِنْهُمْ إِنَّمَا جَاءَ
لِحَاجَةٍ قَالَ هُمُ الْقَوْمُ لَا يَشْقَى بِهِمْ جَلِيسُهُمْ
رواه البخاري ومسلم والبيهقي في الاسماء
والصفات كذا في الدر والمشكوة۔

ذکر کرنے والوں کے گرد آسمان تک جمع ہوتے رہتے ہیں
جب وہ مجلس ختم ہو جاتی ہے تو وہ آسمان پر جاتے
ہیں اللہ جل جلالہ باوجودیکہ ہر چیز کو جانتے ہیں
پھر بھی دریافت فرماتے ہیں کہ تم کہاں سے آئے ہو
وہ عرض کرتے ہیں کہ تیرے بندوں کی فلاں جماعت
کے پاس سے آئے ہیں جو تیری تسبیح اور تکبیر اور
تحمید (بڑائی بیان کرنے) اور تعریف کرنے میں
مشغول تھے ارشاد ہوتا ہے کیا ان لوگوں نے مجھے
دیکھا ہے، عرض کرتے ہیں یا اللہ دیکھا تو نہیں
ارشاد ہوتا ہے کہ اگر وہ مجھے دیکھ لیتے تو کیا حال
ہوتا۔ عرض کرتے ہیں کہ اور بھی زیادہ عبادت میں
مشغول ہوتے اور اس سے بھی زیادہ تیری تعریف
اور تسبیح میں منہمک ہوتے ارشاد ہوتا ہے کہ وہ
کیا چاہتے ہیں عرض کرتے ہیں کہ وہ جنت
چاہتے ہیں ارشاد ہوتا ہے کیا انہوں نے جنت کو
دیکھا ہے عرض کرتے ہیں دیکھا تو نہیں ارشاد ہوتا
ہے اگر دیکھ لیتے تو کیا ہوتا عرض کرتے ہیں کہ
اس سے بھی زیادہ شوق اور تمنا اور اس کی طلب
میں لگ جاتے پھر ارشاد ہوتا ہے کہ کس چیز سے
پناہ مانگ رہے تھے عرض کرتے ہیں کہ جہنم سے
پناہ مانگ رہے تھے ارشاد ہوتا ہے کیا انہوں نے
جہنم کو دیکھا ہے عرض کرتے ہیں کہ دیکھا تو ہے نہیں ارشاد ہوتا ہے اگر دیکھتے تو کیا ہوتا عرض کرتے ہیں
اور بھی زیادہ اس سے بھاگتے اور بچنے کی کوشش کرتے۔ ارشاد ہوتا ہے اچھا تم گواہ رہو کہ میں نے
اس مجلس والوں کو سب کو بخش دیا ایک فرشتہ عرض کرتا ہے یا اللہ فلاں شخص اس مجلس میں
اتفاقاً اپنی کسی ضرورت سے آیا تھا وہ اس مجلس کا شریک نہیں تھا۔ ارشاد ہوتا ہے کہ یہ جماعت

ایسی مبارک ہے کہ ان کے پاس بیٹھنے والا بھی محروم نہیں ہوتا (لہٰذا اس کو بھی بخش دیا)

(ف) اس قسم کا مضمون متعدد احادیث میں وارد ہوا ہے کہ فرشتوں کی ایک جماعت ذکر کی مجالس اور ذکر کرنے والی جماعتوں اور افراد کی تلاش میں رہتی ہے اور جہاں مل جاتی ہے انکے پاس یہ جماعت بیٹھتی ہے اُن کا ذکر سنتی ہے۔ چنانچہ پہلے باب کی حدیث ۵ میں یہ مضمون گذر چکا ہے اور اس میں یہ گذر چکا ہے کہ فرشتوں سے تفاخر کے طور پر اللہ جل جلالہ اس کا ذکر کیوں فرماتے ہیں۔ فرشتہ کا یہ عرض کرنا کہ ایک شخص مجلس میں ایسا بھی تھا کہ جو اپنی ضرورت سے آیا تھا واقعہ کا اظہار ہے کہ اس وقت یہ حضرات بمنزلہ گواہوں کے ہیں اور ان لوگوں کی عبادت اور ذکر اللہ میں مشغولی کی گواہی دے رہے ہیں اسی وجہ سے اس کے اظہار کی ضرورت پیش آئی کہ مبادا اعتراض ہو جائے لیکن یہ اللہ کا لطف ہے کہ ذاکرین کی برکت سے ان کے پاس اپنی ضرورت سے بیٹھنے والے کو بھی محروم نہ فرمایا۔ اللہ جل شانہٗ کا ارشاد ہے یٰۤاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَکُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ (سورہ توبہ ع ۱۵) (اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ رہو) صوفیہ کا ارشاد ہے کہ اللہ جل جلالہٗ کے ساتھ رہو اور اگر یہ نہیں ہو سکتا تو پھر ان لوگوں کے ساتھ رہو جو کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ رہتے ہیں اللہ تعالیٰ کے ساتھ رہنے کا مطلب یہ ہے جیسا کہ صحیح بخاری میں ارشاد ہے حق تعالیٰ فرماتے ہیں کہ بندہ نوافل کے ذریعہ میرے قرب میں ترقی کرتا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ میں اس کو اپنا محبوب بنا لیتا ہوں اور جب میں محبوب بنا لیتا ہوں تو میں اس کا کان بن جاتا ہوں جس سے وہ سنے اُس کی آنکھ بن جاتا ہوں جس سے دیکھے اس کا ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے پکڑے اُس کا پاؤں بن جاتا ہوں جس سے وہ چلے، جو وہ مجھ سے مانگتا ہے میں اُس کو دیتا ہوں۔ ہاتھ پاؤں بن جانے کا مطلب یہ ہے کہ اُس کا ہر کام اللہ کی رضا اور محبت کے ذیل میں ہوتا ہے اس کا کوئی عمل بھی اللہ تعالیٰ کی مرضی کے خلاف نہیں ہوتا صوفیہ کے احوال اور ان کے واقعات جو کثرت سے تواریخ میں موجود ہیں وہ شاہد عدل ہیں اور وہ اتنی کثرت سے ہیں کہ اُن کے انکار کی بھی گنجائش نہیں ایک رسالہ اس باب میں نُزہۃ البساتین کے نام سے مشہور ہے جس سے اس قسم کے حالات کا پتہ چلتا ہے۔

شیخ ابوبکر کتانیؒ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ حج کے موقعہ پر مکہ مکرمہ میں چند صوفیہ کا اجتماع تھا۔ جن میں سب سے کم عمر حضرت جنید بغدادیؒ تھے اُس مجمع میں محبت الٰہی پر بحث شروع ہوئی کہ محب کون ہے مختلف حضرات مختلف ارشادات فرماتے رہے حضرت جنیدؒ چپ رہے ان حضرات نے ان سے فرمایا کہ تم بھی کچھ کہو اس پر انھوں نے سر جھکا کر روتے ہوئے فرمایا کہ عاشق وہ ہے جو اپنی خودی سے جاتا رہے خدا کے ذکر کے ساتھ وابستہ ہو گیا ہو اور اس کا حق ادا کرتا ہو دل سے اللہ کی طرف دیکھتا ہو اُس کے دل کو

انوارِ ہیبت نے جلا دیا ہو اُس کے لیے خدا کا ذکر شراب کا پیالہ ہو اگر کلام کرتا ہو تو اللہ ہی کا کلام ہو گویا حق تعالیٰ شانہٗ ہی اُس کی زبان سے کلام فرماتا ہے اگر حرکت کرتا ہو تو اللہ ہی کے حکم سے اگر تسکین پاتا ہو تو اللہ ہی کے ساتھ اور جب یہ حالت ہو جاتی ہے تو پھر کھانا پینا سونا جاگنا سب کاروبار اللہ ہی کی رضا کے واسطے ہو جاتے ہیں نہ دنیا کا رسم و رواج قابلِ التفات رہتا ہے نہ لوگوں کی طعن و تشنیع قابلِ وقعت۔ حضرت سعیدؒ بن المسیبؒ مشہور تابعی ہیں بڑے محدثین میں شمار ہیں ان کی خدمت میں ایک شخص عبداللہ بن ابی وداعہ کثرت سے حاضر ہوا کرتے تھے ایک مرتبہ چند روز حاضر نہ ہو سکے کئی روز کے بعد جب حاضر ہوئے تو حضرت سعیدؒ نے دریافت فرمایا کہاں تھے عرض کیا کہ میری بیوی کا انتقال ہو گیا ہے اُس کی وجہ سے مشاغل میں پھنسا رہا فرمایا ہم کو خبر نہ کی ہم بھی جنازہ میں شریک ہوتے تھوڑی دیر کے بعد میں اٹھ کر آنے لگا فرمایا دوسرا نکاح کر لیا میں نے عرض کیا حضرت مجھ سے کون نکاح کرے گا دو تین آنے کی میری حیثیت ہے آپ نے فرمایا ہم کر دیں گے اور یہ کہہ کر خطبہ پڑھا اور اپنی بیٹی کا نکاح نہایت معمولی مہر آٹھ دس آنہ پر مجھ سے کر دیا (اتنی مقدار مہر کی ان کے نزدیک جائز ہو گی جیسا کہ بعض اماموں کا مذہب ہے حنفیہ کے نزدیک ڈھائی روپے سے کم جائز نہیں) نکاح کے بعد میں اٹھا اور اللہ ہی کو معلوم ہے کہ مجھے کس قدر مسرت تھی خوشی میں سوچ رہا تھا کہ رخصتی کے انتظام کے لیے کس سے قرض مانگوں، کیا کروں۔ اسی فکر میں شام ہو گئی میرا روزہ تھا مغرب کے وقت روزہ افطار کیا نماز کے بعد گھر آیا چراغ جلایا روٹی اور زیتون کا تیل موجود تھا اس کو کھانے لگا کہ کسی شخص نے دروازہ کھٹکھٹایا میں نے پوچھا کون ہے؟ کہا سعید ہے میں سوچنے لگا کہ کون سعید ہے حضرت کی طرف میرا خیال بھی نہ گیا کہ چالیس۴۰ برس سے اپنے گھر یا مسجد کے سوا کہیں آنا جانا تھا ہی نہیں باہر آ کر دیکھا کہ سعید بن المسیبؓ ہیں میں نے عرض کیا آپ نے مجھے نہ بُلا لیا فرمایا میرا آنا ہی مناسب تھا میں نے عرض کیا کیا ارشاد ہے فرمایا مجھے یہ خیال آیا کہ اب تمہارا نکاح ہو چکا ہے تنہا رات کو سونا مناسب نہیں اس لیے تمہاری بیوی کو لایا ہوں یہ فرما کر اپنی لڑکی کو دروازہ کے اندر کر دیا اور دروازہ بند کر کے چلے گئے وہ لڑکی شرم کی وجہ سے گر گئی میں نے اندر سے کواڑ بند کیے اور وہ روٹی اور تیل جو چراغ کے سامنے رکھا تھا وہاں سے ہٹا دیا کہ اس کی نظر نہ پڑے اور مکان کی چھت پر چڑھ کر پڑوسیوں کو آواز دی لوگ جمع ہو گئے تو میں نے کہا کہ حضرت سعیدؒ نے اپنی لڑکی سے میرا نکاح کر دیا ہے اور اس وقت وہ اس کو خود ہی پہنچا گئے ہیں سب کو بڑا تعجب ہوا کہنے لگے واقعی وہ تمہارے گھر میں ہے؟ میں نے کہا ہاں! اس کا چرچا ہوا میری والدہ کو خبر ہوئی وہ بھی

اسی وقت آگئیں اور کہنے لگیں کہ اگر تین دن تک تو نے اس کو چھیڑا تو تیرا منہ نہ دیکھوں گی۔ ہم تین دن میں اس کی تیاری کرلیں تین دن کے بعد جب میں اس لڑکی سے ملا تو دیکھا نہایت خوبصورت قرآن شریف کی بھی حافظ اور سنتِ رسول سے بھی بہت زیادہ واقف۔ شوہر کے حقوق سے بھی بہت زیادہ باخبر ایک مہینہ تک نہ تو حضرت سعیدؒ میرے پاس آئے نہ میں اُن کی خدمت میں گیا۔ ایک ماہ کے بعد میں حاضر ہوا تو وہاں مجمع تھا میں سلام کرکے بیٹھ گیا جب سب چلے گئے تو فرمایا اس آدمی کو کیسا پایا میں نے عرض کیا نہایت بہتر ہے کہ دوست دیکھ کر خوش ہوں دشمن جلیں فرمایا اگر کوئی بات ناگوار ہو تو لکڑی سے خبر لینا میں واپس آگیا تو ایک آدمی کو بھیجا چوبیس ہزار درہم (تقریباً پانچ ہزار روپیہ) مجھے دے گیا۔ اس لڑکی کو عبد الملک بن مروان بادشاہ نے اپنے بیٹے ولید کے لیے جو ولی عہد بھی تھا مانگا تھا مگر حضرت سعیدؒ نے عذر کردیا تھا جس کی وجہ سے عبد الملک ناراض بھی ہوا اور ایک حیلہ سے حضرت سعیدؒ کے سَو کوڑے سخت سردی میں لگوائے اور پانی کا گھڑا اُن پر گرادیا۔

(۱۵) عَنِ ابْنِ عُمَرَؓ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ کُتِبَتْ لَہٗ بِکُلِّ حَرْفٍ عَشْرُ حَسَنَاتٍ وَمَنْ اَعَانَ عَلٰی خُصُوْمَۃٍ بَاطِلٍ لَمْ یَزَلْ فِیْ سَخَطِ اللّٰہِ حَتّٰی یَنْزِعَ وَمَنْ حَالَتْ شَفَاعَتُہٗ دُوْنَ حَدٍّ مِّنْ حُدُوْدِ اللّٰہِ فَقَدْ ضَادَّ اللّٰہَ فِیْ اَمْرِہٖ وَمَنْ بَھَتَ مُؤْمِنًا اَوْ مُؤْمِنَۃً حَبَسَہُ اللّٰہُ فِیْ رَدْغَۃِ الْخَبَالِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ حَتّٰی یَخْرُجَ مِمَّا قَالَ وَلَیْسَ بِخَارِجٍ رواہ الطبرانی فی الکبیر والاوسط ورجالھما رجال الصحیح کذا فی مجمع الزوائد قلت اخرجہ ابوداؤد بدون ذکر التسبیح فیہ۔

(۱۵) حضورؐ کا ارشاد ہے کہ جو شخص سبحان اللہ الحمد للہ لا الٰہ الا اللہ اللہ اکبر پڑھے ہر حرف کے بدلے میں دس نیکیاں ملیں گی اور جو شخص کسی جھگڑے میں ناحق کی حمایت کرتا ہے وہ اللہ کے غصہ میں رہتا ہے جب تک کہ اس سے توبہ نہ کرے اور جو اللہ کی کسی سزا میں سفارش کرے (اور شرعی سزا کے ملنے میں حارج ہو) وہ اللہ کا مقابلہ کرتا ہے اور جو شخص کسی مؤمن مرد یا عورت پر بہتان باندھے وہ قیامت کے دن ردغۃ الخبال میں قید کیا جائے گا یہاں تک کہ اُس بہتان سے نکلے اور کس طرح اُس سے نکل سکتا ہے۔

(ف) ناحق کی حمایت آج کل ہماری طبیعت بن گئی ہے ایک چیز کو ہم سمجھتے ہیں کہ ہم غلطی پر ہیں مگر رشتہ داروں کی طرفداری ہے پارٹی کا سوال ہے لاکھوں اللہ کے غصہ میں داخل ہوں اللہ کی ناراضگی

ہو اُس کا عتاب ہو مگر کنبہ برادری کی بات کے مقابلہ میں کچھ بھی نہیں ہم اُس ناحق کرنے والے کو ٹوک نہ سکیں اور سکوت کریں یہ بھی نہیں بلکہ ہر طرح سے اُس کی حمایت کریں گے اگر اُس پر کوئی دوسرا مطالبہ کرنے والا کھڑا ہو تو اُس کا مقابلہ کریں گے کسی دوست نے چوری کی ظلم کیا عیاشی کی اُس کے حوصلے بلند کریں گے اس کی ہر طرح مدد کریں گے۔ کیا یہی ہے ہمارے ایمان کا مقتضیٰ، یہی ہے دینداری اسی پر اسلام کے ساتھ ہم فخر کرتے ہیں۔ یا اپنے اسلام کو دوسروں کی نگاہ میں بھی بدنام کرتے ہیں اور اللہ کے یہاں خود بھی ذلیل ہوتے ہیں۔ ایک حدیث میں ہے کہ جو شخص عصبیۃ پر کسی کو بلائے یا عصبیت پر لڑے وہ ہم میں سے نہیں ہے دوسری حدیث میں ہے کہ عصبیت سے یہ مراد ہے کہ ظلم پر اپنی قوم کی مدد کرے۔ ردغۃ الخبال وہ کیچڑ ہے جو جہنمی لوگوں کے لہو پیپ وغیرہ سے جمع ہو جائے کس قدر گندی اور اذیت دینے والی جگہ ہے جس میں ایسے لوگوں کو قید کر دیا جائے گا جو مسلمانوں پر بہتان باندھتے ہوں آج دنیا میں بہت سرسری معلوم ہوتا ہے کہ جس شخص کے متعلق جو چاہا منہ بھر کر کہہ دیا کل جب زبان سے کہی ہوئی ہر بات کو ثابت کرنا پڑے گا اور ثبوت بھی وہی جو شرعاً معتبر ہو دُنیا کی طرح نہیں کہ چرب لسانی اور جھوٹی باتیں ملا کر دوسرے کو چپ کر دیا جائے اس وقت آنکھیں کھلیں گی کہ ہم نے کیا کہا تھا اور کیا نکلا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ آدمی بعض کلام زبان سے ایسا نکالتا ہے جس کی پرواہ بھی نہیں کرتا لیکن اس کی وجہ سے جہنم میں پھینک دیا جاتا ہے ایک حدیث میں ہے کہ آدمی بعض بات صرف اس وجہ سے کہتا ہے کہ لوگ ذرا ہنس پڑیں گے لیکن اُس کی وجہ سے اتنی دُور (جہنم میں) پھینک دیا جاتا ہے جتنی دو آسمان سے زمین ہے پھر ارشاد فرمایا کہ زبان کی لغزش پاؤں کی لغزش سے زیادہ سخت ہے۔ ایک حدیث میں ہے جو شخص کسی کو کسی گناہ سے عار دلادے وہ خود مرنے سے پہلے اُس گناہ میں مبتلا ہوتا ہے امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ وہ گناہ مراد ہے جس سے گناہگار توبہ کر چکا ہو حضرت ابوبکر صدیق رضؓ اپنی زبان مبارک کو پکڑ کر کھینچتے تھے کہ تیری بدولت ہم ہلاکتوں میں پڑتے ہیں ابن المنکدرؒ مشہور محدثین میں ہیں اور تابعی ہیں انتقال کے وقت رونے لگے کسی نے پوچھا کیا بات ہے فرمانے لگے مجھے کوئی گناہ تو ایسا معلوم نہیں جو میں نے کیا ہو اس پر روتا ہوں کوئی بات ایسی ہو گئی ہو جس کو میں نے سرسری سمجھا ہو اور وہ اللہ کے نزدیک سخت ہو۔

(۱۶) عَنْ اَبِیْ بَرْزَۃَ الْاَسْلَمِیِّ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ

(۱۶) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول اخیر زمانۂ عمر شریف میں یہ تھا کہ جب مجلس سے

بِاٰخِرِهٖ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّقُوْمَ مِنَ الْمَجْلِسِ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّكَ لَتَقُوْلُ قَوْلًا مَا كُنْتَ تَقُوْلُهٗ فِيْمَا مَضٰى قَالَ كَفَّارَةٌ لِّمَا يَكُوْنُ فِي الْمَجْلِسِ رواه ابن ابی شیبة وابوداؤد والنسائی والحاکم وابن مردویہ کذا فی الدر وفیہ ایضا بروایۃ ابن ابی شیبة عن ابی العالیۃ بزیادۃ علمنیھن جبرئیل ؑ۔

اٹھتے تو سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ پڑھا کرتے کسی نے عرض کیا کہ آج کل ایک دعا کا معمول حضورؐ کا ہے پہلے تو یہ معمول نہیں تھا حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ یہ مجلس کا کفارہ ہے دوسری روایت میں بھی یہ قصہ مذکور ہے اس میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد منقول ہے کہ یہ کلمات مجلس کا کفارہ ہیں حضرت جبرئیل ؑ نے مجھے بتائے ہیں۔

(ف) حضرت عائشہؓ سے بھی نقل کیا گیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بھی مجلس سے اُٹھتے تو سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبِّیْ وَبِحَمْدِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ پڑھتے، میں نے عرض کیا کہ آپ اس دعا کو بڑی کثرت سے پڑھتے ہیں ارشاد فرمایا کہ جو شخص مجلس کے ختم پر اس کو پڑھ لیا کرے تو اُس مجلس میں جو لغزشیں اُس سے ہوئی ہوں وہ سب معاف ہوجائیں گی مجالس میں عموماً فضول باتیں بیکار تذکرے ہو ہی جاتے ہیں کتنی مختصر دعا ہے اگر کوئی شخص ان دعاؤں میں سے کوئی سی ایک دُعا پڑھ لے تو مجلس کے وبال سے خلاصی پا سکتا ہے۔ حق تعالیٰ شانہٗ نے کیسی کیسی سہولتیں مرحمت فرمائی ہیں۔

(۱۷) عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ مِنْ جَلَالِ اللّٰهِ مِنْ تَسْبِيْحِهٖ وَتَحْمِيْدِهٖ وَتَهْلِيْلِهٖ يَتَعَاطَفْنَ حَوْلَ الْعَرْشِ لَهُنَّ دَوِيٌّ كَدَوِيِّ النَّحْلِ يَذْكُرْنَ بِصَاحِبِهِنَّ اَلَا يُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ لَّا يَزَالَ لَهٗ عِنْدَ اللّٰهِ شَيْءٌ يُّذَكِّرُ بِهٖ رواه احمد والحاکم وقال صحیح الاسناد وقال الذہبی موسی بن سالم قال ابو حاتم منکر الحدیث ولفظ الحاکم

(۱۷) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ کی بڑائی بیان کرتے ہیں یعنی سبحان اللہ الحمد للہ اللہ اکبر لا الٰہ الا اللہ پڑھتے ہیں تو کلمات عرش کے چاروں طرف گشت لگاتے ہیں کہ ان کے لیے ہلکی سی آواز (بھنبھناہٹ) ہوتی ہے اور اپنے پڑھنے والے کا تذکرہ کرتے ہیں کیا تم یہ نہیں چاہتے کہ کوئی تمہارا تذکرہ کرنے والا اللہ کے پاس موجود ہو جو تمہارا ذکر خیر کرتا رہے۔

کذ وی النخل یقلن بصاحبھن واخرجہ بسند اخر وصححہ علی شرط مسلم واقرہ علیہ الذھبی وفیہ کدوی النخل یذکرون بصاحبھن۔

(ف) جو لوگ حکام رس ہیں کرسی نشین کہلاتے ہیں کوئی ان سے پوچھے کہ بادشاہ نہیں وزیر نہیں وائسرائے کو بھی چھوڑ دیجیے کسی گورنر کے یہاں ان کی تعریف کی جائے ان کا ذکر خیر آجائے پھولے نہیں سماتے دماغ آسمان پر پہنچ جاتا ہے حالانکہ تذکرہ سے نہ تو دین کا نفع نہ دنیا کا دین کا نفع نہ ہونا تو ظاہر اور کھلا ہوا ہے اور دنیا کا نفع نہ ہونا اس وجہ سے کہ شاید جتنا نفع اس قسم کے تذکروں سے ہوتا ہو اس سے زیادہ نقصان اس نوع کے مرتبے اور تذکرے حاصل کرنے میں پہنچ جاتا ہے، جائدادیں فروخت کرکے سودی قرض لے کر ایسے مرتبے حاصل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے مفت کی عداوتیں مول لی جاتی ہیں اور ہر قسم کی ذلتیں برداشت کی جاتی ہیں الکشنوں کے منظر سب کے سامنے ہیں کہ کیا کیا کرنا پڑتا ہے اس کے بالمقابل اللہ جل جلالہ کے عرش پر تذکرہ مالک الملک کے حضور میں تذکرہ اُس پاک ذات کے یہاں تذکرہ جس کے قبضہ میں دین و دنیا اور سارے جہانوں کی ہر چیز ہے اُس قدرت والے کے یہاں تذکرہ جس کے قبضہ میں بادشاہوں کے دل ہیں حاکموں کے اختیارات اس کے اختیار میں ہیں نفع اور نقصان کا واحد مالک وہی ہے سارے جہان کے تمام آدمی حاکم و محکوم بادشاہ و رعایا کسی کو نقصان پہنچانا چاہیں اور مالک الملک نہ چاہے تو کوئی بال بھی بیکا نہیں کرسکتا ساری مخلوق کسی کو نفع پہنچانا چاہے اور اس کی رضا نہ ہو تو ایک قطرہ پانی کا نہیں پلا سکتی۔ ایسی پاک ذات کے یہاں اپنا ذکر خیر ہو کوئی دولت دنیا کی اس کا مقابلہ کرسکتی ہے۔ کوئی عزت دنیا کی خواہ کتنی ہی بڑی ہو جائے اس کی برابری کرسکتی ہے نہیں ہرگز نہیں اور اس کے مقابلہ میں دنیا کی کسی عزت کو اگر وقیع سمجھا جائے تو کیا اپنے اوپر ظلم نہیں۔

(۱۸) عَنْ یُسَیْرَۃَ وَکَانَتْ مِنَ الْمُھَاجِرَاتِ قَالَتْ قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلَیْکُنَّ بِالتَّسْبِیْحِ وَالتَّھْلِیْلِ وَالتَّقْدِیْسِ وَاعْقِدْنَ بِالْاَنَامِلِ فَاِنَّھُنَّ مَسْئُوْلَاتٌ مُّسْتَنْطِقَاتٌ وَلَا تَغْفُلْنَ فَتَنْسَیْنَ الرَّحْمَۃَ رواہ الترمذی وابوداؤد کذا فی المشکوٰۃ وفی المنھل اخرجہ ایضًا احمد والحاکم اھ وقال الذھبی فی تلخیصہ صحیح وکذا رقم

(۱۸) حضرت یسیرہؓ جو ہجرت کرنے والی صحابیات میں سے ہیں فرماتی ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اپنے اوپر تسبیح (سبحان اللہ کہنا) اور تہلیل (لا الٰہ الا اللہ پڑھنا) اور تقدیس (اللہ کی پاکی بیان کرنا مثلاً سُبحان الملک القدوس پڑھنا یا سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلٰئِکَۃِ وَالرُّوْحِ کہنا) لازم کرلو اور انگلیوں پر گنا کرو اس لیے کہ انگلیوں سے قیامت میں سوال کیا جاوے گا اور اُن سے جواب

له بالصحة في الجامع الصغير وبسط صاحب
الاتحاف في تخريجه وقال عبد الله بن عمرو رأيت
رسول الله صلى الله عليه وسلم يعقد التسبيح رواه
ابوداود والنسائي والترمذي وحسنه والحاكم كذا في الاتحاف
وبسط في تخريجه ثم قال قال الحافظ معنى العقد
المذكور في الحديث احصاء العدد وهو اصطلاح
العرب بوضع بعض الانامل على بعض عقد انملة
اخرى فالآحاد والعشرات باليمين والمئون
والالاف باليسار اھ۔

طلب کیا جائے گا کہ کیا عمل کیے اور جواب میں گویائی
دی جائیں گی اور اللہ کے ذکر سے غفلت نہ کرنا (اگر
ایسا کروگی تو اللہ کی) رحمت سے محروم کردی جاؤگی

(ف) قیامت میں آدمی کے بدن سے اس کے ہاتھ
پاؤں سے بھی سوال ہوگا کہ ہر ہر حصّہ بدن نے کیا کیا
نیک کام کیے اور کیا کیا ناجائز اور برے کام کیے۔
قرآن پاک میں متعدد جگہ اس کا ذکر ہے ایک جگہ
ارشاد ہے۔ يَوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ اَلْسِنَتُهُمْ
وَاَيْدِيْهِمْ الآية (س نور ع ۳) (جس روز
ان کے خلاف گواہی دیں گی اُن کی زبانیں اور اُن کے ہاتھ اور پاؤں اُن کاموں کی (یعنی گناہوں کی) جن کو
یہ کرتے تھے) دوسری جگہ ارشاد ہے وَيَوْمَ يُحْشَرُ اَعْدَاءُ اللّٰهِ اِلَى النَّارِ الآيات (س حم سجدہ ۳۰) اِن
جگہ کئی آیتوں میں اس کا ذکر ہے جن کا ترجمہ یہ ہے کہ جس دن (حشر میں) اللہ کے دشمن جہنّم کی طرف
جمع کیے جائیں گے پھر اُن کو ایک جگہ روک دیا جاوے گا پھر سب کے سب اُس جہنّم کے قریب آجائیں گے تو
ان کے کان ان کی آنکھیں ان کی کھالیں ان پر گواہیاں دیں گے (اور بتائیں گے کہ ہمارے ذریعے اس
شخص نے کیا کیا گناہ کیے اُس وقت وہ لوگ (تعجب سے) ان سے کہیں گے کہ تم نے ہمارے خلاف کیوں
گواہی دی (ہم تو دنیا میں تمہاری ہی لذّت اور راحت کے واسطے گناہ کرتے تھے) وہ جواب دیں گے کہ
ہم کو اس پاک اللہ نے گویائی عطا کی جس نے سب چیزوں کو گویائی عطا فرمائی اسی نے تم کو بھی اوّل
پیدا کیا تھا اور اسی کے پاس اب تم لوٹائے گئے ہو۔ احادیث میں اس گواہی کے متعدد واقعات ذکر کیے
گئے ہیں۔ ایک حدیث میں وارد ہے کہ قیامت کے دن کافر باوجودیکہ اپنی بداعمالیوں کو جانتا ہوگا پھر
بھی انکار کرے گا کہ میں نے گناہ نہیں کیے اس سے کہا جائے گا کہ یہ تیرے پڑوسی تجھ پر گواہی دیتے ہیں
وہ کہے گا کہ یہ لوگ دشمنی سے جھوٹ بولتے ہیں پھر کہا جائے گا کہ تیرے عزیز واقارب گواہی دیتے
ہیں وہ ان کو بھی جھٹلائے گا تو اس کے اعضاء کو گواہ بنایا جائے گا ایک حدیث میں ہے کہ سب سے
پہلے ران گواہی دے گی کہ کیا کیا بداعمالیاں اس سے کرائی گئی تھیں۔ ایک حدیث میں ہے کہ سب سے پہلے
پُل صراط سے آخری گذرنے والا اس طرح گرتا پڑتا گذرے گا جیسے کہ بچہ جب اُس کو باپ مار رہا ہو کہ
وہ کبھی اِدھر گرتا ہے کبھی اُدھر فرشتے اس سے کہیں گے کہ اچھا اگر تو سیدھا چل کر پل صراط سے گذر جائے تو

اپنے سب اعمال بتا دے گا وہ اس کا وعدہ کرے گا۔ کہ میں سچ سچ سب بتا دوں گا اور اللہ کی عزت کی قسم کھا کر کہے گا کہ کچھ نہیں چھپاؤں گا وہ کہیں گے کہ اچھا سیدھا کھڑا ہو جا اور چل وہ سہولت سے پل صراط پر گزر جائے گا اور پار ہو جانے کے بعد اس سے پوچھا جائے گا کہ اچھا اب بتا وہ سوچے گا کہ اگر میں نے اقرار کر لیا تو ایسا نہ ہو کہ مجھ کو واپس کر دیا جائے اس لیے صاف انکار کر دے گا کہ میں نے کوئی بُرا عمل نہیں کیا فرشتے کہیں گے کہ اچھا اگر ہم نے گواہ پیش کر دیئے تو وہ اِدھر اُدھر دیکھے گا کہ کوئی آدمی آس پاس نہیں اس کو خیال ہو گا کہ اب گواہ کہاں سے آئیں گے سب اپنے اپنے ٹھکانے پر پہنچ گئے ہیں اسلیے کہے گا کہ اچھا لاؤ گواہ تو اس کے اعضاء کو حکم کیا جائے گا اور وہ کہنا شروع کریں گے تو مجبوراً اس کو اقرار کرنا پڑے گا اور کہے گا کہ بے شک ابھی اور بھی بہت سے مہلک گناہ بیان کرنا باقی ہیں تو ارشاد ہو گا کہ اچھا ہم نے مغفرت کر دی غرض ان وجوہ سے ضرورت ہے کہ آدمی کے اعضاء سے نیک کام بھی بکثرت ہوں تاکہ گواہ دونوں قسم کے مل سکیں۔ اسی لیے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث بالا میں انگلیوں پر شمار کرنے کا حکم فرمایا ہے۔ اسی وجہ سے دوسری احادیث میں مسجد میں کثرت سے آنے جانے کا حکم ہے کہ نشاناتِ قدم بھی گواہی دیں گے اور ان کا ثواب لکھا جاتا ہے۔ کس قدر خوش قسمت ہیں وہ لوگ جن کے لیے برائی کا گواہ کوئی بھی نہ ہو کہ گناہ کیے ہی نہیں یا توبہ وغیرہ سے معاف ہو گئے اور بھلائی اور نیکی کے گواہ سینکڑوں ہزاروں ہوں جس کی سہل ترین صورت یہ ہے کہ جب کوئی گناہ صادر ہو جائے فوراً توبہ سے اس کو محو کر ڈالیں کہ پھر وہ کالعدم ہو جاتے ہیں (جیسا کہ باب دوم فصل سوم حدیث ۳۳ کے تحت میں گذر چکا ہے) اور نیکیاں اعمالناموں میں باقی رہیں جس کے گواہ بھی موجود ہوں اور جن جن اعضاء سے یہ نیک اعمال کیے ہیں وہ سب گواہی دیں۔ متعدد احادیث احادیث میں خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا انگلیوں پر گننا مختلف الفاظ سے نقل کیا گیا ہے حضرت عبد اللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (انگلیوں پر) تسبیح گنتے تھے۔ اس کے بعد حدیث بالا میں اللہ کے ذکر سے غفلت پر رحمتِ الٰہیہ سے محروم کیے جانے کی وعید ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ کے ذکر سے محروم رہتے ہیں وہ اللہ کی رحمت سے بھی محروم رہتے ہیں قرآن پاک میں ارشاد ہے کہ تم مجھے یاد کرو میں (رحمت کے ساتھ) تمہارا ذکر کروں گا۔ حق تعالیٰ شانہٗ نے اپنی یاد کو بندہ کی یاد پر مرتب فرمایا۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطَانًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ (س زخرف ع ۴) اور جو شخص اللہ کے ذکر سے (خواہ کسی قسم کا ہو قرآن پاک ہو یا کسی اور قسم کا

جان بوجھ کر) اندھا بن جائے ہم اُس پر ایک شیطان کو مسلط کر دیتے ہیں پس وہ شیطان ہر وقت اُس کے ساتھ رہتا ہے اور وہ (شیطان اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل کر) سب کے سب اُن لوگوں کو (جو اللہ کے ذکر سے اندھے بن گئے ہیں سیدھے) راستہ سے ہٹاتے رہتے ہیں اور یہ لوگ خیال کرتے ہیں کہ ہم ہدایت پر ہیں۔

حدیث میں ہے کہ ہر شخص کی ساتھ ایک شیطان مقرر ہے کافر کی ساتھ تو وہ ہر وقت شریک حال رہتا ہے کھانے میں بھی پینے میں بھی سونے میں بھی لیکن مومن سے ذرا دور رہتا ہے اور ہر وقت منتظر رہتا ہے جب اس کو ذرا غافل پاتا ہے فورًا اس پر حملہ کرتا ہے۔ دوسری جگہ ارشاد ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُلْهِكُمْ أَمْوَالُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللَّهِ الیٰ آخر السورۃ۔

(س منافقون ع ۲) اے ایمان والو تم کو تمہارے مال اور اولاد (اور اسی طرح دوسری چیزیں) اللہ کی یاد سے غافل نہ کر دیں اور جو لوگ ایسا کریں گے وہی خسارے والے ہیں اور ہم نے جو کچھ (مال دولت) عطا کر رکھا ہے اُس میں سے (اللہ کے راستہ میں) اس سے پہلے پہلے خرچ کر لو کہ تم میں سے کسی کی موت آجائے اور پھر (حسرت و افسوس سے) کہنے لگے کہ اے میرے پروردگار مجھے کچھ دنوں اور مہلت کیوں نہ دی تاکہ میں خیرات کر لیتا اور نیک بندوں میں شامل ہو جاتا اور اللہ جل جلالہٗ کسی شخص کو بھی موت کا وقت آجانے کے بعد مہلت نہیں دیتے اور اللہ کو تمہارے سارے اعمال کی پوری پوری خبر ہے (جیسا کرو گے بھلا یا برا ویسا ہی پاؤ گے) اللہ جل شانہٗ کے ایسے بھی بندے ہیں جن کو کسی وقت بھی غفلت نہیں ہوتی حضرت شبلیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک جگہ دیکھا کہ ایک مجنون شخص ہے لڑکے اس کے ڈھیلے مار رہے ہیں میں نے ان کو دھمکایا وہ لڑکے کہنے لگے کہ یہ شخص یوں کہتا ہے کہ میں خدا کو دیکھتا ہوں میں اس کے قریب گیا تو وہ کچھ کہہ رہا تھا میں نے غور سے سُنا تو وہ کہہ رہا تھا کہ تو نے بہت ہی اچھا کیا کہ ان لڑکوں کو مجھ پر مسلط کر دیا میں نے کہا کہ یہ لڑکے تجھ پر ایک تہمت لگاتے ہیں کہنے لگا کیا کہتے ہیں میں نے کہا یہ کہتے ہیں کہ تم خدا کو دیکھنے کے مدعی ہو یہ سُن کر اس نے ایک چیخ ماری اور یہ کہا شبلی اس ذات کی قسم جس نے اپنی محبت میں مجھ کو شکستہ حال بنا رکھا ہے اور اپنے قرب و بعد میں مجھ کو بھٹکا رکھا ہے اگر تھوڑی دیر بھی وہ مجھ سے غائب ہو جائے (یعنی حضوری حاصل نہ رہے) تو میں دردِ فراق سے ٹکڑے ٹکڑے ہو جاؤں یہ کہہ کر وہ مجھ سے منہ موڑ کر یہ شعر پڑھتا ہوا بھاگ گیا۔

خَيَالُكَ فِي عَيْنِي وَذِكْرُكَ فِي فَمِي ❊ وَمَثْوَاكَ فِي قَلْبِي فَأَيْنَ تَغِيبُ تیری صورت میری نگاہ میں جمی رہتی ہے اور تیرا ذکر میری زبان پر ہر وقت رہتا ہے تیرا ٹھکانا میرا دل ہے

پس تو کہاں غائب ہو سکتا ہے۔ حضرت جنید بغدادیؒ کا جب انتقال ہونے لگا تو کسی نے کلمۂ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ تلقین کیا فرمانے لگے ہیں کسی وقت بھی اس کو نہیں بھولا (یعنی یاد تو اس کو دلاؤ جس کو کسی وقت بھی غفلت ہوئی ہو) حضرت ممشاد دینوریؒ مشہور بزرگ ہیں جس وقت ان کا انتقال ہونے لگا تو کسی پاس بیٹھنے والے نے دعا کی حق تعالیٰ شانہٗ آپ کو (جنت کی) فلاں فلاں دولت عطا فرمائیں تو ہنس پڑے فرمانے لگے تیس برس سے جنت اپنے سارے ساز و سامان کے ساتھ میرے سامنے ظاہر ہوتی رہی ہے ایک دفعہ بھی تو (اللہ جل شانہٗ کی طرف سے توجہ ہٹا کر) ادھر توجہ نہیں کی۔ حضرت رویمؒ کو انتقال کے وقت کسی نے کلمۂ تلقین کیا تو فرمانے لگے میں اس کے غیر کو اچھی طرح جانتا ہی نہیں۔ احمد بن خضرویہؒ کا انتقال کا وقت تھا کسی شخص نے کوئی بات پوچھی آنکھوں سے آنسو نکل پڑے کہنے لگے پچانوے ۹۵ برس سے ایک دروازہ کھٹکھٹا رہا ہوں وہ اس وقت کھلنے والا ہے مجھے معلوم نہیں کہ وہ سعادت کی ساتھ کھلتا ہے یا بدبختی کے ساتھ مجھے اس وقت بات کی فرصت کہاں۔

(۱۹) عَنْ جُوَيْرِيَةَ ؓ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مِنْ عِنْدِهَا بُكْرَةً حِيْنَ صَلَّى الصُّبْحَ وَهِيَ فِيْ مَسْجِدِهَا ثُمَّ رَجَعَ بَعْدَ اَنْ اَضْحٰى وَهِيَ جَالِسَةٌ قَالَ مَا زِلْتِ عَلَى الْحَالِ الَّتِيْ فَارَقْتُكِ عَلَيْهَا قَالَتْ نَعَمْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ قُلْتُ بَعْدَكِ اَرْبَعَ كَلِمَاتٍ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ لَوْ وُزِنَتْ بِمَا قُلْتِ مُنْذُ الْيَوْمِ لَوَزَنَتْهُنَّ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضَا نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ رواه مسلم كذا فى المشكوة قال القارى و كذا اصحاب السنن الاربعة وفى الباب عن صفية قالت دخل على رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم وبين يدى اربعة الاف نواة اسبح بهن الحديث اخرجه الحاكم وقال الذهبى صحيح وعن سعد

(۱۹) اُمّ المومنین حضرت جُوَیریہ ؓ فرماتی ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز کے وقت ان کے پاس سے نماز کے لیے تشریف لے گئے اور یہ اپنے مصلے پر بیٹھی ہوئی (تسبیح میں مشغول تھیں) حضورؐ چاشت کی نماز کے بعد (دوپہر کے قریب) تشریف لائے تو یہ اسی حال میں بیٹھی ہوئی تھیں حضورؐ نے دریافت فرمایا تم اسی حال پر ہو جس پر میں نے چھوڑا تھا عرض کیا جی ہاں! حضورؐ نے فرمایا میں نے تم سے (جدا ہونے کے) بعد چار کلمے تین مرتبہ پڑھے اگر ان کو اُس سب کے مقابلہ میں تولا جائے جو تم نے صبح سے پڑھا ہے تو وہ غالب ہو جائیں۔ وہ کلمے یہ ہیں سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضَا نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ (اللہ کی تسبیح کرتا ہوں اور

اَبِیْ وَقَّاصٍ اَنَّہٗ دَخَلَ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی اِمْرَأَۃٍ وَّبَیْنَ یَدَیْہَا نَوًی اَوْحَصًی تُسَبِّحُ بِہٖ فَقَالَ اَلَا اُخْبِرُکِ بِمَا ھُوَ اَیْسَرُ عَلَیْکِ مِنْ ھٰذَا اَوْ اَفْضَلُ سُبْحَانَ اللّٰہِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِی السَّمَآءِ وَسُبْحَانَ اللّٰہِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِی الْاَرْضِ وَسُبْحَانَ اللّٰہِ عَدَدَ مَا بَیْنَ ذٰلِکَ وَسُبْحَانَ اللّٰہِ عَدَدَ مَا ھُوَ خَالِقٌ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ مِثْلَ ذٰلِکَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ مِثْلَ ذٰلِکَ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مِثْلَ ذٰلِکَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ مِثْلَ ذٰلِکَ رواہ ابوداؤد والترمذی وقال الترمذی حدیث غریب کذا فی المشکوۃ قال القاری وفی نسخۃ حسن غریب اھ وفی المنھل اخرجہ ایضا النسائی وابن ماجۃ وابن حبان والحاکم والترمذی وقال حسن غریب من ھذا الوجہ اھ قلت وصححہ الذھبی۔

اس کی تعریف کرتا ہوں بقدر اُس کی مخلوقات کے عدد کے اور بقدر اس کی مرضی اور خوشنودی کے اور بقدر وزن اُس کے عرش کے اور اس کے کلمات کی مقدار کے موافق۔ دوسری حدیث میں ہے کہ حضرت سعدؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک صحابیؓ عورت کے پاس تشریف لے گئے ان کے سامنے کھجور کی گٹھلیاں یا کنکریاں رکھی ہوئی تھیں جن پر وہ تسبیح پڑھ رہی تھیں حضورؐ نے فرمایا میں تجھے ایسی چیز بتاؤں جو اس سے سہل ہو (یعنی کنکریوں پر گننے سے سہل ہو) یا (یہ ارشاد فرمایا کہ) اُس سے افضل ہو سُبْحَانَ اللّٰہِ عَدَدَ مَا خَلَقَ اخیر تک اللہ کی تعریف کرتی ہوں بقدر اس مخلوق کے جو آسمان میں پیدا کی اور بقدر اُس مخلوق کے جو زمین میں پیدا کی اور بقدر اُس مخلوق کے جو ان دونوں کے درمیان ہے یعنی آسمان زمین کے درمیان ہے اور اللہ کی پاکی بیان کرتی ہوں بقدر اس کے جس کو وہ پیدا کرنے والا ہے اور اُس سب کے برابر اللہ اکبر اور اُس کے برابر ہی الحمدللہ اور اسی کی مانند لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔

(ف) ملا علی قاریؒ نے لکھا ہے کہ ان کیفیات کی ساتھ تسبیح کے افضل ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ان الفاظ کے ذکر کرنے سے ان کیفیات اور صفات کی طرف ذہن متوجہ ہوگا اور یہ ظاہر ہے کہ جتنا بھی تدبر اور غور و فکر زیادہ ہوگا اتنا ہی ذکر افضل ہوگا اس لیے قرآن پاک جو تدبر سے پڑھا جائے وہ تھوڑا سا بھی اس تلاوت سے بہت زیادہ افضل ہے جو بلا تدبر کے ہو اور بعض علماء نے کہا ہے کہ افضلیت اس حیثیت سے ہے کہ اس میں اللہ جل جلالہ کی حمد و ثنا کے شمار سے عجز کا اظہار ہے جو کمال ہے عبدیت کا اسی وجہ سے بعض صوفیہ سے نقل کیا گیا ہے وہ کہتے ہیں کہ گناہ تو بلا حساب اور بے شمار کرتے ہو اور اللہ کے پاک نام کو شمار سے اور گن کر کہتے ہو اس کا مطلب یہ نہیں کہ شمار نہ کرنا چاہیے اگر ایسا ہوتا تو پھر احادیث میں کثرت سے خاص خاص اوقات میں

شمار کیوں بتائی جاتی حالانکہ بہت سی احادیث میں خاص خاص مقداروں پر خاص خاص وعدے فرمائے گئے ہیں بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ صرف شمار پر قناعت نہ کرنا چاہیے بلکہ جو اوراد مخصوص اوراد مخصوص اوقات میں متعین ہیں اُن کو پورا کرنے کے علاوہ خالی اوقات میں بھی جتنا ممکن ہو بے شمار اللہ کے ذکر میں مشغول رہنا چاہیے کہ یہ ایسی بڑی دولت ہے جو شمار کی پابندیوں اور اس کے حدود سے بالاتر ہے۔ ان احادیث سے تسبیح متعارف یعنی دھاگہ میں پروئے ہوئے دانوں کا جواز ثابت ہوتا ہے بعض لوگوں نے اس کو بدعت کہہ دیا ہے مگر یہ صحیح نہیں ہے جب اس کی اصل ثابت ہے حضورؐ نے کنکریوں اور گٹھلیوں پر گننے ہوئے دیکھا اور اس پر انکار نہیں فرمایا تو پھر اصل ثابت ہوگئی دھاگہ میں پرودینے میں اور نہ پرولے میں کوئی فرق نہیں، اسی وجہ سے جملہ مشائخ اور فقہاء اس کا استعمال فرماتے رہے ہیں مولانا عبدالحیؒ صاحب نے ایک مستقل رسالہ نزہۃ الفکر اس بارے میں تصنیف فرمایا ہے مُلاّ علیؒ قاری کہتے ہیں کہ یہ حدیث صحیح دلیل ہے تسبیح متعارف کے جواز کی۔ اس لیے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان گٹھلیوں یا کنکریوں پر گننے ہوئے دیکھا اور اُس پر انکار نہیں فرمایا۔ جو شرعی دلیل ہے اور کھلے ہوئے دانے یا پروئے ہوئے میں کوئی فرق نہیں ہے اس لیے جو لوگ اس کو بدعت کہتے ہیں ان کا قول قابل اعتماد نہیں ہے۔ فرماتے ہیں کہ صوفیہ کی اصطلاح میں اس کو شیطان کا کوڑا کہا جاتا ہے حضرت جنید بغدادیؒ کے ہاتھ میں کسی نے ایسے وقت میں بھی تسبیح دیکھی جب وہ منتہائے کمال پر پہنچ چکے تھے تو ان سے اس بارہ میں سوال کیا فرمایا جس چیز کے ذریعہ سے ہم اللہ تک پہنچے ہیں اس کو کیسے چھوڑ دیں بہت سے صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین سے یہ نقل کیا گیا ہے کہ ان کے پاس کھجور کی گٹھلیاں یا کنکریاں رہتی تھیں اور وہ ان پر گن کر تسبیح پڑھا کرتے تھے چنانچہ حضرت ابو صفیہؓ صحابی سے نقل کیا گیا ہے کہ وہ کنکریوں پر گنا کرتے تھے حضرت سعد بن ابی وقاصؓ سے گٹھلیاں اور کنکریاں دونوں نقل کی گئی ہیں حضرت ابوسعید خدریؓ سے بھی کنکریوں پر پڑھنا نقل کیا گیا ہے۔ مرقاۃ میں لکھا ہے کہ حضرت ابوہریرہؓ کے پاس ایک دھاگہ رہتا تھا جس میں گرہیں لگی ہوئی تھیں ان پر شمار فرمایا کرتے تھے۔ اور ابو داؤد میں ہے کہ حضرت ابوہریرہؓ کے پاس ایک تھیلی تھی جس میں کھجور کی گٹھلیاں یا کنکریاں بھری رہتی۔ اُن پر تسبیح پڑھا کرتے اور جب وہ تھیلی خالی ہوجاتی تو ایک باندی تھی جو ان سب کو پھر اُس میں بھر دیتی اور حضرت ابوہریرہؓ کے پاس رکھ دیتی خالی ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ تھیلی میں سے نکالتے رہتے اور باہر ڈالتے رہتے تھے اور جب وہ خالی ہوجاتی تو سارے دانے سمیٹ کر وہ باندی پھر اُس تھیلی میں بھر دیتی۔ حضرت ابو درداءؓ سے بھی یہ نقل کیا گیا ہے کہ اُن کے پاس ایک تھیلی

میں عجوہ کھجور کی گٹھلیاں جمع رہتیں صبح کی نماز پڑھ کر اس تھیلی کو لے کر بیٹھتے اور جب تک وہ خالی ہوتی بیٹھے پڑھتے رہتے۔ حضرت ابو صفیہ جو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام تھے ان کے سامنے ایک چمڑہ بچھا رہتا اس پر کنکریاں پڑی رہتیں اور صبح سے زوال کے وقت تک اُن کو پڑھتے رہتے جب زوال کا وقت ہوتا تو وہ چمڑا اٹھا لیا جاتا وہ اپنی ضروریات میں مشغول ہو جاتے ظہر کی نماز کے بعد پھر بچھا دیا جاتا اور شام تک ان کو پڑھتے رہتے حضرت ابو ہریرہؓ کے پوتے نقل کرتے ہیں کہ دادے ابا کے پاس ایک دھاگہ تھا جس میں دو ہزار گرہیں لگی ہوئی تھیں اُس وقت تک نہیں سوتے تھے جب تک ایک مرتبہ ان پر تسبیح نہ پڑھ لیتے حضرت امام حسینؓ کی صاحبزادی حضرت فاطمہؓ سے بھی یہ نقل کیا گیا ہے کہ انکے پاس ایک دھاگہ تھا جس میں گرہیں لگی ہوئی تھیں ان پر تسبیح پڑھا کرتی تھیں۔ صوفیہ کی اصطلاح میں تسبیح کا نام مذکرہ (یاد دلانے والی) بھی ہے اس وجہ سے کہ جب یہ ہاتھ میں ہوتی ہے تو خواہ مخواہ پڑھنے کو دل چاہتا ہی ہے اس لیے گویا اللہ کے نام کو یاد دلانے والی ہے اس بارہ میں ایک حدیث بھی نقل کی جاتی ہے جو حضرت علیؓ سے نقل کی گئی ہے کہ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ تسبیح کیا ہی اچھی مذکرہ (یعنی یاد دلانے والی) چیز ہے۔ اس باب میں ایک مسلسل حدیث مولانا عبدالحیؒ صاحب نے نقل فرمائی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ مولانا سے لے کر اوپر تک ہر استاد نے اپنے شاگرد کو ایک تسبیح عطا فرمائی اور اس کے پڑھنے کی اجازت بھی دی اخیر میں حضرت جنید بغدادیؒ کے شاگرد تک یہ سلسلہ پہنچتا ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے استاد حضرت جنیدؒ کے ہاتھ میں تسبیح دیکھی تو میں نے اُن سے کہا کہ آپ اس علو مرتبہ پر بھی تسبیح ہاتھ میں رکھتے ہیں انہوں نے فرمایا کہ میں نے اپنے استاد سری سقطیؒ کے ہاتھ میں تسبیح دیکھی تو اُن سے یہی سوال کیا تھا جو تم نے کیا انہوں نے فرمایا کہ میں نے بھی اپنے استاد حضرت معروف کرخیؒ کے ہاتھ میں تسبیح دیکھی تھی تو یہی سوال کیا تھا انہوں نے فرمایا تھا کہ میں نے اپنے استاذ حضرت بشر حافیؒ کے ہاتھ میں تسبیح دیکھی تھی تو یہی سوال کیا تھا انہوں نے فرمایا تھا کہ میں نے اپنے استاذ حضرت عمر مکیؒ کے ہاتھ میں تسبیح دیکھی تھی تو یہی سوال کیا تھا انہوں نے فرمایا کہ میں نے اپنے استاذ حضرت حسن بصریؓ (جو سارے مشائخ چشتیہ کے سرگروہ ہیں) کے ہاتھ میں تسبیح دیکھی تھی تو عرض کیا تھا کہ آپکی اس رفعتِ شان اور علو مرتبہ کے باوجود بھی اب تک تسبیح آپ کے ہاتھ میں ہے تو انہوں نے فرمایا تھا کہ ہم نے تصوف کی ابتدا میں اس سے کام لیا تھا اور اس کے ذریعہ سے ترقی حاصل کی تھی تو گوارا نہیں کہ اب اخیر میں اس کو چھوڑ دیں میں چاہتا ہوں کہ اپنے دل سے زبان سے ہاتھ سے ہر طرح اللہ کا ذکر کروں محدثانہ حیثیت سے ان میں کلام بھی کیا گیا ہے۔

18/2

(۲۰) عَنِ ابْنِ اَعْبُدٍ قَالَ قَالَ عَلِیٌّ اَلَا اُحَدِّثُكَ عَنِّیْ وَعَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَتْ مِنْ اَحَبِّ اَهْلِهٖ اِلَیْهِ قُلْتُ بَلٰی قَالَ اِنَّهَا جَرَّتْ بِالرَّحٰی حَتّٰی اَثَّرَ فِیْ یَدِهَا وَاسْتَقَتْ بِالْقِرْبَةِ حَتّٰی اَثَّرَ فِیْ نَحْرِهَا وَكَنَسَتِ الْبَیْتَ حَتّٰی اغْبَرَّتْ ثِیَابُهَا فَاَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَدَمٌ فَقُلْتُ لَوْ اَتَیْتِ اَبَاكِ فَسَاَلْتِیْهِ خَادِمًا فَاَتَتْهُ فَوَجَدَتْ عِنْدَهٗ حُدَّاثًا فَرَجَعَتْ فَاَتَاهَا مِنَ الْغَدِ فَقَالَ مَا كَانَ حَاجَتُكِ فَسَكَتَتْ فَقُلْتُ اَنَا اُحَدِّثُكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ جَرَّتْ بِالرَّحٰی حَتّٰی اَثَّرَتْ فِیْ یَدِهَا وَحَمَلَتْ بِالْقِرْبَةِ حَتّٰی اَثَّرَتْ فِیْ نَحْرِهَا فَلَمَّا اَنْ جَاءَكَ الْخَدَمُ اَمَرْتُهَا اَنْ تَاْتِیَكَ فَتَسْتَخْدِمَكَ خَادِمًا یَقِیْهَا حَرَّ مَا هِیَ فِیْهِ قَالَ اتَّقِی اللّٰهَ یَا فَاطِمَةُ وَاَدِّیْ فَرِیْضَةَ رَبِّكِ وَاعْمَلِیْ عَمَلَ اَهْلِكِ فَاِذَا اَخَذْتِ مَضْجَعَكِ فَسَبِّحِیْ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِیْنَ وَاحْمَدِیْ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِیْنَ وَكَبِّرِیْ اَرْبَعًا وَّثَلٰثِیْنَ فَتِلْكَ مِائَةٌ فَهِیَ خَیْرٌ لَّكِ مِنْ خَادِمٍ قَالَتْ رَضِیْتُ عَنِ اللّٰهِ وَعَنْ رَسُوْلِهٖ اخرجہ ابوداؤد - وفی الباب عن الفضل بن الحسن الضمری اَنَّ اُمَّ الْحَكَمِ اَوْ ضُبَاعَةَ ابْنَتَیِ الزُّبَیْرِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ حَدَّثَتْهُ عَنْ اَحَدِهِمَا اَنَّهَا قَالَتْ اَصَابَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سَبْیًا فَذَهَبْتُ اَنَا وَاُخْتِیْ وَفَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَشَكَوْنَا اِلَیْهِ مَا نَحْنُ فِیْهِ وَسَاَلْنَاهُ اَنْ یَّاْمُرَلَنَا

(۲۰) حضرت علی رضی اللہ نے اپنے ایک شاگرد سے فرمایا کہ میں تمہیں اپنا اور (اپنی بیوی فاطمہؓ کا جو حضورؐ کی صاحبزادی اور سب گھر والوں میں زیادہ لاڈلی تھیں قصہ نہ سناؤں؟ انہوں نے عرض کیا ضرور سنائیں فرمایا کہ وہ خود چکی پیستی تھیں جس سے ہاتھوں میں گٹے پڑ گئے تھے اور خود ہی مشک بھر کر لاتی تھیں جس سے سینہ پر رسی کے نشان پڑ گئے تھے خود ہی جھاڑو دیتی تھیں جس کی وجہ سے کپڑے میلے رہتے تھے ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کچھ لونڈی غلام آئے میں نے حضرت فاطمہؓ سے کہا کہ تم اگر اپنے والد صاحبؐ کی خدمت میں جا کر ایک خادم مانگ لاؤ تو اچھا ہے سہولت رہے گی وہ گئیں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لوگوں کا مجمع تھا اس لیے واپس چلی آئیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم دوسرے روز خود ہی مکان پر تشریف لائے اور فرمایا تم کل کس کام کو آئی تھیں وہ چپ ہوگئیں (شرم کی وجہ سے بول نہ سکیں) میں نے عرض کیا حضورؐ چکی سے ہاتھ میں نشان پڑ گئے مشکیزہ بھرنے کی وجہ سے سینہ پر بھی نشان پڑ گیا ہے جھاڑو دینے کی وجہ سے کپڑے میلے رہتے ہیں کل آپ کے پاس کچھ لونڈی غلام آئے تھے اس لیے میں نے ان سے کہا تھا کہ ایک خادم اگر مانگ لائیں تو ان مشقتوں میں سہولت ہوجائے حضورؐ نے فرمایا فاطمہ اللہ سے ڈرتی رہو اور اس کے فرض ادا کرتی رہو اور گھر کے کاروبار کرتی رہو اور جب سونے کے لیے لیٹو تو سبحان اللہ ۳۳ مرتبہ

بِشَیْءٍ مِّنَ السَّبْیِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَبَقَکُنَّ یَتَامٰی بَدْرٍ وَّلٰکِنْ سَاَدُلُّکُنَّ عَلٰی مَا ھُوَ خَیْرٌ لَّکُنَّ مِنْ ذٰلِکَ تُکَبِّرْنَ اللّٰہَ عَلٰی اَثْرِ کُلِّ صَلٰوۃٍ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِیْنَ تَکْبِیْرَۃً وَّثَلٰثًا وَّثَلٰثِیْنَ تَسْبِیْحَۃً وَّثَلٰثًا وَّثَلٰثِیْنَ تَحْمِیْدَۃً وَّلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ رواہ ابوداؤد۔ وفی الجامع الصغیر بروایۃ ابن منۃ عن جلیس کان یامر نسائہ اذا ارادت احداھن ان تنام ان تحمد الحدیث ورقم لہ بالضعف

الحمد للہ ۳۳ مرتبہ اللہ اکبر ۳۴ مرتبہ پڑھ لیا کرو یہ خادم سے بہتر ہے انھوں نے عرض کیا کہ ہم اللہ (کی تقدیر) اور اس کے رسول (کی تجویز) سے راضی ہوں۔ دوسری حدیث میں حضورؐ کی پھوپھی زاد بہنوں کا قصہ بھی اسی قسم کا آیا ہے وہ کہتی ہیں کہ ہم دو بہنیں اور حضورؐ کی بیٹی فاطمہؓ تینوں حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اپنی مشقت اور دقتیں ذکر کر کے ایک خادم کی طلب کی حضورؐ نے فرمایا کہ خادم دینے میں تو بدر کے یتیم تم سے مقدم ہیں میں تمہیں خادم سے بھی بہتر چیز بتاؤں ہر نماز کے بعد یہ تینوں کلمے یعنی سُبْحَانَ اللّٰہِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اللّٰہُ اَکْبَرُ ۳۳۔۳۳ مرتبہ اور ایک مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ پڑھ لیا کرو یہ خادم سے بہتر ہے

(ف) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر والوں اور عزیزوں کو خاص طور سے ان تسبیحات کا حکم فرمایا کرتے تھے ایک حدیث میں آیا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بیویوں کو یہ حکم فرمایا کرتے تھے کہ جب وہ سونے کا ارادہ کریں تو سُبحان اللہ الحمد للہ اللہ اکبر ہر ایک ۳۳ مرتبہ پڑھیں حدیث بالا میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیوی مشقتوں اور تکلیفوں کے مقابلہ میں ان تسبیحات کو تلقین فرمایا اس کی ظاہری وجہ تو ظاہر ہے کہ مسلمان کے لیے دنیوی مشقت اور تکلیف قابلِ التفات نہیں ہے اُس کو ہر وقت آخرت اور مرنے کے بعد کی راحت و آرام کی فکر ضروری ہے اس لیے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اس چند روزہ زندگی کی مشقت اور تکلیف کی طرف سے توجہ کو ہٹا کر آخرت کی راحت کے سامان بڑھانے کی طرف متوجہ فرمایا اور ان تسبیحات کا آخرت میں زیادہ سے زیادہ نافع ہونا ان روایات سے جو اس باب میں ذکر کی گئی ہیں ظاہر ہے اس کے علاوہ دوسری وجہ یہ بھی ہوسکتی ہے کہ ان تسبیحات کو حق تعالیٰ شانہٗ نے جہاں دینی منافع اور ثمرات سے شرف بخشا ہے دنیوی منافع بھی ان میں رکھے ہیں اللہ کے پاک کلام میں اُس کے رسول پاک کے کلام میں بہت سی چیزیں ایسی ہیں جن میں آخرت کے ساتھ ساتھ دنیاوی منافع بھی حاصل ہوتے ہیں چنانچہ ایک حدیث میں آیا ہے کہ دجّال کے زمانہ میں مومنوں کی غذا فرشتوں کی غذا ہوگی یعنی تسبیح و تقدیس

(سبحان اللہ وغیرہ الفاظ کا پڑھنا) کہ جس شخص کا کلام ان چیزوں کا پڑھنا ہوگا حق تعالیٰ شانہ اس سے بھوک کی مشقت کو زائل کر دیں گے۔ اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اس دنیا میں بغیر کھائے پیئے صرف اللہ کے ذکر پر گذارہ ممکن ہو سکتا ہے اور دجّال کے زمانہ میں عام مومنین کو یہ دولت حاصل ہوگی تو اس زمانہ میں خواص کو اس حالت کا مُیَسّر ہو جانا کچھ مشکل نہیں اس لیے جن بزرگوں سے اس قسم کے واقعات بکثرت منقول ہیں کہ معمولی غذا پر یا بلا غذا کے وہ کئی کئی دن گذار دیتے تھے ان میں کوئی وجہ انکار یا تکذیب کی نہیں۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ اگر کہیں آگ لگ جائے تو تکبیر (یعنی اللہ اکبر کثرت سے) پڑھا کرو یہ اس کو بجھا دیتی ہے حصن حصین میں نقل کیا ہے کہ جب کسی شخص کو کسی کام میں تعب اور مشقت معلوم ہو یا قوت کی زیادتی مطلوب ہو تو سوتے وقت سُبحان اللہ ۳۳ مرتبہ الحمد للہ ۳۳ مرتبہ اور اللہ اکبر ۳۴ مرتبہ پڑھے یا تینوں کلمے ۳۳-۳۳ مرتبہ پڑھے یا کوئی سا ایک ۳۴ مرتبہ پڑھ لے (چونکہ مختلف احادیث میں مختلف عدد آئے ہیں۔ اس لیے سب ہی کو نقل کر دیا ہے حافظ ابن تیمیہؒ نے بھی اُن احادیث سے جن میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہؓ کو خادم کے بدلے یہ تسبیحات تعلیم فرمائیں یہ استنباط کیا ہے کہ جو شخص ان پر مُداومت کرے اُس کو مشقت کے کاموں میں تکان اور تعبؔ نہیں ہوگا۔ حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ اگر معمولی تعبؔ ہوا بھی تب بھی مضرت نہ ہوگی۔ مُلّا علی قاری نے لکھا ہے کہ یہ عمل مجرّب ہے یعنی تجربہ سے بھی یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ ان تسبیحوں کا سوتے وقت پڑھنا ازالہ تکان اور زیادتی قوت کا سبب ہوتا ہے علّامہ سیوطیؒ نے مرقاۃ الصعود میں لکھا ہے کہ ان تسبیحوں کا خادم سے بہتر ہونا آخرت کے اعتبار سے بھی ہو سکتا ہے کہ آخرت میں یہ تسبیحیں جتنی مفید کار آمد اور نافع ہوں گی دنیا میں خادم اتنا کار آمد اور نافع نہیں ہو سکتا اور دنیا کے اعتبار سے بھی ہو سکتا ہے کہ ان تسبیحوں کی وجہ سے کام پر جس قدر قوت اور ہمّت ہو سکتی ہے خادم سے اتنا کام نہیں ہو سکتا۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ دو خصلتیں ایسی ہیں کہ جو ان پر عمل کرے وہ جنّت میں داخل ہو اور وہ دونوں بہت سہل ہیں لیکن ان پر عمل کرنے والے بہت کم ہیں ایک یہ کہ ان تسبیحوں کو ہر نماز کے بعد دس دس مرتبہ پڑھے کہ یہ پڑھنے میں تو ایک سو پچاس ہوئیں لیکن اعمال کی ترازو میں پندرہ سو ہوں گی۔ دوسرے یہ کہ سوتے وقت سبحان اللہ الحمد للہ ۳۳-۳۳ مرتبہ پڑھے اور اللہ اکبر ۳۴ مرتبہ پڑھے کہ یہ پڑھنے میں تو سو مرتبہ ہوئیں اور ثواب کے اعتبار سے ایک ہزار ہوئیں کسی نے پوچھا یا رسول اللہ یہ کیا بات ہے کہ ان پر عمل کرنے والے بہت تھوڑے ہیں حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ نماز کے وقت شیطان آتا ہے اور کہتا ہے کہ فلاں ضرورت ہے

اور فلاں کام ہے اور جب سونے کا وقت ہوتا ہے وہ اِدھر اُدھر کی ضرورتیں یاد دلاتا ہے جن سے پڑھنا رہ جاتا ہے ان احادیث میں یہ بات بھی قابلِ غور ہے کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا جنّت کی عورتوں کی سردار اور دو جہاں کے سردار کی بیٹی اپنے ہاتھ سے آٹا پیستیں حتیٰ کہ ہاتھوں میں گٹے پڑ گئے خود ہی پانی بھر کر لاتیں حتیٰ کہ سینہ پر مشک کی رسی کے نشان ہو گئے خود ہی گھر کی جھاڑو وغیرہ سارا کام کرتیں جس سے ہر وقت کپڑے میلے رہتے آٹا گوندھنا روٹی پکانا غرض سب ہی کام اپنے ہاتھوں سے کرتی تھیں کیا ہماری بیبیاں یہ سارے کام تو کیا ان میں سے آدھے بھی اپنے ہاتھ سے کرتی ہیں اور اگر نہیں کرتیں تو کتنی غیرت کی بات ہے کہ جن کے آقاؤں کی یہ زندگی ہو ان کے نام لیوا ان کے نام پر فخر کرنے والوں کی زندگی اس کے آس پاس بھی نہ ہو، چاہیے تو یہ تھا کہ خادموں کا عمل ان کی مشقت آقاؤں سے کچھ آگے ہوتی مگر افسوس کہ یہاں اس کے آس پاس بھی نہیں۔ فَاِلَی اللّٰہِ الْمُشْتَکٰی وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ۔

خاتمہ

خاتمہ میں ایک نہایت مہتم بالشان چیز کو ذکر کرتا ہوں اور اسی پر اس رسالہ کو ختم کرتا ہوں یہ تسبیحات جن کا اوپر ذکر کیا گیا نہایت ہی اہم اور دین و دنیا میں کار آمد اور مفید ہیں جیسا کہ احادیث بالا سے معلوم ہوا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے اہتمام اور فضیلت کی وجہ سے ایک خاص نماز کی ترغیب بھی فرمائی ہے جو صلوٰۃ التسبیح (تسبیح کی نماز) کے نام سے مشہور ہے اور اسی وجہ سے اس کو صلوٰۃ التسبیح کہا جاتا ہے کہ یہ تسبیحات اُس میں تین سو مرتبہ پڑھی جاتی ہیں۔ حضور ﷺ نے بہت ہی اہتمام اور ترغیبوں کے ساتھ اس نماز کو تعلیم فرمایا۔ چنانچہ حدیث میں وارد ہے:۔

(۱) عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لِلْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ یَا عَبَّاسُ یَا عَمَّاہُ اَلَا اُعْطِیْکَ اَلَا اَمْنَحُکَ اَلَا اُخْبِرُکَ اَلَا اَفْعَلُ بِکَ عَشْرَ خِصَالٍ اِذَا اَنْتَ فَعَلْتَ ذٰلِکَ غَفَرَ اللّٰہُ لَکَ ذَنْبَکَ اَوَّلَہٗ وَاٰخِرَہٗ قَدِیْمَہٗ وَحَدِیْثَہٗ خَطَاَہٗ وَعَمَدَہٗ صَغِیْرَہٗ وَکَبِیْرَہٗ سِرَّہٗ وَعَلَانِیَتَہٗ اَنْ تُصَلِّیَ اَرْبَعَ رَکَعَاتٍ تَقْرَأُ فِیْ کُلِّ رَکْعَۃٍ فَاتِحَۃَ الْکِتَابِ وَسُوْرَۃً فَاِذَا

(۱) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ اپنے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا اے عباس اے میرے چچا کیا میں تمہیں ایک عطیہ کروں ایک بخشش کروں ایک چیز بتاؤں تمہیں دس چیزوں کا مالک بناؤں جب تم اس کام کو کرو گے تو حق تعالیٰ شانہ، تمہارے سب گناہ پہلے اور پچھلے پرانے اور نئے غلطی سے کیے ہوئے اور جان بوجھ کر کیے ہوئے چھوٹے اور بڑے چھپ کر کیے ہوئے اور کھلم کھلا کیے ہوئے سب ہی معاف فرما دیں گے وہ کام یہ

فَرَغْتَ مِنَ الْقِرَاءَةِ فِيْ اَوَّلِ رَكْعَةٍ وَاَنْتَ قَائِمٌ قُلْتَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ خَمْسَ عَشْرَةَ ثُمَّ تَرْكَعُ فَتَقُوْلُهَا وَاَنْتَ رَاكِعٌ عَشْرًا ثُمَّ تَرْفَعُ رَاْسَكَ مِنَ الرُّكُوْعِ فَتَقُوْلُهَا عَشْرًا ثُمَّ تَهْوِيْ سَاجِدًا فَتَقُوْلُهَا وَاَنْتَ سَاجِدٌ عَشْرًا ثُمَّ تَرْفَعُ رَاْسَكَ مِنَ السُّجُوْدِ فَتَقُوْلُهَا عَشْرًا ثُمَّ تَسْجُدُ فَتَقُوْلُهَا عَشْرًا ثُمَّ تَرْفَعُ رَاْسَكَ فَتَقُوْلُهَا عَشْرًا فَذٰلِكَ خَمْسٌ وَّسَبْعُوْنَ فِيْ كُلِّ رَكْعَةٍ تَفْعَلُ ذٰلِكَ فِيْ اَرْبَعِ رَكَعَاتٍ اِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تُصَلِّيَهَا فِيْ كُلِّ يَوْمٍ مَرَّةً فَافْعَلْ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَفِيْ كُلِّ جُمُعَةٍ مَرَّةً فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَفِيْ كُلِّ سَنَةٍ مَرَّةً فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَفِيْ عُمْرِكَ مَرَّةً رواه ابوداؤد وابن ماجة والبيهقي في الدعوات الكبير وروى الترمذي عن ابي رافع نحوه كذا في المشكوٰة قلت واخرجه الحاكم وقال هذا حديث وصله موسى بن عبدالعزيز

ہے کہ چار رکعت نفل (صلوٰۃ التسبیح کی نیت باندھکر) پڑھو اور ہر رکعت میں جب الحمد اور سورت پڑھ چکو تو رکوع سے پہلے سُبحان اللہ والحمدُللہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر پندرہ مرتبہ پڑھو پھر جب رکوع کرو تو دس مرتبہ اس میں پڑھو پھر جب رکوع سے کھڑے ہو تو دس مرتبہ پڑھو پھر سجدہ کرو تو دس مرتبہ اس میں پڑھو پھر سجدہ سے اٹھ کر بیٹھو تو دس مرتبہ پڑھو پھر جب دوسرے سجدہ میں جاؤ تو دس مرتبہ اس میں پڑھو پھر جب دوسرے سجدہ سے اٹھو تو (دوسری رکعت میں) کھڑے ہونے سے پہلے بیٹھ کر دس مرتبہ پڑھو۔ ان سب کی میزان پچھتر ہوئی۔ اسی طرح ہر رکعت میں پچھتر دفعہ ہوگا اگر ممکن ہوسکے تو روزانہ ایک مرتبہ اس نماز کو پڑھ لیا کرو، یہ نہ ہوسکے تو ہر جمعہ کو ایک مرتبہ پڑھ لیا کرو۔ یہ بھی نہ ہوسکے تو ہر مہینہ میں ایک مرتبہ پڑھ لیا کرو، یہ بھی نہ ہوسکے تو عمر بھر میں ایک مرتبہ تو پڑھ ہی لو۔

عن الحكم بن ابان وقد اخرجه ابوبكر محمد بن اسحٰق وابو داؤد وابو عبد الرحمٰن احمد بن شعيب في الصحيح ثم قال بعد ما ذكر توثيق رواته واما ارسال ابراهيم بن الحكم عن ابيه فلا يوهن وصل الحديث فان الزيادة من الثقة اولى من الارسال على ان امام عصره في الحديث اسحٰق بن ابراهيم الحنظلي قد اقام هذا الاسناد عن ابراهيم بن الحكم ووصله اه قال السيوطي في اللآلي هذا اسناد حسن وما قال الحاكم اخرجه النسائي في كتابه الصحيح لم نره في شيء من نسخ السنن لا الصغرى ولا الكبرى۔

(۲) وَعَنْ اَبِي الْجَوْزَاءِ عَنْ رَجُلٍ كَانَتْ لَهٗ صُحْبَةٌ يُرَوْنَ اَنَّهٗ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو قَالَ

(۲) ایک صحابیؓ کہتے ہیں مجھ سے حضورؐ نے فرمایا کل صبح کو آنا تم کو ایک بخشش کروں گا ایک چیز

قَالَ لِی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِئْتِنِیْ غَدًا اَحْبُوْكَ وَاُثِیْبُكَ وَاُعْطِیْكَ حَتّٰی ظَنَنْتُ اَنَّهٗ یُعْطِیْنِیْ عَطِیَّةً قَالَ اِذَا زَالَ النَّهَارُ فَقُمْ فَصَلِّ اَرْبَعَ رَکَعَاتٍ فَذَکَرَ نَحْوَهٗ وَفِیْهِ وَقَالَ فَاِنَّكَ لَوْ کُنْتَ اَعْظَمَ اَھْلِ الْاَرْضِ ذَنْبًا غُفِرَ لَكَ بِذٰلِكَ قَالَ قُلْتُ فَاِنْ لَّمْ اَسْتَطِعْ اَنْ اُصَلِّیَهَا تِلْكَ السَّاعَةَ قَالَ صَلِّهَا مِنَ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ رواہ ابو داؤد۔

دوں گا ایک عطیہ کروں گا۔ وہ صحابیؓ کہتے ہیں میں ان الفاظ سے یہ سمجھا کہ کوئی (مال) عطا فرمائیں گے (جب میں حاضر ہوا) تو فرمایا کہ جب دوپہر کو آفتاب ڈھل چکے تو چار رکعت نماز پڑھو اسی طریقہ سے بتایا جو پہلی حدیث میں گذرا ہے اور یہ بھی فرمایا کہ اگر تم ساری دنیا کے لوگوں سے زیادہ گنہگار ہوگے تو تمہارے گناہ معاف ہو جائیں گے میں نے عرض کیا کہ اگر اس وقت میں کسی وجہ سے نہ پڑھ سکوں تو ارشاد فرمایا کہ جس وقت ہو سکے دن میں یا رات میں پڑھ لیا کرو۔

(۳) عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ وَجَّهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ جَعْفَرَ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ اِلٰی بِلَادِ الْحَبْشَةِ فَلَمَّا قَدِمَ اِعْتَنَقَهٗ وَقَبَّلَهٗ بَیْنَ عَیْنَیْهِ ثُمَّ قَالَ اَلَا اَھَبُ لَكَ اَلَا اُبَشِّرُكَ اَلَا اَمْنَحُكَ اَلَا اُتْحِفُكَ قَالَ نَعَمْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ تُصَلِّیْ اَرْبَعَ رَکَعَاتٍ فَذَکَرَ نَحْوَہٗ اخرجه الحاکم وقال اسناد صحیح لاغبار علیه وتعقبه الذهبی بان احمد بن داؤد کذبه الدارقطنی کذا فی المنهل وکذا قال غیرہ تبعا للحافظ لکن فی النسخة التی بایدینا من المستدرك وقد صحت الروایة عن ابن عمران رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم علم ابن عمه جعفرا ثم ذکر الحدیث بسندہ وقال فی اخرہ ھذا اسناد صحیح لاغبار علیه وھکذا قال الذهبی فی اول الحدیث واخرہ ثم لایذھب علیك ان فی ھذا الحدیث زیادۃ لاحول ولا قوۃ الا باللّٰه العلی العظیم ایضا علی الکلمات الاربع۔

(۳) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچازاد بھائی حضرت جعفرؓ کو حبشہ بھیج دیا تھا جب وہ وہاں سے واپس مدینہ طیبہ پہنچے تو حضورؐ نے ان کو گلے لگایا اور پیشانی پر بوسہ دیا پھر فرمایا میں تجھے ایک چیز دوں، ایک خوشخبری سناؤں، ایک بخشش کروں ایک تحفہ دوں۔ انہوں نے عرض کیا ضرور حضورؐ نے فرمایا چار رکعت نماز پڑھ۔ پھر اسی طریقہ سے بتائی جو اوپر گذرا اس حدیث میں ان چار کلموں کے ساتھ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ بھی آیا ہے۔

(۴) وَعَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اَھَبُ لَكَ

(۴) حضرت عباسؓ فرماتے ہیں مجھ سے حضورؐ نے فرمایا کہ میں تمہیں بخشش کروں ایک عطیہ دوں

اَلَا اُعْطِیْكَ اَلَا اَمْنَحُكَ فَظَنَنْتُ اَنَّهُ یُعْطِیْنِیْ مِنَ الدُّنْیَا شَیْئًا لَمْ یُعْطِهِ اَحَدًا مِّنْ قَبْلِیْ قَالَ اَرْبَعَ رَکَعَاتٍ فذکر الحدیث وفی اٰخرہ غیر انك اذا جلست للتشھد قلت ذلك عشر مرات قبل التشھد الحدیث اخرجه الدارقطنی فی الافراد وابونعیم فی القربان وابن شاھین فی الترغیب کذا فی اتحاف السادۃ شرح الاحیاء۔

ایک چیز عطا کروں۔ وہ کہتے ہیں میں یہ سمجھا کہ کوئی دنیا کی ایسی چیز دینے کا ارادہ ہے جو کسی کو نہیں دی (اسی وجہ سے اس قسم کے الفاظ بخشش عطا وغیرہ کو بار بار فرماتے ہیں) پھر آپ نے چار رکعت نماز سکھائی جو اوپر گذری۔ اس میں یہ بھی فرمایا کہ جب التحیات کے لیے بیٹھو تو پہلے ان تسبیحوں کو پڑھو پھر التحیاتُ پڑھنا۔

(۵) قَالَ التِّرْمِذِیُّ وَقَدْ رَوٰی اِبْنُ الْمُبَارَكِ وَغَیْرُ وَاحِدٍ مِّنْ اَهْلِ الْعِلْمِ صَلٰوۃَ التَّسْبِیْحِ وَذَکَرُوا الْفَضْلَ فِیْهِ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَۃَ نَا اَبُوْ وَهْبٍ سَاَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْمُبَارَكِ عَنِ الصَّلٰوۃِ الَّتِیْ یُسَبَّحُ فِیْهَا قَالَ یُکَبِّرُ ثُمَّ یَقُوْلُ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰی جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَیْرُكَ ثُمَّ یَقُوْلُ خَمْسَ عَشْرَۃَ مَرَّۃً سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ ثُمَّ یَتَعَوَّذُ وَیَقْرَاُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَفَاتِحَۃَ الْکِتَابِ وَسُوْرَۃً ثُمَّ یَقُوْلُ عَشْرَ مَرَّاتٍ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ ثُمَّ یَرْکَعُ فَیَقُوْلُهَا عَشْرًا ثُمَّ یَرْفَعُ رَاْسَهُ فَیَقُوْلُهَا عَشْرًا ثُمَّ یَسْجُدُ فَیَقُوْلُهَا عَشْرًا ثُمَّ یَسْجُدُ الثَّانِیَۃَ فَیَقُوْلُهَا عَشْرًا

(۵) حضرت عبد اللہ بن المبارکؒ اور بہت سے علماء سے اس نماز کی فضیلت نقل کی گئی ہے اور یہ طریقہ نقل کیا گیا ہے کہ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ پڑھنے کے بعد اَلْحَمْدُ شریف پڑھنے سے پہلے پندرہ دفعہ ان کلموں کو پڑھے پھر اعوذ اور بسم اللہ پڑھ کر اَلْحَمْدُ شریف اور پھر کوئی سورت پڑھے، سورت کے بعد رکوع سے پہلے دس مرتبہ پڑھے پھر رکوع میں دس مرتبہ، پھر رکوع سے اُٹھ کر، پھر دونوں سجدوں میں اور دونوں سجدوں کے درمیان میں بیٹھ کر دس دس مرتبہ پڑھے، یہ پچھتر پوری ہوگئی (لہٰذا دوسرے سجدہ کے بعد بیٹھ کر پڑھنے کی ضرورت نہیں رہی) رکوع میں پہلے سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْم اور سجدہ میں پہلے سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی پڑھے، پھر ان کلموں کو پڑھے (حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی اس طریقہ سے نقل کیا گیا ہے)

یُصَلِّیْ اَرْبَعَ رَکَعَاتٍ عَلٰی هٰذَا فَذٰلِكَ خَمْسٌ وَّسَبْعُوْنَ تَسْبِیْحَۃً فِیْ کُلِّ رَکْعَۃٍ ثُمَّ قَالَ اَبُوْ وَهْبٍ اَخْبَرَنِیْ عَبْدُ الْعَزِیْزِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهُ قَالَ یَبْدَاُ فِی الرُّکُوْعِ بِسُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ وَفِی السَّجْدَۃِ بِسُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی ثَلٰثًا ثُمَّ یُسَبِّحُ التَّسْبِیْحَاتِ قَالَ عَبْدُ الْعَزِیْزِ قُلْتُ

الصَّلٰوةِ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ ثُمَّ يُسَبِّحُ خَمْسَ عَشْرَةَ تَسْبِيْحَةً قَبْلَ الْقِرَاءَةِ وَعَشْرًا بَعْدَ
الْقِرَاءَةِ وَالْبَاقِيْ كَمَا سَبَقَ عَشْرًا عَشْرًا وَلَا يُسَبِّحُ بَعْدَ السُّجُوْدِ الْأَخِيْرِ وَهٰذَا هُوَ الْاَحْسَنُ
وَهُوَ اِخْتِيَارُ ابْنِ الْمُبَارِكِ اھ قَالَ الزَّبِيْدِيُّ فِي الْاِتْحَافِ وَلَفْظُ الْقُوْتِ هٰذِهِ الرِّوَايَةُ
اَحَبُّ الْوَجْهَيْنِ اِلَيَّ اھ قَالَ الزَّبِيْدِيُّ اَيْ لَا يُسَبِّحُ فِي الْجَلْسَةِ الْاُوْلٰى بَيْنَ الرَّكْعَتَيْنِ وَلَا
فِيْ جَلْسَةِ التَّشَهُّدِ شَيْئًا كَمَا فِي الْقُوْتِ قَالَ وَكَذٰلِكَ رَوَيْنَا فِيْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ جَعْفَرِ
بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَّمَهُ صَلٰوةَ التَّسْبِيْحِ فَذَكَرَهُ اھ ثُمَّ قَالَ
الزَّبِيْدِيُّ وَاَمَّا حَدِيْثُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ فَاَخْرَجَهُ الدَّارُقُطْنِيُّ مِنْ وَجْهَيْنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ
بن زياد بن سمعان قال فی احدهما عن معوية و اسمعیل بن عبد اللّٰہ ابنی جعفر عن ابیهما
وقال فی الاخری عن عون بدل اسمعیل عن ابیهما قال قال لی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم
الا اعطیك فذکر الحدیث وابن سمعان ضعیف وهذه الروایة هی التی اشار الیها
صاحب القوت وهی الثانیة عنده قال فیها یفتتح الصلوة فیکبر ثم یقول فذکر الکلمات
وزاد فیها الحوقلة ولم یذکر هذا السجدة الثانیة عند القیام ان یقولها قال وهو الذی
اختاره ابن المبارك اھ قال المنذری فی الترغیب وروی البیهقی من حدیث ابی جناب الکلبی
عن ابی الجوزاء عن ابن عمرو (بن العاص) فذکر الحدیث بالصفة التی رواها الترمذی
عن ابن المبارك ثم قال وهذا یوافق ما رویناه عن ابن المبارك ورواه قتیبة ابن
سعید عن یحیی بن سلیم عن عمران بن مسلم عن ابی الجوزاء قال نزل علی عبد اللّٰہ ابن عمرو
بن العاص فذکر الحدیث وخالفه فی رفعه الی النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم ولم یذکر التسبیحات

وجعفر بن سلیمان عن عمرو بن مالک النکری عن ابی الجوزاء عن ابن عباس قوله وقال فی حدیث روح فقال حدیث النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم اھ وظاھرٌ ان الاختلاف فی السند فقط لا فی لفظ الحدیث وذکر شارح الاقناع من فروع الشافعیۃ صلوٰۃ التسبیح واقتصر علی صفۃ ابن المبارک فقط قال البجیرمی ھذہ روایۃ ابن مسعود والذی علیہ مشائخنا انہ لا یسبح قبل القراءۃ بل بعدھا خمسۃ عشر والعشرۃ فی جلسۃ الاستراحۃ وھذہ روایۃ ابن عباس اھ مختصرًا وعلم منہ ان طریق ابن المبارک مروی عن ابن مسعود ایضًا لکن لم اجد حدیث ابن مسعود فیما عندی من الکتب بل المذکور فیھا علی ما بسطہ صاحب المنھل وشارح الاحیاء وغیرھما ان حدیث صلوٰۃ التسبیح مروی عن جماعۃ من الصحابۃ منھم عبد اللّٰہ والفضل ابنا العباس وابوھما عباس بن عبد المطلب وعبد اللّٰہ بن عمرو بن العاص وعبد اللّٰہ بن عمر بن الخطاب وابو رافع مولٰی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم وعلی بن ابی طالب واخوہ جعفر بن ابی طالب وابنہ عبد اللّٰہ بن جعفر وام المؤمنین ام سلمۃ والانصاری غیر مسمی وقد قیل انہ جابر بن عبد اللّٰہ قالہ الزبیدی وبسط فی تخریج احادیثھم وعلم مما سبق ان حدیث صلوٰۃ التسبیح مروی بطرق کثیرۃ وقد افرط ابن جوزی ومن تبعہ فی ذکرہ فی الموضوعات ولذا تعقب علیہ غیر واحد من ائمۃ الحدیث کالحافظ ابن حجر والسیوطی والزرکشی قال ابن المدینی قد اساء ابن الجوزی بذکرہ ایاہ فی الموضوعات کذا فی اللآلی قال الحافظ وممن صححہ او حسنہ ابن مندۃ والف فیہ کتابًا والآجری والخطیب وابو سعد السمعانی وابو موسی المدینی وابو الحسن بن المفضل والمنذری وابن الصلاح والنووی فی تھذیب الاسماء والسبکی وآخرون کذا فی الاتحاف وفی المرقاۃ عن ابن حجر صححہ الحاکم وابن خزیمۃ وحسنہ جماعۃ اھ قلت وبسط السیوطی فی اللآلی فی تحسینہ وحکی عن ابی منصور الدیلمی صلوٰۃ التسبیح اشھر الصلوات واصحھا اسنادًا۔

ف (۱) صلوٰۃُ التسبیح بڑی اہم نماز ہے جس کا اندازہ کچھ احادیث بالا سے ہو سکتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کس قدر شفقت اور اہتمام سے اس کو تعلیم فرمایا ہے۔ علمائے امت محدثین فقہاء، صوفیہ ہر زمانہ میں اس کا اہتمام فرماتے رہے ہیں۔ امامِ حدیث حاکمؒ نے لکھا ہے کہ اس حدیث کے صحیح ہونے پر یہ بھی دلیل ہے کہ تبع تابعین کے زمانہ سے ہمارے زمانہ تک مقتدا حضرات اس

مداومت کرتے اور لوگوں کو تعلیم دیتے رہے ہیں، جن میں عبداللہ بن مبارکؒ بھی ہیں، یہ عبداللہ بن مبارکؒ امام بخاریؒ کے استادوں کے استاد ہیں، بیہقیؒ کہتے ہیں کہ ابن مبارکؒ سے پہلے ابوالجوزاءؒ جو معتمد تابعی ہیں اس کا اہتمام کیا کرتے تھے روزانہ جب ظہر کی اذان ہوتی تو مسجد میں جاتے اور جماعت کے وقت تک اس کو پڑھ لیا کرتے۔ عبدالعزیز بن ابی رواّدؒ جو ابن مبارکؒ کے بھی استاد ہیں بڑے عابد زاہد متقی لوگوں میں ہیں کہتے ہیں کہ جو جنت کا ارادہ کرے اس کو ضروری ہے کہ صلوٰۃ التسبیح کو مضبوط پکڑے۔ ابو عثمان حیری جو بڑے زاہد ہیں کہتے ہیں کہ میں نے مصیبتوں اور غموں کے ازالہ کے لیے صلوٰۃ التسبیح جیسی کوئی چیز نہیں دیکھی۔ علامہ تقی سُبکی فرماتے ہیں کہ یہ نماز بڑی اہم ہے بعض لوگوں کے انکار کی وجہ سے دھوکہ میں نہ پڑنا چاہیے جو شخص اس نماز کے ثواب کو سن کر بھی غفلت کرے وہ دین کے بارے میں سستی کرنے والا ہے، صلحاء کے کاموں سے دور ہے اس کو پکا آدمی نہ سمجھنا چاہیے۔ مرقاۃ میں لکھا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباسؓ ہر جمعہ کو پڑھا کرتے تھے۔

(۲) بعض علماء نے اس وجہ سے اس حدیث کا انکار کیا ہے کہ اتنا زیادہ ثواب صرف چار رکعت پر مشکل ہے بالخصوص کبیرہ گناہوں کا معاف ہونا۔ لیکن جب روایت بہت سے صحابہؓ سے منقول ہے تو انکار مشکل ہے البتہ دوسری آیات اور احادیث کی وجہ سے کبیرہ گناہوں کی معافی کے لیے توبہ کی شرط ہوگی۔

(۳) احادیث بالا میں اس نماز کے دو طریقے بتائے گئے ہیں اول یہ کہ کھڑے ہو کر الحمد شریف اور سورۃ کے بعد پندرہ مرتبہ چاروں کلمے سُبْحَانَ اللّٰهِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ پڑھے پھر رکوع میں سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ کے بعد دس مرتبہ پڑھے پھر رکوع سے کھڑے ہو کر سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ ربنا ولک الحمد کے بعد دس مرتبہ پڑھے، پھر دونوں سجدوں میں سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى کے بعد دس دس مرتبہ پڑھے اور دونوں سجدوں کے درمیان جب بیٹھے دس مرتبہ پڑھے، اور جب دوسرے سجدہ سے اٹھے تو اللہ اکبر کہتا ہوا اٹھے اور بجائے کھڑے ہونے کے بیٹھ جائے اور دس مرتبہ پڑھ کر بغیر اللہ اکبر کے کہنے کے کھڑا ہو جائے اور دو رکعت کے بعد اسی طرح چوتھی رکعت کے بعد پہلے ان کلموں کو دس دس مرتبہ پڑھے پھر التحیات پڑھے۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ کے بعد الحمد سے پہلے پندرہ مرتبہ پڑھے اور پھر الحمد اور سورۃ کے بعد دس مرتبہ پڑھے اور باقی سب طریقہ بدستور البتہ اس صورت میں نہ تو دوسرے سجدہ کے بعد بیٹھنے کی ضرورت ہے اور نہ التحیات کے ساتھ پڑھنے کی۔ علماء نے لکھا ہے کہ بہتر یہ ہے کہ کبھی

اس طرح پڑھ لیا کرے کبھی اُس طرح۔ (۴) چونکہ یہ نماز عام طور سے رائج نہیں ہے اس لیے اس کے متعلق چند مسائل بھی لکھے جاتے ہیں تاکہ پڑھنے والوں کو سہولت ہو۔

مسئلہ (۱) اس نماز کے لیے کوئی سورۃ قرآن کی متعین نہیں جونسی سورت دل چاہے پڑھے لیکن بعض علماء نے لکھا ہے کہ سورہ حدید سورہ حشر سورہ صف سورۃ جمعہ سورہ تغابن میں سے چار سورتیں پڑھے بعض حدیثوں میں بیس آیتوں کی بقدر آیا ہے اس لیے ایسی سورتیں پڑھے جو بیس آیتوں کے قریب قریب ہوں۔ بعض نے اذا زلزلت والعادیات تکاثر والعصر، کافرون، نصر، اخلاص لکھا ہے کہ ان میں سے پڑھ لیا کرے۔ **مسئلہ (۲)** ان تسبیحوں کو زبان سے ہرگز نہ گنے کہ زبان سے گننے سے نماز ٹوٹ جائے گی انگلیوں کو بند کر کے گننا اور تسبیح ہاتھ میں لے کر اس پر گننا جائز ہے مگر مکروہ ہے بہتر یہ ہے کہ انگلیاں جس طرح اپنی جگہ پر رکھی ہیں ویسی ہی رہیں اور ہر کلمہ پر ایک ایک انگلی کو اسی جگہ دباتا رہے۔ **مسئلہ (۳)** اگر کسی جگہ تسبیح پڑھنا بھول جائے تو دوسرے رکن میں اس کو پورا کرے البتہ بھولے ہوئے کی قضا رکوع سے اٹھ کر اور دو سجدوں کے درمیان نہ کرے اسی طرح پہلی اور تیسری رکعت کے بعد اگر بیٹھے تو ان میں بھی بھولے ہوئے کی قضا نہ کرے بلکہ صرف ان کی ہی تسبیح پڑھے اور ان کے بعد جو رکن ہو اس میں بھول ہوئی بھی پڑھ لے مثلاً اگر رکوع میں پڑھنا بھول گیا تو ان کو پہلے سجدہ میں پڑھ لے اسی طرح پہلے سجدہ کی دوسرے سجدہ میں اور دوسرے سجدہ کی دوسری رکعت میں کھڑا ہو کر پڑھ لے اور اگر رہ جائے تو آخری قعدہ میں التحیات سے پہلے پڑھ لے۔

مسئلہ (۴) اگر سجدہ سہو کسی وجہ سے پیش آجائے تو اس میں تسبیح نہیں پڑھنا چاہیے اس لیے کہ مقدار تین سو ہے وہ پوری ہو چکی، ہاں اگر کسی وجہ سے اس مقدار میں کمی رہی ہو تو سجدہ سہو میں پڑھ لے۔ **مسئلہ (۵)** بعض احادیث میں آیا ہے کہ التحیات کے بعد سلام سے پہلے یہ دعا پڑھے۔

(رواہ ابونعیم فی الحلیۃ من حدیث ابن عباس ولفظہ اذا فرغت قلت بعد التشہد قبل التسلیم اللّٰھم الخ کذا فی الاتحاف وقال اوردہ الطبرانی ایضا من حدیث العباس وفی سندہ متروک اھ قلت زاد فی المرقاۃ فی آخر الدعاء بعض الالفاظ بعد قولہ خالق النور زدتہا تکمیلا للفائدۃ) دُعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ تَوْفِیْقَ اَھْلِ الْھُدٰی وَاَعْمَالَ اَھْلِ الْیَقِیْنِ وَمُنَاصَحَۃَ اَھْلِ التَّوْبَۃِ وَعَزْمَ اَھْلِ الصَّبْرِ وَجِدَّ اَھْلِ	اے اللہ میں آپ سے ہدایت والوں کی سی توفیق مانگتا ہوں اور یقین والوں کے عمل اور توبہ والوں کا خلوص مانگتا ہوں، اور صابرین کی

ف حذر ۱۲ مرقات۔

اَلْخَشْیَۃِ وَطَلَبَ اَھْلِ الرَّغْبَۃِ وَتَعَبُّدَ اَھْلِ الْوَرَعِ وَعِرْفَانَ اَھْلِ الْعِلْمِ حَتّٰی اَخَافَكَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مَخَافَۃً تَحْجُزُنِیْ بِھَا عَنْ مَعَاصِیْكَ وَحَتّٰی اَعْمَلَ بِطَاعَتِكَ عَمَلًا اَسْتَحِقُّ بِہٖ رِضَاكَ وَحَتّٰی اُنَاصِحَكَ فِی التَّوْبَۃِ خَوْفًا مِّنْكَ وَحَتّٰی اُخْلِصَ لَكَ النَّصِیْحَۃَ حُبًّا لَّكَ وَحَتّٰی اَتَوَكَّلَ عَلَیْكَ فِی الْاُمُوْرِ حُسْنَ الظَّنِّ بِكَ سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ رَبَّنَا اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

پختگی اور آپ سے ڈرنے والوں کی سی کوشش (یا احتیاط) مانگتا ہوں اور رغبت والوں کی سی طلب اور پرہیزگاروں کی سی عبادت اور علماء کی سی معرفت تاکہ میں آپ سے ڈرنے لگوں۔ اے اللہ ایسا ڈر جو مجھے آپ کی نافرمانی سے روک دے اور تاکہ میں آپ کی اطاعت سے ایسے عمل کرنے لگوں جن کی وجہ سے آپ کی رضا و خوشنودی کا مستحق بن جاؤں اور تاکہ خلوص کی توبہ آپ کے ڈر سے کرنے لگوں اور تاکہ سچا اخلاص آپ کی محبت کی وجہ سے کرنے لگوں اور تاکہ آپ کے ساتھ حسن ظن کی وجہ سے آپ پر توکل کرنے لگوں اے نور کے پیدا کرنے والے (تیری ذات پاک ہے اے ہمارے رب ہمیں کامل نور عطا فرما اور تو ہماری مغفرت فرما بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے اے ارحم الراحمین اپنی رحمت سے درخواست کو قبول فرما۔

مسئلہ (۶) اس نماز کا اوقاتِ مکروہہ کے علاوہ باقی دن رات کے تمام اوقات میں پڑھنا جائز ہے البتہ زوال کے بعد پڑھنا زیادہ بہتر ہے پھر دن میں کسی وقت پھر رات کو۔

مسئلہ (۷) بعض حدیثوں میں سوم کلمہ کے ساتھ لاحول کو بھی ذکر کیا گیا ہے جیسا کہ اوپر تیسری حدیث میں گذرا اس لیے اگر کبھی کبھی اس کو بڑھالے تو اچھا ہے۔

وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔

زکریا کاندھلوی

شب جمعہ ۲۶ر شوال ۱۳۵۸ھ ہجری

فضائل قرآن مجید

کی

چہل حدیث

مرتبہ و مترجمہ

حضرت مولینا الحافظ الحاج محمد زکریا صاحب مدظلہ

شیخ الحدیث مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور

جس میں

اول قرآن پاک کے فضائل میں چالیس احادیث مع ترجمہ و شرح تحریر فرمائی ہیں اس کے بعد سات حدیثیں قرآن پاک کے متفرق احکام میں ذکر فرما کر تتمہ میں ان سب مضامین پر اجمالی تنبیہ فرمائی ہے۔ اخیر میں ایک دوسری چہل حدیث کا مع ترجمہ اضافہ فرمایا ہے جو بعید اختصار کے باوجود نہایت جامع ہے۔

اسلامک بک سروس

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ الْاِنْسَانَ وَعَلَّمَهُ الْبَيَانَ وَاَنْزَلَ لَهُ الْقُرْاٰنَ وَجَعَلَهُ مَوْعِظَةً وَّشِفَاءً وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّذَوِی الْاِيْمَانِ لَارَيْبَ فِيْهِ وَلَمْ يَجْعَلْ لَهُ عِوَجًا اَنْزَلَهُ قَيِّمًا حُجَّةً نُوْرًا لِذَوِی الْاِيْقَانِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ الْاَتَمَّانِ الْاَكْمَلَانِ عَلٰى خَيْرِ الْخَلَائِقِ مِنَ الْاِنْسِ وَالْجَانِّ اَلَّذِیْ نَوَّرَ الْقَلْبَ وَالْقُبُوْرَ نُوْرُهٗ وَرَحْمَةٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ظُهُوْرُهٗ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهِ الَّذِیْ هُمْ نُجُوْمُ الْهِدَايَةِ وَنَاشِرُ الْفُرْقَانِ وَعَلٰى مَنْ تَبِعَهُمْ بِالْاِيْمَانِ وَبَعْدُ فَيَقُوْلُ الْمُفْتَقِرُ اِلٰى رَحْمَةِ رَبِّهِ الْجَلِيْلِ عَبْدُهُ الْمَدْعُوُّ بِزَكَرِيَّا بْنِ يَحْيٰى بْنِ اِسْمٰعِيْلَ هٰذِهِ الْعُجَالَةُ اَرْبَعُوْنَةٌ فِیْ فَضَائِلِ الْقُرْاٰنِ الْتَقَطْتُهَا مُمْتَثِلًا لِاَمْرِ مَنْ اِشَارَتُهٗ حُكْمٌ وَطَاعَتُهٗ غُنْمٌ۔

تمام تعریف اس پاک ذات کے لیے ہے۔ جس نے انسان کو پیدا کیا اور اس کو وضاحت سکھائی اور اس کے لیے وہ قرآن پاک نازل فرمایا جس کو نصیحت اور شفا اور ہدایت اور رحمت ایمان والوں کے لیے بنایا جس میں نہ کوئی شک ہے اور نہ کسی قسم کی کجی، بلکہ وہ بالکل مستقیم ہے اور حجت و نور ہے یقین والوں کے لیے۔ اور کامل و مکمل درود و سلام اس بہترین خلائق پر ہو جو جس کے نور نے زندگی میں دلوں کو اور مرنے کے بعد قبروں کو منور فرمادیا اور جس کا ظہور تمام عالم کے لیے رحمت ہے اور آپ کی اولاد و اصحابؓ پر جو ہدایت کے ستارے ہیں اور کلام پاک کے پھیلانے والے۔ نیز ان مومنین پر بھی جو ایمان کے ساتھ ان کے پیچھے لگنے والے ہیں، حمد و صلوٰۃ کے بعد اللہ کی رحمت کا محتاج بندہ زکریا بن یحییٰ بن اسمٰعیل عرض کرتا ہے کہ یہ جلدی میں لکھے ہوئے چند اوراق "فضائل قرآن"

میں ایک چہل حدیث ہے جس کو میں نے ایسے حضرات کے امتثالِ حکم میں جمع کیا ہے جن کا اشارہ بھی حکم ہے اور ان کی اطاعت ہر طرح مغتنم ہے۔

حق سبحانہٗ و تقدس کے ان انعاماتِ خاصّہ میں سے جو مدرسہ عالیہ مظاہر علوم سہارنپور کے ساتھ ہمیشہ مخصوص رہے ہیں۔ مدرسے کا سالانہ جلسہ ہے جو ہر سال مدرسے

کے اجمالی حالات سنانے کے لیے منعقد ہوتا ہے۔ مدرسے کے اس جلسہ میں مقررین، واعظین اور مشاہیر اہل ہند کے جمع کرنے کا اس قدر اہتمام نہیں کیا جاتا جتنا کہ اللہ والے، قلوب والے، گمنامی میں رہنے والے مشائخ کے اجتماع کی سعی کی جاتی ہے۔ وہ زمانہ اگرچہ کچھ دور ہوگیا ہے جب کہ حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ نانوتوی قدس اللہ سرہ العزیز اور قطب الارشاد حضرت اقدس مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی نور اللہ مرقدہٗ کی تشریف آوری حاضرینِ جلسہ کے قلوب کو منوّر فرمایا کرتی تھی۔ مگر وہ منظر ابھی آنکھوں سے زیادہ دور نہیں ہوا، جبکہ اِن مجددین اسلام اور شموسِ ہدایت کے جانشین حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ حضرت شاہ عبدالرحیم صاحب رحمۃ اللہ علیہ۔ حضرت مولانا خلیل احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ و حضرت مولانا اشرف علی صاحب نور اللہ مرقدہٗ۔ مدرسہ کے سالانہ جلسہ میں مجتمع ہوکر مردہ قلوب کے لیے زندگی و نورانیت کے لیے چشمے جاری فرمایا کرتے تھے اور عشق کے پیاسوں کو سیراب فرماتے تھے۔

دورِ حاضر میں مدرسہ کا جلسہ اُن بُدورِ ہدایت سے بھی گو محروم ہوگیا، مگر ان کے سچے جانشین حُضّارِ جلسہ کو اب بھی اپنے فیوض و برکات سے مالامال فرماتے ہیں جو لوگ امسال جلسے میں شریک رہے ہیں وہ اس کے لیے شاہد عَدْل ہیں، آنکھوں والے برکات دیکھتے ہیں لیکن ہم سے بے بصر بھی اتنا ضرور محسوس کرتے ہیں کہ کوئی بات ضرور ہے۔

مدرسہ کے سالانہ جلسہ میں اگر کوئی شخص شستہ تقاریر زوردار لیکچروں کا طالب بن کر آئے تو شاید وہ اتنا مسرور نہ جائے جس قدر کہ دوائے دل کا طالب کامگار و فیض یاب جائے گا۔ فَلِلّٰہِ الْحَمْدُ وَالْمِنَّۃُ۔

اسی سلسلہ میں سالِ رواں ۲۷ ذیقعدہ ۱۳۴۸ھ کے جلسہ میں حضرت الشاہ حافظ محمد یٰسین صاحب رح نگینوی نے قدم رنجہ فرماکر اس سیہ کار پر جس قدر شفقت و لطف کا مینہہ برسایا یہ ناکارہ اس کے شکر سے بھی قاصر ہے۔ ممدوح کے متعلق یہ معلوم ہوجانے کے بعد کہ آپ حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے خلفاء میں سے ہیں پھر آپ کے اوصاف جلیلہ یک سوئی تقدس مظہرِ انوار و برکات وغیرہ کے ذکر کی ضرورت نہیں رہتی۔ جلسہ سے فراغت پر ممدوح جب واپس مکان تشریف لے گئے تو گرامی نامہ، مکرمت نامہ، عزت نامہ سے

مجھے اس کا حکم فرمایا کہ فضائل قرآن میں ایک چہل حدیث جمع کر کے اس کا ترجمہ خدمت میں پیش کروں اور نیز یہ کہ اگر ممدوح کے حکم سے میں نے انحراف کیا تو وہ میرے جانشین شیخ اور مثیل والد چچا جان مولانا الحافظ مولوی محمد الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے اپنے اس حکم کو مؤکد کرائیں گے اور بہرحال یہ خدمت ممدوح کو مجھ جیسے ناکارہ ہی سے لینا ہے۔ یہ افتخار نامہ اتفاقاً ایسی حالت میں پہنچا کہ میں سفر میں تھا اور میرے چچا جان یہاں تشریف فرماتے تھے۔ انھوں نے میری واپسی پر یہ گرامی نامہ اپنے تاکیدی حکم کے ساتھ میرے حوالے فرمایا کہ جس کے بعد نہ مجھے کسی معذرت کی گنجائش رہی اور نہ اپنی عدم اہلیت کے پیش کرنے کا موقع رہا۔ میرے لیے شرح موطا امام مالک کی مشغولیت بھی ایک قوی عذر تھا۔ مگر ارشاداتِ عالیہ کی اہمیت کی وجہ سے اس کو چند روز کے لیے ملتوی کر کے ماحضر خدماتِ عالیہ میں پیش کرتا ہوں اور ان لغزشوں سے جن کا وجود میری نااہلیت کیلیے لازم ہے معافی کا خواستگار ہوں۔

رَجَاءَ الْحَشْرِ فِي سِلْكِ مَنْ قَالَ فِيهِمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَفِظَ عَلٰى أُمَّتِي أَرْبَعِينَ حَدِيثًا فِي أَمْرِ دِينِهَا بَعَثَهُ اللّٰهُ فَقِيهًا وَكُنْتُ لَهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ شَافِعًا وَّشَهِيدًا قَالَ الْعَلْقَمِيُّ الْحِفْظُ ضَبْطُ الشَّيْءِ وَمَنْعُهُ مِنَ الضِّيَاعِ فَتَارَةً تَكُونُ حِفْظُ الْعِلْمِ بِالْقَلْبِ وَإِنْ لَّمْ يَكْتُبْ وَتَارَةً فِي الْكِتَابِ وَإِنْ لَّمْ يَحْفَظْهُ بِقَلْبِهِ فَلَوْ حَفِظَ فِي كِتَابٍ ثُمَّ نَقَلَ إِلَى النَّاسِ دَخَلَ فِي وَعْدِ الْحَدِيثِ وَقَالَ الْمُنَاوِيُّ قَوْلُهُ مَنْ حَفِظَ عَلٰى أُمَّتِي أَيْ نَقَلَ إِلَيْهِمْ بِطَرِيقِ التَّخْرِيجِ وَالْإِسْنَادِ وَقِيلَ مَعْنٰى حِفْظِهَا أَنْ يَّنْقُلَهَا إِلَى الْمُسْلِمِينَ وَإِنْ لَّمْ يَحْفَظْهَا وَلَا عَرَفَ مَعْنَاهَا وَقَوْلُهُ أَرْبَعِينَ حَدِيثًا صِحَاحًا أَوْ حِسَانًا قِيلَ أَوْ ضِعَافًا يُعْمَلُ بِهَا فِي

اس جماعت کے ساتھ حشر ہونے کی امید میں جن کے بارے میں حضورؐ کا ارشاد ہے کہ جو شخص میری امت کے لیے ان کے دینی امور میں چالیس حدیثیں محفوظ کریگا حق تعالیٰ شانہٗ اس کو قیامت میں عالم اٹھائے گا اور میں اس کے لیے سفارشی اور گواہ ہوں گا۔ علقمیؒ کہتے ہیں کہ محفوظ کرنا شے کے منضبط کرنے اور ضائع ہونے سے حفاظت کا نام ہے۔ چاہے بغیر لکھے بزبان یاد کرلے یا لکھ کر محفوظ کرلے۔ اگرچہ یاد نہ ہو پس اگر کوئی شخص کتاب میں لکھ کر دوسروں تک پہنچا دے وہ بھی حدیث کی بشارت میں داخل ہوگا۔ مناویؒ کہتے ہیں کہ میری امت پر محفوظ کرلینے سے مراد اُن کی طرف نقل کرنا ہے سند کے حوالے کے ساتھ۔ اور بعض نے کہا ہے کہ مسلمانوں تک پہنچانا ہے اگرچہ وہ بزبان یاد نہ ہوں نہ ان کے معنی معلوم ہوں اسی طرح چالیس حدیثیں بھی عام ہیں کہ سب صحیح ہوں یا حسن یا معمولی درجہ کی ضعیف جن پر فضائل میں عمل

اَلْفَضَائِلِ اَهُ فَلِلّٰهِ دَرُّ الْاِسْلَامِ مَا اَيْسَرَهٗ وَلِلّٰهِ دَرُّ اَهْلِهٖ مَا اَجْوَدَ مَا اسْتَنْبَطُوْا رَزَقَنِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَاِيَّاكُمْ كَمَالَ الْاِسْلَامِ وَمِمَّا لَا بُدَّ مِنَ التَّنْبِيْهِ عَلَيْهِ اَنِّیْ اَعْتَمَدْتُ فِی التَّخْرِيْجِ عَلَی الْمِشْكٰوةِ وَتَخْرِيْجِهٖ وَشَرْحِهِ الْمِرْقَاةِ شَرْحِ الْاِحْيَاءِ لِلسَّيِّدِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُرْتَضٰى وَالتَّرْغِيْبِ لِلْمُنْذِرِیِّ وَمَا عَزَوْتُ اِلَيْهَا لِكَثْرَتِ الْاَخْذِ عَنْهَا وَمَا اَخَذْتُ عَنْ غَيْرِهَا عَزَوْتُهٗ اِلٰی مَاخَذِهٖ وَيَنْبَغِیْ لِلْقَارِیِ مُرَاعَاتُ اٰدَابِ التِّلَاوَةِ عِنْدَ الْقِرَاءَةِ۔

جائز ہو۔ اللہ اکبر اسلام میں بھی کیا کیا سہولتیں ہیں۔ اور تعجب کی بات ہے کہ علماء نے بھی کس قدر باریکیاں نکالی ہیں۔ حق تعالیٰ شانہ کمالِ اسلام مجھے بھی نصیب فرما دیں اور تمھیں بھی۔ اس جگہ ایک ضروری امر پر متنبہ کرنا بھی لابدی ہے وہ یہ کہ میں نے احادیث کا حوالہ دینے میں مشکوٰۃ تنقیح الرواۃ مرقاۃ اور احیاء العلوم کی شرح اور منذری رح کی ترغیب پر اعتماد کیا ہے اور کثرت سے ان سے لیا ہے اس لیے ان کے حوالے کی ضرورت نہیں سمجھی، البتہ ان کے علاوہ کہیں سے لیا ہے تو اس کا حوالہ نقل کر دیا۔ نیز قاری کے لیے تلاوت کے وقت اس کے آداب کی رعایت بھی ضروری ہے۔

مقصود سے قبل مناسب معلوم ہوتا ہے کہ کلام مجید پڑھنے کے کچھ آداب بھی لکھ دیئے جائیں کہ ع بے ادب محروم گشت از فضلِ رب۔ مختصر طور پر آداب کا خلاصہ یہ ہے کلام اللہ شریف معبود کا کلام ہے۔ محبوب و مطلوب کے فرمودہ الفاظ ہیں۔

جن لوگوں کو محبت سے کچھ واسطہ پڑا ہے وہ جانتے ہیں کہ معشوق کے خط کی، محبوب کی تقریر و تحریر کی کسی دل کھوئے ہوئے کے یہاں کیا وقعت ہوتی ہے اس کے ساتھ جو شیفتگی و فریفتگی کا معاملہ ہوتا ہے اور ہونا چاہیئے وہ قواعد و ضوابط سے بالاتر ہے ع محبت تجھ کو آدابِ محبت خود سکھا دیگی اس وقت اگر جمال حقیقی اور انعاماتِ غیر متناہی کا تصور ہو تو محبت موجزن ہوگی اس کے ساتھ ہی وہ احکم الحاکمین کا کلام ہے، سلطان السلاطین کا فرمان ہے۔ اس سطوت و جبروت والے بادشاہ کا قانون ہے کہ جس کی ہمسری نہ کسی بڑے سے بڑے سے ہوئی اور نہ ہو سکتی ہے۔ جن لوگوں کو سلاطین کے دربار سے کچھ واسطہ پڑ چکا ہے وہ تجربے سے اور جن کو سابقہ نہیں پڑا وہ اندازہ کر سکتے ہیں کہ سلاطینی فرمان کی ہیبت قلوب پر کیا ہو سکتی ہے۔ کلامِ الٰہی محبوب و حاکم کا کلام ہے اس لیے دونوں آداب کا مجموعہ اس کے ساتھ برتنا ضروری ہے۔

حضرت عکرمہؓ جب کلام پاک پڑھنے کے لیے کھولا کرتے تھے تو بیہوش ہو کر گر جاتے تھے اور

زبان پر جاری ہو جاتا تھا ھٰذَا کَلَامُ رَبِّیْ، ھٰذَا کَلَامُ رَبِّیْ (یہ میرے رب کا کلام ہے۔ یہ میرے رب کا کلام ہے)
یہ ان آداب کا اجمال ہے اور ان تفصیلات کا اختصار ہے جو مشائخ نے آداب تلاوت میں لکھے ہیں جن کی کسی قدر توضیح بھی ناظرین کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ جن کا خلاصہ صرف یہ ہے کہ بندہ نوکر بن کر نہیں، چاکر بن کر نہیں بلکہ بندہ بن کر آقا و مالک محسن و منعم کا کلام پڑھے۔ صوفیا نے لکھا ہے کہ جو شخص اپنے کو قرأت کے آداب سے قاصر سمجھتا رہے گا وہ قرب کے مراتب میں ترقی کرتا رہے گا اور جو اپنے کو رضا و عجب کی نگاہ سے دیکھے گا وہ ترقی سے دور ہوگا۔

(آداب) مسواک اور وضو کے بعد کسی یکسوئی کی جگہ میں نہایت وقار و تواضع کے ساتھ رُو بہ قبلہ بیٹھے اور نہایت ہی حضورِ قلب اور خشوع کے ساتھ اس لطف سے جو اس وقت کے مناسب ہے اس طرح پڑھے کہ گویا خود حق سبحانہٗ وعز اسمہٗ کو کلام پاک سنا رہا ہے۔ اگر وہ معنی سمجھتا ہے تو تدبر و تفکر کے ساتھ آیات وعد و رحمت پر دعائے مغفرت و رحمت مانگے اور آیات عذاب و وعید پر اللہ سے پناہ چاہے کہ اس کے سوا کوئی بھی چارہ ساز نہیں۔ آیاتِ تنزیہ و تقدیس پر سبحان اللہ کہے اور از خود تلاوت میں رونا نہ آوے تو بہ تکلف رونے کی سعی کرے۔ وَالَذُّ حَالَاتِ الْغَرَامِ لِمُغْرَمٍ۔ شَکْوَی الْھَوٰی بِالْمَدْمَعِ الْمُھْرَاقِ

ترجمہ کسی عاشق کے لیے سب سے زیادہ لذت کی حالت یہ ہے کہ محبوب سے اس کا گلہ ہو رہا ہو اس طرح کہ آنکھوں سے بارش ہو پس اگر یاد کرنا مقصود نہ ہو تو پڑھنے میں جلدی نہ کرے۔ کلام پاک کو رحل یا تکیہ یا کسی اونچی جگہ پر رکھے تلاوت کے درمیان میں کسی سے کلام نہ کرے۔ اگر کوئی ضرورت پیش ہی آجائے تو کلام پاک بند کرکے بات کرے اور پھر اس کے بعد اعوذ پڑھ کر دوبارہ شروع کرے۔ اگر مجمع میں لوگ اپنے اپنے کاروبار میں مشغول ہوں تو آہستہ پڑھنا افضل ہے ورنہ آواز سے پڑھنا اولیٰ ہے۔ مشائخ نے تلاوت کے چھ آداب ظاہری اور چھ باطنی ارشاد فرمائے ہیں ظاہری آداب (اوّل) غایت احترام سے باوضو رو بہ قبلہ (دوم) پڑھنے میں جلدی نہ کرے ترتیل و تجوید سے پڑھے (سوم) رونے کی سعی کرے، چاہے بہ تکلف ہی کیوں نہ ہو (چہارم) آیات رحمت و آیاتِ عذاب کا حق ادا کرے جیسا کہ پہلے گذر چکا (پنجم) اگر ریا کا احتمال ہو یا کسی دوسرے مسلمان کی تکلیف و حرج کا اندیشہ ہو تو آہستہ پڑھے ورنہ آواز سے (ششم) خوش الحانی سے پڑھے کہ خوش الحانی سے کلام پاک پڑھنے کی بہت سی احادیث میں تاکید آئی ہے باطنی آداب (اوّل) کلام پاک کی عظمت دل میں رکھے کہ کیسا عالی مرتبہ کلام ہے (دوم) حق سبحانہٗ و تقدس کی علو شان اور رفعت و کبریائی کو دل میں رکھے جس کا کلام ہے (سوم) دل کو وساوس و خطرات سے پاک رکھے (چہارم) معانی کا تدبر کرے اور لذت کے ساتھ پڑھے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شب تمام رات اس آیت کو پڑھ کر گذار دی اِنْ تُعَذِّبْھُمْ فَاِنَّھُمْ

عِبَادُكَ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔ (ترجمہ) اے اللہ اگر تو ان کو عذاب دے تو یہ تیرے بندے ہیں اور مغفرت فرمادے تو عزت و حکمت والا ہے۔ سعید بن جبیرؒ نے ایک رات اس آیت کو پڑھ کر صبح کردی وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ (او مجرمو آج قیامت کے دن فرماں برداروں سے الگ ہو جاؤ) (پنجم) جن آیات کی تلاوت کر رہا ہے دل کو ان کے تابع بنادے مثلاً اگر آیتِ رحمت زبان پر ہے دل سرورِ محض بن جاوے اور آیتِ عذاب اگر آگئی ہے تو دل لرز جائے (ششم) کانوں کو اس درجہ متوجہ بنادے کہ گویا خود حق سبحانہٗ وتقدس کلام فرمارہے ہیں اور یہ سن رہا ہے حق تعالیٰ شانہٗ محض اپنے لطف و کرم سے مجھے بھی ان آداب کے ساتھ پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے اور تمہیں بھی۔ مسئلہ اتنے قرآن شریف کا حفظ کرنا جس سے نماز ادا ہو جاوے ہر شخص پر فرض ہے اور تمام کلام پاک کا حفظ کرنا فرضِ کفایہ ہے اگر کوئی بھی العیاذ باللہ حافظ نہ رہے تو تمام مسلمان گنہگار ہیں بلکہ زرکشی سے ملا علی قاریؒ نے نقل کیا ہے کہ جس شہر یا گاؤں میں کوئی قرآن پاک پڑھنے والا نہ ہو تو سب گنہگار ہیں۔ اس زمانہ ضلالت و جہالت میں جہاں ہم مسلمانوں میں اور بہت سے دینی امور میں گمراہی پھیل رہی ہے وہاں ایک عام آوازہ یہ بھی ہے کہ قرآن شریف کے حفظ کرنے کو فضول سمجھا جارہا ہے۔ اس کے الفاظ رٹنے کو حماقت بتلایا جاتا ہے۔ اس کے الفاظ یاد کرنے کو دماغ سوزی اور تضیع اوقات کہا جاتا ہے۔ اگر ہماری بددینی کی یہی ایک وبا ہوتی تو اس پر کچھ تفصیل سے لکھا جاتا مگر یہاں ہر ادا مرض ہے اور ہر خیال باطل ہی کی طرف کھینچتا ہے، اس لیے کس کس چیز کو روئیے اور کس کس کا شکوہ کیجیے۔ فَاِلَى اللّٰهِ الْمُشْتَكٰى وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ

(۱) عَنْ عُثْمَانَ رضـ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَهٗ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ

حضرت عثمانؓ سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد منقول ہے کہ تم میں سب سے بہتر وہ شخص ہے جو قرآن شریف کو سیکھے اور سکھائے۔

وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ هٰكَذَا فِي التَّرْغِيْبِ وَعَزَاهُ اِلٰى مُسْلِمٍ اَيْضًا لٰكِنْ حَكَى الْحَافِظُ فِي الْفَتْحِ عَنْ اَبِي الْعَلَاءِ اَنَّ مُسْلِمًا سَكَتَ عَنْهُ)

اکثر کتب میں یہ روایت واؤ کے ساتھ ہے جس کا ترجمہ لکھا گیا اس صورت میں فضیلت اس شخص کے لیے ہے جو کلام مجید سیکھے اور اس کے بعد دوسروں کو سکھائے۔ لیکن بعض کتب میں یہ روایت او کے ساتھ وارد ہوئی ہے۔ اس صورت میں بہتری اور فضیلت عام ہوگی کہ خود سیکھے یا دوسروں کو سکھائے دونوں کے لیے مستقل خیر و بہتری ہے۔

کلام پاک چونکہ اصل دین ہے اس کی بقاء، داشاعت ہی پر دین کا مدار ہے اس لیے اس کے سیکھنے اور سکھانے کا افضل ہونا ظاہر ہے، کسی توضیح کا محتاج نہیں البتہ اس کی انواع مختلف ہیں۔ کمال اس کا یہ ہے کہ مطالب و مقاصد سمیت سیکھے اور ادنیٰ درجہ اس کا یہ ہے کہ فقط الفاظ سیکھے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا دوسرا ارشاد حدیث مذکور کی تائید کرتا ہے جو سعید بن سلیم رضؓ سے مرسلاً منقول ہے کہ جو شخص قرآن شریف کو حاصل کرلے اور پھر کسی دوسرے شخص کو جو کوئی اور چیز عطا کیا گیا ہو اپنے سے افضل سمجھے تو اس نے حق تعالیٰ شانہٗ کے اس انعام کی جو اپنے کلام پاک کی وجہ سے اس پر فرمایا ہے۔ تحقیر کی ہے اور کھلی ہوئی بات ہے کہ جب کلام الٰہی سب کلاموں سے افضل ہے جیسا کہ مستقل احادیث میں آنے والا ہے تو اس کا پڑھنا پڑھانا یقیناً سب چیزوں افضل ہونا ہی چاہیئے ایک دوسری حدیث سے ملا علی قاری رحؒ نے نقل کیا ہے کہ جس شخص نے کلام پاک کو حاصل کر لیا اس نے علوم نبوت کو اپنی پیشانی میں جمع کر لیا۔ سہل تستری رحؒ فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ شانہٗ سے محبت کی علامت یہ ہے کہ اس کے کلام پاک کی محبت قلب میں ہو۔ شرح احیاء میں ان لوگوں کی فہرست میں جو قیامت کے ہولناک دن میں عرش کے سایہ کے نیچے رہیں گے ان لوگوں کو بھی شمار کیا ہے جو مسلمانوں کے بچوں کو قرآن پاک کی تعلیم دیتے ہیں نیز ان لوگوں کو بھی شمار کیا ہے جو بچپن میں قرآن شریف سیکھتے ہیں اور بڑے ہو کر اس کی تلاوت کا اہتمام کرتے ہیں۔

(۲) عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ رضؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ الرَّبُّ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی مَنْ شَغَلَہُ الْقُرْاٰنُ عَنْ ذِکْرِیْ وَمَسْئَلَتِیْ اَعْطَیْتُہٗ اَفْضَلَ مَا اُعْطِی السَّائِلِیْنَ وَفَضْلُ کَلَامِ اللّٰہِ عَلٰی سَائِرِ الْکَلَامِ کَفَضْلِ اللّٰہِ عَلٰی خَلْقِہٖ۔

(رواہ الترمذی والدارمی والبیہقی فی الشعب)

ابو سعید رضؓ سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد منقول ہے کہ حق سبحانہٗ وتقدس کا یہ فرمان ہے کہ جس شخص کو قرآن شریف کی مشغولی کی وجہ سے ذکر کرنے اور دعائیں مانگنے کی فرصت نہیں ملتی میں اسکو سب دعائیں مانگنے والوں سے زیادہ عطا کرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ شانہٗ کے کلام کو سب کلاموں پر ایسی ہی فضیلت ہے جیسی کہ خود حق تعالیٰ شانہٗ کو تمام مخلوق پر۔

یعنی جس شخص کو قرآن پاک کے یاد کرنے یا جاننے اور سمجھنے میں اس درجہ مشغولی ہے کہ کسی دوسری دعا وغیرہ کے مانگنے کا وقت نہیں ملتا۔ میں دعا مانگنے والوں کے مانگنے سے بھی افضل چیز اس کو عطا کروں گا۔ دنیا کا مشاہدہ ہے کہ جب کوئی شخص شیرینی وغیرہ تقسیم کر رہا ہو اور کوئی مٹھائی لینے والا اس کے ہی کام میں مشغول ہو اور اس کی وجہ سے نہ آسکتا ہو تو یقیناً اس کا حصّہ پہلے ہی نکال لیا جاتا ہے۔ ایک دوسری حدیث میں اسی موقعہ پر مذکور ہے کہ میں اس کو شکر گذار بندوں کے ثواب سے افضل ثواب عطا کروں گا۔

(۳) عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ فِي الصُّفَّةِ فَقَالَ أَيُّكُمْ يُحِبُّ أَنْ يَغْدُوَ كُلَّ يَوْمٍ إِلَى بُطْحَانَ أَوِ الْعَقِيْقِ فَيَأْتِيَ بِنَاقَتَيْنِ كَوْمَاوَيْنِ فِي غَيْرِ إِثْمٍ وَلَا قَطِيْعَةِ رَحِمٍ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كُلُّنَا نُحِبُّ ذٰلِكَ قَالَ أَفَلَا يَغْدُوْ أَحَدُكُمْ إِلَى الْمَسْجِدِ فَيُعَلِّمَ أَوْ يَقْرَأَ آيَتَيْنِ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ خَيْرٌ لَهُ مِنْ نَاقَتَيْنِ وَثَلٰثٌ خَيْرٌ لَهُ مِنْ ثَلٰثٍ وَأَرْبَعٌ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَرْبَعٍ وَمِنْ أَعْدَادِهِنَّ مِنَ الْإِبِلِ۔ (رواہ مسلم وابوداؤد)

عقبہ بن عامرؓ کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے ہم لوگ صفہ میں بیٹھے تھے آپ نے فرمایا کہ تم میں سے کون شخص اس کو پسند کرتا ہے کہ علی الصباح بازار بطحان یا عقیق میں جاوے اور دو اونٹنیاں عمدہ سے عمدہ بلا کسی قسم کے گناہ اور قطع رحمی کے پکڑ لائے۔ صحابہؓ نے عرض کیا کہ اسکو تو ہم میں سے ہر شخص پسند کریگا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسجد میں جاکر دو آیتوں کا پڑھنا یا پڑھا دینا دو اونٹنیوں سے اور تین آیت کا تین اونٹنیوں سے اسی طرح چار کا چار سے افضل ہے اور ان کے برابر اونٹوں سے افضل ہے۔

صُفّہ مسجد نبوی میں ایک خاص معین چبوترہ کا نام ہے جو فقراء مہاجرین کی نشست گاہ تھی۔ اصحاب صُفّہ رضی اللہ عنہم کی تعداد مختلف اوقات میں کم و بیش ہوتی رہتی تھی۔ علامہ سیوطیؒ نے ایک سو ایک نام گنوائے ہیں اور مستقل رسالہ ان کے اسماء گرامی میں تصنیف کیا ہے۔ بطحان اور عقیق مدینہ طیبہ کے پاس دو جگہ ہیں جہاں اونٹوں کا بازار لگتا تھا عرب کے نزدیک نہایت پسندیدہ چیز تھی بالخصوص اونٹنی، جس کا کوہان فربہ ہو۔ بغیر گناہ کا مطلب یہ ہے کہ بے محنت چیز اکثر یا چھین کر کسی سے لی جاتی ہے یا یہ کہ میراث وغیرہ میں کسی رشتہ دار کے مال پر قبضہ کرلے یا کسی کا مال چرالے۔ اس لیے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سب کی نفی فرمادی کہ بالکل بلا مشقت اور بدون کسی گناہ کے حاصل کرلینا جس قدر پسندیدہ ہے اس سے زیادہ بہتر و افضل ہے چند آیات کا حاصل کرلینا۔ اور یقینی امر ہے کہ ایک دو اونٹ در کنار ہفت اقلیم کی سلطنت بھی اگر کسی شخص کو مل جاوے تو کیا، آج نہیں تو کل موت اس سے جبراً جدا کر دے گی۔ لیکن ایک آیت کا اجر ہمیشہ کے لیے ساتھ رہنے والی چیز ہے۔ دنیا ہی میں دیکھ لیجئے کہ آپ کسی شخص کو ایک روپیہ عطا فرمادیجئے اس کی اسکو مسرت ہوگی۔ بمقابلہ اس کے کہ ایک ہزار روپیہ اس کے حوالے کردیں کہ اس کو اپنے ساتھ رکھ لے میں ابھی واپس آکر لے لوں گا کہ اس صورت میں بجز اس پر بار امانت کے اور کوئی فائدہ اس کو حاصل نہیں ہوگا، درحقیقت اس حدیث شریف میں فانی و باقی کے تقابل پر تنبیہ بھی مقصود ہے کہ آدمی اپنی حرکت و سکون پر غور کرلے کہ کسی فانی چیز پر اس کو ضائع کررہا ہوں یا باقی رہنے والی چیز پر اور پھر حسرت ہے اُن اوقات پر جو باقی رہنے والا وبال کماتے ہوں۔ حدیث کا اخیر جملہ اور ان کے برابر اونٹوں سے افضل ہے تین مطالب

کا محتمل ہے اوّل یہ کہ چار کے عدد تک بالتفصیل ارشاد فرمایا اور اس کے مافوق[1] کو اجمالاً فرما دیا کہ جس قدر آیات کوئی شخص حاصل کرے گا اس کے بقدر اونٹوں سے افضل ہے۔ اس صورت میں اونٹوں سے جنس مراد ہے خواہ اونٹ ہوں یا اونٹنیاں۔ اور بیان ہے چار سے زیادہ کا، اس لیے کہ چار تک کا ذکر خود تصریحاً مذکور ہو چکا۔ دوسرا مطلب یہ ہے کہ انہیں اعداد کا ذکر ہے جو پہلے مذکور ہو چکے۔ اور مطلب یہ ہے کہ رغبات مختلف ہوا کرتی ہیں کسی کو اونٹنی پسند ہے تو کوئی اونٹ کا گرویدہ ہے۔ اس لیے حضورؐ نے اس لفظ سے یہ ارشاد فرمایا کہ ہر آیت ایک اونٹنی سے بھی افضل ہے اور اگر کوئی شخص اونٹ سے محبت رکھتا ہو تو ایک آیت ایک اونٹ سے بھی افضل ہے۔ تیسرا مطلب یہ ہے کہ یہ بیان اُن ہی اعداد کا ہے جو پہلے ذکر کیے گئے چار سے زائد کا نہیں ہے۔ مگر دوسرے مطلب میں جو تقریر گزری کہ ایک اونٹنی یا ایک اونٹ سے افضل ہے، یہ نہیں بلکہ مجموعہ مراد ہے کہ ایک آیت ایک اونٹ اور ایک اونٹنی دونوں کے مجموعہ سے افضل ہے اسی طرح ہر آیت اپنے موافق عدد اونٹنی اور اونٹ دونوں کے مجموعے سے افضل ہے تو گویا نی آیت کا مقابلہ ایک جوڑ سے ہوا۔ میرے والد صاحب نور اللہ مرقدہٗ نے اسی مطلب کو پسند فرمایا ہے کہ اس میں فضیلت کی زیادتی ہے۔ اگرچہ یہ مراد نہیں کہ ایک آیت کا اجر ایک اونٹ یا دو اونٹ کا مقابلہ کر سکتا ہے۔ یہ صرف تنبیہ اور تمثیل ہے۔ میں پہلے لکھ چکا ہوں کہ ایک آیت جس کا ثواب دائمی اور ہمیشہ رہنے والا ہے ہفتِ اقلیم کی بادشاہت سے جو فنا ہو جانے والی ہے، افضل اور بہتر ہے۔

ملا علی قاریؒ نے لکھا ہے کہ ایک بزرگ کے بعض تجارت پیشہ احباب نے ان سے درخواست کی کہ جہاز سے اترنے کے وقت حضرت جدہ تشریف فرما ہوں تاکہ جناب کی برکت سے ہمارے مال میں نفع ہو اور مقصود یہ تھا کہ تجارت کے منافع سے حضرت کے بعض خدام کو کچھ نفع حاصل ہو۔ اوّل تو حضرت نے عذر فرمایا۔ مگر جب انہوں نے اصرار کیا تو حضرت نے دریافت فرمایا کہ تمہیں زائد سے زائد جو نفع مال تجارت میں ہوتا ہے وہ کیا مقدار ہے۔ انہوں نے عرض کیا کہ مختلف ہوتا ہے زائد سے زائد ایک کے دو ہو جاتے ہیں۔ حضرت نے فرمایا کہ اس قلیل نفع کے لیے اس قدر مشقت اٹھاتے ہو۔ اتنی سی بات کے لیے ہم حرم محترم کی نماز کیسے چھوڑ دیں، جہاں ایک کے لاکھ ملتے ہوں۔" درحقیقت مسلمانوں کے غور کرنے کی جگہ ہے کہ وہ ذرا سی دنیوی متاع کے خاطر کس قدر دینی منافع کو قربان کر دیتے ہیں۔

(۴) عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَاهِرُ بِالْقُرْاٰنِ مَعَ السَّفَرَةِ

حضرت عائشہ رضؓ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ قرآن کا ماہر اُن ملائکہ کے

---

[1] زیادہ ۔ ۱۲

اَلْکِرَامِ الْبَرَرَةِ وَالَّذِیْ یَقْرَأُ الْقُرْآنَ وَیَتَتَعْتَعُ فِیْهِ وَهُوَ عَلَیْهِ شَاقٌّ لَهٗ اَجْرَانِ۔

(رواہ البخاری و مسلم و ابوداؤد و الترمذی و النسائی و ابن ماجہ)

ساتھ ہے جو میر منشی ہیں اور نیک کار ہیں۔ اور جو شخص قرآن شریف کو اٹکتا ہوا پڑھتا ہے اور اس میں دقت اٹھاتا ہے اس کو دُہرا اجر ہے۔

قرآن شریف کا ماہر وہ کہلاتا ہے جس کو یاد بھی خوب ہو اور پڑھتا بھی خوب ہو اور اگر معانی و مراد پر بھی قادر ہو تو پھر کیا کہنا۔ ملائکہ کے ساتھ ہونے کا یہ مطلب ہے کہ وہ بھی قرآن شریف کے لوح محفوظ سے نقل کرنے والے ہیں اور یہ بھی اس کا نقل کرنے والا اور پہنچانے والا ہے تو گویا دونوں ایک ہی مسلک پر ہیں یا یہ کہ حشر میں اُن کے ساتھ اجتماع ہوگا۔ اٹکنے والے کو دوہرا اجر ایک اس کی قرآت کا دوسرا اس کی مشقت کا جو اس بار بار کے اٹکنے کی وجہ سے جو برداشت کرتا ہے۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ یہ اس ماہر سے بڑھ جاوے۔ ماہر کے لیے جو فضیلت ارشاد فرمائی گئی ہے وہ اس سے بہت بڑھ کر ہے کہ مخصوص ملائکہ کے ساتھ اس کا اجتماع فرمایا ہے، بلکہ مقصود یہ ہے کہ اس کے اٹکنے کی وجہ سے اس مشقت کا اجر مستقل ملے گا۔ لہٰذا اس عذر کی وجہ سے کسی کو چھوڑنا نہیں چاہیئے۔ ملا علی قاری رحمہ اللہ نے طبرانی اور بیہقی کی روایت سے نقل کیا ہے کہ جو شخص قرآن شریف پڑھتا اور وہ یاد نہیں ہوتا تو اس کے لیے دوہرا اجر ہے اور جو اس کو یاد کرنے کی تمنا کرتا رہے لیکن یاد کرنے کی طاقت نہیں رکھتا مگر وہ پڑھنا بھی نہیں چھوڑتا تو حق تعالیٰ شانہٗ اس کا حفاظ ہی کے ساتھ حشر فرمائیں گے۔

(۵) عَنِ ابْنِ عُمَرَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا حَسَدَ اِلَّا عَلٰى اثْنَتَیْنِ رَجُلٌ اٰتَاهُ اللّٰهُ الْقُرْاٰنَ فَهُوَ یَقُوْمُ بِهٖ اٰنَآءَ اللَّیْلِ وَاٰنَآءَ النَّهَارِ وَرَجُلٌ اٰتَاهُ اللّٰهُ مَالًا فَهُوَ یُنْفِقُ مِنْهُ اٰنَآءَ اللَّیْلِ وَاٰنَآءَ النَّهَارِ۔

(رواہ البخاری و الترمذی و النسائی)

ابن عمر رض سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد منقول ہے کہ حسد دو شخصوں کے سوا کسی پر جائز نہیں ایک وہ جس کو حق تعالیٰ شانہٗ نے قرآن شریف کی تلاوت عطا فرمائی اور وہ دن رات اس میں مشغول رہتا ہے دوسرے وہ جس کو حق سبحانہٗ نے مال کی کثرت عطا فرمائی اور وہ دن رات اس کو خرچ کرتا ہے۔

قرآن شریف کی آیات اور احادیث کثیرہ کے عموم سے حسد کی بُرائی اور ناجائز ہونا مطلقاً معلوم ہوتا ہے۔ اس حدیث شریف سے دو آدمیوں کے بارے میں جواز معلوم ہوتا ہے چونکہ وہ روایات زیادہ مشہور و کثیر ہیں اس لیے علماء نے اس حدیث کے دو مطلب ارشاد فرمائے ہیں۔ اول یہ کہ حسد اس

حدیث شریف میں رشک کے معنی میں ہے جس کو عربی میں غبطہ کہتے ہیں، حسد اور غبطہ میں فرق ہے کہ حسد میں کسی کے پاس کوئی نعمت دیکھ کر یہ آرزو ہوتی ہے کہ اس کے پاس یہ نعمت نہ رہے خواہ اپنے پاس حاصل ہو یا نہ ہو۔ اور رشک میں اپنے پاس اس کے حصول کی تمنا و آرزو ہوتی ہے عام ہے کہ دوسرے سے زائل ہو یا نہ ہو۔ چونکہ حسد بالاجماع حرام ہے، اس لیے علماء نے اس لفظِ حسد کو مجازاً غبطہ کے معنی میں ارشاد فرمایا ہے جو دنیوی امور میں مباح ہے اور دینی امور میں مستحب۔ دوسرا مطلب یہ بھی ممکن ہے کہ بسا اوقات کلام علی سبیل الفرض والتقدیر مستعمل ہوتا ہے یعنی اگر حسد جائز ہوتا تو یہ دو چیز ایسی تھیں کہ ان میں جائز ہوتا۔

(۶) عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ الَّذِیْ یَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ مَثَلُ الْاُتْرُجَّۃِ رِیْحُھَا طَیِّبٌ وَّطَعْمُھَا طَیِّبٌ وَمَثَلُ الْمُؤْمِنِ الَّذِیْ لَا یَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ مَثَلُ التَّمْرَۃِ لَا رِیْحَ لَھَا وَطَعْمُھَا حُلْوٌ وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ الَّذِیْ لَا یَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ کَمَثَلِ الْحَنْظَلَۃِ لَیْسَ لَھَا رِیْحٌ وَطَعْمُھَا مُرٌّ وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ الَّذِیْ یَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ مَثَلُ الرَّیْحَانَۃِ رِیْحُھَا طَیِّبٌ وَّطَعْمُھَا مُرٌّ۔

(رواہ البخاری ومسلم والنسائی وابن ماجہ)

ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جو مسلمان قرآن شریف پڑھتا ہے، اس کی مثال ترنج کی سی ہے کہ اس کی خوشبو بھی عمدہ ہوتی ہے اور مزہ بھی لذیذ۔ اور جو مومن قرآن شریف نہ پڑھے اس کی مثال کھجور کی سی ہے کہ خوشبو کچھ نہیں مگر مزہ شیریں ہوتا ہے اور جو منافق قرآن شریف نہیں پڑھتا اس کی مثال حنظل کے پھل کی سی ہے کہ مزہ کڑوا اور خوشبو کچھ نہیں اور جو منافق قرآن شریف پڑھتا ہے اس کی مثال خوشبو دار پھول کی سی ہے کہ خوشبو عمدہ اور مزہ کڑوا۔

مقصود اس حدیث سے غیر محسوس کو محسوس کے ساتھ تشبیہ دینا ہے تاکہ ذہن میں فرق کلام پاک کے پڑھنے اور نہ پڑھنے میں سہولت سے آجاوے ورنہ ظاہر ہے کہ کلام پاک کی حلاوت و مہک کے کیا نسبت ترنج و کھجور کو اگرچہ ان اشیاء کے ساتھ تشبیہ میں خاص نکات بھی ہیں جو علوم نبویہ سے تعلق رکھتے ہیں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے علوم کی وسعت کی طرف مشیر ہیں۔ مثلاً ترنج ہی کو لیجیے منہ میں خوشبو پیدا کرتا ہے، معدہ کو صاف کرتا ہے، ہضم میں قوت دیتا ہے۔ وغیرہ وغیرہ یہ منافع ایسے ہیں کہ قرأت قرآن شریف کے ساتھ خاص مناسبت رکھتے ہیں۔ مثلاً منہ کا خوشبو دار ہونا، باطن کا صاف کرنا، روحانیت میں قوت پیدا کرنا۔ یہ منافع تلاوت میں ہیں جو پہلے منافع کے ساتھ بہت ہی مشابہت رکھتے ہیں۔ ایک خاص اثر ترنج میں یہ بھی بتلایا جاتا ہے کہ جس گھر میں ترنج ہو وہاں جن نہیں جا سکتا۔ اگر یہ صحیح ہے تو پھر کلام پاک کے ساتھ خاص مشابہت ہے بعض اطباء سے میں نے سنا ہے کہ ترنج سے حافظہ بھی قوی ہوتا ہے اور حضرت

علی کرم اللہ وجہٗ سے احیاء میں نقل کیا ہے کہ تین چیزیں حافظہ کو بڑھاتی ہیں:
(۱) مسواک اور (۲) روزہ اور (۳) تلاوت کلام اللہ شریف کی۔

ابو داؤد کی روایت میں اس حدیث کے ختم پر ایک اور مضمون نہایت ہی مفید ہے کہ بہتر ہمنشین کی مثال مشک والے آدمی کی سی ہے اگر تجھے مشک نہ مل سکا تو اس کی خوشبو تو کہیں گئی نہیں، اور بدتر ہمنشین کی مثال آگ کی بھٹی والے کی طرح سے ہے کہ اگر سیاہی نہ پہنچے تب بھی دھواں تو کہیں گیا ہی نہیں۔ نہایت ہی اہم بات ہے۔ آدمی کو اپنے ہم نشینوں پر بھی نظر کرنا چاہیئے کہ کس قسم کے لوگوں میں ہر وقت نشست و برخاست ہے۔

(۷) عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ يَرْفَعُ بِهٰذَا الْكِتَابِ اَقْوَامًا وَيَضَعُ بِهٖ اٰخَرِيْنَ۔ (رواہ مسلم)

حضرت عمرؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کرتے ہیں کہ حق تعالےٰ شانہٗ اس کتاب یعنی قرآن پاک کی وجہ سے کتنے ہی لوگوں کو بلند مرتبہ کرتا ہے اور کتنے ہی لوگوں کو پست و ذلیل کرتا ہے۔

یعنی جو لوگ اس پر ایمان لاتے ہیں، عمل کرتے ہیں، حق تعالےٰ شانہٗ ان کو دنیا و آخرت میں رفعت و عزت عطا فرماتے ہیں اور جو لوگ اس پر عمل نہیں کرتے حق سبحانہٗ و تقدس ان کو ذلیل کرتے ہیں۔ کلام اللہ شریف کی آیات سے بھی یہ مضمون ثابت ہوتا ہے کہ ایک جگہ ارشاد ہے يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا حق تعالیٰ شانہٗ اس کی وجہ سے بہت سے لوگوں کو ہدایت فرماتے ہیں اور بہت سے لوگوں کو گمراہ۔ دوسری جگہ ارشاد ہے وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ط حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد منقول ہے کہ اس اُمت کے بہت سے منافق قاری ہوں گے۔ بعض مشائخ سے احیاء میں نقل کیا ہے کہ بندہ ایک سورۃ کلام پاک کی شروع کرتا ہے تو ملائکہ اس کے لیے رحمت کی دعا کرتے رہتے ہیں یہاں تک کہ وہ فارغ ہو اور دوسرا شخص ایک سورۃ شروع کرتا ہے تو ملائکہ اس کے ختم تک اس پر لعنت کرتے ہیں بعض علماء سے منقول ہے کہ آدمی تلاوت کرتا ہے اور خود اپنے اوپر لعنت کرتا ہے، اور اس کو خبر بھی نہیں ہوتی، قرآن شریف میں پڑھتا ہے اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ اور خود ظالم ہونے کی وجہ سے اس وعید میں داخل ہوتا ہے، اسی طرح پڑھتا ہے لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ اور خود جھوٹا ہونے کی وجہ سے اس کا مستحق ہوتا ہے۔

عامر بن واثلہ رضؓ کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے نافع بن عبد الحارث کو مکہ مکرمہ کا حاکم بنا رکھا تھا ان سے ایک مرتبہ دریافت فرمایا کہ جنگلات کا ناظم کس کو مقرر کر رکھا ہے۔ انہوں نے عرض کیا کہ ابن ابزی کو حضرت عمرؓ نے پوچھا کہ ابن ابزی کون شخص ہے۔ انھوں نے عرض کیا کہ ہمارا ایک غلام ہے حضرت عمرؓ نے اعتراضاً فرمایا کہ غلام کو امیر کیوں بنا دیا۔ انہوں نے کہا کہ کتاب اللہ کا پڑھنے والا ہے حضرت عمرؓ نے اس حدیث کو نقل کیا ہے کہ نبی کریمؐ کا ارشاد ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ اس کلام کی بدولت بہت سے لوگوں کے رفع درجات فرماتے ہیں اور بہت سوں کو پست کرتے ہیں۔

(۸) عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلٰثٌ تَحْتَ الْعَرْشِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَلْقُرْاٰنُ يُحَاجُّ الْعِبَادَ لَهٗ ظَهْرٌ وَّبَطْنٌ وَّالْاَمَانَةُ وَالرَّحِمُ تُنَادِيْ اَلَا مَنْ وَصَلَنِيْ وَصَلَهُ اللّٰهُ وَمَنْ قَطَعَنِيْ قَطَعَهُ اللّٰهُ۔ (رواه في شرح السنة)

عبد الرحمٰن رضؓ بن عوف حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ تین چیزیں قیامت کے دن عرش کے نیچے ہوں گے ایک کلام پاک کہ جھگڑیگا بندوں سے، قرآن پاک کے لیے ظاہر ہے اور باطن دوسری چیز امانت ہے، اور تیسری رشتہ داری جو پکارے گی کہ جس شخص نے مجھ کو جوڑا اللہ اس کو اپنی رحمت سے ملا دے اور جس نے مجھ کو توڑا اللہ اپنی رحمت سے اسکو جدا کر دے۔

ان چیزوں کے عرش کے نیچے ہونے سے مقصود ان کا کمال قرب ہے یعنی حق سبحانہ و تقدس کے عالی دربار میں بہت ہی قریب ہوں گی۔ کلام اللہ شریف کے جھگڑے کا مطلب یہ ہے کہ جن لوگوں نے اس کی رعایت کی، اس کا حق ادا کیا، اس پر عمل کیا ان کی طرف سے دربار حق سبحانہٗ میں جھگڑے گا اور شفاعت کرے گا۔ ان کے درجے بلند کرائے گا۔ ملا علی قاریؒ نے بروایت ترمذی نقل کیا ہے کہ قرآن شریف بارگاہِ الٰہی میں عرض کرے گا کہ اس کو جوڑا مرحمت فرمائیں تو حق تعالیٰ شانہٗ کرامت کا تاج مرحمت فرمادینگے پھر وہ زیادتی کی درخواست کرے گا تو حق تعالیٰ شانہٗ اکرام کا پورا جوڑا مرحمت فرمادیں گے۔ پھر وہ درخواست کرے گا کہ یا اللہ آپ اس شخص سے راضی ہو جائیں تو حق سبحانہٗ و تقدس اس سے رضا کا اظہار فرمادیں گے اور جب کہ دنیا میں محبوب کی رضا سے بڑھ کر کوئی بھی بڑی سے بڑی نعمت نہیں ہوتی تو آخرت میں محبوب کی رضا کا مقابلہ کون سی نعمت کر سکتی ہے اور جن لوگوں نے اس کی حق تلفی کی ہے ان سے اس بارے میں مطالبہ کرے گا کہ میری کیا رعایت کی میرا کیا حق ادا کیا۔ شرح احیاء میں امام صاحبؒ سے نقل کیا ہے کہ سال میں دو مرتبہ ختم کرنا قرآن شریف کا حق ہے۔ اب وہ حضرات جو کبھی بھول کر بھی تلاوت نہیں کرتے ذرا غور فرمالیں کہ اس قوی مقابل کے سامنے کیا جواب دہی کریں گے۔ موت بہر حال آنے والی

چیز ہے اس سے کسی طرح مفر نہیں۔ قرآن شریف کے ظاہر اور باطن ہونے کا مطلب ظاہر یہ ہے کہ ایک ظاہری معنی ہیں، جن کو ہر شخص سمجھتا ہے اور ایک باطنی معنی ہیں جن کو ہر شخص نہیں سمجھتا جس کی طرف حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد نے اشارہ کیا ہے کہ جو شخص قرآن پاک میں اپنی رائے سے کچھ کہے اگر وہ صحیح بھی ہو تب بھی اس شخص نے خطا کی۔ بعض مشائخ نے ظاہر سے مراد اس کے الفاظ فرمائے ہیں کہ جن کی تلاوت میں ہر شخص برابر ہے اور باطن سے مراد اس کے معنی اور مطالب ہیں جو حسب استعداد مختلف ہوتے ہیں۔ ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ اگر علم چاہتے ہو تو قرآن پاک کے معانی میں غور و فکر کرو کہ اس میں اوّلین و آخرین کا علم ہے مگر کلام پاک کے معنی کے لیے جو شرائط و آداب ہیں ان کی رعایت ضروری ہے۔ یہ نہیں کہ ہمارے زمانے کی طرح سے جو شخص عربی کے چند الفاظ کے معنی جان لے بلکہ اس سے بھی بڑھ کر بغیر کسی لفظ کے معنی جانے اردو ترجمے دیکھ کر اپنی رائے کو اس میں داخل کر دے۔ اہل فن نے تفسیر کے لیے پندرہ علوم پر مہارت ضرور بتلائی ہے۔ وقتی ضرورت کی وجہ سے مختصراً عرض کرتا ہوں جس سے معلوم ہو جاوے گا کہ بطن کلام پاک تک رسائی ہر شخص کو نہیں ہو سکتی۔ اوّل لغت جس سے کلام پاک کے مفرد الفاظ کے معنی معلوم ہو جاویں مجاہدؒ کہتے ہیں کہ جو شخص اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اس کو جائز نہیں کہ بدون معرفت لغاتِ عرب کے کلام پاک میں کچھ لب کشائی کرے اور چند لغات کا معلوم ہو جانا کافی نہیں۔ اس لیے کہ بسا اوقات لفظ چند معانی میں مشترک ہوتا ہے اور وہ ان میں سے ایک دو معنی جانتا ہے اور فی الواقع اس جگہ کوئی اور معنی مراد ہوتے ہیں۔ دوسرے نحو کا جاننا ضروری ہے اس لیے کہ اعراب کے تغیر و تبدل سے معنی بالکل بدل جاتے ہیں اور اعراب کی معرفت نحو پر موقوف ہے تیسرے صَرف کا جاننا ضروری ہے اس لیے کہ بنا اور صیغوں کے اختلاف سے معانی بالکل مختلف ہو جاتے ہیں۔ ابن فارسؒ کہتے ہیں کہ جس شخص سے علم صَرف فوت ہو گیا اس سے بہت کچھ فوت ہو گیا علامہ زمخشری اعجوباتِ تفسیر میں نقل کرتے ہیں کہ ایک شخص نے کلام پاک کی آیت ﴿يَوْمَ نَدْعُوا كُلَّ أُنَاسٍ بِإِمَامِهِمْ﴾ (ترجمہ) جس دن کہ پکاریں گے ہم ہر شخص کو اس کے مقتداء اور پیش رو کے ساتھ، اس کی تفسیر صَرف کی ناواقفیت کی وجہ سے یہ کی کہ جس دن پکاریں گے ہر شخص کو اُن کی ماؤں کے ساتھ۔ امام کا لفظ جو مفرد تھا اس کو اُم کی جمع سمجھ گیا اور اگر وہ صَرف سے واقف ہوتا تو معلوم ہو جاتا کہ اُم کی جمع امام نہیں آتی چوتھے اشتقاق کا جاننا ضروری ہے اس لیے کہ لفظ جب کہ دو مادّوں سے مشتق ہو تو اس کے معنی مختلف ہوں گے جیسا کہ مسیح کا لفظ ہے کہ اس کا اشتقاق مَسح سے بھی ہے جس کے معنی چھونے اور تر ہاتھ کسی چیز پر

پھیرنے کے ہیں اور مساحت سے بھی ہے جس کے معنی پیمائش کے ہیں۔ پانچویں علم معانی کا جاننا ضروری ہے، جس سے کلام کی ترکیبیں معنی کے اعتبار سے معلوم ہوتی ہیں۔ چھٹے علم بیان کا جاننا ضروری ہے جس سے کلام کا ظہور وخفا تشبیہ وکنایہ معلوم ہوتا ہے۔ ساتویں علم بدیع جس سے کلام کی خوبیاں تعبیر کے اعتبار سے معلوم ہوتی ہیں۔ یہ تینوں فن علم بلاغت کہلاتے ہیں۔ مفسر کے اہم علوم میں سے ہیں اس لیے کہ کلام پاک جو سراسر اعجاز ہے اسی سے اس کا اعجاز معلوم ہوتا ہے۔ آٹھویں علم قرأت کا جاننا بھی ضروری ہے اس لیے کہ مختلف قراتوں کی وجہ سے مختلف معنی معلوم ہوتے ہیں اور بعض معنی کی دوسرے معنی پر ترجیح معلوم ہوجاتی ہے۔ نویں[۹] علم عقائد کا جاننا بھی ضروری ہے اس لیے کہ کلام پاک میں بعض آیات ایسی بھی ہیں جن کے ظاہری معنی کا اطلاق حق سبحانہٗ وتقدس پر صحیح نہیں۔ اس لیے ان میں کسی تاویل کی ضرورت پڑے گی۔ جیسے کہ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ۔ دسویں[۱۰] اصولِ فقہ کا معلوم ہونا ضروری ہے کہ جس سے وجوہِ استدلال واستنباط معلوم ہوسکیں۔ گیارہویں[۱۱] اسباب نزول کا معلوم ہونا بھی ضروری ہے کہ شانِ نزول سے آیت کے معنی زیادہ واضح ہوں گے اور بسا اوقات اصل معنی کا معلوم ہونا بھی شانِ نزول پر موقوف ہوتا ہے۔ بارھویں[۱۲] ناسخ ومنسوخ کا معلوم ہونا بھی ضروری ہے تاکہ منسوخ شدہ احکام معمول بہا سے ممتاز ہوسکیں۔ تیرھویں[۱۳] علم فقہ کا معلوم ہونا بھی ضروری ہے کہ جزئیات کے احاطے سے کلیات پہچانے جاتے ہیں۔ چودھویں[۱۴] ان احادیث کا جاننا ضروری ہے جو قرآن پاک کی مجمل آیات کی تفسیر واقع ہوئی ہیں۔

ان سب کے بعد پندرھواں وہ علم وہبی ہے جو حق سبحانہٗ وتقدس کا عطیۂ خاص ہے اپنے مخصوص بندوں کو عطا فرماتا ہے جس کی طرف اس حدیث شریف میں اشارہ ہے۔ مَنْ عَمِلَ بِمَا عَلِمَ وَرَّثَهُ اللّٰهُ عِلْمَ مَا لَمْ يَعْلَمْ (جب کہ بندہ اس چیز پر عمل کرتا ہے جس کو جانتا ہے تو حق تعالیٰ شانہٗ ایسی چیزوں کا علم عطا فرماتے ہیں جن کو وہ نہیں جانتا۔)

اسی کی طرف حضرت علی کرم اللہ وجہٗ نے اشارہ فرمایا جبکہ اُن سے لوگوں نے پوچھا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو کچھ خاص علوم عطا فرمائے ہیں یا خاص وصایا جو عام لوگوں کے علاوہ آپ کے ساتھ مخصوص ہیں۔ انھوں نے فرمایا کہ قسم ہے اس ذات پاک کی جس نے جنت بنائی اور جان پیدا کی اس فہم کے علاوہ کچھ نہیں ہے جس کو حق تعالیٰ شانہٗ نے اپنے کلام پاک کے سمجھنے کے لیے کسی کو عطا فرمادیں۔ ابن ابی الدنیا رضی کا مقولہ ہے کہ علوم قرآن اور جو اس سے حاصل ہو وہ ایسا سمندر ہے کہ جس کا کنارہ نہیں یہ علوم جو بیان کئے گئے مفسر کے لیے بطور آلہ کے ہیں اگر کوئی شخص ان علوم کی واقفیت بغیر تفسیر کرے

تو وہ تفسیر بالرائے میں داخل ہے جس کی ممانعت آئی ہے۔ صحابہ رضی اللہ تعالےٰ عنہم کے لیے علوم عربیہ طبعاً حاصل تھے اور بقیہ علوم مشکوٰۃ نبوۃ نبوت سے مستفاد تھے۔ علامہ سیوطیؒ کہتے ہیں کہ شاید تجھے خیال ہو کہ علم وہبی کا حاصل کرنا بندہ کی قدرت سے باہر ہے لیکن حقیقت ایسی نہیں بلکہ اس کے حاصل کرنے کا طریقہ ان اسباب کا حاصل کرنا ہے جس پر حق تعالےٰ شانہٗ اس کو مرتب فرماتے ہیں مثلاً علم پر عمل اور دنیا سے بے رغبتی وغیرہ وغیرہ۔

کیمیائے سعادت میں لکھا ہے کہ قرآن شریف کی تفسیر تین شخصوں پر ظاہر نہیں ہوتی۔ اوّل وہ جو علوم عربیہ سے واقف نہ ہو۔ دوسرے وہ شخص جو کسی کبیرہ پر مُصر ہو یا بدعتی ہو کہ اس گناہ اور بدعت کی وجہ سے اس کا دل سیاہ ہو جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے معرفتِ قرآن سے قاصر رہتا ہے۔ تیسرے وہ شخص کہ کسی اعتقادی مسئلہ میں ظاہر کا قائل ہو اور کلام اللہ شریف کی جو عبارت اس کے خلاف ہو اس سے طبیعت اُچٹتی ہو، اس شخص کو بھی فہم قرآن سے حصہ نہیں ملتا۔ اَللّٰھُمَّ حَفِظْنَا مِنْھُمْ۔

(۹) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍوؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَالُ لِصَاحِبِ الْقُرْاٰنِ اِقْرَأْ وَارْتَقِ وَرَتِّلْ كَمَا كُنْتَ تُرَتِّلُ فِي الدُّنْيَا فَاِنَّ مَنْزِلَكَ عِنْدَ اٰخِرِ اٰيَةٍ تَقْرَأُهَا۔

(رواہ احمد والترمذی وابوداؤد والنسائی وابن ماجۃ وابن حبان فی صحیحہ)

عبداللہ بن عمروؓ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کیا ہے (کہ قیامت کے دن) صاحبِ قرآن سے کہا جاوے گا کہ قرآن شریف پڑھتا جا اور بہشت کے درجوں پر چڑھتا جا اور ٹھہر ٹھہر کر پڑھ جیسا کہ تو دنیا میں ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کرتا تھا بس تیرا مرتبہ وہی ہے جہاں آخری آیت پر پہنچے۔

صاحب القرآن سے بظاہر حافظ مراد ہے اور ملا علی قاریؒ نے بڑی تفصیل سے اس کو واضح کیا ہے کہ یہ فضیلت حافظ ہی کے لیے ہے۔ ناظرہ خواں اس میں داخل نہیں، اوّل اس وجہ سے کہ صاحبِ قرآن کا لفظ بھی اسی طرف مشیر ہے۔ دوسرے اس وجہ سے کہ مسند احمد کی روایت میں ہے حَتّٰی یَقْرَأَ شَیْئًا مَّعَہٗ (یہاں تک کہ پڑھے جو کچھ قرآن شریف اس کے ساتھ ہے) یہ لفظ اس امر میں زیادہ ظاہر ہے کہ اس سے حافظ مراد ہے۔ اگرچہ محتمل وہ ناظرہ خواں بھی ہے جو کہ قرآن شریف بہت کثرت کے ساتھ پڑھتا ہو۔ مرقاۃ میں لکھا ہے وہ پڑھنے والا مراد نہیں جس کو قرآن لعنت کرتا ہو۔ یہ اس حدیث کی طرف اشارہ ہے کہ بہت سے قرآن پڑھنے والے ایسے ہیں کہ وہ قرآن کو پڑھتے ہیں اور قرآن، اُن کو لعنت کرتا ہے۔ اس لیے اگر کسی شخص کے عقائد وغیرہ درست نہ ہوں تو قرآن شریف

کے پڑھنے سے اس کی مقبولیت پر استدلال نہیں ہو سکتا۔ خوارج کے بارے میں بکثرت اس قسم کی احادیث وارد ہوئی ہیں۔

ترتیل کے متعلق شاہ عبدالعزیز صاحب نور اللہ مرقدہٗ نے اپنی تفسیر میں تحریر فرمایا ہے کہ ترتیل لغت میں صاف اور واضح طور سے پڑھنے کو کہتے ہیں۔ اور شرع شریف میں کئی چیز کی رعایت کے ساتھ تلاوت کرنے کو کہتے ہیں۔ اولؔ حرفوں کو صحیح نکالنا یعنی اپنے مخرج سے پڑھنا تاکہ طا کی جگہ تا اور ضاد کی جگہ ظا نہ نکلے۔ دوسرےؔ وقوف کی جگہ پر اچھی طرح سے ٹھہرنا تاکہ وصل اور قطع کلام کا بے محل نہ ہو جاوے۔ تیسرےؔ حرکتوں میں اشباع کرنا یعنی زیر، زبر، پیش کو اچھی طرح سے ظاہر کرنا۔ چوتھے آواز کو تھوڑا سا بلند کرنا تاکہ کلام پاک کے الفاظ زبان سے نکل کر کانوں تک پہنچیں اور وہاں سے دل پر اثر کریں۔ پانچویںؔ آواز کو ایسی طرح سے درست کرنا کہ اس میں درد پیدا ہو جاوے اور دل پر جلدی اثر کرے کہ درد والی آواز دل پر جلدی اثر کرتی ہے اور اس سے روح کو قوت اور تاثر زیادہ ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے اطبّا نے کہا ہے اور جس دوا کا اثر دل پر پہنچانا ہو اس کو خوشبو میں ملا کر دیا جائے کہ دل اس کو جلدی کھینچتا ہے اور جس دوا کا اثر جگر میں پہنچانا ہو اس کو شیرینی میں ملایا جائے کہ جگر مٹھائی کا جاذب ہے۔ اسی وجہ سے بندہ کے نزدیک اگر تلاوت کے وقت خوشبو کا خاص استعمال کیا جاوے تو دل پر تاثیر میں زیادہ تقویت ہوگی۔ چھٹے تشدید اور مد کو اچھی طرح ظاہر کیا جاوے کہ اس کے اظہار سے کلام پاک میں عظمت ظاہر ہوتی ہے اور تاثیر میں اعانت ہوتی ہے۔ ساتویں آیاتِ رحمت و عذاب کا حق ادا کرے جیسا کہ تمہید میں گذر چکا۔ یہ سات چیزیں ہیں جن کی رعایت ترتیل کہلاتی ہے، اور مقصود ان سب سے صرف ایک ہے، یعنی کلام پاک کا فہم و تدبر۔ حضرت ام المومنین اُمّ سلمہؓ سے کسی نے پوچھا کہ حضورؐ کلام اللہ شریف کس طرح پڑھتے تھے۔ انھوں نے کہا کہ سب حرکتوں کو بڑھاتے تھے یعنی زبر، زیر وغیرہ کو پورا نکالتے تھے، اور ایک ایک حرف الگ الگ ظاہر ہوتا تھا۔ ترتیل سے تلاوت مستحب ہے۔ اگرچہ معنی نہ سمجھتا ہو۔

ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ میں ترتیل سے اَلْقَارِعَۃُ اور اِذَا زُلْزِلَتِ پڑھوں یہ بہتر ہے اس سے کہ بلا ترتیل سورۂ بقرہ اور آلِ عِمْرَان پڑھو۔

شراح اور مشائخ کے نزدیک حدیثِ بالا کا مطلب یہ ہے کہ قرآن پاک کی ایک ایک آیت پڑھتا جا اور ایک ایک درجہ اوپر چڑھتا جا۔ اس لیے کہ روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ جنت

کے درجات کلام اللہ شریف کی آیات کے برابر ہیں۔ لہذا جو شخص جتنی آیات کا ماہر ہوگا اتنے ہی درجے اُوپر اس کا ٹھکانا ہوگا، اور جو شخص تمام کلام پاک کا ماہر ہوگا وہ سب سے اُوپر کے درجے میں ہوگا۔

ملا علی قاریؒ نے لکھا ہے کہ حدیث میں وارد ہے کہ قرآن پڑھنے والے سے اُوپر کوئی درجہ نہیں، پس قرّاء آیات کی بقدر ترقی کریں گے۔ اور علامہ دانیؒ سے اہلِ فن کا اس پر اتفاق نقل کیا ہے کہ قرآن شریف کی آیات چھ ہزار (۶۰۰۰) ہیں لیکن اس کے بعد کی مقدار میں (یعنی تعداد میں اختلاف ہے اور اتنے اقوال نقل کئے ہیں۔۲۰۴-۱۴-۱۹-۲۵-۳۶-

شرح احیاء میں لکھا ہے کہ ہر آیت ایک درجہ ہے جنت میں پس قاری سے کہا جاوے گا کہ جنت کے درجات پر اپنی تلاوت کے بقدر چڑھتے جاؤ۔ جو شخص قرآن پاک تمام پورا کرلے گا وہ جنت کے اعلیٰ درجے پر پہنچے گا، اور جو شخص کچھ حصّہ پڑھا ہوا ہوگا وہ اس کی بقدر درجات پر پہنچے گا۔ بالجملہ منتہائے ترقی منتہائے قرأت ہوگی۔ بندہ کے نزدیک حدیث بالا کا مطلب کچھ اور معلوم ہوتا ہے۔ فَإِنْ كَانَ صَوَابًا فَمِنَ اللّٰهِ وَإِنْ كَانَ خَطَأً فَمِنِّي وَمِنَ الشَّيْطٰنِ وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْهُ بَرِيْئَانِ (اگر درست ہو تو حق تعالےٰ شانہٗ کی اعانت سے ہے اور اگر غلط ہو تو میری اپنی تقصیر سے ہے)

حاصل اس مطلب کا یہ ہے کہ حدیثِ بالا سے درجات کی وہ ترقی مراد نہیں جو آیات کے لحاظ سے فی آیت ایک درجہ ہے اس لیے کہ اس ترقی میں ترتیل سے پڑھنے نہ پڑھنے کو بظاہر کوئی تعلق نہیں معلوم ہوتا جب ایک آیت پڑھی جائے ایک درجہ کی ترقی ہوگی۔ عام ہے کہ ترتیل سے ہو یا بلا ترتیل بلکہ اس حدیث میں بظاہر دوسری ترقی باعتبار کیفیت مُراد ہے جس میں ترتیل سے پڑھنے نہ پڑھنے کو دخل ہے لہٰذا جس ترتیل سے دنیا میں پڑھتا تھا اُسی ترتیل سے آخرت میں پڑھ سکے گا اور اس کے موافق درجات میں ترقی ہوتی رہے گی۔ ملا علی قاریؒ نے ایک حدیث سے نقل کیا ہے کہ اگر دنیا میں بہ کثرت تلاوت کرتا رہا تب تو اس وقت بھی یاد ہوگا ورنہ بھول جائے گا۔ اللہ جلّ شانہٗ اپنا فضل فرمادیں کہ ہم میں بہت سے لوگ ایسے ہیں جن کو والدین نے دینی شوق میں یاد کروایا تھا مگر وہ اپنی لاپرواہی اور بے توجہی سے دنیا ہی میں ضائع کر دیتے ہیں اور اس کے بالمقابل بعض احادیث میں وارد ہوا ہے کہ جو شخص قرآنِ پاک یاد کرتا ہوا اور اس میں محنت و مشقت برداشت کرتا ہوا مر جائے وہ حفاظ کی جماعت میں شمار ہوگا۔ حق تعالےٰ کے یہاں عطا میں کوئی کمی نہیں کوئی لینے والا ہو۔

اس کے الطاف تو ہیں عام شہیدی سب پر
تجھ سے کیا ضد تھی اگر تو کسی قابل ہوتا

(۱۰) عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ حَرْفًا مِّنْ کِتَابِ اللّٰهِ فَلَهٗ بِهٖ حَسَنَةٌ وَالْحَسَنَةُ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا لَا اَقُوْلُ الٓمٓ حَرْفٌ اَلِفٌ حَرْفٌ وَلَامٌ حَرْفٌ مِیْمٌ حَرْفٌ (رواہ الترمذی وقال هٰذا حدیث صحیح غریب اسنادا والدارمی)

ابن مسعود رضؓ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جو شخص ایک حرف کتاب اللہ کا پڑھے اس کے لیے اس حرف کے عوض ایک نیکی ہے اور ایک نیکی کا اجر دس نیکی کی برابر ملتا ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ سارا الٓم ایک حرف ہے. بلکہ الف ایک حرف لام ایک حرف. میم ایک حرف۔

مقصود یہ ہے کہ جیسے اور جملہ اعمال میں پورا عمل ایک شمار کیا جاتا ہے، کلام پاک میں ایسے نہیں بلکہ اجزاء عمل بھی پورے عمل شمار کیے جاتے ہیں اور اس لیے تلاوت کلام پاک میں ہر ہر حرف ایک ایک نیکی شمار کی جاتی ہے اور ہر نیکی پر حق تعالیٰ شانہ کی طرف سے (مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا جو شخص ایک نیکی لاوے اس کو دس نیکی کے بقدر اجر ملتا ہے) دس حصہ اجر کا وعدہ ہے اور یہ اقل درجہ ہے وَاللّٰهُ یُضٰعِفُ لِمَنْ یَّشَآءُ (حق تعالیٰ شانہ جس کے لیے چاہتے ہیں اجر زیادہ فرما دیتے ہیں) ہر حرف کو مستقل نیکی شمار کرنے کی مثال حضورؐ نے ارشاد فرما دی کہ الٓمٓ پورا ایک حرف شمار نہیں ہوگا، بلکہ الف، لام، میم علیحدہ علیحدہ حرف شمار کیے جائیں گے اور اس طرح پر الم کے مجموعہ پر تیس نیکیاں ہو گئیں اس میں اختلاف ہے کہ الم سے سورہ بقرہ کا شروع مراد ہے یا اَلَمْ تَرَ کَیْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِیْلِ مراد ہے۔ اگر سورۂ بقرہ کا شروع مراد ہے تو بظاہر مطلب یہ ہے کہ لکھے ہوئے حروف کا اعتبار ہے اور لکھنے میں چونکہ وہ بھی تین ہی حروف لکھے جاتے ہیں اس لیے تیس نیکیاں ہوئیں اور اگر اس سے سورۂ فیل کا شروع مراد ہے تو پھر سورۂ بقرہ کے شروع میں جو الٓمٓ ہے وہ نو حروف ہیں۔ اس لیے اس کا اجر نوّے ۹۰ نیکیاں ہو گئیں۔ بیہقیؒ کی روایت میں ہے کہ میں یہ نہیں کہتا کہ بسم اللہ ایک حرف ہے بلکہ ب س م یعنی علیحدہ علیحدہ حروف مراد ہیں۔

(۱۱) عَنْ مُعَاذِ ﷺ الْجُهَنِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ الْقُرْاٰنَ وَعَمِلَ بِمَا فِیْهِ اُلْبِسَ وَالِدَاهُ تَاجًا یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ضَوْءُهٗ اَحْسَنُ مِنْ ضَوْءِ الشَّمْسِ

معاذ جہنی رضؓ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جو شخص قرآن پڑھے اور اس پر عمل کرے اس کے والدین کو قیامت کے دن ایک تاج پہنایا جاوے گا جس کی روشنی آفتاب

فِیْ بُیُوْتِ الدُّنْیَا لَوْ کَانَتْ فِیْکُمْ فَمَا ظَنُّکُمْ بِالَّذِیْ عَمِلَ بِھٰذَا۔ (رواہ احمد و ابو داؤد و صححہ الحاکم)

کی روشنی سے بھی زیادہ ہوگی۔ اگر وہ آفتاب تمھارے گھروں میں ہو۔ پس کیا گمان ہے تمھارا اس شخص کے متعلق جو خود عامل ہے۔

یعنی قرآن پاک کے پڑھنے اور اس پر عمل کرنے کی برکت یہ ہے کہ اس پڑھنے والے کے والدین کو ایسا تاج پہنایا جاوے گا جس کی روشنی آفتاب کی روشنی سے بہت زیادہ ہو اگر وہ آفتاب تمھارے گھروں میں ہو یعنی آفتاب اتنی دور سے اس قدر روشنی پھیلاتا ہے اگر وہ گھر کے اندر آجائے تو یقیناً بہت زیادہ روشنی اور چمک کا سبب ہوگا تو پڑھنے والے کے والدین کو جو تاج پہنایا جاوے گا اس کی روشنی اس روشنی سے زیادہ ہوگی جس کو گھر میں طلوع ہونے والا آفتاب پھیلا رہا ہے اور جب کہ والدین کے لیے یہ ذخیرہ ہے تو خود پڑھنے والے کے اجر کا خود اندازہ کر لیا جاوے کہ کس قدر ہوگا کہ جب اس کے طفیلیوں کا یہ حال ہے تو خود اصل کا حال بدرجہا زیادہ ہوگا۔ کہ والدین کو یہ اجر صرف اس وجہ سے ہوا ہے کہ وہ اس کے وجود یا تعلیم کا سبب ہوئے ہیں۔ آفتاب کے گھر میں ہونے سے جو تشبیہہ دی گئی ہے اس میں علاوہ ازیں کہ قرب میں روشنی زیادہ محسوس ہوتی ہے ایک اور لطیف امر کی طرف اشارہ ہے وہ یہ جو چیز ہر وقت پاس رہتی ہے اس سے انس والفت زیادہ ہوتی ہے اس لیے آفتاب کی دوری کی وجہ سے جو اس سے بیگانگی ہے وہ ہر وقت کے قرب کی وجہ سے مُبدّل بہ اُنس ہو جاوے گی تو اس صورت میں روشنی کے علاوہ اس کے ساتھ موانست کی طرف بھی اشارہ ہے اور اس طرف بھی کہ وہ اپنی ہوگی کہ آفتاب سے اگرچہ ہر شخص نفع اٹھاتا ہے لیکن اگر وہ کسی کو ہبہ کر دیا جاوے تو اس کے لیے کس قدر افتخار کی چیز ہو۔

حاکمؒ نے بریدہؓ سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کیا ہے کہ جو شخص قرآن شریف پڑھے اور اس پر عمل کرے اس کو ایک تاج پہنایا جاوے گا جو نور سے بنا ہوا ہوگا اور اس کے والدین کو ایسے دو جوڑے پہنائے جاویں گے کہ تمام دنیا ان کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ وہ عرض کریں گے کہ یا اللہ یہ جوڑے کس صلہ میں ہیں تو ارشاد ہوگا کہ تمھارے بچّے کے قرآن شریف پڑھنے کے عوض میں۔

جمع الفوائد میں طبرانی سے نقل کیا ہے کہ حضرت انسؓ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جو شخص اپنے بیٹے کو ناظرہ قرآن شریف سکھلاوے اس کے سب اگلے اور پچھلے گناہ معاف ہو جاتے ہیں اور جو شخص حفظ کرائے اس کو قیامت میں چودھویں رات کے چاند کے مشابہ اٹھایا جاوے گا اور اس کے بیٹے سے کہا جاوے گا کہ پڑھنا شروع کر جب بیٹا ایک آیت پڑھے گا باپ کا ایک درجہ بلند کیا جاوے گا حتیٰ کہ اسی طرح تمام قرآن شریف پورا ہو۔

بچے کے قرآن شریف پڑھنے پر باپ کے لیے یہ فضائل ہیں اور اسی پر بس نہیں۔ دوسری بات بھی سن لیجئے کہ اگر خدانخواستہ آپ نے اپنے بچے کو چار پیسے کے لالچ میں دین سے محروم رکھا تو یہ نہیں کہ آپ اس لا یزال ثواب سے محروم رہیں گے۔ بلکہ اللہ کے یہاں آپ کو جواب دہی بھی کرنی پڑے گی آپ اس ڈر سے کہ یہ مولوی و حافظ پڑھنے کے بعد صرف مسجد کے مُلانے اور ٹکڑے کے محتاج بن جاتے ہیں۔ اس وجہ سے آپ اپنے لاڈلے بچے کو اس سے بچاتے ہیں۔ یاد رکھیں کہ اس سے آپ اس کو تو دائمی مصیبت میں گرفتار کر ہی رہے ہیں۔ مگر ساتھ ہی اپنے اوپر بھی بڑی سخت جواب دہی لے رہے ہیں حدیث کا ارشاد ہے کُلُّکُمْ رَاعٍ وَّکُلُّکُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِیَّتِہٖ الحدیث ہر شخص سے اس کے ماتحتوں اور دست نگروں کا بھی سوال ہوگا کہ ان کو کس قدر دین سکھلایا ہے ہاں یہ ضرور ہے کہ ان عیوب سے آپ بچنے اور بچانے کی کوشش کیجئے۔ مگر جوؤں کے ڈر سے کپڑا نہ پہننا کوئی عقل کی بات نہیں۔ البتہ اس کے صاف رکھنے کی ضرور کوشش چاہیئے بالجملہ اگر آپ اپنے بچے کو دین داری صلاحیت سکھلائیں گے۔ اپنی جواب دہی سے سُبکدوش ہوں گے اور اس وقت تک وہ زندہ رہے جس قدر نیک اعمال کرے گا۔ دعا و استغفار آپ کے لیے کرے گا۔ آپ کے لیے رفع درجات کا سبب بنے گا۔ لیکن دنیا کی خاطر چار پیسے کے لالچ سے آپ نے اس کو دین سے بے بہرہ رکھا تو یہی نہیں کہ خود آپ کو اپنی حرکت کا وبال بھگتنا پڑے گا جس قدر بداطواریاں فسق و فجور اس سے سرزد ہوں گے آپ کے نامۂ اعمال بھی اس ذخیرہ سے خالی نہ رہیں گے۔ خدا را اپنے حال پر رحم کھائیں۔ دنیا بہر حال گذر جانے والی چیز ہے اور موت ہر بڑی سے بڑی تکلیف کا خاتمہ ہے۔ لیکن جس تکلیف کے بعد موت بھی نہیں اس کا کوئی منتہا نہیں۔

(۱۲) عَنْ عُقْبَةَ رضؓ بْنِ عَامِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَوْ جُعِلَ الْقُرْاٰنُ فِیْ اِھَابٍ ثُمَّ اُلْقِیَ فِی النَّارِ مَا احْتَرَقَ (رواہ الدارمی)

عقبہؓ بن عامر کہتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اگر رکھ دیا جاوے قرآن شریف کسی چمڑے میں پھر وہ آگ میں ڈال دیا جاوے تو نہ جلے۔

مشائخ حدیث اس روایت کے مطلب میں دو طرف گئے ہیں۔ بعض کے نزدیک چمڑے سے عام مُراد ہے جس جانور کا ہو اور آگ سے دنیوی آگ مراد ہے۔ اس صورت میں یہ مخصوص معجزہ ہے جو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے کے ساتھ خاص تھا۔ جیسا کہ اور انبیاء کے معجزے ان کے زمانے کے ساتھ خاص ہوئے ہیں۔ دوسرا مطلب یہ ہے کہ چمڑے سے مراد آدمی کا چمڑا ہے، اور آگ سے جہنم۔ اس صورت میں یہ حکم عام ہوگا کسی زمانے کے ساتھ مخصوص نہ ہوگا یعنی جو شخص کہ حافظِ قرآن ہو اگر وہ

کسی جرم میں جہنم میں ڈالا بھی جاوے گا تو آگ اس پر اثر نہ کرے گی۔ ایک روایت میں مامَسَّتْهُ النَّارُ کا لفظ بھی آیا ہے یعنی آگ اس کو چھونے کی بھی نہیں۔ ابو امامہؓ کی روایت جس کو شرح السنہ سے ملا علی قاریؒ نے نقل کیا ہے اس دوسرے معنی کی تائید کرتی ہے جس کا ترجمہ یہ ہے کہ قرآن شریف کو حفظ کیا کرو، اس لیے کہ حق تعالیٰ شانہٗ اس قلب کو عذاب نہیں فرماتے جس میں کلام پاک محفوظ ہو۔ یہ حدیث اپنے مضمون میں صاف اور نص ہے۔ جو لوگ حفظِ قرآن شریف کو فضول بتلاتے ہیں وہ خدارا ذرا ان فضائل پر غور کریں کہ یہی ایک فضیلت ایسی ہے جس کی وجہ سے ہر شخص کو حفظِ قرآن پر جان دیدینا چاہیے۔ اس لیے کون شخص ایسا ہوگا جس نے گناہ نہ کیے ہوں جس کی وجہ سے آگ کا مستحق نہ ہو۔

شرح احیاء میں اُن لوگوں کی فہرست میں جو قیامت کے ہولناک اور وحشت اثر دن میں اللہ کے سائے کے نیچے رہیں گے۔ حضرت علیؓ کی حدیث سے بروایت دیلمیؒ نقل کیا ہے کہ حاملینِ قرآن یعنی حفاظ اللہ کے سائے کے نیچے انبیاء اور برگزیدہ لوگوں کے ساتھ ہوں گے۔

(۱۳) عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ فَاسْتَظْهَرَهٗ فَاَحَلَّ حَلَالَهٗ وَحَرَّمَ حَرَامَهٗ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ وَشَفَّعَهٗ فِيْ عَشَرَةٍ مِّنْ اَهْلِ بَيْتِهٖ كُلُّهُمْ قَدْ وَجَبَتْ لَهُ النَّارُ۔

(رواہ احمد والترمذی وقال ھٰذا حدیث غریب وحفص بن سلیمان الراوی لیس ھو بالقوی یضعف فی الحدیث ورواہ ابن ماجۃ والدارمی)

حضرت علیؓ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کیا ہے کہ جس شخص نے قرآن پڑھا، پھر اس کو حفظ یاد کیا اور اس کے حلال کو حلال جانا اور حرام کو حرام۔ حق تعالےٰ شانہٗ اس کو جنت میں داخل فرمادیں گے اور اس کے گھرانے میں سے ایسے دس آدمیوں کے بارے میں اس کی شفاعت قبول فرمادیں گے۔ جن کے لیے جہنم واجب ہو چکی ہو۔

دخولِ جنت ویسے تو ہر مومن کے لیے انشاء اللہ ہے ہی۔ اگرچہ بداعمالیوں کی سزا بھگت کر ہی کیوں نہ ہو۔ لیکن حفاظ کے لیے یہ فضیلت ابتداءِ دخول کے اعتبار سے ہے۔ وہ دس شخص جن کے بارے میں شفاعت قبول فرمائی گئی وہ فساق و فجار ہیں جو مرتکب کبائر کے ہیں اس کے لیے کہ کفار کے بارے میں تو شفاعت ہے ہی نہیں حق تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد ہے اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ (مشرکین پر اللہ نے جنت کو حرام کر دیا اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے اور ظالمین کا کوئی مددگار نہیں) دوسری جگہ ارشاد ہے مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا

لِلْمُشْرِكِيْنَ الآیۃ (نبی اور مسلمانوں کے لیے اس کی گنجائش نہیں کہ وہ مشرکین کے لیے استغفار کریں اگرچہ وہ رشتہ دار ہوں) وغیرہ وغیرہ. نصوص اس مضمون میں صاف ہیں کہ مشرکین کی مغفرت نہیں ہے اس لیے حفّاظ کی شفاعت سے ان مسلمانوں شفاعت مُراد ہے جن کے معاصی کی وجہ سے ان کا جہنّم میں داخل ہونا ضروری بن گیا تھا، جو لوگ جہنم سے محفوظ رہنا چاہتے ہیں اُن کے لیے ضروری ہے کہ اگر وہ حافظ نہیں اور خود حفظ نہیں کر سکتے۔ تو کم از کم اپنے کسی قریبی رشتہ دار ہی کو حافظ بنادیں کہ اس کے طفیل یہ بھی اپنی بداعمالیوں کی سزا سے محفوظ رہ سکیں۔ اللہ کا کس قدر انعام ہے اس شخص[1] پر جس کے باپ، چچا، تائے، دادا، نانا، ماموں سب ہی حافظ ہیں۔ اَللّٰهُمَّ زِدْ فَزِدْ۔

(۱۴) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَلَّمُوا الْقُرْاٰنَ فَاقْرَءُوْهُ فَاِنَّ مَثَلَ الْقُرْاٰنِ لِمَنْ تَعَلَّمَهٗ فَقَرَاَ وَقَامَ بِهٖ كَمَثَلِ جِرَابٍ مَحْشُوٍّ مِسْكًا تَفُوْحُ رِيْحُهٗ كُلَّ مَكَانٍ وَمَثَلُ مَنْ تَعَلَّمَهٗ فَرَقَدَ وَهُوَ فِیْ جَوْفِهٖ كَمَثَلِ جِرَابٍ اُوْكِیَ عَلٰی مِسْكٍ (رواه الترمذی والنسائی وابن ماجة وابن حبان)

ابوہریرہ رضؓ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کیا ہے کہ قرآن شریف کو سیکھو پھر اس کو پڑھو اس لیے کہ جو شخص قرآن شریف سیکھتا ہے اور پڑھتا ہے اور تہجد میں اس کو پڑھتا رہتا ہے اس کی مثال اس تھیلی کی سی ہے جو مشک سے بھری ہوئی ہو کہ اس کی خوشبو تمام مکان میں پھیلتی ہے اور جس شخص نے سیکھا اور پھر سو گیا اس کی مثال اس مشک کی تھیلی کی ہے جس کا منہ بند کر دیا گیا ہو۔

یعنی جس شخص نے قرآن پاک پڑھا اور اس کی خبر گیری کی، راتوں کو نماز میں تلاوت کی۔ اس کی مثال اس مشک دان کی سی ہے کہ جو کھلا ہوا ہو کہ اس کی خوشبو سے تمام مکان مہکتا ہے۔ اسی طرح اس حافظ کی تلاوت سے تمام مکان انوار و برکات سے معمور رہتا ہے اور اگر وہ حافظ سو جاوے یا غفلت کی وجہ سے نہ پڑھ سکے تب بھی اس کے قلب میں جو کلام پاک ہے وہ تو بہر حال مشک ہی ہے اس غفلت سے اتنا نقصان ہوا کہ دوسرے لوگ اس کی برکات سے محروم رہے لیکن اس کا قلب تو بہر حال اس مشک کو اپنے اندر لیے ہوئے ہے۔

(۱۵) عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الَّذِیْ لَيْسَ فِیْ جَوْفِهٖ شَیْءٌ مِّنَ الْقُرْاٰنِ كَالْبَيْتِ الْخَرِبِ۔

عبداللہ بن عباس رضؓ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جس شخص کے قلب میں قرآن شریف کا کوئی حصہ بھی محفوظ نہیں، وہ

---

[1] حضرت شیخ الحدیث زید مجدہم مولف کتاب ہذا۔ ۱۲

(رواه الترمذی وقال هذا حدیث صحیح بمنزلہ ویران گھر کے ہے۔
رواه الدارمی والحاکم وصححه)

ویران گھر کے ساتھ تشبیہ دینے میں ایک خاص لطیفہ بھی ہے وہ یہ کہ خانۂ خالی را دیو میگیرد اسی طرح جو قلب کلام پاک سے خالی ہوتا ہے، شیاطین کا اس پر تسلط زیادہ ہوتا ہے۔ اس حدیث میں حفظ کی کس قدر تاکید فرمائی ہے کہ اس دل کو ویران گھر ارشاد ہوا ہے جس میں کلام پاک محفوظ نہیں، ابوہریرہ رضؓ فرماتے ہیں کہ جس گھر میں کلام مجید پڑھا جاتا ہے اس کے اہل وعیال کثیر ہو جاتے ہیں اس میں خیر وبرکت بڑھ جاتی ہے۔ ملائکہ اس میں نازل ہوتے ہیں اور شیاطین اس گھر سے نکل جاتے ہیں اور جس گھر میں تلاوت نہیں ہوتی اس میں تنگی اور بے برکتی ہوتی ہے ملائکہ اس گھر سے چلے جاتے ہیں، شیاطین اس میں گھس جاتے ہیں۔ ابن مسعود سے منقول ہے اور بعض لوگ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ خالی گھر وہی ہے جس میں تلاوتِ قرآن شریف نہ ہوتی ہو۔

(۱۶) عَنْ عَائِشَةَ رضؓ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قِرَاءَةُ الْقُرْاٰنِ فِی الصَّلٰوةِ اَفْضَلُ مِنْ قِرَاءَةِ الْقُرْاٰنِ فِی غَيْرِ الصَّلٰوةِ وَقِرَاءَةُ الْقُرْاٰنِ فِی غَيْرِ الصَّلٰوةِ اَفْضَلُ مِنَ التَّسْبِيحِ وَالتَّكْبِيرِ وَالتَّسْبِيحُ اَفْضَلُ مِنَ الصَّدَقَةِ وَالصَّدَقَةُ اَفْضَلُ مِنَ الصَّوْمِ وَالصَّوْمُ جُنَّةٌ مِّنَ النَّارِ۔
(رواه البیهقی فی شعب الایمان)

حضرت عائشہ رضؓ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ نماز میں قرآن شریف کی تلاوت بغیر نماز کی تلاوت سے افضل ہے اور بغیر نماز کی تلاوت تسبیح وتکبیر سے افضل ہے اور تسبیح صدقہ سے افضل ہے اور صدقہ روزہ سے افضل ہے۔ اور روزہ بچاؤ ہے آگ سے۔

تلاوت کا اذکار سے افضل ہونا ظاہر ہے اس لیے کہ یہ کلام الٰہی ہے اور پہلے معلوم ہو چکا کہ اللہ تعالیٰ کے کلام کو اوروں کے کلام پر وہی فضیلت ہے۔ جو اللہ تعالیٰ کو فضیلت ہے مخلوق پر۔ ذکر اللہ کا افضل ہونا صدقہ سے اور روایت میں بھی وارد ہے اور صدقہ کا روزہ سے افضل ہونا جیسا کہ اس روایت سے معلوم ہوتا ہے دوسری بعض روایات کے خلاف ہے جن سے روزہ کی فضیلت معلوم ہوتی ہے لیکن یہ احوال کے اعتبار سے مختلف ہے۔ بعض حالتوں میں روزہ افضل ہے اور بعض میں صدقہ، اسی طرح لوگوں کے اعتبار سے بھی مختلف ہے۔ بعض لوگوں کے لیے روزہ افضل ہے اور جبکہ روزہ آگ سے بچاؤ ہے جس کا درجہ اس روایت میں سب سے اخیر میں ہے تو پھر تلاوت کلام اللہ کا کیا کہنا جو سب سے اوّل ہے۔ صاحب احیاء نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے نقل کیا ہے کہ جس

شخص نے نماز میں کھڑے ہو کر کلام پاک پڑھا اس کو ہر حرف پر سو نیکیاں ملیں گی اور جس شخص نے نماز میں بیٹھ کر پڑھا اس کے لیے پچاس نیکیاں اور جس نے بغیر نماز کے وضو کے ساتھ پڑھا اس کے لیے پچیس نیکیاں اور جس نے بلا وضو پڑھا اس کے لیے دس نیکیاں اور جو شخص پڑھے نہیں بلکہ صرف پڑھنے والے کی طرف کان لگا کر سُنے اس کے لیے بھی ہر حرف کے بدلے ایک نیکی۔

(۱۷) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَیُحِبُّ اَحَدُکُمْ اِذَا رَجَعَ اِلٰی اَهْلِهٖ اَنْ یَّجِدَ فِیْهِ ثَلَاثَ خَلِفَاتٍ عِظَامٍ سِمَانٍ قُلْنَا نَعَمْ قَالَ فَثَلَاثُ اٰیَاتٍ یَقْرَأُ بِهِنَّ اَحَدُکُمْ فِیْ صَلَاتِهٖ خَیْرٌ لَّهٗ مِنْ ثَلَاثِ خَلِفَاتٍ عِظَامٍ سِمَانٍ۔ (رواہ مسلم)

ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم میں سے کوئی پسند کرتا ہے کہ جب گھر واپس آئے تو تین اونٹنیاں حاملہ بڑی اور موٹی اس کو مل جاویں ہم نے عرض کیا بیشک (ضرور پسند کرتے ہیں) حضورؐ نے فرمایا کہ تین آیتیں جس کو تم میں سے کوئی نماز میں پڑھ لے۔ وہ تین حاملہ بڑی اور موٹی اونٹنیوں سے افضل ہیں۔

اس سے ملتا جلتا مضمون حدیث ۳ میں گذر چکا ہے، اس حدیث شریف میں چونکہ نماز میں پڑھنے کا ذکر ہے اور وہ بغیر نماز پڑھنے سے افضل ہے اس لیے تشبیہ حاملہ اونٹنیوں سے دی گئی اس لیے کہ وہاں بھی دو عبادتیں ہیں۔ نماز اور تلاوت۔ ایسے ہی یہاں بھی دو چیزیں ہیں اونٹنی اور اس کا حمل۔ میں حدیث ۳ کے فائدے میں لکھ چکا ہوں کہ اس قسم کی احادیث سے صرف تشبیہ مراد ہوتی ہے۔ ورنہ ایک آیت کا باقی اجر ہزار فانی اونٹنیوں سے افضل ہے۔

(۱۸) عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَوْسٍ الثَّقَفِیِّ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قِرَاءَةُ الرَّجُلِ الْقُرْاٰنَ فِیْ غَیْرِ الْمُصْحَفِ اَلْفُ دَرَجَةٍ وَقِرَاءَتُهٗ فِی الْمُصْحَفِ تُضَعَّفُ عَلٰی ذٰلِکَ اِلٰی اَلْفَیْ دَرَجَةٍ (رواہ البیہقی فی شعب الایمان)

اوس ثقفیؓ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ کلام اللہ شریف کا حفظ پڑھنا ہزار درجہ ثواب رکھتا ہے اور قرآن پاک میں دیکھ کر پڑھنا دو ہزار تک بڑھ جاتا ہے۔

حافظِ قرآن کے متعدد فضائل پہلے گزر چکے ہیں اس حدیث شریف میں جو دیکھ کر پڑھنے کی فضیلت ہے وہ اس وجہ سے ہے کہ قرآن پاک کے دیکھ کر پڑھنے میں تدبّر اور فکر کے زیادہ ہونے کے علاوہ کئی عبادتوں کو متضمن ہے۔ قرآن پاک کو دیکھنا، اس کو چھونا وغیرہ وغیرہ اس وجہ سے

یہ افضل ہوا، چونکہ روایات کا مفہوم مختلف ہے اسی وجہ سے علماء نے اس میں اختلاف فرمایا ہے کہ کلام پاک کا حفظ پڑھنا افضل ہے یا دیکھ کر۔ ایک جماعت کی رائے کہ حدیث بالا کی وجہ سے اور اس وجہ سے کہ اس میں غلط پڑھنے سے امن رہتا ہے۔ قرآن پاک پر نظر رہتی ہے قرآن شریف کو دیکھ کر پڑھنا افضل ہے۔ دوسری جماعت دوسری روایت کی وجہ سے اور اس وجہ سے کہ حفظ پڑھنا زیادتیٔ خشوع کا سبب ہوتا ہے، ریا سے دور ہوتا ہے اور نیز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت شریفہ حفظ پڑھنے کی تھی، حفظ کو ترجیح دیتی ہے۔ امام نوویؒ نے اس میں یہ فیصلہ کیا ہے فضیلت آدمیوں کے لحاظ سے مختلف ہے بعض کے لیے دیکھ کر پڑھنا افضل ہے جس کو اس میں تدبر و تفکر زیادہ حاصل ہوتا ہو اس کے لیے حفظ پڑھنا افضل ہے۔

حافظ نے بھی فتح الباری میں اسی تفصیل کو پسند کیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ حضرت عثمانؓ کے پاس کثرت تلاوت کی وجہ سے دو کلام مجید پھٹے تھے۔ عمرو بن میمون نے شرح احیا میں نقل کیا ہے کہ جو شخص صبح کی نماز پڑھ کر قرآن شریف کھولے اور بقدر سو آیت کے پڑھ لے، تمام دنیا کی بقدر اس کا ثواب لکھا جاتا ہے قرآن شریف کا دیکھ کر پڑھنا نگاہ کے لیے مفید بتلایا جاتا ہے۔ ابو عبیدہؓ نے حدیث مسلسل نقل کی ہے جس میں ہر راوی نے کہا ہے کہ مجھے آنکھوں کی شکایت تھی تو استاد نے قرآن شریف دیکھ کر پڑھنے کو بتلایا۔ حضرت امام شافعی صاحبؒ بسا اوقات عشاء کے بعد قرآن شریف کھولتے تھے اور صبح کی نماز کے وقت بند کرتے تھے۔

(۱۹) عَنِ ابْنِ عُمَرَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ هٰذِهِ الْقُلُوْبَ تَصْدَاُ كَمَا يَصْدَاُ الْحَدِيْدُ اِذَا اَصَابَهُ الْمَاءُ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا جِلَاءُهَا قَالَ كَثْرَةُ ذِكْرِ الْمَوْتِ وَتِلَاوَةُ الْقُرْاٰنِ (رواه البيهقى فى شعب الايمان)

عبداللہ بن عمرؓ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ دلوں کو بھی زنگ لگ جاتا ہے جیسا کہ لوہے کو پانی لگنے سے زنگ لگتا ہے پوچھا گیا کہ حضورؐ ان کی صفائی کی کیا صورت ہے آپ نے فرمایا کہ موت کو اکثر یاد کرنا اور قرآن پاک کی تلاوت کرنا۔

یعنی گناہوں کی کثرت اور اللہ جل شانہ کی یاد سے غفلت کی وجہ سے دلوں پر بھی زنگ لگ جاتا ہے جیسا کہ لوہے کو پانی لگ جانے سے زنگ لگ جاتا ہے اور کلام پاک کی تلاوت اور موت کی یاد اُن کے لیے صیقل کا کام دیتا ہے۔ دل کی مثال ایک آئینہ کی سی ہے جس قدر

وہ دھندلا ہوگا معرفت کا انعکاس اس میں کم ہوگا اور جس قدر صاف اور شفاف ہوگا اسی قدر اس میں معرفت کا انعکاس واضح ہوگا۔ اسی لیے آدمی جس قدر معاصیٔ شہوانیہ یا شیطانیہ میں مبتلا ہوگا اسی قدر معرفت سے دور ہوگا اور اسی آئینہ کے صاف کرنے کے لیے مشائخ سلوک ریاضات و مجاہدات اذکار و اشغال تلقین فرماتے ہیں۔ احادیث میں وارد ہوا ہے کہ جب بندہ گناہ کرتا ہے تو ایک سیاہ نقطہ اس کے قلب میں پڑ جاتا ہے۔ اگر وہ سچی توبہ کر لیتا ہے تو وہ نقطہ زائل ہو جاتا ہے اور اگر دوسرا گناہ کر لیتا ہے تو دوسرا نقطہ پیدا ہو جاتا ہے اسی طرح سے اگر گناہوں میں بڑھتا رہتا ہے تو شدہ شدہ اُن نقطوں کی کثرت سے دل بالکل سیاہ ہو جاتا ہے۔ پھر اس قلب میں خیر کی طرف رغبت ہی نہیں رہتی، بلکہ شر ہی کی طرف مائل ہوتا ہے۔ اَللّٰھُمَّ احْفَظْنَا مِنْہُ۔

اسی کی طرف قرآن پاک کی اس آیت میں اشارہ ہے: کَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰی قُلُوْبِہِمْ مَا کَانُوْا یَکْسِبُوْنَ (بے شک ان کے قلوب پر زنگ جما دیا اُن کی بداعمالیوں نے) ایک حدیث میں آتا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ دو واعظ چھوڑتا ہوں ایک بولنے والا دوسرا خاموش، بولنے والا قرآن شریف ہے اور خاموش، موت کی یاد۔ حضورؐ کا ارشاد سر آنکھوں پر، مگر واعظ تو اس کے لیے ہو جو نصیحت قبول کرے، نصیحت کی ضرورت سمجھے، جہاں سرے سے دین ہی بیکار ہو، ترقی کی راہ میں مانع ہو، وہاں نصیحت کی ضرورت کسے اور نصیحت کریگی کیا۔ حسن بصریؒ کہتے ہیں کہ پہلے لوگ قرآن شریف کو اللہ کا فرمان سمجھتے تھے۔ رات بھر اس میں غور و تدبر کرتے تھے اور دن کو اس پر عمل کرتے تھے اور تم لوگ اس کے حروف اور زبر و زیر تو بہت درست کرتے ہو مگر اس کو فرمانِ شاہی نہیں سمجھتے، اس میں غور و تدبر نہیں کرتے۔

(۲۰) عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِکُلِّ شَیْءٍ شَرَفًا یَتَبَاھُوْنَ بِہٖ وَاِنَّ بَھَاءَ اُمَّتِیْ وَشَرَفَھَا اَلْقُرْاٰنُ (رواہ فی الحلیۃ)

حضرت عائشہ رضؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کرتی ہیں کہ ہر چیز کے لیے کوئی شرافت افتخار ہوا کرتا ہے جس سے وہ تفاخر کیا کرتا ہے میری اُمت کی رونق اور افتخار قرآن شریف ہے۔

یعنی لوگ اپنے آباؤ اجداد سے، خاندان سے اور اسی طرح بہت سی چیزوں سے اپنی شرافت بڑائی ظاہر کیا کرتے ہیں۔ میری اُمت کے لیے ذریعہ افتخار کلام اللہ شریف ہے کہ اس کے پڑھنے سے اسکے یاد کرنے سے، اس کے پڑھانے سے، اس پر عمل کرنے سے غرض اس کی ہر چیز قابلِ افتخار ہے اور کیوں نہ

محبوب کا کلام ہے، آقا کا فرمان ہے، دنیا کا کوئی بڑے سے بڑا شرف بھی اس کے برابر نہیں ہو سکتا۔ نیز دنیا کے جس قدر کمالات ہیں وہ آج نہیں تو کل زائل ہونے والے ہیں لیکن کلام پاک کا شرف و کمال دائمی ہے کبھی ختم ہونے والا نہیں ہے۔ قرآن شریف کے چھوٹے چھوٹے اوصاف بھی ایسے ہیں کہ افتخار کے لیے ان میں کا ہر ایک کافی ہے چہ جائیکہ اس میں وہ سب اوصاف کامل طور پر پائے جاتے ہیں مثلاً اس کی حسن تالیف، حسن سیاق، الفاظ کا تناسب، کلام کا ارتباط گذشتہ اور آئندہ واقعات کی اطلاع، لوگوں کے متعلق ایسے طعن کہ وہ اگر اس کی تکذیب بھی کرنا چاہیں تو نہ کر سکیں جیسے کہ یہود کا باوجود ادعائے محبت کے موت کی تمنا نہ کر سکنا۔ نیز سننے والے کا اس سے متاثر ہونا، پڑھنے والے کا کبھی نہ اُکتانا حالانکہ ہر کلام خواہ وہ کتنا ہی دل کو پیارا معلوم ہوتا ہو مجنوں بنا دینے والے محبوب کا خط ہی کیوں نہ ہو، دن میں دس دفعہ پڑھنے سے دل نہ اکتائے تو بیس دفعہ سے اکتا جائے گا، بیس سے نہ سہی چالیس سے اکتا جاوے گا، بہر حال اکتا دے گا۔ مگر کلام پاک کا رکوع یاد کیجیے، دو سو مرتبہ پڑھیے چار سو مرتبہ پڑھیے، عمر بھر پڑھتے رہیے کبھی نہ اُکتا دے گا۔ اگر کوئی عارض پیش آجائے تو وہ خود عارضی ہوگا اور جلد زائل ہو جانے والا، جتنی کثرت کیجیے اتنی ہی طراوت اور لذت میں اضافہ ہوگا وغیرہ وغیرہ یہ امور ایسے ہیں کہ اگر کسی کے کلام میں ان میں سے ایک بھی پایا جاوے خواہ پورے طور سے نہ ہو تو اس پر کتنا افتخار کیا جاتا ہے۔ پھر جب کہ کسی کلام میں یہ سب کے سب امور علیٰ وجہ الکمال پائے جاتے ہوں تو اس سے کتنا افتخار ہو گا۔ اس کے بعد ایک لمحہ ہمیں اپنی حالت پر بھی غور کرنا ہے ہم میں سے کتنے لوگ ہیں جن کو اپنے حافظِ قرآن ہونے پر فخر ہے یا ہماری نگاہ میں کسی کا حافظِ قرآن ہونا باعثِ شرف ہے، ہماری شرافت، ہمارا افتخار اونچی اونچی ڈگریوں سے، بڑے بڑے القاب سے دنیوی جاہ و جلال اور مرنے کے بعد چھوٹ جانے والے مال و متاع سے ہے۔ فَاِلَی اللّٰہِ الْمُشْتَکٰی۔

(۲۱) عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَوْصِنِیْ قَالَ عَلَیْكَ بِتَقْوَی اللّٰہِ فَاِنَّہٗ رَاْسُ الْاَمْرِ کُلِّہٖ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ زِدْنِیْ قَالَ عَلَیْكَ بِتِلَاوَۃِ الْقُرْاٰنِ فَاِنَّہٗ نُوْرٌ لَّكَ فِی الْاَرْضِ وَذُخْرٌ لَّكَ فِی السَّمَآءِ (رواہ ابن حبان فی صحیحہ فی حدیث طویل)

ابو ذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے حضور سے درخواست کی کہ مجھے کچھ وصیت فرمائیں، حضور ﷺ نے فرمایا تقویٰ کا اہتمام کرو کہ تمام امور کی جڑ ہے میں نے عرض کیا کہ اس کے ساتھ کچھ اور بھی ارشاد فرما دیں تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ تلاوتِ قرآن کا اہتمام کرو کہ دنیا میں یہ نور ہے اور آخرت میں ذخیرہ۔

تقویٰ حقیقتاً تمام امور کی جڑ ہے، جس دل میں اللہ کا ڈر پیدا ہو جاوے اس سے پھر کوئی بھی معصیت نہیں ہوتی اور نہ پھر اس کو کسی قسم کی تنگی پیش آتی ہے وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ (جو شخص تقویٰ حاصل کرے تو حق تعالیٰ شانہٗ اس کے لیے ہر ضیق میں کوئی راستہ نکال دیتے ہیں اور اس طرح اس کو روزی پہنچاتے ہیں جس کا اس کو گمان بھی نہیں ہوتا)

تلاوت کا نور ہونا پہلی روایات سے بھی معلوم ہو چکا۔ شرح احیاء میں معرفۃ ابو نعیمؒ سے نقل کیا ہے کہ حضرت باسطؒ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد ذکر کیا کہ جن گھروں میں کلام پاک کی تلاوت کی جاتی ہے، وہ مکانات آسمان والوں کے لیے ایسے چمکتے ہیں جیسا کہ زمین والوں کے لیے آسمان پر ستارے۔ یہ حدیث ترغیب وغیرہ میں اتنی ہی نقل کی گئی۔ یہ مختصر ہے اصل روایت بہت طویل ہے جس کو ابن حبانؒ وغیرہ سے ملا قاریؒ نے مفصل اور سیوطیؒ نے کچھ مختصر نقل کیا ہے اگرچہ ہمارے رسالہ کے مناسب اتنا ہی جزو ہے جو اوپر گذر چکا۔ مگر چونکہ پوری حدیث بہت سے ضروری اور مفید مضامین پر مشتمل ہے اس لیے تمام حدیث کا مطلب نقل کیا جاتا ہے جو حسب ذیل ہے۔

حضرت ابو ذر غفاریؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضور اکرمؐ سے پوچھا کہ حق تعالیٰ شانہٗ نے کل کتابیں کس قدر نازل فرمائی ہیں، آپ نے ارشاد فرمایا کہ سو صحائف اور چار کتابیں، پچاس ۵۰ صحیفے حضرت شیثؑ پر اور تیس صحیفے حضرت ادریس علیہ السلام پر اور دس صحیفے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور دس صحیفے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر تورات سے پہلے اور ان کے علاوہ چار کتابیں تورات، انجیل، زبور اور قرآن شریف نازل فرمائی ہیں۔ میں نے پوچھا کہ حضرت ابراہیم کے صحیفوں میں کیا چیز تھی ارشاد فرمایا کہ وہ سب ضرب المثلیں تھیں مثلاً او مسلط و مغرور بادشاہ میں نے تجھ کو اس لیے نہیں بھیجا تھا تو پیسہ پر پیسہ جمع کرتا رہے میں نے تجھے اس لیے بھیجا تھا کہ مجھ تک مظلوم کی فریاد نہ پہنچنے دے تو پہلے ہی اس کا انتظام کر دے اس لیے کہ میں مظلوم کی فریاد کو رد نہیں کرتا اگرچہ فریادی کافر ہی کیوں نہ ہو بندۂ ناچیز کہتا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب اپنے صحابہؓ کو امیر اور حاکم بنا کر بھیجا کرتے تھے تو منجملہ اور نصائح کے اس کو بھی اہتمام سے فرمایا کرتے تھے۔ وَاتَّقِ دَعْوَۃَ الْمَظْلُوْمِ فَاِنَّہٗ لَیْسَ بَیْنَھَا وَبَیْنَ اللّٰہِ حِجَابٌ کہ مظلوم کی بددعا سے بچنا اس لیے کہ اس کے اور اللہ جل شانہٗ کے درمیان میں حجاب اور واسطہ نہیں سے

بترس از آہِ مظلوماں کہ ہنگام دُعا کردن اجابت از درِ حق بہرِ استقبال می آید

نیز ان صحیفوں میں یہ بھی تھا کہ عاقل کے لئے ضروری ہے جب تک کہ وہ مغلوب العقل نہ ہو جائے کہ اپنے تمام اوقات کو تین حصوں پر منقسم کرے، ایک حصّہ میں اپنے رب کی عبادت کرے اور ایک حصہ میں اپنے نفس کا محاسبہ کرے اور سوچے کہ کتنے کام اچھے کئے اور کتنے بُرے اور ایک حصّہ کو کسبِ حلال میں خرچ کرے۔ عاقل پر یہ بھی ضروری ہے کہ اپنے اوقات کی نگہبانی کرے۔ اپنے حالات کی درستگی کے فکر میں رہے۔ اپنی زبان کی فضول گوئی اور بے نفع گفتگو سے حفاظت کرے، جو شخص اپنے کلام کا محاسبہ کرتا رہے گا اس کی زبان بے فائدہ کلام میں کم چلے گی۔ عاقل کے لئے ضرور ہے کہ تین چیزوں کے علاوہ سفر نہ کرے یا آخرت کے لئے توشہ مقصود ہو یا کچھ فکر معاش ہو یا تفریح بشرطیکہ مباح ہو۔ میں نے پوچھا کہ یا رسول اللہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے صحیفوں میں کیا چیز تھی؟ ارشاد فرمایا کہ سب کی سب عبرت کی باتیں تھیں مثلاً میں تعجب کرتا ہوں اس شخص پر کہ جس کو موت کا یقین ہو پھر کسی بات پر خوش ہو (اس لئے کہ جب کسی شخص کو مثلاً یہ یقین ہو جاوے کہ مجھے پھانسی کا حکم ہو چکا، عنقریب سولی پر چڑھنا ہے، پھر وہ کسی چیز سے خوش نہیں ہو سکتا) میں تعجب کرتا ہوں اس شخص پر کہ اس کو موت کا یقین ہے پھر وہ ہنستا ہے۔ میں تعجب کرتا ہوں اس شخص پر جو دنیا کے حوادث، تغیّرات، انقلابات ہر وقت دیکھتا ہے، پھر دنیا پر اطمینان کر لیتا ہے، میں تعجب کرتا ہوں اس شخص پر کہ جس کو تقدیر کا یقین ہے، پھر رنج و مشقت میں مبتلا ہوتا ہے، میں تعجب کرتا ہوں اس شخص پر جس کو عنقریب حساب کا یقین ہے پھر نیک اعمال نہیں کرتا۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ مجھے کچھ وصیت فرمائیں۔ حضورؐ نے سب سے اوّل تقویٰ کی وصیت فرمائی اور ارشاد فرمایا کہ یہ تمام اُمور کی بنیاد اور جڑ ہے، میں نے عرض کیا کہ کچھ اور بھی اضافہ فرما دیجئے۔ ارشاد ہوا کہ تلاوتِ قرآن اور ذکر اللہ کا اہتمام کر کہ یہ دنیا میں نور ہے اور آسمان میں ذخیرہ ہے۔ میں نے اور اضافہ چاہا تو ارشاد ہوا کہ زیادہ ہنسی سے احتراز کر کہ اس سے دل مر جاتا ہے اور چہرے کی رونق جاتی رہتی ہے (یعنی ظاہر و باطن دونوں کو نقصان پہنچا دینے والی چیز ہے) میں نے اور اضافہ کی درخواست کی تو ارشاد ہوا کہ جہاد کا اہتمام کر کہ میری امت کیلئے یہی رہبانیت ہے (راہب پہلی اُمتوں میں وہ لوگ کہلاتے تھے کہ جو دنیا کے سب تعلقات منقطع کر کے اللہ والے بن جاویں) میں نے اور اضافہ چاہا تو ارشاد ہوا کہ فقراء اور مساکین کے ساتھ میل جول رکھ، ان کو دوست بنا، ان کے پاس بیٹھا کر، میں نے اور اضافہ چاہا تو ارشاد ہوا کہ اپنے سے

کم درجے والے پر نگاہ رکھا کر (تاکہ شکر کی عادت ہو) اپنے سے اوپر کے درجہ والوں کو مت دیکھ مبادا اللہ کی نعمتوں کی جو تجھ پر ہیں تحقیر کرنے لگے۔ میں نے اور اضافہ چاہا تو ارشاد ہوا کہ تجھے اپنے عیوب لوگوں پر حرف گیری سے روک دیں اور ان کے عیوب پر اطلاع کی کوشش مت کر کہ تو اُن میں خود مبتلا ہے تجھے عیب لگانے کے لیے کافی ہے کہ تو لوگوں میں ایسے عیب پہچانے جو تجھ میں خود موجود ہیں اور تو ان سے بے خبر ہے اور ایسی باتیں ان میں پکڑے جن کو تو خود کرتا ہے پھر حضورؐ نے اپنا دست شفقت میرے سینہ پر مار کر ارشاد فرمایا کہ ابوذر تدبیر کی برابر کوئی عقل مندی نہیں اور ناجائز امور سے بچنے کی برابر تقویٰ نہیں اور خوش خلقی سے بڑھ کر کوئی شرافت نہیں اھ۔ اس میں خلاصہ اور مطلب کا زیادہ لحاظ کیا گیا۔ تمام الفاظ کے ترجمہ کا لحاظ نہیں کیا گیا۔

(۲۲) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا اجْتَمَعَ قَوْمٌ فِیْ بَیْتٍ مِّنْ بُیُوْتِ اللّٰهِ یَتْلُوْنَ کِتَابَ اللّٰهِ وَ یَتَدَارَسُوْنَهٗ بَیْنَهُمْ اِلَّا نَزَلَتْ عَلَیْهِمُ السَّکِیْنَۃُ وَغَشِیَتْهُمُ الرَّحْمَۃُ وَحَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِکَۃُ وَذَکَرَهُمُ اللّٰهُ فِیْمَنْ عِنْدَهٗ۔

(رواہ مسلم وابوداؤد)

ابوہریرہؓ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ کوئی قوم اللہ کے گھروں میں سے کسی گھر میں مجتمع ہو کر تلاوتِ کلام پاک اور اس کا دَور نہیں کرتی مگر ان پر سکینہ نازل ہوتی ہے اور رحمت ان کو ڈھانپ لیتی ہے، ملائکہ رحمت ان کو گھیر لیتے ہیں، اور حق تعالیٰ شانہٗ ان کا ذکر ملائکہ کی مجلس میں فرماتے ہیں۔

اس حدیث شریف میں مکاتب اور مدرسوں کی خاص فضیلت ذکر فرمائی گئی جو بہت سی انواع اکرام کو شامل ہے۔ ان میں سے ہر ہر اکرام ایسا ہے کہ جس کے حاصل کرنے میں اگر کوئی شخص اپنی تمام عمر خرچ کر دے تب بھی ارزاں ہے۔ پھر چہ جائیکہ ایسے ایسے متعدد انعامات فرماتے جاویں بالخصوص آخری فضیلت آقا کے دربار میں ذکر محبوب کی مجلس میں یاد ایک ایسی نعمت ہے جس کا مقابلہ کوئی چیز بھی نہیں کر سکتی۔

سکینہ کا نازل ہونا متعدد روایات میں وارد ہوا ہے، اس کے مصداق میں مشائخ حدیث کے چند قول ہیں لیکن ان میں کوئی ایسا اختلاف نہیں کہ جس سے آپس میں کچھ تعارض ہو بلکہ سب کا مجموعہ بھی مراد ہو سکتا ہے۔ حضرت علیؓ سے سکینہ کی تفسیر یہ نقل کی گئی کہ وہ ایک خاص ہوا ہے جس

کا چہرہ انسان کے چہرہ جیسا ہوتا ہے۔ علامہ سدیؒ سے نقل کیا گیا کہ وہ جنت کے ایک طشت کا نام ہے جو سونے کا ہوتا ہے اس میں انبیاء کے قلوب کو غسل دیا جاتا ہے، بعض نے کہا ہے کہ یہ خاص رحمت ہے۔ طبریؒ نے اس کو پسند کیا ہے کہ اس سے سکونِ قلب مراد ہے، بعض نے کہا ہے کہ طمانیت مراد ہے، بعض نے اس کی تفسیر وقار سے کی ہے، تو کسی نے ملائکہ سے، بعض نے اور بھی اقوال کہے ہیں۔ حافظ کی رائے فتح الباری میں یہ ہے کہ سکینہ کا اطلاق سب پر آتا ہے نوویؒ کی رائے ہے کہ یہ کوئی ایسی چیز ہے جو جامع ہے طمانیت رحمت وغیرہ کو اور ملائکہ کے ساتھ نازل ہوتی ہے۔ کلام اللہ شریف میں ارشاد ہے فَاَنْزَلَ اللّٰہُ سَکِیْنَتَہٗ عَلَیْہِ دوسری جگہ ارشاد ہے هُوَ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ السَّکِیْنَةَ فِیْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِیْنَ ایک جگہ ارشاد ہے فِیْهِ سَکِیْنَةٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ۔ غرض متعدد آیات میں اس کا ذکر ہے اور احادیث میں متعدد روایات میں اس کی بشارت فرمائی گئی ہے۔ احیاء میں نقل کیا ہے کہ ابن ثوبان رضؓ نے اپنے کسی عزیز سے اس کے ساتھ افطار کا وعدہ کیا مگر دوسرے روز صبح کے وقت پہنچے، انھوں نے شکایت کی تو کہا کہ اگر میرا تم سے وعدہ نہ ہوتا تو ہرگز نہ بتاتا کہ کیا مانع پیش آیا، مجھے اتفاقاً دیر ہوگئی تھی حتیٰ کہ عشاء کی نماز کا وقت آگیا۔ خیال ہوا کہ وتر بھی ساتھ ہی پڑھ لوں کہ موت کا اطمینان نہیں کبھی رات میں مرجاؤں اور وہ ذمہ پر باقی رہ جائیں، میں دعاء قنوت پڑھ رہا تھا کہ مجھے جنت کا ایک سبز باغ نظر آیا جس میں ہر نوع کے پھول وغیرہ تھے، اُس کے دیکھنے میں ایسا مشغول ہوا کہ صبح ہوگئی اس قسم کے سیکڑوں واقعات ہیں جو بزرگوں کے حالات میں درج ہیں لیکن ان کا اظہار اس وقت ہوتا ہے جب ماسوا سے انقطاع ہو جاوے اور اسی جانب توجہ کامل ہو جاوے۔

ملائکہ کا ڈھانکنا بھی متعدد روایات میں وارد ہوا ہے، اُسید بن حُضیر رضؓ کا مفصل قصہ کتب حدیث میں آتا ہے کہ انھوں نے تلاوت کرتے ہوئے اپنے اوپر ایک ابر سا چھایا ہوا محسوس کیا، حضورؐ نے فرمایا کہ یہ ملائکہ تھے جو قرآن شریف سننے کے لیے آئے تھے، ملائکہ اژدہام کی وجہ سے ابر سا معلوم ہوتے تھے۔ ایک صحابی کو ایک مرتبہ ابر سا محسوس ہوا تو حضورؐ نے فرمایا کہ یہ سکینہ تھا، یعنی رحمت جو قرآن شریف کی وجہ سے نازل ہوئی تھی۔ مسلم شریف میں یہ حدیث زیادہ مفصل آئی جس میں اور بھی مضامین ہیں۔ اخیر میں ایک جملہ یہ بھی زیادہ ہے مَنْ بَطَّأَ بِهٖ عَمَلُهٗ لَمْ یُسْرِعْ بِهٖ نَسَبُهٗ، (جس شخص کو اُس کے بُرے اعمال رحمت سے دور کریں اس

کا عالی نسب ہونا اونچے خاندان کا ہونا رحمت سے قریب نہیں کر سکتا، ایک شخص جو اپشانی شریف النسب ہے مگر فسق و فجور میں مبتلا ہے وہ اللہ کے نزدیک اس رذیل اور کم ذات مسلمان کی برابری کسی طرح بھی نہیں کر سکتا جو متقی پرہیز گار ہے۔ اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقَاکُمْ۔

(۲۳) عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّکُمْ لَا تَرْجِعُوْنَ اِلَی اللّٰہِ بِشَیْءٍ اَفْضَلَ مِمَّا خَرَجَ مِنْہُ یَعْنِی الْقُرْاٰنَ (رواہ الحاکم وصححہ ابوداؤد فی مراسلہ عن جبیر بن نفیر والترمذی عن ابی امامۃ بمعناہ)

ابو ذرؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ تم لوگ اللہ جل شانہ کی طرف رجوع اور اس کے یہاں تقرب اس چیز سے بڑھ کر کسی اور چیز سے حاصل نہیں کر سکتے جو خود حق سبحانہ سے نکلی ہے۔ یعنی کلام پاک۔

متعدد روایات سے یہ مضمون ثابت ہے کہ حق تعالیٰ شانہ کے دربار میں کلام پاک سے بڑھ کر تقرب کسی چیز سے حاصل نہیں ہوتا۔ امام احمد بن حنبلؒ کہتے ہیں کہ میں نے حق تعالیٰ شانہ کی خواب میں زیارت کی تو پوچھا کہ سب سے بہتر چیز جس سے آپ کے دربار میں تقرب ہو کیا چیز ہے ارشاد ہوا کہ احمد میرا کلام ہے میں نے عرض کیا سمجھ کر یا بلا سمجھے۔ ارشاد ہوا کہ سمجھ کر پڑھے یا بلا سمجھے دونوں طرح تقرب ہے اس حدیث شریف کی توضیح اور تلاوت کلام پاک کا سب سے بہتر طریقہ تقرب ہونے کی تشریح حضرت اقدس بقیۃ السلف حجۃ الخلف مولانا شاہ عبد العزیز دہلوی نور اللہ مرقدہٗ کی تفسیر سے مستنبط ہوتی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ سلوک الی اللہ یعنی مرتبہ احسان حق سبحانہٗ و تقدس کی حضوری کا نام ہے جو تین طریقوں سے حاصل ہو سکتی ہے اول تصور جس کو عرف شرع میں تفکر و تدبر سے تعبیر کرتے ہیں اور صوفیہ کے یہاں مراقبہ سے دوسرا ذکر لسانی اور تیسرا تلاوت کلام پاک ہے۔ اول طریقہ بھی چونکہ ذکر قلبی ہے اس لیے در اصل طریقے دو ہی ہیں۔ اول ذکر عام ہے کہ زبانی ہو یا قلبی دوسرے تلاوت سو جس لفظ کا اطلاق حق سبحانہٗ و تقدس پر ہو گا اور اس کو بار بار دہرایا جاوے گا جو ذکر کا حاصل ہے تو مدرکہ کے اس ذات کی طرف توجہ اور التفات کا سبب ہو گا اور گویا وہ ذات مستحضر ہو گی اور استحضار کے دوام کا نام معیت ہے جس کو اس حدیث شریف میں ارشاد فرمایا ہے لَا یَزَالُ عَبْدِیْ یَتَقَرَّبُ اِلَیَّ بِالنَّوَافِلِ حَتّٰی اُحِبَّہٗ فَکُنْتُ سَمْعَہُ الَّذِیْ یَسْمَعُ بِہٖ وَبَصَرَہُ الَّذِیْ یُبْصِرُ بِہٖ وَیَدَہُ الَّتِیْ یَبْطِشُ بِھَا الحدیث (حق سبحانہٗ و تقدس کا ارشاد ہے کہ بندہ نفل عبادتوں کے ساتھ تقرب حاصل کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ میں بھی اس کو محبوب بنا لیتا ہوں حتی کہ میں اس کا کان بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے اور آنکھ بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے اور ہاتھ

جس سے وہ کسی چیز کو پکڑتا ہے اور پاؤں جس سے وہ چلتا ہے) یعنی جبکہ بندہ کثرتِ عبادت سے حق تعالیٰ شانہٗ کا مقرب بن جاتا ہے تو حق تعالیٰ شانہٗ اس کے اعضاء کے محافظ بن جاتے ہیں اور آنکھ کان وغیرہ سب مرضی آقا کے تابع ہو جاتے ہیں اور نفل عبادات کی کثرت اس لیے ارشاد فرمائی کہ فرائض متعینہ ہیں جن میں کثرت نہیں ہوتی اور اس کے لیے ضرورت ہے دوام استحضار کی جیسا کہ پہلے معلوم ہو چکا لیکن تقرب کا یہ طریقہ صرف اسی محبوب کی پاک ذات کے لیے ہے، اگر کوئی چاہے کہ کسی دوسرے کے نام کی تسبیح پڑھ کر اس سے تقرب حاصل کر لے تو یہ ممکن نہیں، اس وجہ سے کہ اس قسم کے تقرب میں جس کی طرف تقرب ہو اس میں دو باتوں کا پایا جانا ضروری ہے۔ اول یہ کہ اس کا علم محیط ہو ذاکرین کے قلبی اور زبانی اذکار کو اگرچہ وہ مختلف اوقات میں ذکر کریں، دوسرے یہ کہ ذکر کرنے والے کے مدرکہ میں تجلی اور اس کے پُر کر دینے کی قدرت ہو جس کو عرف میں دُنو اور تدلی نزول اور قرب سے تعبیر کرتے ہیں۔ یہ دونوں باتیں چونکہ اسی مطلب میں پائی جاتی ہیں اس لیے طریق بالا سے تقرب بھی اسی پاک ذات سے حاصل ہو سکتا ہے اور اسی کی طرف اس حدیث قدسی میں اشارہ ہے جس میں ارشاد ہے مَنْ تَقَرَّبَ اِلَیَّ شِبْرًا تَقَرَّبْتُ اِلَیْهِ ذِرَاعًا الحدیث (جو شخص میری طرف ایک بالشت نزدیک ہوتا ہے تو میں اس کی طرف ایک ہاتھ قریب ہوتا ہوں، اور جو شخص میری طرف ایک ہاتھ آتا ہے میں اس کی طرف ایک باع آتا ہوں (یعنی دونوں ہاتھوں کی لمبائی کے بقدر) اور جو شخص میری طرف معمولی رفتار سے آتا ہے میں اس کی طرف دوڑ کر چلتا ہوں۔ یہ سب تشبیہات سمجھانے کے لیے ہیں ورنہ حق سبحانہٗ و تقدس چلنا پھرنا وغیرہ سب سے مبرّا ہیں۔ مقصود یہ ہے کہ حق سبحانہٗ و تقدس اپنے یاد کرنے اور ڈھونڈنے والوں کی طرف اُن کی طلب اور سعی سے زیادہ توجہ اور نزول فرماتے ہیں اور کیوں نہ فرمادیں کریم کے کرم کا مقتضا یہی ہے پس جبکہ یاد کرنے والوں کی طرف سے یاد کرنے میں دوام ہوتا ہے تو پاک آقا کی طرف سے توجہ اور نزول میں دوام ہوتا ہے، کلام الٰہی چونکہ سراسر ذکر ہے اور اس کی کوئی آیت ذکر و توجہ الی اللہ سے خالی نہیں اس لیے یہی بات اس میں بھی پائی جاتی ہے، مگر اس میں ایک خصوصیت زیادہ ہے، جو زیادتی تقرب کا سبب ہے وہ یہ کہ ہر کلام متکلم کی صفات و اثرات اپنے اندر لیے ہوئے ہوا کرتا ہے اور یہ کھلی ہوئی بات ہے کہ فساق و فجار کے اشعار کا ورد رکھنے سے اسکے اثرات پائے جاتے ہیں اور اتقیا کے اشعار سے ان کے ثمرات پیدا ہوتے ہیں۔ اسی وجہ سے منطق فلسفہ میں غلو سے نخوت تکبر پیدا ہوتا ہے اور حدیث کی کثرتِ مزاولت سے تواضع پیدا ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ فارسی اور انگریزی تفنس زبان ہونے میں دونوں برابر ہیں۔ لیکن مصنفین کی کتب پڑھائی جاتی ہیں ان کے

اختلاف اثرات سے ثمرات میں بھی اختلاف ہوتا ہے بالجملہ چونکہ کلام میں ہمیشہ متکلّم کے تاثرات پائے جاتے ہیں، اس لیے کلام الٰہی کے تکرار ورد سے اس کے متکلم کے اثرات بھی پیدا ہونا اور اُن سے طبعاً مناسبت پیدا ہو جانا یقینی ہے نیز ہر مصنف کا قاعدہ ہے کہ جب کوئی شخص اس کی تالیف کا اہتمام کیا کرتا ہے تو فطرتاً اس کی طرف التفات اور توجہ ہوا کرتی ہے اس لیے حق تعالیٰ شانہٗ کے کلام کا ورد رکھنے والے کی طرف حق سبحانہٗ وتقدس کی زیادتی توجہ بھی بدیہی اور یقینی ہے جو زیادتیِ قرب کا سبب ہوتی ہے. آقائے کریم اپنے کرم سے مجھے بھی اس لطف سے نوازیں اور تمھیں بھی۔

(۲۴) عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلّٰہِ اَھْلِیْنَ مِنَ النَّاسِ قَالُوْا مَنْ ھُمْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ اَھْلُ الْقُرْاٰنِ ھُمْ اَھْلُ اللّٰہِ وَخَاصَّتُہٗ (رواہ النسائی وابن ماجۃ والحاکم واحمد)۔

انسؓ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کیا ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ کے لیے لوگوں میں سے بعض لوگ خاص گھر کے لوگ ہیں صحابہؓ نے عرض کیا کہ وہ کون لوگ ہیں فرمایا کہ قرآن شریف والے کہ وہ اللہ کے اہل ہیں اور خواص۔

قرآن والے وہ لوگ ہیں جو ہر وقت کلام پاک میں مشغول رہتے ہوں اس کی ساتھ خصوصیت رکھتے ہوں ان کا اللہ کے اہل اور خواص ہونا ظاہر ہے اور گذشتہ مضمون سے واضح ہو گیا کہ جب یہ ہر وقت کلام پاک میں مشغول رہتے ہیں تو الطافِ باری بھی ہر وقت ان کی طرف متوجہ رہتے ہیں اور جو لوگ ہر وقت کے پاس رہنے والے ہوتے ہیں وہ اہل اور خواص ہوتے ہیں کسقدر بڑی فضیلت ہے کہ ذراسی محنت ومشقت سے اللہ والے بنتے ہیں، اللہ کے اہل شمار کیے جاتے ہیں اور اس کے خواص ہونے کا شرف حاصل ہو جاتا ہے۔

دنیوی دربار میں صرف داخلہ کی اجازت کے لیے ممبروں میں صرف شمول کے لیے کس قدر جانی اور مالی قربانی کی جاتی ہے ووٹروں کے سامنے خوشامد کرنی پڑتی ہے، ذلتیں برداشت کرنی پڑتی ہیں اور اس سب کو کام سمجھا جاتا ہے لیکن قرآن شریف کی محنت کو بیکار سمجھا جاتا ہے، ببیں تفاوت رہ از کجاست تا بکجا۔

(۲۵) عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا اَذِنَ اللّٰہُ لِشَیْءٍ مَا اَذِنَ لِنَبِیٍّ یَتَغَنّٰی بِالْقُرْاٰنِ (رواہ البخاری ومسلم)

ابوہریرہؓ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ حق سبحانہ اتنا کسی کی طرف توجہ نہیں فرماتے جتنا کہ اس نبی کی آواز کو توجہ سے سنتے ہیں جو کلام الٰہی خوش الحانی سے پڑھتا ہو۔

پہلے معلوم ہو چکا کہ حق تعالیٰ شانہ اپنے کلام کی طرف خصوصیت سے توجہ فرماتے ہیں پڑھنے والوں میں انبیاء چونکہ آداب تلاوت کو بکمالہٖ ادا کرتے ہیں اس لیے ان کی طرف اور زیادہ توجہ ہونا بھی ظاہر ہے پھر جبکہ حسن آواز اس کی ساتھ مل جاوے تو سونے پر سہاگہ ہے جتنی بھی توجہ ہو ظاہر ہے اور انبیاء کے بعد الافضل فالافضل حسب حیثیت پڑھنے والے کی طرف توجہ ہوتی ہے۔

(۲۶) عَنْ فُضَالَةَ ابْنِ عُبَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُ اَشَدُّ اُذُنًا اِلَى قَارِئِ الْقُرْاٰنِ مِنْ صَاحِبِ الْقَيْنَةِ اِلٰى قَيْنَتِهٖ (رواہ ابن ماجۃ وابن حبان والحاکم کذا فی شرح الاحیاء قلت وقال الحاکم صحیح علی شرطهما وقال الذھبی منقطع)

فضالہ ابن عبیدؓ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ قاری کی آواز کی طرف اس شخص سے زیادہ کان لگاتے ہیں جو اپنی گانے والی باندی کا گانا سن رہا ہو۔

گانے کی آواز کی طرف فطرۃً اور طبعاً توجہ ہوتی ہے مگر شرعی روک کی وجہ سے دین دار لوگ اُدھر متوجہ نہیں ہوتے لیکن گانے والی اپنی مملوکہ ہو تو اسکا گانا سننے میں کوئی شرعی نقص بھی نہیں اس لیے اس طرف کامل توجہ ہوتی ہے۔ البتہ کلام پاک میں یہ ضروری ہے کہ گانے کی آواز میں نہ پڑھا جائے۔ احادیث میں اس کی ممانعت آئی ہے ایک حدیث میں ہے اِيَّاكُمْ وَلُحُوْنَ اَهْلِ الْعِشْقِ الْحَدِيْثُ یعنی اس سے بچو کہ جس طرح عاشق غزلوں کو آواز بنا بنا کر موسیقی توانین پر پڑھتے ہیں اس طرح مت پڑھو مشائخ نے لکھا ہے کہ اس طرح کا پڑھنے والا فاسق اور سننے والا گنہگار ہے مگر گانے کے قواعد کی رعایت کئے بغیر خوش آوازی مطلوب ہے۔ حدیث میں متعدد جگہ اس کی ترغیب آئی ہے ایک جگہ ارشاد ہے کہ اچھی آواز سے قرآن شریف کو مزین کرو۔ ایک جگہ ارشاد ہے کہ اچھی آواز سے کلام اللہ شریف کا حسن دوبالا ہو جاتا ہے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اپنی کتاب غنیہ میں ارشاد فرماتے ہیں کہ عبداللہ بن مسعودؓ ایک مرتبہ کوفہ کے نواح میں جا رہے تھے کہ ایک جگہ فساق کا مجمع ایک گھر میں جمع تھا۔ ایک گویا جس کا نام زاذان تھا گا رہا تھا اور سارنگی بجا رہا تھا۔ ابن مسعودؓ نے اس کی آواز سن کر ارشاد فرمایا کیا ہی اچھی آواز بھی اگر قرآن شریف کی تلاوت میں ہوتی اور اپنے سر پر کپڑا ڈال کر گذرتے ہوئے چلے گئے۔ زاذان نے ان کو بولتے ہوئے دیکھا لوگوں سے پوچھنے پر معلوم ہوا عبداللہ بن مسعودؓ صحابی ہیں اور یہ ارشاد فرما گئے۔ اس پر اس مقولہ کی کچھ ایسی ہیبت طاری ہوئی کہ حد نہیں اور قصہ مختصر کہ وہ اپنے سب آلات توڑ کر ابن مسعودؓ کے پیچھے لگ لیے اور علامٔہ وقت ہوئے، غرض متعدد روایات میں اچھی آواز سے تلاوت کی مدح آئی ہے، مگر اس کے ساتھ ہی گانے کی آواز میں پڑھنے کی ممانعت آئی ہے جیسا کہ اوپر گذر چکا۔ حذیفہؓ کہتے ہیں کہ

حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ قرآن شریف کو عرب کی آواز میں پڑھو عشق یازوں اور یہود و نصاریٰ کی آواز میں مت پڑھو عنقریب ایک قوم آنے والی ہے جو گانے اور نوحہ کرنے والوں کی طرح سے قرآن شریف کو بنا بنا کر پڑھے گی وہ تلاوت ذرا بھی ان کے لئے نافع نہ ہوگی خود بھی وہ لوگ فتنے میں پڑیں گے اور جن کو وہ پڑھنا اچھا معلوم ہوگا ان کو بھی فتنہ میں ڈالیں گے۔ طاؤسؒ کہتے ہیں کہ کسی نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ اچھی آواز سے پڑھنے والا کون شخص ہے حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ وہ شخص کہ جب تو اس کو تلاوت کرتے دیکھے تو محسوس کرے کہ اس پر اللہ کا خوف ہے یعنی اس کی آواز سے مرعوب ہونا محسوس ہوتا ہو اس سب کے ساتھ اللہ جل وعلا کا بڑا انعام یہ ہے کہ آدمی اپنی حیثیت و طاقت کے موافق اس کا مکلف ہے۔ حدیث میں ہے کہ سبحانہٗ و تقدس کی طرف سے فرشتہ اس مقام پر مقرر ہے کہ جو شخص کلام پاک پڑھے اور کما حقہٗ اس کو درست نہ پڑھ سکے تو وہ فرشتہ اس کو درست کرنے کے بعد اوپر لے جاتا ہے۔ اَللّٰهُمَّ لَا اُحْصِیْ ثَنَاءً عَلَیْكَ۔

(۲۷) عَنْ عُبَیْدَةَ الْمُلَیْکِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَهْلَ الْقُرْاٰنِ لَا تَتَوَسَّدُوا الْقُرْاٰنَ وَاتْلُوْهُ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ مِنْ اٰنَاءِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَافْشُوْهُ وَتَغَنَّوْهُ وَتَدَبَّرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ وَلَا تَعَجَّلُوْا ثَوَابَهٗ فَاِنَّ لَهٗ ثَوَابًا (رواه البیهقی فی شعب الایمان)

عبیدہ ملیکی رضؓ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے قرآن والو قرآن شریف سے تکیہ نہ لگاؤ اور اسکی تلاوت شب و روز ایسی کرو جیسا کہ اس کا حق ہے کلام پاک کی اشاعت کرو اور اس کو اچھی آواز سے پڑھو اور اس کے معانی میں تدبر کرو تاکہ تم فلاح کو پہنچو اور اس کا بدلہ (دنیا میں) طلب نہ کرو کہ (آخرت میں) اس کے لیے بڑا اجر و بدلہ ہے۔

حدیث بالا میں چند امور ارشاد فرمائے ہیں (۱) قرآن شریف سے تکیہ نہ لگاؤ، قرآن شریف سے تکیہ نہ لگانے کے دو مفہوم ہیں اول یہ کہ اس پر تکیہ نہ لگاؤ کہ یہ خلافِ ادب ہے ابن حجرؒ نے لکھا ہے کہ قرآن پاک کو تکیہ لگانا، اس کی طرف پاؤں پھیلانا، اسکی طرف سے پشت کرنا، اس کو روندنا وغیرہ حرام ہے دوسرے یہ کہ کنایہ ہے غفلت سے کہ کلام پاک برکت کے واسطے تکیہ ہی پر رکھا ہے جیسا کہ بعض مزارات پر دیکھا گیا کہ قبر کے سرہانے برکت کے واسطے رحل پر رکھا رہتا ہے۔ یہ کلام پاک کی حق تلفی ہے۔ اس کا حق یہ ہے کہ اس کی تلاوت کی جائے (۲) اور اس کی تلاوت کرو جیسا کہ اس کا حق ہے یعنی کثرت سے آداب کی رعایت رکھتے ہوئے خود کلام پاک میں بھی اس کی طرف متوجہ فرمایا گیا ارشاد ہے اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْکِتٰبَ یَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ (جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ اس کی تلاوت کرتے ہیں جیسا کہ اس کی تلاوت کا حق ہے) یعنی جس عزت سے بادشاہ کا فرمان اور جس شوق سے محبوب کا کلام پڑھا جاتا

سے ہے اسی طرح پڑھنا چاہیے (۳) اور اس کی اشاعت کرو یعنی تقریر سے تحریر سے ترغیب سے عملی شرکت سے جس طرح ہو سکے اس کی اشاعت جتنی ہو سکے کرو، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کلامِ پاک کی اشاعت اور اس کے پھیلانے کا حکم فرماتے ہیں لیکن ہمارے روشن دماغ اس کے پڑھنے کو فضول بتلاتے ہیں اور ساتھ ہی حبِّ رسول اور حبِّ اسلام کے لمبے چوڑے دعوے بھی ہاتھ سے نہیں جاتے سہ

ترسم نہ رسی بہ کعبہ اے اعرابی　　کیں رہ کہ تو می روی بترکستان است

آقا کا حکم ہے قرآنِ پاک کو پھیلاؤ، مگر ہمارا عمل ہے کہ جو کوشش اس کی رکاوٹ میں ہو سکے دریغ نہ کریں گے، جبریہ تعلیم کے قوانین بنوائیں گے، تاکہ بچے بجائے قرآن پاک کے پرائمری پڑھیں، ہمیں اس پر غصہ ہے کہ مکتب کے میاں جی بچوں کی عمر ضائع کر دیتے ہیں اس لیے ہم وہاں نہیں پڑھانا چاہتے، مسلّم وہ یقیناً کوتاہی کرتے ہیں مگر ان کی کوتاہی سے آپ سبک دوش ہو جاتے ہیں یا آپ سے قرآن پاک کی اشاعت کا وظیفہ ہٹ جاتا ہے، اس صورت میں تو یہ فریضہ آپ پر عائد ہوتا ہے وہ اپنی کوتاہیوں کے جوابدہ ہیں، نگران کی کوتاہی سے آپ بچوں کو جبراً قرآن پاک کے مکاتب سے ہٹا دیں اور ان کے والدین پر نوٹس جاری کرائیں کہ وہ قرآن پاک حفظ یا ناظرہ پڑھانے سے مجبور رہیں اور اس کا وبال آپ کی گردن پر رہے، یہ حمیٰ دق کا علاج سکھیا سے نہیں تو اور کیا ہے۔ عدالتِ عالیہ میں اپنے اس جواب کو اس لیے جبراً تعلیم قرآن سے ہٹا دیا کہ مکتب کے میاں جی بہت بری طرح سے پڑھاتے تھے آپ خود ہی سوچ لیجئے کہ کتنا وزن رکھتا ہے، بنئے کی دکان پر جانے کے واسطے یا انگریزوں کی چاکری کے واسطے ۲ کی تعلیم اہمیت رکھتی ہو، مگر اللہ کے یہاں تعلیم قرآن سب سے اہم ہے۔ (۴) خوش آوازی سے پڑھو جیسا کہ اس سے پہلی حدیث میں گذر چکا (۵) اور اس کے معنی میں غور کرو، تورات سے احیاء میں نقل کیا ہے حق سبحانہٗ وتقدس ارشاد فرماتے ہیں: اے میرے بندے تجھے مجھ سے شرم نہیں آتی تیرے پاس راستے میں کسی دوست کا خط آجاتا ہے تو چلتے چلتے راستے میں ٹھہر جاتا ہے، الگ کو بیٹھ کر غور سے پڑھتا ہے ایک ایک لفظ پر غور کرتا ہے، میری کتاب تجھ پر گذرتی ہے میں نے اس میں سب کچھ واضح کر دیا ہے بعض اہم امور کا بار بار تکرار کیا ہے تاکہ تو اس پر غور کرے اور تو بے پرواہی سے اڑا دیتا ہے کیا میں تیرے نزدیک تیرے دوستوں سے بھی ذلیل ہوں۔ اے میرے بندے تیرے بعض دوست تیرے پاس بیٹھ کر باتیں کرتے ہیں تو ہمہ تن ادھر متوجہ ہو جاتا ہے، کان لگاتا ہے غور کرتا ہے کوئی بیچ میں تجھ سے بات کرنے لگتا ہے تو تو اشارہ سے اس کو روکتا ہے، منع کرتا ہے میں تجھ سے اپنے کلام کے ذریعے سے باتیں کرتا ہوں اور تو ذرا بھی متوجہ نہیں ہوتا، کیا میں تیرے دوستوں سے بھی زیادہ ذلیل ہوں آہ۔ تدبّر اور غور کے متعلق کچھ مقدمہ میں اور کچھ حدیث ۸ کے ذیل میں مذکور ہو چکا ہے (۶) اور اس کا بدلہ دنیا میں نہ چاہو یعنی تلاوت

پر کوئی معاوضہ نہ لو کہ آخرت میں اس کا بہت بڑا معاوضہ ملنے والا ہے، دنیا میں اس کا معاوضہ لے جاوے گا تو ایسا ہے جیسا کہ روپیوں کے بدلے کوئی شخص کوڑیوں پر راضی ہو جاوے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جب میری اُمت دینار و درہم کو بڑی چیز سمجھنے لگے گی، اسلام کی ہیبت اس سے جاتی رہے گی اور جب امر بالمعروف اور نہی عن المنکر چھوڑ دے گی تو برکتِ وحی سے یعنی فہم قرآن سے محروم ہو جاوے گی کذا فی الاحیاء اَللّٰهُمَّ احْفَظْنَا مِنْهُ۔

(۲۸) عَنْ وَاثِلَةَ رَفَعَهُ أُعْطِيْتُ مَكَانَ التَّوْرَاةِ السَّبْعَ وَأُعْطِيْتُ مَكَانَ الزَّبُوْرِ الْمِئِيْنَ وَأُعْطِيْتُ مَكَانَ الْإِنْجِيْلِ الْمَثَانِيَ وَفُضِّلْتُ بِالْمُفَصَّلِ (لاحمد والكبير كذا في جمع الفوائد۔)

واثلہؓ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ مجھے تورات کے بدلہ میں سبع طویل ملی ہیں، اور زبور کے بدلہ میں مئین اور انجیل کے بدلہ میں مثانی اور مفصل مخصوص ہیں میرے ساتھ۔

کلام پاک کی اول سات سورتیں طول کہلاتی ہیں اس کے بعد کی گیارہ سورتیں مئین کہلاتی ہیں اس کے بعد کی بیس سورتیں مثانی، اس کے بعد ختم قرآن تک مفصل۔ یہ مشہور قول ہے، بعض بعض سورتوں میں اختلاف بھی ہے کہ یہ طول میں داخل ہیں یا مئین میں، اسی طرح مثانی میں داخل ہیں یا مفصل میں، مگر حدیث شریف کے مطلب و مقصود میں اس اختلاف سے کوئی فرق نہیں آتا۔ مقصد یہ ہے کہ جس قدر کتب مشہورہ سماویہ پہلے نازل ہوئی ہیں ان سب کی نظیر قرآن شریف میں موجود ہے اور ان کے علاوہ مفصل اس کلام پاک میں مخصوص ہے، جس کی مثال پہلی کتابوں میں نہیں ملتی۔

(۲۹) عَنْ أَبِيْ سَعِيْدِنِ الْخُدْرِيِّ قَالَ جَلَسْتُ فِيْ عِصَابَةٍ مِّنْ ضُعَفَاءِ الْمُهَاجِرِيْنَ وَإِنَّ بَعْضَهُمْ لَيَسْتَتِرُ بِبَعْضٍ مِّنَ الْعُرْيِ وَقَارِئٌ يَقْرَأُ عَلَيْنَا إِذْ جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ عَلَيْنَا فَلَمَّا قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَكَتَ الْقَارِئُ فَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ مَا كُنْتُمْ تَصْنَعُوْنَ قُلْنَا نَسْتَمِعُ إِلٰى كِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى فَقَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَ مِنْ أُمَّتِيْ مَنْ أُمِرْتُ أَنْ أَصْبِرَ نَفْسِيْ مَعَهُمْ قَالَ فَجَلَسَ وَسْطَنَا لِيَعْدِلَ بِنَفْسِهٖ فِيْنَا ثُمَّ قَالَ بِيَدِهٖ هٰكَذَا فَتَحَلَّقُوْا وَبَرَزَتْ

ابو سعید خدریؓ کہتے ہیں کہ میں ضعفاء مہاجرین کی جماعت میں ایک مرتبہ بیٹھا ہوا تھا، ان لوگوں کے پاس کپڑا بھی اتنا نہ تھا کہ جس سے پورا بدن ڈھانپ لیں بعض لوگ بعض کی اوٹ کرتے تھے اور ایک شخص قرآن شریف پڑھ رہا تھا کہ اتنے میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہوئے اور بالکل ہمارے قریب کھڑے ہو گئے حضورؐ کے آنے پر قاری چپ ہو گیا تو حضورؐ نے سلام کیا اور پھر دریافت فرمایا کہ تم لوگ کیا کر رہے تھے ہم نے عرض کیا کہ کلام اللہ سن رہے تھے، حضورؐ نے فرمایا کہ تمام تعریف اس

وُجُوْهُهُمْ لَهٗ فَقَالَ اَبْشِرُوْا يَا مَعْشَرَ صَعَالِيْكَ الْمُهَاجِرِيْنَ بِالنُّوْرِ التَّامِّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ اَغْنِيَاءِ النَّاسِ بِنِصْفِ يَوْمٍ وَّذٰلِكَ خَمْسُمِائَةِ سَنَةٍ (رواہ ابوداؤد)

اللہ کے لیے ہے جس نے میری امت میں ایسے لوگ پیدا فرمائے کہ مجھے ان میں ٹھہرنے کا حکم کیا گیا اس کے بعد حضورؐ ہمارے بیچ میں بیٹھ گئے تاکہ سب کے برابر رہیں کسی کے قریب کسی سے دور نہ ہوں اس کے بعد سب کو حلقہ کرکے بیٹھنے کا حکم فرمایا، سب حضورؐ کی طرف منہ کرکے بیٹھ گئے تو حضور نے ارشاد فرمایا کہ اے فقراء مہاجرین تمھیں مژدہ ہو قیامت کے دن نور کامل کا اور اس بات کا کہ تم اغنیا سے آدھے دن پہلے جنت میں داخل ہوگے اور یہ آدھا دن پانسو برس کی برابر ہوگا۔

ننگے بدن سے بہ ظاہر محل ستر کے علاوہ مراد ہے مجمع میں ستر کے علاوہ اور بدن کے کھلنے سے بھی حجاب معلوم ہوا کرتا ہے اس لیے ایک دوسرے کے پیچھے بیٹھ گئے تھے کہ بدن نظر نہ آوے حضورؐ کے تشریف لانے کی اول تو ان لوگوں کو اپنی مشغولی کی وجہ سے خبر نہ ہوئی لیکن جب حضورؐ بالکل سر پر تشریف لے آئے تو معلوم ہوا، اور قاری ادب کی وجہ سے خاموش ہوگئے۔

حضورؐ کا دریافت فرمانا بہ ظاہر اظہار مسرت کے لیے تھا ورنہ حضور قاری کو پڑھتے ہوئے دیکھ ہی چکے تھے، آخرت کا ایک دن دنیا کے ہزار برس کی برابر ہوتا ہے وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ اور اسی وجہ سے بہ ظاہر جہاں قیامت کا ذکر آتا ہے غداً کے ساتھ آتا ہے جس کے معنی کل آئندہ کے ہیں لیکن یہ سب باعتبار اغلب اور عام مومنین کے ہے ورنہ کافرین کے لیے وارد ہوا ہے فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ ایسا دن جو پچاس ہزار برس کا ہوگا اور خواص مومنین کے لیے حسب حیثیت کم معلوم ہوگا، چنانچہ وارد ہوا ہے کہ بعض مومنین کے لئے بمنزلہ دو رکعت فجر کے ہوگا۔ قرآن شریف کے پڑھنے کے فضائل جیسا کہ بہت سی روایات میں وارد ہوئے ہیں۔ بے حد ہیں۔ اس کے سننے کے فضائل بھی متعدد روایات میں آئے ہیں۔ اس سے بڑھ کر اور کیا فضیلت ہوگی کہ سید المرسلین کو ایسی مجلس میں شرکت کا حکم ہوا ہے جیسا کہ اس روایت سے معلوم ہوا۔ بعض علماء کا فتویٰ ہے کہ قرآن پاک کا سننا پڑھنے سے بھی زیادہ افضل ہے اس لئے کہ قرآن پاک کا پڑھنا نفل ہے اور سننا فرض اور فرض کا درجہ نفل سے بڑھا ہوا ہوتا ہے اس حدیث سے ایک اور مسئلہ بھی مستنبط ہوتا ہے جس میں علماء کا اختلاف ہے کہ وہ نادار جو صبر کرنے والا ہو اپنے فقر و فاقہ کو کسی پر ظاہر نہ کرتا ہو وہ افضل ہے یا وہ مالدار جو شکر کرنے والا ہو حقوق ادا کرنے والا ہو، اس حدیث سے صابر حاجت مند کی افضلیت پر استدلال کیا جاتا ہے۔

(۳۰) عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

ابو ہریرہ ؓ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اسْتَمَعَ اِلٰى اٰيَةٍ مِّنْ كِتَابِ اللّٰهِ كُتِبَتْ لَهٗ حَسَنَةٌ مُّضَاعَفَةٌ وَمَنْ تَلَاهَا كَانَتْ لَهٗ نُوْرًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ (رواه احمد عن عبادة بن ميسرة واختلف فى توثيقه عن الحسن عن ابى هريرة والجمهور على ان الحسن لم يسمع عن ابى هريرة.)

نقل کیا ہے کہ جو شخص ایک آیت کلام اللہ کی سُنے اس کے لئے دو چند نیکی لکھی جاتی ہے اور جو تلاوت کرے اس کے لئے قیامت کے دن نور ہوگا۔

محدثین نے سند کے اعتبار سے اگرچہ اس میں کلام کیا ہے مگر مضمون بہت سی روایات سے مؤید ہے کہ کلام پاک سننا بھی بہت اجر رکھتا ہے حتّٰی کہ بعض لوگوں نے اس کو پڑھنے سے بھی افضل بتلایا ہے ابن مسعودؓ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضورؐ منبر پر تشریف فرما تھے۔ ارشاد فرمایا کہ مجھے قرآن شریف سُنا، میں نے عرض کیا کہ حضورؐ پر تو خود نازل ہی ہوا، حضورؐ کو کیا سناؤں۔ ارشاد ہوا کہ میرا دل چاہتا ہے کہ سنوں اس کے بعد انھوں نے سنایا تو حضور کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ ایک مرتبہ سالم مولیٰ حذیفہؓ کلام مجید پڑھ رہے تھے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دیر تک کھڑے ہوئے سنتے رہے ابو موسیٰ اشعریؓ کا قرآن شریف سُنا تو تعریف فرمائی۔

(۳۱) عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْجَاهِرُ بِالْقُرْاٰنِ كَالْجَاهِرِ بِالصَّدَقَةِ وَالْمُسِرُّ بِالْقُرْاٰنِ كَالْمُسِرِّ بِالصَّدَقَةِ (رواه الترمذى وابو داؤد والنسائى والحاكم وقال على شرط البخارى)

عقبہ بن عامرؓ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ کلام اللہ کا آواز سے پڑھنے والا علانیہ صدقہ کرنے والے کے مشابہ ہے اور آہستہ پڑھنے والا خفیہ صدقہ کرنے والے کی مانند ہے۔

صدقہ بعض اوقات علانیہ افضل ہوتا ہے جس وقت دوسروں کی ترغیب کا سبب ہو یا اور کوئی مصلحت ہو، اور بعض اوقات مخفی افضل ہوتا ہے جہاں ریا کا شبہ ہو یا دوسرے کی تذلیل ہوتی ہو وغیرہ وغیرہ اسی طرح کلام اللہ شریف کا بعض اوقات میں آواز سے پڑھنا افضل ہے جہاں دوسروں کی ترغیب کا سبب ہو اور اس میں دوسرے کے سننے کا ثواب بھی ہوتا ہے اور بعض اوقات آہستہ پڑھنا افضل ہوتا ہے جہاں دوسروں کو تکلیف ہو یا ریا کا احتمال ہو وغیرہ وغیرہ اسی وجہ سے زور سے اور آہستہ دونوں طرح پڑھنے کی مستقل فضیلتیں بھی آئی ہیں کہ بعض اوقات یہ مناسب تھا اور بعض وقت وہ افضل تھا۔ آہستہ پڑھنے کی فضیلت پر بہت سے لوگوں نے خود اس صدقہ والی حدیث سے بھی استدلال کیا ہے۔ بیہقیؒ نے کتاب الشعب میں (گو یہ روایت بقواعد محدثین ضعیف ہے) حضرت عائشہؓ سے نقل کیا ہے کہ آہستہ کا عمل علانیہ کے عمل سے ستر حصہ

زیادہ بڑھ جاتا ہے۔ جابرؓ نے حضور اکرمؐ سے نقل کیا ہے کہ پکار کر اس طرح مت پڑھو کہ ایک کی آواز دوسرے کے ساتھ خلط ہو جائے، عمر بن عبدالعزیزؒ نے مسجد نبوی میں ایک شخص کو آواز سے تلاوت کرتے سنا تو اس کو منع کرا دیا، پڑھنے والے نے کچھ حجت کی تو عمر بن عبدالعزیزؒ نے فرمایا کہ اگر اللہ کے واسطے پڑھتا ہے تو آہستہ پڑھ اور اگر لوگوں کی خاطر پڑھتا ہے تو پڑھنا بے کار ہے۔ اسی طرح حضورؐ سے پکار کر پڑھنے کا ارشاد بھی نقل کیا گیا۔ شرح احیاء میں دونوں طرح کی روایات و آثار ذکر کئے گئے۔

(۳۲) عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْقُرْاٰنُ شَافِعٌ مُّشَفَّعٌ وَّمَاحِلٌ مُّصَدَّقٌ مَنْ جَعَلَهٗ اَمَامَهٗ قَادَهٗ اِلَى الْجَنَّةِ وَمَنْ جَعَلَهٗ خَلْفَ ظَهْرِهٖ سَاقَهٗ اِلَى النَّارِ (رواہ ابن حبان والحاکم مطولا و صححہ۔

جابرؓ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا کہ قرآن پاک ایسا شفیع ہے جس کی شفاعت قبول کی گئی اور ایسا جھگڑالو ہے کہ جس کا جھگڑا تسلیم کر لیا گیا جو شخص اس کو اپنے آگے رکھے اس کو یہ جنت کی طرف کھینچتا ہے اور جو اس کو پس پشت ڈال دے اس کو جہنم میں گرا دیتا ہے۔

یعنی جس کی یہ شفاعت کرتا ہے اس کی شفاعت حق تعالیٰ شانہٗ کے یہاں مقبول ہے اور جس کے بارے میں جھگڑا کرتا ہے اور جھگڑے کی تفصیل حدیث ۸ کے ذیل میں گذر چکی ہے کہ اپنی رعایت رکھنے والوں کے لیے درجات کے بڑھانے میں اللہ کے دربار میں جھگڑتا ہے اور اپنی حق تلفی کرنے والوں سے مطالبہ کرتا ہے کہ میرا حق کیوں نہیں ادا کیا جو شخص اس کو اپنے پاس رکھ لے یعنی اس کا اتباع اور اس کی پیروی اپنا دستور العمل بنا لے اس کو جنت میں پہنچا دیتا ہے اور جو اس کو پشت کے پیچھے ڈال دے یعنی اس کا اتباع نہ کرے اس کا جہنم میں گرنا ظاہر ہے۔ بندہ کے نزدیک کلام پاک کے ساتھ لاپرواہی برتنا بھی اس کے مفہوم میں داخل ہو سکتا ہے متعدد احادیث میں کلام اللہ شریف کے ساتھ بے پروائی پر وعید وارد ہوئی ہیں، بخاری شریف کی اس طویل حدیث میں جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو بعض سزاؤں کی سیر کرائی گئی۔ ایک شخص کا حال دکھلایا گیا جس کے سر پر ایک پتھر اس زور سے مارا جاتا تھا کہ اس کا سر کچل جاتا تھا حضورؐ کے دریافت فرمانے پر تلایا گیا کہ اس شخص کو حق تعالیٰ شانہٗ نے اپنا کلام سکھلایا تھا، مگر اس نے نہ شب کو اس کی تلاوت کی نہ دن میں اس پر عمل کیا، لہٰذا قیامت تک اس کے ساتھ یہی معاملہ رہے گا۔ حق تعالیٰ شانہٗ اپنے لطف کے ساتھ اپنے عذاب سے محفوظ رکھیں کہ درحقیقت کلام اللہ شریف اتنی بڑی نعمت ہے کہ اس کے ساتھ بے توجہی پر جو سزا دی جاوے مناسب ہے۔

(۳۳) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلصِّيَامُ وَالْقُرْاٰنُ يَشْفَعَانِ

عبداللہ بن عمروؓ حضورؐ سے نقل کرتے ہیں کہ روزہ اور قرآن شریف دونوں بندہ کے لیے شفاعت

لِلْعَبْدِ يَقُوْلُ الصِّيَامُ رَبِّ اِنِّيْ مَنَعْتُهُ الطَّعَامَ وَالشَّرَابَ فِي النَّهَارِ فَشَفِّعْنِيْ فِيْهِ وَيَقُوْلُ الْقُرْاٰنُ رَبِّ مَنَعْتُهُ النَّوْمَ بِاللَّيْلِ فَشَفِّعْنِيْ فِيْهِ فَيُشَفَّعَانِ (رواه احمد وابن ابی الدنیا والطبرانی فی الکبیر والحاکم وقال صحیح علی شرط مسلم)

کرتے ہیں روزہ عرض کرتا ہے کہ یا اللہ میں نے اس کو دن میں کھانے پینے سے روکے رکھا میری شفاعت قبول کیجئے اور قرآن کہتا ہے کہ یا اللہ میں نے رات کو اس کو سونے سے روکا میری شفاعت قبول کیجئے، پس دونوں کی شفاعت قبول کی جاتی ہے۔

ترغیب میں الطعام والشراب کا لفظ ہے جس کا ترجمہ کیا گیا۔ حاکم میں شراب کی جگہ شہوات کا لفظ ہے یعنی میں نے روزہ دار کو دن میں کھانے اور خواہشاتِ نفسانیہ سے روکا، اس میں اشارہ ہے کہ روزہ دار کو خواہشاتِ نفسانیہ سے جدا رہنا چاہیے اگرچہ وہ جائز ہوں جیسا کہ پیار کرنا، لپٹانا۔ بعض روایات میں آیا ہے کہ کلام مجید جوانمرد کی شکل میں آئے گا اور کہے گا کہ میں ہی ہوں جس نے تجھے راتوں کو جگایا اور دن کو پیاسا رکھا۔ نیز اس حدیث شریف میں اشارہ ہے اس طرف کہ کلام اللہ شریف کے حفظ کا مقتضیٰ یہ ہے کہ رات کو نوافل میں اس کی تلاوت بھی کرے حدیث ۲۷ میں اس کی تصریح بھی گذر چکی، خود کلام پاک میں متعدد جگہ اس کی ترغیب نازل ہوئی۔ ایک جگہ ارشاد ہے وَمِنَ اللَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ دوسری جگہ ارشاد ہے وَمِنَ اللَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيْلًا ایک جگہ ارشاد ہے يَتْلُوْنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ اٰنَآءَ اللَّيْلِ وَهُمْ يَسْجُدُوْنَ ایک جگہ ارشاد ہے وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِيَامًا چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرات صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کو بعض مرتبہ تلاوت کرتے ہوئے تمام تمام رات گذر جاتی تھی۔ حضرت عثمانؓ سے مروی ہے کہ بعض مرتبہ وتر کی ایک رکعت میں وہ تمام قرآن شریف پڑھا کرتے تھے۔ اسی طرح عبداللہ بن زبیرؓ بھی ایک رات میں تمام قرآن شریف پورا فرمالیا کرتے تھے۔ سعید بن جبیرؒ نے دو رکعت میں کعبہ کے اندر تمام قرآن شریف پڑھا۔ ثابت بنانی دن رات میں ایک قرآن شریف ختم کرتے تھے اور اسی طرح ابوحرۃ بھی۔ ابوشیخ ہنائی کہتے ہیں کہ میں نے ایک رات میں دو کلام مجید پورے اور تیسرے میں سے دس پارے پڑھے۔ اگر چاہتا تو تیسرا بھی پورا کرلیتا۔ صالح بن کیسانؒ حج کو گئے تو راستے میں اکثر ایک رات میں دو کلام مجید پورے کرتے تھے۔ منصور بن زاذان صلوٰۃ الضحیٰ میں ایک کلام مجید اور دوسرا ظہر سے عصر تک پورا کرتے تھے اور تمام رات نوافل میں گذارتے تھے اور اتنا روتے تھے کہ عمامہ کا شملہ تر ہو جاتا تھا۔ اسی طرح اور حضرات بھی جیسا کہ محمد بن نصرؒ نے قیام اللیل میں تخریج کیا ہے۔ شرح احیاء میں لکھا ہے کہ سلف کی عادات ختم قرآن میں مختلف رہی ہیں بعض حضرات ایک ختم

روزانہ کرتے تھے جیسا کہ امام شافعیؒ غیر رمضان المبارک میں اور بعض دو ختم روزانہ کرتے تھے، جیسا کہ خود امام شافعیؒ صاحب کا معمول رمضان المبارک میں تھا اور یہی معمول اسودؒ اور صالح بن کیسان، سعید بن جبیر اور ایک جماعت کا تھا۔ بعض کا معمول تین ختم روزانہ کا تھا چنانچہ سلیم بن عتر جو بڑے تابعین میں شمار کیے جاتے ہیں حضرت عمرؓ کے زمانے میں فتح مصر میں شریک تھے اور حضرت معاویہؓ نے قصص کا امیران کو بنایا تھا ان کا معمول تھا کہ ہر شب میں تین ختم قرآن شریف کرتے تھے، نووی کتاب الاذکار میں نقل کرتے ہیں کہ زیادہ سے زیادہ مقدار جو تلاوت کے باب میں ہم کو پہنچی ہے وہ ابن الکاتب کا معمول تھا کہ دن رات میں آٹھ قرآن شریف روزانہ پڑھتے تھے۔ ابن قدامہؒ نے امام احمدؒ سے نقل کیا ہے کہ اس کی کوئی تحدید نہیں پڑھنے والے کے نشاط پر موقوف ہے، اہل تاریخ نے امام اعظمؒ سے نقل کیا ہے کہ رمضان شریف میں اکسٹھ قرآن شریف پڑھتے تھے ایک دن کا اور ایک رات کا اور ایک تمام رمضان شریف میں تراویح کا۔ مگر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تین دن سے کم میں ختم کرنے والا تدبر نہیں کر سکتا۔ اسی وجہ سے ابن حزم وغیرہ نے تین دن سے کم میں ختم کو حرام بتلایا ہے بندہ کے نزدیک یہ حدیث شریف باعتبار اکثر افراد کے ہے اس لیے کہ صحابہؓ کی ایک جماعت سے اس سے کم میں پڑھنا بھی ثابت ہے۔ اسی طرح زیادتی میں بھی جمہور کے نزدیک تحدید نہیں جتنے ایام میں بسہولت ہو سکے۔ کلام مجید ختم کرے، مگر بعض علماء کا مذہب ہے کہ چالیس دن سے زائد ایک قرآن شریف میں خرچ نہ ہوں جس کا حاصل یہ ہے کہ کم از کم تین پاؤ روزانہ پڑھنا ضروری ہے۔ اگر کسی وجہ سے کسی دن نہ پڑھ سکے تو دوسرے دن اس کی قضا کرلے۔ غرض چالیس دن کے اندر اندر ایک مرتبہ کلام مجید پورا ہو جاوے جمہور کے نزدیک اگرچہ یہ ضروری نہیں مگر جب بعض علماء کا مذہب ہے تو احتیاط اس میں ہے کہ اس سے کم نہ ہو۔ نیز بعض احادیث سے اس کی تائید بھی ہوتی ہے صاحبؒ مجمع نے ایک حدیث نقل کی ہے مَنْ قَرَأَ الْقُرْاٰنَ فِیْ اَرْبَعِیْنَ لَیْلَۃً فَقَدْ عَزَّبَ جس شخص نے قرآن شریف چالیس رات میں ختم کیا اس نے بہت دیر کی۔ بعض علماء کا فتویٰ ہے کہ ہر مہینہ میں ایک ختم کرنا چاہیے اور بہتر یہ ہے کہ سات روز میں ایک کلام مجید ختم کرلے کہ صحابہؓ کا معمول عامۃً یہی نقل کیا جاتا ہے جمعہ کے روز شروع کرے اور سات روز میں ایک منزل روزانہ کر کے پنج شنبہ کے روز ختم کرلے امام صاحبؒ کا مقولہ پہلے گذر چکا کہ سال میں دو مرتبہ ختم کرنا قرآن شریف کا حق ہے، لہٰذا اس سے کم کسی طرح نہ ہونا چاہیے۔ ایک حدیث میں وارد ہے کہ کلام پاک کا ختم اگر دن کے شروع میں ہو تو تمام دن، اور رات کے شروع میں ہو تو تمام رات ملائکہ اس کے لیے رحمت کی دعا کرتے ہیں۔ اسی

سے بعض مشائخ نے استنباط فرمایا ہے کہ گرمی کے ایام میں دن کے ابتدا میں ختم کرے اور موسم سرما میں ابتدائی شب میں تاکہ بہت سا وقت ملائکہ کی دعا کا میسر ہو۔

(۳۴) عَنْ سَعِيْدِ بْنِ سُلَيْمٍ مُرْسَلًا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ شَفِيْعٍ أَفْضَلُ مَنْزِلَةً عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الْقُرْاٰنِ لَا نَبِيٌّ وَلَا مَلَكٌ وَلَا غَيْرُهٗ قَالَ الْعِرَاقِيُّ دَرَوَاهُ عبد الملك بن حبيب كذا في شرح الاحياء)

سعیدؓ بن سلیم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ قیامت کے دن اللہ کے نزدیک کلام پاک سے بڑھ کر کوئی سفارش کرنے والا نہ ہوگا نہ کوئی نبی نہ فرشتہ وغیرہ۔

کلام اللہ شریف کا شفیع اور اس درجہ کا شفیع ہونا جس کی شفاعت مقبول ہے اور بھی متعدد روایات سے معلوم ہو چکا، حق تعالیٰ شانہ اپنے فضل سے میرے اور تمہارے لیے اس کو شفیع بنا دے نہ کہ فریق مخالف اور مدعی، لآلی مصنوعہ (نام کتاب ۱۲) میں بزار کی روایت سے نقل کیا ہے اور وضع کا حکم بھی اس پر نہیں لگایا کہ جب آدمی مرتا ہے تو اس کے گھر کے لوگ تجہیز و تکفین میں مشغول ہوتے ہیں اور اس کے سرہانے نہایت حسین و جمیل صورت میں ایک شخص ہوتا ہے جب کفن دیا جاتا ہے تو وہ شخص کفن کے اور سینہ کے درمیان ہوتا ہے، جب دفن کرنے کے بعد لوگ لوٹتے ہیں اور منکر نکیر آتے ہیں تو وہ اس شخص کو علیحدہ کرنا چاہتے ہیں کہ سوال یکسوئی میں کریں مگر یہ کہتا ہے کہ یہ میرا ساتھی ہے میرا دوست ہے میں کسی حال میں اس کو تنہا نہیں چھوڑ سکتا، تم سوالات کے اگر مامور ہو تو اپنا کام کرو میں اس وقت اس سے جدا نہیں ہو سکتا کہ جنت میں داخل کراؤں. اس کے بعد وہ اپنے ساتھی کی طرف متوجہ ہو کر کہتا ہے کہ میں ہی وہ قرآن ہوں جس کو تو کبھی بلند پڑھتا تھا اور کبھی آہستہ، تو بے فکر رہ. منکر نکیر کے سوالات کے بعد تجھے کوئی غم نہیں ہے اس کے بعد جب وہ اپنے سوالات سے فارغ ہو جاتے ہیں تو یہ ملاء اعلیٰ سے بستر وغیرہ کا انتظام کرتا ہے جو ریشم کا ہوتا ہے اور اس کے درمیان مشک بھرا ہوا ہوتا ہے. حق تعالیٰ اپنے فضل سے مجھے بھی نصیب فرما دیں اور تمہیں بھی. یہ حدیث بڑے فضائل پر شامل ہے جس کو تطویل کے خوف سے مختصر کر دیا۔

(۳۵) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَرَأَ الْقُرْاٰنَ فَقَدِ اسْتَدْرَجَ النُّبُوَّةَ بَيْنَ جَنْبَيْهِ غَيْرَ اَنَّهٗ لَا يُوْحٰى اِلَيْهِ لَا يَنْبَغِيْ لِصَاحِبِ الْقُرْاٰنِ اَنْ يَّجِدَ مَعَ مَنْ وَّجَدَ وَلَا

عبد اللہ بن عمروؓ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کیا ہے کہ جس شخص نے کلام اللہ شریف پڑھا اس نے علوم نبوت کو اپنی پسلیوں کے درمیان لے لیا، گو اس کی طرف وحی نہیں بھیجی جاتی، حامل

يَجْهَلَ مَعَ مَنْ جَهِلَ وَفِي جَوْفِهٖ كَلَامُ اللّٰهِ (رواه الحاكم وقال صحيح الاسناد)

قرآن کے لیے مناسب نہیں کہ غصہ والوں کے ساتھ غصہ کرے یا جاہلوں کے ساتھ جہالت کرے، حالانکہ اس کے پیٹ میں اللہ کا کلام ہے۔

چونکہ وحی کا سلسلہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ختم ہوگیا اس لیے وحی تو اب نہیں آسکتی لیکن چونکہ یہ حق سبحانہٗ وتقدس کا پاک کلام ہے اس لیے علم نبوت ہونے میں کیا تامل ہے، اور جب کوئی شخص علوم نبوت سے نوازا جاوے تو نہایت ہی ضروری ہے کہ اس کے مناسب بہترین اخلاق پیدا کرے اور بُرے اخلاق سے احتراز کرے۔ فضیل بن عیاضؒ کہتے ہیں کہ حافظِ قرآن اسلام کا جھنڈا اٹھانے والا ہے اس کے لیے مناسب نہیں کہ لہو ولعب میں لگنے والوں میں لگ جاوے یا غافلین میں شریک ہو جاوے یا بے کار لوگوں میں داخل ہو جاوے۔

(۳۶) عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةٌ لَا يَهُوْلُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ وَلَا يَنَالُهُمُ الْحِسَابُ هُمْ عَلٰى كَثِيْبٍ مِّنْ مِّسْكٍ حَتّٰى يُفْرَغَ مِنْ حِسَابِ الْخَلَائِقِ رَجُلٌ قَرَأَ الْقُرْاٰنَ اِبْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ وَاَمَّ بِهٖ قَوْمًا وَهُمْ بِهٖ رَاضُوْنَ وَدَاعٍ يَدْعُوْا اِلَى الصَّلٰوةِ اِبْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ، وَرَجُلٌ اَحْسَنَ فِيْمَا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ رَبِّهٖ وَفِيْمَا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ مَوَالِيْهِ (رواه الطبراني في المعاجم الثلاثة)

ابن عمرؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ تین آدمی ایسے ہیں جن کو قیامت کا خوف دامنگیر نہ ہوگا نہ ان کو حساب کتاب دینا پڑے گا، اتنے مخلوق اپنے حساب کتاب سے فارغ ہو وہ مشک کے ٹیلوں پر تفریح کریں گے ایک وہ شخص جس نے اللہ کے واسطے قرآن شریف پڑھا اور امامت کی اس طرح پر کہ مقتدی اس سے راضی رہے دوسرا وہ شخص جو لوگوں کو نماز کے لیے بُلاتا ہو صرف اللہ کے واسطے تیسرا وہ شخص جو اپنے مالک سے بھی اچھا معاملہ رکھے اور اپنے ماتحتوں سے بھی۔

قیامت کی سختی اس کی دہشت اس کا خوف اس کی مصیبتیں اور تکالیف ایسی نہیں کہ کسی مسلمان کا دل اس سے خالی ہو یا بے خبر ہو، اس دن میں کسی بات کی وجہ سے بے فکری نصیب ہو جاوے یہی لاکھوں نعمتوں سے بڑھ کر اور کروڑوں راحتوں سے مغتنم ہے پھر اس کے ساتھ اگر تفریح وتنعم بھی نصیب ہو جاوے تو خوش نصیب اس شخص کے جس کو یہ میسر ہو اور بربادی وخسران ہے ان بے حسوں کے لیے جو اس کو لغو بے کار اور اضاعتِ وقت سمجھتے ہیں، معجم کبیر میں اس حدیث شریف کے شروع میں روایت کرنے والے صحابی عبداللہ بن عمرؓ سے نقل کیا ہے کہ اگر میں نے اس حدیث کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ

وسلم سے ایک مرتبہ اور ایک مرتبہ اور ایک مرتبہ غرض سات دفعہ یہ لفظ کہا، یعنی اگر سات مرتبہ نہ سنا ہوتا تو کبھی نقل نہ کرتا۔

(۳۷) عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا اَبَا ذَرٍّ لَاَنْ تَغْدُوَ فَتَعَلَّمَ اٰیَۃً مِّنْ کِتَابِ اللّٰہِ خَیْرٌ لَّکَ مِنْ اَنْ تُصَلِّیَ مِائَۃَ رَکْعَۃٍ وَلَاَنْ تَغْدُوَ فَتَعَلَّمَ بَابًا مِّنَ الْعِلْمِ عُمِلَ بِہٖ اَوْ لَمْ یُعْمَلْ بِہٖ خَیْرٌ مِّنْ اَنْ تُصَلِّیَ اَلْفَ رَکْعَۃٍ (رواہ ابن ماجہ باسناد حسن)

ابو ذرؓ کہتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اے ابو ذر اگر تو صبح کو جا کر ایک آیت کلام اللہ شریف کی سیکھ لے تو نوافل کی سو رکعات سے افضل ہے اور اگر ایک باب علم کا سیکھ لے، خواہ اس وقت وہ معمول بہ ہو یا نہ ہو تو ہزار رکعت نفل پڑھنے سے بہتر ہے۔

بہت سی احادیث اس مضمون میں وارد ہیں کہ علم کا سیکھنا عبادت سے افضل ہے فضائل علم میں جس قدر روایات وارد ہوئی ہیں ان کا احاطہ بالخصوص اس مختصر میں دشوار ہے۔ حضورؐ کا ارشاد ہے کہ عالم کی عابد پر فضیلت ایسی ہے جیسا کہ میری فضیلت تم میں سے ادنیٰ شخص پر۔ ایک جگہ ارشاد ہے کہ شیطان پر ایک فقیہ ہزار عابدوں سے زیادہ سخت ہے۔

(۳۸) عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ عَشْرَ اٰیَاتٍ فِیْ لَیْلَۃٍ لَمْ یُکْتَبْ مِنَ الْغَافِلِیْنَ (رواہ الحاکم وقال صحیح علی شرط مسلم)

ابو ہریرہؓ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ جو شخص دس آیتوں کی تلاوت کسی رات میں کرے وہ اس رات میں غافلین سے شمار نہیں ہوگا۔

دس آیات کی تلاوت سے جس کے پڑھنے میں چند منٹ صرف ہوتے ہیں تمام رات کی غفلت سے نکل جاتا ہے، اس سے بڑھ کر اور کیا فضیلت ہوگی۔

(۳۹) عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ حَافَظَ عَلٰی ھٰٓؤُلَآءِ الصَّلَوٰاتِ الْمَکْتُوْبَاتِ لَمْ یُکْتَبْ مِنَ الْغَافِلِیْنَ وَمَنْ قَرَأَ فِیْ لَیْلَۃٍ مِّائَۃَ اٰیَۃٍ کُتِبَ مِنَ الْقَانِتِیْنَ (رواہ ابن خزیمہ فی صحیحہ والحاکم وقال صحیح علی شرطہما)

ابو ہریرہؓ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کیا ہے کہ جو شخص ان پانچوں فرض نمازوں پر مداومت کرے وہ غافلین سے نہیں لکھا جائے گا جو شخص سو آیات کی تلاوت کسی رات میں کرے وہ اس رات میں قانتین سے لکھا جاوے گا۔

حسن بصریؒ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ جو شخص سو آیتیں رات کو پڑھے

کلام اللہ شریف کے مطالبے سے بچ جاوے گا اور جو دو سو پڑھ لے تو اس کو رات بھر کی عبادت کا ثواب ملے گا اور جو پانچ سو سے ہزار تک پڑھ لے اس کے لئے ایک قنطار ہے صحابہؓ نے پوچھا کہ قنطار کیا ہوتا ہے حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ بارہ ہزار کے برابر (درہم مراد ہوں یا دینار)

(۴۰) عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ نَزَلَ جِبْرَئِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ سَتَكُوْنُ فِتَنٌ قَالَ فَمَا الْمَخْرَجُ مِنْهَا يَا جِبْرَئِيْلُ قَالَ كِتَابُ اللّٰهِ (رواہ رزین کذا فی الرحمۃ المہداۃ)

ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع دی کہ بہت سے فتنے ظاہر ہوں گے حضورؐ نے دریافت فرمایا کہ ان سے خلاصی کی کیا صورت ہے انہوں نے کہا کہ قرآن شریف۔

کتاب اللہ پر عمل بھی فتنوں سے بچنے کا کفیل ہے اور اس کی تلاوت کی برکت بھی فتنوں سے خلاصی کا سبب ہے، حدیث ۲۲ میں گذر چکا کہ جس گھر میں کلام پاک کی تلاوت کی جاتی ہے سکینہ اور رحمت اس گھر میں نازل ہوتی ہے اور شیاطین اس گھر سے نکل جاتے ہیں، فتنوں سے مراد خروج دجال، فتنۂ تاتار وغیرہ علماء نے بتلائے ہیں، حضرت علی کرم اللہ وجہٗ سے بھی ایک طویل روایت میں حدیث بالا کا مضمون وارد ہوا ہے کہ حضرت علیؓ کی روایت میں وارد ہے کہ حضرت یحییٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل سے کہا کہ حق تعالیٰ شانہٗ تم کو اپنے کلام کے پڑھنے کا حکم فرماتا ہے اور اس کی مثال ایسی ہے کہ جیسے کوئی قوم اپنے قلعہ میں محفوظ ہو اور اس کی طرف کوئی دشمن متوجہ ہو کہ جس جانب سے بھی وہ حملہ کرنا چاہے اسی جانب میں اللہ کی کلام کو اس کا محافظ پاوے گا اور وہ اس دشمن کو دفع کر دے گا۔

خاتمہ

فِيْ عِدَّةِ رِوَايَاتٍ زَائِدَةٍ عَلَى الْاَرْبَعِيْنَةِ لَابُدَّ مِنْ ذِكْرِهَا لِاَغْرَاضٍ تُنَاسِبُ الْمَقَامَ

(۱) عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ مُرْسَلًا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ شِفَاءٌ مِّنْ كُلِّ دَاءٍ۔ (رواہ الدارمی والبیہقی فی شعب الایمان)

عبدالملک بن عمیرؒ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ سورۂ فاتحہ میں ہر بیماری سے شفا ہے۔

خاتمہ میں بعض ایسی سورتوں کے فضائل ہیں جو پڑھنے میں بہت مختصر لیکن فضائل میں بہت بڑھی ہوئی ہیں اور اسی طرح دو ایک ایسے خاص امر ہیں جن پر تنبیہ قرآن پڑھنے والے کے لئے ضروری ہے۔

سورۂ فاتحہ کے فضائل بہت سی روایات میں وارد ہوئے ہیں ایک حدیث میں آیا ہے کہ ایک صحابی نماز پڑھتے تھے حضورؐ نے ان کو بلایا وہ نماز کی وجہ سے جواب نہ دے سکے جب فارغ ہوکر حاضر ہوئے تو حضورؐ نے فرمایا کہ میرے پکارنے پر جواب کیوں نہیں دیا، انہوں نے نماز کا عذر کیا حضور نے فرمایا کہ قرآن شریف کی آیت میں نہیں پڑھا یَاۤ اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِیْبُوْا لِلّٰہِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاکُمْ (اے ایمان والو اللہ اور اس کے رسول کی پکار کا جواب دو جب بھی تم کو بلاویں) پھر حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ تجھے قرآن شریف کی سب سے بڑی سورت یعنی سب سے افضل بتلاؤں گا پھر حضور نے فرمایا کہ وہ اَلْحَمْدُ کی سات آیتیں ہیں، یہ سبع مثانی ہیں اور قرآن عظیم بعض صوفیا سے منقول ہے کہ جو کچھ پہلی کتابوں میں تھا وہ سب کلام پاک میں آگیا اور جو کلام پاک میں ہے وہ سب سورۂ فاتحہ میں آگیا اور جو کچھ فاتحہ میں ہے وہ بسم اللہ میں آگیا اور جو بسم اللہ میں ہے وہ اس کی ب میں آگیا۔ اس کی شرح بتلاتے ہیں کہ ب کے معنی اس جگہ ملانے کے ہیں اور مقصود سب چیز سے بندہ کا اللہ جل شانہٗ کے ساتھ ملا دینا ہے بعض نے اس کے آگے اضافہ کیا ہے کہ ب میں جو کچھ ہے وہ اس کے نقطہ میں آگیا یعنی وحدانیت کہ نقطہ اصطلاح میں کہتے ہیں اس چیز کو جس کی تقسیم ہو سکتی ہو، بعض مشائخ سے منقول ہے کہ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ تمام مقاصد دینی و دنیوی آگئے۔ ایک دوسری روایت میں حضورؐ کا ارشاد وارد ہوا ہے کہ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ اس جیسی سورت نازل نہیں ہوئی، نہ توراۃ میں، نہ انجیل میں، نہ زبور میں، نہ بقیہ قرآن پاک میں۔ مشائخ نے لکھا ہے کہ اگر سورۂ فاتحہ کو ایمان و یقین کے ساتھ پڑھے تو ہر بیماری سے شفا ہوتی ہے دینی ہو یا دنیوی ظاہری ہو یا باطنی لکھ کر لٹکانا اور چاٹنا بھی امراض کے لیے نافع ہے۔ صحاح کی کتابوں میں وارد ہے کہ صحابہؓ نے سانپ بچھو کے کاٹے ہوؤں پر اور مرگی والوں پر اور دیوانوں پر سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کیا اور حضورؐ نے اس کو جائز بھی رکھا، نیز ایک روایت میں آیا ہے کہ سائبؓ بن یزید پر حضورؐ نے اس سورت کو دم فرمایا اور یہ سورت پڑھ کر لعاب دہن درد کی جگہ لگایا۔ اور ایک روایت میں آیا ہے کہ جو شخص سونے کے ارادے سے لیٹے اور سورہ فاتحہ، اور قل ہو اللہ احد پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلے موت کے سوا ہر بلا سے امن پاوے۔ ایک روایت میں آیا ہے کہ سورۂ فاتحہ ثواب میں دو تہائی قرآن کے برابر ہے ایک روایت میں آیا ہے کہ عرش کے خاص خزانے سے مجھکو چار چیزیں ملی ہیں کہ اور کوئی چیز اس خزانے سے کسی کو نہیں ملی (۱) سورۂ فاتحہ (۲) آیۃ الکرسی (۳) سورہ بقرہ کی اخیر آیات اور (۴) سورۂ کوثر، ایک روایت میں آیا ہے کہ حسن بصریؒ حضورؐ سے نقل کرتے ہیں کہ جس نے سورۂ فاتحہ کو پڑھا اس نے گویا توراۃ، انجیل، زبور اور قرآن

Shg

شریف کو پڑھا ایک روایت میں آیا ہے کہ ابلیس کو اپنے اوپر نوحہ اور زاری اور سر پر خاک ڈالنے کی چار مرتبہ نوبت آئی اوّل جب کہ اس پر لعنت ہوئی، دوسرے جبکہ اس کو آسمان سے زمین پر ڈالا گیا، تیسرے جبکہ حضور اکرم کو نبوت ملی چوتھے جبکہ سورۂ فاتحہ نازل ہوئی، شعبیؒ سے روایت ہے کہ ایک شخص ان کے پاس آیا اور دردِ گردہ کی شکایت کی، شعبیؒ نے کہا کہ اساس القرآن پڑھ کر درد کی جگہ دم کر، اس نے پوچھا کہ اساس القرآن کیا ہے شعبیؒ نے کہا سورۂ فاتحہ۔ مشائخ کے اعمال مجرب میں لکھا ہے کہ سورۂ فاتحہ اسم اعظم ہے ہر مطلب کے لیے پڑھنی چاہیے اور اس کے دو طریقے ہیں ایک یہ کہ صبح کی سنت اور فرض کے درمیان بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے میم کے ساتھ الحمد للہ کا لام ملا کر اکتالیس بار چالیس دن تک پڑھے جو مطلب ہوگا ان شاء اللہ تعالیٰ حاصل ہوگا اور اگر کسی مریض یا جادو کیے ہوئے کے لیے ضرورت ہو تو پانی پر دم کر کے اس کو پلاوے دوسرے یہ کہ نوچندی اتوار کو صبح کی سنت اور فرض کے درمیان بلا قید میم ملانے کے ستر بار پڑھے، اور اس کے بعد ہر روز اسی وقت پڑھے اور دس دس بار کم کرتا جاوے یہاں تک کہ ہفتہ ختم ہو جاوے۔ اول مہینے میں اگر مطلب پورا ہو جاوے تو فبہا ورنہ دوسرے تیسرے مہینے میں اسی طرح کرے نیز اس سورت کا چینی کے برتن پر گلاب اور مشک و زعفران سے لکھ کر اور دھو کر پلانا چالیس روز تک، امراض مزمنہ[1] کے لیے مجرب ہے۔ نیز دانتوں کے درد، اور سر کے درد، پیٹ کے درد کے لیے سات بار پڑھ کر دم کرنا مجرب ہے۔ یہ سب مضمون مظاہر حق سے مختصر طور سے نقل کیا گیا۔

مسلم شریف کی ایک حدیث میں ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ حضورؐ ایک مرتبہ تشریف فرما تھے حضورؐ نے فرمایا کہ آسمان کا ایک دروازہ آج کھلا ہے جو آج سے قبل کبھی نہیں کھلا تھا، پھر اس میں سے ایک فرشتہ نازل ہوا۔ حضورؐ نے فرمایا کہ یہ ایک فرشتہ نازل ہوا جو آج سے قبل کبھی نازل نہیں ہوا تھا، پھر اس فرشتہ نے عرض کیا کہ دو نوروں کی بشارت لیجیے جو آپ سے قبل کسی کو نہیں دیے گئے ایک سورہ فاتحہ، دوسرا خاتمہ سورۂ بقرہ یعنی سورۂ بقرہ کا اخیر رکوع۔ ان کو نور اس لئے فرمایا کہ قیامت کے دن اپنے پڑھنے والے کے آگے آگے چلیں گے۔

(۲) عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ قَالَ بَلَغَنِي أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَرَأَ يٰسٓ فِي صَدْرِ النَّهَارِ قُضِيَتْ حَوَائِجُهُ

(رواه الدارمي)

عطا ابن ابی رباحؒ کہتے ہیں کہ مجھے حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد پہنچا ہے کہ جو شخص سورۂ یٰسٓ کو شروع دن میں پڑھے اس کی تمام دن کی حوائج پوری ہو جائیں۔

احادیث میں سورۂ یٰسٓ کے بھی بہت سے فضائل وارد ہوئے ہیں۔ ایک روایت میں وارد ہوا ہے

[1] یعنی کہنہ، پرانے

کہ ہر چیز کے لئے ایک دل ہوا کرتا ہے. قرآن شریف کا دل سورۂ یٰسٓ ہے جو شخص سورۂ یٰسٓ پڑھتا
ہے حق تعالیٰ شانہٗ اس کے لئے دس قرآنوں کا ثواب لکھتا ہے۔ ایک روایت میں آتا ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ
نے سورۂ طٰہٰ اور سورۂ یٰسٓ کو آسمان و زمین کے پیدا کرنے سے ہزار برس پہلے پڑھا جب فرشتوں نے
سُنا تو کہنے لگے کہ خوش حالی ہے اس اُمت کے لئے جن پر یہ قرآن اُتارا جائے گا اور خوش حالی ہے ان دِلوں
کے لئے جو اس کو اٹھائیں گے یعنی یاد کریں گے اور خوش حالی ہے اُن زبانوں کے لئے جو اس کو تلاوت
کریں گی ایک حدیث میں ہے کہ جو شخص سورۂ یٰسٓ کو صرف اللہ کی رضا کے واسطے پڑھے اس کے پہلے
سب گناہ معاف ہو جاتے ہیں، پس اس سورت کو اپنے مُردوں پر پڑھا کرو، ایک روایت میں آیا ہے کہ
سورۂ یٰسٓ کا نام توراۃ میں مُعِمَّہ ہے کہ اپنے پڑھنے والے کیلئے دنیا و آخرت کی بھلائیوں پر مشتمل ہے اور اس
سے دنیا و آخرت کی مصیبت کو دُور کرتی ہے اور آخرت کی ہَول کو دور کرتی ہے، اس سورت کا نام رَافِعہ
خَافِضہ بھی ہے یعنی مومنوں کے رُتبے بلند کرنے والی اور کافروں کو پست کرنے والی۔ ایک روایت میں ہے
کہ حضور اکرمؐ نے ارشاد فرمایا کہ میرا دل چاہتا ہے کہ سورۂ یٰسٓ میرے ہر اُمتی کے دِل میں ہو، ایک روایت میں
ہے کہ جس نے سورۂ یٰسٓ کو ہر رات میں پڑھا پھر مرگیا تو شہید مرا۔ ایک روایت میں ہے کہ جو یٰسٓ کو پڑھتا
ہے اس کی مغفرت کی جاتی ہے اور جو بھوک کی حالت میں پڑھتا ہے وہ سیر ہو جاتا ہے اور جو راستہ گم ہو
جانے کی وجہ سے پڑھتا ہے وہ راستہ پالیتا ہے اور جو شخص جانور کے گم ہو جانے کی وجہ سے پڑھے وہ پالیتا
ہے اور جو ایسی حالت میں پڑھے کہ کھانا کم ہو جانے کا خوف ہو تو وہ کھانا کافی ہو جاتا ہے اور جو ایسے شخص
کے پاس پڑھے جو نزع میں ہو تو اس پر نزع میں آسانی ہو جاتی ہے اور جو ایسی عورت پر پڑھے جس کے بچہ
ہونے میں دشواری ہو رہی ہو اس کے لئے بچہ جننے میں سہولت ہوتی ہے مقریؒ کہتے ہیں کہ جب بادشاہ یا دشمن
کا خوف ہو اور اس کے لئے سورۂ یٰسٓ پڑھے تو وہ خوف جاتا رہتا ہے۔ ایک روایت میں آتا ہے کہ جس
نے سورۂ یٰسٓ اور والصّٰفّٰت جمعہ کے دن پڑھی اور پھر اللہ سے دعا کی اس کی دعا پوری ہوتی ہے
داس کا بھی اکثر مظاہر حق سے منقول ہے مگر مشائخ حدیث کو بعض روایات کی صحت میں کلام ہے۔

(۳) عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ سُوْرَۃَ الْوَاقِعَۃِ فِیْ کُلِّ لَیْلَۃٍ لَمْ تُصِبْہُ فَاقَۃٌ اَبَدًا وَکَانَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ یَأْمُرُ بَنَاتِہٖ یَقْرَأْنَ بِھَا کُلَّ لَیْلَۃٍ (رواہ البیہقی فی شعب)

ابن مسعودؓ نے حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جو شخص ہر رات کو سورۂ واقعہ پڑھے اس کو کبھی فاقہ نہیں ہوگا اور ابن مسعودؓ اپنی بیٹیوں کو حکم فرمایا کرتے تھے کہ ہر شب میں اس سورۃ کو پڑھیں۔

سورۂ واقعہ کے فضائل بھی متعدد روایات میں وارد ہوئے ہیں ایک روایت میں آیا ہے کہ جو شخص سورۂ حدید اور سورۂ واقعہ اور سورۂ رحمٰن پڑھتا ہے وہ جنت الفردوس کے رہنے والوں میں پکارا جاتا ہے ایک روایت میں ہے کہ سورۂ واقعہ سورۃ الغنی ہے اس کو پڑھو اور اپنی اولاد کو سکھاؤ۔ ایک روایت میں ہے کہ اس کو اپنی بیبیوں کو سکھاؤ اور حضرت عائشہؓ سے بھی اس کے پڑھنے کی تاکید منقول ہے مگر بہت ہی پست خیالی ہے کہ چار پیسے کے لئے اس کو پڑھا جاوے، البتہ اگر غنائے قلب اور آخرت کی نیت سے پڑھے تو دنیا خود بخود ہاتھ جوڑ کر حاضر ہوگی۔

(۴) عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ سُوْرَةً فِی الْقُرْاٰنِ ثَلٰثُوْنَ اٰيَةً شَفَعَتْ لِرَجُلٍ حَتّٰى غُفِرَ لَهٗ وَهِیَ تَبَارَكَ الَّذِیْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ (رواه احمد وابوداؤد والنسائی وابن ماجہ والحاکم وصححہ وابن حبان فی صحیحہ)

ابوہریرہؓ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ قرآن شریف میں ایک سورۃ تیس آیات کی ایسی ہے کہ وہ اپنے پڑھنے والے کی شفاعت کرتی رہتی ہے یہاں تک کہ اس کی مغفرت کرادے وہ سورۃ تبارک الذی ہے۔

سورۂ تبارک الذی کے متعلق بھی ایک روایت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد آیا ہے کہ میرا دل چاہتا ہے کہ یہ سورۃ ہر مومن کے دل میں ہو، ایک روایت میں ہے کہ جس نے تبارک الذی اور الم سجدہ کو مغرب اور عشا کے درمیان پڑھا گویا اسنے لیلۃ القدر میں قیام کیا ایک روایت میں ہے کہ جسنے ان دونوں سورتوں کو پڑھا اس کیلئے ستر نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور ستر برائیاں دور کی جاتی ہیں ایک روایت میں ہے کہ جس نے ان دونوں سورتوں کو پڑھا اس کے لئے عبادت لیلۃ القدر کی برابر ثواب لکھا جاتا ہے (کذا فی المظاہر)

ترمذیؒ نے ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے کہ بعض صحابہؓ نے ایک جگہ خیمہ لگایا ان کو علم نہ تھا کہ وہاں قبر ہے اچانک ان خیمہ لگانے والوں نے اس جگہ کسی کو سورۂ تبارک الذی پڑھتے ہوئے سنا تو حضورؐ سے آکر عرض کیا، حضورؐ نے فرمایا کہ یہ سورۃ اللہ کے عذاب سے روکنے والی ہے اور نجات دینے والی ہے حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ حضور اکرمؐ اس وقت تک نہ سوتے تھے جب تک الم سجدہ اور سورۂ تبارک الذی نہ پڑھ لیتے تھے خالد بن معدان کہتے ہیں کہ مجھے یہ روایت پہنچی ہے کہ ایک شخص بڑا گنہگار تھا اور سورۂ سجدہ پڑھا کرتا تھا، اس کے علاوہ اور کچھ نہیں پڑھا کرتا تھا، اس سورۃ نے اپنے پَر اس شخص پر پھیلا دئے کہ اے رب یہ شخص میری بہت تلاوت کرتا تھا اس کی شفاعت قبول کی گئی اور حکم ہوگیا کہ ہر خطا کے بدلے ایک نیکی دی جائے۔ خالد بن معدانؒ یہ بھی کہتے ہیں کہ یہ سورت اپنے پڑھنے والے کی طرف سے قبر میں جھگڑتی ہے اور

کہتی ہے کہ اگر میں تیری کتاب میں سے ہوں تو میری شفاعت قبول کر ورنہ مجھے اپنی کتاب سے مٹا دے اور بشکل پرندہ کے بن جاتی ہے اور اپنے پَر میت پر پھیلا دیتی ہے اور اس پر عذاب قبر ہونے سے مانع ہوتی ہے اور یہی سارا مضمون وہ تبارک الذی کے بارے میں بھی کہتے ہیں۔ خالد بن معدان اس وقت تک نہ سوتے تھے جب تک دونوں سورتیں نہ پڑھ لیتے۔ طاؤس کہتے ہیں کہ یہ دونوں سورتیں تمام قرآن کی ہر سورۃ پر ساٹھ نیکیاں زیادہ رکھتی ہیں، عذاب قبر کوئی معمولی چیز نہیں ہر شخص کو مرنے کے بعد سب سے پہلے قبر سے سابقہ پڑتا ہے۔ حضرت عثمانؓ جب کسی قبر پر کھڑے ہوتے تو اس قدر روتے کہ ریش مبارک تر ہو جاتی کسی نے پوچھا کہ آپ جنت و جہنم کے تذکرہ سے بھی اتنا نہیں روتے جتنا کہ قبر سے۔ آپ نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ قبر منازلِ آخرت میں سب سے پہلی منزل ہے جو شخص اس کے عذاب سے نجات پالے آئندہ کے واقعات اس کے لئے سہل ہوتے ہیں اور اگر اس سے نجات نہ پائے تو آنے والے حوادث اس سے سخت ہوتے ہیں، نیز میں نے یہ بھی سنا ہے کہ قبر سے زیادہ متوحش کوئی منظر نہیں (جمع الفوائد) اللّٰهُمَّ احْفَظْنَا مِنْهُ بِفَضْلِكَ وَمَنِّكَ۔

(۵) عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَىُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ قَالَ الْحَالُّ الْمُرْتَحِلُ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الْحَالُّ الْمُرْتَحِلُ قَالَ صَاحِبُ الْقُرْاٰنِ يَضْرِبُ مِنْ اَوَّلِهٖ حَتّٰى يَبْلُغَ اٰخِرَهٗ وَمِنْ اٰخِرِهٖ حَتّٰى يَبْلُغَ اَوَّلَهٗ كُلَّمَا حَلَّ اِرْتَحَلَ (رواه الترمذی كما فی الرحمة والحاكم وقال تفرد به صالح المری وهو من زهاد اهل البصرة الا ان الشيخين لم يخرجاه وقال الذهبی صالح متروك قلت هو من رواة ابی داؤد والترمذی)

ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی نے پوچھا کہ بہترین اعمال میں سے کون سا عمل ہے آپ نے ارشاد فرمایا کہ حال مرتحل لوگوں نے پوچھا کہ حالِ مرتحل کیا چیز ہے حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ وہ صاحب قرآن ہیں جو اول سے چلے حتیٰ کہ اخیر تک پہنچے اور اخیر کے بعد پھر اول پر پہنچے جہاں ٹھہرے پھر آگے چل دے۔

حال کہتے ہیں منزل پر آنے والے کو اور مرتحل کوچ کرنیوالے کو یعنی یہ کہ جب کلام پاک ختم ہو جائے تو پھر از سرِ نو شروع کرلے یہ نہیں کہ بس اب ختم ہو گیا دوبارہ پھر دیکھا جائیگا۔ کنز العمال کی ایک روایت میں اس کی شرح وارد ہوئی اَلْخَاتِمُ الْمُفْتِحُ ختم کرنیوالا اور ساتھ ہی شروع کرلے والا یعنی ایک قرآن ختم کرنے کے بعد ساتھ ہی دوسرا شروع کرلے۔ اسی سے غالبًا وہ عادت ماخوذ ہے جو ہمارے دیار میں متعارف ہے کہ ختم قرآن شریف کے بعد مُفْلِحُوْنَ تک پڑھا جاتا ہے مگر اب لوگ اسی کو مستقل

ادب سمجھتے ہیں اور پھر پورا کرنے کا اہتمام نہیں کرتے حالانکہ ایسا نہیں بلکہ دراصل مقصود دوسرا قرآن شریف شروع کرنا بظاہر مقصود ہے جس کو پورا بھی کرنا چاہیے شرح احیائیں اور علامہ سیوطیؒ نے اتقان میں بروایت دارمی نقل کیا ہے کہ حضور اکرمؐ جب قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پڑھا کرتے تو سورۂ بقرہ سے مفلحون تک ساتھ ہی پڑھتے اور اس کے بعد ختم قرآن کی دعا فرماتے تھے۔

(۶) عَنْ اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَعَاھَدُوا الْقُرْاٰنَ فَوَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَھُوَ اَشَدُّ تَفَصِّیًا مِّنَ الْاِبِلِ فِیْ عُقُلِھَا۔ (رواہ البخاری ومسلم)

ابوموسیٰ اشعریؓ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ قرآن شریف کی خبرگیری کیا کرو قسم ہے اس ذات پاک کی کہ جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ قرآن پاک جلد نکل جانے والا ہے سینوں سے بہ نسبت اونٹ کے اپنی رسیوں سے۔

یعنی آدمی اگر جانور کی حفاظت سے غافل ہو جاوے اور وہ رسی سے نکل جاوے تو بھاگ جاویگا اسی طرح کلام پاک کی اگر حفاظت نہ کی جاوے تو وہ بھی یاد نہیں رہے گا اور بھول جاوے گا۔ اور اصل بات یہ ہے کہ کلام اللہ شریف کا حفظ یاد ہو جانا درحقیقت یہ خود قرآن شریف کا ایک کھلا ہوا معجزہ ہے ورنہ اس سے آدھی تہائی مقدار کی کتاب بھی یاد ہونا مشکل ہی نہیں بلکہ قریب بہ محال ہے۔ اسی وجہ سے حق تعالیٰ شانہٗ نے اس کے یاد ہو جانے کا سورۂ قمر میں بطور احسان کے ذکر فرمایا، اور بار بار اس پر تنبیہ فرمائی وَلَقَدْ یَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّکْرِ فَھَلْ مِنْ مُّدَّکِرٍ کہ ہم نے کلام پاک کو حفظ کرنے کے لیے سہل کر رکھا ہے کوئی ہے حفظ کرنے والا۔ صاحبِ جلالین نے لکھا ہے کہ استفہام اس آیت میں امر کے معنی میں ہے تو جس چیز کو حق تعالیٰ شانہٗ بار بار تاکید سے فرما رہے ہوں اس کو ہم مسلمان لغو اور حماقت اور بیکار اضاعتِ وقت سے تعبیر کرتے ہوں، اس حماقت کے بعد پھر بھی ہماری تباہی کے لیے کسی اور چیز کے انتظار کی ضرورت باقی ہے تعجب کی بات ہے کہ حضرت عزیرؑ اگر اپنی یاد سے تورات لکھا دیں تو اس کی وجہ سے اللہ کے بیٹے پکارے جاویں اور مسلمانوں کے لئے اللہ جل شانہٗ نے اس لطف و احسان کو عام فرما رکھا ہے تو اس کی یہ قدردانی کی جاوے وَسَیَعْلَمُ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْٓا اَیَّ مُنْقَلَبٍ یَّنْقَلِبُوْنَ بالجملہ یہ محض حق تعالیٰ شانہٗ کا لطف و انعام ہے کہ یہ یاد ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد اگر کسی شخص کی طرف سے بے توجہی پائی جاتی ہے تو اس سے بھلا دیا جاتا ہے قرآن شریف پڑھ کر بھلا دینے میں بڑی سخت وعیدیں آئی ہیں، حضورؐ کا ارشاد ہے کہ مجھ پر امت کے گناہ پیش کیے گئے میں نے اس سے بڑھ کر کوئی گناہ نہیں پایا کہ کوئی شخص قرآن شریف پڑھ کر بھلا دے دوسری جگہ ارشاد ہے کہ جو شخص قرآن شریف پڑھ کر بھلا دے قیامت کے دن اللہ کے دربار میں کوڑھی

حاضر ہوگا۔ جمع الفوائد میں رزین کی روایت سے آیتِ ذیل بنایا ہے اِقْرَءُوْا اِنْ شِئْتُمْ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِیْٓ اَعْمٰی وَقَدْ كُنْتُ بَصِیْرًا جو شخص ہمارے ذکر سے اعراض کرتا ہے اس کی زندگی تنگ کر دیتے ہیں اور قیامت کے روز اس کو اندھا اٹھائیں گے وہ عرض کرے گا کہ یا اللہ میں تو آنکھوں والا تھا مجھے اندھا کیوں کر دیا ارشاد ہوگا۔ اس لئے کہ تیرے پاس ہماری آیتیں آئیں اور تونے اُن کو بھلا دیا پس آج تو بھی اسی طرح بھلا دیا جاوے گا یعنی تیری کوئی اعانت نہیں۔

(۷) عَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ الْقُرْاٰنَ يَتَاَكَّلُ بِهِ النَّاسَ جَآءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَوَجْهُهٗ عَظْمٌ لَيْسَ عَلَيْهِ لَحْمٌ (رواہ البیہقی فی شعب الایمان)

بریدہؓ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جو شخص قرآن پڑھے تاکہ اس کی وجہ سے کھاوے لوگوں سے۔ قیامت کے دن وہ ایسی حالت میں آئیگا کہ اسکا چہرہ محض ہڈی ہوگا جسپر گوشت نہ ہوگا۔

یعنی جو لوگ قرآن شریف کو طلبِ دنیا کی غرض سے پڑھتے ہیں ان کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں حضور اکرمؐ کا ارشاد ہے کہ ہم قرآن شریف پڑھتے ہیں اور ہم میں عجمی و عربی ہر طرح کے لوگ ہیں جس طرح پڑھتے ہو پڑھتے رہو عنقریب ایک جماعت آنے والی ہے جو قرآن شریف کے حروف کو اسطرح سیدھا کریں گے جس طرح تیر سیدھا کیا جاتا ہے یعنی خوب سنواریں گے ایک ایک حروف کو گھنٹوں درست کریں گے اور مخارج کی رعایت میں خوب تکلف کریں گے اور یہ سب دنیا کے واسطے ہوگا، آخرت سے ان لوگوں کو کچھ بھی سروکار نہ ہوگا، مقصد یہ ہے کہ محض خوش آوازی بیکار ہے جبکہ اس میں اخلاص نہ ہو محض دنیا کمانے کے واسطے کیا جاوے، چہرہ پر گوشت نہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ جب اس نے اشرف الاشیاء کو ذلیل چیز کمانے کا ذریعہ کیا تو اشرف الاعضا چہرہ کو رونق سے محروم کر دیا جاوے گا۔ عمران بن حصینؓ کا ایک واعظ پر گذر ہوا جو تلاوت کے بعد لوگوں سے کچھ طلب کر رہا تھا، یہ دیکھ کر انہوں نے انا للہ پڑھی اور فرمایا کہ میں نے حضور اکرمؐ سے سُنا ہے کہ جو شخص تلاوت کرے اس کو جو مانگنا ہو اللہ سے مانگے عنقریب ایسے لوگ آئیں گے جو پڑھنے کے بعد لوگوں سے بھیک مانگیں گے مشائخ سے منقول ہے کہ جو شخص علم کے ذریعے سے دنیا کماوے اس کی مثال ایسی ہے کہ جوتے کو اپنے رخسار سے صاف کرے اس میں شک نہیں کہ جوتا تو صاف ہو جائے گا مگر چہرہ سے صاف کرنا حماقت کی منتہا ہے۔ ایسے ہی لوگوں کے بارے میں نازل ہوا ہے اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰی۔ الآیۃ (یہی لوگ ہیں جنھوں نے ہدایت کے بدلہ میں گمراہی خرید لی ہے پس نہ ان کی تجارت کچھ نفع والی ہے اور نہ یہ لوگ ہدایت یافتہ ہیں) اُبی بن کعبؓ کہتے ہیں کہ میں نے ایک شخص کو قرآن شریف کی ایک سورت پڑھائی تھی اس نے ایک کمان مجھے ہدیہ کے طور سے دی میں نے حضورؐ سے اس کا تذکرہ کیا تو حضورؐ نے

ارشاد فرمایا کہ جہنم کی ایک کمان تو نے لے لی۔ اسی طرح کا واقعہ عبادۃ بن الصامتؓ نے اپنے متعلق نقل کیا اور حضورؐ کا جواب یہ نقل کیا کہ جہنم کی ایک چنگاری اپنے مونڈھوں کے درمیان لٹکا دی، دوسری روایت میں ہے کہ اگر تو چاہے کہ جہنم کا ایک طوق گلے میں ڈالے تو اس کو قبول کرے۔

یہاں پہنچ کر میں ان حفاظ کی خدمت میں جن کا مقصود قرآن شریف کے مکتبوں سے فقط پیسہ ہی کمانا ہے بڑے ادب سے عرض کروں گا کہ للہ اپنے منصب اور اپنی ذمہ داری کا لحاظ کیجئے جو لوگ آپ کی بدنیتوں کے حملہ کی وجہ سے کلام مجید پڑھانا یا حفظ کرانا بند کرتے ہیں، اس کے وبال میں وہ تنہا گرفتار نہیں خود آپ لوگ بھی اس کے جوابدہ اور قرآن پاک کے بند کرنے والوں میں شریک ہیں۔ آپ لوگ سمجھتے ہیں کہ ہم اشاعت کرنے والے ہیں لیکن درحقیقت اس اشاعت کے روکنے والے ہم ہی لوگ ہیں جن کی بداطواریاں اور بدنیتیاں دنیا کو مجبور کر رہی ہیں کہ وہ قرآن پاک ہی کو چھوڑ بیٹھیں۔ علماء نے تعلیم کی تنخواہ کو اس لیے جائز نہیں فرمایا کہ ہم لوگ اسی کو مقصود بنالیں۔ بلکہ حقیقتاً مدرسین کی اصل غرض صرف تعلیم اور اشاعتِ علم و قرآن شریف ہونے کی ضرورت ہے اور تنخواہ اس کا معاوضہ نہیں بلکہ رفع ضرورت کی ایک صورت ہے جس کو مجبوراً اور اضطرار کی وجہ سے اختیار کیا گیا۔

تتمہ: کلام پاک کے ان سب فضائل اور خوبیوں کے ذکر کرنے سے مقصود اس کی ساتھ محبت پیدا کرنا ہے اس لیے کلام اللہ شریف کی محبت حق تعالیٰ شانہٗ کی محبت کے لئے لازم و ملزوم ہے اور ایک کی محبت دوسرے کی محبت کا سبب ہوتی ہے۔ دنیا میں آدمی کی خلقت صرف اللہ جل شانہٗ کی معرفت کے لئے ہوئی ہے اور آدمی کے علاوہ سب چیز کی خلقت آدمی کے لیے ہے

ابر و باد و مہ و خورشید و فلک در کارند   تا تو نانے بکف آری و بہ غفلت نہ خوری

ہمہ از بہر تو سرگشتہ و فرماں بردار   شرط انصاف نہ باشد کہ تو فرماں نبری

کہتے ہیں بادل و ہوا، چاند، سورج، آسمان و زمین غرض ہر چیز تیری خاطر کام میں مشغول ہے کہ تو اپنی حوائج ان کے ذریعے سے پوری کرے اور عبرت کی نگاہ سے دیکھے کہ آدمی کی ضروریات کے لیے یہ سب چیزیں کس قدر فرمانبردار و مطیع اور وقت پر کام کرنے والی ہیں اور تنبیہ کے لیے کبھی کبھی ان میں تخلف بھی تھوڑی دیر کے لیے کر دیا جاتا ہے۔ بارش کے وقت بارش نہ ہونا، ہوا کے وقت ہوا نہ چلنا اسی طرح گرہن کے ذریعے سے چاند، سورج، ہر چیز میں کوئی تغیر بھی پیدا کیا جاتا ہے، تاکہ ایک غافل کے لیے تنبیہ کا تازیانہ بھی لگے اس سب کے بعد کس قدر حیرت کی بات ہے کہ تیری وجہ سے یہ سب چیزیں تیری ضروریات کی تابع کی جاویں اور ان کی فرمانبرداری بھی تیری اطاعت اور فرمانبرداری

کا سبب نہ بنے اور اطاعت و فرمانبرداری کے لیے بہترین معین محبت ہے اِنَّ الْمُحِبَّ لِمَنْ یُّحِبُّ مُطِیْعٌ جب کسی شخص سے محبت ہو جاتی ہے عشق و فریفتگی پیدا ہو جاتی ہے تو اس کی اطاعت و فرمانبرداری طبیعت اور عادت بن جاتی ہے اور اس کی نافرمانی ایسی ہی گراں اور شاق ہوتی ہے جیسا کہ بغیر محبت کے کسی کی اطاعت خلاف عادت و طبع ہونے کی وجہ سے بار ہوتی ہے کسی چیز سے محبت پیدا کرنے کی صورت اس کے کمالات و جمال کا مشاہدہ ہے، حواس ظاہرہ سے ہو یا حواس باطنہ میں استحضار سے۔ اگر کسی کے چہرے کو دیکھ کر بے اختیار اس سے وابستگی ہو جاتی ہے، تو کسی کی دل آویز آواز بھی بسا اوقات مقناطیس کا اثر رکھتی ہے ؎

نہ تنہا عشق از دیدار خیزد بسا کیں دولت از گفتار خیزد

عشق ہمیشہ صورت ہی سے پیدا نہیں ہوتا بسا اوقات یہ مبارک دولت بات سے بھی پیدا ہو جاتی ہے کان میں آواز پڑ جانا، اگر کسی کی طرف بے اختیار کھینچتا ہے تو کسی کے کلام کی خوبیاں، اس کے جوہر اس کے ساتھ الفت کا سبب بن جاتی ہیں، کسی کے ساتھ عشق پیدا کرنے کی تدبیر اہل فن نے یہ بھی لکھی ہے کہ اس کی خوبیوں کا استحضار کیا جاوے، اس کے غیر کو دل میں جگہ نہ دی جاوے جیسا کہ عشق طبعی میں یہ سب باتیں بے اختیار ہوتی ہیں، کسی کا حسین چہرہ یا ہاتھ نظر پڑ جاتا ہے تو آدمی سعی کرتا ہے کوشش کرتا ہے کہ بقیہ اعضاء کو دیکھے تاکہ محبت میں اضافہ ہو، قلب کو تسکین ہو حالانکہ تسکین ہوتی نہیں، مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی کسی کھیت میں بیج ڈالنے کے بعد اگر اس کی آبپاشی کی خبر نہ لی گئی تو پیداوار نہیں ہوتی۔ اگر کسی کی محبت دل میں بے اختیار آ جانے کے بعد اس کی طرف التفات نہ کیا جاوے تو آج نہیں تو کل دل سے محو ہو جاوے گی لیکن اس کے خط و خال سراپا اور رفتار و گفتار کے تصور سے اس قلبی بیج کو سینچتا ہے تو اس میں ہر لمحہ اضافہ ہوگا ؎

مکتبِ عشق کے انداز نرالے دیکھے اس کو چھٹی نہ ملی جس نے سبق یاد کیا

اس سبق کو بھلا دو گے فوراً چھٹی مل جاوے گی، جتنا جتنا یاد کرو گے اتنا ہی جکڑے جاؤ گے۔ اسی طرح کسی قابل عشق سے محبت پیدا کرنی ہو تو اس کے کمالات اس کی دل آویزیوں کا تتبع کرے، جوہروں کو تلاش کیے اور جس قدر معلوم ہو جاویں اس پر بس نہ کرے بلکہ اس سے زائد کا متلاشی ہو کہ فنا ہونے والے محبوب کے کسی ایک عضو کے دیکھنے پر قناعت نہیں کی جاتی، اس سے زیادہ کی ہوس جہاں تک امکان میں ہو باقی رہتی ہے۔ حق سبحانہ و تقدس جو حقیقتاً ہر جمال و حسن کا منبع ہیں اور حقیقتاً دنیا میں کوئی بھی جمال ان کے علاوہ نہیں ہے۔ یقیناً ایسے محبوب ہیں کہ جن کے کسی جمال و کمال پر بس نہیں نہ اس کی کوئی غایت ان ہی بے نہایت کمالات میں سے ان کا کلام بھی ہے جس کے متعلق میں پہلے اجمالاً

کہہ چکا ہوں کہ اس انتساب کے بعد پھر کسی کمال کی ضرورت نہیں، عشاق کے لئے اس انتساب کے برابر اور کونسی چیز ہوگی ؎ اے گل بتو خرسندم تو بوئے کسے داری

قطع نظر اس سے کہ اس انتساب کو اگر چھوڑ بھی دیا جائے کہ اس کا موجد کون ہے اور وہ کس کی صفت ہے تو پھر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اس کو جو جو نسبتیں ہیں ایک مسلمان کی فریفتگی کے لیے وہ کیا کم ہیں اگر اس سے بھی قطع نظر کی جائے تو خود کلام پاک ہی میں غور کیجئے کہ کونسی خوبی دنیا میں ایسی ہے جو کسی چیز میں پائی جاتی ہے اور کلام پاک میں نہ ہو ؎

دامانِ نگہ تنگ و گل حسن تو بسیار گل چیں بہارِ تو ز داماں گلہ دارد

فدا ہو آپ کی کس کس ادا پر ادائیں لاکھ اور بے تاب دل ایک

احادیث سابقہ کو غور سے پڑھنے والوں پر مخفی نہیں کہ کوئی بھی چیز دنیا میں ایسی نہیں جس کی طرف احادیث بالا میں متوجہ نہ کر دیا ہو اور انواع محبت و افتخار میں سے کسی نوع کا دلدادہ بھی ایسا نہ ہوگا کہ اسی رنگ میں کلام اللہ شریف کی افضلیت و برتری اس نوع میں کمال درجہ کی نہ بتلادی گئی ہو مثلاً کلی اور اجمالی بہترائی جو دنیا بھر کی چیزوں کو شامل ہے ہر جمال و کمال اس میں داخل ہے، سب سے پہلی حدیث (۱) نے کلی طور پر ہر چیز سے اس کی افضلیت اور برتری بتلادی محبت کی کوئی سی نوع لے لیجئے کسی شخص کو اسباب غیر متناہیہ میں سے کسی وجہ سے کوئی پسند آئے، قرآن شریف اسی کلی افضلیت میں اس سے افضل ہے اس کے بعد بالعموم جو اسباب تعلق و محبت ہوتے ہیں جزئیات و تمثیل کے طور سے ان سب پر قرآن شریف کی افضلیت بتلادی گئی، اگر کسی کو ثمرات اور منافع کی وجہ سے کسی سے محبت ہوتی ہے تو اللہ جل شانہٗ کا وعدہ ہے کہ ہر مانگنے والے سے زیادہ عطا کروں گا حدیث نمبر۲ اگر کسی کو ذاتی فضیلت، ذاتی جوہر، ذاتی کمال سے کوئی بھاتا ہے تو اللہ جل شانہٗ نے بتلادیا کہ دنیا کی ہر بات پر قرآن شریف کو اتنی فضیلت ہے جتنی خالق کو مخلوق پر، آقا کو بندوں پر، مالک کو مملوک پر۔ حدیث ۳ اگر کوئی مال و متاع حشم و خدم اور جانوروں کا گرویدہ ہے اور کسی نوع کے جانور پالنے پر دل کھوئے ہوئے ہے تو جانوروں کے لیے مشقت حاصل کرنے سے تحصیل کلام پاک کی افضلیت پر متنبہ کر دیا، حدیث ۴۔ اگر کوئی صوفی تقدس و تقویٰ کا بھوکا ہے اس کے لیے سرگرداں ہے تو حضورؐ نے بتلادیا کہ قرآن کے ماہر کا ملائکہ کے ساتھ شمار ہے جن کی برابر تقویٰ کا ہونا مشکل ہے کہ ایک آن بھی خلاف اطاعت نہیں گزار سکتے۔ حدیث ۵ اگر کوئی شخص دوہرا حصہ ملنے سے افتخار کرتا ہے یا اپنی بڑائی اسی میں سمجھتا ہے کہ اس کی رائے دو رائوں کے برابر شمار کی جاوے تو اٹکنے والے کے لیے دوہرا اجر ہے حدیث ۶

اگر کوئی حاسد بداخلاقیوں کا متوالا ہے، دنیا میں حسد ہی کا خوگر ہو گیا ہو، اس کی زندگی حسد سے نہیں ہٹ سکتی تو حضورؐ نے بتلادیا کہ اس قابل جس کے کمال پر واقعی حسد ہو سکتا ہے، وہ حافظِ قرآن ہے۔ حدیث ۷ اگر کوئی فواکہ کا متوالا ہے، اس پر جان دیتا ہے پھل بغیر اس کو چین نہیں پڑتا۔ تو قرآن شریف ترنج کی مشابہت رکھتا ہے۔ حدیث ۸ اگر کوئی میٹھے کا عشق ہے، مٹھائی بغیر اس کا گزر نہیں تو قرآن شریف کھجور سے زیادہ میٹھا ہے اگر کوئی شخص عزت و وقار کا دلدادہ ہے، ممبری اور کونسل بغیر اس سے نہیں رہا جاتا تو قرآن شریف دنیا اور آخرت میں رفع درجات کا ذریعہ ہے۔ حدیث ۹ اگر کوئی شخص معین و مددگار چاہتا ہے ایسا جاں نثار چاہتا ہے کہ ہر جھگڑے میں اپنے ساتھی کی طرف سے لڑنے کو تیار ہے تو قرآن شریف سلطان السلاطین ملک الملوک شہنشاہ سے اپنے ساتھی کی طرف سے جھگڑنے کو تیار ہے۔ حدیث ۱۰ اگر کوئی نکتہ رس باریک بینیوں میں عمر خرچ کرنا چاہتا ہے اس کے نزدیک ایک باریک نکتہ حاصل کر لینا دنیا بھر کے لذّات سے اعراض کو کافی ہے تو بطن قرآن شریف دقائق کا خزانہ ہے۔ حدیث ۱۱ اسی طرح اگر کوئی شخص مخفی رازوں کا پتہ لگانا کمال سمجھتا ہے۔ محکمہ سی آئی ڈی میں تجربہ کو ہنر سمجھتا ہے، عمر کھپاتا ہے تو بطن قرآن شریف ان اسرار مخفیہ پر متنبہ کرتا ہے جن کی انتہا نہیں اگر کوئی شخص اونچے مکانات بنانے پر مر رہا ہے ساتویں منزل پر اپنا خاص کمرہ بنانا چاہتا ہے تو قرآن شریف ساتویں ہزار منزل پر پہنچاتا ہے۔ حدیث ۱۲ اگر کوئی کا گرویدہ ہے کہ ایسی سہل تجارت کروں جس میں محنت کچھ نہ ہو اور نفع بہت سا ہو جاوے تو قرآن شریف ایک حرف پر دس نیکیاں دلاتا ہے۔ حدیث ۱۳ اگر کوئی تاج و تخت کا بھوکا ہے اس کی خاطر دنیا سے لڑتا ہے تو قرآن شریف اپنے رفیق کے والدین کو بھی وہ تاج دیتا ہے جس کی چمک دمک کی دنیا میں کوئی نظیر ہی نہیں۔ حدیث ۱۴ اگر کوئی شعبدہ بازی میں کمال پیدا کرتا ہے، آگ ہاتھ پر رکھتا ہے، جلتی دیا سلائی منہ میں رکھ لیتا ہے تو قرآن شریف جہنم تک کی آگ کو اثر کرنے سے مانع ہے۔ حدیث ۱۵ اگر کوئی حکام رسی پر مرتا ہے اس پر نازاں ہے کہ ہمارے ایک خط سے فلاں حاکم نے اس ملزم کو چھوڑ دیا ہم نے فلاں شخص کو سزا نہیں ہونے دی اتنی سی بات حاصل کرنے کے لیے جج و کلکٹر کی دعوتوں اور خوشامدوں میں جان و مال ضائع کرتا ہے ہر روز کسی نہ کسی حاکم کی دعوت میں سرگرداں رہتا ہے تو قرآن شریف اپنے ہر رفیق کے ذریعے ایسے دس شخصوں کی خلاصی دلاتا ہے جن کو جہنم کا حکم مل چکا ہے۔ حدیث ۱۶ اگر کوئی خوشبوؤں پر مرتا ہے چمن اور پھولوں کا دلدادہ ہے تو قرآن شریف بالچھڑ ہے۔ حدیث ۱۷ اگر کوئی عطور کا

فریفتہ ہے جنائے مشکی میں غسل چاہتا ہو، تو کلام مجید سراپا مشک ہے اور غور کرو گے تو معلوم ہو جاوے گا کہ اِس مشک سے اُس مشک کو کچھ بھی نسبت نہیں، چہ نسبت خاک را با عالمِ پاک ؎

کار زلفِ تست مشک افشانی اما عاشقاں   مصلحت را تہمتے بر آہوئے چیں بستہ اند

حدیث ۱۸ اگر کوئی جو دہ کا آشنا ڈرے کوئی کام کرسکتا ہے ترغیب اس کے لئے کارآمد نہیں، تو قرآن شریف سے خالی ہونا گھر کی بربادی کے برابر ہے۔ حدیث ۱۹ اگر کوئی عابد افضل العبادات کی تحقیق میں رہتا ہے اور ہر کام میں اس کا متمنی ہے کہ جس چیز میں زیادہ ثواب ہو اسی میں مشغول رہوں، تو قرأت قرآن افضل العبادات ہے۔ اور تصریح سے بتا دیا کہ نفل نماز، روزہ و تسبیح و تہلیل وغیرہ سب سے افضل ہے۔ حدیث ۲۰ بہت سے لوگوں کو حاملہ جانوروں سے دل چسپی ہوتی ہے، حاملہ جانور قیمتی داموں میں خریدے جاتے ہیں، حضورؐ نے متنبہ فرمایا اور خصوصیت سے اس جز کو بھی مثال میں ذکر فرمایا کہ قرآن شریف اس سے بھی افضل ہے۔ حدیث ۲۱ اکثر لوگوں کو صحت کی فکر دامنگیر رہتی ہے ورزش کرتے ہیں، روزانہ غسل کرتے ہیں، دوڑتے ہیں، علی الصبح تفریح کرتے ہیں۔ اسی طرح سے بعض لوگوں کو رنج و غم فکر و تشویش دامنگیر رہتی ہے حضورؐ نے فرمایا کہ سورۂ فاتحہ ہر بیماری کی شفا ہے اور قرآن شریف دلوں کی بیماری کو دور کرنیوالا ہے۔ حدیث ۲۲ لوگوں کو افتخار کے اسباب گزشتہ افتخارات کے علاوہ اور بھی بہت سے ہوتے ہیں، جن کا احاطہ مشکل ہے۔ اکثر اپنے نسب پر افتخار ہوتا ہے کسی کو اپنی عادتوں پر کسی کو اپنی ہر دلعزیزی پر، کسی کو اپنے حسنِ تدبیر پر حضورؐ نے فرمایا کہ حقیقتًا قابل افتخار جو چیز ہے وہ قرآن شریف ہے اور کیوں نہ ہو کہ درحقیقت ہر جمال و کمال کو جامع ہے ؎ آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری۔ حدیث ۲۳ اکثر لوگوں کو خزانہ جمع کرنے کا شوق ہوتا ہے، کھانے اور پہننے میں تنگی کرتے ہیں، تکالیف برداشت کرتے ہیں اور ننانوے کے پھیر میں ایسے پھنس جاتے ہیں جس سے نکلنا دشوار ہوتا ہے۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ ذخیرہ کے قابل کلام پاک ہے جتنا دل چاہے آدمی جمع کرے کہ اس سے بہتر کوئی خزینہ نہیں۔ حدیث ۲۴ اسی طرح اگر برقی روشنیوں کا آپ کو شوق ہے آپ اپنے کمرے میں دس قمقمے بجلی کے اس لئے نصب کرتے ہیں کہ کمرہ جگمگا اُٹھے تو قرآن شریف سے بڑھ کر نورانیت کس چیز میں ہو سکتی ہے۔ حدیث ۲۵ اگر آپ اس پر جان دیتے ہیں کہ آپ کے پاس ہدایا آیا کریں، دوست روزانہ کچھ نہ کچھ بھیجتے رہا کریں آپ توسیعِ تعلقات اسی کی خاطر کرتے ہیں جو دوست آشنا اپنے باغ کے پھلوں میں آپ کا حصہ نہ لگائے تو آپ اس کی شکایت کرتے ہیں تو قرآن شریف سے بہتر تحائف دینے

والا کون ہے کہ سکینہ اس کے پاس بھیجی جاتی ہے بس آپ کے کسی پر مرنے کی اگر یہی وجہ ہے کہ وہ آپ کے پاس روزانہ کچھ نذرانہ لاتا ہے تو قرآن شریف میں اس کا بھی بدل ہے۔ حدیث ۲۶ اور اگر آپ کسی وزیر کے اس لئے ہر وقت قدم چومتے ہیں کہ وہ دربار میں آپ کا ذکر کر دے گا، کسی پیش کار کی اس لئے خوشامد کرتے ہیں کہ وہ کلکٹر کے یہاں آپ کی کچھ تعریف کر دے گا یا کسی کی آپ اسلئے چاپلوسی کرتے ہیں کہ محبوب کی مجلس میں آپ کا ذکر کر دے تو قرآن شریف احکم الحاکمین محبوب حقیقی کے دربار میں آپ کا ذکر خود محبوب و آقا کی زبان سے کراتا ہے۔ حدیث ۲۷ اگر آپ اس کے جویاں رہتے ہیں کہ محبوب کو سب سے زیادہ مرغوب کیا چیز ہے کہ اس کے مہیا کرنے میں پہاڑوں سے دودھ کی نہر نکالی جائے تو قرآن شریف کی برابر آقا کو کوئی چیز بھی مرغوب نہیں۔ حدیث ۲۸ اگر آپ درباری بننے میں عمر کھپا رہے ہیں، سلطان کے مصاحب بننے کیلئے ہزار تدبیر اختیار کرتے ہیں، تو کلام اللہ شریف کے ذریعے آپ اس بادشاہ کے مصاحب شمار ہوتے ہیں جس کے سامنے کسی بڑے سے بڑے کی بادشاہت کچھ حقیقت نہیں رکھتی حدیث ۲۹ تعجب کی بات ہے کہ لوگ کونسل کی ممبری کیلئے اور اتنی سی بات کیلئے کہ کلکٹر صاحب تکرار میں جاویں تو آپکو بھی ساتھ لے لیں آپ کس قدر قربانیاں کرتے راحت و آرام، جان و مال نثار کرتے ہیں، لوگوں سے کوشش کراتے ہیں، دین اور دنیا دونوں کو برباد کرتے ہیں، صرف اس لئے کہ آپ کی نگاہ میں اس سے آپ کا اعزاز ہوتا ہے تو پھر کیا حقیقی اعزاز کیلئے حقیقی حاکم و بادشاہ کی مصاحبت کیلئے واقعی درباری بننے کے لئے آپ کو ذرا سی توجہ کی بھی ضرورت نہیں آپ اس نمائشی اعزاز پر عمر خرچ کیجئے مگر خدارا اس عمر کا تھوڑا سا حصہ عمر دینے والے کی خوشنودی کیلئے بھی تو خرچ کیجئے، اسی طرح اگر آپ میں چشتیت پھونک دی گئی ہے اور ران مجالس بغیر آپ کو قرار نہیں تو مجالس تلاوت اس سے کہیں زیادہ دل کو پکڑنے والی ہیں اور بڑے سے بڑے مستغنی کے کان اپنی طرف متوجہ کر لیتی ہیں، حدیث ۳۰،۳۱ اسی طرح اگر آپ آقا کو اپنی طرف متوجہ کرنا چاہتے ہیں تو تلاوت کیجئے۔ حدیث ۳۲ اور آپ اسلام کے مدعی ہیں، مسلم ہونے کا دعویٰ ہے تو حکم ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا کہ قرآن شریف کی ایسی تلاوت کرو جیسا کہ اس کا حق ہے، اگر آپ کے نزدیک اسلام صرف زبانی جمع خرچ نہیں ہے اور اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری سے بھی آپ کے اسلام کو کوئی سروکار ہے تو یہ اللہ کا فرمان ہے اور اس کے رسول کی طرف سے اس کی تلاوت کا حکم ہے حدیث ۳۳ اگر آپ میں قومی جوش بہت زور کرتا ہے، ترکی ٹوپی کے آپ صرف اس لئے دل دادہ ہیں کہ وہ آپ کے نزدیک خالص اسلامی لباس ہے، قومی شعار میں آپ بہت خاص دلچسپی رکھتے ہیں، ہر طرف اس کے پھیلانے کی آپ تدبیریں اختیار کرتے ہیں، اخبارات

میں مضامین شائع کرتے ہیں، جلسوں میں ریزولیوشن پاس کرتے ہیں تو اللہ کا رسول آپ کو حکم دیتا ہے کہ جس قدر ممکن ہو قرآن شریف کو پھیلاؤ۔

بیجا نہ ہوگا اگر میں یہاں پہنچ کر سربرآوردگانِ قوم کی شکایت کروں کہ قرآن پاک کی اشاعت میں آپ کی طرف سے کیا اعانت ہوتی ہے اور یہی نہیں بلکہ خدارا ذرا غور سے جواب دیجئے کہ اس کے سلسلہ کو بند کرنے میں آپ کا کس قدر حصہ ہے۔ آج اس کی تعلیم کو بیکار بتلایا جاتا ہے، اضاعتِ عمر سمجھا جاتا ہے اسکو بیکار دماغ سوزی اور بے نتیجہ عرق ریزی کہا جاتا ہے، ممکن ہے کہ آپ اس کے موافق نہ ہوں لیکن ایک جماعت جب ہمہ تن اس میں کوشاں ہے تو کیا آپ کا سکوت اس کی اعانت نہیں ہے مانا کہ آپ اس خیال سے بیزار ہیں مگر آپ کی اس بیزاری نے کیا فائدہ دیا؎

ہم نے مانا کہ تغافل نہ کرو گے لیکن خاک ہو جائیں گے ہم تم کو خبر ہونے تک

آج اس کی تعلیم پر بڑے زور سے اس لئے انکار کیا جاتا ہے کہ مسجد کے ملانوں نے اپنے ٹکڑوں کیلئے دھندا کر رکھا ہے گو یہ عامۃً نیتوں پر حملہ ہے جو بڑی سخت ذمہ داری ہے اور اپنے وقت پر اس کا ثبوت دینا ہوگا مگر میں نہایت ہی ادب سے پوچھتا ہوں کہ خدارا ذرا اس کو تو غور کیجئے کہ ان خود غرض ملانوں کی ان خود غرضیوں کے ثمرات آپ دنیا میں کیا دیکھ رہے ہیں اور آپ کی ان بے غرضانہ تجاویز کے ثمرات کیا ہوں گے اور نشر و اشاعتِ کلام پاک میں آپ کی ان مفید تجاویز سے کس قدر مدد ملے گی، بہر حال حضورؐ کا ارشاد آپ کے لئے قرآن شریف کے پھیلانے کا ہے اس میں آپ خود ہی فیصلہ کر لیجئے کہ اس ارشادِ نبویؐ کا کس درجہ امتثال آپ کی ذات سے ہوا اور ہو رہا ہے، دیکھئے ایک دوسری بات کا بھی خیال رکھیں، بہت سے لوگوں کا یہ خیال ہوتا ہے کہ ہم اس خیال میں شریک نہیں تو ہم کو کیا مگر اس سے آپ اللہ کی پکڑ سے نہیں بچ سکتے، صحابہؓ نے حضور اکرمؐ سے پوچھا تھا اَنَهْلِكُ وَفِيْنَا الصَّالِحُوْنَ قَالَ نَعَمْ اِذَا كَثُرَ الْخُبْثُ (کیا ہم ایسی حالت میں ہلاک ہو جاویں گے کہ ہم میں صلحا موجود ہوں، حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ ہاں جب خباثت غالب ہو جاوے) اسی طرح ایک روایت میں آیا ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ نے ایک گاؤں کے الٹ دینے کا حکم فرمایا، حضرت جبرئیلؑ نے عرض کیا کہ اس میں فلاں بندہ ایسا ہے کہ جس نے کبھی گناہ نہیں کیا ارشاد ہوا کہ صحیح ہے مگر یہ میری نافرمانی ہوتے ہوئے دیکھتا رہا اور کبھی اس کی پیشانی پر بل نہیں پڑا۔

درحقیقت علماء کو یہی امور مجبور کرتے ہیں کہ وہ ناجائز امور کو دیکھ کر ناگواری کا اظہار کریں جس کو ہمارے روشن خیال تنگ نظری سے تعبیر کرتے ہیں آپ حضرات اپنی وسعتِ خیالی اور وسعتِ اخلاق پر مطمئن نہ رہیں کہ یہ فریضہ صرف علماء ہی کے ذمہ نہیں ہر اس شخص کے ذمہ ہے جو کسی ناجائز بات

کا وقوع دیکھے اور اس پر ٹوکنے کی قدرت رکھتا ہو پھر نہ ٹوکے۔ بلال بن سعدؓ سے مروی ہے کہ معصیت جب مخفی طور سے کی جاتی ہے تو اس کا وبال صرف کرنے والے پر ہوتا ہے لیکن جب کھلم کھلا کی جاوے اور اس پر انکار نہ کیا جاوے تو اس کا وبال عام ہوتا ہے، اسی طرح اگر آپ تاریخ کے دلدادہ ہیں جہاں کہیں معتبر تاریخ پرانی تاریخ آپ کو ملتی ہے آپ اس کے لیے سفر کرتے ہیں تو قرآن شریف میں تمام ایسی کتب کا بدل موجود ہے جو قرونِ سابقہ میں حجت و معتبر مانی گئی ہیں۔ حدیث ۳۴ اگر آپ اس قدر اونچے مرتبے کے متمنی ہیں کہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کو آپ کی مجلس میں بیٹھنے اور شریک ہونے کا حکم ہو تو یہ بات بھی صرف کلام اللہ شریف میں ہی ملے گی۔ حدیث ۳۵ اگر آپ اس قدر کاہل ہیں کہ کچھ کر ہی نہیں سکتے تو بے محنت بے مشقت اکرام بھی آپ کو صرف کلام اللہ شریف میں ملے گا کہ چپ چاپ کسی مکتب میں بیٹھے بچوں کا کلام مجید سنتے جایئے اور مفت کا ثواب لیجئے۔ حدیث ۳۶ اگر آپ مختلف الوان کے گرویدہ ہیں، ایک نوع سے اکتا جاتے ہیں تو قرآن شریف کے معنی میں مختلف الوان مختلف مضامین حاصل کیجئے کہیں رحمت کہیں عذاب کہیں قصے، کہیں احکام اور کیفیت تلاوت میں کبھی پکار پکار کر پڑھیں اور کبھی آہستہ۔ حدیث ۳۷ اگر آپ کی سیہ کاریاں حد سے متجاوز ہیں اور مرنے کا آپ کو یقین بھی ہے تو پھر تلاوتِ کلام پاک میں ذرا بھی کوتاہی نہ کیجئے کہ اس درجہ کا سفارشی نہ ملے گا اور پھر ایسا کہ جس کی سفارش کے قبول ہونے کا یقین بھی ہو۔ حدیث ۳۸ اسی طرح اگر آپ اس قدر باوقار واقع ہوئے ہیں کہ جھگڑا لو سے گھبراتے ہیں، لوگوں کے جھگڑے کے ڈر سے آپ بہت سی قربانیاں کر جاتے ہیں تو قرآن شریف کے مطالبہ سے ڈریئے کہ اس جیسا جھگڑالو آپ کو نہ ملے گا فریقین کے جھگڑے میں ہر شخص کا کوئی نہ کوئی طرف دار ہوتا ہے مگر اس کے جھگڑنے میں اس کی تصدیق کی جاتی ہے اور ہر شخص اسی کو سچا بتلائے گا، اور آپ کا کوئی طرفدار نہ ہوگا۔ حدیث ۳۹ اگر آپ کو ایسا رہبر درکار ہے اور اس پر آپ قربان ہیں جو محبوب کے گھر تک پہنچا دے تو تلاوت کیجئے اور اگر آپ اس سے ڈرتے ہیں کہ کہیں جیل خانہ نہ ہو جائے تو ہر حالت میں قرآن شریف کی تلاوت بغیر چارہ نہیں۔ حدیث ۴۰ اگر آپ علوم انبیاء حاصل کرنا چاہتے ہیں اور اس کے گرویدہ و شیدائی ہیں تو قرآن شریف پڑھئے اور جتنا چاہے کمال پیدا کیجئے، اسی طرح اگر آپ بہترین اخلاق پر جان دینے کو تیار ہیں تو بھی تلاوت کی کثرت کیجئے حدیث ۴۱ اگر آپ کا مچلا ہوا دل ہمیشہ شملہ اور منصوری کی چوٹیوں ہی پر تفریح میں بہلتا ہے اور سو جان سے آپ ایک پہاڑ کے سفر پر قربان ہیں تو قرآن پاک مشک کے پہاڑوں پر ایسے وقت میں تفریح کراتا ہے کہ تمام عالم میں نفسا نفسی کا زور ہو۔ حدیث ۴۲ اگر آپ زاہدوں کی اعلیٰ فہرست میں شمار چاہتے ہیں

اور رات دن نوافل سے آپ کو فرصت نہیں تو کلام پاک سیکھنا، سکھانا اس سے پیش پیش ہے، حدیث ۲۳، ۲۴ اگر دنیا کے ہر جھگڑے سے آپ نجات چاہتے ہیں ہر مخمصہ سے آپ علیحدہ رہنے کے دلدادہ ہیں تو صرف قرآن پاک ہی میں ان سے مخلصی ہے، حدیث ۲۵ اگر آپ کسی طبیب کے وابستگی چاہتے ہیں تو سورۂ فاتحہ میں ہر بیماری کی شفا ہے حدیث خاتمہ ۱ اگر آپ کی بے نہایت غرضیں پوری نہیں ہوتیں تو کیوں روزانہ سورۂ یٰس کی تلاوت آپ نہیں کرتے، حدیث ۲ اگر آپ کو پیسہ کی محبت ایسی ہے کہ اس کے بغیر آپ کسی کے بھی نہیں تو کیوں روزانہ سورۂ واقعہ کی تلاوت نہیں کرتے، حدیث ۳ اگر آپ کو عذاب قبر کا خوف دامنگیر ہے اور آپ اس کے متحمل نہیں تو اس کے لیے بھی پاک میں نجات ہے، حدیث ۴ اور اگر آپ کو کوئی دائمی مشغلہ درکار ہے کہ جس میں آپ کے مبارک اوقات ہمیشہ مصروف رہیں تو قرآن پاک سے بڑھ کر نہ ملے گا۔ حدیث ۵ مگر ایسا نہ ہو کہ یہ دولت حاصل ہونے کے بعد چھن جاوے کہ سلطنت ہاتھ آنے کے بعد پھر ہاتھ سے نکل جانا زیادہ حسرت و خسران کا سبب ہوتا ہے اور کوئی حرکت ایسی بھی نہ کر جایئے کہ نیکی برباد گناہ لازم ۶، ۷ وَمَا عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلَاغُ۔

مجھ سا ناکارہ قرآن پاک کی خوبیوں پر کیا متنبہ ہو سکتا ہے، ناقص سمجھ کے موافق جو ظاہری طور پر سمجھ میں آیا ظاہر کر دیا مگر اہل فہم کے لیے غور کا راستہ ضرور کھل گیا اس لیے کہ اسباب محبت جن کو اہل فن نے کسی کے ساتھ محبت کا ذریعہ بتلایا ہے، پانچ چیزیں میں منحصر ہیں اول اپنا وجود کہ طبعاً آدمی اس کو محبوب رکھتا ہے۔ قرآن شریف میں حوادث سے امن ہے اس لیے وہ اپنی حیات و بقا کا سبب ہے، دوسرے طبعی مناسبت جس کے متعلق اس سے زیادہ وضاحت کیا کر سکتا ہوں کہ کلام صفت الٰہی ہے اور مالک اور مملوک آقا اور بندہ میں جو مناسبت ہے وہ واقفوں سے مخفی نہیں۔ ؎

ہست رب الناس را با جان ناس اتصال بے تکیف و بے قیاس

سب سے ربطِ آشنائی ہے اسے دل میں ہر اک کے رسائی ہے اُسے

تیسرے جمال، چوتھے کمال، پانچویں احسان ان ہر سہ امور کے متعلق احادیث بالا میں اگر غور فرمائیں گے تو نہ صرف اس جمال و کمال پر جس کی طرف ایک ناقص الفہم نے اشارہ کیا ہے، انحصار کریں گے بلکہ وہ خود بے تردد اس امر تک پہنچیں گے کہ عزت افتخار شوق و سکون، جمال و کمال، اکرام و احسان، لذت و راحت مال و متاع غرض کوئی بھی چیز ایسی نہ پا دیں گے جو محبت کے اسباب میں ہو سکتی ہے اور نبی کریمؐ نے اس پر تنبیہ فرما کر قرآن شریف کو اسی نوع میں اس سے افضل نہ ارشاد فرمایا ہو البتہ حجاب میں

مستور ہونا دنیا کے لوازمات میں سے ہے لیکن عقل مند شخص اس وجہ سے کہ لیچی کا چھلکا خاردار ہے اس کے گودہ سے اعراض نہیں کرتا، اور کوئی دل کھویا ہوا اپنی محبوبہ سے اس لیے نفرت نہیں کرتا کہ وہ اس وقت برقعہ میں ہے، پردہ کے ہٹانے کی ہر ممکن کوشش کرے گا اور کامیاب نہ بھی ہو سکا تو اس پردہ کے اوپر ہی سے آنکھیں ٹھنڈی کرے گا اس کا یقین ہو جاوے کہ جس کی خاطر برسوں سے سرگرداں ہوں، وہ اسی چادر میں ہے ممکن نہیں کہ پھر اس چادر سے نگاہ ہٹ سکے اسی طرح کلام پاک کے اُن فضائل ومناقب اور کمالات کے بعد اگر وہ کسی حجاب کی وجہ سے محسوس نہیں ہوتے تو عاقل کا کام نہیں کہ اس سے بے توجہی اور لاپرواہی کرے بلکہ اپنی تقصیر اور نقصان پر افسوس کرے اور کمالات میں غور، حضرت عثمان رضؓ اور حضرت حذیفہؓ سے مروی ہے کہ اگر قلوب نجاست سے پاک ہو جاویں تو تلاوت کلام اللہ سے کبھی بھی سیری نہ ہو، ثابت بنانیؒ کہتے ہیں کہ بیس برس میں نے کلام پاک کو مشقت سے پڑھا اور بیس برس سے مجھے اس کی ٹھنڈک پہنچ رہی ہے پس جو شخص بھی معاصی سے توبہ کے بعد غور کرے گا کلام پاک کو "آں چہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری" کا مصداق پائے گا۔ اے کاش کہ ان الفاظ کے معنی مجھ پر بھی صادق آتے۔ میں ناظرین سے یہ بھی درخواست کروں گا کہ کہنے والے کی طرف التفات نہ فرمائیں کہ میری ناکارگی آپ کو اہم مقصود سے نہ روکے بلکہ بات کی طرف توجہ فرمائیں اور جہاں سے یہ امور ماخوذ ہیں اس کی طرف التفات کیجئے کہ میں درمیان میں صرف نقل کا واسطہ ہوں، یہاں تک پہنچنے کے بعد اللہ کی ذات سے بعید نہیں کہ وہ کسی دل میں حفظ قرآن پاک کا ولولہ پیدا کر دے، پس اگر بچہ کو حفظ کرانا ہے تو اس کے لیے کسی عمل کی ضرورت نہیں کہ بچپن کی عمر خود حفظ کے لیے معین ومجرب ہے۔ البتہ اگر کوئی شخص بڑی عمر میں حفظ کا ارادہ کرے تو اس کے لیے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد فرمایا ہوا ایک مجرب لکھتا ہوں جس کو ترمذی حاکم وغیرہ نے روایت کیا ہے۔ حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ میں حضور اکرمؐ کی خدمت میں حاضر تھا کہ حضرت علیؓ حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہو جاویں قرآن پاک میرے سینے سے نکل جاتا ہے جو یاد کرتا ہوں وہ محفوظ نہیں رہتا، حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ میں تجھے ایسی ترکیب بتلاؤں کہ جو تجھے بھی نفع دے اور جس کو تو بتلاوے اس کے لیے بھی نافع ہو اور جو کچھ تو سیکھے وہ محفوظ رہے۔ حضرت علیؓ کے دریافت کرنے پر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب جمعہ کی شب آوے تو اگر یہ ہو سکتا ہو کہ رات کے اخیر تہائی حصہ میں اُٹھے تو یہ بہت ہی اچھا ہے کہ یہ وقت ملائکہ کے نازل ہونے کا ہے اور دعا اس وقت میں خاص طور سے قبول ہوتی ہے۔ اسی وقت کے انتظار میں حضرت یعقوبؑ نے

اپنے بیٹوں سے کہا تھا سَوۡفَ اَسۡتَغۡفِرُ لَكُمۡ رَبِّیۡ عنقریب میں تمھارے لیے اپنے رب سے مغفرت طلب کروں گا (یعنی جمعہ کی رات کو) پس اگر اس وقت میں جاگنا دشوار ہو تو آدھی رات کے وقت اور یہ بھی نہ ہو سکے تو پھر شروع ہی رات میں کھڑا ہو اور چار رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ یٰسٓ شریف پڑھے اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ دخان اور تیسری رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۂ الٓمٓ سجدہ[1] اور چوتھی رکعت میں فاتحہ کے بعد سورہ ملک پڑھے اور جب التحیات سے فارغ ہو جاوے تو اول حق تعالیٰ شانہٗ کی خوب حمد و ثنا کر، اس کے بعد مجھ پر درود اور سلام بھیج، اس کے بعد تمام انبیاء پر درود بھیج، اس کے بعد تمام مومنین کے لیے اور ان تمام مسلمان بھائیوں کے لیے جو تجھ سے پہلے مر چکے ہیں استغفار کر اور اس کے بعد یہ دعا پڑھ۔ ف: دعا آگے آرہی ہے اس کے ذکر سے قبل مناسب ہے کہ حمد و ثنا وغیرہ جن کا حضورؐ نے حکم فرمایا ہے دوسری روایات سے جن کو شروح حصن اور مناجات مقبول وغیرہ میں نقل کیا ہے مختصر طور پر ایک دعا نقل کر دی جاوے تاکہ جو لوگ اپنے طور سے نہیں پڑھ سکتے وہ اس کو پڑھیں اور جو حضرات خود پڑھ سکتے ہوں وہ اس پر قناعت نہ کریں بلکہ حمد و صلوٰۃ کو بہت اچھی طرح سے مبالغہ سے پڑھیں (دعا یہ ہے) اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ عَدَدَ خَلۡقِهٖ وَرِضَا نَفۡسِهٖ وَزِنَةَ عَرۡشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمٰتِهٖ اَللّٰهُمَّ لَاۤ اُحۡصِیۡ ثَنَآءً عَلَیۡكَ اَنۡتَ كَمَاۤ اَثۡنَیۡتَ عَلٰی نَفۡسِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ وَبَارِكۡ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الۡاُمِّیِّ الۡهَاشِمِیِّ وَعَلٰۤی اٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهِ الۡبَرَرَةِ الۡكِرَامِ وَعَلٰی سَآئِرِ الۡاَنۡبِیَآءِ وَالۡمُرۡسَلِیۡنَ وَالۡمَلٰٓئِكَةِ الۡمُقَرَّبِیۡنَ رَبَّنَا اغۡفِرۡ لَنَا وَلِاِخۡوَانِنَا الَّذِیۡنَ سَبَقُوۡنَا بِالۡاِیۡمَانِ وَلَا تَجۡعَلۡ فِیۡ قُلُوۡبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا رَبَّنَاۤ اِنَّكَ رَءُوۡفٌ رَّحِیۡمٌ۔ اَللّٰهُمَّ اغۡفِرۡ لِیۡ وَلِوَالِدَیَّ وَلِجَمِیۡعِ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَالۡمُؤۡمِنَاتِ وَالۡمُسۡلِمِیۡنَ وَالۡمُسۡلِمَاتِ اِنَّكَ سَمِیۡعٌ مُّجِیۡبُ الدَّعَوَاتِ ط

ترجمہ: "تمام تعریف جہانوں کے پروردگار کے لیے ہے۔ ایسی تعریف جو اس کی مخلوقات کے اعداد کے برابر ہو، اس کی مرضی کے موافق ہو، اس کے عرش کے وزن کے برابر ہو، اس کے کلمات

---

[1] ترتیب قرآنی میں یہ سورت پہلی دونوں سورتوں سے مقدم ہے مگر اول تو نوافل میں فقہاء نے اس قسم کی گنجائش فرمائی ہے دوسرے نوافل کا ہر شفعہ مستقل نماز کا حکم رکھتا ہے اور اس شفعہ کی دونوں سورتیں آپس میں مرتب ہیں، اس لیے کوئی کراہت نہیں۔ ہکذا فی الکوکب الدری و ہامشہ ۲ منہ

کی سیاہیوں کے برابر ہو، اے اللہ میں تیری تعریف کا احاطہ نہیں کر سکتا تو ایسا ہی ہے جیسا کہ تو نے اپنی تعریف خود بیان کی، اے اللہ ہمارے سردار نبی اُمّی اور ہاشمی پر درود وسلام اور برکات نازل فرما اور تمام نبیوں اور رسولوں اور ملائکہ مقربین پر بھی، اے ہمارے رب ہماری اور ہم سے پہلے مسلمانوں کی مغفرت فرما اور ہمارے دلوں میں مومنین کی طرف سے کینہ پیدا نہ کر اے ہمارے رب تو مہربان اور رحیم ہے، اے الٰہ العالمین میری اور میرے والدین کی اور تمام مومنین اور مسلمانوں کی مغفرت فرما، بے شک تو دعاؤں کو سننے والا اور قبول کرنے والا ہے۔

اس کے بعد وہ دعا پڑھے جو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیث بالا میں حضرت علیؓ کو تعلیم فرمائی، اور وہ یہ ہے۔[1]

اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ بِتَرْكِ الْمَعَاصِيْ اَبَدًا مَّا اَبْقَيْتَنِيْ وَارْحَمْنِيْ اَنْ اَتَكَلَّفَ مَا لَا يَعْنِيْنِيْ وَارْزُقْنِيْ حُسْنَ النَّظَرِ فِيْمَا يُرْضِيْكَ عَنِّيْ اَللّٰهُمَّ بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِيْ لَا تُرَامُ اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تُلْزِمَ قَلْبِيْ حِفْظَ كِتَابِكَ كَمَا عَلَّمْتَنِيْ وَارْزُقْنِيْ اَنْ اَقْرَأَهٗ عَلَى النَّحْوِ الَّذِيْ يُرْضِيْكَ عَنِّيْ اَللّٰهُمَّ بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِيْ لَا تُرَامُ اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تُنَوِّرَ بِكِتَابِكَ بَصَرِيْ وَاَنْ تُطْلِقَ بِهٖ لِسَانِيْ وَاَنْ تُفَرِّجَ بِهٖ عَنْ قَلْبِيْ وَاَنْ تَشْرَحَ بِهٖ صَدْرِيْ وَاَنْ تَغْسِلَ بِهٖ بَدَنِيْ فَاِنَّهٗ لَا يُعِيْنُنِيْ عَلَى الْحَقِّ غَيْرُكَ وَلَا يُؤْتِيْهِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝

ترجمہ: اے الٰہ العالمین مجھ پر رحم فرما کہ جب تک میں زندہ رہوں گناہوں سے بچتا رہوں اور مجھ پر رحم فرما کہ میں بے کار چیزوں میں کلفت نہ اٹھاؤں، اور اپنی مرضیات میں خوش نظری مرحمت فرما۔ اے اللہ، اے زمین اور آسمانوں کے بے نمونہ پیدا کرنے والے، اے عظمت اور بزرگی والے اور اس غلبہ یا عزت کے مالک جس کے حصول کا ارادہ بھی ناممکن ہے اے اللہ اے رحمٰن میں تیری بزرگی اور تیری ذات کے نور کے طفیل تجھ سے مانگتا ہوں کہ جس طرح تو نے اپنی کلام پاک مجھے سکھا دی اسی طرح اس کی یاد بھی میرے سینے سے چسپاں کر دے اور مجھے توفیق عطا فرما کہ میں اس کو اس طرح پڑھوں جس سے تو راضی ہو جاوے، اے اللہ زمین اور آسمانوں کے بے نمونہ پیدا کرنے والے، اے عظمت اور بزرگی والے اور اس غلبہ یا عزت کے مالک جس کے حصول کا ارادہ بھی ناممکن، اے اللہ اے رحمٰن میں تیری بزرگی اور تیری ذات کے نور کے طفیل تجھ سے مانگتا ہوں کہ تو میری نظر کو اپنی کتاب کے نور سے منور کر دے اور میری زبان کو

[1] حضورؐ کی ارشاد فرمائی ہوئی دعا یہ ہے۔ ۱۲۔

اس پر جاری کر دے اور اس کی برکت سے میرے دل کی تنگی کو دور کر دے اور میرے سینے کو کھول دے اور اس کی برکت سے میرے جسم کے گناہوں کا میل دھو دے کہ حق پر تیرے سوا میرا کوئی مددگار نہیں اور تیرے سوا میری یہ آرزو کوئی پوری نہیں کر سکتا اور گناہوں سے بچنا یا عبادت پر قدرت نہیں ہو سکتی مگر اللہ برتر و بزرگی والے کی مدد سے۔

پھر حضورِ اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اے علی اس عمل کو تین جمعہ یا پانچ جمعہ یا سات جمعہ کر انشاء اللہ دعا ضرور قبول کی جائے گی۔ قسم ہے اس ذات پاک کی جس نے مجھے نبی بنا کر بھیجا ہے کسی مومن سے بھی قبولیت دُعا نہ چوکے گی، ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ علیؓ کو پانچ یا سات ہی جمعہ گزرے ہوں گے کہ وہ حضور ﷺ کی مجلس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ پہلے میں تقریباً چار آیتیں پڑھتا تھا اور وہ بھی مجھے یاد نہ ہوتی تھیں اور اب تقریباً چالیس آیتیں پڑھتا ہوں اور ایسی ازبر یاد ہو جاتی ہیں کہ گویا قرآن شریف میرے سامنے کھلا ہوا رکھا ہے اور پہلے میں حدیث سنتا تھا اور جب اس کو دوبارہ کہتا تھا تو ذہن میں نہیں رہتی تھی اور اب احادیث سنتا ہوں اور جب دوسروں سے نقل کرتا ہوں تو ایک بھی لفظ نہیں چھوٹتا۔

حق تعالیٰ شانہٗ اپنے نبی کی رحمت کے طفیل مجھے بھی قرآن و حدیث کے حفظ کی توفیق عطا فرما دیں اور تمہیں بھی۔ وَصَلَّى اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

تکملہ

اوپر جو چہل حدیث لکھی گئی ہے وہ ایک خاص مضمون کے ساتھ مخصوص ہونے کی وجہ سے اس میں اختصار کی رعایت نہیں ہو سکی، اس زمانے میں چونکہ ہمتیں نہایت ہی پست ہو گئی ہیں، دین کے لیے کسی معمولی سی مشقت کا بھی برداشت کرنا گراں ہے اس لیے اس جگہ ایک دوسری چہل حدیث نقل کرتا ہوں، جو نہایت ہی مختصر ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک ہی جگہ منقول ہے، اس کے ساتھ ہی بڑی خوبی اس میں یہ ہے کہ مہمات دینیہ کو ایسی جامع ہے کہ اس کی نظیر ملنا مشکل ہے کنز العمال میں قدمائے محدثین کی ایک جماعت کی طرف اس کا انتساب کیا ہے اور متاخرین میں سے مولانا قطب الدین صاحب مہاجر مکی نے بھی اس کو ذکر فرمایا ہے کیا ہی اچھا ہو کہ دین کے ساتھ وابستگی رکھنے والے حضرات کم از کم اس کو ضرور حفظ کر لیں کہ کوڑیوں میں لعل ملتے ہیں، وہ حدیث یہ ہے:۔

عَنْ سَلْمَانَ رضی اللہ عنہ قَالَ سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْاَرْبَعِيْنَ حَدِيْثًا

لِي الَّتِي قَالَ مَنْ حَفِظَهَا مِنْ اُمَّتِي دَخَلَ الْجَنَّةَ قُلْتُ وَمَا هِيَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اَنْ تُؤْمِنَ
بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكُتُبِ وَالنَّبِيّٖنَ وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَالْقَدْرِ خَيْرِهٖ
وَشَرِّهٖ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَاَنْ تَشْهَدَ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَ
تُقِيْمَ الصَّلٰوةَ بِوُضُوْءٍ سَابِغٍ كَامِلٍ لِوَقْتِهَا وَتُؤْتِيَ الزَّكٰوةَ وَتَصُوْمَ رَمَضَانَ وَتَحُجَّ
الْبَيْتَ اِنْ كَانَ لَكَ مَالٌ وَتُصَلِّيَ اثْنَتَيْ عَشَرَةَ رَكْعَةً فِيْ كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ
وَالْوِتْرَ لَا تَتْرُكُهٗ فِيْ كُلِّ لَيْلَةٍ وَلَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ شَيْئًا وَلَا تَعُقَّ وَالِدَيْكَ وَلَا
تَاْكُلْ مَالَ الْيَتِيْمِ ظُلْمًا وَلَا تَشْرَبِ الْخَمْرَ وَلَا تَزْنِ وَلَا تَحْلِفْ بِاللّٰهِ كَاذِبًا
وَلَا تَشْهَدْ شَهَادَةَ زُوْرٍ وَلَا تَعْمَلْ بِالْهَوٰى وَلَا تَغْتَبْ اَخَاكَ الْمُسْلِمَ وَلَا تَقْذِفِ
الْمُحْصَنَةَ وَلَا تَغُلَّ اَخَاكَ الْمُسْلِمَ وَلَا تَلْعَبْ وَلَا تَلْهُ مَعَ اللَّاهِيْنَ وَلَا تَقُلْ
لِلْقَصِيْرِ يَا قَصِيْرُ تُرِيْدُ بِذٰلِكَ عَيْبَهٗ وَلَا تَسْخَرْ بِاَحَدٍ مِّنَ النَّاسِ وَلَا تَمْشِ
بِالنَّمِيْمَةِ بَيْنَ الْاَخَوَيْنِ وَاشْكُرِ اللّٰهَ تَعَالٰى عَلٰى نِعْمَتِهٖ وَتَصْبِرْ عَلَى الْبَلَاءِ
وَالْمُصِيْبَةِ وَلَا تَاْمَنْ مِنْ عِقَابِ اللّٰهِ وَلَا تَقْطَعْ اَقْرِبَائَكَ وَصِلْهُمْ وَلَا تَلْعَنْ
اَحَدًا مِّنْ خَلْقِ اللّٰهِ وَاَكْثِرْ مِنَ التَّسْبِيْحِ وَالتَّكْبِيْرِ وَالتَّهْلِيْلِ وَلَا تَدَعْ حُضُوْرَ
الْجُمُعَةِ وَالْعِيْدَيْنِ وَاعْلَمْ اَنَّ مَا اَصَابَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَكَ وَمَا اَخْطَاَكَ لَمْ يَكُنْ
لِيُصِيْبَكَ وَلَا تَدَعْ قِرَاءَةَ الْقُرْاٰنِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ۔ (رواه الحافظ ابو القاسم بن
عبد الرحمن بن محمد بن اسحاق بن منده والحافظ ابو الحسن علی بن ابی القاسم
بن بابويه الرازی فی الاربعين وابن عساكر والرافعی عن سلمان۔)

ترجمہ:۔ سلمانؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ وہ چالیس حدیثیں
جن کے بارے میں یہ کہا ہے کہ جو ان کو یاد کرلے جنت میں داخل ہو گا وہ کیا ہیں حضور اکرمؐ نے ارشاد فرمایا:
(۱) اللہ پر ایمان لاوے یعنی اس کی ذات وصفات پر (۲) اور آخرت کے دن پر (۳) اور فرشتوں
کے وجود پر (۴) اور پہلی کتابوں پر (۵) اور تمام انبیاء پر (۶) اور مرنے کے بعد دوبارہ زندگی پر (۷)
اور تقدیر پر کہ بھلا اور برا جو کچھ ہوتا ہے سب اللہ ہی کی طرف سے ہے (۸) اور گواہی دے تو اس
امر کی کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور حضور اکرم صلی اللہ اس کے سچے رسولؐ ہیں (۹) ہر نماز کے
وقت کامل وضو کرکے نماز کو قائم کرے (کامل وضو وہ کہلاتی ہے جس میں آداب و مستحبات کی رعایت
رکھی گئی ہو، اور ہر نماز کے وقت اشارہ ہے اس بات کی طرف کہ نئی وضو ہر نماز کے لئے کرے اگرچہ

پہلے سے وضو ہو کہ یہ مستحب ہے اور نماز کے قائم کرنے سے اس کے تمام سنن اور مستحبات کا اہتمام کرنا مراد ہے۔ چناں چہ دوسری روایت میں وارد ہے اِنَّ تَسْوِیَةَ الصُّفُوْفِ مِنْ اِقَامَةِ الصَّلٰوةِ (یعنی جماعت میں صفوں کو ہموار کرنا کہ کسی قسم کی کجی یا درمیان میں خلا نہ رہے) یہ بھی نماز قائم کرنے کے مفہوم میں داخل ہے (۱۰) زکوٰۃ ادا کرے (۱۱) اور رمضان کے روزے رکھے (۱۲) اگر مال ہو تو حج کرے یعنی اگر جانے کی قدرت رکھتا ہو تو حج بھی کرے چوں کہ اکثر مانع مال ہی ہوتا ہے اس لیے اسی کو ذکر فرمادیا ورنہ مقصود یہ ہے کہ حج کے شرائط پائے جاتے ہوں تو حج کرے (۱۳) بارہ رکعات سنت موکدہ روزانہ ادا کرے، اس کی تفصیل دوسری روایات میں اس طرح آئی ہے، کہ صبح سے پہلے دو رکعت، ظہر سے قبل چار، ظہر کے بعد دو رکعت، مغرب کے بعد دو رکعت، عشا کے بعد دو رکعت (۱۴) اور وتر کو کسی رات میں نہ چھوڑے، چوں کہ وہ واجب ہے، اور اس کا سنتوں سے زیادہ ہے۔ اس لیے اس کو تاکیدی لفظ سے ذکر فرمایا (۱۵) اور اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کرے (۱۶) اور والدین کی نافرمانی نہ کرے (۱۷) اور ظلم سے یتیم کا مال نہ کھاوے یعنی اگر کسی وجہ سے یتیم کا مال کھانا جائز ہو جیسا کہ بعض صورتوں میں ہوتا ہے تو مضائقہ نہیں (۱۸) اور شراب نہ پیئے (۱۹) زنا نہ کرے (۲۰) جھوٹی قسم نہ کھاوے (۲۱) جھوٹی گواہی نہ دے۔ (۲۲) خواہشات نفسانیہ پر عمل نہ کرے (۲۳) مسلمان بھائی کی غیبت نہ کرے (۲۴) عفیفہ عورت کو تہمت نہ لگائے (اسی طرح عفیف مرد کو) (۲۵) اپنے مسلمان بھائی سے کینہ نہ رکھے (۲۶) لہو و لعب میں مشغول نہ ہو (۲۷) تماشائیوں میں شریک نہ ہو، (۲۸) کسی پستہ قد کو عیب کی نیت سے ٹھگنا مت کہو یعنی اگر کوئی عیب دار لفظ ایسا مشہور ہو گیا ہو کہ اس کے کہنے سے نہ عیب سمجھا جاتا ہو نہ عیب کی نیت سے کہا جاتا ہو جیسا کہ کسی کا نام بدھو پڑ جاوے تو مضائقہ نہیں لیکن طعن کی غرض سے کسی کو ایسا کہنا جائز نہیں (۲۹) کسی کا مذاق مت اڑا (۳۰) نہ مسلمانوں کے درمیان چغل خوری کر (۳۱) اور ہر حال میں اللہ جل شانہٗ کی نعمتوں پر اس کا شکر ادا کر (۳۲) بلا اور مصیبت پر صبر کر (۳۳) اور اللہ کے عذاب سے بے خوف مت ہو (۳۴) اعزہ سے قطع تعلق مت کر (۳۵) بلکہ ان کے ساتھ صلہ رحمی کر (۳۶) اللہ کی کسی مخلوق کو لعنت مت کر (۳۷) سُبحان اللہ الحمد للہ لاالٰہ الا اللہ، اللہ اکبر، ان الفاظ کا اکثر ورد رکھا کر (۳۸) جمعہ اور عیدین میں حاضری مت چھوڑ (۳۹) اور اس

بات کا یقین رکھ کہ جو کچھ تکلیف و راحت تجھے پہنچی وہ مقدر میں تھی جو ٹلنے والی نہ تھی اور جو کچھ نہیں پہنچا وہ کسی طرح بھی پہنچنے والا نہ تھا (۴۰) اور کلام اللہ شریف کی تلاوت کسی حال میں بھی مت چھوڑ۔

سلمانؓ کہتے ہیں میں نے حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ جو شخص اس کو یاد کرلے اس کو کیا اجر ملے گا۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ حق سبحانہ' و تقدس اس کا انبیاء اور علماء کے ساتھ حشر فرمائیں گے۔

حق سبحانہ' تعالے ہماری سیئات سے درگزر فرما کر اپنے نیک بندوں میں محض اپنے لطف سے شامل فرمالیں تو اس کی کریمی شان سے کچھ بھی بعید نہیں، پڑھنے والے حضرات سے بڑی ہی لجاجت کے ساتھ استدعا ہے کہ دعائے خیر سے اس سیہ کار کی بھی دستگیری فرمادیں۔ وَمَا تَوْفِيْقِيْ اِلَّا بِاللّٰهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ۔

محمد زکریا عفی عنہ کاندھلوی مقیم مدرسہ مظاہر العلوم
سہارنپور، ۲۹ ذی الحجہ ۱۳۴۸ھ پنجشنبہ

(قال اللہ تعالیٰ) شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ

فضائلِ رمضان

مصنفہ:
حضرت مولانا الحاج مولوی محمد زکریا صاحب مدظلہ
شیخ الحدیث مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور

اس کی فصل اول میں دس حدیثیں رمضان شریف کے فضائل میں، دوسری فصل میں سات احادیث لیلۃ القدر کے بارے میں اور سورۂ قدر کی تفسیر میں تیسری فصل میں تین حدیثیں، اعتکاف کے فضائل میں، خاتمہ میں ایک طویل حدیث جو بہت سے بہترین مضامین پر مشتمل ہے۔ غرضیکہ یہ معلوم کرنے کے لیے کہ رمضان المبارک کتنی بڑی نعمت ہے۔ انوار الٰہی اس ماہ میں کس کثرت سے نازل ہوتے ہیں اور ان کے حاصل کرنے کا کیا طریقہ ہے۔ اس میں ملاحظہ فرمائیں۔

ناشر:
اسلامک بک سروس

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُهٗ وَنُصَلِّی عَلٰی رَسُوۡلِهِ الۡکَرِیۡمِ حَامِدًا وَّمُصَلِّیًا وَّمُسَلِّمًا

حمد وصلوٰۃ کے بعد یہ چند احادیث کا ترجمہ ہے جو رمضان المبارک کے بارے میں وارد ہوئی ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی رحمۃ للعالمین ذات نے مسلمانوں کے لئے ہر باب میں جس قدر فضائل اور ترغیبات ارشاد فرمائی ہیں ان کا اصل شکریہ اور قدر دانی تو یہ تھی کہ ہم ان پر مر مٹتے مگر ہماری کوتاہیاں اور دینی بے رغبتیاں اس قدر روز افزوں ہیں کہ اُن پر عمل تو درکنار ان کی طرف التفات اور توجہ بھی نہیں رہی۔ حتیٰ کہ اب لوگوں کو ان کا علم بھی بہت کم ہو گیا ہے۔

ان اوراق کا مقصد یہ ہے کہ اگر مساجد کے ائمہ تراویح کے حُفاظ اور وہ پڑھے لکھے حضرات جن کو دین کی کسی درجہ میں بھی رغبت ہے اوائل رمضان میں اس رسالہ کو مساجد اور مجامع میں سنا دیا کریں، تو اللہ کی رحمت سے کیا بعید ہے کہ اپنے محبوب کے کلام کی برکت سے ہم لوگوں کو مبارک مہینے کی کچھ قدر اور اس کی برکات کی طرف کچھ توجہ ہو جایا کرے اور نیک اعمال کی زیادتی، اور بد اعمالیوں کی کمی کا ذریعہ بن جایا کرے حضورؐ کا ارشاد ہے کہ اگر حق تعالیٰ شانہٗ تیری وجہ سے ایک شخص کو بھی ہدایت فرما دیں تو تیرے لئے سُرخ اونٹوں سے (جو عمدہ مال شمار ہوتا ہے) بہتر اور افضل ہے۔

رمضان المبارک کا مہینہ مسلمانوں کے لئے حق تعالیٰ شانہٗ کا بہت ہی بڑا انعام ہے مگر جب ہی کہ اس انعام کی قدر بھی کی جائے۔ ورنہ ہم سے محروموں کے لئے ایک مہینہ تک رمضان رمضان چلاتے جانے کے سوا کچھ بھی نہیں۔

ایک حدیث میں ہے کہ اگر لوگوں کو یہ معلوم ہو جائے کہ رمضان کیا چیز ہے تو میری اُمت یہ تمنا کرے کہ سارا سال رمضان ہی ہو جائے۔ ہر شخص سمجھتا ہے کہ سال بھر کے روزے رکھنے کا رے دارد مگر رمضان المبارک کے ثواب کے مقابلہ میں حضورؐ کا ارشاد ہے کہ لوگ اس کی تمنا کرنے لگیں۔

ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ رمضان المبارک کے روزے اور ہر مہینے میں تین روزے رکھنا دل کی کھوٹ اور وساوس کو دور کرتا ہے، آخر کوئی تو بات ہے کہ صحابہ کرامؓ رمضان کے مہینے میں جہاد کے سفر میں باوجود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بار بار افطار کی اجازت فرما دینے

کے روزہ کا اہتمام فرماتے حتیٰ کہ حضورؐ کو حکماً منع فرمانا پڑا۔

مسلم شریف کی ایک حدیث میں ہے کہ صحابہ کرامؓ ایک غزوہ کے سفر میں ایک منزل پر اترے گرمی نہایت سخت تھی اور غربت کی وجہ سے اس قدر کپڑا بھی سب کے پاس نہ تھا کہ دھوپ کی گرمی سے بچاؤ کرلیں بہت سے لوگ اپنے ہاتھ سے آفتاب کی شعاع سے بچتے تھے۔ اس حالت میں بھی بہت سے روزے دار تھے، جن سے کھڑے ہوسکنے کا تحمل نہ ہوا اور گر گئے۔ صحابہ کرامؓ کی ایک جماعت گویا ہمیشہ تمام سال روزے دار ہی رہتی تھی۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سینکڑوں روایات میں مختلف انواع کے فضائل نقل کئے گئے جن کا احاطہ تو مجھ جیسے ناکارہ کے امکان سے خارج ہے ہی لیکن میرا یہ بھی خیال ہے کہ اگر ان کو کچھ تفصیل سے لکھوں تو دیکھنے والے اُکتا جائیں گے کہ اس زمانہ میں دینی امور میں جس قدر بے التفاتی کی جارہی ہے وہ محتاج بیان نہیں علم و عمل دونوں میں جس قدر بے پرواہی دین کے بارے میں بڑھتی جارہی ہے وہ ہر شخص اپنی ہی حالت میں غور کرنے سے معلوم کرسکتا ہے اس لئے اکیس۲۱ احادیث پر اکتفا کرتا ہوں، اور ان کو تین فصلوں پر منقسم کرتا ہوں۔

فصل اوّل رمضان المبارک کے فضائل میں جس میں دس احادیث مذکور ہیں۔

دوسری فصل شب قدر کے بیان میں جس میں سات حدیثیں ہیں۔

تیسری فصل میں اعتکاف کا ذکر ہے جس میں تین حدیثیں ہیں۔ اس کے بعد خاتمہ میں ایک طویل حدیث پر اس رسالہ کو ختم کردیا حق تعالیٰ شانہٗ اپنی کریم ذات اور اپنے محبوبؐ کے طفیل اس کو قبول فرماویں اور مجھ سیہ کار کو بھی اس کی برکات سے انتفاع کی توفیق عطا فرمادیں۔ فَاِنَّہٗ بَرٌّ جَوَادٌ کَرِیْمٌ

فصلِ اوّل ـ فضائلِ رمضان میں

۱۔ عَنْ سَلْمَانَؓ قَالَ خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ اٰخِرِ یَوْمٍ مِّنْ شَعْبَانَ فَقَالَ یٰۤاَیُّہَا النَّاسُ قَدْ اَظَلَّکُمْ شَہْرٌ عَظِیْمٌ مُّبَارَکٌ شَہْرٌ فِیْہِ لَیْلَۃٌ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَہْرٍ شَہْرٌ جَعَلَ اللّٰہُ صِیَامَہٗ فَرِیْضَۃً وَّقِیَامَ لَیْلِہٖ تَطَوُّعًا مَنْ تَقَرَّبَ فِیْہِ

حضرت سلمانؓ کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے شعبان کی آخر تاریخ میں ہم لوگوں کو وعظ فرمایا کہ تمہارے اوپر ایک مہینہ آرہا ہے جو بہت بڑا مہینہ ہے بہت مبارک مہینہ ہے اس میں ایک رات ہے (شب قدر) جو ہزاروں مہینوں سے بڑھ کر ہے اللہ تعالیٰ نے اس کے روزہ کو

بخصلة كان كمن ادى فريضة فيما سواه
ومن ادى فريضة فيه كان كمن ادى
سبعين فريضة فيما سواه وهو شهر
الصبر والصبر ثوابه الجنة وشهر المواساة
وشهر يزاد في رزق المؤمن فيه من
فطر فيه صائما كان مغفرة لذنوبه
وعتق رقبته من النار وكان له مثل
اجره من غير ان ينتقص من اجره شيء
قالوا يا رسول الله ليس كلنا يجد ما
يفطر الصائم فقال رسول الله صلى الله
عليه وسلم يعطي الله هذا الثواب من
فطر صائما على تمرة او شربة ماء
او مذقة لبن وهو شهر اوله رحمة
واوسطه مغفرة واخره عتق من النار
من خفف عن مملوكه فيه غفر
الله له واعتقه من النار واستكثروا
فيه من اربع خصال خصلتين ترضون
بهما ربكم وخصلتين لا غناء بكم عنهما
فاما الخصلتان اللتان ترضون بهما ربكم
فشهادة ان لا اله الا الله وتستغفرونه
واما الخصلتان اللتان لا غناء بكم عنهما
فتسألون الله الجنة وتعوذون به من
النار ومن اسقى صائما سقاه الله من
حوضي شربة لا يظمأ حتى يدخل
الجنة۔

فرض فرمایا اور اس کے رات کے قیام (یعنی
تراویح) کو ثواب کی چیز بنایا ہے، جو شخص اس
مہینہ میں کسی نیکی کے ساتھ اللہ کا قرب حاصل کرے
ایسا ہے جیسا کہ غیر رمضان میں فرض ادا کیا اور
جو شخص اس مہینہ میں کسی فرض کو ادا کرے وہ ایسا
ہے جیسا کہ غیر رمضان میں ستر فرض ادا کرے یہ
مہینہ صبر کا ہے اور صبر کا بدلہ جنت ہے اور یہ
مہینہ لوگوں کے ساتھ غم خواری کرنے کا ہے اس
مہینہ میں مومن کا رزق بڑھا دیا جاتا ہے جو شخص کسی
روزہ دار کا روزہ افطار کرائے اس کیلئے گناہوں
کے معاف ہونے اور آگ سے خلاصی کا سبب ہوگا
اور روزہ دار کے ثواب کی مانند اس کو ثواب
ہوگا مگر اس روزہ دار کے ثواب سے کچھ کم نہیں
کیا جائے گا صحابہؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ہم میں
سے ہر شخص تو اتنی وسعت نہیں رکھتا کہ روزہ
دار کو افطار کرائے تو آپؐ نے فرمایا کہ (پیٹ بھر
کھلانے پر موقوف نہیں) یہ ثواب تو اللہ جل شانہٗ ایک
کھجور سے کوئی افطار کرادے یا ایک گھونٹ پانی
پلاوے یا ایک گھونٹ لسّی پلاوے اس پر بھی مرحمت فرما
دیتے ہیں۔ یہ ایسا مہینہ ہے کہ اس کا اول حصہ اللہ
کی رحمت ہے اور درمیانی حصہ مغفرت ہے اور
آخری حصہ آگ سے آزادی ہے جو شخص اس مہینہ
میں ہلکا کردے اپنے غلام و خادم کے بوجھ کو
حق تعالیٰ شانہٗ اس کی مغفرت فرماتے ہیں اور
آگ سے آزادی فرماتے ہیں۔ اور چار چیزوں

(رواہ ابن خزیمۃ فی صحیحہ وقال ان صح الخبر ورواہ البیہقی ورواہ ابو الشیخ بن حبان فی الثواب باختصار عنہما وفی اسانیدھم علی بن زید بن جدعان ورواہ ابن خزیمۃ ایضاً والبیہقی باختصار عنہ من حدیث ابی ھریرۃ وفی اسنادہ کثیر بن زید کذا فی الترغیب قلت علی بن زید ضعفہ جماعۃ وقال الترمذی صدوق وصح لہ حدیثا فی السلام وحسن لہ غیر ما حدیث

کی اس میں کثرت رکھا کرو جن میں سے دو چیزیں اللہ تعالیٰ کی رضا کے واسطے اور دو چیزیں ایسی ہیں جن سے تمہیں چارہ کار نہیں پہلی دو چیزیں جن سے تم اپنے رب کو راضی کرو وہ کلمہ طیبہ اور استغفار کی کثرت ہے۔ اور دوسری دو چیزیں یہ ہیں کہ جنت کی طلب کرو اور آگ سے پناہ مانگو جو شخص کسی روزہ دار کو پانی پلائے حق تعالیٰ (قیامت کے دن) میری حوض سے اس کو ایسا پانی پلائیں گے جس کے بعد جنت میں داخل ہونے تک پیاس نہیں لگے گی۔

وکذا کثیر ضعفہ النسائی وغیرہ وقال ابن معین ثقۃ وقال ابن عدی لم ار بحدیثہ باسا واخرج بحدیثہ ابن خزیمۃ فی صحیحہ کذا فی رجال المنذری لکن قال العینی الخبر منکر فتامل۔

ف۔ محدثین کو اس کے بعض رواۃ میں کلام ہے لیکن اول تو فضائل میں اس قدر کلام قابل تحمل ہے دوسرے اس کے اکثر مضامین کی دوسری روایات مؤید ہیں۔ اس حدیث سے چند امور معلوم ہوتے ہیں۔ اول نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اہتمام کہ شعبان کی اخیر تاریخ میں خاص طور سے اس کا وعظ فرمایا اور لوگوں کو تنبیہ فرمائی تاکہ رمضان المبارک کا ایک سکنڈ بھی غفلت سے نہ گزر جائے پھر اس وعظ میں تمام مہینہ کی فضیلت بیان فرمانے کے بعد چند اہم امور کی طرف خاص طور سے متوجہ فرمایا سب سے اول شب قدر کہ وہ حقیقت میں بہت ہی اہم رات ہے ان اوراق میں اس کا بیان دوسری فصل میں مستقل آئے گا۔ اس کے بعد ارشاد ہے کہ اللہ نے اس کے روزہ کو فرض کیا، اور اس کے قیام یعنی تراویح کو سنت کیا اس سے معلوم ہوا کہ تراویح کا ارشاد بھی خود حق سبحانہٗ و تقدس کی طرف سے ہے۔ پھر جن روایات میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو اپنی طرف منسوب فرمایا کہ میں نے سُنت کیا۔ اُن سے مراد تاکید ہے کہ حضورؐ اس کی تاکید بہت فرماتے تھے۔ اسی وجہ سے سب ائمہ اُس کے سُنت ہونے پر متفق ہیں۔ برہان میں لکھا ہے کہ مسلمانوں میں سے روافض کے سوا کوئی شخص اس کا منکر نہیں۔

حضرت مولانا الشاہ عبدالحق صاحب محدث دہلویؒ نے ما ثبت بالسنۃ میں بعض کتب فقہ سے نقل کیا ہے کہ کسی شہر کے لوگ اگر تراویح چھوڑ دیں تو اس کے چھوڑنے پر امام اُن سے مقاتلہ کرے، اس جگہ خصوصیت سے ایک بات کا لحاظ رکھنے کی ضرورت ہے وہ یہ کہ بہت سے لوگوں کا خیال ہوتا ہے کہ جلدی سے کسی مسجد میں آٹھ دس دن میں کلام مجید سُن لیں پھر چھٹی۔ یہ خیال رکھنے کی بات ہے کہ یہ دو سنتیں الگ الگ ہیں، تمام کلام اللہ شریف کا تراویح میں پڑھنا یا سننا یہ مستقل سنت ہے اور پورے رمضان شریف کی تراویح مستقل سنت ہے پس اس صورت میں ایک سنت پر عمل ہوا اور دوسری رہ گئی، البتہ جن لوگوں کو رمضان المبارک میں سفر وغیرہ یا اور کسی وجہ سے ایک جگہ روزانہ تراویح پڑھنی مشکل ہو، ان کے لیے مناسب ہے کہ اول قرآن مجید چند روز میں سن لیں تاکہ قرآن شریف ناقص نہ رہے پھر جہاں وقت ملا اور موقع ہوا وہاں تراویح پڑھ لی کہ قرآن شریف بھی اس صورت میں ناقص نہیں ہوگا اور اپنے کام کا بھی حرج نہ ہوگا حضورؐ نے روزہ اور تراویح کا ذکر فرمانے کے بعد عام فرض اور نفل عبادات کے اہتمام کی طرف متوجہ فرمایا کہ اس میں ایک نفل کا ثواب دوسرے مہینوں کے فرائض کے برابر ہے اور اسکے ایک فرض کا ثواب دوسرے مہینوں کے ستر فرائض کے برابر ہے اس جگہ ہم لوگوں کو اپنی اپنی عبادات کی طرف بھی ذرا غور کرنے کی ضرورت ہے کہ اس مبارک مہینہ میں فرائض کا ہم سے کس قدر اہتمام ہوتا ہے اور نوافل میں کتنا اضافہ ہوتا ہے۔ فرائض میں تو ہمارے اہتمام کی یہ حالت ہے کہ سحر کھانیکے بعد جو سوتے ہیں تو اکثر صبح کی نماز قضا ہوگئی، اور کم از کم جماعت تو اکثروں کی فوت ہو ہی جاتی ہے گویا سحر کھانے کا شکریہ ادا کیا کہ اللہ کے سب سے زیادہ مہتم بالشان فرض کو یا بالکل قضا کر دیا یا کم از کم ناقص کر دیا کہ بغیر جماعت کے نماز پڑھنے کو اہل اصول نے ادا ناقص فرمایا ہے۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا تو ایک جگہ ارشاد ہے کہ مسجد کے قریب رہنے والوں کی تو (گویا) نماز بغیر مسجد کے ہوتی ہی نہیں۔

مظاہر حق میں لکھا ہے کہ جو شخص بغیر عذر کے بدون جماعت نماز پڑھتا ہے اس کے ذمہ سے فرض تو ساقط ہو جاتا ہے مگر اس کو نماز کا ثواب نہیں ملتا۔ اسی طرح دوسری نماز مغرب کی بھی جماعت اکثروں کی افطار کی نذر ہو جاتی ہے اور رکعت اولیٰ یا تکبیر اولیٰ کا تو ذکر ہی کیا ہے۔ اور بہت سے لوگ تو عشاء کی نماز بھی تراویح کے احسان کے بدلے میں وقت سے پہلے ہی پڑھ لیتے ہیں۔ یہ تو رمضان المبارک میں ہماری نماز کا حال ہے جو اہم ترین فرائض میں ہے کہ ایک فرض کے بدلے میں تین کو ضائع کیا، یہ تین تو اکثر ہیں ورنہ ظہر کی نماز قیلولہ کی نذر اور عصر کی جماعت افطاری کا سامان خریدنے کی نذر ہوتے ہوئے آنکھوں سے دیکھا گیا ہے۔ اسی طرح اور فرائض پر آپ خود غور فرمالیں کہ کتنا اہتمام رمضان المبارک میں ان کا کیا جاتا ہے، اور جب فرائض کا یہ حال ہے تو نوافل کا کیا پوچھنا۔ اشراق اور چاشت تو رمضان المبارک

میں سونے کی نذر ہو ہی جاتے ہیں اور اقارب کا کیسے اہتمام ہو سکتا ہے جبکہ ابھی روزہ کھولا ہے اور آئندہ تراویح کا سہم ہے، اور تہجد کا وقت تو ہے ہی عین سحر کھانے کا وقت، پھر نوافل کی گنجائش کہاں، لیکن یہ سب باتیں بے توجہی اور نہ کرنے کی ہیں کہ ع تو ہی اگر نہ چاہے تو باتیں ہزار ہیں

کتنے اللہ کے بندے ہیں کہ جن کے لیے انہی اوقات میں سب چیزوں کی گنجائش نکل آتی ہے میں نے اپنے آقا حضرت مولانا خلیل احمد صاحب نور اللہ مرقدہٗ کو متعدد رمضانوں میں دیکھا ہے کہ باوجود ضعف اور پیرانہ سالی کے مغرب کے بعد نوافل میں سوا پارہ پڑھنا یا سُننا اور اس کے بعد آدھ گھنٹہ کھانا وغیرہ ضروریات کے بعد ہندوستان کے قیام میں تقریبًا دو سوا دو گھنٹے تراویح میں خرچ ہوتے تھے اور مدینہ پاک کے قیام میں تقریبًا تین گھنٹے میں عشاء اور تراویح سے فراغت ہوتی، اس کے بعد آپ حسب اختلافِ موسم دو تین گھنٹے آرام فرمانے کے بعد تہجد میں تلاوت فرماتے اور صبح سے نصف گھنٹہ قبل سحر تناول فرماتے، اس کے بعد سے صبح کی نماز تک کبھی حفظ تلاوت فرماتے اور کبھی اوراد و وظائف میں مشغول رہتے، اسفار یعنی چاندنی میں صبح کی نماز پڑھ کر اشراق تک مراقب رہتے اور اشراق کے بعد تقریبًا ایک گھنٹہ آرام فرماتے، اس کے بعد سے تقریبًا بارہ بجے تک اور گرمیوں میں ایک بجے تک "بذل المجہود"[1] تحریر فرماتے اور ڈاک وغیرہ ملاحظہ فرما کر جواب لکھاتے۔ اس کے بعد ظہر کی نماز تک آرام فرماتے اور ظہر سے عصر تک تلاوت فرماتے، عصر سے مغرب تک تسبیح میں مشغول رہتے اور حاضرین سے بات چیت بھی فرماتے۔ بذل المجہود ختم ہوجانے کے بعد صبح کا کچھ حصہ تلاوت میں اور کچھ کتب بینی میں بذل المجہود اور وفاء الوفاء زیادہ تر اس وقت زیرِ نظر رہتی تھی، یہ اس پر تھا کہ رمضان المبارک میں معمولات میں کوئی خاص تغیر نہ تھا کہ نوافل کا یہ معمول دائمی تھا۔ اور نوافل مذکورہ کا تمام سال بھی اہتمام رہتا تھا، البتہ رکعات کے طول میں رمضان المبارک میں اضافہ ہو جاتا تھا، ورنہ جن اکابر کے یہاں رمضان المبارک کے خاص معمولات مستقل تھے ان کا اتباع تو ہر شخص سے نبھنا بھی مشکل ہے۔

حضرت اقدس مولانا شیخ الہند تراویح کے بعد سے صبح کی نماز تک نوافل میں مشغول رہتے تھے اور یکے بعد دیگرے متفرق حفاظ سے کلام مجید سنتے رہتے تھے اور حضرت مولانا شاہ عبد الرحیم صاحب رائے پوری قدس سرہٗ کے یہاں تو رمضان المبارک کا مہینہ دن و رات تلاوت ہی کا ہوتا تھا کہ اس میں ڈاک بھی بند اور ملاقات بھی ذرا گوارا نہ تھی۔ بعض مخصوص خدام کو صرف اتنی اجازت ہوتی تھی کہ تراویح کے بعد جتنی دیر حضرت سادی چائے کے ایک دو فنجان نوش فرمائیں اتنی دیر حاضر خدمت ہو جایا کریں،

[1] بذل المجہود پانچ جلدوں میں مکمل شرح ابوداؤد کی ہے عربی زبان میں ہے:۔

بزرگوں کے یہ معمولات اس وجہ سے نہیں لکھے جاتے کہ سرسری نگاہ سے اُن کو پڑھ لیا جائے یا کوئی تفریحی فقرہ اُن پر کہہ دیا جائے، بلکہ اس لیے ہیں کہ اپنی ہمت کے موافق اُن کا اتباع کیا جائے اور حتی الوسع پورا کرنے کا اہتمام کیا جائے کہ ہر لائن اپنے مخصوص امتیازات میں دوسرے پر فائق ہے جو لوگ دنیوی مشاغل سے مجبور نہیں ہیں کیا ہی اچھا ہو کہ گیارہ مہینے ضائع کر دینے کے بعد ایک مہینہ مرمٹنے کی کوشش کریں۔ ملازم پیشہ حضرات جو دس بجے سے چار بجے تک دفتر میں رہنے کے پابند ہیں اگر صبح سے دس بجے تک کم از کم رمضان المبارک کا مہینہ تلاوت میں خرچ کردیں توکیا دقت ہے آخر دنیوی ضروریات کے لیے دفتر کے علاوہ اوقات میں سے وقت نکالا ہی جاتا ہے اور کھیتی کرنے والے تو نہ کسی کے نوکر، نہ اوقات کے تغیر میں ان کو ایسی پابندی کہ اس کو بدل نہ سکیں یا کھیت پر بیٹھے بیٹھے تلاوت نہ کرسکیں، اور تاجروں کے لیے تو اس میں کوئی دقت ہی نہیں کہ اس مبارک مہینہ میں دوکان کا وقت تھوڑا سا کم کردیں یا کم از کم دوکان ہی پر تجارت کے ساتھ تلاوت بھی کرتے رہا کریں کہ اس مبارک مہینہ کو کلام الٰہی کے ساتھ بہت ہی خاص مناسبت ہے۔

اسی وجہ سے عموماً اللہ جل شانہ کی تمام کتابیں اسی ماہ میں نازل ہوئی ہیں۔ چنانچہ قرآن پاک لوح محفوظ سے آسمانِ دنیا پر تمام کا تمام اسی ماہ میں نازل ہوا۔ اور وہاں سے حسب موقع تھوڑا تھوڑا تیئس ۲۳ سال کے عرصہ میں نازل ہوا۔ اس کے علاوہ حضرت ابراہیم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحیفے اسی ماہ کی یکم یا ۳ تاریخ کو عطا ہوئے، اور حضرت داؤد علیہ السلام کو زبور ۱۸ یا ۱۲ رمضان کو ملی، اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو توریت ۶ رمضان المبارک کو عطا ہوئی، اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو انجیل ۱۲ یا ۱۳ رمضان کو ملی، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس ماہ کو کلامِ الٰہی کے ساتھ خاص مناسبت ہے۔ اسی وجہ سے تلاوت کی کثرت اس مہینہ میں منقول ہے اور مشائخ کا معمول حضرت جبرئیلؑ ہر سال رمضان میں تمام قرآن شریف نبی کریمؐ کو سناتے تھے اور بعض روایات میں آیا ہے کہ نبی کریمؐ سے سنتے تھے علماء نے ان دونوں حدیثوں کے ملانے سے قرآن پاک کے دور کرنے کا جو عام طور سے رائج ہے استحباب نکالا ہے، بالجملہ تلاوت کا خاص اہتمام جتنا بھی ممکن ہوسکے کرے اور جو وقت تلاوت سے بچے اس کو بھی ضائع کرنا مناسب نہیں کہ نبی کریمؐ نے اسی حدیث کے آخر میں چار چیزوں کی طرف خاص طور سے متوجہ فرمایا اور اس مہینہ میں انکی کثرت کا حکم فرمایا کلمہ طیبہ اور استغفار اور جنت کے حصول اور دوزخ سے بچنے کی دعا اسلئے جتنا بھی وقت مل سکے ان چیزوں میں صرف کرنا سعادت سمجھے اور یہی نبی کریمؐ کے ارشاد مبارک کی قدر ہے۔ کیا دقت ہے کہ اپنی دنیوی کاروبار میں مشغول رہتے ہوئے زبان سے درود شریف یا کلمہ طیبہ کا بھی ورد رہے اور کل کو یہ کہنے کو منہ باقی رہے

میں گور بار ہیں ستم ہائے روزگار لیکن تمہاری یاد سے غافل نہیں رہا

اس کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مہینہ کی کچھ خصوصیتیں اور آداب ارشاد فرمائے اوّلاً یہ کہ یہ صبر کا مہینہ ہے یعنی اگر روزہ وغیرہ میں کچھ تکلیف ہو تو اسے ذوق شوق سے برداشت کرنا چاہیے یہ نہیں کہ مار دھاڑ ہول پکار جیسا کہ اکثر لوگوں کی گرمی کے رمضان میں عادت ہوتی ہے۔ اسی طرح اگر اتفاق سے سحر نہ کھائی گئی تو صبح سے ہی روزہ کا سوگ شروع ہوگیا۔ اسی طرح رات کی تراویح میں اگر دقت ہو تو اس کو بڑی بشاشت سے برداشت کرنا چاہیے اس کو مصیبت اور آفت نہ سمجھیں کہ یہ بڑی سخت محرومی کی بات ہے۔ ہم لوگ دنیوی معمولی اغراض کی بدولت کھانا پینا راحت و آرام سب چھوڑ دیتے ہیں تو کیا رضائے الٰہی کے مقابلہ میں ان چیزوں کی کوئی وقعت ہو سکتی ہے۔

پھر ارشاد ہے کہ یہ غمخواری کا مہینہ ہے یعنی غربا مساکین کے ساتھ مدارات کا برتاؤ کرنا اگر دس چیزیں اپنی افطاری کے لیے تیار کی ہیں تو دو چار غرباء کے لیے بھی کم از کم ہونی چاہییں ورنہ اصل تو یہ تھا کہ ان کے لیے اپنے سے افضل نہ ہوتا تو مساوات ہی ہوتی، غرض جس قدر بھی ہمت ہو سکے اپنے افطار و سحر کے کھانے میں غرباء کا حصہ بھی ضرور لگانا چاہیے۔ صحابہ کرام امت کے لیے عملی نمونہ اور دین کے ہر جزو کو اس قدر واضح طور پر عمل فرما کر دکھلا گئے کہ اب ہر نیک کام کے لیے ان کی شاہراہِ عمل کھلی ہوئی ہے۔ ایثار و غمخواری کے باب میں ان حضرات کا اتباع بھی دل گردہ والے کا کام ہے سینکڑوں ہزاروں واقعات ہیں جن کو دیکھ کر بجز حیرت کے کچھ نہیں کہا جاتا۔

ایک واقعہ مثالاً لکھتا ہوں، ابوجہم کہتے ہیں کہ یرموک کی لڑائی میں میں اپنے چچا زاد بھائی کو تلاش کرنے چلا اور اس خیال سے پانی کا مشکیزہ بھی لے لیا کہ اگر اس میں کچھ رمق باقی ہوئی تو پانی پلا دوں گا اور ہاتھ منہ دھو دوں گا۔ وہ اتفاق سے پڑے ہوئے ملے میں نے ان سے پانی کو پوچھا انہوں نے اشارہ سے مانگا کہ اتنے میں برابر سے دوسرے زخمی نے آہ کی چچا زاد بھائی نے پانی پینے سے پہلے اس کے پاس جانے کا اشارہ کیا۔ اس کے پاس گیا اور پوچھا تو معلوم ہوا کہ وہ بھی پیاسے ہیں اور پانی مانگتے ہیں کہ اتنے میں ان کے پاس والے نے اشارہ کر دیا۔ انہوں نے بھی خود پانی پینے سے قبل اس کے پاس جانے کا اشارہ کیا اتنے میں وہاں تک پہنچا تو ان کی روح پرواز کر چکی تھی واپس دوسرے صاحب کے پاس پہنچا تو وہ بھی ختم ہو چکے تھے تو لوٹ کر چچا زاد بھائی کے پاس آیا تو دیکھا کہ ان کا بھی وصال ہو گیا۔ یہ ہیں تمہارے اسلاف کے ایثار کہ خود پیاسے جان دے دی اور اجنبی بھائی سے پہلے پانی پینا گوارا نہ کیا۔

رضی اللہ عنہم وارضاھم وارزقنا اتباعھم، آمین

رُوح البیان میں سیوطیؒ کی جامع الصغیر اور سخاویؒ کی مقاصد سے بروایت حضرت ابن عمرؓ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کیا ہے کہ میری اُمّت میں ہر وقت پانچ سو برگزیدہ بندے اور چالیس اَبدال رہتے ہیں جب کوئی شخص اُن میں سے مرجاتا ہے فوراً دوسرا اس کی جگہ لے لیتا ہے۔ صحابہؓ نے عرض کیا کہ ان لوگوں کے خصوصی اعمال کیا ہیں؟ تو آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ ظلم کرنے والوں سے درگزر کرتے ہیں اور بُرائی کا معاملہ کرنے والوں سے (بھی) احسان کا برتاؤ کرتے ہیں اور اللہ کے عطا فرمائے ہوئے رزق میں لوگوں کے ساتھ ہمدردی اور غم خواری کا برتاؤ کرتے ہیں۔ ایک دوسری حدیث سے نقل کیا ہے کہ جو شخص بھوکے کو روٹی کھلائے یا ننگے کو کپڑا پہنائے یا مسافر کو شب باشی کی جگہ دے حق تعالیٰ شانہٗ قیامت کے ہولوں سے اس کو پناہ دیتے ہیں۔ یحییٰ برمکیؒ حضرت سفیان ثوریؒ پر ہر ماہ ایک ہزار درہم خرچ کرتے تھے تو حضرت سفیانؒ سجدے میں اُن کے لیے دعا کرتے تھے کہ یا اللہ یحییٰ نے میری دنیا کی کفالت کی تو اپنے لطف سے اس کی آخرت کی کفایت فرما۔ جب یحییٰ کا انتقال ہوا تو لوگوں نے خواب میں ان سے پوچھا کہ کیا گزری۔ انہوں نے کہا کہ سفیانؒ کی دُعا کی بدولت مغفرت ہوئی۔ اس کے بعد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ افطار کرانے کی فضیلت ارشاد فرمائی ایک اور روایت میں آیا ہے کہ جو شخص حلال کمائی سے رمضان میں روزہ افطار کرائے اس پر رمضان کی راتوں میں فرشتے رحمت بھیجتے ہیں اور شب قدر میں جبرئیل علیہ السّلام اس سے مصافحہ کرتے ہیں اور جس سے حضرت جبرئیلؑ مصافحہ کرتے ہیں (اس کی علامت یہ ہے کہ) اس کے دل میں رقت پیدا ہوتی ہے اور آنکھوں سے آنسو بہتے ہیں۔ حماد بن سلمہؒ ایک مشہور محدث ہیں روزانہ پچاس آدمیوں کے روزہ افطار کرانے کا اہتمام کرتے تھے[1]

افطار کی فضیلت ارشاد فرمانے کے بعد فرمایا ہے کہ اس ماہ کا اوّل حصّہ رحمت ہے یعنی حق تعالیٰ شانہٗ کا انعام متوجہ ہوتا ہے اور یہ رحمتِ عامہ سب مسلمانوں کے لیے ہوتی ہے اس کے بعد جو لوگ اس کا شکر ادا کرتے ہیں اُن کے لیے اس رحمت میں اضافہ ہوتا ہے لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ اور اس کے درمیانی حصّہ سے مغفرت شروع ہوجاتی ہے اس لیے کہ روزوں کا کچھ حصّہ گزر چکا ہے اس کا معاوضہ اور اکرام مغفرت کے ساتھ شروع ہوجاتا ہے، اور آخری حصّہ کو بالکل آگ سے خلاصی ہے ہی۔

اور بھی بہت سی روایات میں ختم رمضان پر آگ سے خلاصی کی بشارتیں وارد ہوئی ہیں۔ رمضان کے تین حصّے کیے گئے جیسا کہ مضمون بالا سے معلوم ہوا بندۂ ناچیز کے خیال میں تین حصّے رحمت

[1] روح البیان۔

اور مغفرت اور آگ سے خلاصی کے درمیان میں فرق یہ ہے کہ آدمی تین طرح کے ہیں۔ ایک وہ لوگ جن کے اوپر گناہوں کا بوجھ نہیں اُن کے لیے شروع ہی سے رحمت اور انعام کی بارش ہو جاتی ہے دوسرے وہ لوگ جو معمولی گنہ گار ہیں ان کے لیے کچھ حصّہ روزہ رکھنے کے بعد اُن روزوں کی برکت اور بدلہ میں مغفرت اور گناہوں کی معافی ہوتی ہے تیسرے وہ جو زیادہ گنہ گار ہیں ان کے لیے زیادہ حصّہ روزہ رکھنے کے بعد آگ سے خلاصی ہوتی ہے اور جن لوگوں کے لیے ابتدا ہی سے رحمت تھی اور ان کے گناہ بخشے بخشائے تھے ان کا تو پوچھنا ہی کیا کہ ان کے لیے رحمتوں کے کس قدر انبار ہوں گے (واللہ اعلم وعلمہ اتم)

اس کے بعد حضورؐ نے ایک اور چیز کی طرف رغبت دلائی ہے کہ آقا لوگ اپنے ملازموں پر اس مہینہ میں تخفیف رکھیں اس لیے کہ آخر وہ بھی روزہ دار ہیں۔ کام کی زیادتی سے ان کو روزہ میں دقت ہوگی۔ البتہ اگر کام زیادہ ہو تو اس میں مضائقہ نہیں کہ رمضان کے لیے ہنگامی ملازم ایک آدھ بڑھالے مگر جب ہی کہ ملازم روزہ دار بھی ہو ورنہ اس کے لیے رمضان بے رمضان برابر اور اس ظلم و بے غیرتی کا تو ذکر ہی کیا کہ خود روزہ خور ہو کر بے حیا منہ سے روزہ دار ملازموں سے کام لے اور نماز روزہ کی وجہ سے اگر تعمیل میں کچھ تساہل ہو تو برسنے لگے۔ وَسَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَيَّ مُنْقَلَبٍ يَنْقَلِبُونَ (ترجمہ) اور عنقریب ظالم لوگوں کو معلوم ہو جائے گا کہ وہ کیسی (مصیبت) کی جگہ لوٹ کر جائیں گے (مراد جہنّم ہے) اس کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان المبارک میں چار چیزوں کی کثرت کا حکم فرمایا۔ اوّل کلمۂ شہادت احادیث میں اس کو افضل الذکر ارشاد فرمایا ہے مشکوٰۃ میں بروایت ابو سعید خدریؓ نقل کیا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السّلام نے ایک مرتبہ اللہ جل جلالہ کی بارگاہ میں عرض کیا کہ یا اللہ تو مجھے کوئی ایسی دعا تلادے کہ اس کے ساتھ میں تجھے یاد کیا کروں اور دعا کیا کروں وہاں سے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ ارشاد ہوا۔ حضرت موسیٰؑ نے عرض کیا کہ یہ کلمہ تو تیرے سارے ہی بندے کہتے ہیں میں تو کوئی دعا یا ذکر مخصوص چاہتا ہوں۔ دہاں سے ارشاد ہوا کہ اے موسیٰؑ اگر ساتوں آسمان اور ان کے آباد کرنے والے میرے سوا یعنی ملائکہ اور ساتوں زمین ایک پلڑہ میں رکھ دیئے جاویں اور دوسرے میں کلمۂ طیبہ رکھ دیا جائے تو وہی جھک جائے گا۔

ایک حدیث میں وارد ہوا ہے کہ جو شخص اخلاص سے اس کلمہ کو پڑھے آسمان کے دروازے اس کے لیے فوراً کھل جاتے ہیں اور عرش تک پہنچنے میں کسی قسم کی روک نہیں ہوتی بشرطیکہ کہنے والا کبائر سے بچے عادت اللہ اسی طرح جاری ہے کہ ضرورتِ عامہ کی چیز کو کثرت سے مرحمت

فرماتے ہیں دنیا میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جو چیز جس قدر ضرورت کی ہوتی ہے اتنی ہی عام ہوتی ہے مثلاً پانی ہے کہ عام ضرورت کی چیز ہے حق تعالیٰ شانہٗ کی بے پایاں رحمت نے اس کو کس قدر عام کر رکھا ہے اور کیمیا جیسی لغو اور بیکار چیز کو عنقا کر دیا، اسی طرح کلمۂ طیبہ افضل الذکر[1] ہے متعدد احادیث سے اس کی تمام اذکار پر افضلیت معلوم ہوتی ہے اس کو سب سے عام کر رکھا ہے کہ کوئی محروم نہ رہے۔ پھر بھی اگر کوئی محروم رہے تو اس کی بدبختی ہے بالجملہ بہت سی احادیث اس کی فضیلت میں وارد ہوئی ہیں جن کو اختصاراً ترک کیا جاتا ہے۔ دوسری چیز جس کی کثرت کرنے کو حدیث بالا میں ارشاد فرمایا گیا وہ استغفار ہے۔ احادیث میں استغفار کی بھی بہت ہی فضیلت وارد ہوئی ہے۔ ایک حدیث میں وارد ہوا ہے کہ جو شخص استغفار کی کثرت رکھتا ہے حق تعالیٰ شانہٗ ہر تنگی میں اس کے لیے راستہ نکال دیتے ہیں اور ہر غم سے نجات نصیب فرماتے ہیں اور ایسی طرح روزی پہنچاتے ہیں کہ اس کو گمان بھی نہیں ہوتا ایک حدیث میں آیا ہے کہ آدمی گنہگار تو ہوتا ہی ہے، بہترین گنہگار وہ ہے جو توبہ کرتا رہے ایک حدیث قریب آنے والی ہے کہ جب آدمی گناہ کرتا ہے تو ایک کالا نقطہ اس کے دل پر لگ جاتا ہے۔ اگر توبہ کرتا ہے تو وہ دُھل جاتا ہے ورنہ باقی رہتا ہے، اس کے بعد حضورؐ نے دو چیز کے مانگنے کا امر فرمایا ہے جن کے بغیر چارہ ہی نہیں۔ جنت کا حصول اور دوزخ سے امن، اللہ اپنے فضل سے مجھے بھی مرحمت فرمائے اور تمہیں بھی۔

(۲) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اُعْطِیَتْ اُمَّتِیْ خَمْسَ خِصَالٍ فِیْ رَمَضَانَ لَمْ تُعْطَهُنَّ اُمَّةٌ قَبْلَهُمْ خُلُوْفُ فَمِ الصَّائِمِ اَطْیَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِیْحِ الْمِسْكِ وَتَسْتَغْفِرُ لَهُمُ الْحِیْتَانُ حَتّٰی یُفْطِرُوْا وَیُزَیِّنُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ كُلَّ یَوْمٍ جَنَّتَهٗ ثُمَّ یَقُوْلُ یُوْشِكُ عِبَادِیَ الصَّالِحُوْنَ اَنْ یُّلْقُوْا عَنْهُمُ الْمُؤْنَةَ وَیَصِیْرُوْا اِلَیْكَ وَتُصَفَّدُ فِیْهِ مَرَدَةُ الشَّیَاطِیْنِ فَلَا یَخْلُصُوْا فِیْهِ اِلٰی مَا كَانُوْا یَخْلُصُوْنَ اِلَیْهِ فِیْ غَیْرِهٖ وَیُغْفَرُ لَهُمْ فِیْ اٰخِرِ

ابوہریرہؓ نے حضور اکرمؐ سے نقل کیا کہ میری امت کو رمضان شریف کے بارے میں پانچ چیزیں مخصوص طور پر دی گئی ہیں جو پہلی امتوں کو نہیں ملی ہیں (۱) یہ کہ ان کے منہ کی بدبو اللہ کے نزدیک مشک سے زیادہ پسندیدہ ہے (۲) یہ کہ ان کے لیے دریا کی مچھلیاں تک دعا کرتی ہیں اور افطار کے وقت تک کرتی رہتی ہیں (۳) جنت ہر روز ان کے لیے آراستہ کی جاتی ہے پھر حق تعالیٰ شانہٗ فرماتے ہیں کہ قریب ہے کہ میرے نیک بندے (دنیا کی) مشقتیں اپنے اوپر سے

[1] مصنف کا ایک رسالہ فضائل ذکر کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔

لَيْلَةٍ قِيْلَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَهِيَ لَيْلَةُ الْقَدْرِ قَالَ لَا وَلٰكِنَّ الْعَامِلَ اِنَّمَا يُوَفّٰى اَجْرَهٗ اِذَا قَضٰى عَمَلَهٗ۔ (رواه احمد والبزار والبيهقي ورواه ابو الشيخ ابن حبان في كتاب الثواب الا ان عنده وتستغفر لهم الملئكة بدل الحيتان، كذا في الترغيب)

پھینک کر نیری طرف آویں (۴) اس میں سرکش شیاطین قید کر دیے جاتے ہیں کہ وہ رمضان میں اُن برائیوں کی طرف نہیں پہنچ سکتے جن کی طرف غیر رمضان میں پہنچ سکتے ہیں (۵) رمضان کی آخری رات میں روزہ داروں کے لیے مغفرت کی جاتی ہے صحابہؓ نے عرض کیا کہ یہ شب مغفرت شب قدر ہے، فرمایا نہیں بلکہ دستور یہ ہے کہ مزدور کو کام ختم ہونے کے وقت مزدوری دیدی جاتی ہے

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث پاک میں پانچ خصوصیتیں ارشاد فرمائی ہیں جو اس امت کے لیے حق تعالیٰ شانہٗ کی طرف سے مخصوص انعام ہوئی اور پہلی امت کے روزہ داروں کو مرحمت نہیں ہوئی، کاش ہمیں اس نعمت کی قدر ہوتی۔ اور ان خصوصی عطایا کے حصول کی کوشش کرتے اوّل یہ کہ روزہ دار کے منہ کی بدبو جو بھوک کی حالت میں ہو جاتی ہے حق تعالیٰ شانہٗ کے نزدیک مشک سے بھی زیادہ پسندیدہ ہے۔ شراح حدیث کے اس لفظ کے مطلب میں آٹھ قول ہیں جن کو موطاؔ[1] کی شرح میں بندہ مفصل نقل کر چکا ہے، مگر بندہ کے نزدیک ان میں سے تین قول راجح ہیں۔ اوّل یہ کہ حق تعالیٰ شانہٗ آخرت میں اس بدبو کا بدلہ اور ثواب خوشبو سے عطا فرمائیں گے جو مشک سے زیادہ عمدہ اور دماغ پرور ہوگی یہ مطلب تو ظاہر ہے اور اس میں کچھ بعد بھی نہیں نیز دُرِّ منثور کی ایک روایت میں اس کی تصریح بھی ہے اس لیے یہ بمنزلہ متعین کے ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ قیامت میں جب قبروں سے اٹھیں گے تو یہ علامت ہوگی کہ روزہ دار کے منہ سے ایک خوشبو جو مشک سے بھی بہتر ہوگی وہ آئے گی۔ تیسرا مطلب جو بندہ کی ناقص رائے میں ان دونوں سے اچھا ہے وہ یہ کہ دنیا ہی میں اللہ کے نزدیک اس بُو کی قدر مشک کی خوشبو سے زیادہ پسندیدہ ہے اور یہ امر بابِ المحبت سے ہے جس کو کسی سے محبت وتعلق ہوتا ہے اس کی بدبو بھی زلیفت کے لیے ہزار خوشبوؤں سے بہتر ہوا کرتی ہے

اے حافظ مسکین چہ کنی مشک ختن را ❁ از گیسوئے احمد بستان عطر عدن را

مقصود روزہ دار کا کمال تقرب ہے، کہ بمنزلہ محبوب کے بن جاتا ہے روزہ حق تعالیٰ جل شانہٗ کی محبوب

[1] موطا امام مالک کی عربی زبان میں بہت بہترین شرح موصوف نے کی ہے جو اوجز المسالک کے نام سے مشہور ہے چھ جلدوں میں ہے ـــــ

ترین عبادتوں میں سے ہے اسی وجہ سے ارشاد ہے کہ ہر نیک عمل کا بدلہ ملائکہ دیتے ہیں، مگر روزہ کا بدلہ میں خود عطا کرتا ہوں اس لیے کہ وہ خالص میرے لیے ہے بعض مشائخ سے منقول ہے کہ بہ لفظ: اُجْزیٰ بِہٖ ہے یعنی یہ کہ اس کے بدلہ میں مَیں خود اپنے کو دیتا ہوں۔ اور محبوب کے ملنے سے زیادہ اونچا بدلہ اور کیا ہو سکتا ہے ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ ساری عبادتوں کا دروازہ روزہ ہے یعنی روزہ کی وجہ سے قلب منور ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے ہر عبادت کی رغبت پیدا ہوتی ہے مگر جب ہی کہ روزہ بھی روزہ ہو صرف بھوکا رہنا مراد نہیں بلکہ آداب کی رعایت رکھ کر جن کا بیان حدیث نمبر ۹ کے ذیل میں مفصل آئے گا۔

اس جگہ ایک ضروری مسئلہ قابلِ تنبیہ یہ ہے کہ اس منہ کی بدبو والی حدیثوں کی بنا پر بعض ائمہ روزہ دار کو شام کے وقت مسواک کرنے کو منع فرماتے ہیں حنفیہ کے نزدیک مسواک ہر وقت مستحب ہے اس لیے کہ مسواک سے دانتوں کی بو زائل ہوتی ہے اور حدیث میں جس بو کا ذکر ہے وہ معدہ کے خالی ہونے کی ہے نہ کہ دانتوں کی حنفیہ کے دلائل اپنے موقع پر کتب فقہ و حدیث میں موجود ہیں۔

دوسری خصوصیت مچھلیوں کے استغفار کرنے کی ہے اس سے مقصود کثرت سے دعا کرنے والوں کا بیان ہے۔ متعدد روایات میں یہ مضمون وارد ہوا ہے۔ بعض روایات میں ہے کہ ملائکہ اس کے لیے استغفار کرتے ہیں۔ میرے[1] چچا جان کا ارشاد ہے کہ مچھلیوں کی خصوصیت بظاہر اس وجہ سے ہے کہ اللہ جل شانہٗ کا ارشاد ہے: اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَیَجْعَلُ لَھُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا (ترجمہ) جو لوگ ایمان لائے اور اچھے اعمال کیے حق تعالیٰ شانہٗ ان کے لیے (دنیا ہی میں) محبوبیت فرما دیں گے اور حدیث پاک میں ارشاد ہے جب حق تعالیٰ شانہٗ کسی بندے سے محبت فرماتے ہیں تو جبرئیل سے ارشاد فرماتے ہیں کہ مجھے فلاں شخص پسند ہے تم بھی اس سے محبت کرو، وہ خود محبت کرنے لگتے ہیں اور آسمان پر آواز دیتے ہیں کہ فلاں بندہ اللہ کا پسندیدہ ہے تم سب اس سے محبت کرو، پس آسمان والے اس سے محبت کرتے ہیں اور پھر اس کے لیے زمین پر قبولیت رکھ دی جاتی ہے اور عام قاعدہ کی بات ہے کہ ہر شخص کی محبت اس کے پاس رہنے والوں کو ہوتی ہے لیکن اس کی محبت اتنی عام ہوتی ہے کہ آس پاس رہنے والوں ہی کو نہیں بلکہ دریا کے رہنے والے جانوروں کو بھی اس سے محبت ہوتی ہے کہ وہ بھی دعا کرتے ہیں اور گویا بر سے متجاوز ہو کر بحر تک پہنچنا محبوبیت کی انتہا ہے۔ نیز جنگل کے جانوروں کا دعا کرنا بطریق اولیٰ معلوم ہو گیا

تیسری خصوصیت جنت کا مزین ہونا ہے یہ بھی بہت سی روایات میں وارد ہوا ہے بعض روایات

[1] یعنی حضرت مولانا محمد الیاس صاحب نور اللہ مرقدہٗ بانی تحریک تبلیغ بستی حضرت نظام الدینؒ، نئی دہلی

میں آیا ہے کہ سال کے شروع ہی سے رمضان کے لیے جنت کو آراستہ کرنا شروع ہو جاتا ہے اور قاعدہ کی بات ہے کہ جس شخص کے آنے کا جس قدر اہتمام ہوتا ہے اتنا ہی پہلے سے اس کا انتظام کیا جاتا ہے شادی کا اہتمام مہینوں پہلے سے کیا جاتا ہے۔

۴۔ چوتھی خصوصیت سرکش شیاطین کا قید ہو جانا ہے کہ جس کی وجہ سے معاصی کا زور کم ہو جاتا ہے رمضان المبارک میں رحمت کے جوش اور عبادت کی کثرت کا مقتضیٰ یہ تھا کہ شیاطین بہکانے میں بہت ہی ان تھک کوشش کرتے اور پاؤں چوٹی کا زور ختم کر دیتے اور اس وجہ سے معاصی کی کثرت اس مہینہ میں اتنی ہو جاتی کہ حد سے زیادہ، لیکن باوجود اس کے یہ مشاہدہ ہے اور محقق کہ مجموعی طور سے گناہوں میں بہت کمی ہو جاتی ہے کتنے شرابی کبابی ایسے ہیں کہ رمضان میں خصوصیت سے نہیں پیتے اور اسی طرح اور بھی گناہوں میں کھلی کمی ہو جاتی ہے لیکن اس کے باوجود گناہ ہوتے ضرور ہیں مگر ان کے سرزد ہونے سے اس حدیث پاک میں تو کوئی اشکال نہیں۔ اس لیے کہ اس کا مضمون ہی یہ ہے کہ سرکش شیاطین قید کر دیے جاتے ہیں۔ اس بناء پر اگر وہ گناہ غیر سرکشوں کا اثر ہو تو کچھ خلجان نہیں، البتہ دوسری روایات میں سرکش کی قید بغیر مطلقاً شیاطین کے مقید ہونے کا ارشاد بھی موجود ہے پس اگر ان روایات سے بھی سرکش شیاطین کا ہی قید ہونا مراد ہے کہ بسا اوقات لفظ مطلق بولا جاتا ہے مگر دوسری جگہ سے اس کی قیودات معلوم ہو جاتی ہیں تب بھی کوئی اشکال نہیں رہا، البتہ اگر ان روایا سے سب شیاطین کا محبوس ہونا مراد ہو تب بھی ان معاصی کے صادر ہونے سے کچھ خلجان نہ ہونا چاہیے اس لیے کہ اگرچہ معاصی عموماً شیاطین کے اثر سے ہوتے ہیں مگر سال بھر تک ان کے تلبس اور اختلاط اور زہریلے اثر کے جماؤ کی وجہ سے نفس ان کے ساتھ اس درجہ مانوس اور متاثر ہو جاتا ہے کہ تھوڑی بہت غیبت محسوس نہیں ہوتی بلکہ وہی خیالات اپنی طبیعت بن جاتی ہے اور یہی وجہ ہے کہ بغیر رمضان کے جن لوگوں سے گناہ زیادہ سرزد ہوتے ہیں، رمضان میں بھی انہی سے زیادہ تر صدور ہوتا ہے اور آدمی کا نفس چونکہ ساتھ رہتا ہے اسی لیے اس کا اثر ہے دوسری بات ایک اور بھی ہے نبی ؐ کا ارشاد ہے کہ جب آدمی کوئی گناہ کرتا ہے تو اس کے قلب میں ایک کالا نقطہ لگ جاتا ہے اگر وہ سچی توبہ کر لیتا ہے تو وہ دُھل جاتا ہے ورنہ لگا رہتا ہے۔ اور اگر دوسری مرتبہ گناہ کرتا ہے تو دوسرا نقطہ لگ جاتا ہے حتیٰ کہ اس کا قلب بالکل سیاہ ہو جاتا ہے، پھر خیر کی بات اس کے قلب تک نہیں پہنچتی اسی کو حق تعالیٰ شانہٗ نے اپنے کلام پاک میں کَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ سے ارشاد فرمایا ہے کہ ان کے قلوب زنگ آلود ہو گئے ایسی صورت میں وہ قلوب ان گناہوں کی طرف خود متوجہ ہوتے ہیں یہی وجہ ہے کہ بہت سے لوگ

ایک نوع کے گناہ کو بے تکلف کر لیتے ہیں لیکن اسی جیسا جب کوئی دوسرا گناہ سامنے ہوتا ہے تو قلب کو اس سے انکار ہوتا ہے۔ مثلاً جو لوگ شراب پیتے ہیں ان کو اگر سور کھانے کو کہا جائے تو ان کی طبیعت کو نفرت ہوتی ہے۔ حالانکہ معصیت میں دونوں برابر ہیں تو اسی طرح جب کہ غیر رمضان میں وہ ان گناہوں کو کرتے رہتے ہیں تو دل اُن کے ساتھ رنگے جاتے ہیں جس کی وجہ سے رمضان المبارک میں بھی ان کے سرزد ہونے کے لیے شیاطین کی ضرورت نہیں رہتی۔ بالجملہ اگر حدیث پاک سے سب شیاطین کا مقید ہوجانا مراد ہے، تب بھی رمضان المبارک میں گناہوں کے سرزد ہونے سے کچھ اشکال نہیں اور اگر متمرد اور خبیث شیاطین کا مقید ہونا مراد ہو تب تو کوئی اشکال ہے ہی نہیں۔ اور بندۂ ناچیز کے نزدیک یہی توجیہ اولیٰ ہے اور ہر شخص اس کو غور کر سکتا ہے اور تجربہ کر سکتا ہے کہ رمضان المبارک میں نیکی کرنے کے لیے یا کسی معصیت سے بچنے کے لیے اتنے زور نہیں لگانے پڑتے جتنے کہ غیر رمضان میں پڑتے ہیں۔ تھوڑی ہمت اور توجہ کافی ہوجاتی ہے۔

حضرت مولانا شاہ محمد اسحاق صاحبؒ کی رائے یہ ہے کہ یہ دونوں حدیثیں مختلف لوگوں کے اعتبار سے ہیں یعنی فساق کے حق میں صرف متکبر شیاطین قید ہوتے ہیں اور صلحاء کے حق میں مطلقاً ہر قسم کے شیاطین محبوس ہوجاتے ہیں۔

پانچویں خصوصیت یہ ہے کہ رمضان المبارک کی آخری رات میں سب روزہ داروں کی مغفرت کر دی جاتی ہے۔ یہ مضمون پہلی روایت میں بھی گزر چکا ہے چونکہ رمضان المبارک کی راتوں میں شب قدر سب سے افضل رات ہے۔ اس لیے صحابہ کرام رضنے خیال فرمایا کہ اتنی بڑی فضیلت اسی رات کے لیے ہوسکتی ہے مگر حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ اس کے فضائل مستقل علیحدہ چیز ہے، یہ انعام تو ختم رمضان کا ہے۔

(۳) عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُحْضُرُوا الْمِنْبَرَ فَحَضَرْنَا فَلَمَّا ارْتَقٰى دَرَجَةً قَالَ آمِيْنَ فَلَمَّا ارْتَقٰى الدَّرَجَةَ الثَّانِيَةَ قَالَ آمِيْنَ فَلَمَّا ارْتَقٰى الدَّرَجَةَ الثَّالِثَةَ قَالَ آمِيْنَ فَلَمَّا نَزَلَ قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَقَدْ سَمِعْنَا مِنْكَ الْيَوْمَ شَيْئًا مَا كُنَّا نَسْمَعُهٗ قَالَ اِنَّ جِبْرَئِيْلَ عَرَضَ لِيْ فَقَالَ بَعُدَ[1] مَنْ

کعبؓ بن عجرہ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ نبی کریمؐ نے ارشاد فرمایا کہ منبر کے قریب ہوجاؤ ہم لوگ حاضر ہوگئے۔ جب حضورؐ نے منبر کے پہلے درجہ پر قدم مبارک رکھا تو فرمایا آمین جب دوسرے پر قدم رکھا تو پھر فرمایا آمین، جب تیسرے پر قدم رکھا تو پھر فرمایا آمین، جب آپؐ خطبہ سے فارغ ہو کر نیچے اترے تو ہم نے عرض کیا کہ ہم نے آج آپؐ سے

[1] بضم العین ای عن الخیر و یکسرہا ای ہلک قالہ السخاوی ۱۲ منہ

اَدْرَكَ رَمَضَانَ فَلَمْ يُغْفَرْ لَهٗ قُلْتُ آمِيْنَ فَلَمَّا رَقِيْتُ الثَّانِيَةَ قَالَ بَعُدَ مَنْ ذُكِرْتَ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْكَ قُلْتُ آمِيْنَ فَلَمَّا رَقِيْتُ الثَّالِثَةَ قَالَ بَعُدَ مَنْ اَدْرَكَ اَبَوَيْهِ الْكِبَرُ اَوْ اَحَدَهُمَا فَلَمْ يُدْخِلَاهُ الْجَنَّةَ قُلْتُ آمِيْنَ۔ رواہ الحاکم وقال صحیح الاسناد کذا فی الترغیب وقال السخاوی رواہ ابن حبان فی ثقاتہ وصحیحہ والطبرانی فی الکبیر والبخاری فی برالوالدین لہ والبیہقی فی الشعب وغیرہم ورجالہ ثقات وبسط طرقہ وزوی الترمذی عن ابی ھریرۃ بمعناہ وقال ابن حجر طرقہ کثیرۃ کما فی المرقاۃ۔

(منبر پر چڑھتے ہوئے ایسی بات سنی جو پہلے کبھی نہیں سنی تھی، آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اس وقت جبرئیلؑ میرے سامنے آئے تھے (جب پہلے درجہ پر میں نے قدم رکھا تو) انہوں نے کہا کہ ہلاک ہو جیو وہ شخص جس نے رمضان کا مبارک مہینہ پایا پھر بھی اس کی مغفرت نہ ہوئی میں نے کہا آمین، پھر جب میں دوسرے درجہ پر چڑھا تو انہوں نے کہا ہلاک ہو جیو وہ شخص جس کے سامنے آپؐ کا ذکر مبارک ہو اور وہ درود نہ بھیجے میں نے کہا آمین، جب میں تیسرے درجہ پر چڑھا تو انہوں نے کہا ہلاک ہو وہ شخص جس کے سامنے اس کے والدین یا ان میں سے کوئی ایک بڑھاپے کو پاویں اور وہ اس کو جنت میں داخل نہ کرائیں میں نے کہا آمین۔

ف:۔ اس حدیث میں حضرت جبرئیلؑ نے تین بد دعائیں دی ہیں اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ان تینوں پر آمین فرمائی۔ اول تو حضرت جبرئیل علیہ السلام جیسے مقرب فرشتے کی بددعا ہی کیا کم تھی اور پھر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی آمین نے تو جتنی سخت بددعا بنادی وہ ظاہر ہے اللہ ہی اپنے فضل سے ہم لوگوں کو ان تینوں چیزوں سے بچنے کی توفیق عطا فرماویں اور ان برائیوں سے محفوظ رکھیں، ورنہ ہلاکت میں کیا تردد ہے دُرِّ منثور کی بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ خود حضرت جبرئیلؑ نے حضورؐ سے کہا کہ آمین کہو تو حضورؐ نے فرمایا آمین جس سے اور بھی زیادہ اہتمام معلوم ہوتا ہے۔

اول وہ شخص کہ جس پر رمضان المبارک گزر جائے اور اس کی بخشش نہ ہو یعنی رمضان المبارک جیسا خیر و برکت کا زمانہ بھی غفلت اور معاصی میں گزر جائے کہ رمضان المبارک میں مغفرت اور اللہ جل شانہٗ کی رحمت بارش کی طرح برستی ہے پس جس شخص پر رمضان المبارک کا مہینہ بھی اسی طرح گزر جائے کہ اس کی بداعمالیوں اور کوتاہیوں کی وجہ سے وہ مغفرت سے محروم رہے تو اس کی مغفرت کے لیے اور کونسا وقت ہوگا اور اس کی ہلاکت میں کیا تامل ہے اور مغفرت کی صورت یہ ہے کہ رمضان المبارک کے جو کام ہیں یعنی روزہ و تراویح۔ ان کو نہایت اہتمام سے ادا کرنے کے بعد ہر وقت کثرت کے ساتھ اپنے

گناہوں سے توبہ و استغفار کرے۔

دوسرا شخص جس کے لیے بد دعا کی گئی وہ ہے جس کے سامنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر مبارک ہو اور وہ درود نہ پڑھے۔ اور بھی بہت سی روایات میں یہ مضمون وارد ہوا ہے اسی وجہ سے بعض علماء کے نزدیک جب بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر مبارک ہو تو سننے والوں پر درود شریف کا پڑھنا واجب ہے۔ حدیث بالا کے علاوہ اور بھی بہت سی وعیدیں اس شخص کے بارے میں وارد ہوئی ہیں جس کے سامنے حضورؐ کا تذکرہ ہو اور وہ درود نہ بھیجے، بعض احادیث میں اس کو شقی اور بخیل تر لوگوں میں شمار کیا گیا ہے، نیز جفا کار اور جنت کا راستہ بھولنے والا، حتیٰ کہ جہنم میں داخل ہونے والا اور بد دین تک فرمایا ہے یہ بھی وارد ہوا ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرۂ انور نہ دیکھے گا محققین علماء نے ایسی روایات کی تاویل فرمائی ہو مگر اس سے کون انکار کر سکتا ہے کہ درود شریف نہ پڑھنے والے کے لیے آپ کے ظاہر ارشادات اس قدر سخت ہیں کہ ان کا تحمل دشوار ہے اور کیوں نہ ہو کہ آپؐ کے احسانات اُمت پر اس سے کہیں زیادہ ہیں کہ تحریر و تقریر ان کا احصاء کر سکے اس کے علاوہ آپ کے حقوق امت پر اس قدر زیادہ ہیں کہ ان کو دیکھتے ہوئے درود شریف نہ پڑھنے والوں کے حق میں ہر وعید اور تنبیہ بجا اور موزوں معلوم ہوتی ہے، خود درود شریف کے فضائل اس قدر ہیں کہ ان سے محرومی مستقل بد نصیبی ہے اس سے بڑھ کر کیا فضیلت ہوگی کہ جو شخص نبی کریمؐ پر ایک مرتبہ درودؐ بھیجے حق تعالیٰ شانہٗ اس پر دس مرتبہ رحمت بھیجتے ہیں، نیز ملائکہ کا اس کے لیے دعا کرنا، گناہوں کا معاف ہونا، درجات کا بلند ہونا، احد پہاڑ کے برابر ثواب کا ملنا، شفاعت کا اس کے لیے واجب ہونا وغیرہ وغیرہ امور مزید برآں نیز اللہ جل شانہٗ کی رضا، اس کی رحمت، اس کے غصہ سے امان، قیامت کے ہول سے نجات مرنے سے قبل جنت میں اپنے ٹھکانے کا دیکھ لینا وغیرہ بہت سے وعدے درود شریف کی خاص خاص مقداروں پر مقرر فرمائے گئے ہیں۔ ان سب کے علاوہ درود شریف سے تنگی معیشت اور فقر دور ہوتا ہے اللہ اور اس کے رسول کے دربار میں تقرب نصیب ہوتا ہے، دشمنوں پر مدد نصیب ہوتی ہے، اور قلب کی نفاق اور زنگ سے صفائی ہوتی ہے، لوگوں کو اس سے محبت ہوتی ہے، اور بہت سی بشارتیں ہیں جو درود شریف کی کثرت پر احادیث میں وارد ہوتی ہیں، فقہاء نے اس کی تصریح کی ہے کہ ایک مرتبہ عمر بھر میں درود شریف کا پڑھنا عملاً فرض ہے اور اس پر علماء مذہب کا اتفاق ہے۔ البتہ اس میں اختلاف ہے کہ جب نبی کریمؐ کا ذکر مبارک ہو ہر مرتبہ درود شریف کا پڑھنا واجب ہے یا نہیں، بعض علماء کے نزدیک ہر مرتبہ درود پڑھنا واجب ہے اور دوسرے بعض کے نزدیک مستحب۔

تیسرے وہ شخص کہ جس کے بوڑھے والدین میں سے دونوں یا ایک موجود ہوں اور وہ ان کی اس قدر خدمت نہ کرے کہ جس کی وجہ سے جنت کا مستحق ہو جائے، والدین کے حقوق کی بھی بہت سی احادیث میں تاکید آئی ہے۔ علماء نے ان کے حقوق میں لکھا ہے کہ مباح امور میں ان کی اطاعت ضروری ہے نیز یہ بھی لکھا ہے کہ ان کی بے ادبی نہ کرے، تکبر سے پیش نہ آئے اگرچہ وہ مشرک ہوں، اپنی آواز کو ان کی آواز سے اونچی نہ کرے، ان کا نام لے کر نہ پکارے، کسی کام میں ان سے پیش قدمی نہ کرے، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر میں نرمی کرے، اگر قبول نہ کریں تو سلوک کرتا رہے، اور ہدایت کی دعا کرتا رہے، غرض ہر بات میں ان کا بہت احترام ملحوظ رکھے، ایک روایت میں آیا ہے کہ جنت کے دروازوں میں سے بہترین دروازہ باپ ہے، تیرا جی چاہے اس کی حفاظت کر یا اس کو ضائع کر دے، ایک صحابیؓ نے حضورؐ سے دریافت کیا کہ والدین کا کیا حق ہے۔ آپؐ نے فرمایا کہ وہ تیری جنت ہیں یا جہنم یعنی ان کی رضا جنت ہے اور ناراضگی جہنم ہے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ مطیع بیٹے کی محبت اور شفقت سے ایک نگاہ والد کی طرف ایک مقبول حج کا ثواب رکھتی ہے ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ شرک کے سوا تمام گناہوں کو جس قدر دل چاہے اللہ معاف فرما دیتے ہیں مگر والدین کی نافرمانی کا مرنے سے قبل دنیا میں بھی وبال پہنچاتے ہیں۔ ایک صحابیؓ نے عرض کیا کہ میں جہاد میں جانے کا ارادہ کرتا ہوں حضورؐ نے دریافت فرمایا کہ تیری ماں بھی زندہ ہے انہوں نے عرض کیا کہ ہاں حضورؐ نے فرمایا کہ ان کی خدمت کر کہ ان کے قدموں کے نیچے تیرے لیے جنت ہے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ اللہ کی رضا باپ کی رضا میں ہے اور اللہ کی ناراضگی باپ کی ناراضگی میں ہے اور بھی بہت سی روایات میں اس کا اہتمام اور فضل وارد ہوا ہے۔ جو لوگ کسی غفلت سے اس میں کوتاہی کر چکے ہیں اور اب ان کے والدین موجود نہیں شریعت مطہرہ میں اس کی تلافی بھی موجود ہے، ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ جس کے والدین اس حالت میں مر گئے ہوں کہ وہ ان کی نافرمانی کرتا ہو تو اُن کے لیے کثرت سے دُعا اور استغفار کرنے سے مطیع شمار ہو جاتا ہے۔ ایک دوسری حدیث میں وارد ہے کہ بہترین بھلائی باپ کے بعد اس کے ملنے والوں سے حُسن سلوک ہے

(۴) عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمًا وَحَضَرَنَا رَمَضَانُ اَتَاكُمْ رَمَضَانُ شَهْرُ بَرَكَةٍ يَغْشَاكُمُ اللّٰهُ فِيْهِ فَيُنْزِلُ الرَّحْمَةَ وَيَحُطُّ الْخَطَايَا وَيَسْتَجِيْبُ فِيْهِ الدُّعَاءَ يَنْظُرُ اللّٰهُ تَعَالٰى اِلٰى تَنَافُسِكُمْ فِيْهِ وَيُبَاهِيْ بِكُمْ مَلٰٓئِكَتَهٗ، فَاَرُوا اللّٰهَ مِنْ

حضرت عبادہؓ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضورؐ نے رمضان المبارک کے قریب ارشاد فرمایا کہ رمضان کا مہینہ آگیا ہے جو بڑی برکت والا ہے حق تعالیٰ شانہٗ اس میں تمہاری طرف متوجہ ہوتے ہیں اور اپنی رحمت خاصہ نازل فرماتے ہیں، خطاؤں کو معاف فرماتے دعا کو قبول کرتے ہیں تمہارے تنافس کو دیکھتے

اَنْفُسِکُمْ خَیْرًا فَاِنَّ الشَّقِیَّ مَنْ حُرِمَ فِیْہِ رَحْمَۃَ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ (رواہ الطبرانی و رواتہ ثقات الا ان محمد ابن قیس لا یحضرنی فیہ جرح ولا تعدیل کذا فی الترغیب)

ہیں اور ملائکہ سے فخر کرتے ہیں پس اللہ کو اپنی نیکی دکھلاؤ، بد نصیب ہے وہ شخص جو اس مہینہ میں بھی اللہ کی رحمت سے محروم رہ جاوے۔

ف: تنافس اس کو کہتے ہیں کہ دوسرے کی حرص میں کام کیا جاوے اور مقابلہ پر دوسرے سے بڑھ چڑھ کر کام کیا جاوے تفاخر اور تقابل والے آویں اور یہاں اپنے اپنے جوہر دکھلاویں، فخر کی بات نہیں تحدیث بالنعمۃ کے طور پر لکھتا ہوں اپنی نااہلیت سے خود اگرچہ کچھ نہیں کر سکتا مگر اپنے گھرانہ کی عورتوں کو دیکھ کر خوش ہوتا ہوں کہ اکثروں کو اس کا اہتمام رہتا ہے کہ دوسری سے تلاوت میں بڑھ جاوے، خانگی کاروبار کے ساتھ پندرہ بیس پارے روزانہ بے تکلف پورے کرلیتی ہیں۔ حق تعالیٰ شانہٗ اپنی رحمت سے قبول فرماویں اور زیادتی کی توفیق عطا فرماویں۔

(۵) عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلّٰہِ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی عُتَقَاءَ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ وَّلَیْلَۃٍ یَعْنِیْ فِیْ رَمَضَانَ وَاِنَّ لِکُلِّ مُسْلِمٍ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ وَّلَیْلَۃٍ دَعْوَۃً مُّسْتَجَابَۃً (رواہ البزار کذا فی الترغیب)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ رمضان المبارک کی ہر شب و روز میں اللہ کے یہاں سے (جہنم کے) قیدی چھوڑے جاتے ہیں اور ہر مسلمان کے لیے ہر شب و روز میں ایک دعا ضرور قبول ہوتی ہے۔

ف: بہت سی روایات میں روزے دار کی دعا کا قبول ہونا وارد ہوا ہے۔ بعض روایات میں آتا ہے کہ افطار کے وقت دعا قبول ہوتی ہے مگر ہم لوگ اس وقت کھانے پر اس طرح گرتے ہیں کہ دعا مانگنے کی تو کہاں فرصت خود افطار کی دعا بھی یاد نہیں رہتی افطار کی مشہور دعا یہ ہے اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ، ترجمہ:۔ اے اللہ تیرے ہی لیے روزہ رکھا اور تجھی پر ایمان لایا ہوں اور تجھی پر بھروسہ ہے تیرے ہی رزق سے افطار کرتا ہوں۔

حدیث کی کتابوں میں یہ دعا مختصر ملتی ہے۔ حضرت عبد اللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ افطار کے وقت یہ دعا کرتے تھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِرَحْمَتِکَ الَّتِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ اَنْ تَغْفِرَلِیْ۔ ترجمہ: اے اللہ تیری اُس رحمت کے صدقے جو ہر چیز کو شامل ہے یہ مانگتا ہوں کہ تو میری مغفرت فرمادے بعض کتب میں خود حضور ﷺ سے یہ دعا منقول ہے یَا وَاسِعَ الْفَضْلِ اغْفِرْلِیْ۔ ترجمہ:۔ اے وسیع عطا والے میری مغفرت فرما اور بھی متعدد دعائیں روایات میں وارد ہوئی ہیں مگر کسی دعا کی تخصیص نہیں اجابتِ دعا کا وقت ہے اپنی اپنی ضرورت کے لیے دعا فرماویں، یاد آجائے تو اس سیاہ کار کو بھی شامل فرمالیں کہ سائل ہوں

اور سائل کا حق ہوتا ہے ؎

چشمۂ فیض سے گر ایک اشارا ہوجائے
لطف ہو آپ کا اور کام ہمارا ہوجائے

(۶) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةٌ لَا تُرَدُّ دَعْوَتُهُمْ الصَّائِمُ حَتّٰی یُفْطِرَ وَالْاِمَامُ الْعَادِلُ وَدَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ یَرْفَعُهَا اللّٰهُ فَوْقَ الْغَمَامِ وَیُفْتَحُ لَهَا اَبْوَابُ السَّمَاءِ وَیَقُوْلُ الرَّبُّ وَعِزَّتِیْ لَاَنْصُرَنَّكَ وَلَوْ بَعْدَ حِیْنٍ (رواہ احمد فی حدیث والترمذی وحسنہ وابن خزیمۃ وابن حبان فی صحیحیھما کذا فی الترغیب)

حضورؐ کا ارشاد ہے کہ تین آدمیوں کی دعا رد نہیں ہوتی ایک روزہ دار کی افطار کے وقت دوسرے عادل بادشاہ کی دعا تیسرے مظلوم کی جس کو حق تعالیٰ شانہ بادلوں سے اوپر اٹھا لیتے ہیں اور آسمان کے دروازے اس کے لیے کھول دئے جاتے ہیں اور ارشاد ہوتا ہے کہ میں تیری ضرور مدد کروں گا گو (کسی مصلحت سے) کچھ دیر ہوجائے۔

ف: دُرِّ منثور میں حضرت عائشہؓ سے نقل کیا ہے جب رمضان آتا تھا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا رنگ بدل جاتا تھا اور نماز میں اضافہ ہوجاتا تھا اور دعا میں بہت عاجزی فرماتے تھے اور خوف غالب ہوجاتا تھا۔ دوسری روایت میں فرماتی ہیں کہ رمضان کے ختم تک بستر پر تشریف نہیں لاتے تھے۔

ایک روایت میں ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ رمضان میں عرش کے اٹھانے والے فرشتوں کو حکم فرمادیتے ہیں کہ اپنی اپنی عبادت چھوڑ دو اور روزہ داروں کی دعا پر آمین کہا کرو۔ بہت سی روایات سے رمضان کی دعا کا خصوصیت سے قبول ہونا معلوم ہوتا ہے۔ اور یہ بے تردد بات ہے کہ جب اللہ کا وعدہ ہے اور سچے رسول کا نقل کیا ہوا ہے تو اس کے پورا ہونے میں کچھ تردد نہیں لیکن اس کے بعد بھی بعض لوگ کسی غرض کے لیے دعا کرتے ہیں مگر وہ کام نہیں ہوتا تو اس سے یہ نہیں سمجھ لینا چاہیے کہ وہ دعا قبول نہیں ہوئی بلکہ دعا کے قبول ہونے کے معنی سمجھ لینا چاہیے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جب مسلمان دعا کرتا ہے بشرطیکہ قطع رحمی یا کسی گناہ کی دعا نہ کرے تو حق تعالیٰ شانہٗ کے یہاں سے تین چیزوں میں سے ایک چیز ضرور ملتی ہے یا خود وہی چیز ملتی ہے جس کی دعا کی یا اس کے بدلے میں کوئی برائی مصیبت اس سے ہٹادی جاتی ہے یا آخرت میں اسی قدر ثواب اس کے حصہ میں لگا دیا جاتا ہے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ قیامت کے دن حق تعالیٰ شانہٗ بندہ کو بلاکر ارشاد فرمائیں گے کہ اے میرے بندے میں نے تجھے دعا کرنے کا حکم دیا تھا اور اس کے قبول کرنے کا وعدہ کیا تھا تو نے مجھ سے دعا مانگی تھی۔ وہ عرض کرے گا کہ مانگی تھی۔ اس پر ارشاد ہوگا کہ تونے کوئی دعا ایسی نہیں کی

جس کو میں نے قبول نہ کیا ہو، تو نے فلاں دعا مانگی تھی کہ فلاں تکلیف ہٹا دی جائے میں نے اس کو دنیا میں پورا کر دیا تھا اور فلاں غم کے دفع ہونے کے لیے دعا کی تھی مگر اس کا اثر کچھ تجھے معلوم نہیں ہوا۔ میں نے اس کے بدلے میں فلاں اجر و ثواب تیرے لیے متعین کیا حضور ارشاد فرماتے ہیں کہ اس کو ہر ہر دعا یاد کرائی جاوے گی اور اس کا دنیا میں پورا ہونا یا آخرت میں اس کا عوض بتلایا جاوے گا اس اجر و ثواب کی کثرت کو دیکھ کر وہ بندہ اس کی تمنا کرے گا کہ کاش دنیا میں اس کی کوئی بھی دعا پوری نہ ہوئی ہوتی کہ یہاں اس کا اس قدر اجر ملتا۔ غرض دعا نہایت ہی اہم چیز ہے۔ اس کی طرف سے غفلت بڑے سخت اور نقصان اور خسارہ کی بات ہے۔ اور ظاہر میں اگر قبول کے آثار نہ دیکھیں تو بد دل نہ ہونا چاہیے۔

اس رسالہ کے ختم پر جو لمبی حدیث آ رہی ہے اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اس میں بھی حق تعالیٰ شانہٗ بندہ ہی کے مصالح پر نظر فرماتے ہیں۔ اگر اس کے لیے اس چیز کا عطا فرمانا مصلحت ہوتا ہے تو مرحمت فرماتے ہیں ورنہ نہیں۔ یہ بھی اللہ کا بڑا احسان ہے کہ ہم لوگ بسا اوقات اپنی نا فہمی سے ایسی چیز مانگتے ہیں جو ہمارے مناسب نہیں ہوتی۔ اس کے ساتھ دوسری ضروری اور اہم بات قابل لحاظ یہ ہے کہ بہت سے مرد اور عورتیں تو خاص طور سے اس مرض میں مبتلا ہیں کہ بسا اوقات غصے اور رنج میں اولاد وغیرہ کو بد دعا دیتے ہیں۔ یاد رکھیں کہ اللہ جل شانہٗ کے عالی دربار میں بعض اوقات ایسے خاص قبولیت کے ہوتے ہیں کہ جو مانگو مل جاتا ہے۔ یہ احمق غصہ میں اول تو اولاد کو کوستی ہیں اور جب وہ مر جاتی ہے یا کسی مصیبت میں مبتلا ہو جاتی ہے تو پھر روتی پھرتی ہیں، اور اس کا خیال بھی نہیں آتا کہ یہ مصیبت خود ہی اپنی بد دعا سے مانگی ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اپنی جانوں اور اولاد کو نیز مال اور خادموں کو بد دعا نہ دیا کرو، مبادا اللہ کے کسی ایسے خاص وقت میں واقع ہو جائے جو قبولیت کا ہے بالخصوص رمضان المبارک کا تمام مہینہ تو بہت ہی خاص وقت ہے اس میں اہتمام سے بچنے کی کوشش اشد ضروری ہے۔

حضرت عمرؓ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ رمضان المبارک میں اللہ کو یاد کرنے والا شخص بخشا بخشایا ہے اور اللہ سے مانگنے والا نامراد نہیں رہتا۔

حضرت ابن مسعودؓ کی ایک روایت سے ترغیب میں نقل کیا ہے کہ رمضان کی ہر رات میں ایک منادی پکارتا ہے کہ اے خیر کے تلاش کرنے والے متوجہ ہو اور آگے بڑھ اور اے برائی کے طلب گار بس کر اور آنکھیں کھول۔ اس کے بعد وہ فرشتہ کہتا ہے کوئی مغفرت کا چاہنے والا ہے کہ اس کی مغفرت کی جائے کوئی توبہ کرنے والا ہے کہ اس کی توبہ قبول کی جائے، کوئی دعا کرنے والا ہے کہ اس کی دعا قبول کی جائے

کوئی مانگنے والا ہے کہ اس کا سوال پورا کیا جائے۔ اس سب کے بعد یہ امر بھی نہایت ضروری اور قابل لحاظ ہے کہ دعا کے قبول ہونے کے لیے کچھ شرائط بھی وارد ہوئی ہیں کہ ان کے فوت ہونے سے بسا اوقات دعا رد کر دی جاتی ہے، منجملہ ان کے حرام غذا ہے کہ اس کی وجہ سے بھی دعا رد ہو جاتی ہے۔ نبی کریمؐ کا ارشاد ہے کہ بہت سے پریشان حال آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر دعا مانگتے ہیں اور یارب یارب کرتے ہیں مگر کھانا حرام، پینا حرام، لباس حرام، ایسی حالت میں کہاں دعا قبول ہو سکتی ہے۔

مؤرخین نے لکھا ہے کہ کوفہ میں مستجاب الدعا لوگوں کی ایک جماعت تھی جب کوئی حاکم ان پر مسلط ہوتا اس کے لیے بد دعا کرتے وہ ہلاک ہو جاتا۔ حجاج ظالم کا جب وہاں تسلط ہوا تو اس نے ایک دعوت کی جس میں ان حضرات کو خاص طور سے شریک کیا اور جب کھانے سے فارغ ہو چکے تو اس نے کہا کہ میں ان لوگوں کی بددعا سے محفوظ ہو گیا کہ حرام کی روزی ان کے پیٹ میں داخل ہو گئی۔ اس کے ساتھ ہمارے زمانہ کی حلال روزی پر بھی ایک نگاہ ڈالی جائے جہاں ہر وقت سود تک کے جواز کی کوششیں جاری ہوں، ملازمین رشوت کو اور تاجر دھوکہ دینے کو بہتر سمجھتے ہوں۔

(۷) عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی الْمُتَسَحِّرِیْنَ (رواہ الطبرانی فی الاوسط وابن حبان فی صحیحہ کذا فی الترغیب)

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ خود حق تعالیٰ شانہٗ اور اس کے فرشتے "سحری کھانے والوں پر رحمت نازل فرماتے ہیں۔

ف: کس قدر اللہ جل جلالہٗ کا انعام و احسان ہے کہ روزہ کی برکت سے اس سے پہلے کھانے کو جس کو سحری کہتے ہیں امت کے لیے ثواب کی چیز بنا دیا اور اس میں بھی مسلمانوں کو اجر دیا جاتا ہے، بہت کی احادیث میں سحر کھانے کی فضیلت اور اجر کا ذکر ہے۔ علامہ عینیؒ نے سترہ صحابہؓ سے اس کی فضیلت کی احادیث نقل کی ہیں اور اس کے مستحب ہونے پر اجماع نقل کیا ہے، بہت سے لوگ کاہلی کی وجہ سے اس فضیلت سے محروم رہ جاتے ہیں۔ اور بعض لوگ تراویح پڑھ کر کھانا کھا کر سو جاتے ہیں اور وہ اس کے ثواب سے محروم رہتے ہیں اس لیے کہ لغت میں سحر اس کھانے کو کہتے ہیں جو صبح کے قریب کھایا جائے جیسا کہ قاموس نے لکھا ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ آدھی رات سے اس کا وقت شروع ہو جاتا ہے[1] صاحب کشافؒ نے اخیر کے چھٹے حصہ کو بتلایا ہے یعنی تمام رات کو چھ حصوں پر تقسیم کر کے اخیر کا حصہ مثلاً اگر غروب آفتاب سے طلوع صبح صادق تک بارہ گھنٹے ہوں تو اخیر کے دو گھنٹے سحر کا وقت ہے اور ان میں بھی تاخیر اولیٰ ہے بشرطیکہ اتنی تاخیر نہ ہو کہ روزہ میں شک ہونے لگے۔ سحری کی فضیلت بہت سی احادیث میں آئی ہے۔

[1] مرقاۃ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ ہمارے اور اہل کتاب (یہود و نصاریٰ) کے روزہ میں سحری کھانے سے فرق ہوتا ہے کہ وہ سحری نہیں کھاتے۔ ایک جگہ ارشاد ہے کہ سحری کھایا کرو کہ اس میں برکت ہے۔ ایک جگہ ارشاد ہے کہ تین چیزوں میں برکت ہے، جماعت میں، اور ثرید میں اور سحری کھانے میں۔ اس حدیث میں جماعت سے عام مراد ہے نماز کی جماعت اور ہر وہ کام جس کو مسلمانوں کی جماعت مل کر کرے کہ اللہ کی مدد اس کے ساتھ فرمائی گئی ہے، اور ثرید گوشت میں پکی ہوئی روٹی کہلاتی ہے جو نہایت لذیذ کھانا ہوتا ہے تیسرے سحری، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی صحابی کو اپنے ساتھ سحر کھلانے کے لیے بلاتے تو ارشاد فرماتے کہ آؤ برکت کا کھانا کھالو۔ ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ سحری کھا کر روزہ پر قوت حاصل کرو، اور دوپہر کو سو کر اخیر شب کے اٹھنے پر مدد چاہا کرو۔

حضرت عبداللہ بن حارث رضؓ ایک صحابی رضؓ سے نقل کرتے ہیں کہ میں حضورؐ کی خدمت میں ایسے وقت حاضر ہوا کہ آپؐ سحری نوش فرما رہے تھے، آپؐ نے فرمایا کہ یہ ایک برکت کی چیز ہے جو اللہ نے تم کو عطا فرمائی ہے۔ اس کو مت چھوڑنا، حضورؐ نے متعدد روایات میں سحور کی ترغیب فرمائی ہے حتیٰ کہ ارشاد ہے کہ اور کچھ نہ ہو تو ایک چھوارہ ہی کھالے یا ایک گھونٹ پانی ہی پی لے، اس لیے روزہ داروں کو اس ہم خرما و ہم ثواب کا خاص طور سے اہتمام کرنا چاہیے کہ اپنی راحت اپنا نفع اور مفت کا ثواب مگر اتنا ضروری ہے کہ افراط و تفریط ہر چیز میں مضر ہے اس لیے نہ اتنا کم کھاوے کہ عبادت میں ضعف محسوس ہونے لگے اور نہ اتنا زیادہ کھاوے کہ دن بھر کھٹی ڈکاریں آتی رہیں۔ خود ان احادیث میں بھی اس طرف اشارہ ہے کہ چاہے ایک چھوارہ ہو یا ایک گھونٹ پانی، نیز مستقل احادیث میں بھی بہت کھانے کی ممانعت آئی ہے، حافظ ابن حجر بخاری کی شرح میں تحریر فرماتے ہیں کہ سحری کی برکات مختلف وجوہ سے ہیں اتباعِ سنت اہل کتاب کی مخالفت کہ وہ سحری نہیں کھاتے، اور ہم لوگ حتی الوسع ان کی مخالفت کے مامور ہیں۔ نیز عبادت پر قوت، عبادت میں دل بستگی کی زیادتی، نیز شدتِ بھوک سے اکثر بد خلقی پیدا ہو جاتی ہے اس کی مدافعت اس وقت کوئی ضرورت مند سائل آجائے تو اس کی اعانت کوئی پڑوس میں غریب فقیر ہو اس کی مدد، یہ وقت خصوصیت سے قبولیتِ دعا کا ہے، سحری کی بدولت دعا کی توفیق ہو جاتی ہے اس وقت میں ذکر کی توفیق ہو جاتی ہے، وغیرہ وغیرہ۔

ابن دقیق العید کہتے ہیں کہ صوفیا کو سحور کے مسئلہ میں کلام ہے کہ وہ مقصد روزہ کے خلاف ہے اس لیے کہ مقصدِ روزہ پیٹ اور شرم گاہ کی شہوت کو توڑنا ہے اور سحری کھانا اس مقصد کے خلاف ہے لیکن صحیح یہ ہے کہ مقدار میں اتنا کھانا کہ یہ مصلحت بالکلیہ فوت ہو جائے یہ تو بہتر نہیں، اس کے علاوہ حسب حیثیت و ضرورت

مختلف ہوتا رہتا ہے۔ بندہ کے ناقص خیال میں اس بارے میں قول فیصل یہی ہے کہ اصل سحرو افطار میں تقلیل ہے مگر حسب ضرورت اس میں تغیر ہوجاتا ہے مثلاً طلباء کی جماعت کہ ان کے لیے تقلیل طعام منافع صوم کے حاصل ہونے کے ساتھ تحصیل علم کی مضرت کو شامل ہے، اس لیے ان کے لیے بہتر یہ ہے کہ تقلیل نہ کریں کہ علم دین کی اہمیت شریعت میں بہت زیادہ ہے اسی طرح ذاکرین کی جماعت علیٰ ہذا دوسری جماعتیں جو تقلیل طعام کی وجہ سے کسی دینی کام میں اہمیت کے ساتھ مشغول نہ ہوسکیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ جہاد کو تشریف لے جاتے ہوئے اعلان فرمادیا کہ سفر میں روزہ نیکی نہیں حالانکہ رمضان المبارک کا روزہ تھا مگر اس جگہ جہاد کا تقابل آپڑا تھا، البتہ جس جگہ کسی ایسے دینی کام میں جو روزے سے زیادہ اہم ہو ضعف اور کسل روا نہ ہو وہاں تقلیل طعام ہی مناسب ہے۔ شرح اقناع میں علامہ شعرانیؒ سے نقل کیا ہے کہ ہم سے اس پر عہد لیے گئے کہ پیٹ بھر کر کھانا نہ کھائیں بالخصوص رمضان المبارک کی راتوں میں بہتر یہ ہے کہ رمضان کے کھانے میں غیر رمضان سے کچھ تقلیل کرے اس لیے کہ افطار و سحر میں جو شخص پیٹ بھر کر کھائے اس کا روزہ ہی کیا ہے مشائخ نے کہا ہے کہ جو شخص رمضان میں بھوکا رہے آئندہ رمضان تک تمام سال شیطان کے زور سے محفوظ رہتا ہے، اور بھی بہت سے مشائخ سے اس باب میں شدت منقول ہے۔

شرح احیاء میں عوارف سے نقل کیا ہے کہ سہلؒ بن عبداللہ تستری پندرہ روز میں ایک مرتبہ کھانا تناول فرماتے تھے اور رمضان المبارک میں ایک لقمہ البتہ روزانہ اتباع سنّت کی وجہ سے محض پانی سے روزہ افطار فرماتے تھے، حضرت جنیدؒ ہمیشہ روزہ رکھتے لیکن (اللہ والے) دوستوں میں سے کوئی آجاتا تو اس کی وجہ سے روزہ افطار فرماتے اور فرمایا کرتے تھے کہ (ایسے) دوستوں کے ساتھ کھانے کی فضیلت کچھ روزہ کی فضیلت سے کم نہیں، اور بھی سلف کے ہزاروں واقعات اس کی شہادت دیتے ہیں کہ وہ کھانے کی کمی کے ساتھ نفس کی تادیب کرتے تھے مگر شرط وہی ہے کہ اس کی وجہ سے اور دینی اہم امور میں نقصان نہ ہو۔

(۸) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رُبَّ صَائِمٍ لَیْسَ لَهٗ مِنْ صِیَامِهٖ اِلَّا الْجُوْعُ وَ رُبَّ قَائِمٍ لَیْسَ لَهٗ مِنْ قِیَامِهٖ اِلَّا السَّهْرُ (رواہ ابن ماجۃ واللفظ له والنسائی وابن خزیمۃ فی صحیحه والحاکم وقال علی شرط البخاری ذکر لفظهما المنذری فی الترغیب بمعناه۔)

حضورؐ کا ارشاد ہے کہ بہت سے روزہ رکھنے والے ایسے ہیں کہ ان کو روزہ کے ثمرات میں بجز بھوکا رہنے کے کچھ بھی حاصل نہیں اور بہت سے شب بیدار ایسے ہیں کہ ان کو رات کے جاگنے (کی مشقت) کے سوا کچھ بھی نہ ملا۔

ف: علماء کے اس حدیث کی شرح میں چند اقوال ہیں اول یہ کہ اس سے وہ شخص مراد ہے جو دن بھر روزہ رکھ کر مال حرام سے افطار کرتا ہے کہ جتنا ثواب روزہ کا ہوا تھا اس سے زیادہ گناہ حرام مال کھانے کا ہوگیا اور دن بھر بھوکا رہنے کے سوا اور کچھ نہ ملا۔

دوسرے یہ کہ وہ شخص مراد ہے جو روزہ رکھتا ہے لیکن غیبت میں بھی مبتلا رہتا ہے جس کا بیان آگے آرہا ہے تیسرا قول یہ ہے کہ روزہ کے اندر گناہ وغیرہ سے احتراز نہیں کرتا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات جامع ہوتے ہیں یہ سب صورتیں اس میں داخل ہیں اور ان کے علاوہ بھی اسی طرح جاگنے کا حال ہے کہ رات بھر شب بیداری کی، مگر تفریحاً تھوڑی سی غیبت یا کوئی اور حماقت بھی کرلی تو وہ سارا جاگنا بے کار ہوگیا، مثلاً صبح کی نماز ہی قضا کردی یا محض ریا اور شہرت کیلئے جاگا تو وہ بیکار ہے۔

(۹) عَنْ اَبِیْ عُبَیْدَۃَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ الصِّیَامُ جُنَّۃٌ مَالَمْ یَخْرِقْھَا (رواہ النسائی وابن ماجۃ وابن خزیمۃ والحاکم وصححہ علی شرط البخاری والفاظھم مختلفۃ حکاھا المنذری فی الترغیب)

حضور کا ارشاد ہے کہ روزہ آدمی کے لئے ڈھال ہے جب تک اس کو پھاڑ نہ ڈالے۔

ف: ڈھال ہونے کا مطلب یہ ہے کہ جیسے آدمی ڈھال سے اپنی حفاظت کرتا ہے اسی طرح روزہ سے بھی اپنے دشمن یعنی شیطان سے حفاظت ہوتی ہے۔ ایک روایت میں آیا ہے کہ روزہ حفاظت ہے اللہ کے عذاب سے، دوسری روایت میں ہے کہ روزہ جہنم سے حفاظت ہے۔

ایک روایت میں وارد ہوا ہے کہ کسی نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ روزہ کس چیز سے پھٹ جاتا ہے۔ آپؐ نے فرمایا کہ جھوٹ اور غیبت سے ان دونوں روایتوں میں اور اسی طرح اور بھی متعلقہ روایات میں روزہ میں اس قسم کے امور سے بچنے کی تاکید آئی ہے اور روزہ کا گویا ضائع کردینا اس کو قرار دیا ہے ہمارے اس زمانہ میں روزہ کے کاٹنے کے لئے مشغلہ اس کو قرار دیا جاتا ہے کہ واہی تباہی میری تیری باتیں شروع کردی جائیں، بعض علماء کے نزدیک جھوٹ اور غیبت سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے، یہ دونوں چیزیں ان حضرات کے نزدیک ایسی ہیں جیسے کہ کھانا پینا وغیرہ سب روزہ کو توڑنے والی اشیاء ہیں، جمہور کے نزدیک اگرچہ روزہ ٹوٹتا نہیں مگر روزہ کے برکات جاتے رہنے سے تو کسی کو بھی انکار نہیں۔

مشائخ نے روزہ کے آداب میں چھ امور تحریر فرمائے ہیں کہ روزہ دار کو ان کا اہتمام ضروری ہے

اول نگاہ کی حفاظت کہ کسی بے محل جگہ پر نہ پڑے حتیٰ کہ کہتے ہیں کہ بیوی پر بھی شہوت کی نگاہ نہ پڑے۔ پھر اجنبی کا کیا ذکر اور اسی طرح کسی لہو ولعب وغیرہ ناجائز جگہ نہ پڑے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ نگاہ ابلیس کے تیروں میں سے ایک تیر ہے جو شخص اس سے اللہ کے خوف کی وجہ سے بچ رہے حق تعالیٰ جل شانہٗ اس کو ایسا نور ایمانی نصیب فرماتے ہیں جس کی حلاوت اور لذت قلب میں محسوس کرتا ہے، صوفیا نے بے محل کی تفسیر یہ کی ہے کہ ہر ایسی چیز کا دیکھنا اس میں داخل ہے جو دل کو حق تعالیٰ جل شانہٗ سے ہٹا کر کسی دوسری طرف متوجہ کر دے۔ دوسری چیز زبان کی حفاظت ہے، جھوٹ، چغل خوری، لغو بکواس، غیبت بدگوئی، بد کلامی، جھگڑا وغیرہ سب چیزیں اس میں داخل ہیں بخاری شریف کی روایت میں ہے کہ روزہ آدمی کے لئے ڈھال ہے اس لئے روزہ دار کو چاہئے کہ زبان سے کوئی فحش بات یا جہالت کی بات مثلاً تمسخر، جھگڑا وغیرہ نہ کرے اگر کوئی دوسرا جھگڑنے لگے تو کہدے کہ میرا روزہ ہے یعنی دوسرے کی ابتدا کرنے پر بھی اس سے نہ الجھے اگر وہ سمجھنے والا ہو تو اس سے کہہ کہ میرا روزہ ہے اور اگر وہ بیوقوف ناسمجھ ہو تو اپنے دل کو سمجھا دے کہ تیرا روزہ ہے تجھے ایسی لغویات کا جواب دینا مناسب نہیں بالخصوص غیبت اور جھوٹ سے تو بہت ہی احتراز ضروری ہے کہ بعض علماء کے نزدیک اس سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے جیسا کہ پہلے گزر چکا ہے نبی کریمؐ کے زمانہ میں دو عورتوں نے روزہ رکھا روزہ میں اس شدت سے بھوک لگی کہ ناقابل برداشت بن گئی ہلاکت کے قریب پہنچ گئیں صحابہ کرامؓ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا تو حضورؐ نے ایک پیالہ ان کے پاس بھیجا اور ان دونوں کو اس میں قے کرنے کا حکم فرمایا، دونوں نے قے کی تو اس میں گوشت کے ٹکڑے اور تازہ کھایا ہوا خون نکلا لوگوں کو حیرت ہوئی تو حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ انہوں نے حق تعالیٰ شانہٗ کی حلال روزی سے تو روزہ رکھا اور حرام چیزوں کو کھایا کہ دونوں عورتیں لوگوں کی غیبت کرتی رہیں، اس حدیث سے ایک مضمون اور بھی مترشح ہوتا ہے کہ غیبت کرنے کی وجہ سے روزہ بہت زیادہ معلوم ہوتا ہے حتیٰ کہ وہ دونوں عورتیں روزہ کی وجہ سے مرنے کے قریب ہو گئیں اسی طرح اور بھی گناہوں کا حال ہے اور تجربہ اس کی تائید کرتا ہے کہ روزہ میں اکثر متقی لوگوں پر ذرا بھی اثر نہیں ہوتا اور فاسق لوگوں کی اکثر بری حالت ہوتی ہے۔ اس لئے اگر یہ چاہیں کہ روزہ نہ لگے تب بھی اس کی بہتر صورت یہ ہے کہ گناہوں سے اس حالت میں احتراز کریں بالخصوص غیبت سے جس کو لوگوں نے روزہ کاٹنے کا مشغلہ تجویز کر رکھا ہے۔ حق تعالیٰ شانہٗ نے اپنے کلام پاک میں غیبت کو اپنے بھائی کے مردار گوشت سے تعبیر فرمایا ہے۔ اور احادیث میں بھی بکثرت اس قسم کے واقعات ارشاد فرمائے گئے ہیں جن سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ جس شخص کی غیبت کی

گئی اس کا حقیقتاً گوشت کھایا جاتا ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ چند لوگوں کو دیکھ کر ارشاد فرمایا کہ دانتوں میں خلال کرو۔ انہوں نے عرض کیا کہ ہم نے تو آج گوشت چکھا بھی نہیں حضورؐ نے فرمایا کہ فلاں شخص کا گوشت تمہارے دانتوں کو لگ رہا ہے معلوم ہوا کہ ان کی غیبت کی تھی اللہ تعالیٰ اپنے حفظ میں رکھے کہ ہم لوگ اس سے بہت ہی غافل ہیں، عوام کا ذکر نہیں خواص مبتلا ہیں ان لوگوں کو چھوڑ کر جو دنیادار کہلاتے ہیں دینداروں کی مجالس بھی بالعموم اس سے کم خالی ہوتی ہیں اس سے بڑھ کر یہ ہے کہ اکثر اس کو غیبت بھی نہیں سمجھا جاتا ہے۔ اگر اپنے یا کسی کے دل میں کچھ کھٹکا بھی پیدا ہو تو اس پر اظہارِ واقعہ کا پردہ ڈال دیا جاتا ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی نے دریافت کیا کہ غیبت کیا چیز ہے آپؐ نے فرمایا کسی کی پس پشت ایسی بات کرنی جو اسے ناگوار ہو، سائل نے پوچھا کہ اگر اس میں واقعتاً وہ بات موجود ہو جو کہی گئی۔ حضورؐ نے فرمایا جب ہی تو غیبت ہے، اگر واقعتاً موجود نہ ہو تب تو بہتان ہے ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا دو قبروں پر گذر ہوا تو حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ ان دونوں کو عذابِ قبر ہو رہا ہے۔ ایک کو لوگوں کی غیبت کرنے کی وجہ سے دوسرے کو پیشاب سے احتیاط نہ کرنے کی وجہ سے حضورؐ کا ارشاد ہے کہ سود کے ستّر سے زیادہ باب ہیں سب سے سہل اور ہلکا درجہ اپنی ماں سے زنا کرنے کے برابر ہے اور ایک درہم سود کا پینتیس زنا سے زیادہ سخت ہے، اور بدترین سود اور سب سے زیادہ خبیث ترین سود مسلمان کی آبروریزی ہے، احادیث میں غیبت اور مسلمان کی آبروریزی پر سخت سے سخت وعیدیں آئی ہیں۔ میرا دل چاہتا تھا کہ ان میں سے کچھ معتدبہ روایات جمع کروں اس لئے کہ ہماری مجلسیں اس سے بہت ہی زیادہ پُر رہتی ہیں مگر مضمون دوسرا ہے اس لئے اسی قدر پر اکتفا کرتا ہوں اللہ پاک ہم لوگوں کو اس بلا سے محفوظ فرمائیں اور بزرگوں اور دوستوں کی دُعا سے مجھ سیہ کار کو بھی محفوظ فرمائیں کہ باطنی امراض میں کثرت سے مبتلا ہوں ؎

کبر و نخوت جہل و غفلت حقد و کینہ بدظنی   کذب و بدعہدی ریا و بغض و غیبت دشمنی

کون بیماری ہے یا رب جو نہیں مجھ میں ہوئی   عافنی من کلّ داءٍ واقض عنی حاجتی

ان لی قلبًا سقیمًا انت شافٍ للعلیل

تیسری چیز جس کا روزہ دار کو اہتمام ضروری ہے وہ کان کی حفاظت ہے ہر مکروہ چیز سے جس کا کہنا اور زبان سے نکالنا ناجائز ہے اس کی طرف کان لگانا اور سننا بھی ناجائز ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ غیبت کا کرنیوالا اور سننے والا دونوں گناہ میں شریک ہیں، چوتھی چیز باقی اعضاء بدن

مثلاً ہاتھ کا ناجائز چیز کے پکڑنے سے پاؤں کا ناجائز چیز کی طرف چلنے سے روکنا اور اسی طرح اور باقی اعضائے بدن کا۔ اسی طرح پیٹ کا افطار کے وقت مشتبہ چیز سے محفوظ رکھنا، جو شخص روزہ رکھ کر حرام مال سے افطار کرتا ہے اُس کا حال اس شخص کا سا ہے کہ کسی مرض کے لئے دوا کرتا ہے مگر اس میں تھوڑا سا سنکھیا بھی ملا لیتا ہے کہ اس مرض کے لئے تو وہ دوا مفید ہو جائے گی مگر یہ زہر ساتھ ہی ہلاک بھی کر دے گا۔

پانچویں چیز افطار کے وقت حلال مال سے بھی اتنا زیادہ نہ کھانا کہ شکم سیر ہو جائے اس لئے کہ روزہ کی غرض اس سے فوت ہو جاتی ہے، مقصود روزہ سے قوت شہوانیہ اور بہیمیہ کا کم کرنا ہے اور قوتِ نورانیہ اور ملکیہ کا بڑھانا ہے، گیارہ مہینہ تک بہت کچھ کھایا ہے اگر ایک مہینہ اس میں کچھ کمی ہو جائے گی تو کیا جان نکل جاتی ہے مگر ہم لوگوں کا حال ہے کہ افطار کے وقت تلافی مافات میں اور سحر کے وقت حفظ ماتقدم میں اتنی زیادہ مقدار کھا لیتے ہیں کہ بغیر رمضان کے اور بغیر روزہ کی حالت کے اتنی مقدار کھانے کی نوبت بھی نہیں آتی، رمضان المبارک بھی ہم لوگوں کیلئے خورید کا کام دیتا ہے۔ علامہ غزالیؒ لکھتے ہیں کہ روزہ کی غرض یعنی قہر ابلیس اور شہوتِ نفسانیہ کا توڑنا کیسے حاصل ہو سکتا ہے اگر آدمی افطار کے وقت اس مقدار کی تلافی کرلے جو فوت ہوئی حقیقۃً ہم لوگ بجز اس کے کہ اپنے کھانے کے اوقات بدل دیتے ہیں اس کے سوا کچھ بھی کمی نہیں کرتے بلکہ اور زیادتی مختلف انواع کی کر جاتے ہیں جو بغیر رمضان کے میسر نہیں ہوتی، لوگوں کی عادت کچھ ایسی ہوگئی ہے کہ عمدہ عمدہ اشیاء رمضان کے لئے رکھتے ہیں اور نفس دن بھر کے فاقہ کے بعد جب ان پر پڑتا ہے تو خوب زیادہ سیر ہو کر کھاتا ہے تو بجائے قوتِ شہوانیہ کے ضعیف ہونے کے اور بھڑک اٹھتی ہے اور جوش میں آجاتی ہے اور مقصد کے خلاف ہو جاتا ہے روزہ کے اندر مختلف اغراض اور فوائد اور اس کے مشروع ہونے سے مختلف منافع مقصود ہیں وہ سب جب ہی حاصل ہو سکتے ہیں جب کچھ بھوکا بھی رہے، بڑا نفع تو یہی ہے جو معلوم ہو چکا یعنی شہوتوں کا توڑنا یہ بھی اسی پر موقوف ہے کہ کچھ وقت بھوک کی حالت میں گزرے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ شیطان آدمی کے بدن میں خون کی طرح چلتا ہے اس کے راستوں کو بھوک سے بند کرو، تمام اعضا کا سیر ہونا نفس کے بھوکا رہنے پر موقوف ہے، جب نفس بھوکا رہتا ہے تو تمام اعضاء سیر رہتے ہیں اور جب نفس سیر ہوتا ہے تو تمام اعضاء بھوکے رہتے ہیں دوسری غرض روزہ سے فقراء کے ساتھ تشبہ اور ان کے حال پر نظر ہے وہ بھی جب ہی حاصل ہو سکتی ہے جب سحر میں معدہ کو دودھ جلیبی سے اتنا نہ بھرلے کہ شام تک بھوک ہی نہ لگے، فقراء کے ساتھ مشابہت جب

ہی ہو سکتی ہے جب کچھ وقت بھوک کی بیتابی کا بھی گزرے۔ بشر حافیؒ کے پاس ایک شخص گئے وہ سردی میں کانپ رہے تھے اور کپڑے پاس رکھے ہوئے تھے انھوں نے پوچھا کہ یہ وقت کپڑے نکالنے کا ہے فرمایا کہ فقرا بہت ہیں اور مجھ میں ان کی ہمدردی کی طاقت نہیں اتنی ہمدردی کر لوں کہ میں بھی ان جیسا ہو جاؤں مشائخ صوفیا نے عامۃً اس پر تنبیہ فرمائی ہے اور فقہانے بھی اس کی تصریح کی ہے صاحب مراقی الفلاحؒ لکھتے ہیں کہ سحور میں زیادتی نہ کرے جیسا کہ متنعم لوگوں کی عادت ہے کہ یہ غرض کو فوت کر دیتا ہے۔ علامہ طحطاویؒ اس کی شرح میں تحریر فرماتے ہیں کہ غرض کا مقصود یہ ہے کہ بھوک کی تلخی کچھ محسوس ہو تاکہ زیادتیٔ ثواب کا سبب ہو اور مساکین و فقرا پر ترس آسکے۔ خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ حق تعالیٰ جل شانہ کو کسی برتن کا بھرنا اس قدر ناپسند نہیں ہے جتنا کہ پیٹ کا پُر ہونا ناپسند ہے، ایک جگہ حضورؐ کا ارشاد ہے کہ آدمی کے لئے چند لقمے کافی ہیں جن سے کمر سیدھی رہے۔ اگر کوئی شخص بالکل کھانے پر تُل جائے تو اس سے زیادہ نہیں کہ ایک تہائی پیٹ کھانے کے لئے رکھے اور ایک تہائی پینے کے لئے اور تہائی خالی۔ آخر کوئی تو بات تھی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کئی کئی روز تک مسلسل لگاتار روزہ رکھتے تھے کہ درمیان میں کچھ بھی نوش نہیں فرماتے تھے۔ میں نے اپنے آقا حضرت مولانا خلیل احمد صاحب نور اللہ مرقدہٗ کو پورے رمضان المبارک دیکھا ہے کہ افطار و سحر دونوں وقت کی مقدار تقریباً ڈیڑھ چپاتی سے زیادہ نہیں ہوتی تھی کوئی خادم عرض بھی کرتا تو فرماتے کہ بھوک نہیں ہوتی دوستوں کے خیال سے ساتھ بیٹھ جاتا ہوں۔ اور اس سے بڑھ کر حضرت مولینا شاہ عبد الرحیم صاحب رائپوریؒ کے متعلق سنا ہے کہ کئی کئی دن مسلسل ایسے گذر جاتے تھے کہ تمام شب کی مقدار سحر و افطار بے دودھ کی چائے کے چند فنجان کے سوا کچھ نہ ہوتی تھی ایک مرتبہ حضرت کے مخلص خادم حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحبؒ مدظلہ العالی نے لجاجت سے عرض کیا کہ ضعف بہت ہو جائے گا حضرت کچھ تناول ہی نہیں فرماتے تو حضرت نے فرمایا کہ الحمد للہ جنت کا لطف حاصل ہو رہا ہے حق تعالیٰ ہم سیہ کاروں کو بھی ان پاک ہستیوں کا اتباع نصیب فرمادیں تو زہے نصیب مولانا سعدیؒ کہتے ہیں ؎

ندارند تن پروراں آگہی
کہ پُر معدہ باشد ز حکمت تہی

؎ حضرت مولانا حضرت رائپوری صاحبؒ کے اجل خلفا میں ہیں رائپور ہی قیام رہتا ہے اپنے شیخ کے قدم بقدم متبع ہیں جو لوگ رائے پوری دربار سے محروم رہ گئے مولانا کے وجود کو غنیمت سمجھیں کہ ہر جانے والا اپنی نظیر نہیں چھوڑتا (اب حضرت اقدس شاہ عبد القادر صاحبؒ کا بھی ۱۵ ربیع الاول ۱۳۸۲ھ جمعرات کو وصال ہو گیا۔ انیس احمد غفرلہٗ)

چھٹی چیز جس کا لحاظ روزہ دار کے لیے ضروری فرماتے ہیں یہ ہے کہ روزہ کے بعد اس سے ڈرتے رہنا بھی ضروری ہے کہ نہ معلوم یہ روزہ قابلِ قبول ہے یا نہیں اور اسی طرح ہر عبادت کے ختم پر کہ نہ معلوم کوئی لغزش جس کی طرف التفات بھی نہیں ہوتا ایسی تو نہیں ہوگئی جس کی وجہ سے یہ منہ پر مار دیا جائے نبی کریمؐ کا ارشاد ہے کہ بہت سے قرآن پڑھنے والے ہیں کہ قرآن پاک ان کو لعنت کرتا رہتا ہے۔ نبی کریمؐ کا ارشاد ہے کہ قیامت میں جن لوگوں کا اوّلین وہلہ میں فیصلہ ہوگا (اُن کے منجملہ) ایک شہید ہوگا، جس کو بلایا جائے گا اور اللہ کے جو جو انعام دنیا میں اس پر ہوئے تھے وہ اس کو جتائے جائیں گے وہ اُن نعمتوں کا اقرار کرے گا اس کے بعد اُس سے پوچھا جائے گا کہ ان نعمتوں میں کیا حق ادائیگی کی وہ عرض کرے گا کہ تیرے راستہ میں قتال کیا حتیٰ کہ شہید ہوگیا۔ ارشاد ہوگا کہ جھوٹ ہے بلکہ قتال اس لیے کیا تھا کہ لوگ بہادر کہیں سو کہا جا چکا اس کے بعد حکم ہوگا اور منہ کے بل کھینچ کر جہنم میں پھینک دیا جائے گا، ایسے ہی ایک عالم بلایا جائے گا اس کو بھی اسی طرح سے اللہ کے انعامات جتلا کر پوچھا جائے گا کہ ان انعامات کے بدلے میں کیا کارگذاری ہے وہ عرض کرے گا کہ علم سیکھا اور دوسروں کو سکھایا اور تیری رضا کی خاطر تلاوت کی، ارشاد ہوگا کہ جھوٹ ہے یہ اس لیے کیا گیا تھا کہ لوگ علامہ کہیں سو کہا جا چکا اس کو بھی حکم ہوگا اور منہ کے بل کھینچ کر جہنم میں پھینک دیا جائے گا، اسی طرح ایک دولت مند بلایا جائے گا اس سے انعاماتِ الٰہی شمار کرانے اور اقرار لینے کے بعد پوچھا جائے گا اللہ کی ان نعمتوں میں کیا عمل کیا وہ کہے گا کہ کوئی خیر کا راستہ ایسا نہیں چھوڑا جس میں میں نے کچھ خرچ نہ کیا ہو ارشاد ہوگا کہ جھوٹ ہے یہ اس لیے کیا گیا تھا کہ لوگ سخی کہیں، سو کہا جا چکا اس کو بھی حکم ہوگا اور منہ کے بل کھینچ کر جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔ اللہ محفوظ فرمائیں کہ یہ سب بدنیتی کے ثمرات ہیں اس قسم کے بہت سے واقعات احادیث میں مذکور ہیں اس لیے روزہ دار کو اپنی نیت کی حفاظت کے ساتھ اس سے خائف بھی رہنا چاہیے، اور دعا بھی کرتے رہنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ شانہٗ اس کو اپنی رضا کا سبب بنالیں مگر ساتھ ہی یہ امر بھی قابلِ لحاظ ہے کہ اپنے عمل کو قابلِ قبول نہ سمجھنا امر آخر اور کریم آقا کے لطف پر نگاہ امر آخر ہے اس کے لطف کے انداز بالکل نرالے ہیں معصیت پر بھی کبھی ثواب دے دیتے ہیں تو پھر کوتاہی عمل کا کیا ذکر ہے

خوبی ہمیں کرشمہ و ناز و خرام نیست بسیار شیوہ ہاست بتاں را کہ نام نیست

یہ چھ چیزیں عام صلحاء کے لیے ضروری بتلائی جاتی ہیں خواص اور مقربین کے لیے ان کے ساتھ ایک ساتویں چیز کا بھی اضافہ فرماتے ہیں کہ دل کو اللہ کے سوا کسی چیز کی طرف بھی متوجہ نہ ہونے دے حتیٰ کہ روزوں کی حالت میں اس کا خیال اور تدبیر کہ افطار کے لیے کوئی چیز ہے یا نہیں یہ بھی خطا فرماتے

ہیں بعض مشائخ نے لکھا ہے کہ روزہ میں شام کو افطار کے لیے کسی چیز کے حاصل کرنے کا قصد بھی خطا ہے اس لیے کہ یہ اللہ کے وعدۂ رزق پر اعتماد کی کمی ہے شرح احیاء میں بعض مشائخ کا قصہ لکھا ہے اگر افطار کے وقت سے پہلے کوئی چیز کہیں سے آجاتی تھی تو اس کو کسی دوسرے کو دے دیتے تھے، مبادا دل کو اس کی طرف التفات ہو جائے اور توکل میں کسی قسم کی کمی ہو جائے مگر یہ امور بڑے لوگوں کے لیے ہیں ہم لوگوں کو ان امور کی ہوس کرنا بھی بے محل ہے اور اس حالت پر پہنچے بغیر اس کو اختیار کرنا اپنے کو ہلاکت میں ڈالنا ہے مفسرین نے لکھا ہے کہ کُتِبَ عَلَیْکُمُ الصِّیَامُ میں آدمی کے ہر جز پر روزہ فرض کیا گیا ہے پس زبان کا روزہ جھوٹ وغیرہ سے بچنا ہے اور کان کا روزہ ناجائز چیزوں کے سننے سے احتراز، آنکھ کا روزہ لہو ولعب کی چیزوں سے احتراز ہے اور ایسے ہی باقی اعضاء حتیٰ کہ نفس کا روزہ حرص و شہوتوں سے بچنا، دل کا روزہ حُبّ دنیا سے خالی رکھنا، روح کا روزہ آخرت کی لذتوں سے بھی احتراز اور سرِ خاص کا روزہ غیر اللہ کے وجود سے بھی احتراز ہے۔

(۱) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَفْطَرَ یَوْمًا مِّنْ رَمَضَانَ مِنْ غَیْرِ رُخْصَةٍ وَّلَا مَرَضٍ لَمْ یَقْضِهٖ صَوْمُ الدَّهْرِ كُلِّهٖ وَاِنْ صَامَهٗ۔ (رواہ احمد والترمذی وابوداود وابن ماجة والدارمی والبخاری فی ترجمة باب کذا فی المشکوٰۃ قلت وبسط الکلام علیٰ طرقه العینی فی شرح البخاری)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص قصداً بلا کسی شرعی عذر کے ایک دن بھی رمضان کے روزہ کو افطار کر دے، غیر رمضان کا روزہ چاہے تمام عمر کے روزے رکھے اس کا بدل نہیں ہو سکتا۔

ف: بعض علماء کا مذہب جن میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ وغیرہ حضرات بھی ہیں اس حدیث کی بنا پر یہ ہے کہ جس نے رمضان المبارک کے روزہ کو بلا وجہ کھو دیا اس کی قضا ہو ہی نہیں سکتی چاہے عمر بھر روزے رکھتا رہے مگر جمہور فقہاء کے نزدیک اگر رمضان کا روزہ رکھا ہی نہیں تو ایک روزے کے بدلے ایک روزہ سے قضا ہو جائے گی اور اگر روزہ رکھ کر توڑ دیا تو قضا کے ایک روزہ کے علاوہ دو مہینہ کے روزہ کفارہ کے ادا کرنے سے فرض ذمہ سے ساقط ہو جاتا ہے البتہ وہ برکت اور فضیلت جو رمضان المبارک کی ہے ہاتھ نہیں آ سکتی اور اس حدیث پاک کا مطلب یہی ہے کہ وہ برکت ہاتھ نہیں آ سکتی جو رمضان شریف میں روزہ رکھنے سے حاصل ہوتی یہ سب کچھ اس حالت میں ہے کہ بعد میں قضا بھی کرے اور اگر سرے سے رکھے ہی نہیں جیسا کہ اس زمانہ کے بعض فساق کی حالت ہے تو اس کی گمراہی کا کیا پوچھنا، روزہ ارکان اسلام سے ایک رکن ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ارشاد فرمائی

سب سے اوّل توحید ورسالت کا اقرار اس کے بعد اسلام کے چاروں مشہور رکن نماز، روزہ، زکوٰۃ حج کتنے مسلمان ہیں جو مردم شماری میں مسلمان شمار ہوتے ہیں۔ لیکن ان پانچوں میں سے ایک کے بھی کرنے والے نہیں، سرکاری کاغذات میں وہ مسلمان لکھے جائیں مگر اللہ کی فہرست میں وہ مسلمان شمار نہیں ہو سکتے۔ حتیٰ کہ حضرت ابن عباسؓ کی روایت ہے کہ اسلام کی بنیاد تین چیز پر ہے کلمۂ شہادت، نماز اور روزہ جو شخص ان میں سے ایک بھی چھوڑ دے وہ کافر ہے۔ اس کا خون کر دینا حلال ہے، علماء نے ان جیسی روایات کو انکار کے ساتھ مقید کیا ہو یا کوئی تاویل فرمائی ہو مگر اس سے انکار نہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات ایسے لوگوں کے بارے میں سخت سے سخت وارد ہوئے ہیں فرائض کے ادا کرنے میں کوتاہی کرنے والوں کو اللہ کے قہر سے بہت ہی زیادہ ڈرنے کی ضرورت ہے کہ موت سے کسی کو چارہ نہیں دنیا کی عیش وعشرت بہت جلد چھوٹنے والی چیز ہے۔ کارآمد چیز صرف اللہ کی اطاعت ہے، بہت سے جاہل تو اتنے ہی پر کفایت کرتے ہیں کہ روزہ نہیں رکھتے لیکن بہت سے بددین زبان سے بھی اس قسم کے الفاظ بک دیتے ہیں کہ جو کفر تک پہنچا دیتے ہیں مثلاً روزہ وہ رکھے جس کے گھر کھانے کو نہ ہو یا ہمیں بھوکا مارنے سے اللہ کو کیا مل جاتا ہے وغیرہ وغیرہ اس قسم کے الفاظ سے بہت ہی زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے اور بہت غور واہتمام سے ایک مسئلہ سمجھ لینا چاہیے کہ دین کی چھوٹی سے چھوٹی بات کا تمسخر اور مذاق اڑانا بھی کفر کا سبب ہوتا ہے۔ اگر کوئی شخص عمر بھر نماز نہ پڑھے کبھی بھی روزہ نہ رکھے اسی طرح اور کوئی فرض ادا نہ کرے بشرطیکہ اس کا منکر نہ ہو وہ کافر نہیں جس فرض کو ادا نہیں کرتا اس کا گناہ ہوتا ہے اور جو اعمال ادا کرتا ہے ان کا اجر ملتا ہے لیکن دین کی کسی ادنیٰ سے ادنیٰ بات کا تمسخر بھی کفر ہے جس سے اور بھی تمام عمر کے نماز روزہ نیک اعمال ضائع ہو جاتے ہیں، بہت زیادہ قابلِ لحاظ امر ہے اس لیے روزہ کے متعلق بھی کوئی ایسا لفظ ہرگز نہ کہے اور اگر تمسخر وغیرہ نہ کرے تب بھی بغیر عذر افطار کرنے والا فاسق ہے حتیٰ کہ فقہا نے تصریح کی ہے کہ جو شخص رمضان میں علی الاعلان بغیر عذر کے کھاوے اس کو قتل کیا جاوے لیکن قتل پر اگر اسلامی حکومت نہ ہونے کی وجہ سے قدرت نہ ہو کہ یہ کام امیر المؤمنین کا ہے تو اس فرض سے کوئی بھی سبکدوش نہیں کہ اس کی اس ناپاک حرکت پر اظہار نفرت کرے اور اس سے کم تر ایمان کا کوئی درجہ ہی نہیں کہ اس کو دل سے برا سمجھے حق تعالیٰ شانہٗ اپنے مطیع بندے کے طفیل مجھے بھی نیک اعمال کی توفیق نصیب فرمادیں کہ سب سے زیادہ کوتاہی کرنے والوں میں ہوں فصل اوّل میں دس حدیثیں کافی سمجھتا ہوں کہ ماننے والے کے لیے ایک بھی کافی ہے چہ جائیکہ

تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ‘‘ اور نہ ماننے والوں کے لیے جتنا بھی لکھا جائے بے کار ہے حق تعالیٰ شانہٗ سب مسلمانوں کو عمل کی توفیق نصیب فرمادیں۔

فصل ثانی ــــ شب قدر کے بیان میں

رمضان المبارک کی راتوں میں سے ایک رات شب قدر کہلاتی ہے جو بہت ہی برکت اور خیر کی رات ہے کلام پاک میں اُس کو ہزار مہینوں سے افضل بتلایا ہے ہزار مہینے کے تراسی برس چار ماہ ہوتے ہیں، خوش نصیب ہے وہ شخص جس کو اس رات کی عبادت نصیب ہو جائے کہ جو شخص اس ایک رات کو عبادت میں گذار دے اس نے گویا تراسی برس چار ماہ سے زیادہ زمانہ کو عبادت میں گذار دیا اور اس زیادتی کا بھی حال معلوم نہیں کہ ہزار مہینے سے کتنے ماہ زیادہ افضل ہے، اللہ جل شانہٗ کا حقیقتاً بہت ہی بڑا انعام ہے کہ قدر دانوں کے لیے یہ ایک بے نہایت نعمت مرحمت فرمائی۔ دُرِّ منثور میں حضرت انس رضؓ سے حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ شب قدر حق تعالیٰ جل شانہٗ نے میری امت کو مرحمت فرمائی ہے پہلی امتوں کو نہیں ملی۔ اس بارے میں مختلف روایات ہیں کہ اس انعام کا سبب کیا ہوا بعض احادیث میں وارد ہوا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلی امتوں کی عمر کو دیکھا کہ بہت بہت ہوئی ہیں اور آپ کی امت کی عمریں بہت تھوڑی ہیں اگر وہ نیک اعمال میں ان کی برابری بھی کرنا چاہیں تو ناممکن اس سے اللہ کے لاڈلے نبی کو رنج ہوا۔ اس کی تلافی میں یہ رات مرحمت ہوئی کہ اگر کسی خوش نصیب کو دس راتیں بھی نصیب ہو جائیں اور ان کو عبادت میں گذار دے تو گویا آٹھ سو تینتیس برس چار ماہ سے بھی زیادہ زمانہ کامل عبادت میں گذار دیا بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی اسرائیل کے ایک شخص کا ذکر فرمایا کہ ایک ہزار مہینے تک اللہ کے راستہ میں جہاد کرتا رہا صحابہؓ کو اس پر رشک آیا تو اللہ جل جلالہٗ و عم نوالہٗ نے اس کی تلافی کے لیے اس رات کا نزول فرمایا ایک روایت میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی اسرائیل کے چار حضرات کا ذکر فرمایا حضرت ایوبؑ حضرت زکریاؑ حضرت حزقیلؑ حضرت یوشعؑ کہ اسّی اسی برس تک اللہ کی عبادت میں مشغول رہے اور پل جھپکنے کے برابر بھی اللہ کی نافرمانی نہیں کی اس پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو حیرت ہوئی تو حضرت جبرئیل علیہ السلام حاضر خدمت ہوئے اور سورۃ القدر سنائی اس کے علاوہ اور بھی روایات ہیں اس قسم کے اختلافِ روایات کی اکثر وجہ یہ ہوئی ہے کہ ایک ہی زمانہ میں جب مختلف واقعات کے بعد کوئی آیت نازل ہوتی ہے تو ہر واقعہ کی طرف نسبت ہو سکتی ہے۔ بہر حال سبب نزول جو بھی کچھ

ہوا ہو لیکن اُمتِ محمدیہ کے لیے یہ اللہ جل شانہٗ کا بہت ہی بڑا انعام ہے یہ رات بھی، اللہ ہی کا عطیہ ہے اور اس میں عمل بھی اسی کی توفیق سے میسّر ہوتا ہے ورنہ ؎

تہیدستانِ قسمت را چہ سود از رہبرِ کامل ۔۔۔ کہ خضر از آبِ حیواں تشنہ می آرد سکندر را

کس قدر قابلِ رشک ہیں وہ مشائخ جو فرماتے ہیں کہ بلوغ کے بعد سے مجھ سے شبِ قدر کی عبادت کبھی فوت نہیں ہوئی، البتہ اس رات کی تعیین میں علماءِ اُمت کے درمیان میں بہت ہی کچھ اختلاف ہے تقریباً پچاس کے قریب اقوال ہیں سب کا احاطہ دشوار ہے البتہ مشہور اقوال کا ذکر عنقریب آنے والا ہے، کتبِ احادیث میں اس رات کی فضیلت مختلف انواع اور متعدد روایات سے وارد ہوئی ہے جن میں سے بعض کا ذکر آتا ہے مگر چونکہ اس رات کی فضیلت خود قرآن پاک میں بھی مذکور ہے اور مستقل ایک سورت اس کے بارے میں نازل ہوئی ہے اس لیے مناسب ہے کہ اوّل اس سورۃ شریفہ کی تفسیر لکھ دی جائے۔ ترجمہ حضرت اقدس حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی نور اللہ مرقدہٗ کی تفسیر بیان القرآن سے ماخوذ ہے اور فوائد دوسری کتب سے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ بے شک ہم نے قرآن پاک کو شبِ قدر میں اتارا ہے۔ ف:۔ یعنی قرآن پاک لوحِ محفوظ سے آسمانِ دنیا پر اسی رات میں اترا ہے یہی ایک بات اس رات کی فضیلت کے لیے کافی تھی کہ قرآن جیسی عظمت والی چیز اس میں نازل ہوئی چہ جائیکہ اس میں اور بھی بہت سے برکات و فضائل شامل ہو گئے ہوں۔ آگے زیادتیٔ شوق کے لیے ارشاد فرماتے ہیں: وَمَآ اَدْرٰكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ آپ کو کچھ معلوم بھی ہے کہ شبِ قدر کیسی بڑی چیز ہے یعنی اس رات کی بڑائی اور فضیلت کا آپ کو علم بھی ہے کہ کتنی خوبیاں اور کس قدر فضائل اس میں ہیں، اس کے بعد چند فضائل کا ذکر فرماتے ہیں۔ لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ۔ شبِ قدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے یعنی ہزار مہینے تک عبادت کرنے کا جس قدر ثواب ہے اس سے زیادہ شبِ قدر میں عبادت کرنے کا ثواب ہے اور اس زیادتی کا علم بھی نہیں کہ کتنی زیادہ ہے تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ اس رات میں فرشتے اترتے ہیں علامہ رازیؒ لکھتے ہیں کہ ملائکہ نے جب ابتدا میں تجھے دیکھا تھا تو تجھ سے نفرت ظاہر کی تھی اور بارگاہِ عالی میں عرض کیا تھا کہ ایسی چیز کو آپ پیدا فرماتے ہیں جو دنیا میں فساد کرے اور خون بہادے اس کے بعد والدین نے جب تجھے اوّل دیکھا تھا جب کہ تو منی کا قطرہ تھا تو تجھ سے نفرت کی تھی، حتیٰ کہ کپڑے کو اگر لگ جاتا تو کپڑے کو دھونے کی نوبت آتی۔ لیکن جب حق تعالیٰ شانہٗ نے اس

قطرہ کو بہتر صورت مرحمت فرمادی تو والدین کو بھی شفقت اور پیار کی نوبت آئی اور آج جبکہ توفیق الٰہی سے تو شبِ قدر میں معرفت الٰہی اور طاعتِ ربانی میں مشغول ہے تو ملائکہ بھی اپنے اس نفرہ کی معذرت کرنے کے لیے اترتے ہیں۔ وَالرُّوحُ فِيهَا اور اس رات میں روح القدس یعنی حضرت جبرئیل علیہ السّلام بھی نازل ہوتے ہیں، روح کے معنی میں مفسرین کے چند قول ہیں جمہور کا یہی قول ہے جو اوپر لکھا گیا کہ اس سے حضرت جبرئیل علیہ السّلام مراد ہیں۔ علامہ رازیؒ نے لکھا ہے کہ یہی قول زیادہ صحیح ہے، اور حضرت جبرئیل علیہ السلام کی افضلیت کی وجہ سے ملائکہ کے ذکر کے بعد خاص طور سے ان کا ذکر فرمایا۔ بعض کا قول ہے روح سے مراد ایک بہت بڑا فرشتہ ہے کہ تمام آسمان وزمین اس کے سامنے ایک لقمہ کے بقدر ہیں، بعضوں کا قول ہے کہ اس سے مراد فرشتوں کی ایک مخصوص جماعت ہے جو اور فرشتوں کو بھی صرف لیلۃ القدر ہی میں نظر آتے ہیں چوتھا قول یہ ہے کہ یہ اللہ کی کوئی مخصوص مخلوق ہے جو کھاتے پیتے ہیں مگر نہ فرشتے ہیں نہ انسان، پانچواں یہ کہ حضرت عیسٰی علیہ السلام مراد ہیں جو امت محمدیہ کے کارنامے دیکھنے کے لیے ملائکہ کے ساتھ اترتے ہیں، چھٹا قول یہ ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی خاص رحمت ہے یعنی اس رات میں ملائکہ نازل ہوتے ہیں اور ان کے بعد میری رحمتِ خاص نازل ہوتی ہے۔ ان کے علاوہ اور بھی چند اقوال ہیں مگر مشہور قول پہلا ہی ہے۔ سنن بیہقی میں حضرت انس رضؓ کے واسطے سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد منقول ہے کہ شبِ قدر میں حضرت جبرئیل علیہ السلام فرشتوں کے ایک گروہ کے ساتھ اترتے ہیں اور جس شخص کو ذکر وغیرہ میں مشغول دیکھتے ہیں اس کے لیے رحمت کی دعا کرتے ہیں: بِإِذْنِ رَبِّهِمْ مِّن كُلِّ أَمْرٍ اپنے پروردگار کے حکم سے ہر امرِ خیر کو لے کر زمین کی طرف اترتے ہیں۔ مظاہر حق میں لکھا ہے کہ اسی رات میں ملائکہ کی پیدائش ہوئی اور اسی رات میں آدمؑ کا مادہ جمع ہونا شروع ہوا اسی رات میں جنت میں درخت لگائے گئے اور دعا وغیرہ کا قبول ہونا بکثرت روایات میں وارد ہے۔ درمنثور کی ایک روایت میں ہے کہ اسی رات میں حضرت عیسٰی علیہ السلام آسمان پر اٹھائے گئے۔ اور اسی رات میں بنی اسرائیل کی توبہ قبول ہوئی سَلَامٌ وہ رات سراپا سلام ہے یعنی تمام رات ملائکہ کی طرف سے مومنین پر سلام ہوتا رہتا ہے کہ ایک فوج آتی ہے دوسری جاتی ہے جیسا کہ بعض روایات میں اس کی تصریح ہے۔ یا یہ مراد ہے کہ یہ رات سراپا سلامتی ہے شر وفساد وغیرہ سے امن ہے، هِيَ حَتَّىٰ مَطْلَعِ الْفَجْرِ وہ رات (ان ہی برکات کے ساتھ) تمام رات

طلوع فجر تک رہتی ہے۔ یہ نہیں کہ رات کے کسی خاص حصہ میں یہ برکت ہو اور کسی میں نہ ہو بلکہ صبح ہونے تک ان برکات کا ظہور رہتا ہے۔ اس سورۃ شریفہ کے ذکر کے بعد کہ خود اللہ جل جلالہٗ کے کلام پاک میں اس رات کی کئی نوع کی فضیلتیں ارشاد فرمائی گئی ہیں احادیث کے ذکر کی ضرورت نہیں رہتی لیکن احادیث میں بھی اس کی فضیلت بہ کثرت وارد ہوئی ہے ان میں سے چند احادیث ذکر کی جاتی ہیں۔

(۱) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَامَ لَیْلَةَ الْقَدْرِ اِیْمَانًا وَّاِحْتِسَابًا غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ (کذا فی الترغیب عن البخاری ومسلم)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص لیلۃ القدر میں ایمان کے ساتھ اور ثواب کی نیت سے عبادت کے لیے کھڑا ہو اس کے پچھلے تمام گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں۔

ف: کھڑا ہونے کا مطلب یہ ہے کہ نماز پڑھے اور اسی حکم میں یہ بھی ہے کہ کسی اور عبادت تلاوت اور ذکر وغیرہ میں مشغول ہو اور ثواب کی امید رکھنے کا مطلب یہ ہے کہ ریا وغیرہ کسی بدنیتی سے کھڑا نہ ہو بلکہ اخلاص کے ساتھ محض اللہ کی رضا اور ثواب کے حصول کی نیت سے کھڑا ہو۔ خطابیؒ کہتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ ثواب کا یقین کر کے بشاشتِ قلب سے کھڑا ہو بوجھ سمجھ کر بد دلی کے ساتھ نہیں اور کھلی ہوئی بات ہے کہ جس قدر ثواب کا یقین اور اعتقاد زیادہ ہوگا اتنا ہی عبادت میں مشقت کا برداشت کرنا سہل ہوگا یہی وجہ ہے کہ جو شخص قرب الٰہی میں جس قدر ترقی کرتا جاتا ہے عبادت میں انہماک زیادہ ہوتا رہتا ہے۔ نیز یہ معلوم ہو جانا بھی ضروری ہے کہ حدیث بالا اور اس جیسی احادیث میں گناہوں سے مراد علماء کے نزدیک صغیرہ گناہ ہوتے ہیں اس لیے کہ قرآن پاک میں جہاں کبیرہ گناہوں کا ذکر آتا ہے ان کو اِلَّا مَنْ تَابَ کے ساتھ ذکر کیا ہے! اسی بنا پر علماء کا اجماع ہے کہ کبیرہ گناہ بغیر توبہ کے معاف نہیں ہوتا پس جہاں احادیث میں گناہوں کے معاف ہونے کا ذکر آتا ہے علماء اس کو صغائر کے ساتھ مقید فرمایا کرتے ہیں۔ میرے والد صاحب نور اللہ مرقدہٗ و برد مضجعہ کا ارشاد ہے کہ احادیث میں صغائر کی قید دو وجہ سے مذکور نہیں ہوتی اوّل تو یہ کہ مسلمان کی شان یہ ہے ہی نہیں کہ اس کے ذمہ کبیرہ گناہ ہو کیونکہ جب کبیرہ گناہ اس سے صادر ہو جاتا ہے تو مسلمان کی اصل شان یہ ہے کہ اس وقت تک چین ہی نہ آوے جب تک کہ اس گناہ سے توبہ نہ کر لے دوسری وجہ یہ ہے کہ جب اس قسم کے موقع ہوتے ہیں مثلاً لیلۃ القدر ہی میں جب کوئی شخص باُمید ثواب عبادت کرتا ہے تو اپنی بداعمالیوں پر ندامت اس کے لیے گویا لازم ہے اور ہو ہی جاتی ہے اس لیے

توبہ کا تحقق خود بخود ہو جاتا ہے کہ توبہ کی حقیقت گذشتہ پر ندامت اور آئندہ کو نہ کرنے کا عزم ہے لہٰذا اگر کوئی شخص کبائر کا مرتکب بھی ہو تو اس کے لیے ضروری ہے کہ لیلۃ القدر ہو یا کوئی اور اجابت کا موقعہ ہو اپنی بداعمالیوں سے سچے دل سے پختگی کے ساتھ دل و زبان سے توبہ بھی کرے تاکہ اللہ کی رحمتِ کاملہ متوجہ ہو اور صغیرہ کبیرہ سب طرح کے گناہ معاف ہو جاویں اور یاد آجاوے تو اس سیہ کار کو بھی اپنی مخلصانہ دعاؤں میں یاد فرمالیں۔

(۲) عَنْ اَنَسٍ قَالَ دَخَلَ رَمَضَانُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ ھٰذَا الشَّھْرَ قَدْ حَضَرَکُمْ وَفِیْہِ لَیْلَۃٌ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَھْرٍ مَنْ حُرِمَھَا فَقَدْ حُرِمَ الْخَیْرَ کُلَّہٗ وَلَا یُحْرَمُ خَیْرَھَا اِلَّا مَحْرُوْمٌ (رواہ ابن ماجۃ واسنادہ حسن انشاء اللہ کذا فی الترغیب وفی المشکوٰۃ عنہ الاکل محروم۔

حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ رمضان المبارک کا مہینہ آیا تو حضورؐ نے فرمایا کہ تمہارے اوپر ایک مہینہ آیا ہے جس میں ایک رات ہے جو ہزار مہینوں سے افضل ہے جو شخص اس رات سے محروم رہ گیا گویا ساری ہی خیر سے محروم رہ گیا اور اس کی بھلائی سے محروم نہیں رہتا مگر وہ شخص جو حقیقتہً محروم ہی ہے۔

ف: حقیقتہً اس کی محرومی میں کیا تامل ہے جو اس قدر بڑی نعمت کو ہاتھ سے کھو دے ریلوے ملازم چند کوڑیوں کی خاطر رات رات بھر جاگتے ہیں اگر اسّی برس کی عبادت کی خاطر کوئی ایک مہینہ تک رات میں جاگ لے تو کیا دقت ہے اصل یہ ہے کہ دل میں تڑپ ہی نہیں اگر ذرا سا چسکہ پڑ جائے تو پھر ایک رات کیا سیکڑوں راتیں جاگی جاسکتی ہیں ؎

الفت میں برابر ہے وفا ہو کہ جفا ہو ہر چیز میں لذت ہے اگر دل میں مزا ہو

آخر تو کوئی بات تھی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم باوجود ساری بشارتوں اور وعدوں کے جن کا آپ کو یقین تھا پھر اتنی لمبی نماز پڑھتے تھے کہ پاؤں ورم کر جاتے تھے انہی کے نام لیوا اور امتی آخر ہم بھی کہلاتے ہیں۔ ہاں جن لوگوں نے ان امور کی قدر کی وہ سب کچھ کر گئے اور نمونہ بن کر امت کو دکھلا گئے کہنے والوں کو یہ موقعہ بھی نہیں رہا کہ حضورؐ کی حرص کون کر سکتا ہے اور کس سے ہو سکتی ہے دل میں سما جانے کی بات ہے کہ چاہنے والے کے لیے دودھ کی نہر پہاڑ سے کھود نی بھی مشکل نہیں ہوتی، مگر یہ بات کسی کی جوتیاں سیدھی کیے بغیر مشکل سے حاصل ہوتی ہے ؎

تمنا درد دل کی ہے تو کر خدمت فقیروں کی نہیں ملتا یہ گوہر بادشاہوں کے خزینہ میں

آخر کیا بات تھی کہ حضرت عمرؓ عشاء کی نماز کے بعد گھر میں تشریف لے جاتے اور صبح تک

نماز میں گذار دیتے تھے۔ حضرت عثمان رضؓ دن بھر روزہ رکھتے اور رات بھر نماز میں گذا دیتے صرف رات کے اول حصہ میں تھوڑا سا سوتے تھے رات کی ایک ایک رکعت میں پورا قرآن پڑھ لیتے تھے، شرح احیائیں ابو طالب مکی سے نقل کیا ہے کہ چالیس تابعین سے بطریق تواتر یہ بات ثابت ہے کہ وہ عشاء کی وضو سے نماز صبح پڑھتے تھے۔ حضرت شداد رضؓ رات کو لیٹتے اور تمام رات کروٹیں بدل کر صبح کر دیتے اور کہتے یا اللہ آگ کے ڈر نے میری نیند اڑا دی اسود بن یزید رمضان میں مغرب عشا کے درمیان تھوڑی دیر سوتے اور بس سعید بن المسیبؒ کے متعلق منقول ہے کہ پچاس برس تک عشا کے وضو سے صبح کی نماز پڑھی، صلہ بن اشیمؒ رات بھر نماز پڑھتے اور صبح کو یہ دعا کرتے کہ یا اللہ میں اس قابل تو نہیں ہوں کہ جنت مانگوں صرف اتنی درخواست ہے کہ آگ سے بچا دیجیو، حضرت قتادہ رضؓ تمام رمضان تو ہر تین رات میں ایک ختم فرماتے مگر عشرہ اخیرہ میں ہر رات میں ایک قرآن شریف ختم کرتے۔ امام ابو حنیفہؒ کا چالیس سال تک عشاء کے وضو سے صبح کی نماز پڑھنا اتنا مشہور و معروف ہے کہ اس سے انکار تاریخ کے اعتماد کو ہٹاتا ہے۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ آپ کو یہ قوت کس طرح حاصل ہوئی تو انھوں نے فرمایا کہ میں نے اللہ کے ناموں کے طفیل ایک مخصوص طریق پر دعا کی تھی۔ صرف دوپہر کو تھوڑی دیر سوتے اور فرماتے کہ حدیث میں قیلولہ کا ارشاد ہے، گویا دوپہر کے سونے میں بھی اتباع سنت کا ارادہ ہوتا، قرآن شریف پڑھتے ہوئے اتنا روتے کہ پڑوسیوں کو ترس آنے لگتا تھا، ایک مرتبہ ساری رات اس آیت کو پڑھتے اور روتے گذار دی بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ الخ (سورہ قمر رکوع ۳) ابراہیم بن ادہمؒ رمضان المبارک میں نہ تو دن کو سوتے نہ رات کو، امام شافعیؒ رمضان المبارک میں دن رات کی نمازوں میں ساٹھ قرآن مجید ختم کرتے اور ان کے علاوہ سیکڑوں واقعات ہیں جنہوں نے وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ پر عمل کر کے بتلا دیا کہ کرنے والے کے لیے کچھ مشکل نہیں یہ سلف کے واقعات ہیں اب بھی کرنے والے موجود ہیں اس درجہ کا مجاہدہ نہ سہی مگر اپنے زمانہ کے موافق اپنی طاقت و قدرت کے موافق نمونہ سلف اب بھی موجود ہیں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا سچا اقتدا کرنے والے اس دور فساد میں بھی موجود ہیں نہ راحت و آرام انہماک عبادت سے مانع ہوتا ہے نہ دنیوی مشاغل سد راہ ہوتے ہیں نبی کریمؐ فرماتے ہیں کہ اللہ جل جلالہ کا ارشاد ہے، اے ابن آدم تو میری عبادت کے لیے فارغ ہو جا میں تیرے سینے کو غنا سے بھر دوں گا اور تیرے فقر کو بند کر دوں گا ورنہ تیرے سینہ کو مشاغل سے

بھر دوں گا، اور فقر زائل نہیں ہوگا، روزمرہ کے مشاہدات اس سچے ارشاد کے شاہد عدل ہیں۔

(۳) عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا کَانَ لَیْلَۃُ الْقَدْرِ نَزَلَ جِبْرَئِیْلُ فِیْ کَبْکَبَۃٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِکَۃِ یُصَلُّوْنَ عَلٰی کُلِّ عَبْدٍ قَائِمٍ اَوْ قَاعِدٍ یَذْکُرُ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ فَاِذَا کَانَ یَوْمُ عِیْدِھِمْ یَعْنِیْ یَوْمَ فِطْرِھِمْ بَاھٰی بِھِمْ مَلٰٓئِکَتَہٗ فَقَالَ یَا مَلٰٓئِکَتِیْ مَا جَزَآءُ اَجِیْرٍ وَفّٰی عَمَلَہٗ قَالُوْا رَبَّنَا جَزَآؤُہٗ اَنْ یُّوَفّٰی اَجْرَہٗ قَالَ مَلٰٓئِکَتِیْ عَبِیْدِیْ وَاِمَائِیْ قَضَوْا فَرِیْضَتِیْ عَلَیْھِمْ ثُمَّ خَرَجُوْا یَعُجُّوْنَ اِلَی الدُّعَآءِ وَعِزَّتِیْ وَجَلَالِیْ وَکَرَمِیْ وَعُلُوِّیْ وَارْتِفَاعِ مَکَانِیْ لَاُجِیْبَنَّھُمْ فَیَقُوْلُ ارْجِعُوْا فَقَدْ غَفَرْتُ لَکُمْ وَبَدَّلْتُ سَیِّاٰتِکُمْ حَسَنَاتٍ قَالَ فَیَرْجِعُوْنَ مَغْفُوْرًا لَّھُمْ۔ (رواہ البیہقی فی شعب الایمان کذا فی المشکوٰۃ)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ شب قدر میں حضرت جبرئیل ملائکہ کی ایک جماعت کے ساتھ آتے ہیں اور اس شخص کے لیے جو کھڑے یا بیٹھے اللہ کا ذکر کر رہا ہے اور عبادت میں مشغول ہے دعائے رحمت کرتے ہیں اور جب عید الفطر کا دن ہوتا ہے تو حق تعالیٰ جل شانہٗ اپنے فرشتوں کے سامنے بندوں کی عبادت پر فخر فرماتے ہیں اس لیے کہ انہوں نے آدمیوں پر طعن کیا تھا اور ان سے دریافت فرماتے ہیں کہ اے فرشتو اس مزدور کا جو اپنی خدمت پوری پوری ادا کر دے کیا بدلہ ہے وہ عرض کرتے ہیں کہ اے ہمارے رب اس کا بدلہ یہی ہے کہ اس کی اجرت پوری دیدی جائے تو ارشاد ہوتا ہے کہ فرشتو! میرے غلاموں نے اور باندیوں نے میرے فریضہ کو پورا کر دیا۔ پھر دعا کے ساتھ چلاتے ہوئے (عیدگاہ کی طرف) نکلے ہیں میری عزت کی قسم میرے جلال کی قسم میری بخشش کی قسم میرے علوشان کی قسم میرے بلندیٔ مرتبہ کی قسم میں ان لوگوں کی دعا ضرور قبول کروں گا پھر ان لوگوں کو خطاب فرما کر ارشاد ہوتا ہے کہ جاؤ تمہارے گناہ معاف کر دیئے ہیں اور تمہاری برائیوں کو نیکیوں سے بدل دیا ہے پس یہ لوگ عیدگاہ سے ایسے حال میں لوٹتے ہیں کہ ان کے گناہ معاف ہو چکے ہوتے ہیں۔

ف: حضرت جبرئیلؑ کا ملائکہ کے ساتھ آنا خود قرآن پاک میں بھی مذکور ہے جیسا کہ پہلے گذر چکا اور بہت سی احادیث میں بھی اس کی تصریح ہے۔ رسالہ کی سب سے اخیر حدیث میں اس کا مفصل ذکر آرہا ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام تمام فرشتوں کو تقاضا فرماتے ہیں کہ ہر ذاکر و شاغل کے گھر جاویں اور ان سے مصافحہ کریں۔ غالیۃ المواعظ میں حضرت اقدس

شیخ عبد القادر جیلانیؒ کی غنیہ سے نقل کیا ہے کہ ابن عباسؓ کی حدیث میں ہے کہ فرشتے حضرت جبرئیلؑ کے کہنے سے متفرق ہو جاتے ہیں اور کوئی گھر چھوٹا بڑا جنگل یا کشتی ایسی نہیں ہوتی جس میں کوئی مومن ہو اور وہ فرشتے مصافحہ کرنے کے لیے وہاں نہ جاتے ہوں لیکن اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا یا سؤر ہو یا حرام کاری کی وجہ سے جنبی یا تصویر ہو مسلمانوں کے کتنے گھر ایسے ہیں جن میں خیالی زینت کی خاطر تصویریں لٹکائی جاتی ہیں۔ اور اللہ کی اتنی بڑی نعمت رحمت سے اپنے ہاتھوں اپنے کو محروم کرتے ہیں تصویر لٹکانے والا ایک آدھ ہوتا ہے مگر اس گھر میں رحمت کے فرشتوں کے داخل ہونے سے روکنے کا سبب بن کر سارے ہی گھر کو اپنے ساتھ محروم رکھتا ہے

(۴) عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحَرَّوْا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي الْوِتْرِ مِنَ الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ (مشکوۃ عن البخاری)

حضرت عائشہؓ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل فرماتی ہیں کہ لیلۃ القدر کو رمضان کے اخیر عشرہ کی طاق راتوں میں تلاش کرو۔

ف: جمہور علماء کے نزدیک اخیر عشرہ اکیسویں رات سے شروع ہوتا ہے۔ عام ہے کہ مہینہ ۲۹ کا ہو یا ۳۰ کا، اس حساب سے حدیث بالا کے مطابق شب قدر کی تلاش ۲۱، ۲۳، ۲۵، ۲۷، ۲۹ راتوں میں کرنا چاہیے، اگر مہینہ ۲۹ کا ہو تب بھی اخیر عشرہ یہی کہلاتا ہے مگر ابن حزمؒ کی رائے ہے کہ عشرہ کے معنی دس کے ہیں لہٰذا اگر تیس کا چاند رمضان المبارک کا ہو تب تو یہ ہے لیکن اگر ۲۹ کا چاند ہو تو اس صورت میں اخیر عشرہ بیسویں شب سے شروع ہوتا ہے اور اس صورت میں وتر راتیں یہ ہوں گی۔ ۲۰، ۲۲، ۲۴، ۲۶، ۲۸، لیکن نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم لیلۃ القدر ہی کی تلاش میں رمضان المبارک کا اعتکاف فرمایا کرتے تھے اور وہ بالاتفاق اکیسویں شب سے شروع ہوتا تھا، اس لیے بھی جمہور کا قول اکیسویں رات سے طاق راتوں میں قوی احتمال ہے زیادہ راجح ہے۔ اگرچہ احتمال اور راتوں میں بھی ہے اور دونوں قولوں پر تلاش جب ممکن ہے کہ بیسویں شب سے لے کر عید کی رات تک ہر رات میں جاگتا رہے اور شب قدر کی فکر میں لگا رہے۔ دس گیارہ راتیں کوئی ایسی اہم یا مشکل چیز نہیں جن کو جاگ کر گذار دینا ایک شخص کے لیے کچھ مشکل ہو جو ثواب کی امید رکھتا ہو ؎

عرفی اگر بگریہ میسر شدے وصال
صد سال می تواں بہ تمنا گریستن

(۵) عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُخْبِرَنَا بِلَيْلَةِ الْقَدْرِ فَتَلَاحٰى رَجُلَانِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَقَالَ خَرَجْتُ لِاُخْبِرَكُمْ بِلَيْلَةِ الْقَدْرِ فَتَلَاحٰى فُلَانٌ وَفُلَانٌ فَرُفِعَتْ وَعَسٰى اَنْ تَكُوْنَ خَيْرًا لَّكُمْ فَالْتَمِسُوْهَا فِى التَّاسِعَةِ وَالسَّابِعَةِ وَالْخَامِسَةِ (مشکوٰۃ عن البخاری)

حضرت عبادہؓ کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس لیے باہر تشریف لائے تاکہ ہمیں شب قدر کی اطلاع فرما دیں مگر دو مسلمانوں میں جھگڑا ہو رہا تھا، حضرت نے فرمایا کہ میں اس لیے آیا تھا کہ تمہیں شب قدر کی خبر دوں مگر فلاں فلاں شخصوں میں جھگڑا ہو رہا تھا کہ جس کی وجہ سے اس کی تعیین اٹھالی گئی، کیا بعید ہے کہ یہ اٹھالینا اللہ کے علم میں بہتر ہو، لہٰذا اس رات کو نویں اور ساتویں اور پانچویں رات میں تلاش کرو۔

ف: اس حدیث میں تین مضمون قابل غور ہیں، امر اول جو سب سے اہم ہے وہ جھگڑا ہے جو اس قدر سخت بری چیز ہے کہ اس کی وجہ سے ہمیشہ کے لیے شب قدر کی تعیین اٹھالی گئی اور صرف یہی نہیں بلکہ جھگڑا ہمیشہ برکات سے محرومی کا سبب ہوا کرتا ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ تمہیں نماز، روزہ صدقہ وغیرہ سب سے افضل چیز بتلاؤں صحابہؓ نے عرض کیا ضرور، حضورؐ نے فرمایا کہ آپس کا سلوک سب سے افضل ہے اور آپس کی لڑائی دین کو مونڈنے والی ہے یعنی جیسے استرے سے سر کے بال ایک دم صاف ہو جاتے ہیں آپس کی لڑائی سے دین بھی اسی طرح صاف ہو جاتا ہے، دنیا دار دین سے بے خبر لوگوں کا ذکر جیا، بہت سی لمبی لمبی تسبیحیں پڑھنے والے دین کے دعویدار بھی ہر وقت آپس کی لڑائی میں مبتلا رہتے ہیں اوّل حضورؐ کے ارشاد کو غور سے دیکھیں اور پھر اپنے اس دین کی فکر کریں جس کے گھمنڈ میں صلح کے لیے جھکنے کی توفیق نہیں ہوتی فصل اول میں روزہ کے آداب میں گزر چکا ہے کہ نبی کریمؐ نے مسلمانوں کی آبرو ریزی کو بدترین سود اور خبیث ترین سود ارشاد فرمایا ہے لیکن ہم لوگ لڑائی کے زور میں نہ مسلمان کی آبرو کی پرواہ کرتے ہیں نہ اللہ اور اس کے سچے رسولؐ کے ارشادات کا خیال، خود اللہ جل جلالہٗ کا ارشاد ہے وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا۔ الآیۃ۔ اور نزاع مت کرو، ورنہ کم ہمت ہو جاؤ گے اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی[1] آج وہ لوگ جو ہر وقت دوسروں کا وقار گھٹانے کی فکر میں رہتے ہیں تنہائی میں بیٹھ کر غور کریں کہ خود وہ اپنے وقار کو کتنا صدمہ پہنچا رہے ہیں اور اپنی ان ناپاک اور کمینہ حرکتوں سے اللہ تعالیٰ کی نگاہ میں کتنے ذلیل ہو رہے ہیں اور پھر دنیا کی ذلت بد یہی، نبی کریمؐ کا ارشاد ہے کہ جو شخص اپنے

---

[1] بیان القرآن

مسلمان بھائی سے تین دن سے زیادہ چھوٹ چھٹاؤ رکھے اگر اس حالت میں مرگیا تو سیدھا جہنم میں جاوے گا ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ ہر پیر و جمعرات کے دن اللہ کی حضوری میں بندوں کے اعمال پیش ہوتے ہیں اللہ جل شانہٗ کی رحمت سے (نیک اعمال کی بدولت) مشرکوں کے علاوہ اوروں کی مغفرت ہوتی رہتی ہے مگر جن دو میں جھگڑا ہوتا ہے ان کی مغفرت کے متعلق ارشاد ہوتا ہے کہ ان کو چھوڑے رکھو جب تک صلح نہ ہو۔ ایک حدیث پاک میں ارشاد ہے کہ ہر پیر جمعرات کو اعمال کی پیشی ہوتی ہے، اس میں توبہ کرنے والوں کی توبہ قبول ہوتی ہے اور استغفار کرنے والوں کی استغفار قبول کی جاتی ہے مگر آپس میں لڑنے والوں کو ان کے حال پر چھوڑ دیا جاتا ہے ایک جگہ ارشاد ہے کہ شبِ برات میں اللہ کی رحمتِ عامہ خلقت کی طرف متوجہ ہوتی ہے (اور ذرا ذرا سے بہانہ سے) مخلوق کی مغفرت فرمائی جاتی ہے مگر دو شخصوں کی مغفرت نہیں ہوتی، ایک کافر دوسرا وہ جو کسی سے کینہ رکھے ایک جگہ ارشاد ہے کہ تین شخص ہیں جن کی نماز قبولیت کے لیے ان کے سر سے ایک بالشت بھی اوپر نہیں جاتی، جن میں آپس کے لڑنے والے بھی فرمائے ہیں۔ یہ جگہ اُن روایات کے احاطہ کی نہیں مگر چند روایات اس لیے لکھ دی ہیں کہ ہم لوگوں میں عوام کا ذکر نہیں خواص میں اور ان لوگوں میں جو شرفاء کہلاتے ہیں دین دار سمجھے جاتے ہیں ان کی مجالس ان کے مجامع ان کی تقریبات اس کمینہ حرکت سے لبریز ہیں : فَاِلَی اللّٰهِ الْمُشْتَکٰی وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ لیکن ان سب کے بعد یہ بھی معلوم ہونا ضروری ہے کہ یہ سب دنیوی دشمنی اور عداوت پر ہے۔ اگر کسی شخص کے فسق کی وجہ سے یا کسی دینی امر کی حمایت کی وجہ سے ترکِ تعلق کرے تو جائز ہے۔

حضرت ابن عمرؓ نے ایک مرتبہ حضورؐ کا ارشاد نقل فرمایا تو ان کے بیٹے نے اس پر ایسا لفظ کہہ دیا جو صورۃً حدیث پر اعتراض تھا۔ حضرت ابن عمرؓ مرتے تک ان سے نہیں بولے اور بھی اس قسم کے واقعات صحابہ کرامؓ کے ثابت ہیں لیکن اللہ تعالیٰ شانہٗ دانا بینا ہیں قلوب کے حال کو اچھی طرح جاننے والے ہیں اس سے خوب واقف ہیں کہ کون سا ترکِ تعلق دین کی خاطر ہے، اور کون سا اپنی وجاہت اور کسرِ شان اور بڑائی کی وجہ سے ہے۔ ویسے تو ہر شخص اپنے کینہ اور بغض کو دین کی طرف منسوب کر ہی سکتا ہے۔ دوسرا امر جو حدیث بالا میں معلوم ہوتا ہے وہ حکمتِ الٰہی کے سامنے رضا اور قبول و تسلیم ہے کہ باوجود اس کے کہ شبِ قدر کی تعیین کا اُٹھ جانا ظاہراً بہت ہی بڑی خیر کا اٹھ جانا تھا، لیکن چوں کہ اللہ کی طرف سے ہے اس لیے حضورؐ کا ارشاد ہے کہ شاید ہمارے لیے یہی بہتر ہو۔ نہایت عبرت اور غور کا مقام ہے اللہ جل شانہٗ کی رحیم و

کریم ذات بندہ پر ہر وقت مہربان ہے اگر بندہ اپنی بد اعمالی سے کسی مصیبت میں مبتلا ہوجاتا ہے تب بھی اللہ جل جلالہٗ کی طرف سے تھوڑی سی توجہ اور اقرارِ عجز کے بعد اللہ کا کرم شاملِ حال ہوجاتا ہے اور وہ مصیبت بھی کسی بڑی خیر کا سبب بنا دی جاتی ہے اور اللہ کے لیے کوئی چیز مشکل نہیں چناں چہ علماء نے اس کے اخفاء میں بھی چند مصالح ارشاد فرمائے ہیں۔ اوّل یہ کہ اگر تعیین باقی رہتی تو بہت سی کوتاہ طبائع ایسی ہوتیں کہ اور راتوں کا اہتمام بالکل ترک کردیتیں اور اس صورتِ موجودہ میں اس احتمال پر کہ آج ہی شاید شبِ قدر ہو متعدد راتوں میں عبادت کی توفیق طلب والوں کو نصیب ہوجاتی ہے۔ دوسری یہ کہ بہت سے لوگ ہیں کہ معاصی کے بغیر اُن سے رہا ہی نہیں جاتا تعیین کی صورت میں اگر باوجود معلوم ہونے کے اس رات میں معصیت کی جرأت کی جاتی تو سخت اندیشناک تھا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک مرتبہ مسجد میں تشریف لائے، کہ ایک صحابی رضؓ سو رہے تھے، آپؐ نے حضرت علی رضؓ سے ارشاد فرمایا کہ ان کو جگادو تاکہ وضو کرلیں، حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے جگا تو دیا مگر حضورؐ سے پوچھا کہ آپؐ تو خیر کی طرف بہت تیزی سے چلنے والے ہیں آپؐ نے خود کیوں نہیں جگا دیا۔ حضورؐ نے فرمایا، مبادا انکار کر بیٹھتا اور میرے کہنے سے انکار کفر ہوجاتا تیرے کہنے سے انکار پر کفر نہیں ہوگا۔ تو اسی طرح حق سبحانہٗ وتقدس کی رحمت نے گوارا نہ فرمایا کہ اس عظمت والی رات کے معلوم ہونے کے بعد کوئی گناہ پر جرأت کرے۔ تیسری یہ کہ تعیین کی صورت میں اگر کسی شخص سے وہ رات اتفاقاً چھوٹ جاتی تو آئندہ راتوں میں افسردگی وغیرہ کی وجہ سے پھر کسی رات کا بھی جاگنا نصیب نہ ہوتا، اور اب رمضان کی ایک دو رات تو کم از کم ہر شخص کو میسر ہو ہی جاتی ہیں۔ چوتھی یہ کہ جتنی راتیں طلب میں خرچ ہوتی ہیں ان کا سب کا مستقل ثواب علیحدہ ملے گا۔ پانچویں یہ کہ رمضان کی عبادت میں حق تعالیٰ جل شانہٗ ملائکہ پر تفاخر فرماتے ہیں جیسا کہ پہلی روایات میں معلوم ہوچکا اس صورت میں تفاخر کا زیادہ موقع ہے کہ بندے باوجود معلوم نہ ہونے کے محض احتمال اور خیال پر رات رات بھر جاگتے ہیں اور عبادت میں مشغول رہتے ہیں کہ جب احتمال پر اس قدر کوشش کر رہے ہیں کہ اگر بتلا دیا جاتا کہ یہی رات شبِ قدر ہے تو پھر ان کی کوششوں کا کیا حال ہوتا۔ ان کے علاوہ اور بھی مصالح ہوسکتی ہیں ایسے ہی امور کی وجہ سے عادۃ اللہ یہ جاری ہے کہ اس نوع کی اہم چیزوں کو مخفی فرما دیتے ہیں، چنانچہ اسم اعظم کو مخفی فرما دیا، اسی طرح جمعہ کے دن ایک وقتِ خاص مقبولیتِ دعا کا ہے اس کو بھی مخفی فرما دیا

ایسے ہی اور بہت سی چیزیں ہیں اس میں شامل ہیں یہ بھی ممکن ہے کہ جھگڑے کی وجہ سے اس خاص رمضان المبارک میں تعیین بھلادی گئی ہو اور اس کے بعد دیگر مصالح مذکورہ کی وجہ سے ہمیشہ کے لیے تعیین ہٹادی ہو تیسری بات جو اس حدیث پاک میں وارد ہے وہ شب قدر کی تلاش کے لیے تین راتیں ارشاد فرمائی ہیں نویں، ساتویں، پانچویں۔ دوسری روایات کو ملانے سے اتنا تو محقق ہے کہ یہ تینوں راتیں اخیر عشرہ کی ہیں لیکن اس کے بعد پھر چند احتمال ہیں کہ اخیر عشرہ میں اگر اوّل سے شمار کیا جاوے تو حدیث کا محل ۲۹، ۲۷، ۲۵ رات ہوتی ہے اور اگر اخیر سے شمار کیا جائے جیسا کہ بعض الفاظ سے مترشح ہے تو پھر ۲۹ کے چاند کی صورت میں ۲۱، ۲۳، ۲۵ اور ۳۰ کے چاند کی صورت میں ۲۲، ۲۴، ۲۶ ہے۔ اس کے علاوہ بھی تعیین میں روایات بہت مختلف ہیں۔ اور اسی وجہ سے علماء کے درمیان میں اس کے بارے میں بہت کچھ اختلاف ہے جیسا کہ پہلے ذکر ہوا کہ پچاس کے قریب علماء کے اقوال ہیں۔ روایات کے بکثرت اختلاف کی وجہ محققین کے نزدیک یہ ہے کہ یہ رات کسی تاریخ کے ساتھ مخصوص نہیں بلکہ مختلف سالوں میں مختلف راتوں میں ہوتی ہے جس کی وجہ سے روایات مختلف ہیں کہ ہر سال نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سال کے متعلق مختلف راتوں میں تلاش کا حکم فرمایا، اور بعض سالوں میں متعین طور سے بھی ارشاد فرمایا چنانچہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں ہے کہ حضورؐ کی مجلس میں ایک مرتبہ شب قدر کا ذکر آیا تو آپؐ نے فرمایا کہ آج کون سی تاریخ ہے، عرض کیا گیا کہ ۲۲ ہے۔ حضورؐ نے فرمایا کہ آج ہی کی رات میں تلاش کرو۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے حضورؐ سے عرض کیا کہ شب قدر نبی کے زمانہ کے ساتھ خاص رہتی ہے یا بعد میں بھی ہوتی ہے، حضورؐ نے فرمایا کہ قیامت تک رہے گی میں نے عرض کیا کہ رمضان کے کس حصہ میں ہوتی ہے۔ آپؐ نے فرمایا کہ عشرۂ اوّل اور عشرۂ آخر میں تلاش کرو۔ پھر حضورؐ اور باتوں میں مشغول ہوگئے۔ میں نے موقع پاکر عرض کیا، اجی یہ تو بتلا ہی دیجیے کہ عشرہ کے کون سے حصہ میں ہوتی ہے حضورؐ اتنے ناراض ہوئے کہ نہ اس سے قبل مجھ پر اتنے خفا ہوئے تھے نہ بعد میں اور فرمایا کہ اگر اللہ تعالیٰ شانہٗ کا یہ مقصود ہوتا تو بتلا نہ دیتے، آخر کی سات رات میں تلاش کرو بس اس کے بعد اور کچھ نہ پوچھیو۔ ایک صحابی کو حضورؐ نے ۲۳ شب متعین طور پر ارشاد فرمائی۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں سو رہا تھا مجھے خواب میں کسی نے کہا کہ اٹھ آج شب قدر ہے میں جلدی سے اٹھ کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں گیا تو آپؐ کی نماز کی نیت

بندرہ رہی تھی اور یہ رات ۲۳ شب تھی، بعض روایات میں متعین طور سے ۲۴ کی شب کا ہونا بھی معلوم ہوتا ہے۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کا ارشاد ہے کہ جو شخص تمام سال رات کو جاگے وہ شب قدر کو پا سکتا ہے (یعنی شب قدر تمام سال میں دائر رہتی ہے) کسی نے ابن کعبؓ سے اس کو نقل کیا تو وہ فرمانے لگے کہ ابن مسعودؓ کی غرض یہ ہے کہ لوگ ایک رات پر قناعت کرکے نہ بیٹھ جائیں پھر قسم کھاکر یہ تبلایا کہ وہ ۲۷ رمضان کو ہوتی ہے۔ اور اسی طرح سے بہت سے صحابہؓ اور تابعینؒ کی رائے ہے کہ وہ ۲۷ شب میں ہوتی ہے۔ ابی بن کعبؓ کی تحقیق یہی ہے ورنہ ابن مسعودؓ کی تحقیق وہی ہے کہ جو شخص تمام سال جاگے وہ اس کو معلوم کرسکتا ہے۔ اور درمنثور کی ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہی نقل کرتے ہیں۔ ائمہ میں سے بھی امام ابوحنیفہؒ کا مشہور قول یہ ہے کہ تمام سال میں دائر رہتی ہے۔ دوسرا قول امام صاحب کا یہ ہے کہ تمام رمضان میں دائر رہتی ہے۔ صاحبین کا قول ہے کہ تمام رمضان کی کسی ایک رات میں ہے جو متعین ہے مگر معلوم نہیں۔ شافعیہ کا راجح قول یہ ہے کہ ۲۱ کی شب میں ہونا اقرب ہے۔ امام مالکؒ اور امام احمد بن حنبلؒ کا قول یہ ہے کہ رمضان کے آخر عشرہ کی طاق راتوں میں دائر رہتی ہے، کسی سال کسی رات میں اور کسی سال کسی دوسری رات میں جمہور علماء کی رائے یہ ہے کہ ستائیسویں رات میں زیادہ اُمید ہے۔ شیخ العارفین محی الدین ابن عربی کہتے ہیں کہ میرے نزدیک ان لوگوں کا قول زیادہ صحیح ہے جو کہتے ہیں کہ تمام سال میں دائر رہتی ہے اس لیے کہ میں نے دو مرتبہ اس کو شعبان میں دیکھا ہے۔ ایک مرتبہ پندرہ کو اور ایک مرتبہ ۱۹ کو اور دو مرتبہ رمضان کے درمیانی عشرہ میں ۱۳ کو اور اٹھارہ کو اور رمضان کے اخیر عشرہ کی ہر طاق رات میں دیکھا ہے اس لیے مجھے اس کا یقین ہے کہ وہ سال کی راتوں میں پھرتی رہتی ہے لیکن رمضان المبارک میں بہ کثرت پائی جاتی ہے، ہمارے حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ شب قدر سال میں دو مرتبہ ہوتی ہے ایک وہ رات ہے جس میں احکام خداوندی نازل ہوتے ہیں اور اسی رات میں قرآن شریف لوح محفوظ سے اُترا ہے، یہ رات رمضان کے ساتھ مخصوص نہیں تمام سال میں دائر رہتی ہے لیکن جس سال قرآن پاک نازل ہوا اس سال رمضان المبارک میں تھی، اور اکثر رمضان المبارک ہی میں ہوتی ہے۔ اور دوسری شب قدر وہ ہے جس میں روحانیت کا ایک خاص انتشار ہوتا ہے اور ملائکہ بہ کثرت زمین پر اترتے ہیں اور شیاطین

دور رہتے ہیں، دعائیں اور عبادتیں قبول ہوتی ہیں، یہ ہر رمضان میں ہوتی ہے اور اخیر عشرہ کی وتر راتوں میں ہوتی ہے اور بدلتی رہتی ہے۔ میرے والد صاحب نور اللہ مرقدہٗ و برّد مضجعہٗ اسی قول کو راجح فرماتے تھے۔

بہر حال شب قدر ایک ہو یا دو، ہر شخص کو اپنی ہمت و وسعت کے موافق تمام سال اس کی تلاش میں سعی کرنا چاہیے، نہ ہو سکے تو رمضان بھر جستجو کرنا چاہیے، اگر یہ بھی مشکل ہو تو عشرۂ اخیرہ کو غنیمت سمجھنا چاہیے، اتنا بھی نہ ہو سکے تو عشرۂ اخیرہ کی طاق راتوں کو ہاتھ سے نہ جانے دینا چاہیے اور اگر خدانخواستہ یہ بھی نہ ہو سکے تو ستائیسویں شب کو تو بہر حال غنیمت باردہ سمجھنا ہی چاہیے کہ اگر تائید ایزدی شامل حال ہے اور کسی خوش نصیب کو میسر ہو جائے تو پھر تمام دنیا کی نعمتیں اور راحتیں اس کے مقابلہ میں ہیچ ہیں، لیکن اگر میسر نہ بھی ہو تب بھی اجر سے خالی نہیں۔ بالخصوص مغرب و عشاء کی نماز جماعت سے مسجد میں ادا کرنے کا اہتمام تو ہر شخص کو تمام سال بہت ہی ضرور ہونا چاہیے کہ اگر خوش قسمتی سے شب قدر کی رات میں یہ دو نمازیں جماعت سے میسر ہو جائیں تو کس قدر باجماعت نمازوں کا ثواب ملے۔ اللہ کا کس قدر بڑا انعام ہے کہ کسی دینی کام میں کوشش کی جائے تو کامیابی نہ ہونے کی صورت میں بھی اس کوشش کا اجر ضرور ملتا ہے لیکن اس کے باوجود کتنے ہمت والے ہیں جو دین کے درپے ہیں، دین کے لیے مرتے ہیں کوشش کرتے ہیں اور اس کے بالمقابل اغراض دنیویہ میں کوشش کے بعد اگر نتیجہ مرتب نہ ہو تو وہ کوشش بے کار او رضائع۔ لیکن اس پر بھی کتنے لوگ ہیں کہ دنیوی اغراض او بے کار و لغو امور کے حاصل کرنے کے لیے جان و مال دونوں کو برباد کرتے ہیں۔ ع

ببیں تفاوت رہ از کجا است تا بکجا

(۶) عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ اَنَّهٗ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ فَقَالَ فِىْ رَمَضَانَ فِى الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ فَاِنَّهَا فِىْ لَيْلَةٍ وِتْرٍ فِىْ اِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ اَوْ ثَلٰثٍ وَعِشْرِيْنَ اَوْ خَمْسٍ وَعِشْرِيْنَ اَوْ سَبْعٍ وَعِشْرِيْنَ اَوْ تِسْعٍ وَعِشْرِيْنَ اَوْ اٰخِرِ لَيْلَةٍ مِنْ رَمَضَانَ مَنْ قَامَهَا اِيْمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَمِنْ اَمَارَاتِهَا

حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے شب قدر کے بارے میں دریافت کیا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ رمضان کے اخیر عشرہ کی طاق راتوں میں ہے ۲۱، ۲۳، ۲۵، ۲۷، ۲۹ یا رمضان کی آخر رات میں جو شخص ایمان کے ساتھ ثواب کی نیت سے اس رات میں عبادت کرے اس کے پچھلے سب گناہ معاف

إِنَّهَا لَيْلَةٌ بَلْجَةٌ صَافِيَةٌ سَاكِنَةٌ سَاجِيَةٌ لَاحَارَّةٌ وَلَا بَارِدَةٌ كَأَنَّ فِيهَا قَمَرًا سَاطِعًا وَلَا يَحِلُّ لِنَجْمٍ اَنْ يُرْمٰى بِهٖ تِلْكَ اللَّيْلَةَ حَتَّى الصَّبَاحِ وَمِنْ أَمَارَاتِهَا اَنَّ الشَّمْسَ تَطْلُعُ صَبِيْحَتَهَا لَا شُعَاعَ لَهَا مُسْتَوِيَةً كَأَنَّهَا الْقَمَرُ لَيْلَةَ الْبَدْرِ وَحَرَّمَ اللهُ عَلَى الشَّيْطَانِ اَنْ يَخْرُجَ مَعَهَا يَوْمَئِذٍ۔ (درمنثور عن احمد والبیہقی ومحمد بن نصر وغیرہم)

ہو جاتے ہیں، اس رات کی منجملہ اور علامتوں کے یہ ہے کہ وہ رات کھلی ہوئی چمک دار ہوتی ہے صاف شفاف نہ زیادہ گرم نہ زیادہ ٹھنڈی بلکہ معتدل گویا کہ اس میں (انوار کی کثرت کی وجہ سے) چاند کھلا ہوا ہے اس رات میں صبح تک آسمان کے ستارے شیاطین کو نہیں مارے جاتے نیز اس کی علامتوں میں سے یہ بھی ہے کہ اس کے بعد کی صبح کو آفتاب بغیر شعاع کے طلوع ہوتا ہے ایسا بالکل ہموار ٹکیہ کی طرح ہوتا ہے جیسا کہ چودھویں رات کا چاند۔ اللہ جل شانہٗ نے اس دن کے آفتاب کے طلوع کے وقت شیطان کو اس کے ساتھ نکلنے سے روک دیا۔ (بخلاف اور دنوں کے کہ طلوع آفتاب کے وقت شیطان کا اس جگہ ظہور ہوتا ہے)

ف: اس حدیث کا اوّل مضمون تو سابقہ روایات میں ذکر ہو چکا ہے، آخر میں شب قدر کی چند علامات ذکر کی ہیں جن کا مطلب صاف ہے کسی توضیح کا محتاج نہیں، ان کے علاوہ اور بھی بعض علامات روایات میں اور ان لوگوں کے کلام میں ذکر کی گئی ہیں جن کو اس رات کی دولت نصیب ہوئی ہے بالخصوص اس رات کے بعد جب صبح کو آفتاب نکلتا ہے تو بغیر شعاع کے نکلتا ہے۔ یہ علامت بہت سی روایاتِ حدیث میں وارد ہوئی ہے اور ہمیشہ پائی جاتی ہے، اس کے علاوہ اور علامتیں لازمی اور لابدی نہیں ہیں عبدہ بن ابی لبابہ رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے رمضان المبارک کی ستائیس شب کو سمندر کا پانی چکھا تو بالکل میٹھا تھا ایوب بن خالد کہتے ہیں کہ مجھے نہانے کی ضرورت ہوگئی میں نے سمندر کے پانی سے غسل کیا تو بالکل میٹھا تھا، اور یہ تیئیسویں شب کا قصہ ہے۔

مشائخ نے لکھا ہے کہ شب قدر میں ہر چیز سجدہ کرتی ہے حتیٰ کہ درخت زمین پر گر جاتے ہیں اور پھر اپنی جگہ کھڑے ہو جاتے ہیں مگر ایسی چیزوں کا تعلق امور کشفیہ سے ہے جو ہر شخص کو محسوس نہیں ہوتے۔

(۷) عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللهِ | حضرت عائشہ رضؓ نے حضورؐ سے پوچھا کہ یا رسول اللہ

اَرَأَيْتَ اِنْ عَلِمْتُ اَيُّ لَيْلَةٍ لَيْلَةُ الْقَدْرِ مَا اَقُوْلُ فِيْهَا قَالَ قُوْلِيْ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّيْ (رواه احمد وابن ماجة والترمذی وصححه کذا فی المشکوٰۃ)

اگر مجھے شب قدر کا پتہ چل جاوے تو کیا دعا مانگوں حضورؐ نے اللّٰھم سے اخیر تک دعا بتلائی جس کا ترجمہ یہ ہے۔ اے اللہ تو بے شک معاف کرنے والا ہے اور پسند کرتا ہے معاف کرنے کو پس معاف فرمادے مجھ سے بھی۔

ف:۔ نہایت جامع دعا ہے کہ حق تعالیٰ اپنے لطف وکرم سے آخرت کے مطالبہ سے معاف فرمادیں تو اس سے بڑھ کر اور کیا چاہیے ؎

من نگویم کہ طاعتم بپذیر قلم عفو برگناہم کش

حضرت سفیان ثوریؒ کہتے ہیں کہ اس رات میں دُعا کے ساتھ مشغول ہونا زیادہ بہتر ہے بہ نسبت دوسری عبادت کے۔ ابن رجبؒ کہتے ہیں کہ صرف دُعا نہیں بلکہ مختلف عبادات میں جمع کرنا افضل ہے مثلاً تلاوت، نماز، دعا، اور مراقبہ وغیرہ، اس لیے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سب امور منقول ہیں یہی قول زیادہ اقرب ہے کہ سابقہ احادیث میں نماز، ذکر وغیرہ کئی چیزوں کی فضیلت گذر چکی ہے۔

فصل ثالث ــــــ اعتکاف کے بیان میں

اعتکاف کہتے ہیں مسجد میں اعتکاف کی نیت کرکے ٹھہرنے کو، حنفیہ کے نزدیک اس کی تین قسمیں ہیں ایک واجب جو منت اور نذر کی وجہ سے ہو جیسے یہ کہے کہ اگر میرا فلاں کام ہوگیا تو اتنے دنوں کا اعتکاف کروں گا، یا بغیر کسی کام پر موقوف کرنے کے یونہی کہہ لے کہ میں نے اتنے دنوں کا اعتکاف اپنے اوپر لازم کرلیا، یہ واجب ہوتا ہے۔ اور جتنے دنوں کی نیت کی ہے اس کا پورا کرنا ضروری ہے۔ دوسری قسم سنّت ہے جو رمضان المبارک کے اخیر عشرہ کا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت شریفہ ان ایام میں اعتکاف فرمانے کی تھی، تیسرا اعتکاف نفل ہے جس کے لیے نہ کوئی وقت نہ ایام کی مقدار جتنے دن کا جی چاہے کرلے حتّٰی کہ اگر کوئی شخص تمام عمر کے اعتکاف کی نیت کرلے تب بھی جائز ہے البتہ کمی میں اختلاف ہے کہ امام صاحب کے نزدیک ایک دن سے کم کا جائز نہیں، لیکن امام محمدؒ کے نزدیک تھوڑی سی دیر کا بھی جائز ہے اور اسی پر فتویٰ ہے، اس لیے ہر شخص کے لیے مناسب ہے کہ جب مسجد

میں داخل ہو اعتکاف کی نیت کر لیا کرے کہ اتنے نماز وغیرہ میں مشغول رہے اعتکاف کا ثواب بھی رہے۔ میں نے اپنے والد صاحب نور اللہ مرقدہٗ و برد مضجعہٗ کو ہمیشہ اس کا اہتمام کرتے دیکھا کہ جب مسجد میں تشریف لے جاتے تو دایاں پاؤں اندر داخل کرتے ہی اعتکاف کی نیت فرماتے تھے اور لیسا اوقات خدام کی تعلیم کی غرض سے آواز سے بھی نیت فرماتے تھے۔ اعتکاف کا بہت زیادہ ثواب ہے اور اس کی فضیلت اس سے زیادہ کیا ہوگی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ اس کا اہتمام فرماتے تھے۔ معتکف کی مثال اُس شخص کی سی ہے کہ کسی کے در پر جا پڑے کہ اتنے میری درخواست قبول نہ ہو ٹلنے کا نہیں ؎

نکل جائے دم تیرے قدموں کے نیچے
یہی دل کی حسرت یہی آرزو ہے

اگر حقیقۃً یہی حال ہو تو سخت سے سخت دل والا بھی پسیجتا ہے، اور اللہ جل شانہٗ کی کریم ذات تو بخشش کے لیے بہانہ ڈھونڈتی ہے۔ بلکہ بے بہانہ مرحمت فرماتے ہیں ؎

تو وہ داتا ہے کہ دینے کے لیے — در تری رحمت کے ہیں ہر دم کھلے
خدا کی دین کا موسیٰ سے پوچھیے احوال — کہ آگ لینے کو جائیں پیمبری مل جائے

اس لیے جب کوئی شخص اللہ کے دروازے پر دنیا سے منقطع ہو کر جا پڑے تو اس کے نوازے جانے میں کیا تامل ہو سکتا ہے، اور اللہ جل شانہٗ جس کو اکرام فرما دیں اس کے بھرپور خزانوں کا بیان کون کر سکتا ہے اس کے آگے کہنے سے قاصر ہوں کہ نامرد بلوغ کی کیفیت کیا بیان کر سکتا ہے مگر ہاں یہ ٹھان لے کہ ؎

جس گل کو دل دیا ہے جس پھول پر فدا ہوں
یا وہ بغل میں آئے یا جاں قفس سے چھوٹے

ابن قیم رحؒ کہتے ہیں کہ اعتکاف کا مقصود اور اس کی روح دل کو اللہ کی پاک ذات کے ساتھ وابستہ کر لینا ہے کہ سب طرف سے ہٹ کر اُسی کے ساتھ مجتمع ہو جائے اور ساری مشغولیتوں کے بدلے میں اسی کی پاک ذات سے مشغول ہو جائے اور اس کے غیر کی طرف سے منقطع ہو کر ایسی طرح اس میں لگ جاوے کہ خیالات تفکرات سب کی جگہ اس کا پاک ذکر اس کی محبت سما جاوے حتیٰ کہ مخلوق کے ساتھ انس کے بدلہ اللہ کے ساتھ انس پیدا ہو جاوے کہ یہ انس قبر کی وحشت میں کام دے کہ اس دن اللہ کی پاک ذات کے سوا نہ کوئی مونس نہ دل بہلانے والا،

اگر دل اس کے ساتھ مانوس ہو چکا ہو گا تو کس قدر لذت سے وقت گذرے گا ؎

دل ڈھونڈھتا ہے پھر وہی فرصت کے رات دن
بیٹھا رہوں تصورِ جاناں کیے ہوئے!

صاحب مراقی الفلاح کہتے ہیں کہ اعتکاف اگر اخلاص کے ساتھ ہو تو افضل ترین اعمال میں سے ہے۔ اس کی خصوصیتیں حدِ احصاء سے خارج ہیں کہ اس میں قلب کو دنیا و مافیہا سے یکسو کر لینا ہے۔ اور نفس کو مولیٰ کے سپرد کر دینا اور آقا کی چوکھٹ پر پڑ جانا ہے ؎

پھر جی میں ہے کہ در پہ کسی کے پڑا رہوں
سر زیرِ بارِ منّتِ درباں کیے ہوئے!

نیز اس میں ہر وقت عبادت میں مشغولی ہے کہ آدمی سوتے جاگتے ہر وقت عبادت میں شمار ہوتا ہے اور اللہ کے ساتھ تقرب ہے حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص میری طرف ایک ہاتھ قریب ہوتا ہے میں اس سے دو ہاتھ قریب ہوتا ہوں، اور جو میری طرف (آہستہ بھی) چلتا ہے میں اس کی طرف دوڑ کر آتا ہوں۔ نیز اس میں اللہ کے گھر پڑ جانا ہے اور کریم میزبان ہمیشہ گھر آنے والے کا اکرام کرتا ہے۔ نیز اللہ کے قلعہ میں محفوظ ہوتا ہے کہ دشمن کی رسائی وہاں تک نہیں وغیرہ وغیرہ، بہت سے فضائل اور خواص اس اہم عبادت کے ہیں۔

مسئلہ: مرد کے لیے سب سے افضل جگہ مسجدِ مکہ ہے، پھر مسجدِ مدینہ منورہ، پھر مسجد بیت المقدس، ان کے بعد مسجد جامع، پھر اپنی مسجد۔ امام صاحب کے نزدیک یہ بھی شرط ہے کہ جس مسجد میں اعتکاف کرے اس میں پانچوں وقت کی جماعت ہوتی ہو، صاحبین کے نزدیک شرعی مسجد ہونا کافی ہے اگرچہ جماعت نہ ہوتی ہو۔ عورت کے لیے اپنے گھر کی مسجد میں اعتکاف کرنا چاہیے اگر گھر میں کوئی جگہ مسجد کے نام سے متعین نہ ہو تو کسی کونہ کو اس کے لیے مخصوص کرے، عورتوں کے لیے اعتکاف بہ نسبت مردوں کے زیادہ سہل ہے کہ گھر میں بیٹھے بیٹھے کاروبار بھی گھر کی لڑکیوں وغیرہ سے لیتی رہیں اور مفت کا ثواب بھی حاصل کرتی رہیں۔ مگر اس کے باوجود عورتیں اس سنت سے گویا بالکل ہی محروم رہتی ہیں۔

(۱) عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِعْتَکَفَ الْعَشْرَ الْاَوَّلَ مِنْ رَمَضَانَ ثُمَّ اعْتَکَفَ الْعَشْرَ

ابو سعید خدریؓ کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان المبارک کے پہلے عشرہ میں اعتکاف فرمایا اور پھر دوسرے عشرہ میں بھی پھر ترکی

الْاَوْسَطِ فِیْ قُبَّۃٍ تُرْکِیَّۃٍ ثُمَّ اَطْلَعَ رَأْسَہٗ فَقَالَ اِنِّیْ اَعْتَکِفُ الْعَشْرَ الْاَوَّلَ اَلْتَمِسُ ھٰذِہِ اللَّیْلَۃَ ثُمَّ اَعْتَکِفُ الْعَشْرَ الْاَوْسَطَ ثُمَّ اُتِیْتُ فَقِیْلَ لِیْ اِنَّھَا فِی الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ فَمَنْ کَانَ اِعْتَکَفَ مَعِیَ فَلْیَعْتَکِفِ الْعَشْرَ الْاَوَاخِرَ فَقَدْ اُرِیْتُ ھٰذِہِ اللَّیْلَۃَ ثُمَّ اُنْسِیْتُھَا وَقَدْ رَاَیْتُنِیْ اَسْجُدُ فِیْ مَاءٍ وَّطِیْنٍ مِنْ صَبِیْحَتِھَا فَالْتَمِسُوْھَا فِی الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ وَالْتَمِسُوْا فِیْ کُلِّ وِتْرٍ قَالَ فَمُطِرَتِ السَّمَاءُ تِلْکَ اللَّیْلَۃَ وَکَانَ الْمَسْجِدُ فَبَصُرَتْ عَیْنَایَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَعَلٰی جَبْھَتِہٖ اَثَرُ الْمَاءِ وَالطِّیْنِ مِنْ صَبِیْحَۃِ اِحْدٰی وَعِشْرِیْنَ (مشکوٰۃ عن المتفق علیہ باختلاف اللفظ)

خیمہ سے جس میں اعتکاف فرما رہے تھے باہر سر نکال کر ارشاد فرمایا کہ میں نے پہلے عشرہ کا اعتکاف شبِ قدر کی تلاش اور اہتمام کی وجہ سے کیا تھا پھر اسی کی وجہ سے دوسرے عشرہ میں کیا پھر مجھے کسی بتلانے والے (یعنی فرشتہ) نے بتلایا کہ وہ رات اخیر عشرہ میں ہے لہٰذا جو لوگ میرے ساتھ اعتکاف کر رہے ہیں وہ اخیر عشرہ کا بھی اعتکاف کریں مجھے یہ رات دکھلادی گئی تھی پھر بھلادی گئی (اس کی علامت یہ ہے) کہ میں نے اپنے آپ کو اس رات کے بعد کی صبح میں کیچڑ میں سجدہ کرتے دیکھا لہٰذا اب اس کو اخیر عشرہ کی طاق راتوں میں تلاش کرو، راوی کہتے ہیں کہ اس رات میں بارش ہوئی اور مسجد چھپر کی تھی وہ ٹپکی اور میں نے اپنی آنکھوں سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشانی مبارک پر کیچڑ کا اثر اکیس کی صبح کو دیکھا۔

ف:۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادتِ شریفہ اعتکاف کی ہمیشہ رہی ہے اس مہینہ میں تمام مہینہ کا اعتکاف فرمایا، اور جس سال وصال ہوا ہے اس سال بیس روز کا اعتکاف فرمایا تھا۔ لیکن اکثر عادت شریفہ چونکہ اخیر عشرہ ہی کے اعتکاف کی رہی ہے اس لیے علماء کے نزدیک سُنّت موکدہ وہی ہے۔ حدیث بالا سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ اس اعتکاف کی بڑی غرض شبِ قدر کی تلاش ہے، اور حقیقت میں اعتکاف اس کے لیے بہت ہی مناسب ہے کہ اعتکاف کی حالت میں اگر آدمی سوتا ہوا بھی ہو تب بھی عبادت میں شمار ہوتا ہے۔

نیز اعتکاف میں چوں کہ آنا جانا اور اِدھر اُدھر کے کام بھی کچھ نہیں رہتے اس لیے عبادت اور کریم آقا کی یاد کے علاوہ اور کوئی مشغلہ بھی نہ رہے گا۔ لہٰذا شبِ قدر کے قدر دانوں کے لیے اعتکاف سے بہتر صورت نہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اوّل تو سارے ہی رمضان میں

عبادت کا بہت زیادہ اہتمام اور کثرت فرماتے تھے لیکن اخیر عشرہ میں کچھ حد ہی نہیں رہتی تھی، رات کو خود بھی جاگتے اور گھر کے لوگوں کو بھی جگانے کا اہتمام فرماتے تھے، جیسا کہ صحیحین کی متعدد روایات سے معلوم ہوتا ہے۔ بخاری و مسلم کی ایک روایت میں حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ اخیر عشرہ میں حضورؐ لنگی کو مضبوط باندھ لیتے اور راتوں کا احیاء فرماتے اور اپنے گھر کے لوگوں کو بھی جگاتے۔ لنگی مضبوط باندھنے سے کوشش میں اہتمام کی زیادتی بھی مراد ہو سکتی ہے اور بیویوں سے بالکلیہ احتراز بھی مراد ہو سکتا ہے۔

(۲) عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ فِی الْمُعْتَکِفِ هُوَ یَعْتَکِفُ الذُّنُوْبَ وَیَجْرِیْ لَهٗ مِنَ الْحَسَنَاتِ کَعَامِلِ الْحَسَنَاتِ کُلِّهَا (مشکوٰۃ عن ابن ماجۃ)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ معتکف گناہوں سے محفوظ رہتا ہے اور اس کے لیے نیکیاں اتنی ہی لکھی جاتی ہیں جتنی کہ کرنے والے کے لیے۔

ف: دو مخصوص نفع اعتکاف کے اس حدیث میں ارشاد فرمائے گئے ہیں۔ ایک یہ کہ اعتکاف کی وجہ سے گناہوں سے حفاظت ہو جاتی ہے ورنہ بسا اوقات کوتاہی اور لغزش سے کچھ اسباب ایسے پیدا ہوتے ہیں کہ اس میں آدمی گناہ میں مبتلا ہو ہی جاتا ہے اور ایسے متبرک وقت میں معصیت کا ہو جانا کس قدر ظلم عظیم ہے۔ اعتکاف کی وجہ سے ان سے امن اور حفاظت رہتی ہے۔ دوسرے یہ کہ بہت سے نیک اعمال جیسا کہ جنازہ کی شرکت، مریض کی عیادت وغیرہ ایسے امور ہیں کہ اعتکاف میں بیٹھ جانے کی وجہ سے معتکف ان کو نہیں کر سکتا، اس لیے اعتکاف کی وجہ سے جن عبادتوں سے رکا رہا ان کا اجر بغیر کیے بھی ملتا رہے گا۔ اللہ اکبر کس قدر رحمت اور فیاضی ہے کہ ایک عبادت آدمی کرے اور دس عبادتوں کا ثواب مل جائے، درحقیقت اللہ کی رحمت بہانہ ڈھونڈھتی ہے اور تھوڑی سی توجہ اور مانگ سے دھواں دھار برستی ہے۔ ع ؎ بہا نہ می دہد بہا نمید ہد

مگر ہم لوگوں کو سرے سے اس کی قدر ہی نہیں ضرورت ہی نہیں توجہ کون کرے اور کیوں کرے کہ دین کی وقعت ہی ہمارے قلوب میں نہیں ؎

اس کے الطاف تو ہیں عام شہیدی سب پر تجھ سے کیا ضد تھی اگر تو کسی قابل ہوتا

(۳) عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ اَنَّهٗ کَانَ مُعْتَکِفًا حضرت ابن عباسؓ ایک مرتبہ مسجد نبوی علی

فِیْ مَسْجِدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَتَاہُ رَجُلٌ فَسَلَّمَ عَلَیْہِ ثُمَّ جَلَسَ فَقَالَ لَہٗ ابْنُ عَبَّاسٍؓ یَا فُلَانُ اَرَاکَ مُکْتَئِبًا حَزِیْنًا قَالَ نَعَمْ یَا ابْنَ عَمِّ رَسُوْلِ اللّٰہِ لِفُلَانٍ عَلَیَّ حَقٌّ وَلَاؕ وَحُرْمَۃِ صَاحِبِ ھٰذَا الْقَبْرِ مَا اَقْدِرُ عَلَیْہِ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍؓ اَفَلَا اُکَلِّمُہٗ فِیْکَ قَالَ اِنْ اَحْبَبْتَ قَالَ فَانْتَعَلَ ابْنُ عَبَّاسٍ ثُمَّ خَرَجَ مِنَ الْمَسْجِدِ قَالَ لَہُ الرَّجُلُ اَنَسِیْتَ مَا کُنْتَ فِیْہِ قَالَ لَا وَلٰکِنِّیْ سَمِعْتُ صَاحِبَ ھٰذَا الْقَبْرِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَالْعَھْدُ بِہٖ قَرِیْبٌ فَدَمَعَتْ عَیْنَاہُ وَھُوَ یَقُوْلُ مَنْ مَشٰی فِیْ حَاجَۃِ اَخِیْہِ وَبَلَغَ فِیْھَا کَانَ خَیْرًا لَّہٗ مِنِ اعْتِکَافِ عَشْرِ سِنِیْنَ وَمَنِ اعْتَکَفَ یَوْمًا ابْتِغَاءَ وَجْہِ اللّٰہِ جَعَلَ اللّٰہُ بَیْنَہٗ وَبَیْنَ النَّارِ ثَلٰثَ خَنَادِقَ اَبْعَدَ مِمَّا بَیْنَ الْخَافِقَیْنِ (رواہ الطبرانی فی الاوسط والبیھقی واللفظ لہ والحاکم مختصرا وقال صحیح الاسناد کذا فی الترغیب وقال السیوطی فی الدر صححہ الحاکم وضعفہ البیھقی)

صاحب الصلوٰۃ والسلام میں معتکف تھے آپؓ کے پاس ایک شخص آیا اور سلام کرکے (چپ چاپ) بیٹھ گیا۔ حضرت ابن عباسؓ نے اس سے فرمایا کہ میں تمہیں غم زدہ اور پریشان دیکھ رہا ہوں کیا بات ہے، اس نے کہا کہ اے رسول اللہ کے چچا کے بیٹے میں بے شک پریشان ہوں کہ فلاں کا مجھ پر حق ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر اطہر کی طرف اشارہ کرکے کہا کہ اس قبر والے کی عزت کی قسم میں اس حق کے ادا کرنے پر قادر نہیں۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ اچھا کیا میں اس سے تیری سفارش کروں۔ اس نے عرض کیا کہ جیسے آپ مناسب سمجھیں، ابن عباسؓ یہ سن کر جوتا پہن کر مسجد سے باہر تشریف لائے، اس شخص نے عرض کیا کہ آپ اپنا اعتکاف بھول گئے، فرمایا بھولا نہیں ہوں بلکہ میں نے اس قبر والے (صلی اللہ علیہ وسلم) سے سنا ہے اور ابھی زمانہ کچھ زیادہ نہیں گذرا (یہ لفظ کہتے ہوئے) ابن عباسؓ کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے کہ حضورؐ فرما رہے تھے کہ جو شخص اپنے بھائی کے کسی کام میں چلے پھرے اور کوشش کرے اس کے لیے دس برس کے اعتکاف سے افضل ہے اور جو شخص ایک دن کا اعتکاف بھی اللہ کی رضا کے واسطے کرتا ہے تو حق تعالیٰ شانہٗ اس کے اور جہنم کے درمیان تین خندقیں آڑ فرما دیتے ہیں جن کی مسافت آسمان اور زمین کی درمیانی

لہ ھکذا فی النسخۃ التی بایدینا بلفظ حرف النھی وھو الصواب عندی لوجوہ ووقع فی بعض النسخ بلفظ ولاء بالھمزۃ فی اٰخرہ وھو تصحیف عندی من الکاتب وعلیہ قرائن ظاھرۃ ۱۲

مسافت سے زیادہ چوڑی ہے (اور جب ایک دن کے اعتکاف کی یہ فضیلت ہے تو دس برس کے اعتکاف کی کیا کچھ مقدار ہوگی)

ف: اس حدیث سے دو مضمون معلوم ہوئے، اوّل یہ کہ ایک دن کے اعتکاف کا ثواب یہ ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ اس کے اور جہنم کے درمیان تین خندقیں حائل فرما دیتے ہیں اور ہر خندق اتنی بڑی ہے جتنا سارا جہان اور ایک دن سے زیادہ جس قدر زیادہ دنوں کا اعتکاف ہوگا اتنا ہی اجر زیادہ ہوگا۔ علامہ شعرانیؒ نے کشف الغمہؒ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کیا ہے کہ جو شخص عشرۂ رمضان کا اعتکاف کرے اس کو دو حج اور دو عمروں کا اجر ہے اور جو شخص مسجد جماعت میں مغرب سے عشاء تک اعتکاف کرے کہ نماز، قرآن کے علاوہ کسی سے بات نہ کرے حق تعالیٰ شانہٗ اس کے لیے جنت میں ایک محل بناتے ہیں۔ دوسرا مضمون جو اس سے بھی زیادہ اہم ہے وہ مسلمانوں کی حاجت روائی کہ دس برس کے اعتکاف سے افضل ارشاد فرمایا ہے اسی وجہ سے ابن عباس رضؓ نے اپنے اعتکاف کی پرواہ نہیں فرمائی کہ اس کی تلافی پھر بھی ہوسکتی ہے اور اس کی قضا ممکن ہے، اسی وجہ سے صوفیاء کا مقولہ ہے کہ اللہ جل شانہٗ کے یہاں ٹوٹے ہوئے دل کی جتنی قدر ہے اتنی کسی چیز کی نہیں، یہی وجہ ہے کہ مظلوم کی بددعا سے احادیث میں بہت ڈرایا گیا حضورؐ جب کسی شخص کو حاکم بنا کر بھیجتے تھے اور نصائح کے ساتھ وَاتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ بھی ارشاد فرماتے تھے کہ مظلوم کی بددعا سے بچیو ؂

بترس از آہِ مظلوماں کہ ہنگامِ دُعا کردن ۔۔۔ اجابت از درِ حق بہرِ استقبال می آید

اس جگہ ایک مسئلہ کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ کسی مسلمان کی حاجت روائی کے لیے بھی مسجد سے نکلنے سے اعتکاف ٹوٹ جاتا ہے، اور اگر اعتکاف واجب ہو تو اس کی قضاء واجب ہوتی ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ضرورتِ بشری کے علاوہ کسی ضرورت سے بھی مسجد سے باہر تشریف نہیں لاتے تھے۔ حضرت ابن عباس رضؓ کا یہ ایثار کہ دوسرے کی وجہ سے اپنا اعتکاف توڑ دیا ایسے ہی لوگوں کے لیے مناسب ہے کہ دوسروں کی خاطر خود پیاسے تڑپ تڑپ کر مرجاویں مگر پانی کا آخری قطرہ اس لیے نہ پئیں کہ دوسرا زخمی جو پاس لیٹا ہوا ہے وہ اپنے سے مقدم ہے، یہ بھی ممکن ہے کہ حضرت ابن عباس رضؓ کا یہ اعتکاف نفلی اعتکاف ہو اس صورت میں کوئی اشکال نہیں۔ خاتمہ میں ایک طویل حدیث جس میں کئی نوع کے فضائل ارشاد فرمائے ہیں ذکر کر کے اس رسالہ کو ختم کیا جاتا ہے۔

(۴) عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ الْجَنَّةَ لَتُبَخَّرُ وَتُزَيَّنُ مِنَ الْحَوْلِ اِلَى الْحَوْلِ لِدُخُوْلِ شَهْرِ رَمَضَانَ فَاِذَا كَانَتْ اَوَّلُ لَيْلَةٍ مِّنْ شَهْرِ رَمَضَانَ هَبَّتْ رِيْحٌ مِّنْ تَحْتِ الْعَرْشِ يُقَالُ لَهَا الْمُثِيْرَةُ فَتَصْفِقُ وَرَقَاتِ اَشْجَارِ الْجِنَانِ وَحِلَقَ الْمَصَارِيْعِ فَيُسْمَعُ لِذٰلِكَ طَنِيْنٌ لَمْ يَسْمَعِ السَّامِعُوْنَ اَحْسَنَ مِنْهُ فَتَبْرُزُ الْحُوْرُ الْعِيْنُ حَتّٰى يَقِفْنَ بَيْنَ شُرَفِ الْجَنَّةِ فَيُنَادِيْنَ هَلْ مِنْ خَاطِبٍ اِلَى اللّٰهِ فَيُزَوِّجَهٗ ثُمَّ يَقُلْنَ الْحُوْرُ الْعِيْنُ يَا رِضْوَانُ الْجَنَّةِ مَا هٰذِهِ اللَّيْلَةُ فَيُجِيْبُهُنَّ بِالتَّلْبِيَةِ ثُمَّ يَقُوْلُ هٰذِهٖ اَوَّلُ لَيْلَةٍ مِّنْ شَهْرِ رَمَضَانَ فُتِحَتْ اَبْوَابُ الْجَنَّةِ عَلَى الصَّائِمِيْنَ مِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَيَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ يَا رِضْوَانُ افْتَحْ اَبْوَابَ الْجِنَانِ وَيَا مَالِكُ اَغْلِقْ اَبْوَابَ الْجَحِيْمِ عَلَى الصَّائِمِيْنَ مِنْ اُمَّةِ اَحْمَدَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَا جِبْرَئِيْلُ اهْبِطْ اِلَى الْاَرْضِ فَاصْفِدْ مَرَدَةَ الشَّيَاطِيْنِ وَغُلَّهُمْ بِالْاَغْلَالِ ثُمَّ اقْذِفْهُمْ فِي الْبِحَارِ حَتّٰى لَا يُفْسِدُوْا عَلٰى اُمَّةِ مُحَمَّدٍ حَبِيْبِيْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صِيَامَهُمْ قَالَ وَيَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِيْ كُلِّ لَيْلَةٍ مِّنْ شَهْرِ رَمَضَانَ

ابن عباسؓ کی روایت ہے کہ انھوں نے حضورؐ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جنت کو رمضان شریف کے لیے خوشبوؤں کی دھونی دی جاتی ہے اور شروع سال سے آخر سال تک رمضان کی خاطر آراستہ کیا جاتا ہے، پس جب رمضان المبارک کی پہلی رات ہوتی ہے تو عرش کے نیچے سے ایک ہوا چلتی ہے جس کا نام مثیرہ ہے (جس کے جھونکوں کی وجہ سے) جنّت کے درختوں کے پتّے اور کواڑوں کے حلقے بجنے لگتے ہیں جس سے ایسی دل آویز سُریلی آواز نکلتی ہے کہ سُننے والوں نے اس سے اچھی آواز کبھی نہیں سنی، پس خوشنما آنکھوں والی حوریں اپنے مکانوں سے نکل کر جنت کے بالاخانوں کے درمیان کھڑے ہوکر آواز دیتی ہیں کہ کوئی ہے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ہم سے منگنی کرنے والا تاکہ حق تعالیٰ شانہٗ اس کو ہم سے جوڑ دیں، پھر وہی حوریں جنّت کے داروغہ رضوان سے پوچھتی ہیں کہ یہ کیسی رات ہے؟ وہ لبیک کہہ کر جواب دیتے ہیں کہ رمضان المبارک کی پہلی رات ہے جنت کے دروازے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے لیے (آج) کھول دیے گئے۔ حضورؐ نے فرمایا کہ حق تعالیٰ شانہٗ رضوان سے فرمادیتے ہیں کہ جنت کے دروازے کھول دے اور مالک (جہنّم کے داروغہ) سے فرمادیتے ہیں کہ احمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے روزہ دارو

لِمُنَادٍ يُنَادِيْ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ هَلْ مِنْ
سَائِلٍ فَأُعْطِيَهٗ سُؤْلَهٗ هَلْ مِنْ تَائِبٍ
فَأَتُوْبَ عَلَيْهِ هَلْ مِنْ مُّسْتَغْفِرٍ فَأَغْفِرَ لَهٗ
مَنْ يُّقْرِضُ الْغَنِيَّ غَيْرَ الْعَدُوْمِ وَالْوَفِيَّ
غَيْرَ الظَّلُوْمِ قَالَ وَلِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فِيْ كُلِّ
يَوْمٍ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ عِنْدَ الْإِفْطَارِ أَلْفُ
أَلْفِ عَتِيْقٍ مِّنَ النَّارِ كُلُّهُمْ قَدِ اسْتَوْجَبُوا
النَّارَ فَإِذَا كَانَ اٰخِرُ يَوْمٍ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ
أَعْتَقَ اللّٰهُ فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ بِقَدْرِ مَا أَعْتَقَ
مِنْ أَوَّلِ الشَّهْرِ إِلٰى اٰخِرِهٖ وَإِذَا كَانَتْ
لَيْلَةُ الْقَدْرِ يَأْمُرُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ جِبْرَئِيْلَ
فَيَهْبِطُ فِيْ كَبْكَبَةٍ مِّنَ الْمَلٰئِكَةِ وَمَعَهُمْ
لِوَاءٌ أَخْضَرُ فَيَرْكُزُ اللِّوَاءَ عَلٰى ظَهْرِ الْكَعْبَةِ
وَلَهٗ مِائَةُ جَنَاحٍ مِنْهَا جَنَاحَانِ لَا يَنْشُرُ
هُمَا إِلَّا فِيْ تِلْكَ اللَّيْلَةِ فَيُجَاوِزَانِ الْمَشْرِقَ
إِلَى الْمَغْرِبِ فَيَحُثُّ جِبْرَئِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ
الْمَلٰئِكَةَ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ فَيُسَلِّمُوْنَ عَلٰى
كُلِّ قَائِمٍ وَّقَاعِدٍ وَّمُصَلٍّ وَّذَاكِرٍ وَّيُصَافِحُوْنَهُمْ
وَيُؤَمِّنُوْنَ عَلٰى دُعَائِهِمْ حَتّٰى يَطْلُعَ الْفَجْرُ
فَإِذَا طَلَعَ الْفَجْرُ يُنَادِيْ جِبْرَئِيْلُ مَعَاشِرَ
الْمَلٰئِكَةِ الرَّحِيْلَ الرَّحِيْلَ فَيَقُوْلُوْنَ
يَا جِبْرَئِيْلُ فَمَا صَنَعَ اللّٰهُ فِيْ حَوَائِجِ الْمُؤْمِنِيْنَ
مِنْ أُمَّةِ أَحْمَدَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
فَيَقُوْلُ نَظَرَ اللّٰهُ إِلَيْهِمْ فِيْ هٰذِهِ
اللَّيْلَةِ فَعَفَا عَنْهُمْ إِلَّا أَرْبَعَةً فَقُلْنَا

پر جہنم کے دروازے بند کر دے اور جبرئیلؑ کو
حکم ہوتا ہے کہ زمین پر جاؤ اور سرکش شیاطین
کو قید کرو اور گلے میں طوق ڈال کر دریا میں
پھینک دو کہ میرے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم
کی امت کے روزوں کو خراب نہ کریں، نبی کریم
صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ
حق تعالیٰ شانہٗ رمضان کی ہر رات میں ایک
منادی کو حکم فرماتے ہیں کہ تین مرتبہ یہ آواز
دے کہ ہے کوئی مانگنے والا جس کو میں عطا
کروں، ہے کوئی توبہ کرنے والا کہ میں اس کی
توبہ قبول کروں، کوئی ہے مغفرت چاہنے والا
کہ میں اس کی مغفرت کروں، کون ہے جو غنی کو
قرض دے، ایسا غنی جو نادار نہیں، ایسا پورا
پورا ادا کرنے والا جو ذرا بھی کمی نہیں کرتا۔
حضورؐ نے فرمایا کہ حق تعالیٰ شانہٗ رمضان
شریف میں روزانہ افطار کے وقت ایسے
دس لاکھ آدمیوں کو جہنم سے خلاصی مرحمت
فرماتے ہیں جو جہنم کے مستحق ہو چکے تھے، اور
جب رمضان کا آخری دن ہوتا ہے تو یکم
رمضان سے آج تک جس قدر لوگ جہنم سے
آزاد کیے گئے تھے ان کے برابر اس ایک دن میں
آزاد فرماتے ہیں اور جس رات شب قدر ہوتی
ہے تو حق تعالیٰ شانہٗ حضرت جبرئیلؑ کو حکم فرماتے
ہیں وہ فرشتوں کے ایک بڑے لشکر کے ساتھ
زمین پر اترتے ہیں، ان کے ساتھ

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ هُمْ قَالَ رَجُلٌ مُدْمِنُ خَمْرٍ وَعَاقٌّ لِوَالِدَيْهِ وَقَاطِعُ رَحِمٍ وَمُشَاحِنٌ قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الْمُشَاحِنُ قَالَ هُوَ الْمُصَارِمُ فَاِذَا كَانَتْ لَيْلَةُ الْفِطْرِ سُمِّيَتْ تِلْكَ اللَّيْلَةُ لَيْلَةَ الْجَائِزَةِ فَاِذَا كَانَتْ غَدَاةُ الْفِطْرِ بَعَثَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ الْمَلٰٓئِكَةَ فِيْ كُلِّ بِلَادٍ فَيَهْبِطُوْنَ اِلَى الْاَرْضِ فَيَقُوْمُوْنَ عَلٰٓى اَفْوَاهِ السِّكَكِ فَيُنَادُوْنَ بِصَوْتٍ يَسْمَعُ مَنْ خَلَقَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِلَّا الْجِنَّ وَالْاِنْسَ فَيَقُوْلُوْنَ يَا اُمَّةَ مُحَمَّدٍ اُخْرُجُوْا اِلٰى رَبٍّ كَرِيْمٍ يُعْطِي الْجَزِيْلَ وَيَغْفِرُ الْعَظِيْمَ فَاِذَا بَرَزُوْا اِلٰى مُصَلَّاهُمْ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِلْمَلٰٓئِكَةِ مَا جَزَآءُ الْاَجِيْرِ اِذَا عَمِلَ عَمَلَهُ قَالَ فَتَقُوْلُ الْمَلٰٓئِكَةُ اِلٰهَنَا وَسَيِّدَنَا جَزَآؤُهُ اَنْ تُوَفِّيَهُ اَجْرَهُ قَالَ فَيَقُوْلُ فَاِنِّيْ اُشْهِدُكُمْ يَا مَلٰٓئِكَتِيْ اِنِّيْ قَدْ جَعَلْتُ ثَوَابَهُمْ مِنْ صِيَامِهِمْ شَهْرَ رَمَضَانَ وَقِيَامِهِمْ رِضَائِيْ وَمَغْفِرَتِيْ وَيَقُوْلُ يَا عِبَادِيْ سَلُوْنِيْ فَوَعِزَّتِيْ وَجَلَالِيْ لَا تَسْئَلُوْنِي الْيَوْمَ شَيْئًا فِيْ جَمْعِكُمْ لِاٰخِرَتِكُمْ اِلَّا اَعْطَيْتُكُمْ وَلَا لِدُنْيَاكُمْ اِلَّا نَظَرْتُ لَكُمْ فَوَعِزَّتِيْ لَاَسْتُرَنَّ عَلَيْكُمْ عَثَرَاتِكُمْ مَا رَاقَبْتُمُوْنِيْ وَعِزَّتِيْ وَجَلَالِيْ لَا اُخْزِيْكُمْ وَلَا اُفْضِحُكُمْ بَيْنَ اَصْحَابِ الْحُدُوْدِ اِنْصَرِفُوْا مَغْفُوْرًا لَّكُمْ قَدْ اَرْضَيْتُمُوْنِيْ

ایک سبز جھنڈا ہوتا ہے جس کو کعبہ کے اوپر کھڑا کرتے ہیں، اور حضرت جبرئیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سو بازو ہیں جن میں سے دو بازو کو صرف اسی رات میں کھولتے ہیں جن کو مشرق سے مغرب تک پھیلا دیتے ہیں، پھر حضرت جبرئیلؑ فرشتوں کو تقاضا فرماتے ہیں کہ جو مسلمان آج کی رات میں کھڑا ہو یا بیٹھا ہو، نماز پڑھ رہا ہو یا ذکر کر رہا ہو اس کو سلام کریں اور مصافحہ کریں اور ان کی دعاؤں پر آمین کہیں صبح تک یہی حالت رہتی ہے، جب صبح ہو جاتی ہے تو جبرئیلؑ آواز دیتے ہیں کہ اے فرشتوں کی جماعت اب کوچ کرو اور چلو فرشتے حضرت جبرئیلؑ سے پوچھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے احمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے مومنوں کی حاجتوں اور ضرورتوں میں کیا معاملہ فرمایا۔ وہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر توجہ فرمائی اور چار شخصوں کے علاوہ سب کو معاف فرما دیا۔ صحابہؓ نے پوچھا کہ یا رسول اللہ وہ چار شخص کون ہیں، ارشاد ہوا کہ ایک وہ شخص جو شراب کا عادی ہو، دوسرا وہ شخص جو والدین کی نافرمانی کرنے والا ہو، تیسرا وہ شخص جو قطع رحمی کرنے والا اور ناطہ توڑنے والا ہو، چوتھا وہ شخص جو کینہ رکھنے والا ہو، اور آپس میں قطع تعلق کرنے والا ہو، پھر جب عیدالفطر کی رات ہوتی ہے تو اس کا نام

وَرَضِیْتُ عَنْکُمْ فَتَفْرَحُ الْمَلٰئِکَۃُ وَتَسْتَبْشِرُ بِمَا یُعْطِی اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ ھٰذِہِ الْاُمَّۃَ اِذَا اَفْطَرُوْا مِنْ شَھْرِ رَمَضَانَ۔ (کذا فی الترغیب وقال رواہ ابو الشیخ بن حبان فی کتاب الثواب والبیہقی واللفظ لہ ولیس فی اسنادہ من اجمع علی ضعفہ قلت قال السیوطی فی التدریب قد التزم البیہقی ان لا یخرج فی تصانیفہ حدیثا یعلمہ موضوعا الخ وذکر القاری فی المرقاۃ بعض طرق الحدیث ثم قال فاختلاف طرق الحدیث یدل علی ان لہ اصلا اھ

(آسمانوں پر) لیلۃ الجائزہ (انعام کی رات) سے لیا جاتا ہے اور جب عید کی صبح ہوتی ہے تو حق تعالیٰ شانہٗ فرشتوں کو تمام شہروں میں بھیجتے ہیں وہ زمین پر اتر کر تمام گلیوں، راستوں کے سروں پر کھڑے ہو جاتے ہیں اور ایسی آواز سے جس کو جنات اور انسان کے سوا ہر مخلوق سنتی ہے پکارتے ہیں کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت اس کریم رب کی درگاہ کی طرف چلو جو بہت زیادہ عطا فرمانے والا ہے اور بڑے سے بڑے قصور کو معاف فرمانے والا ہے۔ پھر جب لوگ عیدگاہ کی طرف نکلتے ہیں تو حق تعالیٰ شانہٗ فرشتوں سے دریافت فرماتے ہیں، کیا بدلہ ہے اس مزدور کا جو اپنا کام پورا کر چکا ہو، وہ عرض کرتے ہیں کہ ہمارے معبود اور ہمارے مالک اس کا بدلہ یہی ہے کہ اس کی مزدوری پوری پوری دے دی جائے۔ تو حق تعالیٰ شانہٗ ارشاد فرماتے کہ اے فرشتو میں تمہیں گواہ بناتا ہوں میں نے ان کو رمضان کے روزوں اور تراویح کے بدلہ میں اپنی رضا اور مغفرت عطا کر دی۔ اور بندوں سے خطاب فرما کر ارشاد ہوتا ہے کہ اے میرے بندو مجھ سے مانگو، میری عزت کی قسم میرے جلال کی قسم آج کے دن اس اجتماع میں مجھ سے اپنی آخرت کے بارے میں جو سوال کرو گے عطا کروں گا، اور دنیا کے بارے میں جو سوال کرو گے اس میں تمہاری مصلحت پر نظر کروں گا۔ میری عزت کی قسم جب تک تم میرا خیال رکھو گے میں تمہاری لغزشوں پر ستاری کرتا رہوں گا (اور ان کو چھپاتا رہوں گا) میری عزت کی قسم اور میرے جلال کی قسم میں تمہیں مجرموں (اور کافروں) کے سامنے رسوا اور فضیحت نہ کروں گا۔ بس اب بخشے بخشائے اپنے گھروں کو لوٹ جاؤ، تم نے مجھے راضی کر دیا اور میں تم سے راضی ہو گیا پس فرشتے اس اجر و ثواب کو دیکھ کر جو اس امت کو افطار کے دن ملتا ہے خوشیاں مناتے ہیں اور کھل جاتے ہیں۔ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا مِنْھُمْ۔

ف: اس حدیث کے اکثر مضامین رسالہ کے گزشتہ اوراق میں بیان ہو چکے ہیں البتہ چند امور قابل غور ہیں جن میں سب سے اوّل اور اہم تو یہ ہے کہ بہت سے محروم رمضان کی مغفرت

عامّہ سے مستثنیٰ اکتھے جیسا کہ پہلی روایات میں معلوم ہو چکا ہے اور وہ عید کی اس مغفرت عامّہ سے بھی مستثنیٰ کر دئے گئے۔ جن میں سے آپس کے لڑنے والے اور والدین کی نافرمانی کرنے والے بھی ہیں۔ ان سے کوئی پوچھے کہ تم نے اللہ کو ناراض کر کے اپنے لیے کون سا ٹھکانا ڈھونڈ رکھا ہے۔ افسوس تم پر بھی اور تمہاری اُس عزّت پر بھی جس کے حاصل کرنے کے غلط خیال میں تم رسول اللہ کی بد دعائیں برداشت کر رہے ہو، جبرئیلؑ کی بد دعائیں اٹھا رہے ہو اور اللہ کی رحمت و مغفرت عامّہ سے بھی نکالے جا رہے ہو۔ میں پوچھتا ہوں کہ آج تم نے اپنے مقابل کو زک دے ہی دی، اپنی مونچھ اونچی کر ہی لی، وہ کتنے دن تمہارے ساتھ رہ سکتی ہے جب کہ اللہ کا پیارا رسول تمہارے اوپر لعنت کر رہا ہے، اللہ کا مقرب فرشتہ تمہاری ہلاکت کی بد دعا دے رہا ہے اللہ جل شانہٗ تمہیں اپنی مغفرت و رحمت سے نکال رہے ہیں۔ اللہ کے واسطے سوچو اور بس کرو، صبح کا بھٹکا شام کو گھر آ جائے تو کچھ نہیں گیا۔ آج وقت ہے اور تلافی ممکن، اور کل جب ایسے حاکم کی پیشی میں جانا ہے جہاں نہ عزت و وجاہت کی پوچھ نہ مال و متاع کارآمد، وہاں صرف تمہارے اعمال کی پوچھ ہے اور ہر حرکت لکھی لکھائی سامنے ہے۔ حق تعالیٰ شانہٗ اپنے حقوق میں درگذر فرماتے ہیں مگر بندوں کے آپس کے حقوق میں بغیر بدلہ دئے نہیں چھوڑتے، نبی کریمؐ کا ارشاد ہے کہ مفلس میری اُمت میں وہ شخص ہے کہ قیامت کے دن نیک اعمال کے ساتھ آوے اور نماز روزہ صدقہ سب ہی کچھ لادے۔ لیکن کسی کو گالی دے رکھی ہے، کسی کو تہمت لگا دی تھی کسی کو مار پیٹ کی تھی پس یہ سب دعویدار آویں گے اور اس کے نیک اعمال میں سے ان حرکتوں کا بدلہ وصول کریں گے، اور جب اس کے پاس نیک اعمال ختم ہو جاویں گے تو اپنی برائیاں ان حرکتوں کے بدلہ میں اس پر ڈالتے رہیں گے اور پھر اس انبار کی بدولت وہ جہنم رسید ہو جائے گا اور اپنی کثرت اعمال کے باوجود جو حسرت و یاس کا عالم ہوگا وہ محتاجِ بیان نہیں ؎

وہ مایوسِ تمنا کیوں نہ سوئے آسماں دیکھے
کہ جو منزل بمنزل اپنی محنت رائیگاں دیکھے

دوسرا امر قابل غور یہ ہے کہ اس رسالہ میں چند مواقع مغفرت کے ذکر کیے گئے ہیں اور ان کے علاوہ بھی بہت سے امور ایسے ہیں کہ وہ مغفرت کے سبب ہوتے ہیں اور گناہ اُن سے معاف ہو جاتے ہیں۔ اس پر ایک اشکال ہوتا ہے وہ یہ کہ جب ایک مرتبہ گناہ معاف ہو چکے

تو اس کے بعد دوسری مرتبہ معافی کے کیا معنی۔ اس کا جواب یہ ہے کہ مغفرت کا قاعدہ یہ ہے کہ جب وہ بندہ کی طرف متوجہ ہوتی ہے اگر اس پر کوئی گناہ ہوتا ہے تو اس کو مٹاتی ہے اور اگر اس کے اوپر کوئی گناہ نہیں ہوتا تو اس کے بقدر اس پر رحمت اور انعام کا اضافہ ہوجاتا ہے۔

تیسرا امر یہ ہے کہ سابقہ احادیث میں بھی بعض جگہ اور اس حدیث میں بھی حق تعالیٰ شانہٗ نے اپنی مغفرت فرمانے پر فرشتوں کو گواہ بنایا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ قیامت کی عدالت کے معاملات ضابطہ پر رکھے گئے ہیں۔ انبیاء علیہم الصّلوٰۃ والسّلام سے اُن کی تبلیغ کے بارے میں بھی گواہ طلب کیے جائیں گے۔ چنانچہ احادیث کی کتابوں میں بہت سے مواقع پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ تم سے میرے بارے میں سوال ہوگا لہٰذا تم گواہ رہو کہ میں پہنچا چکا ہوں، بخاری وغیرہ میں روایت ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام قیامت کے دن بلائے جائیں گے۔ اُن سے دریافت کیا جائے گا کہ تم نے رسالت کا حق ادا کیا ہمارے احکام پہنچائے وہ عرض کریں گے پہنچائے تھے۔ پھر ان کی اُمت سے پوچھا جائے گا کہ تمہیں احکام پہنچائے تھے وہ کہیں گے مَاجَاءَنَا مِنۢ بَشِيۡرٍ وَّلَا نَذِيۡرٍ۔ ہمارے پاس نہ کوئی بشارت دینے والا آیا نہ ڈرانے والا تو حضرت نوح علیہ السلام سے پوچھا جائے گا کہ اپنے گواہ پیش کرو، وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی امت کو پیش کریں گے، اُمت محمدیہ بلائی جائے گی اور گواہی دے گی بعض روایات میں آتا ہے کہ ان سے جرح کی جائے گی کہ تم کو کیا خبر، کہ نوح ؑ نے اپنی اُمت کو احکام پہنچائے۔ یہ عرض کریں گے کہ ہمارے رسول ؐ نے خبر دی، ہمارے رسول پر جو سچی کتاب اتری اس میں خبر دی گئی۔ اسی طرح اور انبیاء کی امت کے ساتھ بھی پیش آئے گا۔ اسی کے متعلق ارشاد خداوندی ہے وَكَذٰلِكَ جَعَلۡنٰكُمۡ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوۡنُوۡا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ۔

امام فخر الدین رازی ؒ لکھتے ہیں کہ قیامت میں گواہیاں چار طرح کی ہوں گی، ایک ملائکہ کی جس کے متعلق آیاتِ ذیل میں تذکرہ ہے وَجَآءَتۡ كُلُّ نَفۡسٍ مَّعَهَا سَآئِقٌ وَّشَهِيۡدٌ۔ وَمَا يَلۡفِظُ مِنۡ قَوۡلٍ اِلَّا لَدَيۡهِ رَقِيۡبٌ عَتِيۡدٌ ۝ وَاِنَّ عَلَيۡكُمۡ لَحٰفِظِيۡنَ كِرَامًا كَاتِبِيۡنَ يَعۡلَمُوۡنَ مَا تَفۡعَلُوۡنَ۔ دوسری گواہی انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی ہوگی جس کے متعلق ارشاد ہے:

وَكُنۡتُ عَلَيۡهِمۡ شَهِيۡدًا مَّا دُمۡتُ فِيۡهِمۡ ۝ فَكَيۡفَ اِذَا جِئۡنَا مِنۡ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِيۡدٍ وَّجِئۡنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِيۡدًا ۝ تیسری اُمتِ محمدیہ کی گواہی ہوگی جس کے متعلق ارشاد

ہے وَجِيْئَ بِالنَّبِيِّيْنَ وَالشُّهَدَآءِ چوتھی آدمی کی اپنے اعضاء کی گواہی جس کے متعلق ارشاد ہے۔ یَوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ اَلْسِنَتُهُمْ وَاَيْدِيْهِمْ الآیۃ اور الْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ الآیۃ اختصار کے خیال سے ان آیات کا ترجمہ نہیں لکھا سب آیات کا حاصل قیامت کے دن ان چیزوں کی گواہی دینے کا ذکر ہے جن کا بیان آیت کے شروع میں لکھ دیا گیا۔ چوتھا امر حدیث بالا میں یہ ارشاد مبارک ہے کہ میں تم کو کفار کے سامنے رسوا اور فضیحت نہ کروں گا۔ یہ حق تعالیٰ شانہٗ کا غایت درجہ کا لطف وکرم اور مسلمانوں کے حال پر غیرت ہے کہ اللہ کی رضا کے ڈھونڈھنے والوں کے لیے یہ بھی لطف و انعام ہے کہ ان کی لغزشوں اور سیّات سے وہاں بھی درگذر اور پردہ پوشی کی جاتی ہے۔

عبداللہ بن عمرؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ قیامت کے دن حق تعالیٰ شانہٗ ایک مومن کو اپنے قریب بلا کر اس پر پردہ ڈال کر کہ کوئی دوسرا نہ دیکھے اس کی لغزشوں اور سیّات یاد دلا کر اس سے ہر ہر گناہ کا اقرار کرائیں گے اور وہ اپنے گناہوں کی کثرت اور اقرار پر یہ سمجھے گا کہ اب ہلاکت کا وقت قریب آگیا۔ تو ارشاد ہوگا کہ میں نے دنیا میں تجھ پر ستّاری فرمائی ہے تو آج بھی اُن پر پردہ ہے اور معاف ہیں۔ اس کے بعد اس کے نیک اعمال کا دفتر اس کے حوالہ کر دیا جائے گا۔

اور بھی سینکڑوں روایات سے یہ مضمون مستنبط ہوتا ہے کہ اللہ کی رضا کے ڈھونڈنے والوں، اس کے احکام کی پابندی کرنے والوں کی لغزشوں سے درگذر کر دیا جاتا ہے اس لیے نہایت اہمیت کے ساتھ ایک مضمون سمجھ لینا چاہیے کہ جو لوگ اللہ والوں کی کوتاہیوں پر ان کی غیبت میں مبتلا رہتے ہیں وہ اس کا لحاظ رکھیں کہ مبادا قیامت میں اُن کے نیک اعمال کی برکت سے ان کی لغزشیں تو معاف کر دی جائیں اور پردہ پوشی فرمائی جائے لیکن تم لوگوں کے اعمال نامے غیبت کا دفتر بن کر ہلاکت کا سبب بنیں، اللہ جل شانہٗ اپنے لطف سے ہم سب سے درگذر فرما دیں۔

پانچواں امر ضروری یہ ہے کہ حدیث بالا میں عید کی رات کو انعام کی رات سے پکارا گیا۔ اس رات میں حق تعالیٰ شانہٗ کی طرف سے اپنے بندوں کو انعام دیا جاتا ہے اس لیے بندوں کو بھی اس رات کی بے قدری نہ کرنا چاہیے بہت سے لوگ عوام کا تو پوچھنا ہی کیا خواص بھی رمضان کے تھکے ماندے اس رات میں میٹھی نیند سوتے ہیں۔ حالانکہ یہ رات بھی خصوصیت سے

عبادت میں مشغول رہنے کی ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص ثواب کی نیت کرکے دونوں عیدوں میں جاگے (اور عبادت میں مشغول رہے) اس کا دل اس دن نہ مرے گا جس دن سب کے دل مرجاویں گے یعنی فتنہ و فساد کے وقت جب لوگوں کے قلوب پر مردنی چھاتی ہے، اس کا دل زندہ رہے گا، اور ممکن ہے کہ صُور پھونکے جانے کا دن مراد ہو کہ اس کی روح بے ہوش نہ ہوگی)

ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ جو شخص پانچ راتوں میں (عبادت کے لیے) جاگے اس کے واسطے جنّت واجب ہوجاوے گی، لیلۃ الترویہ (آٹھ ذی الحجہ کی رات) لیلۃ العرفہ (۹، ذی الحجہ کی رات) لیلۃ النحر (۱۰ ذی الحجہ کی رات) اور عیدالفطر کی رات اور شب برات ۱۵ شعبان کی رات۔

فقہاء نے بھی عیدین کی رات میں جاگنا مستحب لکھا ہے۔ ماثبت بالسنۃ میں امام شافعی صاحب سے نقل کیا ہے کہ پانچ راتیں دعا کی قبولیت کی ہیں: جمعہ کی رات، عیدین کی راتیں، غرّۂ رجب کی رات، اور نصف شعبان کی رات۔

تنبیہ

بعض بزرگوں کا ارشاد ہے کہ رمضان المبارک میں جمعہ کی رات کا بھی خصوصیت سے اہتمام چاہیے کہ جمعہ اور اس کی رات بہت متبرک اوقات ہیں۔ احادیث میں ان کی بہت فضیلت آئی ہے۔ مگر چونکہ بعض روایات میں جمعہ کی رات کو قیام کے ساتھ مخصوص کرنے کی ممانعت بھی وارد ہوئی ہے اس لیے بہتر ہے کہ ایک دو رات کو اس کے ساتھ اور بھی شامل کرلے۔

آخر میں ناظرین سے لجاجت سے درخواست ہے کہ رمضان المبارک کے مخصوص اوقات میں جب آپ اپنے لیے دعا فرمائیں تو ایک سیہ کار[1] کو بھی شامل فرمائیں۔ کیا بعید ہے کہ کریم آقا تمہاری مخلصانہ دُعا سے اس کو بھی اپنی رضا و محبت سے نوازدیں۔

---

[1] یعنی حضرت شیخ الحدیث مدظلہٗ، احقر ناکارہ انیس احمد بھی آپ حضرات سے دُعا کا ملتجی ہے۔

گرچہ ہیں بدکار و نالائق ہوں اے شاہِ جہاں پر ترے در کو بتا اب چھوڑ کر جاؤں کہاں
کون ہے تیرے سوا مجھ بے نوا کے واسطے

کش مکش سے نااُمیدی کی ہوا ہوں میں تباہ دیکھ مت میرے عمل کر لطف پر اپنے نگاہ
یارب اپنے رحم و احسان و عطا کے واسطے

چرخِ عصیاں سر پہ ہے زیرِ قدم بحرِ اَلم چارسو ہے فوجِ غم کر جلد اب بہرِ کرم
کچھ رہائی کا سبب اس مبتلا کے واسطے

ہے عبادت کا سہارا عابدوں کے واسطے اور تکیہ زُہد کا ہے زاہدوں کے واسطے
ہے عصائے آہ مجھ بے دست و پا کے واسطے

نے فقیری چاہتا ہوں نے امیری کی طلب نے عبادت نے ورع نے خواہشِ علم و ادب
دردِ دل پر چاہیے مجھ کو خدا کے واسطے

عقل و ہوش و فکر اور نعمائے دُنیا بے شمار کی عطا تو نے مجھے، پر اَب تو اے پروردگار
بخش، وہ نعمت جو کام آئے سدا کے واسطے

حد سے ابتر ہوگیا ہے حال مجھ ناشاد کا کر مری امداد اللہ وقت ہے امداد کا
اپنے لُطف و رحمتِ بے انتہا کے واسطے

گو میں ہوں اک بندۂ عاصی غلام پُر قصور جرم میرا حوصلہ ہے نام ہے تیرا غفور
تیرا کہلاتا ہوں میں جیسا ہوں اے ربِّ شکور اَنْتَ شَافٍ اَنْتَ کَافٍ فِیْ مُہِمَّاتِ الْاُمُوْرِ
اَنْتَ حَسْبِیْ اَنْتَ رَبِّیْ اَنْتَ لِیْ نِعْمَ الْوَکِیْلُ

محمد زکریا کاندھلوی مقیم مظاہر علوم سہارنپور
وارد بستی حضرت نظام الدینؒ
۲۷ شب رمضان المبارک ۱۳۶۹ھ

قال اللہ تعالیٰ واعتصموا بحبل اللہ جمیعاً
اور سب مل کر اللہ کے دین کو مضبوط پکڑ لو

مسلمانوں کی موجودہ پستی کا واحد علاج

تجویز فرمودہ

حضرت مولانا شاہ محمد الیاس صاحب قدس سرہٗ

مرتبہ

حضرت مولانا محمد احتشام الحسن کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ

ناشر:
اسلامک بک سروس

نَحۡمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ ؕ

سیّدی و مولائی زبدۃ الفضلاء قدوۃ العلماء حضرت مولانا محمد الیاس صاحب دام مجدہٗ

کے خاص شغف اور انہماک اور دیگر بزرگانِ ملت اور علماء اُمت کی توجہ اور برکت اور عملی جدوجہد سے ایک عرصہ سے مخصوص انداز میں تبلیغِ دین اور اشاعتِ اسلام کا سلسلہ جاری ہے جس سے باخبر طبقہ بخوبی واقف ہے۔

مجھ بے علم اور سیاہ کار کو ان مقدس ہستیوں کا حکم ہوا کہ اس طرزِ تبلیغ اور اس کی ضرورت اور اہمیت کو قلمبند کیا جائے تاکہ سمجھنے اور سمجھانے میں آسانی ہو اور نفع عام ہو جائے۔

تعمیلِ ارشاد میں یہ چند کلمات نذرِ قرطاس کیے جاتے ہیں جو ان مقدس ہستیوں کے دریائے علوم و معارف کے چند قطرے اور اس باغیچۂ دینِ محمدیؐ کے چند خوشے ہیں جو انتہائی عجلت میں جمع کئے گئے ہیں۔ اگر ان میں کوئی غلطی یا کوتاہی نظر سے گذرے تو میری لغزشِ قلم اور بے علمی کا نتیجہ ہے۔ نظرِ لطف و کرم سے اس کی اصلاح فرمادیں تو موجبِ شکر و منت ہوگا۔

حق تعالیٰ شانہٗ اپنے فضل و کرم سے میری بداعمالیوں اور سیہ کاریوں کی پردہ پوشی فرمادیں اور مجھے اور آپ کو ان مقدس ہستیوں کے طفیل سے اچھے اعمال اور اچھے کردار نصیب فرمادیں اور اپنی رضا و محبت اور اپنے پسندیدہ دین کی اشاعت اور اپنے برگزیدہ رسولؐ کی اطاعت اور فرماں برداری کی دولت سے سرفراز فرمادیں۔

خاک پائے بزرگاں

محمد احتشام الحسن

۱۸ ربیع الثانی ۱۳۵۸ھ

مدرسہ کاشف العلوم

بستی حضرت نظام الدین اولیاءؒ دہلی

169

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْاَوَّلِیْنَ وَ الْاٰخِرِیْنَ خَاتَمِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاہِرِیْنَ

آج سے تقریباً ساڑھے تیرہ سو سال قبل جب دنیا کفر وضلالت، جہالت و سفاہت کی تاریکیوں میں گھری ہوئی تھی۔ بطحا کی سنگ لاخ پہاڑیوں سے رشد و ہدایت کا ماہتاب نمودار ہوا اور مشرق و مغرب شمال و جنوب غرض دنیا کے ہر ہر گوشہ کو اپنے نور سے منور کیا اور ۲۳ سال کے قلیل عرصہ میں بنی نوع انسان کو اس معراجِ ترقی پر پہنچایا کہ تاریخ عالم اس کی نظیر پیش کرنے سے قاصر ہے اور رشد و ہدایت صلاح و فلاح کی وہ مشعل مسلمانوں کے ہاتھ میں دی جس کی روشنی میں ہمیشہ شاہراہِ ترقی پر گامزن رہے اور صدیوں اس شان و شوکت سے دنیا پر حکومت کی کہ ہر مخالف قوت کو ٹکرا کر پاش پاش ہونا پڑا۔ یہ ایک حقیقت ہے جو ناقابلِ انکار ہے لیکن پھر بھی ایک پارینہ داستان ہے جس کا بار بار دہرانا نہ تسلی بخش ہے اور نہ کارآمد اور مفید۔ جب کہ موجودہ مشاہدات اور واقعات خود ہماری سابقہ زندگی اور ہمارے اسلاف کے کارناموں پر بدنما داغ لگا رہے ہیں۔

مسلمانوں کی تیرہ سو سالہ زندگی کو جب تاریخ کے اوراق میں دیکھا جاتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ ہم عزت وعظمت، شان و شوکت، دبدبہ و حشمت کے تنہا مالک اور اجارہ دار ہیں لیکن جب ان اوراق سے نظر ہٹا کر موجودہ حالات کا مشاہدہ کیا جاتا ہے تو ہم انتہائی ذلت و خواری افلاس و ناداری میں مبتلا نظر آتے ہیں نہ زور و قوت ہے نہ زر و دولت ہے نہ شان و شوکت ہے نہ باہمی اُخوت و الفت۔ نہ عادات اچھی نہ اخلاق اچھے نہ اعمال اچھے نہ کردار اچھے۔ ہر برائی

ہم میں موجود، اور ہر بھلائی سے کوسوں دور۔ اغیار ہماری اس زبوں حالی پر خوش ہیں اور بر ملا ہماری کمزوری کو اچھالا جاتا ہے اور ہمارا مضحکہ اڑایا جاتا ہے۔ اسی پر بس نہیں بلکہ خود ہمارے جگر گوشے نئی تہذیب کے دل دادہ نوجوان، اسلام کے مقدس اصولوں کا مذاق اڑاتے ہیں، بات بات پر تنقیدی نظر ڈالتے ہیں۔ اور اس شریعتِ مقدسہ کو ناقابلِ عمل، لغو اور بیکار گردانتے ہیں۔ عقل حیران ہے کہ جس قوم نے دنیا کو سیراب کیا وہ آج کیوں تشنہ ہے؟ جس قوم نے دنیا کو تہذیب و تمدن کا سبق پڑھایا وہ آج کیوں غیر مہذب اور غیر متمدن ہے۔؟

رہنمایانِ قوم نے آج سے بہت پہلے ہماری اس حالتِ زار کا اندازہ لگایا اور مختلف طریقوں پر ہماری اصلاح کے لیے جد و جہد کی مگر ؏

مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی

آج جب کہ حالت بد سے بدتر ہو چکی اور آنے والا زمانہ سابق سے بھی زیادہ پُر خطر اور تاریک نظر آ رہا ہے، ہمارا خاموش بیٹھنا اور عملی جد و جہد نہ کرنا ایک ناقابلِ تلافی جُرم ہے۔ لیکن اس سے پہلے کہ ہم کوئی عملی قدم اٹھائیں ضروری ہے کہ ان اسباب پر غور کریں جن کے باعث ہم اس ذلت و خواری کے عذاب میں مبتلا کیے گئے ہیں ہماری اس پستی اور انحطاط کے مختلف اسباب بیان کیے جاتے ہیں۔ اور ان کے ازالہ کی متعدد تدابیر اختیار کی گئیں لیکن ہر تدبیر ناموافق و ناکام ثابت ہوئی جس کے باعث ہمارے رہبر بھی یاس و ہراس میں گھرے ہوئے نظر آتے ہیں۔

اصل حقیقت یہ ہے کہ اب تک ہمارے مرض کی تشخیص ہی پورے طور پر نہیں ہوئی۔ یہ کچھ اسباب بیان کیے جاتے ہیں اصل مرض نہیں بلکہ اس کے عوارض ہیں پس تا وقتیکہ اصل مرض کی جانب توجہ نہ ہوگی اور مادہ حقیقی کی اصلاح نہ ہوگی عوارض کی اصلاح ناممکن اور محال ہے۔ پس جب تک کہ ہم اصل مرض کی ٹھیک تشخیص اور اس کا صحیح علاج معلوم نہ کر لیں، ہمارا اصلاح کے بارے میں لب کشائی کرنا سخت ترین غلطی ہے۔

669

ہمارا یہ دعویٰ ہے کہ ہماری شریعت ایک مکمل قانونِ الٰہی ہے جو ہماری دینی اور دنیوی فلاح و بہبود کا تا قیام قیامت ضامن ہے۔ پھر کوئی وجہ نہیں کہ ہم خود ہی اپنا مرض تشخیص کریں اور خود ہی اس کا علاج شروع کر دیں بلکہ ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم قرآنِ حکیم سے اپنا اصل مرض معلوم کریں اور اسی مرکزِ رشد و ہدایت سے طریقِ علاج معلوم کر کے اس پر کاربند ہوں۔ جب قرآنِ حکیم قیامت تک کے لیے مکمل دستور العمل ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ وہ اس نازک حالت میں ہماری رہبری سے قاصر رہے۔

مالکِ ارض و سماء جل و علاء کا سچا وعدہ ہے کہ روئے زمین کی بادشاہت و خلافت مومنوں کے لیے ہے۔

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِى الْاَرْضِ (نور، ع ۶)

اللہ تعالیٰ نے وعدہ کیا ہے ان لوگوں سے جو تم میں سے ایمان لائے اور انھوں نے عملِ صالح کیے کہ ان کو ضرور روئے زمین کا خلیفہ بنائے گا۔

اور یہ بھی اطمینان دلایا ہے کہ مومن ہمیشہ کفار پر غالب رہیں گے اور کافروں کا کوئی یار و مددگار نہ ہوگا۔

وَلَوْ قٰتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۝ (فتح۔ ع ۳)

اور اگر تم سے یہ کافر لڑتے تو ضرور پیٹھ پھیر کر بھاگتے پھر نہ پاتے کوئی یار و مددگار۔

اور مومنوں کی نصرت اور مدد اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہے اور وہی ہمیشہ سربلند اور سرفراز رہیں گے۔

وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ (آل عمران۔ ع ۱۴)

اور حق ہے ہم پر مدد ایمان والوں کی۔ اور تم ہمت مت ہارو اور رنج مت کرو اور غالب تم ہی رہو گے اگر تم پورے مومن رہے۔

وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ (منفقون ع ۱:) — اور اللہ ہی کی ہے عزّت اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اور مسلمانوں کی۔

مذکورہ بالا ارشادات پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں کی عزّت شان وشوکت سربلندی و سرفرازی اور ہر برتری و خوبی ان کی صفتِ ایمان کے ساتھ وابستہ ہے۔ اگر ان کا تعلق خدا اور رسول ﷺ کے ساتھ مستحکم ہے (جو ایمان کا مقصود ہے) تو سب کچھ ان کا ہے اور اگر خدانخواستہ اس رابطہ و تعلق میں کمی اور کمزوری پیدا ہوگئی ہے تو پھر سراسر خسران اور ذلّت و خواری ہے جیسا کہ واضح طور پر بتلایا گیا۔

وَالْعَصْرِ ۝ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۝ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝ — قسم ہے زمانہ کی انسان بڑے خسارے میں ہے مگر جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے اچھے کام کیے اور ایک دوسرے کو حق کی فہمائش کرتے رہے۔

ہمارے اسلاف عزّت کے منتہا کو پہنچے ہوئے تھے اور ہم انتہائی ذلّت و خواری میں مبتلا ہیں۔ پس معلوم ہوا کہ وہ کمالِ ایمان سے متصف تھے اور ہم اس نعمتِ عظمیٰ سے محروم ہیں۔ جیساکہ مخبرِ صادق صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی ہے۔

سَيَاْتِيْ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ لَّا يَبْقٰى مِنَ الْاِسْلَامِ اِلَّا اِسْمُهٗ وَلَا مِنَ الْقُرْاٰنِ اِلَّا رَسْمُهٗ۔ — یعنی قریب ہی ایسا زمانہ آنے والا ہے کہ اسلام کا صرف نام باقی رہ جائے گا اور قرآن کے صرف نقوش رہ جائیں گے۔

اب غور طلب امر یہ ہے کہ اگر واقعی ہم اس حقیقی اسلام سے محروم ہوگئے جو خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے یہاں مطلوب ہے اور جس کے ساتھ ہماری دین و دُنیا کی فلاح و بہبود وابستہ ہے تو کیا ذریعہ ہے جس سے وہ کھوئی ہوئی نعمت واپس آئے! اور وہ کیا اسباب ہیں جن کی وجہ سے روح اسلام ہم میں سے نکال لی گئی اور ہم جسدِ بے جان رہ گئے۔

569

جب مصحفِ آسمان کی تلاوت کی جاتی ہے اور "اُمّتِ محمدیہ" کی فضیلت اور برتری کی علت و غایت ڈھونڈھی جاتی ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ اس اُمّت کو ایک اعلیٰ اور برتر کام سپرد کیا گیا تھا جس کی وجہ سے "خیر الاُمم" کا معزز خطاب اس کو عطا کیا گیا۔

دنیا کی پیدائش کا مقصدِ اصلی خدا وحدہٗ لاشریک لہٗ کی ذات و صفات کی معرفت ہے اور یہ اس وقت تک ناممکن ہے کہ جب تک بنی نوعِ انسان کی برائیوں اور گندگیوں سے پاک کر کے بھلائیوں اور خوبیوں کے ساتھ آراستہ نہ کیا جائے اسی مقصد کے لیے ہزاروں رسول اور نبی بھیجے گئے اور آخر میں اس مقصد کی تکمیل کے لیے سیّد الانبیاء والمرسلین ﷺ کو مبعوث فرمایا اور "اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ" کا مژدہ سنایا گیا۔

اب چوں کہ مقصد کی تکمیل ہو چکی تھی ہر بھلائی اور برائی کو کھول کھول کر بیان کر دیا گیا تھا ایک مکمل نظامِ عمل دیا جا چکا تھا اس لیے رسالت و نبوت کے سلسلہ کو ختم کر دیا گیا اور جو کام پہلے نبی اور رسول سے لیا جاتا تھا وہ قیامت تک "اُمّتِ محمدیہ" کے سپرد کر دیا گیا۔

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ۔ (آل عمران۔ ع ۱۲)

اے اُمّتِ محمدیہ! تم افضل امت ہو تم کو لوگوں کے نفع کے لیے بھیجا گیا ہے تم بھلی باتوں کو لوگوں میں پھیلاتے ہو اور بری باتوں سے ان کو روکتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو۔

وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ (آل عمران ع ۱۱)

اور چاہیے کہ تم میں ایسی جماعت ہو کہ لوگوں کو خیر کی طرف بلائے اور بھلی باتوں کا حکم کرے اور بری باتوں سے منع کرے اور صرف وہی لوگ فلاح والے ہیں جو اس کام کو کرتے ہیں۔

پہلی آیت میں "خیرِ اُمم ہونے کی وجہ یہ بتلائی کہ تم بھلائی کو پھیلاتے ہو اور برائی سے روکتے ہو دوسری آیت حصر کے ساتھ فرما دیا کہ فلاح و بہبود صرف انہیں لوگوں کے لیے ہے جو اس کام کو انجام دے رہے ہیں۔ اسی پر بس نہیں بلکہ دوسری جگہ صاف طور پر بیان کر دیا کہ اس کام کو انجام نہ دینا لعنت اور پھٹکار کا موجب ہے

لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ بَنِيْٓ اِسْرَآئِيْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى بْنِ مَرْيَمَ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ۝ كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ۝ مائدہ ع ۱۱

بنی اسرائیل میں جو لوگ کافر تھے ان پر لعنت کی گئی تھی داؤد اور عیسیٰ بن مریم کی زبان سے یہ لعنت اس سبب سے ہوئی کہ انھوں نے حکم کی مخالفت کی اور حد سے نکل گئے جو برا کام انھوں نے کر رکھا تھا اس سے باز نہ آتے تھے واقعی ان کا یہ فعل بے شک برا تھا۔

اس آخری آیت کی مزید وضاحت احادیثِ ذیل سے ہوتی ہے:۔

(۱) وفی السُّنَنِ والمُسْنَدِ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ كَانَ اِذَا عَمِلَ الْعَامِلُ فِيْهِمْ بِالْخَطِيْئَةِ جَاءَهُ النَّاهِي تَعْزِيْرًا فَقَالَ يَا هٰذَا اتَّقِ اللهَ فَاِذَا كَانَ مِنَ الْغَدِ جَالَسَهٗ وَوَاكَلَهٗ وَشَارَبَهٗ كَاَنَّهٗ لَمْ يَرَهٗ عَلٰى خَطِيْئَةٍ بِالْاَمْسِ فَلَمَّا رَاٰى عَزَّ وَجَلَّ ذٰلِكَ مِنْهُمْ ضَرَبَ بِقُلُوْبِ بَعْضِهِمْ عَلٰى بَعْضٍ ثُمَّ لَعَنَهُمْ عَلٰى لِسَانِ نَبِيِّهِمْ دَاوٗدَ وَعِيْسَى بْنِ مَرْيَمَ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّ

(۱) حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم سے پہلی امتوں میں جب کوئی خطا کرتا تو روکنے والا اسکو دھمکاتا اور کہتا کہ خدا سے ڈر پھر اگلے ہی دن اس کیساتھ اٹھتا بیٹھتا، کھاتا پیتا گویا کل اس کو گناہ کرتے ہوئے دیکھا ہی نہیں جب حق عزوجل نے ان کا یہ برتاؤ دیکھا تو بعض کے قلوب کو بعض کیساتھ خلط کر دیا اور ان کے نبی داؤد اور عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کی زبانی ان پر لعنت کی اور یہ اسلئے کہ انھوں نے خدا کی نافرمانی کی اور حد سے تجاوز کیا۔

كَانُوا يَعْتَدُونَ وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَتَأْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ وَلَتَأْخُذُنَّ عَلَى يَدِ السَّفِيهِ وَلَتَأْطُرُنَّ عَلَى الْحَقِّ أَطْرًا أَوْ لَيَضْرِبَنَّ اللهُ بِقُلُوبِ بَعْضِكُمْ عَلَى بَعْضٍ ثُمَّ يَلْعَنُكُمْ كَمَا لَعَنَهُمْ.

قسم ہے اس ذات پاک کی جس کے قبضہ میں محمد کی جان ہے تم ضرور اچھی باتوں کا حکم کرو اور بُری باتوں سے منع کرو اور چاہیے کہ بیوقوف نادان کا ہاتھ پکڑو اس کو حق بات پر مجبور کرو ورنہ حق تعالیٰ تمہارے قلوب کو بھی خلط ملط کر دیں گے اور پھر تم پر بھی لعنت ہوگی جیسا کہ پہلی اُمتوں پر لعنت ہوئی۔

(۲) وَفِي سُنَنِ أَبِي دَاوُدَ وَابْنِ مَاجَه عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا مِنْ رَجُلٍ يَكُونُ فِي قَوْمٍ يَعْمَلُ فِيهِمْ بِالْمَعَاصِي يَقْدِرُونَ عَلَى أَنْ يُغَيِّرُوا عَلَيْهِ وَلَا يُغَيِّرُونَ إِلَّا أَصَابَهُمُ اللهُ بِعِقَابٍ قَبْلَ أَنْ يَمُوتُوا

(۲) حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر کسی جماعت اور قوم میں کوئی شخص گناہ کرتا ہے اور وہ قوم باوجود قدرت کے اس کو نہیں روکتی تو ان پر مرنے سے پہلے ہی حق تعالیٰ اپنا عذاب بھیج دیتے ہیں یعنی دُنیا ہی میں ان کو طرح طرح کے مصائب میں مُبتلا کر دیا جاتا ہے۔

(۳) وَرَوَى الْأَصْبَهَانِيُّ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَزَالُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ تَنْفَعُ مَنْ قَالَهَا وَتَرُدُّ عَنْهُمُ الْعَذَابَ وَالنِّقْمَةَ

(۳) حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہمیشہ کلمہ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ اپنے پڑھنے والے کو نفع دیتا ہے اور اس سے عذاب و بلا دُور کرتا ہے

مَالَمْ يَسْتَخِفُّوا بِحَقِّهَا قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَ مَا الْاِسْتِخْفَافُ بِحَقِّهَا قَالَ يَظْهَرُ الْعَمَلُ بِمَعَاصِي اللّٰهِ فَلَا يُنْكَرُ وَلَا يُغَيَّرُ (ترغیب ص ۲۳۱/۳)

جبتک کہ اسکے حقوق سے بے پروائی نہ برتی جائے صحابہؓ نے عرض کیا اسکے حقوق کی بے پروائی کیا ہے؟ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ حق تعالیٰ کی نافرمانی کھلے طور پر کیجائے پھر نہ ان کا انکار کیا جائے اور نہ ان کے بند کرنیکی کوشش کی جائے۔

(۴) عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَرَفْتُ فِي وَجْهِهِ اَنْ قَدْ حَضَرَهُ شَيْءٌ فَتَوَضَّأَ وَمَا كَلَّمَ اَحَدًا فَلَصِقْتُ بِالْحُجْرَةِ اَسْتَمِعُ مَا يَقُوْلُ فَقَعَدَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَ اَثْنٰى عَلَيْهِ وَقَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُوْلُ لَكُمْ مُرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ قَبْلَ اَنْ تَدْعُوْا فَلَا اُجِيْبَ لَكُمْ وَتَسْاَلُوْنِي فَلَا اُعْطِيَكُمْ وَتَسْتَنْصِرُوْنِي فَلَا اَنْصُرَكُمْ فَمَا زَادَ عَلَيْهِنَّ حَتّٰى نَزَلَ (ترغیب: ص ۱۳۳/۲)

(۴) حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے تو میں نے چہرۂ انور پر ایک خاص اثر دیکھکر محسوس کیا کہ کوئی اہم بات پیش آئی ہے حضور اقدس ﷺ نے کسی سے کوئی بات نہیں کی اور وضو فرما کر مسجد میں تشریف لے گئے میں مسجد کی دیوار سے لگ گئی تاکہ جو کچھ ارشاد ہو اسکو سنوں حضور اقدس ﷺ منبر پر جلوہ افروز ہوئے اور حمد وثنا کے بعد فرمایا لوگو! اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ بھلی باتوں کا حکم کرو اور بُری باتوں سے منع کرو مبادا وہ وقت آجائے کہ تم دعا مانگو اور میں اسکو قبول نہ کروں اور تم مجھ سے سوال کرو اور میں اسکو پورا نہ کروں اور تم مجھ سے مدد چاہو اور میں تمہاری مدد نہ کروں" حضور اقدس ﷺ نے صرف یہ کلمات ارشاد فرمائے اور منبر سے اتر گئے۔

(۵) عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ

(۵) حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت

رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا عَظَّمَتْ اُمَّتِیَ الدُّنْیَا نُزِعَتْ مِنْھَا ھَیْبَۃُ الْاِسْلَامِ وَاِذَا تَرَکَتِ الْاَمْرَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّھْیَ عَنِ الْمُنْکَرِ حُرِمَتْ بَرَکَۃَ الْوَحْیِ وَاِذَا تَسَابَّتْ اُمَّتِیْ سَقَطَتْ مِنْ عَیْنِ اللّٰہِ (کذا فی الدر عن الحکیم الترمذی)[1]

ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب میری اُمت دنیا کو قابلِ وقعت و عظمت سمجھنے لگے گی تو اسلام کی وقعت و ہیبت ان کے قلوب سے نکل جائے گی اور جب امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو چھوڑ دے گی تو وحی کی برکات سے محروم ہو جائے گی اور جب آپس میں ایک دوسرے کو سبّ وشتم کرنا اختیار کرے گی تو اللہ جل شانہٗ کی نگاہ سے گر جائے گی۔

احادیث مذکورہ پر غور کرنیسے یہ بات معلوم ہوئی کہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر کو چھوڑنا خدا وحدہٗ لاشریک کی لعنت اور غضب کا باعث ہے اور جب اُمّتہ محمدیہ اس کام کو چھوڑدے گی تو سخت مصائب و آلام اور ذِلت وخواری میں مُبتلا کردی جائیگی، اور ہر قسم کی غیبی نصرت ومدد سے محروم ہوجائیگی۔ اور یہ سب کچھ اس لئے ہوگا کہ اس نے اپنے فرض منصبی کو نہیں پہچانا اور جس کام کی انجام دِہی کی ذمّہ دار تھی اس سی غافل رہی یہی وجہ ہی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے امر بالمعروف ونہی عن المنکر کو ایمان کا خاصّ اور جزء لازمی قرار دیا اور اس کے چھوڑنے کو ایمان کے ضعف واضمحلال کی علامت بتلائی۔ حدیث ابو سعیدؓ خدری میں ہے:۔

مَنْ رَاٰی مِنْکُمْ مُنْکَرًا فَلْیُغَیِّرْہُ بِیَدِہٖ فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِہٖ فَاِنْ لَّمْ

[1] وکذا رواہ ابن ابی الدنیا فی کتاب الامر بالمعروف معضلاً من حدیث الفضیل۔ کما فی فیض القدیر ص۴۰۵ ج۱ والسراج المنیر ص۱۴۹ ج۱ (طارق)

یَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِہٖ وَ ذٰلِکَ اَضْعَفُ الْاِیْمَانِ۔ (مسلم) یعنی تم میں سے جب کوئی شخص برائی کو دیکھے تو چاہیے کہ اپنے ہاتھوں سے کام لے کر اس کو دور کرے اور اگر اس کی بھی قدرت نہ پائے تو زبان سے اور اگر اس کی بھی طاقت نہ پائے تو دل سے اور یہ آخری صورت ایمان کی بڑی کمزوری کا درجہ ہے۔ پس جس طرح آخری درجہ اضعف ایمان کا ہوا اسی طرح پہلا درجہ کمالِ دعوت اور کمالِ ایمان کا ہوا۔ اس سے بھی واضح تر حدیث ابن مسعودؓ کی ہے۔ مَا مِنْ نَبِیٍّ بَعَثَہُ اللّٰہُ قَبْلِیْ اِلَّا کَانَ لَہٗ فِیْ اُمَّتِہٖ حَوَارِیُّوْنَ وَ اَصْحَابٌ یَاْخُذُوْنَ بِسُنَّتِہٖ وَیَقْتَدُوْنَ بِاَمْرِہٖ ثُمَّ اِنَّھَا تَخْلُفُ مِنْ بَعْدِھِمْ خُلُوْفٌ یَقُوْلُوْنَ مَا لَا یَفْعَلُوْنَ وَیَفْعَلُوْنَ مَا لَا یُؤْمَرُوْنَ فَمَنْ جَاھَدَھُمْ بِیَدِہٖ فَھُوَ مُؤْمِنٌ وَمَنْ جَاھَدَھُمْ بِلِسَانِہٖ فَھُوَ مُؤْمِنٌ وَمَنْ جَاھَدَھُمْ بِقَلْبِہٖ فَھُوَ مُؤْمِنٌ وَلَیْسَ وَرَاءَ ذٰلِکَ مِنَ الْاِیْمَانِ حَبَّۃُ خَرْدَلٍ (مسلم) یعنی سنتِ الٰہی یہ ہے کہ ہر نبی اپنے ساتھیوں اور تربیت یافتہ یاروں کی ایک جماعت چھوڑ جاتا ہے۔ یہ جماعت نبی کی سنت کو قائم رکھتی ہے اور ٹھیک ٹھیک اس کی پیروی کرتی ہے یعنی شریعت الٰہی کو جس حال اور جس شکل میں نبی چھوڑ گیا ہے اس کو بعینہٖ محفوظ رکھتے ہیں اور اس میں ذرا بھی فرق نہیں آنے دیتے لیکن ان کے بعد شر و فتن کا دور آتا ہے اور ایسے لوگ پیدا ہو جاتے ہیں جو طریقہ نبی سے ہٹ جاتے ہیں۔ ان کا فعل ان کے دعوے کے خلاف ہوتا ہے اور ان کے کام ایسے ہوتے ہیں جن کے لیے شریعت نے حکم نہیں دیا، سو ایسے لوگوں کے خلاف جس شخص نے قیام حق و سنت کی راہ میں اپنے ہاتھ سے کام لیا وہ مومن ہے اور جو ایسا نہ کر سکا مگر زبان سے کام لیا وہ بھی مومن ہے اور جس سے یہ بھی نہ ہو سکا اور دل کے اعتقاد اور نیت کے ثبات کو ان کے خلاف کام میں لایا وہ بھی مومن ہے۔ لیکن اس آخری درجہ کے بعد ایمان کا کوئی درجہ نہیں اس پر ایمان کی سرحد ختم ہو جاتی ہے حتیٰ کہ اب رائی کے دانے برابر بھی ایمان نہیں ہو سکتا۔

اس کام کی اہمیت اور ضرورت کو امام غزالیؒ نے اس طرح ظاہر فرمایا ہے:۔

''اس میں کچھ شک نہیں کہ امر بالمعروف و نہی عن المنکر دین کا ایسا زبردست رکن ہے جس سے دین کی تمام چیزیں وابستہ ہیں۔ اس کو انجام دینے کے لیے حق تعالیٰ نے تمام انبیاء کرامؑ کو مبعوث فرمایا اگر خدانخواستہ اس کو بالائے طاق رکھ دیا جائے اور اس کے علم و عمل کو ترک کر دیا جائے تو اَلْعِیَاذُ بِاللّٰہِ نبوت کا بیکار ہونا لازم آئے گا۔ دیانت جو شرافت

انسانی کا خاصّہ ہے مضمحل اور افسردہ ہو جائے گی۔ کاہلی اور سستی عام ہو جائے گی گمراہی اور ضلالت کی شاہراہیں کھل جائیں گی، جہالت عالمگیر ہو جائے گی۔ تمام کاموں میں خرابی آجائے گی، آپس میں پھوٹ پڑ جائے گی، آبادیاں خراب ہو جائیں گی، مخلوق تباہ و برباد ہو جائے گی اور اس تباہی اور بربادی کی اس وقت خبر ہوگی جب روزِ حشر خدائے بالا و برتر کے سامنے پیشی اور باز پرس ہوگی۔

افسوس صد افسوس! جو خطرہ تھا وہ سامنے آگیا جو کھٹکا تھا آنکھوں سے دیکھ لیا۔ كَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرًا ۝ فَاِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ۝

اس سرسبز ستون کے علم و عمل کے نشانات مٹ چکے اس کی حقیقت و رسوم کی برکتیں نیست و نابود ہو گئیں۔ لوگوں کی تحقیر و تذلیل کا سکہ قلوب پر جم گیا۔ خدائے پاک کے ساتھ کا قلبی تعلق مٹ چکا اور نفسانی خواہشات کے اتباع میں جانوروں کی طرح بے باک ہو گئے۔ روئے زمین پر ایسے صادق مومن کا ملنا دشوار کم یاب ہی نہیں بلکہ معدوم ہو گیا۔ جو اظہارِ حق کی وجہ سے کسی کی ملامت گوارا کرے۔

اگر کوئی مردِ مومن اس تباہی اور بربادی کے ازالہ میں سعی کرے اور اس سنت کے احیاء میں کوشش کرے اور اور اس مبارک بوجھ کو لے کر کھڑا ہو اور آستینیں چڑھا کر اس سنت کے زندہ کرنے کے لیے میدان میں آئے تو یقیناً وہ شخص تمام مخلوق میں ایک ممتاز اور نمایاں ہستی کا مالک ہوگا۔

امام غزالیؒ نے جن الفاظ میں اس کام کی اہمیت اور ضرورت کو بیان کیا ہے وہ ہماری تنبیہ اور بیداری کے لیے کافی ہیں۔

ہمارے اس قدر اہم فریضہ سے غافل ہونے کی چند وجوہ معلوم ہوتی ہیں:۔

پہلی وجہ یہ ہے کہ ہم نے اس فریضہ کو علماء کے ساتھ خاص کر لیا حالانکہ خطاباتِ قرآنی عام ہیں جو امتِ محمدیہ کے ہر ہر فرد کو شامل ہیں اور صحابہ کرامؓ اور خیر القرون کی زندگی اس کے لیے شاہدِ عدل ہے۔

فریضۂ تبلیغ اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر کو علماء کے ساتھ خاص کر لینا اور پھر ان کے بھروسہ پر اس اہم کام کو چھوڑ دینا ہماری سخت نادانی ہے۔ علماء کا کام راہِ حق بتلانا اور سیدھا راستہ دکھلانا ہے۔ پھر اس کے موافق عمل کرانا اور مخلوقِ خدا کو اس پر چلانا

یہ دوسرے لوگوں کا کام ہے۔ اسی کی جانب اس حدیث شریف میں تنبیہ کی گئی ہے:۔

اَلَا كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهٖ فَالْاَمِيْرُ الَّذِيْ عَلَى النَّاسِ رَاعٍ عَلَيْهِمْ وَهُوَ مَسْئُوْلٌ عَنْهُمْ وَالرَّجُلُ رَاعٍ عَلٰى اَهْلِ بَيْتِهٖ وَهُوَ مَسْئُوْلٌ عَنْهُمْ وَالْمَرْاَةُ رَاعِيَةٌ عَلٰى بَيْتِ بَعْلِهَا وَوَلَدِهٖ وَهِيَ مَسْئُوْلَةٌ عَنْهُمْ وَالْعَبْدُ رَاعٍ عَلٰى مَالِ سَيِّدِهٖ وَهُوَ مَسْئُوْلٌ عَنْهُ فَكُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهٖ۔ [1]

بیشک تم سب کے سب نگہبان ہو اور تم سب اپنے رعیت کے بارے میں سوال کیے جاؤ گے پس بادشاہ لوگوں پر نگہبان ہے وہ اپنی رعیت کے بارے میں سوال کیا جاوے گا اور مرد اپنے گھر والوں پہ نگہبان ہے اور اس سے ان کے بارے میں سوال کیا جاوے گا اور عورت اپنے خاوند کے گھر اور اولاد پر نگہبان ہے وہ ان کے بارے میں سوال کی جاوے گی اور غلام اپنے مالک کے مال پر نگہبان ہے اس سے اس کے بارے میں سوال کیا جائے گا۔ پس تم سب نگہبان ہو اور تم سب سے اپنی رعیت کے بارے میں سوال کیا جاوے گا۔

اور اسی کو واضح طور پر اس طرح بیان فرمایا ہے:

قَالَ الدِّيْنُ النَّصِيْحَةُ قُلْنَا لِمَنْ قَالَ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِاَئِمَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ وَعَامَّتِهِمْ۔ (مسلم)

حضور اقدس ﷺ نے فرمایا دین سراسر نصیحت ہے (صحابہؓ نے) عرض کیا کس کے لیے فرمایا اللہ کے لیے اور اللہ کے رسول کے لیے اور مسلمانوں کے مقتداؤں کے لیے اور عام مسلمانوں کے لیے۔

اگر بفرض محال مان بھی لیا جائے کہ یہ علماء کا کام ہے تب بھی اس وقت فضاء زمانہ کا مقتضیٰ یہی ہے کہ ہر شخص اس کام میں لگ جائے اور اعلاء کلمۃ اللہ اور حفاظتِ دینِ متین کے لیے کمر بستہ ہو جائے۔

---

[1] رواہ البخاری ومسلم عن ابن عمرؓ بتفاوت بعض الالفاظ۔ انظر الترغیب ص ۱۵۳/۳ (طارق)

دوسری وجہ یہ ہے ہم یہ سمجھ رہے ہیں کہ اگر ہم خود اپنے ایمان میں پختہ ہیں تو دوسروں کی گمراہی ہمارے لیے نقصان دہ نہیں جیسا کہ اس آیت شریفہ کا مفہوم ہے:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ	اے ایمان والو! اپنی فکر کرو جب تم راہ
اَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ	پر چل رہے ہو تو جو شخص گمراہ ہے اس سے
ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ	تمہارا کوئی نقصان نہیں (بیان)

لیکن درحقیقت آیۃ سے یہ مقصود نہیں جو ظاہر میں سمجھا جا رہا ہے اس لیے کہ یہ معنی حکمتِ خداوندیہ اور تعلیماتِ شرعیہ کے بالکل خلاف ہیں۔ شریعت اسلامی نے اجتماعی زندگی اور اجتماعی اصلاح اور اجتماعی ترقی کو اصل بتلایا ہے اور اُمتِ مسلمہ کو بمنزلہ ایک جسم کے قرار دیا ہے کہ اگر ایک عضو میں درد ہو جائے تو تمام جسم بے چین ہو جاتا ہے۔

بات دراصل یہ ہے کہ بنی نوع انسان خواہ کتنی ہی ترقی کر جائے اور کمال کو پہنچ جاوے اس میں ایسے لوگوں کا ہونا بھی ضروری ہے جو سیدھے راستے کو چھوڑ کر گمراہی میں مبتلا ہوں تو آیت میں مومنوں کے لیے تسلّی ہے کہ جب تم ہدایت اور صراطِ مستقیم پر قائم ہو تو تم کو ان لوگوں سے مضرت کا اندیشہ نہیں جنہوں نے بھٹک کر سیدھا راستہ چھوڑ دیا۔

نیز اصل ہدایت یہ ہے کہ انسان شریعتِ محمدیہ کو مع تمام احکام کے قبول کرے اور منجملہ احکامِ خداوندی کے ایک امر بالمعروف اور نہی عن المنکر بھی ہے۔

ہمارے اس قول کی تائید حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے اس ارشاد سے ہوتی ہے:۔

عَنْ اَبِیْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ رَضِ قَالَ	حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا
اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّكُمْ تَقْرَءُوْنَ	اے لوگو! تم یہ آیت: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
هٰذِهِ الْاٰيَةَ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ
اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ لَا	مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ۔ پڑھا
يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا	کرتے ہو اور میں نے رسول اللہ صلی اللہ
اهْتَدَيْتُمْ فَاِنِّیْ سَمِعْتُ	علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا
رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ	ہے کہ جب لوگ خلافِ شرع کسی چیز
وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ النَّاسَ اِذَا	کو دیکھیں اور اس میں تغیّر نہ کریں تو

رَاَوُا الْمُنْكَرَ فَلَمْ يُغَيِّرُوْهُ اَوْشَكَ — قریب ہے کہ حق تعالیٰ ان لوگوں کو اپنے
اَنْ يَعُمَّهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابِهٖ۔ — عمومی عذاب میں مبتلا فرماوے۔

علمائے محققین نے بھی آیۃ کے یہی معنی لیے ہیں۔ امام نووی رحؒ شرح مسلم میں فرماتے ہیں:

علماءِ محققین کا صحیح مذہب اس آیۃ کے معنی میں یہ ہے کہ جب تم اس چیز کو ادا کردو جس کا تمہیں حکم دیا گیا ہے تو تمہارے غیر کی کوتاہی تمہیں مضرت نہ پہنچائے گی جیسا کہ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى۔ اور جب ایسا ہے تو منجملہ ان اشیاء کے جن کا حکم دیا گیا امر بالمعروف ونہی عن المنکر ہے پس جب کسی شخص نے اس حکم کو پورا کر دیا اور مخاطب نے اس کی تعمیل نہ کی تو اب ناصح پر کوئی عتاب اور سرزنش نہیں اس لیے کہ جو کچھ اس کے ذمہ واجب تھا اور وہ امر و نہی ہے اس نے اس کو ادا کر دیا۔ دوسرے کا قبول کرنا اس کے ذمہ نہیں۔ واللہ اعلم"

تیسری وجہ یہ ہے کہ عوام و خواص، عالم و جاہل ہر شخص اصلاح سے مایوس ہو گیا اور انھیں یقین ہو گیا کہ اب مسلمانوں کی ترقی اور ان کا عروج ناممکن اور دشوار ہے۔ جب کسی شخص کے سامنے کوئی اصلاحی نظام پیش کیا جاتا ہے تو جواب یہی ملتا ہے کہ مسلمانوں کی ترقی اب کیسے ہو سکتی ہے جبکہ ان کے پاس نہ سلطنت و حکومت ہے، نہ مال و زر، اور نہ سامانِ حرب اور نہ مرکزی حیثیت، نہ قوتِ بازو اور نہ باہمی اتفاق و اتحاد۔

بالخصوص دیندار طبقہ تو بزعمِ خود یہ طے کر چکا ہے کہ اب چودھویں صدی ہے، زمانہ رسالت کو بُعد ہو چکا، اب اسلام اور مسلمانوں کا انحطاط ایک لازمی شے ہے پس اس کے لیے جد و جہد کرنا عبث اور بیکار ہے۔ یہ صحیح ہے کہ جس قدر مشکوٰۃِ نبوت سے بُعد ہوتا جائیگا حقیقی اسلام کی شعاعیں ماند پڑتی جائیں گی لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ بقاءِ شریعت اور حفاظتِ دینِ محمدی کے لیے جد و جہد اور سعی نہ کی جائے اس لیے کہ اگر ایسا ہوتا اور ہمارے اسلاف بھی خدانخواستہ یہی سمجھ لیتے تو آج ہم تک اس دین کے پہنچنے کی کوئی سبیل نہ تھی۔ البتہ جب کہ زمانہ ناموافق ہے تو رفتارِ زمانہ کو دیکھتے ہوئے زیادہ ہمت اور استقلال کے ساتھ اس کام کو لے کر کھڑے ہونے کی ضرورت ہے۔

تعجب ہے کہ جو مذہب سراسر عمل اور جہد پر مبنی تھا آج اس کے پیرو عمل سے

Sb9

یکسر خالی ہیں۔ حالانکہ قرآن مجید اور حدیث شریف میں جگہ جگہ عمل اور جہد کا سبق پڑھایا اور بتلایا ہے کہ ایک عبادت گزار تمام رات نفل پڑھنے والا دن بھر روزے رکھنے والا اللہ اللہ کرنے والا ہرگز اس شخص کی برابر نہیں ہو سکتا جو دوسروں کی اصلاح اور ہدایت کی فکر میں بے چین ہو۔

قرآن کریم نے جگہ جگہ جہاد فی سبیل اللہ کی تاکید کی اور مجاہد کی فضیلت اور برتری کو نمایاں کیا۔

لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ وَالْمُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ ۚ فَضَّلَ اللَّهُ الْمُجَاهِدِينَ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ عَلَى الْقَاعِدِينَ دَرَجَةً ۚ وَكُلًّا وَعَدَ اللَّهُ الْحُسْنَىٰ ۚ وَفَضَّلَ اللَّهُ الْمُجَاهِدِينَ عَلَى الْقَاعِدِينَ أَجْرًا عَظِيمًا ۝ دَرَجَاتٍ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَرَحْمَةً ۚ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ۝

(النساء: ع ۱۳)

برابر نہیں وہ مسلمان جو بلا کسی عذر کے گھر میں بیٹھے ہیں اور وہ لوگ جو اللہ کی راہ میں اپنے مال وجان سے جہاد کریں اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کا درجہ بہت زیادہ بلند کیا ہے جو اپنے مال وجان سے جہاد کرتے ہیں بہ نسبت گھر بیٹھنے والوں کے۔ اور سب سے اللہ تعالیٰ نے اچھے گھر کا وعدہ کر رکھا ہے اور اللہ تعالیٰ نے مجاہدین کو بمقابلہ گھر میں بیٹھنے والوں کے بڑا اجر عظیم دیا ہے۔ یعنی بہت سے درجے جو خدا کی طرف سے ملیں گے اور مغفرت اور رحمت، اور اللہ بڑی مغفرت و رحمت والے ہیں۔

اگرچہ آیۃ میں جہاد سے مراد کفار کے مقابلہ میں سینہ سپر ہونا ہے تاکہ اسلام کا بول بالا ہو اور کفر و شرک مغلوب و مقہور رہو، لیکن اگر بدقسمتی سے آج ہم اس سعادتِ عظمیٰ سے محروم ہیں تو اس مقصد کے لیے جس قدر جد و جہد ہماری مقدرت اور استطاعت میں ہے اس میں تو ہرگز کوتاہی نہ کرنی چاہیے۔ پھر ہماری یہی معمولی

حرکت عمل اور جدوجہد ہمیں کشاں کشاں آگے بڑھائے گی وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا یعنی جو لوگ ہمارے دین کے لیے کوشش کرتے ہیں ہم ان کے لیے اپنے راستے کھول دیتے ہیں۔

اس میں شک نہیں کہ دینِ محمدیؐ کی بقا اور تحفظ کا حق تعالیٰ نے وعدہ کیا ہے لیکن اس کے عروج و ترقی کے لیے ہمارا عمل اور سعی مطلوب ہے۔ صحابہ کرامؓ نے اس کے لیے جس قدر انتھک کوشش کی اسی قدر ثمرات بھی مشاہدہ کیے اور غیبی نصرت سے سرفراز ہوئے ہم بھی اُن کے نام لیوا ہیں اگر اب بھی ہم ان کے نقشِ قدم پر چلنے کی کوشش کریں اور اعلاء کلمۃ اللہ اور اشاعتِ اسلام کے لیے کمربستہ ہو جائیں تو یقیناً ہم بھی نصرتِ خداوندی اور امدادِ غیبی سے سرفراز ہوں گے اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ یَنْصُرْكُمْ وَیُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ یعنی اگر تم خدا کے دین کی مدد کے لیے کھڑے ہو جاؤ گے تو خدا تمہاری مدد کرے گا اور تمہیں ثابت قدم رکھے گا۔

چوتھی وجہ یہ ہے کہ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ جب ہم خود ان باتوں کے پابند نہیں اور اس منصب کے اہل نہیں تو دوسروں کو کس منہ سے نصیحت کریں لیکن یہ نفس کا صریح دھوکہ ہے۔ جب ایک کام کرنے کا ہے اور حق تعالیٰ کی جانب سے ہم اس کے مامور ہیں تو پھر ہمیں اس میں پس و پیش کی گنجائش نہیں ہمیں خدا کا حکم سمجھ کر کام شروع کر دینا چاہیے پھر انشاء اللہ یہی جدوجہد ہماری پختگی، استحکام اور استقامت کا باعث ہوگی اور اسی طرح کرتے کرتے ایک دن تقربِ خداوندی کی سعادت نصیب ہو جائے گی یہ ناممکن اور محال ہے کہ ہم حق تعالیٰ کے کام میں جدوجہد کریں اور وہ رحمٰن و رحیم ہماری طرف نظرِ کرم نہ فرمائے۔ میرے اس قول کی تائید اس حدیث سے ہوتی ہے:

عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ قُلْنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَا نَاْمُرُ بِالْمَعْرُوْفِ حَتّٰی نَعْمَلَ بِهٖ كُلِّهٖ وَلَا نَنْهٰی عَنِ الْمُنْكَرِ حَتّٰی نَجْتَنِبَهٗ كُلَّهٗ فَقَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَلْ مُرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ	حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم بھلائیوں کا حکم نہ کریں جب تک جب تک خود تمام پر عمل نہ کریں اور برائیوں سے منع نہ کریں جب تک خود تمام برائیوں سے

وَاِنْ لَّمْ تَعْمَلُوْا بِهٖ كُلِّهٖ وَانْهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ وَاِنْ لَّمْ تَجْتَنِبُوْهُ كُلِّهٖ۔ (رواہ الطبرانی فی الصغیر و الاوسط)

نہ بچیں حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا نہیں بلکہ تم بھلی باتوں کا حکم کرو اگرچہ تم خود ان سب کے پابند نہ ہو اور برائیوں سے منع کرو اگرچہ تم خود ان سب سے نہ بچ رہے ہو۔

پانچویں وجہ یہ ہے کہ ہم سمجھ رہے ہیں کہ جگہ جگہ مدارسِ دینیہ کا قائم ہونا، علماء کا وعظ و نصیحت کرنا، خانقاہوں کا آباد ہونا، مذہبی کتابوں کا تصنیف ہوتا، رسالوں کا جاری ہونا، یہ سب امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے شعبے ہیں اور ان کے ذریعہ اس فریضہ کی ادائیگی ہو رہی ہے۔ اس میں شک نہیں کہ ان سب اداروں کا قیام اور بقا بہت ضروری ہے اور ان کی جانب اعتناء اہم امور سے ہے۔ اس لیے کہ دین کی جو کچھ تھوڑی بہت جھلک دکھائی دے رہی ہے وہ انہی اداروں کے مبارک آثار ہیں۔ لیکن پھر بھی اگر غور سے دیکھا جائے تو ہماری موجودہ ضرورت کے لیے یہ ادارے کافی نہیں اور ان پر اکتفا کرنا ہماری کھلی غلطی ہے اس لیے کہ ان اداروں سے ہم اس وقت منتفع ہو سکتے ہیں، جب ہم میں دین کا شوق اور طلب ہو اور مذہب کی وقعت اور عظمت ہو۔ اب سے پچاس سال پہلے ہم میں شوق و طلب موجود تھا اور ایمانی جھلک دکھائی دیتی تھی۔ اس لیے ان اداروں کا قیام ہمارے لیے کافی تھا، لیکن آج غیر اقوام کی انتھک کوششوں نے ہمارے اسلامی جذبات بالکل فنا کر دیے اور طلب و رغبت کے بجائے آج ہم مذہب سے متنفر اور بیزار نظر آتے ہیں۔ ایسی حالت میں ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم مستقل کوئی تحریک ایسی شروع کریں جس سے عوام میں دین کے ساتھ تعلق اور شوق و رغبت پیدا ہو اور ان کے سوتے ہوئے جذبات بیدار ہوں۔ پھر بھی ہم ان اداروں سے ان کی شان کے مطابق منتفع ہو سکتے ہیں۔ ورنہ اگر اسی طرح دین سے بے رغبتی اور بے اعتنائی بڑھتی گئی تو ان اداروں سے انتفاع تو درکنار ان کا بقا بھی دشوار نظر آتا ہے۔

چھٹی وجہ یہ ہے کہ جب ہم اس کام کو لے کر دوسروں کے پاس جاتے ہیں تو وہ بُری طرح پیش آتے ہیں اور سختی سے جواب دیتے ہیں، اور ہماری توہین و تذلیل کرتے ہیں لیکن ہمیں معلوم ہونا چاہیے کہ یہ کام انبیاء کرامؑ کی نیابت ہے اور ان مصائب

اور مشقتوں میں مبتلا ہونا اس کام کا خاصّہ ہے۔ اور یہ سب مصائب و تکالیف بلکہ اس سے بھی زائد انبیاء کرام ؑ نے اس راہ میں برداشت کیں۔ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِیْ شِیَعِ الْاَوَّلِیْنَ وَمَا یَاْتِیْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ یَسْتَهْزِءُوْنَ ○ (حجر ع: ۱)	ہم بھیج چکے ہیں رسول تم سے پہلے اگلے لوگوں کے گروہوں میں اور ان کے پاس کوئی رسول نہیں آیا تھا مگر یہ اس کی ہنسی اڑاتے رہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

دعوتِ حق کی راہ میں جس قدر مجھ کو اذیت اور تکلیف میں مبتلا کیا گیا ہے کسی نبی اور رسول کو نہیں کیا گیا۔

پس جب سردارِ دو عالم ؐ اور ہمارے آقا و مولیٰ نے ان مصائب اور مشقتوں کو تحمل اور بردباری کے ساتھ برداشت کیا تو ہم بھی ان کے پیرو ہیں اور انہی کا کام لے کر کھڑے ہوئے ہیں ہمیں بھی ان مصائب سے پریشان نہ ہونا چاہیے۔ اور تحمل اور بردباری کے ساتھ ان کو برداشت کرنا چاہیے۔

ماسبق سے بات بخوبی معلوم ہوگئی کہ ہمارا اصل مرض روحِ اسلامی اور حقیقتِ ایمانی کا ضعف اور اضمحلال ہے۔ ہمارے اسلامی جذبات فنا ہو چکے اور ہماری ایمانی قوت زائل ہو چکی اور جب اصل شے ہی میں انحطاط آ گیا تو اس کے ساتھ جتنی خوبیاں اور بھلائیاں وابستہ تھیں ان کا انحطاط پذیر ہونا بھی لابدی اور ضروری تھا اور اس ضعف و انحطاط کا سبب اس اصل شے کا چھوڑ دینا ہے، جس پر تمام دین کا بقا اور دار و مدار ہے۔ اور وہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ہے۔ ظاہر ہے کہ کوئی قوم اس وقت تک ترقی نہیں کر سکتی جب تک کہ اس کے افراد خوبیوں اور کمالات سے آراستہ نہ ہوں۔

پس ہمارا علاج صرف یہ ہے کہ ہم فریضۂ تبلیغ کو ایسی طرح لے کر کھڑے ہوں جس سے ہم میں قوتِ ایمانی بڑھے اور اسلامی جذبات ابھریں۔ ہم خدا اور رسول کو پہچانیں اور احکامِ خداوندی کے سامنے سرنگوں ہوں اور اس کے لیے ہمیں وہی طریقہ

اختیار کرنا ہوگا جو سیّد الانبیاء والمرسلینؐ نے مشرکینِ عرب کی اصلاح کے لیے اختیار فرمایا۔

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ	بیشک تمہارے لیے رسول اللہؐ میں
أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ	اچھی پیروی ہے۔

اسی کی جانب امام مالک رضی اللہ عنہ اشارہ فرماتے ہیں۔ لَنْ يُّصْلِحَ اٰخِرَ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اِلَّا مَا اَصْلَحَ اَوَّلَهَا یعنی اس امت محمدیہ کے آخر میں آنے والے لوگوں کی ہرگز اصلاح نہیں ہوسکتی جب تک کہ وہی طریقہ اختیار نہ کیا جائے جس نے ابتداء میں اصلاح کی ہے۔

جس وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دعوتِ حق لے کر کھڑے ہوئے آپؐ تنہا تھے کوئی آپؐ کا ساتھی اور ہم خیال نہ تھا۔ دنیوی کوئی طاقت آپ کو حاصل نہ تھی۔ آپؐ کی قوم میں خودسری اور خودرائی انتہا درجہ کو پہنچی ہوئی تھی ان میں سے کوئی حق بات سننے اور اطاعت کرنے پر آمادہ نہ تھا بالخصوص جس کلمۂ حق کی آپؐ تبلیغ کرنے کھڑے ہوئے تھے اس سے تمام قوم کے قلوب متنفر اور بیزار تھے ان حالات میں کون سی طاقت تھی جس سے ایک مفلس ونادار بے یار و مددگار انسان نے تمام قوم کو اپنی طرف کھینچا اب غور کیجیے کہ آخر وہ کیا چیز تھی جس کی طرف آپ نے مخلوق کو بلایا اور جس شخص نے اس چیز کو پالیا وہ پھر ہمیشہ کے لیے آپ کا ہو رہا دنیا جانتی ہے کہ وہ صرف ایک سبق تھا جو آپ کا مطمحِ نظر اور مقصودِ اصلی تھا جس کو آپؐ نے لوگوں کے سامنے پیش کیا۔

اَنْ لَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ	بجز اللہ تعالیٰ کے ہم کسی اور کی
بِهٖ شَيْئًا وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا	عبادت نہ کریں اور اللہ کے ساتھ
بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ	کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں اور ہم
(آل عمران، ع ۷)	میں سے کوئی دوسرے کو رب نہ
	قرار دے خدا تعالیٰ کو چھوڑ کر۔

اللہ وحدہٗ لاشریک لہٗ کے سوا ہر شے کی عبادت اور اطاعت اور فرماں برداری کی ممانعت کی اور اغیار کے تمام بندھنوں اور علاقوں کو توڑ کر ایک نظامِ عمل مقرر کر دیا اور بتلا دیا کہ اس سے ہٹ کر کسی دوسری طرف رُخ نہ کرنا۔

اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ (اعراف : ع ۱)

تم لوگ اس کا اتباع کرو جو تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے آئی ہے اور خدا تعالیٰ کو چھوڑ کر دوسرے لوگوں کا اتباع مت کرو۔

یہی وہ اصل تعلیم تھی جس کی اشاعت کا آپ کو حکم دیا گیا۔

اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ۝ (النحل ع ۱۵)

اے محمد! بلاؤ لوگوں کو اپنے رب کے راستے کی طرف حکمت اور نیک نصیحت سے اور ان کے ساتھ بحث کرو جس طرح بہتر ہو بے شک تمہارا رب ہی خوب جانتا ہے اس شخص کو جو گمراہ ہو اس کی راہ سے وہی خوب جانتا ہے راہ چلنے والوں کو۔

اور یہی وہ شاہراہ تھی جو آپ کے لیے اور ہر پیرو کے لیے مقرر کی گئی۔

قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ عَلٰى بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ (یوسف ع ۱۲)

وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۔ (حم سجدہ : ع ۴)

کہہ دو یہ ہے میرا راستہ بلاتا ہوں اللہ کی طرف سمجھ بوجھ کر میں اور جتنے میرے تابع ہیں وہ بھی اور اللہ پاک ہے اور میں شریک کرنے والوں میں سے نہیں ہوں۝ اور اس سے بہتر کس کی بات ہو سکتی ہے جو خدا کی طرف بلائے اور نیک عمل کرے اور کہے میں فرماں برداروں میں سے ہوں۔

پس اللہ تعالیٰ کی طرف اس کی مخلوق کو بلانا، بھٹکے ہوؤں کو راہِ حق دکھلانا، گمراہوں کو ہدایت کا راستہ دکھلانا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا وظیفۂ حیات اور آپ کا

مقصدِ اصلی تھا اور اسی مقصد کی نشوونما اور آبیاری کے لیے ہزاروں نبی اور رسول بھیجے گئے۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِیْٓ اِلَیْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ ۝ (الانبیاء: ع ۲)

اور ہم نے نہیں بھیجا تم سے پہلے کوئی رسول مگر اس کی جانب یہی وحی بھیجتے تھے کہ کوئی معبود نہیں بجز میرے پس میری بندگی کرو۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ طیبہ اور دیگر انبیاء کرامؑ کے مقدس لمحاتِ زندگی پر جب نظر ڈالی جاتی ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ سب کا مقصد اور نصب العین صرف ایک ہے اور وہ اللہ رب العالمین وحدہٗ لاشریک لہٗ کی ذات و صفات کا یقین کرنا۔ یہی ایمان اور اسلام کا مفہوم ہے اور اسی لیے انسان کو دنیا میں بھیجا گیا۔ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ ۝ یعنی ہم نے جنات اور انسان کو صرف اس لیے پیدا کیا ہے کہ بندہ بن کر زندگی بسر کریں۔

اب جبکہ مقصدِ زندگی واضح ہو گیا اور اصل مرض اور اس کے معالجہ کی نوعیت معلوم ہو گئی تو طریق علاج کی تجویز میں زیادہ دشواری پیش نہ آئے گی اور اس نظریے کے ماتحت جو بھی علاج کا طریقہ اختیار کیا جائے گا انشاء اللہ نافع اور سودمند ہو گا۔

ہم نے اپنی نارسا فہم کے مطابق مسلمانوں کی فلاح و بہبود کے لیے ایک نظامِ عمل تجویز کیا ہے جس کو فی الحقیقت اسلامی زندگی یا اسلاف کی زندگی کا نمونہ کہا جا سکتا ہے جس کا اجمالی نقشہ آپ کی خدمت میں پیش ہے۔

سب سے اہم اور پہلی چیز یہ ہے کہ ہر مسلمان تمام اغراض و مقاصدِ دنیوی سے قطع نظر کر کے اعلاء کلمۃ اللہ اور اشاعتِ اسلام اور احکامِ خداوندی کے رواج اور سربزی کو اپنا نصب العین بنا دے اور اس بات کا پختہ عہد کرے کہ حق تعالیٰ کے ہر حکم کو مانوں گا اور اس پر عمل کرنے کی کوشش کروں گا اور کبھی خداوندِ کریم کی نافرمانی نہ کروں گا اور اس نصب العین کی تکمیل کے لیے اس دستور العمل پر کاربند ہو۔

(۱) کلمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ کا صحتِ الفاظ کے ساتھ یاد کرنا اور اس کے معنی اور مفہوم کو سمجھنا اور ذہن نشین کرنے کی کوشش کرنا اور اپنی پوری زندگی

کو اس کے موافق بنانے کی فکر کرنا۔

(۲) نماز کا پابند ہونا، اس کے آداب و شرائط کا لحاظ رکھتے ہوئے خشوع اور خضوع کے ساتھ ادا کرنا اور ہر ہر رکن میں خداوند کریم کی عظمت و بزرگی اور اپنی بندگی اور بے چارگی کا دھیان کرنا۔ غرض اس کوشش میں لگے رہنا کہ نماز اس طرح ادا ہو جو اس رب العزّت کی بارگاہ کی حاضری کے شایان شان ہو ایسی نماز کی کوشش کرتا رہے اور حق تعالیٰ سے اس کی توفیق طلب کرے۔ اگر نماز کا طریقہ معلوم نہ ہو تو اس کو سیکھے اور نماز میں پڑھنے کی تمام چیزوں کو یاد کرے۔

(۳) قرآن کریم کے ساتھ وابستگی اور دل بستگی پیدا کرنا جس کے دو طریقے ہیں۔

(الف) کچھ وقت روزانہ ادب و احترام کے ساتھ معنی و مفہوم کا دھیان کرتے ہوئے تلاوت کرنا۔ اگر عالم نہ ہو اور معنی و مفہوم کو سمجھنے سے قاصر ہو تب بھی بغیر معنی سمجھے کلام ربانی کی تلاوت کرے اور سمجھے کہ میری فلاح و بہبود اسی میں مضمر ہے محض الفاظ کا پڑھنا بھی سعادتِ عظمیٰ ہے اور موجب خیر و برکت ہے اور اگر الفاظ بھی نہیں پڑھ سکتا تو تھوڑا وقت روزانہ قرآن مجید کی تعلیم میں صرف کرنا۔

(ب) اپنے بچوں اور اپنے محلّہ اور گاؤں کے لڑکوں اور لڑکیوں کی قرآن مجید اور مذہبی تعلیم کی فکر کرنا اور ہر کام پر اس کو مقدّم رکھنا۔

(۴) کچھ وقت یادِ الٰہی اور ذکر و فکر میں گزارنا۔ پڑھنے کے لیے کوئی چیز کسی شیخ طریقت متبع سنت سے دریافت کرے ورنہ کلمہ سوم سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ٥ اور درود و استغفار کی ایک تسبیح صبح اور ایک شام معنی کا دھیان کرتے ہوئے جی لگا کر اطمینان قلب کے ساتھ پڑھے۔ حدیث میں اس کی بڑی فضیلت آئی ہے۔

(۵) ہر مسلمان کو اپنا بھائی سمجھنا اس کے ساتھ ہمدردی اور غمگساری کا برتاؤ کرنا، صفت اسلام کی وجہ سے اس کا ادب و احترام کرنا۔ ایسی باتوں سے بچنا جو کسی مسلمان بھائی کی تکلیف و اذیت کا باعث ہوں۔

ان باتوں کا خود بھی پابند بنے اور کوشش کرے کہ ہر مسلمان ان کا پابند بن جائے جس کا طریقہ یہ ہے کہ خود بھی اپنا کچھ وقت دین کی خدمت کے لیے فارغ کرے اور

دوسروں کو بھی ترغیب دے کر دین کی خدمت اور اشاعتِ اسلام کے لیے آمادہ کرے۔

جس دین کی اشاعت کے لیے انبیاء کرام عؑ نے مشقتیں برداشت کیں، طرح طرح کے مصائب میں مبتلا ہوئے۔ صحابہ کرام رضؓ اور ہمارے اسلاف نے اپنی عمروں کو اس میں صَرف کیا اور اس کی خاطر راہِ خدا میں اپنی جانوں کو قربان کیا۔ اس دین کی ترویج اور بقا کے لیے تھوڑا وقت نہ نکالنا بڑی بدنصیبی اور خسران ہے اور یہی وہ اہم فریضہ ہے جس کو چھوڑ دینے کی وجہ سے آج ہم تباہ و برباد ہو رہے ہیں۔

پہلے مسلمان ہونے کا مفہوم یہ سمجھا جاتا تھا کہ اپنا جان و مال، عزت و آبرو، اشاعتِ اسلام اور اعلاءِ کلمۃ اللہ کی راہ میں صَرف کرے اور جو شخص اس میں کوتاہی کرتا تھا وہ بڑا نادان سمجھا جاتا تھا لیکن افسوس کہ آج ہم مسلمان کہلاتے ہیں اور دین کی باتوں کو اپنی آنکھوں سے مٹتا ہوا دیکھ رہے ہیں، پھر بھی اس دین کی ترویج اور بقا کے لیے کوشش کرنے سے گریز کرتے ہیں۔ غرض اعلاءِ کلمۃ اللہ اور اشاعتِ دین متین جو مسلمان کا مقصدِ زندگی اور اصلی کام تھا اور جس کے ساتھ ہماری دونوں جہان کی فلاح و ترقی وابستہ تھی، اور جس کو چھوڑ کر آج ہم ذلیل و خوار ہو رہے ہیں اب پھر ہمیں اپنے اصلی مقصد کو اختیار کرنا چاہیے اور اس کام کو اپنا جزوِ زندگی اور حقیقی مشغلہ بنانا چاہیے تاکہ پھر رحمتِ خداوندی جوش میں آوے اور ہمیں دنیا و آخرت کی سرخ روئی اور شادابی نصیب ہو۔ اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ اپنا تمام کاروبار چھوڑ کر بالکل اس کام میں لگ جائے بلکہ مقصد یہ ہے کہ جیسا اور دنیوی ضروریات انسان کے ساتھ لگی ہوئی ہیں اور ان کو انجام دیا جاتا ہے اس کام کو بھی ضروری اور اہم سمجھ کر اس کے واسطے وقت نکالا جائے۔ جب چند آدمی اس مقصد کے لیے تیار ہو جائیں تو ہفتہ میں چند گھنٹے اپنے محلّے، اور مہینہ میں تین دن قرب و جوار کے مواضعات میں۔ اور سال میں ایک چلّہ دور کے مواضعات میں اس کام کو کریں اور کوشش کریں کہ ہر مسلمان امیر ہو یا غریب، تاجر ہو یا ملازم، زمیندار ہو یا کاشتکار، عالم ہوں یا جاہل اس کام میں شریک ہو جائے اور ان امور کا پابند بن جائے۔

کام کرنے کا طریقہ

کم از کم دس آدمیوں کی جماعت تبلیغ کے لیے نکلے۔ اوّل اپنے میں سے ایک شخص کو

امیر بنا دے اور پھر سب مسجد میں جمع ہوں اور وضو کر کے دو رکعت نفل ادا کریں (بشرطیکہ وقت مکروہ نہ ہو) بعد نماز سب مل کر حق تعالیٰ کی بارگاہ میں التجا کریں اور نصرت و کامیابی اور تائیدِ خداوندی اور توفیقِ الٰہی کو طلب کریں اور اپنے ثبات اور استقلال کی دعا مانگیں دعا کے بعد سکون و وقار کے ساتھ آہستہ آہستہ حق تعالیٰ کا ذکر کرتے ہوئے روانہ ہوں اور فضول بات نہ کریں۔ جب اس جگہ پہنچیں جہاں تبلیغ کرنی ہے تو پھر سب مل کر حق تعالیٰ سے دعا مانگیں اور تمام محلہ یا گاؤں میں گشت کر کے لوگوں کو جمع کریں۔ اوّل ان کو نماز پڑھوائیں اور پھر ان امور کی پابندی کا عہد لیں اور اس طریقہ پر کام کرنے کے لیے آمادہ کریں اور ان لوگوں کے ہمراہ گھروں کے دروازوں پر جا کر عورتوں سے بھی نماز پڑھوائیں اور ان باتوں کی پابندی کی تاکید کریں۔

جو لوگ اس کام کو کرنے کے لیے تیار ہو جائیں ان کی ایک جماعت بنا دی جائے۔ اور ان میں سے ایک شخص کو ان کا امیر مقرر کر دیا جائے اور اپنی نگرانی میں ان سے کام شروع کرا دیا جائے اور پھر ان کے کام کی نگرانی کی جائے۔ ہر تبلیغ کرنے والے کو چاہیے کہ اپنے امیر کی اطاعت کرے اور امیر کو چاہیے کہ اپنے ساتھیوں کی خدمت گزاری اور راحت رسانی ہمت افزائی اور ہمدردی میں کمی نہ کرے اور قابلِ مشورہ باتوں میں سب سے مشورہ لے کر اس کے موافق عمل کرے۔

تبلیغ کے آداب

یہ کام حق تعالیٰ کی ایک اہم عبادت اور سعادتِ عظمیٰ ہے اور انبیاء کرام ؑ کی نیابت ہے۔ کام جس قدر بڑا ہوتا ہے اسی قدر آداب کو چاہتا ہے۔ اس کام سے مقصد دوسروں کی ہدایت نہیں بلکہ خود اپنی اصلاح اور عبدیت کا اظہار اور حکمِ خداوندی کی بجا آوری اور حق تعالیٰ کی رضا جوئی ہے پس چاہیے کہ امورِ مندرجہ کو اچھی طرح ذہن نشین کرے اور ان کی پابندی کرے۔

۱۔ اپنا تمام خرچ کھانے پینے، کرایہ وغیرہ کا حتی الوسع خود برداشت کرے اور اگر گنجائش اور وسعت ہو تو اپنے نادار ساتھیوں پر بھی خرچ کرے۔

۲۔ اپنے ساتھیوں اور اس مقدس کام کے کرنے والوں کی خدمت گزاری اور ہمت

افزائی کو اپنی سعادت سمجھے اور ان کے ادب و احترام میں کمی نہ کرے۔

۳۔ عام مسلمانوں کے ساتھ نہایت تواضع اور انکساری کا برتاؤ رکھے۔ بات کرنے میں نرم لہجہ اور خوشامد کا پہلو اختیار کرے۔ کسی مسلمان کو حقارت اور نفرت کی نظر سے نہ دیکھے۔ بالخصوص علماءِ دین کی عزت و عظمت میں کوتاہی نہ کرے۔ جس طرح ہم پر قرآن و حدیث کی عزّت و عظمت و ادب و احترام واجب اور ضروری ہے، اسی طرح ان مقدس ہستیوں کی عزت و عظمت ادب و احترام بھی ضروری ہے، جن کو خدا تعالیٰ نے اپنی اس نعمتِ عظمیٰ سے سرفراز فرمایا علماءِ حق کی توہین دین کی توہین کے مُرادف ہے جو خدا کے غیظ و غضب کا موجب ہے۔

۴۔ فرصت کے خالی وقتوں کو بجائے جھوٹ، غیبت، لڑائی، فساد، کھیل تماشے کے مذہبی کتابوں کے پڑھنے اور مذہب کے پابند لوگوں کے پاس بیٹھنے میں گزارے جس سے خدا اور رسول ؐ کی باتیں معلوم ہوں، خصوصًا ایّامِ تبلیغ میں فضول باتوں اور فضول کاموں سے بچے اور اپنے فارغ اوقات کو یادِ الٰہی اور ذکر و فکر اور درود و استغفار اور تعلیم و تعلّم میں گزارے۔

۵۔ جائز طریقوں سے حلال روزی حاصل کرے اور کفایت شعاری کے ساتھ اس کو خرچ کرے اور اپنے اہل و عیال اور دیگر اقرباء کے شرعی حقوق ادا کرے۔

۶۔ کسی نزاعی مسئلہ اور فروعی بات کو نہ چھیڑے بلکہ صرف اصلِ توحید کی طرف دعوت دے اور ارکانِ اسلام کی تبلیغ کرے۔

۷۔ اپنے تمام افعال و اقوال کو خلوصِ نیت کے ساتھ مزین اور آراستہ کرے کہ اخلاص کے ساتھ تھوڑا عمل بھی موجبِ خیر و برکت اور باعثِ ثمراتِ حسنہ ہوتا ہے۔ اور بغیر اخلاص کے نہ دنیا ہی میں کوئی ثمرہ نکلتا ہے۔ اور نہ آخرت میں اجر و ثواب ملتا ہے حضرت معاذ رضؓ کو جب نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یمن کا حاکم بنا کر بھیجا تو انہوں نے درخواست کی کہ مجھے نصیحت کیجیے حضور اقدس ؐ نے ارشاد فرمایا کہ دین کے کاموں میں اخلاص کا اہتمام رکھنا کہ اخلاص کے ساتھ تھوڑا عمل بھی کافی ہے۔

ایک اور حدیث میں ارشاد ہے کہ "حق تعالیٰ شانہٗ اعمال میں سے صرف اسی عمل کو قبول فرماتے ہیں جو خالص انہیں کے لیے کیا گیا ہو"۔ دوسری جگہ ارشاد ہے۔ "حق تعالیٰ شانہٗ

تمہاری صورتوں اور تمہارے مال کو نہیں دیکھتے، بلکہ تمہارے قلوب اور اعمال کو دیکھتے ہیں"
پس سب سے اہم اور اصل شے یہ ہے کہ اس کام کو خلوص کے ساتھ کیا جائے ریا ونمود کو اس میں دخل نہ ہو۔ جس قدر اخلاص ہوگا اسی قدر کام میں ترقی اور سرسبزی ہوگی۔ اس دستور العمل کا مختصر خاکہ آپ کے سامنے آگیا اور اس کی ضرورت اور اہمیت پر بھی کافی روشنی پڑ گئی۔ لیکن دیکھنا یہ ہے کہ موجودہ کشمکش اور اضطراب و بے چینی میں یہ طریق کار کس حد تک ہماری رہبری کر سکتا ہے؟ اور کہاں تک ہماری مشکلات کو دور کر سکتا ہے؟ اس کے لیے پھر ہمیں قرآن کریم کی طرف رجوع کرنا ہوگا۔ قرآن کریم نے ہماری اس جدوجہد کو ایک سودمند تجارت سے تعبیر کیا ہے اور اس کی جانب اس طرح رغبت دلائی ہے:۔

يَآ أَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ أَلِيْمٍ ۝ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنْفُسِكُمْ ۚ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ۚ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ وَأُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا ۚ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ۚ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

(صف: ع:۱)

اے ایمان والو! کیا میں تم کو ایسی سوداگری بتاؤں جو تم کو ایک دردناک عذاب سے بچائے تم لوگ اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اللہ کی راہ میں تم اپنے مال وجان سے جہاد کرو یہ تمہارے لیے بہت ہی بہتر ہے۔ اگر تم کچھ سمجھ رکھتے ہو اللہ تعالیٰ تمہارے گناہ معاف کر دے گا اور تم کو ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی اور عمدہ مکانوں میں جو ہمیشہ رہنے کے باغوں میں ہوں گے۔ یہ بڑی کامیابی ہے اور ایک اور بھی ہے کہ تم اس کو پسند کرتے ہو۔ اللہ کی طرف سے مدد اور جلد فتح یابی۔ اور آپ

مومنین کو بشارت دے دیجیے۔

اس آیت میں ایک تجارت کا تذکرہ ہے جس کا پہلا ثمرہ یہ ہے کہ وہ عذاب الیم سے نجات دِلانے والی ہے وہ تجارت یہ ہے کہ ہم خدا اور اس کے رسول ؐ پر ایمان لاویں اور خدا کی راہ میں اپنے جان و مال کے ساتھ جہاد کریں۔ یہ وہ کام ہے جو ہمارے لیے سراسر خیر ہے۔ اگر ہم میں کچھ بھی عقل و فہم ہو، اس معمولی کام پہ ہمیں کیا منافع ملے گا۔ ہماری تمام لغزشوں اور کوتاہیوں کو ایک دم معاف کر دیا جائے گا اور آخرت میں بڑی بڑی نعمتوں سے سرفراز کیا جائے گا۔ یہی بہت بڑی کامیابی اور سرفرازی ہے۔ مگر اس پر بس نہیں، بلکہ ہماری چاہتی چیز بھی ہمیں دے دی جائے گی۔ اور وہ دُنیا کی سرسبزی اور نصرت و کامیابی اور دشمنوں پر غلبہ و حکمرانی ہے۔

حق تعالیٰ نے ہم سے دو چیزوں کا مطالبہ کیا اوّل یہ کہ ہم خدا اور اس کے رسول ؐ پر ایمان لاویں۔ دوسرے یہ کہ اپنے جان، مال سے خدا کی راہ میں جہاد کریں اور اس کے بدلے میں دو چیزوں کی ہم سے ضمانت کی۔ آخرت میں جنت اور ابدی چین اور راحت اور دنیا میں نصرت و کامیابی پہلی چیز جو ہم سے مطلوب ہے وہ ایمان ہے۔ ظاہر ہے کہ ہماری اس تحریک کا منشاء بھی یہی ہے کہ ہمیں حقیقی ایمان کی دولت نصیب ہو۔ دوسری چیز جو ہم سے مطلوب ہے وہ جہاد ہے۔ جہاد کی اصل اگرچہ کفّار کے ساتھ جنگ اور مقابلہ ہے مگر در حقیقت جہاد کا منشا بھی اعلاء کلمۃ اللہ اور احکام خداوندی کا نفاذ اور اجرا ہے اور یہی ہماری تحریک کا مقصدِ اصلی ہے

پس معلوم ہوا کہ جیساکہ مرنے کے بعد کی زندگی کا خوشگوار ہونا اور جنت کی نعمتوں سے سرفراز ہونا، خدا اور رسول ؐ پر ایمان لانے اور اس کی راہ میں جدوجہد کرنے پر موقوف ہے۔ ایسا ہی دنیاوی زندگی کی خوشگواری اور دُنیا کی نعمتوں سے منتفع ہونا بھی اس پر موقوف ہے کہ ہم خدا اور رسول ؐ پر ایمان لاویں اور اپنی تمام جدوجہد کو اس کی راہ میں صرف کریں۔

اور جب ہم اس کام کو انجام دے لیں گے یعنی خدا اور رسول ؐ پر ایمان لے آویں گے اور اس کی راہ میں جدوجہد کر کے اپنے آپ کو اعمالِ صالحہ سے آراستہ بنا لیں گے تو پھر روئے زمین کی بادشاہت اور خلافت کے مستحق ہو جائیں گے اور سلطنت و حکومت

ہمیں دے دی جائے گی۔

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ۭ يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْـــًٔا ۭ (النور) ع ۶،

تم میں جو لوگ ایمان لاویں اور نیک عمل کریں ان سے اللہ تعالیٰ وعدہ فرماتا ہے کہ ان کو زمین میں حکومت عطا فرمائے گا جیسا کہ ان سے پہلے لوگوں کو حکومت دی تھی اور جس دین کو ان کے لیے پسند کیا ہے اس کو ان کے لیے قوت دے گا اور ان کے اس خوف کے بعد اس کو امن سے بدل دے گا بشرطیکہ میری بندگی کرتے رہیں اور میرے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں۔

اس آیت میں تمام اُمّت سے وعدہ ہے ایمان و عمل صالح پر حکومت دینے کا، جس کا ظہور عہدِ نبوی ؐ سے شروع ہو کر خلافت راشدہ تک متصلاً ممتد رہا۔ چنانچہ جزیرۂ عرب آپ ؐ کے زمانے میں اور دیگر ممالک زمانۂ خلفاء راشدین میں فتح ہو گئے اور بعد میں بھی وقتاً فوقتاً گو اتصال نہ ہو دوسرے صلحاء ملوک و خلفاء کے حق میں اس وعدہ کا ظہور ہوتا رہا اور آئندہ بھی ہوتا رہے گا۔ جیسا کہ دوسری آیت ہے۔

اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ٥ ونحوہٗ (بیان القرآن)

پس معلوم ہوا کہ اس دنیا میں چین و راحت اور اطمینان و سکون اور عزت و آبرو کی زندگی بسر کرنے کی اس کے علاوہ کوئی صورت نہیں کہ ہم اس طریق پر مضبوطی کے ساتھ کاربند ہوں اور اپنی اجتماعی اور انفرادی ہر قسم کی قوت اس مقصد کی تکمیل کے لیے وقف کریں۔ وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا تم سب دین کو مضبوط پکڑو اور ٹکڑے ٹکڑے مت بنو۔

یہ ایک مختصر "نظامِ عمل" ہے جو در حقیقت اسلامی زندگی اور اسلاف کی زندگی کا نمونہ ہے ملک میوات میں ایک عرصہ سے اس طرز پر کام کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے اور اس

ناتمام کوشش کا نتیجہ یہ ہے کہ وہ قوم روز بروز ترقی کر تی جا رہی ہے۔ اس کام کے وہ برکات و ثمرات اس قوم میں مشاہدہ کیے گئے جو دیکھنے سے تعلق رکھتے ہیں اگر تمام مسلمان اجتماعی طور پر اس طریقِ زندگی کو اختیار کر لیں تو حق تعالیٰ کی ذات سے اُمید ہے کہ ان کی تمام مصائب اور مشکلات دور ہو جائیں گی اور وہ عزت وآبرو اور اطمینان اور سکون کی زندگی پالیں گے اور اپنے کھوئے ہوئے دبدبے اور وقار کو پھر حاصل کر لیں گے۔ وَلِلّٰہِ الْعِزَّۃُ وَلِرَسُوْلِہٖ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ۔

ہر چند میں نے اپنے مقصد کو سلجھانے کی کوشش کی لیکن یہ چند تجاویز کا مجموعہ نہیں بلکہ ایک عملی نظام کا خاکہ ہے جس کو اللہ کا ایک برگزیدہ بندہ (سیدی ومولائی مخدومی و مخدوم العالم حضرت مولانا محمد الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ) لے کر کھڑا ہوا اور اپنی زندگی کو اس مقدس کام کے لیے وقف کیا۔ اس لیے آپ کے لیے ضروری ہے کہ آپ ان بے ربط سطور کے پڑھنے اور سمجھنے پر ہرگز اکتفا نہ کریں بلکہ اس کام کو سیکھیں اور اس نظام کا عملی نمونہ دیکھ کر اس سے سبق حاصل کریں اور اپنی زندگی کو اس سانچے میں ڈھالنے کی کوشش کریں اسی جانب متوجہ کرنا میرا مقصود ہے اور بس۔

میری قسمت سے الٰہی پائیں یہ رنگِ قبول
پھول کچھ میں نے چنے ہیں ان کے دامن کے لیے

وَاٰخِرُ دَعْوٰنَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

اے ایمان والو!

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر درود اور خوب سلام بھیجو

فضائل درود شریف

مؤلفہ

راس المحدثین حضرت الحاج الحافظ مولانا محمد زکریا صاحب مدظلہ

شیخ الحدیث مظاہرِ علوم سہارنپور

جس میں

درود شریف کے فضائل اور نہ پڑھنے پر وعیدیں اور خاص خاص درودوں کے فضائل اور آداب و مسائل اور روضۂ اقدس پر صلوٰۃ وسلام پڑھنے کا طریقہ اور درود شریف کے متعلق پچاس قصے ذکر کیے گئے ہیں

اسلامک بک سروس

199

ہماری دینی مطبوعات

نام کتاب	مصنف	قیمت
شانِ رحمت عالم ؐ	عبدالرزاق	
حقیقتِ توحید و سنت	مولانا گوہر رحمٰن	
انبیائے کرام ؑ	مقبول انور داؤدی	
کرامات صحابہ ؓ	مولانا اشرف علی تھانوی ؒ	
حج اور عمرہ	شریف احمد خاں	
عظیم کائنات کا عظیم خدا	ڈاکٹر غلام جیلانی برق	
عظیم نبی کی عظیم دعائیں	سید حامد لطیف	
خواتین رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر میں	امّ فاروق	
آداب زندگی	مولانا اشرف علی تھانوی ؒ	
قبر کی پہلی رات	صوفی محمد اسماعیل	
دعوت اسلامی اور مسلمانوں کے فرائض	میاں طفیل محمد	
تعلیم و تربیت	عبدالرحمٰن شاکر	
قیامت کی پیشنگوئیاں	مولانا محمد عاشق بلند شہری	
تصوّف کیا ہے؟	مولانا سید ابوالحسن ندوی	
مسلمان بچوں اور بچیوں کے اسلامی نام	حسن دین	
حضرت محمد رسول اللہ ؐ کے حالات زندگی	سید امین الحسن رضوی	

نام کتاب	مصنف	قیمت
حضرت ابوبکر صدیق ؓ کے حالات زندگی	مولانا صادق حسین صدیقی	
حضرت عمر ؓ کے حالات زندگی	〃 〃	〃
حضرت عثمان غنی ؓ کے حالات زندگی	〃 〃	〃
حضرت علی ؓ کے حالات زندگی	〃 〃	〃
میدان حشر	مولانا عاشق الٰہی بلند شہری	
امّت مسلمہ کی مائیں	〃 〃	〃
پچاس قصے	〃 〃	〃
حقوق الوالدین	〃 〃	〃
رات کو پڑھنے کے وظائف	مسند احمد	
مسنون و مقبول دعائیں	مولانا اشرف علی تھانوی ؒ	
چھ باتیں (اردو)	〃 〃	〃
قاعدہ یسرنا القرآن ٢٣×٣٦/١٦		
نورانی قاعدہ رنگین کور سائز		
نورانی قاعدہ سادہ کور سائز		
سولہ سورہ کلاں سائز		
منزل	آیات منتخبہ از حضرت شیخ	

اسلامک بک سروس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرست مضامین

فصل اول

دوسری فصل

تیسری فصل

چوتھی فصل

پانچویں فصل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ حَامِدًا وَّمُصَلِّيًا وَّمُسَلِّمًا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ بِنِعْمَتِهٖ تَتِمُّ الصّٰلِحٰتُ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمَوْجُوْدَاتِ الَّذِيْ قَالَ اَنَا سَيِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ وَلَا فَخْرَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَتْبَاعِهٖ اِلٰى يَوْمِ الْحَشْرِ۔

اَمَّا بَعْدُ اللہ جل جلالہٗ عم نوالہٗ کے لطف و انعام اور محض اس کے فضل و احسان اور اس کے نیک بندوں کی شفقت اور توجہات سے اس ناکارہ و نابکار سیاہ کار کے قلم سے فضائل کے سلسلہ میں متعدد رسائل لکھے گئے جو نظام الدین کے تبلیغی سلسلہ کے نصاب میں بھی داخل ہیں۔ اور احباب کے سینکڑوں خطوط سے ان کا بہت زیادہ نافع ہونا معلوم ہوتا رہا۔ اس ناکارہ کا اس میں کوئی دخل نہیں اولاً محض اللہ جل شانہ کا انعام ثانیاً اس پاک رسول کے کلام کی برکت جس کے تراجم ان رسائل میں پیش کیے گئے ثالثاً ان اللہ والوں کی برکتیں جن کے ارشادات سے یہ رسائل لکھے گئے ہیں یہ اللہ کا محض لطف و کرم ہے کہ ان ساری برکات میں اس ناپاک کی گندگی حائل نہ ہوئی۔ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كُلُّهٗ وَلَكَ الشُّكْرُ كُلُّهٗ اَللّٰهُمَّ لَا اُحْصِيْ ثَنَاءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ۔

اس سلسلہ کا سب سے پہلا رسالہ ۱۳۴۸ھ میں فضائل قرآن کے نام سے حضرت اقدس شاہ محمد یٰسین؎ صاحب نگینوی خلیفہ قطب عالم شیخ المشائخ حضرت گنگوہی قدس سرہٗ کی تعمیل حکم میں لکھا گیا تھا۔ جیسا کہ اس رسالہ کے شروع میں تفصیل سے لکھا گیا ہے۔ حضرت شاہ صاحب نور اللہ مرقدہٗ کا وصال ۳۰ شوال ۱۳۶۰ھ شب پنجشنبہ میں ہوا تھا۔ نور اللہ مرقدہٗ واعلی اللہ مراتبہٗ۔

حضرت نے اپنے وصال کے وقت اپنے اجل خلیفہ مولانا الحاج عبدالعزیز دعاجو کے ذریعہ یہ پیام اور وصیت بھیجی کہ جس طرح فضائل قرآن لکھا گیا ہے میری خواہش ہے کہ اسی طرح فضائل درود

؎ حضرت شاہ صاحب کی ولادت ربیع الاوّل ۱۲۸۵ھ میں ہوئی۔ اس لحاظ سے ۷۵ سال کی عمر میں وصال ہوا۔ نہایت بزرگ نہایت متواضع، نہایت کم گو، صاحب کشف اور صاحب تصرفات بزرگ تھے۔ اس ناکارہ پر بہت ہی شفقت فرماتے تھے۔ حضرت ممدوح مدرسہ کے سالانہ جلسوں میں نہایت اہتمام سے تشریف لایا کرتے اور جلسہ سے فراغ پر کئی دن اس ناکارہ کے پاس قیام فرماتے بڑے اہتمام سے اس ناکارہ کے حدیث کے سبق میں بھی تشریف فرما ہوتے۔ اس نابکار کی عادت اسباق میں ڈبیہ بٹوہ ساتھ لیجانے کی بھی تھی۔ ایک مرتبہ حضرت مرحوم نے یوں فرمایا کہ میں پان کھانے کو تو منع نہیں کرتا لیکن حدیث پاک کے سبق میں نہ کھایا کریں۔ اس وقت سے آج تک تقریباً ۳۵ سال ہوچکے ہیں بعض مرتبہ ۵، ۶ گھنٹہ مسلسل بھی سبق ہوا لیکن سبق میں کبھی پان کا خیال بھی نہیں آیا۔ یہ حضرت ہی کا تصرف تھا۔ اس کے علاوہ اور بہت سے واقعات حضرت کی کرامتوں کے سننے میں آئے ہیں۔ رفع اللہ درجاتہٗ ۱۲۔

بھی لکھدے۔ حضرت شاہ صاحب نور اللہ مرقدہٗ کے وصال کے بعد مولانا عبد العزیز صاحب بار بار اس وصیت کی یاد دہانی اور تعمیل پر اصرار کرتے رہے اور یہ ناکارہ بھی اپنی نا اہلیت کے باوجود دل سے خواہش کرتا رہا کہ یہ سعادت میسّر ہو جائے۔ شاہ صاحب نور اللہ مرقدہٗ کے علاوہ اور بھی بہت سے حضرات کا اصرار ہوتا رہا مگر اس ناکارہ پر سید الکونین فخر الرسل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جلالتِ شان کا کچھ ایسا رعب طاری رہا کہ جب بھی اس کا ارادہ کیا یہ خوف طاری ہوا کہ مبادا کوئی چیز شانِ عالی کے خلاف نہ لکھی جائے۔ اسی لیت ولعل میں گذشتہ سال عزیزی مولانا محمد یوسف صاحبؒ کے اصرار پر تیسری مرتبہ حجاز کی حاضری میسّر ہوئی اور اللہ کے فضل سے چوتھے حج کی سعادت حاصل ہوئی، حج سے فراغ پر جب مدینہ پاک حاضری ہوئی تو وہاں پہنچ کر بار بار دل میں یہ سوال پیدا ہوتا تھا کہ فضائل درود نہ لکھنے کا کیا جواب ہے۔ ہر چند کہ میں اپنے اعذار سوچتا تھا لیکن بار بار اس قلبی سوال پر یہ ناکارہ پختہ ارادہ کر کے آیا تھا کہ سفر سے واپسی پر انشاء اللہ اس مبارک رسالہ کی تکمیل کی کوشش کروں گا مگر "خوئے بدرا بہانۂ بسیار" یہاں واپسی پر بھی امروز و فردا ہوتا رہا۔ اس ماہ مبارک میں اس داعیہ نے پھر عود کیا تو آج ۲۵ رمضان المبارک آخری جمعہ کو جمعہ کی نماز کے بعد اللہ کے نام سے ابتداء تو کر ہی دی، اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے تکمیل کی توفیق عطا فرمائے اور اس رسالہ میں اور اس سے پہلے جتنے رسائل لکھے گئے ہیں یا عربی کی کتابیں لکھی گئی ہیں ان میں جو لغزشیں ہوئی ہوں محض اپنے لطف و کرم سے ان کو معاف فرمائیں۔

اس رسالہ کو چند فصول اور ایک خاتمہ پر لکھنے کا خیال ہے پہلی فصلؒ میں فضائل درود شریف دوسری فصل میں خاص خاص درود شریف کے خاص فضائل تیسری فصل میں درود شریف نہ پڑھنے کی وعیدیں، چوتھی فصل فوائد متفرقہ میں۔ پانچویں فصل حکایات میں۔ حق تعالیٰ شانہٗ لوگوں کو زیادہ سے زیادہ درود شریف پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اس رسالہ کے دیکھنے سے ہر شخص خود ہی محسوس کرلے گا کہ درود شریف کتنی بڑی دولت ہے اور اس میں کوتاہی کرنے والے کتنی بڑی سعادت سے محروم ہیں۔

فصلِ اوّل درود شریف کے فضائل میں

اس میں سب سے اہم اور سب سے مقدم تو خود حق تعالیٰ شانہٗ، جل جلالہٗ عم نوالہٗ کا پاک ارشاد اور حکم ہے۔ چنانچہ قرآن پاک میں ارشاد ہے۔

(۱) اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ بیشک اللہ تعالیٰ اور اسکے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں

عَلَى النَّبِيِّ يَآ أَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝

ان پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم پر، اے ایمان والو! تم بھی آپ پر رحمت بھیجا کرو اور خوب سلام بھیجا کرو۔

(پ ۲۲ ع ۳) (بیان القرآن)

ف ۔ حق تعالیٰ شانہ نے قرآن پاک میں بہت سے احکامات ارشاد فرمائے۔ نماز، روزہ، حج، وغیرہ اور بہت سے انبیاء کرام کی توصیفیں اور تعریفیں بھی فرمائیں ان کے بہت سے اعزاز و اکرام بھی فرمائے۔ حضرت آدم علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام کو پیدا فرمایا تو فرشتوں کو حکم فرمایا کہ ان کو سجدہ کیا جائے۔ لیکن کسی حکم یا کسی اعزاز و اکرام میں یہ نہیں فرمایا کہ میں بھی یہ کام کرتا ہوں تم بھی کرو۔ یہ اعزاز صرف سید الکونین فخرِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہی کے لئے ہے کہ اللہ جل شانہ نے صلوٰۃ کی نسبت اوّلاً اپنی طرف اس کے بعد اپنے پاک فرشتوں کی طرف کرنے کے بعد مسلمانوں کو حکم فرمایا کہ اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں اے مومنوں تم بھی درود بھیجو۔ اس سے بڑھ کر اور کیا فضیلت ہوگی کہ اس عمل میں اللہ اور اس کے فرشتوں کے ساتھ مؤمنین کی شرکت ہے۔ پھر عربی داں حضرات جانتے ہیں کہ آیت شریفہ کو لفظ "اِنَّ" کے ساتھ شروع فرمایا جو نہایت تاکید پر دلالت کرتا ہے اور صیغہ مضارع کے ساتھ ذکر فرمایا۔ جو استمرار اور دوام پر دلالت کرتا ہے یہ قطعی خبر ہے اللہ اور اس کے فرشتے ہمیشہ درود بھیجتے رہتے ہیں نبی پر علامہ سخاویؒ لکھتے ہیں کہ آیت شریفہ مضارع کے صیغہ کے ساتھ جو دلالت کرنے والا ہے استمرار اور دوام پر، دلالت کرتی ہے اس بات پر کہ اللہ اور اس کے فرشتے ہمیشہ درود بھیجتے رہتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر، اھ۔ صاحب روح البیانؒ لکھتے ہیں بعض علماء نے لکھا ہے کہ اللہ کے درود بھیجنے کا مطلب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو مقامِ محمود تک پہونچانا ہے اور وہ مقام شفاعت ہے۔ اور ملائکہ کے درود کا مطلب ان کی دعا کرنا ہے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زیادتی مرتبہ کے لئے اور حضورؐ کی امت کے لئے استغفار اور مومنین کے درود کا مطلب حضورؐ کا اتباع اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ محبت اور حضورؐ کے اوصافِ جمیلہ کا تذکرہ اور تعریف، یہ بھی لکھا ہے کہ یہ اعزاز و اکرام جو اللہ جل شانہ نے حضورؐ کو عطا فرمایا ہے اس اعزاز سے بہت بڑھا ہوا ہے جو حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو فرشتوں سے سجدہ کرا کر عطا فرمایا تھا۔ اس لئے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے اس اعزاز و اکرام میں اللہ جل شانہ خود بھی شریک ہیں بخلاف حضرت آدمؑ کے اعزاز کے کہ وہاں صرف فرشتوں کو حکم فرمایا ؎

عقلِ دور اندیش می داند کہ تشریفے چنیں ❊ ہیچ دیں پرور نہ دید و ہیچ پیغمبر نیافت

یُصَلِّیْ عَلَیْهِ اللّٰهُ جَلَّ جَلَالُهٗ ❊ بِهٰذَا بَدَا لِلْعَالَمِیْنَ کَمَالُهٗ (انتہیٰ)

علماء نے لکھا ہے کہ آیت شریفہ میں حضورؐ کو نبی کے لفظ کے ساتھ تعبیر کیا محمدؐ کے لفظ سے تعبیر نہیں کیا۔ جیسا کہ اور انبیا کو ان کے اسماء کے ساتھ ذکر فرمایا ہے۔ یہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی غایت عظمت اور غایت شرافت کی وجہ سے ہے۔ اور ایک جگہ جب حضورؐ کا ذکر حضرت ابراہیم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ آیا تو ان کو تو نام کے ساتھ ذکر کیا اور آپؐ کو نبی کے لفظ سے جیسا کہ اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِاِبْرَاهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ وَهٰذَا النَّبِيُّ میں ہے اور جہاں کہیں نام لیا گیا ہے وہ خصوصی مصلحت کی وجہ سے لیا گیا ہے۔ علامہ سخاویؒ نے اس مضمون کو تفصیل سے لکھا ہے۔

یہاں ایک بات قابلِ غور یہ ہے کہ صلوٰۃ کا لفظ جو آیت شریفہ میں وارد ہوا ہے اور اس کی نسبت اللہ جل شانہٗ کی طرف اور اس کے فرشتوں کی طرف اور مؤمنین کی طرف کی گئی ہے وہ ایک مشترک لفظ ہے جو کئی معنی میں مستعمل ہوتا ہے اور کئی مقاصد اس سے حاصل ہوتے ہیں جیسا کہ صاحبِ روح البیان کے کلام میں بھی گذر چکا۔ علماء نے اس جگہ صلوٰۃ کے بہت سے معنی لکھے ہیں ہر جگہ جو معنی اللہ تعالیٰ شانہٗ اور فرشتوں اور مومنین کے حال کے مناسب ہوں گے وہ مراد ہوں گے، بعض علماء نے لکھا ہے کہ صلوٰۃ علی النبی کا مطلب نبی کی ثناء و تعظیم رحمت و عطوفت کے ساتھ ہے۔ پھر جس کی طرف یہ صلوٰۃ منسوب ہوگی اسی کے شان و مرتبہ کے لائق ثناء و تعظیم مراد لی جائے گی جیسا کہ کہتے ہیں کہ باپ بیٹے پر، بیٹا باپ پر، بھائی بھائی پر مہربان ہے تو ظاہر ہے کہ جس طرح کی مہربانی باپ کی بیٹے پر ہے اس نوع کی بیٹے کی باپ پر نہیں اور بھائی کی بھائی پر دونوں سے جُدا ہے۔ اسی طرح یہاں بھی اللہ جل شانہٗ بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ بھیجتا ہے، یعنی رحمت و شفقت کے ساتھ آپ کی ثناء و اعزاز و اکرام کرتا ہے اور فرشتے بھی بھیجتے ہیں۔ مگر ہر ایک کی صلوٰۃ اور رحمت و تکریم اپنی شان و مرتبے کے موافق ہوگی۔ آگے مؤمنین کو حکم ہے کہ تم بھی صلوٰۃ و رحمت بھیجو۔ امام بخاریؒ نے ابو العالیہ سے نقل کیا ہے کہ اللہ کے درود کا مطلب اس کا آپ کی تعریف کرنا ہے فرشتوں کے سامنے اور فرشتوں کا درود ان کا دعاء کرنا ہے۔ حضرت ابن عباسؓ سے يُصَلُّوْنَ کی تفسیر يُبَرِّكُوْنَ نقل کی گئی ہے، یعنی برکت کی دعاء کرتے ہیں۔ حافظ ابن حجرؒ کہتے ہیں یہ قول ابو العالیہ کے موافق ہے۔ البتہ اس سے خاص ہے۔ حافظؒ نے دوسری جگہ صلوٰۃ کے کئی معنی لکھکر لکھا ہے کہ ابو العالیہ کا قول میرے نزدیک زیادہ اولیٰ ہے کہ اللہ کی صلوٰۃ سے مراد اللہ کی تعریف ہے حضورؐ پر اور ملائکہ وغیرہ کی صلوٰۃ اس کی اللہ سے طلب ہے اور طلب سے مراد زیادتی کی طلب ہے نہ کہ اصل کی طلب اھ۔ حدیث میں ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! سلام کا طریقہ تو ہمیں معلوم ہو چکا یعنی

التحیات میں جو پڑھا جاتا ہے اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ صلوٰۃ کا طریقہ بھی ارشاد فرما دیجئے۔ آپؐ نے یہ درود شریف ارشاد فرمایا۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ الخ فصلِ ثانی کی حدیث ۱ پر یہ درود مفصل آرہا ہے، یعنی اللہ جل شانہٗ نے مومنین کو حکم دیا تھا کہ تم بھی نبی پر صلوٰۃ بھیجو۔ نبیؐ نے اس کا طریقہ بتادیا کہ تمہارا بھیجنا یہی ہے کہ تم اللہ ہی سے درخواست کرو کہ وہ اپنی بیش از بیش رحمتیں ابدالآباد تک نبی پر نازل فرماتا رہے، کیونکہ اس کی رحمتوں کی کوئی حد ونہایت نہیں۔ یہ بھی اللہ کی رحمت ہے کہ اس درخواست پر مزید رحمتیں نازل فرمائے وہ ہم عاجز و ناچیز بندوں کی طرف منسوب کردی جائیں، گویا ہم نے بھیجی ہیں حالانکہ ہر حال میں رحمت بھیجنے والا وہی اکیلا ہے کسی بندے کی کیا طاقت تھی کہ سید الانبیاء کی بارگاہ میں ان کے رتبے کے لائق تحفہ پیش کرسکتا۔ حضرت شاہ عبدالقادر صاحب نور اللہ مرقدہٗ لکھتے ہیں "اللہ سے رحمت مانگنی اپنے پیغمبر پر اور ان کے ساتھ ان کے گھرانہ پر بڑی قبولیت رکھتی ہے۔ ان پر ان کے لائق رحمت اترتی ہے اور ایک دفعہ مانگنے سے دس رحمتیں اترتی ہیں مانگنے والے پر اب جس کا جتنا بھی جی چاہے اتنا حاصل کرلے۔ اھ مختصراً۔ یہ حدیث جس کی طرف شاہ صاحبؒ نے اشارہ فرمایا عنقریب ۱ پر آرہی ہے، اس مضمون سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ بعض جاہلوں کا یہ اعتراض کہ آیتِ شریفہ میں مسلمانوں کو حضورؐ پر صلوٰۃ بھیجنے کا حکم ہے اور اس پر مسلمانوں کا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ اے اللہ تو درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر مضحکہ خیز ہے، یعنی جس چیز کا حکم دیا تھا اللہ نے بندوں کو، وہی چیز اللہ تعالیٰ شانہٗ کی طرف لوٹا دی بندوں نے چوں کہ اول تو خود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت شریفہ کے نازل ہونے پر جب صحابہؓ نے اس کی تعمیل کی صورت دریافت کی تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی تعلیم فرمایا جیسا کہ اوپر گذرا۔ نیز جیسا کہ فصل ثانی کی حدیث ۱ پر مفصل آرہا ہے۔ دوسرا اس وجہ سے کہ ہمارا یہ درخواست کرنا اللہ جل شانہٗ سے کہ تو اپنی رحمتِ خاص نازل کر یہ اس سے بہت ہی زیادہ اونچا ہے کہ ہم اپنی طرف سے کوئی ہدیہ حضورؐ کی خدمت میں بھیجیں۔ علامہ سخاویؒ قولِ بدیع میں تحریر فرماتے ہیں، فائدہ محمد امیر مصطفےٰ ترکمانی حنفی کی کتاب میں لکھا ہے کہ اگر یہ کہا جائے کہ اس میں کیا حکمت ہے کہ اللہ نے ہمیں درود کا حکم فرمایا ہے اور ہم یوں کہہ کر کہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ خود اللہ جل شانہٗ سے اُلٹا سوال کریں کہ وہ درود بھیجے یعنی نماز میں ہم اُصَلِّیْ عَلٰى مُحَمَّدٍ کی جگہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ پڑھیں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی پاک ذات میں کوئی عیب نہیں اور ہم سراپا عیوب و نقائص ہیں پس جس شخص میں بہت عیب ہوں وہ ایسے شخص کی کیا ثنا کرے جو پاک ہے اس لئے ہم اللہ ہی سے درخواست کرتے ہیں کہ

وہی حضورؐ پر صلوٰۃ بھیجے تاکہ رب طاہر کی طرف سے نبی طاہر پر صلوٰۃ ہو۔ ایسے ہی علامہ نیشاپوریؒ سے بھی نقل کیا ہے کہ ان کی کتاب لطائف درحکم میں لکھا ہے کہ آدمی کو نماز میں صَلَّيْتُ عَلٰى مُحَمَّدٍ نہ پڑھنا چاہیئے۔ اس واسطے کہ بندہ کا مرتبہ اس سے قاصر ہے اس لئے اپنے رب ہی سے سوال کرے کہ وہ حضورؐ پر صلوٰۃ بھیجے تو اس صورت میں رحمت بھیجنے والا تو حقیقت میں اللہ جل شانہٗ ہی ہے اور ہماری طرف اس کی نسبت مجازاً بحیثیت دعاء کے ہے۔ ابن ابی حجلہؒ نے بھی اسی قسم کی بات فرمائی ہے وہ کہتے ہیں کہ جب اللہ جل شانہٗ نے ہمیں درود کا حکم فرمایا اور ہمارا درود حق واجب تک نہیں پہنچ سکتا تھا اس لئے ہم نے اللہ جل شانہٗ ہی سے درخواست کی کہ وہی زیادہ واقف ہے اس بات سے کہ حضورؐ کے درجہ کے موافق کیا چیز ہے یہ ایسا ہی ہے جیسا دوسری جگہ لَآ اُحْصِىْ ثَنَآءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَآ اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ حضورؐ کا ارشاد ہے کہ یا اللہ میں آپ کی تعریف کرنے سے قاصر ہوں، آپ ایسے ہی ہیں جیسا کہ آپ نے اپنی خود ثنا فرمائی ہے۔ علامہ سخاویؒ فرماتے ہیں کہ جب یہ بات معلوم ہو گئی تو جس طرح حضورؐ نے تلقین فرمایا ہے اسی طرح تیرا درود ہونا چاہیئے کہ اسی سے تیرا مرتبہ بلند ہو گا۔ اور نہایت کثرت سے درود شریف پڑھنا چاہیئے اور اس کا بہت اہتمام اور اس پر مداومت چاہیئے۔ اس لئے کہ کثرتِ درود محبت کی علامات میں سے ہے فَمَنْ اَحَبَّ شَيْئًا اَكْثَرَ مِنْ ذِكْرِهٖ "جس کو کسی سے محبت ہوتی ہے اس کا ذکر بہت کثرت سے کیا کرتا ہے"۔ اھ مختصراً۔

علامہ سخاویؒ نے امام زین العابدینؒ سے نقل کیا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود بھیجنا اہلِ سنت ہونے کی علامت ہے۔ (یعنی سنی ہونے کی)

علامہ زرقانیؒ شرح مواہب میں نقل کرتے ہیں کہ مقصود درود شریف سے اللہ تعالیٰ شانہٗ کی بارگاہ میں اس کے امتثالِ حکم سے تقرب حاصل کرنا ہے اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے حقوق جو ہم پر ہیں اس میں سے کچھ کی ادائیگی ہے۔ حافظ عزالدین بن عبدالسلامؒ کہتے ہیں کہ ہمارا درود حضورؐ کے لئے سفارش نہیں ہے اس لئے کہ ہم جیسا حضورؐ کے لئے سفارش کیا کر سکتا ہے لیکن بات یہ ہے کہ اللہ جل شانہٗ نے ہمیں محسن کے احسان کے بدلہ دینے کا حکم دیا ہے اور حضورؐ سے بڑھ کر کوئی محسن اعظم نہیں۔ ہم چوں کہ حضورؐ کے احسانات کے بدلہ سے عاجز تھے اللہ جل شانہٗ نے ہمارا عجز دیکھ کر ہم کو اس کی مکافات کا طریقہ بتایا کہ درود پڑھا جائے اور چوں کہ ہم اس سے بھی عاجز تھے اس لئے ہم نے اللہ جل شانہٗ سے درخواست کی کہ تو اپنی شان کے موافق مکافات فرما۔ اھ مختصراً۔

چوں کہ قرآن پاک کی آیتِ بالا میں درود شریف کا حکم ہے اس لئے علماء نے درود شریف پڑھنے کو واجب لکھا ہے جس کی تفصیل چوتھی فصل میں فائدہ ۱ پر آئے گی۔

یہاں ایک اشکال پیش آتا ہے جس کو علامہ رازیؒ نے تفسیر کبیر میں لکھا ہے کہ جب اللہ جل شانہٗ اور اس کے ملائکہ حضورؐ پر درود بھیجتے ہیں تو پھر ہمارے درود کی کیا ضرورت رہی اس کا جواب یہ ہے کہ ہمارا حضورؐ پر درود حضورؐ کی احتیاج کی وجہ سے نہیں، اگر ایسا ہوتا تو اللہ تعالیٰ کے درود کے بعد فرشتوں کے درود کی بھی ضرورت نہ رہتی بلکہ ہمارا درود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی اظہار عظمت کے واسطے ہے جیسا کہ اللہ جل شانہٗ نے اپنے پاک ذکر کا بندوں کو حکم کیا۔ حالاں کہ اللہ جل شانہٗ کو اس کے پاک ذکر کی بالکل ضرورت نہیں۔ اھ مختصراً۔

حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ مجھ سے بعض لوگوں نے یہ اشکال کیا کہ آیت شریفہ میں صلوٰۃ کی نسبت تو اللہ تعالیٰ کی طرف کی گئی ہے سلام کی نہیں کی گئی۔ میں نے اس کی وجہ بتائی کہ شاید اس وجہ سے کہ سلام دو معنی میں مستعمل ہوتا ہے ایک دعا میں دوسرے انقیاد و اتباع میں۔ مومنین کے حق میں دونوں معنی صحیح ہو سکتے تھے اس لئے ان کو اس کا حکم کیا گیا۔ اور اللہ اور فرشتوں کے لحاظ سے تابعداری کے معنی صحیح نہیں ہو سکتے تھے اس لئے اس کی نسبت نہیں کی گئی، اس آیتِ شریفہ کے متعلق علامہ سخاویؒ نے ایک بہت ہی عبرتناک قصہ لکھا ہے۔ وہ احمد یمانیؒ سے نقل کرتے ہیں کہ میں صنعاء میں تھا میں نے دیکھا کہ ایک شخص کے گرد بڑا مجمع ہو رہا ہے میں نے پوچھا یہ کیا بات ہے لوگوں نے بتایا یہ شخص بڑی اچھی آواز سے قرآن پڑھنے والا تھا۔ قرآن پڑھتے ہوئے جب اس آیت پر پہونچا تو یُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ کے بجائے یُصَلُّوْنَ عَلٰى عَلِيِّ النَّبِيِّ پڑھ دیا۔ جس کا ترجمہ یہ ہوا کہ اللہ اور اس کے فرشتے حضرت علیؓ پر درود بھیجتے ہیں جو نبی ہیں (غالباً پڑھنے والا رافضی ہوگا) اس کے پڑھتے ہی گونگا ہو گیا برص اور جذام یعنی کوڑھ کی بیماری میں مبتلا ہو گیا اور اندھا اور اپاہج ہو گیا اھ۔ بڑی عبرت کا مقام ہے اللہ ہی محفوظ رکھے اپنی پاک بارگاہ میں اور اپنے پاک کلام میں اور پاک رسولوں کی شان میں بے ادبی سے ہم لوگ اپنی جہالت اور لاپروائی سے اس کی بالکل پرواہ نہیں کرتے کہ ہماری زبان سے کیا نکل رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہی اپنی پکڑ سے محفوظ رکھے۔

(۲) قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلَامٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى (پ ۲۰ ع ۱)

آپ کہئے کہ تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے سزاوار ہیں اور اس کے ان بندوں پر سلام ہو جس کو اس نے منتخب فرمایا ہے۔ (بیان القرآن)

ف ۔ علماء نے لکھا ہے کہ یہ آیت شریفہ اگلے مضمون کے لئے بطور خطبہ کے ارشاد ہے۔ اس آیت شریفہ میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ کی تعریف اور اللہ کے منتخب بندوں پر سلام کا حکم کیا گیا ہے۔ حافظ ابن کثیرؒ اپنی تفسیر میں تحریر فرماتے ہیں کہ اللہ نے اپنے رسولؐ کو حکم فرمایا ہے کہ سلام بھیجیں اللہ کے مختار بندوں پر اور وہ اس کے رسول اور انبیاء کرام ہیں۔ جیسا کہ عبد الرحمن ابن زید بن اسلمؓ سے نقل کیا گیا ہے کہ عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى سے مراد انبیاءؑ ہیں جیسا کہ دوسری جگہ اللہ کے پاک ارشاد سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۝ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ میں ارشاد ہے۔ اور امام ثوریؒ و سدیؒ وغیرہ سے یہ نقل کیا گیا ہے کہ اس سے مراد صحابہ کرامؓ ہیں اور ابن عباسؓ سے بھی یہ قول نقل کیا گیا ہے اور ان دونوں میں کوئی منافاۃ نہیں کہ اگر صحابہ کرامؓ اس کے مصداق ہیں تو انبیاء کرامؑ اس میں بطریق اولیٰ داخل ہیں۔ اھ۔

(۳) عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رضـ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلٰوةً وَّاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَاَبُوْدَاؤُد وابن حبان فِیْ صَحِيْحِهٖ وَغَيْرُهُمْ كَذَا فِی التَّرْغِيْبِ

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے جو شخص مجھ پر ایک دفعہ درود پڑھے اللہ جل شانہٗ اس پر دس دفعہ صلوٰۃ بھیجتے ہیں۔

ف : اللہ جل شانہٗ کی طرف سے تو ایک ہی درود اور ایک ہی رحمت ساری دنیا کے لئے کافی ہے چہ جائیکہ ایک دفعہ درود پڑھنے پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے دس رحمتیں نازل ہوں اس سے بڑھ کر اور کیا فضیلت درود شریف کی ہوگی کہ اس کے ایک دفعہ درود پڑھنے پر اللہ جل شانہٗ کی طرف سے دس دفعہ رحمتیں نازل ہوں۔ پھر کتنے خوش قسمت ہیں وہ اکابر جن کے معمولات میں روزانہ سوا لاکھ درود شریف کا معمول ہو۔ جیسا کہ میں نے اپنے بعض خاندانی اکابر کے متعلق سنا ہے۔

علامہ سخاویؒ نے عامر بن ربیعہؓ سے حضورؐ کا ارشاد نقل کیا ہے کہ جو شخص مجھ پر ایک دفعہ درود بھیجتا ہے اللہ جل شانہٗ اس پر دس دفعہ درود بھیجتا ہے تمہیں اختیار ہے جتنا چاہے کم بھیجو، جتنا چاہے زیادہ اور یہی مضمون عبد اللہ بن عمرؓ سے بھی نقل کیا گیا اور اس میں یہ اضافہ ہے کہ اللہ اور اس کے فرشتے دس دفعہ درود بھیجتے ہیں۔ اور بھی متعدد صحابہؓ سے علامہ سخاویؒ نے یہ مضمون نقل کیا ہے اور ایک جگہ لکھتے ہیں کہ جیسا اللہ جل شانہٗ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پاک نام کو اپنے پاک نام کے ساتھ کلمۂ شہادت میں شریک کیا اور آپؐ کی اطاعت کو اپنی اطاعت آپؐ کی محبت کو اپنی محبت قرار دیا ایسے ہی آپؐ پر درود کو اپنے درود کے ساتھ شریک فرمایا،

پس جیسا کہ اپنے ذکر کے متعلق فرمایا اُذْكُرُوْنِىْ اَذْكُرْكُمْ ایسے ہی درود کے بارے میں ارشاد فرمایا جو آپ پر ایک دفعہ درود بھیجتا ہے اس پر دس دفعہ درود بھیجتا ہے۔
ترغیب کی ایک روایت میں حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے نقل کیا گیا ہے کہ جو شخص حضور پر ایک دفعہ درود بھیجے اللہ تعالیٰ شانہٗ اور اس کے فرشتے اس پر ستر دفعہ درود (رحمت) بھیجتے ہیں یہاں ایک بات سمجھ لینا چاہیے کہ کسی عمل کے متعلق اگر ثواب کے متعلق کمی زیادتی ہو جیسا یہاں ایک حدیث میں دس اور ایک میں ستر آیا ہے تو اس کے متعلق بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ چونکہ اللہ جل شانہٗ کے احسانات امت محمدیہ پر روز افزوں ہوتے ہیں۔ اس لیے جن روایتوں میں ثواب کی زیادتی ہے وہ بعد کی ہیں گویا اولاً حق تعالیٰ شانہٗ نے دس کا وعدہ فرمایا بعد میں ستر کا اور بعض علماء نے اس کو اشخاص اور احوال اور اوقات کے اعتبار سے کم و بیش بتایا ہے۔ فضائل نماز میں جماعت کی نماز میں پچیس ۲۵ گنے اور ستائیس گنے کے اختلاف کے بارے میں یہ مضمون گذر چکا ہے۔ مُلّا علی قاریؒ نے ستر والی روایت کے متعلق لکھا کہ شاید یہ جمعہ کے دن کے ساتھ مخصوص ہے اس لیے کہ دوسری حدیث میں آیا ہے کہ نیکیوں کا ثواب جمعہ کے دن ستر گنا ہوتا ہے۔

(۴) وَعَنْ اَنَسٍؓ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلْيُصَلِّ عَلَيَّ وَمَنْ صَلَّى عَلَيَّ مَرَّةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا وَفِيْ رِوَايَةٍ مَنْ صَلَّى عَلَيَّ صَلٰوةً وَّاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرَ صَلَوَاتٍ وَّحَطَّ عَنْهُ عَشْرَ سَيِّئَاتٍ وَّرَفَعَهٗ بِهَا عَشْرَ دَرَجَاتٍ رواه احمد والنسائی واللفظ له وابن حبان فی صحیحہ كذا فی الترغیب۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جس کے سامنے میرا تذکرہ آوے اس کو چاہیے کہ مجھ پر درود بھیجے اور جو مجھ پر ایک دفعہ درود بھیجے گا اللہ جل شانہٗ اس پر دس دفعہ درود بھیجے گا اور اس کی دس خطائیں معاف کرے گا اور اس کے دس درجے بلند کرے گا۔

ف: علامہ منذریؒ نے ترغیب میں حضرت براءؓ کی روایت سے بھی یہی مضمون نقل کیا ہے اور اس میں اتنا اضافہ ہے کہ یہ اس کے لیے دس غلام آزاد کرنے کے بقدر ہوگا اور طبرانی کی روایت سے یہ حدیث نقل کی ہے کہ جو مجھ پر ایک دفعہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس دفعہ درود بھیجتا ہے اور جو مجھ پر دس دفعہ درود بھیجتا ہے اللہ جل شانہٗ اس پر سو مرتبہ درود بھیجتا ہے اور جو مجھ پر سو دفعہ درود بھیجتا ہے اللہ جل شانہٗ اس کی پیشانی پر بَرَاءَةٌ مِّنَ النِّفَاقِ وَبَرَاءَةٌ مِّنَ النَّارِ لکھ دیتے ہیں یعنی یہ شخص نفاق سے بھی بری ہے اور جہنم سے بھی بری ہے، اور قیامت کے دن شہیدوں کے ساتھ اس کا حشر فرمائیں گے۔ علامہ سخاویؒ نے حضرت

ابو ہریرہؓ سے حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے جو مجھ پر دس دفعہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر سو دفعہ درود بھیجیں گے اور جو مجھ پر سو دفعہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر ہزار دفعہ درود بھیجیں گے اور جو عشق و شوق میں اس پر زیادتی کرے گا میں اس کے لیے قیامت کے دن سفارشی ہونگا اور گواہ، حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ سے مختلف الفاظ کے ساتھ یہ مضمون نقل کیا گیا ہے کہ ہم چار پانچ آدمیوں میں سے کوئی نہ کوئی شخص حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہتا تھا تاکہ کوئی ضرورت اگر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو پیش آئے تو اس کی تعمیل کی جائے۔ ایک دفعہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کسی باغ میں تشریف لے گئے میں بھی پیچھے پیچھے حاضر ہو گیا حضور اقدسؐ نے وہاں جاکر نماز پڑھی اور اتنا طویل سجدہ کیا مجھے یہ اندیشہ ہوا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پرواز کر گئی میں اس تصور سے رونے لگا، حضورؐ کے قریب جاکر حضورؐ کو دیکھا حضورؐ نے سجدہ سے فارغ ہو کر دریافت فرمایا عبدالرحمن کیا بات ہے؟ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ نے اتنا طویل سجدہ کیا کہ مجھے اندیشہ ہوا کہ کہیں (خدانخواستہ) آپ کی رُوح تو پرواز نہیں کر گئی۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ جل شانہ، نے میری امت کے بارے میں مجھ پر ایک انعام فرمایا ہے اس کے شکرانہ میں اتنا طویل سجدہ کیا وہ انعام یہ ہے کہ اللہ جل شانہٗ نے یوں فرمایا کہ جو مجھ پر ایک دفعہ درود بھیجے گا اللہ جل شانہٗ اس کے لیے دس نیکیاں لکھیں گے اور دس گناہ معاف فرمائیں گے۔ ایک روایت میں اسی قصہ میں ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا کہ عبدالرحمن کیا بات ہے؟ میں نے اپنا اندیشہ ظاہر کیا، حضورؐ نے فرمایا ابھی جبریلؑ میرے پاس آئے تھے اور مجھ سے یوں کہا کہ کیا تمہیں اس سے خوشی نہیں ہوگی کہ اللہ جل شانہٗ نے یہ ارشاد فرمایا ہے جو تم پر درود بھیجے گا میں اس پر درود بھیجوں گا اور جو تم پر سلام بھیجے گا میں اس پر سلام بھیجوں گا (کذا فی الترغیب) حضرت علامہ سخاویؒ نے حضرت عمرؓ سے بھی اسی قسم کا مضمون نقل کیا ہے

حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم بہت ہی بشاش تشریف لائے چہرۂ انور پر بشاشت کے اثرات تھے، لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ کے چہرۂ انور پر آج بہت ہی بشاشت ظاہر ہو رہی ہے، حضورؐ نے فرمایا صحیح ہے۔ میرے پاس میرے رب کا پیام آیا ہے، جس میں اللہ جل شانہٗ نے یوں فرمایا ہے کہ تیری امت میں سے جو شخص ایک دفعہ درود بھیجے گا اللہ جل شانہٗ اس کے لیے دس نیکیاں لکھے گا اور دس سیئات اس سے مٹائیں گے اور دس درجے اس کے بلند کریں گے۔ ایک روایت میں

اسی قصہ میں ہے کہ تیری امت میں سے جو شخص ایک دفعہ درود بھیجے گا میں اس پر دس دفعہ درود بھیجوں گا اور جو مجھ پر ایک دفعہ سلام بھیجے گا میں اس پر دس دفعہ سلام بھیجوں گا۔ ایک اور روایت میں اسی قصہ میں ہے کہ ایک دن نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرۂ انور بشاشت سے بہت ہی چمک رہا تھا اور خوشی کے انوار چہرۂ انور پر بہت ہی محسوس ہو رہے تھے۔ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ جتنی خوشی آج چہرۂ انور پر محسوس ہو رہی ہے اتنی تو پہلے محسوس نہیں ہوتی تھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے کیوں نہ خوشی ہو ابھی جبرئیلؑ میرے پاس سے گئے ہیں اور وہ یو کہتے تھے کہ آپ کی امت میں سے جو شخص ایک دفعہ بھی درود پڑھے گا اللہ جل شانہٗ اس کی وجہ سے دس نیکیاں اس کے نامۂ اعمال میں لکھیں گے اور دس گناہ معاف فرمائیں گے اور دس درجے بلند کرینگے اور ایک فرشتہ اس سے وہی کہے گا جو اس نے کہا۔ حضورؐ فرماتے ہیں۔ میں نے جبرئیلؑ سے پوچھا یہ فرشتہ کیسا، تو جبرئیلؑ نے کہا کہ اللہ جل شانہٗ نے ایک فرشتہ کو قیامت تک کے لیے مقرر کر دیا ہے کہ جو آپ پر درود بھیجے وہ اس کے لیے وَ اَنْتَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ کی دعا کرے (کذا فی الترغیب) علامہ سخاویؒ نے ایک اشکال کیا ہے کہ جب قرآن پاک کی آیت مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا کی بنا پر ہر نیکی کا ثواب دس گنے ملتا ہے تو پھر درود شریف کی کیا خصوصیت رہی۔ بندہ کے نزدیک تو اس کا جواب آسان ہے اور وہ یہ کہ حسب ضابطہ اس کی دس نیکیاں علیحدہ ہیں اور اللہ جل شانہٗ کا دس دفعہ درود بھیجنا مستقل مزید انعام ہے۔ اور خود علامہ سخاویؒ نے اس کا جواب یہ نقل کیا ہے کہ اول تو جل شانہٗ کا دس دفعہ درود بھیجنا اس کی اپنی نیکی کے دس گنے ثواب سے کہیں زیادہ ہے، اس کے علاوہ دس مرتبہ درود کے ساتھ دس درجوں کا بلند کرنا۔ دس گناہوں کا معاف کرنا دس نیکیوں کا اس کے نامۂ اعمال میں لکھنا اور دس غلاموں کے آزاد کرنے کے بقدر ثواب ملنا مزید برآں ہے۔ حضرت تھانوی نور اللہ مرقدہٗ نے زاد السعید میں تحریر فرمایا ہے کہ جس طرح حدیث شریف کی تصریح سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک بار درود پڑھنے سے دس رحمتیں نازل ہوتی ہیں اسی طرح سے قرآن شریف کے اشارہ سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان ارفع میں ایک گستاخی کرنے سے نعوذ باللہ منہا اس شخص پر منجانب اللہ دس لعنتیں نازل ہوتی ہیں، چنانچہ ولید بن مغیرہ کے حق میں اللہ تعالیٰ نے بسزا استہزاء یہ دس کلمات ارشاد فرمائے۔ حلاف مہین ہماز مشاء بنمیم مناع للخیر معتد اثیم عتل زنیم مکذب الآیات بدلالت قولہ تعالیٰ اِذَا تُتْلٰی عَلَیْهِ اٰیَاتُنَا قَالَ اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ فقط یہ الفاظ جو حضرت تھانویؒ نے تحریر فرمائے ہیں یہ سب کے

سب انتیسویں پارے میں سورۂ نون کی اس آیت میں وارد ہوئے ہیں۔ وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِينٍ هَمَّازٍ مَّشَّآءٍۭ بِنَمِيمٍ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ أَثِيمٍ عُتُلٍّۭ بَعْدَ ذَٰلِكَ زَنِيمٍ أَن كَانَ ذَا مَالٍ وَبَنِينَ إِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِ آيَاتُنَا قَالَ أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ۔ ترجمہ، "اور آپ کسی ایسے شخص کا کہنا نہ مانیں جو بہت قسمیں کھانے والا ہو، بے وقعت ہو، طعنہ دینے والا ہو، چغلیاں لگاتا پھرتا ہو نیک کام سے روکنے والا ہو، حد سے گزرنے والا ہو، گناہوں کا ذکر کرنے والا ہو، سخت مزاج ہو اس کے علاوہ حرامزادہ ہو اس سبب سے کہ وہ مال اور اولاد والا ہو جب ہماری آیتیں اس کے سامنے پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو وہ کہتا ہے کہ یہ بے سند باتیں ہیں جو اگلوں سے منقول چلی آتی ہیں۔" (بیان القرآن)۔

(۵) عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَكْثَرُهُمْ عَلَيَّ صَلٰوةً رواه الترمذی وابن حبان فی صحیحه كلاهما من رواية موسى بن يعقوب كذا فی الترغيب وبسط السخاوی فی القول البديع الكلام على تخريجه۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ بلاشک قیامت میں لوگوں میں سب سے زیادہ مجھ سے قریب وہ شخص ہوگا جو سب سے زیادہ مجھ پر درود بھیجے گا۔

ف: علامہ سخاویؒ نے قول بدیع میں الدر المنظم سے حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ تم میں کثرت سے درود پڑھنے والا کل قیامت کے دن مجھ سے سب سے زیادہ قریب ہوگا۔ حضرت انسؓ کی حدیث سے بھی یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ قیامت میں ہر موقع پر مجھ سے زیادہ قریب وہ شخص ہوگا جو مجھ پر کثرت سے درود پڑھنے والا ہوگا۔ فصل دوم کی حدیث ۳ میں بھی یہ مضمون آرہا ہے، نیز حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کیا ہے کہ مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو اس لیے کہ قبر میں ابتداءً تم سے میرے بارے میں سوال کیا جائے گا۔ ایک دوسری حدیث میں نقل کیا ہے کہ مجھ پر درود بھیجنا قیامت کے دن پل صراط کے اندھیرے میں نور ہے اور جو یہ چاہے کہ اس کے اعمال بہت بڑی ترازو میں تلیں اس کو چاہیے کہ مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرے۔ ایک اور حدیث میں حضرت انسؓ سے نقل کیا ہے سب سے زیادہ نجات والا قیامت کے دن اس کے ہولوں سے اور اس کے مقامات سے وہ شخص ہے جو دنیا میں سب سے زیادہ مجھ پر درود بھیجتا ہو۔ زاد السعید میں حضرت انسؓ سے روایت نقل کی ہے کہ حضورؐ نے فرمایا کہ جو مجھ پر درود کی کثرت کرے گا وہ عرش کے سایہ میں ہوگا۔ علامہ سخاویؒ نے ایک حدیث میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ تین آدمی قیامت کے دن اللہ کے عرش کے سایہ میں ہوں گے جس دن اس کے سایہ کے علاوہ کسی چیز کا سایہ نہ ہوگا۔ ایک وہ شخص

جوکسی مصیبت زدہ کی مصیبت ہٹائے۔ دوسرا وہ جو میری سنت کو زندہ کرے۔ تیسرے وہ جو میرے اوپر کثرت سے درود بھیجے ایک اور حدیث میں علامہ سخاویؒ نے حضرت ابن عمرؓ کے واسطہ سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ اپنی مجالس کو درود شریف کے ساتھ مزین کیا کرو اس لیے کہ مجھ پر درود پڑھنا تمہارے لیے قیامت میں نور ہے۔ علامہ سخاویؒ نے قوت القلوب سے نقل کیا ہے کہ کثرت کی کم سے کم مقدار تین سو مرتبہ ہے اور حضرت اقدس گنگوہی قدس سرہٗ بھی اپنے متوسلین کو تین سو مرتبہ بتایا کرتے تھے۔ جیسا کہ آئندہ فصل سوم حدیث ۳۲ پر آرہا ہے۔ علامہ سخاویؒ نے حدیث بالا اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ کے ذیل میں لکھا ہے کہ ابن حبان نے اپنی صحیح میں حدیث بالا کے بعد لکھا ہے کہ اس حدیث میں واضح دلیل ہے اس بات پر کہ قیامت کے دن نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب سب سے زیادہ حضرات محدثین ہوں گے اس لیے کہ یہ حضرات سب سے زیادہ درود پڑھنے والے ہیں۔ اسی طرح حضرت ابو عبیدہؓ نے بھی کہا ہے کہ اس فضیلت کے ساتھ حضرات محدثین مخصوص ہیں اس لیے کہ جب وہ حدیث نقل کرتے ہیں یا لکھتے ہیں تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پاک نام کے ساتھ درود شریف ضرور ہوتا ہے اسی طرح سے خطیب نے ابو نعیم سے بھی نقل کیا ہے کہ یہ فضیلت محدثین کے ساتھ مخصوص ہے۔ علماء نے لکھا ہے کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ جب وہ احادیث پڑھتے ہیں یا نقل کرتے ہیں یا لکھتے ہیں تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پاک نام کے ساتھ کثرت سے درود لکھنے یا پڑھنے کی نوبت آتی ہے۔ محدثین سے مراد اس موقعہ پر ائمہ حدیث نہیں ہیں بلکہ وہ سب حضرات اس میں داخل ہیں جو حدیث پاک کی کتابیں پڑھتے یا پڑھاتے ہوں چاہے عربی میں ہوں یا اردو میں۔ زاد السعید میں طبرانی سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جو شخص مجھ پر درود بھیجے کسی کتاب میں (یعنی لکھے) ہمیشہ فرشتے اس پر درود بھیجتے رہیں گے، جب تک میرا نام اس کتاب میں رہے گا۔ اور طبرانی ہی سے حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جو شخص صبح کو مجھ پر دس بار درود بھیجے اور شام کو دس بار، قیامت کے دن اس کے لیے میری شفاعت ہوگی۔ اور امام مستغفریؒ سے حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جو کوئی ہر روز سو بار مجھ پر درود بھیجے اس کی سو حاجتیں پوری کی جائیں، تیس دنیا کی باقی آخرت کی۔

(۶) عَنْ اِبْنِ مَسْعُوْدٍؓ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ لِلّٰہِ مَلٰٓئِکَۃً سَیَّاحِیْنَ یُبَلِّغُوْنِیْ عَنْ اُمَّتِیَ السَّلَامَ رواہ النسائی

ابن مسعودؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ اللہ جل شانہ کے بہت سے فرشتے ایسے ہیں جو زمین میں پھرتے رہتے ہیں اور میری امت

وَ ابن حبان فی صحیحہ کذا فی الترغیب زاد فی القول البدیع احمد والحاکم وغیرھما وقال الحاکم صحیح الاسناد۔

کی طرف سے مجھے سلام پہنچاتے ہیں۔

ف: اور بھی متعدد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے یہ مضمون نقل کیا گیا ہے۔ علامہ سخاوی رحمہ اللہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت سے بھی یہی مضمون نقل کیا ہے کہ اللہ جل شانہٗ کے کچھ فرشتے زمین میں پھرتے رہتے ہیں جو میری اُمت کا درود مجھ تک پہنچاتے رہتے ہیں۔ ترغیب میں حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ تم جہاں کہیں ہو مجھ پر درود پڑھتے رہا کرو بیشک تمہارا درود میرے پاس پہنچتا رہتا ہے۔ اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث سے حضور ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے جو کوئی مجھ پر درود بھیجتا ہے وہ درود مجھ تک پہنچ جاتا ہے اور میں اس کے بدلہ میں اس پر درود بھیجتا ہوں اور اس کے علاوہ اس کے لیے دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔ مشکوٰۃ میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے بھی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ مجھ پر درود پڑھا کرو اس لیے کہ تمہارا درود مجھ تک پہنچتا ہے۔

(۷) عَنْ عَمَّارِ بْنِ یَاسِرٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ وَكَّلَ بِقَبْرِیْ مَلَكًا اَعْطَاهُ اَسْمَاعَ الْخَلَائِقِ فَلَا يُصَلِّیْ عَلَیَّ اَحَدٌ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اِلَّا اَبْلَغَنِیْ بِاسْمِهٖ وَاسْمِ اَبِيْهِ هٰذَا فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ قَدْ صَلّٰى عَلَيْكَ رَوَاهُ البزار كذا فی الترغیب وَذکر تخریجہ السخاوی فی القول البدیع

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کا ارشاد نقل کیا ہے کہ اللہ جل شانہٗ نے ایک فرشتہ میری قبر پر مقرر کر رکھا ہے جس کو ساری مخلوق کی باتیں سننے کی قدرت عطا فرما رکھی ہے پس جو شخص بھی مجھ پر قیامت تک درود بھیجتا رہے گا وہ فرشتہ مجھ کو اس کا اور اس کے باپ کا نام لے کر درود پہنچاتا ہے کہ فلاں شخص جو فلاں کا بیٹا ہے اس نے آپ پر درود بھیجا ہے۔

ف: علامہ سخاوی رحمہ اللہ نے قول بدیع میں بھی اس حدیث کو نقل کیا ہے۔ اور اس میں اتنا اضافہ ہے کہ فلاں شخص جو فلاں کا بیٹا ہے اس نے آپ پر درود بھیجا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ پھر اللہ جل شانہٗ اس کے ہر درود کے بدلہ میں اس پر دس مرتبہ درود (رحمت) بھیجتے ہیں۔ ایک اور حدیث سے یہ مضمون نقل کیا ہے کہ اللہ جل شانہٗ نے فرشتوں میں سے ایک فرشتہ کو ساری مخلوق کی بات سننے کی قوت عطا فرمائی ہے وہ قیامت تک میری قبر پر متعین رہے گا۔ جب کوئی شخص مجھ پر درود بھیجے گا تو وہ فرشتہ اس شخص کا اور اس کے باپ کا نام لے کر مجھ سے کہتا ہے کہ فلاں نے جو فلاں کا بیٹا ہے آپ ﷺ پر درود بھیجا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ شانہٗ

نے مجھ سے یہ ذمہ لیا ہے کہ جو مجھ پہ ایک دفعہ درود بھیجے گا اللہ جل شانہٗ اس پر دس دفعہ درود بھیجیں گے۔ ایک اور حدیث سے بھی یہی فرشتہ والا مضمون نقل کیا ہے اور اس کے آخر میں یہ مضمون ہے کہ میں نے اپنے رب سے یہ درخواست کی تھی کہ جو مجھ پر ایک دفعہ درود بھیجے اللہ جل شانہٗ اس پر دس دفعہ درود بھیجے۔ حق تعالیٰ شانہٗ نے میری یہ درخواست قبول فرمالی۔ حضرت ابوامامہؓ کے واسطہ سے بھی حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جو شخص مجھ پر ایک دفعہ درود بھیجتا ہے اللہ جل شانہٗ اس پر دس دفعہ درود (رحمت) بھیجتے ہیں اور ایک فرشتہ اس پر مقرر ہوتا ہے جو اس درود کو مجھ تک پہنچاتا ہے۔ ایک جگہ حضرت انسؓ کی حدیث سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جو شخص میرے اوپر جمعہ کے دن یا جمعہ کی شب میں درود بھیجے اللہ جل شانہٗ اس کی سو حاجتیں پوری کرتے ہیں اور اس پر ایک فرشتہ مقرر کر دیتے ہیں جو اس کو میری قبر میں مجھ تک ایسی طرح پہنچاتا ہے جیسے تم لوگوں کے پاس ہدایا بھیجے جاتے ہیں۔

اس حدیث پر یہ اشکال نہ کیا جائے کہ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایک فرشتہ ہے جو قبر اطہر پر متعین ہے جو ساری دنیا کے صلوٰۃ وسلام حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچاتا رہے اور اس سے پہلی حدیث میں آیا تھا کہ اللہ کے بہت سے فرشتے زمین میں پھرتے رہتے ہیں جو حضورؐ تک امت کا سلام پہنچاتے رہتے ہیں۔ اس لئے کہ جو فرشتہ قبر اطہر پر متعین ہے اس کا کام صرف یہی ہے کہ حضورؐ تک امت کا سلام پہنچاتا رہے۔ اور یہ فرشتے جو سیاحین ہیں یہ ذکر کے حلقوں کو تلاش کرتے رہتے ہیں اور جہاں کہیں درود ملتا ہے اس کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچاتے ہیں۔ اور یہ عام مشاہدہ ہے کہ کسی بڑے کی خدمت میں اگر کوئی پیام بھیجا جاتا ہے اور مجمع میں اس کو ذکر کیا جاتا ہے تو ہر شخص اس میں فخر اور تقرب سمجھتا ہے کہ وہ پیام پہنچائے۔ اپنے اکابر اور بزرگوں کے یہاں یہ منظر بارہا دیکھنے کی نوبت آئی۔ پھر سید الکونین فخر الرسل صلی اللہ علیہ وسلم کی پاک بارگاہ کا تو پوچھنا ہی کیا۔ اس لئے جتنے بھی فرشتے پہنچائیں برمحل ہے۔

(۸) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَۃَ رضؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ عِنْدَ قَبْرِیْ سَمِعْتُہٗ وَمَنْ صَلّٰی عَلَیَّ نَائِیًا اُبْلِغْتُہٗ رَوَاہُ الْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ کَذَا فِی الْمِشْکٰوۃِ وَبَسَطَ السَّخَاوِیُّ فِیْ تَخْرِیْجِہٖ۔

حضرت ابوہریرہؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ جو شخص میرے اوپر میری قبر کے قریب درود بھیجتا ہے میں اس کو خود سنتا ہوں اور جو دور سے مجھ پر درود بھیجتا ہے وہ مجھ کو پہنچا دیا جاتا ہے۔

ف: علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ نے قولِ بدیع میں متعدد روایات سے یہ مضمون نقل کیا ہے کہ جو شخص دور سے درود بھیجے فرشتہ اس پر متعین ہے کہ حضورؐ تک پہنچائے۔ اور جو شخص قریب سے پڑھتا ہے حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اس کو خود سنتے ہیں۔ جو شخص دور سے درود بھیجے اسکے متعلق تو پہلی روایات میں تفصیل سے گذر ہی چکا کہ فرشتے اس پر متعین ہیں کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر جو شخص درود بھیجے اس کو حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچا دیں۔ اس حدیثِ پاک میں دوسرا مضمون کہ جو قبرِ اطہر کے قریب درود پڑھے اس کو حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم بہ نفسِ نفیس خود سنتے ہیں بہت ہی قابلِ فخر، قابلِ عزت، قابلِ لذت چیز ہے۔ علامہ سخاویؒ نے قولِ بدیع میں سلیمان بن سحیمؒ سے نقل کیا ہے کہ میں نے خواب میں حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی۔ میں نے دریافت کیا یا رسول اللہ! یہ جو لوگ حاضر ہوتے ہیں اور آپ پر سلام کرتے ہیں آپ اس کو سمجھتے ہیں؟ حضورؐ نے ارشاد فرمایا ہاں سمجھتا ہوں اور ان کے سلام کا جواب بھی دیتا ہوں۔ ابراہیم بن شیبانؒ کہتے ہیں کہ میں حج سے فراغ پر مدینہ منورہ حاضر ہوا اور میں نے قبر شریف کے پاس جاکر سلام عرض کیا تو میں نے حجرہ شریف کے اندر سے وَعَلَيْكَ السَّلَامُ کی آواز سنی۔ ملا علی قاریؒ کہتے ہیں کہ اس میں شک نہیں کہ درود شریف قبرِ اطہر کے قریب پڑھنا افضل ہے دور سے پڑھنے سے۔ اس لئے کہ قرب میں جو خشوع و خضوع اور حضورِ قلب حاصل ہوتا ہے وہ دور میں نہیں ہوتا۔ صاحبِ مظاہر حق اس حدیث پر لکھتے ہیں یعنی پاس والے کا درود خود سنتا ہوں بلا واسطہ اور دور والے کا درود ملائکہ سیاحین پہنچاتے ہیں اور جواب سلام کا بہر صورت دیتا ہوں۔ اس سے معلوم کیا چاہیئے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام بھیجنے کی کیا بزرگی ہے۔ اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام بھیجنے والے کو خصوصاً بہت بھیجنے والے کو کیا شرف حاصل ہوتا ہے۔ اگر تمام عمر کے سلاموں کا ایک جواب آوے سعادت ہے چہ جائے کہ ہر سلام کا جواب آوے ؎

بہر سلام مکن رنجہ در جواب آں لب ❊ کہ صد سلام مرا بس یکے جواب از تو (انتہی)

اس مضمون کو علامہ سخاویؒ نے اس طرح ذکر کیا ہے کہ کسی بندے کی شرافت کے لئے یہ کافی ہے کہ اس کا نام خیر کے ساتھ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں آجائے۔ اسی ذیل میں یہ شعر بھی کہا گیا ہے

؎ وَمَنْ خَطَرَتْ مِنْهُ بِبَالِكَ خَطْرَةٌ ❊ حَقِيْقٌ بِاَنْ يَسْمُوْ وَاَنْ يَتَقَدَّمَا

ترجمہ: "جس خوش قسمت کا خیال بھی تیرے دل میں گذر جائے وہ اس کا مستحق ہے کہ جتنا بھی چاہے فخر کرے اور پیش قدمی کرے (اچھلے کودے)" ع ذکر میرا مجھ سے بہتر ہے کہ اس محفل میں ہے

اس روایت میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے خود سننے میں کوئی اشکال نہیں اس لئے کہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام اپنی قبور میں زندہ ہیں۔ علامہ سخاویؒ نے قولِ بدیع میں لکھا ہے کہ ہم اس پر ایمان لاتے ہیں اور اس کی تصدیق کرتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم زندہ ہیں اپنی قبر شریف میں اور آپؐ کے بدنِ اطہر کو زمین نہیں کھا سکتی۔ اور اس پر اجماع ہے۔ امام بیہقیؒ نے انبیاء کی حیات میں ایک مستقل رسالہ تصنیف فرمایا ہے اور حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث اَلْاَنْبِیَاءُ اَحْیَاءٌ فِیْ قُبُوْرِهِمْ یُصَلُّوْنَ کہ انبیاء اپنی قبروں میں زندہ ہوتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں۔ علامہ سخاویؒ نے اس کی مختلف طرق سے تخریج کی ہے اور امام مسلم نے حضرت انسؓ ہی کی روایت سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ میں شبِ معراج میں حضرت موسیٰؑ کے پاس سے گذرا وہ اپنی قبر میں کھڑے ہوئے نماز پڑھ رہے تھے۔ نیز مسلم ہی کی روایت سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ میں نے حضرات انبیاء کی ایک جماعت کے ساتھ اپنے آپ کو دیکھا تو میں نے حضرت عیسیٰ اور حضرت ابراہیم علیٰ نبینا وعلیہما الصلوٰۃ والسلام کو کھڑے ہوئے نماز پڑھتے ہوئے دیکھا۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب نعش مبارک کے قریب حاضر ہوئے تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ انور کو جو چادر سے ڈھکا ہوا تھا، کھولا اور اس کے بعد حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے خطاب کرتے ہوئے عرض کیا میرے ماں باپ آپ پر قربان اے اللہ کے نبی اللہ جل شانہٗ آپ پر دو موتیں جمع نہ کریں ایک موت جو آپ کے لئے مقدر تھی وہ آپ پوری کر چکے۔ (بخاری) علامہ سیوطیؒ نے حیاتِ انبیاء میں مستقل ایک رسالہ تصنیف فرمایا ہے۔ اور فصلِ ثانی کی حدیث ۷ پر بھی مستقل یہ مضمون آرہا ہے کہ اللہ جل شانہٗ نے زمین پر یہ چیز حرام کر رکھی ہے کہ وہ انبیاء علیہم السلام کے بدنوں کو کھائے۔ علامہ سخاویؒ قولِ بدیع میں تحریر فرماتے ہیں کہ مستحب یہ ہے کہ جب مدینہ منورہ کے مکانات اور درختوں وغیرہ پر نظر پڑے تو درود شریف کثرت سے پڑھے اور جتنا قریب ہوتا جائے اتنا ہی درود شریف میں اضافہ کرتا جائے اس لئے کہ یہ مواقع وحی اور قرآن پاک کے نزول سے معمور ہیں۔ حضرت جبرئیلؑ، حضرت میکائیلؑ کی بار بار یہاں آمد ہوئی ہے اور اس کی مٹی سید البشرؐ پر مشتمل ہے۔ اسی جگہ سے اللہ کے دین اور اس کے پاک رسولؐ کی سنتوں کی اشاعت ہوئی ہے یہ فضائل اور خیرات کے مناظر ہیں۔ یہاں پہنچ کر اپنے قلب کو نہایت ہیبت اور تعظیم سے بھر لے۔ گویا کہ وہ حضورؐ کی زیارت کر رہا ہے اور یہ تو محقق ہے کہ حضورؐ اس کا سلام سن رہے ہیں۔ آپس

کے جھگڑے اور فضول باتوں سے احتراز کرے اس کے بعد قبلہ کی جانب سے قبر شریف پر حاضر ہو اور بہ قدر چار ہاتھ فاصلہ سے کھڑا ہو اور نیچی نگاہ رکھتے ہوئے نہایت خشوع، خضوع اور ادب و احترام کے ساتھ یہ پڑھے :-

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خِيَرَةَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَيْرَ خَلْقِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حَبِيْبَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سَيِّدَ الْمُرْسَلِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا قَائِدَ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بَشِيْرُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَذِيْرُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اَهْلِ بَيْتِكَ الطَّاهِرِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اَزْوَاجِكَ الطَّاهِرَاتِ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اَصْحَابِكَ اَجْمَعِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى سَائِرِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَسَائِرِ عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ جَزَاكَ اللّٰهُ عَنَّا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفْضَلَ مَا جَزٰى نَبِيًّا عَنْ قَوْمِهٖ وَرَسُوْلًا عَنْ اُمَّتِهٖ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ كُلَّمَا ذَكَرَكَ الذَّاكِرُوْنَ وَكُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِكَ الْغَافِلُوْنَ وَصَلّٰى عَلَيْكَ فِي الْاَوَّلِيْنَ وَصَلّٰى عَلَيْكَ فِي الْاٰخِرِيْنَ اَفْضَلَ وَاَكْمَلَ وَاَطْيَبَ مَا صَلّٰى عَلٰى اَحَدٍ مِّنَ الْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ كَمَا اسْتَنْقَذَنَا بِكَ مِنَ الضَّلَالَةِ وَبَصَّرَنَا بِكَ مِنَ الْعَمٰى وَالْجَهَالَةِ اَشْهَدُ

آپ پر سلام اے اللہ کے رسول آپ پر سلام اے اللہ کے نبی۔ آپ پر سلام اے اللہ کی برگزیدہ ہستی آپ پر سلام اے اللہ کی مخلوق میں سب سے بہتر ذات۔ آپ پر سلام اے اللہ کے حبیب۔ آپ پر سلام اے رسولوں کے سردار۔ آپ پر سلام اے خاتم النبیین۔ آپ پر سلام اے رب العالمین کے رسول آپ پر سلام اے سردار ان لوگوں کے جو قیامت میں روشن چہرے والے اور روشن ہاتھ پاؤں والے ہوں گے (یہ مسلمانوں کی خاص علامت ہے کہ دنیا میں جن اعضاء کو وہ وضو میں دھوتے رہے ہیں وہ قیامت کے دن نہایت روشن ہوں گے) آپ پر سلام اے جنّت کی بشارت دینے والے۔ آپ پر سلام اے جہنّم سے ڈرانے والے۔ آپ پر اور آپ کے اہل بیت پر سلام جو طاہر ہیں۔ سلام آپ پر اور آپ کی ازواج مطہرات پر جو سارے مومنوں کی مائیں ہیں۔ سلام آپ پر اور آپ کے تمام صحابۂ کرامؓ پر۔ سلام آپ پر اور تمام انبیاء اور تمام رسولوں پر اور تمام اللہ کے نیک بندوں پر۔ یا رسول اللہ اللہ جل شانہٗ آپ کو ہم لوگوں کی طرف سے ان سب سے بڑھ کر جزائے خیر عطا فرمائے جتنی کہ کسی نبی کو اس کی قوم کی طرف سے اور کسی رسول کو اس کی امت کی طرف سے عطا فرمائی ہوں۔ اور اللہ تعالیٰ آپ پر درود بھیجے جب بھی ذکر کرنے والے آپ کا ذکر کریں اور جب بھی کہ غافل لوگ آپ کے ذکر سے غافل ہوں، اللہ تعالیٰ شانہٗ آپ پر اوّلین میں درود بھیجے اللہ تعالیٰ شانہٗ آپ پر آخرین میں

اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اَشْہَدُ اَنَّكَ عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ وَاَمِيْنُہٗ وَخِيَرَتُہٗ مِنْ خَلْقِہٖ وَ اَشْہَدُ اَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ الرِّسَالَةَ وَ اَدَّيْتَ الْاَمَانَةَ وَنَصَحْتَ الْاُمَّةَ وَ جَاهَدْتَ فِی اللّٰہِ حَقَّ جِهَادِہٖ. اَللّٰهُمَّ اٰتِہٖ نِهَايَةَ مَا يَنْبَغِیْ اَنْ يَّأْمُلَہُ الْاٰمِلُوْنَ.

قلت وذكره النووی فی مناسكه باكثر منه.

درود بھیجے اس سب سے افضل اور اکمل اور پاکیزہ جو اللہ نے اپنی ساری مخلوق میں سے کسی پر بھی بھیجا ہو جیسا کہ اس نے نجات دی ہم کو آپ کی برکت سے گمراہی سے اور آپ کی وجہ سے جہالت اور اندھے پن سے بصیرت عطا فرمائی میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور گواہی دیتا ہوں اس بات کی کہ آپ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں اور اس کے امین ہیں اور ساری مخلوق میں سے اس کی برگزیدہ ذات ہیں اور اس کی گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے اللہ کی رسالت کو پہنچا دیا اس کی امانت کو ادا کر دیا امت کے ساتھ پوری پوری خیر خواہی فرمائی اور اللہ کے بارے میں کوشش کا حق ادا فرمادیا۔ یا اللہ آپ کو اس سے زیادہ سے زیادہ عطا فرما جس کی امید کرنے والے امید کر سکتے ہیں۔ (یہاں تک سلام کا ترجمہ ہوا۔)

اس کے بعد اپنے نفس کے لئے اور سارے مؤمنین اور مؤمنات کے لئے دعا کرے اس کے بعد حضرات شیخین حضرت ابوبکر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما پر سلام پڑھے اور ان کے لئے بھی دعا کرے۔ اور اللہ تعالیٰ سے اس کی بھی دعا کرے کہ اللہ جل شانہٗ ان دونوں حضرات کو بھی ان کی مساعیٔ جمیلہ جو انہوں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد میں خرچ کی ہیں اور جو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی حق ادائیگی میں خرچ کی ہیں۔ ان پر بہتر سے بہتر جزائے خیر عطا فرمائے اور یہ سمجھ لینا چاہیئے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر اطہر کے پاس کھڑے ہو کر سلام پڑھنا درود پڑھنے سے زیادہ افضل ہے (یعنی اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰہِ افضل ہے اَلصَّلٰوةُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰہِ سے) علامہ باجیؒ کی رائے یہ ہے کہ درود افضل ہے۔ علامہ سخاویؒ کہتے ہیں کہ پہلا ہی قول زیادہ صحیح ہے جیسا کہ علامہ مجد الدین صاحب قاموسؒ کی رائے ہے۔ اس لئے کہ حدیث میں مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُسَلِّمُ عَلَیَّ عِنْدَ قَبْرِیْ آیا ہے۔ انتہٰی۔

علامہ سخاویؒ کا اشارہ اس حدیث پاک کی طرف ہے جو ابوداؤد شریف وغیرہ میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل کی گئی ہے کہ جب کوئی شخص مجھ پر سلام کرتا ہے تو اللہ جل شانہٗ مجھ پر میری روح لوٹا دیتے ہیں۔ یہاں تک کہ میں اس کے سلام کا جواب دیتا ہوں۔ لیکن اس ناکارہ کے نزدیک صلوٰۃ کا لفظ (یعنی درود) بھی کثرت سے روایات میں ذکر کیا گیا ہے۔ چنانچہ اسی

189

روایت میں جو اوپر ابھی ۵ پر گذری اس میں یہ ہے کہ جو شخص میری قبر کے قریب درود پڑھتا ہے میں اس کو سنتا ہوں۔ اسی طرح بہت سی روایات میں یہ مضمون آیا ہے۔ اس لئے بندہ کے خیال میں اگر ہر جگہ درود وسلام دونوں کو جمع کیا جائے تو زیادہ بہتر ہے یعنی بجائے اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَانَبِیَّ اللّٰہِ وغیرہ کے اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَانَبِیَّ اللّٰہِ اسی طرح اخیر تک السلام کے ساتھ الصلٰوۃ کا لفظ بھی بڑھا دے تو زیادہ اچھا ہے۔ اس صورت میں علامہ باجیؒ اور علامہ سخاویؒ دونوں کے قول پر عمل ہو جائے گا۔ وفاء الوفاء میں لکھا ہے کہ ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ بن الحسین سامری حنبلیؒ اپنی کتاب مستوعب میں زیارۃ قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے باب میں آداب زیارت ذکر کرنے کے بعد لکھتے ہیں پھر قبر شریف کے قریب آئے اور قبر شریف کی طرف منہ کر کے اور منبر کو اپنی بائیں طرف کر کے کھڑا ہو۔ اور اس کے بعد علامہ سامری حنبلی رحمۃ اللہ علیہ نے سلام اور دعاء کی کیفیت لکھی ہے اور منجملہ اس کے یہ بھی لکھا ہے کہ یہ پڑھے:۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ قُلْتَ فِیْ كِتَابِكَ لِنَبِیِّكَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَلَوْ اَنَّھُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَھُمْ جَآؤُكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰہَ وَاسْتَغْفَرَ لَھُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰہَ تَوَّابًا رَّحِیْمًا ۝ وَاِنِّیْ قَدْ اَتَیْتُ نَبِیَّكَ مُسْتَغْفِرًا فَاَسْئَلُكَ اَنْ تُوْجِبَ لِیَ الْمَغْفِرَۃَ كَمَآ اَوْجَبْتَھَا لِمَنْ اَتَاہُ فِیْ حَیَاتِہٖ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَتَوَجَّہُ اِلَیْكَ بِنَبِیِّكَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

ترجمہ: ”اے اللہ تو نے اپنے پاک کلام میں اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یوں ارشاد فرمایا کہ اگر وہ لوگ جب انھوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا تھا آپ کی خدمت میں حاضر ہو جاتے اور پھر اللہ جل شانہٗ سے معافی چاہتے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی ان کے لئے اللہ تعالیٰ سے معافی چاہتے تو ضرور اللہ تعالیٰ کو توبہ قبول کرنے والا رحمت کرنے والا پاتے۔ اور میں تیرے نبی کے پاس حاضر ہوا ہوں اس حال میں کہ استغفار کرنے والا ہوں۔ تجھ سے یہ مانگتا ہوں کہ تو میرے لئے مغفرت کو واجب کر دے جیسا کہ تو نے مغفرت واجب کی تھی اس شخص کے لئے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ان کی زندگی میں آیا ہو۔ اے اللہ میں تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں، تیرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ سے“۔ اس کے بعد اور لمبی چوڑی دعائیں ذکر کی۔

(۹) عَنْ اُبَیِّ بْنِ كَعْبٍؓ قَالَ قُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْٓ اُكْثِرُ الصَّلٰوۃَ عَلَیْكَ فَكَمْ اَجْعَلُ لَكَ مِنْ صَلٰوتِیْ فَقَالَ مَاشِئْتَ قُلْتُ الرُّبُعَ

حضرت ابی بن کعبؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! میں آپ پر درود کثرت سے بھیجنا چاہتا ہوں تو اس کی مقدار اپنے اوقات دعاء میں سے کتنی مقرر کروں۔ حضور

قَالَ مَاشِئْتَ فَاِنْ زِدْتَّ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكَ قُلْتُ النِّصْفَ قَالَ مَاشِئْتَ فَاِنْ زِدْتَّ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكَ قُلْتُ فَالثُّلُثَيْنِ قَالَ مَاشِئْتَ فَاِنْ زِدْتَّ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكَ قُلْتُ اَجْعَلُ لَكَ صَلٰوتِىْ كُلَّهَا قَالَ اِذًا تُكْفٰى هَمَّكَ وَيُكَفَّرُ لَكَ ذَنْبُكَ۔

رواہ الترمذی زاد المنذری فی الترغیب احمد والحاکم وقال صحیحہ وبسط السخاوی فی تخریجہ

اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جتنا تیرا جی چاہے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ایک چوتھائی حضورؐ نے فرمایا تجھے اختیار ہے اور اگر اس پر بڑھا دے تو تیرے لئے بہتر ہے تو میں نے عرض کیا کہ نصف کر دوں حضورؐ نے فرمایا تجھے اختیار ہے اور اگر بڑھا دے تو تیرے لئے زیادہ بہتر ہے میں نے عرض کیا تو دو تہائی کر دوں حضورؐ نے فرمایا تجھے اختیار ہے اور اگر اس سے بڑھا دے تو تیرے لئے زیادہ بہتر ہے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ پھر میں اپنے سارے وقت کو آپ کے درود کے لئے مقرر کرتا ہوں حضور اقدسؐ نے فرمایا تو اس صورت میں تیرے سارے فکروں کی کفایت کی جائے گی اور تیرے گناہ بھی معاف کر دیئے جائیں گے۔"

ف:۔ مطلب تو واضح ہے وہ یہ کہ میں نے کچھ وقت اپنے لئے دعاؤں کا مقرر کر رکھا ہے اور چاہتا یہ ہوں کہ درود شریف کثرت سے پڑھا کروں تو اپنے اس معین وقت میں سے درود شریف کے لئے کتنا وقت تجویز کروں۔ مثلاً میں نے اپنے اوراد و وظائف کیلئے دو گھنٹے مقرر کر رکھے ہیں تو اس میں سے کتنا وقت درود شریف کے لئے تجویز کروں۔ علامہ سخاویؒ نے امام احمدؒ کی ایک روایت سے نقل کیا ہے کہ ایک آدمی نے عرض کیا یا رسول اللہ! اگر میں اپنے سارے وقت کو آپ پر درود کے لئے مقرر کر دوں تو کیسا؟ حضورؐ نے فرمایا ایسی صورت میں حق تعالیٰ شانہ تیرے دنیا اور آخرت کے سارے فکروں کی کفایت فرمائے گا۔ علامہ سخاویؒ نے متعدد صحابہؓ سے اسی قسم کا مضمون نقل کیا ہے اس میں کوئی اشکال نہیں کہ متعدد صحابہ کرامؓ نے اس قسم کی درخواستیں کی ہوں۔ علامہ سخاویؒ کہتے ہیں کہ درود شریف چونکہ اللہ کے ذکر پر اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم پر مشتمل ہے تو حقیقت میں یہ ایسا ہی ہے جیسا دوسری حدیث میں اللہ جل شانہ کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ جس کو میرا ذکر مجھ سے دعا مانگنے میں مانع ہو یعنی کثرت ذکر کی وجہ سے دعا کا وقت نہ ملے تو میں اس کو دعا مانگنے والوں سے زیادہ دوں گا۔ صاحب مظاہر حق نے لکھا ہے کہ سبب اس کا یہ ہے کہ جب بندہ اپنی طلب و رغبت کو اللہ تعالیٰ کی پسندیدہ چیزیں کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی رضا کو مقدم رکھتا ہے اپنے مطالب پر تو وہ کفایت کرتا ہے اس کے سب مہمات کی۔ مَنْ كَانَ لِلّٰهِ كَانَ اللّٰهُ لَهٗ یعنی جو اللہ کا ہو رہتا ہے

وہ کفایت کرتا ہے اس کو۔ جب شیخ بزرگوار عبدالوہاب متقی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس مسکین کو یعنی شیخ عبدالحق کو واسطے زیارت مدینہ منورہ کی، رخصت کیا فرمایا کہ جانو اور آگاہ ہو کہ نہیں ہے اس راہ میں کوئی عبادت بعد ادا ر فرائض کے مانند درود کے اوپر سیدِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے چاہیئے کہ تمام اوقات اپنے کو اس میں صرف کرنا اور چیز میں مشغول نہ ہونا۔ عرض کیا گیا کہ اس کے لئے کچھ عدد معین ہو۔ فرمایا یہاں معین کرنا عدد کا شرط نہیں اتنا پڑھو کہ ساتھ اس کے رطب اللسان ہو اور اس کے رنگ میں رنگین ہو اور مستغرق ہو اس میں اھ۔ اس پر یہ اشکال نہ کیا جائے کہ اس حدیث پاک سے یہ معلوم ہوا کہ درود شریف سب اوراد و وظائف کے بجائے پڑھنا زیادہ مفید ہے۔ اس لئے کہ اوّل تو خود اس حدیث پاک کے درمیان میں اشارہ ہے کہ انھوں نے یہ وقت اپنی ذات کیلئے دعاؤں کا مقرر کر رکھا تھا اس میں سے درود شریف کے لئے مقرر کرنے کا ارادہ فرمارہے تھے۔ دوسری بات یہ ہے کہ یہ چیز لوگوں کے احوال کے اعتبار سے مختلف ہوا کرتی ہے جیسا کہ فضائل ذکر کے باب دوم حدیث ۲۰ کے ذیل میں گذرا ہے کہ بعض روایات میں اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کو افضل الدعاء کہا گیا ہے اور بعض روایات میں استغفار کو افضل الدعاء کہا گیا ہے اسی طرح سے اور اعمال کے درمیان میں بھی مختلف احادیث میں مختلف اعمال کو سب سے افضل قرار دیا گیا ہے یہ اختلاف لوگوں کے حالات کے اختلاف کے اعتبار سے اور اوقات کے اعتبار سے ہوا کرتا ہے۔ جیسا کہ ابھی مظاہر حق سے نقل کیا گیا ہے کہ شیخ عبدالحق محدث نور اللہ مرقدہٗ کو ان کے شیخؒ نے مدینہ پاک کے سفر میں یہ وصیت کی کہ تمام اوقات درود شریف ہی میں خرچ کریں۔ اپنے اکابر کا بھی یہی معمول ہے کہ وہ مدینہ پاک کے سفر میں درود شریف کی بہت تاکید کرتے ہیں۔

علامہ منذری رحمۃ اللہ علیہ نے ترغیب میں حضرت اُبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیثِ بالا میں ان کے سوال سے پہلے ایک مضمون اور بھی نقل کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ جب چوتھائی رات گذر جاتی تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو جاتے اور ارشاد فرماتے اے لوگو اللہ کا ذکر کرو اے لوگو اللہ کا ذکر کرو (یعنی بار بار فرماتے) راجفہ آگئی اور رادفہ آرہی ہے موت ان سب چیزوں کے ساتھ جو اس کی ساتھ لاحق ہیں آرہی ہے۔ موت ان سب چیزوں کے ساتھ جو اس کی ساتھ لاحق ہیں آرہی ہے۔ اس کو بھی دو مرتبہ فرماتے۔ راجفہ اور رادفہ قرآن پاک کی آیت جو سورہ والنازعات میں ہے کی طرف اشارہ ہے۔ جس میں اللہ پاک کا ارشاد ہے یَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ قُلُوْبٌ یَّوْمَئِذٍ

وَّاجِفَۃٌ اَبْصَارُھَا خَاشِعَۃٌ" جس کا ترجمہ اور مطلب یہ ہے کہ اوپر چند چیزوں کی قسم کھا کر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے قیامت ضرور آئے گی جس دن ہلا دینے والی چیز سب کو ہلا ڈالے گی اس سے مراد پہلا صور ہے اس کے بعد ایک پیچھے آنے والی چیز آئے گی اس سے مراد دوسرا صور ہے۔ بہت سے دل اس روز خوف کے مارے دھڑک رہے ہوں گے شرم کی وجہ سے ان کی آنکھیں جھک رہی ہوں گی۔ (بیان القرآن مع زیادۃ)

(۱۰) عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ حِیْنَ یُصْبِحُ عَشْرًا وَحِیْنَ یُمْسِیْ عَشْرًا اَدْرَکَتْہُ شَفَاعَتِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ رواہ الطبرانی باسنادین احدھما جید لکن فیہ انقطاع کذا فی القول البدیع

حضرت ابو الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کیا ہے کہ جو شخص صبح اور شام مجھ پر دس دس مرتبہ درود شریف پڑھے اس کو قیامت کے دن میری شفاعت پہنچ کر رہے گی۔

ف: علامہ سخاویؒ نے متعدد احادیث سے درود شریف پڑھنے والے کو حضورؐ کی شفاعت حاصل ہونے کا مژدہ نقل کیا ہے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی حدیث سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے جو مجھ پر درود پڑھے قیامت کے دن میں اس کا سفارشی بنوں گا۔ اس حدیث پاک میں کسی مقدار کی بھی قید نہیں۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ایک اور حدیث سے درود نماز کے بعد بھی یہ لفظ نقل کیا ہے کہ قیامت کے دن اس کی گواہی دوں گا اور اس کے لئے سفارش کروں گا۔ حضرت رویفع بن ثابتؓ کی روایت سے حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جو شخص یہ درود شریف پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْہُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَکَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اس کے لئے میری شفاعت واجب ہے۔ علامہ سخاویؒ نے حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے نقل کیا ہے کہ جو شخص میری قبر کے پاس درود پڑھتا ہے میں اس کو سنتا ہوں اور جو شخص دور سے مجھ پر درود پڑھتا ہے اللہ جل شانہٗ اس کے لئے ایک فرشتہ مقرر کر دیتے ہیں جو مجھ تک درود کو پہنچاتے۔ اور اس کے دنیا و آخرت کے کاموں کی کفایت کر دی جاتی ہے اور میں قیامت کے دن اس کا گواہ یا سفارشی بنوں گا۔ "یا" کا مطلب یہ ہے کہ بعض کے لئے سفارشی اور بعض کے لئے گواہ مثلاً اہل مدینہ کے لئے گواہ، دوسروں کے لئے سفارشی یا فرمانبرداروں کے لئے گواہ اور گناہگاروں کے لئے سفارشی وغیر ذلک کما قالہ السخاوی۔

(۱۱) عَنْ عَائِشَۃَ رضؓ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ حضرت عائشہ رضؓ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ عَبْدٍ صَلّٰی عَلَیَّ صَلٰوۃً اِلَّا عَرَجَ بِھَا مَلَکٌ حَتّٰی یَجِیْئَ بِھَا وَجْہَ الرَّحْمٰنِ عَزَّوَجَلَّ فَیَقُوْلُ رَبُّنَا تَبَارَکَ وَتَعَالٰی اِذْھَبُوْا بِھَا اِلٰی قَبْرِ عَبْدِیْ تَسْتَغْفِرُ لِقَائِلِھَا وَتَقَرُّ بِھَا عَیْنُہٗ اخرجه ابوعلی بن البناء والدیلمی فی مسند الفردوس وفی سندہ عمر بن جبیب ضعفه النسائی وغیرہ کذا فی القول البدیع

ارشاد نقل کیا ہے کہ جو شخص مجھ پر درود بھیجتا ہے تو ایک فرشتہ اس درود کو لے جا کر اللہ جل شانہٗ کی پاک بارگاہ میں پیش کرتا ہے۔ وہاں سے ارشاد عالی ہوتا ہے کہ اس درود کو میرے بندہ کی قبر کے پاس لے جاؤ یہ اس کے لیے استغفار کرے گا اور اس کی وجہ سے اس کی آنکھ ٹھنڈی ہوگی۔

ف: زاد السعید میں مواہب لدنیہ سے نقل کیا ہے کہ قیامت میں کسی مومن کی نیکیاں کم ہو جائیں گی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک پرچہ سر انگشت کی برابر نکال کر میزان میں رکھ دیں گے جس سے نیکیوں کا پلہ وزنی ہو جائے گا وہ مومن کہے گا میرے ماں باپ آپ پر قربان ہو جائیں آپ کون ہیں آپ کی صورت و سیرت کیسی اچھی ہے آپ فرمائیں گے میں تیرا نبی ہوں اور یہ درود ہے جو تو نے مجھ پر پڑھا تھا تیری حاجت کے وقت میں نے اس کو ادا کر دیا۔ اس پر یہ اشکال نہ کیا جائے کہ ایک پرچہ سر انگشت کی برابر میزان کے پلڑے کو کیسے جھکا دے گا اس لیے کہ اللہ جل شانہٗ کے یہاں اخلاص کی قدر ہے اور جتنا بھی اخلاص زیادہ ہوگا اتنا ہی وزن زیادہ ہوگا۔ حدیث البطاقہ ایک ٹکڑا کاغذ کا جس پر کلمۂ شہادت لکھا ہوا تھا، وہ ننانوے دفتروں کے مقابلہ میں اور ہر دفتر اتنا بڑا کہ منتہائے نظر تک ڈھیر لگا ہوا تھا غالب آگیا۔ یہ حدیث مفصل اس ناکارہ کے رسالہ فضائل ذکر باب دوم فصل سوم کی ۱۴ پر گزر چکی ہے۔ جس کا جی چاہے مفصل وہاں دیکھے اور اس میں یہ بھی ہے کہ اللہ کے نام کے مقابلہ میں کوئی چیز بھاری نہیں ہو سکتی۔ اور بھی اُس رسالہ میں متعدد روایات اسی مضمون کی گذری ہیں کہ جن سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ کے یہاں وزن اخلاص کا ہے فصل پنجم حکایات کے ذیل میں حکایت ۲۰ پر بھی اس کے متعلق مختصر سا مضمون آ رہا ہے۔

(۱۲) عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ قَالَ اَیُّمَا رَجُلٌ مُّسْلِمٌ لَّمْ یَکُنْ عِنْدَہٗ صَدَقَۃٌ فَلْیَقُلْ فِیْ دُعَائِہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کرتے ہیں کہ جس کے پاس صدقہ کرنے کو کچھ نہ ہو وہ یوں دُعا مانگا کرے۔ (اللّٰھم صل سے اخیر تک) اے اللہ درود بھیج محمد صلی اللہ

وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ فَاِنَّهَا زَكٰوةٌ وَقَالَ لَا يَشْبَعُ الْمُؤْمِنُ مِنْ خَيْرٍ حَتّٰى يَكُوْنَ مُنْتَهَاهُ الْجَنَّةُ رواه ابن حبان فی صحیحه کذا فی الترغیب وبسط السخاوی فی تخریجه وعزاه السیوطی فی الدر الی الادب المفرد للبخاری۔

علیہ وسلم پر جو تیرے بندے ہیں اور تیرے رسول ہیں اور رحمت بھیج مومن مرد اور مومن عورتوں پر اور مسلمان مرد اور مسلمان عورتوں پر بس یہ دعا اس کے لیے زکوٰۃ یعنی صدقہ ہونے کے قائم مقام ہے اور مومن کا پیٹ کسی خیر سے کبھی نہیں بھرتا یہاں تک کہ وہ جنت میں پہنچ جائے۔

ف:- علامہ سخاویؒ نے لکھا ہے کہ حافظ ابن حبانؒ نے اس حدیث پر یہ فصل باندھی ہے اس چیز کا بیان کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا صدقہ نہ ہونے کی صورت میں صدقہ کے قائم مقام ہو جاتا ہے علماء میں اس بات میں اختلاف ہے کہ صدقہ افضل ہے یا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر درود، بعض علماء نے کہا ہے کہ حضورؐ پر درود صدقہ سے بھی افضل ہے اس لیے کہ صدقہ صرف ایک ایسا فریضہ ہے جو بندوں پر ہے اور درود شریف ایسا فریضہ ہے جو بندوں پر فرض ہونے کے علاوہ اللہ تعالیٰ شانہ، اور اس کے فرشتے بھی اس عمل کو کرتے ہیں۔ اگرچہ علامہ سخاویؒ خود اس کے موافق نہیں ہیں علامہ سخاویؒ نے حضرت ابوہریرہؓ سے حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ مجھ پر درود بھیجا کرو اس لیے کہ مجھ پر درود بھیجنا تمہارے لیے زکوٰۃ (صدقہ) کے حکم میں ہے ایک اور حدیث سے نقل کیا ہے کہ مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو وہ تمہارے لیے زکوٰۃ (صدقہ) ہے۔ نیز حضرت علیؓ کی روایت سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کیا ہے کہ مجھ پر تمہارا درود بھیجنا تمہاری دعاؤں کو محفوظ کرنے والا ہے۔ تمہارے رب کی رضا کا سبب ہے اور تمہارے اعمال کی زکوٰۃ ہے (یعنی ان کو بڑھانے والا اور پاک کرنے والا ہے) حضرت انسؓ کی حدیث سے حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ مجھ پر درود بھیجا کرو اس لیے کہ مجھ پر درود تمہارے لیے (گناہوں کا) کفارہ ہے۔ اور زکوٰۃ (یعنی صدقہ) ہے۔ اور حدیث پاک کا آخری ٹکڑا کہ مومن کا پیٹ نہیں بھرتا اس کو صاحب مشکوٰۃ نے فضائل علم میں نقل کیا ہے اور صاحب مرقات وغیرہ نے خیر سے علم مراد لیا ہے۔ اگرچہ خیر کا لفظ عام ہے اور ہر خیر کی چیز اور ہر نیکی کو شامل ہے۔ اور مطلب ظاہر ہے کہ مومن کامل کا پیٹ نیکیاں کمانے سے کبھی نہیں بھرتا وہ ہر وقت اس کوشش میں رہتا ہے کہ جو نیکی بھی جس طرح اس کو مل جائے وہ حاصل ہو جائے۔ اگر اس کے پاس مالی صدقہ نہیں ہے تو درود شریف ہی سے صدقہ کی فضیلت حاصل کرے

اس ناکارہ کے نزدیک خیر کا لفظ علی العموم ہی زیادہ بہتر ہے کہ وہ علم اور دوسری چیزوں کو شامل ہے۔ لیکن صاحب مظاہر حق نے بھی صاحب مرقات وغیرہ کے اتباع میں خیر سے علم ہی مراد لیا ہے اس لیے وہ تحریر فرماتے ہیں ہرگز نہیں سیر ہوتا مومن خیر سے یعنی علم سے یعنی اخیر عمر تک طلب علم میں رہتا ہے اور اس کی برکت سے بہشت میں جاتا ہے۔ اس حدیث میں خوشخبری ہے طالب علم کو کہ دنیا سے باایمان جاتا ہے انشاء اللہ تعالیٰ اور اس درجہ کو حاصل کرنے کے لیے بعض اہل اللہ اخیر عمر تک تحصیل علم میں مشغول رہے ہیں باوجود حاصل کرتے بہت سے علم کے اور دائرہ علم کا وسیع ہے جو کہ مشغول ہو ساتھ علم کے اگرچہ ساتھ تعلیم وتصنیف کے ہو حقیقت میں ثواب طلب علم اور تکمیل اس کی کا ہی ہے اس کو (حق)

تکملہ:۔ اس فصل کو قرآن پاک کی دو آیتوں اور دس احادیث شریفہ پر اختصاراً ختم کرتا ہوں کہ فضائل کی روایات بہت کثرت سے ہیں ان کا احصار بھی اس مختصر رسالہ میں دشوار ہے اور سعادت کی بات یہ ہے کہ اگر ایک بھی فضیلت نہ ہوتی تب بھی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحبہ واتباعہ وبارک وسلم کے امت پر اس قدر احسانات ہیں کہ نہ ان کا شمار ہو سکتا ہے اور نہ انکی حق ادائیگی ہو سکتی ہے اس بنا پر جتنا بھی زیادہ سے زیادہ آدمی درود پاک میں رطب اللسان رہتا وہ کم تھا چہ جائیکہ اللہ جل شانہ نے اپنے لطف وکرم سے اس حق ادائیگی کے اوپر بھی سیکڑوں اجر وثواب اور احسانات فرما دیئے۔ علامہ سخاویؒ نے اول مجملاً ان انعامات کی طرف اشارہ کیا ہے جو درود شریف پر مرتب ہوئے ہیں۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں باب ثانی درود شریف کے ثواب میں اللہ جل شانہٗ کا بندہ پر درود بھیجنا۔ اس کے فرشتوں کا درود بھیجنا اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا خود اس پر درود بھیجنا اور درود پڑھنے والوں کی خطاؤں کا کفارہ ہونا اور ان کے اعمال کو پاکیزہ بنا دینا اور ان کے درجات کا بلند ہونا اور گناہوں کا معاف ہونا اور خود درود کا مغفرت طلب کرنا درود پڑھنے والے کے لیے اور اس کے نامۂ اعمال میں ایک قیراط کی برابر ثواب کا لکھا جانا۔ اور قیراط بھی وہ جو احد پہاڑ کی برابر ہو اور اس کے اعمال کا بہت بڑی ترازو میں تلنا۔ اور جو شخص اپنی ساری دعاؤں کو درود بنادے اس کے دنیا وآخرت کے سارے کاموں کی کفایت جیسا کہ قریب ہی ۹ پر حضرت ابیؓ کی حدیث میں گذر چکا اور خطاؤں کا مٹا دینا اور اس کے ثواب کا غلاموں کے آزاد کرنے سے زیادہ ہونا۔ اور اس کی وجہ سے خطرات سے نجات پانا۔ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا قیامت کے دن اس کے لیے شاہد وگواہ

بننا۔ اور آپؐ کی شفاعت کا واجب ہونا۔ اور اللہ کی رضا اور اس کی رحمت کا نازل ہونا اور اس کی ناراضگی سے امن کا حاصل ہونا۔ اور قیامت کے دن عرش کے سایہ میں داخل ہونا۔ اور اعمال کے تلنے کے وقت نیک اعمال کے پلڑے کا جھکنا۔ اور حوض کوثر پر حاضری کا نصیب ہونا اور قیامت کے دن کی پیاس سے امن نصیب ہونا۔ اور جہنم کی آگ سے خلاصی کا نصیب ہونا۔ اور پلصراط پر سہولت سے گذر جانا اور مرنے سے پہلے اپنا مقرب ٹھکانہ جنت میں دیکھ لینا اور جنت میں بہت ساری بیبیوں کا ملنا اور اس کے ثواب کا بیس جہادوں سے زیادہ ہونا۔ اور نادار کے لیے صدقہ کے قائم مقام ہونا اور درود شریف زکوٰۃ ہے اور طہارت ہے اور اس کی وجہ سے مال میں برکت ہوتی ہے اور اس کی برکت سے سو حاجتیں بلکہ اس سے بھی زیادہ پوری ہوتی ہیں اور عبادت تو ہے ہی۔ اور اعمال میں اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب ہے۔ اور مجالس کے لیے زینت ہے اور فقر کو اور تنگی معیشت کو دور کرتا ہے۔ اور اسکے ذریعہ سے اسباب خیر تلاش کیے جاتے ہیں۔ اور یہ کہ درود پڑھنے والا قیامت کے دن حضور اقدسؐ کے سب سے زیادہ قریب ہوگا اور اسکی برکات سے خود درود پڑھنے والا اور اسکے بیٹے اور پوتے منتفع ہوتے ہیں۔ اور وہ بھی منتفع ہوتا ہے کہ جس کو درود شریف کا ایصال ثواب کیا جائے۔ اور اللہ اور اسکے رسولؐ کی بارگاہ میں تقرب حاصل ہوتا ہے اور وہ بیشک نور ہے اور دشمنوں پر غلبہ حاصل ہونے کا ذریعہ ہے۔ اور دلوں کو نفاق سے اور زنگ سے پاک کرتا ہے اور لوگوں کے دلوں میں محبت پیدا ہونے کا ذریعہ ہے۔ اور خواب میں حضور اقدسؐ کی زیارت کا ذریعہ ہے اور اسکا پڑھنے والا اس سے محفوظ رہتا ہے کہ لوگ اسکی غیبت کریں۔ درود شریف بہت بابرکت اعمال میں سے ہے اور افضل ترین اعمال میں سے ہے۔ اور دین و دنیا دونوں میں سب سے زیادہ نفع دینے والا عمل ہے اور اس کے علاوہ بہت سے ثواب جو سمجھدار کے لیے اس میں رغبت پیدا کرنے والے ہیں ایسا سمجھدار جو اعمال کے ذخیروں کے جمع کرنے پر حریص ہو اور ذخائر اعمال کے ثمرات حاصل کرنا چاہتا ہو۔ علامہ سخاویؒ نے باب کے شروع میں یہ اجمالی مضمون ذکر کرنے کے بعد پھر ان مضامین کی روایات کو تفصیل سے ذکر کیا جن میں سے بعض فصل اول میں گذر چکی ہیں اور بعض فصل ثانی میں آرہی ہیں۔ اور ان روایات کو ذکر کرنے کے بعد لکھتے ہیں کہ ان احادیث میں اس عبادت کی شرافت پر بین دلیل ہے کہ اللہ جل شانہٗ کا درود۔ درود پڑھنے والے پر المضاعف (یعنی دس گنا) ہوتا ہے۔ اور اسکی نیکیوں میں اضافہ ہوتا ہے۔ گناہوں کا کفارہ ہوتا ہے۔ درجات بلند ہوتے ہیں پس جتنا بھی

ہوسکتا ہو سید السادات اور معدن السعادات پر درود کی کثرت کیا کر۔ اس لیے کہ وہ وسیلہ ہے مسرات کے حصول کا اور ذریعہ ہے بہترین عطاؤں کا اور ذریعہ ہے مضرات سے حفاظت کا اور تیرے لیے ہر اس درود کے بدلہ میں جو تو پڑھے دس درود ہیں ۔جبار الارضین والسموات کی طرف سے اور درود ہے اس کے ملائکہ کرام کی طرف سے وغیرہ وغیرہ۔ ایک اور جگہ اقلیشی کا یہ قول نقل کرتے ہیں کہ کونسا وسیلہ زیادہ شفاعت والا ہو سکتا ہے اور کونسا عمل زیادہ نفع والا ہو سکتا ہے اس ذات اقدس ؐ پر درود کے مقابلہ میں جس پر اللہ جل شانہٗ درود بھیجتے ہیں اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں اور اللہ جل شانہٗ نے اس کو دُنیا اور آخرت میں اپنی قربت کے ساتھ مخصوص فرمایا ہے۔ یہ بہت بڑا نور ہے اور ایسی تجارت ہے جس میں گھاٹا نہیں ۔یہ اولیاء کرام کا صبح و شام کا مستقل معمول رہا ہے۔ پس جہاں تک ہوسکے، درود شریف پڑھتا رہا کر اس سے اپنی گمراہی سے نکل آئے گا اور تیرے اعمال صاف ستھرے ہو جائیں گے تیری اُمیدیں بر آئیں گی تیرا قلب منور ہو جائے گا۔ اللہ تعالیٰ شانہٗ کی رضا حاصل ہو گی ۔قیامت کے سخت ترین دہشت ناک دن میں امن نصیب ہو گا۔

دوسری فصل خاص خاص درود کے خاص خاص فضائل کے بیان میں

(١) عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ لَیْلٰی قَالَ لَقِیَنِیْ کَعْبُ بْنُ عُجْرَۃَ فَقَالَ اَلَا اُھْدِیْ لَکَ ھَدِیَّۃً سَمِعْتُھَا مِنَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ بَلٰی فَاَھْدِھَا لِیْ فَقَالَ سَاَلْنَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ کَیْفَ الصَّلٰوۃُ عَلَیْکُمْ اَھْلَ الْبَیْتِ فَاِنَّ اللّٰہَ قَدْ عَلَّمَنَا کَیْفَ نُسَلِّمُ عَلَیْکَ قَالَ قُوْلُوْا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

حضرت عبد الرحمٰنؓ کہتے ہیں کہ مجھ سے حضرت کعبؓ کی ملاقات ہوئی وہ فرمانے لگے کہ میں تجھے ایک ایسا ہدیہ دوں جو میں نے حضور سے سُنا ہے میں نے عرض کیا ضرور مرحمت فرمایئے انہوں نے فرمایا کہ ہم حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا یا رسول اللہ آپ پر درود کن الفاظ سے پڑھا جائے یہ تو اللہ تعالیٰ نے ہمیں بتلا دیا کہ آپ پر سلام کس طرح بھیجیں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اس طرح درود پڑھا کرو۔ (اللّٰھم صل سے اخیر تک) یعنی اے اللہ درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور ان کی آل پر جیسا کہ آپ نے

مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَعَلَىٰ آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَّجِيدٌ. رواہ البخاری وبسط السخاوی فی تخریجہ واختلاف الفاظہ وقال ھکذا لفظ البخاری علی ابراھیم وعلی آل ابراھیم فی الموضعین

درود بھیجا حضرت ابراہیم پر اور انکی آل (اولاد) پر اے اللہ بیشک آپ ستودہ صفات اور بزرگ ہیں۔ اے اللہ برکت نازل فرما محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور انکی آل (اولاد) پر جیسا کہ برکت نازل فرمائی آپنے حضرت ابراہیم پر اور انکی آل (اولاد) پر بیشک آپ ستودہ صفات بزرگ ہیں۔

ف:۔ ہدیہ دینے کا مطلب یہ ہے کہ ان حضرات کے ہاں رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین مہمانوں اور دوستوں کے لیے بجائے کھانے پینے کی چیزوں کے بہترین تحائف اور بہترین ہدیے حضور کا ذکر شریف حضور کی احادیث، حضور کے حالات تھے ان چیزوں کی قدر ان حضرات کے ہاں مادی چیزوں سے کہیں زیادہ تھی جیسا کہ ان کے حالات اسکے شاہد عدل ہیں۔ اسی بناء پر حضرت کعب رضؓ نے اس کو ہدیہ سے تعبیر کیا۔ یہ حدیث شریف بہت مشہور حدیث ہے۔ اور حدیث کی سب کتابوں میں بہت کثرت سے ذکر کی گئی ہے اور بہت سے صحابہ کرام رضؓ سے مختصر اور مفصل الفاظ میں نقل کی گئی ہے۔ علامہ سخاویؒ نے قول بدیع میں اس کے بہت طرق اور مختلف الفاظ نقل کیے ہیں وہ ایک حدیث میں حضرت حسنؓ سے مرسلاً نقل کرتے ہیں کہ جب آیت شریفہ إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ نازل ہوئی تو صحابہؓ نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ اسلام تو ہم جانتے ہیں کہ وہ کس طرح ہوتا ہے آپ ہمیں درود شریف پڑھنے کا کس طرح حکم فرماتے ہیں۔ تو حضورؐ نے فرمایا کہ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ الخ پڑھا کرو۔ دوسری حدیث میں ابومسعود بدریؓ سے نقل کیا ہے کہ ہم حضرت سعد بن عبادہؓ کی مجلس میں تھے کہ وہاں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے۔ حضرت بشیرؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! اللہ جل شانہٗ نے ہمیں درود پڑھنے کا حکم دیا ہے پس ارشاد فرمایئے کہ کس طرح آپ پر درود پڑھا کریں۔ حضورؐ نے سکوت فرمایا یہاں تک کہ ہم تمنا کرنے لگے کہ وہ شخص سوال ہی نہ کرتا۔ پھر حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ یوں کہا کرو اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ الخ بروایت مسلم و ابوداؤد وغیرہ میں ہے اس کا مطلب کہ "ہم اسکی تمنا کرنے لگے"، یہ ہے کہ ان حضرات صحابہ کرام رضؓ کو غایت محبت اور نہایت احترام کی وجہ سے جس بات کے جواب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو تامل ہوتا یا سکوت فرماتے تو ان کو یہ خوف ہوتا کہ یہ سوال کہیں منشاء مبارک کے خلاف تو نہیں ہو گیا۔ یا یہ کہ

اس کا جواب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو معلوم نہیں تھا جس کی وجہ سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو تامل فرمانا پڑا۔ بعض روایات سے اس کی تائید بھی ہوتی ہے۔ حافظ ابن حجرؒ نے طبری کی روایت سے یہ نقل کیا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے سکوت فرمایا یہاں تک کہ حضورؐ پر وحی نازل ہوئی۔ مسند احمد و ابن حبان وغیرہ میں ایک اور روایت سے نقل کیا ہے کہ ایک صحابیؓ حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور حضورؐ کے سامنے بیٹھ گئے ہم لوگ مجلس میں حاضر تھے ان صاحب نے سوال کیا یا رسول اللہ سلام کا طریقہ تو ہمیں معلوم ہو گیا جب ہم نماز پڑھا کریں تو اس میں آپ پر درود کیسے پڑھا کریں حضورؐ نے اتنا سکوت فرمایا کہ ہم لوگوں کی یہ خواہش ہونے لگی کہ یہ شخص سوال ہی نہ کرتا اس کے بعد حضورؐ نے فرمایا کہ جب نماز پڑھا کرو تو یہ درود پڑھا کرو اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ الخ۔ ایک اور روایت میں عبدالرحمن بن بشیرؓ سے نقل کیا ہے کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ اللہ جل شانہٗ نے ہمیں صلوٰۃ و سلام کا حکم دیا ہے سلام تو ہمیں معلوم ہو گیا۔ آپؐ پر درود کیسے پڑھا کریں۔ تو حضورؐ نے فرمایا یوں پڑھا کرو اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ مسند احمد ترمذی بیہقی وغیرہ کی روایات میں ذکر کیا گیا ہے کہ جب آیت شریفہ اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ الاٰیۃ نازل ہوئی تو ایک صاحب نے آکر عرض کیا یا رسول اللہ سلام تو ہمیں معلوم ہے آپ پر درود کیسے پڑھا کریں تو حضورؐ نے ان کو درود تلقین فرمایا۔ اور بھی بہت سی روایات میں اس قسم کے مضمون ذکر کیے گئے ہیں۔ اور درودوں کے الفاظ میں اختلاف بھی ہے جو اختلاف روایات میں ہوا ہی کرتا ہے جس کی مختلف وجوہ ہوتی ہیں اس جگہ ظاہر یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف صحابہؓ کو مختلف الفاظ ارشاد فرمائے تاکہ کوئی لفظ خاص طور سے واجب نہ بن جائے نفس درود شریف کا وجوب علیحدہ چیز ہے جیسا کہ فصل رابع میں آرہا ہے اور درود شریف کے کسی خاص لفظ کا وجوب علیحدہ چیز ہے کوئی خاص لفظ واجب نہیں۔ یہ درود شریف جو اس فصل کے شروع میں اوپر لکھا گیا ہے۔ یہ بخاری شریف کی روایت ہے جو سب سے زیادہ صحیح ہے اور حنفیہ کے نزدیک نماز میں اسی کا پڑھنا اولیٰ ہے جیسا کہ علامہ شامیؒ نے لکھا ہے کہ حضرت امام محمدؒ سے سوال کیا گیا کہ حضورؐ پر درود کن الفاظ سے پڑھے تو انھوں نے یہی درود ارشاد فرمایا جو فصل کے شروع میں لکھا گیا اور یہ درود موافق ہے اس کے جو صحیحین (بخاری و مسلم) وغیرہ میں ہے۔ علامہ شامیؒ نے یہ عبارت شرح منیہ سے نقل کی ہے۔ شرح منیہ کی عبارت یہ ہے کہ یہ درود موافق ہے اس کے جو صحیحین میں کعب بن عجرہؓ سے نقل کیا گیا ہے انتہیٰ

اور کعب بن عجرہؓ کی یہی روایت ہے جو اوپر گذری۔ علامہ سخاویؒ کہتے ہیں کہ حضرت کعبؓ وغیرہ کی حدیث سے ان الفاظ کی تعیین ہوتی ہے جو حضورؐ نے اپنے صحابہؓ کو آیت شریفہ کے امتثال امر میں سکھلائے۔ اور بھی بہت سے اکابر سے اس کا افضل ہونا نقل کیا گیا ہے۔ ایک جگہ علامہ سخاویؒ لکھتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہؓ کے اس سوال پر کہ ہم لوگوں کو اللہ جل شانہٗ نے صلوٰۃ وسلام کا حکم دیا ہے تو کونسا درود پڑھیں۔ حضورؐ نے یہ تعلیم فرمایا اس سے معلوم ہوا کہ یہ سب سے افضل ہے۔ امام نوویؒ نے اپنی کتاب روضہ میں تو یہاں تک لکھ دیا ہے کہ اگر کوئی شخص یہ قسم کھا بیٹھے کہ میں سب سے افضل درود پڑھوں گا تو اس درود کے پڑھنے سے قسم پوری ہو جائے گی حصن حصین کے حاشیہ پر حرز ثمین سے نقل کیا ہے کہ یہ درود شریف سب سے زیادہ صحیح ہے اور سب سے زیادہ افضل ہے نماز میں اور بغیر نماز کے اسی کا اہتمام کرنا چاہیے۔ یہاں ایک بات قابل تنبیہ یہ ہے کہ زاد السعید کے بعض نسخوں میں کاتب کی غلطی سے حرز ثمین کی یہ عبارت بجائے اس درود شریف کے ایک دوسرے درود کے نمبر پر لکھ دی گئی اس کا لحاظ رہے۔ اس کے بعد اس حدیث شریف میں چند فوائد قابل ذکر ہیں۔

اوّل ؎ یہ کہ صحابہ کرامؓ کا یہ عرض کرنا کہ سلام ہم جان چکے ہیں اس سے مراد التحیات کے اندر اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ ہے۔ علامہ سخاویؒ کہتے ہیں کہ ہمارے شیخ یعنی حافظ ابن حجرؒ کے نزدیک یہی مطلب زیادہ ظاہر ہے۔ اور حرز میں امام بیہقی سے بھی یہی نقل کیا گیا ہے اور اس میں بھی متعدد علماء سے یہی مطلب نقل کیا گیا ہے۔ ۲؎ ایک مشہور سوال کیا جاتا ہے کہ جب کسی چیز کے ساتھ تشبیہ دی جاتی ہے مثلاً یوں کہا جائے کہ فلاں شخص حاتم طائی جیسا سخی ہے تو سخاوت میں حاتم کا زیادہ سخی ہونا معلوم ہوتا ہے۔ اس وجہ سے اس حدیث پاک میں حضرت ابراہیم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے درود کا افضل ہونا معلوم ہوتا ہے۔ اس کے بھی اور حرز میں کئی جواب دیئے گئے ہیں اور حافظ ابن حجرؒ نے فتح الباری میں دس جواب دیئے ہیں۔ کوئی عالم ہو تو خود دیکھ لے غیر عالم ہو تو کسی عالم سے دل چاہے تو دریافت کر لے سب سے آسان جواب یہ ہے کہ قاعدہ اکثر یہ تو وہی ہے جو اوپر گذرا لیکن بسا اوقات بعض مصالح سے اس کا الٹا ہوتا ہے جیسے قرآن پاک کے درمیان میں اللہ جل شانہٗ کے نور کے متعلق ارشاد ہے۔ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِیْهَا مِصْبَاحٌ الآیۃ ترجمہ اسکے نور کی مثال اس طاق کی سی ہے جس میں چراغ ہو آخر آیت تک۔ حالانکہ اللہ جل شانہٗ کے

نور کو چراغوں کے نور کے ساتھ کیا مناسبت۔ ۳ یہ بھی مشہور اشکال ہے کہ یہ سارے انبیاء کرام علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام میں حضرت ابراہیمؑ ہی کے درود کو کیوں ذکر کیا۔ اس کے بھی اور جز میں کئی جواب دیئے گئے ہیں۔ حضرت اقدس تھانوی نوراللہ مرقدہٗ نے بھی زاد السعید میں کئی جواب ارشاد فرمائے ہیں۔ بندے کے نزدیک تو زیادہ پسند یہ جواب ہے کہ حضرت ابراہیمؑ کو اللہ جل شانہٗ نے اپنا خلیل قرار دیا۔ چنانچہ ارشاد ہے۔ وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا لہٰذا جو درود اللہ تعالیٰ کی طرف سے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر ہوگا وہ محبت کی لائن کا ہوگا اور محبت کی لائن کی ساری چیزیں سب سے اونچی ہوتی ہیں۔ لہٰذا جو درود محبت کی لائن کا ہوگا وہ یقیناً سب سے زیادہ لذیذ اور اونچا ہوگا۔ چنانچہ ہمارے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ جل شانہٗ نے اپنا حبیب قرار دیا اور حبیب اللہ بنایا اور اسی لیے دونوں کا درود ایک دوسرے کے مشابہ ہوا۔ مشکوٰۃ میں حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے قصہ نقل کیا گیا ہے کہ صحابہؓ کی ایک جماعت انبیاء کرامؑ کا تذکرہ کر رہی تھی کہ اللہ نے حضرت ابراہیمؑ کو خلیل بنایا اور حضرت موسیٰؑ سے کلام کی اور حضرت عیسیٰؑ اللہ کا کلمہ اور روح ہیں اور حضرت آدمؑ کو اللہ نے اپنا صفی قرار دیا اتنے میں حضورؐ تشریف لائے۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا میں نے تمہاری گفتگو سنی۔ بیشک ابراہیمؑ خلیل اللہ ہیں اور موسیٰؑ نجی اللہ ہیں (یعنی کلیم اللہ) اور ایسے ہی عیسیٰؑ اللہ کا کلمہ اور روح ہیں اور آدمؑ اللہ کے صفی ہیں لیکن بات یوں ہے غور سے سنو کہ میں اللہ کا حبیب ہوں اور اس پر کوئی فخر نہیں کرتا اور قیامت کے دن حمد کا جھنڈا میرے ہاتھ میں ہوگا۔ اور اس جھنڈے کے نیچے آدمؑ اور سارے انبیاء ہوں گے اور اس پر فخر نہیں کرتا۔ اور قیامت کے دن سب سے پہلے میں شفاعت کرنے والا ہوں گا اور سب سے پہلے جس کی شفاعت قبول کی جائے گی وہ میں ہوں گا اور اس پر بھی میں کوئی فخر نہیں کرتا اور سب سے پہلے جنت کا دروازہ کھلوانے والا میں ہونگا۔ اور سب سے پہلے جنت میں میں اور میری امت کے فقراء داخل ہوں گے اور اس پر بھی کوئی فخر نہیں کرتا۔ اور میں اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ مکرم ہوں اوّلین اور آخرین میں، اور کوئی فخر نہیں کرتا اور بھی متعدد روایات سے حضورؐ کا حبیب اللہ ہونا معلوم ہوتا ہے۔ محبت اور خلت میں جو مناسبت ہے وہ ظاہر ہے اسی لیے ایک کے درود کو دوسرے کے درود کے ساتھ تشبیہہ دی اور چونکہ حضرت ابراہیم علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے آباء میں ہیں اس لیے بھی من اشبہ

اباہ فما ظلم آباء و اجداد کے ساتھ مشابہت بہت ممدوح ہے مشکوٰۃ کے حاشیہ پر لمعات سے اس میں ایک نکتہ بھی لکھا ہے وہ یہ کہ حبیب اللہ کا لقب سب سے اونچا ہے چنانچہ فرماتے ہیں کہ حبیب اللہ کا لفظ جامع ہے خلت کو بھی اور کلیم اللہ ہونے کو بھی اور صفی اللہ ہونے کو بھی بلکہ ان سے زائد چیزوں کو بھی جو دیگر انبیاء کے لیے ثابت نہیں اور وہ اللہ کا محبوب ہونا ہے ایک خاص محبت کے ساتھ میں جو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ہی کے ساتھ مخصوص ہے۔

(۲) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَرَّهٗ اَنْ یَّکْتَالَ بِالْمِکْیَالِ الْاَوْفٰی اِذَا صَلّٰی عَلَیْنَا اَهْلَ الْبَیْتِ فَلْیَقُلْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَذُرِّیَّتِهٖ وَاَهْلِ بَیْتِهٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ (رواہ ابوداؤد وذکرہ السخاوی بطرق عدیدۃ۔

حضرت ابوہریرہؓ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جس شخص کو یہ بات پسند ہو کہ جب وہ درود پڑھا کرے ہمارے گھرانے پر تو اس کا ثواب بہت بڑے پیمانہ میں ناپا جائے تو وہ ان الفاظ سے درود پڑھا کرے (اللّٰهم صل علی محمد سے اخیر تک) ترجمہ:۔ اے اللہ درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم) پر جو نبی اُمی ہیں اور ان کی بیویوں پر جو سارے مسلمانوں کی مائیں ہیں اور آپ کی آل اولاد پر اور آپ کے گھرانے پر جیسا کہ درود بھیجا آپ نے آل ابراہیم[1] پر بیشک آپ ہی سزاوار حمد ہیں بزرگ ہیں۔

ف:۔ نبی امی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا خاص لقب ہے اور یہ لقب آپ کا تورات انجیل اور تمام کتابوں میں جو آسمان سے اتریں ذکر کیا گیا ہے (کذا فی المظاہر)

آپ کو نبی اُمی کیوں کہا جاتا ہے؛ اس میں علماء کے بہت سے اقوال ہیں جن کو شروح حدیث مرقات وغیرہ میں تفصیل سے ذکر کیا گیا ہے مشہور قول یہ ہے کہ اُمی ان پڑھ کو کہتے ہیں کہ جو لکھنا پڑھنا نہ جانتا ہو اور یہ چونکہ اہم ترین معجزہ ہے کہ جو شخص لکھنا پڑھنا نہ جانتا ہو وہ ایسا فصیح وبلیغ قرآن پاک لوگوں کو پڑھائے غالباً اسی معجزہ کی وجہ سے کتب سابقہ میں اس لقب کو ذکر کیا گیا ہے

یتیمے کہ ناکردہ قرآں درست ۔۔۔ کتب خانہ چند ملت بشست

"جو یتیم کہ اس نے پڑھنا بھی نہ سیکھا ہو اس نے کتنے ہی مذہبوں کے کتب خانے دھو دیئے یعنی منسوخ کر دیئے"

نگار من کہ بمکتب نہ رفت وخط نہ نوشت ۔۔۔ بغمزہ مسئلہ آموز صد مدرس شد

"میرا محبوب جو کبھی مکتب میں بھی نہیں گیا، لکھنا بھی نہیں سیکھا۔ وہ اپنے اشاروں سے سیکڑوں مدرسوں کا معلم بن گیا

حضرت اقدس شیخ المشائخ حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ حرز ثمین[۱۳] پر تحریر فرماتے ہیں کہ

[1] آل ابراہیم

مجھے میرے والد نے ان الفاظ کے ساتھ درود پڑھنے کا حکم فرمایا تھا، اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ میں نے خواب میں اس درود شریف کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پڑھا تو حضورؐ نے اس کو پسند فرمایا، اس کا مطلب کہ بہت بڑے پیمانہ میں ناپا جائے یہ ہے کہ عرب میں کھجوریں غلہ وغیرہ پیمانوں میں ناپ کر بیچا جاتا تھا جیسا کہ ہمارے شہروں میں یہ چیزیں وزن سے بکتی ہیں تو بہت بڑے پیمانہ کا مطلب گویا بہت بڑی ترازو ہوا اور گویا حدیث پاک کا مطلب یہ ہوا کہ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کے درود کا ثواب بہت بڑی ترازو میں تولا جائے اور ظاہر ہے کہ بہت بڑی ترازو میں وہی چیز تولی جائے گی جس کی مقدار بہت زیادہ ہوگی، تھوڑی مقدار بڑی ترازو میں تولی بھی نہیں جا سکتی، جن ترازو میں حمام کے لکڑ تولے جاتے ہوں ان میں تھوڑی چیز وزن میں بھی نہیں آسکتی پاسنگ میں رہ جائیگی۔ ملا علی قاریؒ نے اور اس سے قبل علامہ سخاویؒ نے یہ لکھا ہے کہ جو چیزیں تھوڑی مقدار میں ہوا کرتی ہیں وہ ترازوؤں میں تلا کرتی ہیں اور جو بڑی مقداروں میں ہوا کرتی ہیں وہ عام طور سے پیمانوں ہی میں ناپی جاتی ہیں، ترازوؤں میں ان کا آنا مشکل ہوتا ہے، علامہ سخاویؒ نے حضرت ابو مسعودؓ سے بھی حضورؐ کا یہی ارشاد نقل کیا ہے۔ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی حدیث سے بھی یہی نقل کیا ہے کہ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کا درود بہت بڑے پیمانہ سے ناپا جائے جب وہ ہم اہل بیت پر درود بھیجے تو یوں پڑھا کرے۔ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلٰوتِکَ وَبَرَکَاتِکَ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ وَاَزْوَاجِہٖ اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ اور حسن بصریؒ سے یہ نقل کیا ہے کہ جو شخص یہ چاہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی حوض سے بھر پور پیالہ پیوے وہ یہ درود پڑھا کرے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَوْلَادِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَصْھَارِہٖ وَاَنْصَارِہٖ وَاَشْیَاعِہٖ وَمُحِبِّیْہِ وَاُمَّتِہٖ وَعَلَیْنَا مَعَھُمْ اَجْمَعِیْنَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ اس حدیث کو قاضی عیاضؒ نے بھی شفا میں نقل کیا ہے ؎

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا   عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمِ

(۳) عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَکْثِرُوا مِنَ الصَّلٰوۃِ عَلَیَّ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ فَاِنَّہٗ

حضرت ابو الدرداءؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ میرے اوپر جمعہ کے دن کثرت سے درود بھیجا کرو اسلئے کہ یہ ایسا مبارک دن

يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ تَشْهَدُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَاِنَّ اَحَدًا لَّنْ يُّصَلِّيَ عَلَيَّ اِلَّا عُرِضَتْ عَلَيَّ صَلٰوتُهٗ حَتّٰى يَفْرُغَ مِنْهَا قَالَ قُلْتُ وَبَعْدَ الْمَوْتِ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَى الْاَرْضِ اَنْ تَاْكُلَ اَجْسَادَ الْاَنْبِيَآءِ عَلَيْهِمُ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ رواه ابن ماجة باسناد جيد كذا فى الترغيب زاد السخاوى فى اٰخر الحديث فنبى الله حى يرزق وبسط فى تخريجه واخرج معناه عن عدة من الصحابة وقال القارى وله طرق كثيرة بالفاظ مختلفة۔

ہے کہ ملائکہ اس میں حاضر ہوتے ہیں اور جب کوئی شخص مجھ پر درود بھیجتا ہے تو وہ درود اسکے فارغ ہوتے ہی مجھ پر پیش کیا جاتا ہے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ کے انتقال کے بعد بھی۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا ہاں، انتقال کے بعد بھی اللہ جل شانہ نے زمین پر یہ بات حرام کر دی ہے کہ وہ انبیاءؑ کے بدنوں کو کھائے۔ پس اللہ کا نبی زندہ ہوتا ہے۔ رزق دیا جاتا ہے۔ ف: ملا علی قاریؒ کہتے ہیں کہ اللہ جل شانہ نے انبیاء کے اجساد کو زمین پر حرام کر دیا پس کوئی فرق نہیں ہے ان کے بیچ دونوں حالتوں یعنی زندگی اور موت میں اور اس حدیث پاک میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ درود روح مبارک اور بدن مبارک دونوں پر پیش ہوتا ہے اور حضورؐ کا یہ ارشاد کہ اللہ کا نبی زندہ ہے رزق دیا جاتا ہے سے مراد حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی پاک ذات ہو سکتی ہے اور ظاہر یہ ہے کہ اس سے ہر نبی مراد ہے اس لیے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اپنی قبر میں کھڑے ہوئے نماز پڑھتے دیکھا اور اسی طرح حضرت ابراہیم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کو بھی دیکھا جیسا کہ مسلم شریف کی حدیث میں ہے اور یہ حدیث کہ انبیاءؑ اپنی قبروں میں زندہ ہیں نماز پڑھتے ہیں صحیح ہے اور رزق سے مراد رزق معنوی ہو سکتا ہے اور اس میں بھی کوئی مانع نہیں کہ رزقِ حسی مراد ہو اور وہی ظاہر ہے اور منیادر راہ علامہ سخاویؒ نے یہ حدیث بہت سے طرق سے نقل کی ہے۔ حضرت اوسؓ کے واسطہ سے حضورؐ کا ارشاد نقل کیا ہے تمہارے افضل ترین ایام میں سے جمعہ کا دن ہے۔ اسی دن میں حضرت آدمؑ کی پیدائش ہوئی، اسی میں ان کی وفات ہوئی، اسی دن میں نفخہ (پہلا صور) اور اسی میں صعقہ (دوسرا صور) ہوگا پس اس دن میں مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو اس لیے کہ تمہارا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہمارا درود آپ پر کیسے پیش کیا جائے گا آپ تو (قبر میں) بوسیدہ ہو چکے ہوں گے؟ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ جل شانہ نے زمین پر

یہ بات حرام کردی ہے کہ وہ انبیاء علیہم السلام کے بدنوں کو کھا دے۔ حضرت ابوامامہؓ کی حدیث سے بھی حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ میرے اوپر ہر جمعہ کے دن کثرت سے درود بھیجا کرو اس لیے کہ میری امت کا درود ہر جمعہ کو پیش کیا جاتا ہے۔ پس جو شخص میرے اوپر درود پڑھنے میں سب سے زیادہ ہوگا وہ مجھ سے (قیامت کے دن) سب سے زیادہ قریب ہوگا، یہ مضمون کہ کثرت سے درود پڑھنے والا قیامت کے دن حضورؐ سے سب سے زیادہ قریب ہوگا فصل اوّل ۵ میں گذر چکا ہے۔ حضرت ابومسعود انصاریؓ کی حدیث سے بھی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جمعہ کے دن میرے اوپر کثرت سے درود بھیجا کرو اس لیے کہ جو شخص بھی جمعہ کے دن مجھ پر درود بھیجتا ہے وہ مجھ پر فوراً پیش ہوتا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بھی حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ میرے اوپر روشن رات (یعنی جمعہ کی رات) اور روشن دن (یعنی جمعہ کے دن) میں کثرت سے درود بھیجا کرو اس لیے کہ تمہارا درود مجھ پر پیش ہوتا ہے تو میں تمہارے لیے دعاء اور استغفار کرتا ہوں۔ اسی طرح حضرت ابن عمرؓ، حضرت حسن بصریؒ حضرت خالد بن معدان وغیرہ سے حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو۔ سلیمان بن سحیمؒ کہتے ہیں کہ میں نے خواب میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! جو لوگ آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں اور آپ کی خدمت میں سلام کرتے ہیں کیا آپ کو اس کا پتہ چلتا ہے؟ حضورؐ نے فرمایا ہاں! اور میں ان کے سلام کا جواب دیتا ہوں۔ ابراہیم بن شیبانؒ کہتے ہیں کہ میں نے حج کیا اور مدینہ پاک حاضری ہوئی اور میں نے قبر اطہر کی طرف بڑھ کر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں سلام عرض کیا تو میں نے قبر اطہر سے وعلیک السلام کی آواز سُنی۔ بلوغ المسرات میں حافظ ابن قیمؒ سے یہ نقل کیا گیا ہے کہ جمعہ کے دن درود شریف کی زیادہ فضیلت کی وجہ یہ ہے کہ جمعہ کا دن تمام دنوں کا سردار ہے۔ اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اطہر سارے مخلوق کی سردار ہے اس لیے اس دن کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کے ساتھ ایک ایسی خصوصیت ہے جو اور دنوں کو نہیں۔ اور بعض لوگوں نے یہ بھی کہا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم باپ کی پشت سے اپنی ماں کے پیٹ میں اسی دن تشریف لائے تھے۔

علامہ سخاویؒ کہتے ہیں کہ جمعہ کے دن درود شریف کی فضیلت حضرت ابوہریرہؓ حضرت انسؓ، اوس بن اوسؓ، ابوامامہ، ابوالدرداءؓ، ابومسعودؓ، حضرت عمرؓ، ان کے صاحبزادے

عبداللہ وغیرہ حضرات رضی اللہ عنہم سے نقل کی گئی ہے جن کی روایات علامہ سخاوی نے نقل کی ہیں۔

يَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا ❊ عَلٰى حَبِيْبِكَ خَيْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

(۴) وَعَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رضـ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلصَّلٰوةُ عَلَىَّ نُوْرٌ عَلَى الصِّرَاطِ وَمَنْ صَلّٰى عَلَىَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ ثَمَانِيْنَ مَرَّةً غُفِرَتْ لَهٗ ذُنُوْبُ ثَمَانِيْنَ عَامًا ذكره السخاوي من عدة روايات ضعيفة با لفاظ مختلفة

ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ مجھ پر درود پڑھنا پلصراط پر گذرنے کے وقت نور ہے اور جو شخص جمعہ کے دن اسّی دفعہ مجھ پر درود بھیجے اس کے اسّی سال کے گناہ معاف کر دیئے جائینگے۔

ف: علامہ سخاوی نے قول بدیع میں اس حدیث کو متعدد روایات سے جن پر ضعف کا حکم بھی لگایا ہے نقل کیا۔ اور صاحب اتحاف نے بھی شرح احیاء میں اس حدیث کو مختلف طرق سے نقل کیا ہے اور محدثین کا قاعدہ ہے ضعیف روایت بالخصوص جبکہ وہ متعدد طرق سے نقل کی جائے فضائل میں معتبر ہوتی ہے۔ غالباً اسی وجہ سے جامع الصغیر میں ابوہریرہؓ کی اس حدیث پر حسن کی علامت لگائی ہے۔ ملا علی قاری نے شرح شفاء میں جامع الصغیر کے حوالے سے بروایت طبرانی و دارقطنی اس حدیث کو نقل کیا ہے۔ علامہ سخاوی کہتے ہیں کہ یہ حدیث حضرت انسؓ کی روایت سے بھی نقل کی جاتی ہے اور حضرت ابوہریرہؓ کی ایک حدیث میں یہ نقل کیا گیا ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد اپنی جگہ سے اٹھنے سے پہلے اسّی مرتبہ یہ درود شریف پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا۔ اس کے اسّی سال کے گناہ معاف ہوں گے اور اسّی سال کی عبادت کا ثواب اس کے لیے لکھا جائیگا دارقطنی کی ایک روایت میں حضورؐ کا ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن مجھ پر اسّی مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے اسّی سال کے گناہ معاف کیے جائیں گے۔ کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ درود کس طرح پڑھا جائے؟ حضورؐ نے ارشاد فرمایا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ۔ اور یہ پڑھ کر ایک انگلی بند کرلے۔ انگلی بند کرنے کا مطلب یہ ہے کہ انگلیوں پر شمار کیا جائے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے انگلیوں پر گننے کی ترغیب وارد ہوئی ہے اور ارشاد ہوا کہ انگلیوں پر گنا کرو اس لیے کہ قیامت میں ان کو گویائی دی جائے گی اور ان سے پوچھا جائے گا، جیسا کہ فضائل ذکر کی فصل دوم کی حدیث ۱۸ میں یہ مضمون تفصیل سے ذکر کیا جا چکا۔ ہم لوگ اپنے ہاتھوں سے سیکڑوں گناہ کرتے ہیں، جب قیامت کے دن پیشی

کے وقت میں ہاتھ اور انگلیاں وہ ہزاروں گناہ گنوائیں جو ان سے زندگی میں کیے گئے ہیں تو انکی ساتھ کچھ نیکیاں بھی گنوائیں جو ان سے کی گئی ہیں یا ان سے گِنی گئی ہیں۔ دارقطنی کی اس روایت کو حافظ عراقیؒ نے حسن بتلایا ہے۔ حضرت علیؓ سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن سو مرتبہ درود پڑھے اس کی ساتھ قیامت کے دن ایک ایسی روشنی آئے گی کہ اگر اس روشنی کو ساری مخلوق پر تقسیم کیا جائے تو سب کو کافی ہو جائے۔ حضرت سہل بن عبد اللہؓ سے نقل کیا گیا ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَسَلِّمْ۔ اسّی دفعہ پڑھے اس کے اسّی سال کے گناہ معاف ہوں۔ علامہ سخاویؒ نے ایک دوسری جگہ حضرت انسؓ کی حدیث سے حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جو شخص مجھ پر ایک دفعہ درود بھیجے اور وہ قبول ہو جائے تو اس کے اسّی سال کے گناہ معاف ہوتے ہیں۔ حضرت تھانوی نور اللہ مرقدہٗ نے زاد السعید میں بحوالہ در مختار اصبہانی سے بھی حضرت انسؓ کی اس حدیث کو نقل فرمایا ہے۔ علامہ شامیؒ نے اس میں طویل بحث کی ہے کہ درود شریف میں بھی مقبول اور غیر مقبول ہوتے ہیں یا نہیں۔ شیخ ابو سلیمان دارانیؒ سے نقل کیا ہے کہ ساری عبادتوں میں مقبول اور مردود ہونے کا احتمال ہے لیکن حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر تو درود شریف قبول ہی ہوتا ہے۔ اور بھی بعض صوفیہ سے یہی نقل کیا ہے ؎

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا ❊ عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

(۵) عَنْ رُوَیْفِعِ بْنِ ثَابِتِ الْاَنْصَارِیِّؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَجَبَتْ لَهٗ شَفَاعَتِیْ رواه البزار والطبرانی فی الاوسط وبعض اسانیدهم حسن کذا فی الترغیب۔

حضرت رویفعؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کرتے ہیں جو شخص اس طرح کہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اس کے لیے میری شفاعت واجب ہو جاتی ہے۔

ف: درود شریف کے الفاظ کا ترجمہ یہ ہے "اے اللہ آپ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیجیے اور ان کو قیامت کے دن ایسے مبارک ٹھکانے پر پہنچایئے جو آپ کے نزدیک مقرب ہو"۔ علماء کے مقعد مقرب یعنی مقرب ٹھکانے میں مختلف اقوال ہیں۔ علامہ سخاویؒ کہتے ہیں کہ محتمل ہے کہ اس سے وسیلہ مراد ہو، یا مقام محمود یا آپؐ کا عرش پر تشریف رکھنا یا آپؐ کا

وہ مقام عالی جو سب سے اعلیٰ و ارفع ہے۔ حرز ثمین میں لکھا ہے کہ مقعد کو مقرب کے ساتھ اس لیے موصوف کیا ہے کہ جو شخص اس میں ہوتا ہے وہ مقرب ہوتا ہے اس وجہ سے گویا اس مکان ہی کو مقرب قرار دیا اور اس کے مصداق میں علاوہ ان اقوال کے جو سخاویؒ سے گذرے ہیں کرسی پر تشریف فرما ہونے کا اضافہ کیا ہے۔ ملا علی قاریؒ کہتے ہیں کہ مقعد مقرب سے مراد مقام محمود ہے اس لیے کہ روایت میں "یوم القیٰمۃ" کا ذکر کیا گیا ہے اور بعض روایات میں "المقرب عندک فی الجنۃ" کا لفظ آیا ہے، یعنی وہ ٹھکانہ جو جنت میں مقرب ہو، اس بناء پر اس سے مراد وسیلہ ہوگا جو جنت کے درجات میں سب سے اعلیٰ درجہ ہے بعض علماء نے کہا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے دو مقام علیحدہ علیحدہ ہیں۔ ایک مقام تو وہ ہے جبکہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم شفاعت کے میدان میں عرش معلیٰ کے دائیں جانب ہوں گے۔ جس پر اوّلین و آخرین سب کو رشک ہوگا، اور دوسرا آپؐ کا مقام جنت میں جس کے اوپر کوئی درجہ نہیں۔ بخاری شریف کی ایک بہت طویل حدیث میں جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا بہت طویل خواب جس میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے دوزخ، جنت وغیرہ اور زناکار، سود خوار وغیرہ لوگوں کے ٹھکانے دیکھے اس کے اخیر میں ہے کہ پھر وہ دونوں فرشتے مجھے ایک گھر میں لے گئے، جس سے زیادہ حسین اور بہتر مکان میں نے نہیں دیکھا تھا۔ اس میں بہت سے بوڑھے اور جوان عورتیں اور بچے تھے، اس کے بعد وہاں سے نکال کر مجھے وہ ایک درخت پر لے گئے وہاں ایک مکان پہلے سے بھی بڑھیا تھا، میرے پوچھنے پر انہوں نے بتایا کہ پہلا مکان عام مسلمانوں کا ہے اور یہ شہداء کا اس کے بعد انہوں نے کہا ذرا اوپر سر اٹھائیے تو میں نے سر اٹھا کر دیکھا تو ایک ابر سا نظر آیا میں نے کہا میں اس کو بھی دیکھ لوں ان دونوں فرشتوں نے کہا کہ ابھی آپ کی عمر باقی ہے جب پوری ہو جائے گی جب آپ اس میں تشریف لے جائیں گے۔ درود شریف کی مختلف احادیث میں مختلف الفاظ پر شفاعت واجب ہونے کا وعدہ پہلے بھی گذر چکا آئندہ بھی آ رہا ہے۔ کسی قیدی یا مجرم کو اگر یہ معلوم ہو جائے کہ حاکم کے یہاں فلاں شخص کا اثر ہے اور اس کی سفارش حاکم کے یہاں بڑی وقیع ہوتی ہے تو اس سفارشی کی خوشامد میں کتنی دوڑ دھوپ کی جاتی ہے۔ ہم میں سے کونسا ایسا ہے جو بڑے سے بڑے گناہ کا مجرم نہیں اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم جیسا

سفارشی جو اللہ کا حبیب سارے رسولوں اور تمام مخلوق کا سردار وہ کیسی آسان چیز پر اپنی سفارش کا وعدہ اور وعدہ بھی ایسا مؤکد کر فرماتے ہیں کہ مجھ پر اس کی سفارش واجب ہے، پھر بھی اگر کوئی شخص اس سے فائدہ نہ اٹھائے تو کس قدر خسارہ کی بات ہے۔ لغویات میں اوقات ضائع کرتے ہیں، فضول باتوں بلکہ غیبت وغیرہ گناہوں میں قیمتی اوقات کو برباد کرتے ہیں۔ ان اوقات کو درود شریف میں اگر خرچ کیا جائے تو کتنے فوائد حاصل ہوں ۔

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمِ

(۶) عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ جَزَی اللّٰہُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَّا ھُوَ اَھْلُہٗ اَتْعَبَ سَبْعِیْنَ کَاتِبًا اَلْفَ صَبَاحٍ رواہ الطبرانی فی الکبیر والاوسط کذا فی الترغیب وبسط السخاوی فی تخریجہ ولفظہ اذھب سبعین ملکا الف صباح۔

حضرت ابن عباسؓ حضورؐ کا ارشاد نقل کرتے ہیں جو شخص یہ دعا کرے جَزَی اللّٰہُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَّا ھُوَ اَھْلُہٗ۔ ترجمہ: "اللہ جل شانہ جزا دے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو ہم لوگوں کی طرف سے جس بدلے کے وہ مستحق ہیں" تو اس کا ثواب ستر فرشتوں کو ایک ہزار دن تک مشقت میں ڈالے گا۔ ف: نزہۃ المجالس میں

بروایت طبرانی حضرت جابرؓ کی حدیث سے حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جو شخص صبح شام یہ درود پڑھا کرے اَللّٰھُمَّ رَبَّ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْزِ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا ھُوَ اَھْلُہٗ وہ اس کا ثواب لکھنے والوں کو ایک ہزار دن تک مشقت میں ڈالے رکھے گا۔ مشقت میں ڈالے گا کا مطلب یہ ہے کہ وہ ایک ہزار دن تک اس کا ثواب لکھتے لکھتے تھک جائیں گے۔ بعض علماء نے "جس بدلے کے وہ مستحق ہیں" کی جگہ جو بدلہ اللہ کی شان کے مناسب ہے لکھا ہے۔ یعنی جتنا بدلہ عطا کرنا تیری شایان شان ہو وہ عطاء فرما اور اللہ تعالیٰ کی شان کے مناسب بالخصوص اپنے محبوب کے لیے ظاہر ہے کہ بے انتہا ہوگا۔ حضرت حسن بصریؒ سے ایک طویل درود شریف کے ذیل میں نقل کیا گیا ہے کہ وہ اپنے درود شریف میں یہ الفاظ بھی پڑھا کرتے تھے: وَاجْزِہٖ عَنَّا خَیْرَ مَا جَزَیْتَ نَبِیًّا عَنْ اُمَّتِہٖ "اے اللہ حضورؐ کو ہماری طرف سے اس سے زیادہ بہتر بدلہ عطا فرمایئے جتنا کسی نبی کو اس کی امت کی طرف سے آپ نے عطا فرمایا"۔ ایک اور حدیث میں نقل کیا گیا ہے جو شخص یہ الفاظ پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَکُوْنُ لَکَ رِضًا وَّلِحَقِّہٖ

اَدَاءً اَعْطِهِ الْوَسِیْلَةَ وَالْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ وَاجْزِهٖ عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ وَاجْزِهٖ عَنَّا مِنْ اَفْضَلِ مَا جَزَیْتَ نَبِیًّا عَنْ اُمَّتِهٖ وَصَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ اِخْوَانِهٖ مِنَ النَّبِیِّیْنَ وَالصَّالِحِیْنَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ جو شخص سات جمعوں تک ہر جمعہ کو سات مرتبہ اس درود کو پڑھے اس کے لیے میری شفاعت واجب ہے۔ ایک علامہ جو ابن المشتہر کے نام سے مشہور ہیں یوں کہتے ہیں کہ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اللہ جل شانہ کی ایسی حمد کرے جو اس سب سے زیادہ افضل ہو جو اب تک اس کی مخلوق میں سے کسی نے کی ہو اولین و آخرین اور ملائکہ مقربین آسمان والوں اور زمین والوں سے بھی افضل ہو اور اسی طرح یہ چاہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر ایسا درود شریف پڑھے جو اس سب سے افضل ہو جتنے درود کسی نے پڑھے ہیں اور اسی طرح یہ بھی چاہتا ہو کہ وہ اللہ تعالیٰ شانہ سے کوئی ایسی چیز مانگے جو اس سب سے افضل ہو جو کسی نے مانگی ہو تو وہ یہ پڑھا کرے۔
اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَآ اَنْتَ اَهْلُهٗ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ كَمَآ اَنْتَ اَهْلُهٗ وَافْعَلْ بِنَا مَآ اَنْتَ اَهْلُهٗ فَاِنَّكَ اَنْتَ اَهْلُ التَّقْوٰی وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ جس کا ترجمہ یہ ہے " اے اللہ تیرے ہی لیے حمد ہے جو تیری شان کے مناسب ہے پس تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج جو تیری شان کے مناسب ہے اور ہمارے ساتھ بھی وہ معاملہ کر جو تیری نمایاں شان ہو، بے شک تو ہی اس کا مستحق ہے کہ تجھ سے ڈرا جائے اور مغفرت کرنے والا ہے۔" ابو الفضل قومانی رحؒ کہتے ہیں کہ ایک شخص خراسان سے میرے پاس آیا اور اس نے یہ بیان کیا کہ میں مدینہ پاک میں تھا میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کی، تو حضورؐ نے مجھ سے یہ ارشاد فرمایا جب تو ہمدان جائے تو ابو الفضل بن زیرک کو میری طرف سے سلام کہہ دینا۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! یہ کیا بات؟ تو حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ وہ مجھ پر روزانہ سو مرتبہ یا اس سے بھی زیادہ یہ درود پڑھا کرتا ہے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ جَزَی اللّٰهُ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ ابو الفضل رحؒ کہتے ہیں کہ اس شخص نے قسم کھائی کہ وہ مجھے یا میرے نام کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے خواب میں بتانے سے پہلے نہیں جانتا تھا۔
ابو الفضل رحؒ کہتے ہیں میں نے اس کو کچھ غلہ دینا چاہا تو اس نے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پیام کو بیچتا نہیں (یعنی اس کا کوئی معاوضہ نہیں لیتا) ابو الفضل رحؒ کہتے ہیں کہ اس کے بعد پھر میں نے اس شخص کو نہیں دیکھا۔ (بدیع) اس نوع کا ایک دوسرا قصہ حکایات

میں ۳۹ پر آرہا ہے۔

يَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا عَلٰى حَبِيْبِكَ خَيْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

(۷) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رضی اللہ عنہ اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِذَا سَمِعْتُمُ الْمُؤَذِّنَ فَقُوْلُوْا مِثْلَ مَا يَقُوْلُ ثُمَّ صَلُّوْا عَلَيَّ فَاِنَّهٗ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلٰوةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا ثُمَّ سَلُوا اللّٰهَ لِيَ الْوَسِيْلَةَ فَاِنَّهَا مَنْزِلَةٌ فِي الْجَنَّةِ لَا تَنْبَغِيْ اِلَّا لِعَبْدٍ مِّنْ عِبَادِ اللّٰهِ وَاَرْجُوْ اَنْ اَكُوْنَ اَنَا هُوَ فَمَنْ سَاَلَ لِيَ الْوَسِيْلَةَ حَلَّتْ عَلَيْهِ الشَّفَاعَةُ رواہ مسلم وابوداود والترمذی کذا فی الترغیب

حضرت عبداللہ بن عمروؓ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ جب تم اذان سُنا کرو تو جو الفاظ مؤذن کہے وہی تم کہا کرو اس کے بعد مجھ پر درود بھیجا کرو اس لیے کہ جو شخص مجھ پر ایک دفعہ درود بھیجتا ہے اللہ جل شانہٗ اس پر دس دفعہ درود بھیجتے ہیں پھر اللہ جل شانہٗ سے میرے لیے وسیلہ کی دُعاء کیا کرو، وسیلہ جنت کا ایک درجہ ہے جو صرف ایک ہی شخص کو ملے گا اور مجھے امید ہے کہ وہ ایک شخص میں ہی ہوں پس جو شخص میرے لیے اللہ سے وسیلہ کی دعا کرے گا اس پر میری شفاعت اتر پڑے گی۔

ف: اتر پڑے گی کا مطلب یہ ہے کہ محقق ہوجائے گی۔ اس لیے کہ بعض روایات میں اس کی جگہ یہ ارشاد ہے کہ اس کے لیے میری شفاعت واجب ہوجائے گی۔ بخاری شریف کی ایک حدیث میں یہ ہے کہ جو شخص اذان سُنے اور یہ دُعاء پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَائِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ۔ اس کے لیے میری شفاعت اتر جاتی ہے۔ حضرت ابو الدرداءؓ سے نقل کیا گیا ہے کہ جب حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اذان سنتے تو خود بھی یہ دعاء پڑھتے اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَائِمَةِ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰتِهٖ سُؤْلَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اور حضورؐ اتنی آواز سے پڑھا کرتے تھے کہ پاس والے اس کو سنتے تھے اور بھی متعدد احادیث سے علامہ سخاویؒ نے یہ مضمون نقل کیا ہے۔ اور حضرت ابو ہریرہؓ سے حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جب تم مجھ پر درود پڑھا کرو تو میرے لیے وسیلہ بھی مانگا کرو کسی نے عرض کیا یارسول اللہ وسیلہ کیا چیز ہے؟ حضورؐ نے فرمایا کہ جنت کا اعلیٰ درجہ ہے جو صرف ایک ہی شخص کو ملے گا اور مجھے یہ امید ہے کہ وہ شخص میں ہی ہوں گا، علامہ سخاویؒ کہتے ہیں کہ وسیلہ کے اصل معنی لغت میں تو وہ چیز ہے کہ جس کی وجہ سے کسی بادشاہ یا کسی بڑے آدمی کی بارگاہ

میں تقرب حاصل کیا جائے ۔ لیکن اس جگہ عالی درجہ مراد ہے ۔ جیسا کہ خود حدیث میں وارد ہے کہ وہ جنت کا ایک درجہ ہے اور قرآن پاک کی آیت وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ میں ائمہ تفسیر کے دو قول ہیں ایک تو یہ کہ اس سے وہی تقرب مراد ہے جو اوپر گذرا حضرت ابن عباس رضؓ مجاہد، عطاء وغیرہ سے یہی قول نقل کیا گیا ہے ۔ قتادہ رحؒ کہتے ہیں اللہ کی طرف تقرب حاصل کرو اس چیز کے ساتھ جو اس کو راضی کر دے ۔ واحدی رحؒ بغوی رحؒ زمخشری رحؒ سے بھی یہی نقل کیا گیا ہے کہ وسیلہ ہر وہ چیز ہے جس سے تقرب حاصل کیا جاتا ہو، قرابت ہو یا کوئی عمل اور اس قول میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ سے توسل حاصل کرنا بھی داخل ہے اھ علامہ جزری رحؒ نے حصن حصین میں آداب دعا میں لکھا ہے ۔ وَاَنْ يَّتَوَسَّلَ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى بِاَنْبِيَآئِهٖ خ ر مص وَالصَّالِحِيْنَ مِنْ عِبَادِهٖ خ ۔ یعنی توسل حاصل کرے اللہ جل شانہٗ کی طرف اس کے انبیاء کے ساتھ جیسا کہ بخاری مسند بزار اور حاکم کی روایت سے معلوم ہوتا ہے اور اللہ کے نیک بندوں کے ساتھ جیسا کہ بخاری سے معلوم ہوتا ہے علامہ سخاوی کہتے ہیں اور دوسرا قول آیت شریفہ میں یہ ہے کہ اس سے مراد محبت ہے یعنی اللہ کے محبوب بنو جیسا کہ ماوردی رحؒ وغیرہ نے ابوزید سے نقل کیا ہے اور حدیث پاک میں فضیلت سے مراد وہ مرتبہ عالیہ ہے جو ساری مخلوق سے اونچا ہو اور احتمال ہے کوئی اور مرتبہ مُراد ہو، یا وسیلہ کی تفسیر ہو اور مقام محمود وہی ہے جس کو اللہ جل شانہٗ نے اپنے پاک کلام میں سورۂ بنی اسرائیل میں ارشاد فرمایا ہے عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ۔ ترجمہ: "اُمید ہے کہ پہنچائیں گے آپ کو آپ صلعم کے رب مقام محمود میں ۔" مقام محمود کی تفسیر میں علماء کے چند اقوال ہیں یہ کہ وہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی اُمت کے اوپر گواہی دینا ہے اور کہا گیا ہے کہ حمد کا جھنڈا جو قیامت کے دن آپ صلعم کو دیا جائے گا مراد ہے ۔ اور بعض نے کہا ہے کہ اللہ جل شانہٗ آپ کو قیامت کے دن عرش پر اور بعض نے کہا کرسی پر بٹھانے کو کہا ہے ۔ ابن جوزی رحؒ نے ان دونوں قولوں کو بڑی جماعت سے نقل کیا ہے اور بعضوں نے کہا کہ اس سے مراد شفاعت ہے اس لیے کہ وہ ایسا مقام ہے کہ اس میں اوّلین و آخرین سب ہی آپ کی تعریف کریں گے ۔ علامہ سخاوی رحؒ اپنے استاذ حافظ ابن حجر رحؒ کے اتباع میں کہتے ہیں ان اقوال میں کوئی منافات نہیں، اس واسطے کہ احتمال ہے کہ عرش و کرسی پر بٹھانا شفاعت کی اجازت کی علامت ہو اور جب حضور رحؐ وہاں تشریف فرما ہو جائیں تو اللہ جل شانہٗ ان کو حمد کا جھنڈا عطا فرماتے ۔ اور

اس کے بعد حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اپنی امت پر گواہی دیں۔ ابن حبان کی ایک حدیث میں حضرت کعب بن مالکؓ سے حضورؐ کا ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ اللہ جل شانہ قیامت کے دن لوگوں کو اٹھائیں گے۔ پھر مجھے ایک سبز جوڑا پہنائیں گے پھر میں وہ کہوں گا جو اللہ چاہیں پس یہی مقام محمود ہے۔ حافظ ابن حجرؒ کہتے ہیں کہ "پھر میں کہوں گا" سے مراد وہ حمد وثناء ہے جو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم شفاعت سے پہلے کہیں گے اور مقام محمود ان سب چیزوں کے مجموعہ کا نام ہے جو اس وقت میں پیش آئیں گی۔ انتہی۔ حضورؐ کے اس ارشاد کا مطلب کہ میں وہ کہوں گا جو اللہ تعالیٰ چاہیں گے۔ حدیث کی کتابوں بخاری مسلم شریف وغیرہ میں شفاعت کی طویل حدیث میں حضرت انسؓ سے نقل کیا گیا ہے جس میں یہ مذکور ہے کہ جب میں اللہ تعالیٰ کی زیارت کروں گا تو سجدہ میں گر جاؤں گا اللہ جل شانہ، مجھے سجدہ میں جب تک چاہیں گے پڑا رہنے دیں گے اس کے بعد اللہ جل شانہ کا ارشاد ہوگا محمد سر اٹھاؤ اور کہو، تمہاری بات سنی جائے گی، سفارش کرو قبول کی جائے گی مانگو تمہارا سوال پورا کیا جائے گا۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں اس پر میں سجدہ سے سر اٹھاؤں گا۔ پھر اپنے رب کی وہ حمد وثنا کروں گا جو اس وقت میرا رب مجھے الہام کرے گا۔ پھر میں امت کے لیے سفارش کروں گا بہت لمبی حدیث سفارش کی ہے جو مشکوٰۃ میں بھی مذکور ہے ؎

ہاں ہاں اجازت ہے تجھے آ، آج عزت ہے تجھے — زیبا شفاعت ہے تجھے بے شک یہ ہے حصہ ترا

یہاں ایک بات قابل لحاظ ہے کہ اوپر کی دعاء میں اَلْوَسِیْلَةَ وَالْفَضِیْلَةَ کے بعد وَالدَّرَجَةَ الرَّفِیْعَةَ کا لفظ بھی مشہور ہے۔ محدثین فرماتے ہیں کہ یہ لفظ اس حدیث میں ثابت نہیں البتہ بعض روایات میں جیسا کہ حصن حصین میں بھی ہے اس کے اخیر میں اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ کا اضافہ ہے۔

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا — عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

(۸) عَنْ اَبِیْ حُمَیْدٍ اَوْ اَبِیْ اُسَیْدِ السَّاعِدِیْ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ اَحَدُکُمْ فِی الْمَسْجِدِ فَلْیُسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ لِیَقُلْ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَاِذَا خَرَجَ مِنَ الْمَسْجِدِ فَلْیُسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جب تم میں سے کوئی شخص مسجد میں داخل ہوا کرے تو نبی کریم پر سلام بھیجا کرے پھر یوں کہا کرے اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ اے میرے اللہ میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے،" اور جب مسجد سے نکلا کرے تب بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثُمَّ لِیَقُلْ اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ فَضْلِكَ اَخْرَجَہٗ اَبُوْعَوَانَۃَ فِیْ صَحِیْحِہٖ وَاَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ خُزَیْمَۃَ وَابْنُ حِبَّانَ فِیْ صَحِیْحِہِمَا کَذَا فِی الْبَدِیْعِ۔

پر سلام بھیجا کرے اور یوں کہا کرے اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ فَضْلِكَ "اے اللہ میرے لیے اپنے فضل (یعنی روزی) کے دروازے کھول دے"

ف: مسجد میں جانے کے وقت رحمت کے دروازے کھلنے کی وجہ یہ ہے کہ جو مسجد میں جاتا ہے وہ اللہ کی عبادت میں مشغول ہونے کے لیے جاتا ہے وہ اللہ کی رحمت کا زیادہ محتاج ہے کہ وہ اپنی رحمت سے عبادت کی توفیق عطا فرمائے پھر اس کو قبول فرمائے۔ مظاہر حق میں لکھا ہے دروازے رحمت کے کھول بسبب برکت اس مکان شریف کے یا بسبب توفیق دینے نماز کی اس میں یا بسبب کھولنے حقائق نماز کے اور مراد فضل سے رزق حلال ہے کہ بعد نکلنے کے نماز سے اس کی طلب کو جاتا ہے اھ اس میں قرآن پاک کی اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو سورۂ جمعہ میں وارد ہے۔ فَاِذَا قُضِیَتِ الصَّلٰوۃُ فَانْتَشِرُوْا فِی الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰہِ ..... علامہ سخاوی رحؒ نے حضرت علیؓ کی حدیث سے نقل کیا ہے کہ جب مسجد میں داخل ہوا کرو تو حضورؐ پر درود بھیجا کرو اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نقل کیا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم جب مسجد میں داخل ہوتے تو درود و سلام بھیجتے محمد پر (یعنی خود اپنے اوپر) اور پھر یوں فرماتے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ اور جب مسجد سے نکلتے تب بھی اپنے اوپر درود و سلام بھیجتے اور فرماتے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ فَضْلِكَ حضرت انسؓ ارشاد فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم جب مسجد میں داخل ہوتے تو پڑھا کرتے بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ اور جب باہر تشریف لاتے تب بھی یہ پڑھا کرتے بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ حضرت ابن عمرؓ سے نقل کیا گیا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے نواسے حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یہ دعا سکھلائی تھی کہ جب وہ مسجد میں داخل ہوا کریں تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا کریں۔ اور یہ دعا پڑھا کریں اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلَنَا ذُنُوْبَنَا وَافْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ اور جب نکلا کریں جب بھی یہی دعا پڑھا کریں اور اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ کی جگہ اَبْوَابَ فَضْلِكَ حضرت ابوہریرہؓ سے حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ جب کوئی شخص تم میں سے مسجد میں جایا کرے تو حضورؐ پر سلام پڑھا کرے اور یوں

کہا کرے اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ اور جب مسجد سے نکلا کرے تو حضورؐ پر سلام پڑھا کرے اور یوں کہا کرے اَللّٰھُمَّ اعْصِمْنِیْ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ حضرت کعبؓ نے حضرت ابو ہریرہؓ سے کہا کہ میں تجھے دو باتیں بتاتا ہوں انہیں بھولنا مت، ایک یہ کہ جب مسجد میں جائے تو حضورؐ پر درود بھیجے اور یہ دُعاء پڑھے اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ اور جب باہر نکلے (مسجد سے) تو یہ دُعاء پڑھا کرے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَاحْفَظْنِیْ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ۔ اور بھی بہت سے صحابہؓ اور تابعین سے یہ دعائیں نقل کی گئی ہیں۔ صاحب حصن حصینؒ نے مسجد میں جانے کی اور مسجد سے نکلنے کی متعدد دعائیں مختلف احادیث سے نقل کی ہیں، ابوداؤد شریف کی روایت سے مسجد میں داخل ہونے کے وقت یہ دعاء نقل کی ہے اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِوَجْھِہِ الْکَرِیْمِ وَسُلْطَانِہِ الْقَدِیْمِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ۔'' میں پناہ مانگتا ہوں اس اللہ کے ذریعہ سے جو بڑی عظمت والا ہے اور اس کی کریم ذات کے ذریعہ سے اور اسکی قدیم بادشاہت کے ذریعہ سے شیطان مردود کے حملے سے'' حصن حصین میں تو اتنا ہی ہے لیکن ابوداؤد میں اس کے بعد حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ پاک ارشاد بھی نقل کیا ہے کہ جب آدمی یہ دُعا پڑھتا ہے تو شیطان یوں کہتا ہے کہ مجھ سے تو یہ شخص شام تک کے لیے محفوظ ہوگیا۔ اس کے بعد صاحب حصن مختلف احادیث سے نقل کرتے ہیں کہ جب مسجد میں داخل ہو تو بِسْمِ اللّٰہِ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ کہے۔ ایک اور حدیث میں وَعَلٰی سُنَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ ہے اور ایک اور حدیث میں اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ اور مسجد میں داخل ہونے کے بعد۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصّٰلِحِیْنَ، پڑھے اور جب مسجد سے نکلنے لگے جب بھی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰہِ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ اور ایک حدیث میں اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ اَللّٰھُمَّ اعْصِمْنِیْ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ ہے۔

یَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا　　عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمِ

٩۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کی تمنا کونسا مسلمان ایسا ہوگا جس کو نہ ہو لیکن عشق و محبت کی بقدر اس کی تمنائیں بڑھتی رہتی ہیں اور اکابر و مشائخ نے بہت سے اعمال اور بہت سے درودوں کے متعلق اپنے تجربات تحریر کیے ہیں، کہ ان پر عمل سے سید الکونین صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت نصیب ہوئی۔ علامہ سخاویؒ نے

قول بدیع میں خود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی ایک ارشاد نقل کیا ہے۔ مَنْ صَلّٰی عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَعَلٰی جَسَدِهٖ فِی الْاَجْسَادِ وَعَلٰی قَبْرِهٖ فِی الْقُبُوْرِ۔ "جو شخص روحِ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ارواح میں اور آپ کے جسدِ اطہر پر بدنوں میں اور آپ کی قبر مبارک پر قبور میں درود بھیجے گا وہ مجھے خواب میں دیکھے گا" اور جو مجھے خواب میں دیکھے گا وہ قیامت میں دیکھے گا اور جو مجھے قیامت میں دیکھے گا میں اس کی سفارش کروں گا۔ اور جس کی میں سفارش کروں گا وہ میری حوض سے پانی پیئے گا اور اللہ جل شانہٗ اس کے بدن کو جہنم پر حرام فرمادیں گے۔ علامہ سخاویؒ کہتے ہیں کہ ابوالقاسم بستیؒ نے اپنی کتاب میں یہ حدیث نقل کی ہے مگر مجھے اب تک اس کی اصل نہیں ملی۔ دوسری جگہ لکھتے ہیں جو شخص یہ ارادہ کرے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھے وہ یہ درود پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا هُوَ اَهْلُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی۔ جو شخص اس درود شریف کو طاق عدد کے موافق پڑھے گا وہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کرے گا۔ اور اس پر اس کا اضافہ بھی کرنا چاہیے۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ۔ حضرت تھانوی نوراللہ مرقدہٗ زادالسعید میں تحریر فرماتے ہیں کہ سب سے زیادہ لذیذ تر اور شیریں تر خاصیت درود شریف کی یہ ہے کہ اس کی بدولت عشاق کو خواب میں حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی دولتِ زیارت میسر ہوئی ہے۔ بعض درودوں کو بالخصوص بزرگوں نے آزمایا ہے۔ شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ نے کتاب ترغیب اہل السعادات میں لکھا ہے کہ شبِ جمعہ میں دو رکعت نماز نفل پڑھے اور ہر رکعت میں گیارہ بار آیت الکرسی اور گیارہ بار قل ھو اللہ اور بعد سلام سو بار یہ درود شریف پڑھے، انشاء اللہ تین جمعے نہ گذرنے پائیں گے کہ زیارت نصیب ہوگی وہ درود شریف یہ ہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمْ۔ دیگر شیخ موصوف نے لکھا ہے کہ جو شخص دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں بعد الحمد کے پچیس ۲۵ بار قل ھو اللہ اور بعد سلام کے یہ درود شریف ہزار مرتبہ پڑھے دولتِ زیارت نصیب ہو وہ یہ ہے صَلَّی اللّٰهُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ۔ دیگر نیز شیخ موصوف نے لکھا ہے کہ سوتے وقت ستر بار اس درود کو پڑھنے سے زیارت نصیب ہو اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ بَحْرِ اَنْوَارِكَ وَمَعْدَنِ اَسْرَارِكَ وَلِسَانِ حُجَّتِكَ وَعُرُوْسِ مَمْلَکَتِكَ وَاِمَامِ حَضْرَتِكَ وَطِرَازِ مُلْکِكَ وَخَزَائِنِ رَحْمَتِكَ وَطَرِیْقِ شَرِیْعَتِكَ

الْمُتَلَذِّذِ بِتَوْحِيْدِكَ اِنْسَانُ عَيْنِ الْوُجُوْدِ وَالسَّبَبُ فِيْ كُلِّ مَوْجُوْدٍ عَيْنُ اَعْيَانِ خَلْقِكَ الْمُتَقَدِّمُ مِنْ نُوْرِ ضِيَائِكَ صَلٰوةً تَدُوْمُ بِدَوَامِكَ وَتَبْقٰى بِبَقَائِكَ لَا مُنْتَهٰى لَهَا دُوْنَ عِلْمِكَ صَلٰوةً تُرْضِيْكَ وَتُرْضِيْهِ وَتَرْضٰى بِهَا عَنَّا يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ دیگر اس کو بھی سوتے وقت چند بار پڑھنا زیارت کے لیے شیخؒ نے لکھا ہے۔ اَللّٰهُمَّ رَبَّ الْحِلِّ وَالْحَرَامِ وَرَبَّ الْبَيْتِ الْحَرَامِ وَرَبَّ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ اَبْلِغْ لِرُوْحِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مِّنَّا السَّلَامَ۔ مگر بڑی شرط اس دولت کے حصول میں قلب کا شوق سے پُر ہونا اور ظاہری و باطنی معصیتوں سے بچنا ہے۔ انتہیٰ ہمارے حضرت شیخ المشائخ، قطب الارشاد شاہ ولی اللہ صاحب نور اللہ مرقدہٗ نے اپنی کتاب نوادر میں بہت سے مشائخ تصوف اور ابدال کے ذریعے حضرت خضرؑ سے متعدد اعمال نقل کیے ہیں اگرچہ محدثانہ حیثیت سے ان پر کلام ہے لیکن کوئی فقہی مسئلہ نہیں جس میں دلیل اور حجت کی ضرورت ہو مبشرات اور منامات ہیں منجملہ انکے لکھا ہے کہ ابدال میں سے ایک بزرگ نے حضرت خضرؑ سے درخواست کی کہ مجھے کوئی عمل بتایئے جو میں رات میں کیا کروں انہوں نے فرمایا کہ مغرب سے عشاء تک نفلوں میں مشغول رہا کر کسی شخص سے بات نہ کر، نفلوں کی دو دو رکعت پر سلام پھیرتا رہا کر اور ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین۳ مرتبہ قل ھو اللہ پڑھتا رہا کر۔ عشاء کے بعد بھی بغیر بات کیے اپنے گھر چلا جا اور وہاں جا کر دو۲ رکعت نفل پڑھ، ہر رکعت میں ایک دفعہ سورۂ فاتحہ اور سات مرتبہ قل ھو اللہ نماز کا سلام پھیرنے کے بعد ایک سجدہ کر جس میں سات دفعہ استغفار سات مرتبہ درود شریف اور سات دفعہ سُبْحَانَ اللّٰهِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اللّٰهُ اَكْبَرُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ پھر سجدہ سے سر اٹھا کر دعاء کے لیے ہاتھ اٹھا اور یہ دعا پڑھ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا اِلٰهَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ يَا رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَرَحِيْمَهُمَا يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ پھر اسی حال میں ہاتھ اٹھائے ہوئے کھڑا ہو اور کھڑے ہو کر پھر یہی دعاء پڑھ، پھر دائیں کروٹ پر قبلہ کی طرف منھ کر کے لیٹ جا اور سونے تک درود پڑھتا رہ۔ جو شخص یقین اور نیک نیتی کے ساتھ اس عمل پر مداومت کرے گا، مرنے سے پہلے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو ضرور خواب میں دیکھے گا۔ بعض لوگوں نے اس کا تجربہ کیا انہوں نے دیکھا کہ وہ جنت گئے وہاں انبیاء کرامؑ اور سید الکونین صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی اور ان سے بات کرنے کا شرف حاصل ہوا، اس عمل کے بہت سے فضائل ہیں جن کو ہم نے اختصاراً چھوڑ دیا۔ اور بھی متعدد عمل اس نوع کے حضرت پیران پیر رحمۃ اللہ علیہ سے

نقل کیے ہیں۔ علامہ دمیریؒ نے حیوٰۃ الحیوان میں لکھا ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن جمعہ کی نماز کے بعد باوضو
ایک پرچہ پر محمد رسول اللہ احمد رسول اللہ ﷺ ۳۵ مرتبہ لکھے اور اس پرچہ کو اپنے ساتھ رکھے
اللہ جل شانہٗ اس کو طاعت پر قوت عطا فرماتا ہے اور اس کی برکت میں مدد فرماتا ہے اور
شیاطین کے وساوس سے حفاظت فرماتا ہے اور اگر اس پرچہ کو روزانہ طلوع آفتاب کے وقت
درود شریف پڑھتے ہوئے غور سے دیکھتا رہے تو نبی کریم کی زیارت خواب میں کثرت سے ہوا کرے۔

تنبیہ:۔ خواب میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہو جانا بڑی سعادت ہے
لیکن دو امر قابلِ لحاظ ہیں۔ اوّل تو وہ جس کو حضرت تھانوی نور اللہ مرقدہٗ نے نشر الطیب میں تحریر
فرمایا ہے۔ حضرت "تحریر فرماتے ہیں" جاننا چاہیے کہ جس کو بیداری میں یہ شرف نصیب نہیں ہوا
اس کے لیے بجائے اس کے خواب میں زیارت سے مشرف ہو جانا سرمایۂ تسلی اور فی نفسہٖ ایک
نعمتِ عظمٰی دولتِ کبریٰ ہے اور اس سعادت میں اکتساب کو اصلاً دخل نہیں محض موہوب ہے
ولنعم ما قیل ؎

این سعادت بزورِ بازو نیست تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

ترجمہ:۔ کسی نے کیا ہی اچھا کہا کہ یہ سعادت قوت بازو سے حاصل نہیں ہوتی ہے جب تک اللہ جل شانہٗ کی طرف سے
عطا اور بخشش نہ ہو" ہزاروں کی عمریں اس حسرت میں ختم ہو گئیں۔ البتہ غالب یہ ہے کہ کثرت
درود شریف وکمال اتباع سنّت وغلبۂ محبت پر اس کا ترتب ہو جاتا ہے لیکن چونکہ لازمی
اور کلی نہیں اس لیے اس کے نہ ہونے سے مغموم ومحزون نہ ہونا چاہیے کہ بعض کے لیے اسی میں حکمت
ورحمت ہے عاشق کو رضاء محبوب سے کام خواہ وصل ہو تب، ہجر ہو تب۔ وللہ درّ من قال ؎

اُرید وصاله ویرید هجری فاترك ما اُرید لما یرید

(اور اللہ ہی کے لیے خوبی ہے اس کہنے والے کی جس نے کہا کہ میں اس کا وصال چاہتا ہوں اور وہ مجھ سے فراق
چاہتا ہے میں اپنی خوشی کو اس کی خوشی کے مقابلہ میں چھوڑتا ہوں") قال العارف الشیرازی ؎

فراق ووصل چہ باشد رضائے دوست طلب کہ حیف باشد ازو غیر او تمنائے

ترجمہ:۔ عارف شیرازیؒ فرماتے ہیں "فراق و وصل کیا ہوتا ہے محبوب کی رضا ڈھونڈ، کہ محبوب سے
اس کی رضا کے سوا تمنا کرنا ظلم ہے۔" اسی سے یہ بھی سمجھ لیا جاوے کہ اگر زیارت ہو گئی مگر طاعت
سے رضا حاصل نہ کی تو وہ کافی نہ ہوگی۔ کیا خود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں
بہت سے صورۃً زائر معنیً مہجور اور بعضے صورۃً مہجور جیسے اویس قرنی۔ اویس قرنی معنیً قرب سے مسرور تھے۔

یعنی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پاک زمانہ میں کتنے لوگ ایسے تھے کہ جن کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی ہر وقت زیارت ہوتی تھی لیکن اپنے کفر و نفاق کی وجہ سے جہنمی ہے۔ اور حضرت اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ مشہور تابعی ہیں، اکابر صوفیہ میں ہیں، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں مسلمان ہو چکے تھے۔ لیکن اپنی والدہ کی خدمت کی وجہ سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر نہ ہو سکے، لیکن اس کے باوجود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہؓ سے ان کا ذکر فرمایا اور یہ بھی ارشاد فرمایا کہ جو تم میں سے ان سے ملے وہ ان سے اپنے لیے دعاء مغفرت کرائے۔ ایک روایت میں حضرت عمرؓ سے نقل کیا گیا کہ حضورؐ نے ان سے حضرت اویسؒ کے متعلق فرمایا کہ اگر وہ کسی بات پر قسم کھا بیٹھیں تو اللہ اس کو ضرور پورا کرے، تم ان سے دعاء مغفرت کرانا (اصابہ) ؎

گو تھے اویس دُور مگر ہو گئے قریب ۔۔۔ بُوجہل تھا قریب مگر دُور ہو گیا

دوسرا امر قابلِ تنبیہ یہ ہے کہ جس شخص نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اس نے یقیناً اور قطعاً حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ہی کی زیارت کی۔ روایت صحیحہ سے یہ بات ثابت ہے اور محقق ہے کہ شیطان کو اللہ تعالیٰ نے یہ قدرت عطا نہیں فرمائی کہ وہ خواب میں آکر کسی طرح اپنے آپ کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہونا ظاہر کرے۔ مثلاً یہ کہے کہ میں نبی ہوں یا خواب دیکھنے والا شیطان کو نعوذ باللہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سمجھ بیٹھے اسلیے یہ تو ہو ہی نہیں سکتا، لیکن اس کے باوجود اگر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی اصلی ہیئت میں نہ دیکھے، یعنی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسی ہیئت اور حلیہ میں دیکھے جو شانِ اقدسؐ کے مناسب نہ ہو تو وہ دیکھنے والے کا قصور ہوگا جیسا کہ کسی شخص کی آنکھ پر سرخ یا سبز یا سیاہ عینک لگا دی جائے تو جس رنگ کی آنکھ پر عینک ہوگی اسی رنگ کی سب چیزیں نظر آئیں گی۔ اسی طرح بھینگے کو ایک کے دو نظر آتے ہیں۔ اگر نئے ٹائم پیس کی لمبائی میں کوئی شخص اپنا چہرہ دیکھے تو اتنا لمبا نظر آئے گا کہ حد نہیں۔ اور اگر اس کی چوڑائی میں اپنا چہرہ دیکھے تو ایسا چوڑا نظر آئے گا کہ خود دیکھنے والے کو اپنے چہرہ پر ہنسی آجائے گی۔ اسی طرح سے اگر خواب میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی ارشاد شریعت مطہرہ کے خلاف سُنے تو وہ محتاج تعبیر ہے، شریعت کے خلاف اس پر عمل کرنا جائز نہیں، چاہے کتنے ہی بڑے شیخ اور مقتدیٰ کا خواب ہو مثلاً کوئی شخص دیکھے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی ناجائز کام کے کرنے کی اجازت یا حکم

دیا تو وہ درحقیقت حکم نہیں بلکہ ڈانٹ ہے۔ جیسا کوئی شخص اپنی اولاد کو کسی برے کام کو روکے اور وہ مانتا نہ ہو تو اس کو تنبیہ کے طور پر کہا جاتا ہے کہ کر اور کر، یعنی اس کا مزہ چکھاؤں گا۔ اور اسی طرح سے کلام کے مطلب کا سمجھنا جس کو تعبیر کہا جاتا ہے یہ بھی ایک دقیق فن ہے تعطیر الانام فی تعبیر المنام میں لکھا ہے۔ ایک شخص نے خواب میں یہ دیکھا کہ اس سے ایک فرشتہ نے یہ کہا کہ تیری بیوی تیرے فلاں دوست کے ذریعہ تجھے زہر پلانا چاہتی ہے ایک صاحب نے اس کی تعبیر یہ دی اور وہ صحیح نکلی کہ تیری بیوی اس فلاں سے زنا کرتی ہے۔ اسی طرح اور بہت سے واقعات اس قسم کے فن تعبیر کی کتابوں میں لکھے ہیں۔

مظاہر حق میں لکھا ہے کہ امام نووی رحؒ نے کہا ہے کہ صحیح یہی ہے کہ جس نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اس نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہی کو دیکھا، خواہ آپؐ کی صفت معروفہ پر دیکھا ہو یا اس کے علاوہ اور اختلاف اور تفاوت صورتوں کا باعتبار کمال و نقصان دیکھنے والے کے ہے۔ جس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اچھی صورت میں دیکھا بسبب کمال دین اپنے کے دیکھا اور جس نے برخلاف اس کے دیکھا بسبب نقصان اپنے دین کے دیکھا۔ اسی طرح ایک نے بڈھا دیکھا ایک نے جوان اور ایک نے راضی اور ایک نے خفا یہ تمام مبنی ہے اوپر اختلاف حال دیکھنے والے کے پس دیکھنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا گویا کسوٹی ہے معرفت احوال دیکھنے والے کے اور اس میں ضابطہ مفیدہ ہے سالکوں کے لیے کہ اس سے احوال اپنے باطن کا معلوم کرکے علاج اس کا کریں۔ اور اسی قیاس پر بعض ارباب تمکین نے کہا ہے کہ جو کلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے خواب میں سُنے تو اس کو سنت قویمہ پر عرض کرے، اگر موافق ہے تو حق ہے اور اگر مخالف ہے تو بسبب خلل سامعہ اس کی کے ہے پس رویائے ذاتِ کریمہ اور اس چیز کا کہ دیکھی یا سُنی جاتی ہے حق ہے اور جو تفاوت اور اختلاف سے ہے بچہ سے ہے۔ حضرت شیخ علی متقی نقل کرتے تھے کہ ایک فقیر نے فقراء مغرب سے آنحضرتؐ کو خواب میں دیکھا کہ اس کو شراب پینے کے لیے فرماتے ہیں اس نے واسطے رفع اس اشکال کے علماء سے استفتاء کیا کہ حقیقت حال کیا ہے ہر ایک عالم نے محمل اور تاویل اس کی بیان کی۔ ایک عالم تھے مدینہ میں نہایت متبع سنّت ان کا نام شیخ محمد عراقی تھا جب وہ استفتاء ان کی نظر سے گذرا فرمایا یوں نہیں جس طرح اس نے سُنا ہے۔ آنحضرتؐ نے اس کو فرمایا کہ لاتشرب الخ یعنی شراب نہ پیا کر اس نے لاتشرب کو اشرب سنا حضرت شیخ (عبدالحق رحؒ) نے اس

مقام کو تفصیل سے لکھا ہے اور میں نے مختصر (انتہی مختصراً بتغیر) جیسا کہ حضرت شیخؒ نے فرمایا کہ لاتشرب کو اِشرب سُن لیا محتمل ہے لیکن جیسا اس ناکارہ نے اوپر لکھا اگر اِشرب الخمر ہی فرمایا ہو یعنی پی شراب تو یہ دھمکی بھی ہوسکتی ہے جیسا کہ لہجے کے فرق سے اس قسم کی چیزوں میں فرق ہوجایا کرتا ہے، سہارنپور سے دہلی جانے والی لائن پر آٹھواں اسٹیشن کھاتولی ہے مجھے خوب یاد ہے کہ بچپن میں جب میں ابتدائی صرف و نحو پڑھتا تھا اور اس اسٹیشن پر گذر ہوتا تھا تو اس کے مختلف معنی بہت دیر تک دل میں گھوما کرتے تھے۔ یہ مضمون مختصر طور پر رسالہ فضائل حج اور شمائل ترمذی کے ترجمہ خصائل میں بھی گذر چکا۔

؎ یَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمِ

(۱۰) حضرت تھانوی نور اللہ مرقدہٗ نے زاد السعید میں درود و سلام کی ایک چہل حدیث تحریر فرمائی ہے اور اسی سے نشر الطیب میں بھی حوالوں کے حذف کے ساتھ نقل فرمائی ہے اس کو اس رسالہ میں ترجمہ کے اضافہ کے ساتھ نقل کیا جاتا ہے تاکہ وہ برکت حاصل ہو جو حضرتؒ نے تحریر فرمائی ہے زاد السعید میں حضرتؒ نے تحریر فرمایا ہے کہ یوں تو مشائخ کرامؒ سے صدہا صیغے اس کے منقول ہیں دلائل الخیرات اس کا ایک نمونہ ہے مگر اس مقام پر صرف جو صیغے صلوٰۃ و سلام کے احادیث مرفوعہ حقیقیہ یا حکمیہ میں وارد ہیں، ان میں سے چالیس۴۰ صیغے مرقوم ہوتے ہیں۔ جس میں پچیس۲۵ صلوٰۃ اور پندرہ۱۵ سلام کے ہیں گویا یہ مجموعہ درود شریف کی چہل حدیث ہے۔ جس کے باب میں بشارت آئی ہے کہ جو شخص امر دین کے متعلق چالیس۴۰ حدیثیں میری امت کو پہنچادیں اس کو اللہ تعالیٰ زمرۂ علماء میں محشور فرمائیں گے اور میں اس کا شفیع ہوں گا۔ درود شریف کا امر دین سے ہونا بوجہ اس کا ماموربہ ہونے کے ظاہر ہے تو ان احادیث شریفہ کے جمع کرنے سے مضاعف ثواب (اجرِ درود و اجرِ تبلیغ چہل حدیث) کی توقع ہے۔ ان احادیث سے قبل دو صیغے قرآن مجید سے تبرکاً لکھے جاتے ہیں جو اپنے عموم لفظی سے صلوٰۃ نبویہ کو بھی شامل ہیں۔ اگر کوئی شخص ان سب صیغوں کو روزانہ پڑھ لیا کرے تو تمام فضائل و برکات جو جدا جدا ہر صیغے کے متعلق ہیں بتمامہا اس شخص کو حاصل ہوجائیں۔

صیغہ مرقوم قرآنی ۱ سَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی۔ ترجمہ: ۱ سلام نازل ہو اللہ کے برگزیدہ بندوں پر۔

۲ سَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ۔ ۲ "سلام ہو رسولوں پر"

چہل حدیث مشتمل صلوٰۃ و سلام (باضافہ ترجمہ) صیغ صلوٰۃ

(حدیث اول) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ۔

"اے اللہ سیدنا محمد اور آلِ محمدؐ پر درود نازل فرما اور آپؐ کو ایسے ٹھکانے پر پہنچا جو تیرے نزدیک مقرب ہو۔"

۲۔ اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ الْقَائِمَةِ وَالصَّلٰوةِ النَّافِعَةِ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّارْضَ عَنِّیْ رِضًا لَّا تَسْخَطُ بَعْدَهٗ اَبَدًا۔

"اے اللہ (قیامت تک) قائم رہنے والی اس پکار اور نافع نماز کی مالک کی درود نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور مجھ سے اس طرح راضی ہو جا کہ اسکے بعد کبھی ناراض نہ ہو۔"

۳۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ۔

"اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جو تیرے بندے اور رسول ہیں اور درود نازل فرما سارے مومنین اور مومنات اور مسلمین اور مسلمات پر۔"

۴۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ وَرَحِمْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

"اے اللہ درود نازل فرما محمدؐ اور آلِ سیدنا محمدؐ پر اور برکت نازل کر سیدنا محمدؐ اور آلِ سیدنا محمدؐ پر اور رحمت نازل فرما سیدنا محمدؐ اور آلِ سیدنا محمدؐ پر جیسا کہ تونے درود و برکت و رحمت سیدنا ابراہیمؑ و آلِ سیدنا ابراہیمؑ پر نازل فرمایا۔ بیشک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔"

۵۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

"اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمدؐ اور آلِ سیدنا محمدؐ پر جس طرح تونے درود نازل فرمایا آلِ سیدنا ابراہیمؑ پر۔ بیشک تو ستودہ صفات بزرگ ہے اے اللہ برکت نازل فرما سیدنا محمدؐ اور آلِ سیدنا محمد پر جس طرح تونے سیدنا ابراہیمؑ کی اولاد پر برکت نازل فرمائی بیشک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔"

۶۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ وَّبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اٰلِ

"اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمدؐ اور آلِ سیدنا محمدؐ پر جیسا کہ تونے درود نازل فرمایا آلِ سیدنا ابراہیمؑ پر بیشک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔ اور برکت نازل فرما سیدنا محمدؐ اور آلِ سیدنا محمدؐ پر جیسا کہ

اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ عہ

تو نے برکت نازل فرمائی سیدنا ابراہیمؑ کی اولاد پر بیشک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔"

۷ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰۤى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰۤى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

"اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمدؐ اور آل سیدنا محمدؐ پر جس طرح تو نے درود نازل فرمایا سیدنا ابراہیمؑ پر بیشک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔" اے اللہ برکت نازل فرما سیدنا محمدؐ اور آل سیدنا محمدؐ پر جس طرح تو نے سیدنا ابراہیمؑ پر برکت نازل فرمائی بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔"

۸ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰۤى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰۤى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰۤى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

"اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمدؐ اور آل سیدنا محمدؐ پر جیسا کہ تو نے درود نازل فرمایا سیدنا ابراہیمؑ اور آل ابراہیم پر بیشک تو ستودہ صفات بزرگ ہے اور برکت نازل فرما سیدنا محمد اور آل سیدنا محمد پر جیسا کہ تو نے برکت نازل فرمائی سیدنا ابراہیم پر۔ بیشک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔"

۹ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰۤى اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰۤى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

"اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمد اور آل سیدنا محمدؐ پر جس طرح تو نے درود نازل فرمایا سیدنا ابراہیم پر اور برکت نازل فرما سیدنا محمد اور آل سیدنا محمد پر جس طرح تو نے سیدنا ابراہیم پر برکت نازل فرمائی بیشک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔"

۱۰ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰۤى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰۤى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ

"اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمد اور آل سیدنا محمد پر جیسا کہ تو نے درود نازل فرمایا سیدنا ابراہیم پر بیشک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔" اے اللہ برکت نازل فرما سیدنا محمد اور آل سیدنا محمد پر جیسا کہ تو نے سیدنا ابراہیم کی اولاد پر برکت نازل فرمائی بیشک تو ستودہ صفات

عہ والفرق بین الخامس والسادس بلفظ اللهم قبل بارک کما یظهر من السعایة ومنها اخذ بما فی زاد السعید۔

مَجِيْدٌ۔

"بزرگ ہے۔"

۱۱۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ فِى الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

"اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمد اور آلِ سیدنا محمد پر جس طرح تونے آلِ سیدنا ابراہیم پر درود نازل فرمایا اور برکت نازل فرما سیدنا محمد اور آلِ سیدنا محمد پر جس طرح تونے سیدنا ابراہیم کی اولاد پر برکت نازل فرمائی۔ سارے جہانوں میں بیشک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔"

۱۲۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

"اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمد اور آپ کی ازواجِ مطہرات اور ذریات پر جس طرح تونے سیدنا ابراہیم کی اولاد پر درود نازل فرمایا اور برکت نازل فرما سیدنا محمد اور آپکی ازواجِ مطہرات اور ذریات پر جس طرح تونے سیدنا ابراہیم کی اولاد پر برکت نازل فرمائی بیشک تو ستودہ صفات والا بزرگ ہے۔"

۱۳۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

"اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمد اور آپکی ازواجِ مطہرات اور آپکی ذریات پر جیسا تونے درود نازل فرمایا آلِ ابراہیم پر اور برکت نازل فرما سیدنا محمد اور آپکی ازواجِ مطہرات اور آپکی ذریات پر جیسا کہ تونے آلِ ابراہیم پر برکت نازل فرمائی بیشک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔"

۱۴۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

"اے اللہ درود نازل فرما نبی اکرم سیدنا محمد پر اور آپکی ازواجِ مطہرات پر جو سارے مسلمانوں کی مائیں ہیں اور آپکی ذریات اور آپکے اہلِ بیت پر جیسا تونے سیدنا ابراہیم ؑ پر درود نازل فرمایا بیشک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔"

۱۵۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى

"اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمدؐ اور آلِ سیدنا محمدؐ پر جس طرح تونے درود نازل فرمایا سیدنا ابراہیمؑ اور آلِ سیدنا ابراہیمؑ پر اور برکت نازل فرما سیدنا محمدؐ اور

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَتَرَحَّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تَرَحَّمْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ۔

آلِ سیّدنا محمدؐ پر جس طرح تونے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیمؑ پر اور رحمت بھیج سیدنا محمدؐ اور آلِ سیدنا محمدؐ پر جس طرح تونے رحمت بھیجی سیدنا ابراہیمؑ پر اور سیدنا ابراہیمؑ کی اولاد پر۔"

۱۶ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔ اَللّٰهُمَّ تَرَحَّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تَرَحَّمْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔ اَللّٰهُمَّ تَحَنَّنْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تَحَنَّنْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔ اَللّٰهُمَّ سَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا سَلَّمْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

"اے اللہ سیدنا محمدؐ اور آلِ سیدنا محمدؐ پر درود نازل فرما جس طرح تونے حضرت ابراہیمؑ اور حضرت ابراہیمؑ کی اولاد پر درود نازل فرمایا بیشک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔ اے اللہ سیدنا محمدؐ اور سیدنا محمدؐ کی اولاد پر برکت نازل فرما جس طرح تونے سیدنا ابراہیمؑ اور سیدنا ابراہیمؑ کی اولاد پر برکت نازل فرمائی بیشک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔ اے اللہ رحمت بھیج سیدنا محمدؐ اور سیدنا محمدؐ کی اولاد پر جس طرح تونے سیدنا ابراہیمؑ اور سیدنا ابراہیمؑ کی اولاد پر رحمت بھیجی بیشک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔ اے اللہ سیدنا محمدؐ اور سیدنا محمدؐ کی اولاد پر محبت آمیز شفقت فرما جس طرح تونے حضرت ابراہیمؑ اور حضرت ابراہیمؑ کی اولاد پر محبت آمیز شفقت فرمائی بیشک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔ اے اللہ سلام بھیج سیدنا محمدؐ اور سیدنا محمدؐ کی اولاد پر جس طرح تونے حضرت ابراہیمؑ اور حضرت ابراہیمؑ کی اولاد پر سلام بھیجا۔ بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔"

۱۷ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

"اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمدؐ اور سیدنا محمدؐ کی آل پر اور برکت وسلام بھیج سیدنا محمدؐ اور سیدنا محمدؐ کی اولاد پر اور رحمت فرما سیدنا محمدؐ اور سیدنا محمدؐ کی

صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ فِى الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

اولاد پر جیسا تونے درود و برکت اور رحمت نازل فرمائی سیدنا ابراہیمؑ اور آلِ سیدنا ابراہیمؑ پر سارے جہانوں میں بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔"

۱۸۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

"اے اللہ سیدنا محمدؐ اور سیدنا محمدؐ کی اولاد پر درود نازل فرما جس طرح تونے حضرت ابراہیمؑ اور حضرت ابراہیمؑ کی اولاد پر درود نازل فرمایا بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔ اے اللہ سیدنا محمدؐ اور سیدنا محمدؐ کی اولاد پر برکت نازل فرما جس طرح تونے سیدنا ابراہیمؑ اور سیدنا ابراہیمؑ کی اولاد پر برکت نازل فرمائی بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔"

یہ نماز والا مشہور درود ہے۔ فصلِ ثانی کی حدیث ۱ پر اس پر مفصل کلام گذر چکا ہے۔ زاد السعید میں لکھا ہے کہ یہ سب صیغوں سے بڑھ کر صحیح ہے۔ ایک ضروری بات قابلِ تنبیہ یہ ہے کہ زاد السعید کے حوالوں میں کاتب کی غلطی سے تقدم تاخر ہو گیا اس کا لحاظ رہے۔

۱۹ؑ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ۔

"اے اللہ اپنے بندے اور رسول سیدنا محمدؐ پر درود نازل فرما یا جیساکہ تونے حضرت ابراہیمؑ کی اولاد پر درود نازل فرمایا اور سیدنا محمدؐ اور آلِ سیدنا محمدؐ پر برکت نازل فرما جس طرح تونے حضرت ابراہیمؑ کی اولاد پر برکت نازل فرمائی۔"

۲۰۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ نِالنَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ

"اے اللہ درود نازل فرما نبی اُمّی سیدنا محمدؐ اور سیدنا محمدؐ کی اولاد پر جس طرح تونے حضرت ابراہیمؑ پر درود نازل فرمایا اور برکت نازل فرما نبی اُمّی سیدنا محمدؐ پر

عہ زید فی نشر الطیب بعدہٗ انک حمید مجید ولیس ہو فی زاد السعید و ہو الصحیح لانہ اخذہ من الحصن ولیست فیہ ہذہ الزیادۃ ۱۲۔

نِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

جس طرح تونے حضرت ابراہیمؑ پر برکت نازل فرمائی بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے"

۲۱ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكُوْنُ لَكَ رِضًى وَّلَهٗ جَزَآءً وَّ لِحَقِّهٖ اَدَآءً وَّ اَعْطِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ نِ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ وَاجْزِهٖ عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ وَاجْزِهٖ اَفْضَلَ مَا جَازَيْتَ نَبِيًّا عَنْ قَوْمِهٖ وَرَسُوْلًا عَنْ اُمَّتِهٖ وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ اِخْوَانِهٖ مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالصّٰلِحِيْنَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

"اے اللہ اپنے (برگزیدہ) بندے اور اپنے رسول نبی اُمّی سیدنا محمدؐ پر اور سیدنا محمدؐ کی اولاد پر درود نازل فرما اے اللہ سیدنا محمدؐ اور سیدنا محمدؐ کی اولاد پر ایسا درود نازل فرما جو تیری رضا کا ذریعہ ہو اور حضورؐ کیلئے پورا بدلہ ہو اور آپکے حق کی ادائیگی ہو اور آپ کو وسیلہ اور فضیلت اور مقام محمود جس کا تونے وعدہ کیا ہے عطا فرما (ان تینوں کا بیان فصل ثانی کی حدیث میں گذر گیا) اور حضورؐ کو ہماری طرف سے ایسی جزا عطا فرما جو آپکی شانِ عالی کے لائق ہو اور آپکو ان سب سے افضل بدلہ عطا فرما جو تونے کسی نبی کو اس کی قوم کی طرف سے اور کسی رسول کو اس کی امت کی طرف سے عطا فرمایا اور حضورؐ کے تمام برادران انبیاء و صالحین پر اے ارحم الراحمین درود نازل فرما"

۲۲ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

"اے اللہ درود نازل فرما نبی اُمّی سیدنا محمدؐ پر اور سیدنا محمدؐ کی اولاد پر جیسا تونے درود نازل فرمایا حضرت ابراہیمؑ اور حضرت ابراہیمؑ کی اولاد پر اور برکت نازل فرما نبی امی سیدنا محمدؐ اور سیدنا محمدؐ کی اولاد پر جیسا تونے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیمؑ اور حضرت ابراہیمؑ کی اولاد پر بیشک تو ستودہ صفات بزرگ ہے"

۲۳ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْنَا مَعَهُمْ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى

"اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپکے گھر والوں پر جیسا تونے حضرت ابراہیمؑ پر درود نازل فرمایا بیشک تو ستودہ صفات بزرگ ہے" اے اللہ ہمارے اوپر ان کے ساتھ درود نازل فرما اے اللہ برکت نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپکے گھر والوں پر جیسا تونے برکت نازل فرمائی

إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلَيْنَا مَعَهُمْ صَلَوٰتُ اللّٰهِ وَصَلَوٰتُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ۔

حضرت ابراہیم پر بیشک تو ستودہ صفات بزرگ ہے اے اللہ ہمارے اوپر ان کے ساتھ برکت نازل فرما۔ اللہ تعالیٰ کے بکثرت درود اور مومنین کے بکثرت درود نبی امی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوں۔"

۲۴ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوٰاتِكَ وَرَحْمَتَكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا جَعَلْتَهَا عَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

"اے اللہ اپنے درود اور اپنی رحمت اور اپنی برکتیں سیدنا محمدؐ اور سیدنا محمدؐ کی اولاد پر (نازل) فرما جیسا تونے حضرت ابراہیمؑ کی اولاد پر فرمایا بیشک تو ستودہ صفات بزرگ ہے اور برکت فرما سیدنا محمدؐ اور سیدنا محمدؐ کی اولاد پر جیسا تونے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیمؑ اور حضرت ابراہیمؑ کی اولاد پر بیشک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔"

۲۵ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ

"اور اللہ تعالیٰ درود نازل فرمائیں نبی امیؐ پر۔"

صِيَغُ السَّلَامِ

۲۶ اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ، اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

"ساری عبادات قولیہ اور عبادات بدنیہ اور عبادات مالیہ اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں سلام ہو آپ پر اے نبی اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں آپ پر نازل ہوں سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر میں اس بات کی شہادت دیتا ہوں کہ بے شک اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور شہادت دیتا ہوں کہ بے شک سیدنا محمدؐ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔"

۲۷ اَلتَّحِيَّاتُ الطَّيِّبَاتُ الصَّلَوٰتُ لِلّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔

"ساری عبادات قولیہ عباداتِ مالیہ عبادات بدنیہ اللہ کے لیے ہیں اے نبی آپ پر سلام اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں نازل ہوں سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر میں گواہی دیتا ہوں اس بات کی کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور گواہی دیتا ہوں کہ بیشک محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

۲۸ اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ الطَّيِّبَاتُ

"تمام عباداتِ قولیہ مالیہ بدنیہ اللہ ہی کے لیے ہیں اے نبیؐ

الصَّلَوَاتُ لِلّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

آپ پر سلام اور اللہ کی رحمت اور اسکی برکتیں نازل ہوں۔ سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے اور شہادت دیتا ہوں کہ سیدنا محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں"

۲۹ اَلتَّحِيَّاتُ الْمُبَارَكَاتُ الصَّلَوَاتُ الطَّيِّبَاتُ لِلّٰهِ سَلَامٌ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ سَلَامٌ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

"ساری بابرکت عبادات قولیہ عبادات بدنیہ عبادات مالیہ اللہ کے لیے ہیں سلام ہو آپ پر اے نبی اور اللہ کی رحمت اور اور اسکی برکتیں ہوں سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ بیشک سیدنا محمد اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں"

۳۰ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَسْاَلُ اللّٰهَ الْجَنَّةَ وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ النَّارِ

"اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں اور اللہ کی توفیق سے شروع کرتا ہوں ساری عبادات قولیہ عبادات بدنیہ عبادات مالیہ اللہ کے لیے ہیں سلام ہو آپ پر اے نبی اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر (بھی) سلام ہو میں شہادت دیتا ہوں کہ بیشک اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور شہادت دیتا ہوں کہ بیشک سیدنا محمد اللہ کے بندے اور اسکے رسول ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے میں جنت کی درخواست کرتا ہوں اور جہنم سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں۔"

۳۱ اَلتَّحِيَّاتُ الزَّاكِيَاتُ لِلّٰهِ الطَّيِّبَاتُ الصَّلَوَاتُ لِلّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔

"پاکیزہ عبادات قولیہ عبادات مالیہ عبادات بدنیہ اللہ کے لیے ہیں سلام ہو آپ پر اے نبی اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر (بھی) سلام ہو میں شہادت دیتا ہوں کہ بیشک اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اور شہادت دیتا ہوں کہ بیشک سیدنا محمد اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں"

۳۲ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَاءِ التَّحِيَّاتُ الطَّيِّبَاتُ الصَّلَوٰتُ لِلّٰهِ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَرْسَلَهٗ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَاهْدِنِيْ۔

"اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں اور اللہ ہی کی توفیق سے جو سارے ناموں میں سب سے بہتر نام ہے ساری عبادات قولیہ عبادات مالیہ عبادات بدنیہ اللہ کے لیے ہیں گواہی دیتا ہوں کہ بلاشک اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ بلاشک سیدنا محمد اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں آپ کو حق کے ساتھ (فرمانبرداروں کے لیے) خوشخبری دینے والا (نافرمانوں کیلئے) ڈرانے والا بنا کر بھیجا اور اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ قیامت آنے والی ہے اس میں کوئی شک نہیں ہے سلام ہو آپ پر اے نبی اور اللہ کی رحمت اور اسکی برکتیں ہوں سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر اے اللہ میری مغفرت فرما اور مجھ کو ہدایت دے۔"

۳۳ اَلتَّحِيَّاتُ الطَّيِّبَاتُ وَالصَّلَوٰتُ وَالْمُلْكُ لِلّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ۔

"ساری عبادت قولیہ عبادات مالیہ اور عبادات بدنیہ اور ملک اللہ کے لیے ہے سلام ہو آپ پر اے نبی اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں۔"

۳۴ بِسْمِ اللّٰهِ التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ الصَّلَوٰتُ لِلّٰهِ الزَّاكِيَاتُ لِلّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَى النَّبِيِّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ شَهِدْتُّ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ شَهِدْتُّ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

"اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں ساری عبادات قولیہ اللہ کے لیے ہیں ساری عبادات بدنیہ اللہ کے لیے ہیں ساری پاکیزہ عبادات اللہ کے لیے ہیں سلام ہو نبی پر اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر میں نے اس بات کی گواہی دی کہ بلاشک اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں نے گواہی دی کہ بلاشک سیدنا محمد اللہ کے رسول ہیں۔"

۳۵ اَلتَّحِيَّاتُ الطَّيِّبَاتُ الصَّلَوٰتُ الزَّاكِيَاتُ لِلّٰهِ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

"ساری عبادات قولیہ عبادات مالیہ عبادات بدنیہ اور ساری پاکیزگیاں اللہ کے لیے ہیں میں شہادت دیتا ہوں کہ بے شک اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور بیشک سیدنا محمد اللہ کے بندے

اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللہِ وَبَرَکَاتُہٗ السَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللہِ الصّٰلِحِیْنَ

اور اسکے رسول ہیں سلام ہو آپ پر اے نبی اور اللہ کی رحمت اور اسکی برکتیں ہوں سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر"۔

۳۶ التَّحِیَّاتُ الطَّیِّبَاتُ الصَّلَوٰتُ الزَّاکِیَاتُ لِلہِ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُ اللہِ وَرَسُوْلُہٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللہِ وَبَرَکَاتُہٗ السَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللہِ الصّٰلِحِیْنَ۔

"ساری عبادات قولیہ مالیہ اور عبادات بدنیہ اور ساری پاکیزگیاں اللہ کے لیے ہیں میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ سیدنا محمد اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں سلام ہو آپ پر اے نبی اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر۔"

۳۷ اَلتَّحِیَّاتُ الصَّلَوٰتُ لِلہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللہِ وَبَرَکَاتُہٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللہِ الصَّالِحِیْنَ

"تمام عبادات قولیہ بدنیہ اللہ کے لیے ہیں سلام ہو آپ پر اے نبی اور اللہ کی رحمت اور اسکی برکتیں ہوں۔ سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر۔"

۳۸ التَّحِیَّاتُ لِلہِ الصَّلَوٰتُ الطَّیِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللہِ الصَّالِحِیْنَ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ۔

"تمام عبادات قولیہ بدنیہ مالیہ اللہ کے لیے ہیں سلام ہو آپ پر اے نبی اور اللہ کی رحمت ہو سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر میں گواہی دیتا ہوں کہ بلاشک اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ سیدنا محمد بے شبہ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔"

۳۹ اَلتَّحِیَّاتُ الْمُبَارَکَاتُ الصَّلَوٰتُ الطَّیِّبٰتُ لِلہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللہِ وَبَرَکَاتُہٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللہِ الصَّالِحِیْنَ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللہِ۔

"ساری بابرکت عبادات قولیہ عبادات بدنیہ عبادات مالیہ اللہ کے لیے ہیں سلام ہو آپ پر اے نبی اور اللہ کی رحمت اور اسکی برکتیں ہوں سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر میں شہادت دیتا ہوں کہ بے شبہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور شہادت دیتا ہوں کہ بے شک سیدنا محمد اللہ کے رسول ہیں۔"

۴۰ بِسْمِ اللہِ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللہِ۔

"اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں اور سلام ہو اللہ کے رسول پر۔"

تکملہ: علامہ سخاوی نے قول بدیع میں مستقل ایک باب ان درودوں کے بارے میں تحریر

فرمایا ہے جو اوقاتِ مخصوصہ میں پڑھے جاتے ہیں اور اس میں یہ مواقع گنوائے ہیں وضو اور تیمم سے فراغت پر اور غسلِ جنابت اور غسلِ حیض سے فراغت پر۔ نیز نماز کے اندر اور نماز سے فراغ پر اور نماز قائم ہونے کے وقت اور اس کا موکد ہونا صبح کی نماز کے بعد اور مغرب کے بعد اور التحیات کے بعد اور قنوت میں اور تہجد کے لیے کھڑے ہونے کے وقت اور اس کے بعد اور مساجد پر گذرنے کے وقت اور مساجد کو دیکھ کر اور مساجد میں داخل ہونے کے وقت اور مساجد سے باہر آنے کے وقت اور اذان کے جواب کے بعد اور جمعہ کے دن میں اور جمعہ کی رات میں اور شنبہ کو اتوار کو پیر کو منگل کو اور خطبہ میں جمعہ کے اور دونوں عیدوں کے خطبے میں اور استسقاء کی نماز کے اور کسوف کے اور خسوف کے خطبوں میں اور عیدین اور جنازہ کی تکبیرات کے درمیان میں اور میت کے قبر میں داخل کرنے کے وقت اور شعبان کے مہینے میں اور کعبہ شریف پر نظر پڑنے کے وقت اور حج میں صفا مروہ پر چڑھنے کے وقت اور لبیک سے فراغت پر اور حجر اسود کے بوسہ کے وقت اور ملتزم سے چمٹنے کے وقت اور عرفہ کی شام کو اور منیٰ کی مسجد میں اور مدینہ منورہ پر نگاہ پڑنے کی وقت اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر اطہر کی زیارت کے وقت اور رخصت کے وقت اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے آثار شریفہ اور گذرگاہوں اور قیام گاہوں جیسے بدر وغیرہ پر گذرنے کے وقت اور جانور کو ذبح کرنے کے وقت اور تجارت کے وقت اور وصیت کے لکھنے کے وقت نکاح کے خطبے میں دن کے اول آخر میں سونے کے وقت اور سفر کے وقت اور سوار ہونے کے وقت اور جس کو نیند کم آتی ہو اس کے لیے اور بازار جانے کے وقت دعوت میں جانے کے وقت اور گھر میں داخل ہونے کے وقت اور رسالہ شروع کرنے کے وقت اور بسم اللہ کے بعد اور غم کے وقت بے چینی کے وقت سختیوں کے وقت اور فقر کی حالت میں اور ڈوبنے کے موقع پر اور طاعون کے زمانہ میں اور دعاء کے اول اور آخر اور درمیان میں کان بجنے کے وقت پاؤں سونے کے وقت چھینک آنے کے وقت اور کسی چیز کو رکھ کر بھول جانے کے وقت اور کسی چیز کے اچھا لگنے کے وقت اور مولی کھانے کے وقت اور گدھے کے بولنے کے وقت اور گناہ سے توبہ کے وقت اور جب ضرورتیں پیش آویں اور ہر حال میں اور اس شخص کے لیے جس کو کچھ تہمت لگائی گئی ہو اور وہ اس سے بری ہو اور دوستوں سے ملاقات کے وقت اور مجمع کے اجتماع کے وقت

اور ان کے علیحدہ ہونے کے وقت اور قرآن پاک کے ختم کے وقت اور قرآن پاک کی حفظ کرنے کی دعاء میں اور مجلس سے اٹھنے کے وقت اور ہر اس جگہ میں جہاں اللہ کے ذکر کے لیے اجتماع کیا جاتا ہو اور ہر کلام کے افتتاح میں اور جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر مبارک ہو۔ علم کی اشاعت کے وقت حدیث پاک کی قرأت کے وقت فتویٰ اور وعظ کے وقت اور جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک لکھا جائے۔ علامہ سخاوی رحؒ نے اوقات مخصوصہ کے باب میں یہ مواقع ذکر کیے ہیں اور پھر ان کی تائید میں روایات اور آثار ذکر کیے ہیں۔ اختصاراً صرف مواقع کے ذکر پر اکتفا کیا گیا۔ البتہ ان میں سے بعض کی روایات اس فصل میں ذکر کی جاچکی ہے۔ البتہ ایک بات قابل تنبیہ یہ ہے کہ علامہ سخاوی رحؒ شافعی المذہب ہیں اور یہ سب مواقع شافعیہ کے یہاں مستحب ہیں حنفیہ کے نزدیک چند مواقع میں مستحب نہیں بلکہ مکروہ ہے۔ علامہ شامی رحؒ لکھتے ہیں کہ درود شریف نماز کے قعدۂ اخیرہ میں مطلقاً اور سنتوں کے علاوہ بقیہ نوافل کے قعدۂ اولیٰ میں بھی اور نماز جنازہ میں بھی سنت ہے اور جن اوقات میں بھی پڑھ سکتا ہو پڑھنا مستحب ہے، بشرطیکہ کوئی مانع نہ ہو اور علماء نے تصریح کی ہے اس کے استحباب کی جمعہ کے دن میں اور اس کی رات میں اور شنبہ کو اتوار کو جمعرات کو اور صبح، شام اور مسجد کے داخل ہونے میں اور نکلنے میں اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر اطہر کی زیارت کے وقت اور صفا مروہ پر، جمعہ وغیرہ کے خطبہ میں، اذان کے جواب کے بعد اور تکبیر کے وقت اور دعا مانگنے کے شروع میں، بیچ میں اور اخیر میں اور دعائے قنوت کے بعد اور لبیک سے فراغت کے بعد اور اجتماع اور افتراق کے وقت، وضو کے وقت، کان کے بجنے کے وقت اور کسی چیز کے بھول جانے کے وقت وعظ کے وقت، علوم کی اشاعت کے وقت، حدیث کی قرأت کے ابتداء میں اور انتہا میں، استفتاء اور فتویٰ کی کتابت کے وقت اور ہر مصنف اور پڑھنے پڑھانے والے کے لیے اور خطیب کے لیے اور منگنی کرنے والے کے لیے، اپنا نکاح کرنے والے کے لیے، دوسرے کا نکاح کرنے والے کے لیے اور رسالوں میں اور اہم امور کے شروع کے وقت اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا پاک نام لینے یا سننے یا لکھنے کے وقت اور سات اوقات میں درود شریف پڑھنا مکروہ ہے۔ صحبت[1] کے وقت، پیشاب[2] پاخانہ کے وقت، بیچنے کی چیز کی تشہیر[3] کے لیے، ٹھوکر[4] کھانے کے وقت، تعجب[5] کے وقت، جانور[6] کے ذبح کرنے کے وقت، چھینک[7] کے وقت اسی طرح قرآن پاک کی قرأت کے درمیان میں اگر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا پاک

نام آئے تو درمیان میں درود شریف نہ پڑھے اور چوتھی فصل کے آداب متفرقہ کے ۵ پر بھی اس کے متعلق بعض مسائل آرہے ہیں۔

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا أَبَدًا — عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

تیسری فصل

ان احادیث کے بیان میں جن میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ پڑھنے کی وعیدیں وارد ہوئی ہیں

۱ عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ رضؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُحْضُرُوا الْمِنْبَرَ فَحَضَرْنَا فَلَمَّا ارْتَقٰى دَرَجَةً قَالَ اٰمِيْنَ ثُمَّ ارْتَقَى الثَّانِيَةَ فَقَالَ اٰمِيْنَ ثُمَّ ارْتَقَى الثَّالِثَةَ فَقَالَ اٰمِيْنَ فَلَمَّا نَزَلَ قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ سَمِعْنَا مِنْكَ الْيَوْمَ شَيْئًا مَا كُنَّا نَسْمَعُهٗ فَقَالَ اِنَّ جِبْرِيْلَ عَرَضَ لِيْ فَقَالَ بَعُدَ مَنْ اَدْرَكَ رَمَضَانَ فَلَمْ يُغْفَرْ لَهٗ قُلْتُ اٰمِيْنَ فَلَمَّا رَقِيْتُ الثَّانِيَةَ قَالَ بَعُدَ مَنْ ذُكِرْتَ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْكَ فَقُلْتُ اٰمِيْنَ فَلَمَّا رَقِيْتُ الثَّالِثَةَ قَالَ بَعُدَ مَنْ اَدْرَكَ اَبَوَيْهِ الْكِبَرُ عِنْدَهٗ اَوْ اَحَدَهُمَا فَلَمْ يُدْخِلَاهُ الْجَنَّةَ قُلْتُ اٰمِيْنَ۔

رواہ الحاکم وقال صحیح الاسناد والبخاری فی بر الوالدین وابن حبان فی صحیحہ وغیرھم ذکرھم السخاوی۔

حضرت کعب بن عجرہ رضؓ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ منبر کے قریب ہو جاؤ ہم لوگ حاضر ہو گئے۔ جب حضورؐ نے منبر کے پہلے درجہ پر قدم مبارک رکھا تو فرمایا آمین جب دوسرے پر قدم رکھا تو پھر فرمایا آمین جب تیسرے پر قدم رکھا تو پھر فرمایا آمین۔ جب آپؐ خطبہ سے فارغ ہو کر نیچے اترے تو ہم نے عرض کیا کہ ہم نے آج آپ سے (منبر پر چڑھتے ہوئے) ایسی بات سنی جو پہلے کبھی نہیں سنی آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اس وقت جبرئیل علیہ السلام میرے سامنے آئے تھے (جب پہلے درجہ پر میں نے قدم رکھا تو) انہوں نے کہا ہلاک ہو جیو وہ شخص جس نے رمضان کا مبارک مہینہ پایا پھر بھی اس کی مغفرت نہ ہوئی میں نے کہا آمین، پھر جب میں دوسرے درجہ پر چڑھا تو انہوں نے کہا ہلاک ہو جیو وہ شخص جس کے سامنے آپ کا ذکر مبارک ہو اور وہ درود نہ بھیجے میں نے کہا آمین۔ جب میں تیسرے درجہ پر چڑھا تو انہوں نے کہا ہلاک ہو وہ شخص جس کے سامنے اسکے والدین یا ان میں سے کوئی ایک بڑھاپے کو پاویں اور وہ اس کو جنت میں داخل نہ کرائیں

میں نے کہا آمین"۔

ف: یہ روایت فضائلِ رمضان میں گذر چکی ہے۔ اس میں یہ لکھا گیا اس حدیث میں حضرت جبریلؑ نے تین بددعائیں دی ہیں اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ان تینوں پر آمین فرمائی اوّل حضرت جبریل علیہ السلام جیسے مقرب فرشتے کی بددعا ہی کیا کم تھی اور پھر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی آمین نے تو جتنی سخت بددعا بنادی وہ ظاہر ہے اللہ تعالیٰ ہی اپنے فضل سے ہم لوگوں کو ان تینوں چیزوں سے بچنے کی توفیق عطا فرمادیں اور ان برائیوں سے محفوظ رکھیں ورنہ ہلاکت میں کیا تردد ہے۔ درمنثور کی بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ خود حضرت جبریل علیہ السلام نے حضورؐ سے کہا کہ آمین کہو تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے آمین فرمایا۔ جس سے اور بھی زیادہ اہتمام معلوم ہوتا ہے۔ علامہ سخاویؒ نے اس مضمون کی متعدد روایتیں ذکر کی ہیں۔ حضرت مالک بن حویرثؓ سے بھی ایک روایت نقل کی ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک مرتبہ منبر پر چڑھے جب پہلے درجہ پر قدم رکھا تو فرمایا آمین، پھر دوسرے درجہ پر قدم رکھا تو فرمایا آمین، پھر تیسرے پر قدم رکھا تو فرمایا آمین پھر ارشاد فرمایا کہ میرے پاس جبریل آئے تھے انہوں نے کہا اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) جو شخص رمضان کو پاوے اور اس کی مغفرت نہ کی جائے اللہ اس کو ہلاک کرے۔ میں نے کہا آمین اور وہ شخص کہ جس نے ماں باپ یا ان میں سے ایک کا زمانہ پایا ہو پھر بھی جہنم میں داخل ہو گیا ہو (یعنی انکی ناراضی کی وجہ سے) اللہ اس کو ہلاک کرے میں نے کہا آمین اور جس کے سامنے آپ کا ذکر مبارک آوے اور وہ درود نہ پڑھے اللہ اس کو ہلاک کرے میں نے کہا آمین۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی یہ مضمون نقل کیا گیا ہے وہ ارشاد فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم منبر کے ایک درجہ پر چڑھے اور فرمایا آمین پھر دوسرے درجہ پر چڑھ کر فرمایا آمین پھر تیسرے پر چڑھ کر فرمایا آمین۔ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ نے آمین کس بات پر فرمائی تھی؟ حضورؐ نے فرمایا کہ میرے پاس جبریل آئے تھے اور انہوں نے کہا (زمین پر) ناک رگڑے وہ شخص جس نے اپنے والدین یا ان میں سے ایک کا زمانہ پایا ہو اور انھوں نے اس کو جنت میں داخل نہ کرایا ہو میں نے کہا آمین۔ اور ناک رگڑے وہ شخص (یعنی ذلیل ہو) جس نے رمضان کا مہینہ پایا اور اس کی مغفرت نہ کی گئی ہو میں نے کہا آمین۔ اور ناک رگڑے وہ شخص جس کے سامنے آپ کا ذکر کیا جائے اور وہ آپ پر درود نہ بھیجے میں نے کہا آمین۔

حضرت جابرؓ سے بھی یہ قصہ نقل کیا گیا ہے اور اس میں بھی منبر پر تین مرتبہ آمین آمین کے بعد صحابہؓ کے سوال پر حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ جب میں پہلے درجے پر چڑھا تو میرے پاس جبرئیلؑ آئے اور انھوں نے کہا بدبخت ہو جیو وہ شخص جس نے رمضان کا مہینہ پایا اور وہ مبارک مہینہ ختم ہو گیا اور اس کی مغفرت نہ ہوئی میں نے کہا آمین۔ پھر انھوں نے کہا بدبخت ہو جیو وہ شخص جس نے اپنے والدین کو یا ان میں سے کسی ایک کو پایا ہو اور انہوں نے اس کو جنت میں داخل نہ کرایا ہو میں نے کہا آمین پھر کہا بدبخت ہو جیو وہ شخص جس کے سامنے آپ کا ذکر مبارک ہو اور اس نے آپؐ پر درود نہ بھیجا ہو میں نے کہا آمین۔ حضرت عمار بن یاسرؓ سے بھی یہ قصہ نقل کیا گیا ہے اور اس میں حضرت جبرئیلؑ کی ہر بددعاء کے بعد یہ اضافہ ہے کہ جبرئیلؑ نے مجھ سے کہا آمین کہو۔ حضرت ابن مسعودؓ سے بھی یہ حدیث نقل کی گئی ہے۔ حضرت ابن عباسؓ سے بھی یہ منبر والا قصہ نقل کیا گیا ہے۔ اور اس میں اور سخت الفاظ ہیں۔ حضورؐ نے فرمایا جبرئیل میرے پاس آئے تھے اور انھوں نے یوں کہا کہ جس شخص کے سامنے آپ کا ذکر کیا جائے اور وہ آپ پر درود نہ بھیجے وہ جہنم میں داخل ہوگا اللہ تعالیٰ اس کو ہلاک کرے اور اس کا ملیامیٹ کر دے میں نے کہا آمین اسی طرح والدین اور رمضان کے قصہ میں بھی نقل کیا۔ حضرت ابوذرؓ و حضرت بریدہ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہم سے بھی ان مضامین کی روایتیں ذکر کی گئی ہیں۔ حضرت ابوہریرہؓ کی روایت میں بھی یہ اضافہ ہے کہ ہر مرتبہ میں مجھ سے حضرت جبرئیلؑ نے کہا کہو آمین جس پر میں نے آمین کہا حضرت جابر بن سمرہؓ سے بھی یہ مضمون نقل کیا گیا ہے۔ نیز عبداللہ بن الحارث سے بھی یہ حدیث نقل کی گئی ہے اس میں یہ بددعاء دو دفعہ ہے اس میں ارشاد ہے کہ جس کے سامنے آپ کا ذکر کیا گیا ہو اور اس نے درود نہ پڑھا ہو اللہ تعالیٰ اس کو ہلاک کرے پھر ہلاک کرے۔ حضرت جابرؓ نے ایک دوسری حدیث میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے وہ بدبخت ہے۔

اور بھی اس قسم کی وعیدیں کثرت سے ذکر کی گئی ہیں۔ علامہ سخاویؒ نے ان وعیدوں کو جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر مبارک کے وقت درود شریف نہ پڑھنے پر وارد ہوئی ہیں، مختصر الفاظ میں جمع کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ ایسے شخص پر ہلاکت کی بددعاء ہے اور شقاوت کے حاصل ہونے کی خبر ہے۔ نیز جنت کا راستہ بھول جانے کی اور جہنم میں داخل ہونے کی اور یہ کہ وہ شخص ظالم ہے اور یہ کہ وہ سب سے زیادہ بخیل ہے اور کسی مجلس میں

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف نہ پڑھا جائے اس کے بارہ میں کئی طرح کی وعید ذکر کی ہیں۔ اور یہ کہ جو شخص حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ پڑھے اس کا دین سالم نہیں اور یہ کہ وہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ انور کی زیارت نہ کر سکے گا۔ اس کے بعد علامہ سخاوی رحؒ نے ان سب مضامین کی روایات ذکر کی ہیں۔

؎ يَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا أَبَدًا عَلٰى حَبِيْبِكَ خَيْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

۷۔ عَنْ عَلِيٍّ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْبَخِيْلُ مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ۔ رواہ النسائی والبخاری فی تاریخہ والترمذی وغیرہم لبسط طرقہ السخاوی

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ بخیل ہے وہ شخص جس کے سامنے میرا ذکر کیا جاوے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔''

ف علامہ سخاوی رحؒ نے کیا ہی اچھا شعر نقل کیا ہے ؎

مَنْ لَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ اِنْ ذُكِرَ اسْمُهٗ فَهُوَ الْبَخِيْلُ وَزِدْهُ وَصْفَ جَبَانٍ

ترجمہ: ''جو شخص حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ بھیجے جس وقت کہ حضورؐ کا پاک نام ذکر کیا جارہا ہو، پس وہ پکا بخیل ہے اور اتنا اضافہ اس پر کہ وہ بزدل نامرد بھی ہے۔''

حدیث بالا کا مضمون بھی بہت سی احادیث میں بہت سے صحابہ رضؓ سے نقل کیا گیا ہے۔ علامہ سخاوی رحؒ نے حضرت امام حسن رضؓ کی روایت سے حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ آدمی کے بخل کے لیے یہ کافی ہے کہ میرا ذکر اس کے سامنے کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔ حضرت امام حسین رضؓ سے بھی حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے۔ بخیل وہ شخص ہے کہ جس کے سامنے میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔ حضرت ابوہریرہ رضؓ کی حدیث سے یہ مضمون نقل کیا گیا ہے کہ بخیل اور پورا بخیل ہے وہ شخص جس کے سامنے میرا ذکر کیا جاوے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔ حضرت انس رضؓ سے بھی حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ وہ شخص بخیل ہے کہ جس کے سامنے میرا ذکر کیا جاوے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔ اور ایک اور حدیث میں یہ الفاظ نقل کیے گئے ہیں کہ میں تم کو سب بخیلوں سے زیادہ بخیل بتاؤں میں تمہیں لوگوں میں سب سے زیادہ عاجز بتاؤں؟ وہ شخص ہے جس کے سامنے میرا ذکر کیا گیا ہو پھر وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔ حضرت عائشہ رضؓ سے ایک قصہ نقل کیا گیا ہے جس کے اخیر میں حضورؐ کا یہ ارشاد ہے کہ ہلاکت ہے اس شخص کے لیے جو مجھے قیامت میں نہ دیکھے۔ حضرت عائشہ رضؓ نے عرض کیا کہ وہ کون شخص ہے جو آپ کی زیارت نہ کرے؟ حضورؐ نے

بخیل۔ حضرت عائشہ رضؓ نے عرض کیا بخیل کون؟ حضورؐ نے فرمایا جو میرا نام سنے اور درود نہ بھیجے۔ حضرت جابرؓ سے بھی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے آدمی کے بخل کے لیے یہ کافی ہے کہ جب میرا ذکر اس کے پاس کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔ حضرت حسن بصریؒ کی روایت سے بھی حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ آدمی کے بخل کے لیے یہ کافی ہے کہ میں اس کے سامنے ذکر کیا جاؤں اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔ حضرت ابوذر غفاریؓ کہتے ہیں میں ایک مرتبہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں حاضر ہوا حضورؐ نے صحابہؓ سے فرمایا میں تم کو سب سے زیادہ بخیل آدمی بتاؤں؟ صحابہؓ نے عرض کیا ضرور، حضورؐ نے فرمایا کہ جس شخص کے سامنے میرا ذکر کیا جاوے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے وہ شخص سب سے زیادہ بخیل ہے

يَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا أَبَدًا ❊ عَلٰى حَبِيْبِكَ خَيْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

۳۷ عَنْ قَتَادَةَ مُرْسَلًا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْجَفَاءِ اَنْ اُذْكَرَ عِنْدَ رَجُلٍ فَلَا يُصَلِّيْ عَلَيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اخرجه النميري ورواته ثقات قاله السخاوي

"حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ یہ بات ظلم سے ہے کہ کسی آدمی کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔

ف۔ یقیناً اس شخص کے ظلم میں کیا تردد ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اتنے احسانات پر بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ پڑھے۔ حضرت گنگوہی قدس سرہٗ کی سوانح عمری "تذکرۃ الرشید" میں لکھا ہے کہ حضرت عموماً متوسلین کو درود شریف پڑھنے کی تعلیم فرماتے تھے کہ کم سے کم تین سو مرتبہ روزانہ پڑھا جائے اور اتنا نہ ہو سکے تو ایک تسبیح میں تو کمی نہ ہونی چاہیے۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بہت بڑا احسان ہے پھر آپ پر درود بھیجنے میں بھی بخل ہو تو بڑی بے مروتی کی بات ہے۔ درود شریف میں زیادہ تر پسند وہ تھا جو نماز میں پڑھا جاتا ہے اور اس کے بعد وہ الفاظ صلوٰۃ و سلام جو احادیث میں منقول ہیں۔ باقی دوسروں کے مؤلفہ درود تاج لکھی وغیرہ عموماً آپ کو پسند نہ تھے بلکہ بعض الفاظ کو دوسرے معنیٰ کے موہم ہونے کے سبب خلاف شرع فرما دیتے تھے۔ علامہ سخاویؒ فرماتے ہیں کہ جفاء سے مراد بر و صلہ کا چھوڑنا ہے اور طبیعت کی سختی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے دوری پر بھی اطلاق کیا جاتا ہے۔ ؎

يَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا أَبَدًا ❊ عَلٰى حَبِيْبِكَ خَيْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

۳۸ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

"حضرت ابوہریرہؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا جَلَسَ قَوْمٌ مَجْلِسًا لَمْ یَذْکُرُوا اللّٰہَ تَعَالٰی فِیْہِ وَلَمْ یُصَلُّوْا عَلٰی نَبِیِّہِمْ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلَّا کَانَ عَلَیْہِمْ مِنَ اللّٰہِ تِرَۃٌ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ فَاِنْ شَآءَ عَذَّبَہُمْ وَاِنْ شَآءَ غَفَرَ لَہُمْ

رواہ احمد وابوداؤد وغیرہما بسطہ السخاوی

ارشاد نقل کرتے ہیں جو قوم کسی مجلس میں بیٹھے اور اس مجلس میں اللہ کا ذکر اور اس کے نبی پر درود نہ ہو تو یہ مجلس ان پر قیامت کے دن ایک وبال ہوگی۔ پھر اللہ کو اختیار ہے کہ انکو معاف کردے یا عذاب دے"

ف: ایک اور حدیث میں حضرت ابو ہریرہؓ ہی سے یہ الفاظ نقل کیے گئے ہیں کہ جو قوم کسی مجلس میں بیٹھتی ہے پھر وہ اللہ کے ذکر اور نبی پر درود سے پہلے مجلس برخاست کردیں تو ان پر قیامت تک حسرت رہے گی۔ ایک اور حدیث میں ان الفاظ سے نقل کیا گیا ہے کہ جو قوم کسی مجلس میں بیٹھتی ہے اور اس مجلس میں حضورؐ پر درود نہ ہو تو وہ مجلس ان پر وبال ہوتی ہے۔ حضرت ابو امامہؓ سے بھی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ لوگ کسی مجلس میں بیٹھیں پھر اللہ کے ذکر اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر درود سے پہلے اٹھ کھڑے ہوں تو وہ مجلس قیامت کے دن وبال ہے۔ حضرت ابو سعید خدریؓ سے بھی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ جو لوگ کسی مجلس میں بیٹھیں اور وہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر درود سے پہلے مجلس برخاست کریں تو ان کو حسرت ہوگی چاہے وہ جنت ہی میں (اپنے اعمال کی وجہ سے) داخل ہوجائیں بوجہ اس ثواب کے جس کو وہ دیکھیں گے یعنی اگر وہ اپنے دوسرے اعمال کی وجہ سے جنت میں داخل ہو بھی جائیں تب بھی ان کو درود شریف کا ثواب دیکھ کر اس کی حسرت ہوگی کہ ہم نے اس مجلس میں درود کیوں نہ پڑھا تھا۔ حضرت جابرؓ سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ جب لوگ کسی مجلس سے بغیر اللہ کے ذکر اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کے اٹھیں تو ایسا ہے جیسا کسی سڑے ہوئے مردار جانور پر سے اٹھے ہوں یعنی ایسی گندگی محسوس ہوگی۔ جیسے کسی سڑے ہوئے جانور کے پاس بیٹھ کر دماغ سڑ جاتا ہے ؎

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّہِمِ

(۵) عَنْ فَضَالَۃَ بْنِ عُبَیْدٍؓ قَالَ بَیْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَاعِدٌ اِذْ دَخَلَ رَجُلٌ فَصَلّٰی فَقَالَ اَللّٰہُمَّ

"حضرت فضالہؓ فرماتے ہیں ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما تھے ایک صاحب داخل ہوئے اور نماز پڑھی پھر اللّٰہم اغفرلی وارحمنی

اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْہِ وَسَلَّمَ عَجِلْتَ اَيُّهَا الْمُصَلِّيْ فَاِذَا صَلَّيْتَ فَقَعَدْتَ فَاحْمَدِ اللّٰہَ بِمَا هُوَ اَهْلُهٗ وَصَلِّ عَلَيَّ ثُمَّ ادْعُهٗ قَالَ ثُمَّ صَلّٰى رَجُلٌ اٰخَرُ بَعْدَ ذٰلِكَ فَحَمِدَ اللّٰہَ وَصَلّٰى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْہِ وَسَلَّمَ اَيُّهَا الْمُصَلِّيْ اُدْعُ تُجَبْ۔ رواہ الترمذی وروی ابوداؤد والنسائی نحوہ کذا فی المشکوٰۃ۔

کے ساتھ دعاء کی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا او نمازی جلدی کردی۔ جب تو نماز پڑھے تو اول تو اللہ جل شانہٗ کی حمد کر جیسا کہ اس کی شان کے مناسب ہے پھر مجھ پر درود پڑھ پھر دعا مانگ۔ حضرت فضالہؓ کہتے ہیں پھر ایک اور صاحب آئے انھوں نے اوّل اللہ جل شانہٗ کی حمد کی اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا حضورؐ نے ان صاحب سے یہ ارشاد فرمایا اے نمازی اب دعا کر تیری دعا قبول کی جائے گی۔"

ف:- یہ مضمون بھی بکثرت روایات میں ذکر کیا گیا ہے۔ علامہ سخاویؒ کہتے ہیں کہ درود شریف دعاء کے اوّل میں، درمیان میں اور اخیر میں ہونا چاہئے علماء نے اس کے استحباب پر اتفاق نقل کیا ہے کہ دعاء کی ابتداء اللہ تعالیٰ شانہٗ کی حمد وثناء پھر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر درود سے ہونی چاہیئے اور اسی طرح اسی پر ختم ہونا چاہئے۔ اقلیشیؒ کہتے ہیں کہ جب تو اللہ سے دعا کرے تو پہلے حمد کے ساتھ ابتدا کر پھر حضورؐ پر درود بھیج اور درود شریف کو دعاء کے اول میں دعاء کے بیچ میں دعاء کے اخیر میں کر اور درود کے وقت میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے اعلیٰ فضائل کو ذکر کیا کر اس کی وجہ سے تو مستجاب الدعوات بنے گا اور تیرے اور اس کے درمیان سے حجاب اُٹھ جائے گا۔ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْہِ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا۔ حضرت جابرؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ مجھ کو سوار کے پیالے کی طرح سے نہ بناؤ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! سوار کے پیالے سے کیا مطلب؟ حضورؐ نے فرمایا کہ مسافر اپنی حاجت سے فراغت پر برتن میں پانی ڈالتا ہے اس کے بعد اس کو اگر پینے کی یا وضوء کی ضرورت ہوتی ہے تو پیتا ہے یا وضو کرتا ہے ورنہ پھینک دیتا ہے۔ مجھے اپنی دعاء کے اوّل میں بھی کیا کرو، اوسط میں بھی، آخر میں بھی۔ علامہ سخاویؒ کہتے ہیں کہ مسافر کے پیالہ سے مراد یہ ہے کہ مسافر اپنا پیالہ سواری کے پیچھے لٹکایا کرتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ مجھے دعاء میں سب سے اخیر میں نہ رکھو۔ یہی مطلب صاحبِ اتحاف نے شرح احیاء میں بھی لکھا ہے کہ سوار اپنے پیالہ کو پیچھے لٹکا دیتا ہے یعنی مجھے اپنی دعا میں سب سے اخیر میں نہ ڈال دو۔ حضرت ابن مسعودؓ سے نقل کیا گیا ہے کہ جب کوئی

شخص اللہ سے کوئی چیز مانگنے کا ارادہ کرے تو اس کو چاہئے کہ اوّلاً اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کے ساتھ ابتدا کرے۔ ایسی حمد وثنا جو اس کی شایان شان ہو پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے اور اس کے بعد دُعا مانگے۔ پس اقرب یہ ہے کہ وہ کامیاب ہوگا اور مقصد کو پہنچے گا۔ حضرت عبداللہ بن بسرؓ سے حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ دعائیں ساری کی ساری رُکی رہتی ہیں یہاں تک کہ اس کی ابتدا اللہ کی تعریف اور حضورؐ پر درود سے نہ ہو اگر ان دونوں کے بعد دُعا کرے گا تو اس کی دعا قبول کی جائے گی۔ حضرت انسؓ سے بھی حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ ہر دُعا رُکی رہتی ہے یہاں تک کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ سے حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ تمہارا مجھ پر درود پڑھنا تمہاری دعاؤں کی حفاظت کرنے والا ہے تمہارے رب کی رضا کا سبب ہے۔ حضرت عمرؓ فرماتے ہیں مجھے یہ بتایا گیا ہے کہ دعاء آسمان اور زمین کے درمیان معلق رہتی ہے اوپر نہیں چڑھتی۔ یہاں تک کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے۔ ایک دوسری حدیث میں یہ مضمون ان الفاظ سے ذکر کیا گیا ہے کہ دعاء آسمان پر پہنچنے سے رکی رہتی ہے اور کوئی دعاء آسمان تک اس وقت تک نہیں پہنچتی جب تک حضورؐ پر درود نہ بھیجا جائے۔ جب حضورؐ پر درود بھیجا جاتا ہے تب وہ آسمان پر پہنچتی ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے نقل کیا گیا ہے جب تو دعاء مانگا کرے تو اپنی دعاء میں حضورؐ پر درود بھی شامل کیا کر اس لئے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر درود تو مقبول ہے ہی اور اللہ جل شانہٗ کے کرم سے یہ بعید ہے کہ وہ کچھ کو قبول کرے اور کچھ کو رد کردے۔ حضرت علیؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کرتے ہیں کوئی دعاء ایسی نہیں ہے کہ جس میں اور اللہ کے درمیان حجاب نہ ہو یہاں تک کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے۔ پس جب وہ ایسا کرتا ہے تو وہ پردہ پھٹ جاتا ہے اور وہ دُعا محل اجابت میں داخل ہو جاتی ہے ورنہ لَوٹا دی جاتی ہے۔ ابن عطاءؒ کہتے ہیں کہ دعاء کے لئے کچھ ارکان ہیں اور کچھ پَر ہیں، کچھ اسباب ہیں اور کچھ اوقات ہیں۔ اگر ارکان کے موافق ہوتی ہے تو دعا قوی ہوتی ہے اور پَروں کے موافق ہوتی ہے تو آسمان پر اڑ جاتی ہے اور اگر اپنے اوقات کے موافق ہوتی ہے تو فائز ہوتی ہے۔ اور اسباب کے موافق ہوتی ہے تو کامیاب ہوتی ہے دعاء کے ارکان حضور قلب، رقت، عاجزی، خشوع اور اللہ کے ساتھ قلبی تعلق اور اس کے پَر صدق ہے اور اس کے اوقات رات کا آخری حصہ اور اس کے اسباب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا۔ اور بھی متعدد احادیث میں یہ مضمون آیا ہے کہ دُعا رُکی رہتی ہے جب

تک کہ حضورؐ پر درود نہ بھیجے۔ حضرت عبداللہ بن ابی اوفیؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضورؐ باہر تشریف لائے اور یوں ارشاد فرمایا کہ جس شخص کو کوئی حاجت اللہ تعالیٰ شانہٗ سے یا کسی بندے سے پیش آجائے تو اس کو چاہیئے کہ اچھی طرح وضو کرے اور دو رکعت نماز پڑھے پھر اللہ جل شانہٗ پر حمد و ثنا کرے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے۔ پھر یہ دُعا پڑھے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

"نہیں کوئی معبود بجز اللہ کے جو بڑے حلم والا ہے اور بڑے کرم والا ہے ہر عیب سے پاک ہے اللہ جو رب ہے عرش عظیم کا تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جو رب ہے سارے جہانوں کا اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ان چیزوں کا جو تیری رحمت کو واجب کرنے والی ہوں اور مانگتا ہوں تیری مغفرت کی مؤکدات کو (یعنی ایسے اعمال کہ جن سے تیری مغفرت ضروری ہو جائے) اور مانگتا ہوں حصہ ہر نیکی سے اور سلامتی ہر گناہ سے میرے لئے کوئی ایسا گناہ نہ چھوڑیئے جس کی آپ مغفرت نہ کردیں اور نہ کوئی ایسا فکر و غم جس کو تو زائل نہ کردے اور نہ کوئی ایسی حاجت جو تیری مرضی کے موافق ہو اور تو اس کو پورا نہ کردے اے ارحم الراحمین"

يَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا ۞ عَلٰى حَبِيْبِكَ خَيْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

چوتھی فصل

فوائد متفرقہ کے بیان میں

(۱) فصل اوّل میں اللہ جل شانہٗ کا حکم درود کے بارے میں گذر چکا اور حکم کا تقاضا وجوب ہے اس لیے جمہور علماء کے نزدیک درود شریف کا کم سے کم عمر میں ایک مرتبہ پڑھنا فرض ہے بعض علماء نے اس پر اجماع بھی نقل کیا ہے۔ لیکن تیسری فصل میں جو وعیدیں اس مضمون کی گذری ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پاک نام آنے پر درود نہ پڑھنے والا بخیل ہے، ظالم ہے، بدبخت ہے۔ اس پر حضورؐ کی اور حضرت جبرئیلؑ کی طرف سے ہلاکت کی بد دعائیں ہیں وغیرہ وغیرہ ان کی بنا پر بعض علماء کا مذہب یہ ہے کہ جب بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نام نامی آئے اس وقت ہر مرتبہ درود پڑھنا واجب ہے۔

حافظ ابن حجرؒ نے فتح الباری میں اس میں دس مذہب نقل کیے ہیں اور اوجز المسالک میں زیادہ بحث تفصیلی اس پر کی گئی ہے اس میں لکھا ہے کہ بعض علماء نے اس پر اجماع نقل کیا ہے کہ ہر مسلمان پر عمر بھر میں کم سے کم ایک مرتبہ پڑھنا فرض ہے اور اس کے بعد میں اختلاف ہے۔ خود حنفیہ کے ہاں بھی اس میں دو قول ہیں۔ امام طحاویؒ وغیرہ کی رائے یہ ہے کہ جب بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نام نامی آئے تو درود شریف پڑھنا واجب ہے ان روایات کی بنا پر جو تیسری فصل میں گذریں۔ امام کرخیؒ وغیرہ کی رائے یہ ہے کہ فرض کا درجہ ایک ہی مرتبہ ہے اور ہر مرتبہ استحباب کا درجہ ہے۔

دوّم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے نام نامی کے ساتھ شروع میں "سیدنا" کا لفظ بڑھا دینا مستحب ہے۔ درمختار میں لکھا ہے کہ سیدنا کا بڑھا دینا مستحب ہے۔ اس لیے کہ ایسی چیز کی زیادتی جو واقعہ میں ہو وہ عین ادب ہے جیسا کہ رملیؒ شافعیؒ وغیرہ نے کہا ہے۔ اھ۔ یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا سید ہونا ایک امر واقعی ہے لہٰذا اس کے بڑھانے میں کوئی اشکال کی بات نہیں۔ بلکہ ادب یہی ہے۔ لیکن بعض لوگ اس سے منع کرتے ہیں۔ غالباً ان کو ابوداؤد شریف کی ایک حدیث سے اشتباہ ہو رہا ہے۔ ابوداؤد شریف میں ایک صحابی ابومطرف رضؓ سے یہ نقل کیا گیا ہے کہ میں ایک وفد کے ساتھ حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ ہم نے حضورؐ سے عرض کیا اَنْتَ سَیِّدُنَا آپ ہمارے سردار ہیں۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اَلسَّیِّدُ اللّٰہُ یعنی حقیقی سید تو اللہ ہی ہے اور یہ ارشاد عالی بالکل صحیح ہے۔ یقیناً حقیقی سیادت اور کمال سیادت اللہ ہی کے لیے ہے۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ حضورؐ کے نام پر سیدنا کا بڑھانا ناجائز ہے۔ بالخصوص جبکہ خود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا پاک ارشاد جیسا کہ مشکوٰۃ میں بروایۃ شیخین (بخاری ومسلم) حضرت ابوہریرہ سے نقل کیا گیا ہے کہ اَنَا سَیِّدُ النَّاسِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ الحدیث کہ میں لوگوں کا سردار ہوں گا قیامت کے دن۔ اور دوسری حدیث میں مسلم کی روایت سے نقل کیا ہے اَنَا سَیِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ کہ میں قیامت کے دن اولادِ آدم کا سردار ہوں گا۔ نیز بروایۃ ترمذی حضرت ابوسعید خدری رضؓ کی حدیث سے بھی حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے اَنَا سَیِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ وَلَا فَخْرَ کہ میں قیامت کے دن اولاد آدم کا سردار ہونگا اور کوئی فخر کی بات نہیں ہے حضورؐ کے اس پاک ارشاد کا مطلب جو ابوداؤد شریف کی

روایت میں گذرا وہ کمال سیادت مراد ہے جیسا کہ بخاری شریف میں حضرت ابوہریرہؓ سے حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ مسکین وہ نہیں ہے جس کو ایک ایک دو دو لقمے در بدر پھراتے ہوں بلکہ مسکین وہ ہے جس کے پاس نہ وسعت ہو نہ لوگوں سے سوال کرے۔ اسی طرح مسلم شریف میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی روایت سے حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ تم پچھاڑنے والا کس کو سمجھتے ہو (یعنی وہ پہلوان جو دوسرے کو زبر کردے) صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! اس کو سمجھتے ہیں جس کو کوئی دوسرا پچھاڑ نہ سکے۔ حضورؐ نے فرمایا یہ پہلوان نہیں بلکہ پچھاڑنے والا (یعنی پہلوان) وہ ہے جو غصہ کے وقت میں اپنے نفس پر قابو پائے۔ اسی حدیث پاک میں حضورؐ کا یہ سوال بھی نقل کیا گیا کہ تم رقوب (یعنی لاولد) کس کو کہتے ہو؟ صحابہؓ نے عرض کیا کہ جس کے اولاد نہ ہو حضورؐ نے فرمایا یہ لاولد نہیں بلکہ لاولد وہ ہے جس نے کسی چھوٹی اولاد کو ذخیرۂ آخرت نہ بنایا ہو (یعنی اسکے کسی معصوم بچہ کی موت نہ ہوئی ہو) اب ظاہر ہے کہ جو مسکین بھیک مانگتا ہو اس کو مسکین کہنا کون ناجائز کہدے گا۔ اسی طرح جو پہلوان لوگوں کو پچھاڑ دیتا ہو لیکن اپنے غصہ پر اس کو قابو نہ ہو وہ تو بہر حال پہلوان ہی کہلائے گا۔ اسی طرح سے ابوداؤد شریف میں ایک صحابیؓ کا قصہ نقل کیا ہے کہ انہوں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی پشت مبارک پر مہر نبوت دیکھ کر یہ درخواست کی تھی کہ آپ کی پشت مبارک پر یہ (جو ابھرا ہوا گوشت ہے) مجھے دکھلائیے کہ میں اسکا علاج کروں کیونکہ میں طبیب ہوں، حضورؐ نے فرمایا طبیب تو اللہ تعالیٰ شانہٗ ہی ہیں جس نے اس کو پیدا کیا الیٰ آخر القصہ اب ظاہر ہے کہ اس حدیث پاک سے معالجوں کو طبیب کہنا کون حرام کہہ دے گا بلکہ صاحب مجمع نے تو یہ کہا ہے کہ اللہ کے ناموں میں سے طبیب نہیں ہے اور اسی طرح سے احادیث میں بہت کثرت سے یہ مضمون ملے گا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے مواقع میں کمال کے اعتبار سے نفی فرمائی ہے۔ حقیقت کی نفی نہیں۔ علامہ سخاویؒ فرماتے ہیں کہ علامہ مجدالدینؒ (صاحب قاموس) نے لکھا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ بہت سے لوگ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کہتے ہیں اور اس میں بحث ہے وہ یوں کہتے ہیں کہ نماز میں تو ظاہر ہے کہ نہ کہنا چاہیے، نماز کے علاوہ میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص پر انکار کیا تھا جس نے آپؐ کو سیدنا سے خطاب کیا تھا جیسا کہ حدیث مشہور میں ہے (دیکھو حدیث ابوداؤد جو اوپر گذری) لیکن حضورؐ کا انکار احتمال رکھتا ہے کہ تواضع

ہو یا منھ پر تعریف کرنے کو پسند نہ کیا ہو یا اس وجہ سے کہ یہ زمانۂ جاہلیت کا دستور تھا۔ یا اس وجہ سے کہ انہوں نے مبالغہ بہت کیا۔ چنانچہ انھوں نے کہا تھا کہ آپ ہمارے سردار ہیں آپ ہمارے باپ ہیں، آپ ہم سے فضیلت میں بہت زیادہ بڑھے ہوئے ہیں، آپ ہم پر بخشش کرنے میں سب سے بڑھے ہوئے ہیں اور آپ جفنۃ الغراء ہیں۔ یہ بھی زمانۂ جاہلیت کا ایک مشہور مقولہ ہے کہ وہ اپنے اس سردار کو جو بڑا کھلانے والا ہو اور بڑے بڑے پیالوں میں لوگوں کو دُنبوں کی چکتی اور گھی سے لبریز پیالوں میں کھلاتا ہو اور آپ ایسے ہیں اور آپ ایسے ہیں تو ان سب باتوں کے مجموعہ پر حضورؐ نے انکار فرمایا تھا۔ اور فرمایا تھا کہ شیطان تم کو مبالغہ میں نہ ڈال دے۔ حالانکہ صحیح حدیث میں حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد ثابت ہے۔ اَنَا سَیِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ کہ میں اولادِ آدم کا سردار ہوں۔ نیز حضورؐ کا قول ثابت ہے اپنے نواسہ حسنؓ کے لیے اِبْنِیْ ھٰذَا سَیِّدٌ میرا یہ بیٹا سردار ہے۔ اسی طرح سے حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت سعدؓ کے بارے میں ان کی قوم کو یہ کہنا قُوْمُوْا اِلٰی سَیِّدِکُمْ۔ کہ کھڑے ہو جاؤ اپنے سردار کے لیے اور امام نسائی کی کتاب عمل الیوم واللیلہ میں حضرت سہل بن حنیفؓ کا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو یا سیدی کے ساتھ خطاب کرنا وارد ہے اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے درود میں اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ کا لفظ وارد ہے۔ ان سب امور میں دلالتِ واضحہ ہے۔ اور روشن دلائل ہیں اس لفظ کے جواز میں اور جو اس کا انکار کرے وہ محتاج ہے اس بات کا کہ کوئی دلیل قائم کرے علاوہ اس حدیث کے جو اوپر گذری اس لیے کہ اس میں احتمالات مذکورہ ہونے کی وجہ سے اس کو دلیل نہیں بنایا جا سکتا الی آخر ما ذکرہ۔ یہ تو ظاہر ہے جیسا کہ اوپر بھی ذکر کیا گیا کہ کمال سیادت اللہ ہی کے لیے ہے۔ لیکن کوئی دلیل ایسی نہیں، جس کی وجہ سے اس کا اطلاق غیر اللہ پر ناجائز معلوم ہوتا ہو۔ قرآن پاک میں حضرت یحییٰ علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بارے میں سَیِّدًا وَّحَصُوْرًا کا لفظ وارد ہے۔ بخاری شریف میں حضرت عمرؓ کا ارشاد منقول ہے وہ فرمایا کرتے تھے۔ اَبُوْبَکْرٍ سَیِّدُنَا وَاَعْتَقَ سَیِّدَنَا یَعْنِیْ بِلَالًا ابوبکر ہمارے سردار ہیں اور ہمارے سردار یعنی بلال کو آزاد کیا۔ علامہ عینیؒ شرح بخاری میں لکھتے ہیں کہ جب حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار کو حضرت سعدؓ کے بارے قُوْمُوْا اِلٰی سَیِّدِکُمْ یعنی اپنے سردار کے لیے کھڑے ہو جاؤ کہا تو اس سے استدلال کیا جاتا ہے اس بات پر کہ اگر کوئی شخص سیدی اور مولائی کہے تو اس کو نہیں روکا جائے گا اس لیے کہ سیادت

کا مرجع اور مآل اپنے ماتحتوں پر بڑائی ہے اور ان کے لیے حسن تدبیر اسی لیے خاوند کو سید کہا جاتا ہے۔ جب قرآن پاک میں وَاَلْفَيَا سَيِّدَهَا فرمایا۔ حضرت امام مالکؒ سے کسی شخص نے پوچھا تھا کہ کیا کوئی شخص مدینہ منورہ میں اس کو مکروہ سمجھتا ہے کہ اپنے سردار کو یا سیدی کہے؟ انہوں نے فرمایا کوئی نہیں الخ امام بخاریؒ نے اس کے جواز پر حضورؐ کے ارشاد مَنْ سَيِّدُكُمْ سے بھی استدلال کیا ہے جو ایک حدیث کا ٹکڑا ہے جس کو خود امام بخاریؒ نے ادب المفرد میں ذکر کیا ہے کہ حضورؐ نے بنو سلمہ سے پوچھا مَنْ سَيِّدُكُمْ کہ تمہارا سردار کون ہے؟ انھوں نے عرض کیا جد بن قیس حضورؐ نے فرمایا بَلْ سَيِّدُكُمْ عَمْرُو بْنِ جَمُوْحٍ بلکہ تمہارا سردار عمرو بن جموح ہے نیز اِذَا نَصَحَ الْعَبْدُ سَيِّدَهٗ مشہور حدیث ہے جو متعدد صحابۂ کرامؓ سے حدیث کی اکثر کتابوں بخاری شریف وغیرہ میں مذکور ہے نیز حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث سے بخاری شریف میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کیا ہے کہ کوئی شخص اَطْعِمْ رَبَّكَ وَضِّئْ رَبَّكَ نہ کہے یعنی اپنے آقا کو رب کے لفظ سے تعبیر نہ کرے وَلْيَقُلْ سَيِّدِيْ وَمَوْلَايَ بلکہ یوں کہے کہ میرا سید اور میرا مولیٰ یہ تو سید اور مولیٰ کہنے کا حکم صاف ہے۔

سوم: اسی طرح سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاک نام پر مولانا کا لفظ بھی بعض لوگ پسند نہیں کرتے۔ ممانعت کی کوئی دلیل باوجود تلاش کے اس ناکارہ کو اب تک نہیں ملی البتہ غزوۂ احد کے قصہ میں ابوسفیان کو جواب دیتے ہوئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد اَللّٰهُ مَوْلَانَا وَلَا مَوْلٰى لَكُمْ وارد ہے اور قرآن پاک میں سورۂ محمد میں ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاَنَّ الْكٰفِرِيْنَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ ہوا ہے۔ لیکن اس سے غیر اللہ پر لفظ مولیٰ کے اطلاق کی ممانعت معلوم نہیں ہوتی۔ یہاں بھی کمال ولایت مراد ہے کہ حقیقی مولا وہی پاک ذات ہے۔ جیسا کہ اللہ جل شانہٗ نے ارشاد فرمایا مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ کہ تمہارے لیے اللہ کے سوا نہ کوئی ولی ہے نہ کوئی مددگار۔ اور دوسری جگہ ارشاد ہے۔ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ اور بخاری شریف میں حضورؐ کا ارشاد ہے مَنْ تَرَكَ كَلًّا اَوْ ضِيَاعًا فَاَنَا وَلِيُّهٗ یہاں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو ولی بتایا ہے۔ ابھی بخاری شریف کی حدیث سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا پاک ارشاد وَلْيَقُلْ سَيِّدِيْ وَمَوْلَايَ گزر ہی چکا ہے کہ اپنے آقا کو سیدی و مولائی کہا کرے۔ حضورؐ کا پاک ارشاد مَوْلَى الْقَوْمِ مِنْ اَنْفُسِهِمْ مشہور ہے۔ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد ہے وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ الآیۃ اور حدیث و فقہ کی کتاب النکاح تو کتاب الاولیاء سے پُر ہے اور

مشکوٰۃ شریف میں بروایت شیخین حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد حضرت زید بن حارثہ رضؓ کے متعلق اَنْتَ اَخُوْنَا وَمَوْلَانَا وارد ہے نیز بروایت مسند احمد و ترمذی حضرت زید بن ارقم رضؓ سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاہُ یعنی جس کا میں مولیٰ ہوں علی اس کے مولا ہیں یہ حدیث مشہور ہے عـہ متعدد صحابۂ کرام رضؓ سے نقل کی گئی ہے۔ مُلّا علی قاریؒ اس حدیث کی شرح میں نہایہ سے لکھتے ہیں کہ مولیٰ کا اطلاق بہت سے معنی پر آتا ہے۔ جیسے رَبّ اور مالک اور سیّد اور مُنعم یعنی احسان کرنے والا اور مُعتِق یعنی غلام آزاد کرنے والا اور ناصر (مددگار) اور محب اور تابع اور پڑوسی اور چچازاد بھائی اور حلیف وغیرہ وغیرہ بہت سے معنی گنوائے ہیں اس لیے ہر جگہ مناسب معنی مراد ہوں گے۔ جہاں اَللّٰہُ مَوْلَانَا وَلَا مَوْلَا لَکُمْ وارد ہوا ہے وہاں رب کے معنی میں ہے اور حضورؐ کے نام مبارک پر آیا ہے جیسا کہ مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاہُ وہاں ناصر اور مددگار کے معنی میں ہے۔ ملّا علی قاریؒ نے اس حدیث کا شان ورود یہ لکھا ہے کہ حضرت اسامہ بن زید رضؓ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے یہ کہہ دیا تھا کہ تم میرے مولیٰ نہیں ہو میرے مولیٰ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اس پر حضورؐ نے یہ ارشاد فرمایا کہ میں جس کا مولیٰ ہوں علی رضؓ اس کے مولیٰ ہیں۔ علامہ سخاویؒ نے قول بدیع میں اور علامہ قسطلانیؒ نے مواہب لدنیہ میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے اسماء مبارکہ میں بھی لفظ مولیٰ کا شمار کرایا ہے۔ علامہ زرقانیؒ لکھتے ہیں مولیٰ یعنی سیّد، مُنعم، مددگار، محب اور یہ اللہ تعالیٰ شانہٗ کے ناموں میں سے ہے۔ اور عنقریب مصنف یعنی علامہ قسطلانیؒ کا استدلال اس نام پر اَنَا اَوْلٰی بِکُلِّ مُؤْمِنٍ سے آرہا ہے۔ اس کے بعد علامہ زرقانیؒ علامہ قسطلانیؒ کے کلام کی شرح کرتے ہوئے حضورؐ کے ناموں کی شرح میں کہتے ہیں کہ ولی اور مولیٰ یہ دونوں اللہ کے ناموں میں سے ہیں اور ان دونوں کے معنی مددگار کے ہیں۔ اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے جیسا کہ بخاری نے حضرت ابو ہریرہ رضؓ سے نقل کیا ہے اَنَا وَلِیُّ کُلِّ مُؤْمِنٍ. اور بخاری ہی میں حضورؐ کا یہ ارشاد

عـہ قال صاحب تحفۃ الاحوذی لحدیث الترمذی اخرجہ احمد والنسائی والضیاء وفی الباب عن بریدۃ اخرجہ احمد وعن البراء بن عازب اخرجہ احمد وابن ماجہ وعن سعد بن ابی وقاص اخرجہ ابن ماجۃ وعن علی اخرجہ احمد اھ وقال القاری بعد ذکر تخریجہ والحاصل ان ہذا حدیث صحیح لا مریۃ بل بعض الحفاظ عدہ متواترًا اذ فی روایۃ لاحمد انہ سمعہ من النبی صلی اللہ علیہ وسلم ثلاثون صحابیا وشہدوا بہ لعلی لما نوزع فی خلافتہ اھ۔

نقل کیا گیا ہے کہ کوئی مومن ایسا نہیں کہ میں اس کی ساتھ دنیا و آخرت میں اولیٰ نہ ہوں پس جس نے مال چھوڑا ہو وہ اس کے ورثہ کو دیا جائے اور جس نے قرضہ یا ضائع ہونے والی چیزیں چھوڑی ہوں وہ میرے پاس آئے میں اس کا مولیٰ ہوں۔ نیز حضورؐ نے فرمایا ہے کہ جس کا میں مولیٰ ہوں علیؓ اس کا مولیٰ ہے۔ امام ترمذی نے اس کو روایت کیا ہے اور اسکو حسن بتایا ہے انتہیٰ

علامہ رازیؒ سورۂ محمد کی آیت وَاَنَّ الْکٰفِرِیْنَ لَامَوْلٰی لَھُمْ کے ذیل میں تحریر فرماتے ہیں کہ اگر یہ اشکال کیا جائے کہ آیت بالا اور دوسری آیت شریفہ ثُمَّ رُدُّوْٓا اِلَی اللّٰہِ مَوْلٰھُمُ الْحَقِّ میں کس طرح جمع کیا جائے تو یہ کہا جائے گا کہ مولیٰ کے کئی معنی آتے ہیں سردار کے، رب کے، مددگار کے پس جس جگہ یہ کہا گیا ہے کہ کوئی مولیٰ نہیں ہے وہاں یہ مراد ہے کہ کوئی مددگار نہیں اور جس جگہ مولٰھم الحق کہا گیا ہے وہاں ان کا رب اور مالک مُراد ہے۔ انتہیٰ۔

صاحبِ جلالین نے سورۃ انعام کی آیت مولٰھم الحق کی تفسیر مالک کے ساتھ کی ہے اس پر صاحبِ جمل لکھتے ہیں کہ مالک کے ساتھ تفسیر اس واسطے کی گئی ہے کہ آیت شریفہ مومن اور کافر دونوں کے بارے میں وارد ہوئی ہے۔ اور دوسری آیت یعنی سورۂ محمد میں "اَنَّ الْکٰفِرِیْنَ لَامَوْلٰی لَھُمْ .... وارد ہوا ہے۔ ان دونوں میں جمع اس طرح پر ہے کہ مولیٰ سے مراد پہلی آیت میں مالک خالق اور معبود ہے اور دوسری آیت میں مددگار۔ لہٰذا کوئی تعارض نہیں رہا۔ اس کے علاوہ بہت سی وجوہ اس بات پر دال ہیں کہ مولینا جب کہ رب اور مالک کے معنی میں استعمال ہو تو وہ مخصوص ہے اللہ جل شانہٗ کے ساتھ لیکن جب سردار اور راس جیسے دوسرے معنی میں مستعمل ہو تو اس کا نہ صرف نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر بلکہ ہر بڑے پر استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اس سے پہلے نمبر میں حضورؐ کا ارشاد غلاموں کے بارے میں گذر چکا ہے کہ وہ اپنے آقا کو سیّدی و مولائی کے لفظ سے پکارا کریں۔ ملا علی قاریؒ نے بروایت احمد حضرت ریاح سے نقل کیا ہے کہ ایک جماعت حضرت علیؓ کے پاس کوفہ میں آئی۔ انہوں نے آکر عرض کیا السّلام علیکم یا مولانا! حضرت علیؓ نے فرمایا میں تمہارا مولیٰ کیسے ہوں تم عرب ہو، انہوں نے عرض کیا ہم نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاہُ میں۔ جس کا مولیٰ ہوں علی اس کے مولیٰ ہیں۔ جب وہ جماعت جانے لگی تو میں ان کے پیچھے لگا اور میں نے پوچھا یہ کون لوگ ہیں تو مجھے بتایا گیا کہ یہ انصار کی جماعت ہے جس میں حضرت ابو ایوب انصاری بھی ہیں۔ حافظ ابن حجرؒ فتح الباری میں اس سلسلہ میں بحث کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ مولیٰ کا اطلاق سیّد کے بہ نسبت

اقرب الیٰ عدم الکراہتہ ہے۔ اس لیے کہ سیّد کا لفظ تو اعلیٰ ہی پر بولا جاتا ہے، لیکن لفظ مولیٰ تو اعلیٰ اور اسفل دونوں پر بولا جاتا ہے ؎

يَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا أَبَدًا ﴿﴾ عَلٰى حَبِيْبِكَ خَيْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

چہارم: آداب میں سے یہ ہے کہ اگر کسی تحریر میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا پاک نام گذرے تو وہاں بھی درود شریف لکھنا چاہئے۔ محدثین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے یہاں اس مسئلہ میں انتہائی تشدد ہے کہ حدیث پاک لکھتے ہوئے کوئی ایسا لفظ نہ لکھا جائے جو استاذ سے نہ سنا ہو حتیٰ کہ اگر کوئی لفظ استاذ سے غلط سنا ہو تو اس کو بھی یہ حضرات نقل میں بعینہ اسی طرح لکھنا ضروری سمجھتے ہیں جس طرح استاذ سے سُنا ہے۔ اس کو صحیح کر کے لکھنے کی اجازت نہیں دیتے۔ اسی طرح اگر توضیح کے طور پر کسی لفظ کے اضافہ کی ضرورت سمجھتے ہیں تو اس کو استاذ کے کلام سے ممتاز کر کے لکھنا ضروری سمجھتے ہیں تاکہ یہ شبہ نہ ہو کہ یہ لفظ بھی استاذ نے کہا تھا۔ اس سب کے باوجود جملہ حضرات محدثین اس کی تصریح فرماتے ہیں کہ جب حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا نام نامی آئے تو درود شریف لکھنا چاہیئے اگرچہ استاذ کی کتاب میں نہ ہو۔ جیسا کہ امام نوویؒ نے شرح مسلم شریف کے مقدمے میں اسکی تصریح کی ہے اسیطرح امام نوویؒ تقریب میں اور علامہ سیوطیؒ اس کی شرح میں لکھتے ہیں ضروری ہے یہ بات کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر مبارک کے وقت زبان کو اور انگلیوں کو درود شریف کیساتھ جمع کرے یعنی زبان سے درود شریف پڑھے اور انگلیوں سے لکھے بھی اور اس میں اصل کتاب کا اتباع نہ کرے اگرچہ بعض علماء نے یہ کہا ہے کہ اصل کا اتباع کرے۔ انتہی۔ بہت سی روایاتِ حدیث بھی اس سلسلہ میں وارد ہوئی ہیں۔ اگرچہ وہ متکلم فیہ بلکہ بعض کے اوپر موضوع ہونے کا بھی حکم لگایا گیا ہے لیکن کئی روایات اس قسم کے مضمون کے وارد ہونے پر اور جملہ علماء کا اس پر اتفاق اور اس پر عمل اس بات کی دلیل ہے کہ ان احادیث کی کچھ اصل ضرور ہے۔ علامہ سخاویؒ قولِ بدیع میں لکھتے ہیں کہ جیسا کہ تو حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا نام نامی لیتے ہوئے زبان سے درود پڑھتا ہے، اسی طرح نامِ مبارک لکھتے ہوئے اپنی انگلیوں سے بھی درود شریف لکھا کر کہ تیرے لئے اس میں بہت بڑا ثواب ہے اور یہ ایک ایسی فضیلت ہے جسکے ساتھ علمِ حدیث لکھنے والے کامیاب ہوتے ہیں۔ علماء نے اس بات کو مستحب بتایا ہے کہ اگر تحریر میں بار بار نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا پاک نام آئے تو بار بار درود شریف لکھے اور پورا درود لکھے اور کاہلوں

اور جاہلوں کی طرح سے صلعم وغیرہ الفاظ کے ساتھ اشارہ پر قناعت نہ کرے۔ اس کے بعد علامہ سخاویؒ نے اس سلسلہ میں چند حدیثیں بھی نقل کی ہیں وہ لکھتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہؓ سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا پاک ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ جو شخص کسی کتاب میں میرا نام لکھے، فرشتے اس وقت تک لکھنے والے پر درود بھیجتے رہتے ہیں جب تک میرا نام اس کتاب میں رہے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ جو شخص مجھ سے کوئی علمی چیز لکھے اور اس کے ساتھ درود شریف بھی لکھے، اس کا ثواب اسوقت تک ملتا رہے گا۔ جب تک وہ کتاب پڑھی جائے۔ حضرت ابن عباسؓ سے بھی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ جو شخص مجھ پر کسی کتاب میں درود لکھے اس وقت تک اس کو ثواب ملتا رہے گا جب تک میرا نام اس کتاب میں رہے۔ علامہ سخاویؒ نے متعدد روایات سے یہ مضمون بھی نقل کیا ہے کہ قیامت کے دن علماء حدیث حاضر ہوں گے اور ان کے ہاتھوں میں دواتیں ہوں گی (جن سے وہ حدیث لکھتے تھے) اللہ جل شانہٗ حضرت جبرئیلؑ سے فرمائیں گے کہ ان سے پوچھو یہ کون ہیں اور کیا چاہتے ہیں، وہ عرض کریں گے کہ ہم حدیث لکھنے پڑھنے والے ہیں۔ وہاں سے ارشاد ہوگا کہ جاؤ جنت میں داخل ہو جاؤ تم میرے نبی پر کثرت سے درود بھیجتے تھے۔ علامہ نوویؒ تقریب میں اور علامہ سیوطیؒ اس کی شرح میں لکھتے ہیں کہ یہ ضروری ہے کہ درود شریف کی کتابت کا بھی اہتمام کیا جائے۔ جب بھی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا پاک نام گذرے اور اس کے بار بار لکھنے سے اکتاوے نہیں اس واسطے کہ اس میں بہت ہی زیادہ فوائد ہیں اور جس نے اس میں تساہل کیا بہت بڑی خیر سے محروم رہ گیا۔ علماء کہتے ہیں کہ حدیث پاک اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ۵ فصل اول میں گذری ہے اس کے مصداق محدثین ہی ہیں کہ وہ بہت کثرت سے درود شریف پڑھنے والے ہیں۔ اور علماء نے اس سلسلہ میں اس حدیث کو بھی ذکر کیا ہے جس میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد وارد ہوا ہے جو شخص میرے اوپر کسی کتاب میں درود بھیجے ملائکہ اس کے لئے اس وقت تک استغفار کرتے رہتے ہیں جب تک میرا نام اس کتاب میں رہے۔ اور یہ حدیث اگرچہ ضعیف ہے لیکن اس جگہ اس کا ذکر کرنا مناسب ہے اور اس کی طرف التفات نہ کیا جائے کہ ابن جوزیؒ نے اس کو موضوعات میں ذکر کر دیا ہے اس لئے کہ اس کے بہت سے طرق ہیں۔

جو اس کو موضوع ہونے سے خارج کر دیتے ہیں۔ اور اس کے مقتضی ہیں کہ اس حدیث کی اصل ضرور ہے اس لئے کہ طبرانی نے اس کو ابو ہریرہؓ کی حدیث سے نقل کیا ہے اور ابن عدیؒ نے حضرت ابو بکرؓ کی حدیث سے اور اصبہانیؒ نے ابن عباسؓ کی حدیث سے اور ابو نعیمؒ نے حضرت عائشہؓ کی حدیث سے نقل کیا ہے۔ انتہیٰ۔ صاحبِ اتحافؒ نے شرح احیاء میں بھی اس کے طُرق پر کلام کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حافظ سخاویؒ نے کہا ہے کہ یہ حدیث جعفر صادقؒ کے کلام سے موقوفاً نقل کی گئی ہے۔ ابن قیمؒ کہتے ہیں کہ یہ زیادہ اقرب ہے۔

صاحبِ اتحافؒ کہتے ہیں کہ طلبۂ حدیث کو عجلت اور جلد بازی کی وجہ سے درود شریف کو چھوڑنا نہ چاہیئے ہم نے اس میں بہت مبارک خواب دیکھے ہیں۔ اس کے بعد پھر انھوں نے کئی خواب اس کے بارے میں نقل کئے ہیں۔ حضرت سفیان بن عیینہؒ سے نقل کیا ہے کہ میرا ایک دوست تھا وہ مر گیا تو میں نے اس کو خواب میں دیکھا میں نے اس سے پوچھا کہ کیا معاملہ گذرا اس نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے مغفرت فرما دی۔ میں نے کہا کس عمل پر اس نے کہا کہ میں حدیث پاک لکھا کرتا تھا اور جب حضور اقدسؐ کا پاک نام آتا تھا تو میں اس پر صلی اللہ علیہ وسلم لکھا کرتا تھا اسی پر میری مغفرت ہو گئی۔ ابو الحسن میمونیؒ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے استاذ ابو علی کو خواب میں دیکھا ان کی انگلیوں کے اوپر کوئی چیز سونے یا زعفران کے رنگ سے لکھی ہوئی تھی۔ میں نے ان سے پوچھا یہ کیا ہے انھوں نے کہا کہ میں حدیث پاک کے اوپر صلی اللہ علیہ وسلم لکھا کرتا تھا۔ حسن بن محمدؒ کہتے ہیں کہ میں نے امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ کو خواب میں دیکھا انھوں نے مجھ سے فرمایا کہ کاش تو یہ دیکھتا کہ ہمارا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر کتابوں میں درود لکھنا کیسا ہمارے سامنے روشن اور منوّر ہو رہا ہے (بدیع) اور بھی متعدد خوابات اس قسم کے ذکر کئے ہیں۔ فصل حکایات میں اس قسم کی چیزیں کثرت سے آئیں گی ؎

يَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا أَبَدًا　۞　عَلٰى حَبِيْبِكَ خَيْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

پنجم: حضرت تھانوی نور اللہ مرقدہٗ نے زاد السعید میں ایک مستقل فصل آداب متفرقہ میں لکھی ہے۔ اگرچہ اس کے متفرق مضامین پہلے گذر چکے ہیں۔ اہمیت کی وجہ سے ان کو یکجائی ذکر کیا جاتا ہے وہ ارشاد فرماتے ہیں (۱) جب اسمِ مبارک لکھے صلوٰۃ وسلام بھی لکھے یعنی صلی اللہ علیہ وسلم پورا لکھے اس میں کوتاہی نہ کرے صرف صؐ یا صلعم پر اکتفاء نہ کرے (۲) ایک شخص حدیث شریف لکھتا تھا اور بسبب بخل نام مبارک کے ساتھ درود شریف نہ لکھتا تھا۔ اس کے سیدھے ہاتھ کو مرضِ اکلہ عارض ہوا یعنی اس کا ہاتھ گل گیا (۳) شیخ ابن حجر مکیؒ نے نقل کیا ہے

کہ ایک شخص صرف صلی اللہ علیہ پر اکتفاء کرتا تھا وسلم نہ لکھتا تھا۔ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو خواب میں ارشاد فرمایا تو اپنے کو چالیس نیکیوں سے کیوں محروم رکھتا ہے یعنی وسلم میں چار حرف ہیں، ہر حرف پر ایک نیکی اور ہر نیکی پر دس گنا ثواب، لہٰذا وسلم میں چالیس نیکیاں ہوئیں مفصل حکایات میں ع۲۶ پر بھی اس نوع کا ایک قصہ آرہا ہے۔ (۴) درود شریف پڑھنے والے کو مناسب ہے کہ بدن و کپڑے پاک و صاف رکھے۔ (۵) آپؐ کے نام مبارک سے پہلے لفظ سیدنا بڑھا دینا مستحب اور افضل ہے۔ انتہی

اس اکلہ والے قصہ کو اور چالیس نیکیوں والے قصہ کو علامہ سخاویؒ نے بھی قول بدیع میں ذکر کیا ہے۔ اسی طرح حضرت تھانوی نور اللہ مرقدہٗ نے درود شریف کے متعلق ایک مستقل فصل مسائل کے بارے میں تحریر فرمائی ہے اس کا اضافہ بھی اس جگہ مناسب ہے حضرت تحریر فرماتے ہیں۔

مسئلہ (۱) عمر بھر میں ایک بار درود شریف پڑھنا فرض ہے بوجہ حکم صَلُّوْا کے جو شعبان ۲ھ میں نازل ہوا (۲) اگر ایک مجلس میں کئی بار آپؐ کا نام پاک ذکر کیا جائے تو طحاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا مذہب یہ ہے کہ ہر بار میں ذکر کرنے والے اور سننے والے پر درود پڑھنا واجب ہے مگر مفتی بہ یہ ہے کہ ایک بار پڑھنا واجب ہے پھر مستحب ہے (۳) نماز میں بجز تشہد اخیر کے دوسرے ارکان میں درود شریف پڑھنا مکروہ ہے (درمختار) (۴) جب خطبہ میں حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک آوے یا خطیب یہ آیت پڑھے یٰٓاَیُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا اپنے دل میں بلا جنبش زبان کے صلی اللہ علیہ وسلم کہہ لے (درمختار) (۵) بے وضو درود شریف پڑھنا جائز ہے اور باوضو نورٌ علیٰ نور ہے (۶) بجز حضراتِ انبیاء حضراتِ ملائکہ علیٰ جمیعہم السلام کے کسی اور پر استقلالاً درود شریف نہ پڑھے البتہ تبعاً مضائقہ نہیں مثلاً یوں نہ کہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ بلکہ یوں کہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ (درمختار) (۷) درمختار میں ہے کہ اسباب تجارت کھولنے کے وقت یا ایسے ہی کسی موقع پر یعنی جہاں درود شریف پڑھنا مقصود نہ ہو بلکہ کسی دنیوی غرض کا اس کو ذریعہ بنایا جائے درود شریف پڑھنا ممنوع ہے (۸) درمختار میں ہے کہ درود شریف پڑھتے وقت اعضاء کو حرکت دینا اور بلند آواز کرنا جہل ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ بعض جگہ جو رسم ہے کہ نمازوں کے بعد حلقہ باندھ کر بہت چلا چلا کر درود شریف پڑھتے ہیں قابل ترک ہے۔

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا ؛ عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

پانچویں فصل

درود شریف کے متعلق حکایات میں

درود شریف کے بارے میں اللہ تعالیٰ شانہٗ کے حکم اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پاک ارشادات کے بعد حکایات کی کچھ زیادہ اہمیت نہیں رہتی۔ لیکن لوگوں کی عادت کچھ ایسی ہے کہ بزرگوں کے حالات سے ترغیب زیادہ ہوتی ہے۔ اسی لئے اکابر کا دستور اس ذیل میں کچھ حکایات لکھنے کا بھی چلا آرہا ہے۔ حضرت تھانوی نور اللہ مرقدہٗ نے ایک فصل زاد السعید میں مستقل حکایات میں لکھی ہے جس کو بعینہٖ لکھتا ہوں۔ اس کے بعد چند دوسری حکایات بھی نقل کی جائیں گی اور اس سلسلہ کی بہت سی حکایات اس ناکارہ کے رسالہ فضائل حج میں بھی گذر چکی ہیں۔ حضرتؒ تحریر فرماتے ہیں۔ فصل پنجم حکایات و اخبار متعلقہ درود شریف کے بیان میں۔

(۱) مواہب لدنیہ میں تفسیر قشیری سے نقل کیا ہے کہ قیامت میں کسی مؤمن کی نیکیاں کم وزن ہو جائیں گی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک پرچہ سرانگشت کے برابر نکال کر میزان میں رکھ دیں گے۔ جس سے نیکیوں کا پلّہ وزنی ہو جائے گا۔ وہ مؤمن کہے گا، میرے ماں باپ آپ پر قربان ہو جائیں آپ کون ہیں؟ آپ کی صورت اور سیرت کیسی اچھی ہے آپؐ فرمائیں گے میں تیرا نبی ہوں اور یہ درود شریف ہے جو تو نے مجھ پر پڑھا تھا۔ میں نے تیری حاجت کے وقت اس کو ادا کر دیا (حاشیہ حصن)، یہ قصہ فصل اول کی حدیث ۱۱ پر بھی گذرا اور اس جگہ اس کے متعلق ایک کلام اور بھی گذرا۔

(۲) حضرت عمر بن عبد العزیز رحمۃ اللہ تعالیٰ کہ جلیل القدر تابعی ہیں اور خلیفہ راشد ہیں شام سے مدینہ منورہ کو خاص قاصد بھیجتے تھے کہ ان کی طرف سے روضہ شریفہ پر حاضر ہو کر سلام عرض کرے۔ (حاشیہ حصن از فتح القدیر)

(۳) روضۃ الاحباب میں امام اسمٰعیل بن ابراہیم مزنیؒ سے جو امام شافعی رحمۃ اللہ کے بڑے شاگردوں میں ہیں نقل کیا ہے کہ میں نے امام شافعیؒ کو بعد انتقال کے خواب میں دیکھا اور پوچھا اللہ تعالیٰ نے آپ سے کیا معاملہ فرمایا وہ بولے مجھے بخش دیا اور حکم فرمایا کہ مجھ کو تعظیم و احترام کے ساتھ بہشت میں لے جائیں اور یہ سب برکت ایک درود کی ہے جس کو میں پڑھا کرتا تھا میں نے پوچھا وہ کون سا درود ہے؟ فرمایا یہ ہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذّٰکِرُوْنَ وَکُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ۔ (حاشیہ حصین)

(۴) مناہج الحسنات میں ابن فاکہانیؒ کی کتاب فجر منیر سے نقل کیا ہے کہ ایک بزرگ نیک صالح موسیٰ ضریرؒ بھی تھے، انھوں نے اپنا گذرا ہوا قصہ مجھ سے نقل کیا کہ ایک جہاز ڈوبنے لگا اور میں اس میں موجود تھا اس وقت مجھکو غنودگی سی ہوئی اس حالت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھکو یہ درود تعلیم فرماکر ارشاد فرمایا کہ جہاز والے اس کو ہزار بار پڑھیں ہنوز تین سو بار پر نوبت پہنچی تھی کہ جہاز نے نجات پائی اور بَعْدَ الْمَمَاتِ کے اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ بھی اس میں پڑھنا معمول ہے اور خوب ہے وہ درود یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اور شیخ مجد الدینؒ صاحب قاموس نے بھی اس حکایت کو بسند خود ذکر کیا ہے۔ (نفض)

(۵) بعض رسائل میں عبید اللہ بن عمر قواریریؒ سے نقل کیا ہے کہ ایک کاتب میرا ہمسایہ تھا وہ مرگیا میں نے اس کو خواب میں دیکھا اور پوچھا اللہ تعالیٰ نے تیرے ساتھ کیا معاملہ کیا؟ کہا مجھے بخش دیا۔ میں نے سبب پوچھا کہا میری عادت تھی جب نام پاک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کتاب میں لکھتا تو صلی اللہ علیہ وسلم بھی بڑھاتا۔ خدائے تعالیٰ نے مجھ کو ایسا کچھ دیا کہ نہ کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا، نہ کسی دل پر گذرا۔ (گلشن جنت)۔

(۶) دلائل الخیرات کی وجہ تالیف مشہور ہے کہ مؤلف کو سفر میں وضوء کے لئے پانی کی ضرورت تھی اور ڈول رسّی کے نہ ہونے سے پریشان تھے ایک لڑکی نے یہ حال دیکھ کر دریافت کیا اور کنوئیں کے اندر تھوک دیا۔ پانی کنارے تک ابل آیا۔ مؤلف نے حیران ہو کر وجہ پوچھی۔ اس نے کہا یہ برکت ہے درود شریف کی۔ جس کے بعد انھوں نے یہ کتاب دلائل الخیرات تالیف کی۔

(۷) شیخ زروق رحمۃ اللہ تعالیٰ نے لکھا ہے کہ مؤلف دلائل الخیرات کی قبر سے خوشبو مشک وعنبر کی آتی ہے اور یہ سب برکت درود شریف کی ہے۔

۸۔ ایک معتمد دوست نے راقم سے ایک خوشنویس لکھنؤ کی حکایات بیان کی ان کی عادت تھی کہ جب صبح کے وقت کتابت شروع کرتے تو اوّل ایک بار درود شریف ایک بیاض پر پرچہ اسی غرض سے بنائی گئی تھی لکھ لیتے اس کے بعد کام شروع کرتے، جب ان کے انتقال کا وقت آیا تو غلبۂ فکر آخرت سے خوف زدہ ہو کر کہنے لگے کہ دیکھئے وہاں جاکر کیا ہوتا ہے۔ ایک مجذوب آنکلے

سه ذکرہ السخاوی مختصراً ص۱۹۱۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

حَامِدًا وَّمُصَلِّیًا وَّمُسَلِّمًا

امابعد! یہ چند اوراق اللہ کے راستے میں خرچ کرنے کے فضائل میں ہیں جن کے متعلق اپنے سابقہ رسالہ فضائل حج کے شروع میں لکھ چکا ہوں کہ چچا جان[1] نور اللہ مرقدہ کو اس رسالہ کا بہت اہتمام تھا۔ اور اپنی زندگی کے آخری ایام میں بار بار اس کی تاکید فرمائی اور ایک مرتبہ جب کہ عصر کی نماز کھڑی ہو رہی تھی تکبیر ہوتے ہوئے صف سے آگے منہ نکال کر اس ناپاک کو حکم فرمایا کہ بھولنا نہیں اس زمانہ میں چچا جان علالت کی وجہ سے خود امامت نہ کرتے تھے اس لئے مقتدیوں کی صف ہی میں وہ بھی شریک تھے۔ اتنے اصرار اور تاکید کے باوجود اپنی کوتاہی سے اس میں تاخیر ہوتی ہی چلی گئی اور نہ صرف تاخیر بلکہ تقریباً التواء ہی ہو گیا تھا کہ مقدرات سے شوال ۱۳۶۶ھ میں بستی حضرت نظام الدینؒ کا طویل قیام پیش آیا جیسا کہ رسالہ فضائل حج کے ابتداء میں لکھ چکا ہوں اور اس رسالہ کے اختتام کے بعد بھی جب سہارنپور واپسی کی کوئی صورت پیدا نہ ہوئی تو ۲۴ شوال ۱۳۶۶ھ چہار شنبہ کو اس رسالہ کی ابتداء کر دی گئی۔ حق تعالیٰ شانہٗ اپنے اس لطف و انعام اور کرم سے جو میری گندگیوں کے باوجود دین اور دنیا دونوں کے اعتبار سے روز افزوں ہیں اس کو تکمیل کو پہنچا کر قبول فرمائے۔ وَمَا تَوۡفِیۡقِیۡ اِلَّا بِاللّٰہِ عَلَیۡہِ تَوَکَّلۡتُ وَاِلَیۡہِ اُنِیۡبُ ط۔ اس رسالہ میں سات فصلیں لکھنے کا خیال ہے۔ پہلی فصل میں اللہ تعالیٰ کے راستہ میں خرچ کرنے کے فضائل۔ دوسری فصل میں بخل کی مذمت، تیسری فصل میں صلہ رحمی کا خصوصی اہتمام، چوتھی فصل میں زکوٰۃ کا وجوب اور فضائل، پانچویں فصل میں زکوٰۃ ادا نہ کرنے پر وعیدیں، چھٹی فصل میں زہد و قناعت اور سوال نہ کرنے کی ترغیب ساتویں فصل میں زاہدوں اور اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرنے والوں کی حکایات۔

---

[1] یعنی حضرت اقدس مولانا شاہ محمد الیاس صاحب قدس سرہٗ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿فصل اوّل﴾

مال خرچ کرنے کے فضائل میں

اللہ پاک کے کلام اوراس کے سچے رسولؐ سید البشر کے ارشادات میں خرچ کرنے کی ترغیب اوراس کے فضائل اتنی کثرت سے وارد ہیں کہ حد نہیں۔ان کو دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ پیسہ پاس رکھنے کی چیز ہے ہی نہیں۔یہ پیدا ہی اس لئے ہوا ہے کہ اس کو اللہ کے راستے میں خرچ کیا جائے جتنی کثرت سے اس مسئلہ پر ارشادات ہیں ان کا دسواں بیسواں حصہ بھی جمع کرنا مشکل ہے نمونے کے طور پر چند آیات اور چند احادیث کا ترجمہ اپنی عادت کے موافق پیش کرتا ہوں۔آیات۔

۱)...... هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ ۙ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيمُونَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنفِقُونَ ۙ وَالَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِمَآ أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمَآ أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ ۝ أُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ ۖ وَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝ (بقرہ ۲:۲۔۵)

ترجمہ)...... یہ کتاب یعنی قرآن شریف راستہ بتانے والی ہے خدا سے ڈرنے والوں کو جو یقین لاتے ہیں غیب کی چیزوں پر اور قائم رکھتے ہیں نماز کو اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا اس میں سے خرچ کرتے ہیں اور وہ لوگ ایسے ہیں جو یقین رکھتے ہیں (ایمان لاتے ہیں) اس کتاب پر بھی جو آپؐ پر نازل کی گئی اور ان کتابوں پر بھی جو آپ سے پہلے نازل کی گئیں اور آخرت پر بھی وہ یقین رکھتے ہیں۔یہی لوگ اس صحیح راستہ پر ہیں۔اس کے رب کی طرف سے ملا ہے اور یہی لوگ فلاح کو پہنچنے والے ہیں۔

فائدہ: اس آیت شریفہ میں کئی مضمون قابل غور ہیں۔(الف) راستہ بتانے والی ہے خدا سے ڈرنے والوں کو یعنی جس کو مالک کا خوف نہ ہو مالک کو مالک نہ جانتا ہو وہ اپنے پیدا کرنے والے سے جاہل ہو اس کو قرآن پاک کا بتایا ہوا راستہ کب نظر آ سکتا ہے۔راستہ اُسی کو نظر آتا ہے جس میں دیکھنے کی صلاحیت بھی ہو جس میں دیکھنے کا ذریعہ آنکھ ہی نہ ہو وہ کیا دیکھے گا۔اسی طرح جس کے دل میں مالک کا خوف ہی نہ ہو وہ مالک کے حکم کی کیا پرواہ کرے گا۔(ب) نماز کو قائم رکھنا یہ ہے

کہ اُس کو اُس کے آداب اور شرائط کی رعایت رکھتے ہوئے پابندی اور اہتمام سے ادا کرے جس کا تفصیلی بیان رسالہ فضائل نماز[1] میں گزر چکا ہے۔ اُس میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ نماز کو قائم کرنے سے یہ مراد ہے کہ اس کے رکوع وسجود کو اچھی طرح ادا کرے، ہمہ تن متوجہ رہے اور خشوع وخضوع کے ساتھ پڑھے۔ حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نماز کا قائم کرنا اس کے اوقات کی حفاظت رکھنا اور وضو کا اور رکوع وسجود کا اچھی طرح ادا کرنا ہے۔ (ج) فلاح کا پہنچنا بہت اونچی چیز ہے۔ فلاح کا لفظ جہاں کہیں آتا ہے وہ اپنے مفہوم میں دین اور دنیا کی بہبود اور کامیابی کو لئے ہوئے ہوتا ہے۔ امام راغبؒ نے لکھا ہے کہ دُنیوی فلاح ان خوبیوں کا حاصل کر لینا ہے جن سے دینوی زندگی بہترین بن جائے اور وہ بقا اور غنٰی اور عزت ہیں اور اُخروی فلاح چار چیزیں ہیں وہ بقا جس کو کبھی فنا نہ ہو۔ وہ تونگری جس میں فقر کا شائبہ نہ ہو، وہ عزت جس میں کسی قسم کی ذلت نہ ہو، وہ علم جس میں جہل کا دخل نہ ہو اور جب فلاح کو مطلق بولا گیا تو اس میں دین ودنیا کی فلاح آ گئی۔

۲)...... لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ ج وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ الاية (بقره ۲:۱۷۷)

ترجمہ)...... سارا کمال اسی میں نہیں ہے کہ تم اپنا منہ مشرق کی طرف کر لو یا مغرب کی طرف لیکن اصل کمال تو یہ ہے کہ کوئی شخص اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے اور قیامت کے دن پر اور فرشتوں پر اور اللہ تعالیٰ کی کتابوں پر اور سب پیغمبروں پر اور اللہ تعالیٰ کی محبت میں مال دیتا ہو اپنے رشتہ داروں کو اور یتیموں کو اور غریبوں کو اور مسافروں کو اور لاچاری میں سوال کرنے والوں کو اور (قیدیوں اور غلاموں کی) گردن چھڑانے میں خرچ کرتا ہو اور نماز کو قائم رکھتا ہو اور زکوٰۃ کو ادا کرتا ہو کہ اصل کمالات یہ چیزیں ہیں۔ آیت شریفہ میں ان کی بعض اور صفات کا ذکر فرما کر ارشاد ہے کہ یہی لوگ سچے ہیں اور یہی لوگ متقی ہیں۔

فائدہ: حضرت قتادہؒ کہتے ہیں کہ یہود مغرب کی طرف نماز پڑھتے تھے اور نصاریٰ مشرق کی طرف نماز پڑھتے تھے۔ اس پر یہ آیتِ شریفہ نازل ہوئی اور بھی متعدد حضرات سے اس قسم کا مضمون نقل کیا گیا ہے۔[2] امام جصاصؒ نے لکھا ہے کہ آیت شریفہ میں یہود اور نصاریٰ پر رد ہے کہ

[1] فضائل نماز عکسی۔ [2] درمنثور۔

جب انھوں نے قبلہ کے منسوخ ہونے (یعنی بیت المقدس کے بجائے کعبہ کو قرار دینے) پر اعتراض کیا تو حق تعالیٰ شانہٗ نے یہ آیت نازل فرمائی کہ نیکی اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں ہے بغیر اس کی اطاعت کے مشرق و مغرب کی توجہ کوئی چیز نہیں ہے۔ ❶ اللہ کی محبت میں مال دیتا ہو کا یہ مطلب ہے کہ ان چیزوں میں اللہ جل شانہٗ کی محبت اور خوشنودی کی وجہ سے خرچ کرے۔ نام و نمود اور اپنی شہرت عزت کی وجہ سے خرچ نہ کرے اور اس ارادے سے خرچ کرنا نیکی برباد گناہ لازم کے مصداق ہے۔ اپنا مال بھی خرچ کیا اور اللہ جل شانہٗ کے یہاں بجائے ثواب کے گناہ ہوا۔ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ تمہاری صورتوں اور تمہارے مالوں کی طرف نہیں دیکھتے (کہ کتنا خرچ کیا) بلکہ تمہارے اعمال اور تمہارے دلوں کی طرف دیکھتے ہیں (کہ کس نیت اور کس ارادے سے خرچ کیا) ❷ ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ مجھے تم پر بہت زیادہ خوف شرک اصغر کا ہے صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) شرک اصغر کیا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا دکھاوے کے لئے عمل کرنا۔ احادیث میں بہت کثرت سے دکھاوے کے لئے خرچ کرنے پر تنبیہ کی گئی ہے جو آئندہ آئے گی۔ یہ ترجمہ اس صورت میں ہے کہ آیت شریفہ میں اللہ کی محبت میں دنیا مراد ہو بعض علماء نے خرچ کرنے کی محبت کا ترجمہ کیا ہے یعنی جو خرچ کیا ہے اس پر مسرور ہو، یہ نہ ہو کہ اس وقت تو خرچ کر دیا پھر اُس پر قلق ہو رہا ہے کہ میں نے کیوں خرچ کر دیا۔ کیسی بے وقوفی ہوئی روپیہ کم ہو گیا وغیرہ وغیرہ ❸ اور اکثر علماء نے مال کی محبت کا ترجمہ کیا ہے۔ یعنی باوجود مال کی محبت کے ان مواقع میں خرچ کرے۔ ایک حدیث میں ہے کسی شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) مال کی محبت کا کیا مطلب ہے؟ مال سے تو ہر ایک کو محبت ہوتی ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جب تو مال خرچ کرے تو اس وقت تیرا دل تیری اپنی ضرورتیں جتائے اور اپنی حاجت کا ڈر دل میں پیدا ہو کہ عمر ابھی بہت باقی ہے مجھے احتیاج نہ ہو جائے۔ ایک حدیث میں ہے کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا بہترین صدقہ یہ ہے کہ تو ایسے وقت میں خرچ کرے جب تندرست ہو اپنی زندگی اور بہت زمانے تک دنیا میں رہنے کی اُمید ہو۔ ایسا نہ کر کہ صدقہ کرنے کو ٹالتا رہے یہاں تک کہ جب دم نکلنے لگے اور موت کا وقت قریب آجائے تو کہنے لگے اتنا فلاں کو دیا جائے اور اتنا فلانی جگہ دیا جائے کہ اب تو وہ فلاں کا ہو گیا ❹ مطلب یہ ہے کہ جب اپنے سے مایوسی ہو گئی اور اپنی ضرورت اور حاجت کا ڈر نہ رہا تو آپ نے کہنا شروع کر دیا کہ اتنا فلاں مسجد میں، اتنا فلاں مدرسہ میں حالانکہ اب وہ گویا وارث کا مال بن گیا۔ اب حلوائی کی دوکان پر نانا کی فاتحہ ہے۔ جب تک اپنی

❶ احکام القرآن ❷ مشکوۃ ❸ احکام القرآن۔ ❹ درمنثور۔

ضرورتیں وابستہ تھیں تب تو خرچ کرنے کی توفیق نہ ہوئی اب جب کہ وہ دوسرے کے یعنی وارث کے پاس جانے لگا تو آپ کو اللہ واسطے دینے کا جذبہ پیدا ہوا۔اسی واسطے شریعت مطہرہ نے حکم دے دیا کہ مرتے وقت کا صدقہ ایک تہائی مال میں اثر کرسکتا ہے۔اگر کوئی اس وقت سارا مال صدقہ کر کے مرجائے تو وارثوں کی اجازت کے بغیر تہائی سے زیادہ میں اُس کی وصیت معتبر نہ ہوگی اس آیت شریفہ میں مال کو یتامیٰ مساکین وغیرہ پر خرچ کرنے کو مستقل طور پر ذکر فرمایا ہے اور آخر میں زکوٰۃ کو علیحدہ ذکر فرمایا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ اخراجات زکوٰۃ کے علاوہ باقی مال میں سے ہیں۔اس کا بیان احادیث کے ذیل میں نمبرا پر آرہا ہے۔

۳)......وَاَنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْکُمْ اِلَی التَّھْلُکَۃِ ۚ وَاَحْسِنُوْا ۚ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ○ (بقرہ ۲:۱۹۵)

ترجمہ)......اور تم لوگ اللہ کے راستہ میں خرچ کیا کرو اور اپنے آپ کو اپنے ہاتھوں تباہی میں نہ ڈالو اور خرچ وغیرہ کو اچھی طرح کیا کرو بے شک حق تعالیٰ محبوب رکھتے ہیں اچھی طرح کام کرنے والوں کو۔

فائدہ: حضرت حذیفہ ؓ فرماتے ہیں کہ ''اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو'' یہ فقر کے ڈر سے اللہ کے راستہ میں خرچ کا چھوڑ دینا ہے۔حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ ہلاکت میں ڈالنا یہ نہیں ہے کہ آدمی اللہ کے راستے میں قتل ہو جائے بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ سے رک جانا ہے۔حضرت ضحاکؒ بن جبیر فرماتے ہیں کہ انصار اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کیا کرتے تھے اور صدقہ کیا کرتے تھے۔ایک سال قحط ہوگیا۔اُن کے خیالات بُرے ہوگئے اور اللہ کے راستے میں خرچ کرنا چھوڑ دیا اس پر یہ آیت شریفہ نازل ہوئی۔حضرت اسلمؒ کہتے ہیں کہ ہم قسطنطنیہ کی جنگ میں شریک تھے کفار کی بہت بڑی جماعت مقابلے پر آگئی مسلمانوں میں سے ایک شخص تلوار لے کر اُن کی صف میں گھس گیا دوسرے مسلمانوں نے شور کیا کہ اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈال دیا۔ حضرت ابو ایوبؓ انصاری بھی اس جنگ میں شریک تھے وہ کھڑے ہوئے اور ارشاد فرمایا کہ یہ اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا نہیں ہے۔تم اس آیت شریفہ کا یہ مطلب بتاتے ہو۔یہ آیت تو ہمارے بارے میں نازل ہوئی بات یہ ہوئی تھی کہ جب اسلام کو فروغ ہونے لگا اور دین کے حامی بہت سے پیدا ہو گئے تو ہماری یعنی انصار کی چپکے چپکے یہ رائے ہوئی کہ اب اللہ جل شانہٗ نے اسلام کو غلبہ تو عطا فرما ہی دیا اور لوگوں میں دین کے مددگار بہت سے پیدا ہو گئے۔ہمارے اموال، کھیتیاں وغیرہ عرصہ سے خبر گیری پوری نہ ہو سکنے کی وجہ سے برباد ہو رہی ہیں ہم ان کی خبر گیری اور اصلاح کر

لیں۔اس پر یہ آیت شریفہ نازل ہوئی اور ہلاکت میں اپنے کو ڈالنا اپنے اموال کی اصلاح میں مشغول ہو جانا اور جہاد کو چھوڑ دینا ہے ❶

٤)......وَيَسْئَلُوْنَكَ مَاذَايُنفِقُوْنَ ط قُلِ الْعَفْوَ ط (بقرہ ۲:۲۱۹)

ترجمہ)......لوگ آپ سے پوچھتے ہیں کہ خیرات میں کتنا خرچ کریں آپ فرما دیجیے کہ جتنا (ضرورت سے) زائد ہو۔

فائدہ: یعنی مال تو خرچ ہی کرنے کے واسطے ہے۔جتنی اپنی ضرورت ہو اس کے موافق رکھ کر جو زائد ہو وہ خرچ کر دے۔حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ اپنے اہل وعیال کے خرچ سے جو بچے وہ عفو ہے۔حضرت ابوامامہ ؓ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ اے آدمی! جو تجھ سے زائد ہے اس کو تو خرچ کر دے یہ بہتر ہے تیرے لئے اور تو اس کو روک کر رکھے۔یہ تیرے لئے برا ہے اور بقدر ضرورت پر کوئی ملامت نہیں اور خرچ کرنے میں ان لوگوں سے ابتدا کر جو تیرے عیال میں ہیں اور اونچا ہاتھ (یعنی دینے والا ہاتھ) بہتر ہے اس ہاتھ سے جو نیچے ہو (یعنی لینے کے لئے پھیلا ہوا ہو) حضرت عطاؒ سے بھی یہی نقل کیا گیا کہ عفو سے مراد ضرورت سے زائد ❷ ہے حضرت ابوسعید خدریؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس کے پاس سواری زائد ہو وہ ایسے شخص کو سواری دے جس کے پاس سواری نہیں ہے اور جس کے پاس توشہ زائد ہو وہ ایسے شخص کو توشہ دے جس کے پاس توشہ نہ ہو (حضور ﷺ نے اس قدر اہتمام سے یہ بات فرمائی کہ) ہمیں یہ گمان ہونے لگا کہ کسی شخص کا اپنے کسی ایسے مال میں حق ہی نہیں ہے جو اس کی ضرورت سے زائد ہو ❸۔اور کمال کا درجہ ہے بھی یہی کہ آدمی کی اپنی واقعی ضرورت سے زائد جو چیز ہے وہ خرچ ہی کرنے کے واسطے ہے جمع کر کے رکھنے کے واسطے نہیں ہے۔بعض علماء نے عفو کا ترجمہ سہل کا کیا ہے یعنی جتنا آسانی سے خرچ کر سکے کہ اس کو خرچ کرنے سے خود پریشان ہو کر دنیوی تکلیف میں مبتلا نہ ہو اور دوسرے کا حق ضائع ہونے سے آخرت کی تکلیف میں مبتلا نہ ہو۔حضرت ابن عباسؓ سے نقل کیا گیا کہ بعض آدمی اس طرح صدقہ کرتے تھے کہ اپنے کھانے کو بھی ان کے پاس نہ رہتا تھا حتیٰ کہ دوسرے لوگوں کو ان پر صدقہ کرنے کی نوبت آجاتی تھی۔اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔حضرت ابوسعید خدریؓ فرماتے ہیں کہ ایک شخص مسجد میں تشریف لائے حضور اقدس ﷺ نے ان کی حالت دیکھ کر لوگوں سے کپڑا خیرات کرنے کو ارشاد فرمایا۔بہت سے کپڑے چندے میں جمع ہو گئے۔حضور ﷺ نے ان میں سے دو کپڑے اُن صاحب کو عطا فرما

❶ درمنثور ❷ درمنثور ❸ ابوداؤد

دیئے۔ اُس کے بعد پھر حضور ﷺ نے صدقہ کرنے کی ترغیب دی اور لوگوں نے صدقے کا مال دیا تو ان صاحب نے بھی دو کپڑوں میں سے ایک صدقے میں دے دیا تو حضور ﷺ نے ناراضی کا اظہار فرمایا اور اُن کا کپڑا واپس فرمادیا[1]۔ قرآن پاک میں اپنی احتیاج کے باوجود خرچ کرنے کی ترغیب بھی آئی ہے لیکن یہ انہیں لوگوں کے لئے ہے جو اس کی بشاشت سے برداشت کر سکتے ہوں اُن کے دلوں میں واقعی طور پر آخرت کی اہمیت دنیا پر غالب آ گئی ہو۔ جیسے کہ آیات کے سلسلہ نمبر ۳۸ پر یہ مضمون تفصیل سے آ رہا ہے۔

۵)...... مَنْ ذَا الَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَیُضٰعِفَهٗ لَهٗۤ اَضْعَافًا كَثِیْرَةً ؕ وَ اللّٰهُ یَقْبِضُ وَ یَبْصُۜطُ ۪ وَ اِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ○ (بقرہ ۲:۲۴۵)

ترجمہ)...... کون ہے ایسا شخص جو اللہ جل شانہٗ کو قرض دے اچھی طرح قرض دینا پھر اللہ تعالیٰ اس کو بڑھا کر بہت زیادہ کر دے (اور خرچ کرنے سے تنگی کا خوف نہ کرو) کہ اللہ جل شانہٗ ہی تنگی اور فراخی کرتے ہیں (اسی کے قبضہ میں ہے) اور اسی کی طرف (مرنے کے بعد) لوٹائے جاؤ گے۔

فائدہ: اللہ کے راستے میں خرچ کرنے کو قرض سے اس لئے تعبیر کیا گیا کہ جیسے قرض کی ادائیگی اور واپسی ضروری ہوتی ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرنے کا اجر وثواب اور بدلہ ضرور ملتا ہے۔ اس لئے اس کو قرض سے تعبیر کیا گیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کو قرض دینے سے اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرنا مُراد ہے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت شریفہ نازل ہوئی تو حضرت ابو الدحداح انصاری رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) اللہ جل شانہٗ ہم سے قرض مانگتے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا بے شک، وہ عرض کرنے لگے اپنا دست مبارک مجھے پکڑا دیجئے (تاکہ میں آپ کے دست مبارک پر ایک عہد کروں) حضور ﷺ نے اپنا ہاتھ بڑھایا انہوں نے معاہدے کے طور پر حضور ﷺ کا ہاتھ پکڑ کر عرض کیا کہ یا رسول اللہ (ﷺ) میں نے اپنا باغ اپنے اللہ کو قرض دے دیا ہے۔ ان کے باغ میں چھ سو درخت کھجوروں کے تھے اور اسی باغ میں ان کے بیوی بچے رہتے تھے۔ یہاں سے اٹھ کر پھر اپنے باغ میں گئے اور اپنی بیوی اُمِّ دحداح رضی اللہ عنہا سے آواز دے کر کہا کہ چلو اس باغ سے نکل چلو یہ باغ میں نے اپنے رب کو دے دیا۔

دوسری حدیث میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اس باغ کو چند یتیموں

[1] در منثور۔

میں تقسیم کردیا۔ایک حدیث میں ہے کہ جب یہ آیت شریفہ نازل ہوئی مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ الاٰیۃ جوایک نیکی کرے اس کو دس گنا ثواب ملے گا تو حضور ﷺ نے دعا کی کہ یا اللہ میری اُمت کا ثواب اس سے بھی زیادہ کردے۔اس کے بعد یہ آیت مَنْ ذَالَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰهَ نازل ہوئی۔ حضور ﷺ نے پھر دعا کی یا اللہ میری اُمت کا ثواب اور بھی زیادہ کردے پھر مَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ الآیۃ ۔جو نمبرے پر آ رہی ہے نازل ہوئی،حضور ﷺ نے پھر دُعا کی ،یا اللہ میری اُمت کا ثواب بڑھا دے۔اس پر اِنَّمَا یُوَفَّی الصَّابِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَیْرِ حِسَابٍ (زمر ۳۹: ۱۰) نازل ہوئی کہ صبر کرنے والوں کو اُن کا ثواب پورا پورا دیا جائے گا جو بے اندازہ اور بے شمار ہوگا۔ایک حدیث میں ہے کہ ایک فرشتہ ندا کرتا ہے۔کون ہے جو آج قرض دے اور کل کو پورا بدلہ لے لے۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ اللہ جلّ شانہٗ فرماتے ہیں اے آدمی !اپنا خزانہ میرے پاس امانت رکھا دے نہ اس میں آگ لگ جانے کا اندیشہ ہے نہ غرق ہو جانے کا نہ چوری کا۔میں ایسے وقت میں وہ تجھ کو پورا کا پورا واپس کروں گا جس وقت تجھے اس کی انتہائی ضرورت [1] ہوگی۔

٦)...... یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَ یَوْمٌ لَّا بَیْعٌ فِیْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ ؕ (بقرہ ۲: ۲۵٤)

ترجمہ)......اے ایمان والو! خرچ کرلو اُن چیزوں میں سے جو ہم نے تم کو دی ہیں قبل اس کے کہ وہ دن آجائے جس میں نہ تو خرید وفروخت ہو سکتی ہے ،نہ دوستی ہوگی ،نہ کسی کی (اللہ تعالیٰ کی اجازت بغیر) سفارش ہوگی۔

فائدہ: یعنی اس دن نہ تو خرید وفروخت ہے کہ کوئی اس دن دوسروں کی نیکیاں خرید لے،نہ دوستی ہے کہ تعلقات میں کوئی دوسرے سے نیکیاں مانگ لے،نہ بغیر اجازت کے سفارش کا کسی کو کوئی حق ہے کہ اپنی طرف سے منت سماجت کرکے سفارش ہی کرا لے۔غرض جتنے اسباب دوسرے سے اعانت حاصل کرنے کے لئے ہوا کرتے ہیں وہ سب ہی اس دن مفقود ہوں گے۔ اس دن کے واسطے کچھ کرنا ہے تو آج کا دن ہے جو بونا ہے بولیا جائے۔اس دن تو کھیتی کے کاٹنے ہی کا دن ہے جو بویا گیا ہے وہ کاٹ لیا جائے گا۔غلہ ہو یا پھول ،کانٹے ہوں یا ایندھن ہر شخص خود ہی غور کرلے کہ وہ کیا بو رہا ہے۔

۷)......مَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِیْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ وَاللّٰهُ یُضٰعِفُ لِمَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ

[1] درمنثور۔

وَاسِعٌ عَلِيمٌ O (بقرہ ۲: ۲۶۱)

ترجمہ)...... جولوگ اللہ تعالیٰ کے راستہ میں (یعنی خیر کے کاموں میں) اپنے مالوں کو خرچ کرتے ہیں اُن کی مثال ایسی ہے جیسا کہ ایک دانہ ہو جس میں سات بالیں اُگی ہوں اور ہر بال میں سو دانے ہوں (تو ایک دانہ سے سات سو دانے مل گئے) اور اللہ جل شانہٗ جس کو چاہے زیادہ عطا فرمادیتے ہیں۔ اللہ جل شانہٗ بڑی وسعت والے ہیں (ان کے یہاں کسی چیز کی کمی نہیں) اور جاننے والے ہیں (کہ خرچ کرنے والے کی نیت کا حال بھی اُن کو خوب معلوم ہے۔

فائدہ: ایک حدیث میں آیا ہے کہ اعمال چھ قسم کے ہیں اور آدمی چار قسم کے ہیں۔ اعمال کی چھ قسمیں یہ ہیں کہ! دو عمل تو واجب کرنے والے ہیں اور دو عمل برابر سرابر ہیں اور ایک عمل دس گنا ثواب رکھتا ہے اور ایک عمل سات سو گنا ثواب رکھتا ہے۔ جو واجب کرنے والے ہیں وہ تو یہ ہیں کہ جو شخص اس حالت میں مرے کہ شرک نہ کرتا ہو وہ جنت میں داخل ہو کر رہے گا اور جو ایسی حالت میں مرے کہ شرک کرتا ہو وہ جہنم میں داخل ہوگا اور برابر سرابر یہ ہیں کہ جو شخص کسی نیکی کا ارادہ کرے اور عمل نہ کرسکے اس کو ایک ثواب ملتا ہے اور جو گناہ کرے اس کو ایک بدلہ ملتا ہے اور جو شخص کوئی نیکی کرے اس کو دس گنا ثواب ملتا ہے اور جو اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرے اس کو ہر خرچ کا سات سو گنا ثواب ملتا ہے۔ اور آدمی چار طرح کے ہیں۔ ایک وہ لوگ ہیں جن پر دنیا میں بھی وسعت ہے، آخرت میں بھی، دوسرے وہ جن پر دنیا میں وسعت، آخرت میں تنگی تیسرے وہ جن پر دنیا میں تنگی، آخرت میں وسعت، چوتھے وہ جن پر دنیا میں بھی تنگی اور آخرت میں بھی تنگی، ❶ کہ یہاں کے فقر کے ساتھ اعمال بھی خراب ہوئے جن کی وجہ سے وہاں بھی کچھ نہ ملا۔ دنیا اور آخرت دونوں ہی برباد ہو گئے۔ حضرت ابو ہریرہ ﷛ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ جو شخص ایک کھجور کی بقدر بھی صدقہ کرے بشرطیکہ طیّب مال سے ہو خبیث مال نہ ہو اس لئے کہ حق تعالیٰ شانہٗ طیب مال ہی کو قبول کرتے ہیں تو حق تعالیٰ اُس صدقہ کی پرورش کرتے ہیں۔ جیسا کہ تم لوگ اپنے بچھیرے کی پرورش کرتے ہو حتیٰ کہ وہ صدقہ بڑھتے بڑھتے پہاڑ کے برابر ہو جاتا ہے ❷ ایک اور حدیث میں ہے کہ جو شخص ایک کھجور اللہ تعالیٰ کے راستہ میں خرچ کرتا ہے۔ حق تعالیٰ شانہٗ اس کے ثواب کو اتنا بڑھاتے ہیں کہ وہ اُحد پہاڑ سے بڑا ہوتا ہے۔ اُحد کا پہاڑ مدینہ طیبہ کا بہت بڑا پہاڑ ہے اس صورت میں سات سو سے بہت زیادہ اجر و ثواب ہو جاتا ہے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ جب یہ سات سو گنے والی آیت شریفہ نازل ہوئی تو حضور اقدس ﷺ

❶ کنز العمال ❷ مشکوٰۃ شریف۔

نے اللہ جلّ شانہٗ سے ثواب کے زیادہ ہونے کی دُعا کی اس پر پہلی آیت نمبر ۵ والی نازل ہوئی ❶ اس قول کے موافق اس آیت شریفہ کا نزول مقدم ہوا۔ دوسری حدیث میں اس کا عکس آیا ہے جیسا کہ پہلے نمبر ۵ کے ذیل میں گزرا ہے۔

۸)...... اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ مَآ اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَآ اَذًى لَّهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ○ (بقرہ ۲۶۲:۲)

ترجمہ)...... جو لوگ اپنا مال اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں پھر نہ تو (جس کو دیا اس پر) احسان جتاتے ہیں (اور نہ کسی اور طرح) اس کو اذیت پہنچاتے ہیں تو اُن کے لئے اُن کے رب کے پاس اس کا ثواب ہے اور (قیامت کے دن) اُن کو نہ تو کسی قسم کا خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

فائدہ: یہ آیت شریفہ پہلی آیت کے بعد ہی ہے اور اس رکوع میں سارا ہی مضمون اسی کے متعلق ہے۔ اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرنے کی ترغیب اور احسان جتا کر اُس کو برباد نہ کرنے پر تنبیہ ہے اور کسی اور طرح سے اذیّت پہنچانے کا یہ مطلب ہے کہ اپنے اس احسان کی وجہ سے اس کے ساتھ حقارت کا برتاؤ کرے، اس کو ذلیل سمجھے۔ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ چند آدمی جنت میں داخل نہ ہوں گے۔ ان میں سے ایک وہ شخص ہے جو اپنے دیئے ہوئے پر احسان جتائے، دوسرا وہ ہے جو والدین کی نافرمانی کرے، تیسرا وہ ہے جو شراب پیتا رہتا ہو وغیرہ وغیرہ ❷۔ امام غزالیؒ نے احیاء العلوم میں صدقہ کے آداب میں لکھا ہے۔ کہ اس کو مَن اور اذیٰ سے برباد نہ کرے۔ مَن اور اذیٰ کی تفصیل میں علماء کے چند قول ہیں۔ بعض علماء نے لکھا ہے کہ مَن یہ ہے کہ خود اس سے اس کا تذکرہ کرے اور اذیٰ یہ ہے کہ اس کا دوسروں سے اظہار کرے بعض علماء نے فرمایا ہے کہ مَن یہ ہے کہ اس عطا کے بدلے میں اس سے کوئی بیگار لے اور اذیٰ یہ ہے کہ اُس کو فقیری کا طعنہ دے بعض نے فرمایا ہے، مَن یہ ہے کہ اس عطا کی وجہ سے اپنی بڑائی اس پر ظاہر کرے اور اذیٰ یہ ہے کہ اس کو سوال کی وجہ سے جھڑکے۔ امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ اصل مَن یہ ہے کہ اپنے دل میں اپنا اُس پر احسان سمجھے اسی کی وجہ سے پھر امور بالا ظاہر ہوتے ہیں۔ حالانکہ اس فقیر کا اپنے اوپر احسان سمجھنا چاہیے کہ اُس نے اللہ جل شانہٗ کا حق اس سے قبول کر کے اس کو بری الذمہ بنا دیا اور اس کے مال کی پاکی کا سبب بنا اور جہنم کے عذاب سے جو زکوٰۃ کے روکنے کی وجہ سے ہوتا نجات دلائی ❸ مشہور محدث امام شعبیؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص اپنے آپ کو ثواب کا اس سے زیادہ محتاج نہ سمجھے جتنا فقیر کو اپنے صدقہ کا محتاج سمجھتا ہے اُس نے اپنے صدقے کو ضائع کر دیا۔ اور وہ صدقہ اس کے منہ

---

❶ بیان القرآن، ❷ درمنثور، ❸ احیاء العلوم۔

پر مار دیا جاتا ہے ❶ قیامت کا دن نہایت ہی سخت رنج وغم اور خوف کا دن ہے جیسا کہ اس رسالہ کے ختم پر آ رہا ہے اُس دن کسی کا بے خوف ہونا، غمگین نہ ہونا بہت اونچی چیز ہے۔

۹)......اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقَاتِ فَنِعِمَّا هِيَ ۚ وَاِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۭ وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ○ (بقرہ ۲:۲۷۱)

ترجمہ)......صدقات کو اگر تم ظاہر کر کے دو تب بھی اچھی بات ہے اور اگر تم اُن کو چھپکے سے فقیروں کو دے دو تو یہ تمہارے لئے زیادہ بہتر ہے اور حق تعالیٰ شانہٗ تمہارے کچھ گناہ معاف کر دیں گے اور اللہ جل شانہٗ کو تمہارے کاموں کی خبر ہے۔

دوسری آیت میں ارشاد ہے۔

اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ (بقرہ ۲:۲۷۴)

ترجمہ) جو لوگ اپنے مالوں کو خرچ کرتے ہیں رات دن پوشیدہ اور کھلم کھلا ان کے لئے ان کے رب کے پاس اس کا ثواب ہے اور قیامت کے دن نہ ان کو کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ مغموم ہوں گے۔

فائدہ: ان دونوں آیتوں میں صدقہ کو چھپا کر دینا اور کھلم کھلا ظاہر کر کے دینا دونوں طریقوں کی تعریف کی گئی ہے اور بہت سی احادیث اور قرآن پاک کی آیات میں ریا کی یعنی دکھاوے کے لئے کام کرنے کی برائی اور اس کو شرک بتایا ہے اور ثواب کو ضائع کر دینے والا بلکہ گناہ کو لازم کر دینے والا بتایا ہے اس لئے پہلے یہ سمجھ لینا چاہیے کہ دکھاوا اور چیز ہے اور یہ ضروری نہیں کہ جو کام کھلم کھلا کیا جائے وہ ریا ہی ہو، بلکہ ریا یہ ہے کہ اپنی بڑائی ظاہر کرنے کے واسطے، اپنی شہرت کے واسطے، اپنا کمال ظاہر کرنے اور عزت حاصل کرنے کے واسطے کوئی کام کیا جائے تو وہ ریا ہے اور جو اللہ جل شانہٗ کی رضا اور خوشنودی حاصل کرنے کے لئے کیا جائے اور اللہ کی خوشنودی کسی مصلحت سے اعلان ہی میں ہو تو وہ ریا نہیں ہے اس کے بعد ہر عمل بالخصوص صدقہ میں افضل یہی ہے کہ وہ اخفا کے ساتھ کیا جائے کہ اس میں ریا کا احتمال بھی نہیں رہتا اور صدقہ لینے والے کی ذلت اور اذیت سے بھی امن ہے اور یہ بھی مصلحت ہے کہ اس وقت اگر چہ ریا نہ ہو لیکن جب عام طور سے لوگوں میں سخاوت مشہور ہونے لگے تو عجب اور خود بینی پیدا ہونے کا احتمال ہے اور یہ بھی ہے

❶ احیاء العلوم۔

کہ لوگوں میں اگر شہرت ہوگی تو پھر بہت سے لوگ سوالات سے پریشان کرنے لگیں گے اور اپنے مالدار ہونے کی شہرت سے دینوی نقصانات کئی قسم کے پیدا ہونے لگیں گے۔ حکومت کے ٹیکس، چوروں کی نگاہیں، حاسدوں کی دشمنی۔ امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ صدقہ کا مخفی طور سے دینا ریا اور شہرت سے زیادہ بعید ہے اور حضور ﷺ کا ارشاد بھی نقل کیا گیا ہے کہ افضل صدقہ کسی تنگدست کا اپنی کوشش سے کسی نادار کو چپکے سے دے دینا ہے اور جو شخص اپنے صدقہ کا تذکرہ کرتا ہے وہ اپنی شہرت کا طالب ہے اور جو مجمع میں دیتا ہے وہ ریا کار ہے۔ پہلے بزرگ اخفا میں اتنی کوشش کرتے تھے کہ وہ یہ بھی نہیں پسند کرتے تھے کہ فقیر کو بھی اس کا علم ہو کہ کس نے دیا ہے اس لئے بعض تو نابینا فقیروں کو چھانٹ کر دیتے تھے اور بعض سوتے ہوئے کی جیب میں ڈال دیتے تھے اور بعض کسی دوسرے کے ذریعے سے دلواتے کہ فقیر کو پتہ نہ چلے اور اس کو حیا نہ آئے بہرحال اگر شہرت اور ریا مقصود ہے تو نیکی برباد گناہ لازم ہے۔ امام غزالیؒ نے لکھا ہے کہ جہاں شہرت مقصود ہوگی وہ عمل بیکار ہو جائے گا اس لئے کہ زکوٰۃ کا وجوب مال کی محبت کو زائل کرنے کے واسطے ہے اور حُبِّ جاہ کا مرض لوگوں میں حُب مال سے بھی زیادہ ہوتا ہے۔ اور آخرت میں دونوں ہی ہلاک کرنے والی چیزیں ہیں لیکن بخل کی صفت تو قبر میں بچھو کی صورت میں مُسلّط ہوتی ہے اور ریا اور شہرت کی صفت اژدہا کی صورت میں منتقل ہو جاتی ہے [1] ایک حدیث میں ہے کہ آدمی کی برائی کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ اُنگلیوں سے اُس کی طرف اشارہ کیا جانے لگے۔ دینی امور میں اشارہ ہو یا دنیوی امور میں حضرت ابراہیم بن ادھمؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص اپنی شہرت کو پسند کرتا ہو اس نے اللہ تعالیٰ سے سچائی کا معاملہ نہیں کیا۔ ایوب سختیانیؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص اللہ تعالیٰ سے سچائی کا معاملہ کرتا ہے اس کو یہ پسند ہوا کرتا ہے کہ کوئی اس کا گھر بھی نہ جانے کہ کہاں ہے؟ [2]۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ مسجد نبوی ﷺ میں حاضر ہوئے تو دیکھا کہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ حضور اقدس ﷺ کی قبر شریف کے پاس بیٹھے ہوئے رو رہے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا کہ کیوں رو رہے ہو؟ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا تھا کہ ریا کا تھوڑا سا حصہ بھی شرک ہے اور حق تعالیٰ شانہٗ ایسے متقی لوگوں کو محبوب رکھتا ہے جو زاویۂ خمول میں رہتے ہوں کہ اگر کہیں چلے جائیں تو کوئی تلاش نہ کرے اور مجمع میں آئیں تو کوئی ان کو پہچانے بھی نہیں۔ ان کے دل ہدایت کے چراغ ہوں اور ہر گرد آلود تاریک مقام سے خلاصی پانے والے ہوں [3]۔ غرض ریا کی مذمت بہت سی آیات اور احادیث میں وارد ہوئی ہے۔ لیکن ان سب کے باوجود کبھی اعلان

[1]، [2]، [3] احیاء العلوم۔

میں دینی مصلحت ہوتی ہے۔ مثلاً دوسروں کو ترغیب کہ ضرورت کے موقع پر ایک آدھ شخص کے صدقہ سے دینی اہم ضرورتیں پوری نہیں ہو سکتیں۔ ایسے وقت میں صدقہ کا اظہار دوسروں کی ترغیب کا سبب بن کر ضرورت کے پورا ہونے کا سبب بن جاتا ہے۔ اسی لئے حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ قرآن پاک کو آواز سے پڑھنے والا ایسا ہے جیسا اعلان کے ساتھ صدقہ کرنے والا اور قرآن پاک کو آہستہ پڑھنے والا ایسا ہے جیسا کہ چپکے سے صدقہ کرنے والا ❶ کہ قرآن پاک کا بھی مقتضائے وقت کے مناسب کبھی آواز سے پڑھنا افضل ہوتا ہے، اور کبھی آہستہ پڑھنا، پہلی آیت شریفہ کے متعلق بہت سے علماء سے نقل کیا گیا ہے کہ اس آیت شریفہ میں صدقہ فرض یعنی زکوٰۃ اور صدقہ نفل دونوں کا بیان ہے اور صدقہ فرض کا اعلان سے ادا کرنا افضل ہے جیسا کہ اور فرائض کا یہی حکم ہے کہ ان کا اعلان کے ساتھ کرنا افضل ہے اس لئے کہ اس میں دوسروں کی ترغیب کے ساتھ اپنے اوپر سے اس الزام اور اتہام کا دفع کرنا مقصود ہے کہ یہ زکوٰۃ ادا نہیں کرتا۔ اسی وجہ سے دوسری مصالح کے علاوہ نماز میں جماعت مشروع ہوئی کہ اس میں اس کے ادا کرنے کا اعلان ہے۔ حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ علامہ طبریؒ وغیرہ نے اس پر علماء کا اجماع نقل کیا ہے کہ صدقہ فرض میں اعلان افضل ہے اور صدقہ نفل میں اخفا افضل ہے۔ زین بن المنیرؒ کہتے ہیں کہ یہ حالات کے اختلاف سے مختلف ہوتا ہے۔ مثلاً اگر حاکم ظالم ہوں اور زکوٰۃ کا مال مخفی ہو تو زکوٰۃ کا اخفا اولیٰ ہوگا اور اگر کوئی شخص مقتدا ہے اس کے فعل کا لوگ اتباع کریں گے تو صدقہ نفل کا بھی اعلان اولیٰ ہوگا۔ ❷ حضرت ابن عباسؓ نے آیت شریفہ (مذکورہ بالا) کی تفسیر میں ارشاد فرمایا ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ نے نفل صدقہ میں آہستہ کے صدقہ کو اعلانیہ کے صدقہ پر ستر درجے فضیلت دی ہے اور فرض صدقہ میں اعلانیہ مخفی صدقے پر پچیس درجے فضیلت دی ہے اور اسی طرح اور سب عبادات کے نوافل اور فرائض کا حال ہے۔ ❸ یعنی دوسری عبادات میں بھی فرائض کو اعلان کے ساتھ ادا کرنا چھپ کر ادا کرنے سے افضل ہے کہ فرائض کو چھپ کر ادا کرنے میں ایک اپنے اوپر تہمت ہے۔ دوسرے یہ بھی مضرت ہے کہ اپنے متعلقین یہ سمجھیں گے کہ یہ شخص فلاں عبادت کرتا ہی نہیں اور اس سے ان کے دلوں میں اس عبادت کی وقعت اور اہمیت کم ہو جائے گی اور نوافل میں بھی اگر دوسروں کے اتباع اور اقتداء کا خیال ہو تو اعلان افضل ہے حضرت ابن عمرؓ کے واسطے سے حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کیا گیا کہ نیک عمل کا چپکے سے کرنا اعلان سے افضل ہے مگر اس شخص کے لئے جو اتباع کا ارادہ کرے۔ حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ سے دریافت کیا

---

❶ مشکوٰۃ شریف۔ ❷ فتح الباری۔ ❸ درمنثور۔

کہ کون سا صدقہ افضل ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا کہ کسی فقیر کو چپکے سے کچھ دے دینا اور نادار کی کوشش افضل ہے اور اصل یہی ہے کہ نفلی صدقے کا مخفی طور سے ادا کرنا افضل ہے۔ البتہ اگر کوئی دینی مصلحت اعلان میں ہو تو اعلان بھی افضل ہو جاتا ہے لیکن اس بات میں اپنے نفس اور شیطان سے بے فکر نہ رہے کہ وہ صدقہ کو برباد کرنے کے لئے دل کو یہ سمجھائے کہ اعلان میں مصلحت ہے بلکہ بہت غور سے اس کو جانچ لے کہ اعلان میں واقعی دینی مصلحت ہے یا نہیں اور صدقہ کرنے کے بعد بھی اس کا تذکرہ نہ کرتا پھرے کہ یہ بھی اعلانیہ صدقہ کرنے میں داخل ہو جاتا ہے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ آدمی کوئی عمل مخفی کرتا ہے تو وہ مخفی عمل لکھ لیا جاتا ہے پھر جب وہ کسی سے اس کا اظہار کر دے تو وہ مخفی سے اعلانیہ میں منتقل کر دیا جاتا ہے پھر اگر وہ لوگوں سے کہتا پھرے تو وہ اعلانیہ سے ریا میں منتقل کر دیا جاتا ہے۔ (1) حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ سات آدمی ایسے ہیں جن کو اللہ جل شانہٗ اس دن اپنے سایہ میں رکھیں گے جس دن اللہ تعالیٰ کے سوا کہیں سایہ نہ ہوگا (یعنی قیامت کے دن) ایک عادل بادشاہ (حاکم) دوسرے وہ نوجوان جو اللہ جل شانہٗ کی عبادت میں نشو ونما پاتا ہے، تیسرے وہ شخص جس کا دل مسجد میں اٹکا ہوا ہو، چوتھے وہ دو شخص جن میں صرف اللہ تعالیٰ کی وجہ سے محبت ہو کوئی دینوی غرض ایک کی دوسرے سے وابستہ نہ ہو اسی پر ان کا آپس میں اجتماع ہو اور اسی پر علیحدگی ہو، پانچویں وہ شخص جس کو کوئی حسب نسب والی خوبصورت عورت اپنی طرف متوجہ کرے اور وہ کہہ دے کہ میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہوں (اسی طرح کوئی مرد کسی عورت کو متوجہ کرے اور وہ عورت یہی کہہ دے) چھٹے وہ شخص جو اتنا چھپا کر صدقہ کرے کہ بائیں ہاتھ کو بھی خبر نہ ہو کہ داہنے ہاتھ نے کیا خرچ کیا، ساتویں وہ شخص جو تنہائی میں اللہ جل شانہٗ کو یاد کر کے رو پڑے۔ اس حدیث میں سات آدمی ذکر فرمائے ہیں۔ دوسری حدیث میں ان کے علاوہ اور بھی بعض لوگوں کے متعلق یہ وارد ہوا ہے کہ وہ اس سخت دن میں عرش کے سایہ کے نیچے ہوں گے۔ علماء نے ان کی تعداد بیاسی تک گنوائی ہے جن کو صاحب اتحاف نے نقل کیا ہے۔ بہت سی احادیث میں حضور ﷺ کا ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ مخفی صدقہ اللہ تعالیٰ کے غصے کو زائل کر دیتا ہے۔ حضرت سالمؒ بن ابی الجعدؒ کہتے ہیں کہ ایک عورت اپنے بچے کے ساتھ جا رہی تھی۔ راستے میں بھیڑیئے نے اس کے بچے کو اُچک لیا یہ عورت اس بھیڑیئے کے پیچھے دوڑی۔ اتنے میں ایک سائل راستے میں ملا اس نے سوال کیا۔ عورت کے پاس ایک روٹی تھی وہ سائل کو دے دی۔ وہ بھیڑیا واپس آیا اور اس کے بچے کو چھوڑ کر چلا گیا۔ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ تین آدمیوں کو حق تعالیٰ شانہٗ محبوب رکھتے ہیں اور تین آدمیوں سے ناراض ہیں جن کو حق تعالیٰ محبوب رکھتے ہیں۔ ان میں سے ایک تو وہ شخص

---

(1) احیاء العلوم۔

ہے کہ ایک آدمی کسی مجمع سے کچھ سوال کرنے آیا جو محض اللہ تعالیٰ کے واسطے سے سوال کرتا تھا کہ اس کی ان لوگوں سے کچھ قرابت بھی نہ تھی۔ ایک شخص اس مجمع سے اٹھا اور ان کی غیبت میں چپکے سے سائل کو کچھ دے دیا جس کے عطیہ کی اللہ جل شانہٗ کے سوا کسی کو بھی خبر نہ ہو، دوسرا وہ شخص محبوب ہے کہ ایک جماعت رات بھر سفر میں چلی اور جب نیند ان چلنے والوں پر غالب ہو گئی ہو اور وہ تھوڑی دیر آرام لینے کے لئے سواریوں سے اترے ہوں ان میں اس وقت کوئی شخص بجائے لیٹنے کے نماز میں کھڑا ہو کر حق تعالیٰ شانہٗ کے سامنے عاجزی کرنے لگا ہو، تیسرا وہ شخص ہے کہ ایک جماعت جہاد کر رہی ہو اور کفار سے مقابلہ میں شکست ہونے لگے اور لوگ پشت پھیرنے لگیں اس وقت یہ شخص ان میں سے سینہ تان کر مقابلہ میں ڈٹ جائے۔ اور تین شخص جن سے حق تعالیٰ شانہٗ ناراض ہیں ان میں سے ایک وہ شخص ہے جو بوڑھا ہو کر بھی زنا میں مبتلا ہو، دوسرا وہ شخص ہے جو فقیر ہو کر تکبر کرے، تیسرے وہ مالدار ہے جو ظالم ہو۔ احادیث کے سلسلہ میں ۱۵ نمبر پر بھی یہ حدیث آرہی ہے۔

ایک اور حدیث میں ہے حضرت جابر ﷺ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور ﷺ نے خطبہ پڑھا جس میں ارشاد فرمایا اے لوگو! مرنے سے پہلے پہلے اپنے گناہوں سے توبہ کر لو اور نیک عمل کرنے میں جلدی کیا کرو۔ ایسا نہ ہو کسی دوسرے کام میں مشغولی ہو جائے اور وہ رہ جائے اور اللہ جل شانہٗ کے ساتھ اپنا رشتہ جوڑ لو۔ کثرت سے اس کا ذکر کر کے اور مخفی اور اعلانیہ صدقہ کر کے کہ اس سے تمہیں رزق دیا جائے گا۔ تمہاری مدد کی جائے گی اور تمہاری شکستگی کی اصلاح کی جائے گی۔ ایک حدیث میں ہے کہ قیامت کے دن جب آفتاب نہایت قریب ہوگا ہر شخص پر اس کے صدقات کی مقدار سے سایہ ہوگا۔ جتنا زیادہ صدقہ دیا ہوگا اتنا ہی زیادہ سایہ ہوگا ایک دوسری حدیث میں ہے کہ صدقہ قبروں کی گرمی کو دور کرتا ہے اور ہر شخص قیامت میں اپنے صدقہ سے سایہ حاصل کرے گا۔ اور یہ مضمون تو بہت سی روایات میں آیا ہے کہ صدقہ بلاؤں کو دور کرتا ہے۔ اس زمانے میں جب کہ مسلمانوں پر ان کے اعمال کی بدولت ہر طرف سے ہر قسم کی بلائیں مسلط ہو رہی ہیں۔ صدقات کی بہت زیادہ کثرت کرنی چاہیے بالخصوص جب کہ دیکھتی آنکھوں عمر بھر کا اندوختہ کھڑے کھڑے چھوڑنا پڑ جاتا ہے۔ ایسی حالت میں بہت اہتمام سے بہت زیادہ مقدار میں صدقات کرتے رہنا چاہئے کہ اس میں وہ مال بھی ضائع ہونے سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ جو صدقہ کیا گیا اور اس کی برکت سے اپنے اوپر سے بلائیں بھی ہٹ جاتی ہیں مگر افسوس کہ ہم لوگ ان احوال کو اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہوئے بھی صدقات کا اہتمام نہیں کرتے۔ ایک حدیث میں ہے کہ صدقہ برائی کے ستر دروازے بند کرتا ہے۔ ایک حدیث میں ہے کہ صدقہ اللہ جل شانہٗ کے غصہ کو دور کرتا ہے اور بری

موت سے حفاظت کرتا ہے۔ ایک حدیث میں ہے کہ صدقہ عمر کو بڑھاتا ہے اور موت کو دور کرتا ہے اور تکبر اور فخر کو ہٹاتا ہے۔ ایک حدیث میں ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ ایک روٹی کے لقمہ سے یا ایک مٹھی کھجور اور ایسی ہی کوئی معمولی چیز جس سے مسکین کی ضرورت پوری ہوتی ہو تین آدمیوں کو جنت میں داخل فرماتے ہیں۔ ایک صاحب خانہ جس نے صدقہ کا حکم دیا، دوسرے گھر کی بیوی جس نے روٹی وغیرہ پکائی، تیسرے وہ خادم جس نے فقیر تک پہنچایا۔ یہ حدیث بیان فرما کر ارشاد فرمایا ساری تعریفیں ہمارے اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جس نے ہمارے خادموں کو بھی ثواب میں فراموش نہیں کیا۔ ایک مرتبہ حضور ﷺ نے دریافت فرمایا کہ جانتے ہو بڑا سخت طاقتور کون ہے۔ لوگوں نے عرض کیا کہ جو مقابلہ میں دوسرے کو پچھاڑ دے حضور ﷺ نے فرمایا بڑا بہادر وہ ہے جو غصہ کے وقت اپنے اوپر قابو یافتہ ہو۔ پھر دریافت فرمایا جانتے ہو کہ بانجھ کون ہے؟ لوگوں نے عرض کیا جس کے اولاد نہ ہو حضور ﷺ نے فرمایا نہیں بلکہ وہ آدمی ہے جس لئے کوئی اولاد آگے نہ بھیجی ہو پھر حضور ﷺ نے فرمایا جانتے ہو فقیر کون ہے؟ لوگوں نے عرض کیا جس کے پاس مال نہ ہو، اور اس نے آگے کچھ نہ بھیجا ہو (کہ وہ اس دن خالی ہاتھ کھڑا رہ جائے گا جس دن اس کو سخت احتیاج ہو گی) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے حضرت عائشہؓ سے فرمایا کہ اپنے نفس کو اللہ تعالیٰ سے خرید لے اگرچہ کھجور کے ایک ٹکڑے ہی کے ساتھ کیوں نہ ہو۔ میں تجھے اللہ جل شانہٗ کے کسی مطالبہ سے نہیں بچا سکتا۔ اے عائشہ کوئی مانگنے والا تیرے پاس سے خالی نہ جائے چاہے بکری کا کُھر ہی کیوں نہ ہو[1]۔ امام غزالیؒ نے لکھا ہے کہ پہلے لوگ اس کو برا سمجھتے تھے کہ کوئی دن صدقہ کرنے سے خالی جائے، چاہے ایک کھجور ہی کیوں نہ ہو چاہے روٹی کا ٹکڑا ہی کیوں نہ ہو اس لئے کہ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ قیامت میں ہر شخص اپنے صدقہ کے سایہ میں ہو گا[2]۔

(۱۰)...... يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِي الصَّدَقٰتِ ؕ (بقرہ ۲:۲۷۶)

ترجمہ)...... حق تعالیٰ شانہٗ سود کو مٹاتے ہیں اور صدقات کو بڑھاتے ہیں۔

صدقات کا بڑھانا اس سے پہلے بہت سی روایات میں گزر چکا ہے کہ آخرت میں اس کا ثواب پہاڑ کے برابر ہوتا ہے۔ یہ تو آخرت کے اعتبار سے تھا اور دنیا میں بھی اکثر بڑھتا ہے کہ جو شخص صدقہ اخلاص کے ساتھ کثرت سے کرتا رہتا ہے اس کی آمدنی میں اضافہ ہوتا رہتا ہے جس کا دل چاہے تجربہ کر کے دیکھ لے البتہ اخلاص شرط ہے ریا اور فخر نہ ہو اور سود آخرت میں تو مٹایا ہی جاتا ہے دنیا میں بھی اکثر برباد ہو جاتا ہے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل فرماتے ہیں

[1] درمنثور [2] احیاء اوّل

کہ سود اگرچہ بڑھا ہوا ہے لیکن اس کا انجام کمی کی طرف ہوتا ہے اور معمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ چالیس سال میں سود میں کمی ہو جاتی ہے۔ حضرت ضحاک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سود دنیا میں بڑھتا ہے اور آخرت میں مٹادیا جاتا ہے حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ آدمی ایک ٹکڑا دیتا ہے وہ اللہ جل شانہٗ کے یہاں اس قدر بڑھتا ہے کہ اُحد پہاڑ کے برابر ہو جاتا ہے۔

(۱۱)...... لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ط (آل عمران ۳:۹۲)

ترجمہ)...... اے مسلمانو! تم (کامل) نیکی کو حاصل نہ کر سکو گے یہاں تک کہ اس چیز کو خرچ نہ کرو جو تم کو (خوب) محبوب ہو۔

فائدہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انصار میں سب سے زیادہ درخت کھجوروں کے حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھے اور ان کا ایک باغ تھا جس کا نام بیرحاء تھا وہ ان کو بہت ہی زیادہ پسند تھا یہ باغ مسجد نبوی ﷺ کے سامنے ہی تھا۔ حضور اقدس ﷺ اکثر اس باغ میں تشریف لے جاتے اور اس کا پانی نوش فرماتے جو بہت بہترین پانی تھا جب یہ آیت شریفہ نازل ہوئی تو حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) حق تعالیٰ شانہٗ یوں ارشاد فرماتے ہیں۔ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ط اور مجھے اپنی ساری چیزوں میں بیرحاء سب سے زیادہ محبوب ہے میں اس کو اللہ کے لئے صدقہ کرتا ہوں اور اس کے اجر و ثواب کی اللہ تعالیٰ سے اُمید رکھتا ہوں آپ جہاں مناسب سمجھیں اس کو خرچ فرمائیں۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا واہ واہ بہت ہی نفع کا مال ہے میں یہ مناسب سمجھتا ہوں کہ اس کو اپنے رشتہ داروں میں تقسیم کر دو۔ ابو طلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا بہتر ہے اور اس کو اپنے چچا زاد بھائیوں میں بانٹ دیا۔ ایک اور حدیث میں ہے۔ ابو طلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) میرا باغ جو اتنی بڑی مالیت کا ہے وہ صدقہ ہے اور اگر میں اس کی طاقت رکھتا کہ کسی کو اس کی خبر نہ ہو تو ایسا کرتا مگر باغ ایسی چیز نہیں جو مخفی رہ سکے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب مجھے اس آیت شریفہ کا علم ہوا تو میں نے ان سب چیزوں میں غور کیا جو اللہ جل شانہٗ نے مجھے عطا فرمائی تھیں۔ میں نے دیکھا کہ ان سب میں مجھے سب سے زیادہ محبوب اپنی باندی مرجانہ ہے۔ میں نے کہا کہ وہ اللہ کے واسطے آزاد ہے اس کے بعد اگر میں اس چیز سے جس کو اللہ تعالیٰ کے واسطے دے دیا ہو دوبارہ نفع حاصل کرنا گوارا کرتا تو اس باندی سے آزاد کر دینے کے بعد نکاح کر لیتا (کہ وہ جائز تھا اور اس کے صدقے میں کچھ کمی نہ ہوتی تھی۔ لیکن چونکہ اس میں صورت صدقہ میں رجوع کی سی تھی) یہ مجھے گوارہ نہ ہوا اس لئے اس کا نکاح اپنے غلام حضرت نافع رضی اللہ عنہ سے کر دیا۔ ایک اور حدیث میں

ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نماز پڑھ رہے تھے تلاوت میں جب اس آیت شریفہ پر گزر ہوا تو نماز ہی میں اشارے سے اپنی ایک باندی کو آزاد کر دیا۔ حق تعالیٰ شانہٗ اور اس کے پاک رسول ﷺ کے ارشادات کی وقعت اور ان پر عمل کرنے میں پیش قدمی تو کوئی ان حضرات صحابہ کرامؓ سے سیکھے واقعی یہی حضرات اس کے مستحق تھے کہ حضور ﷺ کے صحابیؓ بنائے جاتے۔ حضور ﷺ کی خادمیت انہیں حضرات کے شایان شان تھی (رضی اللہ تعالیٰ عنہم وارضاہم اجمعین) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو لکھا کہ جلولاء کی باندیوں میں سے ایک باندی ان کے لئے خرید دیں۔ انہوں نے ایک بہترین باندی خرید کر بھیج دی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس باندی کو اپنے پاس بلایا اور یہ آیت شریفہ پڑھی اور اس کو آزاد کر دیا۔ حضرت محمد بن منکدر رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ جب یہ آیت شریفہ نازل ہوئی تو حضرت زید بن حارث رضی اللہ عنہ کے پاس ایک گھوڑا تھا جو ان کو اپنی ساری چیزوں میں سب سے زیادہ محبوب تھا وہ اس کو لے کر حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یہ صدقہ ہے حضور ﷺ نے اس کو قبول فرمالیا اور لے کر ان کے صاحبزادے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو دے دیا۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ کے چہرے پر اس سے کچھ گرانی کے آثار ظاہر ہوئے (کہ گھر کے گھر ہی میں رہا۔ باپ کے بجائے بیٹے کا ہو گیا) حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ جل شانہٗ نے تمہارا صدقہ قبول کر لیا یعنی تمہارا صدقہ قبول ہو گیا۔ اب میں چاہے اس کو تمہارے بیٹے کو دوں یا کسی اور رشتہ دار کو یا اجنبی کو (اس لئے کہ تم تو بیٹے کو نہیں دے رہے جس سے خود غرضی کا شبہ ہو، تم تو مجھے دے چکے ہو اب مجھے اختیار ہے کہ میں جس کو چاہوں دوں)۔

قبیلہ بنی سُلیم کے ایک شخص کہتے ہیں کہ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ ربذہ نام ایک گاؤں میں رہتے تھے وہاں ان کے پاس اونٹ تھے اور ان کو چرانے والا ایک ضعیف آدمی تھا میں بھی وہاں ان کے قریب ہی رہتا تھا میں نے ان سے عرض کیا کہ، میں آپ کی خدمت میں رہنا چاہتا ہوں آپ کے چرواہے کی مدد کروں گا اور آپ کے فیوض حاصل کروں گا۔ شاید اللہ جل شانہٗ آپ کی برکات سے مجھے بھی نفع عطا فرمادیں۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا میرا ساتھی وہ ہے (یعنی ایسے شخص کو میں اپنا ساتھی بنا سکتا ہوں) جو میرا کہنا مانے، اگر تم اس کے لئے تیار ہو تو کوئی مضائقہ نہیں ورنہ میرے ساتھ رہنے کا ارادہ نہ کرو۔ میں نے پوچھا کہ آپ کس چیز میں میری اطاعت چاہتے ہیں فرمایا جب میں کوئی چیز کسی کو دینے کیلئے مانگوں تو سب سے بہتر چھانٹ کر دو۔ میں نے قبول کر لیا اور ایک زمانے تک ان کی خدمت میں رہا۔ ان کو معلوم ہوا کہ اس گھاٹ پر جو لوگ آباد ہیں ان کو تنگی ہے مجھ سے فرمایا کہ ایک اونٹ میرے اونٹوں میں سے لاؤ۔ میں نے حسب وعدہ تلاش کیا تو

ان سب میں بہترین اونٹ نرتھا جو بہت سدھا ہوا تھا اس جیسا کوئی جانوران میں نہیں تھا۔ میں نے اسے لے جانے کا ارادہ کیا لیکن مجھے خیال ہوا کہ اس کی خود یہاں بھی (جفتی وغیرہ کے لئے) ضرورت تھی اس کو چھوڑ کر باقی اونٹوں میں جو سب سے بہتر اور افضل جانور تھا وہ ایک اونٹنی تھی میں اس کو لے گیا۔ اتفاق سے حضرت کی نظر اس اونٹ پر پڑگئی جس کو میں مصلحت کی وجہ سے چھوڑ کر گیا تھا۔ مجھ سے فرمانے لگے تم نے مجھ سے خیانت کی۔ میں سمجھ گیا اور اس اونٹنی کو واپس لا کر وہ اونٹ لے گیا۔ آپ نے حاضرین مجلس سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ دو آدمی ایسے چاہئیں جو ایک ثواب کا کام کریں۔ دو شخصوں نے اپنے آپ کو پیش کیا کہ ہم حاضر ہیں فرمایا کہ اگر تمہیں کوئی عذر نہ ہو تو اس اونٹ کو ذبح کر کے اس کے گوشت کے اتنے ٹکڑے کئے جائیں جتنے گھر اس گھاٹ پر آباد ہیں اور سب گھروں میں ایک ایک ٹکڑا اس کے گوشت کا پہنچا دیا جائے اور میرا گھر بھی اس میں شمار کر لیا جائے اور اس میں بھی اتنا ہی جائے جتنا جتنا اور گھروں میں جائے زیادہ نہ جائے ان دونوں نے قبول کر لیا اور تعمیل ارشاد کر دی۔ جب اس سے فارغ ہو گئے تو مجھے بلایا اور فرمایا کہ مجھے یہ معلوم نہ ہو سکا کہ تم میرے اس وعدے کو جو شروع میں ہوا تھا بھول گئے تھے تب تو میں معذور سمجھتا ہوں یا تم نے باوجود یاد ہونے کے اس کو پس پشت ڈال دیا تھا۔ میں نے عرض کیا کہ میں بھولا تو نہیں تھا مجھے وہ یاد تھا لیکن جب میں نے تلاش کیا اور یہ اونٹ سب سے افضل ملا تو مجھے آپ کی ضرورت کا خیال پیدا ہوا کہ آپ کو خود اس کی ضرورت ہے فرمانے لگے کہ محض میری ضرورت کی وجہ سے چھوڑا تھا۔ میں نے عرض کیا محض اسی وجہ سے چھوڑا تھا۔ فرمانے لگے میں اپنی ضرورت کا وقت بتاؤں۔ میری ضرورت کا وقت وہ ہے جب میں قبر کے گڑھے میں ڈال دیا جاؤں گا وہ دن میری محتاجی کا دن ہوگا تیرے ہر مال میں تین شریک ہیں۔

ایک تو مقدر شریک ہے معلوم نہیں کہ تقدیر اچھے مال کو لے جائے یا برے کو وہ کسی چیز کا انتظار نہیں کرتی (یعنی جس مال کو میں عمدہ اور بہتر اور اپنے دوسرے وقت کے لئے کار آمد سمجھ کر چھوڑ دوں معلوم نہیں کہ دوسرے وقت کے لئے میرے کام آسکے گا یا نہیں تو پھر اسی وقت کیوں نہ اس کو آخرت کا ذخیرہ بنا کر اللہ کے بینک میں جمع کروں۔

دوسرا شریک وارث ہے جو ہر وقت اس انتظار میں رہتا ہے کہ کب تو گڑھے میں جائے تا کہ وہ سارا مال وصول کرے۔

تیسرا تو خود اس مال کا شریک ہے (کہ اپنے کام میں لا سکتا ہے) پس اس کی کوشش کر کہ تو تینوں شریکوں میں کم حصہ پانے والا ہو (ایسا نہ ہو کہ مقدر اس کو لے اڑے کہ وہ ضائع ہو جائے یا

وارث لے اڑے اس سے بہتر یہی ہے کہ تو اس کو جلدی سے حق تعالیٰ شانہٗ کے خزانے میں جمع کردے) اس کے علاوہ حق تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد ہے۔ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰی تُنْفِقُوا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ؕ اور یہ اونٹ جب مجھے سب سے زیادہ محبوب ہے تو کیوں نہ اس کو اپنے لئے مخصوص کر کے محفوظ کرلوں اور آگے بھیج دوں۔

ایک اور حدیث میں آیا ہے حضرت عائشہ ؓ فرماتی ہیں کہ ایک جانور کا گوشت حضور ﷺ کی خدمت میں پیش کیا گیا حضور ﷺ نے خود اس کو پسند نہیں کیا۔ مگر دوسروں کو کھانے سے منع بھی نہیں کیا۔ میں نے عرض کیا کہ اس کو فقیروں کو دے دوں۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ ایسی چیزیں ان کو مت دو جن کو خود کھانا پسند نہیں کرتی ہو۔ ایک حدیث میں ہے حضرت ابن عمر ؓ شکر خرید کر غربا میں تقسیم کر دیتے۔ حضرت کے خادم نے عرض کیا کہ اگر شکر کی بجائے کھانا دیا جایا کرے تو غرباء کو اس سے زیادہ نفع ہو۔ فرمایا صحیح ہے میرا خیال بھی یہی ہے لیکن حق تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد ہے۔ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰی تُنْفِقُوا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ؕ اور مجھے شکر (میٹھا) زیادہ مرغوب ہے۔ (درمنثور) یہ حضرات کسی چیز کو افضل سمجھتے ہوئے بھی حق تعالیٰ شانہٗ اور اس کے پاک رسول ﷺ کے ظاہر الفاظ پر عمل کرنے کی اکثر کوشش کیا کرتے تھے اس کی بہت سی مثالیں احادیث میں موجود ہیں۔ یہ محبت کی انتہا ہے کہ محبوب کی زبان سے نکلی ہوئی بات پر عمل کرنا ہے چاہے افضل دوسری چیز ہو۔

۱۲)...... وَسَارِعُوْٓا اِلٰی مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ ۙ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ۙ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۚ (سورہ آل عمران ۳:۱۳۳، ۱۳۴)

ترجمہ)...... اور دوڑو اس بخشش کی طرف جو تمہارے رب کی طرف سے ہے اور دوڑو اس جنت کی طرف جس کا پھیلاؤ سارے آسمان اور زمین ہیں۔ جو تیار کی گئی ہے ایسے متقی لوگوں کے لئے جو اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں، فراخی میں بھی اور تنگی میں بھی اور غصہ کو ضبط کرنے والے اور لوگوں کی خطاؤں کو معاف کرنے والے ہیں اور اللہ جل شانہٗ محبوب رکھتے ہیں احسان کرنے والوں کو۔

فائدہ: علماء نے لکھا ہے کہ بعض لوگوں نے بنی اسرائیل کی اس بات پر رشک کیا تھا کہ کوئی شخص ان میں سے گناہ کرتا تو اس کے دروازے پر وہ لکھا ہوا ہوتا اور اس کا کفارہ بھی کہ فلاں کام اس گناہ کے کفارہ میں کیا جائے مثلاً ناک کاٹ دی جائے کان کاٹ دیا جائے وغیرہ وغیرہ۔ ان حضرات کو اس پر رشک تھا کہ کفارہ ادا کرنے سے اس گناہ کے زائل ہو جانے کا یقین تھا اور گناہ کی اہمیت ان حضرات کی نگاہ میں اتنی سخت تھی کہ اس قسم کی سزاؤں کو بھی اس کے مقابلے میں ہلکا اور قابل

رشک سمجھتے تھے۔ان حضرات کے جو واقعات حدیث کی کتابوں میں آتے ہیں وہ واقعی ایسے ہی ہیں کہ بشریت سے کسی گناہ کے سرزد ہو جانے کے بعد اس کی ہیبت اور اہمیت اس پر بہت زیادہ مسلط ہو جاتی۔مرد تو مرد تھے ہی عورتوں میں بھی یہی جذبہ تھا۔ایک عورت سے زنا صادر ہو گیا خود حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں خود اعتراف جرم کیا اور گناہ سے پاک ہونے کے شوق میں اپنے آپ کو سنگسار ہونے کے لئے پیش کیا اور سنگسار ہو گئیں۔کیوں اس لئے کہ گناہ کی ہیبت ان کے دل میں اس مرنے سے بہت زیادہ تھی۔نماز پڑھتے ہوئے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے دل میں اپنے باغ کا خیال گزر گیا اس کو اللہ کے راستے میں صدقہ کر کے چین پڑی۔محض اس غیرت میں کہ نماز میں دنیا کی چیز کا خیال آ گیا ایسی چیز جو نماز میں اپنی طرف متوجہ کرے اپنے پاس نہیں رکھنی۔

ایک اور انصاری کے ساتھ بھی اس قسم کا قصہ گزرا کہ کھجوریں شباب پر آ رہی تھیں نماز میں ان کا خیال آ گیا (کہ کیسی پک رہی ہیں؟) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت کا زمانہ تھا کہ ان کی خدمت میں حاضر ہو کر باغ کا قصہ ذکر کر کے ان کے حوالے کر دیا جس کو انہوں نے پچاس ہزار میں فروخت کر کے اس کی قیمت دینی کاموں پر خرچ کر دی۔حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ایک مشتبہ لقمہ ایک مرتبہ غلطی سے کھا لیا بار بار پانی پی پی کر قے کی کہ وہ ناجائز لقمہ بدن کا جز و نہ بن جائے۔بہت سے واقعات ان حضرات کے اپنے رسالہ حکایات صحابہ رضی اللہ عنہم [1] میں لکھ چکا ہوں ایسی حالت میں ان حضرات کو اگر اس پر رشک ہو کہ بنو اسرائیل کے گناہوں کا کفارہ ان کو معلوم ہو جاتا تھا اور اس سے گناہ زائل ہو جاتا تھا بے محل نہیں ہم نا اہلوں کا ذہن بھی یہاں تک نہیں پہنچتا کہ گناہ اس قدر سخت چیز ہے غرض ان حضرات کے اس رشک پر اللہ جل شانہٗ نے اپنے لطف و کرم اور اپنے محبوب سید المرسلین ﷺ کی امت پر فضل و انعام کی وجہ سے یہ آیت شریفہ نازل فرمائی کہ ایسے نیک کاموں کی طرف دوڑو جن سے اللہ جل شانہٗ کی مغفرت میسر ہو جائے۔حضرت سعید بن جبیرؒ اس آیت شریفہ کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ نیک اعمال کے ذریعہ سے اللہ جل شانہٗ کی مغفرت کی طرف سبقت کرو اور ایسی جنت کی سبقت کرو جس کی وسعت اتنی ہے کہ ساتوں آسمان برابر برابر ایک دوسرے کے ساتھ جوڑ دیئے جائیں جیسا کہ ایک کپڑا دوسرے کے ساتھ برابر جوڑ دیا جاتا ہے اور اسی طرح ساتوں زمینیں ایک دوسرے کے ساتھ جوڑ دی جائیں تو جنت کی وسعت اُن کے برابر ہو گی۔حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے بھی یہی نقل کیا گیا کہ ساتوں آسمان اور ساتوں زمینیں ایک دوسرے کے برابر جوڑ دی جائیں تو جنت کی چوڑائی اُن کے برابر ہو گی۔حضرت ابن

[1] حکایات صحابہ عکسی۔

عباس ﷺ کے غلام حضرت کریب فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت ابن عباس ﷺ نے تورات کے ایک عالم کے پاس بھیجا اور ان کی کتابوں سے جنت کی وسعت کا حال دریافت کیا۔ انھوں نے حضرت موسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ السلام کے صحیفے نکالے اور ان کو دیکھ کر بتایا کہ جنت کی چوڑائی اتنی ہے کہ ساتوں آسمان اور ساتوں زمینیں ایک دوسرے کے ساتھ جوڑ دی جائیں تو اس کے برابر ہوں یہ تو چوڑائی ہے اور اس کی لمبائی کا حال اللہ ہی کو معلوم ہے۔ حضرت انس ﷺ فرماتے ہیں کہ جنگ بدر میں حضور ﷺ نے فرمایا کہ لوگو! ایسی جنت کی طرف بڑھو جس کی چوڑائی سارے آسمان اور زمین ہیں حضرت عمیر ﷺ بن حمام انصاری نے (تعجب سے) عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) ایسی جنت جس کی چوڑائی اتنی زیادہ ہے حضور ﷺ نے فرمایا بے شک۔ حضرت عمیر ﷺ نے عرض کیا واہ واہ یا رسول اللہ (ﷺ) خدا کی قسم میں اس میں داخل ہونے والوں میں ضرور ہوں گا حضور ﷺ نے فرمایا ہاں ہاں تم اس میں جانے والوں میں ہو اس کے بعد حضرت عمیر ﷺ نے چند کھجوریں اونٹ کے ہودج میں سے نکال کر کھانا شروع کیں (کہ لڑنے کی طاقت پیدا ہو) مگر کہنے لگے کہ ان کھجوروں کے کھا چکنے کا انتظار تو بڑی لمبی زندگی ہے یہ کہہ کر ان کو پھینک کر لڑائی کی جگہ چل دیئے اور لڑتے لڑتے شہید ہو گئے۔ (1) اس آیت شریفہ میں مومنین کی ایک خاص مدح اور تعریف یہ بھی ذکر کی گئی ہے کہ غصہ کو پینے والے اور لوگوں کو معاف کرنے والے یہ بڑی اونچی اور خاص صفت ہے۔ علماء نے لکھا ہے کہ جب تیرے بھائی سے لغزش ہو جائے تو تو اس کے لئے ستر عذر پیدا کر اور پھر اپنے دل کو سمجھا کہ اس کے پاس اتنے عذر ہیں اور جب تیرا دل ان کو قبول نہ کرے تو بجائے اس شخص کے اپنے دل کو ملامت کر کہ تجھ میں کس قدر قساوت اور سختی ہے کہ تیرا بھائی ستر عذر کر رہا ہے اور تو ان کو قبول نہیں کرتا اور اگر تیرا بھائی کوئی عذر کرے تو اس کو قبول کر اس لئے کہ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ جس شخص کے پاس کوئی عذر کرے اور وہ قبول نہ کرے تو اس پر اتنا گناہ ہوتا ہے جتنا چنگی کے محرر کو۔ حضور ﷺ نے مومن کی یہ صفت بتائی کہ جلدی غصہ آجائے اور جلد ہی زائل ہو جائے یہ نہیں فرمایا کہ غصہ نہ آتا ہو بلکہ یہ فرمایا کہ جلد زائل ہو جاتا ہو۔

امام شافعیؒ کا ارشاد ہے کہ جس کو غصہ کی بات پر غصہ نہ آئے وہ گدھا ہے اور جو راضی کرنے پر راضی نہ ہو وہ شیطان ہے اسی لئے حق تعالیٰ شانہٗ نے غصہ کو پینے والے فرمایا یہ نہیں فرمایا کہ ان کو غصہ نہ آتا ہو۔ (2) حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص ایسی حالت میں غصہ کو پی لے کہ اس کو پورا کرنے پر قادر ہو تو حق تعالیٰ شانہٗ اس کو امن اور ایمان سے بھرپور کرتے ہیں۔ (3) یعنی مجبوری کا

---

(1) در منثور (2) احیاء (3) در منثور۔

نام صبر تو ہر جگہ ہوتا ہے۔ کمال یہ ہے کہ قدرت کے باوجود صبر کرے۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ آدمی غصہ کا گھونٹ پی ڈالے اس سے زیادہ پسندیدہ کوئی گھونٹ اللہ جل شانہٗ کے نزدیک نہیں ہے جو اس گھونٹ کو پی لے حق تعالیٰ شانہٗ اس کے باطن کو ایمان سے بھر دیتے ہیں۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ جو شخص قدرت کے باوجود غصہ پی جائے اللہ تعالیٰ قیامت میں ساری مخلوق کے سامنے اس کو بلا کر فرمائیں گے کہ جس حور کو دل چاہے انتخاب کر لے۔ ❶ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ بہادر وہ نہیں ہے جو دوسرے کو پچھاڑ دے، بہادر وہ ہے جو غصہ میں اپنے اوپر قابو پالے۔ حضرت علی بن حسین بن علی رضی اللہ عنہ کی ایک باندی ان کو وضو کرا رہی تھی کہ لوٹا ہاتھ سے گرا جس سے ان کا منہ زخمی ہو گیا انہوں نے تیز نگاہ سے باندی کو دیکھا وہ کہنے لگی کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے وَالْكَاظِمِينَ الْغَيْظَ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں نے اپنا غصہ پی لیا اس نے پھر پڑھا وَالْعَافِينَ عَنِ النَّاسِ آپ نے فرمایا تجھے اللہ تعالیٰ شانہٗ معاف کرے اس نے پڑھا وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ۔ آپ نے فرمایا تو آزاد ہے۔

ایک مرتبہ ایک مہمان کے لئے ان کا غلام گرم گرم گوشت کا پیالہ بھرا ہوا لا رہا تھا وہ ان کے چھوٹے بچے کے سر پر گر گیا وہ مر گیا آپ نے فرمایا کہ تو آزاد اور خود بچے کی تجہیز و تکفین میں لگ گئے۔ ❷

۱۳)...... اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝ۚ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝ۚ (سورۂ انفال ۸: ۲-۴)

ترجمہ)...... بس ایمان والے تو وہ لوگ ہوتے ہیں کہ ان کے سامنے اللہ جل شانہٗ کا ذکر آ جائے تو (اس کی عظمت کے خیال سے) ان دل ڈر جائیں اور جب اللہ جل شانہٗ کی آیتیں ان کے سامنے تلاوت کی جاتی ہیں تو وہ ان کے ایمان کو زیادہ مضبوط کر دیتی ہیں اور وہ لوگ اپنے رب ہی پر توکل کرتے ہیں اور نماز کو قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے (اللہ کے واسطے) خرچ کرتے ہیں بس یہی ہیں سچے ایمان والے ان کے لئے بڑے بڑے درجے ہیں ان کے رب کے پاس اور ان کے لئے مغفرت ہے اور ان کے لئے عزت کی روزی ہے۔

فائدہ: حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دل کا ڈر جانا ایسا ہوتا ہے جیسا کہ کھجور کے خشک پتوں کو آگ لگ جانا۔ اس کے بعد اپنے شاگرد شہر بن حوشب رحمہ اللہ کو خطاب کر کے فرماتے ہیں کہ

---

❶ در منثور ❷ روض۔

اے شہر! تم بدن کی کپکپی نہیں جانتے؟۔ انہوں نے عرض کیا جانتا ہوں ۔ فرمایا اس وقت دعا کیا کرو اس وقت کی دعا قبول ہوتی ہے۔ حضرت ثابت بنانی فرماتے ہیں کہ ایک بزرگ نے فرمایا کہ مجھے معلوم ہو جاتا ہے کہ میری کون سی دعا قبول ہوئی ہے اور کون سی نہیں ہوئی؟ لوگوں نے عرض کیا کہ یہ کس طرح معلوم ہوتا ہے فرمایا کہ جس وقت میرے بدن پر کپکپی آجائے اور دل خوفزدہ ہو جائے اور آنکھوں سے آنسو بہنے لگیں اس وقت کی دعا قبول ہوتی ہے۔ حضرت سدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ "جب ان کے سامنے اللہ کا ذکر آجائے" کا مطلب یہ ہے کہ کوئی شخص کسی پر ظلم کا ارادہ کرے یا کسی اور گناہ کا قصد کرے اور اس سے کہا جائے کہ اللہ سے ڈر تو اس کے دل میں اللہ کا خوف پیدا ہو جائے۔ حارث بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ ایک صحابی ہیں ایک مرتبہ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے حضور ﷺ نے دریافت فرمایا حارث کا کیا حال ہے؟ عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) میں بے شک سچا مؤمن بن گیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ سوچ کر کہو کیا کہتے ہو ہر چیز کی ایک حقیقت ہوتی ہے تمہارے ایمان کی کیا حقیقت ہے (یعنی تم نے کس بات کی وجہ سے یہ طے کر لیا کہ میں سچا مؤمن بن گیا) عرض کیا کہ میں نے اپنے نفس کو دنیا سے پھیر لیا۔ رات کو جاگتا ہوں، دن کو پیاسا رہتا ہوں (یعنی روزہ رکھتا ہوں) اور جنت والوں کی آپس کی ملاقاتوں کا منظر میری آنکھوں کے سامنے رہتا ہے اور جہنم والوں کے شور و شغب اور واویلا کا نظارہ بھی آنکھوں کے سامنے ہے (یعنی دوزخ جنت کا تصور ہر وقت رہتا ہے) حضور ﷺ نے فرمایا حارث بے شک تم نے دنیا سے اپنے نفس کو پھیر لیا اس کو مضبوط پکڑے رہو۔ تین مرتبہ حضور ﷺ نے یہی فرمایا۔[1] اور ظاہر بات ہے کہ جس شخص کے سامنے ہر وقت دوزخ اور جنت کا منظر رہے گا وہ دنیا میں کہاں پھنس سکتا ہے۔

۱۴)......وَمَا تُنفِقُوا مِن شَيْءٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ يُوَفَّ إِلَيْكُمْ وَأَنتُمْ لَا تُظْلَمُونَ ۝ (سورۃ انفال ۸: ۶۰)

ترجمہ)......اور جو کچھ تم اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرو گے اس کا ثواب تم کو پورا پورا دیا جائے گا اور تم پر کسی قسم کا ظلم نہ کیا جائے گا۔

فائدہ: جن آیات اور احادیث میں ثواب بڑھا کر ملنے کا بیان ہے وہ اس کے منافی نہیں ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ان اعمال میں کسی قسم کی کمی نہیں ہوگی باقی ثواب کی مقدار کیا ہوگی وہ موقع کی ضرورت، خرچ کرنے والے کی نیت اور حالات کے اعتبار سے جتنی بھی بڑھ جائے یہ تو آخرت کے اعتبار سے ہیں اور بسا اوقات دنیا میں بھی اس کا پورا بدلہ ملتا ہے جیسا کہ دوسری آیات

[1] در منثور۔

اوراحادیث سے اس کی تائید ہوتی ہے جیسا کہ آیات کے ذیل میں نمبر ۲۰ پر اوراحادیث کے ذیل میں نمبر ۸ پر آرہا ہے اوراس لحاظ سے اگراس آیت شریفہ میں اس طرف اشارہ ہو تو بعید نہیں۔

۱۵)...... قُلْ لِّعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّ عَلَانِيَةً مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ ○ (سورۃ ابراھیم ۱۴: ۳۱)

ترجمہ)...... جو میرے خاص ایمان والے بندے ہیں ان سے کہہ دیجیے کہ وہ نماز کو قائم رکھیں اور ہمارے دیئے ہوئے رزق سے خرچ کرتے رہیں پوشیدہ طور سے بھی اور علانیہ بھی ایسے دن کے آنے سے پہلے جس میں نہ خرید وفروخت ہوگی نہ دوستی ہوگی۔

فائدہ: پوشیدہ طور سے بھی اوراعلانیہ بھی یعنی جس وقت جس قسم کا صدقہ مناسب ہو کہ حالات کے اعتبار سے دونوں قسموں کی ضرورت ہوتی ہے اور ہوسکتا ہے کہ مطلب یہ ہو کہ فرض صدقات بھی جن کا اعلانیہ ادا کرنا اولیٰ ہے اور نوافل بھی جن کا اخفاء اولیٰ ہے جیسا کہ آیت شریفہ نمبر ۹ کے ذیل میں گزرا اوراس دن سے مراد قیامت کا دن ہے جیسا کہ آیت شریفہ نمبر ۶ میں گزرا اور نماز قائم کرنا سب سے پہلی آیت میں گزر چکا ہے۔ حضرت جابر فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور اقدس ﷺ نے خطبہ پڑھا اس میں فرمایا لوگو! مرنے سے پہلے پہلے توبہ کرلو (ایسا نہ ہو کہ موت آجائے اور توبہ رہ جائے) اور مشاغل کی کثرت سے پہلے پہلے نیک اعمال کرلو (ایسا نہ ہو کہ مشغلوں کی کثرت کی وجہ سے وقت نہ ملے) اوراپنا اوراپنے رب کا تعلق مضبوط کرلو اس کی یاد کی کثرت کے ساتھ اور مخفی اور اعلانیہ صدقہ کی کثرت کے ذریعہ سے کہ اس کی وجہ سے تمہیں رزق بھی دیا جائے گا۔ تمہاری مدد بھی ہوگی تمہاری شکستہ حالی بھی دور ہوگی۔[1]

۱۶)...... وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ○ۙ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَا اَصَابَهُمْ وَالْمُقِيْمِي الصَّلٰوةِۙ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ○ (حج ۲۲: ۳۴-۳۵)

ترجمہ)...... آپ خوشخبری دیجئے ان عاجزی کرنے والے مسلمانوں کو جو ایسے ہیں ان کے سامنے اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل ڈر جاتے ہیں اور جو مصیبتیں ان پر پڑتی ہیں ان پر صبر کرتے ہیں اور نماز کو قائم رکھنے والے ہیں اور جو ہم نے ان کو دیا ہے ان کو خرچ کرتے ہیں۔

فائدہ: مخبتین جس کا ترجمہ عاجزی کرنے والوں کا لکھا ہے اس کے ترجمے میں علماء کے کئی قول ہیں ۲۵ اس کا اصل ترجمہ پستی کی طرف جانے والوں کا ہے، بعض علماء نے اس کا ترجمہ احکام الٰہیہ کے سامنے گردن جھکا دینے والوں کا کیا ہے کہ وہ بھی گردن کو نیچے کی طرف لے جاتے ہیں، بعض

[1] ترغیب۔

نے تواضع کرنے والوں کا کیا ہے کہ وہ تو گردن جھکانے والے ہر وقت ہی ہیں۔ حضرت مجاہدؒ نے اس کا ترجمہ مطمئن لوگوں سے کیا ہے۔ حضرت عمرو بن اوسؓ فرماتے ہیں کہ مخبتین وہ لوگ ہیں جو کسی پر ظلم نہ کریں اور اگر ان پر ظلم کیا جائے تو وہ بدلہ نہ لیں۔ ضحاکؒ کہتے ہیں کہ مخبتین متواضع لوگ ہیں۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے ذکر کیا گیا ہے کہ وہ جب حضرت ربیعؓ بن خثیم کو دیکھتے تو فرماتے ہیں کہ میں تمہیں دیکھتا ہوں تو مجھے مخبتین یاد آجاتے ہیں۔

۱۷)...... وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رَاجِعُوْنَ ٥ لا اُولٰٓئِكَ يُسَارِعُوْنَ فِى الْخَيْرَاتِ وَهُمْ لَهَا سَابِقُوْنَ ٥ (مؤمنون ۲۳: ۶۰-۶۱)

ترجمہ)...... اور جو لوگ (اللہ کی راہ میں) دیتے ہیں جو کچھ دیتے ہیں ان پر بھی ان کے دل اس سے ڈرتے رہتے ہیں کہ وہ اللہ کے پاس جانے والے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جو نیکیوں میں دوڑنے والے ہیں اور یہی ہیں وہ لوگ جو نیکیوں کی طرف سبقت کرنے والے ہیں۔

فائدہ: یعنی باوجود اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کے اس سے ڈرتے رہتے ہیں کہ دیکھئے اللہ جل شانہٗ کے یہاں ان نیکیوں کا کیا حشر ہو۔ قبول ہوتی ہیں یا نہیں ہوتی۔ یہ حق تعالیٰ شانہٗ کی غایت عظمت اور علو مرتبہ کی وجہ سے ہے۔ جو شخص جتنا اونچا مرتبہ کا ہوتا ہے اتنا ہی اس کا خوف غالب ہوتا ہے بالخصوص اس شخص کے لئے جس کے دل میں واقعی عظمت ہو نیز وہ اس بھی ڈرتے رہتے ہیں کہ اس کے خرچ کرنے میں نیت بھی ہماری خالص ہے یا نہیں۔ بسا اوقات نفس اور شیطان کے مکر کی وجہ سے آدمی کسی چیز کو نیکی سمجھتا رہتا ہے اور نیکی نہیں ہوتی۔ جیسا کہ سورۂ کہف کے آخری رکوع میں ارشاد ہے۔

قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا ٥ ط اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ٥ لا (الکہف ۱۸: ۱۰۳، ۱۰۴)

"آپ کہہ دیجئے کہ ہم تم کو ایسے آدمی بتائیں جو اعمال کے اعتبار سے سب سے زیادہ خسارے والے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کی کوششیں دنیا سے گئی گزری ہو گئیں اور وہ یہ سمجھتے ہیں کہ ہم اچھے کام کر رہے ہیں۔"

حضرت حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ مومن نیکیاں کر کے ڈرتا ہے اور منافق برائیاں کر کے بے خوف ہو جاتا ہے فضائل حج میں متعدد واقعات اس قسم کے ذکر ہو چکے ہیں کہ جن کے دلوں میں حق تعالیٰ شانہٗ کی عظمت اور جلال کامل درجہ کا ہوتا ہے وہ زبان سے لبیک کہتے ہوئے اس سے ڈرتے

ہیں کہ کہیں یہ مردود نہ ہوجائے۔ حضرت عائشہؓ کہتی ہیں یا رسول اللہ وَالَّذِیْنَ یُؤْتُوْنَ الایۃ یہ آیت شریفہ ان لوگوں کے بارے میں ہے کہ ایک آدمی چوری کرتا ہے، زنا کرتا ہے، شراب پیتا ہے اور دوسرے گناہ کرتا ہے اور اس بات سے ڈرتا ہے کہ اس کو اللہ کی طرف رجوع کرنا ہے (یعنی اس کو اپنے گناہوں کی وجہ سے حق تعالیٰ شانہ کے حضور میں پیش ہونے کا ڈر ہوتا ہے کہ وہاں جا کر کیا منہ دکھائے گا) حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا نہیں بلکہ یہ وہ لوگ ہیں کہ ایک آدمی روزہ رکھتا ہے، صدقہ دیتا ہے، نماز پڑھتا ہے اور وہ اس کے باوجود اس سے ڈرتا ہے کہ وہ قبول نہ ہو۔ دوسری حدیث میں ہے کہ حضرت عائشہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) یہ وہ لوگ ہیں جو خطائیں کرتے ہیں گناہ کرتے ہیں اور وہ ڈرتے ہیں۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا نہیں بلکہ وہ لوگ ہیں جو نمازیں پڑھتے ہیں، روزے رکھتے ہیں، صدقے دیتے ہیں اور ان کے دل ڈرتے رہتے ہیں۔ حضرت ابن عباس ؓ سے نقل کیا گیا کہ وہ لوگ اعمال کرتے ہیں ڈرتے ہوئے۔ سعید بن جبیر ؓ فرماتے ہیں کہ وہ صدقات دیتے ہیں اور قیامت میں اللہ جل شانہ کے سامنے کھڑے ہونے سے اور حساب کی سختی سے ڈرتے ہیں۔ حضرت حسن بصریؒ سے نقل کیا گیا کہ یہ وہ لوگ ہیں جو نیک عمل کرتے ہیں اور اس سے ڈرتے ہیں کہ کہیں ان اعمال کی وجہ سے بھی عذاب سے نجات نہ ملے[1] حضرت زین العابدین علی بن حسین ؓ جب وضو کرتے تو چہرے کا رنگ زرد ہو جاتا اور جب نماز کو کھڑے ہوتے تو بدن پر کپکپی آجاتی۔ کسی نے ان سے وجہ پوچھی تو ارشاد فرمایا۔ جانتے بھی ہو کس کے سامنے کھڑا ہوتا ہوں[2] فضائل نماز[3] میں متعدد واقعات اس قسم کے ذکر کئے گئے اور حکایات صحابہؓ کا ایک باب مستقل اللہ تعالیٰ شانہ سے ڈرتے رہنے والوں کے بیان میں ہے۔

۱۸)...... وَلَا يَأْتَلِ أُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ أَنْ يُؤْتُوا أُولِي الْقُرْبَىٰ وَالْمَسَاكِينَ وَالْمُهَاجِرِينَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۖ وَلْيَعْفُوا وَلْيَصْفَحُوا ۗ أَلَا تُحِبُّونَ أَنْ يَغْفِرَ اللَّهُ لَكُمْ ۗ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ○ (نور ۲۴:۲۲)

ترجمہ)...... اور جو لوگ تم میں (دین کے اعتبار سے) بزرگی والے (اور دنیا کے اعتبار سے) وسعت والے ہیں وہ اس بات کی قسم نہ کھائیں کہ وہ اہل قرابت کو اور مساکین کو اور اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کو نہ دیں گے اور ان کو یہ چاہیے کہ وہ معاف کر دیں اور در گزر کر دیں۔ کیا تم یہ نہیں چاہتے کہ اللہ تعالیٰ تمہارے قصوروں کو معاف کر دے (پس تم بھی اپنے قصورداروں کو معاف کردو) بیشک اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔

---

[1] در منثور [2] روض [3] فضائل نماز عکسی

فائدہ: ۶ھ میں غزوۂ بنی المصطلق کے نام سے ایک جہاد ہوا ہے جس میں حضرت عائشہؓ بھی حضور اقدس ﷺ کے ہمراہ تھیں۔ اُن کی سواری کا اونٹ علیحدہ تھا اس پر ہودج تھا یہ اپنے ہودج میں رہتی تھیں۔ جب چلنے کا وقت ہوتا چند آدمی ہودج کو اُٹھا کر اونٹ پر باندھ دیتے بہت ہلکا پھلکا بدن تھا اٹھانے والوں کو اس کا احساس بھی نہ ہوتا تھا کہ اس میں کوئی ہے یا نہیں اس لئے کہ جب چار آدمی مل کر ہودج کو اٹھائیں اس میں ایک کم سن ہلکی پھلکی عورت کے وزن کا کیا پتہ چل سکتا ہے حسب معمول ایک منزل پر قافلہ اُترا ہوا تھا۔ جب روانگی کا وقت ہوا تو لوگوں نے اس کے ہودج کو باندھ دیا یہ اس وقت استنجے کے لئے تشریف لے گئی تھیں واپس آئیں تو دیکھا کہ ہار نہیں ہے جو پہن رہی تھیں۔ یہ اس کی تلاش کرنے چلی گئیں۔ پیچھے یہاں قافلہ روانہ ہو گیا۔ یہ تنہا اس جنگل بیابان میں کھڑی رہ گئیں۔ انھوں نے خیال فرمایا کہ راستے میں جب حضور ﷺ کو میرے نہ ہونے کا علم ہوگا تو آدمی تلاش کرنے اسی جگہ آئے گا وہیں بیٹھ گئیں اور جب نیند کا غلبہ ہوا تو سو گئیں۔ اپنے نیک اعمال کی وجہ سے طمانیت قلب تو حق تعالیٰ شانہٗ نے ان سب حضرات کو کمال درجے کی عطا فرما ہی رکھی تھی۔ آج کل کی کوئی عورت ہوتی تو تنہا جنگل بیابان میں رات کو نیند آنے کا تو ذکر ہی کیا خوف کی وجہ سے رو کر چلا کر صبح کر دیتی۔ حضرت صفوان بن معطل ؓ ایک بزرگ صحابی تھے جو قافلہ کے پیچھے اس لئے رہا کرتے تھے کہ راستہ میں گری پڑی چیز کی خبر رکھا کریں۔ وہ صبح کے وقت جب اس جگہ پہنچے تو ایک آدمی کو پڑے دیکھا اور چونکہ پردے کے نازل ہونے سے پہلے حضرت عائشہؓ کو دیکھا تھا۔ اس لئے یہاں ان کو پڑا دیکھ کر پہچان لیا اور زور سے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ؕ پڑھا ان کی آواز سے ان کی آنکھ کھل گئی اور منہ ڈھانپ لیا انہوں نے اپنا اونٹ بٹھایا یہ اس پر سوار ہو گئیں اور اونٹ کی نکیل پکڑ کر لے گئے اور قافلہ میں پہنچا دیا۔ عبد اللہ بن ابی جو منافقوں کا سردار اور مسلمانوں کا سخت دشمن تھا اس کو تہمت لگانے کا موقع مل گیا اور خوب اس کی شہرت کی۔ اس کے ساتھ بعض بھولے مسلمان بھی اس تذکرے میں شامل ہو گئے اور اللہ کی قدرت اور شان کہ ایک ماہ تک یہ ذکر اور تذکرے ہوتے رہے۔ لوگوں میں کثرت سے اس واقعہ کا چرچا ہوتا رہا اور کوئی وحی وغیرہ حضرت عائشہؓ کی برأت کی نازل نہ ہوئی۔ حضور اقدس ﷺ اور مسلمانوں کو اس حادثے کا سخت صدمہ تھا اور جتنا بھی صدمہ ہونا چاہیے تھا وہ ظاہر ہے۔ حضور ﷺ مردوں سے اور عورتوں سے اس بارے میں مشورہ فرماتے تھے احوال کی تحقیق فرماتے تھے۔ مگر یکسوئی کی کوئی صورت نہ ہوتی۔ ایک ماہ کے بعد سورۂ نور کا ایک مستقل رکوع قرآن پاک میں حضرت عائشہؓ کی برأۃ میں نازل ہوا اور اللہ جل شانہٗ کی طرف سے ان لوگوں پر سخت عتاب ہوا جنہوں نے بے دلیل

اور بے ثبوت اس تہمت کو شائع کیا تھا۔ اس واقعہ کو شہرت دینے والوں میں حضرت مسطح رضی اللہ عنہ ایک صحابی بھی تھے جو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے رشتہ دار تھے اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ان کی خبر گیری اور اعانت فرمایا کرتے تھے۔ اس تہمت کے قصہ میں ان کی شرکت سے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو رنج ہوا اور ہونا بھی چاہیے تھا کہ انہوں نے اپنے ہو کر بے تحقیق بات کو پھیلایا۔ اس رنج میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے قسم کھالی کی مسطح رضی اللہ عنہ کی اعانت نہیں کریں گے۔ اس پر یہ آیت شریفہ نازل ہوئی جو اوپر لکھی گئی ہے۔ روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے علاوہ بعض دوسرے صحابہؓ نے بھی ایسے لوگوں کی اعانت سے ہاتھ کھینچ لیا تھا جنہوں نے اس تہمت کے واقعہ میں زیادہ حصہ لیا تھا۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ مسطح نے اس میں بہت زیادہ حصہ لیا اور وہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے رشتہ دار تھے، انہی کی پرورش میں رہتے تھے۔ جب برأۃ نازل ہوئی تو حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے قسم کھالی کہ ان پر خرچ نہ کریں گے اس پر یہ آیت وَلَا يَاْتَلِ نازل ہوئی اور آیت شریفہ کے نازل ہونے کے بعد حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ان کو اپنی پرورش میں پھر لے لیا۔ ایک دوسری حدیث میں ہے کہ اس آیت شریفہ کے بعد حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے جتنا پہلے سے خرچ کرتے تھے اس کا دوچند کر دیا۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ دو یتیم تھے جو حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کی پرورش میں تھے جن میں سے ایک مسطح تھے حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے دونوں کا نفقہ بند کرنے کی قسم کھالی تھی۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ صحابہ میں کئی آدمی ایسے تھے جنہوں نے حضرت عائشہؓ کے اوپر بہتان میں حصہ لیا جس کی وجہ سے بہت سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جن میں حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ بھی ہیں ایسے تھے جنہوں نے قسم کھالی تھی کہ جن لوگوں نے اس بہتان کی اشاعت میں حصہ لیا۔ ان پر خرچ نہ کریں گے اس پر یہ آیت شریفہ نازل ہوئی کہ بزرگی والے اور وسعت والے حضرات اس کی قسم نہ کھائیں کہ وہ صلہ رحمی نہ کریں گے اور جس طرح پہلے خرچ کرتے تھے اسی طرح خرچ نہ کریں گے۔ (درمنثور) کس قدر مجاہدہ عظیم ہے کہ ایک شخص کسی کی بیٹی کی آبروریزی میں جھوٹی باتیں کہتا پھرے اور پھر وہ اس کی اعانت اسی طرح کرے جس طرح پہلے سے کرتا تھا بلکہ اس بھی دوچند کر دے۔

۱۹) تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ○ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ (سجدہ ۳۲: ۱۶-۱۷)

ترجمہ)......رات کو ان کے پہلو بستروں سے علیحدہ رہتے ہیں اس طرح کہ وہ لوگ اپنے رب کو (عذاب

کے خوف سے) اور (ثواب کی) امید میں پکارتے رہتے ہیں اور ہماری دی ہوئی چیزوں سے خرچ کرتے رہتے ہیں پس کوئی نہیں جانتا کہ ایسے لوگوں کی آنکھ کی ٹھنڈک کا کیا کیا سامان خزانہ غیب میں موجود ہے۔ یہ بدلہ ہے اس کے نیک اعمال کا۔

فائدہ: رات کو ان کے پہلو بستروں سے علیحدہ رہتے ہیں کے متعلق علمائے تفسیر کے دو قول ہیں۔ ایک یہ کہ اس سے مغرب اور عشاء کا درمیان مراد ہے۔ بہت سے آثار سے اس کی تائید ہوتی ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ آیت شریفہ ہمارے بارے میں نازل ہوئی۔ ہم انصار کی جماعت مغرب کی نماز پڑھ کر اپنے گھر واپس نہ ہوتے تھے اس وقت تک کہ حضور ﷺ کے ساتھ عشاء کی نماز نہ پڑھ لیں۔ اس پر یہ آیت شریفہ نازل ہوئی۔ ایک اور روایت میں حضرت انس رضی اللہ عنہ ہی سے نقل کیا گیا کہ مہاجرین صحابہ رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت کا معمول یہ تھا کہ وہ مغرب کے بعد سے عشاء تک نوافل پڑھا کرتے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ مغرب کے بعد بیٹھے رہتے اور صحابہ رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت مغرب سے عشاء تک نماز پڑھتی رہتی اس پر یہ آیت شریفہ نازل ہوئی۔ عبداللہ بن عیسیٰ رضی اللہ عنہ سے بھی یہی نقل کیا گیا کہ انصار کی ایک جماعت مغرب سے عشاء تک نوافل پڑھتی تھی اس پر یہ آیت شریفہ نازل ہوئی۔ دوسرا قول یہ ہے کہ اس سے تہجد کی نماز مراد ہے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ اس سے رات کا قیام مراد ہے۔ ایک حدیث میں مجاہد رضی اللہ عنہ سے نقل کیا گیا کہ حضور اقدس ﷺ نے رات کے قیام کا ذکر فرمایا اور حضور ﷺ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے اور یہ آیت شریفہ تلاوت فرمائی۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں تورات میں لکھا ہے کہ جن لوگوں کے پہلو رات کو بستروں سے دور رہتے ہیں ان کے لئے حق تعالیٰ شانہٗ نے ایسی چیزیں تیار کر رکھی ہیں جن کو نہ کسی آنکھ نے دیکھا، نہ کسی کان نے سنا اور نہ کسی آدمی کے دل پر ان کا وسوسہ بھی پیدا ہوا، نہ ان کو کوئی مقرب فرشتہ جانتا ہے، نہ کوئی نبی رسول اور اس کا ذکر قرآن پاک کی اس آیت شریفہ میں ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بھی حضور اقدس ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ اللہ جل شانہٗ کا ارشاد ہے کہ میں نے اپنے نیک بندوں کے لئے وہ چیزیں تیار کر رکھی ہیں جن کو نہ کسی آنکھ نے دیکھا، نہ کسی کان نے سنا، نہ کسی کے دل پر ان کا وسوسہ گزرا۔ روض الریاحین وغیرہ میں سینکڑوں واقعات ایسے لوگوں کے مذکور ہیں جو ساری رات مولا کی یاد میں رو رو کر گذار دیتے تھے۔ حضرت امام ابو حنیفہؒ کا چالیس سال تک عشاء کے وضو سے صبح کی نماز پڑھنا ایسی معروف چیز ہے جس سے انکار کی گنجائش نہیں اور ماہ مبارک میں دو قرآن شریف روزانہ ایک دن کا ایک رات کا ختم کرنا معروف ہے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا ساری رات جاگنا اور ایک رکعت میں پورا قرآن شریف پڑھ لینا بھی مشہور واقعہ

ہے۔ حضرت عمرؓ بسا اوقات عشاء کی نماز پڑھ کر گھر میں تشریف لے جاتے اور گھر جا کر نماز شروع کر دیتے اور نماز پڑھتے پڑھتے صبح کر دیتے۔ حضرت تمیم داریؓ مشہور صحابی ہیں۔ ایک رکعت میں تمام قرآن شریف پڑھنا اور کبھی ایک ہی آیت کو صبح تک بار بار پڑھتے رہنا ان کا معمول تھا۔ حضرت شداد بن اوسؓ سونے کے لئے لیٹتے اور ادھر اُدھر کروٹیں بدل کر یہ کہہ کر کھڑے ہو جاتے کہ یا اللہ! جہنم کے خوف نے میری نیند اُڑا دی اور صبح تک نماز پڑھتے رہتے۔ حضرت عمیرؓ ایک ہزار رکعت نفل اور ایک لاکھ مرتبہ تسبیح روزانہ پڑھتے۔ حضرت اویس قرنیؒ مشہور تابعی ہیں حضور ﷺ نے بھی ان کی تعریف فرمائی اور ان سے دعا کرانے کی لوگوں کو ترغیب دی کسی رات کو فرماتے کہ آج کی رات رکوع کرنے کی ہے اور ساری رات رکوع میں گزار دیتے اور کسی رات کو فرماتے کہ آج کی رات سجدہ کی ہے اور ساری رات سجدہ میں گزار دیتے۔[1] غرض ان حضرات کے واقعات رات بھر مالک کی یاد میں محبوب کی تڑپ میں گزار دینے کے اتنے کثیر ہیں کہ ان کا احاطہ ناممکن ہے یہی حضرات حقیقۃً اس شعر کے مصداق تھے۔

کاش حق تعالیٰ شانہٗ ان حضرات کے جذبات کا ذرا سا سایہ اس ناپاک پر بھی ڈال دیتا۔

۲۰)......قُلْ اِنَّ رَبِّیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَیَقْدِرُ لَهٗ ؕ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَهُوَ یُخْلِفُهٗ ۚ وَهُوَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ۝ (سبا ٣٤:٣٩)

ترجمہ)......آپ کہہ دیجیے کہ میرا رب اپنے بندوں میں سے جس کو چاہے روزی کی وسعت عطا کرتا ہے اور جس کو چاہے روزی کی تنگی دیتا ہے اور جو کچھ تم (اللہ تعالیٰ کے راستہ میں) خرچ کرو گے اللہ تعالیٰ اس کا بدل عطا کرے گا اور وہ سب سے بہتر روزی دینے والا ہے۔

فائدہ: یعنی تنگی اور فراخی اللہ تعالیٰ شانہٗ کی طرف سے ہے تمہارے خرچ کو روکنے سے فراخی نہیں ہوتی اور خرچ زیادہ کرنے سے تنگی نہیں ہوتی بلکہ اللہ کے راستے میں جو خرچ کیا جائے اس کا بدلہ آخرت میں تو ملتا ہی ہے دنیا میں اکثر اس کا بدل ملتا ہے۔ ایک حدیث میں ہے کہ حضرت جبرئیلؑ نے اللہ جل شانہٗ کا یہ ارشاد نقل کیا میرے بندو میں نے تم کو اپنے فضل سے عطا کیا اور تم سے قرض مانگا۔ پس جو شخص مجھے اپنی خوشی اور رضا و رغبت سے دے گا میں اس کا بدل دنیا میں جلدی دوں گا اور آخرت میں اس کے لئے ذخیرہ بنا کر رکھوں گا بلکہ اس سے میں اپنی دی ہوئی چیز جبراً واپس لے لوں گا اور وہ اس پر صبر کرے گا اور ثواب کی امید رکھے گا اس کے لئے میں اپنی رحمت واجب کر دوں گا اور اس کو ہدایت یافتہ لوگوں میں لکھوں گا اور اس کے لئے اپنے دیداروں کو

[1] اقامۃ الحجۃ۔

مباح کردوں گا۔ (کنز) کس قدر حق تعالیٰ شانہٗ کا احسان ہے کہ اپنی خوشی سے نہ دینے کی صورت میں بھی اگر بندہ جبر سے لئے جانے میں بھی صبر کرلے تو اس کے لئے بھی اجر فرمادیا۔ حالانکہ جب وہ حق تعالیٰ شانہٗ کی عطا کی ہوئی چیز خوشی سے واپس نہیں کرتا، جبراً اس سے لی جاتی ہے تو پھر اجر کا کیا مطلب، لیکن حق تعالیٰ شانہٗ کے احسانات کا کوئی شمار ہوسکتا ہے۔ حضرت حسن ؓ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے اس آیت شریفہ کے بارے میں فرمایا کہ تم جو کچھ اپنے اہل وعیال پر خرچ کرو بغیر اسراف کے اور بغیر کنجوسی کے، وہ سب اللہ کے راستے میں ہے۔

حضرت جابر ؓ حضور اقدس ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آدمی جو کچھ شرعی نفقہ میں خرچ کرے اللہ جل شانہٗ کے ہاں اس کا بدل ہے بجز اس کے کہ جو تعمیر میں خرچ کیا ہو یا معصیت میں۔ حضرت جابر ؓ حضور اقدس ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ ہر احسان صدقہ ہے اور جو کچھ آدمی اپنے نفس پر اور اپنے اہل وعیال پر خرچ کرے وہ صدقہ ہے اور جو کچھ اپنی آبرو کی حفاظت میں خرچ کرے وہ صدقہ ہے اور مسلمان جو کچھ شریعت کے (موافق) خرچ کرتا ہے اللہ جل شانہٗ اس کے بدل کے ذمہ دار ہیں۔ مگر وہ خرچہ جو گناہ میں ہو یا تعمیر میں۔ حکیم ترمذیؒ نے حضرت زبیر ؓ سے ایک مفصل قصہ نقل کیا ہے جو احادیث کے ذیل میں نمبر ۱۲ پر مفصل آرہا ہے۔ علامہ سیوطیؒ نے در منثور میں اس کو حکیم ترمذیؒ کی روایت سے مفصل ذکر کیا ہے لیکن خود انھوں نے لآلی المصنوعۃ میں اس کو بہت مختصر طور ابن عدیؒ کی روایت سے موضوعات میں نقل کیا ہے۔ حضرت ابو ہریرہ ؓ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ روزانہ صبح کو دو فرشتے حق تعالیٰ شانہٗ سے دعا کرتے ہیں ایک دعا کرتا ہے اے اللہ خرچ کرنے والے کو اس کا بدل عطا فرما۔ دوسرا عرض کرتا ہے اے اللہ روک کے رکھنے والے کے مال کو ہلاک کر۔ احادیث کے ذیل میں یہ حدیث نمبر ۲ پر آرہی ہے اور تجربہ میں بھی اکثر یہی آیا ہے کہ جو حضرات سخاوت کرتے ہیں اللہ جل شانہٗ کے دربار سے فتوحات کا دروازہ ان کے لئے ہر وقت کھلا رہتا ہے اور جو لوگ کنجوسی سے جوڑ جوڑ کر رکھتے ہیں اکثر کوئی سماوی آفت بیماری، مقدمہ، چوری وغیرہ ایسی چیز پیش آجاتی ہے جس سے برسوں کا اندوختہ دنوں میں ضائع ہوجاتا ہے اور اگر کسی کے دوسرے نیک اعمال کی برکت سے اور اس نیک نیتی سے اس پر کوئی ایسا خرچ نہیں پڑتا تو نالائق اولاد باپ کے اندوختہ کو جو اس کی عمر بھر کی کمائی تھی مہینوں میں برابر کردیتی ہے۔

حضرت اسماءؓ فرماتی ہیں کہ مجھ سے حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ خوب خرچ کیا کر اور گن گن کر مت رکھ کہ اللہ جل شانہٗ تجھے بھی گن گن کر عطا کرے گا اور جمع کرکے مت رکھ کہ اللہ جل

شانہٗ تجھ سے بھی جمع کر کے رکھنے لگے گا۔ عطا کر جتنا تجھ سے ہو سکے۔ (1)

ایک مرتبہ حضور اقدس ﷺ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لے گئے ان کے پاس ایک ڈھیری کھجوروں کی رکھی تھی حضور ﷺ نے فرمایا کہ یہ کیا ہے انہوں نے عرض کیا کہ آئندہ کی ضرورت کے لئے رکھ لیا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ تم اس سے نہیں ڈرتے کہ دھواں جہنم کی آگ میں دیکھو۔ بلال خوب خرچ کرو اور عرش کے مالک سے کمی کا خوف نہ کرو۔ (2) یہاں ضرورت کے درجہ میں بھی آئندہ کے لئے ذخیرہ رکھنے پر عتاب ہے اور جہنم کا دھواں دیکھنے کی وعید ہے۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی شایانِ شان یہی چیز تھی اس لئے کہ یہ اُن عالی مرتبہ لوگوں میں ہیں جن کے لئے حضور ﷺ اس کو گوارا نہ فرما سکتے تھے کہ ان کو کل کا فکر ہو اور ان کو اپنے مالک پر اس کا پورا وثوق نہ ہو کہ جس نے آج دیا وہ کل کو بھی دے گا۔ ہر شخص کی ایک شان اور ایک مرتبہ ہوا کرتا ہے۔ "حسنات الابرار سیّآت المقربین" مشہور مقولہ ہے کہ عامی نیک لوگوں کیلئے جو چیزیں نیکیاں ہیں مقرب لوگوں کی شان میں وہ بھی کوتاہیاں شمار ہو جاتی ہیں، بہت سے واقعات اس کی نظریں ہیں۔ بہر حال مال رکھنے کے واسطے ہر گز نہیں جمع کرنے کی چیز بالکل نہیں ہے۔ یہ صرف خرچ کرنے کے واسطے پیدا ہوا ہے اپنی ذات پر کم سے کم اور دوسروں پر زیادہ سے زیادہ خرچ کرنا اس کا فائدہ ہے لیکن یہ بات نہایت ہی اہم اور ضروری ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ کے یہاں سارا مدار نیت ہی پر ہے اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّات۔ مشہور حدیث ہے کہ اعمال کا مدار نیت ہی پر ہے۔ یہاں نیک نیتی ہو محض اللہ کے واسطے خرچ کرنا ہو چاہے اپنے نفس پر ہو چاہے اپنے اہل وعیال پر، چاہے اقربا پر چاہے اغیار پر وہ برکات اور ثمرات لائے بغیر نہیں رہ سکتا اور جہاں بد نیتی ہو شہرت اور عزت مقصود ہو نیک نامی اور اغراض مل گئی ہوں، وہاں نیکی برباد گناہ لازم ہو جاتا ہے وہاں برکت کا سوال ہی نہیں رہتا۔

(۲۱)...... اِنَّ الَّذِیْنَ یَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِیَةً یَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ○ لِیُوَفِّیَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَیَزِیْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ○ (فاطر ۳۵: ۲۹۔۳۰)

ترجمہ)...... جو لوگ قرآن پاک کی تلاوت کرتے رہتے ہیں اور نماز کو قائم رکھتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے پوشیدہ اور اعلانیہ خرچ کرتے ہیں وہ ایسی تجارت کے امیدوار ہیں جس میں گھاٹا نہیں ہے اور یہ اس لئے تاکہ حق تعالیٰ شانہٗ ان کو ان کے اعمال کی اجرتیں بھی

---

(1) مشکوٰۃ بروایۃ الشیخین۔ (2) مشکوٰۃ

پوری پوری عطا کرے اور اس کے علاوہ اپنے فضل سے (بطور انعام کے) اور زیادہ عطا کرے بے شک وہ بڑا بخشنے والا بڑا قدر دان ہے۔

فائدہ: حضرت قتادہؓ فرماتے ہیں کہ ایسی تجارت سے جس میں گھاٹا نہیں جنت مراد ہے جو نہ کبھی برباد ہوگی، نہ خراب ہوگی اور اپنے فضل سے زیادتی سے مراد وہ ہے جس کو (قرآن پاک میں) وَلَدَيْنَا مَزِيْدٌ سے تعبیر کیا ہے۔ (درمنثور) یہ آیت جس کی طرف حضرت قتادہؓ نے اشارہ کیا ہے سورۂ ق کی آیت ہے جس میں اللہ جل شانہٗ کا ارشاد ہے۔ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ فِيْهَا وَلَدَيْنَا مَزِيْدٌ۔ ان (جنت والوں) کے لئے جنت میں ہر وہ چیز موجود ہوگی جس کی یہ خواہش کریں گے اور ان کی چاہی ہوئی چیزوں کے علاوہ) ہمارے پاس ان کے لئے اور بھی زیادہ ہے (جو ہم ان کو عطا کریں گے) اور اس کی تفسیر میں احادیث میں بہت ہی عجیب عجیب چیزیں ذکر کی گئیں جو بڑی تفصیل طلب ہیں اور ان میں سب سے اونچی چیز حق تعالیٰ شانہٗ کی رضا کا پروانہ ہے۔ اور بار بار کی زیارت جو خوش قسمت لوگوں کو نصیب ہوگی اور یہ اتنی بڑی دولت کیسی کم محنت چیزوں پر مرتب ہے جن میں کوئی مشقت اٹھانا نہیں پڑتی۔ اللہ کی راہ میں کثرت سے خرچ کرنا نماز کو قائم رکھنا اور قرآن پاک کی تلاوت کثرت سے کرنا جو خود دنیا میں بھی لذت کی چیز ہے۔ قرآن پاک کی کثرت کے چند واقعات ابھی گزر چکے ہیں اور کچھ واقعات فضائل قرآن میں ذکر کئے گئے ان کو غور سے دیکھنا چاہیے۔

۲۲)...... وَالَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ (شوریٰ ۴۲:۳۸)

ترجمہ)...... اور جن لوگوں نے اپنے رب کا حکم مانا اور نماز کو قائم کیا اور ان کا ہر مہتم بالشان کام مشورے سے ہوتا ہے اور جو ہم نے ان کو دیا ہے اس سے وہ خرچ کرتے رہتے ہیں (ایسے لوگوں کے لئے حق تعالیٰ شانہٗ کے یہاں جو عطایا ہیں وہ دنیا کے ساز و سامان سے بدرجہا بہتر اور پائیدار ہیں)

فائدہ: ان آیات میں کامل لوگوں کی بہت سی صفات ذکر کی ہیں اور ان کے لئے حق تعالیٰ شانہٗ نے اپنے پاس جو لکھا ہے وہ دنیا کی نعمتوں سے بدرجہا بہتر ہے، اس کا وعدہ فرمایا ہے، علماء نے لکھا ہے کہ ان آیات میں لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ سے بالترتیب حضرات خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم اجمعین کی خصوصی صفات اور وقتی حالات کی طرف اشارہ ہے اور

حضرت صدیق اکبرؓ سے لے کر حضرت علیؓ بلکہ حضرت حسنین رضی اللہ عنہم اجمعین کے زمانہ تک کے احوال سے خلافت کی ترتیب کی طرف اشارہ ہے اور اسی ترتیب سے صفات واحوال پر تنبیہ ہے جس ترتیب سے حضرات کی خلافت ہوئی اور ان آیات میں اشارے کے طور پر آخرت میں ان حضرات خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم اجمعین کے لئے بہت کچھ عطایا کا وعدہ ہے اور الفاظ کے عموم سے ان سب لوگوں کے لئے وعدہ ہے جو ان صفات کو اپنے اندر پیدا کرنے کا اہتمام کریں۔ کاش ہم مسلمانوں کو دین کا شوق ہوتا اور قرآن اور حدیث کے بتائے ہوئے بہترین اخلاق کو تلاش کر کے اپنانے کا جذبہ ہوتا مگر ہمارے اخلاق اس قدر گرتے جا رہے ہیں بلکہ گر چکے ہیں کہ ان کو دیکھ کر غیر مسلموں کو اسلام سے نفرت ہوتی ہے۔ ان غریبوں کو یہ معلوم نہیں کہ اسلامی اخلاق پر آج کل مسلمان چل ہی نہیں رہے، وہ مسلمانوں کے جو اخلاق دیکھتے ہیں انہیں کو اسلامی اخلاق سمجھتے ہیں فالی اللہ المشتکیٰ۔

۲۳)...... وَفِیْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ○ (ذاریات ۱۹:۵۱)

ترجمہ)...... اور ان کے مالوں میں سوال کرنے والے کا، اور (سوال نہ کرنیوالے) نادار کا حق ہے۔

فائدہ: اوپر سے کامل ایمان والوں کی خاص صفتیں بیان ہو رہی ہیں جن کے ذیل میں ان کی ایک خاص صفت یہ بھی ہے کہ وہ صدقات اتنے کثرت اور اتنے اہتمام سے دیتے ہیں کہ گویا یہ ان کے ذمہ حق ہو گیا ہے۔ حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ ان کے اموال میں حق ہے یعنی زکوٰۃ کے علاوہ جس سے وہ صلہ رحمی کرتے ہیں اور مہمانوں کی دعوت کرتے ہیں اور محروم لوگوں کی اعانت کرتے ہیں۔ مجاہدؒ کہتے ہیں کہ اس سے زکوٰۃ کے علاوہ مراد ہے۔ حضرت ابراہیمؒ کہتے ہیں کہ وہ لوگ اپنے مالوں میں زکوٰۃ کے علاوہ اور بھی حق سمجھتے ہیں۔ حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ محروم وہ پریشان حال ہے جو دنیا کا طالب ہو اور دنیا اس سے منہ پھیرتی ہو اور آدمیوں سے سوال نہ کرتا ہو۔ ایک اور حدیث میں ان سے نقل کیا گیا کہ محروم وہ ہیں جس کا کوئی حصہ بیت المال میں نہ ہو۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ محروم وتنگی میں پڑا ہوا شخص ہے جس کی کمائی اس کو کافی نہ ہو۔ ابو قلابہؓ کہتے ہیں کہ یمامہ میں ایک آدمی تھا ایک مرتبہ سیلاب آیا اور اس کا سب کچھ مال ومتاع بہا کر لے گیا ایک صحابیؓ نے فرمایا کہ اس کو محروم کہتے ہیں اس کی اعانت کی جائے۔

حضرت ابو ہریرہؓ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ مسکین وہ شخص نہیں ہے جس کو ایک ایک لقمہ در بدر پھراتا ہے یعنی دروازوں سے بھیک مانگتا ہے اصل مسکین وہ ہے جس کے پاس نہ خود اتنا مال ہو جو اس کی حاجت کو پورا کرے اور نہ لوگوں کو اس کا حال معلوم ہو کہ اس کی اعانت کی

جائے یہی شخص دراصل محروم ہے۔ حضرت فاطمہؓ بنت قیسؓ نے حضور اقدس ﷺ سے اس آیت شریفہ کے متعلق سوال کیا تو حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ مال میں زکوٰۃ کے علاوہ اور بھی حق ہے۔ ❶ یہ حدیث اسی فصل کی حدیث میں نمبر ۱۶ پر آئے گی۔ اس کے بعد حضور ﷺ نے یہ آیت شریفہ پڑھی۔

لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ (بقرہ ۲:۱۷۷)

اس آیت شریفہ کا کچھ حصہ نمبر ۲ پر گزر چکا ہے۔ اس آیت میں مساکین وغیرہ کے دینے کا ذکر علیحدہ ہے اور زکوٰۃ دینے کا ذکر علیحدہ ہے جس میں اس بات کی ترغیب دی گئی ہے کہ آدمی کو صرف زکوٰۃ ہی پر کفایت نہ کرنا چاہیے بلکہ اس کے علاوہ بھی اپنے مال کو اللہ کے راستے میں کثرت سے خرچ کرنا چاہیے مگر آج ہم لوگوں کے لئے زکوٰۃ کا ہی ادا کرنا وبال ہو رہا ہے کتنے مسلمان ایسے ہیں جو زکوٰۃ کو بھی ادا نہیں کرتے ہاں شادی اور تقریبات کی لغو رسموں میں گھر بھی گروی رکھ دیتے ہیں۔ جہاں دنیا میں مال برباد ہو اور آخرت میں گناہ کا وبال ہو۔

۲۴)...... اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَاَنْفَقُوْا لَهُمْ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ○ (حدید ۵۷:۷)

ترجمہ)...... تم لوگ اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور جس مال میں اس نے تم کو دوسروں کا قائم مقام بنایا ہے اس میں سے (اس کی راہ میں) خرچ کرو جو لوگ تم میں سے ایمان لائے اور (انھوں نے اللہ کی راہ میں) خرچ کیا ان کے لئے بہت بڑا اجر ہے۔

فائدہ: قائم مقام کا مطلب یہ ہے کہ یہ مال پہلے کسی اور کے پاس تھا اب چند روز کو تمہارے پاس ہے تمہاری آنکھ بند ہو جانے کے بعد کسی اور کے پاس چلا جائے گا ایسی حالت میں اس کو جوڑ جوڑ کر رکھنا بیکار بات ہے۔ یہ بے مروت مال نہ سدا کسی کے پاس رہا نہ رہے خوش نصیب ہے وہ جو اس کو اپنے پاس رکھنے کی تدبیر کر لے، اور وہ صرف یہی ہے کہ اس کو اللہ جل شانہٗ کے بینک میں جمع کرا دے۔ جس میں نہ ضائع ہونے کا اندیشہ ہے نہ چھوٹ جانے کا خطرہ ہے اور دنیا میں رہتے ہوئے ہر وقت خطرہ ہی خطرہ ہے اور آج کل تو قدرت نے آنکھوں سے دکھا دیا کہ بڑے بڑے محل بڑی بڑی جاگیریں ساز و سامان سب کا سب کھڑے کھڑے ہاتھ سے نکل کر دوسروں کے قبضہ میں آ گیا۔ کل تک جن مکانات کے بلا شرکت غیرے خود مالک تھے آج دوسروں کو اپنی آنکھوں سے اپنا جانشیں اس میں دیکھتے ہیں پھر بھی عبرت حاصل نہیں ہوتی۔

۲۵)...... وَمَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ

❶ در منثور۔

وَالْاَرْضِ ط لَا یَسْتَوِیْ مِنْکُمْ مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَقَاتَلَ ط اُولٰٓئِكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِیْنَ اَنْفَقُوْا مِنْ بَعْدُ وَقٰتَلُوْا ط وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰی ط وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ ٥ (حدید ۱۰:۵۷)

ترجمہ)......اور تمہیں کیا ہو گیا کیوں نہیں خرچ کرتے اللہ کے راستے میں حالانکہ سب آسمان زمین آخر میں اللہ ہی کی میراث ہیں جو لوگ مکہ مکرمہ کے فتح ہونے سے پہلے اللہ کے راستے میں خرچ کر چکے ہیں اور جہاد کر چکے ہیں وہ برابر نہیں ہو سکتے (ان لوگوں کے جن کا ذکر آگے ہے بلکہ) وہ بڑھے ہوئے ہیں درجہ میں ان لوگوں سے جنھوں نے فتح مکہ کے بعد خرچ کیا اور جہاد کیا اور اللہ تعالیٰ نے ثواب کا وعدہ تو سب ہی سے کر رکھا ہے (چاہے فتح مکہ سے پہلے خرچ کیا اور جہاد کیا ہو یا بعد میں) اور اللہ تعالیٰ کو تمہارے اعمال کی پوری خبر ہے۔

فائدہ: اللہ کی میراث ہونے کا مطلب یہ ہے کہ جب سب آدمی مر جائیں گے تو آخر میں آسمان زمین مال، متاع سب اسی کا رہ جائے گا کہ اس پاک ذات کے سوا کوئی بھی باقی نہ رہے گا تو جب سب کچھ سب کو چھوڑنا ہی ہے تو پھر اپنی خوشی سے اپنے ہاتھ سے کیوں نہ خرچ کرے کہ اس کا ثواب بھی ملے اس کے بعد آیت شریفہ میں اس پر تنبیہ کی گئی کہ جن لوگوں نے فتح مکہ سے پہلے اللہ کے کام پر خرچ کیا یا جہاد کیا ان کا مرتبہ بڑھا ہوا ہے ان لوگوں سے جنہوں نے فتح مکہ کے بعد خرچ کیا یا جہاد کیا۔ اس لئے کہ فتح سے قبل احتیاج زیادہ تھی اور جو چیز جتنی زیادہ حاجت کے وقت خرچ کی جائے گی اتنا ہی زیادہ ثواب ہو گا جیسا کہ سلسلہ احادیث میں نمبر ۱۳ پر آرہا ہے۔ لوگوں کی ضرورت کے وقت بہت زیادہ خیال کرنا چاہئے اور ایسے وقت کو جس میں دوسروں کی ضرورت ہو اپنے خرچ کرنے کے لئے بہت غنیمت سمجھنا چاہئے۔ حق تعالیٰ شانہٗ نے صحابۂ کرام میں بھی یہ تفریق فرما دی کہ جن حضرات نے فتح مکہ سے پہلے خرچ کیا ان کے ثواب کو بہت زیادہ بڑھا دیا اسی طرح ہمیشہ خیال رکھنا چاہیے کہ کسی کی ضرورت کے وقت اس پر خرچ کرنا بہت اونچی چیز ہے۔

۲۶)......مَنْ ذَا الَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَیُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَلَهٗٓ اَجْرٌ كَرِیْمٌ ٥

(حدید ۱۱:۵۷)

ترجمہ)......کون شخص ہے ایسا جو اللہ جل شانہٗ کو قرض حسنہ دے پھر اللہ تعالیٰ اس کے ثواب کو اس کے لئے بڑھاتا چلا جاتا ہے اور اس کے لئے بہترین بدلہ ہے۔

فائدہ: نمبر ۵ ایک آیت شریفہ اس کے ہم معنی گزر چکی ہے خاص اہتمام کی وجہ سے اس

مضمون کو دوبارہ ارشاد فرمایا گیا ہے اور قرآن پاک میں بار بار اس پر تنبیہ کی جارہی ہے کہ آج اللہ کے راستے میں خرچ کا دن ہے۔ جو خرچ کرنا ہے کرلو مرنے کے بعد حسرت کے سوا کچھ نہیں ہے۔

۲۷)......اِنَّ الْمُصَّدِّقِيْنَ وَالْمُصَّدِّقٰتِ وَاَقْرَضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ اَجْرٌ كَرِيْمٌO(حدید ۵۷:۱۸)

ترجمہ)...... بے شک صدقہ دینے والے مرد اور صدقہ دینے والی عورتیں (اور یہ صدقہ دینے والے) اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کو قرضہ حسنہ دے رہے ہیں ان کا ثواب بڑھایا جائے گا اور ان کے لئے نفیس اجر ہے۔

فائدہ: یعنی جو لوگ صدقہ کرتے ہیں وہ حقیقت میں اللہ جل شانہٗ کو قرض دیتے ہیں اس لئے کہ یہ بھی قرض کی طرح سے صدقہ دینے والوں کو واپس ملتا ہے پس یہ بہت زیادہ معاوضہ اور بدلہ لے کر ایسے وقت میں واپس ہوگا جو وقت صدقہ کرنے والے کی سخت حاجت اور سخت ضرورت اور سخت مجبوری کا ہوگا۔ لوگ شادیوں کے واسطے سفروں کے واسطے اور دوسری ضرورتوں کے واسطے تھوڑا تھوڑا جمع کر کے رکھتے ہیں کہ فلاں ضرورت کا وقت آرہا ہے، اولاد کی شادی کرنا ہے اس کے لئے ہر وقت فکر میں لگے رہتے ہیں۔ اور جو گنجائش ملے کچھ نہ کچھ کپڑا، زیور وغیرہ خرید کر ڈالتے رہتے ہیں کہ اس وقت، دقت نہ ہو۔ آخرت کا وقت تو ایسی سخت حاجت اور ضرورت کا ہے کہ اس وقت نہ کسی سے خریدا جا سکتا ہے، نہ قرض لیا جا سکتا ہے نہ بھیک مانگی جا سکتی ہے۔ ایسے اہم اور کٹھن وقت کے واسطے تو جتنا بھی زیادہ سے زیادہ ممکن ہو جمع کرتے رہنا نہایت ہی دور اندیشی اور کارآمد بات ہے تھوڑا تھوڑا جمع کرتے رہنا یہاں تو معلوم بھی نہ ہوگا اور وہاں وہ پہاڑوں کے برابر بنے گا۔

۲۸)......وَالَّذِيْنَ تَبَوَّءُ و الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ﵞ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَO(حشر ۵۹:۹)

ترجمہ) (اور اس میں ان لوگوں کا بھی حق ہے) جو لوگ دارالاسلام میں (یعنی مدینہ منورہ میں پہلے سے رہتے تھے) اور ایمان میں ان (مہاجرین کے آنے) سے پہلے سے قرار پکڑے ہوئے ہیں (یعنی ان مہاجرین کے آنے سے پہلے ہی ایمان لے آئے تھے اور یہ ایسی خوبی کے لوگ ہیں کہ) جو لوگ ان کے پاس ہجرت کر کے آتے ہیں ان سے یہ لوگ (یعنی انصار) محبت

کرتے ہیں اور مہاجرین کو جو کچھ ملتا ہے اس سے یہ اپنے دلوں میں کوئی غرض نہیں پاتے (کہ اس کو لینا چاہیں یا اس پر رشک کریں) اور ان مہاجرین کو اپنے اوپر ترجیح دیتے ہیں چاہے خود ان پر فاقہ ہی کیوں نہ ہو اور (حق یہ ہے کہ) جو شخص اپنی طبیعت کے لالچ سے محفوظ رہے وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔

فائدہ: اوپر کی آیات میں بیت المال کے مستحقین کا ذکر ہو رہا ہے کہ کن کن لوگوں کا اس میں حق ہے منجملہ ان کے اس آیت شریفہ میں انصار کا ذکر ہے اور ان کے خصوصی اوصاف کی طرف اشارہ ہے جن میں سے ایک یہ ہے انہوں نے اپنے گھر میں رہ کر ایمان اور کمالات حاصل کئے ہیں اور اپنے گھر رہ کر کمالات حاصل کرنا عام طور سے مشکل ہوا کرتا ہے دنیوی دھندے اور دوسرے امور اکثر آڑ بن جاتے ہیں اور دوسری خاص صفت انصار کی یہ ہے کہ یہ لوگ مہاجرین سے بے حد محبت کرتے ہیں۔ اسلام کی ابتدائی تاریخ کا جس کو علم ہے وہ ان حضرات کے حالات اور ان کی محبت کے واقعات سے حیرت میں رہ جاتا ہے۔ چند واقعات حکایات صحابہ ؓ میں گزر چکے ہیں۔

ایک واقعہ مثال کے طور پر یہاں لکھتا ہوں کہ جب حضور اقدس ﷺ ہجرت کر کے مدینہ طیبہ تشریف لائے تو مہاجرین اور انصار کے درمیان میں حضور ﷺ نے بھائی چارہ اس طرح فرما دیا تھا کہ مہاجر کا ایک انصاری کے ساتھ خصوصی جوڑ پیدا کر دیا تھا اور ایک ایک مہاجر کو ایک ایک انصاری کا بھائی بنا دیا تھا اس لئے کہ حضرات مہاجرین پردیسی حضرات ہیں ان کو اجنبی جگہ ہر قسم کی مشکلات پیش آئیں گی، انصار مقامی حضرات ہیں وہ اگر ان لوگوں کی خاص طور سے خبر گیری اور معاونت کریں گے تو ان کو سہولتیں پیدا ہو جائیں گی۔ کیسا بہترین انتظام تھا حضور اقدس ﷺ کا کہ اس میں مہاجرین کو بھی ہر قسم کی سہولت ہو گئی اور انصار کو بھی دقت نہ ہوئی کہ ایک شخص کی خبر گیری ہر شخص کو آسان ہے۔

اسی سلسلے میں حضرت عبدالرحمٰن بن عوف ؓ خود اپنا قصہ بیان فرماتے ہیں کہ جب ہم لوگ مدینہ طیبہ آئے تو حضور اقدس ﷺ نے میرے اور سعد بن ربیع ؓ کے درمیان بھائی بندی کا رشتہ جوڑ دیا۔ سعد ؓ بن الربیع نے مجھ سے کہا کہ میں انصار میں سب سے زیادہ مالدار ہوں میرے مال میں سے آدھا تم لے لو اور میری دو بیبیاں ہیں ان میں سے جونسی تمہیں پسند ہو میں اس کو طلاق دے دوں جب اس کی عدت پوری ہو جائے تم اس سے نکاح کر لینا۔[1] یزید ؓ بن اصم کہتے ہیں کہ انصار نے حضور اقدس ﷺ سے درخواست کی کہ ہم سب کی زمینیں مہاجرین پر آدھی آدھی بانٹ دیجئے۔ حضور ﷺ نے اس کو قبول نہیں فرمایا بلکہ یہ ارشاد فرمایا کہ کھیتی وغیرہ میں یہ لوگ کام کریں

---

[1] بخاری۔

گے اور پیداوار میں حصہ دار ❶ ہوں گے کہ ان کی محنت سے تم کو مدد ملے گی اور تمہاری زمین سے ان کو مدد ملے گی۔ اس قسم کے تعلقات اور آپس کی محبت محض دینی برادری پر آج عقل میں بھی مشکل سے آئے گی۔ اللہ تعالیٰ کی شان ہے کہ آج وہ مسلمان جس کا خصوصی امتیاز ایثار اور ہمدردی تھی محض خودغرضی اور نفس پروری میں مبتلا ہے دوسروں کو جتنی بھی تکلیف پہنچ جائے اپنے کو راحت مل جائے۔ کبھی مسلمان کا شیوہ تھا کی خود تکلیف اٹھائے تا کہ دوسروں کو راحت پہنچ جائے۔

مسلمانوں کی تاریخ اس سے بھری ہوئی ہے ایک بزرگ کی بیوی بہت زیادہ بدخلق تھی ہر وقت تکلیف دیتی تھی کسی نے ان سے عرض کیا کہ آپ اس کو طلاق دے دیجئے۔ فرمایا کہ مجھے یہ خوف ہے کہ پھر یہ کسی دوسرے سے نکاح کرے گی اور اس کی بدخلقی سے اس کو تکلیف پہنچے گی۔ ❷ کیسی باریک چیز ہے۔ آج ہم میں سے بھی کوئی اس لئے تکلیف اٹھانے کو تیار ہے کہ کسی دوسرے کو تکلیف نہ پہنچے۔ تیسری صفت اس آیت شریفہ میں انصار کی یہ بیان کی کہ مہاجرین کو اگر غنیمت وغیرہ میں سے کہیں سے کچھ ملتا ہے تو اس سے انصار کو دل تنگی یا رشک نہیں ہوتا۔ اور حسن بصریؒ کہتے ہیں کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ مہاجرین کو انصار پر جو عمومی فضیلت دی گئی اس سے انصار کو گرانی نہیں ہوئی۔ ❸ چوتھی صفت یہ بیان کی گئی کہ وہ باوجود اپنی احتیاج اور فاقہ کے دوسروں کو اپنے اوپر ترجیح دیتے ہیں۔ اس کے واقعات بہت کثرت سے ان کی زندگی کی تاریخ میں ملتے ہیں جن میں سے چند واقعات میں اپنے رسالے حکایات صحابہ ﷺ کے باب ایثار و ہمدردی میں لکھ چکا ہوں منجملہ ان کے وہ مشہور واقعہ بھی ہے جو اس آیت شریفہ کے شان نزول میں ذکر کیا جاتا ہے کہ ایک صاحب حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور بھوک اور تنگی کی شکایت کی۔ حضور ﷺ نے اپنی بیبیوں کے گھروں میں آدمی بھیجا مگر کہیں بھی کچھ کھانے کو نہ ملا تو حضور ﷺ نے باہر مردوں سے ارشاد فرمایا کہ کوئی صاحب ایسے ہیں جو ان کی مہمانی قبول کریں، ایک انصاری جن کا اسم گرامی بعض روایات میں ابوطلحہ رضی اللہ عنہ آیا ہے ان کو اپنے گھر لے گئے اور اپنی بیوی سے کہا کہ یہ حضور ﷺ کے مہمان ہیں ان کی خوب خاطر کرنا اور گھر میں کوئی چیز ان سے بچا کر نہیں رکھنا۔ بیوی نے کہا کہ گھر میں تو صرف بچوں کے لئے کچھ کھانے کو رکھا ہے اور کچھ بھی نہیں ہے۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ بچوں کو بہلا کر سلا دو اور جب ہم کھانا لے کر مہمان کے ساتھ بیٹھیں تو تم چراغ کو درست کرنے کے لئے اٹھ کر اس کو بجھا دینا تا کہ ہم نہ کھائیں اور مہمان کھالے۔ چنانچہ بیوی نے ایسا ہی کیا۔ صبح کو جب حضور ﷺ کی خدمت میں حاضری ہوئی تو حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ جل شانہٗ کو ان

---

❶ درمنثور ❷ احیاء ❸ درمنثور

میاں بیوی کا طرز بہت پسند آیا اور یہ آیت شریفہ ان کی شان میں نازل ہوئی۔ (درمنثور) احادیث کے سلسلے میں نمبر ۱۳ پر ایک حدیث شریف اس آیت شریفہ کی تفسیر کے طور پر آ رہی ہے اسکے بعد اللہ جل شانہ کا پاک ارشاد ہے کہ جو شخص اپنی طبیعت کے شح (لالچ) سے بچا دیا جائے وہی لوگ فلاح کو پہنچنے والے ہیں شح کا ترجمہ طبعی حرص بخل ہے۔ یعنی طبعی تقاضا بخل کا ہو چاہے عمل سے بخل نہ ہو۔ اسی لئے علماء سے اس کی تفسیر میں مختلف الفاظ نقل کیے گئے۔ حرص اور لالچ سے اس کو تعبیر کرنا صحیح ہے جو اپنے مال میں بھی ہوتا ہے دوسرے کے مال میں بھی ہوتا ہے۔

ایک شخص حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ میں تو ہلاک ہو گیا انھوں نے ارشاد فرمایا کہ کیوں؟ وہ کہنے لگے کہ اللہ جل شانہ نے ارشاد فرمایا کہ جو لوگ شح سے بچائے جائیں وہی فلاح کو پہنچنے والے ہیں اور مجھ میں یہ مرض پایا جاتا ہے میرا دل نہیں چاہتا کہ میرے پاس سے کوئی چیز بھی نکل جائے۔ حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ نے فرمایا کہ یہ شح نہیں ہے یہ بخل ہے، اگرچہ بخل بھی اچھی چیز نہیں ہے لیکن شح یہ ہے کہ دوسرے کا مال ظلم سے کھائے۔ حضرت ابن عمرؓ سے بھی اس کے قریب ہی نقل کیا گیا وہ فرماتے ہیں کہ شح یہ نہیں ہے کہ آدمی اپنے مال کو خرچ کرنے سے روک لے یہ تو بخل ہوا اور یہ بھی بہت بری چیز ہے لیکن شح یہ ہے کہ دوسرے کی چیز پر نگاہ پڑنے لگے۔ حضرت طاؤسؒ کہتے ہیں کہ بخل یہ ہے کہ آدمی اپنے مال کو خرچ نہ کرے اور شح یہ ہے کہ دوسرے کے مال میں بخل کرے، یعنی کوئی دوسرا خرچ کرے اس سے بھی دل تنگی ہوتی ہو۔ حضرت ابن عمرؓ سے نقل کیا گیا کہ شح بخل سے زیادہ سخت ہے اس لئے کہ بخیل تو اپنے مال کو روکتا ہے اور بس، اور شح اپنے مال کو بھی روکتا ہے اور یہ بھی چاہتا ہے کہ دوسروں کے پاس بھی جو کچھ ہے وہ بھی اس کے پاس آ جائے۔

ایک حدیث میں حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کیا گیا کہ جس شخص میں تین خصلتیں ہوں وہ شح سے بری ہے (۱) مال کی زکوٰۃ ادا کرتا ہو (۲) مہمانوں کی مہمانداری کرتا ہو (۳) اور لوگوں کے مصائب میں مدد کرتا ہو۔ ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ اسلام کو کوئی چیز ایسا نہیں مٹاتی جیسا کہ شح مٹاتا ہے۔ ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد نقل کیا گیا کہ اللہ کے راستے کا غبار اور جہنم کا دھواں یہ دونوں چیزیں کسی ایک شخص کے پیٹ میں جمع نہیں ہو سکتیں اور ایمان اور شح کسی ایک دل میں کبھی جمع نہیں ہو سکتے۔ ایک حدیث میں حضرت جابرؓ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ ظلم سے بچو، اس لئے کہ ظلم قیامت میں تو بتو اندھیرا ہوگا (یعنی ایسا سخت اندھیرا پیدا کرے گا کہ اندھیرے کی تہہ پر تہہ جم جائے گی) اور اپنے آپ کو شح سے بچاؤ کہ اس نے

تم سے پہلے لوگوں کو ہلاک کیا کہ اس کی وجہ سے ان لوگوں نے دوسرے لوگوں کے خون بہائے اور اسی کی وجہ سے اپنی محرم عورتوں سے زنا کیا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ اپنے آپ کو شُح اور بخل سے بچاؤ کہ اس نے تم سے پہلے لوگوں کو قطع رحمی پر ڈال دیا اور ان کو محرموں سے زنا کرنے پر ڈال دیا اور ان کو خون بہانے پر ڈال دیا۔ یعنی اگر آدمی اجنبی عورت سے زنا کرے تو اسے کچھ دینا پڑے اور بیٹی سے زنا کرے تو مفت ہی میں کام چل جائے اور مال کی وجہ سے لوٹ مار تو ظاہر ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص کا انتقال ہوا تو لوگ کہنے لگے کہ جنتی آدمی تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ تمہیں اس کے سارے حالات کا کیا علم ہے، کیا بعید ہے کہ کبھی اس نے ایسی بات زبان سے نکالی ہو جو بے کار ہو یا ایسی چیز میں بخل کیا ہو جو اس کو نفع نہ پہنچاتی ہو۔

دوسری حدیث میں یہ قصہ اس طرح نقل کی گیا کہ احد کی لڑائی میں ایک صاحب شہید ہو گئے، ایک عورت ان کے پاس آئیں اور کہنے لگی بیٹا! تجھے شہادت مبارک ہو۔ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ تمہیں اس کی کیا خبر ہے کہ کبھی کوئی بے کار بات زبان سے کہی ہو یا ایسی چیز میں بخل کیا ہو جو اس کی ضرورت کی نہ [1] ہو کہ ایسی معمولی چیز میں بخل کرنا بھی حرص اور لالچ کی انتہا سے ہوتا ہے۔ ورنہ معمولی چیزیں جن میں اپنا نقصان نہ ہو بخل کے قابل نہیں ہوتیں۔

۲۹)...... يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَاۤ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝ وَاَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ رَبِّ لَوْلَاۤ اَخَّرْتَنِيْۤ اِلٰۤى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَاَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ۗ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ (منافقون ۶۳: ۹-۱۱)

ترجمہ)...... اے ایمان والو! تم کو تمہارے مال اور تمہاری اولاد اللہ کی یاد سے غافل نہ کر دیں اور جو ایسا کرے گا ایسے ہی لوگ خسارہ والے ہیں اور جو کچھ ہم نے تم کو دیا ہے اس میں سے اس سے پہلے پہلے خرچ کر لو کہ تم میں سے کسی کو موت آجائے اور وہ کہنے لگے کہ اے میرے رب مجھ کو تھوڑے دن کی مہلت اور کیوں نہ دے دی کہ میں خیرات کر دیتا اور نیک لوگوں میں ہو جاتا اور اللہ جل شانہٗ کسی شخص کو بھی جب اس کی موت کا وقت آجائے ہرگز مہلت نہیں دیتا اور اللہ تعالیٰ کو تمہارے سب کاموں کی خبر ہے۔

---

[1] درمنثور۔

فائدہ: مال ومتاع کی مشغولی اہل وعیال کی مشغولی ایسی چیزیں ہیں جو اللہ جل شانہٗ کے احکامات کی تعمیل میں کوتاہی کا سبب بنتی ہیں لیکن یہ بات یقینی اور طے ہے کہ موت کے وقت کا کسی کو حال معلوم نہیں کہ کب آجائے اس وقت بجز حسرت اور افسوس کے کچھ بھی نہ ہو سکے گا اور دیکھتے آنکھوں اہل وعیال مال ومتاع سب کو چھوڑ کر چل دینا ہوگا آج مہلت ہے جو کرنا ہے کرلو ؎

رنگالے نہ چندیہ گندھالے نہ سی تو کیا کیا کرے گی اری دن کے دن
نہ جانے بلالے پیا کس گھڑی تو دیکھا کرے گی گھڑی دن کے دن

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص کے پاس اتنا مال ہو کہ حج کر سکے، اس پر زکوٰۃ واجب ہو اور ادا نہ کرے تو وہ مرنے کے وقت دنیا میں واپس لوٹنے کی تمنا کرے گا۔ کسی شخص نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہا کہ دنیا میں لوٹنے کی تمنا کافر کرتے ہیں مسلمان نہیں کرتے تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے یہ آیت شریفہ تلاوت کی کہ اس میں مسلمانوں ہی کے متعلق اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے ایک دوسری حدیث میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے نقل کیا گیا کہ اس آیت شریفہ میں مومن آدمی کا ذکر ہے جب اس کی موت آجاتی ہے اور اس کے پاس اتنا مال ہو جس پر زکوٰۃ واجب ہو اور زکوٰۃ ادا نہ کی ہو یا اس پر حج فرض ہو گیا ہو اور حج ادا نہ کیا ہو یا اور کوئی حق اللہ جل شانہٗ کے حقوق میں سے ادا نہ کیا ہو تو وہ مرنے کے وقت دنیا میں واپسی کی تمنا کرے گا تا کہ زکوٰۃ اور صدقات ادا کرے لیکن اللہ جل جلالہٗ کا پاک ارشاد ہے کہ جس کا وقت آجائے وہ ہرگز موخر نہیں ہوتا۔ [1] قرآن پاک میں بار بار اس کی تنبیہ کی گئی کہ موت کا وقت ہر شخص کے لئے ایک طے شدہ وقت ہے۔ اس میں ذرا سی بھی تقدیم یا تاخیر نہیں ہو سکتی آدمی سوچتا رہتا ہے کہ فلاں چیز کو صدقہ کروں گا، فلاں چیز کو وقف کروں گا، فلاں فلاں کے نام وصیت لکھوں گا مگر وہ اپنے سوچ اور فکر ہی میں رہتا ہے اُدھر سے ایک دم بجلی کے تار کا بٹن دبا دیا جاتا ہے اور یہ چلتے چلتے مرجاتا ہے، بیٹھے بیٹھے مرجاتا ہے، سوتے سوتے مرجاتا ہے۔ اس لئے تجویزوں اور مشوروں میں ہرگز ایسے کاموں میں تاخیر نہ کرنا چاہئے جتنا جلد ہو سکے اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرنے میں اللہ تعالیٰ کے یہاں جمع کر دینے میں جلدی کر دینا چاہئے، واللہ الموفق۔

۳۰) يَآ أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۚ إِنَّ اللّٰهَ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ○ وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ نَسُوا اللّٰهَ فَأَنْسَاهُمْ أَنْفُسَهُمْ أُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ ○ لَا يَسْتَوِي أَصْحَابُ النَّارِ وَأَصْحَابُ الْجَنَّةِ ۚ

---

[1] در منثور۔

اَصۡحٰبُ الۡجَنَّةِ هُمُ الۡفَآئِزُوۡنَ ۝ (حشر۹: ۵۹-۱۸: ۲۰)

ترجمہ)......اے ایمان والو! اللہ سے ڈرتے رہو اور ہر شخص یہ غور کر لے کہ اس نے کل (قیامت) کے دن کے واسطے کیا چیز آگے بھیج دی ہے اللہ سے ڈرتے رہو بے شک اللہ تعالیٰ کو تمہارے اعمال کی سب خبر ہے اور ان لوگوں کی طرح سے مت بنو جنھوں نے اللہ تعالیٰ کو بھلا دیا (پس اس کی سزا میں) اللہ تعالیٰ نے خود ان کو ان کی جان سے بھلا دیا یہی لوگ فاسق ہیں (اور یاد رکھو کہ) جنت والے اور جہنم والے برابر نہیں ہو سکتے جنت والے ہی کامیاب ہیں (حقیقی کامیابی صرف جنت والوں ہی کی ہے)۔

فائدہ: اللہ جل شانہٗ نے ان کو ان کی جان سے بھلا دیا کا یہ مطلب ہے کہ اس کی ایسی عقل مار دی گئی کہ وہ اپنے نفع نقصان کو بھی نہیں سمجھتے اور جو چیزیں ان کو ہلاک کرنے والی ہیں ان کو اختیار کرتے ہیں حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں دوپہر کے وقت حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھا کہ قبیلہ مضر کی ایک جماعت حاضر ہوئی جو ننگے پاؤں ننگے بدن بھوکے تھے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ان پر فاقہ کی حالت دیکھی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ انور متغیر ہو گیا اٹھ کر اندر مکان میں تشریف لے گئے (غالباً گھر میں کوئی چیز ان کے قابل تلاش کرنے کے لئے تشریف لے گئے ہوں گے) پھر باہر مسجد میں تشریف لائے، حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے اذان کہنے کا حکم فرمایا اور ظہر کی نماز پڑھی اس کے بعد ممبر پر تشریف لے گئے اور حمد وثنا کے بعد قرآن پاک کی چند آیات تلاوت کیں جن میں یہ آیات بھی تھیں جو اوپر لکھی گئیں ہیں پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ کرنے کا حکم فرمایا اور یہ ارشاد فرمایا کہ صدقہ کرو، اس سے پہلے کہ صدقہ نہ کر سکو، صدقہ کرو اس سے پہلے کہ تم صدقہ کرنے سے عاجز ہو جاؤ۔ کوئی جو بھی دے سکے، دینار دے سکے درہم دے سکے، کپڑا دے سکے، گیہوں دے سکے، جو دے سکے کھجور دے سکے، حتیٰ کہ کھجور کا ٹکڑا ہی دے سکے وہ دیدے۔ ایک انصاری اٹھے اور ایک تھیلا بھرا ہوا لائے جو ان سے اٹھتا ہی نہ تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ انور مسرت سے چمکنے لگا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص بہتر طریقہ جاری کرے اس کو اس کا بھی ثواب ہے اور جو اس پر عمل کریں گے ان کا بھی ثواب اس کو ہوگا اس طرح پر کہ عمل کرنے والوں کے ثواب میں کچھ کمی نہ ہوگی اور اسی طرح اگر کوئی شخص برا طریقہ جاری کرتا ہے تو اس کا گناہ تو اس کو ہی ہوگا، جتنے آدمی اس پر عمل کریں گے ان سب کا گناہ بھی اس کو ہوگا اس طرح سے کہ ان کے گناہوں کے وبال میں کچھ کمی نہ ہوگی اس کے بعد سب لوگ متفرق ہو کر چلے گئے کوئی دینار (اشرفی) لایا، کوئی درہم لایا، کوئی غلہ لایا، غرض غلہ اور کپڑے کے دو ڈھیر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب جمع ہو گئے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم

نے وہ سب قبیلہ مضر کے آنے والوں پر تقسیم کر دیئے۔ ❶

ایک حدیث میں آیا ہے لوگو! اپنے لئے کچھ آگے بھیج دو عنقریب وہ زمانہ آنے والا ہے جب کہ حق تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد ایسی حالت میں کہ نہ کوئی واسطہ درمیان میں ہوگا نہ کوئی پردہ درمیان میں ہو گا یہ ہوگا کیا تیرے پاس رسول نہیں آئے جنہوں نے تجھے احکام پہنچا دیئے ہوں کیا میں نے تجھ کو مال عطا نہیں کیا تھا کیا میں نے تجھے ضرورت سے زیادہ نہیں دیا تھا، تو نے اپنے لئے کیا چیز آگے بھیجی۔ وہ شخص ادھر ادھر دیکھے گا کچھ نظر نہ آئے گا آنکھوں کے سامنے جہنم ہوگی۔ پس جو شخص اس سے بچ سکتا ہو بچنے کی کوشش کرے چاہے کھجور کے ایک ٹکڑے سے کیوں نہ ہو۔ ❷ بڑا سخت منظر ہوگا۔ بڑا سخت مطالبہ ہوگا، دہکتی ہوئی دوزخ سامنے ہوگی اور ہر آن اس میں پھینک دیئے جانے کا اندیشہ ہوگا اس وقت قلق ہوگا کہ ہم نے دنیا میں سب کچھ کیوں نہ خرچ کر دیا آج فرضی ضرورتوں سے ہم خرچ کرنے سے ہاتھ کھینچتے ہیں لیکن اگر آج آنکھ بند ہو جائے تو ساری ضرورتیں ختم ہو جائیں گی اور ایک سخت ضرورت جہنم سے بچنے کی سر پر موجود رہے گی۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ خطبہ میں فرمایا کہ یہ بات اچھی طرح جان لو کہ تم لوگ صبح شام ایسی مدت میں چلتے ہو جس کا حال تم سے پوشیدہ ہے کہ وہ کب ختم ہو جائے پس اگر تم سے ہو سکے تو ایسا کرو کہ یہ مدت احتیاط کے ساتھ ختم ہو جائے اور اللہ ہی کے ارادے سے تم ایسا کر سکتے ہو۔ ایک قوم نے اپنے اوقات کو ایسے امور میں خرچ کر دیا جو ان کے لئے کارآمد نہ تھے اللہ جل شانہٗ نے تمہیں ان جیسا ہونے سے منع کیا ہے اور ارشاد فرمایا ہے۔

وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰهُمْ اَنْفُسَهُمْ۔

کہاں تمہارے وہ بھائی جن کو تم جانتے تھے وہ اپنا اپنا زمانہ ختم کر کے چلے گئے اور ان کے عمل ختم ہو گئے اور اب وہ اپنے اپنے عمل کو پہنچ گئے۔ جیسے بھی کئے (اچھے کئے ہوں گے تو مزے اڑا رہے ہوں گے برے کئے ہوں گے تو ان کو بھگت رہے ہوں گے) کہاں ہیں وہ گزرے ہوئے زمانے کے جابر لوگ جنھوں نے بڑے بڑے شہر بنائے اونچی اونچی دیواروں سے اپنی محافظت کی اب وہ پتھروں اور ٹیلوں کے نیچے پڑے ہیں، یہ اللہ کا پاک کلام ہے کہ نہ اس کے عجائب ختم ہوتے ہیں نہ اس کی روشنی ماند پڑتی ہے، اس سے آج روشنی حاصل کر لو اندھیرے کے دن کے واسطے اور اس سے نصیحت پکڑ لو اللہ جل شانہٗ نے ایک قوم کی تعریف کی پس فرمایا۔

❶ نسائی، درمنثور ❷ کنز۔

كَانُوْا يُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرَاتِ وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا وَّكَانُوْا لَنَا خَاشِعِيْنَ۔

''وہ لوگ نیک کاموں میں دوڑتے تھے اور ہم کو پکارتے تھے رغبت کرتے ہوئے اور دوڑتے ہوئے اور ہمارے سامنے عاجزی کرنے والے تھے۔ ❶''

اس کلام میں کوئی خوبی نہیں جس سے اللہ کی رضا مقصود نہ ہو اور اس مال میں کوئی بھلائی نہیں جو اللہ کے راستے میں خرچ نہ ہو اور وہ آدمی اچھا نہیں جس کا حلم اس کے غصہ پر غالب نہ ہو اور وہ آدمی بہتر نہیں جو اللہ کی رضا کے مقابلے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ کرے۔ ❷

(۳۱)...... اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ؕ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ○ فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا وَاَطِيْعُوْا وَاَنْفِقُوْا خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ؕ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ○ (تغابن ٦٤: ١٥-١٦)

ترجمہ)...... اس کے سوا دوسری بات نہیں کہ تمہارے اموال اور تمہاری اولاد تمہارے لئے ایک آزمائش کی چیز ہے (پس جو شخص ان میں پڑ کر بھی اللہ کو یاد رکھے تو) اس کے لئے اللہ کے پاس بڑا اجر ہے پس جہاں تک ہو سکے اللہ سے ڈرتے رہو اور اس کی بات سنو اور مانو اور (اللہ کی راہ میں خرچ کرتے رہا کرو) یہ تمہارے لئے زیادہ بہتر ہوگا اور جو شخص اپنے نفس کے شح یعنی لالچ سے محفوظ رہا پس یہی لوگ فلاح کو پہنچنے والے ہیں۔

فائدہ: شح بخل کا اعلیٰ درجہ ہے جیسا کہ نمبر ۲۸ پر گزر چکا مال اور اولاد کے امتحان کی چیز ہونے کا یہ مطلب ہے کہ یہ بات جانچنی ہے کہ کون شخص ان میں پھنس کر اللہ جل شانہٗ کے احکام کو اور اس کی یاد کو بھلا دیتا ہے اور کون شخص ان کے باوجود اللہ جل شانہٗ کی فرمانبرداری کرتا ہے اور اس کی یاد میں مشغول رہتا ہے اور نمونہ کے لئے حضور اقدس ﷺ کا اسوہ سامنے ہے۔ یہاں کسی کے ایک دو بیبیاں ہوں گی حضور اقدس ﷺ کے نو بیبیاں تھیں اولاد میں بھی بیٹے بیٹیاں نواسے سب کچھ موجود تھا حضور ﷺ کے علاوہ حضرات صحابہ کرام ؓ کے حالات دنیا کے سامنے ہیں اور بہت تفصیل سے کتابوں میں موجود ہیں۔ حضرت انس ؓ کی اولاد کا شمار ہی مشکل ہے ایک موقع پر فرماتے ہیں کی میری اولاد کی اولاد تو علیحدہ رہی۔ خود بلا واسطہ اپنی اولاد میں سے ایک سو پچیس تو دفن کر چکا ہوں ❸ اور جو زندہ ہیں وہ ان کے علاوہ اور اولاد کی اولادیں مزید براں اس کے باوجود ان حضرات صحابہ کرام ؓ میں شمار ہے جن سے کثرت سے احادیث نقل کی گئیں اور جہاد میں کثرت سے شرکت کرتے رہے۔

❶ الانبیاء ❷ در منثور ❸ اصابہ۔

اولاد کی اتنی کثرت نہ تو علم کی مشغولی سے مانع ہوئی نہ جہاد سے۔ حضرت زبیرؓ جس وقت شہید ہوئے نو بیٹے نو بیٹیاں اور چار بیویاں تھیں اور بعض پوتے اور بعض بیٹوں سے بھی بڑے تھے ❶ اور جن کا باپ کی زندگی میں انتقال ہو گیا وہ علیحدہ اس کے باوجود نہ کبھی ملازمت کی نہ کوئی اور شغل، جہاد میں عمر گزاری۔ اسی طرح اور بہت سے حضرات کا حال ہے کہ نہ مال ان کو دین سے مانع ہوتا تھا اور نہ اولاد کی کثرت اور ان میں سے جو لوگ تجارت پیشہ تھے ان کے لئے تجارت بھی دین کے کاموں سے مانع نہ ہوتی تھی خود حق تعالیٰ شانہٗ نے ان کی تعریف قرآن پاک میں فرمائی۔

رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ ......الآية ❷

وہ ایسے لوگ ہیں جن کو خرید و فروخت اللہ کے ذکر سے اور نماز قائم کرنے سے اور زکوٰۃ ادا کرنے سے نہیں روکتی وہ لوگ ایسے دن سے ڈرتے ہیں جس دن دل اور آنکھیں الٹ پلٹ ہو جائیں گی اور اس کا انجام یہ ہو گا کہ حق تعالیٰ شانہٗ ان کو ان کے اعمال کا بہت اچھا بدلہ دیں گے اور ان کو اپنے فضل سے (بدلہ کے علاوہ انعام کے طور پر) اور بھی زیادہ دے گا اس آیت شریفہ کی تفسیر میں بہت سے آثار میں یہ مضمون نقل کیا گیا ہے کہ جو لوگ تجارت کرتے تھے تجارت ان کو اللہ تعالیٰ کی یاد سے مانع نہ ہوتی تھی۔ جب اذان سنتے فوراً اپنی اپنی دکانیں چھوڑ کر نماز کے لئے چل دیتے۔ ❸

(۳۲)......إِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُضٰعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۗ وَاللّٰهُ شَكُورٌ حَلِيمٌ ۝ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝ (تغابن ۶۴: ۱۸)

ترجمہ)......اگر تم اللہ جل شانہٗ کو اچھی طرح (یعنی خلاص سے) قرض دو گے تو وہ اس کو تمہارے لئے بڑھاتا چلا جائے گا اور تمہارے گناہ بخش دے گا اور اللہ جل شانہٗ بڑی قدر کرنے والا ہے (کہ تھوڑے سے عمل کو بھی قبول کر لیتا ہے) اور بڑا بردبار ہے (کہ بڑے سے بڑے گناہ پر بھی مواخذہ میں جاری نہیں کرتا) پوشیدہ اور ظاہر اعمال کا جاننے والا ہے زبردست ہے حکمت والا ہے۔

فائدہ: آیات میں ۲۵، ۲۶، ۲۷ پر اس قسم کے مضامین گزر چکے ہیں یہ اللہ جل شانہٗ کا خاص لطف و کرم ہے کہ ہماری خیر خواہی اور بندوں پر کرم کی وجہ سے جو چیزیں ان کے لئے اہم اور ضروری ہیں ان کو بار بار تاکید کے ساتھ فرمایا جاتا ہے اور ہم لوگ ان آیات کو بار بار پڑھتے ہیں۔ اور مطمئن ہو جاتے ہیں کہ بہت ثواب قرآن پاک کے پڑھنے کا مل گیا یہ کریم کا احسان اور انعام

❶ بخاری ❷ نور ع ۵ ❸ در منثور۔

ہے کہ وہ اپنے کلام کے محض پڑھنے پر بھی ثواب عطا فرمائے لیکن یہ پاک کلام محض پڑھنے کے لئے تو نازل نہیں ہوا پڑھنے کے ساتھ ساتھ اس کے پاک ارشادات پر عمل بھی تو ہونا چاہیے ایک چیز کو مالک الملک، اپنا آقا، اپنا محسن، اپنا مربی، اپنا رازق اپنا خالق بار بار ارشاد فرمائے اور ہم کہیں کہ ہم نے آپکا ارشاد پڑھ لیا بس کافی ہے، یہ ہماری طرف سے کتنا سخت ظلم ہے؟۔

۳۳)......وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ط وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ط وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ٥ (مزمل ۷۳: ۲۰)

ترجمہ) اور تم لوگ نماز کو قائم رکھو اور زکوۃ دیتے رہو اور اللہ جل شانہٗ کو قرضہ حسنہ دیتے رہو اور جو نیکی بھی تم اپنے لئے ذخیرہ بنا کر آگے بھیج دو گے اس کو اللہ جل شانہٗ کے پاس جا کر اس سے بہت بہتر اور ثواب میں بڑھا ہوا پاؤ گے اور اللہ تعالیٰ سے گناہ معاف کراتے رہو بے شک اللہ جل شانہٗ مغفرت کرنے والا رحم کرنے والا ہے۔

فائدہ: اس کو اللہ جل شانہٗ کے پاس جا کر اس سے بہتر پانے کا مطلب یہ ہے کہ جو کچھ دنیا کی چیزیں خریدنے میں خرچ کیا جاتا ہے یا دنیوی ضرورتوں میں خرچ کیا جاتا ہے اور اس کا بدل دنیا میں ملتا ہے مثلاً ایک روپیہ کے دو سیر گندم دنیا میں ملتے ہیں آخرت کے بدل کو اس پر قیاس نہیں کرنا چاہیے بلکہ آخرت میں جو بدل ان چیزوں کا ملتا ہے جو اللہ کے راستے میں خرچ کی جائیں وہ مقدار کے اعتبار سے بھی اور کیفیت کے لحاظ سے بھی بدرجہا زائد اس بدل سے ہوگا جو دنیا میں اس پر ملتا ہے چنانچہ آیت نمبرے کے ذیل میں گزر چکا ہے کہ اگر طیب مال سے نیک نیتی کے ساتھ ایک کھجور بھی صدقہ کی جائے تو حق تعالیٰ اس کے ثواب کو اُحد پہاڑ کے برابر فرما دیتے ہیں کاش اس قدر زیادہ معاوضہ دینے والے کریم کی ہم قدر کرتے اور زیادہ سے زیادہ قیمت اس کے یہاں جمع کرتے تاکہ زیادہ سے زیادہ مال بڑی سخت ضرورت کے وقت ہم کو ملتا اور اس کے ساتھ ہی اس آیت شریفہ میں اللہ جل شانہٗ فرماتے ہیں کہ جس قسم کی نیکی بھی تم آگے بھیج دو گے اس کا معاوضہ ایسا ہی ملے گا رسالہ برکات ذکر میں بہت تفصیل سے ایسی روایتیں گذر چکی ہیں۔ ایک مرتبہ

"سبحان اللہ یا الحمدللہ یا لاالٰہ الا اللہ یا اللہ اکبر"

کہنے کا ثواب اللہ تعالیٰ شانہٗ کے یہاں اُحد پہاڑ سے زیادہ مل جاتا ہے بشرطیکہ اخلاص سے کہا جائے اور اخلاص کی شرط تو آخرت کے ہر کام میں ہے اخلاص کے بغیر وہاں کسی چیز کی پوچھ نہیں

اور اسی چیز کے پیدا کرنے کے واسطے بزرگوں کی جوتیاں سیدھی کرنی پڑتی ہیں کہ دولت ان کے قدموں میں پڑنے سے ملتی ہے۔

۳۴)...... اِنَّ الْاَبْرَارَ يَشْرَبُوْنَ مِنْ كَاْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوْرًا ۝ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللّٰهِ يُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِيْرًا ۝ يُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا ۝ وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا وَّ اَسِيْرًا ۝ اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا ۝ اِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا ۝ فَوَقٰهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقّٰهُمْ نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا ۝ وَجَزٰهُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً وَّحَرِيْرًا ۝ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ لَا يَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا ۝ وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلٰلُهَا وَذُلِّلَتْ قُطُوْفُهَا تَذْلِيْلًا ۝ وَيُطَافُ عَلَيْهِمْ بِاٰنِيَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّ اَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيْرَا ۝ قَوَارِيْرَا مِنْ فِضَّةٍ قَدَّرُوْهَا تَقْدِيْرًا ۝ وَيُسْقَوْنَ فِيْهَا كَاْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِيْلًا ۝ عَيْنًا فِيْهَا تُسَمّٰى سَلْسَبِيْلًا ۝ وَ يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ اِذَا رَاَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنْثُوْرًا ۝ وَاِذَا رَاَيْتَ ثَمَّ رَاَيْتَ نَعِيْمًا وَّمُلْكًا كَبِيْرًا ۝ عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ وَّاِسْتَبْرَقٌ وَّحُلُّوْا اَسَاوِرَ مِنْ فِضَّةٍ وَسَقٰهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا ۝ اِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَآءً وَّكَانَ سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا ۝ (دھر ۷۶: ۵-۲۲)

ترجمہ)...... بے شک نیک لوگ (جنت میں) ایسے جام شراب پئیں گے جن میں کافور کی آمیزش ہوگی ایسے چشموں سے بھرے جائیں گے جن سے اللہ کے خاص بندے پیتے ہیں (ان چشموں میں یہ عجیب بات ہوگی) کہ وہ جنتی لوگ ان چشموں کو جہاں چاہے لے جائیں گے (یعنی یہ چشمے ان کے اشاروں کے تابع ہوں گے) یہ ایسے لوگ ہیں جو نیتوں کو پورا کرتے ہیں (اور اسی طرح دوسرے واجبات کو) اور ایسے دن سے ڈرتے ہیں جس دن کی سختی پھیلی ہوئی ہوگی (یعنی عام ہوگی کہ ہر شخص اس دن کچھ نہ کچھ پریشانی میں مبتلا ہوگا) یہ وہ لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ کی محبت میں کھانا کھلاتے ہیں مسکین کو اور یتیم کو اور قیدی کو (باوجود کہ وہ قیدی کافر اور لڑائی میں برسر پیکار ہوتے تھے) اور وہ لوگ (اپنے دل میں یا زبان سے) کہتے ہیں کہ ہم تم کو صرف اللہ کے واسطے کھلاتے ہیں نہ تو ہم اس کام سے بدلہ چاہتے ہیں نہ اس کا شکریہ چاہتے ہیں (بلکہ اس وجہ سے کھلاتے ہیں)

کہ ہم اپنے رب کی طرف سے ایک سخت اور تلخ دن کا (یعنی قیامت کے دن کا) خوف رکھتے ہیں پس اللہ جل شانہٗ ان کو اس دن کی سختی سے محفوظ رکھے گا اور ان کو تازگی اور سرور عطا کرے گا اور ان کو اس پختگی کے بدلہ میں جنت اور ریشمی لباس عطا کرے گا اس حالت میں کہ وہ جنت میں مسہریوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے نہ وہاں گرمی کی تپش پائیں گے نہ سردی (بلکہ معتدل موسم ہوگا) اور درختوں کے سائے ان لوگوں پر جھکے ہوئے ہوں گے، اور ان کے خوشے ان کے مطیع ہوں گے (کہ جس وقت جس کو پسند کریں گے وہ قریب آجائے گا) اور ان کے پاس (کھانے پینے کے لئے) چاندی کے برتن اور شیشے کے آب خورے لائے جائیں گے ایسے شیشے جو چاندی کے ہوں گے (یعنی وہ شیشے بجائے کانچ کے چاندی کے بنے ہوئے ہوں گے جو اس عالم میں دشوار نہیں) اور ان کو بھرنے والوں نے صحیح اندازہ سے بھرا ہوگا (کہ نہ ضرورت سے کم نہ زیادہ) اور وہاں (کافوری شراب کے علاوہ) ایسی شراب کے جام بھی پلائے جائیں گے جن میں سونٹھ کی آمیزش ہوگی (جیسا کہ جھنجر کی بوتل میں ہوتا ہے) یہ ایسے چشمے سے بھرے جائیں گے جس کا نام سلسبیل ہے (کافور ٹھنڈا ہوتا ہے اور سونٹھ گرم۔ مقصد یہ ہے کہ وہاں مختلف المزاج شرابیں ہیں) اور اس کو ایسے لڑکے لے کر آتے جاتے رہیں گے جو ہمیشہ لڑکے ہی رہیں گے اور ایسے (حسین) کہ اگر تو ان کو دیکھے تو یہ گمان کرے کہ یہ موتی ہیں جو بکھرے ہوئے ہیں (اور جو چیزیں اوپر ذکر کی گئی ہیں یہی فقط نہیں بلکہ) جب تو اس جگہ کو دیکھے گا تو وہاں بڑی بڑی نعمتیں اور بہت بڑا ملک نظر آئے گا اور ان لوگوں پر وہاں باریک ریشم کے سبز کپڑے ہوں گے اور موٹے ریشم کے بھی (غرض مختلف انواع کے بہترین لباس ہوں گے) اور ہاتھوں میں چاندی کے کنگن پہنائے جائیں گے، اور حق تعالیٰ شانہٗ ان کو ایسی شراب پلائیں گے جو نہایت پاکیزہ ہوگی اور یہ کہا جائے گا کہ تمہارے اعمال کا بدلہ اور تم نے جو کوشش دنیا میں کی تھی وہ قابل قدر ہے۔

فائدہ: اس کلام پاک میں شراب کا تین جگہ ذکر آیا ہے اور تینوں جگہ نوعیت شراب اور طریقہ استعمال جدا ہے پہلی جگہ ان کا خود پینا مذکور ہے دوسری جگہ خدام کے پلانے کا ذکر ہے اور تیسری جگہ خود رب العالمین مالک الملک کی طرف پلانے کی نسبت ہے کیا بعید ہے کہ یہ ابرار کی تین قسموں ادنیٰ اوسط اعلیٰ کے اعتبار سے ہو، ان آیات میں جتنے فضائل اکرام اور اعزاز نیک کام کرنے والوں کے بالخصوص اللہ کی رضا میں کھلانے والوں کے ذکر کئے گئے ہیں اگر ہم میں ایمان کا کمال ہوا تو ان وعدوں کے بعد کون شخص ایسا ہو سکتا ہے جو حضرت صدیق اکبرؓ کی طرح کوئی چیز بھی گھر میں اللہ اور اس کے رسول پاک ﷺ کے نام کے سوا چھوڑے۔ ان آیات میں چند امور قابل غور ہیں۔

❶ پہلے چشموں کے بارے میں ذکر ہوا کہ جنتی لوگ ان چشموں کو جہاں چاہے لے جائیں گے۔ مجاہدؒ اس کی تفسیر میں کہتے ہیں کہ وہ لوگ ان چشموں کو جہاں چاہیں گے کھینچ لیں گے قتادہؓ کہتے

ہیں کہ ان کے لئے کافور کی آمیزش ہوگی اور مُشک کی مہران پر لگی ہوئی ہوگی اور وہ اس چشمے کو جدھر کو چاہیں گے ادھر کو اس کا پانی چلنے لگے گا۔ ابن شوزبؒ کہتے ہیں کہ ان لوگوں کے پاس سونے کی چھڑیاں ہوں گی وہ اپنی چھڑیوں سے جس طرف اشارہ کریں گے اسی طرف کو وہ نہریں چلنے لگیں گی۔

❷ منتوں کے پورا کرنے کے متعلق قتادہؓ سے نقل کیا گیا کہ اللہ کے تمام احکام کو پورا کرنے والے لوگ ہیں اسی وجہ سے شروع میں ان کو ابرار سے تعبیر کیا گیا مجاہدؒ کہتے ہیں کہ اس سے وہ منتیں مراد ہیں جو اللہ کے حق میں کی گئی ہوں (یعنی کوئی شخص روزوں کی نذر کر لے، اعتکاف کی نذر کر لے اسی طرح عبادات کی نذر کر لے) عکرمہ کہتے ہیں کہ شکرانہ کی منتیں مراد ہیں۔ حضرت ابن عباسؓ سے نقل کیا گیا کہ حضورﷺ کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ میں نے یہ منت مان رکھی تھی کہ میں اپنے آپ کو اللہ کے واسطے ذبح کر دوں گا۔ حضور اقدس ﷺ کسی چیز میں مشغول تھے التفات نہیں فرمایا یہ صاحب حضورﷺ کے سکوت سے اجازت سمجھے اور (حضورﷺ سے عرض کر دینے کے بعد) اٹھے دور جا کر اپنے آپ کو ذبح کرنے لگے حضورﷺ کو اس کا علم ہوا۔ حضورﷺ نے فرمایا کہ اللہ کا شکر ہے کہ اس نے میری امت میں ایسے لوگ پیدا کئے جو منت کے پورا کرنے کا اس قدر اہتمام کریں اس کے بعد (ان کو اپنے ذبح کرنے سے منع فرمایا اور) ان سے فرمایا کہ اپنی جان کے بدلہ سو اونٹ اللہ کے نام پر ذبح کریں (اس لئے کہ اپنے آپ کو ذبح کرنا ناجائز ہے اور جان کا فدیہ دیت میں سو اونٹ ہے)۔

❸ قیدیوں کو کھلانے سے آیت شریفہ میں مشرک قیدی مراد ہیں۔ اس لئے کہ اس زمانہ میں مشرک قیدی ہی ہوتے تھے مسلمان قیدی اس وقت نہیں تھے اور جب کافروں کے کھلانے پر یہ ثواب ہے تو مسلمان قیدی اس میں بطریق اولیٰ آ گئے۔ مجاہدؒ کہتے ہیں جب حضور اقدس ﷺ بدر کے قیدیوں کو (جو کافر تھے) پکڑ کر لائے تو سات حضرات صحابہؓ حضرت ابو بکرؓ، عمرؓ، علیؓ، زبیرؓ، عبدالرحمٰنؓ، سعدؓ، ابو عبیدہؓ نے ان پر سے خاص طور سے خرچ کیا جس پر انصار نے کہا کہ ہم نے تو اللہ کے واسطے ان سے قتال کیا تھا تم اتنا زیادہ خرچ کر رہے ہو اس پر اِنَّ الْاَبرار سے انیس آیتیں ان حضرات کی تعریف میں نازل ہوئیں۔ حضرت حسنؓ کہتے ہیں کہ جب یہ آیتیں نازل ہوئیں اس وقت قیدی مشرکین تھے۔ حضرت قتادہؓ کہتے ہیں کہ جب اللہ جل شانہٗ نے ان آیات میں قیدی کے ساتھ احسان کرنے کا حکم فرمایا ہے حالانکہ اس وقت قیدی مشرک تھے تو مسلمان قیدی کا حق تجھ پر اور بھی زیادہ ہو گیا ابن جریجؒ کہتے ہیں کہ اس زمانے میں مسلمان قیدی نہ تھے مشرک

قیدیوں میں یہ آیت شریفہ نازل ہوئی۔ حضور اکرم ﷺ ان کی خیر خواہی کا حکم فرماتے تھے۔ ابورزینؒ کہتے ہیں کہ میں شقیق ؓ بن سلمہ کے پاس تھا چند مشرک قیدی وہاں سے گزرے تو شقیق ؓ نے مجھے ان پر صدقہ کرنے کا حکم دیا اور آیت شریفہ تلاوت کی۔

④ نہ اس کا بدلہ چاہتے ہیں نہ اس کا شکر یہ چاہتے ہیں کا مطلب یہ ہے کہ یہ حضرات اس کو بھی گوارہ نہ کرتے تھے کہ ان کے احسان کا کوئی بدلہ چاہے شکر گزاری اور دعا ہی کے قبیل سے ہو ان کو دنیا میں ملے یہ اپنا سب کچھ آخرت ہی میں لینا چاہتے تھے۔ حضرت عائشہؓ اور حضرت ام سلمہؓ کا معمول نقل کیا گیا کہ جب وہ کسی فقیر ضرورت مند کے پاس کچھ بھیجتیں تو قاصد سے کہتیں کہ چپکے سے سننا کہ وہ اس پر کیا الفاظ کہتا ہے اور جب قاصد وہ الفاظ دعا وغیرہ کے آکر نقل کرتا تو اسی نوع کی دعائیں وہ فقیر کو دیتیں اور یہ کہتیں کہ اس کی دعاؤں کا یہ بدلہ ہے تاکہ ہمارا صدقہ خالص آخرت کے واسطے رہ جائے۔ حضرت عمر ؓ اور ان کے صاحبزادے حضرت عبداللہ ؓ کا بھی اسی نوع کا معمول نقل کیا گیا۔[1] حضرت زین العابدین ؓ کا ارشاد ہے کہ جو شخص مال خرچ کرنے کے واسطے طلب کرنے والا انتظار کرے وہ سخی نہیں ہے، سخی وہ ہے جو اللہ کے حقوق کو از خود اس کے نیک بندوں تک پہنچائے اور ان سے شکریے کا امیدوار نہ رہے اس لئے کہ اس کو اللہ کے ثواب پر کامل یقین ہو۔[2]

⑤ جنت کے خوشے ان کے مطیع ہوں گے کا مطلب یہ ہے کہ وہ ان کی خواہش کے تابع ہوں گے۔ حضرت براء بن عازب کہتے ہیں کہ جنتی لوگ جنت کے پھلوں کو کھڑے، بیٹھے، لیٹے جس حال میں چاہیں گے کھا سکیں گے مجاہد کہتے ہیں کہ وہ لوگ اگر کھڑے ہوں گے تو وہ پھل اوپر کو ہو جائیں گے اور وہ لوگ اگر بیٹھیں گے تو وہ جھک جائیں گے اور اگر وہ لیٹیں گے تو وہ اور زیادہ جھک جائیں گے۔ دوسری روایت میں ان سے نقل کیا گیا کہ جنت کی زمین چاندی کی ہے اور اس کی مٹی مشک ہے اور اس کے درختوں کی جڑیں سونے کی ہیں اور ان کی ٹہنیاں اور پتے موتیوں کے اور زبرجد کے ہیں جن کے درمیان پھل لٹکے ہوئے ہیں اگر وہ کھڑے ہوئے کھانا چاہیں گے تو وہ اس کی بقدر جھک جائیں گے۔

⑥ چاندی کے شیشوں کا مطلب یہ ہے کہ چاندی سے ایسے بنائے جائیں گے جیسا کہ شیشہ ہوتا ہے۔ حضرت ابن عباس ؓ فرماتے ہیں کہ اگر دنیا میں تو چاندی کو لے کر اس قدر باریک کرے کہ مکھی کے پر کے برابر باریک کر دے جب بھی اس کے اندر کا پانی نظر نہ آئے گا لیکن جنت کے آبخورے چاندی کے ہو کر شیشے کی طرح صاف ہوں گے دوسری روایت میں ہے کہ جنت کی ہر

---

[1]، [2] احیاء [3] در منثور۔

چیز کا نمونہ دنیا میں ہے لیکن چاندی کے ایسے آبخوروں کا نمونہ دنیا میں نہیں ہے۔ قتادہ ؓ کہتے ہیں کہ اگر ساری دنیا کے آدمی جمع ہو کر چاندی کا ایسا برتن بنا دیں جس میں شیشے کی طرح سے اندر کی چیز نظر آئے تو نہیں بنا سکتے۔ [3]

حضرت ابن عباس ؓ کی ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ آیات کا شان نزول حضرت علی ؓ اور حضرت فاطمہ ؓ کا ایک واقعہ ہے جو اسی رسالے کے ختم پر حکایات میں ۱۴ نمبر پر آرہا ہے اور متعدد واقعات کا کسی آیت کا شان نزول ہونا کوئی مستبعد بات نہیں۔ بسا اوقات ایسا ہوا ہے کہ ایک زمانے میں چند واقعات پیش آئے اس زمانہ میں کوئی آیت شریفہ نازل ہوئی تو وہ آیت شریفہ سب واقعات کے متعلق ہو سکتی ہے۔

۳۵)...... قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰىۙ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰىؕ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۙ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰىؕ (اعلیٰ ۸۷: ۱۴-۱۷)

ترجمہ)...... بامراد ہو گیا وہ شخص جو پاک ہو گیا اور رب کا نام لیتا رہا اور نماز پڑھتا رہا بلکہ تم لوگ تو دنیا کی زندگی کو مقدم رکھتے ہو حالانکہ آخرت دنیا سے بہت زیادہ بہتر اور ہمیشہ رہنے والی چیز ہے۔

فائدہ: پاک ہو گیا کی متعدد تفسیریں علماء سے نقل کی گئی ہیں بہت سے علماء کا قول ہیکہ اس سے صدقہ فطر ادا کرنا مراد ہے جیسا کہ متعدد روایات میں آیا ہے اور بہت سے علماء نے اس کو عام قرار دیا ہے۔ سعید بن جبیر ؓ کہتے ہیں کہ پاک ہو گیا کا مطلب یہ ہے کہ جو اپنے مال سے پاک ہو گیا۔ قتادہ ؓ کہتے ہیں کہ بامراد ہو گیا وہ شخص جس نے اپنے مال سے اپنے خالق کو راضی کر لیا۔ حضرت ابو الاحوص ؒ فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ شانہٗ اس شخص پر رحم فرماتا ہے جو صدقہ کرے پھر نماز پڑھے پھر انھوں نے یہ آیت پڑھی ایک روایت میں ان سے نقل کیا گیا جو شخص اس کی طاقت رکھتا ہو کہ نماز سے پہلے کچھ صدقہ کر دیا کرے وہ ایسا کیا کرے۔ حضرت ابن مسعود ؓ فرماتے ہیں کہ جو شخص نماز پڑھنے کا ارادہ کرے کیا حرج ہے کہ کچھ صدقہ اس سے پہلے کر دیا کرے۔ پھر یہ آیت شریفہ پڑھی۔ حضرت عرفجہ ؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود ؓ سے سبح اسم پڑھنے کی درخواست کی انھوں نے سنانا شروع کی اور جب اس آیت پر پہنچے بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا تو پڑھنا چھوڑ کر لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ ہم نے دنیا کو آخرت پر ترجیح دی ہے لوگ چپ بیٹھے تھے پھر فرمایا کہ ہم نے دنیا کو ترجیح دی اس لئے کہ ہم نے اس کی زینت کو، اس کی عورتوں کو، اس کے کھانے پینے کو دیکھا اور آخرت کی چیزیں ہم سے پوشیدہ تھیں۔ پس اس موجودہ چیز میں لگ گئے اور اس وعدہ کی چیز کو چھوڑ دیا قتادہ کہتے ہیں کہ تمام لوگ حاضر (یعنی دنیا میں موجود

چیز) میں لگ گئے اور اس کو اختیار کر لیا بجز ان کے جن کو اللہ نے محفوظ رکھا حالانکہ آخرت بھلائی میں بڑھی ہوئی تھی اور دیر پا تھی۔ حضرت انس ؓ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بندوں کو اللہ جل شانہ کی ناراضی سے محفوظ رکھتا ہے جب تک کہ دنیا کو دین پر ترجیح نہ دیں اور جب دنیا کو دین پر ترجیح دینے لگیں تو لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بھی ان پر لوٹا دیا جائے گا اور یہ کہا جائے گا کہ تم جھوٹ بولتے ہو۔

ایک دوسری حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد منقول ہے کہ جو شخص لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ کی شہادت لے کر آئے وہ جنت میں داخل ہوگا جب تک کہ اس کے ساتھ دوسری چیز نہ ملا دے (یعنی اپنے اس کام میں کھوٹ اور میل پیدا نہ کر دے) حضور اقدس ﷺ نے تین مرتبہ یہی بات ارشاد فرمائی۔ مجمع چپ چاپ تھا (حضور ﷺ غالباً اس کے منتظر تھے کہ کوئی پوچھے اور مجمع ادب اور رعب کی وجہ سے چپ تھا) دور سے ایک شخص نے دریافت کیا یا رسول اللہ (ﷺ) میرے ماں باپ آپ پر قربان، دوسری چیز ملانے کا کیا مطلب ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا دنیا کی محبت اور اس کو ترجیح دینا اور اس کے لئے مال جمع کر کے رکھنا اور ظالموں کا سا برتاؤ کرنا۔

ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص دنیا سے محبت رکھتا ہے وہ آخرت کو نقصان پہنچاتا ہے اور جو آخرت سے محبت رکھتا ہے وہ دنیا کو نقصان پہنچاتا ہے پس ایسی چیز کی (یعنی آخرت کی) محبت کو ترجیح دو جو باقی رہنے والی ہے اس چیز (یعنی دنیا) پر جو فنا ہونے والی ہے۔ ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ دنیا اس شخص کا گھر ہے جس کا آخرت میں گھر نہیں اور اس شخص کا مال ہے جس کا آخرت میں مال نہیں اور اس کے لئے وہی شخص جمع کرتا ہے جس کو عقل نہیں۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس کی مخلوقات میں سے کوئی چیز دنیا سے زیادہ مبغوض نہیں ہے اور اس نے جب سے اس کو پیدا کیا ہے کبھی بھی اس کی طرف نظر التفات نہیں فرمائی۔ ایک اور حدیث میں حضور اقدس ﷺ کا ارشاد وارد ہوا ہے کہ دنیا کی محبت ہر خطا کی جڑ ہے۔ ❶

رسالہ کے ختم پر چھٹی فصل میں دنیا اور آخرت کے متعلق بہت سی آیات اور احادیث کا ذکر اختصار کے ساتھ آ رہا ہے ان آیات کے علاوہ جواب تک ذکر کی گئی ہیں اور بھی بہت سی آیات میں اللہ جل شانہ کی راہ میں خرچ کرنے کی ترغیب وارد ہوئی ہے اور جس بات کو اللہ جل جلالہ نے اپنے پاک کلام میں بار بار مختلف عنوان سے متعدد طرح کی ترغیبوں سے ذکر فرمایا ہو اس کی اہمیت کا کیا

❶ درمنثور۔

پوچھنا بالخصوص جب کہ یہ سب کچھ اسی کا عطا کیا ہوا ہے۔ایک شخص کسی اپنے نوکر کو کچھ روپیہ دے کر یہ کہتا ہے کہ اس کو اپنی ضروریات میں خرچ کرلو اور میری خوشی یہ ہے کہ اس میں سے کچھ پس انداز کر کے فلاں جگہ بھی خرچ کر دینا اگر تم ایسا کرو گے تو میں اس سے بہت زیادہ دوں گا ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ ایسی حالت میں کون ایسا ہوگا جو اس میں سے پس انداز کر کے اس جگہ اس امید پر خرچ نہ کرے گا کہ اس سے بہت زیادہ ملے گا اللہ جل شانہٗ کے اتنے ارشادات کے بعد پھر احادیث کے ذکر کرنے کی ضرورت باقی نہیں رہتی لیکن چونکہ احادیث بھی اللہ جل شانہٗ کے پاک کلام کی توضیح اور تفسیر ہی ہیں اس لئے تکمیل کے طور پر چند احادیث کا ترجمہ بھی لکھا جاتا ہے۔

۱) ......عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ لو کان لی مثل احد ذهبا لسرنی ان لایمر علی ثلث لیال وعندی منه شیء الاشیء ارصده لدین (رواه البخاری ومشکوٰة)

ترجمہ)......حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے اگر میرے پاس احد کے پہاڑ کے برابر بھی سونا ہو تو مجھے یہ بات پسند نہیں کہ میرے اوپر تین دن گزر جائیں اس حال میں کہ میرے پاس اس میں سے کچھ بھی ہو بجز اس کے کہ کوئی چیز ادائے قرض کے لئے رکھ لی جائے۔

فائدہ: احد کا پہاڑ مدینہ طیبہ کا مشہور پہاڑ ہے جو بہت بڑا پہاڑ ہے حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ اگر اس کے برابر سونا میرے پاس ہو تو میری خواہش یہ ہے کہ تین دن کے اندر اندر اس سب کو تقسیم کر دوں کچھ بھی اپنے پاس نہ رکھوں تین دن کی قید نہیں ہے اس لئے ذکر فرمایا کہ اتنی بڑی مقدار کے خرچ کرنے کیلئے کچھ نہ کچھ تو وقت لگے ہی گا البتہ اگر قرض ذمہ ہو اور جس کو دینا ہے وہ اس وقت موجود نہ ہو تو اس کا ادا کرنا چونکہ صدقہ سے مقدم ہے اس لئے اس کے ادا کرنے کے لئے کچھ روکنا اور کچھ محفوظ رکھنا پڑے تو دوسری بات ہے اس حدیث شریف میں جہاں ایک جانب کثرت سے صدقہ کی ترغیب دی ہے دوسری جانب اس سے زیادہ اہمیت قرضہ کے ادا کرنے کی ثابت ہوتی ہے۔حضور اکرم ﷺ کی یہ ایک خصوصی عادت شریفہ تھی کہ ذخیرہ رکھنے کا وہاں گزر ہی نہ تھا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ جو حضور ﷺ کے مخصوص خادم، ہر وقت کے مشہور خدمت گزار ہیں فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کل کے لئے کوئی چیز ذخیرہ بنا کر نہیں رکھتے تھے۔حضرت انس رضی اللہ عنہ ہی سے دوسری حدیث میں ہے کہ حضور ﷺ کی خدمت میں ہدیہ میں کہیں سے تین پرند آئے ان میں سے ایک حضور ﷺ نے اپنے خادم کو مرحمت فرمایا دوسرے دن وہ خادم اس پرند کو لے کر حاضر ہوئے

ترغیب۔

حضور ﷺ نے فرمایا کہ میں نے تمہیں منع نہیں کر رکھا کہ کل کے واسطے کوئی چیز نہ رکھو کل کی روزی اللہ جل شانہٗ خود مرحمت فرمائیں گے۔ حضرت سمرہؓ حضور ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ میں بعض مرتبہ دو باری کو محض اس لئے دیکھنے جاتا ہوں کہ کہیں اس میں بڑی چیز نہ رہ جائے اور میری موت اس حال میں آجائے کہ وہ میرے پاس ہو۔[1]

حضرت ابوذر غفاریؓ مشہور صحابی ہیں بڑے زاہد حضرات میں تھے مال سے عداوت کے ان کے بہت سے عجیب واقعات ہیں جن میں سے ایک عجیب قصہ آیات کے ذیل میں نمبر ۱۱ پر گزر چکا ہے ان سے بھی یہ حدیث نقل کی گئی ہے کہتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ حضور ﷺ کے ساتھ تھا حضور ﷺ نے احد پہاڑ کو دیکھ کر یہ فرمایا کہ اگر یہ پہاڑ سونے کا بن جائے تو مجھے یہ پسند نہیں کہ اس میں سے ایک دینار بھی میرے پاس تین دن سے زیادہ ٹھہرے مگر وہ دینار جس کو میں قرض کے ادا کرنے کے لئے محفوظ رکھوں پھر حضور ﷺ نے فرمایا کہ بہت زیادہ مال والے ہی اکثر کم ثواب والے ہیں مگر وہ شخص جو اس طرح اس طرح کرے حدیث نقل کرنے والے نے اس طرح اس طرح کی صورت دونوں ہاتھ ملا کر دائیں بائیں جانب کر کے بتائی یعنی دونوں ہاتھ بھر کر دائیں طرف والے کو دے دے اور بائیں طرف والے کو یعنی ہر شخص کو خوب تقسیم کرے۔[1]

انہیں حضرت کا ایک اور قصہ مشکوٰۃ شریف میں آیا ہے کہ یہ حضرت عثمانؓ کے زمانہ خلافت میں ان کی خدمت میں حاضر تھے۔ حضرت عثمانؓ نے حضرت کعبؓ سے کہا کہ حضرت عبدالرحمٰنؓ کا انتقال ہو گیا اور انھوں نے ترکہ میں مال چھوڑا ہے تمہارا کیا خیال ہے کچھ نامناسب تو نہیں ہوا؟ کعبؓ نے فرمایا اگر وہ اس مال میں اللہ کے حقوق کو ادا کرتے رہے ہوں تو پھر کیا مضائقہ ہے۔ حضرت ابوذرؓ کے ہاتھ میں ایک لکڑی تھی اس سے حضرت کعبؓ کو مارنا شروع کر دیا کہ میں نے خود حضور اقدس ﷺ سے سنا ہے کہ اگر یہ پہاڑ سونے کا ہو جائے اور میں اس کو سب کو خرچ کر دوں اور وہ قبول ہو جائے تو مجھے یہ پسند نہیں کہ میں اس میں سے چھ اوقیہ بھی اپنے بعد چھوڑوں اس کے بعد ابوذرؓ نے حضرت عثمانؓ سے کہا کہ میں تمہیں قسم دے کر پوچھتا ہوں کیا حضور ﷺ سے تم نے یہ حدیث تین مرتبہ سنی ہے؟ حضرت عثمانؓ نے کہا کہ بے شک سنی ہے۔ ان کا ایک اور قصہ بخاری شریف وغیرہ میں آیا ہے۔

احنف بن قیسؓ کہتے ہیں کہ میں مدینہ منورہ میں قریش کی ایک جماعت کے پاس بیٹھا تھا ایک صاحب تشریف لائے جن کے بال سخت تھے (یعنی تیل وغیرہ لگا ہوا نہیں تھا) کپڑے بھی

---

[1] بخاری۔

موٹے تھے ہیئت بھی ایسی ہی تھی یعنی بہت معمولی سی۔ اس مجمع کے پاس کھڑے ہوکر اول سلام کیا پھر فرمایا کہ خزانہ جمع کرنے والوں کو خوشخبری دو اس پتھر کی جو جہنم کی آگ سے تپایا جائے گا پھر وہ ان کے پستان پر رکھ دیا جائے گا جس کی شدت سے اور گرمی سے گوشت وغیرہ پک کر مونڈھے کے اوپر سے ابلنے لگے گا اور پھر وہ پتھر مونڈھے پر رکھا جائے گا تو وہ سب کچھ پستان سے بہنے لگے گا یہ کہہ کر وہ مسجد کے ایک ستون کے پاس جا کر بیٹھ گئے احنف رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں ان کو جانتا نہ تھا کہ یہ کون بزرگ ہیں میں ان کی بات سن کر ان کے پیچھے پیچھے چل دیا اور اسی ستون کے پاس بیٹھ گیا اور میں نے عرض کیا کہ اس مجمع والوں نے آپ کی بات کی طرف کچھ توجہ نہیں کی بلکہ اس گفتگو کو ناپسند سمجھا وہ فرمانے لگے یہ بے وقوف ہیں، کچھ سمجھتے نہیں ہیں مجھ سے میرے محبوب ﷺ نے کہا ہے۔ احنف رضی اللہ عنہ نے پوچھا کہ آپ کے محبوب کون ہیں؟ کہنے لگے کہ حضور اقدس ﷺ، اے ابوذر (رضی اللہ عنہ) تم احد کا پہاڑ دیکھتے ہو میں یہ سمجھا کہ کسی جگہ کام کو بھیجنا مقصود ہے اس لئے یہ دکھلانا ہے کہ کتنا دن باقی ہے میں نے کہا جی ہاں دیکھ رہا ہوں۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اگر میرے پاس اس پہاڑ کے برابر سونا ہو تو میرا دل چاہتا ہے کہ اس کو سارے کو خرچ کر دوں مگر تین دینار (جن کا بیان اور روایات میں ہے) اس کے بعد ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا لیکن یہ لوگ سمجھتے نہیں دنیا کو جمع کرتے جاتے ہیں اور مجھے خدا کی قسم نہ تو ان سے دنیا کی طلب نہ دین کا استفتا کرنا ہے (پھر میں کیوں دبوں مجھے تو صاف صاف کہنا ہے[1]) حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کا ایک واقعہ دوسری فصل کے سلسلہ آیات میں نمبر ۵ پر بھی آرہا ہے۔

۲)......عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قال قال رسول الله ﷺ مامن یوم یصبح العباد فیه الا ملکان ینزلان فیقول احدهما اللّٰهم اعط منفقا خلفا و یقول الاخر اللّٰهم اعط ممسکا تلفا۔ متفق علیه (مشکوۃ)

ترجمہ)......حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کی روزانہ صبح کے وقت دو فرشتے (آسمان سے) اترتے ہیں ایک دعا کرتا ہے اے اللہ! خرچ کرنے والے کو بدل عطا فرما۔ دوسرا فرشتہ دعا کرتا ہے اے اللہ! روک کر رکھنے والے کا مال برباد کر۔

فائدہ: قرآن پاک کی آیات میں بھی نمبر ۲۰ پر جو آیت گزری ہے اس سے اس کی تائید ہوتی ہے جس کا مضمون یہ ہے کہ جو کچھ تم خرچ کرو گے اللہ تعالیٰ اس کا بدل عطا کرے گا اور اس جگہ اور بھی متعدد روایات اس کی تائید میں گزر چکی ہیں۔ حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد

---

[1] فتح۔

نقل کرتے ہیں کہ جب آفتاب طلوع ہوتا ہے تو اس کی دو طرف فرشتے اعلان کرتے ہیں جس کو جن وانس کے سوا سب سنتے ہیں کہ اے لوگو اپنے رب کی طرف چلو تھوڑی چیز جو کفایت کا درجہ دکھتی ہو اس زیادہ مقدار سے بہت بہتر ہے جو اللہ سے غافل کردے اور جب آفتاب غروب ہوتا ہے تو اس کے دونوں جانب دو فرشتے زور سے دعا کرتے ہیں اے اللہ! خرچ کرنے والے کو بدل عطا فرما اور روک کر رکھنے والے کے مال کو برباد کردے۔ ❶

ایک اور حدیث میں ہے کہ جب آفتاب طلوع ہوتا ہے تو اس کے دونوں جانب دو فرشتے آواز دیتے ہیں کہ یا اللہ! خرچ کرنے والے کو بدل جلدی عطا فرما اور یا اللہ روک کر رکھنے والے کے مال کو جلدی ہلاک فرما ایک اور حدیث میں ہے کہ آسمان میں دو فرشتے ہیں جن کے متعلق صرف یہی کام ہے کوئی دوسرا کام نہیں ہے ایک کہتا رہتا ہے یا اللہ خرچ کرنے والے کا بدل عطا کر دوسرا کہتا ہے روک کر رکھنے والے کو ہلاکت عطا فرما۔ ❷

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ صبح شام کی خصوصیت نہیں ان کی ہر وقت یہی دعا ہے لیکن پہلی روایت کی بناء پر معلوم ہوتا ہے کہ یہ فرشتے آفتاب طلوع ہونے کے وقت اور غروب کے وقت خاص طور سے یہ دعا کرتے ہیں اور مشاہدہ اور تجربہ بھی اس کی تائید کرتا ہے کہ مال جمع کر کے رکھنے والوں پر اکثر ایسی چیزیں مسلط ہو جاتی ہیں جن سے وہ سب ضائع ہو جاتا ہے کسی پر مقدمہ مسلط ہو جاتا ہے کسی پر آوارگی سوار ہو جاتی ہے کسی کے چور پیچھے لگ جاتے ہیں۔ حافظ ابن حجرؒ نے لکھا ہے کہ بربادی کبھی تو بعینہ اس مال کی ہوتی ہے اور کبھی صاحب مال کی یعنی وہ خود چل ہی دیتا ہے اور کبھی بربادی نیک اعمال کے ضائع ہونے سے ہوتی ہے کہ وہ اس میں پھنس کر نیک اعمال سے جاتا رہتا ہے اور اس کے بالمقابل جو خرچ کرتا ہے اس کے مال میں برکت ہوتی ہے بلکہ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص صدقہ اچھی طرح کرتا ہے حق تعالیٰ شانہٗ اس کے ترکے میں اچھی طرح نیابت کرتے ہیں۔ ❸ یعنی اس کے مرنے کے بعد بھی اس کا مال وارث برباد نہیں کرتے لغو چیزوں پر ضائع نہیں کرتے ورنہ اکثر رؤسا کے لڑکے باپ کے مال کا جو حشر کرتے ہیں وہ معلوم ہی ہے امام نوویؒ نے لکھا ہے کہ جو خرچ پسندیدہ ہے وہ وہی خرچ ہے جو نیک کاموں میں ہو اہل وعیال کے نفقہ پر ہو یا مہمانوں پر خرچ ہو یا دوسری عبادتوں میں ہو۔ قرطبیؒ کہتے ہیں کہ یہ فرض عبادت اور نفل عبادت دونوں کو شامل ہے لیکن نوافل سے رکنے والا بددعا کا مستحق نہیں ہوتا مگر یہ کہ اس کی طبیعت پر ایسا بخل مسلط ہو جائے جو واجبات میں بھی خوشی سے خرچ نہ کرے (فقط) لیکن آئندہ

---

❶ عینی بروایت احمد ❷ کنز ❸ احیاء۔

حدیث تمیم کی طرف اشارہ کرتی ہے۔

۳)......عن ابی امامة رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ یا ابن ادم ان تبذل الفضل خیر لك وان تمسكه شرلك ولاتلام علی كفاف وابدأ بمن تعول۔ (رواہ مسلم مشکوٰۃ)

ترجمہ)......حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ آدم کے بیٹے تو ضرورت سے زائد مال کو خرچ کردے یہ تیرے لئے بہتر ہے اور تو اس کو روک کر رکھے تو یہ تیرے لئے برا ہے اور بقدر کفایت روکنے پر ملامت نہیں اور خرچ کرنے میں جن کی روزی تیرے ذمہ ہے ان سے ابتداء کر (کہ ان پر خرچ کرنا دوسروں سے مقدم ہے)۔

فائدہ: اس مضمون کی تائید بھی آیات میں نمبر ۴ پر گزر چکی ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ خود ہی فرما چکے ہیں کہ جتنا زائد ہو وہ خرچ کردو۔ اس جگہ یہ حدیث شریف گزر چکی ہے اہتمام کی اور توضیح کی وجہ سے یہاں دوبارہ ذکر کی گئی حقیقت یہی ہے کہ اپنے سے جو مال زائد ہو وہ جمع کرکے رکھنے کے واسطے ہے ہی نہیں اس کے لئے بہترین بات یہی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے بینک میں جمع کردیا جائے جس کو کوئی زوال نہیں، اس پر کوئی آفت نہیں آتی اور ایسے سخت مصیبت کے وقت کام آنے والا ہے جس وقت کے مقابلہ میں یہاں کی ضرورتیں کچھ بھی نہیں ہیں اور وہاں اس وقت کمانے کا کوئی ذریعہ نہیں ہے اثاثہ صرف وہی ہوگا جو اپنے ساتھ لے گیا، دوسری چیز اس حدیث شریف میں یہ ہے کہ بقدر کفایت روکنے پر ملامت نہیں یعنی جتنی واقعی ضرورت ہو کہ اس کے بغیر گزر مشکل ہو کہ دست سوال دراز کرنا پڑے اس کو محفوظ رکھنے پر الزام نہیں ہے اور جن کی روزی اپنے ذمہ ہے اہل وعیال ہوں یا دوسرے لوگ ہوں حتیٰ کہ جانور بھی اگر محبوس کر رکھا ہے تو اس کی خبر گیری اپنے ذمہ ہے اس کو ضائع اور برباد کرنے کا گناہ اور وبال ہوتا ہے۔

حدیث پاک میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ آدمی کے گناہ کے لئے یہی بہت ہے کہ جس کی روزی اس کے ذمہ ہو اس کو ضائع کردے۔ ❶ عبداللہ بن صامت رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا کہ ان کا وظیفہ جو بیت المال میں تھا وہ ان کو ملا وہ اپنی ضروریات خریدنے کو جارہے تھے ان کی باندی ساتھ تھی جو ان کی ضرورتیں مہیا کررہی تھی اس کے پاس ضروری چیزوں کے بعد سات اشرفیاں بچ گئیں انہوں نے باندی سے فرمایا کہ ان کے پیسے لے آ (تاکہ ان کو تقسیم کر

❶ مشکوٰۃ۔

دیں) میں نے کہا کہ اگر ان اشرفیوں کو آپ ابھی رہنے دیں کہ اور ضرورتیں پیش آئیں گی۔ مہمان بھی آتے رہتے ہیں فرمایا کہ مجھ سے میرے دوست ﷺ نے یہ قرار داد کی تھی کہ جو سونا یا چاندی باندھ کر رکھا جائے گا وہ مالک پر آگ کی چنگاری ہے جب تک کہ اس کو اللہ کے راستے میں خرچ نہ کر دیا جائے۔ ❶ حضور اقدس ﷺ کی طرف سے اپنی ضرورت سے زیادہ چیز کو خرچ کر دینے کی اتنی ترغیبات وارد ہوئی ہیں کہ بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو یہ خیال ہونے لگا کہ آدمی کو ضرورت سے زیادہ چیز رکھنے کا حق ہی نہیں۔ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں جا رہے تھے کہ ایک شخص اپنی اونٹنی کو کبھی ادھر کبھی ادھر لے جاتے تھے اس پر حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص کے پاس سواری زائد ہو وہ اس کو دے دے جس کے پاس سواری نہیں اور جس کے پاس توشہ زائد ہو وہ اس کو دیدے جس کے پاس توشہ نہیں حتیٰ کہ ہمیں یہ گمان ہونے لگا کہ آدمی کا اپنی ضرورت سے زیادہ میں کوئی حق نہیں۔ ❷ ان صاحب کا اپنی اونٹنی کو ادھر ادھر پھرانا یا تو اس پر تفاخر اور بڑائی کی وجہ سے تھا تب تو حضور ﷺ کے آئندہ ارشاد کے مخاطب یہی صاحب ہیں اور حاصل یہ ہے کہ ضرورت سے زائد چیز تفاخر کے لئے نہیں ہوتی دوسروں کی اعانت کے لئے ہوتی ہے اور بعض علماء نے کہا ہے کہ یہ پھرانا اس کی ناگفتہ بہ حالت دکھانے کے واسطے صورت سوال تھا اس صورت میں حضور ﷺ کے ارشاد کے مخاطب دوسرے حضرات ہیں۔

٤)...... عن عقبة بن الحارث قال صليت وراء النبي ﷺ بالمدينة العصر نسلم ثم قام مسرعاً فتخطى رقاب الناس الى بعض حجر نسائه ففزع الناس من سرعته فخرج عليهم فرائى انهم قد عجبوا من سرعته قال ذكرت شيئاً من تبر عندنا فكرهت ان يحبسني فامرت بقسمته۔ (رواه البخاری و مشکوٰة)

ترجمہ)...... عقبہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے مدینہ طیبہ میں حضور اقدس ﷺ کے پیچھے عصر کی نماز پڑھی حضور ﷺ نے نماز کا سلام پھیرا اور تھوڑی دیر بعد اٹھ کر نہایت عجلت کے ساتھ لوگوں کے مونڈھوں پر سے گزرتے ہوئے ازواج مطہرات کے گھروں میں سے ایک گھر میں تشریف لے گئے لوگوں میں حضور ﷺ کے اس طرح تشریف لے جانے سے تشویش پیدا ہوئی کہ نہ معلوم کیا بات پیش آ گئی۔ حضور ﷺ مکان سے واپس تشریف لائے تو لوگوں کی حیرت کو محسوس فرمایا اس پر حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ مجھے سونے کا ایک ٹکڑا یاد آ گیا تھا جو گھر میں رہ گیا تھا مجھے یہ بات گراں گزری (کہ کبھی موت آ جائے اور وہ رہ جائے اور میدان حشر میں اس کی جواب

❶ ترغیب۔ ❷ ابوداؤد۔

دہی اور اس کا حساب) مجھے روک لے اس لئے اس کو جلدی بانٹ دینے کو کہہ کر آیا ہوں۔

فائدہ: اسی قصہ میں دوسری حدیث میں ہے کہ مجھے یہ بات ناپسند ہوئی کہ کہیں میں اس کو بھول جاؤں اور وہ رات کو میرے پاس رہ جائے اس سے بھی بڑھ کر ایک اور قصہ حدیث میں آیا ہے حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ حضور اقدس ﷺ کی بیماری میں حضور ﷺ کے پاس چھ سات اشرفیاں تھیں (اُسی وقت کہیں سے آ گئی ہوں گی) حضور ﷺ نے مجھے حکم فرمایا کہ ان کو جلدی بانٹ دو۔ حضور ﷺ کی بیماری کی شدت کی وجہ سے مجھے ان کو تقسیم کرنے کی مہلت نہ ملی حضور ﷺ نے دریافت فرمایا کہ وہ اشرفیاں تقسیم کر دیں میں نے عرض کیا آپ کی بیماری نے بالکل مہلت نہ دی فرمایا اُٹھا کر لاؤ۔ ان کو لے کر ہاتھ میں رکھا اور فرمایا کہ اللہ کے نبی کا کیا گمان ہے (یعنی اس کو کس قدر ندامت ہوگی) اگر وہ اس حال میں اللہ جل شانہٗ سے ملے کہ یہ اس کے پاس ہوں۔[1] ایک اور حدیث میں ہے حضرت عائشہؓ سے اسی قسم کا ایک اور قصہ نقل کیا گیا جس میں وارد ہے کہ رات ہی کو کہیں سے آ گئی تھیں حضور ﷺ کی نیند اُڑ گئی جب اخیر شب میں میں نے ان کو خرچ کر دیا جب نیند آئی[2] حضرت سہل فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس سات اشرفیاں تھیں جو حضرت عائشہؓ کے پاس رکھی تھیں حضور ﷺ نے حضرت عائشہؓ سے فرمایا کہ وہ علی ؓ کے پاس بھیج دو۔ یہ فرمانے کے بعد حضور ﷺ پر غشی طاری ہوگئی جس کی وجہ سے حضرت عائشہؓ اس میں مشغول ہوگئیں تھوڑی دیر میں افاقہ ہوا تو پھر یہی فرمایا اور پھر غشی طاری ہوگئی بار بار غشی ہو رہی تھی۔ آخر حضور ﷺ کے بار بار فرمانے پر حضرت عائشہؓ نے حضرت علی ؓ کے پاس بھیج دیں انھوں نے تقسیم فرما دیں۔ یہ قصہ تو دن میں گزرا اور شام کو کہ دوشنبہ کی رات حضور ﷺ کی زندگی کی آخری رات تھی حضرت عائشہؓ کے گھر میں چراغ میں تیل بھی نہ تھا ایک عورت کے پاس چراغ بھیجا کہ حضور ﷺ کی طبیعت زیادہ خراب ہے وصال کا وقت قریب ہے اس میں گھی ڈال دو کہ اسی کو جلالیں[3] حضرت اُم سلمہؓ سے اس قسم کا اور قصہ نقل کیا گیا وہ فرماتی ہیں کہ ایک مرتبہ حضور ﷺ تشریف لائے اور آپؐ کے چہرہ مبارک پر تغیر (گرانی) کا اثر تھا میں یہ سمجھی کہ طبیعت ناساز ہے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) آپ کے چہرے پر کچھ گرانی کا اثر ہے کیا بات ہوئی فرمایا سات دینار رات آ گئے تھے وہ بستر کے کونے پر پڑے ہیں اب تک خرچ نہیں ہوئے[4] حضور ﷺ کی خدمت میں ہدایا تو آتے ہی رہتے تھے لیکن دن ہو، رات ہو، صحت ہو، بیماری ہو، اس وقت تک طبیعت مبارک پر بوجھ رہتا تھا جب تک وہ خرچ نہ ہو جائیں۔ اور حد ہے کہ اپنے گھر میں بیماری کی شدت میں رات کو جلانے کے

---

[1] مشکوٰۃ [2] احیاء [3] ترغیب [4] عراقی احیاء۔

لئے تیل بھی نہیں لیکن سات اشرفیاں موجود ہونے پر بھی گھر کی ضرورت کا نہ حضور اقدس ﷺ کو خیال آیا نہ اُم المؤمنین حضرت عائشہؓ کو یاد آیا کہ تھوڑا سا تیل بھی منگالیں، مجھے اپنے والد صاحب نور اللہ مرقدہ کا یہ معمول دیکھنے کا بارہا موقعہ ملا کہ رات کو وہ اپنے ملک میں کوئی روپیہ پیسہ نہیں رکھنا چاہا کرتے تھے۔ قرضہ تو ہمیشہ ہی سر رہا حتیٰ کہ وصال کے وقت بھی سات آٹھ ہزار روپیہ قرض تھا اس لئے رات کو اگر روپیوں کی کوئی مقدار ہوتی تو وہ کسی قرض خواہ کے حوالے کر دیتے اور پیسے ہوتے تو وہ بچوں میں سے کسی کو دے دیتے اور فرمایا کرتے تھے میرا جی نہیں چاہتا کہ رات کو یہ گندگی میرے پاس رہے موت کا اعتبار نہیں ہے اس سے بڑھ کر میں نے حضرت اقدس قدوۃ الزاہدین شاہ عبدالرحیم صاحب رائپوری نور اللہ مرقدہٗ کے متعلق سنا ہے کہ حضرت کے پاس فتوحات کی کثرت تھی اور جب کچھ جمع ہو جاتا تو بہت اہتمام سے اس کو خیر کے مواقع میں تقسیم فرمادیا کرتے اس کے بعد پھر کہیں سے کچھ آجاتا تو چہرہ مبارک پر گرانی کے آثار ہوتے اور ارشاد فرماتے کہ یہ اور آ گیا آخر میں حضرتؒ نے اپنے پہننے کے کپڑے بھی تقسیم فرمادیئے تھے۔ اور اپنے مخصوص خادم حضرت مولانا عبدالقادر صاحب [1] زاد مجدہم سے فرمایا کہ بس اب تو تم سے کپڑا مستعار لے کر پہن لیا کروں گا۔ اللہ کے اولیاء کی شانیں اور انداز بھی عجیب ہوا کرتے ہیں۔ یہ بھی ایک ولولہ کہ جیسے آئے تھے ویسے ہی واپس جائیں، اس دنیا کے متاع کا ذخیرہ ملک میں نہ ہو۔

۵)......عن ابی هريرة رضي الله عنه قال قال رجل يا رسول الله اى الصدقة اعظم اجرًا قال ان تصدق وانت صحيح شحيح تخشى الفقر و تامل الغنى ولا تمهل حتى اذابلغت الحلقوم قلت لفلان كذاولفلان كذا وقد كان لفلان ـ متفق عليه (مشكوة)

ترجمہ)......ایک آدمی نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) کون سا صدقہ ثواب کے اعتبار سے بڑھا ہوا ہے حضور ﷺ نے فرمایا یہ کہ تو صدقہ ایسی حالت میں کرے کہ تندرست ہو، مال کی حرص دل میں ہو، اپنے فقیر ہو جانے کا ڈر ہو، اپنے مالدار ہونے کی تمنا ہو، اور صدقہ کرنے کو اس وقت تک موخر نہ کر، کہ روح حلق تک پہنچ جائے یعنی مرنے کا وقت قریب آجائے تو تو یوں کہے کہ اتنا مال فلاں (مسجد) کا اور اتنا مال فلاں (مدرسہ) کا حالانکہ اب مال فلاں (وارث) کا ہو گیا۔

فائدہ: ''فلاں (وارث) کا ہو گیا'' کا مطلب یہ ہے کہ وارث کا حق اس میں شامل ہو گیا۔ اسی لئے وصیت صرف ایک تہائی میں ہو سکتی ہے اور مرض الموت کے صدقات بھی تہائی میں ہو سکتے

---

[1] حضرت شاہ عبدالقادر صاحب رائپوریؒ نے بھی ۱۶ اگست ۱۹۶۲ء کو وصال فرمایا۔

ہیں اس سے زیادہ کا حق مرنے والے کو نہیں ہے اسی واسطے ایک اور حدیث میں حضور اقدس ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ آدمی کہتا ہے میرا مال میرا مال حالانکہ اس کا مال صرف تین چیزیں ہیں جو کھالیا یا پہن لیا، یا اللہ تعالیٰ کے خزانے میں صدقہ کر کے جمع کر دیا اس کے علاوہ جو رہ گیا وہ جانے والا ہے یعنی یہ شخص اس کو لوگوں کے لئے چھوڑنے والا ہے[1] ایک اور حدیث میں ہے کہ آدمی اپنی زندگی میں ایک درہم صدقہ کر دے وہ اس سے بہتر ہے کہ مرتے وقت سو درہم صدقہ کرے[2] اس لئے کہ واقعی مرتے وقت تو گویا دوسرے کے مال سے صدقہ کر رہا ہے کہ اب اس کا کیا رہا۔ اس کو تو بہر حال اس مال کو چھوڑ کر جانا ہے ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد نقل کیا گیا کہ جو شخص مرتے وقت صدقہ کرتا ہے اس کی مثال ایسی ہے جیسا کہ کوئی شخص جب خوب پیٹ بھر لے تو بچے ہوئے کھانے کا ہدیہ تحفہ کسی کے پاس لے کر جائے[3] حضور اقدس ﷺ نے مختلف مثالوں سے اس پر تنبیہ فرمائی کہ اصل صدقہ کا وقت تندرستی اور صحت کا ہے کہ اپنے نفس سے اصل مقابلہ اسی وقت ہے لیکن ان سب کا مطلب یہ نہیں کہ مرتے وقت کا صدقہ یا وصیت بے کار ہے۔ بہر حال ثواب اس کا بھی ہے ذخیرہ آخرت وہ بھی بنتا ہے البتہ اتنا ثواب نہیں ہوتا جتنا اپنی ضرورتوں اور راحتوں کے مقابلے میں صدقہ کرنے کا ثواب ہے حق تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد ہے۔

كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرَا ۨ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ۝ (بقرہ ۲: ۱۸۰)

”تم پر فرض کیا جاتا ہے کہ جب تم میں سے کسی کی موت آنے لگے اگر وہ مال چھوڑے تو والدین اور دوسرے رشتہ داروں کے لئے کچھ وصیت کر جائے جو معروف طریقہ پر ہو جن کو خدا کا خوف ہے ان کے ذمہ یہ ضروری چیز ہے۔“

یہ حکم جو اس آیت شریفہ میں ذکر کیا گیا ابتداء اسلام کا ہے۔ اس وقت ماں باپ کے لئے یہی وصیت فرض تھی۔ اس کے بعد جب میراث کا حکم نازل ہوا تو والدین اور جن رشتہ داروں کا حق شریعت نے معین کر دیا ان کے لئے وصیت کا حکم منسوخ ہو گیا لیکن جن رشتہ داروں کا حق شریعت نے مقرر نہیں کیا ان کے لئے ایک تہائی مال میں وصیت کا حق اب بھی ہے لیکن میراث کے حکم سے پہلے یہ فرض تھا اب فرض نہیں ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس آیت شریفہ کے حکم سے ان کو وصیت منسوخ ہو گئی۔ جو وارث بنتے ہیں اور جو وارث نہیں بنتے ان کو وصیت منسوخ نہیں ہوئی۔ قتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اس آیت شریفہ میں وصیت اب ان کے لئے

[1]، [2]، [3] مشکوٰۃ۔

رہ گئی جو وارث نہیں ہوتے خواہ وہ رشتہ دار ہوں یا نہ ہوں۔[1]

ایک حدیث میں اللہ جل شانہٗ کا ارشاد آیا ہے کہ اے آدم کے بیٹے! تو زندگی میں بخیل تھا۔ مرنے کے وقت اسراف کرنے لگا۔ دو برائیاں اکٹھی نہ کر۔ ایک زندگی میں بخل کی، دوسری مرنے کے وقت کی۔ تو اپنے رشتہ داروں کو دیکھ جو تیری میراث سے محروم ہیں اور ان کے لئے کچھ وصیت کر جا[2] آیت میں نمبر ۲ پر خود حق تعالیٰ شانہٗ کے پاک کلام میں بھی اس طرف اشارہ گزر چکا ہے کہ صدقہ اس سے افضل ہے جب کہ آدمی کو مال کی محبت ستا رہی ہو بمقابلہ اس کے کہ دل سرد ہو چکا ہو۔ ایک حدیث میں ہے کہ اللہ جل شانہٗ اس شخص سے ناراض ہوتے ہیں جو اپنی زندگی میں تو بخیل ہو اور مرنے کے وقت سخی ہو۔[3] اس لئے جو لوگ صدقات و اوقاف میں مرنے کے وقت کا انتظار کرتے ہیں یہ پسندیدہ چیز نہیں ہے۔ اول تو اسی کا علم کسی کو نہیں کہ کب اور کس طرح موت آ جائے۔ متعدد واقعات اس قسم کے قابل عبرت دیکھنے میں آئے کہ مرنے کے وقت بہت کچھ صدقات اور اوقاف کرنے کی امنگیں لوگوں میں تھیں لیکن بیماری نے ایسا گھیرا کہ مہلت ہی نہ لینے دی۔ کسی پر فالج گر گیا، کسی کی زبان بند ہوگئی، کہیں ورثاء تیماردار بیچ میں حائل ہو گئے۔ اور اگر ان سب عوارض سے بچ کر اس کی نوبت آ بھی جائے جو بہت کم آتی ہے تب بھی وہ درجہ ثواب کا تو ہوتا نہیں جو اپنی خواہشات کو نقصان پہنچا کر صدقہ کرنے کا ہے۔ البتہ اگر اپنی زندگی میں کوتاہی سے نہ کر سکا ہو تو مرنے ہی کے وقت کو غنیمت سمجھے کہ مرنے کے بعد کوئی کسی کو نہیں پوچھتا۔ سب دو چار دن رو کر بھول جاتے ہیں۔ روزانہ کے یہ مشاہدے ہیں جو کچھ لے جانا ہے خود ہی اپنے ساتھ لے جاؤ۔ کام دے گا۔

(٦)......عن ابی هریرة رضی اللہ عنہ ان رسول اللّٰه ﷺ قال قال رجل لا تصدقن بصدقة فخرج بصدقه فوضعها فی ید سارق فاصبحوا یتحدثون تصدق اللیلة علی سارق فقال اللّٰهم لك الحمد علی سارق لا تصدقن بصدقة فخرج بصدقته فوضعها فی ید زانیة فا صبحوا یتحدثون تصدق اللیلة علی زانیة فقال اللّٰهم لك الحمد علی زانیة لا تصدقن بصدقة فخرج بصدقته فوضعها فی ید غنی فاصبحوا یتحدثون تصدق اللیلة علی غنی فقال اللّٰهم لك الحمد علی سارق وزانیة وغنی فاتی فقیل له اما صدقتك علی سارق فلعله ان یستعف عن سرقته واما الزانیة فلعلها ان تستعف عن زناها واما

[1] درمنثور [2] کنز [3] ایضاً۔

الغنی فلعلہ یعتبر فینفق مما اعطاہ اللّٰہ (متفق علیہ مشکوٰۃ۔)

ترجمہ)...... بنی اسرائیل کے ایک آدمی نے اپنے دل میں کہا کہ آج رات کو چپکے سے صدقہ کروں گا چنانچہ رات کو چپکے سے ایک آدمی کے ہاتھ میں مال دے کر چلا آیا۔ صبح کو لوگوں میں آپس میں چرچا ہوا کہ رات کوئی شخص ایک چور کو صدقہ دے گیا۔ اس صدقہ کرنے والے نے کہا یا اللہ! چور پر صدقہ کرنے میں بھی تیرے ہی لئے تعریف ہے (کہ اس سے بھی زیادہ بدحال کو دیا جاتا تو ہی میں کیا کر سکتا تھا) پھر اس نے دوبارہ ٹھانی کہ آج رات کو پھر صدقہ کروں گا (کہ پہلا تو ضائع گیا) چنانچہ رات کو صدقہ کا مال لے کر نکلا اور اس کو ایک عورت کو دے آیا (یہ خیال کیا ہوگا کہ یہ تو چوری کیا کرے گی) صبح کو چرچا ہوا کہ رات کوئی شخص فلاں بدکار عورت کو صدقہ دے گیا۔ اس نے کہا یا اللہ! تیرے ہی لئے تعریف ہے زنا کرنے والی عورت پر بھی (کہ میرا مال تو اس سے بھی کم درجے کے قابل تھا) پھر تیسری مرتبہ ارادہ کیا کہ آج رات کو ضرور صدقہ کروں گا۔ چنانچہ رات کو صدقہ لے کر گیا اور اس کو ایک شخص کو دیدیا جو مالدار تھا۔ صبح کو چرچا ہوا کہ رات ایک مالدار کو صدقہ دیا گیا۔ ایک صدقہ دینے والے نے کہا یا اللہ تیرے ہی لئے تعریف ہے چور پر بھی، زنا کرنے والی عورت پر بھی، اور غنی پر بھی۔ رات کو خواب میں دیکھا کہ (تیرا صدقہ قبول ہو گیا ہے) تیرا صدقہ چور پر (اس لئے کرایا گیا) کہ شاید وہ اپنی چوری کی عادت سے توبہ کر لے اور زانیہ پر اس لئے کہ شاید وہ زنا سے توبہ کر لے (جب وہ دیکھے گی کہ بغیر منہ کالا کرائے اللہ جل شانہٗ عطا فرماتے ہیں تو اس کو غیرت آئے گی اور غنی پر اس لئے تاکہ اس کو عبرت حاصل ہو کہ اللہ کے بندے کس طرح چھپ کر صدقہ کرتے ہیں اس کی وجہ سے) شاید وہ بھی اس مال میں سے اس کو اللہ تعالیٰ نے عطا فرمایا ہے صدقہ کرنے لگے۔

فائدہ: ایک حدیث میں یہ قصہ اور طرح سے ذکر کیا گیا ہے ممکن ہے کہ وہ کوئی دوسرا قصہ ہو کہ اس قسم کے متعدد واقعات میں کوئی اشکال نہیں اور اگر وہ یہی قصہ ہے تو اس سے اس قصہ کی کچھ وضاحت ہوتی ہے۔ طاؤسؒ کہتے ہیں ایک شخص نے منت مانی کہ جو شخص سب سے پہلے اس آبادی میں نظر پڑے گا اس پر صدقہ کروں گا۔ اتفاق سے سب سے پہلے ایک عورت ملی اس کو صدقہ کا مال دے دیا۔ لوگوں نے کہا یہ تو بڑی خبیث عورت ہے اس صدقہ کرنے والے نے اس کے بعد جو شخص سب سے پہلے نظر پڑا اس کو مال دیا۔ لوگوں نے کہا یہ تو بدترین شخص ہے اس شخص نے اس کے بعد جو سب سے پہلے نظر پڑا اس پر صدقہ کیا لوگوں نے کہا یہ تو بڑا مالدار شخص ہے۔ صدقہ کرنے والے کو بڑا رنج ہوا تو اس نے خواب میں دیکھا کہ اللہ جل شانہٗ نے تیرے تینوں صدقے قبول کر لئے۔ وہ عورت فاحشہ تھی لیکن محض ناداری کی وجہ سے اس نے یہ فعل اختیار کر رکھا تھا جب سے تو نے اسے مال دیا ہے اس نے یہ برا کام چھوڑ دیا، دوسرا شخص چور تھا اور وہ بھی تنگدستی کی وجہ

سے چوری کرتا تھا تیرے مال دینے پر اس نے چوری سے علیحدگی اختیار کر لی، تیسرا شخص مال دار ہے اور کبھی صدقہ نہ کرتا تھا تیرے صدقہ کرنے سے اس کو عبرت ہوئی کہ میں اس سے زیادہ مال دار ہوں اس لئے اس سے زیادہ صدقہ کرنے کا مستحق ہوں اب اس کو صدقہ کی توفیق ہوگئی۔ (کنز) اس حدیث شریف سے یہ بات واضح ہوگئی کہ اگر صدقہ کرنے والے کی نیت اخلاص کی ہو اور اس کے باوجود وہ بے محل پہنچ جائے تو اس میں بھی اللہ جل شانہٗ کی کوئی حکمت ہوتی ہے اس سے رنجیدہ نہ ہونا چاہئے۔ آدمی کا اپنا کام یہ ہے کہ اپنی نیت اخلاص کی رکھے کہ اصل چیز اپنا ہی ارادہ اور فعل ہے اور ان صدقہ کرنے والے بزرگ کی فضیلت بھی ظاہر ہوئی کہ باوجود اپنی کوشش کے جب صدقہ بے جگہ صرف ہوگیا تو اس کی وجہ سے بددل ہو کر صدقہ کرنے کا ارادہ ترک نہیں کیا بلکہ دوبارہ سہ بارہ صدقہ کو اپنے مصرف پر خرچ کرنے کی کوشش کرتے رہے یہی وہ ان کا اخلاص اور نیک نیتی تھی جس کی برکت سے تینوں صدقے قبول بھی ہوگئے اور قبول کی بشارت بھی خواب میں ظاہر ہوگئی۔ حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ اس حدیث سے یہ بات معلوم ہوئی کہ اگر صدقہ ظاہر کے اعتبار سے اپنے محل پر خرچ نہ ہوا ہو تو اس کو دوبارہ ادا کرنا مستحب ہے اور دوبارہ ادا کرنے سے اکتانا نہیں چاہئے۔ جیسا کہ بعض بزرگوں سے منقول ہے کہ خدمت کو قطع نہ کر اگرچہ عدم قبول آثار ظاہر ہوں علامہ عینیؒ فرماتے ہیں کہ اس سے یہ بات بھی معلوم ہوئی کہ اللہ جل شانہٗ آدمی کی نیک نیتی کا بدلہ ضرور عطا فرماتے ہیں اس لئے کہ ان صدقہ کرنے والوں نے خالص اللہ تعالیٰ کے واسطے صدقہ کرنے کا ارادہ کیا تھا (اسی لئے رات کو چھپا کر دیا تھا) تو حق تعالیٰ شانہٗ نے اس کو قبول فرمایا اور بے محل خرچ ہو جانے کی وجہ سے مردود نہیں ہوا۔

۷)...... عن علی ﷺ قال قال رسول اللہ ﷺ بادروا بالصدقۃ فان البلاء لا یتخطاھا (رواہ رزین مشکوٰۃ)

ترجمہ)...... حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ صدقہ کرنے میں جلدی کیا کرو اس لئے کہ بلا صدقے کو پھاند نہیں سکتی۔

فائدہ: یعنی اگر کوئی مصیبت آنے والی ہوتی ہے تو وہ صدقہ کی وجہ سے پیچھے رہ جاتی ہے ایک ضعیف حدیث میں آیا ہے صدقہ برائی کے ستر دروازوں کو بند کرتا ہے۔ ایک حدیث میں آیا ہے حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ اپنے مالوں کی زکوٰۃ ادا کر کے پاک کرو اور بیماروں کا صدقہ سے علاج کرو اور مصیبتوں کا موجوں کی دعا سے استقبال کرو[1] کنز العمال میں کئی احادیث کے ذیل

[1] ترغیب۔

میں یہ مضمون آیا ہے کہ اپنے بیماروں کی صدقہ سے دوا کیا کرو اور تجربہ بھی اس کا شاہد ہے کہ صدقہ کی کثرت بیماری سے شفاء ہے۔ایک حدیث میں آیا ہے کہ صدقہ سے بیماروں کا علاج کیا کرو کہ صدقہ آبرو ریزیوں کو بھی ہٹاتا ہے۔اور بیماریوں کو بھی ہٹاتا ہے،اور نیکیوں میں اضافہ کرتا ہے اور عمر بڑھاتا ہے[2] ایک حدیث میں آیا ہے کہ صدقہ کرنا ستر بلاؤں کو روکتا ہے جن میں کم سے کم درجہ جذام کی اور برص کی بیماری ہے۔[3] ایک حدیث میں آیا ہے کہ اپنے تفکرات اور غموں کی تلافی صدقہ سے کیا کرو۔اس سے حق تعالیٰ شانہٗ تمہاری مضرتِ کو بھی دفع کرے گا اور تمہاری دشمن پر مدد کرے گا۔[4] ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ جب کوئی شخص کسی مسلمان کو کپڑا پہنائے جب تک پہننے والے بدن پر ایک بھی ٹکڑا اس کا رہے گا پہنانے والا اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہے گا۔ ابن ابی الجعد ؓ کہتے ہیں کہ صدقہ برائیوں کے ستر دروازے بند کرتا ہے۔[5]

ایک حدیث میں ہے کہ صبح سویرے صدقہ کر دیا کرو اس لئے بلا صدقہ سے آگے نہیں بڑھتی[6] آیت کے ذیل میں نمبر ۹ پر ابن ابی جعدؒ کی نقل سے ایک واقعہ بھی بھیڑیئے کا گزر چکا ہے اور متعدد روایات اس مضمون کی گزر چکی ہے حضرت انس ؓ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ صدقہ حق تعالیٰ شانہٗ کے غصہ کو دور کرتا ہے اور بری موت کو ہٹاتا ہے۔[7] علماء نے لکھا ہے کہ صدقہ مرنے کے وقت شیطان کے وسوسے سے محفوظ رکھتا ہے اور مرض کی شدت کی وجہ سے ناشکری کے الفاظ کہنے سے حفاظت کرتا ہے،اور ناگہانی موت کو روکتا ہے غرض حسن خاتمہ کا معین ہے۔ایک حدیث میں آیا ہے کہ صدقہ قبر کی گرمی کو دور کرتا ہے اور آدمی قیامت کے دن اپنے صدقے کے سائے میں ہوگا[8] یعنی جتنا زیادہ صدقہ کرے گا اتنا ہی زیادہ سایہ ہوگا۔حضرت معاذ ؓ نے حضور اقدس ﷺ سے عرض کیا۔مجھے ایسا عمل بتا دیجیے جو جنت میں داخل کر دے اور جہنم سے دور کر دے۔حضور ﷺ نے فرمایا تم نے بہت بڑی بات پوچھی اور بہت آسان چیز ہے جس پر اللہ جل شانہٗ آسان کر دے اور وہ یہ ہے کہ اللہ جل شانہٗ کی اخلاص سے عبادت کرو کسی کو اس کا شریک نہ بناؤ، نماز کو قائم کرو، زکوٰۃ ادا کرتے رہو، رمضان المبارک کے روزے رکھو، اور بیت اللہ کا حج کرو۔اس کے بعد حضور ﷺ نے فرمایا کہ میں تمہیں خیر کے دروازے بتاؤں یعنی (جیسے دروازوں سے آدمی خیر تک پہنچتا ہے) اور وہ یہ ہیں روزہ ڈھال ہے (یعنی جیسے ڈھال کی وجہ سے آدمی دشمن کے حملے کو روکتا رہتا ہے اسی طرح روزے کے ذریعہ شیطان کے حملوں کو روکتا ہے) اور صدقہ خطاؤں کو ایسا بجھا دیتا ہے جیسا پانی آگ کو بجھا دیتا ہے اور رات کے درمیانی حصہ میں

---

[2]،[3]،[4] کنز [5] احیاء۔[6] ترغیب [7] مشکوٰۃ [8] کنز۔

نماز (بھی ایسی ہی چیز) ہے۔ اس کے بعد حضور ﷺ نے یہ آیت شریفہ تلاوت فرمائی۔ تَتَجَافٰی جُنُوْبُھُمْ۔ یہ آیت شریفہ آیات کے ذیل میں نمبر ۱۹ پر گزر چکی ہے۔ پھر حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میں تم کو سارے کام کا سر اور اس کا ستون اور اس کی بلندی بتاؤں۔ سب کا سر تو اسلام ہے (کہ اس کے بغیر تو کوئی چیز معتبر ہی نہیں) اور اس کا ستون نماز ہے (کہ جیسے بغیر ستون کے مکان کا باقی رہنا مشکل ہے ایسے ہی بغیر نماز کے اسلام کا بقا مشکل ہے) اور اس کی بلندی جہاد ہے (یعنی جہاد سے اس کو بلندی ملتی ہے) پھر حضور ﷺ نے فرمایا کہ ان سب چیزوں کی جڑ بتاؤں (جس پر ساری بنیاد قائم ہوتی ہے) حضور ﷺ نے اپنی زبان مبارک پکڑ کر ارشاد فرمایا کہ اس کو قابو میں رکھو۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ)! کیا ہم اس پر بھی پکڑے جائیں گے جو کچھ بات چیت زبان سے کر لیتے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا تجھ کو تیری ماں روئے اے معاذ (رضی اللہ عنہ)! کیا آدمیوں کو ناک کے بل اوندے منہ جہنم میں زبان کے علاوہ اور کوئی چیز بھی ڈالتی ہے[1]؟ تجھ کو تیری ماں روئے عرب کے محاورے میں تنبیہ کے لئے بولا جاتا ہے۔ حاصل یہ ہے کہ ہم زبانوں کو قینچی کی طرح چلاتے رہتے ہیں وہ سب مجموعہ اعمال نامے میں تلے گا اور اس میں لغو اور بیہودہ ناجائز چیزیں جتنی بولتے ہیں وہ جہنم جانے کا سبب ہوتی ہیں۔

ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ آدمی اللہ جل شانہٗ کی خوشنودی کا کوئی کلمہ زبان سے نکالتا ہے جس کو وہ بولنے والا اہم بھی نہیں سمجھتا لیکن حق تعالیٰ شانہٗ اس کلمہ کی وجہ سے اس کے درجے جنت میں بلند کر دیتے ہیں۔ اور آدمی اللہ جل شانہٗ کی ناراضگی کا کلمہ زبان سے نکالتا ہے جس کو وہ کہنے والا سرسری سمجھتا ہے لیکن اس کلمہ کی وجہ سے جہنم میں پھینک دیا جاتا ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ جہنم میں اتنی دور پھینک دیا جاتا ہے جیسا کہ مشرق سے مغرب دور ہے ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ جو شخص دو چیزوں کا ذمہ لے لے کہ بے محل استعمال نہیں کرے گا ایک وہ چیز جو دو جبڑوں کے درمیان ہے (یعنی زبان) اور دوسری وہ جو دو ٹانگوں کے درمیان ہے (یعنی شرمگاہ) تو میں اس کے لئے جنت کا ضامن ہوں۔ ایک حدیث میں ہے کہ جہنم میں آدمیوں کو کثرت سے یہی دو چیزیں ڈالتی ہیں۔ ایک حدیث میں ہے کہ ایک آدمی کوئی کلمہ زبان سے نکالتا ہے اور محض اتنی غرض ہوتی ہے کہ لوگ ذرا ہنس پڑیں گے تفریح ہو گی لیکن اس کے وبال سے جہنم میں اتنی دور پھینک دیا جاتا ہے جتنی آسمان سے زمین دور ہے حضرت سفیان ثقفی رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ سے پوچھا کہ آپ کو اپنی امت پر سب سے زیادہ ڈر کس چیز کا ہے۔ حضور ﷺ نے اپنی زبان

[1] مشکوۃ۔

مبارک پکڑ کر فرمایا کہ اس کا❶ ان کے علاوہ اور بہت سی روایات میں مختلف عنوانوں سے یہ چیز وارد ہوئی ہے ہم لوگ اس سے بہت ہی غافل ہیں۔ یقیناً آدمی کو اس کا اکثر لحاظ رکھنا چاہئے کہ زبان سے جو کچھ کہہ رہا ہے اس سے اگر کوئی نفع نہ پہنچے تو کم از کم کسی آفت اور مصیبت میں تو گرفتار نہ ہو حضرت سفیان ثوریؒ مشہور امام حدیث اور فقہ ہیں فرماتے ہیں کہ مجھ سے ایک گناہ صادر ہو گیا تھا جس کی وجہ سے پانچ مہینے تک تہجد سے محروم رہا۔ کسی نے پوچھا ایسا کیا گناہ ہو گیا تھا۔ فرمایا ایک شخص رو رہا تھا میں نے اپنے دل میں یہ کہا تھا یہ شخص ریاکار ہے۔❷ یہ دل میں کہنے کی نحوست ہے ہم لوگ اس سے کہیں زیادہ سخت لفظ زبان سے لوگوں کے متعلق کہتے رہتے ہیں اور بے وجہ کہتے رہتے ہیں اور اگر اس سے مخالفت بھی ہو پھر تو اس کے اوپر بہتان باندھنے میں ذرا بھی کمی نہیں کرتے اس کے ہر ہنر کو عیب اور ہر عیب کو زیادہ وقیع بتا کر شہرت دیتے ہیں۔

۸)......عن ابی ھریرہ ﷺ قال قال رسول اللّٰہ ﷺ ما نصقت صدقة من مال و مازاداللّٰہ عبدًا بعفو الا عزاو ما تواضع احد اللّٰہ الا رفعه

(رواہ مسلم و مشکوٰۃ)

ترجمہ)......حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ صدقہ کرنا مال کو کم نہیں کرتا اور کسی خطا وار کے قصور کو معاف کر دینا معاف کرنے والے کی عزت ہی کو بڑھاتا ہے اور جو شخص اللہ جل شانہٗ کی رضا کی خاطر تواضع اختیار کرتا ہے حق تعالیٰ شانہٗ اس کو رفعت اور بلندی عطا فرماتے ہیں۔

فائدہ: اس حدیث پاک میں تین مضمون وارد ہوئے ہیں (۱) یہ کہ صدقہ دینے سے ظاہر کے اعتبار سے اگرچہ مال میں کمی معلوم ہوتی ہے لیکن حقیقت میں مال میں اس سے کمی نہیں ہوتی بلکہ اس کا بدل اور نعم البدل آخرت میں تو ملتا ہی ہے جیسا کہ اب تک کی سب آیات اور روایات سے بکثرت معلوم ہو چکا ہے۔ دنیا میں بھی اکثر اس کا بدل ملتا ہے جیسا کہ آیات میں نمبر ۱۴ پر اس کی طرف اشارہ گزر چکا ہے اور نمبر ۲۰ پر تو گویا اس کی تصریح گزر چکی ہے کہ جو کچھ تم (اللہ تعالیٰ کے راستہ میں) خرچ کرو گے اللہ جل شانہٗ اس کا بدل عطا کرے گا اور اس آیت کے ذیل میں حضور اقدس ﷺ کے متعدد ارشادات اس کی تائید میں گزر چکے ہیں اور احادیث کے ذیل میں نمبر ۲ پر حضور ﷺ کا ارشاد گزر چکا ہے کہ روزانہ دو فرشتے یہ دعا کرتے ہیں کہ اے اللہ خرچ کرنے والوں کو بدل عطا فرما اور روکنے والے کو بربادی عطا کر۔ حضرت ابو کبشہ ﷺ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تین چیزیں میں قسم کھا کر بیان کرتا ہوں اور اس کے بعد ایک بات خاص طور سے تمہیں بتاؤں گا اس کو

❶، ❷ احیاء۔

اچھی طرح محفوظ رکھنا وہ تین باتیں جن پر میں قسم کھاتا ہوں ان میں سے اول یہ ہے کہ کسی بندے کا مال صدقہ کرنے سے کم نہیں ہوتا، اور دوسری یہ ہے کہ جس شخص پر ظلم کیا جائے اور وہ اس پر صبر کرے تو حق تعالیٰ شانہٗ اس صبر کی وجہ سے اس کی عزت بڑھاتے ہیں، اور تیسری یہ ہے کہ جو شخص لوگوں سے مانگنے کا دروازہ کھولے گا حق تعالیٰ شانہٗ اس پر فقر کا دروازہ کھولتے ہیں۔ ان تین کے بعد ایک بات تمھیں بتاتا ہوں اس کو محفوظ رکھو وہ یہ ہے کہ دنیا میں چار قسم کے آدمی ہوتے ہیں۔ ایک وہ جس کو حق تعالیٰ شانہٗ نے علم بھی عطا فرمایا وہ (اپنے علم کی وجہ سے) اپنے مال میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے (کہ اس کی خلاف مرضی خرچ نہیں کرتا) بلکہ صلہ رحمی کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے لئے اس مال میں نیک عمل کرتا ہے۔ اس کے حقوق ادا کرتا ہے یہ شخص سب سے اونچے درجوں میں ہے، دوسرا وہ شخص ہے جس کو اللہ جل شانہٗ نے علم عطا فرمایا اور مال نہیں دیا اس کی نیت سچی ہے وہ تمنا کرتا ہے کہ اگر میرے پاس مال ہوتا تو میں بھی فلاں کی طرح سے (نیک کاموں) میں خرچ کرتا تو حق تعالیٰ شانہٗ اس کی نیت کی وجہ سے اس کو بھی وہی ثواب دیتا ہے جو پہلے کا ہے اور یہ دونوں ثواب میں برابر ہو جاتے ہیں تیسرے وہ شخص ہیں جن کو اللہ جل شانہٗ نے مال عطا کیا مگر علم نہیں دیا وہ اپنے مال میں گڑبڑ کرتا ہے (بے محل لہو ولعب اور شہوتوں میں خرچ کرتا ہے۔ یہ شخص (قیامت میں) خبیث ترین درجہ میں ہوگا۔ چوتھا وہ شخص ہے جس کو اللہ جل شانہٗ نے نہ مال عطا کیا، نہ علم دیا وہ تمنا کرتا ہے کہ اگر میرے پاس مال ہو تو میں بھی فلاں (یعنی ۳) کی طرح خرچ کروں تو اس کو اس کی نیت کا گناہ ہوگا اور وبال میں ۴ اور نمبر ۳ برابر ہو جائیں گے۔ ❶

حضرت ابن عباس حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ صدقہ کرنا مال کو کم نہیں کرتا اور جب کوئی شخص صدقہ کرنے کے لئے ہاتھ بڑھاتا ہے تو وہ مال فقیر کے ہاتھ میں جانے سے پہلے اللہ جل شانہٗ کے پاک ہاتھ میں جاتا ہے (یعنی قبول ہوتا ہے) اور جو شخص ایسی حالت میں دست سوال بڑھاتا ہے کہ بغیر سوال کے اس کا کام چل جاتا ہو تو حق تعالیٰ شانہٗ اس پر فقر کا دروازہ کھول دیتے ہیں ❷ حضرت قیس بن سلع انصاریؓ فرماتے ہیں کہ میرے بھائیوں نے حضور اقدس ﷺ سے میری شکایت کی کہ یہ بہت اسراف کرتا ہے اور اپنے مال کو بے جا خرچ کرتا ہے۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) میں باغ میں سے اپنا حصہ لے لیتا ہوں اور اللہ تعالیٰ کے راستے میں بھی خرچ کرتا ہوں اور جو مجھ سے ملنے آتے ہیں ان کو بھی کھلاتا ہوں۔ حضور ﷺ نے میرے سینہ پر ہاتھ مار کر تین بار فرمایا کہ خرچ کیا کر اللہ جل شانہٗ تجھ پر خرچ فرمائیں گے۔ اس کے کچھ عرصہ بعد میں ایک سفر جہاد میں چلا تو میرے پاس سواری بھی اپنی تھی اور اپنے سب گھر والوں سے زیادہ

❶ مشکوٰۃ بروایۃ الترمذی وقال حدیث صحیح۔ ❷ ترغیب۔

ثروت مجھے حاصل تھی ❶ یعنی جو لوگ بڑی احتیاط کے ساتھ خرچ کرتے ہیں ان کے پاس اتنا نہ تھا جتنا مجھ بے دریغ خرچ کرنے والے کے پاس تھا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایک مرتبہ حضور اقدس ﷺ نے خطبہ میں ارشاد فرمایا اے لوگو! اللہ سے توبہ کرو قبل اس کے کہ تمہیں موت آ جائے اور نیک کاموں میں جلدی کرو اس سے پہلے کہ تم ادھر ادھر مشغول ہو جاؤ اور اپنے اور اللہ جل شانہٗ کے درمیان تعلقات کو جوڑ لو۔ اس کا ذکر کثرت سے کر کے اور مخفی اور اعلانیہ صدقہ بہت کثرت سے دے کر کہ اس کی وجہ سے تمہیں رزق دیا جائے گا تمہاری مدد کی جائے گی۔ تمہارے نقصان کی تلافی کی جائے گی۔ ❷ ایک اور حدیث میں آیا ہے صدقہ کے ذریعہ رزق پر مدد چاہو۔ دوسری حدیث میں آیا ہے کہ صدقہ کے ذریعہ سے رزق اتارو۔ ❸ ایک حدیث میں آیا ہے کہ صدقہ سے مال میں زیادتی ہوتی ہے۔ ❹

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تین چیزیں ہیں قسم ہے اس ذات پاک کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ میں ان چیزوں پر قسم کھاتا ہوں اول یہ کہ صدقہ کرنے سے مال کم نہیں ہوتا اس لئے خوب صدقہ کیا کرو، دوسرے یہ کہ جس بندے پر کوئی ظلم کیا جائے اور وہ اس کو معاف کر دے تو حق تعالیٰ شانہٗ قیامت میں اس کی عزت بڑھاتے ہیں، تیسری بات یہ ہے کہ نہیں کھولتا کوئی بندہ سوال کے دروازے کو مگر حق تعالیٰ شانہٗ اس پر فقر کا دروازہ کھول دیتے ہیں۔ ❺ حضرت ابو سلمہ رضی اللہ عنہ سے بھی حضور اقدس ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ صدقہ کرنے سے مال کم نہیں ہوتا پس صدقہ کیا کرو۔ ❻ کم نہ ہونے کا مطلب بظاہر یہی ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ اس کا نعم البدل بہت جلد ظاہر فرماتے ہیں۔ حضرت حبیب عجمی رحمہ اللہ مشہور بزرگ ہیں ان کی بیوی ایک مرتبہ آٹا گوندھ کر برابر کے گھر سے آگ لینے گئیں پیچھے کوئی سائل آ گیا حضرت حبیب رحمہ اللہ نے وہ آٹا اس سائل کو دے دیا۔ یہ جب آگ لے کر آئیں تو آٹا ندارد خاوند سے پوچھا آٹا کیا ہوا؟ وہ کہنے لگے کہ وہ روٹی پکنے گیا ہے ان کو یقین نہ آیا، اصرار کرنے لگیں۔ انھوں نے فرمایا کہ وہ تو میں نے صدقہ کر دیا۔ کہنے لگیں سبحان اللہ! تم نے اتنا بھی نہ خیال کیا کہ اتنا ہی آٹا تھا اب سب کیا کھائیں گے آخر ہمارے لئے تو کچھ چاہیے تھا وہ کہہ ہی رہی تھیں کہ ایک آدمی بڑے پیالے میں گوشت اور روٹیاں لے کر حاضر ہوا کہنے لگیں کیسے جلدی پکا لائے اور سالن اضافے میں لائے۔ (روض) اس قسم کے واقعات کثرت سے پیش آتے ہیں مگر ہم چونکہ حق تعالیٰ شانہٗ کے ساتھ تعلق نہیں رکھتے اس لئے غور بھی نہیں کرتے کہ نعمت کس چیز کے بدلے میں ملی۔ ایسی چیزوں کو سمجھتے ہیں کہ

❶، ❷ ترغیب، ❸، ❹ کنز ❺ ترغیب ❻ در منثور۔

اتفاقاً فلاں چیز مل گئی ورنہ کیا ہوتا حالانکہ وہ چیز آئی ہی ہے خرچ کرنے کی وجہ سے۔

۹)......عن ابی هریره رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال بینا رجل بفلاة من الارض فسمع صوتا فی سحابة اسق حديقة فلان فتنحى ذلك السحاب فافرغ ماءه فی حرة فاذا شرجة من تلك الشراج قد استوعبت ذلك الماء كله فتتبع الماء فاذارجل قائم فی حديقته يحول الماء بمسحاته فقال له ياعبدالله مااسمك قال فلان الاسم الذى سمع فى السحابة فقال له ياعبدالله لم تسالنى عن اسمى فقال انى سمعت صوتافى السحاب الذى هذاماءه ويقول اسق حديقة فلان لاسمك فماتصنع فيها قال امااذاقلت هذافانى انظر الى ما يخرج منهافاتصدق بثلثه وآكل اناوعيالى ثلثه وارد فيها ثلثه۔ رواہ مسلم(مشکوٰۃ)

ترجمہ)......حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک شخص ایک جنگل میں تھا اس نے ایک بادل میں سے یہ آواز سنی کہ فلاں شخص کے باغ کو پانی دے اس آواز کے بعد فوراً وہ بادل ایک طرف چلا اور ایک پتھریلی زمین میں خوب پانی برسا اور وہ سارا پانی ایک نالے میں جمع ہو کر چلنے لگا یہ شخص جس نے آواز سنی تھی اس پانی کے پیچھے چل دیا وہ پانی ایک جگہ پہنچا جہاں ایک شخص کھڑا ہوا بیلچہ سے اپنے باغ میں پانی پھیر رہا تھا۔ اس نے باغ والے سے پوچھا کہ تمہارا کیا نام ہے۔ انھوں نے وہی نام بتایا جو اس نے بادل سے سنا تھا پھر باغ والے نے اس سے پوچھا کہ تم نے میرا نام کیوں دریافت کیا اس نے کہا کہ میں نے اس بادل میں جس کا پانی یہ آرہا ہے یہ آواز سنی تھی کہ فلاں شخص کے باغ کو پانی دے اور تمہارا نام بادل میں سنا تھا تم اس باغ میں کیا ایسا کام کرتے ہو؟ (جس کی وجہ سے بادل کو یہ حکم ہوا کہ اس کے باغ کو پانی دو) باغ والے نے کہا کہ جب تم نے یہ سب کہا تو مجھے بھی کہنا پڑا میں اس کے اندر جو کچھ پیدا ہوتا ہے اس کو (تین حصے کرتا ہوں) ایک حصہ یعنی تہائی تو فوراً اللہ تعالیٰ کے راستے میں صدقہ کر دیتا ہوں اور ایک تہائی میں اور میرے اہل وعیال کھاتے ہیں اور ایک تہائی اسی باغ کی ضروریات میں لگا دیتا ہوں۔

فائدہ: کس قدر برکت ہے اللہ تعالیٰ کے نام پر صرف ایک تہائی آمدنی کے خرچ کرنے کی۔ کہ پردہ غیب سے ان کے باغ کی پرورش کے سامان ہوتے ہیں اور کھلی مثال ہے اس مضمون کی جو پہلی حدیث میں گزرا کہ صدقہ کرنے سے مال کم نہیں ہوتا کہ باغ کی ایک تہائی پیداوار صدقہ کی تھی اور تمام باغ کے دوبارہ پھل لانے کے انتظامات ہو رہے ہیں۔ اس حدیث شریف سے ایک بہترین سبق اور بھی حاصل ہوتا ہے وہ یہ کہ آدمی کو اپنی آمدنی کا کچھ حصہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرنے کے لئے متعین کر لینا زیادہ مفید ہے اور تجربہ بھی یہی ہے کہ اگر آدمی یہ طے کر لے کہ

اتنی مقدار اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرنی ہے تو پھر خیر کے مصارف اور خرچ کرنے کے مواقع بہت ملتے رہتے ہیں اور اگر یہ خیال کرے کہ جب کوئی کارِ خیر ہوگا اس وقت دیکھا جائے گا۔ اول تو کارِ خیر ایسی حالت میں بہت کم سمجھ میں آتے ہیں اور ہر موقع پر نفس اور شیطان یہی خیال دل میں ڈالتے ہیں کہ یہ کوئی ضروری خرچ تو ہے نہیں اور اگر کوئی بہت ہی اہم کام ایسا بھی ہو جس میں خرچ کرنا کھلی خیر ہے تو اکثر موجود نہیں ہوتا اور موجودگی میں بھی اپنی ضروریات سامنے آکر کم سے کم خرچ کرنے کو دل چاہتا ہے اور اگر مہینے کے شروع ہی میں تنخواہ ملنے پر ایک حصہ علیحدہ کر کے رکھ دیا جائے یا روزانہ تجارت کی آمدنی میں سے صندوقچی کا ایک حصہ علیحدہ کر کے اس میں متعینہ مقدار ڈال دی جایا کرے کہ یہ صرف اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرنا ہے۔ تو پھر خرچ کے وقت دل تنگی نہیں ہوتی کہ اس کو بہر حال وہ مقدار خرچ کرنا ہی ہے بڑا مجرب نسخہ ہے جس کا دل چاہے کچھ روز تجربہ کر کے دیکھ لے۔

ابو وائل ﷺ کہتے ہیں کہ مجھ کو حضرت عبداللہ بن مسعود ﷺ نے قریظہ کی طرف بھیجا اور یہ ارشاد فرمایا کہ میں وہاں جا کر وہی عمل اختیار کروں جو بنی اسرائیل کا ایک نیک مرد کرتا تھا کہ ایک تہائی صدقہ کر دوں اور ایک تہائی اس میں چھوڑ دوں، اور ایک تہائی ان کے پاس لے آؤں۔[1] اس سے معلوم ہوتا ہے کہ صحابۂ کرام بھی اس نسخہ پر عمل فرماتے تھے۔

۱۰)......عن ابی هريرة ﷺ قال قال رسول الله ﷺ غفر لامراة مومسة مرت بكلب على راس ركي يلهث كاديقتله العطش فنزعت خفها فاوثقته بخمارها فنزعت له من الماء فغفرلها بذلك قيل ان لنا في البهائم اجرًا قال في كل ذات كبد رطبة اجر۔ (متفق عليه مشكوٰة۔)

ترجمہ)......حضورِ اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ ایک فاحشہ عورت (رنڈی) کی اتنی بات پر بخشش کر دی گئی کہ وہ چلی جارہی تھی اس نے ایک کنویں پر دیکھا کہ ایک کتا کھڑا ہوا ہے جس کی زبان پیاس کی شدت کی وجہ سے باہر نکلی پڑی ہے اور وہ مرنے کو ہے اس عورت نے اپنے پاؤں کا (چمڑے کا) موزہ نکالا اور اس کو اپنی اوڑھنی میں باندھ کر کنویں میں سے پانی نکالا اور اس کتے کو پلایا۔ حضورِ اقدس ﷺ سے کسی نے پوچھا کیا ہم لوگوں کو جانوروں کے صلہ میں بھی ثواب ملتا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا ہر جگر رکھنے والے (یعنی جاندار پر) احسان کرنے میں ثواب ہے (مسلمان ہو یا کافر آدمی ہو یا جانور)

[1] کنز۔

فائدہ: یہ قصہ بنی اسرائیل کی ایک رنڈی کا ہے جیسا کہ بعض روایات میں اس کی تصریح ہے ❶ بخاری شریف وغیرہ میں ایک اور قصہ اسی قسم کا ایک مرد کا آیا ہے۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ایک شخص جنگل میں چلا جا رہا تھا اس کو پیاس کی شدت نے بہت پریشان کیا۔ وہ ایک کنویں میں اترا اور جب پانی پی کر باہر نکلا تو اس نے دیکھا کہ ایک کتا پیاس سے بے تاب ہے اور پیاس کی شدت سے گارے میں منہ مار رہا ہے۔ اس کو خیال ہوا کہ اس کو بھی پیاس کی وہی تکلیف ہو رہی ہے جو مجھے تھی۔ کوئی چیز پانی نکالنے کی نہ تھی اس لئے اپنے پاؤں کا موزہ نکالا اور دوبارہ کنویں میں اتر کر اس کو بھرا اور موزے کو منہ میں پکڑ کر دونوں ہاتھوں کی مدد سے اوپر چڑھا اور وہ پانی اس کتے کو پلایا۔ حق تعالیٰ شانہٗ نے اس کے کارنامے کی قدر فرمائی اور اس شخص کی مغفرت فرما دی۔

صحابہ ؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) جانوروں میں بھی اجر ہوتا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا ہر جگر رکھنے والے (یعنی جاندار) میں اجر ہے۔ ❷ ایک حدیث میں ہے ہر گرم جگر والے میں اجر ہے ❸ موزے میں پانی بھرنے کا مطلب یہ ہے کہ عرب میں چمڑے کے موزوں کا عام رواج ہے اور ان میں پانی بھرنے سے کم گرتا ہے اور منہ سے پکڑنے کی ضرورت اس لئے پیش آئی کہ جنگل کے کنوؤں میں عام طور سے کچھ اینٹیں وغیرہ اس طرح باہر کو نکال دیتے ہیں کہ جن کی مدد سے آدمی اگر اس کے پاس ڈول رسی نہ ہو تو نیچے اتر سکتا ہے لیکن اترنے چڑھنے کے لئے ہاتھوں سے مدد لینے کی ضرورت ضرور پیش آیا کرتی ہے اس لئے موزوں کو منہ سے سنبھالنا پڑا۔ رسالہ کے ختم پر حکایات کے ذیل میں نمبر ۴۷ پر ایک ظالم کا قصہ بھی ایسا ہی ہے جس نے ایک خارشی کتے کو پناہ دی تھی، اس کی وہی بات پسند آ گئی۔

ان دونوں حدیثوں میں کتے جیسے ذلیل جانور پر احسان کرنے کا جب یہ بدلہ ہے تو آدمی جو اشرف المخلوقات ہے اس پر احسان کرنے کا کیا کچھ بدلہ ہوگا۔ بعض علماء نے لکھا ہے کہ ایسے جانور جن کو مارنا مستحب ہے جیسے کہ سانپ، بچھو وغیرہ اس سے مستثنیٰ ہیں لیکن دوسرے اہل علم حضرات فرماتے ہیں کہ ان کے مارنے کے حکم کا یہ مطلب نہیں کہ اگر ان کا پیاسہ ہونا معلوم ہو جائے تو ان کو پانی نہ پلایا جائے اس لئے کہ ہم مسلمانوں کو یہ حکم ہے کہ جس کو کسی وجہ سے قتل کیا جائے اس میں بہتری کی رعایت رکھی جائے اسی وجہ سے جس کو قتل کرنا ضروری ہے اس کے بھی ہاتھ پاؤں وغیرہ کاٹنے کی ممانعت ہے ❹ ان دونوں حدیثوں سے اور ان کے علاوہ اور بھی بہت سی احادیث سے ایک لطیف چیز یہ بھی معلوم ہوئی کہ حق تعالیٰ شانہٗ کو کسی شخص کا کوئی ایک عمل بھی اگر پسند آ جائے تو اس

❶ کنز ❷ بخاری ❸ کنز ❹ فتح۔

کی برکت سے عمر بھر کے گناہ بخش دیتے ہیں۔اس کے لطف و کرم کے مقابل میں یہ کوئی بھی چیز نہیں ہے البتہ قبول ہو جانے اور پسند آجانے کی بات ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ ہر گناہگار کے سارے گناہ پانی پلانے سے یا کسی ایک نیکی سے بخش دیئے جائیں، ہاں کوئی چیز کسی کی قبول ہو جائے تو کوئی مانع نہیں اس لئے آدمی کو نہایت اخلاص سے کوشش کرتے رہنا چاہیئے۔ اللہ جانے کون سا عمل وہاں پسند آجائے پھر بیڑا پار ہے۔ بڑی چیز اخلاص ہے یعنی خالص اللہ تعالیٰ کے لئے کوئی کام کرنا جس میں دنیا کی کوئی غرض شامل نہ ہو، نہ اس سے دنیا کمانا مقصود ہو، نہ شہرت وجاہت مطلوب ہو۔ان میں سے کوئی چیز شامل ہو جاتی ہے تو وہ سارا کیا کرایا برباد کر دیتی ہے اور محض اس کے لئے کوئی کام ہو تو معمولی سے معمولی کام بھی پہاڑوں سے وزن میں بڑھ جاتا ہے حضرت لقمان علیہ السلام نے اپنے صاحبزادے کو نصیحت کی کہ جب تجھ سے کوئی گناہ صادر ہو جائے تو صدقہ کیا کر [1] اس لئے کہ یہ گناہ کو دھوتا ہے اللہ جل شانہٗ کے غصہ کو دور کرتا ہے۔

(۱۱)......عن علی رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ ان فی الجنة لغرفا یری ظهورها من بطونها و بطونها من ظهورها قالوا لمن هی قال لمن اطاب الکلام و اطعم الطعام و ادام الصیام و صلی باللیل و الناس نیام اخرجه ابن ابی شیبة و الترمذی و غیرهما کذا فی الدار۔

ترجمہ)......حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ جنت میں ایسے بالاخانے ہیں جو (گویا آئینوں کے بنے ہوئے ہیں کہ) ان کے اندر کی سب چیزیں باہر سے نظر آتی ہیں اور ان کے اندر سے باہر کی سب چیزیں نظر آتی ہیں۔ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! (ﷺ) یہ کن لوگوں کے لئے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا جو اچھی طرح بات کریں (یعنی ترشروئی سے چڑھا کر بات نہ کریں) اور لوگوں کو کھانا کھلائیں، اور ہمیشہ روزہ رکھیں، اور ایسے وقت میں رات کو تہجد پڑیں کہ لوگ سو رہے ہوں۔

فائدہ: حضرت عبداللہ بن سلام جو اس وقت تک مسلمان نہیں ہوئے تھے، یہودی تھے۔ کہتے ہیں کہ جب حضور اقدس ﷺ ہجرت کر کے مدینہ تشریف لائے میں خبر سنتے ہی فوراً گیا اور آپ کا چہرہ مبارک دیکھ کر میں نے کہا کہ یہ مبارک چہرہ جھوٹے شخص کا نہیں ہو سکتا۔ وہاں پہنچ کر جو سب سے پہلا ارشاد حضور ﷺ کی زبان سے نکلا وہ یہ تھا لوگو! سلام کا آپس میں رواج ڈالو، اور کھانا کھلایا کرو صلہ رحمی کیا کرو، اور رات کے وقت جب سب لوگ سوتے ہوں نماز پڑھا کرو سلامتی کے ساتھ جنت میں داخل ہو جاؤ گے [2] آیات کے ذیل میں بھی نمبر ۳۴ کی طویل آیت میں یہ مضمون گذر چکا ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ کی محبت میں کھانا کھلاتے ہیں، مسکین کو، اور یتیم کو، اور قیدی کو اور یہ

[1] فتح [2] مشکوٰۃ۔

کہتے ہیں کہ ہم تم کو محض اللہ تعالیٰ کے واسطے کھانا کھلاتے ہیں نہ ہم تم سے اس کا بدلہ چاہتے ہیں اور نہ شکریہ چاہتے ہیں۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص اپنے بھائی کو روٹی کھلائے کہ اس کا پیٹ بھر جائے اور پانی پلائے کہ پیاس جاتی رہے حق تعالیٰ شانہٗ اس کے اور جہنم کے درمیان سات خندقیں کر دیتے ہیں ہر خندق اتنی بڑی کہ سات سو سال میں طے ہو۔❶ ایک حدیث میں ہے کہ مخلوق ساری کی ساری اللہ تعالیٰ کی عیال ہے (بمنزلہ اولاد کے) پس اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ محبوب وہ ہے جو اس کی عیال کو زیادہ نفع پہنچانے والا ہو۔❷

ایک حدیث میں آیا ہے کہ ہر بھلائی صدقہ ہے اور اس میں یہ بھی داخل ہے کہ تو اپنے بھائی سے خندہ پیشانی سے پیش آئے اور اپنے ڈول میں سے پڑوسی کے برتن میں ڈال دے۔❸ اچھی طرح گفتگو کرنے کا اہم جزو یہ ہے کہ اس سے خندہ پیشانی سے بات کرے، منہ چڑھا کر ترش روئی سے بات نہ کرے ایک حدیث میں آیا ہے کہ احسان کا کوئی حصہ بھی حقیر نہیں چاہے اتنا ہی ہو کہ اپنے بھائی سے خندہ پیشانی سے پیش آئے۔ ایک حدیث میں ہے کہ کوئی شخص احسان کے کسی درجے کو بھی حقیر نہ سمجھے اور کچھ بھی نہ ہو تو کم سے کم اپنے بھائی سے خندہ پیشانی سے ہی پیش آئے۔❹

ایک حدیث میں آیا ہے تیرا اپنے بھائی سے خندہ پیشانی سے پیش آنا بھی صدقہ ہے۔ کسی کو نیکی کا حکم کرنا یا برائی سے روکنا بھی صدقہ ہے، کسی بھولے ہوئے کو راستہ بتانا بھی صدقہ ہے، راستہ سے کسی کانٹے وغیرہ تکلیف دینے والی چیز کا ہٹانا بھی صدقہ ہے، اپنے ڈول سے کسی کے برتن میں ڈال دینا بھی صدقہ ہے❺ ایک حدیث میں آیا ہے کہ قیامت کے دن جہنمی آدمی ایک صف میں کھڑے کئے جائیں گے ان پر ایک مسلم (کامل جنتی) گزرے گا اس صف میں سے ایک شخص اس سے کہے گا کہ تو میرے لئے اللہ تعالیٰ کے ہاں سفارش کر دے وہ پوچھے گا کہ تو کون ہے؟ وہ جہنمی کہے گا کہ تو مجھے نہیں پہچانتا تو نے دنیا میں ایک مرتبہ مجھ سے پانی مانگا تھا جس پر میں نے تجھے پانی پلایا تھا اس پر وہ سفارش کرے گا (اور وہ قبول ہو جائے گی) اسی طرح دوسرا شخص کہے گا کہ تو نے مجھ سے دنیا میں فلاں چیز مانگی تھی وہ میں نے تجھ کو دی تھی❻ ایک اور حدیث میں ہے جہنمیوں کی صف پر ایک جنتی کا گزر ہوگا تو ان میں سے ایک شخص اس کو آواز دے کر کہے گا کہ تم مجھے نہیں پہچانتے؟ میں وہی تو ہوں جس نے فلاں دن تمہیں پانی پلایا تھا فلاں وقت تمہیں وضو کا پانی دیا تھا❼ ایک اور حدیث میں ہے کہ قیامت کے دن جنتی اور جہنمی لوگوں کی جب صفیں لگ جائیں گی تو جہنمی صفوں میں سے ایک شخص کی نظر جنتی صفوں میں سے کسی شخص پر پڑے گی اور وہ اس کو یاد دلائے گا

❶ مشکوٰۃ ❷ کنز ❸، ❹، ❺، ❻ کنز ❼ مشکوٰۃ۔

کہ میں نے دنیا میں تیرے ساتھ فلاں احسان کیا تھا اس پر وہ جنتی شخص اس کا ہاتھ پکڑ کر حق تعالیٰ شانہٗ کی بارگاہ میں عرض کرے گا کہ یا اللہ اس کا مجھ پر فلاں احسان ہے اللہ پاک کی طرف سے ارشاد ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کے طفیل اس کو جنت میں داخل کر دیا جائے ❶ ایک حدیث میں ہے کہ فقراء کی جان پہچان کثرت سے رکھا کرو اور ان کے اوپر احسانات کیا کرو۔ ان کے پاس بڑی دولت ہے۔ کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) وہ دولت کیا ہے حضور ﷺ نے فرمایا کہ ان سے قیامت کے دن کہا جائے گا کہ جس نے تمھیں کوئی ٹکڑا کھلایا ہو، یا پانی پلایا ہو، یا کپڑا دیا ہو اس کا ہاتھ پکڑ کر جنت میں پہنچا دو۔ ایک حدیث میں ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ فقیر سے قیامت میں اس طرح معذرت کریں گے جیسا کہ آدمی آدمی سے کیا کرتا ہے اور فرمائیں گے کہ میری عزت اور جلال کی قسم میں نے دنیا کو تجھ سے اس لئے نہیں ہٹایا تھا کہ تو میرے نزدیک ذلیل تھا بلکہ اس لئے ہٹایا تھا کہ تیرے لئے آج بڑا اعزاز ہے۔ میرے بندے ان جہنمی لوگوں کی صفوں میں چلا جا جس نے تجھے میرے لئے کھانا کھلایا ہو، یا کپڑا دیا ہو، وہ تیرا ہے وہ اس حالت میں ان میں داخل ہوگا کہ یہ لوگ منہ تک پسینے میں غرق ہوں گے وہ پہچان کر ان کو جنت میں داخل کرے گا❷ ایک حدیث میں ہے کہ قیامت کے دن ایک اعلان ہوگا کہ اُمت محمدیہ کے فقراء کہاں ہیں؟ اٹھو اور لوگوں کو میدان قیامت میں سے تلاش کر لو جس شخص نے تم میں سے کسی کو میرے لئے ایک لقمہ دیا ہو، یا میرے لیے کوئی گھونٹ پانی کا دیا ہو، یا میرے لئے کوئی نیا پرانا کپڑا دیا ہو ان کے ہاتھ پکڑ کر جنت میں داخل کر دو۔ اس پر فقرائے امت اٹھیں گے اور کسی کا ہاتھ پکڑ کر کہیں گے کہ یا اللہ! اس نے مجھے کھانا کھلایا تھا، اس نے مجھے پانی پلایا تھا۔ کوئی بھی فقراء امت میں سے چھوٹا یا بڑا شخص ایسا نہ ہوگا جو ان کو جنت میں داخل نہ کرائے۔ ❸ ایک حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص کسی جاندار کو جو بھوکا ہو کھانا کھلائے حق تعالیٰ شانہٗ اس کو جنت کے بہترین کھانوں میں سے کھانا کھلائیں گے۔❹

ایک حدیث میں آیا ہے کہ جس گھر سے لوگوں کو کھانا کھلایا جاتا ہو خیر اس گھر کی طرف ایسی تیزی سے بڑھتی ہے جیسی تیزی سے چھری اونٹ کے کوہان میں چلتی ہے۔ ❺ حضرت عبداللہ بن مبارکؒ عمدہ کھجوریں دوسروں کو کھلاتے اور کہتے کہ جو شخص زیادہ کھائے گا اس کو فی کھجور ایک درہم دیا جائے گا۔ ❻ ایک حدیث میں ہے کہ قیامت کے دن اعلان کرنے والا اعلان کرے گا کہاں ہیں وہ لوگ جنہوں نے فقیروں اور مسکینوں کا اکرام کیا۔ آج تم جنت میں ایسی طرح داخل ہو جاؤ کہ نہ تم پر کسی قسم کا خوف ہے، نہ غمگین ہو۔ اور ایک اعلان کرنے والا اعلان کرے گا کہاں ہیں

❶ مشکوٰۃ ❶ کنز ❷ روض الریاحین ❸، ❹، ❺، ❻ احیاء۔

وہ لوگ جنھوں نے بیمار فقیروں اور غریبوں کی عیادت کی، آج وہ نور کے ممبروں پر بیٹھیں اور اللہ جل شانہٗ سے باتیں کریں اور دوسرے لوگ حساب کی سختی میں مبتلا ہوں گے۔ (۲) ایک حدیث میں ہے کتنی حوریں ایسی ہیں جن کا مہر ایک مٹھی بھر کھجور یا اتنی ہی مقدار کوئی اور چیز دینا ہے۔ (۳) ایک حدیث میں آیا ہے کہ بھوکے کو کھانا کھلانے سے زیادہ افضل کوئی صدقہ نہیں۔ (۴) ایک حدیث میں آیا ہے کہ مغفرت کے واجب کرنے والی چیزوں میں بھوکوں کو کھانا کھلانا ہے۔ (۵) ایک حدیث میں آیا ہے کہ اللہ جل شانہٗ کے نزدیک سب اعمال سے زیادہ محبوب کسی مسلمان کو خوش کرنا ہے یا اس پر سے غم کا ہٹانا ہے یا اس کا قرض ادا کر دینا ہے، یا بھوک کی حالت میں اس کو کھانا کھلانا ہے۔ (۶) یعنی یہ سب اعمال زیادہ پسندیدہ ہیں جو بھی ہو سکے۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ مغفرت کی واجب کرنے والی چیزوں میں کسی مسلمان کو خوشی پہنچانا ہے اس کی بھوک کو زائل کرنا اور اس کی مصیبت کو ہٹانا ہے۔ (۷) ایک حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص اپنے کسی مسلمان بھائی کی دنیاوی حاجت پوری کرتا ہے حق تعالیٰ شانہٗ اس کی بہتر حاجتیں پوری کرتے ہیں جن میں سے سب سے ہلکی چیز اس کے گناہوں کی مغفرت ہے (۸) یعنی اور حاجتیں مغفرت سے بھی بڑھ کر ہیں۔ نیز حدیث نمبر ۱۳ میں بھی اس کا بیان آ رہا ہے۔

(۱۲)..... عن اسماءؓ قالت قال رسول اللہ ﷺ انفقی ولا تحصی فیحصی اللّٰہ علیک ولا توعی فیوعی اللّٰہ علیک ارضخی ما استطعت۔ (متفق علیه کذافی المشکوٰۃ)

ترجمہ)..... حضرت اسماءؓ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے ان سے ارشاد فرمایا کہ (خوب) خرچ کر اور شمار نہ کر (اگر ایسا کرے گی) تو اللہ جل شانہٗ بھی تجھ پر شمار کرے گا اور محفوظ کر کے نہ رکھ (اگر ایسا کرے گی) تو اللہ جل شانہٗ تجھ پر محفوظ کر کے رکھے گا (یعنی کم عطا کرے گا) عطا کر جتنا بھی تجھ سے ہو سکے۔

فائدہ: حضرت اسماءؓ حضرت عائشہؓ کی ہمشیرہ ہیں۔ حضور ﷺ نے اس پاک حدیث میں کئی نوع سے خرچ کے زیادہ کرنے کی ترغیب ارشاد فرمائی اول تو خوب خرچ کرنے کا صاف صاف حکم فرمایا لیکن یہ ظاہر ہے کہ خرچ وہی پسندیدہ ہے جو شریعتِ مطہرہ کے موافق اللہ کی رضا کی چیزوں میں کیا جائے شریعت کے خلاف خرچ کرنا موجب ثواب نہیں وبال ہے۔ اس کے بعد حضور اقدس ﷺ نے شمار کرنے کی ممانعت فرمائی جو پہلے ہی مضمون کی تاکید ہے اس کے علماء نے دو مطلب ارشاد فرمائے ہیں ایک یہ کہ گننے سے مراد گن گن کے رکھنا اور جمع کرنا ہے اور مطلب یہ ہے کہ اگر تو

(۲)، (۳)، (۴)، (۵)، (۶)، (۷)، (۸) کنز۔

گن گن کر رکھے گی تو اللہ جل شانہ' کی طرف سے عطا میں بھی تنگی کی جائے گی جیسا کرنا ویسا بھرنا۔ دوسرا مطلب یہ ہے کہ فقراء کو دینے میں شمار نہ کر، تا کہ اللہ جل شانہ' کی طرف سے بدلہ اور ثواب بھی بے حساب ملے۔ اس کے بعد پھر اس مضمون کو اور زیادہ مؤکد فرمایا کہ محفوظ کر کے نہ رکھ اگر تو اپنے مال کو اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرنے کے بجائے محفوظ کر کے رکھے گی تو اللہ جل شانہ' بھی اپنی عطا اور احسان وکرم کی زیادتی کو تجھ سے روک لے گا۔ اس کے بعد اس کو اور زیادہ مؤکد کرنے کو ارشاد فرمایا کہ جتنا بھی تجھ سے ہو سکے خرچ کیا کر یعنی کم وزیادہ کی پرواہ نہ کیا کر، نہ یہ خیال کر کہ اتنی بڑی مقدار مناسب نہیں، نہ یہ سوچا کر کہ اتنی ذرا سی چیز کیا دوں، جو اپنی طاقت اور قدرت میں ہو اس کے خرچ کرنے میں دریغ نہ کیا کر۔ دوسری احادیث میں کثرت سے یہ مضمون وارد ہوا ہے کہ جہنم کی آگ سے صدقہ کے ساتھ اپنا بچاؤ اور اپنی حفاظت کرو چاہے کھجور کا ٹکڑا ہی کیوں نہ ہو کہ وہ بھی جہنم کی آگ سے حفاظت کا سبب ہے۔

بخاری شریف کی ایک اور حدیث میں ہے کہ حضرت اسماءؓ نے حضور اقدس ﷺ سے دریافت کیا کہ حضور (ﷺ) میرے پاس اپنی تو کوئی چیز اب ہے نہیں صرف وہی ہوتا ہے جو (میرا خاوند) حضرت زبیرؓ دے دیں کیا اس سے میں صدقہ کر دیا کروں حضور ﷺ نے فرمایا کہ صدقہ کیا کر اور برتن میں محفوظ کر کے نہ رکھا کر (اگر ایسا کرے گی) تو اللہ جل شانہ' بھی تجھ سے (اپنی عطا کو) محفوظ فرمالے گا۔ اس حدیث پاک میں اگر حضرت زبیرؓ کے دینے سے مراد ان کا حضرت اسماءؓ کو مالک بنا دینا ہے تب تو یہ مال حضرت اسماءؓ کا ہو گیا وہ جس طرح چاہیں اپنے مال کو خرچ کریں ان کو اختیار ہے اور اگر اس سے مراد گھر کے اخراجات کے واسطے دینا ہے تو پھر حضور ﷺ کے ارشاد مبارک کا مطلب یہ ہے کہ حضور ﷺ کو حضرت زبیرؓ کی طبیعت سے اس کا اندازہ ہو گیا ہوگا کہ ان کو صدقہ کرنے میں گرانی نہیں ہوتی اور اس کی وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے حضرت زبیرؓ کو خاص طور سے صدقہ کرنے کی ترغیب اور تاکید فرمائی تھی۔ یہ حضرات صحابہ کرامؓ حضور اقدس ﷺ کی عمومی ترغیبات پر جان ودل سے فدا ہوتے تھے اور اگر کسی شخص کو خصوصی ترغیب ونصیحت حضور ﷺ فرمادیتے تو اس کی قدردانی کا تو پوچھنا ہی کیا ہے سینکڑوں نہیں ہزاروں واقعات اس کے شاہد ہیں۔ حکایت صحابہؓ کے نویں باب میں مثال کے طور پر چند قصے اس کے لکھ چکا ہوں۔ علامہ سیوطیؒ نے درمنثور میں خود حضرت زبیرؓ سے ایک قصہ نقل کیا ہے جس میں حضور ﷺ نے ان کو خرچ کرنے کی خصوصی ترغیب دی ہے۔ حضرت زبیرؓ فرماتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور حضور ﷺ کے سامنے بیٹھا تھا کہ

حضور ﷺ نے (اہتمام اور تنبیہ کے طور پر) میرے عمامہ کا پچھلا کنارہ پکڑ کر فرمایا کہ اے زبیر! میں اللہ تعالیٰ کا قاصد ہوں تمہاری طرف سے خاص طور سے اور سب لوگوں کی طرف عام طور سے (یعنی یہ بات تمہیں اللہ جل شانہٗ کی طرف سے خاص طور سے پہنچاتا ہوں) تمہیں معلوم ہے کہ اللہ جل شانہٗ نے کیا فرمایا ہے میں نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کے رسول (ﷺ) ہی زیادہ جانتے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اللہ جل شانہٗ جب اپنے عرش پر جلوہ فرما تھا تو اللہ جل شانہٗ نے اپنے بندوں کی طرف (کرم کی) نظر فرمائی اور یہ ارشاد فرمایا کہ میرے بندو! تم میری مخلوق ہو میں تمہارا پروردگار ہوں تمہاری روزیاں میرے قبضہ میں ہیں تم اپنے آپ کو ایسی چیزوں کے اندر مشقت میں نہ ڈالو جس کا ذمہ میں نے لے رکھا ہے اپنی روزیاں مجھ سے مانگو۔ اس کے بعد حضور ﷺ نے پھر فرمایا اور بتاؤں کہ تمہارے رب نے کیا کہا؟ یہ کہا کہ اے بندے تو لوگوں پر خرچ کر میں تجھ پر خرچ کروں گا، تو لوگوں پر فراخی کر میں تجھ پر فراخی کروں گا، تو لوگوں پر خرچ میں تنگی نہ کرتا کہ میں تجھ پر تنگی نہ کروں، تو لوگوں سے (بچا کر) باندھ کر نہ رکھ تا کہ میں تجھ سے باندھ کر نہ رکھوں، تو خزانہ جمع کر کے نہ رکھ تا کہ میں تیرے (نہ دینے) پر جمع کر کے رکھ لوں، رزق کا دروازہ سات آسمانوں کے اوپر سے کھلا ہوا ہے جو عرش سے ملا ہوا ہے، وہ نہ رات کو بند ہوتا ہے، نہ دن میں اللہ جل شانہٗ اس دروازہ سے ہر شخص پر روزی اُتارتا رہتا ہے۔ اس شخص کی نیت کی بقدر، اس کے اخراجات کی بقدر اس کو عطا فرماتا ہے جو شخص زیادہ خرچ کرتا ہے اس کے لئے زیادہ اتارہ جاتا ہے جو کم خرچ کرتا ہے اس کے لئے کم کر دی جاتی ہے اور جو روک کر رکھتا ہے اس سے روک دیا جاتا ہے۔ اے زبیر! خود بھی کھاؤ دوسروں کو بھی کھلاؤ اور باندھ کر نہ رکھو کہ تم پر باندھ کر رکھ دیا جائے۔ مشقت میں (لوگوں کو) نہ ڈالو کہ تم پر مشقت ڈال دی جائے۔ اے زبیر! اللہ جل شانہٗ خرچ کرنے کو پسند کرتا ہے، سخاوت (اللہ جل شانہٗ کے ساتھ) یقین سے ہوتی ہے اور بخل شک سے پیدا ہوتا ہے۔ جو شخص (اللہ جل شانہٗ کے ساتھ کامل یقین رکھتا ہے وہ جہنم میں داخل نہ ہوگا، اور جو شک کرتا ہے وہ جنت میں داخل نہ ہوگا۔ زبیر! اللہ جل شانہٗ سخاوت کو پسند کرتا ہے چاہے کھجور کا ایک ٹکڑا ہی کیوں نہ ہو۔ اور اللہ تعالیٰ بہادری کو پسند کرتا ہے چاہے سانپ اور بچھو کے مارنے ہی میں کیوں نہ ہو۔ اے زبیر! اللہ جل شانہٗ زلزلوں (اور حوادث) کے وقت صبر کو محبوب رکھتا ہے اور شہوتوں کے غلبہ کے وقت ایسے یقین کو پسند کرتا ہے جو سب جگہ سرایت کر جائے (اور شہوت کے پورا کرنے سے روک دے) اور (دین میں) شبہات پیدا ہونے کے وقت عقل کامل کو محبوب رکھتا ہے اور حرام اور گندی چیزوں کے سامنے آنے پر تقویٰ کو پسند کرتا ہے۔ اے زبیر! بھائیوں کی تعظیم

کرو اور نیک لوگوں کی عظمت بڑھاؤ اور اچھے آدمیوں کا اعزاز کرو، پڑوسیوں کے ساتھ حسن سلوک کرو اور فاسق لوگوں کے ساتھ راستہ بھی نہ چلو۔ جو ان چیزوں کا اہتمام کرے گا جنت میں بغیر عذاب کے اور بغیر حساب کے داخل ہوگا۔ یہ اللہ تعالیٰ کی نصیحت ہے تم کو" آیات کے ذیل میں نمبر ۲۰ پر بھی اس قصہ کی طرف مختصر اشارہ گذر چکا ہے اور اس کے متعلق کلام بھی حضور ﷺ کے اس تفصیلی ارشاد کے بعد حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کی طبیعت کا جو اندازہ ہوگا وہ ظاہر ہے۔ ایسی حالت میں حضرت اسماءؓ کو ان کے مال میں سے بے دریغ خرچ کرنے کو اگر فرمایا ہو تو بے محل نہیں ہے۔ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ حضور اقدس ﷺ کے پھوپھی زاد بھائی بھی ہیں۔ اگر قرابت والوں سے تعلقات قوی ہوں تو اس قسم کے تصرفات تعلقات کی قوت اور زیادتی کا سبب ہوا کرتے ہیں۔ جن کا مشاہدہ اور تجربہ اس گئے گزرے زمانے میں بھی ہوتا رہتا ہے۔ اس سب کے علاوہ خود حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کی فیاضی کا کیا پوچھنا، صاحب اصابہ نے لکھا ہے کہ ان کے ایک ہزار غلام تھے جو ان کو خراج ادا کیا کرتے تھے لیکن ان میں سے ذرا سا بھی گھر میں نہ جاتا تھا یعنی سب کا سب صدقہ ہی ہوتا تھا۔ اسی فیاضی کا یہ ثمرہ تھا کہ انتقال کے وقت بائیس لاکھ درہم قرضہ تھا جس کا مفصل قصہ بخاری شریف میں مذکور ہے اور قرضہ کی صورت کیا تھی یہ کہ امانت دار بہت تھے محتاط بہت تھے، لوگ اپنی امانتیں رکھواتے وہ یہ ارشاد فرمادیتے کہ امانت رکھنے کی جگہ تو میرے پاس نہیں ہے مجھے قرض دے دو جب ضرورت ہو لے لینا۔ اس کو بجائے امانت کے قرض لیتے اور خرچ کر دیتے اور ایک حضرت زبیر رضی اللہ عنہ ہی کیا ان سب حضرات کا ایک ہی سا حال تھا۔ ان حضرات کے یہاں مال رکھنے کی چیز تھی ہی نہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ ایک تھیلی میں چار سو دینار (اشرفیاں) بھریں اور غلام سے فرمایا کہ یہ ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کو دے آؤ کہ اپنی ضروریات میں خرچ کرلیں اور غلام سے یہ بھی فرمادیا کہ ان کو دینے کے بعد وہیں کسی کام میں مشغول ہو جانا تا کہ دیکھو کہ وہ ان کو کیا کرتے ہیں؟ وہ غلام لے گئے اور جا کر ان کی خدمت میں پیش کر دیئے۔ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بڑی دعائیں دیں اور اپنی باندی کو بلایا اور اس کے ہاتھ سے سات فلاں کو، اور پانچ فلاں کو، اتنے اس کو، اتنے اس کو اسی مجلس میں سب ختم کر دیئے۔ غلام نے واپس آکر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو قصہ سنایا۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اتنی ہی مقدار ان کے ہاتھ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو بھیجی اور اس وقت بھی یہی کہا کہ وہاں کسی کام میں لگ جانا تا کہ یہ دیکھو کہ وہ کیا کرتے ہیں۔ انھوں نے بھی باندی کے ہاتھ اسی وقت فلاں گھر اتنے، فلاں گھر اتنے، بھیجنے شروع کر دیئے اتنے میں حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی بیوی آئیں کہ ہم بھی تو مسکین اور ضرورت مند ہیں کچھ ہمیں بھی دے

دو۔ حضرت معاذؓ نے وہ تھیلی ان کے پاس پھینک دی۔ اس میں دو باقی رہ گئی تھیں باقی سب تقسیم ہو چکی تھیں۔ غلام نے آکر حضرت عمرؓ کو قصہ سنایا۔ حضرت عمرؓ بہت خوش ہوئے اور فرمایا کہ یہ سب بھائی بھائی ہیں۔ یعنی سب ایک ہی نمونے کے ہیں۔ (ترغیب)

۱۳)......عن ابی سعیدؓ قال قال رسول اللہ ﷺ ایما مسلم کسا مسلما ثوباعلی عری کساہ اللہ من خضر الجنۃ وایمامسلم اطعم مسلماً علیٰ جوع اطعمہ اللہ من ثمار الجنۃ وایما مسلم سقی مسلمًاعلی ظماء سقاہ اللہ من الرحیق المختوم (رواہ ابوداود والترمذی کذا فی المشکوٰۃ۔)

ترجمہ)......حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص کسی مسلمان کو ننگے پن کی حالت میں کپڑا پہنائے گا حق تعالیٰ شانہٗ اس کو جنت کے سبز لباس پہنائے گا اور جو شخص کسی مسلمان کو بھوک کی حالت میں کچھ کھلائے گا حق تعالیٰ شانہٗ اس کو جنت کے پھل کھلائے گا، اور جو شخص کسی مسلمان کو پیاس کی حالت میں پانی پلائے گا اللہ جل شانہٗ اس کو ایسی شراب جنت پلائے گا جس پر مہر لگی ہوئی ہوگی۔

فائدہ: مہر لگی ہوئی شراب سے اس پاک شراب کی طرف اشارہ ہے جو قرآن پاک میں نیک لوگوں کے لئے تجویز کی گئی ہے۔ چنانچہ اللہ جل شانہٗ کا پاک ارشاد سورہ تطفیف میں ہے

اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِیْ نَعِیْمٍ ۝ عَلَی الْاَرَآئِکِ یَنْظُرُوْنَ ۝ لا تَعْرِفُ فِیْ وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِیْمِ ۝ یُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِیْقٍ مَّخْتُوْمٍ ۝ خِتٰمُهٗ مِسْكٌ ط وَفِیْ ذٰلِكَ فَلْیَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ ۝ ط

ترجمہ:۔ نیک لوگ بڑی آسائش میں ہوں گے۔ مسہریوں پر بیٹھے ہوئے (بہشت کے عجائب) دیکھتے ہوں گے۔ اے مخاطب تو ان کے چہروں میں آسائش کی بشاشت اور تراوٹ پہچانے گا ان کو پینے کے لئے خالص شراب سر بمہر جس پر مشک کی مہر ہوگی ملے گی۔ حرص کرنے والوں کو اس چیز میں حرص کرنا چاہیے یعنی حرص کرنے کی چیزیں یہ ہیں۔

مجاہدؒ کہتے ہیں کہ رحیق جنت کی شرابوں میں ایک شراب ہے جو مشک سے بنائی گئی ہے اور اس میں تسنیم کی آمیزش ہے تسنیم کا ذکر اس سورہ میں اس آیت سے آگے ہے۔ قتادہؒ کہتے ہیں کہ تسنیم جنت کی شرابوں میں سے افضل ترین شراب ہے مقربین اس کو خالص پئیں گے اور دوسرے درجے کے لوگوں کی شرابوں میں اس کی آمیزش ہوگی۔ حضرت حسن بصریؒ سے بھی نقل کیا گیا کہ رحیق ایک شراب ہے جس میں تسنیم کی آمیزش ہے۔ حدیث بالا میں جو فضیلت ارشاد فرمائی ہے وہ ننگے پن کی حالت، بھوک اور پیاس کی حالت میں کپڑا پہنانے اور کھلانے پلانے کی فضیلت

بیان فرمائی ہے۔ یہ حالت خرچ کرنے والے کی ہے یا جس پر خرچ کیا گیا ہے اس کی ہے دونوں احتمال ہیں۔ پہلی صورت میں حدیث پاک کا مطلب یہ ہے کہ خود ننگا ہے یعنی کپڑے کا ضرورت مند ہے اور دوسرے کو اس حالت میں کپڑا پہنائے، خود بھوکا ہے اور کھانا کچھ میسر ہو گیا تو دوسرے کو ترجیح دیتا ہے، خود پیاسا ہے لیکن اگر پانی مل گیا ہے تو بجائے خود پینے کے دوسرے پر ایثار کرتا ہے اس مطلب کے موافق یہ حدیث پاک قرآن پاک کی اس آیت شریفہ کی تفسیر ہو گی جو آیات کے سلسلہ میں نمبر ۲۸ پر گذری ہے۔ یُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓی اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ط کہ یہ لوگ اپنے اوپر دوسروں کو ترجیح دیتے ہیں اگر چہ خود کو احتیاج ہو۔" دوسرا مطلب یہ ہے کہ سب حالات ان لوگوں کے ہیں جن پر خرچ کیا جا رہا ہے اس مطلب کے موافق حدیث شریف کا مطلب یہ ہے کہ ہر چیز جتنی زیادہ ضرورت کے موقع پر خرچ کی جائے گی اتنی ہی زیادہ ثواب کی بات ہو گی۔ ایک غریب کو کپڑا دیا جائے اس کا بہر حال ثواب ہے لیکن ایسے شخص کو کپڑا پہنایا جائے جو ننگا پھر رہا ہے، پھٹے ہوئے کپڑے پہن رہا ہے اس کا ثواب عام غرباء سے کہیں زیادہ ہے۔ ایک فقیر کو کھانا دیا جاتا ہے ہر حال میں اس کا ثواب ہے لیکن ایسے شخص کو کھانا کھلایا جائے جس پر فاقہ مسلط ہو اس کا ثواب بہت زیادہ ہے۔ اسی طرح ہر شخص کو پانی پلانے کا ثواب ہے لیکن ایک شخص کو پیاس ستا رہی ہے اس کو پانی پلانے کا ثواب اتنا زیادہ ہے کہ عمر بھر کے گناہوں کا کفارہ بھی کبھی بن جاتا ہے۔ حدیث نمبر ۱۰ پر ابھی گذر چکا ہے کہ ایک پیاسے کتے کو پانی پلانے سے رنڈی کے عمر بھر کے گناہ معاف ہو گئے۔ سلسلہ آیات میں نمبر ۲۳ کے ذیل میں حضور اقدس ﷺ کا ارشاد گزر چکا ہے کہ مسکین وہ نہیں ہے جس کو ایک ایک دو دو لقمہ در بدر پھراتا ہو۔ اصل مسکین وہ ہے جس کے پاس نہ خود اتنا مال ہو کہ جو اس کی حاجت کو کافی ہو نہ لوگوں کو اس کا حال معلوم ہو کہ اس کی اعانت کریں یہی شخص اصل محروم ہے۔ حدیث نمبر ۱۱ کے ذیل میں حضور اقدس ﷺ کے بہت سے ارشادات بھوکے کو کھانا کھلانے کی فضیلت میں گزر چکے ہیں۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ جو شخص اپنے کسی بھائی کی حاجت روائی میں مشغول ہو حق تعالیٰ شانہٗ اس کی حاجت روائی میں توجہ فرماتے ہیں، اور جو شخص کسی مسلمان سے کسی مصیبت کو زائل کرے حق تعالیٰ شانہٗ قیامت کی مصائب میں سے اس کی کوئی مصیبت زائل فرماتے ہیں، اور جو شخص مسلمان کی پردہ پوشی کرے (عیب سے ہو یا لباس سے) حق تعالیٰ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی (اسی نوع کی) فرماتے ہیں۔ [1] اس قسم کے مضامین بہت سے صحابہ رضی اللہ عنہم سے مختلف روایات میں

---

[1] مشکوٰۃ۔

ذکر کئے گئے۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ جو شخص کسی پردے کے قابل چیز کو (بدن یا عیب) دیکھے اور اس کی پردہ پوشی کرلے اس کا اجر ایسا ہے جیسا کہ کسی ایسے شخص کو قبر سے نکالا ہو جس کو زندہ قبر میں گاڑ دیا گیا ہو۔ ❶ حق تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد ہے

لَا یَسْتَوِیْ مِنْکُمْ مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَقَاتَلَ ......الآیة

جو سلسلہ آیات میں نمبر ۲۵ پر گزر چکا ہے اس کی وجہ علماء نے یہی لکھی ہے کہ فتح مکہ سے قبل چونکہ ضرورت زیادہ تھی اس لئے اس وقت خرچ کرنے کا درجہ بڑھا ہوا ہے فتح مکہ کے بعد میں خرچ کرنے سے صاحب جمل کہتے ہیں یہ اس لئے کہ ان لوگوں نے اسلام اور مسلمانوں کی عزت کے زمانہ سے پہلے خرچ کیا ہے۔ اس وقت مسلمان جان و مال کی مدد کے زیادہ محتاج تھے یہی وہ حضرت سابقین اولین ہیں مہاجرین اور انصار میں سے جن کے بارے میں حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اگر تم لوگ اُحد کے پہاڑ کی برابر سونا خرچ کرو تو ان کے ایک مد بلکہ آدھے مد کے برابر بھی نہیں ہو سکتا۔ ❷ ان کے علاوہ اور بھی بہت سی روایات میں مختلف عنوانات سے حضور اقدس ﷺ نے ضرورت مند کو ترجیح دینے پر ترغیب اور تنبیہ فرمائی۔ ولیمہ کی دعوت قبول کرنے کی ترغیب بہت سی روایات میں وارد ہے۔ لیکن ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد وارد ہوا ہے کہ ولیمہ کا کھانا بدترین کھانا ہے کہ اُمراء کو اس کے لئے دعوت دی جاتی ہے اور فقراء کو چھوڑ دیا جاتا ہے ❸ یعنی جو ولیمہ کی دعوت اس قماش کی ہو کہ اس میں امراء کو مدعو کیا جائے، غربا کی دعوت نہ کی جائے وہ بدترین دعوت ہے اور یہ بات نہ ہو تو ولیمہ کا کھانا مسنون ہے۔ ایک حدیث میں حضور اقدس ﷺ کا ارشاد آیا ہے کہ جو شخص کسی مسلمان کو ایسی جگہ پانی پلائے جہاں پانی ملتا ہو اس نے ثواب کے اعتبار سے گویا ایک غلام آزاد کیا اور جو شخص کسی کو ایسی جگہ پانی پلائے جس جگہ پانی نہ ملتا ہو اس گویا اس کو زندگی بخشی یعنی مرتے ہوئے کو گویا ہلاکت سے بچایا۔ ❹ ایک حدیث میں ہے کہ افضل ترین صدقہ یہ ہے کہ کسی بھوکے کو (آدمی ہو یا جانور) کھانا کھلائے۔ ❺ ایک حدیث میں ہے کہ اللہ جل شانہٗ کو سب سے زیادہ یہ عمل پسند ہے کہ کسی مسکین کو بھوک کی حالت میں روٹی کھلائے، یا اس کا قرض ادا کرے، یا اس کی مصیبت کو زائل کرے۔ ❻ عبید بن عمیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ قیامت کے دن آدمیوں کا حشر ایسی حالت میں ہوگا کہ وہ انتہائی بھوک اور پیاس کی حالت میں بالکل ننگے ہوں گے۔ پس جس شخص نے دنیا میں کسی کو اللہ تعالیٰ کے واسطے کھانا کھلایا ہوگا اللہ جل شانہٗ اس دن اس کو شکم سیر فرمائیں گے اور جس نے کسی کو اللہ

❷ مشکوٰۃ ❸ جمیل ❹ مشکوٰۃ بروایۃ الشیخین ❺، ❻، ❼ کنز۔

تعالیٰ کے واسطے پانی پلایا ہوگا حق تعالیٰ شانہٗ اس کو سیراب فرمائیں گے، اور جس نے کسی کو کپڑا پہنایا ہوگا حق تعالیٰ شانہٗ اس کو لباس عطا فرمائیں گے۔ ❶

۱۴)...... عن ابی هريرة رضی اللہ عنہ قال قال رسول الله ﷺ الساعی علی الارملة والمسكين كالساعی فی سبيل الله واحسبه قال كالقائم لا يفتر وكالصائم لا يفطر متفق عليه ۔ (مشکوٰۃ)

ترجمہ)...... حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ بے خاوند والی عورت اور مسکین کی ضرورت میں کوشش کرنے والا ایسا ہے جیسا کہ جہاد میں کوشش کرنے والا اور غالباً یہ بھی فرمایا ہے کہ ایسا ہے جیسا رات بھر نماز پڑھنے والا کہ ذرا سی سستی نہ کرے، اور دن بھر روزہ رکھنے والا کہ ہمیشہ روزہ دار رہے۔

فائدہ: بے خاوند والی عورت سے عام مراد ہے کہ رانڈ ہوگئی ہو یا اس کو خاوند میسر ہی نہ ہوا ہو اس حدیث پاک میں ان دونوں کے لئے کوشش کرنے والے کے لئے یہ اجر وثواب اور فضیلت ہے۔ خواہ اس کی کوشش سے کوئی ثمرہ پیدا ہوا ہو یا نہ ہوا ہو۔ ایک حدیث میں ہے کہ جو شخص اپنے کسی مسلمان بھائی کی ضرورت پوری کرنے کے لئے یا اس کو نفع پہنچانے کے لئے چلے تو اس کو اللہ کے راستے میں جہاد کرنے والوں کا ثواب ملتا ہے۔ ❷ ایک حدیث میں ہے جو شخص اپنے مضطر بھائی کی مدد کرے حق تعالیٰ شانہٗ اس کو اس دن ثابت قدم رکھیں گے جس دن پہاڑ بھی اپنی جگہ سے ہٹ جائیں گے ❸ یعنی قیامت کے سخت دن جس دن پہاڑ بھی اپنی جگہ نہ جم سکیں گے یہ ثابت قدم رہے گا اور اس حدیث پاک سے ایک لطیف چیز یہ پیدا ہوتی ہے کہ فتنوں اور حوادث کے زمانوں میں جب لوگوں کے قدم اُکھڑ جائیں جیسا کہ آج کل کا زمانہ گزر رہا ہے ایسے لوگ ثابت قدم رہتے ہیں جو لوگوں کی اعانت اور مدد کرتے رہتے ہوں۔ ایک حدیث میں ہے کہ جو شخص اپنے بھائی کی دنیاوی حاجتوں میں سے کسی حاجت کو پورا کرے حق تعالیٰ شانہٗ اس کی ستر حاجتیں پوری فرماتے ہیں جن میں سے سب سے ادنیٰ درجہ یہ ہے کہ اس کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔ ❹ ایک حدیث میں ہے کہ جو شخص اپنے کسی مسلمان بھائی کی حاجت کو حکومت تک پہنچا دینے کا ذریعہ بن جائے جس سے اس کو کوئی نفع پہنچ جائے یا اس کی کوئی مشکل دور ہوجائے تو حق تعالیٰ شانہٗ اس شخص کی جو ذریعہ بنا ہے قیامت کے دن پل صراط پر چلنے میں مدد فرمائیں گے جس وقت کہ وہاں لوگوں کے قدم پھسل رہے ہوں گے۔ ❺ اس کے لئے جو لوگ حکام رس ہیں یا ملازموں کے آقاؤں تک ان کی رسائی ہے ان کو خاص طور سے اس حدیث پاک سے فائدہ اٹھانا چاہیے نوکروں اور محکوموں

❶ احیاء ❷، ❸، ❹، ❺ کنز۔

کی ضروریات کی تفتیش کر کے ان کو آقاؤں اور حاکموں تک پہنچانا چاہیے یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ ہم کیوں خواہ مخواہ دوسروں کی پھٹن میں پاؤں اڑائیں ۔ پل صراط پر گزرنا بڑی سخت مشکل ترین چیز ہے ۔ اس معمولی کوشش سے ان کے لئے خود کتنی بڑی سہولت میسر ہوتی ہے لیکن اللہ تعالیٰ کے واسطے ہونا تو ہر جگہ شرط ہے ۔ اپنی وجاہت ، اپنی شہرت اور لوگوں کے دلوں میں اپنی عزت قائم کرنے کی نیت سے نہ ہو ۔ اگر چہ اللہ تعالیٰ کے لئے کرنے سے یہ سب چیزیں خود بخود حاصل ہوں گی اور اس سے زیادہ بڑھ کر ہوں گی جتنی اپنے ارادے سے ہوتیں ۔ لیکن اپنی طرف سے ان چیزوں کا ارادہ کرنا اس محنت کو آقا کے لئے ہونے سے نکال دے گا ۔

۱۵)......عن ابي ذر رضی اللہ عنہ قال قال رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم ثلثة يحبهم الله وثلثة يبغضهم الله فامّا الّذين يحبهم الله فرجل اتى قوما فسألهم بالله ولم يسألهم لقرابة بينه وبينهم فمنعوه فتخلف رجل باعيانهم فاعطاه سرًّا لا يعلم بعطيته الا الله والّذى اعطاه وقوم ساروا ليلتهم حتىٰ اذا كان النوم احب اليهم ممّا يعدل به فوضعوا رؤسهم فقام يتملقنى ويتلو آياتى ورجل كان فى سرية فلقى العدو فهزموا فاقبل بصدره حتى يقتل او يفتح له والثلثة الذين يبغضهم الله الشيخ الزانى والفقير المختال والغنى الظلوم (رواه الترمذى والنسائى كذافى المشكوٰة وعزاه السيوطى فى الجامع الى ابن حبان والحكم)

ترجمہ)...... حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ تین آدمی ایسے ہیں جن کو اللہ جل شانہٗ محبوب رکھتے ہیں اور تین شخص ایسے ہیں جن سے اللہ جل شانہٗ کو بغض ہے جن تین آدمیوں کو اللہ جل شانہٗ محبوب رکھتا ہے ان میں ایک تو وہ شخص ہے کہ کسی مجمع کے پاس کوئی سائل آیا اور محض اللہ تعالیٰ کے واسطے سے ان سے کچھ سوال کرنے لگا کوئی قرابت رشتہ داری وغیرہ اس سائل کو ان سے نہ تھی اس مجمع نے اس سائل کو کچھ نہ دیا ۔ اس مجمع میں سے ایک شخص اٹھا اور چپکے سے اس سائل کو کچھ دے دیا جس کی خبر بجز اللہ جل شانہٗ کے یا اس سائل کے کسی اور کو نہ ہوئی ۔ (تو یہ دینے والا شخص اللہ جل شانہٗ کو بہت محبوب ہے دوسرا) وہ شخص کہ ایک مجمع کہیں سفر میں جا رہا ہے ساری رات چلنے کے بعد جب نیند کا ان پر غلبہ ہو جائے کہ وہ ہر چیز سے زیادہ محبوب بن گئی ہو تو وہ مجمع تھوڑی دیر کے لئے سونے لیٹ گیا لیکن ایک شخص ان میں سے کھڑا ہو کر اللہ جل شانہٗ کے سامنے گڑگڑانے لگے اور قرآن پاک کی تلاوت شروع کر دے ۔ تیسرا وہ شخص کہ کسی جماعت میں جہاد میں شریک تھا وہ جماعت شکست کھا گئی ان میں سے ایک شخص سینہ سپر ہو کر آگے بڑھا اور شہید ہو گیا یا

غالب ہو گیا اور وہ تین شخص جن سے اللہ جل شانہٗ بغض رکھتے ہیں ایک وہ بوڑھا ہو کر بھی زنا میں مبتلا ہو دوسرا وہ شخص جو فقیر ہو کر بھی تکبر کرے تیسرا وہ شخص جو مالدار ہو کر ظلم کرے۔

فائدہ: ان چھ شخصوں کے متعلق اس قسم کے مضامین بہت سی مختلف روایات میں وارد ہوئے ہیں اور یہ حدیث آیات کے سلسلہ میں نمبر ۹ کے ذیل میں بھی گذر چکی ہے بعض روایات میں ان میں سے ایک شخص کو ذکر کیا گیا ہے اور بعض میں ایک سے زائد کو ذکر کیا ہے۔ ایک حدیث میں ہے کہ تین موقعے ایسے ہیں جن میں بندہ کی دعا رد نہیں کی جاتی یعنی ضرور قبول ہوتی ہے۔ ایک وہ شخص جو کسی جنگل میں ہو، جہاں کوئی اور نہ دیکھتا ہو اور وہاں کھڑے ہو کر نماز پڑھنے لگے (اس وقت اس کی دعا ضرور قبول ہوتی ہے) ایک وہ شخص جو کسی مجمع کے ساتھ جہاد میں ہو اور ساتھی بھاگ جائیں وہ اکیلا جما رہے۔ تیسرا وہ شخص جو آخر رات میں اللہ کے سامنے کھڑا ہو جائے۔[1]

ایک حدیث میں ہے کہ تین آدمی ایسے ہیں جن سے اللہ جل شانہٗ قیامت میں نہ کلام کریں گے نہ ان کا تزکیہ کریں گے اور نہ ان کی طرف رحمت کی نظر فرمائیں گے اور ان کے لئے دکھ دینے والا عذاب ہوگا۔ ایک زانی بوڑھا، دوسرا جھوٹا بادشاہ، تیسرا متکبر فقیر۔[2] تزکیہ نہ کرنے کا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ان کو گناہوں سے پاک نہ کریں گے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ان کی تعریف نہ کریں گے۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ تین شخص ایسے ہیں جن کی طرف حق تعالیٰ شانہٗ قیامت میں (مرحمت) کی نظر نہ کریں گے اور ان کے لئے دکھ دینے والا سخت عذاب ہوگا ایک ادھیڑ عمر کا شخص زنا کار، دوسرا متکبر فقیر، تیسرا وہ شخص جو خرید و فروخت میں ہر وقت قسم کھاتا رہے جو خریدے قسم کھا کر خریدے اور جب فروخت کرے تو بھی قسمیں کھا کر فروخت کرے (یعنی بات بے بات ضرورت بے ضرورت بار بار قسمیں کھاتا ہو کہ یہ اللہ پاک کی عالی شان کی بے ادبی ہے) ایک اور حدیث کے الفاظ ہیں کہ تین شخصوں کی طرف کل کو (قیامت کے دن) حق تعالیٰ شانہٗ نظر نہ کریں گے۔ بوڑھا زانی، دوسرا وہ شخص جو قسموں کو اپنی پونجی بنائے کہ ہر حق ناحق پر قسم کھاتا ہو، تیسرے متکبر فقیر جو اکڑتا ہو۔[3] ایک اور حدیث میں ہے کہ تین شخصوں کو حق تعالیٰ شانہٗ محبوب رکھتے ہیں اور تین شخصوں کو مبغوض رکھتے ہیں جن کو محبوب رکھتے ہیں ان میں ایک وہ شخص ہے جو کسی جماعت کے ساتھ جہاد میں شریک ہو اور دشمن کے سامنے سینہ تان کر کھڑا ہو جائے یہاں تک کہ فتح ہو یا شہید ہو جائے دوسرا وہ شخص جو کسی جماعت کے ساتھ سفر کر رہا ہو اور جب رات کا بہت سا حصہ گذر جائے اور وہ جماعت تھوڑی دیر آرام لینے کے لئے لیٹ جائے تو یہ کھڑا ہو کر نماز پڑھنے لگے یہاں

---

[1] جامع الصغیر [2] جامع الصغیر عن مسلم [3] جامع الصغیر۔

تک کہ تھوڑی دیر میں ساتھیوں کو آگے چلنے کے لئے جگادے (یعنی خود ذرا بھی نہ سوئے) تیسرا وہ شخص جس کا پڑوسی اسے ستاتا ہو اور وہ اس کی اذیت پر صبر کرے یہاں تک کہ موت سے یا سفر وغیرہ سے اس میں اور اس کے پڑوسی میں جدائی ہو جائے (یعنی یہ کہ جب تک اس کا پڑوسی باقی رہے مسلسل صبر کرتا رہے) اور وہ تین جن کو اللہ جل شانہٗ مبغوض رکھتے ہیں ایک قسمیں کھانے والا تاجر، دوسرا متکبر فقیر تیسرا وہ بخیل جو صدقہ کر کے احسان جتاتا ہو۔[1]

(۱۶)......عن فاطمه بنت قيس قالت قال رسول الله ﷺ ان فى المال لحقاسوى الزكوٰة ثم تلا ليس البران تولوا وجوهكم قبل المشرق والمغرب الاية۔ رواه الترمذى وابن ماجه والدارمى كذافى المشكوٰة وقال الترمذى هذاحديث ليس اسناده بذاك وابو حمزة يضعف وروى بيان واسمعيل عن الشعبى هذاالحديث قوله وهواصح قلت واخرجه ابن ماجه بلفظ ليس فى المال حقاسوى الزكوٰة وقال العينى فى شرح البخارى رواه البيهقى بلفظ الترمذى ثم قال والذى يرويه اصحابنافى التعاليق ليس فى المال حق سوى الزكوٰة۔

ترجمہ)......حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ مال میں زکوٰۃ کے علاوہ اور بھی حق ہے (پھر اپنے اس ارشاد کی تائید میں سورۂ بقرہ کے بائیسویں رکوع کی یہ آیت لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوا وُجُوهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ آخر تک تلاوت فرمائی۔

فائدہ: اس آیت شریفہ کا بیانِ سلسلۂ آیات میں نمبر ۲ پر گذر چکا ہے حضور اقدس ﷺ نے اس آیت شریفہ سے یہ تجویز فرمایا کہ مال میں زکوٰۃ کے علاوہ اور بھی حق ہے اور یہ تجویز اس وجہ سے ظاہر ہے کہ آیت شریفہ میں اپنے مال کو رشتہ داروں پر خرچ کرنے کی یتیموں پر غریبوں پر مسافروں پر اور سوال کرنے والوں پر خرچ کرنے کی قیدیوں اور غلاموں وغیرہ کی گردن چھڑانے میں خرچ کرنے کی مستقل علیحدہ ترغیب دی ہے اور اس سب کے بعد زکوٰۃ ادا کرنے کو علیحدہ ذکر فرمایا۔

مسلم بن یسارؒ کہتے ہیں کہ نمازیں دو ہیں (ایک فرض اور ایک نفل) اسی طرح زکوتیں بھی دو ہیں (ایک نفل دوسری فرض) اور قرآن پاک میں دونوں مذکور ہیں۔ میں تم کو بتاؤں لوگوں کے دریافت کرنے پر انہوں نے یہ آیت شریفہ پڑھی اور ابتدائی حصہ پڑھ کر جس میں مال کا مواقع مذکورہ پر خرچ کرنا مذکور ہے فرمایا یہ تو سب کا سب نفل ہے اس کے بعد زکوٰۃ کا ذکر پڑھ کر

[1] جامع الصغیر۔

فرمایا کہ یہ فرض ہے۔[1]

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث شریف میں حق سے مراد یہ ہے کہ سوال کرنے والے کو محروم نہ رکھے قرض مانگنے والے کو محروم نہ کرے، اپنے گھر کا معمولی سامان مستعار مانگنے والوں کو انکار نہ کرے مثلاً ہانڈی پیالہ وغیرہ کوئی عاریتاً مانگے تو اس کو نہ روکے۔ پانی، نمک اور آگ سے لوگوں کو انکار نہ کرنے۔ علامہ قاریؒ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اس حدیث پاک میں جو آیت شریفہ پڑھی ہے اس میں زکوٰۃ کے علاوہ جو امور ذکر کیے ہیں وہ مراد ہیں جیسا کہ صلہ رحمی، یتیموں پر احسان کرنا، مسکین، مسافر اور سوالی کو دینا، لوگوں کی گردنوں کو آزادی وغیرہ کے ذریعے سے خلاص کرنا۔[2] صاحب مظاہر حق نے لکھا ہے کہ زکوٰۃ تو فرض ہے ضرور دینی چاہیے۔ سوائے زکوٰۃ کے صدقہ نفل بھی مستحب ہے وہ بھی دیا کرے اور وہ یہ ہے۔ اس کے بعد علامہ قاریؒ اور علامہ طیبیؒ کے کلام کا ترجمہ تحریر فرما کر لکھا کہ یہ آیت حضور ﷺ نے سند کے لئے پڑھی ہے اس واسطے کہ اس میں اول تو اللہ تعالیٰ نے تعریف کی مومنوں کے ساتھ دینے مال کے اپنوں اور یتیموں وغیرہ کو بعد از اں تعریف کے ساتھ قائم کرنے نماز کے اور دینے زکوٰۃ کے۔ پس معلوم ہوا کہ دینا مال کا سوائے دینے زکوٰۃ کے ہے اور وہ صدقہ نفل ہے اور حاصل یہ ہے کہ حضرت ﷺ نے جو فرمایا تھا کہ مال میں حق ہے سوائے زکوٰۃ کے وہ اس آیت شریفہ سے ثابت ہوا کہ اول صدقہ نفل ذکر کیا گیا پھر صدقہ واجب۔[3]

علامہ جصاص رازیؒ نے لکھا ہے کہ بعض علماء نے اس آیت شریفہ سے حقوق واجبہ مراد لیے ہیں جیسا کہ صلہ رحمی، جبکہ کسی ذی رحم کو سخت مشقت میں پائے یا مضطر پر خرچ کرنا جبکہ اس کو اضطرار نے ہلاکت کے اندیشہ تک پہنچا دیا ہو تو اس پر اتنی مقدار خرچ کرنا لازم ہے جس سے اس کی بھوک جاتی رہے۔ اس کے بعد علامہؒ نے حضور ﷺ کا ارشاد کہ مال میں زکوٰۃ کے علاوہ حق ہے۔ نقل کر کے فرمایا کہ اس سے نادار رشتہ داروں پر خرچ کرنا بھی مراد ہو سکتا ہے کہ حاکم نے اس کا نفقہ ذمہ کر دیا ہو اور مضطر پر خرچ کرنا بھی ہو سکتا ہے اور نفلی حقوق بھی ہو سکتے ہیں اس لئے کہ حق کا لفظ واجب اور نفل دونوں پر اطلاق کیا جا سکتا ہے۔ فتاوی عالمگیریؒ میں ہے کہ لوگوں کے ذمہ محتاج کا کھلانا فرض ہے جبکہ وہ (کمانے کے لئے) نکلنے سے اور مانگنے سے عاجز ہو اور اس میں تین باتیں ہیں اول یہ کہ جب محتاج نکلنے سے عاجز ہو تو ہر اس شخص پر جس کو اس کا حال معلوم ہو اس کا کھلانا فرض ہے اور اتنی مقدار میں کھلانا ضروری ہے جس سے وہ نکلنے پر اور فرض ادا کرنے پر قادر ہو جائے۔

---

[1] درمنثور [2] مرقاۃ [3] مظاہر حق۔

بشرطیکہ جس کو اس کا حال معلوم ہو وہ کھلانے پر قادر ہو اور اس میں خود کھلانے کی قدرت نہ ہو تو اس کے ذمہ ضروری ہے کہ دوسروں کو اس کے حال کی اطلاع کرے اور نہ خود کھلا سکے نہ دوسروں کو اطلاع کرے اور وہ محتاج مر جائے تو وہ سب گنہگار ہوں گے جن کو اس کا حال معلوم ہے ضروری ہے کہ وہ اپنے صدقات واجبہ سے اس کی مدد کریں اور اگر وہ کمانے پر بھی قادر ہے تو پھر اس کو جائز نہیں کہ سوال کرے، تیسری بات یہ کہ اگر وہ محتاج نکلنے پر قادر ہے لیکن کمانے پر قادر نہیں تو اس کے ذمہ ضروری ہے کہ نکل کر لوگوں سے سوال کرے۔ اگر وہ سوال نہیں کرے گا تو گنہگار ہوگا۔[1]

۱۷)......عن بهيسةؓ عن ابيها قالت قال يارسول اللّٰه ﷺ ماالشئ الذى لايحل منعه قال الماء قال يانبى اللّٰه ماالشئ الذى لايحل منعه قال الملح قال يانبى اللّٰه ماالشئ الذى لايحل منعه قال ان تفعل الخير خير لك۔ (رواه ابوداؤد كذافى المشكوٰة۔)

ترجمہ)......حضرت بہیسہؓ فرماتی ہیں کہ میرے والد صاحب نے حضور اقدس ﷺ سے دریافت کیا کہ وہ کیا چیز ہے جس کا (کسی مانگنے والے کو دینے سے) روکنا جائز نہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا پانی، میرے والد نے پھر یہی سوال کیا تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ نمک، میرے والد نے پھر یہی سوال کیا تو حضور ﷺ نے فرمایا جو بھلائی تو (کسی کے ساتھ) کر سکے وہ تیرے لئے بہتر ہے۔

فائدہ: اگر پانی سے مراد کنویں سے پانی لینا ہو اور نمک سے مراد اس کے معدن سے نمک لینا ہو تب تو شرعی حیثیت سے بھی کسی کو ان چیزوں سے روکنے کا حق نہیں ہے لیکن اگر اپنا مملوک پانی اور مملوک نمک ہے تو حضور اقدس ﷺ کی غرض اس پر تنبیہ فرمانا ہے۔ کہ ایسی چیزوں کو سائل سے انکار کرنا ہرگز نہ چاہیے جس میں دینے والے کو زیادہ نقصان نہیں اور مانگنے والے کی بڑی احتیاج پوری ہوتی ہے۔ بشرطیکہ دینے والے کی اپنی حاجت بھی اسی درجہ کی نہ ہو لیکن عام طور پر چونکہ گھروں میں یہ چیزیں اکثر موجود ہوتی ہیں اور اپنی کوئی وقتی ضرورت ان سے ایسی وابستہ نہیں ہوتی ہیں۔ اگر کسی شخص کی ہانڈی پھیکی ہے ذرا سے نمک میں اس کا سارا کھانا درست ہو جاتا ہے اور تمہارا کوئی ایسا نقصان اس میں نہیں ہوتا۔ ایسے ہی پانی کا حال ہے۔

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تین چیزوں کا روکنا جائز نہیں۔ پانی، نمک، آگ۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ)! پانی کو تو ہم سمجھ گئے (کہ واقعی بہت مجبوری کی چیز ہے) لیکن نمک اور آگ میں کیا بات ہے؟ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اے حمیرا جب کوئی

---

[1] عالمگیریہ۔

شخص کسی کو آگ دیتا ہے تو گویا اس نے وہ ساری چیز صدقہ کی جو آگ پر پکی اور جس نے نمک دیا اس نے گویا وہ ساری چیز صدقہ کی جو نمک کی وجہ سے لذیذ ہوگئی۔[1] گویا ان دونوں میں معمولی خرچ سے دوسرے کا بہت زیادہ نفع ہے حضور اقدس ﷺ نے حدیث بالا میں مثال کے طور پر دو چیزوں کا ذکر فرما کر پھر ایک ضابطہ ارشاد فرمادیا کہ جو بھلائی کسی کے ساتھ کر سکتے ہو وہ تمہارے لئے بہتر ہے۔

بھلا کر جو اپنا بھلا چاہتا ہے

حقیقت یہی ہے کہ آدمی جو کوئی احسان کسی قسم کا بھی کسی کے ساتھ کرتا ہے وہ صورت میں دوسرے کے ساتھ احسان ہے حقیقت میں وہ اپنے ہی ساتھ احسان ہے۔ اللہ جل شانہٗ کے پاک ارشاد میں بسلسلہ آیات نمبر ۲۰ پر گذر چکا ہے کہ جو کچھ تم اللہ کے راستہ میں خرچ کروگے اللہ جل شانہٗ اس کا بدل عطا فرمائے گا اور بسلسلہ احادیث نمبر ۲ پر گذر چکا ہے کہ دو فرشتے روزانہ اس کی دعا کرتے ہیں کہ اے اللہ! خرچ کرنے والے کو بدل عطا فرما، اور روکنے والے کو بربادی عطا کر۔ ایسی حالت میں جو احسان بھی کوئی شخص کسی کے ساتھ کرتا ہے وہ اپنے مال کو بربادی سے بچا کر اس کے بدل کا اللہ جل شانہٗ کے خزانے سے اپنے لئے استحقاق قائم کرتا ہے اور غور کی نگاہ اگر میسر ہو تو حقیقت میں دوسروں پر ذرا بھی احسان نہیں، بلکہ ایسا ہے جیسا کہ اس نے تمہارے مکان کو لوٹ سے بچا لیا ہو۔ اس لحاظ سے اس کا تم پر احسان ہے نہ کہ تمہارا اس پر۔

۱۸)......عن سعد بن عبادة رضی اللہ عنہ قال یا رسول اللہ ﷺ ان ام سعد ماتت فای الصدقة افضل قال الماء فحفر بیراً وقال هذه لام سعد۔ (رواه مالك وابوداؤد والنسائي كذا في المشكوٰة۔)

ترجمہ)......حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) میری والدہ کا انتقال ہوگیا ہے (ان کے ایصال ثواب کے لئے) کون سا صدقہ زیادہ افضل ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ پانی سب سے افضل ہے اس پر حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے اپنی والدہ کے ثواب کے لئے ایک کنواں کھدوادیا۔

فائدہ: حضور ﷺ نے پانی کو زیادہ افضل اس لئے فرمایا کہ مدینہ طیبہ میں اس کی ضرورت زیادہ تھی اول تو گرم ملکوں میں سب ہی جگہ پر پانی کی ضرورت خاص طور سے ہوتی ہے اور مدینہ منورہ اس وقت پانی کی قلت بھی تھی اس کے علاوہ پانی کا نفع بھی عام ہے اور ضرورت بھی عمومی ہے ایک حدیث میں ہے جو شخص پانی کا سلسلہ جاری کر جائے تو جو انسان جن یا پرندہ اس سے پانی

[1] مشکوٰۃ۔

پیئے گا تو مرنے والے کو قیامت تک اس کا ثواب ہوتا رہے گا۔ حضرت عبداللہ بن مبارک ﷺ کے پاس ایک شخص حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میرے گھٹنے میں ایک زخم ہے سات برس ہو گئے ہر قسم کی دوا اور علاج کر چکا ہوں کسی سے بھی فائدہ نہیں ہوتا بڑے بڑے طبیبوں سے بھی رجوع کر چکا ہوں۔ حضرت عبداللہ بن مبارکؒ نے فرمایا کہ جس جگہ پانی کی قلت ہو وہاں ایک کنواں بنوا دو۔ مجھے اللہ کی ذات سے یہ امید ہے کہ جب اس میں پانی نکل آئے گا تمہارے گھٹنے کا خون بند ہو جائے گا چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا اور گھٹنے کا زخم اچھا ہو گیا۔

مشہور محدث حضرت ابوعبداللہ حاکمؒ کے چہرے پر ایک زخم ہر قسم کے علاج کئے کوئی بھی کارگر نہ ہوا ایک سال اسی حال میں گذر گیا ایک مرتبہ استاذ ابوعثمان صابونیؒ سے دعا کی درخواست کی، جمعہ کا دن تھا انھوں نے بڑی دیر تک دعا کی، مجمع نے آمین کہی۔ دوسرے جمعہ کو ایک عورت حاضر ہوئی اور ایک پرچہ مجلس میں پیش کیا جس میں یہ لکھا تھا کہ میں گذشتہ جمعہ جب گھر واپس گئی تو حاکم کے لئے بہت اہتمام سے دعا کرتی رہی۔ میں نے خواب میں حضور کی زیارت کی، حضور نے ارشاد فرمایا کہ حاکم سے کہہ دو کہ مسلمانوں پر پانی کی وسعت کرے۔ حاکم نے یہ سن کر اپنے گھر کے دروازے پر ایک سبیل قائم کر دی جس میں پانی کے بھرنے کا اور اس میں برف ڈالنے کا اہتمام کیا۔ ایک ہفتہ گذرا تھا کہ چہرے کے سب زخم بالکل اچھے ہو گئے اور پہلے زیادہ خوشنما چہرہ ہو گیا۔ ❶

ایک حدیث میں ہے کہ حضرت سعد ﷺ نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) میری والدہ اپنی زندگی میں میرے مال میں حج کرتی تھیں میرے مال میں صدقہ دیتی تھیں صلہ رحمی کرتی تھیں، لوگوں کی امداد کرتی تھیں اب ان کا انتقال ہو گیا۔ یہ سب کام اگر ہم ان کی طرف سے کریں تو ان کو ان کا نفع پہنچے گا؟ حضور ﷺ نے فرمایا پہنچے گا۔ ❷ ایک حدیث میں آیا ہے کہ ایک عورت نے حضور سے سوال کیا کہ میری والدہ کا دفعۃً انتقال ہو گیا اگر دفعۃً نہ ہوتا تو وہ کچھ صدقہ وغیرہ کرتیں۔ اگر میں ان کی طرف سے کچھ صدقہ وغیرہ کروں تو ان کی طرف سے ہو جائے گا؟ حضور نے فرمایا کہ ہاں ان کی طرف سے صدقہ کر دو۔

اپنے ماں، باپ، خاوند، بیوی، بہن، بھائی، اولاد اور دوسرے رشتہ دار خصوصاً وہ لوگ جن کے مرنے کے بعد ان کا کوئی مال اپنے پاس پہنچا ہو یا اس کے خصوصی احسانات اپنے اوپر ہوں جیسے اساتذہ اور مشائخ ان کے لئے ایصال ثواب کا بہت زیادہ اہتمام کرنا چاہیے۔ بڑی بے غیرتی ہے کہ ان کے مال سے آدمی منتفع ہوتا رہے، ان کی زندگی میں ان کے احسانات سے فائدہ اٹھاتا

---

❶ ترغیب ❷ ابوداؤد۔

رہے اور جب وہ اپنے عطایا اور اپنے ہدایا کے ضرورت مند ہوں تو ان کو فراموش کر دے آدمی جب مر جاتا ہے تو اس کے اپنے اعمال ختم ہو جاتے ہیں بجز اس صورت کے کہ وہ کوئی صدقہ جاریہ چھوڑ گیا ہو یا کوئی اور ایسا عمل کر گیا ہو جو صدقہ جاریہ کے حکم میں ہو جیسا کہ آئندہ آرہا ہے۔ اس وقت وہ دوسروں کے ایصال ثواب اور ان کی دعا وغیرہ سے امداد کا محتاج اور منتظر رہتا ہے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ مردہ اپنی قبر میں اس شخص کی طرح ہوتا ہے جو پانی میں ڈوب رہا ہو اور ہر طرف سے کسی مددگار کا خواہشمند ہو اور وہ اس کا منتظر رہتا ہے کہ باپ بھائی وغیرہ کسی دوست کی طرف سے کوئی مدد دعا کی (کم از کم) اس کو پہنچ جائے۔ اور جب اس کو کوئی مدد پہنچتی ہے تو وہ اس کے لئے ساری دنیا سے زیادہ محبوب ہوتی ہے۔ ❶ بشیر بن منصورؒ کہتے ہیں کہ طاعون کے زمانے میں ایک آدمی تھے جو کثرت سے جنازوں کی نمازوں میں شریک ہوتے اور شام کے وقت قبرستان کے دروازے پر کھڑے ہو کر یہ دعا کرتے۔

آنس اللّٰہ وحشتکم ورحم غربتکم وتجاوز عن سیاتکم وقبل اللّٰہ حسناتکم

''اللہ جل شانہٗ تمہاری وحشت کو دل بستگی سے بدل دے اور تمہاری غربت پر رحم فرمائے اور تمہاری لغزشوں سے درگذر فرمائے اور تمہاری نیکیوں کو قبول فرمائے''

اس دعا کے بعد اپنے گھر واپس چلے جاتے ہیں۔ ایک دن اتفاق سے اس دعا کو پڑھنے کی نوبت نہیں آئی ویسے ہی گھر آ گئے تو رات کو خواب میں ایک بڑا مجمع دیکھا جوان کے پاس گیا اس نے پوچھا کہ تم کون لوگ ہو؟ کیسے آئے ہو؟ انھوں نے کہا کہ ہم قبرستان کے رہنے والے ہیں تم نے ہم کو اس کا عادی بنا دیا تھا کہ روزانہ شام کو تمہاری طرف سے ہمارے پاس ہدیہ آیا کرتا تھا۔ انھوں نے پوچھا کیسا ہدیہ؟ وہ لوگ کہنے لگے کہ تم جو دعا روزانہ شام کو کیا کرتے تھے وہ ہمارے پاس ہدیہ بن کر پہنچتی تھی، وہ شخص کہتے ہیں کہ پھر میں نے کبھی اس دعا کو ترک نہیں کیا۔

بشار بن غالبؒ نجرانی کہتے ہیں کہ میں حضرت رابعہ بصریہؒ کے لئے بہت کثرت سے دعا کیا کرتا تھا میں نے ایک مرتبہ خواب میں دیکھا وہ کہتی ہیں کہ بشار تمہارے تحفے ہمارے پاس نور کے خوانوں میں رکھے ہوئے پہنچتے ہیں جن پر ریشم کے غلاف ڈھکے ہوئے ہوتے ہیں میں نے پوچھا یہ کیا بات ہے؟ انھوں نے کہا کہ مسلمانوں کی جو دعا مردے کے حق میں قبول ہو جاتی ہے تو وہ دعا نور کے خوان پر ریشم کے غلاف میں ڈھکی ہوئی میت کے پاس پیش ہوتی ہے کہ یہ فلاں شخص نے تمہارے پاس ہدیہ بھیجا ہے۔ ❷ آئندہ حدیث کے ذیل میں بھی اس قسم کے کئی واقعات آرہے ہیں امام نوویؒ نے مسلم

❶، ❷ احیاء۔

شریف کی شرح میں لکھا ہے کہ صدقہ کا ثواب میت کو پہنچنے میں مسلمانوں میں کوئی اختلاف نہیں ہے یہی مذہب حق ہے اور بعض لوگوں نے جو یہ لکھ دیا کہ میت کو اس کے مرنے کے بعد ثواب نہیں پہنچتا یہ قطعاً باطل ہے اور کھلی ہوئی خطا ہے یہ قرآن پاک کے خلاف ہے یہ حضور اقدس ﷺ کی حدیث کے خلاف ہے یہ اجماع امت کے خلاف ہے اس لئے یہ قول ہرگز قابل التفات نہیں۔ ❶

شیخ تقی الدینؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ خیال کرے کہ آدمی کو صرف اپنے ہی کئے کا ثوب ملتا ہے وہ اجماع امت کے خلاف کر رہا ہے اس لئے کہ امت کا اس پر اجماع ہے کہ آدمی کو دوسرے کی دعا سے فائدہ پہنچتا ہے یہ دوسرے عمل سے نفع ہوا نیز حضور اقدس ﷺ میدان حشر میں شفاعت فرمائیں گے۔ نیز دوسرے انبیاء اور صلحاء سفارش فرمائیں گے یہ سب دوسروں کے عمل سے فائدہ ہوا۔ نیز فرشتے مومنوں کے لئے دعا استغفار کرتے ہیں (جیسا کہ سورہ مؤمن کے پہلے رکوع میں ہے) یہ دوسرے کے عمل سے فائدہ ہوا۔ نیز حق تعالیٰ شانہٗ محض اپنی رحمت سے بہت سے لوگوں کے گناہ معاف فرمادیں گے یہ اپنی کوشش اور عمل کے علاوہ فائدہ ہوا نیز مومنوں کی اولاد اپنے والدین کے ساتھ جنت میں داخل ہو جائے گی (جیسا کہ والطور کے پہلے رکوع میں ہے) یہ دوسرے کے عمل سے فائدہ ہوا۔ نیز حج بدل کرنے سے میت کے ذمہ سے حج فرض ادا ہو جاتا ہے یہ دوسرے کے عمل سے نفع ہوا۔ غرض بہت سی چیزیں اس کے لئے دلیل اور حجت ہیں جن کا شمار بھی دشوار ہے۔ ❷

ایک بزرگ کہتے ہیں کہ میرے بھائی کا انتقال ہو گیا میں نے ان کو خواب میں دیکھا اور ان سے پوچھا کہ قبر میں رکھنے کے بعد تم پر کیا گذری وہ کہنے لگے کہ اس وقت میرے پاس ایک آگ کا شعلہ آیا مگر ساتھ ہی ایک شخص کی دعا مجھ تک پہنچی اگر وہ نہ ہوتی تو شعلہ مجھ کو لگ جاتا۔ علی بن موسیٰ حدادؒ کہتے ہیں کہ میں حضرت احمد بن حنبلؒ کے ساتھ ایک جنازے میں شریک تھا محمد بن قدامہ جوہری بھی ہمارے ساتھ تھے جب اس نعش کو دفن کر چکے تو ایک نابینا شخص آئے اور قبر کے پاس بیٹھ کر قرآن شریف پڑھنے لگے۔ حضرت امام احمد بن حنبلؒ نے فرمایا کہ قبر کے پاس بیٹھ کر قرآن شریف پڑھنا بدعت ہے جب ہم وہاں سے واپس ہونے لگے تو راستہ میں محمد بن قدامہؒ نے حضرت امام احمدؒ سے پوچھا کہ آپ کے نزدیک مبشر بن اسماعیل حلبیؒ کیسے آدمی ہیں؟ امامؒ نے فرمایا کہ وہ معتبر آدمی ہے ابن قدامہؒ نے پوچھا کہ آپ نے بھی ان سے کچھ علم حاصل کیا ہے؟ فرمایا ہاں میں نے بھی ان سے حدیثیں کی ہیں۔ ابن قدامہؒ نے کہا کہ مبشرؒ نے مجھ سے بیان کیا کہ عبدالرحمن بن علاؒ بن لجلاجؒ نے اپنے والد سے یہ نقل کیا کہ جب ان کا انتقال ہونے لگا تو انھوں نے یہ وصیت

❶، ❷ بذل۔

فرمائی تھی کہ ان کی قبر کے سرہانے سورۂ بقرہ کا اول و آخر پڑھا جائے اور یہ کہہ کر یہ فرمایا تھا کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ کو یہ وصیت کرتے ہوئے سنا تھا۔ حضرت امامؒ نے یہ قصہ سن کر ابن قدامہؒ سے کہا کہ قبرستان میں واپس جاؤ اور ان نابینا سے کہو کہ وہ قرآن شریف پڑھ لیں۔

محمد بن احمد مروزیؒ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام احمد بن حنبلؒ سے سنا وہ فرماتے تھے کہ تم قبرستان جایا کرو تو الحمد شریف، قل ھو اللہ، قل اعوذ برب الفلق، اور قل اعوذ برب الناس پڑھ کر قبرستان والوں کو بخشا کرو اس کا ثواب ان کو پہنچ جاتا ہے۔[1] صاحب مغنیؒ نے جو فقہ حنبلی کی معتبر بہت معتبر کتاب ہے اس قصہ کو نقل کیا ہے اور اس مضمون کی اور روایات بھی نقل کی ہیں۔ بذل المجہود میں بحر سے نقل کیا ہے کہ جو شخص روزہ رکھے یا نماز پڑھے یا صدقہ کرے اور اس کا ثواب دوسرے شخص کو بخش دے خواہ وہ شخص جس کو بخشا ہے زندہ ہو یا مردہ، اس کا ثوب اس کو پہنچتا ہے اس میں کوئی فرق نہیں کہ جس کو ثواب بخشا ہے وہ زندہ ہو یا مردہ۔

ابوداؤد شریف میں حضرت ابوہریرہؓ کا یہ ارشاد نقل کیا گیا کہ کوئی شخص ایسا ہے جو اس کا ذمہ لے کہ مسجد عشار (بصرہ کے قریب ہے) میں جا کر دو رکعت یا چار رکعت نماز پڑھ کر یہ کہے کہ نماز (یعنی اس کا ثواب) ابوہریرہؓ کے لئے ہے۔[2] اپنے عزیزوں مردوں کو ثواب پہنچانے کا بہت زیادہ اہتمام چاہئے۔ ان کے حقوق کے علاوہ عنقریب مرنے کے بعد ان سے ملنا ہوگا کیسی شرم آئے گی جب ان کے حقوق، ان کے احسانات اور مالوں میں جو آدمی اپنے کام میں خرچ کرتا رہتا ہے ان کو یاد نہ رکھے۔

۱۹)......عن ابی هریره ﷺ قال قال رسول اللہ ﷺ اذامات الانسان انقطع عنه عمله الامن ثلثة الامن صدقه جارية اوعلم ينتفع به اوولد صالح يدعوله (رواه مسلم كذافى المشكوٰة قلت وابو داؤد ونسائى وغيرهما۔)

ترجمہ)......حضور اقدس ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ جب آدمی مرجاتا ہے تو اس کے اعمال کا ثواب ختم ہو جاتا ہے مگر تین چیزیں ایسی ہیں جن کا ثواب مرنے کے بعد بھی ملتا رہتا ہے۔ ایک صدقہ جاریہ دوسرے وہ علم جس سے لوگوں کو نفع پہنچتا رہے، تیسرے صالح اولاد جو اس کے لئے مرنے کے بعد دعا کرتی رہے۔

فائدہ: اللہ جل شانہٗ کا کس قدر زیادہ انعام و احسان ہے لطف و کرم ہے کہ آدمی اگر چاہے کہ مرجانے کے بعد جبکہ اس کے اعمال کا وقت ختم ہو جائے وہ عمل کرنے سے بیکار ہو جائے وہ قبر میں میٹھی نیند پڑا سوتا رہے اور اس کے اعمال حسنہ میں اضافہ ہوتا رہے تو اس کا ذریعہ بھی اللہ جل شانہٗ

---

[1] احیاء [2] ابوداؤد۔

نے اپنے فضل سے پیدا فرمادیا۔ حضورِ اقدس ﷺ نے تین چیزیں اس حدیث پاک میں ذکر فرمائی ہیں۔ایک صدقہ جاریہ یعنی کوئی ایسی چیز صدقہ کر گیا جس کا نفع باقی رہنے والا ہو۔ مثلاً کوئی مسجد بنوا گیا جس میں لوگ نماز پڑھتے رہیں تو جب تک اس میں نماز ہوتی رہے گی اس کو ثواب خود بخود ملتا رہے گا، اسی طرح سے کوئی مسافر خانہ، کوئی مکان کسی دینی کام کے لئے بنوا کر وقف کر گیا جس سے مسلمانوں کو یا دینی کاموں کو نفع پہنچتا رہا تو اس کو اس نفع کا ثواب ملتا رہے گا کوئی کنواں رفاہ عام کے لئے بنوا گیا تو جب تک لوگ اس سے پانی پیتے رہیں گے وضو وغیرہ کرتے رہیں گے اس کو مرنے کے بعد بھی اس کا ثواب پہنچتا رہے گا۔

ایک اور حدیث میں حضورِ اقدس ﷺ کا ارشاد وارد ہوا ہے کہ آدمی کے مرنے کے بعد جن چیزوں کا ثواب اس کو ملتا ہے ایک تو وہ علم ہے جو کسی کو سکھایا ہو اور اشاعت کی ہو اور وہ صالح اولاد ہے جس کو چھوڑ گیا ہو اور وہ قرآن شریف جو میراث میں چھوڑ گیا ہو اور وہ مسجد ہے اور مسافر خانہ ہے جن کو بنا گیا ہو اور نہر ہے جو جاری کر گیا ہو اور وہ صدقہ ہے جس کو اپنی زندگی اور صحت میں اس طرح دے گیا ہو کہ مرنے کے بعد اس کا ثواب ملتا رہے۔ ❶ ''ثواب ملتا رہے'' کا مطلب ہے کہ صدقہ جاریہ کے طور پر دے گیا مثلاً وقف کر گیا ہو اور علم کی اشاعت کا مطلب یہ ہے کہ کسی مدرسہ میں چندہ دیا ہو یا کوئی دینی کتاب تالیف کی ہو یا پڑھنے والوں کو تقسیم کی ہو یا مسجدوں اور مدرسوں میں قرآن پاک یا کتابیں وقف کی ہوں۔ایک اور حدیث میں ہے کہ آدمی کے مرنے کے بعد سات چیزوں کا ثواب اس کو ملتا رہتا ہے کسی کو علم پڑھایا گیا ہو، کوئی نہر جاری کر دی ہو، کوئی کنواں بنا دیا ہو، کوئی درخت لگا دیا ہو، کوئی مسجد بنا دی ہو، قرآن پاک میراث میں چھوڑا ہو یا ایسی اولاد چھوڑی ہو جو اس کے لئے دعائے مغفرت کرتی رہے ❷ اور ان سب چیزوں میں یہ بھی ضروری نہیں ہے کہ ساری تنہا خود ہی کی ہوں بلکہ اگر کسی چیز میں تھوڑی بہت شرکت بھی اپنی ہو گئی تو بقدر اپنے حصہ کے اس کے ثواب میں حصہ ملتا رہے گا۔دوسری چیز اوپر کی حدیث میں وہ علم دین ہے جس سے لوگوں کو نفع پہنچتا رہے مثلاً کسی مدرسہ میں کوئی کتاب وقف کر گیا جب تک وہ کتاب باقی ہے اس سے لوگ نفع اٹھاتے رہیں گے اس کو ثواب خود بخود ملتا رہے گا کسی طالب علم کو اپنے خرچ سے حافظ قرآن یا عالم بنا گیا جب تک اس کو علم وحفظ سے نفع پہنچتا رہے گا چاہے وہ حافظ اور عالم خود زندہ رہے یا نہ رہے اس شخص کو اس کا ثواب ملتا رہے گا مثلاً کسی شخص کو حافظ بنایا تھا اس نے دس بیس لڑکوں کو قرآن پڑھا دیا اور وہ حافظ قرآن اس کے بعد مر گیا تو جب تک یہ لڑکے قرآن پڑھتے پڑھاتے رہیں گے اس حافظ کو مستقل

❶ مشکوۃ شریف ❷ ترغیب۔

ثواب ملتا رہے گا اور اس حافظ بنانے والے کو علیحدہ ثواب ہوتا رہے گا اور اسی طرح سے جب تک ان پڑھنے والے لڑکوں کا سلسلہ پڑھنے پڑھانے کا قیامت تک چلتا رہے گا اس اصل حافظ بنانے والے کو ثواب خود بخود ملتا رہے گا چاہے یہ لوگ ثواب پہنچائیں یا نہ پہنچائیں۔ یہی صورت بعینہٖ کسی شخص کو عالم بنانے کی ہے کہ جب تک بلا واسطہ یا بالواسطہ اس کے علم سے لوگوں کو نفع کا سلسلہ چلتا رہے گا اس اول عالم بنانے والے کو ان سب کا ثواب ملتا رہے گا اور یہاں بھی وہی پہلی بات ہے کہ یہ ضروری نہیں کہ پورا حافظ یا پورا عالم خود تن تنہا بنائے۔ اگر کسی حافظ کے حفظ میں اپنی طرف سے مدد ہوگئی یا عالم کے علم حاصل کرنے میں اپنی طرف سے کوئی اعانت ہوگئی تو اس اعانت کی بقدر ثواب کا سلسلہ قیامت تک جاری رہے گا۔

خوش نصیب ہیں وہ لوگ جن کی کسی قسم کی جانی یا مالی کوشش علم کے پھیلانے میں، دین کے بقا اور حفظ میں لگ جائے کہ دنیا کی زندگی خواب سے زیادہ نہیں نہ معلوم کب اس عالم سے ایک دم جانا ہو جائے جتنا ذخیرہ اپنے لئے چھوڑ جائے گا وہی دیرپا اور کارآمد ہے عزیز، قریب، احباب، رشتہ دار سب دو چار دن یاد کر کے اپنے اپنے مشاغل میں بھول جائیں گے۔ کام آنے والی چیزیں یہی ہیں جن کو آدمی اپنی زندگی میں اپنے لئے کبھی فنا نہ ہونے والے بینک میں جمع کر جائے کہ سرمایہ محفوظ رہے اور نفع قیامت تک ملتا رہے۔ تیسری چیز جو اس حدیث پاک میں ذکر کی گئی ہے وہ اولاد صالح ہے جو مرنے کے بعد دعائے خیر بھی کرتی رہے اول تو اولاد صالح بنا جانا مستقل بھی صدقہ جاریہ ہے کہ جب تک وہ کوئی بھی نیک کام کرتی رہے گی اپنے آپ کو اس کا ثواب ملتا رہے پھر اگر وہ نیک اولاد والدین کے لئے دعا بھی کرتی رہے اور جب وہ صالح ہے تو وہ دعائیں کرتی ہی رہے گی یہ مستقل ذخیرہ والدین کے لئے ہے۔

ایک نیک عورت کا قصہ روض میں لکھا ہے جس کا باھیتہ کہتے تھے بڑی کثرت سے عبادت کرنے والی تھی جب اس کا انتقال ہونے لگا تو اس نے اپنا سر آسمان کی طرف اٹھایا اور کہا اے وہ ذات جو میرا توشہ اور میرا ذخیرہ ہے اور اسی پر میرا زندگی اور موت میں بھروسہ ہے مجھے مرتے وقت رسوا نہ کیجیو اور قبر میں مجھے وحشت میں نہ رکھیو۔ جب وہ انتقال کر گئی تو اس کے لڑکے نے یہ اہتمام شروع کر دیا کہ ہر جمعہ کو وہ ماں کی قبر پر جاتا اور قرآن شریف پڑھ کر اس کو ثواب بخشتا اور اس کے لئے اور سب قبرستان والوں کے لئے دعا کرتا۔ ایک دن اس لڑکے نے اپنی ماں کو خواب میں دیکھا اور پوچھا اماں تمہارا کیا حال ہے؟ ماں نے جواب دیا کہ موت کی سختی بڑی سخت چیز ہے میں اللہ کی رحمت سے قبر میں بڑی راحت سے ہوں۔ ریحان میرے نیچے بچھی ہوئی ہے، ریشم کے تکیے لگے

ہوئے ہیں قیامت تک یہی برتاؤ میرے ساتھ رہے گا بیٹے نے پوچھا کہ کوئی خدمت میرے لائق ہو تو کہو۔ اس نے کہا کہ تو ہر جمعہ میرے پاس آ کر قرآن شریف پڑھتا ہے اس کو نہ چھوڑنا جب تو آتا ہے سارے قبرستان والے خوش ہو کر مجھے خوش خبری دینے آتے ہیں کہ تیرا بیٹا آ گیا مجھے بھی تیرے آنے کی بڑی خوشی ہوتی ہے اور ان سب کو بھی بہت خوشی ہوتی ہے وہ لڑکا کہتا ہے کہ اس طرح ہر جمعہ کو اہتمام سے جاتا تھا۔ ایک دن میں نے خواب میں دیکھا کہ بہت بڑا مجمع مردوں اور عورتوں کا میرے پاس آیا میں نے پوچھا کہ تم کون لوگ ہو، کیوں آئے ہو؟ وہ کہنے لگے کہ ہم فلاں قبرستان کے آدمی ہیں ہم تمہارا شکریہ ادا کرنے آئے ہیں تم جو ہر جمعہ کو ہمارے پاس آتے ہو اور ہمارے لئے دعائے مغفرت کرتے ہو اس سے ہم کو بڑی خوشی ہوتی ہے اس کو جاری رکھنا۔ اس کے بعد سے میں نے اور بھی زیادہ اہتمام اس کا شروع کر دیا۔

ایک اور عالم فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے خواب میں دیکھا کہ ایک قبرستان کی سب قبریں ایک دم شق ہو گئیں اور مردے ان میں سے باہر نکل کر زمین میں سے کوئی چیز جلدی جلدی چن رہے ہیں لیکن ایک شخص فارغ بیٹھا ہے وہ کچھ نہیں چنتا۔ میں نے اس کے پاس جا کر سلام کیا اور اس سے پوچھا کہ یہ لوگ کیا چن رہے ہیں اس نے کہا جو لوگ کچھ صدقہ، دعا، درود وغیرہ کر کے اس قبرستان والوں کو بھیجتے ہیں اس کی برکات سمیٹ رہے ہیں میں نے کہا تم کیوں نہیں چنتے؟ اس نے کہا کہ مجھے اس وجہ سے استغنا ہے کہ میرا ایک لڑکا ہے جو فلاں بازار میں زلابیہ (حلوے کی ایک قسم ہے جو منہ کو چپک جاتی ہے) بیچا کرتا ہے وہ روزانہ مجھے ایک قرآن شریف پڑھ کر بخشتا ہے میں صبح کو اٹھ کر اس بازار میں گیا میں نے ایک نوجوان کو دیکھا کہ زلابیہ فروخت کر رہا ہے اور اس کے ہونٹ ہل رہے ہیں میں نے پوچھا کہ تم کیا پڑھ رہے ہو اس نے کہا کہ میں روزانہ ایک قرآن پاک ختم کر کے اپنے والد کو ہدیہ پیش کیا کرتا ہوں۔ اس قصہ کے عرصہ کے بعد میں نے پھر ایک مرتبہ اس قبرستان کے آدمیوں کو اسی طرح چنتے دیکھا اور اس مرتبہ اس شخص کو بھی چنتے دیکھا جس سے پہلی مرتبہ بات ہوئی تھی۔ پھر میری آنکھ کھل گئی مجھے اس پر تعجب تھا صبح اٹھ کر پھر میں اسی بازار میں گیا۔ تحقیق سے معلوم ہوا کہ اس لڑکے کا انتقال ہو گیا۔ [1]

حضرت صالح مریؒ فرماتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ جمعہ کی شب میں اخیر رات میں جامع مسجد جا رہا تھا کہ صبح کی نماز وہاں پڑھوں، صبح میں دیر تھی، راستہ میں ایک قبرستان تھا میں وہاں ایک قبر کے قریب بیٹھ گیا بیٹھتے ہی میری آنکھ لگ گئی۔ میں نے خواب میں دیکھ کہ سب قبریں شق ہو گئیں اور

---

[1] روض۔

ان میں سے مردے نکل کر ہنسی خوشی باتیں کررہے ہیں ان میں ایک نوجوان بھی قبر سے نکلا جس کے کپڑے میلے اور وہ مغموم سا ایک طرف بیٹھ گیا تھوڑی دیر میں آسمان سے بہت سے فرشتے اترے جن کے ہاتھوں میں خوان تھے جن پر نور کے رومال ڈھکے ہوئے تھے وہ ہر شخص کو ایک خوان دیتے تھے اور جو خوان لے لیتا تھا وہ اپنی قبر میں چلا جاتا تھا جب سب لے چکے تو یہ نوجوان بھی خالی ہاتھ اپنی قبر میں جانے لگا میں نے اس سے پوچھا کہ کیا بات ہے تم اس قدر غمگین کیوں ہو اور یہ خوان کیسے تھے؟ اس نے کہا کہ یہ خوان ان ہدایا کے تھے جو زندہ لوگ اپنے اپنے مردوں کو بھیجتے ہیں میرے کوئی اور تو ہے نہیں جو بھیجے گا ایک والدہ ہے مگر وہ دنیا میں پھنس رہی ہے اس نے دوسری شادی کر لی وہ اپنے خاوند میں مشغول رہتی ہے مجھے کبھی بھی یاد نہیں کرتی۔ میں نے اس سے اس کی والدہ کا پتہ پوچھا اور صبح کو اس پتہ پر جا کر اس کی والدہ کو پردے کے پیچھے بلایا اور اس سے اس کے لڑکے کا پوچھا اور یہ خواب اسے سنایا۔ اس عورت نے کہا کہ بے شک وہ میرا لڑکا تھا میرے جگر کا ٹکڑا تھا میری گود اس کا بستر تھا۔ اس کے بعد اس عورت نے مجھے ایک ہزار درہم دیئے کہ میرے لڑکے اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک کے لئے اس کو صدقہ کر دینا اور میں آئندہ ہمیشہ اس کو صدقہ اور دعا سے یاد رکھوں گی کبھی نہ بھولوں گی۔ حضرت صالحؒ فرماتے ہیں کہ میں نے پھر خواب میں اس مجمع کو اسی طرح دیکھا اور اس نوجوان کو بھی بڑی اچھی پوشاک میں بہت خوش دیکھا وہ میری طرف دوڑا ہوا آیا اور کہنے لگا کہ صالحؒ حق تعالیٰ شانہٗ تمہیں جزائے خیر عطا فرمائے تمہارا ہدیہ میرے پاس پہنچ گیا۔ [1]

اس قسم کے ہزاروں واقعات کتب میں موجود ہیں۔ بعض اس سے پہلی حدیث میں بھی گذر چکے ہیں پس اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ میری اولاد مرنے کے بعد بھی میرے کام آئے تو اپنے مقدور کے موافق اس کو نیک اور صالح بنانے کی کوشش کرنی چاہیے کہ یہ حقیقت میں اولاد کے لئے بھی خیر خواہی ہے اور اپنے لئے بھی کارآمد ہے اللہ جل شانہٗ کا پاک ارشاد ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا۔ (سورۂ تحریم)

اے ایمان والو! اپنے آپ کو اور اپنے اہل وعیال کو (جہنم کی) آگ سے بچاؤ۔

زیدؓ بن اسلم فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی تو صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) اپنے اہل وعیال کو کس طرح آگ سے بچائیں؟ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ان کو ایسے کاموں کا حکم کرتے رہو جس سے اللہ جل شانہٗ راضی ہوں اور ایسی چیزوں سے روکتے رہو جو اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہوں۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ سے اس آیت شریفہ کی تفسیر میں نقل کیا گیا ہے کہ اپنے آپ کو اور اپنے اہل کو خیر کی باتوں کی تعلیم اور تنبیہ کرتے رہو۔ [2] حضور اقدس ﷺ کا

[1] روض [2] درمنثور۔

ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ اللہ جل شانہٗ اس باپ پر رحم کرے جو اولاد کی اس بات میں مدد کرے کہ وہ باپ کے ساتھ نیکی کا برتاؤ کرے یعنی ایسا برتاؤ اس سے نہ کرے جس سے نافرمانی کرنے لگے۔ ❶ اولاد کو نیک بنانا بھی اس میں داخل ہے، اگر وہ نیک نہ ہوگی تو پھر والدین کے ساتھ جو کرے وہ برمحل ہے۔ ایک حدیث میں ہے کہ بچے کا ساتواں دن عقیقہ کیا جائے اور اس کا نام رکھا جائے اور جب چھ برس کا ہو اس کو اداب سکھائے جائیں اور نو برس کا ہو جائے تو اس کا بستر علیحدہ کر دیا جائے (یعنی دوسروں کے پاس نہ سوئے) اور جب تیرہ برس کا ہو جائے تو نماز نہ پڑھنے پر مارا جائے اور جب سولہ برس کا ہو جائے تو نکاح کر دیا جائے۔ پھر اس کا باپ اس کا ہاتھ پکڑ کر کہے کہ میں نے تجھے آداب سکھا دیئے، تعلیم دے دی نکاح کر دیا اب میں اللہ سے پناہ مانگتا ہوں دنیا میں تیرے فتنہ سے اور آخرت میں تیری وجہ سے عذاب سے۔ ❷ ''تیری وجہ سے عذاب'' کا مطلب یہ ہے کہ بہت سی احادیث میں مختلف عنوانات سے یہ ارشاد نبوی وارد ہوا ہے کہ جو شخص کوئی برا طریقہ اختیار کرتا ہے تو اس کو اپنے فعل کا گناہ بھی ہوتا ہے اور جتنے لوگ اس کی وجہ سے اس پر عمل کریں گے ان سب کا گناہ بھی اس کو ہوگا اس طرح پر کہ کرنے والوں کے اپنے گناہ میں کوئی کمی نہ ہوگی ان کو اپنے فعل کا مستقل گناہ ہوگا اور اس کو ذریعہ اور سبب بننے کا مستقل گناہ ہوگا اس بنا پر جو اولاد اپنے بڑوں کی بری حرکات ان کے عمل کی وجہ سے اختیار کرتی ہے ان سب کا گناہ بڑوں کو بھی ہوتا ہے اس لئے اپنے چھوٹوں کے سامنے بری حرکات کرنے سے احتراز کرنا چاہئے۔ اس حدیث شریف میں تیرہ برس کی عمر میں نماز پر مارنے کا حکم ہے اور بہت سی احادیث میں ہے کہ بچے کو جب سات برس کا ہو جائے نماز کا حکم کرو اور جب دس برس کا ہو جائے تو نماز نہ پڑھنے پر مارو۔ یہ روایات اپنی صحت اور کثرت کے لحاظ سے مقدم ہیں بحر حال بچہ کے نماز نہ پڑھنے پر باپ کو مارنے کا حکم ہے اور اس پر نماز میں تنبیہ نہ کرنا اپنا جرم ہے اور اس کے بالمقابل اگر اس کو نماز، روزہ اور دینی احکام کا پابند اور عادی بنا دیا تو اس کے اعمال حسنہ کا ثواب اپنے آپ کو بھی ملے گا اور اس کے ساتھ جب وہ صالح بن کر والدین کے لئے دعا بھی کرے گا تو اسے بھی زیادہ اجر و ثواب ملتا رہے گا۔ ابن مالکؒ کہتے ہیں کہ حدیث بالا میں اولاد کو صالح کے ساتھ اس لئے مقید کیا ہے کہ ثواب غیر صالح اولاد کا نہیں پہنچتا اور اس کی دعا کا ذکر اولاد کو دعا کی ترغیب دینے کے لئے ہے چنانچہ یہ کہا گیا ہے کہ والد کو صالح اولاد کے عمل کا ثواب خود پہنچتا رہتا ہے چاہے وہ دعا کرے یا نہ کرے جیسا کہ کوئی شخص رفاہ عام کے لئے کوئی درخت لگا دے اور لوگ اس کا پھل کھاتے رہیں تو اب کھانے والوں کے کھانے کا ثواب اس کو ملتا رہے گا چاہے یہ لوگ درخت لگانے والے کے لئے دعا کریں یا نہ کریں۔

---

❶، ❷ احیاء۔

علامہ مناویؒ کہتے ہیں کہ والد کو دعا کے ساتھ تنبیہ اور دعا کے ساتھ تحریص کے طور پر ذکر فرمایا کہ وہ دعا کرے ورنہ دعا ہر شخص کی نافع ہے چاہے وہ اولاد ہو یا نہ ہو۔ اس حدیث شریف میں تین چیزوں کا ذکر اہتمام کی وجہ سے کیا ہے، ان کے علاوہ اور بعض چیزیں احادیث میں ایسی آئی ہیں جن کے متعلق یہ وارد ہوا ہے کہ ان کا دائمی ثواب ملتا رہتا ہے۔ متعدد احادیث میں یہ مضمون وارد ہوا ہے کہ جو شخص کوئی نیک طریقہ جاری کردے اس کو اپنے عمل کا ثواب بھی ملے گا اور جتنے آدمی اس پر عمل کریں گے ان سب کے عمل کا ثواب اس کو ملتا رہے گا اور کرنے والوں کے اپنے اپنے ثواب میں کوئی کمی نہ ہوگی اور جو شخص برا طریقہ کار جاری کردے اس پر اپنے کئے کا بھی گناہ ہے اور جتنے آدمی اس پر عمل کریں گے ان سب کے عمل کا گناہ بھی اس کو ہوگا اور اس کی وجہ سے ان کے گناہوں میں کوئی کمی نہ ہوگی۔ اسی طرح ایک اور حدیث میں ہے کہ ہر شخص کو عمل کو ثواب مرنے کے بعد ختم ہو جاتا ہے مگر جو شخص اللہ کے راستہ میں سرحدوں کی حفاظت کرنے والا ہے اس کا ثواب قیامت تک بڑھتا رہتا ہے۔[1]

ان کے علاوہ احادیث میں اور بھی بعض اعمال کا ذکر آیا ہے جیسا کہ کوئی درخت لگا دینا، یا نہر جاری کر دینا جن کو علامہ سیوطیؒ نے جمع کر کے گیارہ چیزیں بتائی ہیں اور ابن عماد نے تیرہ چیزیں گنوائی ہیں لیکن ان میں سے اکثر ان ہی تین کی طرف راجع ہو جاتی ہیں جیسا کہ درخت لگانا یا نہر جاری کرنا صدقہ جاریہ میں داخل ہے۔[2]

(۲۰)......عن عائشةؓ انهم ذبحوا شاة فقال النبی ﷺ مابقی منها قالت مابقی منها الا کتفها قال بقی کلها الا کتفها۔ (رواہ الترمذی وصححہ کذافی المشکوٰۃ۔)

ترجمہ)......حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ ایک مرتبہ گھر کے آدمیوں نے یا صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے ایک بکری ذبح کی (اور اس میں سے تقسیم کر دیا) حضور ﷺ نے دریافت فرمایا کہ کتنا باقی رہا؟ حضرت عائشہؓ نے عرض کیا کہ صرف ایک شانہ باقی رہ گیا (باقی سب تقسیم ہو گیا) حضور ﷺ نے فرمایا کہ وہ سب باقی ہے اس شانہ کے سوا۔

فائدہ: مقصد یہ ہے جو اللہ کے لئے خرچ کر دیا گیا وہ تو حقیقت میں باقی ہے کہ اس کا دائمی ثواب باقی ہے اور جو رہ گیا وہ فانی ہے نہ معلوم باقی رہنے والی جگہ خرچ ہو یا نہ ہو۔ صاحب مظاہرؒ کہتے ہیں کہ اس میں اشارہ ہے اللہ جل شانہٗ کے اس پاک ارشاد کی طرف مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ (نحل ۱۶:۹۶) جو کچھ تمہارے پاس اس دنیا میں ہے وہ ایک دن ختم

---

[1] مرقاۃ [2] عون۔

ہو جائے گا (چاہے اس کے زوال سے ہو یا تمہاری موت سے) اور جو کچھ اللہ جل شانہٗ کے پاس ہے وہ ہمیشہ باقی رہنے والا ہے۔ ایک حدیث میں حضور اقدس ﷺ کا پاک ارشاد وارد ہوا ہے کہ بندہ کہتا ہے کہ میرا مال میرا مال اس کے سوا دوسری بات نہیں ہے کہ اس کا مال وہ ہے جو کھا کر ختم کر دیا گیا یا پہن کر پرانا کر دیا یا اللہ کے راستہ میں خرچ کر کے اپنے لئے ذخیرہ بنا لیا اور اس کے علاوہ جو رہ گیا وہ جانے والی چیز ہے جس کو وہ لوگوں کے لئے چھوڑ کر چلا جائے گا۔ (۱) ایک اور حدیث میں ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے ایک مرتبہ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین سے دریافت فرمایا کہ تم میں سے کون شخص ایسا ہے جس کو اپنے وارث کا مال اپنے مال سے زیادہ محبوب ہو۔ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) ایسا تو کوئی بھی نہیں ہے ہر شخص کو اپنا مال زیادہ محبوب ہوتا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ آدمی کا اپنا مال وہ ہے جس کو (ذخیرہ بنا کر) آگے بھیج دیا اور جو مال چھوڑ گیا وہ وارث کا مال ہے۔ (۲) ایک صحابی کہتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ حضور ﷺ نے سورۂ الھٰکم التکاثر تلاوت فرمائی پھر ارشاد فرمایا کہ آدمی کہتا ہے میرا مال میرا مال او آدمی! تیرے لئے اس کے سواء کچھ نہیں جو کھا کر ختم کر دے یا پہن کر پرانا کر دے یا صدقہ کر کے آگے چلتا کر دے تاکہ اللہ جل شانہٗ کے خزانے میں محفوظ رہے۔ (۳)

متعدد صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم سے اس قسم کے مضامین کی روایتیں نقل کی گئی ہیں۔ لوگوں کو دنیا کے بینک میں روپیہ جمع کرنے کا بڑا اہتمام ہوتا ہے لیکن وہی کیا ساتھ رہنے والا ہے اگر اپنی زندگی ہی میں اس پر کوئی آفت نہ بھی آئے تو مرنے کے بعد بہر حال وہ اپنے کام آنے والا ہے نہ اس پر کوئی آفت ہے نہ زوال اور مزید برآں کہ کبھی ختم ہونے والا نہیں۔ حضرت سہل بن عبداللہ تستریؒ اپنے مال کو اللہ کے راستہ میں بڑی کثرت سے خرچ کرتے تھے، ان کی والدہ اور بھائیوں نے حضرت عبداللہ بن مبارکؒ سے اس کی شکایت کی کہ یہ سب کچھ خرچ کرنا چاہتے ہیں ڈر ہے کہ یہ چند روز میں فقیر ہو جائیں گے حضرت عبداللہ بن مبارکؒ نے حضرت سہلؒ سے دریافت کیا۔ انہوں نے فرمایا کہ آپ ہی فرمائیں کہ اگر کوئی مدینہ طیبہ کا رہنے والا رستاق میں (جو ملک فارس کا ایک شہر ہے) زمین خرید لے اور وہاں منتقل ہونا چاہے وہ مدینہ طیبہ میں اپنی کوئی چیز چھوڑے گا؟ انھوں نے فرمایا کہ نہیں۔ کہنے لگے کہ بس یہی بات ہے لوگوں کو ان کے جواب سے یہ خیال ہو گیا کہ وہ دوسری جگہ انتقال آبادی کرنے کا ارادہ کر رہے ہیں اور ان کی غرض دوسرے عالم کو انتقال تھی اور آج کل تو ہر شخص کو اس کا ذاتی تجربہ بھی ہے جو ہند سے پاکستان یا پاکستان سے ہند میں مستقل قیام

(۱) مسلم (۲) مشکوٰۃ عن البخاری (۳) مشکوٰۃ عن المسلم۔

کی نیت سے انتقال آبادی اپنے اختیار سے کرنا چاہتے ہیں وہ اپنے جانے سے پہلے اپنی جائیداد مکانات وغیرہ سب چیزوں کے تبادلے کی کتنی کوشش کرتے ہیں اور اتنے تبادلہ مکمل نہیں ہوجاتا ساری تکالیف برداشت کرنے کے باوجود انتقال آبادی کا ارادہ نہیں کرتے اور بلا اختیار جبری طور پر ایک جگہ اپنا سب کچھ چھوڑ کر دوسری جگہ منتقل ہوگئے ہیں۔ ان کی حسرت وافسوس کی نہ کوئی انتہا ہے نہ خاتمہ۔ یہی صورت بعینہٖ ہر شخص کی اس عالم سے انتقال کی ہے۔ ابھی تک ہر شخص کو اپنے سامان، جائداد وغیرہ سب چیز کے انتقال کا اختیار ہے لیکن جب موت سے جبری انتقال ہوجائے گا سب کچھ اسی عالم میں رہ جائے گا اور گویا بحق سرکار ضبط ہوجائے گا۔ ابھی وقت ہے کہ سمجھ رکھنے والے اپنے سامان کو دوسرے عالم میں منتقل کرلیں۔

(۲۱)...... عن ابی هريرة ﷜ قال قال رسول الله ﷺ من كان يومن بالله واليوم الاخر فليكرم ضيفه ومن كان يومن بالله واليوم الأخر فلايؤذ جاره ومن كان يومن بالله واليوم الاخر فليقل خيرا اوليصمت وفي رواية بدل الجار ومن كان يومن بالله واليوم الأخر فليصل رحمه (متفق عليه كذافي المشكوة۔)

ترجمہ)...... حضور اقدس ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ جو شخص اللہ پر ایمان رکھتا ہے اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اس کو چاہئے کہ مہمان کا اکرام کرے اور اپنے پڑوسی کو نہ ستائے اور اپنی زبان سے کوئی بات نکالے تو بھلائی کی نکالے ورنہ چپ رہے اور دوسری روایت میں ہے کہ صلہ رحمی کرے۔

فائدہ: اس حدیث پاک میں حضور اقدس ﷺ نے کئی امور پر تنبیہ فرمائی اور ہر مضمون کو حضور ﷺ نے اس ارشاد کے ساتھ ذکر فرمایا کہ جو شخص اللہ پر ایمان رکھتا ہے اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے۔ ترجمہ میں اختصار کی وجہ سے شروع ہی میں ذکر پر اکتفا کیا گیا ہر جملے کے ساتھ اس کو ذکر فرمانے سے مقصود ان امور کی اہمیت اور تاکید ہے جیسا کوئی شخص اپنی اولاد میں سے کسی کو کہے کہ اگر تو میرا بیٹا ہے تو فلاں کام کردے مقصد اس تنبیہ سے یہ ہے کہ یہ چیزیں کامل ایمان کے افراد ہیں جو ان کا اہتمام نہ کرے اس کا اہتمام بھی کامل نہیں [1] اور اللہ پر ایمان اور آخرت پر ایمان کی ذکر میں خصوصیت غالباً اس وجہ سے ہے کہ اللہ جل شانہٗ پر ایمان کے بغیر تو آخرت میں کسی نیکی کا کوئی ثواب ہی نہیں اور اللہ جل شانہٗ پر ایمان میں آخرت پر ایمان خود آگیا تھا پھر اس کو خصوصیت سے غالباً اس لئے ذکر فرمایا کہ یہ تنبیہ اور ثواب کی نیت پر شوق دلانا ہے کہ ان امور کا حقیقی بدلہ اور ثواب آخرت کے دن ملے گا جس دن یہ معلوم ہوگا کہ دنیا کی ذرا ذرا سی چیز اور عمل پر اللہ جل شانہٗ کے

[1] مظاہر۔

یہاں کتنا کتنا اجروثواب ہے اس کے بعد حضور ﷺ نے اس حدیث پاک میں چار چیزوں پر تنبیہ فرمائی ہے۔

(۱) پہلی چیز مہمان کا اکرام ہے، وہی اس جگہ بندہ کا اس روایت کے ذکر کرنے سے مقصود ہے اس کی توضیح آئندہ حدیث میں آئے گی۔

(۲) دوسرا مضمون پڑوسی کو ایذاء دینے کے متعلق ہے اس حدیث شریف میں ادنیٰ درجہ کا حکم کیا گیا ہے کہ پڑوسی کو ایذاء نہ پہنچائے یہ بہت ہی ادنیٰ درجہ ہے ورنہ روایات میں پڑوسی کے حق کے متعلق بہت زیادہ تاکیدیں وارد ہوئی ہیں۔ شیخین کی بعض روایات میں فَلْيُكْرِمْ جَارَهٗ وارد ہوا ہے یعنی پڑوسی کا اکرام کرے اور شیخین کی بعض روایات میں فَلْيُحْسِنْ اِلٰى جَارِهٖ آیا ہے اور اس کے ساتھ احسان کا معاملہ کرے یعنی جس چیز کا وہ محتاج ہو اس میں اس کی اعانت کرے اس سے برائی کو دفع کرے۔

ایک حدیث میں حضور اکرم ﷺ کا ارشاد وارد ہوا ہے۔ جانتے ہو کہ پڑوسی کا کیا حق ہے اگر وہ تجھ سے مدد چاہے اس کی مدد کر، اگر قرض مانگے تو اس کو قرض دے، اگر محتاج ہو تو اس کی اعانت کر، اگر بیمار ہو تو اس کی عیادت کر، اگر وہ مرجائے تو اس کے جنازے کے ساتھ جا، اگر اس کو خوشی حاصل ہو تو اس کو مبارکباد دے، اگر مصیبت پہنچے تو تعزیت کر۔ بغیر اس کی اجازت کے اس کے مکان کے پاس اپنا مکان اونچا نہ کر جس سے اس کی ہوا رک جائے۔ اگر تو کوئی پھل خریدے تو اس کو بھی ہدیہ دے اور اگر یہ نہ ہو سکے تو اس پھل کو اسی طرح پوشیدہ گھر میں لا کہ وہ نہ دیکھے اور اس کو تیری اولاد باہر لے کر نہ نکلے تاکہ پڑوسی کے بچے اس کو دیکھ کر رنجیدہ نہ ہوں اور اپنے گھر کے دھویں سے اس کو تکلیف نہ پہنچا مگر اس صورت میں کہ جو پکائے اس میں سے اس کا بھی حصہ لگائے تم جانتے ہو کہ پڑوسی کا کتنا حق ہے؟ قسم ہے اس ذات پاک کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ اس کے حق کو اس کے سوا کوئی نہیں جانتا جس پر اللہ رحم کرے۔ روایت کیا اس کو غزالی نے اربعین میں۔[1] حافظ ابن حجرؒ نے فتح الباری میں بھی اس حدیث کو ذکر کیا ہے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے (تین مرتبہ) فرمایا خدا کی قسم مؤمن نہیں ہے، خدا کی قسم مؤمن نہیں ہے، خدا کی قسم مؤمن نہیں ہے۔ کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) کون شخص؟ حضور ﷺ نے فرمایا جس کا پڑوسی اس کی مصیبتوں (اور بدیوں) سے مامون نہ ہو۔[2] ایک اور حدیث میں ہے کہ جنت میں وہ شخص داخل نہ ہوگا جس کا پڑوسی اس کی مصیبتوں سے مامون نہ ہو۔ حضرت ابن عمرؓ اور

[1] مظاہر حق بتغیر۔ [2] مشکوٰۃ عن الشیخین۔

حضرت عائشہؓ دونوں حضرات حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ حضرت جبرائیلؑ مجھے پڑوسی کے بارے میں اس قدر تاکید کرتے رہے کہ مجھے ان کی تاکیدوں سے یہ گمان ہوا کہ پڑوسی کو وارث بنا کر رہیں گے۔ ❶ حق سبحانہٗ تقدس کا پاک ارشاد ہے۔

وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ (نساء ٤:٣٦)

تم اللہ تعالیٰ کی عبادت اختیار کرو اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک مت کرو اور اپنے والدین کے ساتھ اچھا معاملہ کرو اور دوسرے اہل قرابت کے ساتھ بھی اور یتیموں کے ساتھ اور غرباء کے ساتھ اور پاس والے پڑوسی کے ساتھ بھی اور دور والے پڑوسی کے ساتھ بھی اور ہم مجلس کے ساتھ بھی اور مسافر کے ساتھ بھی۔

پاس والے پڑوسی سے مراد یہ ہے کہ اس کا مکان قریب ہو اور دور کے پڑوسی سے مراد یہ ہے کہ اس کا مکان دور ہو۔ حسن بصریؒ سے کسی نے پوچھا کہ پڑوس کہاں تک ہے؟ انھوں نے فرمایا کہ چالیس مکان آگے کی جانب اور چالیس پیچھے کی جانب، چالیس دائیں جانب، چالیس بائیں جانب۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے نقل کیا گیا کہ دور کے پڑوسی کی ابتداء نہ کی جائے بلکہ پاس کے پڑوسی سے ابتداء کی جائے۔ حضرت عائشہؓ نے حضور اقدس ﷺ سے دریافت کیا کہ میرے دو پڑوسی ہیں کس سے ابتداء کروں؟ حضور ﷺ نے فرمایا جس کا دروازہ تیرے دروازے سے قریب ہو۔ حضرت ابن عباسؓ سے مختلف طریق سے نقل کیا گیا کہ پاس کا پڑوسی وہ ہے جس سے قرابت ہو اور دور کا پڑوسی وہ ہے جس سے قرابت نہ ہو۔ نوفؒ شامی سے نقل کیا گیا کہ پاس کا پڑوسی مسلمان پڑوسی ہے اور دور کا پڑوسی یہود و نصاریٰ (یعنی غیر مسلم ❷) مسند بزار وغیرہ میں حضور اقدس ﷺ کا پاک ارشاد نقل کیا گیا کہ پڑوسی تین طرح کے ہیں ایک وہ پڑوسی جس کے تین حق ہوں۔ پڑوس کا حق، رشتہ داری کا حق، اور اسلام کا حق۔ دوسری قسم وہ ہے جس کے دو حق ہوں پڑوس کا حق اور اسلام کا حق۔ تیسری قسم وہ ہے جس کا ایک ہی حق ہو وہ غیر مسلم پڑوسی ہے۔ ❸ گویا پڑوس کے تین درجے ترتیب وار ہو گئے۔

امام غزالیؒ نے بھی اس حدیث شریف کو نقل فرمایا ہے اس کے بعد فرماتے ہیں کہ دیکھو اس حدیث شریف میں محض پڑوسی ہونے کی وجہ سے مشرک کا حق بھی مسلمان پر قائم فرمایا ہے ایک اور

❶ مشکوٰۃ ❷ درمنثور ❸ جمل۔

حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد نقل کیا گیا کہ قیامت کے دن سب سے پہلے دو پڑوسیوں میں فیصلہ کیا جائے گا ایک شخص حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور اپنے پڑوسی کی کثرت سے شکایت کرنے لگے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جاؤ اپنا کام کرو اگر اس نے تمہارے بارے میں اللہ جل شانہٗ کی نافرمانی کی (کہ تم کو ستایا) تو تم اس کے بارے میں اللہ تعالیٰ شانہٗ کی نافرمانی نہ کرو۔ ایک صحیح حدیث میں آیا ہے کہ حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں ایک عورت کا حال بیان کیا گیا کہ وہ روزے بھی کثرت سے رکھتی ہے، تہجد بھی پڑھتی ہے لیکن اپنے پڑوسیوں کو ستاتی ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ وہ جہنم میں داخل ہوگی (چاہے پھر سزا بھگت کر نکل آئے) امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ پڑوسی کا حق صرف یہی نہیں کہ اس کو تکلیف نہ دی جائے بلکہ اس کا حق یہ ہے کہ اس کی تکلیف کو برداشت کیا جائے۔ حضرت ابن المقفعؒ اپنے پڑوسی کی دیوار کے سائے میں اکثر بیٹھ جایا کرتے تھے ان کو معلوم ہوا کہ اس کے ذمہ قرض ہو گیا ہے جس کی وجہ سے وہ اپنا گھر فروخت کرنا چاہتے ہیں فرمانے لگے کہ ہم اس سائے میں ہمیشہ بیٹھے اس کے سائے کا حق ہم نے کچھ ادا نہ کیا یہ کہہ کر اس کے گھر کی قیمت اس کو نذر کر دی اور فرمایا کہ تمہیں قیمت وصول ہو گئی اب اس کو فروخت کرنے کا ارادہ نہ کرنا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے غلام نے ایک بکری ذبح کی حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا کہ جب اسکی کھال نکال چکو تو سب سے پہلے اس کے گوشت میں سے میرے یہودی پڑوسی کو دینا کئی دفعہ یہی لفظ فرمایا۔ غلام نے عرض کیا کہ آپ کتنی مرتبہ اس کو فرمائیں گے۔ حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا کہ میں نے حضور اقدس ﷺ سے سنا وہ فرماتے تھے کہ مجھے حضرت جبرائیل بار بار پڑوسی کے متعلق تاکید فرماتے رہے (اس لئے میں بار بار کہہ رہا ہوں)۔

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ مکارم اخلاق دس چیزیں ہیں۔ بسا اوقات یہ چیزیں بیٹے میں ہو جاتی ہیں باپ میں نہیں ہوتیں، غلام میں ہو جاتی ہیں آقا میں نہیں ہوتیں، حق تعالیٰ شانہٗ کی عطا ہے جس کو چاہے عطا کر دیں۔ (۱) سچ بولنا (۲) لوگوں کے ساتھ سچائی کا معاملہ کرنا (دھوکہ نہ دینا) (۳) سائل کو عطا کرنا (۴) احسان کا بدلہ دینا (۵) صلہ رحمی کرنا (۶) امانت کی حفاظت کرنا (۷) پڑوسی کا حق ادا کرنا (۸) ساتھی کا حق ادا کرنا (۹) مہمان کا حق ادا کرنا (۱۰) ان سب کی جڑ اور اصل اصول حیاء ہے۔ [1] تیسرا مضمون حدیث بالا میں یہ ہے جو شخص اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ خیر کی بات زبان سے نکالے یا چپ رہے۔ حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کا پاک ارشاد جامع کلمہ ہے اس لئے کہ جو بات کہی جائے وہ یا خیر ہوگی یا شر اور خیر میں ہر وہ چیز داخل ہے جس کا کہنا مطلوب ہے فرض ہو یا مستحب، اس کے علاوہ جو رہ گیا وہ شر ہے۔ [2] یعنی اگر کوئی ایسی بات ہو جو

[1] احیاء۔ [2] فتح۔

بظاہر نہ خیر معلوم ہوتی ہو نہ شر وہ حافظؒ کے کلام کے موافق شر میں داخل ہو جائے گی اس لئے کہ جب کوئی فائدہ اس سے مقصود نہیں تو لغو ہوئی وہ خود شر ہے۔ حضرت ام حبیبہؓ نے حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کیا کہ آدمی کا ہر کلام اس پر وبال ہے کوئی نفع دینے والی چیز نہیں بجز اس کے کہ بھلائی کا حکم کرے یا برائی سے روکے یا اللہ جل شانہٗ کا ذکر کرے اس حدیث کو سن کر ایک شخص کہنے لگے یہ حدیث تو بڑی سخت ہے۔ حضرت سفیان ثوریؒ نے فرمایا کہ اس میں حدیث کی سختی کی کیا بات ہے؟ یہ تو خود اللہ جل شانہٗ نے قرآن شریف میں فرمایا ہے۔

لَاخَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوَاهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍۢ بَيْنَ النَّاسِ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا۔ (نساء ۴:۱۱۴)

لوگوں کی اکثر سرگوشیوں میں خیر نہیں ہوتی ہاں مگر جو لوگ ایسے ہیں کہ خیرات یا کسی نیک کام کی یا لوگوں میں باہم اصلاح کر دینے کی ترغیب دیتے ہیں اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے واسطے یہ کام کرے گا ہم اس کو عنقریب بہت زیادہ اجر عطا کریں گے۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے عرض کیا کہ مجھے کچھ وصیت فرما دیجئے حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تجھے اللہ کے خوف کی وصیت کرتا ہوں تمہارے ہر کام کے لئے زینت ہے، میں نے عرض کیا کہ کچھ اور ارشاد؟ فرمایا کہ قرآن شریف کی تلاوت اور اللہ کے ذکر کا اہتمام کہ یہ آسمانوں میں تمہارے ذکر کا سبب ہے اور زمین میں تمہارے لئے نور ہے، میں نے اور زیادتی چاہی تو ارشاد فرمایا کہ سکوت بہت کثرت سے رکھا کرو یہ شیطان کے دور رہنے کا ذریعہ ہے اور دینی کاموں میں مدد کا سبب ہے میں نے اور زیادتی چاہی تو فرمایا کہ ہنسنے کی زیادتی سے احتراز کرو اس سے دل مر جاتا ہے اور منہ کی رونق کم ہو جاتی ہے میں نے عرض کیا اور کچھ۔ فرمایا حق بات کہو چاہے کڑوی ہی کیوں نہ ہو، میں نے عرض کیا کہ اور کچھ، فرمایا اللہ کے معاملہ میں کسی کا خوف نہ کرو۔ میں نے عرض کیا اور کچھ، فرمایا کہ تمہیں اپنے عیوب (کا فکر) لوگوں کے عیوب کو دیکھنے سے روک دے۔ (درمنثور)

امام غزالیؒ فرماتے ہیں زبان اللہ جل شانہٗ کی بڑی نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے اور اس کی غریب و لطیف صنعتوں میں سے ایک صنعت ہے اس کا جثہ چھوٹا ہے لیکن اس کی اطاعت اور گناہ بہت بڑے ہیں حتیٰ کہ کفر و اسلام جو گناہ اور اطاعت میں دو آخری کناروں پر ہیں اسی سے ظاہر ہوتے ہیں اس کے بعد اس کی بہت سی آفتیں شمار کی ہیں۔ بیکار گفتگو، بیہودہ باتیں، جنگ و جدل،

منہ پھلا کر باتیں کرنا، مقفّی عبارتوں اور فصاحت میں تکلف کرنا، فحش بات کرنا، گالی دینا، لعنت کرنا، شعر وشاعری میں انہماک، کسی کے ساتھ تمسخر کرنا، کسی کا راز ظاہر کرنا، جھوٹا وعدہ کرنا، جھوٹ بولنا، جھوٹی قسم کھانا، کسی پر تعریض کرنا، تعریض کے طور پر جھوٹ بولنا، غیبت کرنا، چغلخوری کرنا، دورنگی باتیں کرنا، بے محل کسی کی تعریف کرنا، بے محل کسی سے سوال کرنا وغیرہ وغیرہ۔ اتنی کثیر آفتیں اس چھوٹی سی چیز کے ساتھ وابستہ ہیں کہ ان کا مسئلہ نہایت خطرناک ہے اسی وجہ سے حضور ﷺ نے چپ رہنے کی بہت ترغیب فرمائی ہے۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص چپ رہا وہ نجات پا گیا۔ ایک صحابی نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ (ﷺ) مجھے اسلام کے بارے میں ایسی چیز بتا دیجئے کہ آپ کے بعد مجھے کسی سے پوچھنا نہ پڑے۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اللہ جل شانہٗ پر ایمان لاؤ اور اس پر استقامت رکھو۔ انھوں نے عرض کیا کہ حضور (ﷺ) میں کس چیز سے بچوں؟ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اپنی زبان سے۔ ایک اور صحابی نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ (ﷺ) نجات کی کیا صورت ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اپنی زبان کو روکے رکھو، اپنے گھر میں رہو (فضول باہر نہ پھرو) اور اپنی خطاؤں پر روتے رہو۔ ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا پاک ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ جو شخص دو چیزوں کا ذمہ لے لے میں اس کے لئے جنت کا ذمہ دار ہوں۔ ایک زبان اور دوسری شرمگاہ۔ ایک حدیث میں ہے کہ حضور اقدس ﷺ سے سوال کیا گیا کہ جو چیزیں جنت میں داخل کرنے والی ہیں اس میں سب سے اہم کیا چیز ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اللہ کا خوف اور اچھی عادتیں، پھر عرض کیا گیا کہ جہنم میں جو چیزیں داخل کرنے والی ہیں ان میں اہم چیز کیا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا منہ اور شرمگاہ۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ صفا مروہ کی سعی کر رہے تھے اور اپنی زبان کو خطاب کر کے فرماتے تھے اے زبان! اچھی بات کہہ نفع کمائے گی اور شر سے سکوت کر سلامت رہے گی اس سے پہلے کہ شرمندہ ہو۔ کسی نے پوچھا کہ یہ جو کچھ آپ فرما رہے ہیں یا آپ نے اس بارے میں کچھ حضور اقدس ﷺ سے سنا ہے؟ انھوں نے فرمایا کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا ہے کہ آدمی کی خطاؤں کا اکثر حصہ اس کی زبان میں ہوتا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ جو شخص اپنی زبان کو روکے رہے اللہ جل شانہٗ اس کی عیب پوشی کرتے ہیں اور جو شخص اپنے غصہ پر قابو رکھے اللہ جل شانہٗ اس کو اپنے عذاب سے محفوظ فرماتے ہیں اور جو شخص اللہ جل شانہٗ کی بارگاہ میں معذرت کرتا ہے حق تعالیٰ شانہٗ اس کے عذر کو قبول فرماتے ہیں۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) مجھے کچھ وصیت فرمائیں۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ

اللہ جل شانہٗ کی اس طرح عبادت کرو گویا کہ اس کو دیکھ رہے ہو اور اپنے آپ کو مردوں میں شمار کرو اور اگر تم کہو تو میں وہ چیزیں بتاؤں جس سے ان چیزوں پر سب سے زیادہ قدرت حاصل ہو جائے اور یہ فرما کر اپنی زبان کی طرف اشارہ فرمایا۔[1]

حضرت سلیمان علیٰ نبینا وعلیہ السلام سے نقل کیا گیا ہے کہ اگر کلام چاندی ہے تو سکوت سونا ہے۔ حضرت لقمان حکیم علیہ السلام جو اپنی حکمت و دانائی کی وجہ سے دنیا میں مشہور ہیں۔ ایک حبشی غلام نہایت بدصورت تھے مگر اپنی حکمتوں کی وجہ سے مقتدائے عالم تھے کسی نے ان سے پوچھا کہ تو فلاں شخص کا غلام نہیں ہے؟ انھوں نے فرمایا کہ بے شک ہوں پھر اس نے کہا کہ تو فلاں پہاڑ کے نیچے بکریاں نہ چرایا کرتا تھا انھوں نے فرمایا کہ صحیح ہے پھر اس نے کہا کہ پھر یہ مرتبہ کس بات سے ملا۔ انھوں نے فرمایا کہ (چار چیزوں سے) (۱) اللہ کا خوف (۲) بات میں سچائی (۳) امانت کا پورا پورا ادا کرنا (۴) بے فائدہ بات سے سکوت۔ اور بھی متعدد روایات میں ان کی خصوصی عادت کثرت سکوت ذکر کی گئی۔[2]

حضرت براءؓ فرماتے ہیں کہ ایک بدو نے آ کر عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) مجھے ایسا عمل بتا دیجئے جو جنت میں لے جانے والا ہو۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ بھوکے کو کھانا کھلاؤ، پیاسے کو پانی پلاؤ، اچھی باتوں کا لوگوں کو حکم کرو اور بری باتوں سے روکو اور یہ نہ ہو سکے تو اپنی زبان کو بھلی بات کے علاوہ بولنے سے روکے رکھو۔ حضور ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ زبان کو خیر کے علاوہ سے محفوظ رکھو کہ اس کے ذریعہ سے تم شیطان پر غالب رہو گے۔ یہ چند روایات مختصراً ذکر کی ہیں ان کے علاوہ بہت سی روایات اور آثار ہیں جن کو امام غزالیؒ نے ذکر کیا اور علامہ زبیدیؒ اور حافظ عراقیؒ نے ان کی تخریج کی ہے ان سے معلوم ہوتا ہے کہ زبان کا مسئلہ اہم مسئلہ ہے جس سے ہم لوگ بالکل غافل ہیں جو چاہا زبان سے کہہ دیا حالانکہ اللہ جل شانہٗ کے دو نگہبان ہر وقت دن اور رات دائیں اور بائیں مونڈھوں پر موجود رہتے ہیں جو ہر بھلائی اور برائی لکھتے ہیں اس سب کے بعد اللہ جل شانہٗ اور اس کے پاک رسول کا کیا کیا احسان ذکر کیا جائے۔ آدمی سے بے التفاتی میں فضول بات نکل ہی جاتی ہے۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کفارہ مجلس کا یہ ہے کہ اٹھنے سے قبل تین مرتبہ یہ دعا پڑھ لے۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَكَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَیْكَ۔[3]

ایک اور حدیث میں ہے کہ حضور اقدس ﷺ اخیر میں ان کلمات کو پڑھا کرتے تھے۔ کسی نے

---

[1] احیاء [2] درمنثور [3] حصن حصین۔

عرض کیا یارسول اللہ (ﷺ) آپ پہلے تو ان کلمات کو نہیں پڑھتے تھے حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ یہ کلمات مجلس کا کفارہ ہیں ایک اور حدیث میں ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا چند کلمے ایسے ہیں کہ جو شخص مجلس سے اٹھنے کے وقت تین مرتبہ ان کو پڑھے تو مجلس کی گفتگو کے لئے کفارہ ہوتے ہیں اور اگر مجلس خیر میں پڑھے جائیں تو اس مجلس (کے خیر ہونے) پر ان سے مہر لگ جاتی ہے جیسا کہ خط کے ختم پر مہر لگائی جاتی ہے وہ کلمات یہ ہیں۔ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ۔ ❶ چوتھا مضمون حدیث بالا میں صلہ رحمی کے متعلق ہے اس کا مفصل بیان آئندہ فصلوں میں آرہا ہے۔

۲۲)......عن ابی شریح الکعبی ان رسول اللّٰہ ﷺ قال من کان یؤمن باللّٰہ والیوم الاخر فلیکرم ضیفہ جائزتہ یوم ولیلۃ والضیافۃ ثلٰثۃ ایام فمابعدذٰلک فھو صدقۃ ولا یحل لہ ان یثوی عندہ حتی یخرجہ۔ (متفق علیہ کذافی المشکوٰۃ)

ترجمہ)......حضور اقدس ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ جو شخص اللہ جل شانہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو اس کے لئے ضروری ہے کہ اپنے مہمان کا اکرام کرے مہمان کا جائزہ ایک دن رات اور مہمان کے لیے یہ جائز نہیں کہ اتنا طویل قیام کرے جس سے میزبان مشقت میں پڑ جائے۔

فائدہ: اس حدیث شریف میں حضور اقدس ﷺ نے دو ادب ارشاد فرمائے۔ ایک میزبان کے متعلق اور دوسرا مہمان کے متعلق۔ میزبان کا ادب یہ ہے کہ اگر وہ اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے جیسا کہ پہلی حدیث میں گذر چکا ہے تو اس کو چاہئے کہ مہمان کا اکرام کرے اور مہمان کا اکرام یہ ہے کہ کشادہ روئی اور خوش خلقی سے پیش آئے نرمی سے گفتگو کرے۔ ❷ ایک اور حدیث میں ہے کہ سنت یہ ہے کہ آدمی مہمان کے ساتھ گھر کے دروازے تک مشایعت کے لئے جائے۔ ❸ حضرت عقبہؓ حضور ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ جو شخص مہمانی نہ کرے اس میں کوئی خیر نہیں۔ حضرت سمرہؓ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ مہمان کی ضیافت کا حکم فرمایا کرتے تھے ❹ ایک شخص نے دیکھا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ رو رہے ہیں اس نے سبب پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ سات دن سے کوئی مہمان نہیں آیا، مجھے اس کا ڈر ہے کہ حق تعالیٰ شانہ نے میری اہانت کا ارادہ تو نہیں کرلیا۔ ❺ حضور اقدس ﷺ نے حدیث بالا میں مہمان کے اکرام کا حکم فرمانے کے بعد ارشاد فرمایا کہ اس کا جائزہ ایک دن رات ہے اس کی تفسیر میں علماء کے چند قول ہیں۔ حضرت امام مالکؒ سے یہ نقل کیا گیا ہے کہ اس

❶ ابوداؤد ❷ مظاہر ❸ مشکوٰۃ ❹ مجمع الزوائد ❺ احیاء۔

سے مراد اکرام و اعزاز اور خصوصی تحفے ہیں یعنی ایک دن رات میں تو اس کے اعزاز میں کھانا اچھا تیار کرے اور باقی ایام میں معمولی مہمانی۔ اس کے بعد پھر علماء کے اس میں دو قول ہیں کہ تین دن کی مہمانی جو حضور پاک ﷺ کے ارشاد میں وارد ہوئی ہے وہ اس ایک دن کے بعد ہے یعنی مہمان کا حق کل چار دن ہو گئے یا وہ ایک دن خصوصی اعزاز کا بھی ان ہی تین دن میں شامل ہے۔ دوسرا مطلب یہ ہے کہ جائزہ سے مراد ناشتہ ہے راستہ کا اور حاصل یہ ہے کہ اگر مہمان قیام کرے تو تین دن کی مہمانی ہے اور قیام نہ کر سکے تو ایک دن کا ناشتہ۔ [1] تیسرا مطلب یہ ہے کہ جائزہ سے مراد تو ناشتہ ہی ہے لیکن جو مطلب علماء نے لکھا ہے کہ تین دن کی مہمانی اور چوتھے دن کی رخصت کے وقت ایک دن کا ناشتہ۔ چوتھا مطلب یہ ہے کہ جائزہ سے مراد گذر ہے اور مطلب یہ ہے کہ جو شخص مستقل ملاقات کے لئے آئے اس کا تین دن کا قیام ہے اور جو راستہ میں گذرتے ہوئے ٹھہر جائے کہ اصل مقصود آگے جانا تھا یہ جگہ راستہ میں پڑ گئی اس کے یہاں بھی قیام کر لیا تو اس کے قیام کا حق صرف ایک دن ہے اور ان سب اقوال کا خلاصہ مختلف حیثیات سے مہمان کے اکرام کا اہتمام ہی ہے کہ ایک دن کا اس کا خصوصی اہتمام کھانے کا کرے اور روانگی کے وقت ناشتہ کا بھی بالخصوص ایسے راستوں میں جہاں راستہ میں کھانا نہ مل سکتا ہو دوسرا ادب حدیث بالا میں مہمان کیلئے ہے کہ کہیں جا کر اتنا طویل قیام نہ کرے جس سے میزبان کو تنگی اور دقت پیش آئے ایک اور حدیث میں اس لفظ کی جگہ یہ ارشاد ہے کہ اتنا نہ ٹھہرے کہ میزبان کو گنہگار بنا دے یعنی یہ کہ اس کے طویل قیام کی وجہ سے میزبان اس کی غیبت کرنے لگے یا کوئی ایسی حرکت کرے جس سے مہمان کو اذیت ہو یا مہمان کے ساتھ کسی قسم کی بدگمانی کرنے لگے یہ سب امور میزبان کو گنہگار بنانے والے ہیں لیکن یہ سب اس صورت میں ہے کہ میزبان کی طرف سے مہمان کے قیام پر اصرار اور تقاضا نہ ہو، یا اس کے انداز سے غالب گمان یہ ہو کہ زیادہ قیام اس پر گراں نہیں ہے۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) کیا چیز ہے جو اس کو گناہ میں ڈالے؟ حضور ﷺ نے فرمایا اس کے پاس اتنا قیام کرے کہ میزبان کے پاس اس کے کھلانے کو کچھ نہ ہو۔ [2] حافظ کہتے ہیں کہ اس صورت میں حضرت سلمان کا اپنے مہمان کے ساتھ ایک قصہ پیش آیا۔ جس قصہ کی طرف حافظ صاحبؒ نے اشارہ کیا امام غزالیؒ نے اس کو نقل کیا۔ حضرت ابو وائلؒ کہتے ہیں کہ میں اور میرا ایک ساتھی حضرت سلمانؓ کی زیارت کے لئے گئے انھوں نے جو کی روٹی اور نیم کوفتہ نمک ہمارے سامنے رکھا میرا ساتھی کہنے لگا کہ اس کے ساتھ سعتر (پودینہ کی ایک قسم ہے) ہوتا

---

[1] فتح الباری [2] منذری۔

توبڑالذیذ ہوتا۔حضرت سلمانؓ تشریف لے گئے اور وضو کا لوٹا رہن رکھ کر سعتر خرید لائے جب ہم کھا چکے تو میرے ساتھی نے کہا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ قَنَّعَنَا بِمَا رَزَقْنَا۔ "سب تعریف اللہ جل شانہٗ کے لئے ہے جس نے ہمیں ماحضر پر قناعت کی توفیق عطا فرمائی" حضرت سلمانؓ نے فرمایا کہ اگر تمہیں ماحضر پر قناعت ہوتی تو میرا لوٹا گروی نہ رکھا جاتا۔ ❶ حاصل یہ ہے کہ میزبان پر ایسی فرمائشیں کرنا جس سے اس کو دقت ہو یہ بھی یحرجہ (میزبان کو تنگی میں ڈالنے) میں داخل ہے۔دوسرے کے گھر جا کر چناں چنیں کرنا، یہ چاہیے وہ چاہیے، ہرگز مناسب نہیں ہے جو وہ حاضر کر رہا ہے اس کو صبر وشکر سے بشاشت کے ساتھ کھا لینا چاہیے فرمائشیں کرنا بسا اوقات میزبان کی دقت اور تنگی کا سبب ہوتا ہے البتہ اگر میزبان کے حال سے یہ اندازہ ہو کہ وہ فرمائش سے خوش رہتا ہے مثلاً فرمائش کرنے والا کوئی محبوب ہو اور جس سے فرمائش کی جائے وہ جاں نثار ہو تو جو چاہے فرمائش کرے۔

حضرت امام شافعیؒ بغداد میں زعفرانیؒ کے مہمان تھے اور وہ حضرت امام کی خاطر میں روزانہ اپنی باندی کو ایک پرچہ لکھا کرتا تھا جس میں اس وقت کے کھانے کی تفصیل ہوتی تھی۔حضرت امام شافعیؒ نے ایک وقت باندی سے پرچہ لے کر دیکھا اور اس میں اپنے قلم سے ایک چیز کا اضافہ کر دیا دسترخوان پر جب زعفرانی نے وہ چیز دیکھی تو باندی پر اعتراض کیا کہ میں نے اس کے پکانے کو نہیں لکھا تھا وہ پرچہ لے کر آقا کے پاس آئی اور پرچہ دکھا کر کہا کہ یہ چیز حضرت امامؒ نے خود اپنے قلم سے اضافہ کی تھی۔زعفرانیؒ نے جب اس کو دیکھا اور حضرت کے قلم سے اس میں اضافہ پر نظر پڑی تو خوشی سے باغ باغ ہو گیا اور اس خوشی میں اس باندی کو آزاد کر دیا۔ ❷ اگر ایسا کوئی مہمان ہو اور ایسا میزبان ہو تو یقیناً فرمائش بھی لطف کی چیز ہے۔

۲۳)......عن ابی سعید ؓ انہ سمع النبی ﷺ یقول لاتصاحب الا مؤمناً ولا یاکل طعامك الا تقی (رواہ الترمذی وابوداؤد والدارمی کذافی المشکوٰۃ وبسط فی تخریجہ صاحب الاتحاف۔)

ترجمہ)......حضور اقدس ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ مسلمان کے علاوہ کسی کے ساتھ مصاحبت اور ہم نشینی نہ رکھ اور تیرا کھانا غیر متقی نہ کھائے۔

فائدہ: اس حدیث پاک میں حضور اقدس ﷺ نے دو آداب ارشاد فرمائے اول یہ کہ ہم نشینی اور نشست وبرخاست غیر مسلم کے ساتھ نہ رکھ اگر اس سے کامل مسلمان مراد ہے تب تو مطلب یہ ہے کہ فاسق فاجر لوگوں کے ساتھ مجالست اختیار نہ کر دوسرے جملہ میں کیونکہ متقی کا ذکر ہے اس

❶ احیاء ❷ احیاء۔

سے اس مفہوم کی تائید ہوتی ہے نیز اس سے بھی تائید ہوتی ہے کہ ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ نہ داخل ہوں تیرے گھر میں مگر متقی لوگ[1] اور اس سے مطلقاً مسلمان مراد ہے تو مطلب یہ ہے کہ کافروں کے ساتھ بے ضرورت مجالست اختیار نہ کی جائے اور ہر صورت میں تنبیہ مقصود ہے اچھی صحبت اختیار کرنے پر، اس لئے کہ آدمی جس قسم کے لوگوں میں کثرت سے نشست برخاست رکھا کرتا ہے اسی قسم کے آثار آدمی میں پیدا ہوا کرتے ہیں اسی بناء پر حضور ﷺ کا وہ ارشاد ہے جو ابھی گذرا کہ تیرے گھر میں متقیوں کے علاوہ داخل نہ ہوں یعنی ان سے میل جول ہوگا تو ان کے اثرات پیدا ہوں گے۔ حضور ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ صالح ہم نشین کی مثال مشک بیچنے والے کی ہے کہ اگر اس کے پاس بیٹھا جائے تو وہ تجھے تھوڑا سا مشک کا ہدیہ بھی دے دے گا تو اس سے خرید بھی لے گا اور دونوں باتیں نہ ہوں تو پاس بیٹھنے کی وجہ سے مشک کی خوشبو سے دماغ معطر رہے گا (اور فرحت پہنچتی رہے گی) اور برے ساتھی کی مثال لوہار کی بھٹی کے پاس بیٹھنے والے کی ہے کہ اگر اس بھٹی سے کوئی چنگاری اڑ کر لگ گئی تو کپڑے جلا دے گی اور یہ بھی نہ ہو تو بد بو اور دُھواں تو کہیں گیا ہی نہیں۔[2] ایک اور حدیث میں ہے کہ آدمی اپنے دوست کے مذہب پر ہوا کرتا ہے پس اچھی طرح غور کرلے کہ کس سے دوستی کر رہا ہے۔[3] مطلب یہ ہے کہ پاس بیٹھنے کا اور صحبت کا اثر بے ارادہ رفتہ رفتہ آدمی میں سرایت کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ آدمی اس کا مذہب بھی اختیار کرلیا کرتا ہے اس لئے پاس بیٹھنے والوں کی دینی حالت میں اچھی طرح سے غور کرلینا چاہئے۔ بددینوں کے پاس کثرت سے بیٹھنے سے بددینی آدمی میں پیدا ہوا کرتی ہے۔ روزمرہ کا تجربہ ہے کہ شراب پینے والوں کے شطرنج کھیلنے والوں کے پاس تھوڑے دن کثرت سے اٹھنا بیٹھنا ہو تو یہ مرض آدمی میں لگ جاتے ہیں۔ ایک اور حدیث میں ہے حضور ﷺ نے حضرت ابورزینؓ سے فرمایا کہ میں تجھے ایسی چیز بتاؤں جس سے اس چیز پر قدرت ہو جائے جو دارین کی خیر کا سبب ہو۔ اللہ کا ذکر اختیار کرنے والوں کی مجلس اختیار کر اور جب تو تنہا ہوا کرے تو جس قدر بھی تو کر سکے اللہ کے ذکر سے اپنی زبان کو حرکت دیتا رہا کر اور اللہ کے لئے دوستی کر اور اسی کے لئے دشمنی کر۔[4] یعنی جس سے دوستی یا دشمنی ہو وہ اللہ ہی کی رضا کے واسطے ہو اپنے نفس کے واسطے نہ ہو۔ امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ جس شخص کی مصاحبت اختیار کرے اس میں پانچ چیزیں ہونا چاہئیں۔ اول صاحب عقل ہو اس لئے کہ عقل اصل رأس المال ہے بے وقوف کی مصاحبت میں کوئی فائدہ نہیں ہے اس کا مآل کار وحشت اور قطع رحمی ہے۔ حضرت سفیان ثوریؒ سے تو یہ بھی نقل کیا گیا کہ احمق کی صورت کو دیکھنا

---

[1] کنز [2]، [3]، [4] مشکوٰۃ۔

بھی خطا ہے، دوسری چیز یہ ہے کہ اس کے اخلاق اچھے ہوں کہ جب آدمی کے اخلاق خراب ہوں تو وہ عقل پر بسا اوقات غالب آجاتے ہیں ایک آدمی سمجھدار ہے بات خوب سمجھتا ہے لیکن غصہ شہوت، بخل، وغیرہ اس کو اکثر عقل کا کام نہیں کرنے دیتے، تیسری چیز یہ ہے کہ وہ فاسق نہ ہو اس لئے کہ جو شخص اللہ جل شانہٗ سے بھی نہ ڈرتا ہو اس کی دوستی کا کوئی اعتبار نہیں نہ معلوم کس جگہ کس مصیبت میں پھنسا دے۔ چوتھی چیز یہ ہے کہ وہ بدعتی نہ ہو کہ اس کے تعلقات کے ساتھ بدعت کے ساتھ متاثر ہو جانے کا اندیشہ ہے اور اس کی نحوست سے متعدی ہو جانے کا خوف ہے بدعتی اس کا مستحق ہے کہ اس سے اگر تعلقات ہوں تو منقطع کر لئے جائیں نہ یہ کہ تعلقات پیدا کئے جائیں، پانچویں چیز یہ ہے کہ وہ دنیا کمانے پر حریص نہ ہو کہ اس کی صحبت سم قاتل ہے اس لئے کہ طبیعت تشبہ اور اقتدار پر مجبور ہوا کرتی ہے اور مخفی طور پر دوسرے کے اثرات لیا کرتی ہے۔ ❶

حضرت امام باقرؒ فرماتے ہیں کہ میرے والد حضرت زین العابدینؒ نے وصیت فرمائی ہے کہ پانچ آدمیوں کے ساتھ نہ رہنا ان سے بات بھی نہ کرنا حتیٰ کہ راستہ چلتے ہوئے ان کے ساتھ بھی نہ چلنا۔ ایک فاسق شخص کہ وہ تجھے ایک لقمہ بلکہ ایک لقمہ سے بھی کم میں فروخت کر دے گا۔ میں نے پوچھا کہ ایک لقمہ سے کم میں فروخت کرنے کا کیا مطلب ہے؟ فرمایا کہ ایک لقمہ کی امید پر وہ تجھے فروخت کر دے پھر اس کو وہ لقمہ بھی جس کی امید بھی نہ ملے (محض امید پر فروخت کر دے)۔ بخیل کے پاس نہ جائیو کہ وہ تجھ سے ایسے وقت میں تعلق توڑ لے گا جب تو اس کا سخت محتاج ہوگا۔ جھوٹے کے پاس نہ جائیو، کہ وہ بالو (دھوکہ) کی طرح سے قریب کو دور اور دور کو قریب ظاہر کرے گا۔ احمق کے پاس نہ گذرنا کہ وہ تجھے نفع پہنچانا چاہے گا اور نقصان پہنچا دے گا۔ قطع رحمی کرنے والے کے پاس نہ گذرنا کہ میں نے اس پر قرآن کریم میں تین جگہ لعنت پائی ہے۔ ❷ اثرات کا لینا آدمیوں ہی کے ساتھ خاص نہیں ہے بلکہ جس چیز کے ساتھ آدمی کا تلبس زیادہ ہوا کرتا ہے اس کے اثرات مخفی طور پر آدمی کے اندر آجایا کرتے ہیں۔ حضور اقدس ﷺ سے نقل کیا گیا کہ بکریوں والوں میں مسکنت ہوتی ہے اور فخر و تکبر گھوڑے والوں میں ہوا کرتا ہے اس کی وجہ ظاہر ہے کہ ان دونوں جانوروں میں یہ صفات پائی جاتی ہیں۔ اونٹ اور بیل والوں میں شدت اور سخت دلی بھی وارد ہوئی ہے متعدد روایات میں چیتے کی کھال پر سواری کی ممانعت آئی ہے۔ علماء نے منجملہ دوسری وجوہ کے اس کی ایک وجہ یہ بھی فرمائی ہے کہ طابستہ کی وجہ سے اس میں درندگی کی خصلت پیدا ہوتی ہے۔ ❸

دوسرا ادب حدیث بالا میں یہ ہے کہ تیرا کھانا متقی لوگ ہی کھائیں یہ مضمون بھی متعدد روایات

---

❶ احیاء ❷ روض ❸ کوکب۔

میں آیا ہے ایک حدیث میں آیا ہے کہ اپنا کھانا متقی لوگوں کو کھلاؤ اور اپنے احسان کا مؤمنوں کو مورد بناؤ۔ (۱) علماء نے لکھا ہے کہ اس سے مراد دعوت کا کھانا ہے حاجت کا کھانا نہیں چنانچہ ایک اور حدیث میں ہے کہ اپنے کھانے سے اس شخص کی ضیافت کرو جس سے اللہ کی وجہ سے محبت ہو۔ (۲) دفع حاجت کے کھانے میں حق تعالیٰ شانہٗ نے قیدیوں کے کھلانے کی بھی مدح فرمائی ہے اور قیدی اس زمانہ کے کافر تھے (۳) جیسا کہ آیات کے سلسلہ میں نمبر ۳۴ پر یہ مضمون گذر چکا ہے اور احادیث کے سلسلہ میں نمبر ۱۰ پر گذر چکا ہے کہ ایک فاحشہ عورت کی محض اسی وجہ سے مغفرت ہوئی ہے کہ اس نے ایک پیاسے کتے کو پانی پلایا تھا اور بھی متعدد روایات میں مختلف مضامین سے اس کی تائید ہوتی ہے۔ حضور ﷺ نے تو قاعدہ اور ضابطہ فرما دیا کہ ہر جاندار میں اجر ہے اس میں متقی، غیر متقی، مسلم کافر، آدمی حیوان سب ہی داخل ہیں لہٰذا احتیاج اور ضرورت کے کھانے میں یہ چیزیں نہیں دیکھی جاتیں وہاں احتیاج کی شدت اور قلت دیکھی جاتی ہے جتنی زیادہ احتیاج ہو اتنا ہی زیادہ ثواب ہوگا۔ یہ کھانا دعوت اور تعلقات کا ہے۔ اس میں بھی اگر کوئی دینی مصلحت ہو، خیر کی نیت ہو تو جس درجہ کی وہ خیر اور مصلحت ہوگی اسی درجہ کا اجر ہوگا البتہ اگر کوئی دینی مصلحت ہو تو پھر کھانے والا جتنا متقی ہوگا اتنا ہی زیادہ اجر کا سبب ہوگا۔

صاحب مظاہر اور امام غزالیؒ نے لکھا ہے کہ متقیوں کو کھلانا طاعت اور نیکیوں پر اعانت ہے اور فاسقوں کو کھلانا فسق و فجور پر اعانت ہے اور ظاہر چیز ہے کہ متقی اور نیک آدمی میں جتنی زیادہ طاقت اور قوت آئے گی عبادت میں زیادہ مصروف ہوگا اور فاسق فاجر میں اچھے کھانوں سے جتنی زیادہ قوت ہوگی لہو ولعب، فسق، فجور میں بڑھے گا جس میں اس کی اعانت ہوئی۔ ایک بزرگ اپنے کھانے کو فقراء صوفیاء ہی کو کھلاتے تھے کسی نے عرض کیا کہ اگر آپ عام فقراء کو بھی کھلائیں تو بہتر ہو انھوں نے فرمایا کہ ان لوگوں کی ساری توجہ اللہ تعالیٰ کی طرف ہے جب ان کو فاقہ ہوتا ہے تو اس سے توجہ میں انتشار ہوتا ہے میں ایک شخص کی توجہ کو اللہ جل شانہٗ تک لگائے رکھوں یہ اس سے بہتر ہے کہ ایسے ہزار آدمیوں کی اعانت کروں جن کی ساری توجہ دنیا کی طرف ہے۔ حضرت جنید بغدادیؒ نے جب یہ بات سنی تو بہت پسند فرمایا۔ (۴)

حضرت عبداللہ بن مبارکؒ سے ایک درزی نے دریافت کیا کہ میں ظالم بادشاہوں کے کپڑے سیتا ہوں کیا آپ کا خیال ہے کہ میں بھی ظالموں کی اعانت کر رہا ہوں؟ انھوں نے ارشاد فرمایا کہ نہیں تو اعانت کرنے والوں میں نہیں ہے تو تو خود ظالم ہے۔ ظالم کی اعانت کرنے والے

---

(۱) اتحاف (۲) ایضاً (۳) مظاہر (۴) احیاء۔

وہ لوگ ہیں جو تیرے ہاتھ سوئی دھاگہ فروخت کریں۔[1] ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد وارد ہوا ہے کہ جو شخص کریم پر احسان کرتا ہے اس کو غلام بنالیتا ہے اور جو ذلیل (لئیم) شخص پر احسان کرتا ہے اس کی دشمنی اپنی طرف کھینچتا ہے۔[2] ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد وارد ہوا ہے کہ اپنا کھانا متقی لوگوں کو کھلاؤ اور اپنا احسان مؤمن پر کرو۔[3] اور اس میں علاوہ بالائی مصالح کے متقی اور مومن کا اعزاز واکرام بھی ہے اور یہ خود مستقل طور پر مندوب اور مامور بہ ہے اسی وجہ سے علماء نے حضور اقدس ﷺ کے پاک ارشاد کی جس میں آپ ﷺ نے فاسقوں کی دعوت قبول کرنے سے منع فرمایا ہے۔[4] منجملہ دوسری وجوہ کے ایک وجہ یہ بھی لکھی ہے کہ فاسق کی دعوت قبول کرنے میں اس کا اعزاز واکرام ہے۔

٢٤)......عن ابی هريرة رضی اللہ عنہ قال يا رسول الله ای الصدقة افضل قال جهد المقل وابدأ بمن تعول (رواہ ابوداؤد وغیرہ (مشکوٰۃ)

ترجمہ)......حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے حضور اقدس ﷺ سے سوال کیا کہ سب سے افضل صدقہ کیا ہے؟ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ نادار کی انتہائی کوشش اور ابتداء اس سے کرو جس کی پرورش تمہارے ذمہ ہے۔

یعنی جو شخص خود ضرورت مند ہو، فقیر ہو، نادار ہو، وہ اپنی کوشش سے اپنے کو مشقت میں ڈال کر جو صدقہ کرے وہ افضل ہے حضرت بشر فرماتے ہیں کہ تین عمل بہت سخت ہیں یعنی ان میں ہمت کا کام ہے۔ ایک تنگدستی کی حالت میں سخاوت، دوسرے تنہائی میں تقویٰ اور اللہ کا خوف، تیسرے ایسے شخص کے سامنے حق بات کا کہنا جس سے خوف ہو یا امید ہو۔[5] یعنی اس سے اغراض وابستہ ہیں اور یہ اندیشہ ہے کہ وہ حق بات کہنے میں میری اغراض پوری نہ کرے گا یا کسی قسم کی مضرت پہنچائے گا حق تعالیٰ شانہٗ کے پاک کلام میں بھی اس کی طرف اشارہ گذر چکا ہے جیسا کہ آیات کے سلسلہ میں نمبر ۲۸ پر گذرا کہ وہ حضرات باوجود اپنی حاجت اور فقر کے دوسروں کو ترجیح دیتے ہیں اور اس کے ذیل میں اس کی کچھ تفصیل بھی گذر چکی ہے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ ارشاد فرماتے ہیں کہ تین شخص حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے ان میں سے ایک نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! میرے پاس سو دینار (اشرفیاں) تھے میں نے ان میں سے دس دینار اللہ کے واسطے صدقہ کردیئے دوسرے صاحب نے عرض کیا کہ میرے پاس دس دینار تھے میں نے ایک دینار صدقہ کردیا تیسرے صاحب نے عرض کیا کہ میرے پاس ایک ہی دینار تھا میں نے اس کا دسواں حصہ

---

[1] احیاء [2] کنز [3] مشکوٰۃ [4] مشکوٰۃ [5] اتحاف۔

صدقہ کیا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ تم تینوں کا ثواب برابر ہے اس لئے کہ ہر شخص نے اپنے مال کا دسواں حصہ صدقہ کیا ہے۔ ایک اور حدیث میں اسی قسم کا ایک اور قصہ وارد ہوا ہے اس میں حضور اقدس ﷺ کا یہی ارشاد جواب میں ہے کہ تم سب ثواب میں برابر ہو کہ ہر شخص نے اپنے اپنے مال کا دسواں حصہ صدقہ کر دیا ہے اس حدیث میں یہ بھی وارد ہوا ہے کہ اس کے بعد حضور اقدس ﷺ نے یہ آیت شریفہ پڑھی۔ لِيُنفِقْ ذُو سَعَةٍ مِّن سَعَتِهِ۔ [1] یہ آیت شریفہ سورۂ طلاق کے پہلے رکوع کے ختم پر ہے پوری آیت شریفہ کا ترجمہ یہ ہے کہ "وسعت والے کو اپنی وسعت کے موافق خرچ کرنا چاہئے۔ اور جس کی آمدنی کم ہو اس کو چاہئے کہ اللہ جل شانہٗ نے جتنا اس کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرے" (یعنی امیر آدمی اپنی حیثیت کے مطابق خرچ کرے اور غریب اپنی حیثیت کے موافق) چونکہ خدا تعالیٰ کسی شخص کو اس سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا جتنا اس کو دیا ہے (اور غریب آدمی خرچ کرتا ہوا اس سے نہ ڈرے کہ پھر بالکل ہی نہیں رہے گا) خدا تعالیٰ تنگی کے بعد جلد ہی فراغت بھی دے دے گا۔ علامہ سیوطی نے درمنثور میں اس آیت شریفہ کے ذیل میں حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کی روایت کے ہم معنی دوسرے بعض صحابہ سے بھی روایات نقل کی ہیں اور ان سے بڑھ کر ایک صحیح حدیث میں حضور اقدس ﷺ کا پاک ارشاد نقل کیا گیا کہ ایک درہم ایک لاکھ درہم سے بھی ثواب میں بڑھ جاتا ہے اس طرح کہ ایک آدمی کے پاس دو ہی درہم فقط ہیں اس نے ان میں سے ایک صدقہ کر دیا۔ دوسرا شخص ایسا ہے کہ اس کے پاس بہت بڑی مقدار میں مال ہے اس نے اپنے کثیر مال میں سے ایک لاکھ درہم صدقہ کئے تو یہ ایک درہم ثواب میں بڑھ جائے گا۔ علامہ سیوطیؒ نے جامع الصغیر میں حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایات سے اس کو نقل کیا ہے اور صحیح کی علامت لکھی یہی نادار کی کوشش ہے کہ ایک شخص کے پاس صرف دو درہم ہیں یعنی سات آنے کہ ایک درہم تقریباً ساڑھے تین آنے کا ہوتا ہے ان میں سے ایک صدقہ کر دے اس سے بھی بڑھ کر یہ ہے جس کو امام بخاریؒ نے روایت کیا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں حضور اقدس جب لوگوں کو صدقہ کا حکم فرمایا کرتے تھے تو ہم میں سے بعض آدمی بازار جاتے اور اپنے اوپر بوجھ لاد کر مزدوری میں ایک مُد (جو حنفیہ کے نزدیک ایک سیر وزن ہے اور دوسرے حضرات کے نزدیک تین پاؤ سے بھی کچھ کم ہے) کماتے اور اس کو صدقہ کر دیتے [2] بعض روایات میں ہے کہ ہم میں سے بعض آدمی جن کے پاس ایک درہم بھی نہ ہوتا تھا بازار جاتے اور لوگوں سے اس کی خواہش کرتے کہ کوئی مزدوری پر کام کرالے اور اپنی کمر پر بوجھ لاد کر ایک مُد

[1] کنز [2] فتح۔

مزدوری حاصل کرتے راوی یہ کہتے ہیں کہ ہمیں جہاں تک خیال ہے خود حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے یہ اپنا ہی حال بتایا ہے۔ حضرت امام بخاریؒ نے اس پر باب ذکر کیا ہے بیان اس شخص کا جو اس لئے مزدوری کرے کہ اپنی کمر پر بوجھ لادے اور پھر اس مزدوری کو صدقہ کردے۔ ❶ آج ہم میں سے کوئی اس امنگ کا آدمی ہے کہ اسٹیشن پر جا کر صرف اس لئے بوجھ اٹھائے کہ دو چار آنے جو مل جائیں گے وہ ان کو صدقہ کردے گا ان حضرات کو آخرت کے کھانے کا ہر وقت اتنا ہی فکر رہتا ہے جتنا ہمیں دنیا کے کھانے کا ہم اس لئے مزدوری کر سکتے ہیں کہ آج کھانے کو کچھ نہیں لیکن یہ اس لئے مزدوری کرتے تھے کہ آج آخرت میں جمع کرنے کو کچھ نہیں ہے ابتدائے اسلام میں بعض منافق ایسے لوگوں پر طعن کرتے تھے جو مشقت اٹھا کر تھوڑا تھوڑا صدقہ کرتے تھے حق تعالیٰ شانہٗ نے ان پر عتاب فرمایا چنانچہ ارشاد ہے۔

اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقٰتِ وَالَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ اِلَّا جُهْدَهُمْ فَيَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ ط سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○ (توبہ ۹:۷۹)

یہ (منافق) ایسے لوگ ہیں کہ نفل صدقہ کرنے والے مسلمانوں پر صدقات کے بارے میں طعن کرتے ہیں اور (بالخصوص) ان لوگوں پر (اور بھی زیادہ) طعن کرتے ہیں جن کو بجز محنت اور مزدوری کے کچھ میسر نہیں ہوتا یہ (منافق) ان کا مذاق اڑاتے ہیں اللہ جل شانہٗ ان کے مذاق اڑانے کا بدلہ (اسی نوع سے) دے گا (کہ آخرت میں ان احمقوں کا بھی اول مذاق اڑایا جائے گا) اور دکھ دینے والا عذاب تو ان کے لئے ہے ہی (وہ ٹلتا نہیں) مفسرین نے اس آیت شریفہ کے ذیل میں بہت سی روایات اس قسم کی نقل کی ہیں کہ یہ حضرات رات بھر حمالی کر کے مزدوری کماتے اور صدقہ کرتے اور جو کچھ تھوڑا بہت گھر میں ہوتا وہ تو ان کی نگاہ میں صدقہ ہی کے واسطے ہوتا تھا مجبوری کے درجہ میں کچھ خود بھی استعمال کر لیا۔ ایک مرتبہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ایک سائل حاضر ہوا آپ نے اپنے صاحبزادے حضرت حسن یا حضرت حسین رضی اللہ عنہما سے فرمایا کہ اپنی والدہ (حضرت فاطمہؓ) سے کہو کہ میں نے جو کچھ تمہارے پاس رکھے ہیں ان میں سے ایک دے دو۔ صاحبزادے گئے اور یہ جواب لائے کہ وہ آپ نے آٹے کے واسطے رکھوائے تھے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آدمی اپنے ایمان میں اس وقت تک سچا نہیں ہوتا جب تک اپنے پاس کی

❶ فتح۔

موجود چیز سے اس چیز پر زیادہ اعتماد نہ ہو جو اللہ جل شانہٗ کے پاس ہے اپنی والدہ سے کہو کہ چھ درہم سب کے سب دے دو۔ حضرت فاطمہؓ نے تو یاددہانی کے طور پر فرمایا تھا ان کو اس میں کیا تامل ہو سکتا تھا اس لئے حضرت فاطمہؓ نے دے دیئے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے وہ سب سائل کو دے دیئے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ اپنی جگہ سے اٹھے بھی نہیں تھے کہ ایک شخص اونٹ فروخت کرتا ہوا آیا آپؓ نے اس کی قیمت پوچھی اس نے ایک سو چالیس درہم بتائے آپ نے وہ قرض خرید لیا اور قیمت کی ادائیگی کا بعد میں وعدہ کر لیا۔ تھوڑی دیر بعد ایک اور شخص آیا اور اونٹ کو دیکھ کر پوچھنے لگا کہ یہ کس کا ہے؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میرا ہے اس نے دریافت کیا کہ فروخت کرتے ہو؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہاں۔ اس نے قیمت دریافت کی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے دو سو درہم بتائے وہ خرید کر لے گیا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک سو چالیس درہم اپنے قرض خواہ یعنی پہلے مالک کو دے کر ساٹھ درہم حضرت فاطمہؓ کو لا کر دے دیئے۔ حضرت فاطمہؓ نے پوچھا کہ یہ کہاں سے آئے ہیں؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اللہ جل شانہٗ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے سے وعدہ فرمایا ہے کہ جو شخص نیکی کرتا ہے اس کو دس گنا زیادہ ملتا ہے۔ ❶ یہ بھی جہد والے کی مشقت تھی کہ کل صرف چھ درہم تقریباً ۵عہ کل موجود تھے جو آٹے کے لئے رکھے ہوئے تھے اللہ جل شانہٗ پر کامل اعتماد کرتے ہوئے ان کو خرچ فرما دیا اور وہ در دنیا کا بدلہ وصول کر لیا اور بہت سے واقعات ان حضرات کے اللہ جل شانہٗ پر کامل اعتماد کر کے سب کچھ خرچ کر ڈالنے کے وارد ہوئے ہیں۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا قصہ غزوۂ تبوک کا مشہور و معروف ہے کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ کا حکم فرمایا تو جو کچھ گھر میں تھا سب کچھ لا کر پیش کر دیا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دریافت فرمانے پر کہ گھر میں کیا چھوڑا۔ عرض کیا اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو یعنی ان کی رضا کو۔ حالانکہ علماء نے لکھا ہے کہ جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ایمان لائے تو ان کے پاس چالیس ہزار اشرفیاں تھیں۔ ❷ محمد بن عباد مہلبیؒ کہتے ہیں کہ میرے والد مامون رشید بادشاہ کے پاس گئے بادشاہ نے ایک لاکھ درہم ہدیہ دیا والد صاحب جب وہاں سے اٹھ کر آئے تو سب کے سب صدقہ کر دیئے مامون کو اس کی اطلاع ہوئی جب دوبارہ والد صاحب کی ملاقات ہوئی تو مامون نے ناراضگی کا اظہار کیا والد صاحب نے کہا کہ اے امیر المؤمنین! موجود کا روکنا معبود کے ساتھ بدگمانی ہے۔ ❸ یعنی جو چیز موجود ہے اس کو خرچ نہ کرنا اسی خوف سے تو ہوتا ہے کہ یہ نہ رہے گی تو کہاں سے آئے گی تو گویا جس مالک نے اس وقت دیا ہے اس کو دوبارہ دینا مشکل ہو جائے گا بہت سے واقعات اسلاف و اکابر کے ایسے گذرے ہیں

❶ کنز العمال ❷ تاریخ الخلفاء ❸ احیاء۔

کہ ناداری کی حالت میں جو کچھ تھا سب دے دیا لیکن ان سب روایات اور واقعات کے خلاف احادیث میں ایک مضمون اور بھی آیا ہے اور وہ حضور اقدس ﷺ کا پاک اور مشہور ارشاد خیر صدقة ما کان عن ظهر غنی ہے بہترین صدقہ وہی ہے جو غنیٰ سے ہو یہ مضمون بھی متعدد روایات میں وارد ہوا ہے۔ ابوداؤد شریف میں ایک قصہ وارد ہوا ہے حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے اور ایک شخص آئے اور ایک بیضہ کی بقدر سونا پیش کر کے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) مجھے ایک معدن سے یہ مل گیا اس کے علاوہ میرے پاس کچھ نہیں ہے حضور ﷺ نے اس جانب سے اعراض فرمالیا وہ صاحب دوسری جانب سے حاضر ہوئے اور یہی درخواست مقرر پیش کی۔ حضور ﷺ نے اس جانب سے بھی منہ پھیر لیا اسی طرح متعدد مرتبہ ہوا حضور ﷺ نے اس ڈلی کو لے کر اس زور سے پھینکا کہ اگر وہ ان کے لگ جاتی تو زخمی کر دیتی۔ اس کے بعد حضور ﷺ نے فرمایا بعض لوگ اپنا سارا مال صدقہ میں پیش کر دیتے ہیں پھر وہ لوگوں کے سامنے سوال کا ہاتھ پھیلاتے ہیں۔ بہترین صدقہ وہ ہے جو غنیٰ سے ہو۔ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص مسجد میں حاضر ہوئے حضور اقدس ﷺ نے (ان کی بدحالی دیکھ کر) لوگوں سے کپڑا صدقہ کرنے کی ترغیب دی لوگوں نے کچھ کپڑے پیش کئے جن میں سے دو کپڑے حضور ﷺ نے بھی ان کو مرحمت فرمائے جو اس وقت مسجد میں داخل ہوئے تھے اس کے بعد دوسرے موقع پر حضور ﷺ نے پھر لوگوں کو صدقہ کرنے کی ترغیب دی تو انھوں نے بھی اپنے دو کپڑوں میں سے ایک کپڑا صدقہ کر دیا حضور ﷺ نے ان کو تنبیہ فرمائی اور ان کا کپڑا واپس فرما دیا۔[2]

ایک اور حدیث میں اس قصہ میں حضور ﷺ کا یہ ارشاد وارد ہوا ہے کہ یہ صاحب نہایت بری ہیئت سے مسجد میں آئے تھے مجھے یہ امید تھی کہ تم اس کی حالت دیکھ کر خود ہی خیال کرو گے مگر تم نے خیال نہ کیا تو مجھے کہنا پڑا کہ صدقہ لاؤ تم صدقہ لائے اور ان کو دو کپڑے دے دیئے پھر میں نے دوسری مرتبہ جب صدقہ کی ترغیب دی تو یہ بھی اپنے دو کپڑوں میں ایک صدقہ کرنے لگے لو اپنا کپڑا واپس لو۔[3] ایک اور حدیث میں حضور اقدس ﷺ کا ارشاد وارد ہوا ہے کہ بعض آدمی اپنا سارا مال صدقہ کر دیتے ہیں پھر بیٹھ کو لوگوں کے ہاتھوں کو دیکھتے ہیں بہترین صدقہ وہ ہے جو غنیٰ سے ہو ایک اور حدیث میں ارشاد ہے کہ بغیر غنیٰ کے صدقہ ہے ہی نہیں۔[4] یہ روایات بظاہر پہلی روایات کے خلاف ہیں گو حقیقت میں کچھ خلاف نہیں ہے اس لئے کہ ان روایات میں ممانعت کی وجہ کی طرف حضور ﷺ نے خود ہی اشارہ فرمادیا کہ سارا مال صدقہ کر کے پھر لوگوں کے ہاتھوں کو تکتے

---

[1] احیاء [2] ابوداؤد [3]، [4] کنز العمال۔

ہیں ایسے آدمیوں کے لئے یقیناً تمام مال صدقہ کرنا مناسب نہیں بلکہ نہایت بے جا ہے لیکن جو حضرات ایسے ہیں کہ ان کو اپنے پاس جو مال موجود ہو اس سے زیادہ اعتماد اس مال پر ہو جو اللہ کے قبضہ میں ہے جیسا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قصہ میں ابھی گذرا اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے احوال تو اس سے بھی بالاتر ہیں ایسے حضرات کو سارا مال صدقہ کر دینے میں مضائقہ نہیں البتہ اس کی کوشش ضرور کرتے رہنا چاہیے کہ اپنا حال بھی ان حضرات جیسا بن جائے اور دنیا سے ایسی ہی بے رغبتی اور حق تعالیٰ شانہٗ پر ایسا ہی اعتماد پیدا ہو جائے جیسا ان حضرات کو تھا اور جب آدمی کسی کام کی کوشش کرتا ہے تو حق تعالیٰ شانہٗ وہ چیز عطا فرما دیتے ہیں۔ مَنْ جَدَّ وَجَدَ ضرب المثل ہے کہ جو کوشش کرتا ہے وہ پالیتا ہے ایک بزرگ سے کسی نے دریافت کیا کہ کتنے مال میں کتنی زکوٰۃ واجب ہوتی ہے؟ انھوں نے فرمایا کہ عوام کے لئے دو سو درہم میں پانچ درہم یعنی چالیسواں حصہ شریعت کا حکم ہے لیکن ہم لوگوں پر سارا مال صدقہ کر دینا واجب ہے۔ ❶ اسی ذیل میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ ارشادات جو احادیث کے سلسلہ میں نمبر ایک پر گذرے ہیں کہ اگر احد کا پہاڑ سارے کا سارا سونا بن جائے تو مجھے یہ گوارا نہیں کہ اس میں سے ایک درہم بھی باقی رکھوں بجز اس کے جو قرض کی ادائیگی کے لئے ہو اسی بناء پر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم عصر کی نماز کے بعد نہایت عجلت سے مکان میں تشریف لے گئے اور سونے کا ٹکڑا جو اتفاق سے گھر میں رہ گیا تھا اس کو صدقہ کا حکم فرما کر واپس تشریف لائے اور چند داموں کی موجودگی کی وجہ سے اپنی حالت میں بے چین ہو گئے جیسا کہ سلسلہ احادیث میں نمبر ۲ پر گذرا ہے۔

حضرت امام بخاریؒ نے اپنی صحیح بخاری شریف میں فرمایا کہ صدقہ بغیر غنی کے نہیں ہے اور جو شخص ایسی حالت میں صدقہ کرے کہ وہ خود محتاج ہو یا اس کے اہل و عیال محتاج ہوں یا اس پر قرض ہو تو قرض کا ادا کرنا مقدم ہے ایسے شخص کا صدقہ اس پر لوٹا دیا جائے گا البتہ اگر کوئی شخص صبر کرنے میں معروف ہو اور اپنے نفس پر باوجود اپنی احتیاج کے ترجیح دے جیسا کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا فعل تھا یا انصار نے مہاجرین کو اپنے اوپر ترجیح دی (تو اس میں مضائقہ نہیں) علامہ طبریؒ کہتے ہیں جمہور علماء کا مذہب یہ ہے کہ جو شخص اپنا سارا مال صدقہ کر دے بشرطیکہ اس پر قرض نہ ہو اور تنگی کی اس میں برداشت ہو اور اس کے عیال نہ ہوں یا اگر ہوں تو وہ اس کی طرح سے صابر ہوں تو سارا مال صدقہ کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں اور ان میں سے کوئی شرط نہ پائی جائے تو سارا مال صدقہ کرنا مکروہ ہے۔ ❷ ہمارے حکیم الامت شاہ ولی اللہ صاحب نور اللہ مرقدہٗ ارشاد فرماتے ہیں کہ (حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد) بہترین صدقہ وہ ہے جو غنیٰ سے ہو۔ غنیٰ سے مراد دل کا غنیٰ ہے۔ ❸ اس

❶ احیاء اول ❷ فتح ❸ حجۃ اللہ۔

صورت میں یہ احادیث پہلی احادیث کے خلاف بھی نہیں ہیں خود حضور اکرم ﷺ کا پاک ارشاد بھی احادیث میں آیا ہے کہ غنیٰ مال کی کثرت سے نہیں ہوتا بلکہ اصل غنیٰ دل کا غنیٰ ہوتا ہے۔ ❶ اوپر جو قصہ سونے کی ڈلی کا گذرا اس میں اشارۃً یہ مضمون ملتا ہے کہ ان صاحب کا بار بار یہ عرض کرنا کہ یہ سارا صدقہ ہے اور میرے پاس اس کے سوا کچھ نہیں ہے اس طرف اشارہ کر رہا ہے کہ دل کو اس سے وابستگی ہے۔ صاحب مظاہر فرماتے ہیں کہ یہ ضروری ہے کہ صدقہ غنا سے دیا جائے چاہے غنا نفس ہو یا اللہ جل شانہٗ پر اعتماد حاصل ہو جیسا کہ حضرت ابوبکر صدیق ؓ نے جب تمام مال اللہ کے لئے دے دیا اور حضور ﷺ کے اس ارشاد پر کہ اپنے عیال کے لئے کیا چھوڑا؟ انھوں نے عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ۔ تو حضور ﷺ نے ان کی تعریف فرمائی اور یہ درجہ حاصل نہ ہو تو پھر مال کا غنیٰ باقی رہے۔ حاصل یہ ہے کہ توکل کامل ہو تو جو چاہے خرچ کر دے اور یہ کامل نہ ہو تو اہل وعیال کی رعایت کو مقدم کرے۔ ❷ مگر اپنے دل کو اپنی اس کوتاہی پر تنبیہ کرتا رہے اور غیرت دلاتا رہے کہ تجھے اس ناپاک دنیا میں جتنا اعتماد ہے اللہ شانہٗ پر اس کا آدھا تہائی بھی نہیں ہے انشاء اللہ اس کے بار بار تنبیہ سے ضرور اثر ہوگا کاش حق تعالیٰ شانہٗ ان اکابر کے توکل اور اعتماد کا کچھ حصہ اس کمینہ کو بھی عطا فرما دیتا۔

۲۵)......عن عائشة رضی اللہ عنها قالت قال رسول اللہ ﷺ اذا انفقت المرأة من طعام بیتها غیر مفسدة کان لها اجرها بما انفقت ولزوجها اجرہٗ بما کسب وللخازن مثل ذلك لاینقص بعضهم اجر بعض شیئا (متفق علیه کذافی المشکوٰۃ۔)

ترجمہ)......حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ جب عورت اپنے گھر کے کھانے میں سے ایسی طرح صدقہ کرے کہ (اصراف وغیرہ سے) اس کو خراب نہ کرے تو اس کو خرچ کرنے کا ثواب ہے اور خاوند کو اس لئے ثواب ہے کہ اس نے کمایا تھا اور کھانے کا انتظام کرنے والے کو (مرد ہو یا عورت) ایسا ہی ثواب ہے اور ان تینوں میں سے ایک کے ثواب کی وجہ سے دوسرے کے ثواب میں کمی نہ ہوگی۔

فائدہ: اس حدیث شریف میں دو مضمون وارد ہوئے ہیں۔ ایک بیوی کے خرچ کرنے کے متعلق ہے دوسرا سامان کے محافظ خزانچی اور منتظم کے متعلق ہے اور دونوں مضامین میں روایات بکثرت وارد ہوئی ہیں۔ شیخین کی ایک اور روایت میں حضور ﷺ کا ارشاد وارد ہوا ہے کہ جب عورت

---

❶ مشکوٰۃ ❷ مظاہر۔

خاوند کی کمائی میں سے اس کے بغیر حکم کے خرچ کرے تو اس عورت کو آدھا ثواب ہے۔[1] حضرت سعد ﷺ فرماتے ہیں کہ جب حضور ﷺ نے عورتوں کی جماعت کو بیعت کیا تو ایک عورت کھڑی ہوئیں جو بڑے قد کی تھیں ایسا معلوم ہوتا تھا جیسا کہ قبیلہ مضر کی ہوں کہ ان کے قد لانبے ہوتے ہوں گے اور عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) ہم عورتیں اپنے والدوں پر بھی بوجھ ہیں اپنی اولاد پر بھی اور اپنے خاوندوں پر بھی بوجھ ہیں ہمیں ان کے مال میں سے کیا چیز لینے کا حق ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا تر و تازہ چیزیں (جن کو روکنے میں خراب ہونے کا اندیشہ ہو) کھا بھی سکتی ہو اور دوسروں کو دے بھی سکتی ہو۔[2] ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا پاک ارشاد وارد ہوا ہے کہ اللہ جل شانہٗ روٹی کے ایک لقمہ اور کھجور کی ایک مٹھی کی وجہ سے تین آدمیوں کو جنت میں داخل فرما دیتے ہیں۔ ایک گھر کے مالک کو یعنی خاوند کو دوسرے بیوی کو جس نے یہ کھانا پکایا تیسرے اس خادم کو جو دروازہ تک اس مسکین کو دے کر آیا۔[3] حضرت عائشہؓ کی ہمشیرہ حضرت اسماءؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) میرے پاس کوئی چیز نہیں ہے بجز اس کے جو (میرے خاوند) حضرت زبیرؓ مجھے دے دیں کیا میں اس میں سے خرچ کر سکتی ہوں؟ حضور ﷺ نے فرمایا کہ خوب خرچ کیا کرو باندھ کر بھی نہ رکھو کہ تم پر بھی بندش کر دی جائے گی۔[4] یہ روایت اور اس کے ہم معنیٰ کئی روایتیں ابھی گذری ہیں۔

ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ جب عورت خاوند کی کمائی میں سے اس کے بغیر حکم کے خرچ کرے تو خاوند کو آدھا ثواب ہے۔[5] ابھی ایک روایت میں اس کا عکس گذر چکا کہ ایسی صورت میں عورت کے لئے آدھا ثواب ہے لیکن غور سے معلوم ہوتا ہے کہ خاوند کی کمائی سے خرچ کرنے کی دو صورتیں ہوتی ہیں ایک صورت یہ ہے کہ خاوند نے کما کر مال کا کچھ حصہ عورت کو بالکل دے دیا اس کو مالک بنا دیا۔ ایسے مال میں سے اگر عورت خرچ کرے تو اس کو پورا ثواب اور خاوند کو آدھا ثواب بظاہر ہے کہ خاوند تو بہر حال عورت کو دے چکا ہے اب اگر وہ خرچ کرتی ہے تو حقیقت میں خاوند کے مال میں سے خرچ نہیں کرتی بلکہ اپنے مال میں سے خرچ کرتی ہے لیکن کمائی چونکہ خاوند کی ہے اس لئے اس کو بھی اللہ کے لطف و کرم سے اس کی کمائی کی وجہ سے اس کے صدقہ کرنے کا آدھا ثواب ہے اور بیوی کو دے دینے کا مستقل ثواب پہلے علیحدہ ہو چکا ہے۔ دوسری صورت یہ ہے کہ خاوند نے کمانے کے بعد عورت کو مالک نہیں بنایا بلکہ گھر کے اخراجات کے لئے اس کو دیا ہے اس مال میں سے صدقہ کرنے کا خاوند کو پورا ثواب ہو کہ وہ اصل مالک ہے اور عورت کو آدھا کہ اخراجات میں تنگی تو اس کو بھی پیش آئے گی ان کے علاوہ اور بھی متعدد روایات میں

[1]، [2] مشکوٰۃ [3]، [4] کنز [5] عینی عن المسلم۔

مختلف عنوانات سے عورتوں کو ترغیب دی گئی ہے کہ وہ کھانے کی چیزوں میں سے اللہ کے راستہ میں خرچ کیا کریں۔ ذرا ذرا سی چیزوں میں سے یہ بہانہ نہ تلاش کیا کریں کہ خاوند کی اجازت تو لی نہیں لیکن ان سب روایات کے خلاف بعض روایات میں اس کی ممانعت بھی وارد ہوئی ہے حضرت ابوامامہ ؓ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے حجۃ الوداع کے خطبہ میں منجملہ اور ارشادات کے یہ بھی فرمایا کہ کوئی عورت خاوند کے گھر سے (یعنی اس کے مال میں سے) بغیر اس کی اجازت کے خرچ نہ کرے۔ کسی نے دریافت کیا حضورؐ کھانا بھی بغیر اجازت خرچ نہ کرے؟ حضور ﷺ نے فرمایا کھانا تو بہترین مال ہے۔[1] یعنی اس کو بھی بغیر اجازت خرچ نہ کرے اس روایت کو پہلی روایات سے کوئی حقیقت میں مخالفت نہیں ہے پہلی سب روایات عام حالات اور معروف عادات کی بنا پر ہیں گھروں کا عام عرف سب جگہ یہی ہے اور یہی ہوتا ہے کہ جو چیزیں سامان یا روپیہ پیسہ گھر کے اخراجات کے واسطے دیدیا جاتا ہے اس میں خاوندوں کو اس کے خلاف نہیں ہوتا کہ عورتیں اس میں سے کچھ صدقہ کر دیں یا غرباء کو کچھ کھانے کو دے دیں بلکہ خاوندوں کا ایسی چیزوں میں کنج کاؤ اور پوچھنا تحقیق کرنا کنجوسی اور چھچھور پن شمار ہوتا ہے لیکن اس عرف عام کے باوجود اگر کوئی بخیل اس کی اجازت نہ دے کہ اس میں کسی کو دیا جائے تو پھر عورت کو جائز نہیں کہ اس کے مال میں سے کچھ صدقہ کرے یا ہدیہ دے البتہ اپنے مال میں سے جو چاہے خرچ کرے۔ ایک شخص نے حضور ﷺ سے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) میری بیوی میرے مال میں سے میرے بغیر اجازت خرچ کرتی ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ تم دونوں کو اس کا ثواب ہوگا۔ انھوں نے عرض کیا کہ میں اس کو منع کر دیتا ہوں، حضور ﷺ نے فرمایا کہ تجھے تیرے بخل کا بدلہ ملے گا اس کو اس کے احسان کا اجر ہوگا۔[2] معلوم ہوا کہ خاوندوں کا ایسی معمولی چیز سے روکنا بخل ہے اور اسکے روکنے کے بعد اسکے مال میں سے عورت کو خرچ کرنا جائز نہیں البتہ عورت کا اگر دل خرچ کرنے کو چاہتا ہے اور خاوند کی مجبوری سے رکی ہوئی ہے تو اس کو اسکی نیت کی وجہ سے صدقہ کا ثواب ملتا رہے گا۔

علامہ عینیؒ فرماتے ہیں حقیقت میں ان چیزوں میں ہر شہر کا عرف اور عادت مختلف ہوتی ہے اور خاوندوں کے احوال بھی مختلف ہوتے ہیں بعض پسند کرتے ہیں اور بعض پسند نہیں کرتے۔ اس طرح جو چیز خرچ کی جائے اس کے اعتبار سے بھی مختلف احوال ہوتے ہیں ایک تو معمولی چیز قابل تسامح ہوتی ہے اور کوئی ایسی چیز ہوتی ہے جس کی خاوند کو اہمیت ہو اسی طرح سے کوئی تو ایسی چیز ہوتی ہے جس کے رکھنے سے اس کے خراب ہو جانے کا اندیشہ ہو اور کوئی ایسی چیز ہوتی ہے جس کو

---

[1] ترغیب عن الترمذی [2] کنز۔

روکنے میں کوئی نقصان نہیں ہوتا۔ حافظ ابن حجرؒ نے نقل کیا ہے کہ یہ شرط تو متفق علیہ ہے کہ وہ عورت خرچ کرنے میں فساد کرنے والی نہ ہو۔ بعض علماء نے کہا ہے خرچ کرنے کی ترغیبیں حجاز کے عرف کے موافق وارد ہوئی ہیں کہ وہاں بیویوں کو اس قسم کے تصرفات کی عام اجازت ہوتی تھی کہ وہ مساکین کو مہمانوں کو، پڑوس کی عورتوں کو، سوال کرنے والوں کو کھانے وغیرہ کی چیزیں دے دیں حضور اقدس ﷺ کا مقصد ان روایات سے اپنی امت کو ترغیب دینا ہے کہ عرب کی یہ نیک خصلت اختیار کریں۔[1] چنانچہ ہمارے دیار میں بھی بہت سے گھروں میں یہ عرف ہے کہ اگر سائل کو یا کسی عزیز یا ضرورتمند کو بھوکے کو کھانے کی چیزیں دے دی جائیں تو خاوندوں کے نزدیک یہ چیز ان سے قابل اجازت ہے نہ یہ ان کے لئے موجب تکدر ہوتا ہے۔ دوسرا مضمون حدیث بالا میں محافظ اور خزانچی کے متعلق وارد ہوا ہے۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ اصل مالک کسی شخص کو ہدیہ دینے کی صدقہ کرنے کی خواہش رکھتا ہے مگر یہ خزانچی اور محافظ کارکن اس میں رخنہ پیدا کیا کرتے ہیں بالخصوص امراء اور سلاطین کے یہاں اکثر ایسا ہوتا ہے کہ مالک کی طرف سے صدقات کے پروانے جاری ہوتے ہیں اور یہ میر منشی ہمیشہ عدم گنجائش کا عذر کھڑا کرتے ہیں اس لئے حضور اقدس ﷺ نے متعدد روایات میں اس کی ترغیب دی ہے کہ کارکن حضرات اگر نہایت طیب خاطر اور خندہ پیشانی سے مالک کے حکم کی تعمیل کریں تو ان کو محض ذریعہ اور واسطہ ہونے کی وجہ سے اللہ کے فضل وانعام سے مستقل ثواب ملے جیسا کہ اوپر کے مضمون میں متعدد روایات اس کی گذر چکی ہیں۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ اگر مسلمان خزانچی امانت دار مالک کے حکم کی تعمیل پوری پوری خندہ پیشانی اور خوش دلی کے ساتھ کرے اور جتنا دینے کا اس کو حکم ہے اتنا ہی دے دے تو وہ بھی صدقہ کرنے والوں میں ہے۔[2] ایک اور حدیث میں ہے کہ اگر صدقہ (بالفرض) سات کروڑ آدمیوں کے ہاتھوں سے نکل کر آئے تو آخر والے کو بھی ثواب ایسا ہی ہوگا جیسا کہ اول والے کو۔[3] یعنی مثلاً کسی بادشاہ نے صدقہ کا حکم دیا اور اس کے عملہ کے اتنے آدمیوں کو اس میں واسطہ بننا پڑا تو سب کو ثواب ہوگا یعنی اجر وثواب کے اعتبار سے وہ بھی سب ایسے ہی ہیں جیسا کہ صدقہ کرنے والا ثواب کا مستحق ہے گو دونوں کے اعتبار میں فرق مراتب ہو اور فرق مراتب کے لئے یہ ضروری نہیں کہ مالک ہی کا ثواب زیادہ ہوگا مثلاً سو روپے ملازم کو دیئے یا خزانچی کو حکم کرے کہ فلاں شخص کو جو دروازے پر یا اپنے پاس موجود ہے دیدے اس صورت میں یقیناً مالک کو ثواب زیادہ ہوگا اور ایک انار کسی کو دے کہ فلاں محلہ میں جو بیمار ہے اس کو دے آؤ کہ اتنی دور جانا انار کی قیمت سے بھی

[1] مظاہر [2] مشکوٰۃ [3] کنز۔

مشقت کے اعتبار سے بڑھ جائے تو اس صورت میں اس واسطہ کا ثواب اصل مالک سے بھی بڑھ جائے گا۔ (عینی) اسی طرح اس خازن کو مالک کی تحصیل میں مشقت زیادہ اٹھانی پڑتی ہو اور مالک کو بے محنت مفت میں مل جائے تو ایسے مال کے صدقہ کرنے میں یقیناً خازن کا ثواب زیادہ ہو جائے گا کہ الاجر علیٰ قدر النصب ثواب مشقت کی بقدر ہوا کرتا ہے یہ شریعت مطہرہ کا مستقل ضابطہ ہے لیکن جیسا کہ بیوی کے لئے بغیر اذن خاوند کے تصرف کرنے کا فی الجملہ حق ہے خازن کے لئے یہ جائز نہیں کہ بغیر اذن مالک کے کوئی تصرف اس کے مال میں کرے البتہ اگر مالک کی طرف سے تصرف کی اجازت ہو تو مضائقہ نہیں۔

۲۶)......عن ابن عباس ﷺ مرفوعاً فی حدیث لفظه کل معروف صدقة والدال علی الخیر کفاعله والله یحب اغاثة اللهفان (کذا فی مقاصد الحسنة وبسط فی تخریجه وطرقه والسیوطی فی الجامع الصغیر حدیث الدال علی الخیر کفاعله من روایة ابن مسعود وابی مسعود وسهل بن سعد وبریدہ وانس۔)

ترجمہ)......حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ ہر بھلائی صدقہ ہے اور کسی کار خیر پر دوسرے کو ترغیب دینے کا ثواب ایسا ہی ہے جیسا کہ خود کرنے کا ثواب ہے اور اللہ جل شانہٗ مصیبت زدہ لوگوں کی مدد کو محبوب رکھتا ہے۔

فائدہ: اس حدیث پاک میں تین مضمون ہیں اول یہ کہ ہر بھلائی صدقہ ہے یعنی صدقہ کے لئے مال ہی دینا ضروری نہیں ہے اور صدقہ اس میں منحصر نہیں بلکہ جو بھلائی کسی کے ساتھ کی جائے وہ ثواب کے اعتبار سے صدقہ ہے اور روایت میں ہے کہ آدمی کے اندر تین سو ساٹھ جوڑ ہیں اس کے لئے ضروری ہے کہ ہر جوڑ کی طرف سے روزانہ ایک صدقہ کیا کرے۔ صحابہ ﷺ نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) اس کی طاقت کس کو ہے (کہ تین سو ساٹھ صدقے روزانہ کیا کرے) حضور ﷺ نے فرمایا کہ مسجد میں تھوک پڑا ہو اس کو ہٹا دو یہ بھی صدقہ ہے راستہ مین کوئی تکلیف دینے والی کوئی چیز پڑی ہو اس کو ہٹا دو یہ بھی صدقہ ہے اور کچھ نہ ملے تو چاشت کی دو رکعت نفل سب کے قائمقام ہو جاتی ہے (مشکوٰۃ) اس لئے کہ نماز میں ہر جوڑ کو اللہ کی عبادت میں حرکت کرنی پڑتی ہے۔ ایک حدیث میں ہے کہ روزانہ جب آفتاب طلوع ہوتا ہے تو آدمی پر ہر جوڑ کے بدلے میں ایک صدقہ ہے دو آدمیوں کے درمیان انصاف کر و یہ بھی ایک صدقہ ہے، کسی شخص کی سواری پر سوار ہونے میں مدد کر دو یہ بھی صدقہ ہے، اس کا سامان اٹھا کر دے دو یہ بھی صدقہ ہے، کلمہ طیبہ (یعنی لا الٰہ الا اللہ پڑھنا) بھی صدقہ ہے۔ ہر وہ قدم جو نماز کے لئے چلے وہ بھی صدقہ ہے کسی کو راستہ بتا دو یہ بھی

صدقہ ہے راستہ سے تکلیف دینے والی چیز ہٹا دو یہ بھی صدقہ ہے۔ ❶

ایک اور حدیث میں ہے کہ روزانہ آدمی کے ہر جوڑ کے بدلے میں اس پر صدقہ ضروری ہے ہر نماز صدقہ ہے، روزہ صدقہ ہے، حج صدقہ ہے، سبحان اللہ کہنا صدقہ ہے، الحمد للہ کہنا صدقہ ہے، اللہ اکبر کہنا صدقہ ہے ایک اور حدیث میں ہے کہ جو کوئی راستہ میں مل جائے اس کو سلام کرنا بھی صدقہ ہے، نیکی کا حکم کرنا صدقہ ہے، برائی سے منع کرنا صدقہ ہے۔ ❷ اور بھی اس قسم کی متعدد روایات وارد ہوئی ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ ہر بھلائی ہر نیکی ہر احسان صدقہ ہے بشرطیکہ اللہ کے واسطے ہو۔ دوسری چیز حدیث بالا میں یہ ذکر کی گئی ہے کہ جو شخص کسی کار خیر پر کسی کو ترغیب دے اس کو بھی ایسا ہی ثواب ہے جیسا کرنے والے کو۔ یہ حدیث مشہور ہے۔ بہت سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین سے حضور ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ بھلائی کا راستہ بتانے والا ایسا ہی ہے جیسا کہ اس کو کرنے والا ہو۔ حق تعالیٰ شانہٗ وعم نوالہٗ کی عطا اور احسان بخشش اور انعام کا کیا ٹھکانا ہے اس کی خطائیں اس کے الطاف بے محنت ملتے ہیں مگر ہم لینا ہی نہ چاہیں تو اس کا کیا علاج ہے۔ ایک شخص نفلیں خود کثرت سے نہیں پڑھ سکتا اور دوسروں کو ترغیب دے نفلیں پڑھوائے اس کو بھی ان کا ثواب ہو، خود نادار ہونے کی وجہ سے یا کسی اور وجہ سے مال کثرت سے خرچ نہیں کر سکتا دوسروں کو ترغیب دے کر خرچ کرائے اور خرچ کرنے والوں کے ساتھ خود بھی ثواب کا شریک بنے ایک شخص خود روزے نہیں رکھ سکتا، حج نہیں کر سکتا، جہاد نہیں کر سکتا اور کوئی عبادت نہیں کر سکتا لیکن ان چیزوں کی دوسروں کو ترغیب دیتا ہے اور خود ان سب کا شریک بنتا ہے۔ بہت غور سے سوچنے اور سمجھنے کی بات ہے اگر آدمی اپنے آپ ہی ان سب عبادتوں کو کرنیوالا ہو تو ایک ہی کے کرنے کا ثواب ملے گا۔ لیکن ان چیزوں پر سو آدمیوں کو ترغیب دے کر کھڑا کر دے تو سو کا ثواب ملے گا اور ہزار دو ہزار کو اور ان سے زیادہ کو لگا دے تو جتنے لوگوں کو آمادہ کرے گا سب کا ثواب ملتا رہے گا اور لطف یہ ہے کہ خود اگر مر بھی جائے گا تو ان اعمال کے کرنے والوں کے اعمال کا ثواب بعد میں بھی پہنچتا رہے گا کیا اللہ جل شانہٗ کے احسانات کی کوئی حد ہے اور کس قدر خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو لاکھوں کو اپنی زندگی میں دینی کاموں پر لگا گئے اور اب مرنے کے بعد وہ ان اعمال کے کرنے والوں کے ثواب میں شریک ہیں۔

میرے چچا جان مولانا مولوی محمد الیاس صاحب نور اللہ مرقدہٗ فرمایا کرتے تھے اور مسرت سے فرمایا کرتے تھے کہ لوگ اپنے بعد آدمیوں کو چھوڑ کر جاتے ہیں میں ملک کو چھوڑ کر جا رہا ہوں۔

---

❶ جامع الصغیر ❷ ابوداؤد۔

مطلب یہ تھا کہ میوات کا خطہ یہاں لاکھوں آدمی ان کی کوشش سے نمازی بنے ہزاروں تہجد گذار بنے ہزاروں حافظ قرآن، ان سب کا ثواب انشاء اللہ ملتا رہے گا اور اب یہ خوش قسمت جماعت عرب اور عجم میں تبلیغ کر رہی ہے ان کی کوشش سے جتنے آدمی کسی دینی کام میں لگ جائیں گے نماز و قرآن پڑھنے لگیں گے ان سب کا ثواب اب کوشش کرنے والوں کو بھی ہوگا اور ان کو بھی ہوگا جن کو یہ مسرت تھی کہ میں ملک کو چھوڑ کر جا رہا ہوں زندگی بہر حال ختم ہونے والی چیز ہے اور مرنے کے بعد وہی کام آتا ہے جو اپنی زندگی میں آدمی کر لے۔ زندگی کے ان لمحات کو بہت غنیمت سمجھنا چاہئے اور جو چیز ذخیرہ بنائی جا سکتی ہو اس میں کسر نہ چھوڑنی چاہئے اور بہترین چیزیں وہ ہیں جن کا ثواب مرنے کے بعد بھی ملتا رہے۔ میرے بزرگوار دوستو! وقت کو بہت غنیمت سمجھو اور جو ساتھ لے جانا ہے لے جاؤ، بعد میں نہ کوئی باپ پوچھتا ہے، نہ بیٹا سب چند روز رو کر چپ ہو جائیں گے اور بہترین چیز صدقہ جاریہ ہے تیسری چیز حدیث بالا میں یہ ذکر فرمائی ہے کہ اللہ جل شانہٗ مصیبت زدہ لوگوں کی فریادرسی کو پسند کرتے ہیں۔ ایک حدیث میں ہے کہ اللہ جل شانہٗ اس پر رحم نہیں فرماتے جو آدمیوں پر رحم نہیں کرتا۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ جو شخص مصیبت زدہ عورتوں کی مدد کرتا ہے یا غریب کی مدد کرتا ہے وہ ایسا ہے جیسا کہ جہاد میں کوشش کرنے والا ہو اور غالباً یہ بھی فرمایا کہ وہ ایسا ہے جیسا کہ تمام رات نفلیں پڑھنے والا ہو کہ ذرا بھی سستی نہیں کرتا اور وہ ایسا ہے جیسا کہ ہمیشہ روزہ رکھتا ہو کبھی افطار نہ کرتا ہو۔[1]

ایک اور حدیث میں ہے کہ جو شخص کسی مومن سے دنیا کی کسی مصیبت کو زائل کرتا ہے اللہ جل شانہٗ اس سے قیامت کے دن کی مصیبت کو زائل کرتا ہے اور جو شخص کسی مشکل میں پھنسے ہوئے کو سہولت پہنچاتا ہے اللہ جل شانہٗ اس کو دنیا اور آخرت کی سہولت عطا فرماتا ہے جو شخص کسی مسلمان کی دنیا میں پردہ پوشی کرتا ہے اللہ جل شانہٗ دنیا اور آخرت میں اس کی پردہ پوشی کرتا ہے۔[2] ایک اور حدیث میں ہے کہ جو شخص اپنے کسی مسلمان بھائی کی حاجت پوری کرے اس کو ایسا ثواب ہے جیسا کہ تمام عمر خدمت (عبادت) کی ہو۔ ایک حدیث میں ہے کہ جو شخص اپنے کسی مسلمان بھائی کی حاجت کو حاکم تک پہنچائے تو اس کی پلصراط تک چلنے میں مدد کی جائے گی جس دن کہ اس پر پاؤں پھسل رہے ہوں گے۔ ایک حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے ہیں جن کو حق تعالیٰ شانہٗ نے اس لئے پیدا کیا ہے کہ وہ لوگوں کی حاجتیں پوری کیا کریں ان کے کاموں میں مدد دیا کریں یہ لوگ قیامت کے دن سخت دن میں بے فکر ہوں گے، ان کو کوئی خوف نہ ہوگا۔ ایک

---

[1]، [2] مشکوٰۃ۔

حدیث میں ہے کہ جو شخص اپنے مضطر بھائی کی مدد کرے حق تعالیٰ شانہٗ اس کو اس دن ثابت قدم رکھیں گے جس دن پہاڑ بھی اپنی جگہ نہ ٹھہر سکیں گے (یعنی قیامت کے دن) ایک حدیث میں ہے کہ جو شخص کسی مسلمان کی کسی کلمہ سے اعانت کرے یا اس کی مدد میں قدم چلائے حق تعالیٰ شانہٗ اس پر تہتّر رحمتیں نازل فرماتے ہیں جن میں سے ایک میں اس کی دنیا اور آخرت کی درستگی ہے اور بہتّر آخرت میں رفع درجات کے لئے ذخیرہ ہیں ان کے علاوہ اور بھی بہت سی احادیث اس قسم کے مضامین کی صاحب کنز العمال نے نقل کی ہیں۔ ایک حدیث میں ہے کہ مسلمان آپس میں ایک دوسرے پر رحم کرنے میں ایک دوسرے کے تعلق میں ایک کی دوسرے پر مہربانی کرنے میں ایک جسم کی طرح ہیں کہ جب بدن کا کوئی عضو ماؤف ہو جاتا ہے تو سارے اعضاء جاگنے میں بخار میں اس کا ساتھ دیتے ہیں۔ [1] یعنی جیسا کہ ایک عضو کی تکلیف سے سارے اعضاء بے چین ہو جاتے ہیں۔ مثلاً ہاتھ میں زخم ہو جاتا ہے تو پھر کسی عضو کو بھی نیند نہیں آتی سب کو جاگنا پڑتا ہے اس سے بڑھ کر یہ کہ اس کی اکڑاہٹ سے سارے بدن کو بخار ہو جاتا ہے اسی طرح ایک مسلمان کی تکلیف سے سب کو بے چین ہو جانا چاہیے۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ رحم کرنے والے آدمیوں پر رحمان بھی رحم فرماتا ہے تم ان لوگوں پر رحم کرو جو دنیا میں ہیں تم پر وہ رحم کریں گے جو آسمان پر ہیں اس سے حق تعالیٰ شانہٗ بھی مراد ہو سکتے ہیں اور فرشتے بھی۔ ایک حدیث میں ہے کہ مسلمانوں کا بہترین گھر وہ ہے جس میں کوئی یتیم ہو اور اس کے ساتھ اچھا برتاؤ کیا جاتا ہو اور بدترین گھر وہ ہے جس میں کوئی یتیم ہو اور اس کے ساتھ برا برتاؤ کیا جاتا ہو۔ [2]

ایک حدیث میں ہے جو شخص میری امت میں سے کسی شخص کی حاجت پوری کرے تاکہ اس کی خوشی ہو اس نے مجھ کو خوش کیا اور جس نے مجھے خوش کیا اس نے اللہ جل شانہٗ کو خوش کیا اور جو شخص حق تعالیٰ شانہٗ کو خوش کرتا ہے وہ اس کو جنت میں داخل فرما دیتا ہے۔ ایک حدیث میں ہے کہ جو شخص کسی مصیبت زدہ آدمی کی مدد کرتا ہے اس کے لئے تہتر درجے مغفرت کے لکھے جاتے ہیں جن میں سے ایک درجہ سے تو اس کی درستگی ہوتی ہے (یعنی لغزشوں کا بدلہ ہو جاتا ہے) باقی بہتّر درجے رفع درجات کا سبب ہوتے ہیں۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ مخلوق ساری کی ساری اللہ تعالیٰ کی عیال ہے آدمیوں میں سب سے زیادہ محبوب اللہ جل شانہٗ کے نزدیک وہ ہے جو اس کی عیال کے ساتھ اچھا برتاؤ کرے۔ [3] مخلوق ساری کی ساری اللہ کی عیال ہے۔ مشہور حدیث یہ ہے کہ متعدد صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے نقل کی گئی علماء نے لکھا ہے کہ جیسا کہ آدمی

---

[1]، [2]، [3] مشکوٰۃ۔

اپنے عیال کی روزی کا اہتمام کرنے والا ہوتا ہے اسی طرح حق تعالیٰ شانہٗ بھی اپنی ساری مخلوق کے روزی رساں ہیں اسی لحاظ سے ان کو اللہ کی عیال بتایا گیا❶ اور اس صفت میں مسلمانوں کی بھی خصوصیت نہیں ہے مسلمان کافر سب ہی شریک ہیں بلکہ سارے حیوانات اس میں داخل ہیں کہ سب کے سب اللہ تعالیٰ شانہٗ کی مخلوق اور اس کی عیال ہیں جو شخص سب کے ساتھ حسن سلوک اور اچھا برتاؤ کرنے والا ہوگا وہ حق تعالیٰ شانہٗ کو سب سے زیادہ محبوب ہوگا۔

۲۷)......عن شداد بن اوس قال سمعت رسول اللّٰہ ﷺ یقول من صلی یرائی فقد اشرک ومن صام یرائی فقد اشرک ومن تصدق یرائی فقد اشرک۔(رواہ احمد کذافی المشکوٰۃ۔)

ترجمہ)......حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ جس نے ریاء کی نیت سے نماز پڑھی اس نے شرک کیا، جس نے ریا کی نیت سے روزہ رکھا اس نے شرک کیا جس نے ریا کی نیت سے صدقہ دیا اس نے شرک کیا۔

فائدہ: یعنی جس نے اپنی ان عبادتوں میں اللہ جل شانہٗ کے ساتھ دوسروں کو شریک بنالیا اور وہ لوگ ہیں جن کو دکھانا مقصود ہے اس نے اپنی عبادت کو خالص حق تعالیٰ شانہٗ کے لئے نہیں رکھا بلکہ اس کی عبادت ساجھے کی عبادت بن گئی اور اس عبادت کی غرض میں اس کا حصہ بھی ہوگیا جن کو دکھانا مقصود ہے یہ بہت ہی اہم چیز ہے اس پر اس فصل کو ختم کرتا ہوں مقصد یہ ہے کہ جو عبادت بھی ہو خالص اللہ جل شانہٗ کی رضا کے واسطے ہو اس میں کوئی فاسد غرض، ریا، شہرت، وجاہت وغیرہ ہرگز نہ ہونا چاہئے کہ اس میں نیکی برباد، گناہ لازم ہوجاتا ہے۔ احادیث میں بہت کثرت سے اس پر وعیدیں اور تنبیہیں وارد ہوئی ہیں۔ ایک حدیث قدسی میں حق سبحانہٗ وتقدس کا ارشاد وارد ہوا ہے کہ میں سب شریکوں میں سب سے زیادہ بے پرواہ ہوں جو شخص کسی عبادت میں میرے ساتھ کسی دوسرے کو شریک کردیتا ہے میں اس عبادت کرنے والے کو اس کے (بنائے ہوئے) شریک کے ساتھ چھوڑ دیتا ہوں۔❷ یعنی وہ اپنا بدلہ اور ثواب اس شریک سے جاکر لے لے مجھ سے کوئی واسطہ نہیں ہے۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ قیامت کے دن ایک منادی اعلان کرے گا کہ جس شخص نے اپنے کسی عمل میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی دوسرے کو شریک کیا ہے وہ اس شریک سے اپنا ثواب مانگ لے اللہ جل شانہٗ شرکت سے بے نیاز ہے۔❸ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے تو ہم لوگ دجال کا تذکرہ کررہے تھے حضور

---

❶ مقاصد حسنہ۔ ❷، ❸ مشکوٰۃ۔

اقدس ﷺ نے فرمایا کہ میں تمہیں ایسی چیز بتاؤں جس کا میں تم پر دجال سے بھی زیادہ خوف کرتا ہوں۔ ہم نے عرض کیا کہ ضرور بتائیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ وہ شرک خفی ہے مثلاً ایک آدمی نماز پڑھ رہا ہے (اخلاص سے شروع کی ہے کوئی شخص اس کی نماز کو دیکھنے لگے) وہ آدمی کے دیکھنے کی وجہ سے اپنی نماز لمبی کر دے۔ ایک دوسرے صحابی حضور ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ مجھے تم پر سب سے زیادہ خوف چھوٹے شرک کا ہے صحابہؓ نے عرض کی کہ چھوٹا شرک کیا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا ریا ہے۔ ایک حدیث میں اس کے بعد یہ بھی ہے کہ جس دن حق تعالیٰ شانہٗ بندوں کو ان کے اعمال کا بدلہ عطا فرمائیں گے ان لوگوں سے یہ ارشاد ہوگا کہ جن کو دکھانے کے لئے کئے تھے دیکھو ان کے پاس تمہارے اعمال کا بدلہ ہے یا نہیں۔ ○ قرآن پاک میں حق تعالیٰ شانہٗ کا پاک ارشاد ہے۔

فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ○ (کہف ۱۸:۱۱۰)

"جو شخص اپنے رب سے ملنے کی آرزو رکھے (اور ان کا محبوب مقرب بننا چاہے) تو نیک کام کرتا رہے اور اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرے۔"

حضرت ابن عباس ؓ فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے حضور ﷺ سے دریافت کیا کہ میں بعض (دینی) مواقع میں اللہ جل شانہٗ کی رضا کے واسطے کھڑا ہوتا ہوں میرا دل چاہتا ہے کہ میری اس کوشش کو لوگ دیکھیں حضور ﷺ نے اس کا کوئی جواب مرحمت نہیں فرمایا حتیٰ کہ یہ آیت نازل ہوگئی۔ حضرت مجاہد ؒ کہتے ہیں کہ ایک صاحب نے حضور ﷺ کی خدمت میں عرض کیا کہ میں صدقہ کرتا ہوں اور صرف اللہ جل شانہٗ کی رضا مقصود ہوتی ہے مگر دل یہ چاہتا ہے کہ لوگ مجھے اچھا کہیں اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ ایک حدیث قدسی میں ہے حق تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد ہے کہ جو شخص کسی عمل میں میرے ساتھ کسی دوسرے کو شریک کرتا ہے تو میں اس سارے عمل کو ہی چھوڑ دیتا ہوں میں صرف اسی عمل کو قبول کرتا ہوں جو خالص میرے لئے ہو اس کے بعد حضور ﷺ نے یہ آیت شریفہ تلاوت فرمائی ایک اور حدیث میں ہے اللہ جل شانہٗ فرماتے ہیں کہ میں اپنے ساتھی کے ساتھ بہترین تقسیم کرنے والا ہوں جو شخص اپنی عبادت میں میرے ساتھ کسی دوسرے کو ساجھی کر دے میں اپنا حصہ بھی اس ساجھی کو دے دیتا ہوں۔ ایک حدیث میں ہے کہ جہنم میں ایک وادی ایسی ہے جس سے جہنم خود بھی چار سو مرتبہ روزانہ پناہ مانگتی ہے وہ ریاکاریوں کے واسطے ہے ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد آیا ہے کہ جب الحزن سے پناہ مانگا کرو (یعنی غم کے کنویں سے جو جہنم میں ہے) صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) اس میں کون لوگ رہیں گے؟ حضور ﷺ نے

فرمایا جو اپنے اعمال میں ریا کاری کرتے ہیں۔ ایک صحابی کہتے ہیں کہ یہ آیت شریفہ قرآن پاک میں سب سے آخر میں نازل ہوئی۔ [1] قرآن پاک میں دوسری جگہ ارشاد ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى كَالَّذِيْ يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ۔ (بقرہ ۲:۲۶۴)

اے ایمان والو! تم احسان جتا کر یا ایذاء پہنچا کر اپنی خیرات کو برباد مت کرو جس طرح وہ شخص (برباد) کرتا ہے جو اپنا مال لوگوں کو دکھلانے کی غرض سے خرچ کرتا ہے اور ایمان نہیں رکھتا اللہ پر اور قیامت کے دن پر اس شخص کی مثال ایسی ہے جیسا کہ ایک چکنا پتھر ہو جس پر کچھ مٹی آ گئی ہو (اور اس مٹی میں کچھ سبزہ وغیرہ جم گیا ہو) پھر اس پتھر پر زور کی بارش پڑ جائے سو وہ اس کو بالکل صاف کر دے گی (اسی طرح ان احسان رکھنے والوں، ایذا دینے والوں اور ریا کاروں کا خرچ کرنا بھی بالکل صاف اڑ جائے گا اور قیامت کے دن) ایسے لوگوں کو اپنی کمائی ذرا بھی ہاتھ نہ لگے گی یعنی یہ جو نیکیاں کی تھیں صدقات دیئے تھے یہ سب ضائع ہو جائیں گے اس کے علاوہ اور بھی کئی جگہ قرآن پاک میں ریا کی مذمت فرمائی ہے۔ ایک حدیث میں ہے کہ قیامت کے دن سب سے پہلے جن لوگوں کا فیصلہ ہوگا ان میں ایک تو شہید ہوگا اس کو بلایا جائے گا اور بلانے کے بعد دنیا میں جو اللہ جل شانہٗ کے انعامات اس پر ہوئے تھے وہ اس کو یاد دلائے جائیں گے اس کے بعد اس سے مطالبہ ہوگا کہ اللہ جل شانہٗ کی ان نعمتوں میں رہ کر تو نے کیا نیک عمل کیا؟ وہ عرض کرے گا کہ میں نے تیری رضا جوئی میں جہاد کیا حتیٰ کہ شہید ہو گیا (اور تجھ پر قربان ہو گیا) ارشاد ہوگا کہ یہ جھوٹ ہے تو نے جہاد اس لئے کیا تھا کہ لوگ بڑا بہادر بتائیں گے وہ تجھے بڑا بہادر بتا چکے ہیں (جو غرض عمل کی تھی وہ پوری ہو گئی ہے) اس کے بعد اس کو جہنم میں پھینک دینے کا حکم کیا جائے گا اور تعمیل حکم میں اس کو منہ کے بل کھینچ کر جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔

دوسرا شخص ایک عالم ہوگا جس کو بلا کر اللہ جل شانہٗ کے انعامات اور احسانات جتا کر اس سے بھی دریافت کیا جائے گا کہ اللہ جل شانہٗ کی ان نعمتوں میں تو نے کیا عمل کیا؟ وہ کہے گا کہ میں نے علم سیکھا اور لوگوں کو سکھایا اور تیری رضا جوئی میں قرآن پاک پڑھتا رہا۔ ارشاد ہوگا کہ یہ سب جھوٹ ہے۔ یہ سب کچھ اس لئے کیا گیا تھا کہ لوگ کہیں گے کہ فلاں شخص بڑا عالم بڑا قاری ہے سو لوگوں نے کہہ دیا ہے (اور جو مقصد اس محنت سے تھا وہ حاصل ہو چکا ہے) اس کے بعد اس کو بھی

---

[1] درمنثور۔

جہنم میں پھینکنے کا حکم کیا جائے گا اور تعمیل حکم میں منہ کے بل کھینچ کر جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔

تیسرا شخص ایک سخی ہوگا جس پر اللہ جل شانہٗ نے دنیا میں بڑی وسعت فرما رکھی تھی ہر قسم کے مال سے اس کو نوازا تھا اس کو بلایا جائے گا اور جو انعامات اللہ جل شانہٗ نے اس پر دنیا میں فرمائے تھے وہ جتا کر سوال کیا جائے گا کہ ان انعامات میں تیری کیا کارگذاری ہے؟ وہ عرض کرے گا کہ میں نے خیر کا کوئی موقع جس میں خرچ کرنا آپ کو پسند ہو ایسا نہیں چھوڑا جس میں آپ کی خوشنودی کے لئے خرچ نہ کیا ہو۔ ارشاد ہوگا کہ یہ جھوٹ ہے۔ تو نے محض اس لئے خرچ کیا کہ لوگ کہیں گے کہ بڑا سخی شخص ہے سو کہا جا چکا ہے۔ اس کے بعد اس کو بھی جہنم میں پھینکنے کا حکم ہوگا اور تعمیل حکم میں منہ کے بل کھینچ کر جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔ [1]

اس حدیث میں اور اسی طرح اور احادیث میں جہاں ایک ایک شخص کا ذکر آتا ہے اس سے ایک قسم آدمیوں کی مراد ہوتی ہے۔ یہ مطلب نہیں کہ یہ معاملہ صرف تین آدمیوں کے ساتھ کیا جائے گا بلکہ مطلب یہ ہے کہ تینوں قسم کے آدمیوں سے یہ مطالبہ ہوگا اور مثال کے طور پر ہر قسم میں سے ایک ایک آدمی کا ذکر کر دیا ان کے علاوہ اور بھی احادیث میں کثرت سے اس پر تنبیہ کی گئی ہے اور بہت زیادہ اہمیت سے حضور ﷺ نے اپنی امت کو اس پر متنبہ کیا ہے کہ جو کام بھی کیا جائے وہ خالص اللہ جل شانہٗ کے لئے کیا جائے اور جتنا بھی اہتمام ہو سکے اس کا کیا جائے کہ اس میں ریا اور نمود و شہرت اور دکھاوے کا شائبہ بھی نہ آنے پائے۔ مگر اس جگہ شیطان کے ایک بڑے مکر سے بے فکر ہونا چاہئے دشمن جب قوی ہوتا ہے وہ مختلف انواع سے اپنی دشمنی نکالتا ہے یہ بہت مرتبہ آدمی کو اس وسوسہ کی بدولت کہ اخلاص تو ہے ہی نہیں اہم ترین عبادتوں سے روک دیا کرتا ہے۔ امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ شیطان اول تو نیک کام سے روکا کرتا ہے اور ایسے خیالات دل میں ڈالتا ہے جس سے اس کام کے کرنے کا ارادہ ہی پیدا نہ ہو لیکن جب آدمی اپنی ہمت سے اس کا مقابلہ کرتا ہے اور اس کے روکنے پر عمل نہیں کرتا تو وہ کہا کرتا ہے کہ تجھ میں اخلاص تو ہے ہی نہیں یہ تیری عبادت محنت بے کار ہے۔ جب اخلاص ہی نہیں تو پھر ایسی محنت کرنے سے کیا فائدہ اور اس قسم کے وسوسے پیدا کر کے نیک کام سے روک دیا کرتا ہے اور جب آدمی رک جاتا ہے تو اس کی غرض پوری ہو جاتی ہے۔ [2] اس کے لئے اس خیال سے نیک کام سے رکنا نہیں چاہئے کہ اخلاص تو ہے ہی نہیں بلکہ نیک کام میں اخلاص کی کوشش کرتے رہنا چاہیے اور اس کو دعا کرتا رہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ محض اپنے لطف سے دستگیری فرمائے تا کہ نہ تو دین کا مشغلہ ضائع ہو نہ برباد ہو۔

وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ

---

[1] مشکوٰۃ برایۃ مسلم۔ [2] احیاء۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

﴿فصل دوم﴾

بُخل کی مذمت میں

پہلی فصل میں جتنی آیات اور احادیث اللہ کے راستہ میں خرچ کرنے کی گزر چکی ہیں اُن سے خود ہی یہ بات ظاہر ہوگئی کہ جب اللہ کے راستہ میں خرچ کرنے کے اتنے فضائل وفوائد اور خوبیاں ہیں تو جتنی اس میں کمی ہوگی یہ منافع حاصل نہ ہونگے یہ خود ہی کافی مذمت انتہائی نقصان ہے لیکن اللہ جل شانہ اور اس کے پاک رسول ﷺ نے تنبیہ اور اہتمام کی وجہ سے بُخل اور مال کو روک کر رکھنے پر خصوصی وعیدیں بھی ارشاد فرمائی ہیں جو اللہ کا انعام اور اس کے پاک رسول ﷺ کی اُمت پر انتہائی شفقت ہے کہ اس نے اس مہلک مرض پر خاص طور سے بہت سی تنبیہیں فرمادیں قرآن وحدیث میں ہر مضمون نہایت ہی کثرت سے ذکر کیا گیا اور مختلف عنوانوں سے ہر خیر کے کرنے پر ترغیب اور ہر بُرائی سے رُکنے پر تنبیہیں کی گئیں۔ کسی ایک مضمون کا احاطہ بھی دُشوار ہے نمونہ کے طور پر اس کے متعلق بھی چند آیات اور چند احادیث لکھی جاتی ہیں۔ آیات

۱)......وَاَنۡفِقُوۡا فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ وَلَا تُلۡقُوۡا بِاَیۡدِیۡکُمۡ اِلَی التَّہۡلُکَۃِ (بقرہ رکوع ۲۴)

ترجمہ)......تم لوگ اللہ کے راستہ میں خرچ کیا کرو اور اپنے آپ کو اپنے ہاتھوں ہلاکت میں نہ ڈالو۔

فائدہ: یہ آیت شریفہ پہلی فصل کے سلسلے آیات میں نمبر ۳ پر گزر چکی ہے اس آیت شریفہ میں اللہ کے راستہ میں خرچ نہ کرنے کو اپنے ہاتھوں اپنے آپ کو ہلاکت اور تباہی میں ڈالنا قرار دیا ہے جیسا کہ پہلے مفصل صحابۂ کرامؓ سے نقل کیا جاچکا ہے۔ کون شخص ہے جو اپنی تباہی اور بربادی چاہتا ہو مگر کتنے آدمی ہیں جو یہ معلوم ہوجانے کے باوجود کہ یہ تباہی اور بربادی کا ذریعہ ہے اس سے بچتے ہیں اور مال کو جوڑ جوڑ کر نہیں رکھتے اس کے سوا کیا ہے کہ غفلت کا پردہ ہم لوگوں کے دلوں پر پڑا ہوا ہے اور اپنے ہاتھوں ہی اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالتے جارہے ہیں۔

۲)......اَلشَّیۡطٰنُ یَعِدُکُمُ الۡفَقۡرَ وَیَاۡمُرُکُمۡ بِالۡفَحۡشَآءِ ۚ وَاللّٰہُ یَعِدُکُمۡ مَّغۡفِرَۃً مِّنۡہُ وَفَضۡلًا ؕ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیۡمٌ ۝ (سورۂ بقرہ ع ۳۷)

ترجمہ)......”شیطان تم کو محتاجی (اور فقر) سے ڈراتا ہے اور تم کو بُری بات (بُخل) کا مشورہ دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ تم سے (خرچ کرنے پر) اپنی طرف سے گناہ معاف کردینے کا اور زیادہ دینے کا وعدہ

کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ وُسعت والے ہیں (وہ سب کچھ دے سکتے ہیں) خوب جاننے والے ہیں۔ (نیت کے موافق ثمرہ دیتے ہیں)''

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ آدمی کے اندر ایک تو شیطان تصرف کرتا ہے اور ایک فرشتہ تصرف کرتا ہے شیطان کا تصرف تو بُرائی سے ڈرانا ہے (مثلاً صدقہ کرے گا تو فقیر ہو جائے گا وغیرہ وغیرہ) اور حق بات کا جھٹلانا ہے۔ اور فرشتہ کا تصرف بھلائی کا وعدہ کرنا ہے اور حق بات کی تصدیق کرنا ہے جو اس کو پائے (یعنی بھلائی کی بات کا خیال دل میں آئے تو اس کو) اللہ تعالیٰ کی طرف سے سمجھے اور اس کا شکر ادا کرے اور جو دوسری بات کو پائے (یعنی بُرا خیال دل میں آئے) تو شیطان سے پناہ مانگے اس کے بعد حضور اقدس ﷺ نے یہ آیت شریفہ پڑھی۔ [1] یعنی حضور اقدس ﷺ نے اپنے ارشاد کی تائید میں یہ آیت شریفہ پڑھی جس میں حق تعالیٰ شانہ کا ارشاد ہے کہ شیطان فقر کا خوف اور فحش باتوں کی ترغیب دیتا ہے اور یہی حق کا جھٹلانا ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس آیت شریفہ میں دو چیزیں اللہ جل شانہ کی طرف سے ہیں اور دو چیزیں شیطان کی طرف سے ہیں شیطان فقر کا وعدہ کرتا ہے اور بُری بات کا حکم کرتا ہے یہ کہتا ہے کہ مال خرچ نہ کر، احتیاط سے رکھ تجھے اس کی ضرورت پڑے گی اور اللہ جل شانہ ان گناہوں پر مغفرت کا وعدہ فرماتا ہے اور رزق میں زیادتی کا وعدہ فرماتا ہے۔ [2] امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ آدمی کو آئندہ کے فکر میں زیادہ مبتلا نہیں رہنا چاہئے کہ کیا ہوگا بلکہ جب حق تعالیٰ شانہٗ نے رزق کا وعدہ فرما رکھا ہے تو اس پر اعتماد کرنا چاہئے اور یہ سمجھتے رہنا چاہئے کہ آئندہ کی احتیاج کا خوف شیطانی اثر ہے جیسا کہ اس آیت شریفہ میں بتایا گیا وہ آدمی کے دل میں یہ خیال پکاتا رہتا ہے کہ اگر تو مال جمع کر کے نہیں رکھے گا تو جس وقت تو بیمار ہو جائے گا یا کمانے کے قابل نہیں رہے گا یا کوئی اور وقتی ضرورت پیش آجائے گی تو اس وقت تو مشکل میں پھنس جائے گا اور تجھے بڑی دقت اور تکلیف ہوگی اور ان خیالات کے وجہ سے اِس کو اِس وقت مشقت اور کوفت اور تکلیف میں پھانس دیتا ہے اور ہمیشہ اس تکلیف میں مبتلا رکھتا ہے اور پھر اس کا مذاق اُڑاتا ہے کہ یہ احمق آئندہ کی موہوم تکلیف کے ڈر سے اس وقت کی یقینی تکلیف میں پھنس رہا ہے۔ [3] کہ جمع کی فکر میں ہر وقت پریشان رہتا ہے اور آئندہ کا فکر سوار رہتا ہے۔

۳)......وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ط بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ط سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ط وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ o ط (سورۂ آل عمران رکوع ۱۸)

---

[1] مشکوٰۃ [2] درمنثور [3] احیاء۔

ترجمہ)...... ہرگز خیال نہ کریں ایسے لوگ جو ایسی چیز کے خرچ کرنے میں بخل کرتے ہیں جو اُن کو اللہ جل شانہٗ نے محض اپنے فضل سے عطا کی ہے کہ یہ بات (یعنی بخل کرنا) ان کے لئے کچھ اچھی ہو گی (ہرگز نہیں) بلکہ یہ بات اُن کے لیے بہت بُری ہو گی اس لئے کہ وہ لوگ قیامت کے دن طوق پہنائے جائینگے اس مال کا جس کی ساتھ بخل کیا تھا (یعنی سانپ بنا کر اُن کی گردنوں میں) ڈال دیا جائے گا اور اخیر میں آسمان وزمین (اور جو کچھ اُن کے اندر ہے لوگوں کے مرجانے کے بعد) اللہ ہی کا رہ جائے گا (تم اپنے ارادہ سے اس کو دے دو تو ثواب بھی ہو ورنہ ہے تو اُسی کا) اور اللہ جل شانہٗ تمہارے سارے اعمال سے خبردار ہیں"۔

فائدہ: بخاری شریف میں حضور اقدس ﷺ کا پاک ارشاد وارد ہوا ہے کہ جس شخص کو اللہ جل شانہ نے مال عطا کیا ہو اور وہ اس کی زکوٰۃ ادا نہ کرتا ہو تو وہ مال قیامت کے دن ایک گنجا سانپ (جس کے زہر کی کثرت اور شدت کی وجہ سے اس کے سر کے بال بھی جاتے رہے ہوں) بنایا جائے گا جس کے منہ کے نیچے دو نقطے ہونگے (یہ بھی زہر کی زیادتی کی علامت ہے) اور وہ سانپ اس کے گلے میں ڈال دیا جائے گا جو اس شخص کے دونوں جبڑے پکڑ لے گا کہ میں تیرا مال ہوں میں تیرا خزانہ ہوں۔ اس کے بعد حضور اقدس ﷺ نے یہ آیت شریفہ تلاوت فرمائی [1] یہ حدیث شریف زکوٰۃ ادا نہ کرنے کی وعیدوں میں پانچویں فصل کی احادیث میں نمبر ۲ پر آرہی ہے۔ حضرت حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ یہ آیت شریفہ کافروں کے بارے میں اور اس مؤمن کے بارے میں جو اپنے مال کو اللہ کے راستہ میں خرچ کرنے سے بخل کرتا ہو نازل ہوئی ہے، حضرت عکرمہؓ کہتے ہیں کہ مال میں سے جب اللہ جل شانہٗ کے حقوق ادا نہ ہوتے ہوں تو وہ مال گنجا سانپ بن کر قیامت میں اُس کے پیچھے لگ جائے گا اور وہ آدمی اس سانپ سے پناہ مانگتا ہوا ہو گا۔ حجر بن بیان ؓ حضور ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ جو ذی رحم اپنے قریبی رشتہ دار سے اس کی ضرورت سے بچے ہوئے مال سے مدد مانگے اور وہ مدد نہ کرے اور بخل کرے تو وہ مال قیامت کے دن سانپ بنا کر اس کو طوق پہنا دیا جائے گا اور پھر حضور اقدس ﷺ نے یہ آیت شریفہ تلاوت فرمائی اور متعدد صحابۂ کرامؓ سے بھی یہ مضمون نقل کیا گیا۔ مسروقؒ کہتے ہیں کہ یہ آیت شریفہ اس شخص کے بارے میں ہے جس کو اللہ جل شانہٗ نے مال عطا کیا اور وہ اپنے رشتہ داروں کے اُن حقوق کو جو اللہ جل شانہٗ نے اس پر رکھے ہیں ادا نہ کرے۔ تو اس کا مال سانپ بنا کر اس کو طوق پہنا دیا جائے گا وہ شخص اس سانپ سے کہے گا کہ تو نے میرا پیچھا کیوں لیا، وہ کہے گا کہ میں تیرا مال ہوں۔ [2] امام رازیؒ تفسیر کبیر میں تحریر فرماتے ہیں کہ اوپر کی آیت میں جہاد میں اپنی جانوں کی شرکت پر تاکید و ترغیب تھی اس کے بعد اس آیت میں جہاد

[1] مشکوٰۃ [2] درمنثور۔

میں مال خرچ کرنے کی تاکید ہے اور تنبیہ ہے کہ جو لوگ جہاد میں مال خرچ نہیں کرتے تو وہ مال سانپ بن کر اُن کے گلے کا ہار بن جائے گا۔

اس کے بعد امام رازیؒ طویل بحث اس پر کرتے ہیں کہ جو شدید وعید اس آیت شریفہ میں ہے وہ تطوعات کے ترک پر تو مشکل ہے ترکِ واجب پر ہی ہو سکتی ہے۔ البتہ واجبات کئی قسم کے ہیں اول اپنے اوپر اور اپنے اُن اقارب پر خرچ کرنا جن کا نفقہ اپنے ذمہ واجب ہے۔ دوسرے زکوٰۃ، تیسرے جس وقت مسلمانوں پر کفار کا ہجوم ہو کہ وہ ان کے جان و مال کو ہلاک کرنا چاہتے ہوں تو اس وقت سب مالداروں پر حسب ضرورت خرچ کرنا واجب ہے۔ جس سے مدافعت کرنے والوں کی مدد ہو کہ یہ دراصل اپنی ہی جان اور مال کی حفاظت میں خرچ ہے۔ چوتھے مضطر پر خرچ کرنا ہے جس سے اس کی جان کا خطرہ زائل ہو جائے یہ سب اخراجات واجب ہیں۔ (تفسیر کبیر)

٤)...... اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرَا ۙ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُوْنَ مَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝ (سورۃ نساء رکوع ٦)

ترجمہ)...... بیشک اللہ جل شانہٗ ایسے آدمیوں کو پسند نہیں کرتا جو (دل میں) اپنے آپ کو بڑا سمجھتے ہوں (زبان سے) شیخی کی باتیں کرتے ہوں جو خود بھی بخل کرتے ہوں اور دوسروں کو بھی بخل کی تعلیم دیتے ہوں اور جو چیز اللہ جل شانہٗ نے ان کو اپنے فضل سے دی ہے اس کو چھپاتے ہوں اور ہم نے ایسے ناشکروں کے لیے اہانت والا عذاب تیار کر رکھا ہے۔

فائدہ: دُوسروں کو بخل کی تعلیم دیتے ہوں، عام ہے کہ زبان سے ان کو ترغیب دیتے ہوں یا اپنے عمل سے تعلیم دیتے ہوں کہ اُن کے عمل کو دیکھ کر دوسروں کو بخل کی ترغیب ہوتی ہو بہت سی احادیث میں یہ مضمون وارد ہوا ہے کہ جو شخص بُرا طریقہ اختیار کرتا ہے اس کو اپنے کئے کا وبال بھی ہوتا ہے اور جتنے آدمی اس کی وجہ سے اس پر عمل کریں ان سب کا گناہ بھی اس کو ہوتا ہے اس طرح پر کہ اُن کی اپنی اپنی سزاؤں میں کوئی کمی نہ ہوگی، یہ مضمون قریب ہی مفصل گزر چکا ہے۔ حضرت مجاہدؒ سے مُخْتَالًا فَخُوْرًا، کی تفسیر میں نقل کیا گیا کہ یہ ہر وہ متکبر ہے جو اللہ کی عطا کی ہوئی چیزوں کو گن گن کر رکھتا ہے اور اللہ جل شانہ کا شکر ادا نہیں کرتا۔ حضرت ابو سعید خدریؓ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ قیامت کے دن جب حق تعالیٰ شانہٗ ساری مخلوق کو ایک جگہ جمع فرما دیں گے تو جہنم کی آگ تو بتو چڑھتی ہوئی ان کی طرف شدت سے بڑھے گی جو فرشتے اُس پر متعین ہیں وہ اس کو روکنا چاہیں گے تو وہ کہے گی کہ میرے رب کی عزت کی قسم یا تو مجھے چھوڑ دو کہ میں اپنے جوڑی داروں

(یاروں) کو لے لوں ورنہ میں سب پر چھا جاؤں گی۔ وہ پوچھیں گے تیرے جوڑی دار کون ہیں؟ وہ کہے گی ہر متکبر ظالم، اس کے بعد جہنم اپنی زبان نکالے گی اور ہر ظالم متکبر کو چن چن کر اپنے پیٹ میں ڈال لے گی (جیسا کہ جانور زبان کے ذریعہ سے گھاس وغیرہ کھاتا ہے) ان سب کو چن کر پیچھے ہٹ جائے گی اس کے بعد اسی طرح دوبارہ زور کر کے آئے گی اور یہ کہے گی کہ مجھے اپنے جوڑی داروں کو لینے دو اور جب اُس سے پوچھا جائے گا کہ تیرے جوڑی دار کون ہیں؟ تو وہ کہے گی ہر اکڑنے والا ناشکری کرنے والا اور پہلے کی طرح اُن کو بھی چن کر اپنی زبان کے ذریعہ سے اپنے پیٹ میں ڈال لے گی۔ پھر اسی طرح تیسری بار جوش کر کے چلے گی اور اپنے جوڑی داروں کا مُطالبہ کرے گی اور جب اس سے پوچھا جائے گا کہ تیرے جوڑی دار کون لوگ ہیں؟ تو وہ اس مرتبہ کہے گی ہر اکڑنے والا فخر کرنے والا اور اُن کو بھی چن کر اپنے پیٹ میں ڈال لے گی۔ اس کے بعد لوگوں کا حساب کتاب ہوتا رہے گا۔ حضرت جابر بن سلیم ہُجیمیؓ فرماتے ہیں کہ میں حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ مدینہ منورہ کی ایک گلی میں چلتے ہوئے حضور ﷺ سے ملاقات ہوگئی میں نے سلام کیا اور لُنگی کے متعلق مسئلہ دریافت کیا حضور ﷺ نے فرمایا کہ پنڈلی کے موٹے حصہ تک ہونی چاہیے اور اگر تجھے اتنی اونچی پسند نہ ہو تو تھوڑی اور نیچے تک سہی اور یہ بھی پسند نہ ہو تو ٹخنوں کے اوپر تک اور یہ بھی پسند نہ ہو تو (آگے گنجائش نہیں اس لئے کہ) اللہ جل شانہٗ متکبر فخر کرنے والے کو پسند نہیں کرتے (اور ٹخنوں سے نیچے لُنگی یا پاجامہ کو لٹکانا تکبر میں داخل ہے) پھر میں نے کسی کے ساتھ احسان اور بھلائی کرنے کے متعلق دریافت کیا حضور ﷺ نے فرمایا کہ بھلائی کو حقیر نہ سمجھو (کہ اس کی وجہ سے ملتوی کردو) چاہے رسی کا ٹکڑا ہی کیوں نہ ہو جوتے کا تسمہ ہی کیوں نہ ہو کسی پانی مانگنے والے کے برتن میں پانی کا ڈول ہی ڈال دو راستہ میں کوئی اذیت پہنچانے والی چیز ہو، اس کو ہٹا دو حتیٰ کہ اپنے بھائی سے خندہ پیشانی سے بات ہی سہی، راستہ چلنے والے سے سلام ہی سہی، کوئی گھبرا رہا ہو اس کی دل بستگی ہی سہی (کہ یہ سب چیزیں احسان اور نیکی میں داخل ہیں) اور اگر کوئی شخص تمہارے عیب کو ظاہر کرے اور تمہیں اس کے اندر کوئی دوسرا عیب معلوم ہے تو تم اس کو ظاہر نہ کرو تمہیں اس اخفاء کا ثواب ملے گا اس کو اس اظہار کا گناہ ہوگا اور جس کام کو تم یہ سمجھو کہ اگر کسی کو اس کی خبر ہوگئی تو مضائقہ نہیں اس کو کرو اور جس کو سمجھو کہ کسی کو اس کی خبر نہ ہو اس کو نہ کرو (کہ یہ علامت اس کے بُرا ہونے کی ہے) حضرت عبد اللہ بن عباس ؓ فرماتے ہیں کہ کردم بن یزیدؒ وغیرہ بہت سے آدمی انصار کے پاس آتے اور اُن کو نصیحت کرتے کہ اتنا خرچ نہ کیا کرو ہمیں ڈر ہے کہ یہ سب خرچ ہو جائے گا تم فقیر بن جاؤ گے ہاتھ روک کر خرچ کیا کرو نہ معلوم کیا ضرورت پیش آجائے ان لوگوں کی مذمت میں یہ آیت شریفہ نازل ہوئی۔ (درمنثور)

۵)......وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لا فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ ط هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ۝ (سورة التوبہ ع ۵)

ترجمہ)......جو لوگ سونا چاندی جمع کر کے خزانہ کے طور پر رکھتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے آپ اُن کو بڑے دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دیجئے وہ اس دن ہوگا جس دن اُن کو (سونے چاندی کو) اول جہنم کی آگ میں تپایا جائے گا پھر ان سے ان لوگوں کی پیشانیوں اور پسلیوں اور پشتوں کو داغ دیا جائے گا اور کہا جائے گا کہ یہ وہ ہے جس کو تم نے اپنے واسطے جمع کر کے رکھا تھا اب اس کا مزہ چکھو جس کو جمع کر کے رکھا تھا۔

فائدہ: علماء نے لکھا ہے کہ پیشانیوں وغیرہ کے ذکر سے آدمی کی چاروں طرف مراد ہیں پیشانی سے اگلا حصہ پسلیوں سے دایاں اور بایاں اور پشت سے پچھلا حصہ مراد ہے اور مطلب یہ ہے کہ سارے بدن کو داغ دیا جائے گا۔ ایک حدیث سے اِس کی تائید بھی ہوتی ہے جس میں منہ سے قدم تک داغ دیا جانا وارد ہوا ہے اور بعض علماء نے لکھا ہے کہ ان تین اعضاء کی خصوصیت اس لیے ہے کہ ان میں ذرا سی تکلیف بھی زیادہ محسوس ہوتی ہے اور بعض علماء نے لکھا ہے کہ ان تین کو اس وجہ سے ذکر کیا کہ آدمی جب چہرہ سے فقیر کو دیکھتا ہے تو پہلو بچا کر اس طرف پشت کر کے چل دیتا ہے اس لیے ان تینوں اعضاء کو خصوصیت سے عذاب ہے اس کے علاوہ اور بھی وجوہ ذکر کی گئیں۔ [1] اس آیت شریفہ میں اس مال کو تپا کر داغ دینا وارد ہے اور آیت نمبر ۳ پر اس کا سانپ بن کر پیچھے لگنا وارد ہوا ہے ان دونوں میں کچھ اشکال نہیں یہ دونوں عذاب علیحدہ علیحدہ ہیں جیسا کہ زکوٰۃ ادا نہ کرنے کے بیان میں پانچویں فصل کی حدیث نمبر ۲ پر آ رہا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ اور متعدد صحابہ کرامؓ سے نقل کیا گیا کہ اس آیت شریفہ میں خزانہ سے مُراد وہ مال ہے۔ جس کی زکوٰۃ ادا نہ کی گئی ہو اور جس کی زکوٰۃ ادا کر دی گئی ہو وہ خزانہ نہیں ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے نقل کیا گیا کہ یہ حکم زکوٰۃ کا حکم نازل ہونے سے پہلے تھا جب زکوٰۃ کا حکم نازل ہو گیا تو حق تعالیٰ شانہ نے زکوٰۃ ادا کر دینے کو بقیہ مال کے پاک ہو جانے کا سبب قرار دیدیا۔ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت شریفہ نازل ہوئی تو ہم حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی ساتھ ایک سفر میں تھے بعض صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! سونا چاندی جمع کرنے کا تو یہ حشر ہے اگر ہمیں یہ معلوم ہو جائے کہ بہترین مال کیا ہے جس کو خزانہ کے طور پر جمع کر کے رکھیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کا ذکر کرنے والی زبان اللہ کا شکر ادا

[1] تفسیر کبیر۔

کرنے والا دِل اور نیک بیوی جو آخرت کے کاموں میں مدد یتی رہے۔ حضرت عمرؓ سے نقل کیا گیا کہ جب یہ آیت شریفہ نازل ہوئی تو وہ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ یہ آیت شریفہ تو لوگوں پر بہت بار ہو رہی ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اللہ جل شانہ نے زکوٰۃ اسی لیے مشروع فرمائی ہے کہ بقیہ مال پاک ہو جائے اور میراث تو اسی مال میں جاری ہو گی جو بعد میں باقی رہے اور بہترین چیز جس کو آدمی خزانہ کی طرح محفوظ رکھے وہ نیک بیوی ہے۔ جس کو دیکھ کر جی راضی ہو جائے جب اس کو کوئی حکم کیا جائے فوراً اطاعت کرے اور جب خاوند غائب ہو (سفر وغیرہ میں) تو وہ اپنی (اور اُس کے مال کی) حفاظت کرے۔ حضرت بریدہؓ فرماتے ہیں جب یہ آیت شریفہ نازل ہوئی تو صحابہؓ میں اس کا چرچا ہوا حضرت ابو بکرؓ نے حضور ﷺ سے دریافت کیا یا رسول اللہ (ﷺ)! خزانہ بنانے کے لیے کیا چیز بہتر ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا ذکر کرنے والی زبان، شکر کرنے والا دل اور وہ نیک بیوی جو ایمانی چیزوں پر مدد کرے۔ حضرت ابو ذرؓ حضور اقدس ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ جو شخص دینار (سونے کا سکہ) درہم (چاندی کا سکہ) یا سونے چاندی کا ٹکڑا رکھے گا اور اللہ کے راستہ میں خرچ نہ کرے گا بشرطیکہ قرض کے ادا کرنے کے واسطے نہ رکھا ہو وہ خزانہ میں داخل ہے۔ جس کا قیامت کے دن داغ دیا جائے گا۔ حضرت ابو امامہؓ حضور اقدس ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ جو شخص سونا یا چاندی چھوڑ کر مر جائے اس کا قیامت کے دن داغ دیا جائے گا بعد میں چاہے جہنم میں جائے یا مغفرت ہو جائے حضرت علی کرم اللہ وجہہ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ اللہ جل شانہ نے مسلمانوں کے اغنیاء کے مالوں میں وہ مقدار فرض کر دی ہے جو اُن کے فقراء کو کافی ہے فقراء کو بھوکے یا ننگے ہونے کی مشقت صرف اس وجہ سے پڑتی ہے کہ اغنیاء اُن کو دیتے نہیں خبر دار رہو کہ حق تعالیٰ شانہ قیامت کے دن ان اغنیاء سے سخت مطالبہ کرینگے یا سخت عذاب دیں گے۔ ❶ کنز العمال میں اس حدیث پر کلام بھی کیا ہے اور حضرت ابو ہریرہؓ کی حدیث سے نقل کیا ہے کہ اگر اللہ جل شانہ کے علم میں یہ بات ہوئی کہ اغنیاء کی زکوٰۃ فقراء کو کافی نہ ہو گی تو زکوٰۃ کے علاوہ اور کوئی چیز ان کے لیے تجویز فرماتے جو ان کو کافی ہو جاتی پس اب جو فقراء بھوکے ہیں وہ اغنیاء کے ظلم کی وجہ سے ہیں۔ ❷ کہ وہ زکوٰۃ پوری نہیں نکالتے۔ حضرت بلالؓ سے نقل کیا گیا کہ حضور ﷺ نے ان سے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ سے فقر کی حالت میں ملو، تونگری کی حالت میں نہ ملو انھوں نے عرض کیا اس کی کیا صورت ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جب کہیں سے کچھ میسر ہوا بس کو چھپا کر نہ رکھو، مانگنے والے سے انکار نہ کرو۔ انہوں نے عرض کیا حضور (ﷺ) یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا یہی ہے اور یہ نہ ہو تو جہنم ہے۔ ❶ حضرت ابو ذر غفاریؓ بھی انہیں حضرات میں ہیں

---

❶ در منثور ❷ کنز۔

جن کا مسلک یہ ہے کہ روپیہ پیسہ بالکل رکھنے کی چیز نہیں ہے ایک درہم جہنم کا ایک داغ ہے اور دو درہم دو داغ ہیں۔ اُن کے مختلف واقعات پہلے گزر چکے ہیں جن میں سے بعض پہلی فصل کے سلسلہ احادیث میں نمبر ۱ پر گزرے۔ ایک مرتبہ حبیب بن سلمہؓ نے جو شام کے امیر تھے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے پاس تین سو دینار (اشرفیاں) بھیجے اور عرض کیا کہ اُن کو اپنی ضروریات میں صرف کرلیں۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے واپس فرمادیئے اور یہ فرمایا کہ دُنیا میں اللہ جل شانہ کی ساتھ دھوکہ کھانے والے میرے سوا کوئی نہ ملا؟ (یعنی دُنیا کی اتنی بڑی مقدار اپنے پاس رکھنا اللہ تعالیٰ شانہ سے غافل ہونا ہے اور یہی اللہ کے ساتھ دھوکہ ہے کہ اس کے عذاب سے آدمی بے فکر ہو جائے۔ جس کو حق تعالیٰ شانہ نے متعدد جگہ قرآن پاک میں ارشاد فرمایا کہ تم کو دھوکہ باز شیطان اللہ تعالیٰ کی ساتھ دھوکہ میں نہ ڈالدے جیسا کہ چھٹی فصل میں دُنیا اور آخرت کی آیت میں نمبر ۳۸ پر آرہا ہے اس کے بعد حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا) مجھے صرف تھوڑا سا سایہ چاہیئے جس میں اپنے کو چھپالوں اور تین بکریاں جن کے دُودھ پر ہم سب گزر کرلیں اور ایک باندی جو اپنی خدمت کا احسان ہم پر کردے اور اس سے زائد جو ہو مجھے اور اس کے اندر اللہ جل شانہ سے ڈر لگتا ہے۔ ان کا بھی یہ ارشاد ہے کہ قیامت کے دِن دو درم والا ایک درہم والے کی بہ نسبت زیادہ قید میں ہوگا۔ ❷ حضرت عبداللہ بن صامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے پاس تھا کہ ان کا روزینہ بیت المال سے آیا۔ ایک باندی ان کے پاس تھی جو اس میں سے ضروری چیزیں خرید کر لائی اس کے بعد سات درہم ان کے پاس بچے فرمانے لگے کہ اس کے پیسے کرلاؤ (تاکہ تقسیم کردیں) میں نے کہا ان کو اپنے پاس رہنے دو کوئی ضرورت پیش آجائے، کوئی مہمان آجائے فرمایا مجھ سے میرے محبوب (صلی اللہ علیہ وسلم) نے یہ طے شدہ بات فرمائی تھی کہ جس سونے یا چاندی کو باندھ کر رکھا جائے گا وہ اپنے مالک پر آگ کی چنگاری ہے، جب تک کہ اس کو اللہ کے راستہ میں خرچ نہ کردیا جائے۔ ❸ حضرت شداد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی سخت حکم سنتے تھے پھر جنگل چلے جاتے تھے (کہ اکثر جنگل میں قیام رہتا تھا) ان کے تشریف لے جانے کے بعد اس حکم میں کچھ سہولت پیدا ہوجاتی جس کا ان کو علم نہ ہوتا اس لئے وہ سخت ہی حکم پر قائم رہتے۔ ❹ یہ صحیح ہے کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کا مسلک اس بارے میں بہت ہی سختی اور شدت کا ہے، باقی اس میں تو شک نہیں کہ زہد کا کمال یہی ہے جو ان کا مسلک تھا اور بہت سے اکابر کا یہی پسندیدہ معمول رہا مگر اس پر نہ تو کسی کو مجبور کیا جاسکتا ہے نہ اس پر عمل نہ کرنے میں جہنمی قرار دیا جاسکتا ہے اپنی خوشی اور رضا و رغبت سے اختیار کرنے کی چیز یہی ہے جس خوش نصیب کو بھی اللہ جل شانہ، اپنے فضل و کرم سے نصیب فرمادے۔ کاش اس دنیا

---

❶ درمنثور ❷ درمنثور ❸ ترغیب ❹ درمنثور۔

کے کتے کو بھی اللہ جل شانہ، ان حضرات زاہدین کے اوصاف جمیلہ کا کچھ حصہ عطا فرما دیتا۔

فَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

٦) وَمَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ نَفَقٰتُهُمْ اِلَّآ اَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ وَلَا يَاْتُوْنَ الصَّلٰوةَ اِلَّا وَهُمْ كُسَالٰى وَلَا يُنْفِقُوْنَ اِلَّا وَهُمْ كٰرِهُوْنَ o فَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ ط اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ o (سورۂ توبہ ع ۷)

ترجمہ)...... اور ان (منافقون) کی خیر خیرات قبول ہونے سے اس کے سوا کوئی چیز مانع نہیں ہے کہ انہوں نے اللہ کے ساتھ کفر کیا (نفاق سے اپنے کو مومن بتاتے ہیں) یہ لوگ نماز نہیں پڑھتے مگر بہت کاہلی سے (ہارے دل سے) اور (نیک کاموں میں) خرچ نہیں کرتے مگر ناگواری کے ساتھ (بدنامی سے بچنے کی وجہ سے) ان (مردودوں) کا مال اور اولاد آپ کو تعجب میں نہ ڈال دے (کہ ایسے مردودوں پر اتنے انعامات کیوں ہیں) اللہ جل شانہ، کا ارادہ یہ ہے کہ ان چیزوں کی وجہ سے ان کو دنیوی عذاب میں مبتلا رکھے (کہ ہر وقت ان کے فکروں میں مبتلا رہیں) اور کفر کی حالت میں ان کی جان نکل جائے۔

فائدہ: ابتداء میں خیرات کے قبول نہ ہونے میں کفر کے علاوہ کاہلی سے نماز پڑھنے کو اور بددلی سے صدقات دینے کو بھی دخل بتایا ہے نماز کے متعلق مضامین اس ناکارہ کے رسالہ فضائل نماز [1] میں گزر چکے ہیں اور اس میں حضور اقدس ﷺ کا یہ ارشاد گزرا ہے کہ اسلام میں اس کا کوئی حصہ نہیں جس کی نماز نہیں۔ اس کیلئے دین نہیں جس کی نماز نہیں نماز دین کیلئے ایسی ضروری چیز ہے جیسا کہ آدمی کیلئے اس کا سر ضروری ہے۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو نماز کو خشوع خضوع سے اچھی طرح پڑھے وہ نماز نہایت روشن چمکدار بن کر دعائے خیر دیتی ہوئی جاتی ہے اور جو بُری طرح پڑھے وہ بُری صورت میں سیاہ رنگ میں بددعا دیتی ہوئی جاتی ہے کہ اللہ جل شانہ تجھے بھی ایسا ہی برباد کرے جیسا تو نے مجھے برباد کیا اور ایسی نماز پرانے کپڑے کی طرح لپیٹ کر نمازی کے منہ پر ماردی جاتی ہے۔

ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد وارد ہوا ہے کہ قیامت کے دن سب سے اول نماز کا حساب ہو گا اگر وہ اچھی ہوئی تو باقی اعمال بھی اچھے ہوں گے وہ بُری ہوئی تو باقی اعمال بھی بُرے ہوں گے۔ دوسری حدیث میں ہے کہ اگر وہ قبول ہوئی تو باقی اعمال بھی قبول ہوں گے۔ وہ مردُود ہو گئی تو باقی اعمال بھی مردُود ہوں گے۔ [1] اس کے بعد آیت شریفہ میں بددلی سے صدقہ کا ذکر فرمایا ہے اور بددلی

[1] فضائل نماز عکسی۔

سے صدقہ دینا ظاہر ہے کہ کیا قابل قبول ہوسکتا ہے لیکن اگر وہ صدقہ فرض ہے جیسا کہ زکوۃ تو وجوب ساقط ہوہی جائے گا۔ اسی واسطے حضور اقدس ﷺ نے زکوۃ ادا کرنے کی روایات میں متعدد جگہ طيبة بها نفسه۔❷ رافدة عليه كل عام ۔❸ وغیرہ الفاظ ذکر فرمائے جن کا مطلب یہی ہے کہ نہایت خوش دلی سے ادا کرے تا کہ فرض ادا ہونے کے علاوہ اس کا اجر وثواب بھی ہو اور اس پر انعام واکرام بھی ہو۔ ابوداؤد شریف کی ایک روایت میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص ثواب کی نیت سے ادا کرے گا اس کو اس کا اجر ملے گا اور جو ادا نہ کرے گا ہم اس کا لے کر رہیں گے اور بعض روایات میں اس کے ساتھ تاوان بھی وارد ہے کہ ادا نہ کرنے کی صورت میں جرمانہ بھی کریں گے۔ حضرت جعفر بن محمد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ وہ امیر المومنین ابو جعفر منصور کے پاس گئے تو وہاں حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے کوئی شخص تھے جنھوں نے منصور سے کوئی اپنی حاجت پیش کی تھی اور منصور نے ان کی درخواست پر کچھ ان کو دینے کا حکم بھی کر دیا تھا مگر وہ مقدار زبیری کے نزدیک کم تھی جس کی شکایت انہوں نے کی اور منصور کو اس پر غصہ آ گیا۔ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مجھے اپنے باپ دادوں کے واسطے سے حضور ﷺ کا یہ ارشاد پہنچا ہے کہ جو عطا خوشدلی سے دی جائے اس میں دینے والے کیلئے بھی برکت ہوتی ہے اور لینے والے کیلئے بھی منصور نے یہ حدیث سنتے ہی کہا خدا کی قسم دیتے وقت تو مجھے خوش دلی نہ تھی مگر تمھاری حدیث سن کر مجھ میں طیب نفس پیدا ہو گیا اس کے بعد حضرت جعفرؒ ان زبیری کی طرف متوجہ ہوئے اور ان سے فرمایا کہ مجھے اپنے باپ دادوں کے ذریعہ سے حضور ﷺ کا یہ ارشاد پہنچا ہے کہ جو شخص قلیل رزق کو کم سمجھے اللہ جل شانہ اس کو کثیر سے محروم فرما دیتے ہیں۔ زبیری کہنے لگے کہ خدا کی قسم پہلے تو یہ عطیہ میری نگاہ میں کم تھا تمہاری حدیث سننے کے بعد بہت معلوم ہونے لگا۔ سفیان بن عیینہؒ جو اس قصہ کو نقل کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ میں نے زبیری سے پوچھا کہ وہ کیا مقدار تھی جو تمہیں منصور نے دی تھی؟ وہ کہنے لگے کہ اس وقت تو بہت تھوڑی سی تھی لیکن میرے پاس پہنچنے کے بعد اللہ جل شانہ نے اس میں ایسی برکت اور نفع عطا فرمایا کہ وہ پچاس ہزار کی مقدار تک پہنچ گئی۔ سفیانؒ کہتے ہیں کہ یہ لوگ (اہل بیت حضرت جعفر رضی اللہ عنہ اور ان کے اکابر کی طرف اشارہ ہے) بھی بارش کی طرح سے جہاں پہنچ جاتے ہیں نفع ہی پہنچاتے ہیں۔❹ مطلب یہ ہے کہ اس جگہ دو حدیثیں سنا کر دونوں کو خوش اور مطمئن کر دیا اسی طرح سے یہ حضرات جہاں بھی پہنچتے ہیں روحانی یا مادی نفع پہنچائے بغیر نہیں رہتے اس کے ساتھ ہی اس زمانہ کے امراء کی یہ چیز بھی قابل رشک ہے کہ بادشاہت کے باوجود حضور ﷺ کے ارشادات سن کر ان کے سامنے گردن رکھ دینا اس زمانہ کی عام فضا تھی۔ آیت شریفہ میں اس کے بعد آل اولاد اور مال کو دنیا میں عذاب کا ذریعہ فرمایا ان چیزوں کا دنیا میں موجب دقت اور کلفت

---

❶ ترغیب ❷ ترغیب ❸ ابوداؤد ❹ کنز۔

ہونا ظاہر ہے کہیں اولاد کی بیماری ہے کہیں ان پر مصائب ہیں کہیں ان کے مرنے کا رنج وحسرت ہے اور یہ سب چیزیں مسلمانوں پر بھی پیش آتی ہیں لیکن مسلمان کیلئے چونکہ ہر تکلیف جو دنیا میں پیش آئے وہ آخرت میں اجر وثواب کا ذریعہ ہے اس لئے وہ تکلیف نہیں رہتی کیونکہ وہ تکلیف تکلیف نہیں بلکہ راحت ہے جس کے بدلہ میں اس سے کہیں زیادہ مل جائے اور جن کو آخرت میں ان مصائب کا بدلہ نہیں ہے ان کے لیے یہ دنیا کا عذاب ہی عذاب رہ گیا۔ ابن زیدؒ کہتے ہیں کہ ان چیزوں کے دنیا میں عذاب ہونے سے مصائب مراد ہیں کہ ان کے لیے یہ عذاب ہیں اور مؤمنین کے لئے ثواب کی چیزیں ہیں۔

۷)......وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُولَةً إِلَىٰ عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُومًا مَّحْسُورًا ۝ إِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ وَيَقْدِرُ ط إِنَّهُ كَانَ بِعِبَادِهِ خَبِيرًا م بَصِيرًا ۝ (بنی اسرئیل ع ۳)

ترجمہ)......اور نہ تو (بخل کی وجہ سے) اپنے ہاتھ کو اپنی گردن سے باندھ لینا چاہیے اور نہ بہت زیادہ کھول دینا چاہیے (کہ اسراف کی حد تک پہنچ جائے کہ اس صورت) ملامت زدہ اور (فقر کی وجہ سے) تھکے ہوئے بیٹھے رہو اور محض کسی کے فقر کی وجہ سے اپنے کو پریشانی میں مبتلا کرنا مناسب نہیں۔ بیشک تیرا رب جس کو چاہتا ہے زیادہ رزق دیتا ہے اور جس پر چاہتا ہے تنگی کرتا ہے بے شک وہ اپنے بندوں (کی مصالح اور ان کے احوال) سے باخبر ہے (کہ کس کیلئے کتنا مناسب ہے) اور ان کے احوال کو دیکھنے والا ہے۔

فائدہ: قرآن پاک میں اس جگہ معاشرت کے بہت سے آداب پر بڑی تفصیلی تنبیہات فرمائی ہیں منجملہ ان کے اس آیت شریفہ میں بخل اور اسراف پر تنبیہ فرما کر اعتدال اور میانہ روی کی گویا ترغیب دی بعض روایات میں آیا ہے کہ حضور اقدس ﷺ سے کسی نے کچھ سوال کیا حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اس وقت تو کچھ ہے نہیں اس نے کہا کہ اپنا کرتا جو آپ پہن رہے ہیں یہ دے دیجئے حضور ﷺ نے کرتہ نکال کر مرحمت فرما دیا اس پر یہ آیت شریفہ نازل ہوئی۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ آیت شریفہ خانگی اخراجات کے بارے میں ہے کہ نہ ان میں بہت بخل کیا جائے نہ بہت وسعت اختیار کی جائے میانہ روی اختیار کی جائے۔ حضور اقدس ﷺ سے بھی متعدد روایات میں یہ مضمون ذکر کیا گیا کہ جو شخص میانہ روی اختیار کرے وہ فقیر نہیں ہوتا۔ اور آیت شریفہ کے ختم پر اس احمقانہ خیال کی تردید فرمائی کہ سب کے سب مالی حیثیت سے برابری کا درجہ رکھتے ہیں یہ صرف اللہ جل شانہ کے قبضہ قدرت میں ہے کہ وہ جس پر چاہے فراخی فرمائے جس پر چاہے تنگی کرے وہی بندوں کے احوال سے واقف ہے وہی ان کی مصالح کو خوب جانتا ہے۔ حضرت حسن رضی اللہ عنہ فرماتے

ہیں کہ حق تعالیٰ شانہ بندوں کے احوال سے باخبر ہیں جس کے لئے ثروت بہتر سمجھتے ہیں اس کو ثروت عطا فرماتے ہیں اور جس کے لئے تنگی مفید سمجھتے ہیں اس پر تنگی فرماتے ہیں دوسری جگہ قرآن پاک میں ارشاد ہے۔

وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا فِی الْاَرْضِ وَلٰكِنْ يُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا يَشَآءُ ۚ اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرٌۢ بَصِيْرٌ ○ (شوریٰ ع ۳)

اگر اللہ تعالیٰ اپنے سب بندوں کے لئے روزی میں وسعت کر دیتا تو وہ دنیا میں شرارت (اور فساد) کرنے لگتے۔ لیکن حق تعالیٰ شانہ (جس کیلئے) جتنا رزق مناسب سمجھتا ہے اتارتا ہے وہ اپنے بندوں (کی مصالح) سے باخبر اور ان کے احوال کو دیکھنے والا ہے اس آیت شریفہ میں اس طرف اشارہ ہے کہ سب پر وسعت کا ہونا دنیا میں سرکشی اور فساد کا سبب ہے اور قرین قیاس اور تجربہ کی بات بھی ہے کہ اگر حق تعالیٰ شانہ اپنے لطف سے سب ہی کو مالدار بنادیں تو پھر دنیا کا نظام چلنا ناممکن ہو جائے کہ سب تو آقا بن جائیں مزدوری کون کرے؟ ابن زیدؒ کہتے ہیں کہ عرب میں جس سال پیداوار کی کثرت ہوتی ایک دوسرے کو قید کرنا اور قتل کرنا شروع کر دیتے ہیں اور جب قحط پڑ جاتا تو اس کو چھوڑ دیتے۔ ❶ حضرت علیؓ اور متعدد حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین سے نقل کیا گیا کہ اصحاب صُفّہ نے دنیا کی تمنا کی تھی جس پر آیت شریفہ و لو بسط اللہ الرزق نازل ہوئی۔ حضرت قتادہؓ اس آیت شریفہ کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ بہترین رزق وہ ہے جو نہ تجھ میں سرکشی پیدا کرے نہ اپنے اندر تجھے مشغول کرے۔ ہمیں یہ بتایا گیا کہ ایک مرتبہ حضرت اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ مجھے اپنی امت پر جس چیز کا سب سے زیادہ خوف ہے وہ دنیا کی چمک دمک ہے۔ کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ! (ﷺ) کیا خیر (مال) بھی برائی کا سبب بن جاتا ہے۔ اس پر یہ آیت شریفہ ولو بسط اللہ الرزق نازل ہوئی۔ حضور اقدس ﷺ سے حدیث قدسی میں اللہ جل شانہ کا پاک ارشاد نقل کیا گیا کہ جو شخص میرے کسی ولی کی اہانت کرتا ہے وہ میرے ساتھ لڑائی کے لئے مقابلہ میں آتا ہے میں اپنے دوستوں کی حمایت میں ایسا غصہ میں آتا ہوں جیسا کہ غضبناک شیر اور کوئی بندہ میرے ساتھ تقرب ان چیزوں سے زیادہ کسی چیز سے حاصل نہیں کر سکتا جو میں نے اُن پر فرض کی ہیں (یعنی حق تعالیٰ شانہ نے جو چیزیں فرض کر دیں ان کی بجا آوری سے جتنا تقرب حاصل ہوتا ہے کسی چیز سے حاصل نہیں ہوتا اس کے بعد دوسرے درجہ میں نوافل کے ذریعہ سے تقریب حاصل ہوتا ہے) اور نوافل کے ذریعہ سے بندہ میرے ساتھ قرب حاصل کرتا رہتا ہے (اور جتنا نوافل میں اضافہ ہوتا رہے گا۔ اتنا ہی قرب میں اضافہ ہوتا رہے گا) یہاں

❶ در منثور۔

تک کہ وہ میرا محبوب بن جاتا ہے اور جب وہ میرا محبوب بن جاتا ہے تو میں اس کی آنکھ، کان، ہاتھ اور مددگار بن جاتا ہوں اگر وہ مجھے پکارتا ہے تو میں اس کی پکار کو قبول کرتا ہوں اور مجھ سے کچھ مانگتا ہے تو اس کا سوال پورا کرتا ہوں اور مجھے کسی چیز میں جس کے کرنے میں ارادہ کرتا ہوں اتنا تردد نہیں ہوتا جتنا اپنے مومن بندہ کی روح قبض کرنے میں تردد ہوتا ہے کہ وہ (کسی وجہ سے) موت کو پسند نہیں کرتا اور میں اس کا جی بُرا کرنا نہیں چاہتا لیکن موت ضروری چیز ہے میرے بعض بندے ایسے ہیں کہ وہ کسی خاص نوع کی عبادت کے خواہش مند ہوتے ہیں لیکن میں اس لئے وہ نوع عبادت ان کو میسر نہیں کرتا کہ اس سے ان میں عجب پیدا نہ ہو جائے میرے بعض بندے ایسے ہیں جن کے ایمان کو ان کی تندرستی ہی درست رکھ سکتی ہے اگر میں ان کو بیمار کردوں تو ان کی حالت خراب ہو جائے اور بعض بندے ایسے ہیں جن کے ایمان کو ان کی بیماری ہی درست رکھ سکتی ہے اگر میں ان کو تندرستی دے دوں تو وہ بگڑ جائیں میں اپنے بندوں کے حال کے موافق عمل درآمد کرتا ہوں اس لئے کہ میں ان کے دلوں کے احوال سے واقف ہوں اور باخبر ہوں۔ (1)

یہ حدیث شریف بڑی قابل غور ہے اس کا تعلق تکوینی امور سے ہے اس کا مطلب یہ نہیں کہ اگر کوئی غریب ہے تو اس کی امداد کی ہمیں ضرورت نہیں کوئی بیمار ہے تو اس کے علاج کی ضرورت نہیں اگر یہ ہوتا تو پھر صدقات کی سب روایات اور آیات بے محل ہو جائیں دوا کرنے کا حکم جن روایات میں ہے وہ بے محل ہوتیں بلکہ مطلب یہ ہے کہ تکوینی طور پر یہ سلسلہ تو اسی طرح رہے گا کوئی ماہر ڈاکٹر یا محکمہ حفظان صحت یہ چاہے کہ کوئی بیمار نہ ہو۔ ناممکن کوئی حکومت یہ کوشش کرے کہ کوئی غریب نہ رہے کبھی نہیں ہو سکتا البتہ ہم لوگ اپنی وسعت کے موافق ان کی اعانت کے ہمدردی کے علاج کے امداد کے مامور ہیں اور جتنی کوئی شخص اس میں کوشش کرے گا اس کا اجر اس کا ثواب اس کا دین اور دنیا میں اس کو بدلہ ملے گا لیکن اپنی سعی کے باوجود کوئی بیمار اچھا نہیں ہوتا اپنی کوشش کے باوجود کسی کی مالی حالت درست نہیں ہوتی تو اس کو یہ سمجھنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اسی میں میرے لئے خیر ہے اس سے پریشان اور گھبرانا نہیں چاہیے اور چونکہ غیب کی خبر نہیں اور تکوینی چیزوں پر عمل کے ہم مامور نہیں اس لئے اپنی کوشش علاج اور اعانت، ہمدردی اور مدد کی زیادہ رکھنی چاہیے۔ (واللہ الموفق لمایحب و یرضی)

۸) وَابْتَغِ فِيمَآ اٰتٰكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ نَصِيبَكَ مِنَ الدُّنْيَا وَاَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِى الْاَرْضِ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ○ (سورۂ قصص ع۸)

ترجمہ)......اور تجھے جو کچھ اللہ جل شانہٗ نے دے رکھا ہے اس میں عالم آخرت کی بھی جستجو کر اور دنیا

(1) درمنثور۔

سے اپنا حصہ (آخرت میں لے جانا) فراموش نہ کر جس طرح اللہ جل شانہٗ نے تیرے ساتھ احسان کیا تو بھی (بندوں پر) احسان کر اور خدا کی نافرمانی اور حقوق ضائع کر کے دنیا میں فساد نہ کر بیشک اللہ تعالیٰ فساد کرنیوالوں کو پسند نہیں کرتا۔

فائدہ: یہ قرآن پاک میں مسلمانوں کی طرف سے قارون کو نصیحت کا بیان ہے اس کا پورا قصہ زکوٰۃ ادا نہ کرنے کے بیان میں پانچویں فصل کی آیات کے سلسلہ میں نمبر ۳ پر آرہا ہے۔ سدیؒ کہتے ہیں کہ آخرت کی جستجو کرنے کا مطلب یہ ہے کہ صدقہ کر کے اللہ جل شانہٗ کا تقریب حاصل کر اور صلہ رحمی کر حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ دنیا سے اپنا حصہ مت بھول کا مطلب یہ ہے کہ دنیا میں اللہ تعالیٰ کیلئے عمل کرنا نہ چھوڑ مجاہدؒ کہتے ہیں کہ دنیا میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنا یہ دنیا سے اپنا حصہ ہے جس کا ثواب آخرت میں ملتا ہے۔ حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ بقدر ضرورت اپنے لئے روک کر باقی زائد کا خرچ کر دینا اور آگے چلتا کر دینا یہ دنیا میں سے اپنا حصہ ہے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ ایک سال کا خرچ روک کر باقی کا صدقہ کر دے۔ ❶ آدمی کا اپنی دنیا میں سے اپنی آخرت کا حصہ بھلا دینا اپنے نفس پر انتہائی ظلم ہے۔ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ قیامت کے دن آدمی ایسی حالت میں اللہ جل شانہٗ کے سامنے لایا جائیگا جیسا کہ (ضعف اور ذلت کے اعتبار سے) بھیڑ کا بچہ ہو وہ حق تعالیٰ شانہ کے سامنے کھڑا کیا جائے گا وہاں سے مطالبہ ہوگا کہ میں نے تجھے مال دیا دولت عطا کی تجھ پر بڑے بڑے احسانات کئے تو نے میرے ان انعامات میں کیا کارگذاری کی؟ وہ عرض کرے گا یا اللہ میں نے مال خوب جمع کیا اس کو خوب بڑھایا اور جتنا مال تھا اس سے بہت زیادہ اس کو کر کے دنیا میں چھوڑ آیا آپ مجھے دنیا میں واپس کر دیں تو میں وہ سب کچھ اپنے ساتھ لے آؤں ارشاد ہوگا وہ دکھاؤ جس کو ذخیرہ بنا کر آگے بھیج رکھا ہو، وہ پھر یہی عرض کرے گا کہ یا اللہ میں نے اس کو بہت ہی جمع کیا اور بڑھایا اور جتنا تھا اس سے بہت زیادہ کر کے چھوڑ آیا مجھے آپ واپس بھیج دیں میں وہ سارا ہی ساتھ لے آؤں بالآخر جب اس کے پاس ذخیرہ ایسا نہ ہوگا جس کو آگے بھیج رکھا ہو تو اس کو جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔ ❷ یہ اللہ جل شانہٗ اور اس کے پاک رسول ﷺ کے ارشادات بڑے غور اور بہت اہتمام سے عمل کرنے کی چیزیں ہیں سرسری پڑھ کر چھوڑ دینے کے واسطے نہیں ہیں دنیا کی زندگی کو جو بالکل خواب کی مثال ہے بہت اہتمام سے آخرت کی تیاری کے لئے غنیمت سمجھو، اور جو کمایا جاسکے کما لو۔ حق تعالیٰ شانہٗ مجھے بھی توفیق عطا فرمائے۔

۹)...... هٰۤاَنْتُمْ هٰۤؤُلَآءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ ۚ

❶ درمنثور ❷ مشکوٰۃ۔

وَمَنْ يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۙ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ ○ (سورۂ محمد ع ۴)

ترجمہ)......تم لوگ ایسے ہو کہ تم کو اللہ کی راہ میں (تھوڑا سا) خرچ کرنے کو بلایا جاتا ہے سو اس پر بھی تم میں سے بعض آدمی بخل کرنے لگتے ہیں (اگر زیادہ مانگا جاتا تو کیا کرتے) اور جو شخص بخل کرتا ہے وہ خود اپنے ہی سے بخل کرتا ہے (اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کے راستہ میں خرچ کرنے کا نفع اسی کو ملتا) اللہ تعالیٰ تو غنی ہے (اس کو تمہارے مال کی پرواہ نہیں) اور تم محتاج ہو (دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی اور اسی لئے تمہیں صدقہ کا حکم دیا جاتا ہے کہ اسکا نفع تمہیں کو پہنچتا ہے اور اگر تم (اللہ تعالیٰ کے احکام سے) روگردانی کرو گے تو خدا تعالیٰ تمہاری جگہ دوسری قوم پیدا کردے گا اور پھر وہ تم جیسے (روگردانی کرنے والے) نہ ہوں گے (بلکہ نہایت فرماں بردار ہوں گے)۔

فائدہ: یہ ظاہر بات ہے کہ اللہ جل شانہ کی کوئی غرض ہماری خیرات اور صدقات کی ساتھ وابستہ نہیں ہے اس نے جس قدر زیادہ ترغیبیں اپنے پاک کلام اور اپنے پاک رسول ﷺ کے ذریعہ سے فرمائی ہیں وہ ہمارے ہی نفع کے واسطے ہیں چنانچہ پہلی فصل میں بہت سے دینی اور دنیوی فوائد صدقے سے گذر چکے ہیں اور جب ایک حاکم مالک خالق کسی شخص کو ایسے کام کا حکم کرے جس سے حکم کرنے والے کا کوئی نفع نہ ہو، بلکہ جس کو حکم دیا ہے اسی کا نفع ہو، اور پھر بھی وہ حکم عدولی کرے تو یقیناً اس کا جتنا خمیازہ بھی بھگتے وہ ظاہر ہے۔ ایک حدیث میں ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ بہت سے لوگوں کو نعمتیں اس لئے دیتا ہے کہ لوگوں کو نفع پہنچائیں جب تک وہ لوگ ایسا کرتے ہیں وہ نعمتیں ان کے پاس رہتی ہیں جب وہ اس سے روگردانی کرنے لگتے ہیں وہ نعمتیں ان سے چھین کر حق تعالیٰ شانہٗ دوسروں کے طرف منتقل کردیتے ہیں۔ (کنز) اور یہ نعمتیں مال ہی کے ساتھ مخصوص نہیں عزت وجاہت اثر وغیرہ سب ہی چیزیں اس میں داخل ہیں اور سب کا یہی حال ہے بعض احادیث میں آیا ہے کہ جب یہ آیت شریفہ نازل ہوئی کہ اگر تم روگردانی کرو گے تو اللہ جل شانہٗ دوسری قوم کو پیدا کردے گا تو بعض صحابہؓ نے پوچھا کہ حضور (ﷺ) یہ لوگ کن میں سے ہوں گے جو ہماری روگردانی کی صورت میں ہمارے بدل ہوں گے تو حضور ﷺ نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے مونڈھے پر ہاتھ رکھ کر ارشاد فرمایا کہ یہ اور ان کی قوم، قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ اگر دین ثریا (جو چند ستاروں کے مجموعہ کا نام ہے) پر ہوتا تو فارس کے کچھ لوگ وہیں سے دین کو پکڑتے متعدد روایات میں یہ مضمون آیا ہے۔ ❶ یعنی حق تعالیٰ شانہٗ نے ان کو دین کی اتنی پرواز عطا فرمائی ہے کہ دین اور علم کو اگر وہ ثریا پر ہوتا وہاں سے بھی حاصل کرتے مشکوٰۃ شریف میں یہ روایت ترمذی شریف سے نقل کی ہے اور اسی طرح ایک اور روایت میں حضور ﷺ کا ارشاد نقل کیا ہے کہ

حضور ﷺ کے سامنے عجمی لوگوں کا ذکر کیا گیا تو حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ مجھے ان پر یا ان میں سے بعض پر تم سے یا تم میں سے بعض سے زیادہ اعتماد ہے۔ ❷ اور یہ ظاہر ہے کہ عجم میں بعض بعض اکابر ایسے اور اونچے درجے اور حالات کے پیدا ہوئے ہیں کہ صحابیؓ ہونے کی فضیلت کو چھوڑ کر دوسرے اعتبارات سے ان کے کمالات بہت اونچے ہیں۔ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے بہت سے فضائل حدیث میں آئے ہیں اور آنے بھی چاہئیں کہ دین حق کی تلاش میں انہوں نے بہت تکلیفیں اُٹھائیں بہت سے ملکوں کی خاک چھانی ان کی عمر بہت زیادہ ہوئی ڈھائی سو سال (۲۵۰) میں تو کسی معتمدہ کا اختلاف ہی نہیں ہے بعض نے ساڑھے تین سو سال (۳۵۰) بتائی ہے اور بعض نے اس سے بھی زیادہ حتیٰ کہ بعض نے کہا ہے کہ انہوں نے حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کا زمانہ پایا اور حضور ﷺ کے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں چھ سو سال کا فرق ہے ان کو پہلی کتابوں سے حضور اقدس ﷺ نبی آخر الزماں کے مبعوث ہونے کی خبر معلوم ہوئی یہ حضور ﷺ کی تلاش میں نکل پڑے اور راہبوں سے اور اس زمانہ کے عالموں سے تحقیق کرتے رہے اور وہ لوگ حضور ﷺ کے عنقریب پیدا ہونے کی بشارت اور حضور ﷺ کی علامات بتاتے رہے یہ فارس کے شہزادوں میں تھے اسی تلاش میں ملک در ملک تلاش کرتے پھرتے تھے کسی نے ان کو قید کر کے اپنا غلام بنا کر فروخت کر دیا پھر یہ اسی طرح بکتے رہے خود فرماتے ہیں بخاری شریف میں روایت ہے کہ مجھے دس آقاؤں سے زیادہ نے خریدا اور فروخت کیا آخر میں مدینہ منورہ کے ایک یہودی نے ان کو خریدا اس وقت حضور ﷺ ہجرت فرما کر مدینہ تشریف لے گئے ان کو اس کی خبر ہوئی یہ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور جو علامات ان کو بتائی گئی تھیں ان علامات کو جانچا اور امتحان کیا اس کے بعد مسلمان ہوئے اور اپنے یہودی آقا سے فدیہ دے کر (جس کو مکاتب بننا کہتے ہیں) آزاد ہوئے۔ ایک حدیث میں ہے حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ حق تعالیٰ شانہٗ چار ۴ آدمیوں کو محبوب رکھتے ہیں جن میں سلمان بھی ہیں۔ ❸ اس کا یہ مطلب نہیں کہ اور کسی سے محبت نہیں بلکہ یہ ہے کہ یہ چار محبوبوں میں ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث میں حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ ہر نبی کیلئے حق تعالیٰ شانہٗ نے سات نجباء بنائے ہیں (یعنی مخصوص جماعت برگزیدہ لوگوں کی جو اس نبی کے کام کی ظاہری اور باطنی نگرانی کرنے والے اور مدد کرنے والے ہوں) لیکن میرے لئے حق تعالیٰ شانہ نے چودہ (۱۴) نجباء مقرر فرمائے ہیں کسی نے عرض کیا وہ کون ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا میں یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ اور میرے دونوں بیٹے (حضرت حسن رضی اللہ عنہ، حضرت حسین رضی اللہ عنہ) اور جعفر رضی اللہ عنہ اور حمزہ رضی اللہ عنہ، ابو بکر رضی اللہ عنہ، عمر رضی اللہ عنہ، مصعب رضی اللہ عنہ بن عمیر، بلال رضی اللہ عنہ، سلمان رضی اللہ عنہ، عمار رضی اللہ عنہ عبداللہ بن مسعود

❶ درمنثور ❷ مشکوٰۃ ❸ اصابہ۔

ابوذر غفارؓ مقدادؓ حالات کی تفصیل سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ دین کے کسی اہم امر میں ان حضرات کی خصوصیات ہیں بخاری شریف میں ہے کہ جب سورۃ جمعہ کی آیت نازل ہوئی تو صحابہؓ نے عرض کیا یارسول اللہ (ﷺ) یہ کون لوگ ہیں؟ حضور ﷺ نے سکوت فرمایا۔ صحابہؓ نے مکرر دریافت کیا حتیٰ کہ تین دفعہ سوال کیا تو حضور ﷺ نے حضرت سلمان فارسیؓ کے اوپر ہاتھ رکھ کر فرمایا کہ اگر ایمان ثریا پر ہوتا تو ان میں سے بعض آدمی وہاں سے بھی لے آتے ایک اور حدیث میں ہے کہ اگر علم ثریا پر ہوتا دوسری حدیث میں ہے اگر دین ثریا پر ہوتا تو فارس کے کچھ لوگ وہاں سے بھی لے آتے۔ اعلامہ سیوطیؒ جو خود محققین شافعیہ میں ہیں فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حضرت امام ابوحنیفہؒ کے فضائل میں پیشین گوئی کے طور پر ایسی صحیح چیز ہے جس پر اعتماد کیا جاتا ہے۔

۱۰)......مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيبَةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِيٓ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَاؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝ۙ لِكَيْلَا تَاْسَوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَآ اٰتٰكُمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِ ۝ۙ نِ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝ (سورۂ حدید ع۳)

ترجمہ)......کوئی مصیبت نہ دنیا میں آتی ہے اور نہ خاص تمہاری جانوں میں مگر وہ (سب) ایک کتاب میں (یعنی لوح محفوظ میں) ان جانوں کے پیدا ہونے سے پہلے سے لکھی ہوئی ہے اور یہ بات (کہ وقوع سے اتنا پہلے لکھ دینا) اللہ تعالیٰ کے نزدیک آسان کام ہے (اور یہ اس لئے بتلادیا) تاکہ جو چیز (عافیت مال یا اولاد وغیرہ) تم سے جاتی رہے اس پر (زیادہ رنج نہ کرو اور جو تم کو ملے اس پر اتراؤ نہیں (اس لئے کہ اترو اے وہ جس کو اپنے استحقاق سے ملے اور جو دوسرے کے حکم سے ایک چیز ملے اس پر کیا اترانا) اور اللہ تعالیٰ کسی اترانے والے شیخی باز کو پسند نہیں کرتا (بالخصوص) جو لوگ ایسے ہیں کہ خود بھی بخل کرتے ہیں اور دوسروں کو بھی بخل کی تعلیم کرتے ہیں اور جو اللہ کے راستہ میں خرچ کرنے سے یا دینی کاموں سے) اعراض کرے گا تو اللہ تعالیٰ (کا کیا نقصان کرے گا وہ تو) بے نیاز ہے حمد کے لائق ہے۔

فائدہ: مصائب پر رنج تو طبعی چیز ہے مقصد یہ ہے کہ اتنا زیادہ رنج نہ ہو کہ دین اور دنیا کے سب ہی کاموں سے روک دے اور یہ بھی طبعی بات ہے کہ جب کسی بات کے متعلق یہ پختہ یقین پہلے سے ہو جائے کہ فلاں بات ہو کر رہے گی کسی سعی اور کوشش سے وہ ملتوی نہیں ہو سکتی تو پھر اس پر رنج وغم ہلکا ہو جایا کرتا ہے برخلاف اس کے کہ کوئی بات خلاف توقع پیش آئے تو اس پر رنج زیادہ ہوا کرتا ہے

اس لئے اس آیت شریفہ میں اس پر متنبہ کر دیا کہ موت وحیات رنج وخوشی راحت وآفت یہ سب چیزیں ہم نے پہلے سے طے کر رکھی ہیں وہ اسی طرح ہو کر رہیں گی پھر ہمیں اترانے یا غم سے ہلاکت کے قریب ہو جانے کی کیا بات ہے؟ آیت شریفہ میں دو لفظ وارد ہوئے ہیں مختال مخور جس کا ترجمہ اترانے والے شیخی باز کا کیا ہے اترانا اپنے آپ ہوتا ہے یعنی دوسرے کے بغیر بھی ہوتا ہے اور شیخی دوسرے کے سامنے اور دوسرے کے مقابلہ میں ہوا کرتی ہے اور بعض علماء نے لکھا ہے کہ اختیال تو ایسی چیزوں پر اترانا ہوتا ہے جو آدمی کے اندر ذاتی کمال ہوں اور فخر ایسی چیزوں پر ہوتا ہے جو خارجی ہوں جیسا کہ مال جاہ وغیرہ۔ حضرت قزعہؒ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر ﷺ کو موٹے کپڑے پہنے دیکھا میں نے عرض کیا کہ میں خراسان کے بنے ہوئے نرم کپڑے یہ لایا ہوں اگر آپ ان کو پہن لیں تو آپ کے بدن پر یہ کپڑے پہن کر کہیں میں مختال فخور نہ بن جاؤں۔ یعنی ان کے پہننے سے کہیں مجھ میں عجب اور تفاخر پیدا نہ ہونے لگے۔

(۱۱)......هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْاط وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ○ (المنافقون ع ۱)

ترجمہ)......یہی (منافقین) وہ لوگ ہیں جو یہ کہتے ہیں کہ یہ جو لوگ رسول اللہ (ﷺ) کے پاس جمع ہیں ان پر خرچ کچھ نہ کرو یہاں تک کہ یہ آپ ہی (خرچ نہ ملنے کی وجہ سے حضور اقدس ﷺ کے پاس سے) منتشر ہو جائیں گے اور (بے وقوف یہ نہیں جانتے کہ) اللہ تعالیٰ ہی کیلئے ہیں سب خزانے آسمانوں کے اور زمینوں کے لیکن یہ منافق (احمق ہیں) سمجھتے نہیں ہیں۔

فائدہ: متعدد روایات میں یہ مضمون وارد ہوا ہے کہ عبداللہ بن ابی رئیس المنافقین اور اس کی ذریات نے یہ کہا کہ یہ لوگ جو حضور اقدس ﷺ کے پاس جمع ہیں ان کی اعانت کرنا چھوڑ دی جائے یہ بھوک سے پریشان ہو کر خود بخود منتشر ہو جائیں گے اس پر یہ آیت شریفہ نازل ہوئی اور بالکل حق ہے روز مرہ کا مشاہدہ ہے سیکڑوں مرتبہ اس کا تجربہ ہوا کہ جب بھی کسی دینی کام کرنے والوں کے متعلق عناد اور بد باطنیت سے لوگوں نے یا کسی خاص فرد نے اعانت روکی اللہ جل شانہٗ نے اپنے لطف وکرم سے دوسرا دروازہ کھول دیا یہ ہر شخص کو یقین کے ساتھ سمجھ لینا چاہیے کہ روزی اللہ جل شانہٗ نے اپنے اور صرف اپنے ہی قبضہ میں رکھی ہے وہ کسی کے باپ کے بند کرنے سے بھی بند نہیں ہوتی البتہ بند کرنے والے دین کی اعانت سے ہاتھ روک کر آخرت میں اللہ جل جلالہٗ کے یہاں جواب دینے کے لیے تیار ہو جائیں جہاں نہ تو جھوٹ چل سکتا ہے کہ ہماری یہ غرض تھی اور وہ غرض تھی نہ کوئی

پیرسٹر وکیل کام دے سکتا ہے فرضی حیلے تلاش کر کے اللہ کے اور دین کے کاموں سے پہلوتہی کرنے سے بجز اس کے کہ اپنی ہی عاقبت خراب کی جائے اور کوئی فائدہ نہیں ذاتی عناد اور دنیوی اغراض فاسدہ کی وجہ سے کسی دینی کام میں روڑے اٹکانا یا کسی دین کا کام کرنے والے کی اعانت سے ہاتھ روکنا یا دوسروں کو روکنا اپنا ہی نقصان کرنا ہے۔ کسی دوسرے کا نقصان نہیں حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص کسی مسلمان کی مدد سے ایسے وقت پہلوتہی کرے جب کہ اس کی آبروگرائی جارہی ہو اس کا احترام توڑا جارہا ہو تو حق تعالیٰ شانہ اس شخص کی مدد کرنے سے ایسے وقت میں بے التفاتی فرماتے ہیں جب کہ یہ کسی مدد کرنے والے کی مدد کا خواہش مند ہو۔ ❶ حضور اقدس ﷺ کا عمل امت کے لیے شاہرہ ہے ہر چیز میں اس کی کوشش ہر امتی کا فرض ہے کہ حضور ﷺ کا طریقہ کیا تھا اور اس راہ پر چلنے کی حتی الوسع کوشش کرنا چاہیے حضور ﷺ کا معمول تھا کہ دشمنوں کی اعانت سے بھی دریغ نہ تھا سیکڑوں واقعات کتب احادیث و تاریخ میں اس پر شاہد ہیں خود یہی عبداللہ بن ابی منافقوں کا سردار جس قدر تکالیف اور اذیتیں پہنچا سکتا تھا اس نے کبھی دریغ نہیں کیا اسی شخص کا مقولہ اسی سفر کا جس میں آیت بالا نازل ہوئی یہ ہے کہ جب ہم لوگ مدینہ واپس پہنچ جائیں گے تو عزت دار لوگ یعنی ہم لوگ ان ذلیلوں کو (یعنی مسلمانوں) کو مدینہ سے نکال دیں گے لیکن ان سب حالات کے باوجود اسی سفر سے واپسی کے چند روز بعد یہ بیمار ہوا تو اپنے بیٹے سے جو بہت بڑے پکے مسلمان تھے کہا کہ تم جا کر حضور ﷺ کو میرے پاس بلا لاؤ تمہارے بلانے سے وہ ضرور آجائیں گے یہ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور باپ کی درخوست نقل کی حضور اقدس ﷺ اسی وقت جوتے پہن کر ساتھ ہولئے جب حضور ﷺ کو اس نے دیکھا تو رونے لگا۔ حضور ﷺ نے فرمایا اے اللہ کے دشمن کیا گھبرا گیا اس نے کہا کہ میں نے اس وقت آپ کو تنبیہ کے واسطے نہیں بلایا بلکہ اس واسطے بلایا کہ اس وقت مجھ پر رحم کریں یہ کلمہ سن کر حضور اقدس ﷺ کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے اور ارشاد فرمایا کیا چاہتے ہو؟ اس نے عرض کیا کہ میری موت کا وقت قریب ہے جب میں مر جاؤں تو میرے غسل دینے میں آپ موجود ہوں اور اپنے ملبوس میں مجھے کفن دیں اور میرے جنازہ کے ساتھ قبر تک جائیں اور میری نماز جنازہ پڑھیں۔ حضور ﷺ نے ساری درخواستیں اس کی قبول فرمائیں جس پر آیت شریفہ وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓی اَحَدٍ مِّنْهُمْ (براۃ ع ۱) نازل ہوئی ❷ جس میں حق تعالیٰ نے منافقین کے جنازہ کی نماز پڑھانے کی ممانعت فرمائی یہ تھا حضور ﷺ کا برتاؤ اپنے جانی دشمنوں کے ساتھ اور یہ کرم تھا ان کمینوں کے ساتھ جو کسی وقت بھی سب و شتم اور عیب تراشی میں کمی نہ کرتے تھے کیا ہم لوگ بھی اپنے دشمنوں کے ساتھ اس قسم کا کوئی معاملہ کر سکتے ہیں کہ اس جانی دشمن کی تکلیف کو دیکھ کر رحمۃ للعالمین ﷺ کی

---

❶ مشکوٰۃ، ❷ درمنثور۔

آنکھوں میں آنسو بھر آئے اور جتنی فرمائشیں اس نے اپنے کفر کے باوجود کیں حضور ﷺ نے اپنے کرم سے سب پوری کیں اپنا کرتہ مبارک اتار کر اس کو کفن کے لیے مرحمت فرمایا اور بقیہ سب درخواستیں بھی پوری کیں گو کفر کی وجہ سے اس کو کارآمد نہ ہوسکیں بلکہ آئندہ کے لیے حق تعالیٰ شانہ کی طرف سے اس انتہائی کرم کی ممانعت اتر آئی۔

۱۲)......اِنَّا بَلَوْنٰهُمْ كَمَا بَلَوْنَآ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ ۚ اِذْ اَقْسَمُوْا لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِيْنَ ۙ وَلَا يَسْتَثْنُوْنَ ○ فَطَافَ عَلَيْهَا طَآئِفٌ مِّنْ رَّبِّكَ وَهُمْ نَآئِمُوْنَ ○ فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ ۙ فَتَنَادَوْا مُصْبِحِيْنَ ۙ اَنِ اغْدُوْا عَلٰى حَرْثِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صَارِمِيْنَ ○ فَانْطَلَقُوْا وَهُمْ يَتَخَافَتُوْنَ ۙ اَنْ لَّا يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ عَلَيْكُمْ مِّسْكِيْنٌ ۙ وَّ غَدَوْا عَلٰى حَرْدٍ قٰدِرِيْنَ ○ فَلَمَّا رَاَوْهَا قَالُوْآ اِنَّا لَضَآلُّوْنَ ۙ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ○ قَالَ اَوْسَطُهُمْ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ لَوْلَا تُسَبِّحُوْنَ ○ قَالُوْا سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ○ فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَلَاوَمُوْنَ ○ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا طٰغِيْنَ ○ عَسٰى رَبُّنَآ اَنْ يُّبْدِلَنَا خَيْرًا مِّنْهَآ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا رٰغِبُوْنَ ○ كَذٰلِكَ الْعَذَابُ ؕ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ○ ع (سورۂ قلم ع ۱)

ترجمہ)......ہم نے (ان مکہ والوں کو سامان عیش دے کر) ان کی آزمائش کر رکھی ہے۔ (کہ یہ ان نعمتوں میں کیا عمل کرتے ہیں) جیسا کہ (ان سے پہلے ہم نے باغ والوں کی آزمائش کی تھی جب کہ ان باغ والوں نے آپس میں قسم کھائی اور عہد کیا کہ اس باغ کا پھل ضرور صبح کو جا کر توڑ لیں گے اور (ان کو ایسا پختہ یقین تھا کہ) انشاء اللہ بھی نہ کہا پس اس باغ پر آپ کے رب کی طرف سے ایک عذاب پھر آگیا (جو ایک آگ تھی یا لو) اور وہ لوگ سو رہے تھے پس صبح کو وہ باغ ایسا رہ گیا جیسا کٹا ہوا کھیت (کہ خالی زمین رہ جاتی ہے) پس صبح کو سویرے وہ باغ والے ایک دوسرے کو آوازیں دینے لگے کہ اگر پھل توڑنا ہے تو سویرے چلو پس چلتے ہوئے آپس میں چپکے چپکے باتیں کرتے جارہے تھے کہ آج کوئی محتاج تم تک نہ آنے پائے وہ اپنے خیال میں اس کے روک لینے پر اپنے آپ کو قادر سمجھ کر چلے (کہ سب کچھ خود ہی لے آئیں گے) جب وہاں پہنچ کر اس کو دیکھا تو کہنے لگے کہ ہم راستہ بھول گئے (کہیں اور پہنچ گئے یہ تو وہ باغ نہیں ہے لیکن جب قرائن سے معلوم ہوا کہ یہ وہی جگہ ہے تو کہنے لگے) کہ ہماری قسمت ہی پھوٹ گئی ان میں جو

ایک آدمی (کسی قدر) نیک تھا (لیکن عمل میں ان کا شریک حال تھا) کہنے لگا کہ میں نے تم سے کہا نہ تھا (کہ ایسی بدنیتی نہ کرو غریبوں کے دینے سے برکت ہوتی ہے اب) اللہ تعالیٰ کی پاکی کیوں نہیں بیان کرتے (یعنی توبہ استغفار کرو) وہ باغ والے کہنے لگے ہمارا پروردگار پاک ہے۔ بیشک ہم قصوروار ہیں پھر ایک دوسرے کو الزام دینے لگے (جیسا کہ عام طور سے عادت ہے کہ جب کوئی کام بگڑ جائے تو ہر ایک دوسرے کو قصوروار بتایا کرتا ہے) پھر سب کے سب کہنے لگے کہ بے شک ہم سب ہی حد سے تجاوز کرنے والے تھے (کسی ایک پر الزام نہیں ہے سب کی یہی صلاح تھی سب مل کر توبہ کرو اس کی برکت سے) شاید ہمارا پروردگار ہم کو اس سے اچھا باغ دے دے اب ہم توبہ کرتے ہیں (اس کے بعد اللہ جل جلالہٗ تنبیہ کے طور پر فرماتے ہیں کہ) اسی طرح (دنیا کا) عذاب ہوا کرتا ہے (کہ ہم بدنیتی سے چیز ہی کو فنا کر دیتے ہیں) اور آخرت کا عذاب اس سے بھی بڑھ کر ہے کیا اچھا ہوتا کہ یہ لوگ اس بات کو جان لیتے۔ (کہ غریبوں سے بخل کا نتیجہ اچھا نہیں)۔

فائدہ: یہ بڑی عبرت کا قصہ ہے جو ان آیات میں ذکر فرمایا ہے جو لوگ غربا مساکین اہل ضرورت کو نہ دینے کے عہد پیمان کرتے ہیں قسمیں کھا کھا کر وعدے کرتے ہیں کہ ان ضرورت مندوں کو ایک پیسہ بھی نہیں دیا جائے گا ایک وقت کی روٹی بھی نہ دی جائے گی یہ نالائق ہرگز اعانت کے مستحق نہیں ان کو دینا بے کار ہے وہ اپنے سارے مال سے یوں بیک وقت ہاتھ دھو لیتے ہیں اور جو نیک دل اس طرز کو پسند نہیں کرتے لیکن عملاً لحاظ ملاحظہ میں ان کے شریک حال ہو جاتے ہیں وہ بھی عذاب کی بلا سے نجات نہیں پاتے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ان آیات میں جو واقعہ گذرا ہے وہ حبشہ کے رہنے والے آدمیوں کا ہے ان کے باپ کا ایک بہت بڑا باغ تھا وہ اس میں سے مانگنے والوں کو بھی دیا کرتا تھا جب اس کا انتقال ہو گیا تو اس کی اولاد کہنے لگی کہ ابا جان تو بیوقوف تھے سب کچھ ان لوگوں پر بانٹ دیتے تھے پھر قسمیں کھا کر کہنے لگے کہ ہم صبح ہی سارا باغ کاٹ لائیں گے اور کسی فقیر کو اس میں سے کچھ نہیں دیں گے حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اس باغ کے مالک بڑے میاں کا دستور یہ تھا کہ اس کی پیداوار میں سے اپنا ایک سال کا خرچ رکھ کر باقی سب کا سب اللہ تعالیٰ کے راستہ میں خرچ کر دیتے تھے ان کی اولاد ان کو اس طرز سے روکتی رہتی تھی مگر وہ مانتے نہ تھے جب ان کا انتقال ہوا تو ان کی اولاد نے یہ کوشش کی جو اوپر ذکر کی گئی کہ سارا کا سارا روک لیں اور کسی غریب کو کچھ نہ دیں۔ سعید بن جبیرؒ کہتے ہیں کہ یہ باغ یمن میں تھا اس جگہ کا نام ضروان تھا جو (یمن کے مشہور شہر) صنعاء سے چھ ۶ میل تھا ابن جریجؒ کہتے ہیں کہ وہ عذاب جو باغ پر مسلط ہوا جہنم کی گھاٹی سے ایک آگ نکلی جو اس پر پھر گئی۔ مجاہدؒ کہتے ہیں کہ یہ باغ انگور کا تھا۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ حضور اقدس ﷺ کا پاک ارشاد نقل کرتے ہیں کہ اپنے آپ کو گناہوں سے بچاتے رہا کرو آدمی بعض گناہ ایسے کرتا ہے کہ اس کی نحوست سے علم کا ایک حصہ بھول جاتا ہے (یعنی حافظہ خراب ہو جاتا ہے اور پڑھا ہوا بھول جاتا ہے) اور بعض گناہ ایسے ہوتے ہیں جن کی وجہ سے تہجد کو آنکھ نہیں کھلتی اور بعض گناہ ایسے ہوتے ہیں جن کی وجہ سے اس کی آمدنی جو بالکل اس کیلئے آنے کو تیار ہوتی ہے جاتی رہتی ہے۔ اس کے بعد حضور اقدس ﷺ نے یہ آیت شریفہ تلاوت فرمائی۔ فَطَافَ عَلَيْهَا طَآئِفٌ مِّنْ رَّبِّكَ الاية. اور فرمایا کہ یہ لوگ گناہ کیوجہ سے اپنے باغ کی پیداوار سے محروم ہوگئے۔ (۱) خود حق سبحانہ وتقدس کا قرآن پاک میں دوسری جگہ ارشاد ہے۔

وما اصابكم من مصيبة فبما كسبت ايديكم ويعفوا عن كثير۔ (سورۂ شوریٰ ع ۴)

ترجمہ)...... اور جو مصیبت تم کو پہنچتی ہے وہ تمہارے ہی اعمال کی بدولت پہنچتی ہے اور (ہر گناہ پر نہیں پہنچتی بلکہ) بہت سے گناہ تو حق تعالٰی شانہ معاف فرمادیتے ہیں۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ مجھ سے حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ اس آیت کی تفسیر تمہیں بتاؤں اے علی! جو کچھ بھی تمہیں پہنچے مرض ہو یا کسی قسم کا عذاب یا دنیا کی اور کوئی مصیبت ہو وہ اپنے ہی ہاتھوں کی کمائی ہے۔ اس مضمون کو بندہ اپنے رسالہ اعتدال میں تفصیل سے لکھ چکا ہے وہاں دیکھا جائے۔

۱۳)...... وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِشِمَالِهٖ ۙ۬ فَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُوْتَ كِتٰبِيَهْ ۚ وَلَمْ اَدْرِ مَا حِسَابِيَهْ ۚ يٰلَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ ۚ مَاۤ اَغْنٰى عَنِّيْ مَالِيَهْ ۚ هَلَكَ عَنِّيْ سُلْطٰنِيَهْ ۚ خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ۙ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ۙ ثُمَّ فِيْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ۭ اِنَّهٗ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ ۙ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ۭ فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هٰهُنَا حَمِيْمٌ ۙ وَّلَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ ۙ لَّا يَاْكُلُهٗۤ اِلَّا الْخٰطِئُوْنَ ۧ (الحاقہ ع ۱)

ترجمہ)...... اور جس شخص کا نامہ اعمال اس کے بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا وہ (نہایت ہی حسرت سے) کہے گا کیا اچھا ہوتا کہ مجھ کو میرا نامۂ اعمال ہی نہ ملتا اور مجھ کو خبر ہی نہ ہوتی کہ میرا حساب کیا ہے کیا اچھا ہوتا کہ موت ہی سب ختم کردیتی (قیامت ہی نہ آتی جو حساب کتاب ہوتا) میرا مال بھی میرے کچھ کام نہ آیا میری جاہ (آبرو) بھی جاتی رہی (اس کے لئے فرشتوں کو حکم ہوگا) اس کو

(۱) در منثور۔

پکڑو اور اس کو طوق پہنا دو پھر جہنم میں اس کو داخل کر دو پھر ایک ستر گز لمبی زنجیر میں اس کو جکڑ دو اس لئے کہ یہ شخص اللہ تعالیٰ پر ایمان نہ رکھتا تھا اور خود تو کیا کھلاتا دوسرے آدمیوں کو بھی غریب کے کھلانے کی ترغیب نہ دیتا تھا پس نہ تو آج اس کا کوئی یہاں دوست ہے اور نہ اس کیلئے کوئی چیز کھانے کو ہے بجز غسلین کے جس کو بجز بڑے گنہگاروں کے اور کوئی نہ کھائے گا۔

فائدہ: غسلین کا مشہور ترجمہ دھوون کا ہے یعنی زخموں وغیرہ کے دھونے سے جو پانی جمع ہو جائے وہ غسلین کہلاتا ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے نقل کیا گیا کہ زخموں کے اندر سے جو لہو پیپ وغیرہ نکلتی ہے وہ غسلین ہے۔ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ غسلین کا ایک ڈول اگر دنیا میں ڈال دیا جائے تو اس کی بدبو سے ساری دنیا سڑ جائے۔ نوف شامیؒ سے نقل کیا گیا کہ وہ زنجیر جو ستر گز لمبی ہے اس کا ہر گز ستر باع ہے اور ہر باع اتنا لمبا ہے کہ مکہ مکرمہ سے کوفہ تک پہنچے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ اور دوسرے مفسرین سے نقل کیا گیا کہ یہ زنجیر پاخانہ کی جگہ کو داخل کر کے ناک میں کو نکالی جائے گی اور پھر اس پر لپیٹ دی جائے گی جس سے وہ بالکل جکڑا جائے گا۔ (درمنثور) اس آیت شریفہ میں مسکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب نہ دینے پر بھی عتاب ہے اس لئے آپس میں اپنے عزیزوں کو اپنے احباب کو ملنے والوں کو غربا پروری پر مساکین کو کھلانے پلانے پر خاص طور سے ترغیب دیتے رہنا چاہیے۔ کہ دوسروں کو ترغیب دینے سے اپنے اندر سے بھی بخل کا مادہ کم ہوگا۔

۱۴)...... بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ نِ الَّذِيْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗٓ اَخْلَدَهٗ كَلَّا لَيُنْۢبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ وَمَآ اَدْرٰكَ مَا الْحُطَمَةُ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ الَّتِيْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ (الھمزہ)

ترجمہ)...... بڑی خرابی ہے ایسے شخص کے لیے جو پس پشت عیب نکالنے والا ہو، منہ در منہ طعنہ دینے والا ہو جو، مال جمع کر کے رکھتا ہے (اور غایت محبت سے) اس کو بار بار گنتا ہے وہ یہ گمان کرتا ہے کہ اس کا یہ مال اس کے پاس ہمیشہ رہے گا ہرگز نہیں (یہ مال ہمیشہ نہیں رہے گا) خدا کی قسم یہ شخص ایسی آگ میں ڈال دیا جائے گا کہ اس میں جو چیز پڑ جائے وہ آگ اس کو توڑ پھوڑ کر ڈال دے آپ کو خبر بھی ہے وہ کیسی توڑ دینے والی آگ ہے وہ اللہ تعالیٰ کی ایسی آگ ہے جو دلوں تک پہنچ جائے گی (یعنی دنیا کی آگ تو جہاں بدن میں لگی آدمی مر گیا۔ اور وہاں چونکہ موت نہیں اس لئے بدن میں لگتے ہی دل تک پہنچ جائے گی اور دل کی ذرا سی ٹھیس بھی آدمی کو بہت محسوس ہوتی ہے) اور وہ آگ ان لوگوں پر بند کر دی جائے گی اس طرح پر کہ وہ لوگ لمبے لمبے ستونوں میں گھرے

ہوئے ہوں گے۔

فائدہ: ہمزہ لمزہ کی تفسیر میں مختلف اقوال علماء کے ہیں ایک تفسیر یہ بھی ہے جو اوپر نقل کی گئی حضرت ابن عباس ؓ اور مجاہدؒ سے ہمزہ کی تفسیر طعن دینے والا۔ اور لمزہ کی تفسیر غیبت کرنے والا نقل کی گئی ہے۔ ابن جریجؒ کہتے ہیں کہ ہمزہ اشارہ سے ہوتا ہے آنکھ کے منہ کے ہاتھ کے جس کے بھی اشارہ سے ہو اور لمزہ زبان سے ہوتا ہے۔ ایک مرتبہ حضور اقدس ﷺ نے اپنی معراج کا حال بیان فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ میں نے مردوں کی ایک جماعت دیکھی جن کے بدن قینچیوں سے کترے جا رہے تھے میں نے جبرئیل علیہ السلام سے دریافت کیا کہ یہ کون لوگ ہیں انہوں نے فرمایا کہ یہ وہ لوگ ہیں جو زینت اختیار کرتے تھے (یعنی حرام کاری کے لئے بن سنور کر نکلتے تھے) پھر میں نے ایک کنواں دیکھا جس میں نہایت سخت بد بو آ رہی تھی اور اس میں چلانے کی آوازیں آ رہی تھیں میں نے جبرئیل علیہ السلام سے پوچھا کہ یہ کون ہیں انہوں نے بتایا کہ یہ وہ عورتیں ہیں جو (حرام کاری کیلئے) بنتی سنورتی تھیں اور ناجائز کام کرتی تھیں۔ پھر میں نے کچھ مرد اور عورتیں معلق دیکھیں جو پستانوں کے ذریعہ سے لٹک رہے تھے میں نے پوچھا یہ کون ہیں تو جبرئیل علیہ السلام نے بتایا کہ یہ طعن دینے والے چغل خوری کرنے والے ہیں (درمنثور) اللہ جل شانہٗ اپنے فضل سے ان چیزوں سے محفوظ رکھے بڑی سخت وعیدیں ہیں۔ اس سورت شریفہ میں بخل اور حرص کی خاص طور سے مذمت ارشاد فرمائی ہے کہ بخل کی وجہ سے مال جمع کر کے رکھتا ہے اور حرص کیوجہ سے بار بار گنتا ہے کہ کہیں کم نہ ہو جائے اور اتنی محبت اس سے ہے کہ اس کے بار بار گننے میں بھی مزہ آتا ہے۔ اور یہ بری عادت تکبر اور تعلّی کا سبب بنتی ہے جس کی وجہ سے دوسروں کی عیب جوئی اور ان پر طعن و تشنیع پیدا ہوتا ہے اسی وجہ سے اس سورت کے شروع میں ان عیوب پر تنبیہ فرمانے کے بعد اس بری خصلت کی مذمت ذکر کی ہے اور ہر شخص اس خبط میں مبتلا ہے کہ مال کی افزائش اس کو آفات اور حوادث سے بچا سکتی ہے۔ گویا مال دار کو موت آتی ہی نہیں۔ اس لئے اس پر تنبیہ فرمائی گئی ہے واقعات بھی کثرت سے اس کی تائید کرتے ہیں کہ جب کوئی آفت اور مصیبت مسلط ہوتی ہے۔ یہ مال و متاع سب رکھا رہ جاتا ہے بلکہ مال کی کثرت بسا اوقات خود آفات کو کھینچتی ہے کوئی زہر دینے کی فکر میں ہوتا ہے کوئی قتل کرنے کی اور لوٹ مار، چوری ڈاکہ، سینکڑوں آفات اس مال کی بدولت آدمی پر مسلط رہتی ہیں۔ اور جب مال زیادہ ہوتا ہے پھر تو عزیز و اقارب، بیوی، بیٹا، سب ہی دل سے اس کی خواہش کرنے لگتے ہیں کہ بڈھا کہیں مرے تو یہ ہمارے ہاتھ آئے۔

۱۵) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ ط ○

فَذٰلِكَ الَّذِيْ يَدُعُّ الْيَتِيْمَ ۝ لا وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ۝ ط فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ۝ لا الَّذِيْنَ هُمْ يُرَآءُوْنَ ۝ لا وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ۝ ع (سورۂ ماعون)

ترجمہ)......کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جو قیامت کے دن کو جھٹلاتا ہے پس (اس شخص کا حال یہ ہے کہ) یتیم کو دھکے دیتا ہے اور غریب کو (خود تو کیا دیتا دوسروں کو بھی ان کے) کھانا کھلانے کی ترغیب نہیں دیتا پس ہلاکت ہے ایسے نمازیوں کیلئے جو اپنی نمازوں کو بھلا بیٹھتے ہیں (یعنی نہیں پڑھتے اور اگر کبھی نماز پڑھتے بھی ہیں تو) وہ لوگ دکھاوا کرتے ہیں اور ماعون کو روکتے ہیں (بالکل دیتے ہی نہیں)۔

فائدہ: حضرت ابن عباس ﷺ فرماتے ہیں کہ یتیم کو دھکے دینا یہ ہے کہ اس کا حق روکتے ہیں۔ قتادہؒ کہتے ہیں کہ اس دھکے دینے سے اس پر ظلم کرنا مراد ہے اور یہ چیز قیامت کے دن کو غلط سمجھنے سے پیدا ہوتی ہے۔ جس کو آخرت کے دن کا یقین ہوگا وہاں کی جزا اور سزا کا پورا وثوق ہوگا اس لئے کہ جس کو اس کا کامل یقین ہو جائے کہ آج اگر میں اس تجارت میں دس روپیہ لگا دوں کل کو ضرور مجھے ایک ہزار جائز طریقے سے ملیں گے وہ کبھی بھی اس میں تامل نہ کرے گا اور جن نمازیوں کا اس میں ذکر ہے ان کے متعلق حضرت ابن عباس ﷺ فرماتے ہیں کہ وہ منافق لوگ مراد ہیں جو لوگوں کے سامنے تو دکھلاوے کے واسطے نماز پڑھتے ہیں اور جہاں کہیں اکیلے ہوں اس کو چھوڑ دیں۔ حضرت سعد ﷺ وغیرہ متعدد حضرات سے نقل کیا گیا کہ نماز کو چھوڑنے سے مراد تاخیر سے پڑھنا ہے۔ کہ بے وقت پڑھتے ہیں۔ ماعون کی تفسیر میں علماء کے کئی قول ہیں۔ اس کی تفسیر بعض علماء سے زکوٰۃ نقل کی گئی ہے لیکن اکثر علماء سے جو تفسیریں منقول ہیں ان کے موافق معمولی روزمرہ کے برتنے کی چیزیں ہیں حضرت عبداللہ بن مسعود ﷺ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے زمانے میں ماعون کا مصداق یہ چیزیں قرار دیتے تھے، ڈول مانگا دے دینا ہانڈی، کلہاڑی ترازو اور اس قسم کی جو چیزیں ایک دوسرے کو مانگی دیدی جاتی ہیں کہ اپنا کام پورا کر کے واپس کر دیں۔ حضرت ابو ہریرہ ﷺ حضور اقدس ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ ماعون سے مراد وہ چیزیں ہیں جن سے لوگ آپس میں ایک دوسرے کی مدد کر دیتے ہیں جیسا کہ کلہاڑی دیگچی، ڈول وغیرہ اور بھی متعدد روایات میں یہ مضمون کثرت سے ذکر کیا گیا۔ عکرمہؒ سے کسی نے ماعون کا مطلب پوچھا تو انہوں نے فرمایا کہ اس کی جڑ تو زکوٰۃ ہے۔ اور ادنیٰ درجہ چھلنی، ڈول، سوئی کا دینا ہے (درمنثور) اس سورت شریفہ میں کئی چیزوں پر تنبیہ کی گئی ہے منجملہ ان کے یتیموں کے بارے میں خاص تنبیہ ہے کہ ہلاکت کے اسباب میں یہ یتیم کو دھکے

دے کر نکال دینا بھی ہے۔ بہت سے لوگ یتیموں کے والی وارث اس کوڈانٹتے ہیں۔ ان پر ہلاکت اور عذاب شدید میں تو کوئی شبہ ہی نہیں ہے یہی نوع اس سورت شریفہ کا شان نزول بتایا جاتا ہے۔ قرآن پاک میں بہت کثرت سے یتیموں کے بارے میں تنبیہات اور آیات نازل ہوئی ہیں۔ چند آیات کی طرف اشارہ کرتا ہوں جس سے اندازہ ہوگا کہ اللہ جل جلالہ' نے کس اہتمام سے اس پر تنبیہ بار بار فرمائی ہے۔

١) وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّذِی الْقُرْبٰی وَالْيَتٰمٰی وَالْمَسٰكِيْنِ (سورۂ بقرہ ع ۱۰)

٢) وَاٰتَی الْمَالَ عَلٰی حُبِّهٖ ذَوِی الْقُرْبٰی وَالْيَتٰمٰی وَالْمَسٰكِيْنَ (سورۂ بقرہ ع ۲۲)

٣) قُلْ مَا اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰی (سورۂ بقرہ ع۲۶)

٤) وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْيَتٰمٰی ط قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ (سورۂ بقرہ ۲۷)

٥) وَاٰتُوا الْيَتٰمٰی اَمْوَالَهُمْ (نساء ع۱)

٦) وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِی الْيَتٰمٰی (نساء ع۱)

٧) وَابْتَلُوا الْيَتٰمٰی۔ اِلٰی قَوْلِهٖ۔ وَلَا تَاْكُلُوْهَآ اِسْرَافًا وَّبِدَارًا اَنْ يَّكْبَرُوْا ط (نساء ع۱)

٨) وَاِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا الْقُرْبٰی وَالْيَتٰمٰی الاية (نساء ع۱)

٩) اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰی ظُلْمًا الاية (نساء ع۱)

١٠) وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِی الْقُرْبٰی وَالْيَتٰمٰی الاية (نساء ع۱)

١١) وَمَا يُتْلٰی عَلَيْكُمْ فِی الْكِتٰبِ فِیْ يَتٰمَی النِّسَآءِ الاية (نساء ع۱)

١٢) وَاَنْ تَقُوْمُوْا لِلْيَتٰمٰی بِالْقِسْطِ ط (نساء ع۱)

١٣) وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ (انعام ع۱۹)

١٤) وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ (بنی اسرائیل ع٤)

١٥) مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ الاية (سورہ حشر ع۱)

١٦) وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰی حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا الاية (دھر ع۱)

۱۷) كَلَّا بَلْ لَّا تُكْرِمُوْنَ الْيَتِيْمَ ۝ لا الاية (فجر ع ۱)

۱۸) اَوْ اِطْعٰمٌ فِیْ يَوْمٍ ذِیْ مَسْغَبَةٍ ۝ لا يَّتِيْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ ۝ (بلد ع ۱)

۱۹) اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا (والضحیٰ)

۲۰) فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ (والضحیٰ)

یہ بیس آیات نمونہ کے طور پر ذکر کی گئی ہیں اور آیات کی سورۃ اور رکوع بھی لکھ دیئے ہیں۔ اگر کسی مترجم قرآن شریف میں ان آیات کو نکال کر ترجمہ دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ اللہ جل شانہٗ نے بار بار مختلف عنوانوں سے اس پر تنبیہ فرمائی ہے کہ یتیموں کے بارے میں ان کی اصلاح ان کی خیر خواہی ان کے مال میں احتیاط ان کے ساتھ نرمی کا برتاؤ ان کی صلاح اور فلاح کی کوشش حتیٰ کہ اگر کسی یتیم لڑکی سے نکاح کرے تو اس کے مہر کو کم نہ کرنے پر بھی تنبیہ کی گئی کہ کمسنی کی وجہ سے اس کے مہر میں بھی کمی نہ کی جائے حضور اقدس ﷺ کا پاک ارشاد کئی حدیثوں میں وارد ہوا ہے میں اور وہ شخص جو کسی یتیم کی کفالت کرتا ہو جنت میں ایسے قریب ہوں گے جیسے یہ دو انگلیاں۔ اس ارشاد پر حضور ﷺ نے اپنی دو انگلیاں شہادت کی انگلی اور بیچ کی انگلی ملا کر ان کی طرف اشارہ فرمایا کہ جیسے یہ دو قریب ہیں ملی ہوئی ہیں۔ ایسے ہی میں اور وہ شخص جنت میں قریب ہوں گے۔ اور بعض علماء نے فرمایا ہے کہ بیچ کی انگلی شہادت کی انگلی سے تھوڑی سی آگے نکلی ہوئی ہوتی ہے تو اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ میرا درجہ نبوت کی وجہ سے تھوڑا سا آگے بڑھا ہوا ہوگا اور اس کے قریب ہی اس شخص کا درجہ ہوگا۔

ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ جو شخص کسی یتیم کے سر پر (شفقت سے) ہاتھ پھیرے اور صرف اللہ جل شانہٗ کی رضا کے واسطے ایسا کرے تو اس کا ہاتھ یتیم کے سر کے جتنے بالوں پر پھرے گا ہر بال کے بدلہ میں اس کو نیکیاں ملیں گی۔ اور جو شخص کسی یتیم لڑکے یا لڑکی پر احسان کرے تو میں اور وہ شخص جنت میں اس طرح ہوں گے وہی دو انگلیوں سے اشارہ فرمایا جیسا اوپر گذرا۔ اور بھی کئی حدیثوں میں مختلف عنوان سے یہی مضمون وارد ہے (درمنثور) ایک حدیث میں ہے کہ قیامت کے دن کچھ لوگ قبروں سے ایسے اٹھیں گے کہ ان کے منہ میں آگ بھڑک رہی ہوگی۔ کسی نے پوچھا یا رسول اللہ (ﷺ) یہ کون لوگ ہوں گے۔ تو حضور ﷺ نے آیات گذشتہ میں سے نویں آیت تلاوت فرمائی۔ اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى جس کا ترجمہ یہ ہے کہ جو لوگ یتیموں کا مال ظلم سے کھاتے ہیں وہ اپنے پیٹ میں آگ بھرتے ہیں۔ شب معراج میں حضور ﷺ نے ایک قوم کو دیکھا کہ ان کے ہونٹ اونٹ کے ہونٹوں کی طرح سے بڑے بڑے ہیں اور فرشتے ان پر مسلط ہیں کہ وہ ان کے ہونٹوں کو چیر کر ان میں آگ کے بڑے بڑے پتھر ٹھونس رہے ہیں کہ وہ آگ منہ سے داخل ہو کر پاخانہ کی جگہ سے نکلتی ہے اور وہ لوگ نہایت آہ وزاری

سے چلا رہے ہیں۔ حضور ﷺ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام سے دریافت کیا کہ یہ کون لوگ ہیں؟ تو انہوں نے فرمایا کہ یہ وہ لوگ ہیں جو یتیموں کا مال ظلم سے کھاتے تھے ان کو آگ کھلائی جارہی ہے ایک حدیث میں ہے کہ چار قسم کے آدمی ایسے ہیں جن کو اللہ جل شانہ، نہ تو جنت میں داخل فرمائیں گے نہ جنت کی نعمتیں ان کو چکھنا نصیب ہوں گی۔ ایک وہ شخص جو شراب پیتا ہو، دوسرے سود خوار، تیسرے وہ شخص جو ناحق یتیم کا مال کھائے، چوتھے وہ شخص جو والدین کی نافرمانی کرے۔ (درمنثور) حضرت اقدس شاہ عبدالعزیز صاحبؒ نے تفسیر میں تحریر فرمایا ہے کہ یتیموں پر احسان دو قسم کا ہے ایک تو وہ ہے جو وارثوں پر واجب ہے۔ مثلاً اس کے مال کی حفاظت کہ اس میں زراعت یا تجارت وغیرہ سے ترقی ہوتا کہ اس کا نفقہ اور ضروریات پوری ہوسکیں اور اس کی خوراک پوشاک وغیرہ کی خبر گیری نیز اس کے لکھنے پڑھنے اور تعلیم آداب وغیرہ کی خبر گیری۔ دوسری قسم وہ ہے جو عام آدمیوں پر واجب ہے اور وہ اس کی ایذا کو ترک کرنا ہے اور نرمی اور مہربانی سے اس سے پیش آنا ہے محفلوں اور مجالس میں اپنے پاس بٹھانا اس کے سر پر ہاتھ پھیرنا اپنی اولاد کی طرح اس کو گود میں لینا اور اس سے محبت ظاہر کرنا اس لئے کہ جب وہ یتیم ہوگیا اور اس کا باپ نہ رہا تو حق تعالیٰ شانہ نے سب بندوں کو حکم کیا کہ اس کے ساتھ باپ جیسا برتاؤ کریں اور اس کو اپنی اولاد کی طرح سمجھیں تاکہ باپ کے مرنے کی وجہ سے جو عجز حکمی اس کو لاحق ہوگیا اس قوت حقیقی کے ساتھ کہ ہزاروں آدمی اس کے باپ کی جگہ ہوجائیں دور ہوجائے۔ پس یتیم بھی قرابت شرعی رکھتا ہے جیسا کہ دوسرے اقارب قرابت عرفی رکھتے ہیں (سورۂ بقرہ) دوسرا مضمون جو آیت بالا میں خصوصی مذکور ہے وہ مسکین کے کھانے پر ترغیب نہ دینے پر تنبیہ ہے اور گویا بخل کے انتہائی درجہ کی طرف اشارہ ہے کہ خود تو وہ اپنا مال کیا خرچ کرتا وہ یہ بھی گوارا نہیں کرتا کہ دوسرا بھی کوئی فقیروں پر خرچ کرے۔ قرآن پاک میں مسکینوں کے کھانا کھلانے پر بہت سی آیات میں ترغیب دی گئی جن میں سے بعض پہلے مذکور ہوچکی ہیں سورۂ فجر میں ہے۔ كَلَّا بَلْ لَّا تُكْرِمُوْنَ الْيَتِيْمَ ۙ وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ۙ اس میں اس پر بھی تنبیہ کی گئی کہ تم لوگ نہ تو یتیموں کا اکرام کرتے ہو نہ مسکینوں کو کھانا کھلانے کی ترغیب دیتے ہو۔ تیسری چیز جو آیت بالا میں ذکر کی گئی وہ ماعون کا روکنا ہے جس کی تفسیر پہلے گذر چکی ہے۔ حضرت اقدس شاہ عبدالعزیز صاحبؒ نے تحریر فرمایا کہ اس سورت کا نام ماعون اس وجہ سے ہے کہ یہ احسان کا ادنیٰ درجہ ہے اور جبکہ احسان نہ کرنے کا ادنیٰ درجہ بھی موجب حجاب وعتاب ہے تو اعلیٰ درجہ یعنی حقوق اللہ اور حقوق الناس کے ضائع کرنے سے بطریق اولیٰ ڈرنا چاہیے۔ یہاں تک اس مضمون کے متعلق چند آیات ذکر کی گئی ہیں۔ آگے چند احادیث اس مضمون کے متعلق لکھی جاتی ہیں جن سے معلوم ہوگا کہ بخل اور مال کو جمع کر کے رکھنا کس قدر سخت چیز ہے؟

احادیث

۱)......عن ابی سعیدؓ قال قال رسول اللہ ﷺ خصلتان لا تجتمعان فی مؤمن البخل و سوء الخلق (رواہ الترمذی کذافی المشکوٰۃ)

ترجمہ)......حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے۔ کہ دو خصلتیں ایسی ہیں کہ وہ مومن میں جمع نہیں ہوسکتیں۔ ایک تو بخل، دوسری بد خلقی۔

فائدہ: یعنی کوئی شخص مومن ہوکر بخیل بھی ہو۔اور بد خُلق بھی، یہ مومن کی شان ہر گز نہیں۔ ایسے شخص کو اپنے ایمان کی بڑی فکر چاہیے کہ خدانخواستہ ایسا نہ ہو کہ اسی سے ہاتھ دھو بیٹھیں۔ کہ جیسا ہر خوبی دوسری خوبی کو کھینچتی ہے۔ ایسے ہی ہر عیب دوسرے عیب کو کھینچتا ہے۔ دوسری حدیث میں اس سے بھی بڑھ کر حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ شحّ (یعنی بخل کی اعلیٰ قسم) ایمان کے ساتھ جمع نہیں ہوسکتی (مشکوٰۃ) کہ ان دونوں چیزوں کا اجتماع گویا ضدین کا اجتماع ہے جیسا کہ آگ اور پانی کا جمع ہونا کہ جونسی چیز غالب ہوگی وہ دوسرے کو فنا کردے گی، اگر پانی غالب ہے آگ کو بجھادے گا، اگر آگ غالب ہے تو پانی کو جلادے گی، ایک حدیث میں آیا ہے کہ کوئی ولی ایسا نہیں ہوا جس میں اللہ جل شانہٗ نے دو عادتیں پیدا نہ کردی ہوں ایک سخاوت، دوسری خوش خلقی۔ (کنز) دوسری حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کا کوئی ولی ایسا نہیں ہے جو سخاوت کا عادی نہ بنایا گیا ہو (کنز) اور بہت ظاہر بات ہے کہ اگر اللہ جل شانہٗ سے تعلق اور محبت ہے تو اس کی مخلوق پر خرچ کرنے کو بے اختیار دل چاہے گا کہ محبوب کے عزیز و اقارب کی خاطر محبت کے لوازمات سے ہے اور جب مخلوق اللہ تعالیٰ کی عیال ہے تو ان پر خرچ کرنے کو ولی کا دل ضرور چاہے گا۔ اور اس کے عیال میں بھی جس کا تعلق اس کے ساتھ جتنا زیادہ قوی ہوگا اتنا ہی اس پر خرچ کرنے کو زیادہ چاہے گا اور اگر نہ چاہے تو معلوم ہوا کہ مال کی محبت اللہ تعالیٰ کی محبت سے زیادہ ہے اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ محبت کا دعویٰ جھوٹ ہے۔

۲)...... عن ابی بکر الصدّیقؓ قال قال رسول اللہ ﷺ لا یدخل الجنۃ خب ولا بخیل ولا منان (رواہ الترمذی کذافی المشکوٰۃ)

ترجمہ:......حضرت ابوبکر صدیقؓ نے حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کیا کہ جنت میں نہ تو چالباز (دھوکہ باز) داخل ہوگا، نہ بخیل، نہ صدقہ کرکے احسان کرنے والا۔

فائدہ: علماء نے ارشاد فرمایا ہے کہ ان صفات کے ساتھ کوئی شخص بھی جنت میں داخل نہ ہوسکے گا۔ اگر کسی مومن میں یہ بری صفات خدانخواستہ پائی جاتی ہوں گی تو اول تو حق تعالیٰ شانہٗ اس کو دنیا ہی میں ان سے توبہ کی توفیق عطا فرمادیں گے۔ اور اگر یہ نہ ہوا تو اول جہنم میں داخل ہوکر ان صفات کا تنقیہ ہونے کے بعد جنت میں داخل ہوسکے گا۔ لیکن جہنم میں داخل ہونا، چاہے تھوڑی ہی دیر کے

لئے ہو کیا کوئی معمولی اور آسان کام ہے دنیا کی آگ میں تھوڑی دیر کے لئے ڈالا جانا کیا اثرات پیدا کرتا ہے حالانکہ یہ آگ جہنم کی آگ کے مقابلہ میں حقیقت نہیں رکھتی۔ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ دنیا کی آگ جہنم کی آگ کا (۷۰) سترواں حصہ ہے۔ صحابہؓ نے عرض کیا کہ حضور (ﷺ) یہ آگ کیا کچھ کم ہے یہ تو خود ہی بہت کافی اذیت پہنچانے والی ہے حضور ﷺ نے فرمایا کہ وہ اس سے انہتر (۶۹) درجہ بڑھی ہوئی ہے۔ (مشکوٰۃ) ایک دوسری حدیث میں ہے کہ جہنم میں سب سے کم عذاب والا شخص وہ ہوگا جس کو جہنم کی آگ کی صرف دو جوتیاں پہنائی جائیں گی، اور ان کی وجہ سے اس کا دماغ ایسا جوش مارے گا جیسا کہ ہنڈیا آگ پر جوش مارتی ہے (مشکوٰۃ) ایک حدیث میں آیا ہے کہ اللہ جل شانہٗ نے جنت عدن کو اپنے دست مبارک سے بنایا پھر اس کو آراستہ اور مزین کیا۔ پھر فرشتوں کو حکم فرمایا کہ اس میں نہریں جاری کریں، اور پھر پھل اس میں لٹکائیں جب حق تعالیٰ شانہٗ نے اس کی زیب وزینت کو ملاحظہ فرمایا تو ارشاد فرمایا کہ میری عزت کی قسم، میرے جلال کی قسم، میرے عرش پر بلندی کی قسم، تجھ میں بخیل نہیں آسکتا۔ (کنز)

۳)...عن ابی ذر ﷺ قال انتهيت الى النبى ﷺ وهو جالس فى ظل الكعبة فلما رانى قال هم الاخسرون ورب الكعبة فقلت فداك ابى وامى من هم قال هم الاكثرون مالا الا من قال هكذا وهكذا من بين يديه ومن خلفه وعن يمينه وعن شماله وقليل ماهم (متفق عليه كذافى المشكوٰة)

ترجمہ:......حضرت ابوذر ؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا حضور ﷺ کعبہ شریف کی دیوار کے سایہ میں تشریف رکھتے تھے مجھے دیکھ کر حضور ﷺ نے فرمایا کہ کعبہ کے رب کی قسم وہ لوگ بڑے خسارہ میں ہیں میں نے عرض کیا میرے ماں باپ آپ پر قربان کون لوگ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جن کے پاس مال زیادہ ہو مگر وہ لوگ جو اس طرح اس طرح (خرچ کریں) اپنے دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ سے آگے سے پیچھے سے لیکن ایسے آدمی بہت کم ہیں۔

فائدہ: حضرت ابوذر ؓ زاہدین صحابہؓ میں ہیں جیسا کہ پہلے بھی گذر چکا ان کو دیکھ کر یہ ارشاد حقیقتاً ان کی تسلی تھی۔ کہ وہ اپنے فقر وزاہد پر کسی وقت بھی خیال نہ کریں۔ یہ مال ومتاع کی کثرت فی ذاتہٖ کوئی محبوب چیز نہیں بلکہ یہ خسارے اور نقصان کی چیز ہے۔ اور ظاہر ہے کہ یہ اللہ جل شانہٗ سے غفلت کا سبب بنتی ہے روزمرہ کا مشاہدہ ہے کہ بغیر تنگ دستی کے اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع بہت ہی کم ہوتا ہے البتہ جن لوگوں کو اللہ جل شانہٗ نے توفیق عطا فرمائی ہے اور وہ ضرورت کے مواقع میں جہاں اور جس طرف ضرورت ہو چاروں طرف بخشش کا ہاتھ پھیلاتے ہوں۔ ان کے لئے مال مضر نہیں ہے، لیکن حضور ﷺ نے خود ہی ارشاد فرمایا کہ ایسے آدمی کم ہیں عام طور سے یہی ہوتا ہے کہ

جہاں مال کی کثرت ہوتی ہے فسق وفجور، آوارگی عیاشی، اپنے ساتھ لاتی ہے اور بے محل خرچ کرنا، نام ونامود پر صرف کرنا تو دولت کے ادنیٰ کرشموں میں سے ہے بیاہ شادیوں اور دوسری تقریبات پر بے جا اور بے محل ہزاروں روپیہ خرچ کردیا جائے گا، لیکن اللہ تعالیٰ کے نام پر ضرورت مندوں اور بھوکوں پر خرچ کرنے کی گنجائش ہی نہ نکلے گی۔ ایک حدیث میں ہے کہ جو لوگ دنیا میں زیادہ مال دار ہیں وہی لوگ آخرت میں کم سرمایہ والے ہیں مگر وہ شخص جو حلال ذریعہ سے کمائے اور یوں یوں خرچ کردے (کنز) پہلی حدیث کی طرح یوں یوں کا اشارہ ادھر ادھر خرچ کرنے کی طرف ہے۔ حقیقت میں مال اس کے لئے زینت اور عزت ہے۔ جو اس کو ادھر ادُھر خرچ کردے اور جو گن گن کر باندھ کر رکھے اس کے لئے یہ ہر قسم کی آفات کا پیش خیمہ ہے، اس کو بھی ہلاک کرتا ہے اور خود بھی اس کے پاس سے ضائع ہوتا ہے یہ بے مروت کسی شخص کو دین یا دنیا کا فائدہ اس وقت تک نہیں پہنچاتا جب تک اس کے پاس سے جُدا نہ ہو۔

٤)...... عن ابی هريرة رضی اللہ عنہ قال قال رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم السخی قريب من الله قريب من الجنة قريب من الناس بعيد من النار و البخيل بعيد من الله بعيد من الجنة بعيد من الناس قريب من النار و الجاهل سخی احب الى الله و من عابد بخيل (رواه الترمذی كذافی المشكوٰة)

ترجمہ)...... حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ سخی آدمی اللہ تعالیٰ کے قریب ہے جنت سے قریب ہے لوگوں سے قریب ہے، جہنم سے دور ہے، اور بخیل آدمی اللہ تعالیٰ سے دور ہے، جنت سے دور ہے، آدمیوں سے دور ہے اور جہنم سے قریب ہے، بے شک جاہل سخی اللہ تعالیٰ کے نزدیک عابد بخیل سے زیادہ محبوب ہے۔

فائدہ: یعنی جو شخص عبادت بہت کثرت سے کرتا ہو، نوافل بہت لمبی لمبی پڑھتا ہو، اس سے وہ شخص اللہ تعالیٰ کے نزدیک زیادہ محبوب ہے جو نوافل کم پڑھتا ہو لیکن سخی ہو عابد سے مراد نوافل کثرت سے پڑھنے والا ہے، فرائض کا پڑھنا تو ہر شخص کے لئے ضروری ہے۔ چاہے سخی ہو، یا نہ ہو۔ امام غزالیؒ نے نقل کیا ہے کہ یحییٰ بن زکریا علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک مرتبہ شیطان سے دریافت فرمایا کہ تجھے سب سے زیادہ محبوب کون شخص ہے، اور سب سے نفرت کس سے ہے، اس نے کہا کہ مجھے سب سے زیادہ محبت مؤمن بخیل سے ہے۔ اور سب سے زیادہ نفرت فاسق سخی سے ہے۔ انہوں نے فرمایا یہ کیا بات ہے اس نے عرض کیا کہ بخیل تو اپنے بخل کی وجہ سے مجھے بے فکر رکھتا ہے یعنی اس کا بخل ہی جہنم میں لے جانے کے لئے کافی ہے لیکن فاسق سخی پر مجھے ہر وقت فکر سوار رہتا ہے کہ کہیں حق تعالیٰ شانہٗ اس کی سخاوت کی وجہ سے کسی وقت اس سے درگزر نہ فرمادیں۔ (احیاء) یعنی اگر حق

تعالیٰ شانہٗ اس کی سخاوت کی وجہ سے کسی وقت اس سے راضی ہو گئے تو اس کے دریائے مغفرت ورحمت میں عمر بھر کے فسق وفجور کیا حقیقت ہے۔ وہ سب کچھ معاف فرما سکتا ہے ایسی صورت میں میری عمر بھر کی محنت جو اس سے گناہ صادر کرانے میں کی تھی ساری ضائع ہو گئی۔ ایک حدیث میں ہے کہ جو شخص سخاوت کرتا ہے وہ اللہ جل شانہٗ کے ساتھ حسن ظن کی وجہ سے کرتا ہے اور جو بخل کرتا ہے وہ حق تعالیٰ کے ساتھ بدظنی سے کرتا ہے (کنز) حسن ظن کا مطلب یہ ہے کہ وہ سمجھتا ہے کہ جس مالک نے یہ عطا فرمایا وہ پھر بھی عطا کر سکتا ہے۔ اور ایسے شخص کے اللہ تعالیٰ کے قریب ہونے میں کیا تردد ہے۔ اور بدظنی کا مطلب یہ ہے کہ وہ سمجھتا ہے کہ یہ ختم ہو گئے تو پھر کہاں سے آئیں گے ایسے شخص کا اللہ جل شانہٗ سے دور ہونا ظاہر ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے خزانہ کو بھی محدود سمجھتا ہے۔ حالانکہ آمدنی کے اسباب اُسی کے پیدا کئے ہوئے ہیں اور ان اسباب سے پیداوار کا نہ ہونا اسی کے ہی قبضہ قدرت میں ہے وہ نہ چاہے تو دکان دار ہاتھ پر ہاتھ رکھے بیٹھا رہے۔ کاشتکار بوئے اور پیداوار نہ ہو اور جب کہ یہ سب اسی کی عطا کی وجہ سے ہے پھر اس کا کیا مطلب کہ پھر کہاں سے آئے گا؟ مگر ہم لوگ زبان سے اس کا اقرار کرنے کے بعد دل سے یہ نہیں سمجھتے کہ یہ صرف اللہ تعالیٰ ہی کی عطا ہے۔ ہمارا اس میں کوئی دخل نہیں۔ اور صحابۂ کرامؓ دل سے یہ سمجھتے تھے۔ کہ یہ سب اسی کی عطا ہے، جس نے آج دیا وہ کل بھی دے گا۔ اس لئے ان کو سب کچھ خرچ کر دینے میں ذرا بھی تامل نہ ہوتا تھا۔

۵)...... عن ابی هريرة ﷺ قال قال رسول الله ﷺ السخاء شجرة فی الجنة فمن كان سخيا اخذ بغصن منها فلم يتركه الغصن حتىٰ يدخله الجنة والشح شجرة فی النار فمن كان شحيحا اخذ بغصن منها فلم يتركه الغصن حتىٰ يدخله النار (رواه البيهقی فی شعب الايمان كذا فی المشكوٰة)

ترجمہ)...... حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ سخاوت جنت میں ایک درخت ہے پس جو شخص سخی ہو گا وہ اس کی ایک ٹہنی پکڑ لے گا، جس کے ذریعہ سے جنت میں داخل ہو جائے گا۔ اور بخل جہنم کا ایک درخت ہے جو شخص شحیح (بخیل) ہو گا وہ اس کی ایک ٹہنی پکڑ لے گا، یہاں تک کہ وہ ٹہنی اس کو جہنم میں داخل کر دے گی۔

فائدہ: شح بخل کا ایک اعلیٰ درجہ ہے جیسا کہ پہلی فصل کی آیات میں نمبر ۲۸ پر گزر چکا ہے مطلب ظاہر ہے کہ جب بخل جہنم کا درخت ہے تو اس کی ٹہنی پکڑ کر جو شخص چڑھے گا وہ جہنم ہی میں پہنچے گا ایک حدیث میں ہے کہ جنت میں ایک درخت ہے جس کا نام سخا ہے سخاوت اسی سے پیدا ہوئی ہے، اور جہنم میں ایک درخت ہے جس کا نام شح ہے شح اسی سے پیدا ہوا ہے، جنت میں شحیح داخل نہ

ہوگا۔ (کنز) یہ پہلے متعدد مرتبہ معلوم ہو چکا کہ شح بخل کا اعلیٰ درجہ ہے ایک اور حدیث میں ہے کہ سخاوت جنت کے درختوں میں سے ایک درخت ہے جس کی ٹہنیاں دنیا میں جھک رہی ہیں جو شخص اس کی ٹہنی کو پکڑ لیتا ہے وہ ٹہنی اس کو جنت تک پہنچا دیتی ہے اور بخل جہنم کے درختوں میں سے ایک درخت ہے جس کی ٹہنیاں دنیا میں جھک رہی ہیں جو شخص اس کی کسی ٹہنی کو پکڑ لیتا ہے وہ ٹہنی اس کو جہنم تک پہنچا دیتی ہے۔ (کنز) یہ ظاہر ہے کہ جو سڑک اسٹیشن پر جاتی ہے جب آدمی اس سڑک پر چلتا رہے گا تو لامحالہ کسی وقت اسٹیشن پر پہنچے گا اسی طرح سے یہ ٹہنیاں جن درختوں کی ہیں جب ان کو کوئی پکڑ کر چڑھے گا تو جہاں وہ درخت کھڑا ہے وہاں پہنچ کر رہے گا۔

٦)......عن ابی هریره ﷺقال قال رسول الله ﷺشر مافی الرجل شح هالع وجبن خالع (رواہ ابو داؤد وکذافی المشکوٰۃ)

ترجمہ)......حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ بدترین عادتیں جو آدمی میں ہوں (دو ہیں) ایک وہ بخل ہے جو بے صبر کرنے والا ہو، دوسرے وہ نامردی اور خوف جو جان نکال دینے والا ہو۔

فائدہ: ان دو عیبوں کی طرف اللہ جل شانہٗ نے اپنے پاک کلام میں بھی تنبیہ فرمائی ہے چنانچہ ارشاد ہے۔

اِنَّ الْاِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوْعًا ۙ اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوْعًا ۙ وَّاِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ مَنُوْعًا ۙ اِلَّا الْمُصَلِّيْنَ ۙ الَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ دَآئِمُوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ فِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَّعْلُوْمٌ ۙ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ۙ وَالَّذِيْنَ يُصَدِّقُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ۙ وَالَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ عَذَابِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ۚ اِنَّ عَذَابَ رَبِّهِمْ غَيْرُ مَاْمُوْنٍ ۙ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۙ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۚ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۚ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِشَهٰدٰتِهِمْ قَآئِمُوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۗ اُولٰٓئِكَ فِيْ جَنّٰتٍ مُّكْرَمُوْنَ ۚ (سورۂ معارج رکوع ۱)

پوری آیات شریفہ کا ترجمہ یہ ہے کہ: بے شک انسان کم ہمت (تھوڑے اور کچے دل کا) پیدا ہوا ہے جب اس کو تکلیف پہنچتی ہے تو جزع فزع کرنے لگتا ہے اور جب اس کو خیر (مال) پہنچتی ہے تو بخل کرنے لگتا ہے مگر وہ نمازی جو اپنی نماز پر پابندی کرنے والے ہیں اور جن کے مالوں میں سوال کرنے والوں کے لئے اور سوال نہ کرنے والوں کے لئے مقررہ حق ہے اور وہ لوگ جو

قیامت کے دن کا اعتقاد رکھتے ہیں اور وہ لوگ جو اپنے پروردگار کے عذاب سے ڈرنے والے ہیں بے شک ان کے رب کا عذاب بے خوف ہونے کی چیز نہیں یقیناً (اس سے ہر شخص کو ہر وقت ڈرتے رہنا چاہیے) اور جو لوگ اپنی شرم گاہوں کو (حرام جگہ سے) محفوظ رکھتے ہیں لیکن اپنی بیبیوں سے یا باندیوں سے (حفاظت کی ضرورت نہیں) کیونکہ ان پر ان میں کوئی الزام نہیں (یعنی ان لوگوں پر بیویوں اور باندیوں سے صحبت کرنے میں کوئی اعتراض کی بات نہیں ہے ہاں جو لوگ ان کے علاوہ اور جگہ شہوت پوری کرنے کے طلبگار ہوں وہ حدود سے تجاوز کرنے والے ہیں اور وہ لوگ جو اپنے (سپرد کی ہوئی) امانتوں اور اپنے عہد (قول واقرار) کا خیال رکھنے والے ہوں اور اپنی گواہیوں کو ٹھیک ادا کرتے ہوں اور جو اپنی فرض نمازوں کی پابندی کرنے والے ہوں یہی لوگ ہیں جو جنتوں میں عزت سے داخل ہوں گے۔ ''فقط'' یہ ان آیات کا ترجمہ ہے۔

اور اس قسم کا پورا مضمون اس کے قریب قریب دوسری جگہ سورۂ مومنون کے شروع میں بھی گزر چکا ہے۔ حضرت عمران بن حصین ﷛ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے میرے عمامہ کا سرا پکڑ کر ارشاد فرمایا کہ عمران! حق تعالیٰ شانہ، کو خرچ کرنا بہت پسند ہے اور روک کر رکھنا ناپسند ہے تو خرچ کیا کر اور لوگوں کو کھلایا کر، کسی کو مضرت نہ پہنچا کہ تجھ پر تیری طلب میں مضرت ہونے لگے گی غور سے سن حق تعالیٰ شانہ، شبہات کے وقت تیز نظر کو پسند کرتے ہیں (یعنی جس امر میں جائز ناجائز کا شبہ ہو اس میں باریک نظر سے کام لینا چاہیے ویسے ہی سرسری طور پر جو چاہے کر گذرنا نہ ہو) اور شہوتوں کے وقت کامل عقل کو پسند کرتے ہیں (کہ شہوت کے غلبہ میں عقل نہ کھودے) اور سخاوت کو پسند کرتے ہیں چاہے چند کھجوریں ہی خرچ کرے (یعنی اپنی حیثیت کے موافق زیادہ نہ ہو سکے تو کم میں شرم نہ کرے جو ہو سکے خرچ کرتا رہے) اور بہادری کو پسند کرتے ہیں۔ چاہے سانپ اور بچھو ہی کے قتل میں کیوں نہ ہو۔ (کنز) لہٰذا ذرا سی خوف کی چیز سے ڈر جانا اللہ جل شانہ، کو پسند نہیں ہے۔ اگر دل میں خوف پیدا بھی ہو تو اس کا اظہار نہ کرنا چاہیے بلکہ قوت کے ساتھ اس کو دفع کرنا چاہیے حضور اقدس ﷺ سے جو دعائیں امت کی تعلیم کے لئے منقول ہیں ان میں نامردی سے پناہ مانگنا بھی نقل کیا گیا ہے اور متعدد دعاؤں میں اس سے پناہ مانگنا نقل کیا گیا ہے۔ (بخاری)

۷)......عن ابن عباس ﷛ قال سمعت رسول اللّٰہ ﷺ لیس المؤمن بالذی یشبع وجارہ جائع الیٰ جنبہٖ (رواہ البیھقی فی الشعب کذافی المشکوٰۃ)

ترجمہ)...... حضور اقدس ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ وہ شخص مومن نہیں جو خود تو پیٹ بھر کر کھانا کھالے اور پاس ہی اس کا پڑوسی بھوکا رہے۔

فائدہ: یقیناً جس شخص کے پاس اتنا ہے کہ وہ پیٹ بھر کھا سکتا ہے اور پاس ہی بھوکا پڑوسی ہے تو

اس کے لئے ہرگز ہرگز زیبا نہیں کہ خود پیٹ بھر کر کھائے اور وہ غریب بھوک میں تلملاتا رہے ضروری ہے کہ اپنے پیٹ کو کچھ کم پہنچائے اور پڑوسی کی بھی مدد کرے ایک حدیث میں ہے کہ حضور ﷺ ارشاد فرماتے ہیں کہ وہ شخص مجھ پر ایمان نہیں لایا جو خود پیٹ بھر کر رات گذارے اور اس کو یہ بات معلوم ہے کہ اس کا پڑوسی اس کے برابر میں بھوکا ہے۔ (ترغیب) ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے قیامت میں کتنے آدمی ایسے ہوں گے جو اپنے پڑوسی کا دامن پکڑے ہوئے اللہ تعالیٰ سے عرض کریں گے یا اللہ اس سے پوچھیں کہ اس نے اپنا دروازہ بند کرلیا تھا اور مجھے اپنی ضرورت سے زائد جو چیز ہوتی تھی وہ بھی نہ دیتا تھا (ترغیب) ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد وارد ہوا ہے لوگو! صدقہ کرو میں قیامت کے دن اس کی گواہی دوں گا شاید تم میں سے بعض لوگ ایسے بھی ہوں گے جن کے پاس رات کو سیر ہونے کے بعد بچ رہے اور اس کا چچازاد بھائی بھوک کی حالت میں رات گذارے تم میں شاید کچھ لوگ ایسے بھی ہوں گے جو خود تو اپنے مال کو بڑھاتے ہیں اور ان کا مسکین پڑوسی کچھ نہ کما سکے (کنز) ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد وارد ہوا ہے کہ آدمی کے بخل کے لئے یہ کافی ہے کہ وہ یوں کہے کہ میں اپنا حق پورا کا پورا لوں گا، اس میں سے ذرا سا بھی نہیں چھوڑوں گا (کنز) یعنی تقسیم وغیرہ میں رشتہ داروں سے ہو یا پڑوسیوں سے اپنا پورا حق وصول کرنے کی فکر میں لگا رہے ذرا ذرا سی چیز پر کنج وکاؤ کرے یہ بھی بخل کی علامت ہے اگر تھوڑا بہت دوسرے کے پاس چلا ہی جائے گا تو اس میں کیا مرجائے گا؟

۸)......عن ابن عمر ؓ وابی هريرة ؓ قال قال رسول الله ﷺ عذبت امرأة في هرة امسكتها حتىٰ ماتت من الجوع فلم تكن تطعمها ولا ترسلها فتاكل مِن خشاش الارض (متفق عليه كذافي المشكوٰة)

ترجمہ)......حضرت ابن عمر ؓ اور حضرت ابو ہریرہ ؓ دونوں نے حضور ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا کہ ایک عورت کو اس پر عذاب کیا گیا کہ اس نے ایک بلی کو باندھ رکھا تھا جو بھوک کی وجہ سے مرگئی، نہ اس نے اس کو کھانے کو دیا نہ اس کو چھوڑا کہ وہ زمین کے جانوروں (چوہے وغیرہ) سے اپنا پیٹ بھر لیتی۔

فائدہ: جو لوگ جانوروں کو پالتے ہیں ان کی ذمہ داری بڑی سخت ہے کہ وہ بے زبان جانور اپنی ضروریات کو ظاہر بھی نہیں کرسکتے ایسی حالت میں ان کے کھانے پینے کی خبر گیری بہت اہم اور ضروری ہے اس میں بخل سے کام لینا اپنے آپ کو عذاب میں مبتلا کرنے کے لئے تیار کرنا ہے۔ بہت سے آدمی تو جانوروں کو پالنے کا بڑا شوق رکھتے ہیں لیکن ان کے گھاس دانہ پر خرچ کرتے ہوئے جان نکلتی ہے۔ حضور اقدس ﷺ سے مختلف احادیث میں مختلف عنوانات سے یہ مضمون نقل کیا گیا کہ

ان جانوروں کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہا کرو ایک مرتبہ حضور اکرم ﷺ تشریف لے جا رہے تھے راستہ میں ایک اونٹ نظر اقدس سے گذرا جس کا پیٹ کمر سے لگ رہا تھا (بھوک کی وجہ سے یا دبلے پن کی وجہ سے) حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ان بے زبان جانوروں کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہا کرو ان کی اچھی حالت میں ان پر سوار ہوا کرو اور اچھی حالت میں ان کو کھایا کرو حضور ﷺ کی عادت شریفہ یہ تھی کہ استنجے کے لئے جنگل تشریف لے جایا کرتے کسی باغ میں یا کسی ٹیلے وغیرہ کی آڑ میں ضرورت سے فراغت حاصل کرتے۔ ایک مرتبہ اس ضرورت سے ایک باغ میں تشریف لے گئے تو وہاں ایک اونٹ تھا جو حضور ﷺ کو دیکھ کر بڑ انے لگا اور اس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے (ایک معروف چیز ہے کہ ہر مصیبت زدہ کا کسی غم خوار کو دیکھ کر دل بھر آتا ہے) حضور ﷺ اس کے پاس تشریف لے گئے اس کے کانوں کی جڑ پر شفقت کا ہاتھ پھیرا جس سے وہ چپکا ہوا۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اس اونٹ کا مالک کون ہے ایک انصاری تشریف لائے اور عرض کیا کہ میرا ہے حضور ﷺ نے فرمایا کہ تم اس اللہ سے جس نے تمہیں اس کا مالک بنایا ہے ڈرتے نہیں ہو یہ اونٹ تمہاری شکایت کرتا ہے کہ تم اس کو بھوکا رکھتے ہو اور کام زیادہ لیتے ہو۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ ایک مرتبہ حضور ﷺ نے ایک گدھے کو دیکھا کہ اس کے منہ پر داغ دیا گیا حضور ﷺ نے فرمایا کہ تم کو اب تک یہ معلوم نہیں کہ میں نے اس شخص پر لعنت کی ہے جو جانور کے منہ کو داغ دے یا منہ پر مارے۔ ابوداؤد میں یہ روایات ذکر کی گئیں ان کے علاوہ اور بھی مختلف روایات میں اس پر تنبیہ کی گئی ہے کہ جانوروں کی خبر گیری میں کوتاہی نہ کی جائے اور جب جانوروں کا یہ حال ہے اور ان کے بارے میں یہ تنبیہات ہیں تو آدمی جو اشرف المخلوقات ہے اس کا حال اظہر ہے اور زیادہ اہم ہے حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ آدمی کے گناہ کے لئے یہ کافی ہے کہ جس کی روزی اپنے ذمہ ہے اس کو ضائع کرے اس لئے اگر کسی جانور کو اپنی کسی ضرورت سے روک رکھا ہے تو اس کے کھانے میں کنجوسی کرنا اور یہ سمجھنا کہ کون جانے کس کو خبر ہو گی؟ اپنے اوپر سخت ظلم ہے جاننے والا سب کچھ جانتا ہے اور لکھنے والے ہر چیز کی رپورٹ لکھتے ہیں چاہے کتنی ہی مخفی کی جائے اور یہ آفت بخل سے آتی ہے کہ جانوروں کو اپنی ضرورت سے سواری کی ہو یا کھیتی کی، دودھ کی ہو یا کوئی اور کام لینے کی ہو، پالتے ہیں لیکن کنجوسی سے ان پر پیسہ خرچ کرتے ہوئے دم نکلتا ہے۔

۹)......عن انس رضی اللہ عنہ عن النبی ﷺ قال یجاء بابن آدم یوم القیمة کانه بذج فیوقف بین یدی اللّٰه فیقول له اعطیتك و خولتك وانعمت علیك فماصنعت فیقول یارب جمعته وثمرته وترکته اکثر ما کان فارجعنی آتك به کله فیقول ارنی ماقدمت فیقول رب

جمعته وثمرته وتركته اكثرما كان فارجعنى آتك به كله فاذاعبدلم يقدم خيرافيمضى به الى النار(رواه الترمذى وضعفه كذافى المشكوٰة)

ترجمہ)......حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کیا گیا کہ قیامت کے دن آدمی ایسا (ذلیل وضعیف) لایا جائے گا جیسا کہ بھیڑ کا بچہ ہوتا ہے اور اللہ جل شانہٗ کے سامنے کھڑا کیا جائے گا ارشاد ہوگا کہ میں نے تجھے مال عطا کیا حشم خدم دیئے، تجھ پر نعمتیں برسائیں تو نے ان سب انعامات میں کیا کارگذاری کی، وہ عرض کرے گا کہ میں نے خوب مال جمع کیا اس کو (اپنی کوشش سے) بہت بڑھایا اور جتنا شروع میں میرے پاس تھا اس سے بہت زیادہ کر کے چھوڑ آیا آپ مجھے دنیا میں واپس کر دیں وہ سب آپ کی خدمت میں حاضر کر دوں ارشاد ہوگا کہ مجھے تو وہ بتا جو تو نے زندگی میں ذخیرہ کے طور پر آخرت کے لئے آگے بھیجا ہو وہ پھر اپنا پہلا کلام دہرائے گا کہ میرے پروردگار میں نے اس کو خوب جمع کیا اور خوب بڑھایا اور جتنا شروع میں تھا اس سے بہت زیادہ کر کے چھوڑ آیا اور مجھے دنیا میں واپس کر دیں میں وہ سب لے کر حاضر ہوں (یعنی خوب صدقہ کروں تا کہ وہ سب یہاں میرے پاس آجائے) چونکہ اس کے کوئی ذخیرہ ایسا نہ نکلے گا جو اس نے اپنے لئے آگے بھیج دیا ہو اس لئے اس کو جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔

فائدہ: ہم لوگ تجارت میں، زراعت میں، جو دوسرے ذرائع سے روپیہ کماتے ہیں جتنی محنت اور دردسری کر کے جمع کرتے ہیں وہ سب اسی لئے ہوتا ہے کہ کچھ ذخیرہ اپنے پاس موجود رہے جو ضرورت کے وقت کام آئے نہ معلوم کس وقت کیا ضرورت پیش آجائے لیکن جو اصل ضرورت کا وقت ہے اور اس کا پیش آنا بھی ضروری اور اس میں اپنی سخت احتیاج بھی ضروری ہے اور یہ بھی یقینی کہ اس وقت صرف وہی کام آئے گا جو اپنی زندگی میں خدائی بینک میں جمع کر دیا گیا ہو وہ تو جمع شدہ ذخیرہ بھی پورے کا پورا ملے گا اور اس میں اللہ جل شانہٗ کی طرف سے اضافہ بھی ہوتا رہے گا لیکن اس کی طرف بہت ہی کم التفات کرتے ہیں حالانکہ دنیا کی یہ زندگی چاہے کتنی ہی زیادہ ہو جائے۔ بہر حال ایک دن ختم ہو جانے والی ہے اور آخرت کی زندگی کبھی بھی ختم ہونے والی نہیں ہے دنیا کی زندگی میں اگر اپنے پاس سرمایہ نہ رہے تو اس وقت محنت مزدوری بھی کی جاسکتی ہے بھیک مانگ کر بھی زندگی کے دن پورے کئے جاسکتے ہیں لیکن آخرت کی زندگی میں کوئی صورت کمائی کی نہیں ہے وہاں صرف وہی کام آئے گا جو ذخیرہ کے طور پر آگے بھیج دیا گیا۔

ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد وارد ہے کہ میں جنت میں داخل ہوا تو میں نے اس کی دونوں جانب تین سطریں سونے کے پانی سے لکھی ہوئی دیکھیں پہلی سطر میں لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ لکھا تھا دوسری سطر میں مَاقَدَّمْنَا وَجَدْنَاوَمَااَكَلْنَارَبِحْنَاوَمَاخَلَفْنَاخَسِرْنَا لکھا تھا جو ہم نے آگے بھیج دیا وہ پالیا اور جو دنیا میں کھایا وہ نفع میں رہا اور جو کچھ چھوڑ آئے وہ نقصان رہا اور

تیسری سطر میں لکھا تھا۔ اُمَّۃٌ مُّذۡنِبَۃٌ وَّرَبٌّ غَفُوۡرٌ ، اُمت ، گنہگار اور رب بخشنے والا (برکات ذکر)

پہلی فصل کی آیات میں ۶ پر گذر چکا کہ اس دن نہ تجارت ہے نہ دوستی نہ سفارش اسی فصل میں نمبر ۳۰ پر اللہ جل شانہٗ کا ارشاد گذرا ہے کہ ہر شخص یہ دیکھ لے کہ اس نے کل کے لئے کیا بھیجا ہے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ جب آدمی مرجاتا ہے تو فرشتے تو یہ پوچھتے ہیں کہ کیا ذخیرہ اپنے حساب میں جمع کرایا ہے کیا چیز کل کے لئے بھیجی اور آدمی یہ پوچھتے ہیں کیا مال چھوڑا (مشکوۃ)

ایک اور حدیث میں ہے کہ حضور ﷺ نے دریافت فرمایا کہ تم میں کون شخص ایسا ہے جس کو اپنے وارث کا مال اپنے سے زیادہ محبوب ہو۔ صحابہؓ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ (ﷺ) ہم میں کوئی بھی ایسا نہیں ہے جس کو اپنا مال اپنے وارث سے زیادہ محبوب نہ ہو۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ آدمی کا اپنا وہ مال ہے جو اس نے آگے بھیج دیا اور جو چھوڑ گیا وہ اس کا مال نہیں اس کے وارث کا مال ہے (مشکوۃ عن البخاری) ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد وارد ہے کہ آدمی کہتا ہے کہ میرا مال میرا مال اس کے مال میں سے اس کے لئے صرف تین چیزیں ہیں جو کھا کر ختم کردیا جو پہن کر پرانا کردیا یا اللہ کے یہاں اپنے حساب میں جمع کرادیا اس کے علاوہ جو کچھ ہے وہ اس کا مال نہیں ہے لوگوں کے لئے چھوڑ جائے گا۔ (مشکوۃ) ایک بڑا لطف یہ ہے کہ آدمی اکثر ایسے لوگوں کے لئے جمع کرتا ہے محنت اٹھاتا ہے مصیبت جھیلتا ہے، تنگی برداشت کرتا ہے جن کو وہ اپنی خواہش سے ایک پیسہ دینے کا روادار نہیں لیکن جمع کر کے چھوڑ جاتا ہے اور مقدرات انہیں کو سارے کا وارث بنا دیتے ہیں جن کو وہ ذرا سا بھی دینا نہ چاہتا تھا۔

ارطاۃؒ بن سہیۃ کا جب انتقال ہونے لگا تو انہوں نے چند شعر پڑھے جن کا ترجمہ یہ ہے کہ آدمی کہتا ہے کہ میں نے بہت سا مال جمع کیا ہے لیکن اکثر کمانے والا دوسروں کے یعنی وارثوں کے لئے جمع کرتا ہے وہ خود تو اپنی زندگی میں اپنا بھی حساب لیتا رہتا ہے کہ کتنا کہاں خرچ ہوا کتنا کہاں ہوا لیکن بعد میں ایسے لوگوں کی لوٹ کے لئے چھوڑ جاتا ہے جن سے حساب بھی نہیں لے سکتا کہ سارا کہاں اڑا دیا پس اپنی زندگی میں کھالے اور کھلا دے اور بخیل وارث سے چھین لے۔ آدمی خود تو مرنے کے بعد نامراد رہتا ہے (کوئی اس کو مال میں یاد نہیں رکھتا) دوسرے لوگ اس کو کھاتے اڑاتے رہتے ہیں آدمی خود تو اس مال سے محروم ہوجاتا ہے اور دوسرے لوگ اس سے اپنی خواہشات پوری کرتے ہیں۔ (اتحاف)

ایک حدیث میں یہ قصہ جو اوپر کی حدیث میں ذکر کیا گیا دوسرے عنوان سے وارد ہوا ہے کہ

حضور ﷺ نے ایک مرتبہ صحابہؓ سے دریافت کیا کہ تم میں سے کوئی ایسا ہے جس کو اپنا مال اپنے وارث کے مال سے زیادہ محبوب ہو صحابہؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ (ﷺ) ہم میں ہر شخص ایسا ہے جس کو اپنا مال زیادہ محبوب ہے حضور ﷺ نے فرمایا کہ سوچ کر کہو دیکھو کیا کہہ رہے ہو صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) ہم تو ایسا ہی سمجھتے ہیں کہ ہم میں ہر شخص کو اپنا مال زیادہ محبوب ہے حضور ﷺ نے فرمایا تم میں کوئی بھی ایسا نہیں جس کو اپنے وارث کا مال اپنے مال سے زیادہ محبوب نہ ہو۔ صحابہؓ نے عرض کیا حضور (ﷺ) یہ کس طرح؟ حضور ﷺ نے فرمایا تمہارا مال وہ ہے جو آگے بھیج دیا اور وارث کا مال وہ ہے جو پیچھے چھوڑ گیا۔ (کنز) یہاں ایک بات یہ بھی قابل لحاظ ہے کہ روایات کا مقصد وارثوں کو محروم کرنا نہیں ہے۔ حضور اقدس ﷺ نے خود اس پر تنبیہ فرمائی ہے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فتح مکہ کے زمانہ میں ایسے سخت بیمار ہوئے کہ زیست کی امید نہ رہی۔ حضور ﷺ عیادت کے لئے تشریف لے گئے تو انہوں نے عرض کیا کہ حضور ﷺ میرے پاس مال زیادہ ہے اور میری وارث صرف ایک بیٹی ہے میرا دل چاہتا ہے کہ اپنے سارے مال کی وصیت کروں (کہ اس وقت ان کی اولاد صرف ایک بیٹی ہی تھی اور اس کا تکفل اس کے خاوند کے ذمہ) حضور ﷺ نے منع فرمادیا انہوں نے دو تہائی کی اجازت چاہی حضور ﷺ نے اس کا بھی انکار فرمایا پھر نصف کی درخواست بھی قبول نہیں فرمائی تو انہوں نے ایک تہائی وصیت کی اجازت چاہی حضور ﷺ نے اس کی اجازت فرمادی اور ارشاد فرمایا کہ ایک تہائی بھی بہت ہے تم اپنے وارثوں کو (یعنی مرنے کے وقت جو بھی ہوں چنانچہ اس وقت کے بعد اور بھی اولاد ہوگئی تھی) غنی چھوڑو یہ اس سے بہتر ہے کہ ان کو فقیر چھوڑ و کہ لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلائیں جو خرچ اللہ تعالیٰ کے واسطے کیا جائے وہ ثواب کا موجب ہے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ کے لئے اگر ایک لقمہ بیوی کو دیا جائے تو اس پر بھی اجر ہے (مشکوٰۃ عن الصحیحین) حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا یہ قصہ پہلی حدیث یعنی "تم میں سے کون ایسا ہے کہ اس کو وارث کا مال محبوب ہو" کے منافی نہیں۔ اس لئے کہ اس حدیث کا مقصد اپنی صحت اور ضرورت کے وقت میں صدقہ کرنے کی ترغیب ہے اور حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے قصہ میں مرض الموت سارا یا اکثر حصہ مال کا وصیت کرنا مقصود ہے (فتح) بندہ ناکارہ کے نزدیک صرف یہی نہیں بلکہ وارثوں کو نقصان پہنچانے کے ارادہ سے وصیت کرنا موجب عتاب وعقاب ہے۔ حضور ﷺ کا پاک ارشاد ہے۔ کہ بعض مرد اور عورت اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری میں ساٹھ سال گزارتے ہیں اور جب مرنے کا وقت آتا ہے تو وصیت میں نقصان پہنچاتے ہیں جس کی وجہ سے جہنم کی آگ ان کے لئے ضروری ہوجاتی ہے اس کے بعد اس کی تائید میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے قرآنِ پاک کی آیت

مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصٰى بِهَآ اَوْ دَيْنٍ غَيْرَ مُضَآرٍّ (سورہ نساء ع ۲)

پڑھی جس کا ترجمہ اور مطلب یہ ہے کہ اوپر کی آیت میں جو ورثا کو تفصیل بیان ہوئی ہے وہ وصیت کی بقدر مال نکالنے کے بعد ہے اور اگر اس کے ذمہ قرض ہو تو قرض کی مقدار بھی وضع کرنے کے بعد اس حال میں یہ کہ وصیت کرنے والا کسی وارث کو ضرر نہ پہنچائے۔ ایک حدیث میں ہے کہ جو کسی وارث کی میراث کو قطع کرے اللہ جل شانہٗ اس کی میراث کو جنت سے قطع کرے گا۔ (مشکوٰۃ) لہٰذا اس کا بہت زیادہ خیال رکھنا چاہیے کہ وصیت اور اللہ تعالیٰ کے راستہ میں خرچ کرنے میں یہ ارادہ اور نیت ہرگز نہ ہو کہ فلاں وارث نہ بن جائے بلکہ ارادہ اور نیت اپنی ضرورت کا پورا کرنا اپنے لئے ذخیرہ بنانا ہو آدمی کے ارادہ اور نیت کو عبادات میں بہت زیادہ دخل ہے۔ حضور ﷺ کا پاک ارشاد جو بہت زیادہ مشہور ہے اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ کہ اعمال کا مدار نیت اور ارادہ پر ہے

نماز جیسی اہم عبادت اللہ کے واسطے پڑھی جائے تو کتنی زیادہ موجب اجر موجب ثواب اور موجبِ قربت کہ کوئی دوسری عبادت اس کے برابر نہیں یہی چیز ریاکاری اور دکھاوے کے واسطے پڑھی جائے تو شرک اصغر اور وبال بن جائے۔ اس لئے خالص نیت اللہ تعالیٰ کی رضا اور اپنی ضرورت میں کام آنا ہونا چاہیے جس کی بہترین صورت یہ ہے کہ اپنی زندگی میں، اپنی تندرستی میں، اس حالت میں جب کہ یہ بھی معلوم نہ ہو کہ میں پہلے مروں گا یا وارث پہلے مر جائے گا اور کون وارث ہوگا، کون نہ ہوگا۔ ایسے وقت میں خرچ کرے اور جن مواقع خیر میں زیادہ ثواب کی امید ہو ان کی فکر و جستجو میں رہے یہ نہیں کہ اپنے وقت میں تو بخل کرے اور جب مرنے لگے تو سخی بن جائے۔ جیسا کہ حضور ﷺ کا پاک ارشاد پہلی فصل کی احادیث میں نمبر ۵ میں گزر چکا کہ افضل صدقہ وہ ہے جو حالت صحت میں کیا جائے۔ نہ یہ کہ جب جان نکلنے لگے تو کہے کہ اتنا فلاں کا، اتنا فلاں کا، حالانکہ مال فلاں کا (یعنی وارث کا) ہو گیا۔ خوب سمجھ لو میں سب سے پہلے اپنے نفس کو نصیحت کرتا ہوں اس کے بعد اپنے دوستوں کو کہ ساتھ جانے والا صرف وہی مال ہے جس کو اللہ تعالیٰ کے بینک میں جمع کر دیا اور جس کو جمع کر کے اور خوب زیادہ بڑھا کر چھوڑ دیا وہ اپنے کام نہیں آتا بعد میں نہ کوئی ماں باپ یاد رکھتا ہے، نہ بیوی اولاد پوچھتے ہیں۔ اِلَّا ماشاء اللہ اپنا ہی کیا اپنے کام آتا ہے ان سب کی ساری محبتوں کا خلاصہ دو چار دن ہائے ہائے کرنا ہے اور پانچ سات مُفت کے آنسو بہانا ہے۔ اگر ان آنسوؤں میں بھی پیسے خرچ کرنا پڑیں تو یہ بھی نہ رہیں۔ یہ خیال کہ اولاد کی خیر خواہی کی وجہ سے مال کو جمع کر کے چھوڑنا ہے نفس کا محض دھوکہ ہے صرف مال جمع کر کے ان کے لئے چھوڑ جانا ان کے ساتھ خیر خواہی نہیں ہے بلکہ شاید بد خواہی بن جائے۔ اگر واقعی اولاد کی خیر خواہی مقصود ہے، اگر واقعی یہ دل چاہتا ہے کہ وہ اپنے مرنے کے بعد پریشان حال ذلیل خوار نہ پھریں تو ان کو مال دار چھوڑنے

سے زیادہ ضروری ان کو دیندار چھوڑنا ہے کہ بددینی کے ساتھ۔ مال بھی اولاد ان کے پاس باقی نہ رہے گا چند یوم کی لذات وشہوات میں اُڑ جائے گا اور اگر رہا بھی تو اپنے کسی کام کا نہیں ہے، اور دینداری کے ساتھ اگر مال نہ بھی ہو تو ان کی دینداری ان کے لئے بھی کام آنے والی ہے اور اپنے لئے بھی کام آنے والی چیز ہے اور مال میں سے تو اپنے کام آنے والا صرف وہی ہے جو ساتھ لے گیا۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ارشاد ہے کہ حق تعالیٰ شانہ نے دو غنی اور دو فقیروں کو وفات دی۔ اس کے بعد ایک غنی سے مطالبہ فرمایا کہ اپنے واسطے آگے کیا بھیجا؟ اور اپنے اہل وعیال کے واسطے کیا چھوڑ کر آیا۔ اس نے عرض کیا یا اللہ! تو نے مجھے بھی پیدا کیا، اور ان کو بھی تو نے ہی پیدا کیا، اور ہر شخص کی روزی کا تو نے ہی ذمہ لیا، اور تو نے قرآن پاک میں فرمایا۔ مَنْ ذَالَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰہَ قَرْضًا حَسَنًا (پہلی فصل کی آیات نمبر ۵ پر گذر چکی ہے) اس بنا پر میں نے اپنا مال آگے بھیج دیا اور مجھے یہ بات محقق تھی کہ آپ ان کو روزی دیں گے ہی۔ ارشاد ہوگا جاؤ اگر تمہیں (دنیا میں) معلوم ہو جاتا کہ تمہارے لئے میرے پاس کیا کیا (انعام واکرام) ہے تو دنیا میں بہت خوش ہوتے اور بہت کم رنجیدہ ہوتے اس کے بعد دوسرے غنی سے مطالبہ ہوا، کہ تو نے کیا اپنے لئے بھیجا، اور کیا عیال کے لئے چھوڑا اس نے عرض کیا یا اللہ میری اولاد تھی مجھے ان کی تکلیف اور فقر کا ڈر ہوا۔ ارشاد ہوا کہ کیا میں نے ہی تجھ کو اور ان کو سب کو پیدا نہ کیا تھا، کہ میں نے سب کی روزی کا ذمہ نہ اٹھایا تھا؟ اس نے عرض کیا یا اللہ بے شک ایسا ہی تھا لیکن مجھے ان کے فقر کا خوف ہی بہت ہوا۔ ارشاد ہوا کہ فقر تو ان کو پہنچا کیا تو نے اس کو ان سے روک دیا اچھا جا اگر تجھے (دنیا میں) معلوم ہو جاتا کہ تیرے لئے میرے پاس کیا کیا (عذاب) ہے تو بہت کم ہنستا، اور بہت زیادہ روتا۔ پھر ایک فقیر سے مطالبہ ہوا کہ تو نے کیا اپنے لئے جمع کیا اور کیا عیال کے لئے چھوڑا؟ اس نے عرض کیا یا اللہ! آپ نے مجھے صحیح سالم تندرست پیدا کیا اور گویائی بخشی، اپنے پاک نام مجھے سکھائے اپنے سے دعا کرنا سکھایا، اگر آپ مجھے مال دے دیتے تو مجھے یہ اندیشہ تھا کہ میں مشغول ہو جاتا میں اپنی اس حالت پر جو تھی بہت راضی ہوں۔ ارشاد ہوا کہ اچھا جاؤ میں بھی تم سے راضی ہوں اگر تمہیں (دنیا میں) معلوم ہو جاتا کہ تمہارے لئے میرے پاس کیا ہے؟ تو بہت زیادہ ہنستے اور بہت کم روتے۔ پھر دوسرے فقیر سے مطالبہ ہوا کہ تو نے اپنے لئے کیا بھیجا اور عیال کے لئے کیا چھوڑا؟ اس نے عرض کیا یا اللہ آپ نے مجھے دیا ہی کیا تھا جس کا اب سوال ہے۔ ارشاد ہوا کیا ہم نے تجھے صحت نہ دی تھی، گویائی نہ دی تھی، کان، آنکھ نہ دیئے تھے، اور قرآن پاک میں یہ نہ کہا تھا اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ مجھ سے دعائیں مانگو میں قبول کروں گا۔ اس نے عرض کیا یا اللہ یہ تو بے شک صحیح ہے مگر مجھ سے بھول ہوئی، ارشاد ہوا کہ اچھا آج ہم نے بھی تجھے بھلا دیا جا چلا جا۔ اگر تجھے خبر ہوتی کہ تیرے لئے ہمارے

یہاں کیا کیا عذاب ہے تو بہت کم ہنستا، اور بہت زیادہ روتا۔ (کنز)

۱۰)......عن عمر رضی اللہ عنہ عن النبی ﷺ قال الجالب مرزوق والمحتکر ملعون۔ (رواہ ابن ماجہ والدارمی کذافی المشکوٰۃ)

ترجمہ)......حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ جو شخص رزق (غلہ وغیرہ) باہر سے لائے (تاکہ لوگوں کو ارزاں دے) اس کو روزی دی جاتی ہے اور جو شخص روک کر رکھے وہ ملعون ہے۔

فائدہ: فقیہ ابو اللیث سمرقندیؒ فرماتے ہیں کہ باہر سے لانے والے سے وہ شخص مراد ہے جو تجارت کی غرض سے دوسرے شہروں سے غلہ خرید کر لائے۔ تاکہ لوگوں کے ہاتھ (ارزاں) فروخت کرے تو اس کو (اللہ جل شانہٗ کی طرف سے) روزی دی جاتی ہے کیونکہ لوگ اس سے منتفع ہوتے ہیں ان کی دعائیں اس کو لگتی ہیں اور روکنے والے سے وہ شخص مراد ہے جو روکنے کی نیت سے خرید کر رکھے اور لوگوں کو اس سے نقصان پہنچے [1] یعنی گرانی کے انتظار میں روکے رکھے اور باوجود لوگوں کی حاجت کے فروخت نہ کرے اس پر لعنت ہے یعنی بخل اور لالچ اور نفع کمانے کی غرض سے غلہ وغیرہ جن چیزوں کی اپنی زندگی کے لئے احتیاج ہے خرید کر روکے رکھے اور گرانی کی زیادتی کا دن بدن انتظار کرتا ہے اس پر حضور ﷺ کی طرف سے لعنت کی گئی۔

ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد نقل کیا گیا کہ جو شخص مسلمانوں پر ان کے کھانے کو چالیس دن تک (باوجود سخت احتیاج کے) روکے رکھے (فروخت نہ کرے) حق تعالیٰ شانہٗ اس کو کوڑھ کے مرض میں اور افلاس میں مبتلا کرتے ہیں [2] اس سے معلوم ہوا کہ جو شخص مسلمانوں کو نقصان پہنچاتا ہے اور فقر میں مبتلا کرتا ہے اس پر بدنی عذاب (کوڑھ) بھی مسلط ہوتا ہے اور مالی عذاب افلاس وفقر بھی اور اس کے مقابل پہلی حدیث میں گزر چکا ہے کہ دوسری جگہ سے لا کر ارزانی سے فروخت کرتا ہے اللہ جل شانہٗ خود اس کو روزی (اور نفع) پہنچاتے ہیں ایک حدیث ہے کہ غلہ روکنے والا بھی کیسا برا آدمی ہے کہ اگر نرخ ارزاں ہوتا ہے تو اس کو رنج ہوتا ہے اور اگر گراں ہوتا ہے تو خوش ہوتا ہے۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ جو شخص چالیس دن (احتیاج کے باوجود) غلہ روکے رکھے (فروخت نہ کرے) پھر اس کو لوگوں پر صدقہ کر دے تو یہ صدقہ کرنا بھی اس روکنے کا کفارہ نہ ہوگا (مشکوٰۃ) ایک حدیث میں آیا ہے کہ پہلی امتوں میں ایک بزرگ ریت کے ایک ٹیلے پر کو گذرے گرانی کا زمانہ تھا وہ اپنے دل میں یہ تمنا کرنے لگے کہ اگر یہ ریت کا ٹیلہ غلہ کا ڈھیر ہوتا تو میں اس سے بنی اسرائیل کو خوب کھلاتا۔ حق تعالیٰ شانہٗ نے اس زمانہ کے نبی علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام پر

---

[1] تنبیہ الغافلین [2] مشکوٰۃ۔

وحی ارسال کی کہ فلاں بزرگ کو بشارت سنادو کہ ہم نے تمہارے لئے اتنا ہی اجروثواب لکھ دیا جتنا کہ یہ ٹیلہ غلہ کا ہوتا اور تم اس کو لوگوں میں تقسیم کر دیتے۔ (تنبیہ الغافلین) حق تعالیٰ شانہٗ کے یہاں ثواب کی کمی نہیں ہے اس کو اجروثواب دینے کے لئے نہ ذخیرہ کی ضرورت ہے، نہ آمدنی اور کمائی کی، اس کے ایک اشارہ میں ساری دنیا کی پیداوار ہے۔ وہاں لوگوں کا عمل اور اخلاص دیکھا جاتا ہے اور جو اس کی مخلوق پر رحمت اور شفقت کرتا ہے اس پر رحمت اور شفقت میں وہاں کوئی کمی نہیں۔ حضرت عبداللہ بن عباس ﷺ کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ مجھے کچھ نصیحت فردیں۔ آپ نے فرمایا کہ تمہیں چھ چیزوں کی نصیحت کرتا ہوں سب سے پہلی چیز اللہ تعالیٰ پر بھروسہ اور یقین اور ان چیزوں کا جن کا اللہ جل شانہٗ نے خود ذمہ لے رکھا ہے (مثلاً روزی وغیرہ) دوسرے اللہ تعالیٰ کے فرائض کو اپنے اپنے وقت پر ادا کرنا، تیسرے زبان ہر وقت اللہ تعالیٰ کے ذکر سے تروتازہ رہے۔ چوتھے شیطان کا کہنا نہ ماننا وہ ساری مخلوق سے حسد رکھتا ہے، پانچویں دنیا کے آباد کرنے میں مشغول نہ ہونا کہ وہ آخرت کو برباد کرے گی، چھٹے مسلمانوں کی خیر خواہی کا ہر وقت خیال رکھنا فقیہ ابواللیثؒ فرماتے ہیں کہ آدمی کی سعادت کی گیارہ علامتیں ہیں اور اس کی بدبختی کی بھی گیارہ علامتیں ہیں سعادت کی گیارہ علامات یہ ہے۔

(۱) دنیا سے بے رغبتی اور آخرت کی طرف رغبت کرنا، (۲) عبادت اور تلاوت قرآن کی کثرت، (۳) فضول بات سے احتراز، (۴) نماز کا اپنے اوقات پر خصوصی اہتمام، (۵) حرام چیز سے چاہے ادنیٰ درجہ کی حرام ہو بچنا، (۶) صلحا کی صحبت اختیار کرنا، (۷) متواضع رہنا تکبر نہ کرنا، (۸) سخی اور کریم ہونا، (۹) اللہ کی مخلوق پر شفقت کرنا، (۱۰) مخلوق کو نفع پہنچانا، (۱۱) موت کو کثرت سے یاد کرنا۔ اور بدبختی کی علامات یہ ہے (۱) مال کے جمع کرنے کی حرص (۲) دنیاوی لذتوں اور شہوتوں میں مشغولی، (۳) بے حیائی کی گفتگو اور بہت بولنا، (۴) نماز میں سستی کرنا، (۵) حرام اور مشتبہ چیزوں کا کھانا اور فاسق، فاجر لوگوں سے میل جول، (۶) بدخلق ہونا، (۷) متکبر اور فخر کرنے والا ہونا، (۸) لوگوں کو نفع پہنچانے سے یکسو رہنا، (۹) مسلمانوں پر رحم نہ کرنا (۱۰) بخیل ہونا (۱۱) موت سے غافل ہونا (تنبیہ الغافلین) بندہ ناکارہ کے نزدیک ان سب کی جڑ موت کو کثرت سے یاد رکھنا جب وہ ہر وقت یاد آتی رہے گی تو پہلی گیارہ انشاء اللہ پیدا ہو جائیں گی اور دوسری گیارہ سے بچاؤ حاصل ہوگا حضور اقدس ﷺ کا حکم ہے کہ لذتوں کو توڑنے والی موت کو کثرت سے یاد کیا کرو۔ (مشکوۃ)

(۱۱)......عن انس ﷺ قال توفی رجل من الصحابة فقال رجل ابشر بالجنةفقال رسول الله ﷺ اولا تدری لعله تكلم فيمالا يعنيه او بخل بمالا ينقصه (رواه الترمذى كذافى المشكوة)

ترجمہ)......حضرت انس ﷺ فرماتے ہے کہ ایک صحابیؓ کا انتقال ہوا تو مجمع میں کسی نے ان کو بظاہر حالات کے اعتبار سے جنتی بتایا حضور ﷺ نے فرمایا تمھیں خبر ہے ممکن ہے کبھی انھوں نے بیکار بات زبان سے نکال دی ہو یا کبھی ایسی چیز میں بخل کیا ہو کہ جس سے ان کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا تھا۔

فائدہ: یعنی یہ چیزیں بھی ابتداءً جنت میں جانے سے مانع بن جاتی ہیں حالانکہ بیکار باتوں میں منہمک رہنا اور فضول گفتگو میں اوقات ضائع کرنا ہم لوگوں کا ایسا دلچسپ مشغلہ ہے کہ شاید ہی کسی کی مجلس اس سے خالی ہوتی ہو لیکن حضور ﷺ کی شفقت اور رحمت علی الامت کے قربان کہ حضور ﷺ نے ہر مشکل کا حل بتایا اور تیئیس ۲۳ برس کے قلیل زمانہ میں ساری دنیا کی ہر قسم کی ضرورتوں کا حل تجویز فرمایا حضور ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ مجلس کا کفارہ یہ دعا ہے مجلس ختم ہونے کے بعد اٹھنے سے پہلے یہ دعا پڑھ لیا کرے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُاَنْ لَّآاِلٰهَ اِلَّآاَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ۔ ❶

دوسری چیز حدیث بالا میں وہی بخل ہے کہ شاید ایسی چیز میں بخل کرلیا ہو کہ جس میں کوئی نقصان نہ تھا ایک اور حدیث میں یہ قصہ ذرا تفصیل سے آیا ہے اس میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ کسی لایعنی چیز میں گفتگو کرلی ہو یا کسی لایعنی چیز میں بخل کرلیا ہو ❷ ہم لوگ بہت سی چیزوں کو سرسری سمجھتے ہیں لیکن اللہ جل شانہ کے یہاں ثواب کے اعتبار سے بھی عذاب کے اعتبار سے بھی ان کا بہت اونچا درجہ ہوتا ہے۔ بخاری شریف کی ایک حدیث میں ہے کہ آدمی اللہ تعالیٰ کی رضا کی کوئی بات زبان سے نکالتا ہے جس کو وہ کچھ اہم بھی نہیں سمجھتا لیکن اس کی وجہ سے اس کے درجات بہت بلند ہو جاتے ہے اور کوئی کلمہ اللہ کی ناراضی کا کہہ دیتا ہے جس کی پرواہ بھی نہیں کرتا لیکن اس کی وجہ سے جہنم میں پھینک دیا جاتا ہے ایک حدیث میں ہے کہ اتنا نیچے پھینک دیا جاتا ہے جتنی مشرق سے مغرب دور ہے۔ (مشکوٰۃ)

۱۲)......عن مولیٰ لعثمان قال اهدی لامّ سلمة بعضة من لحم و كان النبی ﷺ يعجبه اللّحم فقالت للخادم ضعيه فی البيت لعل النبی ﷺ يا كله فوضعته فی كوة البيت وَجَاءِ سائل فقام علی البابَ فقال تصدقوا بارك اللّٰه فيكم فقالوا بارك اللّٰه فيك فذهب السائل فدخل النبی ﷺ فقال يا ام سلمة هل عند كم شئی اطعمه فقالت نعم قالت للخادم اذهبی فاتی رسول اللّٰه ﷺ بذلك اللّحم فذهبت فلم تجد فی الكوة الا قطعة مروة فقال النبی ﷺ فانّ ذلك اللحم عادمروة

❶ حصن حصین ❷ کنز۔

لمالم تعطوہ السائل۔ (رواہ البیھقی فی دلائل النبوۃ کذافی المشکوٰۃ)

ترجمہ)......ام المؤمنین حضرت ام سلمہؓ کی خدمت میں کسی شخص نے گوشت کا ٹکڑا (پکا ہوا) ہدیہ کے طور پر پیش کیا چونکہ حضور ﷺ کو گوشت کا بہت شوق تھا اس لئے حضرت ام سلمہؓ نے خادمہ سے فرمایا کہ اس کو اندر رکھ دے شاید کسی وقت حضور ﷺ نوش فرمالیں خادمہ نے اس کو اندر طاق میں رکھ دیا اس کے بعد ایک سائل آیا اور دروازے پر کھڑے ہو کر کچھ اللہ کے واسطے دے دو اللہ جل شانہ تمہارے یہاں برکت فرمائے گھر میں سے جواب ملا اللہ تجھے برکت دے یہ اشارہ تھا کہ کوئی چیز دینے کے لئے موجود نہیں وہ سائل تو چلا گیا اتنے میں حضور اقدس ﷺ تشریف لائے اور کہا ام سلمہ میں کچھ کھانا چاہتا ہوں کوئی چیز تمہارے یہاں ہے حضرت ام سلمہؓ نے فرمایا کو جاؤ وہ گوشت حضور ﷺ کی خدمت میں پیش کرو وہ اندر گئیں اور دیکھا کہ طاق میں تو گوشت نہیں ہے سفید پتھر کا ایک ٹکڑا رکھا ہوا ہے (حضور اقدس ﷺ کو یہ واقع معلوم ہوا تو) حضور ﷺ نے فرمایا کے تم نے وہ گوشت چونکہ سائل فقیر کو نہ دیا اس لئے وہ پتھر کا ٹکڑا بن گیا۔

فائدہ: بڑی عبرت کا مقام ہے ازواج مطہرات کی سخاوت اور فیاضی کا کوئی کیا مقابلہ کرسکتا ہے ایک ٹکڑا گوشت کا اگر انہوں نے ضرورت سے روک لیا اور وہ بھی اپنی ضرورت سے نہیں بلکہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ضرورت سے روکا تو اس کا یہ حشر ہوا اور یہ بھی حقیقتاً اللہ جل شانہ کا خاص لطف وکرم حضور ﷺ کے گھر والوں کے ساتھ تھا کہ اس گوشت کا جو اثر فقیر کو نہ دینے سے ہوا وہ حضور ﷺ کی برکت سے اپنی اصلی حالت میں گھر والوں پر ظاہر ہو گیا جس کا مطلب یہ ہوا کہ ضرورت مند سے بچا کر اور انکار کر کے جو شخص کھاتا ہے وہ اثر اور ثمرہ کے اعتبار سے ایسا ہے جیسا کہ پتھر کھالیا ہو کہ اُس سے اُس چیز کا اصل فائدہ حاصل نہ ہوگا بلکہ سخت دلی اور منافع سے محرومی حاصل ہوگی۔ یہی وجہ ہے کہ ہم لوگ بہت سی اللہ تعالیٰ شانہ کی نعمتیں کھاتے ہیں لیکن اُن سے وہ فوائد بہت کم حاصل ہوتے ہیں جو ہونے چاہئیں اور کہتے ہیں کہ چیزوں میں اثر نہیں رہا حالانکہ حقیقت میں اپنی نیتیں خراب ہیں اس لئے بدنیتی سے فوائد میں کمی ہوتی ہے۔

۱۳)......عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ ان النبی ﷺ قال اوّل صلاح ھذہ الامۃ الیقین والزھد واول فسادھا البخل والامل (رواہ البیھقی فی الشعب کذافی المشکوٰۃ)

ترجمہ)......حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پاک ارشاد ہے کہ اس امت کی صلاح کی ابتدا (اللہ تعالیٰ کے ساتھ) یقین اور دنیا سے بے رغبتی سے ہوئی اور اس کی فساد کی ابتدا بخل اور لمبی لمبی امیدوں سے (ہوگی)

فائدہ: حقیقت میں بخل بھی لمبی لمبی امیدوں سے پیدا ہوتا ہے کہ آدمی دور دور کے منصوبے سوچتا ہے پھر اس کے لئے جمع کرنے کی فکر ہوتی ہے اگر آدمی کو اپنی موت یاد آتی رہے اور یہ سوچتا رہے کہ نہ معلوم کے دن کی زندگی ہے تو پھر تو زیادہ دور کی سوچ و فکر ہو نہ زیادہ جمع کرنے کی ضرورت بلکہ اگر موت یاد آتی رہے تو پھر اس گھر کے لئے زیادہ سے زیادہ جمع کرنے کی فکر ہر وقت سوار رہے۔

۱۴)......عن ابی هريرة رضي الله عنه ان النبی صلى الله عليه وسلم دخل علىٰ بلال وعنده صبرة من تمر فقال ماهذا يابلال قال شئ ادخرته لغد فقال اماتخشى ان ترى له غدًا بخارًا فى نار جهنم انفق يابلال ولاتخش من ذى العرش اقلالا (رواه البيهقى فى الشعب كذافى المشكوٰة)

ترجمہ)......حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک مرتبہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے پاس داخل ہوئے تو ان کے سامنے کھجوروں کا ایک ڈھیر لگا ہوا تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا کہ بلالؓ یہ کیا ہے؟ انہوں نے عرض کیا حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) آئندہ کی ضروریات کے لیے ذخیرہ کے طور پر رکھ لیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بلال تم اس سے نہیں ڈرتے کہ اس کی وجہ سے کل کو قیامت کے دن جہنم کی آگ کا دھواں تم دیکھو بلال خرچ کر ڈالو اور عرش والے (جل جلالہ) سے کمی کا خوف نہ کرو۔

فائدہ: ہر شخص کی ایک شان اور ایک حالت ہوا کرتی ہے ہم جیسے کمزور ضعفاء ضعیف الایمان ضعیف الیقین کیلئے شرعاً اس کی گنجائش ہو بھی کہ وہ ذخیرہ کے طور پر آئندہ کی ضروریات کے لئے کچھ رکھ لیں لیکن حضرت بلال رضی اللہ عنہ جیسے جلیل القدر کامل الایمان کامل الیقین کی یہی شان تھی کہ ان کو اللہ جل شانہ سے کمی کا ذرا بھی خوف یا واہمہ نہ ہو۔ جہنم کا دھواں دیکھنے سے اس میں جانا لازم نہیں آتا لیکن ان لوگوں کے اعتبار سے کمی تو ضرور ہو گی جن کو یہ بھی نظر نہ آئے کہ کم سے کم حساب کا قصہ تو لمبا ہی ہو جائے گا۔ بعض احادیث میں معمولی معمولی رقم ایک دو دینار کسی شخص کے پاس نکلنے سے بھی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے جہنم کی آگ کی طرف سے وعید وارد ہوئی ہے جیسا کہ چھٹی فصل کی احادیث کے سلسلے میں نمبر۲ کے ذیل میں آرہا ہے اور حساب کا معاملہ تو ہر شخص کے لئے ہے کہ جتنا مال زیادہ ہوگا اتنا ہی حساب طویل ہوگا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا پاک ارشاد ہے کہ میں جنت کے دروازے پر کھڑا ہوا میں نے دیکھا کہ اس میں کثرت سے داخل ہونے والے فقراء ہیں اور وسعت والے ابھی روکے ہوئے ہیں اور جہنمی لوگوں کو جہنم میں پھینک دیا گیا اور میں جہنم کے دروازے پر کھڑا ہوا تو میں نے اس میں کثرت سے داخل ہونے والی عورتیں دیکھیں [1] عورتوں کے جہنم میں کثرت سے داخل ہونے کی وجہ ایک اور حدیث میں آیا ہے حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم عید کے دن عید گاہ میں تشریف

[1] مشکوٰۃ۔

لے گئے جب عورتوں کے مجمع پر گزر ہوا تو حضور ﷺ نے عورتوں سے خطاب فرما کر ارشاد فرمایا کے تم صدقہ بہت کثرت سے کیا کرو میں نے عورتوں کو بہت کثرت سے جہنم میں دیکھا ہے انھوں نے دریافت کیا کہ یارسول اللہ (ﷺ) یہ کیا بات ہے؟۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ عورتیں لعنت (بددعائیں) بہت کرتی ہیں اور خاوند کی ناشکری بہت کرتی ہیں ❶ اور یہ دونوں باتیں عورتوں میں ایسی کثرت سے شائع ہیں کہ حد نہیں، جس اولاد پر دم دیتی ہیں، ہر وقت اس کی راحت اور آرام کی فکر میں رہتی ہیں ذرا ذرا سی بات پر اس کو ہر وقت بددعائیں تو مر جا، تو گڑ جا، تیرا ناس ہو جائے وغیرہ وغیرہ الفاظ ان کا تکیہ کلام ہوتا ہے اور خاوند کی ناشکری کا پوچھنا ہی کیا وہ غریب جتنی بھی ناز برداری کرتا ہے ان کی نگاہ میں وہ لاپرواہی رہتا ہے ہر وقت اس غم میں مری رہتی ہیں کہ اس نے ماں کو کوئی چیز کیوں دے دی، باپ کو تنخواہ میں سے کیوں کچھ دے دیا؟ بہن بھائی سے سلوک کیوں کر دیا؟۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ حضور ﷺ نے صلوٰۃ الکسوف میں دوزخ جنت کا مشاہدہ فرمایا تو دوزخ میں کثرت سے عورتوں کو دیکھا صحابہؓ نے جب اس کی وجہ دریافت کی تو حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ وہ احسان فراموشی کرتی ہیں، خاوند کی ناشکری کرتی ہیں اگر تو تمام عمر ان پر احسان کرتا رہے پھر کوئی ذرا سی بات پیش آجائے تو کہتی ہیں کہ میں نے تجھ میں کبھی کوئی بھلائی نہیں دیکھی ❷ حضور ﷺ کا یہ ارشاد بھی عورتوں کی عام عادت ہے جتنا بھی ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کیا جائے اگر کسی وقت کوئی بات ان کے خلاف طبع پیش آجائے تو خاوند کے عمر بھر کے احسان سب ضائع ہو کر کہتی ہیں کہ اس گھر سے میں مجھے کوئی چین نہ ملا۔ ان کا خاص تکیہ کلام ہے ان روایات سے عورتوں کے کثرت سے جہنم میں داخل ہونے کی وجہ سے معلوم ہونے کے علاوہ یہ بھی معلوم ہوا کہ اس سے بچاؤ اور حفاظت کی چیز بھی صدقہ کی کثرت ہے۔ چنانچہ اس عید والی حدیث میں ہے کہ حضور ﷺ جب یہ ارشاد فرما رہے تھے تو حضرت بلال ؓ حضور ﷺ کے ساتھ تھے اور صحابیؓ عورتیں کثرت سے حضور ﷺ کا پاک ارشاد سننے کے بعد انھوں نے اپنے گلے اور اپنے کانوں کا زیور نکال کر حضرت بلال ؓ کے کپڑے میں جس میں وہ چندہ جمع کر رہے تھے ڈال رہی تھیں ہمارے زمانے میں اول تو عورتوں کو اس قسم کی سخت حدیثیں سن کر خیال بھی نہیں ہوتا اگر کسی کا ہوتا بھی ہے تو پھر اس کا نزلہ خاوند پر ہی گرتا ہے کہ وہی ان کی زکوٰۃ ادا کرے ان کی طرف سے صدقے کرے اگر وہ خود بھی کرے گی تو خاوند سے وصول کر کے، مجال ہے کہ ان کے زیور کو کوئی بھی آنچ آجائے ویسا چاہے سارا ہی چوری ہو جائے کھویا جائے یا بیاہ شادیوں اور لغو تقریبات میں گروی رکھ کر ہاتھ سے جاتا رہے مگر اس کی نپی خوشی سے اللہ کے یہاں جمع کرنا اس کا کہیں ذکر نہیں۔ اسی حال میں اسے چھوڑ کر مر جاتی ہیں پھر

---

❶ مشکوٰۃ شریف ❷ مشکوٰۃ عن المتفق علیہ۔

وہ وارثوں میں تقسیم ہو کر کم داموں میں فروخت ہوتا ہے بنتے وقت نہایت گراں بنتا ہے بکتے وقت نہایت ارزاں جاتا ہے لیکن ان کو اس سے کچھ غرض نہیں کہ یہ گھڑائی کے دام بالکل ضائع جا رہے ہیں ان کو بنواتے رہنے سے غرض یہ تڑوا کر بنوالیا تڑوا کر یہ بنوالیا اپنے کام آنے والا نہ وہ ہے نہ یہ ہے بار بار تڑوانے میں مال کی اضاعت کے علاوہ گھڑائی کی اجرت ضائع ہوتی رہتی ہے۔

یہ مضمون درمیان میں عورتوں کے کثرت سے جہنم میں جانے کی وجہ سے آ گیا تھا اصل مضمون تو یہ تھا کے مال کی کثرت تو کچھ نہ کچھ تو رنگ لاتی ہے حتی کے حضرات مہاجرین رضی اللہ عنہم اجمعین کے بارے میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ قیامت کے دن فقراء مہاجرین اغنیاء سے چالیس سال قبل جنت کی طرف بڑھ جائیں گے۔ (مشکوۃ) حالانکہ ان حضرات کے ایثار اور صدقات کی کثرت اور اخلاق کا نہ تو اندازہ کیا جا سکتا ہے نہ مقابلہ ہو سکتا ہے ایک مرتبہ حضور ﷺ نے دعا کی۔

"اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِیْ مِسْکِیْنًا وَّاَمِتْنِیْ مِسْکِیْنًا وَّاحْشُرْنِیْ فِیْ زُمْرَةِ الْمَسَاکِیْنَ"

''اے اللہ زندگی میں بھی مجھے مسکین رکھ اور مسکینی کی حالت میں موت عطا کر اور میرا حشر بھی مسکینوں کی جماعت میں فرما''

حضرت عائشہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) یہ کیوں (یعنی آپ مسکینی کی دعا کیوں فرماتے ہیں) حضور ﷺ نے فرمایا کہ مساکین اپنے اغنیاء سے چالیس (۴۰) سال قبل جنت میں جائیں گے عائشہؓ مسکین کو نامراد واپس نہ کرو چاہے کھجور کا ایک ٹکڑا ہی کیوں نہ ہو عائشہؓ مساکین سے محبت رکھا کرو ان کو اپنا مقرب بنایا کرو اللہ جل شانہ قیامت کے دن تمہیں اپنا مقرب بنائیں گے (مشکوۃ) بعض علماء کو اس حدیث پر اشکال ہو گیا کہ اس سے عام فقراء کا انبیاء سے مقدم ہونا لازم آتا ہے بندہ کے ناقص خیال میں یہ اشکال نہیں ہے اس حدیث پاک میں اپنے اغنیاء کا لفظ موجود ہے ہر جماعت کے فقراء کا اس جماعت سے اغنیاء سے مقابلہ ہے انبیاء کا انبیاء سے صحابہؓ کا صحابہؓ سے اور اس طرح اور جماعتیں۔

۱۵)......عن کعب بن عیاض ﷺ قال سمعت رسول اللہ ﷺ یقول ان لکل امة فتنة و فتنة امتی المالُ (رواہ الترمذی کذافی المشکوۃ)

ترجمہ)......حضرت کعب ﷺ فرماتے ہے کہ میں نے حضور اقدس ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ہر امت کے لئے ایک فتنہ ہوتا ہے (جس میں مبتلا ہو کر وہ فتنہ میں پڑ جاتی ہے) میری امت کا فتنہ مال ہے۔

فائدہ: حضور اقدس ﷺ کا پاک ارشاد بالکل ہی حق ہے کوئی اعتقادی چیز نہیں ہے روزمرہ کے مشاہدہ کی چیز ہے کہ مال کی کثرت سے جتنی بھی آوارگی، عیاشی، سود خوری، زنا کاری، سینما بینی،

جوابازی، ظلم وستم، لوگوں کو حقیر سمجھنا اللہ کے دین سے غافل ہونا، عبادت میں تساہل، دین کے کاموں کے لئے وقت نہ ملنا وغیرہ وغیرہ ہوتے ہیں ناداری میں ان کا تہائی چوتھائی حصہ بلکہ دسواں حصہ بھی نہیں ہوتا اسی وجہ سے ایک مثل مشہور ہے زر نیست عشق ٹیں ٹیں پیسہ پاس نہ ہو تو پھر بازاری عشق بھی زبانی جمع خرچ ہی رہ جاتا ہے اور یہ چیزیں بھی نہ ہوں تو کم سے کم درجہ مال کی بڑھوتری کا فکر تو ہر وقت تو کہیں گیا ہی نہیں صرف تین ہزار روپیہ کسی کو دیدیجئے پھر جو ہر وقت اس کو کسی کام میں لگا کر بڑھانے کا فکر دامنگیر ہوگا تو کہاں کا سونا، کہاں کا راحت آرام، کیسا نماز وروزہ، کیسا حج اور زکوٰۃ، اب دن بھر رات بھر دکان کو بڑھانے کی فکر ہے دکان کی مشغولی نہ کسی دینی کام میں شرکت کرنے دیتی ہے نہ دین کے لئے کہیں باہر جانے کا وقت ملتا ہے کہ دکان کا ہرج ہو جائے گا ہر وقت یہ فکر سوار کہ کون سا کاروبار ایسا ہے جس میں نفع زیادہ ہو اور کام چلتا ہوا ہو، اس لئے حضور ﷺ کا پاک ارشاد ہے جو کئی حدیثوں میں آیا ہے کہ اگر کسی آدمی کو دو وادیاں (دو جنگل) مال کے حاصل ہو جائیں تو تیسرے کی فکر میں لگ جاتا ہے آدمی کا پیٹ قبر کی (مٹی) ہی بھر سکتی ہے۔ ❶

ایک حدیث میں آیا کہ اگر آدمی کے لئے ایک وادی مال کی ہو تو دوسری تلاش کرتا ہے اور اگر دو ہوں تو تیسری کو تلاش کرتا ہے آدمی کا پیٹ مٹی کے سوا کوئی نہیں بھرتی۔ ❷ ایک حدیث میں آیا کہ آدمی کو اگر ایک وادی سونے کی دی جائے تو دوسری کی تلاش کرتا ہے اور اگر دو ہوں تو تیسری کو تلاش کرتا ہے آدمی کا پیٹ مٹی کے سوا کوئی چیز نہیں بھر سکتی۔ ❸

مٹی سے بھرنے کا مطلب یہ ہے کہ قبر کی مٹی میں جا کر ہی وہ اپنی اس "ھل من مزید" کی خواہش سے رک سکتا ہے دنیا میں رہتے رہتے تو ہر وقت اس پر اضافہ اور فکر رہتی ہے ایک کارخانہ اچھی طرح چل رہا ہے۔ اس میں بقدر ضرورت آمدنی ہو رہی ہے کہیں کوئی دوسری چیز سامنے آگئی اس میں بھی اپنی ٹانگ اڑ دی ایک سے دو ہوگئی دو سے تین ہوگئی غرض جتنی آمدنی بڑھتی جائے گی اس کو مزید کاروبار میں لگانے کی فکر رہے گی یہ نہیں ہوگا۔ اس پر قناعت کر کے کچھ وقت اللہ کی مشغولی میں نکل آئے اس لئے حضور اقدس ﷺ نے یہ دعا ارشاد فرمائی ہے۔ "اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ رِزْقَ اٰلِ مُحَمَّدٍ قُوْتًا" "اے اللہ میری اولاد کا رزق قوت ہو" یعنی بقدر کفایت ہو زائد ہو ہی نہیں جس کے چکر میں میری اولاد پھنس جائے۔

ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ بہتری اور خوبی اس شخص کے لئے ہے جو اسلام عطا کیا گیا ہو اور اس کا رزق بقدر کفایت ہو اور اس پر قانع ہو ایک اور حدیث میں ہے کہ کوئی فقیر یا غنی ایسا نہ ہوگا جو اس کی تمنا نہ کرتا ہو دنیا میں اس کی روزی صرف اس کی قوت (یعنی بقدر کفاست) ہوتی

❶ مشکوٰۃ ❷ کنز ❸ بخاری۔

ہے۔❶ بخاری شریف کی حدیث میں آیا ہے حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ خدا کی قسم مجھے تمہارے فقر وفاقہ کا خوف نہیں بلکہ اس کا خوف ہے کہ تم پر دنیا کی وسعت ہو جائے جیسا کہ تم سے پہلی امتوں پر ہو چکی ہے پھر اس میں تمہارا دل لگنے لگے جیسا کے ان کا لگنے لگا تھا پھر یہ چیز تمہیں بھی ہلاک کر دے جیسا کہ پہلی امتوں کو کر چکی ہے۔❷ ان کے علاوہ اور بھی بہت سی روایات میں مختلف عنوانات سے مختلف قسم کی تنبیہات سے مال کی کثرت اور اس کے فتنہ پر متنبہ فرمایا اس لئے نہیں کے مال فی حد ذاتہ کوئی ناپاک یا عیب کی چیز ہے بلکہ اس وجہ سے کہ ہم لوگوں کے قلوب کے فساد کی وجہ سے بہت جلد ہمارے دلوں میں مال کی وجہ سے تعفن اور بیماریاں پیدا ہو جاتی ہیں اگر کوئی شخص اس کی مضرتوں سے بچتے ہوئے اس کی زیادتی سے احتراز کرتے ہوئے شرائط کے ساتھ اس کو استعمال کرے تو مضر نہیں بلکہ مفید ہو جاتا ہے چونکہ عام طور سے نہ شرائط کی رعایت ہوتی ہے نہ اصلاح کی فکر ہوتی ہے اس بنا پر یہ اپنا زہریلا اثر بہت جلد پیدا کر دیتا ہے اس کی بہترین مثال ہیضہ کے زمانے میں امرود کھانا ہے کہ فی حد ذاتہ امرود کے اندر کوئی عیب نہیں اس کے جو فوائد ہیں اب بھی اس میں موجود ہیں لیکن ہوا کے فساد کی وجہ سے اس کے استعمال سے بالخصوص کثرت استعمال سے بہت جلد اس میں تغیر پیدا ہو کر مضرت اور ہلاکت کا سبب بن جاتا ہے اس کی وجہ سے علی العموم ڈاکٹر ہیضہ کے زمانہ میں امرودوں کی سختی سے مخالفت کر دیتے ہیں ٹوکرے کے ٹوکرے ضائع کرا دیتے ہیں حیرت کی بات ہے کہ اگر کوئی معمولی حکیم یا ڈاکٹر کسی چیز کو مضر بتاتا ہے تو طبعاً ہمارے قلوب اس سے ڈرنے لگتے ہیں چنانچہ ڈاکٹروں کے ان اعلانات کے بعد اچھے اچھے سورماؤں کی ہمت امرود کھانے کی نہیں رہتی لیکن وہ ہستی جس کے جوتوں کی خاک تک بھی کوئی ڈاکٹر یا حکیم نہیں پہنچ سکتا جس کی تجویزات نور نبوت سے مستفاد ہیں اس کے اعلان پر اس کی تجویز پر ذرا بھی خوف پیدا نہ ہو حضور اقدس ﷺ جب بار بار اس کے فتنوں اور اس کی مضرتوں پر تنبیہ فرما رہے ہیں تو یقیناً ہر شخص کو بہت زیادہ اس سے ڈرتے رہنا چاہیے اس کے استعمال کے لئے شرعی قوانین کے ماتحت جو اس کے لئے ایسے ہیں جیسا کے امرود کے لئے نمک مرچ لیموں وغیرہ مصلحات ہیں ان کا بہت زیادہ اہتمام کرنا چاہیے اللہ کے حقوق کی ادائیگی کا بہت زیادہ اس میں فکر کرتے رہنا چاہیے خود حضور ﷺ کا ارشاد ہے کے غنیٰ میں اس شخص کے لئے نقصان نہیں جو اللہ سے ڈرتا ہے❸۔

میرے نسبی بزرگوں میں مفتی الٰہی بخش کاندھلویؒ مشہور فقیہ حضرت اقدس مرجع الکل شاہ عبدالعزیز صاحب دہلوی نور اللہ مرقدہ کے خاص شاگرد ہیں ان کے بیاض میں ان کے شیخ کی بیاض سے نقل کیا ہے کے دنیا (یعنی مال) آدمی کے لئے حق تعالیٰ شانہ کی مرضیات پر عمل کرنے کے لئے بہترین مدد ہے حضور اقدس ﷺ نے جب لوگوں کو حق تعالیٰ شانہ کی طرف بلایا تو ان چیزوں کو

---

❶ احیاء ❷ مشکوٰۃ ❸ مشکوٰۃ۔

چھوڑ دینے کا حکم نہیں فرمایا بلکہ اسباب معاشیات اور اہل وعیال میں رہنے کی ترغیب دی لہذا مال کا اور اپنے اہل وعیال میں رہنے کا انکار نا واقف شخص ہی کر سکتا ہے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے وصال کے وقت ان کے خزانچی کے پاس ایک لاکھ پچاس اشرفیاں اور دس لاکھ درہم تھے اور جائیداد خیبر وادی قریٰ وغیرہ کی تھی جس کی قیمت دولاکھ دینار تھی اور عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کے مال کی قیمت پچاس ہزار دینار تھی اور ایک ہزار گھوڑے اور ایک ہزار غلام چھوڑے تھے اور عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے تین لاکھ دینار چھوڑے تھے اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے مال کا تو شمار ہی مشکل ہے اس کے باوجود حق تعالیٰ شانہٗ نے ان کی تعریف قرآن پاک میں فرمائی ہے۔

يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ (سورۂ کہف ع ۴)

اپنے رب کی عبادت صبح وشام (یعنی ہمیشہ) محض اس کی رضا جوئی کے واسطے کرتے ہیں اور ارشاد ہے

رِجَالٌ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ۔ (سورۂ نور ع ۵)

یہ ایسے لوگ ہیں کہ ان کو تجارت وغیرہ اللہ کے ذکر سے نہیں روکتی'' فقط بیاض کی عبارت عربی ہے یہ اس کا ترجمہ ہے اور صحیح ہے کہ اس زمانے میں فتوحات کی کثرت سے عام طور پر ان حضرات کی مالی حالت ایسی ہی تھی دنیا اور ثروت ان کے جوتوں سے لپٹتی تھی یہ اس کو پھینکتے تھے اور وہ ان کو چمٹتی تھی لیکن اس سب کے باوجود اس کے ساتھ ان کی دل بستگی اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ مشغولی کیا تھی "فضائل نماز" اور "حکایت صحابہ" میں ان حضرات کے کچھ واقعات ذکر کیے گئے ہیں ان کی عبرت اور غور سے دیکھو یہی عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ اپنی اس دولت کے ساتھ جب نماز کو کھڑے ہوتے تو جیسے ایک کیل کہیں گاڑ دی ہو، سجدہ اتنا لمبا ہوتا کے چڑیاں کمر پر آ کر بیٹھ جاتیں اور حرکت کا ذکر نہیں جس زمانہ میں خود ان پر چڑھائی ہو رہی تھی اور ان پر گولہ باری ہو رہی تھی نماز پڑھ رہے تھے ایک گولہ مسجد کی دیوار پر لگا جس سے اس کا ایک حصہ گرا ان کی داڑھی کے پاس سے گزرا لیکن ان کو پتہ بھی نہ چلا ایک صحابی کا باغ کھجوروں کا خوب پک رہا تھا یہ اس باغ میں نماز پڑھ رہے تھے نماز میں باغ کا خیال آ گیا اس کا رنج اور صدمہ اس قدر ہوا کے نماز کے بعد فوراً باغ کو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خدمت میں جو اس وقت امیر المؤمنین تھے پیش کر دیا انھوں نے پچاس ہزار میں فروخت کر کے اس کی قیمت دینی کاموں میں خرچ کر دی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں دو بوریاں درہم کی نذرانہ میں آئیں جن میں ایک لاکھ سے زیادہ درہم تھے طباق منگا کر اور بھر بھر کر سب کو تقسیم کر دیں اپنا روزہ تھا یہ بھی خیال نہ آیا کے افطار کے لئے بھی کچھ رکھ لیں یا کوئی چیز منگا لیں افطار کے وقت جب باندی نے افسوس کیا کہ اگر ایک درہم کا گوشت منگا لیتیں تو آج ہم بھی گوشت سے کھانا کھا لیتے فرمایا اب افسوس سے کیا

ہوتا ہے جب یاد دلاتی تو منگا دیتی حکایاتِ صحابہؓ میں یہ اور اس قسم کے واقعات ذکر کئے گئے ہیں ان کے علاوہ ہزاروں واقعات ان حضرات کی تاریخ میں موجود ہیں ان کو مال کیا نقصان دے سکتا تھا جن کے نزدیک اس میں اور گھر کے کوڑے میں کوئی فرق نہ ہو کاش اللہ جل شانہ اس صفت کا کوئی شمہ اس ناپاک کو بھی عطا کر دیتا یہاں ایک بات خاص طور سے قابل لحاظ ہے وہ یہ کہ ان حضرات متمول صحابۂ کرامؓ کے ان احوال سے مال کی کثرت کے جواز پر استدلال تو ہوسکتا ہے کہ خیر القرون اور خلفائے راشدین کے دور میں یہ مثالیں بھی ملتی ہیں لیکن ہم لوگوں کو اس زہر کے اپنے پاس رکھنے میں ان کے اتباع کو آڑ بنانا ایسا ہی ہے جیسا کے کوئی تپ دق کا بیمار کسی جوان قوی تندرست کے اتباع میں روزانہ صحبت کیا کرے کہ وہ تین چار دن میں قبر کا گڑھا ہی دیکھے گا رسالہ کے ختم پر حکایات کے سلسلے میں نمبر ۵۴ پر ایک عارف کا ارشاد غور سے دیکھنا چاہیے۔

حضرت امام غزالیؒ فرماتے ہے کہ مال بمنزلہ ایک سانپ کے ہے جس میں زہر بھی ہے اور تریاق بھی ہے اس کے فوائد بمنزلہ تریاق کے ہیں اور اس کے نقصانات بمنزلہ زہر کے جو اس کے فوائد اور نقصانات سے واقف ہو جائے وہ اس پر قادر ہوسکتا ہے کہ اس کے فوائد حاصل کرے اور نقصانات سے محفوظ رہے اس میں فوائد تو دو قسم کے ہیں ایک دنیوی اور دوسرا دینی، دنیوی فوائد کو ہر شخص جانتا ہے اس وجہ سے سارا جہاں اس کے کمانے میں مرمٹ رہا ہے دینی فوائد تین ہیں اول یہ کے بواسطہ یا بلا واسطہ عبادت کا سبب ہے بلا واسطہ تو جیسے حج، جہاد وغیرہ کہ یہ روپے ہی سے ہو سکتے ہیں اور بواسطہ یہ کہ اپنے کھانے پینے اور ضروریات میں خرچ کرے کہ یہ ضرورتیں اگر پوری نہ ہوں تو آدمی اس کی طرف مشغول رہتا ہے جس کی وجہ سے دینی مشاغل میں اشتغال میں وقت نہیں ملتا اور جب یہ بواسطہ عبادت کا ذریعہ ہے تو خود بھی عبادت ہوا لیکن صرف اتنی ہی مقدار جس سے دینی مشاغل میں اعانت ملے اور اس سے زیادہ مقدار اس میں داخل نہیں دوسرا دینی فائدہ اس سے کسی دوسرے پر خرچ کرنے متعلق ہے اور یہ چار قسم پر ہے۔

(الف) صدقہ جو غرباء پر کیا جائے اس کے فضائل بے شمار ہیں جو پہلے گزر چکے ہیں۔ (ب) مروت جو اغنیاء پر دعوت ہدیہ وغیرہ میں خرچ کیا جائے وہ صدقہ نہیں کیونکہ صدقہ فقراء پر ہوتا ہے یہ قسم بھی دینی فوائد لئے ہوئے ہے کہ اس سے آپس کے تعلقات قوی ہوتے ہیں سخاوت کی بہترین عادت پیدا ہوتی ہے۔ بہت سی احادیث ہدایا اور کھانا کھلانے کے فضائل میں وارد ہوئی ہیں اس قسم میں ان لوگوں کے فقر کی قید نہیں ہے جن پر خرچ کیا جائے (بندے کے ناقص خیال میں یہ فائدہ بسااوقات پہلے نمبر سے بھی بڑھ جاتا ہے) مگر جب ہی تو جب اس میں خرچ بھی کیا جائے لیکن جو شخص ننانوے کے پھیر میں پڑ جائے

اس کے لئے نہ فضائل کار آمد ہیں نہ وہ احادیث جو ان کے فضائل میں آئی ہیں اس پر اثر کرتی ہیں۔
(ج) اپنی آبرو کا تحفظ یعنی مال کا ایسی جگہ خرچ کرنا جس میں اگر خرچ نہ کیا جائے تو کمینہ لوگوں کی طرف سے بدگوئی فحش مضرتوں وغیرہ کا اندیشہ ہے یہ بھی صدقہ کے حکم میں آجاتا ہے۔

حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ آدمی اپنی آبرو کی حفاظت کے لئے جو خرچ کرتا ہے وہ بھی صدقہ ہے (بندہ ناکارہ کے نزدیک دفع ظلم کے لئے رشوت دینا بھی اس میں داخل ہے رشوت کا دینا کسی نفع کے حاصل کرنے کے واسطے حرام ہے ناجائز ہے دینے والا بھی ایسا گنہگار ہے جیسا کے لینے والا لیکن ظالم کے ظلم ہٹانے کے واسطے دینے والے کے لئے جائز ہے لینے والے کے لئے حرام ہے)۔(د) مزدوروں کو اجرت دینا کہ آدمی بہت سے کام اپنے ہاتھ سے نہیں کرسکتا اور بعض کام ایسے بھی ہیں جن کو آدمی اپنے آپ تو کرسکتا ہے لیکن اس میں بہت سا عزیز وقت صرف ہوتا ہے اگر ان کاموں کو اجرت پر کرالے تو اپنا یہ وقت علم وعمل، ذکر وفکر وغیرہ ایسے کاموں پر خرچ ہوسکتا ہے جس میں دوسرا نائب نہیں ہوسکتا۔ تیسرا۔ دینی فائدہ عمومی اخراجات خیر ہیں جن میں کسی دوسرے معین شخص پر تو خرچ نہیں کیا جاتا کہ یہ دوسرے نمبر میں گزر چکے ہیں البتہ عمومی فوائد اس سے حاصل ہوتے ہیں، جیسا مساجد کا بنانا، مسافر خانے، پل وغیرہ بنانا، مدارس، شفا خانے وغیرہ ایسی چیزیں بنانا جو اپنے مرنے کے بعد بھی ان کے اجر وثواب اور ان سے فوائد حاصل کرنے والے صلحا کی دعائیں پہنچتی رہیں یہ تو اجمال ہے اس کے فوائد کا اور سارے فوائد جو اس سے حاصل ہوسکتے ہیں وہ ان میں آگئے حضرت اقدس شاہ عبدالعزیز صاحب قدس سرہ فرماتے ہیں کہ مال کا خرچ کرنا سات طرح سے عبادت ہے۔

(۱) زکوٰۃ جس میں عشر بھی داخل ہے، (۲) صدقہ فطر، (۳) نفل خیرات جس میں مہمانی بھی داخل ہے اور قرضداروں کی اعانت بھی، (۴) وقف مساجد، سرائے، پل وغیرہ بنانا، (۵) حج فرض ہو یا نفل یا کسی دوسرے کی حج میں مدد ہو توشہ سے یا سواری سے، (۶) جہاد میں خرچ کرنا کہ ایک درہم اس میں سات سو درہم کے برابر ہے، (۷) جن کے اخراجات اپنے ذمہ ہیں ان کو ادا کرنا جیسا کہ بیوی کا اور چھوٹی اولاد کا خرچ ہے اور اپنی وسعت کے بعد محتاج رشتہ داروں کا خرچ وغیرہ۔ (تفسیر عزیزی)
امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ مال کے نقصانات بھی دو قسم کے ہیں دینی اور دنیوی۔ دینی نقصانات تین قسم کے ہیں (الف) معاصی کی کثرت کا سبب ہوتا ہے کہ آدمی اکثر وبیشتر اسی کی وجہ سے شہوتوں میں مبتلا ہوتا ہے اور ناداری اور عجز ان کی طرف متوجہ بھی نہیں ہونے دیتا۔ جب آدمی کو کسی معصیت کے حصول سے ناامیدی ہوتی ہے تو دل اس کی طرف زیادہ متوجہ بھی نہیں ہوتا اور جب اپنے آپ کو اس پر قادر سمجھتا ہے تو کثرت سے ادھر توجہ رہتی ہے اور مال قدرت کے بڑے اسباب میں سے ہے۔ اسی وجہ

سے مال کا فتنہ فقر کے فتنہ سے بڑھا ہوا ہے، (ب) جائز چیزوں میں تنعم کی کثرت کا سبب ہے اچھے سے اچھا کھانا، اچھے سے اچھے لباس وغیرہ وغیرہ۔ بھلا مالدار سے یہ کب ہوسکتا ہے کہ جو کی روٹی اور موٹا کپڑا پہنے اور ان تنعمات کا حال یہ ہے کہ ایک چیز دوسرے کو کھینچتی ہے اور شدہ شدہ اخراجات میں اضافہ ہوتا رہتا ہے اور آمدنی جب ان کو کافی نہیں ہوتی تو ناجائز طریقوں سے مال حاصل کرنے کی فکریں پیدا ہونے لگتی ہیں اور جھوٹ نفاق وغیرہ بری عادات کی بنیاد اسی سے پڑتی ہے کہ مال کی کثرت کی وجہ سے ملاقاتی بھی کثیر ہوں گے اور ان کے تعلقات کی بقا اور حفاظت کے واسطے اس قسم کے امور کثرت سے پیدا ہوں گے اور تعلقات کی کثرت میں بغض، عداوت، حسد، کینہ وغیرہ امور طرفین میں کثرت سے پیدا ہوں گے اور ایسے بے انتہا عوارض آدمی کے ساتھ لگ جائیں جن سے مال کے ہوتے ہوئے خلاصی دشوار ہے اور غور کرنے سے یہ مضرتیں وسیع پیمانہ پر پہنچ جاتی ہیں اور ان سب کا پیدا ہونا مال ہی کے سبب ہوتا ہے، (ج) اور کم سے کم اس بات سے تو کوئی بھی مالدار خالی نہیں ہوسکتا کہ اس کا دل مال کی صلاح وفلاح کے خیال میں اللہ کے ذکر وفکر سے غافل رہے گا اور جو چیز اللہ جل شانہٗ سے غافل کردے اور خسارہ ہی خسارہ ہے۔ اسی واسطے حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ مال میں تین آفتیں ہیں۔ اول یہ کہ ناجائز طریقے سے کمایا جاتا ہے۔ کسی نے عرض کیا کہ اگر جائز طریقہ سے حاصل ہو تو آپ نے فرمایا کہ بے جگہ خرچ ہوتا ہے۔ کسی نے عرض کیا کہ اگر اپنے محل ہی پر خرچ کیا جائے تو آپ نے فرمایا کہ اس کی اصلاح کا فکر اللہ جل شانہٗ سے تو مشغول کر ہی دے گا اور یہ لاعلاج بیماری ہے کہ ساری عبادات کا لب لباب اور مغز اللہ جل شانہٗ کا ذکر وفکر ہے اور اس کے لئے فارغ دل کی ضرورت ہے۔ اور صاحب جائیداد شخص دن بھر رات بھر کاشتکاروں کے جھگڑوں کے سوچ میں رہتا ہے ان سے وصولی کے حساب کتاب میں رہتا ہے، شریکوں کے معاملات کی فکر میں رہتا ہے۔ کہیں ان کے حصوں کا جھگڑا کہیں ان سے پانی کی بانٹ پر جھگڑا کہیں ڈول بندیوں میں لڑائی ہے اور حکام اور ان کے اہلکاروں کا قصہ علیحدہ ہر وقت کا ہے نوکروں، مزدوروں کی خبر گیری اور ان کے کام کی نگرانی ایک مستقل مشغلہ ہے، اسی طرح تاجر کا حال ہے کہ اگر شرکت میں تجارت ہو تو شرکاء کی حرکتیں ہر وقت کی ایک مستقل مصیبت اور مستقل مشغلہ ہے اور تنہا تجارت ہو تو نفع کے بڑھنے کا فکر ہر وقت اپنی محنت میں کوتاہی کا خیال، تجارت میں نقصان کا فکر ایسے امور ہیں جو ہر وقت مسلط رہتے ہیں۔ مشاغل کے اعتبار سے سب سے کم وہ خزانہ ہے جو نقد کی صورت میں اپنے پاس ہو لیکن اس کی حفاظت اور اضاعت کا اندیشہ، چوروں کا فکر اور اس کے خرچ کرنے کے مصارف کا فکر اور جن لوگوں کی نگاہیں اس کی طرف لگی رہتی ہیں ان کا خیال ایسے تفکرات ہیں کہ جن کی کوئی انتہا نہیں ہے اور یہی سب وہ دنیوی مضرات ہیں جو مال کے ساتھ لگی رہتی ہیں اور

جس کے پاس بقدر ضرورت ہو وہ ان سب افکار سے فارغ۔

لنگلے زیور لنگلے بالا نے غم دزدو نے غم کالا

ایک لنگی نیچے ایک لنگی اوپر، نہ چور کا ڈر نہ پونجی کا (کہ اس کی کس طرح حفاظت کروں روزافزوں اخراجات کس طرح پورے کروں) پس مال کا تریاق اس میں سے بقدر ضرورت اپنے ذاتی مصارف میں خرچ کرنے کے بعد جو کچھ بچے اس کو خیر کے مصارف میں خرچ کر دینا ہے اس کے علاوہ جو کچھ ہے وہ زہر ہی زہر ہے آفت ہی آفت ہے اللہ جل شانہٗ اپنے لطف وکرم سے اس زہر سے اس ناکارہ کو بھی محفوظ رکھے اور نیک مصرف پر خرچ کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اس کی مثال بالکل سانپ کی سی ہے کہ جو لوگ اس کو پکڑنے کے ماہر ہیں اس کے طریقوں سے واقف ہیں ان کے لئے اس کو پکڑنے میں کوئی نقصان نہیں بلکہ وہ اس سے طریاق بنا سکتے ہیں اور دوسرے فوائد حاصل کر سکتے ہیں لیکن کوئی ناواقف ان ماہروں کی حرص کر کے سانپ کو پکڑے گا تو ہلاک ہوگا اس طرح متمول صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی حرص کر کے ہم لوگ اگر اس زہر کا استعمال کثرت سے کریں تو ہلاکت کے سوا کچھ نہیں ہے اور ان حضرات کرامؓ کے متعلق محض اعتقادی بات نہیں ان کی زندگی کا ایک ایک واقعہ اس کی کھلی شہادت دیتا ہے کہ ان کے یہاں اس کی وقعت ایندھن سے زیادہ نہ تھی ان کے لئے اس کا وجود حق تعالیٰ شانہٗ سے ذرا سی توجہ بھی ہٹانے والا نہ تھا اور اس کے باوجود اس سے ڈرتے رہتے تھے جیسا ان کی پوری تاریخ اس پر شاہد ہے۔

واللہ الموفق لما یحب ویرضیٰ

﴿ تیسری فصل ﴾

صلہ رحمی کے بیان میں

یہ فصل درحقیقت پہلی ہی فصلوں کا تتمہ ہے لیکن اللہ جل شانہ نے اپنے پاک کلام میں اور حضور اقدس ﷺ نے اپنے پاک ارشادات میں اس پر خصوصیت سے تاکیدیں فرمائی ہیں اور تعلقات کے توڑنے پر خصوصی وعیدیں فرمائی ہیں اس لئے اس مضمون کو اہتمام کی وجہ سے مستقل فصل میں ذکر کیا گیا ہے۔ حضور اقدس ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ اہل قرابت پر صدقہ کا ثواب دوگنا ہے ام المومنین حضرت میمونہؓ نے ایک باندی آزاد کی تو حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ اگر تم اسے اپنے ماموں کو دے دیتیں تو وہ افضل تھا۔ (کنز) لہذا اگر صدقات کے اندر کوئی دوسری دینی ضرورت اہم نہ ہو تو عام صدقہ سے اہل قرابت پر صدقہ کرنا افضل ہے لہذا اگر کوئی دینی ضرورت درپیش ہو تو اللہ کے راستہ میں خرچ کرنے کا ثواب

سات گنا تک ہوجاتا ہے قرآن پاک میں اور احادیث میں بہت کثرت سے صلہ رحمی کی ترغیبات اور قطع رحمی پر وعیدیں آئی ہیں مگر خوف ہے اس رسالہ کے بڑھ جانے کا اس لئے صرف تین آیات ترغیب کی اور تین وعید کی ذکر کر کے چند احادیث اس مضمون کی ذکر کرتا ہوں کہ ذرا بھی طویل ہوگیا تو ہم لوگوں کو پڑھنے کی بھی فرصت نہ ملے گی مگر یہ سارے مضامین اس قدر اہم ہیں کہ باوجود اختصار کے بھی یہ رسالہ بڑھتا ہی چلا جارہا ہے اور ایک حصہ کرنے کے بجائے دو حصے کرنے پڑ جائیں [1]

۱)...... اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِیْتَآءِ ذِی الْقُرْبٰی وَیَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ وَالْبَغْیِ یَعِظُکُمْ لَعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ۝ (نحل ع ۱۳)

ترجمہ)...... بیشک اللہ جل شانہ اعتدال کا اور احسان کا اور اہل قرابت کو دینے کا حکم فرماتے ہیں اور منع کرتے ہیں بے حیائی سے اور بری بات سے اور کسی پر ظلم کرنے سے اور تم کو ان امور کی نصیحت فرماتے ہیں تاکہ تم قبول کرلو۔

فائدہ: حق تعالیٰ شانہٗ نے قرآن پاک میں بہت سی جگہ اہل قرابت کی خیرخواہی، ان کو دینے کا حکم اور اس کی ترغیب فرمائی ہے چند آیات کی طرف یہاں اشارہ کیا جاتا ہے جس کا دل چاہے کسی مترجم قرآن شریف کو لے کر دیکھ لے۔

(۱) وَبِالْوَالِدَیْنِ اِحْسَانًا وَّذِی الْقُرْبٰی، (سورۂ بقرہ ع ۱۰) (۲) قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَیْرٍ فَلِلْوَالِدَیْنِ وَالْاَقْرَبِیْنَ (سورۂ بقرہ ع ۲۶) (۳) وَبِالْوَالِدَیْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِی الْقُرْبٰی الآیۃ (نساء ع ۱) (٤) وَبِالْوَالِدَیْنِ اِحْسَانًا (انعام ع ۱۹) (٥) وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُھُمْ اَوْلٰی بِبَعْضٍ فِیْ کِتَابِ اللّٰہِ ط (انفال ع ۱۰) (٦) لَا تَثْرِیْبَ عَلَیْکُمُ الْیَوْمَ ط یَغْفِرُ اللّٰہُ لَکُمْ (سورۂ یوسف ع ۱۰) (۷) وَالَّذِیْنَ یَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰہُ بِہٖٓ اَنْ یُّوْصَلَ (سورۂ رعد ع ۳) (۸) رَبَّنَا اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ (سورۂ ابرھیم ع ٦) (۹) وَبِالْوَالِدَیْنِ اِحْسَانًا ط (بنی اسرائیل ع ۳) (۱۰) وَاخْفِضْ لَھُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ (بنی اسرائیل ع ۳) (۱۱) وَاٰتِ ذَاالْقُرْبٰی حَقَّہٗ (بنی اسرائیل ع ۳) (۱۲) وَکَانَ تَقِیًّا۝ وَّبَرًّام بِوَالِدَیْہِ (مریم ع ۲) (۱۳) اِذْ قَالَ لِاَبِیْہِ یٰٓاَبَتِ (مریم ع ۳) (١٤) وَکَانَ یَاْمُرُ اَھْلَہٗ بِالصَّلٰوۃِ وَالزَّکٰوۃِ صـ (مریم ع ٤) (۱۵) وَاْمُرْ اَھْلَکَ بِالصَّلٰوۃِ (طٰہٰ ع ٦) (١٦) وَالَّذِیْنَ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا ھَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا (فرقان ع ٦) (۱۷) وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ط (احقاف ع ۲) (۱۸) رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ (نوح ع ۲)

[1] از طابع فضائل صدقات دو حصوں میں طبع ہو چکی ہے۔

یہ چند آیات نمونہ کے طور پر ذکر کی گئی ہیں کہ سب کے لکھنے میں اور ترجمہ کرنے میں طول کا ڈر تھا تین آیات کے علاوہ جو مفصل یہاں ذکر کی گئیں ان کے علاوہ اور بھی آیات ملیں گی جس چیز کو اللہ جل شانہ نے اپنے کلام میں بار بار ارشاد فرمایا ہو اس کی اہمیت کا کیا پوچھنا؟ حضرت کعب احبار رضی اللہ عنہ فرماتے ہے قسم ہے اس پاک ذات کی جس نے سمندر کو حضرت موسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام اور بنی اسرائیل کے لئے دو ٹکڑے کر دیا تھا۔ توراۃ میں لکھا ہے کہ اللہ سے ڈرتا رہ اور صلہ رحمی کرتا رہ میں تیری عمر بڑھا دوں گا، سہولت کی چیزوں میں تیرے لئے سہولت پیدا کر دوں گا، مشکلات کو دور کر دونگا حق تعالیٰ شانہٗ نے قرآن پاک میں کئی جگہ صلہ رحمی کا حکم کیا ہے چنانچہ ارشاد ہے۔ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ (نساء ع ۱) یعنی اللہ تعالیٰ شانہٗ سے ڈرتے رہو جس سے اپنی حاجت طلب کرتے ہو یعنی اور رشتوں سے ڈرتے رہو یعنی ان کو جوڑتے رہو توڑو نہیں۔ دوسری آیت میں ارشاد ہے (وَاٰتِ ذَاالْقُرْبٰى حَقَّهٗ (بنی اسرائیل ع ۳) یعنی رشتہ دار کا جو حق نیکی اور صلہ رحمی کا ہے وہ ادا کرتے رہو۔ تیسری جگہ ارشاد ہے۔ (اِنَّ اللّٰهَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ) یعنی اللہ جل شانہٗ توحید کا اور لا الٰہ الا اللّٰہ کی شہادت کا حکم فرماتے ہیں اور لوگوں کے ساتھ احسان کرنے کا اور ان سے درگزر کرنے کا حکم فرماتے ہیں اور رشتہ داروں کو دینے کا یعنی صلہ رحمی کا حکم فرماتے ہیں۔ تین چیزوں کا حکم فرمانے کے بعد تین چیزوں سے منع کیا ہے فحش سے یعنی گناہ سے اور منکر سے یعنی ایسی بات سے جس کی شریعت میں اور سنت میں اصل نہ ہو اور ظلم سے یعنی لوگوں پر تعلّی سے پھر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ان چیزوں کی تم کو نصیحت فرماتے ہیں تا کہ تم نصیحت قبول کرو۔ حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے مجھے بہت محبت تھی اور اسی کی شرم میں میں مسلمان ہوا تھا کہ حضور ﷺ مجھ سے مسلمان ہونے کو فرماتے تھے اس وجہ سے میں مسلمان ہو گیا لیکن اسلام میرے دِل میں نہ جما تھا ایک مرتبہ میں حضور ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا کچھ باتیں کر رہا تھا کہ مجھ سے باتیں کرتے کرتے حضور ﷺ کسی دوسری طرف ایسے متوجہ ہو گئے جیسے کسی اور سے باتیں کر رہے ہوں تھوڑی دیر میں پھر میری طرف متوجہ ہوئے اور ارشاد فرمایا کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام آئے تھے اور یہ آیت شریفہ اِنَّ اللّٰهَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ ...... الخ۔ آخر تک نازل ہوئی مجھے اس مضمون سے بہت مسرت ہوئی اور اسلام میرے دل میں جم گیا میں وہاں سے اُٹھ کر حضور ﷺ کے چچا ابو طالب کے پاس گیا (جو مسلمان نہ تھے) ان سے جا کر میں نے کہا کہ میں تمہارے بھتیجے کے پاس تھا ان پر اس وقت یہ آیت نازل ہوئی وہ کہنے لگے کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا اتباع کرو فلاح کو پہنچو گے خدا کی قسم وہ اپنی نبوت کے دعویٰ میں سچے ہوں یا جھوٹے لیکن تمھیں تو اچھی عادتوں کی ہی تعلیم اور کریمانہ اخلاق سکھاتے ہیں۔ [1] یہ

[1] تنبیہ الغافلین۔

ایسے شخص کی نصیحت ہے جو خود مسلمان بھی نہیں ہیں مگر وہ بھی اس کا اقرار کرتے ہیں کہ نبوت کا دعویٰ سچا ہو یا جھوٹا لیکن اسلام کی تعلیم بہترین تعلیم ہے وہ کریمانہ اخلاق سکھاتی ہے مگر افسوس کہ آج ہم مسلمانوں ہی کے اخلاق سب سے زیادہ گرے ہوئے ہیں۔

(۲)...... وَلَا يَأْتَلِ أُولُو الْفَضْلِ مِنكُمْ وَالسَّعَةِ أَن يُؤْتُوا أُولِي الْقُرْبَىٰ وَالْمَسَاكِينَ وَالْمُهَاجِرِينَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۖ وَلْيَعْفُوا وَلْيَصْفَحُوا ۗ أَلَا تُحِبُّونَ أَن يَغْفِرَ اللَّهُ لَكُمْ ۗ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ (نور۔ ع ۳)

فائدہ: یہ آیت اور اس کا ترجمہ پہلی فصل کی نمبر ۱۸ پر گزر چکا ہے مجھ اس کے اعادہ سے اس پر تنبیہ کرنا مقصود ہے کہ ہم لوگ اپنے ان اسلاف کے معمولات پر بھی غور کریں اور حق تعالیٰ شانہٗ کی اس ترغیب پر بھی کتنا سخت اور اہم واقعہ ہے کہ حضور ﷺ کی بیوی سارے مسلمانوں کی ماں ان پر اولاد کی طرف سے بے بنیاد تہمت لگائی جائے اور اس کو پھیلانے والے وہ قریبی رشتہ دار ہوں جن کا گزر اوقات بھی ان کے باپ ہی کی اعانت پر ہو اس پر باپ یعنی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو جس قدر بھی رنج اور صدمہ ہو وہ ظاہر ہے اس پر بھی اللہ جل شانہٗ کی طرف سے یہ ترغیب کہ معاف کریں اور درگزر کریں اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی طرف سے یہ عمل کہ جتنا پہلے خرچ کرتے تھے اس میں اضافہ فرمایا جیسا کہ پہلے گزر چکا کیا ہم بھی اپنے رشتہ داروں کے ساتھ ایسا معاملہ کر سکتے ہیں کہ کوئی ہم پر الزام رکھے ہمارے گھر والوں کو ایسی سخت چیز کے ساتھ متہم کرے اور پھر ہم قرآن پاک کی اس آیت شریف کو تلاوت کریں اور اس رشتہ دار کی قرابت پر نگاہ رکھتے ہوئے کسی قسم کی اعانت اس کی گوارا کر لیں؟ حاشا وکلا عمر بھر کی اسی سے نہیں اس کی اولاد سے بھی دشمنی بندھ جائے گی بلکہ جو دوسرے رشتہ دار اس سے تعلق رکھیں گے ان کا بھی بائیکاٹ کر دیں گے اور جس کسی تقریب میں وہ شریک ہوں گے مجال ہے کہ ہم اس میں شرکت کر لیں۔ کیوں فقط اس لئے کہ یہ لوگ ایسے شخص کی تقریب میں یا دعوت میں شریک ہو گئے جس نے ہمیں گالی دیدی ہماری آبرو گرادی ہماری بہو بیٹی پر تہمت لگادی چاہے یہ لوگ اس گالی دینے والے کے فعل سے کتنے ہی ناراض ہوں مگر اس کی تقریب میں شرکت کے جرم میں ان سے بھی ہمارا قطع تعلق ہے اللہ تعالیٰ کا پاک ارشاد ہے کہ ہم خود بھی اس کی اعانت سے ہاتھ نہ روکیں اور ہمارا عمل یہ ہے کہ کوئی دوسرا بھی اس کی دعوت کر دے تو ہم اس دوسرے سے بھی تعلقات منقطع کر دیں لیکن جن کے دل میں حقیقی ایمان ہے اللہ جل شانہٗ کی عظمت ان میں راسخ ہے اس کے پاک ارشاد کی ان کو وقعت ہے انہوں نے اس پر عمل کر کے دکھایا کہ اطاعت کرنا اس کو کہتے ہیں، مطیع ایسے ہوتے ہیں اللہ جل شانہٗ اپنے عالی شان کے موافق ان پر رحمتیں نازل فرمائے اور ان کی شان

کے موافق ان کے درجات بلند فرمائے آخر یہ بھی جذبات رکھتے تھے، غیرت حمیت رکھتے تھے ان کے سینوں میں دل اور اس میں جذبات بھی تھے لیکن اللہ جل شانہٗ کی رضا کے سامنے کیسا دل اور کہاں کے جذبات کیسی غیرت اور کہاں کی بدنامی اللہ کی رضا کے مقابلہ میں سب چیز فنا تھی۔

۳)...... وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ إِحْسَانًا ط حَمَلَتْهُ أُمُّهُ كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ كُرْهًا ط وَحَمْلُهُ وَفِصٰلُهُ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ط حَتّٰى إِذَا بَلَغَ أَشُدَّهُ وَبَلَغَ أَرْبَعِيْنَ سَنَةً قَالَ رَبِّ أَوْزِعْنِيْ أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْ أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ وَأَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ط إِنِّيْ تُبْتُ إِلَيْكَ وَإِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ○ أُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ أَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَنَتَجَاوَزُ عَنْ سَيِّاٰتِهِمْ فِيْٓ أَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ط وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ○ (سورۂ احقاف ع ۲)

ترجمہ)...... اور ہم نے انسان کو اپنے ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک کرنے کا حکم دیا (بالخصوص ماں کے ساتھ احسان کا اور بھی زیادہ کیونکہ) اس کی ماں نے بڑی مشقت سے اس کو جنا اور اس کو پیٹ میں رکھنے اور دودھ چھڑانے میں (اکثر کم سے کم) تیس مہینے ہو جاتے ہیں (کتنی طویل مشقت ہے) یہاں تک کہ وہ بچہ جوان ہوتا ہے (اور دانائی کے زمانہ) چالیس برس کو پہنچتا ہے تو (جو سعید ہوتا ہے وہ) کہتا ہے اے میرے پروردگار مجھے اس پر مداومت دیجئے کہ میں ان نعمتوں کا شکر ادا کروں جو آپ نے مجھ کو اور میرے والدین کو عطا فرمائیں اور (اس کی توفیق دیجئے کہ) میں ایسے نیک کام کیا کروں جن سے آپ راضی ہو جائیں اور میری اولاد میں بھی میرے (نفع کے) لئے صلاحیت پیدا فرما دیں میں (اپنے سارے گناہوں سے) توبہ کرتا ہوں اور میں آپ کے فرمانبرداروں میں سے ہوں (آگے حق تعالیٰ شانہٗ ان لوگوں کے متعلق فرماتے ہیں کہ) یہی لوگ ہیں جن کے نیک کاموں کو ہم قبول کرلیں گے اور ان کی برائیوں سے درگذر کریں گے اس طرح پر کہ یہ جنت والوں میں سے ہوں گے یہ اس وعدہ کی وجہ سے ہے جس کا ان سے دنیا میں وعدہ کیا جاتا تھا (کہ نیک اعمال کا صلہ جنت ہے)

فائدہ: حق تعالیٰ شانہٗ نے اہل قرابت اور والدین کے بارہ میں بار بار تاکید فرمائی جیسا کہ پہلی آیت شریفہ کے ذیل میں بھی گذر چکا۔ اس آیت شریفہ میں خاص طور سے والدین کے بارہ میں احسان کی خصوصی تاکید فرمائی کہ ہم نے والدین کے ساتھ بھلائی کا حکم دیا ہے یہ مضمون اسی عنوان سے کہ ہم نے والدین کے ساتھ بھلائی کا حکم دیا۔ تین جگہ قرآن پاک میں وارد ہے۔ پہلی جگہ سورۃ عنکبوت ع ۱ میں پھر سورۃ لقمان ع ۲ میں۔ تیسری مرتبہ یہاں جس سے بہت زیادہ تاکید معلوم ہوتی

ہے صاحب خازنؒ نے لکھا ہے کہ یہ آیت شریفہ حضرت ابوبکر صدیق ﷺ کی شان میں نازل ہوئی
کہ ابتداءً ان کی رفاقت حضور اقدس ﷺ کے ساتھ شام کے سفر میں ہوئی تھی جبکہ ان کی عمر ۱۸ سال
کی تھی اور حضور ﷺ کی عمر شریف ۲۰ سال کی تھی اس سفر میں راستہ میں ایک بیری کے درخت کے
پاس ان دونوں حضرات کا قیام ہوا حضرت ابوبکر ﷺ وہاں ایک راہب تھا اس سے ملنے تشریف لے
گئے اور حضور ﷺ درخت کے سایہ میں تشریف فرما رہے اس راہب نے حضرت ابوبکر ﷺ سے پوچھا
کہ یہ شخص جو درخت کے نیچے ہے کون ہے؟ آپ نے فرمایا محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب۔ راہب
نے کہا خدا کی قسم یہ نبی ہیں۔ حضرت عیسیٰ علے نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کے بعد سے اس درخت
کے نیچے کوئی نہیں بیٹھا۔ یہی نبی آخر الزماں ہیں جب حضور ﷺ کی عمر شریف چالیس سال کی ہوئی
اور آپکو نبوت ملی تو حضرت ابوبکر ﷺ مسلمان ہوئے اور دو برس بعد جب آپکی عمر شریف چالیس
سال کی ہوئی تو یہ دعا کی ''رَبِّ اَوْزِعْنِیْ'' کہ مجھے توفیق دیجئے کہ میں اس نعمت کا شکر ادا کروں جو
مجھ پر اور میرے والدین پر ہوئی۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ یہ فضیلت مہاجرین میں اور
کسی کو حاصل نہیں ہوئی کہ اس کے ماں باپ دونوں مسلمان ہوئے ہوں اور دوسری دعا اولاد کے
متعلق صلاحیت کی فرمائی جس کا ثمرہ یہ ہے کہ آپ کی اولاد بھی مسلمان ہوئی۔ [1] سب سے پہلی
آیت سورۃ عنکبوت والی اور بھی زیادہ سخت ہے کہ اسمیں ان والدین کے ساتھ بھلائی کا حکم ہے جو کافر
ہوں۔ اور جب کافر والدین کے ساتھ بھی حق تعالیٰ شانہٗ کی طرف سے اچھا برتاؤ اور بھلائی کرنے کا
حکم ہے تو مسلمان والدین کے ساتھ بھلائی اور احسان کی تاکید بطریق اولیٰ۔ حضرت سعد بن ابی
وقاص ﷺ فرماتے ہیں کہ جب میں مسلمان ہوا تو میری ماں نے یہ عہد کر لیا کہ میں نہ کھانا کھاؤں
گی، نہ پانی پیوں گی، جب تک کہ تو محمد ﷺ کے دین سے نہ پھرے گا اس نے کھانا پینا چھوڑ دیا حتیٰ
کہ زبردستی اس کے منہ میں ڈالا جاتا تھا اس پر یہ آیت شریفہ نازل ہوئی۔ [2] عبرت کا مقام ہے کہ
ایسی سخت حالت میں بھی اللہ پاک کا ارشاد ہے کہ ہم نے آدمی کو اپنے والدین کے ساتھ بھلائی کا حکم
دیا ہے۔ البتہ اگر وہ مشرک بنانے کی کوشش کریں تو اس میں اطاعت نہیں ہے۔ حضرت حسن
ﷺ سے کسی نے پوچھا کہ والدین کے ساتھ نیکی کرنے کی کیا مقدار ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ جو کچھ
تیری ملک میں ہے ان پر خرچ کرے اور جو وہ حکم کریں اس کی اطاعت کرے بجز اس کے کہ وہ کسی
گناہ کا حکم کریں کہ اس میں اطاعت نہیں ہے۔ یہ تھی اسلام کی تعلیم مسلمانوں کا عمل کہ مشرک
والدین اگر اولاد کو مشرک بنانے کی کوشش بھی کریں تب بھی ان کے ساتھ بھلائی کا حکم ہے البتہ شرک

[1] خازن [2] درمنثور۔

کرنے میں ان کی اطاعت اور فرمانبرداری نہیں اس لئے کہ یہ خالق کا حق ہے والدین کا حق خواہ کتنا ہی کیوں نہ ہو جائے، مالک کے حق کے مقابلہ میں کسی کا حق نہیں ہے۔ ’’**لا طاعة للمخلوق فی معصية الخالق**‘‘ خالق کی نافرمانی میں مخلوق کی کوئی اطاعت نہیں، لیکن ان کے اس حکم اور اولاد کو مشرک بنانے کی کوشش پر بھی ان کے ساتھ احسان کا، بھلائی کا حکم ہے۔ ایک اور حدیث میں سورہ لقمان والی آیت کے متعلق وارد ہوا ہے کہ یہ حضرت سعد ؓ کے واقعہ میں نازل ہوئی اس حدیث میں ہے حضرت سعد ؓ فرماتے ہیں کہ میں اپنی والدہ کے ساتھ بہت سلوک کیا کرتا تھا جب میں مسلمان ہو گیا تو میری والدہ نے کہا سعد یہ کیا کیا؟ یا تو اس دین کو چھوڑ دے ورنہ میں کھانا پینا چھوڑ دوں گی، یہاں تک کہ مر جاؤں گی ہمیشہ تیرے لئے یہ طعن کی چیز رہے گی، لوگ تجھے اپنی ماں کا قاتل کہیں گے میں نے اس سے کہا کہ ایسا نہ کر میں اپنا دین تو چھوڑ نہیں سکتا اس نے ایک دن بالکل نہ کھایا، نہ پیا، دوسرا دن بھی اسی حال میں گذر گیا تو میں نے اس سے کہا کہ اگر تمہاری سو جانیں ہوں اور ایک ایک کر کے سب ختم ہو جائیں تب بھی دین تو چھوڑ نہیں سکتا۔ جب اس نے یہ پختگی دیکھی تو کھانا پینا شروع کر دیا۔ ❶ اس آیت شریفہ میں والدین کے ساتھ نیک سلوک کا حکم ہے۔ فقیہ ابو اللیثؒ فرماتے ہیں کہ اگر حق تعالیٰ شانہٗ والدین کے حق کا حکم نہ بھی فرماتے تب بھی عقل سے یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ ان کا حق بہت ضروری اور اہم ہے چہ جائیکہ اللہ جل شانہٗ نے اپنی سب کتابوں توراۃ، انجیل، زبور، قرآن شریف میں ان کے حق کا حکم فرمایا۔ تمام انبیاء کرامؑ کو ان کے حق کے بارے میں وحی بھیجی، اور تاکید فرمائی اپنی رضا کو والدین کی رضا کے ساتھ وابستہ کیا اور ان کی ناراضی پر اپنی ناراضی مرتب فرمائی۔ ❷ یہ تین آیات حسن سلوک کے متعلق تھیں اس کے بعد صرف تین آیات بدسلوکی پر تنبیہ کے متعلق بھی ذکر کرتا ہوں۔

۱)...... وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝ (سورۂ بقرہ ع ۳)

ترجمہ)...... اور نہیں گمراہ کرتے اللہ تعالیٰ شانہٗ اس مثال سے جس کا پہلی آیت میں ذکر ہوا مگر ایسے فاسق لوگوں کو جو توڑتے رہتے ہیں اس معاہدہ کو جو اللہ تعالیٰ سے کر چکے تھے اس معاہدہ کی پختگی کے بعد اور قطع کرتے رہتے ہیں ان تعلقات کو جن کے وابستہ رکھنے کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا تھا اور فساد کرتے رہتے ہیں زمین میں یہی لوگ ہیں پورے خسارہ والے۔

---

❶ درمنثور ❷ تنبیہ الغافلین۔

فائدہ: جیسا کہ اللہ جل شانہ نے قرآن پاک میں کئی جگہ صلہ رحمی بالخصوص والدین کے حقوق کی رعایت کا حکم اور ترغیب فرمائی جیسا کہ اوپر گذرا اسی طرح سے بہت سی جگہ اپنے پاک کلام میں قطع رحمی بالخصوص والدین کے ساتھ بدسلوکی پر تنبیہ بھی فرمائی پہلے کی طرح سے ان میں سے بھی چند آیات کا حوالہ لکھتا ہوں دوستو غور کرو اللہ تعالیٰ کے پاک کلام میں جب بار بار اس پر تنبیہ ہے تو اس کو سوچو اور عبرت حاصل کرو اللہ کا پاک ارشاد ہے۔

وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ط (سورۂ نساء ع ۱) لَاتَقْتُلُوْآ اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ط (سورۂ انعام ع ۱۹)، وَلَا تَقْتُلُوْآ اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ط (سورۂ بنی اسرائیل ع ٤) وَالَّذِیْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ الآية (احقاف ع ۲) اَنْ تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْآ اَرْحَامَكُمْ (سورۂ محمد ع ۳)

حضرت محمد باقرؒ کو ان کے والد نے خاص طور سے اہتمام سے وصیت فرمائی ہے جو پہلی فصل کی احادیث کے سلسلہ میں نمبر ۲۳ پر بھی گذر چکی ہے وہ بہت تجربہ کی بات ہے وہ ارشاد فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد (حضرت امام زین العابدینؒ) نے وصیت فرمائی ہے کہ پانچ قسم کے آدمیوں کے پاس نہ پھٹکیو۔ ان سے بات نہ کیجیو، حتیٰ کہ راستہ چلتے ہوئے اتفاقاً بھی ان کے ساتھ نہ چلنا۔ اول فاسق شخص کہ وہ ایک لقمہ کے بدلہ میں تجھ کو بیچ دے گا، بلکہ ایک لقمہ سے کم میں بھی میں نے پوچھا کہ ایک لقمہ سے کم میں کس طرح بیچے گا؟ فرمانے لگے کہ محض لقمہ کی امید پر تجھ کو بیچ دے گا اور وہ لقمہ اس کو میسر بھی نہ ہوگا، دوسرے بخیل کہ وہ تیری سخت احتیاج کے وقت بھی تیرے سے کنارہ کش ہو جائے گا تیسرے جھوٹا شخص کہ وہ بالو (دھوکہ) کی طرح سے تجھے دھوکہ میں رکھے گا جو چیز دور ہوگی اس کو قریب بتائے گا جو قریب ہوگی اس کو دور ظاہر کریگا چوتھے بیوقوف کے پاس نہ لگنا کہ وہ تجھے نفع پہنچانے کا ارادہ کرے گا تب بھی اپنی حماقت سے نقصان پہنچادے گا۔ مثل مشہور ہے کہ دانا دشمن نادان دوست سے بہتر ہے۔ پانچویں قطع رحمی کرنے والے کے پاس نہ جائیو، کہ میں نے قرآن پاک میں تین جگہ اس پر اللہ کی لعنت پائی ہے۔ (روض)

۲)...... وَالَّذِیْنَ یَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْ م بَعْدِ مِیْثَاقِهٖ وَیَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ یُّوْصَلَ وَیُفْسِدُوْنَ فِی الْاَرْضِ ج اُولٰٓئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ○

(سورۂ رعد ع ۳)

ترجمہ)...... اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کے معاہدہ کو اس کی پختگی کے بعد توڑتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے جن

تعلقات کے جوڑنے کا حکم فرمایا ان کو توڑتے ہیں اور دنیا میں فساد کرتے ہیں یہی لوگ ہیں جن پر لعنت ہے اور ان کے لئے اس جہان میں خرابی ہے۔

فائدہ: حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا گیا کہ اس سے بہت احتراز کرو کہ عہد کر کے توڑ دو اللہ جل شانہ نے اس کو بہت ناپسند کیا ہے اور بیس ۲۰ آیتوں سے زائد میں اس پر وعید فرمائی ہے جو نصیحت کے طور پر اور خیر خواہی کے طور پر اور حجت قائم کرنے کیلئے وارد ہوئی ہیں مجھے معلوم نہیں کہ اللہ جل شانہ نے عہد کے توڑنے پر جتنی وعیدیں فرمائی ہیں، اس سے زائد کسی اور چیز پر فرمائی ہوں پس جو شخص اللہ تعالیٰ کے واسطے عہد کرلے، اس کو ضرور پورا کرے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ میں فرمایا کہ جو شخص امانت کو ادا نہ کرے اس کا ایمان ہی نہیں اور جو عہد کو پورا نہ کرے اس کا دین نہیں۔ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ اور حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ سے بھی یہ مضمون نقل کیا گیا ❶ حضرت میمون بن مہران رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ تین ۳ چیزیں ایسی ہیں کہ ان میں کافر مسلمان کی کوئی تفریق نہیں سب کا حکم برابر ہے۔ اول جس سے معاہدہ کیا جائے اس کو پورا کیا جائے چاہے وہ معاہدہ کافر سے کیا ہو یا مُسلمان سے اس لئے کہ عہد حقیقت میں اللہ تعالیٰ سے ہے دوسرے جس سے رشتہ کا تعلق ہو اسکی صلہ رحمی کی جائے چاہے وہ رشتہ دار مسلمان ہو یا کافر۔ تیسرے جو شخص امانت رکھوائے اس کی امانت واپس کی جائے، چاہے امانت رکھوانے والا مسلمان ہو یا کافر ہو ❷ قرآن پاک میں بہت سی آیات کے علاوہ ایک جگہ خاص طوف سے اسی کا حکم ہے۔ وَاَوۡفُوۡا بِالۡعَهۡدِ ۚ اِنَّ الۡعَهۡدَ كَانَ مَسۡـُٔوۡلًا (بنی اسرائیل) "عہد کو پورا کیا کو بیشک عہد کی بازپرس ہوگی۔" حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جن تعلقات کو جوڑنے کا حکم فرمایا اس سے رشتہ داریاں قریب کی اور دور کی مراد ہیں ❸

دوسری چیز تعلقات کے توڑنے کے متعلق ارشاد فرمائی ہے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ جو شخص قرابت کے تعلقات کو توڑنے والا ہو اس سے میل جول پیدا نہ کیجیو، کہ میں نے قرآن پاک میں دو جگہ ان لوگوں پر لعنت پائی ہے، ایک اس آیت شریفہ میں دوسری سورۂ محمد میں ❹ سورۂ محمد کی آیت شریفہ کا حوالہ قریب گذر چکا ہے جس میں قطع رحمی کے بعد ارشاد فرمایا ہے یہی ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے لعنت کی ہے پھر (ان کو اللہ تعالیٰ نے اپنے احکام سننے سے) بہرا کر دیا اور (راہِ حق دیکھنے سے اندھا کر دیا۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے دو جگہ لعنت کا لفظ فرمایا اور حضرت زین العابدینؒ نے جیسا کہ ابھی گذرا تین جگہ فرمایا اس کی وجہ شاید یہ ہو کہ دو جگہ تو لعنت ہی کا لفظ ہے سورۂ رعد میں اور سورۂ محمد میں اور تیسری جگہ ان کو گمراہ اور خسارہ والا فرمایا ہے جو لعنت ہی کے قریب ہے جیسا کہ اس سے پہلے نمبر پر سورۂ بقرہ کی آیت میں ابھی گذرا ہے۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا پاک ارشاد نقل

❶ درمنثور ❷ تنبیہ الغافلین ❸، ❹ دُر۔

کرتے ہیں کہ جس وقت کہ قول ظاہر ہو جائے اور عمل خزانہ میں چلا جائے یعنی تقریریں تو بہت ہونے لگیں مضامین بہت کثرت سے لکھے جائیں لیکن عمل ندارد ہو جائے گویا مقفل رکھا ہوا ہے اور زبانی اتفاق تو آپس میں ہو جائے لیکن قلوب مختلف ہوں اور رشتہ دار آپس کے تعلقات توڑنے لگیں تو اس وقت میں اللہ جل شانہ ان کو اپنی رحمت سے دور کر دیتے ہیں اور اندھا، بہرا کر دیتے ہیں۔ حضرت حسن ﷺ سے بھی حضور اقدس ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا گیا کہ جب لوگ علوم کو ظاہر کریں اور عمل کو ضائع کر دیں اور زبانوں سے محبت ظاہر کریں اور دلوں میں بغض رکھیں، اور قطع رحمی کرنے لگیں تو اللہ جل شانہٗ اس وقت ان کو اپنی رحمت سے دور کر دیتے ہیں اور اندھا بہرا کر دیتے ہیں۔ ❶ کہ پھر نہ سیدھا راستہ ان کو نظر آتا ہے، نہ حق بات ان کے کانوں میں پہنچتی ہے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ جنت کی خوشبو اتنی دور تک جاتی ہے کہ وہ راستہ پانچ سو برس میں طے ہو، والدین کی نافرمانی کرنے والا اور قطع رحمی کرنے والا جنت کی خوشبو بھی نہیں سونگھ سکے گا۔ ❷ حضرت عبداللہ بن ابی اوفی ﷺ فرماتے ہیں کہ ہم عرفہ کی شام کو حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں حلقہ کے طور پر چاروں طرف بیٹھے تھے حضور ﷺ نے فرمایا کہ مجمع میں کوئی شخص قطع رحمی کرنیوالا ہو تو وہ اٹھ جائے ہمارے پاس نہ بیٹھے۔ سارے مجمع میں صرف ایک صاحب اٹھے جو دور بیٹھے ہوئے تھے اور پھر تھوڑی دیر میں واپس آ کر بیٹھ گئے۔ حضور ﷺ نے ان سے دریافت فرمایا کہ میرے کہنے پر مجمع میں سے صرف تم اٹھے تھے، اور پھر آ کر بیٹھ گئے، یہ کیا بات ہے؟ انہوں نے عرض کیا کہ حضور ﷺ کا ارشاد سن کر میں اپنی خالہ کے پاس گیا تھا اس نے مجھ سے قطع تعلق کر رکھا تھا میرے جانے پر اس نے کہا کہ تو خلاف عادت کیسے آ گیا؟ میں نے اس سے آپ کا ارشاد مبارک سنایا۔ اس نے میرے لئے دعائے مغفرت کی، میں نے اس کے لئے دعائے مغفرت کی (اور آپس میں صلح کر کے واپس حاضر ہو گیا) حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا تم نے بہت اچھا کیا بیٹھ جاؤ اس قوم پر اللہ تعالیٰ کی رحمت نازل نہیں ہوتی جس میں کوئی قطع رحمی کرنیوالا ہو۔ فقیہ ابواللیثؒ نے اس کو نقل کیا ہے لیکن صاحب کنزؒ نے اس کے ایک راوی کے متعلق ابن معین سے کذب کی نسبت نقل کی ہے۔ ❸ فقیہ ابواللیثؒ فرماتے ہیں اس قصہ سے معلوم ہوا کہ قطع رحمی اتنا سخت گناہ ہے کہ اس کی وجہ سے اس کے پاس بیٹھنے والے بھی اللہ تعالیٰ کی رحمت سے محروم ہو جاتے ہیں اس لئے ضروری ہے کہ جو شخص اس میں مبتلا ہو، وہ اس سے توبہ کرے اور صلہ رحمی کا اہتمام کرے۔ حضور ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ کوئی نیکی جس کا ثواب بہت جلد ملتا ہو صلہ رحمی سے بڑھ کر نہیں ہے۔ اور کوئی گناہ جس کا وبال دنیا میں اس کے علاوہ ملے، جو آخرت میں ملے گا قطع رحمی اور ظلم سے بڑھ کر نہیں ہے۔ ❹ متعدد روایات میں یہ مضمون وارد ہوا ہے، کہ قطع رحمی کا وبال آخرت کے علاوہ دنیا میں بھی پہنچتا ہے اور

---

❶ درمنثور ❷ احیاء ❸ کنز ❹ تنبیہ الغافلین۔

آخرت میں برے ٹھکانے کا تو خود اس آیت شریفہ ہی میں ذکر ہے۔ فقیہ ابواللیثؒ نے ایک عجیب قصہ لکھا ہے وہ فرماتے ہیں کہ مکہ مکرمہ میں ایک نیک شخص امانت دار خراسان کے رہنے والے تھے لوگ ان کے پاس اپنی امانتیں رکھوایا کرتے تھے۔ ایک شخص ان کے پاس دس ہزار اشرفیاں امانت رکھوا کر اپنی کسی ضرورت سے سفر میں چلا گیا جب وہ سفر سے واپس آیا تو ان خراسانی کا انتقال ہو چکا تھا ان کے اہل وعیال سے اپنی امانت کا حال پوچھا، انہوں نے لاعلمی ظاہر کی ان کو بڑی فکر ہوئی، کہ بہت بڑی رقم تھی علمائے مکہ مکرمہ سے کہ اتفاق سے اسوقت ایک مجمع ان کا موجود تھا مسئلہ پوچھا کہ مجھے کیا کرنا چاہیے انہوں نے کہا کہ وہ آدمی تو بڑا نیک تھا ہمارے خیال میں جنتی آدمی تھا تو ایک ترکیب کر جب آدھی یا تہائی رات گذر جائے تو زمزم کے کنویں پر جا کر اس کا نام لے کر، پکار کے اس سے دریافت کر اس نے تین دن تک ایسا ہی کیا وہاں سے کوئی جواب نہ ملا، اس نے پھر جا کر ان علماء سے تذکرہ کیا انہوں نے اِنَّا لِلّٰہِ پڑھا اور کہا کہ ہمیں تو یہ ڈر ہو گیا کہ وہ شاید جنتی نہ ہو، تو فلاں جگہ جا وہاں ایک وادی ہے جس کا نام برہوت ہے اس میں ایک کنواں ہے اس کنویں پر آواز دے، اس نے ایسا ہی کیا، وہاں سے پہلی ہی آواز میں جواب ملا کہ تیرا مال ویسا ہی محفوظ رکھا ہے مجھے اپنی اولاد پر اطمینان نہ ہوا اس لئے میں نے فلاں جگہ مکان کے اندر اس کو گاڑ دیا ہے، میرے لڑکے سے کہہ کہ تجھے اس جگہ پہنچا دے وہاں سے زمین کھود کر اس کو نکال لے، چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا اور مال مل گیا۔ اس شخص نے وہاں بہت تعجب سے اس سے یہ بھی دریافت کیا کہ تو تو بہت نیک آدمی تھا تو یہاں کیوں پہنچ گیا؟ کنویں سے آواز آئی کہ خراسان میں میرے کچھ رشتہ دار تھے جن سے میں نے قطع تعلق کر رکھا تھا اسی حال میں میری موت آ گئی اس کی گرفت میں میں یہاں پکڑا ہوا ہوں۔ ❶

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے نقل کیا گیا کہ سب سے بہترین وادی تمام وادیوں میں مکہ مکرمہ کی وادی ہے اور ہندوستان کی وہ وادی جہاں حضرت آدم علیہ السلام جنت سے اترے تھے اسی جگہ ان خوشبوؤں کی کثرت ہے جن کو لوگ استعمال کرتے ہیں اور بدترین وادی احقاف ہے اور وادی حضر موت جس کو برہوت کہتے ہیں۔ اور سب سے بہترین کنواں دنیا میں زمزم کا ہے اور بدترین کنواں برہوت کا ہے، جس میں کفار کی روحیں جمع ہوتی ہیں۔ ❷ ان روحوں کا کسی وقت ان مواقع میں ہونا شرعی حجت نہیں ہے کشفی امور سے تعلق رکھتا ہے جو حق تعالیٰ شانہٗ جس پر چاہے کسی وقت منکشف فرما دیتے ہیں لیکن کشف شرعی حجت نہیں ہے۔

۳)...... اِمَّا یَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّ لَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِیْمًا ○ وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ

❶ تنبیہ الغافلین ❷ درمنثور۔

وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ۝ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا فِيْ نُفُوْسِكُمْ ط اِنْ تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ فَاِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا ۝ (بنی اسرائیل ع ۳)

ترجمہ)......اگر وہ (یعنی ماں باپ) تیرے سامنے (یعنی تیری زندگی میں) بڑھاپے کو پہنچ جائیں چاہے ایک ان میں سے پہنچے یا دونوں اور بڑھاپے کی بعض باتیں جوانوں کو گراں ہونے لگتی ہیں اور اس وجہ سے ان کی کوئی بات تجھے گراں ہونے لگے) تب بھی ان سے کبھی "ہوں بھی" مت کرنا اور ان کے سامنے شفقت سے انکساری کے ساتھ جھکے رہنا اور یوں دعا کرتے رہنا کہ اے ہمارے پروردگار تو ان پر رحمت کر جیسا کہ انہوں نے بچپن میں مجھے پالا ہے (اور صرف ظاہر داری ہی نہیں بلکہ دل سے ان کا احترام کرنا تمہارا رب تمہارے دل کی بات کو خوب جانتا ہے اگر تم سعادت مند ہو (اور غلطی سے کوئی بات خلاف ادب سرزد ہو جائے اور تم توبہ کر لو) تو وہ توبہ کرنے والوں کی خطائیں بڑی کثرت سے معاف کرنے والا ہے۔

فائدہ: حضرت مجاہد سے اس کی تفسیر میں نقل کیا گیا کہ اگر وہ بوڑھے ہو جائیں اور تمہیں ان کا پیشاب پاخانہ دھونا پڑ جائے تو کبھی اف بھی نہ کرو جیسا کہ وہ بچپن میں تمہارا پیشاب پاخانہ دھوتے رہے ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر بے ادبی میں اف کہنے سے کوئی ادنیٰ درجہ ہوتا تو اللہ جل شانہٗ اس کو بھی حرام فرما دیتے۔ حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے کسی نے پوچھا کہ نافرمانی کی مقدار کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ اپنے مال سے ان کو محروم رکھے اور ملنا چھوڑ دے اور ان کی طرف تیز نگاہ سے دیکھے حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے کسی نے پوچھا کہ ان سے قول کریم کا کیا مطلب ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ ان کو اماں ابا کر کے خطاب کرے۔ ان کا نام نہ لے۔ حضرت زبیر بن محمد رضی اللہ عنہ سے اس کی تفسیر میں نقل کیا گیا کہ جب وہ پکاریں تو حاضر ہوں، حاضر ہوں سے جواب دے۔ حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا گیا کہ نرمی سے بات کرے۔ حضرت سعید بن المسیب رضی اللہ عنہ سے کسی نے عرض کیا کہ قرآن پاک میں حسن سلوک کا حکم تو بہت جگہ ہے اور میں اس کو سمجھ گیا لیکن قول کریم کا مطلب سمجھ میں نہیں آیا تو انہوں نے فرمایا جیسا کہ بہت سخت مجرم غلام سخت مزاج آقا سے بات کرتا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوئے ان کے ساتھ ایک بڑے میاں بھی تھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے پوچھا کہ یہ کون ہیں؟ انہوں نے عرض کیا کہ یہ میرے والد ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان سے آگے نہ چلنا ان سے پہلے نہ بیٹھنا ان کا نام لے کر نہ پکارنا اور ان کو برا نہ کہنا۔ حضرت عروہ رضی اللہ عنہ سے کسی نے پوچھا کہ قرآن پاک میں ان کے سامنے جھکنے کا حکم فرمایا ہے اس کا کیا مطلب ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ اگر وہ کوئی بات تیری ناگواری کی کہیں تو ترچھی نگاہ سے ان کو مت دیکھ کہ آدمی کی ناگواری اول اس کی آنکھ سے ہی پہچانی جاتی ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے

نقل کرتی ہیں کہ جس نے اپنے باپ کی طرف تیز نگاہ کر کے دیکھا وہ فرمانبردار نہیں ہے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود ﷺ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے دریافت کیا کہ اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ عمل کیا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا کہ نماز کا اپنے وقت پر پڑھنا میں نے عرض کیا کہ اس کے بعد کون سا عمل ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا والدین کے ساتھ اچھا سلوک کرنا میں نے عرض کیا اس کے بعد حضور ﷺ نے فرمایا جہاد۔ ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد وارد ہے کہ اللہ کی رضا والد کی رضا میں ہے اور اللہ کی ناراضی والد کی ناراضی میں ہے۔ ❶

صاحب مظاہرؒ نے لکھا ہے کہ ماں باپ کے حقوق میں ہے کہ ایسی تواضع اور تملق کرے اور ادائے خدمت کرے کہ وہ راضی ہو جائیں جائز کاموں میں ان کی اطاعت کرے بے ادبی نہ کرے تکبر سے پیش نہ آئے اگرچہ وہ کافر ہی ہوں اپنی آواز کو ان کی آواز سے بلند نہ کرے ان کو نام لے کر نہ پکارے کسی کام میں ان سے پہل نہ کرے، امر بالمعروف نہی عن المنکر میں نرمی کرے ایک بار کہے اگر وہ قبول نہ کریں تو خود سلوک کرتا رہے اور ان کے لئے دعا واستغفار کرتا رہے اور یہ بات قرآن پاک سے نکالی ہے یعنی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اپنے باپ کو نصیحت کرنے سے۔ ❷ یعنی حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ایک مرتبہ نصیحت کرنے کے بعد کہہ دیا تھا کہ اچھا اب میں اللہ سے تمہارے لئے دعا کرتا ہوں جیسا کہ سورہ کہف کے تیسرے رکوع میں آیا ہے حتیٰ کہ بعض علماء نے لکھا ہے کہ ان کی اطاعت حرام میں تو ناجائز ہے لیکن مشتبہ امور میں واجب ہے اس لئے کہ مشتبہ امور سے احتیاط تقویٰ اور ان کی رضا جوئی واجب ہے پس اگر ان کا مال مشتبہ ہو اور وہ تیرے علیحدہ کھانے سے مکدر ہوں تو ان کے ساتھ کھانا چاہیے۔ حضرت ابن عباس ﷺ فرماتے ہیں کوئی مسلمان ایسا نہیں جس کے والدین حیات ہوں اور وہ ان کے ساتھ اچھا سلوک کرتا ہو اس کے لئے جنت کے دو دروازے نہ کھل جاتے ہوں اور اگر ان کو ناراض کر دے تو اللہ جل شانہٗ اس وقت تک راضی نہیں ہوتے جب تک ان کو راضی نہ کرے کسی نے عرض کیا کہ اگر وہ ظلم کرتے ہوں ابن عباس ﷺ نے فرمایا اگرچہ وہ ظلم کرتے ہوں۔ حضرت طلحہ ﷺ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوئے اور جہاد میں شرکت کی درخوست کی حضور ﷺ نے فرمایا تمہاری والدہ زندہ ہیں انہوں نے عرض کیا زندہ ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ ان کی خدمت کو مضبوط پکڑ لو جنت ان کے پاؤں کے نیچے ہے پھر دوبارہ اور سہ بارہ حضور ﷺ نے یہی ارشاد فرمایا۔ حضرت انس ﷺ فرماتے ہیں کہ ایک شخص حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ)! میرا جہاد کو بہت دل چاہتا ہے۔ لیکن مجھ میں قدرت نہیں حضور ﷺ نے فرمایا تمہارے والدین میں سے کوئی زندہ ہے انہوں نے عرض کیا والدہ زندہ ہیں

---

❶ درمنثور ❷ مظاہر بتغیر۔

حضور ﷺ نے فرمایا کہ ان کے بارہ میں اللہ سے ڈرتے رہو یعنی ان کے حقوق کی ادائیگی میں فتویٰ سے آگے بڑھ کر تقویٰ پر عمل کرتے رہو) جب تم ایسا کرو گے تو تم حج کرنے والے بھی ہو عمرہ کرنے والے بھی ہو جہاد کرنیوالے بھی ہو یعنی جتنا ثواب ان چیزوں میں ملتا اتنا ہی تمہیں ملے گا۔ حضرت محمد بن المنکدر رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ میرا بھائی عمر تو نماز پڑھنے میں رات گذارتا تھا اور میں والدہ کے پاؤں دبانے میں رات گذارتا تھا مجھ اس کی کبھی تمنا نہ ہوئی کہ ان کی رات (کا ثواب) میری رات کے بدلہ میں مجھے مل جائے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہتی ہیں میں نے حضور اقدس ﷺ سے دریافت کیا کہ عورت پر سب سے زیادہ حق کس کا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا کہ خاوند کا میں نے پھر پوچھا کہ مرد پر سب سے زیادہ حق کس کا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا ماں کا۔ ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ تم لوگوں کی عورتوں کے ساتھ عفیف رہو تمہاری عورتیں بھی عفیف رہیں گی تم اپنے والدین کے ساتھ نیکی کا برتاؤ کرو تمہاری اولاد تمہارے ساتھ نیکی کا برتاؤ کرے گی۔ (۱) حضرت طاؤس رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ ایک شخص کے چار بیٹے تھے وہ بیمار ہوا ان بیٹوں میں سے ایک نے اپنے تین بھائیوں سے کہا کہ اگر تم باپ کی تیمارداری اس شرط پر کرو کہ تم کو باپ کی میراث میں سے کچھ نہ ملے گا تو تم کرو ورنہ میں اس شرط پر تیمارداری کرتا ہوں کہ میراث میں سے کچھ نہ لونگا۔ وہ اس پر راضی ہو گئے کہ تو ہی اس شرط پر تیمارداری کر ہم نہیں کرتے اس نے خوب خدمت کی لیکن باپ کا انتقال ہی ہو گیا اور شرط کے موافق اس نے کچھ نہ لیا رات کو خواب میں دیکھا کوئی شخص کہتا ہے فلاں جگہ سو دینار اشرفیاں گڑی ہوئی ہیں وہ تو لے لے اس نے خواب میں ہی دریافت کیا کہ ان میں برکت بھی ہوگی اس نے کہا کہ برکت ان میں نہیں ہے صبح کو بیوی سے خواب کا ذکر کیا اس نے ان کے نکالنے پر اصرار کیا اس نے نہ مانا دوسرے دن پھر خواب دیکھا جس میں کسی نے دوسری جگہ دس دینار بتائے اس نے پھر وہی برکت کا سوال کیا اس نے کہا کہ برکت ان میں نہیں ہے اس نے صبح کو بیوی سے اس کا بھی ذکر کیا اس نے پھر اصرار کیا مگر اس نے نہ مانا تیسرے دن اس نے پھر خواب دیکھا کوئی شخص کہتا ہے فلاں جگہ جا وہاں تجھے ایک دینار (اشرفی) ملے گا وہ لے لے۔ اس نے پھر وہی برکت کا سوال کیا اس شخص نے کہا ہاں اس میں برکت ہے یہ جا کر وہ دینار لے آیا اور بازار میں جا کر اس سے دو مچھلیاں خریدیں جن میں سے ہر ایک کے اندر سے ایک ایسا موتی نکلا جس قسم کا عمر بھر کسی نے نہیں دیکھا تھا بادشاہ وقت نے ان دونوں کو بہت اصرار سے نوے خچروں کے بوجھ کے بقدر سونے سے خریدا۔

احادیث

۱)..... عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رجل یارسول اللہ من احق بحسن

(۱) درمنثور۔

صحابتی قال امك قال ثم من قال امك قال ثم من قال امك قال ثم من قال ابوك وفی روایة قال امك ثم امك ثم امك ثم اباك ثم ادناك فادنك
(متفق علیه كذافی المشكوٰة)

۱)......حضور اقدس ﷺ سے کسی نے دریافت کیا کہ میرے بہترین تعلقات (احسان سلوک) کا سب سے زیادہ مستحق کون ہے؟ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا ماں پھر دوبارہ سہ بارہ ماں کو ہی بتایا پھر فرمایا کہ باپ پھر دوسرے رشتہ دار الاقرب فالاقرب (جو جتنا قریب ہو اتنا ہی مقدم ہے)۔

فائدہ: اس حدیث شریف سے بعض علماء نے استنباط کیا ہے کہ حسن سلوک اور احسان میں ماں کا حق تین حصے ہے اور باپ کا ایک حصہ اس لئے کہ حضور ﷺ نے تین مرتبہ ماں کو بتا کر چوتھی مرتبہ باپ کو بتایا اس کی وجہ علماء یہ بتاتے ہیں کہ اولاد کے لئے ماں تین مشقتیں برداشت کرتی ہے۔ حمل کی، جننے کی، دودھ پلانے کی اسی وجہ سے فقہاء نے اس کی تصریح کی ہے کہ احسان اور سلوک میں ماں کا حق باپ پر مقدم ہے اگر کوئی شخص ایسا ہو کہ وہ اپنی ناداری کی وجہ سے دونوں کے ساتھ سلوک نہیں کر سکتا تو ماں کے ساتھ سلوک کرنا مقدم ہے البتہ اعزاز اور ادب تعظیم میں باپ کا حق ماں پر مقدم ہے۔ ❶ اور یہ بھی ظاہر ہے کہ عورت ہونے کی وجہ سے ماں احسان کی زیادہ محتاج ہوتی ہے اور ان دونوں کے بعد دوسرے رشتہ دار ہیں جس کی قرابت جتنی قریب ہوگی اتنا ہی مقدم ہوگا۔ ایک حدیث میں ہے کہ اپنی ماں کے ساتھ حسن سلوک کی ابتداء کرو اس کے بعد باپ کے ساتھ پھر بہن کے ساتھ پھر بھائی کے ساتھ الاقرب فالاقرب اور اپنے پڑوسیوں اور حاجت مندوں کو نہ بھولنا۔ ❷ حضرت بہز بن حکیم اپنے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے حضور ﷺ سے نقل کیا کہ حضور ﷺ میں سلوک و احسان کس کے ساتھ کروں؟ حضور ﷺ نے فرمایا اپنی ماں کے ساتھ انہوں نے پھر یہی دریافت فرمایا حضور ﷺ نے پھر یہی جواب دیا اسی طرح تیسری مرتبہ بھی چوتھی مرتبہ میں حضور ﷺ نے فرمایا باپ کے ساتھ اس کے بعد پھر دوسرے رشتہ دار جو جتنا قریب ہو اتنا ہی مقدم ہے۔ ایک حدیث میں ہے کہ ایک شخص حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ مجھے کوئی حکم دیں تا کہ تعمیل ارشاد کروں۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اپنی ماں کے ساتھ احسان کرو دوسری اور تیسری مرتبہ کے بعد حضور ﷺ نے فرمایا کہ باپ کے ساتھ احسان کرو۔ ❸ ایک حدیث میں ہے کہ تین چیزیں ایسی ہیں جس میں یہ پائی جائیں حق تعالیٰ شانہٗ مرنے کے وقت کو اس پر آسان کر دیتے ہیں اور جنت میں اس کو داخل کر دیتے ہیں ضعیف پر مہربانی، والدین پر شفقت اور ماتحتوں پر احسان۔ ❹

۲)......عن انس ﷛ قال قال رسول الله ﷺ من احب ان یبسط له فی رزقه وینساله فی اثره فلیصل رحمه (متفق علیه كذافی المشكوٰة)

❶ مظاہر حق ❷ کنز ❸ درمنثور ❹ مشکوٰۃ۔

۲)..... حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کے رزق میں وسعت کی جائے اور اس کے نشانات قدم میں تاخیر کی جائے اس کو چاہیے کہ صلہ رحمی کرے۔

فائدہ: نشانات قدم میں تاخیر کیے جانے سے عمر کی درازی مراد لی جاتی ہے اس لئے کہ جس شخص کی جتنی عمر زیادہ ہوگی اتنے ہی زمانہ تک اس کے چلنے سے نشانات قدم زمین پر پڑیں گے اور جو مر گیا اس کے پاؤں کا نشان زمین سے مٹ گیا اس پر یہ اشکال کیا جاتا ہے کہ عمر ہر شخص کی متعین ہے قرآن پاک میں کئی جگہ یہ مضمون صراحت سے مذکور ہے کہ ہر شخص کا ایک مقررہ وقت ہے۔ جس میں ایک ساعت کہ نہ تو تقدیم ہو سکتی ہے نہ تاخیر ہو سکتی ہے اس وجہ سے درازی عمر کو بعض علماء نے وسعت رزق کی طرح سے برکت پر محمول فرمایا ہے کہ اس کے اوقات میں اس قدر برکت ہوتی ہے کہ جو کام دوسرے لوگ دنوں میں کرتے ہیں وہ گھنٹوں میں کر لیتا ہے اور جس کام کو دوسرے لوگ مہینوں میں کرتے ہیں وہ دنوں میں کر گذرتا ہے اور بعض علماء نے درازی عمر سے اس کا ذکر خیر مراد لیا ہے کہ بہت دنوں تک اس کے کارناموں کے نشانات اور ذکر خیر اس کا جاری رہتا ہے۔ بعض علماء نے لکھا ہے کہ اس کی اولاد میں زیادتی ہوتی ہے۔ جس کا سلسلہ اس کے مرنے کے بعد دیر تک رہتا ہے اور یہی وجوہ اس کی ہو سکتی ہیں جب نبی کریم ﷺ نے جن کا قول سچا ہے ارشاد برحق ہے اس کی اطلاع دی ہے تو صورت اس کی جو بھی ہو اس کا حاصل ہونا یقینی ہے اور اللہ جل شانہٗ کی پاک ذات قادر مطلق اور مسبب الاسباب ہے اس کو اسباب پیدا کرنا کیا مشکل ہے وہ ہر چیز کا جس کو وہ کرنا چاہیے ایسا سبب پیدا کر دیتا ہے کہ عقلاء کی عقلیں دنگ رہ جاتی ہیں۔ اس لئے اس میں نہ کوئی اشکال ہے، نہ کوئی مانع ہے۔ [1] مقدرات کا مسئلہ اپنی جگہ پر اٹل ہے لیکن اس دنیا کو اللہ جل شانہٗ نے دار الاسباب بنایا ہے اور ہر چیز کے لئے ظاہری یا باطنی سبب پیدا کیا ہے، اگر ہیضہ کے بیمار کے لئے حکیم ڈاکٹر وغیرہ کے لئے ایک ایک منٹ میں آدمی دوڑ سکتا ہے کہ شاید اس دوا سے فائدہ ہو، اس دوا سے فائدہ ہو، کیوں؟ تا کہ عمر باقی رہے حالانکہ وہ ایک مقررہ متعینہ چیز ہے پھر کوئی وجہ نہیں کہ بقاء عمر کے لئے اس سے زیادہ جدوجہد صلہ رحمی میں نہ کی جائے اس لئے کہ اس کا بقاء، اور طول عمر کے لئے سبب ہونا یقینی ہے اور ایسے حکیم کا ارشاد ہے جس کے نسخہ میں نہ کبھی غلطی ہوئی ہو اور ان معمولی حکیم ڈاکٹروں کے نسخوں اور تشخیص میں غلطیوں کے سینکڑوں احتمالات ہیں۔ حضور اقدس ﷺ کا یہ پاک ارشاد جو اوپر گذرا مختلف احادیث میں مختلف عنوانات سے وارد ہوا ہے اس لئے اس میں تردد نہیں۔

ایک حدیث میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے نقل کیا گیا کہ جو شخص ایک بات کا ذمہ لے لے میں اس کے لئے چار باتوں کا ذمہ لیتا ہوں۔ جو شخص صلہ رحمی کرے اس کی عمر دراز ہوتی ہے اعزہ اس سے

[1] مظاہر بتغیر۔

محبت کرتے ہیں رزق میں اس کے وسعت ہوتی ہے اور جنت میں داخل ہوتا ہے۔ ❶ حضور اقدس ﷺ نے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ تین باتیں بالکل حق اور پکی ہیں (۱) جس شخص پر ظلم کیا جائے اور وہ چشم پوشی کرلے اس کی عزت بڑھتی ہے۔ جو شخص مال کی زیادتی کے لئے سوال کرے اس کے مال میں کمی ہوتی ہے (۲) جو شخص عطا اور صلہ رحمی کا دروازہ کھول دے اس کے مال میں کثرت ہوتی ہے۔ ❷

فقیہ ابو اللیثؒ فرماتے ہیں کہ صلہ رحمی میں دس چیزیں قابل مدح ہیں اول یہ کہ اس میں اللہ جل شانہٗ عم نوالہ کی رضا و خوشنودی ہے کہ اللہ پاک کا حکم صلہ رحمی کا ہے۔ دوسرے رشتہ داروں پر مسرت پیدا کرنا ہے اور حضور ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ افضل ترین عمل مومن کو خوش کرنا ہے تیسرے اس سے فرشتوں کو بھی بہت مسرت ہوتی ہے۔ چوتھے مسلمانوں کی طرف سے اس شخص کی مدح اور تعریف ہوتی ہے۔ پانچویں شیطان علیہ اللعنۃ کو اس سے رنج و غم ہوتا ہے۔ چھٹے اس کی وجہ سے عمر میں زیادتی ہوتی ہے۔ ساتویں رزق میں برکت ہوتی ہے۔ آٹھویں مردوں کو اس سے مسرت ہوتی ہے کہ باپ دادا جن کا انتقال ہو گیا ان کو جب اس کی خبر ہوتی ہے تو ان کو بڑی خوشی اس سے ہوتی ہے۔ نویں آپس کے تعلقات میں اس سے قوت ہوتی ہے جب تم کسی کی مدد کرو گے اس پر احسان کرو گے تمہاری ضرورت اور مشقت کے وقت میں وہ دل سے تمہارے اعانت کرنیکا خواہشمند ہوگا۔ دسویں مرنے کے بعد تمہیں ثواب ملتا رہیگا کہ جس کی بھی تم مدد کرو گے تمہارے مرنے کے بعد وہ ہمیشہ تمہیں یاد کر کے دعائے خیر کرتا رہے گا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قیامت کے دن رحمٰن کے عرش کے سایہ میں تین قسم کے آدمی ہوں گے ایک صلہ رحمی کرنے والا کہ اس کے لئے دنیا میں اس کی عمر بھی بڑھائی جاتی ہے۔ رزق میں بھی وسعت کی جاتی ہے اور اس کی قبر میں بھی وسعت کردی جاتی ہے۔ دوسرے وہ عورت جس کا خاوند مر گیا ہو، اور وہ چھوٹی اولاد کی پرورش کی خاطر ان کے جوان ہونے تک نکاح نہ کرے تا کہ ان کی پرورش میں مشکلات پیدا نہ ہوں۔ تیسرے وہ شخص جو کھانا تیار کرے اور یتامیٰ مساکین کی دعوت کرے۔ حضرت حسن رضی اللہ عنہ حضور اقدس ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ دو قدم اللہ تعالیٰ کے یہاں بہت محبوب ہیں۔ ایک وہ قدم جو فرض نماز ادا کرنے کے لئے اٹھا ہو، دوسرا وہ قدم جو کسی محرم کی ملاقات کے لئے اٹھا ہو۔

بعض علماء نے لکھا ہے کہ پانچ چیزیں ایسی ہیں کہ جن پر دوام اور استقلال سے اللہ جل شانہٗ کے یہاں ایسی نیکیاں ملتی ہیں جیسے کہ اونچے اونچے پہاڑ اور ان کی وجہ سے رزق میں بھی وسعت

❶ کنز ❷ درمنثور۔

ہوتی ہے۔ ایک صدقہ کی مداومت تھوڑا ہو، یا زیادہ۔ دوسرے صلہ رحمی پر مداومت چاہے قلیل ہو، یا کثیر، تیسرے اللہ کے راستہ میں جہاد کرنا۔ چوتھے ہمیشہ باوضو رہنا، پانچواں والدین کی فرمانبرداری پر مداومت کرنا۔ ❶ ایک حدیث میں آیا ہے کہ جس عمل کا ثواب اور بدلہ سب سے جلدی ملتا ہے وہ صلہ رحمی ہے۔ بعض آدمی گنہگار ہوتے ہیں لیکن صلہ رحمی کی وجہ سے ان کے مالوں میں بھی برکت ہوتی ہے اور ان کی اولاد میں بھی۔ ❷ ایک حدیث میں ہے کہ صدقہ طریقہ کے موافق کرنا اور معروف (بھلائی) کا اختیار کرنا۔ والدین کے ساتھ احسان کرنا اور صلہ رحمی آدمی کو بدبختی سے نیک بختی کی طرف پھیر دیتا ہے عمر میں زیادتی کا سبب ہے اور بُری موت سے حفاظت ہے۔ ❸ عمر میں اور رزق میں زیادتی جتنی کثرت سے روایات میں ذکر کی گئی ہے اس کا نمونہ معلوم ہو گیا اور یہ دونوں چیزیں ایسی ہیں جن پر ہر شخص مرتا ہے۔ اور دُنیا کی ساری کوششیں انہیں دو چیزوں کی خاطر ہیں۔ حضور ﷺ نے ان دونوں کے لئے بہت سہل تدبیر بنادی، کہ صلہ رحمی کیا کرے، دونوں تمنائیں حاصل ہونگی۔ اگر حضور ﷺ کے ارشاد کے حق ہونے پر یقین ہے تو پھر عمر اور رزق کی زیادتی کے خواہش مندوں کو اس نسخہ پر زیادہ سے زیادہ عمل کرنا چاہئے اور جو میسر ہو اقرباء پر خرچ کرنا چاہئے، کہ رزق میں زیادتی کے وعدے سے اس کا بدل بھی ملے گا، اور عمر میں اضافہ مفت میں ہے۔

۳)......عن ابن عمر رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللّٰہ ﷺ ان من ابر البر صلة الرّجل اهل ودابيه بعد ان يولى (رواه مسلم كذافى المشكوٰة)

ترجمہ)...... حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ باپ کے ساتھ حسن سلوک کا اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ باپ کے چلے جانے کے بعد اس کے ساتھ تعلقات رکھنے والوں کے ساتھ حسن سلوک کرے۔

فائدہ: چلے جانے سے مراد عارضی چلا جانا بھی ہو سکتا ہے اور مستقل چلا جانا یعنی مرجانا بھی ہو سکتا ہے اور یہ درجہ بڑھا ہوا اس لئے ہے کہ زندگی میں اس کے دوستوں کے ساتھ حسن سلوک میں اپنے ذاتی اغراض کا شائبہ بھی ہو سکتا ہے کہ ان کے ساتھ تعلق کی قوت اور اچھا سلوک ان اغراض کے پورا ہونے میں معین ہوگا اور والد سے وابستہ ہیں۔ لیکن باپ کے مرنے کے بعد ان کے ساتھ سلوک اور احسان کرنا اپنے ذاتی اغراض سے بالاتر ہوتا ہے اس میں باپ ہی کا احترام خالص رہ جاتا ہے۔ ایک حدیث میں ہے ابن دینارؒ کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ مکہ کے راستہ میں تشریف لے جارہے تھے راستہ میں ایک بدو جاتا ہوا نظر پڑ گیا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو اپنی سواری دے دی اور اپنے سر مبارک سے عمامہ اُتار کر اس کی نظر کر دیا۔ ابن دینارؒ نے عرض کیا کہ حضرت یہ شخص تو اس سے کم درجہ احسان پر بھی بہت خوش ہو جاتا (آپ نے عمامہ بھی دے دیا اور سواری بھی) حضرت

❶ تنبیہ الغافلین، ❷ احیاء، ❸ کنز۔

ابن عمر ﷺ نے فرمایا کہ اس کا باپ میرے باپ کے دوستوں میں تھا اور میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ بہترین صلہ آدمی کا اپنے باپ کے دوستوں پر احسان کرنا ہے۔ حضرت ابو ہریرہ ﷺ فرماتے ہیں کہ میں مدینہ طیبہ حاضر ہوا تو حضرت ابن عمر ﷺ مجھ سے ملنے تشریف لائے، اور یہ فرمایا کہ تمہیں معلوم ہے میں کیوں آیا؟ میں نے حضور ﷺ سے سنا ہے کہ جو شخص یہ چاہے کہ اپنے باپ کے ساتھ اس کی قبر میں صلہ رحمی کرے اس کو چاہئے کہ اپنے باپ کے دوستوں کے ساتھ اچھا سلوک کرے، اور میرے باپ عمر ﷺ اور تمہارے والد میں دوستی تھی اس لئے آیا ہوں۔ ❶ کہ دوست کی اولاد بھی دوست ہی ہوتی ہے۔

ایک اور حدیث میں ہے حضرت ابو اسید مالک بن ربیعہ ﷺ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے، قبیلہ بنو سلمہ کے ایک صاحب حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ! (ﷺ) میرے انتقال کے بعد ان کے ساتھ حسن سلوک کا کوئی درجہ باقی ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا، ہاں، ہاں ان کے لئے دُعائیں کرنا ان کی مغفرت کی دُعا مانگنا ان کے عہد کو جو کسی سے کر رکھا ہو پورا کرنا۔ اور ان کے رشتہ داروں کے ساتھ حسن سلوک کرنا، ان کے دوستوں کا احترام کرنا ❷ ایک اور حدیث میں اس قصہ کے بعد ہے اس شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! (ﷺ) یہ کیسی بہترین اور بڑھیا بات ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا تو پھر اس پر عمل کرو۔ ❸

٤)......عن انس ﷺ قال قال رسول اللہ ﷺ ان العبد لیموت والدہٗ اواحدُ ھما وانہٗ لھما لعاق فلا یزال یدعولھما ویستغفرلھما حتیٰ یکتبہ اللہ بارًا (رواہ البیھقی فی الشعب کذافی المشکوٰۃ)

ترجمہ)......حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ جس شخص کے ماں باپ دونوں یا ان میں سے کوئی ایک مر جائے، اور وہ شخص ان کی نافرمانی کرنے والا ہو تو اگر وہ ان کے لئے ہمیشہ دُعائے مغفرت کرتا رہے اس کے علاوہ ان کے لئے اور دُعائیں کرتا ہے تو وہ شخص فرمانبرداروں میں شمار ہو جائے گا۔

فائدہ: یہ اللہ تعالیٰ کا کس قدر انعام و احسان اور لطف و کرم ہے کہ والدین کی زندگی میں بسا اوقات ناگوار امور پیش آجانے سے دلوں میں میل آجاتا ہے لیکن جتنا بھی رنج ہو جائے والدین ایسی چیز نہیں جن کے مرنے کے بعد بھی دلوں میں رنج رہے ان کے احسانات یاد آکر آدمی بے تاب نہ ہو جائے لیکن اب وہ مر گئے اب کیا تلافی ہو سکتی ہے۔ اللہ جل شانہٗ نے اپنے فضل سے اس کا دروازہ بھی کھول دیا کہ ان کے مرنے کے بعد ان کے لئے دُعائیں کرے ان کی مغفرت کو اللہ سے مانگتا رہے ان کے لئے ایصال ثواب جانی اور مالی کرتا رہے کہ یہ ان کی زندگی کے زمانہ میں جو ان کے حقوق ضائع ہوتے ہیں اس کی تلافی کر دے گا اور بجائے نافرمانیوں میں شمار ہونے کے

❶ ترغیب ❷ مشکوٰۃ بروایۃ ابی داؤد ❸ ترغیب۔

فرمانبرداروں میں شمار ہوجائے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا کس قدر احسان ہے کہ ہاتھ سے وقت نکل جانے کے بعد بھی اس کا راستہ کھول دیا۔ کس قدر بے غیرتی اور دلی قساوت ہوگی اگر اس موقعہ کو بھی ہاتھ سے کھو دیا جائے ایسا کون ہوگا۔ جس سے ہمیشہ والدین کی رضا ہی کے کام ہوتے رہے ہوں اور ادا حقوق میں کوتاہی تو کچھ نہ کچھ ہوتی ہی ہے اگر اپنا معمول اور کوئی ضابطہ ایسا مقرر کر لیا جس سے ان کو ثواب پہنچتا رہے تو کس قدر اعلیٰ چیز حاصل ہوسکتی ہے؟ ایک حدیث میں ہے کہ جو شخص اپنے والدین کی طرف سے حج کرے تو یہ ان کے لئے حج بدل ہوسکتا ہے ان کی روح کو آسمان میں اس کی خوشخبری دی جاتی ہے اور یہ شخص اللہ تعالیٰ کے نزدیک فرمانبرداروں میں شمار ہوتا ہے اگر چہ پہلے سے نافرمان ہو۔ ایک اور روایت میں ہے کہ جو شخص اپنے والدین میں سے کسی کی طرف سے حج کرے، تو ان کے لئے ایک حج کا ثواب ہوتا ہے اور حج کرنے والے کے لئے نو حجوں کا ثواب ہے۔ ❶ علامہ عینیؒ نے شرح بخاری میں ایک حدیث نقل کی ہے کہ جو شخص ایک مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَلَهُ الْکِبْرِیَآءُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ لِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ الْعٰلَمِیْنَ وَلَهُ الْعَظْمَةُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ هُوَ الْمَلِكُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ وَرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَلَهُ النُّوْرُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ۔

اور اس کے بعد یہ دُعا کرے کہ یا اللہ اس کا ثواب میرے والدین کو پہنچا دے اس نے والدین کا حق ادا کر دیا۔ ایک حدیث میں ہے کہ آدمی اگر کوئی صدقہ کرے تو اس میں کیا حرج ہے کہ اس کا ثواب اپنے والدین کو بخش دیا کرے بشرطیکہ وہ مسلمان ہوں کہ اس صورت میں ان کو ثواب پہنچ جائے گا اور صدقہ کرنے والے کے ثواب میں کوئی کمی نہ ہوگی ❷ اس حدیث شریف کے موافق کچھ کرنا بھی نہیں پڑتا جو کچھ بھی کسی موقع پر خرچ کیا جائے اس کا ثواب اپنے والدین کو پہنچا دیا کرے۔ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اس پاک ذات کی قسم جس نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو حق بات کے ساتھ بھیجا ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کے پاک کلام میں ہے کہ جو شخص تیرے باپ کے ساتھ صلہ رحمی کرتا ہو تو اس کے ساتھ قطع رحمی نہ کر، اس سے تیرا نور جاتا رہے گا۔ ایک حدیث میں ہے کہ جو اپنے والدین کی یا ان میں سے ایک کی قبر کی ہر جمعہ کو زیارت کرے اس کی مغفرت کی جائے گی اور وہ فرمانبرداروں میں شمار ہوگا اوزاعیؒ کہتے ہیں کہ مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ جو شخص اپنے والدین کی زندگی

❶ رحمۃ المودۃ ❷ کنز۔

میں نافرمان ہو، پھر ان کے انتقال کے بعد ان کے لئے استغفار کرے، اگر ان کے ذمہ قرض ہو تو اس کو ادا کرے اور ان کو بُرا نہ کہے تو وہ فرماں برداروں میں شمار ہو جاتا ہے اور جو شخص والدین کی زندگی میں فرمانبردار تھا لیکن ان کے مرنے کے بعد ان کو بُرا بھلا کہتا ہے ان کا قرض بھی ادا نہیں کرتا ان کے لئے استغفار بھی نہیں کرتا، وہ نافرمان شمار ہو جاتا ہے۔ ❶

۵)......عن سراقة بن مالك رضي الله عنه انّ النّبي ﷺ قال الا ادلكم علىٰ افضل الصدقة ابنتك مردودة اليك ليس لها كاسبٌ غيرك (رواه ابن ماجه كذافي المشكوٰة)

ترجمہ)...... حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ ارشاد فرمایا، کہ میں تمہیں بہترین صدقہ بتاتا ہوں تیری وہ لڑکی (اس کا محل) ہے جو لوٹ کر تیرے ہی پاس آگئی ہو اور اس کے لئے تیرے سوا کوئی کمانے والا نہ ہو (کہ ایسی لڑکی پر جو بھی خرچ کیا جائے گا وہ بہترین صدقہ ہے)۔

فائدہ: لوٹ کر آجانے سے مراد یہ ہے کہ لڑکی کا نکاح کر دیا تھا اس کے خاوند کا انتقال ہو گیا یا خاوند نے طلاق دے دی، یا کوئی اور عارضہ ایسا پیش آگیا جس کی وجہ سے وہ لڑکی پھر باپ کے ذمہ ہو گئی تو اس کی خبر گیری اس پر خرچ کرنا افضل ترین صدقہ ہے اور اس کا افضل ہونا صاف ظاہر ہے کہ اس میں ایک صدقہ ہے، دوسرے مصیبت زدہ کی امداد ہے، تیسرے صلہ رحمی ہے، چوتھے اولاد کی خبر گیری ہے۔ پانچویں غم زدہ کی دلداری ہے، کہ اولاد کا ابتداء میں والدین کے ذمہ ہونا رنج کے بجائے خوشی کا سبب ہوتا ہے لیکن اس کا اپنا گھر ہو جانے کے بعد اپنا ٹھکانا بن جانے کے بعد پھر والدین کے ذمہ ہو جانا زیادہ رنج کا سبب ہوا کرتا ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص کسی مصیبت زدہ کی فریاد رسی کرے اس کے لئے تہتّر درجے مغفرت کے لکھے جاتے ہیں، جن میں سے ایک میں اس کے تمام امور کی اصلاح اور درستی ہے اور بہتّر درجے اس کے لئے قیامت میں ترقیات کا سبب ہیں۔ اس مضمون کی بہت سی روایات پہلی فصل کی احادیث میں نمبر ۲۶ کے ذیل میں گذر چکیں۔ اُم المؤمنین حضرت ام سلمہؓ نے حضور ﷺ سے دریافت کیا کہ میرے پہلے خاوند ابو سلمہ کی اولاد میرے پاس ہے ان پر خرچ کرنے کا بھی مجھے ثواب ملے گا، وہ میری ہی اولاد ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا ان پر خرچ کیا کر اس کا تجھے ثواب ملے گا۔ ❷ اور اولاد پر رحمت اور شفقت تو بغیر اس کی احتیاج اور ضرورت کے بھی مستقل مندوب اور مطلوب ہے ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس دونوں نواسے حضرت حسنؓ حضرت حسین رضی اللہ عنہ میں سے ایک موجود تھے حضور ﷺ نے ان کو پیار کیا اقرع بن حابس رضی اللہ عنہ قبیلہ تمیم کا سردار بھی وہاں موجود تھا کہنے لگا کہ میرے دس بیٹے ہیں میں نے ان میں سے کبھی بھی کسی کو پیار نہیں کیا۔ حضور ﷺ نے اس کی طرف تیز نگاہ سے دیکھا اور فرمایا کہ جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم

❶ درمنثور ❷ مشکوٰۃ۔

کیا بھی نہیں جاتا۔ ایک اور حدیث میں ہے ایک بدو نے عرض کیا کہ تم بچوں کو پیار کرتے ہو، ہم تو نہیں کرتے حضور ﷺ نے فرمایا میں اس کا کیا علاج کروں کہ اللہ تعالیٰ نے تیرے دل سے رحمت کا مادہ نکال دیا۔ (ترغیب) اولاد ہونے کے علاوہ اس کا مصیبت زدہ ہونا مستقل اجر کا سبب ہے۔

٦)......عن سليمان بن عامر قال قال رسول الله ﷺ الصدقة وهي علىٰ ذي الرّحم ثنتان صدقة و صلة (رواه احمد والترمذی وغیرهما کذا فی المشکوٰة)

ترجمہ)......حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ غریب پر صدقہ کرنا صرف صدقہ ہے اور رشتہ دار پر صدقہ کرنا صدقہ بھی ہے اور صلہ رحمی بھی، دو چیزیں ہو گئیں۔

فائدہ: جہاں تک اہل قرابت اور رشتہ داروں کا تعلق ہے ان پر صدقہ عام غرباء سے صدقہ پر مقدم ہے اور افضل ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت مختلف روایات میں مختلف عنوانات سے یہ مضمون بھی بہت کثرت سے نقل کیا گیا۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ ایک اشرفی تو اللہ کے راستہ میں خرچ کرے، ایک اشرفی تو غلام کے آزاد کرنے میں خرچ کرے، ایک اشرفی تو کسی فقیر کو دے، ایک اشرفی تو اپنے اہل وعیال پر خرچ کرے، ان میں سب سے افضل یہی ہے جو تو اپنے اہل وعیال پر خرچ کرے (بشرطیکہ محض اللہ کے واسطے خرچ کیا جائے اور وہ ضرورت مند بھی ہوں جیسا کہ آگے آرہا ہے)۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ حضرت میمونہؓ نے ایک باندی آزاد کی۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اگر اس کو اپنے ماموں کو دے دیتیں تو زیادہ ثواب ہوتا)۔

ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کو خاص طور سے صدقہ کرنے کی ترغیب دی۔ حضرت عبداللہ بن مسعود ؓ مشہور صحابی اور فقہاء صحابہ میں ہیں ان کی اہلیہ حضرت زینبؓ نے ان سے کہا کہ آج حضور ﷺ نے ہمیں صدقہ کرنے کا حکم دیا ہے تمہاری مالی حالت کمزور ہے اگر تم حضور ﷺ سے جا کر یہ دریافت کرلو کہ میں صدقہ کا مال تمہیں دے دوں تو یہ کافی ہے یا نہیں انہوں نے فرمایا کہ تم خود ہی جا کر دریافت کرلو (کہ ان کو اپنی ذات کے لئے دریافت کرنے میں غالباً حجاب اور خود غرضی کا خیال ہوا ہوگا) حضرت زینبؓ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں وہاں دروازہ پر دیکھا کہ ایک اور عورت بھی کھڑی ہیں اور وہ بھی یہی مسئلہ دریافت کرنا چاہتی ہیں لیکن حضور ﷺ کے رعب کی وجہ سے دریافت کرنے کی ہمت نہ ہوئی اتنے میں حضرت بلال ؓ آگئے ان دونوں نے ان سے درخواست کی کہ حضور ﷺ سے عرض کردیں کہ دو عورتیں کھڑی ہیں اور یہ دریافت کرتی ہیں کہ اگر وہ اپنے خاوندوں پر اور جو یتیم بچے پہلے خاوندوں سے ان کے پاس ہیں ان پر صدقہ کردیں تو یہ کافی ہے؟ حضرت بلال ؓ نے حضور ﷺ سے پیام پہنچایا حضور ﷺ نے دریافت فرمایا کون عورتیں ہیں؟ حضرت بلال ؓ نے عرض کیا کہ ایک فلاں عورت انصاریہ ہیں اور ایک عبداللہ بن مسعود ؓ کی بیوی زینبؓ ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ ہاں ان کے لئے دوگنا ثواب ہے صدقہ کا

بھی اور قربت کا بھی۔ ❶ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ارشاد ہے کہ میں اپنے کسی بھائی کی ایک درہم سے مدد کروں یہ مجھے زیادہ پسند ہے دوسرے پر بیس درہم خرچ کرنے سے اور میں اس پر سو درہم خرچ کر دوں یہ زیادہ محبوب ہے ایک غلام آزاد کرنے سے۔ ❷ ایک حدیث میں ہے کہ جب آدمی خود ضرورت مند ہو تو وہ مقدم ہے جب اپنے سے زائد ہو تو عیال مقدم ہے اس سے زائد ہو تو دوسرے رشتہ دار مقدم ہیں ان سے زائد ہو تو پھر ادھر اُدھر خرچ کرے۔ ❸ یہ مضمون کنز العمال وغیرہ میں کئی روایات میں ذکر کیا گیا اس سے معلوم ہوا کہ دوسروں کو مؤخر کرنا جب ہی ہے جب کہ اپنے کو اور اپنے اہل وعیال کو احتیاج زیادہ ہو اور اگر اپنے سے زیادہ محتاج دوسرے یا خود باوجود احتیاط کے صبر پر قادر ہے اور اللہ پر اعتماد کامل ہے تو دوسروں کو مقدم کر دینا کمال کا درجہ ہے۔ پہلی فصل کی آیات میں نمبر ۲۸ پر ''ویؤثرون علیٰ انفسھم'' کے ذیل میں یہ مضمون مفصل گزر چکا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ میں تمہیں اپنا اور اپنی بیوی (حضرت فاطمہ) کا جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سب سے زیادہ لاڈلی اولاد تھیں قصہ سناؤں وہ میرے گھر رہتی تھیں خود چکی پیستیں جس کی وجہ سے ہاتھ میں گٹے پڑ گئے خود پانی بھر کر لاتیں جس کی وجہ سے مشکیزہ کی رگڑ سے بدن پر رسی کے نشان پڑ گئے خود گھر میں جھاڑو وغیرہ دیتیں جس سے کپڑے میلے رہتے خود کھانا پکاتیں جس سے دھوئیں کے اثر سے کپڑے کالے رہتے غرض ہر قسم کی مشقتیں اُٹھاتی رہتی تھیں۔ ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کچھ باندی غلام وغیرہ آئے تو میں نے کہا کہ تم بھی جا کر ایک خادم مانگ لو کہ اس مشقت سے کچھ امن ملے وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں وہاں کچھ مجمع تھا شرم کی وجہ سے کچھ عرض نہ کر سکیں واپس چلی آئیں۔ ایک حدیث میں ہے کہ حضرت عائشہؓ سے عرض کر کے چلی آئیں دوسرے دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور ارشاد فرمایا کہ فاطمہ تم کل کیا کہنے گئی تھیں وہ تو شرم کی وجہ سے چپکی ہو گئیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اُن کی ساری حالت پانی وغیرہ بھرنے کی بیان کر کے عرض کیا کہ میں نے ان کو بھیجا تاکہ ایک خادم آپ سے مانگ لیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں تمہیں خادم سے بہتر چیز بتاؤں جب سونے لیٹا کرو تو سبحان اللہ ۳۳ مرتبہ الحمد للہ ۳۳ مرتبہ اللہ اکبر ۳۴ مرتبہ پڑھا کرو یہ خادم سے بڑھ کر ہے۔ ❹ ایک اور حدیث میں اس قصہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد بھی نقل کیا گیا کہ میں تمہیں ایسی حالت میں ہرگز نہیں دے سکتا کہ اہل صفہ کے پیٹ بھوک کی وجہ سے لپٹ رہے ہیں میں ان غلاموں کو بیچ کر ان کی قیمت اہل صفہ پر خرچ کروں گا۔ ❺

۷)...... عن اسماء بنت ابی بکرؓ قالت قدمت الیٰ امی وھی مشرکۃ فی عھد قریش فقلت یارسول اللہ ان امی قدمت علی وھی راغبۃ افاصلھا قال نعم صلیھا (متفق علیہ کذافی المشکوٰۃ)

---

❶ مشکوٰۃ ❷ احیاء، اتحاف ❸ کنز ❹ ابوداؤد ❺ فتح الباری۔

ترجمہ)...... حضرت اسماءؓ فرماتی ہیں کہ جس زمانہ میں حضور ﷺ کا قریش سے معاہدہ ہو رہا تھا اسوقت میری کافر والدہ (مکہ مکرمہ سے مدینہ طیبہ) آئیں میں نے حضور ﷺ سے دریافت کیا کہ میری والدہ (میری اعانت کی) طالب بن کر آئی ہیں ان کی اعانت کر دوں؟ حضور ﷺ نے فرمایا کہ ہاں ان کی اعانت کرو۔

فائدہ: ابتداء زمانہ میں کفار کی طرف سے مسلمانوں پر جس قدر مظالم ہوئے وہ بیان سے باہر ہیں تواریخ کی کتب انسے پُر ہیں حتیٰ کہ مسلمانوں کو مجبور ہو کر مکہ مکرمہ سے ہجرت کرنی پڑی مدینہ منورہ پہنچنے کے بعد بھی مشرکین کی طرف سے ہر طریقہ سے لڑائی اور ایذا رسانی کا سلسلہ رہا حضور اقدس ﷺ صحابہ ؓ کی ایک جماعت کے ساتھ محض عمرہ کی نیت سے مکہ مکرمہ تشریف لائے تو کافروں نے مکہ میں داخل بھی نہ ہونے دیا، باہر ہی سے واپس ہونا پڑا لیکن اسوقت آپس میں ایک معاہدہ چند سال کے لئے ہو گیا تھا جس میں چند سال کیلئے کچھ شرائط پر آپس میں لڑائی نہ ہونے کا فیصلہ ہوا تھا، مشہور قصہ ہے اسی معاہدہ کی طرف حضرت اسماءؓ نے اس حدیث میں ارشاد فرمایا کہ جس زمانہ میں قریش سے معاہدہ ہو رہا تھا اس معاہدہ کے زمانہ میں حضرت ابو بکرؓ کی ایک بیوی جو حضرت اسماءؓ کی والدہ تھیں اور مشرک تھیں اس لئے حضرت اسماءؓ کو اشکال پیش آیا، کہ ان کی اعانت کی جائے یا نہیں اس لئے حضور ﷺ سے دریافت کیا۔ حضور ﷺ نے اعانت کا حکم فرمایا، خطابیؒ فرماتے ہیں کہ قصہ سے معلوم ہوا کہ کافر رشتہ داروں کی صلہ رحمی بھی مال سے ضروری ہے، جیسا کہ مسلمان رشتہ داروں کی ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ اسی قصہ میں قرآن کی آیت۔

لَا يَنْهٰكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا اِلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝ (ممتحنہ ع ۱)

نازل ہوئی۔ ❶ جس کا ترجمہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ تم کو ان لوگوں کے ساتھ احسان اور انصاف کا برتاؤ کرنے سے منع نہیں کرتا جو تم سے دین کے بارے میں نہیں لڑے اور تم کو تمھارے گھروں سے انھوں نے نہیں نکالا، اللہ تعالیٰ انصاف کا برتاؤ کرنے والوں سے محبت رکھتے ہیں۔ حضرت اقدس حکیم الامت مولانا تھانوی قدس سرہٗ فرماتے ہیں کہ مراد وہ کافر ہیں جو ذمی یا مصالح ہوں یعنی محسنانہ برتاؤ انسے جائز ہے اور اسی کو منصفانہ برتاؤ فرمایا پس انصاف سے مراد خاص انصاف ہے یعنی ان کی ذمیت یا مصالحت کے اعتبار سے انصاف اسی کو متقاضی ہے کہ ان کے ساتھ احسان سے دریغ نہ کیا جائے ورنہ مطلق انصاف تو ہر کافر بلکہ جانور کے ساتھ بھی واجب ہے۔ (بیان القرآن) حضرت

❶ فتح الباری۔

اسماؓ کی یہ والدہ جن کا نام قیلہ یا قتیلہ بنت عبدالعزیٰ ہے چونکہ مسلمان نہ ہوئی تھیں اس لئے حضرت ابوبکرؓ نے ان کو طلاق دے دی تھی۔ بعض روایات میں ہے کہ یہ کچھ گھی پنیر وغیرہ ہدیہ کے طور پر لے کر اپنی بیٹی حضرت اسماءؓ کے پاس گئیں انھوں نے ان کو اپنے گھر میں داخل نہ ہونے دیا، اور اپنی علاتی ہمشیرہ حضرت عائشہؓ کے پاس مسئلہ دریافت کرنے کے لئے آدمی بھیجا کہ حضور ﷺ سے دریافت کر کے اطلاع دیں حضور ﷺ نے اجازت فرمادی اور یہ آیت شریفہ اسی قصہ میں نازل ہوئی۔ ❶ یہ ان حضرات کی دین پر پختگی اور قابل رشک جذبہ تھا کہ ماں گھر پر آئی ہے محض بیٹی سے ملنے کے واسطے آئی ہے کہ اسوقت تک اعانت کی طلب کا تو وقت ہی نہ آیا تھا لیکن اسماءؓ نے مسئلہ تحقیق کرنے کیلئے آدمی دوڑا دیا کہ میں اپنی ماں کو گھر میں داخل ہونے کی اجازت دے سکتی ہوں یا نہیں۔ متعدد روایات میں یہ مضمون وارد ہوا ہے کہ صحابۂ کرامؓ غیر مسلموں پر صدقہ کرنا ابتداء میں پسند نہیں کرتے تھے جس پر حق تعالیٰ شانہٗ نے آیت شریفہ نازل فرمائی۔

لَيْسَ عَلَيْكَ هُدَاهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ط وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ ط الاية (سورہ بقرہ ع ۳۷)

کہ آپ کے ذمہ ان کی ہدایت نہیں ہے یہ تو خدا تعالیٰ کا کام ہے جس کو چاہیں ہدایت پر لائیں جو کچھ تم (خیرات وغیرہ) خرچ کرتے ہو اپنے نفع کے واسطے کرتے ہو، اور اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کے علاوہ کسی اور فائدہ کی غرض سے نہیں کرتے یعنی تم تو صدقہ وغیرہ اللہ تعالیٰ شانہٗ کی رضا کے واسطے کرتے ہو اس میں ہر حاجت مند داخل ہے کافر ہو یا مسلمان ہو۔ حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ لوگ اپنے کافر رشتہ داروں پر احسان کرنا پسند نہیں کرتے تھے تاکہ وہ بھی مسلمان ہو جائیں انھوں نے اس بارے میں حضور اقدس ﷺ سے استفسار کیا اس پر یہ آیت لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰهُمْ نازل ہوئی اور بھی متعدد روایات میں یہ مضمون وارد ہوا ہے۔ ❷ امام غزالیؒ نے لکھا ہے کہ ایک مجوسی حضرت ابراہیم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں حاضر ہوا، اور آپ کا مہمان بننے کی درخواست کی آپ نے فرمادیا کہ اگر تُو مسلمان ہو جائے تو میں تیری مہمانی قبول کرتا ہوں وہ مجوسی چلا گیا۔ اللہ جل شانہٗ کی طرف سے وحی نازل ہوئی کہ ابراہیم تم ایک رات کا کھانا تبدیلیٔ مذہب بغیر نہ کھلا سکے، ہم ستر برس سے اس کے کفر کے باوجود اس کو کھانا دے رہے ہیں، ایک وقت کا کھانا کھلا دیتے تو کیا مضائقہ تھا۔

حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام فوراً اس کی تلاش میں دوڑنے لگے وہ مل گیا اس کو اپنے ساتھ

❶ فتح در منثور ❷ در منثور۔

واپس لائے، اور اس کو کھانا کھلایا۔ اس مجوسی نے پوچھا کہ کیا بات پیش آئی کہ تم خود مجھے تلاش کرنے نکلے۔ حضرت ابراہیمؑ نے وحی کا قصہ سنایا وہ مجوسی کہنے لگا اس کا میرے ساتھ یہ معاملہ ہے تو مجھے اسلام کی تعلیم دیجئے اور اسی وقت مسلمان ہوگیا۔ ❶ ایک حدیث میں ہے کہ تین چیزیں ایسی ہیں جن میں کسی شخص کو کوئی گنجائش نہیں۔ (۱) والدین کے ساتھ احسان کرنا چاہئے والدین مسلمان ہوں یا کافر (۲) جس سے عہد کرلیا جائے، اس کو پورا کرنا چاہئے مسلمان سے عہد کیا ہو یا، کافر سے (۳) امانت کو واپس کرنا چاہے مسلمان کی امانت ہو یا کافر کی۔ ❷ محمد بن الحنفیہؒ عطاؒ اور قتادہؒ تینوں حضرات سے یہ نقل کیا گیا کہ حق تعالیٰ شانہٗ کے پاک ارشاد اِلَّا اَنْ تَفْعَلُوْۤا اِلٰۤى اَوْلِيٰٓئِكُمْ مَّعْرُوْفًا "(سورۃ احزاب ع ۱۰) میں مسلمان کی یہود ونصاریٰ غیر مسلم رشتہ داروں کے لئے وصیت مراد ہے۔ ❸

۸)...... عن انس و عبداللهؓ قال قال رسول الله ﷺ الخلق عيال الله فاحب الخلق الى الله من احسن الى عياله (رواه البيهقى فى الشعب كذافى المشكوٰة)

ترجمہ)...... حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ مخلوق ساری کی ساری اللہ تعالیٰ کی عیال ہے پس اللہ تعالیٰ کو وہ شخص بہت محبوب ہے جو اس کی عیال کے ساتھ احسان کرے۔

فائدہ: مخلوق کے اندر مسلمان کافر انسان، حیوان سب ہی داخل ہیں ہر مخلوق کے ساتھ احسان کا برتاؤ کرنا اسلام کی تعلیم ہے اور اللہ جل شانہٗ کو محبوب ہے پہلی فصل کے نمبر ۱۰ پر یہ حدیث گذر چکی کہ ایک فاحشہ عورت کی اس پر بخشش ہوگئی کہ اس نے پیاسے کُتے کو پانی پلایا۔ دوسری فصل کے نمبر ۸ پر یہ حدیث گذری کہ ایک عورت کو اس بناء پر عذاب ہوا، کہ اس نے ایک بلی پال رکھی تھی اور اس کو کھانے کو نہ دیا۔ جب جانوروں کا یہ حال ہے تو آدمی تو اشرف المخلوقات ہے اس پر احسان اور اچھے برتاؤ کا کیا اجر ہوگا حضور اقدس کا مشہور ارشاد ہے۔ "اِرْحَمُوْا مَنْ فِى الْاَرْضِ يَرْحَمْكُمْ مَّنْ فِى السَّمَآءِ" "تم زمین پر رہنے والوں پر رحم کرو تم پر آسمان والے رحم کریں گے دوسری حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو آدمیوں پر رحم نہیں کرتا اللہ جل شانہٗ اس پر رحم نہیں فرماتا۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ رحم اسی شخص کے دل سے نکالا جاتا ہے جو بدبخت ہو۔ ❹ خود حضور اقدس ﷺ کی ساری زندگی ساری دُنیا کے لئے رحمت تھی۔ آپ ﷺ کی زندگی کا ایک ایک واقعہ اس کی شہادت دیتا ہے امت کے لئے ضروری ہے کہ حضور ﷺ کی زندگی کے واقعات کی تحقیق کرے اور اس کا اتباع کرے حق تعالیٰ شانہٗ کا پاک ارشاد ہے۔ "وَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ" ۝ (سورۃ انبیاء ع ۷) اور ہم نے آپ کو اور کسی بات کے لئے نہیں بھیجا مگر دنیا جہان کے لوگوں پر مہربانی کرنے کے لئے۔

حضرت ابن عباسؓ اس آیت شریفہ کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ جو لوگ حضور ﷺ پر ایمان

❶ احیاء ❷ جامع الصغیر ❸ مغنی ❹ مشکوٰۃ۔

لے آئے ان کے لئے تو آپ کا وجود دنیا اور آخرت کی رحمت ہے ہی لیکن جو لوگ ایمان نہیں لائے ان کے لئے بھی آپ کا وجود اس لحاظ سے رحمت ہے کہ وہ پہلی اُمتوں کی طرح دنیا کے عذاب مسخ ہو جانے سے، زمین میں دھنس جانے سے آسمانوں سے پتھر برسنے سے محفوظ ہو گئے۔

حضرت ابو ہریرہ ﷛ فرماتے ہیں کہ بعض لوگوں نے حضور ﷺ سے درخواست کی کہ قریش نے مسلمانوں کو بہت اذیت پہنچائی، بہت نقصانات دیئے آپ ان (لوگوں) پر بددُعا فرمائیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ میں بددعائیں دینے کے لئے نہیں بھیجا گیا، میں لوگوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا گیا ہوں۔ اور بھی متعدد روایات میں یہ مضمون وارد ہوا ہے [1] حضور اقدس ﷺ کے طائف کے سفر کا جان گداز واقعہ حکایات صحابہ ﷡ [2] کے شروع میں لکھ چکا ہوں کہ ان بدنصیبوں نے کتنی سخت سخت تکلیفیں پہنچائیں کہ حضور اقدس ﷺ کے بدن مبارک سے خون جاری ہو گیا اور اس پر جب اس فرشتہ نے جو پہاڑوں پر متعین تھا آ کر درخواست کی کہ اگر آپ فرمائیں تو دونوں جانب کے پہاڑوں کو ملا دوں جس سے یہ بیچ میں کچل جائیں گے، تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ مجھے اللہ تعالیٰ کی ذات سے یہ امید ہے کہ اگر یہ لوگ مسلمان نہ بھی ہوں تو ان کی اولاد میں سے کچھ لوگ اللہ کا نام لینے والے پیدا ہو جائیں گے۔ اُحد کی لڑائی میں جب حضور ﷺ پر سخت حملہ کیا گیا حضور ﷺ کا دندانِ مبارک شہید ہو گیا۔ لوگوں نے کفار پر بددعا کی درخواست کی۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا اللہ! میری قوم کو ہدایت فرما کہ یہ لوگ ناواقف ہیں۔ حضرت عمر ﷛ نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ (ﷺ) اگر آپ بھی حضرت نوح علیہ السلام کی طرح بددعا فرما دیتے تو ہم سب کے سب ہلاک ہو جاتے کہ آپ ﷺ کو ہر قسم کی تکلیفیں پہنچائی گئیں لیکن آپ ﷺ ہر وقت یہی فرماتے رہے کہ یا اللہ! میری قوم کی مغفرت فرما کہ وہ جانتے نہیں۔

قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں کہ ان حالات کو بڑے غور سے دیکھنا چاہئے کہ کس قدر حضور ﷺ کا حلم اور اخلاق کا اعلیٰ نمونہ اور جود و کرم کی انتہا ہے کہ ان سخت سخت تکلیفوں پر حضور ﷺ کبھی مغفرت کی، کبھی ہدایت کی دعائیں ہی کرتے رہے۔ غوات بن حارث کا واقعہ مشہور ہے کہ جب ایک سفر میں حضور اقدس ﷺ تنہا سو رہے تھے وہ تلوار ہاتھ میں لے کر حضور اقدس ﷺ کے پاس پہنچ گیا اور حضور ﷺ کی آنکھ اس وقت کھلی، جب کہ وہ تلوار لئے سوتے ہوئے پاس کھڑا تھا اس نے للکار کر کہا کہ بتا اب تجھے بچانے والا کون ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اللہ جل شانہٗ، حضور ﷺ کا یہ فرمانا تھا کہ اس کے ہاتھ کو کپکپی ہوئی اور تلوار ہاتھ سے گر گئی۔ حضور ﷺ نے تلوار اپنے دست مبارک میں لے کر فرمایا کہ اب بتا کہ تجھے بچانے والا کون ہے۔ وہ کہنے لگا آپ بہترین تلوار لینے والے ہیں (یعنی معاف فرمائیں)

[1] درمنثور [2] حکایاتِ صحابہ عکسی۔

حضور ﷺ نے معاف فرمادیا۔

یہودی عورت کا حضور اقدس ﷺ کو زہر دینے کا واقعہ بھی مشہور ہے۔ اور اس عورت نے اس کا اقرار بھی کرلیا کہ میں نے حضور ﷺ کو زہر دیا۔ لیکن حضور ﷺ نے اپنا انتقام نہیں لیا لبید بن اعصم نے حضور ﷺ پر جادو کیا۔ حضور ﷺ کو اس کا علم بھی ہوگیا مگر حضور ﷺ نے اس وقعہ کا چرچا بھی گوارا نہیں کیا۔ غرض دو چار واقعات نہیں ہزاروں واقعات حضور ﷺ کے دشمنوں پر رحم وکرم کے ہیں (شفاء)۔

حضور اقدس ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ تم اس وقت تک مؤمن نہیں ہوسکتے جب تک ایک دوسرے کے ساتھ رحم کا برتاؤ نہ کرو۔ صحابہ ؓ نے عرض کیا یارسول اللہ (ﷺ) ہم میں سے ہر شخص رحم تو کرتا ہی ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا یہ رحم نہیں ہے جو اپنے ہی کے ساتھ ہو بلکہ رحم وہ ہے جو عام ہو۔ حضور اقدس ﷺ ایک مکان میں تشریف لے گئے وہاں چند قریش کے حضرات بیٹھے ہوئے تھے، حضور ﷺ نے فرمایا کہ یہ سلطنت اور حکومت کا سلسلہ قریش میں رہے گا جب تک کہ وہ یہ معمول رکھیں کہ جوان سے رحم کی درخواست کرے اس پر رحم کریں جب کوئی حکم لگائیں تو عدل کا لحاظ رکھیں۔ جب کوئی چیز تقسیم کریں تو انصاف کو اختیار کریں۔ اور جو شخص ان امور کا خیال نہ کرے اس پر اللہ کی لعنت، فرشتوں کی لعنت، سارے آدمیوں کی لعنت۔

ایک مرتبہ حضور ﷺ ایک مکان میں تشریف لے گئے جہاں مہاجرین اور انصار کی ایک جماعت تشریف رکھتی تھی۔ حضور ﷺ کو تشریف لاتا دیکھ کر ہر شخص اپنی جگہ سے ہٹ گیا اس امید پر کہ حضور ﷺ وہاں تشریف رکھیں۔ حضور ﷺ دروازہ پر تشریف فرما رہے اور دروازہ کی دونوں جانبوں پر ہاتھ رکھ کر ارشاد فرمایا کہ میرا اتم پر بہت حق ہے۔ یہ امر سلطنت کا قریش میں رہے گا۔ جب تک وہ تین باتوں کا اہتمام رکھیں نمبر (۱) جو شخص ان سے رحم کی درخواست کرے اس پر رحم کریں۔ نمبر (۲) جو فیصلہ کریں انصاف سے کریں (۳) جو معاہدہ کسی سے کرلیں اس کو پورا کریں، اور جو شخص ایسا نہ کرے اس پر اللہ کی لعنت ہے۔ فرشتوں کی لعنت ہے تمام آدمیوں کی لعنت ہے۔ حضور ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ جو شخص ایک چڑیا کو بھی بغیر حق کے ذبح کرے گا قیامت کے دن اس سے مطالبہ ہوگا صحابہ ؓ نے عرض کیا کہ اس کا حق کیا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا کہ ذبح کرکے اس کو کھایا جائے یہ نہیں کہ ویسے ہی ذبح کرکے پھینک دی جائے۔ بہت سی احادیث میں یہ مضمون وارد ہوا ہے کہ غلام جو تمھارے ماتحت ہیں ان کو اس چیز سے کھلاؤ جس سے خود کھاتے ہو، اس چیز سے پہناؤ جس سے خود پہنتے ہو، اور جس سے موافقت نہ آئے اس کو فروخت کردو۔ اس کو عذاب میں مبتلا کرنے کا کوئی حق نہیں (ترغیب) حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ جب تمھارا کوئی خادم تمھارے لئے کوئی چیز پکا کر لائے کہ اس کی گرمی اور دھوئیں کی مشقت اس نے اٹھائی ہے تو تمہیں چاہیے کہ اس کو کھانے میں اپنے ساتھ شریک کرو۔ اگر اتنی مقدار

نہ ہو کہ اس کو شریک کرسکو، تو اس میں سے تھوڑا سا اسے بھی دیدو۔ (مشکوۃ) حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ ماتحتوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا مبارک ہے اور ان کے ساتھ بد خلقی برتنا بد بختی ہے۔ (مشکوۃ) غرض ہر نوع سے حضور ﷺ نے مخلوق پر رحم کی تاکید فرمائی مختلف نوع سے ان پر اکرام کی ترغیب دی۔

۹)......عن ابن عمر رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللّٰہ ﷺ لیس الواصل بالمکافی ولکن الواصل الذی اذا قطعت رحمہ و صلھا (رواہ البخاری کذافی المشکوۃ

ترجمہ)......حضور اقدس ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ وہ شخص صلہ رحمی کرنے والا نہیں ہے جو برابر سرابر کا معاملہ کرنیوالا ہو۔ صلہ رحمی کرنے والا تو وہ ہے جو دوسرے کے توڑنے پر صلہ رحمی کرے۔

فائدہ: بالکل ظاہر اور بدیہی بات ہے جب آپ ہر بات میں دیکھ رہے ہیں کہ جیسا برتاؤ دوسرا کرے گا ویسا ہی میں بھی کرونگا تو آپ نے کیا صلہ رحمی کی؟ یہ بات تو ہر اجنبی کے ساتھ بھی ہوتی ہے جب دوسرا شخص آپ پر احسان کرے گا تو آپ خود اس پر احسان کرنے میں مجبور ہیں۔ صلہ رحمی تو درحقیقت یہی ہے کہ اگر دوسرے کی طرف سے بے التفاتی بے نیازی قطع تعلق ہو تو تم اس کے جوڑنے کی فکر میں رہو اس کو مت دیکھو کہ وہ کیا برتاؤ کرتا ہے اس کو ہر وقت سوچو کہ میرے ذمہ کیا حق ہے؟ مجھے کیا کرنا چاہیے دوسرے کے حقوق ادا کرتے رہو کہ اس کا کوئی حق اپنے ذمہ رہ جائے جس کا قیامت میں اپنے سے مطالبہ ہو جائے اور اپنے حقوق کے پورا ہونے کا واہمہ بھی دل میں نہ لو بلکہ اگر وہ پورے نہیں ہوتے تو اور بھی زیادہ مسرور رہو کہ دوسرے عالم میں جو اجر و ثواب اس کا ملے گا وہ اس سے بہت زیادہ ہوگا جو یہاں دوسرے کے ادا کرنے سے وصول ہوتا۔

ایک صحابیؓ نے حضور اقدس ﷺ سے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) میرے رشتہ دار ہیں میں ان کے ساتھ صلہ رحمی کرتا ہوں، وہ قطع رحمی کرتے ہیں، میں ان پر احسان کرتا ہوں، وہ میرے ساتھ برائی کرتے ہیں، میں ہر معاملہ میں تحمل سے کام لیتا ہوں، وہ جہالت پر اترے رہتے ہیں۔ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا اگر یہ سب کچھ صحیح ہے تو تو ان کے منہ میں خاک ڈال رہا ہے (یعنی خود ذلیل ہوں گے) اور تیرے ساتھ اللہ تعالیٰ شانہٗ کی مدد شامل حال رہے گی جب تک تُو اپنی اس عادت پر جما رہے گا (مشکوۃ) اور جب تک اللہ جل شانہٗ کی مدد کسی کے شامل حال رہے نہ کسی کی برائی سے نقصان پہنچ سکتا ہے نہ کسی کا قطع تعلق نفع پہنچنے سے مانع ہو سکتا ہے۔

تُو نہ چھوٹے مجھ سے یارب تیرا چھٹنا ہے غضب
یوں میں راضی ہوں مجھے چاہے زمانہ چھوڑ دے

یہ کھلی ہوئی حقیقت ہے کہ اللہ تعالیٰ شانہٗ کسی کا مددگار ہو جائے تو اس کو کب کسی دوسرے کی کسی مدد

کی احتیاج باقی رہ سکتی ہے پھر ساری دنیا اس کی مجبوراً معین ہے اور ساری دنیا مل کر اس کو کوئی نقصان پہنچانا چاہے تو نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ ایک حدیث میں حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ مجھے میرے رب نے نو باتوں کا حکم فرمایا ہے۔ (۱) حق تعالیٰ شانہٗ کا خوف ظاہر میں بھی اور باطن میں بھی یعنی دل سے اور ظاہر سے یا خلوت میں اور جلوت میں۔ (۲) انصاف کی بات خوشی میں بھی غصہ میں بھی (آدمی جب کسی سے خوش ہوا کرتا ہے تو عیوب چھپا کر تعریفوں کے پُل باندھا کرتا ہے جب خفا ہوتا ہے تو جھوٹے الزام تراشا کرتا ہے۔ مجھے حکم ہے کہ ہر حالت میں انصاف کی بات کہوں (۳) میانہ روی فقر کی حالت میں بھی اور وسعت کی حالت میں بھی (نہ تنگی میں کنجوسی کروں نہ وسعت میں اسراف کروں یا نہ فقر میں جزع فزع کروں نہ غنا میں عُجب اور فکر کروں) (۴) نیز یہ کہ جو شخص مجھ سے قطع تعلق کرے میں اس کے ساتھ بھی تعلقات وابستہ کروں۔ (۵) اور جو شخص مجھے اپنی عطا سے محروم کرے میں اس کے ساتھ حسن سلوک کروں۔ (۶) جو شخص مجھ پر ظلم کرے اس کو معاف کردوں (انتقام لینے کی فکر میں نہ پڑوں) (۷) یہ کہ میرا سکوت (آخرت کا) یا اللہ تعالیٰ کی آیات کا فکر ہو۔ (۸) میری گویائی اللہ تعالیٰ کا ذکر ہو (تسبیح وغیرہ یا اللہ کے احکام یا بیان) (۹) میری نظر عبرت ہو (یعنی جس چیز کو دیکھوں عبرت کی نگاہ سے دیکھوں) (۱۰) اور میں نیک کام کا حکم کرتا ہوں ❶ شروع میں نو (۹) چیزیں فرمائی تھیں تفصیل میں دس ہو گئیں۔ مگر یہ دسویں چیز سابقہ نو چیزوں کا اجمال بھی ہو سکتا ہے اور (۷) اور (۸) دو مقابل ہونے کی وجہ سے ایک بھی شمار ہو سکتے ہیں جیسا کہ شروع میں ظاہر باطن ایک شمار ہوئے۔ خوشی اور غصہ ایک شمار ہوئے۔

حضرت حکیم بن حزام فرماتے ہیں ایک شخص نے حضور ﷺ سے دریافت کیا کہ افضل ترین صدقہ کیا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا کاشح رشتہ دار کے ساتھ حسن سلوک کرنا ❷ کاشح اس شخص کو کہتے ہیں جو دل میں کسی سے بغض وکینہ رکھے۔ ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد وارد ہوا ہے کہ جو شخص یہ پسند کرے کہ قیامت میں اس کو بلند مکانات ملیں اس کو اونچے درجے ملیں اس کو چاہیے کہ جو شخص اس پر ظلم کرے اس سے درگذر کرے جو اس کو اپنی عطا سے محروم رکھے اس پر احسان کرے۔ اور جو اس سے تعلقات توڑے اس سے تعلقات جوڑے۔ (درمنثور) ایک حدیث میں ہے کہ جب آیت شریفہ "خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ" (سورۂ اعراف ع ۲۴) معافی کو اختیار کرو نیکی کا حکم کرو، اور جاہلوں سے اعراض کرو، نازل ہوئی تو حضور اقدس ﷺ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام سے اس کی تفسیر دریافت فرمائی تو انھوں نے عرض کیا کہ جاننے والے (حق تعالیٰ شانہٗ)

❶ مشکوٰۃ ❷ ترغیب۔

سے دریافت کر کے عرض کروں گا۔ وہ واپس تشریف لے گئے اور پھر آ کر عرض کیا اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ جو آپ پر ظلم کرے اس کو معاف کریں، اور جو آپ کو اپنی عطا سے محروم رکھے اس کو عطا فرمائیں اور جو آپ سے تعلقات توڑے اس سے تعلقات جوڑیں۔

ایک اور حدیث میں اس واقعہ کے بعد یہ بھی ہے کہ اس کے بعد حضور اقدس ﷺ نے لوگوں سے خطاب کر کے فرمایا کہ میں تم کو دنیا اور آخرت کے بہترین اخلاق بتاؤں؟ صحابہ ؓ نے عرض کیا ضرور ارشاد فرمائیں۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جو تم پر ظلم کرے اس کو معاف کرو، جو تمہیں اپنی عطا سے محروم رکھے اس کو عطا کرو، جو تم سے تعلقات توڑے اس سے صلہ رحمی کرو۔ حضرت علی ؓ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میں تمہیں اولین اور آخرین کے بہترین اخلاق بتاؤں؟ میں نے عرض کیا ضرور ارشاد فرمائیں۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو تمہیں اپنی عطا سے محروم رکھے، اس کو عطا کرو، جو تم پر ظلم کرے اس کو معاف کرو، اور جو تم سے قرابت کے تعلقات توڑے اس کے ساتھ تعلقات جوڑو۔

حضرت عقبہ ؓ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھ فرمایا کہ میں تمہیں دنیا اور آخرت کے بہترین اخلاق بتاؤں پھر یہی تین چیزیں ارشاد فرمائیں اور بھی متعدد صحابہ کرام ؓ سے یہ مضمون ذکر کیا گیا حضرت ابو ہریرہ ؓ حضور اقدس ﷺ سے ارشاد نقل کرتے ہیں کہ آدمی خالص ایمان تک اس وقت تک نہیں پہنچ سکتا جب تک کہ یہ کام نہ کرے کہ اپنے سے تعلق توڑنے والوں کے ساتھ تعلقات جوڑا کرے اپنے اوپر ظلم کرنے والوں کو معاف کیا کرے۔ اپنے کو گالیاں دینے والے کو بخش دیا کرے اور جو اپنے ساتھ برائی کرے اس کے ساتھ بھلائی کرے۔ (درمنثور)

(۱۰)......عن ابي بكرة ؓ قال قال رسول الله ﷺ مامن ذنب احرىٰ ان يعجل الله لصاحبه العقوبة في الدنيا مع ما يدخرله في الآ خرة من البغي و قطيعة الرحم (رواه الترمذي و ابو داؤد و كذافي المشكوٰة)

ترجمہ)......حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ نہیں ہے کوئی گناہ جو زیادہ مستحق اس بات کا ہو کہ اس کا وبال آخرت میں ذخیرہ رہنے کے باوجود دنیا میں اس کی سزا بہت جلد بھگتنی پڑے ان دو کے علاوہ۔ ایک ظلم دوسرا قطع رحمی۔

فائدہ: یعنی یہ دو گناہ ظلم اور قطع رحمی ایسے ہیں کہ آخرت میں تو ان پر جو کچھ وبال ہوگا۔ وہ ہو ہی گا آخرت کے علاوہ دنیا میں بھی ان کی سزا بہت جلد ملتی ہے ایک اور روایت میں ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ ہر گناہ کی جب چاہے مغفرت فرمادیتے ہیں مگر والدین کی قطع رحمی کی سزا مرنے سے پہلے پہلے دیدیتے ہیں (مشکوٰۃ) ہر گناہ کی سزا اللہ جل شانہٗ آخرت پر مؤخر فرمادیتے ہیں لیکن والدین کی نافرمانی

کی سزا کو بہت جلد دنیا میں دیدیتے ہیں ❶ بہت سی احادیث میں یہ بھی مضمون ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ قیامت کے دن رحم (قرابت) کو زبان عطا فرمادیں گے۔ وہ عرش معلیٰ کو پکڑ کر درخواست کرتا رہے گا کہ یا اللہ جس نے مجھے ملایا تو اس کو ملا اور جس نے مجھے قطع کیا تو اس کو قطع کر۔ بہت سی احادیث میں ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ فرماتے ہیں کہ رحم کا لفظ اللہ تعالیٰ کے پاک نام رحمٰن سے نکالا گیا ہے جو اس کو ملائے گا رحمٰن اس کو ملائے گا جو اس کو قطع کرے گا رحمٰن اس کو قطع کرے گا۔

ایک حدیث میں ہے کہ اس قوم پر رحمت نازل نہیں ہوتی جس میں کوئی قطع رحمی کرنے والا ہو۔ ایک حدیث میں ہے کہ ہر پنج شنبہ کو اللہ جل شانہٗ کے یہاں اعمال پیش ہوتے ہیں، قطع رحمی کرنے والے کا کوئی عمل قبول نہیں ہوتا۔ ❷ فقیہ ابواللیثؒ فرماتے ہیں کہ قطع رحمی اس قدر بدترین گناہ ہے کہ پاس بیٹھے والوں کو بھی رحمت سے دور کر دیتا ہے اس لئے ضروری ہے کہ ہر شخص اس سے بہت جلد توبہ کرے اور صلہ رحمی کا اہتمام کرے۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ صلہ رحمی کے علاوہ کوئی نیکی ایسی نہیں جس کا بدلہ بہت جلد ملتا ہو اور قطع رحمی اور ظلم کے علاوہ کوئی گناہ ایسا نہیں جس کا وبال آخرت میں باقی رہنے کے ساتھ ساتھ دنیا میں جلدی نہ مل جاتا ہو۔ ❸ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ ایک مرتبہ صبح کی نماز کے بعد ایک مجمع میں تشریف فرما تھے فرمانے لگے میں تم لوگوں کو قسم دیتا ہوں کہ اگر اس مجمع میں کوئی شخص قطع رحمی کرنے والا ہو تو وہ چلا جائے۔ ہم لوگ اللہ تعالیٰ شانہٗ سے ایک دعا کرنا چاہتے ہیں اور آسمان کے دروازے قطع رحمی کرنے والے کیلئے بند ہو جاتے ہیں۔ ❹ یعنی اس کی دعا آسمان پر نہیں جاتی اس سے پہلے ہی دروازہ بند کر دیا جاتا ہے۔ اور جب اس کے ساتھ ہماری دعا ہوگی تو وہ دروازہ بند ہو جانے کی وجہ سے رہ جائے گی۔ ان کے علاوہ بہت سی روایات سے یہ مضمون معلوم ہوتا ہے اور دنیا کے واقعات بہت کثرت سے اس کی شہادت دیتے ہیں کہ قطع رحمی کرنے والا دنیا میں بھی ایسے مصائب میں پھنستا ہے کہ پھر روتا ہے۔ اور اپنی حماقت اور جہالت سے اس کو یہ خبر بھی نہیں ہوتی کہ اتنے اس گناہ سے توبہ نہ کرے، اس کی تلافی نہ کرے، اس کا بدل نہ کرے اتنے اس آفت اور عذاب سے جس میں مبتلاء ہے خلاصی نہ ہوگی چاہے لاکھ تدبیریں کر لے اور اگر کسی دنیوی آفت میں مبتلا ہو جائے تو وہ اس سے بہت ہلکی ہے کہ کسی بددینی میں خدا نہ کرے مبتلا ہو جائے کہ اس صورت میں اس کو پتہ بھی نہ چلے گا۔ کہ توبہ ہی کر لے، حق تعالیٰ شانہٗ ہی اپنے فضل سے محفوظ فرمائے۔

---

❶ جامع الصغیر ❷ درمنثور ❸ تنبیہ الغافلین ❹ ترغیب۔

﴿چوتھی فصل﴾

زکوٰۃ کی تاکید اور فضائل میں

زکوٰۃ کا ادا کرنا اسلام کے ارکان میں سے اہم ترین رکن ہے۔ حق تعالیٰ شانہٗ نے اپنے پاک کلام میں مشہور قول کے موافق بیاسی (۸۲) جگہ نماز کے ساتھ ساتھ زکوٰۃ کا حکم فرمایا اور جہاں جہاں صرف زکوٰۃ کا حکم ہے وہ ان کے علاوہ ہیں۔ حضور اقدس ﷺ کا مشہور ارشاد ہے کہ اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے۔ (۱) کلمہ طیبہ کا اقرار، (۲) نماز، (۳) زکوٰۃ، (۴) روزہ، (۵) حج، ایک حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ اس شخص کی نماز قبول کرتے ہیں، جو زکوٰۃ ادا کرے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے (قرآن پاک میں) اس کو نماز کے ساتھ جمع کیا ہے پس ان دونوں میں فرق نہ کرو۔ (کنز) علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ ان میں سے کسی چیز کا انکار کرنے والا کافر ہے۔ یہی پانچ چیزیں اسلام کی بنیاد ہیں یہی اہم العبادات ہیں۔ یہی وہ چیزیں ہیں جن پر اسلام کا گویا مدار ہے۔ لیکن اگر غور کی نگاہ سے دیکھا جائے تو ان کا خلاصہ کیا ہے، اقرارِ عبدیت کے بعد صرف دو حاضریاں ہیں آقا کے دربار کی محبوب کے بارگاہ کی پہلی حاضری روحانی ہے جو نماز کے ذریعہ سے ہے اسی لئے حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ نمازی اللہ تعالیٰ سے باتیں کرتا ہے اسی لئے اس کو معراج المومنین کہا جاتا ہے۔

یہ حاضری اپنی ہر وقت کی حاجات اور ضرورتیں مالک کے حضور میں پیش کرنے کا وقت ہے اسی لئے بار بار حاضری کی ضرورت پیش آتی ہے کہ آدمی کی ضرورتیں ہر وقت پیش آتی رہتی ہیں اسی وجہ سے احادیث میں کثرت سے یہ مضمون آیا ہے کہ حضور اقدس ﷺ اور سارے انبیاء کرامؑ کو جب کوئی حاجت پیش آتی نماز کی طرف رجوع کرتے اس حاضری میں بندہ کی طرف سے حمد وثنا کے بعد اعانت کی درخواست ہے۔ اور اللہ تعالیٰ شانہٗ کی طرف سے اجابت کا وعدہ ہے جیسا کہ احادیث میں سورۂ فاتحہ کی تفسیر میں اس کی تصریح ہے۔ اسی لئے جب نماز کے لئے پکارا جاتا ہے تو نماز کے لئے آؤ کے ساتھ ہی اعلان کیا جاتا ہے کہ فلاح کے لئے آؤ یعنی دونوں جہان کی کامیابی کیلئے آؤ۔ اس کی تائید میں کثرت سے احادیث کا ذخیرہ موجود ہے۔ اور نماز پر چونکہ دونوں جہان کی فلاح اور کامیابی ہی مولیٰ اور آقا کے دربار سے ملتی ہے دین اور دنیا دونوں ہی عطا ہوتی ہیں اس لئے زکوٰۃ یا اس کا تکملہ اور تتمہ ہے کہ ہمارے دربار سے جو عطا ہو اس میں سے نہایت قلیل مقدار ڈھائی روپیہ سیکڑہ ہمارے نام لیوا فقیروں کو بھی دیدیا کرو یہ گویا شکرانہ ہے دربار کی عطا کا، جو عقلی بھی ہے فطری بھی ہے اور معتاد بھی ہے کہ دربار کی عطاؤں میں سے دربار کے نوکروں کو بھی دیا ہی جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن پاک میں کثرت سے جہاں

جہاں نماز کا حکم آتا ہے اس کے ساتھ ہی اس کے بعد اکثر زکوٰۃ کا حکم ہوتا ہے کہ نماز کے ذریعہ ہم سے مانگو، اور لو پھر جو ملے اس میں سے تھوڑا سا ہمارے نام لیواؤں کو دیتے جاؤ۔ پھر لطف پر لطف یہ ہے کہ اس قلیل مقدار کی ادائیگی پر مستقل اجر ہے مستقل ثواب ہے اور انعامات کثیرہ کا وعدہ ہے۔ دوسری حاضری جسمانی محبوب کے گھر کی ہے، جس کو حج کہتے ہیں اس میں چونکہ فی الجملہ مشقت ہے جانی بھی مالی بھی اس لئے استطاعت پر عمر بھر میں صرف ایک مرتبہ کی حاضری ضروری قرار دی اور وہاں کی حاضری کے لئے آپ کو گندگیوں سے پاک کرنے کے لئے چند یوم کا روزہ ضروری قرار دیا۔ کہ ساری گندگیوں کی جڑ پیٹ اور شرمگاہ ہے۔ ان کی چند یوم اہتمام سے حفاظت کی جائے تا کہ وہاں کی حاضری کی قابلیت پیدا ہو جائے اسی لئے روزہ کا مہینہ ختم ہوتے ہی حج کا زمانہ شروع ہو جاتا ہے اسی مصلحت سے غالباً فقہاءِ کرام اسی ترتیب سے ان عبادات کو اپنی کتابوں میں ذکر فرماتے ہیں۔

اس کے علاوہ روزہ میں دوسری مصالح کا ملحوظ ہونا اس کے منافی نہیں۔ مال خرچ نہ کرنے پر آیات میں وعید آئی ہیں جن میں سے بعض دوسری فصل میں گذر چکی ہیں وہ اکثر علماء کے نزدیک زکوٰۃ ادا نہ کرنے ہی پر نازل ہوئی ہیں ان سب آیات یا احادیث کا ذکر کرنا تو ظاہر ہے کہ دشوار ہے نمونہ کے طور پر چند آیات اور چند احادیث اس بارہ میں ذکر کی جاتی ہیں مسلمان کے لئے تو ایک آیت یا حضور اقدس ﷺ کا ایک ارشاد بھی کافی ہے اور جو محض نام کا مسلمان ہے اس کیلئے تمام قرآن پاک اور احادیث کا سارا دفتر بھی بیکار ہے۔ فرماں بردار کے لئے تو اس کا ایک مرتبہ معلوم ہو جانا بھی کافی ہے کہ آقا کا یہ حکم ہے اور نافرمان کے لئے ہزار تنبیہیں بھی بے کار ہیں۔ اتنے عذاب کا جُوت نہ پڑے اتنے کب سمجھ میں آسکتا ہے؟

آیات

۱)...... وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ۝ (سورۂ بقرہ ع ۵)

ترجمہ)...... اور قائم کرو تم لوگ نماز کو اور دو زکوٰۃ اور عاجزی کرو عاجزی کرنے والوں کے ساتھ یا رکوع کرو رکوع کرنے والوں کے ساتھ۔

فائدہ: حضرت مولانا تھانوی قدس سرہٗ تحریر فرماتے ہیں فروع اسلامیہ میں اعمال دو قسم کے ہیں اعمال ظاہری اور اعمال باطنی۔ پھر اعمال ظاہری دو قسم کے ہیں، عبادت بدنی اور عبادت مالی۔ تو یہ تین کلیات ہوئیں۔ ان تینوں کلیات میں سے ایک ایک جزئی کو ذکر کر دیا۔ نماز عبادت بدنی ہے اور زکوٰۃ عبادتِ مالی ہے۔ اور خشوع خضوع عبادت باطنی ہے چونکہ تواضع باطنی میں اہل تواضع کی معیت کو

بڑا دخل اور تاثیر عظیم ہے اس لئے الراکعین کا لفظ بڑھانا نہایت برمحل ہوا[1] اس قول کے مواقف رکوع سے خشوع خضوع مراد ہے اور بڑے لطیف امور آیت شریفہ سے ظاہر ہوتے ہیں۔ (۱) یہ کہ ساری عبادات میں اہم العبادات نماز ہے اسی لئے اس کو سب سے مقدم کیا۔ (۲) دوسرے درجہ میں زکوٰۃ ہے اس لئے اس کو دوسرے نمبر پر ذکر کیا۔ (۳) زکوٰۃ اس عطا کا شکرانہ ہے جیسا کہ ابھی مفصل گذرا (۴) یہ کہ عبادات میں بدنی عبادات مالی عبادات پر مقدم ہیں اس لئے بدنی عبادت کو اول اور مالی کو دوسرے نمبر پر ذکر فرمایا۔ (۵) یہ کہ عبادات میں ان کی ظاہری صورت باطنی حقیقت پر مقدم ہے اسی لئے خشوع خضوع کو تیسرے نمبر پر ذکر فرمایا۔ (۶) یہ کہ خشوع خضوع پیدا کرنے میں اس جماعت کے ساتھ شرکت کو بڑا دخل ہے۔ اسی وجہ سے مشائخ خانقاہوں کے قیام کو اہمیت دیتے ہیں کہ ان حضرات کی خدمت میں رہنے سے یہ صفت جلدی پیدا ہوتی ہے۔ (۷) تینوں قسم کی عبادات میں مسلمانوں کے عمومی افراد کے عمل کو بہت اہمیت ہے اسی لئے سب جگہ جمع کے صیغے ارشاد ہوئے۔ غور سے اور بھی لطائف پیدا ہوتے ہیں۔

دوسرا قول یہ ہے کہ رکوع سے مراد نماز کا رکوع ہے۔ ہمارے حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب قدس سرہ نے تفسیر عزیزی میں جو لکھا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ نماز پڑھ نماز پڑھنے والوں کے ساتھ یعنی جماعت سے نماز ادا کرو۔ اس لفظ میں گویا جماعت کی تاکید ہے اور جماعت کی نماز اسی مذہب کا خاصہ ہے اور دینوں میں نہیں ہے اور اس کو رکوع کے لفظ سے اس لئے تعبیر کیا کہ یہود کا اوپر سے بیان ہو رہا ہے اور ان کی نماز میں رکوع نہیں ہوتا۔ پس گویا اشارہ ہے اس طرف کہ نماز مسلمانوں کی طرح پڑھو[2] نماز کے ذیل میں جماعت کو بہت خصوصی دخل ہے جیسا کہ رسالہ فضائل[3] نماز میں اس کا بیان تفصیل سے گذر چکا ہے۔ حتّٰی کہ فقہاء نے بغیر جماعت کی نماز کو ناقص ادا بتایا ہے۔

۲)......وَرَحْمَتِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ ط فَسَاَکْتُبُھَا لِلَّذِیْنَ یَتَّقُوْنَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ وَالَّذِیْنَ ھُمْ بِاٰیٰتِنَا یُؤْمِنُوْنَ ۝ (سورۂ اعراف ع ۱۹)

ترجمہ)......اور میری رحمت (ایسی عام ہے کہ) تمام چیزوں کو محیط ہے۔ پس اس کو ان لوگوں کے لئے (کامل طور پر خاص طور سے) لکھوں گا جو خدا تعالیٰ سے ڈرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں۔

فائدہ: حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور قتادہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ اللہ جل شانہٗ کی رحمت دنیا میں ہر شخص کو شامل ہے نیک ہو یا بد ہو لیکن آخرت میں خاص طور سے متقی لوگوں ہی کے لئے ہے۔ ایک اعرابی

[1] بیان القرآن [2] تفسیر عزیزی [3] فضائل نماز

مسجد میں آئے اور نماز پڑھ کر انھوں نے دعا کی یا اللہ مجھ پر اور محمد ﷺ پر رحمت فرما اور ہمارے ساتھ رحمت میں کسی اور کو شریک نہ کر۔ حضور اقدس ﷺ نے ان کو دعا کرتے ہوئے سن لیا، تو فرمایا کہ تم نے اللہ تعالیٰ کی وسیع رحمت کو تنگ کیا۔ اللہ جل شانہ نے رحمت کے سو (۱۰۰) حصے فرما کر ایک حصہ دنیا میں اتارا جس کو ساری دنیا میں تقسیم فرما دیا اسی وجہ سے مخلوق ساری کی ساری جنات ہوں، یا انسان یا چوپائے، ایک دوسرے پر (آل اولاد پر اپنے پر بیگانے پر) رحم کرتے ہیں اور ننانوے حصہ اپنے پاس رکھ لی۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کے سو حصے ہیں جن میں سے ایک کی وجہ سے مخلوق ایک دوسرے پر رحم کھاتی ہے اسی کی وجہ سے جانور اپنی اولاد پر رحم کرتے ہیں اور ننانوے (۹۹) حصہ قیامت کے دن کیلئے مؤخر کر دیئے۔ اور بھی متعدد احادیث میں یہ مضمون آیا ہے۔ (درمنثور) کس قدر مسرت کی بات ہے، کس قدر لطف کی چیز ہے کہ مائیں اپنی اولاد پر جتنی شفقت کرتی ہیں کہ اس کی ذرا سی تکلیف پر بے چین ہو جاتی ہیں، باپ اپنی اولاد کو کسی مصیبت میں دیکھتے ہیں پریشان ہو جاتے ہیں، عزیز اقرباء میاں بیوی اپنے اور اجنبی کسی پر مصیبت دیکھ کر تلملانے لگتے ہیں۔ یہ ساری چیزیں اس رحمت ہی کا تو اثر ہیں جو اللہ تعالیٰ نے قلوب میں رکھی ہے۔ ساری دنیا کی ساری رحمتیں ملا کر ۱/۱۰۰ حصہ ہے اس رحمت کا جس کے ننانوے حصے اللہ جل شانہ نے اپنے لئے اختیار فرمائے اتنے بڑے رحیم اتنے بڑے شفیق کے احکام کی پرواہ نہ کرنا کس قدر بے غیرتی ہے کس قدر ظلم ہے کوئی ماں لڑکے پر انتہائی کرم کرتی ہو اور پھر وہ لڑکا اس کے کہنے کی پرواہ نہ کرے تو ماں کو کس قدر رنج ہو۔ حالانکہ ماں کا لطف و کرم اللہ کے لطف و کرم کے مقابلہ میں کچھ بھی نہیں ہے اسی سے حق تعالیٰ شانہ کے احکام کی پرواہ نہ کرنے کا اندازہ کیا جائے۔

۳) وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ رِّبًا لِّيَرْبُوَا فِيْٓ اَمْوَالِ النَّاسِ فَلَا يَرْبُوْا عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ زَكٰوةٍ تُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ ۝

ترجمہ)......اور جو چیز تم اس غرض سے دو گے کہ سود بن کر لوگوں کے مال میں بڑھوتری کا سبب بنے یہ تو اللہ تعالیٰ کے نزدیک نہیں بڑھتا اور جو کچھ زکوٰۃ (وغیرہ) دو گے جس سے کہ اللہ تعالیٰ کی رضا مقصود ہو، تو ایسے لوگ اپنے دیئے ہوئے مال کو اللہ تعالیٰ کے پاس بڑھاتے رہتے ہیں۔

فائدہ: مجاہدؒ کہتے ہیں بڑھوتری کی غرض سے مال دینے میں وہ سب مال داخل ہیں جو اس نیت سے دیئے جائیں کہ اس سے افضل ملے۔ یعنی چاہے دنیا میں اس سے افضل ملنے کی زیادہ ملنے کی امید پر خرچ کرے یا آخرت میں زیادہ ملنے کی امید پر خرچ کرے وہ سب بڑھوتری کی امید میں داخل ہے اسی لئے ربٰو اور زکوٰۃ کو ساتھ ذکر کیا۔

ایک اور حدیث میں حضرت مجاہدؒ سے نقل کیا گیا کہ اس سے ہدایا مراد ہیں ❶ یعنی جو ہدیہ وغیرہ کسی کو اس غرض سے دیا جائے کہ وہ اس کے بدلہ میں اس سے بڑھ کر دے گا مثلاً کسی کی دعوت اس غرض سے کی جائے کہ پھر وہ نذرانہ دے گا جو اس سے زیادہ ہوگا جتنا دعوت میں خرچ کیا گیا اسی میں نوتہ وغیرہ بھی داخل ہے کہ یہ سب کے سب بڑھوتری کی نیت سے خرچ کئے جاتے ہیں۔ ان سب کا ایک ہی ضابطہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے یہاں اضافہ اسی چیز کا ہوتا ہے جو اس کی رضا کے لئے خرچ کیا جائے۔ حضرت سعید بن جبیرؒ فرماتے ہیں کہ جو کوئی ہدیہ اس نیت سے دیا جائے کہ اس کا بدلہ دنیا میں ملے اس کا کوئی ثواب آخرت میں نہیں ہے اور ظاہر ہے جس آخرت کی نیت سے دیا ہی نہیں تو وہاں کیوں ملے۔ حضرت کعبؓ فرماتے ہیں کہ کوئی شخص کسی کو اس نیت سے دے کہ وہ بدلہ میں اس سے زیادہ دے گا وہ اللہ تعالیٰ کے یہاں کسی اضافہ کا سبب نہیں اور جو شخص محض اللہ کے واسطے دے کہ جس شخص کو دیا ہے اس سے کسی قسم کی مکافات اور بدل کا امیدوار نہ ہو۔ یہی وہ مال ہے جو اللہ کے نزدیک بڑھتا رہتا ہے۔ ❷ لہٰذا جو لوگ کسی کو زکوٰۃ وغیرہ کا مال دے کر اس کے امیدوار رہتے ہیں کہ وہ ہمیشہ احسان مند رہیں گے وہ اپنے ثواب میں اس بدنیتی سے خود کمی کر دیتے ہیں۔ سب سے پہلی فصل کی آیات میں نمبر ۲۴ پر گذرا ہے۔

"اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا"

ہم تم کو محض اللہ کے واسطے کھلاتے ہیں نہ تو ہم اس کا تم سے بدلہ چاہتے ہیں اور حق تعالیٰ شانہٗ نے زیادہ بدلہ چاہنے کی نیت سے خرچ کرنے کو حضور اقدس ﷺ کو تو خاص طور سے منع فرمایا ہے۔ چنانچہ دوسری جگہ خصوصیت سے حضور ﷺ کو ارشاد ہے "وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ (سورہ مدثر ع۱) اور آپ کسی کو اس غرض سے نہ دیں کہ اس کا زیادہ معاوضہ چاہیں۔ اور اللہ جل شانہٗ کے لئے خرچ کرنے کا ثواب اور اس کی زیادتی دین اور دنیا میں متعدد روایات سے پہلی فصل میں گذر چکی ہے اس لئے خرچ کرنے والوں کو بہت اہتمام سے اس کا لحاظ رکھنا چاہیے کہ کسی پر خرچ کرنے کی صورت میں ہرگز ان سے کسی قسم کے بدلہ یا شکریہ کا امیدوار نہ رہنا چاہیے۔

یہ دوسری بات ہے کہ لینے والے کا فرض ہے کہ وہ احسان مند ہو اور اس کا شکر ادا کرے لیکن دینے والا اگر اس کی نیت کرے گا تو وہ اللہ تعالیٰ کے واسطے سے نکل کر دنیا کے واسطے میں داخل ہو جائے گا۔ بالخصوص زکوٰۃ میں تو اس کا واہمہ بھی نہ ہونا چاہیے کہ اس میں وہ خود اپنا فرض ادا کرتا ہے اس میں کسی پر کیا احسان ہے اسی لئے آیت شریفہ میں زکوٰۃ کو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے دینے کے ساتھ مقید کیا ہے

❶، ❷ درمنثور۔

احادیث

۱)......عن ابن عباس رضی اللہ عنہ قال لما نزلت وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ كبر ذٰلك على المسلمين فقال عمر رضی اللہ عنہ انا افرج عنكم فانطلق فقال يانبى اللّٰه انه كبر على اصحابك هٰذه الاٰية فقال ان اللّٰه لم يفرض الزكوٰة الا ليطيب مابقى من اموالكم وانما فرض المواريث وذكر كلمة لتكون لمن بعدكم فقال فكبّر عمر رضی اللہ عنہ ثم قال له الا اخبرك بخير ما يكنز المرء المرأة الصّالحة اذا نظر اليها سرته واذا امرها اطاعته واذا غاب عنها حفظته (رواه ابو داؤد وكذا فى المشكوٰة)

ترجمہ)......حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب قرآن پاک میں آیت شریفہ (وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ) نازل ہوئی تو صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم پر یہ آیت بہت شاق ہوئی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اس مشکل کو میں حل کروں گا حضرت عمر رضی اللہ عنہ یہ فرما کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں تشریف لے گئے اور وہاں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ! (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ آیت تو لوگوں پر بڑی شاق ہو رہی ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے زکوٰۃ اسی لئے فرض کی ہے تا کہ بقیہ مال کو عمدہ اور طیب بنادے اور میراث تو آخر اسی وجہ سے فرض ہوئی کہ بعد میں باقی رہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خوشی میں فرمایا پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میں بہترین چیز خزانہ کے طور پر رکھنے کی بتاؤں وہ عورت ہے جو نیک ہو کہ جب خاوند اس کو دیکھے تو اس کی طبیعت خوش ہو جائے، اور جب اس کو کوئی حکم کرے تو وہ اطاعت کرے، اور جب وہ کہیں چلا جائے، تو وہ عورت (خاوند کی متروکہ چیزوں کی) حفاظت کرے۔ (جس میں اپنی عفت بھی داخل ہے)

فائدہ: دوسری فصل کی آیت میں نمبر ۵ پر یہ آیت شریفہ اور اس کا ترجمہ گذر چکا ہے اس آیت شریفہ کے ظاہر سے معلوم ہوتا تھا کہ ہر قسم کا ذخیرہ چاہے کیسی ہی ضرورت سے جمع کیا جائے وہ سخت عذاب کا سبب ہے۔ اسی لئے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کو بڑا شاق گذرا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے پاک رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات پر عمل تو صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی جان تھی اور ضرورتیں بسا اوقات روپیہ رکھنے پر مجبور کرتی تھیں اس لئے بڑی گرانی ہو رہی تھی جس کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کر کے حل کیا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تسلی فرمادی کہ زکوٰۃ اسی لئے فرض ہوئی کہ اس کے ادا کرنے کے بعد باقی مال طیب ہو جائے۔ اور اس سے مال کے جمع رکھنے پر دلیل ہوگئی کہ زکوٰۃ جب ہی واجب ہوگی جب سال بھر مال موجود رہے اگر مال کا رکھنا جائز نہ ہوتا کیوں واجب ہوتی؟ نیز اس سے زکوٰۃ کی کتنی بڑی فضیلت معلوم ہوئی کہ اس کے ادا کرنے کا ثواب تو مستقل اور علیحدہ رہا، اس کی وجہ سے باقی مال بھی

پاک صاف اور طیب بن جاتا ہے۔ خود قرآن پاک میں بھی اس طرف اشارہ ہے حق تعالیٰ شانہٗ ارشاد فرماتے ہیں۔ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا الآیۃ (سورۂ توبہ ع ۱۲) ''آپ ان کے مالوں سے صدقہ لے لیجئے جس کے ذریعہ سے آپ ان کو (گناہ کے آثار سے) پاک صاف کردیں گے''۔ ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کیا کرو کہ یہ تمہارے پاک ہونے کا ذریعہ ہے۔ ❶ ایک اور حدیث میں ہے کہ زکوٰۃ ادا کیا کرو، کہ وہ پاک کرنیوالی ہے۔ اللہ تعالیٰ تم کو (اس کے ذریعہ سے) پاک کردے گا۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ اپنے مالوں کو زکوٰۃ کے ذریعہ سے (گندگی سے یا اضاعت سے) محفوظ بناؤ۔ اور اپنے بیماروں کی صدقہ سے دوا کرو۔ اور بلاؤں کے لئے دعاؤں کو تیار کرو۔ ❷ ایک اور حدیث میں ہے کہ زکوٰۃ کے ذریعہ سے اپنے مال کو محفوظ بناؤ۔ اپنے بیماروں کی صدقہ سے دوا کرو۔ اور بلاؤں کے زوال کے لئے دعا اور عاجزی سے مدد چاہو۔ ❸ اس کے بعد حضور اقدس ﷺ نے حدیث بالا میں مال جمع رکھنے کے جواز کی دوسری دلیل ارشاد فرمائی کہ میراث کا حکم تو اسی وجہ سے ہے کہ مال رکھنا جائز ہے۔ اگر مال کا رکھنا جائز نہ ہوتو پھر تقسیم میراث کس چیز کی ہوگی؟ اس کے بعد حضور ﷺ نے اس پر تنبیہ فرمائی کہ جائز ہونا امر آخر ہے لیکن خزانوں میں رکھنے کی چیز نہیں ہے بلکہ اس کو تو خرچ ہی کردینا چاہیے محفوظ رکھنے کی چیز نیک بیوی ہے۔ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ صحابہؓ نے اس جگہ سوال فرمایا تھا جس پر حضور ﷺ کا یہ ارشاد ہے۔ حضرت ثوبان ؓ فرماتے ہیں کہ جب آیت شریفہ ''وَالَّذِينَ يَكْنِزُونَ الذَّهَبَ الآیۃ نازل ہوئی تو ہم حضور ﷺ کے ساتھ سفر میں تھے۔ بعض صحابہ ؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) اگر یہ معلوم ہو جاتا کہ خزانہ کے طور پر کیا چیز حفاظت سے رکھنے کی ہے تو حضور ﷺ نے فرمایا بہترین چیز وہ زبان ہے جو ذکر کرنے والی ہو، وہ دل ہے جو شکر گذار ہو اور وہ نیک بیوی ہے جو دین کے کاموں میں مدد کرنے والی ہو۔ ❹ ایک حدیث میں ہے کہ جب یہ آیت شریفہ نازل ہوئی تو حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ سونے چاندی کا ناس ہو کیسی بری چیز ہے تین مرتبہ حضور ﷺ نے یہی فرمایا اس پر بعض صحابہ ؓ نے دریافت کیا کہ خزانہ کے طور پر قابل حفاظت کیا چیز بہتر ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا کہ زبان ذکر کرنے والی۔ دل اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والا، وہ نیک بیوی جو دین کے کاموں میں معین ومددگار ہو۔ ❺ کیسی پاک اور جامع تعلیم ہے حضور اقدس ﷺ کی کہ مال رکھنے کا جواز بھی بتادیا اور جمع رکھنے کا پسندیدہ نہ ہونا بھی بتایا اور دنیا میں راحت کی ایسی زندگی جو آخرت میں کام دے وہ بھی بتادی کہ ذکر کرنے والی زبان، شکر کرنے والا دل، اور دنیا کی لذت کی وہ چیز بھی بتادی جو راحت سے زندگی گذرنے کا سبب ہو اور وہ فتنے اس میں نہ ہوں جو مال میں ہیں ہر قسم کی راحت

❶، ❷، ❸ کنز ❹ درمنثور ❺ تفسیر کبیر۔

اسے میسر ہو۔ اور وہ بیوی ہے بشرطیکہ نیک ہو، دیندار ہو، فرمان بردار ہو اور سمجھ دار ہو، کہ خاوند کے مال ومتاع کی حفاظت کرنے والی ہو۔

۲)......عن ابی الدرداء عن رسول اللّٰہ ﷺ قال الزکوٰۃ قنطرۃ الاسلام

(رواہ الطبرانی فی الاوسط والکبیر کذافی الترغیب)

ترجمہ)......حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ زکوٰۃ اسلام کا (بہت بڑا مضبوط) پل ہے۔

فائدہ: جیسا کہ مضبوط پل ذریعہ اور سہولت کا سبب ہوتا ہے کسی جگہ جانے کا، اسی طرح زکوٰۃ ذریعہ ہے اور راستہ ہے اسلام کی حقیقت تک سہولت سے پہنچنے کا یا اللہ جل شانہٗ کے عالی دربار تک پہنچنے کا۔ عبدالعزیزؒ بن عمیر حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے پوتے فرماتے ہیں کہ نماز تجھے آدھے راستہ تک پہنچادے گی، اور روزہ بادشاہ کے دروازہ تک پہنچادے گا اور صدقہ تجھے بادشاہ کے پاس پہنچادے گا ❶ پل کے ساتھ ایک لطیف مناسبت شقیق بلخیؒ جو مشہور بزرگ اور صوفی ہیں کے کلام سے بھی معلوم ہوتی ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم نے پانچ چیزیں تلاش کیں۔ ان کو پانچ جگہ پایا۔ روزی کی برکت کو چاشت کی نماز میں پایا، اور قبر کی روشنی تہجد کی نماز میں ملی۔ منکر نکیر کے جواب کو تلاوت قرآن میں پایا، اور پل صراط پر سہولت سے گذرنا روزہ اور صدقہ میں پایا اور عرش کا سایہ خلوت میں پایا۔ ❷

۳)......عن جابر ؓ قال قال رجل یارسول اللّٰہ ارأیت ان ادی الرجل زکوٰۃ مالہ فقال رسول اللّٰہ ﷺ من ادی زکوٰۃ مالہ فقد ذھب عنہ شرہ۔

(رواہ الطبرانی فی الاوسط وابن خزیمۃ فی صحیحۃ والحاکم مختصراوقال صحیح علیٰ شرط مسلم کذافی الترغیب)

ترجمہ)......حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص مال کی زکوٰۃ ادا کردے تو اس مال کی شر اس سے جاتی رہتی ہے۔

فائدہ: بعض روایات میں یہ مضمون اس طرح آیا ہے کہ تو مال کی زکوٰۃ ادا کردے تو تو نے اس مال کے شر کو زائل کردیا ❸ یعنی مال بہبود سے شرور کا سبب ہوتا ہے لیکن اس کی زکوٰۃ اگر اہتمام سے ادا ہوتی رہے تو اس کے شر سے حفاظت رہتی ہے۔ آخرت کے اعتبار سے تو ظاہر ہے کہ پھر اس مال پر عذاب نہیں ہوتا دنیا کے اعتبار سے اس لحاظ سے کہ زکوٰۃ کا ادا کرنا مال کے محفوظ رہنے کا ذریعہ ہے جیسا کہ اس سے اگلی حدیث میں آرہا ہے۔ اور اگر زکوٰۃ ادا نہ کی جائے تو وہ مال ضائع ہوجاتا ہے جیسا کہ آئندہ فصل کے نمبر ۶ پر آرہا ہے۔

۴)......عن الحسن ؓ قال قال رسول اللّٰہ ﷺ حصنوا اموالکم بالزکوٰۃ

---

❶ اتحاف ❷ فضائل نماز ❸ کنز۔

وداوُوا امرضاکم بالصدقة واستقبلوا امواج البلاء بالدعاء والتضرع
(رواه ابو داوٗد فی المراسیل ورواه الطبرانی والبیهقی وغیرهما عن جماعة من الصحابة مرفوعاً متصلا والمرسل اشبه کذافی الترغیب)

ترجمہ)...... حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ اپنے مالوں کو زکوٰۃ کے ذریعہ محفوظ بناؤ۔ اور اپنے بیماروں کا صدقہ سے علاج کرو۔ اور بلا اور مصیبت کی مَوجوں کا دُعا اور اللہ تعالیٰ کے سامنے عاجزی سے استقبال کرو۔

فائدہ: تحصین کے معنی چاروں طرف قلعہ بنالینے کے ہیں۔ یعنی جیسا کہ آدمی قلعہ میں بیٹھ جانے سے ہر طرف سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ ایسا ہی زکوٰۃ کا ادا کردینا اس مال کو ایسا محفوظ کردیتا ہے جیسا کہ وہ مال قلعہ میں محفوظ ہو گیا ہو۔ ایک حدیث میں ہے کہ حضور اقدس ﷺ مسجد کعبہ میں حطیم میں تشریف رکھتے تھے کسی نے تذکرہ کیا کہ فلاں آدمیوں کا بڑا نقصان ہو گیا۔ سمندر کی موج نے ان کے مال کو ضائع کردیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جنگل ہو یا سمندر کسی جگہ بھی جو مال ضائع ہوتا ہے وہ زکوٰۃ نہ دینے سے ضائع ہوتا ہے۔ اپنے مالوں کی زکوٰۃ ادا کرنے کے ذریعہ حفاظت کیا کرو۔ اور اپنے بیماروں کی صدقہ سے دوا کیا کرو۔ اور بلاؤں کے نزول کو دعاؤں سے دور کیا کرو دعا اس بلا کو بھی زائل کردیتی ہے جو نازل ہو گئی ہو اور اس بلا کو روک دیتی ہے جو ابھی تک نازل نہ ہوئی ہو۔ جب اللہ جل شانہٗ کسی قوم کا بقا چاہتے ہیں یا ان کی بڑھوتری چاہتے ہیں تو اس قوم میں گناہوں سے عفت اور جوانمردی (یعنی جود و بخشش عطا فرماتے ہیں اور جب کسی قوم کو ختم کرنا چاہتے ہیں تو اس میں خیانت پیدا کردیتے ہیں۔ (کنز)

۵)...... روی عن علقمة انهم اتوا رسول اللّٰه ﷺ قال فقال لنا النبی ﷺ ان تمام اسلامکم ان تؤدوا زکوٰة اموالکم (رواه البزار کذافی الترغیب)

ترجمہ)...... حضرت علقمہ ؓ فرماتے ہیں کہ جب ہماری جماعت حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی تو حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تمہارے اسلام کی تکمیل اس میں ہے کہ مالوں کی زکوٰۃ ادا کرو۔

فائدہ: اسلام کی تکمیل کا زکوٰۃ پر موقوف ہونا ظاہر ہے کہ جب زکوٰۃ اسلام کے پانچ مشہور ارکان کلمہ طیبہ کا اقرار، نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ کا ایک رُکن ہے تو جب تک ایک رکن بھی باقی رہے گا اسلام کی تکمیل نہیں ہو سکتی۔ حضرت ابو ایوب ؓ فرماتے ہیں کہ ایک صاحب حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اور عرض کیا مجھے ایسا عمل بتادیجئے جو مجھے جنت میں داخل کردے۔

حضور ﷺ نے فرمایا اللہ کی عبادت کرو، کسی کو اس کا شریک نہ کرو۔ نماز کو قائم کرو، زکوٰۃ ادا کرتے رہو، اور صلہ رحمی کرتے رہو، ایک اور حدیث میں ہے ایک اعرابی نے سوال کیا کہ مجھے ایسا عمل

بتادیجئے جس پر عمل کر کے جنت میں داخل ہو جاؤں۔ حضور ﷺ نے فرمایا اللہ کی عبادت کرو، اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو، فرض نماز کو اہتمام سے ادا کرتے رہو، فرض زکوٰۃ ادا کرتے رہو، رمضان کے روزے رکھتے رہو۔ ان صاحب نے عرض کیا اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے اس میں ذرا بھی کمی زیادتی نہ ہوگی۔ جب وہ چلے گئے تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص کا کسی جنتی آدمی کو دیکھ کر دل خوش ہو وہ اس کو دیکھے (ترغیب)

٦)......عن عبداللّٰہ بن معویة الغاضری قال قال رسول اللّٰہ ﷺ ثلث من فعلهن فقد طعم طعم الایمان من عبداللّٰہ وحده وعلم ان لا اله الا اللّٰہ واعطیٰ زکوٰة ماله طیبة بها نفسه رافدة علیه کل عام ولم یعط الهرمة ولا الدرنة ولا المریضة ولا الشرط اللئیمة ولکن من وسط اموالکم فان اللّٰہ لم یسئالکم خیره ولم یامرکم بشره (رواہ ابوداؤد کذافی الترغیب)

ترجمہ)...... حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص تین کام کر لے اس کو ایمان کا مزہ آجائے۔ صرف اللہ جل شانہٗ کی عبادت کرے اور اس کو اچھی طرح جان لے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور زکوٰۃ کو ہر سال خوش دلی سے ادا کرے (بوجھ نہ سمجھے) اس میں (جانوروں کی زکوٰۃ) بوڑھا جانور یا خارشی جانور یا مریض یا گھٹیا قسم کا جانور نہ دے بلکہ متوسط جانور دے اللہ جل شانہٗ زکوٰۃ میں تمہارے بہترین مال نہیں چاہتے لیکن گھٹیا مال کا بھی حکم نہیں فرماتے۔

فائدہ: اس حدیث میں تذکرہ اگرچہ جانوروں کی زکوٰۃ کا ہے لیکن ضابطہ ہر زکوٰۃ کا یہی ہے کہ نہ تو بہترین مال واجب ہے نہ گھٹیا مال جائز ہے بلکہ درمیانی مال ادا کرنا اصل ہے البتہ کوئی اپنی خوشی سے ثواب حاصل کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کے لئے عمدہ مال ادا کرے تو اس کی سعادت ہے۔ اس کی خوش قسمتی ہے اس سلسلہ میں صحابۂ کرام ﷺ کے احوال کو غور سے دیکھے ان کے طرز عمل کی تحقیقات کرے دو واقعے نمونے کے طور پر اس جگہ نقل کرتا ہوں۔

مسلم بن شعبہؒ کہتے ہیں کہ نافع بن علقمہؒ نے میرے والد کو ہماری قوم کا چودھری بنادیا تھا ایک مرتبہ انھوں نے میرے والد کو حکم دیا کہ ساری قوم کی زکوٰۃ جمع کر کے لے جائیں۔ میرے والد نے مجھے سب سے زکوٰۃ کا مال وصول کرنے اور جمع کرنے کو بھیج دیا۔ میں ایک بڑے میاں کے پاس جن کا نام حضرت سعرؓ تھا ان کی زکوٰۃ لینے کے لیے گیا انھوں نے مجھ سے پوچھا بھتیجے! کس طرح کا مال لوگے میں نے کہا اچھا سے اچھا لوں گا حتی کہ بکری کے تھن تک بھی دیکھوں گا کہ بڑے ہیں یا چھوٹے۔ یعنی ایک ایک چیز دیکھ کر ہر اعتبار سے عمدہ سے عمدہ مال چھانٹ کر لونگا۔ انھوں نے کہا کہ پہلے میں تمہیں ایک حدیث سنادوں (تاکہ مسئلہ تم کو معلوم ہو جائے اس کے بعد جیسا دل

چاہے لے لینا) میں حضور ﷺ کے زمانہ میں اسی جگہ رہتا تھا میرے پاس حضور اقدس ﷺ کے پاس سے دو آدمی قاصد بن کر آئے اور یہ کہا کہ ہمیں حضور ﷺ نے تمہاری زکوٰۃ لینے کیلئے بھیجا ہے میں نے ان کو اپنی بکریاں دکھا کر دریافت کیا کہ ان میں کیا چیز واجب ہے۔ انھوں نے شمار کر کے بتایا کہ ایک بکری واجب ہے۔ میں نے ایک نہایت عمدہ بکری جو چربی اور دودھ سے لبریز تھی نکالی کہ زکوٰۃ میں دوں ان صاحبوں نے اس کو دیکھ کر کہا کہ یہ بچہ والی بکری ہے ہمیں ایسی بکری لینے کی حضور ﷺ کی طرف سے اجازت نہیں ہے میں نے پوچھا کہ پھر کیسی لوگے ان دونوں نے کہا کہ چھ مہینہ کا مینڈھا یا ایک سال کی بکری۔ میں نے ایک ششماہا بچہ نکال کر ان کو دے دیا وہ لے گئے [1] اس واقعہ میں حضرت سعر رضی اللہ عنہ کی خواہش ابتداءً یہی تھی کہ تمام بکریوں میں جو بہتر سے بہتر ہو وہ ادا کی جائے۔ اور ابن نافع رحمہ اللہ کو غالباً یہ واقعہ اس لئے سنایا کہ ان کو مسئلہ معلوم ہو جائے اور اس کے بعد ان کا انداز تو اس واقعہ سے خود ہی معلوم ہو گیا کہ یہ زکوٰۃ میں اپنا بہترین مال دینا چاہتے ہیں۔

دوسرا واقعہ حضرت اُبَیّ بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے ایک مرتبہ زکوٰۃ وصول کرنے کے لئے بھیجا میں ایک صاحب کے پاس گیا انھوں نے اپنے اونٹ میرے سامنے کئے تو میں نے دیکھا کہ ان میں ایک سال کی اونٹنی واجب ہے۔ میں نے ان سے کہا کہ ایک سالہ اونٹنی دیدو وہ کہنے لگے کہ ایک سالہ اونٹنی کس کام آئے گی نہ تو وہ سواری کا کام دے سکتی ہے نہ دودھ کا۔ یہ کہنے کے بعد انھوں نے ایک نہایت عمدہ بہت موٹی تازی بڑی اونٹنی نکالی اور کہا کہ یہ لے جاؤ، میں نے کہا میں تو اس کو قبول نہیں کر سکتا البتہ حضور اقدس ﷺ خود سفر ہی میں تشریف فرما ہیں۔ اور تمہارے قریب ہی آج منزل ہے اگر تمہارا دل چاہے تو براہِ راست حضور ﷺ کی خدمت میں جا کر پیش کر دو۔ اگر حضور ﷺ نے اجازت دیدی تو میں لے لونگا وہ صاحب اس اونٹنی کو لے کر میرے ساتھ چل دیئے جب ہم حضور ﷺ کی خدمت میں پہنچے تو انھوں نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) آپ کے قاصد میرے پاس آئے تھے کہ میری زکوٰۃ لیں اور خدا کی قسم یہ سعادت مجھے اب سے پہلے کبھی نصیب نہیں ہوئی کہ حضور (ﷺ) نے یا حضور (ﷺ) کے قاصد نے کبھی مجھ سے مال طلب کیا ہو۔ میں نے آپ کے قاصد کے سامنے اپنے اونٹ کر دیئے انھوں نے ان کو دیکھ کر فرمایا کہ ان میں ایک سالہ اونٹنی واجب ہے۔ حضور ﷺ ایک سالہ اونٹنی نہ تو دودھ کا کام دے سکتی ہے، نہ سواری کا، اس لئے میں نے ایک بہتر سی اونٹنی ان کی خدمت میں پیش کی تھی جو یہ میرے ساتھ حاضر ہے انھوں نے اس کے قبول کرنے سے انکار کر دیا اس لئے میں آپ کی خدمت میں لایا ہوں یا رسول اللہ! (ﷺ) اس کو قبول ہی فرما لیجئے۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ تم پر واجب تو وہی ہے جو انھوں نے بتایا اگر تم نفل کے طور پر زیادہ

---

[1] ابوداؤد۔

عمر اونٹنی دیتے ہو تو اللہ جل شانہٗ تمہیں اس کا اجر دے گا انھوں نے عرض کیا یارسول اللہ (ﷺ) میں اسی لئے ساتھ لایا ہوں اس کو قبول فرمالیں۔ حضور ﷺ نے اس کے لینے کی اجازت فرمادی (ابوداؤد)

ان حضرات کے دلوں میں زکوٰۃ کا مال ادا کرنے کے یہ ولولے تھے وہ اس پر فخر کرتے تھے اس کو عزت سمجھتے تھے کہ اللہ کا اور اس کے رسول کا قاصد آج میرے پاس آیا اور میں اس قابل ہوا وہ اس کو تاوان اور بیگار نہیں سمجھتے تھے وہ اس کو اپنی ضرورت اپنی غرض اور اپنا کام سمجھتے تھے ہم لوگ عمدہ مال کو یہ سوچتے ہیں کہ اس کو رکھ لیں کہ اپنے کام آئے گا اور یہ حضرات اپنے کام آنا اسی کو سمجھتے تھے جو اللہ کے راستہ میں خرچ کر دیا ہو۔

حضرت ابوذر ؓ کا واقعہ پہلی فصل کی آیات کے ذیل میں نمبر ۱۱ پر گذر چکا کہ جب قبیلہ بنی سلیم کے ایک شخص نے آپ کی خدمت میں رہنے کی درخواست کی تو آپ نے ان سے یہ فرمایا کہ اس شرط پر میرے پاس قیام کی اجازت ہے کہ جب میں کسی کو کوئی چیز دینے کو کہوں تو جو چیز میرے مال میں سب سے عمدہ اور بہتر ہو اس کو چھانٹ کر دینا ہوگا۔ یہ مفصل قصہ گذر چکا ہے اور آئندہ فصل کی احادیث میں نمبر ۶ پر یہ مضمون تفصیل سے آرہا ہے کہ زکوٰۃ صدقات میں بالخصوص زکوٰۃ میں خراب مال ہرگز نہ دینا چاہیے۔

۷)......عن ابی ھریرۃ ؓ ان رسول اللہ ﷺ قال اذا ادّیت الزکوٰۃ فقد قضیت ماعلیك ومن جمع مالا حراماً ثم تصدق به لم یکن له فیه اجرو کان اصرہ علیه (رواہ ابن حبان و ابن خزیمۃ فی صحیحھما والحاکم وقال صحیح الاسناد کذافی الترغیب)

ترجمہ)......حضور اقدس ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ جب تو مال کی زکوٰۃ ادا کرے تو جو حق (واجب) تجھ پر تھا وہ تو ادا ہو گیا (آگے نوافل کا صرف درجہ ہے اور جو شخص حرام طریقہ (سود رشوت وغیرہ) سے مال جمع کر کے صدقہ کرے اس کو اس صدقہ کا کوئی ثواب نہیں ہے بلکہ اس حرام کمائی کا وبال اس پر ہے۔

فائدہ: اس حدیث پاک میں دو مضمون وارد ہوئے ہیں ایک تو یہ کہ واجب کا درجہ زکوٰۃ کا ہے اس کے علاوہ جو درجات ہیں وہ صدقات اور نوافل کے ہیں۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ جو شخص زکوٰۃ کو ادا کرے اس نے اس حق کو تو ادا کر دیا جو اس پر واجب تھا اس سے زیادہ جو ادا کردے وہ افضل ہے [1] حضرت ضمام ؓ بن ثعلبہ کی مشہور حدیث جو بخاری شریف و مسلم شریف وغیرہ سب کتب میں بہت طریقوں سے ذکر کی گئی جس میں انھوں نے حضور ﷺ سے اسلام اور اس کے ارکان کے متعلق سوالات کئے اور حضور ﷺ نے سب کو تفصیل سے بتایا اس میں منجملہ دوسرے ارکان کے

[1] کنز۔

حضور ﷺ نے زکوٰۃ کا بھی ذکر فرمایا۔ حضرت ضمام رضی اللہ عنہ نے پوچھا کہ زکوٰۃ کے علاوہ کوئی چیز مجھ پر واجب ہے؟ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ نہیں البتہ اگر نفل کے طور پر تم ادا کرو تو اختیار ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں ایک شخص نے مکان فروخت کیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اس کی قیمت کو احتیاط سے اپنے گھر میں گڑھا کھود کر اس میں رکھ دینا اس نے عرض کیا کہ اس طرح کنز میں نہ ہو جائے گا؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جس کی زکوٰۃ ادا کردی جائے وہ کنز میں داخل نہیں ہوتا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے کہ مجھے اس کی پروا نہیں کہ میرے پاس احد پہاڑ کے برابر سونا ہو میں اس کی زکوٰۃ ادا کرتا رہوں اور اس میں اللہ کی اطاعت کرتا رہوں (1) اس نوع کی بہت سی روایات کتبِ احادیث میں موجود ہیں جن کی بنا پر جمہور علماء اور ائمہ کا یہی مذہب ہے کہ مال میں بحیثیت مال زکوٰۃ کے علاوہ کسی دوسری چیز کا وجوب نہیں۔ البتہ دوسری حیثیات سے اگر وجوب ہو تو وہ امر آخر ہے جیسا کہ بیوی کا اور چھوٹی اولاد کا نفقہ ہے اور اسی طرح سے دوسرے نفقات ہیں اور اسی طرح سے مضطر کی ضرورت کا پورا کرنا ہے کہ جو شخص بھوک یا پیاس کی وجہ سے مر رہا ہے اس کو موت سے بچانا فرض کفایہ ہے۔ امام غزالیؒ احیاء العلوم میں فرماتے ہیں کہ بعض تابعین کا مذہب یہ ہے کہ مال میں زکوٰۃ کے علاوہ بھی کچھ حقوق ہیں جیسا کہ نخعیؒ، شعبیؒ اور عطا اور مجاہدؒ کا مذہب ہے۔ امام شعبیؒ سے کسی نے پوچھا کہ مال میں زکوٰۃ کے علاوہ بھی کوئی حق ہے؟ انھوں نے فرمایا ہے اور قرآنِ پاک کی آیت "وَاٰتَی الْمَالَ عَلٰی حُبِّہٖ" تلاوت فرمائی جو سب سے پہلی فصل کی آیات میں نمبر۲ پر گزر چکی ہے۔ یہ حضرات یہ فرماتے ہیں کہ یہ حقوقِ مسلم میں داخل ہے کہ مالداروں کے ذمہ یہ ضروری ہے کہ جب وہ کسی ضرورت مند کو دیکھیں تو اس کی ضرورت کا ازالہ کریں۔ لیکن جو چیز فقہ کے اعتبار سے صحیح ہے وہ یہ ہے کہ جب کسی شخص کو اضطرار کا درجہ حاصل ہو جائے تو اس کا ازالہ فرض کفایہ ہے لیکن اس کا ازالہ بطور قرض کے کیا جائے یا اعانت کے طور پر یہ فقہا کے یہاں مختلف فیہ ہے (2)

مضطر کی اعانت اپنی جگہ پر مستقل واجب ہے جبکہ وہ بھوک سے یا پیاس سے یا کسی اور وجہ سے ہلاکت کے قریب ہو۔ لیکن مالدار پر مالی حیثیت سے زکوٰۃ سے زیادہ واجب نہیں ہے۔ یہاں دو امر قابلِ لحاظ ہیں۔ اول افراط ہم لوگوں کی عادت یہ ہے کہ جب کبھی کسی چیز کی طرف بڑھتے ہیں تو ایسا زور سے دوڑتے ہیں کہ پھر حدود کی ذرا بھی پروا نہیں رہتی۔ اس لئے اس کی رعایت ضروری ہے کہ کسی دوسرے شخص کا مال بغیر اس کی طیبِ خاطر کے لینا جائز نہیں ہے۔ فقہا نے مضطر کے لئے دوسرے کا مال کھانے کی ضرور اجازت دی ہے۔ لیکن اس میں خود حنفیہ کے یہاں بھی دو قول ہیں کہ اس کو مردار کا کھانا دوسرے کا مال کھانے پر مقدم ہے یا دوسرے کا مال مردار کھانے پر مقدم ہے جیسا

---

(1) درمنثور (2) احیاء۔

کہ کتب فقہ میں مذکور ہے۔ لیکن اتنا ضرور ہے کہ وہ اس حالت پر پہنچ جائے کہ اس کو مردار کھانے کی اجازت ہو جائے۔ جب وہ دوسرے کا مال کھا سکتا ہے حق تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد ہے۔

وَلَا تَأْكُلُوٓا أَمْوَالَكُم بَيْنَكُم بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوا بِهَآ إِلَى الْحُكَّامِ لِتَأْكُلُوا فَرِيقًا مِّنْ أَمْوَالِ النَّاسِ بِالْإِثْمِ وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ۔ (بقرہ ع ۲۳)

"اور آپس میں ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاؤ اور ان کو حکام کے یہاں اس غرض سے نہ لے جاؤ لوگوں کے مال ایک حصہ بطریق گناہ کے کھا جاؤ اور تم اس کو جانتے ہو۔"

حضور اقدس ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ کسی پر ظلم نہ کرو کسی شخص کا مال اس کی طیب خاطر بغیر لینا حلال نہیں ہے (1) حضور اقدس ﷺ کا مشہور ارشاد ہے کہ جو شخص ایک بالشت زمین کسی کی ظلم سے لے گا قیامت کے دن ساتوں زمینوں کا وہ حصہ جو اس ایک بالشت کے مقابل ہے طوق بنا کر اس کے گلے میں ڈال دیا جائے گا۔ (2) وفد ہوازن کا قصہ نہایت مشہور ہے کہ جب وہ شکست کھانے کے بعد مسلمان ہو کر حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور یہ درخواست کی کہ غنیمت میں جو قیدی اور مال ان کا لیا گیا ہے وہ ان کو واپس مل جائے تو حضور ﷺ نے بعض مصالح کی بنا پر یہ وعدہ فرمالیا کہ دونوں چیزیں تو واپس نہیں ہو سکتیں ان میں سے ایک ہو سکتی ہے۔ انھوں نے قیدیوں کے واپس مل جانے کی درخواست کی تو حضور ﷺ نے سب مسلمانوں سے جن کا ان میں حق تھا یہ اعلان فرمایا کہ میں نے ان کے قیدی واپس کرنے کا وعدہ کرلیا ہے تم میں سے جو شخص طیب خاطر سے اپنا حصہ مفت دے وہ دیدے اور جو اس کو پسند نہ کرے ہم اس کا بدل اس کو دیدیں گے۔ بھلا حضور ﷺ کے ایما کے بعد صحابہ ﷺ میں کون انکار کرنے والا تھا؟ مجمع کے درمیان میں یہ صحیح طور پر پتہ نہیں چل سکتا ہے کہ کس کی خوشی سے اجازت ہے اور کس کی نہیں اس لئے تمہارے چودھری تم سے علیحدہ علیحدہ بات کر کے تمہاری رضا کی مجھے اطلاع کریں (3)

دوسرے کے مال میں احتیاط کا یہ اسوہ حضور ﷺ کا ہے اور اس مضمون کی تائید میں احادیث کا بڑا ذخیرہ ہے کہ جبر و اکراہ سے بلا رضامندی کسی دوسرے کا مال لینا ہرگز جائز نہیں ہے۔ علمائے حق نے اس میں اتنی احتیاط برتی ہے کہ جو مجمع کی شرم میں کسی کار خیر میں چندہ دیا جائے اس کو بھی پسند نہیں کیا۔ اس لئے ایک جانب تو اس میں افراط سے بچنا ضروری ہے کہ یہ جبر و اکراہ کسی دوسرے کا مال نہ لیا جائے۔ کسی وقتی تحریک سے مرعوب ہو کر ہرگز قول و فعل سے تحریر و تقریر سے جمہور اسلاف کا خلاف نہ کرنا چاہیے۔ غریب پروری کا جذبہ بہت مبارک ہے مگر اس میں حدود سے تجاوز ہرگز نہ

(1) مشکوٰۃ (2) ایضاً (3) بخاری۔

کرنا چاہیے۔ نبی کریم ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ بدترین لوگوں میں سے ہے وہ شخص جو دوسرے کی خاطر اپنی آخرت کو نقصان پہنچائے (مشکوٰۃ) اس لئے اس میں ایک جانب افراط سے بچنا ضروری ہے اور دوسری جانب اس میں تفریط سے بچنا بھی اہم اور نہایت ضروری ہے یہ صحیح ہے کہ مال میں زکوٰۃ ہی واجب ہے لیکن محض واجب کی ادائیگی پر کفایت کرنا ہرگز مناسب نہیں۔ اب تک جو مضامین اور روایات رسالہ میں گزر چکی ہیں وہ سب کی سب بانگِ دہل اس کا اعلان کر رہی ہیں کہ اپنے کام آنے والا صرف وہی مال ہے جو اپنی زندگی میں دے دیا گیا اور اللہ کے یہاں جمع کر دیا گیا بعد میں نہ کوئی ماں باپ یاد رکھتا ہے نہ بیوی یا اولاد پوچھتی ہے۔ سب چند روز کے فرضی آنسو مفت کے بہا کر اپنے اپنے مشغلہ میں لگ جائیں گے کسی کو مہینوں اور برسوں بھی مرنے والے کا خیال نہیں آئے گا۔ اس سب سے قطع نظر حدیث بالا کے سلسلہ میں ایک اور اہم اور کلی بات بھی ذہن نشین رکھنا چاہیے کہ دین کے متعلق ایک مہمل اور بیہودہ لفظ ہماری زبانوں پر ہوتا ہے۔ ''اجی ہم دنیاداروں سے فرائض ہی ادا ہو جائیں تو غنیمت ہے۔ نوافل تو بڑے لوگوں کا کام ہے'' یہ شیطانی دھوکہ ہے نوافل اور تطوعات فرائض ہی کی تکمیل کے واسطے ہوتے ہیں۔ کون شخص یہ یقین کر سکتا ہے کہ میں نے اللہ تعالیٰ کے کسی فرض کو بھی پورا کا پورا ادا کر دیا۔ اور جب اس میں کوتاہی رہتی ہی ہے تو اس کے پورا کرنے کے لئے نوافل ہوتے ہیں۔ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ آدمی نماز سے ایسی حالت میں فارغ ہوتا ہے کہ اس کیلئے اس نماز کا دسواں حصہ لکھا جاتا ہے۔ نواں حصہ آٹھواں، ساتواں، چھٹا، پانچواں، چھوتھا، تہائی، آدھا حصہ لکھا جاتا ہے۔ (1) یہ مثال کے طور پر حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ ہم لوگ جیسی نماز پڑھتے ہیں اُس کا تو ہزاروں بلکہ لاکھواں حصہ بھی لکھ لیا جائے محض اس کا لطف و کرم ہے ورنہ وہ تو اپنی بداعمالیوں اور بے اخلاصی کی وجہ سے ایسی ہوتی ہیں کہ جیسا کہ دوسری احادیث میں ہے کہ بعض نمازیں پرانے کپڑے کی طرح سے لپیٹ کر منہ پر ماردی جائیں گی ان میں قبول کا کوئی درجہ بھی نہ ہوگا۔ ایسے احوال میں نہیں کہا جا سکتا کہ ہمارے فرائض کا کتنا حصہ لکھا گیا۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ قیامت میں سب سے پہلے نماز کا محاسبہ ہوگا۔

اللہ جل شانہ کا پاک ارشاد فرشتوں کو ہوگا کہ میرے بندے کی نماز کو دیکھو کہ ناقص ہے یا پوری ہے، اگر پوری ہوتی ہے تو وہ پوری لکھ لی جاتی ہے اور اگر ناقص ہوتی ہے تو جتنا نقصان ہوتا ہے وہ درج ہو جاتا ہے۔ پھر ارشاد ہوتا ہے کہ دیکھو اس کے پاس کچھ نوافل ہیں یا نہیں؟ اگر نوافل اس کے پاس ہوتے ہیں تو اُن سے فرائض کی تکمیل کر دی جاتی ہے۔ اس کے بعد پھر اسی طرح زکوٰۃ کا حساب کتاب ہوتا ہے یعنی اول فرائض کا حساب ہوتا ہے پھر نوافل سے اس کی تکمیل ہوتی ہے۔ اس کے بعد

---

(1) ابوداؤد۔

پھر اسی طرح بقیہ اعمال کا حساب کتاب ہوتا ہے (ابوداؤد)

ایسی صورت میں اس گھمنڈ میں کسی شخص کو ہرگز نہ رہنا چاہیے کہ میں زکوٰۃ حساب کے موافق دیتا رہتا ہوں نہ معلوم کتنی کوتاہیاں اُس میں ہو جاتی ہوں گی ان کی تلافی کے لئے زیادہ سے زیادہ مقدار صدقاتِ نافلہ کا ذخیرہ رہنا چاہیے۔ عدالت میں جب مقدمہ کیلئے آدمی جاتا ہے ہمیشہ خرچ سے زیادہ روپیہ جیب میں ڈال کر جاتا ہے کہ نہ معلوم کیا خرچ پیش آجائے۔ وہ عدالت تو سب عدالتوں سے اونچی ہے جہاں نہ جھوٹ چلتا ہے نہ زبان زوری، نہ سفارش، ہاں اللہ کی رحمت ہر چیز سے بالاتر ہے وہ صاحب حق ہے۔ بالکل ہی معاف کر دے تو کسی کا کیا اجارہ ہے۔ لیکن یہ ضابطہ کی چیز نہیں ہے اور مراحم خسروانہ کی اُمید پر جُرم نہیں کئے جاتے۔ اس لئے فرض کی مقدار کو بہت اہتمام سے اس کے شرائط اور آداب کی رعایت رکھتے ہوئے ادا کرتے رہنا چاہیے اور محض فرائض کی ادائیگی پر ہرگز ہرگز قناعت نہ کرنا چاہیے بلکہ ان کی کوتاہی کے خوف سے تکمیل کے لئے زیادہ حصہ نوافل کے ذخیرے کا اپنے پاس رہنا چاہئے۔ علامہ سیوطیؒ نے مرقاۃ الصعود میں نقل کیا ہے کہ ستر نوافل ایک فریضہ کی برابری کرتے ہیں اس لئے فرض کو بہت اہتمام سے ادا کرنا چاہئے کہ اس کی تھوڑی سی کوتاہی سے نوافل کا بہت بڑا ذخیرہ اس میں وضع ہو جاتا ہے اور فرائض میں اہتمام کے باوجود احتیاط کے طور پر نوافل کا بہت بڑا ذخیرہ اپنے نامہ اعمال میں محفوظ رکھنا چاہئے۔ دوسرا مضمون حدیث بالا میں یہ تھا کہ جو شخص حرام مال جمع کر کے اس میں سے صدقہ کرے اس کو صدقہ کا ثواب نہیں ہے۔ بہت سی روایات میں یہ مضمون ذکر کیا گیا کہ حق تعالیٰ شانہٗ غلول کے مال کا صدقہ قبول نہیں کرتے۔ غلول مالِ غنیمت میں خیانت کو کہتے ہیں۔

علماء نے لکھا ہے کہ غلول کا تذکرہ اس وجہ سے فرمایا کہ غنیمت کے مال میں سب کا حصہ ہوتا ہے تو جب ایسے مال کا صدقہ جس میں خود اپنا بھی حصہ ہے قبول نہیں ہوتا تو جس مال میں کوئی حصہ نہ ہو اس میں سے صدقہ بطریق اولیٰ قبول نہ ہوگا۔ ایک حدیث میں حضور اقدس ﷺ کا ارشاد وارد ہوا ہے کہ جو شخص حرام مال کماتا ہے وہ اگر خرچ کرے تو اس میں برکت نہیں ہوتی، صدقہ کرے تو قبول نہیں ہوتا پیچھے میراث کے طور پر چھوڑ جائے تو گویا جہنم کا توشہ چھوڑ گیا۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو شخص حلال مال کمائے اس کا زکوٰۃ کا ادا نہ کرنا اس مال کو خبیث بنا دیتا ہے اور جو شخص حرام کمائے اس کا زکوٰۃ ادا کرنا اس مال کو طیب نہیں بناتا۔ (درمنثور)

پانچویں فصل

زکوٰۃ ادا نہ کرنے کی وعیدیں

قرآنِ پاک میں بہت سی آیات نازل ہوئی ہیں جن میں سے متعدد آیات دوسری فصل میں یعنی مال نہ خرچ کرنے کی وعید میں گذر چکی ہیں جن کے متعلق علماء نے تصریح کی ہے کہ یہ زکوٰۃ ادا نہ کرنے میں ہیں اور ظاہر ہے کہ جتنی وعیدیں گزری ہیں وہ زکوٰۃ ادا نہ کرنے پر جبکہ زکوٰۃ بالاجماع فرض ہے بطرق اولیٰ شامل ہوں گی چنانچہ

(۱) وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ...... الآية

جو دوسری فصل کی نمبر ۵ پر مع ترجمہ گذر چکی ہے۔ جمہور صحابۂ کرام ﷺ اور جمہور علماء کے نزدیک زکوٰۃ کے بارے میں نازل ہوئی ہے اور جو سخت عذاب اس آیت شریفہ میں ذکر کیا گیا وہ زکوٰۃ ادا نہ کرنے والوں کے لئے ہے جیسا کہ اس کے ذیل میں بھی گذر چکا اور متعدد احادیث میں حضور اقدس ﷺ کے پاک ارشاد سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے کہ جو عذاب اس آیت شریفہ میں ذکر کیا گیا کہ اس کے مال کو تپا کر اس شخص کی پیشانی کو اور پہلو وغیرہ کو اس سے داغ دیئے جائیں گے۔ یہ زکوٰۃ ادا نہ کرنے کا عذاب ہے۔ اللہ ہی اپنے فضل سے محفوظ رکھے پکتے ہوئے دھات کا ذرا سا داغ سخت اذیت پہنچانے والا ہوتا ہے چہ جائیکہ جتنا زیادی مال ہوا تنے ہی زیادہ داغ آدمی کو دیئے جائیں گے چندروزان سونے چاندی کے ٹھیکروں کو اپنے پاس رکھ کر کتنی سخت مصیبت کا سامنا ہے

(۲) وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ...... الآية

یہ آیت شریفہ بھی مع ترجمہ کے دوسری فصل کے نمبر ۳ پر گذر چکی ہے اور اس کی تائید میں بخاری شریف کی حدیث سے حضور اقدس ﷺ کا ارشاد بھی گذر چکا ہے کہ جس شخص کو اللہ جل شانہٗ نے مال عطا کیا ہو اور وہ اس کی زکوٰۃ ادا نہ کرتا ہو وہ مال سانپ بن کر اس کے گلے میں ڈال دیا جائے گا۔ اور وہ کہے گا میں تیرا مال ہوں، تیرا خزانہ ہوں، سانپ جس گھر میں بھی نکل آتا ہے دہشت کی وجہ سے اندھیرے میں اس گھر میں بھی جانا مشکل ہو جاتا ہے کہ کہیں لپٹ نہ جائے لیکن اللہ کا پاک رسول ﷺ فرماتا ہے کہ یہی مال جس کو آج محفوظ خزانوں اور لوہے کی الماریوں میں رکھا جاتا ہے، زکوٰۃ ادا نہ کرنے پر کل کو سانپ بن کر تمہیں لپٹا دیا جائے گا۔ گھر کے سانپ کا لپٹنا ضروری نہیں محض احتمال ہے کہ شاید وہ لپٹ جائے اور اس شاید اور احتمال پر بار بار فکر و خوف ہوتا ہے کہ کہیں اُدھر سے نہ نکل آئے اور زکوٰۃ ادا نہ کرنے پر اس کا عذاب یقینی ہے مگر پھر بھی اس کا خوف ہم کو نہیں ہوتا۔

(۳) اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰى فَبَغٰى عَلَيْهِمْ ص وَاٰتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ مَآ اِنَّ مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْٓءُ بِالْعُصْبَةِ اُولِي الْقُوَّةِ ق اِذْ قَالَ لَهٗ قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ o وَابْتَغِ فِيْمَآ اٰتٰكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا وَاَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْاَرْضِ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ o قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ عِنْدِيْ ط اَوَلَمْ يَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَهْلَكَ مِنْ قَبْلِهٖ مِنَ الْقُرُوْنِ مَنْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً وَّاَكْثَرُ جَمْعًا ط وَلَا يُسْئَلُ عَنْ ذُنُوْبِهِمُ الْمُجْرِمُوْنَ o فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ فِيْ زِيْنَتِهٖ ط قَالَ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ قَارُوْنُ لا اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ o وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ج وَلَا يُلَقّٰهَآ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ o فَخَسَفْنَا بِهٖ وَبِدَارِهِ الْاَرْضَ قف فَمَا كَانَ لَهٗ مِنْ فِئَةٍ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ز وَمَا كَانَ مِنَ الْمُنْتَصِرِيْنَ o وَاَصْبَحَ الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا مَكَانَهٗ بِالْاَمْسِ يَقُوْلُوْنَ وَيْكَاَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ ج لَوْلَآ اَنْ مَّنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا ط وَيْكَاَنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ o (سورۂ قصص ع ۸)

قارون حضرت موسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کا چچازاد بھائی تھا جس کا قصہ مشہور و معروف ہے قرآنِ پاک میں سورۂ قصص کا آٹھواں رکوع سارا کا سارا اسی کے قصہ میں ہے جس کا ترجمہ مع توضیح یہ ہے کہ قارون (حضرت) موسیٰ (علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام) کی برادری میں سے (ان کا چچازاد بھائی) تھا۔ سو وہ (کثرتِ مال کی وجہ سے) ان لوگوں کے مقابلہ میں تکبر کرنے لگا۔ اور ہم نے اس کو اس قدر خزانے دیئے تھے کہ ان کی کنجیاں کئی کئی زور آور شخصوں کو گراں بار کر دیتی تھی (یعنی ان سے بمشکل اُٹھتی تھیں اور جب خزانوں کی کنجیاں اتنی تھیں تو ظاہر ہے کہ خزانے تو بہت ہی ہوں گے اور اس نے یہ تکبر اس وقت کیا تھا) جب کہ اس کو اس کی برادری نے (حضرت موسیٰ علیہ السلام وغیرہ نے سمجھانے کے طور پر کہا کہ تُو (اس مال و دولت پر) اِترا مت۔ واقعی اللہ تعالیٰ اترانے والوں کو پسند کرتا اور تجھ کو خدا تعالیٰ نے جتنا دے رکھا ہے اس میں عالم آخرت کی بھی جستجو کیا کر اور دنیا سے اپنا حصہ (آخرت میں لے جانا) فراموش نہ کر۔ اور جس طرح اللہ تعالیٰ نے تجھ پر احسان کیا ہے تو بھی (اس کے بندوں پر)

احسان کیا کر (اور خدا کی نافرمانی اور حقوق واجبہ ضائع کر کے) دنیا میں فساد کا خواہاں مت ہو۔ بیشک اللہ تعالیٰ فسادی لوگوں کو پسند نہیں کرتا قارون نے (ان کی نصیحتیں سُن کر یہ) کہا کہ مجھ کو تو یہ سب کچھ میری ذاتی ہنر مندی سے ملا (کہ میری حسن تدبیر سے یہ جمع ہوا۔ نہ اس میں کچھ غیبی احسان ہے نہ کسی دوسرے کا اس میں کوئی حق ہے۔ حق تعالیٰ شانہٗ اس کے قول پر عتاب فرماتے ہیں کہ) کیا اس قارون نے یہ نہ جانا اللہ تعالیٰ اس سے پہلے گذشتہ اُمتوں میں ایسے لوگوں کو ہلاک کر چکا ہے جو مالی قوت میں بھی اس سے کہیں بڑھے ہوئے تھے اور (جماعتی حیثیت سے) مجمع بھی ان کا زیادہ تھا (یہ تو دنیا میں ہوا اور آخرت میں جہنم کا عذاب الگ رہا) اور مجرموں سے ان کے گناہوں کا) معلوم کرنے کی غرض سے سوال بھی نہ ہوگا (کہ ہر شخص کا پورا حال اللہ تعالیٰ شانہٗ کو معلوم ہے (مطالبہ کی وجہ سے سوال علیحدہ رہا) پھر (وہ قارون ایک مرتبہ) اپنی آرائش وشان کے ساتھ اپنی برادری کے سامنے نکلا تو جو لوگ (اس کی برادری میں) دنیا کے طالب تھے وہ کہنے لگے کیا اچھا ہوتا کہ ہم کو بھی یہ ساز وسامان ملا ہوتا جو قارون کو ملا ہے۔ واقعی یہ قارون بڑا صاحب نصیب ہے (یہ تمنا اور حرص مال کی تھی۔ اس سے ان لوگوں کا کافر ہونا لازم نہیں ہے جیسا اب بھی بہت سے مسلمان دوسری قوموں کی دنیاوی ترقیاں دیکھ کر ہر وقت للچاتے ہیں اور اس کی فکر وسعی میں لگے رہتے ہیں کہ یہ دنیاوی فروغ ہمیں بھی نصیب ہو) اور جن لوگوں کو علم دین (اور اس کا فہم) عطا کیا گیا تھا وہ (ان حریصوں سے) کہنے لگے ارے تمہارا ناس ہو (تم دنیا پر کیا للچاتے ہو) اللہ تعالیٰ کے گھر کا ثواب (اس چندروزہ مال ودولت سے لاکھ لاکھ درجے) بہتر ہے جو ایسے شخص کو ملتا ہے جو ایمان لائے اور اچھے عمل کرے اور ان میں سے بھی کامل درجہ کا ثواب) ان ہی لوگوں کو دیا جاتا ہے جو صبر کرنے والے ہوں اور پھر (جب ہم نے قارون کی سرکشی اور فساد کی وجہ سے) اس کو اور اس کی محل سرائے کو زمین میں دھنسا دیا سو کوئی ایسی جماعت نہ ہوئی کہ اس کو اللہ کے عذاب سے بچا لیتی اور نہ وہ خود ہی کسی تدبیر سے بچ سکا (بیشک اللہ تعالیٰ کے عذاب سے کون بچا سکتا ہے اور کون بچ سکتا ہے؟ قارون پر یہ عذاب کی حالت دیکھ کر) کل جو لوگ اس جیسا ہونے کی تمنا کر رہے تھے وہ کہنے لگے بس جی یوں معلوم ہوتا ہے کہ (رزق کی فراخی کا اور تنگی کا مدار خوش نصیبی یا بدنصیبی پر نہیں بلکہ) اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے روزی کی فراخی دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے تنگی دیتا ہے (یہ ہماری غلطی تھی کہ اس کی فراخی کو خوش نصیبی سمجھ رہے تھے واقعی) اگر ہم پر اللہ تعالیٰ کی مہربانی نہ ہوتی تو ہم کو بھی دھنسا دیتا (کہ گنہگار تو ہم بھی آخر ہیں ہی) بس جی معلوم ہو گیا کہ کافروں کو فلاح نہیں ہے (گو یہ چندروزہ زندگی کے مزے لُوٹ لیں۔ [1]

فائدہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قارون حضرت موسیٰ علیہ السلام کی برادری سے تھا

---

[1] بیان القرآن بتغیر۔

ان کا چچازاد بھائی تھا (دنیاوی) علوم میں بہت ترقی کی تھی اور حضرت موسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ السلام پر حسد کرتا تھا۔ حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس سے فرمایا کہ اللہ جل شانہٗ نے مجھے تم سے زکوٰۃ وصول کرنے کا حکم دیا ہے۔ اس نے زکوٰۃ دینے سے انکار کر دیا اور لوگوں سے کہنے لگا کہ موسیٰ اس نام سے تمہارے مالوں کو کھانا چاہتا ہے۔ اس نے نماز کا حکم کیا، تم نے برداشت کیا۔ اس نے اور احکام جاری کیے جن کو تم برداشت کرتے رہے اب وہ تمہیں زکوٰۃ کا حکم دیتا ہے اس کو بھی برداشت کرو۔ لوگوں نے کہا یہ ہم سے برداشت نہیں ہوتا تم ہی کوئی ترکیب بتاؤ۔ اس نے کہا میں نے یہ سوچا ہے کہ کسی فاحشہ عورت کو اس پر راضی کیا جائے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر اس کی تہمت لگائے کہ وہ مجھ سے زنا کرنا چاہتے ہیں۔ لوگوں نے ایک فاحشہ عورت کو بہت کچھ انعام کا وعدہ کر کے اس پر راضی کر لیا کہ وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر یہ الزام لگائے۔ اس کے راضی ہونے پر قارون، حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس گیا اور اُن سے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے جو احکام آپ کو دیئے ہیں وہ بنی اسرائیل کو سب جمع کر کے سنا دیجئے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس کو پسند فرمایا اور سارے بنی اسرائیل کو جمع کیا اور جب سب جمع ہو گئے تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کے احکام بتانے شروع کئے کہ مجھے یہ احکام دیئے ہیں کہ اس کی عبادت کرو کسی کو اس کا شریک نہ کرو، صلہ رحمی کرو اور دوسرے احکام گنوائے جن میں یہ بھی فرمایا کہ اگر کوئی بیوی والا زنا کرے تو اس کو سنگسار کر دیا جائے اس پر لوگوں نے کہا اور اگر آپ خود زنا کریں؟ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا اگر میں زنا کروں تو مجھے بھی سنگسار کیا جائے۔ لوگوں نے کہا کہ آپ نے زنا کیا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے تعجب سے فرمایا کہ میں نے؟ لوگوں نے کہا جی ہاں آپ نے! اور یہ کہہ کر اس عورت کو بلا کر اس سے پوچھا کہ تو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے متعلق کیا کہتی ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بھی اس کو قسم دے کر فرمایا کہ تو کیا کہتی ہے؟ اس عورت نے کہا کہ جب آپ قسم دیتے ہیں تو بات یہ ہے کہ ان لوگوں نے مجھ سے اتنے اتنے انعام کا وعدہ کیا ہے کہ میں آپ پر الزام لگاؤں۔ آپ اس الزام سے بالکل بری ہیں۔ یہ سُن کر حضرت موسیٰ علیہ السلام روتے ہوئے سجدہ میں گر گئے۔ اللہ جل شانہٗ کی طرف سے سجدہ ہی میں وحی آئی کہ رونے کی کیا بات ہے تمہیں ان لوگوں کو سزا دینے کے لئے ہم نے زمین پر تسلط دیدیا تم جو چاہو ان کے متعلق زمین کو حکم فرماؤ۔ حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سجدہ سے سر اُٹھایا اور زمین کو حکم فرمایا کہ ان کو نگل جا۔ اس نے ایڑیوں تک نگلا تھا کہ وہ عاجزی سے حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو پکارنے لگے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے پھر حکم فرمایا کہ ان کو دھنسا دے حتیٰ کہ وہ لوگ گردن تک دھنس گئے۔ پھر بہت زور سے وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو پکارتے رہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے پھر زمین کو یہی فرمایا کہ ان

کو لے لے وہ سب کو نگل گئی۔ اس پر اللہ جل شانہٗ کی طرف سے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر وحی آئی کہ وہ تمہیں پکارتے رہے اور تم سے عاجزی کرتے رہے۔ میری عزت کی قسم اگر وہ مجھے پکارتے اور مجھ سے دعا کرتے تو میں ان کی دعا کو قبول کر لیتا۔ ایک اور حدیث میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے نقل کیا گیا کہ آیت شریفہ میں "دنیا سے اپنا حصہ نہ بھول" کا مطلب یہ ہے کہ اس میں آخرت کے لئے عمل کر، حضرت مجاہدؒ سے نقل کیا گیا کہ اللہ کی اطاعت کرنا دینا کا وہ حصہ ہے جس میں آخرت کا ثواب ملتا ہے۔ حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے نقل کیا گیا کہ "دنیا سے اپنا حصہ نہ بھول" یعنی جتنے کی دنیا میں ضرورت ہے اس کو باقی رکھ اور جو زائد ہے اس کو آگے بھیج دے۔ ایک اور حدیث میں ان سے نقل کیا گیا کہ ایک سال کی روزی باقی رکھ لے اور جو اس سے زائد ہے وہ صدقہ کر دے۔ (درمنثور) اس کو کچھ حصہ بخل کے بیان میں دوسری فصل کی آیات کے سلسلہ میں نمبر ۸ پر بھی گذر چکا ہے۔

احادیث

۱)......عن ابی هریرة رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم مامن صاحب ذهب ولا فضة لایُؤدی منها حقها الّا اذا کان یوم القیٰمة صفحت له صفائح من نار فاحمی علیها فی نار جهنم فیکوی بها جنبه وجبینه وظهره کلما ردت اعیدت له فی یوم کان مقدارهٗ خمسین الف سنه حتیٰ یقضی بین العباد فیری سبیله امّا الی الجنة واما الی النار (الحدیث بطوله فی المشکوٰة عن مسلم)

ترجمہ)......حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ کوئی شخص جو سونے کا مالک ہو یا چاندی کا اور اس کا حق (یعنی زکوٰۃ) ادا نہ کرے تو قیامت کے دن اس سونے چاندی کے پترے بنائے جائیں گے اور ان کو جہنم کی آگ میں ایسا تپایا جائے گا گویا کہ وہ خود آگ کے پترے ہیں پھر ان سے اس شخص کا پہلو اور پیشانی اور کمر داغ دی جائے گی اور بار بار اسی طرح تپا تپا کر داغ دیئے جاتے رہیں گے۔ قیامت کے پورے دن میں جس کی مقدار دنیا کے حساب سے پچاس ہزار برس ہوگی۔ اس کے بعد اس کو جہاں جانا ہوگا جنت میں یا جہنم میں چلا جائے گا۔

فائدہ: یہ بڑی لمبی حدیث ہے جس میں اونٹ والوں پر اونٹ کی زکوٰۃ نہ دینے کا، گائے بکری والوں پر ان کی زکوٰۃ نہ دینے کا عذاب اور اس کی کیفیت بتائی گئی ہے۔ یہاں عام طور سے جانوروں اور اس کے متعلقات ایسی چیزیں ہیں جو یہاں عام طور سے ہوتی ہیں اس لئے اتنی ہی حدیث پر قناعت کی اور اس سے بھی سب چیزوں کا انداز معلوم ہو سکتا ہے کہ زکوٰۃ نہ دینے کا کیا حشر ہے کہ یہ وبال اور عذاب جو اس حدیث میں ذکر کیا گیا کہ سونا چاندی جہنم کی آگ کے ٹکڑے بن کر داغ

دیئے جائیں گے۔ یہ تو صرف قیامت کے ایک دن کا عذاب ہے جو پیشی کا دن ہے لیکن اس دن کی مقدار بھی پچاس ہزار برس کی ہوگی اور اتنے دن زکوٰۃ نہ دینے کا عذاب بھگت کر یہ معلوم ہوگا کہ اپنے دوسرے اعمال اس قابل ہیں کہ ان کی وجہ سے معافی ہوکر جنت میں جانے کی اجازت ہوجائے یا وہ اگر اس قابل نہیں اور معافی کی کوئی صورت نہیں یا زکوٰۃ نہ دینے ہی کا بھی کچھ اور عذاب بھگتنا باقی ہے تو جہنم میں پھینک دیا جائے گا وہاں جو کچھ گذرے گی وہ تو تقریر میں آہی نہیں سکتی۔ اس حدیث میں قیامت کا دن پچاس ہزار برس کا ہے۔ اور قرآن پاک کی آیت شریفہ سورۂ معارج کے شروع میں بھی قیامت کے دن کو اسی مقدار کا بتایا ہے لیکن بعض احادیث میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فرمانبردار بندوں پر یہ دن ایسا ہلکا گذر جائے گا جیسا کہ ایک فرض نماز پڑھ لی ہو۔ اور بعض لوگوں پر ان کے اعمال کے لحاظ سے ایسا ہوگا جیسا ظہر سے عصر تک کا وقت۔ ❶ اور اتنی جلدی گزر جانے کا مطلب یہ ہے کہ وہ اس دن سیر تفریح میں ہوں گے اور سیر وتفریح کے شوقین سب ہی اس سے واقف ہیں کہ لذت کے اوقات منٹوں میں ختم ہوجایا کرتے ہیں۔ ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ یہ نہ ہوگا کہ روپیہ پر روپیہ اور اشرفی پر اشرفی رکھ دی جائے بلکہ اس کے بدن کو اتنا وسیع کر دیا جائے گا جس پر یہ سب برابر برابر رکھے جائیں گے۔ اور ان لوگوں سے کہا جائے گا کہ اپنے خزانوں کا مزہ چکھو۔ حضرت ثوبان ؓ سے نقل کیا گیا کہ جتنا سونا چاندی اس کے پاس ہوگا اس کے ہر قیراط کا (جو تقریباً تین رتی کا ہوتا ہے۔ پھیلا کر) آگ کا ایک ٹکڑا بنایا جائے گا۔ پھر اس کے سارے بدن کو منہ سے پاؤں تک داغ دیا جائے گا اس کے بعد چاہے اس کی بخشش ہوجائے یا جہنم میں ڈال دیا جائے۔ ❷ آگ میں تپا کر داغ دیے جانے کا جو عذاب اس حدیث شریف میں گذرا ہے یہ قرآن پاک میں بھی آیا ہے جیسا کہ دوسری فصل کی آیات میں نمبر ۵ پر گذرا۔ بعض احادیث میں اس کے مال کا سانپ بنکر طوق پہنانا بھی آیا ہے جیسا کہ آئندہ آرہا ہے۔

۲)......عن ابی هريرة ؓ قال قال رسول اللّٰه ﷺ من اٰتٰه اللّٰه مالا فلم يؤدّ زكوٰته مثل لهٗ ماله يوم القيٰمة شجاعًا اقرع له زبيبتان يطوقه يوم القيٰمة ثم ياخذ بلهزمتيه يعني شدقيه ثم يقول انا مالك انا كنزك ثم تلا وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ الآية (رواه البخاری كذافی المشكوٰة وقلدروى من مسند ثوبان وابن مسعود وابن عمر بمعناه فی الترغيب)

ترجمہ)...... حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ جس شخص کو اللہ جل شانہٗ نے مال دیا ہو اور وہ اس کی زکوٰۃ ادا نہ کرتا ہو تو وہ مال قیامت کے دن ایک ایسا سانپ بنا دیا جائے گا جو گنجا ہو اور اس کی آنکھوں پر دو

❶، ❷ در منثور۔

سیاہ نقطے ہوں۔ پھر وہ سانپ اس کی گردن میں طوق کی طرح ڈالدیا جائیگا جو اس کے دونوں جبڑوں کو پکڑے گا اور کہے گا میں تیرا مال ہوں' تیرا خزانہ ہوں۔ اس کے بعد حضور اقدس ﷺ نے (اس کی تائید میں) قرآن پاک کی آیت وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ يَبْخَلُونَ الآیۃ پڑھی۔

فائدہ: یہ آیت شریفہ مع اس کے ترجمہ کے دوسری فصل کے نمبر ۳ پر گذر چکی ہے۔ اس سانپ کی ایک صفت تو یہ بیان کی کہ وہ شجاع ہو جس سے بعض علماء نے نر سانپ مراد لیا ہے اور بعض علماء نے کہا کہ شجاع وہ سانپ کہلاتا ہے جو دُم کے اوپر سیدھا کھڑا ہو کر مقابلہ کرے۔ (فتح الباری) اور دوسری صفت اس سانپ کی یہ فرمائی کہ وہ گنجا ہو گا اور گنجا اس واسطے کہا کہ سانپ جب بہت زیادہ زہریلا ہوتا ہے اس کے زہر کی شدت سے اس کے سر پر سے بال اُڑ جایا کرتے ہیں۔ اور تیسری صفت اس سانپ کی یہ بیان فرمائی کہ اس پر دو نقطے سیاہ ہونا بھی سانپ کے زیادہ زہریلا ہونے کی علامت ہے۔ ایسے سانپ کی عمر بھی زیادہ ہوتی ہے۔ اور بعض علماء نے دو نقطوں کے بجائے سانپ کے منہ میں زہر کی کثرت سے دونوں جانب زہر کا جھاگ ترجمہ کیا ہے ور بعض نے دو دانت جو اس کے منہ سے باہر دونوں جانب نکلے ہوئے ہوں۔ اور بعض نے دو زہر کی تھیلیاں جو دونوں جانب لٹکی ہوئی ہوں ترجمہ کیا ہے۔ (۱) احادیث پاک میں زکوٰۃ نہ دینے پر اس مال کا سانپ بن کر طوق پہنانا ذکر کیا ہے اور پہلی حدیث میں آگ پر تپا کر داغ دینا گذرا ہے اور دونوں قسم کے عذاب قرآنِ پاک کی دو آیتوں میں بھی گذر چکے ہیں۔ اور دونوں آیتیں دوسری فصل کی آیات کے ذیل میں گذری ہیں دو عذابوں میں کوئی اشکال نہیں۔ مختلف اوقات کے اعتبار سے بھی فرق ہو سکتا ہے اور مختلف انواعِ مال کے اعتبار سے بھی اور مختلف آدمیوں کے اعتبار سے بھی اور دونوں عذاب جمع بھی ہو سکتے ہیں۔ حضرت اقدس شاہ ولی اللہ صاحبؒ حجۃ اللہ البالغہ میں فرماتے ہیں کہ سانپ بن کر پیچھے لگتے ہیں اور پترے بن کر داغ دینے میں فرق اس وجہ سے ہے کہ آدمی کو اگر مجملاً مال سے محبت ہو اس کی تفاصیل سے خصوصی تعلق نہ ہو اس کا مال تو ایک شئے واحد سانپ بن کر اس کے پیچھے لگ جائے گا۔ اور جس کو مال کی تفاصیل سے تعلق خاطر ہو وہ روپیہ اور اشرفی کو گن گن کر رکھتا ہو اور جوڑ جائے اس کے روپیہ بنا کر رکھتا ہو تو اُس کا مال پترے بنا کر داغ دیا جائے گا۔ ایک حدیث میں ہے کہ جو شخص اپنے پیچھے خزانہ چھوڑ جائے تو وہ خزانہ ایک گنجا دو نقطوں والا سانپ بن کر قیامت کے دن اس شخص کے پیچھے لگ جائے گا وہ شخص گھبرا کر کہے گا تو کیا بلا ہے وہ کہے گا میں تیرا خزانہ ہوں اس کو چھوڑ کر آیا تھا۔ وہ سانپ اول اس کے ہاتھ کو کھالے گا پھر سارے بدن کو (۲) قیامت کے عذابوں میں کثرت سے یہ بات ہے کہ جو شخص کسی عذاب کی وجہ سے ریزہ ریزہ ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے گا پھر

---

(۱) فتح الباری (۲) ترغیب۔

عذاب کے مسلط ہونے کے واسطے اپنی اصلی حالت پر عود کر کے دوبارہ عذاب کا محل بنے گا۔

۳)......عن عبداللّٰہ بن مسعود رضی اللہ عنہ قال اُمرنا باقام الصّلوٰۃ وایتاء الزکوٰۃ ومن لم یزک فلا صلوٰۃ له۔(رواہ الطبرانی فی الکبیر باسانید احدھا صیحح کذافی الترغیب)

ترجمہ)......حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ ہمیں نماز قائم کرنے کا اور زکوٰۃ ادا کرنے کا حکم ہے اور جو شخص زکوٰۃ ادا نہ کرے اس کی نماز بھی (قبول) نہیں۔

فائدہ: یعنی نماز پر جو ثواب اللہ جل شانہٗ کے یہاں سے ملتا وہ بھی نہیں ملے گا اگر چہ فرض ادا ہو جائے گا۔ایک اور حدیث میں ہے کہ جو شخص زکوٰۃ ادا نہ کرے گا وہ (کامل) مسلمان نہیں۔اس کو اس کے نیک عمل فائدہ نہ دیں گے ❶ یعنی دوسرے اعمال سے زکوٰۃ دینے کا وبال نہیں ٹلے گا اس کا مطالبہ بدستور رہے گا۔ایک اور حدیث میں ہے کہ بغیر زکوٰۃ ادا کرنے کے دین (کامل) نہیں ہے ❷ ایک اور حدیث میں ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ اس شخص کی نماز کو قبول نہیں فرماتے جو زکوٰۃ نہ دیتا ہو۔ جب اللہ تعالیٰ شانہٗ نے (بیسیوں جگہ قرآن پاک میں) نماز اور زکوٰۃ کو جمع فرمایا ہے تو اُس کو علیحدہ نہ کرو ❸ علیحدہ کرنے کا مطلب یہ ہے کہ نماز پڑھی جائے اور زکوٰۃ ادا نہ کی جائے۔

٤)......عن علی رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللّٰہ فرض علی اغنیآء المسلمین فی اموالھم القدر الذی یسع فقرآء ھم ولن یجھد الفقرآء اذا جاء وا او اعروا الّا بما یمنع اغنیاء ھم الا وان اللّٰہ یحاسبھم حساباً شدیدًا او یعذبھم عذاباً الیمًا (کذافی الدر وقال اخرجه الطبرانی فی الاوسط وابوبکر الشافعی فی الغیلانیات قلت ولفظ المنذری فی الترغیب ویعذبھم بالواو وقال رواہ الطبرانی فی الاوسط والصغیر وقال تفرد به ثابت بن محمد الزاھد قال الحافظ ثابت ثقة صدوق روی عنه البخاری وغیرہ وبقیة رواته لاباس بھم وروی موقوفاعلیٰ علیّ وھواشبه کذافی الترغیب وعزاہ صاحب کنزالعمال الی الخطیب فی تاریخه وابن النجار وقال فیه محمد بن سعید البورقی کذاب یضع اھ)

ترجمہ)......حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اللہ جل شانہٗ نے دولت مندوں پر اُن کے مالوں میں اتنی مقدار کو فرض کر دیا جو اُن کے فقراء کو کافی ہے اور نہیں مشقت میں ڈالتی فقراء کو جب کہ وہ بھوکے یا ننگے ہوں۔مگر صرف یہ بات کہ ان کے غنی اپنے فریضہ کو روکتے ہیں یعنی پورا ادا نہیں کرتے۔غور سے سن لو کہ حق تعالیٰ شانہٗ ان دولت مندوں سے سخت محاسبہ فرمائیں گے اور (فرض کی کوتاہی پر) سخت عذاب دیں گے۔

فائدہ: حاصل یہ ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ نے اپنے علام الغیوب ہونے کی وجہ سے زکوٰۃ کی جو

---

❶ ترغیب ❷،❸ کنز۔

مقدار فرض فرمادی ہے وہ یقیناً اتنی کافی مقدار ہے کہ اگر لوگ اس کو پورا پورا ادا کرتے رہیں اور اصول سے ادا کرتے رہیں تو کوئی شخص بھوکا یا ننگا نہیں رہ سکتا اور یہ بالکل ظاہری اور یقینی چیز ہے۔ حضرت ابوذر غفاری ﷺ کی حدیث میں یہ مقصود زیادہ واضح الفاظ میں ذکر کیا گیا۔ یہ طویل حدیث ہے جس کو فقیہ ابواللیث سمرقندی نے تنبیہ الغافلین میں مفصل ذکر کیا ہے۔ اس میں منجملہ سوالات کے ایک یہ بھی ہے۔ میں نے عرض کیا یا نبی اللہ (ﷺ) آپ نے زکوٰۃ کا حکم فرمایا زکوٰۃ کیا ہے؟ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا ابوذر! جو شخص امانتدار نہیں اس کا ایمان نہیں۔ اور جو شخص زکوٰۃ ادا نہیں کرتا اس کی نماز (مقبول) نہیں حق تعالیٰ شانہٗ نے غنی لوگوں پر اُن کے مالوں کی زکوٰۃ اتنی مقدار میں واجب کردی ہے جو ان کے فقراء کو کافی ہو جائے۔ حق تعالیٰ شانہٗ قیامت کے دن ان کے مال کی زکوٰۃ کا مطالبہ کرے گا اور اس پر ان کو عذاب فرمائیگا۔ یہ حدیث صاف طور سے اس پر دلالت کرتی ہے کہ حضورؐ کا یہ ارشاد زکوٰۃ ہی کے متعلق ہے۔ امام غزالیؒ احیاء میں فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ شانہٗ نے زکوٰۃ میں کوتاہی کرنے والوں کے لئے سخت وعید ارشاد فرمائی ہے (وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ الآية) اور اللہ تعالیٰ کے راستہ میں خرچ کرنے سے مراد زکوٰۃ کا ادا کرنا ہے۔ اس کے بعد فرماتے ہیں کہ زکوٰۃ اپنے متعلقات کے اعتبار سے چھ قسم پر ہے۔ جانوروں کی زکوٰۃ، سونے چاندی کی زکوٰۃ، رکاز و معدن کی زکوٰۃ، پیداوار کی زکوٰۃ اور صدقۂ فطر (احیاء)۔

یہ سب چیزیں ائمہ اربعہ کے نزدیک متفق علیہ ہیں بجز معدن کے کہ اس میں حنفیہ کے نزدیک بجائے زکوٰۃ کے خمس یعنی پانچواں حصہ واجب ہے۔ جو وجوب کے اعتبار سے زکوٰۃ ہی جیسا ہے اور یقیناً اگر مسلمان ان سب انواع کو اہتمام اور پابندی سے نکالتے رہیں تو کسی غریب کو اضطرار سے مرنے کی نوبت نہ آئے۔ بعض علماء کو حضرت علی ﷺ کی اس روایت سے یہ اشتباہ پیدا ہو گیا کہ اس سے زکوٰۃ سے زائد مقدار کا ایجاب مقصود ہے۔ یہ صحیح نہیں۔ اس لئے کہ اگر یہ مراد ہو تو وہ خود حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کی دوسری روایت کیخلاف ہو جائے گا۔ حضرت علی ﷺ سے حضور ﷺ کا پاک ارشاد نقل کیا گیا کہ زکوٰۃ کے واجب ہونے نے اس کے علاوہ صدقات کو منسوخ کر دیا۔ حدیث مرفوعاً بھی نقل کی گئی ہے۔ اور امام رازیؒ جصاص نے احکام القرآن میں لکھا ہے کہ حضرت علی ﷺ کا قول ہونا بہتر سند سے نقل کیا گیا۔ صاحبؒ کنز العمال نے متعدد کتب سے اس روایت کو نقل کیا ہے۔ جس کے الفاظ یہ ہیں کہ زکوٰۃ نے ہر اس صدقہ کو منسوخ کر دیا جو قرآن پاک میں ہے اور غسل جنابت نے اس کے علاوہ اور غسلوں کو منسوخ کر دیا اور رمضان کے روزے نے ہر روزے کو منسوخ کر دیا اور قربانی نے ہر ذبیحہ کو منسوخ کر دیا۔ خود حضرت علی ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص ساری دنیا کا مال لے

لے اور اس کی نیت محض رضائے الٰہی ہو وہ زاہد ہے جیسا کہ آئندہ فصل کے شروع میں آرہا ہے۔

بعض علماء نے فرمایا ہے کہ زکوٰۃ کی فرضیت سے پہلے اپنی ضرورت کے بقدر رکھ کر باقی کا خرچ کرنا ضروری تھا جس کو زکوٰۃ کی فرضیت نے منسوخ کردیا جیسا کہ علامہ سیوطیؒ نے (خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ (اعراف ع ۲۴)) کی تفسیر میں سدیؒ سے نقل کیا۔ لہٰذا اگر اس سے ایجاب مراد ہو بھی تو وہ منسوخ ہے۔ نیز حدیث بالا سے زکوٰۃ سے زائد کا مراد لینا حضور ﷺ کے اس ارشاد کے بھی خلاف ہوگا جس میں وارد ہوا ہے کہ جس نے زکوٰۃ ادا کردی اس نے اس حق کو ادا کردیا جو اس پر ہے اور جو زائد ہے وہ فضل ہے (کنز عن الحسن مرسلا) اس مضمون کی متعدد روایات پہلے بھی گذر چکی ہیں۔ اور اس سے واضح وہ روایت ہے جو حضرت ابو ہریرہ ؓ کے واسطے سے نقل کی گئی اور وہ حضرت علی ؓ کی حدیث کے ہم معنی ہے جس میں ارشاد ہے کہ اگر حق تعالیٰ شانہٗ یہ جانتے کہ اغنیا کی زکوٰۃ فقراء کے لئے کافی نہ ہوگی تو زکوٰۃ کے علاوہ اور چیز ان پر فرض کرتے پس اگر اب فقراء بھوکے ہوتے ہیں تو اغنیاء کے ظلم کی وجہ سے ہوتے ہیں (کنز) یعنی اغنیاء زکوٰۃ کو پورا ادا نہیں کرتے اس وجہ سے فقراء پر فاقوں کی نوبت آتی ہے۔ اسی وجہ سے محدث ہیثمیؒ نے مجمع الزوائد میں حضرت علی ؓ کی اس حدیث پر فرضیت زکوٰۃ کا ترجمہ باندھا بلکہ اس باب کو اسی حدیث سے شروع کیا جس سے اس کا محمل زکوٰۃ ہونا ظاہر ہے اور صاحب کنز العمالؒ نے بھی اسی وجہ سے کتاب الزکوٰۃ ہی میں اس کا ذکر کیا۔ حافظ ابن عبد البرؒ فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد (وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ الآية) اور اس قسم کے دوسرے ارشادات اس حالت پر محمول ہیں جب کہ زکوٰۃ ادا نہ کی جائے جمہور فقہاء امصار کا یہی مذہب ہے۔ اور یہی قول ہے حضرت عمر ؓ، حضرت ابن عمر ؓ، حضرت جابر ؓ، حضرت عبد اللہ بن عباس ؓ کا اور اس کی تائید اس حدیث سے ہوتی ہے جس کو ابو داؤدؒ وغیرہ نے ذکر کیا کہ حضرت ام سلمہؓ فرماتی ہیں کہ میں سونے کا ایک زیور پہن رہی تھی۔ میں نے حضور ﷺ سے دریافت کیا کہ یہ بھی کنز میں داخل ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جو چیز مقدار زکوٰۃ کو پہنچ جائے اور اس کی زکوٰۃ ادا کردی جائے وہ کنز میں داخل نہیں ہے۔ نیز اس کی تائید ابو ہریرہ ؓ کی اس حدیث سے بھی ہوتی ہے جس کو ترمذیؒ نے اور حاکمؒ نے ذکر کیا جس میں حضور ﷺ کا ارشاد نقل کیا گیا کہ جب تو نے زکوٰۃ ادا کردی تو اس حق کو پورا کردیا جو تجھ پر واجب تھا۔ نیز حضرت جابر ؓ کی حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد نقل کیا گیا کہ جب تو نے اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کردی تو اس کی برائی کو زائل کردیا۔ حاکمؒ نے اس حدیث کو مرفوعاً مسلم کی شرط پر نقل کیا ہے اور بیہقیؒ نے اس کو حضرت جابر ؓ پر موقوف بتایا ہے اور ابو زرعہ نے بھی حضرت جابر ؓ سے موقوف ان الفاظ کے ساتھ صحیح بتایا ہے کہ جس مال کی زکوٰۃ ادا کردی جائے وہ کنز نہیں

ہے اور یہی مضمون حضرت ابن عمرؓ اور حضرت ابن عباسؓ سے بھی نقل کیا گیا۔

عطاءؒ اور مجاہدؒ سے نقل کیا گیا کہ جس مال کی زکوٰۃ ادا کردی گئی ہو وہ کنز نہیں ہے اگرچہ زمین کے اندر گاڑ رکھا ہو اور جس کی زکوٰۃ ادا نہ کی گئی ہو وہ کنز ہے اگر زمین کے اوپر رکھا ہو۔ اور ظاہر ہے کہ شرعی اصطلاح لغوی اصطلاح پر مقدم ہے (یعنی لغت میں اگرچہ کنز اس کو کہتے ہیں جو زمین کے اندر گڑا ہو لیکن شریعت میں وہ مال ہے جس کی زکوٰۃ ادا نہ کی گئی ہو) اور میں نے چند حضرات کے سوا کسی کو اس کا مخالف نہیں پایا کہ وہ کنز وہی ہے جس کی زکوٰۃ ادا نہ کی گئی ہو، البتہ چند حضرات حضرت علیؓ، حضرت ابوذرؓ اور حضرت ضحاکؓ اور بعض دوسرے زاہد اس طرف گئے ہیں کہ مال میں زکوٰۃ کے علاوہ بھی کچھ حقوق ہیں ان میں سے حضرت ابوذرؓ تو یہاں تک فرماتے ہیں کہ جو مال روزی اور زندگی سے زائد ہو وہ سارا ہی کنز ہے اور حضرت علیؓ سے نقل کیا گیا کہ چار ہزار کی مقدار سے زائد کنز ہے اور ضحاکؓ کہتے ہیں کہ دس ہزار درم کی مقدار مال کثیر ہے۔ نیز ابراہیم نخعیؒ، مجاہدؒ، شعبیؒ، اور حسن بصریؒ بھی اس کے قائل ہیں کہ مال میں زکوٰۃ کے علاوہ کچھ حقوق ہیں ابن عبدالبرؒ کہتے ہیں کہ ان کے علاوہ بقیہ سب علماء متقدمین اور متاخرین کا مذہب کنز کے بارے میں وہی ہے جو پہلے گذرا (کہ کنز وہ ہے جس کی زکوٰۃ ادا نہ کی گئی ہو) اور جن آیات اور احادیث سے یہ دوسرا فریق استدلال کرتا ہے وہ جمہور کے نزدیک استحباب پر محمول ہیں یا زکوٰۃ کے واجب ہونے سے پہلے کا حکم جو زکوٰۃ کے واجب ہونے سے منسوخ ہو گیا جیسا کہ عاشورہ کا روزہ رمضان کے روزے سے منسوخ ہو گیا۔ البتہ فضیلت کا درجہ اب بھی باقی ہے۔ ❶ اس کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ جب فقراء مہاجرین بے مال و زر ہجرت فرما کر مدینہ منورہ تشریف لے گئے اور حضور اقدس ﷺ نے مواساۃ کے طور پر مقامی انصار سے جو مالدار تھے ان کا بھائی چارہ کیا تو انصار نے یہ درخواست کی کہ ہمارے اموال کو بھی ان پر آدھا تقسیم کر دیجئے۔ حضور ﷺ نے اس کا انکار فرما دیا بلکہ یہ طے فرمایا کہ مہاجرین اُن کے باغات میں کام کریں گے اور بٹائی کے طور پھلوں میں شرکت ہو گی۔ اسی ذیل میں حضور ﷺ نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ اور حضرت سعدؓ بن الربیع کے درمیان مواخات (بھائی چارہ) فرمائی تو حضرت سعدؓ نے حضرت عبدالرحمٰنؓ سے کہا کہ سب کو یہ بات معلوم ہے کہ انصار میں سب سے زیادہ مالدار میں ہوں میں اپنا مال آدھا تمہیں دیتا ہوں حضرت عبدالرحمٰنؓ نے اس کو قبول فرمانے سے انکار کر دیا اور فرمایا کہ مجھے بازار کا راستہ بتا دو۔ وہاں جا کر خرید و فروخت کا کام شروع کر دیا۔ اگر مالداروں کے زائد اموال میں فقراء کا بلا اضطرار حق تھا تو پھر کیوں حضور ﷺ نے انکار فرمایا اور کیوں حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ نے اپنا حق لینے سے انکار فرمایا؟ اصحاب صفہ کے واقعات اتنی کثرت سے کتب احادیث و سیر میں موجود ہیں کہ ان کا احاطہ بھی مشکل ہے۔

---

❶ اتحاف۔

ان حضرات پر کئی دن کے فاقے گذر جاتے تھے۔ بھوک کی وجہ سے گر جاتے تھے اور انصار میں بہت سے حضرات مالدار بھی تھے لیکن حضور ﷺ نے کسی پر جبر نہیں فرمایا کہ اپنے مال کا زائد از ضرورت حصہ ان لوگوں پر تقسیم کر دو تر غیبات البتہ کثرت سے فرماتے تھے۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اصحاب صفہ ستر آدمی تھے جن میں سے کسی ایک کے پاس بھی چادر نہ تھی (درمنثور) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے خود اپنے واقعات اس حال کے کثرت سے بیان کئے ہیں جو کتب احادیث میں موجود ہیں ایک مرتبہ کا واقعہ ارشاد فرماتے ہیں کہ اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں کہ میں اپنے جگر کے بل زمین پر بھوک کی شدت سے پڑا رہتا تھا اور کبھی اپنے پیٹ پر پتھر باندھ لیا کرتا تھا۔ ایک مرتبہ میں راستہ میں اس اُمید پر بیٹھ گیا کہ شاید کوئی مجھے اپنے ساتھ لے جائے۔ اتنے میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ تشریف لائے۔ میں نے ایک آیت ان سے محض اس لئے دریافت کی کہ شاید وہ مجھے اپنے ساتھ لے جائیں مگر وہ ویسے چلے گئے۔ ان کے بعد حضور اقدس ﷺ تشریف لائے اور میری حالت دیکھ کر تبسم فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ میرے ساتھ آجاؤ میں ہمراہ چل دیا۔ حضور ﷺ مکان میں تشریف لے گئے وہاں ایک پیالہ دودھ کا رکھا ہوا تھا۔ حضور ﷺ نے دریافت فرمایا یہ کہاں سے آیا۔ گھر والوں نے عرض کیا فلاں نے ہدیہ بھیجا ہے۔ حضور ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سب اصحاب صفہ کو بلا لاؤ۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اصحاب صفہ اسلامی مہمان تھے۔ نہ ان کے اہل وعیال تھے نہ ان کے پاس مال وزر تھا نہ کسی کے ذمہ ان کا کھانا مقرر تھا نہ کسی کے ذمہ ان کا بار تھا۔ جب حضور ﷺ کے پاس کہیں سے صدقہ کی کوئی چیز آتی تو ان کو مرحمت فرما دیتے خود اُس میں سے نوش نہ فرماتے اور جب ہدیہ کی کوئی چیز آئی تو خود بھی اس کو حضور ﷺ تناول فرماتے اور ان لوگوں کو بھی شریک فرما لیتے حضور ﷺ نے اس وقت جب یہ فرمایا کہ اصحاب صفہ کو بُلا لاؤ تو مجھے بہت گرانی ہوئی کہ یہ ایک پیالہ دودھ اصحاب صفہ کا کیا بنائے گا؟ حضور ﷺ مجھے مرحمت فرما دیتے مجھ میں پی کر کچھ جان آجاتی۔ اب میں ان سب کو لے کر آؤں گا تو حضور مجھی کو حکم فرمائیں گے کہ سب کو دے دو۔ میں جب ان کو تقسیم کرونگا تو میرا نمبر آخر میں آئے گا۔ نہ معلوم کچھ بچے گا بھی یا نہیں مگر تعمیل حکم کے بغیر چارۂ کار کیا تھا؟ میں ان سب کو بُلا لایا جب وہ سب آ کر حضور ﷺ کی مجلس میں بیٹھ گئے تو حضور ﷺ نے وہ پیالہ مجھے مرحمت فرمایا کہ ان سب کو پلا دو۔ میں نے سب کو پلایا اور ہر ایک سیر ہو گیا۔ آخر میں حضور ﷺ نے فرمایا کہ ابو ہریرہ (رضی اللہ عنہ) اب تو تم اور میں باقی رہ گئے۔ میں نے عرض کیا بیشک حضور ﷺ نے فرمایا لو بیٹھ کر پی لو۔ میں نے خوب سیر ہو کر پیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا اور پیو۔ میں نے اور پیا۔ حضور ﷺ نے پھر فرمایا کہ اور پی لو۔ میں نے پھر پیا۔ حتی کہ میں نے عرض کیا کہ حضور ﷺ اب مجھے اور پینے کی گنجائش نہیں۔ تو پھر بقیہ حضور ﷺ نے پیا۔

ایک اور مرتبہ کا اپنا ہی قصہ بیان کرتے ہیں کہ مجھ پر تین دن کا فاقہ تھا مجھے کچھ کھانے کو نہ ملا میں صفہ

پر جارہا تھا کہ راستہ میں گر گیا۔ بچے کہنے لگے کہ ابو ہریرہ ﷺ کو جنون ہو گیا۔ میں نے کہا جنون تو تمہیں ہورہا ہے۔ بالآخر صفہ تک پہنچا۔ وہاں حضور ﷺ کے پاس دو پیالے ثرید کے کہیں سے آئے ہوئے تھے اور حضور ﷺ اصحاب صفہ کو کھلا رہے تھے۔ میں بھی سر اوپر کو اٹھا رہا تھا کہ حضور ﷺ کی نظر مجھ پر پڑ جائے اور حضور ﷺ بھی بُلا لیں۔ حتی کہ سب فارغ ہو گئے۔ اور پیالوں میں کچھ بھی نہ بچا۔ حضور ﷺ نے ان پیالوں کو اپنے دست مبارک سے چاروں طرف سے پونچھا تو ایک لقمہ بن گیا۔ حضور ﷺ نے اپنی انگلیوں پر رکھ کر مجھ سے فرمایا کہ اللہ کا نام لے کر اس کو کھاؤ میں نے اس کو کھایا تو پیٹ بھر گیا۔

حضرت فضالہ بن عبید ﷺ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ صبح کی نماز پڑھ کر تشریف فرما ہوتے تو اصحاب صفہ میں سے بعض لوگ بھوک کی شدت سے کھڑے کھڑے گر جاتے۔ حضور اقدس ﷺ ان کی طرف التفات فرما کر ارشاد فرماتے اگر تمہیں یہ معلوم ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ کے یہاں تمہارے لئے کیا درجہ ہے تو اس سے زیادہ فقر و فاقہ کو پسند کرنے لگو۔ (ترغیب) پہلی فصل کی آیات میں نمبر ۳۰ پر قبیلہ مضر کی ایک جماعت کا مفصل قصہ گذر چکا جو حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں بھوکے اور ننگے حاضر ہوئے کہ ان کے پاس پہننے کے لئے کپڑا نہ تھا کھانے کو کوئی چیز نہ تھی۔ فاقہ کی وجہ سے مشقت میں پڑے ہوئے تھے۔ حضور ﷺ نے اپنے گھروں میں ان کیلئے تلاش کیا کچھ نہ ملا تو مجمع اکٹھا کیا اور صدقہ کی ترغیب دی اور بہت زور سے ترغیب دی جس پر دو (۲) ڈھیر سامان کے جمع ہو گئے اور ان لوگوں پر تقسیم فرما دیئے نہ کسی پر جبر فرمایا نہ کسی سے اس کے پاس زائد از ضرورت کا محاسبہ فرمایا۔ حضرت انس ﷺ فرماتے ہیں کہ ایک انصاری نے آکر حضور ﷺ سے سوال کیا۔ حضور ﷺ نے دریافت فرمایا کہ تمہارے گھر میں کچھ نہیں ہے؟ انھوں نے عرض کیا ایک ٹاٹ ہے جس کو آدھے کو بچھا لیتے ہیں اور آدھا اوڑھ لیتے ہیں اور ایک پیالہ ہے پانی پینے کو حضور ﷺ نے دونوں چیزیں منگائیں اور دو درہم میں نیلام کر دیں اور وہ ان کو دیئے کہ ایک درہم کا غلہ خرید کر گھر دے آئیں اور دوسرے درہم کا کلہاڑی کا پھلرا خرید کر لائیں وہ لے آئے تو حضور ﷺ نے اپنے دست مبارک سے اس میں لکڑی یعنی دستہ لگایا اور فرمایا کہ جاؤ لکڑیاں کاٹ کر بیچو پندرہ دن تمہیں یہاں نہ دیکھوں۔ انھوں نے ارشاد کی تعمیل کی اور پندرھویں دن دس درہم کما کر لائے جن میں سے کچھ کا غلہ خریدا کچھ کا کپڑا خریدا۔ حضور ﷺ نے فرمایا یہ اچھا ہے سوال کرنے سے کہ بھیک مانگنے سے قیامت کے دن تمہارے چہرے پر داغ ہوتا۔ اس کے بعد حضور ﷺ نے فرمایا کہ سوال کی صرف تین آدمیوں کیلئے گنجائش ہے۔ (لِذِیْ فَقْرٍ مُدْقِعٍ اَوْ لِذِیْ غُرْمٍ مُفْظِعٍ اَوْ لِذِیْ دَمٍ مُوْجِعٍ) ایک اس شخص کے لئے جس کا فقر ہلاک کرنے والا ہو دوسرے اس کیلئے جس پر کوئی تاوان سخت پڑ گیا ہو، تیسرے جو دردناک خون کے معاملہ میں پھنس گیا ہو۔ ان تین حالتوں میں بھی حضور ﷺ نے سوال کی اجازت دی اور خود صاحب واقعہ جس فقر میں مبتلا تھے ان کو نہ تو سوال کی اجازت دی نہ کسی پر ان کا نفقہ واجب فرمایا۔ غرض ہزاروں واقعات کتب

احادیث میں اس کے شاہد ہیں کہ جہاں وجوب کا تعلق ہے وہ صرف زکوٰۃ ہے۔اس پر اضافہ حضور اقدس ﷺ کے مشہور قول المتعدی فی الصدقة کمانعها صدقہ میں تعدی اور افراط کرنے والا ایسا ہی ہے جیسا کہ اس کو نہ دینے والا کا مصداق ہے۔ حضور اقدس ﷺ نے حضرت ضحاک ؓ بن قیس کو صدقات وصول کرنے کیلئے بھیجا وہ اس مال میں بہترین اونٹ چھانٹ لائے۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ تم لوگوں کا عمدہ مال لے آئے انھوں نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) اس وقت آپ جہاد میں تشریف لے جانے کا ارادہ فرما رہے ہیں۔ میں اس لئے ایسے اونٹ لایا جن پر سواری ہو سکے اور سامان لادا جا سکے۔ حضور ﷺ نے فرمایا ان کو واپس کر کے آؤ اور معمولی مال لے کر آؤ ❶ حالانکہ جہاد کی ضرورت بھی ظاہر۔ اور اس موقع پر حضور ﷺ نے ایسی ایسی ترغیبات ارشاد فرمائی ہیں کہ حضرت ابو بکر صدیق ؓ اپنے گھر کا سارا اثاثہ لے آئے ❷ اور حضرت عمر ؓ نے ہر چیز کا آدھا حصہ پیش کر دیا حضرت عبدالرحمٰن بن عوف ؓ نے ایک مرتبہ عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) میرے پاس چار ہزار ہیں دو گھر کے اخراجات کے واسطے رکھتا ہوں۔ دو ہزار اللہ کے واسطے پیش کرتا ہوں۔

اور ایک صحابی ؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) میں نے رات بھر مزدوری کر کے دو صاع (سات سیر) کھجوریں کمائی ہیں۔ آدھی گھر کے خرچ کے واسطے چھوڑ دی آدھی حاضر ہیں ❸ حضرت ابو مسعود ؓ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ صدقہ کا حکم فرماتے اور ہم میں سے بعض کے پاس کچھ بھی نہ ہوتا تو صرف اس کیلئے بازار جاتا، مزدوری کرتا اور مزدوری میں ایک مُد (۱½ پاؤ) کھجور کماتا اور صدقہ کر دیتا۔ ❹ پہلی فصل کی احادیث میں نمبر ۲۴ پر یہ مضمون تفصیل سے گذر چکا۔ لیکن اس سب کے باوجود ضابطہ کے طور پر یہاں معمولی اونٹ کی جگہ عمدہ اونٹ بھی قبول نہیں فرمایا۔ اس لئے جہاں تک وجوب کا تعلق ہے وہ مالی حیثیت سے صرف زکوٰۃ ہے اور جہاں تک خرچ کرنے کا تعلق ہے مسلمان اس لئے پیدا ہی نہیں ہوا کہ وہ مال جمع کر کے رکھے۔ قرآن پاک کی آیات اور حضور اقدس ﷺ کے ارشادات جو پہلی فصل میں گزر چکے وہ بڑے زور سے اس کی ترغیب و تاکید کر رہے ہیں کہ مال صرف اس لئے ہے کہ اس کو اللہ کی رضا کے کاموں میں خرچ کر دیا جائے خود اپنی طاقت کے موافق تنگی اُٹھائی جائے دوسروں پر خرچ کیا جائے۔ اپنے کام صرف وہی آئے گا جو اللہ کے خزانہ میں جمع کر دیا جائے گا کہ اس کے بینک میں جمع کر دینے پر نہ اس کے ضائع ہو جانے کا اندیشہ ہے نہ بینک کے فیل ہو جانے کا احتمال ہے۔ اور ایسی ضرورت کے وقت کام آئے گا جس وقت کہ آدمی انتہائی محتاج ہوگا۔ خود حق سبحانہٗ و تقدس کا ارشاد حضور ﷺ نقل فرماتے ہیں کہ اے آدمی تو اپنا خزانہ میرے پاس بہا دے نہ اس کو آگ لگ جانے کا خوف رہے گا۔ نہ چوری کا نہ دریا بُرد ہونے کا اور میں ایسے وقت تجھ کو پورا پورا دیدوں گا جب تو بے حد محتاج ہوگا۔ (ترغیب)

---

❶ مجمع الزوائد ❷ یعنی سامان ❸ درمنثور ❹ بخاری۔

حق تعالیٰ شانہٗ کا پاک ارشاد پہلی فصل کے نمبر ۳۰ پر گذر چکا کہ ہر شخص یہ غور کرلے کہ اس نے کل قیامت کے دن کیلئے کیا چیز آگے بھیجی ہے۔ ان لوگوں کی طرح نہ ہو جنھوں نے اللہ تعالیٰ کو بھلا دیا اللہ تعالیٰ اُن کو خود ان کی جانیں بھلا دیں۔ دوسری آیت میں نمبر ۳۱ پر گذرا کہ تمہارے مال و متاع آل اور اولاد تمہارے لئے امتحان کی چیزیں ہیں۔ اللہ کے راستہ میں خرچ کرتے رہو یہ تمہارے لئے بہتر ہوگا۔ حضور ﷺ کا پاک ارشاد اسی فصل کی احادیث میں نمبر ا پر گذر چکا کہ اگر میرے پاس احد کے پہاڑ کی برابر سونا ہو تو میرا دل نہیں چاہتا کہ اس میں سے کچھ بھی میں اپنے پاس رکھوں بجز اس کے کہ قرض کی ادائیگی کے واسطے رکھا ہو نمبر ۳ پر حضور ﷺ کا ارشاد گذرا کہ جو چیز ضرورت سے زائد ہو اس کو اللہ کے راستہ میں خرچ کردینا تمہارے لئے بہتر ہے بچا کر رکھنا برا ہے۔ نمبر ۱۲ پر حضور ﷺ کا پاک ارشاد گذرا کہ گن گن کر خرچ نہ کر جتنا بھی ہو سکے خرچ کر ڈال۔ نمبر ۲۰ پر یہ واقعہ گذر چکا کہ ایک بکری ذبح کی گئی اور بجز ایک شانہٗ کے ٹکڑے کے ساری تقسیم کردی گئی۔ حضور ﷺ نے دریافت فرمایا کتنی تقسیم ہوگئی تو عرض کیا گیا کہ ایک شانہٗ باقی رہ گیا اور باقی سب خرچ ہو چکی حضور ﷺ نے فرمایا وہ ساری باقی ہے اس شانہٗ کے علاوہ۔ اس قسم کے بہت سے ارشادات فصل اول میں گذر چکے اس لئے اس سے قطع نظر کہ واجب کیا ہے، مندوب و مستحب کیا ہے۔ اپنے کام آنے والا صرف وہی مال ہے جو اپنی زندگی میں آدمی آگے بھیج دے۔ اگر اس محنت و مشقت سے کمائی ہوئی چیز کو اپنی ضرورت کے وقت کام آنے کے لئے کہیں محفوظ کرنا ہے تو صرف اللہ کے راستہ میں خرچ کرنا ہے جس کا نفع آخرت میں تو ہے ہی دنیا میں بھی زیادہ سے زیادہ ہے کہ بلاؤں کے دور ہونے میں امراض سے صحت ہونے میں صدقہ کو زیادہ سے زیادہ دخل ہے۔ برے خاتمہ سے اس کی وجہ سے حفاظت ہوتی ہے۔ حضور ﷺ کا مشہور ارشاد کہ قابل رشک دو آدمی ہیں ایک وہ جس کو اللہ جل شانہٗ نے قرآن پاک عطا فرمایا ہو کہ وہ رات دن اس کی تلاوت میں اس پر عمل کرنے میں منہمک رہے دوسرا وہ شخص جس کو اللہ جل شانہٗ نے بہت مال عطا کیا ہو اور وہ ہر وقت اس کو اللہ کے راستہ میں لٹانے پر تلا ہوا ہو۔ (مجمع الزوائد)

حضور ﷺ کا پاک ارشاد دوسری فصل کے نمبر ۳ پر گذر چکا کہ سرمایہ دار بڑے خسارہ میں ہیں بجز اس شخص کے جو دونوں ہاتھوں سے ادھر اُدھر دائیں بائیں آگے پیچھے اللہ کے راستہ میں خرچ کرتا رہے اور نمبر ۷ پر حضور ﷺ کا پاک ارشاد گذر چکا کہ وہ حقیقت میں مؤمن ہی نہیں۔ جو خود پیٹ بھر کر کھالے اور اس کا پڑوسی بھوکا پڑا رہے۔ غرض اس رسالہ میں پہلی فصلوں میں تفصیل سے یہ مضمون گزر چکا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ مسلمان کی ہرگز یہ شان نہیں ہے کہ مال کو جمع کرکے رکھے۔ اس کی صحیح مثال پاخانہ کی سی ہے کہ وہ ضروری تو اتنا کہ ایک دو دن نہ ہو تو حکیم اور ڈاکٹر دوائیں وغیرہ سب ہی کچھ کرنے پر آدمی مجبور ہے لیکن اگر مناسب مقدار سے زائد آنے لگے تو اس کو بند کرنے کے واسطے بھی حکیم اور ڈاکٹر کی

ضرورت ہے اور اگر کوئی شخص پاخانہ اس وجہ سے کہ وہ اتنی اہم اور ضروری چیز ہے اپنے گھر میں محفوظ رکھے کہ بڑی مشقت سے حاصل ہوئی ہے تو مکان بھی سڑ جائے گا دماغ سڑ جائے گا۔ امراض بھی بکثرت پیدا ہو جائیں گے۔ بعینہ یہی صورت اس مال کی ہے کہ ضروری تو اتنا کہ اگر چند روز کچھ نہ ملے تو سارے جتن اس کے لئے بھی کرنا پڑیں۔ لیکن اس کے باوجود اتنا ہی گندہ ہے اگر اس کو فوراً مجبوری سے زائد مقدار کو پاخانہ کی طرح گھر سے نہ نکالا جائے تو تکبر اس سے پیدا ہوتا ہے، غرور اس سے پیدا ہوتا ہے، تفاخر اس سے پیدا ہوتا ہے دوسروں کو ذلیل وحقیر سمجھنا اس سے ہوتا ہے آوارگی عیاشی اس کا ثمرہ ہے۔ غرض ہر قسم کی آفات اس پر مسلط ہیں۔ اس لئے حضور اقدس ﷺ کی دعا اپنی اولاد کیلئے ہے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ رِزْقَ اٰلِ مُحَمَّدٍ قُوْتًا۔

یا اللہ محمد (ﷺ) کی اولاد کا رزق بقدر کفایت عطا فرما۔

یعنی زیادہ ہو ہی نہیں جس پر فسادات مرتب ہوں۔ یہی وجہ ہے کہ سید عام طور سے زیادہ متمول نہیں ہوتے۔ ایک دو کا متمول ہو جانا اس کے منافی نہیں۔ اکثریت ایسی ہی ملے گی حق تعالیٰ شانہٗ اپنے لطف وکرم سے اس کی ناپاک حقیقت کو اس ناپاک پر بھی واضح کر دے تو کیسے لطف کی زندگی میسر ہو؟

۵)......عن بريدة رضی اللہ عنہ قال قال رسول الله ﷺ مامنع قوم الزكوة الاابتلاهم الله بالسنين۔ (رواه الطبرانی فی الاوسط ورواته ثقات كذافی الترغيب وفی الباب روايات كثيرة فی الترغيب والكنز وغيرهما)۔

ترجمہ)...... حضور اقدس ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ جو قوم بھی زکوٰۃ کو روک لیتی ہے حق تعالیٰ شانہٗ اس کو قحط میں مبتلا فرماتے ہیں۔

فائدہ: قحط کی وباء ہم لوگوں پر ایسی مسلط ہو رہی ہے کہ اس کی حد نہیں۔ ہزاروں تدبیریں اس کے زائل کرنے کے واسطے کی جاتی ہیں لیکن کوئی بھی کارگر نہیں ہو رہی ہے۔ اور جب حق تعالیٰ شانہٗ کوئی وبال کسی گناہ پر اتار دیں دنیا میں کس کی طاقت ہے کہ اس کو ہٹا سکے۔ لاکھ تدبیریں کیجئے ہزاروں طرح کے قانون بنائیے۔ جو چیز مالک الملک کی طرف سے مسلط ہے وہ تو اسی کے ہٹانے سے ہٹ سکتی ہے۔ اس نے مرض بتا دیا اس کا صحیح علاج بتا دیا۔ اگر مرض کا زائل کرنا مقصود ہے تو صحیح علاج اختیار کیجئے۔ ہم لوگ امراض کے اسباب خود پیدا کرتے ہیں اور اس پر روتے ہیں کہ امراض بڑھ رہے ہیں یہ کہاں کی عقلمندی ہے؟ حضور اقدس ﷺ نے عالم میں جو حوادث اور مصائب آتے ہیں ان پر اور ان کے اسباب پر خاص طور سے متنبہ فرما دیا جن کو بندہ مختصر طور پر اپنے رسالہ الاعتدال میں لکھ چکا ہے۔ یہاں ان کا اعادہ تطویل کا سبب ہے۔ کسی کا دل چاہے تو اس میں دیکھ لے کہ اس

میں حضور اقدس ﷺ نے کیسے اہتمام سے اس پر متنبہ فرمایا کہ جب میری اُمت یہ حرکتیں کرنے لگے گی تو آفات اور بلاؤں میں پھنس جائے گی اس وقت سرخ آندھیاں، زمینوں میں دھنس جانا صورتوں کا مسخ ہو جانا اور زلزلوں کا آنا، آسمان سے پتھر برسنا، دشمنوں کا غلبہ اور مسلمانوں پر ان کا مسلط ہو جانا، طاعون اور قتل و غارت کا مسلط ہونا، بارش کا رُک جانا، طوفان کا آجانا، دلوں کا مرغوب ہو جانا اور دلوں پر خوف کا مسلط ہو جانا، نیک دعائیں بھی کریں تو ان کی دعاؤں کا بھی قبول نہ ہونا۔ یہ سب آفات حضور ﷺ نے بتائیں۔ اور جس جس حرکت پر جو آفت مسلط ہوتی ہے اس کو حضور ﷺ نے تقریباً چودہ سو برس پہلے سے بتا دیا متنبہ کر دیا۔ اور اب ہم لوگ ان کے تجربے بھی کر رہے ہیں۔ اور ایسے حرف بحرف یہ ارشادات سامنے ہیں کہ ذرا بھی فرق نہیں ہو رہا ہے۔ کاش ہم لوگ حضور ﷺ جیسے شفیق کے ارشادات کی قدر کرتے جو صرف مسلمانوں ہی کیلئے نہیں بلکہ ساری مخلوق کیلئے رحمت بنا کر بھیجے گئے تھے اور ان اصول پر عمل کرنا ساری ہی مخلوق کیلئے انتہائی فائدہ کی چیز ہے مگر جب خود مسلمان اپنے اسلامی دعوؤں کے باوجود ان کی قدر نہ کریں تو دوسروں پر کیسے زریں اصول پر متنبہ فرمایا ہے۔ اب بھی اگر ان اصولوں کو اہتمام سے پکڑ لیا جائے تو دنیا کو مصائب سے نجات مل جائے مسلم ڈاکٹروں کا علاج غیر مسلم بھی کرتے ہیں اور غیر مسلموں کا علاج مسلم بھی کرتے ہیں۔ اگر اس حاذق حکیم کے نسخہ پر لوگ عمل کریں تو کیسی راحت آرام سب کو مل جائے؟ اس جگہ مجھے زکوٰۃ کے متعلق دو ایک احادیث پر متنبہ کرنا ہے کہ وہی جگہ مقصود ہے۔

حضرت ابن عمر ؓ فرماتے ہیں حضور ﷺ نے ایک مرتبہ ارشاد فرمایا کہ اے مہاجرین کی جماعت پانچ چیزیں ایسی ہیں کہ اگر تم ان میں مبتلا ہو جاؤ اور میں اللہ سے پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ تم ان میں مبتلا ہو (تو بڑی آفات میں پھنس جاؤ) ایک تو یہ ہے کہ فحش بدکاری جس قوم میں بھی کھلم کھلا علی الاعلان ہونے لگے تو ان میں ایسی نئی نئی بیماریاں پیدا ہونگی جو پہلے سننے میں نہ آئی ہوں۔ اور جو لوگ ناپ تول میں کمی کرنے لگیں گے ان پر قحط اور مشقت اور بادشاہ کا ظلم مسلط ہو جائے گا۔ اور جو قوم زکوٰۃ کو روک لے گی اُن پر بارش روک دی جائے گی۔ اگر جانور نہ ہوں تو ایک قطرہ بھی بارش کا نہ ہو (جانور چونکہ اللہ کی مخلوق ہیں اور بے قصور ہیں ان کی وجہ سے تھوڑی بہت بارش ہوگی) اور جو لوگ معاہدوں کی خلاف ورزی کریں گے۔ اُن پر دوسری قوموں کا تسلط ہو جائے گا اور ان کے مال و متاع کو لوٹ لیں گے اور جو لوگ اللہ کے قانون کے خلاف حکم جاری کریں گے ان میں خانہ جنگی ہو جائے گی (ترغیب) آج ہم لوگوں کو بڑے غور سے ان عیوب کو دیکھنا چاہئے کہ ان میں سے کون سا عیب ایسا ہے جس میں ہم مبتلا نہیں ہیں اور ساتھ ہیں یہ بھی غور کر لیں کہ جو آفات ان پر بتائی

گئی ہیں کونسی آفت ایسی ہے جو ہم پر مسلط نہیں ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ پانچ چیزیں پانچ چیزوں کے بدلے میں ہیں۔ کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ اس کا کیا مطلب ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو قوم معاہدہ کی خلاف ورزی کرتی ہے اس پر دشمن غالب آجاتا ہے اور جو لوگ اللہ کے قانون کے خلاف حکم کریں گے ان پر اموات کی کثرت ہوگی اور جو لوگ زکوٰۃ کو روک لیں گے اُن پر بارش بند کردی جائے گی۔ اور جو لوگ ناپ تول میں کمی کریں گے ان کی پیداوار میں کمی ہوجائے گی اور قحط مسلط ہوجائے گا ❶ حدیث میں غالباً اختصار ہوا کہ تفصیل میں چار ہی چیزیں ذکر کی گئیں۔ اس حدیث پاک میں اللہ کے حکم کی خلاف ورزی پر اموات کی کثرت اور پہلی میں خانہ جنگی ارشاد ہوا ہے دونوں چیزیں علیحدہ علیحدہ ہوسکتی ہیں اور خانہ جنگی سے اموات کی کثرت کا نمونہ آج کل تو آنکھوں کے سامنے ہے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ دونوں حضرات سے یہ حدیث نقل کی گئی کہ جب میری اُمت ان پندرہ عیوب میں مبتلا ہوجائے منجملہ ان کے یہ بھی دونوں حدیثوں میں ہے کہ زکوٰۃ کا ادا کرنا تاوان بن جائے جیسا تاوان ہوتا ہے یا وہ تاوان کی طرح سے وصول کی جانے لگے) تو اس وقت سرخ آندھیاں، زلزلے زمینوں میں دھنس جانا صورتوں کا مسخ ہوجانا آسمانوں سے پتھر برسنا، ایسے لگاتار مصائب (یعنی اس کا ادا کرنا ایسا مصیبت ہوجائے یکے بعد دیگرے نازل ہونے لگیں گے جیسا کہ تسبیح کا تاگہ ٹوٹ جائے اور اس کے دانے ایک ایک ہوکر گرنا شروع کردیں۔ اعتدال ❷ میں یہ روایتیں پوری ذکر کی گئیں ہیں اور اس میں پندرہ عیوب کی تفصیل بھی ہے جس پر یہ سخت عذاب ذکر فرمائے ہیں۔ ان کے علاوہ اور بھی روایات اس قسم کے مضامین کی ذکر کی گئی ہیں۔ یہاں صرف زکوٰۃ کی وجہ سے ان روایات کی طرف اشارہ کردیا۔

٦)...... عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال سمعت عن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ حدثنا عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما سمعتہ منہ و کنت اکثرھم لزوما لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال عمر رضی اللہ عنہ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما تلف مال فی بر ولا بحر الا بحبس الزکوٰۃ (رواہ الطبرانی فی الاوسط وھو غریب کذا فی الترغیب ولہ شاھد من حدیث عبادۃ بن الصامت فی الکنز بروایۃ ابن عساکر)۔

ترجمہ)...... حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو مال کسی جنگل میں یا دریا میں کہیں بھی ضائع ہوتا ہے وہ زکوٰۃ کے روکنے سے ضائع ہوتا ہے۔

فائدہ: یعنی زکوٰۃ ادا نہ کرنے کے جو وبال وعذاب آخرت کے ہیں وہ تو علیحدہ رہے دنیا میں بھی اس کا وبال یہ ہوتا ہے کہ وہ مال کے ضائع ہوجانے کا سبب بنتا ہے۔ ایک اور حدیث میں اس حدیث

---

❶ ترغیب۔ ❷ اعتدال یا اسلامی سیاست حضرت شیخ الحدیث صاحب کی اردو میں بہترین تصنیف ہے۔ ۱۲

شریف کے متعلق ایک قصہ بھی نقل کیا ہے۔ حضرت عبادہ بن الصامتؓ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ مکہ مکرمہ میں حطیم کے سایہ میں تشریف فرما تھے۔ کسی نے آکر عرض کیا یارسول اللہ (ﷺ) فلاں گھرانے کا سامان سمندر کے کنارے پر پڑا ہوا تھا وہ ہلاک ہوگیا (سمندر کی موج سے بظاہر ضائع ہوا) حضور ﷺ نے فرمایا کہ کوئی مال بر و بحر میں (یعنی خشکی میں ہو یا سمندر میں، مطلب یہ ہے کہ ساری دنیا میں) اس کے بغیر ضائع نہیں ہوتا کہ اس کی زکوٰۃ ادا نہ ہوئی ہو۔ اپنے مالوں کی زکوٰۃ ادا کرنے کے ذریعہ حفاظت کیا کرو اور اپنے بیماروں کا صدقہ کے ذریعہ سے علاج کیا کرو۔ اور ناگہانی مصیبتوں کو دعا کے ذریعہ سے ہٹایا کرو دعا اس مصیبت کو زائل کر دیتی ہے جو آن پڑی ہو اور اس کو روک دیتی ہے جو ابھی تک نہ آئی ہو۔ اور حضور ﷺ یہ بھی فرمایا کرتے تھے کہ اللہ جل شانہٗ جس قوم کی بڑھوتری اور بقا کا ارادہ فرماتے ہیں اس میں عفت (پاکبازی) اور سماحت یعنی نرمی اور جود عطا فرماتے ہیں اور جس قوم کے خاتمہ اور فنا کا ارادہ فرماتے ہیں اس میں خیانت پیدا فرما دیتے ہیں اس کے بعد حضور ﷺ نے یہ آیت شریفہ تلاوت فرمائی۔

(حَتّٰٓی اِذَا فَرِحُوْا بِمَآ اُوْتُوْٓا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ) (کنز)

یہ آیت شریفہ سورۂ انعام کے پانچویں رکوع کی ہے جس کا شروع (فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ) سے ہے اور اوپر کی دو آیات سے عبرت نصیحت حاصل کرنے کے لئے پہلی اُمتوں کی ہلاکت کا ایک دستور ارشاد فرمایا ہے کہ ہم نے پہلی اُمتوں کی طرف بھی جو کہ آپ سے پہلے تھیں پیغمبر بھیجے تھے (جب انھوں نے پیغمبروں کا کہنا نہ مانا تو) پھر ہم نے ان کو مصیبتوں اور بیماریوں سے پکڑا (یعنی مصائب اور بیماریوں میں مبتلا کیا) تاکہ وہ عاجزی کریں۔ پس جب ان کو ہماری (طرف سے مصائب کی) سزا پہنچی تو انھوں نے عاجزی کیوں نہ کی (کہ ان پر رحم کیا جاتا اور ان کا قصور معاف کر دیا جاتا) لیکن ان کے دل تو سخت ہو گئے تھے (وہ نصیحت کیا قبول کرتے) شیطان اُن کے اعمال کو (جن کو وہ پہلے کر رہے تھے) ان کی نگاہ میں آراستہ کر کے دکھلاتا رہا (جس کی وجہ سے وہ اپنے برے اعمال میں جن کو وہ اچھا سمجھتے رہے پھنسے رہے) پھر جب وہ لوگ ان چیزوں کو بھولے رہے (اور ان کی طرف التفات بھی نہ کیا) جن کی پیغمبروں کی طرف سے نصیحت کی جاتی تھی تو ہم نے ان پر (عیش و عشرت راحت و آرام کے) ہر قسم کے دروازے کھول دیئے یہاں تک کہ جب وہ ان چیزوں پر (جو ان کو عیش و عشرت کی ملی تھیں) اترانے لگے۔ (جس سے ان کی گمراہی اور بھی بڑھ گئی) تو ہم نے ان کو (عذاب میں ایسا) دفعۃً پکڑ لیا (کہ ان کو اس کا گمان بھی نہ تھا) ظالم لوگوں کی جڑیں تک کٹ گئیں" فقط

یہ آیات شریفہ بڑی عبرت کی آیات ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانیوں کے باوجود اگر کسی قسم کی سختی

کے بجائے عیش وعشرت اور راحت کے سامان ہوتے رہیں تو یہ زیادہ خطرہ کی چیز ہے۔ ایک حدیث میں آیا ہے حضور اقدس ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ جب تو یہ دیکھے کہ کوئی شخص اپنے گناہوں پر مصر ہے اور اس پر دنیا کی وسعت ہورہی ہے تو یہ اللہ کی طرف سے ڈھیل ہے۔ پھر حضور ﷺ نے یہی آیت (فَلَمَّا نَسُوۡا مَاذُكِّرُوۡا بِهٖ) تلاوت فرمائی۔

حضرت ابو حازم رضی اللہ عنہ سے نقل کیا گیا کہ جب تُو یہ دیکھے کہ تو اللہ کی فرمانی کر رہا ہے اور اس کی نعمتیں تجھ پر لگا تار ہورہی ہیں تو اس سے ڈرتا رہ اور ہر وہ نعمت جو اللہ تعالیٰ شانہٗ سے قرب پیدا نہ کرے وہ مصیبت ہے (درمنثور) چھٹی فصل کی احادیث میں نمبر ۱۷ پر یہ مضمون تفصیل سے آرہا ہے اور چونکہ مال بھی اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے بڑی نعمت ہے اس کو زیادہ سے زیادہ حق تعالیٰ شانہٗ کی پاک بارگاہ میں تقرب پیدا کرنے کا ذریعہ بنانا چاہیے۔ اور کوئی شخص بجائے اس کے کہ اس کو اللہ کی راہ میں زیادہ سے زیادہ خرچ کر کے تقرب پیدا کرے۔ اس کی زکوٰۃ بھی ادا نہ کرے جو اللہ تعالیٰ شانہٗ کا اہم فریضہ ہے تو اس کی نافرمانی میں کیا شک ہے؟ اور ایسے شخص کو اپنے مال کے باقی رہنے کی زیادہ امید نہ رکھنی چاہئے وہ خود اس کے ضائع ہوجانے کی تدبیر کر رہا ہے۔ اور اگر اس حال میں بھی خدانخواستہ ضائع نہ ہو تو یہ اور بھی سخت خطرناک ہے کہ اس صورت میں یہ کسی بڑی مصیبت کا پیش خیمہ ہے۔ اللہ تعالیٰ شانہٗ ہی اپنے فضل سے محفوظ رکھے۔

۷)......عن عائشةؓ قالت قال رسول الله ﷺ ماخالطت الزكوٰة مالاً قط الا اهلكته (رواه الشافعي والبخاري في تاريخه كذافي المشكوٰة وعزاه المنذري الى البزار والبيهقي)

ترجمہ)......حضور اقدس ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ جس مال کے ساتھ زکوٰۃ کا مال مل جاتا ہے وہ اس مال کو ہلاک کئے بغیر نہیں رہتا۔

فائدہ: اس حدیث پاک کے مطلب میں علماء کی دو تفسیریں ہیں اور دونوں صحیح ہیں۔ حضور ﷺ کا یہ پاک ارشاد دونوں پر صادق آتا ہے۔ ایک یہ کہ جس مال میں زکوٰۃ واجب ہوگئی ہو اور اس میں سے زکوٰۃ نہ نکالی گئی ہو تو یہ سارا مال زکوٰۃ کے ساتھ مخلوط ہے ورنہ یہ زکوٰۃ کا مال سب کو ہی ہلاک کردے گا اس مطلب کے موافق یہ حدیث پاک اس سے پہلی حدیث شریف کے ہم معنیٰ ہوئی کہ یہی مضمون بعینہ پہلی حدیث شریف کا ہے۔ حافظ ابن تیمیہؒ نے منتقٰی میں انہیں معنیٰ کو اختیار کیا ہے۔ اس لئے اس پر زکوٰۃ نکالنے میں جلدی کرنے کا باب لکھا ہے اور حمیدیؒ سے حدیث کے بعد نقل کیا ہے کہ اگر تجھ پر زکوٰۃ واجب ہوجائے اور تو اس کو نہ نکالے تو حرام مال حلال کو بھی ہلاک کردے

گا۔ یعنی زکوٰۃ کا مال جس کا روکنا حرام ہے، باقی مال کو جس کا روکنا حلال ہے ضائع کردے گا۔ دوسری تفسیر جو حضرت امام احمد بن حنبلؒ سے نقل کی گئی یہ ہے کہ جو شخص خود صاحب نصاب ہو، یعنی ساڑھے باون تولے چاندی یا اس کی قیمت کی چیز کوئی اصلی ضرورت سے زائد اس کے پاس ہو اور پھر وہ اپنے کو غریب ظاہر کر کے کسی سے زکوٰۃ کا مال لے لے تو یہ مال اس کے پاس جو اپنا اصلی مال پہلے سے تھا اس کو بھی ضائع کردے گا۔ ❶ اس حدیث پاک سے ان لوگوں کو بہت ڈرتے رہنا چاہیے جو صاحب نصاب ہونے کے باوجود لوگوں کی زکوٰتیں لیتے رہتے ہیں کہ یہ زکوٰۃ کا مال ان اصلی مال کو بھی فنا کردے گا اور تھوڑے سے نفع کی خاطر بہت سا نقصان برداشت کرنا پڑ جائے گا پھر چاہے چوروں کو گالیاں دیتے رہیں یا ظالموں کو بددعائیں دیتے رہیں اپنی حرکت کی بدولت مال چلا ہی جائے گا اور ایسی حالت میں کہ وہ مستحق نہ تھا لینے کا گناہ سر پر رہے گا۔

۸)......عن عبد اللّٰہ بن مسعودؓ قال من کسب طیبًا خبث منع الزکوٰۃ ومن کسب خبیثا لم تطیبه الزکوٰۃ (رواه الطبرانی فی الکبیر موقوفًا باسناد منقطع کذافی الترغیب)

ترجمہ)......حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ جو شخص طیب مال (حلال مال) کمائے زکوٰۃ کا ادا نہ کرنا اس کو خبیث بنا دیتا ہے اور جو شخص حرام مال کمائے زکوٰۃ کا ادا کرنا اس کو پاک نہیں بناتا۔

فائدہ: کتنی سخت وعید ہے کہ جس مال کو بڑی محنت جانفشانی سے جائز ناجائز کا خیال رکھتے ہوئے کمایا تھا وہ ذرا سے بخل سے کہ اس کی زکوٰۃ کا اہتمام نہیں رکھا سارا کا سارا اللہ تعالیٰ شانہٗ کے نزدیک خبیث بن گیا۔ ایک حدیث میں حضور اقدس ﷺ کا ارشاد وارد ہوا ہے کہ جو شخص حرام طریقہ سے مال کمائے اور پھر اس کو صدقہ کرے اس کے لئے اس میں کوئی اجر نہیں ہے اور اس کا وبال اس پر ہے ❷ یعنی حرام کمانے کا وبال سر پر رہا اور اس صدقہ کا کوئی ثواب اس کو نہیں ہے۔

۹)......عن اسماءؓ بنت یزید ان رسول اللّٰہ ﷺ قال ایما امرأۃ تقلدت قلادۃ من ذھب قلدت فی عنقھا مثلھا من النّار یوم القیٰمۃ وایما امرأۃ جعلت فی اذنھا خرصا من ذھب جعل فی اذنھا مثله من النار۔ (رواه ابوداؤد والنسائی باسناد جید کذافی الترغیب)

ترجمہ)......حضرت اسماء بنت یزیدؓ فرماتی ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو عورت اپنے گلے میں سونے کا ہار ڈالیگی اس کے گلے میں اسی طرح کا آگ کا ہار قیامت کے دن ڈالا جائے گا اور جو عورت اپنے کان میں سونے کی بالی ڈالیگی اس کے کان میں اسی جیسی آگ کی بالی

❶ مشکوٰۃ ❷ ترغیب۔

قیامت کے دن ڈالی جائے گی۔

فائدہ: اس حدیث شریف میں عورتوں کے لئے بھی سونے کا پہننا ناجائز اور حرام معلوم ہوتا ہے اسی وجہ سے بعض علماء نے اس کو ابتداءِ اسلام پر محمول کیا ہے۔ اس لئے کہ سب علماء کے نزدیک دوسری احادیث کی بنا پر عورتوں کیلئے سونے چاندی کا زیور جائز ہے۔ لیکن بعض علماء نے اس حدیث کو اور جیسی احادیث کو زکوٰۃ ادا نہ کرنے پر محمول فرمایا ہے اور بعض روایات سے اس کی تائید ہوتی ہے چنانچہ خود حضرت اسماءؓ ہی کی روایت ہے کہ میں اور میری خالہ حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور ہمارے ہاتھوں میں سونے کے کنگن تھے حضور ﷺ نے دریافت فرمایا کہ ان کی زکوٰۃ ادا کرتی ہو؟ ہم نے عرض کردیا کہ نہیں حضور ﷺ نے فرمایا تم اس سے نہیں ڈرتیں کہ اللہ جل شانہٗ تمہیں آگ کے کنگن پہنائیں۔ ان کی زکوٰۃ ادا کیا کرو (۱)

یہ روایت اس مضمون میں صاف اور واضح ہے کہ جہنم کی آگ اس کے بدلے میں پہننا اسی صورت میں ہے کہ ان کی زکوٰۃ ادا نہ کی جائے عورتوں کو اس کا بہت خیال رکھنا چاہیئے کہ جو زیور آج بدن کی زینت بن رہا ہے وہ زکوٰۃ ادا نہ کرنے کی صورت میں کل جہنم کی دہکتی ہوئی آگ بن کر بدن کا عذاب بنے گا حضرت اسماءؓ کا یہ فرمانا کہ زکوٰۃ ادا نہیں کرتی ممکن ہے اس وجہ سے ہو کہ ان کو اس وقت تک یہ مسئلہ معلوم نہ تھا۔ چنانچہ دوسری حدیث میں ان کا سوال کرنا اس کی دلیل ہے۔ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اس وقت تک وہ زیور کہ عورت کی اصلی ضرورت میں سمجھتی ہوں حالانکہ زیور اصلی ضرورت میں نہیں ہے ایک مطلب کے موافق سونے کی کوئی تخصیص نہ ہوگی چاندی کا بھی یہی حکم ہے۔ چنانچہ ایک اور حدیث میں ہے۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ تشریف لائے تو میرے ہاتھوں میں چاندی کے چھلے ملاحظہ فرمائے۔ ارشاد فرمایا کہ یہ کیا ہے؟ حضرت عائشہؓ نے عرض کیا میں نے اس لئے بنوائے کہ آپ کے لئے اپنی زینت کروں۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اس کی زکوٰۃ بھی دیتی ہو؟ میں نے عرض کی کہ نہیں حضور ﷺ نے فرمایا تجھ کو تو جہنم کی آگ کے لئے یہی کافی ہیں (۲) یہاں انکار کی ان دو وجہوں کے علاوہ جو پہلی حدیث میں گذریں۔

تیسری وجہ بھی ہوسکتی ہے کہ چاندی کے چھلوں کا وزن عام طور سے اتنا نہیں ہوتا کہ وہ نصاب تک پہنچ جائے اور حضور ﷺ کے ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ ایک زیور کی مقدار اگرچہ اتنی نہ ہو لیکن دوسرے زیور کے ساتھ ملا کر بھی نصاب کو پہنچ جائے تو اس پر زکوٰۃ واجب ہے۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں ایک عورت حاضر ہوئیں اُن کے ساتھ اُن کی بیٹی تھیں جن کے ہاتھ میں دو وزنی کنگن سونے کے تھے۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ ان کی زکوٰۃ ادا کرتی ہو؟ انھوں نے عرض کیا

(۱)، (۲) ترغیب۔

کہ نہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا کیا تمھیں اس بات سے خوشی ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ ان کے بدلے میں آگ کے دو کنگن تمھیں قیامت میں پہنادیں؟ انھوں نے یہ سنتے ہی دونوں کنگن حضور ﷺ کی خدمت میں پیش کردیئے کہ یہ اللہ کے واسطے دیتی ہوں۔ (ترغیب) یہی وہ خاص ادا صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے مرد وعورت میں تھی کہ اللہ تعالیٰ شانہٗ یا اس کے رسول ﷺ کا ارشاد سننے کے بعد پھر تعمیل میں کوئی حیل وحجت، لیت ولعل ہوتی ہی نہ تھی۔ ان سب روایات کے موافق سونے چاندی کے سب زیوروں کا ایک ہی حکم ہے۔ زکوٰۃ نہ دینے پر جہنم کی آگ مسلط ہوجانے میں دونوں برابر ہیں۔ خواہ کسی روایت میں سونے کے زیور ہوں یا چاندی کے زیور۔ اور بعض علماء نے ان روایات کی وجہ سے جن میں زکوٰۃ کا ذکر نہیں ہے اور سونے چاندی میں فرق کیا گیا ہے۔ یہ بھی فرمایا ہے کہ اس سے تکبر تفاخر اور اظہار مراد ہے ایک روایت سے اس مفہوم کی تائید بھی ہوتی ہے۔ چنانچہ ابوداؤد شریف اور نسائی شریف کی ایک روایت میں ہے کہ اے عورتوں کی جماعت کیا تمھیں زیور بنانے کیلئے چاندی کافی نہیں ہے؟ یاد رکھو کہ جو عورت سونے کا زیور بنائے اور اس کو ظاہر کرے وہ اس کی وجہ سے عذاب دیجائے گی (ترغیب) اور یہ بات عام طور سے مشاہدہ میں آتی ہے کہ عورتوں کے پاس یہاں چاندی کا زیور بالخصوص جو عورتیں اپنی جہالت سے اپنے کو اونچے خاندان کی سمجھتی ہیں کچھ وقعت اور اہمیت نہیں رکھتا وہ چاندی کے زیور کو کوئی اظہار یا تفاخر کی چیز نہیں سمجھتیں۔ ان کے ہاتھوں میں چاندی کے کنگن ہوں تو ذرا بھی ان کو اس کے اظہار کا داعیہ پیدا نہ ہو لیکن سونے کے کنگن ہوں تو بے وجہ پچاس مرتبہ مکھی اُڑانے کے بہانے سے ہاتھ ہلائیں گی۔ بیس مرتبہ دوپٹہ درست کرنے کے واسطے ہاتھ کو پھیریں گی۔ بالخصوص کوئی نئی عورت گھر میں آجائے یا وہ کسی دوسرے کے گھر جائیں پھر تو نہ مکھی ان کے بدن سے اڑ کر دیتی ہے نہ ان کا دوپٹہ دوست ہو کر دیتا ہے۔ بار بار ہاتھوں کو حرکت دیتی رہتی ہیں اور اس حرکت سے محض دوسرے پر تفاخر مقصود ہوتا ہے اپنے زیور کو دکھانا ہوتا ہے لہذا دونوں باتوں کا اہتمام بہت ضروری ہے کہ زیور سے تفاخر اور تکبر اور اس کا اظہار ہرگز نہ ہونا چاہیے اور اس کی زکوٰۃ بہت اہتمام سے ادا کرنا چاہیے اور دونوں میں سے اگر کوئی سی ایک بات کا بھی لحاظ نہ رکھا جائے تو اپنے آپ کو عذاب کے لئے تیار رکھنا چاہیے۔

۱۰)......عن الضحاك قال كان اناس من المنافقين حين امر الله ان تؤدى الزكوٰة يجيئون بصدقاتهم باردأ ماعند هم من الثمرة فانزل الله وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيثَ مِنْهُ تُنفِقُونَ اخرجه (ابن جرير وغيره كذا في الدر المنثور)

ترجمہ)...... حضرت ضحاک ؒ فرماتے ہیں کہ جب حق تعالیٰ شانہٗ نے زکوٰۃ ادا کرنے کا حکم فرمایا تو

منافق آدمی بدترین پھل جوان کے پاس ہوتے تھے وہ دیا کرتے تھے۔ اس پر حق تعالیٰ شانہٗ نے قرآن پاک میں آیت شریفہ (وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيثَ مِنْهُ) نازل فرمائی۔

فائدہ: یہ آیت شریفہ سورۂ بقرہ کے سینتیسویں رکوع کی پہلی آیت کا جزو ہے۔ یہ آیت شریف (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَنْفِقُوا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا كَسَبْتُمْ) سے شروع ہے جس کا ترجمہ یہ ہے کہ اے ایمان والو! اپنی کمائی میں سے عمدہ مال کو خرچ کیا کرو (نیک کاموں میں اور خرچ کیا کرو عمدہ مال کو) اس چیز میں سے جس کو ہم نے تمہارے لئے زمین سے پیدا کیا (یعنی پھل وغیرہ) اور ردی مال کا ارادہ نہ کیا کرو کہ اس میں سے خرچ کرنے لگو۔ حالانکہ (اگر تم کو ویسی خراب چیز کوئی تمہارے حق واجب میں یا سوغات میں دینے لگے تو) تم کبھی بھی اس کو لینے والے نہ ہو مگر یہ کہ چشم پوشی کر کے (شرمے شرمائے) لے لو اور یہ سمجھ لو کہ حق تعالیٰ شانہٗ کسی کے محتاج نہیں ہیں (کہ ایسے ردی مال سے خوش ہو جائیں وہ) تعریف کے لائق ہیں۔ بہت سی احادیث ان آیات کے بارے میں وارد ہوئی ہیں مآل سب کا ایک ہی ہے۔

حضرت براءؓ فرماتے ہیں کہ یہ آیات ہم انصاریوں کے بارے میں نازل ہوئی ہیں۔ ہم باغات کے مالک تھے۔ ہر شخص اپنے باغ کی حیثیت کے موافق کم وبیش لایا کرتا تھا۔ بعض آدمی ایک دو خوشے مسجد میں ٹانگ دیتے۔ اہل صفہ فقراء کی جماعت تھی جن کے کھانے کا کوئی خاص انتظام نہ تھا۔ ان میں سے جس کو بھوک لگتی وہ ان خوشوں میں لکڑی مارتا اور جو پکی کچی کھجوریں گرتیں کھا لیتا۔ بعض لوگ جنہیں خیر کے کاموں میں زیادہ دلچسپی نہیں تھی وہ بعض ردی قسم کی کھجوروں کا خوشہ یا خراب شدہ خوشہ ٹانگ دیتا اس پر یہ آیت شریفہ نازل ہوئی جس کا مطلب یہ ہے کہ اگر تم کو ہدیہ میں ایسی چیز دی جائے تو شرمے شرمائے تو لے لو ویسے نہ لو۔ اس کے بعد سے اچھے اچھے خوشے آنے لگے۔ اس مضمون کی متعدد روایات وارد ہوئی ہیں۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ بعض لوگ بازار سے سستا مال خریدتے اور وہ صدقہ میں دیتے جس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ یہ آیت شریفہ جو فرض زکوٰۃ کے بارے میں نازل ہوئی جب لوگ کھجوریں کاٹتے تو اچھا اچھا مال چھانٹ کر علیحدہ کر لیتے۔ جب زکوٰۃ لینے کے لئے آدمی جاتا تو ردی مال اس کے سامنے کر دیتے۔ ایک حدیث میں ہے کہ حضور اقدس ﷺ ایک مرتبہ مسجد میں تشریف لے گئے۔ حضور ﷺ کے دست مبارک میں ایک لکڑی تھی اور مسجد میں کسی نے ردی کھجوروں کا خوشہ لٹکا رکھا تھا حضور ﷺ نے اس خوشہ میں لکڑی ماری اور فرمایا کہ جس نے یہ لٹکایا ہے اگر اس سے بہتر لٹکا تو کیا نقصان ہو جاتا یہ شخص جنت میں ایسی ہی ردی کھجوریں پائے گا۔ [1]

---

[1] درمنثور۔

حضرت عائشہؓ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتی ہیں کہ مساکین کو اس مال کو نہ کھلاؤ جس کو تم خود نہ کھا سکو۔ (کنز) ایک اور حدیث میں ہے کہ گوشت میں بو ہو گئی تھی۔ حضرت عائشہؓ نے ارادہ فرمایا کہ وہ کسی کو اللہ واسطے دیدیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا کیا ایسی چیز کا صدقہ کرتی ہو جس کو خود نہیں کھاتیں؟ (1) مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نام پر جب دیا جارہا ہے تو اچھا مال جہاں تک ممکن ہو دینا چاہیے۔ لیکن یہ مطلب نہیں ہے کہ اچھا دیا نہ جائے اور خراب اس وجہ سے نہ دے بس حذف ہی ہو جائے۔ اگر عمدہ کی توفیق نہ ہو تو نہ دینے سے گھٹیا دینا بہتر ہے۔ زکوٰۃ میں ردی مال دینا بھی زکوٰۃ نہ دینے ہی کی ایک قسم ہے۔ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد فرمایا ہوا زکوٰۃ ادا کرنے کا ضابطہ چوتھی فصل کی احادیث میں نمبر ۶ پر گذر چکا ہے کہ نہ تو اللہ جل شانہٗ بہترین مال کا مطالبہ فرماتے ہیں نہ گھٹیا مال کی اجازت دیتے ہیں بلکہ متوسط مال کا مطالبہ ہے۔ یہی اصل ضابطہ زکوٰۃ کے ادا کرنے کا ہے۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ نے جو احکامات اپنے ماتحتوں کو زکوٰۃ وصول کرنے کے تحریر فرمائے ان میں زکوٰۃ کی تفصیل تحریر فرمائی اور تمہید میں تحریر فرمایا کہ جو اس تفصیل کے ساتھ زکوٰۃ وصول کرے اس کو دی جائے اور جو اس سے زیادہ لینا چاہے اس کو نہ دی جائے۔ حضور اقدس ﷺ نے جب حضرت معاذؓ کو یمن کا حاکم بنا کر بھیجا تو نماز کے حکم کے بعد زکوٰۃ ادا کرنے کے حکم کی تلقین فرمائی اور یہ ارشاد فرمایا کہ جب وہ زکوٰۃ ادا کریں تو ان کے بہترین مال کو لینے کی کوشش نہ کرنا۔ مظلوم کی بددعا سے بچنا کہ مظلوم کی بددعا کے قبول ہونے میں کوئی آڑ نہیں ہوتی۔ امام زہریؒ فرماتے ہیں کہ جب حکومت کا آدمی زکوٰۃ لینے آئے تو بکریوں کو تین حصے کر دیئے جائیں۔ عمدہ عمدہ ایک جگہ اور ردی ردی ایک جگہ تیسرا حصہ جو درمیانی ہے ان میں سے لے لے (2) یہی اصل ضابطہ ہے زکوٰۃ لینے والے کے حق میں لیکن دینے والا اگر اپنی خوشی سے اچھے سے اچھا مال دے تو اس میں مضائقہ نہیں ہے۔ جیسا کہ اسی حدیث نمبر ۶ کے ذیل میں صحابہؓ کے بعض واقعات اور حضور ﷺ کا پاک ارشاد گذر چکا کہ تم اگر اپنی خوشی سے عمدہ مال ضابطہ سے زائد دینا چاہو تو اللہ تعالیٰ تم کو اس کا اجر دے گا۔ اس لئے دینے والے کو یہ سمجھ کر کہ اپنے کام آنے والا صرف یہی مال ہے جو دیا جارہا ہے بہتر سے بہتر مال چھانٹ کر دینا چاہئے۔ امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص زکوٰۃ کو آخرت کے واسطے ادا کرنا چاہے اس کے لئے کچھ آداب ہیں، کچھ قواعد ہیں ان کی رعایت کرنی چاہیے۔

امام غزالیؒ نے اس مضمون کو بڑی تفصیل سے ذکر کیا ہے بندہ اس کو نہایت اختصار سے اور کہیں کہیں معمولی توضیح سے ذکر کرتا ہے یہ اس کا ترجمہ نہیں ہے۔ امام غزالیؒ نے آٹھ ادب ذکر فرمائے ہیں۔

۱)......سب سے پہلی چیز تو یہ سمجھنے کی ہے کہ آخر زکوٰۃ کیوں واجب ہوئی؟ کیوں اس کو اسلام کا

---

(1) جمع الفوائد (2) ابو داؤد۔

رکن قرار دیا گیا؟ اس کی تین وجہیں ہیں (الف) اس وجہ سے کہ زبان سے کلمہ کا اقرار کر لینا وہ اللہ تعالیٰ کو تن تنہا معبود ماننے کا اقرار ہے یعنی یہ کہ اس کے ساتھ کوئی دوسری چیز شریک نہیں ہے اور اس کی تکمیل اور تمامی جب ہی ہو سکتی ہے جبکہ اس ایک پاک ذات کے سوا محبت کے دعویدار کے دل میں اختیاری طور پر کسی دوسری چیز کی گنجائش نہ رہے اس لئے کہ محبت شرکت کی ہرگز متحمل نہیں ہے اور محض زبانی دعوائے محبت بیکار ہے۔ محبت کا امتحان جب ہی ہو سکتا ہے جب دوسری محبوب چیزوں سے مقابلہ پڑ جائے اور مال ہر شخص کو بالطبع محبوب ہوتا ہے اس لئے اللہ سے محبت اور اس کو تنہا معبودیت کے اقرار میں امتحان کی کسوٹی کے طور پر مال کا خرچ کرنا فرض کیا گیا ہے جس سے لوگوں کی حق تعالیٰ شانہٗ کے ساتھ محبت کا اندازہ ہوتا ہے۔ اسی لئے حق تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰی مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ (سورۃ التوبۃ ع ۱۴)

بلاشبہ حق تعالیٰ شانہٗ نے مسلمانوں سے ان کی جانوں کو اور مالوں کو اس بات کے بدلے میں خرید لیا ہے کہ ان کو جنت ملے گی۔ اور جانوں کا خرید لینا جہاد کے ذریعہ ہے اور مالوں کا خرچ کرنا جان کے خرچ کرنے سے ہلکا ہے اور جب مال کے خرچ کرنے کا یہ مفہوم ہوا کہ وہ محبت کے امتحان کی کسوٹی ہے تو آدمی اس امتحان میں تین قسم کے ہوئے۔ پہلی قسم ان لوگوں کی ہے جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی یکتائی کا سچا اقرار کیا کہ اس کی محبت میں ذرا سی بھی شرکت کسی چیز کی نہیں آنے دی اور اپنے عہد کو پورا پورا ادا کر دیا کہ اپنے مالوں کو سب کو اس کے نام پر قربان کر دیا نہ اپنے لئے کوئی دینار رکھا نہ درم وہاں زکوٰۃ کے واجب ہونے کا سوال ہی نہیں آتا۔ اسی وجہ سے بعض بزرگوں سے منقول ہے کہ ان سے کسی نے دریافت کیا کہ دو سو درم میں کتنی مقدار واجب ہے؟ تو انہوں نے فرمایا کہ عام لوگوں پر شریعت مطہرہ کے ضابطہ کے موافق پانچ درم ہیں لیکن ہم لوگوں کو سب کا خرچ کر دینا ضروری ہے۔ یہی وجہ تھی کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنا سارا مال خدمت میں پیش کر دیا اور محبت کے دعویٰ کو ایسا پورا کیا کہ محبوب کے سوا کچھ بھی نہ چھوڑا۔ دوسری قسم ان لوگوں کی ہے جو درمیانی درجے کے ہیں کہ وہ بقدر حاجت وضرورت باقی رکھتے ہیں اور ضرورت سے زائد کو صرف کر دیتے ہیں۔

یہ حضرات بھی خرچ کرنے میں مقدار زکوٰۃ پر اکتفا نہیں کرتے بلکہ فاضل مال جو کچھ ہوتا ہے وہ سب خرچ کر دیتے ہیں۔ اسی وجہ سے بعض تابعین جیسا کہ امام نخعیؒ، شعبیؒ وغیرہ حضرات اس طرف گئے ہیں کہ مال میں زکوٰۃ کے علاوہ بھی حقوق واجب ہیں۔ ان حضرات کے نزدیک مالدار کے ذمہ واجب ہے کہ جہاں کہیں ضرورت مند کو دیکھے تو زکوٰۃ سے زائد سے بھی اس کی حاجت کو پورا کرے لیکن فقہ کے اعتبار سے صحیح یہ ہے کہ اگر کہیں کوئی شخص اضطرار کے درجہ کو پہنچ گیا ہو تو اس کی ضرورت کا

پورا کرنا فرض کفایہ ہے اور اس میں علماء کا اختلاف ہے کہ مضطر پر اتنی مقدار خرچ کرنا بھی جس سے وہ ہلاکت سے بچ جائے۔ مفت ضروری ہے یا قرض دینا بھی کافی ہے۔ اور جو قرض دینا کہتے ہیں وہ گویا تیسری قسم میں داخل ہیں۔ اور تیسری قسم ادنےٰ درجہ کے لوگوں کی ہے جو صرف واجب یعنی مقدار زکوٰۃ ہی ادا کرتے ہیں۔ نہ اس سے کم کرتے ہیں نہ زیادہ عام لوگ بیشتر اسی قسم میں داخل ہیں اس لئے کہ ان کو مال سے محبت ہے۔ وہ اس کے خرچ کرنے میں بخل کرتے ہیں۔ انہیں آخرت کی رغبت کم ہے۔ امام غزالیؒ نے تین ہی قسمیں آدمیوں کی لکھی ہیں۔ چوتھی قسم کو ذکر نہیں کیا جو مقدار واجب کو بھی پوری ادا نہیں کرتے یا بالکل ہی ادا نہیں کرتے۔ اس لئے کہ یہ لوگ تو اپنے دعوےٰ محبت میں بالکل ہی جھوٹے ہیں۔ ایسوں کا کیا ذکر کرنا جو جھوٹی محبت کے دعویدار ہوں (ب) اس وجہ سے بھی کہ زکوٰۃ سے آدمی کو صفت بخل سے پاک کرنا مقصود ہے جو بڑی مہلک چیز ہے۔

حضور ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ تین چیزیں مہلک ہیں۔ ایک وہ حرص وبخل جس کی اطاعت کی جائے (یعنی اگر طبعاً کوئی شخص بخیل ہو مگر عمل اپنی طبیعت کے خلاف کرتا ہے اور طبیعت پر جبر کرتا ہے تو یہ تو مہلک نہیں مہلک وہ بخل ہے کہ عمل بھی اس کے موافق ہو) دوسری وہ خواہش نفس جس کا اتباع کیا جائے (اس کا بھی وہی مطلب ہے کہ مثلاً شہوت کسی شخص کو ہو اور وہ اس کو بجبر روکے تو وہ مہلک نہیں، مہلک وہ ہے کہ اس کے موافق عمل بھی کرے) تیسری چیز ہر شخص کا اپنی رائے کو سب سے بہتر سمجھنا ہے اس کے علاوہ قرآن پاک کی متعدد آیات اور بہت سی احادیث میں بخل کی مذمت وارد ہوئی ہے جیسا کہ دوسری فصل میں ان سے چند گذر چکیں اور آدمی سے صفت بخل اسی طرح زائل ہو سکتی ہے کہ زبردستی اس کو مال خرچ کرنے کا عادی بنائے کہ جب کسی سے محبت تعلق چھڑانا مقصود ہوتا ہے تو اس کی صورت یہی ہوتی ہے کہ اپنے کو اس سے دور رکھنے پر مجبور کیا جائے تاکہ اس کی محبت جاری رہے۔ اسی لحاظ سے زکوٰۃ کو پاکی کا ذریعہ کہا جاتا ہے کہ وہ آدمی کو بخل کی گندگی سے پاک کرتی ہے۔ اور جس قدر زیادہ مال خرچ کرے گا اور جتنی زیادہ مسرت اور خوشی سے خرچ کرے گا اور جتنی بھی اللہ تعالیٰ کے راستہ میں خرچ کرنے سے بشاشت ہوگی اتنی ہی بخل کی گندگی سے نظافت حاصل ہوگی۔

(ج) اس وجہ سے بھی یہ اللہ تعالیٰ شانہٗ کی نعمت مال کا شکرانہ ہے کہ اللہ جل شانہٗ کے ہر شخص کے جان ومال میں اس قدر انعامات احسانات ہیں کہ حد نہیں۔ پس طاعات بدنیہ بدنی انعامات کا شکرانہ ہیں۔ اور اطاعات مالیہ مالی انعامات کا شکرانہ ہیں۔ اور کس قدر کمینہ اور ذلیل ہے وہ شخص جو کسی فقیر کو دیکھے اس کی تنگدستی اور بدحالی کو اس پر رزق کی کمی کی مصیبت کو دیکھے پھر بھی اس کے دل میں اللہ تعالیٰ کی اس نعمت کے شکرانہ کا خیال نہ آئے جو اللہ تعالیٰ نے اس شخص پر کی کہ اس کو بھیک مانگنے سے مستغنی کیا اور اس فقیر کی

طرح اپنی حاجت کو دوسرے کے سامنے لے جانے سے بے نیاز کیا بلکہ اس قابل کیا کہ دوسرا شخص اس کے سامنے اپنی ضروریات پیش کرے کیا اس کا شکرانہ یہ نہیں ہے کہ اپنے مال کا دسواں یا چالیسواں حصہ اللہ تعالیٰ کے نام پر خرچ کردے (دسویں سے پیداوار کا عشر اور چالیسویں سے زکوٰۃ مراد ہے)

۲)...... دوسرا ادب زکوٰۃ کی ادائیگی کے وقت کے اعتبار سے ہے اور وہ یہ ہے کہ اس کی ادائیگی میں بہت عجلت کرے کہ اس کے واجب ہونے کے وقت سے پہلے ہی ادا کردے کہ اس میں حق تعالیٰ شانہٗ کے امتثال حکم میں رغبت کا اظہار ہے اور فقراء کے دلوں میں مسرت کا پیدا کرنا ہے اور دیر کرنے میں اپنے اوپر مال پر کسی قسم کی بیماری اور آفت آجانے کا بھی احتمال ہے اور جن کے نزدیک زکوٰۃ کا فوراً ادا کرنا ضروری ہے ان کے نزدیک تو تاخیر کا گناہ مستقل ہے۔ لہذا جس وقت بھی دل میں خرچ کرنے کا خیال پیدا ہو اس کو فرشتہ کی تحریک سمجھے اس لئے کہ حدیث میں آیا ہے کہ آدمی کے ساتھ ایک تحریک فرشتہ کی ہوتی ہے اور ایک شیطان کی۔ فرشتہ کی تحریک تو خیر کی طرف متوجہ کرنا اور حق کی تصدیق ہے۔ جب آدمی اس کو پائے تو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے۔ اور شیطان کی تحریک برائی کی طرف متوجہ کرنا اور حق بات کو جھٹلانا ہے۔ جب آدمی اس کو پائے تو اعوذ باللہ پڑھے۔ ❶ ایک اور حدیث میں ہے کہ آدمی کا دل اللہ تعالیٰ کی دو انگلیوں میں ہے جس طرح چاہیے پلٹ دیتا ہے۔ اس لئے دل میں جو یہ خیال خرچ کرنے کا آیا ہے اس کے دل جانے کا بھی خطرہ ہے۔ اس کے علاوہ شیطان آدمی کو اپنی احتیاج کا خیال دلاتا رہتا ہے۔ جیسا کہ دوسری فصل کی آیات میں نمبر ۳ پر گذرا۔ اور فرشتہ کی تحریک کے بعد شیطان کی تحریک بھی ہوتی ہے اس لئے اس کی تحریک کے پیدا ہونے سے پہلے پہلے ادا کرلے اور اگر ساری زکوٰۃ ایک ہی وقت ادا کرنی مقصود ہو تو اس کی اچھی صورت یہ ہے کہ کوئی سا ایک مہینہ زکوٰۃ ادا کرنے کا معین کرلے اور بہتر یہ ہے کہ افضل مہینوں میں سے مقرر کرے تاکہ اس میں خرچ کرنے سے ثواب میں زیادتی ہو جیسا کہ مثلاً محرم کا مہینہ ہے کہ وہ سال کا شروع مہینہ ہونے کے علاوہ اشہر حرم میں سے ہے اور اس میں ایک دن یعنی عاشورا کا ایسا ہے کہ اس میں صدقہ کرنے کی اور اہل وعیال پر خرچ میں وسعت کی فضیلت آئی ہے۔ لہذا اس مہینہ میں اگر ادا کرے تو بہتر یہ ہے کہ دسویں تاریخ کو ادا کرے۔ ❷ یا مثلاً رمضان المبارک کا مہینہ ہے کہ احادیث میں آیا ہے کہ حضور اقدس ﷺ جود و بخشش میں تمام آدمیوں سے بڑھ کر تھے اور ماہ رمضان المبارک میں تو آپ ﷺ کی بخشش اور جود ایسی تیزی سے چلتی تھی جیسا کہ تیز ہوا۔ نیز اس مہینہ میں لیلۃ القدر ہے۔ جو ہزار مہینوں سے افضل ہے۔ نیز اللہ تعالیٰ کی نعمتیں بھی اس مہینہ میں اپنے بندوں پر روز افزوں ہوتی ہیں۔ اسی طرح ذوالحجہ کا مہینہ بھی بڑی فضیلت والے مہینوں میں ہے اس میں حج ہوتا ہے۔ اس میں ایام معلومات ہیں یعنی عشرہ ذی الحجہ اور ایام معدودات ہیں۔ یعنی ایام تشریق اور ان

❶، ❷ سادۃ۔

دونوں میں اللہ تعالیٰ کی یاد کی ترغیب قرآن پاک میں آتی ہے۔

پس اگر کوئی رمضان کو متعین کرے تو اس کا عشرہ آخر مناسب ہے اور ذی الحجہ کو مقرر کرے تو اس کا عشرہ اول بہتر ہے۔ بندہ ناکارہ زکریا کا مشورہ یہ ہے کہ ہر شخص کو اپنی زکوٰۃ کو تقریبی اندازہ تو ہوتا ہی ہے اس لئے سال کے شروع ہی سے ضرورت کے مواقع پر اس اندازکی رعایت رکھتے ہوئے تھوڑا تھوڑا دیتا رہے اور جب سال وجوب کا ختم ہو اس وقت اپنے مال کا اور اپنی زکوٰۃ کا پورا حساب لگا لے۔ اگر کچھ کمی رہ گئی ہو تو اس وقت پوری کر دے اور کچھ زیادہ ادا ہو گیا ہو تو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے کہ اسی کی توفیق تھی کہ واجب سے بھی زیادہ ادا ہو گیا۔ اس میں تین مصلحتیں ہیں۔ اول تو یہ کہ پوری رقم اگر مقدار میں زیادہ ہوئی تو بڑی رقم کا بیک وقت خرچ کرنا اکثر طبیعت پر بار ہو جاتا ہے اور زکوٰۃ کے ادا کرنے میں طیب نفس سے خرچ کرنے کو بہت زیادہ اہمیت ہے دوسری مصلحت یہ ہے کہ ضرورت کے مواقع ہر وقت میسر نہیں ہوتے۔ اس طرح ادا کرنے میں ضرورت کے مواقع پر خرچ ہوتا رہے گا۔ اور اگر سال کے ختم پر حساب کر کے اس خیال سے اس کو علیحدہ رکھے گا کہ وقتاً فوقتاً خرچ کرتا رہوں گا تو اس میں ایک تو ہر دن تاخیر ہوتی رہے گی دوسرے اس کا اطمینان نہیں کہ ادائیگی سے پہلے کوئی حادثہ جانی یا مالی پیش نہ آجائے اور زکوٰۃ واجب ہو جانے کے بعد ادا نہ ہونے میں سب کے نزدیک گناہ ہے۔ تیسری مصلحت یہ ہے کہ وقتاً فوقتاً ادا کرتے رہنے میں اگر آدمی کے بخل نے زیادہ زور نہ کیا تو امید یہ ہے کہ مقدار واجب سے کچھ زیادہ اکثر ادا ہو جایا کرے گا جو مرغوب چیز ہے اور بیک وقت حساب لگا کر اس پر اضافہ کرنا بہت سے لوگوں کو دشوار ہو گا۔ یہاں ایک بات اہتمام سے ذہن میں رکھنا چاہیے کہ زکوٰۃ کا مدار قمری سال پر ہے شمسی سال پر نہیں ہے۔ بعض لوگ انگریزی مہینہ سے زکوٰۃ کا حساب رکھتے ہیں۔ اس میں دس یوم کی تاخیر تو ہر سال ہو ہی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ چھتیس سال میں ایک سال کی زکوٰۃ کم ہو جائے گی جو اپنے ذمہ پر رہ گئی۔

۳) ... تیسرا ادب زکوٰۃ کا مخفی طریقہ سے ادا کرنا ہے اس لئے کہ اس میں ریا اور شہرت سے امن ہے اور لینے والے کی پردہ پوشی ہے۔ اس کو ذلت سے بچانا ہے اور افضل یہی ہے کہ اگر کوئی مجبوری اظہار کی نہ ہو تو مخفی طور پر ادا کرے۔ اس لئے کہ صدقہ کی مصلحت بخل کی گندگی کو دور کرنا ہے اور مال کی محبت کو زائل کرنا ہے اور زیادہ شہرت میں حب جاہ کو دخل ہوتا ہے اور یہ مرض یعنی حب جاہ کا حب مال سے بھی زیادہ سخت ہے۔ اور لوگوں پر حُبِّ مال سے بھی زیادہ مسلط ہے اور صفت بخل قبر میں بچھو بن کر آدمی کو کاٹتی ہے اور صفت ریا و شہرت اژدہا بن کر ڈستی ہے تو صفت بخل کو زائل کر کے صفت ریا کو تقویت دینے کی مثال ایسی ہے جیسا کہ کوئی شخص بچھو کو مار کر سانپ کو کھلائے کہ اس میں

بچھو تو یقیناً مر گیا اور اس کی مضرت جاتی رہی لیکن سانپ زیادہ قوی ہو گیا۔ اور مقصود دونوں کا مارنا ہے اور سانپ کا مارنا زیادہ ضروری ہے۔

۴)...... چوتھا ادب یہ ہے کہ اگر کوئی دینی مصلحت اظہار کی ہو۔ مثلاً دوسروں کو ترغیب مقصود ہو یا دوسرے لوگ اس کے فعل کا اتباع کرتے ہوں یا اور کوئی دینی مصلحت ہو تو اس وقت اظہار افضل ہوگا ان دونوں نمبروں کا بیان پہلی فصل کی آیات میں نمبر ۹ پر مفصل گذر چکا ہے۔

۵)...... یہ ہے کہ اپنے صدقہ کو من واذی سے برباد نہ کرے، من کے معنی احسان رکھنے کے ہیں یعنی جس پر صدقہ کیا ہے اس پر اپنے صدقہ کا احسان جتائے اور اذی کے معنی تکلیف کے ہیں یعنی اس کو کسی اور طرح کی اذیت اس گھمنڈ پر پہنچائے کہ یہ اپنا دستِ نگر ہے محتاج ہے اس کی ضرورت اپنے سے وابستہ ہے یا میں نے زکوٰۃ دے کر اس پر احسان کیا ہے یہ مضمون بھی پہلی فصل کی آیات میں نمبر ۸ پر تفصیل سے گذر چکا ہے۔

۶)...... چھٹا ادب یہ ہے کہ اپنے صدقہ کو حقیر سمجھے اس کو بڑی چیز سمجھنے سے عجب پیدا ہونے کا اندیشہ ہے جو بڑی ہلاکت کی چیز ہے اور نیک اعمال کو برباد کرنے والی ہے۔ حق تعالیٰ شانہٗ نے بھی قرآن پاک میں طعن کے طور پر اس کو ذکر فرمایا ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے۔ (وَيَوْمَ حُنَيْنٍ إِذْ أَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْئًا۔ (سورۃ براۃ ع ۴) اور حنین کے دن (بھی تم کو غلبہ دیا تھا) جبکہ (یہ قصہ پیش آیا تھا کہ) تم کو اپنے مجمع کی کثرت سے گھمنڈ پیدا ہو گیا تھا پھر وہ کثرت تمہارے کچھ کام نہ آئی اور کفار کے تیر برسانے سے تمہیں اس قدر پریشانی ہوئی کہ) زمین اپنی وسعت کے باوجود تم پر تنگ ہو گئی۔ پھر تم (میدان جنگ سے) منہ پھیر کر بھاگ گئے۔ اس کے بعد اللہ جل شانہٗ نے اپنے رسول اور مؤمنین پر تسلی نازل فرمائی اور ایسے لشکر (فرشتوں کے) تمہاری مدد کے لئے بھیجے جن کو تم نے نہیں دیکھا۔ اس کا قصہ کتبِ احادیث میں مشہور ہے۔ کثرت سے روایات اس قصہ کے بارے میں وارد ہوئی ہیں جن کا خلاصہ یہ ہے کہ رمضان ۸ھ میں جبکہ حضور اقدس ﷺ نے مکہ مکرمہ کو فتح فرما لیا تو قبیلہ ہوازن اور ثقیف پر حملہ کے لئے رمضان ہی میں تشریف لے گئے چونکہ مسلمانوں کی جمعیت اس وقت پہلے غزوات کے لحاظ سے بہت زیادہ ہو گئی تھی تو ان میں اپنی کثرت پر عجب پیدا ہوا کہ ہم اتنے زیادہ ہیں کہ مغلوب نہیں ہو سکتے اسی بنا پر کہ حق تعالیٰ شانہٗ کو گھمنڈ اور عجب بہت ناپسند ہے، ابتدا میں مسلمانوں کو شکست ہوئی۔ جس کی طرف آیت بالا میں اشارہ ہے کہ تم کو اپنے مجمع کی کثرت پر گھمنڈ پیدا ہوا لیکن مجمع کی کثرت تمہارے کچھ بھی کام نہ آئی۔ حضرت عروہ ؓ فرماتے ہیں کہ جب اللہ کے پاک رسول ﷺ نے مکہ مکرمہ فتح کر لیا تو قبیلہ ہوازن اور ثقیف کے لوگ

چڑھائی کر کے آئے اور موضع حنین میں وہ لوگ جمع ہو گئے۔ حضرت حسن ﷺ سے نقل کیا گیا کہ جب مکہ والے بھی فتح کے بعد مدینہ والوں کے ساتھ مجتمع ہو گئے تو وہ لوگ کہنے لگے کہ واللہ اب ہم اکٹھے ہو کر حنین والوں سے مقابلہ کریں گے۔

حضور اقدس ﷺ کو ان لوگوں کی یہ گھمنڈ کی بات گراں گذری اور ناپسند ہوئی۔ (درمنثور) غرض عجب کی وجہ سے یہ پریشانی پیش آئی۔ علماء نے لکھا ہے کہ نیکی جتنی بھی اپنی نگاہ میں کم سمجھی جائے گی اتنی ہی اللہ تعالیٰ کے یہاں بڑی سمجھی جائے گی۔ اور گناہ جتنا بھی اپنی نگاہ میں بڑا سمجھا جائے گا اتنا ہی اللہ تعالیٰ کے یہاں ہلکا اور کم سمجھا جائے گا۔ یعنی ہلکے سے گناہ کو بھی یہی سمجھے کہ میں نے بہت بڑی حماقت کی ہرگز ہرگز نہ کرنا چاہیے تھا کسی گناہ کو بھی یہ نہ سمجھے کہ چلو اس میں کیا ہو گیا۔ بعض علماء سے نقل کیا گیا کہ نیکی تین چیزوں سے کامل ہوتی ہے۔ ایک یہ کہ اس کو بہت کم سمجھے کہ کچھ بھی نہ کیا۔ دوسرے جب کرنے کا خیال آجائے تو اس کو کرنے میں جلدی کرے مبادا یہ مبارک خیال یعنی نیکی کرنے کا نکل جائے یا کسی وجہ سے نہ ہو سکے تیسرے یہ کہ اس کو مخفی طور سے کرے اور جو کچھ خرچ کیا ہے اس کو حقیر سمجھنے کا طریقہ یہ ہے کہ یہ دیکھے کہ جو کچھ خرچ کیا ہے اس کا موازنہ اس سے کرے جو اپنے اوپر خرچ کیا جا چکا اور اپنے پاس باقی رہنے دیا۔ پھر سوچے کہ میں نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں کتنا خرچ کیا اور اپنے لئے کتنا رکھا۔ مثلاً اگر جو کچھ اس کے پاس موجود تھا اس میں سے ایک تہائی خرچ کر دیا تو گویا مالک الملک آقا اور محبوب کی رضا میں تو ایک تہائی ہوا اور محبت کے دعویدار کے حصہ میں دو تہائی اور اگر کوئی شخص اس کا عکس یا سارا بھی خرچ کر دے جس کی مثال اس زمانہ میں تو ملنا بھی مشکل ہے تب بھی یہ سوچنا چاہیے کہ آخر مال تو اللہ ہی کا تھا اسی کی عطا فرمائی ہوئی چیز اپنے پاس تھی جس میں اس نے اپنے لطف و کرم احسان سے خرچ کی اور اپنی ضرورت میں کام لانے کی اجازت دے رکھی تھی۔ اگر کسی ایسے شخص کی امانت اپنے پاس ہو جس نے امانت رکھواتے وقت یہ بھی کہہ دیا ہو کہ اگر آپ کو کوئی ضرورت پیش آئے تو اس کو اپنا ہی مال تصور کر کے خرچ کر لیں۔ پھر تم کسی وقت اس کی امانت کم وبیش واپس کرو تو اس میں کون سا احسان تمہارا ہوا جس کو تم یہ سمجھو کہ ہم نے بڑا رنامہ کیا اور پھر مزید یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ شانہٗ کو اس کی عطا کی ہوئی چیز واپس کرنے میں یعنی اس کے نام پر خرچ کرنے میں اس کی طرف سے اجر وثواب اور بدلے کا ایسا ایسا وعدہ ہے کہ اس کے لحاظ سے تو یہ کہا بھی نہیں جا سکتا کہ ہم نے اس کی امانت واپس کر دی بلکہ یوں کہا جائے گا کہ ایک شخص نے مثلاً سو روپے امانت رکھوائے تھے اور اس میں سے اس نے پچاس لے لئے اس وعدہ پر کہ عنقریب ہی اتنی گنیاں اس کے بدلے میں تمہیں دیدوں گا۔ یا یوں سمجھ کہ پچاس واپس لئے اور پانچ

سو کا چیک بینک کا کاٹ کر تمہارے حوالے کر دیا تو ایسی حالت میں کیا گھمنڈ کا موقع ہے اس بات کا کہ میں نے امانت رکھنے والے کو کچھ واپس کیا۔ اسی وجہ سے اس ادب کے ماتحت یہ چیز بھی ہے کہ جب صدقہ کرے تو بجائے فخر اور گھمنڈ کے شرمندگی کی سی صورت سے خرچ کرے جیسا کہ کسی کی امانت کوئی شخص اس طرح واپس کرے کہ اس میں سے کم یا زیادہ رکھ بھی لے۔ مثلاً کسی کے سو روپے امانت رکھے ہوں اور امانت کی واپسی کے وقت اس میں سے پچاس ہی واپس کرے اور یہ کہہ کر واپس کرے کہ تم نے چونکہ مجھے خرچ کی اجازت دے دی تھی اس لئے پچاس میں نے خرچ کر لئے یا اپنی کسی ضرورت کے لئے رکھ لئے۔ یہ کہتے وقت جیسا کہ آدمی پر ایک حجاب ایک شرم ایک غیرت ایک عاجزی ایک ذلت ٹپکتی ہے اور اس کو یہ بات خود کو محسوس ہوتی ہے کہ میں نے اس کریم النفس آدمی کے مال میں تصرف کیا۔ اس کا کتنا بڑا احسان ہے کہ اس نے باقی کا مطالبہ نہیں کیا۔

یہی ہیئت بعینہ اللہ کی راہ میں خرچ کرتے وقت ہونی چاہئے کہ اسی کی عطا کا کچھ حصہ اسی کو ایسی طرح واپس کیا جا رہا ہے کہ اس میں سے ہم نے کچھ کھا بھی لیا اور کچھ رکھ بھی لیا اور یہ اس وجہ سے کہ صدقہ جو کسی فقیر کو دیا جا رہا ہے یا ضرورت کے موقع پر خرچ کیا جا رہا ہے تو وہ حقیقت میں اللہ تعالیٰ شانہٗ ہی کو واپس کیا جا رہا ہے۔ فقیر تو محض ایک ایلچی ہے جو گویا اس نے اپنا آدمی اپنی امانت واپس لینے کے لئے بھیجا ہے۔ ایسے موقع میں آدمی ایلچی کی کیسی خوشامد کیا کرتا ہے کہ تو آقا سے حاکم سے ذرا سفارش کر دیجیو کہہ دیجیو کہ اس کے پاس سارا مطالبہ کرنے کو اس وقت تھا نہیں۔ میری ضرورتوں اور احوال پر نظر کر کے اتنے ہی کو قبول کر لیں۔ وغیرہ وغیرہ غرض جتنی چاپلوسی قاصدوں کی اہلکاروں کے ایسے وقت میں ہوتی ہے جبکہ پورا حق ادا نہ کیا جا رہا ہو اس سے زیادہ عملی صورت سے فقراء اور صدقہ کا مال لینے والوں کی ہونا چاہئے۔ اس لئے کہ یہ اللہ تعالیٰ کے ایلچی ہیں۔ مالک الملک کے قاصد ہیں۔ اس مالک الملک قادرِ مطلق اور بے نیاز کے بھیجے ہوئے ہیں جس نے سب کچھ عطا کیا اور وہ جب چاہے آن کی آن میں سب کچھ چھین کر تمہیں بھی ایسا ہی محتاج کر دے جیسا کہ تمہارے سامنے ہے اور یہ سب کچھ اس لئے ہے کہ مال سارا کا سارا اللہ تعالیٰ ہی کا ہے اور اس کی راہ میں سارا خرچ کر دینا مرغوب اور پسندیدہ ہے۔ اُس نے اپنے لطف و کرم سے سب کے خرچ کرنے کا ایجاب ہم پر نہیں فرمایا اس لئے کہ اگر وہ سب کچھ خرچ کرنا واجب فرما دیتا تو ہمیں اپنے طبعی بخل، کنجوسی سے بہت بار ہو جاتا۔

۷)...... ساتواں ادب یہ ہے کہ اللہ کی راہ میں صدقہ کرنے کے لئے بالخصوص زکوٰۃ کے ادا کرنے میں جو اس کا ایک اہم حکم اور فریضہ ہے بہتر سے بہتر مال خرچ کرے۔ اس لئے حق تعالیٰ

شانہٗ خود طیب ہیں ہر قسم کے عیب سے پاک ہیں اس لئے طیب ہی مال قبول فرماتے ہیں۔ اگر آدمی یہ خیال کرے کہ یہ مال جو صدقہ کیا جا رہا ہے حق تعالیٰ شانہٗ کو دیا جا رہا ہے تو کس قدر گستاخی اور بے ادبی ہے کہ جس پاک ذات کا مال ہے جس کا عطا کیا ہوا ہے اس کی خدمت میں تو گھٹیا قسم کا مال پیش کرے اور خود اپنے لئے عمدہ اور بہتر رکھے۔ اس کی مثال اس نوکر یا خانساماں کی سی ہے جو آقا کے لئے تو باسی روٹی اور دال بودار رکھے اور اپنے لئے قورمہ پکائے۔ خود ہی غور کر لو کہ ایسے نوکر کے ساتھ آقا کا کیا معاملہ ہونا چاہئے پھر دُنیا کے آقاؤں کی تو ہر ہر چیز کی خبر بھی نہیں ہوتی اور اس علیم خبیر کے سامنے ہر ہر بات رہتی ہے۔ بلکہ دل کے خیالات بھی ہر وقت سامنے ہیں۔ ایسی حالت میں اسی کے مال میں سے اسی کے لئے گھٹیا اور خراب چیز بھیجنا کس قدر نمک حرامی ہے اور اگر آدمی یہ خیال کرے کہ جو کچھ خرچ کر رہا ہے وہ اپنے ہی نفع کے لئے ہے۔ اس کا بدلہ نہایت سخت احتیاج کے وقت اپنے ہی کو ملتا ہے تو کس قدر حماقت کی بات ہے کہ آدمی اپنے لئے تو سڑیل گھٹیا چیزیں رکھے اور اچھا اچھا مال دوسروں کے واسطے چھوڑ جائے۔ حدیث میں آیا ہے آدمی کہتا ہے میرا مال میرا مال حالانکہ اس کا مال صرف وہ ہے جو صدقہ کر کے آگے بھیج دیا۔ یا کھا کر ختم کر دیا۔ باقی جو رہ گیا وہ دوسروں کا مال ہے (یعنی وارثوں کا) ایک حدیث میں آیا ہے کہ ایک درہم بھی لاکھ درہم سے بڑھ جاتا ہے اور وہ اسی طرح سے ہے کہ آدمی حلال کمائی سے عمدہ مال طیب خاطر اور سرور سے خرچ کرے بجائے اس کے کہ مکروہ مال سے ایک لاکھ درہم خرچ کرے۔

۸)...... آٹھواں ادب یہ ہے کہ صدقہ کو ایسے موقع پر خرچ کرے جس سے اس کا ثواب بڑھ جائے۔ اور چھ صفات ایسی ہیں کہ جس کے اندر ان میں سے ایک بھی صفت اس کو دینے سے صدقہ کا ثواب بڑھ جاتا ہے اور جس میں ان میں سے جتنی صفات زیادہ ہوں گی اتنا ہی اجر بھی زیادہ ہوگا اور ثواب کے اعتبار سے اتنا ہی صدقہ بڑھ جائے گا۔ (الف) متقی پرہیز گار ہو۔ دُنیا سے بے رغبت اور آخرت کے کاموں میں مشغول ہو۔ حضور ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ تیرا کھانا متقیوں کے سوا کوئی نہ کھائے۔ یہ حدیث پہلی فصل کی احادیث میں نمبر ۳۳ پر گزر چکی ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ متقی آدمی تیرے اس صدقہ سے اپنے تقویٰ اور طاعت میں اعانت حاصل کرے گا اور تو گویا اس کے تقویٰ میں معین ہوا اور اس کی عبادت میں ثواب کا شریک ہوا۔ (ب) اہل علم ہو اس لئے کہ اس سے تیری اعانت اس کے علوم حاصل کرنے میں اور پھیلانے میں شامل ہو جائے گی اور علم تمام عبادتوں میں اشرف اور عالی عبادت ہے اور جتنی بھی علمی مشغلہ میں نیت اچھی ہوگی اتنی ہی یہ عبادت اعلیٰ سے اعلیٰ ہوتی جائے گی۔ حضرت عبداللہ بن مبارکؒ مشہور محدث اور بزرگ ہیں۔ وہ اپنی عطاؤں کو علماء کے

ساتھ مخصوص رکھتے تھے۔ کسی نے عرض کیا کہ اگر غیر عالموں پر بھی آپ کرم فرمائیں تو کیسا اچھا ہو
انہوں نے فرمایا کہ میں نبوت کے درجہ کے بعد علم کے برابر کسی کا درجہ بھی نہیں پاتا جب کوئی اہل
علم میں سے کسی دوسری طرف متوجہ ہوتا ہے تو اس کے علمی مشغلہ میں نقصان ہوتا ہے۔ اس لئے ان
کو علمی مشاغل کے لئے فارغ رکھنا سب سے افضل ہے۔ (ج) وہ شخص اپنے تقویٰ اور اپنے علم میں
حقیقی موحد ہو۔ اور حقیقی موحد ہونے کی علامت یہ ہے کہ جب اس پر کوئی احسان کرے تو وہ اللہ تعالیٰ
شانہٗ کا شکر کرے اور دل سے یہ بات سمجھے کہ حقیقی احسان اسی پاک ذات کا ہے وہی اصل عطا کرنے
والا ہے اور جو دینے والا ظاہر میں دے رہا ہے وہ صرف واسطہ اور ایلچی ہے۔ حضرت لقمانؑ کی اپنے
بیٹے کو وصیت ہے کہ اپنے اور حق تعالیٰ شانہٗ کے درمیان کسی دوسرے کو احسان کرنے والا مت بنا۔
کسی دوسرے کے احسان کو اپنے اوپر تاوان سمجھ۔ جو شخص واسطہ کا حقیقی احسان سمجھتا ہے اس نے حقیقی
احسان کرنے والے کو پہچانا ہی نہیں اسی نے یہ نہ سمجھا کہ یہ واسطہ ہے اللہ تعالیٰ ہی نے اس کے دل
میں یہ بات ڈالی تھی کہ فلاں شخص پر کیا جائے اس لئے وہ اپنے اس احسان کرنے میں مجبور تھا اور
جب آدمی کے دل میں یہ بات جم جائے تو پھر اس کی نگاہ اسباب پر نہیں رہتی بلکہ مسبب الاسباب پر
ہو جاتی ہے اور ایسے شخص پر احسان کرنا احسان کرنے والے کے لئے زیادہ نافع ہوتا ہے اور دوسروں
کے بہت لمبے چوڑے ثناء شکر کے الفاظ سے اس پر احسان کرنا کہیں زیادہ بڑھا ہوا ہے۔ اس لئے کہ
جو آج احسان پر لمبی چوڑی تعریف کر رہا ہے وہ کل کو اعانت روکنے پر اسی طرح برائیاں شروع کر
دے گا۔ اور جو حقیقی موحد ہو گا وہ کل کو مذمت بھی نہ کرے گا کہ وہ واسطہ کو واسطہ ہی سمجھتا ہے۔ (د)
جس پر صدقہ کیا جائے وہ اپنی حاجات اور ضرورتوں کا اخفا کرنے والا ہو۔ لوگوں سے اپنی قلت
معاش کا اور آمدنی کی کمی کا اظہار نہ کرتا ہو۔ بالخصوص وہ شخص جو مروت والوں میں سے ہو اور اس کی
آمدنی پہلے سے کم رہ گئی ہو لیکن اس کی مروت کی عادت جو آمدنی کی زیادتی کے زمانہ میں تھی وہ
بدستور باقی ہو، وہ درحقیقت ایسا ضرورتمند ہے جو ظاہر میں غنی ہے۔ ایسے ہی لوگوں کی تعریف میں
اللہ تعالیٰ شانہٗ نے فرمایا ہے۔ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ۔

یہ آیت شریفہ سورۂ بقرہ کے سینتیسویں رکوع کی ہے۔ پوری آیت شریفہ یہ ہے۔

لِلْفُقَرَآءِ الَّذِينَ اُحْصِرُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيعُونَ ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ ز
يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ج تَعْرِفُهُمْ بِسِيمَاهُمْ ج لَا يَسْئَلُونَ
النَّاسَ اِلْحَافًا ط وَمَا تُنْفِقُوا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيمٌ ۔(سورۃ البقرہ ع ۳۷)

"(صدقات) اصل حق ان حاجتمندوں کا ہے جو مقید ہو گئے ہوں اللہ کی راہ یعنی دین کی

خدمت میں اور اسی خدمت دین میں مقید اور مشغول رہنے سے وہ لوگ) طلب معاش کے لئے (کہیں ملک میں چلنے پھرنے کا) عادۃً (امکان نہیں رکھتے اور ناواقف شخص اُن کو تونگر خیال کرتا ہے ان کے سوال سے بچنے کے سبب سے) البتہ (تم ان لوگوں کو ان کے طرز سے پہچان سکتے ہو وہ لوگوں سے لپٹ کر مانگتے نہیں پھرتے) جس سے کوئی ان کو حاجتمند سمجھے۔ یعنی مانگتے ہی نہیں۔ کیونکہ اکثر جو لوگ مانگنے کے عادی ہیں وہ لپٹ کر ہی مانگتے ہیں اور ان لوگوں کی خدمت کرنے کو (جو مال خرچ کرو گے بیشک حق تعالیٰ شانہٗ کو اس کی خوب اطلاع ہے) دوسرے لوگوں کو دینے سے ان کی خدمت کا فی نفسہٖ ثواب زیادہ دیں گے۔"

فائدہ: فی نفسہٖ کی قید اس لئے لگائی گئی کہ اصل میں تو زیادہ ثواب اسی میں ہے مثلاً ان لوگوں کی حاجت سے زیادہ دوسروں کو حاجت ہو یا یہ توقع ہو کہ ان کی خدمت کوئی اور بھی کر دے گا دوسرے بالکل محروم رہ جائیں گے اور جہاں یہ عوارض نہ ہوں وہاں یہ لوگ خدمت کے لئے افضل ہیں اور عارض کی وجہ سے غیر متقی بلکہ غیر مومن کے ساتھ احسان کرنے میں بھی افضلیت ممکن ہے اور جاننا چاہئے کہ ہمارے ملک میں اس آیت کے مصداق سب سے زیادہ حضرات وہ ہیں جو علوم دینیہ کی اشاعت میں مشغول ہیں پس اس بناء پر سب سے اچھا مصرف طالب علم ٹھہرے اور ان پر جو بعض ناتجربہ کار یہ طعن کرتے ہیں کہ ان سے کمایا نہیں جاتا اس کا جواب قرآن میں دے دیا گیا جس کا حاصل یہ ہے کہ ایک شخص ایسے دو کام نہیں کر سکتا جن میں سے ایک میں یا دونوں میں پوری مشغولی کی ضرورت اور جس کو علمِ دین کا کچھ مذاق ہو گا وہ مشاہدہ سے سمجھ سکتا ہے کہ اس میں غایت مشغولی اور انہماک کی حاجت ہے اس کے ساتھ اکتساب مال کا شغل جمع نہیں ہو سکتا اور اس کے کرنے سے علمِ دین کی خدمت ناتمام رہ جاتی ہے چنانچہ ہزاروں نظائر پیشِ نظر ہیں۔ (بیان القرآن بتغیر)

حضرت ابن عباس ﷺ فرماتے ہیں کہ اس آیت شریفہ میں فقراء سے اصحاب صفہ مراد ہیں اصحاب صفہ کی جماعت بھی حقیقت میں طلباء ہی کی جماعت تھی جو حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں ظاہری اور باطنی علوم حاصل کرنے کے لئے پڑھے ہوئے تھے محمد بن کعب قرظیؒ کہتے ہیں کہ اس سے اصحاب صفہ مراد ہیں جن کے نہ گھر تھے نہ کنبہ، حق تعالیٰ شانہٗ نے ان پر صدقات کی ترغیب دی ہے قتادہؒ کہتے ہیں کہ وہ فقراء مراد ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو اللہ کے راستے میں جہاد میں روک رکھا ہے "یعنی مشغول کر رکھا ہے" تجارت وغیرہ نہیں کر سکتے۔ [1] امام غزالیؒ فرماتے ہیں یہ وہ لوگ ہیں جو سوال میں نہیں لپٹتے ان کے دل اپنے یقین کی وجہ سے غنی ہیں مجاہدہ نفس پر غالب ہیں ایسے لوگوں کو خاص طور سے تلاش کر کے دیا جائے اور دین داروں کے اندرونی احوال کی خاص طور سے جستجو کی جائے کہ ان کے گزران کی

[1] درمنثور۔

کیا صورت ہے کہ ان پر خرچ کرنے کا ثواب بھیک مانگنے والوں پر خرچ سے کہیں زیادہ ہے لیکن ایسے لوگوں کی جستجو بھی مشکل ہے کہ یہ اپنا حال دوسروں پر کم ظاہر کرتے ہیں اور اسی وجہ سے لوگ ان کو غنی سمجھتے ہیں۔ (ہ) یہ کہ آدمی عیال دار ہو یا کسی بیماری میں مبتلا ہو یا کسی ایسے سبب میں گرفتار ہو کہ کما نہیں سکتا تو وہ بھی قرآن پاک کی آیت بالا "اُحصِرُوا فِی سَبِیلِ اللّٰہِ" میں داخل ہے کہ وہ بھی گھرا ہوا ہے خواہ اپنے فقر میں گھرا ہوا ہو، یا معاش کی تنگی میں گھرا ہوا ہو، یا اپنی اصلاحِ قلب کے مشغلہ میں گھرا ہوا ہو کہ یہ لوگ اپنی مجبوریوں کی وجہ سے بقدرِ ضرورت کمانے پر قادر نہیں ہیں اسی وجہ سے حضرت عمرؓ بعض گھر والوں کو دس دس بکریاں یا اس سے بھی زائد دیتے تھے اور حضور ﷺ کے پاس جب فئی کا مال آتا تو بیوی والے کو دوہرا حصہ دیتے اور مجرد آدمی کو اکہرا حصہ مرحمت فرماتے۔ فئی کا مال وہ مال کہلاتا ہے جو کفار سے بغیر لڑائی کے حاصل ہوا ہو۔ (و) یہ کہ رشتہ دار ہو کہ اس میں صدقہ کا ثواب ہے اور صلہ رحمی کا علیحدہ ہے تیسری فصل کی احادیث میں نمبر ۶ پر یہ مضمون گزر چکا ہے۔

ان چھ اوصاف کو ذکر کرنے کے بعد امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ یہ صفات اس شخص میں مطلوب ہیں جس پر خرچ کیا جائے اور ہر صفت میں کمی بیشی کے اعتبار سے درجات کا بہت تفاوت ہے یعنی مثلاً تقویٰ کی اعلیٰ قسم اور ادنیٰ قسم میں زمین آسمان کا فرق ہے قرابت ایک بہت قریب کی ہے اور ایک بہت دور کی اسی طرح دوسرے اوصاف بھی ہیں لہٰذا ہر صفت میں اعلیٰ درجہ کی تلاش اہم ہے اور کسی شخص میں یہ ساری ہی صفات موجود ہوں تو وہ شخص بڑی غنیمت چیز ہے اور بہت بڑا ذخیرہ ہے اس پر اپنی کوئی چیز خرچ ہو جانے میں بڑی کوشش کرنا چاہئے اور ان اوصاف کے ساتھ متصف ہونے والے کی کوشش اور تلاش کرنا چاہئے اگر اپنی کوشش کے بعد حقیقت میں ایسا شخص مل گیا تب تو نورٌ علیٰ نور ہے اور دوہرا اجر ہے ایک کوشش کا۔ دوسرا حقیقی مصرف کا، اور اگر کوشش کے بعد اپنی تحقیق کے موافق تو ان اوصاف کے متصف ہی پر خرچ کیا جاتا تھا اور وہ درحقیقت ایسا نہ تھا بلکہ اس کو معلومات میں غلطی ہوگئی تب بھی اس کو اپنی کوشش کا ایک اجر تو مل ہی گیا کہ اس ایک اجر میں بھی ایک تو اس کے نفس کا بخل سے پاک ہونا ہے دوسرے اللہ تعالیٰ کی محبت کا اس کے دل میں زور سے جگہ پکڑنا ہے اور اس کی اطاعت میں اپنی کوشش کا ہونا ہے اور یہ تینوں صفات ایسی ہیں جو اس کے دل کو قوی کرتی ہیں اور دل میں اللہ تعالیٰ کے ملنے کا شوق پیدا کرتی ہیں لہٰذا یہ منافع تو بہرحال حاصل ہیں اگر دوسرا اجر بھی حاصل ہو گیا یعنی صحیح مصرف پر خرچ ہو گیا تو اس میں اور مزید فوائد حاصل ہوں گے کہ لینے والے کی دعا اور توجہ اس کو شامل ہوگی کہ اللہ کے نیک بندوں کے دلوں کی بڑی تاثیرات اور برکات دنیا اور آخرت دونوں اعتبار سے حاصل ہوتی ہیں ان کی توجہ اور دعا میں اللہ تعالیٰ شانہٗ نے بڑی تاثیر رکھی ہے۔ (احیاء العلوم باختصار وزیادۃ)

زکریا کاندھلوی مقیم مظاہر علوم سہارن پور

وَ اَنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْكُمْ اِلَی التَّهْلُكَةِ ۔

تم لوگ اللہ کے راستے میں خرچ کیا کرو اور اپنے آپ کو اپنے ہاتھوں ہلاکت میں نہ ڈالو

مع

فضائل حج

حصہ دوم

فخر الاماثل زبدۃ الافاضل حضرت مولانا الحاج الحافظ
المحدث محمد زکریا صاحب مدظلہ شیخ الحدیث مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور

دارالاشاعت
اردو بازار ایم اے جناح روڈ
کراچی پاکستان 2213768

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ ط

چھٹی فصل

زُہد وقناعت اور سوال نہ کرنے کی ترغیب میں

تالیف کے وقت یہ سب ایک ہی رسالہ تھا لیکن طباعت کے وقت ضخامت کے بڑھ جانے کی وجہ سے چھٹی ساتویں فصل کو علیحدہ کر کے حصہ دوم قرار دیدیا کہ پڑھنے والوں کو اس میں شدید سہولت رہے۔

قناعت کی فضیلت مصائب پر صبر کی ترغیب وتاکید اور سوال کرنے کی مذمت یہ تینوں چیزیں قرآن پاک اور احادیث میں اتنی کثرت سے مختلف عنوانات سے اور مختلف مضامین سے مثالوں سے اور تنبیہوں سے احکام سے اور قصوں سے ذکر کی گئی ہیں کہ ان کو اجمالا اور مختصراً ذکر کرنا بھی بڑی تفصیل کو چاہتا ہے جن کا اس مختصر رسالہ میں اختصار سے لکھنا بھی رسالہ کے طویل ہو جانے کا سبب ہے تاہم مختصراً ذکر کرنا ہی ہے۔ یہ مضمون دوسری فصل کے ختم پر گذر چکا ہے کہ مال میں نفع بھی ہے نقصان بھی ہے یہ تریاق بھی ہے زہر بھی ہے۔ حضور ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ ہر امت کیلئے ایک فتنہ ہوتا ہے میری امت کا فتنہ مال ہے اس لئے اس فتنہ سے اور اس کے زہر سے اپنے کو محفوظ رکھنا بڑی اہم چیز ہے اور یہ سانپ کسی کے پاس ہو تو اس سے اگر تریاق بنا لیا جائے تو اپنے لئے بھی مفید ہے دوسروں کو بھی فائدہ ہے ورنہ اس کا زہر اپنے کو بھی ہلاک کر دیگا دوسروں کو بھی نقصان پہنچائیگا۔ اسی لئے حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ یہ مال سرسبز شاداب اور میٹھی چیز ہے اگر اس کو حق کے موافق (یعنی شرعی ضابطہ اور طریقہ کے موافق) حاصل کرے اور حق کے موافق خرچ کرے تو کام آنے والی مددگار چیز ہے اور جو بغیر حق کے حاصل کرے وہ ایسا ہے جیسا کہ آدمی کو جوع البقر ہو جائے کہ آدمی کھاتا رہے اور پیٹ نہ بھرے۔ (مشکوٰۃ) امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ مال میں نفع بھی ہے اور نقصان بھی ہے اس کی مثال سانپ کی سی ہے کہ جو شخص اس کا منتر جانتا ہے وہ سانپ کو پکڑ کر اس کے دانت نکال دیتا ہے پھر اس سے تریاق تیار کرتا ہے اور اس کو دیکھ کر کوئی ناواقف شخص اس کو پکڑ لے تو وہ سانپ اس کو کاٹ لے گا اور وہ ہلاک ہو گا اور اس کے زہر سے وہ شخص محفوظ رہ سکتا ہے جو پانچ چیزوں کا اہتمام کرے (۱) یہ غور کرے کہ مال کا مقصد کیا ہے کس غرض سے یہ پیدا کیا گیا تا کہ صرف وہی غرض اس سے وابستہ رکھی جائے۔ (۲) مال کے آنے اور حاصل کرنے کے طریق کی سختی سے نگرانی کرے کہیں اس میں ناجائز طریقہ شامل نہ ہو جائے مثلاً ایسا ہدیہ جس میں رشوت کا شائبہ ہو یا ایسا سوال جس میں ذلت کا اندیشہ ہو۔ (۳) حاجت کی مقدار سے زیادہ اپنے پاس نہ رہنے دے جتنی مقدار کی واقعی

ضرورت ہے وہ تو مجبوری ہے اس سے زیادہ کو فوراً خرچ کر دے۔(۴) خرچ کے طریق کی نگرانی کرے کہیں بے محل خرچ نہ ہو جائے ناجائز موقع پر خرچ نہ ہو جائے۔(۵) مال کی آمد میں خرچ میں اور بقیہ ضرورت روکنے میں ہر چیز میں نیت خالص رہے محض اللہ کی رضا مقصود ہو جو رکھے یا استعمال میں لائے وہ محض اس نیت سے کہ اس سے اللہ کی اطاعت میں قوت ہو جو ضرورت سے زائد ہو اُس کو لغو بیکار سمجھ کر جلد خرچ کر دے اس کو ذلیل سمجھ کر خرچ کرے وقیع نہ سمجھے۔ان شرائط کے ساتھ مال کا ہونا مضر نہیں ہے۔اسی لئے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے کہ اگر کوئی شخص ساری دنیا کا مال محض اللہ تعالیٰ کے واسطے لیتا ہے (اپنی غرض سے نہیں) تو وہ زائد ہے اور اگر بالکل ذرا سا بھی نہیں لیتا اور یہ نہ لینا اللہ کے واسطے نہیں ہے (بلکہ کسی دنیوی غرض حب جاہ وغیرہ کی وجہ سے ہے) تو وہ دنیا دار ہے۔ ❶ ایک اور حدیث میں ہے کہ یہ مال سرسبز اور میٹھی چیز ہے جو اس کو حق کے موافق حاصل کرتا ہے اس کیلئے اس میں برکت دیجاتی ہے۔ایک اور حدیث میں ہے کہ دنیا کیا ہی اچھا گھر ہے اس شخص کیلئے جو اس کو آخرت کا توشہ بنائے اور حق تعالیٰ شانہ کو (اس کے ذریعہ) راضی کر لے اور کتنا برا ہے اس شخص کے لئے جس کو آخرت سے روکدے اور اللہ تعالیٰ کی رضا میں کوتاہی پیدا کر دے۔ ❷ غرض بہت سی روایات میں یہ مضمون وارد ہوا ہے کہ مال فی حد ذاتہ بری چیز نہیں ہے اچھی چیز ہے کار آمد ہے اور بہت سے دینی اور دنیوی فوائد اسکے ساتھ وابستہ ہیں اسی لئے روزی کے کمانے کی مال کے حاصل کرنے کی ترغیبات بھی احادیث میں وارد ہوئی ہیں لیکن چونکہ اس میں ایک زہریلا اور سمی مادہ ہے اور قلوب عام طور سے بیمار ہیں اس لئے کثرت سے قرآن پاک کی آیات اور احادیث شریفہ میں اس کی زیادتی اور کثرت سے بچنے کی ترغیبیں آئی ہیں اس کی کثرت کو خاص طور سے غیر پسندیدہ بلکہ مہلک بتایا گیا اسی لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اللہ جل شانہ جس بندے سے محبت فرماتے ہیں دنیا سے اس کی ایسی حفاظت فرماتے ہیں اور اس کو اہتمام سے بچاتے ہیں جیسا کہ تم لوگ اپنے بیمار کو پانی سے بچاتے ہو۔ ❸ حالانکہ پانی کیسی اہم اور ضروری چیز ہے کہ زندگی کا مدار ہی اس پر ہے بغیر اس کے زندگی نہیں رہ سکتی لیکن اس سب کے باوجود اگر حکیم کسی بیمار کے لئے پانی کو مضر بتادے تو کتنی کتنی ترکیبیں اس کو پانی سے روکنے کی، کی جاتی ہیں اور یہ کیوں اس لئے کہ مال کی کثرت سے عموماً نقصانات زیادہ پہنچتے ہیں اور یہ اس وجہ سے ہے کہ ہمارے قلوب ایسے صاف نہیں ہیں کہ وہ اس کے نشہ سے متاثر نہ ہوں۔اسی وجہ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا پاک ارشاد ہے کہ تم میں سے کوئی شخص ایسا ہے جو پانی پر چلے اور اس کے پاؤں پانی میں تر نہ ہوں۔صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ایسا تو کوئی بھی نہیں ہے۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہی حال دنیادار کا ہے کہ اس کا گناہوں سے بچنا مشکل ہے۔ ❹ اور مشاہدہ بھی یہی ہے کہ بخل، حسد کبر، عجب، کینہ، ریا، تفاخر وغیرہ قلبی امراض اور

---

❶ احیاء۔ ❷ کنز، ❸ مشکوٰۃ ❹ مشکوٰۃ۔

گناہ جتنے ہیں وہ مال کی وجہ سے بہت جلد اور بہت کثرت سے پیدا ہوتے ہیں۔ اور اسی طرح آوارگی، شراب نوشی، قمار بازی، سود خواری وغیرہ اور مختلف قسم کی شہوانی گناہ بھی اس کی وجہ سے بہت کثرت سے ہوتے ہیں اور پھر اس کی طبعی محبت قلوب میں اس درجہ جگہ پکڑے ہوئے ہے کہ آدمی کے پاس جتنا بھی زیادہ سے زیادہ ہو جائے اس پر ہمیشہ زیادتی کا طالب اور اس کا کوشاں رہتا ہے۔ چنانچہ متعدد روایات میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ اگر آدمی کے پاس دو جنگل سونے کے ہوں تو وہ تیسرے کا طالب ہوتا ہے اور دنیا کا مشاہدہ اور تجربہ ہے کہ کوئی شخص کسی مقدار پر بھی قناعت کرنے والا نہیں ہے الا ماشاء اللہ اسی وجہ سے قرآن پاک اور احادیث میں کثرت سے قناعت کی ترغیبات دی گئی ہیں کہ یہ جوع البقر کچھ کم ہو۔ اسی وجہ سے دنیا کی حقیقت اور اس کی گندگی اور ناپائیداری واضح کی گئی کہ اس سے محبت میں کمی ہو کہ جو چیز بہر حال بہت جلد زائل ہونے والی ہے اس سے آدمی کیا دل لگائے۔ دل لگانے کی چیز صرف وہی ہے جو ہمیشہ رہنے والی اور ہمیشہ کام آنے والی ہو اور اسی وجہ سے صبر کی تاکید اور ترغیب کثرت سے وارد ہوئی کہ آدمی اس کی کمی کو مطلقاً مصیبت نہ سمجھے بلکہ اس میں بھی بسا اوقات اللہ کی بڑی حکمتیں مضمر ہوتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا پاک ارشاد ہے۔ وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ.. الآیۃ (شوریٰ ع ۳) اگر اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں رزق کی زیادتی وسعت فرما دے تو وہ زمین میں سرکشی شروع کریں۔ چنانچہ تجربہ بھی یہی ہے کہ جہاں اس کی کثرت ہے وہیں حد سے زیادہ فسادات ہیں اور چونکہ اس کی فراوانی مقصود نہیں اور لوگوں کے دل اس کی طرف طبعاً متوجہ ہوتے ہیں اسی وجہ سے سوال کرنے کی ممانعت اس کی قباحت کثرت سے ذکر کی گئی کہ آدمی مال کی محبت اور کثرت کی فکر میں بلا مجبوری بھی سوال کرنے لگتا ہے کہ اس میں محنت تو کچھ کرنی نہیں پڑتی ذرا سی زبان ہلانے سے کچھ نہ کچھ مل ہی جاتا ہے جس سے مال میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ انہیں تین مضامین قناعت، مصائب پر صبر اور سوال کی مذمت کے متعلق کچھ آیات اور کچھ احادیث اس جگہ لکھی جاتی ہیں۔ آیات

۱)...... زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ؕ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ ۝ قُلْ اَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَاَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۝ اَلَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ۚ

اَلصّٰبِرِیْنَ وَالصّٰدِقِیْنَ وَالْقٰنِتِیْنَ وَالْمُنْفِقِیْنَ وَالْمُسْتَغْفِرِیْنَ بِالْاَسْحَارِ○

(آل عمران ع ۲)

ترجمہ) آراستہ کر دی گئی لوگوں کے لئے خواہشات کی محبت (مثلاً) عورتیں ہوئیں اور بیٹے ہوئے اور ڈھیر لگے ہوئے سونے اور چاندی کے اور نشان لگے ہوئے (یعنی عمدہ اور عالی) گھوڑے اور دوسرے مویشی اور زراعت (لیکن یہ سب چیزیں) دنیوی زندگی کی استعمالی چیزیں ہیں اور انجام کار کی خوبی (اور کام آنے والی چیز تو) اللہ ہی کے پاس ہے (اے محمد ﷺ) تم ان سے کہہ دو کیا میں تم کو ایسی چیز بتا دوں جو (بدر جہا) بہتر ہو ان سب چیزوں سے (وہ کیا ہے غور سے سنو) ایسے لوگوں کے لئے جو اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہیں ان کے رب کے پاس ایسے باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں ان میں وہ لوگ ہمیشہ رہیں گے اور (ان کے لئے وہاں) ایسی بیبیاں ہیں جو ہر طرح پاک صاف ستھری ہیں اور (ان سب سے بڑھ کر چیز) اللہ کی خوشنودی ہے اور اللہ تعالیٰ بندوں (کے احوال) کو خوب دیکھنے والے ہیں (یہ لوگ جن کے لیے یہ آخرت کی چیزیں ہیں ایسے لوگ ہیں) جو کہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم ایمان لے آئے ہیں پس آپ ہمارے گناہوں کو معاف کر دیجئے اور ہم کو جہنم کے عذاب سے بچا دیجئے یہ لوگ (وہ ہیں جو مصیبتوں پر) صبر کرنے والے ہیں سچ بولنے والے ہیں (اللہ تعالیٰ کے سامنے) عاجزی کرنے والے ہیں اور (نیک کاموں میں مال) خرچ کرنے والے ہیں اور پچھلی رات میں گناہوں کی معافی چاہنے والے ہیں۔

فائدہ:۔ حق تعالیٰ شانہٗ ان سب چیزوں کی محبت کو شہوتوں کی محبت سے تعبیر کیا ہے امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ شہوت کی افراط ہی کا نام عشق ہے۔ جو بیماری ہے ایسے دل کی جو تفکرات سے خالی ہو اس کا علاج ابتدا ہی سے کرنا ضروری ہے کہ اس کی طرف نظر کم کر دے، اس کی طرف التفات کم کر دے ورنہ جب التفات بڑھ جائے گا تو ہٹانا مشکل ہو جائے گا اور ابتداء میں بہت سہل ہے۔ یہی حال ہے ہر چیز کے عشق کا۔ مال ہو، جاہ ہو، جائداد ہو، اولاد ہو، حتیٰ کہ پرندوں، کبوتر وغیرہ) سے کھیلنے کا اور شطرنج وغیرہ سے کھیلنے کا بھی یہی حال ہے کہ یہ سب چیزیں جب آدمی پر مسلط ہو جاتی ہیں تو اس کی دین اور دنیا دونوں کو برباد کر دیتی ہیں۔ اس کی مثال ایسی ہے کہ کوئی شخص سواری پر سوار ہے اگر وہ جانور کی باگ اسی وقت دوسری طرف پھیر دے جب وہ بے جگہ جانے کا رخ کر رہا ہو تو اس وقت بہت آسانی سے وہ جگہ پر پڑ سکتا ہے لیکن جب وہ جانور کسی دروازہ میں گھس جائے اور سوار پھر دم پکڑ کر پیچھے کو کھینچنا چاہیے تو پھر بڑی سخت دشواری ہو جاتی ہے اس لئے ان سب چیزوں کی محبت کو ابتدا ہی سے نگاہ میں رکھے کہ اعتدال سے نہ بڑھنے دے۔ [1] علماء نے فرمایا ہے کہ دنیا کی

[1] احیاء۔

جتنی بھی چیزیں ہیں وہ تین قسم میں داخل ہیں معدنیات، بناتات، حیوانات، حق تعالیٰ شانہٗ نے ان آیات میں تینوں کی مثالیں ذکر فرما کر دنیا کی ساری ہی چیزوں پر متنبہ فرمادیا۔ بیویوں اور بیٹوں کا ذکر فرما کر آل اولاد عزیز و اقارب احباب غرض انسانی محبوبوں پر تنبیہ فرمادی اور سونے چاندی کو ذکر فرما کر ساری معدنیات پر اور گھوڑے مویشی کو ذکر فرما کر ہر قسم کے جانوروں پر اور کھیتی سے ہر قسم کی پیداوار پر اور یہی چیزیں ساری دنیا کی کائنات ہیں (1) اور ان سب کو گنوا کر اور ان پر تنبیہ فرما کر ارشاد فرمادیا کہ یہ سب کی سب اس چند روزہ زندگی کے گزران کی چیزیں ہیں۔ ان میں سے کوئی بھی چیز محبت کے قابل نہیں دل لگانے کے قابل نہیں دل لگانے کی چیزیں صرف وہی ہیں جو پائدار ہیں ہمیشہ رہنے والی ہیں ہمیشہ کام آنے والی ہیں اور ان میں سب سے بڑھ کر اللہ کی رضا ہے اس کی خوشنودی ہے۔ وہ دنیا اور آخرت کی ہر چیز پر فائق ہے۔ ہر چیز سے بڑھ کر ہے۔ دوسری جگہ جنت کی نعمتوں کا ذکر فرما کر ارشاد ہے۔ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ط ذٰلِكَ هُوَالْفَوْزُ الْعَظِيْمُ o (توبہ رکوع ۱۰) کہ اللہ تعالیٰ کی رضا مندی ان سب چیزوں سے بڑھی ہوئی ہے اور وہی چیز ہے جو بڑی کامیابی ہے۔ اور حقیقت بھی یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رضا مندی کی برابری نہ دنیا کی کوئی چیز کر سکتی ہے نہ آخرت کی کوئی نعمت اس کے برابر ہے۔ آیات بالا میں دنیا کی ساری مرغوبات کو تفصیل سے ذکر فرما کر اس پر متنبہ کر دیا کہ یہ سب محض دنیوی زندگی کے اسباب ہیں اور پھر بار بار قرآن پاک میں اس چیز پر تنبیہ فرمائی گئی مختلف عنوانات سے نصیحت کی گئی۔ کہیں دنیا طلبی کی مذمت کی گئی کہیں دنیا کو ترجیح دینے والوں کی قباحت بیان کی گئی، کہیں اس کی بے ثباتی پر تنبیہ کی گئی کہیں اس کو محض دھوکہ بتایا گیا تاکہ اس حقیقت کو اچھی طرح ذہن نشین کر لیا جائے کہ دنیا اور دنیا کی ہر چیز محض عارضی محض ضرورت پورا کرنے کی چیز ہے۔ نہ یہ دائمی ہے نہ دل لگانے کی چیز ہے۔ اسی سلسلہ کی چند آیات پر اس جگہ تنبیہ کرتا ہوں۔

۱)......اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ز فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ o (بقرة ع ۱۰)

(ترجمہ)......یہی لوگ ہیں جنہوں نے دنیا کی زندگی کو آخرت کے بدلے میں خرید لیا۔ پس نہ تو ان کے عذاب میں تخفیف کی جائے گی نہ ان کی کسی قسم کی مدد کی جائے گی۔

۲)......فَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِى الدُّنْيَا وَمَا لَهٗ فِى الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ o وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِى الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ

---

(1) احیاء۔

النَّارِ ○ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّمَّا كَسَبُوْا ط (سورۃ البقرہ رکوع ۲۵)

ترجمہ)......پس بعض آدمی تو ایسے ہیں جو یوں کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب ہمیں تو جو کچھ دینا ہے دنیا ہی میں دیدے (پس ان کو تو جو کچھ ملنا ہوگا دنیا ہی میں مل جائے گا) ان کے لیے آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہے اور بعض لوگ یوں کہتے ہیں کہ اے اللہ ہم کو دنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرما اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے۔ یہی لوگ ہیں جن کے لیے حصہ ہے اس چیز سے جو انہوں نے (نیک اعمال سے) کمایا ہے۔

۳)......وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِىْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ط وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ○ (سورہ بقرہ ع ۲۵)

ترجمہ)......اور بعض آدمی بیچ دیتے ہیں اپنی جان کو اللہ کی رضا کی چیزوں میں اللہ تعالیٰ ایسے بندوں پر مہربان ہیں۔

٤)......زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَيَسْخَرُوْنَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۘ وَالَّذِيْنَ اتَّقَوْا فَوْقَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ط وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ○ (بقرہ ع ٢٦)

ترجمہ)......دنیوی معاش کفار کے لئے آراستہ کردی گئی اور وہ مسلمانوں کے ساتھ تمسخر کرتے ہیں حالانکہ یہ مسلمان جو کفر و شرک سے بچتے ہیں قیامت کے دن ان کافروں سے (درجوں میں) بلند ہوں گے اور (آدمی کو محض فراغ معیشت پر غرور نہ کرنا چاہیے کیونکہ) روزی تو اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں بے حساب دیدیتے ہیں (اس لئے محض امیر ہونا کوئی فخر کی چیز نہیں ہے)۔

٥)......وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ج (سورہ آل عمران ع ١٤)

ترجمہ)......اور یہ (دنیا کی زندگی کے) دن ان کو ہم لوگوں کے درمیان ادلتے بدلتے رہتے ہیں (یعنی کبھی ایک قوم غالب ہوگئی کبھی دوسری غالب ہوگئی) اس لئے غالب یا مغلوب ہونے کی فکر سے زیادہ اہم اور زیادہ ضروری آخرت کی فکر ہے۔

٦)......قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ ط وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى قف وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ○ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِىْ بُرُوْجٍ مُّشَيَّدَةٍ ط (سورۂ نساء ع ١١)

ترجمہ)......آپ کہہ دیجئے کہ دنیا کا تمتع بہت تھوڑا (چندروزہ ہے) اور آخرت ہر طرح سے بہتر ہے

اس شخص کے لئے جو اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہو اور تم پر ذرہ برابر بھی ظلم نہ کیا جائے گا تم چاہے کہیں بھی ہو وہاں ہی موت آ کر رہے گی اگر چہ تم قلعی چونہ کے قلعوں میں ہی کیوں نہ ہو (پھر جب مرنا بہر حال ہے تو اس کی فکر ہر وقت رہنا چاہیے)

۷)......وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰی اِلَیْکُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا ۚ تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۫ فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ کَثِیْرَةٌ ؕ (سورۂ نساء ع ۱۳)

ترجمہ)......اور ایسے شخص کو جو تمہارے سامنے اطاعت (کی علامت) ڈال دے (مثلاً السلام علیکم کرے یا کلمہ پڑھے) یوں مت کہہ دیا کرو کہ تو (دل سے) مسلمان نہیں تم دنیاوی زندگی کا سامان ڈھونڈتے ہو حالانکہ اللہ تعالیٰ کے پاس بہت سے غنیمت کے مال ہیں۔

فائدہ: یہ آیتیں اس پر تنبیہ ہیں کہ بعض مسلمانوں نے بعض کافروں کو جو اپنے کو مسلمان بتاتے تھے مال غنیمت کے شوق میں قتل کر دیا تھا اس پر یہ آیتیں نازل ہوئیں کہ محض دنیا کمبخت کا مال کمانے کے لیے یہ ناپاک حرکت کی گئی بہت سی احادیث میں ان واقعات کو تفصیل سے ذکر کیا گیا۔ ایک حدیث میں یہ بھی آیا ہے کہ ایک مسلمان نے ایک کافر پر حملہ کیا اس نے جلدی سے کلمہ پڑھ لیا اس مسلمان نے پھر بھی اس کو قتل کر دیا، حضور ﷺ کو جب اس کی اطلاع ہوئی تو حضور ﷺ نے اس مسلمان سے مطالبہ کیا۔ اس نے یہ معذرت کی کہ اس شخص نے محض ڈر کی وجہ سے کلمہ پڑھا تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ تو نے اس کے دل کو چیر کے دیکھ لیا تھا کہ اس نے ڈر کی وجہ سے پڑھا ہے۔ اس کے بعد اس مسلمان کی موت بہت بری طرح سے ہوئی (درمنثور) حق تعالیٰ شانہ نے حدود سے تجاوز کی اجازت کسی جگہ نہیں دی۔ دوسرا مضمون شروع ہو جائے گا اس لئے اس کو نہیں لکھتا لیکن محض دنیوی اغراض کی وجہ سے کفار پر زیادتی کی بھی شریعت ہرگز اجازت نہیں دیتی بہت سی آیات اور بہت سی روایات اس مضمون میں وارد ہوئی ہیں۔ سورۂ مائدہ کے شروع میں حق تعالیٰ شانہ کا ارشاد ہے۔

"لَا یَجْرِمَنَّکُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ" الآیۃ (سورۂ مائدہ ع ۲) یعنی کفار مکہ نے جو تم کو عمرہ حدیبیہ کے موقع پر مکہ میں داخل ہونے سے روک دیا اور بغیر عمرہ کے تم کو مکہ مکرمہ کے قریب سے بے نیل مرام واپس ہونا پڑا اس کا غصہ تم کو حدود سے نہ نکلنے دے ایسا ہرگز نہ ہو کہ تم تعدی کرنے لگو، نیکی اور تقویٰ میں ایک دوسرے کی اعانت کرو اور گناہ اور ظلم میں کسی کی اعانت نہ کرو۔ اسی سورت شریفہ کے دوسرے رکوع میں ارشاد ہے۔ "یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کُوْنُوْا قَوّٰمِیْنَ" الآیۃ (سورہ مائدہ ع ۲) اے مسلمانو! تم اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لئے اس کا احکام کی پوری پابندی کرنے والے بنو اور (کہیں نوبت آجائے تو) گواہی انصاف کے ساتھ دو کسی قوم کے ساتھ عداوت تم کو عدل و انصاف سے نہ ہٹا دے۔ غرض

بہت سی جگہ ان امور پر تنبیہ کی گئی۔ دنیا کی محبت آدمی کی عقل کو بھی بیکار کر دیتی ہے۔

۸)...... وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا اِلَّا لَعِبٌ وَّ لَهْوٌ ط وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ط اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ O (سورۂ انعام ع ٤)

ترجمہ)...... اور دنیوی زندگانی کچھ بھی نہیں ہے بجز لہو ولعب کے اور آخرت کا گھر متقیوں کے لئے بہتر ہے کیا تمہیں عقل نہیں (جو ایسی صاف واضح بات تمہاری سمجھ میں نہیں آتی کہ دنیا کے اس لہو ولعب کو آخرت کی عمدہ زندگی سے کچھ بھی مناسبت نہیں ہے۔

۹)...... وَذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّ لَهْوًا وَّ غَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا۔ (سورۂ انعام ع ۸)

ترجمہ)...... ایسے لوگوں سے بالکل کنارہ کش (یکسو اور علیحدہ) رہو جنہوں نے اپنے دین کو لہو ولعب بنا رکھا ہے۔ اور دنیوی زندگی نے ان کو دھوکے میں ڈال رکھا ہے۔

۱۰)...... وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰى كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ تَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ ج (سورۂ انعام ع ۱۱)

ترجمہ)...... اور تم ہمارے پاس (مرنے کے بعد) تنہا تنہا ہو کر آگئے جس طرح ہم نے تم کو دنیا میں اول مرتبہ پیدا کیا تھا (کہ ہر شخص الگ الگ پیدا ہوتا تھا) اور جو کچھ ہم نے تم کو (دنیا میں مال و متاع ساز و سامان) عطا کیا تھا اس کو وہیں چھوڑ آئے۔

فائدہ: یعنی جس طرح آدمی ماں کے پیٹ سے بغیر مال متاع پیدا ہوتا ہے۔ اسی طرح قبر کی گود میں تن تنہا جاتا ہے۔ یہ سب کچھ مال و متاع یہاں کا یہاں ہی رہ جائے گا بجز اس کے جو اللہ تعالیٰ کے یہاں اپنی زندگی میں جمع کرا دیا ہو کہ وہ سب جمع شدہ مال وہاں پورا کا پورا مل جائے گا بلکہ سرکاری خزانہ سے اس میں اضافہ بھی ملے گا۔

۱۱)...... وَغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا (سورۂ اعراف ع ۲۱)

ترجمہ)...... اور دنیا کی زندگی نے ان کو دھوکہ میں ڈال رکھا ہے۔

۱۲)...... فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ وَّرِثُوا الْكِتٰبَ يَاْخُذُوْنَ عَرَضَ هٰذَا الْاَدْنٰى وَيَقُوْلُوْنَ سَيُغْفَرُ لَنَا (سورۂ اعراف ع ۲۱)

ترجمہ)...... پس (نیک بندوں کے بعد) ایسے لوگ ان کے جانشین ہوئے کہ کتاب کو تو ان سے

حاصل کیا (لیکن ایسے حرام خور ہیں کہ کتاب کے احکام کے بدلے میں) اس دنیائے دنی کا مال ومتاع لے لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہماری ضرور مغفرت ہو جائے گی (کیونکہ ہم اللہ کے لاڈلے ہیں)

۱۳)......وَالدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ط اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ o (سورۂ اعراف ع ۲۱)

ترجمہ)......اور آخرت کا گھر بہتر ہے متقی لوگوں کیواسطے کیا تم بالکل عقل نہیں رکھتے (جو ایسی کھلی ہوئی صاف بات بھی نہیں سمجھتے)

۱۴)......وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَ اَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ لا وَّاَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ o (سورۂ انفال ع ۳)

ترجمہ)......تم اس بات کو جان رکھو کہ تمہارے اموال اور تمہاری اولاد ایک امتحان کی چیز ہے (تا کہ ہم اس کا امتحان کریں کہ کون شخص ان کی محبت کو ترجیح دیتا ہے اور کون شخص اللہ تعالیٰ کی محبت کو ترجیح دیتا ہے اور اس بات کو بھی جان رکھو کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کی محبت کو ترجیح دیتا ہے دنیا کی زندگی کو آخرت کی زندگی کیلئے کار آمد بناتا ہے اس کیلئے) اللہ تعالیٰ کے پاس بہت بڑا اجر ہے۔

۱۵)......تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ط (سورۂ انفال ع ۹)

ترجمہ)......تم تو دنیا کا مال واسباب چاہتے ہو اور اللہ تعالیٰ (شانہ تم سے) آخرت کو چاہتے ہیں۔ یعنی یہ کہ تم آخرت کی فکر میں رہو اس کی تیاری میں ہر وقت مشغول رہو۔

۱۶)......اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ الْاٰخِرَةِ ج فَمَا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِيْلٌ o (توبہ رکوع ۶)

ترجمہ)......کیا تم لوگ آخرت کی زندگی کے مقابلہ میں دنیا کی زندگی پر راضی ہو گئے دنیا کی زندگی تو آخرت کے مقابلہ میں کچھ بھی نہیں ہے۔

۱۷)......اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا وَرَضُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا غٰفِلُوْنَ o لا اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ o

(سورۂ یونس رکوع ۱)

ترجمہ)......جن لوگوں کو ہمارے پاس آنے کی امید نہیں ہے اور وہ دنیاوی زندگی پر راضی ہو گئے اور اس سے ان کو اطمینان حاصل ہو گیا اور جو لوگ ہماری تنبیہوں سے غافل ہو گئے ہیں ایسے لوگوں کا ٹھکانا انکے اعمال کی وجہ سے جہنم ہے۔

۱۸)......يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ لا مَّتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ o اِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ مِمَّا يَاْكُلُ النَّاسُ وَالْاَنْعَامُ ط حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ اَهْلُهَآ اَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَآ لا اَتٰهَآ اَمْرُنَا لَيْلًا اَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰهَا حَصِيْدًا كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ ط كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ o وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ط وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ o (سورہ یونس رکوع ۳)

ترجمہ)......اے لوگو! سن لو یہ تمہاری سرکشی تمہارے لئے وبال ہونیوالی ہے دنیوی زندگی میں (چند روز اس سے) نفع اٹھا رہے ہو پھر ہمارے پاس تم کو آنا ہے پھر ہم سب تمہارا کیا ہوا تم کو جتلا دینگے پس دنیاوی زندگی کی حالت تو ایسی ہے جیسے ہم نے آسمان سے پانی برسایا پھر اس پانی سے زمین کے نباتات (زمین سے اگنے والی چیزیں) جن کو آدمی اور جانور کھاتے ہیں خوب گنجان ہو کر نکلے۔ یہاں تک کہ جب زمین اپنی رونق کا پورا حصہ لے چکی اور اس کی خوب زیبائش ہو چکی (یعنی پیداوار سبزہ وغیرہ خوب شباب پر ہو گیا) اور اس کے مالکوں نے سمجھ لیا کہ ہم اس پیداوار پر بالکل قابض ہو چکے ہیں تو ایکدم اس پیداوار پر ہماری طرف سے دن میں یا رات میں کوئی حادثہ پڑا (پالا ٹڈی وغیرہ) پس ہم نے اس کو ایسا صاف کر دیا کہ گویا وہ کل یہاں موجود ہی نہ تھی (یہی حالت بعینہ اس دنیا کی زندگی اور اس کی رونق اور زیب وزینت کی ہے کہ وہ اپنے پورے شباب اور کامل زیب وزینت کے باوجود دم کے دم میں ایسی زائل ہو جاتی ہے کہ گویا تھی ہی نہیں۔ اسی طرح ہم آیات کو صاف صاف بیان کرتے ہیں ان لوگوں کے (سمجھانے کے) لیے جو سوچتے ہیں اور جو سوچنے کا ارادہ نہیں کرتا وہ کیا سمجھے) اور جب دنیا کی اور اس کی زیب وزینت کی یہ حالت ہے کہ ناپائیدار اور خطرہ کی چیز ہے بس اسی لئے حق تعالیٰ شانہ تم کو دار البقاء (جو گھر پائیدار ہے اور اس کو کوئی خطرہ نہیں ہے) کی طرف بلاتا ہے اور جس کو چاہتا ہے راہ راست پر چلنے کی توفیق عطا فرما دیتا ہے۔

۱۹)......قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ط هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ o (یونس رکوع ٦)

ترجمہ)......پہلے سے قرآن پاک کی خوبیاں بیان فرمانے کے بعد ارشاد ہے) آپ کہہ دیجئے (کہ جب قرآن پاک ایسی چیز ہے) پس لوگوں کو خدا کے انعام اور رحمت پر خوش ہونا چاہیے (کہ

اس نے اتنی بڑی دولت ہم کو عطا فرمائی) وہ اس (دنیا سے بدرجہا) بہتر ہے جس کو یہ لوگ جمع کررہے ہیں (اس لئے دنیا کا نفع بہت تھوڑا اور بہت جلد زائل ہو جانے والا ہے اور قرآن پاک کا نفع بہت زیادہ اور ہمیشہ رہنے والا ہے)۔

۲۰)...... مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ز صلے وَحَبِطَ مَاصَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ (سورۂ ہود ع ۲)

ترجمہ)...... جو شخص (اپنے نیک اعمال سے) دنیاوی زندگی اور اس کی رونق چاہتا ہے۔ (جیسے مال و متاع یا شہرت نیک نامی وغیرہ) ہم ان لوگوں کے اعمال (کا بدلہ) ان کو دنیا ہی میں پورے طور پر بھگتا دیتے ہیں اور انکے لئے دنیا میں کچھ کمی نہیں ہوتی۔ یہی لوگ ہیں جن کے لئے آخرت میں بجز دوزخ کے اور کچھ نہیں ہے اور انہوں نے جو کچھ کیا تھا وہ آخرت میں سب کا سب بیکار ثابت ہوگا۔ اور (حقیقت میں) یہ جو کچھ کررہے ہیں سب باطل (بے کار) ہے۔

۲۱)...... اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ط وَفَرِحُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ط وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فِى الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ ۝ (سورۂ رعد ع ۳)

ترجمہ)...... اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے زیادہ روزی دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے تنگی کردیتا ہے (رحمت اور غضب کا یہ مدار نہیں ہے) یہ لوگ دنیاوی زندگی پر خوش ہوتے ہیں (اور اس کے عیش وعشرت راحت وآرام پر اتراتے ہیں) حالانکہ آخرت کے مقابلہ میں دنیاوی زندگی ایک متاع قلیل ہے (کچھ بھی نہیں ہے چندروزہ زندگی کے دن کاٹنے ہیں جس طرح بھی گذر جائیں)۔

۲۲)...... لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ۔ (حجر رکوع ۶)

ترجمہ)...... آپ اپنی آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھیں اس (زیب و زینت اور مال و متاع راحت وآرام کو جو ہم نے مختلف قسم کے کافروں کو (اہل کتاب ہوں یا مشرکین) دے رکھا ہے برتنے کے لیے (کہ چندروز کے فوائد اس سے اٹھالیں اور پھر یہ سب کچھ فنا ہو جائے گا)۔

۲۳)...... مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ط (نحل رکوع ۱۳)

ترجمہ)...... جو کچھ تمہارے پاس (دنیا میں) ہے وہ (ایک دن) ختم ہو جائے گا (خواہ وہ جاتا رہے یا تم مرجاؤ دونوں حال میں ختم ہو جائے گا) اور جو اللہ تعالیٰ کے پاس ہے وہ ہمیشہ باقی رہنے والی چیز ہے۔

۲۴)...... ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ۔ (سورہ نحل رکوع ۱۴)

ترجمہ)......یہ (جو عذاب اوپر کی آیات میں ذکر کیا گیا) اس وجہ سے ہے کہ ان لوگوں نے دنیاوی زندگی کو آخرت کے مقابلہ میں محبوب رکھا۔

۲۵)......مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ ج يَصْلٰهَا مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا ○ وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ كَانَ سَعْيُهُمْ مَّشْكُوْرًا ○ كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ ط وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا ○ اُنْظُرْ كَيْفَ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ط وَلَلْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ وَّاَكْبَرُ تَفْضِيْلًا ○ (سورۂ بنی اسرائیل ع ۲)

ترجمہ)......جو شخص دنیا کا ارادہ کرتا ہے (اور اپنی کوشش اور اعمال کا ثمرہ صرف دنیا ہی میں چاہتا ہے) ہم اس کو دنیا میں جتنا چاہتے ہیں اور جس کو چاہتے ہیں دیتے ہیں (نہ یہ ضروری ہے کہ ہر شخص کو دیدیں جس کو ہمارا دل چاہتا ہے دیتے ہیں اور جس کو دیتے ہیں اس کو بھی یہ ضروری نہیں کہ جتنا وہ مانگے سب دیدیں جتنا ہمارا دل چاہتا ہے دیتے ہیں) پھر آخرت میں اس کے لئے جہنم تجویز کر دیتے ہیں کہ وہ اس میں بدحال راندہ ہو کر چلتا رہے گا اور جو شخص آخرت کا ارادہ کرے اور اس کے لئے جیسی کوشش کرنا چاہیے کرے بشرطیکہ وہ مومن ہو ایسے لوگوں کی کوشش اللہ کے یہاں مقبول ہے ہر فریق کی (دنیادار ہو یا دیندار) آپ کے رب کی عطا میں سے ہم مدد کرتے ہیں اور آپ کے رب کی (یہ دنیاوی عطا) کسی سے بھی بند نہیں کی گئی آپ خود ہی دیکھ لیں کہ اس دنیاوی عطا میں ہم نے ایک کو دوسرے پر (خواہ وہ مسلمان ہو یا کافر) کیسی فوقیت دے رکھی ہے (آپ اس سے خود ہی اندازہ کرلیں گے کہ عطا کسی اور کی طرف سے ہے کہ ایک شخص کو کوشش سے بھی بہت کم ملتا ہے اور دوسرا بغیر کوشش کے بھی بہت کچھ حاصل کر لیتا ہے) اور آخرت (جو مخصوص ہے ایمان کے ساتھ اس دنیا سے) درجوں کے اعتبار سے بہت بڑی ہے اور فضیلت کے اعتبار سے بھی بڑھی ہوئی ہے۔

۲۶)......وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ط وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ○ اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ج وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا ○ (سورۂ کہف ع ۶)

ترجمہ)......آپ ان لوگوں سے دنیوی زندگی کی مثال بیان کیجئے وہ ایسی ہے جیسا کہ ہم نے آسمان سے پانی برسایا ہو پھر اس کی وجہ سے زمین کے نباتات (پیداوار) خوب گنجان ہو گئے ہوں پھر

(خوب سرسبز و شاداب ہو کر ایک دم کسی حادثہ سے خشک ہو کر، ریزہ ریزہ ہو جائے کہ اس کو ہوا اڑائے پھرتی ہو) بالکل یہی حالت دنیاوی زندگی اس کی عیش وعشرت اور مال ومتاع کی ہے کہ آج سب کچھ ہے اور ایک دم کوئی مصیبت آئے تو کچھ بھی نہ رہا اور اب تو زمانہ اس کو اپنی آنکھوں سے خوب ہی دیکھ رہا ہے) اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہے (جب چاہے جس کو چاہے امیر بنا دے جس کو چاہے لکھ پتی سے فقیر بنا دے جس کو چاہے صاحب اولاد کرے اور جس کو چاہے بڑی اولاد اور کنبہ والا ہونے پر دم کے دم میں اکیلا کر دے تو یہ سمجھ لو کہ) مال اور اولاد دنیوی زندگی کی صرف ایک رونق ہے اور جو نیک اعمال ہمیشہ باقی رہنے والے ہیں وہ ثواب اور بدلے کے اعتبار سے بھی (بدرجہا) بہتر ہیں اور امید کے اعتبار سے بھی بہتر ہیں (کہ ان کی ہی امیدیں لگانی چاہئیں اور ان امیدوں کے پورا ہونے کی کوشش کرنا چاہیے۔

۲۷)...... یَتَخَافَتُوْنَ بَیْنَهُمْ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا عَشْرًا ۝ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا یَقُوْلُوْنَ اِذْ یَقُوْلُ اَمْثَلُهُمْ طَرِیْقَةً اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا یَوْمًا ۝ (سورۂ طٰہٰ رکوع ۵)

ترجمہ)...... (اوپر کی آیات میں قیامت کے آنے کا اور صور پھونکے جانے کا ذکر ہے) اس دن یہ مجرم لوگ چپکے چپکے آپس میں باتیں کرتے ہوں گے (اور ایک دوسرے سے کہتے ہوں گے) کہ تم لوگ (دنیا میں) صرف دس دن رہے ہو گے جس بات کو وہ کہیں گے ہم اس کو خوب جانتے ہیں جب کہ ان میں کا زیادہ صائب الرائے کہے گا کہ نہیں تم تو ایک ہی دن رہے ہو۔ (اس کو زیادہ صائب الرائے ان میں کا اس لئے کہا کہ اس کا قول ایک دن کا بمقابلہ دس دن کے زیادہ قریب ہے ویسے تو آخرت کے دنوں کے اعتبار سے دنیا کی ساری زندگی ایک دن کیا اس کا دسواں حصہ بھی نہیں ہے یہ ہے حقیقت دنیا کے سارے قیام کی آخرت کے مقابلہ میں۔

۲۸)...... وَلَا تَمُدَّنَّ عَیْنَیْكَ اِلٰی مَا مَتَّعْنَا بِهٖ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۝ لِنَفْتِنَهُمْ فِیْهِ ؕ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَیْرٌ وَّاَبْقٰی ۝ وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَیْهَا ؕ لَا نَسْئَلُكَ رِزْقًا ؕ نَحْنُ نَرْزُقُكَ ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰی ۝ (سورۂ طٰہٰ ع ۸)

ترجمہ)...... اور ہرگز آنکھ اٹھا کر بھی آپ ان چیزوں کی طرف نہ دیکھیں جن سے ہم نے ان (دنیا داروں) کے مختلف گروہوں کو ان کی آزمائش کے لئے متمتع کر رکھا ہے کہ وہ سب کچھ محض (دنیوی زندگی کی رونق ہے (اور آزمائش اس کی ہے کہ کون اس مال متاع میں بندگی کا حق ادا کرتا ہے اور کون نہیں کرتا) اور آپ کے رب کا عطیہ (جو آخرت میں ملے گا وہ اس سے بدرجہا) بہتر اور پائدار ہے اور اپنے متعلقین کو نماز کا حکم کرتے رہیں اور خود بھی اس کے اوپر جمے رہیں۔ ہم آپ سے روزی کموانا نہیں چاہتے روزی تو آپ کو ہم دیں گے اور بہتر انجام تو پرہیزگاری کا ہے۔

۲۹)......اِقۡتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمۡ وَهُمۡ فِي غَفۡلَةٍ مُّعۡرِضُونَ o(انبیاء ع ۱)

ترجمہ)......لوگوں کے لئے ان کے حساب (کتاب) کا دن آ پہنچا اور وہ غفلت میں اعراض کئے ہوئے پڑے ہیں۔

۳۰)......حَتّٰى إِذَا جَآءَ أَحَدَهُمُ الۡمَوۡتُ قَالَ رَبِّ ارۡجِعُونِ o لَعَلِّي أَعۡمَلُ صَالِحًا فِيمَا تَرَكۡتُ كَلَّا ط إِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا ط(مومنون ع ٦)

ترجمہ)......حتیٰ کہ جب ان میں سے کسی کے سر پر موت آجاتی ہے (اور آخرت کے احوال کھلنے لگتے ہیں) تو کہتا ہے اے میرے رب مجھے (موت سے بچا کر) دنیا میں پھر بھیج دیجئے تا کہ جس (دنیا کو اور اس کے مال و متاع) کو چھوڑ آیا ہوں اس میں (واپس جا کر) نیک کام کروں (حق تعالیٰ شانہ فرماتے ہیں) ایسا ہرگز نہیں ہوگا (جس کا وقت آ چکا ہے وہ ٹلتا نہیں) یہ (شخص جو کہہ رہا ہے وہ فضول) ایک بات ہے جسکو وہ کہہ رہا ہے۔

۳۱)......قَالَ كَمۡ لَبِثۡتُمۡ فِي الۡأَرۡضِ عَدَدَ سِنِينَ o قَالُوا لَبِثۡنَا يَوۡمًا أَوۡ بَعۡضَ يَوۡمٍ فَسۡئَلِ الۡعَآدِّينَ o قَالَ إِنۡ لَّبِثۡتُمۡ إِلَّا قَلِيلًا لَّوۡ أَنَّكُمۡ كُنۡتُمۡ تَعۡلَمُونَ o أَفَحَسِبۡتُمۡ أَنَّمَا خَلَقۡنٰكُمۡ عَبَثًا وَّ أَنَّكُمۡ إِلَيۡنَا لَا تُرۡجَعُونَ o(مومنون ع ٦)

ترجمہ)......(قیامت کے دن حق تعالیٰ شانہ کی طرف سے ان لوگوں کی حسرت وافسوس بڑھانے کے لیے) ارشاد ہوگا (اچھا یہ بتلاؤ) کہ تم دنیا میں کتنے برس رہے تھے وہ (وہاں کے زمانے کے طول کے لحاظ سے) کہیں گے کہ ہم تو (دنیا میں) ایک دن یا اس سے بھی کم رہے ہوں گے (اور سچ تو یہ ہے کہ ہمیں خواب کی طرح سے یہ بھی اندازہ نہیں کہ کتنا وقت گذرا) پس گننے والوں سے (یعنی فرشتوں سے جو ہر چیز کا حساب لکھتے تھے) پوچھ لیں (کہ ہم کتنا تھوڑا ٹھہرے تھے) ارشاد ہوگا کہ جب تم اتنا کم ٹھہرے تھے تو کیا ہی اچھا ہوتا کہ تم (یہ بات) جان لیتے (کہ یہ دنیا محض چندروزہ ہے بہت ہی تھوڑے دن یہاں قیام ہے اچھا یہ تو بتاؤ) کیا تم یہ سمجھتے تھے کہ ہم نے تم کو یوں ہی بیکار پیدا کیا (کوئی غرض تمہارے پیدا کرنے سے نہیں تھی حالانکہ ہم نے قرآن پاک میں صاف صاف بتا دیا تھا کہ جن وانس کی پیدائش ہم نے محض عبادت کے لئے کی ہے کیا تمہارا یہ خیال تھا کہ) تم ہمارے پاس نہیں لوٹائے جاؤ گے۔

۳۲)......وَكَمۡ أَهۡلَكۡنَا مِنۡ قَرۡيَةٍ م بَطِرَتۡ مَعِيشَتَهَا ج فَتِلۡكَ مَسٰكِنُهُمۡ لَمۡ تُسۡكَنۡ مِّنۡ م بَعۡدِهِمۡ إِلَّا قَلِيلًا o(سورۂ قصص ع ٦)

ترجمہ)......یہ لوگ جو اپنی خوش عیشی پر نازاں ہیں ان کی حماقت ہے ان کو خبر نہیں کہ) ہم بہت سی

ایسی بستیاں ہلاک کر چکے ہیں جو اپنے سامان عیش پر نازاں تھے پس (تم خود ہی دیکھ لو کہ) یہ ان کے گھر (خالی پڑے ہوئے ہیں جو) ان کے بعد آباد ہی نہیں ہوئے مگر تھوڑی دیر کو۔

۳۳)......وَمَآ اُوْتِیْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَمَتَاعُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَزِیْنَتُهَاج وَمَا عِنْدَاللّٰهِ خَیْرٌ وَّاَبْقٰیط اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ع (سورۂ قصص ع ٦)

ترجمہ)......پس جو کچھ تم کو (دنیا میں عیش وعشرت اور راحت وآرام کا سامان) دیا گیا ہے وہ محض دنیوی زندگی کے برتنے کے لئے ہے اور (اسی چند روزہ زندگی کی) زیب وزینت ہے (جو بہت جلد زائل ہو جانے والی ہے) اور اللہ (جل شانہ) کے یہاں جو اجر وثواب ہے وہ بدرجہا اس سے بہتر ہے اور ہمیشہ باقی رہنے والا ہے کیا تم اتنی بات نہیں سمجھتے۔

۳۴)......اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَلَا قِیْهِ کَمَنْ مَّتَّعْنٰهُ مَتَاعَ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ثُمَّ هُوَیَوْمَ الْقِیٰمَةِ مِنَ الْمُحْضَرِیْنَ ع (سورۂ قصص ع ۷)

ترجمہ)......کیا وہ شخص جس سے ہم نے ایک پسندیدہ وعدہ (آخرت کا) کر رکھا ہے پھر وہ شخص اس موعود چیز کو پانے والا بھی ہے ایسے شخص کی برابر ہو سکتا ہے جس کو ہم نے دنیوی زندگی کا کچھ متاع (معمولی فائدہ) دے رکھا ہے پھر قیامت کے دن یہ شخص (اپنے جرموں کی پاداش میں) گرفتار کر لیا جائے گا۔

۳۵)......قَالَ الَّذِیْنَ یُرِیْدُوْنَ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا یٰلَیْتَ لَنَا مِثْلَ مَآ اُوْتِیَ قَارُوْنَ اِنَّهٗ لَذُوْحَظٍّ عَظِیْمٍ (سورۂ قصص ع ۸)

ترجمہ)......جو لوگ طالب دنیا تھے وہ (تو قارون کی زیب وزینت کو دیکھ کر) کہنے لگے کیا ہی اچھا ہوتا کہ ہم کو بھی ایسا ہی ساز وسامان ملتا جیسا کہ قارون کو ملا ہے وہ تو بڑا صاحب نصیب ہے (قارون کا مفصل قصہ عبرت ناک زکوٰۃ ادا نہ کرنے کے بیان میں پانچویں فصل کی آیات کے سلسلہ میں نمبر (۳) پر گذر چکا ہے دولت اور ثروت کی کثرت کو اگر اس کو اللہ تعالیٰ کی رضا کا ذریعہ نہ بنایا جائے تو یہی حشر ہے۔

۳۶)......وَمَا هٰذِهِ الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا اِلَّا لَهْوٌ وَّ لَعِبٌط وَاِنَّ الدَّارَالْاٰخِرَةَ لَهِیَ الْحَیَوَانُ لَوْ کَانُوْا یَعْلَمُوْنَ (سورۂ عنکبوت ع ۷)

ترجمہ)......اور یہ دنیوی زندگی بجز لہو ولعب کے کچھ بھی نہیں ہے دراصل زندگی (جو حقیقت میں زندگی کہلانے کے لائق ہے) وہ آخرت ہی کی زندگی ہے۔ کاش یہ لوگ اس بات کو اچھی طرح

جان لیتے (تو پھر آخرت کے لئے کیسی کوشش کرتے)

۳۷)......يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ ۝ (سورۂ روم ع ۱)

ترجمہ)...... یہ لوگ دنیوی زندگی کی صرف ظاہری حالت کو جانتے ہیں (اسی کی کوشش کرتے ہیں اسی پر جان دیتے ہیں) اور یہ لوگ آخرت سے بالکل غافل ہیں (نہ وہاں کے ثواب کی تمنا نہ وہاں کے عذاب کا خوف)

۳۸)......يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا يَوْمًا لَّا يَجْزِيْ وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ ۫ وَلَا مَوْلُوْدٌ هُوَ جَازٍ عَنْ وَّالِدِهٖ شَيْئًا ۭ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ۝ (سورۂ لقمٰن ع ۴)

ترجمہ)...... اے لوگو اپنے رب سے ڈرو اور اس دن سے ڈرو جس میں نہ کوئی باپ اپنی اولاد کی طرف سے کوئی مطالبہ پورا کرسکتا ہے نہ کوئی اولاد اپنے باپ کی طرف سے ہی کوئی چیز ادا کرسکتی ہے بے شک اللہ کا وعدہ (جو آخرت کے متعلق ہے) سچا ہے۔ پس تم کو دنیا کی زندگی دھوکے میں نہ ڈالے (کہ تم اس میں لگ کر آخرت کے دن کو بھول جاؤ) اور نہ تم کو دھوکے باز (شیطان) اللہ تعالیٰ سے دھوکے میں ڈالدے (کہ تم اس کے بہکائے میں آکر اللہ تعالیٰ کے عذاب سے بے فکر ہو جاؤ) اور یہ سمجھنے لگو کہ ہمیں عذاب نہ ہوگا۔ حضرت سعید بن جبیرؓ فرماتے ہیں کہ تم کو شیطان اللہ تعالیٰ کے ساتھ دھوکے میں نہ ڈالے کا مطلب یہ ہے کہ تم گناہ کرتے رہو اور اللہ تعالیٰ سے مغفرت کی آرزو کرتے رہو۔ (درمنثور) یعنی حق تعالیٰ شانہ سے مغفرت طلب کرنے کا منتہٰ جب ہے جب پختہ طور پر گناہوں سے توبہ کرو گناہ نہ کرنے کا پکا ارادہ کرو پھر اللہ تعالیٰ سے گذشتہ گناہوں کی مغفرت چاہو اور یہ حماقت ہے کہ دن بھر گناہوں سے منہ کالا کرتے رہو اور زبان سے کہتے رہو کہ یا اللہ تو معاف کر۔

جیسا کہ اسی فصل کے نمبر ۱۸ مفصل آرہا ہے اور اس مضمون کی آیت دوسری بھی آرہی ہے۔

۳۹)......يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَاُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ۝ وَاِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ (سورۂ احزاب ع ۴)

ترجمہ)......اے نبی (ﷺ) تم اپنی بیبیوں سے (بھی دوٹوک صاف صاف بات) کہہ دو کہ اگر تم کو دنیوی زندگی اور اس کی زیب و زینت چاہیے تو آؤ میں تم کو کچھ دنیوی مال و متاع (مہر نفقہ وغیرہ) دیدوں اور تم کو خوبی (اور خوش دلی کے ساتھ طلاق دے کر) رخصت کردوں اور اگر تم اللہ تعالیٰ کی رضا کو اور اس کے رسول ﷺ کے نکاح میں تنگی اور فقر و فاقہ کے ساتھ رہنے کو اور آخرت (کے عالی درجوں) کو چاہتی ہو تو (یہ دل نشین کرلو کہ) تم میں سے نیکی کرنے والیوں کے لیے اللہ تعالیٰ نے بہت بڑا اجر و ثواب تیار کر رکھا ہے (جو جتنی زیادہ نیکی کرے گی اتنا ہی زیادہ اجر و ثواب پائے گی)۔

٤٠)......يَآأَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ○(سورۂ فاطر ع ١)

ترجمہ)......اے لوگو (اچھی طرح سمجھ لو خوب دل میں جمالو کہ) بیشک اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے ایسا نہ ہو کہ یہ دنیوی زندگی تم کو دھوکے میں ڈالدے اور ایسا نہ ہو کہ دھوکے باز (شیطان) تم کو اللہ تعالیٰ سے دھوکے میں ڈال دے (کہ اس کے دھوکے میں آکر تم اللہ جل شانہٗ سے بے فکر ہو جاؤ۔ حضرت سعید بن جبیرؒ اس کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ دنیا کا دھوکے میں ڈالنا یہ ہے کہ اس میں مشغول ہو کر آخرت کی تیاری سے غافل ہو جاؤ اور شیطان کا دھوکہ یہ ہے کہ گناہ کرتے رہو اور اللہ تعالیٰ سے مغفرت کی تمنا کرتے رہو (درمنثور)

٤١)......يٰقَوْمِ إِنَّمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ وَّإِنَّ الْاٰخِرَةَ هِيَ دَارُ الْقَرَارِ ○(سورۂ مؤمن ع ٥)

ترجمہ)......فرعون کے خاندان کے اس مومن شخص نے جس نے اپنے ایمان کو مخفی کر رکھا تھا اپنی برادری کو نصیحت کرتے ہوئے کہا) اے قوم! یہ دنیوی زندگی محض چند روزہ ہے اور اصل ٹھہرنے کی جگہ تو آخرت ہی ہے۔

٤٢)......مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ وَمَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ ○(سورۂ شوریٰ ع ٣)

ترجمہ)......جو شخص آخرت کی کھیتی کا طالب ہو (یعنی جیسا کھیتی کے لئے بیج بویا جاتا ہے پھر اس کو پانی وغیرہ دیا جاتا ہے تاکہ پھل پیدا ہو اسی طرح وہ آخرت کی کھیتی کرنا چاہتا ہے اس کے لئے بیج ڈال کر اس کی پرورش کرتا ہے ایمان سے اور اعمال صالحہ سے) ہم اس کے لئے اس کی کھیتی میں ترقی دیں گے اور جو دنیا کی کھیتی کا طالب ہو (کہ ساری کوشش اسی زندگی پر خرچ کردے) تو ہم

اس کو دنیا میں سے کچھ دیدیں گے اور ایسے شخص کا آخرت میں کچھ حصہ نہیں ہے۔

٤٣)......فَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ج وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ o ج وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ o ج وَالَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ص وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ o ج وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَهُمُ الْبَغْيُ هُمْ يَنْتَصِرُوْنَ o (سورۂ شوریٰ ع ٤)

ترجمہ)......پس جو کچھ تم کو (اس دنیا میں) دیا گیا وہ محض چندروزہ زندگی کے برتنے کے لئے ہے (بہت جلد فنا ہو جانے والا ہے اور آخرت میں) جو کچھ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے وہ بدر جہا بہتر اور پائدار ہے۔ وہ ان لوگوں کے لئے ہے جو ایمان لائے اور اپنے رب ہی پر توکل کرتے ہیں اور جو کبیرہ گناہ سے اور بے حیائی کی باتوں سے احتراز کرتے ہیں اور جب ان کو غصہ آتا ہے تو معاف کر دیتے ہیں اور (یہ وہ لوگ ہیں) جنہوں نے اپنے رب کا کہنا مانا اور نماز کو قائم کیا اور ان کا (ہم مہتم بالشان) کام آپس کے مشورے سے ہوتا ہے اور (وہ لوگ ہیں کہ) ہم نے جو کچھ ان کو دیا ہے اس میں سے (خوب) خرچ کرتے ہیں اور جو ایسے (منصف مزاج ہیں) کہ اگر ان پر ظلم ہو (اور ان کو بدلہ لینے کی ضرورت پڑے) تو برابر کا بدلہ لیتے ہیں (یہ نہیں کہ ایک کے بدلے میں دو اور کسی کا بدلہ کسی سے لے لیں۔ علماء نے لکھا ہے کہ ان آیات میں بعض اہم امور اور خصوصی اوصاف کیساتھ اشارہ کرتے ہوئے چاروں خلفائے راشدین کیطرف ترتیب خلافت سے نمبر وار اشارہ ہے۔

٤٤)......وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ o (سورۂ زخرف ع ۳)

ترجمہ)......اور آپ کے رب کی رحمت اس سے بدرجہا بہتر ہے جس (دنیا) کو یہ لوگ جمع کرتے ہیں اس کے بعد دنیوی زیب و زینت کی چند اشیاء ذکر کرنے کے بعد ارشاد ہے

......وَاِنْ كُلُّ ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ط وَالْاٰخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِيْنَ o ع (سورۂ زخرف ع۳)

ترجمہ)......(اوپر سے سونے چاندی کی چھتوں اور دروازوں وغیرہ کے ذکر کے بعد ارشاد ہے) اور یہ سب کا سب صرف دنیوی زندگی کی چندروزہ کامرانی ہے (دو چار دن کی بہار ہے) اور آپ کے رب کے یہاں آخرت تو متقی لوگوں کے لئے ہے۔

٤٥)......وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ o مَآ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّمَآ

اُرِيْدُ اَنْ يُّطْعِمُوْنِ o اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ o (سورۂ الذاریات ع ۳)

ترجمہ)......اور میں نے جن اور انس کو صرف اسی لئے پیدا کیا کہ وہ میری عبادت کیا کریں میں ان سے رزق رسانی نہیں چاہتا اور نہ یہ چاہتا ہوں کہ وہ مجھے کھلایا کریں حق تعالیٰ شانہ تو خود ہی سب کو رزق پہنچانے والا قوی نہایت قوت والا ہے۔

۴۶)......اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّ زِيْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ وَّتَكَاثُرٌ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ ط كَمَثَلِ غَيْثٍ اَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُوْنُ حُطَامًا ط وَفِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيْدٌ وَّمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ ط وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ o سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ط ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ o (سورۂ حدید ع ۳)

ترجمہ)......تم خوب جان لو کہ دنیوی زندگی (ہرگز ہرگز اس قابل نہیں کہ آدمی اسی میں لگ جائے یہ تو محض لہو ولعب اور ظاہری زیب وزینت اور باہم ایک دوسرے پر فخر کرنا ہے اور اموال واولاد میں ایک دوسرے پر بڑھوتری ہے اس کی مثال ایسی ہے جیسا کہ مینہ برسا کہ اس کی وجہ سے پیداوار ایسی بڑھی کہ وہ کاشتکاروں کو اچھی معلوم ہونے لگی پھر وہ کھیتی خشک ہو جاتی ہے کہ تو اس کو زرد کرتا ہے پھر وہ چورا چورا ہو جاتی ہے (یہی حالت دنیا کی زیب وزینت اور بہار کی ہے کہ آج زوروں پر ہے پھر اضمحلال ہے پھر زوال ہے اور آخرت کی یہ حالت مغفرت اور رضامندی ہے (جس کے حاصل کرنے کی کوشش اس کی شان کے مناسب ہونا چاہیے اور یہ بات ذہن نشین کر لینا چاہیے کہ) دنیا کی زندگی دھوکے کا سامان ہے (جب دنیا کی یہ حالت ہے اور آخرت کی یہ کیفیت تو سعادت کی بات یہ ہے کہ) تم اپنے پروردگار کی مغفرت کی طرف دوڑو (اور اس کی شان کے مناسب کوشش کرو اور نہایت اہتمام سے دوڑو) ایسی جنت کی طرف جس کی وسعت آسمان زمین کی وسعت کے برابر ہے جو ایسے لوگوں کے لئے تیار کی گئی ہے جو اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان رکھتے ہیں اور یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کی طرف سے فضل واحسان ہے وہ جس کو چاہتا ہے اپنے فضل سے نواز دیتا ہے اور اللہ تعالےٰ شانہ بہت زیادہ فضل والے ہیں (مگر کوئی اس کے فضل سے حصہ لینا بھی چاہے) امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ بچہ جب اس کو کچھ بھی سمجھ شروع ہوتی ہے تو وہ لہو ولعب کی طرف مشغول ہوتا ہے اور اس کے اندر اس کا ایسا جذبہ پیدا ہوتا

ہے جس کے مقابلے میں اس کو کوئی چیز اچھی نہیں معلوم ہوتی پھر اس کے بعد جب وہ ذرا بڑا ہوتا ہے تو اس میں زیب وزینت اچھے کپڑوں کا پہننا گھوڑے وغیرہ کی سواری کا شوق پیدا ہوتا ہے جس کے سامنے لہو ولعب کی لذت بھی لغو ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد اس میں جوانی کی لذتوں کا زور ہوتا ہے شہوت پوری کرنے کے مقابلہ میں اس کی نگاہ میں کوئی چیز نہیں رہتی۔ نہ مال ومتاع کی وقعت رہتی ہے نہ عزت آبرو کی۔ اس کے بعد پھر اس میں بڑائی اور تفاخر اور ریاست کا جذبہ پیدا ہوتا ہے جو پہلے جذبوں پر غالب آجاتا ہے۔ یہ سب دنیاوی لذات ہیں اس کے بعد پھر اللہ تعالیٰ کی معرفت کا جذبہ پیدا ہوتا ہے جس کے مقابلے میں ہر چیز لغو بن جاتی ہے۔ یہی اصل جذبہ ہے جو سب سے زیادہ قوی ہے پس ابتدائی زمانے میں کھیل کود کی رغبت ہوتی ہے اور بلوغ کے شروع میں شہوت کا زور ہوتا ہے۔ بیس سال کی عمر کے بعد سے ریاست کا جذبہ شروع ہوتا ہے اور چالیس سال کی عمر کے قریب سے علوم اور معرفت کا جذبہ شروع ہوتا ہے جیسا کہ بچپن میں بچہ کھیل کے مقابلے میں عورتوں کے اختلاط اور ریاست کو لغو سمجھتا ہے اسی طرح یہ دنیا داران لوگوں پر ہنستے ہیں جو اللہ کی معرفت میں مشغول ہوتے ہیں اور یہ اللہ والے سمجھتے ہیں کہ یہ بچے ہیں بلوغ کے لطف کو جانتے ہی نہیں اس آیت شریفہ میں دنیوی لذات کے سب انواع کو ذکر فرما کر اس پر تنبیہ فرمائی ہے کہ یہ ساری ہی لذتیں دھوکہ ہیں اور کام آنے والی صرف آخرت اور آخرت کی زندگی ہے۔ دنیا کی ساری لذتیں اس کھیتی کی طرح ہیں جو لہلہا کر خشک ہو جائے پھر اس کو ہوا آڑا کر فنا کر دے۔

۴۷)......اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ يُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ يَوْمًا ثَقِيْلًا ○ (سورۂ دھر ع ۲)

ترجمہ)......یہ لوگ دنیا سے محبت رکھتے ہیں اور اپنے آگے آنے والے ایک بھاری دن کو چھوڑ بیٹھے ہیں (یعنی قیامت کے دن کی نہ تو کوئی فکر ہے نہ اس کی کوئی تیاری ہے دنیا کی محبت نے ایسا اندھا کر رکھا ہے کہ ذرا بھی تو اس انتہائی مصیبت کے دن کی پروا نہیں ہے)۔

۴۸)......فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى ○ يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ مَا سَعٰى ○ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِمَنْ يَّرٰى ○ فَاَمَّا مَنْ طَغٰى ○ وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ○ فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰى ○ وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ○ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى ○ (سورۂ والنازعات ع ۲)

ترجمہ)......پس جس دن وہ بہت بڑا ہنگامہ (مصیبت کا دن یعنی قیامت کا دن) آجائے گا جس دن آدمی یاد کرے گا کہ (دنیا میں) کس کام کے لئے کوشش کی تھی اور دوزخ اس دن آنکھوں کے سامنے ہوگی (اس دن کا قانون یہ ہے) کہ جس شخص نے (دنیا میں) سرکشی کی ہوگی اور

دنیاوی زندگی کو (آخرت پر) ترجیح دی ہوگی اس کا ٹھکانا تو جہنم ہوگا اور جو شخص (دنیا میں) اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے سے ڈرتا رہا ہوگا اور نفس کو (حرام خواہشات سے روکا ہوگا پس جنت اس کا ٹھکانا ہوگا۔

۴۹)...... قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۙ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ۙ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۙ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۭ اِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ۙ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ۧ (سورۂ اعلی)

ترجمہ)...... بیشک بامراد ہوگیا وہ شخص جو (برائیوں سے) پاک ہوا۔ اور اپنے رب کا نام لیتا اور نماز پڑھتا رہا (مگر تم لوگ قرآن پاک کی نصیحتوں پر عمل ہی نہیں کرتے) بلکہ تم تو دنیوی زندگی کو (آخرت کی زندگی پر) ترجیح دیتے ہو حالانکہ آخرت (دنیا سے کہیں زیادہ) بہتر ہے اور ہمیشہ رہنے والی ہے۔ یہی مضمون آگے صحیفوں میں ہے یعنی ابراہیم اور موسیٰ (علی نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام) کے صحیفوں میں۔

فائدہ: ان صحیفوں کے مضامین بہت سے آثار اور روایات میں ذکر کئے گئے ہیں ایک حدیث میں ہے۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ سے دریافت کیا کہ کل کتابیں کتنی نازل ہوئیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا سو صحیفے اور چار کتابیں۔ ان میں سے حضرت شیث علیہ السلام پر پچاس صحیفے نازل ہوئے اور حضرت ادریس علیہ السلام پر تیس، اور حضرت ابراہیم علیہ السلام پر دس، اور حضرت موسیٰ علیہ السلام پر تورات سے قبل دس صحیفے نازل ہوئے اور چار کتابیں تورات (حضرت موسیٰ علیہ السلام پر)، انجیل، حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر، زبور (حضرت داؤد علیہ السلام) پر، اور قرآن (سید الرسل حضرت محمد ﷺ پر) نازل ہوئیں میں نے عرض کے یا رسول اللہ (ﷺ) حضرت ابراہیم علیہ السلام کے صحیفوں میں کیا تھا۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا سب امثال (تنبیہات) تھیں (ایک مضمون اس کا یہ ہے) او غلبہ کر کے حکومت لینے والے بادشاہ او مغرور میں نے تجھے اس لئے نہیں اٹھایا تھا کہ تو دنیا کو تو بتو جمع کرتا رہے میں نے تجھے اس لئے ابھارا تھا کہ تو مظلوم کی آواز کو مجھ تک نہ آنے دے (اس کی دادرسی وہیں کردے) اس لئے کہ میں اس کی پکار کو رد نہیں کروں گا چاہے وہ کافر ہی کیوں نہ ہو۔ عقل والے کیلئے ضروری ہے اگر اسکی عقل مغلوب نہیں ہوگئی کہ اپنے اوقات کو تین حصوں پر تقسیم کردے ایک حصہ میں اللہ تعالیٰ سے راز و نیاز (اسکی عبادت) کرے ایک حصہ اپنے اوپر محاسبہ میں خرچ کرے۔ کہ میں نے کیا کیا (کتنے اوقات نیکیاں کمانے میں خرچ کئے کتنے برائیاں اور گناہ کمانے میں اور ان اوقات میں کیا کیا نیک کام کئے اور کیا کیا برے کام کئے۔ نیکیاں کس درجہ کی کمائیں اور گناہ کس درجہ کے کئے اور کتنے اوقات محض بیکار ضائع کردیئے) اور ایک حصہ اپنی جائز ضروریات (کھانے کمانے) میں خرچ

کرے تاکہ یہ حصہ اوقات کا پہلے دو حصوں کیلئے مددگار بنے اور دلجمعی کا اور پہلے دونوں کاموں کیلئے وقت کے فارغ کرنے کا سبب بنے اور عاقل کیلئے ضروری ہے کہ اپنے اوقات کا محافظ ہو اپنے مشاغل میں متوجہ رہے اپنی زبان کی حفاظت کرے جو شخص اپنی بات کی نگہبانی کریگا بیکار باتوں میں گفتگو کم کریگا اور عاقل کے ذمہ ضروری ہے کہ تین باتوں کا طالب رہے ایک اپنی گذر اوقات یعنی معاشی اصلاح کا دوسری آخرت کا توشہ تیسری جائز راحتیں (کھانا پینا سونا وغیرہ) ان تین کے علاوہ جس چیز میں بھی وقت ضائع کیا جائے محض بیکار اور لغو ہے۔

جب آدمی کوئی بات یا کام شروع کرے تو یہ سوچ لے کہ ان تین میں سے کونسے میں داخل ہے۔

حضرت ابوذر ﷜ فرماتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) حضرت موسیٰ ؑ کے صحیفوں میں کیا تھا ارشاد فرمایا کہ سب کی سب عبرت کی باتیں تھیں (منجملہ ان کے یہ بھی تھا) مجھے تعجب ہے اس شخص پر جس کو موت کا یقین ہو پھر وہ کسی بات پر کس طرح خوش ہوتا ہے (کہ موت ہر وقت سر پر سوار ہے نہ معلوم کس وقت آجائے) مجھے تعجب ہے اس شخص پر جس کو موت کا یقین ہو پھر اس کو کسی بات پر ہنسی آئے مجھے تعجب ہے اس شخص پر جو دنیا کو اور اس کے انقلابات کو دیکھے (کہ آج ایک شخص لکھ پتی ہے کل کو فقیر اور ٹکڑے ٹکڑے کا محتاج ہے۔ آج ایک شخص جیل خانہ میں ہے اور کل کو حاکم بن رہا ہے) پھر اس کی کسی بات پر اطمینان کرے اور (تعجب ہے) اس شخص پر جو تقدیر پر یقین رکھتا ہو پھر وہ کسی بات پر رنج کرے اور (تعجب ہے) اس شخص پر جس کو (قیامت کے دن) حساب کا یقین ہے پھر وہ عمل نہ کرے (کہ اس دن ہر قسم کا جانی مالی مطالبہ نیک اعمال ہی سے پورا کیا جائے گا اور اپنے پاس نیک عمل نہ ہونگے تو دوسرے کے گناہ حساب پورا کرنے کو لینے پڑیں گے) میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) آپ پر بھی حضرت ابراہیم ؑ اور حضرت موسیٰ ؑ کے صحیفوں میں سے کچھ نازل ہوا۔ حضور ﷺ نے فرمایا ہاں یہی آیت ''قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَکّٰی'' ❶ حضرت ابن عباس ﷜ فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ شانہ نے سورۂ نجم میں حضرت ابراہیم ؑ کی تعریف میں فرمایا ''وَاِبْرٰهِیْمَ الَّذِیْ وَفّٰی'' اور وہ ابراہیم جنہوں نے پورا پورا ادا کر دیا یعنی اسلام کے سارے سہاموں کو پورا کر دیا۔

اسلام کے کل تیس سہام ہیں جن میں سے دس تو سورۂ براءۃ میں ذکر کئے گئے ان آیات میں ''اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰی مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ'' اور دس سورۃ احزاب میں ان آیات میں ''اِنَّ الْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ'' (رکوع ۵) اور (رکوع ۶) ''قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ'' کی شروع کی آیات میں اور چار ''سَاَلَ سَآئِلٌ'' میں ''وَالَّذِیْنَ یُصَدِّقُوْنَ بِیَوْمِ الدِّیْنِ'' (سورۂ معارج ع۱) یہ سب تیس

❶ درمنثور۔

ہوئے جوان میں سے کسی ایک چیز کے ساتھ بھی اللہ تعالیٰ کے یہاں جائے گا وہ اسلام کے ایک سہام کے ساتھ جائے گا۔ ❶

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۵٠)......اَلۡھٰکُمُ التَّکَاثُرُ ۙ حَتّٰی زُرۡتُمُ الۡمَقَابِرَ ؕ کَلَّا سَوۡفَ تَعۡلَمُوۡنَ ۙ ثُمَّ کَلَّا سَوۡفَ تَعۡلَمُوۡنَ ؕ کَلَّا لَوۡ تَعۡلَمُوۡنَ عِلۡمَ الۡیَقِیۡنِ ؕ لَتَرَوُنَّ الۡجَحِیۡمَ ۙ ثُمَّ لَتَرَوُنَّھَا عَیۡنَ الۡیَقِیۡنِ ۙ ثُمَّ لَتُسۡئَلُنَّ یَوۡمَئِذٍ عَنِ النَّعِیۡمِ ؑ

ترجمہ)......(دنیوی سامان پر) تفاخر نے تم کو (آخرت سے) غافل کر رکھا ہے حتیٰ کہ تم (مرکر) قبرستان میں پہنچ جاتے ہو ہرگز (یہ چیزیں قابل فخر اور توجہ) نہیں ہیں تم کو بہت جلد (قبر میں جاتے ہی) معلوم ہو جائے گا (کہ دنیا کیا تھی اور آخرت کیا ہے) پھر تم کو دوسری مرتبہ متنبہ کیا جاتا ہے کہ ہرگز (یہ چیزیں قابل فخر والتفات) نہیں تم کو بہت جلد (قبروں سے نکلتے ہی حشر میں) معلوم ہو جائے گا اور تم کو تیسری دفعہ متنبہ کیا جاتا ہے کہ ہرگز (یہ چیزیں قابل فخر والتفات) نہیں اگر تم یقینی طور پر (قرآن حدیث سے اس بات کو) جان لیتے (کہ یہ چیزیں قابل تفاخر نہیں ہیں جیسا کہ تم کو مرنے کے بعد اس کا یقین ہوا تو کبھی بھی اس میں مشغول نہ ہوتے) واللہ تم جہنم کو ضرور دیکھو گے (وہ کوئی فرضی چیز نہیں ہے۔ دوبارہ تم سے تاکید سے) پھر (کہا جاتا ہے کہ) واللہ تم اس کو ایسا دیکھو گے جو خود یقین ہے (یعنی اس کا دیکھنا بالکل یقینی اور قطعی ہے) پھر اس دن تم سے ساری نعمتوں کی پوچھ ہوگی (کہ اللہ کی نعمتوں کا کیا حق ادا کیا)۔

فائدہ: ان نعمتوں کے سوال کے متعلق بہت سی تفاصیل بہت سی احادیث میں آئی ہیں اور جتنی تفاصیل آئی ہیں وہ سب ہی مثال کے طور پر ہیں۔ حق تعالےٰ شانہ کی نعمتوں کا جو ہر وقت ہر آن ہر آدمی پر بارش کی طرح سے برستی رہتی ہیں کون احاطہ یا شمار کرسکتا ہے۔ حق تعالےٰ شانہ کا پاک ارشاد بالکل حق ہے۔ "وَاِنۡ تَعُدُّوۡا نِعۡمَتَ اللّٰہِ لَا تُحۡصُوۡھَا ط" (سورۂ ابراہیم ع۵) (سورہ نحل ع۲) اگر تم اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو گننے لگو تو شمار بھی نہیں کر سکتے۔ ایک حدیث میں ہے کہ حضور ﷺ نے یہ سورت تلاوت فرمائی اور جب یہ پڑھا "ثُمَّ لَتُسۡئَلُنَّ یَوۡمَئِذٍ عَنِ النَّعِیۡمِ ط" "پھر اس دن نعمتوں سے سوال کئے جاؤ گے تو ارشاد فرمایا کہ تمہارے رب کے سامنے تم سے ٹھنڈے پانی کا سوال کیا جائے گا مکانوں کے سایہ کا سوال کیا جائے گا (کہ ہم نے دھوپ اور بارش سے بچنے کے لئے سایہ عطا کیا تھا) پیٹ بھرائی کھانے سے سوال کیا جائے گا، اعضاء کے صحیح سالم ہونے سے سوال کیا جائے گا

❶ درمنثور۔

(کہ ہم نے ہاتھ پاؤں آنکھ ناک کان وغیرہ صحیح سالم عطا کئے تھے ان کا کیا حق ادا کیا) میٹھی نیند سے سوال کیا جائے گا حتی کہ اگر تم نے کسی عورت سے منگنی چاہی اور کسی اور شخص نے بھی اس عورت سے منگنی چاہی اور اللہ تعالیٰ نے تم سے اس کا نکاح کرا دیا تو اس سے بھی سوال ہوگا کہ یہ حق تعالیٰ شانہ کا تم پر احسان تھا کہ بیٹی والوں کے دل میں حق تعالیٰ شانہٗ نے یہ بات ڈالی کہ وہ تم سے اس کا نکاح کریں دوسرے سے نہ کریں اور ان چیزوں کو جو اس حدیث شریف میں ذکر کی گئیں غور کرنے سے آدمی اندازہ کر سکتا ہے کہ اس پر ہر وقت اللہ تعالیٰ شانہٗ کے کس قدر احسانات ہیں اور ان چیزوں میں غریب امیر سب ہی شریک ہیں۔

کون شخص غریب سے غریب فقیر سے فقیر ایسا ہے جس پر ہر وقت اللہ تعالیٰ شانہٗ کے بے انتہا انعامات نہ برستے ہوں۔ ایک صحت اور اعضاء کی تندرستی ہی ایسی چیز ہے اور اس سے بڑھ کر ہر وقت سانس کا آتے رہنا ہی ایک ایسی نعمت ہے جو ہر وقت ہر زندہ کو میسر ہے۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ جب یہ سورت نازل ہوئی تو بعض صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) کونسی نعمتوں میں ہم ہیں جو کی روٹی وہ بھی آدھی بھوک ملتی ہے پیٹ بھر کر نہیں ملتی، تو اللہ تعالیٰ نے وحی بھیجی کہ آپ ان سے فرمائیں کہ کیا تم جوتہ نہیں پہنتے، ٹھنڈا پانی نہیں پیتے یہ بھی تو اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے ہیں۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ قیامت کے دن سب سے پہلے جن نعمتوں کا سوال ہوگا وہ بدن کی صحت اور ٹھنڈا پانی ہے ایک حدیث میں ہے کہ جن نعمتوں کا سوال ہوگا وہ روٹی کا ٹکڑا ہے جس کو کھائے اور وہ پانی ہے جس سے پیاس بجھائے اور وہ کپڑے کا ٹکڑا ہے جس سے بدن چھپائے۔ ایک حدیث میں ہے کہ ایک مرتبہ سخت دھوپ میں دوپہر کے وقت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ مسجد نبوی میں تشریف لے گئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خبر ہوئی وہ بھی اپنے گھر سے تشریف لائے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ اس وقت کیسے آنا ہوا۔ انہوں نے فرمایا کہ بھوک کی شدت نے مجبور کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے اسی بے چینی نے مجھے بھی مجبور کیا۔ یہ دونوں اسی حال میں تھے کہ حضور اقدس ﷺ اپنے دولت کدہ سے تشریف لائے اور ان سے دریافت کیا کہ تم اس وقت کہاں آئے۔ انہوں نے عرض کیا کہ حضور (ﷺ) بھوک کی شدت نے مجبور کیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اسی مجبوری سے میں بھی آیا ہوں۔ یہ تینوں حضرات اُٹھ کر حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے مکان پر تشریف لے گئے وہ خود تو موجود نہیں تھے ان کی اہلیہ نے بہت خوشی کا اظہار کیا۔ حضور ﷺ نے دریافت کیا کہ ابو ایوب کہاں ہیں۔ بیوی نے عرض کیا کہ حضور ﷺ ابھی آتے ہیں۔ اتنے میں ابو ایوب رضی اللہ عنہ آگئے اور جلدی سے کھجور کا ایک خوشہ توڑ کر لائے۔ حضور ﷺ نے فرمایا سارا خوشہ کیوں توڑ لیا اس میں سے پکی پکی کیوں نہ چھانٹ لیں۔ انہوں نے عرض کیا حضرت ﷺ اس خیال سے

توڑ لیا کہ پکی اور ادھ کچری اور خشک وتر ہر قسم کی سامنے ہو جائیں جس کی رغبت ہو۔ ان حضرات نے ہر قسم کی کھجوریں اس خوشہ میں سے نوش فرمائیں۔ اتنی دیر میں حضرت ابوایوب ﷺ نے ایک بکری کا بچہ ذبح کر کے جلدی سے کچھ حصہ آگ پر بھونا کچھ ہانڈی میں پکایا اور ان حضرات کے سامنے لاکر رکھا۔ حضور ﷺ نے ذرا سا گوشت ایک روٹی میں لپیٹ کر ابوایوب ﷺ کو دیا کہ یہ فاطمہ کو دے آؤ اس نے بھی کئی دن سے ایسی کوئی چیز نہیں کھائی وہ جلدی سے دے آئے۔ ان حضرات نے گوشت روٹی کھایا۔ اس کے بعد حضور ﷺ نے فرمایا (اللہ کی اتنی نعمتیں کھائیں) گوشت اور روٹی اور کچھی کھجوریں پکی کھجوریں یہ فرماتے ہوئے حضور ﷺ کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے اور ارشاد فرمایا کہ یہی وہ نعمتیں ہیں جن سے قیامت میں سوال ہوگا۔ صحابہؓ کو یہ سن کر بڑا شاق ہوا (کہ ایسی سخت بھوک کی حالت میں یہ چیزیں بھی باز پرس کے قابل ہیں) حضور ﷺ نے فرمایا بیشک ہیں اور اس کی تلافی یہ ہے کہ جب شروع کرو تو بسم اللہ کے ساتھ شروع کرو اور جب ختم کرو تو یہ دعا پڑھو۔

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ الَّذِىْ هُوَاَشْبَعْنَاوَاَنْعَمَ عَلَيْنَاوَاَفْضَلَ

(ترجمہ) تمام تعریفیں صرف اللہ ہی کے لیے ہیں کہ اسی نے ہم کو (محض اپنے فضل سے) پیٹ بھر کر عطا کیا اور ہم پر انعام فرمایا اور بہت زیادہ عطا کیا۔

اس مضمون کی بہت سی روایات کتب احادیث میں موجود ہیں ان کا ذکر اس وقت مقصود نہیں ہے۔ اس جگہ تو صرف یہ دکھانا مقصود تھا کہ دنیا کی ناپائیداری کو، اس کے ناقابل التفات ہونے کو آخرت کے مقابلے میں اس کے بالکل ہیچ ہونے کو اس میں اشتغال کے باعث خسارہ ہونے اور انجام کار عذاب تک پہنچ جانے کو کس کثرت سے حق تعالیٰ شانہٗ نے کلام اللہ شریف میں فرمایا اور بار بار اور بار بار اس پر تنبیہ فرمائی جس میں سے نمونہ کے طور پر صرف پچاس آیتوں کا ذکر اس جگہ کیا گیا۔ ان کے علاوہ اور بھی بکثرت آیات میں اس مضمون پر تنبیہ ہے۔ اتنی ہی زیادہ ہماری طرف سے اس میں غفلت برتی جارہی ہے۔ اس کے بعد اس پاک بارگاہ میں حاضری کا کیا منہ رہ جاتا ہے۔ "فَاِلَى اللّٰهِ الْمُشْتَكٰى وَهُوَاالْمُسْتَعَانُ"۔

۲)......وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَىْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ؕ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ ۝ لا الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ۝ؕ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ قف وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ۝ؕ (سورۂ بقرہ ع ۱۹)

ترجمہ)......اور ہم تمہارا امتحان کریں گے کسی قدر خوف سے (جو مخالفین کی طرف سے یا حوادث

سے پیش آئے) اور (کسی قدر) فقر و فاقہ سے اور کسی قدر مال اور جان اور پھلوں کی کمی سے (پس تم لوگ اس قسم کی جو چیزیں پیش آئیں ان پر صبر کرنا) اور آپ ان صبر کرنیوالوں کو بشارت سنادیجئے (جن کی یہ عادت ہے) کہ جب ان پر کوئی مصیبت پڑتی ہے تو وہ (اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ) پڑھتے ہیں یہی لوگ ہیں جن پر اللہ تعالیٰ شانہٗ کی خاص خاص رحمتیں ہیں اور رحمت عامہ بھی ہے اور یہی لوگ تربیت یافتہ ہیں۔

فائدہ: مصیبت کے وقت اِنَّا لِلّٰہِ کا زبان سے پڑھنا بھی مفید اور باعث اجر ہے اور دل سے اس کے معنی سمجھ کر پڑھنا اور بھی زیادہ مؤثر اور باعث اجر اور باعث طمانیت ہے۔ اس کا ترجمہ یہ ہے کہ ہم سب کے سب (مع اپنی جانوں کے اور مالوں کے) اللہ تعالیٰ ہی کی ملک ہیں (اور مالک کو اپنی ملک میں ہر طرح تصریف کا حق ہے وہ جس طرح چاہے تصرف کرے) اور ہم سب اللہ تعالیٰ ہی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ یعنی مرنے کے بعد سب کو وہیں جانا ہے یہاں کے نقصانات اور تکالیف کا بدلہ اور ثواب بہت زیادہ وہاں ملے گا جیسا کہ دنیا میں کسی شخص کا کچھ نقصان ہو جائے اور اس کو کامل یقین ہو کہ اس نقصان کے بدلے میں اس سے بہت زیادہ بہت جلد مل جائے گا تو اس کو اپنے نقصان کا ذرا سا بھی رنج نہیں ہوتا اسی طرح اگر اللہ تعالیٰ شانہٗ کے یہاں زیادہ سے زیادہ بدلہ ملنے کا یقین ہو جائے تو پھر ذرا بھی غفلت نہ رہے۔ لیکن ہم لوگوں میں چونکہ ایمان و یقین کی کمی ہے اس وجہ سے ذرا سی مشقت ذرا سی تکلیف ذرا سا نقصان بھی ہمارے لئے مصیبت عظمٰی بن جاتا ہے حق تعالیٰ شانہٗ نے اپنے پاک کلام میں اس کی طرف بھی مجملاً اور مفصلاً بہت تنبیہ فرمائی ہے کہ یہ دنیا سخت ابتلاء اور امتحان کی جگہ ہے اور کئی کئی مضمونوں میں امتحان ہوتا ہے۔ کبھی مال کی افراط سے کہ اس کو کس طرح کمایا اور کس طرح خرچ کیا جا رہا ہے اور کبھی فقر و فاقہ سے کہ اس کا کس طرح استقبال کیا جا رہا ہے جزع فزع سے یا صبر و صلوٰۃ سے اسی لئے بار بار صبر و صلوٰۃ اور اللہ کی طرف رجوع کی ترغیبیں دی جاتی ہیں اور اس پر تنبیہ کی جاتی ہے کہ تم آجکل زیر امتحان ہو ایسا نہ ہو کہ اس امتحان میں فیل ہو جاؤ۔ نمونہ کے طور پر چند آیات کی طرف اشارہ کرتا ہوں۔ "وَاسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوۃِ" (سورۂ بقرہ ع ۱۹) اور مدد حاصل کرو صبر کے ساتھ اور نماز کے ساتھ حضرت قتادہؓ کہتے ہیں کہ یہ دونوں چیزیں اللہ کی طرف سے مدد ہیں ان سے مدد لو۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سواری پر سوار تھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لڑکے میں تجھے چند باتیں بتاتا ہوں تجھے حق تعالیٰ شانہٗ ان سے نفع دیں گے۔ میں نے عرض کیا ضرور بتائیں۔ ارشاد فرمایا کہ اللہ کی حفاظت کر (یعنی اس کے حقوق ادا کر) اللہ تعالیٰ شانہٗ تیری حفاظت فرمائیں گے اللہ تعالیٰ (کے حقوق) کی حفاظت کر تو اس کو (ہر وقت اپنی مدد کے لئے) سامنے پائیگا۔ ثروت کی حالت میں اللہ

تعالیٰ شانہٗ کو پہچان لے (یعنی یاد کرلے) وہ تجھے مصیبت کے اوقات میں پہچانے گا (مدد کریگا) اور یہ اچھی طرح جان لے کہ جو کچھ بھی مصیبت تجھے پہنچی ہے وہ ہرگز تجھ سے چوکنے والی نہ تھی اور جو نہیں پہنچی وہ کبھی بھی پہنچنے والی نہ تھی۔ اگر ساری مخلوق سب کی سب مل کر اس کی کوشش کریں کہ وہ تجھے کچھ دیں اور اللہ تعالیٰ شانہٗ اس کا ارادہ نہ کریں تو وہ سب کے سب ہرگز اس پر قادر نہیں ہو سکتے کہ تجھے کچھ دیدیں اور اگر وہ سب کے سب مل کر تجھ سے کسی مصیبت کو ہٹانا چاہیں اور اللہ تعالیٰ شانہٗ نہ چاہے تو وہ کبھی بھی اس مصیبت کو نہیں ہٹا سکتے۔ تقدیر کا قلم ہر اس چیز کو لکھ چکا ہے جو قیامت تک ہونے والی ہے جب تو کچھ مانگے تو صرف اللہ ہی سے مانگ اور جب مدد چاہے تو صرف اللہ ہی سے مدد چاہ اور جب بھروسہ کرے تو صرف اللہ ہی پر بھروسہ کر ایمان ویقین میں شکر کیساتھ اللہ تعالیٰ کیلئے عمل کر اور یہ خوب جان لے کہ ناگوار چیزوں پر صبر بہت بہتر چیز ہے اور اللہ کی مدد صبر کے ساتھ ہے اور مصیبت کے ساتھ راحت ہے اور تنگدستی کے ساتھ فراخ دستی ہے۔ یعنی جب کوئی تکلیف پہنچے تو سمجھ لو کہ اب کوئی راحت بھی ملنے والی ہے اور جب تنگی ہو تو سمجھو کہ اب فراخی بھی ہونیوالی ہے۔ ایک حدیث میں ہے کہ جو شخص بھوکا ہو، یا محتاج ہو، اور اپنی حاجت کو لوگوں سے چھپائے تو اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہے کہ اس کو ایک سال کی روزی حلال طریقہ سے عطا فرمائینگے۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو جب بھی کوئی اہم چیز پیش آتی نماز کی طرف متوجہ ہو جاتے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ پہلے انبیاء کو جب بھی کوئی مشکل پیش آتی وہ نماز میں مشغول ہوتے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ایک مرتبہ سفر میں جا رہے تھے راستہ میں اپنے بیٹے کے انتقال کی خبر سنی سواری سے اترے دو رکعت نماز پڑھی اور ''اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ'' پڑھا اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہی حکم دیا ہے پھر یہ آیت ''وَاسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوۃِ'' پڑھی۔ حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کے جب انتقال کا وقت قریب ہوا تو فرمایا میں تم میں سے ہر شخص کو اس سے روکتا ہوں کہ کوئی مجھے روئے اور جب میری جان نکل جائے تو ہر شخص بہت اچھی طرح وضو کرے اور مسجد میں جا کر دو رکعت نماز پڑھے پھر میرے لئے اور اپنے لئے دعائے مغفرت کرے اور پھر جلدی ہی مجھے دفن کر دینا۔ ❶

(۲) یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوۃِ۔ ❷

اے ایمان والو (مصیبتوں میں) صبر اور نماز کے ساتھ مدد حاصل کرو۔

(۳) وَالصّٰبِرِیْنَ فِی الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ الآیۃ (سورۂ بقرہ ع ۲۲)

(ترجمہ) اور صبر کرنے والے تنگدستی میں اور بیماری میں اور خوف وقتال کے وقت۔ یہ آیت

❶ درمنثور ❷ بقرہ ع ۱۹۔

شریفہ پہلی فصل کے نمبر اپر پوری گذر چکی۔

(٤) وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ○ (سورۂ بقرہ)

(ترجمہ) اور اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

اس مضمون کی آیت قرآن پاک میں بہت جگہ نازل ہوئی۔ بار بار اللہ تعالیٰ شانہٗ یہ مژدہ اور تسلی فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہیں۔

(٥) اَلصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰدِقِيْنَ (سورۂ آلِ عمران ع ۲)

(ترجمہ) یہ آیت شریفہ اسی فصل کے نمبر اپر پوری گذر چکی۔

(٦) وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئًا (سورۂ آل عمران ع ۱۳)

(ترجمہ) اگر تم صبر کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو تو ان (کافروں) کا کوئی مکر تم کو ذرا سا بھی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔

(٧) اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جَاهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ (سورۂ آل عمران ع ١٤)

(ترجمہ) کیا تم یہ گمان کرتے ہو کہ جنت میں داخل ہو جاؤ گے حالانکہ اللہ تعالیٰ نے ابھی تک نہیں جانا۔ (یعنی ابھی تک امتحان نہیں لیا) ان لوگوں کو جنہوں نے تم میں سے جہاد کیا اور نہیں جانا (اور جانچا) صبر کرنیوالوں کو (اور یہ بات یاد رکھنا چاہیے کہ دین کیلئے ہر کوشش جہاد میں داخل ہے)

(٨) وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ (سورۂ آل عمران ع ۱۸٦)

(ترجمہ) اگر تم صبر کرو اور پرہیزگار بنے رہو تو (بہتر ہے کیونکہ صبر اور تقویٰ) تاکیدی احکام میں سے ہیں۔

(٩) وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا عَلٰى مَا كُذِّبُوْا وَاُوْذُوْا حَتّٰى اَتٰهُمْ نَصْرُنَا (سورۂ انعام ع ٣٤)

(ترجمہ) بہت سے رسول جو آپ سے پہلے ہوئے ہیں ان کی بھی (بے ایمانوں کی طرف سے) تکذیب کی گئی (اور ان کو سخت تکلیفیں پہنچائی گئیں) پس انہوں نے اس پر صبر ہی کیا جو ان کی تکذیب کی گئی۔ اور ان کو تکلیفیں پہنچائی گئیں یہاں تک کہ ہماری مدد ان کو پہنچی (اسی طرح آپ بھی ان کی تکلیفوں پر صبر کرتے رہیں)

(۱۰) قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَاصْبِرُوْا ۚ اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝ قَالُوْٓا اُوْذِيْنَا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَاْتِيَنَا وَمِنْۢ بَعْدِ مَا جِئْتَنَا ؕ قَالَ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ وَيَسْتَخْلِفَكُمْ فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ۝ (سورۂ اعراف ۱۲۸،۱۲۹)

(ترجمہ) حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے کہا کہ اللہ سے مدد چاہتے رہو اور صبر کرتے رہو زمین اللہ تعالیٰ کی ہے جس کو چاہتا ہے اپنے بندوں میں سے اس کا وارث (اور حاکم) بنا دیتا ہے چنانچہ اس وقت فرعون کو دے رکھی ہے) اور آخر کامیابی انہیں کو ہوئی ہے جو اللہ تعالےٰ سے ڈرنے والے ہوتے ہیں (اگر تم صبر اور تقویٰ اختیار کرو گے تو انجام کار تمہاری ہو جائے گی (حضرت موسیٰ علیہ السلام کی) قوم نے کہا کہ ہم تو ہمیشہ مصیبت ہی میں رہے۔ آپ کے تشریف لانے سے پہلے بھی (ہم پر مصیبتیں ڈالی جاتی تھیں اور ہماری اولاد کو قتل کیا جاتا تھا) اور آپ کے تشریف لانے کے بعد بھی (طرح طرح کی مصیبتیں ہم پر ڈالی جارہی ہیں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا بہت جلد حق تعالیٰ شانہٗ تمہارے دشمن کو ہلاک کردینگے اور بجائے انکے تم کو اس زمین کا مالک بنا دینگے پھر تمہیں دیکھیں گے کہ تم کیسا عمل کرتے ہو (شکر اور اطاعت کرتے ہو یا ناقدری اور معصیت کرتے ہو پھر جیسا تمہارا عمل ہوگا ویسا تمہارے ساتھ برتاؤ ہوگا۔

(۱۱) اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ؕ ۝ (توبہ ۱۱۱)

(ترجمہ) بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں سے ان کی جانوں کو اور ان کے مالوں کو اس بات کے عوض خرید لیا کہ ان کو جنت ملے گی۔

فائدہ: جب مسلمانوں کا جان و مال سب اللہ تعالیٰ کے ہاتھ فروخت ہو چکا ہے تو حق تعالےٰ شانہٗ ایسی چیزوں میں جو اسی کی پیدا کی ہوئی ہیں اور پھر مزید یہ کہ ان کو خرید بھی لیا جو چاہے تصرف کرے بلکہ مسلمانوں کے بیچ دینے کا مقتضیٰ تو یہ ہے کہ اب یہ خود مشتری تک اس کا خریدا ہوا مال پہنچانے کی کوشش کریں اور خود اس پر پیش قدمی کریں چہ جائیکہ۔ وہ خود اپنی خریدی ہوئی چیز لے تو اس میں بھی رنج و قلق کریں۔

(۱۲) وَاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَاصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ۝ (سورۂ یونس ۱۰۹)

(ترجمہ) آپ اس کا اتباع کرتے رہیں جو کچھ آپ کے پاس وحی بھیجی جاتی ہے اور (ان کی

ایذا پر) صبر کیجئے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ (خود ہی ان کا) فیصلہ کر دیں گے (چاہے دنیا میں ہلاکت سے کریں یا آخرت میں عذاب سے) اور وہ سب فیصلہ کرنے والوں میں بہترین فیصلہ کرنے والے ہیں۔

(۱۳) وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنٰهَا مِنْهُ ج اِنَّهٗ لَيَئُوْسٌ كَفُوْرٌ ○ وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ نَعْمَآءَ بَعْدَ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّيْ ط اِنَّهٗ لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ ○ لا اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ط اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ○ (سورۂ ھود ۹۔۱۱)

(ترجمہ) اور اگر ہم آدمی کو اپنی مہربانی کا مزہ چکھا کر (راحت و دولت وغیرہ دے کر) اس سے چھین لیتے ہیں تو وہ بہت ناامید ہو جاتا ہے اور ناشکری کرنے لگتا ہے اور اگر اس کو کسی تکلیف کے بعد جو اس پر واقع ہوئی ہو کسی نعمت کا مزہ چکھا دیتے ہیں تو (بے فکر ہو کر) کہنے لگتا ہے کہ میری برائیوں کا دور ختم ہو گیا (پھر وہ اترانے لگتا ہے شیخی مارنے لگتا ہے (حالانکہ نہ پہلی چیز مایوسی اور ناشکری کی تھی نہ دوسری حالت اکڑنے اور اترانے کی) البتہ جو لوگ صابر ہیں اور نیک عمل کرنے والے ہیں (وہ نہ مصیبت میں اللہ کی رحمت سے مایوس ہوتے ہیں نہ راحت و ثروت میں شیخی مارتے ہیں یہی لوگ ہیں جن کیلئے بڑی مغفرت اور بڑا اجر ہے۔

(۱۴) اِنَّهٗ مَنْ يَّتَّقِ وَيَصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ○ (یوسف ۹۰)

(ترجمہ) بیشک جو شخص اللہ سے ڈرتا ہے اور (مصیبتوں پر) صبر کرتا ہو تو اللہ تعالیٰ ایسے نیک کام کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔

(۱۵) اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۙ الَّذِيْنَ يُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَلَا يَنْقُضُوْنَ الْمِيْثَاقَ ۙ وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُوْنَ سُوْٓءَ الْحِسَابِ ط ○ وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ۙ ○ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ج ○ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ط ○

(سورۂ رعد ۱۹۔۲۲)

(ترجمہ) اس کے سوا دوسری بات ہی نہیں کہ نصیحت تو سمجھدار ہی قبول کرتے ہیں یہ ایسے لوگ ہیں جو کہ اللہ سے جو کچھ انہوں نے عہد کیا اس کو پورا کرتے ہیں اور اس (عہد) کو توڑتے نہیں اور یہ لوگ ایسے ہیں کہ جن تعلقات کو (رشتہ داری وغیرہ کے) قائم رکھنے کا اللہ نے حکم کیا ہے ان کو باقی رکھتے ہیں (ان کو توڑتے نہیں) اور اپنے رب سے ڈرتے رہتے ہیں اور (قیامت کے دن کے) حساب کی سختی سے ڈرتے ہیں اور یہی لوگ ہیں جو اپنے رب کی خوشنودی کی خاطر مصیبتوں پر صبر کرتے ہیں اور نماز کو قائم رکھتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس سے مخفی طور پر بھی اور علانیہ بھی خرچ کرتے ہیں اور برائی کو بھلائی سے دفع کرتے ہیں (یعنی کوئی ان کے ساتھ بدسلوکی کرے تو یہ پھر بھی اس کے ساتھ حسن سلوک کرتے ہیں) یہی لوگ ہیں جن کے لئے پچھلا گھر ہے یعنی ہمیشہ رہنے والی جنتیں جس میں یہ لوگ داخل ہوں گے اور (ان کے ساتھ) ان کے ماں باپ اور بیبیوں اور اولاد میں جو (جنت میں داخل ہونے کے) لائق ہوں گے (یعنی مومن ہوں گے اگرچہ وہ اعمال اور درجوں کے اعتبار سے ان کے برابر نہ ہوں داخل ہونگے) اور فرشتے ان لوگوں کے پاس جنت کے ہر دروازے سے حاضر ہو کر سلام کرینگے (یا سلامتی کی بشارت دینگے کہ تم ہر آفت سے اب محفوظ رہو گے یہ سب کچھ) اس وجہ سے ہے کہ تم نے صبر کیا تھا (اور دین پر مضبوط قائم رہے تھے پس کیا ہی اچھا ہے پچھلا گھر۔

فائدہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جنت میں سب سے ادنیٰ درجہ کا جو آدمی ہوگا اس کو ایک محل صاف شفاف موتی کا ملے گا۔ جس میں ستر ہزار کمرے ہونگے اور ہر کمرے میں ستر ہزار دروازے ہوں گے اور ہر دروازے سے ستر ہزار فرشتے سلام کرنے کیلئے آئیں گے۔

(۱۶) وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ وَذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۝

(سورۂ ابراھیم ۵)

اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنی نشانیاں دے کر بھیجا کہ اپنی قوم کو اندھیروں سے روشنی کی طرف نکال کر لاؤ اور ان کو اللہ تعالیٰ کے معاملات یاد دلاؤ (کہ جن پر انعام ہوا تو کیسا کیسا ہوا اور عذاب ہوا تو کیسا سخت ہوا) بے شک ان معاملات میں عبرتیں ہیں ہر صبر کرنیوالے کے لئے اور ہر شکر کرنیوالے کے لئے (کہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں پر شکر کرے اور مصیبتوں پر صبر کرے کہ صبر و شکر دونوں اس کے یہاں مطلوب اور مرغوب ہیں۔

(۱۷) وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِى اللّٰهِ مِنْ ۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً ؕ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝ لا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا

وَعَلٰی رَبِّهِمْ یَتَوَكَّلُوْنَ ٥(سورۂ نحل ۴۱،۴۲)

(ترجمہ) اور جن لوگوں نے اللہ کے واسطے اپنا وطن چھوڑ دیا (یعنی ہجرت کر کے دوسری جگہ چلے گئے بعد اس کے کہ ان پر (کفار کی طرف سے) ظلم کیا گیا تھا ہم ان کو دُنیا میں ضرور اچھا ٹھکانا دیں گے اور آخرت کا ثواب (اس دُنیا کے ٹھکانے سے بھی) بہت بڑھا ہوا ہے۔ کاش ان لوگوں کو (اُس کی خوبیوں کی اور بڑائی کی خبر ہوتی) یہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے (اپنی مصیبتوں پر) صبر کیا اور یہ لوگ اپنے اللہ پر توکل کرتے ہیں (گھر چھوڑتے وقت یہ نہیں سوچتے کہ دارالاسلام میں جا کر کھانے پینے کی کیا صورت ہوگی)

(۱۸) وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ط وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ ٥ وَاصْبِرْ وَمَاصَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ٥ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ٥(نحل ـ ۱۲۶ـ۱۲۸)

اور اگر تم (اپنے اوپر ظلم کرنے والوں سے بدلہ لو تو اتنا ہی بدلہ لو جتنا تمہارے ساتھ برتاؤ کیا گیا) اور اس وجہ سے کہ دوسرے نے ظلم کی ابتدا کی ہے تم بدلے میں اس سے کہیں زیادہ بدلہ لے لو اس کا حق ہرگز نہیں ہے یہ تو جب ہے جب تم بدلہ لینا ہی چاہو) اور اگر تم صبر کر جاؤ تو یہ بات تو صابر لوگوں کیلئے بہت اچھی ہے (اس کے بعد خاص طور سے حضور اقدس ﷺ کو خطاب ہے کہ آپ کی شان بدلہ لینے سے بلند ہے (اس لئے) آپ تو صبر کریں اور نہیں ہے آپ کا صبر کرنا مگر اللہ تعالیٰ ہی کی توفیق سے اور ان لوگوں (کی مخالفت پر) رنج نہ کیجئے اور جو کچھ بھی (مخالفین آپ کی مخالفت میں) تدبیر کرتے ہیں اس سے تنگدل نہ ہو جایئے (کہ یہ آپ کا کچھ بھی نہیں کر سکتے اس لئے کہ آپ صاحب تقویٰ اور صاحب احسان ہیں) اور اللہ تعالیٰ ان کے ساتھ ہوتا ہے جو متقی ہوں اور احسان کرنے والے ہوں۔

(۱۹) اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ٥(کہف ۷)

ہم نے زمین کو اوپر کی سب چیزوں کو زمین کیلئے زینت بنایا ہے تا کہ ہم اسکے ذریعہ سے لوگوں کا امتحان لیں کہ کون شخص زیادہ اچھے عمل کرتا ہے۔ حضرت ابن عمر ؓ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے یہ آیت شریفہ تلاوت فرمائی میں نے اس کا مطلب دریافت کیا تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ تا کہ حق تعالیٰ شانہٗ اس کا امتحان لے کہ کون زیادہ عقلمند ہے (جو عقل کی بات کو اختیار کرے) اور کون حق تعالیٰ شانہٗ کی ناجائز کردہ چیزوں سے زیادہ احتیاط کرتا ہے اور کون اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں جلدی کرتا ہے

حضرت حسنؓ کہتے ہیں کہ امتحان اس کا ہے کہ دنیا کو چھوڑنے میں زیادہ سخت کون ہے؟ اور سفیان ثوریؒ فرماتے ہیں کہ امتحان اس کا ہے کہ دنیا میں زیادہ زاہد کون ہے۔ (درمنثور) یعنی دنیا کی نعمتوں اور لذتوں سے صبر کرنے والا کون سب سے زیادہ ہے۔

(۲۰) فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ۚ وَمِنْ اٰنَآئِ الَّيْلِ فَسَبِّحْ وَاَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضٰى ۝ (طٰہٰ ۱۳۰)

(ترجمہ) پس آپ ان کی باتوں پر صبر کیجئے اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح کیا کیجئے (جس میں اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا اور نماز سب داخل ہے) آفتاب نکلنے سے پہلے (جس میں صبح کی نماز بھی آگئی) اور آفتاب غروب ہونے سے پہلے (جس میں ظہر، عصر بھی آگئیں) اور رات کے حصہ میں تسبیح کیا کیجئے (جسمیں مغرب عشا بھی آگئیں) اور دن کے اول حصہ میں اور آخر حصہ میں (تسبیح کے لئے مکرر کہا جاتا ہے جسمیں صبح اور عصر کی نماز کی زیادہ تاکید آگئی۔ چنانچہ بہت سی احادیث میں ان کی خاص تاکید آئی ہے اور صبح وشام کی تسبیحیں بھی آگئیں) تاکہ (آپ کو ان سب چیزوں پر جو آخرت کا بہت زیادہ ثواب ملے اس سے) آپ خوش ہو جائیں۔

(۲۱) وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ۙ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَآ اَصَابَهُمْ وَالْمُقِيْمِي الصَّلٰوةِ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ (سورة الحج ۳۵)

(ترجمہ) اور آپ (اللہ کے حکم کے سامنے) گردن جھکا دینے والوں کو خوشخبری (اللہ کی رضا اور جنت کی) سنا دیجئے جو ایسے لوگ ہیں کہ جب ان کے سامنے اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جائے تو ان کے دل (اس کی عظمت اور خوف سے) ڈر جاتے ہیں اور جو ان پر مصیبت پڑتی ہے اس پر صبر کرتے ہیں اور جو نماز کی پابندی کرتے ہیں اور اس چیز سے جو ہم نے ان کو دی ہے خرچ کرتے ہیں یہ آیت پہلی فصل کے نمبر ۱۶ پر مفصل گذر چکی۔

(۲۲) الٓمّٓ ۝ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ۝ وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ۝ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّسْبِقُوْنَا ۚ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۝ (عنکبوت ۱۔۴)

(ترجمہ) کیا لوگوں نے یہ گمان کر رکھا ہے کہ وہ محض اتنا کہنے پر چھوٹ جائیں گے کہ ہم تو مسلمان ہیں اور ان کو (مختلف انواع کی مصائب سے) آزمایا نہ جائے گا (ایسا نہیں ہوسکتا یہ دنیا امتحان کا گھر ہے) اور ہم تو ان لوگوں کا امتحان لے چکے ہیں جو ان سے پہلے گذرے (ان

میں بھی بعض اپنے دعووں میں سچے نکلے اور بعض جھوٹے اسی طرح اب بھی) اللہ تعالیٰ (امتحانی قاعدہ سے) جان کر رہے گا ان لوگوں کو جنہوں نے (اپنے ایمان اور محبت کے دعووں میں) سچ کہا اور ان لوگوں کو جنہوں نے جھوٹ بولا (چنانچہ ایسے ہی امتحانات میں جو سچے مسلمان ہیں وہ ان حوادث سے اور زیادہ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع ہو جاتے ہیں اور جو نالائق ہیں وہ اور زیادہ گمراہی میں مبتلا ہو جاتے ہیں حتیٰ کہ بعض مرتد ہو کر اسلام ہی چھوڑ بیٹھتے ہیں یا مصائب کے ڈر سے برائیوں کی حمایت شروع کر دیتے ہیں) ہاں تو یہ لوگ جو برائیاں کر رہے ہیں کیا یہ سمجھ رہے ہیں کہ ہم سے کہیں نکل جائینگے ان کی یہ تجویز نہایت بیہودہ ہے۔

(۲۳) نِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِیْنَ ۝ الَّذِیْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰی رَبِّهِمْ یَتَوَكَّلُوْنَ ۝ وَ كَاَیِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا اللّٰهُ یَرْزُقُهَا وَاِیَّاكُمْ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ (عنکبوت ۵۸۔۶۰)

نیک عمل کرنے والوں کا کیا ہی اچھا اجر ہے وہ لوگ جنہوں نے (مصیبتوں پر) صبر کیا اور وہ ہر تنگی میں روزی کی طرف سے ہو یا اور کسی بات سے) اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں (اور اگر تمہیں یہ خیال ہو کہ آخر معاش کا ذریعہ کیا ہوگا تو آخر یہ تو سوچو کہ) بہت سے جانور ایسے ہیں جو اپنی روزی اٹھا کر نہیں رکھتے اللہ تعالیٰ ہی ان کو روزی دیتا ہے اور وہی تم کو بھی روزی دیتا ہے وہ (ہر مانگنے والے کی بات کو) سننے والا ہے اور (ہر شخص کے حال کو) جاننے والا ہے (اسی سے مانگو وہ تمہاری حالت سے بخوبی واقف ہے جتنا مناسب سمجھے گا عطا کرے گا۔

(۲۴) اِنَّمَا یُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَیْرِ حِسَابٍ ۝ (زمر ۱۰)

(ترجمہ) اس کے سوا دوسری بات نہیں کہ صبر کرنے والوں کو ان کا بدلہ بے حساب (بیشمار) ملتا ہے

(۲۵) وَلَا تَسْتَوِی الْحَسَنَةُ وَلَا السَّیِّئَةُ ط اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِیْ بَیْنَكَ وَبَیْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِیْمٌ ۝ وَمَا یُلَقّٰهَا اِلَّا الَّذِیْنَ صَبَرُوْا ج وَمَا یُلَقّٰهَا اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِیْمٍ ۝ وَاِمَّا یَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّیْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ط اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ (سجدہ ۳۴۔۳۶)

(ترجمہ) اور بھلائی اور برائی کبھی برابر نہیں ہوتیں (بلکہ ہر ایک کے نتائج اور اثرات جدا جدا ہیں جب یہ بات ہے تو) آپ (اور اسی طرح آپ کا اتباع کرنے والے بھی) برائی کو نیکی کے ساتھ ہٹایا کیجئے پھر ا یکدم وہ شخص جس میں اور آپ میں عداوت ہے ایسا ہو جائے گا جیسا کہ ولی دوست ہوتا ہے (یعنی برائی کا بدلہ برائی سے کرنا عداوت کو کم نہیں کرتا بلکہ بڑھایا کرتا ہے اور برائی کا بدلہ احسان سے کرنا اگر دوسرا بالکل ہی کمینہ نہ ہو تو اس کو ترک عداوت پر مجبور کر دیتا ہے

حتیٰ کہ وہ احسان مند ہو کر دوست بن جاتا ہے لیکن چونکہ برائی اور ایذا رسانی کا بدلہ احسان سے کرنا بہت دشوار ہے اس لئے ارشاد ہے کہ) اور یہ عادت انہی کو دی جاتی ہے جو صابر ہوں کہ مصائب کا تحمل ان کی عادت ہو گئی ہو) اور یہ عادت اسی کو دی جاتی ہے جو بڑا صاحب نصیب ہو اور اگر ایسے وقت آپ کو شیطان کی طرف سے کچھ وسوسہ آنے لگے (مثلاً یہی کہ اسکے ساتھ بھلائی کرنے سے اپنی توہین ہو گی یا اس کا حوصلہ بڑھ جائے گا وغیرہ وغیرہ) تو اللہ کی پناہ مانگ لیا کیجئے۔

(۲۶) لَا يَسْئَمُ الْإِنْسَانُ مِنْ دُعَاءِ الْخَيْرِ وَإِنْ مَسَّهُ الشَّرُّ فَيَئُوسٌ قَنُوطٌ ○ وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ رَحْمَةً مِّنَّا مِنْ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ هٰذَا لِي (حم سجدہ ۴۹۔۵۰)

(ترجمہ) آدمی کا دل ترقی کی خواہش سے کبھی نہیں بھرتا اور اگر اس کو کچھ تکلیف پہنچ جائے تو بالکل مایوس نا امید بن جاتا ہے (حالانکہ اللہ کی ذات سے نا امید کبھی بھی نہ ہونا چاہیے) اور اگر اس تکلیف کے بعد جو اس کو پہنچی ہم اپنی رحمت کا مزہ چکھائیں تو کہتا ہے کہ یہ تو (آئینی طور پر) میرا حق ہے ہی (حالانکہ نہ اللہ تعالیٰ کی ذات سے نا امید ہونا چاہیے نہ اپنا کوئی استحقاق ہے۔

(۲۷) جَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۚ فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ط اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ○ وَلَمَنِ انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰٓئِكَ مَا عَلَيْهِمْ مِّنْ سَبِيْلٍ ○ اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ وَيَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ط اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○ وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ○ (شوریٰ ۴۰۔۴۳)

(ترجمہ) اور برائی کا بدلہ اسی قسم کی برائی ہے (یعنی جس قسم کی برائی کسی نے کی اسی قسم کی برائی سے بدلہ لیا جا سکتا ہے۔ بشرطیکہ وہ فعل جائز ہو مثلاً سخت کلامی کا بدلہ سخت کلامی، مار کا بدلہ مار ہے۔ یہ نہیں کہ سخت کلامی کا بدلہ مارنے سے لیا جائے۔ پھر جو شخص (بدلہ ہی نہ لے بلکہ) معاف کر دے اور اصلاح کرے (یعنی اس کے ساتھ اچھائی کا برتاؤ کرے) تو اس کا اجر اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہے واقعی اللہ تعالیٰ ظالموں کو محبوب نہیں رکھتے اور جو اپنے اوپر ظلم ہونے کے بعد برابر کا بدلہ لے لے پس ایسے لوگوں پر کوئی الزام نہیں۔ الزام صرف انہیں لوگوں پر ہے جو لوگوں پر ظلم کرتے ہیں اور دنیا میں سرکشی کرتے ہیں ایسے لوگوں کیلئے دردناک عذاب ہے اور جو (دوسروں کے ظلم پر) صبر کرے اور (اس کو) معاف کر دے یہ البتہ بڑی ہمت کے کاموں میں سے ہے (یعنی مظالم پر صبر کرنا اور معاف کرنا بڑی اولوالعزمی کی بات ہے)۔

(۲۸) تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ لا ۨالَّذِيْ

خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًاط (الملک ۱-۲)

(ترجمہ) وہ (پاک ذات) بڑی عالی شان ہے جس کے قبضہ میں تمام ملک ہے (ساری دنیا کی سلطنتیں اسی کے قبضہ میں ہیں) اور وہ ہر چیز پر قادر ہے وہ (پاک) ذات ہے جس نے موت اور زندگی کو اس لئے پیدا کیا تا کہ تمہارا امتحان کرے کہ کون شخص عمل میں زیادہ اچھا ہے۔

حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اللہ جل شانہٗ نے اس گھر کو زندگی اور موت کا گھر بنایا ہے اور آخرت کے گھر کو بدلے اور بقا کا گھر بنایا ہے۔ ❶ اس گھر کی ساری تکالیف کا منتہیٰ موت ہے اور وہ بہر حال آنیوالی چیز ہے اور اس گھر کی تکلیف کی کوئی انتہا ہی نہیں کہ وہاں موت بھی نہیں ہے۔

(۲۹) هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْئًا مَّذْكُوْرًا ۝ اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ۖ نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا م بَصِيْرًا ۝ اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا ۝ (دھر ۱-۳)

(ترجمہ) بے شک انسان پر زمانہ میں ایک ایسا وقت آچکا ہے کہ وہ کچھ بھی قابل ذکر نہ تھا (کہ اس سے پہلے منی تھا اور اس سے پہلے وہ بھی نہ تھا) ہم نے اس کو نطفہ مخلوط سے (یعنی ماں باپ کی منی کے ملنے سے) پیدا کیا کہ ہم اس کو جانچیں پھر ہم نے اس کو سنتا دیکھتا بنایا (یعنی آنکھ کان دیئے کہ حق بات خود دیکھے یا دوسروں سے سنے پھر) ہم نے اس کو (بھلائی کا) راستہ بتادیا (پھر وہ آدمی دو طرح کے ہوگئے) یا تو شکر گذار (اور مومن بن گیا) یا ناشکری کرنے والا (کافر) بن گیا۔

فائدہ: جب یہ دار الامتحان ہے ایسی حالت میں کسی حالت پر بھی ناشکری کرتے ہوئے یہ سوچنا ضروری ہے کہ اللہ کے کتنے انعامات ایسے ہیں جن پر شکر اس تکلیف اور مصیبت سے زیادہ ضروری ہے۔

(۳۰) فَاَمَّا الْاِنْسَانُ اِذَا مَا ابْتَلٰهُ رَبُّهٗ فَاَكْرَمَهٗ وَنَعَّمَهٗ ۝ لا فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ اَكْرَمَنِ ۝ط وَاَمَّآ اِذَا مَا ابْتَلٰهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهٗ ۝لا فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ اَهَانَنِ ۝ج كَلَّا بَلْ لَّا تُكْرِمُوْنَ الْيَتِيْمَ ۝لا وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ۝لا وَتَاْكُلُوْنَ التُّرَاثَ اَكْلًا لَّمًّا ۝لا وَّتُحِبُّوْنَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ۝ط كَلَّآ اِذَا دُكَّتِ الْاَرْضُ دَكًّا دَكًّا ۝لا وَّجَآءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا ۝ج وَجِايْٓءَ يَوْمَئِذٍ م بِجَهَنَّمَ ۝لا يَوْمَئِذٍ يَّتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ وَاَنّٰى لَهُ الذِّكْرٰى ۝ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ قَدَّمْتُ لِحَيَاتِيْ ۝ج (والفجر ۱۵-۲۴)

❶ در منثور۔

پس آدمی کا جب حق تعالیٰ شانہٗ امتحان لیتا ہے پس (امتحان کے طور پر بھی) اس پر انعام واکرام فرماتا ہے (مال کا جاہ کا اور اس قسم کی چیزوں کا تا کہ ان چیزوں میں اللہ تعالیٰ کی شکر گذاری کا امتحان ہو اور یہ جانچا جائے کہ اللہ کی ان نعمتوں میں کیا کارگذاری کی یہ مال اور جاہ اس کے راستہ میں خرچ ہوئے یا ناراضی میں) تو وہ کہتا ہے کہ میرے رب نے میرا اکرام کیا (یعنی اپنے مکرم اور معزز ہونے کا گھمنڈ شروع ہو جاتا ہے حالانکہ یہ گھمنڈ کی چیز نہیں ہے اور اگرچہ اللہ کا شکر اس کی نعمتوں پر بہت ضروری ہے مگر اس کیساتھ ہی ان نعمتوں کے امتحانی پہلو کا خوف بھی ضروری ہے اور جب حق تعالیٰ شانہٗ کو آدمی کا دوسری طرح امتحان کرنا مقصود ہوتا ہے) اور اس کو جانچتا ہے اس طرح پر کہ اس کی روزی اس پر تنگ کر دیتا ہے (جس سے اس کے صبر اور رضا کا امتحان مقصود ہوتا ہے) تو کہتا ہے کہ میرے رب نے مجھے ذلیل کر دیا (یعنی میرے استحقاق اکرام کے باوجود مجھے نظروں سے گرا رکھا ہے حالانکہ نہ مال و دولت اکرام کی دلیل ہے نہ فقر و فاقہ اہانت کی دلیل ہے) ہرگز نہیں (یہ بات بالکل نہیں کرتے اور دوسروں کو بھی مسکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب نہیں دیتے اور میراث کا مال سارا کھا جاتے ہو (اور دوسروں کا حق بھی ہضم کر جاتے ہو بالخصوص یتیموں اور ضعیفوں کا جو تم سے لڑ بھی نہیں سکتے ہوں) اور تم مال سے بہت ہی محبت رکھتے ہو (جو جڑ ہے تم لوگ ان چیزوں کو ہلکا سمجھتے ہو) ہرگز نہیں (یہ معمولی چیزیں نہیں ہیں بلکہ) جس وقت زمین کو توڑ کر ریزہ ریزہ کر دیا جائے گا اور آپ کا رب اور فرشتے جوق جوق میدان حشر میں آئیں گے اور اس دن جہنم کو (سامنے) لایا جائے گا اس دن آدمی کو سمجھ آئے گی اور اس وقت سمجھ آنے کا وقت کہاں (رہے گا اس دن کا سمجھ میں آنا کارآمد نہیں) اس دن آدمی کہے گا کہ کاش میں آج کی زندگی کے واسطے کچھ ذخیرہ آگے بھیج دیتا۔

(۳۱) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَالْعَصْرِ ۝ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝ (سورۃ العصر)

(ترجمہ) قسم ہے زمانے کی (کہ جس کے تغیرات موجب عبرت ہیں کہیں رنج، کہیں خوشی، کہیں ثروت، کہیں غربت، کہیں صحت، کہیں بیماری،) کہ انسان (اپنی عزیز عمر کو ضائع کر کے) بڑے خسارے میں ہے مگر وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے اور ایک دوسرے کو حق (بات کہنے کی اور حق پر قائم رہنے) کی وصیت (اور تاکید) کرتے رہے اور ایک دوسرے کو صبر کی وصیت کرتے رہے (جس میں طاعات پر اہتمام بھی داخل ہے اور شہوتوں اور ناجائز امور سے نفس کو روکنا بھی داخل ہے اور مصائب اور زمانے کے حوادث پر صبر کرنا بھی داخل ہے)

یہ اکتیس آیات اشارہ کے طور پر ذکر کی گئی ہیں۔ ہر آیت شریفہ پر اگر فائدہ اور تنبیہ لکھی جائے تو بہت طویل ہو جائے۔ مشترک طریقہ سے یہ مضمون سب ہی میں مشترک ہے کہ یہ دنیا امتحان کی جگہ

ہے جس کی نہ دولت عزت باعث غرور وافتخار نہ فقر وفاقہ باعث اہانت اور حقارت ہے مال کا وجود بھی موجب شکر ہونے کیساتھ امتحان کا ایک مضمون ہے۔ جیسا کہ فقر وفاقہ بھی موجب صبر ہونے کے علاوہ رضا کا امتحان ہے اور مال کا وجود امتحان کے اعتبار سے زیادہ سخت ہے اس لئے کہ اس امتحان میں آدمی بہت کم پاس ہوتے ہیں فیل زیادہ ہوتے ہیں۔ اسی وجہ سے حضور اقدس ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ مجھے تمہارے اوپر فقر وفاقہ کا اتنا خوف نہیں ہے جتنا اس بات کا خوف ہے کہ دنیا کی فتوحات اور اس کی نعمتیں تم پر پھیل جائیں اور تم اس میں ایسا دل لگا کر بیٹھو جیسا کہ پہلے لوگ اس کے ساتھ دل لگا بیٹھے۔ پس یہ آفت تمہیں بھی ہلاک کر دے جیسا کہ ان کو ہلاک کر چکی ہے۔ اس لئے اس کے فتنہ سے بہت زیادہ بچنا چاہیے اور ناداری اور مصائب کو بھی امتحان کی حیثیت سے برداشت کرنا چاہیے۔

۳)...... اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝ (سورۂ انفال ۲۔۴)

ترجمہ)...... اس کے سوا دوسری بات ہی نہیں کہ ایمان والے تو ایسے لوگ ہوتے ہیں کہ جب (ان کے سامنے) اللہ تعالیٰ کا ذکر آتا ہے (تو اس کی عظمت اور خوف سے) ان کے دل ڈر جاتے ہیں اور جب اللہ تعالیٰ کی آیتیں ان کو پڑھ کر سنائی جائیں تو وہ آیتیں ان کے ایمان کو مضبوط کر دیں اور وہ صرف اپنے رب ہی پر توکل کرتے ہیں اور نماز کو قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ پس ایمان والے حقیقتاً یہی لوگ ہیں ان کے لئے بڑے بڑے درجے اللہ تعالیٰ کے پاس ہیں اور (ان کے لئے ان کے گناہوں سے) معافی ہے اور عزت کی روزی ہے۔

فائدہ: یہ آیت شریفہ پہلی فصل کے نمبر ۱۳ پر بھی گذر چکی ہے یہاں اس لئے دوبارہ لکھی ہے کہ حقیقی مومن کی شان صرف اللہ جل شانہٗ پر توکل کرنا اسی پر اعتماد کرنا اسی پر بھروسہ کرنا اس کے غیر کی طرف التفات نہ کرنا اس آیت شریفہ میں وارد ہے اور اس پر درجات کا بلند ہونا گناہوں کا معاف ہونا اور عزت کی روزی کا وعدہ مذکور ہے۔ ان میں سے ہر چیز ایسی ہے کہ وہ تنہا بھی توکل پر انتہائی کوشش کا موجب ہوتی ہے چہ جائیکہ تین ایسے اونچے وعدے اس پر اللہ جل شانہٗ کی طرف سے ہوں۔ اس کے بعد جتنی بھی اس صفت کے حاصل کرنے کی کوشش کی جائے کم ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ پر توکل کا مطلب یہ ہے کہ اس کے غیر سے کوئی امید

نہ رکھی جائے۔ حضرت سعید بن جبیرؓ فرماتے ہیں کہ اللہ پر توکل ایمان کا مجموعہ ہے۔[۱]

اگر قرآن پاک میں صرف ایک ہی آیت اللہ پر اعتماد اور بھروسہ کے متعلق نازل ہوتی تب بھی بہت کافی تھی لیکن قرآن پاک میں اس کثرت سے اللہ پر اعتماد اور صرف اسی پاک ذات پر اعتماد کرنا اور مصائب اور حاجات میں صرف اسی کو پکارنا اور اسی سے مدد چاہنا اسی پر نظر رکھنا وارد ہوا ہے کہ بہت کم دوسرے مضامین اتنی کثرت سے وارد ہوئے ہوں گے۔ بار بار اسی کا حکم ہے اور نیک اور پسندیدہ لوگوں کے احوال میں اسی کا ذکر ہے اسی کی ترغیب ہے اور ہونا بھی چاہیے کہ حقیقت میں توکل توحید کا ثمرہ ہے۔ جو شخص توحید میں جتنا زیادہ پختہ ہوگا اتنا ہی اس کا توکل بڑھا ہوا ہوگا۔ اور چونکہ توحید ہی اسلام کی بنیاد ہے ایمان کی جڑ ہے بغیر توحید کے کوئی چیز بھی معتبر نہیں۔ سارے مذہب اور ساری شریعت کا مدار توحید ہی پر ہے اس لئے جتنا بھی اس کا اہتمام وارد ہو ظاہر ہے اور پھر اللہ جل شانہٗ نے قرآن پاک میں اتنا اونچا پروانۂ رضا توکل پر ارشاد فرمایا ہے کہ مر مٹنے کے قابل ہے اللہ کا پاک ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ توکل کرنے والوں کو محبوب رکھتا ہے۔ صفت محبوبیت کے برابر کوئی صفت دنیا میں ہو سکتی ہے؟ کوئی شخص مالک الملک شہنشاہ عالم کا محبوب بن جائے اس سے بڑھ کر کون سا عزت وافتخار دنیا یا آخرت میں ہو سکتا ہے پھر اس کی ذمہ داری کا بھی اللہ پاک کا وعدہ ہے کہ جو شخص اللہ پر توکل کرے تو وہ اس کو کافی ہے۔ بھلا پھر ایسے شخص کی کسی ضرورت کے لئے کسی اور کی کیا حاجت باقی رہے گی۔ اسی لئے حضور ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ اگر تم لوگ اللہ تعالیٰ پر ایسا توکل کرلو جیسا کہ اس کا حق ہے تو تم کو ایسی طرح روزی عطا کرے جیسا کہ پرندوں کو عطا کرتا ہے۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کی طرف بالکلیہ منقطع ہو جائے تو حق تعالیٰ شانہٗ اس کی ہر مشقت کی کفایت فرماتا ہے اور ایسی طرح اس کو روزی عطا کرتا ہے جس کا اس کو گمان بھی نہ ہو۔ احادیث کے سلسلہ میں پہلی حدیث کے ذیل میں بھی متعدد روایات اس مضمون کے مناسب آ رہی ہیں۔ اس جگہ بھی حسب معمول چند آیات کی طرف اشارہ کرنا مقصود ہے جن سے اللہ پر توکل اور اسی کی طرف حاجات میں رجوع کا ارشاد وارد ہے۔ اور صرف نمونہ کے طور پر چند آیات ذکر کی جاتی ہیں کہ اختصار کے خیال سے ہر جگہ اجمال اور اشارت ہی پر اکتفا کیا گیا۔ اگر ہم لوگوں کو دین کا کچھ خیال ہو۔ آخرت کا اہتمام ہو دنیا کے بے کار مشغلوں سے ہم کو تھوڑا بہت وقت خالی مل جائے تو یہ آیات اور احادیث بہت اہتمام سے بہت غور وفکر سے سوچنے کی چیزیں ہیں۔

(۱) وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ○ (سورۂ آل عمران۔)

(ترجمہ) مؤمنوں کو صرف اللہ تعالیٰ ہی پر توکل کرنا چاہیے یعنی کسی دوسرے پر بھروسہ ذرا بھی نہ کرنا چاہیے

یہ مضمون ان ہی الفاظ کے ساتھ قرآن پاک میں کئی جگہ وارد ہوا ہے بار بار نازل ہوا ہے۔ (آل عمران۔ ع ۱۷) (مائدہ۔ ع ۲) (توبہ۔ ع ۷) (ابراہیم۔ ع ۲) (مجادلہ ع ۲) (تغابن، ع ۱) ان سب آیات میں یہ ارشاد ہے۔

(۲) قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ج يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ o ج يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ o (سورۂ آل عمران ۷۳۔ ۷۴)

(ترجمہ) اے محمد ﷺ آپ کہہ دیجئے کے بیشک فضل (جس میں روزی بھی داخل ہے) تو خدا کے قبضہ میں ہے وہ اس کو جسے چاہیں عطا کر دیں اور اللہ تعالیٰ بڑی وسعت والے ہیں (ان کے یہاں فضل کی کمی نہیں) خوب جاننے والے ہیں (کہ کس کو کس وقت کتنا دینا چاہیے) خاص کر دیتے ہیں اپنی رحمت (اور فضل) کے ساتھ جس کو چاہیں اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والے۔

(۳) اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ o ط (سورۂ آلِ عمران ۱۵۹)

(ترجمہ) حق تعالیٰ شانہٗ توکل کرنے والوں کو محبوب رکھتے ہیں۔

فائدہ: اور جس کو اللہ تعالے محبوب بنالے اس کے عروج کا کیا کہنا۔

(۴) اَلَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا ق وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ o فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ لا وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ o اِنَّمَا ذٰلِكُمُ الشَّيْطٰنُ يُخَوِّفُ اَوْلِيَآءَهٗ ص فَلَا تَخَافُوْهُمْ وَخَافُوْنِ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ o (سورۂ آلِ عمران ۱۷۳۔۱۷۵)

(ترجمہ) حضور ﷺ کے زمانہ میں ایک خاص واقعہ کی طرف اشارہ ہے جس میں ارشاد ہے کہ یہ ایسے لوگ ہیں کہ جب ان سے لوگوں نے کہا کہ ان لوگوں نے (یعنی دشمنوں نے) تمہارے (مقابلہ کے) لئے بڑا سامان جمع کر رکھا ہے سو تم کو ان سے اندیشہ کرنا چاہیے۔ تو اس خبر نے ان کے ایمان کو اور زیادہ مضبوط کر دیا اور کہنے لگے کہ ہمیں حق تعالیٰ شانہٗ کافی ہے۔ (ہر مصیبت میں وہی کفایت فرمانیوالا ہے) اور وہی بہترین کارساز ہے۔ پس یہ لوگ خدا کی نعمت اور فضل کے ساتھ (اس موقع سے ایسی طرح) واپس ہوئے کہ ان کو کوئی مضرت نہ پہنچی اور وہ رضاء حق کے تابع رہے اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے۔ (مسلمانو! ایسے حوادث میں ایک بات سمجھ لو کہ اس قسم کے واقعات میں) شیطان اپنے دوستوں سے ڈرایا کرتا ہے تم ان سے نہ ڈرو اور صرف

مجھی سے ڈرا کرو اگر تم مومن ہو۔

مطلب یہ ہے کہ جس وقت دشمنوں کے مقابلہ اور حملہ کی خبریں سنو تو اس سے خوف زدہ اور متوحش ہونے کی بات نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ پر اعتماد کامل اور پورا بھروسہ رکھتے ہوئے اپنی امکانی تیاری کرو۔ اور خوف صرف اس بات کا رکھو کہ ہم سے کوئی بات مالک کی مرضی کے خلاف صادر نہ ہو کہ اصل ہلاکت یہی ہے جو دنیا کی بھی ہلاکت ہے اور آخرت کی ہلاکت تو ہے ہی۔ اس کے علاوہ کسی سے خوف کی بات نہیں ہے اس لئے کہ دوسرے آدمی سے زیادہ تو کچھ نہیں کر سکتے کہ وہ مار دیں گے سو موت بہر حال آنے والی چیز ہے اور اپنے وقت سے پہلے آ نہیں سکتی۔

(۵) وَ كَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا وَّ كَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ۝ (سورۂ نساء ۴۵)

(ترجمہ) اللہ تعالیٰ شانہٗ تمہاری مدد (اعانت) کے لئے بھی کافی ہے اور تمہاری حمایت کے لئے بھی کافی ہے۔

(۶) وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ط وَ كَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ط (سورۂ نساء ۸۱)

(ترجمہ) آپ اللہ ہی پر توکل کیجئے وہ کارساز ہونے کیلئے کافی ہے۔

(۷) وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ (سورۂ مائدہ ۲۳)

(ترجمہ) صرف اللہ ہی پر بھروسہ کرو اگر تم مؤمن ہو۔

(۸) قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ ط (سورۂ انعام ۱۴)

(ترجمہ) آپ کہہ دیجئے کیا اللہ کے سوا کسی اور کو مددگار بناؤں اور اللہ جو آسمان اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے وہ سب کو روزی دیتا ہے۔ اس کو کوئی (بوجہ عدم احتیاج) روزی نہیں دیتا۔

(۹) وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ط وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ (سورۂ انعام ۱۷)

(ترجمہ) اگر اللہ تعالیٰ تجھے کوئی مضرت پہنچائیں تو اس کا دور کرنے والا ان کے سوا کوئی نہیں اور اگر وہ کوئی نفع پہنچائیں تو (کوئی روکنے والا نہیں) وہ ہر چیز پر قادر ہیں۔

(۱۰) وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ (سورۂ انفال ۴۹)

(ترجمہ) اور جو شخص اللہ پر توکل کرتا ہے (تو وہ اکثر غالب رہتا ہے اس لئے کہ) اللہ تعالیٰ بلاشبہ زبردست ہے (وہ اپنے اوپر اعتماد رکھنے والے کو غالب کرتا ہے اور اگر کبھی ایسا نہ ہو تو اس

میں کوئی حکمت ہوتی ہے کیونکہ) وہ حکیم ہے۔

(۱۱) وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ط اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ (سورۂ انفال ۶۱)

(ترجمہ) آپ اللہ پر توکل کیجئے بیشک وہ سننے والا ہے جاننے والا ہے (لوگوں کی پکار کو بھی سنتا ہے اور ان کے احوال سے بھی بخوبی واقف ہے)۔

(۱۲) وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْبِهٖٓ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَآئِمًا ج فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَآ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ط (سورۂ یونس ۱۲)

(ترجمہ) جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو ہم کو پکارنے لگتا ہے۔ لیٹے بھی بیٹھے بھی کھڑے بھی پھر جب ہم (اس کی آہ وزاری سے) وہ تکلیف ہٹا دیتے ہیں تو پھر وہ (ہم سے ایسا بے تعلق) گویا ہم کو کسی تکلیف کے لئے پکارا ہی نہ تھا (یہ بڑی حماقت ہے)۔

(۱۳) قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ط وَمَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ط فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ج فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ (سورۂ یونس ۳۱)

(ترجمہ) آپ ان سے پوچھیں وہ کون ہے جو تم کو آسمان اور زمین سے رزق دیتا ہے یا وہ کون ہے جو تمہارے کانوں اور آنکھوں کا مالک ہے اور وہ کون ہے جو زندہ کو مردہ سے اور مردہ کو زندہ سے پیدا کرتا ہے اور وہ کون ہے جو سارے کاموں کی تدبیر کرتا ہے۔ پس وہ لامحالہ یہی کہیں گے کہ یہ سب کام اللہ تعالیٰ ہی کرتا ہے۔ پھر آپ ان سے کہیے کہ پھر تم اس سے کیوں نہیں ڈرتے (دوسروں سے کیوں ڈرتے ہو)۔

(۱۴) وَقَالَ مُوْسٰى يٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّسْلِمِيْنَ ۝ فَقَالُوْا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ج (سورۂ یونس ۸۴۔۸۵)

(ترجمہ) اور موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے فرمایا کہ اے میری قوم اگر تم (سچے دل سے) اللہ پر ایمان رکھتے ہو تو اس پر توکل کرو اگر تم مسلمان ہو۔ پس ان لوگوں نے جواب میں کہا کہ ہم نے اللہ تعالیٰ ہی پر توکل کیا۔

(۱۵) وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ج وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ط يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ط وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝

(سورۂ یونس ع ۱۰۷)

(ترجمہ) اگر تم کو اللہ تعالیٰ کوئی تکلیف پہنچائے تو بجز اس کے کوئی اس کا دور کرنے والا نہیں اور اگر وہ کوئی راحت پہنچانا چاہے تو اس کے فضل کا کوئی ہٹانے والا نہیں وہ اپنا فضل جس کو چاہے پہنچادے وہ بڑی مغفرت والا بڑی رحمت والا ہے۔

(١٦) وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا (سورۂ ہود ۲)

(ترجمہ) اور کوئی جاندار زمین پر چلنے والا ایسا نہیں ہے جس کی روزی اللہ تعالیٰ کے ذمہ نہ ہو (پس اسی سے روزی طلب کرنی چاہیے)۔

(١٧) قُلْ هُوَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ مَتَابِ ○ (سورۂ رعد ۳۰)

(ترجمہ) آپ کہہ دیجئے کہ وہی میرا رب ہے (میرا مربی ہے) اس کے سوا کوئی عبادت کے قابل نہیں میں نے اسی پر بھروسہ کرلیا ہے اور اسی کی طرف مجھے لوٹ کر جانا ہے۔

(١٨) اَلَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ○ (سورۂ نحل ۴۲)

(ترجمہ) یہی لوگ (جن کی اوپر مدح ہورہی ہے) ایسے ہیں جو (مصائب میں) صبر کرتے ہیں اور اپنے رب پر توکل کرتے ہیں (یہ نہیں سوچتے کہ ہجرت کے بعد کھانے کا کیا انتظام ہوگا)۔

(١٩) اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ○ (نحل ۹۹)

(ترجمہ) اس کا (یعنی شیطان) کا قابو ایسے لوگوں پر نہیں چلتا جو ایمان رکھتے ہیں اور اپنے رب پر (دل سے) بھروسہ رکھتے ہیں۔

(٢٠) وَاٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِيْ وَكِيْلًا ○ (سورۂ بنی اسرائیل ۲)

(ترجمہ) اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب (تورات) دی اور اس کو بنی اسرائیل کے لئے ہدایت (کا ذریعہ) بنایا اور اس میں اور احکام کے ساتھ یہ بھی حکم دیا کہ تم میرے سوا کسی کو کارساز نہ بناؤ۔

(٢١) وَاِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ ضَلَّ مَنْ تَدْعُوْنَ اِلَّآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىكُمْ اِلَى الْبَرِّ اَعْرَضْتُمْ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ كَفُوْرًا ○ (سورۂ بنی اسرائیل ۶۷)

(ترجمہ) اور جب تم کو دریا میں (طوفان وغیرہ کی) مضرت پہنچتی ہے اس وقت اللہ تعالیٰ کے سوا اور جتنوں کو پکارا کرتے تھے (ان کی عبادت کرتے تھے ان سے مدد چاہتے تھے) سب کھوئے جاتے ہیں (دل میں بھی ان کا خیال نہیں آتا اس وقت صرف اللہ تعالیٰ ہی کو پکارا جاتا ہے) اور جب اللہ تعالیٰ تم کو خشکی پر پہنچا دیتا ہے تو اس سے روگردانی کرنے لگتے ہو۔ واقعی انسان بڑا

ناشکرا ہے۔

(۲۲)مَالَهُم مِّن دُونِهٖ مِن وَّلِيٍّ ج وَّلَا يُشرِكُ فِي حُكمِهٖ اَحَدًاo (کہف ۲۶)

(ترجمہ) نہ تو ان کے لئے اللہ کے سوا کوئی مدد کرنے والا ہے اور نہ وہ اپنے حکم میں کسی کو شریک کرتا ہے (کہ پارلیمنٹ سے رائے لے)۔

(۲۳)يَدعُوا مِن دُونِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا لَا يَنفَعُهٗ ط ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ البَعِيدُo (حج ۱۲)

(ترجمہ) اللہ تعالیٰ کے علاوہ ایسی چیز کو پکارتا ہے (اس کی عبادت کرتا ہے) جو نہ نقصان دے سکتی ہے نہ نفع۔ یہ انتہائی گمراہی ہے۔

(۲٤)وَتَوَكَّل عَلَى الحَيِّ الَّذِي لَا يَمُوتُo (فرقان ۵۸)

(ترجمہ) اس (پاک ذات) پر جو زندہ ہے اور کبھی اس پر موت طاری نہ ہوگی توکل کیجئے۔

(۲۵) وَالَّذِي هُوَ يُطعِمُنِي وَيَسقِينِo لا وَاِذَا مَرِضتُ فَهُوَ يَشفِينِo لا (شعراء ۷۹۔ ۸۰)

(ترجمہ) وہی مجھے کھلاتا پلاتا ہے اور جب میں بیمار ہوتا ہوں وہی شفا دیتا ہے۔

(۲٦)وَتَوَكَّل عَلَى العَزِيزِ الرَّحِيمِo (شعراء ۲۱۷)

(ترجمہ) اور آپ اس (پاک ذات) پر توکل کیجئے جو قادر ہے، رحیم ہے۔

(۲۷) فَابتَغُوا عِندَ اللّٰهِ الرِّزقَ وَاعبُدُوهُ وَاشكُرُوا لَهٗ ط اِلَيهِ تُرجَعُونَo (عنکبوت ۱۷)

(ترجمہ) پس تم لوگ رزق خدا سے مانگو (کہ وہی رزق کا مالک ہے) اس کی عبادت کرو اس کا شکر ادا کرو اسی کی طرف (قیامت میں) لوٹ کر جانا ہے۔

(۲۸)وَكَاَيِّن مِّن دَآبَّةٍ لَّا تَحمِلُ رِزقَهَا ز اَللّٰهُ يَرزُقُهَا وَاِيَّاكُم ز وَهُوَ السَّمِيعُ العَلِيمُ o (سورۂ عنکبوت ٦٠)

(ترجمہ) کتنے جانور ایسے ہیں جو اپنی روزی اٹھا کر نہیں رکھتے اللہ تعالیٰ ہی ان کو روزی پہنچاتا ہے اور تم کو بھی (اور وہی بھروسہ کے قابل ہے کیونکہ) وہ سننے والا جاننے والا ہے۔

(۲۹)وَتَوَكَّل عَلَى اللّٰهِ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيلًا ط (احزاب ۳۔ ٤۸)

(ترجمہ) اور آپ اللہ پر توکل کیجئے وہی کارسازی کے لئے کافی ہے۔

(۳۰) قُلْ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَعْصِمُکُمْ مِّنَ اللّٰہِ اِنْ اَرَادَ بِکُمْ سُوْٓءًا اَوْ اَرَادَ بِکُمْ رَحْمَۃً ط وَلَا یَجِدُوْنَ لَھُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰہِ وَلِیًّا وَّلَا نَصِیْرًا O (احزاب ۱۷)

(ترجمہ) آپ ان سے یہ فرما دیجئے کہ وہ کون ہے جو اللہ تعالیٰ سے تم کو بچا سکے۔ اگر اللہ تعالیٰ تم کو کوئی برائی (کسی قسم کی مضرت نقصان) پہنچانا چاہے (تو کون روک سکتا ہے) یا وہ کون ہے جو خدا کی رحمت کو تم سے روک سکے۔ اگر وہ تم پر کسی قسم کا فضل کرنا چاہیے (تو ساری دنیا مل کر نہیں روک سکتی اس کو خوب سمجھ لیں کہ) وہ خدا کے سوا نہ تو کوئی اپنا حمایتی پائیں گے نہ مددگار۔

(۳۱) اَلَیْسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبْدَہٗ (زمر ۳۶)

(ترجمہ) کیا اللہ تعالیٰ اپنے بندے کے لئے کافی نہیں؟

(۳۲) قُلْ اَفَرَءَیْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ اِنْ اَرَادَنِیَ اللّٰہُ بِضُرٍّ ھَلْ ھُنَّ کٰشِفٰتُ ضُرِّہٖٓ اَوْ اَرَادَنِیْ بِرَحْمَۃٍ ھَلْ ھُنَّ مُمْسِکٰتُ رَحْمَتِہٖ ط قُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ ط عَلَیْہِ یَتَوَکَّلُ الْمُتَوَکِّلُوْنَ O (زمر ۳۸)

(ترجمہ) آپ ان سے فرمائیں کہ اچھا تو یہ بتاؤ کہ خدا کے سوا تم جن لوگوں کو پکارتے ہو (ان کی بندگی کرتے ہو) اگر اللہ تعالیٰ مجھے کوئی تکلیف پہنچانا چاہے تو کیا یہ اس کی دی ہوئی تکلیف کو دور کر سکتے ہیں۔ یا اگر اللہ تعالیٰ مجھ پر کوئی رحمت (عنایت) کرنا چاہے تو کیا یہ اس کو روک سکتے ہیں۔

(۳۳) ذٰلِکُمُ اللّٰہُ رَبِّیْ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْہِ اُنِیْبُ O (شوریٰ ع ۲)

(ترجمہ) اللہ میرا رب ہے اسی پر توکل رکھتا ہوں اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

(۳۴) اَللّٰہُ لَطِیْفٌۢ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ ج وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ O (شوریٰ ۱۹)

(ترجمہ) اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر مہربان ہے جس شخص کو (جتنی زیادہ) چاہتا ہے روزی دیتا ہے وہ قوت والا اور زبردست ہے۔

(۳۵) وَمَا لَکُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰہِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ O (شوریٰ ۳۱)

(ترجمہ) اور تمہارے لئے اللہ کے سوا نہ کوئی کارساز ہے نہ مددگار ہے۔

(۳۶) وَمَا عِنْدَ اللّٰہِ خَیْرٌ وَّاَبْقٰی لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰی رَبِّھِمْ یَتَوَکَّلُوْنَ O ج (شوریٰ ۳۶)

(ترجمہ) اور جو چیز اللہ تعالیٰ کے پاس ہے وہ بدرجہا بہتر اور باقی رہنے والی ہے وہ ان لوگوں کے لئے ہے جو ایمان لے آئے اور اپنے رب پر توکل کرتے ہیں۔

(۳۷) وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ۝ (ذریٰت ۲۲)

(ترجمہ) اور تمہارا رزق اور جن چیزوں کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے وہ سب آسمان میں ہے (یعنی وہاں لوح محفوظ میں لکھا ہوا ہے یا وہاں سے بارش وغیرہ کے ذریعہ سے نازل ہوتا ہے)۔

(۳۸) رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ۝ (سورۂ ممتحنہ ٤)

(ترجمہ) حضرت ابراہیم (علی نبینا وعلیہ السلام) کی دعا ہے اے ہمارے رب تیرے ہی اوپر ہم نے توکل کیا اور تیری ہی طرف (ہر ضرورت میں) ہم نے رجوع کیا اور تیری ہی طرف (قیامت میں) لوٹ کر جانا ہے۔

(۳۹) هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ۝ (منافقون ۷)

(ترجمہ) یہ منافق یوں کہتے ہیں کہ جو لوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس جمع ہیں ان پر خرچ نہ کرو یہاں تک (کہ جب یہ بھوکے مرنے لگیں گے تو) آپ ہی حضورؐ کے پاس سے منتشر ہو جائیں گے (حالانکہ یہ احمق یہ نہیں جانتے کہ) صرف اللہ ہی کے لئے ہیں سب خزانے آسمانوں کے اور زمین کے لئے منافق لوگ سمجھتے نہیں ہیں (احمق ہیں یوں سمجھتے ہیں کہ روزی ان لوگوں کے عطایا پر موقوف ہے)۔

(٤٠) وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا۝ۙ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ط وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ط اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ط قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا۝ (طلاق ۲-۳)

(ترجمہ) اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے نجات (اور سہولت کا) راستہ نکال دیتا ہے اور اس کو ایسی جگہ سے روزی پہنچاتا ہے جہاں سے اس کو گمان بھی نہیں ہوتا اور جو شخص اللہ پر توکل کرتا ہے تو اللہ تعالےٰ اس کے لئے کافی ہے۔ بے شک اللہ تعالیٰ (جس کام کا ارادہ کرتا ہے) اپنے کام کو پورا کر کے رہتا ہے (البتہ یہ ضرور ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے ہر شے کا ایک انداز (اور وقت) مقرر کر رکھا ہے۔ احادیث کے سلسلہ میں پہلی حدیث کے ذیل میں اس آیت شریفہ کے متعلق ایک قصہ بھی آرہا ہے۔

(٤١) رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا۝ (مزمل ۹)

(ترجمہ) وہ مشرق اور مغرب کا مالک ہے اس کے سوا کوئی عبادت کے قابل نہیں ہے اسی کو اپنا کام سپرد کرنے کے لئے قرار دیئے رہو۔

(یعنی جبکہ مشرق و مغرب کا مالک وہی ہے تو اس پر اعتماد اور بھروسہ ہونا چاہیے)

یہ اکتالیس آیتیں نمونہ کے طور پر ذکر کی گئیں ورنہ قرآن پاک کا تو ہر مضمون توحید ہی کی تعلیم ہے اور توحید ہی کا ثمرہ توکل ہے۔ جس کو جتنا زیادہ توحید میں رسوخ اور کمال ہوگا اتنا ہی توکل اللہ پر اعتماد اس کے ماسوا سے بے نیازی ہوگی۔ چنانچہ مشہور ہے کہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ علی نبینا وعلیہ السلام کو جب آگ میں ڈالا جارہا تھا تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آکر درخواست کی کہ میرے قابل کوئی خدمت ہو تو حکم فرمائیں۔ آپ نے فرمایا کہ نہیں تم سے میری کوئی حاجت وابستہ نہیں ہے۔ (احیاء العلوم)

ایک مسجد میں ایک فقیر اعتکاف کی نیت سے جا کر بیٹھ گئے۔ پاس کوئی سامان کھانے پینے کا کچھ نہ تھا مسجد کے امام صاحب نے ان کو نصیحت کی کہ یوں بے سروسامانی سے مسجد میں بیٹھنے سے یہ اچھا تھا کہ کہیں مزدوری کرتے (پیٹ کا پالنا فرض ہے) فقیر نے ان کی بات کا کچھ جواب نہ دیا۔ انہوں نے دوسری دفعہ پھر یہی کہا فقیر پھر چپ ہو گئے۔ اس نے تیسری دفعہ پھر کہا۔ فقیر خاموش رہے اس نے چوتھی دفعہ پھر کہا تو انہوں نے جواب دیا کہ یہ مسجد کے قریب جو یہودی کی دکان ہے اس نے میری دو روٹی روزانہ کی مقرر کر لی ہے۔ امام صاحب نے فرمایا اگر اس نے کھانا مقرر کر دیا تو بہت اچھا ہے پھر اعتکاف ضروری کریں۔ فقیر نے کہا کاش آپ امام نہ ہوتے تو بہت اچھا تھا تم اپنی اس ناقص توحید کے ساتھ اللہ کے اور اس کے بندوں کے درمیان واسطہ بن کر کھڑے ہوتے ہو۔ ایک کافر یہودی کے وعدہ کو تم نے اللہ تعالیٰ کے روزی کے وعدہ پر بڑھایا (افسوس ہے تم پر اور تمہارے حال پر)۔ (روض)

واقعی سچ کہا ہماری یہی حالت ہے کہ بندے کے وعدے پر تو ہمیں اطمینان ہے اللہ کے وعدہ پر نہیں ہے۔ ان آیات پر جو ذکر کی گئیں انتہائی غور ہونا چاہیے اور زیادہ سے زیادہ اس کی کوشش ہونا چاہیے کہ صرف حق تعالیٰ شانہٗ و تقدس پر ہی ہماری نگاہ ہو اسی پر اعتماد ہو اسی کی پاک ذات سے اپنا سوال ہو اسی سے بھیک مانگی جائے اس کے علاوہ کسی کے سامنے ہاتھ نہ پھیلے بلکہ دل میں بھی کسی دوسرے کا خیال نہ آئے بلکہ وہی پاک ذات اور صرف وہی پاک ذات اپنا سہارا ہو۔ وہی نفع اور نقصان کا مالک دل سے سمجھا جائے۔ زبان سے کہتے رہنا تو ہماری عام عادت ہے لیکن اصل کارآمد یہ چیز ہے کہ ہمارے دل میں یہ بات اچھی طرح جم جائے کہ بغیر اس کے ارادے کے کوئی حاکم کوئی دولت مند نہ کسی قسم کی مضرت پہنچا سکتا ہے نہ کسی قسم کا نفع پہنچا سکتا ہے اور تھوڑا سا بھی غور کیا جائے تو بہت ہی کھلی ہوئی بات ہے کہ تمام دنیا کے قلوب صرف اسی کے قبضہ میں ہیں ہم لاکھ کسی شخص کی منت سماجت کریں مگر جب اس کا اپنا دل دوسرے کے قبضہ میں ہے تو جب تک دلوں کے مالک کا ارادہ نہ ہو ہماری منت سماجت سے اس کے دل پر کیا اثر ہو سکتا ہے اور جب دلوں کا مالک کسی کام کو

کرنا چاہے تو وہ بات خود بخود دوسروں کے دلوں میں پڑے گی ہم لاکھ بے نیازی برتیں اس کا دل اس کو خود مجبور کریگا بار بار اس کے دل میں خیال آیگا بغیر تحریک کے خیال آیگا۔ اس لئے اگر اپنی حاجات مانگنے کا محل ہے تو صرف وہی پاک ذات ہے۔ اگر عاجزی اور منت سماجت کرنے کی جگہ ہے تو اسی کا دربار ہے ساری دنیا کے دل اس کے ارادہ کے تابع ہیں ساری دنیا کے خزانے اس کی ملک ہیں۔

یا اللہ محض اپنے فضل سے بلا استحقاق کے خلاف اس ناپاک کو بھی اس جوہر کا کوئی شمہ عطا فرما دے کہ تیری عطا کے واسطے استحقاق بھی شرط نہیں۔

خدا کی دین کا موسیٰ (علیہ السلام) سے پوچھئے احوال
کہ آگ لینے کو جائیں پیمبری مل جائے

اس کے بعد چند احادیث ہی مضامین کے متعلق مختصراً پیش کرتا ہوں جن کے متعلق اوپر کی تین آیات مستقل طور پر ذکر کی گئیں۔

۱)......عن عبداللّٰہ بن مسعود رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللّٰہ ﷺ من نزلت به فاقة فانزلها بالناس لم تسد فاقته ومن نزلت به فاقة فانزلها باللّٰه فيوشك اللّٰه له برزق عاجل او اجل ـ رواه الترمذی وهكذا فی الدر المنثور برواية ابی داؤد والترمذی والحاكم وقد صححه ولفظ ابی داؤد بموت عاجل اوغنی عاجل وفی المشكوٰة بموت عاجل اوغنی اجل۔

۱)......حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ جس شخص کو فاقہ کی نوبت آجائے اور وہ اسے لوگوں کے سامنے پیش کرے اس کا فاقہ بند نہ ہوگا اور جو شخص اپنے فاقہ کو اللہ تعالیٰ پر پیش کرے (اور اس سے درخواست کرے) تو حق تعالیٰ شانہٗ جلد اس کو روزی عطا فرماتے ہیں۔ فوراً ہو جائے یا کچھ تاخیر سے مل جائے۔

فائدہ: جو شخص لوگوں سے سوال کرتا پھرے اس کا فاقہ بند نہ ہوگا کا مطلب یہ ہے کہ احتیاج پوری نہ ہوگی۔ آج اگر ایک ضرورت کے واسطے بھیک مانگی ہے اور وہ صورت کے اعتبار سے پوری ہو گئی تو کل اس سے اہم کوئی ضرورت پیش آجائے گی اور احتیاج بدستور باقی رہے گی۔ اور اگر اللہ جل شانہٗ کی پاک بارگاہ میں ہاتھ پھیلائے تو یہ ضرورت تو پوری ہوگی ہی دوسری ضرورت پیش نہ آئے گی اور اگر آئی تو اس کا انتظام مالک ساتھ ہی کر دے گا۔

پہلی فصل کی احادیث میں نمبر ۸ کے ذیل میں حضرت کبشہ رضی اللہ عنہ کی حدیث گذر چکی ہے جس میں حضور اقدس ﷺ نے قسم کھا کر چند باتیں ارشاد فرمائیں ان میں ایک یہ بھی ہے کہ جو شخص لوگوں سے

مانگنے کا دروازہ کھولے گا حق تعالیٰ شانہٗ اس پر فقر کا دروازہ کھولتے ہیں۔ اسی جگہ ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا قسم کھا کر یہی مضمون حضرت عبدالرحمٰن ؓ بن عوف کی روایت سے بھی گذر چکا۔ یہی وجہ ہے کہ دربدر بھیک مانگنے والے ہمیشہ فقیر اور تنگ دست ہی رہتے ہیں۔

ایک اور حدیث میں یہ مضمون اس طرح وارد ہوا ہے کہ جو شخص اپنے فاقہ اور احتیاج کو اللہ تعالیٰ شانہٗ کے سامنے پیش کرتا ہے حق تعالیٰ شانہٗ بہت جلد اس کے فقر کو دور فرماتے ہیں جلدی کی موت سے یا جلدی کے غنا سے رجلدی کی موت کے دو مطلب ہیں۔ ایک یہ کہ اگر اس کا وقت خود قریب آ گیا تو اس کو فاقوں کی تکلیف میں مصیبت اٹھانے سے پہلے ہی حق تعالےٰ شانہٗ موت عطا فرما دیں گے۔ دوسرا مطلب یہ ہے کہ کسی کی موت اس کے غنا کا سبب بن جائے گی۔ مثلاً کسی کی میراث کا وافر حصہ مل جائے، یا کوئی شخص مرتے وقت اس کی وصیت کر جائے کہ میرے مال میں سے اتنا فلاں شخص کو دیدینا۔

متعدد واقعات اس قسم کے دیکھنے اور سننے میں آئے کہ مکہ میں بعض مرنیوالوں نے یہ وصیت کی کہ ہندوستان کے فلاں شہر میں اس نام کا ایک شخص ہے اس کو میرا مال فروخت کر کے روپیہ بھیج دیا جائے۔

کُرد ایک قبیلہ کا نام ہے اس میں ایک شخص مشہور ڈاکو تھا وہ اپنا قصہ بیان کرتا ہے کہ میں اپنے ساتھیوں کی ایک جماعت کے ساتھ ڈاکہ کیلئے جا رہا تھا۔ راستہ میں ہم ایک جگہ بیٹھے تھے وہاں ہم نے دیکھا کہ کھجور کے تین درخت ہیں دو پر تو خوب پھل آ رہا ہے اور ایک بالکل خشک ہے اور ایک چڑیا بار بار آتی ہے اور پھل دار درختوں پر سے تر و تازہ کھجور اپنی چونچ میں لے کر اس خشک درخت پر جاتی ہے۔ ہمیں یہ دیکھ کر تعجب ہوا میں نے دس مرتبہ اس چڑیا کو لے جاتے دیکھا تو مجھے یہ خیال ہوا کہ اس پر چڑھ کر دیکھوں کہ یہ چڑیا اس کھجور کو کیا کرتی ہے میں نے اس درخت کی چوٹی پر جا کر دیکھا کہ وہاں ایک اندھا سانپ منہ کھولے پڑا ہے اور یہ چڑیا وہ تر و تازہ کھجور اس کے منہ میں ڈالدیتی ہے مجھے یہ دیکھ کر اس قدر عبرت ہوئی کہ میں رونے لگا میں نے کہا میرے مولا یہ سانپ جس کے مارنے کا حکم تیرے نبی علیہ السلام نے دیا تو نے جب یہ اندھا ہو گیا تو اس کو روزی پہنچانے کیلئے چڑیا کو مقرر کر دیا اور میں تیرا بندہ تیری توحید کا اقرار کرنے والا تو نے مجھے لوگوں کے لوٹنے پر لگا دیا؟ اس کہنے پر میرے دل میں یہ ڈالا گیا کہ میرا دروازہ تو سب کے لئے کھلا ہوا ہے میں نے اسی وقت اپنی تلوار توڑ ڈالی جو لوگوں کو لوٹنے میں کام دیتی تھی اور اپنے سر پر خاک ڈالتا ہوا اقالةً اقالةً (درگذر درگذر) چلانے لگا۔ مجھے غیب سے آواز آئی کہ ہم نے درگذر کر دیا درگذر کر دیا۔ میں اپنے ساتھیوں کے پاس آیا وہ کہنے لگے تجھے کیا ہو گیا۔ میں نے کہا کہ میں مہجور تھا اب میں نے صلح یہ کر لی یہ کہہ کر میں نے سارا قصہ ان کو سنایا وہ کہنے لگے کہ ہم بھی صلح کرتے ہیں۔ یہ کہہ کر سب نے اپنی اپنی تلواریں توڑ دیں

اور سب لوٹ کا سامان چھوڑ کر ہم احرام باندھ کر مکہ کے ارادہ سے چل دیئے تین دن چل کر ایک گاؤں میں پہنچے تو ایک اندھی بڑھیا ملی اس نے ہم سے میرا نام لیکر پوچھا کہ تم میں اس نام کا کوئی کردی ہے۔ لوگوں نے کہا کہ ہے اس نے کچھ کپڑے نکالے اور یہ کہا کہ تین دن ہوئے میرا لڑکا مر گیا اس نے یہ کپڑے چھوڑے ہیں۔ میں تین دن سے روزانہ حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھ رہی ہوں۔ حضور ﷺ فرماتے ہیں کہ اس کے کپڑے فلاح کردی کو دے دو کردی کہتے ہیں کہ وہ کپڑے میں نے لے لئے اور ہم سب نے ان کو پہنا۔ (روض) اس قصہ میں دونوں چیزیں قابل عبرت ہیں۔ اندھے سانپ کی اللہ جل شانہٗ کی طرف سے روزی کا سامان اور حضور ﷺ کی طرف سے کپڑوں کا عطیہ۔

جب اللہ تعالیٰ کسی شخص کی مدد کرنا چاہے تو اس کیلئے اسباب پیدا کرنا کیا مشکل ہے سارے اسباب غنا اور فقر کے وہی پیدا کرتا ہے اور سچی توبہ کی برکت سے حضور ﷺ کی طرف سے کپڑوں کا اعزاز خود ایک قابل فخر چیز ہے اور جلدی کی موت سے غنا کے حاصل ہونے کی ایک مثال ہے اور بہت سے واقعات مرتے وقت وصیتوں کے تو اکثر سننے میں آئے کے میرے سامان میں سے اتنا فلاں شخص کو دیدیں۔

ایک حدیث میں حضرت ابن عباس حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ جو شخص بھوکا ہو یا حاجت مند ہو اور وہ لوگوں سے اپنی حاجت کو پوشیدہ رکھے تو اللہ تعالیٰ شانہٗ پر (بوجہ اسکے لطف وکرم کے) یہ حق ہے کہ اس کو ایک سال کی روزی حلال مال سے عطا فرمائے۔ (۱)

ایک اور حدیث میں ہے کہ جو شخص بھوکا یا محتاج ہو اور لوگوں سے اس کو چھپائے اور اللہ تعالیٰ شانہٗ سے مانگے تو اللہ تعالیٰ جل شانہٗ ایک سال کے لئے حلال روزی کا دروازہ اس پر کھول دیتے ہیں۔ (۲)

ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد وارد ہوا ہے کہ جو شخص اللہ تعالےٰ سے غنا طلب کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو غنا عطا فرماتے ہیں اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے مانگتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو عفت عطا فرماتے ہیں اور اوپر کا ہاتھ (یعنی عطا کرنیوالا) بہتر ہے نیچے کے ہاتھ سے (یعنی مانگنے والے کے ہاتھ سے اور کوئی شخص ایسا نہیں جو سوال کا دروازہ کھولے مگر حق تعالےٰ شانہٗ اس پر فقر کا دروازہ کھول دیتے ہیں حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے ایک شخص کی آواز سنی جو عرفات کے میدان میں لوگوں سے سوال کر رہا تھا انہوں نے درے سے اُس کی خبر لی کہ ایسے دن میں اور ایسی جگہ اللہ کے غیر سے سوال کرتا ہے۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ جو شخص سوال کا دروازہ کھولتا ہے حق تعالیٰ شانہٗ اس پر دنیا اور آخرت میں فقر کا دروازہ کھولدیتے ہیں اور جو شخص اللہ کی رضا کے واسطے عطاء کا دروازہ کھولتا ہے حق تعالےٰ شانہٗ اس پر دنیا اور آخرت کی خیر کا دروازہ کھول دیتے ہیں۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ جو شخص سوال

---

(۱) مشکوٰۃ (۲) کنز۔

کا دروازہ کھولتا ہے حق تعالیٰ شانہٗ اس پر فقر کا دروازہ کھول دیتے ہیں کوئی شخص رسی لیکر لکڑیاں اکٹھی کر کے اپنی کمر پر لا کر فروخت کر دے اور اس سے اپنا گذر چلائے یہ اس سے بہتر ہے کہ بھیک مانگے چاہے وہ بھیک ملے نہ ملے۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ جو شخص عطاء کا دروازہ کھولتا ہے صدقہ سے ہو یا صلہ رحمی سے حق تعالیٰ شانہٗ اس پر کثرت فرماتے ہیں (یعنی اس کے مال میں اضافہ ہوتا ہے) اور جو شخص مال کی زیادتی کی نیت سے سوال کا دروازہ کھولتا ہے اُس کی وجہ سے اُس پر کمی بڑھتی جاتی ہے۔ یعنی حاجتیں بڑھتی جائیں گی اور آمدنی کے ناکافی ہونے میں اضافہ ہوتا رہے گا۔

حضرت عمران ﷜ بن حصین حضور ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ جو شخص کلیۃً اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو جائے حق تعالیٰ شانہٗ اس کی ہر ضرورت کا تکفل فرماتے ہیں اور اس کو ایسی جگہ سے رزق عطا فرماتے ہیں۔ جس کا اس کو گمان بھی نہیں ہوتا اور جو شخص ہمہ تن دنیا کی طرف لگ جاتا ہے۔ حق تعالیٰ شانہٗ اس کو دنیا کے حوالے کر دیتے ہیں (کہ تو جان اور تیرا کام یعنی محنت کر اور کما لے جتنی مشقت اٹھائے گا اسکے مناسب ہم دیتے رہیں گے) حضرت ابوذر ﷜ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میں تمہیں اللہ تعالیٰ کے تقوے کی وصیت کرتا ہوں تنہائی میں بھی اور علانیہ بھی اور جب کوئی برا کام سرزد ہو جائے تو (تلافی کے طور پر کوئی) اچھا کام بھی کرو اور کسی سے سوال نہ کرو کسی کی امانت نہ رکھو۔ دو آدمیوں کے درمیان قاضی نہ بنو (کہ یہ بہت اہم کام ہے ہر شخص کے بس کا نہیں ہے۔)

ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو تھوڑے پر راضی ہو جائے اور قناعت کرے اور اللہ پر توکل کرے وہ کمانے کی محنت سے بے فکر ہو جاتا ہے۔ ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص یہ چاہے کہ سب سے زیادہ قوی ہو وہ اللہ پر توکل کرے اور جو یہ چاہے کہ یہ سب سے زیادہ غنی ہو اس کو یہ چاہیے کہ جو چیز اللہ کے پاس ہے اس پر اس سے زیادہ اعتماد رکھے جتنا اپنے پاس کی چیز پر ہوتا ہے۔ اور جو یہ چاہے کہ سب سے زیادہ معزز ہو جائے وہ تقویٰ اختیار کرے (اور یہ تجربہ کی بات ہے کہ آدمی کے تقوی کا جتنا اثر لوگوں پر پڑتا ہے اتنا کسی چیز کا نہیں پڑتا جس شخص میں جتنا تقویٰ زیادہ بڑھا ہوا ہوگا اتنا ہی لوگوں کے دلوں میں اس کا اعزاز اکرام زیادہ ہوگا)

حضرت وہب حق تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ جب بندہ مجھ پر بھروسہ کر لیتا ہے تو اگر آسمان زمین سب کے سب مکر بھی اسکے ساتھ مکر کریں تو میں اس کے لئے راستہ نکال دونگا۔ حضرت ابن عباس ؓ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام پر وحی بھیجی کہ مجھ پر توکل کرو میں تمہاری ضروریات کا کفیل بنوں گا۔ میرے غیر کو اپنا ولی نہ بناؤ تا کہ میں تمہیں نہ چھوڑ دوں۔ بہت سی احادیث میں یہ واقعہ ذکر کیا گیا کہ حضرت عوف بن مالک ؓ کے صاحبزادے کو کافروں نے قید کر لیا اور

چمڑے کے تسموں سے خوب مضبوط ان کو جکڑ دیا۔ ان پر نہایت سختی کی جاتی تھی اور بھوکا بھی رکھا جاتا تھا۔ انہوں نے اپنے والد کے پاس کسی طرح اپنے احوال کی اطلاع بھیجی کہ حضور ﷺ سے دعا کیلئے عرض کریں حضور ﷺ کو جب اطلاع پہنچی تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ ان کے پاس یہ کہلا بھیجو کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہیں۔ (تقویٰ اختیار کریں) اور اسی پر توکل کریں اور صبح وشام یہ آیت شریفہ پڑھا کریں۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ (توبہ ۱۲۸۔۱۲۹)

ان کے پاس جب اطلاع پہنچی تو انہوں نے اس آیت شریفہ کو پڑھنا شروع کیا خود بخود ایک دن وہ تسمے ٹوٹ گئے یہ ان کی قید سے چھوٹ کر بھاگ آئے اور کچھ جانور وغیرہ بھی انکے اپنے ساتھ پکڑ لائے۔

حضرت ابن عباس ؓ فرماتے ہیں کہ جس شخص کو بادشاہ کے ظلم کا خوف ہو یا کسی درندے کا یا دریا میں ڈوب جانے کا ڈر ہو اور اس آیت شریفہ کو تلاوت کرے تو انشاء اللہ کوئی مضرت اس کو نہ پہنچے گی۔ ایک اور حدیث میں اس قصہ میں لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ بھی کثرت سے پڑھنے کا حکم ہے۔ انہی صاحبزادے کے قصہ میں یہ آیت شریفہ

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ط

(سورۂ طلاق ۲۔۳)

نازل ہوئی کہ جو اللہ سے ڈرتا ہے حق تعالیٰ شانہٗ اس کے لئے راستہ کھول دیتے ہیں اور ایسی جگہ سے اس کو روزی پہنچاتے ہیں جہاں سے ان کو گمان بھی نہیں ہوتا اور جو شخص اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کیلئے کافی ہے۔ ان صحابیؓ کو اس کا کیا گمان ہو سکتا تھا کہ یہی کافر جو اس قدر سخت ظلم پر اترے ہوئے ہیں انہیں کے مال سے ان کی روزی مقدر ہے۔

ایک بزرگ کہتے ہیں کہ میں اور میرا ایک ساتھی ایک پہاڑ میں رہتے تھے ہر وقت عبادت ہی مشغلہ تھا میرے ساتھی کا گذر تو گھاس وغیرہ پر تھا اور میرے لئے حق تعالیٰ شانہٗ نے یہ انتظام فرما رکھا تھا کہ ایک ہرنی روزانہ آیا کرتی تھی اور میرے قریب آ کر ٹانگیں چیر کر کھڑی ہو جاتی میں اس کا دودھ پی لیا کرتا وہ چلی جاتی بہت زمانہ اسی طرح گذر گیا کہ وہ ہرنی روز آجایا کرتی اور میں اس کا دودھ پیتا تھا۔ میرے ساتھی کے قیام کی جگہ اس پہاڑ میں مجھ سے دور تھی۔ ایک دن وہ میرے پاس آیا اور کہنے لگا کہ ایک قافلہ یہاں قریب آ کر ٹھہرا ہے چلو قافلہ والوں کے پاس چلیں وہاں شاید کچھ دودھ اور اس کے علاوہ کچھ کھانے کی چیزیں

میسر آجائیں میں نے اول تو بہت انکار کیا لیکن جب اس نے بہت اصرار کیا تو میں بھی اسکے ساتھ ہولیا۔ ہم دونوں قافلے میں پہنچے ان لوگوں نے ہمیں کھانا کھلایا ہم کھانے سے فارغ ہو کر اپنی اپنی جگہ واپس آ گئے۔ اسکے بعد میں ہمیشہ اس ہرنی کے وقت پر اس کا انتظار کیا کرتا مگر اس کا آنا بند ہو گیا۔ کئی دن انتظار کے بعد میں سمجھا کہ اس گناہ کی نحوست سے وہ روزی جس کی وجہ سے میں بے فکر تھا بند ہو گئی۔

صاحب روضؒ کہتے ہیں کہ بظاہر تین چیزیں اس میں گناہ کی تھیں۔ ایک جس توکل کو اختیار کر رکھا تھا اس کو چھوڑا۔ دوسرے طمع کی اور اس روزی پر قناعت نہ کی جس کی وجہ سے بے فکری تھی تیسرے ایسا کھانا کھایا جو طیب نہ تھا جس کی وجہ سے طیب رزق سے محرومی ہو گئی۔

بڑی عبرت کا قصہ ہے، ہم لوگ بسا اوقات اپنی حرص و طمع سے حق تعالیٰ شانہٗ کے انعامات سے محروم ہو جاتے ہیں۔ صورت کے اعتبار سے سوال کرنے پر اس وقت کچھ مل جاتا ہے مگر اس کی نحوست سے اللہ تعالیٰ شانہٗ کے اس انعام سے محرومی ہو جاتی ہے جو بے طلب اور بے منت ملتا۔

حضرت امام احمد بن حنبلؒ کی دعا ہے

اَللّٰهُمَّ كَمَا صُنْتَ وَجْهِيْ عَنْ سُجُوْدِ غَيْرِكَ فَصُنْ وَجْهِيْ عَنْ مَسْئَلَةِ غَيْرِكَ۔

اے اللہ جیسا کہ تو نے میرے سر کو اپنے غیر کے سامنے سجدہ کرنے سے محفوظ رکھا اسی طرح میری زبان کو اپنے غیر سے سوال کرنے سے بھی محفوظ فرما۔ اللّٰھم آمین

۲)......عن ابی ہریرة ﷛ قال قال رسول اللّٰہ ﷺ من سأل الناس تکثرا فانما یسئال جمرا فلیستقل او لیستکثرا (رواہ مسلم کذافی المشکوٰۃ)

ترجمہ)......حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص اس لئے سوال کرتا ہے کہ اپنے مال میں زیادتی کرے وہ جہنم کے انگارے مانگ رہا ہے، جس کا دل چاہے تھوڑے مانگ لے یا زیادہ مانگ لے۔

فائدہ: پہلی حدیث شریف میں صرف اللہ جل شانہٗ کی طرف سے غیبی اعانت اور امداد کے بند ہونے کی وعید تھی اس لئے کہ اس حدیث میں ضرورت کے موقع پر سوال کا ذکر تھا اور اس جگہ بلا ضرورت محض اپنی جمع بڑھانے کیلئے بھیک مانگنا مذکور ہے اس لئے اس میں زیادہ سخت وعید ہے کہ وہ جہنم کی آگ اکٹھی کر رہا ہے۔ اب آدمی کو اختیار ہے کہ جتنے انگارے دل چاہے اکٹھے کر لے۔

ایک مرتبہ حضرت عمر ﷛ نے حضور ﷺ سے عرض کیا کہ فلاں فلاں دو شخص آپ کی تعریف کر رہے تھے کہ آپ نے ان کو دو دو دینار دیئے۔ حضور ﷺ نے فرمایا لیکن فلاں شخص میں نے اس کو دس سے لے کر سو تک اشرفیاں دیں مگر اس نے ایسا نہیں کیا، پھر فرمایا کہ بعض آدمی سوال کرتے ہیں اور میں ان کے

سوال کی وجہ سے جواب دیتا ہوں، وہ بغل میں دبا کر لے جاتے ہیں لیکن وہ اپنی بغل میں آگ دبا کر لے جاتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) پھر آپ کیوں دیتے ہیں؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں کیا کروں وہ بغیر مانگے رہتے نہیں اور اللہ تعالیٰ میرے لئے بخل کو گوارا نہیں فرماتے۔ ایک حدیث کے الفاظ ہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب آپ کو معلوم ہے کہ وہ آگ ہے تو آپ کیوں مرحمت فرماتے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں کیا کروں وہ بغیر سوال کے رہتے نہیں اور اللہ تعالےٰ میرے لئے بخل گوارا نہیں فرماتے۔

حضرت قبیصہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک بوجھ (تاوان وغیرہ کا) اپنے ذمہ رکھ لیا یعنی کسی چیز کی ضمانت کرلی اس سلسلہ میں میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں مدد چاہنے کیلئے حاضر ہوا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ٹھہر جاؤ کہیں سے صدقہ کا مال آجائے گا تو میں مدد کردونگا۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قبیصہ رضی اللہ عنہ سوال صرف تین آدمیوں کیلئے جائز ہے۔ ایک وہ شخص جس نے کوئی بوجھ ضمان وغیرہ کا اپنے ذمہ رکھا ہو سکو جائز ہے کہ اتنی مقدار کا سوال کرلے اور پھر رُک جائے اُس سے زیادہ کے سوال کا حق نہیں دوسرے وہ شخص جس کو کوئی حادثہ پہنچ جائے جس سے سارا مال ہلاک ہو جائے (مثلاً آگ لگ جائے یا کوئی اور ایسی آفت اچانک پہنچ جائے جس سے سب کچھ لٹ لٹا جائے) تو اس کو جائز ہے کہ اتنی مقدار کا سوال کرلے جس سے زندگی کا سہارا ہو سکے۔ تیسرے وہ شخص جس کو فاقے گزرنے لگیں حتیٰ کہ تین آدمی اُس کی قوم کے کہنے لگیں کہ اس کو فاقہ ہونے لگا تو اُس کو بھی اتنی مقدار سوال کرلینا جائز ہے جس سے زندگی کا سہارا ہو جائے۔ ان تین کے علاوہ جو شخص سوال کرتا ہے وہ حرام مال کھاتا ہے۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ سوال کرنا دو شخصوں کے لئے جائز نہیں ایک غنی کے لیے دوسرے قوی تندرست کے لئے (جو کمانے پر قادر ہو) البتہ جس شخص کو خاک میں ملا دینے والا فقر یا پریشان کردینے والا قرض لاحق ہو گیا ہو اُس کو سوال کرنا جائز ہے۔ اور جو شخص مال کو بڑھانے کی غرض سے سوال کر رہا ہے اس کے منہ پر قیامت کے دن زخم ہوں گے اور وہ جہنم کی آگ کھا رہا ہے جس کا دل چاہے زیادہ سوال کرے جس کا دل چاہے کم کرلے۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ سوال قیامت کے دن منہ پر زخم بن جائیں گے جن سے اس کا چہرہ زخمی ہو جائے گا جس کا دل چاہے اپنے چہرہ کی رونق کو باقی رکھے جس کا دل چاہے چھوڑ دے۔ البتہ اگر بادشاہ سے (یعنی بیت المال سے بشرطیکہ اس میں سے لینے کا حق ہو) مانگے یا مجبوری کے درجہ میں مانگے تو مضائقہ نہیں ہے۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ آدمی سوال کرتا رہتا ہے حتیٰ کے قیامت کے دن اس کے چہرہ پر ذرا سا بھی گوشت نہ رہے گا۔

حضرت مسعود بن عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک جنازہ نماز پڑھنے کے لیے لایا گیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا کہ کیا ترکہ چھوڑا لوگوں نے عرض کیا کہ دو تین اشرفیاں چھوڑی ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے

فرمایا کہ جہنم کے دو تین داغ ہیں۔ راوی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوبکرؓ کے مولیٰ عبداللہ بن قاسمؓ سے اس کے متعلق سوال کیا انہوں نے کہا کہ یہ مال کے بڑھانے کی نیت سے سوال کرتا تھا۔

کتب احادیث میں متعدد واقعات اس قسم کے وارد ہوئے ہیں جن میں حضورﷺ نے معمولی معمولی رقوم چھوڑنے پر جہنم کے داغ اور اس قسم کی وعیدیں ارشاد فرمائی ہیں۔ علماء نے ان کے متعلق لکھا ہے کہ یہ اس صورت میں ہے کہ جب آدمی کے پاس پہلے سے کچھ موجود ہو اور وہ جھوٹ بول کر اپنے آپ کو بالکل فقیر اور محتاج ظاہر کر کے سوال کرے اور باوجود فقیر نہ ہونے کے فقراء کی جماعت میں اپنے آپ کو شامل کرے۔

امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ سوال کرنے کے بارہ میں ممانعت کی بہت سے روایات وارد ہوئیں اور بڑی سخت وعیدیں حدیث میں آئی ہیں لیکن ساتھ ہی بعض احادیث سے اجازت معلوم ہوتی ہے اس کا واضح بیان یہ ہے کہ فی نفسہٖ تو سوال کرنا حرام ہے لیکن مجبوری کے درجہ میں یا ایسی حاجت میں جو مجبوری کے قریب ہو جائز ہے۔ اگر یہ دونوں باتیں نہ ہوں تو حرام ہے اور حرمت کی وجہ یہ ہے کہ سوال کرنا تین باتوں سے خالی نہیں ہوتا اور وہ تینوں حرام ہیں۔ اوّل تو اس میں اللہ تعالیٰ شانہٗ کی شکایت کا اظہار ہے گویا اس کی طرف سے انعام میں کمی ہے جیسا کہ کوئی غلام اگر کسی سے سوال کرے تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ گویا سید کی طرف سے اس پر تنگی ہے اور اس کا مقتضی یہ ہے کہ بلا سخت مجبوری کے حلال نہ ہو جیسا کہ مُردار کا کھانا سخت مجبوری میں حلال ہے۔ دوسرے اس میں مانگنے والے کا اپنے نفس کو غیر اللہ کے سامنے ذلیل کرنا ہے اور مؤمن کی شان یہ ہے کہ اپنے نفس کو اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کے سامنے ذلیل نہ کرے البتہ اس پاک مولا کے سامنے ذلیل کرنا اپنی عزت ہے اس لئے کہ محبوب کے سامنے ذلت و انکسار لذت ہے اور آقا کے سامنے عجز کا اظہار سعادت ہے۔ تیسرے اس میں اس شخص کی ایذاء اکثر ہو ہوتی ہی ہے جس سے سوال کیا جائے بسا اوقات دینے والے کا دل خوشی سے آمادہ نہیں ہوتا محض شرم وغیرہ کی وجہ سے خرچ کرنا ہے۔ پس اگر اس نے شرم کی وجہ سے یا ریا کی وجہ سے دیا ہے تو وہ لینے والے پر بھی حرام ہے اور اگر وہ انکار بھی کر دے تب بھی بسا اوقات اس کو اس بات سے رنج ہوگا کہ وہ صورۃً بخیل بنا اس لئے ہر حال میں ایذاء کا احتمال ہے جس کا سبب یہ سائل بنا اور ایذاء دینا بلا مجبوری کے حرام ہے اور جب یہ بات ذہن نشین ہوگئی تو یہ بھی واضح ہو گیا کہ حضورﷺ کی طرف سے سوال کرنے پر اس قدر سخت وعیدیں کیوں وارد ہوئیں۔ حضورﷺ کا ارشاد ہے کہ جو ہم سے سوال کرے گا اس کو ہم دے دیں گے (ہم کیوں انکار کریں اپنے سوال کے جواز کا وہ خود ذمہ دار ہے) اور جو مستغنی ہوتا ہے (یعنی سوال نہیں کرتا یا اللہ تعالیٰ سے غنی کا طالب ہوتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو غنی کر دیتے ہیں اور جو ہم سے سوال نہ کرے وہ ہمیں زیادہ محبوب ہے اس شخص کے مقابلہ میں جو سوال کرے۔

ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ لوگوں سے مستغنی رہو اور سوال جتنا بھی کم ہو اتنا ہی اچھا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک سائل کو دیکھا کہ مغرب کے بعد سوال کر رہا ہے آپ نے کسی سے فرما دیا کہ اس کو کھانا کھلا دو انہوں نے فوراً تعمیل کی اور کھانا کھلا دیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پھر اس کی آواز سوال کی سنی تو ان صاحب سے مطالبہ کیا کہ میں نے تم سے اس کو کھانا کھلانے کو کہا تھا۔ انہوں نے عرض کیا کہ میں نے کھلا دیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سائل کی طرف دیکھا تو اس کی بغل میں ایک جھولی پڑی ہوئی تھی جس میں بہت سی روٹیاں تھیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تو سائل نہیں بلکہ تاجر ہے یعنی فقیر نہیں بلکہ تجارت کے لیے سوال کرتا ہے تاکہ ان روٹیوں کو جمع کر کے فروخت کرے۔ اس کے بعد اس کی جھولی چھین کر صدقہ کے اونٹ کے سامنے الٹ دی اور اس کے دُرہ مار کر کہا کہ پھر کبھی ایسا نہ کیجیو۔

امام غزالیؒ کہتے ہیں کہ اگر سوال حرام نہ ہوتا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نہ تو اس کو مارتے اور نہ اس کی روٹیاں چھینتے بعض لوگوں کو اس پر اعتراض ہے وہ کہتے ہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا مارنا تو تنبیہ اور تادیب ہو سکتی ہے لیکن اس کے مال کا چھیننا ظلم ہے شریعت نے کسی کا مال چھین لینے کی سزا نہیں بتائی۔ لیکن یہ اعتراض حقیقت کی ناواقفیت سے پیدا ہوا۔ بھلا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی فقاہت تک دوسروں کی رسائی کہاں ہو سکتی ہے کیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے متعلق یہ گمان ہو سکتا ہے کہ ان کو یہ مسئلہ معلوم نہ تھا کہ دوسرے کا مال لینا جائز نہیں. یا یہ گمان ہو سکتا ہے کہ باوجود مسئلہ معلوم ہونے کے ان کو فعل حرام یعنی سوال پر غصہ آ گیا! وہ نعوذ باللہ غصہ میں ایسا کر گئے یا سوال سے آئندہ روکنے کی مصلحت کی وجہ سے ایسا طریق اختیار کیا جو ناجائز تھا اگر ایسا تھا تو یہ فعل خود ناجائز تھا۔ بلکہ بات یہ تھی کہ جب اس نے بے ضرورت سوال کیا اور دینے والوں نے اس کو فقیر اور محتاج سمجھ کر دیا تو یہ دھوکہ سے حاصل کرنے کی وجہ سے اس کی ملک میں نہ آیا تھا اور اصل مالکوں کا پتہ چلنا اب دشوار تھا تو یہ بمنزلہ لقطہ کے تھا جس کے مالک کا پتہ نہیں ہے اس لئے اس کا مصرف (بیت المال کے) مصالح عامہ ہیں اس لئے صدقہ کے اونٹوں کو کھلا دیا۔ اس فقیر کا سوال کرنا ویسا ہی ہے جیسا کہ کوئی گنہگار شخص اپنے کو صوفی ظاہر کر کے صدقات لے لے اگر دینے والے کو اس کا حال معلوم ہو جائے تو کبھی بھی نہ دے ایسے شخص کو لینا جائز نہیں اس کو ضروری ہے کہ مالک کو واپس کرے۔

جب یہ بات محقق ہو گئی کہ سوال صرف ضرورت میں جائز ہے تو یہ سمجھ لینا چاہئے کہ ضرورت کے چار درجے ہیں۔ اول درجہ اضطرار کا ہے۔ دوسرا سخت حاجت کا لیکن اضطراب کی حد سے کم، تیسرا معمولی حاجت کا، چوتھا عدم حاجت کا۔ پہلا درجہ مثلاً کوئی شخص ایسا ہے کہ اس کو بھوک کی وجہ سے یا مرض کی وجہ سے ہلاکت کا اور مر جانے کا اندیشہ ہے یا ایسا ننگا ہے کہ اس کے پاس کوئی کپڑا بدن چھپانے کو نہیں ہے تو

ایسے شخص کو سوال کرنا جائز[1] ہے بشرطیکہ جواز کی باقی شرطیں پائی جاتی ہوں اور وہ یہ ہیں۔

(الف) جو چیز مانگے وہ چیز جائز ہو، (ب) جس سے مانگے وہ طیب خاطر سے راضی ہو، (ج) مانگنے والا کمانے سے عاجز ہو اگر وہ کمانے پر قادر ہے تو وہ لغو آدمی ہے جو بجائے کمانے کے سوال کرتا ہے۔ البتہ اگر کوئی طالب علم ہو جو اپنے اوقات کو طلب علم میں مشغول رکھتا ہو تو اس کو مضائقہ نہیں کہ سوال کرلے اور چوتھا درجہ اسکے بالمقابل کوئی شخص ایسی چیز کا سوال کرے جو چیز اس کے پاس موجود ہے مثلاً کپڑے کا سوال کرے اور بقدر ضرورت کپڑا اس کے پاس موجود ہے تو اس شخص کو سوال حرام ہے۔ یہ دو درجہ تو مقابل ہوئے ان کے درمیان دو درجے رہے ایک سخت حاجت کا۔ مثلاً کوئی شخص بیمار ہے اور دوا کے لئے دام نہیں ہیں لیکن مرض ایسا نہیں ہے جو ہلاکت کے درجہ کا ہو۔ یا مثلاً کسی کے پاس کپڑا تو ہے مگر سردی کا پورا بچاؤ اس سے نہیں ہوتا۔ یہ درجہ بھی ایسا ہے کہ اس میں سوال کے جائز ہونے کی گنجائش ہے لیکن اس کا ترک اولیٰ ہے ایسا شخص اگر سوال کرے تو اس کو ناجائز یا مکروہ تو نہ کہیں گے لیکن خلاف اولیٰ کہیں گے بشرطیکہ اپنے سوال کی نوعیت ظاہر کر دے۔ مثلاً یوں کہے کہ میرے پاس کپڑا تو ہے مگر سردی کے لئے کافی نہیں۔ ضرورت کے درجہ سے زیادہ کا اظہار نہ کرے۔ دوسرا درجہ کم حاجت کا ہے۔ مثلاً اس کے پاس روٹی کے دام تو ہیں سالن کے لئے دام نہیں ہیں۔ یا پھٹے پرانے کپڑے ہیں اور وہ ایک کرتہ ایسا بنانا چاہتا ہے جو ان پر باہر جانے کے وقت پہن لیا کرے تاکہ لوگوں پر بوسیدہ کپڑے ظاہر نہ ہوں تو ایسے شخص کے لئے سوال جائز تو ہے مگر کراہت کے ساتھ بشرطیکہ جس درجہ کی ضرورت ہے اس کو ظاہر کر دے اور ان تین چیزوں میں سے کوئی بات نہ پائی جائے جو پہلے گزر چکیں۔ یعنی ایک یہ کہ حق تعالیٰ شانہٗ کی شکایت نہ ہو یعنی ایسی طرح سوال کرے جس سے شکایت نہ ٹپکتی ہو۔ دوسرے اپنی ذلت نہ ہو۔ تیسرے جس سے مانگے اس کو اذیت نہ ہو اگر یہ کہا جائے کہ ان تینوں چیزوں سے خالی ہونے کی کیا صورت ہے؟

تو میں بتاتا ہوں کہ شکوے سے خالی ہونے کی صورت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا شکر بھی ساتھ ہو اور اپنی عدم ضرورت کا اظہار بھی ہو فقیروں کی طرح سے سوال نہ کرے مثلاً یوں کہے کہ ضرورت کا درجہ تو ہے نہیں ضرورت کی مقدار اللہ کا شکر ہے میرے پاس موجود ہے لیکن یہ نفس ایک اچھے کپڑے کی خواہش کرتا ہے اور ذلت سے بچنے کی صورت یہ ہے کہ اپنے باپ بھائی یا کسی ایسے دوست سے سوال کرے جس کے متعلق یہ گمان ہو کہ اس سوال سے اسکی نگاہ میں ذلت نہ ہوگی۔ یا ایسے کریم سے سوال کرے جس کے یہاں صدقات کا زور ہو کہ اسکے سوال کرنے سے اس کو مسرت ہو۔ اور ایذا سے بچنے کی صورت یہ ہے کہ مثلاً خصوصی سوال کسی سے نہ کرے بلکہ عمومی سوال کرے یا ایسے

---

[1] بلکہ بعض احوال میں واجب ہے اور مضطر کے لئے بغیر اجازت کے لینا بھی بعض اوقات جائز ہے ۱۲ از۔

انداز سے کرے کہ اگر وہ شخص جس سے سوال کیا ہے ٹالنا چاہے تو ٹال سکے۔

اور یہ سمجھ لینا چاہیے کہ جو چیز دینے والے نے شرم کی وجہ سے یا زور دینے سے مجبور ہو کر بادلِ ناخواستہ دی ہے اس کا لینا اجماعاً حرام ہے۔ یہ ایسا ہی ہے جیسا کہ کسی کا مال مار کر زبردستی چھین لیا ہو۔ اس لئے کہ کسی شخص کے ظاہر بدن کو مارنا اور دل کو ملامت اور شرم کے کوڑے سے مارنا برابر ہے البتہ مضطر کے لئے یہ حق ہے کہ بغیر طیب خاطر کے بھی لے لے لیکن معاملہ احکم الحاکمین سے ہے اور حالات سب اس کے سامنے عیاں ہیں وہ ہر شخص کی حالت کو خوب جانتا ہے نیز ایسے دوستوں سے سوال میں بھی مضائقہ نہیں جن کے متعلق یہ اندازہ ہو کہ وہ سوال سے خوش ہوں گے۔ ❶

علامہ زبیدیؒ فرماتے ہیں کہ ان وعیدات میں سوال سے مراد اپنی ذات کے لئے سوال ہے جو سوال کسی دوسرے کے لئے ہو وہ اس میں داخل نہیں بلکہ وہ اس کی اعانت ہے نیز وہ سوال میں داخل نہیں جو اپنے لئے ہو لیکن اپنے اعزہ اور دوستوں سے ہو اس لئے کہ وہ اس سے خوش ہوتے ہیں۔ ❷ لیکن یہ شرط ہے کہ یہ ایسی جگہ ہو گا جہاں اعزہ اس سے خوش ہوتے ہوں اور جہاں ایسا نہ ہو وہاں تو اہل قرابت کو اذیت دینا اور بھی زیادہ سخت ہے البتہ جو اعزہ کریم ہوتے ہیں وہ اس سوال سے خوش ہوتے ہیں مجھے خود اس کا ذاتی تجربہ ہے اور بہت کثرت سے واقعات اس کے شاہد ہیں۔ میری والدہ کی ایک حقیقی خالہ ہیں جو اب تک بھی حیات ہیں میرے بچپن سے ان کا دستور مجھے کاندھلہ کے ہر سفر میں دو پیسے دینے کا تھا جب میں صاحب اولاد ہو گیا اور انہوں نے میرے بچوں کو بھی دو دو پیسے دینا شروع کر دیئے تو میں نے بہت اصرار سے اپنے دو پیسے کے بجائے چار پیسے کرائے اور یہ کہہ کر کرائے کہ تم مجھے اور میری اولاد کو ایک درجہ میں رکھتی ہو؟ مجھے ہمیشہ یاد رہیگا کہ میرے ان چار پیسوں کا مطالبہ ان کیلئے اس قدر مسرت کا سبب ہوتا ہے کہ مجھے بھی ان کی خوشی سے لطف آجاتا ہے حتیٰ کہ بعض اوقات اگر ان کے پاس اس وقت کچھ نہ ہوا تو میں نے خود ان کی کچھ نذر کیا تاکہ اس میں سے وہ میرے پیسے مجھے مرحمت فرما دیں۔ اس لئے کہ ان کو ان میں سے دینے سے بھی اتنی ہی خوشی ہوتی تھی اور اس کی طرف التفات بھی نہیں۔ ہوتا کہ یہ میں اسی کے پیسوں میں سے دے رہی ہوں۔

اسی طرح میرے والد صاحبؒ کے ایک حقیقی ماموں مولانا شمس الحسن صاحبؒ تھے ہمیشہ سے انکا معمول مجھے ہر سفر میں ایک روپیہ مرحمت فرمانے کا تھا جب میرے اولاد ہو گئی تو انہوں نے بجائے میرے ان کی طرف اس کو منتقل کر دیا۔ میں نے زبردستی اپنے روپیہ کا اجراء کرایا۔ میں نے ان سے کہا کہ بچوں کو آپ دیں یا نہ دیں میں انکا ذمہ دار نہیں ہوں میرا روپیہ بند نہیں ہو گا مجھے ہمیشہ یاد رہے گا اور جب بھی یاد آجاتا ہے میں ہمیشہ ان کیلئے دعا کرتا ہوں کہ حق تعالیٰ شانہٗ ان کی مغفرت فرما کر اپنی عالی

❶ مرقاۃ، ❷ اتحاف۔

شان کے موافق اجر جزیل عطا فرمائے کہ ان کو میرے اس مطالبہ سے کس قدر مسرت ہوتی تھی اکثر قہقہہ سے ہنسا کرتے تھے اور بار بار میرے اس لفظ کو دہراتے "ہاں جی میرا روپیہ بند نہیں ہوگا میں کہتا کہ ہرگز بند نہ ہوگا" اور بھی مجھے اپنے اعزہ اور احباب سے اس نوع کے واقعات کا سابقہ پڑا ہے۔ یہ میں نے اس لئے لکھا کہ آج کل تعلقات بالخصوص آپس داری کے عام طور سے ایسے خراب ہوتے جاتے ہیں کہ یہ بات اب ذہنوں میں آنا بھی دشوار ہو جائے گی کہ عزیزوں کا سوال باعث مسرت بھی ہوسکتا ہے۔

دوسری چیز علامہ زبیدیؒ نے یہ لکھی ہے کہ اگر دوسرے کے واسطے کوئی شخص سوال کرے تو وہ اس میں داخل نہیں ہے۔ یہ ظاہر اور پہلی فصل میں جتنی روایات کسی دوسرے کے لئے اعانت اور مدد کی گذری ہیں وہ سب اس کے لئے دلیل ہیں۔ اسی طرح طلب علم کی مشغولی سوال کی ذلت سے اہم ہے ملا علی قاریؒ نے نقل کیا ہے کہ اگر کوئی شخص کمانے پر قادر ہے اور علمی اشتغال کی وجہ سے اس کو نہیں کرتا تو اس کو زکوٰۃ کا لینا بھی جائز ہے اور صدقات تطوع کا لینا بھی۔ اور اگر باوجود قدرت کے کمانا نوافل اور عبادات میں مشغولی کیوجہ سے چھوڑا ہے تو اس کو مال زکوٰۃ کا سوال جائز نہیں ہے صدقات تطوع سے سوال میں مضائقہ نہیں گو کراہت ہو اور اگر کوئی جماعت اصلاح نفس اور تزکیہ باطن کے لئے مجتمع ہے تو بہتر یہ ہے کہ کوئی ایک شخص ان سب کے لئے روٹی کپڑا جمع کر لیا کرے۔ (1)

علمی اشتغال چاہے علوم ظاہرہ ہوں یا علوم باطنہ یقیناً بہت زیادہ اہم ہے اور ایسے لوگوں کے لئے یقیناً کسی دوسری چیز میں مشغول ہونا ہرگز نہ چاہیے اور محض نادانوں احمقوں کے طعن تشنیع کے خوف سے اس اہم مشغلہ کے ساتھ کمائی وغیرہ کی طرف لگنا جاہلوں کے طعن کے خوف سے اپنی قیمتی مایہ کا ضائع کرنا ہے۔ نادانوں کے طعن تشنیع سے نہ اہل علم کبھی بچے نہ انبیائے کرام بچے۔

آج کل یہ وبا بہت عام ہوتی جا رہی ہے کہ اہل علم کو اپنا گذر چلانے کے لئے کسی صنعت وحرفت کا سیکھنا ضروری ہے اہل علم بھی دنیاداروں کے طعن تشنیع سے بددل ہو کر اسکی اہمیت کو محسوس کر رہے ہیں اور مدارس عربیہ دینیہ میں سلسلے بھی جاری ہو رہے ہیں لیکن یہ علم کو بہت زیادہ نقصان دینے والی چیز ہے۔ اس میں اسلاف کے نمونے سامنے رکھے جاتے ہیں جنہوں نے اپنے معاش کے لئے تجارت وحرفت وغیرہ کے مشاغل اختیار کرتے ہوئے دین کی اور علم کی خدمت کی اور یقیناً اگر اللہ جل شانہ توفیق عطا فرمائے تو یہ طریقہ بہترین طریقہ ہے مگر ہم لوگوں کے قلوب اور ہمارے قویٰ اور ہمارے احوال نہ تو اس کے متحمل ہیں کہ ہم لوگ دو کام بیک وقت کر سکیں اور نہ ہماری طمع نفس اور حب دنیا اس کی گنجائش دیتی ہے کہ مال کی بڑھوتری کے اسباب پیدا ہونے کے باوجود اللہ کے کام کے واسطے دین

(1) مرقاۃ۔

کی خاطر علم کی خاطر ہم اپنے اوقات کو دنیا کمانے کے مشاغل سے زیادہ سے زیادہ فارغ کر سکیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ابتداء میں دونوں کام شروع کئے اور آخر میں علمی مشغلہ پر دنیا کی کمائی اور طلب غالب آگئی جس کے بارہا تجربے ہو چکے ہیں۔

امام غزالیؒ نے طلب علم کے جو دس آداب لکھے ہیں اس میں لکھتے ہیں کہ چوتھا ادب یہ ہے کہ دنیا میں مشغولی کو بہت ہی کم کر دے اور اپنے اہل اور وطن سے دور چلا جائے اس، لئے کہ تعلقات کی کثرت مشغولی کا سبب ہوتی ہے اور مقصد سے ہٹانے والی ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ کسی شخص کے لئے دو دل نہیں بناتے (کہ ایک دل علم میں مشغول رہے اور دوسرا دنیا کمانے میں یہ قرآن پاک کی آیت مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ ط (سورۂ احزاب ع۱) کی طرف اشارہ ہے اور جتنا زیادہ اپنے فکر و غور کو متفرق چیزوں میں مشغول کرو گے علوم کے حقائق سے دور رہو گے اسی وجہ سے کہا گیا کہ علم تجھے اپنا تھوڑا سا حصہ جب دیگا جب تو اپنے آپ کو پورا کا پورا علم کی نذر کر دے گا اور جو غور و فکر متفرق امور کیطرف منتشر رہتا ہے اسکی مثال اس نالی کی سی ہے جس کی ڈول ٹوٹ گئی ہو کہ اس میں سے پانی ادھر ادھر نکلے اور بہت کم کھیت میں پہنچے گا۔ (احیاء)

لیکن اس کیساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ واقعی علم حاصل کرنا مقصود ہو محض روٹی کھانے اور صدقات کا مال جو آدمیوں کا میل ہے جمع کرنا مقصود نہ ہو۔ امام غزالیؒ وہ وعیدات جو برے عالموں کے بارے میں وارد ہوئی ہیں ذکر فرمانے کے بعد لکھتے ہیں کہ ان سے معلوم ہوا کہ دنیادار عالم حالت کے اعتبار سے بہت زیادہ خسیس ہے اور عذاب کے اعتبار سے بہت زیادہ عذاب کا مستحق ہے بہ نسبت جاہل کے اور کامیاب صرف وہی علماء ہیں جو آخرت کے عالم ہیں اور آخرت کے عالم کے لئے چند علامات ہیں جن میں سے پہلی یہ ہے کہ اپنے علم سے دنیا کمانا مقصود نہ ہو۔ عالم کا سب سے ادنی درجہ یہ ہے کہ دنیا کی حقارت دنیا کا کمینہ پن دنیا کی گندگی اس کا فانی ہونا اس کو مستحضر ہو وہ آخرت کی بڑائی اسکی پائیداری اسکی عمدگی اسکی نعمتوں کی پاکیزگی اس کی رفعت شان کو پانے والا ہو اور اس بات کو خوب سمجھتا ہو کہ دنیا اور آخرت دو سوکنیں ہیں جب وہ ایک کو راضی کرے گا دوسری ناراض ہوگی (جیسا کہ حدیث میں یہی مضمون آیا ہے) اور یہ سمجھے کہ دنیا اور آخرت منزلہ ترازو کے دو پلڑوں کے ہیں جونسا ایک جھک جائے گا اور دوسرا اوپر چڑھ جائے گا جو شخص دنیا کی حقارت کو نہ سمجھتا ہو وہ فاسد العقل ہے وہ علماء میں سے کیسے ہو سکتا ہے۔

حضرت حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ علماء کا عذاب دل کی موت ہے اور دل کی موت آخرت کے عمل سے دنیا کی طلب ہے (یعنی دین کا کام اس غرض سے کرنا کہ اس سے دنیا کی مال و دولت یا

عزت و جاہت کمائی جائے) یحییٰ بن معاذ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ علم وحکمت کی رونق جاتی رہتی ہے جب ان سے دنیا کمائی جائے۔ حضرت سعید بن المسیبؒ فرماتے ہیں کہ جب عالم کو امراء کے دروازوں پر دیکھو تو وہ چور ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب کسی عالم کو دنیا سے محبت رکھنے والا سمجھو تو اس کو اپنے دین کے بارے میں متہم سمجھنا اس لئے کہ ہر شخص اسی میں گھسا کرتا ہے جس سے اس کو محبت ہو۔ (احیاء مختصراً)

لہٰذا یہ تو ضروری ہے کہ علماء کو اپنے نفس کو ہر وقت متہم سمجھتے ہوئے اس کی سختی سے نگرانی کرتے رہنا چاہیے۔ ہر وقت اس فکر میں ضرور رہنا چاہیے کہ کہیں دنیا کی محبت جو ہر خطا کی جڑ ہے غیر محسوس طریقہ سے جڑ نہ پکڑے اور دنیا سے بے رغبتی بلکہ نفرت واضح ہو جانے کے بعد نہ سوال میں مضائقہ ہے نہ صدقات وزکوۃ کے لینے میں۔ بلکہ صدقات والوں کا اہم وظیفہ ہے کہ اہل علم کو مقدم کریں جیسا کہ پہلے صدقہ ادا کرنے کے آداب میں گذر چکا۔ حق تعالیٰ شانہٗ اس ناپاک دنیا کے کتے کو بھی اس مہلک مرض سے نجات عطا فرمائے کہ دنیا طلبی ایسا مہلک مرض ہے جو آہستہ آہستہ ترقی کرتا رہتا ہے اور وہ صرف مال ہی کے حاصل کرنے میں مضمر نہیں ہے بلکہ جاہ کے حاصل کرنے میں مال سے بھی زیادہ سرعت کے ساتھ بڑھتا ہے اور دینی ماحول میں یہ مرض حب دنیا سے بھی زیادہ ترقی کرتا ہے۔

(۳)......عن حکیم ابن حزام قال سألت رسول اللہ ﷺ فاعطانی ثم سالتہٗ فاعطانی ثم قال یاحکیم ان ھذا المال خضر حلو فمن اخذہ بسخاوۃ نفس بورک لہ فیہ ومن اخذہ باشراف نفس لم یبارک لہ فیہ وکان کالذی یاکل ولا یشبع والید العلیا خیر من الید السفلیٰ قال حکیم فقلت یارسول اللہ والذی بعثک بالحق لاارزأ احدا بعدک شیئاً حتی افارق الدنیا (متفق علیہ کذافی المشکوٰۃ)

ترجمہ)......حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے سوال کیا حضور ﷺ نے عطا فرمایا میں نے پھر مانگا حضور ﷺ نے پھر مرحمت فرمایا۔ اس کے بعد ارشاد فرمایا کہ اے حکیم! یہ مال سر سبز میٹھی چیز ہے یعنی خوشنما ہے دیکھنے میں لذیذ ہے دلوں میں پس جو شخص اس کو نفس کی سخاوت (یعنی استغناء) سے لیتا ہے اس کے لئے تو اس میں برکت دی جاتی ہے اور جو اس کو اشراف نفس (یعنی حرص اور طمع جیسا کہ آئندہ حدیث کے ذیل میں آئے گا) کے ساتھ لیتا ہے اس کے لئے اس میں برکت نہیں ہوتی وہ ایسا ہے جیسا کوئی (بھوک کا مریض کہ) کھاتا رہے اور پیٹ نہ بھرے اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے (یعنی نہ مانگنے والا ہاتھ مانگنے والا سے اچھا ہے) حکیم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) قسم ہے۔ اس ذات کی جس کے

قبضہ میں میری جان ہے اب آپ کے بعد مرنے تک بھی کسی کو نہیں تکلیف دوں گا۔

فائدہ: یعنی اب ساری عمر کبھی کسی سے سوال نہیں کروں گا۔ بعض روایات میں اس حدیث کے بعد یہ مضمون بھی ہے کہ اس کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اپنے خلافت کے زمانہ میں حضرت حکیم رضی اللہ عنہ کو بلاتے تاکہ ان کا جو حق بیت المال کے فی میں ہے وہ ان کو مرحمت فرمادیں وہ لینے سے انکار کردیتے۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں بھی یہی معمول رہا کہ وہ حکیم رضی اللہ عنہ کو ان کا حصہ دینے کو بلاتے وہ لینے سے انکار کردیتے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو اس پر گواہ بنایا کہ وہ حکیم رضی اللہ عنہ کا حصہ دینے کو بلاتے ہیں وہ قبول نہیں کرتے لیکن حضرت حکیم رضی اللہ عنہ نے اپنے انتقال تک کسی سے نہ لیا۔ ❶

ایک اور حدیث میں ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بحرین سے مال آیا اول حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو اس میں سے عطا فرمایا اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حکیم رضی اللہ عنہ کو بلایا اور لپ بھر کر عطا فرمایا انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) اس کا لینا میرے لئے اچھا ہے یا برا ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا برا ہے انھوں نے واپس کردیا اور قسم کھائی کہ میں کسی کی بھی عطاء قبول نہیں کروں گا۔ پھر حکیم رضی اللہ عنہ نے درخواست کی یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میرے لئے دعا کیجئے کہ حق تعالیٰ شانہٗ میرے یہاں برکت عطا فرمائے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی کہ حق تعالیٰ شانہٗ ان کے ہاتھ کی کمائی میں برکت عطا فرمائے۔ ❷

حضرت معاویہؓ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ مانگنے میں اصرار نہ کیا کرو خدا کی قسم جو شخص مجھ سے کوئی چیز مانگے اور محض اس کے مانگنے کی وجہ سے اپنی طبیعت کے خلاف میں کوئی چیز اس کو دوں تو اس میں برکت نہ ہوگی۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ جس شخص کو میں طیب نفس سے کوئی چیز دوں اس میں تو برکت ہوگی اور جس شخص کو اس کی طمع اور سوال کی وجہ سے بغیر طیب خاطر کے کوئی چیز دوں گا وہ ایسا ہوگا جیسا کہ آدمی کھاتا رہے اور پیٹ نہ بھرے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ سوال میں اصرار نہ کیا کرو جو شخص اصرار کے ساتھ ہم سے کوئی چیز لے گا اس میں برکت نہ ہوگی۔

قرآن پاک میں بھی اس پر تنبیہ فرمائی گئی چنانچہ ارشاد ہے۔ "لَا يَسْئَلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا (بقرہ ۲۷۳) کہ لوگوں سے اصرار سے نہیں مانگتے۔

حضرت عائشہؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتی ہیں کہ یہ مال سرسبز اور میٹھی چیز ہے پس جس شخص کو ہم اس میں سے کوئی چیز اپنی طیب نفس سے دیں ایسی حالت میں کہ لینے والے کی طرف سے روزی لینے کی اچھی حالت ہو (یعنی استحقاق کے اعتبار سے بہترین مستحق ہو سوال کے اعتبار سے

---

❶، ❷ ترغیب۔

جائز طلب ہو مبالغہ نہ ہو) اور اس کی طرف سے طمع نہ ہو تو اس مال میں اس کے لئے برکت دی جاتی ہے۔ اور جس شخص کو ہم کوئی چیز ایسی طرح دیں کہ ہماری طیب خاطر نہ ہو اور اسکی طرف سے لینے کی اچھی حالت نہ ہو اور اس کی طمع شامل ہو تو اس میں برکت نہیں ہوتی۔

برکت ایسی اہم اور قابل قدر چیز ہے کہ اس میں تھوڑی سی چیز میں بہت سی ضرورت پوری ہو جاتی ہے۔ پہلے اس نوع کے واقعات گذر چکے ہیں کہ ایک پیالہ دودھ بہت سے اصحاب صفہؓ کو کافی ہو گیا یہ آخر برکت ہی تو تھی۔ اور اس زمانہ میں بھی بسا اوقات اس کا مشاہدہ ہوتا رہتا ہے گو ویسا نہ ہو جیسا کہ حضور ﷺ کے لئے برکت کا نمونہ ظاہر ہوتا تھا اور ویسا ہو بھی نہیں سکتا لیکن اس زمانہ اور حالات کے اعتبار سے بہت مرتبہ اس کا تجربہ ہوتا ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ اپنے فضل سے کسی چیز میں ایسی برکت فرما دیتے ہیں کہ دیکھنے والے تعجب میں رہ جاتے ہیں۔ اور اس کے بالمقابل بے برکتی ایسی منحوس چیز ہے کہ جتنا بھی کمائے جاؤ کبھی کافی نہیں ہوتا۔ جس کی مثال حضور ﷺ کے پاک کلام میں قریب ہی گذری ہے کہ کھائے جاؤ پیٹ نہ بھرے۔ اس بے برکتی میں ایک اپنا ہی تجربہ خود اپنے ہی اوپر اور اپنی حماقت کا اظہار کرتا ہوں مجھے بچپن میں بیت بازی کا بہت شوق تھا اور چونکہ والد صاحب نور اللہ مرقدہ کی طرف سے باوجود ان کے تشدد اور سختیوں کے اس فعل پر نکیر نہ تھی اسلئے یہ مرض ترقی پذیر تھا اور بلا مبالغہ ہر زبان کے ہزاروں شعر یاد تھے جواب نہیں رہے۔ میرا اہم ترین کھیل یہ تھا کہ اپنے مخصوص اعزہ جب کہیں ایک جگہ اتفاقیہ جمع ہو جاتے تو یہ مشغلہ شروع ہو جاتا۔ مجھے اپنے ابتدائی مدرسی کے زمانہ میں ایک شب کے لئے کیرانہ جانے کا اتفاق ہوا جہاں میرے پھوپھی زاد بھائی وکالت کرتے تھے وہ بھی اس مشغلہ کے شوقین یا مریض تھے میری وجہ سے اور بھی بعض اعزہ جمع ہو گئے اور حسبِ معمول عشاء کی نماز کے بعد یہ بیکار مشغلہ شروع ہو گیا۔ سردی کا زمانہ تھا انہوں نے تین سیر دودھ اس خیال سے منگا کر رکھا تھا کہ رات کو دو تین مرتبہ تو چائے کا دور آخر چلے ہی گا۔ مگر اس خیال سے کہ ابھی تھوڑا سا وقت گذر جائے تو چائے پکائی جائے گی چائے پکانے کی نوبت بھی نہ آئی تھی میرے اندازہ کے موافق آدھ گھنٹہ پون گھنٹہ گذرا ہوگا کہ مجھے پیشاب کی ضرورت ہوئی اور باہر آیا تو آسمان پر مشرق کی جانب ایسی تیز سفیدی نظر آئی کہ حیرت ہو گئی کچھ سمجھ میں نہ آیا کہ یہ سفیدی کیا چیز ہے اس کے دیکھنے کے واسطے میں نے دوسرے اعزہ کو آواز دی اس کو دیکھ کر متحیر تھے کہ یہ سفیدی کس چیز کی ہے۔ مختلف قیاسات گھڑے جا رہے تھے کہ چاروں طرف سے اذانوں کی آوازیں آنا شروع ہو گئیں جس سے معلوم ہوا کہ وہ صبح صادق ہے وہ دن بھی عجیب حیرت میں گذرا کہ رات کہاں نکل گئی اور اس کے بعد سے اب تک بھی جب خیال آجاتا ہے ایک

سناٹا سا گذر جاتا ہے کہ اس رات میں اس قدر بے برکتی کیوں ہوئی اور اب تو جب بھی اس رات کا خیال آجاتا ہے تو حیرت کے علاوہ ایک عبرت اور افسوس بھی ہوتا ہے کہ مرنے کے بعد ساری عمر ہی اس رات جیسی ہوگی۔ اسی دن میرے موصوف بھائی نے اپنے والد میرے پھوپھا مولانا رضی الحسن صاحبؒ کو جو ایک بزرگ ہستی حضرت قطب عالم گنگوہی نور اللہ مرقدہ کے حدیث میں شاگرد تھے خواب میں دیکھا فرمارہے ہیں کہ میاں زکریا بھی کیسے بزرگ ہیں اس طرح رات کو ضائع کردیتے ہیں۔ کچھ انہیں کی توجہ کا اثر ہوگا کہ اس کے بعد سے پھر کبھی اس مشغلہ کی نوبت نہ آئی۔ لیکن عمر بھر کی حیرت کے لئے یہ کیرانہ کی رات مجھے تعجب میں ڈالنے کے لئے کافی ہے۔ اور اس واقعہ سے دو چیزیں ایسی ذہن نشین ہوگئیں کہ ان میں ذرا بھی استبعاد نہیں رہا۔ ایک تو بزرگوں کے وہ واقعات اور حالات جن کے متعلق تواریخ میں اس قسم کی چیزیں ذکر کی جاتی ہیں کہ ساری رات نماز میں گذاردی عشاء کے وضو سے صبح کی نماز پڑھ لی رات رات بھر مناجات میں گذاردی کہ اس نوع کے جتنے واقعات ہیں وہ سب قرین قیاس ہیں لذت اور انہماک۔ یقیناً ایسی چیز ہے کہ اس کے حاصل ہونے کے بعد نہ رات کا طول رہ سکا ہے کہ نیند کا حملہ حق تعالیٰ شانہٗ نے اپنے لطف سے ان حضرات کو ان عبادات میں لذت کا مرتبہ عطا فرمایا یہ اس کو وصول کرتے ہیں جن کو ان میں لذت نہیں ہے ان کو جتنا بھی دشوار اور پہاڑ معلوم ہو ظاہر ہے۔

اور دوسری چیز جو اپنے تجربہ سے ذہن میں آئی وہ ایک حدیث پاک کا مضمون ہے کہ قیامت کا سخت ترین دن جو پچاس ہزار برس کے برابر ہے بعض لوگوں پر ایسا گذر جائے گا جیسا کہ ایک نماز یا ایک نماز سے دوسری نماز تک کا وقت ہوتا ہے۔ یقیناً یہ حضرات جن کے پاس معاصی نہ ہونے سے خوف کا گذر نہ ہو اپنے نیک اعمال کی وجہ سے ”لَا خَوفٌ عَلَیهِم“ الایۃ کے مصداق ہیں کہ نہ انکو اس دن کوئی خوف ہوگا نہ وہ غمگین ہونگے وہ عرش کے سایہ تلے اپنے کارناموں کی لذائذ میں مشغول اور منہمک ہونگے۔ ان پر یہ طویل وقت جتنا بھی مختصر گذر جائے میرے لئے تو اپنا تجربہ اس کی تائید کرتا ہے۔

(٤)......عن خالد بن علي الجهني قال سمعت رسول اللّٰهِ ﷺ يقول من بلغه عن اخيه معروفٌ من غير مسئلة ولا اشراف نفس فلبقبله ولا يرده فانما هو رزق ساقه اللّٰه عزّوجلّ اِلَيه رواه احمد باسناد صحيح و ابن حبان فی صحيحه والحاكم كذافي الترغيب۔

(ترجمہ)......حضرت خالد بن علیؓ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ جس شخص کو بغیر سوال کے اور بغیر اشراف نفس یعنی (طمع اور حرص) کے اپنے بھائی کی طرف سے کوئی چیز پہنچے اس کو قبول کرلینا چاہیے اس کو رد نہ کرنا چاہیے یہ اللہ جل شانہٗ کی طرف سے روزی ہے جو اس کو بھیجی گئی ہے۔

فائدہ: متعدد احادیث میں یہ مضمون وارد ہوا ہے کہ بلا طلب اور بلا طمع کے اگر کوئی ہدیہ ملے تو اس کو قبول کرنا چاہیے اس لئے کہ اس کے واپس کرنے میں اللہ تعالیٰ کی نعمت کا کفران ہے اور ٹھکرانا ہے یہی وجہ ہے کہ اکثر اکابر باوجود طبیعت نہ چاہنے کے بھی قبول کرتے ہیں۔

حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ مجھے عطاء کے طور پر کچھ مرحمت فرماتے میں عرض کر دیتا کہ حضور (ﷺ) کسی ایسے شخص کو مرحمت فرمادیں جو مجھ سے زیادہ حاجت مند ہو حضور ﷺ نے فرمایا کہ نہیں لے لو جب کوئی مال ایسی طرح آئے کہ نہ اس کا سوال کیا جائے نہ اس میں اشراف نفس ہو تو اس کو لے لیا کرو۔ پھر اگر دل چاہے اس کو اپنے کام میں لاؤ اور دل نہ چاہے صدقہ کر دیا کرو اور جو مال خود نہ آئے اس کی طرف دھیان بھی نہ لگاؤ۔

حضرت ابن عمرؓ کے صاحبزادہ حضرت سالمؒ فرماتے ہیں کہ اس حدیث کی وجہ سے حضرت ابن عمرؓ کی یہ عادت تھی کہ کبھی کسی سے سوال نہ کرتے تھے اور کہیں سے کچھ آتا تو اس کو رد نہ فرماتے۔

اسی قسم کا قصہ حضرت عمرؓ کا بھی پیش آیا کہ حضور ﷺ نے ان کو کچھ مرحمت فرمایا حضرت عمرؓ نے اس کو واپس کر دیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ واپس کیوں کر دیا؟ حضرت عمرؓ نے عرض کیا کہ آپ ہی نے تو یہ ارشاد فرمایا تھا کہ ہمارے لئے یہی بہتر ہے کسی سے کوئی چیز نہ لیا کریں۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اس سے مانگ کر نہ لینا مراد ہے جب بغیر مانگے کوئی چیز ملے تو وہ اللہ جل شانہٗ کی طرف سے روزی ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے عطا فرمایا ہے۔ حضرت عمرؓ نے عرض کیا کہ پھر حضور ﷺ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے اب سے کبھی کسی سے کوئی چیز نہ مانگوں گا اور بلا طلب ملے گی اس کو قبول کروں گا۔ حضرت عبداللہ بن عامرؓ نے حضرت عائشہؓ کی خدمت میں کچھ دام اور کچھ کپڑا کسی قاصد کے ہاتھ بھیجا حضرت عائشہؓ نے یہ کہہ کر واپس کر دیا کہ میری عادت تو کسی سے لینے کی نہیں ہے۔ جب وہ قاصد واپس جانے لگا گھر سے نکلا ہی تھا حضرت عائشہؓ نے اس کو واپس بلایا اور اس ہدیہ کو رکھ لیا اور یہ فرمایا کہ مجھے ایک بات یاد آ گئی۔ حضور ﷺ نے مجھ سے یہ فرمایا تھا کہ عائشہ بے مانگے کوئی چیز ملے تو اس کو لے لینا وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے روزی ہے جو تمہاری طرف بھیجی گئی۔ غالباً یہ ابتدائی قصہ ہو گا اس کے بعد حضرت عائشہؓ ہدیہ قبول کرنے لگیں متعدد روایات میں متعدد صحابۂ کرامؓ سے بڑی بڑی رقمیں حضرت عائشہؓ کی خدمت میں پیش ہونا اور حضرت عائشہؓ کا ان کو لے کر ہاتھ کے ہاتھ تقسیم کر دینا وارد ہوا ہے۔

واصل بن خطابؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے دریافت کیا کہ کیا آپ (ﷺ) نے یہ ارشاد فرمایا تھا کہ کسی سے کچھ مانگنا نہیں؟ حضور ﷺ نے فرمایا کہ ہاں مانگنے کے متعلق میں نے کہا

ہے لیکن بغیر مانگے اگر اللہ تعالیٰ کوئی چیز مرحمت فرمادیں تو اس کو لے لینا۔ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے روزی ہے جو اللہ تعالیٰ نے تم کو دی ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بھی حضور ﷺ کا یہ ارشاد نقل کرتے ہیں کہ جس شخص کو اللہ تعالیٰ شانہٗ بے مانگے کوئی چیز دلوائیں تو اس کو قبول کرنا چاہیے وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کی روزی بھیجی گئی ہے۔

عابد بن عمر رضی اللہ عنہ بھی حضور ﷺ سے یہی نقل کرتے ہیں کہ جس شخص کو کوئی روزی بغیر مانگے اور بغیر اشراف نفس کے پیش کی گئی ہو اس سے اپنے خرچ میں وسعت پیدا کرنا چاہیے اور اگر خود کو اس کی حاجت نہ ہو تو پھر کسی ایسے شخص کو دے دینا چاہیے جو اپنے سے زیادہ ضرورت مند ہو۔ حضرت امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ کے صاحبزادے عبد اللہ رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے والد سے دریافت کیا کہ اشراف نفس کیا چیز ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ تو اپنے دل میں یہ خیال کرے کہ یہ شخص مجھے کچھ دے گا فلاں شخص مجھے کچھ بھیجے گا۔ (1)

اشراف کے اصل معنی جھانکنے کے ہیں۔ اشراف نفس یہ ہے کہ اس کو جھانک رہا ہو اس کی تاک میں لگا ہوا ہو جیسا کہ حضرت امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ نے فرمایا کہ دل میں یہ خیال ہو کہ یہ مجھے کچھ عطا کرے گا۔ اسی وجہ سے اکثر علماء اس کو حرص وطمع سے تعبیر کرتے ہیں کہ اس میں بھی نفس کی خواہش ہوتی ہے کہ مل جائے۔ علامہ عینی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اشراف نفس کے معنی بعض نے شدت حرص کے فرمائے ہیں اور بعض علماء نے کہا ہے کہ اشراف نفس یہ ہے کہ دینے والا گرانی کے ساتھ عطا کرے۔

امام غزالی رحمہ اللہ اس چیز کے قبول کرنے کے آداب میں جو بے طلب کہیں سے آئے لکھتے ہیں کہ اس میں تین چیزیں قابل غور وفکر ہوتی ہیں۔ ایک تو مال، دوسرے دینے والے کی غرض، تیسرے لینے والے کی غرض، یعنی اول تو مال کو دیکھنا ہے کہ وہ کیسا ہے؟ اگر حرام مال ہے یا مشتبہ ہے تو اس سے احتراز ضروری ہے۔ اس کے بعد دوسری چیز دینے والے کی غرض کو دیکھنا ہے کہ وہ کس نیت سے دیتا ہے یعنی ہدیہ کی نیت سے دے رہا ہے جس سے دوسرے کا دل خوش کرنا اور اسکی محبت کا بڑھانا مقصود ہو یا صدقہ کی نیت سے دے رہا ہے یا اپنی شہرت اور نمود کی غرض سے دے رہا ہے (یا کسی اور فاسد غرض سے دے رہا ہے جس کا یہ بیان دوسری حدیث میں آرہا ہے) پس اگر محض ہدیہ ہے تو اسکا قبول کرنا سنت ہے (بہت سی احادیث میں ہدیہ کے دینے کی اور قبول کرنے کی ترغیبات آئی ہیں) بشرطیکہ اس میں لینے والے پر منت (احسان اور بوجھ نہ ہو) اگر منت ہو تو رد کرنے میں مضائقہ نہیں اور اگر ہدیہ کی مقدار زیادہ ہونے پر منت ہو تو اس میں سے کچھ مقدار لے لینے میں اور کچھ مقدار

---

(1) ترغیب۔

واپس کردینے میں مضائقہ نہیں حضور ﷺ کی خدمت میں ایک شخص نے گھی اور پنیر اور ایک مینڈھا پیش کیا۔ حضور ﷺ نے گھی اور پنیر قبول فرمالیا اور مینڈھا واپس کردیا اور حضور ﷺ کی یہ عادت شریفہ بھی تھی کہ بعض کا ہدیہ قبول فرمالیتے اور بعض کا رد فرمادیتے۔ ایک مرتبہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا میرا یہ ارادہ ہے کہ کسی شخص کا ہدیہ قبول نہ کروں بجز ان لوگوں کے جو قریشی ہوں یا انصاری یا ثقفی یا دوسی اور اس ارشاد کا مبنی یہ تھا کہ ایک اعرابی نے حضور ﷺ کی خدمت میں ایک اونٹنی پیش کی۔ حضور ﷺ کی عادت شریفہ چونکہ ہدیہ کا بدلہ مرحمت فرمانے کی تھی اس لئے اس کے بدلہ میں حضور ﷺ نے چھ اونٹ اس کو دیئے جو اس نے کم سمجھے کہ وہ ان سے بھی زائد کا امیدوار تھا اور اس پر اس نے ناگواری کا اظہار کیا جب حضور ﷺ کو اس واقعہ کا علم ہوا تو حضور ﷺ نے وعظ میں اس واقعہ کو ذکر فرما کر اپنے اس ارادہ کا اظہار فرمایا اور جن لوگوں کو مستثنیٰ کیا ان کے اخلاص پر حضور ﷺ کو اعتماد تھا۔ (بذل)

اور حضرات تابعین کا بھی یہ معمول کثرت سے نقل کیا گیا کہ بعض ہدیہ قبول فرمالیتے بعض کو رد فرمادیتے فتح بن شخرفؒ موصلی کی خدمت میں کسی نے ایک تھیلی پچاس درہم کی پیش کی۔ انہوں نے فرمایا مجھے حضور ﷺ کا یہ ارشاد پہنچا ہے کہ جس شخص کے پاس بلا طلب کوئی رزق آئے اور وہ اس کو واپس کردے تو وہ اللہ تعالیٰ کی روزی کو واپس کرتا ہے۔ اس کے بعد انہوں نے وہ تھیلی لی اور اس میں سے ایک درہم قبول کرکے باقی کو واپس کردیا۔ حسن بصریؒ بھی اس حدیث کو روایت کرتے ہیں لیکن اُن کے پاس ایک شخص دراہم کی تھیلی اور ایک گٹھڑی خراسان کے باریک کپڑوں کی لایا۔ انہوں نے اس کو واپس فرمادیا اور یہ فرمایا کہ جو شخص اس مرتبہ پر بیٹھے جہاں میں بیٹھا ہوں (یعنی وعظ نصیحت رشد و ہدایت کے مرتبہ پر) پھر لوگوں سے اس قسم کی چیزیں قبول کرے وہ اللہ تعالیٰ شانہٗ سے ایسے حال میں ملے گا کہ اس کا کوئی حصہ نہ ہوگا (یعنی آخرت میں کچھ نہ ملے گا اس لئے کہ اس میں شائبہ دینی کام میں بدلہ لینے کا ہے۔

حضرت عبادہؓ فرماتے ہیں کہ اصحاب صفہ کو قرآن شریف پڑھایا کرتا تھا۔ ان میں سے ایک شخص نے مجھے ایک کمان ہدیہ میں دی۔ میں نے سوچا کہ یہ کچھ ایسا مال بھی نہیں ہے اور اللہ کے راستہ جہاد میں اس سے کام لونگا۔ پھر بھی مجھے خیال آیا کہ حضور ﷺ سے دریافت تو کرلوں۔ میں نے حضور ﷺ سے دریافت کیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اگر تمہیں یہ پسند ہو کہ آگ کا ایک طوق تمہارے گلے میں ڈال دیا جائے تو لے لو۔ (ابوداؤد)

حسن بصریؒ کے اس عمل (اور حضور ﷺ کے ارشاد) سے معلوم ہوا کہ قبول ہدیہ کے معاملہ میں عالم اور واعظ کا معاملہ زیادہ سخت ہے۔ اس کے باوجود حسن بصریؒ (اپنے مخصوص) احباب

سے ہدیہ قبول کرتے تھے۔ (جہاں معاوضہ کا شبہ نہ ہوتا تھا) اور ابراہیم تیمی ؒ اپنے احباب سے ایک ایک دو دو درہم لے لیتے تھے اور بعض لوگ سیکڑوں پیش کرتے تھے اس کو قبول نہ کرتے تھے۔ اور بعض حضرات کا یہ معمول تھا کہ جب اُن کو کوئی ہدیہ دیتا تو وہ فرماتے کہ ابھی اپنے ہی پاس رہنے دو اور مجھے غور کر کے یہ بتاؤ کہ اگر اس کے قبول کرنے سے میری دقعت (محبت) تمہارے دل میں اس سے زیادہ بڑھ جائے جتنی قبول کرنے سے پہلے ہے تب تو مجھے خبر دینا میں لے لونگا ورنہ نہیں۔ امام غزالیؒ کہتے ہیں کہ اس کی علامت یہ ہے کہ رد کرنے سے دینے والے کی دل شکنی ہو اور قبول کرنے سے اس کو مسرت ہو اور اس کا قبول کر لینا وہ اپنے اوپر احسان سمجھتا ہو۔

بشر ؒ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سرّی سقطی ؒ کے سوا کبھی کسی سے سوال نہیں کیا ان سے البتہ اس لئے سوال کرتا ہوں کہ مجھے اُن کے زہد کا حال معلوم ہے مجھے یہ بات محقق ہے کہ اُن کی ملک سے کسی چیز کا نکل جانا اُن کی مسرت کا سبب ہوتا ہے اور اُن کے پاس رہنا گرانی کا سبب ہوتا ہے اس لئے میں ان سے لیکر اُن کی خوشی میں مدد کرتا ہوں۔ ایک شخص خراساں کے رہنے والے حضرت جنید بغدادیؒ کے پاس بہت سا مال ہدیہ میں لائے۔ حضرت نے فرمایا کہ بہت اچھا میں اس کو فقراء پر تقسیم کر دوں گا۔ اس نے عرض کیا میں اس لئے نہیں پیش کرتا میرا دل چاہتا ہے کہ اس کو آپ خود اپنے کھانے میں خرچ کریں۔ حضرت نے فرمایا کہ میں اس کے ختم ہونے تک کہاں زندہ رہوں گا (بہت بڑی مقدار ہے اس کے ختم ہونے کے واسطے زمانہ چاہئے) اس نے عرض کیا کہ میں یہ نہیں چاہتا کہ آپ اس کو سرکہ اور سبزی میں خرچ کریں (کہ برسوں میں ختم ہو) میرا دل چاہتا ہے کہ اس سے آپ حلوا وغیرہ اچھی چیزیں نوش فرمائیں۔ حضرت نے قبول فرمایا۔ خراسانی نے عرض کیا کہ بغداد میں کوئی شخص بھی ایسا نہیں جس کا احسان مجھ پر آپ سے زیادہ ہو (اس وجہ سے کہ آپ نے میری درخواست پر میرا ہدیہ قبول فرمایا) حضرت نے فرمایا تیرے جیسے شخص کا ہدیہ ضرور قبول کرنا چاہئے (یہ ساری بحث ہدیہ کی تھی)۔

دوسری قسم صدقات اور زکوٰۃ ہے۔ پس اگر وہ زکوٰۃ ہے تو لینے والے کو چاہئے کہ وہ یہ دیکھے کہ زکوٰۃ کا مستحق ہے یا نہیں۔ اگر مستحق ہے تو لے لے (زکوٰۃ کی فصل کے ختم پر اس کی کچھ تفصیل گزر چکی ہے) اور اگر بغیر زکوٰۃ کا صدقہ ہے تو لینے والے کو یہ غور کرنا چاہیے کہ وہ کیوں دے رہا ہے اگر وہ اس کی دینداری کی وجہ سے دے رہا ہے تو اپنے حال پر نظر کرنا چاہئے کہ وہ در پردہ کسی ایسے گناہ کا مرتکب تو نہیں ہے کہ اگر دینے والے کو اس گناہ کا علم ہو جائے تو کبھی بھی نہ دے اور اس کی طبیعت کو اس سے نفرت ہو جائے۔ اگر ایسا ہے تو اس کا لینا نا جائز ہے۔ یہ ایسا ہی ہے جیسا کہ کسی شخص کو عالم سمجھ

کرکوئی شخص دے اور وہ محض جاہل ہو یا سید سمجھ کر کوئی شخص دے اور وہ سید نہ ہو تو ان کو اس کا لینا بالکل جائز نہیں بے تردد حرام ہے اور اگر دینے والے کی غرض فخر وریا اور شہرت ہے تو اس کو ہر گز قبول نہ کرنا چاہئے اس لئے کہ یہ معصیت ہے اور لینے والا گناہ میں مددگار ہوگا (حضور اقدس ﷺ نے ایسے لوگوں کا کھانا کھانے کی ممانعت فرمائی ہے جو تفاخر کے لئے کھلاتے ہوں)۔ ❶

حضرت سفیان ثوریؒ بعض ہدایا کو یہ کہہ کر واپس کر دیتے تھے کہ اگر مجھے یہ یقین ہو جائے کہ دینے والا فخر کے طور پر اس کو ذکر نہیں کریگا تو میں لے لوں۔ بعض بزرگوں پر جب ان کے ہدایا واپس کرنے پر اعتراض کیا گیا تو انہوں نے فرمایا کہ دینے والوں پر ترس کھا کر واپس کر دیتا ہوں کہ وہ اس کا لوگوں سے تذکرہ کرتے ہیں جس سے ان کا ثواب جاتا رہتا ہے تو بغیر ثواب کے ان کا مال کیوں ضائع ہو۔

تیسری چیز لینے والے کی غرض ہے۔ اگر وہ محتاج ہے اور مال ان آفات سے محفوظ ہے جو پہلے دو نمبروں میں گزریں تو اس کا لینا افضل ہے۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ لینے والا اگر محتاج ہے تو وہ صدقہ کے لینے میں ثواب کے اعتبار سے دینے والے سے کم نہیں ہے اور حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ جس شخص کو حق تعالیٰ شانہٗ کوئی مال بغیر مانگے اور بغیر اشراف نفس کے دے تو وہ اللہ تعالیٰ کا رزق ہے جو اس نے عطا فرمایا۔

اس مضمون کی متعدد روایات ابھی گذر چکی ہیں۔ علماء کا ارشاد ہے کہ جو شخص بغیر مانگے ملنے پر نہ لے اس کو مانگنے پر بھی نہیں ملتا۔

حضرت سری سقطیؒ حضرت امام احمد بن حنبلؒ کے پاس ہدیہ بھیجا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ انہوں نے واپس کر دیا تو حضرت سریؒ نے فرمایا کہ احمد واپس کرنے کا وبال لینے کے وبال سے سخت ہے۔ حضرت امام احمد بن حنبلؒ نے فرمایا ایک مرتبہ پھر اس بات کو فرما دیں (تاکہ میں اس پر غور کروں) حضرت سریؒ نے پھر یہی بات فرمائی کہ واپس کرنے کا وبال لینے کے وبال سے زیادہ سخت ہے۔ حضرت امام احمد بن حنبلؒ نے کہا میں نے اس لئے واپس کیا کہ میرے پاس ایک مہینے کے گذر کے قابل موجود ہے۔ آپ اس کو اپنے پاس رہنے دیجئے۔ ایک مہینہ کے بعد مجھے مرحمت فرما دیں۔

بعض علماء کا ارشاد ہے کہ جو شخص احتیاج کے باوجود واپس کر دے وہ کسی سزا میں مبتلا ہوتا ہے طمع پیدا ہو جائے یا مشتبہ مال لینا پڑ جائے یا کوئی اور آفت ایسی ہی آ جائے اور اگر اس کو احتیاج نہیں ہے تو پھر یہ دیکھے کہ وہ انفرادی زندگی گذارتا ہے یا اجتماعی۔ یعنی اگر وہ یکسو رہتا ہے دوسرے لوگوں سے اس کے تعلقات نہیں ہیں تو ایسے آدمی کو ضرورت سے زیادہ لے کر اپنے پاس روکنا نہیں چاہئے کہ یہ محض

❶ ترغیب۔

اتباع خواہش ہے اور اس کو فتنہ میں مبتلا کر دینے کا سبب ہے اگر کسی وجہ سے لے لے تو اس کو دوسروں پر تقسیم کر دے۔ اور امام احمد بن حنبلؒ نے حضرت سری کی عطا اس وجہ سے قبول نہیں کی کہ ان کو خود تو حاجت نہ تھی اور یہ گوارا نہ ہوا کہ اس کو لیکر اس کی تقسیم اور خرچ کرنے میں اپنے اوقات کو مشغول کریں اس لئے کہ اس میں بہت سی آفات اور بہت سی دقتیں تھیں اور احتیاط کا تقاضا یہی ہے کہ آفات کے محل سے دور رہے۔ اس لئے کہ شیطان کے مکر سے کسی وقت میں اطمینان نہیں۔

ایک شخص مکہ کے رہنے والے کہتے ہیں کہ میرے پاس کچھ دراہم تھے جن کو میں نے اللہ کے راستہ میں خرچ کرنے کے لئے رکھا تھا میں نے ایک فقیر کی آواز سنی جو طواف سے فارغ ہو کر بہت آہستہ سے (کعبہ کا پردہ پکڑ کر) کہہ رہے تھے اے اللہ تجھے معلوم ہے کہ میں بھوکا ہوں، اے اللہ تجھے معلوم ہے کہ میں ننگا ہوں، اے وہ ذات پاک جو دوسروں کو دیکھتی ہے اس کو کوئی نہیں دیکھتا میں نے جوان فقیر صاحب کے طرف نگاہ کی تو اُن کے بدن پر دو پرانی چادریں تھیں جن سے انکا بدن ڈھکا بھی نہ جاتا تھا میں نے اپنے دل میں خیال کیا کہ میرے دراہم کا مصرف ان سے بہتر نہیں ملے گا میں نے وہ سب ان کے سامنے پیش کر دیئے۔ انہوں نے ان میں سے صرف پانچ درہم لے کر باقی مجھے واپس کر دیئے اور یہ کہا کہ چار درہم دو لنگیوں کی قیمت ہے اور ایک درہم تین دن کھانے میں خرچ ہو جائے گا (ایک درہم تقریباً ساڑھے تین آنے کا ہوتا ہے) میں نے دوسری رات کو انکو دیکھا کہ دو نئی لنگیاں اُن کے بدن پر تھیں۔ میرے دل میں اُن کی طرف سے کچھ خطرہ گذرا انہوں نے مجھے دیکھا اور میرا ہاتھ پکڑ کر اپنے ساتھ طواف کرایا تو طواف کے ساتوں چکروں کے ہر پھیرے میں میرے پاؤں کے نیچے معدنیات بھرے پڑے تھے کہ پاؤں کے نیچے وہ حرکت کرتے تھے جس میں سونا، چاندی، یاقوت، موتی اور جواہرات تھے مجھے وہ نظر آ رہے تھے اور لوگوں کو نظر نہیں آتے تھے۔ اس کے بعد ان صاحب نے کہا کہ اللہ جل شانہٗ نے یہ سب کچھ مجھے عطا فرما رکھا ہے لیکن میں اس میں سے لینا نہیں چاہتا لوگوں کے ہاتھ سے لے کر خرچ کرتا ہوں اس لئے کہ اس میں ان لوگوں کا نفع ہے جن سے لوں اور ان پر اللہ کی رحمت ہوتی ہے۔

غرض ان واقعات سے یہ ہے کہ ضرورت سے زائد لینا فتنہ کا سبب ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے امتحان ہے کہ اس کو کس کام میں خرچ کیا اور بقدر حاجت کا لینا اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے آدمی کو رحمت اور امتحان میں فرق کرنا چاہئے۔ حق تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد ہے۔

اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَی الْاَرْضِ زِیْنَةً لَّهَا۔ الآیة (کہف ۷)

ہم نے جو کچھ زمین کے اوپر ہے اس کو زمین کے لئے زینت بنا رکھا ہے

تا کہ ان لوگوں کا امتحان کریں اور دیکھیں کہ ان میں کون شخص زیادہ اچھے عمل کرتا ہے (اور کون نہیں کرتا یعنی کون شخص اس زیب وزینت میں پھنس کر اللہ تعالیٰ سے غافل ہو جاتا ہے اور کون اس سے اعراض کر کے خدا میں مشغول رہتا ہے) اور حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ آدمی کے لئے تین چیز کے علاوہ کوئی حق نہیں۔ ایک اتنی مقدار کھانا جس سے کمر سیدھی رہے۔ ایک اتنا کپڑا جس سے بدن ڈھکا رہے اور ایک گھر جس میں آدمی سما سکے۔ اس سے زیادہ جو کچھ ہے وہ حساب ہے۔ پس ان تینوں چیزوں میں سے صرف ضرورت کی مقدار تو باعث اجر ہے اس سے زیادہ میں اگر اللہ تعالیٰ کی نافرمانی بھی نہ کرے تب بھی حساب تو ہے ہی اور اگر نافرمانی بھی کی تو عذاب بھی ہے۔ پس ضرورت سے زائد اگر کچھ ہو بھی تو وہ محتاجوں پر صرف کر دے۔ یہ سب تو انفرادی زندگی کا حال تھا اگر کوئی شخص ایسا ہے کہ اس کی اجتماعی زندگی ہے اس کی طبیعت میں جود و سخا کا مادہ ہے فقراء اور صلحاء کی جماعت اس سے وابستہ ہے اُن کی ضروریات بھی پوری کرنے کی ضرورت ہوتی ہے تو ایسے شخص کو اپنی حاجت سے زائد لینے میں مضائقہ نہیں لیکن لینے کے بعد بہت جلد اس کو خرچ کر دینا چاہئے اہل ضرورت پر بانٹ دینا چاہئے ایک رات بھی اس کو اپنے پاس رکھنا فتنہ کی بات ہے ایسا نہ ہو کہ دل میں اس کا خیال پیدا ہونے لگے خرچ کرنے سے طبیعت رُکنے لگے بلکہ ایسے شخص کو اللہ پر اعتماد کر کے قرض لے کر خرچ کرنے میں بھی کچھ مضائقہ نہیں۔ حق تعالیٰ شانہٗ اس کا قرض ادا فرمائیں گے۔ ❶

۵)...... عن انس رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم اذا قرض احدکم قرضًا فاھدی الیہ او حملہ علی الدابۃ فلا یرکہ ولا یقبلھا الا ان یکون جرٰی بینہٗ و بینہٗ قبل ذلک (رواہ ابن ماجۃ والبیھقی فی الشعب کذافی المشکوٰۃ)

ترجمہ)...... حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ جب تم میں سے کوئی شخص کسی کو قرض دے پھر وہ قرضدار اس کو کوئی ہدیہ دے یا اپنی سواری پر سوار کرائے تو نہ ہدیہ قبول کرے، نہ اس کی سواری پر سوار ہو البتہ اگر اس قرض کے معاملہ سے پہلے اس قسم کا برتاؤ دونوں میں تھا تو مضائقہ نہیں۔

فائدہ: یعنی اگر اس سے پہلے سے آپس میں اس قسم کی تعلقات ہدیہ وغیرہ کے یا اس کی چیز مستعار لینے کے تھے تب تو قرض کی حالت میں بھی اس کے قبول کرنے میں مضائقہ نہیں اور اگر پہلے سے ایسے تعلقات نہ تھے بلکہ اب قرض دار ہونے کی وجہ سے کر رہا ہے تو وہ سود ہے۔ ایک اور حدیث میں ہے۔ حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھ سے حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تم ایسی جگہ کے رہنے والے ہو جہاں سود کا بہت رواج ہے۔ پس اگر تمہارا کسی شخص کے ذمہ کوئی حق

---

❶ احیاء۔

ہو پھر وہ تمہارے یہاں بھس کی گٹھڑی یا گھاس کی گٹھڑی ڈال دے تو اس کو مت لینا وہ سود ہے۔ ❶

پس ہدیہ قبول کرنے میں یہ دیکھنا بھی ضروری ہے کہ دینے والے کی کوئی فاسد غرض تو نہیں ہے جیسا کہ قرض ہی کی صورت میں علاوہ سُود ہونے کے اگر یہ بھی غرض ہے کہ قرض خواہ تقاضا نہ کرے تو یہ سود کیساتھ رشوت بھی ہے۔ حضور اقدس ﷺ سے بہت سی احادیث میں رشوت دینے والے پر رشوت لینے والے پر دونوں پر لعنت آئی ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے رشوت لینے والے پر اور رشوت دینے والے پر لعنت کی ہے۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ رشوت لینے والا اور رشوت دینے والا دونوں جہنمی ہیں۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ جس قوم میں سود کا رواج ہوگا ان پر قحط مسلط ہوگا۔ اور جس قوم میں رشوت کا ظہور ہوگا وہ مرعوب اور خوف زدہ ہونگے متعدد احادیث میں ہے کہ حضور ﷺ نے رشوت لینے والے کو، رشوت دینے والے کو اور اس شخص کو جو رشوت کے معاملہ میں درمیانی واسطہ بنے لعنت فرمائی ہے۔ ❷

حضور اقدس ﷺ نے ایک صاحب کو صدقات وصول کرنے کے لئے بھیجا وہ جب اپنے کام سے فارغ ہو کر واپس آئے تو حضور ﷺ کی خدمت میں انہوں نے عرض کیا کہ یہ مال تو صدقہ میں ملا ہے اور یہ مجھے لوگوں نے ہدیہ کے طور پر دیا ہے۔ حضور ﷺ نے وعظ میں اس پر تنبیہ فرمائی کہ بعض لوگوں کو صدقہ کا مال وصول کرنے کے لئے بھیجا جاتا ہے وہ آکر یہ کہتے ہیں کہ یہ صدقہ کا مال ہے اور یہ مجھے ہدیہ میں ملا ہے اپنے باوا کے گھر یا اپنی میا کے گھر بیٹھ کر دیکھتے کہ ہدیہ دیا جاتا ہے یا نہیں۔ ❸

جیسا کہ پہلی احادیث میں قرض کی صورت میں حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اگر بلا معاملہ قرض کے یہ صورت ہدیہ کی پہلے سے ہو تو مضائقہ نہیں اسی کی طرف اس عتاب میں بھی اشارہ ہے کہ بغیر حاکم ہونے کی صورت میں اپنے گھر بیٹھے جس شخص کا ہدیہ ملتا ہو وہ تو ہدیہ ہے لیکن جو ہدیہ محض حاکم ہونے کی وجہ سے دیا جاتا ہو وہ ہدیہ نہیں ہے۔ حضور اقدس ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ جو شخص کسی کی سفارش کرے اور اس سفارش کیوجہ سے اس کو ہدیہ میں کوئی چیز ملے اور وہ اس کو قبول کر لے تو وہ سود کے دروازوں میں سے بہت بڑے دروازہ میں داخل ہو گیا۔ ❹

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور اقدس ﷺ نے مجھے یمن کا حاکم بنا کر بھیجا تو میرے پیچھے ایک آدمی بھیجا جو مجھے راستہ سے واپس بلا کر لایا۔ حضور ﷺ نے فرمایا تمہیں معلوم ہے کہ میں نے کیوں بلایا ہے کوئی چیز میری بغیر اجازت نہ لینا کہ یہ خیانت ہوگی۔

---

❶ مشکوٰۃ ❷ ترغیب ❸، ❹ مشکوٰۃ۔

وَمَنْ يَّغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ (آل عمران ۱۶۱)

اور جو شخص خیانت کریگا وہ اس کو قیامت میں (اپنے اوپر لاد کر عدالت میں) لائے گا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت رفاعہ رضی اللہ عنہ نے ایک غلام حضور ﷺ کی خدمت میں ہدیہ کے طور پر پیش کیا وہ حضور ﷺ کیساتھ غزوہ خیبر میں گئے وہ ایک موقعہ پر حضور ﷺ کے اونٹ پر سامان باندھ رہے تھے کہ ایک تیر کہیں سے آکر اُن کے لگا جس سے وہ شہید ہو گئے لوگوں نے کہا کہ ان کو شہادت مبارک مبارک (کہ حضور ﷺ کے غلام اور پھر اضافہ شہادت کا مبارکبادی کی بات ہے ہی) حضور ﷺ نے فرمایا نہیں اس نے ایک چادر کی خیانت کر لی تھی جو اس وقت آگ بن کر اس کو لپٹ رہی ہے۔ حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ نے فرمایا حنین کی لڑائی میں ایک صاحب کا انتقال ہو گیا جب جنازہ تیار ہوا تو حضور ﷺ کی خدمت میں نماز پڑھانے کی درخواست کی گئی۔ حضور ﷺ نے فرمادیا کہ تم ہی اس کی نماز پڑھ لو صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے (رنج کی وجہ سے) چہرے اُتر گئے۔ حضور ﷺ نے (جب اُن کو افسردہ دیکھا تو) فرمایا کہ اس نے خیانت کر رکھی ہے۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم نے اس مرحوم کے سامان کی تلاشی لی تو اس میں یہود کے موتیوں میں سے کچھ چھوٹے چھوٹے موتی (جن کو پوتھ کہتے ہیں) ملے جو دو درہم (یعنی تقریباً سات آنے) کے بھی نہ ہوں گے۔

حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ خود طیب ہیں اس لئے طیب ہی مال قبول فرماتے ہیں اور حق تعالیٰ شانہٗ نے مسلمانوں کو اسی چیز کا حکم فرمایا جس کا رسولوں کو حکم فرمایا چنانچہ ارشاد ہے

يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ط (سورۂ مومنون ع ۴)

اے رسولو! کھاؤ اچھی چیزیں (یعنی حلال مال) اور نیک عمل کرو۔

اور مؤمنوں کو فرمایا

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ (سورۃ بقرۃ ع ۲۱)

اے مومنو! کھاؤ طیب چیزیں ان میں سے جو ہم نے تم کو دی

پھر حضور ﷺ نے ذکر فرمایا ایک آدمی کا کہ لمبے سفر میں جا رہا ہے (جو دُعا قبول ہونے کا خاص محل ہے) پریشان بال، غبار میں بھرا ہوا (جس سے اس کی مسکنت بھی معلوم ہوتی ہے) پھر دونوں ہاتھ آسمان کی طرف پھیلا کر اے اللہ اے اللہ (کر کے دُعائیں) کرتا ہے لیکن اس کا کھانا حرام (مال سے) ہے، پینا حرام ہے، لباس حرام ہے اور حرام مال ہی سے پرورش ہوئی ہے، بھلا اس کی دُعا کہاں قبول ہو سکتی ہے۔

ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ عنقریب ایک زمانہ آنے والا ہے جس میں آدمی کو یہ بھی پروانہ ہوگی کہ حلال مال سے ملایا حرام مال سے۔

ان کے علاوہ بہت سے مختلف مضامین کی روایات کتب احادیث میں بکثرت وارد ہوئی ہیں جن میں بہت زیادہ تنبیہ اس پر کی گئی ہے کہ آدمی کو آمدنی کے ذرائع پر کڑی نگاہ کرنا چاہئے ایسا نہ ہو کہ پیسہ کے لالچ میں ناجائز آمدنی سے چشم پوشی کرلے۔ اس سلسلہ میں اہل علم کی ذمہ داری عام لوگوں سے بڑھی ہوئی ہے کہ وہ جائز ناجائز کو خود سمجھتے ہیں۔ بالخصوص اہل مدارس اور دوسرے ایسے حضرات جن کا تعلق چندہ کے مال سے ہے ان کو زیادہ محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔

ہمارے حضرت بقیۃ السلف فخر الاماثل حضرت مولانا شاہ عبدالرحیم صاحب رائے پوری قدس سرہٗ ارشاد فرمایا کرتے تھے کہ میں ان مدارس کے روپیہ سے جتنا ڈرتا ہوں لوگوں کے مملوک روپیہ سے اتنا نہیں ڈرتا اگر کسی کی ذاتی مال میں کچھ بے احتیاطی ہو جائے اس سے آخر میں معاف کرالے تو وہ معاف ہو جاتا ہے لیکن مدارس کا روپیہ دُنیا بھر کا چندہ ہے اور منتظمین مدارس امین ہیں اگر اس میں کوئی خیانت ہو یا ناحق تصرف ہو تو وہ منتظمین کے معاف کرنے سے معاف تو ہوتا نہیں البتہ وہ خود معاف کر کے اس جرم میں شریک ہو جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہی اپنے لطف و کرم سے حقوق العباد کے معاملہ سے محفوظ رکھے کہ یہ بڑی سخت چیز ہے۔

حضور اقدس ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ شانہٗ کے یہاں قیامت کے دن تین کچہریاں ہیں۔ ایک کچہری میں تو معافی کا ذکر ہی نہیں یہ تو شرک و توحید کی کچہری ہے۔ اللہ تعالیٰ نے خود ارشاد فرمایا۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ......الاية (سورة نساء ١١٦)

حق تعالیٰ شانہٗ شرک کو تو معاف نہیں فرمائیں گے

اس کے علاوہ جس کو چاہیں گے معاف کر دینگے۔ دوسری کچہری میں (بغیر محاسبہ کے) اللہ تعالیٰ نہ چھوڑیگا۔ یہاں تک کہ اس کا بدلہ نہ لے لے اور یہ لوگوں کے ایک دوسرے پر ظلم کی ہے (چاہے جانی ہو جیسا کہ بُرا بھلا کہنا، آبروریزی کرنا، عیب لگانا وغیرہ وغیرہ۔ یا مالی ہو کہ کسی کا مال ناحق طریقے سے لے لیا ہو) اور تیسری کچہری اللہ تعالیٰ کے اپنے حقوق کی ہے اس میں چاہے عذاب دیدے چاہے معاف کردے (مشکوٰۃ) ان احادیث کے ذکر کرنے سے یہی مقصد ہے کہ آدمی کو اپنی آمدنی کے ذرائع پر بہت گہری نگاہ رکھنا چاہئے کہ آمدنی اگر حرام ہو تو نہ اس کی دُعا قبول ہوتی ہے

جیسا کہ ابھی گذرا، نہ اس کے صدقات قبول ہوں جیسا کہ زکوٰۃ کے بیاں میں متعدد روایات اس کی گذر چکی ہیں بلکہ بعض روایات میں یہ مضمون بھی گذر چکا ہے کہ جو گوشت حرام مال سے پیدا ہوا ہو جہنم کی آگ اس کے لئے زیادہ موزوں ہے اور آئندہ حدیث کے ذیل میں بھی اس قسم کے مضامین آرہے ہیں۔ اللہ ہی اپنے فضل سے ہم لوگوں کو اس سے محفوظ رکھے۔ آمین۔

٦)عن ابن مسعود عن النبی ﷺ قال لا تزال قدما ابن آدم یومَ القیٰمۃِ حتی یسأل عن خمس عن عمره فیما افناه وعن شبابه فیما ابلاه وعن ماله من این اکتسبه وفیما انفقه وما ذا عمل فیما علم (رواه الترمذی وقال حدیث غریب کذافی المشکوٰۃ صفحه ۲۳۵ و قدروی هذاالحدیث عن معاذ بن جبل وابی برزة الاسلمی فی الترغیب صفحه نمبر ۴۳)

ترجمہ) حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ قیامت کے دن آدمی کے دونوں قدم اس وقت تک (محاسبہ کی جگہ سے) نہیں ہٹ سکتے جب تک پانچ چیزوں کا مطالبہ نہ ہو جائے (اور ان کا معقول جواب نہ ملے) (۱) اپنی عمر کس کام میں خرچ کی (۲) اپنی جوانی کس چیز میں خرچ کی (۳) مال کہاں سے کمایا (۴) اور کہاں خرچ کیا (۵) اپنے علم میں کیا عمل کیا۔

فائدہ: یہ حدیث پاک کئی صحابہ ؓ سے نقل کی گئی ہے اس میں حضور اقدس ﷺ نے مختصر طریقہ سے قیامت کے محاسبوں کی فہرست شمار کر دی اور ان میں سے ہر ہر چیز کے متعلق دوسری احادیث میں مختلف عنوانات سے ان پر تنبیہ فرمائی گئی ہے۔ سب سے اول مطالبہ اور جواب طلب چیز یہ ہے کہ اپنی عمر جس کا ہر سانس انتہائی قیمتی سرمایا ہے کس چیز میں خرچ کی ہم لوگ کیوں پیدا کئے گئے۔ ہماری زندگی کی مصلحت کیا ہے کسی کام کے لئے ہے یا ایک بیکار چیز پیدا کی گئی۔ حق تعالیٰ شانہٗ نے خود اس پر تنبیہ فرمائی ہے۔ ❶

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَیْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ط (سورۂ مومنون ع ٦)

ہاں تو کیا تم نے یہ گمان کر رکھا تھا کہ ہم نے تم کو یوں ہی بیکار (فضول پیدا کیا ہے اور تم (نے یہ گمان کر رکھا تھا کہ تم) ہماری طرف نہیں لائے جاؤ گے۔

اور تمہیں اپنی زندگی کا حساب دینا نہیں ہوگا)" اور پھر اتنا ہی نہیں بلکہ دوسری جگہ حق تعالیٰ شانہٗ نے مقصد زندگی بھی خود ہی ارشاد فرما دیا۔

❶ اس آیت شریفہ کے متعلق ایک عجیب چیز حدیث میں آئی ہے۔ ایک صحابی کہتے ہیں کہ ہم کو حضور ﷺ نے ایک لڑائی میں بھیجا اور یہ ارشاد فرمایا کہ صبح و شام اس آیت شریفہ کو پڑھتے رہا کرو ہم پڑھتے رہے ہم کو اس لڑائی میں غنیمت بھی ملی اور ہم صحیح سالم بھی رہے۔ (درمنثور)

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ (سورۂ ذریت ۵٦)

ترجمہ) میں نے جن وانس کو صرف اسلئے پیدا کیا ہے کہ وہ میری عبادت کریں۔

ایسی حالت میں ہر شخص کو اپنی زندگی کے پورے اوقات کا جائزہ لینا چاہئے کہ وہ اپنے قیمتی اوقات کا کس قدر حصہ تو اس مقصد میں خرچ کرتا ہے جس کام کے لئے وہ پیدا کیا گیا اور کتنا حصہ اپنی ضروریات تفریحات اور غیر متعلق مشاغل میں خرچ کرتا ہے۔

آپ ایک معمار کو تعمیر کے کام کے واسطے نوکر رکھتے ہیں۔ وہ آپ کے اوقات میں کتنا وقت تعمیر میں خرچ کرتا ہے اور کتنا حقہ بازی اور اپنے کھانے میں۔ اس کا آپ خود اندازہ کرلیں کہ کتنا وقت آپ اُس کی اپنی ضروریات میں برداشت کرسکتے ہیں اور جتنا آپ اپنے ماتحتوں سے تسامح کرسکتے ہیں اتنا ہی تسامح اپنی ذات کے لئے بھی برداشت کریں۔

آپ ایک شخص کو دکان پر رہنے کے لئے ملازم رکھتے ہیں اسی کی اس کو تنخواہ دیتے ہیں وہ دن بھر اپنی خانگی ضروریات میں لگا رہتا ہے۔ چند منٹ کو ایک پھیرا دکان پر بھی لگا جاتا ہے۔ کیا آپ گوارا کرلیں گے کہ اس کو پوری تنخواہ دیتے رہیں؟ اور اگر نہیں تو پھر اپنے متعلق آپ کا کیا عذر ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ نے محض عبادت کے لئے پیدا کیا اور وہ مالک وخالق ہر وقت آپ کو اپنی عطاؤں سے نوازتا ہے اور آپ اپنے فضول کاموں میں عمر گزار دیں اور اپنے آپ کو تسلی دیتے رہیں کہ پانچ وقت نماز میں حاضری تو دیدیتے ہیں۔ اور کیا ہوسکتا ہے غور کرلیجئے کہ یہ جواب آپ اپنے نوکروں سے بھی برداشت کرلیں گے؟

حق تعالیٰ شانہٗ کا محض انعام واحسان ہے کہ اس نے تمام اوقات کی عبادت فرض نہیں فرمائی بلکہ اس کا بہت تھوڑا سا حصہ فرض کیا ہے اس میں بھی اگر کوتاہی ہو تو کتنا ظلم ہے۔

مطالبہ کی دوسری چیز حدیث بالا میں یہ ارشاد فرمائی گئی کہ جوانی کی قوت کس چیز میں خرچ کی گئی کیا اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کے کاموں میں، اس کی عبادت میں مظلوموں کی حمایت میں ضعیفوں اور اپاہجوں کی اعانت میں، یا فسق وفجور میں، عیاشی اور آوارگی میں، بے بسوں پر ظلم کرنے میں، ناحق کی مدد کرنے میں، ناپاک دُنیا کے کمانے میں اور دین ودنیا دونوں جگہ کام نہ آنے والے فضول مشغلوں میں۔

اس کا جواب ایسی عدالت میں دینا ہے جہاں نہ تو کوئی وکالت چل سکتی ہے، نہ جھوٹ فریب اور لسانی کام آسکتی ہے جہاں کی خفیہ پولیس ہر وقت، ہر آن آدمی کے ساتھ رہتی ہے اور یہی نہیں بلکہ

خود آدمی کے وہ اعضاء جن سے یہ حرکات کی ہیں وہ خود اپنے خلاف گواہی دیں گے اور جرائم کا اقرار کریں گے۔

اَلْیَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰۤی اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَاۤ اَیْدِیْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ ○ (یٰسٓ ۶۵)

آج (یعنی قیامت کے دن) ہم ان کے مونہوں پر مہر لگا دیں گے (تا کہ لغو اعذار نہ گھڑیں) اور ان کے ہاتھ ہم سے کلام کریں گے اور ان کے پاؤں گواہی دیں گے اس چیز کی جو کچھ یہ کیا کرتے تھے۔

یعنی ہاتھ خود بول اُٹھے گا مجھ سے کس کس پر ظلم کیا گیا، کیا کیا ناجائز حرکات مجھ سے صادر کرائی گئیں، پاؤں خود گواہی دے گا کہ مجھے کیسی کیسی ناجائز مجلسوں میں لے جایا گیا۔ دوسری جگہ ارشاد ہے۔

وَیَوْمَ یُحْشَرُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ اِلَی النَّارِ الآیة (حٰمٓ سجدة ۱۰۱)

اور جس دن اللہ کے دشمن دوزخ کی طرف جمع کیے جائیں گے۔

پھر اُن کو (ایک جگہ چلتے چلتے) روک دیا جائے گا (تا کہ سب ایک جگہ اکٹھے ہو جائیں) یہاں تک کہ جب سب دوزخ کے قریب آجائیں گے (اور حساب شروع ہوگا) تو ان کے کان اور آنکھیں اور کھال ان کے اوپر ان کے اعمال کی گواہی دیں گے اور وہ لوگ اپنے ان اعضاء سے کہیں گے کہ تم نے ہمارے خلاف گواہی کیوں دی۔ وہ اعضاء کہیں گے ہم کو اس (قادر) نے بولنے کی طاقت دی جس نے ہر چیز کو گویائی عطا فرمائی اور اسی نے تم کو اوّل مرتبہ پیدا کیا تھا اور اسی کے پاس اب (دوبارہ زندہ کر کے) لائے گئے ہو۔ (آگے حق تعالیٰ شانہٗ تنبیہ فرماتے ہیں) اور تم اس بات سے تو اپنے کو چھپا ہی نہ سکتے تھے کہ تم پر تمہارے کان اور آنکھیں اور کھالیں گواہی دیں گی (اور ظاہر ہے کہ آدمی جو جو حرکتیں کرتا ہے اس کے آنکھ کان وغیرہ تو اس کو دیکھتے ہی ہیں ان سے کیسے چھپا کر کوئی شخص کوئی کام کر سکتا ہے) لیکن تم اس گمان میں رہے کہ اللہ تعالیٰ کو تمہارے بہت سے اعمال کی خبر بھی نہیں (جو چاہو کر گزرو کون پوچھ سکتا ہے) اور تمہارے اس گمان نے جو تم نے اپنے رب کے ساتھ کر رکھا تھا (کہ اس کو خبر بھی نہیں ہے) تم کو برباد کر دیا پس تم خسارہ میں پڑ گئے۔

احادیث میں بہت سی روایات ان گواہیوں کے بارہ میں آئی ہیں۔ ایک حدیث میں ہے حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے حضور ﷺ نے تبسم فرمایا جس سے دندان مبارک ظاہر ہو گئے پھر حضور ﷺ نے فرمایا جانتے ہو میں کیوں ہنسا؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے لاعلمی

ظاہر کی۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ بندہ اپنے مولا سے قیامت کے دن یوں کہے گا کہ یا اللہ تو نے مجھ پر ظلم سے تو امان دے رکھی ہے ارشاد ہوگا کہ بالکل تو بندہ کہے گا یا اللہ میں اپنے خلاف کسی دوسرے کی گواہی معتبر نہیں مانتا۔ ارشاد ہوگا کہ اچھا ہم تجھی کو تیرے نفس پر گواہ بناتے ہیں۔ اس کے منہ پر مہر لگا دی جائے گی اور اس کے بدن کے اعضاء سے پوچھا جائے گا اور جب وہ اپنے سب اعمال گنوا دیں گے تو منہ کی مہر ہٹا دی جائے گی تو وہ اپنے اعضاء سے کہے گا کم بختو تمہارا ناس ہو، تمہارے ہی لئے تو میں یہ چیزیں کرتا تھا (یعنی ان حرکتوں کی لذتیں تم کو ہی تو ملتی تھیں تم ہی اپنے خلاف گواہی دینے لگے مگر اعضاء بھی مجبور ہیں کہ اس دن کوئی چیز خلاف حق بات نہ کہہ سکیں گی۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ آدمی کے اعضاء میں سب سے پہلے بائیں ران بولے گی کہ اس سے کیا کیا حرکتیں ہوئیں اور اس کے بعد دوسرے اعضاء بولیں گے غرض ہر عضو اپنے کئے ہوئے نیک اور بد اعمال گنوا دیگا اسی وجہ سے ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ "سُبْحَانَ اللّٰهِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ" وغیرہ کو انگلیوں پر گنا کرو اس لئے کہ قیامت کے دن ان اعضاء کو گویائی عطا ہوگی اور ان سے باز پُرس ہوگی۔

یعنی جہاں یہ اعضاء اپنے گناہ گنوائیں گے وہاں بہت سے نیک کام بھی تو گنوائیں گے جہاں ہاتھ بری حرکات ظلم و ستم اور ناجائز افعال بتائے گا وہاں اللہ کا پاک کام ان سے گننا، صدقات کا دینا، نیک اعمال میں ہاتھوں کا مشغول رکھنا بھی تو بتائیں گے۔ غرض یہ مضمون اپنی تفصیل کے اعتبار سے بہت طویل ہے لیکن مختصر یہ ہے کہ ان اعضاء کو جوانی کے زور میں ظلم و ستم اور ناجائز حرکات سے بچانے کی بہت ضرورت ہے۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے۔

اَلشَّبَابُ شُعْبَةٌ مِنَ الْجُنُوْنِ وَالنِّسَآءُ حِبَالَةُ الشَّيْطَانِ

جوانی جنون کا ایک شعبہ ہے اور عورتیں شیطان کا جال ہیں۔ (جامع الصغیر)

یعنی آدمی اپنے جنون کی وجہ سے اس جال میں پھنس جاتا ہے۔ ہر جمعہ کو خطبہ میں یہ الفاظ سنے جاتے ہیں۔ اس وقت جوانی کے نشہ میں ذرا بھی اس کا خیال ہم لوگوں کو نہیں ہوتا کہ اس کی جواب دہی کرنا پڑے گی۔ ہم اس کی قوت کو گناہوں میں اور دُنیا کمانے میں ضائع کر رہے ہیں حالانکہ جوانی اس لئے ہے کہ اس کی قوت کو ایسے کام میں خرچ کیا جائے جو مرنے کے بعد کام آئے خوش قسمت ہیں وہ نوجوان جو اللہ تعالیٰ کے کام میں ہر وقت منہمک رہتے ہیں اور گناہوں سے دور رہتے ہیں۔

تیسری چیز جو حدیث بالا میں ذکر کی گئی جس کے جواب بغیر قیامت میں حساب کی جگہ سے ٹلنا نہ ہو سکے گا وہ یہ ہے کہ مال جو حاصل کیا کس ذریعہ سے کیا جائز تھا یا ناجائز تھا۔ اس سے پہلی حدیث میں

کچھ ذکر اس کا آچکا ہے۔ حضورﷺ کا ارشاد ہے کہ آدمی ناجائز طریقہ سے جو مال حاصل کرتا ہے اگر اس میں سے صدقہ کرے تو قبول نہ ہوگا۔ خرچ کرے تو برکت نہ ہوگی اور جو ترکہ چھوڑے گا وہ اس کے لئے جہنم کا ذخیرہ ہوگا۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ جو گوشت (یعنی آدمی کے بدن کا ٹکڑا) حرام مال سے نشوو نما پائے جہنم اس کے لئے بہتر ہے ایک حدیث میں ہے کہ جو آدمی دس درہم کا کپڑا خریدے اور ان میں ایک درہم ناجائز آمدنی کا ہو تو جب تک وہ کپڑا بدن پر رہے گا اس کی نماز قبول نہ ہوگی۔ ❶

حضورﷺ کا ارشاد متعدد احادیث میں آیا ہے کہ روزی کو دور نہ سمجھو کوئی آدمی اس وقت تک مر ہی نہیں سکتا جب تک کہ جو اس کے مقدر میں روزی لکھ دی گئی ہے وہ اس کو نہ مل جائے۔ لہٰذا روزی کے حاصل کرنے میں بہتر طریقے اختیار کرو، حلال روزی کماؤ، حرام کو چھوڑ دو، کئی حدیثوں میں ہے کہ رزق آدمی کو اسی طرح تلاش کرتا ہے جس طرح موت آدمی کو تلاش کرتی ہے۔ یعنی جس طرح آدمی کو اس کی موت آئے بغیر چارہ نہیں اسی طرح اس کو اس کی روزی جو اس کے مقدر میں لکھ دی گئی ہے بغیر ملے چارۂ کار نہیں ہے۔ ایک حدیث میں ہے کہ اگر آدمی اپنی روزی سے بھاگنا بھی چاہے تو وہ اس کو پاکر رہے گی۔ جیسا کہ موت اس کو لامحالہ پاکر رہے گی ایک حدیث میں ہے کہ روزی آدمی کے لئے متعین ہے اگر ساری دُنیا کے جن وانس مل کر اس کو اس سے ہٹانا چاہیں تو نہیں ہٹا سکتے۔ ❷

ایک حدیث میں حضورﷺ کا ارشاد ہے کہ اگر تجھ میں چار چیزیں ہوں تو دُنیا کی کسی چیز کے نہ ہونے کا قلق نہیں ہے۔ امانت کی حفاظت، بات میں سچائی، اچھی عادت، روزی میں پاکیزگی، ایک حدیث میں ہے مبارک ہے وہ شخص جس کی کمائی اچھی ہو، (یعنی پاکیزہ ہو) اس کا باطن نیک ہو، اس کا ظاہر شریفانہ ہو، لوگ اس کی برائی سے محفوظ ہوں، مبارک ہے وہ شخص جو اپنے علم پر عمل کرے اور ضرورت سے زائد مال کو (اللہ کی راہ میں) خرچ کردے اور ضرورت سے زائد بات کو روک لے یعنی بے ضرورت بات نہ کیا کرے۔ حضرت سعدؓ نے ایک مرتبہ حضورﷺ سے درخواست کی کہ میرے لئے اس بات کی دُعا کردیں کہ حق تعالیٰ شانہٗ مجھے مستجاب الدعاء (جو دُعا کرے وہ قبول ہو جائے) بنادے حضورﷺ نے ارشاد فرمایا اپنی روزی کو پاکیزہ بنالو (مشتبہ مال نہ کھاؤ) مستجاب الدعاء بن جاؤ گے۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں محمد (ﷺ) کی جان ہے کہ آدمی ایک حرام کا لقمہ اپنے پیٹ میں ڈالتا ہے جس سے اس کی چالیس دن کی عبادت نامقبول بن جاتی ہے اور جس کی پرورش حرام مال سے ہوئی ہو جہنم اس کے لئے زیادہ مناسب ہے۔ اور بھی بہت سی روایات اسی مضمون کی احادیث میں آئی ہیں (ترغیب) اس لئے اپنی آمدنی کے ذرائع میں بڑی احتیاط کرنا چاہئے

❶ مشکوٰۃ ❷ ترغیب۔

ظاہر کے اعتبار سے اگر اس احتیاط میں کوئی نقصان نظر میں آتا ہو تب بھی برکت اور مآل کے اعتبار سے وہ کمی بہت زیادہ فائدہ مند اور نقصان سے بچانے والی ہے۔

چوتھا مطالبہ حدیث بالا میں یہ ہے کہ مال کو کہاں خرچ کیا۔ یہ رسالہ سارا ہی اس مضمون میں ہے کہ آدمی کے مال میں اس کے کام آنے والا صرف وہی ہے جس کو اللہ تعالیٰ کے راستہ میں آدمی خرچ کردے اس کے موجود رہنے میں اس کے علاوہ کہ وہ اپنے کام نہ آسکا بے کار محض رہا متعدد نقصانات بھی دوسری فصل کے ختم پر گذر چکے ہیں اور جتنی زیادہ مال کی کثرت ہوگی اتنا ہی زیادہ حساب میں دیر لگنا تو ایک کھلی ہوئی بات ہے۔ قیامت کا وہ سخت ترین ہوش رُبا دن جس میں گرمی کی شدت سے ہر شخص پسینہ پسینہ ہو رہا ہوگا، ہر شخص خوف کی شدت سے ایسا معلوم ہوگا جیسا کہ نشہ میں ہو مگر حقیقتاً نشہ نہ ہوگا جس کے متعلق حق تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد ہے۔

يَـٰٓأَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ ۝ يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّآ أَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ۝

(سورۂ حج ۔۱۔۲)

اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو بیشک قیامت کا زلزلہ (جو عنقریب آنے والا ہے) بہت سخت چیز ہے جس دن تم اس کو دیکھو گے تمام دودھ پلانیوالی عورتیں (خوف کی وجہ سے) اپنے دودھ پیتے بچے کو بھول جائیں گی اور تمام حاملہ عورتیں (دہشت کی وجہ سے) اپنے حمل (وقت سے پہلے ہی ادھورے) گرادیں گی اور تو لوگوں کو نشہ کی سی حالت میں دیکھے گا اور حقیقتاً نشہ نہ ہوگا بلکہ اللہ تعالیٰ کا عذاب ہی سخت ہے (جس کے خوف سے ان سب کی یہ حالت ہوگی۔)

دوسری جگہ ارشاد ہے۔

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ۝ (انبیاء ۱)

لوگوں کے حساب کا دن تو قریب آگیا (کہ قیامت تیزی سے قریب آرہی ہے) اور یہ لوگ (ابھی تک) غفلت میں پڑے ہیں (اور اس کے لئے تیاری سے) روگردان ہیں۔

اس کے چند رکوع بعد ارشاد ہے۔

وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا ط وَإِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ أَتَيْنَا بِهَا ط وَكَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ ۝ (سورۃ انبیاء ۴۷)

اور قیامت کے دن ہم میزان عدل قائم کریں گے اور کسی پر کسی قسم کا ظلم نہ ہوگا اور اگر رائی کے دانہ کے برابر بھی کسی کا کوئی عمل (نیک یا بد) ہوگا تو ہم اس کو وہاں سامنے لائیں گے اور ہم حساب لینے والے کافی ہیں۔

ایک اور جگہ ارشاد ہے۔

لِلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنٰىؕ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهٗ لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّ مِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْحِسَابِ (سورۃ رعد ۱۸)

جن لوگوں نے اپنے رب کا کہنا مان لیا (اور اس کے ارشادات کی تعمیل کی) ان کے لئے اچھا بدلہ ہے (جو جنت میں ان کو ملے گا) اور جن لوگوں نے اس کا کہنا نہ مانا ان کے پاس (قیامت کے دن) اگر تمام دُنیا کی ساری چیزیں موجود ہوں بلکہ اس کے ساتھ اسی کے برابر اور بھی ہوں (یعنی ساری دُنیا کی تمام چیزوں سے دوگنی ہوں) تو وہ سب چیزیں اپنی (خلاصی کے لئے) فدیہ میں دیدیں ان لوگوں کا سخت حساب ہوگا۔

اور بھی بہت سی آیات میں اس دن کے حساب پر اس کی سختی اور اہمیت پر تنبیہ کی گئی ہے۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک مرتبہ ارشاد فرمایا کہ قیامت میں جس شخص سے حساب کیا جائے گا وہ ہلاک ہو جائے گا (اس لئے کہ حساب میں پورا اترنا سخت مشکل ہوگا) حضرت عائشہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) حق تعالیٰ شانہ نے تو (سورۃ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ میں) یہ ارشاد فرمایا کہ سہل حساب ہوگا حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ یہ حساب (جس کا اس سورۃ میں ذکر ہے یہ) تو محض اعمال کا پیش ہونا ہے جس کا محاسبہ شروع ہو جائے گا وہ ہلاک ہو جائے گا۔ ایک اور حدیث میں حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ یہ دُعا کیا کرتے تھے یا اللہ مجھ سے حساب یسیر (سہل حساب) کیجئے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) حساب یسیر کیا چیز ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا اس کا اعمال نامہ دیکھ کر یہ فرما دیا جائے کہ اس کو معاف کر دیا جائے۔ لیکن جس سے محاسبہ ہونے لگے وہ ہلاک ہو گیا۔ حضرت ابو ہریرہؓ حضور ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ تین چیزیں ایسی ہیں جس شخص میں یہ تینوں موجود ہوں اس کا حساب سہل ہوگا اور حق تعالیٰ شانہ اس کو اپنی رحمت سے جنت میں داخل کر دے گا۔ وہ تین چیزیں یہ ہیں۔ کہ جو شخص تجھے اپنی عنایت سے محروم رکھے تو اس پر احسان کر، جو تجھ پر ظلم کرے اس کو معاف کر جو تجھ سے قطع رحمی کرے تو اس کے ساتھ صلہ رحمی کرے۔ (درمنثور)

ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ تم میں سے کوئی شخص بھی ایسا نہ ہوگا جس سے حق تعالیٰ

شلنہ ایسی طرح بات نہ کریں کہ اس کے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان میں نہ کوئی پردہ ہوگا نہ کوئی واسطہ ہوگا اپنے دائیں طرف دیکھے گا تو وہ اعمال ہونگے جو دُنیا میں کیے، بائیں طرف دیکھے گا تو وہ اعمال ہوں گے جو کیے تھے (نیک اعمال ہوں یا برے دہکتی ہوئی) جہنم آنکھ کے سامنے ہوگی اس سے (بچنے کی بہترین چیز صدقہ ہے پس صدقہ کے ذریعہ سے اس سے بچو) چاہے آدھی کھجور ہی صدقہ کیوں نہ ہو۔ ❶

ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ مجھے جنت دکھائی گئی اس کے اعلیٰ درجوں میں فقراء مہاجرین تھے اور غنی لوگ عورتیں بہت کم مقدار میں اس جگہ تھیں، مجھے یہ بتایا گیا کہ غنی لوگ تو ابھی جنت کے دروازوں پر حساب میں مبتلا ہیں اور عورتوں کو سونے چاندی کی محبت نے مشغول کر رکھا ہے۔ ایک اور حدیث میں ہے حضور ﷺ نے فرمایا کہ میں جنت کے دروازوں پر کھڑا تھا اکثر مساکین اس میں داخل ہو رہے تھے اور غنی لوگ (حساب میں) مقید تھے اور میں نے دوزخ کے دروازہ پر کھڑے ہو کر دیکھا کہ عورتیں اس میں کثرت سے داخل ہو رہی ہیں۔ ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ آدمی دو چیزوں سے گھبراتا ہے اور دونوں اس کے لئے خیر ہیں۔ ایک موت سے گھبراتا ہے حالانکہ موت فتنوں سے بچاؤ ہے۔ دوسرے مال کی کمی سے گھبراتا ہے حالانکہ جتنا مال کم ہوگا اتنا ہی حساب کم ہوگا۔ ❷

حضور اقدس ﷺ ایک مرتبہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے مجمع میں تشریف فرما تھے، حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میں نے آج رات جنت کو اور اس میں تم لوگوں کے مرتبوں کو دیکھا ہے اس کے بعد حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ میں نے ایک شخص کو دیکھا کہ وہ جنت کے جس دروازہ پر بھی جاتا تھا وہاں سے مرحبا مرحبا (تشریف لایئے تشریف لایئے) کی آوازیں آتی تھیں (ہر نیک عمل کے لئے جنت میں ایک خاص دروازہ ہے ہر دروازہ سے درخواست کا مطلب یہ ہے کہ ہر نیک عمل میں اس کا پایہ بہت بڑھا ہوا ہے) حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) جس شخص کا یہ مرتبہ ہے وہ تو کوئی بہت ہی بلند پایہ شخص ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا یہ شخص ابو بکر (رضی اللہ عنہ) ہیں۔ پھر حضور ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف توجہ فرما کر ارشاد فرمایا کہ میں نے جنت میں سفید موتی کا ایک گھر دیکھا جس میں یاقوت جڑے ہوئے تھے میں نے پوچھا یہ مکان کس کا ہے؟ مجھے بتایا گیا کہ یہ قریش کے ایک نوجوان کا ہے (اس مکان کی نہایت عمدگی، چمک، رونق اور اپنے سید المرسلین ﷺ ہونے کی وجہ سے) مجھے یہ خیال ہوا کہ یہ مکان میرا ہی ہے میں اس میں داخل ہونے لگا تو مجھے بتایا گیا کہ یہ عمر رضی اللہ عنہ کا ہے۔ پھر حضور ﷺ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ، حضرت علی رضی اللہ عنہ

---

❶ مشکوٰۃ ❷ ترغیب۔

وغیرہ متعدد حضرات کے مراتب ارشاد فرمائے۔ اس کے بعد حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوکر ارشاد فرمایا کہ میرے ساتھیوں میں سے تم بہت دیر میں میرے پاس پہنچے مجھے تو تمہارے متعلق یہ ڈر ہوگیا تھا کہ کہیں ہلاک تو نہیں ہوگئے اور تم پسینہ پسینہ ہو رہے تھے میں نے تم سے پوچھا کہ اتنی دیر آنے میں تمہیں کہاں لگ گئی تھی تو تم نے جواب دیا کہ میں اپنے مال کے کثرت کی وجہ سے حساب میں مبتلا رہا مجھ سے اس کا حساب ہوا کہ مال کہاں سے کمایا اور کہاں خرچ کیا۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ اپنے متعلق یہ سن کر رونے لگے اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ! (صلی اللہ علیہ وسلم) رات ہی میرے پاس مصر کی تجارت سے سو اونٹ آئے ہیں یہ مدینہ منورہ کے فقراء اور یتامیٰ پر صدقہ ہیں شاید اللہ جل شانہٗ اسی کی وجہ سے اس دن کے حساب میں مجھ پر تخفیف فرمادیں۔ ❶

ایک حدیث میں ہے کہ ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ عبدالرحمٰن تم میری اُمت کے غنی لوگوں میں ہو۔ اور جنت میں گھسٹ کر جاؤ گے (پاؤں پر کھڑے ہوکر نہ جاؤ گے) تم اللہ تعالیٰ شانہٗ کو قرض دو، تاکہ تمہارے پاؤں کھل جائیں۔ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے پوچھا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کیا چیز قرض دوں؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنا سارا مال۔ یہ سن کر فوراً اُٹھے تاکہ اپنا سب مال لاکر حاضر کریں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کے پیچھے قاصد بھیج کر ان کو بلایا اور یہ ارشاد فرمایا کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام ابھی آئے اور یہ پیام دے گئے کہ عبدالرحمٰن سے کہہ دیجئے کہ مہمان نوازی کیا کریں۔ غریبوں کو کھانا کھلایا کریں۔ سوال کرنے والوں کا سوال پورا کیا کریں اور جو ان کے عیال ہیں ان سے صدقہ میں ابتداء کیا کریں۔ یہ چیزیں ان کے تزکیہ (درست ہونے) کے لئے کافی ہیں۔ ❷

یہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ بڑے جلیل القدر صحابی، بڑے فضائل اور مفاخر کے مالک ہیں عشرہ مبشرہ میں ان کا شمار ہے۔ یعنی ان دس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں جن کو دُنیا ہی میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم جنت کی خوشخبری دے گئے۔ نیز ان چھ حضرات میں ہیں جن پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی شہادت کے وقت خلیفہ بنانے کا دارومدار رکھا تھا اور یہ کہا تھا کہ ان حضرات سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم راضی ہوکر دُنیا سے تشریف لے گئے ہیں اور پھر ان چھ حضرات میں سے بقایا پانچ حضرات نے بالآخر انہی کی رائے پر خلیفہ کے چننے کا مدار رکھا تھا اور ان کی تجویز سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ خلیفۂ ثالث مقرر ہوئے تھے۔ سابقین اولین میں ان کا شمار ہے جن کے متعلق اللہ پاک نے فرمایا۔

وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ الآیۃ (توبہ: ۱۰۰)

ترجمہ: اور جو مہاجرین اور انصار ایمان لانے میں امت سے سابق اور مقدم ہیں

---

❶ ترغیب ❷ حاکم۔

اور جو لوگ اخلاص سے ان کے پیرو ہیں اللہ تعالیٰ ان سب سے راضی ہوا اور یہ سب اللہ تعالیٰ سے راضی ہوئے اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے ایسے باغ تیار کر رکھے ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی جن میں یہ ہمیشہ رہیں گے۔

اس کے علاوہ حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ نے دونوں ہجرتیں کیں۔ غزوۂ بدر اور سب غزوات کے شریک ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ ہی میں اہل علم اور اہل فتویٰ میں ان کا شمار ہے۔ محض ان کی رائے پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بعض امور کو اختیار کیا۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ سفر میں صبح کی نماز ان کا مقتدی بن کر ادا فرمائی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ضرورت کے لئے تشریف لے گئے۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے مل کر ان کو امام چنا تھا جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لائے تو نماز ہو رہی تھی ایک رکعت ہو چکی تھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے اقتداء میں نماز پڑھی۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے تو پہلے سال میں اپنا قائم مقام امیر الحج بنا کر ان کو بھیجا۔ (1)

غرض بے انتہا فضائل کے باوجود اس مال کی کثرت نے انکو اپنے مرتبہ کے لوگوں میں پیچھے کر دیا۔ اور مال بھی محض حق تعالیٰ شانہ کے فضل اور اس کی عطاء اور اس کے انعام ہی سے ملا تھا ورنہ بہت غریب تھے۔ ہجرت کی ابتداء میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے جب مہاجرین اور انصار کا آپس میں بھائی چارہ کیا تھا تا کہ فقراء مہاجرین کی اعانت اور مدد خصوصی تعلق پر انصار کرتے رہیں تو ان کو حضرت سعد بن الربیع الانصاری رضی اللہ عنہ کا بھائی بنایا تھا۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا تھا کہ مدینہ میں سب سے زیادہ مال اور دولت اللہ جل شانہ نے مجھے عطاء فرما رکھا ہے۔ میں سب مال میں سے آدھا آدھا تمہیں دیتا ہوں اور میری دو بیبیاں ہیں ان میں سے جونسی تمہیں پسند ہو میں اس کو طلاق دے دوں گا عدت کے بعد تم اس سے نکاح کر لینا۔ ان کی سیر چشمی کہ انہوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ تمہارے مال میں برکت عطا فرمائے مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے مجھے تو تم یہاں کے بازار کا راستہ بتا دو۔ بازار گئے اور خرید و فروخت شروع کی۔ اور شام کو نفع میں تھوڑا سا گھی اور پنیر بچا کر لائے اسی طرح روزانہ جاتے اور کچھ ہی دن گذرے تھے کہ بچت اتنی ہو گئی کہ نکاح کر لیا۔ (2)

پھر وہ وقت بھی آیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ صدقہ کی ترغیب دی تو اپنے سارے مال کا آدھا حصہ صدقہ کیا اور مال کی کثرت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے جو بھی گذرا کہ صرف مصر کی تجارت سے سو اونٹ سامان کے لدے ہوئے آئے تھے جو صدقہ کر دیئے۔ اور اس کے بعد ایک مرتبہ چالیس ہزار دینار (اشرفیاں) صدقہ کیں ایک موقعہ پر پانچ سو گھوڑے، پانچ سو اونٹ جہاد کے لئے دیئے۔

(1) اصابہ (2) بخاری۔

اور تیس ہزار غلام آزاد کئے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ تیس ہزار گھرانے آزاد کئے۔ ❶ ہر گھرانہ میں نہ معلوم کتنے مرد عورت بڑے اور بچے ہوں گے۔ ایک مرتبہ ایک زمین چالیس ہزار اشرفیوں میں فروخت کی اور سب کی سب فقراء مہاجرین اور اپنے رشتہ داروں میں ازواج مطہرات پر تقسیم کر دیں۔ ❷ اور اپنے انتقال کے وقت جو وصیت کی اس میں ہر اس شخص کو جو بدر کی لڑائی میں شریک تھا فی آدمی چار سو دینار (اشرفیاں) کی وصیت کی تھی۔ اس وقت اہل بدر میں سے سوآدمی زندہ تھے۔ ❸ اور ایک باغ کی وصیت ازواج مطہرات کے لئے کی جو چالیس ہزار شرفیوں میں فروخت ہوا۔ ❹ اور خود اپنا حال یہ تھا کہ ایک مرتبہ غسل کر کے کھانا کھانے کے لئے بیٹھے تو ایک پیالہ میں روٹی اور گوشت (ثرید) سامنے رکھا گیا اس کو دیکھ کر رونے لگے۔ کسی نے رونے کی وجہ پوچھی تو فرمایا کہ حضور ﷺ کا ایسی حالت میں وصال ہوا کہ جو کی روٹی بھی پیٹ بھر کر نہ ملتی تھی۔ ہمیں حالات جو اپنے سامنے ہیں کچھ اپنے لئے خیر نہیں معلوم ہوتے۔ ❺ یعنی اگر یہ وسعت کچھ خیر کی چیز ہوتی تو حضور ﷺ کے لئے بھی ہوتی۔ جب حضور ﷺ کے لئے یہ چیزیں نہ تھیں تو کچھ خیر کی چیزیں نہیں معلوم ہوتیں۔ ان کمالات پر وہ محاسبہ ہے جو اوپر ذکر کیا گیا۔

پانچواں مطالبہ حدیث بالا میں جس کا قیامت کے میدان میں جواب دینا ہوگا یہ ہے کہ جو علم حق تعالیٰ شانہ نے تمہیں عطا کیا تھا اس پر کس حد تک عمل کیا کسی جرم کا معلوم نہ ہونا کوئی عذر نہیں قانون سے ناواقفیت کسی عدالت میں بھی معتبر نہیں۔ کیونکہ اس کا معلوم کرنا اپنا فریضہ ہے۔ اور یہ بات کہ اللہ تعالیٰ کا حکم معلوم نہیں تھا۔ مستقبل گناہ ہے۔ اس لئے حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ ہر مسلمان پر (مذہبی) علم سیکھنا فرض ہے۔ لیکن یہ بھی ظاہر ہے کہ علم کے بعد کسی جرم کا کرنا زیادہ سخت ہے۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ اپنے علم سے ایک دوسرے کو نصیحت کرتے رہا کرو علم میں خیانت مال میں خیانت سے زیادہ سخت ہے۔ اور اللہ تعالیٰ شانہ کے یہاں اس کا مطالبہ ہوگا۔ اور یہ مضمون تو بہت سی احادیث میں ہے کہ جس شخص سے علم کی کوئی بات پوچھی جائے اور وہ اس کو چھپائے تو قیامت کے دن اس کے منہ میں آگ کی لگام ڈالی جائے گی۔

ایک مرتبہ حضور اقدس ﷺ نے وعظ فرمایا جس میں بعض قوموں کی تعریف فرمائی اور پھر یہ ارشاد فرمایا کہ یہ کیا بات ہے کہ بعض قومیں اپنی پڑوسی قوموں کو تعلیم نہیں دیتیں نہ ان کو نصیحت کرتی ہیں نہ ان کو سمجھدار بناتی ہیں نہ ان کو اچھی باتوں کا حکم کرتی ہیں نہ بری باتوں سے روکتی ہیں۔ اور یہ کیا بات ہے بعضی قومیں اپنے پڑوسیوں سے نہ علم سیکھتی ہیں نہ نصیحت حاصل کرتی ہیں یا تو یہ لوگ اپنے پڑوسیوں کو علم سکھائیں اور ان کو نصیحت کریں اور انکو سمجھدار بنائیں اور دوسرے لوگ ان علم والوں

---

❶ مستدرک ❷ ایضاً ❸ اصابہ ❹ مستدرک ❺ اصابہ۔

سے ان چیزوں کو حاصل کریں اور اگر ایسا نہ ہوا تو خدا کی قسم میں ان سب کو دنیا ہی میں سخت سزا دوں گا۔ (آخرت کا قصہ الگ ہے) اس کے بعد حضور اقدس ﷺ منبر سے اتر آئے لوگوں میں اس کا چرچا ہوا کہ اس سے کون سی قومیں مراد ہیں؟ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اشعری قوم کے لوگ مراد ہیں کہ وہ اہل علم ہیں، اہل فقہ ہیں، اور ان کے آس پاس کی رہنے والی قومیں جاہل ہیں۔

یہ خبر اشعری لوگوں کو پہنچی وہ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) آپ نے بعض قوموں کی تو تعریف فرمائی اور ہم لوگوں کے متعلق یہ ارشاد فرمایا۔ حضور ﷺ نے اپنا پاک ارشاد ان کے سامنے فرمایا کہ یا تو اپنے پڑوسیوں کو علم سکھائیں اور ان کو نصیحت کریں، ان کو سمجھدار بنائیں ان کو اچھی باتوں کا حکم کریں، بری باتوں سے منع کریں، اور دوسرے لوگ ان سے ان چیزوں کو حاصل کریں ورنہ میں دنیا ہی میں سخت سزا دونگا۔ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! (ﷺ) ہم دوسروں کو کس طرح سمجھدار بنائیں۔ حضور ﷺ نے پھر اپنا وہی حکم ارشاد فرمایا انہوں نے تیسری دفعہ پھر یہی عرض کیا۔ اور حضور ﷺ نے پھر بھی اپنا وہی حکم ارشاد فرمایا تو انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) اچھا ایک سال کی مہلت ہم کو دیدیں۔ حضور ﷺ نے ان کو ان پڑوسیوں کی تعلیم کے لئے ایک سال کی مہلت عطا فرمادی۔ (ترغیب و مجمع الزوائد)

اس حدیث پاک اور حضور اقدس ﷺ کے اس سخت عتاب سے یہ بھی واضح ہو گیا کہ جو لوگ خود اہل علم ہیں سمجھدار ہیں، ان کی یہ بھی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے آس پاس رہنے والے جاہلوں کی تعلیم کی کوشش کریں انکا یہ خیال کہ جس کو غرض ہو گی خود سیکھے گا کافی نہیں۔ نہ سیکھنے کا مستقل مطالبہ اور مستقل گناہ ان کے ذمہ ہے لیکن ان کو سکھانے کی ذمہ داری ان عالموں کی بھی ہے کہ یہ خود اس کی کوشش کریں اس کی تدبیریں کریں کہ وہ علم سیکھیں۔ یہ بھی اپنے علم پر عمل کرنے میں داخل ہے کہ علم کے عمل میں اس کا سکھانا بھی داخل ہے۔ (ترغیب) حضور اقدس ﷺ سے جو دعائیں کثرت سے نقل کی گئی ہیں ان میں یہ دعا بھی بکثرت وارد ہے کہ اے اللہ میں تجھ سے ایسے علم سے پناہ مانگتا ہوں جو نفع نہ دے۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ قیامت کے دن ایک شخص (یعنی ایک نوع آدمیوں کی چاہے اس نوع کے کتنے ہی آدمی ہوں) لایا جائے گا اور اس کو جہنم میں پھینک دیا جائے گا جس سے اس کی انتڑیاں نکل پڑیں گی اور وہ ان کے گرد اس طرح گھومے گا جیسا کہ چکی کا گدھا چکی کے گرد پھرتا ہے (یعنی جیسا کہ جانور گدھا بیل وغیرہ آٹا پیسنے کی چکی کے چاروں طرف گھومتا ہے جہنم کے لوگ اس کے چاروں طرف جمع ہو جائیں گے اور اس سے دریافت کریں گے تجھے کیا ہوا تو تو ہم کو بھی اچھی باتوں کا حکم کرتا تھا بری باتوں سے روکتا تھا؟ وہ جواب دیگا کہ میں تم کو اس کا حکم کرتا تھا لیکن خود اس پر عمل

نہیں کرتا تھا ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ میں نے شب معراج میں ایک جماعت کو دیکھا کہ ان کے ہونٹ جہنم کی آگ کے قینچیوں سے کترے جا رہے ہیں۔ میں نے حضرت جبرائیل علیہ السلام سے دریافت کیا کہ یہ کون لوگ ہیں؟ انہوں نے بتایا کہ یہ آپ کی اُمت کے وہ واعظ ہیں جو دوسروں کو نصیحت کرتے تھے اور خود اس پر عمل نہیں کرتے تھے۔ ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ زبانیہ ایسے پڑھے لکھوں کو جو فسق میں مبتلا ہوں کافروں سے بھی پہلے پکڑیں گے وہ کہیں گے یہ کیا ہوا کہ ہماری پکڑ کافروں سے بھی پہلے ہو رہی ہے ان کو جواب دیا جائے گا کہ عالم اور جاہل برابر نہیں ہوتے۔ ❶ یعنی تم نے باوجود جاننے کے یہ حرکتیں کیں۔ زبانیہ فرشتوں کی وہ سخت ترین جماعت ہے جو لوگوں کو جہنم میں پھینکنے پر مامور ہے۔ سورۂ اقراء میں بھی ان کا ذکر ہے۔

ایک حدیث میں ہے کہ بعض جنتی بعض جہنمی لوگوں کے پاس جا کر کہیں گے کہ تمہیں کیا ہوا تم یہاں پڑے ہو۔ ہم تو تمہاری ہی وجہ سے جنت میں گئے ہیں کہ تم ہی سے ہم نے علم سیکھا تھا؟ وہ جواب دیں گے کہ ہم دوسروں کو تو بتاتے تھے خود اس پر عمل نہیں کرتے تھے۔ حضرت مالک بن دینارؒ حضرت حسن بصریؒ کے ذریعہ سے حضور ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ جو شخص بھی وعظ کہتا ہے حق تعالیٰ شانہ اس سے قیامت کے دن مطالبہ فرمائیں گے کہ اس کا کیا مقصد تھا (یعنی اس سے کوئی دنیوی غرض بھی مال ومنفعت یا جاہ شہرت یا خالص اللہ تعالیٰ کے واسطے کہا تھا۔ حضرت مالکؒ کے شاگرد کہتے ہیں کہ مالکؒ جب اس حدیث کو بیان کرتے تو اتنا روتے کہ آواز نہ نکلتی پھر یوں فرماتے کہ تم یوں سمجھتے ہو کہ وعظ سے میری آنکھ ٹھنڈی ہوتی ہے (یعنی میرا دل خوش ہوتا ہے) حالانکہ مجھے معلوم ہے کہ مجھ سے قیامت کے دن اس کا سوال ہوگا کہ اس وعظ کا کیا مقصد تھا ❷ اس کے باوجود جو کہنے کی مجبوری ہے وہ ابھی گذر چکی ہے یعنی لوگوں کو علم سے روشناس کرنے کی ذمہ داری بھی ہے جیسا کہ بہت سی روایات میں وارد ہوا اور اشعری لوگوں کا قصہ ابھی گذرا حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ مجھے اس کا خوف اور ڈر ہے کہ قیامت کے دن ساری مخلوق کے سامنے مجھے آواز دی جائے میں عرض کروں "لبیک ربی" میرے رب میں حاضر ہوں وہاں سے مطالبہ ہو کہ اپنے علم میں کیا عمل کیا تھا؟ ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ قیامت کے دن سخت ترین عذاب والا وہ عالم ہے جس کے علم سے اس کو نفع نہ ہو۔ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور اقدس ﷺ نے قبیلہ قیس کی تعلیم کے لئے بھیجا۔ میں نے جا کر دیکھا کہ وہ وحشی اونٹوں کی طرح سے ہیں ان کا ہر وقت دھیان اپنے اونٹ اور بکری میں لگا رہتا ہے اس کے سوا کوئی دوسرا فکر ہی ان کو نہیں (ہر وقت بس دنیا کے دھندوں میں لگے رہتے ہیں) میں وہاں سے واپس آگیا۔ حضور ﷺ نے

❶، ❷ ترغیب۔

دریافت فرمایا کہ کیا کر کے آئے؟ میں نے حضور ﷺ سے ان کا حال بیان کر دیا اور (دین سے) ان کی غفلت کی خبر سنائی۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا عمار اس سے زیادہ تعجب کی بات اس قوم کی حالت ہے جو عالم ہونے کے باوجود (دین سے) ایسے ہی غافل ہو جیسا کہ یہ غافل ہے ایک اور حدیث میں ہے بعض آدمی جہنم میں ڈالے جائیںگے جن کی بدبو اور تعفن سے جہنمی لوگ بھی پریشان ہو جائیںگے وہ لوگ ان سے کہیں گے تمہارا کیا عمل ایسا تھا جس کی یہ نحوست ہے۔ ہمیں اپنی ہی مصیبت جس میں ہم مبتلا تھے کیا کم تھی۔ تمہاری اس بدبو نے اور بھی پریشان کر دیا۔ یہ لوگ کہیں گے کہ ہم اپنے علم سے نفع نہیں اٹھاتے تھے۔ (ترغیب) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے کہ مجھے اس امت پر زیادہ خوف منافق عالم کا ہے۔ کسی نے پوچھا کہ منافق عالم کون ہوتا ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ زبان کا عالم دل اور عمل کا جاہل یعنی تقریر تو بڑی لچھے دار کرے مگر عمل کے نام صفر۔ حضرت حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ تو ایسا نہ بن، ثوریؒ فرماتے ہیں کہ علم عمل کے لئے آواز دیتا ہے اگر کوئی شخص اس پر عمل کرے تو وہ علم باقی رہتا ہے ورنہ وہ بھی چلا جاتا ہے یعنی علم ضائع ہو جاتا ہے۔ حضرت فضیلؒ فرماتے ہیں کہ مجھے تین شخصوں پر بڑا رحم آتا ہے۔ ایک قوم کا سردار جو ذلیل ہو گیا ہو۔ دوسرا وہ غنی جو غنا کے بعد فقیر ہو گیا ہو۔ تیسرا وہ عالم جس سے دنیا کھیلتی ہو (یعنی دنیا کا طالب ہو اور جو اس کا طالب ہوگا یہ اس سے کھیلے گی) حضرت حسن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ علماء کا عذاب دل کی موت ہے اور دل کی موت آخرت کے عمل سے دنیا طلب کرنا ہے کسی شاعر کا شعر ہے۔

عجبت لمبتاع الضّللة بالهُدٰی　　ومن يشتری دنياه بالدِّين اعجبا

واعجب من هذين من باع دينه　　بدنيا سواه فهو مِن دين اعجب

ترجمہ: مجھے اس شخص پر تعجب آتا ہے جو ہدایت کے بدلے گمراہی خریدے اور اس سے زیادہ تعجب اس شخص پر ہے جو دین کے بدلہ دنیا خریدے، اور دونوں سے زیادہ تعجب اس شخص پر ہے جو اپنے دین کو دوسروں کی دنیا کے بدلے فروخت کر دے یعنی دنیا کا فائدہ تو دوسرے کو ہو، اور دین ان کا ضائع اور برباد ہو۔

امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ جو عالم دنیادار ہو وہ احوال کے اعتبار سے جاہل سے زیادہ کمینہ ہے اور عذاب کے اعتبار سے زیادہ سختی میں مبتلا ہوگا اور کامیاب اور اللہ تعالیٰ کے یہاں مقرب علمائے آخرت ہیں جن کی چند علامتیں ہیں۔

(۱) اپنے علم سے دنیا نہ کماتا ہو۔ عالم کا کم سے کم درجہ یہ ہے کہ دنیا کی حقارت کا اس کے کمینہ پن کا، اس کے مکدر ہونے کا، اس کے جلد ختم ہو جانے کا اس کو احساس ہو آخرت کی عظمت اس کا ہمیشہ

رہنا اس کی نعمتوں کی عمدگی کا احساس ہو۔ اور یہ بات اچھی طرح جانتا ہو کہ دنیا اور آخرت دونوں ایک دوسرے کی ضد ہیں دو سوکنوں کی طرح ہیں، جونسی ایک کو راضی کرے گا دوسری خفا ہو جائے گی۔ یہ دونوں ترازو کے دو پلڑوں کی طرح سے ہیں جونسا ایک پلڑا جھکے گا دوسرا ہلکا ہو جائے گا۔ دونوں میں مشرق مغرب کا فرق ہے جونسے ایک سے تو قریب ہوگا دوسرے سے دور ہو جائے گا جو شخص دنیا کی حقارت کا اس کے گدلے پن کا اور اس بات کا احساس نہیں کرتا کہ دنیا کی لذتیں دونوں جہان کی تکلیفوں کے ساتھ منضم ہیں وہ فاسد العقل ہے مشاہدہ اور تجربہ ان باتوں کا شاہد ہے کہ دنیا کی لذتوں میں دنیا کی بھی تکلیف ہے اور آخرت کی تکلیف تو ہے ہی۔ پس جس شخص کو عقل ہی نہیں وہ عالم کیسے ہوسکتا ہے۔ بلکہ جو شخص آخرت کی بڑائی اور اس کے ہمیشہ رہنے کو بھی نہیں جانتا ہے وہ تو کافر ہے ایسا شخص کیسے عالم ہوسکتا ہے۔ جس کو ایمان بھی نصیب نہ ہو اور جو شخص دنیا اور آخرت کا ایک دوسرے کی ضد ہونے کو نہیں جانتا اور دونوں کے درمیان جمع کرنے کی طمع میں ہے وہ ایسی چیز میں طمع کر رہا ہے جو طمع کرنیکی چیز نہیں ہے۔ وہ شخص تمام انبیاء کی شریعت سے ناواقف ہے اور جو شخص ان سب چیزوں کو جاننے کے باوجود دنیا کو ترجیح دیتا ہے وہ شیطان کا قیدی ہے جس کو شہوتوں نے ہلاک کر رکھا ہے اور بدبختی اس پر غالب ہے۔

جس کی یہ حالت ہو وہ علماء میں کیسے شمار ہوگا؟ حضرت داؤد علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کا ارشاد نقل کیا ہے کہ جو عالم دنیا کی خواہش کو میری محبت پر ترجیح دیتا ہے اس کے ساتھ ادنی سے ادنی معاملہ میں یہ کرتا ہوں کہ اپنی مناجات کی لذت سے اس کو محروم کر دیتا ہوں (کہ میری یاد میں میری دعا میں اس کو لذت نہیں آتی) اے داؤد! ایسے عالم کا حال نہ پوچھ جس کو دنیا کا نشہ سوار ہو کہ میری محبت سے تجھ کو دور کر دے ایسے لوگ ڈاکو ہیں۔ اے داؤد جب تو کسی کو میرا طالب دیکھے تو اس کا خادم بن جا۔ اے داؤد جو شخص بھاگ کر میری طرف آتا ہے میں اس کو جہبذ (حاذق سمجھدار) لکھ دیتا ہوں اور جس کو جہبذ لکھدیتا ہوں اس کو عذاب نہیں کرتا، یحییٰ بن معاذؒ کہتے ہیں کہ علم وحکمت سے جب دنیا طلب کی جائے تو ان کی رونق جاتی رہتی ہے۔ سعید بن المسیبؒ کہتے ہیں کہ جب کسی عالم کو دیکھو کہ امراء کے یہاں پڑا رہتا ہے تو اس کو چور سمجھو۔ اور حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ جس عالم کو دنیا سے محبت رکھنے والا دیکھو اپنے دین کے بارے میں اس کو متہم سمجھو۔ اس لئے کہ جس شخص کو جس سے محبت ہوتی ہے اسی میں گھسا کرتا ہے۔ ایک بزرگ سے کسی نے پوچھا کہ جس کو گناہ میں لذت آتی ہو وہ اللہ تعالیٰ کا عارف ہوسکتا ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ مجھے اس میں ذرا تردد نہیں کہ جو شخص دنیا کو آخرت پر ترجیح دے وہ عارف نہیں ہوسکتا اور گناہ کرنے کا درجہ تو اس سے بہت زیادہ ہے۔ اور یہ

بات بھی ذہن میں رکھنا چاہیے کہ صرف مال کی محبت نہ ہونے سے آخرت کا عالم نہیں ہوتا جاہ کا درجہ اوراس کا نقصان مال سے بھی بڑھا ہوا ہے۔

یعنی جتنی وعیدیں اوپر دنیا کے ترجیح دینے کی اور اس کی طلب کی گذری ہیں ان میں صرف مال کمانا ہی داخل نہیں بلکہ جاہ کی طلب مال کی طلب کی بہ نسبت زیادہ داخل ہے اس لئے کہ جاہ طلبی کا نقصان اوراس کی مضرت مال طلبی سے بھی زیادہ سخت ہے۔

(۲) دوسری علامت یہ ہے کہ اس کے قول وفعل میں تعارض نہ ہو دوسروں کو خیر کا حکم کرے اور خود اس پر عمل نہ کرے۔ حق تعالیٰ شانہ کا ارشاد ہے۔

اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتَابَ ط(بقرہ ٤٤)

ترجمہ) کیا غضب ہے کہ دوسروں کو نیک کام کرنے کو کہتے ہو اور اپنی خبر نہیں لیتے حالانکہ تم تلاوت کرتے رہتے ہو کتاب کی دوسری جگہ ارشاد ہے۔

كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَاللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَالَا تَفْعَلُوْنَ ٥(سورۂ صف ۳۱)

اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ بات بہت ناراضی کی ہے کہ ایسی بات کہو جو کرو نہیں۔

حاتم اصمؒ کہتے ہیں کہ قیامت کے دن اس عالم سے زیادہ حسرت والا کوئی نہ ہوگا۔ جس کی وجہ سے دوسروں نے علم سیکھا اوراس پر عمل کیا وہ تو کامیاب ہو گئے اور وہ خود عمل نہ کرنے کی وجہ سے ناکام رہا۔ ابن سماکؒ کہتے ہیں کتنے شخص ایسے ہیں جو دوسروں کو اللہ تعالیٰ کی یاد دلاتے ہیں خود اللہ تعالیٰ کو بھولتے ہیں دوسروں کو اللہ تعالیٰ سے ڈراتے ہیں خود اللہ تعالیٰ پر جرأت کرتے ہیں دوسروں کو اللہ تعالیٰ کا مقرب بناتے ہیں خود اللہ تعالیٰ سے دور ہیں، دوسروں کو اللہ تعالیٰ کی طرف بلاتے ہیں خود اللہ تعالیٰ سے بھاگتے ہیں۔ حضرت عبدالرحمٰن بن غنمؒ کہتے ہیں کہ مجھ سے دس صحابۂ کرامؓ نے یہ مضمون بیان کیا کہ ہم لوگ قبا کی مسجد میں بیٹھے ہوئے علم حاصل کر رہے تھے حضور ﷺ تشریف لائے اور فرمایا کہ جتنا چاہے علم حاصل کرلو اللہ تعالیٰ کے یہاں سے اجر بغیر عمل کے نہیں ملتا۔

(۳) تیسری علامت یہ ہے کہ ایسے علوم میں مشغول ہو جو آخرت میں کام آنے والے ہوں نیک کاموں میں رغبت پیدا کرنے والے ہوں ایسے علوم سے احتراز کرے جن کا آخرت میں کوئی نفع نہیں ہے یا نفع کم ہے۔ ہم لوگ اپنی نادانی سے ان کو بھی علم کہتے ہیں جن سے صرف دنیا کمانا مقصود ہو۔ حالانکہ وہ جہل مرکب ہے کہ ایسا شخص اپنے کو پڑھا لکھا سمجھنے لگتا ہے پھر اس کو دین کے علوم سیکھنے کا اہتمام بھی نہیں رہتا۔ جو شخص کچھ بھی پڑھا ہوا نہ ہو وہ کم سے کم اپنے آپ کو جاہل تو سمجھتا

ہے دین کی باتیں معلوم کرنے کی کوشش تو کرتا ہے مگر جو اپنی جہالت کے باوجود اپنے کو عالم سمجھنے لگے وہ بڑے نقصان میں ہے۔

حاتم اصمؒ جو مشہور بزرگ اور حضرت شقیق بلخیؒ کے خاص شاگرد ہیں ان سے ایک مرتبہ حضرت شیخ نے دریافت کیا کہ حاتم کتنے دن سے تم میرے ساتھ ہو؟ انہوں نے عرض کیا تینتیس برس سے۔ فرمانے لگے کہ اتنے دنوں میں تم نے مجھ سے کیا سیکھا؟ حاتمؒ نے عرض کیا آٹھ مسئلے سیکھے ہیں۔ حضرت شقیقؒ نے فرمایا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ اتنی طویل مدت میں صرف آٹھ مسئلے سیکھے میری تو عمر ہی تمہارے ساتھ ضائع ہوگئی۔ حاتمؒ نے عرض کیا حضور صرف آٹھ ہی سیکھے ہیں جھوٹ تو بول نہیں سکتا حضرت شقیقؒ نے فرمایا کہ اچھا بتاؤ وہ آٹھ مسئلے کیا ہیں؟ حاتمؒ نے عرض کیا۔

(الف) میں نے دیکھا کہ ساری مخلوق کو کسی نہ کسی سے محبت ہے (بیوی سے، اولاد سے مال سے، احباب سے وغیرہ وغیرہ) لیکن میں نے دیکھا کہ جب وہ قبر میں جاتا ہے تو اس کا محبوب اس سے جدا ہو جاتا ہے۔ اسلئے میں نے نیکیوں سے محبت کرلی تاکہ جب میں قبر میں جاؤں تو میرا محبوب بھی ساتھ ہی جائے اور مرنے کے بعد بھی مجھ سے جدا نہ ہو۔ حضرت شقیقؒ نے فرمایا بہت اچھا کیا۔

(ب) میں نے اللہ تعالیٰ کا ارشاد قرآن پاک میں دیکھا۔ وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّہٖ ...... الآیة (سورة النازعات ع۲) اور جو شخص (دنیا میں) اپنے رب کے سامنے (آخرت میں) کھڑا ہونے سے ڈرا ہوگا اور نفس کو (حرام) خواہش سے روکا ہوگا تو جنت اسکا ٹھکانا ہوگا۔ میں نے جان لیا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد حق ہے۔ میں نے اپنے نفس کو خواہشات سے روکا یہاں تک کہ وہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت پر جم گیا۔

(ج) میں نے دنیا کو دیکھا کہ ہر شخص کے نزدیک جو چیز بہت قیمتی ہوتی ہے بہت محبوب ہوتی ہے وہ اس کو اٹھا کر بڑی احتیاط سے رکھتا ہے اس کی حفاظت کرتا ہے۔ پھر میں نے اللہ تعالیٰ کا ارشاد دیکھا۔ مَا عِنْدَکُمْ یَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰہِ بَاقٍ ط (سورة نحل ۹۶) جو کچھ تمہارے پاس دنیا ہے وہ ختم ہو جائے گا (خواہ وہ جاتا رہے یا تم مر جاؤ ہر حال میں وہ ختم ہوگا) اور جو اللہ تعالیٰ کے پاس ہے وہ ہمیشہ باقی رہنے والی چیز ہے۔

اس آیت شریفہ کی وجہ سے جو چیز بھی میرے پاس ایسی ہوئی جسکی مجھے وقعت زیادہ ہوئی وہ پسند زیادہ آئی وہ میں نے اللہ تعالیٰ کے پاس بھیجدی تاکہ ہمیشہ کے لئے محفوظ ہو جائے۔

(د) میں نے ساری دنیا کو دیکھا کوئی شخص مال کی طرف (اپنی عزت اور بڑائی میں) لوٹتا

ہے کوئی حسب کی شرافت کی طرف کوئی اور فخر کی چیزوں کی طرف یعنی ان چیزوں کے ذریعہ سے اپنے اندر بڑائی پیدا کرتا ہے اور اپنی بڑائی ظاہر کرتا ہے۔ میں نے اللہ تعالیٰ کا ارشاد دیکھا۔ اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَاللّٰہِ اَتْقٰکُمْ (سورۃ الحجرات ۱۳) اللہ تعالیٰ کے نزدیک تم سب میں بڑا شریف وہ ہے جو سب سے زیادہ پرہیز گار ہو۔ اس بناء پر میں نے تقویٰ اختیار کر لیا تا کہ اللہ جل شانہٗ کے نزدیک شریف بن جاؤں۔

(ہ) میں نے لوگوں کو دیکھا کہ ایک دوسرے پر طعن کرتے ہیں عیب جوئی کرتے ہیں بُرا بھلا کہتے ہیں اور یہ سب کا سب حسد کی وجہ سے ہوتا ہے کہ ایک کو دوسرے پر حسد آتا ہے۔ میں نے اللہ تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد دیکھا۔ نَحْنُ قَسَمْنَا بَیْنَھُمْ مَّعِیْشَتَھُمْ (زخرف ۳۲) دنیوی زندگی میں ان کی روزی ہم نے ہی تقسیم کر رکھی ہے اور (اس تقسیم میں) ہم نے ایک کو دوسرے پر فوقیت دے رکھی ہے تا کہ (اس کی وجہ سے) ایک دوسرے سے کام لیتا رہے (سب کے سب برابر ایک ہی نمونہ کے بن جائیں تو پھر کوئی کسی کا کام کیوں کرے کیوں نوکری کرے اور اس سے دنیا کا نظام خراب ہی ہو جائے گا) میں نے اس آیت شریفہ کی وجہ سے حسد کرنا چھوڑ دیا۔ ساری مخلوق سے بے تعلق ہو گیا اور میں نے جان لیا کہ روزی کا بانٹنا صرف اللہ تعالیٰ ہی کے قبضہ میں ہے وہ جسکے حصے میں جتنا چاہے لگائے اس لئے لوگوں کی عداوت چھوڑ دی۔ اور یہ سمجھ لیا کہ کسی کے پاس مال کے زیادہ یا کم ہونے میں ان کے فعل کو زیادہ دخل نہیں ہے۔ یہ تو مالک الملک کی طرف سے ہے۔ اس لئے اب کسی پر غصہ ہی نہیں آتا۔

(و) میں نے دنیا میں دیکھا کہ تقریباً ہر شخص کی کسی نہ کسی سے لڑائی ہے کسی نہ کسی سے دشمنی ہے میں نے غور کیا تو دیکھا کہ حق تعالیٰ شانہٗ نے فرمایا۔ اِنَّ الشَّیْطٰنَ لَکُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْہُ عَدُوًّا ط (فاطر ۶) شیطان بے شبہ تمہارا دشمن ہے پس اس کے ساتھ دشمنی ہی رکھو (اس کو دوست نہ بناؤ) پس میں نے اپنی دشمنی کے لئے اسی کو چن لیا اور اس سے دور رہنے کی انتہائی کوشش کرتا ہوں۔ اسلئے کہ جب حق تعالیٰ شانہٗ نے اس کے دشمن ہونے کو فرما دیا تو میں نے اس کے علاوہ سے اپنی دشمنی ہٹالی۔

(ز) میں نے دیکھا کہ ساری مخلوق روٹی کی طلب میں لگ رہی ہے اسی کی وجہ سے اپنے آپکو دوسروں کے سامنے ذلیل کرتے ہے اور ناجائز چیزیں اختیار کرتی ہے۔ پھر میں نے دیکھا کہ اللہ جل شانہٗ کا ارشاد ہے۔ وَمَامِنْ دَآبَّۃٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا عَلَی اللّٰہِ رِزْقُھَا۔ (ہود ۶) اور کوئی جاندار زمین پر چلنے والا ایسا نہیں ہے جس کی روزی اللہ تعالیٰ کے ذمہ نہ ہو۔ میں نے دیکھا کہ میں بھی انہیں زمین پر چلنے والوں میں سے ایک ہوں جن کی روزی اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہے۔ پس میں نے اپنے اوقات ان چیزوں میں مشغول کر لئے جو مجھ پر اللہ تعالےٰ کی طرف سے لازم ہیں اور جو چیز اللہ تعالیٰ

کے ذمہ تھی اس سے اپنے اوقات کو فارغ کرلیا۔

(ح) میں نے دیکھا کہ ساری مخلوق کا اعتماد اور بھروسہ کسی خاص ایسی چیز پر ہے جو خود مخلوق ہے کوئی اپنی جائداد پر بھروسہ کرتا ہے، کوئی اپنی تجارت پر اعتماد کرتا ہے، کوئی اپنی دستکاری پر نگاہ جمائے ہوئے ہے، کوئی اپنے بدن کی صحت اور قوت پر (کہ جب چاہے جس طرح چاہے کمالونگا) اور ساری مخلوق ایسی چیزوں پر اعتماد کئے ہوئے ہے جو ان کی طرح خود مخلوق ہیں میں نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ۔ط (سورۂ طلاق ۳) جو شخص اللہ تعالیٰ پر توکل (اور اعتماد) کرتا ہے پس اللہ تعالیٰ اس کے لئے کافی ہے۔ اس لئے میں نے بس اللہ تعالیٰ پر توکل اور بھروسہ کرلیا۔ حضرت شقیقؒ نے فرمایا کہ حاتمؒ تمہیں حق تعالیٰ شانہٗ توفیق عطا فرمائے میں نے توراۃ انجیل، زبور اور قرآن عظیم کے علوم کو دیکھا میں نے سارے خیر کے کام ان ہی آٹھ مسائل کے اندر پائے پس جو ان آٹھوں پر عمل کرلے اس نے اللہ تعالیٰ شانہٗ کی چاروں کتابوں کے مضامین پر عمل کرلیا۔ اس قسم کے علوم کو علمائے آخرت ہی پاسکتے ہیں اور دنیادار عالم تو مال اور جاہ کی ہی حاصل کرنے میں لگے رہتے ہیں۔

(۴) چوتھی علامت آخرت کے علماء کی یہ ہے کہ کھانے پینے کی اور لباس کی عمدگیوں اور بہترائیوں کی طرف متوجہ نہ ہو۔ بلکہ ان چیزوں میں درمیانی رفتار اختیار کرے اور بزرگوں کے طرز کو اختیار کرے ان چیزوں میں جتنا کمی کی طرف اس کا میلان بڑھے گا اللہ تعالیٰ شانہٗ سے اتنا ہی اس کا قرب بڑھتا جائے گا اور علمائے آخرت میں اتنا ہی اس کا درجہ بلند ہوتا جائے گا۔ انہیں شیخ ابو حاتمؒ کا ایک عجیب قصہ جس کو شیخ ابو عبداللہ خواصؒ جو شیخ ابو حاتمؒ کے شاگردوں میں ہیں نقل کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ حضرت شیخ حاتمؒ کے ساتھ موضع ری میں جو ایک جگہ کا نام ہے گیا تین سوبیس آدمی ہمارے ساتھ تھے ہم حج کے ارادہ سے جارہے تھے سب متوکلین کی جماعت تھی ان لوگوں کے پاس توشہ سامان وغیرہ کچھ نہ تھا۔ ری میں ایک معمولی خشک مزاج تاجر پر ہمارا گذر ہوا اس نے سارے قافلہ کی دعوت کردی اور ہماری ایک رات کی مہمانی کی دوسرے دن صبح کو وہ میزبان حضرت حاتمؒ سے کہنے لگا کہ یہاں ایک عالم بیمار ہیں مجھے ان کی عیادت کو اس وقت جانا ہے اگر آپ کی رغبت ہو تو آپ بھی چلیں۔ حضرت حاتمؒ نے فرمایا کہ بیمار کی عیادت تو ثواب ہے اور عالم کی تو زیارت بھی عبادت ہے۔ میں ضرور تمہارے ساتھ چلوں گا۔ یہ بیمار عالم اس موضع کے قاضی شیخ محمد بن مقاتلؒ تھے جب انکے مکان پر پہنچے تو حضرت حاتمؒ سوچ میں پڑ گئے کہ اللہ اکبر ایک عالم کا مکان اور ایسا اونچا محل غرض ہم نے حاضری کی اجازت منگائی اور جب اندر داخل ہوئے تو وہ اندر سے بھی

نہایت خوشنما وسیع پاکیزہ جگہ جگہ پردے لٹک رہے۔ حضرت حاتمؒ ان سب چیزوں کو دیکھ رہے تھے اور سوچ میں پڑے ہوئے تھے۔ اتنے میں ہم قاضی صاحب کے قریب پہنچے تو وہ ایک نہایت نرم بستر پر آرام کر رہے تھے۔ ایک غلام ان کے سرہانے پنکھا جھل رہے تھے وہ تاجر تو سلام کر کے انکے پاس بیٹھ گئے اور مزاج پرسی کی۔ حاتمؒ کھڑے رہے۔ قاضی صاحبؒ نے انکو بھی بیٹھنے کا اشارہ کیا۔ انہوں نے بیٹھنے سے انکار کر دیا۔ قاضی صاحبؒ نے پوچھا آپ کو کچھ کہنا ہے؟ انہوں نے فرمایا ہاں! ایک مسئلہ دریافت کرنا ہے۔ قاضی صاحبؒ نے فرمایا کہو۔ انہوں نے کہا کہ آپ بیٹھ جائیں (غلاموں نے قاضی صاحبؒ کو سہارا دے کر اٹھایا کر خود اٹھنا مشکل تھا) وہ بیٹھ گئے۔ حضرت حاتمؒ نے پوچھا کہ آپ نے علم کس سے حاصل کیا؟ انہوں نے فرمایا معتبر علمائے سے انہوں نے پوچھا کہ ان علماء نے کس سے سیکھا تھا؟ قاضی صاحبؒ نے فرمایا کہ انہوں نے حضرات صحابہ کرامؓ اجمعین سے حضرت حاتمؒ نے پوچھا کہ صحابۂ کرامؓ نے کس سے سیکھا تھا؟ قاضی صاحبؒ حضور اقدس ﷺ سے حضرت حاتم حضور اقدس ﷺ نے کس سے سیکھا تھا؟ قاضی صاحب حضرت جبرائیل علیہ السلام سے حاتمؒ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کس سے سیکھا تھا؟ قاضی صاحبؒ اللہ تعالیٰ شانہٗ سے حضرت حاتمؒ نے فرمایا کہ جو علم حضرت جبرائیل نے حق تعالیٰ شانہٗ سے لے کر حضور ﷺ تک پہنچایا اور حضور ﷺ نے صحابہؓ کو عطا فرمایا اور صحابہؓ نے معتبر علماء کو اور ان کے ذریعہ سے آپ تک پہنچا اس میں کہیں یہ بھی وارد ہے کہ جس شخص کا جس قدر مکان اونچا اور بڑا ہو گا اسکا اتنا ہی درجہ اللہ جل شانہٗ کے یہاں بھی زیادہ ہو گا قاضی صاحبؒ نے فرمایا کہ نہیں یہ اس علم میں نہیں آیا۔ حضرت حاتمؒ نے فرمایا اگر یہ نہیں آیا تو پھر اس علم میں کیا آیا ہے؟ قاضی صاحبؒ نے فرمایا کہ اس میں یہ آیا ہے کہ جو شخص دنیا سے بے رغبت ہو آخرت میں رغبت رکھتا ہو فقراء کو محبوب رکھتا ہو اپنی آخرت کے لئے اللہ کے یہاں ذخیرہ بھیجتا رہتا ہو وہ شخص حق تعالیٰ شانہٗ کے یہاں صاحب مرتبہ ہے۔ حضرت حاتمؒ نے فرمایا کہ پھر آپ نے کس کا اتباع اور پیروی کی۔ حضور ﷺ کے صحابہؓ کی متقی علماء کی یا فرعون اور نمرود کی؟ اے برے عالمو! تم جیسوں کو جاہل دنیادار جو دنیا کے اوپر اوندھے گرنے والے ہیں دیکھ کر یہ کہتے ہیں کہ جب عالموں کا یہ حال ہے تو ہم تو ان سے زیادہ برے ہوں ہی گے۔

یہ کہہ کر حضرت حاتمؒ تو واپس چلے گئے اور قاضی صاحبؒ کے مرض میں اس گفتگو اور نصیحت کی وجہ سے اور بھی زیادہ اضافہ ہو گیا۔ لوگوں میں اسکا چرچا ہوا تو کسی نے حضرت حاتمؒ سے کہا کہ طنافسیؒ جو قزوین میں رہتے ہیں۔ (قزوین ری سے ستائیس فرسخ یعنی اکیاسی میل ہے) وہ ان سے بھی زیادہ رئیسانہ شان سے رہتے ہیں۔ حضرت حاتمؒ (ان کو نصیحت کرنے کے ارادہ سے چلدیئے)

جب انکے پاس پہنچے تو کہا کہ ایک عجمی آدمی (جو عرب کا رہنے والا نہیں ہے) آپ سے یہ چاہتا ہے کہ آپ اس کو دین کی بالکل ابتداء سے یعنی نماز کی کنجی وضو سے تعلیم دیں طنافسیؒ نے کہا بڑے شوق سے یہ کہہ کر طنافسیؒ نے وضو کا پانی منگایا اور طنافسیؒ نے وضو کر کے بتایا کہ کسطرح وضو کیا جاتا ہے۔ حضرت حاتمؒ نے ان کے وضو کے بعد کہا کہ میں آپ کے سامنے وضو کرلوں تا کہ اچھی طرح ذہن نشین ہو جائے طنافسیؒ وضو کی جگہ سے اٹھ گئے اور حضرت حاتمؒ نے بیٹھ کر وضو کرنا شروع کیا اور دونوں ہاتھوں کو چار چار مرتبہ دھویا۔ طنافسیؒ نے کہا کہ یہ اسراف ہے۔ تین تین مرتبہ دھونا چاہیے۔ حضرت حاتمؒ نے کہا سبحان اللہ العظیم میرے ایک چلو پانی میں تو اسراف ہو گیا اور یہ سب کچھ جو ساز و سامان میں تمہارے پاس دیکھ رہا ہوں اس میں اسراف نہ ہوا جب طنافسیؒ کو خیال ہوا کہ ان کا مقصد سیکھنا نہیں تھا بلکہ یہ غرض تھی۔ اس کے بعد جب بغداد پہنچے اور حضرت امام احمد بن حنبلؒ کو انکے احوال کا علم ہوا تو وہ ان سے ملنے کے لئے تشریف لائے اور ان سے دریافت فرمایا کہ دنیا سے سلامتی کی کیا تدبیر ہے؟ حاتمؒ نے فرمایا کہ دنیا سے اس وقت تک محفوظ نہیں رہ سکتے جب تک تم میں چار چیزیں نہ ہوں۔ لوگوں کی جہالت سے درگذر کرتے رہو۔ خود ان کے ساتھ کوئی حرکت جہالت کی نہ کرو تمہارے پاس جو چیز ہو ان پر خرچ کر دو۔ ان کے پاس جو چیز ہو اس کی امید نہ رکھو۔

اس کے بعد جب حضرت حاتمؒ مدینہ منورہ پہنچے تو وہاں کے لوگ خبر سن کر ان کے پاس ملنے کے لئے جمع ہو گئے۔ انہوں نے دریافت فرمایا کہ یہ کون سا شہر ہے؟ لوگوں نے کہا کہ یہ رسول اللہ ﷺ کا شہر ہے۔ کہنے لگے کہ اس میں حضور ﷺ کا محل کون سا تھا میں بھی وہاں جا کر دوگانہ ادا کروں؟ لوگوں نے کہا کہ حضور ﷺ کے تو محل نہیں تھا بہت مختصر مکان تھا جو بہت نیچا تھا۔ کہنے لگے کہ صحابۂ کرامؓ کے محل کہاں کہاں ہیں مجھے وہی دکھادو۔ لوگوں نے کہا کہ صحابہؓ کے بھی محل نہیں تھے ان کے بھی چھوٹے چھوٹے مکانات زمین سے لگے ہوئے تھے۔ حاتمؒ نے کہا پھر یہ تو شہر فرعون کا شہر ہے۔ لوگوں نے ان کو پکڑ لیا (کہ یہ شخص مدینہ منورہ کی توہین کرتا ہے اور حضور ﷺ کے شہر کو فرعون کا شہر بتاتا ہے) اور پکڑ کر امیر مدینہ کے پاس لے گئے کہ یہ عجمی شخص مدینہ طیبہ کو فرعون کا شہر بتاتا ہے۔ امیر نے ان سے مطالبہ کیا کہ یہ کیا بات ہے؟ انہوں نے کہا کہ آپ جلدی نہ کریں پوری بات سن لیں۔ میں ایک عجمی آدمی ہوں میں جب اس شہر میں داخل ہوا تو میں نے پوچھا کہ یہ کس کا شہر ہے؟ پھر پورا قصہ اپنے سوال و جواب کا سنا کر کہا کہ اللہ تعالیٰ نے تو قرآن شریف میں یہ فرمایا ہے۔

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ......الآیة (احزاب: ۲۱)

تم لوگوں کے واسطے یعنی ایسے شخص کے لئے جو اللہ سے اور آخرت کے دن سے ڈرتا ہو اور

کثرت سے ذکر الٰہی کرتا ہو (یعنی کامل مومن ہو غرض ایسے شخص کے لئے رسول اللہ ﷺ کا ایک عمدہ نمونہ موجود ہے (یعنی ہر بات میں یہ دیکھنا چاہیے کہ حضور ﷺ کا کیا معمول تھا اور اس کا اتباع کرنا چاہیے)۔

پس اب تم ہی بتاؤ کہ تم نے یہ حضور ﷺ کا اتباع کر رکھا ہے یا فرعون کا؟ اس پر لوگوں نے ان کو چھوڑ دیا۔

یہاں ایک بات یہ قابل لحاظ ہے کہ مباح چیزوں کے ساتھ لذت حاصل کرنا یا ان کی وسعت حرام یا ناجائز نہیں ہے۔ لیکن یہ ضروری ہے کہ ان کی کثرت سے ان چیزوں کے ساتھ انس پیدا ہوتا ہے ان چیزوں کی محبت دل میں ہو جاتی ہے اور پھر اس کا چھوڑنا مشکل ہو جاتا ہے اور ان کو فراہم کرنے کے لئے اسباب تلاش کرنا پڑتے ہیں پیداوار اور آمدنی کے بڑھانے کی فکر ہوتی ہے اور جو شخص روپیہ بڑھانے کی فکر میں لگ جاتا ہے اس کو دین کے بارے میں مداہنت بھی کرنی پڑتی ہے اس میں بسا اوقات گناہوں کے مرتکب ہونے کی نوبت بھی آجاتی ہے اگر دنیا میں گھسنے کے بعد اس سے محفوظ رہنا آسان ہوتا تو حضور اقدس ﷺ اتنے اہتمام سے دنیا سے بے رغبتی پر تنبیہ نہ فرماتے اور اتنی شدت سے اس سے خود نہ بچتے کہ نقشین کرتا بھی بدن مبارک پر سے اتار دیا۔

یحییٰ بن یزید نوفلیؒ نے حضرت امام مالکؒ کو ایک خط لکھا جس میں حمد و صلوٰۃ کے بعد لکھا کہ مجھے یہ خبر پہنچی ہے کہ آپ باریک کپڑے پہنتے ہیں اور پتلی روٹی استعمال کرتے ہیں اور نرم بستر پر آرام کرتے ہیں۔ دربان بھی آپ نے مقرر کر رکھا ہے۔ حالانکہ آپ اونچے علماء میں ہیں دور دور سے لوگ سفر کر کے آپ کے پاس علم سیکھنے کے لئے آتے ہیں آپ امام ہیں مقتدا ہیں لوگ آپ کا اتباع کرتے ہیں۔ آپ کو بہت احتیاط کرنی چاہیے۔ محض مخلصانہ یہ خط لکھ رہا ہوں۔ اللہ کے سوا کسی دوسرے کو اس خط کی خبر نہیں۔ فقط والسلام۔

حضرت امام مالکؒ نے اس کا جواب تحریر فرمایا کہ تمہارا خط پہنچا جو میرے لئے نصیحت نامہ شفقت نامہ اور تنبیہ تھی حق تعالیٰ شانہٗ تقویٰ کیساتھ تمہیں متنفع فرمائے اور اس نصیحت کی جزائے خیر عطا فرمائے اور مجھے حق تعالیٰ شانہٗ عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ خوبیوں پر عمل اور برائیوں سے بچنا اللہ تعالیٰ ہی کی توفیق سے ہو سکتا ہے جو امور تم نے ذکر کئے یہ صحیح ہیں ایسا ہی ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ مجھے معاف فرمائے۔ لیکن یہ سب چیزیں جائز ہیں) اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الآیۃ (اعراف: ۳۲) آپ یہ کہہ دیجئے کہ (یہ بتلاؤ) کہ اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی زینت (کپڑوں وغیرہ) کو جن کو اس نے اپنے بندوں کے واسطے پیدا کیا اور کھانے پینے کی حلال چیزوں کو کس نے حرام کیا؟

اس کے بعد تحریر فرمایا کہ میں خوب جانتا ہوں کہ ان امور کا اختیار نہ کرنا اختیار کرنے سے اولیٰ اور بہتر ہے۔ آئندہ بھی اپنے گرامی ناموں سے مجھے مشرف کرتے رہیں میں بھی خط لکھتا رہوں گا۔ فقط والسلام۔

کتنی لطیف بات امام مالکؒ نے اختیار فرمائی کہ جواز کا فتویٰ بھی تحریر فرمادیا اور اس کا اقرار بھی فرمالیا کہ واقعی زیادہ بہتر امور کا ترک ہی تھا۔

(۵) پانچویں علامت علمائے آخرت کی یہ ہے کہ سلاطین اور حکام سے دور رہیں (بلاضرورت کے) ان کے پاس ہرگز نہ جائیں بلکہ وہ خود بھی آئیں تو ملاقات کم رکھیں۔ اس لئے کہ ان کے ساتھ میل جول ان کی خوشنودی اور رضا جوئی میں تکلف برتنے سے خالی نہ ہوگا۔ وہ لوگ اکثر ظالم اور ناجائز امور کا ارتکاب کرنے والے ہوتے ہیں۔ جس پر انکار کرنا ضروری ہے ان کے ظلم کا اظہار ان کے ناجائز فعل پر تنبیہ کرنا ضروری ہے اور اس پر سکوت دین میں مداہنت ہے اور اگر ان کی خوشنودی کے لئے ان کی تعریف کرنا پڑے تو یہ صریح جھوٹ ہے۔ اور ان کے مال کی طرف اگر طبیعت کو میلان ہوا اور طمع ہوئی تو ناجائز ہے۔ بہر حال انکا اختلاط بہت سے مفاسد کی کنجی ہے۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص جنگل میں رہتا ہے وہ سخت مزاج ہوجاتا ہے اور جو شکار کے پیچھے لگ جاتا ہے وہ (سب چیز سے) غافل ہوجاتا ہے اور جو بادشاہ کے پاس آمد ورفت شروع کردے وہ فتنہ میں پڑجاتا ہے۔ حضرت حذیفہ ؓ فرماتے ہیں کہ اپنے آپ کو فتنوں کی جگہ کھڑے ہونے سے بچاؤ کسی نے پوچھا کہ فتنوں کی جگہ کون سی ہیں فرمایا امراء کے دروازے کہ ان کے پاس جاکر ان کی غلط کاریوں کی تصدیق کرنی پڑتی ہے اور (ان کی تعریف میں) ایسی باتیں کہنی پڑتی ہیں جو ان میں نہیں ہیں۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ بدترین علماء وہ ہیں جو حکام کے یہاں حاضری دیں اور بہترین حاکم وہ ہیں جو علماء کے یہاں حاضر ہوں۔ حضرت سمنونؒ (جو حضرت سری سقطیؒ کے اصحاب میں ہیں) کہتے ہیں کہ میں نے یہ سنا تھا کہ جب تم کسی عالم کو یہ سنو کہ وہ دنیا کی محبت رکھتا ہے تو اس شخص کو اپنے دین کے بارہ میں متہم سمجھو۔ میں نے اس کا خود تجربہ کیا جب بھی میں بادشاہ کے یہاں گیا تو واپسی پر میں نے اپنے دل کو ٹٹولا تو اس پر میں نے ایک وبال پایا حالانکہ تم دیکھتے ہو کہ میں وہاں سخت گفتگو کرتا ہوں اور ان کی رائے کا سختی سے خلاف کرتا ہوں، وہاں کی کسی چیز سے منتفع نہیں ہوتا حتیٰ کہ وہاں کا پانی بھی نہیں پیتا ہمارے علماء بنو اسرائیل کے علماء سے بھی برے ہیں کہ وہ حکام کے پاس جاکر ان کو گنجائش بتاتے ہیں۔ ان کی خوشنودی کی فکر کرتے ہیں۔ اگر وہ ان سے ان کی ذمہ داریاں صاف صاف بتائیں تو وہ لوگ ان کا جانا بھی گراں سمجھنے لگیں۔ اور یہ صاف

صاف کہنا ان علمائے کے لئے حق تعالیٰ شانہٗ کے یہاں نجات کا سبب بن جائے۔ علماء کا سلاطین کے یہاں جانا ایک بہت بڑا فتنہ ہے اور شیطان کے اغواء کرنے کا ذریعہ ہے بالخصوص جس کو بولنا اچھا آتا ہو اس کو شیطان یہ سمجھاتا ہے کہ تیرے جانے سے ان کی اصلاح ہوگی وہ اس کی وجہ سے ظلم سے بچیں گے اور دین کے شعائر کی حفاظت ہوگی حتیٰ کہ آدمی یہ سمجھنے لگتا ہے کہ ان کے پاس جانا بھی کوئی دینی چیز ہے حالانکہ ان کے پاس جانے سے ان کی دلداری میں مداہنت کی باتیں کرنا اور ان کی بیجا تعریفیں کرنا پڑتی ہیں جس میں دین کی ہلاکت ہے۔

حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے حضرت حسن بصریؒ کو لکھا کہ مجھے ایسے مناسب لوگوں کا پتہ بتاؤ جن سے میں اپنی اس (خلافت کے) کام میں مدد لوں۔ حضرت حسنؓ نے (جواب میں) لکھا کہ اہل دین تو تم تک نہ آئیں گے اور دنیاداروں کو تم اختیار نہ کرو گے (اور نہ کرنا چاہیے یعنی حریص طماع لوگوں کو کہ وہ اپنے لالچ میں کام خراب کردینگے) اس لئے شریف النسب لوگوں سے کام لو اس لئے کہ ان کی قومی شرافت ان کو اس بات سے روکے گی کہ وہ اپنی نسبی شرافت کو خیانت سے گندہ کریں یہ جواب حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کو لکھا جن کا زہد و تقویٰ عدل و انصاف ضرب المثل ہے حتیٰ کہ وہ عمر ثانی کہلاتے ہیں۔ یہ امام غزالیؒ کا ارشاد ہے لیکن اس ناکارہ کے خیال میں اگر کوئی دینی مجبوری ہو تو اپنے نفس کی حفاظت اور نگرانی کرتے ہوئے جانے میں مضائقہ نہیں بلکہ بسا اوقات دینی مصالح اور ضرورتوں کا تقاضا جانا ہی ہوتا ہے۔ لیکن یہ ضروری ہے کہ اپنی ذاتی غرض ذاتی نفع مال و جاہ کمانا مقصود نہ ہو بلکہ صرف مسلمانوں کی ضرورت ہو۔ حق تعالیٰ شانہٗ نے فرمایا۔

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ (سورۂ بقرہ: ۲۲۰)

اور اللہ تعالیٰ مصلحت کے ضائع کرنیوالے کو اور مصلحت کی رعایت رکھنے والے کو (الگ الگ) جانتے ہیں۔

(۶) چھٹی علامت علمائے آخرت کی یہ ہے کہ فتویٰ صادر کردینے میں جلدی نہ کرے مسئلہ بتانے میں بہت احتیاط کرے حتیٰ الوسع اگر کوئی دوسرا اہل ہو تو اس کا حوالہ کردے۔ ابو حفص نیساپوریؒ کہتے ہیں کہ عالم وہ ہے کہ جو مسئلہ کے وقت اس سے خوف کرتا ہو کہ کل کو قیامت میں یہ جواب دہی کرنا پڑیگی کہ کہاں سے بتایا تھا؟ بعض علماء نے کہا ہے کہ صحابۂ کرامؓ چار چیزوں سے بہت احتراز کرتے تھے۔ امامت کرنے سے وصی بننے سے (یعنی کسی کی وصیت میں مال وغیرہ تقسیم کرے) امانت رکھنے سے فتویٰ دینے سے۔ اور ان کا خصوصی مشغلہ پانچ چیزیں تھیں۔ قرآن پاک کی تلاوت، مساجد کا آباد کرنا، اللہ تعالیٰ کا ذکر اچھی باتوں کی نصیحت کرنا، بری باتوں سے روکنا۔ ابن

حصینؒ کہتے ہیں کہ بعض آدمی ایسے جلدی فتویٰ صادر کرتے ہیں کہ وہ مسئلہ اگر حضرت عمرؓ کے سامنے پیش ہوتا تو سارے بدر والوں کو اکٹھا کر کے مشورہ کرتے۔ حضرت انسؓ اتنے جلیل القدر صحابی ہیں کہ دس برس حضورﷺ کی خدمت کی جب ان سے مسئلہ دریافت کیا جاتا تو فرماتے کہ مولانا الحسنؒ سے دریافت کرو (یہ حضرت حسن بصریؒ مشہور فقہاء اور مشہور صوفیہ میں ہیں اور تابعی ہیں۔ حضرت انسؓ باوجود صحابی ہونے کے ان تابعی کا نام بتاتے) اور حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے جب مسئلہ دریافت کیا جاتا (حالانکہ وہ مشہور صحابی اور رئیس المفسرین ہیں) تو فرماتے کہ جابر بن زیدؒ (جو اہل فتویٰ تابعی ہیں) سے دریافت کرو۔ اور حضرت عبداللہ بن عمرؓ خود بڑے مشہور فقیہ صحابیؓ ہیں حضرت سعید بن المسیبؒ (تابعی) پر حوالہ فرمادیتے۔

(۷) ساتویں علامت علمائے آخرت کی یہ ہے کہ اس کو باطنی علم یعنی سلوک کا اہتمام بہت زیادہ ہو۔ اپنی اصلاح باطن اور اصلاح قلب میں بہت زیادہ کوشش کرنیوالا ہو کہ یہ علوم ظاہریہ میں بھی ترقی کا ذریعہ ہے حضور اقدسﷺ کا ارشاد ہے کہ جو اپنے علم پر عمل کرے حق تعالیٰ شانہٗ اس کو ایسی چیزوں کا علم عطا فرماتے ہیں جو اس نے نہیں پڑھیں۔ پہلے انبیاء کی کتابوں میں ہے کہ اے بنی اسرائیل! تم یہ مت کہو کہ علوم آسمان پر ہیں ان کو کون اتارے یا وہ زمین کی جڑوں میں ہیں ان کو کون اوپر لائے یا وہ سمندروں کے پار ہیں کون ان پر گذرے تاکہ ان کو لائے۔ علوم تمہارے دلوں کے اندر ہیں تم میرے سامنے روحانی ہستیوں کے آداب کے ساتھ رہو صدیقین کے اخلاق اختیار کرو میں تمہارے دلوں میں سے علوم کو ظاہر کردوں گا۔ یہاں تک کہ وہ علوم تم کو گھیر لیں گے اور تم کو ڈھانک لیں گے۔ اور تجربہ بھی اس کا شاہد ہے کہ اہل اللہ کو حق تعالیٰ شانہٗ وہ علوم اور معارف عطا فرماتا ہے کہ کتابوں میں تلاش سے بھی نہیں ملتے۔

حضور اقدسﷺ کا پاک ارشاد جس کو حق تعالیٰ سے نقل فرماتے ہیں کہ میرا بندہ کسی ایسی چیز کے ساتھ مجھ سے تقرب حاصل نہیں کرسکتا جو مجھے زیادہ محبوب ہو ان چیزوں سے جو میں نے اس پر فرض کیں (جیسا کہ نماز زکوۃ، روزہ، حج وغیرہ یعنی جتنا تقرب فرائض کے اچھی طرح ادا کرنے سے حاصل ہوتا ہے ایسا تقرب دوسری چیزوں سے نہیں ہوتا اور بندہ نوافل کیساتھ بھی میرے ساتھ تقرب حاصل کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ میں اس کو محبوب بنالیتا ہوں اور جب میں اس کو محبوب بنالیتا ہوں تو میں اس کا کان بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے اور اس کی آنکھ بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے اور اس کا ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے وہ کسی چیز کو پکڑتا ہے اور اسکا پاؤں بن جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے اگر وہ مجھ سے سوال کرتا ہے تو میں اس کو پورا کرتا ہوں اور وہ کسی چیز سے پناہ چاہتا

ہے تو اس کو پناہ دیتا ہوں۔

یعنی اس کا چلنا، پھرنا، دیکھنا، سننا، سب کام میری رضا کے مطابق ہو جاتے ہیں۔ اور بعض حدیثوں میں اس کے ساتھ یہ مضمون بھی آیا ہے کہ جو شخص میرے کسی ولی سے دشمنی کرتا ہے وہ مجھ سے اعلان جنگ کرتا ہے۔ اور چونکہ اولیاء اللہ کا غور و فکر سب ہی حق تعالیٰ شانہ' کے ساتھ وابستہ ہو جاتا ہے اسی وجہ سے قرآن پاک کے دقیق علوم ان کے قلوب پر منکشف ہو جاتے ہیں اس کے اسرار ان پر واضح ہو جاتے ہیں بالخصوص ایسے لوگوں پر جو اللہ تعالیٰ کے ذکر و فکر کے ساتھ ہر وقت مشغول رہتے ہیں اور ہر شخص کو اس میں سے حسب توفیق اتنا حصہ ملتا ہے جتنا کہ عمل میں اس کا اہتمام اور اس کی کوشش ہوتی ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک بڑی طویل حدیث میں علمائے آخرت کا حال بیان فرمایا ہے۔ جس کو ابن قیمؒ نے مفتاح دار السعادۃ میں اور ابو نعیم نے حلیہ میں ذکر فرمایا ہے اس میں فرماتے ہیں کہ قلوب بمنزلہ برتن کے ہیں اور بہترین قلوب وہ ہیں جو خیر کو زیادہ سے زیادہ محفوظ رکھنے والے ہیں۔ علم جمع کرنا مال کے جمع کرنے سے بہتر ہے کہ علم تیری حفاظت کرتا ہے اور مال کی تجھ کو حفاظت کرنی پڑتی ہے۔ علم خرچ کرنے سے بڑھتا ہے اور مال خرچ کرنے سے کم ہوتا ہے مال کا نفع اس کے زائل ہونے (خرچ کرنے) سے ختم ہو جاتا ہے لیکن علم کا نفع ہمیشہ ہمیشہ باقی رہتا ہے (عالم کے انتقال سے بھی ختم نہیں ہوتا کہ اس کے ارشادات باقی رہتے ہیں) پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک ٹھنڈا سانس بھرا اور فرمایا کہ میرے سینے میں علوم ہیں کاش اس کے اہل ملتے مگر میں ایسے لوگوں کو دیکھتا ہوں جو دین کے اسباب کو دنیا طلبی میں خرچ کرتے ہیں۔ یا ایسے لوگوں کو دیکھتا ہوں جو لذتوں میں منہمک ہیں شہوتوں کی زنجیروں میں جکڑے ہوئے ہیں یا مال کے جمع کرنے کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں۔ غرض یہ طویل مضمون جس کے چند فقرے یہاں نقل کئے ہیں۔

(۸) آٹھویں علامت یہ ہے کہ اس کا یقین اور ایمان اللہ تعالیٰ شانہ' کے ساتھ بڑھا ہوا ہو اور اس کا بہت زیادہ اہتمام اس کو ہو، یقین ہی اصل راس المال ہے حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ یقین ہی پورا ایمان ہے۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ یقین کو سیکھو۔ اور اس ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ یقین والوں کے پاس اہتمام سے بیٹھو ان کا اتباع کرو تا کہ اس کی برکت سے تم میں یقین کی پختگی پیدا ہو اس کو حق تعالیٰ شانہ' کی قدرت کاملہ اور صفات کا ایسا ہی یقین ہو جیسا کہ چاند سورج کے وجود کا۔ وہ اس کا کامل یقین رکھتا ہو کہ ہر چیز کا کرنیوالا صرف وہی ایک پاک ذات ہے اور یہ دنیا کے سارے اسباب اس کے ارادہ کیساتھ مسخر ہیں جیسا کہ مارنیوالے کے ہاتھ میں لکڑی کہ اس میں لکڑی کو کوئی شخص بھی دخیل نہیں سمجھتا اور جب یہ پختہ ہو جائے گا تو اس کو توکل رضا اور تسلیم سہل ہو جائیگی۔ نیز اس کو اس کا پختہ

یقین ہو کہ روزی کا ذمہ صرف اللہ جل شانہٗ کا ہے اور اس نے ہر شخص کی روزی کا ذمہ لے رکھا ہے جو اس کے مقدر میں ہے وہ اس کو بہر حال مل کر ہی رہے گا اور جو مقدر میں نہیں ہے وہ کسی حال بھی نہ مل سکے گا اور جب اس کا یقین پختہ ہو جائے گا تو روزی کی طلب میں اعتدال پیدا ہو جائے گا۔ حرص اور طمع جاتی رہے گی جو چیز میسر نہ ہوگی اس پر رنج نہ ہوگا۔ نیز اس کو اس کا یقین ہو کہ اللہ جل شانہٗ، ہر بھلائی اور برائی کا ہر وقت دیکھنے والا ہے ایک ذرہ کے برابر کوئی نیکی یا برائی ہو تو وہ اللہ تعالیٰ کے علم میں ہے اور اس کا بدلہ نیک یا بد ضرور ملے گا وہ نیک کام کے کرنے پر ثواب کا ایسا ہی یقین رکھتا ہو جیسا کہ روٹی کھانے سے پیٹ بھرنا اور برے کام پر عذاب کو ایسا ہی یقین سمجھتا ہو جیسا کہ سانپ کے کاٹنے سے زہر کا چڑھنا (وہ نیکی کی طرف ایسا ہی مائل ہو جیسا کہ کھانے پینے کی طرف۔ اور گناہ سے ایسا ہی ڈرتا ہو جیسا کہ سانپ بچھو سے) اور جب یہ پختہ ہو جائے گا تو ہر نیکی کے کمانے کی اس کو پوری رغبت ہوگی اور ہر برائی سے بچنے کا پورا اہتمام ہوگا۔

(۹) نویں علامت یہ ہے کہ اس کی ہر حرکت و سکون سے اللہ جل شانہٗ کا خوف ٹپکتا ہو اس کی عظمت و جلال اور ہیبت کا اثر اس شخص کی ہر ادا سے ظاہر ہوتا ہو اس کے لباس سے اس کی عادات سے اس کے بولنے سے اس کے چپ رہنے سے حتیٰ کہ ہر حرکت اور سکون سے یہ بات ظاہر ہوتی ہو اس کی صورت دیکھنے سے اللہ تعالیٰ شانہٗ کی یاد تازہ ہوتی ہو سکون وقار، مسکنت، تواضع اس کی طبیعت بن گیا ہو بیہودہ گوئی، لغو کلامی، تکلف سے باتیں کرنے سے گریز کرتا ہو کہ یہ چیزیں فخر اور اکڑ کی علامات ہیں۔ اللہ تعالیٰ شانہٗ سے بے خوفی کی دلیل ہیں۔ حضرت عمرؓ کا ارشاد ہے کہ علم سیکھو اور علم کے لئے سکون اور وقار سیکھو جس سے علم حاصل کرو اس کے سامنے نہایت تواضع سے رہو، جابر علماء میں سے نہ بنو۔

حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ میری امت کے بہترین افراد وہ ہیں جو مجمع میں اللہ تعالیٰ کی وسعت رحمت سے خوش رہتے ہوں اور تنہائیوں میں اللہ تعالیٰ کے عذاب کے خوف سے روتے ہوں ان کے بدن زمین پر رہتے ہوں اور ان کے دل آسمان کی طرف لگے رہتے ہوں۔ حضور اقدس ﷺ سے کسی نے پوچھا کہ سب سے بہتر عمل کیا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا کہ ناجائز امور سے بچنا اور یہ کہ اللہ تعالیٰ شانہٗ کے ذکر سے تیری زبان تر و تازہ رہے۔ کسی نے پوچھا کہ بہترین ساتھی کون ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا کہ وہ شخص ہے کہ اگر تو نیک کام سے غفلت کرے تو وہ تجھے متنبہ کر دے اور اگر تجھے خود یاد ہو تو اس میں تیری اعانت کرے کسی نے پوچھا کہ برا ساتھی کون ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا کہ وہ شخص ہے کہ اگر تجھے نیک کام سے غفلت ہو تو وہ متنبہ نہ کرے اور تو خود کرنا چاہے تو اس میں

تیری اعانت نہ کرے کسی نے پوچھا کہ سب سے بڑا عالم کون ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا جو شخص سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ شانہٗ سے ڈرنے والا ہو۔ کسی نے پوچھا کہ ہم کن لوگوں کے پاس زیادہ تر اپنی نشست رکھیں؟ حضور ﷺ نے فرمایا جن کی صورت سے اللہ کی یاد تازہ ہوتی ہو۔

حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ آخرت میں زیادہ بے فکر وہ شخص ہوگا جو دنیا میں فکرمند رہا ہو اور آخرت میں زیادہ ہنسنے والا وہ ہوگا جو دنیا میں زیادہ رونے والا ہو۔

(۱۰) دسویں علامت یہ ہے کہ اس کا زیادہ اہتمام ان مسائل سے ہو جو اعمال سے تعلق رکھتے ہیں جائز ناجائز سے تعلق رکھتے ہیں فلاں عمل کرنا ضروری فلاں عمل سے بچنا ضروری ہے اس چیز سے فلاں عمل ضائع ہو جاتا ہے۔ (مثلاً فلاں چیز سے نماز ٹوٹ جاتی ہے مسواک کرنے سے یہ فضیلت حاصل ہوتی ہے وغیرہ وغیرہ) ایسے علوم سے زیادہ بحث نہ کرتا ہو جو محض دماغی تفریحات اور تفریعات ہوں تاکہ لوگ اس کو محقق سمجھیں، حکیم اور فلاسفر سمجھیں۔

(۱۱) گیارہویں علامت یہ ہے کہ اپنے علوم میں بصیرت کے ساتھ نظر کرنے والا محض لوگوں کی تقلید میں اور اتباع میں ان کا قائل نہ بن جائے اصل اتباع حضور اقدس ﷺ کے پاک ارشادات کا ہے اور اسی وجہ سے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کا اتباع ہے کہ وہ حضور اقدس ﷺ کے افعال کو دیکھنے والے ہیں اور جب اصل اتباع حضور ﷺ ہی کا ہے تو حضور ﷺ کے اقوال و افعال کے جمع کرنے میں ان پر غور و فکر میں بہت زیادہ اہتمام کرے۔

(۱۲) بارہویں علامت بدعات سے بہت شدت اور اہتمام سے بچنا ہے کسی کام پر آدمیوں کی کثرت کا جمع ہو جانا کوئی معتبر چیز نہیں ہے بلکہ اصل اتباع حضور ﷺ کا ہے اور یہ دیکھنا ہے کہ صحابہ کرامؓ کا کیا معمول رہا ہے اور اس کے لئے ان حضرات کے معمولات اور احوال کا تتبع اور تلاش کرنا اور اس میں منہمک رہنا ضروری ہے۔ حضرت حسن بصریؒ کا ارشاد ہے کہ دو شخص بدعتی ہیں جنھوں نے اسلام میں دو بدعتیں جاری کیں۔ ایک وہ شخص جو یہ سمجھتا ہے کہ دین وہ ہے جو اس نے سمجھا ہے اور جو اس کی رائے کی موافقت کرتا ہے وہ ناجی ہے دوسرا وہ شخص جو دُنیا کی پرستش کرتا ہے، اسی کا طالب ہے، دُنیا کمانے والوں سے خوش ہوتا ہے اور جو دُنیا نہ کمائے اس سے خفا ہوتا ہے۔ ان دونوں آدمیوں کو جہنم کے لئے چھوڑ دو اور جس شخص کو حق تعالیٰ شانہٗ نے ان دونوں سے محفوظ رکھا ہو وہ پہلے اکابر کا اتباع کرنے والا ہے اُن کے احوال اور طریقہ کی پیروی کرنے والا ہے اس کے لئے انشاء اللہ بہت بڑا اجر ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود ﷺ کا ارشاد ہے کہ تم لوگ ایسا زمانہ میں ہو کہ اس وقت خواہشات علم

کے تابع ہیں لیکن عنقریب ایک ایسا زمانہ آنے والا ہے کہ علم خواہشات کے تابع ہوگا یعنی جن چیزوں کو اپنا دل چاہے گا وہی علوم سے ثابت کی جائیں گی۔

بعض بزرگوں کا ارشاد ہے کہ صحابۂ کرامؓ کے زمانہ میں شیطان نے اپنے لشکروں کو چاروں طرف بھیجا وہ سب کے سب پھر پھرا کر نہایت پریشان حال تھکے ہوئے واپس ہوئے اس نے پوچھا کیا حال ہے؟ وہ کہنے لگے کہ ان لوگوں نے تو ہم کو پریشان کر دیا ہمارا کچھ بھی اثر ان پر نہیں ہوتا ہم اُن کی وجہ سے بڑی مشقت میں پڑ گئے۔ اس نے کہا کہ گھبراؤ نہیں یہ لوگ اپنے نبی ﷺ کے صحبت یافتہ ہیں ان پر تمہارا اثر مشکل ہے عنقریب ایسے لوگ آنے والے ہیں جن سے تمہارے مقاصد پورے ہونگے۔ اس کے بعد تابعین کے زمانہ میں اس نے اپنے لشکروں کو سب طرف پھیلایا وہ سب کے سب اس وقت بھی پریشان حال واپس ہوئے۔ اس نے پوچھا کیا حال ہے کہنے لگے کہ ان لوگوں نے تو ہمیں دق کر دیا۔ یہ عجیب قسم کے لوگ ہیں کہ ہماری اغراض ان سے کچھ پوری ہو جاتی ہیں مگر جب شام ہوتی ہے تو اپنے گناہوں سے ایسی توبہ کرتے ہیں کہ ہمارا سارا کیا کرایا برباد ہو جاتا ہے۔ شیطان نے کہا کہ گھبراؤ نہیں عنقریب ایسے لوگ آنے والے ہیں جن سے تمہاری آنکھیں ٹھنڈی ہو جائیں گی وہ اپنی خواہشات میں دین سمجھ کر ایسے گرفتار ہوں گے کہ اُن کو توبہ کی بھی توفیق نہ ہوگی۔ وہ بد دینی کو دین سمجھیں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ بعد میں شیطان نے ان لوگوں کے لئے ایسی بدعات نکال دیں جن کو وہ دین سمجھنے لگے اس سے ان کو توبہ کیسے نصیب ہو۔ یہ بارہ علامات مختصر طریقہ سے ذکر کی گئی ہیں جن کو علامہ غزالیؒ نے تفصیل سے ذکر کیا ہے اس لئے علماء کو اپنے محاسبہ کے دن سے خاص طور سے ڈرنے کی ضرورت ہے کہ ان کا محاسبہ بھی سخت ہے ان کی ذمہ داری بھی بڑی ہوئی ہے اور قیامت کا دن جس میں یہ محاسبہ ہوگا بڑا سخت دن ہوگا اللہ تعالیٰ شانہٗ محض اپنے فضل و کرم سے اس دن کی سختی سے محفوظ رکھے۔

۷)......عن ابی ھریرۃ ﷺ قال قال رسول اللّٰہ ﷺ ان اللّٰہ تعالیٰ یقول ابن ادم تفرغ لعبادلی املأصدرک غنی واسد فقرک وان لاتفعل ملأت یدک شغلاولم اسد فقرک (رواہ احمد وابن ماجۃ کذا فی المشکوٰۃ وزادفی الترغیب الترمذی وابن حبان والحاکم صححہ وفی الباب عن عمران وغیرہ فی الترغیب)

ترجمہ)...... حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ وعم نوالہ کا فرمان ہے کہ اے آدم کی اولاد تو میری عبادت کے لیے فارغ ہو جا میں تیرے سینے کو غنا سے پُر کر دوں گا اور تیرے فقر کو زائل کر دوں گا اور اگر تو ایسا نہیں کرے گا تو میں تجھے مشاغل میں پھانس دوں گا اور تیرا فقر زائل نہیں

کروں گا۔

فائدہ: متعدد احادیث میں مختلف الفاظ سے یہ مضمون وارد ہوا ہے۔ حضرت عمران بن حصین ؓ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ جو شخص ہمہ تن اللہ جل شانہٗ کی طرف متوجہ ہو جائے اسی کا بن جائے تو حق تعالیٰ شانہٗ اس کی ہر ضرورت کو خود پورا فرماتے ہیں اور ایسی جگہ سے اس کو روزی عطا فرماتے ہیں کہ اس کو گمان بھی نہیں ہوتا اور جو شخص دُنیا کے پیچھے پڑ جاتا ہے اسی کے فکر میں ہر وقت رہتا ہے حق تعالیٰ شانہٗ اس کو دُنیا کے حوالے کر دیتے ہیں کہ تو دُنیا سے نبٹ لے۔

حضرت انس ؓ حضور ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ جس شخص کی پوری توجہ اور آخری مقصد دُنیا کمانا ہو اسی کے لئے سفر کرتا ہے اسی کا خیال دل میں رہتا ہے تو حق تعالیٰ شانہٗ فقر و فاقہ (کا خوف) اس کی آنکھ کے سامنے کر دیتے ہیں (ہر وقت اس سے ڈرتا رہتا ہے کہ آمدنی تو بہت کم ہے کیا ہو گا کیونکر گذر چلے گا) اور اس کے اوقات کو (اسی فکر و تردد میں) پریشان کر دیتے ہیں اور ملتا اتنا ہی ہے جتنا کہ مقدر ہوتا ہے اور جس شخص کی توجہ اور حقیقی مقصد آخرت ہوتی ہے اس کے کاموں کے لئے سفر کرتا ہے، اسی کا خیال دل میں رہتا ہے تو حق تعالیٰ شانہٗ (دُنیا سے بے نیازی اور بے فکری اور) استغناء اس کے سامنے کر دیتے ہیں اور اس کے احوال کو مجتمع کر دیتے ہیں اور دنیا خود بخود ذلیل ہو کر اس کے پاس آتی ہے۔ (ترغیب)

خود بخود ذلیل ہو کر آنے کا مطلب یہ ہے کہ جو چیز مقدر ہے وہ تو آ کر رہے گی اس لئے کہ بہت سی احادیث میں یہ مضمون گذر چکا ہے کہ روزی خود آدمی کو ایسا تلاش کرتی ہے جیسا کہ موت آدمی کو تلاش کرتی ہے۔ جب وہ خود اس کی تلاش میں ہے، اس کے پاس آنے پر مجبور ہے اور اس کی طرف سے استغناء ہے تو وہ بہر حال اس کے پاس آ کر رہے گی۔ اس سے زیادہ ذلت کیا ہو گی کہ وہ خود اس کے پاس آئے اور یہ لاپروائی برتے۔ ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد وارد ہوا ہے کہ جو شخص اس چیز کی طلب میں لگ جائے جو اللہ تعالیٰ شانہٗ کے پاس ہے، آسمان اس کا سایہ ہو، زمین اس کا بستر ہو، دُنیا کی کسی چیز کا اس کو فکر نہ ہو تو ایسا شخص بغیر کھیتی کئے روٹی کھائے گا، بغیر باغ لگائے پھل کھائے گا۔ اللہ پر اس کا توکل ہو اور اس کی رضا کی جستجو میں لگا رہتا ہو اللہ جل شانہٗ ساتوں آسمان اور ساتوں زمینوں کو اس کی روزی کا ذمہ دار بنا دیتے ہیں وہ سب کے سب اس کو روزی پہنچانے کے کوشاں رہتے ہیں اس کو حلال روزی پہنچانے میں کوتاہی نہیں کرتے اور وہ بغیر حساب کے اپنی روزی پوری کر لیتا ہے۔ (درمنثور)

ایک اور حدیث میں ہے حضرت ابن عباس ؓ ارشاد فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے مسجد

خیف (منیٰ کی مسجد) میں وعظ فرمایا اس میں حمد وثنا کے بعد ارشاد فرمایا کہ جس شخص کا مقصد دُنیا بن جائے حق تعالیٰ شانہٗ اس کے احوال کو پریشان اور منتشر کر دیتے ہیں اور فقر (کا خوف) ہر وقت آنکھوں کے سامنے رہتا ہے اور دُنیا تو جتنی مقدر ہے اس سے زیادہ ملتی نہیں۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ جو شخص دُنیا کے پیچھے پڑ جائے اس کا حق تعالیٰ شانہٗ سے کوئی واسطہ نہیں اور جس کو مسلمانوں کا (اُن کی بھلائی کا خیر خواہی کا) فکر نہ ہو اس کو مسلمانوں سے کوئی واسطہ نہیں اور جو (دنیوی اغراض کے لئے) اپنے آپ کو خوشی سے ذلیل کرے اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں (محض چار پیسے کے واسطے یا کسی اور دُنیوی غرض کے لئے اپنے آپ کو دوسروں کے سامنے ذلیل کرنا یقیناً اپنی قدر و قیمت کا نہ پہچاننا ہے اور اپنے ان بزرگوں کے نام کو دھبہ لگانا ہے جن کی طرف اپنی نسبت ہے اور سب سے اونچی نسبت فخر الرسل ﷺ کی اُمت میں ہونا ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ چار چیزیں بدبختی کی علامت ہیں آنکھوں کا خشک ہونا (کہ اللہ کے خوف سے کسی وقت بھی آنسو نہ ٹپکے) دل کا سخت ہونا (کہ اپنی آخرت کے لئے یا کسی دوسرے کے لئے کسی وقت بھی نرم نہ پڑے) آرزوؤں کا لمبا ہونا اور دُنیا کی حرص۔ (ترغیب)

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ تنبیہ فرمائی لوگو تمہیں کیا ہو رہا ہے میں دیکھتا ہوں کہ تمہارے علماء دن بدن (موت کی وجہ سے) کم ہوتے جا رہے ہیں اور تمہارے جاہل لوگ علم سیکھتے نہیں۔ اس سے پہلے پہلے علم سیکھ لو کہ علماء انتقال کر جائیں اور اُن کے انتقال سے علم جاتا رہے (پھر کوئی پڑھانے والا بھی صحیح نہ ملے گا) میں تم کو دیکھتا ہوں کہ اس چیز کے جمع کرنے پر تو بڑا لالچ کرتے ہو۔ جس کو اللہ جل شانہٗ نے اپنے ذمہ لے رکھا ہے (یعنی روزی) اور اس چیز کو ضائع کر رہے ہو جس کے تم خود ذمہ دار ہو (یعنی علم و عمل) میں تمہارے بدترین آدمیوں کو دیکھ رہا ہوں یہ وہ لوگ ہیں جو زکوٰۃ کو تاوان سمجھتے ہیں اور نماز کو ٹال کر پڑھتے ہیں اور قرآن پاک کے پڑھنے میں بھی بے التفاتی کرتے ہیں۔ (تنبیہ الغافلین)

۸)......عن ابی موسیٰ رضی اللہ عنہ قال قال رسول الله ﷺ من احب دنیاه اضر باخرته ومن احب اخرته اضربدنیاه فاثروا مایبقی علی مایفنیٰ (رواہ احمد والبیھقی فی شعب الایمان کذافی المشکوٰۃ)

ترجمہ)......حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص دُنیا سے محبت رکھتا ہے وہ اپنی آخرت کو نقصان پہنچاتا ہے اور جو اپنی آخرت سے محبت رکھتا ہے وہ (صورت کے اعتبار سے) دُنیا کو نقصان

پہنچاتا ہے پس (جب یہ ضابطہ ہے تو) جو چیز ہمیشہ رہنے والی ہے (یعنی آخرت) اس کو ترجیح دو اس چیز پر جو بہر حال فنا ہو جانے والی ہے۔

فائدہ: دنیا کی زندگی چاہے کتنی ہی زیادہ ہو جائے بہر حال ختم ہونے والی ہے اور اس کا مال و متاع چاہے کتنا ہی زیادہ سے زیادہ ہو جائے ایک دن چھوٹنے والا ہے۔ موت سے چھوٹ جائے چاہے ضائع ہو جانے سے چھوٹ جائے اور آخرت کی زندگی کبھی ختم ہونے والی نہیں ہے اس کی نعمتیں ہمیشہ ہمیشہ رہنے والی ہیں ایسی حالت میں کھلی ہوئی بات ہے کہ آدمی میں اگر ذرا سی بھی عقل ہو تو ایسی چیز کو اختیار کرنا چاہیے جو ہمیشہ اپنے پاس رہے گی۔ ایسی چیز کے پیچھے پڑنا جو کسی طرح بھی اپنے پاس ہمیشہ نہیں رہ سکتی بیوقوفی کی انتہاء ہے۔ مگر ہم لوگوں کی عقل پر غفلت کا پردہ پڑا ہوا ہے۔ اس اسٹیشن کے ویٹنگ روم کی زیب و زینت پر دل لگائے بیٹھے ہیں اور قیام صرف اتنا ہے کہ جب ریل گاڑی آجائے اس پر سوار ہو جانا ہے۔ اتنے ذرا سے وقت میں اگر آدمی اپنے سفر کی تیاری میں مشغول رہے، اپنے سامان سفر کو تیار کرے، جو چیزیں وطن میں پہنچ کر کام آنے والی ہیں ان کو فراہم کر لے تو یقیناً اس کے لئے کار آمد ہیں وہ اپنا یہ قیمتی وقت اور تھوڑی سی فرصت وہاں کے سیر سپاٹے میں خرچ کردے اپنا سامان بکھرا پڑا رہے اور خود ویٹنگ روم کی صفائی اور اس کے فرنیچر کو قرینہ سے رکھنے میں لگ جائے۔ یا اس سے بڑھ کر حماقت یہ کرے کہ اس میں لٹکانے کے واسطے آئینے اور نقشے خریدنے میں لگ جائے تو اپنا سامان بھی کھوئے گا اور اپنی متاع بھی ضائع کرے گا۔

اس حدیث پاک میں دُنیا سے محبت نہ کرنے پر تنبیہ ہے کہ محبت ایسی سخت چیز ہے کہ جس کے ساتھ بھی لگ جائے رفتہ رفتہ آدمی کو اسی کا بنا دیتی ہے اس لئے آخرت کے ساتھ محبت پیدا کرنے کی ترغیب فرمائی ہے اور دُنیا سے ترک محبت پر تنبیہ ہے کہ دُنیا سے محبت رکھنے والا اگرچہ آخرت کے اعمال اس وقت کرتا ہو لیکن اس ناپاک دُنیا کی محبت رنگ لائے بغیر نہ رہے گی اور آہستہ آہستہ آخرت کے کاموں میں تساہل اور حرج اور نقصان پیدا کر دے گی۔ بزرگوں کا ارشاد ہے کہ جو شخص دُنیا کو محبوب رکھتا ہے سارے پیر و مرشد مل کر اس کو ہدایت نہیں کر سکتے اور جو شخص دُنیا کو ترک کر دیتا ہے (اس سے نفرت کرتا ہے) اس کو سارے مفسد مل کر بھی گمراہ نہیں کر سکتے۔ ❶

حضرت براء رضی اللہ عنہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ جو شخص دُنیا میں اپنی شہوتوں کو پورا کرتا ہے وہ آخرت میں اپنی خواہشات کے پورا کرنے سے محروم ہوتا ہے اور جو شخص دُنیا میں ناز پروردہ (رئیس) لوگوں کی زیب و زینت کی طرف (للچائی ہوئی) آنکھوں سے دیکھتا ہے وہ آسمانوں کی

---

❶ مظاہر حق۔

بادشاہت میں ذلیل سمجھا جاتا ہے اور جو شخص کم سے کم روزی پر صبر و تحمل کرتا ہے وہ جنت میں فردوس اعلیٰ میں ٹھکانا پکڑتا ہے۔ ❶ حضرت لقمان علیہ السلام مشہور حکیم ہیں قرآن پاک میں بھی ان کی نصائح کا ذکر فرمایا گیا۔ یہ ایک حبشی غلام سیاہ فام تھے اللہ جل شانہٗ نے نوازا کہ حکیم لقمانؑ بن گئے۔ بعض روایات میں ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ نے ان کو اختیار دیا تھا کہ حکمت اور بادشاہت میں سے جس کو چاہیں پسند کرلیں تو انہوں نے حکمت کو پسند فرمایا۔ ایک حدیث میں ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ نے ان سے ارشاد فرمایا کیا تم اس کو پسند کرتے ہو کہ تم کو بادشاہ بنا دیا جائے اور تم حق کے موافق حکومت کرو۔ انہوں نے عرض کیا کہ اگر میرے رب کی طرف سے یہ حکم ہے تو مجھے عذر نہیں اس لئے کہ اس صورت میں اللہ تعالیٰ شانہٗ کی طرف سے میری اعانت ہوگی اور مجھے اس کا اختیار ہے کہ میں قبول کروں یا نہ کروں تو میں معافی کا خواستگار ہوں میں اپنے ذمہ مصیبت رکھنا نہیں چاہتا۔ فرشتوں نے پوچھا کہ لقمانؑ یہ کیا بات ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ حاکم بڑی سخت جگہ میں ہوتا ہے ناگوار چیزیں اور ظلم ہر طرف سے اس کو گھیر لیتا ہے اس میں اس کی مدد ہو سکے یا نہ ہو سکے اگر حق کے موافق فیصلہ کرے تب تو نجات ہو سکتی ہے ورنہ جنت کے راستہ سے بھٹک جائے گا۔ اور کوئی شخص دُنیا میں ذلیل بن کر دن گذار دے یہ اس سے بہتر ہے کہ دُنیا میں شریفانہ زندگی گذار کر (آخرت کے اعتبار سے) ضائع ہو جائے۔ اور جو شخص دُنیا کو آخرت پر ترجیح دیتا ہے دنیا تو اس سے چھوٹ جاتی ہے اور آخرت کے کام کا رہتا نہیں۔ فرشتوں کو اُن کے جواب سے بڑی حیرت ہوئی۔ اس کے بعد وہ سو گئے تو حق تعالیٰ شانہٗ نے ان پر حکمت کو ڈھانک دیا۔ ❷

ان سے جو حکمتیں اور اپنے صاحبزادہ کو نصیحتیں نقل کی گئیں بڑی عجیب ہیں وہ بہت کثرت سے روایات میں آئی ہیں۔ منجملہ ان کے یہ بھی ہے کہ بیٹا علماء کی مجلس میں کثرت سے بیٹھا کرو اور حکما کی بات اہتمام سے سنا کرو۔ اللہ تعالیٰ شانہٗ حکمت کے نور سے مردہ دل کو ایسا زندہ فرماتے ہیں جیسا کہ مردہ زمین زوردار بارش سے زندہ ہوتی ہے۔ ایک شخص ان کے پاس کو گذرا ان کے پاس اس وقت مجمع بیٹھا ہوا تھا وہ کہنے لگا کیا تو فلاں قوم کا غلام نہیں ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ ہاں میں ان کا غلام تھا۔ اس نے پوچھا کیا تو وہی نہیں ہے جو فلاں پہاڑ کے قریب بکریاں چرایا کرتا تھا؟ انہوں نے فرمایا کہ ہاں میں وہی شخص ہوں۔ اس نے پوچھا کہ پھر تو اس مرتبہ تک کیسے پہنچ گیا؟ انہوں نے فرمایا چند چیزوں کی پابندی اور اہتمام کرنے سے۔ وہ چیزیں یہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ شانہٗ کا خوف اور بات میں سچائی اور امانت کا پورا پورا ادا کرنا اور بے کار گفتگو سے احتراز۔ انکا ارشاد ہے کہ بیٹا اللہ تعالیٰ شانہٗ سے ایسی طرح اُمید رکھو

---

❶، ❷ در منثور۔

کہ اس کے عذاب سے بےخوف نہ ہو جاؤ اور ایسی طرح اس کے عذاب سے خوف کرو کہ اس کی رحمت سے نا اُمید نہ ہو جاؤ۔ صاحبزادہ نے عرض کیا کہ دل تو ایک ہی ہے اس میں خوف اور اُمید دونوں کس طرح جمع ہوں؟ انہوں نے فرمایا کہ مومن ایسا ہی ہوتا ہے کہ اس کے لئے گویا دو دل ہوتے ہیں۔ ایک میں پوری اُمید اور ایک میں پورا خوف۔ ان کا یہ بھی ارشاد ہے کہ بیٹا رب اغفرلی بہت کثرت سے پڑھا کرو۔ اللہ تعالیٰ شانہٗ کے الطاف میں بعض اوقات ایسے ہوتے ہیں کہ ان میں جو کچھ آدمی مانگتا ہے وہ مل جاتا ہے ان کا ارشاد ہے کہ بیٹا نیک عمل اللہ تعالیٰ شانہٗ کے یقین کے بغیر نہیں ہو سکتا جس کا یقین ضعیف ہوگا اس کا عمل بھی سست ہوگا۔ بیٹا جب شیطان تجھے کسی شک میں مبتلا کرے تو اس کو یقین کے ساتھ مغلوب کر اور جب وہ تجھے عمل میں سستی کرنے کی طرف لے جائے تو قبر اور قیامت کی یاد سے اس پر غلبہ حاصل کر اور جب دُنیا میں رغبت یا (یہاں کی تکلیف کے) خوف کے راستہ سے وہ تیرے پاس آئے تو اس سے کہہ دے کہ دُنیا ہر حال میں چھوٹنے والی چیز ہے۔ (نہ یہاں کی راحت کو دوام ہے نہ یہاں کی تکلیف ہمیشہ رہنے والی ہے) ان کا ارشاد ہے کہ بیٹا جو شخص جھوٹ بولتا ہے اس کے منہ کی رونق جاتی رہتی ہے۔ اور جس شخص کی عادتیں خراب ہوں گی اس پر غم سوار ہوگا اور پہاڑ کی چٹانوں کا ایک جگہ سے دوسری منتقل کرنا، احمقوں کے سمجھانے سے زیادہ آسان ہے۔ ان کا ارشاد ہے کہ بیٹا جھوٹ سے اپنے کو بہت محفوظ رکھو جھوٹ بولنا چڑیا (پرند) کے گوشت کی طرح سے لذیذ تو معلوم ہوتا ہے لیکن بہت جلد جھوٹ بولنے والے شخص کے ساتھ دشمنی کا ذریعہ بن جاتا ہے۔ بیٹا جنازہ میں اہتمام سے شرکت کیا کرو اور تقریبات میں شرکت سے گریز کیا کرو اس لئے کہ جنازہ آخرت کی یاد کو تازہ کرتا ہے اور شادیاں تقریبات دُنیا کی طرف مشغول کرتی ہیں۔ بیٹا جب پیٹ بھرا ہوا ہو اس وقت نہ کھاؤ پیٹ بھرے پر کھانے سے کتے کو ڈال دینا بہتر ہے؟ بیٹا نہ تو تم اتنا میٹھا بن کہ لوگ تمہیں نگل جائیں، نہ اتنا کڑوا بنو کہ لوگ تھوک دیں۔ بیٹا تم مرغے سے زیادہ عاجز نہ بنو کہ وہ تو سحر کے وقت جاگ کر چلانا شروع کر دے اور تم اپنے بستر پر پڑے سوتے رہو۔ بیٹا توبہ میں دیر نہ کرو کہ موت کا کوئی وقت مقرر نہیں وہ دفعۃً آ جاتی ہے۔ بیٹا جاہل سے دوستی نہ کرو ایسا نہ ہو کہ اس کی جہالت کی باتیں تمہیں اچھی معلوم ہونے لگیں اور حکیم سے دشمنی مول نہ لو ایسا نہ ہو کہ وہ تم سے اعراض کرنے لگے (اور پھر اس کی حکمتوں سے تم محروم ہو جاؤ) بیٹا اپنا کھانا متقی لوگوں کے سوا کسی کو نہ کھلاؤ اور اپنے کاموں میں علماء سے مشورہ لیا کرو کسی نے ان سے پوچھا کہ بدترین شخص کون ہے؟ انہوں نے فرمایا جو اس کی پرواہ نہ کرتا ہو کہ کوئی شخص اس کی برائی کرتے ہوئے دیکھ لے۔ ان کا ارشاد ہے کہ بیٹا نیک لوگوں کے پاس اپنی نشست کثرت سے رکھا کرو کہ ان کے پاس بیٹھنے سے نیکی حاصل کرسکو گے اور اگر ان پر کسی وقت

اللہ کی رحمت خاصہ نازل ہوئی تو اس میں سے تم کو بھی کچھ نہ کچھ ضرور ملے گا (کہ جب بارش اترتی ہے تو اس مکان کے سب حصوں میں پہنچتی ہے) اور اپنے آپ کو برے لوگوں کی صحبت سے دور رکھو۔ ان کے پاس بیٹھنے سے کسی خیر کی تو اُمید نہیں اور ان پر کسی وقت عذاب ہوا تو اس کا اثر تم تک پہنچ جائے گا ان کا ارشاد ہے کہ باپ کی مار اولاد کے لئے ایسی مفید ہے جیسا کہ پانی کھیتی کے لئے۔ ان کا ارشاد ہے کہ بیٹا تم جس دن سے دُنیا میں آئے ہو ہر دن آخرت کے قریب ہوتے جا رہے ہو (اور دُنیا سے ہر دن پشت پھیرتے جا رہے ہو پس وہ گھر جس کی طرف تم روزانہ چل رہے ہو وہ بہت قریب ہے اس گھر سے جس سے ہر دن دور ہوتے جا رہے ہو) بیٹا قرض سے اپنے کو محفوظ رکھو کہ یہ دن کی ذلت اور رات کا غم ہے (یعنی قرض خواہ کے تقاضے سے دن میں ذلت اٹھانا پڑتی ہے اور رات بھر قرض کے فکر میں گذرتی ہے) بیٹا اللہ کی رحمت کی ایسی اُمید رکھو جس سے گناہوں پر جرأت نہ ہونے پائے اور اس کے خوف سے ایسا ڈرو کہ اس کی رحمت سے نا اُمیدی نہ ہو جائے۔ بیٹا جب تم سے کوئی شخص اگر کسی کی شکایت کرے کہ فلاں نے میری دونوں آنکھیں نکال دیں اور واقعہ میں بھی اس کی دونوں آنکھیں نکلی ہوئی ہوں تو اس وقت تک اس کے متعلق کوئی رائے قائم نہ کرو جب تک دوسرے کی بات نہ سن لو کیا خبر ہے کہ اس نے خود پہل کی ہو اور اس نے اس سے پہلے چار آنکھیں نکال دی ہوں۔ (درمنثور)

فقیہ ابواللیثؒ نے نقل کیا ہے کہ جب حضرت لقمان کا انتقال ہونے لگا تو انہوں نے اپنے صاحبزادہ سے فرمایا کہ بیٹا میں نے تم کو اس مدت زندگی میں بہت سی نصیحتیں کیں اس وقت (آخری وقت ہے) چھ نصیحتیں تم کو کرتا ہوں

(۱) دُنیا میں اپنے آپ کو فقط اتنا ہی مشغول رکھنا جتنی زندگی باقی ہے (اور وہ آخرت کے مقابلہ میں کچھ بھی نہیں)۔

(۲) حق تعالیٰ شانہٗ کی طرف جتنی تمہیں احتیاج ہے اتنی ہی اس کی عبادت کرنا (اور ظاہر ہے کہ آدمی ہر چیز میں اس کا محتاج ہے)۔

(۳) آخرت کے لئے اس مقدار کے موافق تیاری کرنا جتنی مقدار وہاں قیام کا ارادہ ہو (اور ظاہر ہے کہ مرنے کے بعد تو وہاں کے علاوہ کوئی مقام ہی نہیں)۔

(۴) جب تک تمہیں جہنم سے خلاصی کا یقین نہ ہو جائے اس وقت تک اس سے خلاصی کی کوشش کرتے رہنا (ظاہر ہے کہ جب کوئی سنگین مقدمہ میں ماخوذ ہو تو جب تک اس کو مقدمہ کے خارج ہو جانے کا یقین نہ ہو ہر وقت کوشش میں لگا رہتا ہے)۔

(۵) گناہوں پر اتنی جرأت کرنا جتنا جہنم کی آگ میں جلنے کا حوصلہ اور ہمت ہو (کہ گناہوں کی سزا ضابطہ کی چیز ہے اور مراحم خسروانہ کی خبر نہیں)۔

(۶) جب کوئی گناہ کرنا چاہو ایسی جگہ تلاش کر لینا جہاں حق تعالیٰ شانہٗ اور اس کے فرشتہ نہ دیکھیں (کہ خود حاکم کے سامنے سی آئی ڈی کے عملہ کے سامنے بغاوت کا انجام معلوم ہے)۔ ❶

یہ چند نصائح حضرت لقمان علیہ السلام کی تبعاً ذکر کر دی گئیں۔ مقصود ان کی نصائح میں سے بھی وہی مضمون ہے جو پہلے سے میں لکھ رہا تھا کہ جو شخص دُنیا سے محبت رکھتا ہے وہ اپنی آخرت کو نقصان پہنچاتا ہے۔

عرفجہ ثقفیؒ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عباد بن مسعودؓ سے سَبِّحِ اسْمَ پڑھنے کی درخواست کی انہوں نے پڑھنا شروع کیا اور جب (بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى) پر پہنچے جس کا ترجمہ یہ ہے کہ تم دُنیا کی زندگی کو ترجیح دیتے ہو حالانکہ آخرت زیادہ بہتر اور ہمیشہ رہنے والی چیز ہے۔ تو حضرت ابن مسعودؓ نے تلاوت کو بند کر کے فرمایا کہ بیشک ہم نے دُنیا کو آخرت پر ترجیح دیدی۔ سب حاضرین خاموش تھے۔ پھر دوبارہ فرمایا کہ ہم نے دُنیا کو ترجیح دیدی اس لئے کہ ہم نے اس کی زیب و زینت کو دیکھا اس کی عورتوں کو دیکھا، اس کے کھانے پینے کو دیکھا اور آخرت کی یہ سب چیزیں ہم سے مخفی تھیں اس لئے دُنیا کو ترجیح دے بیٹھے اور آخرت کو چھوڑ دیا۔

حضرت انسؓ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ لا الٰہ الا اللہ کا کلمہ اللہ کی ناراضی سے بندوں کو محفوظ رکھتا ہے جب تک کہ دُنیا کی تجارت کو آخرت کی تجارت پر ترجیح نہ دیں اور جب دُنیا کی تجارت کو آخرت کی تجارت پر ترجیح دینے لگیں پھر لا الٰہ الا اللہ کہیں تو وہ کلمہ ان پر یہ کہہ کر لوٹا دیا جاتا ہے کہ تم جھوٹ بول رہے ہو (یعنی تمہارا اقرار جھوٹا ہے محض زبانی جمع خرچ ہے)۔ ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ کی گواہی کے ساتھ اللہ جل شانہٗ سے ملتا ہے وہ (سیدھا) جنت میں داخل ہوتا ہے جب تک کہ اس کے ساتھ دوسری چیز کو خلط نہ کر دے تین مرتبہ حضور ﷺ نے اپنا یہ ارشاد فرمایا۔ مجمع میں سے ایک شخص نے عرض کیا میرے ماں باپ آپ پر قربان دوسری چیز خلط کرنے کا کیا مطلب ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا دُنیا کی محبت اور اس کی ترجیح، اس کے لئے مال کا جمع کرنا اور دُنیا کی چیزوں سے خوش ہونا اور متکبر لوگوں کا سا عمل۔

ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ دُنیا اس شخص کا گھر ہے جس کا (آخرت میں) گھر نہیں اور دُنیا اس شخص کا مال ہے جس کا (آخرت میں) مال نہیں۔ اور دُنیا کے لئے وہ شخص مال جمع کرتا

---

❶ تنبیہ الغافلین۔

ہے جس کو بالکل عقل نہیں ہے۔ ❶ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ دُنیا خود ملعون ہے اور جو کچھ اس میں ہے وہ سب ملعون ہے بجز اس کے جو حق تعالیٰ شانہٗ کے لئے ہو۔ ❷

امام غزالیؒ مذمت دُنیا کی کتاب میں تحریر فرماتے ہیں کہ تمام تعریفیں اور حمد اسی پاک ذات کے لئے ہیں جس نے اپنے دوستوں کو دُنیا کے مہلکات اور اس کی آفات سے واقف کر دیا اور دُنیا کے عیوب اور اس کے رازوں کو اپنے دوستوں پر روشن کر دیا یہاں تک کہ ان حجرات نے دُنیا کے احوال کو پہچان لیا اور اس کی بھلائی اور برائی کا موازنہ کر کے یہ جان لیا کہ اس کی برائیاں اس کی بھلائی پر غالب ہیں اور جو اُمیدیں دُنیا سے وابستہ ہیں وہ ان اندیشہ ناک چیزوں کا مقابلہ نہیں کر سکتیں جو اس پر مرتب ہیں دُنیا ایک چٹ پٹی عورت کی طرح سے لوگوں کو اپنے حسن و جمال سے گرفتار کرتی ہے اور اپنی بدکرداری سے اپنے وصال کے خواہشمندوں کو ہلاک کرتی ہے یہ اپنے چاہنے والوں سے بھاگتی ہے اُن کی طرف توجہ کرنے میں بڑی بخیل ہے اور اگر متوجہ بھی ہوتی ہے تو اُس کی توجہ میں بھی آفت اور مصیبت سے امن نہیں ہے اگر ایک دفعہ احسان کرتی ہے تو ایک سال تک برائیاں کرتی رہتی ہے جو اس کے دھوکہ میں آجاتا ہے اس کا انجام ذلت ہے اور جو اس کی وجہ سے تکبر کرتا ہے وہ آخر کار حسرت و افسوس کی طرف چلتا ہے اس کی عادت اپنے عشاق سے بھاگنا ہے اور جو اس سے بھاگے اس کے پیچھے پڑنا ہے جو اس کی خدمت کرے اس سے علیحدہ رہتی ہے اور جو اس سے اعراض کرے اس کی ملاقات کی کوشش کرتی ہے۔ اس کی صفائی میں بھی تکدر ہے اس کی خوشی میں بھی رنج و غم لازم ہیں اس کی نعمتوں کا پھل حسرت و ندامت کے سوا کچھ نہیں یہ بڑی دھوکہ دینے والی مکار عورت ہے بڑی بھگوڑی اور دم اُڑ جانے والی ہے۔ یہ اپنے چاہنے والوں کے لئے نہایت زیب و زینت اختیار کرتی ہے اور جب وہ اچھی طرح اس میں پھنس جاتے ہیں تو دانت دکھانے لگتی ہے اور اُن کے منظم احوال کو پریشان کر دیتی ہے اور اپنی نیرنگیاں ان کو دکھاتی ہے پھر اپنا زہر قاتل ان کو چکھاتی ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کی دشمن ہے اس کے دوستوں کی دشمن ہے اللہ تعالیٰ کی دشمنی اس طرح سے کہ اس کی طرف ملنے والوں کی رہزنی کرتی ہے اس کے دوستوں کے ساتھ دشمنی اس طرح کرتی ہے کہ ان کے دل لبھانے کے لئے طرح طرح کی زینتیں اپنے اوپر لادتی ہے جس سے وہ اس طرح ملتفت ہو کر اس سے قطع تعلق پر صبر کا کڑوا گھونٹ پیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے دشمنوں سے دشمنی اس طرح کرتی ہے کہ اپنے مکر و فریب سے ان کو شکار کرتی ہے اور جب وہ اس کی دوستی پر بھروسہ کرنے لگتے ہیں تو ایسے وقت ان کو ایک دم ادھر میں چھوڑ دیتی ہے جس وقت کہ وہ اس کے سخت محتاج ہوں جس سے وہ

---

❶ درمنثور ❷ جامع الصغیر۔

دائمی حسرت اور دائمی عذاب میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ قرآن پاک کی آیات کریمہ اور احادیث شریفہ میں کثرت سے اس کی مذمت وارد ہوئی ہے بلکہ تمام انبیائے کرام علی نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام کی بعثت اسی پر تنبیہ کے لئے ہوئی ہے کہ اس سے دل نہ لگایا جائے۔ حضور اقدس ﷺ ایک مرتبہ ایک مردہ بکری کے پاس سے گذرے حضور ﷺ نے صحابہؓ سے خطاب فرما کر ارشاد فرمایا کیا تمہارا یہ خیال ہے کہ اس مری ہوئی بکری کی کوئی وقعت اس کے مالک کے یہاں ہوگی صحابہؓ نے عرض کیا کہ اسکی بے وقعتی اسی سے معلوم ہوتی ہے۔ کہ اس کو پھینک دیا۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ شانہٗ کے نزدیک دنیا اس سے بھی زیادہ ذلیل اور بے وقعت ہے جتنی یہ مردہ بکری اپنے مالک کے نزدیک ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ شانہٗ کے نزدیک دنیا کی وقعت ایک مچھر کے پر کے برابر بھی ہوتی تو کسی کافر کو اسمیں سے ایک گھونٹ پانی کا بھی نہ ملتا۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ دنیا کی محبت ہر خطا کی اساس اور بنیاد ہے۔ حضرت زید بن ثابت ؓ فرماتے ہیں کہ ہم ایک مرتبہ حضرت ابو بکر صدیق ؓ کی خدمت میں حاضر تھے آپ نے کچھ پینے کو مانگا تو شہد کا شربت خدمت میں پیش کیا گیا۔ اس کو منہ کے قریب فرما کر حضرت ابو بکر صدیق ؓ رونے لگے اتنا روئے کے پاس بیٹھنے والے بھی متاثر ہو کر رونے لگے اور خوب روئے اس کے بعد پھر دوبارہ منہ کے قریب کیا پھر رونے لگے۔ اس کے بعد اپنی آنکھوں کے آنسو پونچھے اور ارشاد فرمایا کہ میں ایک مرتبہ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر تھا میں نے دیکھا کہ حضور ﷺ اپنے دونوں ہاتھوں سے کسی چیز کو دفع فرما رہے ہیں اور کوئی چیز حضور ﷺ کے سامنے مجھے نظر نہ آئی تو میں نے حضور ﷺ سے دریافت کیا کہ حضور ﷺ کس چیز کو اپنے سے ہٹا رہے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ دنیا میرے سامنے حاضر ہوئی تھی میں نے اس کو اپنے سے ہٹا دیا۔ اس کے بعد پھر دوبارہ دنیا میرے (یعنی حضور ﷺ کے) پاس آئی اور کہنے لگی کہ اگر آپ مجھ سے بچ گئے تو (کچھ قلق نہیں اس لئے کہ) آپ کے بعد آنے والے مجھ سے نہیں بچ سکتے۔

ایک حدیث میں حضور ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ بہت زیادہ تعجب اس شخص پر ہے جو اس پر ایمان رکھتا ہے کہ آخرت دائمی اور ہمیشہ رہنے والی ہے اور اس کے بعد بھی وہ اس دھوکہ کے گھر دنیا کے لئے کوشش کرتا ہے۔ ایک مرتبہ حضور اقدس ﷺ ایک کوڑی پر کو گذرے جہاں کچھ بوسیدہ ہڈیاں، پاخانہ اور پرانے پھٹے ہوئے چیتھڑے پڑے ہوئے تھے حضور ﷺ وہاں کھڑے ہو گئے اور ارشاد فرمایا کہ آؤ لو دیکھو یہ ہے دنیا کا منتہیٰ اور اس کی ساری زیب وزینت۔ ایک اور حدیث میں اس مجمل ارشاد کی تفصیل بھی آئی ہے لیکن علامہ عراقی وغیرہ حضرات محدثین فرماتے ہیں کہ ہمیں وہ روایت نہیں ملی کہ کہاں ہے تاہم امام غزالیؒ نے اس کو نقل کیا ہے۔ اور صاحب قوت نے اس کو حضرت حسن بصریؒ

سے مرسلاً نقل کیا ہے وہ یہ ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ مجھ سے حضور ﷺ نے فرمایا کہ میں تمہیں دنیا کی حقیقت دکھاؤں میں نے عرض کیا ضرور ارشاد فرمائیں حضور ﷺ مجھے ساتھ لے کر مدینہ منورہ سے باہر ایک کوڑی پر تشریف لے گئے جہاں آدمیوں کی کھوپڑیاں، پاخانے اور پھٹے ہوئے چیتھڑے اور ہڈیاں پڑی ہوئی تھیں۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا ابو ہریرہؓ یہ آدمیوں کی کھوپڑیاں ہیں یہ دماغ اسی طرح دنیا کی حرص کرتے تھے جس طرح تم سب زندہ آجکل کر رہے ہو یہ بھی اسی طرح امیدیں باندھا کرتے تھے جس طرح تم لوگ امیدیں لگائے ہوئے ہو۔ آج یہ بغیر کھال کے پڑی ہوئی ہیں اور چند روز اور گذر جانے کے بعد مٹی ہو جائیں گی یہ پاخانے وہ رنگ برنگ کے کھانے ہیں جن کو بڑی محنت سے کمایا، حاصل کیا پھر ان کو تیار کیا اور کھایا۔ اب یہ اس حال میں پڑے ہیں کہ لوگ اس سے (نفرت کر کے) بھاگتے ہیں (وہ لذیذ کھانا جس کی خوشبو دور سے لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کرتی تھی آج اس کا منتہا یہ ہے کہ اس کی بدبو دور سے لوگوں کو اپنے سے متنفر کرتی ہے) یہ چیتھڑے وہ زینت کا لباس (تھا جس کو پہن کر آدمی اکڑتا تھا آج یہ اس حال میں) ہے کہ ہوائیں اس کو ادھر سے ادھر پھینکتی ہیں یہ ہڈیاں ان جانوروں کی ہڈیاں ہیں جن پر لوگ سواریاں کیا کرتے تھے (گھوڑوں) پر بیٹھ کر مٹکتے تھے اور دنیا میں گھومتے تھے۔ بس جسے ان احوال پر اور ان کے دردناک انجام پر رونا ہو وہ ان کو دیکھ کر روئے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم سب بہت روئے۔ ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ دنیا (ظاہر کے اعتبار سے) میٹھی اور سرسبز ہے اور حق تعالیٰ شانہٗ نے تم کو اس میں اپنے اسلاف کا جانشین اس لئے بنایا ہے تاکہ وہ یہ دیکھے کہ تم اس میں کیا عمل کرتے ہو۔ بنی اسرائیل پر جب دنیا کی فتوحات ہونے لگیں تو وہ اس کی زیب و زینت اور عورتوں اور زیوروں کے چکر میں پڑ گئے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ دنیا کو اپنا سردار نہ بناؤ وہ تمہیں اپنا غلام بنا لے گی اپنا خزانہ ایسی پاک ذات کے پاس محفوظ کر دو جہاں ضائع ہونے کا اندیشہ نہیں ہے۔ دنیا کے خزانوں میں اضاعت کا اندیشہ ہر وقت ہے۔ اور اللہ تعالیٰ شانہٗ کے خزانہ پر کوئی آفت نہیں ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ دنیا کی خباثت کے آثار میں سے یہ بات بھی ہے کہ اس اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی جاتی ہے اور اس کی خباثت کی علامات میں سے یہ بھی ہے کہ آخرت اس کو چھوڑے بغیر نہیں ملتی یہ بات اچھی طرح سمجھ لو کہ دنیا کی محبت ہر خطا کی جڑ ہے اور تھوڑی دیر کی خواہش بہت طویل زمانہ کے رنج و عذاب کا ذریعہ بن جاتی ہے ان کا یہ بھی ارشاد ہے کہ دنیا بعضوں کی طالب ہوتی ہے اور بعضوں کی مطلوب ہوتی ہے۔ جو آخرت کے طالب ہیں ان کی تو یہ خود طالب ہوتی ہے کہ جھک مار

کر ان کی روزی ان کو پہنچاتی ہے اور جو اس کی طلب میں لگ جاتے ہیں آخرت ان کو خود طلب نہیں کرتی حتیٰ کہ موت آکر ان کی گردن دبا لیتی ہے۔ حضرت سلیمان علیٰ نبینا وعلیہ السلام ایک مرتبہ اپنے لشکر کے ساتھ تشریف لے جارہے تھے پرندان پر سایہ کئے ہوئے تھے اور جن وانس دائیں بائیں تھے۔ ایک عابد پر گذرے اس نے عرض کیا اللہ تعالیٰ شانہٗ نے بہت بڑی سلطنت آپ کو عطا فرما رکھی ہے (کہ جن وانس چرند، پرند سب پر آپ کی حکومت ہے) حضرت سلیمان علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ مسلمان کے اعمالنامہ میں ایک مرتبہ سُبحَانَ اللّٰہِ سلیمان کے سارے ملک سے زیادہ افضل ہے۔ اس لئے کہ یہ ساری سلطنت بہت جلد ختم ہو جائے گی اور سُبحَانَ اللّٰہِ کا ثواب ہمیشہ ہمیشہ باقی رہنے والا ہے۔

حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ جس شخص کا منتہائے مقصد دُنیا ہو جائے اس کو اللہ تعالیٰ شانہٗ سے کوئی واسطہ نہیں ہے اور اس کو حق تعالیٰ شانہٗ چار چیزوں میں مبتلا فرمادیتے ہیں۔ ایک ایسا غم جو کبھی بھی ختم نہ ہو (کہ ہر وقت آمدنی کے بڑھانے کی فکر میں لگا رہے گا) ایک ایسا شغل جس سے کسی وقت بھی فراغت نہ ہو۔ ایک ایسا فقر جو کبھی بھی مستغنی نہ بنائے (کہ جتنی آمدنی بڑھتی جائے اتنا ہی خرچ زیادہ ہو کر آمدنی کم ہی معلوم ہو) اور ایسی لمبی لمبی اُمیدیں جو کبھی بھی پوری نہ ہوں۔

حضرت ابراہیم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحیفے میں ہے کہ اے دُنیا تو کس قدر ذلیل ہے؟ ان نیک بندوں کی نگاہ میں جن کے لئے تو اپنے کو آراستہ کرتی ہے۔ میں نے اُن کے دلوں میں تیری عداوت ڈال دی ہے اور تیرے سے اعراض ان میں پیدا کر دیا ہے۔ میں نے کوئی مخلوق تجھ سے زیادہ ذلیل پیدا نہیں کی تیری ساری رفعت نہایت ناچیز ہے اور ختم ہو جانے والی ہے۔ میں نے تیرے متعلق تیری پیدائش کے دن یہ فیصلہ کر دیا تھا کہ نہ تو ہمیشہ کسی کے پاس رہے گی اور نہ تیرے ساتھ ہمیشہ کوئی رہے گا۔ چاہے تیرا مالک کتنا ہی تیرے ساتھ بخل کرے۔ مبارک ہیں وہ نیک بندے جو دل سے راضی برضا رہنے کی مجھے اطلاع دیتے ہیں اور اپنے ضمیر سے سچائی اور پختگی کی مجھے خبر دیتے ہیں اُن کے لئے سرسبزی ہے جب وہ اپنی قبروں سے اُٹھ کر میرے پاس آئیں گے تو میرے پاس ان کے لئے ایک نور ہے جو اس وقت اُن کے سامنے ہوگا اور فرشتے دائیں بائیں جانب ہوں گے حتیٰ کہ میں اُن کی ان سب اُمیدوں کو پورا کردوں جو انہوں نے میرے ساتھ باندھ رکھی ہیں۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ بعض لوگ قیامت کے دن اتنے زیادہ اعمال لے کر آئیں گے جیسا کہ ملک عرب کے پہاڑ لیکن وہ جہنم میں ڈال دیئے جائیں گے کسی نے پوچھا یا رسول اللہ (ﷺ) کیا یہ لوگ نمازی ہونگے؟ حضور ﷺ نے فرمایا نمازی بھی ہونگے روزہ دار بھی ہونگے بلکہ تہجد گذار

ہوں گے لیکن جب دُنیا کی کوئی چیز (دولت، عزت وغیرہ) اُن کے سامنے آجائے تو ایک دم اس پر کود پڑتے ہیں (جائز ناجائز کی بھی پروا نہیں کرتے) حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ السلام کا ارشاد ہے کہ دُنیا اور آخرت کی محبت ایک دل میں جمع نہیں ہوسکتی جیسا کہ آگ اور پانی ایک برتن میں جمع نہیں ہوسکتے۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ دُنیا سے بچتے رہو یہ ہاروت ماروت سے بھی زیادہ جادو کرنے والی ہے۔ حضور اقدس ﷺ ایک مرتبہ صحابہؓ کے پاس تشریف لائے اور ارشاد فرمایا کہ تم میں سے کون شخص ایسا ہے جو یہ چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ شانہٗ اس کے (دل کے) اندھے پن کو دور کردے اور اس کی (عبرت کی) آنکھیں کھول دے (جو یہ چاہتا ہو وہ غور سے سن لے کہ) جو شخص دُنیا میں جتنی رغبت کرتا ہے اور جیسی لمبی لمبی اُمیدیں باندھتا ہے اسی کی بقدر حق تعالیٰ شانہٗ اس کے دل کو اندھا کر دیتے ہیں اور جو شخص دُنیا سے بے رغبتی کرتا ہے اپنی آرزوؤں کو مختصر کرتا ہے حق تعالیٰ شانہٗ اس کو بغیر سیکھے علم عطا فرماتے ہیں اور بغیر کسی کے دکھائے راستہ بتاتے ہیں۔ عنقریب ایسے لوگ آنے والے ہیں جن کے لئے سلطنت قتل اور جبر سے قائم ہوگی بخل وفخر سے اُن کو غنا حاصل ہوگا۔ خواہشات کے اتباع سے لوگوں کے دلوں میں اُن کے محبت ہوگی۔ تم میں سے جو شخص ایسے زمانہ کو پائے اور اس وقت فقر پر صبر کرے حالانکہ وہ غنی ہوسکتا ہے وہ لوگوں کی دشمنی کو برداشت کرے حالانکہ وہ (اُن کی خواہشات کے تابع ہو کر اُن کے دلوں میں محبت پیدا کرسکتا ہے) وہ ذلت پر قناعت کرے حالانکہ وہ (لوگوں کی موافقت کر کے) عزت پاسکتا ہے لیکن وہ شخص ان چیزوں کو صرف اللہ تعالیٰ شانہٗ کے لئے برداشت کرتا ہے تو اس کو پچاس صدیقین کا ثواب ہوگا۔ ایک مرتبہ حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں بحرین کا بہت سا مال آیا (اہلِ ضرورت) انصاری صحابہؓ نے جب یہ خبر سنی تو کثرت سے صبح کی نماز میں حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضور ﷺ نے نماز کے بعد مجمع کو دیکھ کر تبسم فرمایا اور یہ ارشاد فرمایا کہ میرے خیال میں اس مال کی خبر سن کر تم آئے ہو انہوں نے عرض کیا بے شک یا رسول اللہ (ﷺ) اسی لئے حاضر ہوئے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا میں تمہیں (کثرت مال کی) خوشخبری دیتا ہوں کہ عنقریب مال بہت زیادہ ہونے والا ہے اور جس چیز سے تم خوش ہوتے ہو (یعنی مال) اس کی اُمید رکھو کہ وہ تمہارے پاس بہت زیادہ آنے والا ہے میں تمہارے فقر وفاقہ سے خائف نہیں ہوں لیکن مجھے اس کا ڈر ہے کہ تمہارے اوپر دُنیا پھیل پڑے جیسا کہ تم سے پہلے لوگوں پر پھیل چکی ہے اور پھر تم اس میں دل لگا بیٹھو جس کی وجہ سے وہ تم کو بھی اسی طرح ہلاک کردے جیسا کہ تم سے پہلے لوگوں کو ہلاک کرچکی ہے۔

ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ مجھے تم لوگوں پر زیادہ خوف اس بات کا ہے کہ حق

تعالیٰ شانہٗ تم پر زمین کی برکات نکال دے۔ کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) زمین کی برکات کیا چیزیں ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ دُنیا کی رونق۔ حضرت ابوالدرداءؓ نے حضور ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا کہ جو کچھ مجھے معلوم ہے اگر تم کو معلوم ہو جائے تو ہنسنا کم کر دو اور بہت کثرت سے رونے لگو اور دُنیا تمہارے نزدیک بہت ذلیل بن جائے اور آخرت کو اس پر ترجیح دینے لگو۔ اس کے بعد ابوالدرداءؓ نے اپنی طرف سے فرمایا کہ جو کچھ مجھے معلوم ہے اگر تم کو معلوم ہو جائے تو تم جنگلوں کو روتے ہوئے اور چلاتے ہوئے نکل جاؤ اور اپنے مالوں کو بغیر محافظ کے چھوڑ جاؤ لیکن تمہارے دلوں سے آخرت کا ذکر غائب ہے اور دُنیا کی اُمیدیں تمہارے سامنے ہیں اس لئے دُنیا تمہارے اعمال کی مالک بن رہی ہے اور تم ایسے بن گئے گویا کچھ جانتے ہی نہیں اس لئے تم میں سے بعض تو ان جانوروں سے بھی بدتر ہو گئے جو انجام کے خوف سے اپنی شہوتوں کو نہیں چھوڑتے تمہیں کیا ہو گیا کہ تم آپس میں محبتیں نہیں رکھتے ایک دوسرے کو نصیحت نہیں کرتے حالانکہ تم آپس میں دینی بھائی ہو۔ تمہاری خواہشات میں صرف تمہارے باطنی خبث نے تفریق کر رکھی ہے اگر تم سب دین پر دینی امور پر مجتمع ہو جاؤ تو آپس میں تعلقات بھی زیادہ ہو جائیں۔ آخر تمہیں یہ کیا ہو گیا کہ دُنیا کے کاموں میں تو ایک دوسرے کو نصیحت کرتے ہو لیکن آخرت کے کاموں میں ایک دوسرے کو نصیحت نہیں کرتے تم جس سے محبت کرتے ہو اس کو آخرت کے امور پر نصیحت کی قدرت تمہیں نہیں ہے آخرت کے امور پر اس کو نصیحت نہیں کر سکتے۔ یہ صرف اس وجہ سے ہے کہ تمہارے دلوں میں ایمان کی کمی ہے اگر تم آخرت کی بھلائی اور بُرائی پر ایسا یقین رکھتے جیسا کہ دُنیا کی بھلائی اور بُرائی پر رکھتے ہو تو ضرور آخرت کو دُنیا پر ترجیح دیتے اس لئے آخرت تمہارے کاموں کی دُنیا سے زیادہ مالک ہے۔ اگر تم یہ کہو کہ دُنیا کی ضرورت فوری ہے اس وقت درپیش ہے آخرت کی ضرورت بعد میں ہو گی تو تم خود سوچو کہ دُنیا میں بعد میں آنے والے اور حاصل ہونے والے کاموں کے لئے تم کتنی مشقت اُٹھاتے ہو (کھیتی کی مشقت برداشت کرتے ہو کہ بعد میں پیدا ہو گی) باغ لگانے میں کتنی جانفشانی کرتے ہو کہ کئی سال بعد پھل آئے گا وغیرہ وغیرہ) تم کس قدر بُری قوم ہو کہ اپنے ایمان کی جانچ ان چیزوں کے ساتھ نہیں کر سکتے جس سے تمہارے ایمان کی مقدار تمہیں معلوم ہو جائے کہ ایمان کس درجہ تک تم میں موجود ہے اگر تم لوگوں کو اُس چیز میں شک ہے جو حضور اقدس ﷺ لے کر آئے تو آؤ ہمارے پاس آؤ ہم تمہیں واضح طریق سے بتائیں اور وہ نور دکھائیں جس سے تمہیں اطمینان ہو جائے کہ حضور ﷺ نے جو فرمایا وہ حق ہے۔ تم کم عقل بیوقوف نہیں ہو جس کی وجہ سے ہم تم کو معذور سمجھ لیں۔ دُنیا کے کاموں میں تو تم بڑی اچھی رائے رکھتے ہو اور اس میں بڑی احتیاط پر عمل کرتے ہو (پھر کیا

مصیبت ہے کہ آخرت کے کاموں میں نہ تم مجھ سے کام لیتے ہو نہ احتیاط پر عمل کرتے ہو (آخر یہ کیا بات ہے تمہیں یہ کیا ہو گیا کہ دُنیا کے ذرا سے فائدہ سے بڑے خوش ہوتے ہو، ذرا سے نقصان سے رنجیدہ ہو جاتے ہو جس کا اثر تمہارے چہروں تک پر معلوم ہونے لگتا ہے (کہ خوشی میں پھول جاتا ہے رنج میں ذرا سا منہ نکل آتا ہے) مصیبتیں زبان پر آنے لگتی ہیں ذرا سی بات کو مصائب کہنے لگتے ہو، ماتم کی مجلسیں قائم کرتے ہو لیکن دین کی بڑی سے بڑی بات بھی چھوٹ جائے تو نہ اس کا رنج و غم ہے نہ چہرے پر کوئی تغیر ہے۔ میں تمہاری بد دینی کی حالت دیکھ کر یہ خیال کرتا ہوں کہ حق تعالیٰ شانہٗ ہی تم سے بیزار ہو گئے ہیں۔ تم لوگ آپس میں ایک دوسرے سے خوشی خوشی ملتے ہو اور ہر ایک یہ چاہتا ہے کہ دوسرے کے سامنے کوئی ایسی (حق) بات نہ کہے جو اس کو ناگوار ہو تا کہ وہ بھی اس کے متعلق کوئی ناپسند بات نہ کہہ دے۔ پس دلوں کے اندر ہی اندر ایسی باتیں رکھتے ہوئے ایک دوسرے کے ساتھ رہتے ہو اور باطن کی گندگیوں پر تمہارے ظاہر کے چمن کھل رہے ہیں اور موت کی یاد کے چھوڑ دینے پر سب جمع ہو گئے ہو۔ کاش حق تعالیٰ شانہٗ مجھے موت دے کر تم لوگوں سے راحت عطا کرتا اور مجھے ان حضرات (یعنی حضور اقدس ﷺ اور صحابۂ کرامؓ) کے ساتھ ملا دیتا جن کے دیکھنے کا میں مشتاق ہوں۔ اگر یہ حضرات زندہ ہوتے تو تمہارے ساتھ رہنا ذرا بھی پسند نہ کرتے۔ پس اگر تم میں کوئی شمہ خیر کا باقی ہے تو میں تمہیں صاف صاف کہہ چکا ہوں اور حق کی بات سنا چکا ہوں اگر تم اس چیز کو (یعنی آخرت کو) جو اللہ تعالیٰ کے پاس ہے طلب کرنا چاہو تو وہ بہت آسان ہے اور میں صرف اللہ ہی سے مدد چاہتا ہوں تمہارے حق میں بھی اور اپنے حق میں بھی۔ (فقط حضرت ابوالدرداء ؓ کا ارشاد ختم ہو گیا)

حضرت ابوالدرداء ؓ کی یہ ڈانٹ بڑے غور سے پڑھنے کی ہے۔ یہ ان حضرات پر خفا ہو رہے ہیں جن کے متعلق یہ سمجھتے ہیں کہ ہم ان جیسے دین دار بن بھی نہیں سکتے۔ ان کے احوال ان کے کارنامے ہمارے سامنے ہیں اگر یہ حضرت ابوالدرداء ؓ ہم لوگوں کو دیکھتے تو یقیناً رنج سے ہلاک ہو جاتے۔ یقیناً یہ حضرات ہمارے احوال کو دیکھ بھی نہ سکتے ان کا کسی طرح تحمل نہ کر سکتے۔

حضرت حسن بصریؒ کا ارشاد ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ ان لوگوں پر رحم کرے جن کے پاس دنیا امانت تھی وہ اس امانت کو دوسروں کے حوالے کر گئے اور خود بے فکر چل دیئے۔ آپ کا یہ بھی ارشاد ہے کہ جو شخص دین کے بارے میں تیری مزاحمت کرے اس سے مزاحمت کر اور جو دنیا کے بارے میں تیری مزاحمت کرے اس دنیا کو اس کے منہ پر مار اور بے فکر ہو جا۔ حضرت ابو حازمؒ کا ارشاد ہے کہ دنیا سے بچتے رہو۔ قیامت کے دن آدمی کو میدانِ حشر میں کھڑا کر کے کہا جائے گا یہ وہ شخص ہے جس نے ایسی چیز کو بڑا سمجھا جس کو اللہ تعالیٰ شانہ نے حقیر بتایا تھا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود ؓ کا ارشاد ہے کہ ہر

شخص اپنے گھر میں چندروزہ مہمان ہے اور اس کا مال ومتاع مانگی ہوئی چیز ہے۔ مہمان کو بہر حال چند دن میں اپنے گھر (یعنی آخرت کو) چلا جاتا ہے اور مانگی ہوئی چیز بہر حال واپس ہونے والی ہے۔ حضرت رابعہ بصریہؒ ایک مجمع میں تشریف رکھتی تھی۔ لوگ کچھ دنیا کی برائی کر رہے تھے وہ کہنے لگیں کہ اس کا ذکر برائی سے بھی نہ کرو اس کے ذکر کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کی تمہارے دلوں میں وقعت ہے اگر یہ نہ ہوتی تو اس کا بار بار ذکر بھی زبان پر نہ آتا (پاخانہ کی گندگی اور برائی کا بار بار کون ذکر کرتا ہے) حضرت لقمان علیہ السلام کی اپنے بیٹے کی وصیت ہے کہ اپنی دنیا کو دین کے بدلے میں بیچ دو دونوں جہان میں نفع ملے گا اور دین کو دنیا کے بدلے میں نہ بیچو دونوں جہان میں خسارہ رہے گا۔ حضرت مطرف بن شخیرؒ کا ارشاد ہے کہ بادشاہوں کے عیش وعشرت اور ان کے عمدہ لباس پر نظر نہ کرو بلکہ یہ سوچو کہ ان کا انجام کیا ہوگا۔ حضرت ابوامامہؓ فرماتے ہیں کہ جب حضور اقدس ﷺ کی بعثت ہوئی تو شیطان نے اپنے لشکروں کو حالات کی تحقیق کے لئے بھیجا انہوں نے بتایا کہ ایک نبی کی بعثت ہوئی ہے اور ان کی بہت بڑی امت ہے تو اس نے تحقیق کیا کہ ان لوگوں میں دنیا کی محبت بھی ہے انہوں نے کہا کہ ہاں ہاں ہے۔ شیطان نے کہا کہ پھر مجھے اس کا رنج نہیں ہے کہ وہ بت پرستی نہ کریں میں تین چیزیں ان پر مسلط کر دوں گا۔ ناجائز طریقہ سے کمانا، ناجائز طریقہ پر خرچ کرنا اور جہاں خرچ کا واقعی محل ہو اس میں خرچ نہ کرنا۔

حضرت علیؓ کا ارشاد ہے کہ دنیا کے حلال کا حساب ہے اور اس کے حرام میں عذاب ہے۔

حضرت مالک بن دینارؒ کا ارشاد ہے کہ اس جادوگر سے بچتے رہو یہ علماء کے دلوں پر بھی جادو کر دیتی ہے۔ حضرت ابوسلیمان دارانیؒ فرماتے ہیں کہ جس دل میں آخرت ہوتی ہے دنیا اس سے جھگڑا کرتی رہتی ہے اور اس دل پر قبضہ کرنے کی کوشش کرتی رہتی ہے اور جس دل میں دنیا ہوتی ہے آخرت اس سے مزاحمت نہیں کرتی اس لئے کہ آخرت کریم ہے وہ دوسرے کے گھر پر قبضہ کرنا نہیں چاہتی اور دنیا کمینہ ہے وہ ہر ایک کے گھر پر زبردستی قبضہ کرنا چاہتی ہے۔ مالک بن دینارؒ کہتے ہیں کہ تو جس قدر دنیا کا غم کرے گا اتنا ہی آخرت کا غم تیرے دل سے نکل جائے گا۔ اور جتنا تو آخرت کا غم کرے گا اتنا ہی دنیا کا غم تیرے دل سے نکل جائے گا۔ حضرت حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ میں نے ایسے آدمیوں کو پایا ہے جن کے نزدیک دنیا اس مٹی سے زیادہ ذلیل تھی جس پر تم چلتے ہو ان کو اس کی پروا نہ تھی کہ دنیا ہے یا جاتی رہی۔ اس کے پاس چلی گئی یا اس کے پاس چلی گئی۔ ایک آدمی نے حضرت حسن بصریؒ سے دریافت کیا آپ اس شخص کے متعلق کیا فرماتے ہیں جس کو حق تعالیٰ شانہ نے مال ودولت عطا کیا ہو وہ اس میں سے صدقات بھی کرتا ہے صلہ رحمی بھی کرتا ہے۔ کیا اس کے لئے یہ موزوں

اور مناسب ہے کہ خود بھی اچھے اچھے کھانے کھائے اور نعمتوں میں زندگی گذارے انہوں نے فرمایا نہیں اگر ساری دنیا بھی اس کو مل جائے تو اس کو اپنے اوپر بقدر ضرورت ہی خرچ کرنا چاہیے اور اس سے زیادہ کو اس دن (یعنی آخرت کے دن) کے لئے بھیج دینا چاہیے جو دن اس کی سخت احتیاج کا ہوگا۔

حضرت فضیل رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے کہ اگر دنیا ساری کی ساری مجھے مل جائے اور مجھ سے اس کا حساب بھی نہ لیا جائے تب بھی میں اس سے ایسی گھن اور کراہت کروں جیسی کہ تم لوگ مردار جانور سے کرتے ہو، کہ کہیں کپڑے کو نہ لگ جائے۔ حضرت حسن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بنو اسرائیل کو حق تعالیٰ شانہٗ کی بندگی کرنے کے باوجود صرف دنیا کی محبت نے بت پرستی تک پہنچادیا تھا۔ ان کا یہ بھی ارشاد ہے کہ آدمی اپنے مال کو تو ہمیشہ کم سمجھتا ہے مگر اپنے عمل کو کبھی کم نہیں سمجھتا دین میں کوئی مصیبت آجائے تو خوش رہتا ہے دنیا میں کوئی مصیبت پیش آجائے تو گھبرا جاتا ہے۔ حضرت فضیل رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے کہ دنیا میں داخل ہونا تو بہت آسان ہے لیکن اس سے نکلنا بہت مشکل ہے۔ ایک بزرگ فرماتے ہیں تعجب ہے اس شخص پر جس کو موت کا یقین ہو کہ وہ بہر حال آنے والی ہے نہ معلوم کب آجائے، پھر بھی کسی بات سے کیونکر خوش ہوتا ہے تعجب ہے اس شخص پر جس کو اس کا یقین ہے کہ جہنم حق ہے (اور اپنا حشر معلوم نہیں) پھر کس طرح وہ کسی بات پر ہنستا ہے؟ تعجب ہے اس شخص پر جو دنیا کے ہر وقت کے انقلابات دیکھتا ہے پھر کیسے دنیا کی کسی بات پر مطمئن ہوتا ہے۔ تعجب ہے، اس شخص پر جس کو یقین ہے کہ تقدیر برحق ہے (جو کچھ مقدر میں ہے وہ مل کر رہے گا) پھر کیوں مصیبتیں اٹھاتا ہے۔

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس شہر نجران کے ایک بزرگ آئے جن کی عمر دو سو برس تھی۔ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے ان سے پوچھا دنیا کو تم نے بہت دیکھا کیسا پایا؟ کہنے لگے چند ایک سال راحت کے چند ایک سال تکلیف کے، ہر دن رات میں کوئی نہ کوئی پیدا ہوتا ہے کوئی نہ کوئی مرجاتا ہے اگر پیدا ہونا بند ہوجائے تو دنیا ایک دن ختم ہوجائے (کہ مرنے کا سلسلہ بھی ہے) اگر مرنا بند ہوجائے تو دنیا میں رہنے کی جگہ بھی نہ ملے۔ (اس لئے معتدل نظام یہی ہے کہ پیدا بھی ہوتے رہیں اور مرتے بھی رہیں) حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا مجھ سے کوئی چیز مطلوب ہو میرے قابل کوئی خدمت ہو تو بتاؤ میں اس کو پورا کردوں۔ وہ کہنے لگے کہ جو عمر میری ختم ہوچکی ہے وہ مجھے واپس مل جائے (یا آئندہ کو موت نہ آئے) امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں یہ تو نہیں کرسکتا، کہنے لگے پھر مجھے آپ سے کچھ مانگنا بھی نہیں ہے۔ ابو سلیمانؒ فرماتے ہیں کہ دنیا کی شہوتوں سے وہی شخص صبر کرسکتا ہے جس کے دل میں آخرت کی چیزوں کے ساتھ کوئی مشغولی ہو۔ مالک بن دینارؒ کہتے ہیں کہ ہم سب نے دنیا کے ساتھ محبت کرلینے پر صلح کرلی ہے جس کی وجہ سے کوئی شخص کسی کو نہ اچھی باتوں کا حکم کرتا ہے نہ بری

باتوں سے روکتا ہے۔ حق تعالیٰ شانہٗ اس حال پر ہمیں ہمیشہ چھوڑے رکھیں یہ ہرگز نہیں ہوسکتا نہ معلوم کس وقت کیا عذاب ہم پر نازل ہو جائے۔ حضرت حسن ؓ کا ارشاد ہے کہ حق تعالیٰ شانہ جس بندہ کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتے ہیں اس کو تھوڑی سی دنیا مرحمت فرما کر روک لیتے ہیں جب وہ مال اس کے پاس ختم ہو جاتا ہے تو پھر تھوڑا سا اور دے دیتے ہیں اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے نزدیک ذلیل ہوتا ہے اس پر دنیا کو پھیلا دیتے ہیں۔ ایک بزرگ کی دعا کے الفاظ ہیں اے وہ پاک ذات جو اس پر قادر ہے کہ آسمان کو زمین پر گرنے سے روک دے دنیا کو میرے پاس آنے سے روک دے۔ محمد بن منکدرؒ کہتے ہیں کہ اگر کوئی شخص ہمیشہ روزے رکھے کبھی افطار نہ کرے رات بھر تہجد پڑھے بالکل نہ سوئے اپنے مال کو خوب خیرات کرتا ہو، اللہ کے راستہ میں جہاد کرتا ہو، اور گناہوں سے بچتا ہو، لیکن قیامت کے دن اس کو کھڑا کر کے یہ مطالبہ کیا جائے گا کہ اس کی نگاہ میں وہ چیز وقیع تھی جس کو اللہ تعالیٰ نے ذلیل بتایا (یعنی دنیا) اور وہ چیز غیر وقیع تھی جس کو اللہ تعالیٰ نے وقیع بتایا (یعنی آخرت) تم ہی بتاؤ کہ اس پر کیا گذرے گی۔ پھر ہم لوگوں کا کیا حال ہوگا جو اس مرض میں یعنی دنیا کی وقعت میں مبتلا ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ گناہوں میں بھی مبتلا ہیں۔ عبداللہ بن مبارکؒ فرماتے ہیں کہ دنیا کی محبت نے اور گناہوں نے دلوں کو وحشی بنا رکھا ہے اس لئے خیر کی بات دلوں تک نہیں پہنچتی یعنی (اثر نہیں کرتی وہب بن منبہؒ کہتے ہیں کہ جو شخص دنیا کی کسی چیز سے خوش ہوتا ہے وہ حکمت کے خلاف کرتا ہے اور جو شخص شہوتوں کو اپنے قدم کے نیچے دبا لیتا ہے کہ ان کو سر بھی اٹھانے نہیں دیتا شیطان ایسے شخص کے سایہ سے ڈرتا ہے۔ حضرت امام شافعیؒ نے اپنے ایک دینی بھائی کو یہ نصیحت فرمائی کہ دنیا ایسا کیچڑ ہے جس میں پاؤں پھسل جاتے ہیں (لہذا بچ بچ کر قدم رکھنا چاہیے اور پاؤں کی لغزش سے ہر وقت ڈرتے رہنا چاہیے) دنیا ذلت کا گھر ہے اس کی آبادی کا منتہا بربادی ہے اس میں رہنے والوں کو تنہا قبروں تک جانا ہے اس کا اجتماع افتراق پر موقوف ہے اس کی وسعت فقر کی طرف لوٹا دی گئی، اس کی کثرت مشقت میں پڑنا اور اس کی تنگی سہولت میں پہنچنا ہے۔ پس ہمہ تن اللہ تعالیٰ شانہٗ کی طرف متوجہ رہو، اور اللہ جل شانہٗ نے جتنا رزق عطا فرما دیا اس پر راضی رہو۔ اپنی آخرت میں سے دنیا کے لئے قرض نہ لو (یعنی ایسی چیزیں اختیار نہ کرو جن کا بدلہ آخرت میں ادا کرنا پڑ جائے اور وہاں ضرورت کے موقع پر کمی پڑ جائے) اس لئے کہ یہاں کی زندگی بمنزلہ ایک سایہ کے ہے جو عنقریب ختم ہونے والا ہے اور بمنزلہ ایک دیوار کے ہے جو جھک گئی عنقریب گرنے والی ہے۔ نیک عمل کثرت سے کرتے رہو، اور امیدیں بہت کم باندھو۔

حضرت ابراہیم بن ادہمؒ نے ایک شخص سے دریافت کیا تمہیں اگر خواب میں کوئی شخص ایک درہم

(ساڑھے تین آنے) دے وہ تمہیں زیادہ پسند ہے یا کوئی شخص تمہیں جاگنے کی حالت میں ایک دینار (اشرفی) دے وہ زیادہ پسند ہے؟ اس نے عرض کیا کہ (یہ کھلی بات ہے) جاگتے ہوئے دینار زیادہ محبوب ہے۔ حضرت ابراہیمؒ نے فرمایا کہ تم جھوٹ کہتے ہو اس لئے کہ جس چیز کو تم دنیا میں محبوب رکھتے ہو اس کو تم گویا خواب میں پسند کر رہے ہو اور جس چیز کو آخرت کی پسند نہیں کر رہے ہو اس سے گویا جاگنے میں اعراض کر رہے ہو۔ یحییٰ بن معاذؒ کہتے ہیں کہ تین آدمی عقلمند ہیں۔ ایک وہ شخص جو دنیا کو اس سے پہلے خود چھوڑ دے کہ دنیا اس کو چھوڑے۔ دوسرا وہ شخص جو اپنی قبر کی تیاری اس سے پہلے کر لے کہ اس میں داخل ہونے کا وقت آجائے۔ تیسرے وہ شخص جو اپنے مولا کو اس سے پہلے پہلے راضی کر لے کہ اس سے ملاقات کرے۔ ان کا یہ بھی ارشاد ہے کہ دنیا کی بدبختی اس درجہ کو پہنچ گئی ہے کہ اس کی تمنا تجھے حق تعالیٰ شانہٗ کی اطاعت سے اپنے اندر مشغول کر دیتی ہے۔ جب اس کی تمنا کا یہ حال ہے تو اگر تو دنیا میں پھنس جائے گا تو کیا حال ہو گا؟ بکر بن عبداللہ کہتے ہیں کہ جو شخص دنیا کو حاصل کر کے اس سے بے فکر ہونا چاہتا ہے۔ وہ ایسا ہے جیسا کوئی شخص آگ کو بجھانے کے لئے اس پر خشک گھاس ڈالے۔

بندارؒ کہتے ہیں کہ جب دنیا دار زہد کی باتیں کرتے ہیں تو سمجھ لے کہ شیطان ان کے ساتھ مذاق کر رہا ہے۔ ایک بزرگ کا ارشاد ہے کہ لوگو فرصت کے ان ایام میں نیک عمل کر لو اور حق تعالیٰ شانہٗ سے ڈرتے رہو، اور اپنی لمبی لمبی امیدوں سے اور موت کو بھول جانے سے دھوکے میں نہ پڑو، اور دنیا کی طرف ذرا بھی متوجہ نہ ہو یہ کم بخت بڑی بے وفا بڑی دھوکہ باز ہے اپنے دھوکے سے تمہارے لئے بنتی اور سنورتی ہے اور اپنی آرزوؤں کے ساتھ تم کو فتنہ میں ڈالتی ہے وہ اپنے خاوندوں کے لئے زینت اختیار کرتی ہے وہ بالکل نئی دلہن کی طرح سے بن جاتی ہے جیسا کہ وہ شادی کے دن ہوتی ہے کہ آنکھیں اس کی طرف لگ جاتی ہیں اور دل اس پر جم جاتے ہیں اور آدمی اس کے عاشق بن جاتے ہیں لیکن اس کمبخت نے اپنے کتنے عاشقوں کو قتل کر ڈالا اور کتنے آدمیوں کو جو اس پر اطمینان کئے ہوئے بیٹھے تھے بے یار و مددگار چھوڑ دیا اس کو حقیقت کی نگاہ سے غور سے دیکھو یہ ایسا گھر ہے جس میں مہلکات بہت زیادہ ہیں اور خود اس کے پیدا کرنیوالے نے اس کی برائی بتائی ہے (ایک حکیم کوئی دوائی تیار کرتا ہے اور وہ خود کہتا ہے کہ اس میں زہر ہے صرف ایک رتی اس کی احتیاج کے وقت استعمال کی جا سکتی ہے۔ اگر کوئی بیوقوف ایک تولہ دو تولہ اس میں سے کھالے گا تو لامحالہ مرے گا اور بنانے والے حکیم کے خبر کر دینے کے بعد ایسا کرنا حماقت کی انتہا ہے) اس کی ہر نئی چیز پرانی ہو جائے گی اس کا ملک خود ہی فنا ہو جائے گا اس کا عزیز آخر کار ذلیل ہو گا۔ اس کی کثرت بالآخر قلت کی طرف پہنچتی ہے اس کی دوستی فنا ہونے والی ہے اس کی بھلائی ختم ہو جانے والی ہے۔ تم لوگوں پر اللہ

تعالیٰ شانہٗ رحم کرے اپنی غفلت سے ہوشیار ہو جاؤ اپنی نیند سے جاگ جاؤ اس سے پہلے پہلے کے
شور ہو جائے فلاں شخص بیمار ہو گیا ہے مایوسی کی حالت ہے کوئی اچھا حکیم بتاؤ کسی اچھے ڈاکٹر کو لاؤ
پھر تمہارے لئے حکیم اور ڈاکٹر بار بار بلائے جائیں اور زندگی کی کوئی بھی امید نہ دلائے پھر یہ آو
آنے لگے کہ اس نے وصیتیں شروع کر دیں۔ اے لوگو اس کی تو زبان بھی بھاری ہو گئی اب تو آوا
بھی اچھی طرح نہیں نکلتی، اب تو وہ کسی کو پہچانتا بھی نہیں لمبے لمبے سانس بھی آنے لگے کراہ بھی بڑ
گئی پلکیں بھی جھکنے لگیں۔ اس وقت تجھے آخرت کے احوال محسوس ہونے لگیں لیکن زبان تتلا گئی ا
کوئی بات کہہ بھی نہیں سکتا، بھائی بہن رشتہ دار کھڑے رو رہے ہیں کہیں بیٹا سامنے آتا ہے بھا
سامنے آتا ہے بیوی سامنے آتی ہے مگر زبان کچھ نہیں بولتی، اتنے میں بدن کے اجزاء سے روح نکا
شروع ہو جاتی ہے اور آخر وہ تو نکل کر آسمان پر چلی جاتی ہے۔ عزیز اقارب جلدی جلدی دفنانے
تیاری شروع کر دیتے ہیں عیادت کرنے والے رو دھو کر چپ ہو جاتے ہیں۔ دشمن خوشیاں منا
ہیں عزیز رشتہ دار مال بانٹنے میں لگ جاتے ہیں اور مرنے والا اپنے اعمال میں پھنس جاتا ہے۔ (
حقیقت ہے اس زندگی کی)

حضرت حسن بصری ؒ نے حضرت امیر المؤمنین عمر بن عبد العزیزؒ کو ایک خط لکھا جس مۂ
حمد و صلوٰۃ کے بعد تحریر فرمایا کہ دنیا کوچ کا گھر ہے یہ رہنے کا گھر نہیں ہے۔ حضرت آدم علیٰ نبینا وعا
الصلوٰۃ والسلام کو اس میں سزا کے طور پر بھیجا گیا تھا کہ جنت میں ان سے ایک لغزش ہو گئی تھی (تو بط
جیل خانہ یہاں بھیجا گیا تھا) اس لئے اس سے ڈرتے رہیں اس کا توشہ اس کو چھوڑ دینا ہے اس کا غ
اس کا فقر ہے (یعنی اس میں غنی وہی شخص ہے جو ظاہر میں فقیر ہے) یہ ہر وقت کسی نہ کسی کو ہلاک کر
رہتی ہے جو اس کو عزیز سمجھے اس کو یہ ذلیل کرتی ہے جو اس کو جمع کرنے کا ارادہ کرے اس کو
(دوسروں کا) محتاج بناتی ہے۔ یہ ایک زہر ہے جس کو انجان لوگ کھاتے ہیں پھر وہ مر جاتے ہیں ا
میں اسی طرح زندگی گذار دیں جیسا کہ زخمی بیمار ہر چیز سے احتیاط کرتا ہے تاکہ صحت نصیب ہو جا۔
اور کڑوی دوا اس لئے استعمال کرتا ہے تاکہ مرض طول نہ پکڑے آپ اس مکار، دغاباز، فریبی۔
احتیاط رکھیں جو محض دھوکہ دینے کی وجہ سے بنتی سنورتی ہے اور دھوکے سے لوگوں کو مصیبت م
پھنساتی ہے اور اپنی امیدوں کے ساتھ لوگوں کے یہاں آتی ہے اور اپنے منگنی کرنیوالوں کو آجۃ
پر ٹالتی رہتی ہے پس یہ اُن کے لئے ایسی بنی ٹھنی نئی دُلہن بن جاتی ہے کہ آنکھیں اس پر ٹک ٹکی لگا
ہیں اور دل اس کے فریفتہ ہو جاتے ہیں اور آدمی اس کے جاں نثار بن جاتے ہیں لیکن یہ کمبخت س
کے ساتھ دشمنی کرتی ہے حیرت ہے کہ نہ تو رہنے والے جانے والوں سے عبرت پکڑتے ہیں، نہ ا

کے آنے والے پہلوں کا حال سن کر اس سے احتراز کرتے ہیں اور نہ اللہ تعالیٰ کے ارشادات کو ماننے والے اس کے ارشادات سے نصیحت پکڑتے ہیں اس کے عاشق اپنی حاجت پوری ہوتی دیکھ کر دھوکے میں پڑ جاتے ہیں اور سرکشی میں مبتلا ہو کر آخرت کو بھول جاتے ہیں۔ حتیٰ کہ ان کا دل اس میں مشغول ہو جاتا ہے اور قدم آخرت کے راستہ سے پھسل جاتا ہے پھر ندامت اور حسرت کے سوا کچھ نہیں ہوتا کہ موت کی اور نزع کی کرب اور بے چینی ان کو گھیر لیتی ہے اور اس سب کے چھوٹ جانے کی حسرتیں اُس پر مسلط ہو جاتی ہیں۔ اس میں رغبت کرنے والا اپنے مقاصد کو کبھی بھی پورا نہیں کر سکتا اور مشقت سے کبھی راحت نہیں پاتا یہاں تک کہ بغیر توشہ لئے اس عالم سے چلا جاتا ہے اور بغیر تیاری کے آخرت میں پہنچ جاتا ہے۔ امیر المؤمنین اس سے بہت بچتے رہیں اور اس کی نہایت خوشی کے اوقات میں بھی بہت زیادہ ڈرتے رہیں۔ اس پر اعتماد کرنے والا جب بھی کچھ خوش ہوتا ہے تو یہ کسی نہ کسی مصیبت میں اس کو مبتلا کر دیتی ہے۔ اس میں خوش رہنے والا دھوکہ میں پڑا ہوا ہے اور اس میں (ضرورت سے زیادہ) نفع اُٹھانے والا نقصان میں پڑا ہوا ہے۔ اس کی راحت تکلیفوں کے ساتھ وابستہ ہے اور اس میں رہنے کا منتہا فنا ہے اس کی خوشی رنج کے ساتھ مخلوط ہے۔ جو کچھ گذر چکا ہے وہ واپس آنے والا نہیں ہے اور جو آنے والا ہے اس کا حال معلوم نہیں کہ کیا ہو؟ اس کی آرزوئیں جھوٹی، اُس کی اُمیدیں سب باطل، اس کی صفائی میں گدلا پن ہے، اس کے عیش میں مشقت ہے اور آدمی اس میں ہر وقت خطرے کی حالت میں ہے۔ اگر اس کو عقل ہو اور وہ غور کرے تو اس کی نعمتیں خطرناک ہیں اور اس کی بلاؤں کا ہر وقت خوف ہے۔ اگر حق تعالیٰ شانہٗ جو اس کے خالق ہیں وہ اس کی بُرائیوں کی اطلاع نہ فرماتے تب بھی (اس مکار کی اپنی حالت ہی سوتوں کو جگانے کے واسطے اور غافلوں کو ہوشیار کرنے کے واسطے کافی تھی۔ چہ جائے کہ حق تعالیٰ شانہٗ نے خود اس پر تنبیہیں فرمائیں اور اس کے بارے میں نصیحتیں فرمائیں کہ اللہ جل شانہٗ کے یہاں اس کی کوئی قدر نہیں اور اس کو پیدا فرما کر کبھی بھی اس کی طرف نظر التفات نہیں فرمائی۔ یہ اپنے سارے خزانوں کے ساتھ حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی حضور ﷺ نے اس کو قبول نہیں فرمایا، منہ نہیں لگایا، اس لئے کہ حضور ﷺ نے حق تعالیٰ شانہٗ کی منشا کے خلاف کو پسند نہیں کیا اور جس چیز سے اس کے خالق نے بغض رکھا اس سے آپ ﷺ نے محبت نہیں کی، اور جس چیز کی اللہ نے قیمت گرا دی آپ ﷺ نے اُس کو پسند کر کے اُس کا درجہ بلند نہیں کیا۔ اس لئے حق تعالیٰ شانہٗ نے اپنے نیک بندوں سے اُس کو قصداً ہٹا دیا اور اپنے دشمنوں پر اس کی وسعت کر دی۔ بعض دھوکے میں پڑے ہوئے لوگ جو اُس کو وقعت سے دیکھتے ہیں وہ اس کی وسعت کو دیکھ کر سمجھنے لگتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ شانہٗ نے ان پر

اکرام کیا اور وہ اس بات کو بھول جاتے ہیں۔ کہ (سید الرسل فخر الاولیں والآخرین) سیدنا محمد ﷺ کے ساتھ اللہ تعالیٰ شانہٗ نے اس بارے میں کیا معاملہ رکھا کہ پیٹ پر پتھر باندھنے پڑے۔

ایک حدیث میں اللہ تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ہے کہ جب تم وسعت کو آتے دیکھو تو سمجھو کہ کسی گناہ کی سزا میں یہ آ رہی ہے اور جب فقر وفاقہ کو آتا دیکھو تو کہو کہ صالحین کا شعار آ رہا ہے اور اگر کوئی حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کا اتباع کرنا چاہتا ہے تو ان کا ارشاد یہ ہے کہ میرا سالن بھوک ہے (یعنی بھوک میں فقط روٹی بھی ایسی لذیذ معلوم ہوتی ہے جیسی سالن سے) اور میرا شعار اللہ تعالیٰ شانہٗ کا خوف ہے اور میرا لباس صوف ہے (بھیڑ، بکری کے بال) اور میرا سردی میں سینکنا دھوپ ہے اور میرا چراغ چاند کی روشنی ہے، اور میری سواری میرے پاؤں ہیں، اور میرا کھانا اور میوے زمین کی گھاس ہے، میں صبح اس حال میں کرتا ہوں کہ میرے پاس کچھ نہیں ہوتا، شام اس حال میں کرتا ہوں کہ میرے پاس کچھ نہیں ہوتا اور ساری دُنیا میں مجھ سے زیادہ غنی (بے پرواجو کسی کا محتاج نہ ہو) کوئی بھی نہیں ہے۔

اس قسم کے ارشادات ان حضراتِ کرام انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام اور صحابۂ کرام اور اولیاء عظام رضی اللہ عنہم اجمعین کے بہت کثرت سے کتابوں میں موجود ہیں۔ یہاں غور سے ایک بات سمجھ لینا چاہئے وہ یہ کہ اصل زندگی اور محمود و مرغوب زندگی یہی ہے جو ان حضرات کے ارشادات اور حالات سے معلوم ہوتی ہے لیکن اس کے ساتھ ہی اپنے اعضاء اور اپنے قویٰ کے تحمل کی رعایت بھی ضروری ہے جہاں تک اپنے قویٰ تحمل کریں وہاں تک اتباع کی سعی ہونا چاہئے اور جہاں اپنا ضعف متحمل نہ ہو وہاں مجبوراً اپنے ضعف کی رعایت ضروری ہے۔ ان احوال کے نقل سے مقصود یہ ہے کہ کم از کم اتنا ذہن نشین ہو جائے کہ دُنیا کی اصل زندگی یہ ہے اور اس سے زائد جہاں تک ہم اپنے امراض اور اعذار سے مجبور ہیں وہاں مجبوری کے درجہ میں اپنے ضعف اور عذروں کی رعایت کرنی ضروری ہے اس کی مثال بیمار کا روزہ کھولنا ہے کہ اصل تو یہی ہے کہ ماہِ مبارک میں روزہ رکھا جائے لیکن اگر کوئی بیماری کی وجہ سے روزہ نہیں رکھ سکتا یا طبیب روزہ کو صحت کے لیے مضر بتاتا ہے تو مجبوراً روزہ کھولنا پڑیگا۔ مگر یہ ظاہر ہے کہ اصل ماہِ مبارک میں روزہ ہی تھا وہی اصل مقصود ہے وہی مرغوب ہے مگر بیمار غریب مجبور ہے کہ نہیں رکھ سکتا البتہ اس کی رغبت اُس کی سعی ہر سچا مسلمان کرتا ہے۔ اس طرح ہم لوگ اپنی ہمتوں اور قویٰ کے ضعف کی وجہ سے اس طرزِ زندگی کے متحمل نہیں ہیں اس لیے بدرجہ مجبوری جس قدر حاجت ہے اُس قدر دُنیا سے تلبس ضروری ہے مگر اپنے ضعف کی مجبوری کا احساس بھی رہے اور اصل زندگی دل سے اُسی کو سمجھتا رہے جو حضور اقدس ﷺ اور دیگر انبیائے کرامؑ اور

اولیائے عظام کی تھی جن میں سے چند کے اقوال گذرے اور اس کے ساتھ ہی ساتھ دُنیا کا بے حقیقت ہونا، اس کا دل نہ لگانے کے قابل ہونا، اس کا فانی اور محض دھوکہ ہونا یہ امور ایسے ضروری ہیں کہ اپنے ضعف اور مجبوری کی حالت میں بھی دل میں جتنے زیادہ سے زیادہ جمائے جاسکتے ہوں ان کو جمائے، زبان سے نہیں دل سے دُنیا کو حقیقۃً ایسا ہی سمجھے اس کے سمجھنے میں کوئی چیز مانع نہیں۔ ہمارے پاس کوئی عذر ایسا نہیں جو کسی درجہ میں بھی اس بد بخت کو دلوں میں وقیع بنا دے۔

امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ دُنیا بہت جلد فنا ہو جانے والی ہے جلد ہی ختم ہونے والی ہے یہ اپنے باقی رہنے کے وعدے تو کرتی ہے مگر ان وعدوں کو پورا نہیں کرتی۔ تو جب اس کو دیکھے تو یہ تجھے ایک جگہ ٹھہری ہوئی معلوم ہوگی لیکن واقع میں یہ بہت سُرعت سے چل رہی ہے مگر دیکھنے والے کو اس کی حرکت محسوس نہیں ہوتی اُس کو جب ہی پتہ چلتا ہے جب یہ ختم ہو جاتی ہے۔ اس کی مثال سایہ کی سی ہے کہ وہ ہر وقت چلتا رہتا ہے لیکن اس کی حرکت معلوم نہیں ہوتی۔

حضرت حسن بصریؒ کے سامنے ایک مرتبہ دُنیا کا ذکر آیا تو انہوں نے فرمایا۔

احلام نو م او کظِل زائل اِنَّ اللّبیب بمثلھا لا یخدَ ع

اس کی مثال سونے والوں کے خواب کی ہے یا چلنے والے سایہ کی ہے۔ عقل مند آدمی کو اس جیسی چیز کے ساتھ دھوکہ نہیں دیا جاسکتا۔ حضرت امام حسن ؓ اکثر یہ شعر پڑھا کرتے تھے۔

یَآ ھل لذّات دنیا لا بقاء لھَا اِن اغترارًا بظل زَائِل حمق

اے دُنیا کی لذت والو اس کو دوام بالکل نہیں ہے ایسے سایہ کے ساتھ دھوکہ کھانا جو چل رہا ہو حماقت ہے۔

یونس بن عبیدؒ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے دل کو دُنیا کی یہ مثال سمجھائی کہ ایک آدمی مثلاً سو رہا ہے وہ خواب میں بہت سی اچھی اور بُری باتیں دیکھتا ہے۔ ایک دم اس کی آنکھ کُھل گئی اور وہ سارا خواب ختم ہو گیا۔ اس طرح آدمی سب سو رہے ہیں اور یہ سب کچھ خواب میں دیکھ رہے ہیں جب موت سے ایک دم آنکھ کُھل جائے گی تو یہاں کی نہ خوشی رہے گی نہ غم رہے گا۔ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کو دُنیا کی حقیقت کا کشف ہوا دیکھا کہ وہ ایک نہایت بوڑھی عورت ہے جس کے بڑھاپے کی وجہ سے دانت بھی ٹوٹ گئے اور نہایت زرق برق کا فاخرہ لباس پہن رہی ہے، ہر قسم کی زینت کا سامان اُس پر ہے بالکل دلہن بن رہی ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اُس سے پوچھا کہ تُو اب تک کتنے نکاح کر چکی ہے۔ (کہ اب پھر نکاح کے شوق میں دُلہن بن رہی ہے)

اُس نے جواب دیا کہ ان کی کوئی شمار نہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے دریافت فرمایا کہ وہ سب مر گئے یا انہوں نے تجھ کو طلاق دے دی۔ اس نے جواب دیا کہ میں نے سب کو قتل کر دیا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرماتے ہیں تیرے باقی خاوندوں کا ناس ہو وہ تیرے گذشتہ خاوندوں سے عبرت حاصل نہیں کرتے کہ تُو نے کس طرح ایک ایک کر کے سب کو ہلاک کر دیا۔ حقیقی بات یہی ہے کہ یہ بالکل ایک بڑی عمر کی بڑھیا ہے جس نے اپنے اوپر زینت کا لباس پہن رکھا ہے۔ لوگ اس کی ظاہری زینت کو دیکھ کر دھوکہ کھا جاتے ہیں جب اس کی حقیقت پر مطلع ہوتے ہیں اور اس کے چہرے سے پردہ ہٹاتے ہیں تو اس کی اصلی صورت نظر آتی ہے۔

علاء بن زیادؒ فرماتے ہیں کہ میں نے خواب میں ایک بڑھیا کو دیکھا جو بہت بوڑھی تھی اور بہت عمدہ لباس، زیور وغیرہ پہن رہی تھی، دُنیا کی ہر قسم کی زیب و زینت اُس پر موجود تھی اور لوگ بہت کثرت سے اس کے گرد جمع ہیں بڑے شوق سے اس کو دیکھ رہے ہیں میں اس کے قریب گیا اور اس کو دیکھ کر مجھے ان سب دیکھنے والوں پر بڑا تعجب ہوا۔ میں نے خواب میں اُس سے پوچھا کہ تُو کون ہے؟ کہنے لگی تو مجھے نہیں جانتا؟ میں نے کہا نہیں میں تو نہیں جانتا۔ اس نے کہا میں دُنیا ہوں۔ میں نے کہا اللہ تعالیٰ شانہٗ تجھ سے مجھے اپنی پناہ میں رکھے کہنے لگی اگر تو مجھ سے پناہ میں رہنا پسند کرتا ہے تو درہم (روپیہ) سے بغض پیدا کر لے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قیامت میں دُنیا ایسی حالت میں لائی جائے گی کہ بہت بوڑھی بدصورت، کیری آنکھیں، دانت آگے کو نکلے ہوئے لوگوں کے سامنے لا کر کھڑی کی جائے گی اور ان سے پوچھا جائے گا کہ اس کو پہچانتے ہو وہ کہیں گے خدا کی پناہ یہ کیا بلا ہے؟ اُن سے کہا جائے گا یہ وہی دُنیا ہے جس کی بدولت ایک نے دوسرے کو قتل کیا، آپس میں قطع رحمی کی، اس کی وجہ سے تم آپس میں ایک دوسرے سے حسد رکھتے تھے، بغض رکھتے تھے اور اس کے دھوکے میں پڑے رہے۔ اس کے بعد اُس بڑھیا کو جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔ وہ چلائے گی کہ میرے ساتھ ان کو بھی تو لاؤ، میرے پیچھے لگنے والوں کو بھی میرے ساتھ کرو۔ حق تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد ہوگا کہ اس کے پیچھے چلنے والوں کو بھی اس کے ساتھ کرو۔

درحقیقت آدمی کے غور کرنے کی بات ہے کہ اُس کے تین زمانے ہیں۔ ایک عالم کی ابتدا سے اس کی پیدائش تک کا زمانہ ہے۔ دوسرا آدمی کے مرنے کے بعد سے ہمیشہ ہمیشہ کا زمانہ۔ ان دونوں کے درمیان میں تیسرا زمانہ یہ ہے جو اس کی پیدائش سے لے کر اس کی موت تک کا وقت ہے۔ اس مدت کو اگر ابتدا اور انتہا دونوں کے مجموعے کے ساتھ مقابلہ کیا جائے تو معلوم ہو کہ کتنا قلیل وقت ہے۔ اسی لئے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا پاک ارشاد ہے کہ مجھے دنیا سے کیا لینا ہے۔ میری مثال تو اس سوار

کی سی ہے جو سخت گرمی میں سفر کر رہا ہو۔ گرمی کی شدت میں کوئی سایہ دار درخت نظر پڑ جائے تو اس کے سایہ میں تھوڑی دیر آرام کرنے کے لیے دوپہر میں ٹھہر جائے پھر اُس درخت کو وہیں چھوڑ کر آگے چلا جائے۔ اور واقعی بات یہ ہے کہ جو شخص دُنیا کو اس نگاہ سے دیکھے گا جو حضور ﷺ نے فرمایا تو کبھی بھی اس کی طرح نہ جھکے اور ذرا بھی اس کی پروانہ کرے کہ یہ تھوڑا سا وقت راحت اور خوشی میں گذر گیا یا رنج و تکلیف میں۔

حضور اقدس ﷺ نے ایک صحابی کو دیکھا کہ چونے سے مکان کی تعمیر کر رہے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ موت اس سے زیادہ قریب ہے۔ ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد آیا ہے کہ دُنیا دار کی مثال اس شخص کی ہے جو پانی میں چل رہا ہو۔ کیا کوئی شخص اس کی طاقت رکھتا ہے کہ پانی میں چلے اور اُس کے پاؤں نہ بھیگیں۔ حضور ﷺ کے ارشاد سے تمہیں ان لوگوں کی جہالت کا اندازہ ہو گیا ہوگا جو یہ سمجھتے ہیں کہ ہمارے بدن تو دُنیاوی لذتوں سے متنفع ہو رہے ہیں لیکن ہمارے دل دُنیا سے پاک ہیں اور ہمارے قلبی تعلقات دُنیا سے ٹوٹے ہوئے ہیں یہ تخیل شیطان کا ان لوگوں کے ساتھ ایک مکر ہے۔ بلکہ ان لوگوں کے پاس سے اگر دُنیا کو چھین لیا جائے تو اُس کے فراق میں ایک دم بے چین ہو جائیں۔ پس جس طرح پانی میں چلنے سے پاؤں لامحالہ بھیگتے ہیں اسی طرح دُنیا کے ساتھ تعلق اور اختلاط دل میں ظلمت ضرور پیدا کرتا ہے۔

حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے کہ ایک حقیقی بات تم سے کہتا ہوں کہ جیسا بیمار آدمی کو تکلیف کی شدت کی وجہ سے کھانے میں لذت نہیں آتی۔ اسی طرح دُنیا دار کو عبادت میں لذت نہیں آتی۔ اور جس طرح جانور پر اگر سواری کرنا چھوڑ دیا جائے تو اس سے اس کا مزاج سخت ہو جاتا ہے اور سواری کی عادت اس کو نہیں رہتی۔ اسی طرح اگر موت کے ذکر اور عبادت کی مشقت کے ساتھ دلوں کو نرم نہ کیا جائے تو وہ سخت ہو جاتے ہیں ان میں قساوت پیدا ہو جاتی ہے اور ایک حق بات کہتا ہوں کہ مشکیزہ جب تک پھٹے نہیں وہ شہد (پانی وغیرہ) کا برتن بنتا ہے لیکن جب وہ پھٹ جاتا ہے تو پھر شہد اس میں نہیں رکھا جاتا۔ اسی طرح دلوں کو جب تک شہوتوں سے پھاڑا نہ جائے یا طمع سے اس کو خراب نہ کیا جائے یا نعمتوں سے اس کو سخت نہ کیا جائے تو وہ حکمت کا برتن بنتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ بات بھی قابل لحاظ ہے کہ دُنیا کی شہوتیں اس وقت بڑی لذیذ معلوم ہوتی ہیں لیکن منتہا کے اعتبار سے موت کے وقت اتنی ہی مکروہ اور ناگوار ہوں گی۔ علماء نے کہا ہے کہ ان لذات سے دُنیا کی زندگی میں جتنا زیادہ شغف اور محبت ہوگی موت کے وقت اتنی ہی زیادہ کراہت ان سے ہوگی۔ اس کی مثال کھانے کے ساتھ دی جاتی ہے کہ جو کھانا جتنا زیادہ لذیذ اور زیادہ چکنائی اور گھی والا ہو

ہے اُس کا پاخانہ اتنا ہی زیادہ گندہ اور بد بودار ہوتا ہے اور جتنا سادہ کھانا ہوتا ہے اتنی ہی اس کے پاخانہ میں بدبو بھی کم ہوتی ہے۔ اس سب کے بعد یہ بات ضرور قابل لحاظ ہے کہ دُنیا کیا چیز ہے جس کی اتنی مذمتیں قرآن پاک اور احادیث وغیرہ میں آئی ہیں اس کو غور سے سمجھ لینا چاہئے کہ آدمی کی موت سے پہلے پہلے (یعنی زندگی میں) جو کچھ احوال پیش آتے ہیں جو امور اس کو لاحق ہوتے ہیں وہ سب دُنیا کہلاتے ہیں اور موت کے بعد جو کچھ ہوتا ہے وہ سب آخرت کہلاتا ہے۔ موت سے پہلے امور تین قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک وہ چیزیں جو آدمی کے ساتھ اُس عالم میں چلی جاتی ہیں وہ علم دین اور نیک عمل ہے جو خالص حق تعالیٰ شانہٗ کے واسطے کیا گیا ہو۔ یہ دونوں چیزیں خالص آخرت اور دین ہیں دُنیا نہیں ہیں۔ اگرچہ آدمی کو ان میں لذت آتی ہو اور جن لوگوں کو ان میں لذتیں آجاتی ہیں وہ ان کی وجہ سے کھانا پینا، سونا، شادی وغیرہ تک چھوڑ دیتے ہیں لیکن اس سب کے باوجود یہ دونوں چیزیں آخرت ہی کی چیزیں ہیں۔ دوسری قسم اُن کے بالمقابل گناہوں کی لذتیں اور جائز چیزوں کی وہ مقداریں جو محض فضول اور زائد ہیں جیسا کہ سونے چاندی کے ڈھیر اور فاخرہ لباس، خوشنما جانوروں کا شوق، اونچے اونچے محل لذیذ لذیذ کھانے یہ سب دُنیا ہے جن کی مذمت پہلے گذری ہے۔ تیسری قسم ان دونوں کے درمیان وہ ضروری چیزیں جو آخرت کے کاموں کے لیے معین اور مددگار ہوں جیسا کہ بقدر ضرورت کھانا سونا، اور ضرورت کے موافق معمولی لباس گرمی کا، سردی کا اور ہر وہ چیز جس کی آدمی کو اپنی صحت اور بقا کے لئے ضرورت ہے اور اُن کی وجہ سے پہلی قسم میں اعانت حاصل ہوتی ہے۔ یہ چیزیں بھی دُنیا نہیں ہیں یہ آخرت ہی ہیں، دین ہی ہیں، بشرطیکہ واقعی ضرورت کے درجہ میں ہوں، اُن سے مقصد دینی اُمور پر تقویت ہو اور اگر ان کا مقصد محض حظِ نفس اور دل کی خواہش کا پورا کرنا ہوگا تو یہی چیزیں دُنیا ہو جائیں گی۔ (احیاء)

میں نے اپنے والد صاحب نور اللہ مرقدہٗ سے ایک قصہ اکثر سنا وہ فرماتے تھے کہ ایک شخص کو پانی پت ایک ضرورت سے جانا تھا راستہ میں جمنا پڑتی تھی جس میں اتفاق سے طغیانی کی صورت کہ کشتی بھی اُس وقت نہ چل سکتی تھی۔ یہ شخص بہت پریشان تھا۔ لوگوں نے اُس سے کہا کہ فلاں جنگل میں ایک بزرگ رہتے ہیں ان سے جاکر اپنی ضرورت کا اظہار کرو۔ اگر وہ کوئی صورت تجویز کر دیں تو شاید کام چل جائے۔ ویسے کوئی صورت نہیں ہے لیکن وہ بزرگ اوّل اوّل بہت خفا ہوں گے انکار کریں گے اس سے مایوس نہ ہونا چاہئے۔ چنانچہ یہ شخص وہاں گیا اس جنگل میں ایک جھونپڑی پڑی ہوئی تھی اُسی میں اُن کے اہل وعیال بھی رہتے تھے۔ اس شخص نے بہت رو کر اپنی ضرورت کا اظہار کیا کہ مقدمہ کی کل کو تاریخ ہے جانے کی کوئی صورت نہیں۔ اول تو انہوں نے حسب عادت خوب ڈانٹا کہ میں کیا

کر سکتا ہوں میرے قبضہ میں کیا ہے؟ اس کے بعد جب اس نے بہت زیادہ عاجزی کی تو انہوں نے فرمایا کہ جمنا سے جا کر کہہ دو کہ ایسے شخص نے مجھے بھیجا ہے جس نے عمر بھر نہ کبھی کچھ کھایا نہ بیوی سے صحبت کی۔ یہ شخص واپس ہوا اور اُن کے کہنے کے موافق عمل کیا۔ جمنا کا پانی ایک دم رُک گیا اور یہ شخص پار ہو گیا۔ جمنا پھر حسب معمول چلنے لگی۔ لیکن اس شخص کے واپس ہونے کے بعد ان بزرگ کی بیوی نے رونا شروع کر دیا کہ تو نے مجھے ذلیل اور رُسوا کیا۔ بغیر کھائے تو خود پھول کر ہاتھی بن گیا اس کا تو تجھے اختیار ہے اپنے متعلق جو چاہے جھوٹ بول دے لیکن یہ بات کہ تو کبھی بیوی کے پاس نہیں گیا اس بات نے مجھے رسوا کر دیا اس کا مطلب تو یہ ہوا کہ یہ اولاد جو پھر رہی ہے یہ سب حرام کی اولاد ہوئی۔ ان بزرگ نے اوّل تو عورت سے یہ کہا کہ تجھ سے اس کا کوئی تعلق نہیں جب میں اولاد کو اپنی اولاد بتاتا ہوں تو پھر کیا اعتراض ہے۔ مگر وہ بے تحاشا روتی رہی کہ تو نے مجھے زنا کرنے والی بنا دیا۔ اس پر اُن بزرگ نے کہا کہ غور سے سن میں نے جب سے ہوش سنبھالا ہے کبھی اپنی خواہش نفس کے لیے کوئی چیز نہیں کھائی ہمیشہ جو کھایا محض اس ارادہ اور نیت سے کھایا کہ اس سے اللہ کی اطاعت کے لیے بدن کو قوت پہنچے اور جب بھی تیرے پاس گیا ہمیشہ تیرا حق ادا کرنے کا ارادہ رہا کبھی اپنی خواہش کے تقاضہ سے صحبت نہیں کی قصہ تو ختم ہوا۔ اب حضور ﷺ کے ایک پاک ارشاد میں غور کرنے سے اس مضمون کی تائید ہوتی ہے حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ آدمی کے اندر تین سو ساٹھ جوڑ ہیں اس کے ذمہ ضروری ہے کہ ہر جوڑ کی طرف سے (اس کی سلامتی کے شکرانہ میں) روزانہ ایک صدقہ اَدا کرے۔ صحابہؓ نے عرض کیا یارسول اللہ! (ﷺ) اتنے صدقات (یعنی تین سو ساٹھ) روزانہ ادا کرنے کی کس کو طاقت ہے؟ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ مسجد میں تھوک وغیرہ پڑا ہو اس پر مٹی ڈال دینا صدقہ (کا ثواب رکھتا) ہے۔ راستہ سے کسی تکلیف دینے والی چیز کا ہٹا دینا بھی صدقہ ہے، اور چاشت کی نماز ان سب صدقوں کے برابر ہو سکتی ہے۔ (مشکوٰۃ) چونکہ نماز میں بدن کا ہر جوڑ عبادت میں مشغول رہتا ہے اس لئے ہر جوڑ کی طرف سے گویا صدقہ ہو گیا۔ دوسری حدیث میں ان چیزوں کی اور بھی مثالیں ذکر فرمائی ہیں جس میں ارشاد ہے کہ کسی کو سلام کرنا بھی صدقہ ہے۔ اچھے کام کا حکم کرنا بُرے کام سے منع کرنا بھی صدقہ ہے، اور بیوی سے صحبت کرنا بھی صدقہ ہو جاتا ہے۔ صحابہ ﷺ نے عرض کیا یارسول اللہ! (ﷺ) ایک شخص اپنی شہوت پوری کرتا ہے یہ بھی صدقہ ہو جائیگا؟ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا اگر وہ اس کا ناجائز جگہ پوری کرتا تو کیا گناہ نہ ہوتا؟ (ابوداؤد) یعنی جب حرام کاری گناہ ہے تو اس سے بچنے کی نیت سے بیوی سے صحبت یقیناً ثواب کی چیز ہے۔ اسی طرح کھانا پینا، سونا، پہننا، سب چیزیں عبادت میں ہیں بشرطیکہ واقعی اللہ تعالیٰ کی اطاعت کے ارادہ سے

ہوں۔ امام غزالیؒ ایک جگہ تحریر کرتے ہیں کہ دُنیا فی نفسہ ممنوع اور ناجائز نہیں ہے بلکہ اس وجہ سے ممنوع ہے کہ وہ حق تعالیٰ شانہٗ تک پہنچنے میں مانع بنتی ہے۔ اسی طرح فقر فی نفسہ مطلوب نہیں ہے بلکہ وہ اس لئے مطلوب ہے کہ اس میں حق تعالیٰ شانہٗ سے ہٹانے والی کوئی چیز نہیں (بلکہ وہ حق تعالیٰ شانہٗ تک پہنچانے میں معین ہے) لیکن بہت سے غنی ایسے بھی ہیں کہ غنا ان کو حق تعالیٰ شانہٗ تک پہنچنے میں مانع نہیں ہوا۔ جیسا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام، حضرت عثمان ﷺ، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف ﷺ وغیرہ حضرات اور بعض فقیر ایسے ہوتے ہیں کہ ان کا فقر بھی اللہ تعالیٰ شانہٗ تک پہنچنے سے مانع بن جاتا ہے کہ ناداری کے ساتھ مال کی محبت اس کو راستہ سے ہٹا دیتی ہے۔ لہٰذا اصل ممنوع اور ناجائز مال کی محبت ہے چاہے اس کے وصال سے ہو جیسا غنی یا فراق سے ہو جیسا کہ دُنیادار فقیر۔ دُنیا حقیقت میں اللہ تعالیٰ شانہٗ سے غافل لوگوں کی معشوقہ ہے جو اس کا عاشق یعنی دُنیادار فقیر اس سے محروم ہے وہ اس کی طلب میں مر رہا ہے اور جس عاشق کو اس کا وصال حاصل ہے جیسا کہ غنی وہ اس کی حفاظت اور اس سے لذتیں حاصل کرنے میں اللہ تعالیٰ شانہٗ سے غافل ہے لیکن اکثر قاعدہ یہ ہے کہ جو اس سے محروم ہے وہ اس کے فتنوں سے بہت زیادہ محفوظ ہے اور جو اس میں پھنسا ہوا ہے وہ فتنوں میں مبتلا ہے۔ اسی وجہ سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کا ارشاد ہے کہ ہم ناداری کے فتنہ (امتحان) میں مبتلا کئے گئے تو ہم نے صبر کیا (یعنی کامیاب رہے) پھر ہم ثروت اور دولت کے فتنہ اور امتحان) میں مبتلا ہوئے تو ہم صبر نہ کر سکے۔ (یعنی اس حال میں بھی اُس مال سے بالکل علیحدہ رہتے یہ نہ ہو سکا) اور اکثر لوگوں کا یہی حال ہے کہ مال کے ہونے کی صورت میں اُس کے مضرتوں سے کوئی برسہا برس میں ہی ایسا نکلتا ہے جو اس سے محفوظ رہ سکے۔ اسی وجہ سے قرآن پاک اور احادیث میں کثرت سے اس سے بچنے کی ترغیب اور اس میں پھنس جانے کی مضرتوں پر تنبیہ کی ہے۔ اس لئے کہ اس سے بچنا تو ہر شخص کے لئے مفید ہی ہے اسی وجہ سے علماء کا ارشاد ہے کہ (ہاتھ سے روپیہ پیسہ وغیرہ) مال کا الٹنا پلٹنا بھی ایمان کی حلاوت کو چوس لیتا ہے۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ ہر اُمت کے لئے کوئی بچھڑا (گئوماتا وغیرہ) ہے جس کی وہ پرستش کرتے ہیں میری اُمت کا بچھڑا روپیہ اور اشرفی ہے (کہ اس کے ساتھ بھی ایسا ہی برتاؤ کرتے ہیں جیسا کہ پرستش کا ہوتا ہے) اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم کا بچھڑا بھی تو سونے چاندی کا زیور ہی تھا۔ (احیاء)

اور یہ بات انبیاء کرام علیہم السلام اور اولیاءِ عظامؒ ہی کے لئے ہوتی ہے کہ ان کی نگاہ میں سونا چاندی پانی پتھر ایک ہی درجہ رکھتے ہیں۔ پھر اس کے بعد مجاہدات کی کثرت ان حضرات کے لئے اور بھی زیادہ اس چیز کو پورا کر دیتی ہے اس وجہ سے جب دُنیا اپنی زیب و زینت کے ساتھ

حضور ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئی تو حضور ﷺ نے اس سے فرمادیا کہ مجھ سے دُور ہی رہ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے کہ اے زرد و سفید (سونے چاندی) میرے علاوہ کسی اور کو دھوکہ میں ڈال (میں تیرے دھوکہ میں نہیں آؤں گا) اور یہی اصل غنا ہے کہ دل کو اس کے ساتھ تعلق نہ رہے۔ اسی وجہ سے حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ غنا مال کی کثرت سے نہیں ہوتا بلکہ اصل غنا دل کا غنی ہونا ہے۔ اور یہ بات ہر شخص کو نصیب ہونا مشکل ہے اس لئے اسلم طریقہ اس سے دُور رہنا ہے اس لئے کہ مال پر قدرت اور قبضہ کی صورت میں چاہے صدقہ خیرات بھی کرتا ہو لیکن دل میں اس کے ساتھ اُنس پیدا ہو ہی جاتا ہے اور یہی مہلک چیز ہے کہ جس درجہ میں اس سے اُنس ہوگا اتنا ہی حق تعالیٰ شانہٗ سے بُعد ہوگا۔ اور وحشت ہوگی اور جب تنگ دستی کی وجہ سے اُس سے اُنس کم ہوگا مسلمان ہونے کی صورت میں لامحالہ حق تعالیٰ شانہٗ کے ساتھ وابستہ ہوگا اس لئے کہ دل فارغ نہیں رہتا کسی نہ کسی سے اُس کا لگاؤ ضرور ہوتا ہے اور جب اللہ تعالیٰ کے غیر سے منقطع ہو جائے گا تو اللہ تعالیٰ شانہٗ کے ساتھ ہی لگے گا۔ مالدار آدمی کو اکثر یہ دھوکہ لگتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو یہ سمجھنے لگتا ہے کہ مجھے مال سے محبت نہیں ہے لیکن یہ بڑی لغزش اور محض دھوکہ ہے درحقیقت اس کے دل میں محبت مرکوز ہوتی ہے جو اس کو محسوس نہیں ہوتی اور اس کا احساس اس وقت ہوتا ہے جب وہ مال ضائع ہو جائے یا چوری ہو جائے اور جو شخص اس کا تجربہ کرنا چاہے وہ اپنے مال کو تقسیم کر کے تجربہ کر لے اگر دل کو اس کے بعد سے اس کی طرف التفات ہو تو معلوم ہوگا کہ محبت تھی اور دل کو اس کا خیال بھی نہ آئے تو معلوم ہوگا کہ محبت نہ تھی۔ اور جتنی بھی دُنیا سے محبت کم ہوگی اتنا ہی اُس شخص کی عبادت میں ثواب زیادہ ہوگا۔ اس لئے کہ عبادات اور تسبیحات میں زبان کی محض حرکت اصل مقصود نہیں بلکہ ان کا مقصود دل پر اثر ہے اور دل جتنا فارغ ہوگا اتنا ہی اُس پر اثر قوی ہوگا۔

ضحاکؒ کہتے ہیں کہ جو شخص بازار جائے اور کسی چیز کو دیکھ کر اُس کے خریدنے کی رغبت ہو اور ناداری کی وجہ سے اس پر صبر کرے وہ ایک ہزار اشرفیاں اللہ تعالیٰ کے راستہ میں خرچ کرنے سے افضل ہے۔ ایک شخص نے حضرت بشر بن حارثؒ سے کہا میرے لئے دُعا کیجئے کنبہ زیادہ ہے جس کی وجہ سے خرچ میں تنگی ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ جب گھر والے کہیں کہ آٹا نہیں ہے (اور تو اس سے پریشان ہو) اُس وقت تو اللہ تعالیٰ سے دُعا کر تیری اُس وقت کی دُعا میری دُعا سے افضل ہو گی۔ اس کے علاوہ مال کی کثرت میں قیامت کے دن کے حساب کا طویل ہونا تو بہر حال ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کو جنت کے داخلہ میں دیر ہوئی جیسا کہ حضور ﷺ کا ارشاد پہلے گذر چکا۔ اسی وجہ سے حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے کہ مجھے یہ بھی پسند نہیں کہ میری کوئی

دوکان مسجد کے دروازہ پر ہو جس کی وجہ سے ہر وقت کی جماعت مجھے ملتی رہے اور ذکر و شغل میں مشغول رہوں اور دوکان سے پچاس اشرفیاں روزانہ میں کماتا رہوں اور صدقہ کرتا رہوں۔ کسی نے پوچھا اس میں کیا برائی ہوگئی؟ فرمانے لگے کہ حساب تو لمبا ہو ہی جائے گا۔

حضرت سفیانؒ فرماتے ہیں کہ فقراء نے تین چیزیں پسند کیں اور مالداروں نے تین چیزیں پسند کیں۔ فقراء نے تو نفس کی راحت، دل کا فارغ ہونا اور حساب کی تخفیف پسند کی اور مالداروں نے نفس کی مشقت، دل کی مشغولی اور حساب کا لمبا ہونا پسند کیا۔ (احیاء)

حضور اقدس ﷺ کا مشہور ارشاد ہے کہ آدمی اُسی کے ساتھ (قیامت میں) ہوگا جس سے اِس کو محبت ہوگی۔ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کو اسلام کے بعد کسی دوسری چیز کی اتنی خوشی نہیں ہوئی جتنی کہ اس حدیث کی ہوئی۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول ﷺ کے ساتھ ان حضرات کی محبت ضرب المثل اور آفتاب سے زیادہ روشن تھی پھر اُن کو خوشی کیوں نہ ہوتی؟

اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے کہ جس شخص کو اللہ تعالیٰ شانہٗ اپنی محبت کا ذرا سا ذائقہ بھی چکھا دیتے ہیں وہ دُنیا کی طلب سے فارغ ہو جاتا ہے اور لوگوں سے اس کو وحشت ہونے لگتی ہے۔

ابوسلیمان دارانیؒ فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ شانہٗ کی ایسی بھی مخلوق ہے جن کو جنت اپنی ساری نعمتوں اور دائمی راحتوں کے باوجود اپنی طرف نہیں کھینچ سکتی وہ صرف حق سبحانہٗ و تقدس ہی سے وابستہ ہیں، ایسے لوگوں کو دُنیا اپنی طرف کیا کھینچ سکتی ہے؟

حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام ایک جماعت پر گذرے جن کے بدن دُبلے تھے، چہرے زرد تھے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے پوچھا تمہیں یہ کیا ہوگیا؟ انہوں نے کہا جہنم کے خوف نے یہ حال کر دیا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ حق تعالیٰ شانہٗ کے (فضل سے اُس کے) ذمہ ہے کہ جس شخص کو جہنم کا خوف ہو اُس کو جہنم سے محفوظ رکھے آگے چلے تو چند آدمی اور ملے ان کا حال ان پہلے لوگوں سے بھی زیادہ سخت تھا بہت دُبلے چہروں پر بہت زیادہ پریشانی۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اُن سے پوچھا یہ تمہیں کیا ہوگیا؟ انہوں نے عرض کیا جنت کے شوق (وعشق) نے یہ حال کر دیا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ شانہٗ کے ذمہ ہے کہ تم جس چیز کی اُمید اُس سے لگائے ہوئے ہو وہ تم کو عطا کرے۔ آگے چلے تو ایک اور جماعت ملی جو اُن دوسروں سے بھی زیادہ ضعیف منحنی مگر ان کے چہرے نور سے آئینہ کی طرح چمک رہے تھے۔ اُن سے بھی حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ السلام نے یہی سوال کیا۔ انہوں نے عرض کیا کہ حق تعالیٰ شانہٗ کے عشق نے یہ حال کر دیا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا تم ہی لوگ اصل مقرب ہو، تم ہی مقرب ہو، تم ہی مقرب ہو، تین مرتبہ فرمایا۔

یحییٰ بن معاذؒ کہتے ہیں کہ ایک رائی کے دانہ کے برابر اللہ تعالیٰ شانہٗ کی محبت مجھے بغیر محبت کے ستر برس کی عبادت سے زیادہ محبوب ہے۔

۹)......عَنْ ابی هریرة ﷺ عن النبی ﷺ قال لا یَزال قَلبُ الکبیر شابًا فی اثنین فی حُبِّ الدُّنیا وطول الامل ۔(متفق علیه کذافی المشکوٰۃ)

ترجمہ)......حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ بوڑھے آدمی کا دل ہمیشہ دو چیزوں میں جوان رہتا ہے ایک دُنیا کی محبت میں دوسرے آرزوؤں اور اُمیدوں کے طویل ہونے میں۔

فائدہ: پہلی حدیث شریف کے ذیل میں یہ مضمون تفصیل سے گذر چکا ہے کہ اصل دُنیا جس کی بُرائی قرآن پاک اور احادیث وغیرہ میں بہت کثرت سے آئی ہے وہ مال کی محبت ہے۔ اس حدیث شریف میں حضور اقدس ﷺ نے اسی سلسلہ کی ایک خاص چیز پر تنبیہ فرمائی ہے جو تجربہ میں بھی بہت صحیح ثابت ہوئی کہ بڑھاپے میں دُنیا کی محبت اور لمبی اُمیدیں بہت بڑھ جاتی ہیں اور جتنا بھی مرنے کا زمانہ بڑھاپے کے لحاظ سے قریب آتا جاتا ہے اتنی ہی اولاد کی شادیوں کی اُمنگیں، اچھے اچھے مکانات تعمیر کرنے کا ولولہ، جائداد کے بڑھانے کا جذبہ وغیرہ وغیرہ زیادہ ہوتے چلے جاتے ہیں۔ اس لئے ایسی حالت میں آدمیوں کو اپنے نفس کی خاص طور سے نگہداشت کرنے کی ضرورت ہے۔ ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ آدمی بوڑھا ہوتا رہتا ہے اور دو چیزیں اس میں جوان ہوتی رہتی ہیں۔ ایک مال کی حرص دوسری زیادہ عمر ہونے کی حرص۔ ❶ زیادہ عمر ہونے کی حرص بھی وہی اُمیدوں کا طویل ہونا ہے کہ وہ مرنے کے قریب ہوتا جا رہا ہے لیکن مرنے کی تیاری کے بجائے دُنیا میں ہمیشہ رہنے کی تیاری میں مشغول رہتا ہے۔ ایک مرتبہ حضور اقدس ﷺ نے مثال دے کر سمجھانے کے طور پر ایک مربع (چار لکیروں والی) شکل کھینچی اور اس کے درمیان میں ایک دوسری لکیر کھینچی جو اس مربع شکل سے آگے نکلی چلی گئی پھر اس مربع شکل کے اندر چھوٹی چھوٹی لکیریں بنائیں جس کی صورت علماء نے مختلف لکھی ہے۔ منجملہ ان کے یہ صورت واضح ہے پھر حضور ﷺ نے فرمایا کہ یہ درمیانی لکیر تو آدمی ہے اور جو لکیر (مربع) اس کو چاروں طرف سے گھیر رہی ہے وہ اس کی موت ہے کہ آدمی اس سے نکل ہی نہیں سکتا اور جو لکیر باہر نکل رہی ہے۔ وہ اس کی اُمیدیں ہیں کہ اپنی زندگی سے بھی آگے کی لگائے بیٹھا ہے اور یہ چھوٹی چھوٹی لکیریں جو اس کے دونوں طرف ہیں وہ اس کی بیماریاں حوادث وغیرہ ہیں جو اس کی طرف متوجہ ہیں۔ ہر ایک چھوٹی لکیر ایک آفت ہے اگر ایک سے بچ جائے تو دوسری مسلط ہے اور موت کے اندر

---

❶ مشکوٰۃ۔

تو گھرا ہوا ہے کہ وہ تو چاروں طرف سے اس کو گھیرے ہوئے ہے لیکن اُمید کی لکیر موت سے بھی آگے نکلی ہوئی ہے۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے اپنے سر مبارک کے پچھلے حصہ پر اپنا دست مبارک رکھ کر فرمایا کہ یہ تو آدمی کی موت ہے جو اُس کے سر پر ہر وقت سوار ہے اور دوسرے ہاتھ کو دُور تک پھیلا کر ارشاد فرمایا کہ یہ دُور تک اس کی اُمیدیں جارہی ہیں۔ ایک حدیث میں حضور ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ اس اُمت کی بھلائی کی ابتدا آخرت کے یقین اور دُنیا سے بے رغبتی کے ساتھ ہوئی ہے اور اس کے فساد کی ابتداء مال کے بخل اور اُمیدوں کی لمبائی سے ہوگی۔ ❶

ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ اس اُمت کے ابتدائی حصہ نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ یقین اور دُنیا سے بے رغبتی کے ساتھ نجات پائی اور اس کے آخری حصہ کی ہلاکت بخل اور اُمیدوں کی وجہ سے ہے۔ ❷ ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد وارد ہوا ہے کہ عنقریب ایسا زمانہ آنے والا ہے کہ لوگ تمہارے (مسلمانوں کے) کھا جانے کے واسطے ایک دوسرے کو اس طرح دعوت دیں گے۔ جیسا کہ دستر خوان پر بیٹھنے والا دوسرے کی تواضع کرتا ہے (کہ ہر قوم دوسروں کو اس کی ترغیب اور دعوت دے گی کہ ان مسلمانوں کو کسی طرح پہلے ہلاک کردو) صحابہ ؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! (ﷺ) کیا اس وقت ہماری تعداد بہت ہی کم ہوگی؟ (جس کی وجہ سے کافروں کے یہ حوصلے ہوں گے) حضور ﷺ نے فرمایا نہیں تمہاری تعداد اس زمانہ میں بہت زیادہ ہوگی لیکن تم اس زمانہ میں سیلاب کے جھاگ کی طرح سے (بالکل بے جان) ہوگے اور تمہارے دشمنوں کے دل سے تمہارا خوف جاتا رہے گا اور تمہارے اپنے دلوں میں وھن پیدا ہو جائے گی۔ صحابہ ؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ؟ (ﷺ) وھن کیا چیز ہے؟ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ دُنیا کی محبت اور موت سے ڈرنا۔ ❸

اُم ولید ؓ حضرت عمر ؓ کی صاحبزادی فرماتی ہیں کہ ایک مرتبہ حضور اقدس ﷺ شام کے وقت اندر سے باہر تشریف لائے اور ارشاد فرمایا تم لوگوں کو شرم نہیں آتی؟ صحابہ ؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! (ﷺ) کیا بات ہوئی؟ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا اتنی مقدار جمع کرتے ہو جتنا کھاتے نہیں ہو اور اتنے مکانات بنا لیتے ہو جن میں رہتے بھی نہیں ہو اور ایسی اُمیدیں باندھ لیتے ہو جن کو پورا بھی نہیں کر سکتے، کہ اِن باتوں سے تم شرماتے نہیں ہو۔ ❹ یعنی ضرورت سے زائد مکان بنا لیتے ہو، مکان اتنا ہی بنانا چاہیے جتنے کی ضرورت ہو، اسی طرح خزانہ جمع کرتے جاتے ہو، جو اپنی حاجت سے زائد ہے وہ جمع کرنے کے لئے نہیں ہے وہ اللہ تعالیٰ کے راستہ میں خرچ کرنے کے لئے ہے۔

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ حضور اقدس ﷺ ایک مرتبہ منبر پر تشریف رکھتے تھے اور مجمع سامنے حلقہ

---

❶ مشکوٰۃ ❷ ترغیب ❸ مشکوٰۃ ❹ ترغیب۔

بنائے ہوئے تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا لوگو! اللہ تعالیٰ شانہٗ سے ایسی شرم کرو جیسا کہ اس سے شرم کرنے کا حق ہے۔ صحابہ ؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! حق تعالیٰ شانہٗ سے تو ہم حیا کرتے ہی ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص تم میں سے حق تعالیٰ شانہٗ سے حیا کرے اُس کے لیے ضروری ہے کہ کوئی رات اس پر ایسی نہ گذرے گی اس کی موت اس کی آنکھوں کے سامنے نہ ہو، اور اُس کے لئے ضروری ہے کہ حفاظت کرے پیٹ کی اور اُس چیز کی جس کو پیٹ نے گھیر رکھا ہے اور حفاظت کرے سر کی اور اُس چیز کی جس کو سر نے گھیر رکھا ہے اور اُس کے لئے ضروری ہے کہ موت کو یاد رکھے اور اپنی بوسیدگی کو (کہ مرنے کے بعد یہ بدن سارا کا سارا شکستہ ہو کر خاک ہو جائیگا) اور ضروری ہے کہ دُنیا کی زینت کو چھوڑ دے۔ ❶

علماء نے لکھا ہے کہ سر کی حفاظت کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ شانہٗ کے علاوہ کسی کے سامنے نہ جھکے، نہ عبادت کے لئے نہ تعظیم کے لئے، حتیٰ کہ جھک کر سلام بھی نہ کرے۔ اور جن چیزوں کو سر نے گھیر رکھا ہے کا مطلب یہ ہے کہ آنکھ، کان، زبان یہ سب چیزیں سر کے تحت میں داخل ہیں ان سب کی حفاظت کرے۔ اسی طرح پیٹ کی حفاظت کا مطلب یہ ہے کہ مشتبہ مال سے حفاظت کرے اور جس چیز کو پیٹ نے گھیر رکھا ہے سے مراد وہ چیزیں ہیں جو پیٹ کے قریب ہیں جیسے شرمگاہ، ہاتھ پاؤں اور دل کہ اِن سب چیزوں کی حفاظت کرے۔

امام نوویؒ کہتے ہیں کہ اس حدیث کو کثرت سے پڑھنا مستحب ہے۔ ❷ حضرت عبداللہ بن مسعود ؓ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک مرتبہ فرمایا کہ لوگو! اللہ تعالیٰ سے ایسی حیا کرو جیسا کہ اس کا حق ہے ہم نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! (ﷺ) اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ ہم لوگ حق تعالیٰ شانہٗ سے سب کے سب حیا کرتے ہیں حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ نہیں یہ معمولی حیا نہیں بلکہ حق تعالیٰ شانہٗ سے حیا کا حق یہ ہے کہ آدمی سر کی حفاظت کرے اور اس چیز کی جس کو سر نے گھیر رکھا ہے اور پیٹ کی حفاظت کرے اور ان چیزوں کی حفاظت کرے جن پر پیٹ حاوی ہو رہا ہے۔ (شرمگاہ وغیرہ) اور ضروری ہے کہ موت کو کثرت سے یاد رکھا کرے اور شکستگی (مرنے کے بعد سب ٹوٹ پھوٹ کر خاک ہو جانے) کو یاد رکھا کرے اور جو شخص آخرت کا ارادہ کرتا ہے وہ دُنیا کی زینت کو چھوڑ دیتا ہے۔ ❸

چونکہ موت کو کثرت سے یاد کرنے کو دُنیا سے بے رغبتی میں اور اُمیدوں کے اختصار میں بہت زیادہ دخل ہے۔ اسی وجہ سے حضور اقدس ﷺ نے موت کو کثرت سے یاد کرنے کا حکم فرمایا ہے۔

---

❶ ترغیب ❷ مظاہر حق ❸ ترغیب۔

ایک شخص حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا۔ یارسول اللہ! (ﷺ) سب سے بڑا زاہد کون شخص ہے! حضور ﷺ نے فرمایا جو موت کو اور اپنے مرگل کر پرانا ہو جانے کو نہ بھولے اور دُنیا کی زینتوں کو چھوڑ دے اور آخرت کو دُنیا پر ترجیح دے اور آنے والی کل کو اپنی زندگی یقینی نہ سمجھے اور اپنے آپ کو مردوں میں سمجھتا رہے۔ (ترغیب) کہ عنقریب مر کر ان میں شامل ہو جاؤں گا۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ ان لذتوں کے توڑنے والی چیز یعنی موت کو بہت کثرت سے یاد کیا کرو، جو شخص تنگی کی حالت میں اس کو یاد کرتا ہے تو یہ اُس پر اس وسعت اور سہولت کا سبب ہوتی ہے (یہ اطمینان ہوتا ہے کہ موت بہر حال آنے والی ہے اُس سے ساری تکلیفوں کا خاتمہ ہے) اور جو شخص فراخ دستی میں اس کو یاد کرتا ہے، اُس کے لیے اخراجات میں تنگی کا سبب ہوتا ہے (کہ موت کے فکر سے زیادہ عیش و عشرت کو دل نہیں چاہتا)۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ بھی حضور ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ لذتوں کی توڑنے والی چیز یعنی موت کا تذکرہ کثرت سے رکھا کرو۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور ﷺ تشریف لائے تو صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم ہنس رہے تھے۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ لذتوں کو توڑ دینے والی چیز کو کثرت سے یاد رکھا کرو۔ اس کو جو شخص فراخی میں یاد کرتا ہے اُس پر یہ تنگی کرتی ہے اور جو تنگی میں اس کو یاد کرتا ہے اُس پر فراخی کرتی ہے۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور ﷺ مسجد میں تشریف لائے تو بعض لوگوں کے ہنسی کی وجہ سے دانت کھل رہے تھے۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اگر تم لذتوں کی توڑنے والی موت کو کثرت سے یاد کرتے تو وہ ان چیزوں میں مشغول ہونے سے روک دیتی جن سے ہنسی آئی ہر شخص کی قبر روزانہ اعلان کرتی ہے کہ میں بالکل تنہائی کا گھر ہوں، میں سب سے علیحدہ رہنے کا گھر ہوں، میں کیڑوں کا گھر ہوں، جب نیک مومن دفن ہوتا ہے تو قبر اُس سے کہتی ہے کہ تیرا آنا بڑا مبارک ہے، تیرے آنے سے بڑی خوشی ہوئی، جتنے لوگ میری پشت پر چلتے تھے اُن میں تو مجھے بہت پسند تھا، آج تو میری ماتحتی میں آیا ہے تو میں اپنا طرز عمل تجھے دکھاؤں گی۔ اس کے بعد وہ اتنی وسیع ہو جاتی ہے کہ جہاں تک مردے کی نظر جائے وہاں تک زمین کھل جاتی ہے اور ایک کھڑکی جنت میں کھل جاتی ہے (جس سے وہاں کی خوشبوئیں ہوائیں وغیرہ آتی رہتی ہیں) اور جب کوئی بدکار یا کافر دفن ہوتا ہے تو زمین اُس سے کہتی ہے تیرا آنا بڑا نا مبارک ہے، تیرے آنے سے بہت بُرا ہوا۔ جتنے لوگ میری پشت پر چلتے تھے تُو ان میں مجھے بہت ہی بُرا لگتا تھا آج تو میری ماتحتی میں آیا ہے تو میں اپنا طرز عمل تجھے دکھاؤں گی یہ کہہ کر وہ ایسی ملتی ہے۔ (یعنی اس کو بھینچتی ہے) کہ مردے کی ہڈیاں

پسلیاں ایک دوسرے میں گھس جاتی ہیں۔ حضورِ اقدس ﷺ نے ایک ہاتھ کی اُنگلیاں دوسرے ہاتھ میں ڈال کر بتایا کہ اس طرح ہڈیاں پسلیاں ایک جانب کی دوسری جانب میں گھس جاتی ہیں اور ستر اژدھا اُس کو ڈسنا شروع کر دیتے ہیں اور وہ ایسے زہریلے ہوتے ہیں کہ اگر ان میں سے ایک بھی زمین کے اوپر پھونک مار دے تو قیامت تک زمین پر گھاس اُگنا بند ہو جائے یہ سب کے سب قیامت تک اُس کو کاٹتے رہیں گے۔ اس کے بعد حضور ﷺ نے فرمایا کہ قبر یا تو جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے، یا دوزخ کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے حضور ﷺ سے دریافت کیا کہ یا رسول اللہ! (ﷺ) سب سے زیادہ سمجھ دار اور سب سے زیادہ محتاط آدمی کون ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص موت کو کثرت سے یاد رکھتا ہو اور موت کے لیے ہر وقت تیاری میں مشغول رہتا ہو۔ یہی لوگ ہیں جو دُنیا کی شرافت اور آخرت کا اکرام حاصل کرنے والے ہیں۔ (ترغیب)

حضرت عمر بن عبد العزیزؒ ایک مرتبہ ایک جنازے کے ساتھ تشریف لے گئے اور قبرستان میں پہنچ کر علیحدہ ایک جگہ بیٹھ کر کچھ سوچنے لگے۔ کسی نے عرض کیا امیر المؤمنین! آپ اس جنازے کے ولی تھے آپ ہی علیحدہ بیٹھ گئے؟ فرمایا ہاں مجھے ایک قبر نے آواز دے دی اور مجھ سے یوں کہا کہ اے عمر بن عبد العزیز! تو مجھ سے یہ نہیں پوچھتا کہ میں ان آنے والوں کے ساتھ کیا کیا کر دیتی ہوں، خون سارا چوس لیتی ہوں، گوشت کھا لیتی ہوں، اور بتاؤں کہ آدمی کے جوڑوں کے ساتھ کیا کرتی ہوں، مونڈھوں کو بانہوں سے جدا کر دیتی ہوں، اور بانہوں کو پہنچوں سے جدا کر دیتی ہوں، اور سرینوں کو بدن سے جُدا کر دیتی ہوں، اور سرینوں سے رانوں کو جدا کر دیتی ہوں، اور رانوں کو گھٹنوں سے اور گھٹنوں کو پنڈلیوں سے دُنیا کا قیام بہت ہی تھوڑا ہے اور اس کا دھوکہ بہت زیادہ ہے، اس میں جو عزیز ہے وہ آخرت میں ذلیل ہے، اس میں جو دولت والا ہے، وہ آخرت میں فقیر ہے، اس کا جوان بہت جلد بوڑھا ہو جائے گا اس کا زندہ بہت جلد مر جائے گا۔ اس کا تمہاری طرف متوجہ ہونا تم کو دھوکے میں نہ ڈال دے حالانکہ تم دیکھ رہے ہو کہ یہ کتنی جلدی منہ پھیر لیتی ہے اور بیوقوف وہ ہے جو اس کے دھوکے میں پھنس جائے، باغ لگائے اور بہت تھوڑے دن رہ کر سب کو چھوڑ کر چل دیئے۔ وہ اپنی صحت اور تندرستی سے دھوکے میں پڑے کہ صحت کے بہتر ہونے سے ان میں نشاط پیدا ہوا اور اس سے گناہوں میں مبتلا ہوئے وہ لوگ خدا کی قسم! دُنیا میں مال کی کثرت کی وجہ سے قابلِ رشک تھے باوجودیکہ مال کے کمانے میں اُن کو رکاوٹیں پیش آتی تھیں مگر پھر بھی خوب کماتے تھے ان پر لوگ حسد کرتے تھے لیکن وہ بے فکر مال کو جمع کرتے رہتے تھے اور اس کے جمع کرنے میں ہر قسم کی

تکلیف کوخوشی سے برداشت کرتے تھے۔لیکن اب دیکھ لو کہ مٹی نے اُن کے بدنوں کا کیا حال کر دیا اور خاک نے ان کے بدنوں کو کیا بنادیا کیڑوں نے اُن کے جوڑوں اور اُن کی ہڈیوں کا کیا حال کر دیا۔ وہ لوگ دُنیا میں اونچی اونچی مسہریوں پر اونچے اونچے فرش اور نرم نرم گدوں پر نوکروں، اور خادموں کے درمیان آرام کرتے تھے، عزیز واقارب، رشتہ دار، اور پڑوسی، ہر وقت دلداری کو تیار رہتے تھے لیکن اب کیا ہورہا ہے آواز دے کر اُن سے پوچھ کہ کیا گذر رہی ہے۔ غریب امیر سب ایک میدان میں پڑے ہوئے ہیں۔ ان کے مال دار سے پوچھ کہ اس کے مال نے کیا کام دیا، ان کے فقیر سے پوچھ کہ اس کے فقر نے کیا نقصان دیا۔ ان کی زبان کا حال پوچھ جو بہت چہکتی تھی، ان کی آنکھوں کو دیکھ جو ہر طرف دیکھتی تھیں، ان کی نرم نرم کھالوں کا حال دریافت کر، ان کے خوبصورت اور دلربا چہروں کا حال پوچھ کیا ہوا، ان کے نازک بدن کو معلوم کر کہاں کیا کیڑوں نے ان سب کا کیا حشر بنایا، ان کے رنگ کالے کر دیئے، ان کا گوشت کھالیا، ان کے منہ پر مٹی ڈال دی، اعضاء کو الگ الگ کر دیا، جوڑوں کو توڑ دیا، آہ کہاں ہیں اُن کے وہ خدام جو ہر وقت حاضر ہوں جی" کہتے تھے، کہاں ہیں ان کے وہ خیمے اور کمرے جن میں آرام کرتے تھے، کہاں تھے، اُن کے وہ مال اور خزانے جن کو جوڑ جوڑ کر رکھتے تھے، ان حشم خدم نے اُس کو قبر میں کھانے کے لئے کوئی توشہ بھی نہ دیا اور اس کی قبر میں کوئی بسترا بھی نہ بچھا دیا، کوئی تکیہ بھی نہ رکھ دیا، زمین ہی پر ڈال دیا، کوئی درخت، پھول پھلواری بھی نہ لگادی، آہ اب وہ بالکل اکیلے پڑے ہیں، اندھیرے میں پڑے ہیں، ان کے لئے اب رات دن برابر ہے، دوستوں سے مل نہیں سکتے، کسی کو اپنے پاس بلا نہیں سکتے، کتنے نازک بدن مرد، نازک بدن عورتیں، آج ان کے بدن بوسیدہ ہیں، ان کے اعضاء ایک دوسرے سے جُدا ہیں، آنکھیں نکل کی منہ پر گر گئیں، گردن جُدا ہوئی پڑی ہے، منہ میں پانی پیپ وغیرہ بھرا ہوا ہے اور سارے بدن میں کیڑے چل رہے ہیں، وہ اس حال میں پڑے ہیں اور ان کی جوڑوں نے دوسرے نکاح کر لئے، وہ مزے اُڑا رہی ہیں، بیٹوں نے مکانوں پر قبضہ کر لیا، وارثوں نے مال تقسیم کر لیا، مگر بعض خوش نصیب ایسے بھی ہیں جو اپنی قبروں میں بھی لذتیں اُڑا رہے ہیں، تر و تازہ چہروں کے ساتھ راحت و آرام میں ہیں، (لیکن یہ وہی لوگ ہیں جنھوں نے اس دھوکے کے گھر میں اس گھر کو یاد رکھا، اِس کی اُمیدوں سے اس کی اُمیدوں کو مقدم کیا اور اپنے لئے توشہ جمع کر دیا اور اپنے پہنچنے سے پہلے اپنے جانے کا سامان کر دیا۔) اے وہ شخص جو کل کو قبر میں ضرور جائے گا تجھے اس دُنیا کے ساتھ آخر کس چیز نے دھوکے میں ڈال رکھا ہے، کیا تجھے یہ اُمید ہے کہ یہ کمبخت دُنیا تیرے ساتھ رہے گی، کیا تجھے یہ اُمید ہے کہ تو اس کوچ کے گھر میں ہمیشہ رہے گا، تیرے یہ وسیع مکان، تیرے

باغوں کے پکے ہوئے پھل، تیرے نرم بستر ے، تیرے گرمی سردی کے جوڑے، یہ سب کے سب ایک دم رکھے رہ جائیں گے، جب ملک الموت آکر مسلط ہو جائے گا کوئی چیز اس کو نہ ہٹا سکے گی، پسینوں پر پسینے آنے لگیں گے۔ پیاس کی شدت بڑھ جائے گی اور جان کنی کی سختی میں کروٹیں بدلتا رہ جائے گا، افسوس صد افسوس اے وہ شخص جو آج مرتے وقت اپنے بھائی کی آنکھ بند کر رہا ہے، اپنے بیٹے کی آنکھ بند کر رہا ہے، اپنے باپ کی آنکھ بند کر رہا ہے، ان میں سے کسی کو نہلا رہا ہے، کسی کو کفن دے رہا ہے، کسی کے جنازے کے ساتھ جا رہا ہے، کسی کو قبر کے گڑھے میں ڈال رہا ہے، کل کو تجھے بھی یہ سب کچھ پیش آنا ہے۔

اور بھی اس قسم کی باتیں فرمائیں۔ پھر دو شعر پڑھے جن کا ترجمہ یہ ہے کہ آدمی ایسی چیز کے ساتھ خوش ہوتا ہے جو عنقریب فنا ہونے والی ہے اور لمبی لمبی آرزوؤں اور دُنیا کی اُمیدوں میں مشغول رہتا ہے، ارے بیوقوف خواب کی لذتوں سے دھوکے میں نہیں پڑا کرتے، تیرا دن سارا غفلت میں گذرتا ہے اور تیری رات سونے سے گذرتی ہے اور موت تیرے اوپر سوار ہو ہے۔ آج تو وہ کام کر رہا ہے۔ کہ کل کو ان پر رنج کرے گا، دُنیا میں چوپائے اسی طرح زندگی گزارتے ہیں جس طرح تو گذار رہا ہے۔

کہتے ہیں کہ اس واقعہ کے بعد ایک ہفتہ بھی نہ گذرا تھا کہ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کا وصال ہو گیا رضی اللہ عنہ وارضاہ۔ (سامرات)

حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ چار چیزیں بدبختی کی علامت ہیں۔ آنکھ کا خشک ہونا (کہ اپنے گناہ اور آخرت کی کسی بات پر رونا ہی نہ آئے)، دل کا سخت ہونا اور اُمیدوں کا طویل ہونا اور دُنیا کی حرص۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے ایک باندی قرض خریدی اور ایک مہینہ کا وعدہ قیمت ادا کرنے کا کر لیا۔ حضور اقدس ﷺ کو جب اس کا علم ہوا تو ارشاد فرمایا کہ کس قدر تعجب کی بات ہے کہ اسامہ (رضی اللہ عنہ) نے ایک مہینہ کے وعدے پر قرض خریدا، اُسامہ رضی اللہ عنہ کو بھی اپنی زندگی کی) بڑی لمبی اُمید ہے، (گویا اس کو یہ یقین ہو گیا کہ ایک مہینہ تو وہ زندہ ہی رہے گا) اُس ذات کی قسم! جس کے قبضہ میں میری جان ہے مجھے آنکھ کی پل جھپکنے تک کی بھی اپنی زندگی کا یقین نہیں ہوتا اور پانی پینے کا پیالہ جب میں اُٹھاتا ہوں تو اس کے رکھنے تک بھی مجھے اپنی زندگی کا یقین نہیں ہوتا اور جب کوئی لقمہ کھاتا ہوں تو اس کے نگلنے کا بھی موت سے پہلے پہلے یقین نہیں ہوتا۔ قسم ہے اس ذات پاک کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے جن چیزوں کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے (موت، قیامت، حساب وغیرہ) سب چیزیں ضرور آنے والی ہیں اور تم لوگ حق تعالیٰ شانہٗ کو عاجز

نہیں کرسکتے (کہ وہ کسی کام کا ارادہ فرمائے اور کوئی اس میں رکاوٹ ڈال دے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور ﷺ نے میرا مونڈھا پکڑ کر ارشاد فرمایا کہ دُنیا میں اس طرح زندگی گذارو جیسا کہ کوئی مسافر، کوئی راستہ چلنے والا ہے اور ہر وقت اپنے آپ کو قبرستان والوں میں سمجھا کرو۔ اس کے بعد حضور ﷺ نے مجھ سے فرمایا اے ابن عمر! (اور بعض روایات میں ہے کہ یہ مقولہ ابن عمر رضی اللہ عنہ کا ہے) جب صبح ہو جائے تو شام تک کی زندگی کا یقین نہ کرو اور جب شام ہو جائے تو صبح تک کی زندگی کی اُمید نہ باندھو، اپنی صحت کی حالت میں بیماری کے زمانے کیلیے نیک عمل کر رکھو (کہ بیماری کے زمانہ میں جو کوتاہی ہو اس کا جبر پہلے سے ہو جائے یا صحت میں جن اعمال کا عادی ہوگا بیماری کی وجہ سے ان کے نہ ہو سکنے پر بھی ان کا ثواب ملتا رہے گا) اور اپنی موت کے لئے اپنی زندگی ہی میں تیاری کرلو کل کو معلوم نہیں کہ تمہارا نام کیا ہو جائے (یعنی کن لوگوں میں شمار ہو جائے نیک لوگوں میں یا بدلوگوں میں (فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ) حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ (ﷺ)! مجھے کچھ نصیحت فرمادیجئے، حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ شانہٗ کی عبادت اس طرح کیا کرو گویا تم اس کو دیکھ رہے ہو وہ تمہارے سامنے ہے اور اپنے آپ کو ہر وقت مُردوں کی فہرست میں شمار کیا کرو اور ہر پتھر اور درخت کے قریب اللہ تعالیٰ شانہٗ کا ذکر کیا کرو (تاکہ قیامت میں اس کی گواہی دینے والے بہت کثرت سے ہو جائیں) اور جب کوئی بُری حرکت ہو جائے تو اس کی تلافی کے لئے کوئی نیک عمل کرو۔ اگر برائی چھپ کر کی ہے تو اس کی تلافی میں نیک عمل بھی چھپ کر کرو اور بُرائی علانیہ ہوئی ہے تو اس کی توبہ اور تلافی بھی علانیہ کی جائے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ قیامت تو قریب آتی جارہی ہے اور لوگ دُنیا کی حرص میں اور حق تعالیٰ شانہٗ سے بعید ہونے میں بڑھتے چلے جارہے ہیں۔ ❶ حضور اقدس ﷺ ایک مرتبہ باہر تشریف لائے اور ارشاد فرمایا کہ کوئی شخص تم میں سے یہ چاہتا ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ اس کو بغیر سیکھے عمل عطا فرمائیں۔ اور بغیر کسی کے راستہ بتائے ہدایت عطا فرمائیں کوئی تم میں سے ایسا ہے جو یہ چاہتا ہو کہ حق تعالیٰ شانہٗ اس کے اندھے پن کو دُور فرما کر اس کی (دل کی) نگاہ کو کھول دیں، اگر ایسا چاہتے ہو تو سمجھ لو کہ جو شخص دُنیا سے بے رغبتی کرے اور اپنی اُمیدوں کو مختصر رکھے۔ حق تعالیٰ شانہٗ اس کو بغیر سیکھے علم عطا فرماتے ہیں اور بغیر کسی کے راستہ دکھانے خود ہدایت فرماتے ہیں۔ ❷ پہلے بھی یہ روایت مفصل گذر چکی ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ مجھے اپنی اُمت پر سب سے زیادہ خوف، خواہشات کی کثرت اور اُمیدوں کے بڑھ جانے کا ہے۔

---

❶ ترغیب ❷ درمنثور۔

خواہشات حق سے ہٹادیتی ہیں اور اُمیدوں کا طویل ہونا آخرت کو بھلا دیتا ہے۔ یہ دُنیا بھی چل رہی ہے اور ہر دن دُور ہوتی جارہی ہے اور آخرت بھی چل رہی ہے اور ہر دن قریب ہوتی جارہی ہے (یعنی ہر وقت، ہر آن زندگی کم ہوتی جارہی ہے اور موت قریب ہوتی جارہی ہے)۔

غافل تجھے گھڑیال یہ دیتا ہے منادی گردوں نے گھڑی عمر کی اک اور گھٹادی

اگر گھنٹہ کی آواز کو غور سے سنا جائے تو واقعی ''گھٹادی گھٹادی'' کا نعرہ پیدا ہوتا ہے۔ اس کے بعد حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ دُنیا اور آخرت ہر ایک کے اس دُنیا میں کچھ سپوت ہیں اگر تم سے ہو سکے تو اس کی کوشش کرو کہ دُنیا کے سپوت نہ بنو (آخرت کے سپوت بنو) آج عمل کا (اور کھیتی بونے کا) دن ہے، حساب آج نہیں ہے کل کو تم آخرت کے گھر میں ہوگے جہاں عمل نہیں۔ (مشکوٰۃ) (بلکہ کھیتی کے کاٹنے کا اور بدلے کا دن ہے)

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں تین آدمی ایسے ہیں کہ جب مجھے ان کا خیال آتا ہے تو اس قدر تعجب ہوتا ہے کہ مجھے ہنسی آنے لگتی ہے۔ ایک وہ شخص جو دُنیا میں اُمیدیں لگائے بیٹھا ہے اور موت اس کی فکر میں ہے دوسرا وہ شخص جو (اللہ تعالیٰ سے) غافل ہے اور (اللہ تعالیٰ شانہٗ) اس سے غافل نہیں۔ تیسرے وہ شخص جو منہ بھر کر (کھِل کھِلا کر) ہنستا ہے اور اس کو اس کی خبر نہیں کہ اللہ تعالیٰ شانہٗ اس سے خوش ہیں یا ناراض ہیں (حالانکہ یہ فکر ایسی چیز ہے کہ کسی وقت بھی ہنسی نہ آنا چاہئے) اور تین چیزیں ایسی ہیں جو مجھے ہر وقت غمگین رکھتی ہیں یہاں تک کہ میں رونے لگتا ہوں۔ ایک دوستوں کا فراق یعنی حضور ﷺ کا اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کا، دوسرے موت کا فکر، تیسرے حشر میں حق تعالیٰ شانہٗ کے سامنے پیش ہونا ہے، پھر معلوم نہیں کہ میرے لئے جنت کا حکم ہو یا دوزخ کا۔ ایک شخص کہتے ہیں کہ میں نے زرارہ بن اوفیٰ کو اُن کے انتقال کے بعد خواب میں دیکھا تو میں نے اُن سے پوچھا کہ سب سے بڑھا ہوا عمل کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا توکل اور اُمیدوں کا مختصر رکھنا۔ حضرت سفیان ثوریؒ فرماتے ہیں کہ زہد اُمیدوں کے مختصر کرنے کا نام ہے، موٹا کھانے اور جُبہ پہننے کا نام نہیں ہے۔ حضرت داؤد طائیؒ فرماتے ہیں کہ اگر میں یہ اُمید رکھوں کہ میں ایک مہینہ زندہ رہوں گا تو میں اپنے کو بڑا مجرم سمجھوں اور اس کی کس طرح اُمید کر سکتا ہوں۔ ایسی حالت میں کہ میں دیکھتا ہوں کہ آئے دن لوگوں کو حوادث کبھی رات میں پکڑ لیتے ہیں، کبھی دن میں پکڑ لیتے ہیں۔

حضرت شقیق بلخیؒ اپنے ایک اُستاد ابو ہاشم رمانیؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے، ان کی چادر کے کونے میں کچھ بندھ رہا تھا۔ ابو ہاشمؒ نے پوچھا یہ کیا ہے؟ عرض کیا کہ میرے ایک دوست نے چند بوز دیئے تھے میرا دل چاہتا ہے کہ آج شام کو آپ ان سے افطار کرلیں۔ ابو ہاشمؒ

نے کہا شفیق تمہیں یہ اُمید ہے کہ تم رات تک زندہ رہو گے۔(میں تم کو ایسا نہیں سمجھتا تھا اب) میں تم سے کبھی نہ بولوں گا یہ کہہ کر اندر چلے گئے اور کواڑ بند کر لئے۔ قعقاع بن حکیمؒ کہتے ہیں کہ میں تیس برس سے ہر وقت موت کے لئے تیار ہوں۔ اگر وہ آجائے تو مجھے ذرا بھی اُس کی تاخیر کی خواہش نہ ہو۔ سفیان ثوری ﷫ کہتے ہیں کہ میں نے کوفہ کی مسجد میں ایک بزرگ کو دیکھا وہ فرماتے تھے کہ میں تیس برس سے اس مسجد میں ہر وقت موت کا انتظار کرتا ہوں اگر وہ آجائے تو مجھے نہ کسی سے کچھ کہنا نہ سننا نہ میرا کسی کے پاس کچھ چاہئے نہ کسی کا میرے پاس۔ ابو محمد زاہدؒ کہتے ہیں کہ میں ایک جنازے کے ساتھ چلا۔ حضرت داؤدؒ طائی بھی ساتھ تھے۔ قبرستان پہنچ کر وہ ایک جگہ علیحدہ کو بیٹھ گئے میں بھی ان کے پاس بیٹھ گیا وہ فرمانے لگے جو شخص اللہ تعالیٰ کی وعید سے ڈرتا ہو اُس کے لئے دُور کا سفر (یعنی آخرت کا) آسان ہے اور جس شخص کی اُمیدیں لمبی ہوتی ہیں اس کا عمل سست ہو جاتا ہے اور جو چیز آنے والی ہے (یعنی موت) وہ قریب ہے۔ بھائی ایک بات سمجھ لے کہ جو چیز بھی تجھے تیرے رب سے اپنی طرف مشغول کر لے وہ منحوس ہے۔ ایک بات سنو جتنے آدمی دُنیا میں ہیں سب ہی کو قبر میں جانا ہے۔ اُس کو اس چیز کی ندامت ہوگی جو یہاں چھوڑ دی اور اس چیز کی خوشی ہوگی جو آگے بھیج دی اور جس چیز پر مرنے والے کو ندامت ہے اس پر یہ رہنے والے (وارث) لڑتے جھگڑتے ہیں، مقدمہ بازی کرتے ہیں۔ (احیاء)

فقیہ ابو اللیث سمرقندیؒ ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص اُمیدوں کو مختصر رکھے حق تعالیٰ شانہٗ چار قسم کے اکرام اُس پر کرتے ہیں۔

۱)......اپنی طاعت پر اس کو قوت عطا فرماتے ہیں اور جب اُس کو عنقریب موت کا یقین ہوتا ہے تو عمل میں خوب کوشش کرتا ہے اور ناگوار چیزوں سے متاثر نہیں ہوتا۔

۲)......اس کو غم کم ہو جاتا ہے۔

۳)......روزی کی تھوڑی مقدار پر راضی ہو جاتا ہے۔

۴)......اس کے دل کو منور کر دیتے ہیں۔

علماء نے کہا ہے کہ دل کا نور چار چیزوں سے پیدا ہوتا ہے۔

(۱) خالی پیٹ رہنے سے۔

(۲) نیک آدمی کے پاس رہنے سے

(۳) گذرے ہوئے گناہوں کو یاد کرنے (اور ان پر ندامت) سے۔

(۴)اور اُمیدوں کے مختصر کرنے سے۔

اور جس شخص کی اُمیدیں لمبی لمبی ہوتی ہیں اُس کو حق تعالیٰ شانہٗ چار قسم کے عذابوں میں مبتلا کر دیتے ہیں۔

(ا......عبادت میں کاہلی پیدا ہو جاتی ہے۔

(۲......دُنیا کا غم زیادہ سوار ہو جاتا ہے۔

(۳......مال کے جمع کرنے اور بڑھانے کا فکر ہر وقت مسلط رہتا ہے۔

(۴......دل سخت ہو جاتا ہے۔

علماءؒ نے لکھا ہے کہ دل کی سختی چار چیزوں سے پیدا ہوتی ہے۔

ا:۔زیادہ شکم سیری سے۔

۲:۔بُری صحبت سے۔

۳:۔گناہوں کو یاد نہ کرنے سے۔

۴:۔اُمیدوں کے لمبی ہونے سے۔

اس لئے ضروری ہے کہ آدمی لمبی لمبی اُمیدیں ہرگز نہ باندھے۔ ہر وقت یہ فکر رہنا چاہئے کہ نہ معلوم کونسا سانس زندگی کا آخری سانس ہو (کس وقت قلب کی حرکت بند ہو جائے)۔

حضور اقدس ﷺ نے حضرت عائشہؓ سے ارشاد فرمایا کہ اگر تو (قیامت میں) میرے ساتھ رہنا چاہتی ہے تو دنیا میں ایسے گذار دینا جیسا کہ مسافر سواری پر جاتا جاتا کہیں ذرا ٹھہر جائے اور مالداروں کے پاس بیٹھنے سے احتراز کرنا اور کپڑے کو اس وقت تک بیکار کر کے نہ چھوڑنا جب تک کہ اس میں پیوند نہ لگ جائیں۔ابو عثمان نہدیؒ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عمرؓ کو منبر پر خطبہ پڑھتے ہوئے دیکھا اور ان کے کرتے میں بارہ پیوند لگ رہے تھے۔(تنبیہ الغافلین)

۱۰)......عن سھل بن سعدؓ قال جاء رجل الی النبی ﷺ فقال دلنی علیٰ عمل اذا عملتہ احبنی اللّٰہ واحبنی الناس قال ازھد فی الدنیا یحبک اللّٰہ وازھد فیما عند الناس یحبک الناس (رواہ الترمذی وابن ماجہ کذا فی المشکوٰۃ ص ۴۳۲)

ترجمہ)......ایک صحابی نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ)! مجھے کوئی ایسا عمل بتا دیجئے جس سے اللہ جل شانہٗ بھی مجھ سے محبت فرمادیں اور آدمی بھی مجھ سے محبت کرنے لگیں۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ دنیا سے بے رغبتی پیدا کر لو حق تعالیٰ شانہٗ تم کو محبوب رکھیں گے اور لوگوں کے پاس جو چیزیں

ہیں (مال وغیرہ) ان سے بے رغبتی پیدا کر لو وہ بھی تم سے محبت کرنے لگیں گے۔

فائدہ: دنیا سے بے رغبتی پر حق تعالیٰ شانہٗ کی محبت آخرت کا اعزاز و اکرام وغیرہ امور تو پہلی روایات میں بہت کثرت سے گذر ہی چکے ہیں۔ دوسرا مضمون کہ لوگوں کے اموال پر نگاہ نہ رکھی جائے اسی سے ان کے دلوں میں بھی محبت پیدا ہوتی ہے بڑے تجربہ کی بات ہے۔ ہر شخص کو ہر وقت اس کا تجربہ ہوتا رہتا ہے کہ جتنے بھی آپس میں بہترین تعلقات ہوں لیکن جہاں کسی چیز کے سوال کا ذکر آجاتا ہے سارے ہی تعلقات اور عقیدتیں ختم ہو جاتی ہیں۔

حضرت جبرئیل علیہ السلام ایک مرتبہ حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور یہ کہا کہ اے محمد (ﷺ) آپ جتنے دن بھی زندہ رہیں موت بہر حال ایک دن آنے والی چیز ہے اور جو عمل بھی آپ کریں گے۔ (بھلا یا برا) اس کا بدلہ ملے گا اور جس سے بھی آپ (دنیا میں) تعلقات پیدا کریں اس سے ایک دن جدا ہونا پڑے گا (اس کی موت سے ہو یا اپنی موت سے ہو) یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ آدمی کا شرف (بزرگی) تہجد کی نماز ہے اور آدمی کی عزت لوگوں سے استغنٰی ہے۔ (ترغیب) یعنی آدمی کی عزت اسی وقت تک ہے جب تک لوگوں کی اشیاء پر نگاہ نہ ہو اور جہاں کہیں دوسروں کے مال پر نگاہ پڑی ساری عزت خاک میں مل جاتی ہے۔

حضرت عروہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب تم میں سے کوئی شخص دنیا کی زینت اور اس کی رونق کو دیکھے (اور وہ اچھی لگے) تو اس کو چاہئے کہ اپنے گھر جا کر گھر والوں کو نماز میں مشغول کر دے اس لئے کہ حق تعالیٰ شانہٗ نے اپنے نبی ﷺ کو ارشاد فرمایا ہے۔ "لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ الآية" (طہ ع ۸) اور ہرگز آپ اپنی آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھیں ان چیزوں کی طرف جو ہم نے ان دنیا داروں کو دے رکھی ہیں تا کہ ان چیزوں سے ان کا امتحان لیں، یہ محض دنیوی زندگی کی رونق ہے اور آپ کے رب کا عطیہ جو آخرت میں ملے گا اس سے بدرجہا بہتر ہے اور ہمیشہ رہنے والا ہے اور اپنے متعلقین کو نماز کا حکم کیجئے اور خود بھی اس کے پابند رہیے۔ (درمنثور)

دوسری جگہ حق تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد ہے۔ "لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ الآية" (سورہ حجر ع ۶) آپ آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھیں اس (زیب و زینت) کو جو ہم نے مختلف قسم کے لوگوں کو دے رکھا ہے۔ اس آیت شریفہ کی تفسیر میں حضرت سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ جس شخص کو حق تعالیٰ شانہٗ نے قرآن پاک کی دولت سے نوازا ہو پھر وہ دنیا کی کسی چیز کی طرف بھی نگاہ اٹھا کر دیکھے اس نے قرآن پاک کو بہت کم سمجھا (یعنی اس کی قدر نہ کی)۔

امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ فقر بہت محمود چیز ہے۔ لیکن یہ ضروری ہے کہ وہ شخص قناعت کرنے والا

ہو لوگوں کے پاس جو اموال ہیں ان میں طمع نہ رکھتا ہو ان کی طرف ذرا بھی التفات نہ کرتا ہو اور نہ مال کے کمانے کی اس میں حرص ہو اور یہ سب چیزیں جب ہی ہو سکتی ہیں جب کہ آدمی اپنے اخراجات میں نہایت کمی کرنے والا ہو، کھانے میں لباس میں مکان میں کم سے کم اور مجبوری کے درجے پر کفایت کرنے والا ہو اور گھٹیا سے گھٹیا چیز پر قناعت کرنے والا ہو۔ اگر کسی چیز کی ضرورت محسوس ہو تو ایک مہینہ کے اندر اندر کی ضرورت کا تو خیال ہو اس سے آگے کی کسی چیز کی طرف اپنے خیال اور دھیان کو نہ لگائے اگر اس سے آگے کی سوچ میں پڑ جائے گا تو قناعت کی عزت سے محروم ہو کر حرص و طمع کی ذلت میں پھنس جائے گا اور اس کی وجہ سے بری عادتیں پیدا ہو جائیں گی مکروہ چیزیں اختیار کرنا پڑ جائیں گی اس لئے کہ آدمی بالطبع حریص ہے۔

حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ اگر آدمی کے لئے دو جنگل سونے کے ہو جائیں تو تب بھی وہ تیسرے کی فکر میں لگ جائے گا۔ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک سورت اتنی بڑی جتنی کہ سورۃ براۃ ہے نازل ہوئی تھی پھر وہ منسوخ ہو گئی۔ اس میں سے یہ مضمون یاد ہے کہ اللہ تعالیٰ شانہٗ اس دین کی مدد ایسے (فاسق اور کافر) لوگوں سے بھی کر دیتے ہیں جن کا کوئی حصہ دین میں نہ ہو اور اگر آدمی کے لئے دو جنگل مال کے ہو جائیں تو وہ تیسرے کی تمنا کرتا ہے۔ آدمی کا پیٹ (قبر کی) مٹی ہی بھر سکتی ہے۔ البتہ اگر کوئی شخص توبہ کر لے تو حق تعالیٰ شانہٗ توبہ کو قبول کرتے ہیں۔ اور حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ دو حریص آدمیوں کا کبھی پیٹ نہیں بھرتا۔ ایک وہ شخص جو علم کا حریص ہو (اس کو علمی چسکہ لگ گیا ہو کسی وقت اس کا دل نہیں بھرتا) دوسرا وہ شخص جو مال کا حریص ہو اور چونکہ آدمی کی جبلت میں یہ مہلک چیز ہے اسی بنا پر حق تعالیٰ شانہٗ نے اور حضور اقدس ﷺ نے قناعت کی بڑی تعریف فرمائی ہے۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ مبارک ہے وہ شخص جس کو حق تعالیٰ شانہٗ نے اسلام کی دولت سے نوازا ہو اور صرف ضرورت کے بقدر اس کی روزی ہو اور وہ اس پر قانع ہو۔ حضور ﷺ کا یہ بھی ارشاد ہے کہ قیامت کے دن کوئی شخص غریب ہو یا امیر ایسا نہ ہوگا جو اس کی تمنا نہ کرتا ہو کہ کاش دنیا میں اس کو صرف ضرورت کے درجے کی روزی ملتی اس سے زیادہ نہ ملتی۔ اسی وجہ سے حضور ﷺ نے طمع سے اور مال کمانے میں زیادہ کوشش کرنے سے منع فرمایا ہے۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ لوگو مال کے حاصل کرنے میں اچھا طریقہ اختیار کیا کرو (برے طریقوں سے نہ کماؤ) اس لئے کہ آدمی کو مقدر سے زیادہ تو ملتا نہیں اور جو مقدر ہے وہ بہر حال مل کر رہے گا۔ آدمی اس وقت تک مر ہی نہیں سکتا جب تک اس کا جو مقدر حصہ ہے وہ ذلیل اور مجبور ہو کر اس تک نہ پہنچ جائے۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ تو متقی بن جا سب سے بڑا عبادت کرنے والا ہو جائے گا اور (کم سے کم مقدار پر) قناعت کرنے والا بن جا تو

سب سے زیادہ شکر گذار ہو جائے گا اور اپنے بھائی کے لئے بھی اس چیز کو پسند کر جس کو اپنے لئے پسند کرتا ہے تو کامل مومن بن جائے گا۔ حضرت ابو ایوب ﷺ فرماتے ہیں ایک شخص حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ)! مجھے مختصر سی نصیحت کر دیجئے (تا کہ میں اس کو مضبوط پکڑ لوں) حضور ﷺ نے فرمایا جب نماز پڑھو تو ایسی پڑھو جیسا کہ عمر کی آخری نماز یہی ہو (جب آدمی کو یہ خیال ہو جائے کہ یہ بالکل آخری نماز ہے تو پھر جس قدر زیادہ اہتمام اور خشوع خضوع سے پڑھے گا وہ ظاہر ہے) اور کوئی ایسی بات زبان سے نہ نکالو جس کی معذرت کرنا (اور معافی چاہنا) پڑے اور اپنے دل کو پکے طور سے اس چیز سے مایوس کر لو جو دوسرے کے پاس ہو (کہ اس کی طرف ذرا سا بھی تمہیں التفات نہ ہو) حضرت عمر ﷺ کا ارشاد ہے کہ طمع کرنا فقر (اور محتاجگی) ہے اور نا امیدی غنا ہے۔ جو شخص ایسی چیزوں سے نا امید ہو جائے جو دوسروں کے قبضہ میں ہیں وہ ان سے مستغنی رہتا ہے۔ ایک حکیم سے کسی نے پوچھا کہ غنا کیا چیز ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ تمناؤں کا کم کرنا اور جو اپنے لئے کافی ہو جائے اس پر خوش رہنا۔ محمد بن واسع سوکھی روٹی کو پانی میں بھگو کر کھا لیا کرتے تھے اور فرمایا کرتے تھے کہ جو اس پر قناعت کر لے وہ کسی کا بھی محتاج نہ ہو۔ ایک حکیم سے کسی نے پوچھا تمہاری مالیت کیا ہے؟ فرمانے لگے ظاہر میں خوشحال رہنا، باطن میں اختصار اور میانہ روی اختیار کرنا اور دوسروں کے پاس جو چیزیں ہیں ان سے امید نہ رکھنا۔ حق تعالیٰ شانہ کا (حدیث میں) ارشاد ہے کہ آدم کے بیٹے اگر ساری دنیا تجھ کو مل جائے تب بھی تو تو اس میں سے اپنی حاجت کے بقدر ہی کھائے گا۔ اگر میں اتنی مقدار تجھے دیدوں اور اس سے زائد نہ دوں جس کا تجھے حساب دینا پڑے تو یہ تو میں نے تجھ پر احسان کیا۔ حضرت عبد اللہ بن مسعود ﷺ فرماتے ہیں کہ جب کسی سے کوئی حاجت طلب کرے تو معمولی طریقے سے طلب کرے ایسا نہ کہے کہ آپ تو ایسے ہیں چناں ہیں چنیں ہیں کہ اس سے اس کی تو کمر توڑ دو گے (کہ وہ عجب اور تکبر سے ہلاک ہو جائے گا) اور تمہیں مقدر سے زیادہ نہ ملے گا۔ کہتے ہیں کہ بنو امیہ کے ایک بادشاہ (سلیمان بن عبد الملک) نے حضرت ابو حازم ﷺ کو بڑے اصرار سے لکھا کہ آپ کو کچھ ضرورت ہوا کرے تو مجھ سے منگا لیا کریں انہوں نے جواب میں لکھا کہ میں نے اپنی ضرورتیں اپنے آقا کی خدمت میں پیش کر دیں۔ اس نے ان پر جو کچھ مجھے عطا فرما دیا میں نے اس پر قناعت کر لی۔ ایک حکیم کا ارشاد ہے کہ میں نے سب سے زیادہ غم میں مبتلا رہنے والا حسد کرنے والے کو پایا اور سب سے بہترین زندگی گذارنے والا قناعت کرنے والے کو پایا اور سب سے زیادہ صبر کرنے والا حریص کو پایا (کہ ہر چیز کی حرص کرتا ہے پھر وہ ملتی نہیں تو صبر کرتا ہے) اور سب سے زیادہ لطیف زندگی گذارنے والا دنیا کے چھوڑ دینے

والے کو پایا اور سب سے زیادہ ندامت والا اس عالم کو پایا جو حد سے بڑھنے والا ہو۔ حضرت عبد اللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے حضرت کعب احبار رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا کہ علماء کے قلوب سے علم کو کیا چیز ضائع کر دیتی ہے؟ حالانکہ پڑھتے وقت انہوں نے سمجھ کر پڑھا تھا اس کو یاد رکھا تھا۔ حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے فرمایا طمع اور حرص اور لوگوں سے اپنی حاجتوں کا مانگنا کسی شخص نے حضرت فضیل بن عیاض رحمہ اللہ سے حضرت کعب رضی اللہ عنہ کے کلام کی شرح پوچھی تو انہوں نے فرمایا کہ جب عالم کسی چیز کی طمع کرنے لگتا ہے تو اس کی طلب میں لگ جاتا ہے جس سے اس کا دین برباد ہو جاتا ہے (کہ اس کی طلب کی مشغولی دین کی مشغولی کو کھو دیتی ہے) اور حرص اس کو ہر چیز کی طرف کھینچتی ہے حتیٰ کہ اس کا ہر چیز کو یہ دل چاہتا ہے کہ یہ بھی مجھے مل جائے یہ بھی مل جائے پھر لوگوں سے اس کے پورا کرنے کا طالب ہوتا ہے جو شخص اس کی طلب کو پورا کر دیتا ہے اس کے سامنے جھکنا پڑتا ہے اس کا تابع ہونا پڑتا ہے وہ جدھر چاہے کھینچ کر لے جائے تمہیں جھک مار کر اس کا کہنا ماننا پڑتا ہے۔ جب وہ گذرے تو اس کو سلام کرنا پڑتا ہے بیمار ہو جائے تو عیادت کرنا پڑتا ہے اور یہ سلام اور عیادت اللہ کے واسطے نہیں ہوتی بلکہ دنیا کی محبت کی وجہ سے ہوتی ہے (اور جب دنیا کی وجہ سے ہوئی تو اس کا ثواب معلوم ہے) اس کے بعد حضرت فضیلؒ نے فرمایا یہ حدیث (عمل کے لئے اور کارآمد ہونے کے لئے) سو (۱۰۰) حدیثوں سے بڑھ کر ہے۔ ❶

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایک شخص حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ! (ﷺ) مجھے مختصر سی نصیحت فرما دیجئے (تا کہ میں اس کو مضبوط پکڑ لوں) حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو چیز دوسروں کے پاس ہے اس سے اپنے کو بالکل مایوس بنالو (ذرا بھی اس کی طرف التفات نہ کرو) اور طمع سے اپنے کو بالکل محفوظ رکھو اس لئے کہ طمع فوری فقر ہے (یعنی اس چیز کی ضرورت تو جب ہوگی اس کی طرف احتیاج ابھی سے ہوگی) اور اپنے آپ کو ایسی چیز سے بچاؤ جس کی معذرت کرنا پڑے (ترغیب) حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کی روایت سے اس قسم کا ایک سوال و جواب ابھی قریب ہی گذر چکا ہے۔ ان دونوں حدیثوں میں اور نصیحتیں مشترک ہیں۔ ایک ایک نصیحت ہر شخص کے مناسب حال علیحدہ ہے۔ اور بعض روایات میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث میں چار باتیں مذکور ہیں۔ تین وہ جو حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کی روایت میں گذریں اور چوتھی طمع کی اس میں زائد ہے (ترغیب) اور یہ بات کہ دوسروں کے پاس جو چیز ہو اس سے اپنے آپ کو بالکل مایوس رکھو۔ دونوں میں مشترک اور بڑی اہم چیز ہے کہ اس کی وجہ سے نہ تو خود کو پریشان ہونا پڑتا ہے نہ دوسرے کے سامنے جھکنا پڑتا ہے۔

حضور ﷺ کا ارشاد ہے۔ جو شخص اپنے گھر میں امن سے ہو اور اللہ تعالیٰ شانہٗ نے بدن کی صحت

---

❶ احیاء۔

عطا فرما رکھی ہو اور ایک دن کا کھانا اس کے پاس موجود ہو تو گویا دنیا ساری کی ساری اس کے پاس موجود ہے۔ (ترغیب)

پھر اس کو کسی دوسرے کی کسی چیز کی طرف کیا نگاہ لگانا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے بھی اس قسم کا واقعہ نقل کیا گیا کہ ایک شخص نے حضور ﷺ سے عرض کیا کہ مجھے کوئی مختصر بات بتا دیجئے۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ نماز ایسی پڑھو گویا یہ آخری نماز ہے (اور تم حق تعالیٰ شانہٗ کے سامنے حاضر ہو) اس لئے کہ اگر تم اس کو نہیں دیکھ سکتے تو وہ تمہیں بہر حال دیکھ رہا ہے اور جو چیز دوسروں کے قبضہ میں ہے اس سے مایوس بنے رہو تم سب سے زیادہ غنی ہو گے۔ اور اپنے آپ کو ایسی چیز سے (قول ہو یا فعل) بچاؤ جس کی پھر معذرت کرنا پڑے۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے بھی ایک شخص نے یہ درخواست کی کہ آپ مجھے کوئی نصیحت کریں۔ انہوں نے فرمایا جب نماز پڑھو تو بہت اچھی طرح وضو کرو اس لئے کہ بغیر وضو کے نماز نہیں ہوتی اور بغیر نماز کے ایمان نہیں۔ پھر جب نماز شروع کرو تو ایسی پڑھو جیسا کہ آخری نماز ہو اور بہت سی حاجتیں طلب نہ کیا کرو اس لئے کہ یہ بھی فوری فقر ہے اور جو چیز دوسروں کے قبضہ میں ہو اس سے اپنے آپ کو بالکل مایوس رکھو۔ یہی اصل غنا ہے اور کوئی کلام یا کوئی فعل ایسا نہ کرو جس سے پھر معذرت کرنا اور معافی چاہنا پڑے۔ (اتحاف الصلوٰۃ) امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ بعض آدمی یہ سمجھتے ہیں کہ مال کا چھوڑ دینے والا زاہد ہے یہ صحیح نہیں اس لئے کہ مال کا چھوڑ دینا اور موٹے کپڑے پہن لینا ہر ایسے شخص کے لئے آسان ہے جو لوگوں میں اپنی وقعت چاہتا ہو ان کے یہاں اپنی تعریف کا طالب ہو۔ کتنے ہی دنیا سے بے تعلقی کا اظہار کرنے والے جو تھوڑے سے کھانے پر قناعت کرتے ہیں اور اپنا دروازہ ہر وقت بند رکھتے ہیں بلکہ ایسے بند مکان میں رہتے ہیں جس کے دروازہ ہی نہ ہو ان کا مقصد صرف یہ ہے کہ لوگوں کے یہاں ان کی شہرت ہو اور کتنے ہی عمدہ لباس پہننے والے زہد کا دعویٰ کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ وہ اچھا لباس اتباع سنت میں پہنتے ہیں اور یہ کہ وہ خود ان کپڑوں وغیرہ کی طرف اپنی خواہش سے متوجہ نہیں ہوتے بلکہ لوگوں کے اصرار اور خواہش سے پہنتے ہیں اور مقصد یہ ہوتا ہے کہ لوگ اس قسم کے کپڑے ہدایا میں پیش کیا کریں۔ یہ دونوں فریق دنیا کو دین کے ذریعہ سے حاصل کرنے والے ہیں کہ دنیا صرف مال ہی کا نام نہیں۔ جاہ کی طلب بھی دنیا ہے۔

زاہد کی تین علامتیں ہیں جن کو اپنے اندر پیدا کرنے کی کوشش کرنا چاہیے۔

(۱) جو اس کے پاس موجود ہے اس سے خوش نہ ہو اور جو چیز نہیں ہے اس پر رنجیدہ نہ ہو بلکہ اولیٰ تو یہ ہے کہ موجود سے رنجیدہ اور جو نہیں ہے اس سے خوش ہو۔

(۲) اس کی نگاہ میں اس کی تعریف کرنے والا مذمت کرنے والا برابر ہو کہ یہ جاہ کے زہد کی علامت ہے اور پہلی چیز مال کے زہد کی علامت ہے۔

(۳) حق تعالیٰ شانہ سے اُنس اور محبت ہو اور طاعات میں حلاوت ہو۔ (احیاء)

اس جگہ دو واقعے اپنے اکابر کے نمونے کے لئے لکھنے کو دل چاہتا ہے۔ ایک تو وہ مکتوب گرامی جو شیخ المشائخ قطب الارشاد حضرت گنگوہی قدس سرہ نے اپنے مرشد شیخ العرب والعجم حضرت حاجی امداداللہ صاحب اعلی اللہ مراتبہ، کی خدمت میں لکھا جو مکاتیب رشیدیہ میں طبع بھی ہو چکا ہے۔ اس کے الفاظ یہ ہیں۔ "حضور نے جو بندۂ نالائق کے حالات سے استفسار فرمایا ہے میرے ماورائے دارین اس ناکس کے کیا حالات اور کس درجہ کی کوئی خوبی ہے جو آفتاب کمالات کے روبرو عرض کروں بخدا سخت شرمندہ ہوں۔ کچھ نہیں ہوں مگر جو ارشاد حضرت ہے تو کیا کروں بناچاری کچھ لکھنا پڑتا ہے۔ حضرت مرشدِ من علمِ ظاہری کا تو یہ حال ہے کہ آپ کی خدمت سے دُور ہوئے غالباً عرصہ سات (۷) سال سے کچھ زیادہ ہوا ہے۔ اس سال تک دو سو ۲۰۰ سے چند عدد زیادہ آدمی سندِ حدیث حاصل کر کے گئے اور اکثر ان میں وہ ہیں کہ انھوں نے درس جاری کیا اور سنت کے احیاء میں سرگرم ہوئے اور اشاعتِ دین اس سے ہوئی اور اس شرف سے زیادہ کوئی شرف نہیں اگر قبول ہو جائے اور حضرت کے اقدام نعلین کے حاضری کے ثمرہ کا یہ خلاصہ ہے کہ جذرِ قلب میں غیر حق تعالیٰ سے نفع و ضرر کا التفات نہیں۔ واللہ بعض اوقات اپنے مشائخ کی طرف سے علیحدگی ہو جاتی ہے لہٰذا کسی کے مدح وذم کی پروا نہیں رہی اور ذام و مادح کو دور جانتا ہوں اور معصیت کی طبعاً نفرت اور اطاعت کی طبعاً رغبت پیدا ہو گئی ہے اور یہ اثر اسی نسبت یادداشت بیرنگ کا ہے جو مشکوٰۃ انوارِ حضرت سے پہنچی ہے پس زیادہ عرض کرنا گستاخی اور شوخ چشمی ہے۔ یا اللہ معاف فرمانا کہ حضرت کے ارشاد سے تحریر ہوا ہے جھوٹا ہوں کچھ نہیں ہوں۔ تیرا ہی ظل ہے تیرا ہی وجود ہے میں کیا ہوں کچھ نہیں ہوں اور جو میں ہوں وہ تو ہے اور میں اور تو خود شرک در شرک ہے۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔ اب عرض سے معذور فرما کر قبول فرمائیں۔ والسلام ۱۳۰۶ء

یہ گرامی قدر مکتوب وصال سے سترہ سال قبل کا ہے۔ ان سترہ سال میں مدح وذم کی برابری میں اور غیر حق سے نفع وضرر کی طرف عدم التفات میں جو ترقیات ہوئی ہونگی ان کا ادراک بھی کون کر سکتا ہے۔

دوسرا واقعہ جس کو امیر شاہ خاں صاحب نے امیر الروایات میں لکھا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ تحصیل سکندر آباد میں ایک گاؤں ہے حسن پور میں نے بھی دیکھا ہے بہت بڑا گاؤں ہے۔ یہ ایک وقت میں مولوی محمد اسحٰق صاحبؒ (دہلوی جو مشہور اساتذہ حدیث میں ہیں) اور مولوی محمد یعقوب صاحبؒ

کا تھا۔ مولوی مظفر حسین صاحب (کاندھلوی) فرماتے تھے کہ مولوی محمد اسحٰق صاحب اور مولوی یعقوب صاحب نہایت سخی تھے اور اکثر تنگی کی وجہ سے کچھ ملول سے رہتے تھے۔ لیکن ایک روز میں نے دیکھا کہ دونوں بھائی نہایت ہشاش بشاش ہیں اور خوشی میں ادھر سے ادھر آتے جاتے ہیں اور کتابیں یہاں سے وہاں اور وہاں سے یہاں رکھتے اور خوشی کے لہجہ میں آپ میں باتیں کر رہے ہیں۔ میں یہ دیکھ کر یہ سمجھا کہ شاید آج کوئی بڑی رقم ہندوستان سے آگئی (دونوں حضرات مکہ مکرمہ میں تشریف فرما تھے) جس سے یہ اس قدر خوش ہیں۔ یہ سمجھ کر میں نے چاہا کہ واقعہ دریافت کروں مگر بڑے میاں سے تو پوچھنے کی ہمت نہ ہوئی چھوٹے میاں سے پوچھا کہ حضرت آپ آج بہت خوش نظر آتے ہیں اس کی کیا وجہ ہے؟ انہوں نے تعجب کے لہجہ میں فرمایا کہ تم نے نہیں سنا؟ میں نے کہا نہیں۔ فرمایا کہ ہمارا گاؤں حسن پور ضبط ہو گیا یہ خوشی اس کی ہے کیونکہ جب تک وہ تھا ہم کو خدا پر پورا توکل نہ تھا اور اب صرف خدا پر بھروسہ رہ گیا۔

حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی نور اللہ مرقدہ اس واقعہ پر لکھتے ہیں کہ مجھے حضرت غوث پاکؒ کی خوشی یاد آگئی کہ جس وقت خادم نے ایک قیمتی آئینہ کے ٹوٹ جانے کی ڈرتے ڈرتے اس مصرع سے اطلاع دی کہ ع از قضا آئینہ چینی شکست۔ آپ نے فی البدیہہ فرمایا۔ ع خوب شد اسباب خود بینی شکست۔ ❶

پہلے مصرع کا ترجمہ ہے کہ تقدیر سے چینی کا آئینہ ٹوٹ گیا۔ دوسرے کا ترجمہ ہے۔ بہت اچھا ہوا کہ خود بینی کے اسباب جاتے رہے۔ فقط

(۱)......عن عائشةؓ قالت ما شبع رسول اللہ ﷺ من خبز شعير يومين متتابعين حتى قبض (رواه الترمذی فی شمائل)

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے تمام عمر میں اپنی وفات تک کبھی جو کی روٹی بھی دو دن لگاتار پیٹ بھر کر نوش نہیں فرمائی۔

فائدہ: یہی حضور ﷺ کی زندگی تھی۔ دو چار حدیثوں میں نہیں سینکڑوں احادیث میں حضور اقدس ﷺ کی زندگی کا یہی نقشہ موجود ہے۔ آج مسلمانوں کے فقر و فاقہ کا اس قدر شور ہے کہ حد نہیں۔ مگر کتنے آدمی ایسے ہوں گے جن کو عمر بھر میں دو دن بھی پیٹ بھر کر معمولی روٹی نہ ملی ہو۔ شمائل ہی کی ایک اور حدیث میں حضرت عائشہؓ حضور ﷺ کے سارے گھرانے کا یہی عمل نقل کرتی ہیں کہ حضور ﷺ کے گھر والوں نے حضور ﷺ کی وفات تک کبھی بھی دو دن لگاتار جو کی روٹی سے پیٹ نہیں بھرا۔

❶ امیر الروایات۔

حضرت ابن عباس ﷺ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی کئی راتیں مسلسل ایسی گذر جاتی تھیں کہ حضور ﷺ کو اور حضور ﷺ کے گھر والوں کو شام کو کھانا میسر نہیں ہوتا تھا رات بھر سب کے سب فاقہ سے گذار دیتے تھے اور جو کی روٹی پر حضور ﷺ کا گذارہ تھا۔ حضرت سہل ﷺ سے کسی نے پوچھا کہ حضور ﷺ کا معمول چھنے ہوئے آٹے کی روٹی کھانے کا تھا۔ حضرت سہل ﷺ نے فرمایا کہ حضور ﷺ نے وصال تک چھنے ہوئے آٹے کو دیکھا بھی نہ ہوگا۔ پھر اس نے پوچھا کیا حضور ﷺ کے زمانہ میں آپ حضرات کے یہاں چھلنیاں نہیں تھیں۔ حضرت سہل ﷺ نے فرمایا کہ چھلنیوں کا دستور نہیں تھا۔ انہوں نے (تعجب سے) پوچھا کہ بغیر چھنے جو کے آٹے کیونکر کھاتے تھے؟ حضرت سہل ﷺ نے فرمایا کہ آٹے (کو حرکت دے کر اس) میں پھونک مار دیا کرتے تھے جس سے (موٹے موٹے) تنکے اڑ جاتے تھے باقی کو پکا لیا کرتے تھے۔ ❶

فائدہ: آج گیہوں کی روٹی بغیر چھنے آٹے کی کھانا مشکل سمجھا جاتا ہے۔ یہ حضرات جو کے آٹے کی روٹی بغیر چھنے نوش فرماتے تھے وہ بھی پیٹ بھر کر نہ ملتی تھی۔ حضرت عائشہ ؓ فرماتی ہیں کہ جب میں پیٹ بھر کر کھانا کھاتی ہوں تو میرا رونے کو بے اختیار دل چاہتا ہے۔ پس رونے لگتی ہوں۔ کسی نے عرض کیا یہ کیا بات ہے؟ فرمانے لگیں مجھے حضور ﷺ کا زمانہ یاد آجاتا ہے کہ گوشت سے یا روٹی سے کبھی بھی حضور ﷺ کو وصال تک دن میں دو مرتبہ پیٹ بھر کر تناول فرمانے کی نوبت نہیں آئی۔ ❷ سعید مقبریؒ کہتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہ ﷺ کا ایک جماعت پر گذر ہوا وہ لوگ کھانا کھا رہے تھے اور مرغی بھنی ہوئی ان کے سامنے رکھی تھی۔ انہوں نے حضرت ابو ہریرہ ﷺ کی تواضع کی حضرت ابو ہریرہ ﷺ نے انکار فرما دیا اور یہ فرمایا کہ حضور ﷺ اس حالت میں دنیا سے تشریف لے گئے کہ جو کی روٹی سے پیٹ بھرنے کی بھی نوبت نہیں آئی۔ ❸ میرا کس طرح دل چاہے کہ مرغ کھاؤں۔ حضرت ابو ہریرہ ﷺ کا یہ ارشاد عام حالت کے اعتبار سے ہے ورنہ مرغی کا کھانا حضور ﷺ سے بھی ثابت ہے۔

ایک حدیث میں ہے کہ حضور اقدس ﷺ اکثر بھوکے رہتے تھے بغیر ناداری کے یعنی ایسا بھی ہوتا تھا کہ کھانا موجود ہو پھر بھی حضور ﷺ کم تناول فرماتے تھے اس لئے کہ بھوکے رہنے سے انوار کی کثرت ہوتی ہے۔

ایک حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص دنیا میں کھانے پینے کی مقدار کم رکھتا ہے حق تعالیٰ شانہٗ اس پر فرشتوں کے سامنے تفاخر کے طور پر ارشاد فرماتے ہیں کہ دیکھو میں نے اس کو کھانے پینے کی کمی میں مبتلا کیا اس نے صبر کیا تم گواہ رہو کہ جو لقمہ اس نے کم کیا ہے اس کے بدلے میں جنت کے درجے

---

❶ شمائل ترمذی ❷ شمائل ❸ مشکوۃ۔

اسکے لئے تجویز کرتا ہوں۔❶

یہ بات ہر جگہ ملحوظ رکھنا چاہیے کہ اپنے اختیار سے اتنی کمی ہر گز نہ کرے جو صحت کو مضر ہو کر دوسرے دینی کاموں میں نقصان کا سبب ہو۔ اسی وجہ سے روزہ میں سحری کو سنت قرار دیا گیا کہ روزہ میں ضعف نہ پیدا ہو۔ اسی وجہ سے دوپہر کا سونا سنت قرار دیا گیا کہ رات کے جاگنے میں معین ہو۔

حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ کوئی برتن بھرنے کے اعتبار سے پیٹ سے بُرا نہیں ہے۔ (یعنی جتنا پیٹ کا بھرنا بُرا ہے اتنا کسی برتن کا بھرنا بُرا نہیں ہے) اور چونکہ مجبوری ہے کھانا ہی پڑتا ہے اس لئے ایک تہائی پیٹ کھانے کے لئے ایک تہائی پینے کے لئے اور ایک تہائی سانس کے لئے رکھنا چاہیے۔ ایک مرتبہ حضرت فاطمہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ)! میں نے آج روٹی پکائی تھی میرے دل نے بغیر آپ کے نوش فرمائے کھانا گوارا نہ کیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ تین دن کے اندر یہ پہلی چیز ہے جو تمہارے باپ کے منہ میں جارہی ہے (یعنی تین دن سے کوئی چیز کھانے کی نوبت نہیں آئی) حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ دنیا میں جو لوگ بھوکے رہنے والے ہیں آخرت میں وہی لوگ پیٹ بھرنے والے ہیں اور حق تعالیٰ شانہٗ کو وہ شخص بہت ناپسند ہے۔ جو اتنا کھائے کہ بدہضمی ہو جائے جو شخص کسی ایسی چیز کے کھانے کو ترک کرے جس کو دل چاہتا ہے اس کے لئے جنت میں درجے ہیں۔

حضرت عمرؓ کا ارشاد ہے کہ پیٹ بھر کر کھانے سے احتیاط رکھو یہ زندگی میں بھاری پن کا سبب ہے اور مرنے کے وقت گندگی اور عفونت ہے۔ حضرت شقیق بلخیؒ کا ارشاد ہے کہ عبادت ایک پیشہ ہے۔ جس کی دکان تنہائی ہے اور اس کا آلہ (جس سے پیشہ کیا جائے) بھوکا رہنا ہے۔ حضرت فضیلؒ اپنے دل سے فرمایا کرتے تھے کہ تو بھوکا رہنے سے ڈرتا ہے یہ ڈرنے کی چیز نہیں ہے تیری کیا حقیقت ہے۔ جب حضور اقدس ﷺ اور صحابہ کرامؓ بھوکے رہ چکے ہیں۔ حضرت فضیلؒ یہ بھی کہا کرتے تھے یا اللہ! تو نے مجھے اور میرے اہل و عیال کو بھوکا رکھا اندھیری راتوں میں بغیر روشنی کے رکھا یہ تو تو اپنے نیک بندوں کیساتھ کیا کرتا ہے یا اللہ تو نے مجھے یہ دولت کس عمل پر عطا فرمائی یعنی اس پر تعجب کیا کرتے تھے کہ میں (اپنے خیال کے موافق) نیک تو ہوں نہیں پھر یہ نیک لوگوں کا سا برتاؤ میرے ساتھ کس عمل کے صلہ میں ہے۔ حضرت کہمسؒ فرمایا کرتے تھے یا اللہ تو نے مجھے بھوکا رکھا، ننگا رکھا اندھیری راتوں میں بغیر چراغ کے رکھا (میں تو ان احسانات کے قابل نہ تھا یہ درجے کن چیزوں کی وجہ سے مجھے ملے؟ حضرت فتح موصلیؒ کو جب کوئی سخت بیماری لاحق ہوتی یا بھوک کی شدت ہوتی تو کہتے یا اللہ تو نے مجھے بھوک اور مرض میں مبتلا کیا اور تو یہ ابتلا اپنے نیک بندوں کو دیا کرتا ہے۔ میں کس نیک عمل سے تیرے اس احسان کا شکر ادا کروں؟ مالک بن دینارؒ نے محمد بن

واسعؒ سے کہا بڑا مبارک ہے وہ شخص جس کے لئے معمولی سی پیداوار ایسی ہو جس سے وہ زندہ رہ سکے اور لوگوں سے مانگنے کا محتاج نہ ہو۔ محمد بن واسعؒ نے فرمایا۔ مبارک وہ شخص ہے جو صبح کو بھی بھوکا رہے شام کو بھی بھوکا رہے اور اس پر بھی اپنے رب سے راضی رہے۔ توراۃ میں لکھا ہے کہ جب تو پیٹ بھر کر کھانا کھایا کرے تو بھوکے آدمیوں کا بھی دل میں خیال لے آیا کر۔ ابو سلیمانؒ کہتے ہیں کہ میں رات کے کھانے میں سے ایک لقمہ کم کھاؤں یہ مجھے ساری رات کے جاگنے سے زیادہ پسند ہے ان کا یہ بھی ارشاد ہے کہ بھوک اللہ کا ایسا خزانہ ہے جو اپنے دوستوں ہی کو دیتا ہے۔ حضرت سہل بن عبداللہ تستریؒ مسلسل بیس بیس دن سے زیادہ بھوکے گذار دیتے تھے اور ان کی سال بھر کی غذا کی میزان ایک درہم یعنی ساڑھے تین آنے ❶ ہوتی تھی۔ یہ بھوکے رہنے کی ترغیب دیا کرتے یہاں تک کہا کرتے تھے کہ ضرورت سے زائد کھانا چھوڑنے کے برابر کوئی بھی نیک عمل نہیں اس لئے کہ حضور اقدس ﷺ کا یہی اتباع ہے۔ ان کا یہ بھی ارشاد ہے کہ حکمت اور علم بھوکے رہنے میں ہے اور جہل اور گناہ پیٹ بھر کر کھانے میں مرکوز ہے۔ ان کا یہ بھی ارشاد ہے کہ آدمی ابدال میں سے نہیں ہو سکتا جب تک بھوکا رہنے اور چپ رہنے اور راتوں کو جاگنے کا عادی نہ ہو اور تنہائی کو پسند نہ کرتا ہو۔ ان کا یہ بھی ارشاد ہے کہ جو شخص بھوکا رہتا ہے اس کو وسوسے کم آیا کرتے ہیں۔ عبدالواحد بن زیدؒ قسم کھا کر فرمایا کرتے تھے کہ حق تعالیٰ شانہٗ کسی شخص کی صفائی بغیر بھوکا رہنے کے نہیں کرتے اور اسی کی وجہ سے بزرگ پانی پر چلا کرتے ہیں۔ اسی کی وجہ سے ان کو طی الارض حاصل ہوتا ہے۔ ❷ طی الارض بزرگوں کی ایک خاص رفتار کا نام ہے جس کی وجہ سے چند قدم میں ہزاروں میل طے کر لیتے ہیں۔ امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ بھوکے رہنے میں دس فائدے حاصل ہوتے ہیں۔

(۱) دل کی صفائی اس سے حاصل ہوتی ہے۔ طبیعت تیز ہوتی ہے بصیرت بڑھ جاتی ہے اسلئے کہ پیٹ بھر کر کھانے سے طبیعت میں بلاوت آتی ہے اور دل کا نور جاتا رہتا ہے۔ معدے کے بخارات دماغ کو گھیر لیتے ہیں جس کا اثر دل پر بھی پڑتا ہے کہ وہ فکر میں دوڑنے سے عاجز ہو جاتا ہے بلکہ کم عمر بچہ اگر زیادہ کھانے لگے تو اس کا حافظہ بھی خراب ہو جاتا ہے۔ ذہن بھی کند ہو جاتا ہے۔ ابو سلیمان دارانیؒ فرماتے ہیں کہ بھوکا رہنے کی عادت پیدا کرو یہ نفس کو مطیع کرتا ہے دل کو نرم کرتا ہے اور آسمانی علوم اس سے حاصل ہوتے ہیں۔ حضرت شبلیؒ فرماتے ہیں کہ میں اللہ تعالیٰ کے لئے جس دن بھوکا رہا میں نے اپنے اندر عبرت اور حکمت کا ایک دروازہ کھلا ہوا پایا۔ اسی وجہ سے حضرت لقمانؒ کی اپنے بیٹے کو نصیحت ہے کہ بیٹا جب معدہ بھر جاتا ہے تو فکر سو جاتا ہے اور حکمت گونگی ہو جاتی ہے

---

❶ بائیس نئے پیسے ❷ احیاء۔

اور اعضاء عبادت سے سست پڑ جاتے ہیں۔ ابو یزید بسطامیؒ فرماتے ہیں کہ بھوک ایک ابر ہے جب آدمی بھوکا ہوتا ہے تو وہ ابر دل پر حکمت کی بارش کرتا ہے۔

(۲) دوسرا فائدہ دل کا نرم ہونا ہے جس سے ذکر وغیرہ کا اثر دل پر ہوتا ہے۔ بسا اوقات آدمی بڑی توجہ سے ذکر کرتا ہے لیکن دل اس سے لذت حاصل نہیں کرتا اور نہ اس سے متأثر ہوتا ہے اور جس وقت دل نرم ہوتا ہے تو ذکر میں بھی لذت آتی ہے۔ دعا اور مناجات میں بھی مزہ آتا ہے۔ ابو سلیمان دارانیؒ کہتے ہیں کہ مجھے سب سے زیادہ عبادت میں مزہ جب آتا ہے جب میرا پیٹ بھوک کی وجہ سے کمر کو لگ جائے۔ حضرت جنیدؒ بغدادی فرماتے ہیں کہ آدمی حق تعالیٰ شانہٗ کے اور اپنے سینے کے درمیان ایک جھولی کھانے کی کر لیتا ہے۔ پھر یہ بھی چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ سے مناجات کی حلاوت بھی نصیب ہو (پیٹ بھرنے کو فقیر کی جھولی بھرنے سے تشبیہ دی ہے)

(۳) تیسرا فائدہ یہ ہے کہ آدمی میں عاجزی مسکنت پیدا ہوتی ہے اور اکڑ مکڑ جاتی رہتی ہے جو سرکشی اور اللہ تعالیٰ شانہ سے غفلت کا سرچشمہ ہے نفس کسی چیز سے بھی اتنا زیر نہیں ہوتا جتنا بھوکا رہنے سے ہوتا ہے۔ اور آدمی جب تک اپنے نفس کی ذلت اور عاجزی نہیں دیکھتا اس وقت تک اپنے مولا کی عزت اور اس کا غلبہ نہیں دیکھ سکتا۔ آدمی کو چاہیے کہ کثرت سے بھوکا رہے تا کہ ذوق سے اپنے مولیٰ کی طرف متوجہ رہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب حق تعالیٰ شانہ نے حضورؐ پر یہ پیش فرمایا کہ مکہ مکرمہ کی ساری زمین سونے کی کر دی جائے تو حضور ﷺ نے عرض کیا یا اللہ یہ نہیں بلکہ میں تو یہ چاہتا ہوں کہ ایک دن بھوکا رہوں اور ایک دن کھاؤں تا کہ جس دن بھوکا رہوں تو صبر کروں اور تیری طرف عاجزی کروں (تجھ سے مانگوں) اور جس دن کھاؤں اس دن تیرا شکر ادا کروں۔

(۴) چوتھا فائدہ یہ ہے کہ اہل مصیبت اور فاقہ زدوں سے غفلت پیدا نہیں ہوتی۔ پیٹ بھرے آدمی کو بالکل اندازہ نہیں ہوتا کہ بھوکوں اور محتاجوں پر کیا گذر رہی ہے۔

حضرت یوسف علی نبینا وعلیہ السلام سے کسی نے عرض کیا کہ زمین کے خزانے تو آپ کے قبضہ میں ہیں پھر بھی آپ بھوکے رہتے ہیں۔ فرمایا کہ مجھے یہ ڈر ہے کہ خود پیٹ بھر لینے سے کہیں بھوکوں کو نہ بھول جاؤں۔ اور بھوکے پیاسے رہنے سے قیامت کے دن کی بھوک اور پیاس کی یاد بھی تازہ ہوتی ہے اللہ تعالیٰ شانہ کے عذاب کا خوف بھی پیدا ہوتا ہے یہ بھی یاد آجاتا ہے کہ بھوک اور پیاس کی شدت میں جہنم میں کھانا کیا ملے گا وہ جو حلق میں اٹک جائے اور پینے کو کیا ملے گا جہنمیوں کے زخموں کا لہو اور پیپ۔

(۵) پانچواں فائدہ جو اصل اور اہم ہے گناہوں سے بچنا ہے کہ پیٹ بھرنا ہی ساری شہوتوں کی

جڑ ہے اور بھوکا رہنا ہر قسم کی شہوت کو توڑتا ہے اور آدمی کیلئے بڑی سعادت یہ ہے کہ وہ اپنے نفس پر قابو رکھے۔ اور بڑی بدبختی یہ ہے کہ اس کا نفس اس پر قابو پا جائے اور جیسا کہ سرکش گھوڑے کو بھوکا رکھ کر قابو میں رکھا جا سکتا ہے اور جب وہ خوب کھاتا پیتا رہتا ہے تو سرکش ہو جاتا اسی طرح نفس کا بھی حال ہے۔ ایک بزرگ سے کسی نے پوچھا کہ آپ بڑھاپے میں بھی اپنے بدن کی خبر گیری نہیں کرتے (کچھ طاقت اور قوت کی چیزیں کھانے کی ضرورت ہے) وہ فرمانے لگے کہ یہ نفس نشاط کی طرف بڑی تیزی سے چلنے والا ہے مجھے یہ ڈر ہے کہ کہیں مجھے کسی گناہ کی مصیبت میں نہ پھانس دے اس لئے میں اس کو مشقت میں ڈالے رکھوں یہ مجھے زیادہ محبوب ہے اس سے کہ وہ مجھے کسی گناہ کی ہلاکت میں ڈال دے۔

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ سب سے پہلی بدعت جو حضور اقدس ﷺ کے بعد پیدا ہوئی وہ پیٹ بھر کر کھانے کی ہے۔ جب آدمیوں کے پیٹ بھر جاتے ہیں تو ان کے نفوس دنیا کی طرف جھکنے لگتے ہیں اور یہ فائدہ جو ذکر کیا جا رہا ہے ایک ہی فائدہ نہیں بلکہ فوائد کا خزانہ ہے اور اس میں کم سے کم جو فائدہ ہے وہ شرمگاہ کی شہوت اور فضول بات کی خواہش کا چھوڑنا ہے اسلئے کہ بھوکے آدمی کا دل فضول باتیں کرنے کو نہیں چاہا کرتا اور اسی ایک بات کی وجہ سے آدمی غیبت سے، جھوٹ سے، فحش بات کرنے سے چغلی وغیرہ بہت سی چیزوں سے آدمی محفوظ رہتا ہے اور پیٹ بھرنے پر آدمی کا دل تفریحی باتوں کو چاہا کرتا ہے اور عام طور سے ہم لوگوں کی تفریحیں آدمیوں کی آبروؤں سے ہی ہوتی ہیں اور حضور ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ زبان کی کھیتیاں ہی آدمی کو (اکثر) جہنم میں ڈالتی ہیں۔

اور شرمگاہ کی شہولت کی ہلاکت تو کسی سے بھی مخفی نہیں ہے اور آدمی کا جب پیٹ بھرا ہوتا ہے تو پھر شرمگاہ پر قدرت دشوار ہو جاتی ہے۔ اگر اللہ کے خوف سے آدمی اسپر قدرت پا بھی لے تب بھی آنکھ کا گناہ (ناجائزہ طریقہ سے کسی عورت یا مرد کو دیکھنا) تو ہو ہی جاتا ہے۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ آنکھ بھی زنا کرتی ہے جیسا کہ شرمگاہ زنا کرتی ہے اور اگر آدمی آنکھ بند کر کے اس پر بھی قدرت پالے تب بھی جس کو دیکھ چکا ہے اس کا خیال تو دل میں آتا ہی رہے گا۔ اور شہوت کے خیالات حق تعالیٰ شانہٗ سے مناجات کی لذت کو کھو دیتے ہیں اور بسا اوقات یہ فاسد خیالات نماز میں بھی آجاتے ہیں۔ زبان اور شرمگاہ مثال کے طور پر ذکر کر دیئے ورنہ ساتوں اعضاء کے سارے گناہ اسی قوت سے پیدا ہوتے ہیں جو پیٹ بھرنے سے حاصل ہوئی ہے۔

(۶) چھٹا فائدہ یہ ہے کہ کم کھانے سے نیند کم آتی ہے کثرت سے جاگنے کی دولت نصیب ہوتی ہے اس لئے کہ پیٹ بھر کر کھانے سے پیاس خوب لگتی ہے اور پانی پینے سے نیند خوب آتی ہے۔

مشائخ کا مقولہ ہے کہ زیادہ نہ کھاؤ ورنہ زیادہ پانی پیوگے پھر زیادہ سوؤگے جس کی وجہ سے زیادہ خسارے میں رہوگے کہتے ہیں کہ ستر حکیموں کا اس پر اتفاق ہے کہ زیادہ پانی پینے سے زیادہ نیند آتی ہے اور زیادہ سونے میں عمر کا بہت بڑا حصہ ضائع ہو جاتا ہے اور تہجد کا فوت ہو جانا علیحدہ رہا۔ نیز زیادہ سونے سے طبیعت کی بلاوت اور دل کی قساوت بھی پیدا ہوتی ہے اور بیوی پاس نہ ہوتو احتلام کا سبب بھی ہوتا ہے پھر غسل کے اسباب مہیا نہ ہونے میں اکثر تہجد بھی فوت ہو جاتا ہے۔

(۷) ساتواں فائدہ عبادت پر سہولت سے قادر ہونا ہے کہ پیٹ بھر کر کھانے سے اکثر کاہلی پیدا ہوتی ہے جو عبادت کو مانع ہوتی ہے اور خود کھانے ہی میں بہت سا وقت ضائع ہو جاتا ہے اور اگر اس کو تیار بھی کرنا پڑے تو اور بھی زیادہ اضاعت وقت ہے۔ پھر کھانے کے بعد ہاتھ دھونا، خلال کرنا، پھر بار بار اٹھ کر پانی پینا۔ ان سب اوقات کا حساب لگایا جائے تو کتنا وقت ہوا۔ اگر یہ سارا وقت اللہ کی یاد میں اور دوسری عبادتوں میں خرچ ہوتا تو کتنا نفع کماتا۔ حضرت سری سقطیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے علی جرجانیؒ کے ساتھ ستو دیکھا جس کو وہ پھانک رہے تھے۔ میں نے پوچھا کہ ستو کی عادت کیسے پڑگئی؟ فرمانے لگے میں نے جو حساب لگایا تو لقمہ منہ میں رکھنے سے اس کے نگلنے تک ستر مرتبہ سبحان اللہ کہنے کا وقت ملتا ہے اس وجہ سے میں نے چالیس سال سے روٹی نہیں کھائی کہ اس کے چبانے میں بہت دیر لگتی ہے۔ حقیقت یہی ہے کہ آدمی کا ہر سانس بہت بڑا قیمتی جوہر ہے جس کو آخرت کے خزانہ میں محفوظ کرنے کی سخت ضرورت ہے تاکہ وہ کبھی ضائع نہ ہو اور اس کی صورت صرف یہی ہے کہ اُس سانس کو اللہ کے ذکر یا کسی اور عبادت میں صرف کردے اس کے علاوہ کھانا زیادہ کھانے سے وضو کم ٹھہرتا ہے، استنجے کی ضرورت زیادہ ہوتی ہے اور ان امور کی وجہ سے علاوہ اس کے کہ ان میں وقت ضائع ہوتا ہے مسجد میں زیادہ اوقات نہیں گذار سکتا کہ بار بار ان ضروریات کی وجہ سے نکلنا پڑے گا اس کے علاوہ روزہ بھی اس کو بہت سہل ہوتا ہے جو بھوکا رہنے کا عادی ہو جائے۔ غرض روزہ، اعتکاف اور کثرت سے باوضو رہنا اور کھانے پینے کے اوقات کو عبادت میں خرچ کرنا اتنے کثیر فائدے ہیں جن کا شمار نہیں ہے اس کی قدر وہ غافل لوگ کیا جانیں جن کو دین کی قدر ہی نہیں ہے۔ وہ دُنیا کی چند روزہ زندگی پر راضی ہو کر مطمئن ہو گئے پس دُنیا ہی کے حالات کو جانتے ہیں ان کو آخرت کی خبر ہی نہیں کیا چیز ہے؟

(۸) آٹھواں فائدہ کم کھانے میں بدن کی صحت ہے کہ بہت سے امراض زیادہ کھانے ہی سے پیدا ہوتے ہیں کہ اس کی وجہ سے معدہ میں اور رگوں میں اخلاط ردیہ جمع ہو جاتے ہیں جن سے طرح طرح کے امراض پیدا ہوتے ہیں اور امراض قطع نظر اس کے کہ صحت کے منافی ہیں عبادات سے بھی مانع

ہوتے ہیں دل کو تشویش میں ڈالتے ہیں۔ ذکر و فکر سے مانع ہونے کے علاوہ دوا پر ہیز حکیم ڈاکٹر فصد کھولنے والا جونکیں لگانے والا غرض ایک لمبا چوڑا جھگڑا آدمی کیساتھ کھڑا ہو جاتا ہے۔ پھر ان سب چیزوں میں مشقت علیحدہ ہے خرچ علیحدہ ہے اور بھوکے رہنے میں ان سب آفات سے امن ہے۔ کہتے ہیں ہارون رشید نے ایک مرتبہ چار ماہر حکیموں کو جمع کیا ایک ہندی ماہر، دوسرا رومی (انگریزی) تیسرا عراقی، چوتھا سوادی (سواد کا رہنے والا) اور چاروں سے دریافت کیا کوئی ایسی دوا بتاؤ جو کسی چیز کو نقصان نہ کرتی ہو ہندی نے کہا میرے خیال میں ایسی دوا جو کسی چیز کو نقصان نہیں کرتی اہلیج اسود اہلیلہ سیاہ) ہے۔ عراقی نے کہا میرے خیال میں حب الرشاد الابیض (جس کو فارسی میں تخم سپندان اور ہندی میں ہالون کہتے ہیں) رومی نے کہا کے میرے نزدیک گرم پانی ہے یعنی وہ کسی چیز کو مضر نہیں ہے۔ سوادی نے کہا یہ سب غلط ہے ہلیلہ معدہ کو روندتا ہے (پاؤں سے کسی چیز کو مسلنا) اور یہ بیماری ہے (اس کے علاوہ جگر کیلئے بھی مضر ہے۔ زکریا) اور حب الرشاد معدہ میں پھسلن پیدا کرتا ہے اور گرم پانی معدہ کو ڈھیلا کر دیتا ہے۔ ان سب طبیبوں نے کہا پھر تم بتاؤ ایسی کیا دوا ہے جو کسی کو نقصان نہیں کرتی سوادی نے کہا کہ کھانا اس وقت تک نہ کھایا جائے جب تک خوب رغبت پیدا نہ ہو اور ایسی حالت میں ختم کیا جائے کہ زیادہ کی رغبت باقی ہو بقیہ تینوں طبیبوں نے اس کی رائے سے اتفاق کیا۔ ایک فلسفی حکیم کے سامنے حضور ﷺ کا ارشاد نقل کیا گیا کہ تہائی پیٹ کھانے کیلئے تہائی پانی کے لئے اور تہائی سانس لینے کے لئے۔ اس نے سن کر بڑا ہی تعجب کیا اور کہا کہ کھانا کم کھانے میں اس سے بہتر اور مضبوط بات میں نے آج تک نہیں سنی بے شک یہ حکیم کا کلام ہے۔

(۹) نواں فائدہ اخراجات کی کمی ہے جو شخص کم کھانے کا عادی ہوگا اس کا خرچ بھی کم ہوگا اور زیادہ کھانے میں اخراجات بھی بڑھیں گے جن کے حاصل کرنے کیلئے یا تو ناجائز طریقے اختیار کرنے پر مجبور ہوگا یا لوگوں سے مانگنے کی ذلت اختیار کرے گا (حضرت سہل تستریؒ کا حال قریب ہی گذر چکا ہے کہ ان کے کھانے کی میزان سال بھر کی ساڑھے تین آنے ہوئی تھی) ایک حکیم کا قول ہے کہ میں اپنی اکثر ضرورتیں ترک کر دینے سے پوری کرتا ہوں جس سے مجھے بڑی یکسوئی اور راحت رہتی ہے۔ ایک اور حکیم کا قول ہے کہ جب مجھے اپنی کسی ضرورت کے پورا کرنے کیلئے کسی سے قرض کی ضرورت ہوتی ہے تو میں اپنے نفس ہی سے قرض مانگ لیتا ہوں اس کو سمجھا دیتا ہوں کہ اس کو پھر کسی وقت ادا کر دوں گا۔ حضرت ابراہیم ادہمؒ جب کسی چیز کا نرخ معلوم کرتے کہ وہ بہت گراں ہے تو اپنے دوستوں سے فرماتے کہ اس کو چھوڑ کر ارزاں کر دو (جس چیز کا خریدنا آدمی چھوڑ دے اپنی طرف سے تو وہ ٹکہ سیر ہو ہی گئی اپنی بلا سے جتنے میں چاہے بکے) آدمی کی ہلاکت کا بڑا

سبب دنیا کی حرص ہے اور یہ حرص پیٹ اور شرمگاہ کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے اور شرمگاہ کی قوت بھی پیٹ کی قوت سے ہوتی ہے اور کھانا کم کھانا ان سب آفتوں سے امن ہے۔ حق تعالیٰ شانہ جس کو بھی نصیب فرمادے۔

(۱۰) دسواں فائدہ ایثار ہمدردی اور صدقات کی کثرت کا سبب ہے۔ کم کھانے کی وجہ سے جتنا کھانا بچے گا وہ یتامی، مساکین، غربا، پر صدقہ ہو کر قیامت میں اس کے لیے سایہ بنے گا کہ حضور ﷺ کا پاک ارشاد پہلے گذر چکا ہے کہ آدمی قیامت کے دن اپنے صدقہ کے سایہ کے نیچے ہوگا اور جتنا زیادہ کھائے گا وہ پاخانہ بن کر کوڑی پر جمع ہوتا رہیگا اور اللہ تعالیٰ شانہ کے خزانہ میں جو جمع ہو گیا وہ ہمیشہ کام آتا رہیگا اور جو پاخانہ ہو گیا وہ ضائع ہو گیا۔ اسی لئے حضور ﷺ کا ارشاد ہے جو پہلے بھی گذر چکا کہ آدمی کہتا ہے میرا مال میرا مال اس کیلئے اس کے مال میں سے بجز تین چیز کے کچھ نہیں ہے۔ ایک وہ جو صدقہ کر دیا اور ہمیشہ کیلئے اس کو محفوظ کر لیا۔ دوسرا وہ جو کھالیا اور کھا کر ختم کر دیا۔ تیسرا وہ جو پہن کر پرانا کر دیا۔ اس کے علاوہ جو ہے وہ دوسروں کا مال ہے وارثوں کا حصہ ہے اس کا اس میں کچھ بھی نہیں ہے۔

اس کے علاوہ صدقات کے فضائل کثرت سے گذر ہی چکے ہیں۔ یہ دس فوائد کم کھانے کے نہایت اختصار سے ذکر کئے گئے ہیں ان میں سے ہر ایک فائدہ اپنے اندر بے شمار فائدے رکھتا ہے۔

یہ بات قابل لحاظ ہے جو پہلے بھی متعدد بار لکھی جا چکی ہے کہ ان فضائل کے حق ہونے میں تردد نہیں یقیناً یہ وہ کمالات ہیں کہ جس خوش نصیب کو حق تعالیٰ شانہٗ اپنے لطف سے عطا فرمادے اس کیلئے دین اور دنیا دونوں کی راحت ہے اور آخرت کیلئے بے شمار درجات اور ترقیات کا زینہ یہی چیزیں ہیں لیکن اپنے تحمل کی رعایت ضروری ہے ایسا نہ ہو کہ کوا چلا تھا ہنس کی چال وہ اپنی بھی بھول گیا زیادہ کے شوق میں آدمی تھوڑے سے بھی جاتا رہے اس لئے ان سب چیزوں کی طرف دل کو رغبت دیتے رہنے کے ساتھ ان چیزوں کے اور اس طرز زندگی کے اپنے اندر پیدا کرنے کی کوشش کے ساتھ اور ان امور کو نہایت وقعت سے دیکھنے کے ساتھ عمل اتنا ہی کرنا چاہیے جتنا اپنے اندر تحمل ہو۔ بیمار آدمی طاقت سے زیادہ بوجھ اٹھائے گا تو جلدی مرے گا۔ ہم لوگ نفس کی بیماریوں کے بیمار ہیں اعضاء اور قویٰ کے ضعف کے مارے ہوئے ہیں اسلئے صحت کی تمنا اور کوشش سعی اور رغبت کے ساتھ ایسی کوئی چیز عملی طور سے اختیار نہ کرنا چاہیے جو اس حالت سے بھی گرادے جس پر اب موجود ہیں۔

امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ کم کھانے کی عادت آہستہ آہستہ پیدا کرنا چاہیے جو شخص زیادہ کھانے کا عادی ہو وہ دفعتاً کم کرے گا تو اس کا تحمل بھی نہ ہوگا ضعف بھی ہو جائے گا۔ مشقت بھی بڑھ جائے گی اس لئے بہت آہستگی اور سہولت کے ساتھ اس کو اختیار کرنا چاہیے مثلاً اگر کوئی شخص دو نان کھاتا ہو تو

اس کو ایک نان کا اٹھائیسواں حصہ روزانہ کم کرنا چاہیے اس سے ایک مہینہ کے اندر آدھی خوراک رہ جائے گی (اور اگر اس کا بھی تحمل دشوار ہو تو چالیسواں حصہ کم کرنا چاہیے)

حضرت سہل تستریؒ سے کسی نے پوچھا کہ آپ کے مجاہدوں کی ابتداء کس طرح ہوئی۔ انہوں نے فرمایا کہ میرا سالانہ خرچ ابتداء میں تین درہم تھا (یعنی ساڑھے دس آنے) ابتدا میں اس کی صورت یہ تھی کہ میں ایک درہم کا تو دبس (انگور یا کھجور کا شیرہ یا رس) لے لیتا تھا اور ایک درہم کا چاول کا آٹا اور ایک درہم کا گھی اور ان تینوں کو ملا کر تین سو ساٹھ لڈو بنا لیتا تھا ایک روزانہ روزہ افطار کرنے کے وقت کھا لیتا تھا۔ کسی نے پوچھا کہ اب کیا معمول ہے۔ فرمایا اب تو کوئی متعین چیز نہیں جب موقع ہو کچھ کھا لیتا ہوں (یہ قریب ہی گذر چکا کہ یہ حضرت بیس بیس دن بغیر کھائے گذار دیتے تھے) حضرت ابوذر غفاریؓ فرماتے ہیں کہ میرا گذران حضور اقدس ﷺ کے زمانہ میں ایک صاع جو (تقریباً ساڑھے تین سیر) فی ہفتہ تھا خدا کی قسم میں اس سے زیادہ مرنے تک کبھی بھی نہ بڑھاؤں گا اس لئے کہ میں نے حضور اقدس ﷺ سے سنا تھا کہ تم میں سے مجھے زیادہ محبوب اور قیامت میں مجھ سے زیادہ قریب وہ شخص ہوگا جو مرنے تک اسی حال پر رہے جس پر اب ہے۔ اسی وجہ سے یہ بعض حضرات صحابۂ کرامؓ پر اعتراض کیا کرتے تھے کہ تم نے وہ طرز چھوڑ دیا جو حضور ﷺ کے زمانہ میں تھا تم نے جو کا آٹا چھاننا شروع کر دیا حالانکہ اس زمانہ میں نہیں چھانا جاتا تھا تم نے پتلی روٹیاں کھانی شروع کر دیں کئی کئی سالن دستر خوان پر آنے لگے تم حضور ﷺ کے زمانہ میں ایسے نہیں تھے۔ حضرت حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ مسلمان کی مثال بکری کے بچہ کی سی ہے جسے ایک مٹھی پرانی کھجور ایک مٹھی ستو ایک گھونٹ پانی کافی ہے اور منافق کی مثال درندہ کی سی ہے۔ ہپ ہپ غٹ غٹ جو ہو سب کھا پی لے نہ اپنے پڑوسی کا خیال کرے نہ دوسرے کو اپنے اوپر ترجیح دے۔ ضرورت سے زائد چیزیں (جمع کر کے) آگے بھیج دو (تمہارے کام آئیں گی) حضرت ابوبکر صدیقؓ چھ یوم کا مسلسل فاقہ کر لیتے تھے اور حضرت عبداللہ بن زبیرؓ سات دن کا فاقہ کر لیتے تھے کہتے ہیں ایک بزرگ کی ایک راہب سے ملاقات ہوئی اس سے باتیں کرتے رہے اسی میں اس کو اسلام کی دعوت بھی دیدی اس نے گفتگو کے دوران میں کہا کہ حضرت مسیح (علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام) چالیس دن کا فاقہ کر لیا کرتے تھے۔ یہ بات معجزہ ہی کے طور پر ہو سکتی ہے نبی کے علاوہ کسی سے نہیں ہو سکتی۔ ان بزرگ نے فرمایا کہ اگر میں پچاس دن کا فاقہ کر دوں تب بھی تم مسلمان ہو جاؤ گے۔ اس راہب نے کہا ضرور یہ وہیں اس کے پاس ہی ٹھہر گئے اسی کے پاس رہتے۔ جب پچاس دن پورے ہو گئے تو کہنے لگے کہ یہ تو وعدے کے تھے دس دن اور زائد لو۔ یہ کہہ کر دس دن کا فاقہ اور بھی کر دیا

پورے ساٹھ دن بعد کھایا۔ وہ راہب بڑی ہی حیرت میں رہ گیا اور مسلمان ہو گیا۔

ایک حدیث میں آیا ہے کہ حضور ﷺ جب صبح کو کھانا تناول فرما لیتے تھے تو شام کو تناول نہ فرماتے تھے اور جب شام کو تناول فرما لیتے تھے تو

صبح کو تناول نہ فرماتے تھے۔ (یعنی کبھی ایسا بھی معمول تھا) اور بھی پہلے بزرگوں سے ایک وقت کھانے کا معمول نقل کیا گیا ہے۔ امام رازیؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص ایک وقت کھانے کا عادی ہو اس کیلئے بہتر یہ ہے کہ سحری کے وقت کھائے تاکہ دن میں روزہ کی فضیلت حاصل ہو اور رات کو نوافل اور ذکر وغیرہ معدے کے خالی ہونے کی حالت میں ہوں۔ حضرت مالکؒ بن دینار کا چالیس سال تک دودھ کو دل چاہتا رہا مگر استعمال نہیں کیا۔ ایک مرتبہ کہیں سے ان کی خدمت میں تروتازہ کھجوریں آئیں اپنے دوستوں سے فرمایا کہ ان کو کھالو میں نے تو ان کو چالیس سال سے نہیں چکھا۔ ❶

امام غزالیؒ نے بہت کثرت سے اس قسم کے واقعات ان حضرات کے ذکر فرمائے ہیں۔ انہیں مجاہدوں کی برکات سے ان حضرات سے کرامتوں کا ظہور ہوتا تھا۔ اب ان حضرات کی سی کرامتوں کا تو ہر شخص خواہش مند ہے مگر اس کے لئے ان جیسے مجاہدے بھی تو کیے جائیں۔ ہم لوگوں کو غذائیں تو عمدہ سے عمدہ بہتر سے بہتر چاہئیں پھر مجاہدے کیسے ہوں اک بزرگ نے اپنے کسی ملنے والے کی دعوت کی اور ان کیلئے دستر خوان پر روٹیاں رکھیں۔ وہ ان میں سے الٹ پلٹ کر اچھی روٹی تلاش کرنے لگے۔ میزبان بزرگ نے فرمایا یہ کیا کر رہے ہو جس روٹی کو تم بری سمجھ کر چھوڑ رہے ہو اس میں اتنے اتنے تو فوائد ہیں اور اتنی اتنی مشقت اٹھانے والوں کی اس میں محنت ہوئی ہے کہ بہت سے کام کرنے والوں کے عمل کے بعد ابر میں پانی آیا پھر وہ برسا پھر ہواؤں کی، زمین کی، چوپاؤں کی، آدمیوں کی محنت اس میں لگی جب تو یہ روٹی تمہارے سامنے آئی اس کے بعد تم اس میں اچھی بری چھانٹنے لگے؟ کہتے ہیں کہ ایک روٹی پک کر تمہارے سامنے اس وقت تک نہیں آتی جب تک اس میں تین سو ساٹھ کام کرنے والوں کا عمل نہیں ہوتا سب سے اول حضرت میکائیل علیہ السلام ہیں جو اللہ تعالیٰ کی رحمت کے خزانہ سے ناپ کر چیز نکالتے ہیں پھر وہ فرشتے جو ابر پر مامور ہیں اور بادلوں کو چلاتے ہیں پھر چاند سورج آسمان پھر وہ فرشتے جو ہواؤں پر مامور ہیں پھر چوپائے سب سے آخر میں روٹی پکانے والے پاک ارشاد میرے رب سبحانہٗ تقدس کا وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا (سورۂ ابراھیم ع ۵) اگر تم اللہ تعالیٰ کی ایک نعمت (اور اس کی تفصیلات) کو شمار کرنے لگو تو کبھی بھی پوری نہیں گن سکتے۔

---

❶ جامع الصغیر۔

اس کے بعد نہایت اہم اور قابل لحاظ چیز یہ بھی ہے کہ کم کھانے کی اگر صورت اختیار کرے تو اس میں ریا اور حب جاہ سے بچنے کا بھی بہت اہتمام رکھا ایسا نہ ہو کہ بھوکا بھی مرے اور نفس بجائے صالح بننے کے اور زیادہ فاسد بن جائے۔ علماء نے لکھا ہے کہ جو شخص کھانے کی خواہش سے بھاگ کر ریا کی خواہش میں پھنس جائے وہ ایسا ہے جیسا کہ بچھو سے بھاگ کر سانپ کے منہ میں چلا جائے۔ (احیاء)

الغرض کم کھانا محمود ہے دین اور دنیا دونوں کے کثیر فائدے اس میں ہیں بشرطیکہ ضعف یا ریاء وغیرہ کسی دوسرے خطرے میں نہ پڑ جائے۔ البتہ یہ ضروری ہے کہ حضور اقدس ﷺ کی زندگی کو حضور ﷺ کی معیشت اور معاشرت، حضور ﷺ کے فقر اور فقہ کو ذہن میں رکھے دل سے اس کو پسند کرتا رہے کہ اصل چیز وہی ہے حضور ﷺ نے جو طرز اختیار فرمایا تھا وہ ناداری اور مجبوری سے نہیں تھا اس وجہ سے نہیں تھا کہ میسر نہیں آسکتا تھا بلکہ خوشی اور رغبت سے اسی طرز کو پسند فرمایا تھا۔

ایک مرتبہ حضرت عائشہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! (ﷺ) آپ حق تعالیٰ شانہٗ سے روزی کی وسعت مانگ لیتے۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ میں یہ کہہ کر اور حضور ﷺ کی بھوک کی شدت کو دیکھ کر رو پڑی۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ عائشہؓ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے اگر میں اپنے رب سے یہ مانگوں کہ سونے کے پہاڑ میرے ساتھ ساتھ چلا کریں تو حق تعالیٰ شانہٗ ان کو بھی میرے ساتھ چلا دیں لیکن میں نے دنیا میں بھوکا رہنے کو پیٹ بھرنے پر ترجیح دے رکھی ہے میں نے دنیا کے فقر کو اس کی ثروت پر ترجیح دی ہے میں نے دنیا کے غم کو اس کی خوشی پر ترجیح دی ہے۔ عائشہؓ! دنیا محمد (ﷺ) اور اس کی آل کے لئے مناسب نہیں ہے۔ حق تعالیٰ شانہٗ نے اولوالعزم (یعنی ہمت والے اور اونچے درجہ کے) رسولوں کے لئے اسی کو پسند فرمایا ہے کہ دنیا کی تکلیفوں پر صبر کریں دنیا کی راحتوں سے بچے رہیں اور جو چیز ان کے لئے پسند فرمائی تھی اسی کا مجھے حکم ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے۔

فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ (سورۂ محمد ع۴)

آپ بھی اسی طرح صبر کیجئے جس طرح اولوالعزم رسولوں نے صبر کیا۔ میرے لئے اللہ کے حکم کی تعمیل کے سوا چارہ نہیں ہے میں خدا کی قسم جہاں تک میری طاقت ہے ایسا ہی صبر کروں گا جیسا کہ انہوں نے کیا اور طاقت تو اللہ تعالیٰ کے ہی دینے سے آتی ہے۔ حدیث میں آیا ہے کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں فتوحات کی کثرت بہت ہوگئی تو ان کی صاحبزادی ام المومنین حضرت حفصہؓ نے عرض کیا کہ اب تو آپ بھی جب دوسرے ملکوں کے قاصد آئیں تو باریک کپڑا پہن لیا کریں اور کسی کو کھانا پکانے کا حکم فرما دیا کریں تا کہ آپ ان لوگوں کو کھلائیں اور آپ بھی ان کے ساتھ کھالیا

کریں۔ حضرت عمرؓ نے ارشاد فرمایا۔ یہ تو تمہیں بھی معلوم ہے کہ آدمی کے حالات سے اس کے گھر والے ہی اچھی طرح واقف ہوا کرتے ہیں۔ حضرت حفصہؓ نے عرض کیا بیشک حضرت عمرؓ نے فرمایا میں تم کو قسم دے کر پوچھتا ہوں کیا تمہیں معلوم نہیں کہ حضور اقدس ﷺ نبوت کے بعد اتنے سال زندہ رہے اس زمانہ میں حضور ﷺ اور حضور ﷺ کے گھر والے اگر رات کو کھانا نوش فرما لیتے تھے تو دن میں بھوکے رہتے تھے اور دن میں کھا لیتے تھے تو رات کو بھوکے رہتے تھے کیا تمہیں معلوم نہیں کہ نبوت کے بعد اتنے سال تک حضور ﷺ زندہ رہے لیکن حضور ﷺ نے اور ان کے گھر والوں نے خیبر کے فتح ہونے تک کبھی پیٹ بھر کر کھجوریں بھی نہیں کھائیں۔ میں تم سے قسم دے کر پوچھتا ہوں کیا تمہیں معلوم نہیں کہ ایک مرتبہ تم نے اونچے دستر خوان پر (میز کی طرح) کھانا رکھ دیا تھا تو حضور ﷺ کے چہرہ انور پر تغیر آ گیا تھا یہاں تک کہ اس کو ہٹا کر زمین پر کھانا رکھا گیا (جب حضور ﷺ نے نوش فرمایا) میں تم سے قسم دے کر پوچھتا ہوں کیا تمہیں معلوم نہیں کہ حضور ﷺ اپنی عبا کو (چادر کی ایک قسم) دوہرا کر کے اس پر آرام فرمایا کرتے تھے تم نے ایک مرتبہ اس کو چوہرا (چار تہیں) کر کے بچھا دیا تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ تم نے مجھے رات کے اٹھنے سے روکا (کہ چار تہیں ہو جانے سے بستر نرم ہو گیا جس سے نیند اچھی طرح آ گئی) اس کو دوہرا ہی کر دو جیسا کہ روزانہ ہوا کرتا تھا۔ میں تم سے قسم دے کر پوچھتا ہوں کیا تمہیں معلوم نہیں کہ حضور ﷺ اپنا کپڑا دھونے کیلئے بدن مبارک سے اتارتے اور اس کو دھوتے ایسی حالت میں اگر بلالؓ نماز کے لئے بلانے آ جاتے تھے تو حضور ﷺ کے پاس دوسرا کپڑا نہ تھا جس کو پہن کر نماز پڑھا دیں۔ حضور ﷺ اسی کو خشک کر کے پہن کر نماز پڑھایا کرتے تھے۔ میں تم سے قسم دے کر پوچھتا ہوں کے تمہیں معلوم نہیں کہ بنو ظفر کی ایک عورت نے حضور ﷺ کے لئے دو کپڑے تیار کئے ایک لنگی ایک چادر ان میں سے اس نے ایک پہلے بھیج دیا دوسرے کے بھیجنے میں دیر لگی تو حضور ﷺ اسی کو بدن پر اس طرح لپیٹ کر کہ دونوں کونوں میں گردن پر گرہ لگائی تھی (کہ بدن کھل نہ جائے) پہن کر نماز کے لئے تشریف لے گئے حضور ﷺ کے پاس دوسرا کپڑا نہ تھا جس کو پہن کر نماز کیلئے تشریف لے جاتے۔ اسی طرح اور واقعات گنواتے رہے یہاں تک کہ ان واقعات کو یاد دلا کر حضرت حفصہؓ کو بھی رلایا اور خود بھی اتنے روئے کہ چیخیں مارنے لگے۔ ہمیں یہ اندیشہ ہوا کہ اس غم میں کہیں ان کی جان نہ نکل جائے۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ حضرت عمرؓ نے فرمایا میرے دو رفیق تھے (حضور اقدس ﷺ اور حضرت ابو بکرؓ) وہ دونوں ایک ہی راستہ پر چلے اگر میں ان کا راستہ چھوڑ کر دوسرا راستہ اختیار کروں تو میرے ساتھ بھی وہ معاملہ نہیں کیا جائے گا جو ان کے ساتھ کیا گیا میں خدائے پاک کی قسم

انکی (دنیا کی) سخت زندگی پر اپنے آپ کو مجبور کرونگا تاکہ (آخرت کی) ان کی شاداب زندگی کو پاسکوں۔

فتاویٰ عالمگیریہ میں لکھا ہے کہ کھانے کے چند مراتب ہیں پہلا درجہ فرض ہے اور وہ اتنی مقدار ہے جس سے آدمی ہلاکت سے بچے۔ اگر کوئی شخص اتنا کم کھائے یا کھانا پینا چھوڑ دے جس سے ہلاک ہو جائے تو گنہگار ہوگا اور دوسرا درجہ ثواب کا ہے کہ اتنی مقدار کھائے جس سے کھڑے ہو کر نماز پڑھی جاسکے اور روزہ سہولت سے رکھ سکے۔ تیسرا درجہ جائزہ کا ہے اور وہ نمبر ۲ کی مقدار پر پیٹ بھرنے کی مقدار تک اضافہ ہے تاکہ بدن میں قوت پیدا ہو۔ اس درجہ میں نہ تو ثواب ہے نہ گناہ ہے معمولی حساب اس میں ہے بشرطیکہ مال حلال طریقہ سے حاصل ہوا ہو۔ چوتھا درجہ حرام ہے وہ پیٹ بھرنے سے زائد مقدار ہے۔ البتہ اس درجہ میں اگر مقصود روزہ پر قوت ہو کر کل کو روزہ رکھنا ہے یا یہ غرض ہو کہ مہمان بھوکا نہ رہے تو اس مقدار میں بھی مضائقہ نہیں اور کم کھانے کا ایسا مجاہدہ جس سے فرائض میں نقصان آئے جائز نہیں البتہ اس میں اگر نقصان نہ آئے تو کم کھانے کا مجاہدہ کرنے میں مضائقہ نہیں کہ اس میں نفس کی اصلاح بھی ہے اور کھانا بھی رغبت سے کھایا جاتا ہے۔ اسی طرح سے کسی جوان کو کم کھانے کا مجاہدہ تاکہ اس کی شہوت کا زور ٹوٹ جائے جائز ہے۔

اس تقسیم میں نمبر ۲ پر صاحب درمختار وغیرہ نے کلام کیا ہے اور اتنی مقدار کو فرض میں داخل کیا ہے جس سے کھڑے ہو کر نماز پڑھی جاسکے۔ عالمگیری کی اخیر عبارت سے بھی اسکی تائید ہوتی ہے۔

(۱۲)......عن علی ﷺ قال قال رسول اللّٰہ ﷺ من رضیٰ من اللّٰہ بالیسیر من الرزق رضی اللّٰہ منہ بالقلیل من العمل (رواہ البیہقی فی الشعب کذافی المشکوٰۃ)

ترجمہ)......حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص حق تعالیٰ شانہ سے تھوڑی روزی پر راضی رہے۔ حق تعالیٰ شانہ بھی اس کی طرف سے تھوڑے عمل پر راضی ہو جاتے ہیں۔

<u>فائدہ</u>: اس حدیث پاک میں آمدنی کی کمی میں حق تعالیٰ شانہ کے ایک خاص احسان پر تنبیہ کی گئی ہے کہ اس صورت میں آدمی کی طرف سے اگر نیکیوں میں کمی ہوتی ہے تو وہ مالک الملک بھی اس کمی کو بخوشی قبول فرما لیتے ہیں اس کے بالمقابل جب اللہ تعالیٰ شانہ کی طرف سے عطایا میں افراط ہو اور آدمی کسی چیز میں کمی کو بھی گوارا نہ کرے تو اس مالک کی طرف سے بھی یہی مطالبہ ہے کہ پھر اس کے حقوق کی ادائیگی میں تمہاری طرف سے بھی افراط ہونا چاہیے اور ظاہر ہے کہ جس ملازم کو تنخواہ منہ مانگی دی جائے پھر وہ اپنی منصبی خدمت میں کوتاہی کرے تو اس کی نمک حرامی میں کیا تردد ہے لیکن

ہمارا معاملہ اس کے برعکس ہے کہ غرباء کو تو اللہ کی طرف رجوع کرنے کی توفیق بھی ہو جاتی ہے۔ ذکر اور نوافل کیلئے وقت بھی مل جاتا ہے لیکن جہاں چار پیسے ہاتھ میں آئے یا ان کے آنے کے اسباب پیدا ہوئے پھر فرض نمازوں کے واسطے بھی وقت نہیں ملتا۔ اور قلیل روزی پر قناعت جب حاصل ہو سکتی ہے جب آدمی پانچ باتوں کا اہتمام کرے۔

(۱)..... اپنے اخراجات میں کمی کر کے ضرورت کی مقدار سے زیادہ خرچ نہ کرے۔ علماء نے لکھا ہے کہ تنہا آدمی ہو تو اُس کو ایک جوڑا کافی ہے کئی کئی جوڑے بنانے کی ضرورت نہیں ہے۔ ایسے ہی معمولی روٹی سالن پر گذر ہو سکتا ہے۔ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو خرچ میں میانہ روی اختیار کرے وہ فقیر نہیں ہوتا۔

(۲)..... اگر بقدر ضرورت میسر ہو تو آئندہ کی فکر میں نہ پڑے اور حق تعالیٰ شانہٗ کے وعدے پر اعتماد کرے کہ حق تعالیٰ شانہٗ نے روزی کا ذمہ لے رکھا ہے۔ شیطان آدمی کو ہمیشہ آئندہ کی سوچ میں ڈالے رکھا کرتا ہے کہ کچھ ذخیرہ فنڈ کے طور پر جمع رکھنا چاہئے۔ آدمی کے ساتھ حرج بھی لگا ہوا ہے، بیماری بھی لگی ہوئی ہے، وقتی اخراجات بھی پیش آتے رہتے ہیں پھر تجھے دقت اور مشقت ہو گی اور ان خیالات کی وجہ سے اس کو مشقت اور آئندہ کے فکر اور سوچ میں پریشان رکھا کرتا ہے اور ہر آدمی کا مذاق اُڑایا کرتا ہے کہ یہ بیوقوف آئندہ کی تکلیف کے ڈر سے جو موہوم ہے اس وقت کی یقینی مشقت اور تکلیف اُٹھا رہا ہے۔ حضور اقدس ﷺ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ارشاد فرمایا کہ اپنے اوپر زیادہ غم سوار نہ کرو جو مقدر ہے وہ ہو کر رہے گا اور جتنی روزی تمہاری ہے وہ آ کر رہے گی۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ اپنے مومن بندے کو روزی اُس جگہ سے عطا فرماتا ہے جہاں سے اس کا گمان بھی نہ ہو اور قرآن پاک میں یہ مضمون وارد ہے۔

(۳)..... اس امر کو غور کیا کرے کہ تھوڑے پر قناعت میں لوگوں سے استغناء کی کتنی بڑی عزت حاصل ہے اور حرص وطمع میں لوگوں کے سامنے کتنے ذلیل ہونا پڑتا ہے اس کو بہت اہتمام سے غور کیا کرے اور اس کو ایک تکلیف ضرور برداشت کرنی ہے یا لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلانے کی ذلت کی یا اپنے نفس کو لذیذ چیزوں سے روکنے کی اور یہ دوسری تکلیف جو ہے اس پر اللہ تعالیٰ کے یہاں ثواب کا وعدہ بھی ہے اور پہلی میں آخرت کا وبال ہے اس کے علاوہ لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلانے میں آدمی ان کو حق بات کہنے سے رُک جاتا ہے۔ اکثر دین کے بارے میں مداہنت کرنی پڑتی ہے۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ آدمی کی عزت اُس کا لوگوں سے استغناء ہے۔ اسی وجہ سے مشہور مقولہ ہے کہ جس سے تو استغناء کرے تو اس کا ہمسر ہے (یعنی اس سے دینے پر مجبور نہیں ہے) اور جس کی

طرف احتیاج پیش کرے اس کا قیدی ہے اور جس پر احسان کرے اُس کا حاکم ہے۔

(۴)...... دُنیادار مال داروں کے انجام کو سوچا کرے۔ یہود نصاریٰ اور بے دین ثروت والوں کا انجام سوچے اور انبیاء اور اولیاء کا انجام سوچے ان کے حالات کو غور سے پڑھے اور تحقیق کرے پھر اپنے نفس سے پوچھے کہ اللہ تعالیٰ کے مقرب لوگوں کی جماعت میں شریک ہونا پسند کرتا ہے یا احمقوں اور بے دین لوگوں کی مشابہت پسند کرتا ہے۔

(۵)...... مال کے زیادہ ہونے میں جو خطرات پہلے بیان ہو چکے ہیں ان کو غور کیا کرے کہ کتنے مصائب اس کے ساتھ ہیں جب آدمی ان پانچوں چیزوں کو غور کرتا رہے گا تو تھوڑے پر قناعت آسان ہو جائے گی۔ (احیاء) حضرت عبداللہ بن عمروؓ حضور ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ وہ شخص فلاح کو پہنچ گیا جو مسلمان ہو اور تھوڑی روزی دیا گیا ہو اور حق تعالیٰ شانہٗ نے اس کو اسی پر قناعت عطا فرما رکھی ہو۔ حضرت فضالہ بن عبیدؓ حضور ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ مبارک ہے وہ شخص جس کو اسلام لانے کی توفیق ہو گئی ہو اور اس کی آمدنی بقدرِ ضرورت ہو اور اس پر وہ قانع ہو۔ (ترغیب)

حضرت ابوالدرداءؓ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ جب بھی سورج نکلتا ہے اُس کے دونوں جانب دو فرشتے روزانہ یہ اعلان کرتے ہیں۔ اے لوگو! اپنے رب کی طرف متوجہ ہو جاؤ جو مال تھوڑا ہو اور وہ کفایت کر جائے وہ بہتر ہے۔ اُس کثیر مال سے جو اللہ تعالیٰ شانہٗ کے علاوہ دوسری طرف مشغول کرے۔

(۱۳)...... عن معاذ بن جبل ؓ انّ رسول اللہ ﷺ لمّا بعث بہٖ الی الیمن قال ایاك و التنعم فان عباداللہ لیسوا بالمتنعمین (رواہ احمد کذافی المشکوٰۃ)

ترجمہ)...... حضرت معاذ بن جبلؓ فرماتے ہیں کہ جب حضور اقدس ﷺ نے ان کو یمن کا حاکم بنا کر) بھیجا تو یہ ارشاد فرمایا کہ اپنے آپ کو ناز و نعمت میں پرورش کرنے سے بچاتے رہنا اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کے نیک بندے ناز و نعمت میں لگنے والے نہیں ہوتے۔

فائدہ: حاکم اور گورنر ہو جانے کے بعد راحت و آرام کے اسباب کثرت سے مہیا ہو ہی جاتے ہیں ہر قسم کی نعمتیں بھی آسانی سے میسر ہو جاتی ہیں۔ اس لئے حضور اقدس ﷺ نے جب کہ یہ حاکم بنا کر بھیجے جا رہے تھے۔ اس چیز سے بچنے کی خصوصی تنبیہ فرمائی۔ حضور ﷺ کے وصایا میں اسی طرح حضرات خلفائے راشدین کی وصایا اور احکام میں اس چیز پر خاص طور سے تنبیہیں بڑی کثرت سے کی گئی ہیں۔

حضرت فضالہ بن عبیدؓ امیر معاویہؓ کی طرف سے مصر کے قاضی تھے۔ ان کی خدمت میں

ایک صحابی ﷺ کسی حدیث کی تحقیق کیلئے تشریف لے گئے انہوں نے جا کر دیکھا کہ قاضی صاحب کے بال بھی پریشان سے ہیں اور پاؤں بھی ننگے ہیں۔ انہوں نے دریافت کیا کہ تم اس زمین کے حاکم ہو میں تمہارے بالوں کو بکھرا ہوا دیکھ رہا ہوں۔ حضرت فضالہ ﷺ نے فرمایا حضور ﷺ نے ہمیں زیب و زینت کی کثرت سے منع فرمایا تھا۔ پھر انہوں نے پوچھا کہ میں تمہیں ننگے پاؤں دیکھ رہا ہوں۔ حضرت فضالہ ﷺ نے فرمایا کہ ہمیں حضور ﷺ کا یہ بھی ارشاد تھا کہ کبھی ننگے پاؤں بھی چلا کریں۔ عبداللہ بن مغفل ﷺ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے بالوں میں روزانہ کنگھا کرنے سے منع فرمایا ہے۔ (ابوداؤد)

(۱۴) ...... عن جبیر بن نفیر ﷺ مرسلا قال قال رسول اللہ ﷺ ما اوحی الی ان اجمع المال واکون من التاجرین ولکن اوحی الی ان سبح بحمد ربّك و کن مِّن السّٰجدین واعبد ربّك حتّٰی یَاْتِیَكَ الیقین٥ (رواہ فی شرح السنۃ وابو نعیم فی الحلیۃ عن ابی مسلم کذافی المشکوٰۃ)

ترجمہ) ...... حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ مجھے حق تعالیٰ شانہٗ نے یہ وحی نہیں بھیجی کہ میں تاجر بنوں اور مال جمع کروں بلکہ یہ وحی بھیجی ہے کہ (اے محمد ﷺ) تم اپنے پروردگار کی تسبیح اور تحمید کرتے رہو، اور نمازیں پڑھنے والوں میں رہو، اور اپنے رب کی عبادت کرتے رہو، یہاں تک کہ (اسی حالت میں) تم کو موت آجائے۔

فائدہ: یہ وحی جس کی طرف اشارہ فرمایا ہے سورۂ حجر کی آخری آیت ہے اور حدیث پاک کا یہ مضمون متعدد صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم سے نقل کیا گیا۔ چنانچہ سیوطیؒ نے درمنثور میں حضرت عبداللہ بن مسعود ﷺ، ابو مسلم خولانی، ابوالدرداء رضی اللہ عنہم اجمعین سے حضور ﷺ کا ارشاد نقل کیا۔

ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد نقل کیا ہے کہ بہترین آدمی دو شخص ہیں اور وہ جو اپنے گھوڑے کی باگ پکڑے ہوئے اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جان دے دینے کو تلاش کرتا پھرتا ہو۔ دوسرا وہ شخص جس کے پاس چند بکریاں ہوں اور کسی جنگل یا پہاڑی میں (یعنی غیر معروف جگہ جہاں یکسوئی ہو) نماز پڑھتا ہو، زکوٰۃ دیتا ہو، اور اپنے مولیٰ کی عبادت میں مشغول رہے، یہاں تک کہ اس کو اسی حالت میں موت آجائے آدمیوں کو اُس سے خیر کے سوا کوئی (شر) نہ پہنچے۔ (درمنثور)

حق تعالیٰ شانہٗ کے اس پاک ارشاد کی تعمیل جس طرح حضور ﷺ نے اپنے وصال تک کر کے دکھا دی وہ حضور ﷺ کی سیرت پر نظر رکھنے والوں سے مخفی نہیں اور پھر جتنے جتنے حق تعالیٰ شانہٗ کی طرف سے انعامات زیادہ ہوتے تھے اتنا ہی حضور ﷺ کی طرف سے عبادت میں انہماک زیادہ ہوتا تھا۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ جب سورۂ فتح نازل ہوئی تو حضور ﷺ نے عبادت میں اور بھی زیادہ

کوشش شروع کردی۔ کسی نے پوچھا یا رسول اللہ (ﷺ) اس آیت شریفہ میں تو آپ کی اگلی پچھلی لغزشیں سب ہی معاف کردی گئیں۔ پھر اتنی مشقت حضور ﷺ برداشت کرتے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا کیا میں شکر گزار بندہ نہ بنوں؟ حضرت ابو ہریرہ ؓ فرماتے ہیں کہ جب سورۂ فتح نازل ہوئی تو حضور ﷺ نے اتنی طویل نماز کردی کہ پاؤں پر ورم آ گیا اور عبادت میں اتنی کثرت کردی کہ سوکھ کر پرانی مشک کی طرح سے ہو گئے اور جب وہ عرض کیا گیا جو اوپر گذرا تو حضور ﷺ نے وہی جواب ارشاد فرمایا کیا میں شکر گزار بندہ نہ بنوں؟ حضرت حسن ؓ کہتے ہیں کہ حضور ﷺ عبادت میں اتنی زیادہ کوشش فرماتے تھے کہ پرانی مشک کی طرح سے بالکل سوکھ گئے تھے۔ اس کے بعد پھر وہی سوال و جواب ذکر فرمایا۔ ابو جحیفہ ؓ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اتنی لمبی نماز پڑھتے تھے کہ پاؤں مبارک پھٹ گئے تھے۔ حضرت انس ؓ کہتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ اتنی دیر تک نماز میں کھڑے رہتے کہ پاؤں پر ورم آ گیا تھا۔

ان کے علاوہ اور بھی بہت سی احادیث میں کثرت سے اس قسم کے مضمون نقل کیے گئے اور ان میں سے اکثر میں لوگوں کی طرف سے یہی درخواست کہ حضور ﷺ کے لئے تو معافی کا قطعی ارشاد قرآن پاک میں آ چکا ہے اور حضور اقدس ﷺ کا یہی جواب کیا میں شکر گذار بندہ نہ بنوں؟ ❶

کیا ہم لوگ بھی کبھی اس چیز کو سوچ لیتے ہیں کہ حق تعالیٰ شانہٗ کا فلاں خصوصی انعام ہوا ہے اس کے شکرانہ میں دو رکعت مختصر ہی پڑھ لیں۔ متعدد احادیث میں آیا ہے کہ حضور ﷺ کے پاس جب کہیں سے فتح کی خبر آتی یا کوئی خوشی کی بات سننے میں آتی حضور ﷺ شکر کے لئے سجدہ میں گر جاتے اور ان سب احوال کے باوجود اللہ تعالیٰ شانہٗ سے خوف کا یہ حال تھا کہ بخاری شریف میں حضور ﷺ کا ارشاد نقل کیا گیا خدا کی قسم، خدا کی قسم مجھے معلوم نہیں حالانکہ میں اللہ کا رسول ہوں کہ قیامت میں میرے ساتھ اور تمہارے ساتھ کیا معاملہ کیا جائے گا۔ ❷ معلوم نہیں کا مطلب یہ ہے کہ تفصیلی احوال کا علم نہیں۔ بااختیار بادشاہ کو حق ہے کہ جو چاہے کرے۔

حضرت اُم درداء ؓ نے اپنے خاوند حضرت ابو درداء ؓ سے عرض کیا کہ آپ اس طرح مال کی تلاش اور جستجو کیوں نہیں کرتے جس طرح فلاں شخص کرتے ہیں (آخر وہ بھی تو مال کماتے ہیں تم کو اس کی فکر ہی نہیں) حضرت ابو الدرداء ؓ نے فرمایا کہ حضور ﷺ سے سنا ہے کہ تمہارے آگے ایک بڑی دشوار گذار گھاٹی (میدان حشر) آنے والی ہے اس میں سے بھاری بوجھ والے (جن کے ذمہ حساب کتاب کا بوجھ ہو سہولت سے) نہیں گذر سکتے اس لئے میرا دل چاہتا ہے کہ میں اس گھاٹی میں ہلکا رہوں۔ ❸ یعنی میرے ذمہ حساب کا زیادہ بوجھ نہ ہو تا کہ میں ہلکا پھلکا اس میں سے گذر جاؤں۔

---

❶ در منثور ❷، ❸ مشکوٰۃ۔

اِن حضرات کو بہت ہی خوف اس کا رہتا تھا کہ قیامت میں کیا گذرے گی؟ اس لئے ہر وقت وہاں کی فکر اور تیاری میں مشغول رہتے تھے اور ہم کو ہر وقت دُنیا کا فکر سوار رہتا ہے اور اُس گھاٹی کا خیال بھی نہیں آتا۔ حسان بن سنان رضی اللہ عنہ ایک جگہ جا رہے تھے راستہ میں ایک مکان نظر پڑ گیا جو پہلے سے وہاں نہ تھا کہنے لگے یہ مکان کب بنا ہے پھر اپنے نفس کو خطاب کر کے کہا تو نے فضول بات کیوں پوچھی، تجھے اس سے کیا غرض تھی کہ یہ کب بنا۔ تجھے ایک سال روزے رکھنے کی سزا دوں گا۔ ایک سال تک روزے رکھے کہ فضول بات کیوں کی؟ مالک بن ضیغمؒ کہتے ہیں کہ حضرت رباح قیسیؒ ہمارے گھر عصر کے بعد آئے اور میرے والد کو پوچھنے لگے کہ کہاں ہیں؟ میں نے کہا سو رہے ہیں کہنے لگے کہ یہ وقت کیا سونے کا ہے۔ یہ کہہ کر واپس چلے گئے۔ میں نے ان کے پیچھے آدمی بھیجا (کہ آپ فرمائیں تو جگا دیں وہ آدمی اُن کے پیچھے گیا تو اتنے میں وہ ایک قبرستان میں داخل ہو چکے تھے اور وہاں اپنے آپ کو ملامت کر رہے تھے اور یہ کہہ رہے تھے ہاں یہ کیا وقت سونے کا ہے تجھے اس سے کیا مطلب تھا آدمی جس وقت چاہے سو دے تجھے کیا خبر تھی کہ یہ سونے کا وقت ہے یا نہیں ہے مجھے بھی اللہ کی قسم کہ تجھے سال بھر تک زمین پر سونے کے لئے نہیں لٹاؤں گا مگر یہ کہ تو بیمار ہو جائے یا تیری عقل جاتی رہے تو مجبوری ہے۔ تیرا ناس ہو تو کب تک لوگوں پر طعن کرتا رہے گا۔ تو اپنی حرکتوں سے باز نہیں آئے گا۔ یہ کہتے جاتے تھے اور روتے جاتے تھے۔ وہ قاصد یہ دیکھ کر واپس آ گیا اور اس کی ہمت نہ پڑی کہ ان سے کوئی بات کرے۔

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک صحابی رضی اللہ عنہ ایک دن اپنے کپڑے اُتار کر سخت گرم ریت میں لوٹ رہے تھے اور یہ کہہ رہے تھے مزہ چکھ لے اور جہنم کی گرمی اس سے بہت زیادہ سخت ہو گی رات کو مُردار بنا (سوتا) رہتا ہے دن کو بیکار پھرتا ہے۔ وہ اسی حال میں تھے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو دیکھ لیا ان کے پاس تشریف لے گئے۔ وہ عرض کرنے لگے حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) میری طبیعت پر ایسا غلبہ اس کا ہوا کیا عرض کروں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہیں اس کی ضرورت نہ تھی تمہارے لئے آسمان کے سب دروازے تو کھول دیئے گئے اور اللہ جل شانہٗ تمہارے ساتھ اپنے فرشتوں سے فخر کر رہے ہیں۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا کہ اپنے لئے ان سے توشہ لو۔ سب نے ان سے دُعا کی درخواست کی۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سب کے لئے دُعا کرو۔

حضرت حذیفہ بن قتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے ایک بزرگ سے پوچھا کہ جب تمہارا نفس کسی چیز کو چاہے تو تم اس کی کیا صورت اختیار کرتے ہو؟ وہ کہنے لگے کہ مجھے اپنے نفس سے جتنا بغض ہے اتنا ساری دُنیا میں کسی سے بھی نہیں بھلا میں اس کی خواہش کو کیسے پورا کر سکتا ہوں جس سے مجھے اس قدر نفرت ہو۔

حضرت مجمع رحؒ نے ایک مرتبہ کوٹھے کی طرف منہ اُٹھایا تو ایک نامحرم عورت پر نگاہ پڑ گئی انہوں نے عہد کرلیا کہ اتنے زندہ رہوں گا کبھی سر اوپر نہیں اُٹھاؤں گا۔

اس کے علاوہ بہت سے واقعات ان حضرات کے امام غزالیؒ نے نقل کئے ہیں جن میں ذرا سی معمولی بات بھی اگر ان سے صادر ہو جاتی تھی تو اپنے نفس کو سخت سزا دیتے تھے۔ اور یہ سب کیوں تھا صرف اس گھاٹی کے ڈر کی وجہ سے جس کا ابوالدرداءؓ نے اپنی بیوی سے ذکر کیا اور ہم سب اُس سے ایسے مطمئن ہیں جیسا کہ وہ گھاٹی ان حضرات صحابۂ کرامؓ ہی کے راستہ میں آئے گی ہم تو ہوائی جہاز میں سوار ہو کر اُس پر سے گذر جائیں گے۔ ہم لوگ کس قدر اپنی جانوں پر ظلم کر رہے ہیں کہ بھول کر بھی اس گھاٹی کا خیال نہیں آتا۔ اس کے بعد امام غزالیؒ تحریر فرماتے ہیں کہ بڑے تعجب کی بات ہے تو اپنے غلام کو (اپنے نوکر کو) اپنی اولاد کو جب ان سے کوئی کوتاہی ہو جاتی ہے سزا دیتا ہے اور یہ کہتا ہے کہ اگر تنبیہ نہ کی گئی تو وہ بے قابو ہو جائیں گے سرکش ہو جائیں گے لیکن اپنے نفس کی کبھی پروا نہیں کرتا کہ یہ سرکش ہوتا جا رہا ہے دوسروں کی سرکشی سے تجھے اتنا نقصان نہیں پہنچتا جتنا تیرے نفس کی سرکشی سے تجھے نقصان پہنچتا ہے اس لئے کہ دوسروں کی سرکشی سے اگر نقصان پہنچتا ہے تو وہ تیری دُنیا کا نقصان ہے اور تیرے نفس کی سرکشی سے تیری آخرت کو نقصان پہنچ رہا ہے جو کبھی فنا ہونے والی نہیں ہے اس کی نعمتیں ختم ہونے والی نہیں ہیں ان کا نقصان کتنا سخت نقصان ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسلاف میں سے اگر کسی سے آخرت کے کاموں میں کچھ کوتاہی ہو جاتی تھی تو وہ اس کی تلافی کا انتہائی فکر کرتا تھا۔

حضرت عمرؓ کی ایک مرتبہ عصر کی نماز جماعت سے فوت ہو گئی تو انہوں نے اس کی تلافی میں ایک باغ جس کی قیمت دو لاکھ درہم تھی صدقہ کر دیا۔ حضرت ابن عمرؓ کی جس دن کسی نماز کی جماعت فوت ہو جاتی تو اُس دن شام کو ساری رات جاگا کرتے تھے۔ ایک دن مغرب کی نماز کو دیر ہو گئی تھی تو دو غلام اس کی تلافی میں آزاد کئے۔ جب کسی شخص کو عبادات میں سستی پیدا ہو تو مناسب یہ ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ کے کسی ایسے بندے کی صحبت میں رہے جو عبادت میں زیادہ انہماک سے مشغول ہو، اور اگر کسی ایسے کی صحبت میسر نہ آئے تو پھر ایسے لوگوں کے احوال کو عبرت اور غور کی نگاہ سے پڑھا کرے (جن میں سے بہت سے واقعات روض الریاحین میں لکھے ہیں جس کا مختصر اردو ترجمہ نزہۃ البساتین بھی ہے۔)

ایک بزرگ کہتے ہیں کہ جب مجھے عبادات میں سستی ہونے لگتی ہے تو میں حضرت محمد بن واسعؒ کے حالات دیکھتا ہوں اور ایک ہفتہ مسلسل اس عمل کو جاری رکھتا ہوں (اسی طرح دوسرے اولیاء اللہ

کی سوانح عمریاں ہیں بشرطیکہ معتبر حضرات کی لکھی ہوئی ہوں) کہ ان لوگوں کے احوال کا دیکھنا اس شوق کے پیدا کرنے کیلئے بہت زیادہ مفید ہے اور یہ چیز بھی سوچنے کی ہے کہ ان کی ساری مشقتیں اور محنتیں آخر ختم ہوگئیں لیکن اب ہمیشہ ہمیشہ کیلئے ان کی نعمتیں ان کی راحتیں باقی رہ گئیں جو کبھی بھی ختم ہونیوالی نہیں ہیں۔ کس قدر حسرت ہے ہم جیسوں پر جو ان احوال کو جانتے اور دیکھتے ہوئے بھی دنیا کمانے میں اور دنیا کی لذتوں میں مشغول رہتے ہیں اور ان ہمیشہ کے مزے اڑانے والوں کے حالات سے بھی نصیحت نہیں پکڑتے۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ارشاد ہے۔ اور بعض لوگوں نے اس کو حضور ﷺ کا ارشاد بتایا ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ ایسے لوگوں پر رحم فرمائے جن کو لوگ بیمار سمجھیں اور وہ واقع میں بیمار نہ ہوں۔ حضرت حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ انکو عبادت کی کثرت نے مشقت میں ڈال رکھا ہے جس سے لوگ ان کو بیمار سمجھتے ہیں۔ ان کا یہ بھی ارشاد ہے کہ میں نے ایسے حضرات کو دیکھا ہے اور ان کی صحبتوں میں رہا ہوں جن کو دنیا کی کسی چیز کے آنے سے خوشی نہ ہوتی تھی، جانے سے رنج نہ ہوتا تھا ان کی نگاہ میں دنیا کے مال ومتاع کی حقیقت اس مٹی سے زیادہ ذلیل تھی جو جوتوں میں لگی رہتی ہے میں نے ایسے لوگوں کو دیکھا ہے کہ عمر بھر میں کبھی نہ ان کا کوئی کپڑا طے ہو کر رکھا گیا، نہ کبھی کسی کھانے کی چیز کی پکانے کی فرمائش کی، نہ کبھی سونے کے لئے انکو بستر ے کی ضرورت ہوئی زمین پر لیٹے سو گئے زمین کے اور ان کے درمیان میں کوئی چیز بھی آڑ نہ ہوتی تھی وہ لوگ اللہ تعالیٰ کی کتاب پر عمل کرنے والے تھے، اس کے نبی ﷺ کی سنت کا اتباع کرنے والے تھے۔ جب رات ہو جاتی تو ساری رات پاؤں پر (نماز میں) کھڑے رہتے یا زمین پر اپنے منہ کو (سجدہ میں) بچھا دیتے اور انکی آنکھوں سے ان کے رخساروں پر آنسوؤں کی لڑی بندھی ہوتی رات بھر اپنے رب سے باتیں کرتے رہتے (صحیح حدیث میں آیا ہے کہ نمازی آدمی اللہ تعالیٰ سے باتیں کرتا ہے) عذاب سے نجات کو اپنے مولیٰ سے مانگتے رہتے جب کوئی نیک کام ان سے ہو جاتا اس پر اللہ تعالیٰ کا بڑا شکر ادا کرتے اس سے خوش ہوتے اور اس کے قبول کی دعا کرتے۔ جب کوئی بری بات ہو جاتی اس سے بہت رنجیدہ ہو جاتے اللہ سے توبہ کرتے معافی کی دعا اور استغفار کرتے۔ اسی حال میں انہوں نے اپنی عمریں گذار دیں۔

حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ جب بیمار ہوئے تو ایک مجمع ان کی عیادت کیلئے گیا ان میں ایک نوجوان نہایت کمزور زرد رنگ دبلا پتلا بھی تھا۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے دریافت فرمایا تمہارا یہ کیا حال ہو رہا ہے۔ وہ کہنے لگے کہ اعذار اور بیماریاں لاحق ہیں۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے فرمایا کہ نہیں صحیح بات بتاؤ۔ وہ کہنے لگے کہ میں نے دنیا کا مزہ چکھا وہ بہت ہی کڑوا نکلا، اس کی رونق

اس کی حلاوت اس کا لطف اس کی راحت میری نگاہ میں بہت ہی ذلیل بن گئی، اس کا سونا اور اس کا پتھر میری نگاہ میں بالکل برابر ہے اور اللہ تعالیٰ شانہ کا عرش گویا ہر وقت میرے سامنے رہتا ہے اور میدان حشر میں ایک جماعت کا جنت کی طرف جانا دوسری جماعت کا جہنم میں پھینکا جانا میری نگاہ کے گویا سامنے رہتا ہے جس کی وجہ سے میں سارے دن اپنے کو (روزہ میں) پیاسا رکھتا ہوں اور ساری رات (اللہ تعالیٰ کی یاد میں) جاگتا رہتا ہوں اور یہ دونوں چیزیں بھی اللہ تعالیٰ کے ثواب اور عذاب کے مقابلہ میں کوئی بھی حقیقت نہیں رکھتیں۔ حضرت داؤد طائیؒ روٹی کے ٹکڑے پانی میں بھگوئے ہوئے پی لیا کرتے تھے روٹی نہ کھاتے تھے کسی نے ان سے اس کی وجہ دریافت کی تو فرمایا کہ اس کے پینے میں اور روٹی چبا کر کھانے میں قرآن پاک کی پچاس آیتوں کا حرج ہوتا ہے۔ ایک دن ان کے گھر میں کوئی شخص آیا وہ کہنے لگا کہ آپ کے حجرے کی کڑی ٹوٹ گئی وہ فرمانے لگے کہ میں نے بیس برس سے اس کی چھت نہیں دیکھی۔

یہ حضرات جیسے فضول بات کرنے سے احتراز کرتے تھے۔ ایسے ہی ادھر ادھر فضول دیکھنے سے بھی بچتے تھے۔

محمد بن عبدالعزیزؒ کہتے ہیں کہ میں احمد بن رزینؒ کے پاس صبح سے عصر تک رہا۔ میں نے ان کو ادھر ادھر دیکھتے ہوئے نہیں دیکھا۔ کسی نے ان سے اس کے متعلق پوچھا تو فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے یہ آنکھیں اس لئے دی ہیں کہ ان سے اس کی عظمت اور بڑائی کی چیزوں کو عبرت کی نگاہ سے دیکھے۔ جب یہ نہ ہو تو وہ دیکھنا خطا ہے۔ حضرت مسروقؒ کی بیوی کہتی ہیں کہ مسروق رضی اللہ عنہ کی پنڈلیوں پر رات بھر نماز میں کھڑے رہنے سے ورم آجاتا تھا۔ جب وہ نماز میں منہمک ہوتے تو میں ان کے پیچھے بیٹھی ہوئی ان کی حالت پر ترس کھا کر روتی رہتی تھی۔

حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر دنیا میں تین لذت کی چیزیں نہ ہوتیں تو میرے لئے اس دنیا میں ایک دن جینا بھی گوارہ نہ تھا۔ ایک سخت گرمی کے دن دوپہر کے وقت (روزہ میں) پیاسے رہنے کی لذت، دوسری آخری شب میں سجدہ کرنے میں جو لطف آتا ہے اس کی لذت، تیسری ایسے بزرگوں کی صحبت جن کی باتوں سے عمدہ میوے ایسے چنے جاتے ہیں جیسے باغ میں سے عمدہ عمدہ پھل چھانٹ کر چنے جاتے ہیں۔ اسود بن یزیدؒ عبادت میں اتنی مشقت اٹھاتے اور گرمیوں کی شدت میں روزے رکھتے کہ ان کا بدن کالا پڑ گیا تھا۔ علقمہ بن قیس رضی اللہ عنہ نے ان سے پوچھا کہ آپ اپنے بدن کو اس قدر عذاب کیوں دیتے ہیں؟ فرمانے لگے (قیامت میں) اس کے اعزاز کے لئے یعنی یہ مشقت اس لئے اٹھاتا ہوں کہ قیامت کے دن اس بدن کو اعزاز نصیب ہو

جائے۔ ایک بزرگ کا قصہ لکھا ہے کہ وہ روزانہ ایک ہزار رکعت نماز کھڑے ہو کر پڑھتے جب پاؤں رہ جاتے یعنی کھڑے ہونے سے عاجز ہو جاتے تو ایک ہزار رکعت بیٹھ کر پڑھتے اور عصر کے بعد عاجزی سے بیٹھ کر کہتے یا اللہ اس مخلوق پر بڑی حیرت ہے کہ کس طرح انہوں نے تیرا بدل دوسری چیزوں کو بنالیا کیسی تعجب کی بات ہے ان کا دل تیرے سوا کسی چیز سے کس طرح مانوس ہوتا ہے بلکہ تعجب کی بات یہ ہے کہ تیرے ذکر کے سوا کوئی دوسری چیز ان کے دل میں کس طرح چمکتی ہے۔

حضرت جنید بغدادیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سری سقطیؒ سے زیادہ عبادت کرنے والا کسی کو نہیں دیکھا اٹھانوے برس تک کسی نے ان کو مرض الموت کے علاوہ لیٹے ہوئے نہیں دیکھا۔

حضرت ابو محمد جریریؒ نے مکہ مکرمہ میں ایک سال کا اعتکاف کیا جس میں نہ تو بالکل سوئے نہ بات کی نہ کسی لکڑی یا دیوار پر سہارا لیا یا ٹیک لگائی۔ حضرت ابو بکر کتانیؒ نے ان سے پوچھا کہ اس مجاہدہ پر تمہیں کس چیز سے قدرت حاصل ہوئی؟ وہ فرمانے لگے کہ اللہ تعالیٰ شانہ، نے میرے باطن کی پختگی کو دیکھا۔ اس نے میرے ظاہر کو اس پر قدرت عطا فرمادی۔ حضرت ابو بکر کتانیؒ نے یہ سن کر سوچ اور فکر میں گردن جھکالی اور تھوڑی دیر کچھ سوچتے رہے پھر اسی سوچ و فکر میں چلے گئے۔ ایک شخص کہتے ہیں کہ میں حضرت فتح بن سعید موصلیؒ کے پاس سے گذرا۔ وہ دونوں ہاتھ پھیلائے رو رہے تھے اور ان کے آنسو انگلیوں کے بیچ میں کو نیچے گر رہے تھے اور وہ زرد تھے (یعنی آنسوؤں میں خون کی آمیزش تھی) میں نے ان سے قسم دے کر پوچھا کہ یہ خون کے آنسو کس صدمے سے گرا رہے ہو (خیر تو ہے کیا آفت آگئی) وہ فرمانے لگے کہ اگر تم قسم نہ دیتے تو میں نہ بتاتا ہاں میں اس پر رو رہا ہوں کہ میں نے حق تعالیٰ شانہ، کا جو حق مجھ پر تھا اس کو ادا نہیں کیا۔ میں نے کہا کہ خون کیوں آگیا؟ کہنے لگے کہ اس خوف سے کہ میرا یہ رونا کہیں غیر معتبر اور جھوٹا (نفاق سے) نہ ہو۔ وہ شخص کہتے ہیں کہ جب ان کا انتقال ہو گیا تو میں نے ان کو خواب میں دیکھا میں نے ان سے پوچھا کہ آپ کے ساتھ کیا معاملہ ہوا۔ فرمایا کہ میری مغفرت ہو گئی میں نے پوچھا کہ تمہارے آنسوؤں کا کیا حشر ہوا۔ فرمایا کہ حق تعالےٰ شانہ نے مجھے اپنے قریب فرما کر ارشاد فرمایا کہ یہ آنسو کیسے تھے؟ میں نے عرض کیا اس پر رنج تھا کہ آپ کا جو حق مجھ پر واجب ہے وہ میں ادا نہ کر سکا۔ ارشاد ہوا کہ خون کیوں تھا۔ میں نے عرض کیا کہ اس خوف سے کہ یہ رونا جھوٹا نہ ہو غیر معتبر نہ ہو جائے ارشاد ہوا کہ آخر تو اس سب سے کیا چاہتا تھا۔ میری عزت کی قسم تیرے کراماً کاتبین چالیس سال سے تیرے اعمال کا صحیفہ ایسا لا رہے ہیں کہ ان میں کوئی خطا لکھی ہوئی نہیں ہوتی۔

عبد الواحد بن زیدؒ کہتے ہیں کہ میرا گذر ایک گرجا پر ہوا وہاں ایک راہب (دنیا سے منقطع) رہتا

تھا میں نے اس کو راہب کہہ کے آواز دی وہ نہ بولا۔ پھر دوسری دفعہ پکارا پھر بھی نہ بولا۔ پھر تیسری دفعہ جب میں نے پکارا تو وہ میری طرف متوجہ ہوا اور کہنے لگا کہ میں راہب نہیں ہوں۔ راہب وہ شخص ہوتا ہے جو اللہ تعالیٰ شانہٗ سے ڈرتا ہو اس کی کبریائی میں اس کی تعظیم کرتا ہو، اس کی بلاؤں پر صبر کرتا ہو پھر اس کے تقدیری فیصلوں پر راضی ہو، اس کی نعمتوں پر شکر کرتا ہو، اس کی عظمت کے سامنے تواضع سے رہتا ہو، اس کی عزت کے مقابلہ میں اپنے کو ذلیل رکھتا ہو، اس کی قدرت کاملہ کا اطاعت کرنے والا ہو، اس کی ہیبت سے عاجزی کرتا ہو، اس کے حساب اور اس کے عذاب کی ہر وقت فکر میں رہتا ہو، دن میں روزہ رکھتا ہو، رات کو بیدار رہتا ہو، جہنم کے خوف نے اور میدان حشر کے سوال نے اس کی نیند اڑا دی ہو، جس میں یہ باتیں ہوں وہ راہب ہے۔ میں تو ایک ہڑکایا کتا ہوں اس وجہ سے یہاں بیٹھ گیا ہوں کہ کہیں کسی کو کاٹ نہ کھاؤں۔ میں نے اس سے پوچھا کیا بات ہے کہ لوگ حق تعالیٰ شانہٗ کی بڑائی کو جانتے ہیں پھر بھی اس سے ان کا رشتہ ٹوٹا ہوا ہے۔ اس نے کہا کہ صرف دنیا کی محبت نے اور اس کی زیب و زینت نے ان کا رشتہ توڑ رکھا ہے۔ دنیا گناہوں کا گھر ہے۔ سمجھ دار اور عاقل وہ شخص ہے جو اس کو اپنے دل سے پھینک دے اور اللہ جل شانہٗ کی طرف متوجہ ہو جائے اور ایسے کام اختیار کرے جو اللہ تعالیٰ شانہٗ کے قریب کر دیں۔

حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ جو مشہور بزرگ ہیں کسی دن فرماتے کہ آج کی رات رکوع کرنے کی ہے۔ پس تمام رات رکوع میں گذار دیتے۔ پھر کہتے کہ آج کی رات سجدہ کی ہے تو تمام رات ایک سجدے میں گذار دیتے۔ جب عتبہ غلام تائب ہوئے تو کھانے پینے کی ذرا بھی پروا نہ کرتے تھے۔ ان کی ماں نے ایک مرتبہ ان سے کہا اپنے نفس پر رحم کھا کچھ راحت بھی لے لیا کر کہنے لگے کہ اس پر رحم کھانے ہی کے لئے یہ سب کچھ کر رہا ہوں تھوڑے دن کی مشقت ہے پھر ہمیشہ ہمیشہ راحت ہی لینا ہے۔ عبداللہ بن داؤدؒ کہتے ہیں کہ یہ (بزرگ حضرات) جب کوئی ان میں چالیس سال کی عمر کو پہنچ جاتا ہے تو وہ بستر ا اٹھا کر لپیٹ دیتا ہے یعنی پھر سونے کا نمبر ختم ہو جاتا ہے۔ حضرت کہمس بن حسنؒ ہر رات میں ایک ہزار رکعت نماز پڑھتے اور اپنے نفس کو خطاب کر کے کہتے کہ اے ہر برائی کی جڑ (نماز کیلئے) کھڑا ہو جا۔ جب ضعف بہت زیادہ ہو گیا تو روزانہ پانچ سو رکعتیں کر دی تھیں اور اس پر رویا کرتے تھے کہ میرا آدھا عمل جاتا رہا۔ حضرت ربیع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ کے پاس آیا وہ صبح کی نماز پڑھ کر تسبیح پڑھنے میں مشغول ہو گئے تھے مجھے خیال ہوا کہ اس وقت ان کا حرج ہوگا میں فراغت کے انتظار میں بیٹھ گیا وہ اسی حال میں بیٹھے رہے یہاں تک کہ ظہر کا وقت ہو گیا وہ ظہر کی نماز پڑھنے کھڑے ہو گئے اور عصر تک نماز پڑھتے رہے پھر عصر کی نماز سے

فارغ ہو کر اسی جگہ مغرب تک بیٹھے رہے پھر مغرب کی نماز پڑھی، عشاء کی نماز پڑھی، پھر صبح تک وہیں جمے رہے۔ دوسرے دن صبح کی نماز کے بعد بیٹھے تھے اسی حال میں کچھ غنودگی سی آ گئی چونک کر کہنے لگے یا اللہ ایسی آنکھ سے پناہ مانگتا ہوں جو بار بار سوتی ہو اور ایسے پیٹ سے پناہ مانگتا ہوں جو بھرتا ہی نہ ہو۔ میں یہ سب حالت دیکھ کر وہاں سے یہ کہہ کر چلا آیا کہ مجھے تو عبرت کے واسطے یہی کافی ہے جو میں نے دیکھ لیا۔

احمد بن حرب کہتے ہیں تعجب تو اس شخص پر ہے جس کو یہ معلوم ہے کہ آسمانوں پر اس کیلئے جنت کو آراستہ کیا جا رہا ہے اور اس کے نیچے جہنم بھڑکائی جا رہی ہے ان دونوں کے درمیان اس کو کیسے نیند آتی ہے۔ ایک شخص کہتے ہیں کہ میں حضرت ابراہیم بن ادہمؒ کے پاس گیا وہ عشاء کی نماز کے بعد اپنی عبا میں لپٹ کر ایک کروٹ لیٹے اور صبح تک اسی طرح لیٹے رہے نہ تو حرکت کی، نہ کروٹ بدلی، صبح کو اٹھ کر بغیر وضو کئے نماز پڑھ لی۔ میں نے ان سے کہا اللہ تعالیٰ تمہارے حال پر رحم کرے ساری رات لیٹے سوتے رہے اور بغیر وضو ہی نماز پڑھ لی۔ فرمانے لگے کہ میں ساری رات کبھی جنت کے باغوں میں دوڑتا تھا کبھی جہنم کی گھاٹیوں میں ایسی حالت میں نیند کہاں آ سکتی تھی؟

کہتے ہیں کہ ابو بکر بن عیاشؒ چالیس برس تک بستر پر نہیں لیٹے اور اپنے بیٹے کو نصیحت کی کہ اس کھڑکی (کوٹھی) میں گناہ نہ کرنا میں نے اس میں بارہ ہزار قرآن پاک ختم کئے ہیں۔ جب ان کا انتقال ہونے لگا تو مکان کے ایک کونہ کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ اس کونہ میں میں نے چوبیس ہزار قرآن ختم کئے ہیں۔

حضرت سمنونؒ پانچ سو رکعت نفل روزانہ پڑھتے تھے۔ انہیں کا ایک قصہ علامہ زبیدیؒ نے لکھا ہے کہ بغداد میں ایک شخص نے چالیس ہزار درہم فقراء پر تقسیم کئے۔ سمنونؒ فرمانے لگے کہ درہم تو ہمارے پاس نہیں چلو ہم ہر درہم کے بدلے ایک رکعت نماز پڑھ لیں۔ یہ کہہ کر مدائن گئے اور وہاں چالیس ہزار رکعتیں پڑھیں۔ ابو بکر مطوعیؒ کہتے ہیں کہ میرا معمول اپنی جوانی میں اکتیس ہزار یا چالیس ہزار مرتبہ راوی کو شک ہے روزانہ قل ہو اللہ شریف پڑھنے کا تھا۔ ایک شخص کہتے ہیں کہ میں عامر بن عبد القیسؒ کے ساتھ چار مہینے رہا۔ میں نے ان کو دن میں یا رات میں سوتے نہیں دیکھا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے ایک شاگرد کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت علی رضی اللہ عنہ صبح کی نماز پڑھا کر دائیں جانب منہ کر کے بیٹھے آپ پر رنج کا اثر بہت تھا طلوع آفتاب تک آپ بیٹھے رہے اس کے بعد ہاتھ کو (افسوس کے ساتھ) پلٹ کر فرمایا خدا کی قسم میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کو دیکھا آج کوئی بات بھی ان کی مشابہت کی نہیں دیکھتا۔

وہ حضرات اس حالت میں صبح کرتے تھے کہ ان کے بال بکھرے ہوئے ہوتے، چہرے غبار آلود اور زرد ہوتے تھے وہ ساری رات اللہ تعالیٰ کے سامنے سجدے میں پڑے رہتے تھے یا اس کے سامنے کھڑے قرآن پاک پڑھتے رہتے تھے کھڑے کھڑے کبھی ایک پاؤں پر سہارا دے لیتے تھے، کبھی دوسرے پاؤں پر، جب وہ اللہ تعالیٰ شانہٗ کا ذکر کرتے تھے تو ایسے (مزے میں) جھومتے تھے جیسے کہ ہواؤں میں درخت حرکت کرتے ہیں اور (اللہ تعالیٰ شانہٗ کے شوق اور خوف سے) ان کی آنکھوں سے اتنے آنسو بہتے کہ ان کے کپڑے تر ہو جاتے تھے۔ اب لوگ بالکل ہی غفلت میں رات گذار دیتے ہیں۔

حضرت ابو مسلم خولانیؒ نے ایک کوڑا اپنے گھر کی مسجد میں لٹکا رکھا تھا اور اپنے نفس کو خطاب کر کے کہا کرتے کہ اٹھ کھڑا ہو میں تجھے (عبادت میں) اچھی طرح گھسیٹوں گا یہاں تک کہ تو تھک جائیگا میں نہیں تھکوں گا اور جب ان پر کچھ سستی ہوتی تو اس کوڑے کو اپنی پنڈلیوں پر مارتے اور فرماتے کہ یہ پنڈلیاں پٹنے کے لئے میرے گھوڑے کی بہ نسبت زیادہ مستحق ہیں۔ یہ بھی کہا کرتے کہ صحابہ کرام ﷺ یوں سمجھتے ہیں (کہ جنت کے سارے درجے) وہی اڑا کر لے جائیں گے نہیں ہم ان سے (ان درجوں میں) اچھی طرح مزاحمت کریں گے تاکہ ان کو بھی معلوم ہو جائے کہ وہ بھی اپنے پیچھے مردوں کو چھوڑ کر آئے ہیں۔

حضرت قاسمؒ بن محمد بن ابی بکر فرماتے ہیں کہ میں ایک دن صبح کو اپنی پھوپی حضرت عائشہؓ کی خدمت میں سلام کے لئے حاضر ہوا۔ وہ چاشت کی نماز پڑھ رہی تھیں اور یہ آیۃ شریفہ پڑھ رہی تھیں۔ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَوَقٰنَا عَذَابَ السَّمُوْمِ (سورۂ طور ع ۱) ترجمہ پس احسان کیا حق تعالیٰ شانہٗ نے ہم پر پس ہم کو جہنم کے عذاب سے بچا لیا۔ حضرت عائشہؓ اس آیت شریفہ کو بار بار پڑھتی جاتی تھیں اور روتی جاتی تھیں۔ قاسمؒ کہتے ہیں کہ میں بہت دیر تک تو انتظار کرتا رہا پھر مجھے خیال آیا کہ میں اتنے میں بازار سے ہو آؤں، ضروریات سے فارغ ہو کر واپسی میں سلام کرتا جاؤں گا۔ میں بازار چلا گیا اور وہاں سے فراغت کے بعد جب میں واپس آیا تو وہ اسی طرح کھڑی ہوئی اسی آیت کو پڑھ رہی تھیں اور رو رہی تھیں۔

محمد بن اسحٰقؒ کہتے ہیں کہ عبدالرحمٰن بن الاسودؒ حج کے لئے جب آئے تو ان کے ایک پاؤں میں تکلیف تھی وہ عشاء کے بعد صرف ایک پاؤں کے سہارے کھڑے ہوئے اور صبح تک ایک ہی پاؤں پر کھڑے نفل پڑھتے رہے حتیٰ کہ اس وضو سے صبح کی نماز پڑھ لی۔ ایک بزرگ کہتے ہیں کہ مجھے موت سے صرف اس لئے ڈر لگتا ہے کہ پھر تہجد کی نماز جاتی رہے گی۔ اور وہ لطف جو اس نماز میں آتا ہے وہ

ختم ہو جائے گا۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ارشاد ہے کہ صلحاء کی علامت رات کے جاگنے سے چہروں کا زرد ہو جانا، اور راتوں کو رونے کی وجہ سے آنکھوں کو چوندھا ہو جانا، اور روزوں کی کثرت سے ہونٹوں کا خشک ہو جاتا ہے۔ ان کے چہرے خوفزدہ رہتے ہوں۔ حضرت حسن بصریؒ سے کسی نے پوچھا کہ عبادت کی کثرت کرنے والوں کے چہرے ایسے خوبصورت کس طرح ہو جاتے ہیں؟ انہوں نے فرمایا کہ جب وہ تنہائی میں رحمان کے ساتھ مشغول ہوتے ہیں تو وہ رحمت والا اپنے نور کا سایہ ان پر ڈال دیتا ہے۔ حضرت قاسم بن راشدؒ کہتے ہیں کہ زمعہ رح ہمارے قریب محصب میں (جو مکہ مکرمہ کے قریب ایک جگہ ہے) ٹھہرے ہوئے تھے ان کے ساتھ ان کی بیوی اور بیٹیاں بھی تھیں وہ رات کو بہت لمبی نماز پڑھتے رہتے۔ جب پچھلا پہر ہو جاتا تو وہ زور سے آواز دیتے۔ ارے مسافرو! کیا رات بھر سوتے ہی رہو گے اٹھو چلو۔ اس آواز پر سب کے سب جاگ جاتے۔ کوئی وضو کر رہا ہے کوئی نماز پڑھ رہا، کوئی کسی کونے میں بیٹھا رو رہا ہے، کوئی قرآن پاک پڑھ رہا ہے۔ جب صبح ہو جاتی تو وہ فرماتے کہ رات کے چلنے والے صبح کو ٹھہر جایا کرتے ہیں۔

ایک بزرگ کہتے ہیں کہ میں بیت المقدس کے پہاڑوں میں جا رہا تھا۔ ایک جگہ پہنچ کر میں نے ایک آواز سنی میں اس آواز کی طرف چل دیا۔ دیکھا کہ ایک سبزہ ہے وہاں ایک درخت ہے اس کے نیچے ایک شخص کھڑے نماز پڑھ رہے ہیں اور یہ آیت بار بار پڑھتے ہیں۔

يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ مُّحْضَرًا ۚ وَّمَا عَمِلَتْ مِنْ سُوْٓءٍ ۚ تَوَدُّ لَوْ اَنَّ بَيْنَهَا وَبَيْنَهٗٓ اَمَدًا ۢ بَعِيْدًا ۚ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ط (آل عمران۔ ع ۳)

جس دن ہر شخص اپنے اچھے کاموں کو (جو اُس نے دُنیا میں کئے ہوں گے) سامنے لایا ہوا پائے گا اور اپنے بُرے کاموں کو (بھی سامنے لایا ہوا پائے گا) اور اس بات کی تمنا کرتا ہوگا کاش اس دن کے درمیان اور اُس آدمی کے (یعنی میرے) درمیان بہت بڑی دور دراز کی مسافت حائل ہو جاتی (کہ یہ بُرے اعمال اس کے سامنے نہ آتے) اور تم کو اللہ تعالیٰ شانہٗ اپنے سے ڈراتا ہے۔ (اس کے مطالبہ اور حساب اور عذاب سے بہت اہتمام سے ڈرتے رہو

یہ بزرگ کہتے ہیں کہ میں چپکے سے ان کے پیچھے بیٹھ گیا وہ بار بار اسی آیت شریفہ کو پڑھ رہے تھے اور رو رہے تھے۔ اتنے میں انہوں نے زور سے ایک چیخ ماری اور بے ہوش ہو کر گر گئے مجھے

بہت قلق ہوا کہ یہ میری نحوست سے بیہوش ہوکر گر گئے۔ بہت دیر میں ان کو ہوش آیا تو وہ کہنے لگے اے اللہ میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں جھوٹے طور پر کھڑے ہوکر رونیوالوں سے (گویا انہوں نے اپنے اس پڑھنے اور رونے کو نفاق کا رونا قرار دیا) اور اے اللہ میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں بیہودہ لوگوں کے اعمال سے (کہ میرا یہ پڑھنا اور رونا لغو آدمیوں کا پڑھنا ہے کہ میرے برابر دوسرا کون بیہودہ ہوگا) اے اللہ میں تجھ سے غافل لوگوں کے اعراض سے پناہ مانگتا ہوں (کہ یہ میرا فعل بھی غفلت کے ساتھ ہو رہا ہے) پھر کہنے لگے۔ یا اللہ ڈرنے والوں کے دل تیری ہی طرف عاجزی کرتے ہیں اور نیک عمل میں کوتاہی کرنے والے تیری ہی (رحمت کی) طرف اُمیدیں لگاتے ہیں۔ عارف لوگوں کے دل تیری ہی بڑائی کے سامنے ذلیل ہوتے ہیں۔ اس کے بعد انہوں نے اپنے دونوں ہاتھ جھاڑے (جیسا کہ مٹی وغیرہ ہاتھ کو لگ جانے سے جھاڑے جاتے ہیں) اور فرمایا مجھے دُنیا سے کیا کام اور دُنیا کو مجھ سے کیا کام۔ اے دُنیا! تو اپنے بیٹوں کے پاس چلی جا، تو اپنی نعمتوں کے قدردانوں کے پاس چلی جا، تو اپنے عاشقوں کے پاس چلی جا، انہیں کو دھوکہ میں ڈال (مجھے دِق نہ کر) پھر کہنے لگے پہلے زمانوں والے کہاں چلے گئے؟ سب کے سب مٹی میں مل گئے بوسیدہ ہوکر خاک میں رَل گئے اور جو جو زمانہ گذر رہا ہے لوگ فنا ہوتے جارہے ہیں۔ میں نے ان بزرگ سے کہا کہ میں بڑی دیر سے آپ کے فارغ ہونے کے انتظار میں بیٹھا ہوں فرمانے لگے ایسے شخص کو فراغت کہاں ہوسکتی ہے جس کو وقت ختم ہونے کا فکر ہو رہا ہے وہ جلدی کرتا ہے کہ وقت ختم ہونے سے پہلے پہلے کچھ کر لوں اور وقت جلدی کر رہا ہے میں کسی طرح جلدی ختم ہو جاؤں وہ کیسے فارغ ہوسکتا جس کو وقت گذر جانے سے موت کے جلدی آجانے کا فکر سوار ہو وہ کیسے فارغ ہوسکتا ہے جس کے اوقات تو گذرتے جارہے ہوں اور ان گذرے ہوئے اوقات میں جو گناہ کئے ہیں وہ اس کے حساب میں جمع ہوں پھر وہ حق تعالیٰ شانہٗ کی طرف متوجہ ہوکر کہنے لگے تو ہی میری اس مصیبت کے لئے (یعنی جو گناہ میرے حساب میں جمع ہوگئے) اور ہر آنے والی مصیبت کے لئے پناہ کی جگہ ہے (تیری ہی رحمت سے بیڑا پار ہوسکے گا۔ پھر تھوڑی دیر اس میں مشغول رہے پھر قرآن پاک کی دوسری آیۃ:

وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ ۝ (زمر ع ۵)

اور خدا تعالیٰ کی طرف سے اُن کے ساتھ وہ معاملہ پیش آئے گا جس کا ان کو گمان بھی نہ تھا ایک آیۃ شریفہ کا ٹکڑا ہے۔

پوری آیت شریفہ یہ ہے۔

وَلَوْ اَنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّ مِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ مِنْ

سُوْٓءِ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ط وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ ۝ (زمر۔ رکوع ۵)

اور اس آیت شریفہ کا ترجمہ یہ ہے کہ جن لوگوں نے (دُنیا میں) ظلم کیا تھا (یعنی کفر وشرک وغیرہ کیا تھا جیسا کہ دوسری جگہ ارشاد ہے کہ شرک کرنا ظلم عظیم ہے) اگر ان کے پاس دُنیا بھر کی تمام چیزیں ہوں اور ان سب کے ساتھ اتنی ہی چیزیں اور بھی ہوں تو وہ لوگ قیامت کے دن سخت عذاب سے چھوٹ جانے کے لئے (بے تردد) ان سب کو فدیہ میں دیدیں (لیکن فدیہ اس دن قبول نہیں ہے۔ جیسا کہ سورۂ بقرہ میں کئی جگہ اور سورۂ مائدہ میں گذرا اور ان لوگوں کے ساتھ) خدا تعالیٰ کی طرف سے وہ معاملہ پیش آئے گا جس کا ان کو (وہم اور) گمان بھی نہ تھا۔ (کہ اتنی سختی ہو بھی سکتی ہے اس جگہ کئی آیتیں اس مضمون کے مناسب ہیں)۔ غرض ان بزرگ نے یہ آیت شریفہ پڑھی اور پہلے سے بہت زیادہ زور سے چلائے اور بیہوش ہو کر اس طرح گرے کہ میں نے یہ سمجھ لیا کہ جان نکل گئی میں ان کے قریب پہنچا تو وہ تڑپ رہے تھے بہت دیر کے بعد افاقہ ہوا تو وہ یہ کہہ رہے تھے یا اللہ میں جب (قیامت میں) آپ کے سامنے کھڑا ہوں تو محض اپنے فضل سے میری برائیاں معاف کر دیجیو اور اپنی ستاری کے پردے میں مجھے چھپا لیجیو۔ اور صرف اپنے کرم سے میرے گناہ معاف کر دیجیو۔ میں نے ان سے کہا کہ جس (پاک ذات) کی رحمت کی تم امید کر رہے ہو اسی کے واسطے سے میری یہ درخواست ہے کہ ذرا مجھ سے بات کر لیجئے وہ فرمانے لگے کہ تجھے ایسے شخص سے بات کرنا چاہیے جس کے کلام سے تجھے نفع پہنچے اور جس شخص کو اس کے گناہوں نے ہلاک کر رکھا ہو (یعنی میں) ایسے شخص سے بات کرنا چھوڑ دے۔ اس کے بعد فرمایا کہ میں اس جگہ اللہ جانے کتنے عرصہ سے شیطان سے لڑ رہا ہوں۔ میں اس سے لڑائی میں مشغول ہوں اور وہ مجھ سے لڑنے میں مشغول ہے (کہ وہ مجھ کو اللہ تعالیٰ شانہٗ کی طرف توجہ سے ہٹانے کی ہر وقت کوشش میں لگا رہتا ہے) اس کو اب تک تیرے سوا کوئی صورت ایسی نہ ملی جس سے وہ مجھے اس چیز سے ہٹا دیتا، جس میں میں مشغول ہوں (یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ سے) پس تو مجھ سے دور ہو جا تو (شیطان کے) دھوکہ میں پڑا ہوا ہے۔ تو نے میری زبان کو مناجات سے معطل کر دیا اور میرے دل کو (اللہ تعالیٰ شانہٗ سے ہٹا کر) اپنی بات کی طرف متوجہ کر لیا میں اللہ تعالیٰ شانہ سے تیرے شر سے پناہ مانگتا ہوں اور اس پاک ذات سے اس کی بھی امید رکھتا ہوں کہ وہ اپنے غصہ سے مجھے پناہ عطا فرمائیگا۔ یہ صاحب جو بات کرنا چاہتے تھے کہتے ہیں مجھے یہ ڈر ہوا کہ میں نے ان کی حق تعالیٰ شانہٗ کی طرف سے توجہ کو ہٹا دیا ہے ایسا نہ ہو کہ مجھ پر اس بات کی وجہ سے کوئی عذاب نازل ہو جائے اس لئے میں ان کو اسی جگہ چھوڑ کر چلا آیا۔

حضرت کرز بن وبرہؒ ہر روز تین قرآن شریف ختم کیا کرتے تھے۔ اور اس کے علاوہ عبادات میں ہر وقت منہمک رہتے تھے۔ کسی نے عرض کیا کہ آپ نے اپنے نفس کو بڑی محنت میں ڈال دیا۔ فرمانے لگے کہ ساری دنیا کی عمر کتنی ہے۔ اس نے عرض کیا سات ہزار برس۔ فرمایا قیامت کا دن کتنا ہے۔ عرض کیا پچاس ہزار برس۔ فرمانے لگے کیونکر تم میں سے کوئی شخص اس سے عاجز رہ سکتا ہے کہ دن کے ساتویں حصہ میں محنت کر لے تاکہ سارے دن راحت سے رہے (یعنی اگر کسی شخص کو ۳ ½ گھنٹہ محنت کر کے سارا دن راحت کا ملے تو کون چھوڑ سکتا ہے) پس اگر قیامت کے دن کی راحت کے لئے کوئی دنیا کی پوری زندگی سات ہزار برس محنت کر لے تب بھی بڑے نفع کا سودا ہے چہ جائیکہ آدمی کی عمر دنیا کی تمام عمر میں سے بھی بہت تھوڑا سا حصہ ہے اور آخرت کی زندگی قیامت کے دن کے بعد بھی بے انتہا ہے۔

یہ چند قصے نمونہ کے طور پر ذکر کئے گئے۔ امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ یہ تھی پہلے زمانہ کے بزرگوں کی عادت اور خصلت اگر تیرا متمرد نفس عبادت خود نہیں کر سکتا تو ان مر مٹنے والوں کے احوال میں غور کر اور یہ غور کر کہ ان اکابر کا اقتدار اور ان بزرگوں کی جماعت میں شامل ہونا بہتر ہے جو دین کے حکم اور آخرت میں بصیرت رکھنے والے عقل مند تھے یا اپنے زمانہ کے ان جاہل بیوقوفوں کا اقتدار بہتر ہے جو دنیا سے غافل ہیں۔ ایسا ہرگز نہ کر کہ عقل مندوں کا اتباع چھوڑ کر احمقوں کا اتباع کرے۔ اگر تجھے یہ وہم ہو کہ یہ قوی لوگ تھے ان کا اقتدار مشکل ہے تو پھر چند عورتوں کے حالات بھی سن لے اور تو مرد ہو کر اس سے تو عاجز نہ بن کہ عورتوں جیسا بھی نہ ہو تو ہی غور کر وہ مرد کتنا خسیس ہے جو دین میں عورتوں کا بھی ساتھ نہ دے سکے۔ اب غور سے سن۔

حضرت حبیبہ عدویہؒ جب عشاء کی نماز سے فارغ ہو جاتیں تو اپنے کپڑوں کو اپنے اوپر اچھی طرح لپیٹ کر چھت پر کھڑی ہو جاتیں اور دعا میں مشغول ہو جاتیں اور کہتیں یا اللہ ستارے چھٹک گئے، اور لوگ سو گئے، بادشاہوں نے اپنے دروازے بند کر دیئے، اور ہر شخص اپنے محبوب کے ساتھ تخلیہ میں چلا گیا اور میں تیرے سامنے کھڑی ہوں۔ یہ کہہ کر نماز شروع کر دیتیں اور ساری رات نماز پڑھتیں جب صبح صادق ہو جاتی تو کہتیں یا اللہ رات چلی گئی اور دن کا چاندنا ہو گیا کاش مجھے یہ معلوم ہو جاتا کہ میری یہ رات تو نے قبول فرمالی تاکہ میں اپنے کو مبارکباد دوں یا تو نے رد فرمادی تاکہ میں اپنی تعزیت کروں۔ تیری عزت کی قسم میں تو ہمیشہ اسی طرح کرتی رہوں گی تیری عزت کی قسم اگر تو نے مجھے اپنے دروازے سے دھکیل دیا تب بھی تیرے کرم اور تیری بخشش کا جو حال ہے مجھے معلوم ہے اس کی وجہ سے میں تیرے در سے ہٹوں گی نہیں۔ حضرت عجرہؒ نابینا تھیں ساری رات جاگتیں اور

جب سحر کا وقت ہوتا تو بہت غمگین آواز سے کہتیں یا اللہ عابدوں کی جماعت نے تیری طرف چل کر رات کے اندھیرے کو قطع کیا وہ تیری رحمت اور تیری مغفرت کی طرف ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرتے رہے۔ یا اللہ میں صرف تجھی سے سوال کرتی ہوں، تیرے سوا کسی دوسرے سے میرا سوال نہیں کہ تو مجھے سابقین کے گروہ میں شامل کرلے اور اعلیٰ علیین تک پہنچادے اور مقرب لوگوں کے درجے میں داخل کردے اور اپنے نیک بندوں میں شامل کردے اور تو سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے ہر اونچے درجے والے سے بلند ہے سارے کریموں سے زیادہ کریم ہے۔ اے کریم (مجھ پر کرم کر) یہ کہہ کر سجدے میں گرجاتیں کہ ان کے رونے کی آواز سنائی دیتی اور صبح تک روتی رہتیں اور دعائیں کرتی رہتیں۔

یحییٰ بن بسطامؒ کہتے ہیں کہ ہم حضرت شعوانہؒ کی مجلس میں حاضر ہوتے اور ان کے رونے چلانے کو سنتے میں نے اپنے ایک ساتھی سے کہا کہ کسی وقت تنہائی میں ان کے پاس جاکر سمجھائیں کہ اس رونے میں کچھ کمی کردیں۔ میرے ساتھی نے کہا کہ اچھا جیسے تمہاری رائے ہو۔ ہم ان کے پاس تنہائی میں گئے اور ان سے جاکر کہا اگر تم اس رونے کو کچھ کم کردو اور اپنی جان پر ترس کھاؤ تو یہ زیادہ بہتر ہے کہ بدن میں کچھ طاقت رہے گی دیر تک اس سے کام لے سکوگی۔ وہ یہ سن کر رونے لگیں اور کہنے لگیں کہ میری تو یہ تمنا ہے کہ میں اتنا روؤں کہ آنکھ میں آنسو نہ رہے پھر خون کے آنسوؤں سے رونا شروع کردوں یہاں تک کہ میرے بدن کا سارا خون آنکھوں سے نکلے ایک بھی قطرہ خون کا نہ رہے اور کہنے لگیں کہ مجھے رونا کہاں آتا ہے مجھے رونا کہاں آتا ہے۔ بار بار اسی لفظ کو کہتی رہیں کہ مجھے رونا کہاں آتا ہے۔ یہاں تک کے بے ہوش ہوگئیں۔

محمد بن معاذؒ کہتے ہیں کہ مجھ سے ایک عبادت گذار عورت نے بیان کیا کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ میں جنت میں داخل ہونے کو جارہی ہوں وہاں دیکھا کہ سارے آدمی جنت کے دروازے پر کھڑے ہیں۔ میں نے پوچھا یہ کیا بات ہے یہ سب کے سب دروازے پر کیوں جمع ہوگئے؟ کسی نے بتایا کہ ایک عورت آرہی ہیں جن کے آنے کی وجہ سے جنت کو سجایا گیا ہے۔ یہ سب ان کے استقبال کے واسطے باہر آگئے ہیں۔ میں نے پوچھا وہ عورت کون ہیں؟ کہنے لگے کہ ایکہ کی رہنے والی ایک سیاہ باندی ہیں جن کا نام شعوانہؒ ہے میں نے کہا خدا کی قسم وہ تو میری بہن ہے اتنے میں دیکھا کہ شعوانہؒ ایک نہایت عمدہ خوشنما اصیل اونٹنی پر بیٹھی ہوا میں اڑی آرہی ہیں۔ میں نے ان کو آواز دی کو میری بہن تمہیں اپنا اور میرا تعلق معلوم ہے اپنے رب سے دعا کردو کہ مجھے بھی تمہارے ساتھ کردے۔ وہ یہ سن کر ہنسیں اور کہنے لگیں ابھی تمہارے آنے کا وقت نہیں آیا لیکن میری دو باتیں

یادرکھنا (آخرت کے) غم کو اپنے ساتھ چمٹالو اور اللہ تعالیٰ کی محبت اپنی ہر خواہش پر غالب کردو، اور اس کی پروانہ کرو، کہ موت کب آئے گی یعنی ہر وقت اس کیلئے تیار رہو۔

ایک بزرگ کہتے ہیں کہ میں ایک دن بازار جارہا تھا میرے ساتھ میری حبشی باندی تھی میں اس کو ایک جگہ بٹھا کر آگے چلا گیا اور اس سے کہہ گیا کہ یہیں بیٹھی رہنا میں ابھی آتا ہوں۔ جب میں واپس آیا تو وہ اس جگہ نہ ملی مجھے بہت غصہ آیا اور غصہ کی حالت میں گھر واپس آ گیا۔ جب اس نے مجھے دیکھا تو میرے چہرے سے غصہ کو محسوس کیا کہنے لگی۔ میرے آقا عتاب میں جلدی نہ کرو ذرا میری بات سن لو۔ آپ مجھے ایسی جگہ بٹھا کر گئے جہاں کوئی اللہ کا نام لینے والا نہیں تھا مجھے یہ ڈر ہوا کہ کہیں یہ جگہ زمین میں نہ دھنس جائے۔ (جس جگہ اللہ تعالیٰ کا ذکر نہ ہو اس جگہ جتنی جلدی عذاب آجائے قرین قیاس ہے) اس کی اس بات سے مجھے بڑا تعجب ہوا میں نے اس سے کہا کہ تو آزاد ہے کہنے لگی آقا تم نے میرے ساتھ اچھا سلوک نہ کیا میں نے کہا کیوں؟ کہنے لگی کہ پہلے جب میں باندی تھی تو مجھے دوہرا ثواب ملتا تھا (جیسا حدیث میں آیا ہے کہ جو غلام اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرے اور اپنے مولیٰ کی خدمت کرے اس کو دوہرا اجر ہے) اب آپ نے آزاد کر کے میرا ایک اجر ضائع کر دیا۔

حضرت خواصؒ جو مشہور بزرگ ہیں کہتے ہیں کہ ہم حضرت رحلہ عابدہؒ کے پاس گئے وہ روزے رکھتے رکھتے کالی پڑ گئی تھیں اور نماز پڑھتے پڑھتے (پاؤں شل ہو گئے تھے جس کی وجہ سے) اپاہج ہو گئی تھیں بیٹھ کر نماز پڑھتی تھیں اور روتے روتے نابینا ہو گئی تھیں۔ ہم نے جا کر حق تعالیٰ شانہٗ کی رحمت اور معافی کا ذکر کیا کہ شاید اس سے ان کے مجاہدے کی شدت میں کچھ کمی آئے۔ انہوں نے میری بات سن کر بے تحاشا ایک چیخ ماری پھر کہنے لگیں مجھے جو اپنی حالت معلوم ہے اس نے میرے دل کو زخمی کر رکھا ہے اور میرے جگر کو چھیل دیا کاش میں تو پیدا ہی نہ ہوئی ہوتی یہ کہہ کر انہوں نے اپنی نماز کی نیت باندھ لی۔

نمونہ کے طور پر دو ایک واقعات ذکر کئے ہیں۔ امام غزالیؒ نے اور بھی اس قسم کے واقعات عورتوں کے نقل کئے ہیں۔ اس کے بعد کہتے ہیں کہ اگر تو اپنے نفس کی نگہداشت کرنے والا ہے تو تیرے لئے ضروری ہے کہ ان محنت کرنے والے مردوں اور عورتوں کے احوال کو غور وفکر کی نگاہ سے دیکھے تاکہ تیری طبیعت میں نشاط بڑھے اور محنت کی تجھے حرص پیدا ہو اور اپنے زمانہ کے آدمیوں کے احوال دیکھنے سے احتراز کر کہ ان میں سے اکثر ایسے ملیں گے کہ اگر تو ان کا اتباع کرے گا تو وہ تجھے اللہ کے راستہ سے گمراہ کر دیں گے۔ ان محنت کرنے والوں کے واقعات کی کوئی تعداد نہیں ہے، ہم نے نمونہ کے طور پر چند لکھے ہیں جو عبرت کے لئے کافی ہیں اگر تو زیادہ حالات دیکھنا چاہے تو حلیۃ الاولیاءؒ

کا مطالعہ کیا کر کہ اس میں صحابہ ﷺ اور تابعینؒ اور ان کے بعد والوں کے احوال تفصیل سے لکھے ہیں (اور کچھ واقعات شارح احیاء نے بھی ذکر کئے ہیں،) اور ان احوال کے دیکھنے سے معلوم ہوگا۔ تو اور تیرے زمانہ کے لوگ دین سے کتنے دور ہیں۔ اور اگر تیرے دل میں اپنے زمانہ کے لوگوں کو دیکھ کر یہ خیال آئے کہ پہلے زمانہ میں چونکہ خیر کی کثرت تھی اس لئے اس زمانہ میں یہ سہل تھا۔ اب اگر ان حالات پر عمل کیا جائے تو لوگ پاگل کہیں گے اس لئے جو حشر اس زمانہ کے سب آدمیوں کا ہوگا وہ میرا بھی ہو جائیگا۔ مصیبت جب عام آتی ہے تو اس میں سب ہی کو شامل ہونا پڑتا ہے۔ تو یہ تیرے نفس کا دھوکہ ہے تو ہی بتا کہ اگر کہیں سے پانی کا سیلاب آ گیا ہو جس میں سب ہی بہتے جا رہے ہوں تو اگر کوئی شخص تیرنا جانتا ہے یا کسی اور ذریعہ سے بچ سکتا ہے تو کیا وہ یہ سمجھ کر چپ ہو جائے کہ اس مصیبت میں تو سب ہی گرفتار ہیں حالانکہ سیلاب کی مصیبت بہت تھوڑی دیر کی ہے۔ زیادہ سے زیادہ یہ کہ موت آ جائے گی، اس سے زیادہ تو کچھ نہ ہوگا۔ اور آخرت کا عذاب نہایت سخت ہے کبھی ختم ہونے والا نہیں ہے۔ اس بات کو اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے اور ہمیشہ غور کرتے رہنا چاہیے۔ (احیاء)

حضرت ابراہیم ادہمؒ سے کسی نے عرض کیا کہ اگر آپ کسی وقت تشریف رکھا کریں تو ہم آپ کی خدمت میں حاضر ہو جایا کریں کہ کچھ ارشادات سنیں انہوں نے فرمایا مجھے چار کام اس وقت درپیش ہیں ان میں مشغول ہوں ان سے فراغت پر یہ ہو سکتا ہے۔

(۱)...... جب ازل میں عہد لیا گیا تھا تو حق تعالیٰ شانہٗ نے ایک فریق کے متعلق فرمایا تھا کہ یہ جنتی ہیں اور دوسروں کو فرمایا تھا کہ یہ دوزخی ہیں۔ مجھے ہر وقت یہ فکر رہتا ہے کہ نہ معلوم میں کن میں ہوں۔

(۲)...... جب بچہ ماں کے پیٹ میں شروع ہوتا ہے تو اس وقت ایک فرشتہ جو اس نطفہ پر مقرر ہوتا ہے وہ حق تعالیٰ شانہٗ سے پوچھتا ہے کہ اس کو سعید لکھوں یا بدبخت مجھے ہر وقت یہ فکر رہتا ہے کہ نہ معلوم مجھے کیا لکھا گیا۔

(۳)...... جب فرشتہ آدمی کی روح قبض کرتا ہے تو یہ پوچھتا ہے کہ اس روح کو مسلمانوں کی روحوں میں رکھوں یا کافروں کی۔ نہ معلوم میرے متعلق اس فرشتہ کو کیا جواب ملے گا؟

(۴)...... قیامت میں حکم ہوگا۔ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ أَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ (سورہ یٰسین) آج مجرم لوگ فرمانبرداروں سے علیحدہ ہو جائیں مجھے یہ فکر رہتا ہے کہ نہ معلوم میرا شمار کس فریق میں ہوگا۔ یعنی جب ان چاروں فکروں سے امن نصیب ہو جائے۔ اس وقت دوستوں سے بے فکری سے باتیں کرنے کا وقت مل سکتا ہے۔ اب تو میں ہر وقت ان فکروں میں رہتا ہوں کہاں اطمینان سے بیٹھ

سکتا ہوں۔

(۱۵)......عن ابی ھریرۃ ﷛ قال قال رسول اللہ ﷺ لیس الغِنیٰ عن کثرۃِ العرض ولکن الغِنیٰ غنی النفس (متفق علیہ کذافی المشکوٰۃ)

(ترجمہ)......حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ آدمی کا غنی ہونا مال کی کثرت سے نہیں ہوتا بلکہ حقیقی غنا تو دل کا غنی ہونا ہے۔

فائدہ: مطلب حدیث پاک کا بالکل ظاہر ہے کہ اگر آدمی کا دل غنی نہیں ہے۔ تو جتنا مال بھی اس کے پاس زیادہ ہو وہ مال کے خرچ کرنے میں فقیروں سے زیادہ کم خرچ ہوگا، اور جتنا بھی مال اس کے پاس ہو وہ ہر وقت اس کے بڑھانے کے فکر میں محتاجوں سے زیادہ پریشان ہوگا۔ اور اگر اس کا دل غنی ہے تو تھوڑا سا مال بھی اس کو بے فکر رکھے گا اور جتنا ہوگا اس کے ہر وقت بڑھانے کے فکر سے آزاد ہوگا۔ امام راغبؒ کہتے ہیں کہ غنا کئی معنی میں بولا جاتا ہے۔ ایک تو غنا کے معنی کسی قسم کی حاجت نہ ہونے کے ہیں اس معنی کے اعتبار سے تو صرف حق تعالیٰ شانہٗ غنی ہے کہ اس کو کسی چیز کی احتیاج نہیں ہے اسی معنی کے اعتبار سے حق تعالیٰ شانہ کا ارشاد ہے۔

اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اِلَی اللّٰہِ وَاللّٰہُ ھُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ۝

تم سب کے سب اللہ تعالیٰ شانہ کے محتاج ہو وہ پاک ذات بے احتیاج ہے ہر قسم کی تعریف والا ہے۔

دوسرے معنیٰ حاجات کی کمی کے ہیں اس معنی کے اعتبار سے حق تعالیٰ شانہٗ نے حضور اقدس ﷺ کے متعلق سورۃ والضحیٰ میں ارشاد فرمایا ہے۔ وَوَجَدَکَ عَآئِلًا فَاَغْنٰی ۝ اور حق تعالیٰ شانہٗ نے آپ کو فقیر پایا پھر آپ کو غنی بنادیا۔ اور اسی معنی کے اعتبار سے حضور اقدس ﷺ کا پاک ارشاد حدیث بالا میں ہے کہ اصل غنا دل کا غنی ہونا ہے۔ تیسرے معنی مال کی کثرت اور سامان کی فراوانی کے ہیں جس کو قرآن پاک میں یَحْسَبُھُمُ الْجَاھِلُ اَغْنِیَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ (سورۂ بقرہ ع۷) ذکر فرمایا۔ اس آیت شریف کا مطلب یہ ہے کہ صدقات اصل حق ایسے لوگوں کا ہے جو اللہ تعالیٰ کے راستہ میں گھر گئے ہوں اور ناواقف آدمی ان کے سوال نہ کرنے کی وجہ سے ان کو مالدار سمجھتا ہے۔

حضرت ابوذر غفاری ﷛ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے مجھ سے ارشاد فرمایا۔ ابوذر کیا تمہارا خیال ہے کہ مال کی کثرت غنا ہے۔ میں نے عرض کیا بے شک پھر حضور ﷺ نے فرمایا کیا تمہارا خیال ہے کہ مال کی قلت فقر ہے۔ میں نے عرض کیا بے شک۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ غنا صرف دل

کا غناء ہے اور فقر صرف دل کا فقر ہے۔ حقیقت یہی ہے کہ اصل غنا دل کا غنا ہے جس خوش قسمت کو حق تعالیٰ شانہٗ نصیب فرمادے اور یہی حقیقت زہد ہے جس دل کے اندر مال کی محبت بالکل نہ ہو وہی غنی ہے۔ وہی زاہد ہے چاہے ظاہر میں اس کے پاس مال نہ ہو اور جس دل میں دنیا کی محبت ہو وہ فقیر ہے وہ دنیادار ہے چاہے کتنا ہی مال اس کے پاس ہو۔

فقیہ ابواللیثؒ ایک حکیم کا مقولہ نقل کرتے ہیں کہ ہم نے چار چیزیں تلاش کیں اور ان کی تلاش کا غلط راستہ اختیار کیا ہم نے غنا کو مال میں تلاش کیا حالانکہ وہ مال میں نہیں تھا بلکہ قناعت میں تھا (ہم اس کو مال میں تلاش کرتے رہے وہ جب وہاں تھا ہی نہیں تو کیسے ملتا) ہم نے راحت کو (جان و مال کی) کثرت میں تلاش کیا حالانکہ راحت ان کی کمی میں تھی ہم نے اعزاز کو مخلوق میں تلاش کیا (کہ ان کی خوشی کے اسباب اختیار کریں تاکہ ان کے یہاں اعزاز ہو) مگر وہ تقویٰ میں ملا (اور بالکل صحیح ہے جس قدر آدمی میں تقویٰ زیادہ ہوگا اتنا ہی اس کا اعزاز زیادہ ہوگا) ہم نے اللہ کی نعمت کو کھانے اور پہننے میں تلاش کیا (اور یہ سمجھا کہ یہ اللہ کے بڑے انعامات ہیں) حالانکہ اللہ تعالیٰ شانہٗ کا بڑا انعام اسلام کی دولت اور گناہوں کی ستاری ہے (جس کو یہ دو نعمتیں حاصل ہیں اس پر اللہ کا بڑا انعام ہے) حضور ﷺ کا ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ جس شخص کا دنیا مقصد بن جائے حق تعالیٰ شانہٗ اس کے دل پر تین چیزیں مسلط کر دیتے ہیں۔ ایک ایسا غم جو کبھی ختم ہونے والا نہ ہو، اور ایسا مستغنا جس سے فراغت نصیب نہ ہو، اور ایسا فقر جس کا کبھی خاتمہ نہ ہو۔

حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ جب تم کسی ایسے شخص کو دیکھو جس کو حق تعالیٰ شانہٗ نے دنیا سے بے رغبتی اور کم بولنا عطا فرمایا ہو تو اس کے پاس رہا کرو اس کو حکمت دی گئی ہے۔

۱۶) ......عن ابی هريرة ﷺ قال قال رسول الله ﷺ اذانظر احد كن الىٰ من فضل عليه فى المال و الخلق فلينظر الىٰ من هو اسفل منه

(متفق عليه كذافى المشكوٰة)

ترجمہ) ......حضور اقدس ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ جب آدمی کسی ایسے شخص کی طرف دیکھے جو مال میں یا صورت میں اپنے سے اعلیٰ ہو تو ایسے شخص کی طرف بھی غور کرلے جو ان چیزوں میں اپنے سے کم ہو۔

فائدہ: یعنی آدمی جب کسی لکھ پتی کو دیکھے اور اس کو دیکھ کر للچائے اور افسوس کرے کہ یہ تو ایسا مالدار ہے میں نہیں ہوں تو کسی ایسے آدمی کو بھی غور کرے جس کو ناداری کی وجہ سے فاقے کرنے پڑ رہے ہوں تاکہ پہلے افسوس کے ساتھ حق تعالیٰ شانہٗ کا اس پر شکر ادا ہو سکے کہ اس نے ایسا

نہیں کر رکھا۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ اپنے سے زیادہ مالداروں کی طرف نگاہیں نہ لے جایا کرو اپنے سے کم درجہ والوں کو سوچا کرو اس سے اس نعمت کی حقارت تمہارے دلوں میں نہیں ہوگی جو اللہ جلّ شانہ نے تمہیں عطا کر رکھی ہے۔

حضرت ابوذر غفاری ؓ فرماتے ہیں کہ مجھے میرے محبوب (ﷺ) نے سات نصیحتیں کی ہیں۔

(۱) مجھے اس کا حکم فرمایا ہے کہ مسکینوں سے محبت کیا کروں اور ان کے قریب رہا کروں۔

(۲) مجھے اس کا حکم فرمایا ہے کہ میں اپنے سے اونچے لوگوں (زیادہ مالداروں) پر نگاہ نہ رکھا کروں اپنے سے کم درجہ والوں پر نگاہ رکھوں (ان پر غور کیا کروں)

(۳) مجھے حکم فرمایا ہے کہ میں صلہ رحمی کیا کروں اگرچہ وہ مجھ سے منہ پھیرے (یعنی جس کیساتھ صلہ رحمی کروں وہ مجھ سے غائب ہو دُور ہو یا یہ کہ وہ میرے ساتھ توجہ سے پیش نہ آئے بلکہ مجھ سے روگردانی کرے ترغیب ترہیب کے الفاظ یہ ہیں کہ اگرچہ وہ مجھ پر ظلم کرے، اس سے دوسرے معنی کی تائید ہوتی ہے)

(۴) مجھے حکم فرمایا ہے کہ کسی شخص سے کوئی چیز نہ مانگوں۔

(۵) مجھے حکم فرمایا ہے کہ میں حق بات کہوں چاہے کسی کو کڑوی ہی لگے۔

(۶) مجھے حکم فرمایا ہے کہ میں اللہ تعالیٰ شانہٗ کی رضا کے مقابلہ میں کسی ملامت کرنیوالے کی ملامت کی پروا نہ کروں (یعنی جس چیز سے حق تعالیٰ شانہٗ راضی ہوں اُس کو اختیار کروں اس کے کرنے پر احمق ملامت کریں تو کیا کریں)

(۷) مجھے حکم فرمایا ہے کہ میں لاحول ولاقوۃ الّا باللہ کثرت سے پڑھا کروں اسلئے کہ یہ کلمات ایسے خزانے سے اُترے ہیں جو خاص عرش کے نیچے ہے۔ [1]

لاحول کو کثرت سے پڑھنے کی ترغیب بہت سی روایات میں آئی ہے۔ ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد وارد ہوا ہے کہ دو خصلتیں ایسی ہیں کہ جس شخص میں یہ ہوں حق تعالیٰ شانہٗ اس کو شاکرین اور صابرین کی جماعت میں شمار کرتے ہیں۔ جو شخص دین کے بارے میں اپنے سے اونچے لوگوں کے احوال کو دیکھے اور ان کے اتباع کی کوشش کرے اور دنیا کے بارے میں اپنے سے کم درجہ کے لوگوں کو دیکھے اور اس پر اللہ تعالیٰ شانہٗ کا شکر ادا کرے کہ اس نے (محض اپنے فضل سے) اس کو

---

[1] مشکوٰۃ۔

اس سے بہتر حالت میں کر رکھا ہے۔ حق تعالیٰ شانہٗ اُس کو صابر اور شکر کرنے والوں میں شمار فرمائیں گے اور جو شخص دین کے بارے میں اپنے سے کمتر لوگوں کو دیکھے (فلاں تو اتنا بھی نہیں کرتا جتنا میں کرتا ہوں) اور دنیا کے بارے میں اپنے سے اونچے لوگوں کو دیکھے اور اس پر افسوس کرے کہ میرے پاس اتنا نہیں ہے جتنا فلاں کے پاس ہے وہ نہ صبر کرنے والوں میں شمار ہے نہ شکر گذاروں میں۔ ❶

عون بن عبداللہؒ کہتے ہیں کہ میں اکثر مالداروں کے پاس بیٹھا کرتا تھا تو میری طبیعت غمگین رہتی۔ کسی کا کپڑا اپنے کپڑے سے بہتر دیکھا تو اپنے کپڑے کے ادنیٰ ہونے پر اپنی ذلت محسوس کرتا جس سے رنج ہوتا) کسی کا گھوڑا اپنے گھوڑے سے اعلیٰ دیکھتا۔ پھر میں نے فقراء کے پاس اپنی نشست شروع کردی تو مجھے اس رنج سے راحت مل گئی (کہ ان لوگوں سے اپنی چیزوں کو افضل دیکھتا ہوں) ❷ علماء نے لکھا ہے کہ نکاح بھی کسی غریب سے کرے مالدار عورت سے نکاح نہ کرے اس لئے کہ جو شخص مالدار عورت سے نکاح کرتا ہے پانچ آفتوں میں گرفتار ہوگا۔

۱)......مہر زیادہ دینا پڑے گا۔

۲)......رخصتی میں دیر اور ٹال مٹول ہوگی۔ کہ اس کے جہیز کی تیاری ہی ختم نہ ہوگی۔

۳)......اُس سے خدمت لینا مشکل ہوگا۔

۴)......خرچ زیادہ مانگے گی۔

۵)......طلاق دینا چاہے گا تو اس کے مال کا لالچ طلاق نہیں دینے دے گا۔

کہتے ہیں کہ عورت چار چیزوں میں خاوند سے کمتر ہونی چاہئے ورنہ خاوند اس کی نگاہ میں ذلیل ہوگا۔ عمر میں، قد کی لمبائی میں، مال میں، شرافت میں اور چار چیزوں میں خاوند سے بڑھی ہوئی ہونی چاہئے۔ خوبصورتی میں، ادب میں، تقویٰ میں، عادتوں میں۔ ❸ اور مال سے زیادہ اہم خلقت اور صحت کے اعتبار سے اپنے سے کمتر لوگوں کو دیکھنا ہے۔ ایک بزرگ کی خدمت میں کسی شخص نے حاضر ہو کر اپنے فقر کی شکایت کی اور بڑی سخت پریشانی کا اظہار کیا کہ اس کے غم میں مرنے کی تمنا ظاہر کی۔ ان بزرگ نے دریافت کیا کہ تم اس پر راضی ہو کہ تمہاری آنکھیں ہمیشہ کے لئے لے لی جائیں اور تمہیں دس ہزار درہم مل جائیں۔ وہ اس پر راضی نہ ہوا۔ پھر فرمایا اچھا اس پر راضی ہو کہ تمہیں دس ہزار درہم دے کر تمہاری زبان لے لی جائے۔ وہ اس پر بھی راضی نہ ہوا۔ پھر انہوں نے فرمایا کہ اس پر راضی ہو کہ تمہارے چاروں ہاتھ پاؤں کاٹ دیئے جائیں اور تم کو بیس ہزار درہم دے دیئے جائیں۔ وہ اس پر بھی راضی نہ ہوا تو فرمانے لگے کہ تمہیں شرم نہیں آتی کہ تمہارے اقرار کے

❶ مشکوٰۃ ❷، ❸ احیاء۔

موافق پچاس ہزار سے زیادہ مالیت کا سامان تو حق تعالیٰ شانہٗ نے تمہیں عطا فرما رکھا ہے (اور یہ مثال کے طور پر چند چیزیں گنوائی ہیں) پھر بھی تم شکوہ کر رہے ہو۔ ابن سماکؒ ایک بادشاہ کے پاس گئے بادشاہ کے ہاتھ میں پانی کا گلاس تھا بادشاہ نے ان سے درخواست کی کہ مجھے کوئی نصیحت کیجئے ابن سماکؒ نے کہا کہ اگر یہ کہا جائے کہ یہ گلاس پانی کا اُسی ساری سلطنت کے بدلے میں مل سکتا ہے جو تمہارے پاس ہے اور نہ خریدا جائے تو پانی ملنے کی کوئی صورت نہیں پیاسے ہی رہنا ہوگا کیا تم راضی ہو جاؤ گے کہ ساری سلطنت دے کر پانی خریدو، ورنہ پیاسے مر جاؤ۔ بادشاہ نے کہا یقیناً راضی ہو جاؤں گا۔ ابن سماکؒ نے کہا کہ ایسی بادشاہت پر کیا خوش ہونا جس کی ساری کی قیمت ایک گلاس پانی ہو۔

ان مثالوں سے اندازہ ہوتا ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ کی ایک ایک نعمت ہر شخص کے پاس ایسی ہے کہ لاکھوں کروڑوں اُس کی قیمت نہیں ہو سکتی۔

یہ تو عام نعمتیں ہیں جن میں ہر شخص کی شرکت ہے۔ اگر گہری نگاہ سے غور کیا جائے تو ہر شخص کے ساتھ خصوصی نعمتیں حق تعالیٰ شانہ کی ایسی ہیں جن میں کوئی دوسرا شریک نہیں اور تین چیزیں تو ایسی ہیں کہ ان میں ہر شخص کو اعتراف ہے کہ وہ اس نعمت میں ممتاز ہے کوئی دوسرا اس کا شریک نہیں ایک تو عقل ہے کہ ہر شخص چاہے کتنا ہی بیوقوف ہو وہ یہ سمجھا کرتا ہے کہ میں سب سے زیادہ عقل مند ہوں دوسرے اس بات کو نہیں سمجھتے جس کو میں سمجھتا ہوں۔ ایسی حالت میں چاہے واقعہ کے اعتبار سے صحیح ہو یا غلط لیکن اس کے اپنے اعتقاد اور اقرار کے اعتبار سے اس پر حق تعالیٰ شانہٗ کا ایک ایسا انعام ہے کہ یہ انعام کسی دوسرے پر نہیں ہے ایسی حالت میں کیا یہ ضروری نہیں کہ اللہ تعالیٰ شانہ کی اس نعمت میں سب سے زیادہ شکر گذار بنے (اور اگر کسی معمولی چیز روپیہ پیسہ وغیرہ میں کسی دوسرے سے کم ہو تو یہ سوچے کہ سب سے اشرف چیز عقل میں سب سے زیادہ بڑھا ہوا ہوں)۔ دوسری چیز عادات ہیں کہ ہر شخص اپنے سوا دوسرے ہر شخص میں کوئی نہ کوئی ایسی عادت سمجھا اور پایا کرتا ہے جو اس کے نزدیک عیب ہوتی ہے اور گویا اس کے نزدیک اس کے سوا ہر شخص کے اندر کوئی نہ کوئی اخلاقی عیب ضرور ہے اور اپنی کسی عادت کو بھی (لفظوں میں چاہے مان لے مگر دل میں) عیب دار نہیں سمجھا کرتا نہ اس کے چھوڑنے کے درپے ہوتا ہے۔ ایسی حالت میں کیا یہ ضروری نہیں کہ آدمی یہ سوچے کہ حق تعالیٰ شانہٗ نے اگر کسی ایک آدھ چیز میں دوسرے سے کم دے رکھا ہے تو عادات کی نعمتوں میں اس کو خاص طور سے سب سے بڑھا رکھا ہے۔

تیسری چیز علم ہے کہ ہر شخص اپنے ذاتی حالات اور اندرونی احوال سے اتنا زیادہ واقف اور ان کا جاننے والا ہوتا ہے کہ کوئی دوسرا شخص اس کے احوال سے اتنا واقف نہیں ہوتا اور ان میں ایسی بہت سی

چیزیں ہوتی ہیں کہ آدمی ہرگز یہ گوارا نہیں کرتا کہ اس کے ان عیوب پر کوئی دوسرا مطلع ہو تو حق تعالیٰ شانہٗ کا یہ احسان کہ اس کو اپنے احوال کا علم عطا فرمانے کے باوجود دوسروں سے اس کی ستاری فرما رکھی ہے اور اس کی یہ تمنا کہ میرے اس علم کی کسی کو خبر نہ ہو پوری کر رکھی ہے کہ ان میں دوسرا کوئی بھی اس کا شریک نہیں کیا ایسی چیز نہیں ہے جس میں یہ سب سے ممتاز ہے اور اس کا شکر اس کے ذمہ ضروری ہے؟ ان کے علاوہ ہزاروں چیزیں ہر شخص میں ایسی ہیں جن کے متعلق وہ کبھی اس کو گوارا نہیں کر سکتا کہ وہ چیز اس سے لے کر اسکے بدلے میں اس کی ضد یا کوئی دوسری چیز دیدی جائے۔ مثلاً انسان ہونا ہے کوئی نہیں گوارا کرتا کہ اس کو آدمی سے بندر بنا دیا جائے۔ مرد ہونا ہے کوئی نہیں پسند کرتا کہ اس کو مرد سے عورت بنا دیا جائے۔ اسی طرح مومن ہونا ہے، حافظ قرآن ہونا ہے، عالم ہونا ہے، خوبصورت ہونا ہے، صاحب اولاد ہونا ہے، غرض اخلاق میں صورت میں، سیرت میں، عزیز واقارب میں، اہل وعیال میں، عزت، مرتبہ میں ہر شخص کے پاس ایسے خصوصی امور ملیں گے جن کے تبادلہ پر وہ کبھی بھی راضی نہ ہوگا۔ تو کیا پھر یہ بات صحیح نہیں کہ ہر شخص پر حق تعالیٰ شانہ کے ہزاروں ایسے خصوصی انعامات ہیں جو دوسرے کو نصیب نہیں ایسی حالت ان سب سے آنکھ بند کر کے اگر کوئی ایک دو چیزیں دوسرے کے پاس ہیں جو اس کے پاس نہیں ہیں ان میں للچائے اور ناشکری کرے یہ انتہائی کمینہ پن نہیں ہے اور اگر کسی کے پاس مال ہی زیادہ دیکھتا ہے تو ان امور میں جو اوپر ذکر کیے گئے غور کرے کہ ان میں سے کتنی چیزیں ایسی ہیں جن میں یہ اس شخص سے بڑھا ہوا ہے جس پر رشک یا حسد کر رہا ہے دراں حالیکہ مجموعہ احسانات میں یہ خود اس سے بڑھا ہوا ہے۔

اور اس سب کے بعد جو مال اس کے پاس ہے اس کا حشر معلوم نہیں کیا ہونے والا ہے وہ اس کے لئے راحت کا سبب ہے یا وبال جان ہے۔ اسی لئے حضور ﷺ کا پاک ارشاد ہے کہ کسی فاجر شخص کے پاس کوئی نعمت دیکھ کر رشک نہ کرو تمہیں خبر نہیں کہ مرنے کے بعد وہ کس مصیبت میں گرفتار ہونے والا ہے اسلئے کہ فاجر شخص کے لئے اللہ کے یہاں ایسی ہلاکت ہے۔ یعنی جہنم جو کبھی ختم ہونے والی نہیں۔ آئندہ حدیث میں یہ مضمون تفصیل سے آرہا ہے۔

۱۷)......عن عقبة بن عامر عن النبی ﷺ قال اذا رأیت اللّٰه عزّ وجلّ یعطی العبد من الدُّنیا علی مَعَاصیةٍ مایحب فَاِنَّما هُوَاستدراجٌ ثُمَّ تَلَا رَسُوْلُ اللّٰه ﷺ فَلَمَّا نَسُوْا مَاذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَیْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَیْءٍ حَتّٰۤی اِذَا فَرِحُوْا بِمَاۤ اُوْتُوْۤا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ○ (رواہ

احمد كذافی المشكوٰة)

ترجمہ)...... حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ جب تو یہ دیکھے کہ حق تعالیٰ شانہ' کسی گنہگار پر اس کے گناہوں کے باوجود دنیا کی وسعت فرما رہا ہے تو یہ اللہ تعالیٰ شانہ کی طرف سے ڈھیل ہے پھر حضور ﷺ نے یہ آیۃ شریفہ فلما نسوا سے مبلسون تک تلاوت فرمائی جس کا ترجمہ یہ ہے کہ پس جب وہ لوگ ان چیزوں کو بھولے رہے جن کی ان کو نصیحت کی جاتی تھی تو ہم نے ان پر (راحت کے) ہر قسم کے دروازے کھول دیئے یہاں تک کہ جب وہ ان چیزوں پر جو ان کو ملی تھیں اترانے لگے تو ہم نے ان کو دفعۃً پکڑ لیا تو پھر وہ حیرت میں رہ گئے۔

فائدہ: یہ آیت شریفہ سورۃ انعام کے پانچویں رکوع کی ہے اوپر سے حق تعالیٰ شانہ' نے جو معاملہ پہلی امتوں کیساتھ فرمایا ہے اس کا اجمالی بیان ہے جس کا مختصر ترجمہ یہ ہے کہ (ہم نے اور امتوں کی طرف بھی جو کہ آپ سے پہلے) زمانہ میں (تھیں پیغمبر بھیجے تھے) مگر انہوں نے ان پیغمبروں کو نہ مانا (سو ہم نے ان کو تنگدستی اور بیماری) وغیرہ مصائب میں مبتلا کیا اور ان سختیوں کے (ساتھ پکڑا تا کہ وہ لوگ ڈھیلے پڑ جائیں) کہ آفتیں آنے پر اللہ تعالیٰ شانہ کو یاد کیا جاتا ہے مگر وہ اس پر بھی اپنی حرکتوں سے باز نہ آئے (پس جب ان کو ہماری طرف سے سزا پہنچی تھی تو انہوں نے عاجزی کیوں نہ کی) تا کہ ان کی آہ وزاری عاجزی اور توبہ سے ان کا قصور معاف کر دیا جاتا (لیکن ان کے دل تو ویسے ہی سخت رہے اور شیطان ان کے اعمال بد کو جن میں وہ مبتلا تھے اور ان کی حرکتوں (کو ان کی نگاہ میں آراستہ کر کے دکھاتا رہا پس جب وہ لوگ ان چیزوں کو بھولے رہے جن کی ان کو) پیغمبروں کی طرف سے (نصیحت کی جاتی تھی تو ہم نے ان پر) راحت و آرام اور عیش و عشرت کی (ہر چیز کے دروازے کھول دیئے) جس سے وہ عیش پرستی میں خوب مست ہو گئے (یہاں تک کہ جب وہ ان چیزوں کے ساتھ جو ان کو دی گئی تھیں خوب اترانے) اور اکڑنے لگے تو ہم نے ان کو دفعۃً پکڑ لیا اور ایسا فوری عذاب ایکدم ان پر مسلط کر دیا کہ ان کو اس کا وہم و گمان بھی نہ تھا (پھر تو وہ حیرت میں رہ گئے) کہ یہ کیا ہو گیا یہ مصیبت کہاں سے نازل ہو گئی (پھر) تو ہمارے فوری عذاب سے (ظالموں کی بالکل جڑ کٹ گئی اور اللہ کا شکر ہے جو تمام جہاں کا پروردگار ہے) کہ ایسے ظالموں کی جڑ کٹ گئی۔

حضور اقدس ﷺ نے اس آیت شریفہ کی تلاوت سے حق تعالیٰ شانہ' کی عادت شریفہ کی طرف اشارہ کر کے تنبیہ فرمائی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانیوں اور گناہوں کے باوجود عیش و عشرت اور راحت کے اسباب کا ہونا بسا اوقات حق تعالیٰ شانہ' کی طرف سے ڈھیل ہوتی ہے جس کو استدراج کہتے ہیں

جس کا قرآن پاک کی اس آیت میں ذکر ہے اور اس کے علاوہ بھی متعدد آیات میں اس پر تنبیہ فرمائی ہے یہ بڑی خطرہ کی چیز ہے اس لئے کہ اس میں اکثر فوری عذاب آدمی پر ایسا مسلط ہو جاتا ہے کہ وہ حیران کھڑا رہ جاتا ہے اور کوئی راستہ اس کو اس آفت سے بچنے کا نہیں ملتا اس لئے اس سے بہت زیادہ ڈرتے رہنا چاہیے۔ حضرت عبادہ ﷛ حضور ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ جب حق تعالیٰ شانہٗ کسی قوم کو بڑھانا چاہتے ہیں تو ان میں میانہ روی اور عفت پیدا فرماتے ہیں اور جب کسی قوم کو ختم کرنا مقصود ہوتا ہے تو اس میں خیانت کا دروازہ کھل جاتا ہے پھر جب وہ اپنی اس حرکت پر خوب خوش ہونے لگتے ہیں تو ایک دم ان پر عذاب مسلط ہو جاتا ہے اور یہ آیت پڑھی۔ حضرت حسن ﷛ فرماتے ہیں کہ جس پر وسعت کی جائے اور وہ یہ نہ سمجھے کہ یہ میری ہلاکت کا پیش خیمہ ہے وہ سمجھدار نہیں ہے اور جس پر تنگی ہو اور وہ یہ نہ سمجھے کہ یہ میرے لئے حق تعالیٰ شانہٗ کی طرف رجوع کرنے کے لئے مہلت ہے وہ سمجھدار نہیں۔ ❶

ایک حدیث میں ہے کہ خود حضور ﷺ نے بھی یہ دعا کی یا اللہ جو مجھ پر ایمان لائے اور ان احکامات کو سچا جانے جو میں لایا ہوں تو اس کو مال کم عطا کر اولاد کم عطا کر اور اپنی ملاقات کا شوق اس کو زیادہ دے اور جو مجھ پر ایمان نہ لائے اور ان احکامات کو سچا نہ جانے اس کو مال بھی زیادہ دے اولاد بھی زیادہ دے اور اس کی عمر بھی زیادہ کر۔ ❷ بہر حال معاصی کی کثرت کے ساتھ نعمتوں کا ہونا زیادہ خطرناک ہے اور ایسے وقت میں بہت زیادہ توبہ واستغفار اور حق تعالیٰ شانہٗ کی طرف رجوع کرنے کی ضرورت ہے۔ اسی وجہ سے حضور اقدس ﷺ کا وہ ارشاد ہے جو قریب ہی اس سے پہلی حدیث کے آخر میں گذرا کہ کسی فاجر کے پاس کوئی نعمت دیکھ کر رشک نہ کرو تمہیں خبر نہیں کہ وہ مرنے کے بعد کس مصیبت میں گرفتار ہونے والا ہے۔

۱۸)......عن شداد بن اوس قال قال رسول اللّٰہ ﷺ الکیس من دان نفسه وعمل لمابعدالموت والعاجز من اتبع نفسه هو اها وتمنیٰ علی اللّٰه (رواہ الترمذی وابن ماجه کذافی المشکوٰۃ وزاد السیوطی فی الجامع الصغیرو احمد والحاکم ورقم له بالصحة)

ترجمہ)......حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ سمجھدار شخص وہ ہے جو اپنے نفس کو (اللہ تعالیٰ کی رضا کے کاموں کا) مطیع بنائے اور مرنے کے بعد کام آنیوالے اعمال کرے اور عاجز (بیوقوف ہے وہ شخص جو نفس کی خواہشوں کا اتباع کرے) اور اللہ تعالیٰ سے امیدیں باندھے۔

---

❶ درمنثور ❷ کنز۔

فائدہ: یعنی حالت تو یہ ہے کہ نفس کی خواہشات کے مقابلہ میں حرام حلال کی بھی پروانہیں اور اللہ تعالیٰ شانہ سے بڑی بڑی امیدیں لگائے رکھتا ہے کہ وہ رحیم ہے کریم ہے اور ان امیدوں پر گناہ کی پروا نہ کرے۔

ایک اور حدیث میں ہے سمجھدار وہ ہے جو موت کے بعد کیلئے عمل کرے اور ننگا وہ ہے جو دین سے خالی ہو۔ یا اللہ زندگی صرف آخرت کی ہی زندگی ہے۔ (1) یعنی وہی پائیدار زندگی ہے جو اس میں خالی ہاتھ گیا تو اس نے عمر بھی کھودی۔ یہاں یہ سمجھ لینا چاہیے کہ حق تعالیٰ شانہ کی رحمت اور مغفرت کا امیدوار ہونا اور اس کی تمنا کرنا اور اس کو اللہ تعالیٰ شانہ سے مانگنا دوسری چیز ہے اور اس کی رحمت اور مغفرت کے گھمنڈ پر غرور اور یہ گمان کہ میں جو چاہے کرتا رہوں میری مغفرت تو ہو ہی جائے گی دوسری چیز ہے۔ امام رازیؒ فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ شانہ کا ارشاد

فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ۝

اور دوسرا ارشاد

وَلٰكِنَّكُمْ فَتَنْتُمْ اَنْفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ الْاَمَانِيُّ

یہ دونوں آیتیں غرور کی مذمت کے لئے بہت کافی ہیں۔ (2) پہلی آیت شریفہ سورۃ لقمان کے آخر میں ہے جس کا ترجمہ یہ ہے کہ تم لوگوں کو دنیا کی زندگی دھوکہ میں نہ ڈال دے (کہ تم اس میں لگ کر آخرت کو بھول جاؤ) اور نہ تم کو دھوکہ باز (شیطان) دھوکہ میں ڈال دے۔ اس آیت شریفہ کی تفسیر میں حضرت سعید بن جبیرؒ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ سے دھوکہ میں ڈال دینے کا مطلب یہ ہے کہ تو گناہ کرتا رہے اور مغفرت کی تمنائیں کرتا رہے۔ دوسری آیت شریفہ سورۂ حدید کے دوسرے رکوع کی ہے جس میں اوپر سے قیامت کے دن کے ایک منظر کا ذکر ہے کہ اس دن مسلمانوں کے سامنے ایک نور دوڑتا ہوا ہوگا جو ان کے آگے آگے چل رہا ہوگا۔ (یہ پل صراط پر سے گذرنے کیلئے ہوگا) اس کے بعد ارشاد ہے

يَوْمَ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِكُمْ ج
قِيْلَ ارْجِعُوْا وَرَآءَكُمْ فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ط فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ ط
بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ ؕ يُنَادُوْنَهُمْ اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ط

---

(1) جامع الصغیر (2) احیاء۔

قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنَّكُمْ فَتَنْتُمْ اَنْفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ الْاَمَانِیُّ حَتّٰى جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ وَغَرَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ○

اس دن منافق مرد اور منافق عورتیں مؤمنوں سے کہیں گے کہ ذرا ہمارا انتظار کرلو تا کہ ہم بھی تمہارے نور سے کچھ روشنی حاصل کرلیں تو ان کو جواب دیا جائے گا کہ تم اپنے پیچھے لوٹ جاؤ وہاں روشنی تلاش کرو پھر قائم کردی جائے گی ان کے درمیان ایک دیوار جس کا ایک دروازہ ہوگا کہ اس کے اندرونی جانب رحمت ہے اور اس کے باہر کی طرف عذاب (پھر وہ منافق) آواز دیں گے کیا دنیا میں ہم تمہارے ساتھ نہ تھے وہ (مسلمان) کہیں گے کہ ہاں ساتھ تھے تو سہی لیکن تم نے اپنے کو گمراہی میں پھنسا رکھا تھا اور تم (مسلمانوں پر مصائب کے متمنی اور) منتظر رہا کرتے اور اسلام کے حق ہونے میں تم شک کیا کرتے تھے اور تم کو تمہاری بیہودہ تمناؤں نے دھوکے میں ڈال رکھا تھا یہاں تک کہ خدا کا حکم (موت کے متعلق) آپہنچا اور تم کو دھوکہ دینے والے (شیطان) نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ دھوکے میں ڈال رکھا تھا۔

ابوسفیانؒ سے اس آیت شریفہ کی تفسیر میں نقل کیا گیا ہے کہ (فَتَنْتُمْ اَنْفُسَكُمْ) یعنی تم نے گناہوں کے ساتھ اپنے آپ کو گمراہی میں ڈال رکھا تھا اور تم کو تمناؤں نے دھوکے میں ڈال رکھا تھا کہ تم یہ کہتے تھے کہ ہماری مغفرت ہوجائے گی۔ ❶ صاحب مظاہر لکھتے ہیں کہ شیخ ابن عباد شاذلیؒ بیچ شرح حکم کے کہتے ہیں کہ علماء باللہ نے کہا ہے کہ رجاء کاذب کہ مغرور ہو صاحب اس کا اس پر اور باز رہے عمل سے اور دلیر کرے اس کو گناہوں پر حقیقت میں رجاء نہیں ہے بلکہ وہ آرزو اور فریب شیطان کا ہے۔

اور حضرت معروف کرخیؒ فرماتے کہ طلب کرنا بہشت کا بے عمل کے ایک گناہ ہے گناہوں سے اور امید شفاعت بے سبب و بے علاقہ ایک قسم ہے فریب سے اور امید رکھنا رحمت کا اس سے کہ فرمانبرداری نہ کرے اس کی حمق اور جہالت ہے۔ اور حسن بصریؒ کہتے ہیں کہ ایک قوم کو باز رکھا بخشش کی آرزوؤں نے یہاں تک کہ باہر نکلی دنیا سے اور حال یہ ہے کہ نہیں ہے ان کیلئے نیکی۔ کہتا ہے ایک ان میں سے کہ اچھا رکھتا ہوں میں گمان اپنے پروردگا سے کہ بخشنے والا ہے۔ جھوٹ کہتا ہے اگر اچھا ہوتا گمان اس کا ساتھ پروردگار کے تو اچھے عمل کرتا اور حسن بصریؒ

---

❶ در منثور۔

فرماتے ہیں کہ دور ہوا ے بندگان خدا ان آرزوؤں باطل سے کہ یہ وادی احمقوں کی ہے کہ پڑے ہیں لوگ ان میں قسم ہے خدا تعالیٰ کی نہ دی خدا تعالیٰ نے کسی بندے کو اس کی آرزوؤں سے خیر دنیا میں اور نہ آخرت میں۔

امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ ہر سعادت کی کنجی چوکنا رہنا اور سمجھ سے کام کرنا ہے اور ہر قسم کی بدبختی کا چشمہ غرور اور غفلت ہے حق تعالیٰ شانہٗ کا کوئی احسان ایمان اور معرفت سے بڑھ کر نہیں ہے اور ان کے لئے کوئی ذریعہ اس کے نہیں کہ حق تعالیٰ شانہٗ بصیرت کے نور کے ساتھ دل میں انشراح پیدا کر دے اور حق تعالیٰ شانہٗ کا کوئی عذاب کفر اور معصیت سے بڑھ کر نہیں ہے اور اس کا محرک صرف یہ ہے کہ جہالت کی ظلمت سے دل کی آنکھ اندھی ہو جائے۔ پس سمجھدار اور بصیرت والے لوگوں کے دل ایسے ہیں جیسا کہ کسی طاق میں نہایت روشن چراغ (بجلی کا قمقمہ) رکھا ہوا ہو جس کی مثال قرآن پاک کی آیت (كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ الاية (نور ع ۵) ہے اور غرور میں پڑے ہوئے لوگوں کے دل ایسے ہیں جیسا کہ بہت سی تاریکیوں میں کوئی شخص ہو کہ کوئی چیز اس کو نظر نہ آتی ہو۔

(كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ الاية (نور ع ۵)

اور جب یہ معلوم ہو گیا کہ غرور ہی اصل سر چشمہ ہر ہلاکت کا ہے تو اس کی تھوڑی سی تفصیل معلوم ہونے کی ضرورت ہے تا کہ اس سے اہتمام سے بچا جا سکے۔ غرور کی مذمت قرآن پاک اور احادیث میں کثرت سے وارد ہوئی ہے اور حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ سمجھدار شخص وہ ہے جو اپنے نفس کو قابو میں رکھے اور مرنے کے بعد کے لئے عمل کرتا رہے اور احمق وہ شخص ہے جو اپنے نفس کی خواہشات کا اتباع کرے اور اللہ جل شانہٗ پر تمنائیں کرے اور احادیث میں جہل کے متعلق جتنی مذمتیں اور وعیدیں آئی وہ ساری غرور پر بھی صادق آتی ہیں اس لئے کہ غرور جہل سے پیدا ہوتا ہے بلکہ جہل ہی کا جزو ہے اگر چہ ہر جہل غرور نہیں لیکن ہر غرور جہل ضرور ہے اور ان میں سب سے بڑھا ہوا جہل و غرور کفار اور فاسق فاجر لوگوں کا ہے جو کہتے ہیں کہ دنیا نقد ہے اس وقت موجود ہے اور آخرت ادھار ہے بعد کو آنیوالی ہے اور نقد را بنسیہ گذاشتن کار خرد منداں نیست۔ نقد کو ادھار پر چھوڑنا سمجھداروں کا کام نہیں ہے۔

یہ خیال انتہائی بیوقوفی اور جہالت ہے۔ یہ قاعدہ وہاں ہے جہاں نقد اور ادھار برابر ہوں کوئی چیز نقد ایک روپیہ میں فروخت ہوتی ہو اور ادھار سو روپے میں جاتی ہو وہاں کوئی احمق بھی یہ نہ کہے گا کہ نقد کو ادھار پر نہ چھوڑنا چاہیے۔ حالانکہ دنیا کی نقد لذتوں کو آخرت کے مقابلہ میں کوئی نسبت ہی نہیں دنیا کی زندگی کسی شخص کی اگر ہو سکتی ہے تو سو ڈیڑھ سو برس۔ اس مدت کو آخرت کی کبھی ختم نہ ہونے

والی مدت کے ساتھ کیا نسبت ہو سکتی ہے۔ اسی طرح کوئی طبیب کسی بیمار کو ایک پھل کو منع کرتا ہے اور مہلک بتاتا ہے لیکن بیمار کبھی یہ نہیں کہہ سکتا کہ اس پھل کے کھانے کی لذت نقد ہے اور صحت ادھار ہے لہٰذا نقد کو ادھار پر نہ چھوڑنا چاہیے۔ اسی طرح بعض بیوقوف کہتے ہیں کہ دنیا کی مضرت اور تکلیف یقینی ہے اور آخرت میں شک ہے یقین کو شک پر نہیں چھوڑنا چاہیے۔ یہ بھی جہالت کی بات ہے۔ آدمی تجارت میں مشقتیں برداشت کرتا ہے جو یقینی ہیں محض نفع کی امید پر جس میں شک ہے کہ تجارت میں نفع ہوگا یا نہیں۔ بیمار کڑوی سے کڑوی دوا پیتا ہے فصد کراتا ہے، جونکیں لگواتا ہے، شگاف دلواتا ہے جن کی تکلیف یقینی ہے اور یہ سب کچھ صحت اُمید پر ہے جس کا ہونا یقینی نہیں۔ اسی طرح سے یہ خیال بھی دھوکہ کہ آخرت کو ہم نے دیکھا نہیں ہے تجربہ نہیں کیا، معلوم نہیں کیا حقیقت ہے۔ یہ خیال بھی انتہائی جہالت ہے۔ ناواقف آدمی کے لئے اگر ذاتی علم نہ ہو تو تجربہ کار واقف لوگوں کا قول ہی معتبر ہوتا ہے۔ کوئی بیمار کبھی یہ نہیں کہہ سکتا کہ فلاں دوا میں یہ تاثیر مجھے معلوم نہیں کہ ہے یا نہیں وہ ہمیشہ علاج میں واقف طبیب اور ڈاکٹروں کے قول پر اعتماد کرتا ہے کبھی کسی ڈاکٹر سے یہ نہیں پوچھتا کہ اس دوا کا فلاں اثر ہونا مجھے دلیل سے سمجھاؤ۔ اور اگر کوئی ایسا کہے گا تو وہ بیوقوف سمجھا جائیگا۔ اسی طرح آخرت کے بارے میں انبیاء، اولیاء، حکماء اور علماء کے اقوال جن پر ساری دنیا نے ہمیشہ اعتماد کیا ہے معتبر ہوں گے اور چند جہلاء کے یہ کہہ دینے سے کہ ہمیں معلوم نہیں یا ہمیں یقین نہیں کچھ اثر نہیں پڑتا۔

اس قسم کے اوہام آخرت کے بارے میں کافروں کو پیش آتے ہیں اور مسلمان اپنی زبان سے مسلمان ہونے کا اقرار کرنے کی وجہ سے زبان سے تو ایسی باتیں نہیں کہتے لیکن وہ اللہ تعالیٰ کے احکام کو پس پشت ڈال کر اس کے گناہوں کا ارتکاب کر کے شہوتوں اور دنیا کی لذتوں میں منہمک ہو کر عملی طور اور زبان حال سے گویا وہ بھی یہی کہتے ہیں ورنہ کوئی وجہ نہیں کہ وہ دنیا کو آخرت پر ترجیح دیں۔ یہ لوگ زبانی طور پر دوسرے دھوکے میں پڑے ہوئے ہیں۔ کہتے ہیں کہ حق تعالیٰ شانہٗ کریم ہیں غفور ہیں رحیم ہیں اس کی معافی کے ہم امیدوار ہیں ہم کو اس کی مغفرت پر اعتماد ہے اور اس کا امیدوار رہنا مطلوب ہے۔ محمود ہے پسندیدہ ہے اس کی رحمت بڑی وسیع ہے۔ اس کی مغفرت کے دریاؤں کے مقابلہ میں ہمارے گناہ کیا چیز ہیں۔ خود حق تعالیٰ شانہٗ کا پاک ارشاد ہے جو حدیث قدسی میں آیا ہے کہ بندے کے گمان کے ساتھ ہوں اس کو چاہیے کہ میرے ساتھ نیک گمان کرے۔

یہ ارشاد یقیناً صحیح ہے اور حق تعالیٰ شانہٗ کا یہی پاک ارشاد ہے لیکن اس کے ساتھ ہی یہ بھی سمجھ لینا چاہیے کہ شیطان آدمی کو کسی صحیح سالم کے غلط معنی سے گمراہ کر سکتا ہے۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو شیطان کو

دھوکہ دینے میں مشکل پیش آتی ہے۔ اسی چیز کو حضور اقدس ﷺ نے اپنے اس ارشاد میں واضح فرمایا ہے کہ سمجھدار وہ شخص ہے جو اپنے نفس کو مطیع کرے اور مرنے کے بعد کے لئے اعمال کرے اور احمق وہ شخص ہے جو نفس کی خواہشات کا اتباع کرے اور اللہ تعالیٰ پر امیدیں باندھے۔ یہی وہ امیدیں ہیں۔ حق تعالیٰ شانہٗ پر جس کو شیطان نے اللہ تعالیٰ شانہٗ کے ساتھ نیک امید کا غلاف پہنایا ہے۔ حق تعالیٰ شانہٗ نے اپنے امیدیں رکھنے کی خود شرح فرمادی چنانچہ ارشاد ہے۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِیْنَ هَاجَرُوْا وَجَاهَدُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ یَرْجُوْنَ رَحْمَتَ اللّٰهِ ط (بقرہ ع ۲۷)

حقیقت میں جو لوگ ایمان لائے ہیں اور جن لوگوں نے اللہ کے واسطے اپنا وطن چھوڑ دیا ہے اور جن لوگوں نے اللہ کے راستہ میں جہاد کیا ہے (جس میں دین کے لئے ہر کوشش داخل ہے) یہی لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ شانہ کی رحمت کے امیدوار ہیں۔

قرآن پاک میں جگہ جگہ جنت کو اور اس کی نعمتوں کو اعمال کا بدلہ بتایا گیا ہے۔ ایسی حالت میں غور کرنے کی چیز ہے کہ اگر کوئی شخص کسی کو برتن بنانے پر مزدور رکھے اور بہت بڑی اجرت اس کی مقرر کردے جس کی کوئی حد نہیں اور وہ شخص نہایت کریم ہو، مزدوری دینے میں بہت سخی اور اجرت مقررہ پر بہت زیادہ انعام دینے والا ہو، جو برتن خراب بن جائیں ان پر بھی اجرت دیدیتا ہو جن میں معمولی نقص رہ جائے ان پر بھی تسامح کرلیتا ہو اور مزدور بجائے برتن بنانے کے ان اوزاروں کو بھی توڑ دے جن سے برتن بنایا جاتا ہے اور یہ کہے کہ برتن بنوانے والا بڑا کریم ہے اجرت بہت زیادہ دیتا ہے اس لئے ان سب کو توڑ پھوڑ کر بہت زیادہ اجرت ملنے کے انتظار میں بیٹھا رہے۔

کیا کوئی احمق بھی اس کو عقل والا کہے گا اور یہ حماقت اس وجہ سے ہوتی ہے کہ امید اور تمنا میں فرق نہیں سمجھا جاتا۔ حضرت حسن بصریؒ سے کسی نے پوچھا کہ بعض لوگ نیک عمل تو کرتے نہیں اور یہ کہتے ہیں کہ ہم اللہ تعالیٰ شانہٗ سے نیک امید رکھتے ہیں۔ وہ فرمانے لگے (امید تم سے) بہت دور ہے بہت دور ہے یہ ان کی آرزوئیں ہیں جن میں وہ جھکے جارہے ہیں جو شخص کسی چیز کی امید رکھتا ہے وہ اس کو طلب کیا کرتا ہے اور جو شخص کسی چیز سے (مثلاً عذاب الٰہی سے) ڈرا کرتا ہے وہ اس سے بھاگا کرتا ہے (اس سے بچنے کی کوشش کیا کرتا ہے)۔ مسلم بن یسارؒ نے ایک دن اتنا لمبا سجدہ کیا کہ (دانتوں میں خون اتر آیا اور) دو دانت گر گئے۔ ایک شخص کہنے لگے (کہ مجھ سے عمل تو ہوتا نہیں لیکن) اللہ تعالیٰ سے مغفرت کی امید ضرور رکھتا ہوں۔ مسلم کہنے لگے بہت بعید ہے اور بہت ہی بعید

ہے جو شخص کسی چیز کی امید کیا کرتا ہے اس کو طلب کیا کرتا ہے اور جو شخص کسی چیز سے ڈرا کرتا ہے اس سے بھاگا کرتا ہے۔ پس جب کوئی شخص لڑکا ہونے کی امید کرے اور نکاح نہ کرے یا نکاح کرے اور صحبت نہ کرے اور لڑکا ہونے کی امید باندھے رہے وہ بیوقوف کہلائے گا۔ اسی طرح جو شخص اللہ تعالیٰ کی رحمت کی امید کرے اور ایمان بھی نہ لائے یا ایمان لائے اور نیک عمل ہی نہ کرے اور گناہوں کو نہ چھوڑے وہ بیوقوف ہے۔ البتہ جو شخص نکاح کرے اور صحبت کرے پھر وہ متردد ہے کہ بچہ ہوتا ہے یا نہیں ہوتا اور اللہ کے فضل سے امید رکھے کہ بچہ ہوگا اور اس سے ڈرتا رہے کہ رحم پر کوئی آفت نہ آئے بچہ ضائع نہ ہو جائے اس کی حفاظت کرتا رہے یہاں تک کہ بچہ پیدا ہو جائے تو وہ عقلمند ہے۔ اسی طرح جو شخص ایمان لائے نیک عمل کرے برے اعمال سے بچتا رہے اور اللہ تعالیٰ کی رحمت کی امید کرے کہ وہ قبول فرمالے گا اور قبول نہ ہونے سے ڈرتا رہے حتیٰ کہ اسی حال پر اس کی موت آجائے تو وہ سمجھدار ہے اس کے علاوہ سب بیوقوف ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن کے متعلق قرآن پاک میں ارشاد ہے۔

وَلَوْ تَرٰى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ الآیۃ (سجدہ ع ۲)

اور اگر آپ ان لوگوں کا حال دیکھیں تو عجب حال دیکھیں جبکہ یہ مجرم لوگ اپنے رب کے سامنے سر جھکائے کھڑے ہونگے اور کہتے ہونگے اے ہمارے پروردگار بس ہماری آنکھیں اور کان کھل گئے پس ہم کو دنیا میں پھر بھیج دیجئے تاکہ ہم اب نیک کام کریں۔ اب ہم کو پورا یقین آگیا یعنی اب ہم کو اس کا پورا یقین آگیا کہ جیسا بغیر نکاح کے اور صحبت کے بچہ پیدا نہیں ہوتا اور بغیر زمین کو درست کرنے اور بیج ڈالنے کے کھیتی نہیں ہوتی اسی طرح بغیر نیک عمل کے آخرت کا ثواب نہیں ملتا البتہ ایسے موقع پر اللہ تعالیٰ شانہٗ کی مغفرت کی امید بہت پسندیدہ ہے جبکہ کوئی شخص گناہوں میں منہمک ہو اور توبہ کرنا چاہتا ہو اور شیطان اس کو دھوکہ میں ڈالے کہ تجھ جیسے گنہگار کی توبہ کہاں قبول ہو سکتی ہے تو نے اتنے گناہ کئے ہیں کہ ان کی بخشش تو ممکن ہی نہیں تو اس کے لئے اللہ جل شانہٗ کا ارشاد ہے

قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ○ وَاَنِيْبُوْٓا اِلٰى رَبِّكُمْ وَاَسْلِمُوْا لَهٗ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ○ وَاتَّبِعُوْٓا اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً

وَّاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۙ اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ وَاِنْ كُنْتُ لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ۙ اَوْ تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ هَدٰىنِيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ۙ اَوْ تَقُوْلَ حِيْنَ تَرَى الْعَذَابَ لَوْ اَنَّ لِيْ كَرَّةً فَاَكُوْنَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ (زمر ۵۳-۵۸)

آپ کہہ دیجئے اے میرے بندو! جنہوں نے اپنے اوپر زیادتیاں (اور کفر وشرک اور گناہوں کے ظلم) کئے ہیں۔ تم خدا کی رحمت سے ناامید مت ہو بالیقین اللہ تعالیٰ شانہٗ، تمام گناہوں کو معاف کردے گا واقعی وہ بڑا بخشنے والا ہے بڑی رحمت کرنے والا ہے۔ تم اپنے رب کی طرف رجوع کرلو اور اس کی فرمانبرداری کرلو قبل اس کے کہ تم پر عذاب ہونے لگے پھر اس وقت تمہاری کوئی مدد نہ کی جائیگی اور تم اپنے رب کے پاس سے آئے ہوئے اچھے اچھے حکموں پر چلو قبل اس کے کہ تم پر اچانک عذاب آپڑے اور تم کو خیال بھی نہ ہو (اور تمہیں اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے کا حکم اس لئے دیا جاتا ہے کہ کل کو قیامت کے دن) کبھی کوئی شخص کہنے لگے افسوس میری اس کوتاہی پر جو میں نے خدا تعالیٰ کی جانب میں کی (یعنی اس کی اطاعت میں مجھ سے کوتاہی ہوئی) اور میں (خدا تعالیٰ کے احکام پر) ہنستا ہی رہا یا کوئی یوں کہنے لگے کہ اللہ تعالیٰ مجھ کو ہدایت کرتا تو میں بھی پرہیزگاروں میں سے ہوتا یا کوئی عذاب کو دیکھ کر یوں کہنے لگے کہ کاش میرا (دنیا میں) پھر جانا ہو جائے تو میں نیک بندوں میں سے ہو جاؤں۔ ان آیتوں میں حق تعالیٰ شانہٗ نے سارے گناہوں کی بخشش کے وعدے کے ساتھ اس کی طرف رجوع کرنے کا حکم بھی فرمایا ہے۔ اور دوسری جگہ

وَاِنِّيْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰى (طٰہٰ ع ۴)

ارشاد فرمایا ہے کہ میں بڑی مغفرت کرنے والا ہوں۔ اس شخص کے لئے جو توبہ کرے اور ایمان لائے اور اچھے عمل کرے۔ پھر اسی راہ پر قائم رہے۔

اس آیت شریفہ میں مغفرت کو ان چیزوں پر مرتب فرمایا ہے۔ پس جو شخص توبہ کے ساتھ مغفرت کا امیدوار ہے وہ تو حقیقت میں امیدوار ہوں اور جو گناہوں پر اصرار کے ساتھ مغفرت کی امید باندھے ہوئے ہے وہ احمق ہے دھوکہ میں پڑا ہوا ہے۔ پہلے لوگ عبادات پر مرمٹتے تھے رات دن عبادات میں مشغول رہ کر ہر وقت اللہ کے خوف سے روتے تھے اور اس زمانہ میں ہر شخص خوش ہے۔ اللہ کے عذاب سے ہر وقت مطمئن ہے اس کو کسی وقت بھی عذاب کا ڈر نہیں، دن رات شہوتوں اور دنیا کی لذتوں میں منہمک ہے دنیا کے کمانے کا ہر وقت فکر ہے اور اللہ تعالیٰ شانہٗ کی طرف ذرا بھی توجہ

نہیں ہے اور گمان یہ ہے کہ ہم لوگوں کو اللہ کے کرم پر بھروسہ ہے اس کی مغفرت کی امید ہے اس کی معافی کا یقین ہے۔ گویا انبیاء کرام صحابہ عظام اور اولیاء مخلصین میں سے تو کسی کو اس کی رحمت کی امید ہی نہ تھی جو اس قدر مشقتیں برداشت کرتے رہے۔ ❶

۱۹)......عن ابن عمرؓ قال اتیت النبی ﷺ عاشر عشرة فقام رجل من الانصار فقال یا نبی اللہ من اکیس النّاس واحزم النّاس قال اکثرھم ذکرًا للموت واکثرھم استعدادا للموت اولئك الاکیاس ذھبوا بشرف الدنیا وکرامة الاخرة (رواہ ابن ابی الدنیا والطبرانی فی الصغیر باسناد حسن ورواہ ابن ماجة مختصرًا باسناد جید کذافی الترغیب وذکرله الزبیدی طرقا عدیدة)

ترجمہ)......حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ ہم دس آدمی جن میں ایک میں بھی تھا حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے ایک انصاری نے حضور ﷺ سے سوال کیا کہ سب سے زیادہ سمجھدار اور سب سے زیادہ محتاط آدمی کون ہے۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جو لوگ موت کو سب سے زیادہ یاد کرنیوالے ہوں اور موت کیلئے سب سے زیادہ تیاری کرنیوالے ہوں۔ یہی لوگ ہیں جو دنیا کی شرافت اور آخرت کا اعزاز لے اڑے۔

فائدہ: حضور اقدس ﷺ سے موت کو کثرت سے یاد کرنے اور یاد رکھنے کے بارے میں مختلف عنوانات سے بہت سی احادیث وارد ہوئی ہیں جن میں سے بعض روایات اس رسالہ میں قریب ہی امیدوں کے مختصر کرنے کی حدیث کے ذیل میں گذر چکی ہیں۔ ان میں حضور ﷺ کا حکم بھی مختلف روایات میں گذر چکا ہے کہ لذتوں کی توڑ دینے والی چیز یعنی موت کو کثرت سے یاد کیا کرو۔ حضور ﷺ کے اس اہتمام ہی کی وجہ سے اس مضمون کو مستقل بھی ذکر کر رہا ہوں اس لئے کہ موت کو کثرت سے یاد رکھنا امیدوں کے مختصر ہونے کا بھی ذریعہ ہے موت کی تیاری کا بھی سبب ہے دنیا سے بے رغبتی پیدا ہونے کا بھی سبب ہے جو اصل مقصود ہے۔ مال جمع کر کے بیکار چھوڑ جانے سے بھی روکنے والا ہے۔ آخرت کیلئے ذخیرہ جمع کر لینے میں بھی معین ہے اور گناہوں سے توبہ کرتے رہنے پر بھی ابھارنے والا ہے۔ دوسروں پر ظلم وستم اور دوسرے کے حقوق کو ضائع کرنے سے بھی روکنے والا ہے غرض یہ عمل بہت فوائد اپنے اندر رکھتا ہے اسی وجہ سے مشائخ سلوک کا بھی معمول ہے کہ اپنے مریدین میں سے اکثروں کو جن کے مناسب حال ہو اس کا مراقبہ خاص طور سے تلقین کرتے ہیں۔

---

❶ احیاء۔

ایک حدیث میں ہے کہ ایک جوان مجلس میں کھڑے ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) مؤمنین میں سب سے زیادہ سمجھدار کون ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ موت کا کثرت سے ذکر کرنے والا اور اس کے آنے سے پہلے پہلے اس کے لئے بہترین تیاری کرنے والا۔ (اتحاف)

ایک مرتبہ حضور اقدس ﷺ نے قرآن پاک کی آیت تلاوت فرمائی۔

فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ

جس کا ترجمہ یہ ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ جس کو ہدایت فرمانے کا ارادہ فرماتے ہیں اسلام کیلئے اس کا سینہ کھول دیتے ہیں (کہ اسلام کے متعلق اس کو شرح صدر ہو جاتا ہے) اس کے بعد حضور ﷺ نے فرمایا کہ (اسلام کا) نور جب سینہ میں داخل ہوتا ہے تو سینہ اس کے لئے کھل جاتا ہے۔ کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) اس کی (کہ اسلام کا نور سینہ میں داخل ہو گیا) کوئی علامت ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ دھوکہ کے گھر (دنیا سے) بعد پیدا ہونا ہمیشہ رہنے والے گھر (آخرت) کی طرف رجوع اور موت آنے سے پہلے اس کیلئے تیاری۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ میں نے اپنی والدہ کی قبر کی زیارت کرنے کی اجازت مانگی تھی مجھے اس کی زیارت کی اجازت مل گئی تم لوگ قبرستان جایا کرو اس لئے کہ یہ چیز موت کو یاد دلاتی ہے۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ اس سے عبرت ہوتی ہے۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ قبرستان جانے سے دنیا سے بے رغبتی پیدا ہوتی ہے اور آخرت یاد آتی ہے۔ حضرت ابوذر ؓ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھ سے ارشاد فرمایا کہ قبرستان جایا کرو اس سے تم کو آخرت یاد آئے گی اور مردوں کو غسل دیا کرو یہ (نیکیوں سے) خالی بدن کا علاج ہے اور اس سے بہت بڑی نصیحت حاصل ہوتی ہے اور جنازے کی نماز میں شرکت کیا کرو، شاید اس سے کچھ رنج و غم تم میں پیدا ہو جائے کہ غمگین آدمی (جس کو آخرت کا غم ہو) اللہ تعالیٰ کے سایہ میں رہتا ہے اور ہر خیر کا طالب رہتا ہے۔ [1] ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ بیماروں کی عیادت کیا کرو اور جنازوں کے ساتھ جایا کرو، کہ یہ آخرت کو یاد دلاتا ہے۔ ایک حکیم کسی جنازے کے ساتھ جا رہے تھے۔ راستہ میں لوگ اس میت پر افسوس اور رنج کر رہے تھے۔ وہ صاحب فرمانے لگے کہ تم اپنے اوپر رنج اور افسوس کرو تو زیادہ مفید ہے یہ تو چلا گیا اور تین آفتوں سے نجات پا گیا آئندہ ملک الموت کے دیکھنے کا خوف اس کو نہیں رہا موت کی سختی جھیلنے کی اب اس کو نوبت نہیں آئے گی برے خاتمہ کا خوف ختم ہو گیا (اپنی فکر کرو کہ یہ تینوں مرحلے تمہارے لئے باقی ہیں)

حضرت ابوالدرداء ؓ ایک جنازے کے ساتھ جا رہے تھے۔ کسی راستہ چلنے والے نے پوچھا

---

[1] ترغیب۔

کہ یہ کس کا جنازہ ہے۔ فرمانے لگے یہ تیرا جنازہ ہے اور اگر تجھے یہ بات گراں گذرے تو میرا جنازہ ہے۔ (مطلب یہ ہے کہ یہ وقت اپنی موت کے یاد کرنے کا ہے اس وقت فضول بات کی طرف متوجہ ہونا بالکل نامناسب ہے۔

حضرت حسن بصریؒ کا ارشاد ہے کہ تعجب اور بہت زیادہ تعجب ان لوگوں پر ہے جن کو (آخرت کے) سفر کے لئے توشہ تیار کر لینے کا حکم مِلا ہوا ہے اور روانگی عنقریب ہونے کا اعلان ہو چکا ہے پھر بھی یہ لوگ (دُنیا کے) کھیل میں مشغول ہیں۔ ان کے متعلق مشہور ہے کہ جب یہ کسی جنازے کو دیکھتے تو ان کو ایسا حال رنج وغم سے ہوتا جیسا کہ ابھی اپنی ماں کو دفن کر کے آئے ہوں۔ ❶

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ ایک یہودی عورت اُن کے پاس آئی اور (کسی احسان کے بدلہ میں) کہنے لگی کہ اللہ تعالیٰ شانہٗ تمہیں قبر کے عذاب سے بچائے۔ حضرت عائشہؓ نے حضور ﷺ سے پوچھا کیا قبروں میں بھی عذاب ہوتا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا بیشک قبروں میں بھی عذاب ہوتا ہے اور اس کے بعد سے (لوگوں کی تعلیم کے لئے) ہمیشہ حضور ﷺ ہر نماز کے بعد قبر کے عذاب سے پناہ مانگا کرتے تھے۔

ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ مردوں پر قبر میں ایسا سخت عذاب ہوتا ہے کہ اس کی آواز چوپائے تک سنتے ہیں۔ ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد نقل کیا گیا کہ مجھے یہ ڈر ہے کہ تم (خوف کی وجہ سے) مُردوں کو دفن کرنا چھوڑ دو گے ورنہ میں اللہ تعالیٰ سے اس کی دُعا کرتا کہ تمہیں قبر کے عذاب کی آواز سنا دے۔ حضرت عثمانؓ جب کسی قبر پر کھڑے ہوتے تو اتنا روتے کہ ڈاڑھی مبارک تر ہو جاتی۔ کسی نے پوچھا کہ آپ اتنا زیادہ جنت اور جہنم کے ذکر سے نہیں روتے جتنا قبر کے تذکرے سے روتے ہیں؟ انہوں نے فرمایا کہ میں نے حضور اقدس ﷺ سے سنا ہے کہ قبر آخرت کی منزلوں میں سب سے پہلی منزل ہے جو اس سے سہولت سے چھوٹ گیا اس کے لیے اس کے بعد کی منزلیں سب آسان ہیں اور جو اس میں (عذاب میں) پھنس گیا اُس کیلئے اس کے بعد کی منزلیں اور بھی زیادہ سخت ہیں اور میں نے حضور ﷺ سے یہ بھی سنا ہے کہ میں نے کوئی منظر ایسا نہیں دیکھا کہ قبر کا منظر اس سے زیادہ سخت نہ ہو۔ اور ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد نقل کیا گیا کہ قبر میں روزانہ صبح اور شام دو وقت میت کو اس کا وہ گھر دکھایا جاتا ہے جس میں وہ قیامت کے بعد جائے گا اگر وہ جنت والوں میں ہے تو جنت کا مکان دکھایا جاتا ہے جس میں وہ قیامت کے بعد جائے گا اگر وہ جنت والوں میں ہے تو جنت کا مکان دکھایا جاتا ہے (جس سے اس کو قبر ہی میں فرحت اور سرور حاصل رہتا ہے) اور اگر وہ جہنم والوں میں ہوتا ہے تو جہنم کا مکان دکھایا جاتا ہے (جس سے اس کے

---

❶ تنبیہ الغافلین۔

رنج وغم، فکر وخوف میں اضافہ ہوتا رہتا ہے)۔

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ ایک مرتبہ ایک یہودی عورت میرے دروازے پر آئی اور بھیک مانگنے لگی کہ مجھے کچھ کھانے کو دے دو اللہ تعالیٰ تمہیں دجال کے فتنے سے اور قبر کے عذاب سے بچائے۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ میں نے اُس عورت کو ٹھہرایا۔ اتنے میں حضور ﷺ تشریف لے آئے۔ میں نے حضور ﷺ سے عرض کیا کہ اس یہودی عورت نے یہ دو باتیں کہیں۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ دجال کا فتنہ ایسا ہے کہ کوئی نبی پہلے انبیاء میں سے ایسا نہیں گذرا جنہوں نے اپنی اُمت کو اس کے فتنہ سے نہ ڈرایا ہو لیکن میں اس کے متعلق ایک بات کہتا ہوں جو اب تک کسی نبی نے نہیں کہی۔ وہ یہ ہے کہ وہ کانا ہے اور اس کے پیشانی پر کافر کا لفظ لکھا ہوا ہوگا جس کو ہر مومن پڑھ لے گا اور قبر کے فتنہ کی بات یہ ہے کہ کوئی نیک بندہ مرتا ہے تو فرشتے اس کو قبر میں بٹھاتے ہیں وہ ایسی حالت میں بیٹھتا ہے کہ نہ اس کو کوئی گھبراہٹ ہوتی ہے نہ اس کو کوئی غم مسلط ہوتا ہے۔ پھر اُس سے اول تو اسلام کے متعلق سوال کیا جاتا ہے کہ تو اسلام کے بارے میں کیا کہتا تھا؟ اس کے بعد پھر اس سے پوچھا جاتا ہے کہ تو اس شخص کے (یعنی حضور اقدس ﷺ کے) بارے میں کیا کہتا ہے؟ وہ کہتا ہے کہ یہ محمد ﷺ ہیں جو اللہ تعالیٰ شانہٗ کے پاس سے ہمارے پاس واضح دلیلیں لے کر آئے۔ ہم نے ان سب کو سچا مانا جو حضور ﷺ لے کر آئے تھے۔ اس کے بعد اس کو اوّل دوزخ کا ایک مقام دکھایا جاتا ہے، جہاں وہ دیکھتا ہے، کہ آدمی ایک دوسرے پر ٹوٹے پڑے ہیں۔ پھر اس سے کہا جاتا ہے کہ اس جگہ کو دیکھ حق تعالیٰ شانہٗ نے تجھ کو اس آفت سے نجات عطا فرمادی۔ اس کے بعد اُس کو جنت کا ایک مقام دکھایا جاتا ہے۔ جہاں وہ نہایت زیب وزینت دیکھتا ہے اور اس کے لطف کے مناظر دیکھتا ہے۔ پھر اس سے کہا جاتا ہے کہ اس میں یہ جگہ تیرے رہنے کی ہے (قیامت کے بعد تو یہاں لایا جائیگا) تو دُنیا میں آخرت کا یقین کرنیوالا تھا اور اس پر تیری موت ہوئی اور اسی پر قیامت میں تو قبر سے اُٹھایا جائیگا۔ اور جب کوئی بُرا آدمی مرتا ہے تو اس کو قبر میں بٹھایا جاتا ہے وہ نہایت گھبراہٹ اور خوفزدہ ہو کر بیٹھتا ہے اور اُس سے بھی وہی سوال ہوتا ہے جو پہلے گزرا) وہ جواب دیتا ہے کہ مجھے تو کچھ خبر نہیں لوگوں کو میں نے جو کہتے سنا تھا وہی میں بھی کہہ دیتا تھا اُس کے لیے اول جنت کا دروازہ کھول کر اُس کو وہاں کی زیب وزینت اور جو نعمتیں وہاں ہیں دکھائی جاتی ہیں۔ پھر اس سے کہا جاتا ہے کہ یہاں تیرا اصل مقام تھا مگر تجھے یہاں سے ہٹا دیا گیا۔ پھر اس کو جہنم دکھائی جاتی ہے جہاں ایک پر دوسرا ٹوٹا پڑا ہے اور اس سے کہا جاتا ہے کہ اب تیرا ٹھکانا یہ ہے تو دُنیا میں شک ہی میں رہا اُسی پر مرا اسی پر قیامت میں اُٹھایا جائے گا۔ ❶

---

❶ ترغیب۔

حضرت ابوقتادہ ؓ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس ایک جنازہ گذرا حضور ﷺ نے اس کو دیکھ کر فرمایا کہ یہ شخص یا تو راحت پانے والا ہے، یا اس سے راحت ہوگئی۔ اس کے بعد ارشاد فرمایا کہ مؤمن بندہ تو مر کر دُنیا کی مشقتوں اور تکلیفوں سے راحت پالیتا ہے اور اللہ تعالیٰ شانہٗ کی رحمت کے اندر چلا جاتا ہے۔ (یہ تو راحت پانے والا ہوا) اور فاجر آدمی جب مرتا ہے تو دوسرے آدمی اور آبادیاں اور درخت اور جانور سب کے سب اُس کی موت سے راحت پاتے ہیں۔ ❶ اس لئے کہ اُس کے گناہوں کی نحوست سے دُنیا میں آفات نازل ہوتی ہیں، بارش بند ہوجاتی ہے۔ جس کی وجہ سے شہروں میں فساد ہوتا ہے اور درخت خشک ہونے لگتے ہیں، جانوروں کو چارہ ملنا مشکل ہوجاتا ہے۔ اس وجہ سے اس کی موت سے سب کو راحت ملتی ہے کہ اس کی نحوست سے سب کو تکلیف پہنچ رہی تھی۔

حضرت ابن عمر ؓ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک مرتبہ میرا مونڈھا پکڑ کر فرمایا کہ دُنیا میں ایسے رہو جیسا کوئی اجنبی بلکہ راستہ چلتا مسافر ہوتا ہے۔ حضرت ابن عمر ؓ فرماتے ہیں کہ جب تو صبح کرے تو شام کا انتظار نہ کر اور جب شام کرے تو صبح کا انتظار نہ کر اور اپنی صحت کے زمانے میں مرض کے زمانے کے لئے توشہ لے لے (کہ جو اعمال صحت میں کرتا ہوگا مرض میں ان کا ثواب ملتا رہے گا) اور اپنی زندگی میں موت کے لئے توشہ لے لے۔ ❷

حضرت ابوہریرہ ؓ فرماتے ہیں کہ ہم ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں ایک جنازے کے ساتھ چلے قبرستان میں پہنچ کر حضور اقدس ﷺ نے ایک قبر کے پاس تشریف رکھی اور ارشاد فرمایا کہ قبر پر کوئی دن ایسا نہیں گذرتا جس میں وہ نہایت فصیح اور صاف آواز کے ساتھ یہ اعلان نہیں کرتی کہ اے آدم کے بیٹے تو مجھے بھول گیا میں تنہائی کا گھر ہوں، اجنبیت کا گھر ہوں، میں وحشت کا گھر ہوں، میں کیڑوں کا گھر ہوں، نہایت تنگی کا گھر ہوں مگر اس شخص کے لئے جس پر اللہ تعالیٰ شانہٗ مجھے وسیع بنادے۔ اس کے بعد حضور ﷺ نے فرمایا کہ قبر جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے یا دوزخ کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا ہے۔

حضرت سہل ؓ فرماتے ہیں کہ ایک صحابی رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین اُن کی تعریف کرنے لگے اور ان کی کثرت سے عبادت کا حال بیان کرنے لگے۔ حضور ﷺ سکوت کے ساتھ سنتے رہے۔ جب وہ حضرات چُپ ہوئے تو حضور ﷺ نے دریافت کیا کہ یہ موت کو کبھی یاد کیا کرتے تھے۔ صحابہ ؓ نے عرض کیا اس کا ذکر تو نہیں کرتے تھے۔ پھر حضور ﷺ نے دریافت فرمایا کہ اپنے جی چاہنے کی چیزوں کو چھوڑ دیتے تھے (کہ کسی چیز کو کھانے کا مثلاً دل چاہتا ہو

---

❶، ❷ مشکوٰۃ۔

اور نہ کھاتے ہوں) صحابہ ﷺ نے عرض کیا ایسا تو نہیں ہوتا تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ یہ صحابی ﷺ ان درجوں کو نہ پہنچیں گے جن کو تم لوگ (جو ان دونوں چیزوں کو کرتے ہوں) پہنچ جاؤ گے۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ حضور ﷺ کی مجلس میں ایک صحابی کی عبادت اور مجاہدہ کی کثرت کا ذکر ہوا حضور ﷺ نے فرمایا کہ وہ موت کو کتنا یاد کرتے تھے۔ صحابہ ﷺ نے عرض کیا کہ اس کا تذکرہ تو ہم نے نہیں سنا۔ حضور ﷺ نے فرمایا تو پھر وہ اس درجہ کے نہیں ہیں (جیسا تم سمجھ رہے ہو)۔ حضرت براء ﷺ فرماتے ہیں کہ ہم حضور اقدس ﷺ کے ساتھ ایک جنازے کے دفن میں شریک ہوئے۔ حضور ﷺ نے وہاں جا کر ایک قبر کے قریب تشریف رکھی اور اتنا روئے کہ زمین تر ہو گئی اور ارشاد فرمایا کہ بھائیو! اس چیز کے لئے (یعنی قبر میں جانے کے لئے) تیاری کرو۔ (1) حضرت شقیق بن ابراہیمؒ فرماتے ہیں کہ آدمی چار چیزوں میں زبان سے تو میری موافقت کرتے ہیں اور عمل سے مخالفت کرتے ہیں۔

(۱)...... وہ کہتے ہیں کہ ہم خدا تعالیٰ کے بندے (اور غلام) ہیں اور کام آزاد لوگوں کے سے کرتے ہیں۔

(۲)...... یہ کہتے ہیں کہ خدا تعالیٰ شانہٗ ہماری روزی کا ذمہ دار ہے۔ لیکن ان کے دلوں کو (اس کی ذمہ داری پر) اُس وقت تک اطمینان نہیں ہوتا جب تک دُنیا کی کوئی چیز اُن کے پاس نہ ہو۔

(۳)...... یہ کہتے ہیں کہ آخرت دُنیا سے افضل ہے لیکن دُنیا کیلئے مال جمع کرنے کی فکر میں ہر وقت لگے رہتے ہیں (آخرت کا کچھ بھی فکر نہیں)۔

(۴)...... کہتے ہیں کہ موت یقینی چیز ہے آ کر رہے گی۔ لیکن اعمال ایسے لوگوں کے سے کرتے ہیں جن کو کبھی مرنا ہی نہ ہو۔ ابو حامد لفافؒ کہتے ہیں کہ جو شخص موت کو کثرت سے یاد کرے۔

اس کے اوپر تین چیزوں کا اکرام ہوتا ہے۔

۱)...... توبہ جلدی نصیب ہوتی ہے۔

۲)...... مال میں قناعت میسر ہوتی ہے۔

۳)...... عبادت میں نشاط اور دلبستگی پیدا ہوتی ہے۔

اور جو شخص موت سے غافل رہتا ہے اس پر تین عذاب مسلط کئے جاتے ہیں۔

(۱...... گناہ سے توبہ میں تاخیر ہوتی رہتی ہے۔

(۲...... آمدنی پر راضی نہیں ہوتا (اس کو کم ہی سمجھتا رہتا ہے چاہے کتنی ہی ہو جائے۔

---

(1) ترغیب۔

(۴...... اور عبادات میں سستی پیدا ہوتی ہے۔ ❶

امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ تمام تعریفیں صرف اُسی پاک ذات کے لئے ہیں جس نے بڑے بڑے ظالم اور جابر لوگوں کی گردنیں موت سے مروڑ دیں اور اونچے اونچے بادشاہوں کی کمریں موت سے توڑ دیں اور بڑے بڑے خزانوں کے مالکوں کی اُمیدیں موت سے ختم کردیں۔ یہ سب لوگ ایسے تھے جو موت کے ذکر سے بھی نفرت کرتے تھے۔ لیکن اللہ کا جب وعدہ (موت کا وقت) آیا تو ان کو گڑھے میں ڈال دیا اور اونچے محلوں میں زمین کے نیچے پہنچا دیا اور بجلی کے قمقموں کی روشنی میں، نرم بستروں سے قبر کے اندھیرے میں پہنچا دیا، غلاموں اور باندیوں سے کھیلنے کے بجائے زمین کے کیڑوں میں پھنس گئے اور اچھے اچھے کھانے اور پینے میں لطف اُڑانے کے بجائے خاک میں لوٹنے لگے اور دوستوں کی مجلسوں کے بجائے تنہائی کی وحشت میں گرفتار ہو گئے۔ پس کیا ان لوگوں نے کسی مضبوط قلعہ کے ذریعہ موت سے اپنی حفاظت کر لی یا اس سے بچنے کے لئے کوئی دوسرا ذریعہ اختیار کر لیا۔ پس وہ ذات پاک ہے جس کے قہر اور غلبہ میں کوئی دوسرا شریک نہیں اور ہمیشہ رہنے کے لئے صرف اسی کی تنہا ذات ہے کوئی اس کا مثل نہیں۔ پس جب موت ہر شخص کو پیش آنیوالی ہے اور مٹی میں جا کر ملنا ہے اور قبر کے کیڑوں کا ساتھ بننا ہے اور منکر نکیر سے سابقہ پڑنا ہے اور زمین کے نیچے مدتوں رہنا ہے اور وہی بہت طویل زمانہ تک ٹھکانا ہے اور پھر قیامت کا سخت منظر دیکھنا ہے اور اس کے بعد معلوم نہیں کہ جنت میں جانا ہے یا دوزخ ٹھکانا ہے تو نہایت ضروری ہے کہ موت کا فکر ہر وقت آدمی پر مسلط رہے اُسی کے ذکر تذکرہ کا مشغلہ رہے، اُسی کی تیاری میں ہر وقت مشغول رہے، اُسی کا اہتمام ہر چیز پر غالب رہے اور اس کی آمد کا ہر وقت انتظار رہے کہ اس کے آنے کا کوئی وقت مقرر نہیں، نہ معلوم کب آجائے اسی لئے حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ سمجھدار شخص وہ ہے جو اپنے نفس پر قابو رکھے اور موت کے بعد کام آنے والی چیزوں میں مشغول رہے۔ اور کسی کام کے لئے تیاری اس کے بغیر نہیں ہوتی کہ ہر وقت اس کا اہتمام رہے اس کا ذکر و تذکرہ رہے اس لئے کہ جو شخص دُنیا میں منہمک ہے اور اس کے دھوکہ کی چیزوں میں پھنسا ہوا ہے اس کی شہوتوں پر فریفتہ ہے۔ اس کا دل موت سے بالکل غافل ہوتا ہے اور اگر موت کا ذکر بھی کیا جائے تو اس کی طبیعت کو اُس سے تکدر اور کراہت ہوتی ہے۔ اسی کو حق تعالیٰ شانہٗ ارشاد فرماتے ہیں۔

قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِیْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِیْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰی عٰلِمِ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ فَیُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ؏ (جمعہ۔ رکوع ۱)

❶ تنبیہ الغافلین۔

آپ اُن سے کہہ دیجئے کہ جس موت سے تم بھاگتے ہو وہ تم کو آ پکڑے گی پھر تم اس پاک ذات کی طرف لے جائے جاؤ گے جو ہر پوشیدہ اور ظاہر بات کو جاننے والی ہے پھر وہ تم کو تمہارے سب کئے ہوئے کام جتادے گی۔ (اور ان کا بدلہ دے گی) علماء نے لکھا ہے کہ موت کے بارے میں آدمی چار طریقے کے ہوتے ہیں۔ ایک تو وہ لوگ ہیں جو دُنیا میں منہمک ہیں جن کو موت کا ذکر بھی اس وجہ سے اچھا نہیں لگتا کہ اس سے دُنیا کی لذتیں چھوٹ جائیں گی۔ ایسا شخص موت کو کبھی یاد نہیں کرتا اور اگر کبھی کرتا بھی ہے تو برائی کے ساتھ اس لئے کہ دُنیا کے چھوٹنے کا اس کو قلق اور افسوس ہوتا ہے۔ دوسرا وہ شخص ہے جو اللہ کی طرف رجوع کرنے والا تو ہے مگر ابتدائی حالت میں ہے موت کے ذکر سے اس کو اللہ تعالیٰ کا خوف بھی ہوتا ہے اور اُس سے توبہ میں پختگی بھی ہوتی ہے یہ شخص بھی موت سے ڈرتا ہے مگر نہ اس وجہ سے کہ دُنیا چھوٹ جائے گی بلکہ اس وجہ سے کہ اس کی توبہ تام نہیں ہے یہ بھی ابھی مرنا نہیں چاہتا تاکہ اپنے حال کی اصلاح کرلے اور اس کے فکر میں لگا ہوا ہے تو یہ شخص موت کے ناپسند کرنے میں معذور ہے اور یہ حضور اقدس ﷺ کے اس ارشاد میں داخل نہ ہوگا جس میں حضور ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کے ملنے کو ناپسند کرتا ہے اللہ تعالیٰ شانہٗ بھی اس کے ملنے کو ناپسند فرماتے ہیں اس لئے کہ یہ شخص حقیقت میں حق تعالیٰ شانہٗ کی ملاقات سے کراہت نہیں کرتا بلکہ اپنی تقصیر اور کوتاہی سے ڈرتا ہے اس کی مثال اس شخص کی سی ہے جو محبوب کی ملاقات کے لئے اس سے پہلے کچھ تیاری کرنا چاہتا ہو تاکہ محبوب کا دل خوش ہو۔ البتہ یہ ضروری ہے کہ یہ شخص اس کی تیاری میں ہر وقت مشغول رہتا ہو اس کے سوا کوئی دوسرا مشغلہ اس کو نہ ہو اور اگر یہ بات نہیں ہے تو پھر یہ بھی پہلے ہی جیسا ہے یہ بھی دُنیا میں منہمک ہی ہے۔ تیسرا وہ شخص ہے جو عارف ہے اس کی توبہ کامل ہے۔ یہ لوگ موت کو محبوب رکھتے ہیں، اس کی تمنائیں کرتے ہیں اس لئے کہ عاشق کیلئے محبوب کی ملاقات سے زیادہ بہتر وقت کونسا ہوگا۔ موت کا وقت ملاقات کا وقت ہے عاشق کو وصل کے وعدہ کا وقت ہر وقت خود ہی یاد رہا کرتا ہے وہ کسی وقت بھی اس کو نہیں بھولتا۔

یہی لوگ ہیں جن کو موت کے جلدی
آنے کی تمنائیں رہتی ہیں وہ اسی قلق میں رہتے ہیں کہ موت آ ہی نہیں چکتی کہ اس معاصی کے
گھر سے جلد خلاصی ہو۔

ایک روایت میں ہے کہ حضرت خدیفہ رضی اللہ عنہ کے انتقال کا وقت جب قریب ہوا تو فرمانے لگے محبوب (موت) احتیاج کے وقت آیا جو نادم ہو وہ کامیاب نہیں ہوتا یا اللہ تجھے معلوم ہے کہ ہمیشہ مجھے فقر غنا سے محبوب رہا اور بیماری صحت سے زیادہ پسندیدہ رہی اور موت زندگی سے زیادہ مرغوب

رہی مجھے جلدی سے موت عطا کردے کہ تجھ سے ملوں۔

چوتھی قسم جو سب سے اونچا درجہ ہے ان لوگوں کا ہے جو حق تعالیٰ شانہٗ کی رضا کے مقابلہ میں تمنا بھی نہیں رکھتے وہ اپنی خواہش سے اپنے لئے نہ موت کو پسند کرتے ہیں نہ زندگی کو یہ عشق کی انتہا میں رضا اور تسلیم کے درجے کو پہنچے ہوئے ہیں بہر حال موت کا ذکر ہر حالت میں موجب اجروثواب ہے کہ جو شخص دُنیا میں منہمک ہے اس کو بھی موت کے ذکر سے اس کی لذتوں میں کمی آئے گی اور کچھ نہ کچھ تو دُنیا سے بعد پیدا ہی ہوگا اسی لئے حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ لذتوں کی توڑنے والی چیز موت کو کثرت سے یاد کیا کرو یعنی اس کے ذکر سے اپنی لذتوں میں کمی کیا کرو تا کہ اللہ جل شانہٗ کی طرف رجوع ہو سکے۔ ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ اگر جانوروں کو موت کے متعلق اتنی معلومات ہوں جتنی تم لوگوں کو ہیں تو کبھی کوئی موٹا جانور تم کو کھانے کو نہ ملے موت کے خوف سے سب دُبلے ہو جائیں۔ حضرت عائشہؓ نے حضور ﷺ سے دریافت کیا کہ کوئی شخص (بغیر شہادت کے بھی) شہیدوں کے ساتھ ہو سکتا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص دن رات میں بیس مرتبہ موت کو یاد کرے وہ ہو سکتا ہے (ایک حدیث میں ہے کہ جو شخص پچیس مرتبہ "اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِیْ فِی الْمَوْتِ وَ فِیْ مَا بَعْدَ الْمَوْتِ" پڑھے وہ شہیدوں کے درجہ میں ہو سکتا ہے) اور ان سب فضیلتوں کا سبب یہی ہے کہ موت کا کثرت سے ذکر کرنا اس دھوکہ کے گھر سے بے رغبتی پیدا کرتا ہے اور آخرت کیلئے تیاری پر آمادہ کرتا ہے اور موت سے غفلت دُنیا کی شہوتوں اور لذتوں میں انہماک پیدا کرتی ہے۔ عطاء خراسانیؒ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور اقدس ﷺ کا ایک مجلس پر گذر ہوا جہاں روز سے ہنسنے کی آواز آرہی تھی۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اپنی مجالس میں لذتوں کو مکدر کرنیوالی چیز کا تذکرہ شامل کرلیا کرو۔ صحابہ ؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) لذتوں کو مکدر کرنے والی چیز کیا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ موت۔

ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد آیا ہے کہ موت کو کثرت سے یاد کیا کرو یہ گناہوں کو زائل کرتی ہے اور دُنیا سے بے رغبتی پیدا کرتی ہے۔ ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ اگر تم کو یہ معلوم ہو جائے کہ مرنے کے بعد تم پر کیا کیا گزرے گی تو کبھی رغبت سے کھانا نہ کھاؤ کبھی لذت سے پانی نہ پیو۔

ایک صحابی ؓ کو حضور ﷺ نے وصیت فرمائی کہ موت کا ذکر کثرت سے کیا کرو یہ تمہیں دوسری چیزوں میں رغبت سے ہٹا دیگا۔ ایک حدیث میں ہے کہ موت کو کثرت سے یاد کیا کرو۔ جو شخص موت کا ذکر کثرت سے کرتا ہے اس کا دل زندہ ہو جاتا ہے اور موت اس پر آسان ہو جاتی ہے۔ ایک

صحابیؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) مجھے موت سے محبت نہیں ہے کیا علاج کروں؟ حضور ﷺ نے فرمایا تمہارے پاس کچھ مال ہے؟ انہوں نے عرض کیا کہ ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا اس کو آگے چلتا کر دو آدمی کا دل مال سے لگا رہتا ہے جب اس کو آگے بھیج دیتا ہے تو خود بھی اس کے پاس جانے کو دل چاہتا ہے اور جب پیچھے چھوڑ جاتا ہے تو خود بھی اس کے پاس رہنے کو دل چاہتا ہے۔ ایک حدیث میں ہے کہ جب دو تہائی رات گذر جاتی تو حضور اقدس ﷺ فرماتے۔ لوگو! اللہ تعالیٰ کو یاد کرلو اللہ تعالیٰ کو یاد کرلو، عنقریب کا زلزلہ پھر صور پھونکنے کا وقت آ رہا ہے اور (ہر شخص کی) موت اپنی ساری سختیوں سمیت آ رہی ہے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کا معمول تھا کہ روزانہ رات کو علماء کے مجمع کو بلاتے جو موت کا اور قیامت کا اور آخرت کا ذکر کرتے اور ایسا روتے جیسا کہ جنازہ سامنے رکھا ہو۔ ابراہیم تیمیؒ کہتے ہیں کہ دو چیزوں نے مجھ سے دنیا کی ہر لذت کو منقطع کر دیا ایک موت نے دوسرے قیامت میں حق تعالیٰ شانہٗ کے سامنے کھڑا ہونے کی فکر نے۔ حضرت کعبؓ فرماتے ہیں کہ جو شخص موت کو پہچان لے اس پر دنیا کی ساری مصیبتیں آسان ہیں۔ اشعثؒ کہتے ہیں کہ ہم حضرت حسن بصریؒ کے پاس جب بھی حاضر ہوتے جہنم کا اور آخرت کا ذکر ہوتا۔ ایک عورت نے حضرت عائشہؓ سے اپنے دل کی قساوت کی شکایت کی۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ موت کا تذکرہ کثرت سے کیا کرو دل نرم ہو جائیگا۔ انہوں نے ایسا ہی کیا اس کے بعد حضرت عائشہؓ کے پاس آئیں اور ان کا بہت بہت شکریہ ادا کیا۔

امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ موت کا معاملہ نہایت خطرناک ہے اور لوگ اس سے بہت غافل ہیں اول تو اپنے مشاغل کی وجہ سے اس کا ذکر ہی نہیں کرتے اور اگر کرتے ہیں تب بھی چونکہ دل دوسری طرف مشغول ہوتا ہے اس لئے محض زبانی تذکرہ مفید نہیں ہے بلکہ ضرورت اس کی ہے کہ دل کو سب طرف سے بالکل فارغ کر کے اس کو اس طرح سوچے کہ گویا وہ سامنے ہی ہے۔ جس کی صورت یہ ہے کہ اپنے عزیز و اقارب اور جانے والے احباب کا حال سوچے کہ کیونکر ان کو چارپائی پر لے جا کر مٹی کے نیچے داب دیا۔ ان کی صورتوں کا ان کے اعلیٰ منصوبوں کا خیال کرے اور یہ غور کرے کہ اب مٹی نے کس طرح ان کی اچھی صورتوں کو پلٹ دیا ہوگا۔ ان کے بدن کے ٹکڑے ٹکڑے الگ الگ ہو گئے ہوں گے کس طرح بچوں کو یتیم، بیوی کو بیوہ اور عزیز و اقارب کو روتا چھوڑ کر چل دیئے، ان کے سامان ان کے مال ان کے کپڑے پڑے رہ گئے۔ یہی حشر ایک دن میرا بھی ہوگا۔ کس طرح وہ مجلسوں میں بیٹھ کر قہقہے لگاتے تھے آج خاموش پڑے ہیں۔ کس طرح دنیا کی لذتوں میں مشغول تھے، آج مٹی میں ملے پڑے ہیں کیسا موت کو بھلا رکھا تھا آج اس کے شکار ہو گئے۔ کس طرح جوانی

کے نشہ میں تھے، آج کوئی پوچھنے والا بھی نہیں ہے، کیسے دنیا کے دھندوں میں ہر وقت مشغول رہتے تھے، آج ہاتھ الگ پڑا ہے پاؤں الگ ہے زبان کو کیڑے چمٹ رہے ہیں بدن میں کیڑے پڑ گئے ہونگے، کیسا کھلکھلا کر ہنستے تھے آج دانت گرے پڑے ہونگے، کیسی کیسی تدبیریں سوچتے تھے برسوں کے انتظام سوچتے تھے، حالانکہ موت سر پر تھی مرنے کا دن قریب تھا مگر انہیں معلوم نہیں تھا کہ آج رات کو میں نہیں ہوں گا۔ یہی حال میرا ہے آج میں اتنے انتظامات کر رہا ہوں کل کی خبر نہیں کیا ہوگا۔ (احیاء)

آگاہ اپنی موت سے کوئی بشر نہیں ساماں سو برس کا ہے کل کی خبر نہیں

آسمانوں پر جو فرشتے مختلف کاموں پر متعین ہیں انکو سال بھر کے احکامات ایک رات میں مل جاتے ہیں کہ اس سال فلاں فلاں کام کرنے ہیں اور فلاں فلاں شخص کے متعلق یہ عملدرآمد ہوگا اس میں روایات مختلف ہیں کہ یہ احکام لیلۃ القدر میں ملتے ہیں یا شب برات میں جونسی بھی رات ہو کثرت سے روایات میں یہ مضمون وارد ہوا ہے کہ اس رات میں ان سب کی فہرست فرشتوں کے حوالہ کر دی جاتی ہے جو اس سال میں مرنے والے ہیں۔ دنیا میں آدمی نہایت غفلت سے اپنے لہو ولعب میں مشغول ہوتا ہے اور آسمانوں پر اس کی گرفتاری کا وارنٹ جاری ہوگیا ہے اسی موت کا حکم صادر ہو چکا ہے جس میں نہ کسی سفارش کی گنجائش ہے نہ اس حکم کا اپیل ہے نہ جو وقت اس کی موت کا تجویز ہوا ہے اس میں ایک منٹ کی تاخیر ہو سکتی ہے۔

حضرت ابن عباس ﷺ سورۂ دخان کی تفسیر میں ارشاد فرماتے ہیں کہ لیلۃ القدر میں لوح محفوظ سے ان سب چیزوں کو نقل کیا جاتا ہے جو اس سال میں ہونے والی ہیں کہ اتنا اتنا رزق دیا جائیگا، فلاں فلاں مریگا، فلاں فلاں پیدا ہوگا، اتنی بارش ہوگی، حتیٰ کہ یہ بھی نقل کیا جاتا ہے کہ اس سال فلاں فلاں شخص حج کو جائیگا۔ ایک حدیث میں ابن عباس ﷺ فرماتے ہیں کہ تو آدمی کو دیکھے گا کہ وہ بازاروں میں چل پھر رہا ہے لیکن اس کا نام اس سال کے مردوں میں لکھا جا چکا ہے۔ ابونضرہ ﷺ کہتے ہیں کہ اس رات میں سال بھر کے سارے کام (فرشتوں پر) منقسم کر دیئے جاتے ہیں۔ تمام سال کی بھلائی برائی، روزی اور موت تکلیفیں اور نرخوں کی ارزانی اور گرانی تمام سال کی دیدی جاتی ہے۔

حضرت عکرمہ ﷺ کہتے ہیں کہ شب براءۃ میں سال بھر کے احکام طے کر کے حوالہ کر دیئے جاتے ہیں اس سال کے مُردوں کی فہرست اور حج کرنے والوں کی فہرست دیدی جاتی ہے۔ نہ ان میں کمی ہو سکتی ہے۔ نہ زیادتی۔ ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد وارد ہوا ہے کہ ایک شعبان سے دوسرے شعبان تک جتنے مرنیوالے ہیں ان سب کے اوقات لکھ کر دے دیئے جاتے ہیں حتیٰ کہ آدمی دُنیا میں

نکاح کرتا ہے اس کے بچہ پیدا ہوتا ہے لیکن آسمان میں اس کا نام مُردوں کی فہرست میں آچکا ہے۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ حضور اقدس ﷺ شعبان میں بہت کثرت سے روزے رکھا کرتے تھے اس لئے کہ اس میں تمام سال میں مرنیوالوں کی فہرست مرتب ہوتی ہے حتیٰ کہ ایک آدمی نکاح کرنے میں مشغول ہے اور وہاں اس کا نام مردوں میں لکھا گیا۔ ایک آدمی حج کو جارہا ہے اور اس کا نام مردوں میں ہے۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ حضرت عائشہؓ نے حضور ﷺ سے اس کی وجہ دریافت کی کہ حضور ﷺ شعبان میں روزے بہت کثرت سے رکھتے ہیں حضور ﷺ نے فرمایا کہ اس میں سال بھر کے مردوں کی فہرست بنتی ہے میرا دل چاہتا ہے کہ میرا نام جب مردوں کی فہرست میں آئے تو میں روزہ دار ہوں۔

ایک حدیث میں ہے کہ نصف شعبان کی رات کو حق تعالیٰ شانہٗ ملک الموت کو اس سال میں مرنے والوں کی اطلاع فرمادیتے ہیں۔ ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ روزانہ ہمیشہ جب آفتاب نکلتا ہے تو وہ اعلان کرتا ہے کہ جو نیک کام کرنا ہے کرلے آج کا دن تیری عمر میں پھر کبھی نہیں آئے گا (اس لئے اس دن میں تیری جو نیکیاں لکھی جاسکتی ہوں لکھوالے اور آگے بڑھ) اور دو فرشتے آسمان سے اعلان کرتے ہیں ایک ان میں سے کہتا ہے اے نیکی کے طلب کرنے والے خوشخبری لے (اور آگے بڑھ) اور دوسرا کہتا ہے اے برائی کے کرنیوالے بس کر اور روک جا (اپنی ہلاکت کا سامان اکٹھا نہ کر) اور دو فرشتے اعلان کرتے ہیں جن میں سے ایک کہتا ہے یا اللہ خرچ کرنیوالے کو اس کا بدل دے اور دوسرا کہتا ہے کہ اے اللہ مال کو روک کے رکھنے والے کے مال کو برباد کر عطاء بن یسارؒ کہتے ہیں کہ جب نصف شعبان کی رات ہوتی ہے تو ملک الموت کو ایک فہرست دیدی جاتی ہے کہ اس میں جن کے نام ہیں ان سب کی اس سال میں روح قبض کرلی جائے۔ یہاں ایک آدمی فرش فروش میں لگا ہوا ہے نکاح کرنے میں مشغول ہے مکان کی تعمیر کرا رہا ہے اور وہاں مردوں کی فہرست میں آگیا۔

امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ آدمی مسکین پر اگر کوئی آفت کوئی مصیبت کوئی حادثہ کوئی رنج کوئی تکلیف کوئی مشقت کوئی خوف کبھی بھی نہ آئے تب بھی موت کی سختی نزع کی حالت اور اس کا اندیشہ ایسی چیز ہے جو اس کی ساری لذتوں کو مکدر کردینے کیلئے کافی ہے یہی چیز خود اتنی سخت ہے کہ اس کی فکر اور اس کی تیاری میں آدمی کو ہر وقت مشغول رہنا چاہیے۔ بالخصوص ایسی حالت میں کہ اس کا وقت معلوم نہیں کہ کب آکر مسلط ہوجائے۔ ایک حکیم کا قول ہے کہ رسی دوسرے کے ہاتھ میں ہے نہ معلوم کب کھینچ لے۔ حضرت لقمانؑ کا ارشاد اپنے بیٹے سے ہے کہ موت ایسی چیز ہے جس کا حال معلوم

نہیں کہ کب آپہنچے اس کیلئے اس سے پہلے پہلے تیاری کر لے کہ وہ دفعتۃً آجائے اور واقعی بڑے تعجب کی بات ہے کہ اگر آدمی انتہائی لذتوں میں مشغول ہو لہو ولعب کی اونچی مجلس میں شریک ہو اور اس کو یہ معلوم ہو جائے کہ ایک سپاہی اس کی تلاش میں ہے جو (کسی جرم کی سزا میں) اس کے پانچ کوڑے مارے گا تو ساری لذت سارا عیش و آرام مکدر ہو جائیگا (بلکہ اگر صرف اتنا ہی معلوم ہو جائے کہ اس کے پاس اس کی گرفتاری کا وارنٹ ہے وہ آجکل میں اس کو گرفتار کر لے گا تب بھی ساری لذتیں ختم ہو جائیں گی رات کو نیند اڑ جائیگی) حالانکہ اس کو معلوم ہے کہ ملک الموت ہر وقت اس پر مسلط ہے اور موت کی سختیاں (جو ہزاروں کوڑوں سے بڑھکر ہیں) اس پر مسلط کرنیوالا ہے پھر بھی ہر وقت اس سے غافل رہتا ہے۔ یہ جہالت اور غرور کی انتہا نہیں تو اور کیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ موت کی سختی کا حال وہی جانتا ہے جس پر گذر چکی ہے دوسرے کو اس کی سختی کا حال معلوم نہیں ہوتا وہ صرف قیاس کر سکتا ہے یا مرنے والوں کی حالت دیکھ کر کچھ اندازہ لگا سکتا ہے اور قیاس اس طرح پر ہو سکتا ہے کہ یہ تو ظاہر چیز ہے کہ بدن کے جس حصہ میں روح نہیں ہوتی اس کو کاٹنے سے تکلیف نہیں ہوتی (بدن کی جو کھال مردہ ہو جاتی ہے اس کو کاٹنے سے تکلیف نہیں ہوتی) لیکن جس عضو و حصہ میں جان و روح ہوتی ہے اس میں سوئی چبھونے سے یا اسکو کاٹنے سے سخت تکلیف ہوتی ہے پس بدن کے جس عضو پر کوئی زخم ہوتا ہے یا اس کو کاٹا جاتا ہے یا وہ جل جاتا ہے تو اس سے تکلیف اس وجہ سے پہنچتی ہے کہ روح کو اور زندگی کو اس حصہ بدن سے تعلق ہے اس تعلق کی وجہ سے اس عضو کے ذریعہ سے روح پر اثر پہنچتا ہے اور روح سارے بدن میں پھیلی ہوئی ہے تو ہر ہر عضو میں اس کی بہت تھوڑا اثر کئے ہوئے ہے اور جتنا حصہ اس عضو میں ہے اسی کے بقدر روح کو تکلیف پہنچتی ہے جو بہت تھوڑا سا حصہ ہے لیکن جو تکلیف اعضاء کے بجائے براہ راست ساری روح کو پہنچے جو موت کے وقت ہوتی ہے اسکا اندازہ اسی سے ہو سکتا ہے کہ کتنی ہوگی اس لئے کہ موت براہ راست ساری روح کو کھینچتی ہے جو بدن کے سارے اعضا میں پھیلی ہوئی ہے اس لئے بدن کا کوئی حصہ بھی ایسا نہیں ہوتا جس میں اتنی ہی تکلیف نہ ہو جتنی کہ اس کے کاٹنے میں ہوتی ہے اس لئے کہ کسی عضو کے کاٹنے سے اس وجہ سے تکلیف ہوتی ہے کہ روح اس سے جدا ہوتی ہے اور اگر وہ مردہ ہو اس میں روح نہ ہو تو اس کے کاٹنے سے ذرا بھی تکلیف نہیں ہوتی پس جب روح کے ذرا سے حصہ کے جدا ہونے سے اتنی تکلیف ہوتی ہے تو جب ساری روح کو بدن کے تمام حصوں سے کھینچا جائیگا تو ظاہر ہے کہ کتنی تکلیف ہوگی لیکن بدن کا اگر ایک حصہ کاٹا جاتا ہے تو روح کا بقیہ حصہ سارے بدن میں موجود ہوتا ہے وہ اس وقت قوی ہوتا ہے اس لئے آدمی چلاتا ہے تڑپتا ہے مگر جب ساری روح کھینچی جاتی ہے تو اس میں ضعف کی وجہ سے اتنی قوت نہیں رہتی کہ وہ کراہنے سے کچھ آرام پالے البتہ اگر بدن قوی ہوتا ہے تو اس کی بقدر سانس کے

اکھڑنے کے وقت اس میں آواز پیدا ہوتی ہے۔ جو سنائی دی جاتی ہے قوت نہیں ہوتی تو یہ بھی پیدا نہیں ہوتی۔ اس کے نکلنے کے بعد ہر عضو آہستہ آہستہ ٹھنڈا ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ سب سے پہلے پاؤں ٹھنڈے ہوتے ہیں اس لئے کہ روح پاؤں کی طرف سے سب سے پہلے کھنچی ہے اور وہاں سے نکل کر منہ کے ذریعہ سے جاتی ہے پھر پنڈلیاں ٹھنڈی ہوتی ہیں پھر رانیں اسی طرح ہر ہر عضو ٹھنڈا ہوتا رہتا ہے اور ہر ایک عضو کو اتنی ہی تکلیف ہوتی ہے جتنی اس کے کاٹنے سے ہوتی ہے یہاں تک کہ جب روح حلق تک پہنچتی ہے تو آنکھوں سے نور جاتا رہتا ہے۔ اسی وجہ سے حضور اقدس ﷺ کی دعاؤں میں یہ بھی دعا ہے کہ یا اللہ مجھ پر موت کی اور نزع کی سختی آسان فرما۔ لوگ بھی حضور ﷺ کے اتباع میں اس دعا کو مانگتے ہیں مگر اس کی تکلیف سے ناواقف ہونے کی وجہ سے سرسری طور پر مانگ لیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ انبیاء کرام اور اولیاء عظام موت سے بہت زیادہ ڈرتے تھے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ارشاد اپنے حواریین سے ہے کہ میرے لئے حق تعالیٰ شانہٗ سے اس کی دعا کرو کہ نزع کی تکلیف مجھ پر آسان ہو جائے کہ موت کے ڈر نے مجھے موت کے قریب پہنچا دیا۔ کہتے ہیں کہ بنی اسرائیل کے عابد لوگوں کی ایک جماعت ایک قبرستان میں پہنچی اور انہوں نے آپس میں مشورہ کیا کہ حق تعالیٰ شانہٗ سے اس کی دعا کی جائے کہ ان میں سے کوئی مردہ ظاہر ہو جس سے ہم پوچھیں کہ کیا گذری؟ ان لوگوں نے دعا کی ایک مردہ ان پر ظاہر ہوا جس کی پیشانی پر کثرت سے سجدہ کرنے کا نشان بھی پڑا ہوا تھا وہ کہنے لگا کہ تم مجھ سے کیا پوچھنا چاہتے ہو مجھے مرے ہوئے پچاس سال ہو گئے لیکن موت کے وقت کی تکلیف ابتک میرے بدن سے نہیں گئی۔

ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ یا اللہ تو روح کو پٹھوں سے ہڈیوں سے اور انگلیوں میں سے نکالتا ہے مجھ پر موت کی سختی آسان کر دے۔ حضرت حسن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک مرتبہ موت کی سختی کا ذکر فرمایا اور یہ ارشاد فرمایا کہ اتنی تکلیف ہوتی ہے جتنی کہ تین سو جگہ تلوار کی کاٹ سے ہوتی ہے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ جہاد پر جب ترغیب دیتے تو فرماتے کہ اگر تم قتل نہ کئے گئے تو بستروں پر مرو گے قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ ہزار جگہ تلوار کی کاٹ سے مرنے کی تکلیف زیادہ سخت ہے۔ اوزاعیؒ کہتے ہیں ہمیں یہ بات پہنچی ہے کہ مردوں کو قیامت میں اٹھنے تک موت کی تکلیف کا اثر محسوس ہوتا رہتا ہے۔ حضرت شداد بن اوسؓ کہتے ہیں کہ موت دنیا اور آخرت کی سب تکلیفوں سے زیادہ سخت ہے وہ آرہ چلا دینے سے زیادہ سخت ہے وہ قینچیوں سے کتر دینے سے زیادہ سخت ہے وہ دیگ میں پکا دینے سے زیادہ سخت ہے۔ اگر مردے قبر سے اٹھ کر مرنے کی تکلیف بتائیں تو کوئی شخص بھی دنیا میں لذت سے وقت نہیں گذار سکتا میٹھی نیند اس کو

نہیں آسکی۔

کہتے ہیں کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا جب وصال ہوا تو حق تعالیٰ شانہٗ نے دریافت فرمایا کہ موت کو کیسا پایا۔ انہوں نے عرض کیا کہ میں اپنی جان کو ایسا دیکھ رہا تھا جیسے زندہ چڑیا کو اس طرح آگ پر بھونا جا رہا ہو کہ نہ اس کی جان نکلتی ہو نہ اڑنے کی کوئی صورت ہو۔ ایک اور روایت میں ہے کہ ایسی حالت تھی جیسا کہ زندہ بکری کی کھال اتاری جا رہی ہو۔

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ جب حضور اقدس ﷺ کا وصال ہو رہا تھا تو پانی سے بھرا ہوا پیالہ حضور ﷺ کے قریب رکھا ہوا تھا حضور اقدس ﷺ بار بار اپنے مبارک ہاتھ کو پیالہ میں ڈالتے اور پھر منہ پر ملتے تھے اور فرماتے تھے یا اللہ نزع کی سختی پر میری مدد فرما۔ حضرت عمرؓ نے حضرت کعبؓ سے دریافت کیا کہ موت کی کیفیت بیان کرو۔ انہوں نے عرض کے کہ امیر المومنین جس طرح ایک کانٹے دار ٹہنی کو آدمی کے اندر داخل کر دیا جائے جس کے ساتھ بدن کا ہر جز ولپٹ جائے پھر ایک دم اس کو کھینچ لیا جائے۔ اسی طرح جان کھینچی جاتی ہے۔

یہ سب تو نزع کی مختصر کیفیت تھی ان سب کے علاوہ ملک الموت اور اسکے مددگار فرشتوں کی صورتوں کا خوف ایک مستقل مرحلہ ہے جس صورت پر وہ گناہ گاروں کی جان نکالتے ہیں وہ ایسی ڈراؤنی صورت ہوتی ہے کہ قوی سے قوی آدمی بھی اسکے دیکھنے کی طاقت نہیں رکھتا۔ حضرت ابراہیم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے ملک الموت سے فرمایا کہ تم جس صورت پر فاجر لوگوں کی جان نکالتے ہو وہ مجھے دکھاؤ۔ انہوں نے عرض کیا کہ آپ اس کا تحمل نہ فرما سکیں گے۔ حضرت ابراہیمؑ نے فرمایا کہ نہیں میں تحمل کرلوں گا۔ حضرت عزرائیل نے عرض کیا کہ اچھا دوسری طرف منہ کر لیجئے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے منہ پھیر لیا اسکے بعد حضرت عزرائیلؑ نے عرض کیا کہ اب دیکھ لیجئے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جب اوپر دیکھا تو ایک نہایت کالا آدمی (دیو کی شکل) بال بہت بڑے بڑے کھڑے ہوئے نہایت سخت بدبو کالے کپڑے اسکے منہ سے ناک سے آگ کی لپٹیں نکل رہی ہیں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو یہ حالت دیکھ کر غش آ گیا بڑی دیر میں افاقہ ہوا تو ملک الموت اپنی پہلی صورت پر تھے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر فاجر شخص کے لئے کوئی دوسری آفت نہ ہو تب بھی یہ صورت ہی اس کی آفت کے لئے کافی ہے۔

یہ فاجروں کا حال ہے لیکن اللہ کے مطیع بندوں کی روح نکالنے کے وقت وہ نہایت ہی بہترین صورت میں ہوتے ہیں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہی سے یہ نقل کیا گیا کہ انہوں نے ملک الموت سے فرمایا کہ مجھے اس ہیئت کو بھی دکھاؤ تو انہوں نے دیکھا کہ ایک نہایت خوبصورت جوان نہایت نفیس

لباس پہنے ہوئے خوشبو میں مہکتے ہوئے سامنے ہے۔ حضرت ابراہیم ؑ نے فرمایا کہ مومن کے لئے اگر مرتے وقت اس صورت کے علاوہ کوئی بھی فرحت کی چیز نہ ہو تو یہ بھی کافی ہے۔

ایک حدیث میں ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ جب کسی بندے سے خوش ہوتے ہیں تو ملک الموت سے فرماتے ہیں کہ فلاں بندے کی روح لے آؤ میں اس کو راحت پہنچاؤں اس کا امتحان ہو چکا ہے میں جیسا چاہتا تھا ویسا ہی کامیاب نکلا ملک الموت اس کے پاس آتے ہیں اور پانچ سو فرشتے ان کے پاس جنت کے کفن ہوتے ہیں ان کے ہاتھوں میں ریحان کی ٹہنیاں اور زعفران کی جڑیں ہوتی ہیں وہ سب فرشتے دو قطاروں میں لائن لگا کر کھڑے ہوتے ہیں جب ابلیس یہ منظر دیکھتا ہے تو اپنا سر پکڑ کر رونا چلانا شروع کر دیتا ہے۔ اس کے حشم خدم دوڑے ہوئے آکر پوچھتے ہیں آقا کیا بات ہو گئی وہ کہتا ہے کم بختو دیکھتے نہیں ہو یہ کیا ہو رہا ہے تم کہاں مر گئے تھے وہ یہ کہتے ہیں ہمارے سردار ہم نے تو بہت کوشش کی مگر یہ گناہوں سے محفوظ رہا۔

حضرت جابر بن زیادؒ کے جب انتقال کا وقت قریب تھا کسی نے پوچھا کسی چیز کی رغبت ہے فرمایا کہ حسنؒ سے ملاقات کرنا چاہتا ہوں۔ حضرت حسن بصریؒ تشریف لائے تو لوگوں نے کہا کہ حسنؒ آ گئے ہیں تو حضرت جابر ؓ فرمانے لگے بھائی یہ رخصت کا وقت ہے اب جا رہے ہیں یہ خبر نہیں کہ جنت کی طرف یا جہنم کی طرف۔ حضرت تمیم داریؓ کہتے ہیں کہ حق تعالیٰ شانہٗ ملک الموت سے فرماتے ہیں کہ فلاں ولی کے پاس جاؤ اور اس کی روح لے آؤ، میں نے اس کا خوشی میں اور غم میں دونوں میں امتحان لے لیا وہ ایسا ہی نکلا جیسا کہ میں چاہتا تھا اسکو لے آؤ تاکہ دنیا کی مشقتوں سے اس کو راحت مل جائے۔ ملک الموت پانچ سو فرشتوں کی جماعت کے ساتھ اس کے پاس آتے ہیں۔ ان سب کے پاس جنت کے کفن ہوتے ہیں ان کے ہاتھوں میں ریحان کے گلدستے ہوتے ہیں جن میں ہر ایک میں بیس رنگ ہوتے ہیں اور ہر رنگ میں نئی خوشبو ہوتی ہے اور ایک سفید ریشمی رومال میں مہکتا ہوا مشک ہوتا ہے ملک الموت اس کے سرہانے بیٹھتے ہیں اور فرشتے اس کو چاروں طرف سے گھیر لیتے ہیں اور اس کے ہر عضو پر اپنا ہاتھ رکھتے ہیں اور یہ مشک والا رومال اس کی ٹھوڑی کے نیچے رکھتے ہیں اور جنت کا دروازہ اس کی نگاہ کے سامنے کھول دیتے ہیں اسکے دل کو جنت کی نئی نئی چیزوں سے بہلایا جاتا ہے جیسا کہ بچہ کے رونے کے وقت اس کے گھر والے مختلف چیزوں سے اس کا دل بہلاتے ہیں کبھی اس کے حوریں سامنے کر دی جاتی ہیں، کبھی وہاں کے پھل کبھی عمدہ عمدہ لباس غرض مختلف چیزیں اس کے سامنے کی جاتی ہیں اس کی حوریں (بیویاں) خوشی میں کودنے لگتی ہیں۔ ان سب منظروں کو دیکھ کر اسکی روح بدن میں پھڑکنے لگتی ہے (جیسا کہ

پنجرے میں جانور نکلنے کو پھڑکتا ہے) اور ملک الموت اس سے کہتا ہے اے مبارک روح چل ایسی بیریوں کی طرف جس میں کانٹا نہیں ہے اور ایسے کیلوں کی طرف جو تو بتو لگے ہوئے ہیں اور ایسے سایہ کی طرف جو نہایت گہرا وسیع ہے اور پانی بہہ رہے ہیں۔ (یہ چند منظروں کی طرف اشارہ ہے جو قرآن پاک میں سورۃ واقعہ کی اس آیت شریفہ میں ذکر کی گئی۔

فِیْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ ۙ وَّ طَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ ۙ وَّ ظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ ۙ الآیۃ (ع ۱)

اور ملک الموت ایسی نرمی سے بات کرتا ہے جیسا کہ ماں اپنے بچہ سے کرتی ہے اس وجہ سے کہ اس کو یہ بات معلوم ہے کہ یہ روح حق تعالیٰ شانہٗ کے یہاں مقرب ہے وہ اس روح کے ساتھ لطف سے پیش آتا ہے تا کہ حق تعالیٰ شانہٗ اس فرشتہ سے خوش ہوں وہ روح بدن میں سے ایسی طرح سہولت سے نکلتی ہے جیسا کہ آٹے میں سے بال نکل جاتا ہے۔ جب روح نکلتی ہے تو سب فرشتے اس کو سلام کرتے ہیں اور جنت میں داخل ہونے کی بشارت دیتے ہیں جس کو قرآن پاک اَلَّذِیْنَ تَتَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَیِّبِیْنَ الآیۃ (سورۂ نحل ع ۴) میں ذکر فرمایا ہے کہ اگر وہ مقرب بندوں میں ہوتا ہے تو سورۂ واقعہ میں اس کے متعلق ارشاد ہے فَرَوْحٌ وَّ رَیْحَانٌ ۙ وَّ جَنَّتُ نَعِیْمٍ ۝ (ع ۴) پس جس وقت روح بدن سے جدا ہوتی ہے تو وہ بدن سے کہتی ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ تجھ کو جزائے خیر دے تو اللہ تعالیٰ کی بندگی اور اطاعت میں جلدی کرنے والا تھا اس کی نافرمانی میں سستی کرنے والا تھا تجھے آج کا دن مبارک ہو تو نے خود بھی عذاب سے نجات پائی اور مجھے بھی نجات دی اور یہی مضمون بدن رخصت کے وقت روح سے کہتا ہے اس کی جدائی پر زمین کے وہ حصے روتے ہیں جن پر وہ اکثر عبادت کیا کرتا تھا۔ آسمان کے وہ دروازے روتے ہیں جن سے اس کے اعمال اوپر جایا کرتے تھے اور جن سے اس کا رزق اترا کرتا تھا۔ اس کے بعد وہ پانچ سو فرشتے میت کے پاس جمع ہو جاتے ہیں اور جب نہلانے والے اس کو کروٹ دیتے ہیں تو وہ فرشتے فوراً اس کو کروٹ دینے لگتے ہیں اور جب وہ کفن پہناتے ہیں تو اس سے پہلے وہ فوراً اپنا لایا ہوا کفن پہنا دیتے ہیں جب وہ خوشبو ملتے ہیں تو وہ فرشتے اس سے پہلے اپنی لائی ہوئی خوشبو مل دیتے ہیں۔ اس کے بعد وہ اسکے دروازے سے قبر تک دونوں جانب قطار لگا کر کھڑے ہو جاتے ہیں اور اس کے جنازے کا دعا اور استغفار کے ساتھ استقبال کرتے ہیں۔ یہ سارے منظر شیطان دیکھ کر اس قدر زور سے روتا ہے کہ اس کی ہڈیاں ٹوٹنے لگتی ہیں اور اپنے لشکروں سے کہتا ہے کہ تمہارا ناس ہو جائے یہ تم سے کس طرح چھوٹ گیا وہ کہتے ہیں کہ یہ معصوم تھا۔

اس کے بعد جب حضرت ملک الموت اس کی روح لے کر اوپر جاتے ہیں تو حضرت جبرئیل علیہ السلام

ستر ہزار فرشتوں کے ساتھ اس کا استقبال کرتے ہیں یہ فرشتے اس کو حق تعالیٰ شانہٗ کی طرف سے بشارتیں دیتے ہیں۔ اس کے بعد جب ملک الموت اس کو عرش تک لے جاتے ہیں تو وہاں پہنچ کر روح سجدہ میں گر جاتی ہے۔ حق تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد ہوتا ہے کہ میرے بندے کی روح کو سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ وَّ طَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ الآیۃ (واقعہ ع۱) میں پہنچا دو جب اس کی نعش قبر میں رکھی جاتی ہے تو اس کی نماز اس کے دائیں طرف آکر کھڑی ہو جاتی ہے۔ روزہ بائیں طرف کھڑا ہو جاتا ہے۔ قرآن پاک کی تلاوت اور اللہ کا ذکر سر کی طرف کھڑا ہو جاتا ہے اور جماعت کی نماز کو جو قدم چلے ہیں وہ پاؤں کی طرف کھڑے ہو جاتے ہیں اور (مصائب پر اور گناہوں سے) صبر قبر کے ایک جانب کھڑے ہو جاتے ہیں۔ اس کے بعد عذاب اس قبر میں اپنی گردن نکالتا ہے اور مردے تک پہنچنا چاہتا ہے لیکن وہ اگر دائیں جانب سے آتا ہے تو نماز اس کو کہتی ہے کہ پرے ہٹ یہ شخص خدا کی قسم دنیا میں ہمیشہ مشقت اٹھاتا رہا ابھی ذرا راحت سے سویا ہے۔ پھر وہ بائیں جانب سے آتا ہے تو روزہ اسی طرح اس کو ہٹا دیتا ہے۔ پھر وہ سر کی طرف سے آتا ہے تو تلاوت اور ذکر اس کو روک دیتے ہیں کہ ادھر کو تیرا راستہ نہیں ہے۔ غرض وہ جس جانب سے جانا چاہتا ہے اس کو راستہ نہیں ملتا اس لئے کہ اللہ کے ولی کو ہر جانب سے عبادتوں نے گھیر رکھا ہے۔ وہ عذاب عاجز ہو کر واپس چلا جاتا ہے۔ اس کے بعد صبر جو ایک کونہ میں کھڑا تھا ان عبادتوں سے کہتا ہے کہ میں اس انتظار میں تھا کہ اگر کسی جانب (عبادت کی کسی قسم کی کمزوری سے) کچھ ضعف ہو تو میں اس جانب مزاحمت کروں گا مگر الحمد اللہ کہ تم نے مل کر اس کو دفع کر دیا اب میں (اعمال تلنے کی) ترازو کے وقت اس کے کام آؤں گا۔

اس کے بعد دو فرشتے اس مردے کے پاس آتے ہیں جن کی آنکھیں بجلی کی طرح چمکتی ہیں اور آواز بادلوں کی زوردار گرج کی طرح ہوتی ہے ان کے دانتوں کی کچلیاں گائے کے سینگوں کی طرح ہوتی ہیں ان کے منہ سے سانس کے ساتھ آگ کی لپیٹیں نکلتی ہیں بال اتنے بڑے کہ پاؤں تک لٹکے ہوئے انکے ایک مونڈھے سے دوسرے مونڈھے تک اتنا فاصلہ کہ کئی دن میں چل کر پورا ہو، مہربانی اور نرمی گویا انکے پاس کو بھی نہیں گذری (البتہ سختی کا معاملہ مؤمنوں کے ساتھ نہیں کرتے لیکن ہیئت ہی کیا کم ہے) انکو منکر نکیر کہا جاتا ہے۔ ان میں سے ہر ایک کے ہاتھ میں ایک ایک اتنا بڑا اور بھاری ہتھوڑا کہ اگر ساری دنیا کے انسان اور جنات مل کر اٹھائیں تو ان سے اٹھ نہ سکے۔ وہ آکر مردہ سے کہتے ہیں بیٹھ جا مردہ ایک دم بیٹھ جاتا ہے اور کفن اسکے سر سے نیچے سرین تک آجاتا ہے وہ سوال کرتے ہیں تیرا رب کون ہے، تیرا مذہب کیا ہے تیرے نبی کا کیا نام ہے۔ مردہ کہتا ہے کہ میرا رب اللہ جل شانہٗ ہے جو وحدہ لاشریک لہٗ ہے (وہ تن تنہا مالک ہے کوئی اس کا شریک نہیں) میرا دین

اسلام ہے میرے نبی ﷺ ہیں جو خاتم النبیین ہیں۔ وہ دونوں کہتے ہیں تو نے صحیح کہا ہے اس کے بعد وہ قبر کی دیواروں کو سب طرف سے ہٹا دیتے ہیں جس سے وہ اوپر سے اور چاروں جانب دائیں بائیں سرہانے پائینتی سے بہت زیادہ وسیع ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد وہ کہتے ہیں کہ اوپر سر اٹھاؤ۔ مردہ جب سر اٹھاتا ہے تو اس کو ایک دروازہ نظر آتا ہے۔ جس میں سے جنت نظر آتی ہے وہ کہتے ہیں کہ اے اللہ کے ولی وہ جگہ تمہارے رہنے کی ہے اس وجہ سے کہ تم نے اللہ تعالیٰ شانہٗ کی اطاعت کی ہے حضور اقدس ﷺ فرماتے ہیں قسم ہے اس پاک ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ اس کو اس وقت ایسی خوشی ہوتی ہے جو کبھی نہ لوٹے گی۔ اس کے بعد وہ فرشتے کہتے ہیں کہ اپنے پاؤں کی طرف دیکھو وہ دیکھتا ہے تو جہنم کا ایک دروازہ نظر آتا ہے (جس سے اس کی حالت نظر آتی ہے) وہ فرشتے کہتے ہیں کہ اے اللہ کے ولی تو نے اس دروازہ سے نجات پالی اس وقت بھی مردہ کو اس قدر خوشی ہوتی ہے جو کبھی نہ لوٹے گی۔ اسکے بعد اس قبر میں ستتر دروازے جنت کی طرف کھل جاتے ہیں جن میں وہاں کی ٹھنڈی ہوائیں اور خوشبوئیں آتی رہتی ہیں اور قیامت تک یہی منظر رہے گا اس کے بعد دوسرے کی حالت سنو کہ حق تعالیٰ شانہٗ ملک الموت سے فرماتے ہیں کہ میرے دشمن کے پاس جاؤ اور اس کی جان نکال لاؤ میں نے اس پر ہر قسم کی فراخی رکھی اپنی نعمتیں (دنیا میں چاروں طرف سے) اسپر لاددیں مگر وہ میری نافرمانی سے باز نہیں آیا، لاؤ آج اس کو سزا دوں ملک الموت نہایت تکلیف دہ صورت میں اسکے پاس آتے ہیں اس صورت سے کہ بارہ آنکھیں ان میں ہوتی ہیں ان کے پاس ایک گرز (لوہے کا موٹا سا ڈنڈا) جہنم کی آگ کا بنا ہوا ہوتا ہے جس میں کانٹے ہوتے ہیں ان کے ساتھ پانچ سو فرشتے جن کے ساتھ تانبہ کا ایک ٹکڑا ہوتا ہے اور ہاتھوں میں جہنم کی آگ کے بڑے بڑے انگارے اور آگ کے کوڑے ہوتے ہیں ملک الموت آتے ہی وہ گرز اس پر مارتے ہیں جس کے کانٹے اس کے رگ وپے میں گھس جاتے ہیں پھر وہ اس کو کھینچتے ہیں اور باقی فرشتے ان کوڑوں سے اس کے منہ کو اور سرین کو مارنا شروع کر دیتے ہیں جس سے وہ مردہ غش کھانے لگتا ہے وہ اس کی روح کو پاؤں کی انگلیوں سے نکال کر ایڑی میں روک دیتے ہیں اور پٹائی کرتے رہتے ہیں پھر ایڑی سے نکال کر گھٹنوں میں روک دیتے ہیں پھر وہاں سے نکال کر (اور جگہ جگہ اس لئے روکتے ہیں تاکہ دیر تک تکلیف پہنچائی جائے) پیٹ میں روک دیتے ہیں اور وہاں سے کھینچ کر سینے میں روک دیتے ہیں پھر فرشتے اس تانبہ کو اور جہنم کے انگاروں کو اس کی ٹھوڑی کے نیچے رکھ دیتے ہیں اور ملک الموت علیہ السلام کہتے ہیں کہ اے ملعون روح نکل اور اس جہنم کی طرف چل جس کی صفت (قرآن پاک سورۃ واقعہ ع۲) میں فِيْ سَمُوْمٍ وَّ حَمِيْمٍ آلایۃ ہے جس کا ترجمہ یہ

ہے کہ وہ لوگ آگ میں اور کھولتے ہوئے پانی میں اور سیاہ دھوئیں کے سایہ میں جو نہ ٹھنڈا ہوگا نہ فرحت بخش ہوگا (بلکہ نہایت تکلیف دینے والا ہوگا)۔ پھر جب اس کی روح بدن سے رخصت ہوتی ہے تو وہ بدن سے کہتی ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ تجھے برا بدلہ دے تو مجھے اللہ کی نافرمانی میں جلدی سے لے جاتا تھا اور اس کی اطاعت میں سستی کرتا تھا تو خود بھی ہلاک ہوا اور مجھے بھی ہلاک کیا۔ اور یہی مضمون بدن روح سے کہتا ہے اور زمین کے وہ حصے جن پر وہ اللہ کے گناہ کیا کرتا تھا اس پر لعنت کرتے ہیں اور شیطان کے لشکر دوڑے ہوئے اپنے سردار ابلیس کے پاس جا کر خوشخبری سناتے ہیں کہ ایک آدمی کو جہنم تک پہنچا دیا پھر جب وہ قبر میں رکھا جاتا ہے تو زمین اس پر اتنی تنگ ہو جاتی ہے کہ اس کی پسلیاں ایک دوسری میں گھس جاتی ہیں پھر اس پر کالے سانپ مسلط ہو جاتے ہیں جو اسکی ناک اور پاؤں کے انگوٹھے سے کاٹنا شروع کرتے ہیں یہاں تک کہ درمیاں میں دونوں جانب کے سانپ آ کر مل جاتے ہیں پھر اس کے پاس دو فرشتے (منکر نکیر جن کی ہیئت ابھی گذر چکی ہے) آتے ہیں اور اس سے پوچھتے ہیں کہ تیرا رب کون ہے تیرا دین کیا ہے؟ تیرے نبی کون ہیں وہ ہر سوال کے جواب میں لاعلمی ظاہر کرتا ہے اور اس کے جواب پر اس کو گرز سے اس قدر زور سے مارتے ہیں کہ اس گرز کی چنگاریاں قبر میں پھیل جاتی ہیں اس کے بعد اس کو کہتے ہیں کہ اوپر دیکھ وہ اوپر کی جانب جنت کا دروازہ کھلا ہوا دیکھتا ہے (اس کی باغ و بہار وہاں سے نظر آتی ہے) وہ فرشتے اس سے کہتے ہیں کہ اللہ کے دشمن اگر تو اللہ تعالیٰ شانہٗ کی اطاعت کرتا تو یہ تیرا ٹھکانا ہوتا۔ حضور ﷺ فرماتے ہیں اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ اس کو اس وقت ایسی حسرت ہوتی ہے کہ ایسی حسرت کبھی نہ ہوگی۔ پھر دوزخ کا دروازہ کھولا جاتا ہے اور وہ فرشتے کہتے ہیں کہ اللہ کے دشمن اب تیرا یہ ٹھکانہ ہے اس لئے کہ تو نے حق تعالیٰ شانہٗ کی نافرمانی کی۔ اس کے بعد ستر دروازے جہنم کے اس کی قبر میں کھول دیئے جاتے ہیں جن میں سے قیامت تک گرم ہوائیں اور دھواں وغیرہ آتا رہتا ہے۔ محدثین رحمہم اللہ اس حدیث پر سند کے اعتبار سے کچھ کلام کرتے ہیں لیکن اس کے مضامین کی تائید بہت سی روایات سے ہوتی ہے۔ بالخصوص حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایتیں جو مشکوٰۃ شریف کی کتاب الجنائز میں اور باب اثبات عذاب القبر میں ہیں اگر کوئی ان کا ترجمہ دیکھنا چاہے تو مظاہر حق میں دیکھا جا سکتا ہے۔ یہ منظر بہت زیادہ نگاہ میں رکھنے کے قابل ہے کہ بہت ہی سخت منظر ہے بہت کثرت سے احادیث میں اس کے واقعات ذکر کئے گئے ہیں اختصار کی وجہ سے ایک ہی حدیث کا ترجمہ لکھا گیا۔

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ گنہگاروں کے لئے اہل قبور سے ہلاکت ہے کہ ان کے اوپر کالے سانپ مسلط کر دیئے جاتے ہیں ایک پاؤں کی جانب سے دوسرا سر کی جانب سے اور وہ کاٹتے ہوئے

چلے جاتے ہیں یہاں تک کہ درمیان میں آکر دونوں مل جاتے ہیں۔ یہی وہ برزخ کا عذاب ہے جس کو قرآن پاک میں وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ (مومنون ع ٦) سے تعبیر فرمایا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ جب حضرت عثمان ﷛ قبر کا ذکر کرتے تو اتنا روتے کہ داڑھی مبارک تر ہو جاتی جیسا کہ اوپر گذر چکا ہے۔ اسی وجہ سے حضور ﷺ کی دعاؤں میں بہت کثرت سے عذاب قبر سے پناہ مانگی گئی تا کہ لوگ کثرت سے اسکی دعا مانگیں ورنہ حضور ﷺ خود تو معصوم ہیں اور اسی بناء پر حضور ﷺ کا وہ ارشاد ہے جو پہلے گذرا کہ تم خوف کی وجہ سے مردوں کو دفن کرنا چھوڑ دو گے ورنہ میں اللہ تعالیٰ شانہٗ سے دعا کرتا کہ تمہیں عذاب قبر سنادے۔ اور یہ جو کچھ ہے مقتضائے عدل ہے اس لئے کہ آدمی اس عالم میں صرف اللہ تعالیٰ شانہٗ کی عبادت کے لئے بھیجا گیا تھا اور حق تعالیٰ شانہٗ نے اپنے تمام جانی اور مالی احسانات کے ساتھ قرآن پاک میں یہ بات جتا بھی دی تھی کہ تمہیں اس عالم میں صرف عبادت کیلئے بھیجا جاتا ہے۔ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ٥ (الذاریت ع ٣) اور اس پر بھی متنبہ کر دیا تھا کہ زندگی صرف امتحان کیلئے دی گئی ہے کہ ہمارے ان احسانات میں کیا کارگذاری ہے اور موت اس امتحان کا نتیجہ سنانے کیلئے ہے۔

تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرُ ٥ نِالَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ٥ (سورة الملك ع ١)

وہ (خدا عز و جل) بڑا عالیشان ہے جس کے قبضہ میں تمام سلطنت ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے جس نے موت اور زندگی کو پیدا کیا تا کہ تمہاری آزمائش کرے کہ تم میں کون شخص زیادہ اچھے عمل کرنے والا ہے اور جب کہ یہ دنیا امتحان کی جگہ ہے اور جن وانس کی پیدائش کی حکمت صرف عبادت ہے اور دنیا کی جتنی لذتیں راحتیں اور سامان دیئے گئے ہیں وہ صرف اس لئے دیئے گئے ہیں کہ اپنی ضرورت کے بقدر ان سے نفع اٹھائیں اور کم سے کم ضرورت پوری کرنے کے بعد جو کچھ بچے وہ اپنے ہی نفع کیلئے اپنے ہی کام آنے کیلئے اللہ تعالیٰ شانہٗ کے خزانہ میں جمع کر دیں۔ پھر کتنی غفلت اور حسرت اور خسارہ کی بات ہے کہ ہم ان میں لگ کر حق تعالیٰ شانہٗ کے احکامات کو بھی بھول جائیں اور اس سے بھی آنکھ بند کر لیں کہ ہم کیوں آئے تھے اور یہ سب ہمیں کیوں دیا گیا تھا ہم کس چیز میں لگ گئے اور اصل حسرت اس وقت ہوتی ہے جب یہ ہزاروں کی مقدار بڑی محنت اور جان فشانی سے کمائی ہوئی اپنے اوپر خرچ کی تنگی کر کے جمع کی ہوئی دوسروں کے لئے چھوڑ کر خود خالی ہاتھ دفعۃً اس عالم سے چلا جانا پڑے اگر ہم میں کچھ بھی عقل کا حصہ ہے تو تھوڑی دیر بالکل تنہا مکان میں بیٹھ کر یہ

منظر سوچنے اور غور کرنیکا ہے کہ اگر اسی وقت ملک الموت آجائیں تو میرا کیا بنے اور اس سارے سازو سامان کا کیا بنے جو برسوں کی محنت ہے برسوں کی کمائی ہے برسوں کا جوڑا ہوا ہے۔ حضرت وہب بن منبہ ﷺ کہتے ہیں کہ ایک بادشاہ تھا جس کا ارادہ اپنی مملکت کی زمین کی سیر کا اور حال دیکھنے کا ہوا۔ اسکے لئے شاہانہ جوڑا منگایا۔ ایک جوڑا لایا گیا وہ پسند نہ آیا دوسرا منگایا گیا غرض بار بار رد کے بعد نہایت پسندیدہ جوڑا پہن کر سواری منگائی گئی۔ ایک عمدہ گھوڑا لایا گیا۔ پسند نہ آیا اس کو واپس کر کے دوسرا تیسرا منگایا جب وہ بھی پسند نہ آیا تو سب گھوڑے سامنے لائے گئے ان میں سے بہترین گھوڑا پسند کر کے سوار ہوا شیطان مردود نے اسوقت اور بھی نخوت ناک میں پھونک دی نہایت تکبر سے سوار ہوا حشم خدم فوج پیادہ ساتھ چلے مگر بڑائی اور تکبر سے بادشاہ انکی طرف دیکھنا بھی گوارا نہ کرتا تھا راستہ میں چلتے چلتے ایک شخص نہایت خستہ حال پرانے کپڑوں میں ملا اس نے سلام کیا۔ بادشاہ نے التفات بھی نہ کیا۔ اس خستہ حال نے گھوڑے کی لگام پکڑ لی۔ بادشاہ نے اس کو ڈانٹا کہ لگام چھوڑ اتنی بڑی جرأت کرتا ہے۔ اس نے کہا مجھے تجھ سے ایک کام ہے۔ بادشاہ نے کہا اچھا صبر کر۔ جب میں سواری سے اترونگا اس وقت کہہ لینا اس نے کہا نہیں ابھی کہنا ہے اور یہ کہہ کر زبردستی لگام چھین لیا۔ بادشاہ نے کہا کہہ۔ اس نے کہا بہت راز کی بات ہے کان میں کہنی ہے۔ بادشاہ نے کان اس کے قریب کر دیا۔ اس نے کہا میں ملک الموت ہوں تیری جان لینا ہے یہ سن کر بادشاہ کا چہرہ فق ہو گیا اور زبان لڑکھڑا گئی پھر کہنے لگا کہ اچھا مجھے اتنی مہلت دیدے کے میں گھر جا کر کچھ اپنے سامان کا نظم کردوں گھر والوں سے مل لوں فرشتہ نے کہا کہ بالکل مہلت نہیں ہے اب تو اپنے گھر اور سامان کو بھی نہیں دیکھ سکے گا یہ کہہ کر اسکی روح قبض کر لی وہ گھوڑے سے لکڑی کی طرح نیچے گر گیا۔ اسکے بعد وہ فرشتہ ملک الموت ایک نیک مسلمان کے پاس گیا کہ وہ (نیک بندہ) بھی کہیں سفر میں جا رہا تھا اسکو جا کر سلام کیا اس نے وعلیکم السلام کہا اس نے کہا مجھے تیرے کان میں ایک بات کہنی ہے۔ اس نے کہا کہو۔ اس نے کان میں کہا کہ میں ملک الموت ہوں۔ اس نے کہا بہت اچھا کیا آئے بڑا مبارک ہے ایسے شخص کا آنا جسکا فراق بہت طویل ہو گیا تھا مجھ سے تو جتنے آدمی دور ہیں ان میں کسی سے بھی ملاقات کا اتنا اشتیاق نہ تھا جتنا تمہاری ملاقات کا تھا فرشتے نے کہا کہ تم جس کام کیلئے گھر سے نکلے ہو اسکو جلدی پورا کرلو۔ اس نے کہا مجھے حق تعالیٰ شانہٗ سے ملنے سے زیادہ محبوب کوئی بھی کام نہیں ہے فرشتے نے کہا کہ تم جس حالت پر مرنا اپنے لئے پسند کرتے ہو میں اسی حالت میں جان قبض کروں گا اس شخص نے کہا کہ تمہیں اس کا اختیار ہے۔ فرشتہ نے کہا مجھے یہی حکم دیا گیا (کہ تمہاری خوشی کا اتباع کرو) اس شخص نے کہا کہ اچھا تو مجھے وضو کر کے نماز پڑھنے دو اور جب میں سجدہ

میں جاؤں تو میری روح قبض کر لینا چنانچہ اس نے نماز شروع کی اور سجدہ میں اسکی روح قبض کی گئی۔

حق تعالیٰ شانہٗ کے بے نہایت احسانات میں سے یہ بھی ہے کہ اس ناکارہ کی سب سے بڑی لڑکی عزیز محترم مولوی محمد یوسف صاحب زاد فضلہٗ کی اہلیہ جو عرصہ سے بیمار تھی اور اشارہ سے نماز پڑھتی تھی اسی سال شوال ۶۶ھ شب دوشنبہ میں جبکہ وہ مغرب کی نماز میں اشارہ کر کے سجدہ میں گئی تو وہیں روح کو اس کے پیدا کرنے والے کے سپرد کر دیا۔ اور اسی حالت سجود میں دنیا کو رخصت کر دیا حق تعالیٰ شانہٗ کے کس کس احسان کا شکر ادا ہو سکتا ہے۔

ابوبکر بن عبداللہ مزنیؒ کہتے ہیں کہ بنی اسرائیل کے ایک شخص نے بہت زیادہ مال جمع کیا تھا جب مرنے کے قریب ہو گیا تو اپنے بیٹوں سے کہا کہ میرا سارا مال میرے سامنے تو کر دو وہ سب جلدی جلدی جمع کیا گیا بہت سے گھوڑے، اونٹ، غلام وغیرہ سب چیزیں سامنے لائی گئیں وہ انکو دیکھ کر (حسرت سے) رو رہا تھا کہ یہ سب چھوٹ رہا ہے۔ اتنے میں ملک الموت سامنے آ گئے اور کہنے لگے رونے سے کیا فائدہ ہے اس ذات کی قسم جس نے یہ سب نعمتیں تجھ کو عطا کیں اب تیری جان لے کر جاؤنگا۔ اس نے درخواست کی کہ تھوڑی سی مہلت اگر دیدی جائے تو میں ان چیزوں کو تقسیم کر دوں فرشتے نے کہا اب مہلت کا وقت افسوس ہے کہ جاتا رہا کاش اس وقت سے پہلے تو تقسیم کر دیتا یہ کہہ کر اس کی جان نکال لی۔

ایک اور واقعہ نقل کیا ہے کہ ایک شخص نے بہت سا مال جمع کیا تھا اور کوئی چیز بھی ایسی نہ چھوڑی جو اپنے یہاں نہ منگالی ہو اور ایک بہت بڑا عالیشان محل تیار کیا جس کے دو دروازے تھے ان پر غلام محافظ مقرر کئے اور مکان کی تیاری کی بہت بڑی دعوت کی جس میں اپنے سب عزیز واحباب کو جمع کیا اور ایک بڑے عالیشان تخت پر ایک ٹانگ کھڑی کر کے دوسری ٹانگ اس پر رکھے بیٹھا لوگ کھانا کھا رہے تھے اور وہ اپنے دل میں کہہ رہا تھا کہ ہر قسم کا ذخیرہ اتنا جمع ہو گیا ہے کہ کئی سال تک ثواب خریدنا پڑے گا یہ خیال دل میں گذر ہی رہا تھا کہ ایک فقیر پھٹے کپڑے گردن میں (فقیروں جیسا) جھولا پڑا ہوا دروازہ پر آیا اور اس زور سے کواڑوں کو پیٹنا شروع کیا کہ اس کے تخت تک آواز پہنچی۔ غلام دوڑے ہوئے باہر آئے کہ یہ کون نامعقول ہے اس سے جا کر پوچھا یہ کیا بات ہے اس فقیر نے کہا کہ اپنے سردار کو میرے پاس بھیج دو۔ غلاموں نے کہا کہ ہمارے آقا تجھ جیسے فقیر کے پاس آئینگے؟ اس نے کہا ضرور آئیں گے اس سے جا کر کہہ دو، وہ آقا کے پاس گئے اور اس سے قصہ سنایا اس نے کہا تم نے اس کو اس کہنے کا مزہ چکھایا اتنے میں اس فقیر نے دوبارہ پہلے سے بھی زیادہ زور سے کواڑوں کو پیٹا جس پر دربان دوڑے ہوئے پھر دروازے پر آئے تو اس فقیر نے کہا کہ اس اپنے

آقا سے کہہ دو کہ میں ملک الموت ہوں یہ سن کران کے ہوش اڑ گئے اور آقا سے جا کر کہا اس پر بھی مٹی چھوٹ گئی اور بہت عاجزی سے کہنے لگا کہ اس سے یہ کہہ دو کہ میرے فدیہ میں کسی دوسرے کو قبول کرے۔ اتنے میں یہ فقیر اندر پہنچ گیا اور اس سے کہا کہ تجھے جو کچھ کرنا ہے کر، میں تیری روح قبض کئے بغیر واپس نہیں جا سکتا۔ اس نے اپنا سب مال جمع کرایا اور مال سے کہنے لگا کہ اللہ کی تجھ پر لعنت ہو کہ تو نے اور تیری مشغولی نے مجھے اپنے مولیٰ کی عبادت سے روک دیا اور اتنا وقت نہ دیا کہ میں کسی وقت یکسوئی سے اللہ تعالیٰ شانہٗ کو یاد کر لیتا۔ حق تعالیٰ شانہٗ نے اپنی قدرت سے مال کو گویائی عطا کی اس نے کہا مجھے لعنت کیوں کرتا ہے۔ میری ہی وجہ سے تو بڑے بڑے بادشاہوں تک ایسے وقت پہنچ جاتا تھا جب کہ نیک لوگ ان کے دروازوں سے ہٹا دیئے جاتے تھے میری ہی وجہ سے تو نازک نازک عورتوں کی لذتیں حاصل کرتا تھا میری ہی وجہ سے تو بادشاہوں کی طرح رہتا تھا تو مجھے برائی کے موقعوں میں خرچ کرتا تھا اور میں انکار نہیں کر سکتا تھا اگر تو مجھے خیر کے مواقع میں خرچ کرتا تو میں تیرے کام آتا۔ اس کے بعد ملک الموت نے ایک دم اسکی روح قبض کر لی۔

وہب بن منبہؒ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ ملک الموت ایک بہت بڑے ظالم جابر کی روح قبض کر کے لے گئے کہ دنیا میں اس سے بڑا ظالم کوئی نہ تھا۔ وہ جا رہے تھے فرشتوں نے ان سے پوچھا کہ تم نے ہمیشہ جانیں قبض کیں تمہیں کبھی کسی پر رحم بھی آیا انہوں نے کہا کہ سب سے زیادہ ترس مجھے اس عورت پر آیا جو تنہا جنگل میں تھی جب ہی اس کے بچہ پیدا ہوا تھا مجھے حکم ہوا کہ اس عورت کی جان قبض کر لوں مجھے اس عورت کی اور اس کے بچہ کی تنہائی پر بڑا ترس آیا کہ اس بچہ کا اس جنگل میں جہاں کوئی دوسرا نہیں ہے کیا بنے گا فرشتوں نے کہا کہ یہ ظالم جس کی روح تم لے جا رہے ہو وہی بچہ ہے۔ ملک الموت حیرت میں رہ گئے کہنے لگے مولیٰ تو پاک ہے بڑا مہربان ہے جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

حضرت حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ جب کوئی شخص مر جاتا ہے اور اس کے گھر والے رونا شروع کرتے ہیں تو ملک الموت اس مکان کے دروازہ پر کھڑے ہو کر کہتے ہیں کہ میں نے اسکی روزی نہیں کھالی (یہ اپنی روزی ختم کر چکا تھا) میں نے اسکی عمر کم نہیں کر دی مجھے تو اس گھر میں پھر آنا ہے اور بار بار آنا ہے اتنے سب ختم نہ ہو جائیں۔ حضرت حسنؒ فرماتے ہیں خدا کی قسم اگر گھر والے اس وقت اس فرشتہ کو دیکھیں اور اس کی بات سن لیں تو مردے کو بھول جائیں اور اپنے فکر میں پڑ جائیں۔

یزید رقاشیؒ کہتے ہیں کہ بنی اسرائیل کے ظالموں میں سے ایک ظالم اپنے گھر میں بیٹھا ہوا اپنی بیوی سے تخلیہ کر رہا تھا اتنے میں دیکھا کہ گھر میں ایک اجنبی آدمی دروازہ سے چلا آ رہا ہے۔ یہ شخص نہایت غصہ میں اس کی طرف لپکا اس سے پوچھا کہ تو کون ہے اور گھر میں آنے کی تجھے کس نے

اجازت دی اس نے کہا کہ مجھے اس گھر کے مالک نے اندر آنے کو کہا ہے اور میں وہ شخص ہوں جس کو نہ کوئی پردہ روک سکتا ہے اور نہ بادشاہوں کے پاس جانے کے لئے مجھے اجازت کی ضرورت ہوتی ہے۔ نہ کسی ظالم کے دبدبہ سے ڈرتا ہوں نہ کسی مغرور متکبر کے پاس جانے سے مجھے کوئی چیز مانع ہوتی ہے۔ اس کی یہ گفتگو سن کر وہ ظالم خوفزدہ ہو گیا، بدن میں کپکپی آ گئی اور اوندھے منہ گر گیا۔ اسکے بعد نہایت عاجزی سے کہنے لگا پھر تو آپ ملک الموت ہیں اس نے کہا ہاں میں وہی ہوں۔ صاحب مکان نے کہا کہ آپ مجھے اتنی مہلت دیدیں کہ میں وصیت نامہ لکھ دوں۔ فرشتہ نے کہا کہ اب اس کا وقت دور چلا گیا افسوس کہ تیری مدت ختم ہو چکی ہے سانس پورے ہو گئے اور تیرا وقت ختم ہو گیا اب تیرے لئے ذرا سی تاخیر کی بھی گنجائش نہیں۔ صاحب مکان نے پوچھا کہ آپ مجھے کہاں لے جائیں گے۔ فرشتہ نے کہا تیرے اعمال جو آگے گئے ہوئے ہیں ان کے پاس ہی لے جاؤں گا (جیسے عمل کئے ہوں گے ویسا ہی ٹھکانا ملے گا) اور جس قسم کا گھر تو نے اس جہاں میں بنا رکھا ہوگا وہی تجھے ملے گا۔ اس نے کہا کہ میں نے تو نیک اعمال کچھ بھی نہیں کئے اور نہ کوئی عمدہ گھر اپنے لئے اب تک بنا رکھا ہے۔ فرشتہ نے کہا پھر تو لظی نزاعة للشوی کی طرف لے جاؤں گا یہ (سورۂ معارج ع ۱) کی آیت کی طرف اشارہ ہے جس کا ترجمہ یہ ہے کہ بیشک وہ آگ ایسی دہکتی ہوئی ہے جو کھال تک کھینچ لے گی اور اس شخص کو جس نے (دنیا میں حق سے) منہ پھیرا اور بے توجہی کی وہ آگ خود ہی بلا لے گی (اپنی طرف کھینچ لے گی) اس کے بعد فرشتہ نے اس کی جان نکال لی گھر میں کہرام مچ گیا کوئی رو رہا تھا کوئی چلا رہا تھا۔ یزید رقاشیؒ کہتے ہیں کہ اگر لوگوں کو یہ معلوم ہو جائے کہ مردے پر اس وقت کیا گذر رہی ہے تو اس کے مرنے سے زیادہ آہ و بکا اس حالت پر ہونے لگے جو اس پر گذر رہی ہے۔

حضرت سفیان ثوریؒ فرماتے ہیں کہ جس وقت ملک الموت دل کی رگ کو چھوتے ہیں اس وقت آدمی کا لوگوں کو پہچاننا موقوف ہو جاتا ہے زبان بند ہو جاتی ہے اور دنیا کی سب چیزوں کو بھول جاتا ہے اگر اس وقت آدمی پر موت کا نشہ سوار نہ ہو تو تکلیف کی شدت سے پاس والوں پر تلوار چلانے لگے۔ بعض روایات میں آیا ہے کہ جس وقت سانس حلق میں ہوتا ہے اس وقت شیطان اس کے گمراہ کرنے کی انتہائی کوشش کرتا ہے۔

ایک روایت میں ہے کہ ملک الموت نمازوں کے اوقات میں آدمیوں کی جستجو کرتے ہیں خبر رکھتے ہیں اگر کسی شخص کو نماز کے اوقات کا اہتمام رکھنے والا پاتے ہیں تو مرتے وقت اس کو خود ہی کلمہ طیبہ تلقین کرتے ہیں اور شیطان کو اس کے پاس سے ہٹا دیتے ہیں۔

مجاہدؒ کہتے ہیں کہ جب آدمی مرنے کے قریب ہو جاتا ہے اس وقت اس کے ہم مجلسوں کی

صورتیں اس کے سامنے کی جاتی ہیں اگر اس کا بیٹھنا اٹھنا نیک لوگوں کے پاس ہوتا ہے تو یہ مجمع سامنے لایا جاتا ہے اور فاسق فاجر لوگوں کے پاس ہوتا ہے تو وہ لوگ سامنے لائے جاتے ہیں۔ حضرت یزید بن شجرہ صحابی رضی اللہ عنہ سے بھی یہی بات نقل کی گئی ہے۔

ربیع بن برّہؒ ایک عبادت گذار آدمی بصرہ میں تھے وہ کہتے ہیں کہ ایک شخص مرنے لگا لوگ اسکو لا الٰہ الا اللہ کی تلقین کررہے تھے اور اس کی زبان سے نکل رہا تھا کہ (شراب کا گلاس) تو بھی پی مجھے بھی پلا۔ اسی طرح اہواز میں ایک شخص کا انتقال ہورہا تھا لوگ اس کو لا الٰہ الا اللہ کہتے تھے اور وہ کہہ رہا تھا دس روپے گیارہ گیارہ بارہ بارہ۔ (اتحاف)

اس کے بالمقابل جن لوگوں نے مرنے کی تیاریاں کررکھی تھیں وہ دنیا میں موت کو یاد رکھتے تھے اس کے لئے کچھ کارنامے کررکھے تھے ان کے لئے موت ایسی ہی تھی جس کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے مومن کا تحفہ بتایا ہے۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی جب وفات کا وقت قریب تھا ان کی بیوی کہہ رہی تھیں۔ واحزناہ ہائے افسوس تم جارہے ہو۔ اور وہ کہہ رہے تھے واطرباہ غدًا نلقی الا حبۃ محمدًا وحزبہ کیسے مزے کی بات ہے، کیسے لطف کی بات ہے۔ کل کو دوستوں سے ملیں گے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے ملیں گے ان کے ساتھیوں سے ملیں گے۔

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کے جب انتقال کا وقت قریب تھا تو فرمایا یا اللہ تجھے معلوم ہے کہ میں دنیا میں زیادہ دن رہنا چاہتا تھا مگر نہ اس وجہ سے کہ مجھے دنیا سے محبت تھی، نہ اس وجہ سے کہ یہاں نہریں اور باغ لگاؤں، بلکہ اس وجہ سے چاہتا تھا کہ گرمیوں کے دوپہر میں روزے کی پیاس کا لطف اٹھاؤں اور (دین کے لئے) مشقت میں اوقات گذاروں اور تیرے ذکر کے حلقوں میں شریک ہوا کروں۔

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کا جب انتقال ہونے لگا تو وہ رونے لگے کسی نے کہا کہ رونے کی کیا بات ہے تم جاکر حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ملو گے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال اس حال میں ہوا کہ تم سے راضی تھے۔ فرمانے لگے کہ میں نہ موت کے ڈر سے رورہا ہوں نہ دنیا کے چھوٹنے سے بلکہ میں اس لئے رورہا ہوں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے ایک عہد لیا تھا کہ دنیا سے انتفاع ہمارا صرف اتنا ہو جتنا مسافر کا توشہ میں۔ اس عہد کو پورا نہ کرسکا لیکن جب وصال پر ان کے گھر کا سامان دیکھا گیا تو وہ دس درہم سے کچھ زائد تھا اور ایک درہم ساڑھے تین آنے کا ہوتا ہے۔ یہ تھی وہ کل کائنات جس کی زیادتی پر رورہے تھے۔ اس کے بعد انہوں نے تھوڑا سا مشک منگوایا اور بیوی سے فرمایا کہ اس کو بھگو کر میرے بستر پر چھڑک دو میرے پاس ایسی جماعت آرہی ہے جو نہ انسان ہے نہ جن۔ حضرت عبداللہ بن مبارک رحمہ اللہ کی جب وفات کا وقت ہوا تو وہ ہنسے اور فرمایا لِمِثْلِ ذٰلِکَ فَلْیَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ۔ اسی جیسی چیزوں کے

واسطے لوگوں کو کام کرنا چاہیے (وہاں کی کچھ لذتیں فرحتیں سامنے آئی ہونگی) نیز جب ان کی وفات کا وقت قریب تھا تو انہوں نے اپنے غلام سے جن کا نام نصر تھا فرمایا کہ میرا سر زمین پر رکھ دو وہ رونے لگے۔ انہوں نے پوچھا کہ رونے کی کیا بات ہے۔ نصر نے کہا آپ ایسی راحتوں میں زندگی گذارتے تھے اب اس طرح فقیروں کی طرح زمین پر سر رکھ کر مر رہے ہیں۔ فرمانے لگے چپ رہ میں نے حق تعالیٰ شانہٗ سے دعا کی تھی کہ میری زندگی مال داروں کی سی ہو اور میری موت فقیروں کی۔

عطا بن یسارؒ کہتے ہیں ایک شخص کے انتقال کا وقت تھا شیطان ان کے پاس آیا اور کہنے لگا تو مجھ سے چھوٹ ہی گیا (میرے بس میں نہ آیا) وہ فرمانے لگے مجھے تجھ سے اب تک بھی اطمینان نہیں ہے۔

جریریؒ کہتے ہیں کہ میں حضرت جنیدؒ کے پاس ان کے انتقال کے وقت موجود تھا وہ قرآن شریف پڑھ رہے تھے۔ کسی نے عرض کیا کہ یہ وقت (ضعف کا ہے) یہ تلاوت کا کیا وقت ہے۔ فرمانے لگے کہ اس سے زیادہ اچھا وقت تلاوت کا کونسا ہوگا میرا اعمالنامہ اس وقت بند ہو رہا ہے۔ حضرت جنیدؒ سے کسی نے پوچھا کہ حضرت ابو سعید خزازؒ انتقال کے وقت بہت ہی مزے پر آرہے تھے کیا بات تھی فرمانے لگے کہ اگر اس وقت ان کی روح اشتیاق میں اڑ جاتی تب بھی بعید نہ تھا۔ حضرت ذوالنون مصریؒ سے کسی نے انتقال کے قریب پوچھا کہ کچھ فرمانا ہے کوئی خواہش ہو تو بتادیں۔ فرمایا صرف یہ خواہش ہے کہ مرنے سے پہلے اس کی معرفت حاصل ہو جائے۔

ایک شخص کہتے ہیں کہ میں حضرت ممشاد دینوریؒ کے پاس بیٹھا تھا ایک فقیر آیا اور کہنے لگا یہاں کوئی پاک صاف جگہ ایسی ہے جہاں کوئی مر جائے۔ انہوں نے ایک جگہ اشارہ کیا جہاں پانی کا چشمہ بھی تھا وہ اس کے قریب گیا وضو کی اور نماز پڑھی اس کے بعد پاؤں پھیلا کر لیٹ گیا اور مر گیا۔

ابو علیؒ رودباری کی ہمشیرہ فاطمہؒ کہتی ہیں کہ جب میرے بھائی کا انتقال ہونے لگا تو ان کا سر میری گود میں تھا۔ انہوں نے آنکھ کھولی اور فرمانے لگے کہ آسمان کے دروازے کھل گئے اور جنت مزین کردی گئی اور کوئی کہنے والا کہہ رہا ہے کہ ابو علی اگرچہ تم اتنے اونچے درجہ کی خواہش نہیں کر رہے تھے مگر ہم نے تمہیں اونچے درجہ پر پہنچا دیا پھر انہوں نے دو شعر پڑھے جن کا ترجمہ یہ ہے کہ تیرے حق کی قسم میں نے کبھی تیرے سوا کسی کی طرف (محبت کی نگاہ سے) آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھا میں دیکھ رہا ہوں کہ تو مجھے اپنی بیمار آنکھوں سے بے چین کر رہا ہے اور ان رخساروں سے جو حیا کی وجہ سے سرخ ہو گئے۔

حضرت جنیدؒ کے انتقال کے وقت کسی نے لا الٰہ الا اللہ کہا تو فرمانے لگے کہ میں اس لفظ کو کبھی بھولا ہی نہیں جواب یاد کروں۔ حضرت شبلیؒ کے خادم بکران دینوریؒ سے جعفر بن نصیرؒ نے پوچھا کہ تم

نے حضرت شبلیؒ کے انتقال کے وقت کیا منظر دیکھا انہوں نے کہا کہ وہ فرماتے تھے کہ مجھ سے ایک درہم (۳؍) کا ظلم ایک شخص پر ہو گیا تھا میں اس کی طرف سے کئی ہزار درہم صدقہ کر چکا ہوں مگر میرے دل پر اب تک اس درہم کا بوجھ ہے کہ کیوں رہ گیا۔ اس کے بعد فرمایا کہ مجھے وضو کرادو میں نے وضو کرائی اور داڑھی میں خلال کرنا بھول گیا وہ خود ضعف کی وجہ سے کر نہ سکتے تھے زبان بند ہو چکی تھی میرا ہاتھ پکڑ کر اپنی داڑھی کے اندر کر دیا اور انتقال ہو گیا۔ یہ سن کر جعفرؒ رونے لگے کہ جس شخص کا ایسی حالت میں بھی شریعت کا ادب اور ایک مستحب نہ چھوٹے اس کا کیا کہنا۔ ایک بزرگ کا انتقال ہونے لگا ان کی بیوی رونے لگیں وہ فرمانے لگے کیوں روتی ہے وہ کہنے لگیں کہ تمہاری جدائی سے رو رہی ہوں۔ وہ فرمانے لگے کہ اپنے لئے رو میں تو آج کے دن کے لئے (یعنی اس کے اشتیاق اور انتظار میں) بیالیس برس سے رو رہا ہوں۔ حضرت کتانیؒ سے کسی نے انتقال کے وقت پوچھا کہ آپ کے معمولات کیا ہیں۔ فرمانے لگے کہ اگر میرے انتقال کا وقت قریب نہ ہوتا تو نہ بتاتا۔ میں چالیس برس سے اپنے دل کے دروازے کی حفاظت کر رہا ہوں۔ جب اس میں غیر اللہ گھسنے کا ارادہ کرتا ہے میں دروازہ بند کر دیتا ہوں۔ حضرت معتمرؒ کہتے ہیں کہ میں حکم (ایک رئیس) کے انتقال کے وقت ان کے پاس تھا اور دعا کر رہا تھا کہ حق تعالیٰ شانہٗ اس پر موت کی سختی کو آسان فرما دے کہ اس شخص میں فلاں فلاں خوبیاں تھیں میں اس کی اچھی عادتیں گن گن کر دعا کر رہا تھا۔ حکم کو غفلت ہو رہی تھی۔ جب ان کو اپنی غفلت سے ہوش آیا تو کہنے لگے کہ فلاں فلاں بات کون شخص کہہ رہا تھا۔ معتمرؒ فرمانے لگے کہ میں کہہ رہا تھا۔ حکم نے کہا کہ ملک الموت علیہ السلام فرماتے ہیں کہ میں ہر سخی شخص کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کرتا ہوں یہ کہہ کر حکم کی روح پرواز کر گئی۔

حضرت ممشاد دینوریؒ کے انتقال کے وقت ایک بزرگ ان کے پاس بیٹھے تھے وہ ان کیلئے جنت کے ملنے کی دعا کرنے لگے حضرت ممشادؒ ہنسے اور فرمایا کہ تیس برس سے جنت اپنی ساری زینتوں سمیت میرے سامنے آتی رہی میں نے ایک مرتبہ بھی اس کو نگاہ بھر کر نہیں دیکھا (میں تو جنت کے مالک کا مشتاق ہوں) (احیاء) جب حضرت عمر بن عبد العزیزؒ کی وفات کا وقت قریب تھا تو ایک طبیب خدمت میں حاضر تھے وہ کہنے لگے کہ امیر المؤمنین کو زہر دیا گیا ہے اس لئے مجھے ان کی زندگی کا اطمینان نہیں ہے۔ حضرت عمر بن عبد العزیزؒ نے فرمایا کہ تم کو اس شخص کی زندگی کا بھی اعتبار نہ چاہیے جس کو زہر نہ دیا گیا ہو۔ طبیب نے پوچھا کیا آپ کو خود بھی اندازہ ہو گیا تھا کہ مجھ کو زہر دیا گیا۔ حضرت عمر بن عبد العزیزؒ نے فرمایا کہ مجھے اسی وقت علم ہو گیا تھا جب یہ زہر میرے پیٹ میں گیا۔ طبیب نے کہا کہ آپ اس کا علاج کر لیجئے ورنہ آپ کی جان چلی جائے گی فرمانے لگے

(جس کے پاس جائے گی یعنی میرا رب) وہ ان سب میں بہترین ہے جن کے پاس کوئی جائے خدا کی قسم اگر مجھے یہ معلوم ہو کہ میرے کان کے پاس کوئی چیز ایسی رکھی ہے جس میں میری شفا ہے تو میں وہاں تک بھی ہاتھ نہ بڑھاؤں۔ پھر فرمایا یا اللہ عمر کو اپنے سے ملنے کے لئے پسند کرلے۔ اس کے چندروز بعد ہی انتقال ہوگیا۔

میمون بن مہرانؒ کہتے ہیں کہ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ اس زمانہ میں کثرت سے موت کی دعا کیا کرتے تھے کسی نے عرض کیا ایسا نہ کیجئے حق تعالیٰ شانہٗ نے آپ کی وجہ سے بہت سی سنتیں (حضور اقدس ﷺ کی) زندہ کررکھی ہیں بہت سی بدعتیں (جو شروع ہوگئی تھیں) دبا رکھی ہیں۔ فرمانے لگے کیا میں صالح بندہ (حضرت یوسف علیٰ نبینا وعلیہ السلام کی طرف نہ بنوں جنہوں نے یہ دعا کی تھی

رَبِّ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّ اَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ○ (سورۂ یوسف ع ۱۱)

اے اللہ! مجھے اسلام کی حالت میں موت عطا فرمادے اور صالحین کے ساتھ ملادے۔ انتقال کے قریب مسلمہؒ نے کہا کہ آپ نے جو کفن کے لئے دام دیئے ہیں ان کا بہت معمولی کپڑا آیا ہے۔ اس پر کچھ اضافہ کی اجازت فرمادیں ارشاد فرمایا کہ وہ میرے پاس لاؤ۔ تھوڑی دیر اس کپڑے کو دیکھا پھر فرمایا کہ اگر میرا رب مجھ سے راضی ہے تب تو اس سے بہتر کفن مجھے فوراً مل جائے گا اور اگر میرا رب مجھ سے ناراض ہے تو جو کفن بھی ہوگا وہ زور سے ہٹا دیا جائے گا۔ اور اس کے بدلے جہنم کی آگ کا کفن ہوگا۔ اس کے بعد فرمایا مجھے بٹھاؤ۔ بیٹھ کر فرمایا یا اللہ تو نے مجھے (جن چیزوں کے کرنے کا) حکم دیا مجھ سے تعمیل نہ ہوسکی تو نے (جن چیزوں کو) منع فرمایا مجھ سے ان میں نافرمانی ہوئی لیکن لا الٰہ الا اللہ اس کے بعد انتقال فرمایا۔ اسی دوران میں یہ بھی فرمایا کہ میں ایک جماعت کو دیکھ رہا ہوں نہ تو وہ آدمی ہیں نہ جن ہیں۔ ایک روایت میں ہے کہ انتقال کے قریب سب کو اپنے پاس سے ہٹا دیا اور فرمایا یہاں کوئی نہ رہے۔ سب باہر چلے گئے اور دروازوں میں سے دیکھنے لگے تو وہ فرمارہے تھے ایسے لوگوں کی آمد جو نہ انسان ہیں نہ جن۔ اس کے بعد سورۂ قصص کے آخری رکوع کی یہ آیت شریفہ پڑھی۔ تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ آلایۃ جس میں حق تعالیٰ شانہٗ فرماتے ہیں کہ یہ آخرت کا گھر ہم ان لوگوں کے لئے کرتے ہیں جو نہ تو دنیا میں بڑائی چاہتے ہیں نہ فساد۔ (اتحاف) ایک بزرگ کہتے ہیں کہ میں نے حق تعالیٰ شانہٗ سے دعا کی کہ مجھے قبرستان والوں کا حال دکھادے۔ میں نے ایک رات کو دیکھا گویا قیامت قائم ہوگئی اور لوگ اپنی قبروں سے نکلنے لگے ان کو میں نے دیکھا کہ کوئی تو سندس پر (جو ایک خاص اعلیٰ قسم کا ریشم ہے) سو رہا ہے کوئی ریشم پر ہے کوئی اونچے اونچے تخت

پر ہے، کوئی پھولوں پر ہے، کوئی ہنس رہا ہے، کوئی رو رہا ہے، میں نے کہا یا اللہ اگر یہ سب ایک ہی حال میں ہوتے تو کیسا اچھا تھا۔ ایک شخص نے اُن مُردوں میں سے کہا کہ یہ اعمال کے تفاوت کی وجہ سے ہے، سندس والے تو اچھی عادتوں والے ہیں، اور ریشم والے شہداء ہیں، اور پھولوں والے کثرت سے روزہ رکھنے والے ہیں، اور ہنسنے والے توبہ کرنے والے ہیں، اور رونے والے گنہگار ہیں، اور اعلیٰ مراتب والے (یہ غالباً اونچے تخت والے ہیں) وہ لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ شانہٗ کی وجہ سے آپس میں محبت رکھتے تھے۔ ❶ ایک کفن چور تھا وہ قبریں کھود کر کفن چرایا کرتا تھا، اس نے ایک قبر کھودی تو اس میں سے ایک شخص اونچے تخت پر بیٹھے دیکھے قرآن پاک اُن کے سامنے رکھا ہوا وہ قرآن شریف پڑھ رہے ہیں اور ان کے تخت کے نیچے ایک نہر چل رہی ہے۔ اس شخص پر ایسی دہشت طاری ہوئی کہ بے ہوش ہو کر گر پڑا۔ لوگوں نے اس کو قبر سے نکالا تین دن بعد ہوش آیا۔ لوگوں نے قصہ پوچھا اس نے سارا حال سنایا۔ بعض لوگوں نے اس قبر کے دیکھنے کی تمنا کی اس سے پوچھا کہ قبر بتا دے اس نے ارادہ بھی کیا کہ ان کو لے جا کر قبر دکھاؤں رات کو خواب میں اُن قبر والے بزرگ کو دیکھا کہہ رہے ہیں اگر تو نے میری قبر بتائی تو ایسی آفتوں میں پھنس جائے گا کہ یاد کرے گا۔ اس نے عہد کیا کہ نہیں بتاؤں گا۔ ❷

شیخ ابو یعقوب سنوسیؒ کہتے ہیں کہ میرے پاس ایک مُرید آیا اور کہنے لگا کہ میں کل کو ظہر کے وقت مر جاؤں گا، چنانچہ دوسرے دن ظہر کے وقت مسجدِ حرام میں آیا طواف کیا اور تھوڑی دور جا کر مر گیا میں نے اس کو غسل دیا اور دفن کیا، جب میں نے اس کو قبر میں رکھا تو اس نے آنکھیں کھول دیں۔ میں نے کہا کہ مرنے کے بعد بھی زندگی ہے کہنے لگا کہ میں زندہ ہوں اور اللہ تعالیٰ کا ہر عاشق زندہ ہی رہتا ہے۔ ❸

ایک بزرگ کہتے ہیں کہ میں نے ایک مُرید کو غسل دیا اُس نے میرا انگوٹھا پکڑ لیا۔ میں نے کہا میرا انگوٹھا چھوڑ دے مجھے معلوم ہے کہ تو مَرا نہیں ہے۔ یہ ایک مکان سے دوسرے مکان میں انتقال ہے اس نے میرا انگوٹھا چھوڑ دیا۔ شیخ ابن الجلاءؒ مشہور بزرگ ہیں وہ فرماتے ہیں کہ جب میرے والد کا انتقال ہوا اور ان کو نہلانے کے لئے تختہ پر رکھا تو وہ ہنسنے لگے نہلانے والے چھوڑ کر چل دیئے کسی کی ہمت اُن کو نہلانے کی نہ پڑتی تھی۔ ایک اور بزرگ ان کے رفیق آئے انہوں نے غسل دیا۔ ❹

غرض صاحب روض نے بہت سے واقعات ان مرمٹوں کے مرنے کے ایسے لکھے ہیں جن سے ان کا مرنے کے وقت اور مرنے کے بعد نہایت بشاش ہونا ہنسنا، مذاق کرنا، لطف اڑانا معلوم ہوتا ہے مرنے کے بعد کلام کرنے کے بعض واقعات حافظ ابن عبد البرؒ نے استیعاب میں بھی ذکر کئے ہیں حضرت زید بن خارجہؓ کے ترجمہ میں لکھتے ہیں کہ اس میں اختلاف نہیں ہے کہ انہوں نے مرنے

---

❶، ❷، ❸، ❹ روض۔

کے بعد کلام کیا اور اسی طرح بعض دوسرے صحابۂ کرامؓ سے بھی نقل کیا ہے۔

غزوۂ موتہ میں جب صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم جانے لگے تو لوگوں نے ان جانے والوں کو خیر وسلامتی کے ساتھ واپسی کی دعائیں دینی شروع کیں اس پر حضرت عبداللہ بن رواحہ ؓ نے اس وقت تین شعر پڑھے جن کا مطلب یہ ہے کہ میں تو واپسی کے بجائے یہ تمنا کرتا ہوں کہ حق تعالیٰ شانہٗ میری مغفرت فرمائے اور اس کے ساتھ ہی ایک تلوار سر پر ایسی لگے جو سر کے دو ٹکڑے کر دے یا کوئی برچھا ایسا مجھے میں گھسے جو انتڑیاں اور جگر چیرتا چلا جائے۔ جب میدان جنگ میں یہ حضرات پہنچے تو ان حضرات کی جمعیت تین ہزار کی تھی اور وہاں پہنچ کر معلوم ہوا کہ دشمنوں کی جماعت دو لاکھ ہے اس بنا پر صحابہؓ میں یہ مشہور ہوا کہ اوّل حضور اقدس ﷺ کو اس حالت کی اطلاع دی جائے۔ اس کے بعد بھی اگر حضور ﷺ کا ارشاد ہو تو لڑائی شروع کی جائے۔ جب عبداللہ بن رواحہ ؓ کو معلوم ہوا کہ یہ مشورہ ہو رہا ہے تو وہ آئے اور کہنے لگے تم لوگ بھی عجیب ہو جس چیز کی تمنا میں نکلے تھے اس کے بارے میں مشورہ کر رہے ہو تم تو محض شہادت کی طلب میں نکلے ہو۔ ہم نے کبھی بھی سامان اور قوت اور تعداد کے بھروسہ پر جنگ نہیں کی ہم نے ہمیشہ صرف مذہب اسلام کی قوت پر جنگ کی ہے اٹھو اور میدان میں چلو دو حال سے خالی نہیں یا غلبہ اور فتح یا شہادت اور ہمارے لئے دونوں چیزیں اعزازی ہی ہیں۔ ان کی یہ بات سن کر سب کے سب جنگ کے لئے تیار ہو گئے اور جنگ شروع ہو گئی۔ حضور اقدس ﷺ نے روانگی کے وقت حضرت زید بن حارث (ؓ) کو امیر مقرر فرمایا تھا اور ارشاد فرما دیا تھا کہ اگر یہ شہید ہو جائیں تو حضرت جعفر بن ابی طالب (ؓ) امیر ہوں گے۔ وہ بھی شہید ہو جائیں تو عبداللہ بن رواحہ (ؓ) امیر ہوں گے اور وہ بھی شہید ہو جائیں تو اس وقت مسلمان مشورے سے جس کو چاہیں امیر بنالیں۔ چنانچہ میدان میں جب حضرت زید ؓ اور ان کے بعد حضرت جعفر ؓ شہید ہو گئے تو لوگوں نے حضرت عبداللہ بن رواحہ ؓ کو آواز دی یہ لشکر کے کنارے پر تھے گوشت کا ایک ٹکڑا ان کے ہاتھ میں تھا تین دن سے کچھ بھی چکھنے کی نوبت نہ آئی تھی کسی نے آکر کہا کہ حضرت جعفر ؓ شہید ہو گئے۔ حضرت عبداللہ بن رواحہ ؓ نے اپنے نفس کو ملامت کی کہ تو دنیا ہی میں مشغول ہو رہا ہے (کھانے میں لگ گیا) یہ کہہ کر اس ٹکڑے کو پھینک کر جھنڈا ہاتھ میں لے کر آگے بڑھے کسی نے وار کیا تو ہاتھ کی انگلی کٹ گئی اس پر انہوں نے تین شعر پڑھے جن کا مطلب یہ ہے کہ تو محض انگلی تھی جو خون آلود ہو گئی اس کے سوا اور کیا ہوا اور یہ بھی اللہ ہی کے راستہ میں ہوا جو خود بہت اونچی دولت ہے۔ اے نفس اس بات کو سمجھ لے کہ اگر تو شہید نہ ہو گا تو ویسے مرے گا۔ مرنا تو بہر حال ہے ہی دیکھ جس چیز کی تو تمنا کر رہا ہے یعنی شہادت کی وہ سامنے آگئی

اگر تو اپنے پہلے دو ساتھی زید رضی اللہ عنہ و جعفر رضی اللہ عنہ کا سا کارنامہ کرے گا تو ہدایت یافتہ ہوگا اور اگر تو نے اپنا قدم ان سے پیچھے ہٹایا تو بدبخت ہوگا۔ اس کے بعد اپنے دل سے کہا کہ تجھے اس وقت کیا خیال ہو سکتا ہے؟ اگر بیوی کا خیال آسکتا ہے تو اس کو تین طلاق اگر غلاموں کا خیال آسکتا ہے تو وہ سب آزاد۔ اگر اپنا باغ یاد آسکتا ہے تو وہ اللہ کیلئے صدقہ ہے اے نفس کیا تو جنت کو پسند نہیں کرتا خدا کی قسم تو اس کی طرف چل کر رہے گا خوشی سے چلا یا زبردستی۔ تو نے بہت زمانہ اطمینان کا گذار لیا ہے اب کیا سوچتا ہے اپنی حقیقت کو تو سوچ نطفہ کا ایک قطرہ تھا۔ غرض اس سوچ کے بعد حضرت ابن رواحہ رضی اللہ عنہ بڑھے اور شہید ہو گئے۔ حکایات صحابہ میں یہ قصہ تفصیل سے گذر چکا ہے اور اس نوع کے اور بھی قصے گذرے ہیں۔

حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ بن الحارث حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا زاد بھائی کا جب انتقال ہونے لگا تو گھر والوں نے رونا شروع کیا تو فرمانے لگے ایسے شخص کو مت رو جس نے اسلام لانے کے بعد سے نہ زبان سے کبھی کوئی خطا کا لفظ نکالا نہ بدن سے کبھی کوئی خطا کی حرکت کی (یعنی ایسے شخص کی موت تو اس کے لئے مسرت ہی مسرت ہے) صنابحیؒ کہتے ہیں کہ جب حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کا وصال ہونے لگا تو میں پاس تھا مجھے رونا آگیا فرمانے لگے تو کیوں روتا ہے خدا کی قسم اگر قیامت میں مجھ سے گواہی طلب کی گئی تو میں تیرے لئے بہتر گواہی دوں گا اور مجھے سفارش کی اجازت ملی تو تیرے لئے سفارش کروں گا، اور جہاں تک مجھے قدرت ہوگی تجھے نفع پہنچاؤں گا۔ اس کے بعد فرمایا کہ میں نے جتنی حدیثیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے تھیں اور تمہارے نفع کی تھیں وہ سب تمہیں پہنچا چکا ہوں، ایک حدیث کے علاوہ جو اس وقت سناتا ہوں جب کہ میں اس جہان سے جارہا ہوں میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا جو شخص لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کی گواہی دے اس پر جہنم کی آگ حرام ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا جب انتقال ہونے لگا تو ان کی صاحبزادی رونے لگیں۔ فرمایا بیٹی رو نہیں بیٹی نے کہا اگر آپ کے انتقال پر بھی رونا نہ آئے تو کس کے انتقال پر آئے گا۔ فرمایا کہ اس وقت مجھے اپنی جان کے نکلنے سے زیادہ محبوب کسی کی جان نکلنا بھی نہیں ہے حتیٰ کہ اس مکھی کی جان نکلنا بھی اپنی جان نکلنے سے زیادہ محبوب نہیں (تو جب موت مجھے اتنی محبوب ہو رہی ہے اس پر تو روتی ہے) اس کے بعد حمران سے کہا البتہ اس کا ڈر ضرور ہے کہ کہیں مرتے وقت اسلام نہ میرے ہاتھ سے چھوٹ جائے۔

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کا جب انتقال ہونے لگا تو فرمایا کہ میرا اُونی جبہ لاؤ وہ لایا گیا جو بہت پرانا بوسیدہ تھا۔ فرمایا مجھے اس میں کفن دینا بدر کی لڑائی میں یہی جبہ میرے اوپر تھا۔

عبداللہ بن عامر بن کریز رضی اللہ عنہ کا جب انتقال ہونے لگا نزع کی حالت تھی حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ ان کے پاس گئے ہوئے تھے اپنے آدمیوں سے کہا کہ دیکھو

میرے یہ دونوں بھائی روزہ سے ہیں ایسا نہ ہو کہ ان کے کھانے میں میری موت کی وجہ سے دیر لگے اور روزہ افطار کرنے میں تاخیر ہو جائے عبداللہ بن زبیرؓ فرمانے لگے اگر تجھے اکرام اور سخاوت سے کوئی چیز روک سکتی تھی تو نزع کی تکلیف روک سکتی تھی مگر یہ بھی تیرے لئے مانع نہ ہوئی اس حال میں ان کا انتقال ہوا کہ مہمانوں کے سامنے کھانا رکھا تھا۔ عمرو بن اوسؓ کہتے ہیں کہ جب عتبہ بن ابی سفیان کا انتقال ہو رہا تھا میں ان کے پاس گیا وہ نزع کی حالت میں تھے فرمانے لگے کہ میں تمہیں چلتے چلتے ایک حدیث سنا تا جاؤں جو مجھے میری بہن ام حبیبہؓ نے سنائی تھی۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص اللہ کے واسطے (یعنی اخلاص سے) بارہ رکعت چاشت کی نماز روزانہ پڑھتا رہے حق تعالیٰ شانہٗ اس کے لئے جنت میں ایک محل بناتے ہیں (یہ حضور ﷺ کی احادیث اور دین کی اشاعت کا جذبہ تھا کہ موت بھی مانع نہ ہوئی)

محمد بن منکدرؒ کا جب انتقال ہونے لگا تو وہ رونے لگے کسی نے پوچھا کہ رونے کی کیا بات ہے فرمایا کہ میں اس پر نہیں روتا کہ مجھ سے کبھی کوئی گناہ ہوا ہو میرے علم کے موافق تو میں نے عمر بھر میں کوئی گناہ کیا ہی نہیں۔ البتہ اس پر رو رہا ہوں کہ کوئی بات مجھ سے ایسی سرزد ہو گئی ہو جس کو میں اپنے خیال میں سرسری سمجھا ہوں اور وہ اللہ کے نزدیک بڑی بات ہو۔ اس کے بعد قرآن پاک کی آیت وَبَدَا لَهُم مِّنَ اللَّهِ مَا لَمْ يَكُونُوا يَحْتَسِبُونَ (سورۂ زمر ع ۵) پڑھی جس کا ترجمہ یہ ہے کہ ان کے لئے اللہ تعالیٰ شانہ کی طرف سے ایسی بات ظاہر ہوئی جس کا ان کو گمان بھی نہ تھا۔ یہ پڑھ کر فرمایا کہ مجھے بس اس کا ڈر ہے کہ کوئی بات ایسی ہو جائے جس کا گمان بھی نہ ہو۔ عامر بن عبد قیسؒ کا جب انتقال ہونے لگا تو وہ رونے لگے کسی نے کہا کہ آپ نے تو ایسے مجاہدے کئے ہیں آپ بھی روتے ہیں فرمانے لگے کہ میں نہ تو موت کے خوف سے رو رہا ہوں نہ دنیا کے لالچ سے مجھے اس کا رنج ہے کہ آج گرمیوں کے دوپہر کا روزہ اور سردیوں کی آخر رات کا تہجد چھوٹ رہا ہے۔

حضرت حسنؓ کا جب انتقال ہونے لگا تو کچھ لوگ ان کی خدمت میں حاضر تھے انہوں نے عرض کیا کہ کوئی آخری نصیحت فرما دیجئے۔ ارشاد فرمایا کہ تین باتیں تم سے کہتا ہوں ان کو سن کر میرے پاس سے چلے جانا اور میں جہاں جا رہا ہوں مجھے تنہائی میں وہاں جانے دیجیو۔ اس کے بعد فرمایا۔

(۱)...... جس کام کا دوسرے کو حکم کرو پہلے خود اس پر عمل شروع کر دو۔

(۲)...... جس بات سے دوسرے کو منع کرو پہلے خود اس سے رک جاؤ۔

(۳)...... تمہارا ہر قدم یا تمہارے لئے نافع ہے (کہ جنت کی طرف پڑتا ہے) یا مضر ہے (کہ جہنم کی طرف چلتا ہے) اس لئے ہر قدم کو اٹھاتے وقت یہ سوچ لو کہ کدھر جا رہا ہے۔ حضرت ربیع

ﷺ کا جب انتقال ہو رہا تھا تو ان کی بیٹی رونے لگیں۔ فرمایا بیٹی رونے کی بات نہیں ہے یوں کہو کہ آج کا دن کس قدر خوشی کا ہے کہ میرے باپ کو آج بہت کچھ ملا۔ حضرت مکحول شامیؒ کا جب انتقال ہونے لگا تو وہ ہنس رہے تھے کسی نے پوچھا کہ یہ ہنسی کا وقت ہے؟ فرمانے لگے کیوں نہ ہنسوں جب کہ وہ وقت آگیا کہ جن سے میں گھبراتا تھا ان سے ہمیشہ کو جدا ہوتا ہوں اور جس ذات سے امیدیں وابستہ تھیں اس کے پاس جلدی جلدی جا رہا ہوں۔

حضرت حسان ﷺ بن سنان کی جب نزع کی حالت تھی تو کسی نے کہا کہ آپ کو بہت تکلیف ہو رہی ہے۔ فرمانے لگے تکلیف تو ضرور ہے مگر مومن کی تکلیف کا ایسے وقت کیا ذکر ہے جب اس کو حق تعالیٰ شانہٗ سے ملنے کی امید ہو رہی ہو اور اس پر اس کی خوشی غالب ہو رہی ہو۔

جب ابن ادریسؒ کے انتقال کا وقت آیا تو ان کی بیٹی رونے لگیں۔ فرمایا رونے کی بات نہیں ہے میں نے اس گھر میں چار ہزار قرآن ختم کئے ہیں۔ حسن بن حیؒ کہتے ہیں کہ میرے بھائی علیؒ کا جس رات میں انتقال ہوا انہوں نے مجھے آواز دے کر پانی مانگا میری نماز کی نیت بندھ رہی تھی میں سلام پھیر کر پانی لے کر گیا وہ فرمانے لگے کہ میں تو پی چکا۔ میں نے کہا آپ نے کہاں سے پی لیا گھر میں تو میرے اور آپ کے سوا کوئی اور ہے نہیں؟ کہنے لگے کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام ابھی پانی لائے تھے وہ مجھے پانی پلا گئے اور یہ فرما گئے کہ تو اور تیرا بھائی ان لوگوں میں ہیں جن پر حق تعالیٰ شانہٗ نے انعام فرما رکھا ہے (یہ قرآن پاک کی ایک آیت شریفہ کی طرف اشارہ ہے جو سورۃ نساء کے نویں رکوع میں ہے۔ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ الآية جس کا ترجمہ یہ ہے کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ شانہٗ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتے ہیں یہی لوگ ہیں جن پر اللہ تعالیٰ شانہٗ نے انعام فرما رکھا ہے نبیین، صدیقین، شہداء اور صالحین سے)

حضرت عبداللہ بن موسیٰؒ کہتے ہیں کہ حضرت علی بن صالحؒ کا انتقال ہوا میں سفر میں گیا ہوا تھا جب میں سفر سے واپس آیا تو ان کے بھائی حسن بن صالحؒ کے پاس تعزیت کے لئے گیا مجھے وہاں جا کر رونا آگیا وہ کہنے لگے کہ رونے سے پہلے ان کے انتقال کی کیفیت سنو کیسے لطف کی ہے۔ جب ان پر نزع کی تکلیف شروع ہوئی تو مجھ سے پانی مانگا میں پانی لے کر گیا کہنے لگے میں نے تو پی لیا۔ میں نے پوچھا کس نے پلایا کہنے لگے حضور اقدس ﷺ فرشتوں کی بہت سی صفوں کے ساتھ تشریف لائے تھے اور مجھے پانی پلا دیا۔ مجھے خیال ہوا کہ کہیں غفلت میں نہ کہہ رہے ہوں اس لئے میں نے پوچھا کہ فرشتوں کی صفیں کس طرح تھیں؟ کہنے لگے اوپر نیچے اس طرح تھیں۔ ایک ہاتھ کو دوسرے کے اوپر کر کے بتایا۔

جب ابوبکر بن عیاشؒ کا انتقال ہونے لگا تو ان کی ہمشیرہ رونے لگیں کہنے لگے بہن رونے کی

بات نہیں تیرے بھائی نے مکان کے اس کونے میں بارہ ہزار قرآن پاک ختم کئے ہیں۔ عمرو بن عبید کہتے ہیں کہ ابوشعیب صالح بن زیاد بیمار تھے میں ان کی عیادت کو گیا تو ان کی نزع کی حالت تھی مجھ سے کہنے لگے کہ میں تجھے خوشخبری سناؤں میں اس جگہ ایک اجنبی سے آدمی کو جو اوپری سی صورت ہے دیکھ رہا ہوں میں نے ان سے پوچھا کہ تم کون ہو وہ کہنے لگے کہ میں ملک الموت ہوں میں نے کہا میرے ساتھ نرمی کا برتاؤ کرنا وہ کہنے لگے مجھے یہی حکم ملا ہے کہ نرمی کروں۔

حضرت امام احمد بن حنبلؒ کے صاحبزادے فرماتے ہیں کہ میرے والد کا جب انتقال ہونے لگا تو میں ان کے پاس بیٹھا تھا کپڑا میرے ہاتھ میں تھا تاکہ انتقال کے بعد جبڑا باندھ دوں ان کو غشی ہو جاتی تھی جس سے ہمیں یہ خیال ہوتا تھا کہ انتقال ہو گیا پھر افاقہ ہو جاتا تھا اور اس وقت وہ کہتے کہ ابھی نہیں، ابھی نہیں۔ جب تیسری مرتبہ یہی صورت پیش آئی تو میں نے ان سے دریافت کیا کہ آپ یہ کیا فرماتے ہیں۔ کہنے لگے بیٹا تمہیں خبر نہیں شیطان ملعون میرے پاس کھڑا ہے اور رنج اور غصہ سے اپنی انگلی منہ سے دبا رہا ہے اور کہتا ہے کہ احمد تو میرے ہاتھ سے نکل گیا۔ جب وہ کہتا ہے تو میں اس سے کہتا ہوں کہ ابھی نہیں چھوٹا (اتنے جان نہ نکل جائے اتنے تجھ سے اطمینان نہیں ہے)۔

حضرت آدم بن ابی ایاسؒ کا جب آخری وقت تھا تو وہ چادر میں لپٹے پڑے تھے اور قرآن شریف پڑھ رہے تھے جب قرآن پاک ختم کیا تو کہنے لگے کہ مجھے جو آپ سے محبت ہے اس کا واسطہ دے کر عرض ہے کہ میرے ساتھ نرمی کا برتاؤ کیا جائے آج ہی کے دن کے لئے آپ سے امیدیں وابستہ تھیں اس کے بعد لا الٰہ الا اللہ کہا اور روح پرواز کر گئی۔ جب مسلمہؒ بن عبدالملک کا انتقال ہونے لگا تو وہ رونے لگے۔ کسی نے رونے کا سبب پوچھا تو کہنے لگے کہ میں موت کے ڈر سے نہیں رو رہا ہوں مجھے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کامل وثوق ہے۔ میں اس پر رو رہا ہوں کہ میں تیس مرتبہ جہاد میں شریک ہوا مگر شہادت نصیب نہ ہوئی اور آج عورتوں کی طرح بستر پر جان دے رہا ہوں۔ ایاس بن قتادہ عبشمیؒ نے ایک دن آئینہ دیکھا تو سر پر سفید بال نظر آئے کہنے لگے کہ سفید بال آ جانے کے بعد پھر آخرت کے سوا کوئی مشغلہ نہ رہنا چاہیے کہ اب دنیا سے رخصت ہونے کا وقت آ گیا۔ اس کے بعد بہت زیادہ مجاہدے شروع کر دیئے۔ ایک مرتبہ جمعہ کے دن نماز سے فارغ ہو کر مسجد سے باہر آ رہے تھے آسمان کی طرف دیکھ کر کہنے لگے تیرا آنا مبارک ہے میں تو تیرا بہت ہی سخت انتظار کر رہا تھا۔ اسکے بعد اپنے ساتھ والوں سے کہنے لگے جب میں مرجاؤں تو ملحوب (کسی جگہ کا نام ہے) میں لے جا کر مجھے دفن کر دینا۔ اس کے بعد روح نکل گئی اور گر گئے۔

حضرت امام احمد بن حنبلؒ کے شاگرد ابراہیمؒ بن ہانی کا جب انتقال ہونے لگا تو اپنے لڑکے اسحٰق

سے دریافت کیا کہ آفتاب غروب ہو گیا انہوں نے کہا کہ ابھی تو نہیں ہوا لیکن ابا جان ایسی سخت بیماری میں تو فرض روزہ کھولنے کی بھی اجازت ہے آپ کا تو نفل روزہ ہے اس کو کھول دیجئے۔ فرمانے لگے ارے ٹھہر جا اس کے بعد (نہ معلوم کیا دیکھا) فرمانے لگے اسی جیسی چیزوں کے لئے آدمی کو چاہیے کہ نیک عمل کرتا رہے (یہ قرآن پاک کی آیت وَالصّٰفّٰتِ ع ۲ کی طرف اشارہ ہے جس میں حق تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد ہے کہ بیشک یہی بڑی کامیابی ہے ایسی ہی کامیابی حاصل کرنے والوں کو عمل کرنا چاہیے) اس کے بعد روح پرواز کر گئی۔

ابو حکیم حیریؒ بیٹھے ہوئے کچھ لکھ رہے تھے لکھتے لکھتے قلم ہاتھ میں سے رکھ کر کہنے لگے اگر اسی کا نام موت ہے تو خدا کی قسم بڑی اچھی موت ہے یہ کہہ کر مر گئے۔ ابو الوفاء بن عقیلؒ کا جب انتقال ہونے لگا تو گھر والوں نے رونا شروع کر دیا کہنے لگے کہ پچاس سال سے تو اس کو ہٹا رہا ہوں اب کہاں تک ہٹائے جاؤں اب تم مجھے چھوڑ دو اب میں اس کی آمد پر اس کو مبارک باد دیتا ہوں۔ امام غزالیؒ نے جن کی کتاب احیاء العلوم مشہور ہے دوشنبہ کی صبح کی نماز وضو کر کے پڑھی پھر اپنا کفن منگایا اس کو چوما آنکھوں پر رکھا اور کہا کہ بادشاہ کی خدمت میں حاضری کے لئے بڑی خوشی سے حاضر ہوں یہ کہہ کر قبلہ رُوخ پاؤں پسار کر لیٹ گئے اور فوراً انتقال کر گئے۔

ابن الجوزیؒ کہتے ہیں کہ جب میرے استاذ ابو بکر بن حبیبؒ کا انتقال ہونے لگا تو شاگردوں نے عرض کیا کہ کچھ وصیت فرما دیجئے۔ فرمایا تین چیزوں کی وصیت کرتا ہوں۔ اللہ کا خوف اور تنہائی میں اس کا مراقبہ اور جو چیز مجھے پیش آرہی ہے۔ (یعنی موت) اس کا خوف رکھا جائے مجھے اکسٹھ برس گذر گئے ہیں لیکن گویا میں نے دنیا کو دیکھا بھی نہیں (ایسے جلدی گذر گئے) اس کے بعد ایک پاس بیٹھنے والے سے پوچھا دیکھو میری پیشانی پر پسینہ آگیا یا نہیں۔ اس نے عرض کیا آگیا۔ فرمایا اللہ کا شکر ہے کہ یہ ایمان پر موت کی علامت ہے (جیسا کہ حدیث میں وارد ہے) امام بخاریؒ کے شاگرد ابو الوقت عبد الاولؒ کے انتقال کا جب وقت آیا تو آخر کلمہ جو ان کی زبان سے نکلا یہ تھا۔

يَالَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ ٥ بِمَا غَفَرَلِيْ رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ٥

(یہ سورۂ یٰسین شریف کے دوسرے رکوع کی آیت ہے) جس کا ترجمہ یہ ہے۔ ''کاش میری قوم کو یہ بات معلوم ہو جاتی کے میرے رب نے مجھے بخش دیا اور مجھے معزز اور مکرم لوگوں میں شامل کر دیا۔ محمد بن حامدؒ کہتے ہیں کہ میں احمد بن خضرویہؒ کے انتقال کے وقت انکے پاس بیٹھا ہوا تھا ان کو نزع شروع ہو گیا تھا۔ پچانوے سال کی عمر تھی ایک شخص نے ان سے کوئی مسئلہ دریافت کیا ان کی

آنکھوں میں آنسو بھر آئے اور کہنے لگا کہ بیٹا پچانوے سال سے ایک دروازے کو کھولنے کی کوشش میں لگا ہوا ہوں اس وقت وہ کھلنے کو ہے اس کا فکر سوار ہے کہ سعادت کے ساتھ کھلتا ہے یا بدبختی کے ساتھ۔ اس وقت جواب کی مہلت کہاں۔ اسی میں ان کے قرض خواہ ان کے مرنے کی خبر سن کر جمع ہو گئے سات سو دینار (اشرفیاں) ان کے ذمہ قرض تھے۔ کہنے لگے یا اللہ تو نے رہن اس لئے مشروع کیا ہے کہ قرض خواہوں کو اطمینان رہے اس وقت تو ان لوگوں کے اطمینان کو بلا رہا ہے یعنی ان کو میرے وجود سے اطمینان تھا اب میں جا رہا ہوں ان کا قرض ادا کر۔ اسی وقت کسی نے دروازہ کھٹکھٹایا اور کہنے لگا کہ احمد کے قرض خواہ کہاں ہیں اور سب قرضہ گن کر ادا کر گیا اور ان کی روح نکل گئی۔

ایک بزرگ کا انتقال ہونے لگا تو اپنے خادم سے کہا کہ میرے دونوں ہاتھ باندھ دے اور میرا منہ زمین پر رکھ دے۔ اس کے بعد وہ کہنے لگے کہ کوچ کا وقت آ گیا نہ تو میں گناہوں سے بری ہوں نہ میرے پاس کوئی عذر ہے جو معذرت میں پیش کر دوں نہ کوئی طاقت ہے جس سے مدد چاہوں بس میرے لئے تو تو ہی ہے میرے لئے تو تو ہی ہے۔ یہی کہتے کہتے ایک چیخ ماری اور انتقال ہو گیا۔ غیب سے آواز آئی کہ اس بندے نے اپنے مولیٰ کے سامنے عاجزی کی اس نے قبول کر لیا۔

ایک شخص کہتے ہیں کہ ایک فقیر نزع کی حالت میں سسک رہا تھا مکھیاں اس کے منہ پر کثرت سے بیٹھ رہی تھیں مجھے ترس آیا میں اس کے پاس بیٹھ کے مکھیاں اڑانے لگا اس نے آنکھ کھول دی اور کہنے لگا کہ برسوں سے خاص وقت کی کوشش میں لگا ہوا تھا ساری عمر میں کوشش پر بھی نصیب نہ ہوا اب ملا تھا تو تو آ کر بیچ میں گھس گیا جا اپنا کام کر اللہ تیرا بھلا کرے۔ ابو بکر رقیؒ کہتے ہیں کہ میں ابو بکر زقاقؒ کے پاس صبح کے بعد موجود تھا وہ کہہ رہے تھے یا اللہ تو مجھے اس دنیا میں کب تک ڈالے رکھے گا ظہر کا وقت بھی نہ آنے پایا تھا کہ ان کا وصال ہو گیا۔ حضرت مکحولؒ شامی بیمار تھے ایک شخص ان کے پاس گئے اور کہنے لگے حق تعالیٰ شانہٗ آپ کو صحت عطا فرمائے کہنے لگے ہرگز نہیں۔ ایسی ذات کے پاس جانا جس سے خیر ہی کی امید ہے ایسے لوگوں کے پاس رہنے سے بہتر ہے جن کی برائی سے کسی وقت بھی اطمینان نہیں ہے۔

ابو علیؒ روزباری کہتے ہیں کہ ایک فقیر میرے پاس عید کے دن آیا بہت خستہ حال پرانے کپڑے، کہنے لگا یہاں کوئی پاک صاف جگہ ایسی ہے جہاں کوئی غریب فقیر مر جائے۔ میں نے لاپروائی سے لغو سمجھ کر کہہ دیا کہ اندر آ جا اور جہاں چاہے پڑ کے مر جا۔ وہ اندر آیا۔ وضو کیا، چند رکعات نماز پڑھی اور لیٹ کر مر گیا۔ میں نے اس کی تجہیز و تکفین کی اور جب دفن کرنے لگا تو مجھے یہ خیال آیا کہ اس کے منہ پر سے کفن ہٹا کر اس کا منہ زمین پر رکھ دوں تاکہ حق تعالیٰ شانہٗ اس کی غربت پر رحم فرمائے میں نے اس کا منہ کھولا اس نے آنکھیں کھول دیں میں نے پوچھا میرے سردار کیا موت کے بعد بھی زندگی

ہے کہنے لگا کہ میں زندہ ہوں اور اللہ تعالیٰ کا ہر عاشق زندہ ہوتا ہے۔ میں کل قیامت میں اپنی وجاہت سے تیری مدد کروں گا۔

علی بن سہلؒ اصبہانی کہا کرتے تھے کیا تمہارا یہ خیال ہے کہ میں بھی اسی طرح مرونگا جس طرح لوگ مرتے ہیں۔ بیماری عیادت (سودھندے ہوجاتے ہیں) میں تو اس طرح مروں گا کہ مجھے کہا جائے گا اے علی اور میں چل دوں گا چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ ایک دن کہیں چلے جارہے تھے چلتے چلتے کہنے لگے لبیک (حاضر ہوں) اور مر گئے۔ ابوالحسن مزنیؒ کہتے ہیں کہ ابو یعقوبؒ نہر جوری کا جب انتقال ہونے لگا نزع کے وقت میں نے لاالٰہ الا اللّٰہ تلقین کیا تو میری طرف دیکھ کر ہنسے اور کہنے لگے مجھے تلقین کرتے ہو اس ذات کی عزت کی قسم جس کو کبھی موت نہیں آئے گی میرے اور اس کے درمیان صرف اس کی بڑائی اور عزت کا پردہ ہے اور بس یہ کہتے ہی روح پرواز کر گئی۔ مزنیؒ اپنی داڑھی پکڑ کر کہتے تھے کہ مجھے جیسا حجام بھلا اولیاء کو تلقین کرے کیسی غیرت کی بات ہے اور جب اس واقعہ کو ذکر کرتے تو رویا کرتے۔

ابوالحسین مالکیؒ کہتے ہیں کہ میں حضرت خیر نور بافؒ کے ساتھ کئی سال رہا انہوں نے اپنے انتقال سے آٹھ یوم پہلے کہا کہ میں جمعرات کی شام کو مغرب کے وقت مروں گا اور جمعہ کی نماز کے بعد دفن کیا جاؤں گا بھول نہ جانا لیکن میں بالکل بھول گیا۔ جمعہ کی صبح کو ایک شخص نے مجھے ان کے انتقال کی خبر سنائی میں فوراً گیا کہ جنازہ میں شرکت کروں راستہ میں لوگ ملے جو ان کے گھر سے واپس آرہے تھے اور یہ کہہ رہے تھے کہ جمعہ کے بعد دفن ہوں گے مگر میں ان کے گھر پہنچ گیا۔ میں نے وہاں جا کر ان کے انتقال کی کیفیت پوچھی تو مجھ سے ایک شخص نے جو انتقال کے وقت ان کے پاس موجود تھے بتایا کہ رات مغرب کی نماز کے قریب ان کو غشی سی ہوئی اس کے بعد فوراً افاقہ سا ہوا تو گھر کے ایک کونہ کے طرف منہ کر کے کہنے لگے کہ تھوڑی دیر ٹھہر جاؤ تمہیں بھی ایک کام کا حکم ہے اور مجھے بھی ایک کام کا حکم ہے لیکن تمہیں جس کام کا حکم ہے وہ تو فوت نہیں ہوگا مجھے جس کام کا حکم ہے وہ رہ جائے گا اس لئے تھوڑی دیر ٹھہر جاؤ میں اس کو پورا کر لوں جس کا مجھے حکم ہے۔ اس کے بعد انہوں نے پانی منگایا تازہ وضو کیا نماز پڑھی اور اس کے بعد آنکھیں بند کر کے پاؤں پسار کے لیٹ گئے اور چل دیئے۔ کسی نے ان کو خواب میں دیکھا پوچھا کیا حال ہے کہنے لگے بس یہ نہ پوچھ تمہاری سڑی ہوئی بودار دنیا سے خلاصی مل گئی۔ ابوسعید خرازؒ کہتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ مکہ مکرمہ میں تھا باب بنی شیبہ سے نکل رہا تھا۔ دروازے سے باہر میں نے ایک نہایت خوبصورت آدمی کو مرے ہوئے پڑا دیکھا میں جو اس کو غور سے دیکھنے لگا تو وہ میری طرف دیکھ کر ہنسنے لگا اور کہنے لگا ابوسعید تمہیں معلوم

نہیں کہ (محبت والے) دوست مرا نہیں کرتے۔ ایک عالم سے دوسرے عالم میں منتقل ہو جاتے ہیں۔

حضرت ذوالنون مصریؒ کا جب وصال ہونے لگا تو کسی نے ان سے عرض کیا کہ کچھ وصیت فرما دیجئے فرمانے لگے کہ میں اس کی مہربانی کے کرشموں میں متعجب ہو رہا ہوں اس وقت مجھے مشغول نہ کرو۔

ابو عثمان حیریؒ کہتے ہیں کہ جب ابو حفص کا انتقال ہونے لگا تو کسی نے پوچھا کہ کوئی وصیت فرما دیجئے فرمانے لگے کہ مجھ میں بولنے کی طاقت نہیں اس کے بعد ذرا قوت سی معلوم ہوئی تو میں نے کہا اب فرما دیجئے۔ میں لوگوں تک پہنچا دوں گا۔ فرمانے لگے کہ اپنی کوتاہی پر پورے دل سے انکسار اور عاجزی ہو (بس یہ میری آخری وصیت ہے) حضرت جنید بغدادیؒ فرماتے ہیں کہ جب حضرت سری سقطیؒ کا وصال ہونے لگا نزع کی حالت تھی میں سرہانے بیٹھا تھا۔ میں نے اپنا منہ ان کے منہ پر رکھ دیا میری آنکھ سے آنسو جاری تھے میرا آنسو ان کے رخسارے پر گرا فرمانے لگے کون ہے میں نے عرض کیا آپ کا خادم جنیدؒ ہے فرمانے لگے مرحبا (بہت اچھا کیا آئے) میں نے عرض کیا کوئی آخری وصیت فرما دیجئے۔ فرمانے لگے کہ بروں کی صحبت سے اپنے کو بچانا اور ایسا نہ ہو کہ غیروں کی صحبت اللہ تعالیٰ شانہٗ سے تجھے جدا کر دے۔

حضرت حبیب عجمیؒ (جو مشہور اکابر صوفیا میں ہیں) انتقال کے وقت بہت ہی گھبرا رہے تھے۔ کسی نے عرض کیا کہ آپ جیسے بزرگ سے یہ گھبراہٹ بعید ہے اس سے پہلے تو ایسا حال آپ کا نہ ہوتا تھا (یعنی گھبراہٹ کسی بات سے بھی محسوس نہ ہوتی تھی) فرمانے لگے سفر بہت لمبا ہے توشہ پاس نہیں ہے کبھی اس سے پہلے اس کا راستہ دیکھا نہیں آقا اور سردار کی زیارت کرنی ہے کبھی اس سے پہلے زیارت نہیں کی ایسے خوفناک مناظر دیکھنے ہیں جو پہلے کبھی نہیں دیکھے مٹی کے نیچے تنہا قیامت تک پڑے رہنا ہے کوئی مونس پاس نہ ہوگا۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ شانہٗ کے حضور میں کھڑا ہونا ہے مجھے یہ ڈر ہے کہ اگر وہاں یہ سوال ہو گیا کہ حبیب ساٹھ برس میں ایک تسبیح ایسی پیش کر دے جس میں شیطان کا کوئی دخل نہ ہو تو کیا جواب دوں گا اور یہ حال اس پر تھا کہ ساٹھ برس کی زندگی میں دنیا سے ذرا سا بھی لگاؤ نہ تھا۔ پھر ہم جیسوں کا کیا حال ہوگا جو کسی وقت بھی دنیا تو درکنار گناہوں سے بھی خالی نہیں ہوتے ہر وقت شیطان ہی کی خوشامد میں لگے رہتے ہیں۔ عبد الجبارؒ کہتے ہیں کہ میں حضرت فتح بن شخرف کی خدمت میں تیس برس رہا۔ انہوں نے کبھی آسمان کی طرف منہ نہیں اٹھایا۔ اس کے بعد ایک مرتبہ آسمان کی طرف منہ کیا اور کہنے لگے اب تو آپ کا اشتیاق بہت ہی بڑھ گیا اب جلدی ہی بلا لیجئے۔ اس کے بعد ایک ہفتہ بھی نہ گذرا کہ انتقال فرما گئے۔

ابوسعید موصلیؒ کہتے ہیں کہ فتح بن سعیدؒ عید الاضحیٰ کی نماز پڑھ کر عیدگاہ سے دیر میں واپس ہوئے واپسی میں دیکھا کہ مکانوں کے اندر سے قربانی کے گوشت پکنے کا دھواں ہر طرف سے نکل رہا ہے تو رونے لگے اور کہنے لگے کہ لوگوں نے قربانیوں سے آپ کا تقرب حاصل کیا۔ میرے محبوب کاش مجھے معلوم ہو جاتا کہ میں قربانی کس چیز کی کروں یہ کہہ کر بیہوش ہو کر گر گئے میں نے پانی چھڑکا دیر میں ہوش آیا پھر اٹھ کر چلے جب شہر کی گلیوں میں پہنچے تو پھر آسمان کی طرف منہ اٹھا کر کہنے لگے کہ میرے محبوب تجھے میرے رنج وغم کا طویل ہونا بھی معلوم ہے اور میرا یہ گلی گلی پھرنا بھی تجھے معلوم ہے میرے محبوب تو مجھے یہاں کب تک قید رکھے گا۔ یہ کہہ کر پھر بیہوش ہو کر گر گئے۔ میں نے پھر پانی چھڑکا پھر افاقہ ہو گیا اور چند روز بعد انتقال ہو گیا۔ محمد بن قاسمؒ کہتے ہیں کہ مجھ سے میرے شیخ محمد بن اسلم طوسیؒ نے انتقال سے چار دن پہلے فرمایا کہ آؤ تمہیں خوشخبری سناؤں کہ تمہارے ساتھی کے (یعنی میری) ساتھ حق تعالیٰ شانہٗ نے کس قدر احسان کیا کہ میری موت کا وقت آ گیا اور اللہ تعالیٰ شانہٗ کا مجھ پر یہ احسان ہے کہ میرے پاس ایک درہم بھی نہیں ہے جس کا حساب دینا پڑے اب مکان کے کواڑ بند کر دو اور میرے مرنے تک کسی کو میرے پاس آنے کی اجازت نہ دینا اور یہ سن لو کہ میرے پاس کوئی چیز نہیں ہے جس میں میراث تقسیم ہو بجز اس چادر کے اور اس ٹاٹ کے اور اس وضو کے لوٹے کے اور میری کتابوں کے اور اس تھیلی میں تیس درہم ہیں یہ میرے نہیں ہیں بلکہ میرے بیٹے کے ہیں اس کے ایک رشتہ دار نے اس کو دیئے ہیں اور اس سے زیادہ حلال چیز میرے لئے کیا ہوگی جب کہ حضور ﷺ کا ارشاد یہ ہے کہ تو اور تیرا مال تیرے باپ کا ہے (لہذا یہ بیٹے کا مال ہونے کی وجہ سے اس حدیث شریف کی بناء پر مجھے حلال ہے) اس میں سے میرے کفن کی اتنی مقدار خرید لینا جس سے میرا ستر ڈھک جائے، اس سے زیادہ اس میں سے نہ لینا یعنی صرف لنگی اس میں سے خرید لینا اور یہ ٹاٹ اور یہ چادر کفن میں شامل کر لینا کفن کے تین کپڑے پورے ہو جائیں گے لنگی چادر اور تیسرا ٹاٹ ہو جائیگا ان تینوں میں مجھے لپیٹ دینا اور یہ وضو کا لوٹا کسی نمازی فقیر کو صدقہ کر دینا کہ وہ وضو کر لیا کرے گا۔ یہ سب فرما کر چوتھے دن انتقال ہو گیا۔

ابو عبدالخالقؒ کہتے ہیں کہ میں یوسف بن حسینؒ کے پاس نزع کی حالت میں تھا وہ کہہ رہے تھے اے اللہ میں ظاہر میں لوگوں کو نصیحت کرتا رہا اور باطن میں اپنے نفس کے ساتھ کھوٹا پن کرتا رہا میں نے اپنے نفس کے ساتھ جو کھوٹ کیا اس کو اس کے بدلے میں کہ تیری مخلوق کو نصیحت کرتا رہا معاف کر دے۔ یہی کہتے کہتے جان نکل گئی رحمہم اللہ تعالیٰ رحمۃ واسعۃً۔ (اتحاف)

کس قدر خوش قسمت تھے یہ مرنے والے حق تعالیٰ شانہٗ ان کی برکات سے اس ناپاک کو بھی کوئی

حصہ عطا فرمادے کہ وہ بڑا کریم ہے اس کے کرم سے کوئی چیز بھی بعید نہیں۔

۲۰)......عن عائشةؓ قالت جآء رجلٌ فقعد بين يدى رسول الله ﷺ فقال يارسول الله ان لى مملوكين يكذبوننى ويخوننى ويعصوننى واشتمهم واضربهم فكيف انا منهم فقال رسول الله ﷺ اذا كان يوم القيٰمة يحسب ماخانوك وعصوك وكذبوك وعقابك اياهم فان كان عقابك اياهم بقدر ذنوبهم كان ذٰلك كفافالا لك ولا عليك فان كان عقابك اياهم دون ذنبهم كان فضلًا لك وان كان وعقابك اياهم فوق ذُنوبهم اقتصّ لهم منك الفضلَ فتنحىّ الرّجل وجعل يهتف ويبكى فقال لهٗ رسول الله ﷺ اماتقراء قول الله تعالىٰ "وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا وَّ اِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا وَ كَفٰى بِنَا حَاسِبِيْنَ "فقال الرَّجل يَارسولَ اللّٰهِ مَاأجدلى وَلِهٰؤُلَاءِ شَيْئًا خَيْرًامِّنْ مفارقهم اشهدك اَنَّهُمْ كلّهم احرارٌ(رواه الترمذى كذافى المشكوٰة)

ترجمہ)......حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ ایک شخص حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یارسول اللہ! (ﷺ) میرے کئی غلام ہیں جو مجھ سے جھوٹ بھی بولتے ہیں خیانت بھی کرتے ہیں کہنا بھی نہیں مانتے ہیں ان کو برا بھلا بھی کہتا ہوں اور مارتا بھی ہوں میرا ان کا (قیامت میں) کیا معاملہ رہے گا۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ قیامت کے دن جتنی مقدار کی انہوں نے خیانت کی ہوگی، اور تیری نافرمانی کی ہوگی، اور جھوٹ بولا ہوگا، اس ساری مقدار کا وزن کیا جائیگا (کہ وہاں ہر چیز کا وزن ہوتا ہے چاہے وہ تو نے جو سزا ان چیزوں پر دی ہے وہ بھی سب تولی جائیں گی پس اگر تیری سزا اور ان کا جرم برابر رہا تب تو نہ لینا نہ دینا اور اگر تیری سزا ان کے جرم سے وزن میں کم ہوگی تو جتنی کمی ہوگی وہ تجھے دی جائے گی، اور اگر سزا ان کے جرم سے بڑھی ہوئی ہوگی تو اس زیادتی کا تجھ سے بدلہ لیا جائے گا۔ وہ شخص افسوس کرتے ہوئے روتے ہوئے مجلس سے ہٹ گئے۔ حضور ﷺ نے فرمایا تم نے قرآن شریف کی آیت "وَ نَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ آلاية" نہیں پڑھی۔ (جس کا ترجمہ یہ ہے) کہ قیامت کے دن ہم میزان عدل قائم کریں۔ (جس میں اعمال کا وزن کریں گے) اور کسی پر ذرا سا بھی ظلم نہ کیا جائے گا

اور اگر کسی کا کوئی عمل رائی کے دانہ کے برابر بھی ہوگا تو ہم اس کو وہاں حاضر کریں گے (اور اس کا وزن کریں گے) اور ہم حساب لینے والے کافی ہیں۔

فائدہ: قیامت کے دن حساب کا معاملہ بھی بڑا سخت معاملہ ہے۔ قرآن پاک اور احادیث میں بہت کثرت سے اس پر تنبیہ ہیں اور اس کی تفصیلیں ذکر فرمائی گئی ہیں۔ مثال اور نمونہ کے طور پر چند آیات اور چند احادیث اس جگہ ذکر کی جاتی ہیں۔

(۱) وَاتَّقُوا يَوْمًا تُرْجَعُونَ فِيهِ إِلَى اللّٰهِ قف ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ط (سورۂ بقرہ ع ۳۸)

اور اس دن سے ڈرتے رہو جس دن تم حق تعالیٰ شانہٗ کی پیشی میں لائے جاؤ گے پھر ہر شخص کو اس کا کیا ہوا عمل (یعنی اس کا بدلہ) پورا پورا دیا جائے گا اور ان پر کسی قسم کا ظلم نہ کیا جائے گا۔

(۲) يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ مُّحْضَرًا صلے وَّمَا عَمِلَتْ مِنْ سُوْٓءٍ ج تَوَدُّ لَوْ اَنَّ بَيْنَهَا وَبَيْنَهٗٓ اَمَدًا ۢ بَعِيْدًا ط وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ط وَاللّٰهُ رَءُوْفٌ ۢ بِالْعِبَادِ o (سورۂ آلِ عمران ع ۳)

جس دن پائے گا ہر شخص اپنے سامنے اس چیز کو جو اس نے کسی قسم کی خیر کی کی ہو، یا کسی قسم کی برائی کی کی ہو، اور تمنا کرے گا کہ کاش اس دن کے اور اس کے درمیان بہت دور کی مسافت ہوتی اور اللہ تعالیٰ ڈراتا ہے تم کو اپنے آپ سے اور اللہ تعالیٰ بڑا شفیق ہے بندوں پر (اس شفقت ہی کی وجہ سے ڈراتا ہے کہ تم اسکے عذاب میں مبتلا نہ ہو جاؤ)۔

(۳) وَمَنْ يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ o (سورۂ آلِ عمران ع ۱۷)

اور جو شخص خیانت کرے گا وہ اپنی اس خیانت کی ہوئی چیز کو قیامت کے دن (حشر کے میدان میں) لائے گا پھر ہر شخص کو اس کے کئے ہوئے کا پورا پورا بدلہ ملے گا۔

(٤) كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ وَاِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ (آل عمران ع ۱۹)

ہر شخص کو موت کا ذائقہ ضرور چکھنا ہے اور تمہارے (نیک اور بد) اعمال کا پورا پورا بدلہ قیامت ہی کے دن ملے گا۔

(۵) اِنَّ اللّٰہَ سَرِیْعُ الْحِسَابِ o

یہ کلمہ بہت جگہ قرآن پاک میں وارد ہوا ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ بہت جلد حساب کرنے والے ہیں (کہ ہر شخص کا حساب کتاب بہت جلدی پورا کر دیا جائے گا اور اس کے موافق بدلہ دیا جائے گا۔)

(۶) وَالْوَزْنُ یَوْمَئِذِنِ الْحَقُّ ج فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِیْنُہٗ فَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ o وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِیْنُہٗ فَاُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَھُمْ بِمَا کَانُوْا بِاٰیٰتِنَا یَظْلِمُوْنَ o (سورۂ اعراف ع ۱)

اور اس دن (قیامت کے دن اعمال کا) وزن ضروری ہے بس جس شخص کا (نیک اعمال کا) پلہ بھاری ہوگا تو ایسے لوگ کامیاب ہوں گے اور جس شخص کا (نیک اعمال کا) پلہ ہلکا ہوگا یہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنا نقصان کر لیا اس وجہ سے کہ ہماری آیتوں کی حق تلفی کرتے تھے۔

(۷) اِنَّ رُسُلَنَا یَکْتُبُوْنَ مَا تَمْکُرُوْنَ o (یونس ع ۳)

بیشک ہمارے قاصد (فرشتے) تمہاری سب شرارتوں کو لکھ رہے ہیں (اور ان سب کا بدلہ تم کو قیامت میں ملے گا جب یہ لکھا ہوا سامنے لایا جائے گا۔

(۸) وَالَّذِیْنَ کَسَبُوا السَّیِّاٰتِ جَزَآءُ سَیِّئَۃٍ م بِمِثْلِھَا لا وَتَرْھَقُھُمْ ذِلَّۃٌ ط مَالَھُمْ مِّنَ اللّٰہِ مِنْ عَاصِمٍ ط (یونس ع ۳)

اور جن لوگوں نے برے کام کئے ان کی برائی کی سزا اس کے برابر ملے گی اور ان کو ذلت چھا لے گی اور ان کو اللہ تعالیٰ (کے عذاب) سے کوئی بچانے والا نہ ہوگا اور ان کے منہ ایسے کالے ہونگے) گویا ان کے چہروں پر اندھیری رات کے پرت کے پرت لپیٹ دیئے گئے۔

(۹) ھُنَالِکَ تَبْلُوْا کُلُّ نَفْسٍ مَّآ اَسْلَفَتْ ط (یونس ع ۳)

اس مقام پر ہر شخص اپنے پہلے کئے کاموں کو (جو دنیا میں کئے تھے) جانچ لے گا (کہ وہ کس قسم کے نیک یا بد کیسے تھے پھر اس کا حساب ہو جائے گا۔

(۱۰) لِلَّذِیْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّھِمُ الْحُسْنٰی ط وَالَّذِیْنَ لَمْ یَسْتَجِیْبُوْا لَہٗ لَوْ اَنَّ لَھُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا وَّمِثْلَہٗ مَعَہٗ لَافْتَدَوْا بِہٖ ط اُولٰٓئِکَ لَھُمْ سُوْٓءُ الْحِسَابِ (رعد ع ۲)

جن لوگوں نے اپنے رب کا کہنا مان لیا ان کے واسطے اچھا بدلہ ہے اور جنہوں نے اس کا کہنا نہ

مانا ان کے پاس اگر دنیا کی تمام چیزیں ہوں (بلکہ) اوراس کے ساتھ اسی کی برابر اور چیزیں ہوں تو سب کی سب اپنے فدیہ میں دے ڈالیں (اور) ان کا سخت حساب ہوگا۔

(۱۱) فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ط (رعد ع ٦)

پس آپ کے ذمہ تو (اے محمد ﷺ) صرف پہنچا دینا ہے (اور اس پر عمل کرنے نہ کرنے کا) حساب ہمارے ذمہ ہے۔

(۱۲) رَبَّنَا اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ يَقُومُ الْحِسَابُ ط (ابراهيم ع ٦)

اے ہمارے رب میری اور میرے والدین کی اور سب مومنین کی حساب قائم ہونے کے دن مغفرت کردیجئے (یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا ہے)۔

(۱۳) وَتَرَى الْمُجْرِمِينَ يَوْمَئِذٍ مُّقَرَّنِينَ فِي الْأَصْفَادِ ۚ سَرَابِيلُهُم مِّن قَطِرَانٍ وَتَغْشَىٰ وُجُوهَهُمُ النَّارُ ۙ لِيَجْزِيَ اللَّهُ كُلَّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ ط إِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ۝ (ابراهيم ع ٧)

اور تو اُس دن مجرموں کو زنجیروں میں جکڑا ہوا دیکھے گا اور ان کے کُرتے قطران (چیڑ کے درخت کے تیل) کے ہوں گے (کہ اس تیل میں پیٹرول کی طرح سے آگ جلدی لگتی ہے) اور ان کے چہروں پر آگ لپٹی ہوئی ہوگی۔ (اور یہ ساری تکلیفیں کیوں ہیں) تاکہ اللہ تعالیٰ ہر شخص کو اس کے کئے ہوئے کی سزا دے بیشک اللہ تعالیٰ شانہٗ بہت جلد حساب لینے والا ہے۔

(۱٤) وَكُلَّ إِنسَانٍ أَلْزَمْنَاهُ طَائِرَهُ فِي عُنُقِهِ ط وَنُخْرِجُ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كِتَابًا يَلْقَاهُ مَنشُورًا ۝ اقْرَأْ كِتَابَكَ ط كَفَىٰ بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيبًا ۝ ط (بنی اسرائیل ع ٢)

اور ہم نے ہرانسان کا عمل (نیک ہو یا بد ہو) اس کے گلے کا ہار بنا رکھا ہے اور قیامت کے دن ہم اس کے اعمالنامہ اس کے سامنے کردیں گے جس کو وہ کھلا ہوا دیکھے گا (اور اس سے کہا جائے گا) کہ اپنا اعمال نامہ خود ہی پڑھ لے آج تو خود ہی اپنا محاسب کافی ہے (یعنی خود ہی حساب کرلے کسی دوسرے کی بھی ضرورت نہیں۔

(۱۵) كَلَّا سَنَكْتُبُ مَا يَقُولُ (سورۂ مریم ع ٥)

(جو بات یہ کافر سمجھ رہے ہیں وہ) ہرگز نہیں ہے ہم ہر وہ بات لکھ لیتے ہیں جو کوئی زبان سے کہتا

ہے (اس کے بعد قیامت کے دن وہ لکھا ہوا اعمالنامہ اُس کے سامنے کردیا جائے گا۔

(۱۶) اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِىْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ۝ (انبیاء ع ۱)

لوگوں کے حساب کا وقت تو قریب آ گیا اور یہ ابھی تک غفلت ہی میں پڑے ہیں (اور اس کی تیاری سے) اعراض کئے ہوئے ہیں۔

(۱۷) فَاِذَا نُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَلَاۤ اَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَّلَا يَتَسَآءَلُوْنَ ۝ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ فِىْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ۝ تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ ۝ (مومنون ع ۶)

پھر جب (قیامت کے دن) صور پھونکا جائے گا تو (اس قدر خوف ہوگا کہ) باہمی رشتے بھی اسی دن نہ رہیں گے (یعنی سب اجنبی سے بن جائیں گے باپ بیٹے سے بھاگے گا وغیرہ وغیرہ جیسا سورۂ عبس میں ہے۔ "یَوْمَ یَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِیْهِ آلایة ") اور نہ کوئی کسی کو پوچھے گا (اور اعمال کی ترازو کھڑی کردی جائے گی) پس جس شخص کا پلہ بھاری ہوگا (یعنی اس کی نیکیاں جھک جائیں گی) پس ایسے لوگ تو کامیاب ہوں گے اور جس شخص کا پلہ ہلکا ہوگا پس یہ وہ لوگ ہوں گے جنھوں نے اپنا نقصان کرلیا اور وہ جہنم میں ہمیشہ کیلئے رہیں گے ان کے چہروں کو آگ جھلستی ہوگی اور اُس میں اُن کے منہ بگڑے ہوئے ہوں گے۔

(۱۸) وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍۭ بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَآءً حَتّٰۤى اِذَا جَآءَهٗ لَمْ يَجِدْهُ شَيْئًا وَّوَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ ؕ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝ۙ (سورۂ نور ع ۵)

اور جو لوگ کافر ہیں (اور نور ہدایت سے دُور ہیں) ان کے اعمال ایسے ہیں جیسا کہ ایک چٹیل میدان میں چمکتا ہوا ریت کہ پیاسا آدمی اس کو (دور سے) پانی سمجھتا ہے یہاں تک کہ جب (اُس کے پاس آیا) تو اُس کو کچھ بھی نہ پایا اور اُس کے پاس اللہ تعالیٰ شانہٗ کو پایا جس نے اس کا پورا پورا حساب وہیں کردیا اور اللہ تعالیٰ بہت جلدی حساب کردینے والے ہیں۔

(۱۹) اِنَّ الَّذِيْنَ يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌۢ بِمَا نَسُوْا يَوْمَ الْحِسَابِ ۝ (ص ع ۲)

جولوگ خدا کے راستہ سے بھٹکے ہوئے ہیں ان کے لئے سخت عذاب ہے اس لئے کہ وہ روز حساب کو بھولے ہوئے ہیں۔

(۲۰) اَلْيَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ط اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ٥ (مؤمن ع ۲)

آج (قیامت) کے دن ہر شخص کو اس کے کئے کا بدلہ دیا جائے گا آج ظلم نہیں ہے بیشک اللہ تعالیٰ شانہٗ بہت جلد حساب لینے والا ہے۔

(۲۱) وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً قف كُلُّ اُمَّةٍ تُدْعٰى اِلٰى كِتٰبِهَا ط اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ٥ هٰذَا كِتٰبُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ط اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ٥ (سورۂ جاثیہ ع ٤)

اور آپ قیامت کے دن) ہر فرقہ کو دیکھیں گے کہ (وہ لوگ خوف کی وجہ سے) گھٹنوں کے بل گر پڑیں گے۔ ہر فرقہ اپنی کتاب (نامہ اعمال) کی طرف لایا جائے گا (اور ان سے کہا جائے گا) کہ آج تم کو تمہارے کئے کا بدلہ دیا جائے گا (اور یہ کہا جائے گا) کہ یہ ہماری کتاب (جس میں تمہارے اعمال لکھے ہوئے ہوں) تمہارے اعمال کو ٹھیک ٹھیک بتا رہی ہے ہم دُنیا میں (فرشتوں سے) تمہارے اعمال کو لکھواتے رہتے تھے (جو اس وقت یہ تمہارے سامنے ہے)

(۲۲) اِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيٰنِ عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيْدٌ ٥ مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ ٥ (سورۂ ق ع ۲)

جب دو اخذ کرنے والے (بات کو جلدی سے لے کر لکھنے والے فرشتے) لیتے رہتے ہیں اور دائیں جانب اور بائیں جانب بیٹھے رہتے ہیں وہ (یعنی آدمی) کوئی لفظ زبان سے نہیں نکالتا مگر ایک تاک لگانے والا تیار رہتا ہے (اور وہ فوراً اس کو لکھ لیتا ہے یہی اعمالنامہ ہے)

(۲۳) يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُوْنَ لَا تَخْفٰى مِنْكُمْ خَافِيَةٌ ٥ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ٥ اِنِّيْ ظَنَنْتُ اَنِّيْ مُلٰقٍ حِسَابِيَهْ ٥ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ٥ فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ٥ قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ ٥ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـئًا بِمَآ اَسْلَفْتُمْ فِي الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ ٥ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ

بِشِمَالِهٖ لا فَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُوْتَ كِتٰبِيَهْ ۚ وَلَمْ اَدْرِ مَا حِسَابِيَهْ ۚ يٰلَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ ۚ مَآ اَغْنٰى عَنِّيْ مَالِيَهْ ۚ هَلَكَ عَنِّيْ سُلْطٰنِيَهْ ۚ خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ۙ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ۙ ثُمَّ فِيْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ۙ (سورۃ الحاقہ ع ۱)

جس دن تم (خدا تعالیٰ کے سامنے حساب کے لئے) پیش کئے جاؤ گے تمہاری کوئی بات پوشیدہ نہ ہوگی پھر (نامۂ اعمال ہاتھوں میں دیدیئے جائیں گے پس) جس شخص کا نامہ اعمال اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا وہ تو (خوشی کے مارے آپس میں) کہے گا کہ لو میرا نامہ اعمال پڑھ لو میرا تو (پہلے ہی سے) اعتقاد تھا کہ مجھ کو میرا حساب پیش آنے والا ہے (میں تو دُنیا ہی میں اُس کے لئے تیاری کر رہا تھا) پس یہ شخص تو پسندیدہ زندگی یعنی بہشت بریں میں ہوگا جس کے میوے جھکے ہوئے ہوں گے (اور ان سے کہا جائے گا) کہ کھاؤ اور پیو مزے کے ساتھ ان اعمال کے بدلے میں جو تم نے گزرے ہوئے زمانہ میں کئے ہیں اور جس شخص کا نامۂ اعمال اس کے بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا پس وہ (نہایت حسرت اور غم سے) کہے گا کیا اچھا ہوتا کہ مجھ کو میرا نامۂ اعمال ہی نہ ملتا اور مجھ کو خبر ہی نہ ہوتی کہ میرا حساب کیا ہے کاش موت (جو آچکی تھی وہی سب کام کا خاتمہ کر دیتی (افسوس) میرا مال میرے کچھ کام نہ آیا میری وجاہت بھی میرے سے جاتی رہی (اس شخص کے لئے حکم ہوگا) اس کو پکڑ واور اس کے گلے میں طوق پہنا دو پھر جہنم میں اس کو داخل کر دو پھر ایسی زنجیر میں جس کی لمبائی ستر گز ہو اس کو جکڑ دو (اس آیت شریفہ کا کچھ حصہ بخل کے بیان میں نمبر ۱۲ پر گزر چکا ہے)۔

(۲۴) وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ۙ كِرَامًا كَاتِبِيْنَ ۙ يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ۙ (انفطار)

اور تم پر (ایسے فرشتے جو تمہارے کاموں کو) یاد رکھنے والے ہیں جو معزز ہیں (اور ہر کام کو) لکھنے والے ہیں مقرر ہیں جو تمہارے سارے افعال کو جانتے ہیں (اور لکھتے ہیں قیامت کے دن یہ سب مجموعہ پیش ہوگا)۔

(۲۵) فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۙ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ۙ وَّيَنْقَلِبُ اِلٰٓى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۭ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ ۙ فَسَوْفَ يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ۙ وَّيَصْلٰى سَعِيْرًا ۭ اِنَّهٗ كَانَ فِيْٓ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۭ اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ۚ (سورۂ انشقاق)

پس جس شخص کا نامۂ اعمال اس کے داہنے ہاتھ میں ملے گا۔ اس سے عنقریب سہل حساب لیا جائے گا اور وہ (اس سے فارغ ہوکر) اپنے متعلقین کے پس خوش خوش آئے گا اور جس شخص کا نامۂ اعمال (اس کے بائیں ہاتھ میں پیٹھ کے پیچھے سے دیا جائے گا) سو وہ موت کو پکارے گا (جیسا کہ مصیبت کے وقت پکارا جاتا ہے) اور جہنم میں داخل ہوگا یہ شخص (دنیا میں) اپنے گھر بہت خوش خوش رہتا تھا اس نے گمان کر رکھا تھا کہ اس کو خدا کے یہاں جانا ہی نہیں ہے۔

(۲۶) اِنَّ اِلَیۡنَاۤ اِیَابَهُمۡ ۙ ثُمَّ اِنَّ عَلَیۡنَا حِسَابَهُمۡ ۝ (سورۂ غاشیہ)

بے شک ہمارے ہی پاس ان سب کو لوٹ کر آنا ہے پھر ہمارا ہی کام ہے ان سے حساب لینا۔

(۲۷) بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط اِذَا زُلۡزِلَتِ الۡاَرۡضُ زِلۡزَالَهَا ۙ وَاَخۡرَجَتِ الۡاَرۡضُ اَثۡقَالَهَا ۙ وَقَالَ الۡاِنۡسَانُ مَا لَهَا ۚ یَوۡمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخۡبَارَهَا ۙ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوۡحٰی لَهَا ؕ یَوۡمَئِذٍ یَّصۡدُرُ النَّاسُ اَشۡتَاتًا ۬ۙ لِّیُرَوۡا اَعۡمَالَهُمۡ ؕ فَمَنۡ یَّعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا یَّرَهٗ ۝

جب زمین (زلزلہ کی وجہ سے) اپنی پوری حرکت سے ہلا دی جائے گی (اور جب ساری دنیا میں زلزلہ آئے تو ظاہر ہے کہ کتنا بڑا زلزلہ ہوگا) اور زمین اپنے اندر کے سارے بوجھ (خواہ دفینے ہوں یا مردے) باہر نکال کر پھینک دے گی، اور آدمی ہکا بکا ہوکر کہے گا اس کو کیا ہو گیا اور اس دن زمین (جو کچھ اس کے اوپر اچھے یا برے کام کئے گئے ہیں) سب کی خبریں دے گی اس وجہ سے کہ آپ کے رب کا اس کو یہی حکم ہوگا (جیسا کہ آئندہ روایات کے ذیل میں آرہا ہے) اس دن لوگ مختلف جماعتیں (کوئی مقربین کی کوئی نیک لوگوں کی کوئی جہنمیوں کی جماعت ہوگی اور پھر ہر جماعت میں مختلف گروہ ہوں گے، اسی طرح سے کوئی جماعت سواروں کی، کوئی پیدل چلنے والوں کی، کوئی ان لوگوں کی جن کو منہ کے بل گھسیٹا جائے گا غرض ہر قسم کی مختلف جماعتیں) ہوکر لوٹیں گی، تا کہ اپنے اعمال کو (جو دنیا میں کئے تھے) دیکھ لیں پس جو شخص (دنیا میں) ذرے کے برابر نیکی کرے گا وہ اس کو وہاں دیکھ لے گا اور جو شخص ذرے کی برابر برائی کرے گا وہ اس کو دیکھ لے گا۔

یہ نمونہ کے طور پر ستائیس آیات حساب کتاب اور اعمال کے بدلے کی ذکر کی گئی ہیں۔ ان کے علاوہ سینکڑوں آیات میں مختلف عنوانات سے یہ اور اسی قسم کے مضامین وارد ہیں۔ اسی طرح احادیث میں بھی ہزاروں روایات میں اس حساب کے دن کے سخت حالات ذکر کئے گئے ہیں جن کا احاطہ بھی

دشوار ہے لیکن ضروری ہے کہ اپنے ان اوقات کو جو محض دنیا کمانے میں ضائع کئے جاتے ہیں تھوڑا بہت ان کام آنے والی چیزوں میں بھی خرچ کیا جائے ابھی وقت ہے کچھ کیا جا سکتا ہے بہت جلد وہ وقت آنے والا ہے کہ افسوس کے سوا کچھ بھی نہ رہے گا نمونہ کے طور پر چند احادیث کا ترجمہ بھی اس جگہ لکھا جاتا ہے۔

حضرت عائشہؓ ایک مرتبہ جہنم کو یاد کر کے رونے لگیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا کیا بات ہوئی کیوں رو رہی ہو؟ حضرت عائشہؓ نے فرمایا مجھے جہنم یاد آ گئی اس پر رو رہی ہوں آپ حضرات اس دن اپنے اہل وعیال کو بھی یاد کریں گے یا نہیں۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تین وقت تو ایسے ہیں جن میں کوئی کسی کو یاد نہیں کرے گا ایک تو ترازو کے وقت (جب اعمال کے تولنے کا وقت ہوگا) یہاں تک کہ اس کو معلوم نہ ہو جائے کہ اس کا (نیکیوں کا) پلڑا جھک رہا ہے یا نہیں۔ دوسرے جب یہ اعلان ہو گا کہ آؤ اپنے اپنے حساب کی کتاب لے لو اس وقت کوئی کسی کو یاد نہ کرے گا جب تک یہ معلوم ہو جائے کہ اس کا اعمالنامہ دائیں ہاتھ میں ملتا ہے یا پشت کے پیچھے سے بائیں ہاتھ میں ملتا ہے۔ تیسرے پل صراط کے وقت جب کہ وہ جہنم پر بچھائی جائے گی (اور اس پر چلنا پڑے گا[1]) جب تک کہ آدمی اس پر کو خیریت سے نہ گذر جائے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قیامت کے دن حساب کیا جائے گا جس کی نیکیوں میں ایک کا بھی اضافہ ہو جائے گا وہ جنت میں چلا جائے گا اور جس کی برائیوں میں ایک کا بھی اضافہ ہو جائے گا وہ جہنم میں جائے گا اس کے بعد انہوں نے فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ والی آیت پڑھی جو نمبر ۶ پر گذری اور فرمایا کہ ترازو کا پلہ ایک دانہ سے بھی جھک جائے گا اور جس کی نیکیاں اور برائیاں برابر ہوں گی وہ اعراف میں ہوں گے (جو جنت اور دوزخ کے درمیان میں ہے) حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ فرماتے ہیں کہ جس کا ظاہر اس کے باطن سے زیادہ اچھا ہوگا اس کا وزن ہلکا ہوگا اور جس کا باطن ظاہر سے بہتر ہوگا اس کا وزن بھاری ہوگا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ ایک فرشتہ ترازو کے قریب مقرر ہوگا پس جس کا پلہ بھاری ہو جائے گا وہ ایسے زور سے اعلان کرے گا جس کو ساری مخلوق سنے گی، کہ فلاں شخص فلاں کا بیٹا سعید ہو گیا اور ایسی سعادت ملی کہ اس کے بعد بدبختی نہیں ہے اور اگر اس کا پلڑا ہلکا ہو گیا تو وہ اسی طرح اس کے بدبخت ہونے کا اعلان کرے گا جس کو ساری مخلوق سنے گی۔

متعدد روایات میں آیا ہے کہ وہ ترازو اتنی بڑی ہوگی کہ آسمان زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب اس کے ایک پلڑے میں آ جائے گا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے

[1] مشکوٰۃ۔

ہیں کہ ترازو میں سب سے اول وہ نفقہ رکھا جاتا ہے جو آدمی اپنے اہل وعیال پر خرچ کرتا ہے۔ حضور اقدس ﷺ نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے ارشاد فرمایا کہ دو خصلتیں تمہیں ایسی بتاؤں جو عمل میں بہت ہلکی وزن میں بہت بھاری ایک تو اچھی عادت، دوسرے چپ رہنا (یعنی بیکار باتوں سے احتراز کرنا)۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ دو کلمے ایسے ہیں جو اللہ تعالیٰ شانہٗ کو بہت محبوب ہیں زبان پر بہت ہلکے اور ترازو میں بہت وزنی وہ "سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْم" ہیں۔

ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد وارد ہے کہ جو شخص اپنے بھائی کی حاجت پوری کرے میں اس کی ترازو کے پاس کھڑا ہوں گا اگر اس کی نیکیاں بڑھ گئیں تو بہت ہی اچھا، نہیں تو میں اس کی سفارش کروں گا۔ ایک حدیث میں ہے کہ قیامت کے دن علماء کے لکھنے کی سیاہی اور شہیدوں کا خون بھی تولا جائے گا اور علماء کے لکھنے کی سیاہی کا وزن شہیدوں کے خون سے زیادہ وزنی ہوگا۔ حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے کہ محمد ﷺ کی امت کے اعمال نامہ کا وزن اور امتوں سے بہت بڑھ جائے گا اس لئے کہ ان کی زبانیں کلمہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کے ساتھ مانوس ہوں گی۔

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس شخص کو ہر وقت پیٹ اور شرمگاہ ہی کا فکر رہے اس کا وزن ہلکا ہوگا۔ ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو فرشتہ دائیں جانب ہوتا ہے اور نیکیوں کا لکھنے والا ہوتا ہے وہ بائیں جانب والے پر امیر ہوتا ہے جب بندہ کوئی نیکی کرتا ہے تو دائیں جانب والا دس گناہ اس کا ثواب لکھ لیتا ہے اور جب کوئی برائی کرتا ہے اور بائیں جانب والا اس کے لکھنے کا ارادہ کرتا ہے تو وہ ماتحت ہونے کی وجہ سے امیر سے لکھنے کی اجازت لیتا ہے تو امیر یعنی دائیں جانب کا فرشتہ کہتا ہے کہ ابھی چھ سات گھنٹے انتظار کرلے اگر بندہ اس درمیان میں اس گناہ سے توبہ کرلیتا ہے تو وہ لکھنے کی اجازت نہیں دیتا اور اگر توبہ نہیں کرتا تو وہ لکھ لیتا ہے۔ (1)

حضور اقدس ﷺ کا ارشاد متعدد احادیث میں ہے کہ قیامت کے دن تین پیشیاں ہوں گی پہلی دو پیشیوں میں تو مطالبات سوال جواب عذر معذرت وغیرہ سب کچھ ہوگا اور تیسری پیشی میں اعمال نامے ہاتھوں میں دے دیئے جائیں گے۔ کسی کے داہنے ہاتھ میں کسی کے بائیں ہاتھ میں۔ (2)

حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ جس شخص میں تین باتیں ہوں حق تعالیٰ شانہٗ اس کا بہت آسان حساب لیتے ہیں اور اپنی رحمت سے جنت میں داخل کر لیتے ہیں۔ ایک یہ کہ جو تجھے اپنے احسان سے محروم رکھے تو اس پر احسان کرے۔ دوسرے جو شخص تجھ سے قطع رحمی کرے تو اس کے ساتھ صلہ رحمی کرے۔ تیسرے جو تجھ پر ظلم کرے تو اس کو معاف کردے۔ (3)

---

(1)، (2)، (3) درمنثور۔

حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ اگر (آخرت کے احوال سے) جو کچھ مجھے معلوم ہے تم لوگوں کو معلوم ہو جائے تو (خوف کی وجہ سے) ہنسنا کم کر دو، اور رونا بہت زیادہ کر دو، اور بستروں پر عورتوں کے ساتھ لذت حاصل کرنا چھوڑ دو، اور چلاتے ہوئے جنگل کو نکل جاؤ۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کا یہ ارشاد سن کر فرمانے لگے۔ کاش میں تو ایک درخت ہوتا جو کاٹ دیا جاتا (آدمی ہوتا ہی نہیں جو اتنے مصائب برداشت کرنے پڑیں) ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ آدمی جس حالت میں مرتا ہے اسی حالت میں قیامت کو اٹھایا جائے گا۔ (یعنی جس نیکی یا بدی میں مشغول ہے اور اسی حالت میں موت آ گئی اسی حالت پر حشر بھی ہو گا)۔ ایک مرتبہ حضور اقدس ﷺ نے وعظ فرمایا جس میں ارشاد فرمایا غور سے سن لو، کہ دنیا ایک وقتی منفعت ہے جس سے ہر شخص نفع اٹھاتا ہے چاہے نیک ہو یا فاجر (لہذا اس سے زیادہ نفع اٹھانا کوئی نیکی کی علامت نہیں ہے) اور آخرت ایک مقررہ چیز ہے جو بہر حال وقت مقررہ پر آنے والی ہے اور اس میں ایک ایسا بادشاہ فیصلہ فرمائے گا جو ہر چیز پر قادر ہے (اس کے اختیارات بہت زیادہ وسیع ہیں) خیر ساری کی ساری جنت میں ہے (لہذا جو خیر بھی آدمی کر سکے اس میں کوتاہی نہ کرے کہ وہ جنت کی طرف لے جانے والی ہے اور شر ساری کی ساری جہنم میں ہے (اس لئے ذرا سی شر سے بھی بچنے کی کوشش کرنا چاہیے اس کو معمولی نہ سمجھنا چاہیے کہ ذرا سی شر بھی جہنم کی طرف لے جانے والی ہے) اہتمام سے نیک عمل کرتے رہو، تم اللہ تعالیٰ شانہٗ کی طرف سے نہایت خطرے کی حالت میں ہو (اس سے بے خوف اور بے فکر کسی وقت نہ ہونا چاہیے) اور اس بات کو اچھی طرح جان لو کہ تم اپنے اعمال پر پیش کئے جاؤ گے (اور ان کا حساب ہو گا) جو شخص ایک ذرے کی برابر بھی نیکی کرے گا وہ اس کو دیکھے گا اور جو شخص ایک ذرے کی برابر بھی برائی کرے گا وہ اس کو بھی دیکھے گا۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ارشاد ہے کہ دنیا دن بدن منہ پھیرتی جا رہی ہے یعنی دور ہوتی جا رہی ہے اور آخرت روز بروز قریب آتی جا رہی ہے اور (دنیا اور آخرت میں سے) ہر ایک کی مستقل اولاد ہے پس تم دنیا کی اولاد نہ بنو آخرت کی اولاد بنو، آج عمل کا دن ہے حساب نہیں ہے اور کل کو حساب کا دن ہے عمل نہ ہو گا۔ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ قیامت کے دن تین کچہریاں ہوں گی ایک کچہری میں تو معافی ہے ہی نہیں یہ تو اللہ تعالیٰ شانہٗ کے ساتھ کسی کو شریک بنانے کی ہے (یعنی اس عدالت میں تو صرف ایمان اور کفر کا مقدمہ پیش ہو گا، اور جرم کی معافی کا اس عدالت میں ذکر ہی نہیں) دوسری کچہری میں حق تعالیٰ شانہٗ صاحب حق کو اس کا حق ضرور دلائیں گے (خواہ اپنے پاس سے عطا فرمائیں یا جس کے ذمہ حق ہے اس سے وصول کر کے مرحمت فرمائیں) اور یہ کچہری بندوں کے آپس

میں ایک دوسرے پر ظلم کی ہے کہ اس میں مظلوم کو ظالم سے بدلہ دلوایا جائے گا۔ تیسری کچہری حق تعالیٰ شانہٗ کے اپنے حقوق کی ہے (فرائض وغیرہ میں کوتاہی کی ہے) اس میں حق تعالیٰ شانہٗ زیادہ پروا نہیں فرمائیں گے یہ اس کریم کے اپنے حقوق ہیں وہ چاہیں مطالبہ فرمائیں یا معاف کر دیں۔

ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ جس شخص کے ذمہ اس کے بھائی کا کوئی حق ہو کہ اس پر آبرو کی، یا مال کی، کوئی زیادتی اور ظلم کر رکھا ہو اس کو آج معاف کرا لو، اس وقت سے پہلے پہلے نبٹ لو جس دن نہ دینار ہو گا نہ درہم (نہ روپیہ نہ اشرفی اس دن سارا حساب نیک اعمال اور گناہوں سے ہو گا) پس اگر اس ظلم کرنے والے کے پاس کچھ نیک عمل ہیں تو اس کے ظلم کے بقدر نیکیاں لے کر مظلوم کو دے دی جائیں گی، اور اگر اس کے پاس نیکیاں نہیں ہیں تو مظلوم کے اتنے ہی گناہ اس پر ڈال دیئے جائیں گے کہ اپنے گناہوں کے ساتھ دوسرے کے گناہوں کی سزا میں جہنم میں کچھ زیادہ زمانہ پڑے رہنا ہو گا۔ ❶

ایک اور حدیث میں ہے کہ قیامت کے دن حق والوں کو ان کا حق ضرور دلوایا جائے گا حتیٰ کہ بے سینگ والی بکری کے لئے سینگ والی بکری سے بدلہ لیا جائے گا۔ ❷ یعنی اگر دنیا میں ایک بکری کے سینگ تھے اس نے دوسری بکری کے مارا جس کے سینگ نہ تھے جس کی وجہ سے وہ بدلہ نہ لے سکی تو اس بکری کا بدلہ بھی وہاں دلوایا جائے گا۔ ایک مرتبہ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جانتے ہو مفلس کون ہے صحابہؓ نے عرض کیا ہمارے نزدیک تو مفلس وہ شخص سمجھا جاتا ہے جس کے پاس نہ درہم (نقد) ہو نہ مال حضور ﷺ نے فرمایا۔ میری امت کا مفلس وہ ہے جو قیامت کے دن بہت سی نماز، روزہ، زکوٰۃ لے کر آئے لیکن کسی کو گالی دی تھی، کسی کو تہمت لگائی تھی، کسی کا مال کھا لیا تھا، کسی کو مارا تھا پس کچھ نیکیاں اس نے لے لیں، کچھ اس نے لے لیں، اور جب اس کی نیکیاں ختم ہو گئیں اور دوسروں کے مطالبے باقی رہ گئے تو ان کے مطالبوں کی بقدر ان کے گناہ اس پر ڈال دیئے جائیں گے اور اس کے بعد اس (ظالم اور کثرت سے عبادتوں کے مالک) کو جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔

فقیہ ابو اللیثؒ فرماتے ہیں کہ قیامت کے دن جب لوگ اپنی قبروں سے اٹھائے جائیں گے اس وقت ستر برس تو ایسی حالت میں کھڑے رہیں گے کہ ان کی طرف التفات بھی نہ ہو گا وہ اس پریشانی میں اتنا روئیں گے کہ آنسو ختم ہو جائیں گے اور آنسوؤں کی جگہ خون نکلنے لگے گا۔ اس کے بعد میدان حشر کی طرف بلائے جائیں گے اور فرشتے آسمانوں سے اترنے شروع ہوں گے ہر آسمان کے فرشتے ایک ایک حلقہ بنا کر ایک آسمان والے دوسرے آسمان والوں کے پیچھے کھڑے ہوں گے جس

---

❶، ❷، ❸ مشکوٰۃ۔

کو قرآن پاک میں۔

وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالْغَمَامِ وَنُزِّلَ الْمَلٰٓئِكَةُ تَنْزِيْلًا ○ اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذِ نِ الْحَقُّ لِلرَّحْمٰنِ ط وَكَانَ يَوْمًا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ عَسِيْرًا ○ وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا ○ يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِيْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا ○ لَقَدْ اَضَلَّنِيْ عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَنِيْ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا ○ (فرقان: ۲۵-۲۹)

ذکر کیا گیا جس کا ترجمہ یہ ہے کہ جس دن آسمان بدلی پر سے پھٹ جائے گا اور فرشتے کثرت سے اتارے جائیں گے، اس دن حکومت رحمٰن ہی کی ہوگی (یعنی حساب کتاب جزا سزا میں کسی کا دخل نہ ہوگا) اور وہ دن کافروں پر بڑا سخت ہوگا جس دن ظالم آدمی اپنے ہاتھ کاٹ کاٹ کھائے گا اور کہے گا کیا اچھا ہوتا کہ میں رسول ﷺ کے ساتھ راستہ پر لگ لیتا ہائے میری شامت (کہ میں نے ایسا نہ کیا اور) کیا اچھا ہوتا کہ میں فلاں شخص کو (جس نے نیک کام سے روکا) دوست نہ بناتا اس نے مجھ کو نصیحت آنے کے باوجود اس سے بہکا دیا اور شیطان تو انسان کو (عین وقت پر سب کو کلی طور پر) امداد کرنے سے جواب دے ہی دیتا ہے (جس کا مفصل قصہ سورۂ ابراہیم میں ہے)۔

ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ اس وقت حق تعالیٰ شانہ کی طرف سے ارشاد ہوگا اے جن وانس! میں نے دنیا میں تمہیں نصیحت کر دی تھی آج تمہارے یہ اعمال تمہارے سامنے ہیں جو شخص اپنے اعمال نامہ میں بھلائی پائے وہ اللہ تعالیٰ شانہ کا شکر ادا کرے، اور جو نیکی نہ پائے وہ اپنے آپ ہی کو ملامت کرے (کہ نصیحت کی بات نہ مانی) اس کے بعد حق تعالیٰ شانہ جہنم کو حکم فرمادیں گے اس کا عذاب سامنے آجائے گا جس کو دیکھ کر ہر شخص گھٹنوں کے بل گر جائے گا جس کو سورۂ جاثیہ ع ۴ میں ارشاد فرمایا ہے کہ تو ہر جماعت کو دیکھے گا کہ گھٹنوں کے بل گری ہوئی ہے اور ہر جماعت اپنے اعمالنامے کی طرف بلائی جائے گی اس کے بعد لوگوں کے درمیان میں فیصلے شروع ہو جائیں گے حتیٰ کہ جانوروں تک کے درمیان میں بھی انصاف کیا جائے گا اور بے سینگ والی بکری کیلئے سینگ والی بکری سے بدلہ لیا جائے گا اسکے بعد جانوروں کو حکم ہو جائے گا کہ تم مٹی بن جاؤ (تمہارا معاملہ ختم ہو گیا) اس وقت کافر لوگ یہ تمنا کریں گے اور کافر کہے گا "يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرَابًا ○" (عمّ ع ۲) کاش میں مٹی ہو جاتا۔

ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ لوگ جیسا کہ اپنی ماں کے پیٹ سے ہوتے ہیں ایسے

ہی ننگے میدان حشر میں ہوں گے۔ حضرت عائشہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) سب کے سامنے ننگا ہونے سے کیسی شرم آئے گی ایک دوسرے کو دیکھیں گے۔ حضور ﷺ نے فرمایا اس وقت لوگ اپنی مصیبت میں اس قدر گرفتار ہوں گے کہ ایک کو دوسرے کے دیکھنے کی مہلت بھی نہ ہوگی، سب کی آنکھیں اوپر کی طرف لگی ہوئی ہوں گی ہر شخص اپنے اعمالِ بد کے بقدر پسینہ میں غرق ہوگا۔ کسی کا پسینہ پاؤں تک چڑھا ہوا ہوگا، کسی کا پنڈلی تک، کسی کا پیٹ تک کسی کا منہ تک آیا ہوا ہوگا۔ فرشتے عرش کے چاروں طرف حلقہ بنائے ہوئے ہوں گے اس وقت ایک ایک شخص کا نام لے کر پکارا جائے گا جس کو پکارا جائے گا وہ مجمع سے نکل کر وہاں حاضر ہوگا۔ جب وہ حق تعالیٰ شانہٗ کے سامنے کھڑا کیا جائے گا تو اعلان کیا جائے گا کہ اس کے ذمہ جس جس کا مطالبہ ہو وہ آئے اس کے ذمہ جس جس کا کوئی حق ہوگا اس کی طرف سے اس پر کسی قسم کا ظلم ہوگا وہ ایک ایک کر کے پکارا جائے گا اور اس کی نیکیوں میں سے ان کے حقوق ادا کئے جائیں گے اور اگر نیکیاں نہیں ہوں گی یا نہیں رہیں گی تو ان لوگوں کے گناہ اس پر ڈال دیئے جائیں گے اور جب وہ اپنے گناہوں کے ساتھ دوسرے گناہوں کو بھی سر لے لے گا تو اس سے کہا جائے گا کہ جا اپنی میا ہاویہ میں چلا جا (القارعہ میں اس کا بیان ہے یعنی دہکتے ہوئے جہنم میں) حساب اور عذاب کی اس شدت کو دیکھتے ہوئے کوئی مقرب فرشتہ یا نبی ایسا نہ ہوگا۔ جس کو اپنا خوف نہ ہو، مگر وہ لوگ جن کو حق تعالیٰ شانہٗ محفوظ فرمادے۔ اس وقت ہر شخص سے چار چیزوں کا سوال ہوگا۔ (جیسا کہ پہلے مفصل حدیث میں اسی فصل کے نمبر ۶ پر گذر چکا) کہ عمر کس کام میں ختم کی، بدن کس کام میں لایا گیا، اپنے علم پر کیا عمل کیا، اور مال کہاں سے کمایا، اور کہاں خرچ کیا۔ عکرمہؒ کہتے ہیں کہ اس دن باپ اپنے بیٹے سے کہے گا کہ میں تیرا باپ تھا میں تیرا والد تھا وہ بیٹا اس کے احسانات کا اقرار کرے گا اس کے بعد باپ کہے گا کہ مجھ کو صرف ایک نیکی کی ضرورت ہے جو ایک ذرہ کی برابر ہو شاید اس کی وجہ سے میرا پلہ جھک جائے۔ بیٹا کہے گا کہ مجھے خود ہی مصیبت پیش آرہی ہے مجھے اپنا حال معلوم نہیں ہے کہ مجھ پر کیا گذرے گی میں تو کوئی نیکی نہیں دے سکتا۔ اس کے بعد وہ شخص اپنی بیوی سے اسی طرح اپنے احسان اور تعلقات جتا کر مانگے گا وہ بھی اسی طرح انکار کرے گی (غرض اسی طرح سے ہر شخص سے مانگتا پھرے گا) یہی وہ چیز ہے جس کو حق تعالیٰ شانہٗ نے۔

وَاِنۡ تَدۡعُ مُثۡقَلَةٌ اِلٰى حِمۡلِهَا لَا يُحۡمَلۡ مِنۡهُ شَىۡءٌ وَّلَوۡ كَانَ ذَا قُرۡبٰى ط (فاطر ع ۳)

میں ذکر فرمایا ہے جس کا ترجمہ یہ ہے اور (اس دن) کوئی دوسرے کا بوجھ (گناہ کا) نہ اٹھائے گا (اور خود تو کوئی کسی کی کیا مدد کرتا) اگر کوئی بوجھ کا لدا ہوا (یعنی گنہگار) کسی کو اپنا بوجھ اٹھانے کے لئے

بلائے گا تب بھی اس میں سے کچھ بھی بوجھ نہ اٹھایا جائے گا (یعنی کسی قسم کی اس کی مدد نہ کرے گا) اگر چہ وہ شخص قرابت دار ہی کیوں نہ ہو۔ عکرمہ ؒ کی یہ روایت درمنثور میں زیادہ واضح الفاظ میں ہے جس کا ترجمہ یہ ہے کہ باپ بیٹے سے اول پوچھے گا کہ میں نے دنیا میں تیرے ساتھ کیسا برتاؤ کیا تھا وہ بہت تعریف باپ کے برتاؤ کی کرے گا اسکے بعد باپ کہے گا کہ میں آج تجھ سے صرف ایک نیکی مانگتا ہوں شاید اسی سے میرا کام چل جائے۔ بیٹا کہے گا کہ ابا جان تم نے بہت ہی مختصر چیز کہی ہے لیکن اس کے باوجود میں سخت مجبور ہوں کہ مجھے خود بھی خوف ہے جو تمہیں ہے۔ اس کے بعد یہی سارا سوال جواب بیوی سے ہوگا جیسا کہ ارشاد ہے۔ "یَوْمًا لَّا یَجْزِیْ وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِہٖ ط" اور ارشاد ہے "یَوْمَ یَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِیْہِ ط "آلایۃ میں سے پہلی آیت شریفہ سورۂ لقمان کے آخری رکوع کی ہے۔ "یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمْ آلایۃ" حق تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد ہے۔ اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو اور اس دن سے ڈرو جس میں نہ کوئی باپ اپنے بیٹے کی طرف سے کچھ مطالبہ ادا کر سکے گا اور نہ کوئی بیٹا ہی ایسا ہے کہ وہ اپنے باپ کی طرف سے ذرا سا بھی مطالبہ ادا کر دے اور بے شک اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے (کہ یہ دن ضرور آنے والا ہے) سو تم کو دنیوی زندگی دھوکے میں نہ ڈال دے (کہ تم اس میں منہمک ہو کر اس دن کو بھول جاؤ) اور نہ تم کو دھوکہ دینے والا (شیطان) دھوکہ میں ڈال دے (کہ اس کے بہکانے میں آ کر تم اس دن سے غافل ہو جاؤ) دوسری آیت شریفہ سورۃ عَبَسَ وَتَوَلّٰی میں ہے فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ۔ یَوْمَ یَفِرُّ الْمَرْءُ آلایۃ پس جس دن کانوں کو بہرا کر دینے والا شور برپا ہوگا (یعنی قیامت کا دن آ جائے گا وہ ایسا دن ہوگا) جس دن آدمی اپنے بھائی سے اپنی ماں سے اپنے باپ سے اور اپنی بیوی سے اور اپنی اولاد سے بھاگے گا (کوئی کسی کے کام نہ آئے گا) اس دن ہر شخص کو اپنا ہی ایسا مشغلہ ہوگا جو اس کو دوسرے کی طرف متوجہ نہ ہونے دے گا۔ اس آیت شریفہ کی تفسیر میں قتادہؒ فرماتے ہیں کہ قیامت کے دن ہر شخص کو یہ بات بہت شاق ہوگی کہ کوئی اس کی جان پہچان والا اقربی رشتہ دار نظر پڑ جائے اس ڈر سے کہ کہیں وہ اپنا کوئی مطالبہ پیش نہ کر دے۔ قرآن پاک میں بہت کثرت سے یہ مضمون مختلف عنوانات سے ذکر فرمایا گیا ہے۔ سورۂ بقرہ کے رکوع ۶ میں ہے۔ وَاتَّقُوْا یَوْمًا لَّا تَجْزِیْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ آلایۃ اور ڈرو تم ایسے دن سے جس میں کوئی شخص کسی کی طرف سے نہ (جانی) بدلہ دے سکے گا (مثلاً ایک کی نماز کے بدلہ میں دوسرے کی نماز قبول کر لی جائے) اور نہ کسی کی طرف سے کوئی سفارش قبول ہو سکتی ہے اور نہ کسی کی طرف سے کوئی فدیہ (مالی معاوضہ) لیا جا سکتا اور نہ ان کی کوئی مدد کی جائے گی (کہ کوئی اپنے زور سے ان کے عذاب کو روک دے یہ ناممکن ہے)۔ اس آیت شریفہ میں لغات کے جتنے

ذریعے ہوسکتے تھے سب کی نفی فرمادی، اس لئے کہ کسی کی مدد کے چار ہی طریق ہوسکتے ہیں۔ ایک یہ کہ کوئی زوردار شخص بیچ میں حائل ہوجائے، اور اپنے زور سے روک دے۔ یہ نصرت ہے اس کی بھی نفی فرمادی۔ دوسرے بغیر زور کے کوئی شخص عذاب کو روک دے اس کی دوصورتیں ہیں بغیر کسی قسم کا معاوضہ دیئے روکے یہ سفارش ہے یا کوئی کسی قسم کا بدلہ دے کر روکے اس کی دو قسمیں ہیں کہ جانی بدلہ دے یا مالی بدلہ دے، ان کی بھی دونوں کی نفی فرمادی گئی۔ اسی طرح اور بھی بہت سے مواقع میں یہ مضمون مختلف عنوانات سے آیا ہے۔ اس کے متعلق یہ بات ذہن میں رکھنا چاہیے کہ ایک تو کفارہ کا معاملہ ہے ان میں تو بالاتفاق یہی سب چیزیں جو اوپر ذکر کی گئیں کہ کوئی نبی یا ولی یا فرشتہ کتنا ہی مقرب کیوں نہ ہو کفار کے عذاب کو نہیں ہٹاسکتا۔

دوسرا معاملہ گنہگار مسلمانوں کا ہے ان کے بارے میں بھی اس قسم کی آیات اور احادیث وارد ہوئی ہیں یہ سب ایک خاص وقت کے اعتبار سے ہیں اس کے بعد سفارش کی اجازت ہوجائے گی۔ چنانچہ قرآن پاک میں متعدد جگہ یہ مضمون وارد ہے جن میں سے ایک جگہ ارشاد ہے۔

يَوْمَئِذٍ لَّا تَنفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ ط......الاية (طٰهٰ ع٦)

اس دن کسی کی سفارش نفع نہ دے گی مگر ایسے شخص کو (انبیاء اور اولیاء کی سفارش نفع دے گی) جس کے واسطے اللہ تعالیٰ شانہ نے سفارش کی اجازت دیدی ہو اور اس کے واسطے (کسی کا بولنا) پسند کرلیا ہو۔ اس قسم کے مضامین بھی کثرت سے وارد ہیں یہ بات کہ کس کیلئے سفارش کی اجازت ہوتی ہے کسی کو معلوم نہیں ہے گو حق تعالیٰ شانہ کے فضل سے امیدوار ہر شخص کو رہنا ہی چاہیے لیکن یقین کسی کا بھی نہیں ہے اس وجہ سے یہ سخت ترین دن نہایت ہی خوف وخطرے کا دن ہے اس کی سختی کے واسطے جو کچھ بچاؤ کیا جاسکتا ہے وہ آج ہی کیا جاسکتا ہے۔ صدقہ کی کثرت کو اس دن کی شدت اور سختی سے بچانے میں خاص دخل ہے۔ پہلی فصل میں کثرت سے آیات اور روایات میں یہ مضمون گذر چکا ہے حضور ﷺ کا مشہور ارشاد ہے (جہنم کی آگ سے بچو چاہے آدھی کھجور ہی سے کیوں نہ ہو۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ صدقہ خطاؤں کو ایسا بجھادیتا ہے جیسا کہ پانی آگ کو بجھادیتا ہے۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ قیامت کے دن ہر شخص اپنے صدقہ کے سایہ میں ہوگا۔ یعنی جس قدر آدمی کے صدقہ کی مقدار بڑھی ہوئی ہوگی اتنا ہی گہرا سایہ اس سخت دن میں ہوگا جس میں گرمی کی شدت سے منہ تک پسینہ آیا ہوا ہوگا۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ صدقہ حق تعالیٰ شانہ کے غصہ کو بھی روکتا ہے اور سوء خاتمہ (بری موت) سے بھی حفاظت کا سبب ہے۔ حضرت لقمانؑ کی اپنے بیٹے کو وصیت ہے کہ جب تجھ سے کوئی خطا صادر ہو صدقہ کیا کر۔

پہلی فصل کی حدیث نمبر ۱۰ میں یہ قصہ مفصل گذر چکا ہے کہ ایک بدکار فاحشہ عورت کی کتے کو پانی پلانے سے مغفرت ہوگئی۔ عبید بن عمیر ﷺ کہتے ہیں کہ میدان حشر میں لوگ انتہائی بھوکے ہوں گے انتہائی پیاسے اور بالکل ننگے ہوں گے، لیکن جس شخص نے اللہ تعالیٰ کے واسطے کسی کو کھانا کھلایا ہو گا اس کو سیراب کریں گے اور جس نے اللہ تعالیٰ شانہٗ کے واسطے کسی کو کپڑا دیا ہوگا اس کو لباس پہنائیں گے۔

پہلی فصل میں حدیث نمبر ۱۱ کے ذیل میں گذرا ہے کہ قیامت کے دن جہنمی ایک صف میں کھڑے کئے جائیں گے ان پر کو ایک (کامل ولی) مسلمان کا گذر ہوگا اس صف میں سے ایک شخص کہے گا کہ تو میرے لئے حق تعالیٰ شانہٗ کے یہاں سفارش کردے وہ پوچھے گا تو کون ہے وہ جہنمی کہے گا تو مجھے نہیں جانتا میں نے فلاں وقت دنیا میں تجھے پانی پلایا تھا۔ دوسری حدیث میں گذرا کہ قیامت کے دن جب جنتی اور جہنمی لوگوں کی صفیں لگ جائیں گی تو جہنمی صفوں میں سے ایک شخص کی نظر جنتی صفوں میں سے ایک شخص پر پڑے گی اور وہ یاد دلائے گا کہ میں نے دنیا میں تیرے ساتھ فلاں احسان کیا تھا اس پر وہ شخص اس کا ہاتھ پکڑ کر حق تعالیٰ شانہٗ کی بارگاہ میں لے جائے گا اور عرض کرے گا کہ یا اللہ اس کا مجھ پر فلاں احسان ہے حق تعالیٰ شانہٗ کی رحمت سے اس کو بخش دیا جائے گا۔ ایک اور حدیث میں گذرا کہ قیامت کے دن اعلان ہوگا کہ امت محمدیہ کے فقیر لوگ کہاں ہیں اٹھو اور لوگوں کو میدان قیامت میں سے تلاش کرلو جس شخص نے میرے لئے تم میں سے کسی کو ایک لقمہ دیا ہو یا میرے لئے ایک گھونٹ بھی پانی پلایا ہو یا نیا پرانا کپڑا دیا ہو اس کا ہاتھ پکڑ کر جنت میں داخل کردو اس پر فقرائے امت اٹھیں گے اور ان کو چن چن کر جنت میں داخل کردیں گے۔ ایک اور حدیث میں گذرا کہ قیامت کے دن ایک اعلان کرنے والا اعلان کرے گا کہاں ہیں وہ لوگ جنہوں نے فقیروں کا اور مسکینوں کا اکرام کیا آج تم جنت میں ایسی طرح داخل ہوجاؤ کہ نہ تم پر کسی قسم کا خوف ہے اور نہ تم غمگین ہوگے۔ اس قسم کے مضامین کی کئی روایتیں اس جگہ گذر چکی ہیں۔ اس فصل کی حدیث نمبر ۱۳ کے ذیل میں گذرا ہے کہ جو شخص کسی مسلمان سے کسی مصیبت کو زائل کرتا ہے حق تعالیٰ شانہٗ قیامت کی مصائب میں سے اس کی کوئی مصیبت زائل فرمادیں گے اور جو شخص کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرتا ہے حق تعالیٰ شانہٗ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی فرمادیں گے۔

حدیث ۱۴ کے ذیل میں گذرا کہ جو شخص اپنے مضطر بھائی کی مدد کرے حق تعالیٰ شانہٗ اس کو اس دن ثابت قدم رکھیں گے جس دن پہاڑ بھی اپنی جگہ قائم نہ رہ سکیں گے (یعنی قیامت کے دن)۔

پہلی فصل کی آیات میں ۳۴ پر قرآن پاک کی طویل آیت گذر چکی کہ وہ لوگ حق تعالیٰ شانہٗ کی

محبت میں کھانا کھلاتے ہیں یتیم کو اور مسکین کو اور (کافر) قیدیوں کو اور کہتے ہیں کہ ہم تم کو محض اللہ کے واسطے کھلاتے ہیں نہ ہم تم سے اس کا بدلہ چاہتے ہیں نہ شکریہ بلکہ ہم کو اپنے رب کی طرف سے ایک نہایت تلخ اور سخت (قیامت کے) دن کا خوف ہے۔ پس اللہ جل شانہٗ ان کو اس دن کی سختی سے محفوظ رکھے گا اور ان کو سرور اور تازگی عطا فرمائے گا۔ غرض اس فصل میں کثرت سے اس قسم کے مضامین گذر چکے ہیں کہ قیامت کے دن کی سختی کے بچاؤ کے لئے صدقہ کی کثرت نہایت مفید ہے اور اس آیت شریفہ میں تو گویا خود حق تعالیٰ شانہٗ کی طرف سے اس کا وعدہ بھی ہو گیا پھر اس سے بڑھ کر اور کیا بات ہو سکتی ہے؟

ساتویں فصل

زاہدوں اور اللہ کے راستہ میں خرچ کرنے والوں کے واقعات

اس فصل میں زاہدوں اور اللہ تعالیٰ کے راستہ میں خرچ کرنے والوں کے کچھ واقعات بھی نمونہ کے طور پر پیش کرتے ہیں کہ جن لوگوں نے دنیا اور آخرت کی حقیقت کو سمجھ لیا انہوں نے اس دھوکے کے گھر سے کیسی بے رغبتی برتی اور آخرت کے لئے کیا کچھ جمع کر لیا۔ زہد اور سخاوت مفہوم اور صورت عمل کے لحاظ سے دو علیحدہ علیحدہ چیزیں ہیں لیکن مال کے اعتبار سے قریب قریب ہیں اس لئے کہ زہد یعنی دنیا سے بے رغبتی جس شخص میں ہوگی سخاوت اس کے لئے لازم ہے جب اس کو اس کے رکھنے کی رغبت ہی نہیں تو موجود ہونے کی صورت میں وہ لامحالہ سخاوت ہی کرے گا۔ اسی طرح سے سخاوت وہی شخص کر سکتا ہے جس کو مال کی محبت نہ ہو اور جتنی زیادہ محبت مال کی ہوگی اتنا ہی بخل اس میں کرے گا۔ اس لئے اس فصل میں دونوں قسم کے واقعات کو ایک ہی جگہ جمع کر دیا اور اسی لئے اس رسالہ میں جو فضائل صدقات میں تھا زہد کی روایات اور آیات بھی ذکر کی گئیں کہ دنیا سے بے رغبتی پیدا کرنا اللہ تعالیٰ کے راستہ میں خرچ کرنے کا زینہ ہے اور جب تک اس گندگی سے طبیعت کو محبت اور انس رہے گا کبھی بھی خرچ کرنے کو طبیعت نہ ابھرے گی اگر اپنا دل بھی کسی وقت چاہے گا تو طبیعت خرچ پر آمادہ نہ ہوگی۔ اسی کو حضور اقدس ﷺ نے ایک بہترین مثال سے ظاہر فرمایا۔

ارشادِ عالی ہے کہ بخیل کی اور صدقہ کرنے والے کی (جس کی عادت کثرت سے صدقہ کی ہو) ایسی مثال ہے جیسا کہ دو آدمی ہوں ان کے اوپر لوہے کی زرہیں اس طرح لپٹی ہوئی ہوں کہ ان دونوں کے ہاتھ بھی زرہوں کے اندر ہی سینہ پر چمٹے ہوئے ہوں زرہ سے باہر نکلے ہوئے نہ ہوں۔ پس صدقہ والا یعنی سخی شخص جو صدقہ کرنے کا عادی ہے جب صدقہ کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو وہ زرہ خود بخود ڈھلتی چلی جاتی ہے (اور ہاتھ بے تکلف فوراً زرہ سے باہر آجاتا ہے) اور بخیل جب ارادہ کسی صدقہ کا کرتا ہے تو وہ زرہ اور زیادہ سکڑ جاتی ہے جس سے ہاتھ اپنی جگہ سے جنبش نہیں کر سکتا۔ (مشکوٰۃ)
مطلب یہ ہے کہ سخی جب خرچ کا ارادہ کرتا ہے تو اس کا دل اس کے لئے فراخ ہو جاتا ہے جس سے وہ بے تکلف خرچ کرتا ہے اور بخیل اگر کہے سنے سے یا کسی اور وجہ سے کسی وقت ارادہ بھی کر لیتا ہے تو اندر سے کوئی چیز اس طرح اس کو پکڑ لیتی ہے جیسا کہ لوہے کہ زرہ نے اس کے ہاتھ باندھ دیئے ہوں کہ ہاتھوں کے زور سے زرہ کے اندر سے نکالنا بھی چاہتا ہے یعنی دل کو بار بار سمجھاتا ہے مگر وہ مانتا ہی نہیں ہاتھ اٹھتا ہی نہیں بہت ہی صحیح اور سچی مثال ہے روزمرہ کا مشاہدہ ہے

کہ بخیل آدمی خرچ کرنا بھی چاہتا ہے تو ہاتھ نہیں اٹھتا کہیں دس روپے خرچ کرنے کا موقع ہوگا تو وہ دس پیسے بھی مشکل سے نکالے گا۔

(۱) حضرت ابوبکر صدیق ﷺ کی پوری زندگی کے واقعات اس کثرت سے اس چیز کی مثالیں ہیں کہ ان کا احاطہ بھی دشوار ہے۔ غزوۂ تبوک کے وقت جب کہ حضور اقدس ﷺ نے چندہ کی تحریک فرمائی اور حضرت ابوبکر صدیق ﷺ کا اس وقت جو کچھ گھر میں رکھا تھا سب کچھ جمع کر کے حضور ﷺ کی خدمت میں پیش کر دینا مشہور واقعہ ہے اور جب حضور ﷺ نے دریافت فرمایا کہ ابوبکر (ﷺ) گھر میں کیا چھوڑا، تو آپ نے فرمایا اللہ اور اس کا رسول ﷺ (یعنی ان کی خوشنودی کا ذخیرہ) گھر میں موجود ہے۔ حکایات صحابہ میں بھی قصہ مفصل ذکر کیا گیا ہے اور اس کے دوسرے حضرات کے متعدد واقعات حکایات صحابہ میں بھی لکھ چکا ہوں وہاں دیکھا جائے تو معلوم ہو کہ ایثار، ہمدردی اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنا انہیں حضرات کا حصہ تھا کہ اس کا کچھ بھی شائبہ ہم لوگوں کو مل جائے تو نہ معلوم ہم اس کو کیا سمجھیں لیکن ان حضرات کے یہاں یہ روزمرہ کے معمولی واقعات تھے۔ بالخصوص حضرت ابوبکر صدیق ﷺ کے متعلق اس سے بڑھ کر کیا وضاحت ہو سکتی ہے کہ خود حق تعالیٰ شانہٗ نے قرآن پاک میں تعریف کے موقع پر فرمایا۔

وَسَيُجَنَّبُهَا الْأَتْقَى ...... آلاية (والیل)

اور اس (آگ سے) وہ شخص دور رکھا جائے گا جو بڑا پرہیزگار ہے جو اپنا مال اس غرض سے (اللہ تعالیٰ کے راستہ میں) دیتا ہے کہ پاک ہو جائے اور بجز اپنے عالی شان پروردگار کی رضا جوئی کے (کوئی اور اس کی غرض سے نہیں ہے اور کسی کا اس کے ذمہ کوئی احسان نہ تھا کہ اس کا بدلا اتارنا مقصود ہو (اس میں نہایت ہی مبالغہ اخلاص کا ہے کیونکہ کسی کے احسان کا بدلہ اتارنا مطلوب اور مندوب ہے مگر فضیلت میں احسان ابتدائی کے برابر نہیں) ابن جوزیؒ کہتے ہیں کہ اس بات پر اتفاق ہے کہ یہ آیت شریفہ حضرت ابوبکر صدیق ﷺ کی شان میں نازل ہوئی۔ حضرت ابوہریرہ ﷺ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ مجھے کسی کے مال نے اتنا نفع نہیں دیا جتنا ابوبکر کے مال نے دیا۔ حضور ﷺ کا یہ ارشاد سن کر حضرت ابوبکر ﷺ رونے لگے اور عرض کیا۔ یارسول اللہ (ﷺ) کیا میں اور میرا مال آپ کے سوا کسی اور کا ہے۔ حضور ﷺ کا یہ ارشاد بہت سے صحابۂ کرامؓ سے بہت سی روایات میں نقل کیا گیا۔ سعید ﷺ بن المسیب کی روایت میں اس کے بعد یہ بھی ہے کہ حضور ﷺ حضرت ابوبکر ﷺ کے مال میں اس طرح تصرف فرماتے ہیں جس طرح اپنے مال میں فرماتے تھے۔ حضرت

عروہ ﷺ کہتے ہیں کہ جس وقت حضرت ابوبکر صدیق ﷺ مسلمان ہوئے تو ان کے پاس چالیس ہزار درہم تھے جو سب حضور ﷺ کے اوپر خرچ کر دیئے (یعنی حضور ﷺ کی خوشنودی میں ایک اور حدیث میں ہے کہ اسلام لانے کے وقت چالیس ہزار درہم تھے اور ہجرت کے وقت پانچ ہزار رہ گئے تھے۔ یہ ساری رقم غلاموں کے آزاد کرنے میں (جن کو اسلام لانے کے جرم میں عذاب دیا جاتا تھا) اور اسلام کے دوسرے کاموں میں خرچ کئے گئے۔ ❶

حضرت عبداللہ بن زبیر ﷺ کہتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق ﷺ ضعیف ضعیف غلاموں کو خرید کر آزاد کیا کرتے تھے۔ ان کے والد ابوقحافہ نے فرمایا کہ اگر تمہیں غلام ہی آزاد کرنے ہیں تو قوی قوی غلاموں کو خرید کر آزاد کیا کرو وہ تمہاری مدد بھی کر سکیں وقت پر کام بھی آسکیں۔ حضرت ابوبکر ﷺ نے فرمایا کہ (میں اپنے لئے آزاد نہیں کرتا) میں تو محض اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لئے آزاد کرتا ہوں۔ ❷ اور حق تعالیٰ شانہٗ کے یہاں ضعیف کمزور کی مدد کا جتنا اجر ہے وہ قوی کی مدد سے بہت زیادہ ہے۔

ایک اور حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ کوئی شخص ایسا نہیں ہے جس کا مجھ پر احسان ہو اور میں نے اس کے احسان کا بدلہ نہ دے دیا ہو، مگر ابوبکر ﷺ کا احسان میرے ذمہ ہے (جس کا بدلہ میں نہیں دے سکا) حق تعالیٰ شانہٗ خود ہی قیامت کے دن اس کے احسان کا بدلہ عطا فرمائیں گے مجھے کسی کے مال نے اتنا نفع نہیں دیا، جتنا ابوبکر ﷺ کے مال نے نفع دیا۔ ❸

(۲) حضرت امام حسن ﷺ کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوئے اور اپنی حاجت پیش کر کے کچھ مدد چاہی اور سوال کیا۔ آپ نے فرمایا تیرے سوال کی وجہ سے جو مجھ پر حق قائم ہو گیا ہے وہ میری نگاہ میں بہت اونچا ہے اور تیری جو مدد مجھے کرنا چاہیے وہ میرے نزدیک بہت زیادہ مقدار ہے اور میری مالی حالت اس مقدار کے پیش کرنے سے عاجز ہے جو تیری شان کے مناسب ہو، اور اللہ تعالیٰ کے راستہ میں تو آدمی جتنا بھی زیادہ سے زیادہ خرچ کرے وہ کم ہی ہے۔ لیکن میں کیا کروں میرے پاس اتنی مقدار نہیں ہے جو تیرے سوال کے شکر کے مناسب ہو، اگر تو اس کے لئے تیار ہو کہ جو میرے پاس موجود ہے اس کو تو خوشی سے قبول کرے اور مجھے اس پر مجبور نہ کرے کہ میں اس مقدار کو کہیں سے حاصل کروں جو تیرے مرتبہ کے مناسب ہو اور تیرا جو حق مجھ پر واجب ہو گیا ہے اس کو پورا کر سکے تو میں بخوشی حاضر ہوں۔ اس سائل نے کہا اے رسول اللہ ﷺ کے بیٹے! میں جو کچھ آپ دیں گے اسی کو قبول کر لوں گا اور اس پر شکر گذار ہوں گا اور اس سے زیادہ نہ کرنے میں آپ کو معذور سمجھوں گا۔ اس پر حضرت حسن ﷺ نے اپنے خزانچی سے فرمایا کہ ان تین لاکھ درہموں میں سے (جو

---

❶ تاریخ الخلفاء ❷ درمنثور ❸ تاریخ الخلفاء۔

تمہارے پاس رکھوائے تھے) جو بچے ہوں لے آؤ۔ وہ پچاس ہزار درہم لائے (کہ اس کے علاوہ سب خرچ کر چکے تھے) حضرت حسن ﷺ نے فرمایا کہ پانچ سو دینار (اشرفیاں) اور بھی تو کہیں تھے؟ خزانچی نے عرض کیا کہ وہ بھی موجود ہیں۔ آپ نے فرمایا وہ بھی لے آؤ۔ جب یہ سب کچھ آگیا تو اس سائل سے کہا کہ کوئی مزدور لے آؤ جو ان کو تمہارے گھر تک پہنچادے۔ وہ دو مزدور لے آئے۔ حضرت حسن ﷺ نے وہ سب کچھ ان کے حوالے کر دیا اور اپنے بدن مبارک سے چادر اتار کر مرحمت فرمائی کہ ان مزدوروں کی مزدوری بھی تمہارے گھر تک پہنچانے کی میرے ہی ذمہ ہے۔ لہذا یہ چادر فروخت کر کے ان کی مزدوری میں دے دینا۔ حضرت حسن ﷺ کے غلاموں نے عرض کیا کہ ہمارے پاس تو اب کھانے کے لئے ایک درہم بھی باقی نہیں رہا۔ آپ نے سب کا سب ہی دے دیا۔ حضرت حسن ﷺ نے فرمایا کہ مجھے اللہ تعالیٰ شانہٗ کی ذات سے اس کی قوی امید ہے کہ وہ اپنے فضل سے مجھے اس کا بہت ثواب دے گا۔ سب کچھ دے دینے کے بعد جب کہ اپنے پاس کچھ بھی نہ رہا اور مقدار بھی اتنی زیادہ تھی پھر بھی اس کا قلق اور اس کی ندامت تھی کہ سائل کا حق ادا نہ ہو سکا۔

(۳) بصرہ کے چند قاری حضرت عبداللہ بن عباس ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ ہمارا ایک پڑوسی ہے جو بہت کثرت سے روزے رکھنے والا ہے، بہت زیادہ تہجد پڑھنے والا ہے اس کی عبادت کو دیکھ کر ہم میں سے ہر شخص رشک کرتا ہے اس کی تمنا کرتا ہے کہ اس کی سی عبادت ہم بھی کیا کریں۔ اس نے اپنی لڑکی کا نکاح اپنے بھتیجے سے کر دیا ہے لیکن غریب کے پاس جہیز کے لئے کوئی چیز نہیں ہے۔ حضرت ابن عباس ﷺ ان حضرات کو لے کر اپنے گھر تشریف لے گئے اور ایک صندوق کھولا جس میں سے چھ توڑے (روپیہ یا اشرفی کی تھیلی توڑا کہلاتی ہے) نکالے اور ان حضرات کے حوالے کر دیئے کہ اس کو دے دیں یہ لے کر چلنے لگے تو حضرت عبداللہ بن عباس ﷺ نے اس سے فرمایا کہ ہم لوگوں نے اس کے ساتھ انصاف کا برتاؤ نہیں کیا یہ مال اس کے حوالے اگر کر دیا جائے گا تو اس غریب کو بڑی دقت ہوگی۔ وہ اس جہیز کے انتظام کے جھگڑے میں لگ جائے گا جس سے اس کی مشغولی بڑھ جائے گی۔ اس کی عبادت میں حرج ہوگا۔ اس دنیا کم بخت کا ایسا درجہ نہیں ہے کہ اس کی وجہ سے ایک عبادت گذار مؤمن کا حرج کیا جائے۔ ہماری اس میں کیا شان گھٹ جائے گی کہ ایک دیندار کی خدمت ہم ہی کر دیں۔ لہذا اس مال سے شادی کا سارا انتظام ہم سب مل کر کر دیں اور سامان تیار کر کے اس کے حوالے کر دیں۔ وہ حضرات بھی اس پر راضی ہو گئے اور سارا سامان اس رقم سے مکمل تیار کر کے اس فقیر کے حوالے کر دیا۔ (احیاء)

(۴) ابوالحسن ؒ مدائنی کہتے ہیں کہ حضرت امام حسن ﷺ، امام حسین ﷺ اور حضرت عبداللہ بن جعفر

ﷺ حج کے لئے تشریف لے جارہے تھے راستہ میں ان کے سامان کے اونٹ ان سے جدا ہو گئے۔
یہ بھوکے پیاسے چل رہے تھے، ایک خیمہ پر ان کا گذر ہوا، اس میں ایک بوڑھی عورت تھی ان
حضرات نے اس سے پوچھا کہ ہمارے پینے کو کوئی چیز (پانی یا دودھ یا لسی وغیرہ) تمہارے پاس
موجود ہے؟ اس نے کہا ہے یہ لوگ اپنی اونٹنیوں پر سے اترے اس بڑھیا کے پاس ایک بہت معمولی
سی بکری تھی اس کی طرف اشارہ کر کے اس نے کہا کہ اس کا دودھ نکال لو اور اس کو تھوڑا تھوڑا پی لو۔
ان حضرات نے اس کا دودھ نکالا اور پی لیا۔ پھر انہوں نے پوچھا کوئی کھانے کی چیز بھی ہے؟ اس
بڑھیا نے کہا کہ یہی بکری ہے اس کو کوئی تم میں سے ذبح کر لے تو میں پکا دوں گی۔ انہوں نے اس کو
ذبح کیا اس نے پکایا، یہ حضرات کھا پی کر جب شام کو چلنے لگے تو انہوں نے اس بڑھیا سے کہا کہ ہم
ہاشمی لوگ ہیں اس وقت حج کے ارادے سے جا رہے ہیں اگر ہم زندہ سلامت واپس مدینہ پہنچ
جائیں تو تُو ہمارے پاس آنا، تیرے اس احسان کا بدلہ دیں گے یہ حضرات تو فرما کر چلے گئے شام
جب اس کا خاوند (کہیں جنگل وغیرہ سے) آیا تو اس بڑھیا نے ہاشمی لوگوں کا قصہ سنایا۔ وہ بہت
خفا ہوا کہ تو نے اجنبی لوگوں کے واسطے بکری ذبح کر ڈالی معلوم نہیں کون تھے۔ پھر کہتی ہے کہ ہاشمی
تھے غرض وہ خفا ہو کر چپ ہو گیا کچھ زمانے کے بعد ان دونوں میاں بیوی کو غربت نے بہت ستایا تو
یہ محنت مزدوری کی نیت سے مدینہ منورہ گئے دن بھر مینگنیاں چنا کرتے اور ان کو بیچ کر گذر کیا کرتے
ایک دن وہ بڑھیا مینگنیاں چن رہی تھی حضرت حسن ﷺ اپنے دروازے کے آگے تشریف رکھتے
تھے جب یہ وہاں کو گزری تو اس کو دیکھ کر حضرت حسن ﷺ نے اس کو پہچان لیا اور اپنے غلام کو بھیج کر
اس کو اپنے پاس بلوایا اور فرمایا کہ اللہ کی بندی تو مجھے بھی پہچانتی ہے؟ اس نے کہا میں نے تو نہیں پہچانا
آپ نے فرمایا کہ میں تیرا وہی مہمان ہوں دودھ اور بکری والا۔ بڑھیا نے پھر بھی نہ پہچانا اور کہا کیا
خدا کی قسم تم وہی ہو؟ حضرت حسن ؓ نے فرمایا میں وہی ہوں اور یہ فرما کر آپ نے اپنے غلاموں کو حکم
دیا کہ اس کے لئے ایک ہزار بکریاں خریدی جائیں چنانچہ فوراً خریدی گئیں اور ان بکریوں کے علاوہ
ایک ہزار دینار (اشرفیاں) نقد بھی عطا فرمائے اور اپنے غلام کے ساتھ اس بڑھیا کو چھوٹے بھائی
حضرت حسین ﷺ کے پاس بھیج دیا۔ حضرت حسین ﷺ نے دریافت فرمایا کہ بھائی نے کیا بدلہ عطا
فرمایا؟ اس نے کہا کہ ایک ہزار بکریاں اور ایک ہزار دینار۔ یہ سن کر اتنی ہی مقدار دونوں چیزوں کی
حضرت حسین ﷺ نے عطا فرمائی۔ اس کے بعد اس کو حضرت عبداللہ بن جعفر ﷺ کے پاس بھیج دیا۔
انہوں نے دو ہزار بکریاں اور دو ہزار دینار عطا فرمائے اور یہ فرمایا کہ اگر تو پہلے مجھ سے مل لیتی تو میں
اس سے بہت زیادہ دیتا۔ یہ بڑھیا چار ہزار بکریاں اور چار ہزار دینار (اشرفیاں) لے کر خاوند کے

پاس پہنچی کہ یہ اس ضعیف اور کمزور بکری کا بدلہ ہے۔

(۵) عبداللہ بن عامر بن کریز ؓ حضرت عثمان ؓ کے چچازاد بھائی ایک مرتبہ (غالباً رات کا وقت ہوگا) مسجد سے باہر آئے اپنے مکان تنہا جارہے تھے۔ راستہ میں ایک نوجوان لڑکا نظر پڑا وہ ان کے ساتھ ہولیا۔ انہوں نے فرمایا کہ تمہیں کچھ کہنا ہے؟ اس نے عرض کیا جناب کی صلاح وفلاح کا متمنی ہوں کچھ عرض کرنا نہیں ہے میں نے جناب کو تنہا اس وقت جاتے دیکھا مجھے اندیشہ ہوا کہ تنہائی سے کوئی تکلیف نہ پہنچے اس لئے جناب کی حفاظت کے خیال سے ساتھ ہولیا۔ خدا نہ کرے کہ راستہ میں کوئی ناگوار بات پیش آجائے۔ حضرت عبداللہ بن عامر ؓ اس نوجوان کا ہاتھ پکڑ کر اپنے گھر تک ساتھ لے گئے اور وہاں پہنچ کر ایک ہزار دینار (اشرفیاں) اس کو مرحمت فرمائے کہ اس کو اپنے کام میں لے آنا تمہارے بڑوں نے تمہیں بہت اچھی تربیت دی۔ ❶

(۶) حضرت عبداللہ بن عباس ؓ فرماتے ہیں کہ ایک شخص کے مکان میں ایک کھجور کا درخت کھڑا تھا۔ جس کی شاخ پڑوسی کے مکان پر بھی لٹک رہی تھی۔ وہ پڑوسی غریب آدمی تھا۔ جب یہ شخص اپنے درخت پر کھجوریں توڑنے کے لئے چڑھتا تو حرکت سے کچھ کھجوریں پڑوسی کے مکان میں بھی گر جایا کرتیں جن کو اس کے غریب بچے اٹھالیا کرتے۔ یہ شخص درخت پر سے اترتا اور پڑوسی کے مکان پر جا کر ان بچوں کے ہاتھ میں سے کھجوریں چھین لیتا۔ حتیٰ کہ ان کے منہ میں سے بھی انگلی ڈال کر نکال لیتا۔ اس فقیر نے حضور ﷺ سے اس کی شکایت کی۔ حضور ﷺ نے سن کر فرمایا کہ اچھا جاؤ۔ اس کے بعد کھجور کے مالک سے حضور ﷺ نے فرمایا کہ تمہارا فلاں کھجور کا درخت جو فلاں شخص کے گھر میں جھک رہا ہے وہ تم مجھے اس وعدے پر دیتے ہو کہ تمہیں اس کے بدلے میں جنت میں کھجور کا درخت مل جائے؟ اس نے عرض کیا کہ حضور (ﷺ) اس کے اور لوگ بھی خریدار ہوئے اور میرے پاس اور بھی درخت ہیں مگر اس کی کھجوریں مجھے بہت پسند ہیں اس لئے میں نے فروخت نہیں کیا اور یہ کہہ کر اس کے دینے سے عذر کر دیا۔ (مالک تو بہر حال وہی تھا۔ حضور ﷺ نے یہ سن کر سکوت فرمایا) ایک تیسرے صاحب بھی اس گفتگو کو سن رہے تھے۔ انہوں نے اس کے جانے کے بعد حضور ﷺ سے عرض کیا کہ اگر وہ درخت میں لے کر پیش کر دوں تو میرے لئے بھی وہی وعدہ جنت میں کھجور کے درخت کا ہے جو حضور ﷺ نے اس سے فرمایا تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا تم سے بھی وہی وعدہ ہے۔ یہ صاحب اٹھے اور اس مالک درخت کے پاس جا کر کہا کہ میرے پاس بھی کھجور کا باغ ہے تم اپنے اس درخت کو کس قیمت پر بیچ سکتے ہو۔ اس نے کہا حضور (ﷺ) نے مجھ سے جنت

❶ احیاء۔

میں درخت کا وعدہ کیا تھا میں نے اس پر بھی نہیں دیا۔ یہ درخت مجھ بہت پسند ہے میں اس کو بیچ تو سکتا ہوں مگر جتنی قیمت میں چاہتا ہوں اتنی کوئی دے گا نہیں۔ اس نے پوچھا کہ کتنی قیمت چاہیے اس نے کہا کہ چالیس درختوں کے بدلے میں بیچ سکتا ہوں۔ اس شخص نے کہا ایک ٹیڑھے درخت کی قیمت چالیس درخت بہت زیادہ ہے۔ اچھا اگر میں چالیس درخت اس کے بدلے میں دوں تو تو بیچ دے گا صاحب درخت نے کہا کہ اگر تو اپنی بات میں سچا ہے تو قسم کھا کہ میں نے چالیس درخت ایک درخت کے بدلے میں دے دیئے۔ ان صاحب نے قسم کھائی کہ میں نے چالیس درخت اس ٹیڑھے درخت کے بدلے میں دے دیئے۔ اس کے بعد وہ صاحب درخت پھر گیا میں فروخت نہیں کرتا۔ ان صاحب نے کہا کہ اب تو ہرگز انکار نہیں کر سکتا۔ تیرے کہنے پر میں نے قسم کھائی ہے اس نے کہا کہ اچھا اس شرط پر کہ سب کے سب ایک ہی جگہ ہوں۔ انہوں نے تھوڑی دیر سوچ کر اس کا بھی وعدہ کر لیا کہ سب ایک ہی جگہ ہوں گے۔ بات پختہ کر کے یہ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے کہ حضور ﷺ وہ درخت میں نے خرید لیا وہ حضور ﷺ کی نذر ہے۔ حضور اقدس ﷺ اس فقیر کے مکان پر تشریف لے گئے اور وہ درخت اس فقیر کو مرحمت فرما دیا۔ اس کے بعد سورۂ واللیل نازل ہوئی۔ (درمنثور)

(۷) ایک شخص نے حضرت عبداللہ بن جعفر ؓ کی خدمت میں حاضر ہو کر دو شعر پڑھے جن کا مطلب یہ ہے کہ احسان اور حسن سلوک اس وقت احسان ہے جب کہ وہ اس کے اہل اور قابل لوگوں پر کیا جائے۔ نالائقوں پر احسان کرنا نا مناسب ہے۔ پس اگر تو کسی پر احسان کیا کرے تو یا تو خالص اللہ کے واسطے صدقہ ہو (کہ اس میں اہلیت کی شرط نہیں ہے۔ کافروں اور جانوروں پر بھی کیا جاتا ہے) یا پھر اہل قرابت پر کیا کر (کہ ان کا حق قرابت ان کی اہلیت پر غالب ہے) اور اگر یہ دونوں باتیں کسی جگہ نہ ہوں تو نالائق پر احسان نہیں کرنا چاہیے۔ (ان شعروں میں حضرت عبداللہ بن جعفر ؓ ہی کی طرف اشارہ تھا کہ ان کی سخاوت اور بخشش ایسی عام تھی کہ ہر کس و ناکس پر بارش کی طرح برستی تھی) حضرت عبداللہ بن جعفر ؓ نے یہ شعر سن کر فرمایا کہ یہ شعر آدمی کو بخیل بناتے ہیں۔ میں تو اپنے احسان کو بارش کی طرح سے برساؤں گا، اگر وہ کریم اور قابل لوگوں تک پہنچ جائے تو وہ یقیناً اسی کے مستحق ہیں کہ ان پر احسان کیا جائے اور اگر نااہلوں تک پہنچے تو میں اسی قابل ہوں کہ میرا مال نااہلوں کے پاس ہی جائے۔ یہ تواضع کے طور پر فرمایا کہ میں بھی نااہل اس لئے میرا مال بھی ناکارہ ہے اس لئے ناکاروں ہی کے پاس جانا چاہیے۔

(۸) حضرت منکدرؒ ایک مرتبہ حضرت عائشہؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اپنی سخت حاجت

کا اظہار کیا۔ انہوں نے فرمایا کہ میرے پاس اس وقت بالکل کچھ نہیں ہے۔ اگر میرے پاس دس ہزار بھی ہوتے تو سب کے سب تمہیں دے دیتی، مگر اس وقت میرے پاس کچھ نہیں ہے۔ وہ واپس چلے گئے۔ تھوڑی دیر بعد خالد بن اسد رضی اللہ عنہ کے پاس سے دس ہزار کا ہدیہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں پہنچا۔ فرمانے لگیں کہ میری بات کا بہت جلد امتحان لیا گیا جب ہی حضرت منکدر رحمۃ اللہ علیہ کے پاس آدمی بھیجا اور ان کو بلا کر وہ ساری رقم ان کے حوالے کر دی جس میں سے ایک ہزار میں انہوں نے ایک باندی خریدی جس کے پیٹ سے تین لڑکے پیدا ہوئے محمد، ابوبکر، عمر، تینوں کے تینوں مدینہ منورہ کے عابد لوگوں میں شمار ہوتے تھے۔ ❶ کیا ان تینوں کی عبادت میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا حصہ نہ ہوگا کہ وہی ان کے وجود کا سبب ہوئیں؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی سخاوت کے واقعات ان کے ابا جان رضی اللہ عنہما کی طرح سے احاطہ سے باہر ہیں۔ ایک قصہ حکایات صحابہ رضی اللہ عنہم میں بھی لکھ چکا ہوں کہ دو گونیں دراہم کی بانٹیں اور یہ بھی یاد نہ آیا کہ میرا روزہ ہے اور افطار کے لئے ایک درہم کا گوشت ہی منگالوں، ان دونوں گونوں میں ایک لاکھ سے زیادہ درہم تھے اور اسی قسم کا ایک اور قصہ بھی روایت میں ہے جس میں ایک لاکھ اسی ہزار درہم بتائے جاتے ہیں۔ تمیم بن عروہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے ایک مرتبہ (اپنے والد کی خالہ) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو دیکھا کہ انہوں نے ستر ہزار درہم تقسیم کئے اور وہ خود پیوند لگا ہوا کرتہ پہن رہی تھیں۔ ❷

(۹) ابان رحمۃ اللہ علیہ بن عثمان کہتے ہیں کہ ایک شخص نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو پریشان اور ذلیل کرنے کے لئے یہ حرکت کی کہ قریش کے سرداروں کے پاس جا کر یہ کہا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کل صبح کو آپ کی کھانے کی دعوت کی ہے۔ سب جگہ پیام پہنچاتا ہوا پھر گیا۔ جب صبح کو کھانے کا وقت ہوا تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے گھر اتنا مجمع اکٹھا ہو گیا کہ گھر بھر گیا۔ تحقیق سے معلوم ہوا کہ یہ صورت پیش آئی۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ان سب کو بٹھایا اور بازار سے پھلوں کے ٹوکرے منگا کر ان کے سامنے رکھے کہ اس سے شغل کریں۔ اور بات چیت شروع کر دی اور بہت سے باورچیوں کو حکم دے دیا کہ کھانا تیار کیا جائے۔ اتنے میں وہ حضرات پھلوں کے کھانے سے فارغ نہ ہوئے تھے کہ کھانا تیار ہو گیا۔ سب نے شکم سیر ہو کر کھانا کھایا۔ اس کے بعد حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اپنے خزانچیوں سے پوچھا۔ کیا اتنی گنجائش ہے کہ ہم اس دعوت کے سلسلہ کو روزانہ جاری رکھ سکیں؟ انہوں نے عرض کیا کہ ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ اس مجمع کو روزانہ صبح کو ہمارے یہاں دعوت ہے روز آ جایا کریں۔ ❸

---

❶ تہذیب التہذیب ❷، ❸ اتحاف۔

یہ زمانہ حضرات صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے اوپر فتوحات کی کثرت کا تھا مگر ان حضرات کی سخاوت کے زور سے مال اس طرح جلدی ختم ہو جاتا تھا جیسا کہ پانی چھلنی میں بھرا اور ختم ہوا اس لئے جب ہوتا تھا تو خوب ہوتا تھا اور جب وہ ختم ہو جاتا تھا تو اپنے پاس کھانے کو ایک درہم بھی نہ رہتا تھا نہ جمع کرنے کا ان کا دستور تھا نہ اپنے لئے علیحدہ کر کے رکھنا یہ جانتے تھے کہ کس جانور کا نام ہے۔ لاکھوں کی مقدار آتی تھی اور منٹوں میں تقسیم ہو جاتی تھی۔

(۱۰) واقدیؒ کہتے ہیں کہ میرے دو دوست تھے ایک ہاشمی اور ایک غیر ہاشمی، ہم تینوں میں ایسے گہرے تعلقات تھے کہ ایک جان تین قالب تھے۔ میرے اوپر سخت تنگی تھی عید کا دن آ گیا۔ بیوی نے کہا کہ ہم تو ہر حال میں صبر کر لیں گے مگر عید قریب آ گئی بچوں کے رونے اور ضد کرنے نے میرے دل کے ٹکڑے کر دیئے۔ یہ محلّہ کے بچوں کو دیکھتے ہیں کہ وہ عمدہ عمدہ لباس اور سامان عید کے لئے خرید رہے ہیں اور یہ پھٹے پرانے کپڑوں میں پھر رہے ہیں اگر کہیں سے تم کچھ لا سکتے ہو تو لا دو۔ ان بچوں کے حال پر مجھے بہت ترس آتا ہے۔ میں ان کے بھی کپڑے بنا دوں میں نے بیوی کی یہ بات سن کر اپنے ہاشمی دوست کو پرچہ لکھا اس میں صورت حال ظاہر کی۔ اس کے جواب میں اس نے سر بمہر ایک تھیلی میرے پاس بھیجی اور کہا کہ اس میں ایک ہزار درہم ہیں تم ان کو خرچ کر لو، میرا دل اس تھیلی سے ٹھنڈا بھی نہ ہونے پایا تھا کہ میرے دوسرے دوست کا پرچہ میرے پاس اسی قسم کے مضمون کا جو میں نے اپنے ہاشمی دوست کو لکھا تھا آ گیا۔ میں نے وہ تھیلی سر بمہر اس کے پاس بھیج دی اور بیوی کی شرم میں گھر جانے کی ہمت نہ ہوئی مسجد میں چلا گیا اور دو دن رات مسجد ہی میں رہا۔ شرم کی وجہ سے گھر نہ جا سکا۔ تیسرے دن میں گھر گیا اور بیوی سے سارا قصہ سنا دیا اس کو ذرا بھی ناگوار نہ ہوا۔ نہ اس نے کوئی حرف شکایت کا مجھ سے کہا بلکہ میرے اس فعل کو پسند کیا۔ اور کہا کہ تم نے بہت اچھا کیا میں بات ہی کر رہا تھا کہ میرا وہ ہاشمی دوست وہی سر بمہر تھیلی ہاتھ میں لئے ہوئے آیا اور مجھ سے پوچھنے لگا کہ سچ سچ بتاؤ، اس تھیلی کا کیا قصہ ہوا؟ میں نے اس کو واقعہ سنا دیا۔ اس کے بعد اس ہاشمی نے کہا کہ جب تیرا پرچہ پہنچا تو میرے پاس اس تھیلی کے سوا کوئی چیز بالکل نہ تھی۔ میں نے یہ تھیلی تیرے پاس بھیج دی اس کے بعد میں نے تیسرے دوست کو پرچہ لکھا تو اس نے جواب میں یہی تھیلی میرے پاس بھیجی اس پر مجھے بہت تعجب ہوا کہ یہ تو میں تیرے پاس بھیج چکا تھا۔ یہ اس تیسرے دوست کے پاس کیسے پہنچ گئی؟ اس لئے میں تحقیق کے واسطے آیا تھا۔ واقدیؒ کہتے ہیں کہ ہم نے اس تھیلی میں سے سو درہم تو اس عورت کو دے دیئے اور نو سو درہم ہم تینوں نے آپس میں بانٹ لئے۔

اس واقعہ کی کسی طرح مامون الرشید کو خبر ہوگئی۔ اس نے مجھے بلایا اور مجھ سے سارا قصہ سنا۔ اس کے بعد مامون الرشید نے سات ہزار درہم دیئے۔ دو دو ہزار ہم تینوں کو اور ایک ہزار عورت کو۔ ❶

(۱۱) حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ مدینہ منورہ کے ایک باغ پر گذرے۔ اس باغ میں ایک حبشی غلام باغ کا رکھوالی تھا وہ روٹی کھا رہا تھا اور ایک کتا اس کے سامنے بیٹھا ہوا تھا۔ جب وہ ایک لقمہ بنا کر اپنے منہ میں رکھتا تو ویسا ہی لقمہ بنا کر اس کتے کے سامنے ڈالتا۔ حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ اس منظر کو کھڑے دیکھتے رہے۔ جب وہ غلام کھانے سے فارغ ہو چکا تو یہ اس کے پاس تشریف لے گئے۔ اس سے دریافت کیا تم کس کے غلام ہو؟ اس نے کہا میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے وارثوں کا غلام ہوں انہوں نے فرمایا میں نے تمہاری ایک عجیب بات دیکھی۔ اس نے عرض کیا آقا تم نے کیا دیکھا؟ فرمانے لگے کہ تم جب ایک لقمہ کھاتے تھے ساتھ ہی ایک لقمہ اس کتے کو دیتے تھے اس نے عرض کیا کہ یہ کتا کئی سال سے میرا ساتھی ہے اس لئے ضروری ہے کہ میں کھانے میں بھی اس کو اپنا ساتھی رکھوں۔ انہوں نے فرمایا کہ اس کتے کے لئے تو اس سے کم درجے کی چیز بھی بہت کافی تھی؟ غلام نے عرض کیا مجھے اللہ جل شانہٗ سے اس کی غیرت آتی ہے کہ میں کھاتا رہوں اور ایک جان دار آنکھ مجھے دیکھتی رہے۔

حضرت بن جعفر رضی اللہ عنہ اس سے بات کر کے واپس تشریف لائے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے وارثوں کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا کہ اپنی ایک غرض لے کر آپ لوگوں کے پاس آیا ہوں۔ انہوں نے کہا کیا ارشاد ہے؟ ضرور فرمادیں۔ آپ نے فرمایا کہ فلاں باغ میرے ہاتھ فروخت کر دو۔ انہوں نے عرض کیا کہ جناب کی خدمت میں وہ ہدیہ ہے اس کو بلا قیمت قبول فرمالیں۔ فرمانے لگے کہ میں بغیر قیمت لینا نہیں چاہتا۔ قیمت طے ہو کر معاملہ ہو گیا۔ پھر حضرت ابن جعفر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اس میں جو غلام کام کرتا ہے اس کو بھی لینا چاہتا ہوں۔ انہوں نے عذر کیا کہ وہ بچپن سے ہمارے ہی پاس پلا ہے۔ اس کی جدائی شاق ہے مگر حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ کے اصرار پر انہوں نے اس کو بھی ان کے ہاتھ فروخت کر دیا۔ یہ دونوں چیزیں خرید کر اس باغ میں تشریف لے گئے اور اس غلام سے فرمایا کہ میں نے اس باغ کو اور تم کو خرید لیا ہے غلام نے عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ شانہٗ آپ کو یہ خریداری مبارک فرمائے اور برکت عطا فرمائے البتہ مجھے اپنے آقاؤں سے جدائی کا رنج ہوا کہ انہوں نے بچپن سے مجھے پالا تھا۔ حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں تم کو آزاد کرتا ہوں اور یہ باغ تمہاری نذر ہے۔ اس غلام نے عرض کیا کہ پھر آپ گواہ رہیں کہ یہ باغ میں نے

---

❶ اتحاف۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے وارثوں پر وقف کر دیا۔ حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے اس کی اس بات پر اور بھی تعجب ہوا اور اس کو برکت کی دعائیں دے کر واپس آ گئے۔ (مسامرات) یہ تو مسلمانوں کے اسلاف کے غلاموں کے کارنامے تھے۔

(۱۲) نافع کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ ایک دفعہ مدینہ منورہ سے باہر تشریف لے جا رہے تھے۔ خدام ساتھ تھے کھانے کا وقت ہو گیا۔ خدام نے دستر خوان بچھایا سب کھانے کے لئے بیٹھے ایک چرواہا بکریاں چراتا ہوا گذرا اس نے سلام کیا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے اس کی کھانے کی تواضع کی۔ اس نے کہا میرا روزہ ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اس قدر سخت گرمی کے زمانے میں کیسی لو چل رہی ہے۔ جنگل میں تو روزہ رکھ رہا ہے۔ اس نے عرض کیا کہ میں اپنے ایام خالیہ کو وصول کر رہا ہوں۔ یہ قرآن پاک کی ایک آیت شریفہ کی طرف اشارہ تھا جو سورۂ الحاقہ میں ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ جنتی لوگوں کو فرمائیں گے۔

كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓئًا ۢ بِمَآ اَسْلَفْتُمْ فِي الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ

کھاؤ اور پیو مزے کے ساتھ ان اعمال کے بدلے میں جو تم نے گذرے ہوئے زمانے میں (دنیا میں) کئے ہیں۔ اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے امتحان کے طور پر اس سے کہا کہ ہم ایک بکری خریدنا چاہتے ہیں اس کی قیمت بتا دو اور لے لو ہم اس کو کاٹیں گے اور تمہیں بھی گوشت دیں گے کہ افطار میں کام دے گا۔ اس نے کہا کہ یہ بکریاں میری نہیں ہیں میں تو غلام ہوں۔ یہ مرے سردار کی بکریاں ہیں۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ سردار کو کیا خبر ہو گی؟ اس سے کہہ دینا کہ بھیڑیا کھا گیا۔ اس نے آسمان کی طرف اشارہ کیا اور کہا فَاَيْنَ اللّٰه اور اللہ تعالیٰ کہاں چلے جائیں گے (یعنی وہ پاک پروردگار تو دیکھ رہا ہے جب وہ مالک الملک دیکھ رہا ہے تو میں کیسے کہہ سکتا ہوں کہ بھیڑیا کھا گیا) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ تعجب اور مزے سے بار بار فرماتے تھے ایک چرواہا کہتا ہے۔ اَين اللّٰه اين اللّٰــــه اللہ تعالیٰ کہاں چلے جائیں گے اللہ تعالیٰ کہاں چلے جائیں گے) اس کے بعد حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ شہر میں واپس تشریف لائے تو اس غلام کے آقا سے اس غلام کو اور بکریوں کو خرید کر غلام کو آزاد کر دیا اور وہ بکریاں اس کو ہبہ کر دیں۔ (درمنثور)

یہ اس وقت کے چرواہوں کا حال تھا کہ ان کو جنگل میں بھی یہ فکر تھا کہ اللہ تعالیٰ شانہٗ دیکھ رہے ہیں۔

(۱۳) حضرت سعید رحمہ اللہ بن عامر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی جانب سے حمص کے حاکم (گورنر) تھے۔ اہل حمص نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ان کی متعدد شکایتیں کیں اور ان کے معزول کرنے کی درخواست کی۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو حق تعالیٰ شانہٗ نے فراست کا خاص حصہ عطا فرمایا تھا جس کی وجہ سے مردم شناسی میں خاص دخل تھا اور اس کا ہزاروں مرتبہ تجربہ ہو چکا تھا اس پر تعجب فرمایا کہ میں نے تو بہت بہتر سمجھ کر تجویز کیا تھا اور اس کی دعا کی کہ یا اللہ میری فراست کو لوگوں کے بارے میں زائل نہ فرما کہ اس سے تو سارے ہی محکمہ کے آدمیوں میں نا اہلوں کے گھس جانے کا اندیشہ ہے۔ اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت سعید رضی اللہ عنہ کو طلب کیا اور شکایت کرنے والوں کو بھی بلایا اور ان سے دریافت فرمایا کہ تم لوگوں کو ان سے کیا کیا شکایتیں ہیں۔ انہوں نے تین شکایتیں کی تھیں۔ ایک یہ کہ دن میں بہت دیر سے گھر سے نکلتے ہیں۔ (عدالت میں دیر سے پہنچتے ہیں) دوسرے رات کو اگر کوئی ان کے پاس جائے تو اس وقت اس کی شکایت نہیں سنتے۔ تیسرے ہر مہینہ میں ایک دن تعطیل کرتے ہیں۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دونوں فریق کو سامنے کھڑا کیا اور فرمایا کہ نمبروار مطالبات کرو تا کہ ہر شکایت کا علیحدہ علیحدہ جواب لیا جائے۔ ان لوگوں نے کہا صبح کو دیر میں گھر سے نکلتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے جواب طلب کیا۔ انہوں نے عرض کیا کہ میری بیوی تنہا کام کرنے والی ہے میں آٹا گوندھتا ہوں، روٹی پکاتا ہوں جب روٹی تیار ہو جاتی ہے تو کھانے سے فارغ ہو کر وضو کر کے باہر چلا آتا ہوں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا دوسرا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے عرض کیا کہ رات کو کام نہیں کرتے کوئی جاتا ہے تو اس کی حاجت پوری نہیں ہوتی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا اس کا کیا جواب تمہارے پاس ہے؟ حضرت سعید رضی اللہ عنہ نے عرض کیا میرا دل نہیں چاہتا تھا کہ اس کا اظہار کروں میں نے دن اور رات کو تقسیم کر رکھا ہے دن مخلوق کا اور رات خالق کی۔ میں نے رات ساری کی ساری اپنے مولیٰ کو دے رکھی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا تیسرا مطالبہ کیا ہے؟ انہوں نے عرض کیا کہ مہینہ میں ایک دن تعطیل کرتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ اس کا کیا جواب ہے؟ حضرت سعید رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ میرے پاس کوئی خادم نہیں ہے۔ میں مہینہ میں ایک دن اپنے کپڑے خود ہی دھوتا ہوں ان کو خشک کر کے پہننے میں شام ہو جاتی ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حق تعالیٰ شانہٗ کا شکر ادا کیا کہ میری فراست غلط نہ ہوئی۔ اس کے بعد ان لوگوں سے فرمایا کہ تم اپنے امیر کی قدر کرو۔ ان سب کے جانے کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت سعید رضی اللہ عنہ کے پاس ایک ہزار دینار (اشرفیاں) بھیجیں کہ ان کو اپنی ضروریات میں خرچ کریں۔ ان کی بیوی نے کہا۔ اللہ کا شکر ہے کہ اس نے بہت سی ضروریات کا انتظام فرما دیا۔ اب تمہیں خود گھر کے کاروبار کرنے کی احتیاج نہ رہے گی۔ ایک خادم بھی اس میں سے خریدا جا سکتا ہے اور دوسری ضروریات بھی پوری کی جا سکتی ہیں۔ حضرت سعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہاں، ہم سے بھی زیادہ محتاج اور ضرورت مند

لوگ موجود ہیں ان کو ان لوگوں پر نہ خرچ کردیں۔ بیوی نے اس کو خوشی سے قبول فرمالیا۔ انہوں نے اس میں سے چھوٹی چھوٹی تھیلیاں بنا کر ایک فلاں مسکین کو ایک فلاں یتیم کو، ایک فلاں کو، غرض بہت سا حصہ تو اسی وقت تقسیم فرمادیا کچھ بچا تھا اس کو بیوی کے حوالے کر دیا کہ تھوڑا تھوڑا خرچ کرتی رہیں۔ بیوی نے کہا کہ اس بچی ہوئی رقم سے ایک غلام خرید لیں گھر کے کاروبار میں تمہیں سہولت ہو جائے گی فرمانے لگے کہ نہیں عنقریب تجھ سے زیادہ حاجت والے تیرے پاس آئیں گے۔ (اشہر)

(۱۴) ایک مرتبہ مصر میں قحط پڑا۔ عبد الحمید بن سعد مصر کے حاکم تھے کہنے لگے میں شیطان کو بتاؤں گا کہ میں اس کا دشمن ہوں (وہ ایسے وقت میں بہت احتیاط سے خرچ کرنے کی ترغیب دیتا ہے) مصر میں جتنے فقراء نادار تھے سب کا کھانا اپنے ذمہ لے کہ جب تک ارزانی ہو ان کا کھانا میرے ذمہ رہے گا۔ چنانچہ ایسا ہوتا رہا۔ یہاں تک کہ قحط دور ہو گیا۔ بازار کا نرخ ارزاں ہو گیا۔ اس کے بعد یہ معزول کر دیئے گئے۔ جب یہ مصر سے رخصت ہونے لگے تو جن تاجروں سے قحط کے زمانے میں قرض لے کر کھلاتے رہے اُن کے دس لاکھ درہم اُن کے ذمہ قرضہ تھا۔ چونکہ وہاں سے رخصت ہو کر جا رہے تھے اس لئے اپنے اہل وعیال کے زیور وغیرہ مانگ کر ان تاجروں کے پاس رہن رکھ گئے، جو چیزیں رہن رکھی تھیں ان کی قیمت پچاس کروڑ درہم تھی۔ کچھ دن ارادہ کرتے رہے ان کا قرضہ ادا ہو کر زیورات کے رہن کو خلاص کرلیں مگر اتنی رقم مہیا نہ ہو سکی۔ ان تاجروں کو لکھ دیا کہ ان زیوروں کو فروخت کر کے اپنا قرضہ وصول کرلیں۔ اور جتنی رقم باقی بچے وہ مصر کے ان اہل ضرورت پر تقسیم کر دیں جن کی اس وقت میں نے مدد نہیں کی۔ [1] زیور والیاں بھی تو اس دور کی پیداوار تھیں اُن کو اس میں کیا تامل ہو سکتا تھا کہ ان کا زیور فروخت کر کے فقراء پر تقسیم ہو جائے۔

(۱۵) ابو مرثدؒ ایک مشہور سخی ہیں۔ اُن کے پاس ایک شخص آیا کہ کچھ اشعار ان کی تعریف میں پڑھے (کریم کی مدح ہمیشہ صورتِ سوال ہوتی ہی ہے) انہوں نے فرمایا کہ میرے پاس اس وقت تیرے دینے کے لئے بالکل کچھ نہیں ہے۔ ایک صورت ہو سکتی ہے کہ تو قاضی کے یہاں جا کر مجھ پر دس ہزار کا دعویٰ کر دے۔ میں قاضی کے سامنے اس کا اقرار کرلوں گا (اور آدمی کا کسی سے وعدہ کر لینا بھی قرض ہی جیسا ہے۔ حضور ﷺ کا پاک ارشاد ہے اَلْعِدَةُ دَیْنٌ (وعدہ قرض ہے) قاضی تیرے قرضہ میں مجھے قید کر دے گا۔ تو پھر میرے گھر والے مجھے قید میں تو رہنے نہیں دیں گے۔ اتنی مقدار جمع کر دیں گے۔ اس نے ایسا ہی کیا یہ قید ہو گئے اور شام تک دس ہزار قاضی صاحب کے حوالے ہو کر یہ قید سے چھوٹ آئے اور رقم اس شخص کو مل گئی۔ [2]

---

[1]، [2] اتحاف۔

(۱۶) عرب کی ایک جماعت ایک مشہور سخی کریم کی قبر کی زیارت کو گئی۔ دُور کا سفر تھارات کو وہاں ٹھہرے۔ ان میں سے ایک شخص نے اس قبر والے کو خواب میں دیکھا وہ اس سے کہہ رہا ہے کہ تو اپنے اونٹ کو میرے بختی اونٹ کے بدلے میں فروخت کرتا ہے (بختی اونٹ اعلیٰ قسم کے اونٹوں میں شمار ہوتا ہے جو اس میت نے ترکہ میں چھوڑا تھا) خواب دیکھنے والے نے خواب ہی میں معاملہ کر لیا۔ وہ صاحب قبر اُٹھا اور اس کے اونٹ کو ذبح کر دیا۔ جب یہ اونٹ والا نیند سے اٹھا تو اس کے اونٹ کے خون جاری تھا۔ اس نے اُٹھ کر اس کو ذبح کر دیا۔ (کہ اس کی زندگی کی اُمید نہ رہی تھی) اور گوشت تقسیم کر دیا۔ سب نے پکایا کھایا۔ یہ لوگ وہاں سے واپس ہو گئے۔ جب اگلی منزل پر پہنچے تو ایک شخص بختی اونٹ پر سوار ملا جو یہ تحقیق کر رہا تھا کہ فلاں نام کا شخص تم میں کوئی ہے اس خواب والے شخص نے کہا کہ یہ میرا نام ہے۔ اس نے پوچھا کہ تو نے فلاں قبر والے کے ہاتھ کوئی چیز فروخت کی ہے؟ خواب دیکھنے والے نے اپنے خواب کا قصہ سنایا۔ جو شخص بختی اونٹ پر سوار تھا اس نے کہا کہ وہ میرے باپ کی قبر تھی یہ اس کا بختی اونٹ ہے۔ اس نے مجھے خواب میں کہا ہے کہ اگر تو میری اولاد ہے تو میرا بختی اونٹ فلاں شخص کو دیدے۔ تیرا نام لیا تھا یہ بختی اونٹ تیرے حوالے ہے۔ یہ کہہ کر وہ اونٹ دے کر چلا گیا۔ ❶

یہ سخاوت کی حد ہے کہ مرنے کے بعد بھی اپنی قبر پر آنے والوں کی مہمانی میں اپنے اصیل اونٹ کو فروخت کر کے آنے والوں کی مہمانی کی۔ باقی یہ بات کہ مرنے کے بعد اس قسم کا واقعہ کیوں کر ہو گیا۔ اس میں کوئی محال چیز نہیں ہے۔ عالم ارواح میں اس قسم کے واقعات ممکن ہیں۔

(۱۷) ایک قریشی سفر میں آرہے تھے۔ راستہ میں ایک بیمار فقیر ملا جس کو مصائب نے بالکل ہی عاجز کر رکھا تھا۔ اس نے درخواست کی کہ کچھ مدد میری کرتے جاؤ۔ ان قریشی صاحب نے اپنے غلام سے کہا کہ جو کچھ تمہارے پاس خرچ ہے وہ سب لے آؤ۔ اس غلام نے جو کچھ تھا جس کی مقدار چار ہزار درہم تھی وہ اس فقیر کی گود میں ڈال دیا۔ وہ فقیر اُن کو لے کر ضعف کی وجہ سے اُٹھ بھی نہ سکا اس بڑی مقدار کے ملنے پر خوشی میں اس کے آنسو نکل آئے۔ قریشی کو یہ خیال ہوا کہ شاید اس نے اس مقدار کو کم سمجھا اس پر رو رہا ہے۔ اس سے پوچھا کیا اس وجہ سے رو رہے ہو کہ یہ بہت کم مقدار ہے (مگر میرے پاس اس کے سوا اور کچھ اس وقت ہے نہیں) فقیر نے کہا نہیں اس پر نہیں رو رہا ہوں۔ اس پر رو رہا ہوں کہ تیرے کرم سے کتنی زمین کھا رہی ہے۔ ❷ جب ایک ناواقف سائل کے سوال پر تیرے کرم کا یہ حال ہے کہ سفر کی حالت میں بھی جو موجود تھا سب دے دیا تو اس سے حضرت

---

❶، ❷ اتحاف۔

کے کرم کا اندازہ ہو گیا۔

(۱۸) عبداللہ بن عامر بن کریز رضی اللہ عنہ نے حضرت خالد بن عقبہ رضی اللہ عنہ اموی سے اُن کا مکان اپنی ضرورت سے نوے ہزار درہم میں خریدا۔ جب وہ فروخت ہو گیا اور خالد رضی اللہ عنہ کے گھر والوں کو اس کی خبر ہوئی تو اُن کو رنج اور صدمہ ہوا۔ رات کو کچھ رونے کی آواز ابن عامر رضی اللہ عنہ کے کان میں پڑی اپنے گھر کی مستورات سے پوچھا کہ یہ رونے کی آواز کہاں سے آرہی ہے؟ انہوں نے کہا کہ خالد رضی اللہ عنہ کے گھر والوں کو اپنے مکان کے فروخت ہونے کا صدمہ ہو رہا ہے۔ اسی وقت ابن عامر رضی اللہ عنہ نے اپنے غلام کو اُن کے پاس بھیجا اور یہ کہلوایا کہ مکان تمہاری نذر ہے اور قیمت جو میں دے چکا ہوں وہ بھی واپس نہ ہوگی یہ مکان میری طرف سے تمہاری نذر ہے۔ ❶

(۱۹) ہارون رشید نے پانچ سو دینار (اشرفیاں) ایک مرتبہ حضرت امام مالکؒ کی نذر کیے۔ حضرت لیث بن سعدؒ کو اس کا علم ہوا تو انہوں نے ایک ہزار دینا حضرت امام مالکؒ کے پاس نذرانہ میں بھیجے۔ بادشاہ کو جب اس کا علم ہوا تو وہ ناراض ہوا کہ تم رعایا ہو کر بادشاہ سے بڑھنا چاہتے ہو (گویا میری توہین مقصود ہے) لیثؒ نے کہا۔ امیر المؤمنین یہ بات نہیں ہے بلکہ آج کل میری روزانہ کی آمدنی ایک ہزار دینار ہے۔ مجھے غیرت آئی کہ اتنے بڑے جلیل القدر امام کو میں نذرانہ پیش کروں اور اپنی ایک دن سے بھی کم کی آمدنی دوں۔ حضرت لیثؒ کا مستقل معمول بھی تھا کہ حضرت امام مالکؒ کی خدمت میں سو اشرفی سالانہ نذر پیش کیا کرتے تھے ان کے علاوہ بھی نذرانے آتے رہتے تھے۔ لیکن اس کے باوجود اللہ کے فضل سے حضرت امام مالکؒ بسا اوقات مقروض رہتے تھے اور خود یہ حضرت لیثؒ بن سعد مشہور محدثین اور علماء میں ہیں جن کی روزانہ کی اس وقت آمدنی ایک ہزار دینار (اشرفیاں) تھی۔ مگر عمر بھر میں کبھی اُن کے ذمہ زکوٰۃ واجب نہیں ہوئی۔ مختلف زمانوں میں اُن کی آمدنی مختلف رہی تھی۔ اور ایسا ہوا ہی کرتا ہے کہ آمدنی کم و بیش ہوتی رہا کرتی ہے۔ لیکن زکوٰۃ کسی زمانے میں بھی واجب نہ ہوئی کہ زکوٰۃ تو جب واجب ہو جب کوئی جمع کر کے رکھے بھی۔ محمد بن رمحؒ کہتے ہیں کہ حضرت لیثؒ کی سالانہ آمدنی ہر سال اسی ہزار دینار تھے۔ مگر اللہ تعالیٰ نے کبھی ان پر ایک درہم کی زکوٰۃ بھی واجب نہیں کی۔ خود اُن کے بیٹے شعیبؒ کہتے ہیں کہ میرے والد کی آمدنی بیس پچیس ہزار دینار (اشرفیاں) سالانہ تھی مگر وہ ہمیشہ مقروض ہی رہتے تھے۔ ❷ ابتدا میں بیس پچیس ہزار ہوگی جس پر قرضہ ہوتا رہتا تھا۔ اس کے باوجود وہ سب کچھ اللہ کے راستے میں خرچ کر دیتے تھے۔ اس وجہ سے اس کا بڑھنا ضروری تھا۔ اس لئے کسی وقت میں ایک ہزار روزانہ بھی ہو گیا۔

---

❶، ❷ اتحاف۔

ایک عورت حضرت لیثؒ کے پاس ایک پیالی لے کر آئی کہ مجھے تھوڑے سے شہد کی ضرورت ہے اگر آپ کے پاس ہو تو مرحمت فرما دیجئے۔ انہوں نے ایک مشک شہد کی اس کے حوالے کر دی۔ کسی نے کہا کہ وہ تو تھوڑا سا مانگتی تھی۔ آپ نے فرمایا کہ یہ اس کا فعل تھا کہ اس نے اپنی حاجت کے بقدر مانگا۔ مجھے اس کے موافق دینا چاہئے تھا جتنا میرے اللہ نے مجھ پر احسان فرما رکھا ہے۔

ایک مرتبہ کچھ لوگوں نے ان کے باغ کا پھل خریدا اس میں خریداروں کو نقصان ہوا اُن کو اطلاع ہوئی۔ انہوں نے باغ کی بیع کا معاملہ فسخ کر دیا ان کی قیمت واپس کر دی اور اُن کو اپنے پاس سے پچاس دینار (اشرفیاں) نذر کئے۔ کسی نے پوچھا یہ کس چیز کا تاوان دیا؟ فرمانے لگے کہ ان لوگوں نے میرے باغ سے نفع کی اُمید باندھی تھی۔ میرا دل چاہا کہ اُن کی اُمید پوری کر دوں۔ ❶

(۲۰) حضرت اعمشؒ سلیمان بن مہران مشہور محدث ہیں فرماتے ہیں کہ میرے پاس ایک بکری تھی وہ بیمار ہو گئی۔ حضرت خثیمہؒ بن عبد الرحمٰن روزانہ صبح اور شام کو دو وقت اس بکری کی عیادت کرنے میرے پاس تشریف لاتے بکری کا حال پوچھتے اور یہ بھی دریافت کرتے کہ بچوں کو دودھ تو ملتا نہیں ہوگا، وہ ضد تو نہیں کرتے، بکری نے کچھ کھایا نہیں وغیرہ وغیرہ اور ہمیشہ چلتے ہوئے جس ٹاٹ پر میں بیٹھا کرتا تھا اس کے نیچے کچھ ڈال جاتے کہ یہ بچوں کے لئے اُٹھا لینا۔ بکری کی بیماری کے زمانے میں تین سو دینار (اشرفیوں) سے زیادہ مجھے اُن کے احسان سے ملا مجھے یہ خواہش ہونے لگی کہ یہ بکری بیمار ہی رہے تو اچھا ہے۔ ❷

(۲۱) عبد الملک بن مروان نے حضرت اسماءؒ بنت خارجہ سے پوچھا کہ مجھے تمہاری بعض عادتیں بہت اچھی پہنچی ہیں تم اپنے معمولات مجھے بتاؤ۔ انہوں نے عذر کر دیا کہ میری کیا عادت اچھی ہو سکتی ہے۔ دوسروں کی عادتیں بہت بہت اچھی ہیں ان سے دریافت کریں مگر جب انہوں نے اصرار سے قسم دے کر پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ مجھے تین چیز کا ہمیشہ اہتمام رہا۔ ایک یہ کہ کبھی کسی بیٹھنے والے کی طرف میں نے پاؤں نہیں پھیلایا۔ دوسرے جب میں نے کھانا پکایا اور اس پر لوگوں کو بلایا تو ان کھانے والوں کا میں نے اپنے اوپر احسان اس سے بہت زیادہ سمجھا جتنا میرا ان پر ہو۔ تیسرے جب مجھ سے کسی ضرورت مند نے کوئی سوال کیا۔ میں نے اس کے دینے میں کسی مقدار کو بھی زائد نہیں سمجھا (جو کچھ دیا اس کو ہمیشہ کم ہی سمجھتا رہا) ❸

(۲۲) حضرت سعید بنؒ خالد اموی بہت زیادہ مالدار تھے۔ عرب میں ان کی ثروت ضرب المثل تھی۔ ان کا دستور تھا کہ جب کوئی حاجت مند ان کے پاس آتا تو جو موجود ہوتا اس میں بخل نہ کرتے

---

❶، ❷، ❸ اتحاف۔

لیکن اگر کسی وقت کچھ نہ ہوتا تو اس کو ایک اقرار نامہ لکھ کر دے دیتے کہ جب میرے پاس کہیں سے کچھ آئے گا (یا میں مرجاؤں) تو اس رقعہ کے ذریعہ سے وصول کر لینا۔ ❶

(۲۳) حضرت قیس بن سعد خزرجی رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ بیمار ہوئے اور احباب میں سے کوئی عیادت کو نہ آیا جس پر ان کو تعجب ہوا۔ بالخصوص جن کی آمد ورفت زیادہ تھی صحت کے زمانے میں اکثر آیا کرتے تھے۔ گھر کے لوگوں سے پوچھا یہ کیا بات ہے؟ انہوں نے بتایا کہ ہر شخص تمہارا مقروض ہے ایسی حالت میں بغیر قرضہ لئے ہوئے آنے سے لوگوں کو شرم آتی ہے۔ فرمانے لگے کہ اس کم بخت مال کا ناس ہو، یہ دوستوں کی ملاقات بھی چھڑا دیتا ہے۔ یہ کہہ کر ایک شخص کو بلایا اور اس کے ذریعے سے شہر میں منادی کرائی کہ قیس کا جس جس کے ذمہ قرضہ ہے وہ قیس نے سب کو معاف کر دیا۔ اس کے بعد جو عیادت کرنے والوں کا ہجوم ہوا تو دروازے کی دہلیز بھی ٹوٹ گئی۔ ❷

(۲۴) مصر میں ایک صاحب خیر شخص تھے جو اہل ضرورت اور فقراء کے لئے چندہ کر دیا کرتے تھے۔ جب کسی کو کوئی حاجت پیش آتی وہ ان سے کہتا۔ وہ اہل ثروت لوگوں سے کچھ مانگ کر اس کو دے دیا کرتے۔ ایک فقیر ان کے پاس گیا اور کہا کہ میرے لڑکا پیدا ہوا ہے اور میرے پاس اس کی اصلاح کے انتظام کے لئے کوئی چیز نہیں ہے۔ یہ صاحب اٹھے اور لوگوں سے اس کے لئے مانگا لیکن کہیں سے کچھ نہ ملا (کہ جو آدمی کثرت سے مانگتا رہتا ہو اس کو ملنا بھی مشکل ہو جاتا ہے) یہ سب سے مایوس ہو کر ایک سخی کی قبر پر گئے اور اس کی قبر پر بیٹھ کر یہ سارا قصہ بیان کیا اور وہاں سے اٹھ کر چلے آئے اور واپس آ کر اپنے پاس سے ایک دینار نکالا اس کو توڑ کر دو ٹکڑے کئے اور ایک ٹکڑا اپنے پاس رکھ لیا دوسرا اس فقیر کو دے دیا کہ یہ قرض دیتا ہوں اس وقت تم اس سے اپنا کام چلا لو جب تمہارے پاس کہیں سے کچھ آ جائے تو میرا قرضہ ادا کر دینا۔ وہ لے کر چلا گیا اور اپنی ضرورت پوری کر لی رات کو ان صاحب دینار نے اس قبر والے کو خواب میں دیکھا وہ کہہ رہا ہے کہ میں نے تمہاری بات تو ساری سن لی تھی مگر مجھے جواب دینے کی اجازت نہ ہوئی گھر والوں کے پاس جاؤ اور ان سے کہو کہ مکان کے فلاں حصہ میں جو چولھا بن رہا ہے اس کے نیچے ایک چینی کا مرتبان گڑ رہا ہے اس میں پانچ سو اشرفیاں ہیں وہ اس فقیر کو دیدیں۔ یہ صبح کو اٹھ کر اس کے مکان پر گئے اور گھر والوں سے سارا قصہ اور اپنا خواب بیان کیا۔ انہوں نے اس جگہ کو کھودا اور وہ مرتبان پانسو اشرفیوں کا نکال کر اس کے حوالے کر دیا۔ اس شخص نے کہا کہ خواب کوئی شرعی چیز نہیں ہے تم لوگ اس مال کے وارث اور مالک ہو، اس لئے میں محض اپنے خواب کی وجہ سے اس کو نہیں لیتا۔ مگر ان وارثوں نے اصرار کیا کہ

---

❶، ❷ اتحاف۔

جب وہ مر کر سخاوت کرتا ہے تو بڑی بے غیرتی ہے کہ ہم زندہ سخاوت نہ کریں۔ ان کے اصرار پر اس نے وہ اشرفیاں لے کر اس فقیر کو دے دیں اور سارا قصہ سنایا۔ اس نے ان میں سے ایک دینار لے کر اس کے دو ٹکڑے کئے۔ ایک ان صاحب کو اپنے قرضہ کی ادائیگی میں دیا اور دوسرا ٹکڑا اپنے پاس رکھ کر کہا کہ میری ضرورت کو تو یہ کافی ہے۔ باقی یہ سب رقم میری ضرورت سے زائد ہے۔ میں اس کو لے کر کیا کروں گا؟ وہ سب فقراء پر تقسیم کر دی۔ صاحب اتحاف کہتے ہیں کہ اس قصہ میں غور کرنے کی چیز یہ ہے کہ سب سے زیادہ سخی کون ہے؟ میت یا اس کے گھر والے یا یہ فقیر اور ہمارے نزدیک تو یہ فقیر سب سے زیادہ سخی ہے کہ اپنی اس شدت حاجت کے باوجود نصف دینار سے زیادہ لینا پسند نہ کیا۔ ❶

(۲۵) ابو اسحٰق ابراہیمؒ بن ابی ہلال میر منشی کہتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ وزیر ابو محمد مہلبی کے پاس بیٹھا تھا۔ دربان نے آ کر اطلاع دی کہ سید شریف مرتضیٰؒ حاضری کی اجازت چاہتے ہیں۔ وزیر صاحب نے اجازت دیدی اور جب شریف مرتضیٰ اندر آ گئے تو وزیر صاحب کھڑے ہوئے اور بڑے اعزاز و اکرام سے ان کو اپنی مسند پر بٹھایا، ان سے باتیں کیں اور جب وہ جانے لگے تو کھڑے ہو کر ان کو رخصت کیا وہ چلے گئے۔ تھوڑی ہی دیر گذری تھی کہ دربان نے آ کر اطلاع دی کہ ان کے چھوٹے بھائی سید شریف رضیؒ حاضری کی اجازت چاہتے ہیں۔ وزیر صاحب اس وقت کچھ لکھنے میں مشغول ہو گئے تھے۔ اس پرچہ کو جلدی سے ڈال کر اٹھے اور دروازے تک حیرت زدہ سے ہو کر گئے اور ان کا ہاتھ بڑی تعظیم تکریم سے پکڑا۔ ان کو اپنے ساتھ لا کر اپنی مسند پر بٹھایا اور خود تواضع سے ان کے سامنے بیٹھے اور بات چیت بڑی توجہ سے کرتے رہے اور جب وہ اٹھ کر جانے لگے تو دروازے تک ان کو پہنچانے گئے اور واپس آ کر اپنی جگہ بیٹھ گئے۔ اس وقت تو وزیر صاحب کے پاس مجمع تھا۔ میری کچھ پوچھنے کی ہمت نہ ہوئی۔ جب مجمع کم ہو گیا تو میں نے وزیر صاحب سے عرض کیا کہ میں ایک بات دریافت کرنا چاہتا ہوں اگر اجازت ہو تو عرض کروں۔ وزیر نے کہا ضرور اجازت ہے۔ اور غالباً تم یہ پوچھو گے کہ میں نے چھوٹے بھائی کا جتنا اکرام کیا اتنا بڑے کا نہیں کیا؟ حالانکہ وہ علم اور عمر دونوں میں ان سے بڑھے ہوئے تھے۔ میں نے کہا یہی سوال ہے۔ وزیر نے کہا سنو ہم نے ایک نہر کھودنے کا حکم دیا تھا اس کے قریب شریف مرتضیٰ کی زمین بھی تھی جس کی وجہ سے اس نہر کے مصارف میں سے سولہ درہم کے قریب حصہ رسدان کے ذمہ بھی پڑے تھے۔ انہوں نے مجھے کئی مرتبہ پرچہ لکھا کہ اس میں سے کچھ کم کر دوں۔ اتنی ذرا سی رقم کے لئے بار بار وہ مجھ سے سوال کرتے رہے اور سید رضی کے متعلق مجھے ایک دفعہ معلوم ہوا کہ ان کے گھر لڑکا پیدا ہوا۔ میں نے اس کی خوشی میں اور ان کی ضروریات کا خیال کر کے

---

❶ اتحاف۔

ایک خوانچی میں سو دینار (اشرفیاں) ان کی خدمت میں بھیجے انہوں نے واپس کر دیئے اور یہ کہہ کر بھیجا کہ وزیر صاحب سے (شکریہ کے بعد) کہہ دیں کہ میں لوگوں کی عطائیں قبول نہیں کرتا (اللہ کا شکر ہے میری ضرورت کے بقدر میرے پاس موجود ہے) میں نے پھر دوبارہ وہ خوان بھیجا کہ یہ دایہ وغیرہ کام کرنے والی عورتوں کے لئے بھیجا ہے۔ انہوں نے پھر واپس کر دیا اور یہ فرمایا کہ میرے گھر کی عورتیں دوسروں سے کچھ لینے کی عادی نہیں ہیں۔ میں نے تیسری مرتبہ پھر بھیجا اور یہ عرض کیا کہ جناب کے پاس جو طلباء رہتے ہیں یہ ان کے لئے ہے۔ فرمایا بڑی خوشی سے۔ اور وہ خوان طلبا کے درمیان رکھوا دیا کہ جس کو جتنی ضرورت ہو لے لے۔

شریف رضیؒ کے یہاں طلباء کا بڑا مجمع رہتا تھا۔ ایک مکان انہوں نے طلباء کے رہنے کے لئے بنا رکھا تھا جس کا نام دار العلوم رکھا تھا۔ اس میں یہ طلباء رہتے تھے اور ان کی ضروریات کا شریف رضیؒ کی طرف سے انتظام تھا۔ یہ خوان دار العلوم میں رکھنے کے بعد طلباء میں سے کوئی بھی نہ اٹھا بجز ایک طالب علم کے کہ اس نے اٹھ کر خوان میں سے ایک دینار نکالا اور اس کو وہیں توڑ کر ذرا سا کونا اس کا اپنے پاس رکھ لیا اور باقی حصہ اسی خوان میں ڈال دیا۔ شریف رضی نے اس طالب علم سے دریافت کیا کہ تمہیں یہ ذرا سی مقدار کس کام کے واسطے درکار تھی؟ اس نے عرض کیا کہ ایک رات میرے پاس چراغ میں جلانے کو تیل نہیں تھا۔ خزانچی صاحب ملے نہیں میں فلاں دوکاندار سے تیل قرض لایا تھا۔ یہ اسکا قرض ادا کرنا ہے۔ شریف رضی نے یہ خبر سن کر طلباء کی تعداد کے موافق اپنے خزانے کی کنجیاں بنوائیں اور ہر طالب علم کو ایک ایک کنجی خزانے کی دیدی کہ جس کو جب جتنی ضرورت ہو لے لے، خزانچی صاحب سے پوچھنے کی ضرورت نہیں اور اس خوان کو اسی حال میں کہ ایک دینار اس میں سے ذرا سا ٹوٹا ہوا تھا واپس کر دیا یہ قصہ سنا کر وزیر صاحب نے کہا کہ تم ہی بتاؤ کہ میں ایسے شخص کا اکرام کیوں نہ کروں۔ ❶

(۲۶) حضرت امام شافعی صاحبؒ کا جب انتقال ہونے لگا تو آپ نے وصیت فرمائی کہ میرا غسل میت محمد بن عبداللہ بن عبدالحکم دیں گے۔ جب آپ کا انتقال ہو گیا تو محمد کو اطلاع دی گئی وہ تشریف لائے اور فرمایا کہ ان کے حساب کا رجسٹر پہلے مجھے دکھاؤ رجسٹر لایا گیا۔ اس میں حضرت امام کے ذمہ جو قرضہ لوگوں کا تھا وہ حساب کر کے جمع کیا۔ اس کی مقدار ستر ہزار درہم تھی۔ محمدؒ نے فرمایا کہ یہ سب قرضہ میرے ذمہ ہے۔ اپنی ذمگی کا کاغذ لکھ دیا اور فرمایا کہ میرے غسل دینے سے یہ مراد تھی اور اس کے بعد اس سارے قرضہ کو ادا کر دیا۔ ❷

❶، ❷ اتحاف۔

(۲۷) حضرت امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ مجھے حمادؒ بن ابی سلیمان سے (جو حضرت امام ابوحنیفہؒ کے مشہور استاد ہیں) ہمیشہ محبت رہی۔ اس وجہ سے کہ مجھے ان کا ایک واقعہ معلوم ہوا تھا اور وہ یہ تھا کہ وہ ایک دن گدھے پر سوار جا رہے تھے۔ اس کے ایڑ ماری وہ جو زور سے دوڑا تو اس کے جھٹکے سے حضرت حمادؒ کے کرتے کی گھنڈی ٹوٹ گئی۔ راستے میں ایک درزی کی دوکان نظر پڑی اس کو سلوانے کے لئے اترنے لگے۔ درزی نے کہا اترنے کی ضرورت نہیں معمولی کام ہے میں ابھی لگائے دیتا ہوں۔ درزی نے کھڑے ہو کر وہ گھنڈی کرتے میں سی دی۔ حمادؒ نے اس کی اجرت میں ایک تھیلی دی جس میں دس اشرفیاں تھیں اور معاوضہ کی کمی کی معذرت کی۔ ❶

(۲۸) ربیع بن سلیمانؒ کہتے ہیں کہ حضرت امام شافعیؒ ایک مرتبہ سواری پر سوار ہو رہے تھے ایک شخص نے جلدی سے رکاب پکڑلی (تاکہ چڑھنے میں سہولت ہو) حضرت امام نے مجھ سے فرمایا کہ میری طرف سے اس شخص کو چار اشرفیاں دے دو اور کمی کی معذرت بھی کر دینا۔ اور عبداللہ بن زبیر حمیدیؒ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت امام شافعیؒ حج کے لئے تشریف لے گئے۔ دس ہزار اشرفیاں آپ کے پاس تھیں۔ مکہ مکرمہ سے باہر آپ کا خیمہ لگا ہوا تھا۔ صبح کی نماز کے بعد آپ نے وہیں خیمہ میں ایک کپڑا بچھا کر وہ اشرفیاں اس پر ڈال دیں اور (اہل مکہ میں سے) جو جو ملنے کے لئے آتا رہا ایک ایک مٹھی اس کو دیتے رہے۔ ظہر کے وقت تک وہ سب ختم ہو گئیں۔

(۲۹) محمد بنؒ عباد مہلبی کہتے ہیں کہ میرے والد ایک مرتبہ مامون الرشید کے پاس گئے۔ اس نے ایک لاکھ درہم نذرانہ پیش کیا۔ وہاں سے جب اٹھ کر آئے تو وہ سب اسی وقت فقراء پر تقسیم کر دیا اس کے بعد پھر جب مامون کے پاس جانیکی نوبت آئی تو اس نے سب تقسیم کر دینے پر ناگواری کا اظہار کیا تو والد صاحب نے فرمایا کہ اے امیر المومنین موجود کے ساتھ بخل کرنا معبود کے ساتھ بدگمانی ہے (کہ اس نے ایک مرتبہ تو دیدیا پھر کہاں سے دے گا؟)

(۳۰) حضرت طلحہ بن عبید اللہ الفیاض ﷺ صحابی مشہور سخی لوگوں میں سے ہیں۔ ان کے ذمہ ایک مرتبہ حضرت عثمان ﷺ کے پچاس ہزار درہم قرض ہو گئے تھے۔ حضرت عثمانؓ مسجد میں تشریف لے جا رہے تھے راستہ میں یہ ملے۔ انہوں نے عرض کیا کہ میرے پاس دام اس وقت آ گئے ہیں، آپ کا قرضہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ حضرت عثمان ﷺ نے فرمادیا کہ بس وہ تمہاری ہی نذر ہیں۔ تمہارے ذمہ لوگوں کے بہت اخراجات رہتے ہیں۔ جابر بن قبیصہؒ کہتے ہیں کہ میں بہت دن تک حضرت طلحہؓ کے ساتھ رہا بلا طلب عطا کرنے والا میں نے ان سے زیادہ نہیں دیکھا۔ حضرت

---

❶ اتحاف۔

حسن ﷺ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ انہوں نے اپنی ایک زمین سات لاکھ میں فروخت کی قیمت جب وصول ہوئی تو شام کا وقت ہو گیا تھا وہ رقم رات کو ان کے پاس رہی۔ رات بھر سخت بے چینی میں جاگتے گذر گئی۔ اس خوف سے کہ یہ مال میرے پاس ہے (کہیں موت نہ آجائے) صبح کو اٹھ کر سب سے پہلے اس کو تقسیم کیا۔ ان کی بیوی حضرت سعدی بنت عوف ﷺ کہتی ہیں کہ میں نے ایک مرتبہ ان کو دیکھا کہ بہت گرانی سی ہو رہی ہے۔ میں نے پوچھا خیریت تو ہے کیسی طبیعت ہو رہی ہے؟ کہنے لگے میرے پاس کچھ مال جمع ہو گیا ہے اس کی وجہ سے بڑی گھٹن ہو رہی ہے۔ میں نے کہا یہ تو کچھ ایسی بات نہیں ہے اپنے غلام کو بھیج کر اپنے رشتہ داروں کو بلا لیجئے اور (صلہ رحمی میں) ان پر تقسیم کر دیجئے۔ چنانچہ انہوں نے اسی وقت غلام کو بھیج کر آدمیوں کو بلایا اور اس کو تقسیم کر دیا۔ راوی کہتے ہیں کہ میں نے ان کے خادم سے پوچھا۔ یہ کتنا مال تھا۔ اس نے بتایا چار لاکھ تھا۔ ان کی بیوی ایک اور واقعہ بیان کرتی ہیں کہ ایک دفعہ وہ گھر میں آئے، چہرہ بہت ہی اترا ہوا تھا، رنج کی وجہ سے سیاہی چہرے پر آرہی تھی۔ میں نے پوچھا کیا بات ہے۔ کچھ میری طرف سے کوئی ناگواری کی بات پیش آئی ہو تو میں معافی کی درخواست پیش کروں گی کہنے لگے نہیں تو تو مسلمان کے لئے بہت بہترین بیوی ہے (کہ نیک کام میں مدد کرتی ہے) میں نے پوچھا پھر آخر کیا بات پیش آگئی؟ کہنے لگے کچھ مال جمع ہو گیا۔ مجھے اس کی بڑی بے چینی ہو رہی ہے۔ میں نے کہا یہ تو کوئی ایسی بات نہیں اسے اٹھا کر بانٹ دو اس میں کیا ہو گیا؟ بعض مرتبہ کوئی لینے والا نہیں آتا تھا وہ رہ جاتا تھا۔ ان کی بیوی سعدی یہ بھی کہتی ہیں کہ ایک مرتبہ انہوں نے ایک لاکھ تقسیم کیا اور اپنا یہ حال تھا کہ اس دن مسجد میں اس وجہ سے جانے میں دیر ہو گئی کہ ان کے پاس جو کپڑا تھا (چادر) اس کے دونوں کنارے سینے میں مجھے دیر لگی (یعنی وہی ایک کپڑا تھا اس کے سلنے کے انتظار میں بیٹھے رہے دوسرا کپڑا نہ تھا جس کو پہن کر مسجد میں چلے جاتے) ایک گاؤں کے رہنے والے حضرت طلحہ ﷺ کے پاس آئے اور اپنی قرابت کا واسطہ دے کر (صلہ رحمی کے طور پر) کچھ مانگا۔ فرمانے لگے کہ قرابت کا واسطہ دے کر آج تک مجھ سے کسی نے نہیں مانگا تھا۔ میرے پاس ایک زمین ہے۔ حضرت عثمان ﷺ اس کو خریدنا چاہتے تھے اور وہ اس کی قیمت تین لاکھ لگا چکے ہیں۔ تیرا دل چاہے وہ زمین لے لے اور اگر نقد چاہیے تو میں اس کو ان کے ہاتھ فروخت کر کے اس کی قیمت دے دوں۔ اس نے قیمت لینا پسند کیا۔ انہوں نے حضرت عثمان ﷺ کے ہاتھ اس کو فروخت کر کے اس کی قیمت اس کو دیدی۔ ❶

ان حضرات کے پاس زمینوں کی بہت کثرت تھی۔ اس لئے کہ جہاں جہاں جہاد میں جاتے وہ

---

❶ اتحاف۔

ملک فتح ہوتے تو اکثر غنیمت کے ساتھ زمینیں بھی ان مجاہدین پر تقسیم کردی جاتی تھیں۔

(۳۱) ایک مرتبہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ، بیٹھے رو رہے تھے۔ کسی نے رونے کا سبب پوچھا تو فرمایا سات دن سے کوئی مہمان نہیں آیا۔ مجھے یہ ڈر ہے کہ کہیں حق تعالیٰ شانہ، نے (کسی بات سے ناراض ہوکر) میرے ذلیل کرنے کا تو ارادہ نہیں فرمالیا؟ ❶

(۳۲) ایک مرتبہ ایک شخص اپنے ایک دوست کے پاس گیا اور جا کر کہا کہ میرے ذمہ چار سو درہم قرض ہو گیا تجھ سے مدد چاہنے آیا ہوں۔ اس نے فوراً چار سو درہم وزن کر کے دیدیئے۔ جب وہ چلا گیا تو اس نے رونا شروع کر دیا۔ بیوی کو یہ خیال ہوا کہ شاید اس کو مال کے جانے کا صدمہ ہوا۔ وہ کہنے لگی اگر اتنی گرانی تھی تو دینے ہی کی کیا ضرورت تھی۔ وہ کہنے لگا کہ میں اس پر رو رہا ہوں کہ میں نے اس کیساتھ تعلقات کے باوجود اس کے حال کی خبر خود کیوں نہ رکھی؟ اس کو مجھ سے مانگنے کی نوبت کیوں آئی؟ ❷

(۳۳) حضرت عبداللہ بن جعفر ؓ ایک مرتبہ جنگل میں تشریف لے جا رہے تھے۔ راستہ میں ایک باغ پر گذر ہوا۔ وہاں ایک حبشی غلام باغ میں کام کر رہا تھا اس کی روٹی آئی اور اس کے ساتھ ہی ایک کتا بھی باغ میں چلا آیا اور اس غلام کے پاس آ کر کھڑا ہو گیا۔ اس غلام نے کام کرتے کرتے ایک روٹی اس کتے کے سامنے ڈال دی اس کتے نے اس کو کھالیا اور پھر کھڑا رہا اس نے دوسری اور پھر تیسری روٹی بھی ڈال دی۔ کل تین ہی روٹیاں تھیں وہ تینوں کتے کو کھلا دیں۔ حضرت عبداللہ بن جعفر ؓ غور سے کھڑے دیکھتے رہے۔ جب وہ تینوں ختم ہوگئیں تو حضرت عبداللہ بن جعفر ؓ نے اس غلام سے پوچھا کہ تمہاری کتنی روٹیاں روزانہ آتی ہیں؟ اس نے عرض کیا آپ نے تو ملاحظہ فرمالیا تین ہی آیا کرتی ہیں۔

حضرت نے فرمایا پھر تینوں کا ایثار کیوں کر دیا؟ غلام نے کہا۔ حضرت یہاں کتے رہتے نہیں ہیں یہ غریب بھوکا کہیں دور سے مسافت طے کر کے آیا ہے اس لئے مجھے اچھا نہ لگا کہ اس کو ویسے ہی واپس کر دوں۔ حضرت نے فرمایا کہ پھر تم آج کیا کھاؤ گے؟ غلام نے کہا کہ ایک دن فاقہ کرلوں گا یہ تو کوئی ایسی بڑی بات نہیں ہے۔ حضرت عبداللہ بن جعفر ؓ نے اپنے دل میں سوچا کہ لوگ مجھے ملامت کرتے ہیں کہ تو بہت سخاوت کرتا ہے۔ یہ غلام تو مجھ سے بہت زیادہ سخی ہے۔ یہ سوچ کر شہر میں واپس تشریف لے گئے اور اس باغ کو اور غلام کو اور جو کچھ سامان باغ میں تھا سب کو اس کے مالک سے خرید ا اور خرید کر غلام کو آزاد کیا اور وہ باغ اس غلام کی نذر کر دیا۔ ❸

---

❶، ❷ اتحاف۔

(۳۴) ابوالحسنؒ انطا کی (خراسان کے شہروں میں ایک جگہ رَے ہے وہاں رہتے تھے) ایک دن تیس (۳۰) آدمیوں سے زیادہ مہمان آگئے اور روٹی تھوڑی تھی۔ تیاری کا موقع نہ تھا۔ رات کا وقت تھا انہوں نے جتنی روٹیاں موجود تھیں سب کے ٹکڑے کئے اور دستر خوان پر ان کو پھیلا کر سب کو بٹھایا اور چراغ گل کر دیا اور سب کے سب نے کھانا شروع کر دیا۔ سب کے منہ چلانے کی آواز آتی تھی جب دیر ہو گئی اور گویا سب بالکل فارغ ہو گئے تو چراغ جلایا گیا اور دستر خوان اٹھایا گیا اس میں وہ سارے ٹکڑے بدستور رکھے تھے۔ سب ہی خالی منہ چلاتے رہے کسی نے بھی اس خیال سے نہ کھایا کہ اچھا دوسرے ہی کا کام چل جائے گا۔ ❶

(۳۵) حضرت شعبہؒ مشہور محدث ہیں۔ امیر المؤمنین فی الحدیث (حدیث میں مومنوں کے بادشاہ) ان کا لقب ہے۔ بڑے عابد، زاہد لوگوں میں تھے۔ ایک مرتبہ ایک سائل ان کے پاس حاضر ہوا دینے کے لئے کوئی چیز میسر نہ ہوئی۔ اپنے مکان کی چھت میں سے ایک کڑی نکال کر اس کے حوالے کر دی (کہ اس کو فروخت کر لینا) اور اس سے بہت معذرت کی کہ اس وقت میرے پاس دینے کو کچھ نہیں۔ ❷

(۳۶) حضرت ابو سہلؒ صعلو کی ایک مرتبہ وضو کر رہے تھے۔ ایک شخص آیا اور کچھ ضرورت کا اظہار کیا۔ دینے کے واسطے کوئی چیز موجود نہ تھی۔ فرمانے لگے تھوڑی دیر انتظار کر لو میں وضو سے فارغ ہو جاؤں۔ جب وضو کر چکے تو فرمایا کہ یہ لکڑی کا لوٹا جس سے وضو کر رہے تھے لے جاؤ اور تو کوئی چیز اس وقت ہے نہیں۔ ❸

(۳۷) یرموک کی لڑائی میں صحابۂ کرامؓ کی ایک بڑی جماعت نے پانی کے موجود ہوتے ہوئے اس وجہ سے پیاسے جان دی کہ جب ان کے قریب پانی پہنچا تو کسی دوسرے نے آہ کر دی اور اس کے بجائے اپنے پینے کے دوسرے کی طرف پانی لے جانے کا اشارہ کر دیا۔ ایک واقعہ اس کا حکایات صحابہؓ میں لکھا جا چکا ہے۔ مگر اصحاب مغازی نے لکھا ہے کہ حضرت عکرمہؓ بن ابی جہل سہیل ﷛ بن عمروؓ سہل بن حارث ﷛، حارث بن ہشام ﷛ اور قبیلہ مغیرہ کی ایک جماعت نے اسی طرح پیاسے دم توڑا کہ انکے پاس پانی لایا جاتا تھا اور یہ دوسرے کا اشارہ کر دیتے تھے۔ حضرت عکرمہ ﷛ کے پاس پانی لایا گیا تو انہوں نے دیکھا کہ حضرت سہیل ﷛ بن عمرو پانی کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ انہوں نے فرمادیا کہ پہلے سہیل ﷛ کو پلا دو۔ جب ان کے پاس لے گئے تو انہوں نے دیکھا کہ حضرت سہل بن حارث ﷛ پانی کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ انہوں نے فرمادیا کہ پہلے سہل کو پلا دو۔ غرض ان

---

❶، ❷، ❸ اتحاف۔

سب حضرات نے پیاسے ہی جان دی۔ حضرت خالد بن ولید ؓ جب ان کی نعشوں پر گذرے تو فرمانے لگے کہ تم پر میری جان قربان ہو جائے (تم سے اس وقت بھی ایثار نہ چھوٹا) ❶

(۳۸) عباس بنؒ دہقان کہتے ہیں کہ بشر بن حارثؒ حافی کے علاوہ کوئی شخص ایسا نہ ہوگا جو کہ جس حال میں دنیا میں آیا تھا یعنی خالی ہاتھ ننگا بدن ایسا ہی دنیا سے گیا ہو۔ بشر بنؒ حافی البتہ اسی طرح گئے کہ وہ بیمار تھے۔ وصال کا وقت قریب تھا ایک سائل آ گیا اور اپنی ضرورت کا حال ظاہر کیا جو کرتہ بدن پر تھا وہ نکال کر اس کو بخش دیا اور خود تھوڑی دیر کے لئے دوسرے سے کرتہ مستعار مانگا اور اسی میں وصال فرمایا۔ ❷

(۳۹) کون کہتا ہے کہ یہ واقعات پچھلے ہی بزرگوں کے ساتھ خاص تھے۔ حضرت اقدس مولانا الحاج شاہ عبدالرحیم صاحب رائپوری قدس سرہٗ کے وصال کو زیادہ زمانہ نہیں گزرا حضرتؒ کا معمول تھا کہ جو کچھ کہیں سے آتا وہ فوراً ہی تقسیم فرما دیتے اور کبھی کبھی تکیہ کے نیچے کچھ رکھا ہوا دیکھ کر فرماتے کہ یہ اور آ گیا اور وصال سے کچھ زمانہ پہلے اپنے سب کپڑے بھی خدام پر تقسیم فرما دیئے تھے۔ اور اپنے مخلص خادم (خلیفہ خاص) حضرت مولانا الحاج شاہ عبدالقادر صاحب دام مجدہم وزاد فضلہم (متوفی ۱۳۸۲ھ) سے ارشاد فرمایا کہ بس اب زندگی کے جتنے دن باقی ہیں تم سے کپڑے مستعار لے کر پہن لیا کریں گے۔ چنانچہ حضرت مولاناؒ ہی کے کپڑے آخر میں استعمال فرماتے تھے۔

(۴۰) ایک بزرگ کہتے ہیں کہ ہم چند آدمی طرطوس میں جو ملک شام کا ایک شہر ہے جمع ہو کر باہر جا رہے تھے۔ چلتے ہوئے ایک کتا بھی ہمارے ساتھ ہو گیا۔ جب ہم شہر سے باہر نکلے تو ایک مرا ہوا جانور پڑا تھا۔ ہم لوگ اس سے بچ کر ذرا فاصلے سے ایک اونچی جگہ پر بیٹھ گئے۔ وہ کتا جو ہمارے ساتھ ہو گیا تھا اس نے جب اس مردار کو دیکھا تو وہ شہر کی طرف واپس ہو گیا اور تھوڑی ہی دیر گذری تھی کہ وہ اپنے ساتھ تقریباً بیس کتے اور لایا اور اس مردار کے پاس آ کر وہ خود تو علیحدہ کو بیٹھ گیا اور سب کتے اس کو کھاتے رہے۔ جب وہ سب کھا کر شہر کی طرف چلے گئے تو یہ کتا جو بلانے گیا تھا اپنی جگہ سے اٹھا اور اس کے پاس آ کر جو ہڈیاں وغیرہ وہ سب کھا کر چھوڑ گئے تھے ان کو اس نے کھایا اور پھر شہر کی طرف چلا گیا۔ ❸

(۴۱) ابوالحسنؒ بوشنجی ایک بزرگ تھے۔ ایک مرتبہ پاخانے میں جا چکے تھے وہیں سے اپنے ایک شاگرد کو آواز دی اور اپنا کرتہ نکال کر کہا کہ یہ فلاں فقیر کو دے آؤ۔ شاگرد نے کہا کہ آپ استنجے سے فراغت کا تو انتظار کر لیتے۔ کہنے لگے کہ مجھے اس کی ضرورت کا خیال آ کر یہ ارادہ ہوا کہ یہ کرتہ اس کو

---

❶، ❷، ❸ اتحاف۔

دے دوں اور اپنے نفس پر اس کا اعتماد نہیں تھا کہ وہ استنجے سے فراغت تک بدل نہ جائے۔
پاخانے میں بولنا مکروہ ہے لیکن صدقہ کرنے کے جذبہ اور اپنے نفس پر بدگمانی نے اس پر مجبور کر دیا یا اس وقت تک کشف عورت ہی نہ ہوا ہو۔

(۴۲) امیر المؤمنین مہدی نے موسیٰؒ بن جعفر کو بغاوت کے اندیشہ سے قید کر رکھا تھا۔ ایک مرتبہ رات کو وہ تہجد کی نماز پڑھ رہے تھے۔ اس میں سورۂ محمد کی آیت۔

فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ

پر پہنچے اور یہاں پہنچ کر رونے لگے۔ اس آیت شریفہ کو بار بار پڑھنے تھے اور روتے تھے۔ سلام پھیر کر ربیع رضی اللہ عنہ سے کہا کہ موسیٰ کو بلا کر لاؤ۔ ربیع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں ان کو بلا کر لایا اور جب واپس آیا تب بھی وہ اسی آیت کو بار بار پڑھ رہے تھے اور رو رہے تھے۔ جب موسیٰ آئے تو مہدی نے کہا کہ میں یہ آیت پڑھ رہا تھا۔ مجھے یہ اندیشہ ہوا کہ میں نے قطع رحمی کر رکھی ہے۔ اگر تو اس کا وعدہ کرے کہ میری اولاد کے خلاف بغاوت نہیں کرے گا تو میں چھوڑ دوں۔ موسیٰ نے کہا حاشا کلا میری تو ایسی حیثیت بھی نہیں ہے اور نہ اس کا خیال ہے۔ مہدیؒ نے ربیعؒ سے کہا کہ اس کو اسی وقت تین ہزار اشرفیاں دے کر اسی وقت رات کو ہی چلتا کر دو ایسا نہ ہو کہ پھر کہیں میری رائے بدل جائے۔ [1]

(۴۳) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے نقل کیا گیا کہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ، حضرت حسین رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ بہت بیمار ہو گئے، تو حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے نذر (منت) مانی کہ اگر یہ تندرست ہو جائیں تو شکرانہ کے طور پر تین تین روزے دونوں حضرات رکھیں گے۔ اللہ تعالیٰ شانہٗ کے فضل سے دونوں صاحبزادوں کو صحت ہو گئی۔ ان حضرات نے شکرانے کے روزے رکھنے شروع فرمادیئے مگر گھر میں نہ سحر کے لئے کچھ تھا نہ افطار کے لئے، فاقہ پر روزہ شروع کر دیا۔ صبح کو حضرت علی کرم اللہ وجہہ، ایک یہودی کے پاس تشریف لے گئے جس کا نام شمعون تھا کہ اگر تو کچھ اون دھاگا بنانے کے لئے اجرت پر دیدے تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی اس کام کو کر دے گی۔ اس نے اون کا ایک گٹھر تین صاع جو کی اجرت طے کر کے دے دیا۔ حضرت فاطمہؓ نے اس میں سے ایک تہائی کاتا اور تین صاع جو اجرت کے لے کر ان کو پیسا اور پانچ نان اس کے تیار کئے۔ ایک ایک اپنا میاں بیوی کا دو دونوں صاحبزادوں کے اور ایک باندی کا، جس کا نام فضہ تھا۔ روزہ میں دن بھر کی مزدوری اور محنت کے بعد جب حضرت علی کرم اللہ وجہہ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مغرب کی نماز پڑھ کر لوٹے اور کھانا کھانے کے لئے دستر خوان بچھایا گیا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ٹکڑا توڑا ہی تھا کہ ایک فقیر نے دروازے سے

[1] اتحاف۔

آواز دی کہ اے محمد (ﷺ) کے گھر والو! میں ایک فقیر مسکین ہوں مجھے کھانا دو۔ اللہ جل شانہٗ تمہیں جنت کے دستر خوان سے کھانا کھلائے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ نے ہاتھ روک لیا۔ حضرت فاطمہؓ سے مشورہ کیا۔ انہوں نے فرمایا ضرور دید یجئے۔ وہ سب روٹیاں اس کو دے دیں۔ اور گھر والے سب کے سب فاقہ سے رہے۔ اسی حال میں دوسرے دن کا روزہ شروع کر دیا۔ دوسرے دن میں پھر حضرت فاطمہؓ نے دوسری تہائی اون کی کاتی اور ایک صاع جو کا اجرت لے کر اس کو پیسا، روٹیاں پکائیں۔ اور جب حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ، حضور ﷺ کے ساتھ مغرب کی نماز پڑھ کر تشریف لائے اور سب کے سب کھانے کے لئے بیٹھے تو ایک یتیم نے دروازے سے سوال کیا اور اپنی تنہائی اور فقر کا اظہار کیا۔ ان حضرات نے اس دن کی روٹیاں اس کے حوالے کر دیں اور خود پانی پی کر تیسرے دن کا روزہ شروع کر دیا اور صبح کو حضرت فاطمہؓ نے اون کا باقی حصہ کاتا اور ایک صاع جو جو رہ گیا تھا وہ لے کر پیسا، روٹیاں پکائیں اور مغرب کی نماز کے بعد جب کھانے بیٹھے تو ایک قیدی نے آ کر آواز دے دی اور اپنی سخت حاجت اور پریشانی کا اظہار کیا۔ ان حضرات نے اس دن کی روٹیاں اس کو دے دیں اور خود فاقہ سے رہے۔ چوتھے دن صبح کو روزہ تو تھا نہیں لیکن کھانے کو بھی کچھ نہیں تھا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ دونوں صاحبزادوں کو لے کر حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ بھوک اور ضعف کی وجہ سے چلنا بھی مشکل ہو رہا تھا۔ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ تمہاری تکلیف اور تنگی کو دیکھ کر مجھے بہت تکلیف ہوتی ہے۔ چلو فاطمہؓ کے پاس چلیں۔ حضور ﷺ فاطمہؓ کے پاس تشریف لائے وہ نماز پڑھ رہی تھیں۔ بھوک کی شدت سے آنکھیں گڑ گئی تھیں پیٹ کمر سے لگ رہا تھا۔ حضور ﷺ نے ان کو اپنے سینہ سے لگایا اور حق تعالیٰ شانہٗ سے فریاد کی۔ اس پر حضرت جبرائیل علیہ السلام سورۂ دہر کی آیات

وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَىٰ حُبِّهِ مِسْكِينًا وَّيَتِيمًا وَّأَسِيرًا ط

لے کر آئے اور اس پروانہ خوشنودی کی مبارک باد دی۔ یہ آیات پہلی فصل کی آیات کے سلسلہ میں نمبر ۳۴ پر گذر چکی ہیں۔ علامہ سیوطیؒ نے درمنثور میں بروایت ابن مردویہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مختصراً یہ مضمون نقل کیا ہے کہ یہ آیتیں حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ اور حضرت فاطمہؓ کی شان میں نازل ہوئی ہیں۔

(۴۴) ایک شرابی تھا جس کے یہاں ہر وقت شراب کا دور رہتا تھا۔ ایک مرتبہ اس کے یار احباب جمع تھے شراب تیار تھی، اس نے اپنے ایک غلام کو چار درہم دیئے کہ شراب پینے سے پہلے دوستوں کو کھانے کے لئے کچھ پھل خرید کر لائے۔ وہ غلام بازار جا رہا تھا۔ راستہ میں حضرت منصورؒ

بن عمار بصری کی مجلس پر گذر ہوا۔ وہ کسی فقیر کے واسطے لوگوں سے کچھ مانگ رہے تھے اور یہ فرما رہے تھے کہ جو شخص اس فقیر کو چار درہم دے میں اس کے لئے چار دعائیں کروں گا۔ اس غلام نے وہ چار درہم اس فقیر کو دے دیئے۔ حضرت منصورؒ نے فرمایا۔ بتا کیا دعائیں چاہتا ہے؟ غلام نے کہا کہ میرا ایک آقا ہے میں اس سے خلاصی یعنی آزادی چاہتا ہوں۔ حضرت منصورؒ نے اس کی دعا کی پھر پوچھا دوسری دعا کیا چاہتا ہے؟ غلام نے کہا مجھے ان دراہم کا بدل مل جائے۔ منصورؒ نے اس کی دعا کی پھر پوچھا تیسری کیا دعا ہے؟ غلام نے کہا کہ حق تعالیٰ شانہٗ میرے سردار (کو توبہ کی توفیق دے اور اس) کی توبہ قبول کرے۔ منصورؒ نے اس کی بھی دعا کی۔ پھر پوچھا کہ چوتھی کیا؟ غلام نے کہا کہ حق تعالیٰ شانہٗ میری اور میرے سردار کی اور تمہاری اور اس مجمع کی جو یہاں حاضر ہیں سب کی مغفرت فرما دے۔ حضرت منصورؒ نے اس کی بھی دعا کی۔ اس کے بعد وہ غلام (خالی ہاتھ) اپنے سردار کے پاس واپس چلا گیا (اور خیال کرلیا کہ بہت سے بہت اتنا ہی تو ہوگا کہ آقا مارے گا اور کیا ہوگا) سردار انتظار میں تھا ہی دیکھ کر کہنے لگا کہ اتنی دیر لگادی؟ غلام نے قصہ سنایا۔ سردار نے (ان کی دعاؤں کی برکت سے بجائے خفا ہونے اور مارنے کے) یہ پوچھا کہ کیا کیا دعائیں کرائیں؟ غلام نے کہا پہلی تو یہ کہ میں غلامی سے آزاد ہو جاؤں۔ سردار نے کہا کہ میں نے تجھے آزاد کردیا۔ دوسری کیا تھی؟ غلام نے کہا کہ مجھے ان درہموں کا بدلہ مل جائے سردار نے کہا کہ میری طرف سے تجھے چار ہزار درہم نذر ہیں۔ تیسری کیا تھی؟ غلام نے کہا حق تعالیٰ شانہٗ تمہیں (شراب وغیرہ فسق و فجور سے) توبہ کی توفیق دے سردار نے کہا کہ میں نے (اپنے سب گناہوں سے) توبہ کرلی۔ چوتھی کیا تھی؟ غلام نے کہا کہ حق تعالیٰ شانہٗ میری اور آپ کی اور ان بزرگ کی اور سارے مجمع کی مغفرت فرمادے۔ سردار نے کہا کہ یہ میرے اختیار میں نہیں ہے۔

رات کو سردار نے خواب میں دیکھا کوئی شخص کہہ رہا ہے کہ جب تو نے وہ تینوں کام کردیئے جو تیرے اختیار میں تھے تو کیا تیرا یہ خیال ہے کہ میں وہ کام نہیں کروں گا جو میرے اختیار میں ہے میں نے تیری اور اس غلام کی اور منصورؒ کی اور اس سارے مجمع کی مغفرت کردی۔ ❶

(۴۵) عبدالوہابؒ بن عبدالحمید ثقفی کہتے ہیں کہ میں نے ایک جنازہ دیکھا جس کو تین مرد اور ایک عورت لئے جا رہے ہیں اور کوئی جنازے کے ساتھ نہیں تھا۔ میں ساتھ ہولیا اور عورت کی جانب کا حصہ میں نے لے لیا۔ قبرستان لے گئے وہاں اس کے جنازے کی نماز پڑھی اور اس کو دفن کرکے میں نے پوچھا یہ کس کا جنازہ تھا؟ عورت نے کہا یہ میرا بیٹا تھا میں نے پوچھا تیرے محلے میں اور کوئی

---

❶ اتحاف۔

مردنہ تھا جو تیری جگہ جنازے کا چوتھا پایہ پکڑ لیتا۔ اس نے کہا آدمی تو بہت تھے لیکن اس کو ذلیل سمجھ کر کوئی ساتھ نہ آیا میں نے پوچھا کیا بات تھی جس سے ذلیل سمجھتے تھے کہنے لگی یہ مخنث تھا۔ (ہیجڑا یا عورتوں جیسی حرکات کرنے والا) مجھے اس عورت پر ترس آیا۔ میں اس کو اپنے ساتھ اپنے گھر لے گیا اور اس کو کچھ درہم اور کپڑے اور گیہوں دیئے۔ میں نے رات کو خواب میں دیکھا کہ ایک شخص اس قدر حسین گویا چودھویں رات کا چاند نہایت سفید عمدہ لباس پہنے ہوئے آیا اور میرا شکریہ ادا کرنے لگا۔ میں نے پوچھا کہ تم کون ہو؟ کہنے لگا کہ میں وہی مخنث ہوں جس کو تم نے آج دفن کیا۔ مجھ پر حق تعالےٰ شانہٗ نے اس وجہ سے رحمت فرمادی کہ لوگ مجھے ذلیل سمجھتے تھے۔ ❶

(۴۶) محمد بن سہلؒ بخاری کہتے ہیں کہ میں مکہ مکرمہ کے راستہ میں جارہا تھا۔ میں نے دیکھا کہ ایک مغربی شخص ایک خچر پر سوار ہے اور اس کے آگے ایک شخص یہ اعلان کرتا جاتا ہے کہ (ایک ہمیانی کھوئی گئی) جو شخص ہمیانی کا پتہ بتادے اس کو سو اشرفیاں میں اپنے پاس سے دوں گا اس لئے کہ اس ہمیانی میں امانتیں تھیں (ہمیانی، روپیہ اشرفیاں رکھنے کی لانبی تھیلی ہوتی ہے جو کمر سے باندھی جاتی ہے) اس اعلان پر ایک لنگڑا شخص جس کے اوپر بہت پھٹے پرانے کپڑے تھے اس مغربی کے پاس آیا اور اس سے اس ہمیانی کی علامتیں پوچھیں کہ کیسی تھی؟ مغربی نے اس کی علامتیں بتائیں اور کہا کہ اس میں بہت سے آدمیوں کی امانتیں رکھی ہوئی ہیں۔ لنگڑے نے پوچھا کہ کوئی شخص یہاں ایسا ہے کہ لکھنا پڑھنا جانتا ہو۔ محمد بن سہلؒ نے کہا۔ میں جانتا ہوں وہ لنگڑا ہمیں تینوں کو اپنے ساتھ الگ ایک طرف کو لے گیا اور ایک ہمیانی نکال کر دکھائی۔ وہ مغربی اس کے اندر کی چیزیں بتاتا رہا کہ دو دانے فلاں عورت فلاں کی بیٹی کے پانچ سو اشرفی کے بدلے میں رکھے ہیں اور ایک دانہ (عدد) فلاں شخص کا سو اشرفی میں رکھا ہے۔ اسی طرح ایک ایک چیز وہ گنواتا رہا اور میں اس کے اندر رکھی ہوئی چیزوں کو پڑھ کر بتاتا رہا کہ وہ یہ ہے، وہ یہ ہے اُس مغربی نے اس ہمیانی کی سب چیزیں شمار کرا دیں اور وہ سب کی سب اس میں سے پوری نکلیں جب سب صحیح صحیح نکل آیا تو اس لنگڑے نے وہ ہمیانی مغربی کے حوالے کردی۔ اس نے اپنے وعدے کے موافق اپنے پاس سو دینار اشرفیاں، نکال کر اس لنگڑے کو دیئے۔ اُس نے لینے سے انکار کردیا اور یہ کہا کہ اگر اس ہمیانی کی قدر میری نگاہ میں دو مینگنیوں کی برابر بھی ہوتی تو شاید تم اس کو نہ پاسکتے۔ ایسی چیز پر کیا معاوضہ لوں جس کی قیمت میرے نزدیک دو مینگنیاں بھی نہیں ہے اور یہ کہہ کر وہ لنگڑا چل دیا، اور ان سو اشرفیوں کی طرف نگاہ بھر کر بھی نہ دیکھا۔ ❷

---

❶ اتحاف ❷ مسامرات۔

(۴۷) بخارا کا ایک حاکم بڑا سخت ظالم تھا۔ ایک دن وہ اپنی سواری پر چلا جا رہا تھا راستہ میں ایک کتا نظر پڑا جس کے خارش ہو رہی تھی اور سردی نے اُس کو بہت ستا رکھا تھا۔ اس ظالم کی اُس پر نگاہ پڑتے ہی آنکھوں میں آنسو بھر آئے اور اپنے ایک نوکر سے کہا کہ اس کتے کو میرے گھر لے جا۔ میرے آنے تک اس کا خیال رکھیو۔ یہ کہہ کر وہ اپنے کام کو جہاں جا رہا تھا چلا گیا۔ جب واپس آیا تو اُس کتے کو منگایا اور گھر کے ایک کونہ میں اس کو بندھوا دیا۔ اُس کے سامنے ٹکڑا ڈالا پانی رکھوایا اور اس کے بدن پر تیل ملوا کر ایک کپڑے کی جھول اُس کے اوپر ڈلوائی۔ اس کے قریب آگ رکھوائی تا کہ اس کی گرمی سے اُس پر سے سردی کا اثر زائل ہو جائے اور اس قصہ کو دو ہی دن گزر رہے تھے کہ اس ظالم کا انتقال ہو گیا۔ ایک بزرگ نے جو اس کے مظالم اور اس کی حالت سے خوب واقف تھے اُس کو خواب میں دیکھا۔ اس سے پوچھا کہ کیا گزری۔ اُس نے کہا کہ حق تعالیٰ شانہٗ نے مجھے اپنے سامنے کھڑا کیا اور فرمایا کہ تو کتا تھا (یعنی کتوں جیسے کام کرتا تھا انسانوں جیسے کام نہیں کرتا تھا) اس لئے ہم نے بھی ایک کتے ہی کو تجھ کو دے دیا یعنی اُس خارشی کتے کے طفیل تیری بخشش کر دی) اور میرے ذمہ جو حقوق تھے ان کا خود ادا فرمانے کا ارادہ فرمالیا۔ ❶ حق تعالیٰ شانہٗ کی ذات بڑی کریم ہے۔ وہ سارے کریموں کا مالک ہے، بادشاہ ہے، اس کے کرم تک کوئی کہاں پہنچ سکتا ہے۔ کسی شخص کی کوئی ادنیٰ سی چیز بھی اُس کو پسند آجائے تو اُس شخص کا بیڑا پار ہے۔ آدمی اُس کی خوشنودی کی تلاش میں رہے نہ معلوم کس کی کیا بات آقا کو پسند آجائے۔

(۴۸) ابو عمرؒ دمشقی کہتے ہیں کہ ہم چند آدمی حضرت ابو عبداللہ بن جلاءؒ کے ساتھ مکہ مکرمہ جا رہے تھے۔ کئی دن ایسے گزر گئے کہ کھانے کی کوئی چیز میسر نہ ہوئی۔ جنگل میں ایک عورت ملی ایک بکری کے ساتھ تھی۔ ہم نے (خیال کیا کہ اس کو خرید کر پکالیں گے اس لئے) اس عورت سے پوچھا کہ اس کی کیا قیمت ہے۔ اس نے کہا پچاس درہم قیمت ہے۔ ہم نے کہا ہم پر احسان کر کچھ کم کر دے۔ اس نے کہا پانچ درہم قیمت ہے۔ ہم نے کہا کہ مذاق نہ کر صحیح صحیح قیمت بتا دے ابھی پچاس درہم کہتی تھی ابھی پانچ درہم کہہ دیئے۔ اس عورت نے کہا واللہ مذاق نہیں کرتی۔ تم نے کہا احسان کر کاش مجھے اس پر قدرت ہوتی کہ میں کچھ بھی قیمت اس کی نہ لیتی (لیکن میں بھی مجبور ہوں اس لئے پانچ بھی بمجبوری کہہ دیئے) حضرت ابن جلاء نے ساتھیوں سے پوچھا کہ سب کے پاس کتنے درہم ہیں سب کا مجموعہ چھ سو درہم ہوئے۔ ابن جلاءؒ نے فرمایا کہ یہ سب اس کو دے دو اور بکری بھی اسی کے پاس رہنے دو۔ ہم نے سب درہم اس کو دے دیئے اور ہمارا سارا سفر اللہ کے فضل سے ایسی راحت سے

❶ مسامرات۔

گزرا کہ خدا نہیں۔

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَ بِحَمْدِكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ ❶

(۴۹) حضرت ابراہیم بن ادہمؒ نے ایک مرتبہ ایک شخص سے دریافت کیا کہ تو اللہ کا ولی بننا چاہتا ہے۔ اس نے کہا ضرور چاہتا ہوں۔ آپ نے فرمایا کہ دُنیا اور آخرت کی کسی چیز میں بھی رغبت نہ کر اور اپنے آپ کو صرف حق تعالیٰ شانہٗ کے لئے خاص کر لے اور ہمہ تن اُس کی طرف متوجہ ہو جاتا کہ وہ بھی ہمہ تن تیری طرف متوجہ ہو جائے اور تجھے اپنا ولی بنا لے۔ ❷

حضور اقدس ﷺ سے صحیح احادیث میں حق تعالیٰ شانہٗ کا یہ ارشاد وارد ہوا ہے کہ جو شخص میری طرف چل کر آتا ہے میں اس کی طرف دوڑ کر چلتا ہوں اور جو میری طرف ایک بالشت قریب ہوتا ہے میں اُس کی طرف ایک باع (یعنی دو ہاتھ قریب ہوتا ہوں)۔

(۵۰) حضرت جنید بغدادیؒ کی خدمت میں ایک شخص نے پانچ سو درہم پیش کئے اور عرض کیا کہ یہ اپنے خدام پر تقسیم فرمادیں۔ حضرت نے دریافت فرمایا کہ تمہارے پاس ان کے علاوہ اور بھی کچھ ہے اس نے عرض کیا کہ حضرت میرے پاس بہت سے دینار (اشرفیاں) ہیں۔ حضرتؒ نے دریافت فرمایا کہ تم یہ چاہتے ہو کہ ان میں اور اضافہ ہو جائے یا نہیں چاہتے۔ اس نے عرض کیا کہ یہ خواہش تو ضرور ہے۔ حضرتؒ نے فرمایا کہ پھر تو تم ہم سے زیادہ محتاج ہو (اس لئے کہ ہمارے پاس جو کچھ ہے ہم اس پر اضافہ نہیں چاہتے) اس لئے یہ تم اپنے ہی پاس رکھو۔ یہ کہہ کر وہ درہم واپس کر دیئے قبول نہیں فرمائے۔ ❸

(۵۱) حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ (شاگردوں کے مجمع میں) تشریف رکھتے تھے اُن کی بیوی آئیں اور کہنے لگیں کہ تم تو ان کو لئے بیٹھے ہو اور گھر میں آٹے کی ایک چٹکی بھی نہیں ہے۔ وہ فرمانے لگے اری اللہ کی بندی ہمارے سامنے ایک نہایت سخت گھاٹی بڑی دشوار گزار آ رہی ہے اُس سے صرف وہی لوگ نجات پا سکیں گے جو بہت ہلکے پھلکے ہوں گے۔ بیوی یہ بات سن کر راضی خوشی واپس چلی گئیں۔ ایک دفعہ آپ نے فرمایا کہ دُنیا دار بھی کھاتے ہیں اور ہم بھی کھاتے ہیں۔ وہ بھی کپڑا پہنتے ہیں، اور ہم بھی پہنتے ہیں، اور ان کے پاس جو ضرورت سے زائد مال ہے وہ اُس کو کام میں تو لاتے نہیں صرف دیکھتے ہیں کہ ہاں یہ مال ہے۔ مال کو دیکھ ہم بھی لیتے ہیں (جو دوسروں کے پاس ہوتا ہے لہٰذا دیکھنے میں تو ہم اور وہ برابر ہیں کام میں نہیں لاتے ہم بھی نہیں لاتے) لیکن اُن کو اپنے مال کا حساب دینا پڑے گا۔ اور ہم حساب سے بری ہیں کہ ہمارے پاس ہے نہیں ایک مرتبہ فرمانے

---

❶ مسامرات ❷، ❸ روض۔

لگے کہ ہمارے بھائی ہمارے ساتھ انصاف کا برتاؤ نہیں کرتے ہم سے محبت تو اللہ کے واسطے کرتے ہیں اور دُنیا میں ہم سے الگ الگ رہتے ہیں۔ عنقریب وہ دن آنے والا ہے کہ وہ تو اس کی تمنا کریں گے کہ کاش وہ ہم جیسے ہوتے اور ہم اس کی تمنا نہیں کریں گے کہ ہم اُن جیسے ہوتے۔ [1]

(۵۲) ایک بزرگ کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میرے لئے دُعا کر دیجئے مجھے اہل وعیال کی کثرت (اور آمدنی کی قلت) نے بہت مجبور کر رکھا ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ جب تیرے گھر والے تجھ سے یہ کہیں کہ ہمارے پاس نہ آٹا ہے نہ روٹی ہے اُس وقت کی تیری دُعا حق تعالیٰ شانہٗ کے یہاں میرے اس وقت کی دُعا سے زیادہ قابل قبول ہے۔

حضرت شیخؒ نے بالکل صحیح فرمایا لوگوں کو آقا سے مانگنے کی قدر نہیں ہے۔ نہ اس کی وقعت قلوب میں ہے۔ اُس کریم کے یہاں تڑپ کے مانگنے کی بڑی قدر ہے اور مضطر کی دُعا خصوصیت سے قبول ہوتی ہے۔ حق تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد ہے۔ اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ الآیۃ (نمل ع ۵) کیا وہ ذات جو بے قرار آدمی کی سنتا ہے جب وہ اُس کو پکارتا ہے اور اس کی مصیبت کو دُور کرتا ہے (بھی ایسی ذات ہے جس کے ساتھ کسی کو شریک کیا جائے)۔

ایک حدیث میں ہے ایک شخص نے حضور ﷺ سے پوچھا کہ آپ کس کی طرف لوگوں کو دعوت دیتے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا اس اللہ وحدہٗ کی طرف کہ اگر تجھے کوئی مضرت پہنچے پھر تو اُس کو پکارے تو وہ تیری مصیبت کو زائل کر دے اور وہ اللہ وحدہٗ کہ اگر تو کہیں راستہ میں سواری کو گم کر دے پھر اُس کو پکارے تو وہ تیری سواری کو تجھ پر لوٹا دے، اور اگر تجھے قحط سے سابقہ پڑے پھر تو اس کو پکارے، تو وہ تیرے لئے روزی اُتار دے۔ سحیمؒ کہتے ہیں کہ ہم حضرت عبداللہ ﷛ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ ایک لڑکی آئی اور اُس نے اپنے سردار سے کہا کہ آپ یہاں بیٹھے ہیں آپ کے گھوڑے کو نظر نے کھالیا وہ گھوڑا حیران سرگردان گھومتا پھر رہا ہے کسی جھاڑ پھونک کرنے والے کو ڈھونڈ کر لائیے۔ حضرت عبداللہ ﷛ نے فرمایا کسی جھاڑنے والے کی ضرورت نہیں اس کی ناک کے داہنے سوراخ میں چار مرتبہ، بائیں میں تین مرتبہ یہ دُعا پڑھ کر پھونک مارو۔

اَذْهِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ اِشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا یَكْشِفُ الضُّرَّ اِلَّا اَنْتَ

ترجمہ: (کوئی خوف کی بات نہیں ہے اے آدمیوں کے رب تو اس کی تکلیف کو زائل کر دے اور اس کو شفا کر دے تو ہی شفا دینے والا ہے۔ تیرے سوا کوئی شخص نقصان کو ہٹانے والا نہیں ہے) وہ شخص گیا اور تھوڑی دیر میں واپس آ گیا اور کہنے لگا کہ میں نے آپ کے کہنے کے موافق کیا۔ وہ بالکل

---

[1] روض۔

اچھا ہو گیا وہ کھانے بھی لگا اور پیشاب پاخانہ بھی کیا۔ ❶

یہ بات خوب اچھی طرح دل میں جمالینا چاہئے اور جتنی زیادہ دل میں یہ بات پختہ ہو جائے گی اتنی ہی دین اور دُنیا میں کام آنے والی بات ہے کہ نفع اور نقصان صرف اُسی پاک ذات وحدہٗ لا شریك لہٗ کے قبضہ میں ہے۔ اسی سے اپنی حاجات طلب کرنا چاہئے اسی کی طرف ہر مصیبت میں متوجہ ہونا چاہے۔ ساری دُنیا کے قلوب اُسی کے تابع ہیں۔

(۵۳) حضرت ابراہیم بن ادہمؒ کی خدمت میں ایک شخص نے دس ہزار درہم نذرانہ پیش کیا تو انہوں نے اس کے قبول کرنے سے صاف انکار کر دیا اور فرمایا کہ تم یہ چاہتے ہو کہ دس ہزار درہم کی وجہ سے میرا نام فقراء کے دفتر سے کٹ جائے۔ خدا کی قسم میں اس کو ہرگز گوارا نہیں کرتا۔

ان کا یہ بھی ارشاد ہے کہ دُنیا دار دُنیا میں راحت تلاش کرتے ہیں اس وجہ سے دھوکے میں پڑ جاتے ہیں (بھلا دُنیا میں راحت کہاں) اگر ان لوگوں کو یہ معلوم ہو جائے کہ بادشاہت ہمارے پاس ہے تو یہ لوگ تلواروں سے ہم سے لڑنے لگیں۔

حضرت عبداللہ بن مبارک ﷺ سے کسی نے پوچھا کہ آدمی کون لوگ ہیں؟ فرمایا علماء اُس نے پوچھا کہ بادشاہ کون لوگ ہیں؟ فرمایا زاہد لوگ (دُنیا سے بے رغبتی کرنے والے) اُس نے پوچھا بیوقوف احمق کون لوگ ہیں؟ فرمایا جو دین کے ذریعہ سے دُنیا کماتے ہوں۔

حضرت ذوالنون مصریؒ فرماتے ہیں کہ زاہد لوگ آخرت کے بادشاہ ہیں اور وہ فقراء عارفین ہیں۔ حضرت شیخ ابو مدینؒ فرماتے ہیں کہ بادشاہت دو طرح کی ہوتی ہے ایک شہروں کی، دوسری دلوں کی حقیقی بادشاہ زاہد ہی ہوتے ہیں (جو دلوں کے بادشاہ ہوتے ہیں)۔

ایک جماعت کا مذہب جن میں حضرت امام شافعیؒ بھی ہیں یہ ہے کہ اگر کوئی شخص یہ وصیت کر کے مر جائے کہ میرے مال سے اتنا مال ایسے لوگوں کو دے دیا جائے جو سب سے زیادہ سمجھدار ہوں تو وہ مال وصیت کا زاہدوں کو دیا جائے گا (اس لئے کہ حقیقی سمجھدار وہی ہیں)۔ ❷

(۵۴) امام کبیر عارف شہیر شیخ ابو عبداللہ حارث بن اسد محاسبیؒ نے ایک مرتبہ اُن علماء کا جو دُنیا کی طرف مائل رہتے ہیں ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ لوگ یہ گمان کرتے ہیں کہ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے پاس بھی تو بہت مال تھا۔ یہ بیوقوف صحابۂ کرامؓ کا ذکر اس لئے کرتے ہیں کہ لوگ ان کو مال جمع کرنے میں معذور سمجھنے لگیں۔ شیطان ان کے ساتھ مکر کرتا ہے اور ان کو ذرا بھی پتہ نہیں چلتا۔ ارے احمق تیرا ناس ہو جائے۔ تیرا حضرت عبدالرحمٰن بن عوف ﷺ کے مال سے استدلال کرنا

❶ درمنثور ❷ روض۔

یہ شیطان کا مکر ہے وہ یہ الفاظ تیری زبان سے نکلواتا ہے تاکہ تو ہلاک اور برباد ہو جائے۔ جب تو نے یہ کہا کہ حضرات صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین نے بھی مال شرافت اور زینت کے لئے جمع کیا تو تو نے ان سرداروں کی غیبت کی اور تو نے ان کی طرف بڑی سخت چیز منسوب کر دی اور جب تو نے یہ سمجھا کہ حلال طریقے سے مال کا جمع کرنا اُس کے ترک سے افضل ہے تو تو نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کی۔ تو نے سارے رسولوں علیہم الصلوٰۃ والسلام کی شان میں گستاخی کی اور تو نے نعوذ باللہ ان کو انجان بتایا جب کہ انہوں نے تیری طرح سے مال جمع نہ کیا اور جب تو نے یہ خیال کیا کہ حلال طریقہ سے مال کا جمع کرنا اس کے ترک سے افضل ہے تو تو نے یہ دعویٰ کر دیا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی اُمت کے ساتھ خیر خواہی نہیں فرمائی جب کہ انہوں نے مال جمع کرنے کو منع فرمایا۔ آسمان کے رب کی قسم تو نے اپنے اس دعوے میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر جھوٹ بولا۔ حضور اقدس ﷺ اپنی اُمت کے حال پر نہایت شفیق تھے، ان کے خیر خواہ تھے، اُن پر بڑے مہربان تھے، اُن پر بہت رحم کرنے والے تھے۔ ارے احمق حضرت عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے فضل و کمال کے باوجود، اپنے تقویٰ کے باوجود اپنے احسانات کے باوجود اللہ تعالیٰ شانہٗ کے راستہ میں اپنے مالوں کو خرچ کرنے کے باوجود اور حضور ﷺ کے صحابی ہونے کے باوجود، اور ان حضرات میں ہونے کے باوجود، جن کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے دُنیا ہی میں جنت کی بشارت دے دی تھی (اور عشرہ مبشرہ کے نام سے مشہور تھے ان سے کمالات کے باوجود صرف اپنے مال کی وجہ سے قیامت کے میدان میں رُکے رہے اور فقرائے مہاجرین کے ساتھ جنت میں تشریف نہ لے جا سکے۔ پھر تیرا ہم لوگوں کے متعلق کیا خیال ہے جو دُنیا کے دھندوں میں پھنسے رہیں اور تعجب اور سخت تعجب اس فتنہ میں پڑے ہوئے سے ہے جو حرام اور مشتبہ مال کی گڑ بڑ میں آلودہ ہو اور لوگوں کے میل (صدقات کا مال) کھاتا ہو، شہوتوں اور زینت اور تفاخر میں وقت گزارتا ہو۔ پھر وہ حضرت عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کے حال سے استدلال کرے۔ اس کے بعد علامہ محاسبیؒ نے صحابۂ کرامؓ کے بہترین حالات ذکر کرنے کے بعد کہا کہ یہ حضرات مسکنت کو پسند کرنے والے تھے، فقر کے خوف سے بے فکر تھے، اپنی روزی میں اللہ جل شانہٗ پر پورا اعتماد کرنے والے تھے اور تقدیر پر راضی رہنے والے تھے، مصائب پر خوش ہونے والے تھے، ثروت میں شکر گزار غربت میں صبر کرنے والے تھے، اچھے حالات میں اللہ جل شانہٗ کی حمد کرنے والے تھے، تواضع کرنے والے تھے، اپنے آپ پر دوسروں کو ترجیح دینے والے تھے۔ جب ان کے پاس فقر آجاتا تو اس کو مرحبا (بہت اچھا کیا آیا) کہنے والے تھے۔ اس کو صلحاء کا شعار کہتے ہیں۔ تو خدا کی قسم کھا کر بتا کیا تیرا بھی یہی حال ہے۔

تو اُن کی مشابہت سے بہت دُور ہے۔ تیرا حال ان کے حال کی بالکل ضد ہے۔ تو غنا کے وقت سرکش ہو جاتا ہے، ثروت کے وقت اکڑنے لگتا ہے، تو مال کے وقت خوشی میں ایسا محو ہوتا ہے کہ اللہ کی نعمت کا شکر بھی بھول جاتا ہے، تکلیف کے وقت اللہ کی مدد سے نا اُمید ہو جاتا ہے، مصیبت کے وقت ناک منہ چڑھانے لگتا ہے اور تقدیر پر ذرا بھی راضی نہیں ہوتا، تو فقیروں سے بُغض رکھتا ہے، مسکنت سے ناک چڑھاتا ہے، تو مال اس لئے جمع کرتا ہے تاکہ دُنیا کا تنعم اختیار کرے، اس کی رونق سے دل بہلائے، اس کی لذتوں شہوتوں میں مزے اُڑائے، وہ حضرات دُنیا کی حلال چیزوں سے اتنا الگ رہتے تھے جتنا تو حرام چیزوں سے بھی علیحدہ نہیں رہتا۔ وہ معمولی لغزش کو اتنا سخت سمجھتے تھے جتنا تو حرام اور کبیرہ گناہ کو بھی سخت نہیں سمجھتا۔ کاش تیرا عمدہ سے عمدہ اور حلال سے حلال مال بھی ان کے مشتبہ مال کے برابر ہوتا اور کاش تو اپنے گناہوں سے ایسا ڈرتا جیسا وہ اپنی نیکیوں کے قبول نہ ہونے سے ڈرتے تھے، کاش تیرا روزہ ان کے افطار کی برابر ہو جاتا (کہ ان کا افطار کرنا بھی اللہ کے واسطے تھا جس کا ثواب تھا اور کاش تیرا رات کو جاگنا بھی ان کے سونے کے برابر ہو جاتا، اور کاش تیری عمر بھر کی نیکیاں ان کی کسی ایک نیکی کے برابر ہو جاتیں۔ ارے کم بخت تیرے لئے یہی مناسب تھا کہ تو دُنیا سے صرف اتنا حاصل کرتا جتنا مسافر کا توشہ ہوتا ہے۔ کاش تو دنیا داروں کے حال سے عبرت پکڑتا کہ وہ میدانِ حشر میں حساب میں پکڑے ہوئے ہوں گے اور تو پہلے ہی زمرے میں حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جنت میں چلا جاتا، کہ نہ تو میدانِ حشر میں روکا جاتا نہ تجھ پر لمبا چوڑا حساب ہوتا۔ اس لئے کہ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ میری اُمت کے فقراء ان کے مالداروں سے پانچ سو برس پہلے جنت میں جائیں گے۔ (1)

(۵۵) حضرت عبدالواحد بن زیدؒ (جو مشائخ چشتیہ کے سلسلہ میں مشہور بزرگ ہیں) فرماتے ہیں کہ ہم لوگ ایک مرتبہ کشتی میں سوار جا رہے تھے۔ ہوا کی گردش نے ہماری کشتی کو ایک جزیرہ میں پہنچا دیا۔ ہم نے وہاں ایک آدمی کو دیکھا کہ ایک بت کو پوج رہا ہے۔ ہم نے اس سے پوچھا کہ تو کس کی پرستش کرتا ہے اُس نے اُس بت کی طرف اشارہ کیا۔ ہم نے کہا تیرا معبود خود تیرا بنایا ہوا ہے اور ہمارا معبود ایسی چیز بنا دیتا ہے جو اپنے ہاتھ سے بنایا ہوا ہو، وہ پوجنے کے لائق نہیں ہے۔ اُس نے کہا تم کس کی پرستش کرتے ہو۔ ہم نے کہا اُس پاک ذات کی جس کا عرش آسمان کے اوپر ہے اور اس کی گرفت زمین پر ہے اس کی عظمت اور بڑائی سب سے بالاتر ہے۔ کہنے لگا تمہیں اُس پاک ذات کا علم کس طرح ہوا ہم نے کہا اُس نے ایک رسول ﷺ (قاصد) ہمارے پاس بھیجا جو بہت

(1) روض۔

کریم اور شریف تھا۔ اُس رسول ﷺ نے ہمیں یہ سب باتیں بتائیں۔ اُس نے کہا وہ رسول ﷺ کہاں ہیں ہم نے کہا اُس نے جب پیام پہنچا دیا اور اپنا حق پورا کر دیا تو اُس مالک نے اُس کو اپنے پاس بلا لیا، تا کہ اس کے پیام پہنچانے اور اُس کو اچھی طرح پورا کر دینے کا صلہ وانعام عطا فرمائے۔ اُس نے کہا کہ اس رسول ﷺ نے تمہارے پاس کوئی علامت چھوڑی ہے؟ ہم نے کہا اُس مالک کی پاک کلام ہمارے پاس چھوڑی ہے۔ اُس نے کہا مجھے وہ کتاب دکھاؤ، ہم نے قرآن پاک لا کر اس کے سامنے رکھا۔ اُس نے کہا میں تو پڑھا ہوا نہیں ہوں تم اس میں سے مجھے کچھ سناؤ ہم نے ایک سورت سنائی وہ سنتے ہوئے روتا رہا۔ یہاں تک کہ وہ سورت پوری ہو گئی۔ اُس نے کہا اس پاک کلام والے کا حق یہی ہے کہ اس کی نافرمانی نہ کی جائے۔ اس کے بعد وہ مسلمان ہو گیا۔ ہم نے اس کو اسلام کے ارکان اور احکام بتائے اور چند سورتیں قرآنِ پاک کی سکھائیں۔ جب رات ہوئی عشاء کی نماز پڑھ کر ہم سونے لگے تو اُس نے پوچھا کہ تمہارا معبود بھی رات کو سوتا ہے۔ ہم نے کہا وہ پاک ذات حی قیوم ہے وہ نہ سوتا ہے، نہ اس کو اُونگ آتی ہے۔ (آیۃ الکرسی) وہ کہنے لگا تم کس قدر نالائق بندے ہو کہ آقا تو جاگتا رہے اور تم سو جاؤ ہمیں اس کی بات سے بڑی حیرت ہوئی۔ جب ہم اس جزیرے سے واپس ہونے لگے تو وہ کہنے لگا کہ مجھے بھی اپنے ساتھ ہی لے چلو تا کہ میں دین کی باتیں سیکھوں ہم نے اپنے ساتھ لے لیا۔ جب ہم شہر عبادان میں پہنچے تو میں نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ یہ شخص نو مسلم ہے اس کے لئے کچھ معاش کا فکر بھی چاہیے۔ ہم نے کچھ درہم چندہ کئے اور اُس کو دینے لگے۔ اس نے پوچھا یہ کیا ہے۔ ہم نے کہا کچھ درہم ہیں ان کو تم اپنے خرچ میں لے آنا۔ کہنے لگا۔ لَآ اِلٰــہ اِلَّا اللّٰــہ تم لوگوں نے مجھے ایسا راستہ دکھایا جس پر خود بھی نہیں چلتے۔ میں ایک جزیرہ میں تھا ایک بت کی پرستش کرتا تھا۔ خدائے پاک کی پرستش بھی نہ کرتا تھا۔ اس نے اس حالت میں بھی مجھے ضائع اور ہلاک نہیں کیا حالانکہ میں اُس کو جانتا بھی نہ تھا پس وہ اس وقت مجھے کیونکر ضائع کر دے گا جب کہ میں اس کو پہچانتا بھی ہوں (اس کی عبادت بھی کرتا ہوں) تین دن کے بعد ہمیں معلوم ہوا کہ اُس کا آخری وقت ہے موت کے قریب ہے۔ ہم اس کے پاس گئے۔ اُس سے پوچھا کہ تیری کوئی حاجت ہو تو بتا۔ کہنے لگا میری تمام حاجتیں اُس پاک ذات نے پوری کر دیں جس نے تم لوگوں کو جزیرہ میں (میری ہدایت کے لئے بھیجا تھا) شیخ عبدالواحدؒ فرماتے ہیں کہ مجھ پر دفعۃً نیند کا غلبہ ہوا۔ میں وہیں سو گیا تو میں نے خواب میں دیکھا ایک نہایت سرسبز شاداب باغ ہے اس میں ایک نہایت نفیس قبہ بنا ہوا ہے اُس میں ایک تخت بچھا ہوا ہے اس تخت پر ایک نہایت حسین لڑکی کہ اُس جیسی خوبصورت عورت کبھی کسی نے نہ دیکھی ہوگی، یہ کہہ رہی ہے خدا کے واسطے اس کو جلدی بھیج

دو، اس کے اشتیاق میں میری بے قراری حد سے بڑھ گئی۔ میری جو آنکھ کھلی تو اس نو مسلم کی روح پرواز کر چکی تھی۔ ہم نے اس کی تجہیز و تکفین کی اور دفن کر دیا۔ جب رات ہوئی تو میں نے وہی باغ اور قبہ اور تخت پر وہ لڑکی اس کے پاس دیکھی اور وہ یہ آیت شریف پڑھ رہا تھا۔ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ الآیۃ (رعد۔ ع ۳) جس کا ترجمہ یہ ہے۔ اور فرشتے ان کے پاس ہر دروازے سے آتے ہوں گے اور ان کو سلام کرتے ہوں گے (جو ہر قسم کی آفت سے سلامتی کا مژدہ ہے اور یہ) اس وجہ سے کہ تم نے صبر کیا تھا (اور دین پر مضبوط جمے رہے) پس اس جہان میں تمہارا انجام بہت بہتر ہے۔ ❶

حق تعالیٰ شانہٗ کی عطا اور بخشش کے کرشمے ہیں کہ ساری عمر بت پرستی کی اور اس نے اپنے لطف و کرم سے موت کے قریب ان لوگوں کو زبردستی کشتی کے بے قابو ہو جانے سے وہاں بھیجا اور اس کو آخرت کی دولت سے مالا مال کر دیا۔

اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ

مالک الملک جس کو تُو دینا چاہے اس کو کوئی روکنے والا نہیں ہے اور جسکو تُو نہ چاہے اُس کو کوئی دینے والا نہیں۔

(۵۶) حضرت مالک بن دینارؒ ایک مرتبہ بصرہ کی گلیوں میں جا رہے تھے۔ راستہ میں ایک باندی ایسے جاہ و جلال حشم و خدم کے ساتھ جا رہی تھی جیسا کہ بادشاہوں کی باندیاں ہوتی ہیں۔ حضرت مالکؒ نے اُس کو دیکھا تو آواز دے کر فرمایا کہ اے باندی تجھے تیرا مالک فروخت کرتا ہے یا نہیں۔ وہ باندی اس فقرے کو سن کر (حیران رہ گئی) کہنے لگی کیا کہا پھر کہو۔ انھوں نے پھر ارشاد فرمایا اس نے کہا اگر وہ فروخت بھی کرے تو کیا تجھ جیسا فقیر خرید سکتا ہے۔ فرمانے لگے ہاں اور تجھ سے بہتر کو خرید سکتا ہے وہ باندی یہ سُن کر ہنس پڑی اور اپنے خدام کو حکم دیا اس فقیر کو پکڑ کر ہمارے ساتھ لے چلو (ذرا مذاق ہی رہے گا) خدام نے پکڑ کر ساتھ لے لیا۔ وہ جب گھر واپس پہنچی تو اُس نے اپنے آقا سے یہ قصہ سنایا وہ بھی سن کر بہت ہنسا اور ان کو اپنے سامنے لانے کا حکم دیا۔ جب یہ سامنے پیش کئے گئے تو اس آقا کے دل پر ایک ہیبت سی اُن کی چھا گئی وہ کہنے لگا آپ کیا چاہتے ہیں؟ انھوں نے فرمایا کہ تُو اپنی باندی میرے ہاتھ فروخت کر دے۔ اُس نے پوچھا کہ آپ اس کی قیمت دے سکتے ہیں؟ اس پر حضرت مالکؒ نے فرمایا کہ میرے نزدیک اس کی قیمت کھجور کی دو (۲) بھیجی ہوئی گٹھلیاں ہیں۔ یہ سن کر سب ہنسنے لگے۔ اُس نے پوچھا کہ تم نے یہ قیمت کس مناسبت سے تجویز کی

❶ روض۔

انھوں نے فرمایا کہ اس میں عیب بہت ہیں۔ اُس نے پوچھا کہ اس میں کیا کیا عیب ہیں؟ فرمانے لگے اگر عطر نہ لگائے تو بدن میں سے بُو آنے لگے، اگر دانت صاف نہ کرے تو منہ سے سڑاہند آنے لگے، اگر بالوں میں تیل کنگھی نہ کرے تو وہ پریشان حال ہوجائیں جوئیں ان میں پڑ جائیں (اور سَر میں بُو آنے لگے) ذرا عمر زیادہ ہوجائے گی تو بوڑھی بن جائے گی (منہ لگانے کے بھی قابل نہ رہے گی) حیض اس کو آتا ہے پیشاب پاخانہ یہ کرتی ہے۔ ہر قسم کی گندگیاں (تھوک، سنک رال ناک کے چوہے وغیرہ) اس میں سے نکلتے رہتے ہیں۔ غم مصیبتیں اس کو پیش آتی رہتی ہیں۔ خود غرض اتنی ہے کہ محض اپنی غرض سے تجھ سے محبت ظاہر کرتی ہے۔ محض اپنی راحت و آرام کی وجہ سے تجھ سے اُلفت جتاتی ہے (آج کوئی تکلیف تجھ سے پہنچ جائے، ساری محبت ختم ہوجائے) انتہائی بے وفا کوئی قول وقرار پورا نہ کرے۔ اس کی ساری محبت جھوٹی ہے۔ کل کو تیرے بعد کسی دوسرے کے پہلو میں بیٹھے گی تو اُس سے بھی ایسی ہی محبت کے دعوے کرنے لگے گی۔ میرے پاس اس سے ہزار درجے بہتر باندی ہے جو اس سے نہایت کم قیمت ہے۔ وہ کافور کے جوہر سے بنی ہوئی ہے۔ مُشک اور زعفران کی ملاوٹ سے پیدا کی گئی ہے۔ اس پر موتی اور نور لپیٹا گیا ہے۔ اگر کھارے پانی میں اس کا آب دہن ڈال دیا جائے تو وہ میٹھا ہوجائے اور مُردے سے اگر وہ بات کرے تو وہ زندہ ہوجائے اگر اس کی کلائی آفتاب کے سامنے کردی جائے تو آفتاب بے نور ہوجائے گہن ہوجائے اگر وہ اندھیرے میں آجائے تو سارا گھر روشن ہوجائے، چمک جائے۔ اگر وہ دنیا میں اپنی زیب وزینت کے ساتھ آجائے تو سارا جہان معطر ہوجائے چمک جائے اس باندی نے مشک وزعفران کے باغوں میں پرورش پائی ہے، یاقوت اور مرجان کی ٹہنیوں میں کھیلی ہے۔ ہر طرح کی نعمتوں کے خیمہ میں اس کا محل سرائے ہے۔ تسنیم (جو جنت کی نہروں میں سے ایک نہر ہے) کا پانی پیتی ہے۔ کبھی وعدہ خلافی نہیں کرتی، اپنی محبت کو نہیں بدلتی (ہرجائی نہیں ہے) اب تم ہی بتاؤ کہ قیمت خرچ کرنے کے اعتبار سے کون سی باندی زیادہ موزوں ہے۔ سب نے کہا وہی باندی جس کی آپ نے خبر دی۔ آپ نے فرمایا کہ اس باندی کی قیمت ہر وقت، ہر نماز میں، ہر زمانہ میں، ہر شخص کے پاس موجود ہے لوگوں نے پوچھا کہ اس کی قیمت کیا ہے۔ آپ نے فرمایا اتنی بڑی اہم اور عالیشان چیز کے خریدنے کے لئے بہت معمولی قیمت ادا کرنی پڑتی ہے اور وہ یہ ہے کہ رات کا تھوڑا سا وقت فارغ کرکے صرف اللہ جل شانہٗ کے لئے کم از کم دو ۲ رکعت تہجد کی پڑھ لی جائیں اور جب تم کھانا کھانے بیٹھو تو کسی غریب محتاج کو بھی یاد کرلو اور اللہ جل شانہٗ کی رضا کو اپنی خواہشات پر غالب کردو۔ راستہ میں کوئی تکلیف دینے والی چیز کانٹا اینٹ وغیرہ پڑی دیکھو اس کو ہٹادو۔ دنیا کی زندگی کو معمولی

اخراجات کے ساتھ پورا کردو اور اپنا فکر و غم اس دھوکے کے گھر سے ہٹا کر ہمیشہ رہنے والے گھر کی طرف لگا دو۔ ان چیزوں پر اہتمام کرنے سے تم دنیا میں عزت کی زندگی گذارو گے آخرت میں بے فکر اور اعزاز و اکرام کے ساتھ پہنچو گے اور جنت جو نعمتوں کا گھر ہے اس میں اللہ جل شانہٗ رب العزت کے پڑوس میں ہمیشہ ہمیشہ رہو گے۔ اس باندی کے آقا نے باندی سے خطاب کر کے پوچھا کہ تُو نے شیخ کی باتیں سن لیں یہ سچ ہیں یا نہیں؟ باندی نے کہا بالکل سچ ہیں۔ شیخ نے بڑی نصیحت اور خیر خواہی اور بھلائی کی بات بتائی ہے۔ آقا نے کہا کہ اچھا تو تُو اب آزاد ہے اور اتنا سامان تیری نذر ہے اور اپنے سب غلاموں سے کہا کہ تم بھی سب آزاد اور میرے مال میں سے اتنا اتنا مال تمہاری نذر ہے اور میرا یہ گھر اور جو کچھ مال اس میں ہے سب اللہ تعالیٰ کی راہ میں صدقہ ہے اور گھر کے دروازے پر ایک موٹے سے کپڑے کا پردہ پڑا ہوا تھا اس کو اُتار کر اپنے بدن پر لپیٹ لیا اور اپنا سارا لباس فاخرہ اُتار کر صدقہ کر دیا اس باندی نے کہا کہ میرے آقا تمہارے بعد میرے لئے بھی یہ زندگی اب خوشگوار نہیں ہے اور اس نے بھی ایک موٹا سا کپڑا پہن کر اپنا سارا زیب و زینت کا لباس اور اپنا سارا مال و متاع صدقہ کر کے آقا کے ساتھ ہی ہولی، اور مالک بن دینارؒ اُن کو دعائیں دیتے ہوئے ان سے رخصت ہو گئے اور وہ دونوں اس سارے عیش و عشرت کو طلاق دے کر اللہ کی عبادت میں مشغول ہو گئے اور اسی حالت میں ان کا انتقال ہو گیا۔ غَفَرَ اللّٰہُ لَنَا وَلَھُمْ (روض)

(۵۷) جعفر بن سلیمانؒ کہتے ہیں کہ حضرت مالک بن دینارؒ کے ساتھ ایک دفعہ بصرہ میں چل رہا تھا۔ ایک عالی شان محل پر گذر ہوا جس کی تعمیر جاری تھی اور ایک نوجوان بیٹھا ہوا معماروں کو ہدایات دے رہا تھا کہ یہاں یہ بنے گا، وہاں اس طرح بنے گا۔ مالک بن دینار اس نوجوان کو دیکھ کر فرمانے لگے کہ یہ شخص کیسا حسین نوجوان ہے اور کس چیز میں پھنس رہا ہے اس کو اس تعمیر میں کیسا انہماک ہے۔ میری طبیعت پر یہ تقاضا ہے کہ میں اللہ جل شانہٗ سے اس نوجوان کے لئے دعا کروں کہ وہ اس کو اس جھگڑے سے چھڑا کر اپنا مخلص بندہ بنا لے، کیسا اچھا ہو اگر یہ جنت کے نوجوانوں میں بن جائے۔ جعفر اس نوجوان کے پاس چلیں۔ جعفرؒ کہتے ہیں کہ ہم دونوں اُس نوجوان کے پاس گئے اُس کو سلام کیا۔ اس نے سلام کا جواب دیا (وہ مالک سے واقف تھا) مگر مالک کو پہچانا نہیں تھوڑی دیر میں پہچانا تو کھڑا ہو گیا اور کہنے لگا کیسے تشریف آوری ہوئی؟ مالکؒ نے فرمایا کہ تم نے اپنے اس مکان میں کس قدر روپیہ لگانے کا ارادہ کیا ہے اس نے کہا ایک لاکھ درہم مالکؒ نے فرمایا کہ تم یہ ایک لاکھ درہم مجھے دے دو تو میں تمہارے لئے جنت میں ایک مکان کا ذمہ لیتا ہوں، جو اس سے بدر جہا بہتر ہوگا اور اُس میں حشم و خدم بہت سے ہوں گے۔ اس میں خیمے اور قبے سُرخ یاقوت کے

ہوں گے جن پر موتی جڑے ہوئے ہوں گے اس کی مٹی زعفران کی ہوگی اس کا گارا مشک سے بنا ہوگا جس کی خوشبو مہکتی ہوگی وہ کبھی نہ پرانا ہوگا، نہ ٹوٹے گا، اس کو معمار نہیں بنائیں گے بلکہ حق تعالیٰ شانہ کے امر کن سے تیار ہو جائے گا۔ اس نوجوان نے کہا مجھے سوچنے کے لئے آج رات کو مہلت دیجئے۔ کل صبح تشریف لائیں، تو میں اس کے متعلق اپنی رائے عرض کروں گا۔ حضرت مالکؒ واپس چلے آئے اور رات بھر اس نوجوان کے فکر اور سوچ میں رہے۔ آخر شب میں اس کے لئے بہت عاجزی سے دعا کی۔ جب صبح ختم ہوئی تو ہم دونوں اُس کے مکان پر گئے۔ وہ نوجوان دروازے سے باہر ہی انتظار میں بیٹھا تھا اور جب حضرت مالکؒ کو دیکھا تو بہت خوش ہوا حضرت مالکؒ نے فرمایا تمہاری کل کی بات میں کیا رائے ہے۔ اُس نوجوان نے کہا کہ آپ اس چیز کو پورا کریں گے جس کا کل آپ نے وعدہ فرمایا تھا حضرت مالکؒ نے فرمایا ضرور۔ اُس نے دراہم کے توڑے سامنے لا کر رکھ دیئے اور دوات قلم لا کر رکھ دیا۔ حضرت مالکؒ نے ایک پرچہ لکھا جس میں بسم اللہ الرحمن الرحیم کے بعد لکھا کہ یہ قرارنامہ ہے کہ مالک بن دینارؒ نے فلاں شخص سے اس کا ذمہ لیا ہے کہ اس کے اس محل کے بدلے میں حق تعالیٰ شانہ کے یہاں اس کو ایسا ایسا محل جس کی صفت اوپر بیان کی گئی جو جو صفات اُس مکان کے اوپر گذریں وہ سب لکھنے کے بعد لکھا ملے گا بلکہ اس سے بھی کہیں زیادہ عمدہ اور بہتر جو عمدہ سایہ میں حق تعالیٰ شانہ کے قریب ہوگا۔ یہ پرچہ لکھ کر اس کے حوالے کر دیا اور ایک لاکھ درہم اس سے لے کر چلے آئے جعفر کہتے ہیں کہ شام کو حضرت مالکؒ کے پاس اس میں سے اتنا بھی باقی نہ تھا کہ ایک وقت کے کھانے ہی کا کام چل سکے۔ اس واقعہ کو چالیس دن بھی نہ گذرے تھے کہ ایک دن حضرت مالکؒ جب صبح کی نماز سے فارغ ہوئے تو مسجد کی محراب میں ایک پرچہ پڑا دیکھا یہ وہی پرچہ تھا جو مالکؒ نے اس نوجوان کو لکھ کر دیا تھا اس کی پشت پر بغیر روشنائی کے لکھا ہوا تھا کہ اللہ جل شانہ کی طرف سے مالک بن دینارؒ کے ذمہ کی براءت ہے۔ جس مکان کا تم نے اس جوان سے ذمہ لیا تھا وہ ہم نے اس کو پورا پورا دے دیا اور اس سے ستر گنا زیادہ دے دیا۔ حضرت مالکؒ اس پرچہ کو پڑھ کر متحیر سے ہوئے۔ اس کے بعد ہم اس نوجوان کے مکان پر گئے تو وہاں مکان پر سیاہی کا نقشہ تھا (جو سوگ کی علامت کے طور پر لگایا ہوگا) اور رونے کی آوازیں آرہی تھیں۔ ہم نے پوچھا تو معلوم ہوا کہ اس نوجوان کا کل گذشتہ انتقال ہو گیا۔ ہم نے پوچھا کہ اُس کا غسلِ میت کس نے دیا تھا۔ اس کو بلایا گیا۔ ہم نے اس سے اُس کے نہلانے اور کفنانے کی کیفیت پوچھی۔ اس نے کہا کہ اُس نوجوان نے اپنے مرنے سے پہلے مجھے ایک پرچہ دیا تھا اور یہ کہا تھا کہ جب تو مجھے نہلا کر کفن پہنائے تو یہ پرچہ اس میں رکھ دینا میں نے اس کو نہلایا، کفنایا اور وہ

پرچہ اس کے کفن کے اور بدن کے درمیان میں رکھ دیا۔ حضرت مالکؒ نے وہ پرچہ اپنے پاس سے نکال کر اس کو دکھایا وہ کہنے لگا کہ یہ وہی پرچہ ہے۔ قسم ہے اس ذات کی جس نے اس کو موت دی یہ پرچہ میں نے خود اس کے کفن کے اندر رکھا تھا۔ یہ منظر دیکھ کر ایک دوسرا نوجوان اُٹھا اور کہنے لگا کہ مالکؒ آپ مجھ سے دولاکھ درہم لے لیجئے اور مجھے بھی پرچہ لکھ دیجئے۔ حضرت مالکؒ نے فرمایا کہ وہ بات دور چلی گئی اب نہیں ہوسکتا اللہ جل شانہٗ جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے۔ اس کے بعد جب بھی مالکؒ اس نوجوان کا ذکر فرماتے تو رونے لگتے اور اس کے لئے دعا کرتے تھے۔ ❶

بزرگوں کو اس قسم کے واقعات بہت کثرت سے پیش آتے ہیں کہ جوش میں کوئی بات زبان سے نکل گئی حق تعالیٰ شانہٗ اس کو اسی طرح پورا فرماتے ہیں۔ جس کو حضور اقدس ﷺ کے پاک ارشاد میں ان الفاظ سے نقل کیا گیا کہ بہت سے بکھرے ہوئے بالوں والے غبار آلودہ لوگ جن کو لوگ اپنے دروازے سے ہٹا دیں اور ان کی پروا بھی نہ کریں ایسے ہیں اگر اللہ جل شانہٗ پر کسی بات کی قسم کھا لیں تو وہ ان کی بات کو پورا کرے۔ ❷

(۵۸) محمد بن سماکؒ فرماتے ہیں کہ بنو امیہ کے لوگوں میں موسیٰ بن محمد بن سلیمان الہاشمی بہت ہی ناز پروردہ رئیس تھا دل کی خواہشات پوری کرنے میں ہر وقت منہمک رہتا۔ پینے میں، لباس میں، لہو ولعب میں، خواہشات اور لذات کی ہر نوع میں اعلیٰ درجہ تھا، لڑکے لڑکیوں میں ہر وقت منہمک رہتا، نہ اس کو کوئی غم تھا نہ فکر، خود بھی نہایت ہی حسین چاند کے ٹکڑے کی طرح سے تھا، اللہ تعالیٰ کی ہر نوع کی دنیوی نعمت اس پر پوری تھی۔ اس کی آمدنی تین لاکھ تین ہزار دینار (اشرفیاں) سالانہ تھی جو ساری کی ساری اسی لہو ولعب میں خرچ ہوتی تھی ایک اونچا بالا خانہ تھا جس میں کئی کھڑکیاں تو شارعِ عام کی طرف کھلی ہوئی تھیں جن پر بیٹھ کر وہ راستہ چلنے والوں کے نظارے کرتا اور کئی کھڑکیاں دوسری جانب باغ کی طرف کھلی ہوئی تھیں جن میں بیٹھ کر وہ باغ کی ہوائیں کھاتا، خوشبوئیں سونگھتا، اس بالا خانہ میں ایک ہاتھی دانت کا قبہ تھا، جو چاندی کی میخوں سے جڑا ہوا تھا اور سونے کا اس پر جھول تھا، اس کے اندر ایک تخت تھا جس پر موتیوں کی چادر تھی اور اس ہاشمی کے سر پر موتیوں کا جڑاؤ عمامہ تھا، اُس قبہ میں اس کے یار احباب جمع رہتے خدام ادب سے پیچھے کھڑے رہتے، سامنے ناچنے گانے والیاں قبہ سے باہر مجتمع رہتیں، جب گانا سننے کو دل چاہتا وہ ستار کی طرف ایک نظر اُٹھاتا اور سب حاضر ہو جاتیں اور جب بند کرنا چاہتا ہاتھ سے ستار کی طرف اشارہ کر دیتا گانا بند ہو جاتا، رات کو ہمیشہ جب تک نیند نہ آتی یہی شغل رہتا اور جب (شراب کے نشہ سے) اس کی عقل جاتی رہتی یارانِ مجلس

❶ روض ❷ مسلم شریف۔

اُٹھ کر چلے جاتے وہ جونسی لڑکی چاہتا پکڑ لیتا اور رات بھر اس کے ساتھ خلوت کرتا، صبح کو وہ شطرنج چوسر وغیرہ میں مشغول ہو جاتا، اس کے سامنے کوئی رنج وغم کی بات کسی کی موت کسی کی بیماری کا تذکرہ بالکل نہ آتا، اس کی مجلس میں ہر وقت ہنسی اور خوشی کی باتیں ہنسانے والے قصے اور اسی قسم کے تذکرے رہتے۔ ہر دن نئی نئی خوشبوئیں جو اُس زمانہ میں کہیں ملتیں وہ روزانہ اس کی مجلس میں آتیں عمدہ عمدہ خوشبوؤں کے گلدستے وغیرہ حاضر کئے جاتے۔ اسی حالت میں اس کے ستائیس ۲۷ برس گذرے۔ ایک رات کو وہ حسب معمول اپنے قبہ میں تھا دفعۃً اس کے کان میں ایک ایسی سُریلی آواز پڑی جو اس کے گانے والوں کی آواز سے بالکل جدا تھی لیکن بڑی دل کش تھی اس آواز نے کان میں پڑتے ہی اس کو بے چین سا کر دیا۔ اپنے گانے والوں کو بند کر دیا اور قبہ کی کھڑکی سے باہر سر نکال کر اس آواز کو سننے لگا وہ آواز کبھی کان میں پڑ جاتی کبھی بند، بالآخر اس نے اپنے خدام کو حکم دیا کہ یہ آواز جس شخص کی آ رہی ہے اس کو پکڑ کے لاؤ۔ شراب کا دور چل رہا تھا، خدام جلدی سے اس آواز کی طرف دوڑے اور اس آواز کو تلاش کرتے کرتے ایک مسجد میں پہنچے جہاں ایک جوان نہایت ضعیف بدن زرد رنگ، گردن سوکھی ہوئی، ہونٹوں پر خشکی آئی ہوئی، بال پراگندہ پیٹ کمر سے لگا ہوا، دو ایسی چھوٹی چھوٹی لنگیاں اس کے بدن پر کہ ان سے کم میں بدن نہ ڈھک سکے مسجد میں کھڑا ہوا اپنے رب کے ساتھ مشغول تلاوت کر رہا ہے۔ یہ لوگ اس کو پکڑ کر لے گئے نہ اس سے کچھ کہا نہ بتایا ایک دم اس کو مسجد سے نکال کر وہاں بالا خانہ پر لے جا کر اس کے سامنے پیش کر دیا کہ حضور یہ حاضر ہے، وہ شراب کے نشہ میں کہنے لگا یہ کون شخص ہے۔ انہوں نے عرض کیا کہ حضور یہ وہی شخص ہے جس کی آواز آپ نے سنی تھی اس نے پوچھا کہ تم اس کو کہاں سے لائے ہو، وہ کہنے لگے حضور مسجد میں تھا کھڑا ہوا قرآن شریف پڑھ رہا تھا۔ اس رئیس نے اس فقیر سے پوچھا کہ تم کیا پڑھ رہے تھے اس نے اعوذ باللہ پڑھ کر یہ آیتیں بتائیں۔

اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِیْ نَعِیْمٍ ۝ عَلَی الْاَرَآئِكِ یَنْظُرُوْنَ ۝ تَعْرِفُ فِیْ وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِیْمِ ۝ یُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِیْقٍ مَّخْتُوْمٍ ۝ خِتٰمُهٗ مِسْكٌ ط وَفِیْ ذٰلِكَ فَلْیَتَنَافَسِ الْمُتَنٰفِسُوْنَ ۝ وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِیْمٍ ۝ عَیْنًا یَّشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُوْنَ ۝ (سورۂ تطفیف)

جن کا ترجمہ یہ ہے کہ بے شک نیک لوگ (جنت کی) بڑی نعمتوں میں ہوں گے مسہریوں پر بیٹھے ہوئے (جنت کے عجائب) دیکھتے ہوں گے۔ اے مخاطب تو ان کے چہروں پر نعمتوں کی شادابی، سرسبزی محسوس کرے گا اور ان کے پینے کیلئے خالص شراب سربمہر جس پر مشک کی مہر ہوگی

ملے گی (ایک دوسرے پر) حرص کرنے والوں کو ایسی ہی چیزوں میں حرص کرنا چاہیے جن سے یہ نعمتیں حاصل ہوں) اور اس شراب کی آمیزش تسنیم کے پانی سے ہوگی (شراب میں کوئی چیز ملائی جاتی ہے تو اس سے اس کا جوش زیادہ ہو جاتا ہے اور وہ تسنیم جنت کا) ایک ایسا چشمہ ہے جس سے مقرب لوگ پانی پیتے ہیں (یعنی اس چشمہ کا پانی مقرب لوگوں کو تو خالص ملے گا اور نیک لوگوں کی شراب میں اس میں سے تھوڑا سا ملا دیا جائے گا)۔ اس کے بعد اس فقیر نے کہا ارے دھوکے میں پڑے ہوئے تیرے اس محل کو تیرے اس بالا خانے کو تیرے ان فرشتوں کو ان سے کیا مناسبت وہ بڑی اونچی مسہریاں ہیں جن پر فرش بچھے ہوئے ہیں، ایسے فرش جو بہت بلند ہیں (الواقعہ۔ ع ۱) ان کے استر دبیز ریشم کے ہوں گے (الرحمٰن ع۔ ۳) وہ لوگ سبز مشجر اور عجیب وغریب خوبصورت کپڑوں پر تکیہ لگائے ہوئے ہیں (الرحمٰن۔ ع ۳) ان دونوں باغوں میں ہر قسم کے میوے کے دو دو قسمیں ہوں گی (کہ ایک ہی قسم کے میوے کے دو مزے ہوں گے (الرحمٰن۔ ع ۳) وہ دو میوے نہ ختم ہوں گے نہ ان کی کچھ روک ٹوک ہوگی (جیسا دنیا میں باغ والے توڑنے سے روکتے ہیں) (الواقعہ ع ۱) وہ لوگ پسندیدہ زندگی میں بہت بلند مقام پر جنت میں ہوں گے۔ (الحاقہ۔ ع ۱) ایسی عالی مقام جنت میں ہوں گے جہاں کوئی لغویات نہ سنیں گے اس میں بہتے ہوئے چشمے ہوں گے اور اس میں اونچے اونچے تخت بچھے ہوئے ہوں گے اور آبخورے رکھے ہوئے ہوں گے، اور برابر گدے لگے ہوئے ہوں گے، اور سب طرف قالین ہی قالین پھیلے ہوئے پڑے ہوں گے (کہ جہاں چاہیں بیٹھیں ساری ہی جگہ صدر نشین ہے (غاشیہ) وہ لوگ سایوں اور چشموں میں رہتے ہوں گے، (والمرسلات۔ ع ۲) اس جنت کے پھل ہمیشہ رہنے والے ہوں گے (کبھی ختم نہ ہوں گے) اس کا سایہ ہمیشہ رہنے والا ہوگا۔ یہ تو انجام ہے متقی لوگوں کا اور کافروں کا انجام دوزخ ہے (رعد۔ ع ۵) وہ کیسی سخت آگ ہوگی (اللہ تعالیٰ ہی محفوظ رکھے) بے شک مجرم لوگ جہنم کے عذاب میں ہمیشہ رہیں گے وہ عذاب کسی وقت بھی ان سے ہلکا نہ کیا جائے گا اور وہ لوگ اس میں مایوس پڑے رہیں گے (زخرف۔ ع ۶) بیشک مجرم لوگ بڑی گمراہی اور (حماقت کے) جنون میں پڑے ہوئے ہیں (ان کو اپنی حماقت اس دن معلوم ہوگی) جس دن منہ کے بل گھسیٹ کر جہنم میں پھینک دیئے جائیں گے (اور ان سے کہا جائے گا کہ) دوزخ کی آگ لگنے کا (اس میں جلنے کا) مزہ چکھو (قمر۔ ع ۱) مجرم آدمی اس بات کی تمنا کرے گا کہ اس دن کے عذاب سے چھوٹنے کے لئے اپنے بیٹوں کو، بیوی کو، بھائی کو، اور سارے کنبہ کو جن میں وہ رہتا تھا اور تمام روئے زمین کے آدمیوں کو اپنے فدیہ میں دیدے پر کسی طرح عذاب سے بچ جائے لیکن یہ ہرگز ہرگز نہ ہوگا۔ وہ آگ ایسی

شعلہ والی ہے کہ بدن کی کھال تک اتار دے گی اور وہ آگے ایسے شخص کو خود بُلائے گی۔ جس نے (دنیا میں حق سے) پیٹھ پھیری ہوگی اور (اللہ تعالیٰ کی اطاعت سے) بے رخی کی ہوگی اور (ناحق) مال جمع کیا ہوگا اور اس کو اٹھا کر حفاظت سے رکھا ہوگا (معارج۔ ع ۱) یہ شخص نہایت سخت مشقت میں ہوگا اور نہایت سخت عذاب میں اور اللہ تعالیٰ شانہٗ کے غصہ میں ہوگا اور یہ لوگ اس عذاب سے کبھی نکلنے والے نہیں ہوں گے (اس کلام میں اس فقیر نے جنت اور دوزخ کی بہت سی آیات کی طرف اشارہ کر دیا جن کی سورت اور رکوع کا حوالہ لکھ دیا گیا پوری آیات مترجم قرآن شریف سے دیکھی جاسکتی ہیں)

وہ ہاشمی رئیس فقیر کا کلام سن کر اپنی جگہ سے اٹھا اور فقیر سے معانقہ کیا اور خوب چلا کر رویا اور اپنے سب اہل مجلس کو کہہ دیا کہ تم سب چلے جاؤ اور فقیر کو ساتھ لے کر صحن میں گیا اور ایک بوریے پر بیٹھ گیا اور اپنی جوانی پر نوحہ کرتا رہا اپنی حالت پر روتا رہا اور فقیر اس کو نصیحت کرتا رہا یہاں تک کہ صبح ہوگئی۔ اس نے اپنے سب گناہوں سے اوّل فقیر کے سامنے توبہ کی اور اللہ تعالیٰ شانہٗ سے اس کا عہد کیا کہ آئندہ کبھی کوئی گناہ نہ کرے گا پھر دوبارہ دن میں سارے مجمع کے سامنے توبہ کی اور مسجد کا کونہ سنبھال کر اللہ تعالیٰ شانہٗ کی عبادت میں مشغول ہوگیا اور اپنا وہ سارا ساز و سامان مال و متاع سب فروخت کر کے صدقہ کر دیا اور تمام نوکروں کو موقوف کر دیا اور جتنی چیزیں ظلم و ستم سے لی تھیں سب اہل حقوق کو واپس کیں۔ غلام اور باندیوں میں سے بہت سے آزاد کئے، اور بہت سے فروخت کر کے ان کی قیمت صدقہ کر دی اور موٹا لباس اور جو کی روٹی اختیار کی، تمام رات نماز پڑھتا، دن کو روزہ رکھتا حتیٰ کہ بزرگ اور نیک لوگ اس کے پاس اس کی زیارت کو آنے لگے اور اتنا مجاہدہ اس نے شروع کر دیا کہ لوگ اس کو اپنے حال پر رحم کھانے کی اور مشقت میں کمی کرنے کی فرمائش کرتے اور اس کو سمجھاتے کہ حق تعالیٰ شانہ نہایت کریم ہیں، وہ تھوڑی محنت پر بہت زیادہ اجر فرماتے ہیں مگر وہ کہتا کہ دوستو میرا حال مجھی کو معلوم ہے۔ میں نے اپنے مولیٰ کی رات دن نافرمانیاں کی ہیں، بڑے سخت سخت گناہ کئے ہیں۔ یہ کہہ کر وہ رونے لگتا اور خوب روتا۔ اسی حالت میں ننگے پاؤں پیدل حج کو گیا۔ ایک موٹا کپڑا بدن پر تھا۔ ایک پیالہ اور ایک تھیلا صرف ساتھ تھا۔ اسی حالت میں مکہ مکرمہ پہنچا اور حج کے بعد وہاں قیام کر لیا وہیں انتقال ہوا۔ رحمة الله رحمة واسعة۔ مکہ کے قیام میں رات کو حطیم میں جا کر خوب روتا اور گڑگڑاتا اور کہتا کہ میرے مولیٰ میری کتنی خلوتیں ایسی گذر گئیں جن میں میں نے تیرا خیال بھی نہ کیا میں نے کتنے بڑے بڑے گناہوں سے تیرا مقابلہ کیا۔ میرے مولےٰ میری نیکیاں ساری جاتی رہیں۔ (کہ کچھ بھی نہ کمایا) اور میرے گناہ میرے ساتھ رہ گئے۔ ہلاکت ہے میرے لئے اس دن جس دن تجھ سے ملاقات ہوگی (یعنی مرنے کے بعد) میرے لئے ہلاکت

ہے یعنی بہت زیادہ ہلاکت ہے اس دن جس دن میرے اعمال نامے کھولے جائیں گے آہ وہ میری رسوائیوں سے بھرے ہوئے ہوں گے وہ میرے گناہوں سے پر ہوں گے، بلکہ تیری ناراضی سے مجھ پر ہلاکت اتر چکی ہے اور تیرا عتاب مجھ پر ہلاکت ہے جو تیرے ان احسانوں پر ہوگا جو ہمیشہ تو نے مجھ پر کئے اور تیری ان نعمتوں پر ہوگا جن کا ہمیشہ میں نے گناہوں سے مقابلہ کیا اور تو میری ساری حرکتوں کو دیکھ رہا تھا۔ میرے آقا تیرے سوا میرا کون ساٹھکانا ہے جہاں بھاگ کر چلا جاؤں تیرے سوا کون ایسا ہے جس سے التجا کروں۔ تیرے سوا کون ہے جس پر کسی قسم کا بھروسہ کروں۔ میرے آقا میں اس قابل ہرگز نہیں ہوں کہ تجھ سے جنت کا سوال کروں۔ البتہ محض تیرے کرم سے تیری عطا سے تیرے فضل سے اس کی تمنا کرتا ہوں کہ تو مجھ پر رحم فرمادے اور میرے گناہ معاف کردے۔

فَاِنَّكَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ...... ❶

(۵۹) ہارون رشید کا ایک بیٹا تھا جس کی عمر تقریباً سولہ سال کی تھی وہ بہت کثرت سے زاہدوں اور بزرگوں کی مجلس میں رہا کرتا تھا اور اکثر قبرستان چلا جاتا وہاں جا کر کہتا کہ تم لوگ ہم سے پہلے دنیا میں تھے دنیا کے مالک تھے لیکن اس دنیا نے تمہیں نجات نہ دی حتیٰ کہ تم قبروں میں پہنچ گئے۔ کاش مجھے کسی طرح خبر ہوتی کہ تم پر کیا گذر رہی ہے اور تم سے کیا کیا سوال و جواب ہوئے ہیں اور اکثر یہ شعر پڑھا کرتا۔

تزعني الجنائز كل يوم　　ويحزنني بكاء النائحات

مجھے جنازے ہر دن ڈراتے ہیں اور مرنے والوں پر رونے والیوں کی آوازیں مجھے غمگین رکھتی ہیں۔ ایک دن وہ اپنے باپ (بادشاہ) کی مجلس میں آیا۔ اس کے پاس وزراء امراء سب جمع تھے اور لڑکے کے بدن پر ایک کپڑا معمولی اور سر پر ایک لنگی بندھی ہوئی تھی۔ اراکین سلطنت آپس میں کہنے لگے کہ اس پاگل لڑکے کی حرکتوں نے امیر المؤمنین کو بھی دوسرے بادشاہوں کی نگاہ میں ذلیل کردیا۔ اگر امیر المؤمنین اس کو تنبیہ کریں تو شاید یہ اپنی اس حالت سے باز آجائے۔ امیر المؤمنین نے یہ بات سن کر اس سے کہا کہ بیٹا تو نے مجھے لوگوں کی نگاہ میں ذلیل کر رکھا ہے۔ اس نے یہ بات سن کر باپ کو تو کوئی جواب نہیں دیا لیکن ایک پرندو ہاں بیٹھا تھا اس کو کہا کہ اس ذات کا واسطہ جس نے تجھے پیدا کیا تو میرے ہاتھ پر آکر بیٹھ جا۔ وہ پرندو ہاں سے اڑ کر اس کے ہاتھ پر آکر بیٹھ گیا۔ پھر کہا اب اپنی جگہ چلا جا۔ وہ ہاتھ پر سے اڑ کر اپنی جگہ چلا گیا۔ اس کے بعد اس نے عرض کیا کہ ابا جان اصل میں آپ دنیا　　محبت کر رہے ہیں اس نے مجھے رسوا کر رکھا ہے۔ اب میں نے یہ ارادہ کرلیا ہے کہ

❶ روض۔

آپ سے جدائی اختیار کرلوں۔ یہ کہہ کر وہاں سے چل دیا اور ایک قرآن شریف صرف اپنے ساتھ لیا چلتے ہوئے ماں نے ایک بہت قیمتی انگوٹھی بھی اس کو دے دی۔ (کہ احتیاج کے وقت فروخت کر کے اس کو کام میں لائے) وہ یہاں سے چل کر بصرہ پہنچ گیا اور مزدوروں میں کام کرنے لگا۔ ہفتہ میں صرف ایک دن شنبہ کو مزدوری کرتا اور آٹھ دن تک وہ مزدوری کے پیسے خرچ کرتا اور آٹھویں دن پھر شنبہ کو مزدوری کر لیتا اور ایک درہم اور ایک دانق (یعنی درہم کا چھٹا حصہ) مزدوری لیتا۔ اس سے کم یا زیادہ نہ لیتا۔ ایک دانق روزانہ خرچ کرتا۔ ابو عامر بصریؒ کہتے ہیں کہ میری ایک دیوار گر گئی تھی اس کو بنوانے کے لئے میں کسی معمار کی تلاش میں نکلا (کسی نے بتایا ہوگا کہ یہ شخص بھی تعمیر کا کام کرتا ہے) میں نے دیکھا کہ نہایت خوبصورت لڑکا بیٹھا ہے۔ ایک زنبیل پاس رکھی ہے اور قرآن شریف دیکھ کر پڑھ رہا ہے میں نے اس سے پوچھا کہ لڑکے مزدوری کرو گے؟ کہنے لگا کیوں نہیں کریں گے مزدوری کے لئے تو پیدا ہی ہوئے ہیں۔ آپ بتائیں کیا خدمت مجھ سے لینی ہے؟ میں نے کہا گارے مٹی (تعمیر) کا کام لینا ہے۔ اس نے کہا کہ ایک درہم اور ایک دانق مزدوری ہوگی اور نماز کے اوقات میں کام نہیں کروں گا مجھے نماز کے لئے جانا ہوگا۔ میں نے اس کی دونوں شرطیں منظور کر لیں اور اس کو لا کر کام پر لگا دیا۔ مغرب کے وقت جب میں نے دیکھا تو اس نے دس آدمیوں کی بقدر کام کیا۔ میں نے اس کو مزدوری میں دو درہم دیئے۔ اس نے شرط سے زائد لینے سے انکار کر دیا اور ایک درہم اور ایک دانق لے کر چلا گیا۔ دوسرے دن میں پھر اس کی تلاش میں نکلا وہ مجھے کہیں نہ ملا میں نے لوگوں سے تحقیق کیا کہ ایسی ایسی صورت کا ایک لڑکا مزدوری کیا کرتا ہے کسی کو معلوم ہے کہ وہ کہاں ملے گا؟ لوگوں نے بتایا کہ وہ صرف شنبہ ہی کے دن مزدوری کرتا ہے اس سے پہلے تمہیں کہیں نہیں ملے گا۔ مجھے اس کے کام کو دیکھ کر ایسی رغبت ہوئی کہ میں نے آٹھ دن کو اپنی تعمیر بند کر دی اور شنبہ کے دن اس کی تلاش میں نکلا وہ اسی طرح بیٹھا قرآن شریف پڑھتا ہوا ملا میں نے سلام کیا اور مزدوری کرنے کو پوچھا۔ اس نے وہی پہلی دو شرطیں بیان کیں۔ میں نے منظور کر لیں۔ وہ میرے ساتھ آ کر کام میں لگ گیا۔ مجھے اس پر حیرت ہو رہی تھی کہ پچھلے شنبہ کو اس اکیلے نے دس آدمیوں کا کام کس طرح کر لیا۔ اس لئے اس مرتبہ میں نے اسی طرح چھپ کر کہ وہ مجھے نہ دیکھے اس کے کام کرنے کا طریق دیکھا تو یہ منظر دیکھا کہ وہ ہاتھ میں گارا لے کر دیوار پر ڈالتا ہے اور پتھر اپنے آپ ہی ایک دوسرے کے ساتھ جڑتے چلے جاتے ہیں۔ مجھے یقین ہو گیا کہ یہ کوئی اللہ کا ولی ہے اور اللہ کے اولیاء کے کاموں کی غیب سے مدد ہوتی ہی ہے۔ جب شام ہوئی تو میں نے اس کو تین درہم دینا چاہے۔ اس نے لینے سے انکار کر دیا۔ کہ میں اتنے درہم کیا کروں گا اور ایک درہم اور

ایک دانق لے کر چلا گیا۔ میں نے ایک ہفتہ پھر انتظار کیا اور تیسرے شنبہ کو پھر میں اس کی تلاش میں نکلا مگر وہ مجھے نہ ملا میں نے لوگوں سے تحقیق کیا۔ ایک شخص نے بتایا کہ وہ تین دن سے بیمار ہے۔ فلاں ویرانہ جنگل میں پڑا ہے میں نے ایک شخص کو اجرت دے کر اس پر راضی کیا کہ وہ مجھے اس جنگل میں پہنچا دے۔ وہ مجھے ساتھ لے کر اس جنگل ویران میں پہنچا تو میں نے دیکھا کہ وہ بیہوش پڑا ہے آدھی اینٹ کا ٹکڑا سر کے نیچے رکھا ہوا ہے۔ میں نے اس کو سلام کیا اس نے جواب نہ دیا میں نے دوسری مرتبہ سلام کیا تو اس نے (آنکھ کھولی اور) مجھے پہچان لیا۔ میں نے جلدی سے اس کا سر اینٹ پر سے اٹھا کر اپنی گود میں رکھ لیا۔ اس نے سر ہٹا لیا اور چند شعر پڑھے جن میں سے دو یہ ہیں۔

یا صاحبی لا تغتر و بتنعم فالعمر ینفد والنعیم یزول

واذا حملت علی القبور جنازۃ فاعلم بانك بعدھا محمول

میرے دوست دنیا کی نعمتوں سے دھوکے میں نہ پڑ عمر ختم ہوتی جارہی ہے اور یہ نعمتیں سب ختم ہوجائیں گی جب تو کوئی جنازہ لے کر قبرستان میں جائے تو یہ سوچتا رہا کر کہ تیرا بھی ایک دن اسی طرح جنازہ اٹھایا جائے گا۔

اس کے بعد اس نے مجھ سے کہا کہ ابو عامر جب میری روح نکل جائے تو مجھے نہلا کر میرے اسی کپڑے میں مجھے کفن دے دینا۔ میں نے کہا میرے محبوب اس میں کیا حرج ہے کہ میں تیرے کفن کے لئے نئے کپڑے لے آؤں۔ اس نے جواب دیا کہ نئے کپڑوں کے لئے زندہ لوگ زیادہ مستحق ہیں (یہ جواب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا جواب ہے۔ انہوں نے بھی اپنے وصال کے وقت یہی فرمائش کی تھی کہ میری انہی چادروں میں کفن دے دینا اور جب ان سے نئے کپڑے کی اجازت چاہی گئی تو انہوں نے یہی جواب دیا تھا) لڑکے نے کہا کہ کفن تو (پرانا ہو یا نیا بہر حال) بوسیدہ ہو جائے گا آدمی کے ساتھ تو صرف اس کا عمل ہی رہتا ہے اور یہ میری لنگی اور لوٹا قبر کھودنے والے کو مزدوری میں دے دینا اور یہ انگوٹھی اور قرآن شریف ہارون رشید تک پہنچا دینا، اور اس کا خیال رکھنا کہ خود انہیں کے ہاتھ میں دینا اور یہ کہہ کر دینا کہ ایک پردیسی لڑکے کی یہ میرے پاس امانت ہے اور وہ آپ سے یہ کہہ گیا ہے کہ ایسا نہ ہو کہ اسی غفلت اور دھوکے کی حالت میں آپ کی موت آجائے۔ یہ کہہ کر اس کی روح نکل گئی۔ اس وقت مجھے معلوم ہوا کہ یہ لڑکا شہزادہ تھا۔ اس کے انتقال کے بعد اس کی وصیت کے موافق میں نے اس کو دفن کر دیا اور دونوں چیزیں گورکن کو دیدیں اور قرآن پاک اور انگوٹھی لے کر بغداد پہنچا اور قصر شاہی کے قریب گیا تو بادشاہ کی سواری نکل رہی تھی۔ میں ایک اونچی جگہ کھڑا ہوگیا۔ اول ایک بہت بڑا لشکر نکلا جس میں تقریباً ایک ہزار گھوڑے سوار تھے۔ اس کے

بعد اسی طرح یکے بعد دیگرے دس لشکر نکلے۔ ہر ایک میں تقریباً ایک ہزار سوار تھے۔ دسویں جتھے میں خود امیر المؤمنین بھی تھے۔ میں نے زور سے آواز دے کر کہا کہ اے امیر المؤمنین آپ کو حضور اقدس ﷺ کی قرابت رشتہ داری کا واسطہ ذرا سا توقف کر لیجئے میری آواز پر انہوں نے مجھے دیکھا تو میں نے جلدی سے آگے بڑھ کر کہا کہ میرے پاس ایک پردیسی لڑکے کی یہ امانت ہے جس نے مجھے یہ وصیت کی تھی کہ یہ دونوں چیزیں آپ تک پہنچا دوں۔ بادشاہ نے ان کو دیکھ کر (پہچان لیا) تھوڑی دیر سر جھکایا۔ ان کی آنکھ سے آنسو جاری ہو گئے اور ایک دربان سے کہا کہ اس آدمی کو اپنے ساتھ رکھو جب میں واپسی پر بلاؤں تو میرے پاس پہنچا دینا۔ جب وہ باہر سے واپسی مکان پر پہنچے تو محل کے پردے گروا کر دربان سے فرمایا اس شخص کو بلا کر لاؤ اگرچہ وہ میرا غم تازہ ہی کرے گا۔ دربان میرے پاس آیا اور کہنے لگا کہ امیر المؤمنین نے بلایا ہے۔ اور اس کا خیال رکھنا کہ امیر پر صدمہ کا بہت اثر ہے اگر تم دس باتیں کرنا چاہتے ہو تو پانچ ہی پر اکتفا کرنا۔ یہ کہہ کر وہ مجھے امیر کے پاس لے گیا۔ اس وقت امیر بالکل تنہا بیٹھے تھے مجھ سے فرمایا کہ میرے قریب آ جاؤ میں قریب جا کر بیٹھ گیا۔ کہنے لگے کہ تم میرے اس بیٹے کو جانتے ہو میں نے کہا جی ہاں میں ان کو جانتا ہوں کہنے لگے وہ کیا کام کرتا تھا میں نے کہا کہ گارے مٹی کی مزدوری کرتے تھے کہنے لگے تم نے بھی مزدوری پر کوئی کام اس سے کرایا ہے۔ میں نے کہا کرایا ہے۔ کہنے لگے تمہیں اس کا خیال نہ آیا کہ اس کی حضور اقدس ﷺ سے قرابت تھی (کہ یہ حضرات حضور ﷺ کے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی اولاد ہیں) میں نے کہا امیر المؤمنین پہلے اللہ جل شانہٗ سے معذرت چاہتا ہوں اس کے بعد آپ سے عذر خواہ ہوں مجھے اس وقت اس کا علم ہی نہ تھا کہ یہ کون ہیں؟ مجھے ان کے انتقال کے وقت ان کا حال معلوم ہوا کہنے لگے کہ تم نے اپنے ہاتھ سے اس کو غسل دیا۔ میں نے کہا جی ہاں۔ کہنے لگے اپنا ہاتھ لاؤ۔ میرا ہاتھ لے کر اپنے سینے پر رکھ دیا اور چند شعر پڑھے جن کا ترجمہ یہ ہے۔

اے وہ مسافر جس پر میرا دل پگھل رہا ہے اور میری آنکھیں اس پر آنسو بہا رہی ہیں۔ اے وہ شخص جس کا مکان (قبر) دور ہے لیکن اس کا غم میرے قریب ہے۔ بے شک موت ہر اچھے سے اچھے عیش کو مکدر کر دیتی ہے۔ وہ مسافر ایک چاند کا ٹکڑا تھا (یعنی اس کا چہرہ) جو خالص چاندی کی ٹہنی پر تھا (یعنی اس کے بدن پر) پس چاند کا ٹکڑا بھی قبر میں پہنچ گیا اور چاندی کی ٹہنی بھی قبر میں پہنچ گئی۔

اس کے بعد ہارون رشید نے بصرہ اس کی قبر پر جانے کا ارادہ کیا۔ ابو عامرؒ ساتھ تھے اس کی قبر پر پہنچ کر ہارون رشید نے چند شعر پڑھے جن کا ترجمہ یہ ہے۔

اے وہ مسافر جو اپنے سفر سے کبھی بھی نہ لوٹے گا۔ موت نے کم عمری ہی کے زمانے میں اس کو

جلدی سے اچک لیا۔ اے میری آنکھوں کی ٹھنڈک تو میرے لئے انس اور دل کا چین تھا۔ لانبی راتوں میں بھی اور مختصر راتوں میں بھی تو نے موت کا وہ پیالہ پیا ہے جس کو عنقریب تیرا بوڑھا باپ بڑھاپے کی حالت میں پیئے گا، بلکہ دنیا کا ہر آدمی اس کو پیئے گا وہ جنگل کا رہنے والا ہو، یا شہر کا رہنے والا ہو پس سب تعریفیں اسی وحدہٗ لاشریک لہٗ کے لئے ہیں جس کی لکھی ہوئی تقدیر کے یہ کرشمے ہیں۔

ابو عامرؒ کہتے ہیں کہ اس کے بعد جو رات آئی تو جب میں اپنے وظائف پورے کر کے لیٹا ہی تھا کہ میں نے خواب میں ایک نور کا قبہ دیکھا جس کے اوپر ابر کی طرح نور ہی نور پھیل رہا ہے اس نور کے ابر میں سے اس لڑکے نے مجھے آواز دے کر کہا۔ ابو عامر تمہیں حق تعالےٰ شانہٗ جزائے خیر عطا فرمائے (تم نے میری تجہیز و تکفین کی اور میری وصیت پوری کی) میں نے اس سے پوچھا کہ میرے پیارے تیرا کیا حال گذرا۔ کہنے لگا کہ میں ایسے مولیٰ کی طرف پہنچا ہوں جو بہت کریم ہے اور مجھ سے بہت راضی ہے مجھے اس مالک نے وہ چیزیں عطا کیں جو نہ کبھی کسی آنکھ نے دیکھیں نہ کان نے سنیں نہ کسی آدمی کے دل پر ان کا خیال گذرا۔ (یہ ایک حدیث پاک کا مضمون ہے۔ حضور اقدس ﷺ ارشاد فرماتے ہیں کہ اللہ جل جلالہٗ کا پاک ارشاد ہے کہ میں نے اپنے نیک بندوں کے لئے ایسی چیزیں تیار کر رکھی ہیں جو نہ کسی آنکھ نے کبھی دیکھیں، نہ کان نے سنیں، نہ کسی کے دل پر ان کا خیال گذرا۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ توراۃ میں لکھا ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ نے ان لوگوں کے لئے جن کے پہلو رات کو خواب گاہوں سے دور رہتے ہیں (یعنی تہجد گذاروں کے لئے) وہ چیزیں تیار کر رکھی ہیں جن کو نہ کسی آنکھ نے دیکھا، نہ کان نے سنا، نہ کسی آدمی کے دل پر ان کا خیال گذرا نہ ان کو کوئی مقرب فرشتہ جانتا ہے نہ کوئی نبی رسول جانتا ہے اور یہ مضمون قرآن پاک میں بھی ہے۔

فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ (سورۂ سجدہ ع ۲)

کسی شخص کو خبر نہیں جو جو آنکھوں کی ٹھنڈک کا سامان ایسے لوگوں کے لئے خزانہ غیب میں موجود ہے (درمنثور) اس کے بعد اس لڑکے نے کہا کہ حق تعالیٰ شانہٗ نے قسم کھا کر فرمایا ہے کہ جو بھی دنیا سے اس طرح نکل آئے جیسا میں نکل آیا اس کے لئے یہی اعزاز اور اکرام ہیں جو میرے لئے ہوئے۔

صاحب روض کہتے ہیں کہ یہ سارا قصہ مجھے اور طریقہ سے بھی پہنچا ہے اس میں یہ بھی ہے کہ کسی شخص نے ہارون رشید سے اس لڑکے کے متعلق سوال کیا تو انہوں نے بتایا کہ میرے بادشاہ ہونے سے پہلے یہ لڑکا پیدا ہوا تھا۔ بہت اچھی تربیت پائی تھی قرآن پاک بھی پڑھا تھا، اور علوم پڑھے تھے جب میں بادشاہ بن گیا تو یہ مجھے چھوڑ کر چلا گیا تھا۔ میری دنیا سے اس نے کوئی راحت نہ اٹھائی چلتے

وقت میں نے ہی اس کی ماں سے کہا تھا کہ اس کو یہ انگوٹھی دیدے۔ اس انگوٹھی کا یاقوت بہت زیادہ قیمتی تھا مگر یہ اس کو بھی کام میں نہ لایا مرتے وقت واپس کر گیا۔ یہ لڑکا اپنی والدہ کا بڑا فرمانبردار تھا۔ (روض)

جس باپ کی دنیاداری سے یہ صاحبزادہ رنجیدہ ہو کر گیا یعنی ہارون رشید بہت نیک دل بادشاہوں میں ان کا شمار ہے۔ دولت اور ثروت کے ساتھ لغزشیں تو ہو ہی جاتی ہیں لیکن ان کے دینی کارنامے تاریخ کی کتابوں میں کثرت سے موجود ہیں۔ بادشاہت کے زمانے میں سو رکعت نفل روزانہ پڑھنے کا معلوم مرتے وقت تک رہا اور اپنے ذاتی مال سے ایک ہزار درہم روزانہ صدقہ کیا کرتے تھے ایک سال حج کیا کرتے اور ایک سال جہاد میں شرکت کرتے۔ جس سال خود حج کو جاتے اپنے ساتھ سو علماء کو مع ان کے بیٹوں کے حج کو لے کر جاتے اور جس سال خود حج نہ کرتے تین سو آدمیوں کو ان کے پورے خرچ دیا جاتا۔ ویسے بھی عطایا کی بہت کثرت ان کے یہاں تھی۔ سوال کرنے والوں کے لئے بھی اور بغیر سوال کے ابتداءً بھی علماء کا ان کی مجلس میں بہت اعزاز تھا اور ان سے بہت محبت کرتے تھے۔ ابو معاویہ ضریرؒ مشہور محدث نابینا نے ایک مرتبہ ان کے ساتھ کھانا کھایا کھانے کے بعد خود ہارون رشید نے ان کے ہاتھ دُھلائے اور یہ کہا کہ علم کے اعزاز میں، میں نے دُھلائے ہیں۔

ایک مرتبہ ابو معاویہ ؓ نے حضور اقدس ﷺ کی حدیث جس میں حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مناظرہ کا ذکر تھا بیان کی ایک شخص نے کہہ دیا کہ ان دونوں حضرات کی ملاقات کہاں ہوئی تو بادشاہ کو غصہ آ گیا اور کہا میری تلوار لاؤ زندیق بددین حضور ﷺ کی حدیث پر اعتراض کرتا ہے۔ نصیحت کی باتوں پر بہت کثرت سے رونے والے تھے۔ (تاریخ بغداد الخطیب)

(۶۰) ایک مرتبہ ہارون رشید حج کو جا رہے تھے راستہ میں کوفہ میں چند روز قیام کیا۔ جب وہاں سے روانگی کا وقت ہوا تو لوگ بادشاہ کی سواری کی سیر کے شوق میں شہر سے باہر بہت سے جمع ہوئے بہلول مجنون بھی پہنچ گئے اور راستہ میں ایک کوڑی پر بیٹھ گئے۔ بچے ان کو ہر وقت ستایا ہی کرتے تھے ڈلے مارتے مذاق کرتے وہ حسب دستور ان کے گرد جمع ہو گئے جب بادشاہ کی سواری قریب آئی تو بچے تو سب ادھر ادھر ہوئے انہوں نے زور سے آواز دے کر کہا اے امیر المؤمنین اے امیر المؤمنین! ہارون رشید نے سواری کا پردہ اٹھایا۔ اور کہنے لگے لبیک یا بہلول لبیک یا بہلول۔ بہلول میں حاضر ہوں۔ بہلول میں حاضر ہوں کہو کیا کہتے ہو؟ انہوں نے کہا مجھ سے ایمن نے یہ حدیث بیان کی کہ حضرت قدامہ ؓ یہ کہتے ہیں کہ جب حضور اقدس ﷺ حج کو تشریف لے جا رہے تھے تو میں نے منیٰ میں آپ کو ایک اونٹ پر سوار دیکھا جس پر معمولی کجاوا تھا نہ لوگوں کو سامنے سے ہٹانا تھا نہ ہٹو بچو کا شور

تجھ امیر المومنین تیرا بھی اس سفر میں تواضع سے چلنا تکبر سے چلنے سے بہتر ہے۔ ہارون رشید یہ سن کر رونے لگے۔ پھر کہا بہلول کچھ اور نصیحت کرو اللہ تعالیٰ شانہٗ تم پر رحم کرے بہلول نے یہ سن کر دو شعر پڑھے جن کا ترجمہ یہ ہے کہ مان لے تسلیم کر لے کہ تو ساری دنیا کا بادشاہ بن گیا اور ساری دنیا کی مخلوق تیری مطیع ہوگئی پھر کیا ہوا؟ کل کو تو بہر حال تیرا ٹھکانا قبر کا گڑھا ہے ایک ادھر سے مٹی ڈال رہا ہوگا ایک ادھر سے مٹی ڈالتا ہوگا۔ اس پر ہارون رشید پھر بہت روئے اور کہنے لگے بہلول تم نے بہت اچھی بات کہی کچھ اور کہو۔ بہلول نے کہا امیر المومنین جس شخص کو حق تعالیٰ شانہٗ مال اور جمال عطا کرے اور وہ اپنے مال کو اللہ کے راستہ میں خرچ کرے اور اپنے جمال کو گناہوں سے محفوظ رکھے وہ اللہ تعالیٰ کے دیوان میں نیک لوگوں میں لکھا جاتا ہے۔

ہارون رشید نے کہا تم نے بہت اچھی بات کہی اس کا صلہ (انعام) ملنا چاہیے۔ بہلول نے کہا کہ انعام کا روپیہ ان لوگوں کو واپس کر جن سے (ٹیکس وغیرہ کے طور پر) لے رکھا ہے مجھے تیرے انعام کی ضرورت نہیں۔ ہارون رشید نے کہا کہ اگر تمہارے ذمہ کسی کا قرض ہو تو میں اس کو ادا کر دوں۔ بہلول نے کہا کہ اے امیر المومنین قرض سے قرض ادا نہیں کیا جاتا (یعنی یہ روپیہ جو تیرے پاس ہے یہ خود دوسروں کا حق ہے جو تیرے ذمہ ان کا قرض ہے) حق والوں کا حق واپس کرو پہلے اپنا قرضہ ادا کرو پھر دوسروں کے قرضہ کو پوچھنا۔

ہارون رشید نے کہا تمہارے لئے کوئی وظیفہ مقرر کر دیں جس سے تمہارے کھانے کا انتظام ہو جائے۔ بہلول نے کہا کہ میں اور تم دونوں اللہ تعالیٰ شانہٗ کے بندے ہیں یہ محال ہے کہ وہ تمہاری روزی کا تو فکر رکھے اور میری روزی کا فکر نہ فرمائے۔ اس کے بعد ہارون رشید نے سواری کا پردہ گرایا اور آگے چل دیئے۔ ❶

ہارون رشید کی یہ مشہور بات ہے کہ نصیحت کے سننے پر بہت کثرت سے رویا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ حج کو جا رہے تھے تو سعدون مجنون راستہ میں سامنے آگئے اور چند شعر پڑھے جن کا مطلب یہی تھا کہ مان لو تم ساری دنیا کے بادشاہ بن گئے لیکن کیا آخر موت نہ آئے گی؟ دنیا کو اپنے دشمنوں کے لئے چھوڑ دو جو دنیا آج تمہیں خوب ہنسا رہی ہے یہ کل کو تمہیں خوب رلائے گی۔

یہ اشعار سن کر ہارون رشید نے ایک چیخ ماری اور بے ہوش ہو کر گر گئے اور اتنے طویل وقت تک بے ہوشی رہی کہ تین نمازیں قضا ہو گئیں۔ ❷

ان کی انگوٹھی کی مہر تھی (العظمة و القدرة لِلّٰه) ہر قسم کی بڑائی اور ہر نوع کی قدرت صرف اللہ

---

❶، ❷ روض۔

جل شانہٗ کے لئے یہ مضمون گویا ہر وقت نگاہ کے سامنے رہتا تھا۔

(۶۱) حضرت مالک بن دینارؒ فرماتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ بصرہ کے جنگل میں جارہا تھا میں نے حضرت سعدونؒ کو دیکھا جو سعدون مجنون کے نام سے مشہور تھے۔ میں نے ان سے پوچھا کیا حال ہے۔ کہنے لگے ایسے شخص کا کیا حال پوچھتے ہو جو صبح و شام ہر وقت ایک طویل سفر کے لئے تیار بیٹھا ہو اور سفر کے لئے توشہ کسی قسم کا بھی ساتھ نہ ہو نہ کوئی سفر کا سامان سواری وغیرہ اس کے پاس ہو اور اس کو ایسے مولیٰ کے پاس جانا ہو جو نہایت عادل بڑا کریم ہے اور وہ لوگوں کے درمیان اس وقت فیصلہ کردیگا۔ یہ کہہ کر وہ بہت زیادہ رونے لگے۔ میں نے پوچھا کہ رونے کی کیا بات ہے کہنے لگے کہ میں نہ تو دنیا کے چھوٹنے پر رورہا ہوں، نہ موت سے گھبرا کر رورہا ہوں، بلکہ اپنی عمر کے اس دن پر رورہا ہوں جو کسی نیک عمل سے خالی رہ گیا ہو۔ خدا کی قسم مجھے اپنے سامان سفر کی کمی رُلا رہی ہے۔ سفر بہت طویل اور بڑی مشقت کا ہے، بہت سی گھاٹیاں اس سفر میں پیش آنی ہیں اور میرے پاس سفر کا کوئی بھی سامان موجود نہیں ہے اور اس سفر کے سب مصائب برداشت کرنے کے بعد یہ بھی پتہ نہیں کہ جنت میں جاؤں گا یا جہنم میں ڈال دیا جاؤں گا۔ میں نے ان سے یہ حکمت کی باتیں سن کر کہا کہ لوگ آپ کو مجنون کہتے ہیں آپ تو بڑی اچھی باتیں کرتے ہیں۔ کہنے لگے تم بھی دنیاداروں کے کہنے سے دھوکے میں پڑ گئے مجھے جنون نہیں ہے میرے آقا کی محبت میرے دل میں میرے جگر میں میرے گوشت پوست میں میری ہڈیوں میں گھس گئی ہے اس کے عشق میں میں حیران و پریشان رہتا ہوں (اس کی وجہ سے دنیا کے پاگل مجھے مجنون کہتے ہیں) میں نے پوچھا آپ لوگوں سے بھاگتے ہیں (جنگل میں پڑے رہتے ہیں) اس پر انہوں نے دو شعر پڑھے جن کا ترجمہ یہ ہے کہ آدمیوں سے ہمیشہ دور رہ اور اللہ جل شانہٗ کی ہم نشینی ہر وقت اختیار کر تو آدمیوں کا جس حالت میں دل چاہے تجربہ کرلے تو ہر حالت میں ان کو بچھو پائے گا کہ تکلیف پہنچانے کے سوا ان کا کوئی کام نہ ہوگا۔ (روض)

(۶۲) حضرت عبدالواحد بن زیدؒ جو مشائخ چشتیہ میں مشہور بزرگ ہیں فرماتے ہیں کہ میں تین رات تک مسلسل یہ دعا کرتا رہا کہ یا اللہ جنت میں جو میرا رفیق ہو اس کی مجھے دنیا میں ملاقات کرا دے تین دن کے بعد مجھے بتایا گیا کہ تیری ساتھی میمونہ سوداء (جو ایک حبشی عورت تھیں اتنی کالی کہ ان کا لقب ہی سوداء ہوگیا تھا) میں نے پوچھا کہ وہ کہاں ملیں گی؟ مجھے بتایا گیا کہ کوفہ کے فلاں قبیلہ میں ہیں۔ میں ان سے ملنے چل دیا۔ کوفہ پہنچ کر میں نے ان کا حال دریافت کیا مجھے بتایا گیا کہ وہ بکریاں چرایا کرتی ہیں فلاں جنگل میں ہیں۔ میں اس جنگل میں پہنچا وہ ایک گدڑی اوڑھے نماز پڑھ رہی تھیں۔ ان کے قریب ہی بکریاں اور بھیڑیئے اکھٹے چر رہے تھے۔ جب میں پہنچا تو انہوں نے اپنی

نماز کو مختصر کر کے سلام پھیرا اور سلام پھیرنے کے بعد کہنے لگیں۔ عبدالواحد آج نہیں آج تو چلے جاؤ ملاقات کا وعدہ کل کو (قیامت میں) ہے۔ میں نے ان سے کہا اللہ تعالیٰ تم پر رحم فرمائے تمہیں کس طرح معلوم ہوا کہ میں عبدالواحد ہوں؟ کہنے لگیں تمہیں معلوم نہیں کہ روحیں (ازل میں) سب ایک لشکر کی طرح مجتمع تھیں جن کا وہاں آپس میں تعارف ہو گیا ان کا یہاں بھی تعارف ہو جاتا ہے (یہ ایک حدیث پاک کا مضمون ہے جو مشہور حدیث ہے) میں نے ان سے کہا کہ مجھے کوئی نصیحت کر دیجئے۔ کہنے لگیں بڑی تعجب کی بات ہے جو خود واعظ ہو وہ دوسرے سے نصیحت کی درخواست کرے (تم تو خود ہی بڑے واعظ ہو) اس کے بعد انہوں نے کہا مجھے بزرگوں سے یہ بات پہنچی ہے کہ جس بندہ کو حق تعالیٰ شانہٗ دنیا کی کوئی نعمت (مال دولت وغیرہ) عطا فرمائے اور وہ شخص پھر بھی اس کی طلب میں لگا رہے تو حق تعالیٰ شانہٗ اس شخص سے اپنے ساتھ تنہائی کی محبت زائل کر دیتے ہیں اور اپنے سے قرب کی بجائے اپنے سے بعد اس پر مسلط کر دیتے ہیں اور اپنے ساتھ انس کے بجائے اپنے سے وحشت اس پر سوار کر دیتے ہیں۔ اس کے بعد انہوں نے پانچ شعر پڑھے جن کا ترجمہ یہ ہے کہ اے واعظ تو لوگوں کو وعظ و نصیحت اور تنبیہ کے لئے کھڑا ہوتا ہے تو لوگوں کو گناہ سے روکتا ہے حالانکہ تو خود ان گناہوں کا بیمار ہے ان میں مبتلا ہے اگر تو دوسروں کو نصیحت سے پہلے اپنی اصلاح کر لیتا اپنے گناہوں سے توبہ کر لیتا تو تیرے کہنے کا ان کے دلوں پر اثر پڑتا لیکن جب تو ایسی حالت میں دوسروں کو منع کرتا ہے کہ تو خود ان میں مبتلا ہے تو تو اپنے اس منع کرنے میں خود شک میں ہے (اور جس کو خود کسی میں تردد ہو، وہ دوسرے کو زور سے کیا کہہ سکتا ہے) میں نے پوچھا کہ تمہاری بکریاں بھیڑیوں کے ساتھ ہی چر رہی ہیں بھیڑیئے ان کو کچھ کہتے نہیں؟ کہنے لگیں جا اپنا کام کر میں نے اپنے سردار سے صلح کر لی اس نے میری بکریوں اور بھیڑیوں میں صلح کر دی۔ (روض)

یہ عجیب بات میں نے اپنے چچا جان مولانا محمد الیاس صاحبؒ کے یہاں ہمیشہ دیکھی کہ ان کے مکان میں کئی کئی بلیاں اور مرغیاں تمام دن مکان میں اکٹھی پھرتی رہتیں پڑی گری چیز کھاتی نہ وہ مرغیاں بلیوں سے بھاگتیں نہ وہ بلیاں مرغیوں سے کچھ کہتیں۔

(۶۳) حضرت عتبہ غلام کہتے ہیں کہ میں بصرہ کے جنگل میں جا رہا تھا میں نے جنگلی لوگوں کے چند خیمے دیکھے جن کی کھیتی وہاں تھی۔ ان خیموں میں سے ایک خیمہ میں ایک مجنونہ لڑکی تھی میں نے اس کو سلام کیا اس نے میرے سلام کا جواب نہ دیا (ممکن ہے کہ اس نے سلام نہ سنا ہو، یا انہوں نے جواب نہ سنا ہو یا کسی ایسی حالت میں ہو کہ اس وقت سلام کا جواب ساقط ہو جاتا ہے کہ بہت سی جگہ سلام کا جواب ساقط ہو جاتا ہے) اور چند شعر پڑھے جن کا ترجمہ یہ ہے کہ وہ زاہد اور عابد فلاح کو پہنچ

گئے جنہوں نے اپنے مولیٰ کی رضا کے لئے اپنے پیٹوں کو بھوکا رکھا انہوں نے راتوں کو اپنی آنکھوں کو جگایا ان کی ساری رات یا اسی حالت میں گذرتی ہے کہ وہ مشاہدہ کرتے رہتے ہیں۔ ان کو حق تعالیٰ شانہٗ کی محبت نے ایسا حیرت میں ڈال رکھا ہے کہ دنیا دار ان کو مجنون سمجھتے ہیں حالانکہ زمانے کے سب سے زیادہ عقل مند لوگ یہی حضرات ہیں لیکن ان کو ان کے احوال نے بے چین کر رکھا ہے۔ عتبہؒ کہتے ہیں کہ میں اس مجنونہ کے قریب گیا اور میں نے پوچھا کہ یہ کھیتی کس کی ہے؟ کہنے لگی اگر صحیح سالم رہی تو ہماری ہے۔

میں اس کے بعد دوسرے خیموں کی سیر کرتا رہا۔ اتنے میں بڑے زور کی بارش شروع ہو گئی اور آسمان سے ایسا موسلا دھار پانی پڑا گویا مشکوں کا منہ کھل گیا۔ میں نے سوچا کہ اس مجنونہ کو دیکھوں وہ اس بارش کے متعلق کیا کہتی ہے (اس میں تو ساری کھیتیاں برباد ہو گئیں) میں نے جا کر دیکھا کہ اس کی کھیتی بالکل پانی میں ڈوب گئی اور وہ کھڑی ہوئی کہہ رہی ہے قسم ہے اس پاک ذات کی جس نے اپنی خالص محبت کا کچھ حصہ میرے دل میں رکھ دیا ہے۔ میرا دل تجھ سے راضی رہنے میں بالکل پختہ ہے۔ پھر وہ میری طرف متوجہ ہو کر کہنے لگی۔ دیکھو جی اسی نے تو یہ کھیتی جمائی اسی نے اگائی اسی نے اس کو سیدھا کھڑا کیا اسی نے اس میں بالیں لگائیں اسی نے ان بالوں میں غلہ پیدا کیا اسی نے بارش برسا کر اس کی پرورش کی اسی نے اس کی ضائع ہونے سے حفاظت کی اور جب اس کے کاٹنے کا وقت بالکل قریب آ گیا تو اسی نے اس کو ضائع کر دیا۔ پھر اس نے آسمان کی طرف منہ کر کے کہا یہ ساری مخلوق تیرے ہی بندے ہیں اور ان سب کی روزی تیرے ہی ذمہ ہے تو جو چاہے کہ تجھے اختیار ہے۔ میں نے اس سے کہا کہ اس کھیتی کے برباد ہو جانے پر تجھے کس طرح صبر آ گیا کہنے لگی عتبہ چپ رہو میرا مالک بڑا غنی ہے بڑا قابل تعریف ہے۔ اس کی طرف سے ہمیشہ نئی روزی ملتی رہی تمام تعریفیں اس پاک ذات کے لئے ہیں جو میرے ساتھ میری خواہش سے بہت زیادہ انعام فرماتا رہا۔ عتبہؒ کہتے ہیں کہ مجھے جب بھی اس کی حالت اور اس کی باتیں یاد آتی ہیں بے اختیار رونا آ جاتا ہے۔ (روض)

(۶۴) حضرت ابو الربیعؒ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک گاؤں میں ایک نیک عورت کی شہرت سنی جس کا نام فضہ تھا۔ میری عادت کسی عورت سے ملنے کی نہ تھی مگر اس کے احوال میں نے ایسے سنے کہ مجھے اس کے پاس جانے کی خواہش پیدا ہوئی میں اس گاؤں میں گیا اور اس کی تحقیق کی تو مجھے لوگوں نے بتایا کہ اس کے یہاں ایک بکری ہے جس کے تھنوں سے دودھ اور شہد دونوں نکلتے ہیں۔ مجھے یہ سن کر تعجب ہوا میں نے ایک نیا پیالہ خریدا اور اس کے گھر جا کر میں نے کہا کہ تمہاری بکری کے متعلق میں

نے یہ شہرت سنی ہے کہ وہ دودھ اور شہد دیتی ہے میں بھی اس کی برکت دیکھنا چاہتا ہوں۔اس نے وہ بکری میرے حوالہ کردی میں نے اس کا دودھ نکالا اور تو واقعی اس میں سے دودھ اور شہد نکلا ہم نے اس کو پیا اس کے بعد میں نے پوچھا کہ یہ بکری کہاں سے تمہارے پاس آئی کہنے لگی اس کا قصہ یہ ہے کہ ہم غریب آدمی ہیں ایک بکری کے سوا ہمارے پاس کچھ نہ تھا اسی پر ہمارا گذر تھا اتفاق سے بقرہ عید آگئی میرے خاوند نے کہا کہ ہمارے پاس کچھ اور تو ہے نہیں یہ بکری ہمارے پاس ہے لاؤ اسی کی قربانی کر لیں میں نے کہا کہ ہمارے پاس گذر کے لئے اس کے سوا تو کوئی چیز نہیں ایسی حالت میں قربانی کا حکم تو ہے نہیں پھر کیا ضرورت ہے کہ ہم قربانی کریں۔خاوند نے یہ بات مان لی اور قربانی ملتوی کردی۔ اس کے بعد اتفاق سے اسی دن ہمارے یہاں ایک مہمان آگیا تو میں نے خاوند سے کہا کہ مہمان کے اکرام کا تو حکم ہے اور کوئی چیز تو ہے نہیں اس بکری ہی کو ذبح کرلو وہ اس بکری کو ذبح کرنے لگا مجھے یہ خیال ہوا کہ میرے چھوٹے چھوٹے بچے اس بکری کو ذبح ہوتے دیکھ کر رونے لگیں گے اس لئے میں نے کہا کہ باہر لے جا کر دیوار کی آڑ میں ذبح کرلو بچے نہ دیکھیں وہ باہر لے گئے اور جب اس پر چھری چلائی تو یہ بکری ہماری دیوار کے اوپر کھڑی تھی اور وہاں سے خود اتر کر مکان کے صحن میں آگئی مجھے یہ خیال ہوا کہ شاید وہ بکری خاوند کے ہاتھ سے چھوٹ گئی میں اس کو دیکھنے باہر گئی تو خاوند اس بکری کی کھال کھینچ رہے تھے، میں نے ان سے کہا کہ بڑے تعجب کی بات ہے کہ ایسی ہی بکری گھر میں آگئی اس کا قصہ میں نے سنایا۔خاوند کہنے لگے کیا بعید ہے کہ حق تعالیٰ شانہ' نے اس کا بدلہ ہمیں عطا فرمایا ہو یہ وہ بکری ہے جو دودھ اور شہد دیتی ہے یہ سب کچھ محض مہمان کے اکرام کی وجہ سے ہے پھر وہ عورت کہنے لگی کہ اے میرے بچو یہ بکری دلوں میں چرتی ہے اگر تمہارے دل نیک رہیں گے تو اس کا دودھ بھی اچھا رہے گا اور اگر تمہارے دلوں میں کھوٹ آگیا تو اس کا دودھ بھی خراب ہو جائے گا اپنے دلوں کو اچھا رکھو ہر چیز تمہارے لئے اچھی بن جائے گی۔(روض)

(۶۵) حضرت بہلولؒ فرماتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ بصرہ کی ایک سڑک پر جا رہا تھا راستہ میں چند لڑکے اخروٹ اور بادام سے کھیل رہے تھے اور ایک لڑکا ان کے قریب کھڑا رو رہا تھا۔یہ خیال ہوا کہ اس لڑکے کے پاس بادام اور اخروٹ نہیں ہیں ان کی وجہ سے رو رہا ہے۔میں نے اس کو کہا بیٹا تجھے میں اخروٹ بادام خرید دوں گا تو بھی ان سے کھیلنا اس نے میری طرف نگاہ اٹھا کر کہا ارے بے وقوف کیا ہم کھیل کے واسطے پیدا ہوئے ہیں میں نے پوچھا پھر کس کام کے واسطے پیدا ہوئے ہو؟ کہنے لگا کہ علم حاصل کرنے کے واسطے اور عبادت کرنے کے واسطے میں نے کہا اللہ جل شانہ' تیری عمر میں برکت کرے تو نے یہ بات کہاں سے معلوم کی؟ کہنے لگا حق تعالیٰ شانہ' کا ارشاد ہے۔

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا (سورۂ مومنون ع ٦)

کیا تمہارا یہ گمان ہے کہ ہم نے تم کو یوں ہی بے کار پیدا کیا ہے اور یہ کہ تم ہمارے پاس نہیں لوٹائے جاؤ گے؟ میں نے کہا بیٹا تو تو بڑا حکیم معلوم ہوتا ہے مجھے کچھ نصیحت کر اس نے چار شعر پڑھے جن کا ترجمہ یہ ہے کہ میں دیکھ رہا ہوں کہ دنیا ہر وقت چلاؤ میں ہے (آج یہ گیا کل وہ گیا) ہر وقت چلنے کے لئے دامن اٹھائے قدم اور پنڈلی پر (دوڑنے کے لئے تیار رہتی ہے) پس نہ تو دنیا کسی زندہ کے لئے باقی رہتی ہے نہ کوئی زندہ دنیا کے لئے باقی رہتا ہے ایسا معلوم ہوتا ہے جیسا کہ موت اور حوادث دو گھوڑے ہیں جو تیزی سے آدمی کی طرف دوڑے چلے آرہے ہیں۔ پس او بے وقوف جو دنیا کے ساتھ دھوکہ میں پڑا ہوا ہے ذرا غور کر اور دنیا سے اپنے لئے کوئی (آخرت میں کام آنے والی) اعتماد کی چیز لے لے۔

یہ شعر پڑھ کر اس لڑکے نے آسمان کی طرف منہ کیا اور دونوں ہاتھ اٹھائے اور آنسوؤں کی لڑی اس کے رخساروں پر جاری تھی اور یہ دو شعر پڑھے۔

یا من الیه المبتهل — یامن علیه المتکل

یا من اذا ما امل — یرجوه لم یخط الامل

جن کا ترجمہ یہ ہے۔ اے وہ پاک ذات کہ اسی کی طرف عاجزی کی جاتی ہے اور اسی پر اعتماد کیا جاتا ہے۔ اے وہ پاک ذات کہ جب اس سے کوئی شخص امید باندھ لے تو وہ نامراد نہیں ہو سکتا اس کی امید ضرور پوری ہوتی ہے۔

یہ شعر پڑھ کر وہ بے ہوش ہو کر گر گیا۔ میں نے جلدی سے اس کا سر اٹھا کر اپنی گود میں رکھ لیا اور اپنی آستین سے اس کے منہ پر جو مٹی وغیرہ لگ گئی تھی پوچھنے لگا جب اس کو ہوش آیا تو میں نے کہا بیٹا ابھی سے تمہیں اتنا خوف کیوں ہو گیا ابھی تو تم بہت بچے ہو ابھی تمہارے نامۂ اعمال میں کوئی گناہ بھی نہ لکھا جائے گا؟ کہنے لگا بہلول ہٹ جاؤ میں نے اپنی والدہ کو ہمیشہ دیکھا کہ جب وہ آگ جلانا شروع کرتی ہیں تو پہلے چھوٹی چھوٹی چھپٹیاں ہی چولہے میں رکھتی ہیں اس کے بعد بڑی لکڑیاں رکھتی ہیں۔ مجھے یہ ڈر ہے کہ کہیں جہنم کی آگ میں چھوٹی لکڑیوں کی جگہ میں نہ رکھ دیا جاؤں۔ میں نے کہا صاحبزادہ تم تو بڑے حکیم معلوم ہوتے ہو مجھے کوئی مختصر سی نصیحت کرو۔ اس نے اس پر چودہ شعر پڑھے جن کا ترجمہ یہ ہے۔ میں غفلت میں پڑا رہا اور موت کو ہانکنے والا میرے پیچھے پیچھے موت کو ہانکے چلا آرہا ہے، اگر میں آج نہ گیا تو کل ضرور چلا جاؤں گا۔ میں نے اپنے بدن کو اچھے اچھے اور نرم

نرم لباس سے آراستہ کیا حالانکہ میرے بدن کے لئے (قبر میں جا کر) گلنے اور سڑنے کے سوا چارہ کار نہیں وہ منظر گویا اس وقت میرے سامنے ہے جب کہ میں قبر میں بوسیدہ پڑا ہوا ہوں گا۔ میرے اوپر مٹی کا ڈھیر ہوگا اور نیچے قبر کا گڑھا ہوگا اور میرا یہ حسن و جمال سارا کا سارا جاتا رہے گا اور بالکل مٹ جائے گا حتیٰ کہ میری ہڈیوں پر نہ گوشت رہے گا۔ نہ کھال رہے گی۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ عمر تو ختم ہوتی جا رہی ہے اور آرزوئیں ہیں کہ پوری نہیں ہو چکتیں اور بڑا طویل سفر سامنے ہے اور توشہ ذرا سا بھی ساتھ نہیں اور میں نے کھلم کھلا گناہوں کے ساتھ اپنے نگہبان اور محافظ کا مقابلہ کیا اور بڑی بری حرکتیں کی ہیں جواب واپس بھی نہیں ہو سکتیں (یعنی جو گناہ کر چکا ہوں وہ بے کیا نہیں ہو سکتا) اور میں نے لوگوں سے چھپانے کے لئے پردے ڈالے کہ میرا عیب کسی پر ظاہر نہ ہو، لیکن میرے جتنے مخفی گناہ ہیں وہ کل کو اس مالک کے سامنے ظاہر ہوں گے (اس کی پیشی میں پیش ہوں گے) اس میں شک نہیں کے مجھے اس کا خوف ضرور تھا لیکن میں اس کے غایتِ حلم پر بھروسہ کرتا رہا (جس کی وجہ سے جرات ہوتی رہی) اور اس پر اعتماد کرتا رہا کہ وہ بڑا غفور ہے اس کے سوا کون معافی دے سکتا ہے بے شک تمام تعریفیں اسی پاک ذات کے لئے ہیں اگر موت کے اور مرنے کے بعد گلنے اور سڑنے کے سوا کوئی دوسری آفت نہ بھی ہوتی اور میرے رب کی طرف سے جنت کا وعدہ اور دوزخ کی دھمکی نہ بھی ہوتی تب بھی مرنے اور سڑنے ہی میں اس بات پر کافی تنبیہ موجود تھی کہ لہو ولعب سے احتراز کیا جاتا لیکن کیا کریں کہ ہماری عقل زائل ہو گئی (کسی بات سے عبرت حاصل نہیں ہوتی بس اب اسکے سوا کوئی چارہ نہیں کہ) کاش گناہوں کا بخشنے والا میری مغفرت کر دے۔ جب کسی غلام سے کوئی لغزش ہوتی ہے تو آقا ہی اس کو معاف کرتا ہے بے شک میں بدترین بندہ ہوں جس نے اپنے مولیٰ کے عہد میں خیانت کی اور نالائق غلام ایسے ہی ہوتے ہیں کہ ان کا کوئی قول قرار معتبر نہیں ہوتا۔ میرے آقا جب تیری آگ میرے بدن کو جلائے گی تو میرا کیا حال بنے گا جب کہ سخت سے سخت پتھر بھی اس آگ کو برداشت نہیں کر سکتے میں موت کے وقت بھی تن تنہا رہ جاؤں گا قبر میں بھی اکیلا ہی جاؤں گا قبر سے بھی اکیلا ہی اٹھوں گا (کسی جگہ بھی کوئی میرا معین مددگار نہ ہوگا) پس اے وہ پاک ذات جو خود اکیلی ہے وحدہٗ لاشریک لہٗ ہے ایسے شخص پر رحم کر جو بالکل تن تنہا رہ گیا۔ بہلول کہتے ہیں کہ اسکے یہ اشعار سن کر مجھ پر ایسا اثر ہوا کہ میں غش کھا کر گر گیا بڑی دیر میں جب مجھے ہوش آیا تو وہ لڑکا جا چکا تھا۔ میں نے ان بچوں سے دریافت کیا کہ یہ بچہ کون تھا وہ کہنے لگے تو اس کو نہیں جانتا یہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی اولاد میں ہے میں نے کہا مجھے خود ہی حیرت ہو رہی تھی کہ یہ پھل کس درخت کا ہے واقعی یہ پھل اسی درخت کا ہو سکتا تھا حق تعالیٰ شانہٗ، ہمیں اس خاندان کی برکتوں سے

منتفع فرمائے آمین۔ (روض)

(۶۶) حضرت شبلیؒ فرماتے ہیں مجھے ایک مرتبہ میرے دل نے کہا کہ تو بخیل ہے مگر میرے نفس نے کہا کہ نہیں بخیل نہیں ہوں۔ میرے دل نے پھر کہا کہ نہیں تو بخیل ہے میں نے اس کے جانچنے کے لئے یہ ارادہ کرلیا کہ سب سے پہلے میرے پاس جو کچھ آئے گا (خواہ وہ کتنا ہی ہو) میں سب کا سب اس فقیر کو دیدوں گا جو مجھے سب سے پہلے ملے گا۔ میری یہ نیت پوری بھی نہ ہونے پائی تھی کہ مجھے ایک شخص نے پچاس دینار (اشرفیاں) نذر کئے میں نے وہ لے لئے اور اپنی نیت کے موافق کسی فقیر کی تلاش میں نکلا سب سے پہلے مجھے ایک نابینا فقیر ملا جو ایک حجام سے حجامت بنوا رہا تھا میں نے وہ سب کے سب اس نابینا کو دیدیئے اس نے کہا کہ یہ (حجامت کی اجرت میں) اس حجام کو دے دو میں نے کہا کہ یہ پچاس اشرفیاں ہیں (اتنی اشرفیاں بھی کہیں حجامت کی اجرت میں دی جاتی ہیں) اس نابینا نے اوپر کو سر اٹھا کر کہا ہم نے کہا نہیں تھا کہ تو بخیل ہے؟ میں نے جلدی سے وہ حجام کو دیدیئے اس حجام نے کہا کہ جب یہ نابینا حجامت بنوانے بیٹھا تھا تو میں نے اس کی غربت کو دیکھ کر یہ نیت کرلی تھی کہ اس کی اجرت نہ لوں گا۔ (مجھے ان دونوں کی گفتگو سن کر اس قدر غیرت آئی کہ) میں نے ان اشرفیوں کو دریا میں پھینک دیا کہ خدا تیرا ناس کرے تجھ سے جو بھی ذرا دل لگائے حق تعالیٰ شانہٗ اس کو اسی طرح ذلیل کرتے ہیں۔ (روض)

غیرت کی شدت میں اس قسم کے امور کا پیش آجانا مستبعد نہیں اگر حضرت سلیمان علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام فَطَفِقَ مَسْحًا بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ (ص ع ۳) کرسکتے ہیں اور اُم المومنین حضرت عائشہؓ حضور ﷺ کی موجودگی میں دوسری سوت کا پیالا پھوڑ سکتی ہیں اور اس کا کھانا پھینک سکتی ہیں اور حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص ؓ عصفر کی رنگی ہوئی چادر کو صرف حضور ﷺ کے اس سوال پر کہ یہ کیا پہن لیا تنور میں جلا سکتے ہیں اور انصاری حضور اقدس ﷺ کی اپنے سے بے التفاتی دیکھ کر بنے بنائے قبہ کو گرا سکتے ہیں تو حضرت شبلیؒ کے اشرفیاں پھینک دینے میں کوئی اشکال نہیں۔

(۶۷) حضرت ذوالنون مصریؒ (جو اکابر مشہور صوفیہ میں ہے) فرماتے ہیں کہ میں ایک جنگل میں جا رہا تھا مجھے ایک نوجوان نظر پڑا جس کے چہرہ پر داڑھی کی دو لکیریں تھیں (یعنی نکلنی شروع ہی ہوئی تھی) مجھے دیکھ کر اس کے بدن میں کپکپی آ گئی اور چہرہ زرد ہوگیا اور مجھ سے بھاگنے لگا میں نے کہا میں تو تیرے ہی جیسا انسان ہوں (جن تو نہیں ہوں پھر کیوں اتنا ڈرتا اور بھاگتا ہے) وہ کہنے لگا کہ تم (انسانوں ہی) سے تو بھاگتا ہوں میں اس کے پیچھے چلا اور میں نے اس کو قسم دی کہ ذرا کھڑا ہو جائے وہ کھڑا ہوگیا۔ میں نے پوچھا کہ تو اس جنگل بیابان میں بالکل تنہا رہتا ہے کوئی دسرایت کے لئے بھی نہیں ہے تجھے خوف نہیں معلوم ہوتا کہنے لگا نہیں میرے پاس تو میرا دل لگانے والا ہے (میں نے سمجھا

کہ اس کا کوئی رفیق کہیں گیا ہوا ہوگا) میں نے کہا وہ کہاں ہے۔ کہنے لگا وہ ہر وقت میرے ساتھ وہ میرے دائیں بائیں آگے پیچھے ہر طرف ہے۔ میں نے پوچھا کہ کچھ کھانے پینے کا سامان بھی تیرے پاس نہیں ہے؟ وہ کہنے لگا وہ بھی موجود ہے۔ میں نے کہا وہ کہاں ہے۔ کہنے لگا جس نے میری ماں کے پیٹ میں مجھے روزی دی اسی نے میری بڑی عمر میں بھی روزی کی ذمہ داری لے رکھی ہے میں نے کہا کہ کھانے پینے کے لئے کچھ تو آخر چاہیے اس سے رات کو تہجد میں کھڑے ہونے کی قوت پیدا ہوتی ہے دن کے روزے رکھنے میں مدد ملتی ہے اور (بدن کی قوت سے) مولیٰ کی خدمت (عبادت) بھی اچھی طرح ہوسکتی ہے اور میں نے کھانے پینے کی ضرورت پر بہت زور دیا تو وہ چند شعر پڑھ کر بھاگ گیا جن کا ترجمہ یہ ہے۔ اللہ کے ولی کے لئے کسی گھر کی ضرورت نہیں ہے اور وہ ہرگز اس کو گوارا نہیں کرتا کہ اس کی کوئی جائداد ہو وہ جب جنگل سے پہاڑ کی طرف چل دیتا ہے تو وہ جنگل اس کی جدائی سے روتا ہے جس میں وہ پہلے سے تھا وہ رات کے تہجد پر اور دن کے روزہ پر بہت زیادہ صبر کرنے والا ہوا کرتا ہے وہ اپنے نفس کو سمجھا دیا کرتا ہے کہ جتنی محنت اور مشقت ہوسکے کر لے اس لئے کہ رحمان کی خدمت میں کوئی عار نہیں ہوتی (وہ بڑی فخر کی چیز ہوتی ہے) وہ جب اپنے رب سے باتیں کیا کرتا ہے تو اس کی آنکھ سے آنسو بہا کرتے ہیں اور وہ یہ کہا کرتا ہے کہ یا اللہ میرا دل اڑا جا رہا ہے (اس کی تو خبر لے) وہ یوں کہا کرتا ہے کہ یا اللہ مجھے نہ تو (جنت میں یاقوت کا گھر چاہیے جس میں حوریں رہتی ہوں اور نہ مجھے جنت عدن کی خواہش ہے اور نہ جنت کے پھلوں کی آرزو ہے میری ساری تمنا صرف تیرا دیدار ہے اس کا مجھ پر احسان کردے یہی بڑی فخر کی چیز ہے۔

(۶۸) حضرت ابراہیم خواصؒ کہتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ جنگل میں جا رہا تھا راستہ میں ایک نصرانی راہب مجھے ملا جس کی کمر میں زنار (پٹکہ یا دھاگہ وغیرہ جو کفر کی علامت کے طور پر کافر بندھتے ہیں) بندھ رہا تھا اس نے میرے ساتھ رہنے کی خواہش ظاہر کی (کافر فقیر اکثر مسلمان فقراء کی خدمت میں رہتے چلے آئے ہیں) میں نے ساتھ لے لیا سات دن تک ہم چلتے رہے (نہ کھانا نہ پینا) ساتویں دن اس نصرانی نے کہا اے محمدی کچھ اپنی فتوحات دکھاؤ (کئی دن ہو گئے کچھ کھایا نہیں) میں نے اللہ تعالیٰ شانہٗ سے دعا کی کہ یا اللہ اس کافر کے سامنے مجھے ذلیل نہ فرمائیں نے دیکھا کہ فوراً ایک دسترخوان سامنے رکھا گیا جس میں روٹیاں بھنا ہوا گوشت اور تر و تازہ کھجوریں اور پانی کا لوٹا رکھا ہوا تھا۔ ہم دونوں نے کھایا پانی پیا اور چل دیئے۔ سات دن تک چلتے رہے۔ ساتویں دن میں نے (اس خیال سے کہ وہ نصرانی پھر نہ کہہ دے) جلدی کر کے اس نصرانی سے کہا کہ اس مرتبہ تم کچھ دکھاؤ اب کے تمہارا نمبر ہے وہ اپنی لکڑی پر سہارا لگا کر کھڑا ہو گیا اور دعا کرنے لگا جب ہی

دوخوان جن میں ہر چیز اس سے دوگنی تھی جو میرے خوان میں تھی سامنے آگئے مجھے بڑی غیرت آئی میرا چہرہ فق ہوگیا اور میں حیرت میں رہ گیا اور میں نے رنج کی وجہ سے کھانے سے انکار کردیا اس نصرانی نے مجھ پر کھانے کا اصرار کیا مگر میں عذر ہی کرتا رہا اس نے کہا کہ تم کھاؤ میں تم کو دو بشارتیں سناؤں گا جن میں سے پہلی یہ ہے کہ

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ (ﷺ)

میں مسلمان ہوگیا ہوں اور یہ کہہ کر زنار توڑ کر پھینک دیا۔ اور دوسری بشارت یہ ہے کہ میں نے جو کھانے کے لئے دعا کی تھی وہ یہی کہہ کر کی تھی کہ یا اللہ اس محمدی کا اگر تیرے یہاں کوئی مرتبہ ہے تو اس کے طفیل تو ہمیں کھانا دے۔ اس پر یہ کھانا ملا ہے اور اسی وجہ سے میں مسلمان ہوا۔ اس کے بعد ہم دونوں نے کھانا کھایا پھر آگے چل دیئے آخر مکہ مکرمہ پہنچے حج کیا اور وہ نومسلم مکہ ہی میں ٹھہر گیا وہیں اس کا انتقال ہوا۔ (غفر اللہ لہٗ)۔

کافروں کے اس طرح مسلمان ہونے کے بہت سے واقعات تواریخ کی کتب میں موجود ہیں اور اس واقعہ سے یہ بھی معلوم ہوا کہ حق تعالیٰ شانہٗ بسا اوقات دوسروں کے طفیل کسی کو روزی دیتے ہیں جن کو وہ ملتی ہے وہ اپنی بے وقوفی سے یہ سمجھتے ہیں کہ یہ ہمارا کارنامہ ہے ہماری کوشش کا نتیجہ ہے احادیث میں کثرت سے یہ مضمون آیا ہے کہ تم کو تمہارے ضعفاء کے طفیل (اکثر) روزی دی جاتی ہے۔

(۶۹) ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک غلام خریدا جب میں اس کو لایا تو میں نے اس سے پوچھا کہ تمہارا نام کیا ہے؟ کہنے لگا کہ جو نام آقا رکھیں۔ میں نے پوچھا کہ تم کیا کام کروگے؟ کہنے لگا میرے آقا جو آپ حکم دیں گے۔ میں نے پوچھا کہ تم کیا کھانا چاہتے ہو۔ (تاکہ میں تمہاری خاطر میں اس کا فکر کروں) کہنے لگا میرے آقا جو آپ کھلائیں گے میں نے پوچھا کہ تمہارا ابھی کسی چیز کے کھانے کو دل چاہتا ہے؟ کہنے لگا آقا کے سامنے غلام کی خواہش کیا چیز ہے جو آقا کی مرضی ہے وہی غلام کی خواہش ہے یہ جواب سن کر مجھے رونا آگیا اور مجھے یہ خیال آیا کہ میرا بھی تو میرے مولیٰ (جل جلالہٗ) کے ساتھ یہی معاملہ ہونا چاہیے میں نے اس سے کہا کہ تم نے تو مجھے اپنے آقا (تعالیٰ ذکرہٗ) کے ساتھ ادب کرنا سکھا دیا اس نے اس پر دو شعر پڑھے جن کا ترجمہ یہ ہے کہ اگر تیرے کسی بندے کی خدمت مجھ سے پوری پوری ادا ہو جائے تو اس سے بڑھکر میرے لئے اور کیا نعمت ہوسکتی ہے پس تو محض اپنے فضل سے میری کوتاہی اور غفلت کو معاف کر اس لئے کہ میں تجھے

بڑا محسن اور بڑا رحیم سمجھتا ہوں۔(روض)

(۷۰) حضرت مالک بن دینارؒ مشہور بزرگوں میں ہیں اس رسالہ میں بھی ان کے کئے قصے ذکر ہو چکے ہیں وہ ابتداء میں کچھ اچھے حال میں نہ تھے۔ ایک شخص نے ان سے انکی توبہ کا قصہ پوچھا کہ کیا بات پیش آئی جس پر آپ نے اپنی سابقہ زندگی سے توبہ کی؟ وہ کہنے لگے کہ میں ایک سپاہی تھا اور شراب کا بہت شوقین اور بہت عادی۔ ہر وقت شراب ہی میں منہمک رہتا تھا۔ میں نے ایک، باندی خریدی جو بہت خوبصورت تھی اور مجھے اس سے بہت تعلق تھا۔ اس سے میرے ایک لڑکی پیدا ہوئی مجھے اس لڑکی سے بھی محبت تھی اور وہ لڑکی بھی مجھ سے بہت مانوس تھی۔ یہانتک کہ وہ پاؤں چلنے لگی تو اس وقت مجھے اس سے اور بھی زیادہ محبت ہو گئی کہ ہر وقت وہ میرے پاس ہی رہتی۔ لیکن اس کی عادت یہ تھی کہ جب میں شراب کا گلاس پینے کے لئے لیتا وہ میرے ہاتھ میں سے چھین کر میرے کپڑوں پر پھینک دیتی (محبت کی زیادتی کی وجہ سے اس کو ڈانٹنے کو دل نہ مانتا) جب وہ دو برس کی ہو گئی تو اس کا انتقال ہو گیا اس صدمہ نے میرے دل میں زخم کر دیا۔ ایک دن ۱۵ شعبان کی رات تھی میں شراب میں مست تھا عشاء کی نماز بھی نہ پڑھی اسی حال میں سو گیا۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ حشر قائم ہو گیا لوگ قبروں سے نکل رہے ہیں میں بھی ان لوگوں میں ہوں جو میدان حشر کی طرف جا رہے ہیں میں نے اپنے پیچھے کچھ آہٹ سی سنی میں نے جو مڑ کر دیکھا تو ایک بہت بڑا کالا اژدہا میرے پیچھے دوڑا ہوا آرہا ہے اس کی کیری آنکھیں ہیں منہ کھلا ہوا ہے اور بے تحاشہ میری طرف دوڑا ہوا آرہا ہے۔ میں اس کے ڈر سے گھبرا کر خوف زدہ ہو کر زور سے بھاگ رہا ہوں اور وہ میرے پیچھے بھاگا چلا آرہا ہے سامنے مجھے ایک بوڑھے میاں نہایت نفیس لباس نہایت مہکتی ہوئی خوشبو ان میں سے آرہی ہے، ملے میں نے ان کو سلام کیا انہوں نے جواب دیا۔ میں نے ان سے کہا خدا کے واسطے میری مدد کیجئے وہ کہنے لگے کہ میں ضعیف آدمی ہوں یہ بہت قوی ہے، یہ میرے قابو کا نہیں ہے لیکن تو بھاگا چلا جا شاید آگے کوئی چیز ایسی مل جائے جو اس سے نجات کا سبب بن جائے میں بے تحاشہ بھاگا جا رہا تھا مجھے ایک ٹیلہ نظر پڑا میں اس پر چڑھ گیا مگر وہاں چڑھتے ہی مجھے جہنم کی دہکتی ہوئی آگ اس ٹیلے کے پرے نظر پڑی اس کی دہشت ناک صورت اور اس کے منظر نظر آئے ان سب حالات کے دیکھنے کے باوجود اس سانپ کی اتنی دہشت مجھے پر سوار تھی اور اسی طرح بھاگا جا رہا تھا کہ میں قریب ہی تھا کہ جہنم کے گڑھے میں جا پڑوں اتنے میں ایک زور کی آواز مجھے سنائی دی کوئی کہہ رہا ہے پیچھے ہٹ تو ان (جہنمی) لوگوں میں سے نہیں ہے۔ میں وہاں سے پھر پیچھے کو دوڑا وہ سانپ بھی میرے پیچھے کو لوٹ آیا مجھے پھر وہ بڑے میاں سفید لباس والے نظر پڑے میں نے ان

سے پھر کہا کہ میں نے پہلے بھی درخواست کی تھی کہ اس اژدھے سے کسی طرح بچائیں آپ نے قبول نہ کیا وہ بڑے میاں رونے لگے اور کہنے لگے میں بہت ضعیف ہوں یہ بہت قوی ہے میں اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا البتہ سامنے یہ ایک دوسری پہاڑی ہے اس پر چڑھ جا اس میں مسلمانوں کی کچھ امانتیں رکھی ہیں ممکن ہے تیری کوئی ایسی چیز امانت رکھی ہو جس کی مدد سے اس اژدھے سے بچ سکے میں بھاگا ہوا اس پر گیا اور وہ اژدھا میرے پیچھے پیچھے چلا آرہا ہے۔ وہاں میں نے دیکھا ایک گول پہاڑ ہے۔ اس میں بہت سے طاق (کھڑکیاں) کھلے ہوئے ہیں ان پر پردے پڑے ہوئے ہیں ہر کھڑکی کے دو کواڑ ہیں سونے کے جن پر یاقوت چڑھے ہوئے ہیں اور موتیوں سے لدرہے ہیں اور ہر کواڑ پر ایک ریشمی پردہ پڑا ہوا ہے۔ میں جب اس پر چڑھنے لگا تو فرشتوں نے آواز دی کہ کواڑ کھول دو اور پردے اٹھا دو اور باہر نکل آؤ شاید اس پریشان حال کی کوئی امانت تم میں ایسی ہو جو اس وقت اس کو اس مصیبت سے نجات دے اس کی آواز کے ساتھ ہی ایک دم کواڑ کھل گئے اور پردے اٹھ گئے اور اس میں سے چاند جیسی صورت کے بہت سے بچے نکلے مگر میں انتہائی پریشان تھا کہ وہ سانپ میرے بالکل ہی پاس آگیا تھا اتنے میں وہ بچے چلانے لگے ارے تم سب جلدی نکل آؤ وہ سانپ تو اس کے پاس ہی آگیا اس پر فوجیں کی فوجیں بچوں کی نکل آئیں ان میں دفعۃً میری نگاہ اپنی اس دو سالہ بچی پر پڑی جو مرگئی تھی وہ مجھے دیکھتے ہی رونے لگی اور کہنے لگی خدا کی قسم یہ تو میرے ابا ہیں اور یہ کہتے ہی تیر کی طرح کود کر ایک نور کے پلڑے پر چڑھی اور اپنے بائیں ہاتھ کو میرے داہنے ہاتھ کی طرف بڑھایا جلدی سے اس سے لپٹ گیا اور اس نے اپنے داہنے ہاتھ کو اس سانپ کی طرف بڑھایا وہ فوراً پیچھے کو بھاگنے لگا پھر اس نے مجھے بٹھایا اور خود میری گود میں بیٹھ گئی اور اپنے داہنے ہاتھ کو میری داڑھی پر پھیرنے لگی اور کہنے لگی میرے ابا جان (اَلَمْ يَأْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا...... الاية (سورۂ حدید ع ۲) کیا ایمان والوں (میں سے جو لوگ گناہوں میں مبتلا رہتے ہیں ان کے لئے اس بات کا وقت ابھی تک نہیں آیا کہ ان کے دل اللہ کے ذکر کے واسطے اور اس حق بات کے واسطے جو ان پر نازل ہوئی ہے جھک جائیں۔

اس کی یہ بات سن کر میں رونے لگا اور میں نے پوچھا کیا بیٹی تم سب قرآن شریف کو جانتی ہو؟ وہ کہنے لگی کہ ہم سب قرآن شریف کو تم سب سے زیادہ جانتے ہیں میں نے پوچھا بیٹی یہ سانپ کیا بلا تھی جو میرے پیچھے لگ گئی تھی۔ اس نے کہا یہ آپ کے برے اعمال تھے آپ نے اس کو اپنے گناہوں سے اتنا قوی کر دیا کہ وہ آپ کو اب جہنم میں کھینچ کر ڈالنے کی فکر میں تھا۔ میں نے پوچھا وہ سفید پوش ضعیف بزرگ کون تھے کہنے لگی وہ آپ کے نیک عمل تھے جن کو آپ نے اتنا ضعیف کر دیا

کہ وہ اس سانپ کو آپ سے دفع نہ کر سکے (البتہ اتنی مدد بھی کر دی کہ بچنے کا راستہ بتا دیا) میں نے پوچھا کہ بٹی تم اس پہاڑ میں کیا کرتی ہو؟ کہنے لگی کہ ہم سب مسلمانوں کے بچے ہیں قیامت تک ہم یہاں رہیں گے آپ کے آنے کے منتظر ہیں جب آپ سب آئیں گے تو ہم سفارش کریں گے۔ اس کے بعد میری آنکھ کھل گئی تو اس سانپ کی دہشت مجھ پر سوار تھی میں نے اٹھتے ہی اللہ جل شانہٗ کے سامنے توبہ کی اور اپنے برے افعال کو چھوڑ دیا۔

یہ رسالہ اندازہ سے بہت زیادہ بڑھ گیا شروع میں تو مختصر ہی لکھنے کا خیال تھا مگر بے ارادہ طویل ہوتا چلا گیا اور اب اس درجہ تک پہنچ گیا کہ اس کے پڑھنے کی امید بھی کم ہو چلی کہ دینی رسائل کے پڑھنے کے لئے بھی ہم لوگوں کے پاس وقت نہیں ہے اس لئے دفعۃً ختم کر دیا۔ حق تعالیٰ شانہٗ اپنے لطف و کرم سے اس ناپاک کو بھی جو ہر وقت معاصی اور دنیا ہی میں غرق رہتا ہے اپنی طرف رجوع کی توفیق عطا فرمائے اور اس ناپاک دنیا سے نفرت کا ذائقہ نصیب فرما دے۔

اس رسالہ کی ابتداء شوال ۶۶ھ میں ہوئی تھی مگر درمیان میں ایسے عوارض پیش آتے رہے کہ اختتام میں دیر ہی لگتی رہی اب بھی اس میں بہت سی چیزوں کے اضافہ کا خیال تھا مگر اس کے طویل ہو جانے کی وجہ سے آج ۲۲ صفر ۶۸ھ شب جمعہ کو ختم ہی کر دیا

وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَتْبَاعِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

محمد زکریا عفی عنہ کاندھلوی

مقیم مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور

فضائلِ اعمال
شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریاؒ
(دوم)
فضائلِ حج
فضائلِ صدقات